مدینہ منورہ کی مبارک فضاؤں میں
ترتیب دی جانیوالی عظیم تفسیر
دور حاضر کے تقاضوں کے عین مطابق

گلدستۂ تفاسیر

جدید

اردو کی چھ مستند تفاسیر سے منتخب

اول مکمل تفسیر عثمانی

تفسیر ابن کثیر

تفسیر مظہری

تفسیر عزیزی

معارف القرآن
حضرت مولانا مفتی اعظم

معارف القرآن
حضرت مولانا کاندھلوی

تفسیر میرٹھی
مولانا عاشق الٰہی میرٹھی رحمہ اللہ

مرتب
حضرۃ مولانا عبدالقیوم مدظلہ العالی مہاجر مدنی

پسند فرمودہ

حضرت مولانا قاری محمد عثمان نائب مہتمم دارالعلوم دیوبند
حضرت علامہ ڈاکٹر خالد محمود صاحب مدظلہ
حضرت مولانا مفتی عبدالستار صاحب رحمہ اللہ

تفسیری افادات و نکات

حضرت شیخ احمد مجدد الف ثانی رحمہ اللہ — حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ
شیخ الاسلام حضرت حسین احمد مدنی رحمہ اللہ — حضرت علامہ شمس الحق افغانی رحمہ اللہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گلدستۂ تفاسیر

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

مدینہ منورہ کی مبارک فضاؤں میں
ترتیب دی جانیوالی عظیم تفسیر
دور حاضر کے تقاضوں کے عین مطابق

جلد ۵-۶

جدید گلدستہ تفاسیر

سورۃ المؤمنون تا سورۃ القمر

مرتب حضرۃ مولانا عبدالقیوم مہاجر مدنی مدظلہ العالی
مسترشد خاص
شیخ المشائخ حضرت مولانا عبدالغفور عباسی المدنی نوراللہ مرقدہ

پسند فرمودہ
حضرت مولانا مفتی عبدالستار صاحب رحمہ اللہ
حضرت مولانا مفتی عبدالقادر صاحب رحمہ اللہ
حضرت مولانا قاری محمد عثمان نائب مہتمم دارالعلوم دیوبند
حضرت علامہ ڈاکٹر خالد محمود صاحب مدظلہ العالی
مفسر قرآن حضرت مولانا محمد اسلم شیخوپوری مدظلہ
حضرت مولانا محمد موسیٰ کرماڈی مدظلہ العالی

اول مکمل تفسیر عثمانی
تفسیر مظہری
تفسیر عزیزی
تفسیر ابن کثیر
معارف القرآن
حضرت مولانا مفتی اعظم رحمہ اللہ
معارف القرآن
حضرت مولانا کاندھلوی رحمہ اللہ
تفسیر میرٹھی
مولانا عاشق الٰہی میرٹھی رحمہ اللہ

تفسیری افادات و نکات
حضرت شیخ احمد مجدد الف ثانی رحمہ اللہ
مجدد الملت حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ
شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمہ اللہ
حکیم الاسلام حضرت قاری محمد طیب رحمہ اللہ
حضرت علامہ شمس الحق افغانی رحمہ اللہ

اِدارۂ تالیفاتِ اشرفیہ چوک فوارہ ملتان پاکستان
(061-4540513-4519240)

besturdubooks.wordpress.com

گلدستہ تفاسیر

جملہ حقوق محفوظ ہیں

تاریخ اشاعت..................محرم الحرام ۱۴۲۸ھ

ناشر..........................ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان

طباعت....................سلامت اقبال پریس ملتان

انتباہ

اس کتاب کی کاپی رائٹ کے جملہ حقوق محفوظ ہیں
کسی بھی طریقہ سے اس کی اشاعت غیر قانونی ہے

قانونی مشیر

قیصر احمد خان

(ایڈووکیٹ ہائی کورٹ ملتان)

قارئین سے گذارش

ادارہ کی حتی الامکان کوشش ہوتی ہے کہ پروف ریڈنگ معیاری ہو۔ الحمدللہ اس کام کیلئے ادارہ میں علماء کی ایک جماعت موجود رہتی ہے۔ پھر بھی کوئی غلطی نظر آئے تو برائے مہربانی مطلع فرما کر ممنون فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں درست ہو سکے۔ جزاکم اللہ

ملنے کے پتے

ادارہ تالیفات اشرفیہ....چوک فوارہ....ملتان
اسلامی کتاب گھر...خیابان سرسید روڈ...راولپنڈی
ادارہ اسلامیات........انارکلی........لاہور
دارالاشاعت........اُردو بازار.........کراچی
مکتبہ سید احمد شہید.......اردو بازار.....لاہور
مکتبۃ القرآن.......نیوٹاؤن..............کراچی
مکتبہ رحمانیہ.......اُردو بازار .... لاہور
مکتبہ دارالاخلاص...قصہ خوانی بازار......پشاور
مکتبہ رشیدیہ.......سرکی روڈ..............کوئٹہ

ISLAMIC EDUCATIONAL TRUST U.K
(ISLAMIC BOOKS CENTERE
119-121- HALLIWELL ROAD
BOLTON BL1 3NE. (U.K.)

besturdubooks.wordpress.com

''گلدستہ تفاسیر''

دَورِ حاضر کی چھ شاہکار تفسیروں کا حاصل

(حضرت علامہ ڈاکٹر خالد محمود صاحب مدظلہ العالی ڈائریکٹر اسلامک اکیڈمی آف مانچسٹر حال)

الحمدللہ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ امابعد

اس دَور میں پاک و ہند میں جہاں بھی درس قرآن کی مجالس قائم ہیں وہ حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن رحمہ اللہ کے اس ارشاد کا حاصل ہیں کہ جہاں تک ہو سکے اس دور میں علومِ قرآن کو عام کیا جائے آپ نے مالٹا کے ایام اسیری میں برصغیر پاک و ہند کے مسلمانوں کی دینی فلاح اسی میں سمجھی۔

علی العموم مسلمانوں کو اس ترجموں کے سیکھنے اور سمجھنے کی رغبت بھی دلائی جائے۔ علمائے کرام اہل اسلام کو خاص طور سے ترجموں کے سیکھنے اور پڑھنے کی ضرورت اور اس کی منفعت دل نشین کرنے میں کوتاہی نہ فرمائیں بلکہ ترجمہ کی تعلیم کیلئے ایسے سلسلے ہی قائم فرماویں کہ ہر بات بسہولت اپنی حالت کے مناسب اور فرصت کے موافق حاصل کر سکے۔

اس ملک میں اُردو میں لکھی گئیں دو بڑی تفسیریں (۱) معارف القرآن حضرت مفتی اعظم رحمہ اللہ (۲) معارف القرآن حضرت شیخ الحدیث وا لتفسیر مولانا کاندھلوی رحمہ اللہ برصغیر پاک و ہند میں وہ شہرت پائے ہوئے ہیں کہ درس قرآن دینے والا کوئی عالم دین ان دو سے مستغنی نہیں رہ سکتا۔ تاہم ان دونوں ضخیم تفاسیر کو ساتھ ساتھ رکھنا خاصا مشکل کام تھا حدیث کا خصوصی ذوق رکھنے والوں کیلئے تفسیر ابن کثیر کا ساتھ رکھنا ایک اور کڑی منزل تھی یہ درس قرآن پاک و ہند کے ہر علمی حلقے میں قبولیت سے اس کیلئے سرتاج علماء سند حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمہ اللہ کا نام نامی اور اسم گرامی اس درجہ ضمانت میں ہے کہ اسے پاک و ہند کا ہر شخص بلا کسی اختلاف کے گھر بیٹھے علم قرآن اور مرادات قرآن پر مطلع ہو سکتا ہے فقہی نقطۂ نظر سے قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی رحمہ اللہ کی تفسیر مظہری نقشبندی سلسلہ کے سالکین کیلئے حرف آخر ہے۔

مولانا عبدالقیوم صاحب نے ان تمام تفاسیر پر خاصی محنت کر کے اس حاصل مطالعہ کو عصر حاضر کے عظیم علمی شاہکار تفسیر عثمانی کے ساتھ جمع کر کے ایک ''گلدستہ تفاسیر'' عوام کے سامنے رکھ دیا ہے جس طرح دعوت کا کام چھ نمبروں پر چل رہا ہے اور اس دَور کی یہ خدمت قرآن بھی ان چھ نمبروں پر چلی ہے۔

راقم الحروف اس گلدستہ کی صرف مہک سے متاثر ہو کر بلکہ حضرت مفتی عبدالستار صاحب کی نظر پسند پر پورا اعتماد کر کے اس خدمت قرآن میں ان چند سطور سے شامل ہو رہا ہے ؎

اجازت ہو تو آکر اس میں شامل ان میں ہو جاؤں　　سنا ہے کل تیرے دَر پر ہجومِ عاشقاں ہو گا

قارئین کرام سے گزارش ہے کہ درس قرآن کے ان چھ نمبروں کو ہمیشہ ذہن میں رکھیں اور ہو سکے تو ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان سے یہ چھ علمی ذخیرے اپنے پاس منگوا رکھیں اور کبھی کبھی گلدستہ تفاسیر کے مطالعہ میں ان اصل ماخذ کو بھی دیکھ لیا کریں اس سے یہ بات آپ پر ضرور کھل جائے گی کہ مولف مولانا عبدالقیوم صاحب کس قدر اپنی علمی سفر میں کامیاب ہوئے ہیں۔

آخر میں اللہ رب العزت مؤلف اور اس گلدستہ تفاسیر کے جملہ مقرظین کو ان چھ مفسرین کے ساتھ جمع کرے آمین۔

؎ زہے نصیب اللہ اکبر لوٹنے کی جائے ہے

خالد محمود عفی اللہ عنہ

(ڈائریکٹر اسلامک اکیڈمی آف مانچسٹر حال وارد مدرسہ نعمتُ الرحیم ملتان)

besturdubooks.wordpress.com

کلمات مبارکه

از حضرت اقدس استاد العلماء مولانا مفتی عبدالستار صاحب مدظلہم

(مفتی جامعہ خیر المدارس ملتان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم نَحْمَدُهٗ وَ نُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِهِ الْكَرِیْم اَمَّا بَعْدُ!

ہمارے مشفق ومہربان جناب الحاج عبدالقیوم صاحب مہاجر مدنی مدظلہٗ کے دل میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے عجیب شدت سے یہ جذبہ پیدا کیا کہ عامۃ المسلمین کے نفع کے لئے ایک جامع تفسیر ہوجس میں آیات کی مختلف تفسیریں یکجا جمع ہوں اور اس کے علاوہ تفسیر کے متعلق ضروری مضامین بھی آجائیں۔ تاکہ علماء وطلباء وعوام کے لئے قرآن مجید کی آیات کے مفہوم وتفسیر کو سمجھنا آسان ہو اور متفرق تفاسیر کی ورق گردانی سے بے نیاز ہو جائیں جو چیزیں بہت سے اوراق پلٹنے کے بعد حاصل ہوتی تھیں وہ ایک ہی جگہ بآسانی میسر ہوسکیں۔ اسی جذبہ کے پیش نظر جناب موصوف نے مختلف تفاسیر کو کھنگال کر گلدستہ تفاسیر کے نام سے ایک تفسیری مجموعہ تیار کیا ہے۔ میں نے اس کے بعض اجزاء کو دیکھ کر مفید پایا۔ امید ہے کہ اس کاوش کی بدولت علماء وطلباء اور عوام الناس سب کو ہی بے حد نفع ہوگا۔ اور قارئین حضرات اس کو بہت پسند فرمائیں گے۔ چونکہ یہ تفسیری مضامین مختلف تفاسیر سے منتخب شدہ ہیں، ممکن ہے کہ کہیں کوئی بات بے ربط یا نامکمل رہ گئی ہو تو ایسی جگہ حوالہ کو مدنظر رکھ کر قارئین کرام اصل تفسیر کی طرف رجوع فرما سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے، جناب مؤلف صاحب کو کہ وہ امت مسلمہ کے دینی نفع کیلئے بہت متفکر اور کوشاں رہتے ہیں۔

چنانچہ اسی فکر کی وجہ سے پہلے بھی ایک اسلامی انسائیکلو پیڈیا دینی دسترخوان کے نام سے مرتب کر چکے ہیں۔ جو کہ تین ضخیم جلدوں میں شائع ہو چکی ہے۔ اسی طرح تعمیر انسانیت بھی موصوف کی مرتب شدہ کتاب ہے۔ جو کہ دو ضخیم جلدوں میں شائع ہو کر مقبول عام ہو چکی ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ سے امید ہے کہ یہ مجموعہ تفسیر بھی موصوف کی دیگر کتب کی طرح بہت نافع اور مفید ثابت ہوگا۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ موصوف کی اس کاوش کو شرف قبولیت بخشیں، اور اس کے نفع کو عام وتام بنادیں اور باعث بخشش ونجات بنادیں۔

وما ذلک علی اللہ بعزیز۔ [دستخط]

فہم قرآن کے شائقین کیلئے قرآنی علوم کا گلدستہ

(حضرت مولانا مفتی عبدالقادر صاحب مدظلہ العالی شیخ الحدیث دار العلوم کبیر والا)

بندہ نے گلدستہ تفاسیر مؤلفہ الحاج جناب عبدالقیوم صاحب ملتانی ثم مدنی کو چند مقامات سے دیکھا ماشاء اللہ بہت مفید اور آسان پایا مؤلف دام مجدہ نے اس امر کا اہتمام فرمایا ہے کہ اکابر کی اُردو تفاسیر کو جمع کر کے یکجا کر دیا ہے فہم قرآن کا طالب بہت آسانی سے تھوڑے وقت میں بہت سے اکابر کے علوم سے مستفید ہو جاتا ہے حق تعالیٰ اس تفسیر کو بہت ہی نافع اور مقبول بنائیں۔ وما ذلک علی اللہ بعزیز۔

besturdubooks.wordpress.com

اجمالی فہرست

(جلد-۵-۶)

besturdubooks.wordpress.com

فہرست عنوانات

سورۃ المؤمنون تا سورۃ الاحزاب

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

bestudubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

سورة القصص

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

سورۃ الاحزاب

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

☆......☆......☆

besturdubooks.wordpress.com

فہرست عنوانات

سورۃ سبا تا سورۃ القمر

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

سورۃ الزخرف ۸۵۸

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

سورۃ الاحقاف

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

☆......☆......☆

besturdubooks.wordpress.com

گلدستۂ تفاسیر

جلد-۵

سورۃ المؤمنون
تا
سورۃ سبا

besturdubooks.wordpress.com

سورة المؤمنون

سورۂ مومنون مکہ میں اُتری اور اس کی ایک سو اٹھارہ آیتیں ہیں اور چھ رکوع

جس نے اسکو خواب میں پڑھا اس کے دل میں زیادہ دیر تک عبادت میں کھڑے رہنے کی اور اللہ تعالیٰ کی طرف عاجزی کرنے کی محبت ہوگی اور ایک ایسے مرض کا خوف ہے جو بڑا خطرناک ہے۔ (علامہ ابن سیرین رحمۃ اللہ)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ

کام نکال لے گئے ایمان والے جو اپنی

فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۝

نماز میں جھکنے والے ہیں

خشوع کا معنی:

''خشوع'' کے معنی ہیں کسی کے سامنے خوف و ہیبت کے ساتھ ساکن اور پست ہونا، چنانچہ ابن عباسؓ نے ''خاشعون'' کی تفسیر ''خائفون ساکنون'' سے کی ہے اور آیت تَرَى الْاَرْضَ خَاشِعَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ بھی دلالت کرتی ہے کہ ''خشوع'' میں ایک طرح کا سکون و تذلل معتبر ہے۔ قرآن کریم میں ''خشوع'' کو وجوہ، ابصار، اصوات وغیرہ کی صفت قرار دیا ہے۔ اور ایک جگہ آیت اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ میں قلب کی صفت بتلائی ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ اصل خشوع قلب کا ہے اور اعضائے بدن کا خشوع اُس کے تابع ہے۔

نماز میں خشوع:

جب نماز میں قلب خاشع و خائف اور ساکن و پست ہوگا تو خیالات ادھر اُدھر بھٹکتے نہیں پھریں گے، ایک ہی مقصود پر جم جائیں گے۔ پھر خوف و ہیبت اور سکون و خضوع کے آثار بدن پر بھی ظاہر ہوں گے مثلاً بازو اور سر جھکانا، نگاہ پست رکھنا، ادب سے دست بستہ کھڑا ہونا، اِدھر اُدھر نہ تاکنا، کپڑے یا داڑھی وغیرہ سے نہ کھیلنا، انگلیاں نہ چٹخانا، اور اسی قسم کے بہت افعال و احوال لوازم خشوع میں سے ہیں۔ احادیث میں حضرت عبداللہ بن زبیر اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ نماز میں ایسے ساکن ہوتے تھے جیسے ایک بے جان لکڑی، اور کہا جاتا تھا کہ یہ نماز کا خشوع ہے۔ فقہاء کا اس میں اختلاف ہے کہ آیا نماز بدون خشوع کے صحیح و مقبول ہوتی ہے یا نہیں۔ صاحب روح المعانی نے لکھا ہے کہ خشوع اجزائے صلوٰۃ کے لئے شرط نہیں۔ ہاں قبول صلوٰۃ کے لئے شرط ہے میرے نزدیک یوں کہنا بہتر ہوگا کہ حسن قبول کے لئے شرط ہے۔ واللہ اعلم۔ یہاں تفصیل کا موقع نہیں۔ احیاء العلوم اور اس کی شرح میں تفصیل ملاحظہ کی جائے۔ بہرحال انتہائی فلاح اور اعلیٰ کامیابی ان ہی مؤمنین کو حاصل ہوگی جو خشوع و خضوع کے ساتھ نمازیں ادا کرتے ہیں اور اُن اوصاف سے موصوف ہیں جو آگے بیان کئے گئے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

پہلی دس آیات:

مسند احمد میں حضرت فاروق اعظمؓ عمر بن خطابؓ کی روایت ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر جب وحی نازل ہوتی تھی تو پاس والوں کے کان میں ایسی آواز ہوتی تھی جیسے شہد کی مکھیوں کی آواز ہوتی ہے۔ ایک روز آپ کے قریب ایسی ہی آواز سنی گئی تو ہم ٹھہر گئے کہ تازہ آئی ہوئی وحی سن لیں۔ جب وحی کی خاص کیفیت سے فراغت ہوئی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم قبلہ رُخ ہو کر بیٹھ گئے اور یہ دعا کرنے لگے اَللّٰهُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا وَاَكْرِمْنَا وَلَا تُهِنَّا وَاَعْطِنَا وَلَا تَحْرِمْنَا وَاٰثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ عَلَيْنَا وَاَرْضِ عَنَّا وَاَرْضِنَا (یعنی یا اللہ ہمیں زیادہ دے کم نہ کر اور ہماری عزت بڑھا ذلیل نہ کر اور ہم پر بخشش فرما، محروم نہ کر اور ہمیں دوسروں پر ترجیح دے ہم پر دوسروں کو ترجیح نہ دے اور ہم سے راضی ہو اور ہمیں بھی اپنی رضا سے راضی کر دے)۔ اس کے بعد فرمایا کہ مجھ پر اس وقت دس آیتیں ایسی نازل ہوئی ہیں کہ جو شخص اُن پر پورا پورا عمل کرے تو وہ (سیدھا) جنت میں جائیگا۔ پھر یہ دس آیتیں جو اُوپر لکھی گئی ہیں پڑھ کر سنائیں۔ (ابن کثیر)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق:

اور نسائی نے کتاب التفسیر میں یزید بن بابنوس سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خُلق کیسا اور کیا تھا، انہوں نے فرمایا آپ کا خلق یعنی طبعی عادت وہ تھی جو قرآن میں ہے اس کے بعد یہ دس آیتیں تلاوت کر کے فرمایا کہ بس یہی خلق و عادت تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی۔ (ابن کثیر)

کامیابی کی چابی:

اللہ تعالیٰ نے فلاح پانے کا وعدہ ان مؤمنین سے کیا ہے جن میں وہ سات صفات موجود ہوں جن کا ذکر ان آیات (۱ تا ۱۱) کے اندر آیا ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

دنیا کا تجربہ اور مشاہدہ شاہد ہے کہ جو اہل صلاح ان سات اوصاف کے حامل اور اُن سے متصف اور اُن پر قائم ہیں گو دُنیا میں وقتی تکلیف اُن کو بھی پیش آ جائے مگر انجام کار اُن کی تکلیف جلد دُور ہوتی ہے اور مراد حاصل ہو جاتی ہے ساری دنیا اُن کی عزت کرنے پر مجبور ہوتی ہے اور دُنیا میں نیک نام انہیں کا باقی رہتا ہے۔ جتنا دنیا کے حالات کا غور و انصاف سے مطالعہ کیا جائیگا ہر دَور ہر زمانے ہر خطہ میں اسکی شہادتیں ملتی چلی جائیں گی۔

نماز میں خشوع، خشوع کے لغوی معنے سکون کے ہیں اصطلاح شرع میں خشوع یہ ہے کہ قلب میں بھی سکون ہو، یعنی غیر اللہ کے خیال کو قلب میں بالقصد حاضر نہ کرے اور اعضاء بدن میں بھی سکون ہو کہ عبث اور فضول حرکتیں نہ کرے (بیان القرآن) خصوصاً وہ حرکتیں جن سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں منع فرمایا ہے اور فقہاء نے اُن کے مکروہات نماز کے عنوان سے جمع کر دیا ہے تفسیر مظہری میں خشوع کی یہی تعریف حضرت عمرو بن دینار سے نقل کی ہے اور دوسرے بزرگوں سے جو خشوع کی تعریف میں مختلف چیزیں نقل کی گئی ہیں وہ دراصل اسی سکون قلب و جوارح کی تفصیلات ہیں۔ مثلاً حضرت مجاہد نے فرمایا کہ نظر اور آواز کو پست رکھنے کا نام خشوع ہے حضرت علیؓ نے فرمایا کہ دائیں بائیں التفات یعنی گوشۂ چشم سے دیکھنے سے بچنا خشوع ہے حضرت عطاء نے فرمایا کہ بدن کے کسی حصہ سے کھیل نہ کرنا خشوع ہے۔ حدیث میں حضرت ابوذرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نماز کے وقت اپنے بندے کیطرف برابر متوجہ رہتا ہے جب تک وہ دوسری طرف التفات نہ کرے جب دوسری طرف التفات کرتا ہے یعنی گوشۂ چشم سے دیکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُس سے رُخ پھیر لیتے ہیں (رواہ احمد والنسائی وابوداؤد وغیرہم۔ مظہری) اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت انسؓ کو حکم دیا کہ اپنی نگاہ اُس جگہ رکھو جس جگہ سجدہ کرتے ہو اور یہ کہ نماز میں دائیں بائیں التفات نہ کرو۔ (رواہ البیہقی فی السنن الکبریٰ مظہری)

نماز میں داڑھی سے کھیلنا:

اور حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا کہ نماز میں اپنی داڑھی سے کھیل رہا ہے تو فرمایا لوخشع قلب ھذا لخشعت جوارحہ (رواہ الحاکم والترمذی بسند ضعیف) یعنی اگر اس شخص کے دل میں خشوع ہوتا تو اسکے اعضاء میں بھی سکون ہوتا۔ (مظہری)

نماز میں خشوع کی ضرورت کا درجہ:

امام غزالی وقرطبی اور بعض دوسرے حضرات نے فرمایا کہ نماز میں خشوع فرض ہے اگر پوری نماز خشوع کے بغیر گزر جائے تو نماز ادا ہی نہ ہوگی۔ دوسرے حضرات نے فرمایا کہ اسمیں شبہ نہیں کہ خشوع رُوح نماز ہے اسکے بغیر نماز بے جان ہے مگر اس کو رُکن نماز کی حیثیت سے نہیں کہا جا سکتا کہ خشوع نہ ہوا تو نماز ہی نہ ہوئی اور اُسکا اعادہ فرض قرار دیا جائے۔

حضرت سیدی حکیم الامتؒ نے بیان القرآن میں فرمایا کہ خشوع صحت نماز کیلئے موقوف علیہ تو نہیں اور اس درجہ میں وہ فرض نہیں مگر قبول نماز کا موقوف علیہ اور اس مرتبہ میں فرض ہے۔ حدیث میں طبرانی نے معجم کبیر میں بسند حسن حضرت ابوالدرداءؓ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سب سے پہلے جو چیز اس اُمت سے اُٹھ جائیگی یعنی سلب ہو جائیگی وہ خشوع ہے یہانتک کہ قوم میں کوئی خاشع نظر نہ آئیگا۔ کذا فی مجمع الزوائد (بیان) (معارف مفتی اعظم)

شانِ نزول:

حاکم نے حسب شرط شیخین حضرت ابو ہریرہ کی روایت سے بیان کیا اور اس کو صحیح قرار دیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھنے میں اپنی نظر کو اوپر آسمان کی طرف اٹھا لیتے تھے اس پر آیات ذیل کا نزول ہوا۔

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ بیشک۔ ان مؤمنوں نے (آخرت میں) فلاح پائی جو اپنی نماز میں خشوع کرنے والے ہیں۔

اس آیت کے نزول ہونے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا سر نیچے جھکا لیا۔ ابن مردویہ کی روایت ان الفاظ کے ساتھ ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آسمان میں ادھر اُدھر نظر گھما لیا کرتے تھے اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

بغوی نے حضرت ابو ہریرہؓ کا بیان نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی نماز کے اندر آسمان کی طرف اپنی نظر اٹھا لیا کرتے تھے جب آیت مذکورہ نازل ہوئی تو سجدہ گاہ پر نظر جمانے لگے۔

ابن ابی حاتم نے ابن سیرین کی مرسل روایت نقل کی ہے کہ صحابہ نماز کے اندر آسمان کی طرف نظریں اٹھا لیتے تھے اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

لفظ "قد" کا استعمال

لفظ قَدْ کسی امر متوقع کے ثبوت کے لئے استعمال کیا جاتا ہے جیسے لمّا کسی امر متوقع کی نفی پر دلالت کرتا ہے۔ قد اگر ماضی ہو تو تحقق وقوع کے علاوہ قرب حال کا مفہوم بھی اس کے اندر آ جاتا ہے۔ (قَدْ قَامَ ابھی کھڑا ہو گیا۔ قد اکل ابھی ابھی وہ کھا چکا) مؤمنوں کو اللہ کے فضل سے فلاح کی توقع تھی قد کے لانے سے فلاح یاب ہونے کی مسلمانوں کے لئے بشارت ہوگئی (گویا مسلمان فلاح یاب ہو چکے)۔

فلاح کیا ہے؟

صاحب قاموس نے لکھا ہے فلاح کامیابی اور (کسی قابل خوف چیز سے) نجات اور امر خیر میں باقی رہنا۔ فلاح دنیوی بھی ہوتی ہے اور آخرت کی بھی

besturdubooks.wordpress.com

اس جگہ فلاح اُخروی مراد ہے۔ کامل فلاح اُخروی یہ ہے کہ بالکل عذاب نہ ہو، نہ قبر میں، نہ حساب کے وقت (حساب فہمی کی سختی کی شکل میں) نہ شدائد قیامت میں مبتلا ہو کر، نہ دوزخ میں داخل ہونے کی صورت میں، نہ صراط پر سے گذرنے میں (خلاصہ یہ ہے کہ عذاب قبر سے حساب فہمی کی سختی سے شدائد قیامت سے، روز قیامت کی ظلمت سے، دوزخ کی آگ اور ہر طرح کی تکلیفوں سے اور پل صراط پر گذرنے کی دشواری سے بالکل نجات مل جائے) اور اس نجات کے بعد جنت میں داخلہ مل جائے۔ مرتبہ قرب اور دیدار باری تعالیٰ نصیب ہو جائے اور مولیٰ کریم کی خوشنودی حاصل ہو جائے۔

رہی فی الجملہ ناقص کامیابی تو اس کی خصوصیت انہی اہل ایمان کے ساتھ نہیں ہے جن کی صفات کا تذکرہ اس آیت میں کیا گیا ہے بلکہ ہر وہ شخص جو لا الہ الا اللہ کا قائل ہو وہ (آخرت میں) ضرور فلاح یاب ہوگا (خواہ اس کی فلاح کامل نہ ہو) اللہ نے فرمایا ہے: فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝ جو ذرہ (یا چھوٹی سُرخ چیونٹی کے) برابر نیکی کرے گا وہ اس کی نظر کے سامنے آئے گی۔ اور جو ذرہ برابر بدی کرے گا وہ بھی اس کی نظر کے سامنے آئے گی اور نفس ایمان وتوحید تمام نیکیوں کا سرگردہ ہے (اس لئے ہر مؤمن کا فلاح یاب ہونا ضروری ہے خواہ کسی قدر گناہگار ہو) اسی لئے حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا، توحید کی تصدیق کرنے والے سعادت یاب ہوں گے اور جنت میں (ہمیشہ) رہیں گے۔

بخیل جنت میں نہ جائے گا:

حضرت ابن عباسؓ کی مرفوع روایت ہے کہ اللہ نے جنت عدن کو پیدا کیا اس کے درختوں میں پھل لگائے۔ (یعنی درختوں میں اتنی کثرت سے پھل پیدا کئے کہ ان کی شاخیں پھلوں کے بوجھ سے جھک گئیں اور پھل لٹک گئے) اور جنت کے اندر نہریں نکالیں پھر اس کی طرف دیکھا اور فرمایا بات کر، جنت نے عرض کیا قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ اللہ نے فرمایا، قسم اپنی عزت وجلال کی کوئی بخیل تیرے اندر میرے قریب بھی نہیں آئے گا۔ رواہ الطبرانی

جنت کی چیزیں:

میں کہتا ہوں اس حدیث میں شاید بخیل سے مراد کافر ہے کیونکہ کافر اللہ کا حق توحید ادا کرنے میں بخیل ہوتا ہے۔ دوسری سند سے طبرانی نے حضرت ابن عباس کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جب اللہ نے جنت عدن کو پیدا کیا تو اس کے اندر ایسی چیزیں پیدا کیں جو نہ کسی آنکھ نے دیکھیں نہ کسی کان نے سنیں نہ کسی شخص کے دل میں ان کا خیال آیا، پھر فرمایا بات کر، جنت نے عرض کیا قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ ۔

ابن ابی الدنیا نے صفۃ الجنۃ میں حضرت انس سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ نے جنت عدن کو ایک سفید موتی اور یاقوت سرخ اور زمرد سبز کی اینٹوں سے بنایا ہے اس کا پلاستر مشک کا ہے اس کی گھاس زعفران ہے اس کی پتھریاں موتی ہیں اور اس کی مٹی عنبر ہے، اور فرمایا بات کر۔ جنت نے عرض کیا قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ اللہ نے فرمایا، قسم ہے اپنی عزت کی تیرے اندر میرے قرب میں کوئی بخیل نہیں آئے گا۔

تمام مؤمن کسی نہ کسی وقت جنت میں داخل ہوں گے:

حضرت مؤلف نے کہا ہو سکتا ہے کہ آیت میں فلاح سے مراد جنت کا داخلہ ہو خواہ عذاب کے بعد ہی مل جائے، اس وقت المؤمنون سے تمام مؤمن مراد ہوں گے کیونکہ کسی نہ کسی وقت سب مؤمنوں کا جنت میں داخلہ ہو جائے گا جیسا کہ احادیث مذکورہ سے ثابت ہے۔ اس تفسیر پر آیت میں مؤمنوں کی جو صفات بیان کی ہیں وہ قید احترازی کے طور پر نہ ہوں گی۔ (کہ جن مؤمنوں میں وہ صفات نہ ہوں وہ فلاح یاب نہ ہوں) بلکہ صفات مدحیہ ہوں گی۔ مؤمن کے ایمان کا تقاضا ہے کہ وہ ان صفات کا حامل ہو اگر ان صفات کو قید احترازی قرار دیا جائے اور فلاح سے کامل فلاح مراد ہو تو مطلب یہ ہوگا کہ کامل فلاح پانے والے وہ مؤمن ہوں گے جو ان صفات کے حامل ہوں لیکن اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ جو مؤمن اپنے اندر یہ صفات نہیں رکھتے ہوں گے وہ مطلقاً فلاح یاب نہ ہوں گے۔

اہل سنت کا اجماع ہے کہ جو گناہگار مؤمن بغیر توبہ کے مر جائیں وہ جنت میں بالآخر ضرور داخل ہوں گے اللہ کو اختیار ہے کہ سزا دینے کے بعد جنت میں داخل فرما دے یا معاف فرما دے اور بغیر عذاب دیئے جنت میں بھیج دے۔

خشوع کے متعلق مختلف اقوال:

خَاشِعُوْنَ ۝ سے کون لوگ مراد ہیں۔ حضرت ابن عباس نے ترجمہ کیا، عاجزی کرنے والے، اللہ کے سامنے اظہار عجز کرنے والے۔ حسن نے کہا ڈرنے والے۔ مقاتل نے کہا تواضع کرنے والے اور اپنے آپ کو پست قرار دینے والے۔ مجاہد نے کہا نظریں نیچی اور آواز پست رکھنے والے۔ ایک روایت میں حضرت علیؓ کا قول آیا ہے (نماز میں) اِدھر اُدھر التفات نہ کرنا خشوع ہے۔ سعید بن جبیر نے کہا خشوع یہ ہے کہ یہ معلوم بھی نہ ہو کون دائیں طرف ہے اور کون بائیں طرف۔ اور دائیں بائیں نظر نہ ڈالے۔

عمرو بن دینار نے کہا، خشوع سے مراد ہے سکون۔ اور حسن جیسے علماء کی ایک جماعت کا قول ہے کہ خشوع سے مراد ہے سجدہ گاہ سے نظر نہ ہٹانا۔ عطاء نے کہا اپنے بدن کے کسی حصے سے نہ کھیلنا مثلاً بے وجہ نہ کھجانا مراد ہے۔

بعض نے کہا نماز میں خشوع نام ہے توجہ کی یکسوئی کا کہ دوسری طرف خیال نہ جائے اور زبان سے جو الفاظ ادا کر رہا ہے اس پر غور کرتا جائے، نماز

besturdubooks.wordpress.com

سے اِدھر اُدھر نہ ہٹے۔ دائیں بائیں نظر نہ گھمائے۔ کسی طرف مائل نہ ہو، انگلیاں نہ چٹکائے، کنکریوں کو (جو زمین پر پڑی ہوں) کو الٹ پلٹ نہ کرے اور نماز کے نامناسب کوئی حرکت نہ کرے۔

حضرت ابودرداء نے فرمایا خشوع سے مراد ہے قولی اخلاص (اللہ کے سامنے) تعظیم کے ساتھ کھڑا ہونا، کامل یقین اور پوری توجہ ویکسوئی۔

صاحب قاموس نے لکھا ہے خشوع کا معنی ہے خضوع یعنی تواضع، خشوع کا مفہوم تواضع کے قریب ہے۔ یا خشوع کا تعلق اعضائے بدن سے ہوتا ہے اور خضوع آواز کی پستی و عاجزی، اور نگاہ اور سکون اور اظہار عجز سب سے متعلق ہے۔ نہایہ میں ہے خشوع نگاہ اور آواز میں ہوتا ہے جیسے خضوع کا تعلق اجزائے بدن سے ہوتا ہے۔

بندہ متوجہ ہو تو اللہ متوجہ رہتا ہے:

حضرت ابوذر راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ بندے کی طرف برابر متوجہ رہتا ہے جب تک بندہ نماز میں ادھر آدھر نظر کو متوجہ نہیں کرتا۔ جب بندہ ادھر اُدھر التفات کرتا ہے تو اللہ بھی اس کی طرف سے توجہ پھیر لیتا ہے۔ رواہ احمد، وابوداؤد، والنسائی، والدارمی۔

شیطان کا جھپٹا:

حضرت عائشہؓ کی روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق دریافت کیا، فرمایا یہ ایک جھپٹا ہوتا ہے جو شیطان بندے کی نماز میں سے اچک لیتا ہے۔ راوہ الشیخان فی الصحیحین

نماز میں آسمان کی طرف دیکھنا:

حضرت انسؓ بن مالک راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، لوگ نماز کے اندر اپنی نگاہ آسمان کی طرف کیوں اٹھاتے ہیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان اس معاملہ میں اتنا سخت تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا لوگوں کو اس حرکت سے باز آجانا چاہئے ورنہ ان کی نگاہیں اچک لی جائیں گی۔ راوہ البغوی۔ مسلم اور نسائی نے حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا نماز میں دعاء کے وقت آسمان کی طرف نگاہ اٹھانے سے لوگوں کو باز آجانا چاہئے ورنہ ان کی نگاہیں اچک لی جائیں گی۔

حضرت جابر بن سمرہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، نماز کے اندر آسمان کی طرف نظر اٹھانے سے لوگوں کو باز آجانا چاہئے کہیں ایسا نہ ہو کہ ان کی نگاہیں واپس نہ آئیں۔ رواہ مسلم وابوداؤد واحمد وابن ماجۃ۔

نفاق والاخشوع:

حضرت ابوبکر صدیقؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، ہم نفاق والے خشوع سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں صحابہؓ نے عرض کیا یارسول اللہ نفاق والا خشوع کیسا ہوتا ہے فرمایا بدن کا خشوع اور دل کا نفاق (یعنی دل کسی اور طرف مشغول ہو اور بظاہر اعضاء نماز میں ہوں)۔

حضرت عبداللہ بن زبیر اور حضرت ابوبکر صدیق کی نماز

مجاہد کا بیان ہے حضرت عبداللہ بن زبیر نماز میں کھڑے ہوتے تھے تو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ لکڑی کا تھم (اپنی جگہ) کھڑا ہے حضرت ابوبکر صدیق کی بھی یہی حالت تھی۔

حضرت اسماء بنت حضرت ابوبکر صدیقؓ راوی ہیں کہ ان کی والدہ حضرت ام رومان نے بیان کیا کہ حضرت ابوبکرؓ نے مجھے نماز میں ادھر اُدھر جھکتے دیکھا تو اتنا سخت ڈانٹا کہ قریب تھا میں نماز توڑ دوں، اور فرمایا، میں نے خود سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمارہے تھے جب تم میں سے کوئی نماز کو کھڑا ہو تو اس کے ہاتھ پاؤں میں سکون رہنا چاہئے، یہودیوں کی طرح ادھر اُدھر نہ جھکے، نماز میں ہاتھ پاؤں کا ساکن رہنا نماز کا جز تکمیل ہے۔ (ازالۃ الخفاء)

نماز میں پتھر نہ ہٹائے:

حضرت ابوالاحوص راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے جب کوئی نماز کو کھڑا ہو جائے تو پتھریوں کو صاف نہ کرے کیونکہ (اللہ کی) رحمت اس کے منہ کے سامنے ہوتی ہے (اس کی طرف سے توجہ نہ ہٹائے) رواہ البغوی، امام احمد، ابن عدی، نسائی، ابن ماجہ اور ابن حبان نے یہ حدیث حضرت ابوذرؓ کی روایت سے بیان کی ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حضرت انسؓ کو نصیحت:

حضرت انس کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا، اپنی نظر سجدہ کرنے کے مقام پر رکھا کرو۔ رواہ البیہقی فی سنن الکبیر

یہ بھی حضرت انسؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا بیٹے نماز میں ادھر اُدھر دیکھنے سے پرہیز رکھ۔ نماز کے اندر ادھر اُدھر نظر کرنا (نماز کی) بربادی ہے اگر مجبوری ہو تو نفل میں (ایسا کر سکتا ہے) فرض میں نہیں۔ (تفسیر مظہری)

وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۝

اور جو | لغو بات پر دھیان نہیں کرتے

فضولیات سے پرہیز:

یعنی فضول بیکار مشغلوں میں وقت ضائع نہیں کرتے کوئی دوسرا شخص لغو اور لغی بات کہے تو اُدھر سے منہ پھیر لیتے ہیں۔ اُن کو وظائف عبودیت سے

besturdubooks.wordpress.com

اتنی فرصت ہی نہیں ہوتی کہ ایسے بے فائدہ جھگڑوں میں اپنے کو پھنسائیں۔

چہ خوش گفت بہلول فرخندہ خو چوبگذشت برعارف جنگجو
گر ایں مدعی دوست بشناختے بہ پیکار دشمن نہ پرداختے

(تفسیر عثمانی)

لغو کے درجات:

لغو کے معنے فضول کلام یا کام جسمیں کوئی دینی فائدہ نہ ہو۔ لغو کا اعلیٰ درجہ معصیت اور گناہ ہے جس میں فائدہ دینی نہ ہونے کے ساتھ دینی ضرر نقصان ہے اس سے پرہیز واجب ہے، اور ادنیٰ درجہ یہ ہے کہ نہ مفید ہو نہ مضر، اسکا ترک کم از کم اولیٰ اور موجب مدح ہے۔ حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا من احسن اسلام المرأ ترکہ مالا یعنیہ. یعنی انسان کا اسلام جب اچھا ہوسکتا ہے جبکہ وہ بے فائدہ چیزوں کو چھوڑ دے۔ اسی لئے آیت میں اسکو مؤمن کامل کی خاص صفت قرار دیا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

لغو کے متعلق اقوال:

اور جو لغو باتوں سے (قولی ہوں یا فعلی) اعراض کرنے والے ہیں عطاء نے حضرت ابن عباس کا قول نقل کیا کہ لغو سے مراد شرک ہے حسن نے کہا گناہ اور نافرمانیاں مراد ہیں۔ میں کہتا ہوں آخرت میں کام نہ آنے والے امور مراد لینا بہتر ہے خواہ وہ امور قول سے تعلق رکھتے ہوں یا عمل سے۔

اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ شرک اور معاصی اور مُعۡرِضُوۡنَ آخرت میں ضرر پہنچانے والے امور کے ارتکاب کا تو ذکر ہی کیا ہے وہ تو بیکار اور غیر مفید باتوں سے بھی الگ رہتے ہیں اور پرہیز کرتے ہیں۔

بعض نے کہا لغو سے اعراض کرنے کا یہ مطلب ہے کہ کافروں کے مقابلہ میں وہ گالیاں نہیں دیتے اور سبّ وشتم نہیں کرتے۔

دوسری آیت میں اللہ نے خود فرمایا ہے وَاِذَا مَرُّوۡا بِاللَّغۡوِ مَرُّوۡا كِرَامًا مطلب یہ ہے کہ جب وہ بُری بات سنتے ہیں تو خود اس کے اندر گھس نہیں پڑتے۔ (تفسیر مظہری)

وَالَّذِيۡنَ هُمۡ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوۡنَ ۝
اور جو زکوٰۃ دیا کرتے ہیں

زکوٰۃ ادا کرنا:

یعنی اُن کی عادت ہے کہ ہمیشہ زکوٰۃ ادا کرتے رہتے ہیں۔ ایسا نہیں کہ کبھی دی کبھی نہ دی، غالباً اسی لئے یؤدون الزکوۃ کی جگہ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوۡنَ کی ترکیب اختیار فرمائی۔ گویا بتلا دیا کہ زکوٰۃ ادا کرنا اُن کا مستمر کام ہے۔ مترجم محقق قدس روحہ نے "دیا کرتے ہیں" کہہ کر ادھر اشارہ کر دیا۔ بعض مفسرین نے یہاں زکوٰۃ کو "طہارت" (پاکیزگی) یا تزکیۂ نفس کے معنی میں لیا ہے۔ گویا آیت حاضرہ کو قَدۡ اَفۡلَحَ مَنۡ تَزَكّٰى اور قَدۡ اَفۡلَحَ مَنۡ زَكّٰىهَا کے مشابہ قرار دیا ہے۔ اگر یہ مراد ہو تو اُس کے مفہوم کو عام رکھا جائے جس میں بدن کا، دل کا اور مال کا پاک رکھنا سب داخل ہو۔ زکوٰۃ وصدقات بھی ایک قسم کی مالی تطہیر ہے۔ خُذۡ مِنۡ اَمۡوَالِهِمۡ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمۡ وَتُزَكِّيۡهِمۡ بِهَا (توبہ۔ رکوع ۱۳) یہ کہنا کہ آیت مکی ہے اور مکہ میں زکوٰۃ فرض نہ ہوئی تھی، ابن کثیرؒ نے اس کا جواب دیا ہے کہ اصل زکوٰۃ کی مشروعیت مکہ میں ہو چکی تھی، ہاں مقادیر ونُصُب وغیرہ کی تشخیص مدینہ پہنچ کر ہوئی واللہ اعلم۔

وَالَّذِيۡنَ هُمۡ لِفُرُوۡجِهِمۡ حٰفِظُوۡنَ ۝
اور جو اپنی شہوت کی جگہ کو تھامتے ہیں
اِلَّا عَلٰٓى اَزۡوَاجِهِمۡ اَوۡ مَا مَلَكَتۡ اَيۡمَانُهُمۡ
مگر اپنی عورتوں پر یا اپنے ہاتھ کے مال باندیوں پر
فَاِنَّهُمۡ غَيۡرُ مَلُوۡمِيۡنَ ۝ فَمَنِ ابۡتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ
سو ان پر نہیں کچھ الزام پھر جو کوئی ڈھونڈے اس کے سوا
فَاُولٰٓـئِكَ هُمُ الۡعٰدُوۡنَ ۝
سو وہی ہیں حد سے بڑھنے والے

شرمگاہوں کی حفاظت:

یعنی اپنی منکوحہ عورت یا باندی کے سواء کوئی اور راستہ قضائے شہوت کا ڈھونڈے، وہ حلال کی حد سے آگے نکل جانے والا ہے۔ اس میں زنا، لواطت اور استمناء بالید وغیرہ سب صورتیں آ گئیں، بلکہ بعض مفسرین نے حُرمت متعہ پر بھی اس سے استدلال کیا ہے وفیہ کلام طویل لایسعہ المقام۔ راجع روح المعانی تحت ہذہ الآیۃ الکریم۔ (تفسیر عثمانی)

وَالَّذِيۡنَ هُمۡ لِفُرُوۡجِهِمۡ حٰفِظُوۡنَ اِلَّا عَلٰٓى اَزۡوَاجِهِمۡ اَوۡ مَا مَلَكَتۡ اَيۡمَانُهُمۡ یعنی وہ لوگ جو اپنی بیویوں اور شرعی لونڈیوں کے علاوہ سب سے اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں ان دونوں کے ساتھ شرعی ضابطہ کے مطابق شہوت نفس پوری کرنے کے علاوہ اور کسی سے کسی ناجائز طریقہ پر شہوت رانی میں مبتلا نہیں ہوتے۔ اس آیت کے ختم پر ارشاد فرمایا

فَاِنَّهُمۡ غَيۡرُ مَلُوۡمِيۡنَ یعنی شرعی قاعدے کے مطابق اپنی بیوی یا لونڈی سے شہوت نفس کو تسکین دینے والوں پر کوئی ملامت نہیں اسمیں اشارہ ہے کہ اس ضرورت کو ضرورت کے درجہ میں رکھنا ہے مقصد زندگی بنانا نہیں اسکا درجہ اتنا ہی ہے کہ جو ایسا کرے وہ قابل ملامت نہیں واللہ اعلم۔

besturdubooks.wordpress.com

قضائے شہوت کی حرام صورتیں:

فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ یعنی منکوحہ بیوی یا شرعی قاعدہ سے حاصل شدہ لونڈی کیساتھ شرعی قاعدے کے مطابق قضا شہوت کے علاوہ اور کوئی بھی صورت شہوت پورا کرنے کی حلال نہیں اسمیں زنا بھی داخل ہے اور جو عورت شرعاً اُس پر حرام ہے اُس سے نکاح بھی بحکم زنا ہے اور اپنی بیوی یا لونڈی سے حیض ونفاس کی حالت میں یا غیر فطری طور پر جماع کرنا بھی اس میں داخل ہے۔ یعنی کسی مرد یا لڑکے سے یا کسی جانور سے شہوت پوری کرنا بھی۔ اور جمہور کے نزدیک استمناء بالید یعنی اپنے ہاتھ سے منی خارج کر لینا بھی اسمیں داخل ہے۔ از تفسیر بیان القرآن۔ قرطبی۔ بحر محیط وغیرہ۔ (معارف مفتی اعظم)

ماملکت سے مراد صرف باندیاں ہیں:

حضرت مؤلف نے فرمایا کہ مَامَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ سے صرف باندیاں مراد ہیں کیونکہ عورتوں کو کم عقلی کی وجہ سے بے عقل چیزوں کے حکم میں داخل سمجھا جاتا ہے اسی لئے مؤنث کی ضمیریں بے عقل چیزوں کی طرف راجع کر دی جاتی ہیں پس لفظ ما کا اس جگہ ذکر کرنا دلالت کر رہا ہے کہ اس سے باندیاں مراد ہیں غلام مراد نہیں ہیں خلاصہ یہ کہ عورتوں کے لئے اپنے غلاموں سے قربت ناجائز ہے۔

متعہ کی حرمت:

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا ابتدائے اسلام میں عورتوں سے متعہ کرنا جائز تھا۔ کوئی شخص اجنبی شہر میں جاتا اور وہاں کوئی جان پہچان والا نہ ہوتا تو جس قدر قیام کا ارادہ ہوتا اتنی مدت کے لئے کسی عورت سے نکاح کر لیتا تاکہ عورت اس کے لئے کھانا تیار کردے اور سامان کی حفاظت رکھے یہاں تک کہ جب آیت اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ نازل ہوئی تو سوائے ان دونوں قسموں کے ہر عورت حرام ہوگئی۔ رواہ الترمذی۔ جن عورتوں سے متعہ کیا جاتا ہے وہ بیویاں یقیناً نہیں ہوتیں۔ فرقہ شیعہ کے نزدیک بھی نہ ان کو شوہر کی میراث ملتی ہے نہ شوہر کو ان کی میراث۔ (اور باندیاں بھی یقیناً نہیں ہیں اور تیسری کوئی قسم حسب صراحت آیت حلال نہیں ہے) اور زوجین کے درمیان توارث صراحت قرآنی کے بموجب ضروری ہے۔ متعہ کا مسئلہ سورۂ نساء کی آیت فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً کی تفسیر میں ہم نے مفصل بیان کر دیا ہے۔

جلق حرام ہے:

آیت مذکورہ اس بات پر بھی دلالت کرتی ہے کہ عمل بالید (جلق) بھی حرام ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ﴿۸﴾

اور جو	اپنی امانتوں سے	اور اپنے قرار سے خبردار ہیں

امانتداری اور ایفائے عہد:

یعنی امانت اور قول وقرار کی حفاظت کرتے ہیں، خیانت اور بدعہدی نہیں کرتے نہ اللہ کے معاملہ میں نہ بندوں کے۔ (تفسیر عثمانی)

امانتوں سے مراد ہیں، وہ چیزیں جو بطور امانت مؤمنوں کے پاس رکھی جائیں انکو ان چیزوں کا امین بنادیا جائے۔

دو قسم کے عہد:

عَهْد (وعدہ) دو طرح کا ہوتا ہے ایک عہد وہ ہے جو اللہ نے بندوں سے لیا اور بندوں نے اللہ سے کیا ہے۔ نماز، روزہ، اور تمام عبادتیں اس کے ذیل میں آتی ہیں۔ دوسرا عہد وہ ہے جو آدمی آپس میں کرتے ہیں۔ امانت، ودیعت، تجارت اور دوسرے معاہدات جن کا تعلق باہم انسانوں سے ہوتا ہے دونوں کی پابندی اور ان کو پورا کرنا مسلمانوں پر واجب ہے۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ﴿۹﴾

اور جو	اپنی نمازوں کی	خبر رکھتے ہیں

نمازوں کی حفاظت:

نمازیں اپنے اوقات پر آداب وحقوق کی رعایت کے ساتھ ادا کرتے ہیں۔ بندوں کے معاملات میں پڑ کر عبادت الٰہی سے غافل نہیں ہوتے۔ یہاں تک مؤمنین مفلحین کی چھ صفات وخصائل بیان کیں۔

(۱) خشوع وخضوع سے نمازیں پڑھنا یعنی بدن اور دل سے اللہ کی طرف جھکنا۔
(۲) باطل لغو اور نکمی باتوں سے علیحدہ رہنا۔
(۳) زکوٰۃ یعنی مالی حقوق ادا کرنا یا اپنے بدن، نفس اور مال کو پاک رکھنا۔
(۴) شہوات نفسانی کو قابو میں رکھنا۔
(۵) امانت وعہد کی حفاظت کرنا گویا معاملات کو درست رکھنا۔
(۶) اور آخر میں پھر نمازوں کی پوری طرح حفاظت کرنا کہ اپنے وقت پر آداب وشروط کی رعایت کے ساتھ ادا ہوں، اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ نماز کا حق تعالیٰ کے یہاں کیا درجہ ہے اور کس قدر مہتم بالشان چیز ہے کہ اُس سے شروع کر کے اُسی پر ختم فرمایا۔ (تفسیر عثمانی)

محبوب عمل:

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال ہوا کہ سب سے زیادہ محبوب عمل اللہ کے نزدیک کیا ہے؟ آپ نے فرمایا نماز کو وقت پر ادا کرنا۔ پوچھا گیا پھر؟ فرمایا ماں

besturdubooks.wordpress.com

باپ سے سلوک کرنا۔ پوچھا گیا پھر؟ فرمایا خدا کی راہ میں جہاد کرنا۔ (بخاری ومسلم)

آنکھوں کی ٹھنڈک دل کی راحت:

چنانچہ حدیث شریف میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں مجھے خوشبو اور عورتیں زیادہ پسند ہیں اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں رکھ دی گئی ہے (نسائی)۔ ایک انصاری صحابی رضی اللہ عنہ نے نماز کے وقت اپنی لونڈی سے کہا کہ پانی لاؤ نماز پڑھ کر راحت حاصل کروں تو سننے والوں کو انکی یہ بات گراں گذری۔ آپ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرماتے تھے اے بلال اٹھو اور نماز کے ساتھ ہمیں راحت پہنچاؤ۔ (تفسیر ابن کثیر)

بہترین عمل: حدیث شریف میں ہے سیدھے سیدھے رہو اور تم ہرگز احاطہ نہ کرسکو گے جان لو کہ تمہارے تمام اعمال میں بہترین عمل نماز ہے دیکھو وضوء کی حفاظت صرف مؤمن ہی کرسکتا ہے۔

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ

وہ ہی ہیں میراث لینے والے جو میراث پائینگے باغ ٹھنڈی چھاؤں کے

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝۱۱

وہ اسی میں ہمیشہ رہیں گے

جنت کے میراث ہونے پر پہلے کسی جگہ ہم لکھ چکے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

مہاجرین وانصار:

شاہ ولی اللہ دہلوی فرماتے ہیں کہ سورۃ مؤمنون مکی ہے اور شروع سورت میں جن مؤمنین مفلحین کی صفات فاضلہ کو بیان کیا گیا ہے اس کے اولین مصداق مہاجرین اولین اور خلفاء راشدین تھے جن کو دینی اور دنیوی فوز و فلاح سے نوازا گیا۔ (ازالۃ الخفاء) (معارف کاندھلوی)

جنت کے وارث:

ان سب صفات کو بیان فرما کر ارشاد ہوتا ہے کہ یہی لوگ وارث ہیں، جو جنت الفردوس کے دائمی وارث ہوں گے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے خدا سے جب جنت مانگو جنت الفردوس مانگو وہ سب سے اعلیٰ اور اوسط جنت ہے۔ وہیں سے جنت کی سب نہریں جاری ہوتی ہیں اسی کے اوپر خداتعالیٰ کا عرش ہے (صحیحین)

ہر ایک کی دو منزلیں:

فرماتے ہیں تم میں سے ہر ایک کی دو دو جگہیں ہیں ایک منزل جنت میں ایک جہنم میں۔ جب کوئی دوزخ میں گیا تو اس کی منزل کے وارث جنتی بنتے ہیں اسی کا بیان اس آیت میں ہے۔ مجاہدؒ فرماتے ہیں جنتی تو اپنی جنت کی جگہ سنوار لیتا ہے اور جہنم کی جگہ ڈھا دیتا ہے اور دوزخی اس کے خلاف کرتا ہے۔ کفار جو عبادت کے لئے پیدا کئے گئے تھے انہوں نے عبادت ترک کردی تو ان کے لئے جو انعامات تھے وہ ان سے چھین کر سچے مؤمنوں کے حوالے کردیئے گئے۔ اسی لئے انہیں وارث کہا گیا۔ صحیح مسلم میں ہے کچھ مسلمان پہاڑوں کے برابر گناہ لیکر آئیں گے جنہیں اللہ تعالیٰ یہود و نصاریٰ پر ڈال دے گا اور انہیں بخش دے گا۔ اور سند سے مروی ہے کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو ایک ایک یہودی یا نصرانی دے گا کہ یہ تیرا فدیہ ہے جہنم سے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے جب یہ حدیث سنی تو راوی حدیث ابوبردہؒ کو قسم دی انہوں نے تین مرتبہ قسم کھا کر حدیث کو دہرایا۔ اسی جیسی آیت یہ بھی ہے تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْ نُوْرِثُ مِنْ عِبَادِنَا الخ اور آیت میں ہے۔ تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْ اُوْرِثْتُمُوْهَا

فردوس: فردوس رومی زبان میں باغ کو کہتے ہیں بعض سلف کہتے ہیں کہ اس باغ کو جس میں انگور کی بیلیں ہوں، واللہ اعلم۔ (تفسیر ابن کثیر)

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ایسے ہی لوگ وارث ہونے والے ہیں جو فردوس کے وارث ہوں گے۔

اُولٰٓئِكَ یعنی یہی لوگ جو اوصاف مذکورہ کے حامل ہیں۔

اَلْوٰرِثُوْنَ یعنی اس بات کے مستحق ہیں کہ صرف انہی کو (فردوس کا) وارث کہا جائے گا۔

الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ یہ الوارثون کا وصف ہے اور جس چیز کے وارث ہوں گے ان کا بیان ہے پہلے بلاتعیین وراثت کا ذکر کیا گیا پھر تعیین کے ساتھ وراثت فردوس کا ذکر کیا۔ اس سے وراثت کی عظمت اور بلندیٔ شان ظاہر ہوگئی۔ (شبہ کیا جاسکتا ہے کہ وارث ہونے کا لفظ چاہتا ہے کہ پہلے فردوس کسی اور کی تھی پھر مؤمنوں کو دیدی جائے گی۔

ابن ماجہ نے حضرت انسؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جو اپنے وارث کی میراث سے بھاگے گا اللہ جنت کے اندر اس کا میراثی حصہ ختم کردے گا۔ (تفسیر مظہری)

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ۝۱۲

اور ہم نے بنایا آدمی کو چنی ہوئی مٹی سے

منتخب مٹی کا بنا ہوا: کیونکہ سب کے باپ حضرت آدم علیہ السلام منتخب مٹی سے پیدا ہوئے اور ویسے بھی تمام بنی آدم نطفہ سے پیدا ہوتے ہیں اور نطفہ بھی مٹی سے نکلی ہوئی غذاؤں کا خلاصہ ہے۔ (تفسیر عثمانی)

عبد بن حمید کا قول نقل کیا ہے کہ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ سے مراد ہے بنی آدم کا نطفہ (گویا طین سے مراد ہوئے بنی آدم اور سلالہ سے مراد ہوا نطفہ)۔ (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِیْ قَرَارٍ مَّكِیْنٍ

پھر ہم نے رکھا اس کو پانی کی بوند کر کے ایک جمے ہوئے ٹھکانہ میں

رحم مادر میں:

یعنی رحم مادر میں جہاں سے کہیں ہل نہ سکے۔ (تفسیر عثمانی)

ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً

پھر بنایا اُس بوند سے لہو جما ہوا پھر بنائی اس لہو جمے ہوئے سے گوشت کی بوٹی

فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا

پھر بنائیں اُس بوٹی سے ہڈیاں پھر پہنایا اُن ہڈیوں پر گوشت

مختلف مراحل:

یعنی کچھ حصہ گوشت کا سخت کر کے ہڈیاں بنا دیں۔ اور ہڈیوں کے ڈھانچے پر پھر گوشت پوست منڈھ دیا۔ سورۂ ''حج'' میں اسی کے قریب کیفیت تخلیق انسان کی بیان ہو چکی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

مُضْغَةً گوشت کی بوٹی اتنی جو چبانے کے بقدر ہو۔ گوشت کی بوٹی کو ہڈیاں بنا دینے کا یہ مطلب ہے کہ ہم نے اس کو سخت کر دیا۔ مضغۃ کا جو حصہ ہڈی ہونے سے باقی رہا اس کا گوشت بنا کر ہم نے ہڈیوں کو اس گوشت کا لباس پہنا دیا (ہڈیوں پر چڑھا دیا)۔

ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ

پھر اُٹھا کھڑا کیا اُس کو ایک نئی صورت میں

روح حیات:

یعنی روح حیات پھونک کر ایک جیتا جاگتا انسان بنا دیا۔ جس پر آگے چل کر بچپن، جوانی، کہولت اور بڑھاپے کے بہت سے احوال وادوار گذرتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

نفخ روح کیا ہے:

نفخ روح، اللہ کی ایک صفت ہے (جس کا وجود قدیم ہے) اللہ نے فرمایا جب ہڈیاں گوشت کا جامہ پہن لیتی ہیں تو اس صفت کا تعلق جسم سے ہو جاتا ہے گویا روح کا جسم سے تعلق حادث ہے اور روح بجائے خود قدیم ہے ہاں اگر آیت میں انشاء (پیدا کرنے سے مراد نفخ روح ہو پیدا کرنا نہ ہو تو اس توجیہ کی ضرورت نہیں)۔

انسان پیدائش سے انجام تک:

حضرت ابن مسعودؓ کی روایت ہے کہ اللہ کے سچے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے ہر شخص کا مادۂ تخلیق ماں کے پیٹ میں بشکل نطفہ چالیس روز تک جمع رکھا جاتا ہے پھر وہ مادہ خون کا لوتھڑا ہو جاتا ہے اور اسی حالت میں اتنی ہی مدت تک رہتا ہے۔ پھر گوشت کی بوٹی بن جاتا ہے اور اتنی ہی مدت تک (بوٹی کی شکل پر) رہتا ہے پھر اللہ فرشتہ کو چار احکام دے کر بھیجتا ہے فرشتہ اس کے (اچھے بُرے) اعمال اور مدت زندگی اور رزق اور سعید یا شقی ہونا (مؤمن یا کافر ہونا جنتی یا دوزخی ہونا) لکھ دیتا ہے پھر اس کے اندر روح پھونکی جاتی ہے پس قسم ہے اس ذات کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں تم میں سے کچھ لوگ (ساری عمر) جنتیوں کے جیسے کام کرتے ہیں یہاں تک کہ ان کے اور جنت کے درمیان صرف ایک گز کا فاصلہ رہ جاتا ہے لیکن (تخلیقی) تحریر غالب آتی ہے اور وہ دوزخیوں کے کام کرنے لگتے ہیں (اور انہی اعمال پر خاتمہ ہو جاتا ہے) اور بعض لوگ (ساری عمر) دوزخیوں کے جیسے کام کرتے ہیں، یہاں تک کہ ان کے اور دوزخ کے درمیان ایک گز سے زیادہ فاصلہ نہیں رہتا آخر تقدیر کا لکھا غالب آ جاتا ہے اور وہ جنتیوں کے عمل کرنے لگتے ہیں (اور اسی پر ان کا خاتمہ ہو جاتا ہے) متفق علیہ بخاری ومسلم

مسئلہ: اگر کسی نے کوئی انڈا غصب کیا اور غاصب کے پاس پہنچ کر انڈے سے بچہ نکل آیا اور پھر بچہ مر گیا یا حرم کے اندر سے انڈا باہر نکال کر لے آیا اور حرم سے باہر انڈے سے بچہ پیدا ہو گیا تو دونوں صورتوں میں انڈے کا ضمان (تاوان) دینا پڑے گا کیونکہ بچہ کا پیدا ہونا تخلیق آخر ہے اور اسی دور میں روح سفلی یعنی روح حیوانی پیدا ہو جاتی ہے اس لئے ضمان کا تعلق تخلیق اول سے ہی ہوگا۔

زندگی کے تغیرات:

عوفی کی روایت حضرت ابن عباسؓ کا تفسیری قول ہے کہ انشاء تخلیق آخر سے زندگی کے سارے تدریجی تغیرات اور انقلابات مراد ہیں پیدا ہونا، پھر چیخنا، پھر دودھ پینا، پھر آہستہ آہستہ بیٹھنا پھر رفتہ رفتہ کھڑا ہونا پھر چلنا اور دودھ ترک کر کے کچھ غذائی چیزیں کھانا پینا پھر بچپن سے دھیرے دھیرے جوانی کی حدود میں داخل ہونا اور ملک ملک میں گھومنا پھرنا سب ہی انشاء خلق آخر کی صورتیں ہیں۔

میں کہتا ہوں ممکن ہے کہ انشاء تخلیق آخر سے مراد دوسری ولادت ہو جو صوفی کو اس وقت حاصل ہوتی ہے جب وہ مرتبۂ فناء پر پہنچ جاتا ہے اور تمام بہیمی اور سبعی بشری صفات سے نکل کر ملکوتی صفات اختیار کر لیتا ہے اور پھر ملکوتی صفات سے ترقی کر کے رحمانی صفات کی طرف منتقل ہوتا ہے اور بقاء باللہ یا بقاء بصفات اللہ کے مرتبے پر فائز ہو جاتا ہے۔ لفظ ثُمَّ کا استعمال کرنے کی یہ وجہ زیادہ مناسب ہے۔ (تفسیر مظہری)

روح حقیقی اور روح حیوانی:

یہاں خلقاً آخر کی تفسیر حضرت ابن عباسؓ، مجاہدؒ، شعبیؒ، عکرمہؒ، ضحاکؒ

besturdubooks.wordpress.com

ابوالعالیہؒ وغیرہ نے نفخ روح سے فرمائی ہے۔ تفسیر مظہری میں ہے کہ غالباً مراد اس روح سے روح حیوانی ہے کہ وہ بھی مادی اور ایک جسم لطیف ہے جو جسم حیوانی کے ہر ہر جزء میں سمایا ہوا ہوتا ہے جس کو اطباء اور فلاسفہ روح کہتے ہیں۔ اُس کی تخلیق بھی تمام اعضاء انسانی کی تخلیق کے بعد ہوتی ہے اس لئے اسکو لفظ ثم سے تعبیر فرمایا ہے۔ اور روحِ حقیقی جسکا تعلق عالم ارواح سے ہے، وہیں سے لاکر اس روح حیوانی کے ساتھ اسکا کوئی رابطہ حق تعالیٰ اپنی قدرت سے پیدا فرما دیتے ہیں جسکی حقیقت کا پہنچانا انسان کے بس کا نہیں اس روحِ حقیقی کی تخلیق تو تمام انسانوں کی تخلیق سے بہت پہلے ہے انہیں ارواح کو حق تعالیٰ نے ازل میں جمع کر کے ؟؟؟ فرمایا اور سب نے بلٰی کے لفظ سے اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کا اقرار کیا۔ ہاں اسکا تعلق جسمِ انسانی کے ساتھ تخلیق اعضاء انسانی کے بعد ہوتا ہے۔ اس جگہ نفخ روح سے اگر یہ مراد لی جائے کہ روحِ حیوانی کیساتھ روحِ حقیقی کا تعلق اسوقت قائم فرمایا گیا تو یہ بھی ممکن ہے۔ اور درحقیقت حیاتِ انسان اسی روحِ حقیقی سے متعلق ہے جب اس کا تعلق روحِ حیوانی کے ساتھ ہو جاتا ہے تو انسان زندہ کہلاتا ہے جب منقطع ہو جاتا ہے تو انسان مُردہ کہلاتا ہے وہ روحِ حیوانی بھی اپنا عمل چھوڑ دیتی ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿۱۴﴾
سو بڑی برکت اللہ کی جو سب سے بہتر بنانے والا ہے

متناسب صورت:

خوبصورتی سے تمام اعضاء وقویٰ کو بہترین سانچے میں ڈھالا اور اُس کی ساخت عین حکمت کے موافق نہایت موزوں و متناسب بنائی۔ (تفسیر عثمانی)

وحی کے ساتھ حضرت عمرؓ کی موافقت:

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے اپنے رب کی موافقت چار باتوں میں کی ہے، جب یہ آیت اُتری کہ ہم نے انسان کو بجتی مٹی سے پیدا کیا تو بے ساختہ میری زبان سے فتبارک اللہ احسن الخالقین نکلا، اور وہی پھر اُترا۔ (تفسیر ابن کثیر)

شانِ الٰہی

فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ (تخلیق کے گذشتہ احوال دلیل ہیں اس امر کی کہ) اللہ کی بہت بڑی شان ہے جو تمام صناعوں سے بڑھ کر ہے۔

تَبٰرَكَ اللّٰهُ یعنی اللہ کی شان اعلیٰ و برتر ہے اس بات سے کہ وہ اپنا کوئی شریک بنائے یا اس کے احکام کی پابندی اور تعمیل میں سستی کی جائے۔

عبداللہ بن سعد کا واقعہ:

بعض روایات میں آیا ہے کہ عبداللہ بن سعد بن ابی سرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کاتب تھا (وحی نازل ہوتی تو آپ اس سے وحی کی کتابت بھی کرالیا کرتے تھے) ایک بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لکھوائے بغیر یہ جملہ اس نے آیت مذکورہ کے اختتام پر زبان سے کہہ دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اسی طرح لکھ دے یہ یوں ہی نازل ہوا ہے۔ عبداللہ نے (لوگوں سے) کہا اگر محمد نبی ہیں ان کے پاس وحی آتی ہے تو میں بھی نبی ہوں میرے پاس بھی وحی آتی ہے یہ کہہ کر اسلام سے پھر گیا اور مکہ چلا گیا کچھ مدت کے بعد جب مکہ فتح ہوا تو جہاں اور چند لوگوں کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے واجب القتل قرار دیا وہاں اس کو بھی مباح الدم قرار دیدیا اور حکم دیدیا کہ جہاں ملے قتل کر دیا جائے۔ عبداللہ حضرت عثمان بن عفان کی خدمت میں حاضر ہو کر سفارش کا خواستگار ہوا حضرت عثمان نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے لئے امان کی درخواست کی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم دیر تک خاموش رہے۔ پھر دیر کے بعد فرمایا، اچھا۔ (عبداللہ کو امان مل گئی) حضرت عثمان واپس چلے گئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ سے فرمایا (تم نے میرے اچھا کہنے سے پہلے ہی اس کو قتل کیوں نہیں کر دیا) میں تو دیر تک اسی لئے خاموش رہا تھا کہ تم اس کو قتل کر دو۔ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو اشارہ کیوں نہ کر دیا، فرمایا، نبی کے لئے یہ زیبا نہیں کہ نگاہ کی چوری کرے۔ عبداللہ اسی روز دوبارہ مسلمان ہو گیا اور پھر اس کا اسلام اچھا رہا۔ (فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ) (تفسیر مظہری)

ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ﴿۱۵﴾
پھر تم　اس کے بعد　مرو گے

سب کو موت آئے گی:

یعنی تمہارا وجود ذاتی اور خانہ زاد نہیں، مستعار اور دوسرے کا عطیہ ہے۔ چنانچہ موت آ کر سب نقشہ بگاڑ دیتی ہے۔ تم اس وقت اس کے زبردست پنجہ سے اپنی ہستی کو نہیں بچا سکتے۔ یقیناً کوئی اور قاہر طاقت تمہارے اوپر ہے جس نے وجود کی باگ اپنے ہاتھ میں تھام رکھی ہے جب چاہے ڈھیلی چھوڑ دے، جب چاہے کھینچ لے۔

ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ﴿۱۶﴾
پھر تم　قیامت کے دن کھڑے کئے جاؤ گے

پھر قیامت میں اٹھائے جاؤ گے:

جس نے پہلی مرتبہ پیدا کیا تھا وہ ہی دوبارہ بنا کر کھڑا کریگا۔ تا کہ پہلے وجود کی مستور قوتیں اور اعمال کے نتائج اپنی کامل ترین صورتوں میں ظاہر ہو کر

besturdubooks.wordpress.com

ثابت کردیں کہ یہ اتنا بڑا کارخانہ کوئی بیکار اور بے نتیجہ ڈھونگ نہیں بنایا گیا تھا۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ		
اور ہم نے بنائے ہیں	تمہارے اوپر	سات رستے

سات آسمان:

''طرائق'' کے معنی بعض مفسرین ولغویین کے نزدیک طبقات کے ہیں یعنی آسمان کے سات طبقے اوپر نیچے بنائے۔ فہذا کما قال كَيْفَ خَلَقَ اللّٰهُ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا (نوح - رکوع ۱) اور بعض نے طرائق کو راستوں کے معنی میں لیا ہے۔ یعنی سات آسمان بنائے جو فرشتوں کی گذرگاہیں ہیں۔ بعض معاصر مصنفین نے ''سبع طرائق'' سے سات سیاروں کے مدارات مُراد لئے ہیں۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

طَرَآئِقَ سے مراد آسمان ہیں، کیونکہ ہر اوپر والا آسمان نیچے والے آسمان پر چڑھا ہوا ہے اگر نچلی چیز بالائی چیز کی طرح ہو تو نچلی کو بالائی چیز کا طریقہ کہا جاتا ہے۔ طرائق کہنے کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ آسمانوں کے اندر فرشتوں یا سیاروں کے چلنے کی گذرگاہیں ہیں۔ (تفسیر مظہری)

وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ		
اور ہم نہیں ہیں	خلق سے	بے خبر

پورا انتظام قابو میں ہے:

ہر چیز پورے انتظام واحکام اور خبرداری سے بنائی ہے اور اُسکی حفاظت و بقاء کے طریقوں سے ہم پورے باخبر ہیں۔ اجرام ساویہ اور مخلوقات سفلیہ میں کوئی چیز نہیں جو ہمارے احاطۂ علم وقدرت سے باہر ہو۔ ورنہ سارا انتظام ہی درہم وبرہم ہو جائے۔ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا (حدید - رکوع ۱) (تفسیر عثمانی)

الْخَلْقِ سے مراد ہے مخلوق کوئی ہو۔

غٰفِلِيْنَ، یعنی ان کے معاملہ سے بے خبر، ان کو یوں ہی بے کار چھوڑ دینے والے نہیں ہیں بلکہ اختلال اور نظام کی ابتری سے ان کو محفوظ رکھتے ہیں۔ ان کی نگرانی رکھتے ہیں اور حسب حکمت ومصلحت ان کے مناسب حد کمال تک پہنچانے کا انتظام قائم رکھتے ہیں اور آسمانوں کو زمین پر گرنے سے روکے ہوئے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ
اور اُتارا ہم نے آسمان سے پانی ماپ کر

آب رسانی کا نظام:

نہ اس قدر زیادہ کہ دنیا بے وقت اور بے موقع تباہ ہو جائے اور نہ اتنا کم کہ ضروریات کو کافی نہ ہو۔ (تفسیر عثمانی)

اس آیت میں آسمان سے پانی برسانے کے ذکر کے ساتھ ایک قید بقدر کی بڑھا کر اس طرف اشارہ کر دیا کہ انسان ایسا ضعیف الخلقت ہے کہ جو چیزیں اس کے لئے مدار زندگی ہیں اگر وہ مقدار مقدر سے زائد ہو جاویں تو وہی اس کیلئے وبال جان اور عذاب بن جاتی ہیں پانی جیسی چیز جس کے بغیر کوئی انسان وحیوان زندہ نہیں رہ سکتا اگر ضرورت سے زیادہ برس جائے تو طوفان آجاتا ہے اور انسان اور اسکے سامان کے لئے وبال وعذاب بن جاتا ہے۔ (معارف القرآن)

پانی سے مراد بارش کا پانی بِقَدَرٍ یعنی مناسب مقدار کے ساتھ جتنا تقاضائے مصلحت تھا۔ (تفسیر مظہری)

فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ	
پھر اس کو ٹھہرا دیا	زمین میں

زیرزمین پانی کا ذخیرہ:

یعنی بارش کا پانی زمین اپنے اندر جذب کر لیتی ہے جس کو ہم کنواں وغیرہ کھود کر نکالتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

زمین میں ٹھہرانے کا مطلب بعض اہل علم نے یہ بیان کیا کہ تالابوں اور حوضوں اور گڑھوں میں ہم نے پانی کو جمع کر دیا تاکہ بارش نہ ہو تو لوگ اس سے کام چلائیں۔ بعض اہل تفسیر نے کہا کہ اس سے زمین کا پانی پینا مراد ہے پانی کو زمین چوس لیتی ہے۔ زمین کے مسامات میں پانی گھس جاتا ہے پھر اس سے چشمے اور سوت پھوٹ نکلتے ہیں۔ زمین سے جتنا پانی برآمد ہوتا ہے وہ آسمان سے برسا ہوا ہی ہوتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۢ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ	
اور ہم اُس کو لے جائیں	تو لے جا سکتے ہیں

اللہ چاہے تو پانی ختم ہو جائے:

یعنی نہ اُتارنا چاہیں تو نہ اُتاریں اور اُتارنے کے بعد تم کو اس سے منتفع ہونے کی دسترس نہ دیں مثلاً اس قدر گہرا کر دیں کہ تم نکالنے میں کامیاب نہ ہو سکو، یا خشک کر کے ہوا میں اُڑا دیں، یا کھاری اور کڑوا کر دیں، تو ہم یہ سب کچھ کر سکتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

ذَهَابٍۢ بِهٖ اس کو لے جانا، زائل کر دینا۔ مراد یہ ہے کہ ہم اس کو خراب بھی کر سکتے ہیں کہ کسی کام نہ آئے اور بھاپ بنا کر اڑا بھی سکتے ہیں اور زمین

besturdubooks.wordpress.com

کے اندر انتہائی گہرائی تک بھی پہنچا سکتے ہیں کہ کسی کے ہاتھ نہ آئے۔

لَقٰدِرُوْنَ بلاشبہ ہم پانی کو فنا کر دینے پر بھی اسی طرح قادر ہیں جس طرح اس کو برسانے پر قادر ہیں اگر ہم پانی کو فنا کر دیں تو تم پیاسے مرجاؤ تمہارے جانور بھی مرجائیں اور تمہاری زمینیں بنجر ہو جائیں۔

جنت سے جاری شدہ دریاء:

بغوی نے لکھا ہے حدیث میں آیا ہے کہ اللہ نے جنت سے چار دریا، نازل کیے ہیں۔ سیحون، جیحون، دجلہ، فرات۔ یہ بھی بغوی نے لکھا ہے کہ امام حسن بن سفیان نے سند کے ساتھ بوساطت عکرمہ حضرت ابن عباس کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ نے جنت کے ایک چشمہ سے جو جنت کے نچلے نشیبی حصہ میں تھا پانچ دریا جبرئیل کے دونوں بازوؤں پر نازل فرمائے۔ سیحون جیحون، دجلہ، فرات، نیل۔ جبرئیل نے یہ دریا بطور امانت پہاڑوں کے سپرد کر دیئے اور زمین میں بہا دیئے۔ اور لوگوں کے لئے فائدہ بخش بنا دیئے۔ آیت وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِی الْاَرْضِ سے اسی طرف اشارہ ہے پھر جب یاجوج و ماجوج کا زمانہ آئے گا تو اللہ جبرئیل کو بھیج کر زمین سے قرآن اور تمام (دینی) علم کو اور سنگ اسود کو اور مقام ابراہیم کو اور تابوتِ موسیٰ کو مع اس کی اندرونی چیزوں کے اور ان پانچوں دریاؤں کو آسمان کی طرف اٹھا لے گا۔ وَاِنَّا عَلٰی ذَهَابٍۢ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ اس آیت کا یہی مطلب ہے جب یہ چیزیں زمین سے اٹھالی جائیں گی تو اہل ارض دنیا اور دین کی ہر بھلائی سے محروم ہو جائیں گے۔

میں کہتا ہوں شاید زمین کے سارے دریا جنت ہی سے آئے ہیں۔ حدیث میں صرف پانچ کا تذکرہ بطور تمثیل کیا گیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ لَكُمْ

پھر اُگا دیے تمہارے واسطے اس سے باغ کھجور اور انگور کے تمہارے

فِيْهَا فَوَاكِهُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۱۹﴾

واسطے اُن میں میوے ہیں بہت اور انہی میں سے کھاتے ہو

باغات اور پھل:

یعنی اُن کی بہار دیکھ کر خوش ہوتے ہو اور بعض کو بطور تفکہ اور بعض کو بطور غذا استعمال کرتے ہو۔ (تفسیر عثمانی)

وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ تَنْۢبُتُ

اور وہ درخت جو نکلتا ہے سینا پہاڑ سے لے اُگتا ہے

بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ﴿۲۰﴾

تیل اور روٹی ڈبونا کھانے والوں کے واسطے

زیتون کا درخت:

یعنی زیتون کا درخت جس میں سے روغن نکلتا ہے جو مالش وغیرہ کے کام آتا ہے اور بہت ملکوں کے لوگ سالن کی جگہ اُس کا استعمال کرتے ہیں۔ اس درخت کا ذکر خصوصیت سے فرمایا کیونکہ اُس کے فوائد کثیر ہیں اور خاص فضل وشرف رکھتا ہے۔ اسی لئے سورۂ "تین" میں اس کی قسم کھائی گئی۔ جبل طور کی طرف نسبت کرنا بھی اُس کی فضیلت و برکت ظاہر کرنے کے لئے ہے۔ وہاں اس کی پیداوار زیادہ ہوتی ہوگی۔ (تفسیر عثمانی)

علمی لطیفہ:

تفسیر قرطبی میں اس جگہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے اسی آیت سے استدلال کر کے ایک عجیب لطیفہ شب قدر کی تعیین میں نقل کیا ہے وہ یہ ہے کہ حضرت فاروق اعظمؓ نے ایک مرتبہ اکابر صحابہ کے مجمع سے سوال کیا کہ شب قدر رمضان کی کونسی تاریخ میں ہے سب نے جواب میں صرف اتنا کہا کہ اَللّٰهُ اَعْلَمُ کوئی تعیین بیان نہیں کیا۔ حضرت ابن عباسؓ ان سب میں چھوٹے تھے اُن سے خطاب فرمایا کہ آپ کیا کہتے ہیں تو ابن عباسؓ نے فرمایا کہ امیر المومنین اللہ تعالیٰ نے آسمان سات پیدا کیے، زمینیں سات پیدا کیں، انسان کی تخلیق سات درجات میں فرمائی۔ انسان کی غذا، سات چیزیں بنائیں اس لئے میری سمجھ میں تو یہ آتا ہے کہ شب قدر ستائیسویں شب ہوگی۔ فاروق اعظمؓ نے یہ عجیب استدلال سُن کر اکابر صحابہ سے فرمایا کہ آپ سے وہ بات نہ ہوسکی جو اس لڑکے نے کی جس کے سر کے بال بھی ابھی مکمل نہیں ہوئے۔ یہ حدیث طویل ابن ابی شیبہ کے مسند میں ہے۔ حضرت ابن عباسؓ نے تخلیق انسانی کے سات درجات سے مراد وہی لیا ہے جو اس آیت میں ہے اور انسان کی غذا کی سات چیزیں سورۂ عبس کی آیت میں ہیں فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا ۙ وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ۙ وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا ۙ وَّحَدَآئِقَ غُلْبًا ۙ وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا ۙ اس آیت میں آٹھ چیزیں مذکور ہیں جن میں پہلی سات انسان کی غذا ہے اور آخری یعنی اَبّ یہ جانوروں کی غذا ہے۔ (قرطبی)

زیتون کے فوائد و خصوصیات:

وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ سیناء اور سینین اُس مقام کا نام ہے جس میں کوہ طور واقع ہے۔ زیتون کا تیل تیل کی ضروریات مثلاً بدن کی مالش اور چراغ میں جلانے کے بھی کام آتا ہے اور کھانے میں سالن کا بھی کام دیتا ہے اسی کو فرمایا تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ۔ زیتون کے درخت کے لئے کوہ طور کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ درخت سب سے پہلے کوہ طور ہی پر پیدا ہوا ہے

besturdubooks.wordpress.com

اور بعض نے کہا کہ طوفانِ نوح کے بعد سب سے پہلا درخت جو زمین پر اُگا وہ زیتون تھا۔ (مظہری) (معارف مفتی اعظم)

وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُورِ سَيْنَاءَ اور ہم نے ایک (اور) درخت پیدا کیا (یعنی زیتون) جو طور سینا میں پیدا ہوتا ہے۔

طور سیناء:

سَیناء کے معنی مختلف بیان کئے گئے ہیں، مجاہد نے کہا سیناء کا معنی ہے برکت۔ یعنی برکت والے پہاڑ سے ہم نے زیتون کو پیدا کیا۔

قتادہ، ضحاک اور عکرمہ نے کہا اس کا معنی ہے اچھا اور خوبصورت۔ ضحاک نے کہا یہ نبطی زبان کا لفظ ہے اور عکرمہ نے اس کو حبشی زبان کا لفظ کہا ہے۔ کلبی نے کہا سیناء کا معنی ہے درختوں والا۔ بعض نے کہا سریانی زبان میں گھنے درختوں کی جھاڑی کو سیناء کہتے ہیں۔ مقاتل نے کہا جس پہاڑ پر بکثرت پھلدار درخت ہوں اس کو نبطی زبان میں سیناء اور سینین کہا جاتا ہے۔ مجاہد نے کہا سیناء۔ خاص پتھروں کی ایک قسم ہوتی ہے یہ طور میں بکثرت موجود ہیں اس لئے طور کی سیناء کی طرف اضافت کردی گئی۔ ابن زید نے کہا طور سیناء پورا نام اس پہاڑ کا ہے جو مصر اور ایلہ کے درمیان واقع ہے۔ جہاں سے حضرت موسیٰ کو نداء دی گئی تھی۔ جیسے امرء القیس پورا نام ہے۔

زیتون کا سالن: تَنْبُتُ بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ لِّلْآكِلِينَ جو اُگتا ہے تیل لئے ہوئے اور کھانے والوں کے لئے سالن لئے ہوئے۔ یعنی زیتون میں دونوں فائدے ہیں یعنی اس کے اندر روغن بھی جو معاش کے کام میں آتا ہے اور چراغ بھی اس سے جلائے جاتے ہیں اور یہ سالن بھی ہے کہ روٹی اس میں ڈبوئی جاتی ہے۔

بغوی نے لکھا ہے صبغ اور صباغ اس سالن کو کہتے ہیں جس میں روٹی ڈبوئی جاتی ہے اور روٹی پر اس کا رنگ آجاتا ہے اور ادام عام سالن کو کہتے ہیں جس کو روٹی کے ساتھ کھایا جاتا ہے خواہ اس سے روٹی رنگین ہو یا نہ ہو۔ (تفسیر مظہری)

وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۖ نُّسْقِيكُم مِّمَّا

اور تمہارے لئے چوپایوں میں دھیان کرنے کی بات ہے پلاتے ہیں ہم تم کو

فِي بُطُونِهَا وَلَكُمْ فِيهَا مَنَافِعُ كَثِيرَةٌ

ان کے پیٹ کی چیز سے اور تمہارے لئے اُن میں بہت فائدے ہیں

وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ ﴿٢١﴾

اور بعضوں کو کھاتے ہو

حیوانات کے فوائد: نباتات کے بعد یہ حیوانات کا ذکر ہوا یعنی جانوروں کا دودھ ہم اپنی قدرت سے تم کو پلاتے ہیں۔ اور بہت سے فائدے تمہارے لئے اُن کی ذات میں رکھ دیئے ہیں۔ حتیٰ کہ بعض جانوروں کا گوشت کھانا بھی حلال کردیا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُونَ ﴿٢٢﴾

اور ان پر — اور کشتیوں پر — لدے پھرتے ہو

وسائل نقل وحمل: یعنی خشکی میں جانوروں کی پیٹھ پر اور دریا میں جہازوں اور کشتیوں پر سوار ہو کر کہیں سے کہیں نکل جاتے ہو اور بڑے بڑے وزنی سامان بار کرتے ہو۔ (تفسیر عثمانی)

ربطِ آیات: کشتی کی مناسبت سے آگے نوح علیہ السلام کا قصہ ذکر فرماتے ہیں کہ کس طرح اللہ تعالیٰ نے اُن سے کشتی بنوائی جو طوفان عظیم کے وقت مؤمنین کی نجات کا ذریعہ بنی۔ پھر نوح علیہ السلام کی مناسبت سے بعض دوسرے انبیاء کے واقعات بھی ذکر فرمادیئے۔ شاید یہاں ان قصص کے بیان میں یہ بھی اشارہ ہوگا کہ جس طرح اُوپر کی آیات میں تمہاری جسمانی ضروریات کا انتظام مذکور ہے اسی طرح خداوند رحمان نے تمہاری روحانی حوائج وضروریات کا سرانجام کرنے کے لئے ابتدائے دنیا سے وحی ورسالت کا سلسلہ بھی قائم فرمادیا۔ یا یوں کہو کہ اوپر قدرت کے نشانات بیان فرما کر توحید کی طرف متوجہ کرنا تھا۔ اُس کی تکمیل کے لئے یہاں سے سلسلہ نبوت کا بیان شروع کردیا۔ جس کے ضمن میں انبیاء اور اُن کے متبعین کی خوش انجامی اور مکذبین ومعاندین کی بدانجامی بھی ذہن نشین کردی گئی۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ فَقَالَ

اور ہم نے بھیجا — نوح کو — اس کی قوم کے پاس تو اس نے کہا

يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ

اے قوم بندگی کرو — اللہ کی — تمہارا کوئی حاکم نہیں اس کے سوائے

أَفَلَا تَتَّقُونَ ﴿٢٣﴾ فَقَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا

کیا تم ڈرتے نہیں — تب بولے سردار — جو کافر تھے

مِن قَوْمِهِ مَا هَٰذَا إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ

اُس کی قوم میں — یہ کیا ہے — آدمی ہے جیسے تم

یعنی اس میں اور تم میں فرق کیا ہے جو یہ رسول بن جائے۔ تم نہ بنو۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

حضرت نوح علیہ السلام کی دعوت اور سرداران قوم کا خطاب:

پس انہوں نے کہا اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو، سوائے اس کے تمہارا اور کوئی معبود نہیں سو کیا تم (اس سے) ڈرتے نہیں۔ یعنی کیا تم کو اس بات کا اندیشہ نہیں کہ تم جو اس کے سوا دوسروں کی پوجا کرتے ہو اور اللہ کی نعمت کی ناشکری کرتے ہو۔ کہیں وہ تم سے یہ ساری نعمتیں چھین لے اور تم کو اس شرک کی وجہ سے (دنیا اور آخرت میں) عذاب میں مبتلا کر دے۔

الملأ، سرداران قوم نے آپس میں (یا عوام سے) کہا۔ کہ یہ نوح علیہ السلام تو تم ہی جیسا آدمی ہے تمہاری طرح کھاتا اور سوتا ہے پھر یہ اللہ کا بھیجا ہوا رسول کیسے ہو سکتا ہے۔ قوم نوح کا خیال تھا کہ پتھر بھی معبود ہونے میں اللہ کے شریک ہیں اور کوئی انسان اللہ کا رسول نہیں ہو سکتا اگر خدا کسی کو پیغمبر بنا کر بھیجنا چاہتا تو کسی فرشتے کو بھیجدیتا اسی خیال کے زیر اثر وہ یہ سمجھ بیٹھے کہ نوح چونکہ رسالت کے مدعی ہیں اس لئے شاید ان کو اپنے آدمی ہونے کا انکار ہے یا فرشتہ ہونے کا دعویٰ ہے۔ (تفسیر مظہری)

يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ
چاہتا ہے کہ بڑائی کرے تم پر اور اگر اللہ چاہتا
لَاَنْزَلَ مَلٰۗىِٕكَةً ښ
تو اُتارتا فرشتے

سرداروں کا تبصرہ:

یعنی بڑا بن کر رہنا چاہتا ہے اس لئے یہ سب ڈھونگ بنایا ہے ورنہ خدا کسی کو رسول بنا کر بھیجتا تو کیا یہ ہی اس کام کے لئے رہ گیا تھا۔ کوئی فرشتہ نہ بھیج سکتا تھا۔ (تفسیر عثمانی)

یُرِیْدُ یعنی رسالت کا دعویٰ کرنے سے اس کا مقصد صرف یہ ہے کہ تم سب کا سردار بن جائے اور تم سب سے اعلیٰ و بالا ہو جائے۔

وَلَوْشَآءَ اللّٰہُ یعنی اگر اللہ کو منظور ہوتا کہ اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کی جائے یا کسی کو رسول بنا کر بھیجنا چاہتا۔ (تفسیر مظہری)

مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَاۗىِٕنَا الْاَوَّلِيْنَ ۝ؕ
ہم نے یہ نہیں سنا اپنے اگلے باپ دادوں میں

یعنی ہم نے ایسی عجیب بات کبھی نہیں سنی کہ ایک ہماری طرح کا معمولی آدمی خدا کا رسول بن جائے اور تمام دیوتاؤں کو ہٹا کر تنہا ایک خدا کی حکومت منوانے لگے۔ (تفسیر عثمانی)

مَّا سَمِعْنَا بِھٰذَا ہم نے تو یہ بات جس کا نوح مدعی ہے کہ معبود ایک ہے اور آدمی کو پیغمبر بنا کر وہ بھیجتا ہے اور مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کر کے اٹھایا جائے گا، اپنے پچھلے بزرگوں میں بھی کبھی نہیں سنی۔ ایسی بات کافروں نے یا تو محض عناد کی وجہ سے کہی تھی یا واقعی کسی پیغمبر کو آئے ہوئے ایک لمبی مدت گذر گئی تھی اور ان کو بزرگوں سے بھی کسی پیغمبر کا مبعوث ہونا معلوم نہیں ہوا تھا۔ (تفسیر مظہری)

اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ
اور کچھ نہیں یہ ایک مرد ہے کہ اس کو سودا ہے
فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ ۝
سو راہ دیکھو اس کی ایک وقت تک

معلوم ہوتا ہے کہ اس غریب کا دماغ چل گیا۔ بھلا ساری قوم کے خلاف اور اپنے باپ دادوں کے خلاف ایسی بات زبان سے نکالنا جو کوئی شخص باور نہ کر سکے کھلا جنون نہیں تو اور کیا ہوگا۔ بہتر ہے چند روز صبر کرو اور انتظار کرو، شاید کچھ دنوں کے بعد اسے ہوش آ جائے اور جنون کے دورہ سے افاقہ ہو یا یوں ہی مر مرا کر قصہ ختم ہو جائے۔ (العیاذ باللہ) (تفسیر عثمانی)

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ۝
بولا اے رب تو مدد کر میری کہ انہوں نے مجھ کو جھٹلایا

بارگاہِ الٰہی میں حضرت نوحؑ کی درخواست:

یعنی جب نوحؑ کی ساری کوششیں بیکار ثابت ہوئیں، ساڑھے نو سو برس سختیاں جھیل کر بھی اُن کو راہِ راست پر لانے میں کامیاب نہ ہوئے تو خدا سے فریاد کی کہ اب ان اشقیاء کے مقابلہ میں میری مدد فرمائیے۔ کیونکہ بظاہر یہ لوگ میری تکذیب سے باز آنیوالے نہیں۔ اوروں کو بھی خراب کریں گے۔ (تفسیر عثمانی)

فَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا
پھر ہم نے حکم بھیجا اس کو کہ بنا کشتی ہماری آنکھوں کے سامنے
وَوَحْيِنَا فَاِذَا جَاۗءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ فَاسْلُكْ
اور ہمارے حکم سے پھر جب پہنچے ہمارا حکم اور اُبلے تنور تو تو ڈال لے
فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ
کشتی میں ہر چیز کا جوڑا دو دو اور اپنے گھر کے لوگ

یہ قصہ پہلے سورۂ ''ہود'' وغیرہ میں گذر چکا ہے وہاں ان الفاظ کی تفسیر ملاحظہ ہو۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

تنور کا مطلب: وَفَارَ التَّنُّوْرُ تنور، اُس خاص جگہ کو بھی کہا جاتا ہے جو روٹی پکانے کیلئے بنائی جاتی ہے اور یہی معنے معروف ومشہور ہیں۔ دوسرے معنے میں تنور پوری زمین کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔ خلاصۂ تفسیر میں اسی معنے کے اعتبار سے ترجمہ کیا گیا ہے۔ اور بعض حضرات نے اس سے ایک خاص تنور روٹی پکانے والا مراد لیا ہے جو کوفہ کی مسجد میں اور بعض کے نزدیک ملک شام میں کسی جگہ تھا۔ اس تنور سے پانی اُبلنے لگا۔ (معارف مفتی اعظم)

آغازِ عذاب: حضرت مفسر کے نزدیک تنور سے مراد یہی روٹی پکانے کا تنور ہے۔ حضرت نوح کو عذاب (طوفان) آنے کی یہ نشانی بتائی گئی تھی چنانچہ تنور سے پانی پھوٹ نکلا بیوی نے آ کر اطلاع دی آپ فوراً سوار ہو گئے۔ آپ کا مکان کوفہ کی مسجد کے اندر تھا کہ باب کندہ کی طرف سے داخل ہونے والے دائیں ہاتھ کو واقع تھا۔ یہ بھی کہا گیا کہ ملک شام کی کسی (ٹیلہ کی) چوٹی پر آپ رہتے تھے۔ (تفسیر مظہری)

اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ

مگر جس کی قسمت میں پہلے سے ٹھہر چکی ہے بات

یعنی کافروں کو، خواہ تیرے کنبہ کے ہوں سوار مت کر۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۷﴾

اور مجھ سے بات نہ کر ان ظالموں کے واسطے بیشک اُن کو ڈوبنا ہے

یعنی حکم قطعی عذاب کا ہو چکا۔ یہ فیصلہ اٹل ہے، ضرور ہو کر رہیگا۔ اب ظالموں میں سے کسی کو بچانے کے لئے ہم سے سعی سفارش نہ کرنا۔ (تفسیر عثمانی)

فَاِذَا اسْتَوَيْتَ اَنْتَ وَمَنْ مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ

پھر جب چڑھ چکے تو اور جو تیرے ساتھ ہے کشتی پر تو کہہ

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ نَجّٰىنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۸﴾

شکر اللہ کا جس نے چھڑایا ہم کو گنہگار لوگوں سے

یعنی ہم کو ان سے علیحدہ کر کے عذاب سے مامون رکھا۔ (تفسیر عثمانی)

وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ

اور کہہ اے رب اُتار مجھ کو برکت کا اتارنا اور تو ہے

خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۲۹﴾

بہتر اُتارنے والا

کشتی سے برکت کا اتارنا:

یعنی کشتی میں اچھی آرام کی جگہ دے اور کشتی سے جہاں اتاریں جائیں وہاں بھی کوئی تکلیف نہ ہو۔ ہر طرح اور ہر جگہ تیری رحمت و برکت شامل حال رہے۔ (تفسیر عثمانی)

مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا برکت کا اتارنا۔ کشتی میں برکت کا اتارنا یہ کہ اللہ کے دشمنوں کی صحبت سے نجات دی اور اپنے رب کی عبادت میں مشغول ہو جانے کا موقع عنایت فرمایا، اور زمین میں اترنے کے بابرکت ہونے کے یہ معنی کہ (اللہ نے ڈوبنے سے محفوظ رکھا۔ مترجم) اور نسل ورزق میں کثرت عطا فرمائی اور بے غمی کے ساتھ عبادت رب میں مشغول ہو جانے کا موقع عنایت کیا۔

حضرت نوحؑ کی عظمت:

دعا کرنے کا حکم صرف حضرت نوح کو دیا اپنے لئے بھی اور اپنے ساتھیوں کے لئے بھی اس میں حضرت نوح کی بزرگی کا اظہار ہے اور اس امر کی طرف ایماء ہے کہ حضرت نوح کی دعا ساتھ والوں کے لئے بھی کافی ہے ساتھیوں کو اپنے لئے دعا کرنے کی ضرورت نہیں۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ وَّاِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِيْنَ ﴿۳۰﴾

اس میں نشانیاں ہیں اور ہم ہیں جانچنے والے

کہ کون ان نشانوں کو سن کر عبرت و نصیحت حاصل کرتا ہے کون نہیں کرتا۔ کما قال تعالیٰ وَلَقَدْ تَّرَكْنٰهَا اٰيَةً فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ (قمر رکوع ۱) (تفسیر عثمانی)

ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿۳۱﴾

پھر پیدا کی ہم نے ان سے پیچھے ایک جماعت اور

یہ ذکر ''عاد'' کا ہے یا ''ثمود'' کا۔ (تفسیر عثمانی)

فَاَرْسَلْنَا فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ

پھر بھیجا ہم نے ان میں ایک رسول اُن میں

حضرت ہودؑ اور حضرت نوحؑ کی دعوت:

یعنی حضرت ہود یا حضرت صالح علیہما السلام۔ (تفسیر عثمانی)

اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ

کہ بندگی کرو اللہ کی کوئی نہیں تمہارا حاکم اس کے سوائے

اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِيْنَ

پھر کیا تم ڈرتے نہیں اور بولے سردار اُس کی قوم کے جو

besturdubooks.wordpress.com

كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِلِقَاءِ الْآخِرَةِ وَأَتْرَفْنٰهُمْ

کافر تھے　اور جھٹلاتے تھے آخرت کی ملاقات کو اور آرام دیا تھا

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

ان کو ہم نے دنیا کی زندگی میں

قوم کا عقیدہ: یعنی اس کے معتقد نہ تھے کہ مرنے کے بعد ایک دن خدا سے ملنا ہے۔ بس دنیا کی زندگی اور اس کا عیش و آرام ہی اُن کا اوڑھنا بچھونا تھا۔ (تفسیر عثمانی)

مَا هٰذَا إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يَأْكُلُ مِمَّا تَأْكُلُونَ مِنْهُ

اور کچھ نہیں یہ ایک آدمی ہے جیسے تم، کھاتا ہے جس قسم سے تم کھاتے ہو

وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُونَ ﴿۳۳﴾

اور پیتا ہے جس قسم سے تم پیتے ہو

یعنی بظاہر کوئی بات اس میں تم سے سوا نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَئِنْ أَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ إِنَّكُمْ إِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۳۴﴾

اور کہیں تم چلنے لگے کہنے پر ایک آدمی کے اپنے برابر کے تو تم بے شک خراب ہوئے

سرداروں کا فیصلہ: یعنی اس سے بڑی خرابی اور ذلت کیا ہوگی کہ اپنے جیسے ایک معمولی آدمی کو خواہ مخواہ مخدوم و مطاع ٹھہرالیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَئِنْ أَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ إِنَّكُمْ إِذًا لَّخٰسِرُوْنَ" اور بخدا اگر تم اپنے جیسے آدمی کے (کہے پر چلے اور) فرماں بردار بن گئے تو یقیناً اس وقت گھاٹے میں رہو گے۔ کہ اپنے جیسے آدمی کے فرماں بردار ہو گے اور خود اپنے کو ذلیل کرو گے۔ وہ لوگ عجیب بیوقوف اور جاہل تھے کہ اپنے جیسے آدمی کی بات ماننے کا تو انکار کرتے تھے اور بے جان پتھروں کی پوجا کر کے اپنے ذلیل ہونے کا مظاہرہ کرتے تھے۔ (تفسیر مظہری)

أَيَعِدُكُمْ أَنَّكُمْ إِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ تُرَابًا وَّعِظَامًا

کیا تم کو وعدہ دیتا ہے کہ جب تم مرجاؤ　اور ہو جاؤ　مٹی اور ہڈیاں

أَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ﴿۳۵﴾ هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿۳۶﴾

تو تم کو نکلنا ہے کہاں ہو سکتا ہے کہاں ہو سکتا ہے جو تم سے وعدہ ہوتا ہے

بعث بعد الموت کا انکار: یعنی کسی قدر بعید از عقل بات کہتا ہے کہ ہڈیوں کے ریزے مٹی کے ذرات میں مل جانے کے بعد پھر قبروں سے آدمی بن کر اٹھیں گے؟ ایسی مہمل بات ماننے کو کون تیار ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

إِنْ هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا

اور کچھ نہیں یہی جینا ہے ہمارا دنیا کا　مرتے ہیں اور جیتے ہیں

وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿۳۷﴾

اور ہم کو　پھر　اٹھنا نہیں

انکارِ آخرت: یعنی کہاں کی آخرت اور کہاں کا حساب کتاب۔ ہم تو جانیں یہ ہی ایک دنیا کا سلسلہ اور یہ ہی ایک مرنا اور جینا ہے جو سب کی آنکھوں کے سامنے ہوتا رہتا ہے۔ کوئی پیدا ہوا کوئی فنا ہو گیا آگے کچھ نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

إِنْ هُوَ إِلَّا رَجُلُ ٱفْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا

اور کچھ نہیں یہ ایک مرد ہے　باندھ لایا ہے　اللہ پر جھوٹ

پیغمبر پر جھوٹ کی تہمت:

کہ میں اُس کا پیغمبر ہوں اور وہ مُردوں کو دوبارہ زندہ کر کے عذاب و ثواب دیگا۔ یہ دونوں دعوے ایسے ہیں جن کو ہم کبھی تسلیم نہیں کر سکتے۔ خواہ مخواہ جھگڑنے اور دردسری کرنے سے کیا فائدہ؟ (تفسیر عثمانی)

وَمَا نَحْنُ لَهٗ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۸﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ

اور اس کو ہم نہیں　ماننے والے　بولا اے رب میری مدد کر

بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿۳۹﴾

کہ انہوں نے مجھ کو جھٹلایا

پیغمبر کی دُعاء

یعنی آخر پیغمبر نے کفار کی طرف سے نا اُمید ہو کر دعا کی۔ (تفسیر عثمانی)

قَالَ عَمَّا قَلِيْلٍ لَّيُصْبِحُنَّ نٰدِمِيْنَ ﴿۴۰﴾

فرمایا اب تھوڑے دنوں میں صبح کو رہ جائیں گے پچھتاتے

عذاب کی اطلاع: یعنی عذاب آیا چاہتا ہے جس کے بعد پچھتائیں گے، اور وہ پچھتانا نفع نہ دے گا۔ (تفسیر عثمانی)

فَأَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ

پھر پکڑا ان کو چنگھاڑ نے　تحقیق

اس سے بظاہر مترشح ہوتا ہے کہ یہ قصہ "ثمود" کا ہے کہ وہ چنگھاڑ سے مرے ہیں۔ واللہ اعلم (تفسیر عثمانی)

فَجَعَلْنٰهُمْ غُثَآءً
پھر کر دیا ہم نے ان کو کوڑا

قوم کی ہلاکت: جیسے سیلاب خس وخاشاک کو بہالے جاتا ہے، اس طرح عذاب الٰہی کے سیل میں بہے چلے گئے۔ (تفسیر عثمانی)

''ہم نے ان کو خس وخاشاک بنا دیا''۔ یعنی ہلاک کر دیا جیسے سیلاب کے اوپر کوڑا کرکٹ بہہ کر آ جاتا ہے۔ ہم نے اس کوڑے کی طرح ان کو کر دیا۔ جو شخص ہلاک ہو جائے، عرب اس کے متعلق کہتے ہیں سال بہ الوادی۔ نالہ کا سیلاب اس کو بہالے گیا۔ (تفسیر مظہری)

فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾
سو دور رہو جائیں گنہگار لوگ

یعنی خدا کی رحمت سے۔ (تفسیر عثمانی)

ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿۴۲﴾
پھر پیدا کیں ہم نے اُن سے پیچھے　جماعتیں　اور
مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿۴۳﴾
نہ آگے جائے　کوئی قوم اپنے وعدے سے　اور نہ پیچھے رہے

قوموں کے انجام:

یعنی ہر ایک قوم جس نے پیغمبروں کی تکذیب کی ٹھیک اپنے اپنے وعدہ پر ہلاک کی جاتی رہی۔ جو میعاد کسی قوم کی تھی ایک منٹ اس سے آگے پیچھے نہ ہوئی۔ (تفسیر عثمانی)

ثُمَّ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ۖ كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا
پھر بھیجتے رہے ہم اپنے رسول لگاتار جہاں پہنچا کسی امت کے پاس ان کا رسول
كَذَّبُوْهُ فَاَتْبَعْنَا بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَّجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ
اس کو جھٹلا دیا پھر چلاتے گئے ہم ایک کے پیچھے دوسرے اور کر ڈالا ان کو کہانیاں

رسولوں کو جھٹلانے کی سزا:

یعنی رسولوں کا تانتا باندھ دیا یکے بعد دیگرے پیغمبر بھیجتے رہے اور مکذبین میں بھی ایک کو دوسرے کے پیچھے چلتا کرتے رہے۔ ادھر پیغمبروں کی بعثت کا اور ادھر ہلاک ہونے والوں کا نمبر لگا دیا۔ چنانچہ بہت قومیں ایسی تباہ وبرباد کر دی گئیں جن کے قصے کہانیوں کے سوا کوئی چیز باقی نہیں رہی۔ آج ان کی داستانیں محض عبرت کے لئے پڑھی اور سنی جاتی ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ اور ہم نے ان کو کہانیاں بنا دیا یعنی ان کی داستانیں اور ہلاکت کے قصے رہ گئے، جن کو لوگ بطور داستان بیان کرتے ہیں اور عبرت آموز دماغوں والے ان سے عبرت حاصل کرتے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۴۴﴾
سو دور ہو جائیں جو لوگ نہیں مانتے

یعنی اللہ تعالیٰ کی رحمت سے۔ (تفسیر عثمانی)

ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِنَا
پھر بھیجا ہم نے موسیٰ　اور اس کے بھائی ہارون کو　اپنی نشانیاں
وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۵﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ
دے کر اور کھلی سند　فرعون　اور اس کے سرداروں کے پاس، پھر لگے بڑائی
فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ﴿۴۶﴾
کرنے اور وہ لوگ زور پر چڑھ رہے تھے

فرعون اور اس کے سرداروں کا تکبر:

اس لئے خدائی پیغام کو خاطر میں نہ لائے۔ کبر وغرور کے نشہ نے ان کے دماغوں کو بالکل مختل کر رکھا تھا۔ (تفسیر عثمانی)

وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ کھلی دلیل، جو مقابل حریف کو لاجواب بنا دینے والی ہو یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ سے مراد عصا ہو، سب سے پہلا معجزہ یہی تھا، اسی لئے اس کو مستقل طور پر ذکر کیا۔ اسی سے متعدد معجزات صادر ہوئے تھے، مثلاً وہ سانپ بن جاتی تھی۔ جادوگروں نے رسیوں سے جو سانپ بنائے تھے ان کو یہ لاٹھی نگل گئی تھی۔ اسی کی ضرب سے سمندر کا پانی پھٹ کر دو ٹکڑے ہو گیا تھا، اسی کی ضرب سے پتھر سے چشمے جاری ہو جاتے تھے، یہ پڑاؤ کرنے کے وقت چاروں طرف گھوم کر لشکر کی حفاظت کرتی تھی۔ یہی رات میں شمع کا کام دیتی تھی، یہی پھلدار درخت بن گئی تھی یہی چشموں کے اندر سے پانی نکالنے کے لئے رسی ڈول کا کام دیتی تھی۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آیات سے مراد دلائل ہوں اور سلطان سے مراد معجزات ہوں، یا دونوں سے مراد معجزات ہوں۔ یہ سب نشان نبوت تھے اور حضرت موسیٰ کے دعوے کی دلیل تھے۔ (تفسیر عثمانی)

فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا
سو بولے　کیا ہم مانیں گے اپنی برابر کے دو آدمیوں کو

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

وَقَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ﴿۴۷﴾

اور ان کی قوم ہمارے تابعدار ہیں

ایمان سے انکار کا بہانہ:

یعنی موسیٰ و ہارون کی قوم (بنی اسرائیل) تو ہماری غلامی کر رہی ہے اُن میں کہ دو آدمیوں کو ہم اپنا سردار کس طرح بنا سکتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ﴿۴۸﴾ وَلَقَدْ

پھر جھٹلایا ان دونوں کو پھر ہو گئے غارت ہونے والوں میں اور ہم نے دی

اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾

موسیٰ کو کتاب تا کہ وہ راہ پائیں

بنی اسرائیل کا دستور العمل:

یعنی فرعونیوں کی ہلاکت کے بعد ہم نے ان کو تورات شریف مرحمت کی تا لوگ اُس پر چل کر جنت اور رضائے الٰہی کی منزل تک پہنچ سکیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗۤ اٰيَةً

اور بنایا ہم نے مریم کے بیٹے اور اس کی ماں کو ایک نشانی

حضرت عیسیٰ علیہ السلام: یعنی قدرت الٰہیہ کی نشانی ہے کہ تنہا ماں سے بدون باپ کے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو پیدا کر دیا۔ جیسا کہ "آل عمران" اور سورۃ "مریم" میں اس کی تقریر کی جا چکی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَّاٰوَيْنٰهُمَاۤ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ ﴿۵۰﴾

اور ان کو ٹھکانا دیا ایک ٹیلہ پر جہاں ٹھہرنے کا موقع تھا اور پانی نتھرا

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش:

شاید یہ وہی ٹیلہ یا اونچی زمین ہو جہاں وضع حمل کے وقت حضرت مریم تشریف رکھتی تھیں۔ چنانچہ سورۂ مریم کی آیات فَنَادٰىهَا مِنْ تَحْتِهَاۤ اَلَّا تَحْزَنِيْ قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا وَهُزِّيْۤ اِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسٰقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا دلالت کرتی ہیں کہ وہ جگہ بلند تھی۔ نیچے چشمہ یا نہر بہہ رہی تھی۔ اور کھجور کا درخت نزدیک تھا۔ (کذا فسرہ ابن کثیر رحمہ اللہ)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے بادشاہ کی دشمنی:

لیکن عموماً مفسرین لکھتے ہیں کہ یہ حضرت مسیح کے بچپن کا واقعہ ہے۔ ایک ظالم بادشاہ ہیرودس نامی نجومیوں سے سنکر کہ حضرت عیسیٰ کو سرداری ملے گی، لڑکپن ہی میں اُن کا دشمن ہو گیا تھا اور قتل کے درپے تھا۔ حضرت مریم الہام ربانی سے اُن کو لے کر مصر چلی گئیں اور اُس ظالم کے مرنے کے بعد پھر شام واپس چلی آئیں۔ چنانچہ "انجیل متی" میں بھی یہ واقعہ مذکور ہے اور مصر کا اونچا ہونا باعتبار رودنیل کے ہے ورنہ غرق ہو جاتا اور "مَاءٍ معین" رودنیل ہے بعض نے۔

ربوہ کا مطلب: "ربوہ" (اونچی جگہ) سے مراد شام یا فلسطین لیا ہے۔ اور کچھ بعید نہیں کہ جس ٹیلہ پر ولادت کے وقت موجود تھیں وہیں اس خطرہ کے وقت بھی پناہ دی گئی ہو۔ واللہ اعلم۔

بعض گمراہ مصنفین کی تردید:

بہر حال اہل اسلام میں کسی نے "ربوہ" سے مراد کشمیر نہیں لیا نہ حضرت مسیح علیہ السلام کی قبر کشمیر میں بتلائی۔ البتہ ہمارے زمانہ کے بعض زائغین نے "ربوہ" سے کشمیر مراد لیا ہے اور وہیں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی قبر بتلائی ہے۔ جس کا کوئی ثبوت تاریخی حیثیت سے نہیں۔ محض کذب و دروغ بافی ہے۔ مثلاً "خان یار" شہر سری نگر میں جو قبر "یوز آسف" کے نام سے مشہور ہے اور جس کی بابت "تاریخ اعظمی" کے مصنف نے محض عام افواہ نقل کی ہے کہ "لوگ اُس کو کسی نبی کی قبر بتاتے ہیں وہ کوئی شہزادہ تھا اور دوسرے ملک سے یہاں آیا" اُس کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی قبر بتانا پرلے درجہ کی بیحیائی اور سفاہت ہے۔ ایسی انکل پچو قیاس آرائیوں سے حضرت مسیح علیہ السلام کی حیات کو باطل ٹھہرانا بجز خبط اور جنون کے کچھ نہیں اگر اس قبر کی تحقیق مطلوب ہو اور یہ کہ "یوز آسف" کون تھا تو جناب منشی حبیب اللہ صاحب امرتسری کا رسالہ دیکھو جو خاص اسی موضوع پر نہایت تحقیق و تدقیق سے لکھا گیا ہے۔ اور جس میں اس مہمل خیال کی دھجیاں بکھیر دی گئی ہیں۔ فجزاہ اللہ تعالیٰ عنا وعن سائر المسلمین احسن الجزاء۔ (تفسیر عثمانی)

صحابہ و تابعین کے اقوال

رَبْوَۃ زمین میں اونچی جگہ۔ حضرت عبداللہ بن سلام نے فرمایا، یہ دمشق تھا۔ سعید بن مسیب اور مقاتل کا بھی یہی قول ہے۔

ضحاک نے کہا غوطۂ دمشق مراد ہے۔ حضرت ابوہریرہ نے فرمایا ربوہ سے رملہ مراد ہے۔ عطا کی روایت میں حضرت ابن عباس کا قول آیا ہے کہ ربوہ سے مراد بیت المقدس ہے۔ یہی قول قتادہ اور کعب کا ہے۔ کعب نے کہا ربوہ کا حصہ بہ نسبت دوسری زمین کے اٹھارہ میل آسمان کے قریب تھا۔ ابن زید کے نزدیک مصر مراد ہے (یہی قول تاریخی حیثیت سے زیادہ قوی ہے)۔ (تفسیر مظہری)

يٰۤاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا

اے رسولو کھاؤ ستھری چیزیں اور کام کرو بھلا

besturdubooks.wordpress.com

اکل حلال اور صدق مقال:

یعنی سب پیغمبروں کے دین میں یہ ہی ایک حکم رہا کہ حلال کھانا حلال راہ سے کما کر۔ اور نیک کام کرنا۔ نیک کام سب خلق جانتی ہے۔ چنانچہ تمام پیغمبر نہایت مضبوطی اور استقامت کے ساتھ اکل حلال صدق مقال اور نیک اعمال پر مواظبت اور اپنی اُمتوں کو اسی کی تاکید کرتے رہے۔ قرآن کریم میں دوسری جگہ اسی طرح کا حکم جو یہاں رسولوں کو ہوا، عامۂ مؤمنین کو دیا گیا۔ اس میں نصاریٰ کی رہبانیت کا بھی رد ہو گیا جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ذکر سے خاص مناسبت رکھتا ہے۔ احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جس کا کھانا پینا، پہننا حرام کا ہو، اُسے اپنی دعاء کے قبول ہونے کی توقع نہیں رکھنا چاہئے۔ اور بعض احادیث میں ہے کہ جو گوشت حرام سے اُگا ہو، دوزخ کی آگ اُس کی زیادہ حقدار ہے۔ العیاذ باللہ۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت داؤدؑ کا اکل حلال اور عبادت گذاری:

حضرت داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھ کی محنت کا کھایا کرتے تھے۔ صحیحین کی حدیث میں ہے اللہ کو سب سے زیادہ پسند روزہ داؤد علیہ السلام کا روزہ ہے اور سب سے زیادہ پسندیدہ قیام داؤد علیہ السلام کا قیام ہے۔ آدھی رات سوتے تھے اور تہائی رات نماز تہجد پڑھتے تھے اور چھٹا حصہ سو جاتے تھے اور ایک دن روزہ رکھتے ایک دن نہ رکھتے تھے۔ میدان جنگ میں کبھی پیٹھ نہ دکھاتے۔

انبیاء حلال ہی کھاتے ہیں:

ام عبداللہ بنت شدادؓ فرماتی ہیں میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں دودھ کا ایک پیالہ شام کے وقت بھیجا تا کہ آپ اس سے اپنا روزہ افطار کریں دن کا آخری حصہ تھا اور دھوپ کی تیزی تھی تو آپ نے قاصد کو واپس کر دیا کہ اگر تیری بکری کا ہوتا تو خیر اور بات تھی۔ انہوں نے کہلوایا کہ یا رسول اللہ میں نے یہ دودھ اپنے مال سے خرید کیا ہے۔ پھر آپ نے پی لیا۔ دوسرے دن مائی صاحبہ حاضر خدمت ہو کر عرض کرتی ہیں کہ یا رسول اللہ اس گرمی میں میں نے دودھ بھیجا بہت دیر سے بھیجا تھا۔ آپ نے میرے قاصد کو واپس کیا۔ آپ نے فرمایا ہاں مجھے یہی فرمایا گیا ہے انبیاء صرف حلال کھاتے ہیں اور صرف نیک عمل کرتے ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

طیبات فقط حلال چیزیں ہیں:

یٰۤاَیُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّیِّبٰتِ وَ اعْمَلُوْا صَالِحًا۔ لفظ طیبات کے لغوی معنی ہیں پاکیزہ نفیس چیزیں۔ اور چونکہ شریعت اسلام میں جو چیزیں حرام کر دی گئی ہیں نہ وہ پاکیزہ ہیں نہ اہل عقل کے لئے نفیس ومرغوب، اس لئے طیبات سے مراد حلال چیزیں ہیں جو ظاہری اور باطنی ہر اعتبار سے پاکیزہ ونفیس ہیں۔

نکتہ: علماء نے فرمایا کہ ان دونوں حکموں کو ایک ساتھ لانے میں اس طرف اشارہ ہے کہ حلال غذا کا عمل صالح میں بڑا دخل ہے جب غذا حلال ہوتی ہے تو نیک اعمال کی توفیق خود بخود ہونے لگتی ہے اور غذا حرام ہو تو نیک کام کا ارادہ کرنے کے باوجود بھی اسمیں مشکلات حائل ہو جاتی ہیں۔ حدیث میں ہے کہ بعض لوگ لمبے لمبے سفر کرتے ہیں اور غبار آلود رہتے ہیں پھر اللہ کے سامنے دعاء کے لئے ہاتھ پھیلاتے ہیں اور یارب یارب پکارتے ہیں مگر اُن کا کھانا بھی حرام ہوتا ہے پینا بھی، لباس بھی حرام سے تیار ہوتا ہے اور حرام ہی کی اُن کو غذا ملتی ہے ایسے لوگوں کی دعا کہاں قبول ہو سکتی ہے۔ (قرطبی)

اس سے معلوم ہوا کہ عبادت اور دعا کے قبول ہونے میں حلال کھانے کو بڑا دخل ہے جب غذا حلال نہ ہو تو عبادت اور دعا کی مقبولیت کا بھی استحقاق نہیں رہتا۔ (معارف مفتی اعظم)

ایسا کھانا جو غافل نہ کرے:

بعض نے کہا اس سے حلال صاف قوام والا مراد ہے حلال تو حرام کی ضد ہوتا ہے اور صاف سے یہ مراد ہے کہ اس کے کھانے سے اللہ کی یاد نہ بھولے اس کا کھانا اللہ کی یاد سے غافل نہ بنا دے اور خواہشات نفسانی میں نہ ڈال دے۔ اور قوام سے یہ مراد ہے کہ نفس کی خواہش کو روک دے عقل کی حفاظت رکھے، یعنی سیری کی مقدار سے زائد نہ ہو۔

عمل صالح: نیک کام سے مراد ہے اللہ کے حکم کے مطابق عمل کرنا جو محض اللہ کی خوشنودی کے لئے کیا جائے اس میں کسی قسم کے شرک کی آمیزش بھی نہ ہو، فاسد نہ ہو یعنی ایسا قول وفعل نہ ہو جو اللہ کو پسند نہیں ہے۔

خلاصہ کلام: خلاصۂ مطلب یہ ہے کہ ہم نے ہر زمانہ میں اس زمانہ کے پیغمبر کو حکم دیدیا تھا کہ حرام چیز نہ کھانا حلال کھانا اور نیک کام کرنا۔ یہ کلام حقیقت میں گذشتہ واقعات کا بیان ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت:

حسن، مجاہد، قتادہ، سدی، کلبی اور مفسرین کی ایک جماعت کا خیال ہے کہ یہ خطاب صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہے۔ عرب کا طریقہ ہے کہ ایک کو جمع کے صیغہ سے خطاب کر لیتے ہیں۔ میں کہتا ہوں ایک کی عظمت کو ظاہر کرنے کے لئے جمع کے صیغہ سے خطاب کیا جاتا ہے اس قسم کے خطاب میں مخاطب کی بزرگی کی طرف اشارہ ہوتا ہے اور یہ بتانا ہوتا ہے کہ یہ ایک جماعت کے قائم مقام ہے۔ (تفسیر مظہری)

پس جمع کا صیغہ بول کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت کی طرف اشارہ ہے اور ایماء ہے اس طرف کہ آپ کو سب لوگوں کی ہدایت کے لئے بھیجا گیا ہے یہ بھی ہو سکتا ہے کہ صیغۂ جمع سے خطاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور علماء امت کو ہو رسول اللہ اور علمائے امت کے درمیان ایک برزخی

besturdubooks.wordpress.com

درجہ رکھتا ہے اور علمائے امت، رسول اور دوسرے لوگوں کے درمیان برزخی درجہ رکھتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ علماء انبیاء کے قائم مقام ہیں یا علوم انبیاء کے وارث ہیں۔ (تفسیر مظہری)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کی والدہ کو خطاب:

بعض اہل علم نے کہا کہ حضرت عیسیٰ اور ان کی والدہ کو خطاب ہے اور یہ خطاب اس وقت کیا گیا تھا جب ربوہ میں وہ پناہ گزیں ہو گئے تھے اس خطاب میں اس حکم کو بیان فرمایا ہے جو انبیائے سابقین کو دیا گیا تھا تا کہ یہ دونوں بزرگ بھی سابق انبیاء کی پیروی کریں۔ بیانِ قصہ کا تقاضا یہی ہے کہ حضرت عیسیٰ اور ان کی والدہ کو ہی مخاطب قرار دیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

اِنِّیْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِیْمٌ ﴿۵۱﴾
جو تم کرتے ہو میں جانتا ہوں

اللہ باخبر ہے: یعنی حلال کھانے اور نیک کام کرنے والوں کو یہ خیال رکھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ اُن کے تمام کھلے چھپے احوال وافعال سے باخبر ہے۔ اُسی کے موافق ہر ایک سے معاملہ کریگا۔ یہ رسولوں کو خطاب کر کے امتوں کو سنایا۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِنَّ هٰذِهٖۤ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا رَبُّكُمْ
اور یہ لوگ ہیں تمہارے دین کے سب ایک دین پر اور میں ہوں تمہارا رب
فَاتَّقُوْنِ ﴿۵۲﴾ فَتَقَطَّعُوْۤا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا
سو مجھ سے ڈرتے رہو پھر پھوٹ ڈال کر کرلیا اپنا کام آپس میں ٹکڑے ٹکڑے

اختلافِ امت کے اسباب:

یعنی اصول کے اعتبار سے تمام انبیاء کا دین وملت ایک اور سب کا خدا بھی ایک ہے جس کی نافرمانی سے ہمیشہ ڈرتے رہنا چاہئے۔ لیکن لوگوں نے پھوٹ ڈال کر اصل دین کو پارہ پارہ کر دیا اور جدی جدی راہیں نکال لیں۔ اسی طرح آراء واھواء کا اتباع کر کے سینکڑوں فرقے اور مذہب بن گئے۔ یہ تفریق انبیاء نے نہیں سکھلائی۔ اُن کے یہاں ازمنہ وامکنہ وغیرہ کے اختلاف سے صرف فروعی اختلاف تھا۔ اصول دین میں سب بالکلیہ متفق رہے ہیں۔ عموماً مفسرین نے آیت کی تقریر اسی طرح کی ہے۔

پیغمبر کا کام:

لیکن حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ "ہر پیغمبر کے ہاتھ اللہ تعالیٰ نے جو اُس وقت کے لوگوں میں بگاڑ تھا، اُس کا سنوار فرمایا پیچھے لوگوں نے جانا انکا حکم جُدا جُدا ہے۔ آخر ہمارے پیغمبر کی معرفت سب بگاڑ کا سنوار (اور سب خرابیوں کا علاج) اکٹھا بتا دیا اب سب دین مل کر ایک دین ہو گیا"۔ اور سب قومیں ایک جھنڈے تلے جمع کر دی گئیں۔ (تفسیر عثمانی)

سو لوگوں نے اپنے دین میں (اپنا طریق الگ الگ کر کے) اختلاف پیدا کر لیا ہر گروہ کے پاس جو کچھ دین ہے وہ اسی پر اترائے ہوئے ہیں، یعنی جن لوگوں کے پاس پیغمبروں کو بھیجا گیا تھا۔ انہوں نے پیغمبروں کے بعد دین میں تفرقہ پیدا کر لیا اور ایک دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے اصولی اختلاف دین بنا لیا۔ اور ایک دین کے چند دین بنا لئے کوئی تو تمام پیغمبروں کی اور ان کے لائے ہوئے احکام کی تصدیق کرتا رہا یہ ہر زمانے میں اہل حق کا گروہ رہا اور کچھ لوگ کسی پیغمبر اور کسی حکم پر ایمان لائے، دوسرے انبیاء واحکام کا انکار کر دیا، جیسے یہودی، اور عیسائی اور صابی۔ بعض نے سب ہی کا انکار کر دیا جیسے مجوسی اور بُت پرست۔ مذکورہ بالا تفسیری مطلب اس صورت ہو گا جب تَقَطَّعُوْۤا کو قَطَّعُوْا کے معنی میں مانا جائے۔

آسمانی کتابوں میں تحریف:

بعض علماء نے زُبُرًا کا ترجمہ کیا ہے کتابیں۔ زبوت الکتاب میں جلی حروف میں کتاب لکھی، ہر جلی موٹے حروف کی کتاب کو زبور کہا جاتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ ان کا دین پہلے ایک کتاب کی شکل میں تھا جو اللہ کی طرف سے نازل کی گئی تھی لیکن انہوں نے اس کی متعدد تحریف کردہ کتابیں بنا ڈالیں۔

حسن نے اس طرح مطلب بیان کیا کہ انہوں نے اللہ کی کتاب کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے اور بگاڑ دیا۔ (تفسیر مظہری)

كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿۵۳﴾
ہر فرقہ جو اُن کے پاس ہے اُس پر ریجھ رہے ہیں

یعنی سمجھتے ہیں کہ ہم ہی حق پر ہیں اور ہماری ہی راہ سیدھی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۵۴﴾
سو چھوڑ دے ان کو ان کی بیہوشی میں ڈوبے ایک وقت تک

فرقہ پرستوں کو چھوڑیئے:

یعنی جن لوگوں نے انبیاء کی متفقہ ہدایات میں رخنے ڈال کر الگ الگ فرقے اور ملتیں قائم کر دیں ہر فرقہ اپنے ہی عقائد و خیالات پر دل جمائے بیٹھا ہے کسی طرح اُس سے ہٹنا نہیں چاہتا، خواہ آپ کتنی ہی نصیحت فرمائیں تو آپ بھی ان کے غم میں زیادہ نہ پڑیئے بلکہ تھوڑی سی مہلت دیجئے کہ یہ اپنی غفلت و جہالت کے نشہ میں ڈوبے رہیں۔ یہاں تک کہ وہ گھڑی آ پہنچے جب اُن کی آنکھیں کھلی کی کھلی رہ جائیں۔ یعنی موت یا عذاب الٰہی ان کے

besturdubooks.wordpress.com

سروں پر منڈلانے لگے۔(تفسیر عثمانی)

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا (یعنی) کفر و گمراہی میں (رہنے دیجئے)

بعض نے کہا غمرۃ سے مراد ہے غفلت اور باوجود نہ جاننے کے جاننے کا دعویٰ کرنا۔ غفلت کو اس پانی سے تشبیہ دی۔ جس میں آدمی ڈوب جاتا ہے اس کے قد سے بھی پانی اونچا ہو جاتا ہے۔

فرقہ پرستوں پر گرفت ضرور ہوگی:

حَتّٰى حِيْنٍ ایک خاص وقت تک یعنی وقتِ موت تک یا اس وقت تک کہ اللہ آپ کو جہاد کا حکم دیدے۔ مقصد یہ ہے کہ آپ ان کے کفر سے رنجیدہ نہ ہوں۔ ہم ان کی گرفت ضرور کریں گے یا اپنی طرف سے براہ راست عذاب بھیج کر یا آپ کے اور مسلمانوں کے ہاتھوں سے۔(تفسیر مظہری)

اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ﴿۵۵﴾

کیا وہ خیال کرتے ہیں کہ یہ جو ہم اُن کو دیے جاتے ہیں مال اور اولاد

نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ

سو دوڑ دوڑ کر پہنچا رہے ہیں ہم ان کو بھلائیاں

ایک پرانا وہم: یہی خیال اُن کا تھا۔ چنانچہ کہتے تھے نَحْنُ اَكْثَرُ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا وَّمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ (سبا- رکوع ۴) یعنی ہم اگر خدا کے ہاں مردود و مبغوض ہوتے تو یہ مال و دولت اور اولاد وغیرہ کی بہتات کیوں ہوتی۔(تفسیر عثمانی)

بَلْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۶﴾

یہ بات نہیں وہ سمجھتے نہیں

عقل کے کورے:

یعنی سمجھتے نہیں کہ مال و اولاد کی یہ افراط انکی فضیلت و کرامت کی وجہ سے نہیں امہال و استدراج کی بناء پر ہے جتنی ڈھیل دی جارہی ہے اُسی قدر اُن کی شقاوت کا پیمانہ لبریز ہو رہا ہے سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ۚ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ۚ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ (اعراف رکوع ۲۳)

اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿۵۷﴾

البتہ جو لوگ اپنے رب کے خوف سے اندیشہ رکھتے ہیں

مؤمن کی شان:

یعنی باوجود ایمان و احسان کے کفار و مغرورین کی طرح مگر اللہ سے مامون نہیں ہمہ وقت خوف خدا سے ارزاں و ترساں رہتے ہیں کہ نہ معلوم دنیا میں جو انعامات ہو رہے ہیں استدراج تو نہیں۔ حسن بصریؒ کا مقولہ ہے "اِنَّ الْمُؤْمِنَ جَمَعَ اِحْسَانًا وَّشَفَقَةً وَّاِنَّ الْمُنَافِقَ جَمَعَ اِسَاءَةً وَّاَمْنًا"۔ (مؤمن نیکی کرتا اور ڈرتا رہتا ہے اور منافق بدی کر کے بیفکر ہوتا ہے)۔(تفسیر عثمانی)

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۸﴾

اور جو لوگ اپنے رب کی باتوں پر یقین کرتے ہیں

آیات پر یقین: یعنی آیات کونیہ و شرعیہ دونوں پر یقین رکھتے ہیں کہ جو کچھ اُدھر سے پیش آئے عین حکمت اور جو خبر دی جائے بالکل حق اور جو حکم ملے وہ بہمہ وجوہ صواب و معقول ہے۔(تفسیر عثمانی)

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾

اور جو لوگ اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں مانتے

توحید پر ایمان: یعنی خالص ایمان و توحید پر قائم ہیں۔ ہر ایک عمل صدق و اخلاص سے ادا کرتے ہیں۔ شرک جلی یا خفی کا شائبہ بھی نہیں آنے دیتے۔(تفسیر عثمانی)

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ اور جو لوگ اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں قرار دیتے یعنی اپنے رب کی عبادت میں کسی طرح کے شرک کی آمیزش نہیں کرتے نہ شرک جلی کرتے ہیں نہ شرک خفی۔ شرک نہ کرنے کا جو مطلب بیان کیا ہے اس سے مضمون کی تکرار کا شبہ جاتا رہا بظاہر اللہ پر ایمان رکھنا اور اس کے ساتھ شریک قرار نہ دینا ایک ہی مفہوم رکھتا ہے لیکن جب شرک سے عبادت میں شرک مراد لے لیا جائے تو وحدت مضمون باقی نہیں رہتی کیونکہ اللہ کو ماننے کے بعد بھی اس کی عبادت میں دوسروں کو شریک کیا جا سکتا تھا (جیسے عرب کے مشرک بلکہ تمام بت پرست کرتے ہیں کہ اللہ کو بھی مانتے ہیں اور اسی کے ساتھ دوسروں کی بھی پوجا کرتے ہیں)۔(تفسیر مظہری)

وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ

اور جو لوگ کہ دیتے ہیں جو کچھ دیتے ہیں اور ان کے دل ڈر رہے ہیں

اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ﴿۶۰﴾

اس لئے کہ ان کو اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانا ہے

نیک عمل کے باوجود ڈرتے رہنا:

یعنی کیا جانے وہاں قبول ہوا یا نہ ہوا، آگے کام آئے یا نہ آئے۔ اللہ کی راہ میں خرچ کر کے یہ کھٹکا لگا رہتا ہے، اپنے عمل پر مغرور نہیں ہوتے، نیکی کرنے کے باوجود ڈرتے ہیں۔(تفسیر عثمانی)

مَآ اٰتَوْا یعنی جو کچھ خیر، خیرات کرتے ہیں۔ بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت

besturdubooks.wordpress.com

عائشہؓ یہ آیت یُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا پڑھتی تھیں تو فرماتی تھیں جو کچھ نیک کام کرتے ہیں (یعنی حضرت عائشہ کے نزدیک دینے سے مراد صرف مال دینا نہیں بلکہ ہر کارِ خیر کرنا مراد ہے)۔

وَجِلَةٌ ڈرتے رہتے ہیں کہ کہیں ان کی خیر خیرات رد نہ کردی جائے اور قبول نہ کی جائے۔ یا اس طریقے سے نہ ہو پائے جو بارگاہ کبریائی میں پیش ہونے کے مناسب ہے اور اس پر ان کی پکڑ ہو جائے یا ان کو اپنے گناہوں کی کثرت اور طاعت کی قلت کی وجہ سے یہ اندیشہ لگا رہتا ہے کہ کہیں یہ خیر خیرات بھی ان کو اللہ کے عذاب سے بچا نہ سکے۔

اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ یعنی اس بات سے ان کے دل ڈرتے ہیں کہ اللہ کے پاس ان کو لوٹ کر جانا ہے اور وہ ان کے ہر عمل سے واقف ہے۔

حسن بصریؒ نے فرمایا۔ وہ اللہ کی طاعت کرتے ہیں اور کوشش کے ساتھ کرتے ہیں پھر بھی ڈرتے ہیں کہ کہیں ان کی طاعت نامقبول نہ ہو جائے۔

بیہقی کی روایت میں آیا ہے کہ حضرت عائشہؓ نے بیان کیا، میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ کیا یہ وہ شخص ہے جو زنا کرتا، شراب پیتا اور چوری کرتا ہے فرمایا نہیں اے صدیق کی بیٹی! (یہ وہ شخص نہیں) بلکہ اس سے مراد وہ شخص ہے جو رات کو (نماز کے لئے) اٹھتا ہے اور خیرات کرتا ہے اور (پھر بھی) ڈرتا ہے کہ کہیں قبول نہ ہو۔ (تفسیر مظہری)

اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ فِى الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ﴿۶۱﴾
وہ لوگ دوڑ دوڑ کر لیتے ہیں بھلائیاں اور وہ اُن پر پہنچے سب سے آگے

اصل نیکی:

دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔ کما قال تعالیٰ فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ (آل عمران۔ رکوع ۱۵) تو درحقیقت اصلی بھلائی اعمال صالحہ، اخلاق حمیدہ اور ملکات فاضلہ میں ہوئی نہ کہ اموال و اولاد میں، جیسے کفار کا گمان تھا۔ (تفسیر عثمانی)

نیکی میں پیش قدمی کرنا:

آیت کا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ طاعتوں کی بہت زیادہ رغبت رکھتے ہیں اس لئے جلدی جلدی طاعتیں کرتے ہیں تاکہ کوئی طاعت فوت نہ ہو جائے۔ یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ طاعتوں میں پیش قدمی کرنے پر جن اُخروی بھلائیوں کا وعدہ کیا گیا ہے اور نیک اعمال میں تیزی کرنے سے جن دنیوی فوائد کو وابستہ کیا گیا ہے سب فائدوں کے حاصل کرنے کے لئے وہ تیزی سے کام لیتے ہیں اور جلدی جلدی حاصل کرتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، مصیبت کو کوئی چیز رد نہیں کرتی سوائے دعا کے اور عمر میں کوئی چیز زیادتی نہیں کرتی مگر نیکی (یعنی خیر، خیرات، حُسنِ سلوک)۔ اس تفسیر پر اس آیت کا مضمون ویسا ہی ہوگا جیسا آیت فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ کا ہے گویا ان کو وہ ثواب ملے گا جو ان کے مخالف لوگوں کو نہیں ملے گا۔

میں کہتا ہوں جن بھلائیوں کی طرف دنیا میں مؤمن تیزی سے بڑھتے ہیں ان سے مراد شاید یہ ہو کہ مؤمن کو اللہ کی یاد میں لذت آتی ہے اس کے دل کو چین ملتا ہے۔ وہ بقدر کفاف رزق پر قناعت کرتا اور سیر ہو جاتا ہے اس کو دنیوی نعمتوں کے زوال کا کوئی خوف نہیں ہوتا وہ سوائے اللہ کے نہ کسی سے امید وابستہ رکھتا ہے نہ ڈرتا ہے اس کو خواب میں یا بطور الہام مبشرات پہنچتی رہتی ہے۔

وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ یعنی وہ نیکیوں کی طرف پیش قدمی کی وجہ سے جنت کی طرف سب سے آگے بڑھنے والے ہیں۔ یا سابقون سے (مراد سب سے آگے بڑھنا اور سبقت کر جانا نہیں بلکہ) مراد ہے طاعتوں کی طرف یا ثواب کی طرف یا جنت کی طرف بڑھنا۔ یا یہ مراد ہے کہ آخرت سے پہلے وہ دنیوی فائدوں کی طرف بڑھنے والے ہیں کیونکہ (ثواب آخرت سے پہلے) فوری طور پر ان کے لئے دنیوی فائدے فراہم کر دیئے جاتے ہیں۔ بعض علماء کی قول ہے کہ لَهَا سٰبِقُوْنَ میں لام بمعنی الیٰ ہے یعنی وہ بھلائیوں کی طرف پیش قدمی کرتے ہیں جیسے آیت **لما نهوا عنه** میں **لام** بمعنی الیٰ ہے۔ اسی وجہ سے کلبی نے آیت مذکورہ کی تفسیر میں کہا ہے کہ وہ تمام اقوام سے بھلائیوں کی طرف سبقت کرنے والے ہیں۔

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا، اللہ کی طرف سے ان کے لئے سعادت پہلے ہی سے (مقدر) ہو چکی ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ
اور ہم کسی پر بوجھ نہیں ڈالتے مگر اس کی گنجائش کے موافق اور ہمارے پاس لکھا ہوا ہے
يَّنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۶۲﴾
جو بولتا ہے سچ اور ان پر ظلم نہ ہو گا

انسان کو اس کی طاقت کے مطابق مکلف بنایا گیا ہے:

یعنی اُوپر جو اعمال و خصائل بیان کئے گئے کوئی ایسے مشکل کام نہیں جن کا اٹھانا انسانی طاقت سے باہر ہو۔ ہماری یہ عادت نہیں کہ لوگوں کو تکلیف مالا یطاق دیجائے۔ یہ سب باتیں وہ ہیں جنکو اگر توجہ کرو تو بخوبی حاصل کر سکتے ہو۔ اور جو لوگ سابقین کاملین کے درجہ کو نہیں پہنچ سکتے انہیں بھی اپنی وسعت و ہمت کے موافق پوری کوشش کرنی چاہئے کہ وہ اُسی کے مکلف ہیں۔ ہمارے یہاں صحائف اعمال میں درجہ بدرجہ ہر ایک کے اعمال لکھے ہوئے موجود ہیں جو قیامت

besturdubooks.wordpress.com

کے دن سب کے سامنے کھول کر رکھ دیئے جائیں گے اور اُن ہی کے موافق جزا دی جائے گی جس میں رتی برابر ظلم نہ ہوگا نہ کسی کی نیکی ضائع ہوگی۔ نہ اجر کم کیا جائے گا، نہ بے وجہ بے قصور دوسرے کا بوجھ اس پر ڈالا جائیگا۔ (تفسیر عثمانی)

بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ

کوئی نہیں اُن کے دل بیہوش ہیں اس طرف سے اور ان کو اور کام

مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ﴿۶۳﴾

لگ رہے ہیں اس کے سوائے کہ وہ اُن کو کر رہے ہیں

انسان کسی اور طرف مشغول ہے:

یعنی آخرت کے حساب کتاب سے یہ لوگ غافل ہیں اور دنیا کے دوسرے دھندوں میں پڑے ہیں جن سے نکلنے کی فرصت ہی نہیں ہوتی جو آخرت کی طرف توجہ کریں۔ یا یہ مطلب ہے کہ اُن کے دل شک و تردد اور غفلت و جہالت کی تاریک موجوں میں غرقاب ہیں۔ بڑا گناہ تو یہ ہوا، باقی اس سے ورے اور بہت سے گناہ ہیں جنکو وہ سمیٹ رہے ہیں۔ ایکدم کو اُن سے جدا نہیں ہوتے اور جدا بھی کیونکر ہوں، جو کام اُنکی استعداد کی بدولت مقدر ہو چکے ہیں وہ کر کے رہیں گے اور لامحالہ اُن کا خمیازہ بھی اٹھانا پڑے گا۔ (تفسیر عثمانی)

حَتّٰۤى اِذَاۤ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ يَجْـَٔرُوْنَ ﴿۶۴﴾

یہاں تک کہ جب پکڑیں گے ہم ان کے آسودہ لوگوں کو آفت میں تبھی وہ لگیں گے چلانے

لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۶۵﴾

مت چلاؤ آج کے دن تم ہم سے چھوٹ نہ سکو گے

عذاب آئے تو چلاتے ہیں:

یعنی جب دنیوی یا اُخروی عذاب میں پکڑے جائیں گے تو چلائیں گے اور شور مچائیں گے کہ ہمیں اس آفت سے بچاؤ۔ بھلا وہاں بچانے والا کون؟ حکم ہوگا کہ چلاؤ نہیں، یہ سب چیخ پکار بیکار ہے۔ آج کوئی تمہاری مدد کو نہیں پہنچ سکتا نہ ہمارے عذاب سے چھڑا سکتا ہے۔ چنانچہ اس عذاب کا ایک نمونہ کفار مکہ کو بدر میں دکھلایا گیا جہاں اُنکے بڑے بڑے سردار مارے گئے یا قید ہو گئے۔ عورتیں مہینوں تک اُن کا نوحہ کرتی رہیں، سر کے بال کٹوا کر ماتم کئے گئے۔ روئے پیٹے، چیخے چلائے، کچھ بن نہ پڑا۔ ایک مرتبہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مظالم سے تنگ آ کر بددعا فرمائی تو سات سال کا قحط مسلط ہوا مردار کی ہڈیاں اور چمڑے کھانے اور خون پینے کی نوبت آ گئی، آخر رحمۃ للعالمین سے رحم کا واسطہ دیکر دعاء کی درخواست کی۔ تب اللہ تعالیٰ نے وہ عذاب اُٹھایا۔ اُس وقت نہ ''لات و منات'' کام آئے نہ ہُبل و نائل۔ (تفسیر عثمانی)

غزوہ بدر اور قحط کا عذاب:

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ اس سے مراد وہ عذاب ہے جو غزوۂ بدر میں مسلمانوں کی تلوار سے ان کے سرداروں پر پڑا تھا۔ اور بعض حضرات نے اس عذاب سے مراد قحط کا عذاب لیا ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بددعا سے مکہ والوں پر مسلط کر دیا گیا تھا یہاں تک کہ وہ مُردار جانور اور کتے اور ہڈیاں کھانے پر مجبور ہو گئے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کفار کے لئے بددعا بہت کم کی ہے لیکن اس موقع میں مسلمانوں پر اُن کے مظالم کی شدت سے مجبور ہو کر یہ بددعا کی تھی۔ اللّٰھم اشد دوطاتک علیٰ مضر و اجعل ھا علیھم سنین کسنی یوسف (رواہ البخاری و مسلم) (قرطبی و مظہری) (معارف مفتی اعظم)

قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰۤى

تم کو سنائی جاتی تھی میری آیتیں تو تم ایڑیوں

اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ﴿۶۶﴾ مُسْتَكْبِرِيْنَ ۖ بِهٖ

پر اُلٹے بھاگتے تھے اُس سے تکبر کر کے ایک

اپنی غفلت و اعراض کو یاد کرو:

یعنی اب کیوں شور مچاتے ہو، وہ وقت یاد کرو جب خدا کے پیغمبر آیات پڑھ کر سناتے تھے تو تم اُلٹے پاؤں بھاگتے تھے، سننا بھی گوارا نہ تھا۔ تمہاری شیخی اور تکبر اجازت نہ دیتا تھا کہ حق کو قبول کرو اور پیغمبروں کی بات پر کان دھرو۔ (تفسیر عثمانی)

سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ﴿۶۷﴾

قصہ گو کو چھوڑ کر چلے گئے

پیغمبر کی باتوں پر توجہ نہ دیتے تھے:

یعنی پیغمبر کی مجلس سے ایسے بھاگتے تھے گویا کسی فضول قصہ کو چھوڑ کر چلے گئے۔ یا کا مطلب یہ ہے کہ رات کے وقت حرم میں بیٹھ کر پیغمبر علیہ السلام اور قرآن کریم کی نسبت باتیں بناتے اور طرح طرح کے قصے گھڑتے تھے، کوئی جادو کہتا تھا، کوئی شاعری کوئی کہانت، کوئی کچھ اور۔ اسی طرح کی بکواس اور بیہودہ ہذیان کیا کرتے تھے۔ آج اُس کا مزہ چکھو چیخنے چلانے سے کچھ حاصل نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ

سو کیا انہوں نے دھیان نہیں کیا اس کلام میں

قرآن پر غور نہیں کیا: یعنی قرآن کی خوبیوں میں غور و فکر نہیں کرتے۔ ورنہ

besturdubooks.wordpress.com

حقیقت حال منکشف ہو جاتی کہ بلاشبہ یہ کلام اللہ جل شانہٗ کا ہے جس میں اُن کی بیماریوں کا صحیح علاج بتلایا گیا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

اَمْ جَآءَهُمْ مَّا لَمْ يَأْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٦٨﴾

یا آئی ہے ان کے پاس ایسی چیز جو نہ آئی تھی ان کے پہلے باپ دادوں کے پاس

پیغمبر اور کتاب کوئی نئی بات نہ تھی:

یعنی نصیحت کرنے والے ہمیشہ ہوتے رہے ہیں پیغمبر ہوئے یا پیغمبر کے تابع ہوئے۔ آسمانی کتابیں بھی برابر اُترتی رہی ہیں۔ کبھی کہیں، کبھی کہیں۔ سو یہ کوئی انوکھی بات نہیں جس کا نمونہ پیشتر سے موجود نہ ہو۔ ہاں جو اکمل ترین واشرف ترین کتاب اب آئی اس شان ومرتبہ کی پہلے نہ آئی تھی تو اس کا مقتضی یہ تھا کہ اور زیادہ اس نعمت کی قدر کرتے اور آگے بڑھ کر اُس کی آواز پر لبیک کہتے جیسا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے کہی۔

(تنبیہ) شاید یہاں ''آباء اولین'' سے آباء ابعدین مراد ہوں۔ اور سورۂ ''یٰسٓ'' میں جو آیا ہے لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ وہاں آباء اقربین کا ارادہ کیا گیا ہو۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿٦٩﴾

یا پہچانا نہیں انہوں نے اپنے پیغام لانے والے کو، سو وہ اس کو اوپرا سمجھتے ہیں

پیغمبر کی صداقت و دیانت بھی سامنے ہے:

یعنی کیا اس لئے اعراض وتکذیب پر تلے ہوئے ہیں کہ اُن کو پیغمبر کے احوال سے آگاہی نہیں۔ حالانکہ سارا عرب جانتا ہے کہ آپ بچپن سے صادق وامین اور عفیف وپاکباز تھے۔ چنانچہ حضرت جعفرؓ نے بادشاہ حبشہ کے سامنے، حضرت مغیرہ ابن شعبہ نے نائب کسریٰ کے آگے اور ابوسفیان نے بحالت کفر قیصر روم کے دربار میں اسی چیز کا اظہار کیا۔ پھر ایسے مشہور ومعروف راستباز بندہ کی نسبت کیسے گمان کیا جاسکتا ہے کہ وہ (العیاذ باللہ) خدا تعالیٰ پر جھوٹ باندھنے لگے۔ (تفسیر عثمانی)

اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ یعنی اُن کے انکار کی ایک وجہ یہ ہوسکتی تھی کہ جو شخص دعوت حق اور دعوائے نبوت لیکر آیا ہے یہ کہیں باہر سے آیا ہوتا تاکہ یہ لوگ اسکے نام ونسب اور عادات وخصال اور کردار سے واقف نہ ہوتے تو یہ کہہ سکتے تھے کہ ہم اس مدعی کے حالات سے واقف نہیں اس کو کیسے نبی ورسول مان کر اپنا مقتدا بنالیں۔ مگر یہاں تو یہ بات کھلی ہوئی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قریش ہی کے اعلیٰ نسب میں اسی شہر مکہ میں پیدا ہوئے اور بچپن سے لیکر جوانی اور مابعد کا سارا زمانہ اُنہیں لوگوں کے سامنے گذرا، آپ کا کوئی عمل کوئی عادت ان سے چھپی ہوئی نہیں تھی اور دعوائے نبوت سے پہلے تک سارے کفار مکہ آپ کو صادق وامین کہا کرتے تھے۔ (معارف مفتی اعظم)

اَمْ يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ۭ بَلْ جَآءَهُمْ

یا کہتے ہیں اس کو سودا ہے کوئی نہیں وہ تو لایا ہے ان کے پاس

بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿٧٠﴾

سچی بات اور ان بہتوں کو سچی بات بُری لگتی ہے

فقط خواہش پرستی انکار کررہی ہے:

یعنی سودائیوں اور دیوانوں کی باتیں کہیں ایسی کھری اور سچی ہوتی ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ وہ لوگ بھی محض زبان سے کہتے تھے، دل ان کا جانتا تھا کہ بیشک جو کچھ آپ لائے ہیں حق ہے۔ پر حق بات چونکہ انکی اغراض و خواہشات کے موافق نہ تھی اس لئے بُری لگتی تھی اور قبول کرنے کے لئے آمادہ نہ ہوتے تھے۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ

اور اگر سچا رب چلے ان کی خوشی پر تو خراب ہوجائیں

السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ۭ

آسمان اور زمین اور جو کوئی ان میں ہے

ان کی ہر خواہش پرستی کیلئے شے حق نہیں بدل سکتی:

یعنی سچی بات بُری لگتی ہے تو لگنے دو۔ سچائی اُن کی خوشی اور خواہش کے تابع نہیں ہوسکتی۔ اگر سچا خدا ان کی خوشی اور خواہش ہی پر چلا کرے تو وہ خدا ہی کہاں رہے۔ معاذ اللہ بندوں کے ہاتھ میں ایک کٹ پتلی بن جائے۔ ایسی صورت میں زمین وآسمان کے یہ محکم انتظامات کیونکر قائم رہ سکتے ہیں۔ اگر ایک چھوٹے سے گاؤں کا انتظام محض لوگوں کی خواہشات کے تابع کردیا جائے، وہ بھی چار دن قائم نہیں رہ سکتا چہ جائیکہ زمین وآسمان کی حکومت۔ کیونکہ عام خواہشات نظام عقلی کے مزاحم اور باہمدگر بھی متناقض واقع ہوئی ہیں عقل وہوٰی کی کشمکش اور اہوائے مختلفہ کی لڑائی میں سارے انتظامات درہم برہم ہوجائیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ

کوئی نہیں ہم نے پہنچائی ہے ان کو ان کی نصیحت

ہدایت آپہنچی ہے:

besturdubooks.wordpress.com

جس کی وہ تمنا کیا کرتے تھے لَوْ اَنَّ عِنْدَنَا ذِکْرًا مِّنَ الْاَوَّلِیْنَ ۔ لَکُنَّا عِبَادَ اللّٰہِ الْمُخْلَصِیْنَ ۔ (صافات۔ رکوع ۵) (تفسیر عثمانی)

فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۷۱﴾

سو وہ اپنی نصیحت کو دھیان نہیں کرتے

مفاد پرست انکار کر رہے ہیں:

جب آ گئی اور ایسی آئی جس سے اُن کو قومی حیثیت سے عظیم الشان فخر و شرف حاصل ہوا تو اب منہ پھیرتے ہیں اور ایسے اعلیٰ فضل و شرف کو ہاتھ سے گنوا رہے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۖ

یا تو ان سے مانگتا ہے کچھ محصول سو محصول تیرے رب کا بہتر ہے

وَّهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۷۲﴾

اور وہ ہے بہتر روزی دینے والا

پیغمبر کوئی معاوضہ نہیں مانگتا:

یعنی دعوت و تبلیغ اور نصیحت و خیر خواہی کر کے ان سے کسی معاوضہ کے بھی طلب گار نہیں۔ خدا تعالیٰ نے دارین کی جو دولت آپ کو مرحمت فرمائی ہے وہ اس معاوضہ سے کہیں بہتر ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۷۳﴾

اور تو تو بلاتا ہے ان کو سیدھی راہ پر

وَاِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

اور جو لوگ نہیں مانتے آخرت کو

عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ ﴿۷۴﴾

راہ سے ٹیڑھے ہو گئے ہیں

پیغمبر تو صراطِ مستقیم کی طرف بلاتا ہے:

یعنی آپ کے صدق و امانت کا حال سب کو معلوم ہے جو کلام آپ لائے اس کی خوبیاں اظہر من الشمس ہیں۔ معاذ اللہ آپ کو خلل دماغ نہیں، اُن سے کسی معاوضہ کے طالب نہیں، جس راستہ کی طرف آپ بلاتے ہیں بالکل سیدھا اور صاف راستہ ہے، جس کو ہر سیدھی عقل والا بسہولت سمجھ سکتا ہے کوئی اینچ پیچ نہیں ٹیڑھا ترچھا نہیں۔ ہاں اس پر چلنا اُن ہی کا حصہ ہے جو موت کے بعد دوسری زندگی مانتے ہوں اور اپنی بدانجامی سے ڈرتے ہوں، جسے انجام کا ڈر اور عاقبت کی فکر ہی نہیں وہ کب سیدھے راستہ پر چلے گا، یقیناً ٹیڑھا رہے گا۔ اور سیدھی سی بات کو بھی اپنی کجروی سے کج بنا لے گا۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا

اور اگر ہم ان پر رحم کریں اور کھول دیں جو تکلیف پہنچی ان کو تو بھی برابر لگے رہیں گے

فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۷۵﴾

اپنی شرارت میں بہکے ہوئے

احسان فراموش اور ناشکرے:

یعنی تکلیف سے نکال کر آرام دیں۔ تب بھی احسان نہ مانیں اور شرارت و سرکشی سے باز نہ آئیں۔ حضرت کی دعاء سے ایک مرتبہ مکہ والوں پر قحط پڑا تھا، پھر حضرت ہی کی دعاء سے کھلا۔ شاید یہ اُسی کو فرمایا، یا یہ مطلب ہے کہ اگر ہم اپنی رحمت سے اُن کے نقصان کو دور کر دیں یعنی قرآن کی سمجھ دے دیں تب بھی یہ لوگ اپنے ازلی خسران اور سوء استعداد کی وجہ سے اطاعت و انقیاد اختیار کرنیوالے نہیں کما قال تعالیٰ وَلَوْ عَلِمَ اللّٰهُ فِيْهِمْ خَيْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۔ (انفال۔ رکوع ۳)

وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا

اور ہم نے پکڑا تھا ان کو آفت میں پھر نہ عاجزی کی

لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۷۶﴾

اپنے رب کے آگے اور نہ گڑگڑائے

مثلاً قحط وغیرہ آفات مسلط ہوئیں۔ تب بھی عاجزی کر کے خدا کی بات نہ مانی۔ (تفسیر عثمانی)

شانِ نزول: بیہقی نے دلائل میں بیان کیا ہے کہ ابن اثال حنفی جب گرفتار ہو کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے وعدہ لیکر چھوڑ دیا پھر وہ مکہ کو چلا گیا اور مسلمان ہو گیا (قریش نے اس کو گرفتار کرنا چاہا وہ بھاگ کر) مکہ اور یمامہ کے درمیان آ کر بیٹھا اور یمامہ سے جو غلے کی رسد مکہ کو آیا کرتی تھی اس کو روک دیا قریش بھوکے مرنے لگے، یہاں تک کہ جانوروں کا اون کھانے لگے، مجبور ہو کر ابوسفیان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ کیا آپ کا یہ دعویٰ نہیں ہے کہ آپ کو دنیا والوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا گیا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک یہی بات ہے۔ ابوسفیان نے کہا تو (یہ کیسی رحمت ہے کہ) آپ نے آباواجداد کو تو تلوار سے قتل کر

دیا اور ان کی اولاد کو قحط سالی سے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ اس آیت میں (گویا) شہادت ہے اس بات کی کہ اگر ہم نے دوسرا عذاب بھی ان سے دور کر دیا تو یہ اللہ کے سامنے زاری نہیں کریں گے جیسے پہلے عذاب میں گرفتار ہونے کے بعد اللہ کی طرف انہوں نے رجوع نہیں کیا اور زاری نہیں کی۔ (تفسیر مظہری)

حَتّٰۤى اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ

یہاں تک کہ جب کھول دیں ہم ان پر دروازہ ایک سخت آفت کا

اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿٧٧﴾

تب اس میں ان کی آس ٹوٹے گی

اس سے یا تو آخرت کا عذاب مراد ہے یا شاید وہ دروازہ لڑائیوں کا کھلا جس میں تھک کر عاجز ہوئے۔ (تفسیر عثمانی)

وَهُوَ الَّذِيْۤ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ

اور اسی نے بنا دیے تمہارے کان اور آنکھیں

وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿٧٨﴾

اور دل تم بہت تھوڑا حق مانتے ہو

اللہ کی دی ہوئی صلاحیتیں استعمال کرو:

کانوں سے اس کی آیات تنزیلیہ کو سنو اور آنکھوں سے آیات تکوینیہ کو دیکھو اور دلوں سے دونوں کو سمجھنے کی کوشش کرو۔ ان نعمتوں کا شکر یہ تھا کہ اللہ کی دی ہوئی قوتوں کو اُس کے کام میں لاتے۔ لیکن ایسا نہ ہوا۔ اکثر آدمیوں نے اکثر اوقات میں ان قوتوں کو بے جا خرچ کیا۔ (تفسیر عثمانی)

وَهُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٧٩﴾

اور اسی نے تم کو پھیلا رکھا ہے زمین میں اور اسی کی طرف جمع ہو کر جاؤ گے

آخرت کی حاضری: ہاں ہر ایک کو شکر گذاری اور ناشکری کا بدلہ مل جائے گا۔ اُس وقت کوئی شخص یا کوئی عمل غیر حاضر نہ ہو سکے گا۔ جس نے پھیلایا اُس کو سمیٹنا کیا مشکل ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَهُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ

اور وہی ہے جلاتا اور مارتا اور اسی کا کام ہے بدلنا

الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٨٠﴾

رات اور دن کا سو کیا تم کو سمجھ نہیں

دوبارہ زندہ کرنا کوئی مشکل نہیں:

زندہ سے مردہ اور مردہ سے زندہ یا اندھیرے سے اُجالا اور اُجالے سے اندھیرا کر دینا جس کے قبضہ میں ہے اُس کی قدرت عظیمہ کے سامنے کیا مشکل ہے کہ تم کو دوبارہ زندہ کر دے اور آنکھوں کے آگے سے ظلمت جہل کے پردے اٹھا دے۔ جس کے بعد حقائق اشیاء ٹھیک ٹھیک منکشف ہو جائیں جیسا کہ قیامت میں ہوگا۔ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ (تفسیر عثمانی)

بَلْ قَالُوْا مِثْلَ مَا قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿٨١﴾ قَالُوْۤا ءَاِذَا

کوئی بات نہیں یہ تو وہی کہہ رہے ہیں جیسا کہا کرتے تھے پہلے لوگ کہتے ہیں کیا

مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿٨٢﴾

جب ہم مر گئے اور ہو گئے مٹی اور ہڈیاں کیا ہم کو زندہ ہو کر اٹھنا ہے

لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَاۗؤُنَا هٰذَا مِنْ قَبْلُ

وعدہ دیا جاتا ہے ہم کو اور ہمارے باپ دادوں کو یہی پہلے سے

اِنْ هٰذَاۤ اِلَّاۤ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٨٣﴾

اور کچھ بھی نہیں یہ نقلیں ہیں پہلوں کی

رجعت پسندی اور اندھی تقلید:

یعنی عقل و فہم کی بات کچھ نہیں محض پرانے لوگوں کی اندھی تقلید کئے چلے جا رہے ہیں، وہی دقیانوسی شکوک پیش کرتے ہیں جو ان کے پیشرو کیا کرتے تھے۔ یعنی مٹی میں مل کر اور ریزہ ریزہ ہو کر ہم کیسے زندہ کئے جائیں گے؟ ایسی دور از عقل باتیں جو ہم کو سنائی جا رہی ہیں پہلے ہمارے باپ دادوں سے بھی کہی گئی تھیں لیکن ہم نے تو آج تک خاک کے ذروں اور ہڈیوں کے ریزوں کو آدمی بنتے نہ دیکھا۔ ہو نہ ہو یہ سب قصے کہانیاں ہیں جو پہلے لوگ گھڑ گئے تھے۔ اور اب اُن ہی کی نقل کی جا رہی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَاۤ اِنْ كُنْتُمْ

تو کہہ کس کی ہے زمین اور جو کوئی اس میں ہے بتاؤ اگر تم

تَعْلَمُوْنَ ﴿٨٤﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٨٥﴾

جانتے ہو اب کہیں گے سب کچھ اللہ کا ہے تو کہہ پھر تم سوچتے نہیں

سب اللہ کے قبضہ میں ہے:

کہ جس کا قبضہ ساری زمین اور زمینی چیزوں پر ہے کیا تمہاری مشتِ خاک

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

اُس کے قبضہ سے باہر ہوگی؟ (تفسیر عثمانی)

اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ اگر تم اہل علم میں سے ہو یا اگر تم جانتے ہو تو جواب دو، بتاؤ۔ مخاطب کی اہانت اور تحقیر اس سوال سے مقصود ہے کہ ایسی بات جس کو بچے اور دیوانے بھی جانتے ہیں تم نہیں جانتے، تمہارا حال اور قول تمہاری جہالت کا شاہد ہے۔ یہ ایسی حقیقت ہے جس کا انکار ممکن ہی نہیں تمام لوگ اس کے قائل ہیں۔ عقل صریح اور نقل صحیح اس کی گواہ ہے اس لئے ان کو کہنا پڑے گا۔ (تفسیر مظہری)

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ

تو کہہ کون ہے مالک ساتوں آسمانوں کا اور مالک اس بڑے

الْعَظِيْمِ ۝ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝

تخت کا اب بتائیں گے اللہ کو تو کہہ پھر تم ڈرتے نہیں

خوفِ خدا کرو: اتنا بڑا شہنشاہ تمہاری ان گستاخیوں اور نافرمانیوں پر تم کو دھر گھسیٹے۔ کیا یہ انتہائی گستاخی نہیں کہ اُس شہنشاہ مطلق کو ایک ذرہ کے مقدار سے عاجز قرار دینے لگے۔ (تفسیر عثمانی)

عرش الٰہی: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کی شان بہت بڑی ہے۔ اس کا عرش آسمانوں پر اس طرح ہے اور آپ نے اپنے ہاتھ سے قبہ کی طرح بنا کر بتلایا (ابوداؤد)۔ اور حدیث میں ہے ساتوں آسمان و زمین اور ان کی کل مخلوق کرسی کے مقابلے پر ایسی ہے جیسے کسی چٹیل میدان میں کوئی حلقہ پڑا ہو۔ اور کرسی اپنی تمام چیزوں سمیت عرش کے مقابلے میں بھی ایسی ہی ہے۔ بعض سلف سے منقول ہے کہ عرش کی ایک جانب سے دوسری جانب کی دوری پچاس ہزار سال کی مسافت کی ہے۔

بعض سلف کا قول ہے کہ عرش سرخ رنگ یاقوت کا ہے اس آیت میں عرش عظیم کہا گیا ہے اور اس سورت کے آخر میں عرش کریم کہا گیا ہے یعنی بہت بڑا اور بہت حسن و خوبی والا پس لمبائی چوڑائی وسعت عظمت حسن و خوبی میں وہ بہت ہی اعلیٰ اور بالا ہے اسی لئے لوگوں نے اسے یاقوت سرخ کہا ہے۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا فرمان ہے کہ تمہارے رب کے پاس رات دن کچھ نہیں اس کے عرش کا نور اس کے چہرے کے نور سے ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

قُلْ مَنْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ يُجِيْرُ

تو کہہ کس کے ہاتھ میں ہے حکومت ہر چیز کی اور وہ بچالیتا ہے

وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ

اور اس سے کوئی بچا نہیں سکتا بتاؤ اگر تم جانتے ہو اب بتائیں گے اللہ کو

اللہ کے عذاب سے کوئی نہیں بچا سکتا:

ہر چیز پر اُسی کا اختیار چلتا ہے، جس کو چاہے وہ پناہ دے سکتا ہے لیکن کوئی دوسرا اُس کے مجرم کو پناہ نہیں دے سکتا۔ (تفسیر عثمانی)

وَهُوَ يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ یعنی اللہ تعالیٰ جس کو چاہے عذاب اور مصیبت رنج و تکلیف سے پناہ دیدے اور یہ کسی کی مجال نہیں کہ اسکے مقابلہ پر کسی کو پناہ دیکر اُس کے عذاب و تکلیف سے بچالے یہ بات دنیا کے اعتبار سے بھی صحیح ہے کہ اللہ تعالیٰ جس کو کوئی نفع پہنچانا چاہے اسکو کوئی روک نہیں سکتا اور جس کو کوئی تکلیف و عذاب دینا چاہے اُس سے کوئی بچا نہیں سکتا۔ اور آخرت کے اعتبار سے بھی یہ مضمون صحیح ہے کہ جس کو وہ عذاب میں مبتلا کریگا اُس کو کوئی بچا نہ سکے گا اور جسکو جنت اور راحت دیگا اس کو کوئی روک نہ سکے گا۔ (قرطبی)

(معارف مفتی اعظم)

قُلْ فَاَنّٰى تُسْحَرُوْنَ ۝

تو کہہ پھر کہاں سے تم پر جادو آ پڑتا ہے

تم پر کیا جادو ہے: جس سے مسحور ہو کر تم ہوش و حواس کھو بیٹھتے ہو کہ ایسی موٹی باتیں بھی نہیں سمجھ سکتے جب تمام زمین و آسمان کا مالک وہ ہی ہوا اور ہر چیز اُسی کے زیر تصرف و اقتدار ہوئی، تو آخر تمہارے بدن کی ہڈیاں اور ریزے اُس کے قبضۂ اقتدار سے نکل کر کہاں چلے جائیں گے کہ اُن پر وہ قادر مطلق اپنی مشیت نافذ نہ کر سکے گا۔ (تفسیر عثمانی)

بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝

کوئی نہیں ہم نے اُن کو پہنچایا سچ اور وہ البتہ جھوٹے ہیں

دلائل کے باوجود انکارِ حق:

یعنی دلائل و شواہد سے ظاہر کر دیا گیا کہ جو کچھ اُن سے کہا جا رہا ہے ہو بہو صحیح اور حق ہے اور وہ لوگ محض جھوٹے خیالات کی پیروی کر رہے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ

اللہ نے کوئی بیٹا نہیں کیا اور نہ اس کے ساتھ کسی کا حکم چلے

اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۢ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا

یوں ہوتا تو لے جاتا ہر حکم والا اپنی بنائی چیز کو اور چڑھائی کرتا

بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۭ

ایک پر ایک

besturdubooks.wordpress.com

اللہ کا کوئی شریک ہوتا تو نظام نہ چلتا:

یعنی زمین و آسمان اور ذرہ ذرہ کا تنہا مالک ومختار وہ ہی ہے نہ اُسے بیٹے کی ضرورت نہ مددگار کی، نہ اُس کی حکومت وفرمانروائی میں کوئی شریک جسے ایک ذرہ کا مستقل اختیار ہو۔ ایسا ہوتا تو ہر ایک بااختیار حاکم اپنی رعایا کو لے کر علیحدہ ہو جاتا اور اپنی جمعیت فراہم کر کے دوسرے پر چڑھائی کر دیتا اور عالم کا یہ مضبوط ومحکم نظام چند روز بھی قائم نہ رہ سکتا۔ سورۂ انبیاء کی آیت "لَوْ كَانَ فِيهِمَا اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا" کے فوائد میں اس کی تقریر کی جاچکی ہے ملاحظہ کر لی جائے۔ (تفسیر عثمانی)

(جب کوئی اور بھی الٰہ ہوتا تو وہ ضرور خالق بھی ہوتا) اور ہر الٰہ (خدا) اپنی مخلوق کو (تقسیم کر کے) جدا کر لیتا اور ایک دوسرے پر چڑھائی کر دیتا۔

اپنی مخلوق کو لے کر جدا ہو جاتا اور دوسرے کو اپنی مخلوق پر تصرف کرنے سے روک دیتا اور ہر ایک کی ملکیت دوسرے کی ملکیت سے علیحدہ ہو جاتی (اور ان کے باہم لڑائی ہوتی) اور (لڑائی میں) ایک دوسرے پر غالب آ جاتا۔ جیسے دنیا کے باشاہوں کا طریقہ ہے تعدد آلہہ کے وقت باہمی جنگ وجدال ناممکن نہیں اور جنگ میں ایک دوسرے پر غلبہ ہونا ہی چاہئے نتیجہ میں ایک مغلوب ہوتا اور مغلوب خدا نہیں ہو سکتا۔ مغلوبیت کمزوری اور حدوث کی علامت ہے۔ اور اگر کوئی کسی پر غالب نہ آ سکتا تو دونوں غالب آنے سے عاجز ہوتے اور عجز علامت حدوث ہے الوہیت کے منافی ہے۔ (تفسیر مظہری)

سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۹۱﴾
اللہ نرالا ہے اُن کی بتلائی باتوں سے

کیا خدا کی شان یہ ہوتی ہے کہ اُس کے آگے کوئی دم مار سکے یا ایک ذرہ اُس کے حکم سے باہر ہو سکے۔ (تفسیر عثمانی)

عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۹۲﴾
جاننے والا چھپے اور کھلے کا وہ بہت اوپر ہے اس سے جس کو یہ شریک بتلاتے ہیں

اللہ شراکت سے پاک ہے: یعنی جس کی قدرت عامہ وتامہ کا حال پہلے بیان ہو چکا اور علم محیط ایسا کہ کوئی ظاہر وباطن اور غیب وشہادت اُس سے پوشیدہ نہیں۔ اُس کی حکومت میں کیا وہ چیزیں شریک ہونگی جن کی قدرت سب صفات محدود ومستعار ہیں؟ استغفر اللہ۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ رَّبِّ اِمَّا تُرِيَنِّيْ مَا يُوْعَدُوْنَ ﴿۹۳﴾
تو کہہ اے رب اگر تو دکھانے لگے مجھ کو جو ان سے وعدہ ہوا ہے

رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِيْ فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۹۴﴾
تو اے رب مجھ کو نہ کریو ان گنہگار لوگوں میں

ہر مؤمن عذاب سے بچنے کی دُعاء کرے:

یعنی حق تعالیٰ کی جناب میں ایسی گستاخی کی جاتی ہے تو یقیناً کوئی سخت آفت آ کر رہے گی۔ اس لئے ہر مؤمن کو ہدایت ہوئی کہ اللہ کے عذاب سے ڈر کر یہ دعا مانگے کہ جب ظالموں پر عذاب آئے تو الٰہی مجھ کو اسکے ذیل میں شامل نہ کرنا۔ جیسا کہ حدیث میں آیا "وَاِذَا اَرَدْتَ بِقَوْمٍ فِتْنَةً فَتَوَفَّنِيْ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ"۔ مطلب یہ ہے کہ خداوندا ہم کو ایمان واحسان کی راہ پر مستقیم رکھ۔ کوئی ایسی تقصیر نہ ہو کہ العیاذ باللہ تیرے عذاب کی لپیٹ میں آ جائیں۔ جیسے دوسری جگہ ارشاد ہوا "وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَآصَّةً" (انفال۔ رکوع ۳) یہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب بنا کر دوسروں کو سنانا ہے اور یہ قرآن کریم کی عام عادت ہے۔ (تفسیر عثمانی)

شیاطین سے حفاظت کی دُعاء:

مسند احمد اور ترمذی کی حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاؤں میں یہ جملہ بھی ہوتا تھا کہ خدایا جب تو کسی قوم کے ساتھ فتنے کا ارادہ کرے تو مجھے فتنہ میں ڈالنے سے پہلے اٹھالے۔ (ابن کثیر)

وَاِنَّا عَلٰٓى اَنْ نُّرِيَكَ مَا نَعِدُهُمْ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۹۵﴾
اور ہم کو قدرت ہے کہ تجھ کو دکھلا دیں جو ان سے وعدہ کر دیا ہے
اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ۭ نَحْنُ
بُری بات کے جواب میں وہ کہہ جو بہتر ہے ہم خوب
اَعْلَمُ بِمَا يَصِفُوْنَ ﴿۹۶﴾
جانتے ہیں جو یہ بتاتے ہیں

اعلیٰ اخلاقی قدریں:

یعنی ہم کو قدرت ہے کہ تمہاری آنکھوں کے سامنے دنیا ہی میں ان کو سزا دے دیں لیکن آپ کے مقام بلند اور اعلیٰ اخلاق کا مقتضی یہ ہے کہ اُن کی بُرائی کو بھلائی سے دفع کریں جہاں تک اس طرح دفع ہو سکتی ہو۔ اور اُن کی بیہودہ بکواس سے مشتعل نہ ہوں۔ اُس کو ہم خوب جانتے ہیں، وقت پر کافی سزا دی جائے گی۔ آپ کے اغماض اور نرم برتاؤ کا اثر یہ ہوگا کہ بہت سے لوگ گرویدہ ہو کر آپ کی طرف جھکیں گے اور دعوت واصلاح کا مقصود حاصل ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ

اور کہہ اے رب میں تیری پناہ چاہتا ہوں شیطان کی چھیڑ سے

شیاطین سے بچنے کا طریقہ:

پہلے شیاطین الانس کے ساتھ برتاؤ کرنے کا طریقہ بتلایا تھا۔ لیکن شیاطین الجن اُس طریقہ سے متاثر نہیں ہو سکتے۔ کوئی تدبیر یا نرمی اُن کو رام نہیں کر سکتی۔ اُس کا علاج صرف استعاذہ ہے یعنی اللہ کی پناہ میں آ جانا، تا وہ قادر مطلق اُن کی چھیڑ خانی اور شر سے محفوظ رکھے۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ شیطان کی چھیڑ یہ ہے کہ دین کے سوال و جواب میں بے موقع غصہ چڑھے اور لڑائی ہو پڑے۔ اسی پر فرمایا کہ بُرے کا جواب دے اُس سے بہتر۔ (تفسیر عثمانی)

هَمَزٰت زور سے دھکا دینا یعنی وسوسے ڈال کر گناہوں کی طرف لے جانا۔

اَنْ يَّحْضُرُوْنِ کہ میرے پاس آئیں۔ یعنی میری نماز میں عبادت میں اور دوسرے امور میں میرے پاس بھی آئیں کیونکہ شیطان جب پاس آئے گا تو ضرور وسوسہ بھی پیدا کرے گا۔ (تفسیر مظہری)

شیاطین سے حفاظت کی دُعاء:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ مِنْ هَمْزِهٖ وَنَفْخِهٖ وَنَفْثِهٖ پڑھا کرتے تھے، اور میں پناہ مانگتا ہوں کہ شیطان میرے کسی کام میں حائل ہو اور وہ میرے پاس پہنچ جائے۔ پس ہر ایک کام کے شروع میں خدا کا ذکر شیطان کی شمولیت کو روک دیتا ہے، کھانا پینا، جماع ذبح وغیرہ کل کاموں کے شروع کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنا چاہئے۔ ابوداؤد میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک دعا یہ بھی تھی اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْهَرَمِ وَ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْهَدَمِ وَ مِنَ الْغَرَقِ وَاَعُوْذُ بِکَ اَنْ يَّتَخَبَّطَنِیَ الشَّيْطٰنُ عِنْدَ الْمَوْتِ. اے اللہ! میں تجھ سے بُرے بڑھاپے سے اور دب کر مر جانے سے اور ڈوب کر مر جانے سے پناہ مانگتا ہوں اور اس سے بھی کہ موت کے وقت شیطان مجھ کو بہکا دے۔

نیند آنے کیلئے دُعاء:

مسند احمد میں ہے کہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک دعا سکھاتے تھے کہ نیند اچاٹ ہو جانے کی مرض کو دُور کرنے کرنے کے لئے ہم سوتے وقت پڑھا کریں بِسْمِ اللّٰهِ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَ عِقَابِهٖ وَ مِنْ شَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ. حضرت ابن عمرؓ کا دستور تھا کہ اپنی اولاد میں سے جو ہوشیار ہوتے انہیں تو یہ دعا سکھا دیا کرتے اور جو چھوٹے ناسمجھ ہوتے یاد نہ کر سکتے ان کے گلے میں اس دعا کو لکھ کر لٹکا دیتے۔ ابوداؤد، ترمذی اور نسائی میں بھی یہ حدیث ہے امام ترمذیؒ اسے حسن غریب بتلاتے ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

شیاطین اور جنات کے دوسرے آثار اور حملوں سے بچنے کے لئے بھی یہ دعا مجرب ہے۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ کو شب میں نیند نہ آتی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کو یہ کلماتِ دعا تلقین فرمائے کہ یہ پڑھ کر لیٹا کریں، انہوں نے پڑھا تو یہ شکایت جاتی رہی وہ دعا یہ ہے اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِ اللّٰهِ وَ عِقَابِهٖ وَ مِنْ شَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ. (معارف مفتی اعظم)

وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ

اور پناہ تیری چاہتا ہوں اے رب اس سے کہ میرے پاس آئیں

یعنی کسی حال میں بھی شیطان کو میرے پاس نہ آنے دیجئے کہ مجھ پر وہ اپنا وار کر سکے۔ (تفسیر عثمانی)

اَنْ يَّحْضُرُوْنِ صحیح مسلم میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شیطان تمہارے ہر کام میں ہر حال میں تمہارے پاس آتا ہے اور ہر کام میں گناہوں اور غلط کاموں کا وسوسہ دل میں ڈالتا رہتا ہے (قرطبی) اسی سے پناہ مانگنے کے لئے یہ دعا تلقین فرمائی گئی ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ

یہاں تک کہ جب پہنچے اُن میں کسی کو موت کہے گا اے رب

ارْجِعُوْنِ ۙ لَعَلِّیْٓ اَعْمَلُ صَالِحًا فِيْمَا تَرَكْتُ

مجھ کو پھر بھیج دو شاید کچھ میں بھلا کام کر لوں اس میں جو پیچھے چھوڑ آیا

موت آئے گی تو پچھتائیں گے:

یعنی آپ ان کفار کی برائیوں کو بھلے طریقہ سے دفعہ کرتے رہئے۔ اور جو باتیں یہ بناتے ہیں اُن کو ہمارے حوالہ کیجئے یہاں تک کہ ان میں سے بعض کی موت کا وقت آ پہنچے اور نزع کی حالت میں مبادی عذاب کا معائنہ کر کے پچھتاوا شروع ہو۔ اُس وقت تمنا کریں گے کہ اے پروردگار! قبر کی طرف لے جانے کے بجائے ہم کو پھر دنیا کی طرف واپس کر دو۔ تا گذشتہ زندگی میں جو تقصیرات ہم نے کی ہیں اب نیک عمل سے اُن کی تلافی کر سکیں۔ آئندہ ہم ایسی خطائیں ہرگز نہیں کریں گے۔ کما قال تعالیٰ وَاَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِیَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْلَآ اَخَّرْتَنِیْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ (منافقون۔ رکوع۲) (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

موت کے فرشتوں سے مؤمن کی گفتگو:

ابن جریج کی حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مؤمن کو (موت کے) فرشتے نظر آتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کیا ہم تجھے دنیا کی طرف لوٹادیں۔ مؤمن کہتا ہے کیا افکار وآلام کے گھر کی طرف (تم مجھے لوٹانا چاہتے ہو میں ایسا نہیں چاہتا) بلکہ میں تو اللہ کے پاس جانا چاہتا ہوں اور کافر (کے سامنے جب ملائکہ آتے ہیں تو وہ) کہتا ہے رَبِّ ارْجِعُوْنِ۔

جو اللہ سے ملنا چاہتا ہے اللہ اس سے ملنا چاہتا ہے:

صحیحین میں حضرت عبادہ بن صامت کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جو اللہ سے ملنا پسند کرتا ہے اللہ بھی اس سے ملنا پسند کرتا ہے اور جو اللہ سے ملنا بُرا سمجھتا ہے اللہ بھی اس سے ملنے سے نفرت کرتا ہے۔ حضرت عائشہؓ نے یا کسی اور بی بی نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم تو موت کو ناپسند کرتے ہیں (کون مرنا چاہتا ہے) فرمایا یہ مطلب نہیں ہے بلکہ بات یوں ہے کہ مؤمن کے سامنے جب موت آتی ہے تو اس کو اللہ کی خوشنودی اور عزت بخشی کی بشارت دی جاتی ہے اس وقت (پیچھے رہنے والی) کوئی چیز بھی آگے آنے والی چیز سے زیادہ محبوب نہیں ہوتی اس لئے وہ اللہ سے ملنے کو پسند کرتا ہے اور اللہ اس سے ملنا پسند کرتا ہے۔ لیکن جب کافر کے مرنے کا وقت آتا ہے تو اس کو اللہ کے عذاب اور سزا کی اطلاع دی جاتی ہے اس وقت پیش آنے والی چیز سے زیادہ بُری کوئی چیز اس کی نظر میں نہیں ہوتی اس لئے وہ اللہ سے ملنے کو ناگوار سمجھتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

عمل صالح کرنے کا نسخہ:

حضرت علاء بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ کیا ہی عمدہ بات فرماتے ہیں آپ فرماتے ہیں تم یوں سمجھ لو کہ میری موت آ چکی تھی لیکن میں نے اللہ سے دعا کی کہ مجھے چند روز کی مہلت دیدی جائے تا کہ میں نیکیاں کرلوں اللہ تعالیٰ نے مجھے مہلت دیدی ہے تو اب مجھے چاہئے کہ دل کھول کر نیکیاں کرلوں۔ قتادہؒ فرماتے ہیں کافر کی اس امید کو یاد رکھو اور خود زندگی کی گھڑیاں اطاعتِ خدا میں بسر کرو۔

کافر کی درخواست رَدّ ہو جاتی ہے:

حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں جب کافر اپنی قبر میں رکھا جاتا ہے اور اپنا جہنم کا ٹھکانا دیکھ لیتا ہے تو کہتا ہے میرے رب! مجھے لوٹا دے میں توبہ کرلوں گا اور نیک اعمال کرتا رہوں گا۔ جواب ملتا ہے کہ جتنی عمر تجھے دی گئی تھی تو ختم کر چکا۔ پھر اس کی قبر اس پر سمٹ جاتی ہے اور تنگ ہو جاتی ہے اور سانپ بچھو چمٹ جاتے ہیں۔

گناہگاروں کی قبریں:

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں گنہگاروں پر ان کی قبریں بڑی مصیبت کی جگہ ہوتی ہیں۔ ان کی قبروں میں اژدھا کالے ناگ ڈستے رہتے ہیں جن میں سے ایک بہت بڑا اس کے سرہانے ہوتا ہے اور ایک اتنا ہی بڑا پائینتوں ہوتا ہے وہ سر کی طرف سے ڈسنا اور اُوپر چڑھنا شروع کرتا ہے یہ پیروں کی طرف سے کاٹنا اور اُوپر چڑھنا شروع کرتا ہے یہاں تک کی بیچ کی جگہ آ کر دونوں اکٹھے ہو جاتے ہیں۔ پس یہ ہے وہ برزخ جہاں یہ قیامت تک رہیں گے۔

عالَم برزخ کے عذاب پر تنبیہ:

مِن وَّرَآءِ هِمْ کے معنے کئے گئے ہیں کہ ان کے آگے برزخ ایک حجاب اور آڑ ہے دنیا اور آخرت کے درمیان۔ وہ نہ تو صحیح طور پر دنیا میں ہیں کہ کھائیں پئیں نہ آخرت میں ہیں کہ اعمال کے پورے بدلے میں آجائیں بلکہ بیچ ہی بیچ میں ہیں۔ پس اس آیت میں ظالموں کو ڈرایا جارہا ہے کہ انہیں عالمِ برزخ میں بھی بڑے بھاری عذاب ہوں گے۔ (تفسیر ابن کثیر)

ناکام تمنا:

رَبِّ ارْجِعُوْنِ یعنی موت کے وقت کافر پر جب آخرت کا عذاب سامنے آنے لگتا ہے تو وہ تمنا کرتا ہے کہ کاش میں پھر دنیا میں لوٹ جاؤں اور نیک عمل کر کے اس عذاب سے نجات حاصل کرلوں۔ (معارف مفتی اعظم)

كَلَّا ۚ إِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ۖ	
ہرگز نہیں یہ ایک بات ہے	کہ وہی کہتا ہے

کافر واپس آ کر بھی نیکی نہ کریں گے:

یعنی اجل آ جانے کے بعد اس کام کیلئے ہرگز واپس نہیں کیا جا سکتا اور بالفرض واپس کر دیا جائے تو ہرگز نیک کام نہ کرے گا۔ وہ ہی شرارتیں پھر سوجھیں گی وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ (انعام۔ رکوع ۳) یُوں اُس کی بات ہے جو زبان سے بنا رہا ہے اور غلبۂ حسرت وندامت کی وجہ سے خاموش نہیں رہ سکتا وہ ہی اپنی طرف سے یہ بات کہتا ہے کہتا رہے، ہمارے یہاں شنوائی نہیں ہوگی۔

وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ	
اور ان کے پیچھے	پردہ ہے اس دن تک کہ اٹھائے جائیں

عالَم برزخ:

یعنی ابھی کیا دیکھا ہے۔ موت ہی سے اس قدر گھبرا گیا۔ آگے اس کے بعد ایک اور عالم برزخ آتا ہے جہاں پہنچ کر دنیا والوں سے پردہ میں ہو جاتا ہے اور آخرت بھی سامنے نہیں آتی۔ ہاں عذاب آخرت کا تھوڑا سا نمونہ

besturdubooks.wordpress.com

سامنے آتا ہے جس کا مزہ قیامت تک پڑا چکھتا رہیگا۔ (تفسیر عثمانی)

موت کے بعد قیامت اور حشر تک کے زمانے کو برزخ کہا جاتا ہے کہ یہ دنیاوی حیات اور آخرت کے درمیان حدِ فاصل ہے اور معنے آیت کے یہ ہیں کہ جب مرنے والا کافر فرشتوں سے دوبارہ دنیا میں بھیجنے کو کہتا ہے تو یہ کلمہ تو اُس کو کہنا ہی تھا کیونکہ اب عذاب سامنے آ چکا ہے مگر اس کلمہ کا اب کوئی فائدہ اسلئے نہیں کہ وہ اب برزخ میں پہنچ چکا ہے جس کا قانون یہ ہے کہ برزخ سے لوٹ کر کوئی دنیا میں نہیں آتا اور قیامت اور بعث ونشر سے پہلے دوسری زندگی نہیں ملتی۔ واللہ اعلم۔ (معارف مفتی اعظم)

فَاِذَا نُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَلَآ اَنْسَابَ بَیْنَھُمْ
پھر جب پھونک ماریں صُور میں تو نہ قرابتیں ہیں اُن میں
یَوْمَئِذٍ وَّلَا یَتَسَآءَلُوْنَ
اُس دن اور نہ ایک دوسرے کو پوچھے

کوئی کسی کو نہ پوچھے گا:

یعنی عالم برزخ کے بعد قیامت کی گھڑی ہے۔ دوسری مرتبہ صور پھونکنے کے بعد تمام خلائق کو ایک میدان میں لا کھڑا کریں گے۔ اُس وقت ہر ایک شخص اپنی فکر میں مشغول ہوگا۔ اولاد ماں باپ سے، بھائی بھائی سے اور میاں بیوی سے سروکار نہ رکھے گا۔ ایک دوسرے سے بیزار ہوں گے۔ کوئی کسی کی بات نہ پوچھے گا۔ یوم یفر المرء من اخیہ وامہ وابیہ وصاحبتہ وبنیہ لکل امرئ منھم یومئذ شان یغنیہ (عبس۔ رکوع ۱) اسکے بعد دوسرے وقت ممکن ہے بعض قرابتوں سے کچھ نفع پہنچ جائے کما قال تعالیٰ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْھُمْ ذُرِّیَّتُھُمْ بِاِیْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِھِمْ ذُرِّیَّتَھُمْ وَمَآ اَلَتْنٰھُمْ مِّنْ عَمَلِھِمْ مِّنْ شَیْءٍ (طور۔ رکوع ۱)

(تنبیہ) بعض احادیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن سارے نسب اور دامادی کے تعلقات منقطع ہو جائیں گے (یعنی کام نہ دیں گے) "اِلَّا نَسَبِیْ وَ صِھْرِیْ" (بجز میرے نسب اور صہر کے) معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تعلقات عموم سے مستثنیٰ ہیں۔ اسی حدیث کو سن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ام کلثوم بنت علی بن ابی طالب سے نکاح کیا، اور چالیس ہزار درہم مہر باندھا۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں۔ "وہاں باپ بیٹا ایک دوسرے کے شامل نہیں، ہر ایک سے اُس کے عمل کا حساب ہے۔" (تفسیر عثمانی)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا رشتہ برقرار رہے گا:

مسند احمد کی حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں فاطمہ میرے جسم کا ایک ٹکڑا ہے جو چیز اسے ناخوش کرے وہ مجھے بھی ناخوش کرتی ہے اور جو چیز اسے خوش کرے وہ مجھے بھی خوش کرتی ہے۔ قیامت کے روز سب رشتے ناطے ٹوٹ جائیں گے لیکن میرا نسب میرا سبب میری رشتے داری نہ ٹوٹے گی۔

بدعتیں ایجاد کرنے والے:

اس حدیث کی اصل بخاری ومسلم میں بھی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فاطمہ میرے جسم کا ایک ٹکڑا ہے اسے ناراض کرنے والی اور اسے ستانے والی چیزیں مجھے ناراض کرنے والی اور مجھے تکلیف پہنچانے والی ہیں۔ مسند احمد میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر پر فرمایا لوگوں کا کیا حال ہے کہ کہتے ہیں رسول اللہ کا رشتہ بھی آپ کی قوم کو کوئی فائدہ نہ دیگا۔ بخدا میرا رشتہ دنیا میں اور آخرت میں ملا ہوا ہے۔ اے لوگو! میں تمہارا میر سامان ہوں جب تم آؤ گے ایک شخص کہے گا یا رسول اللہ میں فلاں ابن فلاں ہوں۔ میں جواب دوں گا کہ ہاں نسب تو میں نے پہچان لیا لیکن تم لوگوں نے میرے بعد بدعتیں ایجاد کی تھیں اور ایڑیوں کے بل مرتد ہو گئے تھے۔

حضرت عمرؓ کا حضرت ام کلثوم سے نکاح

مسند امیر المؤمنین حضرت عمر بن خطابؓ میں ہم نے کئی سندوں سے یہ روایت وارد کی ہے کہ جب آپ نے اُمّ کلثوم بنت علی بن ابی طالبؓ سے نکاح کیا تو فرمایا کرتے تھے واللہ مجھے اس نکاح سے صرف یہ غرض تھی کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ ہر سبب ونسب قیامت کے دن کٹ جائے گا مگر میرا نسب اور سبب۔ (تفسیر ابن کثیر)

پہلا نفخہ اور دوسرا نفخہ:

سعید بن جبیرؒ نے حضرت ابن عباسؓ کا قول نقل کیا ہے کہ صور پھونکے جانے سے مراد اس جگہ پہلا نفخہ صور ہے۔ یعنی نفخہ بیہوشی جس کے متعلق فرمایا ہے وَنُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ۔ فَلَآ اَنْسَابَ بَیْنَھُمْ یَوْمَئِذٍ وَّلَا یَتَسَآءَلُوْنَ جب صور پھونکا جائے گا تو جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں سب بیہوش ہو جائیں گے اور اس روز ان کے درمیان (دنیا والی) رشتہ داریاں نہیں رہیں گی اور نہ کوئی کسی کو پوچھے گا۔

ثُمَّ نُفِخَ فِیْہِ اُخْرٰی فَاِذَا ھُمْ قِیَامٌ یَّنْظُرُوْنَ۔ پھر دوبارہ صور پھونکا جائیگا تو یک دم سب (اُٹھ کے) کھڑے ہو جائیں گے اور (حیرت سے) دیکھتے ہوں گے وَاَقْبَلَ بَعْضُھُمْ عَلٰی بَعْضٍ یَّتَسَآءَلُوْنَ اور ایک دوسرے کی جانب رُخ کر کے باہم پوچھیں گے الخ۔

صحیح یہ ہے کہ آیت میں نفخہ سے مراد نفخۂ بعث (جس کے بعد سب لوگ زندہ ہو کر اُٹھ کھڑے ہوں گے) مراد ہے۔

قیامت میں حقوق کا اعتبار ہوگا انساب کا نہیں:

حضرت ابن مسعود نے فرمایا، قیامت کے دن بندے یا بندی کا ہاتھ پکڑ

besturdubooks.wordpress.com

کر علی الاعلان سب اگلوں اور پچھلوں کے سامنے کھڑا کیا جائے گا اور ایک منادی ندا دے گا، یہ فلاں بن فلاں ہے اس کی طرف کسی کا حق ہو تو وہ اپنا حق لینے آ جائے اس وقت جس شخص کا اپنے باپ یا بیٹے یا بی بی یا بھائی پر کوئی حق ہو گا وہ خوش ہو گا اور اپنا حق وصول کرے گا۔ اس کے بعد حضرت ابن مسعودؓ نے آیت فَلَآ اَنْسَابَ الخ پڑھی۔ عطاء کی روایت میں حضرت ابن عباس کا قول بھی آیا ہے کہ اس جگہ نفخہ سے مراد دوسرا نفخہ ہے۔

نسب پر فخر بے کار ہے:

فَلَآ اَنْسَابَ بَیْنَھُمْ یعنی دنیا میں تو شرافتِ نسب پر فخر کرتے تھے، قیامت کے دن کوئی کسی پر نسبی (اور نسلی) فخر نہ کر سکے گا۔ یا یہ مطلب ہے کہ رناطے اس روز فائدہ نہیں پہنچائیں گے۔ کیونکہ سب اتنے وحشت زدہ اور حیران ہوں گے کہ کوئی کسی سے محبت نہیں کرے گا اور آپس میں مو انس کا جذبہ معدوم ہو جائے گا اور یہ حالت ہو جائے گی کہ آدمی اپنے ماں باپ اور بیوی بچوں سے بھی بھاگے گا۔

معصوم بچے والدین کو شراب پلائیں گے:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، قیامت کا دن ہوگا تو اس روز مسلمانوں کے لڑکے نکلیں گے (یعنی کوثر و تسنیم کے پاس سے ایسی حالت میں برآمد ہوں گے) کہ ان کے ہاتھوں میں شربت (شرابِ طہور) ہوگا۔ لوگ ان سے کہیں گے ہم کو پلا دو، وہ جواب دیں گے (نہیں) ہم اپنے ماں باپ کو پلائیں گے۔ اپنے ماں باپ کو پلائیں گے، یہاں تک کہ ساقط شدہ بچہ بھی جنت کے دروازے پر کھڑا ہوا کہے گا جب تک میرے باپ اندر نہ جائیں گے، میں اندر داخل نہ ہوں گا۔ رواہ ابن ابی الدنیا عن عبداللہ بن عمر اللیثی۔ ابوزرارہ کی حدیث بھی اسی کے ہم معنی آئی ہے۔

ابن عساکر نے صحیح سند کے ساتھ حضرت ابن عمر کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، قیامت کے دن میرے نسبی اور سسرالی ناتے کے علاوہ نسبی اور سسرالی رشتہ ٹوٹ جائے گا۔

مؤمنوں کے رشتے منقطع نہ ہوں گے:

مؤمنوں کی نسبی رشتہ داریاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ضمن میں داخل ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سب مسلمانوں کے باپ تھے، اور آپ کی بی بیاں مسلمانوں کی مائیں تھیں۔ (پس آپ کا رشتہ منقطع نہ ہوگا یعنی مؤمنوں کے رشتے ناطے منقطع نہ ہوں گے۔)

بغوی نے کہا، حدیث کا مطلب یہ ہے کہ قیامت کے دن کوئی ذریعہ اور نسب سودمند نہ ہوگا سوائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ اور نسبت کے یعنی سوائے قرآن و کے۔ (تفسیر مظہری)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دُعاء:

حدیث میں ہے کہ میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ جہاں میرا نکاح ہوا ہے اور جس کا نکاح میرے ساتھ ہوا ہے وہ سب جنت میں بھی میرے ساتھ رہیں تو خدا تعالیٰ نے میری دعا قبول فرمائی۔ (تفسیر ابن کثیر)

فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۲﴾
سو جس کی بھاری ہوئی تول تو وہی لوگ کام لے نکلے
وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ
اور جس کی ہلکی نکلی تول سو وہی لوگ ہیں جو ہار بیٹھے اپنی جان
فِيْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ
دوزخ ہی میں رہا کریں گے جھلس دے گی اُن کے منہ کو آگ اور وہ
فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾
اُس میں بدشکل ہو رہے ہوں گے

ہونٹ سوج جائیں گے اور زبان کو پاؤں روندیں گے:

جلتے جلتے بدن سوج جائیگا، نیچے کا ہونٹ لٹک کر ناف تک، اور اوپر کا پھول کر کھوپری تک پہنچ جائیگا، اور زبان باہر نکل کر زمین میں لٹکتی ہوگی جسے دوزخی پاؤں سے روندیں گے۔ (اللّٰھم احفظنا منه ومن سائر انواع العذاب) (تفسیر عثمانی)

میدانِ حشر کے مختلف احوال:

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ محشر میں مختلف موقف ہوں گے ہر موقف کا حال مختلف ہوگا۔ ایک وقت ایسا بھی آئے گا کہ کوئی کسی کو نہ پوچھے گا پھر کسی موقف میں جب وہ ہیبت اور ہول کا غلبہ کم ہو جائیگا تو باہم ایک دوسرے کا حال بھی دریافت کریں گے۔ (مظہری)

مؤمنین کاملین اور کفار:

فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۞ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فِيْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ یعنی میزانِ عمل میں جس شخص کا نیکیوں کا پلہ بھاری ہوگا وہ ہی فلاح پانے والے ہیں اور جس کا پلہ نیکیوں کا ہلکا رہے گا تو یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے دنیا میں خود اپنے ہاتھوں اپنا نقصان کیا اور اب وہ ہمیشہ کے لئے جہنم میں رہنے والے ہیں۔ اس آیت میں مقابلہ صرف مؤمنین

besturdubooks.wordpress.com

کاملین اور کفار کا ہے اور انہیں کے وزن اعمال کا اور ان میں سے ہر ایک کے انجام کا ذکر کیا گیا کہ مؤمنین کاملین کا پلہ بھاری ہوگا انکو فلاح حاصل ہوگی، کفار کا پلہ ہلکا رہے گا اُن کو ہمیشہ کے لئے جہنم میں رہنا پڑے گا۔

ہر انسان کے اعمال کا وزن ہوگا:

بعض روایات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہر انسان کے اعمال جو دنیا میں بے وزن بے جسم اعراض ہوتے ہیں محشر میں ان کو مجسم کر کے میزان عمل میں رکھا جائے گا وہ تولے جائیں گے۔ طبرانی وغیرہ نے یہ بروایت ابن عباسؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے۔ ان سب روایات حدیث کے الفاظ اور متن تفسیر مظہری میں مکمل موجود ہیں وہاں دیکھے جاسکتے ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

نکتہ: موازین میزان کی جمع ہے (اور میزان کا معنی ہے ترازو) یعنی جس کی ترازو میں نیکیوں کا پلڑہ نیچے کا جھکا ہوگا۔ موازین کو بصیغہ جمع اس لئے ذکر کیا کہ ہر شخص کی (وزن کشی کی) ترازو الگ ہوگی۔ یا تعدد میزان سے مراد وزن کا تعدد ہے۔

علمائے اہل سنت کا اس بات پر اتفاق ہے کہ میزان کا قائم ہونا اور اعمال کا اس میں تولا جانا حق ہے۔ خوارج معتزلہ اور شیعہ اس کا انکار کرتے ہیں اور اکثر اہل بدعت (جو سلف صالحین کے خلاف عقائد رکھتے ہیں) اس کے منکر ہیں۔

(۱) میزان اور ترازو پر ایمان لانا ضروری ہے
(۲) میزان کے متعلق احادیث متواتر المعنیٰ ہیں

(۱) بیہقی نے البعث میں حضرت عمر بن خطاب کی روایت سے حدیث جبرئیل نقل کی ہے۔ اس حدیث میں ہے کہ جبرئیل نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا محمد صلی اللہ علیہ وسلم! ایمان کیا ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ کو ماننا، اللہ کے فرشتوں اور رسولوں کو ماننا، اور جنت، دوزخ، میزان اور مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہو کر اٹھائے جانے کا یقین کرنا۔ اور اس بات کو ماننا کہ اچھی بُری تقدیر اللہ کی طرف سے (مقرر) ہے (یعنی دنیا میں جو اچھائی بُرائی ہوتی ہے اللہ نے اس کا علمی اندازہ پہلے سے کر لیا تھا) جبرئیل نے کہا اگر میں ایسا کرلوں تو کیا میں مؤمن ہو جاؤں گا، فرمایا، ہاں، جبرئیل نے کہا آپ نے سچ کہا۔

(۲) حاکم نے مستدرک میں بر شرط مسلم حضرت سلمان کی روایت سے بیان کیا ہے اور اس کو صحیح کہا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، قیامت کے دن میزان قائم کی جائے گی (اتنی بڑی ہوگی کہ) اگر آسمان و زمین اس میں رکھ دیئے جائیں تو اس میں سما جائیں۔ ابن مبارک نے الزہد میں اور اجری نے الشریعت میں حضرت سلمانؓ کا قول موقوفاً نقل کیا ہے اور ابوالشیخ ابن حبان نے اپنی تفسیر میں حضرت ابن عباس کا قول بھی یہی بیان کیا ہے کہ میزان کی ایک زبان اور دو پلڑے ہوں گے۔

ابن ابی الدنیا نے اور ابن جریر نے اپنی تفسیر میں حضرت حذیفہ کا قول بیان کیا ہے کہ قیامت کے دن میزان والے حضرت جبرئیل ہوں گے۔

(۳) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، قیامت کے دن بعض لوگ آئیں گے جو عظیم الجثہ اور موٹے ہوں گے اور خدا کے نزدیک ان کا وزن مچھر کے پر کے برابر بھی نہ ہوگا۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت فَلَا نُقِيمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا تلاوت فرمائی۔ متفق علیہ من حدیث ابی ہریرۃ۔

(۴) ترمذی، ابن ماجہ، ابن حبان، بیہقی اور حاکم نے حضرت ابن عمر کی روایت سے بیان کیا اور حاکم نے اس کو صحیح قرار دیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، قیامت کے دن میری امت کے ایک آدمی کو سب کے سامنے لایا جائے گا اور اس کے ننانوے طومار کھولے جائیں گے۔ ہر طومار کا طول بقدر رسائی نظر ہوگا پھر (اللہ اس سے) فرمائے گا کیا اس میں سے کسی بات کا تجھے انکار ہے کیا میری طرف سے اعمال نویسوں نے تیرے اوپر کوئی ظلم کیا ہے۔ وہ شخص عرض کرے گا نہیں، اے میرے رب۔ (اعمال نویسوں نے میری کوئی حق تلفی نہیں کی) اللہ فرمائے گا، کیوں نہیں، میرے پاس تیری ایک نیکی ہے تجھ پر آج ظلم مطلقاً نہ ہوگا (اس نیکی کا بدلہ ملے گا) چنانچہ اس شخص کا ایک کارڈ نکالا جائے گا جس میں اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ لکھا ہوگا۔ بندہ عرض کرے گا اے میرے رب ان طوماروں کی موجودگی میں اس کارڈ کی کیا حقیقت ہے اللہ فرمائے گا تیری حق تلفی نہیں کی جائے گی، چنانچہ تمام طومار ایک پلڑے میں رکھے جائیں گے اور وہ کارڈ دوسرے پلڑے میں طوماروں والا پلڑا اوپر کو اڑ جائے گا (یعنی اٹھ جائیگا) اور کارڈ بھاری نکلے گا۔ اللہ کے نام سے کوئی چیز بھاری نہیں ہوتی۔ امام احمد نے حسن، صحیح سند سے حضرت ابن عمر کی روایت سے اسی طرح حدیث نقل کی ہے۔

(۵) بعض نے کہا اعمال کو مجسم بنا کر تولا جائے گا۔ حضرت ابن عباس راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر آسمانوں کو اور زمین اور ان کے اندر کی اور ان دونوں کے درمیان کی اور ان کے نیچے کی ساری کائنات کو لا کر میزان کے ایک پلڑے میں رکھ دیا جائے اور دوسرے پلڑے میں لا الٰہ الا اللّٰہ کی گواہی کو رکھا جائے تو لا الٰہ الا اللّٰہ کی شہادت والا پلڑا جھک جائے گا (وزنی نکلے گا) رواہ الطبرانی۔

ابن عبدالرزاق نے علم کی فضیلت کے باب میں اپنی سند سے ابراہیم نخعی کا قول نقل کیا ہے کہ قیامت کے دن آدمی کے عمل لا کر اس کی ترازو کے ایک پلڑے میں رکھ دیئے جائیں گے تو وہ پلڑا ہلکا رہے گا پھر بادلوں کی طرح ایک

besturdubooks.wordpress.com

چیز لاکر ترازو کے دوسرے پلڑے میں رکھدی جائے گی وہ وزنی نکلے گی، پھر اس شخص سے کہا جائے گا تو جانتا ہے یہ کیا ہے وہ شخص جواب دے گا نہیں (میں واقف نہیں) کہا جائے گا یہ علم کی فضیلت ہے جو تو لوگوں کو تعلیم دیتا تھا۔

(۲) ذہبی نے علم کی فضیلت کے بیان میں حضرت عمران بن حصین کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، قیامت کے دن علماء کی روشنائی اور شہیدوں کے خون کا موازنہ کیا جائے گا تو علماء کی روشنائی شہیدوں کے خون سے بھاری نکلے گی۔

مؤمن بندہ اور اسکے اعمال کا کافر و کافر کے اعمال سے موازنہ

میں کہتا ہوں کہ مؤمن بندہ کو مع اس کے نیک اعمالناموں یا مع مجسم اعمال کے (دونوں باتوں کا مطلب ایک ہی ہے) ایک پلڑے میں رکھا جائے گا اور دوسرے کافر بندہ کو مع اس کے بُرے اعمالناموں کے یا مع اس کے مجسم بُرے اعمال کے دوسرے پلڑے میں رکھا جائے گا تو کافر کا وزن مچھر کے پر کے برابر نہ نکلے گا۔ اسی کے متعلق اللہ نے فرمایا وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ یعنی اس کی میزان میں (اس کا) کوئی وزن ہی نہ ہوگا مؤمن کی ترازو میں ضرور (کچھ نہ کچھ) وزن ہوگا خواہ لاالہٰ الااللہ کی شہادت کے سبب ہی ہو اسی کے متعلق اللہ نے بطور کنایہ فرمایا فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ

اعمال کے درجات:

مگر مؤمن کے ثقل کے درجات ہوں گے جو کبیرہ گناہوں سے بچتے رہے ہوں گے اور اللہ نے ان کے گناہ ساقط کر دیئے ہوں گے تو ان کی میزانوں میں وزن سب سے زیادہ ہوگا بدیوں کا پلڑہ اڑ جائے گا۔ بالکل خالی رہے گا (اس میں کوئی وزن ہی نہ ہوگا) اور جن لوگوں کے عمل مخلوط ہوں گے، اچھے عمل بھی ہوں اور بُرے عمل بھی ان میں جنت کے اندر داخل ہونے کی صلاحیت ہوگی انہیں کے متعلق حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ قیامت کے دن لوگوں کی حساب فہمی ہوگی گناہوں کی بہ نسبت ایک نیکی بھی اگر کسی کی زائد ہوگی تو وہ جنت میں چلا جائے گا اور جس کے گناہ نیکیوں سے زیادہ ہوں گے وہ دوزخ میں چلا جائے گا، یعنی گناہوں کی کثافت سے پاک صاف بنانے کے لئے اس کو آگ میں داخل کیا جائے گا جیسے لوہا آگ میں پڑ کر میل کچیل سے پاک صاف ہو جاتا ہے۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا ایک دانگ کے وزن سے بھی میزان کا وزن ہلکا بھاری ہوگا۔

جس کے گناہ اور نیکیاں برابر ہوں:

اور جن اشخاص کی نیکیاں اور بدیاں برابر ہوں گی وہ اصحاب اعراف ہوں گے اس وقت تک اعراف میں رہیں گے جب تک اللہ ان کے جنت میں داخلے کا حکم دیدے اس کے بعد جنت میں چلے جائیں گے۔

قرآن میں یا مؤمن صالح کا تذکرہ ہے یا کافر کا:

قرآن میں صرف مؤمنین صالحین کا ذکر ہے یا کافروں کا۔ گنہگار مؤمنوں کا کوئی تذکرہ نہیں اس کی وجہ شاید یہ ہو کہ نزول قرآن کے زمانہ میں سارے مؤمن صالح ہی تھے۔ سب صحابہ تھے، کبائر سے پرہیز رکھنے والے تھے۔ یا گناہوں سے توبہ کرنے والے تھے اور گناہوں سے توبہ کرنے والے بے گناہ کی طرح ہو جاتے ہیں۔

وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فِيْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ اور جن لوگوں کی میزانیں ہلکی ہوں گی تو وہ ایسے ہی لوگ ہوں گے جنہوں نے اپنی جانوں کو گھاٹے میں رکھا، جہنم میں ہمیشہ رہیں گے۔ یعنی جن کے اچھے اعمال ہلکے ہوں گے یا اچھے اعمال کا پلڑہ ہلکا ہوگا ایسا کہ ان کی نیکیوں کا کوئی وزن ہی نہ ہوگا ایسے لوگ لامحالہ کافر ہی ہوں گے۔

ہمیشہ کی خوش نصیبی و بدنصیبی:

بزار اور بیہقی نے حضرت انسؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن آدم کے بیٹے کو لاکر میزان کے دونوں پلڑوں کے درمیان کھڑا کیا جائے گا اور ایک فرشتے کو میزان پر مقرر کیا جائے گا اب اگر اس کی میزانیں بھاری نکلیں تو وہ فرشتہ ایسی آواز سے جس کو ساری مخلوق سنے گی کہے گا، فلاں شخص خوش نصیب ہو گیا اس کے بعد کبھی بدنصیب نہ ہوگا اور اگر اس کی میزانیں ہلکی نکلیں تو وہ فرشتہ ایسی آواز سے جس کو ساری مخلوق سنے گی کہے گا فلاں شخص بدنصیب ہو گیا آئندہ اس کے بعد کبھی خوش نصیب نہ ہوگا۔ اس حدیث میں خفت سے مراد ہے بالکل وزن نہ ہونا۔

گنہگار مؤمنوں کے اعمال دو بار تلیں گے:

میں کہتا ہوں شاید گنہگار مؤمنوں کے اعمال دوبار تولے جائیں گے اگر اس کی نیکیوں میں کسی قدر ہلکا پن ہوگا تو اس کو اس وقت تک کے لئے دوزخ میں داخل کر دیا جائے گا کہ وہ پاک صاف ہو جائے پھر پاک صاف ہونے کے بعد اس کے اعمال کی پھر تول کی جائے گی اس وقت اس کی میزانیں بھاری نکلیں گی تو فرشتہ ندا دے گا فلاں شخص خوش نصیب ہو گیا اس کے بعد کبھی بدنصیب نہ ہوگا۔ ہم نے سورت القارعہ میں اس مبحث کی کسی قدر تحقیق کر دی ہے۔

آیت مندرجہ بالا میں صرف کفار مراد ہیں اس کی دلیل اس سے آگے آنے والی آیت ہے فرمایا ہے فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ الخ وہ یہی لوگ ہوں گے جنہوں نے خود اپنا نقصان کیا اور نفس کو کامل کرنے کا جو وقت تھا وہ کھو دیا۔ (مظہری)

امت محمدیہ کے چہرے کو آگ نہیں جلائے گی:

تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ جلس دے گی ان کے چہروں کو آگ۔ یعنی

besturdubooks.wordpress.com

ان کے چہروں کو آگ جلا ڈالے گی۔ (کذا فی القاموس) اور مؤمن کے چہرے کو آگ نہیں جلائے گی۔ مسلم نے حضرت جابر کی روایت سے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس امت کے کچھ لوگ دوزخ میں جائیں گے اور آگ ان کو جلائے گی لیکن ان کے چہروں کے گھیرے کو نہیں جلائے گی پھر کچھ مدت کے بعد ان کو دوزخ سے نکال لیا جائے گا۔

پورے جسم کا گوشت اتر جائے گا:

ابن مردویہ اور ضیاء نے حضرت ابو درداء کا بیان نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آیت تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ کے متعلق دریافت کیا گیا فرمایا آگ کی ان کو ایک لپٹ لگے گی کہ ان کے گوشت بہہ کر ایڑیوں پر جا پڑیں گے۔ طبرانی نے الاوسط میں اور ابونعیم نے حضرت ابو ہریرہ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جہنم کی طرف جب دوزخیوں کو ہنکا کر لے جایا جائے گا تو آگ کی ایک لپٹ ان کو ایسی لگے گی کہ گوشت کو ہڈی پرا گانہ چھوڑے گی سارا گوشت ایڑیوں پر (بہا کر) ڈال دے گی۔

شکلیں بگڑ جائیں گی:

وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ اور آگ کے اندر ان کی صورتیں بگڑ جائیں گی۔ کلوح کا معنی ہے دونوں ہونٹوں کا دانتوں کے اوپر سے سکڑ جانا (یعنی نیچے کا ہونٹ نیچے کی طرف آ جانا اور اوپر کا ہونٹ اوپر کو اٹھ جانا) ترمذی نے حضرت ابوسعید خدری کی روایت سے لکھا ہے اور اس کو صحیح کہا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ کی تشریح میں فرمایا آگ اس کو بھون ڈالے گی کہ اوپر کا ہونٹ بالائی جانب کو اتنا اٹھ جائے گا کہ سر کے وسط تک پہنچ جائے گا اور نچلا ہونٹ اتنا لٹک جائے گا کہ ناف سے جا لگے گا۔

ہناد نے بیان کیا کہ حضرت ابومسعودؓ نے آیت وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ کے متعلق فرمایا جیسے پکی ہوئی سری جس کے دانت باہر نکل آئے ہوں اور ہونٹ سکڑ گئے ہوں۔ (تفسیر مظہری)

اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾

کیا تم کو سنائی نہ تھیں ہماری آیتیں پھر تم ان کو جھٹلاتے تھے

منکروں کو جتلایا جائے گا:

یعنی اُس وقت ان سے یوں کہیں گے گویا جن باتوں کو دنیا میں جھٹلایا کرتے تھے، اب آنکھوں سے دیکھ لو سچی تھیں یا جھوٹی؟ (تفسیر عثمانی)

قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ﴿۱۰۶﴾

بولے اے رب زور کیا ہم پر ہماری کم بختی نے اور رہے ہم لوگ بہکے ہوئے

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۰۷﴾

اے ہمارے رب نکال لے ہم کو اس میں سے اگر ہم پھر کریں تو ہم گنہگار

منکروں کا اعتراف:

یعنی اعتراف کریں گے کہ بیشک ہماری بدبختی نے دھکا دیا جو سیدھے راستہ سے بہک کر اس ابدی ہلاکت کے گڑھے میں آ پڑے۔ اب ہم نے سب کچھ دیکھ لیا۔ از راہ کرم ایک دفعہ ہم کو یہاں سے نکال دیجئے پھر کبھی ایسا کریں تو گنہگار، جو سزا چاہے دیجئے گا۔ (تفسیر عثمانی)

قَالَ اخْسَئُوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ﴿۱۰۸﴾ اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ

فرمایا پڑے رہو پھٹکارے ہوئے اس میں اور مجھ سے نہ بولو ایک فرقہ تھا

مِّنْ عِبَادِيْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا

میرے بندوں میں جو کہتے تھے اے رب ہمارے ہم یقین لائے، سو معاف

وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾

کر ہم کو اور رحم کر ہم پر اور تو سب رحم والوں سے بہتر ہے

وہاں فریاد نہیں سنی جائے گی:

یعنی بک بک مت کرو، جو کیا تھا اب اس کی سزا بھگتو۔ آثار سے معلوم ہوتا ہے کہ اس جواب کے بعد پھر فریاد منقطع ہو جائے گی۔ بجز زفیر و شہیق کے کچھ کلام نہ کر سکیں گے۔ العیاذ باللہ۔ (تفسیر عثمانی)

حسن نے کہا دوزخیوں سے یہ آخری کلام ہوگا اس کے بعد وہ کلام نہ کر سکیں گے سوائے دم گھٹنے اور آہیں بھرنے کے اور کوئی بات نہ کر سکیں گے۔ کتوں کی طرح بھونکیں گے نہ خود بات سمجھیں گے نہ اپنی بات سمجھا سکیں گے، قرطبی نے کہا، جب اخْسَئُوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ان سے کہہ دیا جائے گا تو ان کی ساری امیدیں کٹ جائیں گی، بالکل نراس ہو جائیں گے اور ایک دوسرے کی طرف رُخ کر کے بھونکیں گے اس وقت دوزخ اوپر سے بند کر دی جائے گی۔

فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا حَتّٰٓى اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِيْ

پھر تم نے ان کو ٹھٹھوں میں پکڑا یہاں تک کہ بھول گئے ان کے پیچھے میری یاد

وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ﴿۱۱۰﴾

اور تم ان سے ہنستے رہے

دنیا میں مؤمنوں پر ہنستے تھے:

یعنی دنیا میں مسلمان جب اپنے رب کے آگے دعا و استغفار کرتے تو تم کو ہنسی

besturdubooks.wordpress.com

سوجھتی تھی۔ اس قدر ٹھٹھا کرتے اور اُن کے نیک خصلتوں کا اتنا مذاق اڑاتے تھے کہ انکے پیچھے پڑ کر تم نے مجھے بھی یاد نہ رکھا، گویا تمہارے سر پر کوئی حاکم ہی نہ تھا جو کسی وقت ان حرکتوں پر نوٹس لے اور ایسی سخت شرارتوں کی سزا دے سکے۔ (تفسیر عثانی)

اِنِّیْ جَزَیْتُهُمُ الْیَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

میں نے آج دیا ان کو بدلہ اُن کے صبر کرنے کا کہ وہی ہیں مراد کو پہنچنے والے

مؤمنین کے صبر کا اجر:

بیچارے مسلمانوں نے تمہاری زبانی اور عملی ایذاؤں پر صبر کیا تھا، آج دیکھتے ہو تمہارے بالمقابل اُن کو کیا پھل ملا۔ ان کو ایسے مقام پر پہنچا دیا جہاں وہ ہر طرح کامیاب اور ہر قسم کی لذتوں اور مسرتوں سے ہمکنار ہیں۔ (تفسیر عثانی)

قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِی الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِیْنَ ﴿۱۱۲﴾ قَالُوْا

فرمایا تم کتنی دیر رہے زمین میں برسوں کی گنتی سے بولے

لَبِثْنَا یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ فَسْـَٔلِ الْعَآدِّیْنَ ﴿۱۱۳﴾

ہم رہے ایک دن یا کچھ دن سے کم تو پوچھ لے گنتی والوں سے

دنیا کی زندگی بہت کم معلوم ہوگی:

یعنی فرشتوں سے جنہوں نے ہر نیکی بدی گن رکھی ہے یہ بھی گنا ہوگا ''زمین میں رہنا'' یعنی قبر میں رہنا یا دنیا کی عمر، یہ بھی وہاں تھوڑی نظر آئیگی۔ یہ پوچھنا اس واسطے کہ دنیا میں عذاب کی شتابی کیا کرتے تھے، اب جانا کہ شتاب ہی آیا۔ کذا فی موضح القرآن۔ (تفسیر عثانی)

دنیا کی زندگی قلیل کیوں معلوم ہوگی:

(۱) دکھ اور تکلیف کے وقت کو آدمی طویل سمجھتا ہے اور اس سے پہلے گذرے ہوئے زمانے کو چھوٹا جانتا ہے۔ (۲) پچھلی مدت تو گذر چکی تھی اور جو مدت گذر چکے وہ حقیر ہی معلوم ہوتی ہے۔ (۳) آخرت کی زندگی لامحدود ہے اس کے مقابلے میں یہ دنیوی زندگی اور قبر میں رہنے کی مدت بہت ہی کم ہے۔ (۴) پچھلی زندگی خوشی میں گذری اور خوشی کے ایام چھوٹے ہی معلوم ہوتے ہیں۔ یہ آخری توجیہ اس صورت میں صحیح ہوگی جب مدت قیام سے صرف دنیا میں زندگی کی مدت مراد ہو۔ قبر کی مدت مراد نہ ہو کیونکہ نصوص قطعیہ اور اجماع سے ثابت ہے کہ (کافروں کے لئے خصوصیت کے ساتھ) عذاب قبر حق ہے۔ (تفسیر مظہری)

قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِیْلًا لَّوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۱۴﴾

فرمایا تم اُس میں بہت نہیں تھوڑا ہی رہے ہو اگر تم جانتے ہوتے

کاش کہ دنیا میں سمجھ جاتے:

یعنی واقعی دنیا کی عمر تھوڑی ہی تھی۔ لیکن اگر اس بات کو پیغمبروں کے کہنے سے دنیا میں سمجھ لیتے تو کبھی اس متاع فانی پر مغرور ہو کر انجام سے غافل نہ ہوتے اور وہ گستاخیاں اور شرارتیں نہ کرتے جن کا دنیا کے زائل وفانی لذتوں میں پڑ کر ارتکاب کیا۔ (تفسیر عثانی)

لَوْ اَنَّكُمْ تمنائی ہے جس کے اندر توبیخ وملامت بھی ہے، یعنی کاش تم دنیا میں جان لیتے کہ وہاں تمہاری مدت قیام تھوڑی ہے پھر اس زندگی کو کھیل کود، تکمیل خواہشات اور نفس پرستی میں نہ کھودیتے اور آج کے دن کی پیشی کو نہ بھولتے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، دنیا میں ایسے رہو جیسے تم مسافر یا راہ گیر ہو۔ رواہ البخاری عن ابن عمر، امام، ترمذی اور ابن ماجہ کی روایت میں حدیث مذکورہ کے آخر میں یہ بھی ہے کہ اپنے آپ کو قبروں والوں میں شمار کرو۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، آخرت میں یہ دنیا بس ایسی ہوگی جیسے کوئی شخص اپنی انگلی (ذرا) سمندر میں ڈال (کر نکال) لے پھر دیکھے کہ انگلی (سمندر کے پانی سے) کیا لے کر لوٹی۔ رواہ احمد وابن ماجہ ومسلم عن المستورد۔ (تفسیر مظہری)

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ

سو کیا تم خیال رکھتے ہو کہ ہم نے تم کو بنایا کھیلنے کو اور تم

اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾

ہمارے پاس پھر کر نہ آؤ گے

تمہیں یونہی فضول نہیں بنایا:

یعنی دنیا میں تو نیکی بدی کا پورا نتیجہ نہیں ملتا۔ اگر اس زندگی کے بعد دوسری زندگی نہ ہو تو گویا یہ سب کارخانہ محض کھیل تماشہ اور بے نتیجہ تھا۔ سو حق تعالیٰ کی جناب اس سے بہت بلند ہے کہ اُس کی نسبت ایسا رکیک خیال کیا جائے۔ (تفسیر عثانی)

فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَآ اِلٰهَ

سو بہت اوپر ہے اللہ وہ بادشاہ سچا کوئی حاکم

اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِیْمِ ﴿۱۱۶﴾

نہیں اسکے سوائے مالک اُس عزت کے تخت کا

اللہ تعالیٰ وفاداروں کو یونہی نہیں چھوڑے گا:

جب وہ بالا و برتر، شہنشاہ، مالک علی الاطلاق ہے تو ہو نہیں سکتا کہ وفاداروں

besturdubooks.wordpress.com

اور مجرموں کو یوں کس مپرسی کی حالت میں چھوڑ دے۔ (تفسیر عثمانی)

اَلْمَلِكُ الْحَقُّ حقیقی بادشاہ جس کو حکومت کا حق ہے (اور جس کی حکومت واقعی ہے) دوسری مخلوق بالذات مالک نہیں مملوک ہے، (حاکم نہیں محکوم ہے) اس کی مالکیت (اور شاہیت) بالعرض ہے یعنی جب اللہ ہی بادشاہ حقیقی ہے تو اس کا فعل عبث نہیں ہوسکتا۔

اَلْعَرْشِ الْكَرِيْمِ عرش بزرگ۔ اللہ کی پر عظمت تجلیات خصوصی طور پر عرش پر پڑتی ہیں اسی لئے اس کی صفت کریم قرار دی۔ (تفسیر مظہری)

وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ
اور جو کوئی پکارے اللہ کے ساتھ دوسرا حاکم جس کی سند نہیں
لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ
اُس کے پاس، سو اس کا حساب ہے اس کے رب کے نزدیک

یعنی وہاں حساب ہو کر مقدار جرم کے موافق سزا دی جائیگی۔ (تفسیر عثمانی)

اللہ کے سوا دوسرے کی عبادت باطل ہے:

پکارنے سے مراد ہے عبادت کرنا۔ یہ دوسری صفت ہے اللہ کے سوا دوسرے کی عبادت باطل ہے اور باطل کی کوئی دلیل نہیں یہ دوسری صفت یا تو محض تاکیدی ہے یا اس لئے ذکر کی گئی ہے کہ حکم توحید کی بنا اسی پر ہے۔ اس امر پر تنبیہ بھی ہے کہ کوئی ایسا دین اختیار کرنا جس کی کوئی دلیل نہ ہو ممنوع ہے چہ جائیکہ اس (عقیدہ و عمل) کے خلاف دلیل موجود ہو۔ (تفسیر مظہری)

حضرت عمر بن عبدالعزیز کا آخری خطبہ:

امیر المؤمنین حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے آخری خطبے میں اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کے بعد فرمایا کہ لوگو تم بیکار اور عبث پیدا نہیں کئے گئے اور تم مہمل چھوڑ نہیں دیئے گئے، یاد رکھو وعدے کا ایک دن ہے جس میں خود خدائے تعالیٰ فیصلے کرنے اور حکم فرمانے کے لئے نازل ہوگا۔ وہ نقصان میں پڑا اس نے خسارہ اٹھایا وہ بے نصیب اور بد بخت ہو گیا وہ محروم اور خالی ہاتھ رہا جو خدا کی رحمت سے دور ہو گیا اور جنت سے روک دیا گیا جس کی چوڑائی مثل کل زمینوں اور آسمانوں کے ہے۔ کیا تمہیں معلوم نہیں کہ کل قیامت کے دن وہ عذاب خدا سے بچ جائے گا جس کے دل میں اس دن کا خوف آج ہے اور جو اس فانی دنیا کو اس باقی آخرت پر قربان کر رہا ہے، اس تھوڑے کو اس بہت کے حاصل کرنے کے لئے بے تکان خرچ کر رہا ہے اور اپنے اس خوف کو امن سے بدلنے کے اسباب مہیا کر رہا ہے۔ کیا تم نہیں دیکھتے کہ تم سے اگلے ہلاک ہوئے جن کے قائم مقام اب تم ہو اسی طرح تم بھی مٹا دیئے جاؤ گے اور تمہارے بدلے آئندہ آنے والے آئیں گے یہاں تک کہ ایک وقت آئے گا کہ ساری دنیا سمٹ کر اس خیر الوارثین کے دربار میں حاضر کی جائیگی، لوگو خیال تو کرو کہ تم دن رات اپنی موت سے قریب ہو رہے ہو اور اپنے قدموں اپنی گور کی طرف جا رہے ہو تمہارے پھل پک رہے ہیں تمہاری امیدیں ختم ہو رہی ہیں تمہاری عمریں پوری ہو رہی ہیں تمہاری اجل نزدیک آ گئی ہے تم زمین کے گڑھوں میں دفن کر دیئے جاؤ گے جہاں نہ کوئی بستر ہوگا نہ تکیہ، دوست احباب چھوٹ جائیں گے حساب کتاب شروع ہو جائے گا۔ اعمال سامنے آ جائیں گے جو چھوڑ آئے ہو وہ دوسروں کا ہو جائے گا جو آگے بھیج چکے اسے سامنے پاؤ گے نیکیوں کے محتاج ہو گے بدیوں کی سزائیں بھگتو گے۔ اے اللہ کے بندو اللہ سے ڈرو اس کی باتیں سامنے آ جائیں۔ اس سے پہلے موت تم کو اچک لے جائے، اس سے پہلے جوابدہی کے لئے تیار ہو جاؤ۔ اتنا کہا تھا جو رونے کے غلبے نے آواز بلند کر دی منہ پر چادر کا کونہ ڈال کر رونے لگے اور حاضرین کی بھی آہ وزاری شروع ہو گئی۔

جن کا علاج:

ابن ابی حاتم میں ہے کہ ایک بیمار شخص جسے کوئی جن ستا رہا تھا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا تو آپ نے اسے سورت کے ختم تک کی آیتیں اس کے کان میں تلاوت فرمائیں۔ وہ اچھا ہو گیا۔ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا ذکر آیا تو آپ نے فرمایا عبداللہ تم نے اس کان میں کیا پڑھا تھا؟ آپ نے بتلا دیا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم نے یہ آیتیں اس کے کان میں پڑھ کر اسے جلا دیا، واللہ ان آیتوں کو اگر کوئی باایمان بایقین شخص کسی پہاڑ پر پڑھے تو وہ بھی اپنی جگہ سے ٹل جائے۔

غرق ہونے سے تحفظ کی دُعاء:

حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں میری امت کا ڈوبنے سے بچاؤ کشتیوں میں سوار ہونے کے وقت یہ کہنا ہے، بِسْمِ اللّٰهِ الْمَلِكِ الْحَقِّ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسٰهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ. (ابن کثیر)

اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ
بیشک بھلا نہ ہوگا منکروں کا اور تو کہہ اے رب معاف کر
وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝
اور رحم کر اور تو ہے بہتر سب رحم والوں سے

besturdubooks.wordpress.com

دُعائے مغفرت:

یعنی ہماری تقصیرات سے درگذر فرما اور اپنی رحمت سے دنیا و آخرت میں سرفراز کر۔ تیری رحمت بے نہایت کے سامنے کوئی چیز مشکل نہیں۔

آخری آیات کا ورد رکھنا چاہئے:

اَفَحَسِبْتُمْ سے ختم سورۃ تک کی یہ آیتیں بہت بڑی فضیلت اور تاثیر رکھتی ہیں، جس کا ثبوت بعض احادیث سے ہوا ہے اور مشائخ نے تجربہ کیا ہے۔ چاہئے کہ ان آیات کا ورد رکھا جائے، خاتمہ پر وہ دعا تبرکاً و تفاؤلاً نقل کرتا ہوں جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق کو تلقین فرمائی کیونکہ اُس کے الفاظ ان آیات کے مناسب ہیں اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا كَثِيْرًا وَ اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْ لِیْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ۔

تم سورۃ المؤمنون بفضلہ ومنہ وحسن توفیقہ ونرجو منہ اکمال بقیۃ الفوائد۔

(تفسیر عثمانی)

وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ اور آپ کہا کریں اے میرے رب (میری خطائیں) معاف کردے اور (میرے حال پر) رحم فرما تو سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔ یعنی اے اللہ تو میری تمام خطاؤں کو معاف فرمادے (خطاؤں کی معافی کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ہر تکلیف دہ ضرر رساں چیز سے حفاظت ہو جائے گی) اور مجھ پر رحم فرما (ہر طرح کے رحم کرنے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ اللہ ہر فائدہ بخش چیز عنایت فرما دیگا۔ مغفرت کا لازمی نتیجہ دفع مضرت ہے اور رحمت کا لازمی نتیجہ حصول منفعت)۔

اختتام سورۃ و آغاز سورۃ کا ربط: شروع سورت میں اہل ایمان کے لئے فلاح کو ثابت کیا اور اخیر سورت میں کافروں سے فلاح کی نفی کی۔

نبی اور امت کی دُعاء: اے نبی آپ اور آپ کے متبعین ہمیشہ یہ دعا مانگا کریں۔ اے میرے پروردگار ہمارا قصور معاف فرما اور ہم پر اپنی خاص رحمت فرما یعنی ہم کو اعمال صالحہ کی توفیق عطا فرما۔ اور ایمان پر قائم رکھ اور تو سب رحم کرنے والوں سے بہتر رحم کرنے والا ہے۔ کہ تیری رحمت کے بعد کسی کی رحمت کی حاجت نہیں رہتی۔

مقصود امت کو تعلیم ہے کہ اس طرح دعا مانگا کریں۔ گناہوں سے استغفار بھی فلاح کا ذریعہ ہے اگر اعمال صالحہ میں کوتاہی ہو تو استغفار سے گریز نہ کرے۔ کما قال اللہ تعالیٰ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ۔

مجاہدین کا ورد: اَفَحَسِبْتُمْ سے لے کر ختم سورت تک یہ آیتیں بڑی فضیلت رکھتی ہیں۔ ایک حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جہاد کے لئے ایک سَریۃ (چھوٹا لشکر) روانہ فرمایا اور یہ حکم دیا کہ صبح اور شام یہ آیتیں پڑھا کریں یعنی اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا الخ

صحابہ کہتے ہیں کہ ہم نے حسب الارشاد یہ آیتیں پڑھیں تو ہم صحیح سالم مال غنیمت لے کر واپس آئے۔ اخرجہ ابن السنی وابن مندہ و ابو نعیم بسند حسن — روح المعانی ص:۶۵ ج ۱۸

پہاڑ اپنی جگہ سے ہٹ جائے:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا ایک مصیبت زدہ شخص پر گزر ہوا جس کے کان میں تکلیف تھی۔ عبداللہ بن مسعود نے اَفَحَسِبْتُمْ سے لے کر آخر سورت تک آیتیں پڑھ کر اس کے کان میں دم کیں تو وہ اچھا ہو گیا۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جب اس کا علم ہوا تو یہ فرمایا کہ قسم ہے اس ذات پاک کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے۔ اگر یقین والا مرد اس کو پہاڑ پر پڑھ دے تو وہ پہاڑ اپنی جگہ سے ہٹ جائے۔ اخرجہ الحکیم و الترمذی وابن المنذر وابو نعیم فی الحلیۃ و اخرون عن ابن مسعود (روح المعانی ص:۶۵ ج ۱۸، وتفسیر قرطبی ص:۱۵۷، ج ۱۲) (معارف کاندھلویؒ)

الحمدللہ سورۃ المؤمنون ختم ہوئی

besturdubooks.wordpress.com

سورة النور

جس نے اس کی خواب میں تلاوت کی اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ ان لوگوں میں سے ہوگا جو امر کو بالمعروف ونہی عن المنکر کرتے ہیں اور اللہ کیلئے کسی سے محبت کریگا اور اللہ ہی کیلئے بغض رکھے گا دنیا میں اس کو کوئی مرض لاحق ہوگا۔ (علامہ ابن سیرینؒ)

سُوْرَةُ النُّوْرِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ اَرْبَعٌ وَّسِتُّوْنَ اٰيَةً وَّتِسْعُ رُكُوْعَاتٍ
سورۂ نور مدینہ میں نازل ہوئی اور اُس کی چونسٹھ آیتیں اور نو رکوع ہیں
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے
سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا فِيْهَآ
یہ ایک سورت ہے کہ ہم نے اُتاری اور ذمہ پر لازم کی اور اتاریں اس میں
اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ①
باتیں صاف تاکہ تم یاد رکھو

سورۂ نور کے مضامین:

یہ سورۃ بعض نہایت ضروری احکام وحدود، امثال ومواعظ، حقائق توحید اور بہت ہی اہم تنبیہات واصلاحات پر مشتمل ہے اس کا سب سے زیادہ ممتاز اور سبق آموز حصہ وہ ہے جس کا تعلق قصہ "افک" سے ہے۔ اُم المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر منافقین نے جو جھوٹی تہمت لگائی تھی اُس میں بعض سادہ دل اور مخلص مسلمانوں کے پائے استقامت کو بھی قدرے لغزش ہوگئی تھی جس کا خطرناک اثر نہ صرف عائشہ صدیقہؓ کی پوزیشن پر پڑتا تھا، بلکہ ایک حیثیت سے خود پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ مجد وشرف تک پہنچتا تھا، اس لئے ضروری ہوا کہ قرآن کریم پورے اہتمام اور قوت سے ایسی خوفناک غلط کاری یا غلط فہمی کی اصلاح کرے اور ہمیشہ کے لئے ایمانداروں کے کان کھول دے کہ آئندہ کبھی دشمنوں کے پروپیگنڈے سے متاثر ہوکر ایسی ٹھوکر نہ کھائیں پیغمبر علیہ السلام کا مرتبہ رفیع یا امہات المومنین کی پاک ومحترم حیثیت ایسی نہیں جسکے سمجھنے اور یاد رکھنے میں کوئی مسلمان کسی وقت بھی ذرا تساہل روا رکھے۔ شاید اسی لئے سورت کا آغاز ان الفاظ سے فرمایا سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا الخ تا مخاطبین سمجھ لیں کہ اس کے مضامین ایک خاص اہمیت رکھتے ہیں اور بہت زیادہ محفوظ رکھنے اور لازم پکڑنے کے مستحق ہیں۔ اور جو صاف صاف نصیحتیں اور کھری کھری باتیں اس سورت میں بیان فرمائی گئی ہیں، اس لائق ہیں کہ ہر مسلمان اُن کو حرز جان بنائے اور یاد رکھے۔ ایک منٹ کے لئے اُس سے غفلت نہ کرے ورنہ دین ودنیا کی تباہی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

سورۂ نور میں بیان کئے گئے احکام کی اہمیت:

اس سورت کی پہلی آیت تو بطور تمہید کے ہے جس سے اسکے احکام کا خاص اہتمام بیان کرنا مقصود ہے اور احکام میں سب سے پہلے زنا کی سزا کا ذکر جو مقصود سورت، عفت اور اُس کے لئے نگاہوں تک کی حفاظت، بغیر اجازت کسی کے گھر میں جانے اور نظر کرنے کی ممانعت کے احکام آگے آنیوالے ہیں زنا کا ارتکاب ان تمام احتیاطوں کو توڑ کر عفت کے خلاف انتہائی حد پر پہنچنا اور احکام الٰہیہ کی کھلی بغاوت ہے۔ اسی لئے اسلام میں انسانی جرائم پر جو سزائیں (حدود) قرآن میں متعین کر دی گئی ہیں زنا کی سزا بھی ان تمام جرائم کی سزا سے اشد اور زیادہ ہے زنا خود ایک بہت بڑا جرم ہونے کے علاوہ اپنے ساتھ سینکڑوں جرائم لیکر آتا ہے اور اُسکے نتائج پوری انسانیت کی تباہی ہے دنیا میں جتنے قتل وغارتگری کے واقعات پیش آتے ہیں تحقیق کی جائے تو ان میں بیشتر کا سبب کوئی عورت اور اُس سے حرام تعلق ہوتا ہے اس لئے شروع سورت میں اس انتہائی جرم وبے حیائی کا قلع قمع کرنے کے لئے اس کی حد شرعی بتلائی گئی ہے۔ (معارف القرآن مفتی اعظم)

حضرت مریم علیہا السلام اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی عفت پر ایمان لانا فرض ہے:

جس طرح حضرت مریم صدیقہ کی عفت وعصمت پر ایمان لانا فرض ہے اور اس میں شک کرنا کفر ہے اسی طرح عائشہ صدیقہ بنت صدیق کی عفت وعصمت پر ایمان لانا فرض ہے اور عائشہ صدیقہ کی عصمت اور نزاہت میں شک کرنا کفر اور ارتداد ہے، دونوں کی عفت وعصمت نص قرآنی سے ثابت ہے اور نص قرآنی کا انکار کفر اور ارتداد ہے۔ (معارف کاندھلوی)

اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا
بدکاری کرنے والی عورت اور مرد سو مارو ہر ایک کو دونوں میں سے
مِائَةَ جَلْدَةٍ
سو سو سو درّے

زانی کی سزا: یہ سزا اُس زانی اور زانیہ کی ہے جو آزاد، عاقل، بالغ ہو اور نکاح کئے ہوئے نہ ہو یا نکاح کرنے کے بعد ہمبستری نہ کر چکے ہوں اور جو آزاد نہ ہو

besturdubooks.wordpress.com

اسکے پچاس دُرّے لگتے ہیں، اُس کا حکم پانچویں پارہ کے اول رکوع کے ختم پر مذکور ہے۔ اور جو عاقل یا بالغ نہ ہو وہ مکلف ہی نہیں اور جس مسلمان میں تمام صفتیں موجود ہوں (حریت بلوغ، عقل، نکاح اور ہمبستری سے فراغ) ایسے شخص کو ''محصن'' کہتے ہیں۔ اُس کی سزا ''رجم'' (سنگسار کرنا) ہے جیسا کہ سورۂ مائدہ میں ''تورات'' کے حوالہ سے فرمایا وَكَيْفَ يُحَكِّمُوْنَكَ وَعِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ فِيْهَا حُكْمُ اللّٰهِ الخ اور وہ حکم اللہ رجم تھا جیسا کہ وہاں کے فوائد میں گذر چکا۔

زناء اور قتل عمد اور مرتد کی سزا میں تورات کا حکم باقی رکھا گیا:

چنانچہ نبی کریم نے اس کے موافق فیصلہ کیا اور فرمایا ''اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَوَّلُ مَنْ اَحْیَآ اَمْرَكَ اِذْ اَمَاتُوْهُ'' (خدایا! میں پہلا شخص ہوں جس نے تیرے حکم کو زندہ کیا جبکہ وہ اُسے مٹا چکے تھے) پھر نہ صرف اُن یہود کو بلکہ جس قدر واقعات اس قسم کے پیش آئے اُن سب میں زانی محصن کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی رجم کی سزا دی، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد صحابہ رضی اللہ عنہم کا عمل برابر اسی قانون رجم پر رہا۔ بلکہ اہل سنت والجماعت میں کسی ایک شخص نے بھی اس سے اختلاف کی جرأت نہ کی۔ گویا سنت متواترہ اور اجماع اہل حق نے بتلا دیا کہ اس مسئلہ میں شریعت محمدیہ نے تورات کے حکم کو باقی رکھا ہے جیسا کہ قتل عمد کی سزا قتل ہونا قرآن کریم نے بحوالہ تورات بیان فرمایا تھا وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَآ اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ الخ اور مرتدین کے قتل کا بنی اسرائیل کو حکم دینا سورۂ ''بقرہ'' میں بیان کیا گیا۔ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ پھر ان ہی احکام کو اُمت محمدیہ کے حق میں بھی قائم رکھا گیا۔

ان احکام کی حفاظت فرض ہے:

شاید رجم محصن اور مسئلہ قصاص کو نقل کرنے کے بعد جو بڑی شدت و تاکید سے ترک حکم بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ کی بُرائی بیان فرمائی اور آخر میں ارشاد ہوا وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ الخ اس سے یہ ہی غرض ہو کہ تورات کے یہ احکام اب قرآن کے زیر حفاظت ہیں جن کے قائم رکھنے میں پیغمبر کو کسی کی اہواء و آراء کی پروا نہیں کرنی چاہئے۔ چنانچہ نہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پروا کی نہ آپ کے خلفاء نے۔ حتی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو جب رجم محصن کے متعلق یہ اندیشہ ہوا بلکہ مکشوف ہو گیا کہ آگے چل کر بعض زائغین اس کا انکار کرنے لگیں گے (چنانچہ خوارج نے اور ہمارے زمانہ کے ایک ممسوخ فرقہ نے کیا) تو آپ نے منبر پر چڑھ کر صحابہ و تابعین کے مجمع میں اس حکم خداوندی کا بہت شد و مد سے اعلان فرمایا اور اس میں قرآن کی ایک آیت کا حوالہ دیا جس میں رجم محصن کا صریح حکم تھا اور جس کی تلاوت گو بعد میں منسوخ ہو گئی مگر حکم برابر باقی رہا۔

(تنبیہ) کسی آیت کا محض منسوخ التلاوت ہونا اور حکم باقی رہنا یہ ایک مستقل مسئلہ ہے جسکی تحقیق ان مختصر فوائد میں درج نہیں ہو سکتی۔ انشاء اللہ العزیز اگر مستقل تفسیر قرآن لکھنے کی نوبت آئے تو وہاں لکھا جائے گا۔ (تفسیر عثمانی)

وہ لوگ جو رحمت سے محروم ہیں

مسند احمد میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں تین قسم کے لوگ ہیں جو جنت میں نہ جائیں گے اور جن کی طرف اللہ تعالیٰ نظر رحمت سے نہ دیکھے گا (۱) ماں باپ کا نافرمان (۲) وہ عورتیں جو مردوں کی مشابہت کریں (۳) اور دیوث، اور تین قسم کے لوگ ہیں جن کی طرف اللہ تعالیٰ نظر رحمت سے نہ دیکھے گا (۱) ماں باپ کا نافرمان (۲) ہمیشہ کا نشے کا عادی (۳) اور راہ خدا میں دے کر احسان جتانے والا۔ مسند میں ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں تین قسم کے لوگ ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے جنت حرام کر دی ہے ہمیشہ کا شرابی، ماں باپ کا نافرمان اور اپنے گھر والوں میں خباثت کو برقرار رکھنے والا۔ (تفسیر ابن کثیر)

کوڑے مارنے کا طریقہ: فَاجْلِدُوْا کہنے سے اس طرف اشارہ ہے کہ صرف جلد بدن پر مارو۔ ایسا نہ مارو جو کھال کو اُدھیڑ کر گوشت تک پہنچ جائے۔ اسی سے فقہاء نے مسئلہ ذیل کا استنباط کیا ہے۔

مسئلہ: ایسے درمیانی سائز کے کوڑے سے مارا جائے جس کے سرے پر گھنڈی (گانٹھ) نہ ہو اور ضرب بھی درمیانی طور پر ماری جائے۔ ابن ابی شیبہ نے حنظلہ سدوسی کا قول نقل کیا ہے کہ حضرت انس بن مالک فرماتے تھے، حکم دیا جاتا تھا کہ کوڑے کی گھنڈی کاٹ دی جائے، پھر اس کے سرے کو دو پتھروں میں رکھ کر خوب کوٹ دیا جائے پھر مارا جائے۔ حنظلہ کا بیان ہے، میں نے دریافت کیا حضرت کس کے زمانہ میں ایسا کیا جاتا تھا فرمایا حضرت عمر بن خطاب کے عہد (خلافت) میں۔

عبدالرزاق نے یحییٰ بن ابی کثیر کی روایت سے بیان کیا ہے کہ ایک شخص نے خدمتِ گرامی میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے ایسے جرم کا ارتکاب ہو گیا ہے جو موجب حد ہے اس لئے مجھ پر حد (شرعی) جاری فرما دیجئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کوڑا طلب فرمایا، حکم کی تعمیل کی گئی، لیکن جو کوڑا پیش کیا گیا وہ سخت بھی تھا اور اس میں (سرے پر) گھنڈی تھی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس سے کم (سخت) لاؤ۔ حسب الحکم ایک اور کوڑا پیش کیا گیا جو شکستہ بھی تھا اور نرم بھی فرمایا اس سے اونچے درجہ کا لاؤ (یعنی اتنا نرم بھی نہ ہو اور پہلے کوڑے کی طرح سخت اور گرہ دار بھی نہ ہو) چنانچہ درمیانی حیثیت کا کوڑا لایا گیا، فرمایا، یہ ٹھیک ہے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کوڑے سے اس شخص کو پٹوایا۔ ابن ابی شیبہ نے زید بن اسلم کی روایت سے بھی یہ حدیث بیان کی ہے اور امام مالک نے موطا میں بھی اس کو ذکر کیا ہے۔

نکتہ: زنا کی رغبت کا ظہور عموماً عورت کی طرف سے پہلے ہوتا ہے وہ

besturdubooks.wordpress.com

اکثر مردوں کے سامنے خودنمائی کرتی ہے اس لئے آیت میں زانیہ کا لفظ زانی کے لفظ سے پہلے ذکر کیا اور چوری کا صدور عام طور پر مردوں سے ہی ہوتا ہے اس لئے آیت سرقہ میں السّارق کا ذکر السارقة سے پہلے کیا۔

مسئلہ: علمائے امت اسلامیہ کا اتفاق ہے کہ اگر زانی اور زانیہ آزاد، عاقل، بالغ اور کنوارے ہوں تو ہر ایک کے سو کوڑے مارے جائیں اس آیت میں یہی حکم دیا گیا ہے۔ اس سے زیادہ اور کوئی سزا امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک نہیں دی جاسکتی۔

حضرت زید بن خالد کا بیان ہے میں نے خود سُنا کہ کتخدا زانی کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمارہے تھے، سو کوڑے مارنا اور ایک سال کی جلاوطنی۔ رواہ البخاری۔

صحیحین میں حضرت زین بن خالد اور حضرت ابوہریرہ کی روایت سے آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں دو شخصوں نے اپنا مقدمہ پیش کیا، ایک نے کہا کتاب اللہ کے موافق ہمارے درمیان فیصلہ کردیجئے اور مجھے کچھ بولنے کی اجازت دیجئے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیان کرو۔ اس شخص نے کہا میرا بیٹا اس شخص کے پاس مزدور تھا۔ میرے بیٹے نے اس کی بیوی سے زنا کیا، لوگوں نے مجھ سے کہا کہ تیرے بیٹے کو سنگسار کی سزا دی جائے گی میں نے سزا سے بچانے کے لئے بطور معاوضہ اس شخص کو سو بکریاں اور ایک باندی دیدی، پھر علماء سے دریافت کیا تو انہوں نے کہا تیرے بیٹے کو سو کوڑے مارے جائیں گے اور ایک سال کے لئے شہر بدر کیا جائے گا اور اس عورت کو سنگسار کیا جائے گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان سننے کے بعد فرمایا قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے میں تم دونوں کا فیصلہ کتاب اللہ کے موافق کروں گا، تیری بکریاں اور باندی تو واپس کی جائیں گی اور تیرے بیٹے کو سو کوڑے مارے جائیں گے اور ایک سال کے لئے شہر بدر کیا جائے گا اور (حضرت انسؓ کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا) اُنس اُٹھ اور میرے پاس اس شخص کی عورت کو لوٹا کر لے آ۔ اگر وہ اقرار کرلے تو اس کو سنگسار کردے، چنانچہ اس عورت نے اقرار کرلیا اور اس کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سنگسار کرادیا۔

امام مالک اور امام شافعیؒ کا مسلک:

امام مالک نے شہر بدر کرنے کا حکم صرف مردوں کے لئے خاص قرار دیا ہے، اور عورتوں کے لئے شہر بدر کرنے کی اجازت نہیں دی۔ اور امام شافعی نے محرم کے ہمراہ ہونے کی شرط لگائی ہے۔

طحاوی نے لکھا ہے کہ جب عورتوں کے لئے تنہا سفر کرنے کی وجہ سے شہر بدر کرنے کا حکم ان کے لئے باقی نہیں رہا تو مردوں کو شہر بدر کرنے کی نفی بھی اس سے نکل آئی۔

جلاوطنی حدِّ زناء کا حصہ نہیں ہے:

طحاوی نے لکھا ہے کہ حدِّ زنا میں تغریب (جلاوطنی) داخل نہیں اس کا ثبوت حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث سے ہوتا ہے۔ حضرت ابوہریرہؓ کا بیان ہے میں نے خود سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمارہے تھے اگر تم میں سے کسی کی باندی زنا کرے اور فعل زنا ثابت ہوجائے تو اس کو کوڑے لگائے جائیں اور ڈانٹ ڈپٹ یا زجروتوبیخ نہ کرے۔

ابن ہمام نے لکھا ہے کہ کوئی حدیث ایسی نہیں کہ جس سے تغریب واجب کا وجوب اس طرح ثابت ہوتا ہو کہ ہم اس کو بطریق حد (زناء) واجب قرار دے سکیں۔ ہاں اقامتِ حد (یعنی سزائے تازیانہ کے بعد) اگر حاکم وقت کی مصلحت عامہ کا تقاضا ہو اور وہ شہر بدر بھی کردے تو اس کو ناجائز نہیں کہا جاسکتا۔

عبدالرزاق نے زہری کی روایت سے سعید بن مسیّب کا بیان نقل کیا ہے کہ حضرت عمر نے شراب خوری کی سزا میں ربیعہ بن امیہ کو جلاوطن کر کے خیبر بھیج دیا ربیعہ ہرقل سے جا کر مل گیا اور عیسائی ہوگیا حضرت عمر کو جب یہ اطلاع ملی تو فرمایا آئندہ میں کسی مسلمان کو جلاوطنی کی سزا نہیں دوں گا۔

حدّ کے علاوہ جلاوطنی حاکم کا صوابدیدی عمل ہے:

اگر حاکم وقت مصلحت سمجھے کہ سزاء تازیانہ کے ساتھ شہر بدر بھی کرسکتا ہے بمصلحتِ حاکم شہر بدر کرنا جائز ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث تغریب اور حضرت ابوبکر و حضرت عمر و حضرت عثمان کے فیصلے جو روایت میں آتے ہیں ان سب کا مطلب یہی ہے (کہ حاکم کا یہ اختیار تمیزی ہے اگر وہ چاہے تو جلاوطن بھی کردے) شہر بدر کرنے کا جواز صرف زنا کی صورت میں ہی نہیں ہے بلکہ حاکم اگر مصلحت سمجھے تو ہر مفسد کو جلاوطن کرسکتا ہے۔

طحاوی نے حضرت عمرو بن شعیب کی روایت سے بیان کیا ہے کہ ایک شخص نے اپنے غلام کو قتل کردیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے سو کوڑے لگوائے پھر اس کو ایک سال کے لئے شہر بدر کردیا اور (اس کا حصہ) مسلمانوں کی فہرست سے خارج کردیا اور ایک بردہ آزاد کرنے کا اسکو حکم دیا۔

سعید بن منصور راوی ہیں کہ ایک شخص نے رمضان میں شراب پی تھی حضرت عمر نے اس کو دو سو کوڑے لگوائے اور جلاوطن کر کے شام کی طرف بھیج دیا۔ بخاری نے اس روایت کے ایک حصہ کو بطور تعلیق بیان کیا ہے۔ بغوی نے الجعدیات میں اتنا زائد بیان کیا ہے کہ حضرت عمر جب کسی شخص پر غضبناک ہوتے تھے تو اس کو شام کی طرف بھیج دیتے تھے بیہقی کی روایت میں آیا ہے کہ بصرہ کی طرف جلاوطن کر کے بھیج دیتے تھے۔ عبدالرزاق نے بوساطت معمر از ایوب از نافع بیان کیا کہ حضرت عمر نے فدک کی طرف (ایک شخص کو) شہر بدر کر کے بھیج دیا۔

ترک معصیت اور تزکیہ کیلئے ہجرت:

مشائخ کرام اسی لئے اگر کسی مرید کے اندر غلبۂ نفسانیت محسوس کرتے تو اس کو (کچھ مدت کے لئے) ترک وطن کا حکم دیدیتے تھے تاکہ اس کی

besturdubooks.wordpress.com

نفسانیت کا غلبہ ٹوٹ جائے اور دل میں نرمی آجائے۔

میں کہتا ہوں اگر کسی مسلمان کو کوئی حاکم مبتلائے معصیت دیکھے اور اس مسلمان کو اپنے کیے پر ندامت بھی ہو اور وہ اپنے قصور پر شرمندہ بھی ہو تو اس کو سفر کرنے اور وطن کو (کچھ مدت کے لئے) چھوڑ دینے کا حکم دیدے لیکن جو مجرم اپنے قصور پر شرمندہ اور پشیمان نہ ہو اس کی سزا یہ ہے کہ جب تک توبہ نہ کرے ساری زمین سے اس کو نکال دیا جائے۔ ساری زمین سے نکال دینے کا مطلب یہ ہے کہ اس کو قید کر دیا جائے۔ واللہ اعلم۔

سنگسار کرنا احادیث متواترہ سے ثابت ہے:

اگر زانی اور زانیہ شادی شدہ ہوں تو ان کو سنگسار کیا جائے گا، صحابۂ کرام کا اس پر اتفاق ہے بعد کے علماء کا بھی اس پر اجماع ہے۔ صرف خارجی اس کے منکر ہیں کیونکہ اجماع صحابہ اور خبر آحاد کا وہ انکار کرتے ہیں اور دعویٰ کرتے ہیں کہ رجم (سنگسار کرنے) کا حکم قرآن سے ثابت نہیں۔ خبر آحاد میں آیا ہے اور خبر آحاد موجب حکم نہیں۔ صحیح بات یہ ہے کہ رجم کا حکم احادیث متواترہ سے ثابت ہے۔

حضرت عمرؓ کا خطبہ:

بیہقی کی روایت ہے کہ حضرت عمر نے خطبہ دیا اور خطبہ میں فرمایا، اللہ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو نبی برحق بنا کر بھیجا اور آپ پر کتاب نازل فرمائی۔ نازل کردہ آیات میں آیت رجم بھی نازل فرمائی ہم نے وہ آیت پڑھی اور یاد رکھی (آیت یہ تھی) اَلشَّیْخُ وَالشَّیْخَۃُ اِذَا زَنَیَا فَارْجُمُوْ هُمَا اَلْبَتَّۃَ نَکَالًا مِّنَ اللّٰہِ وَاللّٰہُ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ۔ بوڑھا مرد اور بوڑھی عورت جب زنا کریں تو دونوں کو قطعاً اللہ کی طرف سے سزا کے طور پر سنگسار کر دو اور اللہ غالب اور حکمت والا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رجم کرایا اور ہم نے بھی آپ کے بعد رجم کرایا اس حدیث کے آخر میں ہے کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا، اگر یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ لوگ کہنے لگیں گے عمر نے کتاب اللہ میں اضافہ کر دیا تو میں مصحف کے حاشیہ پر آیت رجم لکھ دیتا ابوداؤد نے حضرت عمر کا خطبہ نقل کیا ہے اس خطبہ میں یہ بھی ہے کہ حضرت عمر نے فرمایا مجھے ڈر ہے کہ جب طویل زمانہ گذر جائے گا تو لوگ کہنے لگیں گے کہ رجم کا حکم ہم کو کتاب اللہ میں نہیں ملتا۔ ترمذی کی روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں (حضرت عمر نے خطبہ میں فرمایا مجھے یہ بات پسند نہیں کہ لوگ کہیں عمر نے کتاب اللہ میں اضافہ کر دیا، اگر یہ خیال نہ ہوتا تو میں اس کو قرآن میں لکھ دیتا۔ کیونکہ مجھے ڈر لگا ہوا ہے کہ آئندہ کچھ لوگ آئیں گے اور اس آیت کو قرآن میں نہیں پائیں گے تو اس کے منکر ہو جائیں گے (اور کہیں گے رجم کی کوئی آیت قرآن میں نہیں ہے) حضرت عمر نے یہ خطبہ صحابہ کے سامنے دیا تھا اور کسی نے بھی اس کا انکار نہیں کیا (معلوم ہوا کہ آیت رجم کا قرآن میں ہونا اجماعی ہے) حاکم اور طبرانی نے حضرت ابوامامہ کی روایت سے حدیث مذکور ان الفاظ کے ساتھ نقل کی ہے بوڑھا مرد اور بوڑھی عورت جب زنا کریں تو ان کو ان کی لذت اندوزی کی پاداش میں سنگسار کر دو۔

صحیح ابن حبان میں آیا ہے کہ سورۃ احزاب سورۂ بقرہ کے برابر تھی اور اس میں آیت رجم الشیخ و الشیخة اذا زنیا الخ بھی تھی۔

تین چیزیں جو مسلمان کا خون حلال کرتی ہیں:

صحیحین میں حضرت ابن مسعودؓ کی روایت سے آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو مسلمان لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کی شہادت دیتا ہو اس کا خون حلال نہیں مگر تین وجوہ میں سے کسی ایک وجہ سے (۱) جان کے بدلے جان یعنی قصاص کی وجہ سے (۲) یا شادی شدہ زانی ہو (۳) یا دین سے نکل گیا ہو جماعت (مسلمین) کو چھوڑ کر علیحدہ ہو گیا ہو۔

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف کا بیان ہے کہ جس روز حضرت عثمان کے گھر کا محاصرہ کیا گیا تھا اس روز دریچہ سے باہر گردن نکال کر آپ نے فرمایا میں تم لوگوں کو اللہ کی قسم دیکر دریافت کرتا ہوں کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا تھا کہ مسلمان کا خون حلال نہیں مگر تین وجوہ میں کسی ایک وجہ سے (۱) شادی شدہ ہونے کے بعد اس نے زنا کیا ہو (۲) مسلمان ہونے کے بعد مرتد ہو گیا ہو (۳) یا ناحق کسی کو قتل کر دیا ہو۔ پس خدا کی قسم میں نے زنا نہیں کیا نہ اسلامی دور سے پہلے نہ اسلام کی حالت میں اور نہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت کرنے کے بعد میں اسلام سے پھرا اور نہ کسی کو ناحق قتل کیا جس کو قتل کرنا اللہ نے حرام کیا ہو تو پھر تم لوگ مجھے کیوں قتل کرتے ہو۔ رواہ الترمذی والنسائی و ابن ماجة والدارمی۔ ورواہ الشافعی فی مسندہ و رواہ البزار والحاکم۔ حاکم نے اس کو بر شرط شیخین صحیح قرار دیا ہے ورواہ البیہقی وابو داؤد۔ بخاری نے حسب روایت ابوقلابہ اس حدیث کو فعلی قرار دیا ہے، حضرت ابوقلابہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ نے کسی کو قتل نہیں کیا مگر تین وجوہ سے (اگر) کسی نے (ناحق) قتل کیا تو اس کو (قصاص میں) قتل کیا گیا۔ یا شادی شدہ ہوتے ہوئے کسی نے زنا کیا (تو اس کو سنگسار کیا گیا) یا کوئی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے لڑا اور اسلام سے مرتد ہو گیا (تو اس کو قتل کیا)۔

حضرت ماعز رضی اللہ عنہ کی سنگساری:

صحیح حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ماعز بن مالک کو سنگسار کرایا تھا جبکہ انہوں نے خود زنا کا اقرار کیا تھا، رواہ مسلم والبخاری من حدیث ابن عباس ورواہ الترمذی وابن ماجة من حدیث ابی ہریرہ۔

حضور نے غیر محصن مرد کو کوڑے لگوائے اور محصنہ عورت کو سنگسار کرایا

صحیحین میں حضرت زید بن خالد کی روایت کردہ حدیث پہلے نقل کی جا

besturdubooks.wordpress.com

چکی ہے جس میں ذکر کیا گیا ہے کہ ایک شخص کے مزدور نے اس کی بیوی سے زنا کیا تھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے زانی کے تو کوڑے لگوائے اور ایک سال کے لئے شہر بدر کرنے کا حکم دیا۔ اور حضرت انس سے فرمایا، انیس اٹھ کر جا، اگر عورت اعتراف کرلے تو اس کو سنگسار کردے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نہیں فرمایا کہ پہلے اس کے کوڑے مارنا اور پھر سنگسار کرنا۔

ایک صاحب کی بیوی کی سنگساری:

طحاوی نے حضرت ابوواقد لیثی اشجعی صحابی کا بیان نقل کیا ہے، حضرت ابو واقد نے فرمایا، ہم حضرت عمر کے پاس موجود تھے۔ ایک شخص حاضر ہوا، اور اس نے عرض کیا امیر المؤمنین میری بیوی نے زنا کا ارتکاب کیا ہے، اور وہ اس فعل کا اعتراف کرتی ہے، حضرت عمر نے مجھ کو چند لوگوں کے ساتھ اس عورت کے پاس دریافت کرنے کے لئے بھیجا۔ حسب الحکم ہم نے جا کر دریافت کیا اس عورت نے وہی بیان کیا جو اس کے شوہر نے کہا تھا اور کہا میرے شوہر نے سچ کہا، ہم نے یہ اطلاع حضرت عمر کو جا کر دیدی۔ آپ نے اس عورت کو سنگسار کرنے کا حکم دیدیا۔ سنگسار کرنے سے پہلے کوڑے نہیں لگوائے اور یہ واقعہ صحابہ کی جماعت کے سامنے کا ہے (کسی نے اس کا انکار نہیں کیا)۔

ایک خاتون کی دوہری سزا:

میں کہتا ہوں حضرت علی نے جو ہمدانیہ عورت کو دوہری سزا دی اس کی وجہ شاید یہ ہو کہ پہلے اس کا شادی شدہ ہونا آپ کو معلوم نہیں ہوا تھا اس لئے کوڑے لگوائے پھر شادی شدہ ہونا معلوم ہو گیا تو رجم کی سزا دی۔ اور حضرت علی نے جو فرمایا کہ کتاب اللہ کے موافق میں اس کے کوڑے لگواتا ہوں اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے موافق اس کو رجم کرتا ہوں اس کا مطلب ہی یہ ہے کہ ناکتخدا کی سزا کوڑے مارنا قرآن میں مذکور ہے اور شادی شدہ کو سنگسار کرنے کا حکم حدیث میں ہے، پس جب تک اس کے شادی شدہ ہونے کا علم نہ تھا آپ نے قرآن کے مطابق اس کے کوڑے لگوادیئے اور جب شادی شدہ ہونے کا علم ہو گیا تو آپ نے اس کو رجم کرادیا، یہی تشریح ایک روایت میں بھی آئی ہے۔

ایک شخص کی دوہری سزا:

طحاوی نے حضرت جابرؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ ایک شخص نے زنا کا ارتکاب کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے مطابق اس کے کوڑے مار دیئے گئے، پھر آپ کو اطلاع ملی کہ وہ شادی شدہ ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو رجم کرادیا۔

احصان کا معنی اور شرائط:

اَلْحِصنُ سے مراد ہے نکاح کرلینا اور المحصنٰت سے مراد ہیں آزاد عورتیں۔

زانی اور زانیہ کو رجم کرنے کے لئے جو احصان کی شرط شرعاً ضروری ہے اس سے مراد ہے نکاحی ہونا یعنی صحیح نکاح میں ہونا، کیونکہ نکاح کے بعد عورت مرد کی حصن وحفاظت میں داخل ہو جاتی ہے، نتیجہ تزویج محصنؔ ہو جاتا ہے، اسی لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے محصن کو کتخدا اور غیر محصن کو ناکتخدا (ثیب اور بکر) کے الفاظ سے تعبیر کیا ہے۔

علماء نے احصان رجم کی شرائط میں سے زانی کا آزاد، عاقل، بالغ ہونا بھی ضروری قرار دیا ہے اور یہ بھی لازم قرار دیا ہے کہ اس نے صحیح طریقے سے نکاح کیا ہو اور نکاح کے بعد زوجہ سے قربت صنفی بھی کرلی ہو۔ یہ پانچوں شرطیں باجماع علماء ضروری ہیں (ان میں سے اگر کوئی شرط مفقود ہو تو رجم کا حکم جاری نہیں کیا جا سکتا) عقل اور بلوغ تو قابل سزا ہونے کی بلکہ اللہ کی طرف سے احکام کا مکلف اور مامور ہونے کی ضروری شرط ہے احصان رجم ہی میں ان کا خصوصی ذکر مناسب نہیں اور آزاد ہونا ہر سزا کی تکمیل کی شرط ہے رجم ہی کی کوئی خصوصیت نہیں، یہاں تک کہ غلام کے سو کوڑے بھی نہیں مارے جائیں گے بلکہ آدھی سزا دی جائے گی، ہاں نکاح کا صحیح ہونا رجم کے لئے ایک ضروری شرط ہے۔

امام ابوحنیفہ، امام مالک اور امام محمد رحمہ اللہ کے نزدیک زانی کو سنگسار کرنے کے لئے اس کا مسلمان ہونا بھی ضروری ہے۔

یہودی زناکاروں کی سنگساری کا واقعہ:

شیخین نے صحیحین میں حضرت ابن عمر کی روایت سے بیان کیا ہے کہ کچھ یہودی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ ہم میں سے ایک مرد اور ایک عورت نے زنا کا ارتکاب کیا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ان کے متعلق کیا فیصلہ ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رجم کی بابت توریت میں تم کو کیا ملتا ہے؟ کہنے لگے (توریت کے موافق تو) زنا کرنے والوں کو ہم تعزیر کرتے ہیں (یعنی منہ کالا کر کے بازار میں گشت کراتے اور مشتہری کرتے ہیں) اور کوڑے مارتے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن سلام بولے تم نے جھوٹ کہا توریت میں تو سنگسار کردینے کا حکم ہے۔ توریت لاؤ۔ توریت لائی گئی اور اس کو کھول کر پڑھا گیا تو ایک یہودی نے آیت رجم پر اپنا ہاتھ رکھ دیا اور اس نے اول و آخر کی عبارت پڑھ دی۔ عبداللہ نے فرمایا ہاتھ ہٹاؤ۔ اس نے ہاتھ ہٹایا تو آیت رجم سامنے آگئی۔ اس پر یہودی کہنے لگے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! عبداللہ نے سچ کہا، توریت میں آیت رجم ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں کو سنگسار کردینے کا حکم نافذ فرمادیا۔ حسب الحکم دونوں کو رجم کردیا گیا۔ اس حدیث سے امام احمد وامام شافعی کے قول کا ثبوت ہوتا ہے کہ زانی کو رجم کرنے کے لئے اسلام کی شرط نہیں ہے۔

سابقہ شریعتوں کے احکام:

میں کہتا ہوں امام ابوحنیفہ کا قول ہے کہ گزشتہ شریعتوں کے احکام

besturdubooks.wordpress.com

ہمارے لئے واجب العمل ہیں تاوقتیکہ ان کا منسوخ کیا جانا ہماری شریعت میں واضح طور پر نہ آ گیا ہو خاص کر اس صورت میں تو ان کا واجب العمل ہونا ضروری قرار پا جاتا ہے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر عمل کیا ہو شریعت سابقہ کے حکم پر رسول اللہ کا عمل کرنا اس امر کی دلیل ہے کہ وہ حکم ہماری شریعت میں بھی باقی ہے اگر ہماری شریعت میں منسوخ کر دیا گیا ہوتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس پر ہرگز عمل نہ کرتے اور اللہ کے (آخری) نازل کردہ حکم کے خلاف کبھی حکم نہ دیتے۔ جب امام ابوحنیفہ کا خود یہ قول ہے کہ بغیر شرعی ناسخ کے شریعت سابقہ کا حکم ہمارے لئے بھی واجب العمل ہے تو پھر دیکھنا یہ ہے کہ کیا کوئی آیت یا حدیث ایسی ہے جو حکم رجم کو منسوخ کر رہی ہو ہم کو تو ایسی نہ کوئی آیت ملتی ہے نہ حدیث۔ زانی زانیہ، شیخ، شیخہ، ثیب اور بکر کے الفاظ تو عام ہیں مؤمن کو بھی شامل ہیں۔

مسئلہ: اگر دونوں میں سے ایک پاگل اور دوسرا عاقل ہو تو امام مالکؒ و امام شافعیؒ و امام احمدؒ کے نزدیک دونوں میں سے جو مجنون نہ ہوگا اس پر حد شرعی قائم کی جائے گی۔ امام ابوحنیفہ نے فرمایا اگر مرد عاقل ہے اور عورت پاگل تو حد شرعی مرد پر جاری ہوگی اور اگر عورت عاقل ہے اور مرد پاگل تو عورت پر حد جاری نہ ہوگی۔ کیونکہ فعل زنا کا فاعل تو مرد ہوتا ہے عورت تو محل زنا ہے عورت کو زانیہ مجازاً کہا جاتا ہے (حقیقت میں عورت مزنیہ ہوتی ہے) عورت کو جو زنا کی سزا دی جاتی ہے وہ صرف اس وجہ سے کہ اس نے مرد کو فعل زنا کی اجازت دی۔ باقی ائمہ نے کہا اگر عورت عذر شرعی رکھتی ہو اور اس کو سزا نہ دی جائے تو مرد جو غیر معذور ہے اجماعاً شرعی سزا سے نہیں بچ سکتا اسی طرح اگر مرد معذور ہو اور عورت عاقل ہو تو مرد کا معذور ہونا عورت سے حد شرعی کو ساقط نہیں کر سکتا۔

زناء کی تعریف:

مرد کا عورت سے آگے کے مقام میں بغیر کسی استحقاق ملکیت کے (یعنی بغیر نکاح اور بغیر ملکیت شخص کے) جماع کرنا شرعاً اور لغۃً زنا کہلاتا ہے دُبر میں جماع کرنا زنا نہیں کہلاتا خواہ مفعول عورت ہو یا مرد۔ سورت نساء کی آیت وَالَّذَانِ يَاْتِيٰنِهَا مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا کی تفسیر کے ذیل میں ہم نے لواطت کی سزا کی تشریح کر دی ہے۔

ایسی صورتیں جو زنا نہیں مگر زنا کے مشابہ ہیں:

پس اگر کسی نے اپنی حائضہ بی بی سے یا اپنی روزہ دار بیوی سے یا محرم (یعنی جس نے حج یا عمرہ کا احرام کر لیا ہو) بیوی سے یا استبراء کی مدت (تقریباً ایک ماہ) کے ختم کا انتظار کئے بغیر یا اس باندی سے جو اس کے اور دوسرے شخص کے درمیان مشترک ہو یا مشرک باندی سے یا دوسرے کی منکوحہ باندی سے یا اس باندی سے جو دودھ کے رشتہ سے حرام ہو گئی ہے صحبت کر لی تو اس کو زنا نہیں کہا جائے گا نہ اس فعل پر شرعی سزا جاری ہوگی کیونکہ ان تمام صورتوں میں کسی قدر ملکیت موجود ہے ہاں ایسا کرنے پر گناہگار ضرور ہوگا۔ اگر شبہ ملک ہو تو شرعاً اس کا حکم بھی ملک کی طرح ہے، چاروں ائمہ اور سوائے ظاہریہ فرقہ کے تمام علماء کے نزدیک حد ساقط ہو جاتی ہے۔ کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے شبہات کی وجہ سے حدود کو ساقط کر دو۔ (یعنی اگر ارتکاب جرم میں شبہ پیدا ہو جائے تو اس فعل کی مقررہ شرعی سزا جاری مت کرو) ان الفاظ کے ساتھ یہ حدیث بواسطۂ مقسم حضرت ابن عباس کی روایت سے مسند ابوحنیفہ میں مذکور ہے۔

شبہ کی وجہ سے حد ساقط ہو جاتی ہے:

ترمذی، حاکم اور بیہقی نے بطریق زہری بواسطۂ عروہ حضرت عائشہ کی روایت سے حدیث مذکور کے یہ الفاظ نقل کئے ہیں، جہاں تک ہو سکے مسلمانوں سے حدود کو ساقط کرو اگر اس (مجرم) کے لئے کوئی راستہ نکل سکے تو اس کو چھوڑ دو کیونکہ حاکم کا معافی میں غلطی کرنا، غلط طور پر سزا دینے سے بہتر ہے۔ اس روایت میں یزید بن زیاد دمشقی ضعیف ہے بخاری نے اس کو منکر اور نسائی نے متروک قرار دیا ہے۔ وکیع نے اس حدیث کو موقوفاً بیان کیا ہے اور یہی زیادہ صحیح بھی ہے۔ ترمذی نے بھی یہی قول اختیار کیا ہے اور یہ بھی کہا ہے کہ متعدد صحابہ کا بھی یہی قول ہے۔

حضرت علیؓ کی مرفوع روایت کے یہ الفاظ ہیں شبہات کی وجہ سے حدود کو ساقط کر دو اور حدود کو معطل کر دینا (جاری نہ کرنا) حاکم کے لئے جائز نہیں ہے (یعنی شبہات کی وجہ سے حدود کو ساقط کر دینا چاہئے لیکن ثبوت کے بعد حاکم حدود کو معطل نہیں کر سکتا) اس کی سند میں مختار بن نافع ہے جو منکر الحدیث ہے۔ امام بخاری نے اس کے متعلق یہی کہا ہے۔

اس موضوع کی صحیح ترین حدیث سفیان ثوری کے سلسلہ سے آئی ہے جس کے قائل حضرت ابن مسعود ہیں کہ شبہات سے حدود کو ساقط کر دو اور جہاں تک تم سے ہو سکے مسلمانوں سے قتل (یعنی جان لینے والی سزا) کو دفع کر دو۔ رواہ ابن ابی شیبہ۔ حضرت عقبہ بن عامر اور حضرت معاذ سے بھی یہ حدیث موقوفاً مروی ہے رواہ ابن ابی شیبہ حضرت عمرؓ سے بھی منقطعاً اور موقوفاً یہ حدیث آئی ہے ابن حزم نے کتاب الایصال میں صحیح سند کے ساتھ حضرت عمر پر اس کو موقوف قرار دیا ہے۔ ابن ابی شیبہ نے ابراہیم نخعی کے طریق سے حضرت عمر کا قول اس طرح نقل کیا ہے کہ اگر شبہات کی وجہ سے میں غلطی سے حدود ساقط کر دوں تو میرے نزدیک یہ فعل اس سے بہتر ہے کہ شبہات کی موجودگی میں حدود جاری کروں۔

ابن ہمام نے لکھا ہے کہ شبہ کی وجہ سے سقوط حد کی حدیث کو ساری امت نے قبول کیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام کے جو اقوال اس

besturdubooks.wordpress.com

سلسلہ میں مروی ہیں تو مسئلہ کا قطعی الثبوت ہونا واضح ہو جاتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ماعز سے فرمایا تھا۔ شاید تو نے بوسہ لیا ہوگا۔ شاید تو نے چھولیا ہوگا شاید تو نے دبالیا ہوگا، گویا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اقرار زنا کے بعد حضرت ماعز کو اپنے اقرار سے لوٹ جانے کی در پردہ تلقین فرمائی تھی اور اس کا فائدہ سوائے اس کے اور کچھ نہ تھا کہ اگر وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سوال کے جواب میں ہاں کہہ دیتے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان کو چھوڑ دیتے۔ اسی طرح جو چور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا گیا تھا اس کے متعلق بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، میرے خیال میں اس نے چوری نہیں کی۔

غامدیہ عورت (جس نے زنا کا اقرار کیا تھا) سے بھی ایسا ہی فرمایا تھا۔ حضرت علی نے بھی اسی طرح سراحہ سے (جس نے زنا کا اقرار کیا تھا) فرمایا تھا، شاید تو سو رہی ہوگی اور وہ تیرے اوپر آ پڑا ہوگا۔ شاید اس نے تجھ پر جبر کیا ہوگا شاید تیرے آقا نے تیرا نکاح اسی سے کرا دیا ہوگا اور تو اس بات کو چھپا رہی ہے۔ صحابہ کے اس طرح کے اقوال تلاش کے بعد بہت مل سکتے ہیں جن کی تفصیل موجب طول ہے خلاصہ یہ کہ تمام احادیث و آثار کا یہ قطعی فیصلہ ہے کہ حد کو ساقط کرنے کی ہر ممکن تدبیر کی جائے۔

شبہ اشتباہ: یعنی ایسا شبہ جو شبہ میں پڑنے والوں کے لئے تو ہوتا ہے اور جو شبہ نہ کریں ان کے لئے نہیں ہوتا، ایسا شبہ اس وقت ہوتا ہے جب حلت کی کوئی واقعی دلیل تو موجود نہیں ہوتی، لیکن مرتکب زنا اس چیز کو دلیل سمجھ لیتا ہے جو واقع میں دلیل نہیں ہوسکتی۔

مثلاً کسی نے ماں باپ یا اپنی بی بی کی باندی سے یہ سمجھتے ہوئے صحبت کر لی کہ ماں باپ کے ساتھ رشتۂ ولادت سے اور بی بی سے رشتۂ زوجیت کی وجہ سے ملکیت مشترک ہے اسی لئے ماں باپ اور بی بی کے لئے اس کی شہادت اور اس کے لئے والدین اور بی بی کی شہادت شرعاً قابل قبول نہیں۔ یا جس عورت کو تین طلاقیں دے چکا ہے اور وہ ابھی عدت میں ہے اس سے قربت کر لی یہ سمجھ کر کہ ابھی حقوق نکاح باقی ہیں عدت کا نفقہ میں دے رہا ہوں اور عدت میں عورت کا نکاح کسی دوسرے سے ہو بھی نہیں سکتا۔ ان تمام صورتوں میں اگر اس کو حرمتِ قربت کا علم نہیں ہے اور صحبت کر لی تو (اگرچہ یہ فعل زنا ہوگا لیکن) حد زنا جاری نہیں ہوگی اور اگر حرمتِ صحبت کا علم رکھنے کے بعد ایسا کرے گا تو حد زنا جاری ہوگی۔

حضرت جابر سے مروی ہے کہ ایک شخص نے خدمتِ گرامی میں گذارش کی یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میرا مال بھی ہے اور اولاد بھی مگر میرا باپ میرا مال چھین لینا چاہتا ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو اور تیرا مال (سب کچھ) تیرے باپ کا ہے، ابن القطان اور منذری نے کہا اس حدیث کی سند صحیح ہے۔ یہ حدیث طبرانی نے الاصغر میں اور بیہقی نے دلائل میں بھی نقل کی ہے۔

حدّ کا مطلب: حدود تو اللہ کی طرف سے مقرر کردہ ہیں۔ دیکھو تہمت زنا لگانے کی سزا شرعاً اسی کوڑے مقرر ہے اور تہمت کفر تہمت زنا سے زیادہ سخت ہے مگر اس کی کوئی سزا شرعاً مقرر نہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غیبت کو زنا سے زیادہ سخت قرار دیا ہے اور فرمایا ہے غیبت، زنا سے زیادہ سخت ہے۔ رواہ البیہقی فی شعب الایمان، عن ابی سعید و جابر۔ (اس کے باوجود غیبت کی کوئی شرعی سزا مقرر نہیں۔)

وہ عورتیں جن سے نکاح حلال نہیں:

جن عورتوں سے نکاح حلال نہیں ان سے مراد وہ عورتیں ہیں جن سے نکاح کی حرمت دوامی ہو کبھی ان سے نکاح حلال نہ ہو خواہ نسبی قرابت دار ہوں یا رضاعی یا سسرالی رشتہ دار ہوں (مثلاً ماں، دادی، نانی تمام اصول اور بیٹی پوتی نواسی تمام فروع اسی طرح تمام رضاعی محرمات یعنی رضاعی ماں کے تمام اصول و فروع وغیرہ اور منکوحہ موطوءہ بیوی کے تمام اصول و فروع وغیرہ) لیکن اگر صحتِ نکاح اختلافی ہو۔ جیسے بلا گواہوں کے نکاح تو ان سے نکاح حد زنا کو ساقط کر دیتا ہے۔

مسئلہ: اگر چار مردوں نے الگ الگ (متفرق اوقات یا متعدد مجالس میں) شہادت دی تو امام شافعی کے نزدیک ثبوت زنا ہو جائے گا اور حد زنا جاری کر دی جائے گی۔ دوسرے تینوں اماموں کے نزدیک زنا کا ثبوت نہ ہوگا اور شاہدوں کو تہمت زنا لگانے والا قرار دیا جائے گا کیونکہ ابتداء میں ایک گواہ یا دو گواہ یا تین گواہ پیش ہوئے تھے اس وقت نصاب شہادت پورا نہ تھا اور شہادت واجب الرد ہوگئی اور جب قلت تعداد کی وجہ سے ان کی شہادت رد کر دی گئی تو دوبارہ صرف اس وجہ سے کہ چوتھا شاہد بھی آ گیا اور اس نے شہادت دیدی رد شدہ شہادتوں کو قبول نہیں کیا جا سکتا پہلی شہادتوں کا اعتبار تو ختم ہو گیا اگر گواہ آئے تو الگ الگ پھر شہادت دینے کے وقت سب جمع ہو گئے اور سب نے ساتھ شہادت دی تو امام احمد کے نزدیک ایسی شہادت قبول کر لی جائے گی لیکن امام مالک اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک چاروں گواہوں کا ساتھ آنا اور ساتھ ساتھ شہادت دینا ضروری ہے اس لئے الگ الگ آنے والے لوگوں کی شہادت قبول نہیں کی جائے گی گو شہادت کے وقت سب کا اجتماع ہو جائے۔

مسئلہ: کیا اقرار کی صورت میں متعدد بار اقرار ضروری ہے۔ امام ابوحنیفہ، امام احمد اور اکثر علماء کے نزدیک اقرار کا تعدد لازم ہے۔ عاقل بالغ شخص (ثبوت شہادت نہ ہونے کی صورت میں) اگر خود چار مرتبہ اقرار کرے گا تو ثبوتِ زنا ہو جائے گا اس تعداد سے کم اقرار کافی نہیں ہے۔ پھر امام ابوحنیفہ کے نزدیک ایک ہی مجلس میں چار بار اقرار کرنا بھی کافی نہیں ہے ہر اقرار کی مجلس بھی الگ ہونی چاہئے ثبوت زنا میں بڑی احتیاط کی ضرورت ہے۔

امام احمد، اسحاق بن راہویہ اور مصنف میں ابن ابی شیبہ نے حضرت ابوبکر کی

besturdubooks.wordpress.com

روایت سے بیان کیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا کہ ماعز نے حاضر ہو کر ایک بار زنا کا اقرار کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو رد کر دیا، ماعز پھر آئے اور آ کر دوبارہ اقرار کیا آپ نے پھر بھی لوٹا دیا وہ پھر آئے اور تیسری بار اقرار کیا۔ میں نے ماعز سے کہا اب اگر چوتھی بار تم نے اقرار کیا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم تم کو سنگسار کر دیں گے مگر ماعز نے چوتھی بار بھی اقرار کیا، اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو قید کر دیا، اور اس کے متعلق (قبیلہ والوں سے) دریافت کیا (کہ یہ کیسا آدمی ہے اس کو جنون تو نہیں ہے) سب نے کہا ہم کو تو (اس کے اندر) بھلائی ہی معلوم ہے آخر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو سنگسار کرا دیا۔

اس حدیث سے بھی صراحۃً معلوم ہو رہا ہے کہ ماعز متعدد مرتبہ آئے تھے۔ اور تعدد آمد بغیر غائب ہوئے ممکن نہیں اسی لئے حنفیہ قائل ہیں کہ اگر غائب ہو کر پھر لوٹ آئے تو یہ دوسری مجلس مانی جائے گی۔

مسئلہ: حاکم کے لئے مستحب ہے کہ اقرار زنا کرنے والے کو پردے پردے میں اقرار سے لوٹ جانے کی تعلیم دے۔ جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ماعز سے فرمایا، شاید تو نے بوسہ لیا ہوگا، شاید تو نے چھولیا ہوگا۔

مسئلہ: چار مرتبہ اقرار کرنے کے بعد حد جاری ہونے سے پہلے یا حد جاری ہونے کے بعد اقرار سے لوٹ جائے تو تینوں اماموں کے نزدیک اس کا رجوع قبول کیا جائے گا اور حد ساقط ہو جائے گی۔

ابوداؤد نے حضرت یزید بن منعم کی روایت سے حضرت ماعز کے قصہ کی جو تفصیل بیان کی ہے اس میں راوی کا یہ قول بھی منقول ہے کہ پتھر لگنے سے ماعز کو جب چوٹ کی تکلیف محسوس ہوئی تو وہ تیزی کے ساتھ بھاگ نکلے۔ سب مارنے والے لوگ پکڑ نہ سکے صرف عبداللہ بن انیس نے ماعز کو جالیا اور اونٹ کے پاؤں کی ہڈی ماعز کے پھینک ماری جس سے وہ ختم ہو گئے۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر یہ واقعہ بیان کیا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم لوگوں نے اس کو چھوڑ کیوں نہیں دیا۔ شاید وہ توبہ کر لیتا اور اللہ اس کی توبہ قبول کر لیتا (اور گناہ معاف فرما دیتا) ترمذی اور ابن ماجہ نے حضرت ابوہریرہ کی روایت سے حضرت ماعز کا جو قصہ بیان کیا ہے وہ اسی جیسا ہے۔

مریض پر حد جاری کرنا:

اگر مریض زنا کرلے اور رجم کا مستحق ہو جائے تو اس کو سنگسار کر دیا جائے گا۔ بیماری کا عذر مانع نہ ہوگا کیونکہ رجم کا مقصد ہی ہلاک کر دینا ہے لیکن اگر زانی مریض سزائے تازیانہ کا مستحق ہو تو صحت یاب ہونے تک سزا کو ملتوی رکھا جائے گا تاکہ سزا موجب ہلاکت نہ ہو جائے۔ اگر زانی مریض ایسے مرض میں مبتلا ہو جس سے صحت یاب ہونے کی امید ہی نہ ہو مثلاً سل کے مرض میں مبتلا ہو یا پیدائشی طور پر ضعیف ہو تو امام ابوحنیفہ اور امام شافعی کے نزدیک ایک ایسا

گچھا جس میں سو قمچیاں ہوں لیکر ایک مرتبہ اس گچھے سے اس کو اس طرح مار دیا جائے کہ ہر قمچی اس کے بدن پر پڑ جائے۔ جیسا کہ بغوی نے شرح السنۃ میں اور ابن ماجہ نے حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف کی وساطت سے حسب روایت سعید بن عبادہ بیان کیا ہے کہ ہماری باندیوں میں ایک مرد رہتا تھا جو پیدائشی طور پر بہت کمزور تھا ایک روز دیکھتے کیا ہیں کہ وہ ایک باندی پر پڑا ہوا فعل گناہ میں مشغول ہے۔ حضرت سعد بن عبادہ نے اس کا واقعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچا دیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کے سو کوڑے مارو۔ حضرت سعد نے عرض کیا اے اللہ کے رسول، وہ تو بہت ہی کمزور ہے اگر ہم اس کے سو کوڑے ماریں گے تو وہ یقیناً مر جائے گا فرمایا، تو ایک گچھا جس میں سو قمچیاں ہوں ایک بار اس کے مارو اور پھر اس کو نکال دو۔ ابوداؤد نے یہ حدیث حضرت ابوامامہ بن سہل کی روایت سے ایک انصاری کے حوالہ سے بیان کی ہے اور نسائی نے بروایت ابوامامہ بن سہل عن ابیہ (یعنی سہل کی وساطت سے) اور طبرانی نے بروایت ابوامامہ بحوالہ ابوسعید خدری بیان کی ہے۔ حافظ ابن حجر نے لکھا ہے یہ تمام طرق روایت محفوظ ہیں گویا ابوامامہ نے صحابہ کی ایک جماعت کی روایت سے اس کو بیان کیا ہے اور بیہقی نے اس کو ابوامامہ سے مرسلاً بیان کیا ہے۔

حاملہ عورت پر حد:

حاملہ عورت کو زنا کی سزا میں وضع حمل سے پہلے حدِ زنا نہیں ماری جائے گی تاکہ پیٹ کا بچہ ہلاک نہ ہو جائے اگر وہ سزائے تازیانہ کی مستحق ہو تو نفاس سے فراغت سے پہلے اس کو کوڑے نہ مارے جائیں۔ حضرت علی نے ارشاد فرمایا تھا لوگو اپنے باندی غلاموں پر حدِ شرعی جاری کرو۔ شادی شدہ ہو یا نا کتخدا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک باندی نے جب زنا کیا تھا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا تھا کہ میں اس کے کوڑے ماروں لیکن نفاس شروع ہوئے اس کو تھوڑا ہی زمانہ گذرا تھا مجھے اندیشہ ہوا کہ اگر میں اس کے کوڑے ماروں گا تو یہ مر جائے گی۔ میں نے اس کا تذکرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا۔ فرمایا تم نے خوب کیا، رواہ مسلم۔ ابوداؤد کی روایت اس طرح ہے اس وقت تک باندی کو رہنے دو کہ اس کا خون بند ہو جائے پھر اس پر حد جاری کرنا اور اپنے باندی غلاموں پر حدِ زنا قائم کرتے رہنا۔

اور اگر نفاس میں مبتلا عورت کی سزا رجم ہو تو اس کو سنگسار کر دیا جائے گا کیونکہ بچہ پیدا ہو چکا اور وہ رجم کی مستحق ہے اس کو تو مرنا ہی ہے۔

امام ابوحنیفہ نے فرمایا، عورت کو رجم کرنے میں اتنی مدت کی تاخیر کی جائے گی کہ بچہ کو اس کی ضرورت نہ رہے۔

روایت میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غامدیہ سے فرمایا جا اور اس وقت تک انتظار کر کہ بچہ پیدا ہو جائے جب بچہ پیدا ہو گیا اور وہ عورت

besturdubooks.wordpress.com

پھر آئی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جا اور بچہ کو دودھ پلاتی رہ جب دودھ چھڑادے تو آنا جب غامدیہ نے (مدت پوری کر کے) دودھ چھڑا دیا تو بچہ کو لے کر آئی بچہ کے ہاتھ میں روٹی کی کرچ تھی، عورت نے عرض کیا یارسول اللہ اب میں نے اس کا دودھ چھڑا دیا اور یہ کھانا کھانے لگا ہے حضور نے وہ بچہ ایک مسلمان کے سپرد کر دیا (تاکہ وہ پرورش کرتا رہے) اس کے بعد ایک گڑھا کھدوا کر جس کی گہرائی عورت کے سینہ تک تھی لوگوں کو حکم دیا کہ اس کو سنگسار کر دو۔ سب نے سنگسار کر دیا۔

مسئلہ: آیت فَاجْلِدُوْا میں حاکموں کو خطاب ہے اسی لئے امام ابوحنیفہ کے نزدیک کوئی آقا، حاکم کی اجازت کے بغیر اپنے باندی غلام پر حد جاری نہیں کرسکتا، امام شافعی، امام احمد اور امام مالک کا قول اس کے خلاف ہے ایک روایت میں امام مالک کے نزدیک باندی پر اس کا آقا اجازت حاکم کے بغیر حد جاری کرسکتا ہے ہاں اگر باندی کسی کی منکوحہ ہو تو خود حد جاری نہیں کرسکتا۔

نووی (شافعی) نے کہا صحیح تر یہ بات ہے کہ (بغیر اجازت حاکم کے) اقامتِ حدود کا حکم عام ہے کیونکہ حدیث کے الفاظ میں اطلاق ہے (ہر حد کی اقامت کا حکم مسلمانوں کو دیا گیا ہے) تہذیب میں ہے کہ قطع دست اور قتل کرا دینے کا اختیار صرف حاکم کو ہے یہی صحیح ترین قول ہے۔

امام شافعی نے بحوالۂ امام مالک بروایت نافع بیان کیا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر کے ایک غلام نے چوری کی، حضرت عبداللہ نے سعید بن عاص حاکم مدینہ کے پاس ہاتھ کاٹنے کے لئے بھیج دیا۔ سعید نے غلام کا ہاتھ کاٹنے سے انکار کر دیا اور کہا غلام کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا اگر اس نے چوری کی ہو۔ حضرت ابن عمر نے فرمایا آپ نے کس کتاب میں پڑھا ہے، پھر آپ نے خود حکم دیدیا اور اس غلام کا ہاتھ کاٹ دیا گیا۔

امام ابوحنیفہ نے اپنے مسلک کے استدلال میں اصحاب السنن کی اس روایت کو پیش کیا جو انہوں نے اپنی کتابوں میں موقوفاً و مرفوعاً لکھا ہے کہ حضرت ابن مسعود حضرت ابن عباس اور حضرت ابن زبیر نے چار چیزوں کو حاکموں کے اختیار میں دیا ہے۔ حدود، زکوٰۃ (کی وصولی اور تقسیم) صلوٰۃ جمعہ اور مالِ فَے (یعنی مالِ غنیمت کو جمع کرنا اور تقسیم کرنا)۔ (تفسیر مظہری اردو جلد ہشتم)

زناء کی تباہ کاریاں:

باقی جرائم کی سزا کو اس طرح متعین نہیں کیا گیا بلکہ امیر یا قاضی مجرم کی حالت اور جرم کی حیثیت اور ماحول وغیرہ کے مجموعہ پر نظر کر کے جس قدر سزا دینے کو انسدادِ جرم کے لئے کافی سمجھے وہ سزا دے سکتا ہے ایسی سزاؤں کو شریعت کی اصطلاح میں تعزیرات کہا جاتا ہے۔

جس قوم میں زنا عام ہو جائے وہاں کسی کا نسب محفوظ نہیں رہتا۔ ماں بہن بیٹی وغیرہ جن سے نکاح حرام ہے جب یہ رشتے ہی غائب ہو گئے تو اپنی بیٹی اور بہن بھی نکاح میں آسکتی ہے جو زنا سے بھی زیادہ اشد جرم ہے۔

فعل زنا ایک ایسی بے حیائی ہے جس کا صدور عورت کی طرف سے ہونا انتہائی بیباکی اور بے پروائی سے ہوسکتا ہے کیونکہ قدرت نے اس کے مزاج میں فطری طور پر ایک حیاء اور اپنی عفت کی حفاظت کا جذبہ قوی ودیعت فرمایا ہے اور اسکی حفاظت کے لئے بڑے سامان جمع فرمائے ہیں اُس کی طرف سے اس فعل کا صدور بہ نسبت مرد کے زیادہ اشد ہے۔

نکتہ: فَاجْلِدُوْا لفظ جلد کوڑا مارنے کے معنے میں آتا ہے وہ جلد سے مشتق ہے کیونکہ کوڑا عموماً چمڑے سے بنایا جاتا ہے۔ بعض حضرات مفسرین نے فرمایا کہ لفظ جلد سے تعبیر کرنے میں اسطرف اشارہ ہے کہ یہ کوڑوں یا دُرّوں کی ضرب اس حد تک رہنی چاہئے کہ اسکا اثر انسان کی کھال تک رہے۔

جس جرم کی سزا سخت ہے اسکے ثبوت کی شرائط بھی سخت ہیں:

زنا کی سزا اسلام میں سب جرائم کی سزاؤں سے زیادہ سخت ہے اس کے ساتھ اسلامی قانون میں اُس کے ثبوت کے لئے شرائط بھی بہت سخت رکھی گئی ہیں جن میں ذرا بھی کمی رہے یا شبہ پیدا ہو جائے تو زنا کی انتہائی سزا جس کو حد کہا جاتا ہے وہ معاف ہو جاتی ہے صرف تعزیری سزا بقدر جرم باقی رہ جاتی ہے۔ تمام معاملات میں دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتوں کی شہادت ثبوت کے لئے کافی ہو جاتی ہے مگر حدِ زنا جاری کرنے کے لئے چار مرد گواہوں کی عینی شہادت جس میں کوئی التباس نہ ہو شرط ضروری ہے جیسا کہ سورۂ نساء کی آیت میں گزر چکا ہے۔ دوسری احتیاط اور شدت اس شہادت میں یہ ہے کہ اگر شہادتِ زنا کی کوئی شرط مفقود ہونے کی بنا پر شہادت رد کی گئی تو پھر شہادت دینے والوں کی خیر نہیں، اُن پر قذف یعنی زنا کی جھوٹی تہمت کا جُرم قائم ہو کر حدِ قذف اَسّی کوڑے لگائے جانے کی صورت میں جاری کی جاتی ہے اس لئے ذرا سا شبہ ہونے کی صورت میں کوئی شخص اس کی شہادت پر اقدام نہیں کر سکتا۔ البتہ جس صورت میں صریح زنا کا ثبوت نہ ہو مگر شہادت سے دو مرد و عورت کا غیر مشروع حالت میں دیکھنا ثابت ہو جائے تو قاضی اُن کے جرم کی حیثیت کے مطابق تعزیری سزا کوڑے لگانے وغیرہ کی جاری کرسکتا ہے سزائے زنا اور اس کی شرائط وغیرہ کے مفصل احکام کتب فقہ میں مذکور ہیں وہاں دیکھے جاسکتے ہیں۔ (معارف القرآن جلد ششم)

آیت رجم جس کی تلاوت منسوخ ہوگئی:

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے اس خطبہ میں جس آیت رجم کا ذکر فرمایا وہ پوری آیت اس طرح ہے: الشیخ والشیخة اذا زنیا فارجموهما البتة نكالا من الله والله عزيز حكيم. (اخرجہ النسائی وصححہ الحاکم)

besturdubooks.wordpress.com

(ترجمہ) شادی شدہ مرد یا عورت جب (دیکھو فتح الباری ص ۱۲۷ ج ۱۲) زنا کریں تو ان دونوں کو رجم یعنی سنگسار کر ڈالو قطعی طور پر اور یہ رجم کا حکم اللہ کی طرف سے بطور عبرت ہے تاکہ اس عبرتناک سزا کو دیکھ کر لوگ زنا سے باز آ جائیں اور اللہ غالب ہے اور حکمت والا ہے۔ (معارف کاندھلویؒ)

وَّلَا تَأْخُذْكُمْ بِهِمَا رَأْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ
اور نہ آوے تم کو اُن پر ترس اللہ کے حکم چلانے میں
اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ
اگر تم یقین رکھتے ہو اللہ پر اور پچھلے دن پر

احکام الٰہی جاری کرنے میں کوئی چیز مانع نہ بننے دو:

یعنی اگر اللہ پر یقین رکھتے ہو تو اس کے احکام و حدود جاری کرنے میں کچھ پس و پیش نہ کرو۔ ایسا نہ ہو کہ مجرم پر ترس کھا کر سزا بالکل روک لو یا اس میں کمی کرنے لگو یا سزا دینے کی ایسی ہلکی اور غیر مؤثر طرز اختیار کرو کہ سزا سزا نہ رہے۔ خوب سمجھ لو کہ اللہ تعالیٰ حکیم مطلق اور تم سے زیادہ اپنے بندوں پر مہربان ہے اُس کا کوئی حکم سخت ہو یا نرم مجموعۂ عالم کے حق میں حکمت و رحمت سے خالی نہیں ہوسکتا۔ اگر تم اُس کے احکام و حدود کے اجراء میں کوتاہی کرو گے تو آخرت کے دن تمہاری پکڑ ہوگی۔ (تفسیر عثمانی)

اگر فاطمہ بنت محمد ہوتی تو اس کا ہاتھ کاٹ دیتا:

صحیحین میں حضرت عائشہؓ کی روایت سے آیا ہے کہ بنی مخزوم کی ایک عورت نے چوری کی قریش کے لئے اس معاملہ نے بڑی پریشان کن حیثیت اختیار کر لی انہوں نے مشورہ کیا کہ کوئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی سفارش کر دیتا، سب نے کہا سوائے اسامہ بن زید کے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے محبوب ہیں اور کوئی اس کی جرأت نہیں کر سکتا۔ چنانچہ حضرت اسامہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس سلسلے میں گذارش کی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، کیا تم اللہ کی قائم کردہ حد کے متعلق سفارش کر رہے ہو۔ پھر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے (منبر پر) کھڑے ہو کر ایک خطبہ دیا اور فرمایا تم سے پہلے لوگ اسی وجہ سے تباہ کر دیئے گئے کہ جب ان میں کوئی بڑا آدمی چوری کرتا تھا تو اس کو چھوڑ دیتے تھے اور کوئی کمزور آدمی چوری کرتا تھا تو اس پر حد جاری کرتے تھے۔ خدا کی قسم اگر فاطمہ بنت محمد نے بھی چوری کی ہوتی تو میں اس کا ہاتھ کاٹ دیتا۔

حدود میں نرمی نہ کرو:

اہل تفسیر نے آیت کی تشریح اس طرح کی ہے کہ تم کو اللہ کے دین میں کوئی نرمی نہ پکڑ لے کہ ہلکی مار مارو۔ ایسا نہ کرو بلکہ دردناک مار مارو۔ سعید بن مسیب اور حسن نے یہی تفسیر کی ہے۔ امام ابوحنیفہ نے فرمایا، زنا کی حد تو سختی سے جاری کی جائے پھر اس سے کم سختی شراب کی حد مارنے میں کی جائے اور تہمت زنا کی سزا میں اور بھی خفت سے کام لیا جائے۔ کیونکہ ممکن ہے تہمت زنا لگانے والا واقع میں سچا ہو (لیکن اپنے قول کو شہادت سے ثابت نہ کر سکا ہو) اور شراب پینے کی حد میں غلطی کا احتمال نہیں ہو سکتا اور زنا کا جرم شراب خوری سے بڑا ہے (اس لئے اس کی سزا کو جاری کرنے میں بہت زیادہ سختی سے کام لینا چاہئے) قتادہ کا قول ہے کہ شراب خوری اور تہمت زنا کی سزا میں خفت برتی جائے۔ زنا کی سزا جاری کرنے میں سختی سے کام لیا جائے۔ زہری نے کہا جرم زنا اور تہمت زنا کی سزا دینے میں خفت اختیار کی جائے کیونکہ ان کی سزائیں کتاب اللہ میں مذکور ہیں اور شراب کی سزا میں خفت اختیار کی جائے شراب کی سزا صرف حدیث میں آئی ہے قرآن مجید سے ثابت نہیں ہے۔

حد سے آگے بھی نہ بڑھو:

بغوی کا بیان ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر کی ایک باندی نے زنا کیا آپ نے اس کے کوڑے لگوائے اور کوڑے مارنے والے سے فرمایا، اس کی پیٹھ اور ٹانگوں پر کوڑے مارنا، آپ کے ایک بیٹے نے کہا لَا تَأْخُذْكُمْ بِهِمَا رَأْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ (اللہ کا حکم ہے) حضرت عبداللہ نے فرمایا بیٹے! اللہ نے مجھے یہ حکم نہیں دیا کہ میں اس کو قتل کر دوں۔ میں نے (کوڑے) مار دیئے اور درد پہنچا دیا۔ (اتنا ہی کافی ہے) (تفسیر مظہری)

وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ
اور دیکھیں ان کا مارنا کچھ لوگ مسلمان

سزا برسر عام ہو:

یعنی سزا تنہائی میں نہیں۔ مسلمانوں کے مجمع میں دینی چاہئے کیونکہ اُس رسوائی میں سزا کی تکمیل و تشہیر اور دیکھنے سننے والوں کے لئے سامان عبرت ہے۔ اور شاید یہ بھی غرض ہو کہ دیکھنے والے مسلمان اُس کی حالت پر رحم کھا کر عفو و مغفرت کی دعاء کریں گے۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

برسر عام سزا کی حکمت:

فواحش اور بے حیائی کی روک تھام کیلئے اسلام نے دُور دُور تک پہرے بٹھائے ہیں عورتوں پر پردہ لازم کر دیا گیا۔ مردوں کو نظر نیچی رکھنے کا حکم دیا گیا۔ زیور کی آواز یا عورت کے گانے کی آواز کو ممنوع قرار دیا گیا کہ وہ بے حیائی کے لئے محرک ہیں اس کے ساتھ ہی جس شخص سے ان معاملات میں کوتاہی دیکھ لی جائے اس کو خلوت میں تو سمجھانے کا حکم ہے مگر اس کو رسوا

besturdubooks.wordpress.com

کرنے کی اجازت نہیں۔ لیکن جو شخص ان تمام شرعی احتیاطوں کو توڑ کر اس درجہ میں پہنچ گیا کہ اس کا جرم شرعی شہادت سے ثابت ہو گیا تو اب اس کی پردہ پوشی دوسرے لوگوں کی جرأت بڑھانے کا موجب ہو سکتی ہے۔

اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً ۡ وَّالزَّانِيَةُ
بدکار مرد نہیں نکاح کرتا مگر عورت بدکار سے یا شرک والی سے اور بدکار عورت سے
لَا يَنْكِحُهَآ اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ ۚ
نکاح نہیں کرتا مگر بدکار مرد یا مشرک

زانی کی طبیعت کا تجزیہ:

زنا کی سزا ذکر کرنے کے بعد اس فعل کی غایت شناعت بیان فرماتے ہیں یعنی جو مرد یا عورت اس عادت شنیع میں مبتلا ہیں حقیقت میں وہ اس لائق نہیں رہتے کہ کسی عفیف مسلمان سے اُن کا تعلق ازدواج و ہمبستری قائم کیا جائے اُن کی پلید طبیعت اور میلان کے مناسب تو یہ ہے کہ ایسے ہی کسی بدکار و تباہ حال مرد و عورت سے یا ان سے بھی بدتر کسی مشرک و مشرکہ سے اُن کا تعلق ہو۔ کما قال تعالیٰ اَلْخَبِيْثٰتُ لِلْخَبِيْثِيْنَ وَالْخَبِيْثُوْنَ لِلْخَبِيْثٰتِ ۚ وَالطَّيِّبٰتُ لِلطَّيِّبِيْنَ وَالطَّيِّبُوْنَ لِلطَّيِّبٰتِ ۚ (سورۃ نور)۔

کند ہمجنس باہمجنس پرواز، کبوتر با کبوتر باز با باز

اُن کی حرکت کا اصلی اقتضاء تو یہ ہی تھا۔ اب یہ جداگانہ امر ہے کہ حق تعالیٰ نے دوسری مصالح و حکم کی بنا پر کسی نام نہاد مسلمان کا مشرک و مشرکہ سے عقد جائز نہیں رکھا۔ یا مثلاً بدکار مرد کا پاکباز عورت سے نکاح ہو جائے تو بالکل باطل نہیں ٹھہرایا۔ (تنبیہ) آیت کی جو تقریر ہم نے کی وہ بالکل سہل اور بے تکلف ہے اس میں "لَا یَنْکِحُ" کے معنی وہ لئے گئے جو "السلطانُ لَا یَکْذِبُ" وغیرہ محاورات میں لئے جاتے ہیں یعنی نفی لیاقتِ فعل کو نفی فعل کی حیثیت دے دی گئی۔ فافہم واستقم۔ (تفسیر عثمانی)

شانِ نزول: ترمذی شریف میں ہے کہ ایک صحابی جن کا نام مرثد بن ابو مرثد تھا۔ یہ مکہ سے مسلمان قیدیوں کو اٹھا لایا کرتے تھے اور مدینے پہنچا دیا کرتے تھے۔ عناق نامی ایک بدکار عورت مکہ میں رہا کرتی تھی۔ جاہلیت کے زمانہ میں ان کا اس عورت سے تعلق تھا۔ حضرت مرثد رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں ایک قیدی کو لانے کیلئے مکہ شریف گیا۔ ایک باغ کی دیوار کے نیچے میں پہنچ گیا۔ رات کا وقت تھا چاندنی چٹکی ہوئی تھی۔ اتفاق سے عناق آ پہنچی اور مجھے دیکھ لیا بلکہ پہچان بھی لیا اور آواز دیکر کہا کیا مرثد ہے؟ میں نے کہا ہاں مرثد ہوں۔ اس نے بڑی خوشی ظاہر کی اور مجھ سے کہنے لگی چلو رات میرے ہاں گزارنا۔ میں نے کہا عناق اللہ تعالیٰ نے زنا کاری حرام کر دی ہے۔ جب وہ مایوس ہو گئی تو اس نے مجھے پکڑوانے کے لئے غل مچانا شروع کیا کہ اے خیمے والو ہوشیار ہو جاؤ دیکھو چور آ گیا ہے۔ یہی ہے جو تمہارے قیدیوں کو چُرا لایا کرتا ہے۔ لوگوں میں جاگ ہو گئی اور آٹھ آدمی میرے پکڑنے کو میرے پیچھے دوڑے میں مٹھیاں بند کر کے خندق کے راستے بھاگا اور ایک غار میں جا چھپا۔ یہ لوگ میرے پیچھے ہی پیچھے غار پر آ پہنچے لیکن میں انہیں نہ ملا۔ یہ وہیں پیشاب کرنے کو بیٹھے واللہ ان کا پیشاب میرے سر پر آ رہا تھا۔ لیکن اللہ نے انہیں اندھا کر دیا۔ انکی نگاہیں مجھ پر نہ پڑیں ادھر اُدھر ڈھونڈ ھ بھال کر واپس چلے گئے۔ میں نے کچھ دیر گزار کر جب یہ یقین کر لیا کہ وہ پھر سو گئے ہوں گے تو یہاں سے نکلا پھر مکہ کی راہ لی اور وہیں پہنچ کر اس مسلمان قیدی کو اپنی کمر پر چڑھایا اور وہاں سے لے بھاگا۔ چونکہ وہ بھاری بدن کے تھے میں جب اذخر میں پہنچا تو تھک گیا میں نے انہیں کمر سے اتار کر ان کے بندھن کھول دیئے اور آزاد کر دیا۔ اب اٹھاتا چلاتا مدینے پہنچ گیا۔ چونکہ عناق کی محبت میرے دل میں تھی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت چاہی کہ میں اس سے نکاح کر لوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم خاموش ہو رہے۔ میں نے دوبارہ یہی سوال کیا پھر بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے اور یہ آیت اُتری۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے مرثد! زانیہ سے نکاح زانی یا مشرک ہی کرتا ہے تُو اس سے نکاح کا ارادہ چھوڑ دے۔

نسائی نے حضرت عبداللہ بن عمرو کی روایت سے بیان کیا ہے کہ ایک عورت تھی جس کو ام مہزول کہا جاتا تھا وہ بدکار پیشہ ور عورت تھی کسی صحابی نے اس سے نکاح کرنا چاہا تو یہ آیت نازل ہوئی۔

زانیہ سے زانی کا نکاح جائز ہے:

بغوی نے لکھا ہے روایت میں آیا ہے کہ حضرت عمر بن خطاب نے زنا کے سلسلہ میں ایک مرد اور ایک عورت کو پٹوایا اور ان کو ترغیب دی کہ دونوں میں نکاح ہو جائے لیکن اس مرد نے انکار کر دیا (معلوم ہوا کہ زانیہ سے زانی کا نکاح جائز ہے) طبرانی اور دار قطنی نے بیان کیا کہ حضرت عائشہؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ اگر کوئی شخص کسی عورت سے زنا کرے اور پھر اس سے نکاح کر لینا چاہے تو کیا حکم ہے، فرمایا حرام حلال کو حرام نہیں بنا دیتا۔ عبدالرزاق اور ابن ابی شیبہ نے اپنی اپنی مصنف میں بیان کیا ہے کہ کسی نے حضرت ابن عباس سے پوچھا اگر کسی نے کسی عورت سے زنا کیا ہو پھر نکاح کر لینا چاہتا ہو تو کیا حکم ہے۔ آپ نے فرمایا اس کا آغاز زنا ہے اور انجام نکاح۔ (تفسیر مظہری)

مذکورہ تفسیر سے یہ بات واضح ہو گئی کہ اس آیت میں زانی اور زانیہ سے مُراد وہ ہیں جو زنا سے توبہ نہ کریں اور اپنی اس بُری عادت پر قائم رہیں۔ اور اگر

besturdubooks.wordpress.com

ان میں سے کوئی مرد خانہ داری یا اولاد کی مصلحت سے کسی پاکدامن شریف عورت سے نکاح کر لے یا ایسی عورت کسی نیک مرد سے نکاح کر لے تو اس آیت سے اس نکاح کی نفی لازم نہیں آتی۔ یہ نکاح شرعاً درست ہو جائے گا۔

جمہور فقہاء امت امام اعظم ابوحنیفہ، مالک، شافعی وغیرہ رحمھم اللہ کا یہی مذہب ہے اور صحابہ کرام سے ایسے نکاح کرانے کے واقعات ثابت ہیں تفسیر ابن کثیر میں حضرت ابن عباس کا بھی یہی فتویٰ نقل کیا ہے۔

وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ۝
اور یہ حرام ہوا ہے ایمان والوں پر

مؤمنین کیلئے زنا اور زانیہ سے نکاح حرام ہے:

یعنی زنا مؤمنین پر حرام ہے۔ ایک مومن مومن رہتے ہوئے یہ حرکت کیسے کرے گا۔ حدیث میں ہے "لَا یَزْنِی الزَّانِی حِیْنَ یَزْنِی وَھُوَ مُؤْمِنٌ" یا یہ مطلب ہو کہ زانیہ سے نکاح کرنا اُن پاکباز مردوں پر حرام کر دیا گیا ہے جو صحیح اور حقیقی معنوں میں مؤمنین کہلانے کے مستحق ہیں یعنی تکوینی طور پر اُن کے پاک نفوس کو ایسی گندی جگہ کی طرف مائل ہونے سے روک دیا گیا ہے۔ اس وقت "حُرِّمَ" کے معنی وہ ہوں گے جو وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ میں یا "وَحَرٰمٌ عَلٰى قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ" میں لئے گئے ہیں۔ واللہ اعلم (تفسیر عثمانی)

حرام نکاح اور حرام فعل:

کسی مشرک عورت سے یا جو عورتیں ہمیشہ کے لئے حرام ہیں ان میں سے کسی سے نکاح کر لیا تو یہ گناہ عظیم بھی ہے اور ایسا نکاح شرعاً کالعدم ہے زنا میں اور اس میں کوئی فرق نہیں۔ دوسرے یہ کہ فعل حرام ہے یعنی گناہ موجب سزا ہے مگر دنیا میں اس فعل کے کچھ ثمرات رہتے ہیں معاملہ صحیح ہو جاتا ہے جیسے کسی عورت کو دھوکہ دے کر یا اغوا کر کے لے آیا پھر شرعی قاعدے کے مطابق دو گواہوں کے سامنے اس کی مرضی سے نکاح کر لیا تو یہ فعل تو ناجائز و حرام تھا مگر نکاح صحیح ہو گیا اولاد ثابت النسب ہو گی اسی طرح زانیہ اور زانی کا نکاح جبکہ اُن کا مقصود اصلی زنا ہی ہو، نکاح محض کسی دنیوی مصلحت سے کرتے ہوں اور زنا سے توبہ نہیں کرتے ایسا نکاح حرام ہے مگر دنیوی احکام میں باطل کالعدم نہیں۔ نکاح کے ثمرات شرعیہ نفقہ، مہر، ثبوت نسب اور میراث سب جاری ہوں گے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ
اور جو لوگ عیب لگاتے ہیں حفاظت والیوں کو
ثُمَّ لَمْ يَأْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ
پھر نہ لائے چار مرد شاہد

پاکدامن عورت پر زناء کی تہمت لگانا:

یعنی ایسی پاکدامن عورتوں کو زنا کی تہمت لگائیں جن کا بدکار ہونا کسی دلیل یا قرینہ شرعیہ سے ثابت نہیں۔ اُس کی سزا بیان فرماتے ہیں اور یہ حکم پاکباز مردوں پر تہمت لگانے کا ہے۔ چونکہ یہ آیات ایک عورت کے قصہ میں نازل ہوئیں اس لئے اُن ہی کا ذکر فرمایا۔ اگر چار گواہ پیش کر دیئے اور اُن کی شہادت باقاعدہ شریعت پوری اُتری تو مقذوف یا مقذوفہ پر حد زنا جاری کی جائے گی۔ (تفسیر عثمانی)

وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ اور جو لوگ پاک دامن عورتوں کو تہمت زنا لگاتے ہیں۔ یعنی صراحۃً لفظ زنا کی کسی پاک دامن عورت کی طرف نسبت کرتے ہیں مثلاً کوئی یوں کہتا ہے تو نے زنا کیا یا کہتا ہے اے زانیہ۔ یرمون کی یہ تفسیر تمام علمائے تفسیر وفقہ کے نزدیک مسلمہ ہے کیونکہ چار شہادتیں پیش کرنے کی شرط آیت میں صراحۃً مذکور ہے (اور یہ شرط صرف زنا ہی کے ثبوت کی ہے) اب کسی شخص نے کسی پر کسی دوسرے گناہ کی تہمت لگائی تو باجماع علماء حد قذف (تہمت زنا لگانے کی سزا) اس پر لازم نہ ہوگی۔ بلکہ حاکم حسب صوابدید اس کو تعزیر کر سکتا ہے۔ اس طرح اگر صراحۃً زنا کی تہمت نہیں لگائی بلکہ پردے پردے میں تعریضاً کسی کی طرف زنا کی نسبت کی (مثلاً یوں کہا، میں تو زانی نہیں۔ مطلب یہ کہ تم زانی ہو) تو امام ابوحنیفہ امام شافعی، امام احمد، سفیان ثوری، ابن سیرین اور حسن بن صلاح کے نزدیک حد قذف جاری نہیں کی جائے گی۔

محصنات کا مطلب:

باجماع علماء احصان سے اس جگہ مراد یہ ہے کہ آزاد ہو بالغ ہو عاقل ہو مسلمان ہو پاکدامن ہو اس سے پہلے متہم بالزنا نہ ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو فرمایا تھا من اشرک باللہ فلیس بمحصن (جس نے کسی کو اللہ کے ساتھ عبادت میں ساجھی بنایا وہ محصن نہیں ہے) اس کا مطلب بھی یہی ہے کہ وہ مسلمان نہیں ہے۔

اگر کسی نے اپنی عمر میں کبھی جرم زنا کا ارتکاب کیا ہو پھر توبہ کر لی ہو اور اس کی حالت درست ہو گئی ہو اور درستی پر ایک مدت گزر گئی ہو پھر اس کی طرف مجرم زنا ہونے کی کوئی نسبت کرے تو تہمت لگانے والے پر حد قذف جاری نہیں کی جائے گی کیونکہ زنا کی نسبت کرنے والا اپنے قول میں سچا ہوتا ہے البتہ اس کو تعزیر کی جائے گی کیونکہ جس شخص نے توبہ کر لی ہے اس کی طرف اس نے گذشتہ گناہ کی نسبت کی حالانکہ گناہ سے توبہ کرنے والا بے گناہ کی طرح ہو جاتا ہے۔ اسی طرح کسی باندی غلام یا بچے یا پاگل کی طرف زنا کی نسبت کرنے والا بھی حد قذف کا مستوجب نہیں ہوتا۔ داؤد کے متعلق روایت میں آیا ہے کہ ان کے نزدیک باندی غلام پر تہمت زنا لگانے والے پر

besturdubooks.wordpress.com

حد قذف جاری کی جائے گی۔ (تفسیر مظہری)

حضرت عائشہؓ کی فضیلت:

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما مائی صاحبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس ان کے آخری وقت آئے تو فرمانے لگے ام المومنین! آپ خوش ہو جایئے کہ آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ رہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم محبت سے پیش آتے رہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے سوا کسی اور باکرہ سے نکاح نہیں کیا اور آپ کی براءت آسمان سے نازل ہوئی۔

مؤمنوں والا کلمہ:

ایک مرتبہ حضرت عائشہؓ اور حضرت زینبؓ اپنے اوصاف حمیدہ کا ذکر کرنے لگیں تو حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا میرا نکاح آسمان سے اُترا۔ اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا میری پاکیزگی کی شہادت قرآن کریم میں آسمان سے اُتری جب کہ صفوان بن معطلؓ مجھے اپنی سواری پر بٹھا لائے تھے۔ حضرت زینبؓ نے پوچھا یہ تو بتلاؤ جب تم اس اُونٹ پر سوار ہوئی تھیں تو تم نے کیا کلمات کہے تھے؟ آپ نے فرمایا حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ اس پر وہ بول اُٹھیں کہ تم نے مؤمنوں کا کلمہ کہا تھا۔ پھر فرمایا جس جس نے پاک دامن صدیقہؓ پر تہمت لگائی ہے ہر ایک کو بڑا عذاب ہوگا اور جس نے اس کی ابتداء اُٹھائی ہے جو اسے اِدھر اُدھر پھیلاتا رہا ہے اس کے لئے سخت تر عذاب ہیں۔ اس سے مُراد عبداللہ بن اُبی بن سلول ملعون ہے۔ ٹھیک قول یہی ہے۔

ثبوتِ تہمت کی شرائط:

ثُمَّ لَمْ یَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُھَدَآءَ پھر نہ لائے چار مرد گواہ۔ یعنی متہم بالزنا نے اگر زنا کا انکار کیا ہو اور تہمت زنا لگانے والا چار گواہ نہ پیش کر سکا ہو تو تہمت لگانے والے کے کوڑے مارو اور اگر چار گواہ زنا کے پیش کر دے تو اب قذف کرنے والا سبکدوش ہو جائے گا اس کے اوپر حد قذف جاری نہیں کی جائے گی (بلکہ ثبوتِ زنا مکمل ہو جانے کی وجہ سے زانی کو کوڑے مارے جائیں گے) اگر چار گواہ زنا کے تو پیش کر دیئے لیکن مختلف اوقات میں متفرق طور پر پیش کیے اور سب گواہ مجتمع ہو کر نہیں آئے تو زنا کا ثبوت نہ ہوگا اور جس پر تہمت لگائی گئی ہے اس پر حد زنا جاری نہ ہوگی، امام ابوحنیفہ کا یہی مسلک ہے۔ لیکن تہمت لگانے والا بھی مستحق سزا نہیں رہے گا وہ بھی حد قذف سے محفوظ ہو جائے گا۔ کیونکہ زنا کی شہادت کی تعداد تو بہر حال موجود ہے۔ گواہوں کے ساتھ ساتھ آنے کی شرط محض احتیاطاً لگائی گئی ہے تاکہ زنا کی حد ساقط ہو جائے۔ قاذف (تہمت زنا لگانے والے) پر حد قذف لازم کرنے کے لئے یہ شرط نہیں لگائی گئی ہے (کہ اگر گواہ اجتماعی شکل میں شہادت نہ دیں یا ساتھ ساتھ نہ آئیں تو قاذف پر حد جاری کر دی جائے) اسی طرح اگر متہم بالزنا نے ایک بار اقرار کر لیا تو اس پر حد زنا جاری نہ ہوگی اور نہ قاذف پر حد قذف جاری ہوگی۔

آیت میں شہداء سے مراد وہ شاہد ہیں جو شرعاً شہادت کے اہل ہوں، اسی لئے اگر اندھوں نے شہادت دی یا ایسے لوگوں نے شہادت دی جو جرم قذف کے سزایافتہ ہوں یا شاہدوں میں کوئی غلام ہو، ان سب صورتوں میں زنا کا ثبوت نہ ہوگا، بلکہ ان گواہوں پر حد قذف جاری کی جائے گی، ایسے لوگ شرعاً شہادت کے قابل نہیں۔ ان کا ہونا نہ ہونا برابر ہے غلام تو نہ شاہد بننے کا اہل ہے نہ شہادت دینے کا اس کی شہادت سے تو زنا کے شبہ کا ثبوت بھی نہ ہوگا زنا کا ثبوت تو ادائے شہادت سے ہوتا ہے۔

لیکن اگر گواہ فاسق ہوں تو ان پر حد قذف تو جاری نہ ہوگی لیکن ان کی شہادت سے زنا کا ثبوت بھی نہ ہو سکے گا۔ اس لئے متہم بالزنا پر حد زنا بھی جاری نہ ہوگی، کیونکہ فاسق شہادت ادا کرنے اور شاہد بننے کا اہل تو ہے لیکن فسق کی وجہ سے اس کی شہادت میں کسی قدر ضعف ہے اس لئے فاسقوں کی شہادت سے شبہ زنا تو پیدا ہو جائے گا اور وہ حد قذف سے محفوظ رہیں گے اور ثبوت زنا نہ ہوگا اس لئے زانی پر حد زنا جاری نہ ہوگی۔ امام شافعی کے نزدیک فاسق گواہوں پر حد قذف جاری کی جائے گی کیونکہ شافعی کے نزدیک فاسق غلام کی طرح شہادت کا اہل ہی نہیں ہے۔

اس آیت سے ثابت ہو رہا ہے کہ اگر گواہوں کی تعداد چار سے کم ہو تو ان پر حد قذف جاری کی جائے گی (اللہ کی قائم کی ہوئی حد معطل نہ ہو اور مجرم آزادی کے ساتھ جرم نہ کریں) اس نیت خیر کے لئے زنا کی (اور ہر جرم کی) شہادت کی ضرورت تھی اور چار سے کم گواہ ہوں تو یہ غرض حاصل نہیں ہو سکتی (پھر گواہوں کی گواہی صرف بدنام کرنے اور مسلمانوں کی آبروریزی کے جذبہ کے زیر اثر مانی جائے گی بلکہ واقع میں بھی ایسا ہی ہوگا۔ (تفسیر مظہری)

شریعت اسلام نے بغیر ثبوت شرعی کے جس کا نصاب چار مرد گواہ عادل ہونا ہے اگر کوئی کسی پر تہمت صریح زنا کی لگائے تو اس تہمت لگانے کو بھی شدید جُرم قرار دیا اور اس جُرم پر بھی حدِ شرعی اسی کوڑے مقرر کی جس کا لازمی اثر یہ ہوگا کہ کسی شخص پر زنا کا الزام کوئی شخص اُسی وقت لگانے کی جرأت کرے گا جبکہ اس نے اس فعل خبیث کو خود اپنی آنکھ سے دیکھا بھی اور صرف اتنا ہی نہیں بلکہ اس کو یہ یقین ہو کہ میرے ساتھ اور تین مردوں نے دیکھا ہے اور وہ گواہی دیں گے۔ کیونکہ اگر دوسرے گواہ ہیں ہی نہیں یا چار سے کم ہیں یا اُن کے گواہی دینے میں شبہ ہے تو اکیلا یہ شخص گواہی دے کر تہمت زنا کی سزا کا مستحق بننا کسی حال گوارا نہ کرے گا۔

ایک شبہ اور جواب:

رہا یہ معاملہ کہ جب زنا کی شہادت کے لئے ایسی کڑی شرطیں لگا دی گئیں تو مجرموں کو کھلی چھٹی مل گئی نہ کسی کو شہادت کی جرأت ہوگی نہ کبھی ثبوت شرعی بہم

besturdubooks.wordpress.com

پہنچے گا نہ ایسے مجرم کبھی سزایاب ہو سکیں گے مگر یہ خیال اس لئے غلط ہے کہ زنا کی حد شرعی یعنی سو کوڑے یا رجم و سنگساری کی سزا دینے کے لئے تو یہ شرطیں ہیں لیکن دو غیر محرم مرد و عورت کو یکجا قابل اعتراض حالت میں یا بےحیائی کی باتیں کرتے ہوئے دیکھ کر اس کی شہادت دینے پر کوئی پابندی نہیں اور ایسے تمام اُمور جو زنا کے مقدمات ہوتے ہیں یہ بھی شرعاً قابل سزا جرم ہیں لیکن حد شرعی کی سزا نہیں بلکہ تعزیری سزا قاضی یا حاکم کی صوابدید کے مطابق کوڑے لگانے کی دی جاتی ہے اس لئے جس شخص نے دو مرد و عورت کو زنا میں مبتلا دیکھا مگر دوسرے گواہ نہیں ہیں تو صریح زنا کے الفاظ سے تو شہادت نہ دے مگر بے حجابانہ اختلاط کی گواہی دے سکتا ہے اور حاکم قاضی اس پر تعزیری سزا بعد ثبوت جُرم جاری کر سکتا ہے۔

محصنت کون ہیں:

یہ لفظ ''احصان'' سے مشتق ہے اصطلاح شرع میں احصان کی دو قسمیں ہیں ایک وہ جس کا حدِ زنا میں اعتبار کیا گیا ہے وہ یہ کہ جس پر زنا کا ثبوت ہو جاوے وہ عاقل بالغ آزاد مسلمان ہو اور کسی عورت کے ساتھ نکاح صحیح کر چکا ہو اور اُس سے مباشرت بھی ہو چکی ہو تو اس پر سزائے رجم و سنگساری جاری ہو گی۔ (معارف مفتی اعظم)

فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا
تو مارو اُن کو اسی دُرّے اور نہ مانو
لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ۚ
اُن کی کوئی گواہی کبھی

زنا کی تہمت لگانے کی سزا:

یہ سزا قاذف (تہمت لگانے والے) کی ہوئی کہ (مقذوف کے مطالبہ پر) اسی دُرّے لگائے جائیں اور آیندہ ہمیشہ کے لئے (معاملات) میں مردود الشہادت قرار دیا جائے۔ حنفیہ کے نزدیک توبہ کے بعد بھی اُس کی شہادت معاملاتِ میں قبول نہیں کی جا سکتی۔ (تفسیر عثمانی)

ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً اسی کوڑے۔ بشرطیکہ گواہی دینے والے آزاد ہوں (غلام نہ ہوں) اگر گواہ غلام ہوں تو باجماع فقہاء ہر ایک کی سزا آدھی ہو جائے گی یعنی ہر غلام گواہ کے چالیس کوڑے مارے جائیں گے۔ فقہاء نے حد قذف کو حدِ زنا پر قیاس کیا ہے (زانی غلام یا باندی ہو تو پچاس کوڑے مارے جانے کا حکم آیت قرآنی اور حدیث میں آیا ہے۔ اس لئے قاذف اگر غلام ہو تو اس کی سزا بھی آدھی ہو گی)۔ اللہ نے زانی باندیوں کے متعلق فرمایا فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَى الْمُحْصَنٰتِ مِنَ الْعَذَابِ (تفسیر مظہری)

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۙ
اور وہی لوگ ہیں نافرمان

تہمت لگانے والا فاسق ہوا:

اگر واقع میں جان بوجھ کر جھوٹی تہمت لگائی تھی تب تو اُن کا فاسق و نافرمان ہونا ظاہر ہے اور اگر واقعی سچ بیان کیا تھا لیکن جانتے تھے کہ چار گواہوں سے ہم اپنا دعویٰ ثابت نہیں کر سکیں گے تو ایسی بات کا اظہار کرنے سے بجز ایک مسلمان کی آبروریزی اور پردہ دری کے کیا مقصود ہوا جو بجائے خود ایک مستقل گناہ ہے اور علماء نے اُس کو کبائر میں شمار کیا ہے۔

اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَ
مگر جنہوں نے توبہ کر لی اس کے پیچھے اور
اَصْلَحُوْا ۚ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ
سنور گئے تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے

توبہ سے فسق کا ازالہ ہو جاتا ہے:

یعنی توبہ اور اصلاح حال کے بعد اللہ کے نافرمان بندوں میں اُس کا شمار نہ رہے گا۔ گو پچھلے قذف کی سزا میں مردود الشہادت پھر بھی رہے۔ یہی مذہب سلف میں سے قاضی شریح۔ ابراہیم نخعی، سعید بن جبیر، مکحول، عبدالرحمن بن زید بن جابر حسن بصری محمد بن سیرین اور سعید بن المسیب رحمہم اللہ کا ہے۔ کمافی الدرالمنثور وابن کثیر۔ (تفسیر عثمانی)

توبہ سے سزا ساقط نہیں ہوتی:

امام ابوحنیفہ نے فرمایا اِلَّا الَّذِيْنَ کا استثناء گذشتہ آخری جملہ کی طرف راجع ہے (یعنی جو لوگ توبہ کر لیں گے اور اپنے احوال کو درست کر لیں گے وہ فاسق نہیں رہیں گے مطلب یہ ہے کہ توبہ سے قذف کی سزا معاف نہیں ہو گی صرف فاسق ہونے کا حکم جاتا رہے گا) اصول فقہ میں امام ابوحنیفہ کا مسلک یہی ہے۔ توبہ سے فسق ختم ہو جاتا ہے، حدود ساقط نہیں ہوتیں جمہور علماء کے نزدیک توبہ سے حد ساقط نہیں ہوتی۔

وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ
اور جو لوگ عیب لگائیں اپنی (منکوحہ) بی بیوں کو

یعنی زنا کی تہمت لگائے یا اپنے بچہ کو کہے کہ یہ میرے نطفہ سے نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

شانِ نزول: بخاری نے صحیح میں حضرت ابن عباس کی روایت سے لکھا ہے کہ ہلال بن امیہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اپنی بیوی پر شریک بن سحما سے زنا کرنے کی تہمت لگائی (واقعہ یقیناً سچا تھا لیکن شرعی شہادت موجود نہیں تھی اس لئے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شرعی ثبوت پیش کرو) ورنہ تمہاری پشت پر کوڑے مارے جائیں گے ہلال نے عرض کیا یارسول اللہ اگر کوئی شخص کسی کو اپنی بیوی پر دیکھے تو کیا گواہوں کو تلاش کرنے جائے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گواہ یا تمہاری پشت پر کوڑے۔ ہلال نے کہا قسم ہے اس کی جس نے آپ کو برحق نبی بنا کر بھیجا ہے میں بلاشک وشبہ سچا ہوں اللہ ضرور (کوئی حکم ایسا) نازل فرمائے گا جس سے میری پشت کوڑوں سے بچ جائے گی، اس وقت جبرئیل آیاتِ ذیل لے کر نازل ہوئے۔ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ اور جو لوگ اپنی بیویوں کی طرف زنا کی نسبت کرتے ہیں۔ کیفیت وحی دور ہونے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ تک تلاوت فرمائی حسب الحکم ہلال آئے اور انہوں نے شہادت دی یعنی لعان کیا اور حضور برابر فرماتے رہے کہ اللہ جانتا ہے کہ تم دونوں میں ایک جھوٹا ہے تو کیا تم دونوں میں سے کوئی ایک اپنے قول سے رجوع کرے گا۔ ہلال کی شہادت کے بعد عورت کھڑی ہوئی اور اس نے شہادت دی یعنی لعان کیا جب پانچویں شہادت کا نمبر آیا تو لوگوں نے اس کو روکا اور کہا یہ شہادت فیصلہ کر دینے والی ہے (اگر تو نے جرم کیا ہے تو شہادت سے اب بھی لوٹ سکتی ہے) عورت ذرا جھجکی اور مڑی یہاں تک کہ ہمارا خیال ہوا کہ یہ (شہادت سے) لوٹ جائے گی پھر کہنے لگی میں اپنے خاندان کو آئندہ ہمیشہ کے لئے رسوا نہیں کروں گی چنانچہ اس نے شہادت جاری رکھی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اس عورت کو دیکھتے رہنا (اگر اس کے بچہ پیدا ہوا اور آنکھیں سرگیں ہوں سرین بھاری ہوں اور پنڈلیاں گداز ہوں تو (خیال کر لینا کہ) وہ شریک بن سحما کا ہے، چنانچہ جب بچہ پیدا ہوا تو وہ ایسا ہی تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اگر کتاب اللہ کا فیصلہ نازل نہ ہوا ہوتا تو پھر میں اس عورت سے سمجھتا۔

ابن عویمر کی بیوی کا واقعہ:

صحیح میں حضرت سہل بن سعد ساعدی کی روایت سے آیا ہے کہ ابن عویمر عجلانی نے عرض کیا یارسول اللہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ کسی آدمی کو (مشغول) دیکھ لے تو کیا کرے اگر وہ قتل کر دے گا تو لوگ (قصاص میں) اس کو قتل کر دیں گے (گواہ لینے جائے گا تو مرد فارغ ہو کر جا چکے گا) بتایئے وہ کیا کرے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارے اور تمہاری بیوی کے معاملہ میں حکم نازل ہو گیا ہے جاؤ اپنی بیوی کو لے آؤ حضرت سہل کا بیان ہے

پھر دونوں نے مسجد کے اندر لعان کیا میں اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا لعان سے دونوں فارغ ہو گئے تو عویمر نے عرض کیا یارسول اللہ اب اس کے بعد میں اس عورت کو اپنے پاس رکھوں گا تو گویا میں نے اس پر تہمت تراشی کی (کیونکہ غیرت مند آدمی زناکار عورت کو اپنے نکاح میں نہیں رکھتا ہے) چنانچہ انہوں نے عورت کو تین طلاقیں دے دیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ذرا دیکھتے رہنا اگر اس عورت کے بچہ پیدا ہو اور وہ سانولا، سیاہ چشم بھاری سرینوں اور گداز پنڈلیوں والا ہو تو میرا خیال ہو جائے گا کہ عویمر (یعنی ابن عویمر) نے سچ کہا تھا اور اگر ای کی طرح سرخ رنگ کا ہوا تو میں سمجھوں گا کہ عویمر نے اس عورت پر دروغ بندی کی چنانچہ جب بچہ پیدا ہوا تو وہ ایسا ہی تھا جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بیان کے مطابق عویمر کی سچائی ظاہر ہوتی تھی چنانچہ آئندہ اس بچہ کا نسب ماں سے ملایا جاتا (اور ولد عویمر نہیں کہا جاتا تھا)

حضرت سعید بن معاذ کی گفتگو، حضرت ہلال کا واقعہ:

امام احمد نے بروایت عکرمہ حضرت ابن عباس کا بیان نقل کیا ہے کہ جب آیت

وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ
فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا

نازل ہوئی تو انصار کے سردار حضرت سعد بن عبادہ نے عرض کیا (کیا) اسی طرح آیت نازل ہوئی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اے گروہ انصار سن رہے ہو تمہارا سردار کیا کہہ رہا ہے (اس کو نزول آیت میں شبہ ہے) انصار نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو آپ برا نہ کہیں یہ بڑے غیرت مند آدمی ہیں بخدا انہوں نے (کبھی کسی بیوہ یا مطلقہ سے نکاح نہیں کیا) ہمیشہ ناکتخدا سے ہی نکاح کیا اور نہ اپنی کسی بیوی کو طلاق دی (یعنی جس عورت کا پردہ کسی مرد نے اٹھا لیا ہو اس کو انہوں نے کبھی ساتھ رکھنا پسند نہیں کیا اور انتہائی غیرت یہ کہ کسی عورت کو طلاق نہیں دی۔ کہ وہ کسی دوسرے مرد سے نکاح کر سکے) ان کی اسی شدت غیرت کی وجہ سے ہم میں سے کوئی شخص جرأت نہیں کر سکتا کہ (اگر ان کی چھوڑی ہوئی کوئی عورت ہو تو) اس سے نکاح کر لے۔ حضرت سعد نے عرض کیا یارسول اللہ میرے ماں باپ قربان بخدا یہ تو میں ضرور جانتا ہوں کہ یہ آیت حق ہے اللہ کی طرف سے نازل شدہ ہے لیکن مجھے تعجب اس بات پر ہے کہ اگر میں بدکار عورت کو اس حالت میں دیکھوں کہ کوئی شخص اس کو اپنی رانوں میں دبائے ہوئے ہے تو مجھے یہ بھی اجازت نہیں کہ میں اس کو اس کی جگہ سے ہلا سکوں جب تک کہ چار گواہ لا کر ان کو آنکھوں سے دکھا نہ دوں خدا کی قسم جب تک میں گواہ لاؤں گا وہ شخص اپنا کام کر کے چل دے گا۔ اس واقعہ کو زیادہ مدت نہ گزری تھی کہ

besturdubooks.wordpress.com

ہلال بن امیہ کا قصہ ہو گیا حضرت ہلال ان تینوں میں سے ایک تھے جن کی توبہ قبول ہونے کی صراحت آیت میں آئی تھی۔ (غزوۂ تبوک کو تین شخص باوجود قدرت کے نہیں گئے تھے اور واپسی کے وقت حاضر خدمت ہو کر انہوں نے سچ سچ عرض کر دیا تھا اور اپنے قصور کا اعتراف کر لیا تھا اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر سخت عتاب کیا تھا اور مسلمانوں کو ان کے بائی کاٹ کا حکم دے دیا تھا انہوں نے چالیس پچاس دن برابر اللہ سے زاری کی اور روتے رہے آخر ان کی توبہ قبول ہوئی اور قبول توبہ کی آیت اللہ نے نازل فرما دی، واقعہ یوں ہوا کہ حضرت ہلال رات کو اندھیرا پڑے اپنی زمین سے واپس آئے آ کر دیکھا کوئی شخص ان کی بیوی کے پاس موجود ہے (اور کام میں مشغول ہے) آپ نے اپنی آنکھوں سے ان کی حرکت دیکھی اور اپنے کانوں سے ان کی باتیں سنیں لیکن اس شخص کو متنبہ نہیں کیا صبح ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا میں اندھیرا پڑے گھر آیا تو میں نے اپنی بیوی کے پاس ایک آدمی کو اپنی آنکھوں سے دیکھا اور اپنے کانوں سے (ان کی باتیں) سنیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ اطلاع ناگوار ہوئی اور بار گذری، دوسری طرف انصار جمع ہوئے اور انہوں نے کہا سعد بن عبادہ کے قول نے ہم کو آزمائش میں ڈال دیا، اب ہلال بن امیہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (کوڑے) لگوائیں گے اور لوگوں میں ان کی شہادت کو باطل قرار دیں گے۔ ہلال نے کہا خدا کی قسم مجھے امید ہے کہ اللہ میرے لئے اس سے رہائی کا کوئی راستہ ضرور نکال دے گا (راوی کا بیان ہے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کوڑے لگوانے کا ارادہ کر ہی رہے تھے کہ اللہ نے آپ پر وحی نازل فرمائی۔ جب وحی نازل ہو گئی (اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سنا دی) لوگ ہلال کو کوڑے مارنے سے رک گئے۔ آیت نازلہ یہ تھی وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ الخ ابو یعلی نے ایسا ہی بیان حضرت انس کا نقل کیا ہے بغوی نے یہ واقعہ نقل کرنے کے بعد اس کے آخر میں یہ بھی بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، ہلال تم کو خوش خبری ہو اللہ نے تمہارے لئے کشائش پیدا کر دی ہلال نے کہا مجھے اللہ سے اس کی امید تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عورت کو بلاؤ حسب الحکم عورت حاضر ہوئی جب دونوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اکٹھے ہوئے تو عورت سے (ہلال کا قول) کہا گیا عورت نے ہلال کے قول کو جھوٹا قرار دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ یقیناً جانتا ہے کہ تم دونوں میں ایک جھوٹا ہے تو کیا تم دونوں میں سے کوئی (اپنے بیان سے) رجوع کرنے والا ہے۔ ہلال نے کہا یا رسول اللہ! میرے ماں باپ قربان میں سچ کہہ چکا اور میں نے حق بات کہی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو ان دونوں کے درمیان لعان کرا دو۔ حسب الحکم ہلال سے کہا گیا، شہادت دو

ہلال نے چار بار اللہ کی قسم کھا کر کہا کہ میں یقیناً سچا ہوں پانچویں شہادت کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہلال سے فرمایا، ہلال اللہ سے ڈر دنیوی عذاب، آخرت کے عذاب سے آسان ہے اور اللہ کا عذاب لوگوں کے عذاب سے بہت زیادہ سخت ہے اور یہ پانچویں شہادت واجب کر دینے والی ہے (اگر تو جھوٹا ہے تو) عذاب کو تجھ پر واجب کر دے گی۔ ہلال نے کہا خدا کی قسم اللہ اس شہادت پر مجھے عذاب نہیں دے گا۔ جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس پر میرے کوڑے نہیں ماریں گے۔ اس کے بعد پانچویں شہادت میں ہلال نے کہا کہ اللہ کی لعنت مجھ پر اگر میں جھوٹا ہوں، پھر پانچویں شہادت کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت کو روکا اور فرمایا اللہ سے ڈر پانچویں شہادت یقیناً واجب کرنے دینے والی ہے اور اللہ کا عذاب لوگوں کے عذاب سے زیادہ سخت ہے، یہ سن کر عورت تھوڑی دیر کے لئے کچھ جھجکی اور اقرار کرنے کا ارادہ کیا، لیکن پھر کہنے لگی، خدا کی قسم میں اپنے خاندان کو رسوا نہیں کروں گی، چنانچہ اس نے پانچویں شہادت دے دی اور کہا اللہ کا مجھ پر غضب ہو اگر وہ (ہلال) سچا ہو، آخر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں کو الگ الگ کر دیا اور فیصلہ کر دیا کہ بچہ (اگر ہو گا تو) عورت کا ہو گا باپ کی طرف اس کی نسبت نہیں کی جائے گی۔ لیکن بچہ کو ولد حرام نہیں کہا جائے گا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا کہ اگر بچہ ایسا ایسا ہو تو شوہر کا ہو گا اور اگر ایسا ایسا ہو تو وہ اس شخص کا ہو گا جس کا نام لیا گیا ہے۔ چنانچہ جب بچہ پیدا ہوا تو خاکستری رنگ کے اونٹ کی طرح بدشکل تھا جو آئندہ زندگی میں مصر کا حاکم بنا لیکن وہ نہیں جانتا تھا کہ میرا باپ کون تھا۔

عکرمہ نے کہا وہ بچہ مصر کا گورنر ہوا اور کسی باپ کی طرف اس کی نسبت نہیں کی جاتی تھی۔ اکثر طرق روایت میں آیا ہے کہ لعان کرنے کے وقت ہلال کی بیوی حاملہ تھی۔

عویمر کے واقعہ کی تفصیل:

بغوی نے لکھا ہے کہ تمام روایات میں حضرت ابن عباس کا بیان مندرجہ ذیل آیا ہے اور یہی مقاتل نے بیان کیا کہ جب آیت وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ الخ نازل ہوئی۔ اور منبر پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھ کر سنائی تو عاصم بن عدی انصاری نے اٹھ کر عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ مجھے آپ پر قربان کر دے (یہ فرمایئے) اگر ہم میں سے کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ کسی کو (مشغول) دیکھ لے اور جو کچھ دیکھا ہے اس کو بیان کر دے تو اس کے اسی کوڑے مارے جائیں گے اور مسلمان اس کو فاسق کہیں گے اور آئندہ اس کی گواہی کبھی قبول نہیں کی جائے گی۔ ہم گواہ اس وقت تک کہاں سے لا سکتے ہیں گواہوں کی تلاش میں جائیں گے تو اتنے وقت میں وہ شخص اپنے کام سے

besturdubooks.wordpress.com

فارغ ہوکر جا چکا ہوگا۔ انہی عاصم کے ایک چچازاد ے تھے جن کا نام عویمر تھا اور عویمر کی بیوی خولہ بنت قیس بن محصن تھیں (چند روز بعد کا ذکر ہے کہ) عویمر عاصم کے پاس پہنچے اور کہا (بھائی) میں نے اپنی بیوی خولہ کے پیٹ پر سوار خود شریک بن سحما کو دیکھ پایا (اب کیا کروں) عاصم نے انا للّٰہ وانا الیہ راجعون پڑھا اور آئندہ جمعہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کیا یارسول اللہ! گذشتہ جمعہ کو جو بات میں نے عرض کی تھی اس میں مبتلا میرے ہی خاندان کا ایک شخص ہوگیا۔ عویمر خولہ، اور شریک، سب عاصم کے بنی عم (یعنی ایک ہی دادا کی اولاد) تھے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے سب کو طلب فرمایا اور عویمر سے ارشاد فرمایا وہ تیری بیوی اور تیرے چچا کی بیٹی ہے، اللہ سے ڈر اس کو بہتان تراشی کا نشانہ نہ بنا۔ عویمر نے عرض کیا یارسول اللہ میں اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں نے شریک کو اس کے پیٹ پر دیکھا اور چار مہینے سے میں خولہ کے قریب بھی نہیں گیا۔ اس کو اگر حمل ہے تو کسی اور کا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت سے فرمایا، اللہ سے ڈر اور جو کچھ تو نے کیا مجھ سے بیان کردے۔ عورت نے عرض کیا یارسول اللہ! عویمر بڑا غیرت مند آدمی ہے اس نے دیکھا کہ میں اور شریک دیر تک بیدار رہتے اور باہم باتیں کرتے رہتے، اس کو غیرت آئی اور غیرت نے اس سے وہ بات کہلوائی (جو اس نے آپ سے کہی تھی)، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شریک سے فرمایا تیرا کیا بیان ہے؟ اس نے کہا جو عورت کہہ رہی ہے وہی میں کہتا ہوں، اس پر اللہ نے آیت وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ نازل ہوئی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منادی کا حکم دیا کہ الصلوۃ جامعۃ کی ندا کردے، منادی نے ندا کردی لوگ جمع ہوگئے، آپ نے عصر کی نماز پڑھی پھر عویمر سے فرمایا، اٹھ اور کھڑا ہوکر اللہ کو گواہ کر کے کہہ کہ خولہ زانیہ ہے اور میں یقیناً بلاشبہ سچا ہوں۔ عویمر نے کھڑے ہوکر یہی شہادت دی، پھر دوسری شہادت میں عویمر نے کہا، میں اللہ کو گواہ کرتا ہوں کہ میں نے شریک کو خولہ کے پیٹ پر دیکھا اور میں بلاشبہ سچا ہوں، پھر تیسری شہادت میں عویمر نے کہا، میں شہادت دیتا ہوں کہ اس عورت کو جو حمل ہے وہ میرا نہیں کسی اور کا ہے اور میں سچا ہوں پھر چوتھی شہادت میں عویمر نے کہا میں اللہ کو شاہد جان کر کہتا ہوں کہ میں نے چار مہینے سے اس سے قربت نہیں کی اور بلاشک میں سچا ہوں، پھر پانچویں مرتبہ عویمر نے کہا اگر عویمر اس بات میں جھوٹا ہو تو اس پر خدا کی لعنت ہو (اس کے بعد) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خولہ سے فرمایا، کھڑی ہو (اور قسم کھا کر بیان کر) خولہ کھڑی ہوئی اور اس نے کہا، میں خدا کی قسم کھا کر کہتی ہوں کہ میں زانیہ نہیں ہوں اور عویمر جھوٹا ہے، پھر دوسری شہادت میں خولہ نے کہا، میں خدا کی قسم کھا کر کہتی ہوں کہ عویمر نے شریک کو میرے پیٹ پر نہیں دیکھا اور عویمر جھوٹا ہے، پھر تیسری شہادت میں عورت نے کہا میں عویمر سے حاملہ ہوں اور یہ جھوٹا ہے، پھر چوتھی شہادت میں عورت نے کہا عویمر نے کبھی مجھے زنا کی حالت میں مبتلا نہیں دیکھا اور یہ جھوٹا ہے، پھر پانچویں شہادت میں اس نے کہا اگر عویمر اس قول میں سچا ہو تو خولہ پر اللہ کا عذاب ٹوٹے، تکمیل شہادت کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں کو الگ کرادیا اور فرمایا اگر یہ قسمیں نہ ہوتیں تو اس وقت اس عورت کے معاملے میں کچھ رائے ہوتی، پھر لوگوں سے فرمایا بچے کی پیدائش کے وقت کو دیکھتے رہو اگر بچے کے دونوں ابرو کشادہ ہوں دونوں میں فاصلہ ہو بال بھورے ہوں رنگ مائل بہ سیاہی ہو تو (سمجھو کہ) وہ شریک بن سحما کا ہے اور اگر رنگ خاکستری ہو بال گھنگھریالے ہوں، اعضاء کے جوڑ اونٹ کی طرح ہوں تو سمجھو کہ وہ اس شخص کا نہیں ہے جس کی طرف زنا کی نسبت کی گئی ہے (بلکہ وہ عویمر کا ہوگا) حضرت ابن عباس نے فرمایا خولہ کے بچہ پیدا ہوا تو وہ شریک سے بہت زیادہ مشابہ تھا۔

لعان کیلئے دو شرطیں:

امام ابوحنیفہ نے فرمایا، جب تک دو شرطیں نہ ہوں گی لعان جائز نہ ہوگا ایک شرط یہ ہے کہ مرد اہل شہادت ہو یعنی مسلمان آزاد عاقل بالغ ہو دوسری شرط یہ ہے کہ عورت ایسی ہو کہ اس کے قاذف (تہمت زنا لگانے والے) کو حد لگائی جاسکتی ہو یعنی مسلمان ہو آزاد ہو، عاقل ہو، بالغ ہو اور (اس سے پہلے) اس کی طرف زنا کی نسبت نہ کی گئی ہو امام صاحب کے اس قول پر اگر عورت ایسی ہو کہ اس کے قاذف کو حد زنا لگائی جاسکتی ہو اور مرد غلام ہو یا کافر ہو یا تہمت زنا کا پہلے سزا یافتہ ہو (اور ایسا مرد تہمت زنا لگائے) تو لعان کا حکم نہیں دیا جائے گا بلکہ حاکم اگر مناسب سمجھے گا تو تعزیری سزا مرد کو دے گا۔

امام صاحب نے شوہر کے لئے شہادت کا اہل ہونے کی شرط لگائی ہے اور یہ بھی ضروری قرار دیا ہے کہ عورت ایسی ہو جس کے قاذف پر حد قذف جاری کی جاسکتی ہو ان دونوں باتوں کا ثبوت عمرو بن شعیب کے دادا کی روایت کردہ حدیث سے ملتا ہے اس حدیث کو ابن ماجہ اور دارقطنی نے چند طرق سے نقل کیا ہے۔

دارقطنی نے بروایت عثمان بن عبدالرحمٰن زہری بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چار (صورتیں) ہیں جن میں لعان نہیں ہے۔ آزاد مرد اور باندی عورت کے درمیان لعان نہیں ہے غلام مرد اور آزاد بی بی کے درمیان لعان نہیں ہے مسلم مرد اور یہودیہ عورت کے درمیان لعان نہیں ہے۔ مسلم مرد اور نصرانی عورت کے درمیان لعان نہیں ہے۔ یحییٰ، بخاری، ابوحاتم رازی اور ابوداؤد نے کہا عثمان بن عبدالرحمٰن کچھ نہیں ہے (ہیچ ہے ناقابل اعتبار ہے) یحییٰ نے ایک بار کہا وہ جھوٹ کہتا تھا ابن حبان نے کہا موضوع احادیث کی روایت کا سلسلہ قابل اعتماد راویوں سے ملاتا تھا اس کی روایت کردہ حدیث کو حجت میں پیش کرنا جائز نہیں۔ نسائی اور دارقطنی نے کہا یہ متروک الحدیث ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

دار قطنی اور ابن ماجہ نے عثمان بن عطاء خُراسانی کی روایت سے:
کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چار عورتوں سے لعان نہیں۔ عیـ ں ررے مسلمان مرد، یہودی عورت مسلمان مرد، باندی عورت آزاد مرد، آزاد عورت غلام مرد۔ یحیٰی اور دار قطنی نے عثمان بن عطاء کو ضعیف کہا ہے ابو حاتم اور ابن حبان نے کہا اس کی حدیث سے احتجاج جائز نہیں۔ علی بن جنید نے کہا یہ متروک الحدیث ہے۔

دار قطنی نے کہا عثمان کی متابعت یزید بن زریع نے بھی کی ہے اس نے بھی بروایت عطاء یہ حدیث بیان کی ہے لیکن یزید بن زریع بھی ضعیف ہے۔

ابن ہمام نے لکھا ہے ضعیف حدیث اگر متعدد طریقوں سے مروی ہو (اور ہر سند میں ضعف ہو) تو وہ حجت (قابل استدلال) ہو جاتی ہے۔ یہ حدیث اسی قسم کی ہے اس کی تائید اوزاعی اور ابن جریج کی روایت سے ہو رہی ہے کہ دونوں اماموں نے اس کو عمرو بن شعیب کے دادا کا قول قرار دیا ہے (اگرچہ اس کی نسبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف نہیں کی اور مرفوعاً نہیں بیان کیا پھر بھی موقوفاً ضرور کہا ہے)

امام ابو حنیفہ کی دلیل یہ ہے کہ لعان سے انکار کرنا اپنے جھوٹے ہونے کا اقرار ہے لیکن اس میں کسی قدر شبہ ہے (کیونکہ صراحۃً اس نے اقرار کذب نہیں کیا ہے) اور شبہ کی صورت میں حد جاری نہیں کی جاسکتی مجبوراً اس کو قید کیا جائے گا تاکہ وہ یا لعان پر تیار ہو جائے اور لعان کرے یا صراحۃً اپنے جھوٹے ہونے کا اقرار کرے تاکہ اس پر حد قذف جاری کی جاسکے۔

اگر شوہر لعان کرلے تو عورت پر بھی لعان کرنا امام ابو حنیفہ کے نزدیک واجب ہو جاتا ہے اگر وہ انکار کرے تو حاکم اس کو قید کردے اور اتنی مدت قید رکھے کہ وہ لعان کے لئے تیار ہو جائے یا زنا کا اقرار کرلے اور شوہر کی تصدیق کردے۔ ہم کہتے ہیں لعان اس وقت تک متحقق نہیں ہوتا جب تک عورت بھی لعان نہ کرلے۔ (تفسیر مظہری)

وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ

اور شاہد نہ ہوں اُن کے پاس سوائے ان کی جان کے تو ایسے شخص کی گواہی

اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۶﴾

کی یہ صورت ہے کہ چار بار گواہی دے اللہ کی قسم کھا کر کہ مقرر وہ شخص سچا ہے

وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۷﴾

اور پانچویں بار یہ کہ اللہ کی پھٹکار ہو اُس شخص پر اگر ہو وہ جھوٹا

وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ اَنْ تَشْهَدَ اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍ

اور عورت سے ٹل جائے گی مار یوں کہ وہ گواہی دے چار گواہی

بِاللّٰهِ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۸﴾ وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ

اللہ کی قسم کھا کر کہ مقرر وہ شخص جھوٹا ہے اور پانچویں یہ کہ اللہ کا غضب

اللّٰهِ عَلَيْهَآ اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۹﴾

آئے اس عورت پر اگر وہ شخص سچا ہے

لعان کا طریقہ:

یعنی جو اپنی بیوی پر زنا کی تہمت لگائے اولاً اس سے چار گواہ طلب کئے جائیں گے اگر پیش کردے تو عورت پر حدِ زنا جاری کردی جائے گی۔ اگر گواہ نہ لاسکا تو اس کو کہا جائے گا کہ چار مرتبہ قسم کھا کر بیان کرے کہ وہ اپنے دعوے میں سچا ہے (یعنی جو تہمت اپنی بیوی پر لگائی ہے اس میں جھوٹ نہیں بولا) گویا چار گواہوں کی جگہ خود اس کی یہ چار حلفیہ شہادتیں ہوئیں اور آخر میں پانچویں مرتبہ یہ الفاظ کہنے ہوں گے کہ ''اگر وہ اپنے دعوے میں جھوٹا ہو تو اس پر خدا کی لعنت اور پھٹکار'' اگر الفاظ مذکورہ بالا کہنے سے انکار کرے تو حبس کیا جائے گا اور حاکم اس کو مجبور کرے گا کہ یا اپنے جھوٹے ہونے کا اقرار کرے، تو حدِ قذف لگے گی جو اوپر گزری۔ اور یا پانچ مرتبہ وہی الفاظ کہے جو اوپر مذکور ہوئے۔ اگر کہہ لئے تو پھر عورت سے کہا جائے گا کہ وہ چار مرتبہ قسم کھا کر بیان کرے کہ ''یہ مرد تہمت لگانے میں جھوٹا ہے'' اور پانچویں دفعہ یہ الفاظ کہے کہ ''اللہ کا غضب آوے اس عورت پر اگر یہ مرد اپنے دعوے میں سچا ہو'' تاوقتیکہ عورت یہ الفاظ نہ کہے گی اُس کو قید میں رکھیں گے اور مجبور کریں گے کہ یا صاف طور پر مرد کے دعوے کی تصدیق کرے تب تو حدِ زنا اس پر جاری ہوگی اور یا بالفاظ مذکورہ بالا اس کی تکذیب کرے۔ اگر اُس نے بھی مرد کی طرح یہ الفاظ کہہ دیئے اور ''لعان'' سے فراغت ہوئی تو اس عورت سے صحبت اور دواعی صحبت سب حرام ہوگئے۔ پھر اگر مرد نے اس کو طلاق دے دی فبہا ورنہ قاضی اُن میں تفریق کردے۔ گو دونوں رضامند نہ ہوں یعنی زبان سے کہہ دے کہ میں نے ان میں تفریق کی۔ اور یہ تفریق طلاق بائن کے حکم میں ہوگی۔ (تنبیہ) زوجین سے اس طرح الفاظ کہلوانے کو شریعت میں ''لعان'' کہتے ہیں اور لعان صرف قذف ازواج کے ساتھ مخصوص ہے عام محصنات کے قذف کا وہی حکم ہے جو اوپر کی آیات میں مذکور ہو چکا۔ (تفسیر عثمانی)

مسئلہ: اگر عورت نے اس بات کی تصدیق کردی کہ واقعی یہ بچہ شوہر کا نہیں ہے انکارِ ولد میں یہ سچا ہے تو امام ابو حنیفہ کے نزدیک اس صورت میں نہ لعان کا حکم باقی رہے گا نہ حدِ زناء ثابت ہوگی، اور بچہ دونوں کا مانا جائے گا کیونکہ لعان ہو جاتا تو بچے کی نسبت پھر شوہر سے نہ ہوتی لیکن لعان نہ ہوا اور زوجین سے نسبی الحاق بچے کا حق ہے اس لئے زوجین کے کہنے سے اس حق کا ابطال نہیں ہوسکتا۔

besturdubooks.wordpress.com

لعان کے بعد تفریق واجب ہے:

فریقین کے لعان کر چکنے کے بعد دونوں میں تفریق کر دینا حاکم پر واجب ہو جاتا ہے۔

صحیحین میں حضرت ابن عمر کی روایت سے آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں لعان کرنے والوں (یعنی مرد اور عورت) سے فرمایا۔ تمہارا حساب اللہ کے ذمے ہے یقینی بات ہے کہ تم دونوں میں سے ایک ضرور جھوٹا ہے (مرد کو مخاطب کر کے فرمایا) اب تیری اُس پر کوئی راہ نہیں (یعنی اس سے ملنے کا اب تیرے لئے کوئی راستہ نہیں رہا دوامی انقطاع ہو گیا) اس نے عرض کیا یا رسول اللہ میرا مال (یعنی جو مہر میں نے دیا اس کا کیا ہوگا) فرمایا اگر تو نے اس پر سچا الزام لگایا ہے تو مال (مہر) اس حلت کا معاوضہ ہو گیا جو تجھے اس سے جماع کرنے کی حاصل تھی (یعنی تو اس سے قربت کر چکا مہر اس کا معاوضہ ہو جائے گا) اور اگر تو نے اس پر جھوٹی تہمت لگائی ہے تو یہ مال بہت دور چلا گیا اس لئے تیرے لئے اب کوئی مال نہیں ہو سکتا۔ ابو داؤد نے حضرت سہل بن سعد کی روایت سے لعان کرنے والے مرد و عورت کے مقدمہ میں جو حدیث بیان کی ہے وہ اوپر گزر چکی ہے کہ دونوں میں (دوامی) تفریق کرا دی جائے کہ آئندہ کبھی دونوں نہ مل سکیں۔ دار قطنی نے حضرت علیؓ اور حضرت ابن مسعودؓ کی روایت سے بھی ایسا ہی بیان کیا ہے۔

لعان سے فسخ نکاح از خود نہیں ہو جاتا:

امام ابو حنیفہ نے فرمایا، ثبوت حرمت فسخ نکاح کا تقاضا نہیں کرتا۔ دیکھو ظہار سے حرمت ہو جاتی ہے اور نکاح فسخ نہیں ہوتا (بلکہ کفارۂ ظہار ادا کرنے کے بعد پھر حلت ہو جاتی ہے) ہاں ثبوت حرمت کے بعد شوہر بیوی کو دستور شرعی کے مطابق اپنے پاس رکھنے سے جب قاصر ہے تو اچھی طرح بحسن وخوبی عورت کو آزاد کر دینا اس پر لازم ہے اور جب اس نے ایسا نہیں کیا تو حاکم نے قائم مقام کی حیثیت سے عورت کو اس سے الگ کر دیا تاکہ عورت پر ظلم نہ ہو۔ اس کا ثبوت صحیحین کی اس روایت سے ہوتا ہے جس کے راوی حضرت سہل بن سعد ہیں کہ دونوں کے لعان کر چکنے کے بعد عویمر نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اب اگر میں نے اس کو اپنے پاس روکے رکھا (یعنی اپنے نکاح میں رکھا) تو (گویا) میں نے اس پر جھوٹی تہمت تراشی کی چنانچہ لعان کے بعد عویمر نے اس کو تین طلاقیں دے دیں۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے طلاق دینے کے سلسلے میں اس کے خلاف کچھ نہیں فرمایا۔

میں کہتا ہوں لعان کے بعد حرمت ہو جانا باجماع علماء ثابت ہے۔ امام شافعی امام زفر اور دوسرے ائمہ کے نزدیک تو حرمت کا ثبوت ظاہری ہے (کہ یہ حضرات لعان کو فسخ نکاح قرار دیتے ہیں اور لعان کے بعد بغیر حکم حاکم کے فرقت واقع ہو جاتی ہے) اور امام ابو حنیفہؒ کے قول پر بھی حرمت کا ثبوت یقینی ہے ورنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعان کے بعد دونوں میں تفریق نہ کراتے امام صاحب خود قائل ہیں کہ لعان کے بعد قاضی دونوں میں تفریق کرا دے۔

امام صاحب کا یہ قول کہ چونکہ شوہر لعان کے بعد بیوی کو دستور شرعی کے مطابق اپنے پاس روک نہیں سکتا اس لئے حاکم عورت کو آزاد کرا دینے کا فیصلہ کر دے تسریح بالاحسان کے لئے قاضی شوہر کا قائم مقام ہے۔ یہ قول چاہتا ہے کہ لعان کے بعد قاضی شوہر کو طلاق دینے کا حکم دے۔

مسئلہ: اگر مرد نے عورت سے کہا تیرا (یہ) حمل مجھ سے نہیں ہے تو امام ابو حنیفہ، امام زفر اور امام احمد کے نزدیک لعان کا حکم نہیں دیا جائے (نہ مرد پر حدِ قذف جاری ہوگی نہ عورت کو زانیہ قرار دیا جائے گا) کیونکہ بچہ ہونا یقینی نہیں ہے (ممکن ہے حمل ہی نہ ہو)

نسائی نے حضرت ابن عباس کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عجلانی اور اس کی بیوی کے درمیان لعان کرایا، بیوی اس وقت حاملہ تھی۔ عبد الرزاق نے بھی یہ واقعہ اسی طرح نقل کیا ہے اور یہ بھی لکھا ہے کہ شوہر نے کہا میں عفار النخل سے ہی اس (عورت) کے قریب نہیں گیا ہوں (اس لئے یہ بچہ مجھ سے نہیں ہے) عفار النخل کا یہ معنی ہے کہ شاخ تراشی کے بعد دو مہینہ تک درخت کو سینچا نہ جائے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اے اللہ ظاہر کر دے چنانچہ پیدا ہوا تو بڑی بری شکل کا تھا۔ اس روایت سے ظاہر ہوتا ہے کہ انکار حمل کی صورت میں لعان جائز ہے۔

عویمر کو اس کے خاندان والے بہت ملامت کیا کرتے تھے اور کہتے تھے ہم تو اس عورت کو نیک ہی جانتے ہیں لیکن جب بچہ شریک کا ہم شکل پیدا ہوا تو پھر لوگوں نے عویمر کو معذور سمجھا (یعنی ملامت کرنا چھوڑ دیا) بچہ دو سال زندہ رہ کر مر گیا اس کی ماں بھی اس کے کچھ دنوں بعد مر گئی اور شریک اس واقعہ کے بعد لوگوں کی نظر میں ذلیل ہو گیا۔ قصہ کی یہ تفصیل دلالت کر رہی ہے کہ عویمر نے عورت کے زنا کرنے کا بھی دعویٰ کیا تھا اور حمل کا بھی انکار کیا تھا۔

زنا کار خاتون اور تہمت تراش مرد کی اخروی سزا:

حضرت ابو ہریرہؓ کا بیان ہے میں نے خود سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے جس عورت نے کسی دوسری قوم کے آدمی کو اپنی قوم میں شامل کیا (یعنی کسی دوسرے شخص سے زنا کر کے بچہ کو اپنے شوہر کا بتایا) وہ اللہ کی رحمت سے خارج ہو گئی اور اللہ قیامت کے دن اس کو جنت میں داخل نہیں فرمائے گا اور جس مرد نے دیدہ دانستہ اپنے بچہ کا باپ ہونے سے انکار کر دیا تو اللہ قیامت کے دن اس سے پردہ کرے گا (اللہ کا دیدار اسے میسر نہ ہوگا) اور اگلے پچھلوں کے سامنے اس کو رسوا کرے گا۔ رواہ ابوداؤد والنسائی والشافعی و

besturdubooks.wordpress.com

ابن حبان والحاکم۔ دار قطنی نے اس کو صحیح کہا ہے۔

غیر باپ کو اپنا باپ بنانا حرام ہے:

صحیحین میں حضرت سعد بن ابی وقاص اور حضرت ابو بکرہ کی روایت سے آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسلام (کے دور) میں کسی نے غیر باپ کو اپنا باپ قرار دیا اور وہ واقف بھی ہے کہ جس شخص کی طرف وہ اپنے باپ ہونے کی نسبت کر رہا ہے وہ اس کا باپ نہیں ہے تو جنت اس پر حرام ہے۔

مسئلہ: اگر بچے کی پیدائش کے وقت مرد کہیں غائب تھا تو واپس آنے کے بعد کی مدت کا اعتبار کیا جائے گا۔ صاحبین کے نزدیک اتنی مدت غور کرنے کے لئے دی جائے گی جتنی مدت نفاس کی ہوتی ہے اور امام صاحب کے نزدیک مدت مبارکبادی کی برابر مدت تامل کے لئے کافی ہے۔

مسئلہ: اگر شوہر کو اپنی بیوی کے زنا کا یقین ہو گیا یا زید سے زنا کرنے کی خبر مشہور ہونے کی بنا پر پختہ گمان ہو گیا اور تائیدی قرینہ بھی موجود ہے (مثلاً) شوہر نے زید کو اس عورت کے ساتھ تنہائی میں دیکھ لیا تو اس صورت میں وہ عورت پر زنا کا الزام قائم کر سکتا ہے یا اگر عورت کے کوئی بچہ پیدا ہوا اور اس نے بیوی سے قربت ہی نہیں کی اس لئے اس کو یقین ہو گیا کہ یہ بچہ مجھ سے نہیں ہے تو انکار ولدیت کرنا جائز ہے۔

مسئلہ: اگر جماع کیا یا عزل کیا یا عورت کے زنا کرنے کا اس کو (یقینی) علم ہو گیا اور اس بات کا احتمال ہے کہ بچہ اس کا ہو یا زانی کا ہو تو اپنا بچہ ہونے کا انکار حرام ہے واللہ اعلم۔ (تفسیر مظہری)

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ

اور اگر نہ ہوتا اللہ کا فضل تمہارے اُوپر اور اس کی رحمت

وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ﴿١٠﴾

اور یہ کہ اللہ معاف کرنے والا ہے حکمتیں جاننے والا تو کیا کچھ نہ ہوتا

قانون الٰہی رحمت و فضل ہے:

یعنی اگر یہ حکم لعان مشروع نہ ہوتا تو قذف کے عام قاعدہ کے موافق زوج پر حد قذف آتی اور یا ساری عمر خون کے گھونٹ پیتا۔ کیونکہ ممکن ہے وہ سچا ہو۔ بخلاف غیر شوہر کے کہ وہ اظہار میں مضطر نہیں، اس لئے اس کے قانون میں ان امور کی رعایت ضرور نہیں۔ دوسری طرف اگر محض خاوند کے قسمیں کھانے پر زنا کا ثبوت ہو جایا کرتا تو عورت کی سخت مصیبت تھی، حالانکہ ممکن ہے وہ ہی سچی ہو۔ اسی طرح اگر عورت کو قسمیں کھانے پر یقیناً بری سمجھ لیا جاتا تو مرد پر حد قذف واجب ہو جاتی باوجود یہ کہ اس کے صادق ہونے کا بھی مساوی احتمال موجود ہے پس ایسے طور پر لعان کا مشروع کرنا کہ سب کی رعایت رہے یہ اثر ہے حق تعالیٰ کے فضل و رحمت کا، کیونکہ فریقین میں سے جو سچا ہو وہ مخجل سزا سے بچ گیا۔ اور جھوٹے کی دنیا میں پردہ پوشی کر کے مہلت دی گئی کہ شاید توبہ کر لے۔ پھر اس کی توبہ کا قبول کر لینا یہ اثر صفت توابیت کا ہوا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْكِ

جو لوگ لائے ہیں یہ طوفان

حضرت عائشہؓ پر تہمت کا واقعہ:

یہاں سے اُس طوفان کا ذکر ہے جو حضرت عائشہؓ پر اٹھایا گیا تھا۔ واقعہ یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ۶ھ میں غزوہ بنی المصطلق سے واپس مدینہ تشریف لا رہے تھے۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ بھی ہمراہ تھیں، اُن کی سواری کا اونٹ علیحدہ تھا، وہ ہودہ میں پردہ چھوڑ کر بیٹھ جاتیں۔ حمال ہودے کو اُونٹ پر باندھ دیتے۔ ایک منزل پر قافلہ ٹھہرا ہوا تھا، کوچ سے ذرا پہلے حضرت عائشہ کو قضائے حاجت کی ضرورت پیش آئی۔ جس کے لئے قافلہ سے علیحدہ ہو کر جنگل کی طرف تشریف لے گئیں۔ وہاں اتفاق سے اُن کا ہار ٹوٹ کر گر گیا۔ اُس کی تلاش میں دیر لگ گئی، یہاں پیچھے کوچ ہو گیا۔ حمال حسب عادت اُونٹ پر ہودہ باندھنے آئے۔ اور اُس کے پردے پڑے رہنے سے گمان کیا کہ حضرت عائشہؓ اُس میں تشریف رکھتی ہیں۔ اُٹھاتے وقت بھی شبہ نہ ہوا۔ کیونکہ اُن کی عمر تھوڑی تھی اور بدن بہت ہلکا پھلکا تھا۔ غرض حمالوں نے ہودہ باندھ کر اُونٹ کو چلتا کر دیا۔ حضرت عائشہؓ واپس آئیں تو وہاں کوئی نہ تھا۔ نہایت استقلال سے انہوں نے یہ رائے قائم کی کہ یہاں سے اب جانا خلاف مصلحت ہے۔ جب آگے جا کر میں نہ ملوں گی تو یہیں تلاش کرنے آئیں گے۔ آخر وہیں قیام کیا، رات کا وقت تھا، نیند کا غلبہ ہوا وہیں لیٹ گئیں۔ حضرت صفوان بن معطل رضی اللہ عنہ گرے پڑے کی خبر گیری کی غرض سے قافلہ کے پیچھے کچھ فاصلہ سے رہا کرتے تھے، وہ اس موقع پر صبح کے وقت پہنچے۔ دیکھا کوئی آدمی پڑا سوتا ہے۔ قریب آ کر پہچانا کہ حضرت عائشہ ہیں (کیونکہ پردہ کا حکم آنے سے پہلے اُنہوں نے ان کو دیکھا تھا) دیکھ کر گھبرا گئے اور اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ پڑھا۔ جس سے اُن کی آنکھ کھل گئی فوراً چہرہ چادر سے ڈھانک لیا۔ حضرت صفوانؓ نے اُونٹ اُن کے قریب لا کر بٹھلا دیا۔ یہ اُس پر پردہ کے ساتھ سوار ہو گئیں۔ انہوں نے اُونٹ کی نکیل پکڑ کر دوپہر کے وقت قافلہ سے جا ملایا۔ عبداللہ بن اُبی بڑا خبیث، بد باطن، اور دشمن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تھا، اُسے ایک بات ہاتھ لگ گئی اور بدبخت نے واہی تباہی بکنا شروع کیا۔ اور بعض بھولے بھالے مسلمان بھی (مثلاً مردوں میں سے حضرت حسان، حضرت مسطح، اور عورتوں میں سے حضرت حمنہ بنت جحش) منافقین کے مغویانہ پراپیگنڈہ سے متاثر ہو کر اس قسم کے

besturdubooks.wordpress.com

افسوسناک تذکرے کرنے لگے۔ عموماً مسلمانوں کو اور خود جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس قسم کے واہیات تذکروں اور شہرتوں سے سخت صدمہ تھا۔ ایک مہینہ تک یہی چرچا رہا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سنتے اور بغیر تحقیق کچھ نہ کہتے، مگر دل میں خفا رہتے۔ ایک ماہ بعد ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو اس شہرت کی اطلاع ہوئی شدت غم سے بیتاب ہو گئیں اور بیمار پڑ گئیں۔ شب و روز روتی تھیں۔ ایک منٹ کے لئے آنسو نہ تھمتے تھے۔ اسی دوران میں بہت سے واقعات پیش آئے اور گفتگوئیں ہوئیں جو صحیح بخاری وغیرہ میں مذکور ہیں اور پڑھنے کے قابل ہیں۔ آخر حضرت صدیقہ کی براءت میں خود حق تعالیٰ نے قرآن کریم میں سورۂ نور کی یہ آیتیں اِنَّ الَّذِیْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْکِ الخ سے دُور تک نازل فرمائیں جس پر عائشہ صدیقہ فخر کیا کرتی تھیں اور بلاشبہ جتنا فخر کریں تھوڑا تھا۔ (تفسیر عثمانی)

مفصل واقعہ خود حضرت عائشہؓ کی زبانی:

زہری نے کہا مجھ سے متعدد اہل حدیث نے یہ قصہ بیان کیا، بعض نے کم بعض نے زیادہ لیکن ہر ایک کا بیان دوسرے کے بیان کی تائید کرتا ہے۔

سفر کیلئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول:

عروہ کی روایت میں حضرت عائشہ کا بیان حسب ذیل آیا ہے۔ ام المومنین نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی سفر پر تشریف لے جاتے تو اپنی بیبیوں میں قرعہ اندازی کرتے تھے، جس بی بی کا نام نکل آتا اس کو اپنے ساتھ لے جاتے تھے۔

غزوۂ بنی مصطلق کے سفر میں میری رفاقت:

چنانچہ ایک جہاد پر آپ تشریف لے جانے لگے تو حسب معمول قرعہ اندازی کی، میرا نام نکل آیا، مجھے آپ نے ساتھ لے لیا، یہ واقعہ پردہ کی آیت نازل ہونے کے بعد کا ہے۔ میں ہودج میں سوار ہوئی میرا ہودج ہی اٹھا کر (اونٹ پر) رکھا جاتا تھا اور نیچے اتارا جاتا تھا (مجھے باہر نکلنے کی ضرورت نہ ہوتی تھی) اس طرح ہم مدینے سے چل دیئے۔

میرا پیچھے رہ جانا:

جب جہاد سے فارغ ہو کر واپس ہوئے اور مدینے کے قریب پہنچ کر ایک جگہ اترے، رات کو کوچ کرنے کا اعلان ہوا۔ میں (رفع ضرورت کو جانے کے لئے) اٹھی اور چل کر لشکر سے آگے نکل گئی۔ ضرورت سے فارغ ہو کر جب اپنے مقام پر پہنچی اور سینہ کو ٹٹولا تو عقیق یمنی کا جو ہار میں پہنے تھی وہ ٹوٹ کر کہیں گر گیا، میں ہار کو ڈھونڈنے کے لئے فوراً لوٹ پڑی، ہار کی تلاش میں مجھے دیر ہو گئی، میرے ہودج کو اٹھا کر اونٹ پر رکھنے والے لوگ آئے اور یہ خیال کر کے کہ میں ہودج کے اندر ہوں خالی ہودج کو اٹھا کر اونٹ پر رکھ دیا، اس زمانہ میں عورتیں ہلکی پھلکی ہوتی تھیں بھاری بھرکم نہ ہوتی تھیں ان پر گوشت نہیں چڑھا ہوتا تھا، کھانا تھوڑا کھاتی تھیں، اس لئے لوگوں نے ہودج کی خفت محسوس نہ کی، پھر میں تو کم سن لڑکی ہی تھی انہوں نے ہودج کو اونٹ پر لاد دیا اور اونٹ کو کھڑا کر کے چل دیئے لشکر کے روانہ ہونے کے بعد مجھے ہار مل گیا۔ پڑاؤ پر واپس آئی تو وہاں کوئی بھی نہ تھا پڑاؤ بالکل خالی تھا، مجبوراً میں اپنی فرودگاہ پر ہی رُک گئی اور خیال کیا کہ جب لوگ مجھے نہ پائیں گے تو لوٹ کر ضرور آئیں گے۔ اپنی جگہ بیٹھے بیٹھے مجھے نیند آ گئی اور میں سو گئی۔

حضرت صفوان بن معطلؓ کے ساتھ قافلہ کے ساتھ شمولیت:

صفوان بن معطل سلمی ذکوانی نے لشکر سے پیچھے بہت دور قیام کیا تھا (کیونکہ لشکر کی کوئی گری پڑی چیز تلاش کرنے اور نگرانی رکھنے پر ان کو مامور کیا گیا تھا) وہ رات کے آخری حصہ میں اپنی فرودگاہ سے (حسب الحکم) روانہ ہوئے اور صبح کو میری فرودگاہ پر پہنچ گئے۔ انہوں نے دیکھا کہ کوئی سو رہا ہے دیکھتے ہی مجھے پہچان لیا، کیونکہ پردے کا حکم نازل ہونے سے پہلے انہوں نے مجھے دیکھا تھا۔ مجھے دیکھ کر انہوں نے اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ پڑھا۔ میں ان کے پڑھنے کی آواز سے بیدار ہو گئی اور اپنا چہرہ چادر سے ڈھانک لیا، خدا کی قسم انہوں نے مجھ سے کوئی بات ہی نہیں کی اور سوائے اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ کے اور کوئی لفظ میں نے ان سے نہیں سنا، اپنی اونٹنی انہوں نے میرے پاس لا کر بٹھا دی اور اس کا ڈھنگنا باندھ دیا، میں اٹھ کر اونٹنی پر سوار ہو گئی وہ مہار پکڑے ہوئے آگے آگے چلتے رہے ہمارا لشکر ٹھیک دوپہر کے وقت ایک جگہ ٹھہر گیا تھا، میں اس طرح لشکر تک پہنچ گئی۔

واپسی پر میری علالت:

میرے معاملہ میں جس (تہمت تراش) کو ہلاک ہونا تھا وہ (غلط افواہیں پھیلا کر) مارا گیا۔ اس تہمت تراشی کا سب سے بڑا مدار عبداللہ بن ابی بن سلول تھا، میں مدینے پہنچ کر بیمار ہو گئی اور ایک مہینہ بیمار رہی لوگ الزام تراشیوں کی باتوں میں مشغول تھے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے التفات میں کمی:

بیماری کے زمانے میں مجھے پتہ نہیں تھا صرف یہ بات میرے لئے ضرور پریشان کن اور شبہ پیدا کرنے والی تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ التفات میری طرف نہ تھا جو میری بیماری میں پہلے ہوا کرتا تھا، بس اتنی بات ہوتی تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (حسب معمول) آتے اور سلام علیک کرتے اور فرماتے تھے تم لوگ کیسے ہو پھر واپس چلے جاتے اس سے مجھے شبہ ہوتا پریشانی ہوتی، لیکن راز کا پتہ نہ تھا۔

تہمت تراشی کی خبر:

جب میں اچھی ہو گئی مگر کمزور تھی تو ایک رات کو ام مسطح کو ساتھ لے کر میں

besturdubooks.wordpress.com

مناصع کی طرف جانے کے لئے نکلی پہلے ہمارے گھروں کے پاس بیت الخلاء بنے ہوئے نہیں ہوتے تھے، رفع ضرورت کے لئے رات کو ہم جنگل کی طرف عربوں کے پہلے رواج کے مطابق جایا کرتے تھے ہم کو گھروں کے قریب ٹٹیاں بنانے سے (بدبو سے) ایذا ہوتی تھی۔ (مسطح کی ماں ابودہم بن عبد مناف کی بیٹی تھی اور مسطح کی نانی صخر بن عامر کی بیٹی تھی صخر کی بیٹی حضرت ابوبکر صدیقؓ کی خالہ تھی اور اس کا بیٹا مسطح بن اثاثہ تھا) غرض میں اور ام مسطح دونوں ساتھ ساتھ ضرورت سے فارغ ہو کر گھر کی طرف کو لوٹے، ام مسطح کا پاؤں چادر میں الجھ گیا اور اس نے ٹھوکر کھائی گرتے ہی اس کے منہ سے نکلا مسطح مرے، میں نے کہا تم نے یہ بہت بُری بات کہی، کیا تم ایسے شخص کو کوس رہی ہو جو بدر میں شریک تھا۔ ام مسطح نے کہا بیٹی کیا تم نے اس کی بات نہیں سنی؟ میں نے کہا اس نے کیا کہا۔ اس پر ام مسطح نے مجھے تہمت تراشوں کی کہی ہوئی بات بتائی، اس کو سن کر میری بیماری اور بڑھ گئی۔

والدین کے گھر جا کر رات بھر روتے رہنا:

جب گھر لوٹ کر آئی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (حسب معمول) تشریف لائے اور دریافت کیا آپ لوگ کیسے ہیں تو میں نے کہا کیا آپ کی اجازت ہے میں اپنے والدین کے گھر جانا چاہتی ہوں۔ میرا خیال تھا کہ مجھے یقینی خبر ماں باپ سے مل جائے گی، آپ نے اجازت دے دی میں والدین کے گھر پہنچی اور اپنی والدہ سے پوچھا اماں لوگ یہ کیا باتیں کر رہے ہیں والدہ نے کہا بیٹا تم اس کا رنج نہ کرو جب کوئی عورت کسی شوہر کی نظر میں چہکیلی ہوتی ہے اور شوہر اس سے محبت کرتا ہے اور اس کی سوکنیں بھی ہوتی ہیں تو سوکنیں اس کے خلاف بڑی بڑی باتیں بناتی ہیں میں نے کہا سبحان اللہ لوگ یہ باتیں کہہ رہے ہیں، میں اس خبر کو سن کر رات بھر روتی رہی صبح تک نہ میرا آنسو تھما نہ نیند آئی، پھر صبح کو بھی روتی رہی۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا متعلقین سے تحقیق کرنا:

ادھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے علی بن ابی طالب اور اسامہ بن زید کو مشورہ کے لئے بلایا کیونکہ وحی آنے میں دیر ہو گئی تھی (مدت سے وحی نہیں آئی تھی) اسامہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیوی کی پاک دامنی سے واقف تھے انہوں نے پاک دامن ہونے کا ہی مشورہ دیا۔ دوسری روایت میں آیا ہے کہ اسامہ کے دل میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والوں کی محبت تھی اسی کے مطابق انہوں نے مشورہ دیا اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہ آپ کی بیوی ہیں اور ہم تو ان کو اچھا ہی جانتے ہیں لیکن علی نے کہا آپ کے لئے اللہ نے کوئی تنگی نہیں رکھی ان کے علاوہ بہت عورتیں ہیں۔ آپ خادمہ سے دریافت کریں وہ سچ سچ کہہ دے گی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بریرہ کو بلایا اور فرمایا کیا تو نے عائشہ کی کوئی ایسی حرکت دیکھی ہے جس سے تیرے دل میں کچھ شک گزرا ہو بریرہ نے کہا قسم ہے اس کی جس نے آپ کو برحق نبی بنا کر بھیجا ہے میں نے عائشہؓ کی کوئی بات ایسی نہیں دیکھی کہ میں نکتہ چینی کر سکوں ہاں بس اتنی بات ضرور ہے کہ وہ چونکہ کم سن لڑکی ہے جاتی ہے آٹا گوندھا ہوا رکھا رہتا ہے بکری آتی ہے اس کو کھا جاتی ہے۔

برسر منبر بہتان تراشوں کی تردید میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خطاب

اس تحقیقات کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تشریف لے گئے اور عبداللہ بن ابی کی طرف سے معذرت پیش کرنے کے خواستگار ہوئے اور فرمایا اے گروہ اہل اسلام میرے گھر والوں کے معاملہ میں عبداللہ بن ابی کی ذات سے مجھے سخت تکلیف پہنچی ہے کیا کوئی اس کی طرف سے میرے سامنے کوئی عذر پیش کر سکتا ہے خدا کی قسم مجھے اپنی بیوی کے متعلق (کوئی بُری بات معلوم نہیں ہوئی) اچھائی ہی معلوم ہوئی لوگ ایک ایسے آدمی کا نام لے رہے ہیں جس کے اندر مجھے کوئی بُرائی معلوم نہیں ہے (وہ اچھا ہی ہے) اور وہ میرے گھر کے اندر میرے ساتھ ہی جاتا ہے، (تنہا نہیں جاتا) یہ سن کر سعد بن معاذ اشہلی کھڑے ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (اگر آپ کی طرف سے تہمت تراش کو پکھ دکھ پہنچ جائے تو) میں آپ کو معذور جانتا ہوں اگر وہ اوس کے قبیلہ میں ہے تو میں اس کی گردن اڑا دوں گا اور اگر ہمارے خزرجی بھائیوں میں سے ہے تو آپ جو حکم دیں گے ہم اس کی تعمیل کریں گے۔ یہ بات سن کر قبیلہ خزرج کا ایک شخص اُٹھ کھڑا ہوا۔ حسان کی ماں اس شخص کے چچا کی بیٹی تھی، یعنی سعد بن عبادہ سردار خزرج کھڑے ہوئے پہلے یہ نیک آدمی تھے لیکن قبیلہ کی حمیت ان پر سوار ہو گئی او رسعد بن معاذ سے کہنے لگے خدا کی قسم تم نے جھوٹ کہا تم نہ اس کو قتل کرو گے نہ اس کو قتل کرنے کی تم میں ہمت ہے اور اگر تمہارے قبیلہ والوں میں سے وہ ہوتا تو میرے خیال میں تم اس کو قتل کرنے کا ارادہ ہی نہ کرتے اس پر سعد بن معاذ کے چچازاد بھائی اسید بن حضیر نے سعد بن عبادہ سے کہا تم نے خدا کی قسم جھوٹ کہا ہم اسکو ضرور بالضرور قتل کر دیں گے تم یقیناً منافق ہو منافقوں کی طرف سے لڑتے ہو اس کے بعد اوس اور خزرج دونوں قبیلے جوش میں آ گئے قریب تھا کہ آپس میں لڑ پڑیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر موجود تھے آپ سب کو ٹھنڈا کر رہے تھے آخر سب خاموش ہو گئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی خاموشی اختیار کر لی۔

میرا رات دن روتے رہنا:

حضرت عائشہؓ نے فرمایا میں اس روز بھی دن بھر روتی رہی اور رات بھر بھی میرا آنسو نہ تھما نہ نیند آئی والدین کو اندیشہ ہو گیا کہ روتے روتے میرا جگر پھٹ جائے گا۔ دونوں حضرات میرے پاس بیٹھے ہی ہوئے تھے اور میں رو رہی تھی کہ ایک انصاری عورت نے اندر آنے کی اجازت طلب کی، میں نے

besturdubooks.wordpress.com

اجازت دے دی وہ آ کر بیٹھ گئی اور میرے ساتھ رونے لگی۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تسلی:

کچھ دیر کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے اور بیٹھ گئے اس سے پہلے جب سے میرے متعلق چہ میگوئیاں شروع ہوئی تھیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس نہیں بیٹھے تھے، اور ایک مہینہ کا وقفہ گزر چکا تھا اس عرصہ میں میرے معاملے کے متعلق کوئی وحی بھی نہیں آئی تھی بیٹھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اول کلمۂ شہادت پڑھا، پھر فرمایا، عائشہ مجھے تیرے متعلق ایسی ایسی خبریں پہنچی ہیں اگر تو ان سے پاک ہے تو اللہ تیری پاکی ظاہر فرمادے گا اور اگر تو اتفاقاً کسی گناہ میں مبتلا ہوگئی ہے تو اللہ سے توبہ واستغفار کر، بندہ جب گناہ کا اقرار کر لیتا ہے اور معافی کا طلبگار ہوتا ہے تو اللہ اس کی توبہ قبول کر لیتا ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے میرا بیان:

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بات پوری کر چکے تو میرے آنسو تھم گئے کہ ایک قطرہ بھی نکلتا مجھے محسوس نہ ہوا پھر میں نے اپنے والد سے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بات کا جواب دیجئے، والد نے کہا خدا کی قسم مجھے کوئی جواب معلوم نہیں کیا جواب دوں۔ پھر میں نے اپنی والدہ سے یہی بات کہی کہ آپ جواب دیجئے، انہوں نے بھی والد کی طرح یہی کہا کہ میں کیا کہوں مجھے کوئی جواب معلوم نہیں، آخر میں نے خود کہا (اس وقت میں نوعمر لڑکی تھی زیادہ قرآن بھی نہیں پڑھا تھا) خدا کی قسم میں جان گئی کہ تم لوگوں نے یہ بات سن کر اپنے دلوں میں جمالی ہے اور اس کو سچ ماننے لگے ہو، اب اگر میں کہوں کہ میں اس سے پاک ہوں اور خدا جانتا ہے کہ میں اس سے پاک ہوں تو تم مجھے سچا نہ جانو گے اور اگر میں تمہارے سامنے اقرار کرلوں اور خدا جانتا ہے کہ میں اس فعل سے پاک ہوں تو تم مجھے سچا سمجھو گے (اس لئے میں کچھ نہیں کہہ سکتی) مجھے اپنی اور تمہاری حالت کی سوائے اس کے اور کوئی مثال نہیں ملتی جو یوسف کے باپ نے کہا تھا فَصَبْرٌ جَمِيلٌ ۖ وَاللَّهُ الْمُسْتَعَانُ عَلَىٰ مَا تَصِفُونَ (پس میں بھی یہی کہتی ہوں) یہ کہنے کے بعد میں نے منہ موڑ لیا اور بستر پر لیٹ گئی۔

مجھے اپنی براءت کا یقین تھا:

میں یہ تو جانتی تھی کہ چونکہ میں پاک ہوں، اللہ ضرور میری پاکی کا اظہار فرمادے گا۔ لیکن میرا یہ گمان بھی نہ تھا کہ میرے معاملے میں اللہ کوئی ایسی وحی نازل فرمائے گا جو (ہمیشہ قرآن میں) پڑھی جائے گی۔ میرے دل میں میری حالت اس قابل نہ تھی کہ اللہ اس کے سلسلہ میں اپنا کلام نازل فرماتا جو (ہمیشہ) پڑھا جائے گا۔ مجھے تو یہ امید تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ کی طرف سے میری پاک دامنی کا کوئی خواب دکھا دیا جائے گا۔

وحی اُترنا:

خدا کی قسم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی جگہ سے ہٹے بھی نہ تھے اور نہ کوئی گھر والا باہر نکلا تھا کہ اللہ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی نازل کر دی اور نزول وحی کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر جو تکلیف ہوئی تھی وہ ہونے لگی، سخت سردی کے زمانے میں نزول وحی کے وقت چاندی کے موتیوں جیسے پسینے کے قطرے (آپ کی پیشانی سے) ٹپکنے لگتے تھے۔

خوشخبری:

کچھ دیر کے بعد وحی کی وہ حالت دور ہوئی اور ہنستے ہوئے جو لفظ آپ نے سب سے پہلے اپنے منہ سے نکالا وہ یہ تھا، عائشہؓ خوش ہو جا، اللہ نے تیری پاک دامنی کا اظہار کر دیا، میری ماں نے کہا اٹھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤ۔ میں نے کہا خدا کی قسم میں نہ اٹھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف جاؤں گی نہ اللہ کے سوا کسی کا شکر کروں گی، اللہ نے میری پاکی ظاہر فرمائی ہے۔ (تفسیر مظہری)

صدیقہؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اس مجلس سے ابھی نہیں اُٹھے تھے اور گھر والوں میں بھی کوئی نہیں اُٹھا تھا کہ آپ پر وہ کیفیت طاری ہوئی جو نزول وحی کے وقت ہوا کرتی تھی جس سے سخت سردی کے زمانے میں آپ کی پیشانی مبارک سے پسینہ پھوٹنے لگتا تھا جب یہ کیفیت رفع ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہنستے ہوئے اُٹھے اور سب سے پہلا کلمہ جو فرمایا وہ یہ تھا ابشری یا عائشة اما الله فقد ابراک یعنی اے عائشہؓ خوشخبری سنو اللہ تعالیٰ نے تو تمہیں بری کر دیا۔ میری والدہ نے کہا کہ کھڑی ہو جاؤ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہو میں نے کہا کہ نہ میں اس معاملہ میں اللہ کے سوا کسی کا احسان مانتی ہوں نہ کھڑی ہوں گی میں اپنے رب کی شکر گزار ہوں کہ اسی نے مجھے بری فرمایا۔

حضرت صدیقہؓ کی چند خصوصیات:

امام بغویؒ نے انہیں آیات کی تفسیر میں فرمایا ہے کہ حضرت صدیقہ عائشہؓ کی چند خصوصیات ایسی ہیں جو ان کے علاوہ کسی دوسری عورت کو نصیب نہیں ہوئیں اور صدیقہ عائشہؓ بھی (بطور تحدیث بالنعمۃ) ان چیزوں کو فخر کے ساتھ بیان فرمایا کرتی تھیں۔

پہلی خصوصیت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح میں آنے سے پہلے جبرئیل امین ایک ریشمی کپڑے میں میری تصویر لے کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور فرمایا کہ یہ تمہاری زوجہ ہے (رواہ الترمذی عن عائشہؓ) اور بعض روایات

besturdubooks.wordpress.com

میں ہے کہ جبرئیل امین اپنی ہتھیلی میں یہ صورت لے کر تشریف لائے تھے۔

دوسری خصوصیت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے سوا کسی کنواری لڑکی سے نکاح نہیں کیا۔

تیسری خصوصیت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ان کی گود میں ہوئی۔

چوتھی خصوصیت:

بیتِ عائشہؓ ہی میں آپ مدفون ہوئے۔

پانچویں خصوصیت:

آپ پر اس وقت بھی وحی نازل ہوتی تھی جبکہ آپ حضرت عائشہؓ کے ساتھ ایک لحاف میں ہوتے تھے دوسری کسی بی بی کو یہ خصوصیت حاصل نہ تھی۔

چھٹی خصوصیت:

آسمان سے اُن کی براءت نازل ہوئی۔

ساتویں خصوصیت:

وہ خلیفۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی ہیں اور صدیقہ ہیں اور ان میں سے ہیں جن سے دُنیا ہی میں مغفرت کا اور رزق کریم کا اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمالیا ہے۔ (مظہری)

حضرت صدیقہؓ کی فقیہانہ اور عالمانہ تحقیقات اور فاضلانہ تقریر کو دیکھ کر حضرت موسیٰ بن طلحہؓ نے فرمایا کہ میں نے صدیقہ عائشہؓ سے زیادہ فصیح و بلیغ نہیں دیکھا۔ (رواہ الترمذی) (معارف مفتی اعظم)

اِفک کا معنی اور مطلب:

اِفک، انتہائی درجہ کا جھوٹ، اِفک کا لغوی معنی ہے موڑ دینا، اُلٹ دینا، حضرت عائشہؓ پر تہمت کو اِفک اس وجہ سے فرمایا کہ آپ اپنی پاک دامنی اور شرافتِ نفس کی وجہ سے تعریف اور دعا کی مستحق تھیں، صدیق اکبرؓ کی بیٹی تھیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیوی تھیں۔ مسلمانوں کی ماں تھیں ہر طرح کی تعظیم وتکریم آپ کی واجب تھی، پس اس کے برعکس جس نے آپ کے اوپر تہمت لگائی اس نے (گویا) حقیقت کو ہی اُلٹ دیا۔ یہ قلب حقیقت ہوگیا۔ (تفسیر مظہری)

عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ
تمہیں میں ایک جماعت ہیں

طوفان اٹھانے والے:

یعنی طوفان اُٹھانے والے خیر سے وہ لوگ ہیں جو جھوٹ یا سچ اسلام کا نام لیتے اور اپنے کو مسلمان بتلاتے ہیں۔ اُن میں سے چند آدمیوں نے مل کر یہ سازش کی اور کچھ لوگ نادانستہ اُن کی عیارانہ سازش کا شکار ہوگئے۔ تاہم اللہ کا احسان ہے کہ جمہور مسلمان اُن کے جال میں نہیں پھنسے۔ (تفسیر حقانی)

عُصْبَةٌ دس سے چالیس تک کے آدمیوں کی جماعت۔ اس کا کوئی واحد نہیں۔ کذافی النھایۃ مِنْكُمْ یعنی مسلمانوں میں سے۔

بخاری وغیرہ کی روایت میں آیا ہے کہ حضرت عائشہؓ فرماتی تھیں (ام المومنین) زینب بنت جحشؓ کو ان کی دینداری کی وجہ سے اللہ نے (اس تہمت تراشی سے) بچائے رکھا، انہوں نے سوائے کلمۂ خیر کے اور کچھ نہیں کہا، لیکن ان کی بہن حمنہ ہلاک ہونے والوں کے ساتھ ہلاک ہوگئی (یعنی تہمت تراشی کرنے والوں کی ہمنوا بن گئی) یہ باتیں کرنے والے مسطح حسان بن ثابت اور عبداللہ بن ابی منافق تھے۔ عبداللہ بن ابی ہی ایسی باتیں نکال کر لاتا اور جمع کرتا تھا۔

بغوی نے لکھا ہے عروہ نے اہلِ اِفک میں صرف حسان بن ثابت، مسطح بن اثاثہ، اور حمنہ بنت جحش کے نام دوسرے لوگوں کے ساتھ ذکر کئے، مجھے باقی لوگوں کے نام معلوم نہیں، اتنا ضرور معلوم ہے کہ ایک جماعت تھی جیسا کہ اللہ نے عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ فرمایا ہے (اور عصبہ دس سے کم کو نہیں کہتے)۔

حضرت عائشہؓ کا حسنِ خلق ومروت:

عروہ کا بیان ہے کہ حضرت عائشہ کو پسند نہ تھا کہ آپ کے سامنے حضرت حسان کو بُرا کہا جائے آپ فرماتی تھیں حسان کا ہی تو یہ شعر ہے۔

فَاِنَّ اَبِیْ وَوَالِدَتِیْ وَعِرْضِیْ　　لِعِرْضِ مُحَمَّدٍ مِّنْكُمْ وِقَاءُ

(ترجمہ) میرے ماں باپ اور میری آبرو تم سے محمد کی آبرو کو بچانے والے ہیں۔

یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آبرو پر میرے والدین اور آبرو قربان۔ (تفسیر مظہری)

لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ	بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ
تم اس کو نہ سمجھو بُرا اپنے حق میں	بلکہ یہ بہتر ہے تمہارے حق میں

الزام سے متاثرہ شخصیات کیلئے تسلی:

یہ خطاب ان مسلمانوں کی تسلی کے لئے ہے جنہیں اس واقعہ سے صدمہ پہنچا تھا بالخصوص عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور اُن کا گھرانا کہ ظاہر ہے وہ سخت غمزدہ اور پریشان تھے یعنی گو بظاہر یہ چرچا بہت مکروہ، رنجدہ اور ناخوشگوار تھا۔ لیکن فی الحقیقت تمہارے لئے اس کی تہ میں بڑی بہتری چھپی ہوئی تھی۔ آخر اتنی مدت تک ایسے جگر خراش حملوں اور ایذاؤں پر صبر کرنا کیا خالی جاسکتا ہے۔ کیا یہ شرف تھوڑا ہے کہ خود حق تعالیٰ نے اپنے کلام پاک میں تمہاری نزاہت و براءت اُتاری۔ اور دشمنوں کو رسوا کیا اور قیامت تک کے لئے تمہارا ذکر خیر قرآن پڑھنے والوں کی زبان پر جاری کردیا۔ اور مسلمانوں

besturdubooks.wordpress.com

کو پیغمبر علیہ السلام کی ازواج و اہل بیت کا حق پہچاننے کے لئے ایسا سبق دیا جو کبھی فراموش نہ ہو سکے۔ فللہ الحمد علیٰ ذلک۔ (تفسیر عثمانی)

لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْإِثْمِ
ہر آدمی کے لئے اُس میں سے وہ ہے جتنا اس نے گناہ کمایا

وَالَّذِي تَوَلَّىٰ كِبْرَهُ مِنْهُمْ لَهُ عَذَابٌ عَظِيمٌ
اور جس نے اُٹھایا ہے اُس کا بڑا بوجھ اُس کے واسطے بڑا عذاب ہے

الزام تراشی کے فتنہ کے حصہ داروں کا گناہ:

یعنی جس شخص نے اس فتنہ میں جس قدر حصہ لیا اُسی قدر گناہ سمیٹا اور سزا کا مستحق ہوا۔ مثلاً بعض خوش ہو کر اور خوب مزے لے کر ان واہیات باتوں کا تذکرہ کرتے تھے۔ بعض اظہارِ افسوس کے طرز میں بعض چھیڑ کر مجلس میں چرچا اُٹھا دیتے اور آپ خود چپکے سنا کرتے۔ بعض سن کر تردد میں پڑ جاتے، بہت سے خاموش رہتے اور بہت سے سُن کر جھٹلا دیتے ان پچھلوں کو پسند فرمایا اور سب کو درجہ بدرجہ کم و بیش الزام دیا۔ اور بڑا بوجھ اٹھانے والا منافقوں کا سردار عبداللہ بن اُبی تھا جیسا کہ روایات کثیرہ میں تصریح ہے۔ یہ ہی خبیث لوگوں کو جمع کرتا اور اُبھارتا اور نہایت چالاکی سے خود دامن بچا کر دوسروں سے اس کی اشاعت کرایا کرتا تھا۔ اس کے لئے آخرت میں بڑا عذاب تو ہے ہی، دنیا میں بھی ملعون خوب ذلیل و رسوا ہوا اور قیامت تک اسی ذلت و خواری سے یاد کیا جائے گا۔ (تفسیر عثمانی)

کوڑوں کی سزا:

بغوی نے لکھا ہے روایت میں آیا ہے کہ جن لوگوں نے حضرت عائشہ پر تہمت تراشی کی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں سے ہر ایک (پر حد قذف جاری کی ہر ایک) کو اسی اسی کوڑے لگوائے میں کہتا ہوں سزائے تازیانہ اور دنیا میں رسوائی تو ان کی دنیوی سزا تھی اور آخرت میں جتنی سزا اللہ کو منظور ہوگی مل جائے گی۔

عبداللہ بن اُبی کی بکواس بازی:

ابن ابی ملیکہ نے بروایت عروہ قصہ افک کے ذیل میں حضرت عائشہؓ کا بیان نقل کیا ہے۔ ام المومنین نے فرمایا، پھر میں سوار ہوگئی صفوان نے اونٹ کی مہار پکڑ لی (اور مہار پکڑے آگے آگے چلنے لگے) چلتے چلتے منافقوں کی ایک جماعت کی طرف سے ہمارا گذر ہوا منافقوں کا قاعدہ تھا کہ وہ مسلمانوں کے عام) لشکر سے الگ اپنا پڑاؤ کرتے تھے (ان کی فرودگاہ عام مسلمانوں کی فرودگاہ سے الگ ہوتی تھی) منافقوں کا سردار عبداللہ بن ابی کہنے لگا یہ عورت کون ہے۔ ساتھیوں نے جواب دیا عائشہ ہے، عبداللہ بولا خدا کی قسم یہ اس سے نہیں بچی اور نہ وہ اس سے بچا، تمہارے نبی کی بیوی رات بھر ایک مرد کے ساتھ رہی۔ پھر صبح ہوئی تو وہ شخص آگے آگے چلنے لگا۔

آیت کی تفسیر میں ایک کمزور قول:

بعض کا قول ہے کہ وَالَّذِي تَوَلَّىٰ كِبْرَهُ سے چار شخص مراد ہیں، عبداللہ بن ابی بن سلول، حسان بن ثابت، مسطح بن اثاثہ اور حمنہ بنت جحش۔ یہ قول کمزور ہے۔ اگر ایسا ہوتا تو وَالَّذِي تَوَلَّىٰ کے بجائے وَالَّذِيْنَ تَوَلَّوْا (بصیغۂ جمع) ہوتا، اس کے علاوہ مسطح اور حسان تو بدری تھے، بدر میں شریک تھے اور شرکاء بدر کے تمام اگلے پچھلے گناہ اللہ نے معاف فرما دیئے ہیں (اس لئے ان پر آخرت میں عذاب عظیم نہیں ہو سکتا)

اہل بدر کی فضیلت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل بدر سے فرمایا تھا جو چاہو کرو اللہ نے تم کو بخش دیا ہے۔ اللہ نے تمام (مخلص) صحابیوں کے متعلق فرمایا ہے وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى اور ہر ایک کے لئے اللہ نے جنت کا وعدہ کر لیا ہے۔ (اس آیت سے یہ بات ثابت نہیں ہوئی کہ عذاب نہ ہوگا ممکن ہے عذاب کے بعد جنت میں داخلہ ہو) مسروق نے کہا، میں حضرت عائشہؓ کی خدمت میں حاضر ہوا حسان بن ثابت اُس وقت ام المومنین کے پاس موجود تھے اور حضرت عائشہؓ کی شان میں یہ شعر پڑھ رہے تھے۔

حَصَانٌ رَزَانٌ مَاتُزَنُّ بِرِيْبَةٍ
وَتُصْبِحُ غَرْثٰى مِنْ لُحُوْمِ الْغَوَافِلِ

(ترجمہ) وہ بڑی پاک دامن اور بڑی باوقار ہیں، کسی شبہ کی بات سے متہم نہیں کی جاسکتیں ان کا پیٹ بے خبر بھولی عورتوں کے گوشت سے خالی رہتا ہے (یعنی کسی کی غیبت نہیں کرتیں)۔ (تفسیر عثمانی)

لَوْلَا إِذْ سَمِعْتُمُوهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ
کیونکہ نہ جب تم نے اُس کو سنا تھا خیال کیا ہوتا ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں

بِأَنْفُسِهِمْ خَيْرًا وَقَالُوا هَٰذَا إِفْكٌ مُّبِينٌ
نے اپنے لوگوں پر بھلا خیال اور کہا ہوتا یہ صریح طوفان ہے

ایک مسلمان کا طرز معاشرت:

مسلمان کو چاہیے کہ اپنے مسلمان بھائی بہنوں کے ساتھ حسن ظن رکھے اور جب سنے کہ لوگ ایک نیک شخص پر یوں ہی رجما بالغیب بُری تہمتیں لگاتے ہیں تو اپنے میں ایسے خیالات کو راہ نہ دے بلکہ اُن کو جھٹلائے۔ پیغمبر

besturdubooks.wordpress.com

علیہ السلام نے فرمایا کہ جو کوئی پیٹھ پیچھے بھائی مسلمان کی مدد کرے اللہ پیٹھ پیچھے اُس کی مدد کرے گا۔ بے تحقیق تہمتیں تراشنا ایمان سے بعید ہے۔ چاہئے کہ آدمی خود اپنی آبرو پر دوسروں کی آبرو کو قیاس کر لے۔

حضرت ابوایوبؓ کا کمال:

جیسا کہ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ وغیرہ نے قصہ ''افک'' میں کیا۔ ایک روز اُن کی بیوی نے کہا کہ لوگ عائشہ صدیقہؓ کی نسبت ایسا کہتے ہیں، انہوں نے فرمایا کہ جھوٹے ہیں۔ کیا ایسا کام تو کر سکتی ہے؟ بولی ہرگز نہیں۔ فرمایا پھر (صدیقؓ کی بیٹی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بیوی) عائشہ صدیقہؓ تجھ سے کہیں بڑھ کر پاک وصاف اور طاہر ومطہر ہیں، اُن کی نسبت بے وجہ ایسا گمان کیوں کیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

اس آیت کے آخری جملے وَّ قَالُوْا هٰذَآ اِفْكٌ مُّبِيْنٌ میں یہ تعلیم دی گئی ہے کہ تقاضا ایمان کا یہ تھا کہ مسلمان اس خبر کو سنتے ہی کہہ دیتے کہ یہ کھلا جھوٹ ہے اس سے ثابت ہوا کہ کسی مسلمان کے بارے میں جب تک کسی گناہ یا عیب کا علم کسی دلیل شرعی سے نہ ہو جائے اُس وقت تک اُس کے ساتھ نیک گمان رکھنا اور بلا کسی دلیل کے عیب وگناہ کی بات اُس کی طرف منسوب کرنے کو جھوٹ قرار دینا عین تقاضائے ایمان ہے۔

بلا دلیل مسلمان سے بدگمانی جائز نہیں ہے:

اس سے ثابت ہوا کہ ہر مسلمان مرد وعورت کے ساتھ اچھا گمان رکھنا واجب ہے جب تک کسی دلیل شرعی سے اس کے خلاف ثابت نہ ہو جائے۔ اور جو شخص بلا دلیل شرعی کے اُس پر الزام لگاتا ہے اُس کی بات کو رد کرنا اور جھوٹا قرار دینا بھی واجب ہے کیونکہ وہ محض ایک غیبت اور مسلمان کو بلا وجہ رُسوا کرنا ہے۔ (تفسیر مظہری)

ایک اہم اور ضروری تنبیہ:

مذکورہ دونوں آیتوں میں ہر مسلمان کو دوسرے مسلمانوں سے حُسن ظن رکھنے کی ہدایت اور اس کے خلاف بے دلیل باتوں کی تردید کو واجب قرار دیا ہے اس پر کسی کو یہ شبہ نہ ہونا چاہئیے کہ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے ہی سے اس خبر کے غلط ہونے پر یقین کیوں نہ فرمایا اور اس خبر کی تردید کیوں نہ کر دی اور ایک مہینہ تک تردد کی حالت میں کیوں رہے یہاں تک کہ حضرت صدیقہ عائشہؓ سے فرمایا کہ اگر تم سے کوئی لغزش ہو گئی ہو تو توبہ کر لینا چاہئے۔ (کما رواہ البخاری)

وجہ یہ ہے کہ یہاں ایک مسلمان کو دوسرے مسلمان پر حُسن ظن رکھنے کا حکم ہے وہ اس تردد کے منافی نہیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو پیش آیا۔ کیونکہ آپ نے اس خبر کی نہ تصدیق فرمائی اور نہ اس کے مقتضے پر کوئی عمل فرمایا نہ اس کا چرچا کرنا پسند فرمایا بلکہ صحابۂ کرام کے مجمع میں یہی فرمایا کہ ماعلمت علیٰ اهلی الاخیرا۔ رواہ البخاری۔ یعنی میں اپنی اہلیہ کے بارہ میں بھلائی اور نیکی کے سوا کچھ نہیں جانتا۔ یہ سب انہیں آیات مذکورہ کے مقتضی پر عمل اور حُسن ظن رکھنے کے شواہد ہیں۔ البتہ قطعی اور یقینی علم جس سے طبعی تردد (بھی رفع ہو جاوے، وہ اس وقت ہوا جب آیات براءت نازل ہو گئیں۔

ہر مسلمان کو گناہوں سے پاک صاف سمجھنا اصل شرعی ہے جو دلیل سے ثابت ہے اسکے خلاف جو بات بغیر دلیل کے کہی جائے اس کو جھوٹا سمجھنے کے لئے کسی اور دلیل کی ضرورت نہیں۔ صرف اتنا کافی ہے کہ ایک مؤمن مسلمان پر بغیر کسی دلیل شرعی کے الزام لگایا گیا ہے لہٰذا یہ بہتان ہے۔

انسدادِ فواحش کا قرآنی نظام:

قرآن حکیم نے فواحش کے انسداد کا یہ خاص نظام بنایا ہے کہ اول تو اس قسم کی خبر کہیں مشہور نہ ہونے پاوے اور شہرت ہو تو ثبوت شرعی کے ساتھ ہوتا کہ اس شہرت کے ساتھ ہی مجمع عام میں حد زنا اُس پر جاری کر کے اُس شہرت ہی کو سبب انسداد بنا دیا جائے۔ اور جہاں ثبوتِ شرعی نہ ہو وہاں اس طرح کی بے حیائی کی خبروں کو چلتا کر دینا اور شہرت دینا جبکہ اس کے ساتھ کوئی سزا نہیں طبعی طور پر لوگوں کے دلوں سے بے حیائی اور فواحش کی نفرت کم کر دینے اور جرائم پر اقدام کرنے اور شائع کرنے کا موجب ہوتی ہے جس کا مشاہدہ آج کل کے اخبارات میں روزانہ ہوتا ہے کہ اس طرح کی خبریں ہر روز ہر اخبار میں نشر ہوتی رہتی ہیں، نوجوان مرد اور عورتیں اُن کو دیکھتے رہتے ہیں روزانہ ایسی خبروں کے سامنے آنے اور اُس پر کسی خاص سزا کے مرتب نہ ہونے کا لازمی اور طبعی اثر یہ ہوتا ہے کہ دیکھتے دیکھتے وہ فعل خبیث نظروں میں ہلکا نظر آنے لگتا ہے اور پھر نفس میں ہیجان پیدا کرنے کا موجب ہوتا ہے اسی لئے قرآن حکیم نے ایسی خبروں کی تشہیر کی اجازت صرف اُس صورت میں دی ہے جبکہ وہ ثبوت شرعی کے ساتھ ہو اُس کے نتیجہ میں خبر کے ساتھ ہی اس بے حیائی کی ہولناک پاداش بھی دیکھنے سُننے والوں کے سامنے آ جائے۔ اور جہاں ثبوت اور سزا نہ ہو تو ایسی خبروں کی اشاعت کو قرآن نے مسلمانوں میں فواحش پھیلانے کا ذریعہ قرار دیا ہے۔ کاش مسلمان اس پر غور کریں۔ (مفتی اعظم)

لَوْلَا جَآءُوْ عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ ۚ فَاِذْ لَمْ يَاْتُوْا
کیونکہ نہ لائے وہ اس بات پر چار شاہد پھر جب نہ لائے
بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۳﴾
شاہد تو وہ لوگ اللہ کے یہاں وہی ہیں جھوٹے

besturdubooks.wordpress.com

بغیر ثبوت الزام اٹھانا غلط ہے:

یعنی اللہ کے حکم اور اُس کی شریعت کے موافق وہ لوگ جھوٹے قرار دیے گئے ہیں۔ جو کسی پر بدکاری کی تہمت لگا کر چار گواہ پیش نہ کر سکیں۔ اور بدون کافی ثبوت کے ایسی سنگین بات زبان سے بکتے پھریں۔ (تفسیر عثمانی)

اگر کوئی کسی پر زنا کا الزام قائم کرے اور اتنے گواہ بھی پیش کر دے جو زنا کی سزا جاری کرنے کے لئے کافی ہوں تو ممکن ہو اس کی نیت بخیر ہو وہ اللہ کی نافرمانی سے لوگوں کو روکنا چاہتا ہو لیکن ضروری شہادت پیش نہ کر سکے تو اس صورت میں کسی پر زنا کا الزام لگانے کا مطلب سوائے اس کے اور کچھ نہیں کہ وہ ایک مسلمان کو بدنام کرنا چاہتا ہے حد شرعی قائم کرانا نہیں چاہتا اس حالت میں اگر وہ شرعی سزا قائم کرانے کی نیت کا دعویٰ کرتا ہے تو عند اللہ جھوٹا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَوۡلَا فَضۡلُ اللّٰهِ عَلَيۡكُمۡ وَرَحۡمَتُهٗ فِى الدُّنۡيَا
اور اگر نہ ہوتا اللہ کا فضل تم پر اور اس کی رحمت دنیا
وَالۡاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمۡ فِىۡ مَاۤ اَفَضۡتُمۡ فِيۡهِ عَذَابٌ عَظِيۡمٌ
اور آخرت میں تو تم پر پڑتی اس چرچا کرنے میں کوئی آفت بڑی

اللہ کے فضل نے بچالیا:

یعنی اللہ تعالیٰ نے اس اُمت کو پیغمبر کے طفیل دنیا کے عذابوں سے بچایا ہے۔ نہیں تو یہ بات قابل تھی عذاب کے۔ (موضح القرآن) نیز تم میں سے مخلصین کو توبہ کی توفیق دے کر خطا معاف کر دی ورنہ منافقین کی طرح وہ بھی قیامت کے دن عذاب عظیم میں گرفتار ہوتے۔ (العیاذ باللہ) (تفسیر عثمانی)

یعنی اے مسلمانو! اگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے تم پر اللہ کا کرم نہ ہوتا اور دنیا میں طرح طرح کی نعمتیں وہ اپنی رحمت سے نہ دیتا (منجملہ دوسری نعمتوں کے ایک اسلام کی توفیق اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت کا میسر آ جانا بھی ہے۔ جس کی وجہ سے عذاب کے نزول میں رکاوٹ ہوئی اور توبہ کا وقت مل گیا) اور آخرت میں اللہ کی رحمت تم پر نہ ہوتی (کہ اس نے عفو و درگزر اور جنت میں داخل کرنے کا وعدہ فرما لیا ہے) تو جس ناز یبا اور پُر معصیت مشغلہ میں تم گھس گئے تھے اس کی وجہ سے دنیا و آخرت میں تم پر بڑا عذاب آ جاتا۔ (تفسیر عثمانی)

اِذۡ تَلَـقَّوۡنَهٗ بِاَ لۡسِنَتِكُمۡ وَتَقُوۡلُوۡنَ بِاَفۡوَاهِكُمۡ مَّا لَـيۡسَ
جب لینے لگے تم اس کو اپنی زبانوں پر اور بولنے لگے اپنے منہ سے جس چیز کی تم کو
لَـكُمۡ بِهٖ عِلۡمٌ وَّتَحۡسَبُوۡنَهٗ هَيِّنًا ‌ۖ وَّهُوَ عِنۡدَ اللّٰهِ عَظِيۡمٌ
خبر نہیں اور تم سمجھتے ہو اُس کو ہلکی بات اور یہ اللہ کے یہاں بہت بڑی ہے

جرم کی سنگینی: یعنی عذاب عظیم کے مستحق کیوں نہ ہوتے جبکہ تم ایسی بے تحقیق اور ظاہر البطلان بات کو ایک دوسرے کی طرف چلتا کر رہے تھے اور زبان سے وہ انکل پچو باتیں نکالتے تھے جن کی واقعیت کی تمہیں کچھ بھی خبر نہ تھی پھر غضب یہ ہے کہ ایسی سخت بات کو (یعنی کسی محصنہ خصوصاً پیغمبر علیہ السلام کی زوجہ مطہرہ اُم المومنین کی روحانی والدہ کو متہم کرنا) جو اللہ کے نزدیک بہت بڑا سنگین جرم ہے محض ایک ہلکی اور معمولی بات سمجھنا، یہ اصل جرم سے بھی بڑا جرم تھا۔ (تفسیر عثمانی)

تمام نیکیوں کا مدار: حضرت معاذ بن جبل کا بیان ہے میں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے کوئی ایسا عمل بتا دیجئے جو مجھے جنت میں لے جائے اور دوزخ سے دور کر دے فرمایا تم نے بڑی بات دریافت کی لیکن جن کے لئے اللہ آسان کر دے اس کے لئے آسان بھی ہے اللہ کی عبادت کرو۔ کسی چیز کو اس کے ساتھ (الوہیت و ربوبیت میں) ساجھی نہ بناؤ نماز قائم کرو ،زکوٰۃ ادا کرو۔ رمضان کے روزے رکھو، کعبے کا حج کرو۔ آخر میں فرمایا کیا میں تم کو بھلائی کے دروازے نہ بتادوں، (یاد رکھو) روزہ (عذاب سے بچنے کی) سپر ہے، خیرات، گناہوں (کی آگ) کو اس طرح بجھا دیتی ہے جیسے پانی آگ کو اور رات کے جوف (وسط) میں نماز پڑھنا (بھی گناہ کی آگ کو بجھا دیتا ہے) پھر آپ نے آیت تَتَجَافٰى جُنُوۡبُهُمۡ عَنِ الۡمَضَاجِعِ یَعْمَلُوْنَ تک تلاوت فرمائی۔ پھر فرمایا کیا میں تمہیں (دینی) امور کا سر اور ستون اور اس کے کوہان کی چوٹی نہ بتادوں، اسلام اس کا سر ہے، نماز اس کا ستون ہے اور جہاد اس کے کوہان کی چوٹی ہے، پھر فرمایا، کیا میں تم کو ایسی بات نہ بتادوں جس پر ان سب کا مدار ہے۔ میں نے عرض کیا ضرور فرمائیے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زبان کو پکڑ کر فرمایا اس کو روکے رکھو۔ میں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کیا بات کرنے پر بھی ہماری پکڑ ہوگی، فرمایا، معاذ! تجھ پر تیری ماں روئے زبانوں کے نتائج ہی تو لوگوں کو اوندھے منہ دوزخ میں گرائیں گے (یعنی باتوں کی کھیتی دوزخ کی شکل میں کٹ کر سامنے آئے گی) رواہ احمد، والترمذی وابن ماجہ۔ (تفسیر مظہری)

وَلَوۡلَاۤ اِذۡ سَمِعۡتُمُوۡهُ قُلۡتُمۡ مَّا يَكُوۡنُ لَنَاۤ اَنۡ
اور کیوں نہ جب تم نے اُس کو سنا تھا کہا ہوتا ہم کو نہیں لائق کہ منہ پر لائیں
نَّـتَكَلَّمَ بِهٰذَا ‌ۖ سُبۡحٰنَكَ هٰذَا بُهۡتَانٌ عَظِيۡمٌ
یہ بات اللہ تو پاک ہے یہ تو بڑا بہتان ہے

تہمت کی بات سنتے ہی انکار کیوں نہ کیا:

یعنی اول تو حُسنِ ظن کا اقتضاء یہ تھا کہ دل میں بھی یہ خیال نہ گزرنے پائے۔ جیسا کہ اوپر ارشاد ہوا لیکن اگر شیطانی اغواء سے فرض کیجئے کسی کے

besturdubooks.wordpress.com

دل میں کوئی بُرا وسوسہ گزرے تو پھر یہ جائز نہیں کہ ایسی ناپاک بات زبان پر لائی جائے۔ چاہئے کہ اس وقت مومن اپنی حیثیت اور دیانت کو ملحوظ رکھے اور صاف کہہ دے کہ ایسی بے سیر و پا بات کا زبان سے نکالنا مجھ کو زیب نہیں دیتا اے اللہ تو پاک ہے۔ کس طرح لوگ ایسی نامعقول بات منہ سے نکالتے ہیں۔ بھلا جس پاکباز خاتون کو تو نے سید الانبیاء اور راس المتقین کی زوجیت کے لئے چنا کیا وہ (معاذ اللہ) خود بے آبرو ہو کر پیغمبر کی آبرو کو بٹہ لگائے گی (حاشا ثم حاشا) ہو نہ ہو دشمنوں نے ایک بے قصور پر بہتان باندھا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

یہ کیوں نہیں کہہ دیا کہ ہمارے لئے یہ بات کہنی بھی جائز نہیں اے اللہ تو پاک ہے (تیرا رسول صلی اللہ علیہ وسلم پاک ہے تیرے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی بیوی پاک ہے) یہ بڑا بہتان ہے۔

حضرت صدیق اکبرؓ کی بیٹی کیلئے ایسی بات کیوں کہی گئی:

مَا يَكُونُ لَنَا یعنی ہمارے لئے جائز نہیں، سزاوار نہیں کہ یہ بات یا اس قسم کی باتیں کہیں، صدیق اکبر کی بیٹی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیوی کے متعلق ایسے بات کہنی تو سچے مسلمانوں کے لئے بہت ہی شاق تھی ویسے بھی کسی پاک دامن پر زنا کی تہمت لگانی فاسق بنا دیتی ہے آئندہ ایسے شخص کی شہادت قابل پذیرائی نہیں رہتی اور تہمت تراش مستحق سزا ہو جاتا ہے۔

سُبْحٰنَكَ یعنی اے اللہ تو اس بات سے پاک ہے کہ تیرے نبی کی بیوی زانیہ ہو، کیونکہ بیوی کی زناکاری تو شوہر کی آبرو کو تباہ کر دیتی ہے۔ نبی لوگوں کو دعوت اصلاح دیتا ہے۔

یہ بہت بڑا بہتان تھا:

هٰذَا بُهْتَانٌ یعنی یہ اتنا بڑا جھوٹ ہے کہ سننے والا اس کو سن کر حیران رہ جاتا ہے جس پر دروغ بندی کی جا رہی ہے اس کی عظمت شان اور پھر اس کی طرف ایسی ذلیل حرکت کی نسبت سننے والے کو متحیر بنا دیتی ہے جس پر دروغ تراشی کی جاتی ہے اس کے مرتبے کے موافق تہمت (کے ہلکے بھاری ہونے) کا اندازہ قائم کیا جاتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖٓ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷﴾
اللہ تم کو سمجھاتا ہے کہ پھر نہ کرو ایسا کام کبھی اگر تم ایمان رکھتے ہو

خبردار! آئندہ ایسا نہ ہو:

یعنی مومنین کو پوری طرح چوکس اور ہشیار رہنا چاہئے۔ بدباطن منافقین کے چکموں میں کبھی نہ آئیں۔ ہمیشہ پیغمبر علیہ السلام اور آپ کے اہل بیت کی عظمت شان کو ملحوظ رکھیں۔ (تفسیر عثمانی)

اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖٓ کہ ایسی حرکت دوبارہ پھر کبھی نہ کرنا۔ وعظ کا معنی ہے ایسی یاز داشت جس میں خوف بھی دلایا گیا ہو۔ خلیل نے کہا وعظ کا معنی ہے اس طور پر خیر کی یاددہانی کرنا کہ دلوں میں رقت پیدا ہو جائے، مطلب یہ کہ اللہ تم کو اپنا عذاب یاد دلاتا اور سزا سے ڈراتا ہے۔

یا یہ مطلب ہے کہ اللہ تم کو تنبیہ کرتا ہے اور ڈراتا ہے کیونکہ اس کو تمہارا پھر ایسا کرنا پسند نہیں ہے۔

مجاہد نے يَعِظُكُمْ کا ترجمہ کیا تم کو منع کرتا ہے دوبارہ ایسی حرکت کرنے سے۔

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ یعنی اگر تم مومن ہو تو نصیحت مانو، ایسی حرکت پھر بھی نہ کرنا یہ حرکت تقاضائے ایمان کے خلاف ہے۔

جو شیعہ ام المومنین حضرت عائشہؓ کو متہم کرتے ہیں وہ مومن نہیں ہیں۔ (تفسیر مظہری)

وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۸﴾
اور کھولتا ہے اللہ تمہارے واسطے پتے کی باتیں اور اللہ سب جانتا ہے حکمت والا ہے

اللہ کی طرف سے راہنمائی:

یعنی پتہ اس کا کہ یہ طوفان اٹھایا کس نے معلوم ہوا کہ منافقین نے جو ہمیشہ چھپے دشمن تھے۔ اگلی آیت میں پتہ بتلا دیا۔ (کذا فی الموضح) عموماً مفسرین نے آیات سے مراد احکام، نصائح، حدود اور قبول توبہ وغیرہ کے مضامین لئے ہیں۔ اس وقت صفات علم و حکمت کے ذکر سے یہ غرض ہو گی کہ اللہ تعالیٰ تم میں سے مخلصین کی ندامت قلبی کا حال خوب جانتا ہے۔ اس لئے توبہ قبول کی اور چونکہ حکیم مطلق ہے اس لئے نہایت حکمت و دانائی کے ساتھ تمہاری سیاست کی گئی۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ
جو لوگ چاہتے ہیں کہ چرچا ہو بدکاری کا
فِي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
ایمان والوں میں

بدکاری کی خبروں کا چرچا کرنے والے:

یعنی بدکاری پھیلے یا بدکاری کی خبریں پھیلیں۔ یہ چاہنے والے منافقین تھے لیکن اُن کا تذکرہ کر کے مومنین کو بھی متنبہ فرما دیا کہ اگر فرض کرو کسی کے دل میں ایک بُری بات کا خطرہ گزرا اور بے پروائی سے کوئی لفظ زبان سے بھی کہہ گزرا تو چاہئے کہ اب ایسی مہمل بات کا چرچا کرتا نہ پھرے۔ اگر خواہی نہ خواہی کسی مومن کی آبروریزی کرے گا تو خوب سمجھ لے کہ اس کی آبرو بھی محفوظ نہ رہے گی۔ حق تعالیٰ اُسے ذلیل و خوار کر کے چھوڑے گا۔ کما فی حدیث احمد رحمہ اللہ۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

اُن کے لئے عذاب ہے دردناک دنیا اور آخرت میں

دنیا میں حد قذف، رسوائی اور قسم قسم کی سزائیں اور آخرت میں دوزخ کی سزا۔ (تفسیر عثمانی)

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝

اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے

اللہ جانتا ہے کس کا کتنا جرم ہے:

یعنی ایسے فتنہ پردازوں کو خدا خوب جانتا ہے گو تم نہ جانتے ہو۔ اور اسی کے علم میں ہے کہ کس کا جرم کتنا ہے اور کس کی کیا غرض ہے۔ (تنبیہ) حُبِ شیوعِ فاحشہ، حسد و کینہ وغیرہ کی طرح اعمالِ قلبیہ میں سے ہے۔ مراتب قصد میں سے نہیں۔ اس لئے اس پر ماخوذ ہونے میں اختلاف نہ ہونا چاہئے۔ فتنبہ لہ۔ (تفسیر عثمانی)

وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ اور (اے لوگو!) تم نہیں جانتے۔ اس لئے تم کو تو ظاہری امور کا اتباع کرنا چاہیے تھا، اگر الزام زنا کے ریزی اس کا مقصد نہیں وہ اللہ کی مقرر کردہ حدود کو قائم کرانا اور زمین سے بگاڑ کو دور کرنا چاہتا ہے، لیکن اگر شرعی گواہ نہ ہوں تو الزام زنا لگانے والا اچھی نیت نہیں رکھتا۔ حدود الٰہیہ کو قائم نہیں کرا سکتا۔ مسلمانوں کی آبرو ریزی کرنا اس کا مقصد ہے اس لئے حد قذف اس پر جاری کرو۔ خواہ واقع میں سچا ہو حقیقت خدا جانے۔ اللہ کے حکم کے بموجب وہ جھوٹا ہے تم ظاہری احکام کے پابند ہو اللہ نے ایسے لوگوں کو بہتان تراش کہا، اور تہمت تراشی کی سزا مقرر کر دی ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ

اور اگر نہ ہوتا اللہ کا فضل تم پر اور اُس کی رحمت

وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝

اور یہ کہ اللہ نرمی کرنے والا ہے مہربان تو کیا کچھ نہ ہوتا

اللہ کی مہربانی سے فتنہ ختم ہوا:

یعنی یہ طوفان تو ایسا اٹھا تھا کہ نہ معلوم کون کون اس کی نذر ہوتے لیکن اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل و رحمت اور شفقت و مہربانی سے تم میں سے تائبین کی توبہ کو قبول فرمایا اور بعض کو حدِ شرعی جاری کر کے پاک کیا اور جو زیادہ خبیث تھے اُن کو ایک گونہ مہلت دی۔ (تفسیر عثمانی)

یہ خطاب ان مسلمانوں کو ہے جنہوں نے حضرت عائشہ کے قصہ میں کچھ دخل اندازی کی تھی۔ شرط کی جزا محذوف ہے، یعنی اگر اللہ کا فضل و کرم تم پر نہ ہوتا تو دنیا میں ایسا عذاب تم پر نازل کرتا کہ تمہاری بیخ و بن اکھاڑ ڈالتا اور آخرت میں تم کو ہمیشہ کے لئے دوزخ میں ڈال دیتا۔

اللہ نے اس آیت میں دوبارہ عذاب سے ڈرایا ہے اور اپنی رحمت کا تذکرہ کیا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ واقعہ بڑا اہم اور جرم بہت سنگین تھا۔

حضرت ابن عباس نے فرمایا آیت اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ الخ میں عبداللہ بن ابی اور اسکے ساتھی مراد ہیں اور لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ سے مراد ہے دنیا میں حد قذف اور آخرت میں دوامی دوزخ اور وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ میں مراد ہیں حسان، اور مسطح اور حمنہ۔ (تفسیر مظہری)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ

اے ایمان والو نہ چلو قدموں پر شیطان کے

وَمَنْ يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ فَاِنَّهٗ

اور جو کوئی چلے گا قدموں پر شیطان کے سو وہ تو

يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ

یہی بتلائے گا بے حیائی اور بُری بات

شیطانی چالوں سے ہوشیار رہو:

یعنی شیطان کی چالوں سے ہشیار رہا کرو۔ مسلمان کا یہ کام نہیں ہونا چاہئے کہ شیاطین الانس والجن کے قدم بقدم چلنے لگے۔ اُن ملعونوں کا تو مشن ہی یہ ہے کہ لوگوں کو بے حیائی اور بُرائی کی طرف لے جائیں تم جان بوجھ کر کیوں اُن کے بھرے میں آتے ہو۔ دیکھ لو شیطان نے ذرا سا چرکہ لگا کر کتنا بڑا طوفان کھڑا کر دیا اور کئی سیدھے سادھے مسلمان کس طرح اُس کے قدم پر چل پڑے۔

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى

اور اگر نہ ہوتا اللہ کا فضل تم پر اور اس کی رحمت تو نہ سنورتا

مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ

تم میں ایک شخص بھی کبھی اور لیکن اللہ سنوارتا ہے جس کو چاہے

وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

اور اللہ سب کچھ سنتا جانتا ہے

اللہ نے شیطان کو ناکام کر دیا:

یعنی شیطان تو سب کو بگاڑ کر چھوڑتا ایک کو بھی سیدھے راستہ پر نہ رہنے دیتا۔ یہ تو

bestudbooks.wordpress.com

خدا کا فضل اور اس کی رحمت ہے کہ وہ اپنے مخلص بندوں کی دستگیری فرما کر بہتیروں کو محفوظ رکھتا ہے اور بعض کو مبتلا ہو جانے کے بعد توبہ کی توفیق دے کر درست کر دیتا ہے۔ یہ بات اُسی خدائے واحد کے اختیار میں ہے اور وہی اپنے علم محیط اور حکمت کاملہ سے جانتا ہے کہ کون بندہ سنوارے جانے کے قابل ہے اور کس کی توبہ قبول ہونی چاہئے۔ وہ سب کی توبہ وغیرہ کو سنتا اور ان کی قلبی کیفیات سے پوری طرح آگاہ ہے۔

وَلَا يَأْتَلِ أُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ

اور قسم نہ کھائیں بڑے درجہ والے تم میں سے اور کشائش والے

أَنْ يُؤْتُوا أُولِي الْقُرْبَىٰ وَالْمَسَاكِينَ وَالْمُهَاجِرِينَ

اس پر کہ دیں قرابتیوں کو اور محتاجوں کو اور وطن چھوڑنے والوں کو

فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۖ وَلْيَعْفُوا وَلْيَصْفَحُوا ۗ أَلَا تُحِبُّونَ

اللہ کی راہ میں اور چاہیے کہ معاف کریں اور درگزر کریں کیا تم نہیں چاہتے

أَنْ يَغْفِرَ اللَّهُ لَكُمْ ۗ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿٢٢﴾

کہ اللہ تم کو معاف کرے اور اللہ بخشنے والا ہے مہربان

احسان و مروت کی تعلیم

حضرت صدیق اکبرؓ اور حضرت مسطحؓ کا معاملہ

حضرت عائشہؓ پر طوفان اُٹھانے والوں میں بعض مسلمان بھی نادانی سے شریک ہو گئے۔ اُن میں سے ایک حضرت مسطحؓ تھے جو ایک مفلس مہاجر ہونے کے علاوہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بھانجے یا خالہ زاد بھائی ہوتے ہیں قصہ ''افک'' سے پہلے حضرت صدیق اکبر اُن کی امداد اور خبر گیری کیا کرتے۔ جب یہ قصہ ختم ہوا اور عائشہ صدیقہؓ کی براءت آسمان سے نازل ہو چکی تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے قسم کھائی کہ آئندہ مسطح کی امداد نہ کروں گا۔ شاید بعض دوسرے صحابہ کو بھی ایسی صورت پیش آئی ہو۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی یعنی تم میں سے جن کو اللہ تعالیٰ نے دین کی بزرگی اور دنیا کی وسعت دی ہے انہیں لائق نہیں کہ ایسی قسم کھائیں اُن کا ظرف بہت بڑا اور اُن کے اخلاق بہت بلند ہونے چاہئیں۔ بڑی جوانمردی تو یہی ہے کہ بُرائی کا بھلائی سے دیا جائے۔ محتاج رشتہ داروں اور خدا کے لئے وطن چھوڑ والوں کی اعانت سے دست کش ہو جانا بزرگوں اور بہادروں کا کام نہیں۔ اگر قسم کھالی ہے تو ایسی قسم کو پورا مت کرو۔ اُس کا کفارہ ادا کر دو۔ تمہاری شان یہ ہونی چاہئے کہ خطا کاروں کی خطا سے اغماض اور درگزر کرو۔ ایسا کرو گے تو حق تعالیٰ تمہاری کوتاہیوں سے درگزر کرے گا۔ کیا تم حق تعالیٰ سے عفو و درگزر کی امید اور خواہش نہیں رکھتے؟ اگر رکھتے ہو تو تم کو اس کے بندوں کے معاملہ میں یہی خُو اختیار کرنی چاہئے۔ گویا اس میں ''تخلقوا باخلاق اللہ'' کی تعلیم ہوئی۔ احادیث میں ہے کہ حضرت ابوبکرؓ نے جب سُنا أَلَا تُحِبُّونَ أَنْ يَغْفِرَ اللَّهُ لَكُمْ کیا تم نہیں چاہتے کہ اللہ تم کو معاف کرے تو فوراً بول اُٹھے۔ بلیٰ یا ربنا انا نحب (بیشک اے پروردگار! ہم ضرور چاہتے ہیں) یہ کہہ کر مسطح کی جو امداد کرتے تھے بدستور جاری فرما دی، بلکہ بعض روایات میں ہے کہ پہلے سے دگنی کر دی۔ رضی اللہ عنہ (تفسیر عثمانی)

أَلَا تُحِبُّونَ أَنْ يَغْفِرَ اللَّهُ لَكُمْ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ (اے فضیلت اور دولت والو) کیا تم پسند نہیں کرتے کہ اللہ (تمہارے درگزر کرنے اور حسن سلوک کرنے اور معاف کر دینے کے بدلے میں) تمہارے قصور معاف کر دے۔ یعنی تم سے بھی تو اللہ کے حقوق ادا نہیں ہوتے تو کیا تم نہیں چاہتے کہ اللہ تمہاری کوتاہیوں کو معاف کر دے تم پر اللہ کی نعمتیں اور حقوق بہت زیادہ ہیں اور وہ بدلہ لینے پر پوری پوری قدرت بھی رکھتا ہے اس کے باوجود وہ بڑا معاف کرنے والا مہربان ہے۔ لہٰذا تم بھی اپنے اندر اللہ کی یہ پسندیدہ صفت پیدا کرو۔

شیخین وغیرہ کی روایت ہے کہ اس آیت کے نزول کے بعد حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا خدا کی قسم میں تو دل سے خواستگار ہوں کہ اللہ میرے قصور بخش دے۔ اس کے بعد آپ نے دوبارہ حضرت مسطح کے مصارف جاری کر دیئے اور فرمایا واللہ! آئندہ کبھی میں یہ مصارف نہیں روکوں گا۔

حضرت ابن عمرؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صلہ رحم جوڑنے والا وہ نہیں ہے جو برابر کا بدلہ لے لے بلکہ واصل رحم وہ شخص ہے کہ اگر کوئی تم سے اپنا رشتہ توڑے تو تم اس کو جوڑے رکھو۔ (رواہ البخاری)

حضرت ابن عباس اور ضحاک کا بیان ہے کہ حضرت ابوبکر اور دوسرے چند صحابیوں نے قسم کھائی تھی کہ جن لوگوں نے اس بہتان تراشی میں حصہ لیا ہے ان کو کچھ نہیں دیں گے اس پر آیت مذکور کا نزول ہوا۔ (تفسیر مظہری)

ایک اہم تنبیہ: حضرت صدیقہ عائشہؓ پر تہمت کے قضیہ میں جو بعض مسلمان بھی شریک ہو گئے تھے یہ قضیہ اس وقت کا تھا جب تک آیات براءت قرآن میں نازل نہیں ہوئی تھیں۔ آیات براءت نازل ہونے کے بعد جو شخص حضرت صدیقہ عائشہؓ پر تہمت لگائے وہ بلاشبہ کافر منکر قرآن ہے جیسا کہ شیعوں کے بعض فرقے اور بعض افراد اس میں مبتلا پائے جاتے ہیں اُن کے کافر ہونے میں کوئی شک و شبہ کرنے کی بھی گنجائش نہیں وہ باجماع اُمت کافر ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

إِنَّ الَّذِينَ يَرْمُونَ الْمُحْصَنَاتِ الْغَافِلَاتِ الْمُؤْمِنَاتِ

جو لوگ عیب لگاتے ہیں حفاظت والیوں بے خبر ایمان والیوں کو

لُعِنُوا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٢٣﴾

ان کو پھٹکار ہے دنیا میں اور آخرت میں اور ان کے لئے ہے بڑا عذاب

besturdubooks.wordpress.com

پاکدامن خواتین پر تہمت گناہِ کبیرہ ہے:

صحیحین کی حدیث میں ہے۔" اجتنبوا السبع الموبقات الشرک باللّٰہ وقتل النفس التی حرّم اللّٰہ الا بالحق واکل الربوا واکل مال الیتیم والتولی یوم الزحف وقذف المحصنات المومنات الغافلات " اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ قذف محصنات مطلقاً مہلکات میں سے ہے۔

ازواج مطہرات میں سے کسی پر تہمت لگانا کفر ہے:

پھر ان میں سے بھی ازواج مطہرات بالخصوص اُم المومنین حضرت عائشہ صدیقہ کا قذف تو کس درجہ کا گناہ ہوگا، علماء نے تصریح کی ہے کہ ان آیات کے نزول کے بعد جو شخص عائشہ صدیقہؓ یا ازواج مطہرات میں سے کسی کو متہم کرے وہ کافر، مکذب قرآن اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ اور طبرانی کی ایک حدیث میں ہے۔ "قذف المحصنة يهدم عمل مائة سنة" (محصنہ پر تہمت لگانا سو برس کے عمل کو ڈھا دیتا ہے)۔ العیاذ باللّٰہ۔ (تفسیر عثمانی)

عوام بن حوشب نے قبیلہ بنی کاہل کے ایک شیخ کے حوالہ سے نقل کیا کہ حضرت ابن عباس نے فرمایا آیت مذکورہ حضرت عائشہؓ اور دوسری امہات المومنین کے حق میں خاص طور پر نازل ہوئی اس میں توبہ کا ذکر نہیں ہے اور اگر کوئی کسی دوسری مومن عورت پر زنا کی تہمت لگائے اس کے لئے اللہ نے توبہ کی گنجائش رکھی ہے۔ اس کے بعد حضرت ابن عباسؓ نے آیت وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَأْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ، اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا الخ تلاوت کی اور فرمایا ان لوگوں کے لئے توبہ کا ذکر کیا گیا اور (آیت مذکورہ بالا میں) اُن لوگوں کے لئے توبہ کا ذکر نہیں کیا۔ اسی طرح طبرانی نے ضحاک بن مزاحم کا قول نقل کیا ہے کہ اس آیت کا نزول صرف امہات المومنین کے حق میں ہوا تھا۔ (تفسیر مظہری)

يَّوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ اَلْسِنَتُهُمْ وَاَيْدِيْهِمْ
جس دن کہ ظاہر کر دیں گی اُن کی زبانیں اور ہاتھ
وَاَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۴﴾
اور پاؤں جو کچھ وہ کرتے تھے

قیامت کے دن مجرم کی رسوائی:

یعنی مجرم منہ سے بولنا اور ظاہر کرنا نہ چاہے گا۔ مگر خود زبان اور ہاتھ پاؤں بولیں گے اور اُن میں سے ہر عضو اس عمل کو ظاہر کرے گا جو اُس کے ذریعہ سے کیا گیا تھا (لطیفہ) قاذف نے زبان سے تہمت لگائی تھی اور چار گواہوں کا اس سے مطالبہ تھا جو پورا نہ کر سکا۔ اُس کے بالمقابل یہاں بھی پانچ چیزیں ذکر ہوئیں۔ ایک زبان جو قذف کا اصلی آلہ ہے اور چار ہاتھ پاؤں جو اس کی شرارت کے گواہ ہوں گے۔ (تفسیر عثمانی)

مؤمن کی پردہ پوشی اور کافر کی رسوائی:

ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے حضرت ابوموسیٰ اشعری کی روایت سے بیان کیا ہے کہ قیامت کے دن حساب کے لئے مومن کو طلب کیا جائے گا اور اس کا رب اس کے کئے ہوئے وہ اعمال اسکے سامنے لائے گا جو بندے اور رب کے درمیان تھے، یعنی حقوق اللہ سے تعلق رکھنے والے اعمال جن سے بندہ واقف ہوگا اور اس کا رب بندے کے سامنے لائے جائیں گے مؤمن ان کا اقرار کرے گا اور عرض کرے گا اے میرے رب! میں نے یہ کئے تھے میں نے یہ کئے تھے، اقرار کرانے کے بعد اللہ ان پر پردہ ڈال دے گا اور معاف فرمادے گا، وہ گناہ اس طرح چھپا دیئے جائیں گے کہ روئے زمین پر کوئی مخلوق اس کو نہ دیکھ سکے گی ہاں اس کی نیکیاں ہی نیکیاں نمایاں ہوں گی سارے لوگ اس کی نیکیاں دیکھیں گے اور باہم بیان کریں گے۔ منافق کو جب حساب کے لئے طلب کیا جائے گا اور اس کا رب اس کے عمل اس کے سامنے لائے گا تو وہ انکار کرے گا اور عرض کرے گا اے میرے رب! تیری عزت کی قسم میں نے یہ کام نہیں کئے بلکہ یہ کام فرشتے نے مجھ پر لکھ دیئے ہیں۔ فرشتہ کہے گا کیا تو نے فلاں دن فلاں جگہ یہ کام نہیں کیا تھا۔ منافق کہے گا قسم ہے عزت رب کی میں نے نہیں کئے اس وقت اس کے منہ پر مہر لگا دی جائے گی (اور اعضاء شہادت دیں گے) حضرت ابوموسیٰ نے کہا میرا خیال ہے کہ سب سے پہلے اس کی داہنی ران بولے گی، پھر ابوموسیٰ نے آیت اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰۤى اَفْوَاهِهِمْ الخ تلاوت کی۔

ابویعلی اور حاکم نے حضرت ابوسعید خدری کی روایت سے بیان کیا ہے اور حاکم نے اس کو صحیح کہا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا فرمایا (یعنی یہ حدیث مرفوع ہے)

زبان پر مہر اور مختلف اعضاء کی گواہی:

احمد نے بسند صحیح اور طبرانی نے حضرت عقبہ بن عامر کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے جس روز منہ پر مہر لگا دی جائے گی اس روز انسان کی سب سے پہلی ہڈی جو کلام کرے گی وہ اس کی بائیں ران کی ہو گی۔ احمد، نسائی، حاکم اور بیہقی حضرت معاویہ بن حیدہ کی روایت سے بیان کیا اور حاکم نے اس کو صحیح کہا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کے دن (منافق) لوگ اس حالت میں آئیں گے کہ ان کے مونہوں پر دہانے چڑھے ہوں گے (کہ منہ بند ہوں گے بول نہ سکیں گے) سب سے پہلے آدمی کی ران اور ہتھیلی کلام کرے گی۔ مسلم نے رویت باری تعالیٰ کے باب میں

besturdubooks.wordpress.com

حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت کردہ ایک طویل حدیث کے ذیل میں بیان کیا ہے کہ آدمی کے عمل (کی شہادت دینے کے لئے) اس کی ران اور اس کا گوشت اور اس کی ہڈی بولے گی اور یہ شخص منافق ہوگا جس پر اللہ کا غضب ہوگا۔

منہ پر مہر لگانے کا یہ مطلب ہے کہ خود اپنے ارادے سے وہ منہ سے بول نہ سکیں گے (اپنی مرضی کے مطابق زبانوں سے کلام نہ کر سکیں گے) یہ مطلب نہیں کہ ان کے ارادے کے خلاف بھی ان کی زبانوں سے کوئی لفظ نکل نہ سکے گا (اور گویائی کی قوت سلب ہو جائے گی)

قرطبی نے لکھا ہے جسمانی اعضاء ان لوگوں کے خلاف شہادت دیں گے جو اعمال ناموں کی تحریر کے منکر ہوں گے (اور اعمال نامہ کے اندراج کو غلط بتائیں گے، اور جھگڑا کریں گے۔ ایسے لوگوں کے خلاف اعضائے جسم شہادت دیں گے۔

میں کہتا ہوں اس تفسیر پر گذشتہ آیات کا نزول عبداللہ بن ابی کے لئے مانا جائے گا جیسا کہ قتادہ کا خیال ہے۔ (تفسیر مظہری)

يَوْمَئِذٍ يُّوَفِّيْهِمُ اللّٰهُ دِيْنَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُوْنَ
اُس دن پوری دے گا ان کو اللہ اُن کی سزا جو چاہئے اور جان لیں گے
اَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ﴿٢٥﴾
کہ اللہ وہی ہے سچا کھولنے والا

رتی رتی عمل سامنے آئے گا:

جو رتی رتی عمل کھول کر سامنے رکھ دیتا ہے اور جس کا حساب بالکل صاف ہے اس کے ہاں کسی طرح کا ظلم و تعدی نہیں۔ یہ مضمون قیامت کے دن سب کو مکشوف و مشہود ہو جائے گا۔ (تفسیر عثمانی)

اَلْخَبِيْثٰتُ لِلْخَبِيْثِيْنَ وَالْخَبِيْثُوْنَ لِلْخَبِيْثٰتِ
گندیاں ہیں گندوں کے واسطے اور گندے واسطے گندیوں کے
وَالطَّيِّبٰتُ لِلطَّيِّبِيْنَ وَالطَّيِّبُوْنَ لِلطَّيِّبٰتِ
اور ستھریاں ہیں ستھروں کے واسطے اور ستھرے واسطے ستھریوں کے

بروں کیلئے برے اچھوں کیلئے اچھے:

یعنی بدکار اور گندی عورتیں گندے اور بدکار مردوں کے لائق ہیں۔ اسی طرح بدکار اور گندے مرد اس قابل ہیں کہ ان کا تعلق اپنے جیسی گندی اور بدکار عورتوں سے ہو۔ پاک اور ستھرے آدمیوں کا ناپاک بدکاروں سے کیا مطلب۔ ابن عباسؓ نے فرمایا کہ پیغمبر کی عورت بدکار (زانیہ) نہیں ہوتی یعنی اللہ تعالیٰ ان کی ناموس کی حفاظت فرماتا ہے نقلہ فی موضح القرآن۔ (تنبیہ) آیت کا یہ

مطلب تو ترجمہ کے موافق ہوا۔ مگر بعض مفسرین سلف سے یہ منقول ہے کہ "اَلْخَبِيْثٰتُ" اور "اَلطَّيِّبٰتُ" سے یہاں عورتیں مراد نہیں بلکہ اقوال و کلمات مراد ہیں یعنی گندی باتیں گندوں کے لائق ہیں۔ اور ستھری باتیں ستھرے آدمیوں کے۔ پاکباز اور ستھرے مرد و عورت ایسی گندی تہمتوں سے بری ہوتے ہیں جیسا کہ آگے "اُولٰٓئِكَ مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا يَقُوْلُوْنَ" سے ظاہر ہے۔ یا یوں کہا جائے کہ گندی باتیں گندوں کی زبان سے نکلا کرتی ہیں۔ تو جنہوں نے کسی پاکباز کی نسبت گندی بات کہی، سمجھو کہ وہ خود گندے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت عائشہؓ کی براءت:

ابن زید نے کہا، خبیثات سے گندی عورتیں اور خبیثین سے گندے مرد مراد ہیں یعنی اکثر گندی عورتیں گندے مردوں کے لئے اور گندے مرد گندی عورتوں کے لئے اور پاک عورتیں پاک مردوں کے لئے اور پاک مرد پاک عورتوں کے لئے ہوتے ہیں اور عائشہؓ پاک ہیں، اس لئے اللہ نے ان کو اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجیت کے لئے منتخب فرمایا۔ عائشہؓ اور ان جیسے لوگ ان افتراء پردازوں کی الزام تراشی سے پاک ہیں۔ اگر عائشہؓ پاک نہ ہوتیں تو پاک رسول کی بیوی بننے کی اہل نہ ہوتیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج جنتی ہیں:

حضرت ہند بن ابی ہالہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ کو ناپسند ہے کہ میں سوائے جنتی (عورت) کے کسی اور سے نکاح کروں۔ رواہ ابن عساکر۔

اُولٰٓئِكَ مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا يَقُوْلُوْنَ ؕ
وہ لوگ بے تعلق ہیں ان باتوں سے جو یہ کہتے ہیں

یعنی ستھرے آدمی اُن باتوں سے بری ہیں جو یہ گندے لوگ بکتے پھرتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿٢٦﴾
اُن کے واسطے بخشش ہے اور روزی ہے عزت کی

یعنی بُرا کہنے سے وہ بُرے نہیں ہو جاتے، بلکہ جب وہ اس پر صبر کرتے ہیں تو یہ چیز اُن کی خطاؤں یا لغزشوں کا کفارہ بنتی ہے۔ اور یہاں مفسد لوگ جس قدر اُن کو ذلیل کرنا چاہتے ہیں وہاں اُس کے بدلہ میں عزت کی روزی ملتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

قرآن مجید کی ان آیات سے جو عائشہ صدیقہؓ کی عنداللہ قدر و منزلت ثابت ہوئی وہ روز روشن سے زیادہ واضح ہے حق جل شانہٗ کی اس شہادت کے بعد بھی اگر کوئی بدباطن عائشہ صدیقہ پر تہمت لگائے تو باتفاق علماء امت وہ کافر ہے اور عائشہ صدیقہ پر تہمت لگانے والے کا وہی حکم ہے جو مریم

besturdubooks.wordpress.com

صدیقہ پر تہمت لگانے والے کا ہے۔ حضرت مسروق (جو کبار علماء تابعین میں سے ہیں) ان کی یہ عادت تھی جب وہ عائشہ صدیقہ سے روایت کرتے تو یوں کہتے کہ مجھ سے صدیقہ بنت صدیق، حبیبۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مُبَرَّاةٌ من السماء نے اس طرح بیان کیا۔

(نکتہ) خاتمہ پر اُولٰٓئِكَ مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا يَقُوْلُوْنَ بصیغۂ جمع ذکر فرمایا سو اس عموم میں اشارہ اس طرف ہے کہ یہ حکم فقط عائشہ صدیقہ کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ یہی حکم تمام ازواج مطہرات کو بھی شامل ہے۔ (واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم)

(معارف القرآن کاندھلوی)

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ان کے (یعنی عائشہؓ اور ان جیسے لوگوں کے) لئے (گناہوں کی) مغفرت ہے اور عزت والا رزق یعنی جنت ہے۔

حضرت عائشہؓ کی مایۂ ناز خصوصیتیں:

بغوی نے لکھا ہے کہ روایت میں آیا ہے حضرت عائشہؓ چند باتوں پر ناز کرتی تھیں جو آپ ہی کو عطا کی گئی تھیں، کسی اور عورت کو نہیں دی گئیں۔

(۱) حضرت جبرئیلؑ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حضرت عائشہؓ کی تصویر ایک ریشمی کپڑے میں (لپیٹ کر) لائے اور کہا یہ آپ کی بیوی ہیں۔

میں کہتا ہوں ترمذی نے حضرت عائشہؓ کی روایت سے اس کو بیان کیا ہے۔ روایت میں یہ بھی آیا ہے کہ حضرت جبرئیلؑ حضرت عائشہؓ کی تصویر اپنے ہاتھ میں لائے تھے۔ (۲) حضرت عائشہؓ کے سوا کسی اور ناکتخدا (دوشیزہ) سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شادی نہیں کی۔ (۳) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے وقت حضور والا کا سر حضرت عائشہؓ کی گود میں تھا۔ (۴) حضرت عائشہؓ کے حجرے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جسد مبارک دفن کیا گیا۔ (۵) جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عائشہؓ کے ساتھ ایک چادر میں ہوتے تو (کبھی اسی حالت میں) وحی آجاتی (اور کسی بیوی کو یہ شرف حاصل نہیں تھا) (۶) حضرت عائشہؓ کی پاک دامنی کی صراحت آسمان سے نازل ہوئی۔ (۷) آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے (اول) خلیفہ کی صاحبزادی ہیں۔ (۸) آپ صدیقہ طاہرہ تھیں۔ (۹) آپ سے مغفرت اور رزق کریم عطا فرمانے کا وعدہ کیا گیا۔

صدیق کی بیٹی صدیقہ:

مسروق اگر حضرت عائشہؓ کی روایت سے کوئی حدیث بیان کرتے تو یہ الفاظ کہتے، مجھ سے بیان کیا صدیق کی صاحبزادی صدیقہ نے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چہیتی بیوی تھیں اور جن کی پاک دامنی آسمان سے نازل کی گئی تھی۔

حضرت عائشہؓ کی خاص عظمت:

بیضاوی نے لکھا ہے کہ اگر پورے قرآن میں تلاش کیا جائے تو کسی کے لئے کوئی وعید اتنی سخت نہیں نازل ہوئی۔ جتنی حضرت عائشہؓ پر بہتان تراشنے والوں کے حق میں نازل ہوئی۔

صحیحین میں آیا ہے کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا۔ مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، تجھے (یعنی تیری صورت کو) تین رات برابر خواب میں میری نظر کے سامنے لایا گیا، فرشتہ ایک ریشمی کپڑے میں تجھے لاتا تھا اور مجھ سے کہتا تھا یہ آپ کی بیوی ہے، میں نے تیرے چہرے سے کپڑا ہٹایا تو وہ تیری ہی صورت تھی، میں نے کہا اگر یہ خواب اللہ کی طرف سے ہے تو وہ اس کو پورا کردے گا۔

جبریلؑ کا حضرت عائشہؓ کو سلام:

صحیحین میں حضرت عائشہؓ کی روایت سے یہ بھی آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ یہ جبرئیلؑ ہیں تم کو سلام کررہے ہیں۔ میں نے جواب دیا وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ کچھ نظر آتا تھا جو میں نہیں دیکھتی تھی۔

تمام ازواج مطہرات پر فضیلت:

یہ بھی حضرت عائشہؓ کا بیان ہے کہ لوگ قصداً عائشہؓ کی باری کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اپنے ہدیے بھیجتے تھے (باری کی اس تعیین سے) ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشنودی حاصل کرنا مقصود ہوتی تھی۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویوں کے دو گروہ (جدا جدا) ہوگئے تھے۔ ایک گروہ عائشہ، حفصہ، صفیہ اور سودہ کا تھا اور دوسرا گروہ ام سلمہ اور باقی بیویوں کا تھا۔ ایک روز ام سلمہ کی ساتھ والی بیویوں نے ام سلمہ سے کہا آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کریں کہ آپ لوگوں سے فرمادیں کہ اگر کسی شخص کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کوئی ہدیہ بھیجنا ہو تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس بیوی کے گھر ہوں وہیں بھیج دیں (عائشہؓ کی باری ہی کی تخصیص نہ رکھیں) چنانچہ ام سلمہ نے (بیویوں کا قول) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کردیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، تم مجھے عائشہؓ کے معاملے میں مت ستاؤ۔ سوائے عائشہؓ کے اور کسی عورت کی چادر میں (اگر میں موجود ہوتا ہوں تو) میرے پاس وحی نہیں آتی۔ ام سلمہ نے کہا میں اللہ کے رسول کو ایذا دینے سے اللہ سے توبہ کرتی ہوں۔ اس کے بعد بیویوں نے (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی) فاطمہؓ کو اسی غرض سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجا اور (سیدہ) فاطمہؓ نے اس بات کے سلسلے میں گذارش کی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، بیٹا! کیا تجھے وہ بات ناپسند ہے جو مجھے پسند ہے۔ سیدہ نے کہا کیوں نہیں (پسند ہے)۔ فرمایا تو تو بھی اس سے محبت کر۔ متفق علیہ۔

besturdubooks.wordpress.com

تمام عورتوں پر حضرت عائشہؓ کی فضیلت:

صحیحین میں حضرت ابوموسیٰ اشعری کی روایت سے آیا ہے (کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) عائشہ کی فضیلت عورتوں پر ایسی ہے جیسے ثرید (ایک خاص قسم کا کھانا) کی فضیلت اور کھانوں پر۔ حضرت ابوموسیٰ اشعری نے فرمایا۔ صحابہ کو جب کسی حدیث (کے سمجھنے) میں کوئی دشواری ہوتی تو ہم جا کر حضرت عائشہؓ سے دریافت کرتے تو اس کا علم ہم کو ان کے پاس ملتا۔ رواہ الترمذی۔

حضرت عائشہؓ کی بلاغت وسلاست:

حضرت موسیٰ بن طلحہ کا بیان ہے میں نے عائشہؓ سے زیادہ سلیس بیان والا کسی کو نہیں پایا۔ رواہ الترمذی۔

چار شخصیتوں کی براءت:

بیضاوی نے لکھا ہے، اللہ نے چار شخصوں کو چار کے ذریعہ سے پاکی (یعنی تہمت سے براءت) عنایت کردی۔

(۱) یوسف کو زلیخا کے ایک گھر والے (بچہ) کی شہادت کی وجہ سے۔

(۲) موسیٰ کو یہودیوں کی تہمت سے اس پتھر کے ذریعہ جو آپ کے کپڑے لے بھاگا تھا۔

(۳) مریمؑ کو انہی کے بچے (عیسیٰ) کی شہادت کی وجہ سے۔

(۴) عائشہ کو ان مذکور آیات کے ذریعے سے اور مختلف پرزور طریقوں سے، حضرت عائشہؓ کی پاک دامنی کا اظہار اتنی مؤکد عبارتوں میں محض منصب رسول کی عظمت کو بیان کرنے اور آپ کے مرتبے کو بالا اور اعلیٰ بنانے کے لئے کیا گیا ہے۔

میں کہتا ہوں اس سے اللہ اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر میں حضرت عائشہؓ کی عظمت وشان کا اظہار بھی مقصود ہے۔ (تفسیر مظہری)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ
اے ایمان والو مت جایا کرو کسی گھر میں اپنے گھروں کے سوائے
حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَهْلِهَا ۭ ذٰلِكُمْ
جب تک بول چال نہ کر لو، اور سلام کر لو ان گھر والوں پر یہ
خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾
بہتر ہے تمہارے حق میں تاکہ تم یاد رکھو

کسی کے ہاں جانے کے آداب:

یعنی خاص اپنے ہی رہنے کا جو گھر ہو اس کے سوا کسی دوسرے کے رہنے کے گھر میں یوں ہی بے خبر نہ گھس جائے کیا جانے وہ کس حالت میں ہو اور اس وقت کسی کا اندر آنا پسند کرتا ہے یا نہیں۔ لہٰذا اندر جانے سے پہلے آواز دے کر اجازت حاصل کرے اور سب سے بہتر آواز سلام کی، حدیث میں ہے کہ تین مرتبہ سلام کرے اور اجازت داخل ہونے کی لے۔ اگر تین بار سلام کرنے کے بعد بھی اجازت نہ ملے تو واپس چلا جائے۔ فی الحقیقت یہ ایک حکیمانہ تعلیم ہے کہ اگر اس کی پابندی کی جائے تو صاحب خانہ اور ملاقاتی دونوں کے حق میں بہتر ہے۔ مگر افسوس آج مسلمان اُن مفید ہدایات کو ترک کرتے جاتے ہیں جن کو دوسری قومیں اُن ہی سے سیکھ کر ترقی کر رہی ہیں (ربط) شروع سورت سے احکام زنا وقذف وغیرہ کے بیان ہوئے تھے۔ چونکہ بسا اوقات بلا اجازت کسی کے گھر میں چلا جانا ان امور کی طرف مفضی ہو جاتا ہے اس لئے ان آیات میں مسائل استئذان کو بیان فرمادیا۔ (تفسیر عثمانی)

شانِ نزول: ابن جریر نے حضرت عدی بن ثابت کی روایت سے بیان کیا کہ ایک انصاری عورت نے خدمت گرامی میں حاضر ہو کر عرض کیا، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اپنے گھر کے اندر (بعض وقت) ایسی حالت میں ہوتی ہوں کہ میں نہیں چاہتی کہ اس حالت میں کوئی مجھے دیکھے، لیکن گھر کے آدمیوں سے کوئی (نہ کوئی) آدمی (بے روک ٹوک) اندر آجاتا ہے اور اس حالت میں مجھے دیکھ لیتا ہے، میں کیا کروں۔ اس سوال پر آیت ذیل کا نزول ہوا۔ (تفسیر مظہری)

استیناس کا مطلب:

ابن ابی حاتم نے کہا کہ حضرت ابوایوب کے بھتیجے حضرت ابوسودہ نے بیان کیا، میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ سلام کرنا تو ہم جانتے ہیں لیکن استیناس (طلب انس) کا کیا مطلب ہے۔ فرمایا (استیناس یہ ہے کہ) آدمی (باہر ہی رہ کر) سبحان اللہ اور اللہ اکبر اور الحمدللہ کہے اور کھنکھارے (تاکہ گھر والے کو اس کی آمد کی اطلاع ہو جائے) پھر اہل خانہ اجازت دے دے۔ (تو اندر داخل ہو جائے)

قاموس میں ہے اُنس، ضد وحشت (کو کہتے ہیں) آنس الشَّیْءَ کسی چیز کو دیکھا جانا، احساس کیا آنس الصوت آواز کو سُنا، خلیل نے کہا استیناس کا معنی دیکھنا۔

حضور کی نصیحت:

تُسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَهْلِهَا یعنی گھر والوں کو السلام علیکم کہو۔ حضرت انس کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، بیٹے! جب تو گھر والوں کے پاس جائے تو انہیں سلام کر تیرے اور تیرے گھر والوں کے لئے برکت حاصل ہو گی۔ رواہ الترمذی۔

besturdubooks.wordpress.com

سلام کے بغیر داخلہ کی اجازت نہ دو:

حضرت کلدہ بن حنبل کا بیان ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جا پہنچا، نہ اجازت داخلہ مانگی نہ سلام کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، واپس جاؤ اور واپس جا کر کہو السلام علیکم کیا میں اندر آ سکتا ہوں، رواہ ابوداؤد والترمذی۔

حضرت جابر کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے پہلے سلام نہ کیا ہو اس کو (داخلے کی) اجازت نہ دو۔ رواہ البیہقی فی شعب الایمان۔

بغوی نے لکھا ہے ایک شخص نے حضرت ابن عمر سے داخلہ کی اجازت طلب کی اور کہا کیا میں اندر آ سکتا ہوں۔ حضرت ابن عمر نے فرمایا نہیں ایک شخص نے آنے والے کو مشورہ دیا کہ پہلے سلام کر پھر اجازتِ داخلہ طلب کر۔ حسب مشورہ اس نے سلام کیا پھر اجازت طلب کی حضرت ابن عمر نے اجازت داخلہ دے دی۔

امام بخاری نے الادب المفرد میں حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ جو شخص سلام سے پہلے استیذان کرے اس کو اجازت نہ دو (کیونکہ اُس نے مسنون طریقہ کو چھوڑ دیا) (روح المعانی) اور ابوداؤد کی حدیث میں ہے کہ بنی عامر کے ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس طرح استیذان کیا کہ باہر سے کہا ألج کیا میں گھس جاؤں۔ آپ نے اپنے خادم سے فرمایا کہ یہ شخص استیذان کا طریقہ نہیں جانتا باہر جا کر اس کو طریقہ سکھلاؤ کہ یوں کہے السلام علیکم أأدخل یعنی کیا میں داخل ہو سکتا ہوں۔ ابھی یہ خادم باہر نہیں گیا تھا کہ اُس نے خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کلمات سُن لئے اور اس طرح کہا السلام علیکم أأدخل تو آپ نے اندر آنے کی اجازت دے دی (ابن کثیر) اور بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت جابرؓ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لاتاذنوا لمن لم یبدأ بالسلام یعنی جو شخص پہلے سلام نہ کرے اس کو اندر آنے کی اجازت نہ دو۔ (مظہری)

ترمذی میں ہے حضرت ابن عمرؓ حاجت سے فارغ ہو کر آ رہے تھے لیکن دھوپ کی تاب نہ لا سکے تو ایک قریشی عورت کی جھونپڑی کے پاس پہنچ کر فرمایا السلام علیکم، کیا میں اندر آ جاؤں؟ اس نے کہا سلامتی سے آ جاؤ۔ آپ نے پھر یہی کہا اس نے پھر یہی جواب دیا۔ آپ کے پاؤں جل رہے تھے کبھی اس قدم پر سہارا لیتے کبھی اُس قدم پر فرمایا یوں کہو کہ آ جاؤ۔ اس نے کہا کہ آ جاؤ۔ اب آپ اندر تشریف لے گئے۔ حضرت عائشہؓ کے پاس چار عورتیں گئیں اجازت چاہی کیا ہم آ جائیں؟ آپ نے فرمایا نہیں تم میں جو اجازت کا طریقہ جانتی ہو اسے کہو کہ وہ اجازت لے تو ایک عورت نے پہلے سلام کیا پھر اجازت مانگی۔ حضرت عائشہؓ نے اجازت دے دی پھر یہی آیت پڑھ کر سنائی۔

حضرت زینبؓ فرماتی ہیں کہ میرے خاوند حضرت عبداللہ بن مسعودؓ جب میرے پاس گھر میں آتے تو کھنکھار کر آتے۔ کبھی بلند آواز سے دروازے کے باہر کسی سے باتیں کرنے لگتے تاکہ گھر والوں کو آپ کے آنے کی اطلاع ہو جائے چنانچہ حضرت مجاہدؒ نے تستانسوا کے معنی بھی یہی کئے ہیں کہ کھنکھار دینا، تھوک دینا وغیرہ۔ امام احمدؒ فرماتے ہیں مستحب ہے کہ جب انسان اپنے گھر میں جانا چاہے باہر سے ہی کھنکھار دے یا جوتیوں کی آہٹ سنا دے۔ ایک حدیث میں ہے کہ سفر سے رات کے وقت بے اطلاع گھر آ جانے سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے کیونکہ اس سے گویا گھر والوں کی خیانت کو پوشیدہ طور پر ٹٹولنا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک مرتبہ ایک سفر سے صبح کے وقت آئے تو حکم دیا کہ بستی کے پاس لوگ اُتریں تاکہ مدینہ میں خبر مشہور ہو جائے شام کو اپنے گھروں میں جانا اس لئے کہ اس اثناء میں عورتیں اپنی صفائی ستھرائی کر لیں۔ اور حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا سلام تو ہم جانتے ہیں لیکن استیناس کا طریقہ کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سُبحان اللّٰہ یا الحمد للّٰہ یا اللّٰہ اکبر بلند آواز سے کہہ دینا یا کھنکھار دینا جس سے گھر والے معلوم کر لیں کہ فلاں آ رہا ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

مسئلہ: اگر قاصد بھیج کر کسی کو بلوایا جائے اور وہ قاصد کے ساتھ آ جائے تو مزید اجازت طلب کرنے کی ضرورت نہیں۔ حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اگر تم میں سے کسی کو بلوایا جائے اور وہ قاصد کے ساتھ آ جائے تو یہی اس کے لئے اجازت ہے۔ رواہ ابوداؤد۔

دوسری روایت میں آیا ہے کسی کو بلوانے کیلئے قاصد بھیجنا ہی اجازت ہے۔

ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ یہی تمہارے لئے بہتر ہے۔ یعنی اچانک اندر گھس پڑنے سے یا رسم جاہلیت سے یہ طریقہ بہتر ہے۔

جاہلیت کا طریقہ: حضرت عمران بن حصین کا بیان ہے ہم جاہلیت کے زمانے میں (بجائے سلام علیک کے) کہتے تھے اَنْعَمَ اللّٰهُ بِكَ عَيْنًا اللہ تم کو خنک چشم رکھے۔ اَنْعِمْ صَبَاحًا صبح بخیر، جب اسلام آیا تو اس نے ہم کو ایسا کرنے کی ممانعت کر دی۔ رواہ ابوداؤد۔ (تفسیر مظہری)

مسئلہ: ان آیات میں يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سے خطاب کیا گیا جو مردوں کے لئے استعمال ہوتا ہے مگر عورتیں بھی اس حکم میں داخل ہیں جیسا کہ عام احکام قرآنیہ اسی طرح مردوں کو مخاطب کر کے آتے ہیں عورتیں بھی اُس میں شامل ہوتی ہیں بجز مخصوص مسائل کے جن کی خصوصیت مردوں کے ساتھ بیان کر دی جاتی ہے۔ چنانچہ نساءِ صحابہ کا بھی یہی معمول تھا کہ کسی کے گھر جائیں تو پہلے اُن سے استیذان کریں۔ حضرت اُم ایاسؓ فرماتی ہیں کہ ہم چار عورتیں

besturdubooks.wordpress.com

اکثر حضرت صدیقہ عائشہؓ کے پاس جایا کرتی تھیں اور گھر میں جانے سے پہلے اُن سے استیذان کرتی تھیں جب وہ اجازت دیتی تو اندر جاتی تھیں۔
(ابن کثیر بحوالہ ابن ابی حاتم)

مسئلہ: اسی آیت کے عموم سے معلوم ہوا کہ کسی دوسرے شخص کے گھر میں جانے سے پہلے استیذان کا حکم عام ہے مرد عورت محرم غیر محرم سب کو شامل ہے۔ عورت کسی عورت کے پاس جائے یا مرد مرد کے پاس، سب کو استیذان کرنا واجب ہے، اسی طرح ایک شخص اگر اپنی ماں اور بہن یا دوسری محرم عورتوں کے پاس جائے تو بھی استیذان کرنا چاہئے۔

اپنے گھر میں بھی اجازت لے کر داخل ہونا:

حضرت ابوموسیٰ اور حضرت حذیفہ اپنی محرم عورتوں کے پاس (گھر کے اندر) آنا چاہتے تو ان سے بھی اجازتِ داخلہ کے طلب گار ہوتے تھے۔

امام مالکؒ نے مؤطا میں مرسلاً عطاء بن یسارؒ سے روایت کیا ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ کیا میں اپنی والدہ کے پاس جاتے وقت بھی استیذان کروں آپ نے فرمایا ہاں استیذان کرو۔ اُس شخص نے کہا یارسول اللہ! میں تو اپنی والدہ ہی کے ساتھ گھر میں رہتا ہوں۔ آپ نے فرمایا پھر بھی اجازت لئے بغیر گھر میں نہ جاؤ۔ اس نے پھر عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں تو ہر وقت اُن کی خدمت میں رہتا ہوں آپ نے فرمایا پھر بھی اجازت لئے بغیر گھر میں نہ جاؤ کیا تمہیں یہ بات پسند ہے کہ اپنی والدہ کو ننگی دیکھو اس نے کہا کہ نہیں۔ فرمایا اسی لئے استیذان کرنا چاہئے کیونکہ یہ احتمال ہے کہ وہ گھر میں کسی ضرورت سے ستر کھولے ہوئے ہوں۔ (مظہری)

اس حدیث سے یہ بھی ثابت ہوا کہ آیتِ قرآن میں غیر بیوتکم آیا ہے اس میں بیوتکم سے مراد وہ بیوت اور گھر ہیں جن میں انسان تنہا خود ہی رہتا ہو۔ والدین، بہن بھائی وغیرہ اُس میں نہ ہوں۔

مسئلہ: جب گھر میں صرف اپنی بیوی رہتی ہو اُس میں داخل ہونے کے لئے اگرچہ استیذان واجب نہیں مگر مستحب اور طریق سنت یہ ہے کہ وہاں بھی اچانک بغیر کسی اطلاع کے اندر نہ جائے بلکہ داخل ہونے سے پہلے اپنے پاؤں کی آہٹ سے یا کھنکھار سے کسی طرح پہلے باخبر کر دے پھر داخل ہو۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی زوجہ محترمہ فرماتی ہیں کہ عبداللہ جب کبھی باہر سے گھر میں آتے تھے تو دروازہ میں کھنکھار کر پہلے اپنے آنے سے باخبر کر دیتے تھے تاکہ وہ ہمیں کسی ایسی حالت میں نہ دیکھیں جو ان کو پسند نہ ہو (ابن کثیر بحوالہ ابن جریر وقال اسنادہ صحیح) (مظہری)

اجازت لیتے وقت اپنا نام بتائے:

پہلے سلام اور پھر داخل ہونے کی اجازت لینے کا جو بیان اوپر احادیث سے ثابت ہوا اس میں بہتر یہ ہے کہ اجازت لینے والا خود اپنا نام لے کر اجازت طلب کرے جیسا کہ حضرت فاروق اعظم کا عمل تھا کہ انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازہ پر آکر یہ الفاظ کہے۔ **السلام علی رسول اللہ السلام علیکم أیدخل عمر** یعنی سلام کے بعد کہا کہ کیا عمر داخل ہوسکتا ہے (رواہ قاسم بن اصبغ وابن عبدالبر فی التمہید عن ابن عباس عن عمرؓ (ابن کثیر) اور صحیح مسلم میں ہے کہ حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ حضرت عمرؓ کے پاس گئے تو استیذان کے لئے یہ الفاظ فرمائے **السلام علیکم ھذا ابوموسیٰ السلام علیکم ھذا الاشعری** (قرطبی) اس میں بھی پہلے اپنا نام ابوموسیٰ بتلایا پھر مزید وضاحت کے لئے اشعری کا ذکر کیا۔ اور یہ اس لئے کہ جب تک آدمی اجازت لینے والے کو پہچانے نہیں تو جواب دینے میں تشویش ہوگی۔ اس تشویش سے بھی مخاطب کو بچانا چاہئے۔

خطیب بغدادی نے اپنے جامع میں علی بن عاصم واسطی سے نقل کیا ہے کہ وہ بصرہ گئے تو حضرت مغیرہ بن شعبہؓ کی ملاقات کو حاضر ہوئے۔ دروازہ پر دستک دی۔ حضرت مغیرہؓ نے اندر سے پوچھا کون ہے تو جواب دیا انا (یعنی میں ہوں) تو حضرت مغیرہ نے فرمایا کہ میرے دوستوں میں تو کوئی بھی ایسا نہیں جس کا نام انا ہو پھر باہر تشریف لائے اور اُن کو حدیث سنائی کہ ایک روز حضرت جابر عبداللہؓ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اجازت لینے کے لئے دروازہ پر دستک دی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اندر سے پوچھا کون صاحب ہیں، تو جابرؓ نے یہی لفظ کہہ دیا انا یعنی میں ہوں۔ آپ نے بطور زجر وتنبیہ کے فرمایا انا انا یعنی انا انا کہنے سے کیا حاصل ہے اس سے کوئی پہچانا نہیں جاتا۔

ایک برا طریقہ:

اس سے بھی زیادہ برا یہ طریقہ ہے جو آج کل بہت سے لکھے پڑھے لوگ بھی استعمال کرتے ہیں کہ دروازہ پر دستک دی جب اندر سے پوچھا گیا کہ کون صاحب ہیں تو خاموش کھڑے ہیں کوئی جواب ہی نہیں دیتے۔ یہ مخاطب کو تشویش میں ڈالنے اور ایذا پہنچانے کا بدترین طریقہ ہے جس سے استیذان کی مصلحت ہی فوت ہو جاتی ہے۔

جو لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازہ پر دستک دیتے تھے تو ان کی عادت یہ تھی کہ ناخنوں سے دروازہ پر دستک دیتے تاکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیف نہ ہو (رواہ الخطیب فی جامعہ۔ قرطبی) جو شخص استیذان کے مقصد کو سمجھ لے کہ اصل اُس سے استیناس ہے یعنی مخاطب کو مانوس کرکے اجازت حاصل کرنا وہ خود بخود ان سب چیزوں کی رعایت کو ضروری سمجھے گا جن چیزوں سے مخاطب کو تکلیف ہو اُس سے بچائے گا۔ اپنا نام ظاہر کرکے

besturdubooks.wordpress.com

اور دستک دے تو متوسط انداز سے دے یہ سب چیزیں اُس میں شامل ہیں۔

مسئلہ: کسی شخص کو ایسے وقت ٹیلیفون پر مخاطب کرنا جو عادۃً اُس کے سونے یا دوسری ضروریات میں یا نماز میں مشغول ہونے کا وقت ہو بلا ضرورت شدیدہ جائز نہیں کیونکہ اس میں بھی وہی ایذا رسائی ہے جو کسی کے گھر میں بغیر اجازت داخل ہونے اور اُس کی آزادی میں خلل ڈالنے سے ہوتی ہے۔

مسئلہ: جس شخص سے ٹیلیفون پر بات چیت اکثر کرنا ہو تو مناسب یہ ہے کہ اُس سے دریافت کر لیا جائے کہ آپ کو ٹیلیفون پر بات کرنے میں کس وقت سہولت ہوتی ہے پھر اس کی پابندی کرے۔

مسئلہ: ٹیلیفون پر اگر کوئی طویل بات کرنا ہو تو پہلے مخاطب سے دریافت کر لیا جائے کہ آپ کو ذرا سی فرصت ہو تو میں اپنی بات عرض کروں کیونکہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ ٹیلیفون کی گھنٹی آنے پر آدمی طبعاً مجبور ہوتا ہے کہ فوراً معلوم کرے کہ کون کیا کہنا چاہتا ہے اور اس ضرورت سے وہ کسی بھی حال میں اور اپنے ضروری کام میں ہو اس کو چھوڑ کر ٹیلیفون اُٹھاتا ہے۔ کوئی بے رحم آدمی اس وقت لمبی بات کرنے لگے تو سخت تکلیف محسوس ہوتی ہے۔

مسئلہ: بعض لوگ ٹیلیفون کی گھنٹی بجتی رہتی ہے اور کوئی پروا نہیں کرتے نہ پوچھتے ہیں کہ کون ہے کیا کہنا چاہتا ہے یہ اسلامی اخلاق کے خلاف اور بات کرنے والے کی حق تلفی ہے جیسے حدیث میں آیا ہے ان لزورک علیک حقا یعنی جو شخص آپ کی ملاقات کو آئے اُس کا تم پر حق ہے کہ اس سے بات کرو اور بلا ضرورت ملاقات سے انکار نہ کرو اسی طرح جو آدمی ٹیلیفون پر آپ سے بات کرنا چاہتا ہے اس کا حق ہے کہ آپ اس کو جواب دیں۔ (معارف مفتی اعظم)

فَإِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَآ اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا
پھر اگر نہ پاؤ اُس میں کسی کو تو اس میں نہ جاؤ
حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكُمْ ۚ
جب تک کہ اجازت نہ ملے تم کو

بہر حال دوسرے کے گھر میں بلا اجازت داخل ہو جائز نہیں:

اگر یہ معلوم ہوا ہو کہ گھر میں کوئی موجود نہیں تب بھی دوسرے کے گھر میں بدون مالک و مختار کی اجازت کے مت جاؤ۔ کیونکہ ملک غیر میں بدون اجازت تصرف کا کوئی حق نہیں۔ نہ معلوم بے اجازت چلے جانے سے کیا جھگڑا پیش آ جائے ہاں صراحۃً یا دلالۃً اجازت ہو تو جانے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی جب تک گھر والا اگر تم کو اجازت نہ دے دے اندر نہ جاؤ۔ بات یہ ہے کہ بغیر اجازت اندر داخل ہو جانے کی ممانعت کی وجہ صرف یہی نہیں ہے کہ بغیر اجازت داخلے سے ننگا کھلا آدمی سامنے آ جاتا ہے اور بے پردگی ہو جاتی ہے، بلکہ ایک وجہ ممانعت کی یہ بھی ہے کہ اس سے بعض ایسی باتوں یا چیزوں کا اظہار ہو جاتا ہے جس کو آدمی لوگوں سے چھپانا چاہتا ہے پھر ممانعت کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ دوسرے کی چیز میں اس کی اجازت کے بغیر تصرف کرنا یوں بھی ممنوع ہے ہاں اس مکان میں بدون اجازت داخلہ کی ممانعت نہیں جس میں اچانک داخلہ کی کوئی معقول وجہ ہو مثلاً مکان میں آگ لگ گئی ہو یا ڈھے رہا ہو۔ یا اس میں کوئی ممنوع فعل ہو رہا ہو۔ (مثلاً چوری ہو رہی ہو یا قتل ہو رہا ہو یا شراب فروخت ہو رہی ہو) (تفسیر مظہری)

وَاِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا
اور اگر تم کو جواب ملے کہ پھر جاؤ تو پھر جاؤ
هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ۚ
اُس میں خوب ستھرائی ہے تمہارے لئے

اجازت نہ ملے تو لوٹ آؤ:

یعنی ایسا کہے سے برا نہ مانو بسا اوقات آدمی کی طبیعت کسی سے ملنے کو نہیں چاہتی یا حرج ہوتا ہے یا کوئی ایسی بات کر رہا ہے جس پر غیر کو مطلع کرنا پسند نہیں کرتا تم کو کیا ضرورت ہے کہ خواہ مخواہ اُس پر بوجھ ڈالو۔ اس طرح بار خاطر بننے سے تعلقات صاف نہیں رہتے۔ (تفسیر عثمانی)

تین مرتبہ مانگنے سے اجازت نہ ملے تو لوٹ آؤ:

حضرت ابوسعید خدری کا بیان ہے میرے پاس ابوموسیٰ اشعری آئے اور کہا، مجھے حضرت عمرؓ نے آدمی بھیج کر بلوایا (آدمی کہہ کر واپس چلا گیا) حسب الطلب میں حضرت عمر کے دروازے پر پہنچا اور تین بار (باہر سے) سلام کیا لیکن (اندر سے) حضرت عمرؓ نے سلام کا جواب نہیں دیا، میں لوٹ آیا۔ اب جو ملاقات ہوئی تو حضرت عمرؓ نے مجھ سے جواب طلب کیا کہ تم کیوں نہیں آئے۔ میں نے جواب دیا، میں تو آیا تھا اور تین مرتبہ سلام کرنے کے بعد بھی جب سلام کا جواب آپ کی طرف سے نہیں ملا تو لوٹ گیا۔ کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے ارشاد فرما دیا تھا، اگر تم میں سے کوئی تین مرتبہ (داخلہ کی) اجازت طلب کرے اور اس کو اجازت نہ ملے تو اس کو لوٹ جانا چاہئے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا، اس ارشاد پر شہادت پیش کرو۔ (اگر آپ لوگوں میں سے کوئی اس فرمان کا شاہد ہو تو میرے ساتھ چل کر شہادت دے دے) حضرت ابوسعیدؓ نے فرمایا، میں اُٹھ کھڑا ہوا، اور ان کے ساتھ جا کر حضرت عمرؓ کے سامنے شہادت دے دی۔ متفق علیہ۔

حضرت ابوایوب انصاری کی مرفوع روایت ہے کہ تسلیم (جس کا حکم آیت

besturdubooks.wordpress.com

میں دیا گیا ہے) یہ ہے کہ تین مرتبہ کہے السلام علیکم، کیا میں اندر آسکتا ہوں۔ اگر اجازت مل جائے تو اندر چلا جائے ورنہ لوٹ جائے۔ رواہ ابن ماجہ۔

حسن نے کہا، پہلی مرتبہ (اجازت طلبی اور سلام) اطلاع آمد ہے اور دوسری مرتبہ سلام و اجازت طلبی ایک قسم کا مشورہ اور طلب امر ہے اور تیسری مرتبہ الفاظ مذکور کہنا واپسی کیلئے اجازت کی طلب ہے۔ حضرت انس راوی ہیں کہ (ایک مرتبہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت سعد بن عبادہ کے پاس (ملاقات کے لئے) تشریف لے گئے اور (باہر سے) داخلے کی اجازت طلب کی اور فرمایا السلام علیکم ورحمۃ اللہ، حضرت سعد نے چپکے سے جواب دے دیا وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں سُنا۔ یہاں تک کہ آپ نے تین بار سلام علیک کی اور سعد نے ایسی آواز سے جواب دیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نہ سن سکے۔ بالآخر آپ لوٹ آئے۔ اب سعد پیچھے دوڑے اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے ماں باپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر نثار آپ نے جتنی بار سلام علیک کی میں نے اپنے کانوں سے اس کو سنا اور جواب بھی برابر دیا، لیکن اپنا جواب آپ کو نہیں سنایا (اتنی پست آواز سے جواب دیا کہ آپ نہ سن سکیں (مجھے دل سے خواہش تھی کہ آپ کی طرف سے سلامتی اور برکت زیادہ سے زیادہ مجھے مل جائے۔ (آپ برابر مجھے برکت وسلامتی کی دعا دیتے رہیں) اس کے بعد سب لوگ سعد کے گھر کے اندر داخل ہوئے۔ سعد نے کشمش پیش کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نوش فرمائی اور کھانے سے فارغ ہو کر فرمایا، تمہارا کھانا نیک لوگوں نے کھایا اور ملائکہ نے تمہارے لئے نزولِ رحمت کی دعا کی اور روزہ داروں نے تمہارے پاس روزہ کھولا۔ رواہ البغوی فی شرح السنۃ۔

مسئلہ: اگر کوئی کسی کے دروازے پر جائے اور اجازتِ داخلہ طلب نہ کرے بلکہ صاحب خانہ کے باہر نکلنے کے انتظار میں دروازے پر بیٹھ جائے تو جائز ہے۔ حضرت ابن عباس ایک انصاری کے دروازے پر طلب حدیث کے لئے جاتے اور انصاری کے برآمد ہونے کے انتظار میں دروازے پر بیٹھ جاتے۔ داخل ہونے کی اجازت طلب نہ کرتے۔ انصاری فرماتے اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا کے بیٹے آپ نے مجھے اطلاع دے دی ہوتی۔ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہم کو اسی طرح طلب علم کا حکم دیا گیا ہے۔

میں کہتا ہوں، اللہ نے فرمایا ہے وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ اِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ یہ آیت بھی مضمون مذکور پر دلالت کر رہی ہے۔

کسی کے گھر جھانکنا منع ہے:

اگر کوئی کسی کے دروازے پر جائے اور اجازت طلب کرے اور دروازے پر پردہ نہ ہو تو دروازے کے سامنے منہ کر کے نہ کھڑا ہو اور نہ دروازے کی جھریوں سے اندر جھانکے حضرت عبداللہ بن بسر کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی کے دروازے پر جاتے تو دروازے کے بالکل سامنے منہ کر کے نہیں کھڑے ہوتے بلکہ دائیں یا بائیں بازو کے پاس کھڑے ہو کر فرماتے السلام علیکم، السلام علیکم اس کی وجہ یہ تھی کہ اس زمانے میں گھروں (کے دروازوں) پر پردے نہیں ہوتے تھے۔ رواہ ابوداؤد۔

حضرت سہل بن سعد ساعدی راوی ہیں کہ ایک بار ایک شخص نے حجرے کے پردے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اندر جھانک کر دیکھا، اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں کوئی نوک دار لوہے کی چیز تھی، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر مجھے معلوم ہو جاتا کہ وہ مجھے دیکھ رہا ہے تو میں اس کی آنکھ میں اس کو چبھو دیتا۔ طلب اجازت کا حکم تو فقط نہ دیکھنے کے لئے ہی دیا گیا ہے (جب دیکھ لیا تو طلب اجازت بیکار ہے) رواہ البغوی۔

حضرت ابوہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اگر کوئی شخص تمہاری اجازت کے بغیر تم کو جھانک کر دیکھے اور تم کوئی کنکری اس کے پھینک مارو اور کنکری سے اس کی آنکھ پھوٹ جائے تو تمہارا کوئی جرم نہیں۔ رواہ احمد والشیخان فی الصحیحین۔

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۲۸﴾
اور اللہ جو تم کرتے ہو اس کو جانتا ہے

جو کچھ کرتے ہو اللہ جانتا ہے:

وہ تمہارے تمام اعمال قلبیہ وقالبیہ سے باخبر ہے جیسا کچھ کرو گے اور جس نیت سے کرو گے حق تعالیٰ اس کے مناسب جزا دے گا۔ اور اس نے اپنے علم محیط سے تمام امور کی رعایت کر کے یہ احکام دیئے ہیں۔

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا
نہیں گناہ تم پر اس میں کہ جاؤ اُن گھروں میں
غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ
جہاں کوئی نہیں بستا اس میں کچھ چیز ہو تمہاری

غیر رہائشی مکانات کا مسئلہ:

یعنی جن مکانوں میں کوئی خاص آدمی نہیں رہتا، نہ کوئی روک ٹوک ہے مثلاً مسجد، مدرسہ، خانقاہ، سرائے وغیرہ۔ اگر وہاں تمہاری کوئی چیز ہے یا تم کو چندے اُس کے برتنے کی ضرورت ہے تو بیشک وہاں جا سکتے ہو اس کے لئے استیذان کی ضرورت نہیں۔ اس طرح کے مسائل کی تفصیل فقہ میں دیکھی جائے۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

بغوی نے لکھا ہے کہ جن بیوت میں بلا اجازت داخلے کا حکم آیت مذکور میں دیا گیا ہے ان سے مراد کون سے مکان ہیں علماء کے اقوال اس میں مختلف آئے ہیں، قتادہ نے کہا ان سے مراد وہ دوکانیں، کوٹھڑیاں اور مکان ہیں جو قافلوں کے لئے بنا دیئے جاتے تھے، قافلے آتے جاتے وہاں ٹھہرتے تھے او راپنا سامان رکھتے تھے۔ ان مکانون میں بغیر اجازت طلبی کے داخلے کو جائز کر دیا گیا۔ اس صورت میں متاع (بمعنی منفعت) یہ ہوگی کہ وہاں لوگ اُترتے ہیں اور سامان رکھتے ہیں اور سردی گرمی سے بچتے ہیں۔

ابن زید نے کہا، ان سے مراد وہ تجارتی کوٹھیاں اور دکانیں ہیں جو بازاروں میں ہوتی ہیں جہاں خرید وفروخت کے لئے لوگ داخل ہوتے ہیں یہی منفعت ہے۔

ابراہیم نخعی نے کہا بازار کی دوکانوں میں داخل ہونے کی اجازت لینی ضروری نہیں۔ ابن سیرینؒ جب بازار کی کسی دوکان پر جاتے تو فرماتے السلام علیکم، میں داخل ہو جاؤں، پھر (جواب کا انتظار کئے بغیر داخل ہو جاتے) (تفسیر مظہری)

شانِ نزول: حضرت صدیق اکبرؓ سے روایت ہے کہ جب استیذان کی آیاتِ مذکورہ نازل ہوئیں جنہیں بغیر اجازت کے کسی مکان میں داخل ہونے کی ممانعت ہے تو صدیق اکبرؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ اس ممانعت کے بعد قریش کے تجارت پیشہ لوگ کیا کریں گے کیونکہ مکہ اور مدینہ سے ملک شام تک اُن کے تجارتی سفر ہوتے ہیں اور اس راستہ میں جابجا ان کے مسافر خانے بنے ہوتے ہیں جن میں دوران سفر وہ لوگ قیام کرتے ہیں۔ ان میں کوئی مستقل رہنے والا نہیں ہوتا تو وہاں استیذان کی کیا صورت ہوگی اجازت کس سے حاصل کی جائے گی۔ اس پر آیتِ مذکورہ نازل ہوئی۔ (رواہ ابن ابی حاتم۔ مظہری)

مسئلہ: رفاہِ عام کے اداروں میں جس مقام پر اُس کے مالکان یا متولیان کی طرف سے داخلہ کے لئے کچھ شرائط اور پابندیاں ہوں اس کی پابندی شرعاً واجب ہے مثلاً ریلوے اسٹیشن پر اگر بغیر پلیٹ فارم کے جانے کی اجازت نہیں ہے تو پلیٹ فارم ٹکٹ حاصل کرنا ضروری ہے اس کی خلاف ورزی ناجائز ہے ایرڈروم (ہوائی اڈے) کے جس حصہ میں جانے کی محکمہ کی طرف سے اجازت نہ ہو وہاں بغیر اجازت کے جانا شرعاً جائز نہیں۔

مسئلہ: اسی طرح مساجد۔ مدارس۔ خانقاہوں۔ ہسپتالوں وغیرہ میں جو کمرے وہاں کے منتظمین یا دوسرے لوگوں کی رہائش کے لئے مخصوص ہوں جیسے مساجد مدارس اور خانقاہوں کے خاص حجرے یا ریلوے۔ ایرڈروم اور ہسپتالوں کے دفاتر اور مخصوص کمرے جو مریضوں یا دوسرے لوگوں کی رہائش گاہ ہیں وہ بیوت غیر مسکونہ کے حکم میں نہیں۔ بلکہ مسکونہ کے حکم میں ہیں ان میں بغیر اجازت جانا شرعاً ممنوع اور گناہ ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ﴿٢٩﴾

اور اللہ کو معلوم ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو چھپاتے ہو

اُس نے تمہارے تمام کھلے چھپے حالات کی رعایت سے یہ احکام مشروع کئے ہیں جن سے مقصود فتنہ وفساد کے مداخل کو بند کرنا ہے۔ مؤمن کو چاہئے کہ اپنے دل میں اسی غرض کو پیش نظر رکھ کر عمل کرے۔ (تفسیر عثمانی)

تم ظاہر کرتے ہو اور جو کچھ چھپاتے ہو۔ یہ وعید اُن لوگوں کے لئے ہے جو کسی فساد کی غرض سے یا لوگوں کو برہنہ دیکھنے کے لئے گھروں میں بلا اجازت داخل ہوتے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ

کہہ دے ایمان والوں کو نیچی رکھیں ذری اپنی آنکھیں

بدنظری حرام ہے: بدنظری عموماً زنا کی پہلی سیڑھی ہے۔ اسی سے بڑے بڑے فواحش کا دروازہ کھلتا ہے قرآن کریم نے بدکاری اور بےحیائی کا انسداد کرنے کے لئے اول اسی سوراخ کو بند کرنا چاہا۔ یعنی مسلمان مرد وعورت کو حکم دیا کہ بدنظری سے بچیں اور اپنی شہوات کو قابو میں رکھیں۔ اگر ایک مرتبہ بے ساختہ مرد کی کسی اجنبی عورت پر یا عورت کی کسی اجنبی مرد پر نظر پڑ جائے تو دوبارہ ارادہ سے اُس طرف نظر نہ کرے۔ کیونکہ یہ دوبارہ دیکھنا اُس کے اختیار سے ہوگا جس میں وہ معذور نہیں سمجھا جاسکتا۔ اگر آدمی نگاہ نیچی رکھنے کی عادت ڈال لے اور اختیار وارادہ سے ناجائز امور کی طرف نظر اٹھا کر نہ دیکھا کرے تو بہت جلد اس کے نفس کا تزکیہ ہوسکتا ہے چونکہ پہلی مرتبہ دفعۃً جو بے ساختہ نظر پڑتی ہے۔ ازراہ شہوت ونفسانیت نہیں ہوتی۔ اس لئے حدیث میں اس کو معاف رکھا گیا ہے۔ شاید یہاں بھی مِنْ اَبْصَارِهِمْ میں مِنْ کو تبعیضیہ لے کر اسی طرف اشارہ ہو۔ (تفسیر عثمانی)

حسن کی مرسل روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کی لعنت ہے (نامحرم کو) دیکھنے والے پر اور جس عورت کو دیکھا جائے اس پر رواہ البیہقی فی شعب الایمان يَغُضُّوْا امر کا صیغہ ہے۔

مومنوں کو یہ حکم نہیں دیا گیا کہ کسی کو نہ دیکھیں سب کی طرف سے آنکھیں بند رکھیں، بلکہ جس کو دیکھنے کی اجازت نہیں اس کی طرف نظر اٹھانے کی ممانعت ہے بلکہ نامحرم کی طرف بالا رادہ دوسری بار دیکھنے کی بندش ہے۔ پہلی مرتبہ جو بلا ارادہ نظر پڑ جائے اس کا گناہ نہیں۔ حضرت بریدہ کی حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ سے فرمایا، علی یہ پہلی (بے ساختہ) نظر کے پیچھے (دوسری بالارادہ) نظر نہ کرنا پہلی نظر تمہارے لئے جائز ہے دوسری نظر مباح نہیں۔ رواہ احمد والترمذی وابوداؤد والدارمی۔

besturdubooks.wordpress.com

اچانک نظر پڑنا:

حضرت جریر بن عبداللہ کا بیان ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اچانک نظر پڑ جانے کا مسئلہ دریافت کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا کہ نظر پھیر لیا کرو۔ رواہ مسلم۔

حضرت ابوامامہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جو مسلمان کسی (اجنبی) عورت کی خوبصورتی پہلی مرتبہ (اچانک) دیکھ کر آنکھ بند کر لیتا ہے اللہ اس کے لئے عبادت میں احساسِ حلاوت پیدا کر دیتا ہے رواہ احمد۔ (تفسیر مظہری)

نابینا سے بھی پردہ ضروری ہے:

ابوداؤد اور ترمذی میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حضرت اُم سلمہ اور حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیٹھی تھیں جو ابن اُم مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لے آئے۔ یہ واقعہ پردے کی آیتیں اُترنے کے بعد کا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پردہ کرلو۔ انہوں نے کہا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہ تو نابینا ہیں نہ ہمیں دیکھیں گے نہ پہچانیں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم تو نابینا نہیں ہو کہ اسے نہ دیکھو۔

دیور موت ہے: صحیحین میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگو! عورتوں کے پاس جانے سے بچو۔ پوچھا گیا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! دیور جیٹھ؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ تو موت ہے۔

عورت کا خوشبو لگا کر مسجد آنا:

ابوداؤد میں ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایک عورت خوشبو سے مہکتی ہوئی ملی۔ آپ نے اس سے پوچھا کیا تو مسجد سے آرہی ہے؟ اس نے کہا ہاں! فرمایا کیا تم نے خوشبو لگائی ہے؟ اس نے کہا ہاں۔ آپ نے فرمایا میں نے اپنے حبیب ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ جو عورت اس مسجد میں آنے کے لئے خوشبو لگائے اس کی نماز نامقبول ہے جب تک کہ وہ لوٹ کر جنابت کی طرح غسل نہ کرے۔

غیر جگہ زینت ظاہر کرنا:

ترمذی میں ہے کہ اپنی زینت کو غیر جگہ ظاہر کرنے والی عورت کی مثال قیامت کے اس اندھیرے جیسی ہے جس میں نور نہ ہو۔

عورتیں راستہ کے ایک طرف ہو کر چلیں:

ابوداؤد میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مردوں عورتوں کو راستے میں ملے جلے چلتے ہوئے دیکھ کر فرمایا عورتو! تم ادھر اُدھر ہو جاؤ۔ تمہیں بیچ راہ میں نہ چلنا چاہئے۔ یہ سُن کر عورتیں دیواروں سے لگی لگی چلنے لگیں یہاں تک کہ اُن کے کپڑے دیواروں سے رگڑتے تھے۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَيَحْفَظُوا فُرُوجَهُمْ ؕ
اور تھامتے رہیں اپنے ستر کو

یعنی حرامکاری سے بچیں اور ستر کسی کے سامنے نہ کھولیں۔ الا عند من اباحہ الشارع من الازواج وما ملکت ایمانھم۔

انسدادِ فواحش اور حفاظتِ عصمت:

عورتوں کے لئے حجاب اور پردہ کے احکام کی پہلی آیات وہ ہیں جو سورۂ احزاب میں ام المومنین حضرت زینب بنت جحشؓ کے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے عقدِ نکاح میں آنے کے وقت نازل ہوئیں، جس کی تاریخ بعض حضرات نے ۳ھ اور بعض نے ۵ھ بتائی ہے تفسیر ابن کثیر اور نیل الاوطار میں ۵ھ کو ترجیح دی ہے اور روح المعانی میں حضرت انسؓ سے روایت نقل کی ہے کہ ذی قعدہ ۵ھ میں یہ عقد ہوا ہے اور اس پر سب کا اتفاق ہے کہ پہلی آیتِ حجاب اسی موقع پر نازل ہوئی۔ اور سورۂ نور کی یہ آیات قصہ افک کے ساتھ نازل ہوئی ہیں جو غزوۂ بنی المصطلق یا مریسیع سے واپسی میں پیش آیا یہ غزوہ ۶ ہجری میں ہوا۔

غیر محرم عورت کی طرف بُری نیت سے دیکھنا تحریماً اور بغیر کسی نیت کے دیکھنا کراہتاً داخل ہے اور کسی عورت یا مرد کے سترِ شرعی پر نظر ڈالنا بھی اس میں داخل ہے (مواضع ضرورت جیسے علاج معالجہ وغیرہ اس سے مستثنیٰ ہیں) کسی کا راز معلوم کرنے کے لئے اُس کے گھر میں جھانکنا اور تمام وہ کام جن میں نگاہ کے استعمال کرنے کو شریعت نے ممنوع قرار دیا ہے اس میں داخل ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

وَيَحْفَظُوا فُرُوجَهُمْ شرمگاہوں کی حفاظت سے مراد یہ ہے کہ نفس کی خواہش پورا کرنے کی جتنی ناجائز صورتیں ہیں اُن سب سے اپنی شرمگاہوں کو محفوظ رکھیں۔ اس میں زنا، لواطت اور دو عورتوں کا باہمی سحاق جس سے شہوت پوری ہو جائے، ہاتھ سے شہوت پوری کرنا یہ سب ناجائز و حرام چیزیں داخل ہیں۔ مراد اس آیت کی ناجائز و حرام شہوت رانی اور اس کے تمام مقدمات کو ممنوع کرنا ہے جن میں سے ابتدا اور انتہا کو تصریحاً بیان فرمادیا باقی درمیانی مقدمات سب اس میں داخل ہو گئے۔ فتنۂ شہوت کا سب سے پہلا سبب اور مقدمہ نگاہ ڈالنا اور دیکھنا ہے اور آخری نتیجہ زنا ہے ان دونوں کو صراحۃً ذکر کر کے حرام کر دیا گیا اُن کے درمیانی حرام مقدمات مثلاً باتیں سُننا۔ ہاتھ لگانا وغیرہ یہ سب ضمناً آ گئے۔

ابن کثیر نے حضرت عبیدہؒ سے نقل کیا ہے کہ کل ما عصی اللہ بہ فھو کبیرۃ وقد ذکر الطرفین۔ یعنی جس چیز سے بھی اللہ کے حکم کی مخالفت ہوتی ہو سب کبیرہ ہی ہیں لیکن آیت میں اُن کے دو طرف ابتدا و انتہا

besturdubooks.wordpress.com

کو ذکر کر دیا گیا ابتداء نظر اُٹھا کر دیکھنا اور انتہا زنا ہے۔ طبرانی نے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

النظر سهم من سهام ابليس مسموم من تركها مخافتي ابدلته ايمانا يجد حلاوته في قلبه۔ (از ابن کثیر)

(ترجمہ) نظر ایک زہریلا تیر شیطان کے تیروں سے ہے جو شخص باوجود دل کے تقاضے کے اپنی نظر پھیر لے تو میں اس کے بدلے اس کو ایسا پختہ ایمان دوں گا جس کی لذت وہ اپنے قلب میں محسوس کرے گا۔ (ابن کثیر)

برہنہ ہونے سے بچو:

بہز بن حکیم کے دادا کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اپنی شرمگاہ کو سوائے اپنی بیوی اور اپنی باندی کے اوروں سے محفوظ رکھ۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر آدمی تنہائی میں ہو تو کیا حکم ہے فرمایا اللہ زیادہ مستحق ہے اس بات کا کہ اس سے شرم کی جائے۔ رواہ الترمذی و ابوداؤد وابن ماجۃ۔

حضرت ابن عمر راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، برہنہ ہونے سے بچو تمہارے ساتھ (ہر وقت) ایسی ہستیاں رہتی ہیں جو تم سے کسی وقت الگ نہیں ہوتیں سوائے رفع حاجت کے وقت کے یا اس وقت کے جب کوئی شخص اپنی بیوی سے قربت کرتا ہے۔ لہذا تم ان سے شرم کرو اور ان کی عزت کرو۔

ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ۗ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۝

اس میں خوب ستھرائی ہے اُن کے لئے بیشک اللہ کو خبر ہے جو کچھ کرتے ہیں

آنکھ کی چوری اور دل کا بھید اللہ کو معلوم ہے:

یعنی آنکھ کی چوری اور دلوں کے بھید اور نیتوں کا حال اس کو سب معلوم ہے لہذا اس کا خیال کر کے بدنگاہی اور ہر قسم کی بدکاری سے بچو۔ ورنہ وہ اپنے علم کے موافق تم کو سزا دے گا۔ يَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ (مومن۔ رکوع ۲) حضرت شاہ صاحبؒ نے "مَا يَصْنَعُوْنَ" سے مراد غالبًا جاہلیت کی بے اعتدالیاں لی ہیں یعنی جو بے اعتدالیاں پہلے سے کرتے آ رہے ہیں وہ اللہ کو سب معلوم ہے اسی لئے اب اُس نے اپنے پیغمبر کے ذریعہ سے یہ احکام جاری کئے تا تمہارا تزکیہ ہو سکے۔

وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ

اور کہہ دے ایمان والیوں کو نیچی رکھیں ذرا اپنی آنکھیں

وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ

اور تھامتی رہیں اپنے ستر کو اور نہ دکھلائیں اپنا سنگار

اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا

مگر جو کھلی چیز ہے اُس میں سے

زینت کو ظاہر نہ کرنا:

سنگار عرف میں خارجی اور کسبی آرائش کو کہتے ہیں جو مثلاً لباس یا زیور وغیرہ سے حاصل ہو۔ احقر کے نزدیک یہاں "زینت" کا ترجمہ "سنگار" کے بجائے "زیبائش" کیا جاتا تو زیادہ جامع اور مناسب ہوتا۔ زیبائش کا لفظ ہر قسم کی خلقی اور کسبی زینت کو شامل ہے، خواہ وہ جسم کی پیدائشی ساخت سے متعلق ہو یا پوشاک وغیرہ خارجی ٹیپ ٹاپ سے خلاصہ مطلب یہ ہے کہ عورت کو کسی قسم کی خلقی یا کسبی زیبائش کا اظہار بجز محارم کے جن کا ذکر آگے آتا ہے کسی کے سامنے جائز نہیں۔ ہاں جس قدر زیبائش کا ظہور ناگزیر ہے اور اس کے ظہور کو بسبب عدم قدرت یا ضرورت کے روک نہیں سکتی، اس کے مجبوری یا بضرورت کھلا رکھنے میں مضائقہ نہیں (بشرطیکہ فتنہ کا خوف نہ ہو) حدیث و آثار سے ثابت ہوتا ہے کہ چہرہ اور کفین ہتھیلیاں "اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا" میں داخل ہیں کیونکہ بہت سی ضروریات دینی و دنیوی ان کے کھلا رکھنے پر مجبور کرتی ہیں۔ اگر ان کے چھپانے کا مطلقاً حکم دیا جائے تو عورتوں کے لئے کاروبار میں سخت تنگی اور دشواری پیش آئے گی۔ آگے فقہاء نے قدمین کو بھی ان ہی اعضاء پر قیاس کیا ہے اور جب یہ اعضاء مستثنیٰ ہوئے تو ان کے متعلقات مثلاً انگوٹھی، چھلایا مہندی کا جل وغیرہ کو بھی استثناء میں داخل ماننا پڑے گا لیکن واضح ہے کہ "اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا" سے صرف عورتوں کو بضرورت ان کے کھلا رکھنے کی اجازت ہوئی۔ نامحرم مردوں کو اجازت نہیں دے گئی کہ وہ آنکھیں لڑایا کریں اور ان اعضاء کا نظارہ کیا کریں۔ شاید اسی لئے اس اجازت سے پیشتر ہی حق تعالیٰ نے غض بصر کا حکم مومنین کو سنا دیا ہے معلوم ہوا کہ ایک طرف سے کسی عضو کے کھولنے کی اجازت اس کو مستلزم نہیں کہ دوسری طرف سے اس کو دیکھنا بھی جائز ہو آخر مرد جن کے لئے پردہ کا حکم نہیں اسی آیت بالا میں عورتوں کو ان کی طرف دیکھنے سے منع کیا گیا۔ نیز یاد رکھنا چاہئے کہ ان آیات میں محض ستر کا مسئلہ بیان ہوا ہے یعنی اس سے قطع نظر کرتے ہوئے کہ اپنے گھر کے اندر ہو یا باہر عورت کو کس حصہ بدن کا کس کے سامنے کن حالات میں کھلا رکھنا جائز ہے۔ باقی مسئلہ "حجاب" یعنی شریعت نے اس کو کن حالات میں گھر سے باہر نکلنے اور سیر و سیاحت کرنے کی اجازت دی، یہاں مذکور نہیں۔ اس کی کچھ تفصیل انشاء اللہ سورۂ احزاب میں آئے گی۔ اور ہم نے فتنہ کا خوف نہ ہونے کی جو شرط بڑھائی وہ دوسرے دلائل اور قواعد شرعیہ سے ماخوذ ہے جو ادنیٰ تامل اور مراجعت نصوص سے دریافت ہو سکتی ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

شانِ نزول: ابن ابی حاتم نے بحوالہ مُقاتل بیان کیا کہ حضرت جابر بن عبداللہ نے فرمایا، (ایک بار) حضرت اسماء بنت مرشد اپنے نخلستان میں تھیں کچھ عورتیں ان کے پاس آئیں جو ازار پہنے ہوئے نہ تھیں اس لئے جو کچھ وہ پائوں میں پہنے ہوئی تھیں (یعنی پازیب وغیرہ) وہ کھلا نظر آ رہا تھا ان کے سینے اور گیسو بھی کھلے ہوئے تھے۔ حضرت اسماء نے فرمایا یہ کیسی بُری ہیئت ہے اس پر آیت ذیل نازل ہوئی۔

وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ ایک بار حضرت ام سلمہ اور حضرت میمونہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھیں۔ حضرت ابن ام مکتوم بھی آ گئے (یہ واقعہ حکم حجاب نازل ہونے کے بعد کا ہے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم دونوں پردے میں ہو جاؤ (حضرت ام سلمہ کا بیان ہے) میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا وہ نابینا نہیں ہیں۔ فرمایا کیا تم دونوں بھی نابینا ہو کیا تم اس کو نہیں دیکھ سکتیں۔ رواہ احمد وابوداؤد والترمذی۔

مسئلہ: ناف سے زانو تک عورت کو عورت نہیں دیکھ سکتی اور نہ مرد مرد کو۔ حضرت ابوسعید خدری راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، مرد مرد کے ستر کو نہ دیکھے اور نہ عورت، عورت کے ستر کو، مرد، مرد کے ساتھ برہنہ ایک کپڑے میں نہ لیٹے اور نہ عورت، عورت کے ساتھ برہنہ ایک کپڑے میں لیٹے۔ رواہ مسلم۔

وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا اور اپنی شرمگاہوں کی نگہداشت کریں اور اپنی زینت (کے مواقع) کو ظاہر نہ کریں مگر جو اس (موقع زینت) میں سے (غالبًا) کھلا رہتا ہے۔ زینت سے مراد ہیں۔ زیور، کپڑے، سنگھار یعنی سج دھج اور سنگھار کو پردہ سے نہیں ہے کیونکہ آزاد عورت کا سارا بدن واجب الستر ہے سوائے شوہر اور محرم کے عورت کے بدن کا کوئی حصہ دیکھنا کسی مرد کے لئے جائز نہیں۔ ہاں مجبوری ہو تو الگ بات ہے جیسے بیماری کا علاج یا ادائے شہادت وغیرہ۔

عورت سرتاپا پردے کی چیز ہے:

حُسن کا اصل سرچشمہ تو چہرہ ہی ہے چہرے کو دیکھنے سے ہی فتنہ پیدا ہونے کا خطرہ بہت زیادہ ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے عورت (سرتاپا) عورت ہے (یعنی قابل ستر ہے) جب باہر نکلتی ہے تو شیطان اس کی تاک جھانک میں رہتا ہے۔ رواہ الترمذی عن ابن مسعود۔

یہ حدیث بتا رہی ہے کہ عورت (از سرتاپا) واجب الستر ہے۔

ضرورت و مجبوری کا حکم:

ضرورتیں اس حکم سے باجماع امت مستثنیٰ ہیں۔ عورت کو بازار سے ضروری سودا سلف لانے والا نہ ملے تو یہ بھی ایک طرح کی ضرورت ہے، برقعہ پہن کر وہ نکل سکتی ہے۔ راستہ دیکھنے کے لئے وہ ایک آنکھ کھلی رکھے، سر سے پاؤں تک چھپانے والا کپڑا نہ ملے تو جہاں تک ممکن ہو اور جو کپڑے میسر ہوں وہی کپڑے پہن کر اور بدن کو چھپا کر باہر آ سکتی ہے۔ کبھی علاج معالجہ کے لئے ڈاکٹر کے پاس جانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ کبھی گواہوں کے پاس اور کبھی عدالت میں حاکم کے سامنے جانے کی مجبوری ہوتی ہے ان سب صورتوں میں بقدر ضرورت پردے کا انکشاف درست ہے۔ ہم نے زینت کا مرادی معنیٰ دو طرح سے بیان کیا ہے (۱) کپڑے، زیور اور بناؤ سنگھار کی چیزیں۔ بیضاوی کے نزدیک زینت سے یہی مراد ہے۔ حضرت ابن مسعودؓ نے بھی زینت سے مراد کپڑے لئے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

اوپر کے کپڑے:

حضرت عبداللہ بن مسعود نے فرمایا کہ ماظھر منھا میں جس چیز کو مستثنیٰ کیا گیا ہے وہ اوپر کے کپڑے ہیں جیسے بُرقع یا لمبی چادر جو برقع کے قائم مقام ہوتی ہے۔ یہ کپڑے زینت کے کپڑوں کو چھپانے کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں تو مراد آیت کی یہ ہوگی کہ زینت کی کسی چیز کو ظاہر کرنا جائز نہیں بجز اُن اوپر کے کپڑوں کے جن کا چھپانا بضرورت باہر نکلنے کے وقت ممکن نہیں جیسے برقع وغیرہ۔

چہرہ کا کھولنا جائز نہیں ہے:

حضرت عبداللہ بن مسعود کی تفسیر کے مطابق تو غیر محرم مردوں کے سامنے عورت کو چہرہ اور ہاتھ کھولنا بھی جائز نہیں صرف اوپر کے کپڑے برقع وغیرہ کا اظہار بضرورت مستثنیٰ ہے۔

یہ ظاہر ہے کہ حسن اور زینت کا اصل مرکز انسان کا چہرہ ہے اور زمانہ فتنہ وفساد اور غلبۂ ہویٰ اور غفلت کا ہے اس لئے بجز مخصوص ضرورتوں کے مثلاً علاج معالجہ یا کوئی خطرہ شدیدہ وغیرہ عورت کو غیر محارم کے سامنے قصداً چہرہ کھولنا بھی ممنوع ہے اور مردوں کو اس کی طرف قصداً نظر کرنا بھی بغیر ضرورت شرعیہ کے جائز نہیں۔

وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ

پر	گریبان	اپنے	اوڑھنی	اپنی	لیں	ڈال	اور

سینہ چھپانے کی تاکید:

بدن کی خلقی زیبائش میں سب سے زیادہ نمایاں چیز سینہ کا اُبھار ہے اُس کے مزید تستر کی خاص طور پر تاکید فرمائی اور جاہلیت کی رسم کو مٹانے کی صورت بھی بتلا دی۔ جاہلیت میں عورتیں خمار اوڑھنی سر پر ڈال کر اُس کے دونوں پلے پشت پر لٹکا لیتی تھیں۔ اس طرح سینہ کی ہیئت نمایاں رہتی تھی۔ یہ

besturdubooks.wordpress.com

گویا حسن کا مظاہرہ تھا۔ قرآن کریم نے بتلا دیا کہ اوڑھنی کو سر پر سے لا کر گریبان پر ڈالنا چاہیے تاکہ اس طرح کان، گردن اور سینہ پوری طرح مستور رہے۔ (تفسیر عثمانی)

زینت ظاہرہ کے استثناء کے بعد ارشاد ہے وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلَىٰ جُيُوبِهِنَّ یعنی آنچل مارلیا کریں اپنے دوپٹوں کا اپنے سینوں پر، خُمر، خمار کی جمع ہے اُس کپڑے کو کہتے ہیں جو عورت سر پر استعمال کرے اور اُس سے گلا اور سینہ بھی چھپ جائے۔ جیوب جیب کی جمع ہے جس کے معنی ہیں گریبان، چونکہ زمانہ قدیم سے گریبان سینہ ہی پر ہونے کا معمول ہے۔

زمانۂ جاہلیت میں عورتیں دوپٹہ سر پر ڈال کر اس کے دونوں کنارے پشت پر چھوڑ دیتی تھیں جس سے گریبان اور گلا اور سینہ اور کان کھلے رہتے تھے اس لئے مسلمان عورتوں کو حکم دیا گیا کہ وہ ایسا نہ کریں بلکہ دوپٹے کے دونوں پلے ایک دوسرے پر اُلٹ لیں تاکہ یہ سب اعضاء چھپ جائیں۔ (رواہ ابن ابی حاتم عن ابن جبیرؓ۔ روح) آگے دوسرا استثنا، اُن مردوں کا بیان کیا گیا ہے جن سے شرعاً پردہ نہیں جس کے دو سبب ہیں اول تو جن مردوں کو مستثنیٰ کیا گیا ہے اُن سے کسی فتنہ کا خطرہ نہیں وہ محارم ہیں جن کی طبائع کو حق تعالیٰ نے خلقۃً ایسا بنایا ہے کہ وہ ان عورتوں کی عصمت کے محافظ ہوتے ہیں اُن سے خود کوئی فتنہ کا احتمال نہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا لِبُعُولَتِهِنَّ أَوْ آبَائِهِنَّ
اور نہ کھولیں اپنا سنگار مگر اپنے خاوند کے آگے یا اپنے باپ کے

محرم رشتہ داروں کا حکم:

چچا اور ماموں کا بھی یہی حکم ہے اور ان محارم میں پھر فرق مراتب ہے مثلاً جو زینت خاوند کے آگے ظاہر کر سکتی ہے دوسرے محارم کے سامنے نہیں کر سکتی۔ ابدائے زینت کے درجات ہیں جن کی تفصیل تفاسیر اور کتب فقہ میں دیکھنی چاہیے۔ یہاں صرف یہ بتلانا ہے کہ جس قدر تستر کا اہتمام اجنبیوں سے تھا، اُتنا محارم سے نہیں یہ مطلب نہیں کہ ہر ایک عضو کو ان میں سے ہر ایک کے آگے کھول سکتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

خاوند کا حکم:

إِلَّا لِبُعُولَتِهِنَّ مگر اپنے شوہروں کے لئے، زینت کا مرکزی نقطہ تو شوہر ہی ہیں اپنی بیویوں کے سارے بدن کو دیکھنا جائز ہے، یہاں تک کہ شرمگاہوں کو بھی۔ مگر شرمگاہوں کو دیکھنا مکروہ ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، تم میں سے جو شخص اپنی بیوی سے قربت کرے تو پردہ کر لے۔ دونوں گدھوں کی طرح ننگے نہ ہوں۔ رواہ الشافعی والطبرانی والبیہقی عن ابن مسعود عن عتبہ بن عبد والنسائی عن عبداللہ بن سرجس والطبرانی ایضاً عن ابی امامۃ

ابن ماجہ نے لکھا ہے کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شرمگاہ کبھی نہیں دیکھی۔ (تفسیر مظہری)

ابن عباسؓ سے مرفوعاً مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

"اذا جامع احد کم زوجه او جاریته فلاینظر الی فرجها فان ذلک یورث العمی." قال ابن الصلاح جید الاسناد کذافی شرح الجامع الصغیر.

جب کوئی اپنی بیوی اور باندی سے جماع کرے تو اس کی شرمگاہ کی طرف نظر نہ کرے یہ دیکھنا نابینائی پیدا کرتا ہے۔

ابن صلاح کہتے ہیں کہ اس حدیث کی سند نہایت عمدہ ہے۔

مسئلہ: کسی بیگم صاحب کا تنہا موٹر میں بیٹھ کر کہیں جانا جبکہ ان کا شوہر یا باپ یا بھائی ان کے ساتھ نہ ہو اور فقط موٹر چلانے والا اس موٹر میں موجود ہو تو یہ خلوت بالاجنبیہ ہے اور بلاشبہ حرام ہے۔

محرم کے سامنے زینت کا اظہار مقصود نہ ہو:

حافظ ابن کثیر فرماتے ہیں کہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے عورت کے محارم کا ذکر فرمایا اور بتلایا کہ عورت کے لئے اپنی زینت کو ان محارم کے سامنے ظاہر کرنا اور کھولنا جائز ہے مگر شرط یہ ہے کہ محارم کے سامنے بھی اس کشف و اظہار سے اپنے حُسن و جمال کا اظہار مقصود نہ ہو۔ دیکھو تفسیر ابن کثیر ص ۲۸۴ ج ۳۔

جیسا کہ سورۂ احزاب کی یہ آیت فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِي فِي قَلْبِهِ مَرَضٌ اس بارہ میں نص صریح ہے مقصود یہ ہے کہ عورتوں کو چاہیے کہ چلتے وقت ایسی حرکت نہ کریں جس سے مردوں کو عورتوں کے جانے اور چلنے کا علم ہو جائے اور انکے پازیب کی آواز مردوں کی شہوت کو برانگیختہ کرنے کا سبب بنے۔

خوشبو لگا کر لوگوں پر گذرنا:

اور اسی قسم سے ہے کہ عورت اپنے گھر سے خوشبو لگا کر نہ نکلے اگرچہ وہ برقعہ اوڑھے ہوئے ہو جیسا کہ ابوموسیٰ اشعری سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو عورت عطر لگا کر گھر سے نکلے اور کسی مجلس پر گزرے تو وہ ایسی اور ایسی ہے یعنی زانیہ اور بدکار ہے۔ رواہ ابوداؤد والنسائی والترمذی وقال ہذا حدیث حسن صحیح۔

آواز سنانا: پس جب عورت کے لئے اپنے زیور کی آواز کا نکالنا ناجائز اور حرام ہے۔ تو عورت کا خود اپنی آواز کا نکالنا مثلاً کسی اجنبی مرد سے باتیں کرنا یا گانا بجانا وہ بدرجہ اولیٰ حرام ہوگا۔ امام غزالی فرماتے ہیں کہ اجنبی عورت کا تو قرآن سننا بھی حرام ہے اور عورت کی اذان اور اقامت بھی بالاجماع ناجائز ہے۔ معلوم ہوا کہ عورت کی آواز بھی عورت ہے جس کا پردہ

besturdubooks.wordpress.com

واجب ہے پس جب عورت کی اذان اور اقامت ناجائز ہے تو جلسۂ عام میں عورت کی تقریر بدرجہ اولیٰ حرام اور ناجائز ہوگی۔ پس معلوم ہوا کہ عورت کا کھلے منہ جلسوں میں آنا اور تقریر کرنا اور مردوں کی پارٹیوں میں کھلے منہ شرکت کرنا اور اپنی تصویر اتروانا اور اس کا اخباروں میں چھپوانا بلاشبہ حرام ہو گا۔ جب عورت کے زیور کی آواز فتنہ ہے اور اس کا اظہار ناجائز ہے تو خود عورت کی تصویر اور اس کی آواز کیسے فتنہ نہ ہوگی اور اس کا اظہار اور اشتہار کیوں حرام نہ ہوگا۔ خوب سمجھ لو کہ عورت کی تقریر اور عورت کی تصویر یہ سب زنا کے دروازے ہیں۔ شریعتِ مطہرہ ان کو بند کرنا چاہتی ہے مگر یہ دلدادگانِ مغربیت اس فکر میں ہیں کہ بے پردگی اس درجہ بامِ عروج پر پہنچ جائے کہ نفس پرستوں کو نکاح ہی کی ضرورت نہ ہو۔

نیز احادیث میں عورت کو اجنبی مرد کے ساتھ خلوت کی ممانعت ہے۔

اور عورت کو بغیر محرم کے سفر کرنے کی ممانعت آئی ہے۔

اور عورت کو بغیر شوہر کی اجازت کے مسجد وغیرہ میں جانے کی ممانعت آئی ہے۔ اس ممانعت کی علت صرف یہی فتنۂ شہوت و نفسانیت ہے جس کا شریعت مطہرہ سدِ باب کرنا چاہتی ہے۔ (معارف کاندھلوی)

اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ
یا اپنے خاوند کے باپ کے یا اپنے بیٹے کے یا اپنے خاوند کے بیٹے کے
اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ
یا اپنے بھائی کے یا اپنے بھتیجوں کے یا اپنے بھانجوں کے
اَخَوٰتِهِنَّ اَوْ نِسَآئِهِنَّ
یا اپنی عورتوں کے

یعنی جو عورتیں اُس کے پاس اُٹھنے بیٹھنے والی ہیں۔ بشرطیکہ نیک چلن ہوں۔ بدراہ عورتوں کے سامنے نہیں اور بہت سے سلف کے نزدیک اس سے مسلمان عورتیں مراد ہیں۔ کافر عورت اجنبی مرد کے حکم میں ہے۔ (تفسیر عثمانی)

اَوْ بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ یا اپنے بھانجوں کے لئے۔ بہنوں کے پوتے نواسے بھی اسی حکم میں شامل ہیں۔ مذکورۂ بالا سب لوگ عام طور پر اپنی بزرگ یا خورد عورتوں کے گھروں میں ہر وقت آمد و رفت رکھتے ہیں اور عموماً کسی فتنہ کا اندیشہ نہیں ہوتا، اصول و فروع سے صنفی تعلقات کو طبعاً لوگ بُرا سمجھتے ہیں پھر حیا اور شرم بھی دامن گیر ہوتی ہے۔ اس لئے مذکورۂ بالا مردوں کے سامنے مذکورہ عورتوں کا آنا اور اپنی زینت کو ظاہر کرنا اللہ نے جائز قرار دیا اور مردوں کے لئے مباح کر دیا کہ خدمت کے وقت جو حصۂ بدن کھلا رہتا ہے یا کھل جاتا ہے اس کو دیکھ سکتے ہیں یعنی سر، پنڈلیاں، بازو اور سینہ، پیٹ اور پشت کو دیکھنا روا نہیں، نہ ناف سے زانو تک کوئی حصہ دیکھنا جائز ہے عام طور پر یہ حصے کام کے وقت بھی چھپے رہتے ہیں اور ان کو چھپا رکھنے میں کوئی تکلیف بھی نہیں ہوتی۔ یہ حکم ان مردوں اور عورتوں کے لئے ہے جو باہم محرم ہیں جن کے درمیان سلسلۂ نکاح ہمیشہ کے لئے حرام کر دیا گیا ہے، خواہ حرمت نسبی ہو یا دودھ کی شرکت کی وجہ سے۔ آیت میں باپ کے بھائیوں اور ماں کے بھائیوں کا ذکر صراحت کے ساتھ نہیں کیا گیا کیونکہ دلالت النص سے ان کا حکم وہی معلوم ہو جاتا ہے جو بھتیجوں اور بھانجوں کا ہے اس پر اجماع اہل علم ہے کیونکہ جب پھوپھی اپنی زینت کا اظہار اپنے بھتیجے کے سامنے کر سکتی ہے تو بھتیجی کے لئے بھی اپنے چچا کے سامنے زینت کا اظہار جائز ہوگا۔ دونوں رشتے برابر کے ہیں اسی طرح خالہ بھانجے کے سامنے جب اپنی زینت کا اظہار کر سکتی ہے تو بھانجی ماموں کے سامنے بھی زینت کو ظاہر کر سکتی ہے۔

یہ بھی احتمال ہے کہ اعمام و اخوال کو صراحت کے ساتھ ذکر نہ کرنے سے اس طرف اشارہ ہو کہ چچا اور ماموں کے سامنے اظہارِ زینت نہ کرنا تقاضاءِ احتیاط ہے۔ ممکن ہے کہ وہ ان کی زینت کو دیکھ کر اپنے بیٹوں کے سامنے ان عورتوں کی زینت کو بیان کر دیں۔

آنکھوں اور ہاتھوں کا زنا:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، دونوں آنکھیں زنا کرتی ہیں اور دونوں آنکھوں کا زنا (بُری نیت سے) دیکھنا ہے اور دونوں ہاتھ زنا کرتے ہیں اور ان کا زنا (بُری نیت سے) پکڑنا ہے۔ دوسری روایت میں ہے دونوں آنکھیں زنا کرتی ہیں اور دونوں ہاتھ زنا کرتے ہیں اور دونوں پاؤں زنا کرتے ہیں اور شرمگاہ زنا کرتی ہے۔ رواہ احمد والطبرانی عن ابن مسعود۔ مرفوعاً۔

اگر خطرہ ہو تو محرم سے بھی پرہیز کرے:

محرم عورتوں سے زنا کرنے کا جرم بہت ہی سخت ہے۔ اس لئے اگر ان کو دیکھنے یا چھونے سے نفسانیت کے بیدار ہو جانے کا کسی ایک طرف بھی خطرہ ہو تو دیکھنے سے پرہیز رکھے اور چھونے سے بھی۔

عورت کا عورت کی زینت کو دیکھنا:

اَوْ نِسَآئِهِنَّ یا اپنی عورتوں کے لئے یعنی ایک عورت دوسری عورت کے سامنے اپنی زینت کا اظہار کر سکتی ہے خواہ وہ عورت مومنہ ہو یا غیر مومنہ آزاد ہو یا باندی کیونکہ ہر عورت دوسری عورت کی ہم جنس ہے اور نفسانی خواہشات کی بیداری کا عام طور پر خطرہ نہیں ہوتا۔ ہاں ناف سے زانو تک کا انکشاف ایک عورت دوسری عورت کے سامنے بھی (باستثناء ضرورتِ خاص) نہیں کر سکتی۔

besturdubooks.wordpress.com

امام ابوحنیفہ کا ایک قول منقول ہے کہ عورت کا عورت کی طرف دیکھنا ایسا ہی ہے جیسے مرد کا اپنی محرم عورتوں کی طرف دیکھنا۔ (تفسیر مظہری)

بارہ قسم کے محارم

تنبیہ: یاد رہے کہ اس جگہ لفظ محرم عام معنے میں استعمال ہوا ہے جو شوہر پر بھی مشتمل ہے فقہاء کی اصطلاح میں محرم کی جو خاص تفسیر ہے کہ جس سے کبھی نکاح جائز نہ ہو وہ یہاں مراد نہیں تفصیل ان بارہ مستثنیات کی جو سورۂ نور کی مذکورہ آیت میں ہے یہ ہے سب سے پہلے شوہر ہے جس سے بیوی کے کسی عضو کا پردہ نہیں اگرچہ اعضاء مخصوصہ کو بلاضرورت دیکھنا خلاف اولیٰ ہے حضرت صدیقہ عائشہؓ نے فرمایا ما رأی منی ولا رأیت منه یعنی نہ آپ نے میری خاص عضو کو دیکھا نہ میں نے آپ کے۔

دوسرے اپنے باپ ہیں۔ جس میں دادا، پردادا سب داخل ہیں۔ تیسرے شوہر کا باپ ہے اس میں بھی دادا، پردادا سب داخل ہیں چوتھے اپنے لڑکے جو اپنی اولاد میں ہیں۔ پانچویں شوہر کے لڑکے جو کسی دوسری بیوی سے ہوں۔ چھٹے اپنے بھائی، اس میں حقیقی بھی داخل ہیں اور باپ شریک یعنی علاتی اور ماں شریک یعنی اخیافی بھی۔ لیکن ماموں، خالہ یا چچا، تایا اور پھوپی کے لڑکے جن کو عام عرف میں بھائی کہا جاتا ہے وہ اس میں داخل نہیں وہ غیر محرم ہیں۔ ساتویں بھائیوں کے لڑکے یہاں بھی صرف حقیقی یا علاتی یا اخیافی بھائی کے لڑکے مراد ہیں دوسرے عرفی بھائیوں کے لڑکے شامل نہیں۔ آٹھویں بہنوں کے لڑکے۔ اس میں بھی بہنوں سے حقیقی اور علاتی اخیافی بہنیں مراد ہیں۔ پہلے لفظ نسآئھن میں داخل ہیں ان کو علیحدہ بیان کرنے کی ضرورت کیا تھی اس کا جواب جصاصؒ نے یہ دیا ہے کہ لفظ نسآئھن اپنے ظاہر کے اعتبار سے صرف مسلمان عورتوں کے لئے ہے۔ اور مملوکہ باندیوں میں اگر کافر بھی ہوں تو ان کو مستثنیٰ کرنے کے لئے یہ لفظ علیحدہ لایا گیا ہے۔

گیارھویں قسم اَوِ التّٰبِعِیْنَ غَیْرِ اُولِی الْاِرْبَۃِ مِنَ الرِّجَالِ ہے۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ اس سے مراد وہ مغفل اور بدحواس قسم کے لوگ ہیں جن کو عورتوں کی طرف کوئی رغبت و دلچسپی ہی نہ ہو (ابن کثیر) اور یہی مضمون ابن جریر نے ابوعبداللہ، ابن جُبیر ابن عطیہ وغیرہ سے نقل کیا ہے اس لئے اس سے مراد وہ مرد ہیں جو عورتوں کی طرف نہ کوئی رغبت و شہوت رکھتے ہیں، نہ اُن کے اوصاف حُسن اور حالات سے کوئی دلچسپی رکھتے ہیں کہ دوسرے لوگوں سے بیان کردیں بخلاف مخنث قسم کے لوگوں کے جو عورتوں کے اوصاف خاص سے تعلق رکھتے ہوں اُن سے بھی پردہ واجب ہے جیسا کہ صدیقہ عائشہؓ کی حدیث میں ہے کہ ایک مخنث ازواج مطہرات کے پاس آیا کرتا تھا اور اُمہات المومنین اس کو غَیْرِ اُولِی الْاِرْبَۃِ مِنَ الرِّجَالِ جو اس آیت میں مذکور ہے داخل سمجھ کر اُس کے سامنے آجاتی تھیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اس کو دیکھا اور اُس کی باتیں سنیں تو گھروں میں داخل ہونے سے، اس کو روک دیا (روح المعانی)

اسی لئے ابن حجر مکیؒ نے شرح منہاج میں فرمایا ہے کہ مرد اگرچہ عنین (نامرد) یا مجبوب (مقطوع العضو) یا بہت بوڑھا ہو وہ اس غیر اولی الاربۃ کے لفظ میں داخل نہیں ان سب سے پردہ واجب ہے۔ اس میں غیر اولی الاربۃ کے لفظ کے ساتھ جو التابعین کا لفظ مذکور ہے۔ اُس سے مراد یہ ہے کہ ایسے مغفل بدحواس لوگ جو طفیلی بن کر کھانے پینے کے لئے گھروں میں چلے جائیں وہ مستثنیٰ ہیں۔ اس کا ذکر صرف اس لئے کیا گیا کہ اس وقت ایسے مغفل قسم کے کچھ مرد ایسے ہی تھے جو طفیلی بن کر کھانے پینے کے لئے گھروں میں جاتے تھے اصل مدار حکم کا ان کے مغفل بدحواس ہونے پر ہے تابع اور طفیلی ہونے پر نہیں۔ واللہ اعلم۔

بارھویں قسم اَوِ الطِّفْلِ الَّذِیْنَ ہے۔ اس سے مراد وہ نابالغ بچے ہیں جو ابھی بلوغ کے قریب بھی نہیں پہنچے اور عورتوں کے مخصوص حالات وصفات اور حرکات وسکنات سے بالکل بے خبر ہوں اور جو لڑکا ان امور سے دلچسپی لیتا ہو وہ مراہق یعنی قریب البلوغ ہے اُس سے پردہ واجب ہے (ابن کثیر) امام جصاصؒ نے فرمایا کہ یہاں طفل سے مراد وہ بچے ہیں جو مخصوص معاملات کے لحاظ سے عورتوں اور مردوں میں کوئی امتیاز نہ کرتے ہوں (ذکرہ عن المجاہد) پردہ سے مستثنیات کا بیان ختم ہوا۔ (معارف مفتی اعظم)

اَوْ مَا مَلَكَتْ اَیْمَانُهُنَّ
یا اپنے ہاتھ کے مال کے

غلام اور باندی:

یعنی اپنی لونڈیاں (باندیاں) اور بعض سلف کے نزدیک مملوک غلام بھی اس میں داخل ہے اور ظاہر قرآن سے اسی کی تائید ہوتی ہے لیکن جمہور ائمہ اور سلف کا یہ مذہب نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک غلام سیدہ فاطمہ کو عطا فرمایا اور غلام کو ساتھ لے کر حضرت فاطمہ کے پاس تشریف لے گئے اس وقت حضرت سیدہ کے پاس صرف اتنا کپڑا تھا کہ اگر سر چھپاتی تھیں تو پاؤں کھلے رہتے تھے اور ٹانگیں چھپاتی تھیں تو سر تک کپڑا نہیں پہنچتا تھا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ملاحظہ فرمائی تو ارشاد فرمایا کوئی حرج نہیں (کوئی غیر نہیں ہے) صرف تمہارا باپ اور تمہارا غلام ہے۔ رواہ ابوداؤد۔ اس حدیث کے جواب میں کہا جاسکتا ہے کہ ممکن ہے وہ غلام چھوٹی عمر کا ہو۔ حدیث میں جو لفظ غلام آیا ہے وہ اس کی تائید کرتا ہے (غلام کا معنی ہے لڑکا) (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

اَوِ التّٰبِعِیْنَ غَیْرِ اُولِی الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ

یا کار بار کرنے والوں کے جو مرد کہ کچھ غرض نہیں رکھتے

یعنی کمیرے خدمتگار جو محض اپنے کام سے کام رکھیں اور کھانے سونے غرق ہوں، شوخی نہ رکھتے ہوں یا فاتر العقل پاگل جن کے حواس وغیرہ بھی ٹھکانے نہ ہوں، محض کھانے پینے میں گھر والوں کے ساتھ لگے ہوئے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

مخنث وغیرہ: صحیح یہ ہے کہ خصی اور ذکر بریدہ نامحرم عورت کے معاملہ میں نر کا حکم رکھتے ہیں۔ ہدایہ میں ہے خصی نر قابل جماع ہوتا ہے اور ذکر بریدہ کی بھی یہی حالت ہوتی ہے مس کر سکتا ہے، رگڑ سکتا ہے اس کو انزال ہوتا ہے۔

اسی طرح وہ زنانہ جو بدفعلیوں میں مبتلا ہونے کی وجہ سے زنانہ بن گیا ہو وہ بھی بدچلن نر ہوتا ہے یہ سب لوگ آیت قُلْ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ یَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ کے حکم میں داخل ہیں، آیت کا حکم ذکر بریدہ خصی اور مخنث کو بھی شامل ہے اور یہ شمول قطعی ہے۔ اور آیت التّٰبِعِیْنَ غَیْرِ اُولِی الْاِرْبَةِ میں ان ذکر بریدہ خصی وغیرہ کا شامل ہونا قطعی نہیں ہے اس لئے اول آیت میں جو نظریں نیچی رکھنے کا حکم دیا گیا ہے وہ ان پر لاگو ہوگا۔

میں کہتا ہوں اصلی فطری خنثیٰ جس کے پاس آلہ مردانگی بھی ہوتا ہے اور شرمگاہ نسوانی بھی۔ اگر اس میں نسوانی علامات نمایاں ہوں، مثلاً عورتوں کی طرح پستان ہوں یا عورتوں کی مثل پستانوں میں دودھ اتر آئے، یا حیض آتا ہو یا حمل ہو، یا شرمگاہ نسوانی سے اس سے جماع کیا جا سکتا ہو تو ایسا خنثیٰ عورت کے حکم میں ہے۔ ورنہ مرد کا حکم اس پر لاگو ہوگا، عورتوں کے لئے اس کے سامنے اظہار زینت جائز نہ ہوگا۔ اور اگر خنثیٰ مشکل ہے تو محتاط طریقہ اختیار کیا جائے گا نہ وہ مردوں کے سامنے اپنا کشف کر سکے گا نہ عورتیں اس کے سامنے اپنی زینت کو نمایاں کر سکیں گی۔ واللہ اعلم۔

شیخین نے صحیحین میں حضرت ام سلمہ کی روایت سے لکھا ہے کہ ایک بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ام سلمہ کے پاس موجود تھے اور گھر میں ایک مخنث بھی موجود تھا، مخنث نے حضرت ام سلمہ کے بھائی حضرت عبداللہ بن امیہ سے کہا عبداللہ! اگر کل کو اللہ تم کو طائف کی فتح عنایت فرمادے تو میں تم کو غیلان کی بیٹی کا پتہ بتاؤں گا، وہ چار کے ساتھ سامنے آتی ہے اور آٹھ کے ساتھ پیٹھ موڑ کر جاتی ہے (یعنی اس کے حسن کا یہ عالم ہے کہ جب وہ سامنے سے آتی ہے تو پیٹ پر چار شکنیں پڑتی دکھائی دیتی ہیں اور پشت پھیر کر واپس جاتی ہے تو آٹھ شکنیں نمودار ہوتی ہیں، چار دائیں پہلو کی طرف اور چار بائیں پہلو کی طرف) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، یہ لوگ تمہارے پاس اندر نہ آئیں۔ (تفسیر مظہری)

اَوِ الطِّفْلِ الَّذِیْنَ لَمْ یَظْهَرُوْا عَلٰی عَوْرٰتِ النِّسَآءِ

یا لڑکوں کے جنہوں نے ابھی نہیں پہچانا عورتوں کے بھید کو

یا جن لڑکوں کو ابھی تک نسوانی سرائر کی کوئی تمیز نہیں، نہ نفسانی جذبات رکھتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَا یَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِیُعْلَمَ

اور نہ ماریں زمین پر اپنے پاؤں کو کہ جانا جائے

مَا یُخْفِیْنَ مِنْ زِیْنَتِهِنَّ

جو چھپاتی ہیں اپنا سنگار

یعنی چال ڈھال ایسی نہ ہونی چاہئے کہ زیور وغیرہ کی آواز سے اجانب کو اُدھر میلان اور توجہ ہو۔ بسا اوقات اس قسم کی آواز صورت دیکھنے سے بھی زیادہ نفسانی جذبات کے لئے محرک ہو جاتی ہے۔

عورت عورت سے قرآن سیکھے:

بیضاوی نے النوازل میں صراحت کی ہے کہ عورت کی آواز بھی عورت ہے۔ اسی پر یہ مسئلہ مبنی ہے کہ عورت کا عورت سے قرآن سیکھنا افضل ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی لئے ارشاد فرمایا کہ سبحان اللہ کہنا مردوں کے لئے ہے اور تالی بجانا عورتوں کے لئے۔ متفق علیہ۔

ابن ہمام نے لکھا ہے اسی وجہ سے اگر کہا جائے۔ کہ عورت نماز میں اگر جہری قرأت کرے تو نماز فاسد ہو جاتی ہے۔ تو اس کی بنیاد معقول ہے امام کو نماز میں اگر سہو ہو جائے تو اس کو متنبہ کرنے کے لئے بجائے اس کے کہ عورت آواز سے سبحان اللہ کہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو تالی بجا دینے کا حکم دیا۔ اس آیت سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ عورت کا قدم بھی عورت ہے۔ (تفسیر مظہری)

اپنی مخفی زینت کا اظہار خواہ کسی ذریعہ سے ہو وہ بھی جائز نہیں۔ زیور کے اندر خود کوئی چیز ایسی ڈالی جائے جس سے وہ بجنے لگے یا ایک زیور دوسرے زیور سے ٹکرا کر بجے یا پاؤں زمین پر اس طرح مارے جس سے زیور کی آواز نکلے اور غیر محرم مرد سنیں یہ سب چیزیں اس آیت کی رو سے ناجائز ہیں۔ اور اسی وجہ سے بہت سے فقہاء نے فرمایا کہ جب زیور کی آواز غیر محرموں کو سنانا اس آیت سے ناجائز ثابت ہوا تو خود عورت کی آواز کا سنانا اس سے بھی زیادہ سخت اور بدرجۂ اولیٰ ناجائز ہوگا اس لئے عورت کی آواز کو بھی ان حضرات نے ستر میں داخل قرار دیا ہے اور اسی بنا پر نوازل میں فرمایا کہ عورتوں کو جہاں تک ممکن ہو قرآن کی تعلیم بھی عورتوں ہی سے لینا چاہئے۔ مردوں سے تعلیم لینا بدرجہ مجبوری جائز ہے۔

صحیح بخاری و مسلم کی حدیث میں ہے کہ نماز میں اگر کوئی سامنے سے گزرنے لگے تو مرد کو چاہئے کہ بلند آواز سے سبحان اللہ کہہ کر گزرنے والے کو متنبہ کر دے مگر عورت آواز نہ نکالے بلکہ اپنی ایک ہتھیلی کی پشت پر دوسرا ہاتھ مار کر اس کو متنبہ کرے۔

besturdubooks.wordpress.com

حنفیہ کے نزدیک عورت کی اذان مکروہ ہے لیکن حدیث سے ثابت ہے کہ ازواج مطہرات نزول حجاب کے بعد بھی پس پردہ غیر محارم سے بات کرتی تھیں اس مجموعہ سے راجح اور صحیح بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ جس موقع اور جس محل میں عورت کی آواز سے فتنہ پیدا ہونے کا خطرہ ہو وہاں ممنوع ہے جہاں یہ نہ ہو جائز ہے (جصاص) اور احتیاط اسی میں ہے کہ بلا ضرورت عورتیں پس پردہ بھی غیر محرموں سے گفتگو نہ کریں۔ واللہ اعلم۔

خوشبو لگا کر باہر نکلنا:

اس حکم میں یہ بھی داخل ہے کہ عورت جب بضرورت گھر سے باہر نکلے تو خوشبو لگا کر نہ نکلے کیونکہ وہ بھی اس کی مخفی زینت ہے غیر محرم تک یہ خوشبو پہنچے تو ناجائز ہے۔ ترمذی میں حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کی حدیث ہے جس میں خوشبو لگا کر باہر جانے والی عورت کو برا کہا گیا ہے۔

مزین برقع پہن کر نکلنا بھی ناجائز ہے۔

وَتُوبُوا إِلَى اللَّهِ جَمِيعًا أَيُّهَ الْمُؤْمِنُونَ
اور توبہ کرو اللہ کے آگے سب مل کر اے ایمان والو
لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿٣١﴾
تاکہ تم بھلائی پاؤ

آئندہ کیلئے توبہ کرلو:

یعنی پہلے جو کچھ حرکات ہو چکیں اُن سے توبہ کرو اور آئندہ کے لئے ہر مرد و عورت کو خدا سے ڈر کر اپنی تمام حرکات وسکنات اور چال چلن میں انابت اور تقویٰ کی راہ اختیار کرنی چاہیے۔ اس میں دارین کی بھلائی اور کامیابی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

اور اے مسلمانو! تم سب کے سب اللہ سے توبہ کرو۔ حقیقت یہ ہے کہ اللہ کے اوامر و نواہی کی تعمیل میں کوتاہی ہر شخص سے ہوتی ہے اس لئے سب کو توبہ کرنا چاہیے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمام بنی آدم خطاوار ہیں اور خطاواروں میں سب سے اچھے توبہ کرنے والے ہیں۔ رواہ الترمذی وابن ماجہ والدارمی۔

بعض اہل تفسیر نے اس آیت کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ سورۂ نور میں اللہ نے جن اخلاق و آداب کو اختیار کرنے یا نہ کرنے کی تم کو ہدایت کی ہے اس کی تعمیل کی طرف رجوع کرو۔

بعض نے کہا جاہلیت کے زمانہ میں تم جو کچھ کرتے تھے اس سے توبہ کرو، اسلام کی وجہ سے اگرچہ پچھلے دور کفر کے اعمال قابل مواخذہ نہیں رہے، لیکن جب بھی ان بداعمالیوں کی یاد آ جائے ان پر ندامت تو بہرحال واجب ہی ہے اور ان کو دوبارہ اختیار نہ کرنے کا پکا ارادہ لازم ہی ہے۔

لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ۔

فلاح دارین توبہ ہی سے وابستہ ہے۔ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اس شخص کے لئے خوشی ہے جو اپنے اعمالنامے میں بکثرت استغفار پائیگا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی توبہ واستغفار:

حضرت ابن عمر کا بیان ہے کہ میں نے خود سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے لوگو اپنے رب کی طرف رجوع کرو۔ میں ہر روز سو بار اپنے رب کے سامنے توبہ کرتا ہوں۔

حضرت ابوہریرہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خدا کی قسم میں دن میں ستر بار سے زیادہ اپنے رب سے معافی مانگتا اور توبہ کرتا ہوں۔ رواہ البخاری۔

اعرابی کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بلاشبہ میرے دل پر کثافت آ جاتی ہے اور میں دن میں سو مرتبہ اللہ سے استغفار اور توبہ کرتا ہوں۔ رواہ مسلم۔

حضرت ابن عمر کا بیان ہے ہم گنتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی مجلس میں سو بار فرماتے تھے رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ۔ رواہ الترمذی وابن ماجہ وابوداؤد۔ (تفسیر مظہری)

وَأَنْكِحُوا الْأَيَامَى مِنْكُمْ
اور نکاح کر دو رانڈوں کا اپنے اندر

بیوہ، رنڈوں اور غیر شادی شدہ کا نکاح کرو:

اوپر استیذان، غض بصر اور تستر وغیرہ کے احکام بیان ہوئے تھے، تاکہ بےحیائی اور بدکاری کی روک تھام کی جائے۔ اس آیت میں یہ حکم دیا کہ جن کا نکاح نہیں ہوا یا ہو کر بیوہ اور رنڈوے ہو گئے تو موقع مناسب ملنے پر اُن کا نکاح کر دیا کرو۔ حدیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اے علی! تین کاموں میں دیر نہ کر، نماز فرض کا جب وقت آ جائے، جنازہ جب موجود ہو اور رانڈ عورت جب اس کا کفو مل جائے۔" جو تو میں رانڈوں کے نکاح پر ناک بھوں چڑھاتی ہیں سمجھ لیں کہ اُن کا ایمان سلامت نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

بقاءِ نسل کا عقلی اور شرعی تقاضا بھی یہی ہے کہ کچھ حدود کے اندر رہ کر مرد و عورت کے اختلاط کی کوئی صورت تجویز کی جائے۔ اسی کا نام قرآن و سنت کی اصطلاح میں نکاح ہے۔ آیت مذکورہ میں اس کے متعلق حرہ عورتوں کے اولیاء اور کنیزوں غلاموں کے آقاؤں کو حکم دیا ہے کہ وہ اُن کا نکاح کر دیا کریں۔

وَأَنْكِحُوا الْأَيَامَى مِنْكُمْ الایۃ، ایامیٰ ایم کی جمع ہے جو ہر اس مرد و عورت کے لئے استعمال کیا جاتا ہے جس کا نکاح موجود نہ ہو۔ خواہ اول ہی سے نکاح نہ کیا ہو یا زوجین میں سے کسی ایک کی موت سے یا طلاق سے نکاح ختم ہو چکا

besturdubooks.wordpress.com

ہو۔ ایسے مردوں وعورتوں کے نکاح کے لئے اُن کے اولیاء کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ اُن کے نکاح کا انتظام کریں۔

نکاح کرنے کا مسنون طریقہ:

آیت مذکورہ کے طرز خطاب سے اتنی بات تو باتفاق ائمہ فقہاء ثابت ہے کہ نکاح کا مسنون اور بہتر طریقہ یہی ہے کہ خود اپنا نکاح کرنے کے لئے کوئی مرد یا عورت بلا واسطہ اقدام کے بجائے اپنے اولیاء کے واسطے سے یہ کام انجام دے اس میں دین ودنیا کے بہت سے مصالح اور فوائد ہیں۔ خصوصاً لڑکیوں کے معاملہ میں کہ لڑکیاں اپنے نکاح کا معاملہ خود طے کریں، یہ ایک قسم کی بے حیائی بھی ہے اور اس میں فواحش کے راستے کھل جانے کا خطرہ بھی، اسی لئے بعض روایاتِ حدیث میں عورتوں کو خود اپنا نکاح بلا واسطہ ولی کرنے سے روکا بھی گیا ہے۔ امام اعظم ابو حنیفہؒ اور بعض دوسرے ائمہ کے نزدیک یہ حکم ایک خاص سنت اور شرعی ہدایت کی حیثیت میں ہے اگر کوئی بالغ لڑکی اپنا نکاح بغیر اجازت ولی کے اپنے کفو میں کرے تو نکاح صحیح ہو جائے گا اگرچہ خلاف سنت کرنے کی وجہ سے وہ موجب ملامت ہوگی جبکہ اس نے کسی مجبوری سے اس پر اقدام نہ کیا ہو۔

لفظ ایامیٰ میں بالغان مرد وعورت دونوں داخل ہیں اور بالغ لڑکوں کا نکاح بلا واسطہ ولی سب کے نزدیک صحیح ہو جاتا ہے اس کو کوئی باطل نہیں کہتا۔ اسی طرح ظاہر یہ ہے کہ لڑکی بالغ اگر اپنا نکاح خود کرے تو وہ بھی صحیح اور منعقد ہو جائے ہاں خلاف سنت کام کرنے پر ملامت دونوں کو کی جائے گی۔

نکاح واجب ہے یا سنت یا مختلف حالات میں حکم مختلف ہے:

اس پر ائمہ مجتہدین تقریباً سبھی متفق ہیں کہ جس شخص کو نکاح نہ کرنے کی صورت میں غالب گمان یہ ہو کہ وہ حدود شریعت پر قائم نہیں رہ سکے گا گناہ میں مبتلا ہو جائے گا اور نکاح کرنے پر اس کو قدرت بھی ہو کہ اس کے وسائل موجود ہوں تو ایسے شخص پر نکاح کرنا فرض یا واجب ہے جب تک نکاح نہ کرے گا گنہگار رہے گا۔

مسند احمد میں روایت ہے کہ حضرت عکافؓ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کہ کیا تمہاری زوجہ ہے انہوں نے عرض کیا نہیں۔ پھر پوچھا کوئی شرعی لونڈی ہے کہا کہ نہیں پھر آپ نے دریافت کیا کہ تم صاحب وسعت ہو یا نہیں۔ انہوں نے عرض کیا کہ صاحب وسعت ہوں، مراد یہ تھی کہ کیا تم نکاح کے لئے ضروری نفقات کا انتظام کر سکتے ہو جس کے جواب میں انہوں نے اقرار کیا، اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر تو تم شیطان کے بھائی ہو اور فرمایا کہ ہماری سنت نکاح کرنا ہے۔ تم میں بدترین آدمی وہ ہیں جو بے نکاح ہوں اور تمہارے مُردوں میں سب سے رذیل وہ ہیں جو بے نکاح مر گئے۔ (مظہری)

اس روایت کو بھی جمہور فقہاء نے اسی حالت پر محمول فرمایا ہے جبکہ نکاح نہ کرنے کی صورت میں گناہ کا خطرہ غالب ہو۔ عکافؓ کا حال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو معلوم ہوگا کہ وہ صبر نہیں کر سکتے۔

اور امام اعظم ابو حنیفہؒ کے نزدیک نکاح میں عبادت کا پہلو بہ نسبت دوسرے مباحات کے غالب ہے احادیث صحیحہ میں اُس کو سنت المرسلین اور اپنی سنت قرار دے کر تاکیدات بکثرت آئی ہیں، اُن روایات حدیث کے مجموعہ سے اتنا واضح طور پر ثابت ہوتا ہے کہ نکاح عام مباحات کی طرح مُباح نہیں بلکہ سنتِ انبیاء ہے، جس کی تاکیدات بھی حدیث میں آئی ہیں۔ صرف نیت کی وجہ سے عبادت کی حیثیت اس میں نہیں بلکہ سنتِ انبیاء ہونے کی حیثیت سے بھی ہے۔ اگر کوئی کہے کہ اس طرح تو کھانا پینا سونا بھی سنتِ انبیاء ہے کہ سب نے ایسا کیا ہے مگر جواب واضح ہے کہ ان چیزوں پر سب انبیاء کا عمل ہونے کے باوجود یہ کسی نے نہیں کہا نہ کسی حدیث میں آیا کہ کھانا پینا اور سونا سنتِ انبیاء ہے بلکہ اس کو عام انسانی عادت کے تابع انبیاء کا عمل قرار دیا ہے، بخلاف نکاح کے کہ اس کو صراحۃً سنت المرسلین اور اپنی سُنت فرمایا ہے۔

تفسیر مظہری میں اس موقع پر ایک معتدل بات یہ کہی ہے کہ جو شخص حالتِ اعتدال میں ہو کہ نہ غلبہ شہوت سے مجبور ومغلوب ہو اور نہ نکاح کرنے سے کسی گناہ میں پڑنے کا اندیشہ رکھتا ہو یہ شخص اگر یہ محسوس کرے کہ نکاح کرنے کے باوجود نکاح اور اہل وعیال کی مشغولیت میرے لئے کثرت ذکر اللہ اور توجہ الی اللہ سے مانع نہیں ہوگی تو اس کے لئے نکاح افضل ہے اور انبیاء علیہم السلام اور صلحاء اُمت کا عام حال یہی تھا۔ اور اگر اس کا اندازہ یہ ہے کہ نکاح اور اہل وعیال کے مشاغل اس کو دینی ترقی، کثرت ذکر وغیرہ سے روک دیں گے تو بحالتِ اعتدال اس کے لئے عبادت کے لئے خلوت گزینی اور ترک نکاح افضل ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

صدیق اکبرؓ کا قول ہے کہ تم نکاح کے بارے میں خدا کا حکم مانو وہ تم سے اپنا وعدہ پورا کرے گا۔ ابن مسعودؓ فرماتے ہیں امیری کو نکاح میں طلب کرو۔

تین آدمی جن کی مدد ضرور ہوتی ہے:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں تین قسم کے لوگوں کی مدد کا اللہ تعالیٰ کے ذمہ حق ہے نکاح کرنے والا جو حرام کاری سے بچنے کی نیت سے نکاح کرے، وہ لکھت لکھ دینے والا غلام جس کا ارادہ ادائیگی کا ہو، وہ غازی جو خدا تعالیٰ کی راہ میں نکلا ہو (ترمذی وغیرہ)

ایک بے سروسامان آدمی کا نکاح:

اسی کی تائید میں وہ روایت ہے جس میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کا نکاح ایک عورت سے کرا دیا جس کے پاس بجز تہمد کے اور کچھ نہ تھا یہاں تک کہ لوہے کی انگوٹھی بھی اس کے پاس سے نہیں نکلی تھی۔

besturdubooks.wordpress.com

باوجود اس فقیری اور مفلسی کے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا نکاح کرادیا اور مہر یہ ٹھہرایا کہ جو قرآن اسے یاد ہے اپنی بیوی کو یاد کرادے۔

اسلام میں سب سے پہلی قسطیں:

حضرت عمرؓ کے غلام ابوامیہؒ نے مکاتبہ کیا تھا۔ جب وہ اپنی رقم کی پہلی قسط لے کر آیا تو آپ نے فرمایا جاؤ اپنی اس رقم میں دوسروں سے بھی مدد طلب کرو۔ اس نے جواب دیا کہ امیرالمومنین! آپ آخری قسط تک تو مجھے ہی محنت کرنے دیجئے۔ فرمایا نہیں مجھے ڈر ہے کہ کہیں خداتعالیٰ کے اس فرمان کو ہم چھوڑ نہ بیٹھیں کہ انہیں کا وہ مال دو جو اس نے تمہیں دے رکھا ہے پس یہ پہلی قسطیں تھیں جو اسلام میں ادا کی گئیں ابن عمرؓ کی عادت تھی کہ شروع شروع میں آپ نہ کچھ دیتے تھے نہ معاف فرماتے تھے۔ کیونکہ خیال ہوتا تھا کہ ایسا نہ ہو آخر میں یہ رقم پوری نہ کرسکے تو میرا دیا ہوا مجھے ہی واپس آجائے۔ ہاں آخری قسطیں ہوتیں تو جو چاہتے اپنی طرف سے معاف کردیتے۔

حفاظتِ عصمت کا نسخہ:

عکرمہؒ فرماتے ہیں کہ جو مرد کسی عورت کو دیکھے اور اس کے دل میں خواہش پیدا ہو اسے چاہیے کہ اگر اس کی بیوی موجود ہو تو اس کے پاس چلا جائے ورنہ خداتعالیٰ کی خدائی میں نظریں ڈالے اور صبر کرے یہاں تک کہ خداتعالیٰ اسے غنی کردے۔

وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ
اور جو نیک ہوں تمہارے غلام اور لونڈیاں

لونڈیوں اور غلاموں کا نکاح:

یعنی لونڈی غلام کو اگر اس لائق سمجھو کہ حقوق زوجیت ادا کرسکیں گے اور نکاح ہوجانے پر مغرور ہوکر تمہاری خدمت نہ چھوڑ بیٹھیں گے تو اُن کا بھی نکاح کردو۔ (تفسیر عثمانی)

بعض اہل تفسیر نے لکھا ہے کہ صالحین سے مراد ہیں وہ لوگ جن میں نکاح کرنے اور حقوق نکاح ادا کرنے کی صلاحیت واہلیت ہو۔

مسئلہ: اگر جوشِ صنفی غالب ہو، اور حرام میں مبتلا ہوجانے کا اندیشہ ہو تو نکاح واجب ہے صاحب نہایہ نے لکھا ہے اگر زنا میں مبتلا ہوجانے کا ڈر ہو اور رکنے پر قدرت نہ ہو تو ایسی حالت میں نکاح فرض ہے۔ ابن ہمام نے لکھا ہے اگر ایسا قوی اندیشہ ہو کہ نکاح نہ کرے گا تو اپنے پر قابو نہ پاسکے گا۔ یقیناً حرام میں مبتلا ہوجائے گا تو نکاح فرض ہے اور اگر مغلوبیت اس حد تک نہ ہو بلکہ جوش کی وجہ سے مبتلاء معصیت ہوجانے کا خطرہ ہو تو نکاح واجب ہے لیکن یہ وجوب اس وقت ہے جب حقوق نکاح ادا کرنے کا یقین ہو نکاح کے بعد حق تلفی کا اندیشہ نہ ہو، اگر لوازم نکاح ادا نہ کرسکنے کا خوف ہو تو نکاح مکروہ ہے۔ ابن ہمام نے یہ بھی لکھا ہے کہ حق تلفی کا خوف بھی تفصیل طلب ہے اگر فریضہ نکاح کے تلف ہونے کا یقین ہو تو نکاح حرام ہے اگر حق تلفی کا [illegible] ہو یقین نہ ہو تو نکاح مکروہ تحریمی ہے۔

بدائع میں ذکر کیا گیا ہے جوشِ شہوانی (کے وقت) جو نکاح فرض ہو جاتا ہے اس کے لئے یہ شرط بھی ضروری ہے کہ بقدر مہر معجّل ادا کرنے اور نفقہ برداشت کرنے پر قدرت رکھتا ہو۔ اگر جوشِ شہوانی کے ساتھ یہ شرطیں بھی موجود ہوں اور نکاح نہ کرے تو گناہگار ہوگا۔

بغیر نکاح رہنے کی ممانعت:

روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ مجرد رہنے کی ممانعت فرمائی ہے۔ رواہ الترمذی وابن ماجۃ۔

دوسری حدیث میں آیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عکاف سے فرمایا کیا تیری بیوی ہے عکاف نے کہا نہیں فرمایا اور کوئی باندی بھی نہیں ہے۔ عکاف نے کہا نہیں۔ فرمایا تو خوش حال (مالدار) بھی ہے عکاف نے کہا میں فراخ حال ہوں (مالدار ہوں) فرمایا تب تو تو شیطان کے بھائیوں میں سے ہے۔

یہ بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، ہماری سنت (طریقہ) نکاح ہے تم میں جو لوگ مجرد ہیں وہ بُرے لوگ ہیں اور جو مجرد ہونے کی حالت میں مر گئے وہ بہت رذیل مردے ہیں۔ رواہ احمد۔

حضرت انسؓ کی حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکاح کرنے کا حکم دیتے تھے اور مجرد رہنے کی سختی کے ساتھ ممانعت فرماتے تھے اور ارشاد فرماتے تھے اس عورت سے نکاح کرو جو شوہر سے بہت زیادہ محبت کرنے والی اور بکثرت بچے پیدا کرنے والی ہو۔ میں قیامت کے دن متقی لوگوں کے مقابلے میں تمہاری کثرت پر فخر کروں گا۔ رواہ احمد وابوداؤد والنسائی۔

خطاب سرپرستوں کو ہے کہ اگر ایامیٰ نکاح کرنا چاہیں تو وہ نکاح نہ روکیں نکاح فرض عین نہیں ہے اس پر اجماع امت ہے۔ بعض کے نزدیک سنت مؤکدہ ہے بعض کے نزدیک مستحب لیکن سنت یا مستحب ہونا صرف اس شرط کے ساتھ ہے کہ جماع پر قدرت رکھتا ہو بیوی کا خرچ اٹھا سکتا ہے اور حق تلفی کا اس کو خطرہ نہ ہو ان میں سے اگر کوئی شرط مفقود ہو تو نکاح مکروہ ہے یا حرام۔

جوانوں کو حکم:

عملی سنت ہونے کا ثبوت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دوامی عمل سے ملتا ہے اور قولی سنت کے ثبوت کے لئے یہ حدیث کافی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اے گروہ جواناں تم میں سے جو شخص نکاح کی طاقت رکھتا ہے وہ نکاح کرلے اور جس میں (مالی) استطاعت نہ ہو وہ روزے رکھے، روزہ اس

besturdubooks.wordpress.com

کے لئے شہوت شکن ہے۔ (خصی بننے کی ضرورت نہیں، روزہ خود ایسا ہی شہوت شکن ہے جیسے خصی ہونا، متفق علیہ من حدیث ابن مسعود۔

نکاح میری سنت ہے:

ابن ماجہ نے حضرت عائشہؓ کی روایت سے لکھا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نکاح میری سنت ہے جس نے میری سنت پر عمل نہیں کیا وہ مجھ سے (متعلق) نہیں ہے۔ (یعنی میری تعلیم سے اس کا تعلق نہیں) نکاح کرو۔ دوسری اُمتوں کے مقابلہ میں، میں تمہاری کثرت پر فخر کروں گا۔ جو استطاعت رکھتا ہو اس کو نکاح کرنا چاہیے جو استطاعت نہ رکھتا ہو اس کو روزہ رکھنا ضروری ہے۔ اس حدیث کی سند میں ایک راوی عیسیٰ بن میمون ہے اور یہ راوی ضعیف ہے۔

پیغمبروں کی چار سنتیں:

صحیحین میں حضرت انسؓ کی روایت سے آیا ہے کہ (حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) میں روزے رکھتا ہوں اور ناغہ بھی کرتا ہوں اور عورتوں سے نکاح بھی کرتا ہوں۔ جو میری سنت سے اعراض کرے گا وہ مجھ سے نہیں ہے (یعنی وہ میرا نہیں مجھ سے اس کا تعلق نہیں ہے)

ترمذی نے ایوب کی روایت سے لکھا ہے کہ پیغمبروں کی چار سنتیں ہیں۔ حیاء، خوشبو کا استعمال، مسواک اور نکاح۔

ابن ماجہ نے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص طاہر اور مطہر ہونے کی حالت میں اللہ سے ملنے کا خواستگار ہو اس کو آزاد عورتوں سے نکاح کرنا چاہیے۔

بعض صحابہ کے جذبات کی اصلاح:

شیخین نے صحیحین میں بیان کیا ہے کہ چند صحابہ نے امہات المومنین سے (اندرون خانہ) پوشیدگی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اعمال کے متعلق دریافت کیا۔ معلوم ہوا کہ گھر کے اندر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے اوقات غیر معمولی عبادت میں نہیں گزرتے تھے، آپ سوتے بھی تھے عبادت بھی کرتے تھے تو کہنے لگے ہم میں سے کون رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرح ہوسکتا ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی فروگذاشتیں تو اللہ نے پہلے ہی سے معاف فرمادی ہیں۔ ایک صاحب بولے، میں تو عورتوں سے قربت ہی چھوڑ دوں گا، دوسرے نے کہا میں گوشت نہیں کھاؤں گا، تیسرے کہنے لگے میں بستر پر نہیں سوؤں گا، اس گفتگو کی اطلاع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی پہنچ گئی دوسرے دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک تقریر کی اور خطبہ میں حمد وثناء کے بعد فرمایا کیا وجہ کہ کچھ لوگوں نے ایسی باتیں کیں، میں تو نماز بھی پڑھتا ہوں اور سوتا بھی ہوں روزہ بھی رکھتا ہوں اور ناغہ بھی کرتا ہوں اور عورتوں سے نکاح بھی کرتا ہوں، جو میری سنت سے اعراض کرے گا وہ مجھ سے (متعلق) نہیں ہے۔

اس امت کے سب سے افضل آدمی:

بخاری نے حضرت ابن عباسؓ کا قول نقل کیا ہے ابن عباسؓ نے فرمایا، نکاح کرو۔ اس امت کے سب سے افضل آدمی کی بیبیاں بہت تھیں، یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو سب سے افضل تھے آپ کی بیبیاں بھی بہت تھیں اور بیبیوں کی کثرت نے آپ کے مرتبہ کی عظمت کم نہیں کی۔ اوپر گزر چکا ہے کہ مجرد رہنے کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سخت ممانعت فرمائی ہے۔

حضرت قاضی ثناء اللہؒ کی تحقیق:

میرے نزدیک تحقیق یہ ہے کہ جو شخص اپنے لئے نکاح کرنے اور اہل و عیال سے تعلق رکھنے کو تعلق باللہ رکھنے میں رکاوٹ نہیں سمجھتا اس کو اپنے اوپر اتنا قابو ہے کہ باوجود ان مشاغل کے عبادت اور ذکر اللہ کی کثرت اور تعمیر اوقات میں اس کے کوئی فرق نہیں آسکتا تو اس کے لئے نکاح افضل ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکثر انبیاء، صحابہ کرام اور بیشتر علمائے صالحین اسی درجہ پر فائز تھے، باوجود کثرت موانع کے ان بزرگوں کے مجاہدے میں کوئی فرق نہیں آسکتا تھا ان کا مرتبہ یقیناً بہت اونچا تھا اور ان کا ثبات فکر ونظر نہایت پختہ تھا اور ان کا عملی جہاد نفس سب عوائق وموانع پر غالب تھا۔ لیکن جو شخص اپنے آپ کو اتنا راسخ القدم نہیں سمجھتا وہ ڈرتا ہے کہ نکاح کرنے اور اہل وعیال کی پرورش میں مشغول ہونے سے اس کے تعمیری اوقات میں فرق آجائے گا، اس کے دل کی دنیا اجاڑ ہوجائے گی وہ پراگندہ خاطر ہوکر ذکر اللہ کی کثرت نہ کرسکے گا اور انقطاع کلی میں رخنہ پیدا ہوجائے گا۔ اس کے لئے ترک نکاح افضل ہے لیکن یہ ترک کی افضلیت اس وقت ہے جب اس کو زنا میں مبتلا ہوجانے کا اندیشہ نہ ہو۔ اللہ نے ذکر خدا اور تعلق باللہ اور جہاد فی سبیل اللہ پر زور دیتے ہوئے تمام پرکشش اسباب دنیا اور پرفریب جذبات قرابت سے مغلوب نہ ہونے کی تعلیم دی ہے اور فرمایا ہے۔

مسلم نے حضرت عمرو بن العاص کی روایت سے مرفوعاً بیان کی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دنیا متاع (فائدہ اندوزی کی چیز) ہے اور دنیا کے متاع میں صالحہ عورت سب سے اچھی متاع ہے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ نکاح دنیاوی امور میں سے ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (اللہ کے) فرض کے بعد حلال کی طلب بھی فرض ہے رواہ الطبرانی والبیہقی عن ابن مسعودؓ۔

طبرانی نے حضرت انس بن مالک کی روایت سے حدیث مذکور ان الفاظ کے ساتھ بھی بیان کی ہے کہ حلال کی طلب ہر مسلمان پر واجب ہے۔ بقائے نسل کے لئے نکاح جس طرح فرض کفایہ ہے (تاکہ مسلمانوں کی نسل دنیا میں ختم نہ ہو) اسی طرح بقدر بقائے زندگی کھانا پینا ہر شخص پر فرض عین ہے او

besturdubooks.wordpress.com

رتجارت زراعت وغیرہ دوسرے معاملات اور پیشے فرض کفایہ ہیں۔ اگر سب لوگ ان کو چھوڑ دیں گے تو معاشی انتظام درہم برہم ہو جائے گا اور دینی نظم بھی بگڑ جائے گا (اور سب گناہ گار ہوں گے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ امانت دار سچا تاجر (قیامت کے دن) انبیاء اور صدیقوں اور شہیدوں کے ساتھ ہوگا، رواہ الترمذی عن ابی سعید الخدری وحسّنہ وابن ماجہ من حدیث ابن عمر۔

بغوی نے شرح السنہ میں حضرت انس کی روایت سے بھی ایسی ہی حدیث نقل کی ہے۔ لیکن (نکاح ہو یا تجارت یا زراعت یا کھانا پینا) ان تمام امور کی خوبی (یعنی عبادت ہو جانا) بالغیر ہے (حسن نیت کی وجہ سے یہ امور عبادت بن جاتے ہیں) اور ذکر خداوندی اور سب سے کٹ کر اللہ سے لو لگانا فی نفسہ عبادت ہیں ان کی خوبی ذاتی ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرا بندہ نوافل کی وجہ سے برابر میرا مقرب ہوتا چلا جاتا ہے یہاں تک کہ میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں، الحدیث رواہ البخاری۔ اس حدیث میں یہ نہیں فرمایا کہ میرا بندہ نکاح یا کھانے پینے سے برابر میرا اقرب حاصل کرتا جاتا ہے۔ یہ بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے پاس وحی نہیں آئی کہ میں مال جمع کروں اور تاجروں میں سے ہو جاؤں بلکہ یہ وحی آئی ہے کہ اپنے رب کی تسبیح وتحمید کروں اور سجدہ کرنے والوں میں شامل ہو جاؤں۔ رواہ البغوی فی تفسیر سورۃ الحجر۔

تمام پیغمبروں کی شریعتوں میں نکاح کرنا مجرد رہنے سے افضل تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چار چیزوں کو سنن انبیاء میں شمار کیا ہے ان چار چیزوں میں ایک نکاح کو بھی شامل کیا ہے۔ آدمؑ، نوحؑ، ابراہیمؑ، اسمٰعیلؑ، اسحاقؑ، یعقوبؑ، یوسفؑ موسیٰؑ، ہارونؑ، ایوبؑ، داؤدؑ، سلیمانؑ، زکریاؑ وغیرہم سب ہی نے نکاح کیے تھے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے، مسلمانوں کا بہترین مال وہ بکریاں ہیں جن کو ہنکا کر وہ پہاڑ کی چوٹی پر لے جائے (اور سب سے الگ ہو جائے) تاکہ فتنوں سے اپنے دین کو بچا کر بھاگ جائے۔ رہبانیت سے مراد ہے ان جائز امور کو ترک کر دینا جن کو ترک کرنے کا کوئی ثواب نہیں، جیسے نکاح کا ترک کر دینا بستر پر سونا ترک کر دینا، گوشت ترک کر دینا، ہمیشہ چپ رہنا اور کلام کو ترک کر دینا، جیسے نصاریٰ کے راہب کیا کرتے تھے، اللہ نے فرمایا ہے قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ شریعت میں ممانعت اسی اختراعی خود ساختہ رہبانیت کی ہے۔ جائز شرعی رہبانیت کی ممانعت نہیں ہے۔ صحابہ کرام کی تعریف میں حدیث میں آیا ہے وہ رات میں راہب اور دن میں شیر تھے۔

گویا آیت یہ تعلیم دے رہی ہے کہ اگر غلام آقا سے یا بالغ عورت سرپرست سے اپنا نکاح کرانے کی درخواست کرے تو آقا اور ولی پر اس کا نکاح کرا دینا واجب ہے یہ مطلب امام شافعی کے مسلک پر ہوگا اور ان لوگوں کے نزدیک بھی آیت کا یہی مفہوم ہوگا جو عورتوں کی زبان سے نکلے ہوئے الفاظ سے نکاح کو جائز نہیں قرار دیتے۔

امام ابوحنیفہ کے نزدیک تو آیت کا مقصد صرف یہ ہے کہ سرپرست لوگ عورتوں کو نکاح سے نہ روکیں یہی مفہوم آیت فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ کا ہے۔

مناسب رشتہ آئے تو نکاح کردو:

حضرت ابوہریرہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اگر تمہارے پاس کوئی ایسا شخص پیام نکاح بھیجے جس کے دین اور اخلاق کو تم پسند کرتے ہو تو اس سے (اپنی بہن، بیٹی یا عزیزہ کا) نکاح کر دو اگر ایسا نہ کرو گے تو زمین پر فتنہ اور لمبا چوڑا بگاڑ پیدا ہو جائے گا (رسوائی ذلت اور زنا کاری کا برا نتیجہ پیدا ہوگا) رواہ الترمذی۔

اولاد کا نکاح نہ کرنے کا نقصان:

حضرت عمر بن خطابؓ اور انس بن مالک راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، توریت میں لکھا ہوا تھا کہ جس کی بیٹی بارہ سال کی ہو جائے اور وہ اس کا نکاح نہ کرے اس حالت میں اگر لڑکی کسی گناہ کا ارتکاب کرلے تو گناہ نکاح نہ کرنے والے پر پڑے گا۔

حضرت ابوسعید اور حضرت ابن عباس راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جس کے لڑکا ہو وہ لڑکے کا اچھا نام رکھے اور اچھی تہذیب سکھائے، جوان ہو جائے تو اس کا نکاح کر دے، اگر بالغ ہو جانے کے بعد اس کا نکاح نہیں کرے گا اور وہ کوئی گناہ کر بیٹھے گا تو اس کا گناہ باپ پر ہوگا، دونوں حدیثیں بیہقی نے شعب الایمان میں بیان کی ہیں۔ (تفسیر مظہری)

غلام اور باندیاں نکاح کے قابل ہوں تو انکے نکاح میں رکاوٹ نہ ڈالو

وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ یعنی اپنے غلاموں اور کنیزوں میں جو صالح ہوں، ان کے نکاح کرادیا کرو۔ یہ خطاب ان کے آقاؤں اور مالکوں کو ہے اس جگہ صالحین کا لفظ اپنے لغوی معنے میں آیا ہے یعنی ان میں جو شخص نکاح کی صلاحیت واستطاعت رکھتا ہو اس کا نکاح کرادینے کا حکم ان کے آقاؤں کو دیا گیا ہے مراد اس صلاحیت سے وہی ہے کہ بیوی کے حقوق زوجیت اور نفقہ و مہر معجّل ادا کرنے کے قابل ہوں۔ اور اگر صالحین کو معروف

besturdubooks.wordpress.com

یعنی نیک لوگوں کے معنے میں لیا جائے تو پھر ان کی تخصیص بالذکر اس وجہ سے ہوگی کہ نکاح کا اصل مقصد حرام سے بچنے کا وہ صالحین ہی میں ہوسکتا ہے۔

بہر حال اپنے غلاموں اور کنیزوں میں جو صلاحیت نکاح کی رکھنے والے ہوں ان کے نکاح کا حکم ان کے آقاؤں کو دیا گیا ہے اور مُراد اس سے یہ ہے کہ اگر وہ اپنی نکاح کی ضرورت ظاہر کریں اور خواہش کریں کہ اُن کا نکاح کر دیا جائے تو آقاؤں پر بعض فقہاء کے نزدیک واجب ہوگا کہ ان کے نکاح کر دیں اور جمہور فقہاء کے نزدیک اُن پر لازم ہے کہ ان کے نکاح میں رکاوٹ نہ ڈالیں بلکہ اجازت دے دیں کیونکہ مملوک غلاموں اور کنیزوں کا نکاح بغیر مالکوں کی اجازت کے نہیں ہوسکتا۔ تو یہ حکم ایسا ہی ہوگا جیسا کہ قرآن کریم کی ایک آیت میں ہے فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ یعنی عورتوں کے اولیاء پر لازم ہے کہ اپنی زیر ولایت عورتوں کو نکاح سے نہ روکیں اور جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تمہارے پاس کوئی ایسا شخص منگنی لے کر آئے اور اخلاق آپ کو پسند ہوں تو ضرور نکاح کردو اگر ایسا نہیں کرو گے تو زمین میں فتنہ اور وسیع پیمانے کا فساد پیدا ہو جائے گا۔ (رواہ الترمذی)

خلاصہ یہ ہے کہ یہ حکم آقاؤں کو اس لئے دیا گیا کہ وہ اجازت نکاح دینے میں کوتاہی نہ کریں خود نکاح کرانا ان کے ذمہ واجب ہو یہ ضروری نہیں۔ واللہ اعلم۔

اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ

اگر وہ ہوں گے مُفلس اللہ اُن کو غنی کر دے گا اپنے فضل سے

رزق کے خوف سے نکاح ترک نہ کرو:

بعض لوگ نکاح میں اس لئے پس وپیش کیا کرتے ہیں کہ نکاح ہو جانے کے بعد بیوی بچوں کا بار کیسے اُٹھے گا۔ انہیں سمجھا دیا کہ ایسے موہوم خطرات پر نکاح سے مت رُکو۔ روزی تمہاری اور بیوی بچوں کی اللہ کے ہاتھ میں ہے کیا معلوم ہے کہ خدا چاہے تو ان ہی کی قسمت سے تمہارے رزق میں کشائش کر دے۔ نہ مجرد رہنا غنا کا موجب ہے اور نہ نکاح کرنا فقر وافلاس کو مستلزم ہے۔ یہ باتیں حق تعالیٰ کی مشیت پر ہیں جیسا کہ دوسری جگہ فرمایا۔ وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖۤ اِنْ شَآءَ (توبہ۔ رکوع ۴) اور ظاہری اسباب کے اعتبار سے بھی یہ چیز معقول ہے کہ نکاح کر لینے یا ایسا ارادہ کرنے سے آدمی پر بوجھ پڑتا ہے اور وہ پہلے سے بڑھ کر کمائی کے لئے جدوجہد کرتا ہے۔ اُدھر بیوی اور اولاد ہو جائے تو وہ بلکہ بعض اوقات بیوی کے کنبہ والے بھی کسب معاش میں اس کا ہاتھ بٹاتے ہیں۔ بہر حال روزی کی تنگی یا وسعت نکاح یا تجرد پر موقوف نہیں۔ پھر یہ خیال نکاح سے مانع کیوں ہو۔ (تفسیر عثمانی)

نکاح کے ذریعہ اللہ کا فضل تلاش کرو:

حضرت ابوبکر صدیق نے فرمایا، نکاح کے سلسلہ میں اللہ کے حکم کی تعمیل کرو، اللہ نے جو تم سے غنی بنا دینے کا وعدہ کیا ہے وہ اس کو پورا کرے گا۔ اللہ نے فرمایا ہے اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ حضرت قتادہ کا بیان ہے، حضرت عمر بن خطاب کا فرمان ہم سے نقل کیا گیا ہے۔ میں نے اس شخص کی طرح (عجیب آدمی) نہیں دیکھا جو نکاح کے ذریعہ غنا کا طلبگار نہیں ہوتا۔ حالانکہ اس سلسلہ میں اللہ نے وعدہ فرمایا ہے وہ فرماتا ہے نکاح کے ذریعہ سے غنا طلب کرو۔ نکاح کر کے ہی اللہ کے فضل کے خواستگار رہو۔ اس کے بعد آپ نے یہی آیت تلاوت فرمائی۔

بزار خطیب اور دار قطنی نے حضرت عائشہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، عورتوں سے نکاح کرو۔ وہ خود مال لے کر آئیں گی (یعنی نکاح کے بعد اللہ تمہارے لئے فراخ دستی کے دروازے کھول دے گا) رواہ ابوداؤد فی مراسیلہ مرسلاً عن عروۃ۔

ثعلبی اور دیلمی مؤلف مسند الفردوس نے حضرت ابن عباس کا قول نقل کیا ہے نکاح کے ذریعہ سے رزق کی تلاش کرو۔

میں کہتا ہوں شاید یہ وعدہ ان لوگوں کے لئے ہے جو نکاح کے ذریعہ سے پاک دامن رہنے کے خواستگار ہوتے ہیں اور رزق کا بھروسہ اللہ پر رکھتے ہیں۔ ذیل کی آیت سے اس کی تائید ہورہی ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۳۲﴾

اور اللہ کشائش والا ہے سب کچھ جانتا ہے

جس کے حق میں مناسب جانتا ہے کشائش کر دیتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ نِكَاحًا حَتّٰى

اور اپنے آپ کو تھامتے رہیں جن کو نہیں ملتا سامان نکاح کا جب تک

يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ

کہ مقدور دے اُن کو اللہ اپنے فضل سے

جب تک نکاح کی ہمت نہیں عفت محفوظ رکھو:

یعنی جن کو فی الحال اتنا بھی مقدور نہیں کہ کسی عورت کو نکاح میں لاسکیں تو جب تک خدا تعالیٰ مقدور دے چاہئے کہ اپنے نفس کو قابو میں رکھیں۔ اور عفیف رہنے کی کوشش کریں۔ کچھ بعید نہیں کہ اسی ضبط نفس اور عفت کی برکت سے حق تعالیٰ اُن کو غنی کر دے اور نکاح کے بہترین مواقع مہیا فرما دے۔

وَالَّذِيْنَ يَبْتَغُوْنَ الْكِتٰبَ مِمَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ

اور جو لوگ چاہیں لکھت آزادی کی مال دے کر اُن میں سے کہ جو تمہارے ہاتھ

besturdubooks.wordpress.com

فَكَاتِبُوهُمْ إِنْ عَلِمْتُمْ فِيهِمْ خَيْرًا

کے مال ہیں تو ان کو لکھ کر دے دو اگر سمجھو اُن میں کچھ نیکی

غلام اور لونڈی کی آزادی:

یعنی کسی کا غلام یا لونڈی کہے یا مزید توثیق کے لئے لکھوانا چاہے کہ میں اتنی مدت میں اس قدر مال تجھ کو کما دوں تو مجھے آزاد کر دے، تو مالک کو چاہیے کہ قبول کر لے اور لکھ دے (اس معاملہ کو مکاتبہ کہتے ہیں (اور یہ غلاموں کے آزاد کرانے کی ایک خاص صورت ہے) لیکن یہ مالک کو اُس وقت قبول کرنا چاہیے جبکہ وہ سمجھے کہ واقعی اس غلام یا لونڈی کے حق میں آزادی بہتر ہوگی۔ قید غلامی سے چھوٹ کر چوری یا بدکاری یا اور طرح کی بدمعاشیاں کرتا نہ پھرے گا۔ اگر یہ اطمینان ہو تو بیشک اس کو آزادی کا موقع دینا چاہیے۔ تاوہ آزاد ہو کر اپنی فلاح کے میدانوں میں خوب ترقی کر سکے اور کہیں نکاح کرنا چاہے تو باختیار خود نکاح کر لے۔ غلامی کی وجہ سے میدان تنگ نہ ہو۔ (تفسیر عثمانی)

بغوی نے لکھا یہ آیت نازل ہوئی تو حویطب نے اپنے غلام کو سو دینار ادا کرنے کی شرط پر مکاتب بنا دیا اور بیس دینار (تجارت وغیرہ کے لئے) اس کو خود دے دیئے، چنانچہ غلام نے (کمائی کر کے) سو دینار ادا کر دیئے (اور آزاد ہو گیا) یہ غلام جنگ حنین میں شہید ہو گیا۔

آیت مذکور میں، جمہور علماء کے نزدیک امر استحبابی ہے وجوبی نہیں مکاتب بنانا واجب نہیں)

حضرت ابن سیرینؒ کی آزادی:

بغوی نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے کہ ابن سیرین نے اپنے آقا حضرت انس بن مالک سے درخواست کی کہ مجھے مکاتب بنا دیجئے۔ حضرت انس نے کچھ توقف کیا۔ ابن سیرین نے حضرت عمر سے جا کر شکایت کی۔ حضرت عمر درہ لے کر حضرت انس پر چڑھ دوڑے۔ اور مکاتب بنانے کا حکم دیا۔ حضرت انس نے ابن سیرین کو مکاتب بنا دیا۔ (تفسیر مظہری)

اگر آزادی میں ان کی بہتری ہو تو آزاد کرو:

اِنْ عَلِمْتُمْ فِيهِمْ خَيْرًا یعنی مکاتب بنانا جب درست ہوگا جبکہ تم ان میں بہتری کے آثار دیکھو۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ اور اکثر حضرات ائمہ نے اس بہتری سے مراد قوت کسب بتلائی ہے یعنی جس شخص میں یہ دیکھو کہ اگر اس کو مکاتب بنا دیا تو کما کر معینہ رقم جمع کر لے گا اُس کو مکاتب بناؤ ورنہ جو اس قابل نہ ہو اُس کو مکاتب بنا دینے سے غلام کی محنت بھی ضائع ہوگی آقا کا نقصان بھی ہوگا۔ اور صاحب ہدایہ نے فرمایا کہ خیر اور بہتری سے مراد اس جگہ یہ ہے کہ اُس کے آزاد ہونے سے مسلمانوں کو کوئی نقصان کے پہنچنے کا خطرہ نہ ہو مثلاً یہ کہ وہ کافر ہو اور اپنے کافر بھائیوں کی مدد کرتا ہو۔ صحیح بات یہ ہے کہ لفظ خیر اس جگہ دونوں چیزوں پر حاوی ہے کہ غلام میں قوت کسب بھی ہو اور اُس کی آزادی سے مسلمانوں کو کوئی خطرہ بھی نہ ہو۔ (مظہری)

جدید مادہ پرستانہ نظریات اور قرآن کا نظریۂ ملکیت:

آج کل دنیا میں مادہ پرستی کا دور دورہ ہے۔ ساری دنیا معاد و آخرت کو بھلا کر صرف معاش کے جال میں پھنس گئی ہے اُن کی علمی تحقیقات اور غور و فکر کا دائرہ صرف معاشیات ہی تک محدود ہو کر رہ گیا ہے اور اس میں بحث و تحقیق کے زور نے ایک ایک معمولی مسئلہ کو ایک مستقل فن بنا دیا ہے۔ ان فنون میں سب سے بڑا فن معاشیات کا ہے۔

اس معاملہ میں آج کل عقلاء دنیا کے دو نظریے زیادہ معروف و مشہور ہیں اور دونوں ہی باہم متصادم ہیں اُن کے تصادم نے اقوام دنیا میں تصادم اور جنگ وجدال کے ایسے دروازے کھول دیئے ہیں کہ ساری دنیا امن و اطمینان سے محروم ہو گئی۔

قرآن کریم نے اُصول یہ بتایا کہ کائنات کی ہر چیز دراصل اللہ تعالیٰ کی ملک ہے جو ان کا خالق ہے پھر اس نے اپنے فضل و کرم سے انسان کو ایک خاص قانون کے تحت ملکیت عطا فرمائی ہے جن چیزوں کا اس قانون کی رو سے وہ مالک بنا دیا گیا ہے اس میں دوسروں کے تصرف کو بغیر اس کی اجازت کے حرام قرار دیا مگر مالک بننے کے بعد بھی اس کو آزاد ملکیت نہیں دی کہ جس طرح چاہے کمائے اور جس طرح چاہے خرچ کرے بلکہ دونوں طرف ایک عادلانہ اور حکیمانہ قانون رکھا ہے کہ فلاں طریقہ کمانے کا حلال ہے فلاں حرام اور فلاں جگہ خرچ کرنا حلال ہے اور فلاں حرام۔ اور یہ کہ جو چیز اس کی ملکیت میں دی ہے اُس میں کچھ اور لوگوں کے حقوق بھی لگا دیئے ہیں جن کو ادا کرنا اس کی ذمہ داری ہے۔ (مفتی اعظم)

وَآتُوهُمْ مِنْ مَالِ اللَّهِ الَّذِي آتَاكُمْ

اور دو ان کو اللہ کے مال سے جو اُس نے تم کو دیا ہے

غلاموں کی آزادی میں مالی امداد کرو:

یہ دولتمند مسلمانوں کو فرمایا کہ ایسی لونڈی غلام کی مالی امداد کرو خواہ زکوٰۃ سے یا عام صدقات و خیرات وغیرہ سے، تاوہ جلد آزادی حاصل کر سکیں اور اگر مالک بدل کتابت کا کوئی حصہ معاف کر دے، یہ بھی بڑی امداد ہے (تنبیہ) مصارف زکوٰۃ میں جو وفی الرقاب کا ایک مد رکھا ہے وہ ان ہی غلاموں کے آزاد کرانے کا فنڈ ہے۔ خلفائے راشدین کے عہد میں بیت المال سے ایسے غلاموں کی امداد ہوتی تھی۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا

اور نہ زبردستی کرو اپنی چھوکریوں پر بدکاری کے واسطے اگر وہ چاہیں قید سے رہنا

لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

کہ تم کمانا چاہو اسباب دنیا کی زندگانی کا

لونڈیوں کو غلط کاری نہ کراؤ:

جاہلیت میں بعض لوگ اپنی لونڈیوں سے کسب کراتے تھے عبداللہ بن ابی رئیس المنافقین کے پاس کئی لونڈیاں تھیں جن سے بدکاری کرا کر روپیہ حاصل کرتا تھا۔ اُن میں بعض مسلمان ہو گئیں تو اس فعل شنیع سے انکار کیا۔ اس پر وہ ملعون زدوکوب کرتا تھا، یہ آیت اسی قصہ میں نازل ہوئی۔ اور اسی شان نزول کی رعایت سے مزید تقبیح کیلئے اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا اور لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا کی قیود بڑھاتی ہیں ورنہ لونڈیوں سے بدکاری کرانا بہرحال حرام ہے اور اس طرح جو کمائی کریں سب ناپاک ہے۔ خواہ لونڈیاں یہ کام رضاء ورغبت سے کریں یا زبردستی اور ناخوشی سے۔ ہاں اگر لونڈیاں نہ چاہیں اور یہ محض دنیا کے حقیر فائدے کے لئے زبردستی مجبور کرے تو اور بھی زیادہ وبال اور انتہائی وقاحت اور بے شرمی کی دلیل ہے۔

وَمَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ مِنْۢ بَعْدِ

اور جو کوئی اُن پر زبردستی کرے گا تو اللہ اُن کی بے بسی کے پیچھے

اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

بخشنے والا مہربان ہے

مجبور ومحکوم قابل رحم ہے:

یعنی زنا ایسی بُری چیز ہے جو جبر واکراہ کے بعد بھی بُری رہتی ہے لیکن حق تعالیٰ محض اپنی رحمت سے مکرَہ کی بے بسی اور بیچارگی کو دیکھ کر درگذر فرماتا ہے۔ اس صورت میں مکرِہ (زبردستی کرنے والے) پر سخت عذاب ہوگا اور مکرَہ پر (جس پر زبردستی کی گئی) رحم کیا جائے گا۔ (تفسیر عثمانی)

گناہ اس وقت قرار نہ دیا جائے گا جب جبر کرنے والا اضطرار کی حد تک مجبور کر کے وہ گناہ کرائے یعنی مجبور کو یہ اندیشہ ہو جائے اگر میں جابر کے قول پر عمل نہیں کروں گا تو مارا جاؤں گا یا میرا کوئی عضو کاٹ دیا جائے گا۔ اگر اس حد تک اندیشہ نہ ہو تو گناہ قائم رہتا ہے۔ اور چونکہ عبداللہ نے باندیوں کو اس حد تک مجبور نہیں کیا تھا کہ اگر وہ زنا نہ کریں گی تو ان کو قتل کر دیا جائے گا یا جسم کا کوئی عضو کاٹ دیا جائے گا یا توڑ پھوڑ دیا جائے گا اس لئے گناہ قائم رہا وہ عورتیں زنا کرنے کے بعد بے گناہ نہیں ہوئیں۔ (تفسیر مظہری)

وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ

اور ہم نے اتاریں تمہاری طرف آیتیں کھلی ہوئی اور کچھ حال اُن کا جو

خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ

ہو چکے تم سے پہلے اور نصیحت ڈرنے والوں کو

قرآن کا بیان نصیحت وعبرت کا کامل سامان ہے:

یعنی قرآن میں سب کچھ نصیحتیں احکام اور گذشتہ اقوام کے عبرتناک واقعات بیان کر دیئے گئے ہیں۔ تاخدا کا ڈر رکھنے والے سن کر نصیحت وعبرت حاصل کریں اور اپنے انجام کو سوچیں وَمَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا اس کی مراد یہ ہو کہ پہلی امتوں پر بھی اسی طرح کی حدود اور احکام جاری کئے گئے تھے جو اس سورت میں مذکور ہوئے۔ اور بعض قصے بھی اس قصہ افک کے مشابہ پیش آئے جو سورت ہذا میں بیان کیا گیا ہے۔ پس جس طرح اللہ تعالیٰ نے حضرت مریم صدیقہ اور حضرت یوسف صدیق کی دشمنوں کے بہتان سے براءۃ ظاہر فرمائی، عائشہ صدیقہ بنت الصدیقؓ کی براءۃ اور بزرگی بھی تا قیام قیامت صادقین کے قلوب میں نقش فی الحجر کر دی۔ اور دشمنوں کا منہ کالا کیا۔ (تفسیر عثمانی)

اور جو لوگ تم سے پہلے گزرے ہیں ان کی بعض حکایات یعنی جس طرح یوسف، مریم وغیرہ کے ہم نے عجیب تاریخی واقعات بیان کئے انہی کی طرح عجیب واقعہ ہم نے عائشہؓ کا بھی بیان کر دیا۔ یا یہ مطلب ہے کہ جو حالات اور نتائج گذشتہ قوموں کے ہم نے بیان کئے انہی کی طرح اے دروغ بندی، تہمت تراشی کرنے والو تمہارا حال بھی بیان کر دیا جو نتیجہ ان کا ہوا وہی تمہارا ہوگا۔ (تفسیر مظہری)

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اللہ روشنی ہے آسمانوں کی اور زمین کی

اللہ کے نور سے جہان آباد ہے:

یعنی اللہ سے رونق اور ہستی ہے زمین اور آسمان کی، اُس کی مدد نہ ہو تو سب ویران ہو جائیں (موضح القرآن) سب مخلوق کو نور وجود اُسی سے ملا ہے۔ چاند، سورج، ستارے، فرشتے اور انبیاء واولیاء میں جو ظاہری یا باطنی روشنی ہے اسی منبع النور سے مستفاد ہے۔ ہدایت ومعرفت کا جو چمکارا کسی کو پہنچتا ہے اُسی بارگاہ رفیع سے پہنچتا ہے تمام علویات وسفلیات اُس کی آیات تکوینیہ وتنزیلیہ سے منور ہیں حسن وجمال یا خوبی وکمال کی کوئی چمک اگر کہیں نظر پڑتی ہے وہ اُسی کے وجہ منور اور ذات مبارک کے جمال وکمال کا ایک پرتو ہے۔

طائف میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دُعاء:

سیرۃ ابن اسحٰق میں ہے کہ طائف میں جب لوگوں نے حضور صلی اللہ علیہ

besturdubooks.wordpress.com

وسلم کوستایا تو یہ دُعا زبان پر تھی۔ اَعُوْذُ بِنُوْرِ وَجْهِکَ الَّذِیْ اَشْرَقَتْ لَهُ الظُّلُمَاتُ وَصَلَحَ عَلَیْهِ اَمْرُ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اَنْ یَحِلَّ بِیْ غَضَبُکَ اَوْیَنْزِلَ بِیْ سَخَطُکَ لَکَ الْعُتْبٰی حَتّٰی تَرْضٰی وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔ رات کی تاریکی میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے رب کو "اَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ" کہہ کر پکارا کرتے اور اپنے کان، آنکھ، دل، ہر ہر عضو بلکہ بال بال میں اُس سے نور طلب فرماتے تھے اور اخیر میں بطور خلاصہ فرماتے "وَاجْعَلْ لِّیْ نُوْرًا یا وَاَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا یا "وَاجْعَلْنِیْ نُوْرًا" یعنی میرے نور کو بڑھا بلکہ مجھے نور ہی نور بنا دے۔ اور ایک حدیث میں ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ خَلْقَه فِیْ ظُلْمَةٍ ثُمَّ اَلْقٰی عَلَیْهِمْ مِنْ نُوْرِه فَمَنْ اَصَابَهٗ مِنْ نُوْرِه یَوْمَئِذٍ اهْتَدٰی وَمَنْ اَخْطَاهُ ضَلَّ (فتح الباری ص۴۳۰) یعنی جس کو اُس وقت اللہ کے نور (توفیق) سے حصہ ملا وہ ہدایت پر آیا اور جو اُس سے چوکا گمراہ رہا۔ واضح رہے کہ جس طرح اللہ تعالیٰ کی دوسری صفات مثلاً سمع۔ بصر وغیرہ کی کوئی کیفیت بیان نہیں کی جاسکتی۔ ایسے ہی صفت نور بھی ہے ممکنات کے نور پر قیاس نہ کیا جائے۔ تفصیل کے لئے امام غزالیؒ کا رسالہ "مشکوۃ الانوار" دیکھو۔ (تفسیر عثمانی)

نور کا مطلب:

اللہ آسمانوں کا اور زمین کا نور ہے۔ نور اس کیفیت کا نام ہے جس کو آنکھ سب سے پہلے ادراک کرتی ہے پھر اس کے ذریعے سے دوسری قابل دید چیزوں کا انکشاف کرتی ہے۔ جیسے چاند سورج کی روشنی کہ (پہلے چاند سورج اس سے روشن ہوتے ہیں پھر) ان چیزوں کا اس سے انجلاء ہوجاتا ہے جو سورج و چاند کے سامنے ہوتی ہیں۔ اس تعریف کی رو سے لفظ نور کا ذاتِ باری تعالیٰ پر حقیقی اطلاق ممکن نہیں (کیونکہ یہ نور مادی ہے اور عوارض مادیات میں سے ہے) لامحالہ تاویل کی جائے گی۔ تاویل کی چند صورتیں ہیں۔

(۱) مضاف کو محذوف مانا جائے یعنی اللہ زمین و آسمان کو نور عطا کرنے والا ہے (۲) بطور مبالغہ مصدر کو اللہ پر محمول کیا جائے (اللہ میں اتنی زیادہ نور بخشی ہے کہ گویا خدا خود نور ہوگیا) جیسے زید کا اگر بہت زیادہ منصف ہونا ظاہر کرنا ہوتا ہے تو کہتے ہے زیدٌ عدلٌ یا اعلیٰ ترین کریم کو کرم کہہ لیتے ہیں۔

کبھی لفظ نور کا اطلاق بطور مدح بھی کیا جاتا ہے جیسے ایک شاعر کا شعر ہے۔

جب کسی رات کو عبداللہ مرد سے چلا جاتا ہے تو مرد کا نور اور حُسن چلا جاتا ہے۔

بعض نے کہا نور سے مراد ہے مدبر جو سردار قوم بڑا مدبر اور منتظم ہو اس کو نور القوم کہا جاتا ہے۔

بعض نے کہا نور وہ کیفیت ہے جو خود ظاہر ہو اور دوسری چیزوں کو ظاہر کرنے والی ہو اور اصل ظہور وجود ہستی ہے جس طرح اصلِ خفاء عدم و نیستی ہے، پس نور السموٰت سے مراد ہے آسمانوں کا موجود جو اللہ بذات خود موجود ہے اور دوسری چیزوں کو موجود کرنے والا ہے۔

باصرہ، (قوت بینائی) پر بھی اس کا اطلاق اسی وجہ سے ہوتا ہے کہ ادراک اشیاء اس پر موقوف ہے اور بصیرت تو، بہرحال اعلیٰ ترین مدرک ہے آنکھ اپنا ادراک نہیں کرتی بصیرت اپنا بھی ادراک ہے اور اپنی ذات کے علاوہ تمام کلیات و جزئیات کا ادراک بھی اسی پر موقوف ہے۔ یہی حقائق پر غور کرتی اور ان کی تحلیل و ترکیب کرتی ہے اس لئے اس کو نور کہنا تو بدرجۂ اولیٰ لازم ہے۔ اور چونکہ بصیرت بذاتِ خود اور باختیار کامل نہ اپنی ذات کا ادراک کرسکتی ہے نہ دوسری چیزوں کا بلکہ اللہ کی طرف سے اس پر فیضانِ ادراک ہوتا ہے کبھی بلا واسطہ اور کبھی ملائکہ وانبیاء کے توسط سے اس لئے ان سب کو انوار کہا جاتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

مذکورہ مثال کا حاصل:

اس لئے حاصل اس مثال کا یہ ہے کہ مؤمن کا سینہ ایک طاق کی مثال ہے اس میں اس کا دل ایک قندیل کی مثال ہے اس میں نہایت شفاف روغن زیتون فطری نور ہدایت کی مثال ہے جو مؤمن کی فطرت میں ودیعت رکھا گیا ہے۔ جس کا خاصہ خود بخود بھی قبول حق کا ہے پھر جس طرح روغن زیتون آگ کے شعلہ سے روشن ہوکر دوسروں کو روشن کرنے لگتا ہے اسی طرح فطری نور ہدایت جو قلب مؤمن میں رکھا گیا ہے جب وحی الٰہی اور علم الٰہی کے ساتھ اس کا اتصال ہوجاتا ہے تو روشن ہوکر عالم کو روشن کرنے لگتا ہے اور حضرات صحابہ وتابعین نے جو اس مثال کو قلب مؤمن کے ساتھ مخصوص فرمایا وہ بھی غالباً اس لئے ہے کہ فائدہ اس نور کا صرف مؤمن ہی اُٹھاتا ہے ورنہ وہ فطری نور ہدایت جو ابتداء تخلیق کے وقت انسان کے قلب میں رکھا جاتا ہے وہ مؤمن کے ساتھ ہی مخصوص نہیں بلکہ ہر انسان کی فطرت اور جبلت میں وہ نور ہدایت رکھا جاتا ہے اسی کا یہ اثر دنیا کی ہر قوم ہر خطہ ہر مذہب ومشرب کے لوگوں میں مشاہدہ کیا جاتا ہے کہ وہ خدا کے وجود کو اور اُس کی عظیم قدرت کو فطرۃً مانتا ہے اس کی طرف رجوع کرتا ہے اس کے تصور اور تعبیر میں خواہ کیسی ہی غلطیاں کرتا ہو مگر اللہ تعالیٰ کے نفسِ وجود کا ہر انسان فطرۃً قائل ہوتا ہے بجز چند مادہ پرست افراد کے جن کی فطرت مسخ ہوگئی ہے کہ وہ خدا ہی کے وجود کے منکر ہیں۔

ایک صحیح حدیث سے اس عموم کی تائید ہوتی ہے جس میں یہ ارشاد ہے كُلُّ مولودٍ يولد على الفطرة، یعنی ہر پیدا ہونے والا بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے پھر اس کے ماں باپ اس کو فطرت کے تقاضوں سے ہٹا کر غلط راستوں پر ڈال دیتے ہیں۔ اس فطرت سے مراد ہدایت ایمان ہے۔

مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ۭ اَلْمِصْبَاحُ
مثال اس کی روشنی کی جیسے ایک طاق اس میں ہو ایک چراغ وہ چراغ دھرا ہو

فِیْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّیٌّ یُّوْقَدُ

ایک شیشہ میں وہ شیشہ ہے جیسے ایک تارہ چمکتا ہوا تیل جلتا ہے

مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَیْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِیَّةٍ وَّ لَا

اُس میں ایک برکت کے درخت کا وہ زیتون ہے نہ مشرق کی طرف ہے اور نہ

غَرْبِیَّةٍ ۙ یَّكَادُ زَیْتُهَا یُضِیْٓءُ وَ لَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ

مغرب کی طرف قریب ہے اس کا تیل کہ روشن ہو جائے اگرچہ نہ لگی ہو اس میں آگ

نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ ؕ یَهْدِی اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ؕ

روشنی پر روشنی اللہ راہ دکھلا دیتا ہے اپنی روشنی کی جس کو چاہے

وَ یَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَ اللّٰهُ

اور بیان کرتا ہے اللہ مثالیں لوگوں کے واسطے اور اللہ سب

بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۙ

چیز کو جانتا ہے

مؤمن نورالٰہی سے کس طرح ہدایت حاصل کرتا ہے:

یعنی یوں تو اللہ تعالیٰ کے نور سے تمام موجودات کی نمود ہے لیکن مؤمنین مہتدین کو نورالٰہی سے ہدایت وعرفان کا جو خصوصی حصہ ملتا ہے اس کی مثال ایسی سمجھو گویا مومن قانت کا جسم ایک طاق کی طرح ہے جس کے اندر ایک ستارہ کی طرح چمکدار شیشہ (قندیل) رکھا ہو یہ شیشہ اُس کا قلب ہوا جس کا تعلق عالم بالا سے ہے۔ اُس شیشہ (قندیل) میں معرفت وہدایت کا چراغ روشن ہے، یہ روشنی ایسے صاف وشفاف اور لطیف تیل سے حاصل ہو رہی ہے جو ایک نہایت ہی مبارک درخت (زیتون) سے نکل کر آیا ہے اور زیتون بھی وہ جو کسی حجاب سے نہ مشرق میں ہو نہ مغرب میں یعنی کسی طرف دھوپ کی روک نہیں کھلے میدان میں کھڑا ہے، جس پر صبح وشام دونوں وقت کی دھوپ پڑتی ہے۔ تجربہ سے معلوم ہوا کہ ایسے زیتون کا تیل اور بھی زیادہ لطیف وصاف ہوتا ہے غرض اُس کا تیل اس قدر صاف اور چمکدار ہے کہ بدون آگ دکھلائے ہی معلوم ہوتا ہے کہ خود بخود روشن ہو جائے گا۔ یہ تیل میرے نزدیک اُسی حُسن استعداد اور نور توفیق کا ہوا جو نور مبارک کے القاء سے بدء فطرت میں مومن کو حاصل ہوا تھا۔ جیسا کہ اُوپر کے فائدہ میں گذر چکا اور جس طرح شجرہ مبارکہ کو لَّا شَرْقِیَّةٍ وَّ لَا غَرْبِیَّةٍ فرمایا تھا وہ نور ربانی بھی جہت کی قید سے پاک ہے۔ خلاصہ یہ ہوا کہ مومن کا شیشہ دل نہایت صاف ہوتا ہے اور خدا کی توفیق سے اُس میں قبول حق کی ایسی زبردست استعداد پائی جاتی ہے کہ بدون دیا سلائی دکھائے ہی جل اُٹھنے کو تیار ہوتا ہے۔ اب جہاں ذرا آگ دکھائی یعنی وحی وقرآن کی تیز روشنی نے اس کو مس کیا فوراً اُس کی فطری روشنی بھڑک اُٹھی۔ اسی کو "نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ" فرمایا۔ باقی یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں ہے، جس کو چاہے اپنی روشنی عنایت فرمائے اور وہ ہی جانتا ہے کہ کس کو یہ روشنی ملنی چاہئے کس کو نہیں ان عجیب وغریب مثالوں کا بیان فرمانا بھی اسی غرض سے ہے کہ استعداد رکھنے والوں کو بصیرت کی ایک روشنی حاصل ہو۔ حق تعالیٰ ہی تمثیل کے مناسب موقع ومحل کو پوری طرح جانتا ہے کسی دوسرے کو قدرت کہاں کہ ایسی موزوں وجامع مثال پیش کر سکے۔ آگے فرمایا کہ وہ روشنی ملتی ہے اس سے کہ جن مسجدوں میں کامل لوگ صبح وشام بندگی کرتے ہیں وہاں دھیان لگا رہے۔ (تنبیہ) مفسرین نے تشبیہ کی تقریر بہت طرح کی ہے، حضرت شاہ صاحبؒ نے بھی موضح القرآن میں نہایت لطیف وعمیق تقریر فرمائی ہے مگر بندہ کے خیال میں جو توجیہ آئی وہ درج کر دی۔ وللناس فیما یعشقون مذاہب واضح رہے کہ "یُوْقَدُ اور وَ لَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ" میں جس نار کی طرف اشارہ ہے میں نے مشبہ میں اُس کی جگہ وحی وقرآن کو رکھا ہے۔ اس کا ماخذ وہ فائدہ ہے جو حضرت شاہ صاحبؒ نے "مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِی اسْتَوْقَدَ نَارًا" پر لکھا ہے اور جس کی تائید صحیحین کی ایک حدیث سے ہوتی ہے جس میں آپ نے یہ الفاظ فرمائے ہیں۔ "اِنَّمَا مَثَلِیْ وَمَثَلُ النَّاسِ كَرَجُلٍ اسْتَوْقَدَ نَارًا فَلَمَّا اَضَاءَتْ مَا حَوْلَهٗ جَعَلَ الْفَرَاشُ وَهٰذِهِ الدَّوَابُّ الَّتِیْ یَقَعْنَ فِیْهَا الخ" (تفسیر عثمانی)

دلوں کی چار قسمیں:

مسند کی ایک حدیث میں ہے دلوں کی چار قسمیں ہیں ایک تو صاف اور روشن، ایک غلاف دار بندھا ہوا ایک اُلٹا اور اوندھا، ایک پھرا ہوا اُلٹا سیدھا، پہلا دل تو مومن کا دل ہے جو نورانی ہوتا ہے اور دوسرا دل کافر کا دل ہے اور تیسرا دل منافق کا دل ہے کہ اس نے جانا پھر انجان ہو گیا، پہچان لیا پھر منکر ہو گیا۔ چوتھا دل وہ دل ہے جس میں ایمان بھی ہے نفاق بھی ہے۔ ایمان کی مثال تو اس میں مثل ترکاری کے درخت کے ہے کہ اچھا پانی اسے بڑھا دیتا ہے اور نفاق کی مثال اس میں مثل پھوڑے کے ہے کہ خون پیپ اسے اُبھار دیتا ہے اب جو غالب آ گیا وہ اس دل پر چھا جاتا ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

نورنبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم:

اور امام بغویؒ نے ایک روایت نقل کی ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے کعب احبار سے پوچھا کہ اس آیت کی تفسیر میں آپ کیا کہتے ہیں مثل نورہ کمشکوٰۃ الآیۃ کعب احبار جو تورات وانجیل کے بڑے عالم مسلمان تھے اُنہوں نے فرمایا کہ یہ مثال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب مبارک کی بیان کی گئی ہے۔ مشکوٰۃ آپ کا سینہ اور زجاجۃ (قندیل) آپ کا قلب

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

مبارک اور مصباح (چراغ) نبوت ہے۔ اور اس نورِ نبوت کا خاصہ یہ ہے کہ نبوت کے اظہار و اعلان سے پہلے ہی اس میں لوگوں کے لئے روشنی کا سامان ہے پھر وحی الٰہی اور اس کے اعلان کا اس کے ساتھ اتصال ہو جاتا ہے تو یہ ایسا نور ہوتا ہے کہ سارے عالم کو روشن کرنے لگتا ہے۔

بہت سے واقعات عجیبہ صحیح روایات سے ثابت ہیں جن کو شیخ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے خصائص کبریٰ میں اور ابونعیم نے دلائل النبوۃ میں اور دوسرے علماء نے بھی اپنی مستقل کتابوں میں جمع کر دیا ہے۔ اس کا ایک کافی حصہ اس جگہ تفسیر مظہری میں بھی نقل کر دیا ہے۔

روغن زیتون کی برکات:

شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ اس سے زیتون اور اس کے درخت کا مبارک او رنافع و مفید ہونا ثابت ہوتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ روغن زیتون کو کھاؤ بھی اور بدن پر مالش بھی کرو کیونکہ یہ شجرۂ مبارکہ ہے (رواہ البغوی والترمذی عن عمرؓ مرفوعاً۔ مظہری) (معارف مفتی اعظم)

مؤمن کے دل کا نور:

مَثَلُ نُوْرِهٖ اللہ کے نور کی صفت۔ یعنی وہ نور جو مومن کے دل میں جگمگاتا ہے۔ جس کی پرتو اندازی کی وجہ سے مومن کا دل اللہ کی ذات و صفات کی طرف راستہ پاتا ہے عقل انسانی جس کو پا نہیں سکتی تھی۔ اس نور کی ضیاء پاشی کی وجہ سے وہاں تک پہنچ جاتی ہے اور جس کے ذریعہ یہ عقل بشری حق کو حق اور باطل کو باطل جان لیتی ہے۔ اللہ نے فرمایا، فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ

بغوی نے لکھا ہے حضرت ابن مسعود پڑھتے تھے مَثَلُ نُوْرِهٖ فِیْ قَلْبِ الْمُؤْمِنِ بقول سعید بن جبیر حضرت ابن عباس نے فرمایا، اس نور کی حالت و صفت جو اللہ نے مومن کو عطا فرمایا ہے۔

بعض اہل تفسیر نے لکھا ہے کہ نورہ کی ضمیر مومن کی طرف راجع ہے۔ حضرت اُبی نے فرمایا، مومن کے دل کے نور کی صفت۔ یہ مومن وہ بندہ ہے، جس کے دل کے اندر اللہ نے ایمان اور سینہ کے اندر قرآن جما دیا ہے۔ حسن اور زید بن اسلم نے کہا نور سے مراد قرآن ہے، سعید بن جبیر اور ضحاک نے کہا نور سے مراد ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ مبارک۔ بعض کے نزدیک نور سے اللہ کی طاعت مراد ہے۔ بندے کی طاعت کو اللہ نے اپنی ذات کی طرف منسوب فرمایا ہے۔

كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ جیسے ایک طاقچہ جس میں ایک چراغ ہو۔ مشکوٰۃ طاقچہ جس میں آر پار سوراخ نہ ہو اگر آر پار سوراخ ہو تو اس کو کوۃ (روشن دان) کہتے ہیں۔ بعض علماء کے نزدیک مشکوٰۃ حبشی زبان کا لفظ ہے۔ مجاہد نے مشکوٰۃ کا ترجمہ قندیل کیا ہے اس وقت مضاف محذوف ہوگا، یعنی نور قندیل کی طرح ہے جس میں چراغ موجود ہو۔ مصباح چراغ۔ یہ اسم آلہ بروزن مفعال ہے، صبح کا معنی ہے روشنی مصباح روشنی کا آلہ۔

اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَةٍ چراغ شیشہ (کے فانوس) میں ہو۔ زجاج نے کہا شیشے کے اندر نور اور آگ کی روشنی بہت زیادہ جھلکتی ہے، اسی لئے لفظ زجاجۃ ذکر کیا۔

اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ شیشے کا فانوس ایسا معلوم ہوتا ہو۔ دُرّی میں یا نسبتی ہے۔ دُر موتی۔ (یعنی موتی جیسا تارا) صفائی اور حسن میں موتی کی طرح۔

يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ وہ چراغ جو برکت والے درخت یعنی زیتون (کے تیل) سے روشن ہو۔

بغوی نے لکھا ہے کہ حدیث میں آیا ہے زیتون کے تیل سے ناسور اچھا ہوتا ہے۔ چوٹی سے جڑ تک اس کے درخت میں تیل ہی تیل ہوتا ہے۔

بغوی نے لکھا ہے حضرت اسید بن ثابت یا حضرت اسید انصاری کی روایت میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا زیتون کا تیل کھاؤ اور استعمال کرو یہ مبارک درخت ہے۔ رواہ الترمذی عن عمرؓ۔ واحمد الترمذی والحاکم عن ابی اسید ورواہ ابن ماجۃ والحاکم عن ابی ہریرۃؓ۔ حضرت ابوہریرہؓ کی روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں زیتون کا تیل کھاؤ اور استعمال کرو یہ نفیس اور برکت والا ہوتا ہے۔

ابونعیم نے الطب میں حضرت ابوہریرہ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا زیتون کا تیل کھاؤ اور لگاؤ یہ ستر بیماریوں کے لئے شفاء ہے جن میں سے ایک کوڑھ کی بیماری بھی ہے۔

لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ جو نہ شرقی ہو نہ غربی۔

بعض نے کہا وہ درخت نہ زمین کے مشرقی حصہ میں واقع ہے نہ مغربی حصہ میں بلکہ درمیان میں یعنی ملک شام میں واقع ہے، شام کا زیتون بہت عمدہ ہوتا ہے۔

نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ نور بالائے نور ہے۔ ایک تو تیل کی بجائے خود چمک پھر آگ کی وجہ سے اس کی اشتعالی روشنی۔ یہ دوہرا نور ہے۔ بلکہ چند در چند نور ہے تیل کے صاف ہونے کی وجہ سے اس کی ذاتی چمک شیشہ کے اشتعال کی چمک اور ایسے طاقچہ کی جگمگاہٹ جس میں ادھر اُدھر سوراخ اور آر پار راستہ نہیں ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نور:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ کا بیان ہے میں نے بحالت حمل خواب میں دیکھا کہ ایک نور میرے اندر سے نکلا جس کی وجہ سے شہر بُصریٰ علاقہ شام کے محلات میری نظر کے سامنے چمک اُٹھے پھر پیدا ہوتے ہی آپ نے سر آسمان کی طرف اٹھایا، حافظ ابن حجر نے لکھا ہے کہ جونہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوئے آپ کی والدہ نے ایک نور دیکھا جس سے ملک شام کے محل ان کی نظر کے سامنے چمک اُٹھے، ابن حبان اور حاکم نے اس کو صحیح کہا ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

مہر نبوت: ابونعیم نے دلائل میں لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ نے بیان کیا جب آپ پیدا ہوئے تو فرشتہ نے آپ کو تین بار پانی میں غوطہ دیا۔ پھر ایک ریشمی بٹوے کے اندر سے ایک مہر نکال کر آپ کے شانہ پر لگائی جس کی وجہ سے ایک سفید انڈے کی طرح چیز پیدا ہوگئی جو زہرہ کی طرح چمکنے لگی۔

عالم کفر میں زلزلہ: بیہقی، ابن ابی الدنیا اور ابن السکن کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کی رات کو کسریٰ کے محل میں لرزہ آ گیا اس کے چودہ کنگرے گر پڑے اور کسریٰ خوف زدہ ہو گیا۔ اور فارس کی جو آگ ہزار برس سے نہیں بجھی تھی وہ بجھ گئی اور ساوت جھیل خشک ہو گئی۔

یہودی تاجر کی خبر: حضرت عائشہؓ کی روایت میں آیا ہے کہ ایک یہودی مکہ میں رہتا اور تجارت کرتا تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کی رات کو اس نے قریش سے کہا اے گروہ قریش آج رات اس امت کا نبی پیدا ہو گیا جس کے دونوں شانوں کے درمیان ایک نشان ہے اور نشان میں گھوڑے کے ریال کی طرح چند بالوں کی ایک قطار ہے لوگ یہودی کو لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ کے پاس پہنچے اور نومولود بچے کی پشت کھول کر دیکھی یہودی کی نظر جب مسہ پر پڑی فوراً بے ہوش ہو کر گر پڑا۔ لوگوں نے پوچھا ارے ارے تجھے کیا ہو گیا، یہودی کہنے لگا واللہ بنی اسرائیل سے نبوت نکل گئی۔ رواہ الحاکم۔

راہب کی پیش گوئی:

مواہب لدنیہ میں عیصا راہب کا قصہ ذکر کیا گیا ہے، عیصیا مکہ والوں سے کہتا تھا اے اہل مکہ عنقریب تم میں ایک پیغمبر پیدا ہونے والا ہے۔ سارا عرب جس کا تابع ہو جائے گا اور عجم پر بھی اس کا اقتدار ہو گا یہ زمانہ اس کی پیدائش کا ہے۔

حضرت عباس کے مسلمان ہونے کا خاص سبب:

حضرت عباس بن عبدالمطلب کا بیان ہے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کے دین میں میرے داخل ہونے کا ایک خاص باعث ہوا آپ کے نبی ہونے کی نشانی میں نے اسی وقت دیکھ لی تھی جب آپ جھولنے میں پڑے ہوئے چاند سے باتیں کر رہے تھے اور انگلی سے اس کی طرف اشارہ کر رہے تھے اور جب آپ اس کی طرف اشارہ کرتے تھے وہ (کنارہ) جھک جاتا تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، میں اس سے باتیں کر رہا تھا اور وہ مجھ سے باتیں کر رہا تھا وہ مجھے رونے سے بہلاتا تھا اور جب وہ عرش کے نیچے سربسجود ہوتا تھا تو میں اس کی آواز سنتا تھا۔

فرشتے جھولا جھلاتے تھے:

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیات میں سے یہ بات بھی شمار کی گئی ہے کہ آپ کے جھولنے کو فرشتے جھلاتے تھے۔ یہ بھی روایت میں آیا ہے کہ پیدا ہوتے ہی آپ نے کلام کیا تھا۔

حضرت حلیمہ کی گود میں برکتیں:

ابو یعلیٰ اور ابن حبان نے حضرت عبداللہ بن جعفر کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی انا حضرت حلیمہ نے کہا جب میں نے آپ کو اپنی گود میں لے لیا تو فوراً میری چھاتیاں بقدر ضرورت دودھ سے بھر آئیں پہلے میرا بچہ یعنی ضمرہ بھوکا رہنے کی وجہ سے سوتا نہ تھا، اب دونوں نے سیر ہو کر پی لیا اور دونوں سو گئے پہلے میری پستان میں اتنا دودھ ہی نہ تھا جو بچہ کے لئے کافی ہوتا نہ ہماری اونٹنی کے پاس دودھ تھا جو بچہ کو پلایا جا سکتا اب جو میرا شوہر اونٹنی کے پاس گیا تو دیکھتا کیا ہے کہ اونٹنی کے تھن دودھ سے بھرے ہوئے ہیں میرے شوہر نے اس کو دوہا اور میں نے خوب سیر ہو کر پیا اور شوہر نے بھی خوب پیا اور وہ رات بڑے چین سے گزری، محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو لے کر جب میں واپس آئی اور گدھی پر سوار ہوئی تو خدا کی قسم وہ تو اتنی تیز چلنے لگی کہ ساتھیوں کا کوئی گدھا اس کا مقابلہ نہ کر سکا ساتھ والیاں کہنے لگیں اری ابی ذویب کی بیٹی ذرا ٹھہر تو، کیا یہ تیری وہی گدھی ہے جس پر تو آئی تھی، میں نے کہا ہاں۔ بات یہ تھی کہ کمزوری اور لاغری کی وجہ سے میری گدھی ساتھ والے قافلہ کے لئے بار ہوگئی تھی بار بار ان کو رکنا پڑتا تھا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا سب سے پہلا کلام:

حضرت ابن عباسؓ کا بیان ہے کہ حضرت حلیمہ نے کہا جب میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دودھ چھڑایا تو آپ نے کہا، اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْرًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا وَّسُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَّ اَصِيْلًا۔ یہ آپ کا سب سے پہلا کلام تھا۔ الحدیث۔

بادل کا سایہ: حضرت ابن عباس کا بیان ہے حلیمہ آپ کو دور نہیں جانے دیتی تھیں تا کہ آپ کی طرف سے ان کو بے خبری نہ رہے ایک روز آپ اپنی (رضاعی) بہن شیماء کے ساتھ باہر چلے گئے اور جہاں (جنگل میں) اونٹ تھے وہاں جا پہنچے حلیمہ تلاش میں نکلیں آپ اپنی بہن کے ساتھ (کہیں) مل گئے حلیمہ نے کہا اس گرمی میں تم کہاں پھر رہے ہو شیماء نے کہا اماں! مجھے اپنے بھائی کے ساتھ تو گرمی محسوس ہی نہیں ہوئی، برابر ان کے اوپر ایک بدلی سایہ کئے رہی جب یہ کہیں ٹھہر جاتے تھے بدلی بھی (ان کے اوپر) ٹھہر جاتی تھی یہ چل دیتے تھے تو بدلی بھی ان کے اوپر چل دیتی تھی۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں چراغ کی ضرورت نہیں تھی:

شمائل مجدیہ میں مذکور ہے کہ حلیمہ نے کہا جس روز سے ہم نے آپ کو لیا کبھی ہم کو چراغ کی ضرورت نہیں رہی آپ کے چہرہ کی روشنی تو چراغ سے زیادہ نورانی تھی۔ اگر ہم کو کسی جگہ چراغ کی ضرورت پڑتی تو ہم آپ کو وہاں لے جاتے آپ کی برکت سے تمام مقامات روشن ہو جاتے۔

besturdubooks.wordpress.com

بت اور حجر اسود تعظیم سے جھک گئے:

یہ بھی روایت میں آیا ہے کہ حلیمہ جب آپ کو لے کر بتوں کی طرف گئیں تو ہبل اور دوسرے بت آپ کی تعظیم میں اپنی اپنی جگہ سرنگوں ہو گئے اور سنگِ اسود کے پاس لے کر گئیں تو سنگِ اسود خود اپنی جگہ سے نکل کر آپ کے منہ کو چمٹ گیا۔

خشک وادیاں سرسبز ہوگئیں:

یہ بھی مروی ہے کہ حلیمہ جب آپ کو دودھ پلانے لگیں تو پستانوں سے اتنا دودھ بہنے لگا جو دس بلکہ اس سے بھی زیادہ بچوں کے لئے کافی ہوتا۔ جب حلیمہ آپ کو لے کر کسی خشک وادی سے گزرتیں تو وہ فوراً سرسبز ہو جاتی، حضرت حلیمہ خود سنتی اور دیکھتی تھیں کہ پتھر اور درخت آپ کو سلام کرتے تھے اور درختوں کی شاخیں آپ کی طرف جھک جاتی تھیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے رضاعی بھائی دونوں ساتھ ساتھ بکریاں چرایا کرتے تھے۔ رضاعی بھائی کا بیان ہے کہ میرا رضاعی بھائی جب کسی وادی پر جا کر کھڑا ہوتا تھا تو وہ فوراً سرسبز ہو جاتی تھی۔ اور بکریوں کو پانی پلانے کے لئے ہم کنویں پر آتے تھے تو کنویں کا پانی ابل کر کنویں کے منہ تک آ جاتا تھا، جب آپ دھوپ میں کھڑے ہوتے تھے تو بدلی آ کر سایہ کر لیتی تھی اور جنگلی جانور آپ کے پاس آ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو چومتے تھے۔

شقِ صدر:

خلاصۃ السیر میں ہے کہ آپ کی انا نے بیان کیا ایک بار آپ ہمارے اونٹوں کے مقام پر تھے اچانک آپ کا رضاعی بھائی دوڑتا ہوا آیا اور کہنے لگا کہ دو سفید پوش آدمیوں نے میرے قرشی بھائی کو پکڑ کر زمین پر لٹا کر پیٹ پھاڑ دیا، حضرت حلیمہ کا بیان ہے ہم یہ بات سن کر فوراً اُن کی طرف نکل کھڑے ہوئے جا کر دیکھا تو آپ منہ لپیٹے کھڑے ہوئے تھے ہم نے آپ کو چمٹا لیا اور دریافت کیا، کیا واقعہ ہوا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو آدمی سفید پوش آئے اور انہوں نے مجھے لٹا کر میرا پیٹ پھاڑا پھر اس کے اندر کسی چیز کو ٹٹولا، مجھے معلوم نہیں کہ انہوں نے کیا چیز نکالی۔ حضرت شداد بن اوس کی روایت سے ابویعلی، ابونعیم اور ابن ابی عساکر نے ان الفاظ کے ساتھ یہ حدیث نقل کی ہے کہ تین آدمیوں کا ایک گروہ آیا ان کے پاس سونے کا طشت تھا جو برف سے بھرا ہوا تھا ان میں سے ایک نے مجھے زمین پر لٹایا (اور پیٹ پھاڑ کر) پھر پیٹ کے اندر کی چیزیں نکالیں۔ پھر ان کو برف سے دھویا اور خوب دھویا پھر ان کو ان کی جگہ دوبارہ رکھ دیا پھر دوسرا کھڑا ہوا اور اس نے میرا دل نکال کر پھاڑا اور اس کو صاف کیا یہ سب باتیں میں دیکھ رہا تھا، پھر ایک سیاہ بوٹی اس کے اندر سے نکال کر پھینک دی پھر دائیں بائیں طرف ہاتھ گھمانے لگا معلوم ہوتا تھا کوئی چیز تلاش کر رہا ہے پھر مجھے نظر آیا کہ اس کے ہاتھ میں ایک انگوٹھی ہے جو مجسم نور ہے اس کو دیکھنے سے نگاہ خیرہ ہو رہی تھی اس انگوٹھی سے اس نے میرے دل پر مہر لگا دی مُہر لگاتے ہی میرا دل نور سے بھر گیا یہ نبوت و دانش کا نور تھا پھر دل کو لوٹا کر اس کی جگہ پر رکھ دیا میں اس مہر کی خنکی اپنے دل میں مدت تک محسوس کرتا رہا پھر تیسرے شخص نے اپنے ساتھی سے کہا تم ہٹ جاؤ (وہ ہٹ گیا) تیسرے شخص نے سینے کی وسطی لکیر (خط ابیض) کے آغاز سے زیر ناف کے آخری حصہ تک ہاتھ پھیرا فوراً شگاف جڑ گیا۔

حضرت اُنس کا بیان ہے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سینہ پر سلائی کا نشان دیکھتا تھا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت سے قحط دُور ہو گیا:

ابن عساکر کی روایت میں آیا ہے کہ ایک سال کال پڑا، ابو طالب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ساتھ لے کر بارش کی دعا کرنے کعبے کے پاس پہنچے کعبہ کی دیوار سے اپنی پشت لگائی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلی پکڑی اس وقت آسمان پر بادل کا ٹکڑا بھی نہ تھا، فوراً اِدھر اُدھر سے بادل آ گیا اور موسلا دھار خوب بارش ہوئی اتنی کہ ساری وادی بہ نکلی۔ اس واقعہ کی طرف ابو طالب نے ذیل کے شعر میں اشارہ کیا ہے "ان کا رنگ گورا ہے ان کے طفیل میں بارش کی دعا کی جاتی ہے وہ یتیموں کی پناہ گاہ اور رانڈوں کی عصمت بچانے والے ہیں۔"

راہب نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو پہچان لیا:

خلاصۃ السیر میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بارہ سال کی عمر میں اپنے چچا ابو طالب کے ساتھ ملکِ شام کی طرف گئے۔ مقام بصریٰ میں پہنچے تو بحیرا راہب نے آپ کا حلیہ دیکھ کر پہچان لیا اور دستِ مبارک کو پکڑ کر کہا۔ یہ رب العالمین کے رسول ہیں اللہ ان کو انسانوں کے لئے رحمت بنا کر مبعوث فرمائے گا۔ راہب سے دریافت کیا گیا تم کو اس کا کیسے علم ہوا، راہب نے کہا جب تم لوگ گھاٹی سے نکل کر آ رہے تھے تو میں نے دیکھا کہ ہر درخت اور پتھر ان کی طرف کو جھک رہا تھا اور ایسا صرف نبی کے لئے ہی ہوتا ہے ہم نے اپنی کتابوں میں ان کے حالات پڑھے ہیں۔ پھر ابو طالب سے بحیرا نے کہا اگر تم ان کو لے کر شام کو گئے تو یہودی ان کو قتل کر دیں گے۔ چنانچہ راہب کے مشورے سے ابو طالب نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بصریٰ سے ہی واپس کر دیا (یا ساتھ لے کر واپس لوٹ آئے) دوبارہ حضرت خدیجہؓ کے غلام کو ساتھ لے کر تجارت کی غرض سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم ملکِ شام کو گئے اس وقت سنِ مبارک پچیس ۲۵ سال کا تھا اور حضرت خدیجہ سے نکاح نہیں ہو پایا تھا، شام میں پہنچ کر ایک راہب کے گرجے کے پاس اترے راہب نے اوپر سے میسرہ کی طرف جھانک کر دریافت کیا تمہارے ساتھ یہ کون شخص ہے

besturdubooks.wordpress.com

میسرہ نے کہا باشندگان حرم میں سے ایک قریشی شخص ہے۔ راہب نے کہا اس درخت کے نیچے سوائے نبی کے کبھی کوئی اور نہیں اترا۔

راہب مسلمان ہو گیا:

بعض روایات میں آیا ہے کہ راہب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہا میں ایمان لے آیا اور میں شہادت دیتا ہوں کہ آپ وہی (نبی) ہیں جن کا ذکر اللہ نے توریت میں کیا ہے، پھر مہر نبوت کو دیکھ کر چوما اور کہا میں شہادت دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول نبی امی ہاشمی عربی ہیں آپ ہی صاحب حوض ہیں آپ ہی شفاعت کرنے والے ہیں آپ ہی کے ہاتھ میں لواء الحمد ہوگا۔

فرشتے سایہ کرنے لگے:

بعض روایات میں آیا ہے کہ میسرہ نے بیان کیا دوپہر کا وقت ہوا اور گرمی سخت ہوگئی تو دو فرشتے اتر کر آپ پر سایہ کرنے لگے تاکہ گرمی (اور سورج کی تیزی) سے آپ کو تکلیف نہ ہو آپ اس وقت اپنے اونٹ پر سفر کر رہے تھے حضرت خدیجہ نے میسرہ کا جب بیان سنا تو آپ کے دل میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نکاح کرنے کا شوق پیدا ہو گیا۔

علامہ سہیلی کی توجیہ:

سُہیلی نے راہب مذکور کے قول کا مطلب اس طرح بیان کیا۔ راہب کی مراد یہ تھی کہ اس وقت اس درخت کے نیچے پیغمبر ہی فروکش ہوا ہے۔ سُہیلی کو اس تاویل کی ضرورت اس لئے پڑی کہ انبیاء کے دور کو گزرے ایک طویل مدت (تقریباً پانچسو سال) گزر چکے تھے اتنی طویل مدت کسی ایک درخت کا باقی رہنا بعید از عقل تھا پھر درخت بھی سر راہ تھا آنے جانے والے ضرور اس کے نیچے آرام لیتے رہے ہوں گے، یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ لب راہ درخت کے نیچے کوئی مسافر سوائے نبی کے کبھی نہ اترا ہو۔ سہیلی کی توجیہ ٹھیک ہے لیکن یہ توجیہ لفظ قَطُّ کے خلاف ہے قَطُّ کا تو یہ معنی ہے کہ کبھی اس درخت کے نیچے سوائے نبی کے اور کوئی نہیں اترا حقیقت یہ ہے کہ اللہ کی قدرت ہمہ گیر معمولی حالات اللہ کی قدرت سے ظاہر ہوتے رہتے ہیں ہوسکتا ہے کہ اس درخت کے نیچے سوائے نبی کے اور کوئی کبھی نہ اترا ہو۔ اللہ کی قدرت سے کوئی بات بعید نہیں۔ (سُہیلی کی توجیہ کا یہ مطلب بھی لیا جاسکتا ہے کہ یہ درخت جس کی عمر دس بیس یا پچاس برس ہے اس مدت میں کوئی شخص کبھی اس کے نیچے نہیں نازل ہوا اس وقت صرف پیغمبر ہی فروکش ہوا اور حسب صراحت توریت اس کے نیچے پیغمبر ہی اتر سکتا تھا) واللہ اعلم۔

حضرت ابن عمرؓ کا قول:

سالم کی روایت میں آیا ہے کہ آیت مذکورہ کی تفسیر میں حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا "مشکوٰۃ" سے مراد ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مبارک سینہ اور "زجاجہ" سے مراد ہے آپ کا دل اور مصباح وہ نور تھا جو آپ کے دل میں روشن تھا اور "شجرۂ مبارکہ" سے مراد ہیں حضرت ابراہیم اور "شرقی غربی" نہ ہونے سے یہ مراد ہے کہ حضرت ابراہیم نہ یہودی تھے نہ عیسائی اور "نور علیٰ نور" کا یہ مطلب ہے کہ ایک نور تو حضرت ابراہیم کے دل کا نور تھا اور دوسرا نور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دل کا نور۔

محمد بن کعب کا قول:

محمد بن کعب قرظی نے کہا "مشکوٰۃ" حضرت ابراہیم تھے اور "زجاجہ" حضرت اسمٰعیل اور "مصباح" رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ ہی کی ذات کو اللہ تعالیٰ نے آیت سراجاً منیرا میں سراج فرمایا ہے۔ یہ چراغ ایک برکت والے درخت کے تیل یعنی حضرت ابراہیمؑ کی ذات سے روشن تھا، حضرت ابراہیم یقیناً بہت ہی بابرکت تھے اکثر انبیاء آپ ہی کے نسل سے ہوئے پھر آپ ایسے درخت کی طرح تھے جو نہ شرقی ہو نہ غربی یعنی آپ نہ یہودی تھے نہ عیسائی یہودی مغرب کو منہ کر کے عبادت کرتے ہیں اس لئے یہودیوں کو غربی قرار دیا اور عیسائی شرقی قرار پائے۔

وحی سے قبل ہی کمالات ظاہر ہونے لگے:

يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ سے اس طرف اشارہ ہے کہ وحی آنے سے پہلے ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کمالات اور محاسن ظہور پذیر ہونے والے تھے (آگ کے چھونے یعنی وحی آنے کے بعد تو ان کا ظہور ہو ہی گیا وحی سے پہلے ہی وہ قریب الظہور تھے)

نور اصل اور نور نسل:

نور بالائے نور کا یہ مطلب ہے کہ نور اصل نور نسل کے ساتھ شامل ہو گیا ایک تو نور ابراہیمی تھا پھر نور محمدی اس کے ساتھ شامل ہو گیا۔ پس نور محمدی نور بالائے نور ہو گیا۔

حضرت ابی بن کعب کی تفسیر:

ابوالعالیہ نے حسب ذیل تفسیر کی حضرت ابی بن کعب کی طرف نسبت کی ہے کہ یہ مومن کی مثال ہے مؤمن کی ذات ایک مشکوٰۃ ہے زجاجہ مومن کا سینہ ہے مصباح اس کا دل ہے نور مصباح ایمان اور قرآن کی روشنی ہے جو مومن کے دل میں ہوتی ہے۔ شجرۂ مبارکہ سے یہ روشنی اخلاص اللہ کے مبارک درخت سے حاصل ہوتی ہے اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی سرسبز شاداب درخت جو گھنے باغ میں دوسرے درختوں سے گھرا ہوا ہو کہ سورج کے طلوع و غروب کے وقت دھوپ سے محفوظ ہو مومن بھی ہر طرح کے فتنہ سے محفوظ رہتا ہے، چار اوصاف اس کے خصوصی اوصاف ہوتے ہیں اگر اللہ کی طرف سے اس کو کچھ ملتا ہے تو شکر ادا کرتا ہے نہیں ملتا تو صبر کرتا ہے فیصلہ کرتا ہے تو

besturdubooks.wordpress.com

انصاف کا کرتا ہے بات کہتا ہے تو سچی کہتا ہے اس کا دل ایسا چراغ ہوتا ہے جو آگ چھو جانے کے بغیر بھی ایسا معلوم ہوتا ہے کہ روشن ہو جانے کے قریب ہے یعنی ظہور حق سے پہلے ہی اس کو معرفت حق حاصل ہو جاتی ہے کیونکہ اس کا دل فطری طور پر حق پرست ہے، وہ نور بالائے نور ہوتا ہے اس کا قول ایک نور ہوتا ہے اس کا علم ایک نور ہوتا ہے اس کا آنا نور اور جانا نور ہوتا ہے اور قیامت کے دن وہ نور ہی کی طرف جائے گا۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ کا قول:

حضرت ابن عباس نے فرمایا یہ اللہ کے نور کی مثال ہے جو مومن کے دل میں ہوتا ہے مومن کا دل فطرتاً ہدایت پر عمل کرتا ہے جب اس کو (شریعت کے ذریعہ سے) علم حاصل ہو جاتا ہے تو اس کی ہدایت میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے نور بالائے نور ہو جاتا ہے۔

صوفی کا دل:

میں کہتا ہوں صوفی کا دل حق بات، حق عمل اور حق اعتقاد کی وجہ سے کھل جاتا ہے حق کو قبول کرتا ہے اور باطل کو قبول کرنے سے انکار کرتا ہے، باطل سے اس میں انقباض ہو جاتا ہے، اسی لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا کہ اپنے دل سے (مشتبہ امور میں) فتویٰ طلب کرو۔ اگرچہ مفتیوں نے تم کو فتویٰ دے دیا رواہ البخاری فی التاریخ بسند حسن۔ جب مومن کے دل میں کتاب اللہ اور سنتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا علم آ جاتا ہے تو اس کے اندر یقین وہدایت کا نور اور بڑھ جاتا ہے۔ ''نور علیٰ نور'' کی تشریح میں کلبی نے کہا یعنی مومن کا ایمان اور اس کا عمل، سدی نے کہا نور ایمان اور نور قرآن۔

حسن اور ابن زید کا قول:

حسن اور ابن زید نے کہا یہ قرآن کی مثال ہے مصباح قرآن ہے جس طرح چراغ سے روشنی حاصل کی جاتی ہے اسی طرح قرآن سے ہدایت حاصل کی جاتی ہے۔ زجاجہ مومن کا دل ہے مشکوٰۃ اس کا منہ اور زبان ہے، مبارک درخت وحی کا درخت ہے، زیت سے مراد ہے قرآنی دلائل، تیل کے روشن ہو جانے سے مراد ہے حجتِ قرآن کا واضح ہو جانا خواہ اس کو پڑھا نہ گیا ہو، یعنی نزولِ قرآن سے پہلے اللہ نے مخلوق کی ہدایت کی نشانیاں اور دلائل قائم فرما دی تھیں پھر جب قرآن نازل ہوا تو نور بالائے نور ہو گیا، نور فطرت میں نور قرآن کا اضافہ ہو گیا۔

بعض علماء کا قول:

بعض علماء نے کہا یہ حقیقت میں اس ہدایت کی تمثیل ہے جو واضح آیات کے مفہوم کے اندر موجود ہے اور اس ہدایت کا ظہور مشکوٰۃ ہے یا یوں کہا جائے کہ لوگوں کے اوہام وخیالات کی تاریکیاں ہدایت کو گھیرے رہتی ہیں پس یہ ہدایت چراغ کی طرح ہے جس کو ہر طرف سے ظلمت گھیرے ہوتی ہے (اور وہ بیچ میں جگمگاتا رہتا ہے)

انسان کی پانچ علمی ادراکی قوتیں:

یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ اللہ نے انسان کو پانچ علمی ادراکی قوتیں عطا فرمائی ہیں جن سے انسانی معاش ومعاد وابستہ ہے۔

(۱) حسی قوت (یعنی حس مشترک) جس کے ذریعہ سے دماغ ان چیزوں کو جان لیتا ہے جو ظاہری پانچوں حواس کے ذریعہ سے محسوس ہوتی ہیں۔

(۲) خیال کی قوت یہ طاقت احساسی قوت کے معلومات کا خزانہ ہے محسوسات کی جو صورتیں حسی قوت میں آتی ہیں ان کو یہ اپنے اندر جمع رکھتی ہے تاکہ ضرورت کے وقت قوتِ عقلیہ کے سامنے لا سکے۔

(۳) قوتِ عاقلہ جو صرف کلی حقائق کا ادراک کرتی ہے (جزئی صورتوں سے حقائق کلیہ کا تجرد اور استنباط کر لیتی ہے)

(۴) فکری قوت یعنی قوتِ متفکرہ جو معلومات کو ترتیب دے کر نامعلوم چیزوں کا علم حاصل کرتی ہے اس کا کام دلائل کو جوڑنا اور معلومات کو ترتیب دینا ہے۔

(۵) قوتِ قدسیہ یہ قوت انبیاء اور اولیاء کے ساتھ مخصوص ہے اسرار ملکوت اور انوار غیب کا اس کے ذریعہ سے انکشاف ہوتا ہے آیت وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا میں یہی قوت مراد ہے۔

آیتِ زیرِ تفسیر میں یہی پانچوں قوتیں مشکوٰۃ، زجاجہ، مصباح، شجرہ اور زیت سے مراد ہیں۔

حسی قوت، مشکوٰۃ کی طرح ہے گویا یہ ایک کھڑکی یا روشندان ہے جس کا رُخ باہر کی طرف کو ہے اور صرف محسوسات خارجیہ کو جانتی ہے اپنے پیچھے کا اس کو کچھ ادراک نہیں، اس کا معقولات کے ذریعہ سے روشن ہو جانا بالذات نہیں۔

قوتِ خیالیہ، اس قارورے یا شیشے کی طرح ہے جو ہر جہتی معقولات کی صورتوں کا ادراک کرتی ہے اور انوار عقلیہ کو اپنے اندر محفوظ رکھتی اور قوتِ عاقلہ کی ضیاء پاشی سے روشن رہتی ہے۔

قوتِ عاقلہ ایک چراغ ہے جو علوم کلیہ اور معارف ربانیہ کے نور سے جگمگا رہا ہے، قوتِ متفکرہ ایک مبارک درخت ہے جس کے پھل لامحدود ہیں یہ زیتون کا درخت ہے جس سے روغن پیدا ہوتا ہے اور اسی روغن سے چراغ روشن ہوتا ہے۔ یہ درخت نہ غربی ہے نہ شرقی، کیونکہ تمام جسمانی عوارض سے پاک ہے یا یوں کہو کہ یہ درخت فکر یہ صورتوں اور معانی کے درمیان واقع ہے، دونوں سے بہرہ یاب ہوتا ہے اور دونوں میں تصرف کرتا ہے۔

قوتِ قدسیہ روغن زیتون کی طرح صاف وشفاف ہے، بغیر سوچ، بچار اور کسی سے سیکھنے کے خود ہی معارف وعلوم کی نورانیت سے جگمگا جانے کے

besturdubooks.wordpress.com

قریب ہوتی ہے۔ یہ بھی احتمال ہے کہ آیت مذکورہ میں قوتِ عقلیہ کی تمثیل ہو، ہر شخص کی قوت عقلیہ وعملیہ ہر قسم کی صورتوں سے خالی ہوتی ہے لیکن قبولِ علم کی اس میں صلاحیت واستعداد ہوتی ہے اس درجہ کو آیت میں مشکوٰۃ قرار دیا ہے (قدماء فلاسفہ حسبِ صراحت بہ ہروی وشیخ ابن سینا، قوتِ عقلیہ کے اس مرتبہ کو عقل ہیولانی کہتے ہیں)

حضرت مجددِ الف ثانیؒ کی تشریح:

حضرت مجدد الف ثانی کے کشفِ الہامی پر مبنی آیت زیرِ تفسیر کی دو تاویلیں اور بھی ہیں جن کو ہم اس جگہ بیان کرنا چاہتے ہیں۔ (۱) اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یعنی آسمان وزمین کو موجود کرنے والا اور پردہ عدم سے میدان خارجی میں لانے والا ہے اور یہ وجود خارجی مثل ظل اور سایہ کے ہے۔

مَثَلُ نُوْرِهٖ. نور سے مراد ہے وجود عظمت نور کو ظاہر کرنے کے لئے اپنی ذات کی طرف نور کی نسبت کی جیسے بیت اللہ (خانہ خدا) اور ناقۃ اللہ (اللہ کی براہِ راست پیدا کی ہوئی متبرک اونٹنی) کہا جاتا ہے یا یوں کہاں جائے کہ ماہیاتِ ممکنات پر وجودِ خداوندی پرتو انداز اور سایہ افگن ہے جیسے چاند اور سورج کے مقابل جو خطہ زمین آ جاتا ہے اس پر چاند اور سورج کا نور عکس ریز ہوتا ہے۔

كَمِشْكٰوةٍ یعنی جیسے مشکوٰۃ (طاقچہ، چراغ دان) کی روشنی، مضاف محذوف ہے۔

فِيْهَا مِصْبَاحٌ یعنی مشکوٰۃ کے اندر چراغ روشن ہے اور چراغ کی روشنی سے مشکوٰۃ پرنور ہو رہا ہے اسی طرح اللہ کی صفات واسماء کے چراغ سے تمام ممکنات کی حقیقتیں نورِ وجود حاصل کر رہی ہیں۔

اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ یعنی چراغ کی نور پاشی بدرجہ کمال ہے، حضرت مجدد نے فرمایا انبیاء اور اولیاء کو چھوڑ کر باقی تمام ممکنات کے مبادیٔ تعین اللہ کی صفات نہیں بلکہ صفات کا پرتو اور ظل مبدءِ تعین ہے اس کی توضیح یہ ہے کہ اللہ اپنی صفاتِ کمال کو بھی جانتا ہے اور ان صفات کے نقائض کو بھی یعنی وہ اپنی صفاتِ ثبوتیہ کا بھی علم رکھتا ہے اور صفاتِ سلبیہ تنزیہیہ کا بھی۔ جیسے موت نقیضِ حیات ہے جہالت نقیضِ علم ہی کمزوری اور عجز قدرت کی نقیض ہے۔ بہرا ہونا سننے کی نقیض ہے نابینا ہونا بینا ہونے کی نقیض گونگا ہونا کلام کی نقیض ہے، مجبور ہونا بااختیار ہونے کی نقیض ہے اور تعطل تکوین کی نقیض ہے۔

جب اللہ کی صفاتِ ثبوتیہ اور سلبیہ مرتبہ علم میں جمع ہو جاتی ہیں تو نقائض کی تصویریں صفاتِ سلبیہ کے ساتھ آمیختہ ہو جاتی ہیں ان مخلوقات کی حقیقت عدم ہوتی ہے اور سلب صفات ان کے عوارض ہوتے ہیں یعنی یہ صفاتِ سلبیہ اور تنزیہیہ ہوتی ہیں۔ صوفیا کی اصطلاح میں انہی مخلوقات کو ظلِ صفات کہتے انہی کو اعیانِ ثابتہ کہا جاتا ہے یہی ممکنات اور حقائق ممکنات کے مبادیٔ تعین ہوتے ہیں یہی حقائق امکانیہ کی مربی (تعین کرنے والی) ہوتی ہیں اصل صفات کی تشبیہ روشن چراغ سے دی جاسکتی ہے اور ظلالِ صفات کو شیشہ کہہ سکتے ہیں اور ماہیات امکانیہ کے وجود وظہور کو مشکوٰۃ قرار دیا جاسکتا ہے، چراغ کی روشنی سے شیشہ اور قارورہ روشن ہو جاتا ہے، مصباح کے نور سے شیشہ جگمگا جاتا ہے۔

مسلم نے حضرت ابوموسیٰ اشعری کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، نور اللہ (کے چہرہ) کا نقاب ہے اگر وہ اس نقاب کو کھول دے تو اس چہرے کے چمکارے (شعاعیں) وہاں تک ساری مخلوق کو جلا کر سوختہ کر دیں جہاں تک اس کی نظر پہنچے۔ شاید اس حدیث میں نور سے مراد مرتبہ ظلال ہے اور انوار وجہ سے مراد ہیں صفات۔

بات یہ ہے کہ عام ممکنات کی ماہیات اپنی استعداد کی کمزوری سے براہِ راست ظلال کی وساطت کے بغیر صفات سے نورِ وجود کو حاصل نہیں کر سکتیں۔ اگر ظلال صفات کا توسط نہ ہو تو عام ممکنات معدوم ہو جائیں البتہ انبیاء واولیاء اپنی استعداد وصلاحیت کی قوت کی وجہ سے براہِ راست صفات سے بہرہ اندوز ہو سکتے ہیں۔

اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ یعنی نورِ مصباح سے شیشہ روشن اور چمکیلا ہو جاتا ہے شیشہ کو دیکھ کر دھوکا ہو جاتا ہے کہ یہی مصباح ہے دیکھنے والے شیشہ (یعنی فانوس) اور چراغ میں امتیاز نہیں کر پاتے کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے۔

رَقَّ الزُّجَاجُ وَرَقَّتِ الْخَمْرُ فتشابها وَتَشَاكَلَ الْاَمْرُ

(ترجمہ) شیشہ بھی شفاف ہے اور شراب بھی شفاف ہے، دونوں ہم شکل ہیں۔

فَكَاَنَّمَا خَمْرٌ وَلَا زُجَاجٌ وَكَاَنَّمَا زُجَاجٌ وَلَا خَمْرٌ

(ترجمہ) ایسا معلوم ہوتا ہے کہ صرف شراب ہے شیشہ نہیں ہے اور یہ بھی محسوس ہوتا ہے کہ صرف شیشہ ہے شراب نہیں ہے۔

ظلال وصفات میں چونکہ اتنا اشتباہ ہے کہ دونوں میں امتیاز کرنا بہت مشکل ہے اسی لئے عارفوں کا ایک گروہ یعنی وہ صوفی جو وحدۃ الوجود کے قائل ہیں نظری فریب میں مبتلا ہو گئے۔ ظلال کو صفات سمجھ بیٹھے دونوں مرتبوں کا فرق نہ سمجھ سکے اور صفات کو عین ذات کہنے لگے اور خیال کرنے لگے کہ ممکنات کی ماہیات میں جو حقیقت جلوہ انداز ہے وہ ان ممکنات کی عین ہے نور پذیر اور نور افگن ایک ہی چیز کے دو نام ہیں اسی غلط فہمی کی بنیاد پر وہ پکار اٹھے، لیس فی الکون الا اللّٰہ عالم وجود میں سوائے اللہ کے اور کچھ نہیں۔ ایک عارف نے کہا۔ لَيْسَ فِيْ جُبَّتِيْ سِوَى اللّٰهِ میرے جبہ کے اندر سوائے اللہ کے اور کوئی نہیں، ایک وجودی شاعر کا قول ہے۔

لَا مُلْكُ سُلَيْمَانَ وَلَا بلقيس وَلَا اٰدَمُ فِى الكون ولا ابليس

besturdubooks.wordpress.com

(ترجمہ) عالم وجود میں نہ ملک سلیمان ہے نہ بلقیس نہ آدمی نہ ابلیس۔

والکل صُوَرٌ وانتَ المعنیٰ یامَنْ هُوَ لِلقلوبِ مقناطیس

(ترجمہ) اے وہ ذات جو دلوں کو اپنی طرف کھینچنے کے لئے مقناطیس ہے حقیقت تو ہی ہے اور باقی سارا جہان محض صورتیں، مورتیں ہیں۔

یہ ساری خرافات سکر اور فریفتگی عشق کا نتیجہ ہیں یہ لوگ جلوہ آفریں اور جلوہ پذیر میں فرق نہ کر سکے۔

ذات اور صفات:

شیخ مجدد نے فرمایا صفات ضرور ذات سے زائد ہیں اور خارج (یعنی نفس الامر) میں ان کا وجود ہے نصوص قرآنی اور صراحت احادیث سے یہی ثابت ہے لیکن ذات فی نفسہا ترتب آثار میں صفات کی محتاج نہیں ہے (یعنی تنہا ذات بغیر صفات کے اظہار آثار کے لئے کافی ہے) اگر ہم ساری صفات کا عدم فرض کرلیں تب بھی آثار کا ظہور ذات سے ضرور ہوگا۔ مثلاً اگر سننے اور دیکھنے کی صفت ذات میں نہ مانی جائے تب بھی تنہا ذات ان آثار کے اظہار کے لئے کافی ہے جو شنوائی اور بینائی کی صفات پر مرتب ہوتے ہیں۔ شنوائی کے آثار اگر (بغیر صفت سمع کے) تنہا ذات سے ظاہر ہوں تو اس وقت اس کو شان سمع کہا جائے گا اسی طرح بصارت کے آثار بغیر صفت بصارت کے ذات سے ظاہر ہو سکتے ہیں اس لئے اس کو شان بصارت کہا جائے گا۔

نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ یعنی ایک تو چراغ کا نور ہے جو شیشے اور مشکوٰۃ کو روشن کر رہا ہے دوسرا درخت زیتون کے روغن کا نور ہے جیسے ایک نور صفات ہے جس سے آثار کا ظہور ماہیات کی نور اندوزی اور ممکنات کی ایجاد وابستہ ہے دوسرا نور شیون ذات کا ہے اس طرح نور بالائے نور ہے۔

یَهْدِی اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ یَّشَآءُ یعنی جس شخص کو چاہتا ہے اللہ اپنا نور معرفت عطا فرماتا ہے اس کی معرفت کا نور خاص خاص عارف ہی حاصل کرتے ہیں۔

ایجادِ اشیاء: اس توجیہ پر اس آیت میں ایجاد اشیاء کی طرف اشارہ ہوگا وجود خارجی وظلی کے میدان میں پردۂ عدم سے نکل کر آنا مراد ہوگا اور اس بات کا ثبوت ہوگا کہ تمام موجودات سے ذات خداوندی انتہائی قریب ہے۔

سورۂ قاف کی آیت نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ کی تفسیر میں ہم نے اقربیت ذات کی مفصل تشریح کر دی ہے۔

(۲) دوسری تاویل جو سلف سے مروی ہے حسب ذیل ہے

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یعنی آسمان و زمین کے رہنے والوں کو اللہ اپنی معرفت کا راستہ بتانے والا ہے پس تمام اہل ارض و سماء اسی کے نور کے ذریعہ سے ذات و صفات کی معرفت کا راستہ پاتے اور مراتب قرب تک ترقی کرتے جاتے ہیں آیت قریبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِیْنَ اور آیت اَللّٰهُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ میں در پردہ اسی نور کو بیان کیا ہے۔ ایک حدیث قدسی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ فرماتا ہے کہ میرا بندہ نوافل کے ذریعہ سے میرا قرب حاصل کرتا جاتا ہے، بالآخر میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں، پھر جب میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں تو اس کے کان بن جاتا ہوں جن سے وہ سنتا ہے۔ الحدیث۔ اسی قرب کا نام ولایت خاصہ ہے۔

مؤمن کے دل میں نور کی مثال:

مَثَلُ نُوْرِهٖ کَمِشْکٰوةٍ فِیْهَا مِصْبَاحٌ یعنی مومن کے دل میں اس کے نور کی مثال ایسی ہے جیسے مشکوٰۃ کا نور جس کے اندر چراغ روشن ہو۔ پس مومن کا دل ایک مشکوٰۃ ہے جس کے اندر صفات الٰہی کی جلوہ پاشی ہو رہی ہے او رصفات خداوندی مثل روشن چراغ کے ہیں۔ اور یہ چراغ زیتون کے ایک بابرکت درخت (کے تیل) سے روشن ہے اور درخت بھی وہ ہے جو شرقی ہے نہ غربی، یعنی صفات الٰہیہ ذات الٰہی سے پھوٹ رہی ہیں اور ذات کے اندر شیون ذاتیہ اور اعتبارات ان صفات کے لئے سرچشمہ ہیں۔

اولیاء کی نور چینی:

اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَةٍ اَلزُّجَاجَةُ کَاَنَّهَا کَوْکَبٌ دُرِّیٌّ اس آیت میں اشارہ ہے اس امر کی طرف کہ اولیاء عموماً براہ راست صفات الٰہیہ سے پرتو اندوز نہیں ہو سکتے، ان کی نور چینی ظلال کی وساطت پر موقوف ہے ظلال کے پردے کے پیچھے صفات ہیں جو ظلال پر پرتو افگن ہیں یعنی صفات کی اور ظلال کی نور پاشی اولیاء پر ہوتی ہے۔ (تفسیر مظہری)

(۱) ظہور (۲) بطون۔ ظہوری حیثیت تو یہ ہے کہ وہ ذات الٰہی کے ساتھ قائم ہیں۔ یہی ظہور صفات ولایت کبریٰ یعنی ولایت انبیاء ہے اور بطون کی حیثیت کا نام ولایت عُلیا یعنی ولایت ملائکہ ہے۔

انبیاء کے بعد صدیقین کا مرتبہ ہے صدیقین صحابہ کے متعلق فرمایا ہے، ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِیْنَ اور صحابہ کے بعد دوسرے صدیقوں کے متعلق فرمایا، وَقَلِیْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِیْنَ صدیق مرتبہ صفات و شیون سے ترقی کر کے مرتبۂ ذات تک پہنچتے ہیں۔ صفات و شیون کے حجاب کے بغیر خالص ذات ان پر جلوہ پاش ہو جاتی ہے آیت میں آخری دونوں فریقوں کے متعلق کوئی اشارہ نہیں ہے البتہ نور علی نور سے اولیاء کے مراتب وصول کے اختلاف کی طرف اشارہ ہو سکتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اس مقام پر ایک نور دوسرے نور سے اوپر ہے درجۂ نورانیت میں بڑا تفاوت ہے۔

تاریکی کے بعد نور:

یَهْدِی اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ یَّشَآءُ اللہ اپنے نور کے ذریعہ سے جس کو چاہتا

besturdubooks.wordpress.com

ہے ہدایت یاب کر دیتا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمرو کا بیان ہے میں نے خود سُنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے کہ اللہ نے اپنی مخلوق کو تاریکی میں پیدا کیا پھر اس پر اپنے نور کا کچھ حصہ (پرتو) ڈالا، پس جس شخص نے اس نور کا کچھ حصہ پالیا وہ ہدایت یاب ہو گیا اور جس نے نور کا حصہ نہ پایا وہ گمراہ ہو گیا اسی لئے میں کہتا ہوں کہ اللہ کے علم پر قلم خشک ہو گیا۔ رواہ احمد والترمذی۔

نور پڑنے اور پہونچنے کی صورت یہ ہے کہ جس ذات گرامی کو اللہ نے رحمتِ عالم بنا کر بھیجا اور اس کے سینے کو کھول دیا اور اس کے دل کے اندر نور حکمت اور ایمان کو بھر دیا، اس کی پیروی کی جائے اس کے چمکتے ہوئے نور کا کوئی چکارا چن لیا جائے اپنے دل کو اس رحمتِ عالم کے دل کا آئینہ بنا دیا جائے تاکہ اپنا دل بھی بقدرِ نور چینی روشن ہو جائے۔ آدمی تین طرح کے ہیں ایک وہ گروہ ہے جس نے صورت ایمان حاصل کر لی، دنیا میں کفر سے اور آخرت میں دوزخ سے نجات پالی، دوسرا وہ گروہ ہے جس نے حقیقت پالی حقیقتِ ایمان پانے والوں کے درجات مختلف ہیں۔ تیسرا وہ طبقہ ہے جس نے نور ایمان قطعاً حاصل نہیں کیا، صحیح راستہ سے محروم رہا، اور ادھر اُدھر بھٹکتا رہا۔ یہ گروہ اہلِ ضلالت کا ہے۔

نور کے برتن:

حضرت ابوعنبہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، زمین والوں میں اللہ (کے نور) کے کچھ ظروف ہیں، یعنی اللہ کے نیک بندوں کے دل، جو دل سب سے زیادہ نرم اور بہت زیادہ پسیجنے والے ہیں، اللہ کو وہ سب سے زیادہ پیارے ہیں۔ رواہ الطبرانی

قرآنی تمثیلات:

وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ" اور لوگوں کے فائدے کے لئے اللہ مثالیں بیان کرتا ہے، یعنی وہ عقلی معانی جن کو آدمی حواس کے ذریعہ سے نہیں سمجھتا ان کو سمجھانے کے لئے اللہ محسوس مثالیں دیتا ہے تاکہ غیر محسوس امور کا انسان کو علم ہو جائے، آیت کا یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ اللہ اپنے اولیاء کو عالمِ مثال میں ان چیزوں کی تصویریں دکھا دیتا ہے جن کی (عالم محسوسات و معقولات میں) کوئی تصویر نہیں اور اس کی غرض یہ ہوتی ہے کہ حق بالکل نمایاں ہو کر ان کے سامنے آ جائے اور وہ حقیقت کی صورت دیکھ لیں۔ بات یہ ہے کہ اللہ سے بندے کا قریب ہونا تو قرآن اور حدیث سے ثابت ہے، نوافل کے ذریعہ سے بندہ اللہ کا قرب حاصل کرتا رہتا ہے لیکن یہ قرب جسمانی نہیں، مادی نہیں، بے کیف ہے اس کی کیفیت نہیں بیان کی جا سکتی۔ نہ حواس ظاہری و باطنی سے اس کا احساس کیا جا سکتا ہے نہ عقل نارسا کی علمی رسائی وہاں تک ہے۔ نہ علم حصولی کا اس سے تعلق ہے نہ اس کا علم حضوری ہو سکتا ہے بلکہ عقلی اور حسی علم کے علاوہ براہِ راست اللہ کی طرف اس کا فیضان ہوتا ہے اسی علم کو بطور کنایہ بیان کیا گیا ہے اس حدیث قدسی میں جس میں اللہ کا یہ ارشاد نقل فرمایا ہے حتی کنت سمعه الذی یسمع به (میں اس کے کان بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے) علمِ وجدانی کے حصول کا براہِ راست فیضان کے علاوہ ایک اور ذریعہ بھی ہوتا ہے، عالمِ مثال میں ان تمام حقائق ومعانی کی صورتیں اور جسمانی شکلیں موجود ہیں جن کی اس عالم جسمانی میں کوئی شکل نہیں (مثلاً عداوت، محبت، صداقت، علم، ایمان، جہالت وغیرہ ایسے معانی ہیں جن کی کوئی شکل اس عالم میں موجود نہیں، ہاں ان معانی کے مظاہر موجود ہیں) صوفی عالم مثال میں ظلال کا دائرہ دیکھتا ہے اور صفات کا دائرہ بھی اس کو نظر آتا ہے اور جتنا نوافل کو انابت اور رجوع الی اللہ کے زینے پر آگے بڑھاتا ہے اس کو اپنی ذات دائرۂ ظلال کی طرف بڑھتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ آخر دائرۂ ظلال میں اس کی ذات مخلوط ہو کر گم ہو جاتی ہے۔ اور دائرے کے رنگ میں ڈوب جاتی ہے اس کے آگے دائرہ صفات کی طرف اس کی سیر شروع ہوتی ہے اور جب حدودِ صفات تک اس کی رسائی ہو جاتی ہے تو اس وقت وہ اپنی انفرادی ہستی کھو دیتا ہے اور صفات کے رنگ میں رنگ جاتا ہے۔

حقیقت میں وہاں کوئی رنگ نہیں ہوتا (رنگ تو عرض کی قسم ہے اور مقولۂ کیف سے ہے وہاں تو کوئی کیفیت نہیں) لیکن سمجھانے کے لئے کوئی لفظ نہیں۔ زبان اس حالت کو بیان کرنے سے قاصر ہے اس لئے رنگ کا لفظ استعمال کیا گیا، اللہ نے فرمایا ہے سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِي الْاٰفَاقِ وَفِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ ہم ان کو انفسی اور آفاقی نشانیاں دکھاتے ہیں تاکہ ان کو کامل انکشاف ہو جائے کہ اللہ ہی حق ہے (اور اللہ کے سوا ہر چیز باطل اور بے حقیقت) وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ اور اللہ ہر چیز سے بخوبی واقف ہے۔ یہ جملہ حالیہ ہے (یعنی ایسا نہیں کہ بغیر علم کے اللہ مثالیں بیان کرتا ہے۔ نہیں ایسا نہیں۔ بلکہ بخوبی کامل علم کی حالت میں اللہ بیان فرماتا ہے)۔ (تفسیر مظہری)

فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ
اُن گھروں میں کہ اللہ نے حکم دیا اُن کو بلند کرنے کا

مسجدوں کی تعمیر وتعظیم:

اُن کی تعظیم وتطہیر کا حکم دیا یعنی اُن کی خبر گیری کی جائے اور ہر قسم کی گندگی اور لغو افعال واقوال سے پاک رکھا جائے۔ مساجد کی تعظیم میں یہ بھی داخل ہے کہ وہاں پہنچ کر دو رکعت تحیۃ المسجد پڑھے۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ ان گھروں میں جن کو بنانے کا اللہ نے حکم دیا ہے بیوت سے مراد ہیں مسجدیں۔ سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس کا قول نقل کیا ہے کہ مسجدیں زمین پر اللہ کے گھر ہیں یہ آسمان والوں کی نظر میں ایسی چمکیلی دکھائی دیتی ہیں جیسے زمین والوں کے لئے ستارے۔ مسجدیں بلند کرنے سے مراد ہے مسجدوں کا بنایا جانا، کذا قال مجاہد۔ رفع بمعنی تعمیر آیت وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَاِسْمٰعِيْلُ میں بھی آیا ہے (جب ابراہیم بیت اللہ کی دیواریں اٹھا رہے تھے، یعنی بنا رہے تھے) اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو اللہ کے (ذکر) کے لئے مسجد بنائے گا اللہ جنت کے اندر اس کے لئے گھر بنا دے گا۔ (متفق علیہ من حدیث عثمان)

حسن نے کہا آیت اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ کا مطلب یہ ہے کہ اللہ نے حکم دیا ہے کہ اس کے گھر کی تعظیم کی جائے، یعنی اس میں بیہودہ بُری باتیں نہ کی جائیں، آیت اَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ میں پاک رکھنے سے مراد بھی یہی ہے کہ اس میں بُری باتیں نہ کی جائیں۔

پیغمبروں کی بنائی ہوئی مسجدیں:

بغوی نے بروایتِ صالح بن حبان بریدہ کا قول نقل کیا ہے کہ یہ صرف چار مسجدیں ہیں جن کو پیغمبروں نے بنایا تھا کعبہ کو حضرت ابراہیم و حضرت اسمٰعیل نے بنایا، بیت المقدس کو حضرت داؤد و حضرت سلیمان نے بنایا، مسجد مدینہ اور مسجد قبا کو، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنایا، مسجد قبا وہی مسجد ہے جس کی بنیاد اول دن سے ہی تقویٰ پر رکھی گئی تھی۔

میں کہتا ہوں یہ مسجدیں گو بڑی فضیلت رکھتی ہیں لیکن انہی کو خاص طور پر مراد قرار دینے کی کوئی دلیل نہیں۔ اس لئے زیادہ مناسب یہ ہے کہ فی بیوت کو یہدی اللہ لنورہ سے وابستہ قرار دیا جائے اکثر ہدایتِ الٰہیہ مسجدوں کے اندر اعتکاف کرنے والوں اور نماز ادا کرنے والوں کو حاصل ہوتی ہے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نماز مومن کی معراج ہے۔ یہ بھی ارشاد فرمایا، بندہ اپنے رب سے بہت زیادہ قریب سجدہ کی حالت میں ہوتا ہے لہٰذا تم (سجدہ میں) دعا بہت کیا کرو۔ رواہ مسلم وابوداؤد والنسائی عن ابی ہریرۃؓ۔ (تفسیر مظہری)

اللہ کی محبت کا راستہ:

جمہور مفسرین کے نزدیک ان بُیوت سے مراد مساجد ہیں۔

مساجد اللہ کے گھر ہیں ان کی تعظیم واجب ہے

قرطبی نے اسی کو ترجیح دی اور استدلال میں حضرت انسؓ کی یہ حدیث پیش کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا،

جو شخص اللہ تعالیٰ سے محبت رکھنا چاہتا ہے اس کو چاہیئے کہ مجھ سے محبت کرے۔ اور جو مجھ سے محبت رکھنا چاہے اس کو چاہیئے کہ میرے صحابہ سے محبت کرے۔ اور جو صحابہ سے محبت رکھنا چاہے اس کو چاہیئے کہ قرآن سے محبت کرے۔ اور جو قرآن سے محبت رکھنا چاہے اس کو چاہیئے کہ مسجدوں سے محبت کرے کیونکہ وہ اللہ کے گھر ہیں، اللہ نے اُن کی تعظیم کا حکم دیا ہے اور ان میں برکت رکھی ہے وہ بھی بابرکت اور ان کے رہنے والے بھی بابرکت وہ بھی اللہ کی حفاظت میں ہیں اور ان کے رہنے والے بھی حفاظت میں۔ وہ لوگ اپنی نمازوں میں مشغول ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ اُن کے کام بناتے اور حاجتیں پوری کرتے ہیں وہ مسجدوں میں ہوتے ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ اُن کے پیچھے اُن کی چیزوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ (قرطبی)

بدبو کے ساتھ مسجد میں نہ آئے:

صحیح مسلم میں حضرت فاروق اعظمؓ سے روایت ہے فرمایا کہ میں نے دیکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس شخص کے منہ سے لہسن یا پیاز کی بدبو محسوس فرماتے تھے اس کو مسجد سے نکال کر بقیع میں بھیج دیتے تھے اور فرماتے تھے کہ جس کو لہسن پیاز کھانا ہی ہو تو اس کو خوب اچھی طرح پکا کر کھائے کہ اُن کی بدبو ماری جائے۔

مسجدوں کی شان وشوکت اور زینت:

رفع مساجد کا مفہوم جمہور صحابہ وتابعین کے نزدیک یہی ہے کہ مسجدیں بنائی جائیں اور ان کو ہر بُری چیز سے پاک صاف رکھا جائے۔ بعض حضرات نے اس میں مسجدوں کی ظاہری شان وشوکت اور تعمیری بُلندی کو بھی داخل قرار دیا ہے اور استدلال کیا ہے کہ حضرت عثمان غنیؓ نے مسجد نبوی کی تعمیر اصل کی لکڑی سے شاندار بنائی تھی اور حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے مسجد نبوی میں نقش و نگار اور تعمیری خوبصورتی کا کافی اہتمام فرمایا تھا اور یہ زمانہ اجلۂ صحابہ کا تھا کسی نے اُن کے اس فعل پر انکار نہیں کیا اور بعد کے بادشاہوں نے تو مسجدوں کی تعمیرات میں بڑے اموال خرچ کئے ہیں۔ ولید بن عبدالملک نے اپنے زمانہ خلافت میں دمشق کی جامع مسجد کی تعمیر وتزیین پر پورے ملک شام کی سالانہ آمدنی سے تین گنا زیادہ مال خرچ کیا تھا اُن کی بنائی ہوئی یہ مسجد آج تک قائم ہے۔ امام اعظم ابوحنیفہؒ کے نزدیک اگر نام ونمود اور شہرت کے لئے نہ ہو اللہ کے نام اور اللہ کے گھر کی تعظیم کی نیت سے کوئی شخص مسجد کی تعمیر شاندار بلند و مستحکم خوبصورت بنائے تو کوئی ممانعت نہیں بلکہ اُمید ثواب کی ہے۔

فضائل مساجد:

ابوداؤد نے حضرت ابوامامہؓ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اپنے گھر سے وضو کر کے فرض نماز کے لئے مسجد کی طرف نکلا اُس کا ثواب اُس شخص جیسا ہے جو احرام باندھ کر گھر سے حج کے لئے نکلا ہو اور جو

besturdubooks.wordpress.com

شخص نماز اشراق کے لئے اپنے گھر سے وضو کر کے مسجد کی طرف چلا تو اس کا ثواب عمرہ کرنے والے جیسا ہے۔ اور ایک نماز کے بعد دوسری بشرطیکہ ان دونوں کے درمیان کوئی کام یا کلام نہ کرے، علیین میں لکھی جاتی ہے۔ اور حضرت بریدہؓ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو لوگ اندھیرے میں مساجد کو جاتے ہیں اُن کو قیامت کے روز مکمل نور کی بشارت سنا دیجئے۔ (رواہ مسلم)

اور صحیح مسلم میں حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مرد کی نماز جماعت کے ساتھ ادا کرنا، گھر میں یا دکان میں نماز پڑھنے کی نسبت بیس سے زائد درجہ افضل ہے اور یہ اس لئے کہ جب کوئی شخص وضو کرے اور اچھی طرح (سنت کے مطابق) وضو کرے پھر مسجد کو صرف نماز کی نیت سے چلے اور کوئی غرض نہ ہو تو ہر قدم پر اس کا مرتبہ ایک درجہ بلند ہو جاتا ہے اور ایک گناہ معاف ہو جاتا ہے یہاں تک کہ وہ مسجد میں پہنچ جائے۔ پھر جب تک جماعت کے انتظار میں بیٹھا رہے گا اس کو نماز ہی کا ثواب ملتا رہے گا اور فرشتے اس کے لئے یہ دعا کرتے رہیں گے کہ یا اللہ، اس پر رحمت نازل فرما اور اس کی مغفرت فرما، جب تک کہ وہ کسی کو ایذا نہ پہنچائے اور اس کا وضو نہ ٹوٹے۔ اور حضرت حکم بن عُمیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دنیا میں مہمانوں کی طرح رہو اور مسجدوں کو اپنا گھر بناؤ۔ (معارف القرآن)

اور ایک حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آخر زمانے میں ایسے لوگ ہوں گے جو مسجدوں میں آ کر جگہ جگہ حلقے بنا کر بیٹھ جائیں گے اور وہاں دنیا ہی کی اور اس کی محبت کی باتیں کریں گے تم ایسے لوگوں کے ساتھ نہ بیٹھو کیونکہ اللہ تعالیٰ کو ایسے مسجد میں آنے والوں کی ضرورت نہیں۔ اور حضرت سعید بن مسیبؒ نے فرمایا کہ جو شخص مسجد میں بیٹھا گویا وہ اپنے رب کی مجلس میں بیٹھا ہے اس لئے اُس کے ذمہ ہے کہ زبان سے سوائے کلمۂ خیر کے اور کوئی کلمہ نہ نکالے۔ (قرطبی)

مساجد کے پندرہ آداب:

علماء نے آدابِ مساجد میں پندرہ چیزوں کا ذکر فرمایا ہے۔ اول یہ کہ مسجد میں پہنچنے پر اگر کچھ لوگوں کو بیٹھا دیکھے تو اُن کو سلام کرے اور کوئی نہ ہو تو السلام علینا وعلیٰ عباد اللہ الصالحین کہے (لیکن یہ اُس صورت میں ہے جبکہ مسجد کے حاضرین نفلی نماز یا تلاوت و تسبیح وغیرہ میں مشغول نہ ہوں ورنہ اس کو سلام کرنا درست نہیں۔) دوسرے یہ کہ مسجد میں داخل ہو کر بیٹھنے سے پہلے دو رکعت تحیۃ المسجد کی پڑھے (یہ بھی جب ہے کہ اس وقت نماز پڑھنا مکروہ نہ ہو، مثلاً عین آفتاب کے طلوع یا غروب یا استواء نصف النہار کا وقت نہ ہو۔ ۱۲ اش) تیسرے یہ کہ مسجد میں خرید و فروخت نہ کرے۔ چوتھے یہ کہ وہاں تیر تلوار نہ نکالے۔ پانچویں یہ کہ مسجد میں اپنی گم شدہ چیز تلاش کرنے کا اعلان نہ کرے۔ چھٹے یہ کہ مسجد میں آواز بلند نہ کرے۔ ساتویں یہ کہ وہاں دنیا کی باتیں نہ کرے۔ آٹھویں یہ کہ مسجد میں بیٹھنے کی جگہ میں کسی سے جھگڑا نہ کرے۔ نویں یہ کہ جہاں صف میں پوری جگہ نہ ہو وہاں گھس کر لوگوں پر تنگی پیدا نہ کرے۔ دسویں یہ کہ کسی نماز پڑھنے والے کے آگے سے نہ گزرے۔ گیارھویں یہ کہ مسجد میں تھوکنے ناک صاف کرنے سے پرہیز کرے۔ بارھویں اپنی انگلیاں نہ چٹخائے تیرھویں یہ کہ اپنے بدن کے کسی حصہ سے کھیل نہ کرے۔ چودھویں نجاسات سے پاک صاف رہے اور کسی چھوٹے بچے یا مجنون کو ساتھ نہ لے جائے پندرھویں یہ کہ وہاں کثرت سے ذکر اللہ میں مشغول رہے۔

قرطبی نے یہ پندرہ آداب لکھنے کے بعد فرمایا ہے کہ جس نے یہ کام کر لئے اُس نے مسجد کا حق ادا کر دیا اور مسجد اس کے لئے حرز و امان کی جگہ بن گئی۔

احقر نے مساجد کے آداب و احکام ایک مستقل رسالہ بنام ''آداب المساجد'' میں جمع کر دیئے ہیں جن کو ضرورت ہو اس کا مطالعہ فرمائیں۔

وہ مکانات جو مساجد کے حکم میں ہیں:

تفسیر بحر محیط میں ابو حیان نے فرمایا کہ فی بیوت کا لفظ قرآن میں عام ہے جس طرح مساجد اس میں داخل ہیں اسی طرح وہ مکانات جو خاص تعلیم قرآن تعلیم دین یا وعظ و نصیحت یا ذکر و شغل کے لئے بنائے گئے ہوں جیسے مدارس اور خانقاہیں، وہ بھی اس حکم میں داخل ہیں اُن کا بھی ادب و احترام لازم ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَيُذْكَرَ فِيهَا اسْمُهُ
اور وہاں اُس کا نام پڑھنے کا

تسبیح و تہلیل اور تلاوت قرآن وغیرہ سب اذکار اس میں شامل ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وہ کام جو مساجد میں ناجائز ہیں:

فرمان ہے کہ جسے مسجد میں خرید و فروخت کرتے ہوئے دیکھو تو کہو کہ اللہ تو تیری تجارت میں نفع نہ دے اور جب کسی کو گم شدہ جانور مسجد میں تلاش کرتا ہوا پاؤ تو کہو کہ اللہ تعالیٰ کرے نہ ملے (ترمذی) ارشاد ہے کہ بہت سی باتیں مسجد کے لائق نہیں، مسجد کو راستہ نہ بنایا جائے۔ مسجد میں ہتھیار نہ نکالے جائیں، مسجد میں تیر کمان پر نہ لگایا جائے نہ تیر پھیلائے جائیں، نہ کچا گوشت لایا جائے نہ یہاں حد ماری جائے، نہ یہاں باتیں اور قصے کہے جائیں نہ اسے بازار بنایا جائے (ابن ماجہ) فرمان ہے کہ ہماری مسجدوں سے اپنے بچوں کو اور دیوانوں کو اور خرید و فروخت کو اور لڑائی جھگڑے کو اور بلند آواز سے بولنے کو اور حدوں کے جاری کرنے کو اور تلواروں کے ننگی کرنے کو روکو، ان

besturdubooks.wordpress.com

کے دروازوں پر وضو وغیرہ کی جگہ بناؤ اور جمعہ کے دن انہیں خوشبو سے مہکادو (ابن ماجہ) اس کی سند ضعیف ہے۔

سائب بن یزید کندیؒ فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں کھڑا تھا کہ اچانک مجھ پر کسی نے کنکر پھینکا میں نے دیکھا تو وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے مجھ سے فرمانے لگے جاؤ اُن دونوں شخصوں کو میرے پاس لاؤ جب میں آپ کے پاس انہیں لایا تو آپ نے دریافت فرمایا تم کون ہو؟ یا پوچھا کہ تم کہاں کے ہو؟ انہوں نے کہا ہم طائف کے رہنے والے ہیں۔ آپؓ نے فرمایا اگر تم یہاں کے رہنے والے ہوتے تو میں تمہیں سزا دیتا، تم مسجد نبوی میں اونچی اونچی آوازوں سے بول رہے ہو؟ (بخاری)

مسجد میں جانے کی دُعاء:

ابن ماجہ وغیرہ میں ہے کہ جب تم میں سے کوئی مسجد میں جائے تو اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیجے پھر اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ پڑھے اور جب مسجد سے نکلے تو نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیج کر اَللّٰھُمَّ اعْصِمْنِیْ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھے

عورتوں کا مسجد میں آنا:

صحیحین میں ہے کہ مسلمان عورتیں صبح کی نماز میں آتی تھیں پھر وہ اپنی چادروں میں لپٹی ہوئی چلی جاتی تھیں اور بوجہ رات کے قدرے اندھیرے کے وہ پہچانی نہیں جاتی تھیں۔ صدیقہؓ فرماتی ہیں کہ عورتوں نے یہ جونئی نئی باتیں نکالی ہیں اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان باتوں کو پالیتے تو انہیں مسجدوں میں آنے سے روک دیتے جیسے کہ بنواسرائیل کی عورتیں روک دی گئیں (بخاری ومسلم) (تفسیر ابن کثیر)

يُسَبِّحُ لَهٗ فِيْهَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ۝
یاد کرتے ہیں اُس کی وہاں صبح اور شام

نمازوں کی تاکید: یعنی تمام مناسب اوقات میں خدا کو یاد کرتے ہیں بعض مفسرین نے کہا کہ "غدو" سے صبح کی نماز مراد ہے اور "آصال" میں باقی چاروں نمازیں داخل ہیں۔ کیونکہ اصیل زوال شمس سے صبح تک کے اوقات پر بولا جاتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

بغوی نے لکھا ہے ایک روایت میں حضرت ابن عباسؓ کا قول آیا ہے کہ صبح کی تسبیح سے چاشت کی نماز مراد ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، جو شخص باوضو فرض نماز کے لئے چل کر جاتا ہے اس کا ثواب محرم حاجی کی طرح ہوتا ہے اور جو چاشت کی نماز کی غرض سے چل کر جاتا ہے اور صرف چاشت کی نماز کا ارادہ ہی اس کو کھڑا کرتا ہے اس کا ثواب عمرہ کرنے والے کے ثواب کے برابر ہوتا ہے اور (ایک) نماز کے پیچھے (دوسری) نماز علیین میں لکھی جاتی ہے۔

بغوی اور طبرانی نے حضرت ابوامامہ کی روایت سے حدیث مذکور ان الفاظ کے ساتھ بیان کی ہے جو شخص فرض نماز کے لئے پیدل چل کر گیا (اس کا یہ عمل) ایسا ہے جیسے ایک حج (کرنا) اور جو شخص نفل نماز کے لئے پیدل چل کر گیا تو یہ نماز نفل عمرہ کی طرح ہوگی۔ (تفسیر مظہری)

رِجَالٌ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ
وہ مرد کہ نہیں غافل ہوتے سودا کرنے میں اور نہ بیچنے میں اللہ کی یاد سے
وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ
اور نماز قائم رکھنے سے اور زکوۃ دینے سے

اللہ کے بندے:

یعنی معاش کے دھندے اُن کو اللہ کی یاد اور احکام الٰہیہ کی بجا آوری سے غافل نہیں کرتے۔ بڑے سے بڑا بیوپار یا معمولی خرید وفروخت کوئی چیز خدا کے ذکر سے نہیں روکتی۔ صحابہ رضی اللہ عنہم کی یہی شان تھی۔ (تفسیر عثمانی)

بعض اہل علم نے کہا کہ تجارت سے مفید لین دین مراد ہے اور اس کے بعد بیع کا خصوصی ذکر بیع کی اہمیت دکھانے کے لئے کیا گیا ہے۔

ذکر اللہ سے مراد ہے نماز پڑھنے کے لئے مسجدوں میں آنا۔ بغوی نے بروایت سالم حضرت ابن عمر کا قول نقل کیا ہے کہ میں بازار میں تھا، اتنے میں نماز کی اقامت ہوئی۔ لوگ اُٹھ کر دکانیں بند کر کے مسجد میں چلے گئے انہیں کے متعلق آیت لَا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ الخ نازل ہوئی۔

یا ذکر اللہ سے مراد ہے اللہ کی عمومی یاد اور مالک سے لو لگانا اس وقت ذکر اللہ کا لفظ عام ہوگا۔

بغوی نے لکھا ہے کہ نماز قائم کرنے سے مراد ہے مقررہ اوقات میں نماز ادا کرنا، مقررہ وقت سے نماز کو مؤخر کرنے والا نماز کو قائم کرنے والا نہیں ہوتا۔

وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ اور (فرض) زکوۃ ادا کرنے سے حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا جب ادائے زکوۃ کا وقت آجاتا ہے تو وہ زکوۃ کو روکتے نہیں فوراً ادا کر دیتے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

بازار والوں کی فضیلت:

حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے فرمایا کہ یہ آیت بازار والوں کے بارے میں نازل ہوئی ہے اور اُن کے صاحبزادے حضرت سالمؒ فرماتے ہیں کہ ایک روز حضرت عبداللہ بن عمرؓ بازار سے گزرے تو نماز کا وقت ہوگیا تھا لوگوں کو دیکھا کہ دکانیں بند کر کے مسجد کی طرف جارہے ہیں تو فرمایا کہ انہی لوگوں کے

besturdubooks.wordpress.com

بارے میں قرآن کا یہ ارشاد ہے رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَن ذِكْرِ اللَّهِ۔

عہدِ رسالت کے دُکاندار:

اور عہدِ رسالت میں دو صحابی تھے ایک تجارت کرتے تھے دوسرے صنعت وحرفت یعنی لوہار کا کام کرتے اور تلواریں بنا کر بیچتے تھے۔ پہلے صحابی کی تجارت کا حال یہ تھا کہ اگر سودا تو لنے کے وقت اذان کی آواز کان میں پڑ جاتی تو وہیں ترازو کو پٹک کر نماز کے لئے کھڑے ہو جاتے تھے۔ دوسرے بزرگ کا یہ عالم تھا کہ اگر گرم لوہے پر ہتھوڑے کی ضرب لگا رہے ہیں اور کان میں آواز اذان کی آ گئی تو اگر ہتھوڑا مونڈھے پر اُٹھائے ہوئے ہیں تو وہیں مو بیچھے ہتھوڑا ڈال کر نماز کو چل دیتے تھے اُٹھائے ہوئے ہتھوڑے کی کام لینا بھی گوارا نہ تھا۔ اُن کی مدح میں یہ آیت نازل ہوئی۔ (قرطبی)

عورتوں کی نماز گھروں میں بہتر ہے:

لفظ رجال کی تعبیر میں اس طرف اشارہ ہے کہ مساجد کی حاضری دراصل مردوں کے لئے ہے عورتوں کی نماز اُن کے گھروں میں افضل ہے۔

مسند احمد اور بیہقی میں حضرت اُم سلمہؓ کی حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خیر مساجد النساء قعر بیوتھن یعنی عورتوں کی بہترین مساجد اُن کے گھروں کے تنگ و تاریک گوشے ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

يَخَافُونَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيهِ الْقُلُوبُ وَالْأَبْصَارُ ۝

ڈرتے رہتے ہیں اُس دن سے جس میں اُلٹ جائیں گے دل اور آنکھیں

قیامت کا دن:

یعنی اس روز دل وہ باتیں سمجھ لیں گے جو ابھی تک نہ سمجھے تھے اور آنکھیں وہ ہولناک واقعات دیکھیں گی جو کبھی نہ دیکھے تھے۔ قلوب میں کبھی نجات کی توقع پیدا ہوگی۔ کبھی ہلاکت کا خوف۔ اور آنکھیں کبھی داہنے کبھی بائیں دیکھیں گی کہ دیکھئے کس طرف سے پکڑے جائیں، یا کس جانب سے اعمالنامہ ہاتھ میں دیا جائے۔

لِيَجْزِيَهُمُ اللَّهُ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا وَيَزِيدَهُم مِّن فَضْلِهِ

تاکہ بدلہ دے اُن کو اللہ اُن کے بہتر سے بہتر کاموں کا اور زیادتی دے اُن کو اپنے فضل سے

یعنی اچھے کاموں کا جو صلہ مقرر ہے وہ ملے گا۔ اور حق تعالیٰ کے فضل سے اور زیادہ دیا جائے گا جس کی تفصیل و تعیین ابھی نہیں کی جا سکتی۔

وَاللَّهُ يَرْزُقُ مَن يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

اور اللہ روزی دیتا ہے جس کو چاہے بے شمار

یعنی اس کے ہاں کیا کمی ہے اگر جنتیوں کو بے حد وحساب عنایت فرمائے تو کچھ مشکل نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَالَّذِينَ كَفَرُوا أَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍ بِقِيعَةٍ يَحْسَبُهُ

اور جو لوگ منکر ہیں اُن کے کام جیسے ریت جنگل میں پیاسا جانے اُس کو

الظَّمْآنُ مَاءً حَتَّىٰ إِذَا جَاءَهُ لَمْ يَجِدْهُ شَيْئًا

پانی یہاں تک کہ جب پہنچا اُس پر اُس کو کچھ نہ پایا

وَوَجَدَ اللَّهَ عِندَهُ فَوَفَّاهُ حِسَابَهُ ۗ وَاللَّهُ سَرِيعُ الْحِسَابِ ۝

اور اللہ کو پایا اپنے پاس پھر اس کو پورا پہنچا دیا اُس کا لکھا اور اللہ جلد لینے والا ہے حساب

فریب خوردہ لوگ:

کافر دو قسم کے ہیں ایک وہ جو اپنے زعم اور عقیدہ کے موافق کچھ اچھے کام کرتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ مرنے کے بعد کام آئیں گے۔ حالانکہ اگر کوئی کام بظاہر اچھا بھی ہو تو کفر کی شامت سے وہ عند اللہ مقبول و معتبر نہیں۔ ان فریب خوردہ کافروں کی مثال ایسی سمجھو کہ دوپہر کے وقت جنگل میں ایک پیاسے کو دور سے پانی دکھائی دیا اور وہ حقیقت میں چمکتی ہوئی ریت تھی۔ پیاسا شدت تشنگی سے بیتاب ہو کر وہاں پہنچا دیکھا تو پانی وانی کچھ نہ تھا، ہاں ہلاکت کی گھڑی سامنے کھڑی تھی اور اللہ تعالیٰ عمر بھر کا حساب لینے کے لئے موجود تھا، چنانچہ اسی اضطراب وحسرت کے وقت اللہ نے اُس کا سب حساب ایکدم میں چکا دیا۔ کیونکہ وہاں حساب کرتے کیا دیر لگتی ہے۔ ہاتھوں ہاتھ عمر بھر کی شرارتوں اور غفلتوں کا بھگتان کر دیا گیا۔ دوسرے وہ ہیں جو سر سے پاؤں تک دنیا کے مزوں میں غرق اور جہل و کفر، ظلم وعصیان کی اندھیریوں میں پڑے غوطے کھا رہے ہیں اُن کی مثال آگے بیان فرمائی۔ اُن کے پاس روشنی کی اتنی بھی چمک نہیں جتنی سراب پر دھوکہ کھانے والے کو نظر آتی تھی۔ یہ لوگ خالص اندھیریوں اور تہ بہ تہ ظلمات میں بند ہیں کسی طرف سے روشنی کی شعاع اپنے تک نہیں پہنچنے دیتے۔ نعوذ باللہ منہا۔

أَوْ كَظُلُمَاتٍ فِي بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَغْشَاهُ مَوْجٌ مِّن فَوْقِهِ مَوْجٌ

یا جیسے اندھیرے گہرے دریا میں چڑھی آتی ہے اُس پر ایک لہر اُس پر ایک لہر

مِّن فَوْقِهِ سَحَابٌ ۚ ظُلُمَاتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ

اُس کے اوپر بادل اندھیرے ہیں ایک پر ایک

تاریکی میں ڈوبے ہوئے (کافر)

یعنی سمندر کی تہ میں خود دریا کا اندھیرا، اُس پر طوفانی لہریں جو ایک پر ایک

besturdubooks.wordpress.com

چڑھی آتی ہے۔ پھر سب کے اُوپر گھنا بادل کا اندھیرا، اور رات کا وقت فرض کیا جائے تو ان اندھیریوں میں اور اضافہ ہو جائے گا۔ (تفسیر عثمانی)

اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ۭ
جب نکالے اپنا ہاتھ لگتا نہیں کہ اُس کو وہ سوجھے

یعنی اپنا ہاتھ اُٹھا کر آنکھوں سے قریب کرے دیکھے تو اندھیرے کی وجہ سے نظر نہ آئے جس کو ہمارے یہاں کہتے ہیں کہ ہاتھ کو ہاتھ نہیں پہچانتا۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ۝۴۰
اور جس کو اللہ نے نہ دی روشنی اُس کے واسطے کہیں نہیں روشنی

اُوپر مومنین کے ذکر میں جو يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ فرمایا تھا یہ جملہ اس کے مقابل ہوا یعنی جس کو خدا تعالیٰ نور توفیق نہ دے اُسے اور کون روشنی پہنچا سکتا ہے۔ ان کی استعداد خراب تھی توفیق نہ ملی۔ اور دریا کی تہ میں گر کر انہوں نے سب دروازے روشنی کے اپنے اوپر بند کر لئے۔ پھر نور آئے تو کدھر سے آئے۔ (تفسیر عثمانی)

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِي
کیا تو نے نہ دیکھا کہ اللہ کی یاد کرتے ہیں جو کوئی ہیں
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالطَّيْرُ صٰۗفّٰتٍ ۭ
آسمان و زمین میں اور اڑتے جانور پر کھولے ہوئے

پرندے قدرت کی نشانی ہیں:

شاید اُڑتے جانوروں کا علیحدہ ذکر اس لئے کیا کہ وہ اُس وقت آسمان و زمین کے بیچ میں معلق ہوتے ہیں۔۔ اور ان کا اس طرح ہوا میں اُڑتے رہنا قدرت کی بڑی نشانی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ ۭ
ہر ایک نے جان رکھی ہے اپنی طرح کی بندگی اور یاد

ہر مخلوق اپنا وظیفہ پورا کر رہی ہے:

یعنی حق تعالیٰ نے ہر ایک چیز کو اُس کے حال کے مناسب جو طریقہ انابت و بندگی اور تسبیح خوانی کا الہام فرمایا اُس کو سمجھ کر وہ اپنا وظیفہ ادا کرتی رہتی ہے لیکن افسوس و تعجب کا مقام ہے کہ بہت سے انسان کہلانے والے غفلت اور ظلمت جہالت میں پھنس کر مالک حقیقی کی یاد اور ادائے عبودیت سے بے بہرہ ہیں۔

(تنبیہ) مخلوقات کی تسبیح کے متعلق پندرھویں پارہ میں ربع کے قریب کچھ مضمون گزر چکا۔ وہاں دیکھ لیا جائے۔ ایک حدیث میں ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام نے اپنے بیٹوں کو تسبیح کی وصیت کی اور فرمایا۔ "وانها لصلوة الخلق" (یہی باقی مخلوق کی نماز ہے) (تفسیر عثمانی)

زمخشری اور دوسرے مفسرین نے فرمایا کہ اس میں بھی کوئی بُعد نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہر ایک چیز کے اندر اتنا فہم و شعور رکھا ہو جس سے وہ اپنے خالق و مالک کو پہچانے اور اس میں بھی کوئی بُعد نہیں کہ ان کو کسی خاص قسم کی گویائی عطا فرمائی ہو اور خاص قسم کی تسبیح و عبادت اُن کو سکھا دی ہو جس میں وہ مشغول رہتے ہوں آخری جملے كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ میں اس مضمون کی طرف اشارہ پایا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی تسبیح اور نماز میں ساری مخلوق لگی ہوئی ہے مگر ہر ایک کی نماز اور تسبیح کا طریقہ اور صورت مختلف ہے۔ فرشتوں کا اور طریقہ، انسان کا دوسرا، اور نباتات کسی اور طرح سے عبادت نماز و تسبیح ادا کرتے ہیں جمادات کسی اور طریق سے قرآن کریم کی ایک دوسری آیت سے بھی اسی مضمون کی تائید ہوتی ہے جس میں ارشاد ہے اَعْطٰى كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰى، یعنی اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کو پیدا کیا پھر اس کو ہدایت دی۔ وہ ہدایت یہی ہے کہ وہ ہر وقت حق تعالیٰ کی اطاعت میں لگی ہوئی اپنی مفوضہ ڈیوٹی کو پورا کر رہی ہے۔

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ۝۴۱
اور اللہ کو معلوم ہے جو کچھ کرتے ہیں

یعنی اُن کی بندگی اور تسبیح کو خواہ تم نہ سمجھو لیکن حق تعالیٰ کو سب معلوم ہے کہ کون کیا کرتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ۝۴۲
اور اللہ کی حکومت ہے آسمان اور زمین میں اور اللہ ہی تک پھر جانا ہے

اللہ کی حکومت سب پر محیط ہے:

یعنی جیسے اُس کا علم سب کو محیط ہے، اس کی حکومت بھی تمام علویات و سفلیات پر حاوی ہے اور سب کو آخر کار اُسی کے پاس لوٹ کر جانا ہے۔ آگے اپنے حاکمانہ اور قادرانہ تصرفات کو بیان فرماتے ہیں۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِيْ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهٗ
تو نے نہ دیکھا کہ اللہ ہانک لاتا ہے بادل کو پھر اُن کو ملا دیتا ہے
ثُمَّ يَجْعَلُهٗ رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ
پھر اُن کو رکھتا ہے تہ بر تہ پھر تو دیکھے مینہ نکلتا ہے اُس کے بیچ سے

besturdubooks.wordpress.com

نظام بادو باراں: یعنی ابتداء میں بادل کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے اُٹھتے ہیں پھر مل کر بڑا بادل بن جاتا ہے پھر بادلوں کی تہ پر تہ جمادی جاتی ہے۔

وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ جِبَالٍ فِيهَا مِنْ بَرَدٍ

اور اُتارتا ہے آسمان سے اس میں جو پہاڑ ہیں اولوں کے

فَيُصِيبُ بِهِ مَنْ يَّشَآءُ وَيَصْرِفُهُ عَنْ مَّنْ يَّشَآءُ

پھر وہ ڈالتا ہے جس پر چاہے اور بچا دیتا ہے جس سے چاہے

یعنی جیسے زمین میں پتھروں کے پہاڑ ہیں بعض سلف نے کہا کہ اسی طرح آسمان میں اولوں کے پہاڑ ہیں۔ مترجم رحمہ اللہ نے اُسی کے موافق ترجمہ کیا ہے لیکن زیادہ راجح اور قوی یہ ہے کہ سماء سے بادل مراد ہو مطلب یہ ہے کہ بادلوں سے جو کثیف اور بھاری ہونے میں پہاڑوں کی طرح ہیں۔ اولے برساتا ہے جس سے بہتوں کو جانی یا مالی نقصان پہنچ جاتا ہے اور بہت سے محفوظ رکھے جاتے ہیں مشہور ہے کہ اولے کی چھال بیل کے ایک سینگ پر پڑتی ہے اور دوسرا سینگ خشک رہ جاتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ اللہ نے اس آیت میں اطلاع دی ہے کہ آسمان میں اولوں کے پہاڑ ہیں۔ دوسرے ترجمہ کی بناء پر مِنْ جِبَالٍ مِنْ بَرَدٍ مفعول ہوگا یعنی اولوں کے بڑے بڑے تودے جو پہاڑوں کی طرح ہوتے ہیں، اللہ اوپر سے اتارتا ہے۔

فَيُصِيبُ بِهِ مَنْ يَّشَآءُ وَيَصْرِفُهُ عَنْ مَّنْ يَّشَآءُ پھر اس کو جس (کی جان و مال) پر چاہتا ہے گراتا ہے اور جس سے ہٹانا چاہتا ہے ہٹا دیتا ہے۔ یعنی جس کی کھیتیاں اور مال اولوں سے تباہ کرنا چاہتا ہے تباہ کر دیتا ہے اور جس سے (اولوں کے رخ کو) پھیرنا چاہتا ہے پھیر دیتا ہے اس کو ژالہ باری سے نقصان نہیں پہنچتا۔ (تفسیر مظہری)

يَكَادُ سَنَا بَرْقِهِ يَذْهَبُ بِالْأَبْصَارِ

ابھی اس کی بجلی کی کوند لے جائے آنکھوں کو

یعنی بجلی کی چمک اس قدر تیز ہوتی ہے کہ آنکھیں خیرہ ہو جاتی ہیں، قریب ہے کہ بینائی جاتی رہے۔ (تفسیر عثمانی)

يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ

اللہ بدلتا ہے رات اور دن کو

رات و دن کا نظام: یعنی دن کے بعد رات اور رات کے بعد دن اُسی کی قدرت سے آتا ہے اور وہ ہی کبھی رات کو کبھی دن کو گھٹاتا بڑھاتا رہتا ہے اور اُن کی گرمی کو سردی سے، سردی کو گرمی سے تبدیل کرتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت ابوہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ اللہ نے فرمایا مجھے ابن آدم دکھ پہنچاتا ہے زمانے کو گالیاں دیتا ہے، حالانکہ میں ہی زمانہ (کو الٹنے پلٹنے والا) ہوں میرے ہی ہاتھ میں حکم ہے میں ہی رات دن کا ادل بدل کرتا ہوں۔ (رواہ البخاری و مسلم فی صحیحیھما)۔ (تفسیر مظہری)

إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّأُولِي الْأَبْصَارِ

اس میں دھیان کرنے کی جگہ ہے آنکھ والوں کو

آنکھ والو عبرت حاصل کرلو:

یعنی چاہیے کہ قدرت کے ایسے عظیم الشان نشانات دیکھ کر آدمی بصیرت وعبرت حاصل کرے اور اس شہنشاہ حقیقی کی طرف سچے دل سے رجوع ہو جس کے قبضہ میں ان تمام تصرفات وتقلبات کی باگ ہے۔ (تفسیر عثمانی)

عبرت سے مراد یہ ہے کہ یہ واقعات ایک خالق قدیم کی ہستی پر دلالت کرتے ہیں جس کی قدرت ہمہ گیر علم محیط کل اور مشیت نافذ ہے وہ کسی کا محتاج نہیں (بلکہ دنیا کا ہر واقعہ اسی کا مرہونِ قدرت و مشیت ہے) اُولِی الْاَبْصَارِ سے مراد ہے بصیرت اور صحیح فہم۔ (تفسیر مظہری)

وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنْ مَّآءٍ

اور اللہ نے بنایا ہر پھرنے والے کو ایک پانی سے

اس کے لئے سترھویں پارہ کے تیسرے رکوع میں آیت وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ کا فائدہ دیکھنا چاہیے۔ (تفسیر عثمانی)

مخلوقات کا جوہر وجود:

وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنْ مَّآءٍ۔ اور اللہ ہی نے پیدا کیا ہر رینگنے پھرنے والے جانور کو پانی سے۔

پانی سے مراد ہے وہ پانی جو ہر جانور کے خمیری مادے میں داخل ہے یا نطفہ مراد ہے اس صورت میں کل جانور مراد نہ ہوں گے، کیونکہ بعض جانور بغیر نطفہ کے پیدا ہوں گے لیکن اکثریت انہی جانداروں کی ہے جن کی تخلیق نطفہ سے ہوتی ہے۔

بعض علماء نے کہا تمام (عنصری) مخلوق کی اصل پانی ہی ہے ارسطو اور اس کے پیرو کہتے ہیں کہ ہر جانور کی تخلیق کے اصل ارکان وعناصر چار ہیں پانی ہوا مٹی آگ ارسطو اور شیخ ابن سینا نے انہی کو اُسطقسات بھی کہا ہے بعض یونانیوں کا خیال ہے کہ اجزاء تخلیقی دو ہیں۔ بعض نے کہا صرف گیس ہر تخلیق کی بنیاد ہے پانی مٹی وغیرہ اسی کے روپ ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

لیکن بعض علمائے اسلام قائل ہیں کہ سنگ بنیاد پانی ہے پانی جم کر پتھر بنا۔ پانی تحلیل وتجبیر کے ذریعہ ہوا بن گیا۔ پھر ہوا آگ ہوگئی سب حیوانوں کا اصل خمیر پانی ہی ہے اور پانی ہی بنیاد ہے۔

بغوی نے لکھا ہے کہ اللہ نے اول پانی کو پیدا کیا پھر اس کے کچھ حصہ کو ہوا بنا دیا، جس سے فرشتے بنے اور کچھ حصہ کو آگ میں تبدیل کر دیا جس سے جنات کی تخلیق ہوئی اور کچھ حصہ کو مٹی بنا دیا گیا جس سے حضرت آدم کی ساخت ہوئی اور مٹی سے ہی تمام جانور بنائے گئے۔ (تفسیر مظہری)

فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِىْ عَلٰى بَطْنِهٖ

پھر کوئی ہے کہ چلتا ہے اپنے پیٹ پر

مخلوقات کی مختلف ہیئتیں:

جیسے سانپ اور مچھلی فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِىْ عَلٰى بَطْنِهٖ سو کچھ جانور تو وہ ہیں جو پیٹ کے بل چلتے ہیں۔ جیسے سانپ گنڈاروغیرہ۔ (تفسیر عثمانی)

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِىْ عَلٰى رِجْلَيْنِ

اور کوئی ہے کہ چلتا ہے دو پاؤں پر

جیسے آدمی اور طیور۔ (تفسیر عثمانی)

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِىْ عَلٰٓى اَرْبَعٍ

اور کوئی ہے کہ چلتا ہے چار پر

جیسے گائے بھینس وغیرہ۔ (تفسیر عثمانی)

يَخْلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ

بناتا ہے اللہ جو چاہتا ہے بیشک اللہ ہر چیز کر سکتا ہے

یعنی کسی جانور کو چار سے زائد پاؤں دیئے ہوں تو بعید نہیں۔ اس کی لامحدود قدرت ومشیت کو کوئی محصور نہیں کر سکتا۔ (تفسیر عثمانی)

لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ ۭ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ

ہم نے اتاریں آیتیں کھول کھول کر بتلانے والی اور اللہ چلائے

مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ

جس کو چاہے سیدھی راہ پر

واضح نشانیاں موجود ہیں:

یعنی آیات تکوینیہ وتنزیلیہ تو اس قدر واضح ہیں کہ انہیں دیکھ کر اور سن کر چاہیئے کوئی آدمی نہ بہکے لیکن سیدھی راہ پر چلتا وہ ہی ہے جس کو خدا تعالیٰ نے ہدایت کی توفیق دی ہو۔ لاکھوں آدمی یہ کھلی کھلی نشانیاں دیکھتے ہیں پر نتیجہ کے اعتبار سے اُن کا دیکھنا نہ دیکھنا برابر ہے۔

وَيَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوْلِ وَاَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلّٰى

اور لوگ کہتے ہیں ہم نے مانا اللہ کو اور رسول کو اور حکم میں آ گئے پھر پھر جاتا ہے

فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ۭ وَمَآ اُولٰۗىِٕكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ

ایک فرقہ اُن میں سے اس کے پیچھے اور وہ لوگ نہیں ماننے والے

منافقین کا وطیرہ:

یہ منافقین کا ذکر ہے۔ وہ زبان سے دعویٰ ایمان واطاعت کا کیا کرتے تھے اور جب عمل کا وقت آتا تو پھر جاتے حقیقت یہ ہے کہ اُن کے دلوں میں شروع سے ایمان وانقیاد موجود ہی نہ تھا جو کچھ زبانی جمع خرچ تھا امتحان و ابتلاء کے وقت اُس کی بھی قلعی کھل جاتی تھی۔ (تفسیر عثمانی)

آئندہ آیت کا شانِ نزول:

ابن ابی حاتم نے حسن بصری کی مرسل روایت بیان کی ہے کہ بعض (منافق) لوگوں کا اگر کسی سے کچھ نزاع ہوتا تھا اور اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جھگڑے کا فیصلہ کرانے کی دعوت دی جاتی تھی تو وہ اگر حق پر ہوتا اور اس کو بجائے خود یہ یقین ہوتا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بہر حال حق فیصلہ کریں گے تو وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جانے اور مقدمہ پیش کرنے پر راضی ہو جاتا تھا لیکن اگر وہ حق پر نہ ہوتا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس معاملہ لے جانے کی اس کو دعوت دی جاتی تو کترا جاتا اور کہتا (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس نہیں) فلاں شخص سے چل کر فیصلہ کراؤ۔ اس پر آیت ذیل نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

وَاِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ

اور جب ان کو بلایئے اللہ اور رسول کی طرف کہ اُن میں فیصلہ چکائے

اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝ وَاِنْ يَّكُنْ لَّهُمُ

تبھی ایک فرقہ کے لوگ اُن میں منہ موڑتے ہیں اور اگر اُن کو

الْحَقُّ يَاْتُوْٓا اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ ۝

کچھ پہنچتا ہو تو چلے آئیں اُس کی طرف قبول کر کر

یعنی اگر ان کا جھگڑا کسی سے ہو گیا اور سمجھتے ہوں کہ ہم ناحق پر ہیں اُس

besturdubooks.wordpress.com

وقت اگر دوسرا فریق کہتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں چل کر اس معاملہ کو طے کرا لو تو یہ منافق رضا مند نہیں ہوتے، کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم یقیناً بلا رو رعایت حق کے موافق فیصلہ کریں گے جو اُن کے مفاد کے خلاف پڑے گا۔ حالانکہ پہلے سے یہ دعویٰ کر رہے تھے کہ ہم اللہ و رسول پر ایمان لائے اور اُن کا حکم ماننے کو تیار ہیں۔ اب وہ دعویٰ کہاں گیا۔ ہاں فرض کیجئے اگر کسی معاملہ میں حق ان کی جانب ہو تو اُس وقت بہت جلدی سے گردن جُھکا کر بارگاہ نبوت میں حاضر ہو جائیں اور فیصلہ کا انحصار حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مبارک پر کر دیں گے۔ کیونکہ سمجھتے ہیں عدالت سے ہمارے موافق فیصلہ ہوگا۔ تو یہ ایمان و اسلام کیا ہوا۔ محض ہوا پرستی ہوئی۔

أَفِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ
کیا اُن کے دلوں میں روگ ہے

دِل بیمار ہیں: روگ یہ کہ خدا اور رسول کو سچ مانا لیکن حرص نہیں چھوڑتی کہ کہے پر چلیں جیسے بیمار چاہتا ہے چلے اور پاؤں نہیں اُٹھتا۔ (تفسیر عثمانی)

أَمِ ارْتَابُوا أَمْ يَخَافُونَ أَن يَحِيفَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ
یا دھوکے میں پڑے ہوئے ہیں یا ڈرتے ہیں کہ بے انصافی کرے گا اُن پر اللہ
وَرَسُولُهُ ۚ بَلْ أُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ
اور اُس کا رسول کچھ نہیں وہ ہی لوگ بے انصاف ہیں

منافق غلط شک میں مبتلا ہیں:

یعنی خدا اور رسول کی بابت کوئی دھوکہ لگا ہوا ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت یا اللہ کے وعدو وعید میں کوئی شک وشبہ ہے؟ یا گمان ہے کہ اللہ اور اس کا رسول اُن کے معاملات کا خلاف انصاف فیصلہ کریں گے؟ اس لئے اُن کی عدالت میں مقدمہ لے جانے سے کتراتے ہیں۔ سو یاد رکھو وہاں تو ظلم و بے انصافی کا احتمال ہی نہیں۔ ہاں خود ان ہی لوگوں نے ظلم پر کمر باندھ رکھی ہے۔ چاہتے ہیں کہ اپنا حق پورا وصول کر لیں اور دوسروں کا ایک پیسہ نہ دیں۔ اسی لئے اُن معاملات کو خدائی عدالت میں لانے سے گھبراتے ہیں جن میں سمجھتے ہیں کہ رسول کا منصفانہ فیصلہ ہمارے مطلب کے خلاف ہوگا۔ یہ تو منافقین کا ذکر تھا۔ آگے ان کے بالمقابل مخلصین کی اطاعت و فرمانبرداری کو بیان فرماتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

إِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِينَ إِذَا دُعُوا إِلَى اللَّهِ
ایمان والوں کی بات یہی تھی کہ جب بلایئے اُن کو اللہ

وَرَسُولِهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ أَن يَقُولُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا ۚ
اور رسول کی طرف فیصلہ کرنے کو اُن میں تو کہیں ہم نے سن لیا اور حکم مان لیا
وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿٥١﴾
اور وہ لوگ کہ انہی کا بھلا ہے

سچے مسلمان کا کام: یعنی سچے مسلمان کا کام یہ ہوتا ہے اور یہ ہونا چاہیئے کہ جب کسی معاملہ میں اُن کو خدا اور رسول کی طرف بُلایا جائے خواہ اس میں بظاہر اُن کا نفع ہو یا نقصان۔ ایک منٹ کا توقف نہ کریں۔ فی الفور "سمعنا و اطعنا" کہہ کر حکم ماننے کے لئے تیار ہو جائیں۔ اسی میں ان کی اصلی بھلائی اور حقیقی فلاح کا راز مضمر ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَن يُطِعِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيَخْشَ اللَّهَ وَيَتَّقْهِ
اور جو کوئی حکم پر چلے اللہ کے اور اس کے رسول کے اور ڈرتا رہے اللہ سے اور بچ کر چلے
فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَائِزُونَ ﴿٥٢﴾
اُس سو وہ ہی لوگ ہیں مراد کو پہنچنے والے

کامیاب کون ہوگا؟ یعنی جو فی الحال فرمانبردار ہو، گزشتہ تقصیرات پر نادم ہو کر اور خدا سے ڈر کر توبہ کرے اور آئندہ برے راستہ سے بچ کر چلے۔ اُسی کے لئے دنیا و آخرت کی کامیابی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

رومی کسان کا عجیب واقعہ: تفسیر قرطبی میں اس جگہ ایک واقعہ حضرت فاروق اعظمؓ کا نقل کیا جس سے ان چاروں چیزوں کے مفہوم کا فرق اور وضاحت ہو جاتی ہے واقعہ یہ ہے کہ حضرت فاروق اعظمؓ ایک روز مسجد نبوی میں کھڑے تھے اچانک ایک رومی دہقانی آدمی بالکل آپ کے برابر آ کر کھڑا ہو گیا اور کہنے لگا انا اشهد ان لا اله الا الله واشهد ان محمدا رسول الله، حضرت فاروق اعظمؓ نے پوچھا کیا بات ہے تو کہا میں اللہ کے لئے مسلمان ہو گیا ہوں۔ حضرت فاروق اعظمؓ نے پوچھا کیا اس کا کوئی سبب ہے اس نے کہا ہاں۔ بات یہ ہے کہ میں نے تورات، انجیل، زبور اور انبیاء سابقین کی بہت سی کتابیں پڑھی ہیں۔ مگر حال میں ایک مسلمان قیدی قرآن کی ایک آیت پڑھ رہا تھا وہ سنی تو معلوم ہوا کہ اس چھوٹی سی آیت نے تمام کتب قدیمہ کو اپنے اندر سمو لیا ہے تو مجھے یقین ہو گیا کہ یہ اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ فاروق اعظمؓ نے پوچھا کہ وہ کون سی آیت ہے تو اس رومی دہقان نے یہی آیت مذکورہ تلاوت کی اور اُس کے ساتھ اس کی تفسیر بھی عجیب و غریب اس طرح بیان کی کہ من يطع الله فرائض الٰہیہ کے متعلق ہے ورسوله سنت نبوی کے متعلق ہے۔ ويخش الله گزشتہ عمر کے متعلق ہے ويتقه آئندہ

besturdubooks.wordpress.com

باقی عمر کے متعلق ہے۔ جب انسان چار چیزوں کا عامل ہو جائے تو اس کو اولٰئک ھم الفائزون کی بشارت ہے اور فائز وہ شخص ہے جو جہنم سے نجات پائے اور جنت میں اُس کو ٹھکانا ملے۔ فاروق اعظمؓ نے یہ سن کر فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم (کے کلام میں اس کی تصدیق موجود ہے آپ) نے فرمایا ہے اوتیت جوامع الکلم یعنی اللہ تعالیٰ نے مجھے ایسے جامع کلمات عطا فرمائے ہیں جن کے الفاظ مختصر اور معانی نہایت وسیع ہیں۔ (قرطبی) (معارف مفتی اعظم)

وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ

اور قسمیں کھاتے ہیں اللہ کی اپنی تاکید کی قسمیں کہ اگر تو حکم کرے تو

لَيَخْرُجُنَّ ۭ قُلْ لَّا تُقْسِمُوْا ۚ طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ

سب کچھ چھوڑ کر نکل جائیں تو کہہ قسمیں نہ کھاؤ حکمبرداری چاہیے جو دستور ہے

اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۳﴾

البتہ اللہ کو خبر ہے جو تم کرتے ہو

منافقوں کی جھوٹی قسمیں:

یعنی منافقین بڑی سخت تاکیدی قسمیں کھا کر آپ کو یقین دلانا چا- کہ ہم کو آپ حکم دیں تو سب گھر بار چھوڑ کر خدا کے راستہ میں نکل جا- لئے تیار ہیں ذرا حضور صلی اللہ علیہ وسلم اشارہ فرمائیں تو سب مال و دولت اللہ کے راستہ میں لٹا کر الگ ہو جائیں۔ اُس پر فرمایا کہ اس قدر منہ بھر قسمیں کھانے کی ضرورت نہیں۔ تمہاری فرمانبرداری کی حقیقت س- چکی کہ زبان سے دعوے بہت کیا کرتے ہو۔ اور عمل کا وقت آئے تو آہستہ سے کھسک جاتے ہو۔ چاہیے کہ سچے مسلمانوں کے دستور کے موافق حکمبرداری کر کے دکھلاؤ زبانی قسمیں کھانے سے کوئی فائدہ نہیں۔ فرض کرو تم قسمیں کھا کر بندوں کو اپنی بات کا یقین دلا دو لیکن اللہ کے آگے کسی کی چالاکی اور فریب نہیں چل سکتا۔ وہ تو تمام ظاہر اور پوشیدہ باتوں کی خبر رکھتا ہے۔ آگے چل کر تمہاری مکاری اور نفاق کا پردہ فاش کر دے گا۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا

تو کہہ حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول کا پھر اگر تم منہ پھیرو گے

فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ۭ وَاِنْ

تو اس کا ذمہ ہے جو بوجھ اُس پر رکھا اور تمہارا ذمہ ہے جو بوجھ تم پر رکھا اور اگر

تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ۭ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۵۴﴾

اُس کا کہا مانو تو راہ پاؤ اور پیغام لانے والے کا ذمہ نہیں مگر پہنچا دینا کھول کر

اطاعت و تصدیق کی ذمہ داری پوری کرو:

یعنی پیغمبر پر خدا کی طرف سے تبلیغ کا بوجھ رکھا گیا ہے، سو اُس نے پوری طرح ادا کر دیا۔ اور تم پر جو بوجھ ڈالا گیا وہ تصدیق و قبول حق کا ہے اور یہ کہ اُس کے ارشاد کے موافق چلو۔ اگر تم اپنی ذمہ داری کو محسوس کر کے اُس کے احکام کی تعمیل کرو گے تو کامیابی دارین کی راہ پاؤ گے اور دنیا و آخرت میں خوش رہو گے ورنہ پیغمبر کا کچھ نقصان نہیں، تمہاری شرارت و سرکشی کا خمیازہ تم کو ہی بھگتنا پڑے گا۔ پیغمبر تو اپنا فرض ادا کر کے عنداللہ اپنی ذمہ داری سے سبکدوش ہو چکے۔ آگے اطاعت رسول کے بعض ثمرات بیان فرماتے ہیں جن کا سلسلہ دنیا ہی میں شروع ہو جائے گا۔ (تفسیر عثمانی)

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

وعدہ کر لیا اللہ نے ان لوگوں سے جو تم میں ایمان لائے ہیں اور کئے ہیں انہوں

لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ

نے نیک کام البتہ پیچھے حاکم کر دے گا اُن کو ملک میں جیسا حاکم کیا تھا ان سے

مِنْ قَبْلِهِمْ ۠ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى

اگلوں کو اور جما دے گا اُن کے لئے دین اُن کا جو پسند کر دیا اُن کے واسطے

لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ۭ يَعْبُدُوْنَنِيْ

اور دے گا اُن کو ان کے ڈر کے بدلے میں امن میری بندگی کریں گے

لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْـــًٔا ۭ

شریک نہ کریں گے میرا کسی کو

اطاعتِ رسول کے ثمرات:

یہ خطاب فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت کے لوگوں کو یعنی جو اُن میں اعلیٰ درجہ کے نیک اور رسول کے کامل متبع ہیں رسول کے بعد اُن کو زمین کی حکومت دے گا اور جو دین اسلام خدا کو پسند ہے اُن کے ہاتھوں سے دنیا میں اُس کو قائم کرے گا۔ گویا جیسا کہ لفظ استخلاف میں اشارہ ہے وہ لوگ محض دنیوی بادشاہوں کی طرح نہ ہوں گے بلکہ پیغمبر کے جانشین ہو کر آسمانی بادشاہت کا اعلان کریں گے اور دین حق کی بنیادیں جمائیں گے اور خشکی و تری میں اُس کا سکہ بٹھلا دیں گے۔ اُس وقت مسلمانوں کو کفار کا خوف مرعوب نہ کرے گا وہ کامل امن و اطمینان کے ساتھ اپنے پروردگار کی عبادت میں مشغول رہیں گے اور دنیا میں امن و امان کا دور دورہ ہوگا۔ ان مقبول و

besturdubooks.wordpress.com

معزز بندوں کی ممتاز شان یہ ہوگی کہ وہ خالص خدائے واحد کی بندگی کریں گے جس میں ذرہ برابر شرک کی آمیزش نہ ہوگی۔ شرک جلی کا تو وہاں ذکر کیا ہے شرک خفی کی ہوا بھی اُن کو نہ پہنچے گی۔ صرف ایک ذات کے غلام ہوں گے، اُسی سے ڈریں گے اُسی سے اُمید رکھیں گے۔ اُسی پر بھروسہ کریں گے اسی کی رضا میں اُن کا جینا اور مرنا ہوگا۔ کسی دوسری ہستی کا خوف و ہراس اُن کے پاس نہ پھٹکے گا۔ نہ کسی دوسرے کی خوشی ناخوشی کی پروا کریں گے۔ الحمدللہ کہ یہ وعدہ الٰہی چاروں خلفاء رضی اللہ عنہم کے ہاتھوں پر پورا ہوا۔ اور دنیا نے اس عظیم الشان پیشین گوئی کے ایک ایک حرف کا مصداق اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا۔ خلفائے اربعہ کے بعد بھی کچھ بادشاہان اسلام وقتاً فوقتاً اُس نمونہ کے آتے رہے اور جب اللہ چاہے گا آئندہ بھی آئیں گے۔ احادیث سے معلوم ہوا کہ آخری خلیفہ حضرت امام مہدی رضی اللہ عنہ ہوں گے جن کے متعلق عجیب وغریب بشارات سنی گئیں ہیں۔ وہ خدا کی زمین کو عدل وانصاف سے بھر دیں گے اور خارق عادت جہاد فی سبیل اللہ کے ذریعہ اسلام کا کلمہ بلند کریں گے۔ اَللّٰهُمَّ احْشُرْ نَافِيْ زُمْرَتِهٖ وَارْزُقْنَا شَهَادَةً فِيْ سَبِيْلِكَ اِنَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ وَذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ"

(تنبیہ) اس آیت استخلاف سے خلفائے اربعہ کی بڑی بھاری فضیلت و منقبت نکلتی ہے۔ ابن کثیر نے اس کے تحت میں عہد نبوت سے لے کر عہد عثمانی تک کی فتوحات کو درجہ بدرجہ بیان کیا ہے آخر میں یہ الفاظ لکھے ہیں۔

وَجُبِيَ الْخَرَاجُ مِنَ الْمَشَارِقِ وَ الْمَغَارِبِ اِلٰى حَضْرَةِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَذٰلِكَ بِبَرَكَةِ تِلَاوَتِهٖ وَدِرَاسَتِهٖ وَجَمْعِهِ الْاُمَّةَ عَلٰى حِفْظِ الْقُرْاٰنِ وَ لِهٰذَا ثَبَتَ فِي الصَّحِيْحِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ اِنَّ اللّٰهَ زَوٰى لِيَ الْاَرْضَ فَرَاَيْتُ مَشَارِقَهَا وَمَغَارِبَهَا وَسَيَبْلُغُ مُلْكُ اُمَّتِيْ مَازُوِيَ لِيْ مِنْهَا فَهَا نَحْنُ نَتَقَلَّبُ فِيْمَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَصَدَقَ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ فَنَسْاَلُ اللّٰهَ الْاِيْمَانَ بِهٖ وَبِرَسُوْلِهٖ وَالْقِيَامَ بِشُكْرِهٖ عَلَى الْوَجْهِ الَّذِيْ يُرْضِيْهِ عَنَّا۔" (تفسیر عثمانی)

دورِ خلافت کی فتوحات:

حضرت صدیق اکبرؓ کی وفات کا وقت آیا تو اللہ تعالیٰ نے اُن کے دل میں اپنے بعد عمرؓ بن خطاب کو خلیفہ بنانے کا الہام فرمایا۔ عمر بن خطابؓ خلیفہ ہوئے تو انہوں نے نظام خلافت ایسا سنبھالا کہ آسمان نے انبیاء علیہم السلام کے بعد ایسا نظام کہیں نہ دیکھا تھا۔ اُن کے زمانے میں ملک شام پورا فتح ہو گیا اسی طرح پورا ملک مصر اور ملک فارس کا اکثر حصہ۔ اُنہیں کے زمانے میں قیصر وکسریٰ کی قیصری اور کسروی کا خاتمہ ہوا۔ اس کے بعد خلافت عثمانی کا وقت آیا تو اسلامی فتوحات کا دائرہ مشارق و مغارب تک وسیع ہو گیا۔ بلاد مغرب، اندلس اور قبرص تک اور مشرق اقصیٰ میں بلاد چین تک اور عراق، خراسان، اہواز سب آپ کے زمانے میں فتح ہوئے۔ اور صحیح حدیث میں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ مجھے پوری زمین کے مشارق و مغارب سمیٹ کر دکھائے گئے ہیں اور میری اُمت کی حکومت اُن تمام علاقوں تک پہنچے گی جو مجھے دکھائے گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے یہ وعدہ خلافت عثمانیہ کے دور ہی میں پورا فرما دیا (یہ سب مضمون تفسیر ابن کثیر سے لیا گیا ہے)

اور ایک حدیث میں جو یہ آیا ہے کہ خلافت میرے بعد تیس سال رہے گی اس کی مراد خلافت راشدہ ہے جو بالکل نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے نقش قدم پر قائم رہی اور حضرت علیؓ مرتضیٰ تک چلی کیونکہ یہ تیس سال کی مدت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے زمانے تک پوری ہوئی۔

بارہ خلفاء:

ابن کثیرؒ نے اس جگہ صحیح مسلم کی یہ حدیث بھی نقل کی ہے کہ حضرت جابر بن سمرہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے کہ آپ نے فرمایا کہ میری اُمت کا کام چلتا رہے گا جب تک کہ بارہ خلیفہ رہیں گے۔ ابن کثیر نے اس کو نقل کر کے فرمایا کہ یہ حدیث بارہ خلیفہ عادل اس اُمت میں ہونے کی خبر دے رہی ہے جس کا وقوع ضروری ہے لیکن یہ ضروری نہیں کہ وہ سب کے سب مسلسل اور متصل سے ہوں بلکہ ہوسکتا ہے کہ کچھ وقفوں کے بعد ہوں۔ ان میں سے چار تو یکے بعد دیگرے ہو چکے جو خلفاء راشدین تھے پھر کچھ وقفہ کے بعد حضرت عمرؒ بن عبدالعزیز ہوئے اُن کے بعد بھی مختلف زمانوں میں ایسے خلیفہ ہوتے رہے اور تا قیامت رہیں گے آخری خلیفہ حضرت مہدی ہوں گے۔ روافض نے جن بارہ خلفاء کو متعین کیا ہے اس کی کوئی دلیل حدیث میں نہیں بلکہ ان میں سے بعض تو وہ ہیں جن کا خلافت سے کوئی تعلق ہی نہیں رہا۔

اور یہ بھی ضروری نہیں کہ ان سب کے درجات برابر ہوں اور سب کے زمانے میں امن وسکون دنیا کا یکساں ہو۔ بلکہ اس وعدہ کا مدار ایمان وعمل صالح پر استقامت اور مکمل اتباع پر ہے اس کے درجات کے اختلاف سے حکومت کی نوعیت وقوت میں بھی فرق واختلاف لازمی ہے، اسلام کی چودہ سو سالہ تاریخ اس پر شاہد ہے کہ مختلف زمانوں اور مختلف ملکوں میں جب اور جہاں کوئی مسلمان عادل اور صالح بادشاہ ہوا ہے اس کو اپنے عمل وصلاح کے پیمانے پر اس وعدۂ الٰہیہ کا حصہ ملا ہے جیسا کہ قرآن کریم میں دوسری جگہ فرمایا ہے ان حزب اللّٰہ هم الغالبون یعنی اللہ کی جماعت ہی غالب رہے گی۔

خلفائے راشدین کے حق ہونے کی دلیل:

یہ آیت حضرات خلفاء راشدین کی خلافت کے حق وصحیح اور مقبول عند اللہ

besturdubooks.wordpress.com

ہونے کی بھی دلیل ہے کیونکہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے جو وعدہ اپنے رسول اور اس کی اُمت سے فرمایا تھا اس کا پورا پورا ظہور انہیں حضرات کے زمانے میں ہوا۔ اگر ان حضرات کی خلافت کو حق وصحیح نہ مانا جائے جیسے روافض کا خیال ہے تو پھر قرآن کا یہ وعدہ ہی کہیں پورا نہیں ہوا۔ اور روافض کا یہ کہنا کہ یہ وعدہ حضرت مہدی کے زمانے میں پورا ہوگا ایک مضحکہ خیز چیز ہے اس کا حاصل تو یہ ہوا کہ چودہ سو برس تو پوری اُمت ذلت وخواری میں رہے گی اور قرب قیامت میں جو چند روز کے لئے اُن کو حکومت ملے گی وہی حکومت اس وعدہ سے مراد ہے معاذ اللہ۔

حضرت عبداللہ بن سلام کا خطاب:

بغوی نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن سلام کا یہ خطبہ نقل کیا ہے جو انہوں نے حضرت عثمانؓ کے خلاف ہنگامہ کے وقت دیا تھا۔ خطبہ کے الفاظ یہ ہیں "اللہ کے فرشتے تمہارے شہر کے گرد احاطہ کئے ہوئے حفاظت میں اس وقت سے مشغول تھے جب سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں تشریف فرما ہوئے اور آج تک یہ سلسلہ جاری تھا۔ خدا کی قسم اگر تم نے عثمان کو قتل کر دیا تو یہ فرشتے واپس چلے جائیں گے اور پھر کبھی نہ لوٹیں گے۔ خدا کی قسم تم میں سے جو شخص ان کو قتل کردے گا وہ اللہ کے سامنے دست بُریدہ حاضر ہوگا اُس کے ہاتھ نہ ہوں گے۔ اور سمجھ لو کہ اللہ کی تلوار اب تک میان میں تھی، خدا کی قسم اگر وہ تلوار میان سے نکل آئی تو پھر کبھی میان میں نہ جائے گی۔ کیونکہ جب کوئی نبی قتل کیا جاتا ہے تو اس کے بدلے میں ستر ہزار آدمی مارے جاتے ہیں اور جب کسی خلیفہ کو قتل کیا جاتا ہے تو پینتیس ہزار آدمی مارے جاتے ہیں۔ (مظہری)

چنانچہ قتل عثمان غنیؓ سے جو باہمی خونریزی کا سلسلہ شروع ہوا تھا اُمت میں چلتا ہی رہا ہے۔ اور جیسے اللہ تعالیٰ کی نعمت استخلاف اور استحکام دین کی مخالفت اور ناشکری قاتلان عثمان نے کی تھی اُن کے بعد روافض اور خوارج کی جماعتوں نے خلفاء راشدین کی مخالفت میں گروہ بنا لئے۔ اسی سلسلے میں حضرت حسین بن علیؓ کی شہادت کا عظیم حادثہ پیش آیا نسئل اللّٰہ الھدایۃ وشکر نعمتہ۔ (معارف مفتی اعظم)

حضرت شعیاؑ کا خطاب:

وہب بن منبہؒ فرماتے ہیں کہ شعیا نبی کی طرف وحی خدا تعالیٰ آئی کہ تو بنی اسرائیل کے مجمع میں کھڑا ہو جا تا میں تیری زبان سے جو چاہوں گا نکلواؤں گا۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے تو آپ کی زبان سے بحکم خدا تعالیٰ یہ خطبہ بیان ہوا، اے آسمان سُن اے زمین خاموش رہ اللہ تعالیٰ ایک شان پوری کرنا اور ایک امر کی تدبیر کرنا چاہتا ہے جسے وہ پورا کرنے والا ہے، وہ چاہتا ہے کہ جنگلوں کو آباد کردے، ویرانے کو بسا دے، صحراؤں کو سرسبز بنا دے، فقیروں کو غنی کردے، چرواہوں کو سلطان بنا دے، اُن پڑھوں میں سے ایک اُمی کو نبی بنا کر بھیجے جو نہ بدگو ہو، نہ بداخلاق ہو، نہ بازاروں میں شور وغل کرنے والا ہو، اتنا مسکین صفت اور متواضع کہ اس کے دامن کی ہوا سے وہ چراغ بھی نہ بجھے جس کے پاس سے وہ گزرا ہو، اگر وہ سوکھے بانسوں پر پیر رکھ کر چلے تو بھی چرچراہٹ کسی کے کان میں نہ پہنچے میں اسے بشیر ونذیر بنا کر بھیجوں گا وہ زبان کا پاک ہوگا، اندھی آنکھیں اس کی وجہ سے روشن ہو جائیں گی، بہرے کان اس کے باعث سننے لگیں گے، غلاف والے دل اس کی برکت سے کھل جائیں گے، ہر ہر بھلے کام سے میں اسے سنواروں گا، ہر ہر خلق کریم سے میں اسے سرفراز فرماؤں گا، سکینت اس کا لباس ہوگی، نیکی اس کا وطیرہ ہوگی، تقویٰ اس کی ضمیر ہوگا، حکمت اس کی باتیں ہوں گی، صدق ووفا اس کی طبیعت ہوگی، عفو ودرگذر کرنا اور عمدگی وبھلائی چاہنا اس کی خصلت ہوگی، حق اس کی شریعت ہوگی، عدل اس کی سیرت ہوگی، ہدایت اس کی امام ہوگی، اسلام اس کی ملت ہوگی، احمد اس کا نام ہوگا، (صلی اللہ علیہ وسلم) گمراہی کے بعد اس کے ذریعہ سے میں ہدایت پھیلا دوں گا، جہالت کے بعد علم چمک اُٹھے گا، پستی کے بعد اس کی وجہ سے ترقی ہوگی، انجان پنا اس کی ذات سے پہچاننے سے بدل جائے گا کمی زیادتی سے بدل جائے گی، فقیری کو اس کے ذریعہ میں امیری سے بدل دوں گا، اس کی ذات سے جُدا جُدا لوگوں کو میں ملا دوں گا، فرقت کے بعد اُلفت ہوگی، پھوٹ کے بعد ایکا ہوگا، اختلاف کے بعد اتفاق ہوگا، مختلف دل جداگانہ خواہشیں ایک ہو جائیں گی، بے شمار بندگان خدا ہلاکت سے بچ جائیں گے اس کی امت کو میں تمام امتوں سے بہتر کردوں گا جو لوگوں کے نفع کے لئے ہوگی، بھلائیوں کا حکم کرنے والی بُرائیوں سے روکنے والی ہوگی، موحد مومن مخلص ہوں گے، خدا تعالیٰ کے جتنے رسول خدا تعالیٰ کی طرف سے جو کچھ لائے ہیں یہ سب کو مانیں گے کسی کے انکاری نہ ہوں گے۔ (تفسیر ابن کثیر)

دورِ خلافت میں وعدہ الٰہی پورا ہوا:

حضور گرامی صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کے دورِ خلافت میں اللہ نے اپنا وعدہ پورا کیا۔ حضرت ابو بکرؓ نے بنی حنیفہ (یعنی مسیلمہ کے لشکر) سے اور عرب مرتدوں سے جہاد کیا اور غلبۂ روم سے نو سال بعد حضرت عمرؓ کے دورِ خلافت میں اللہ نے فتح شام مرحمت فرمائی۔ حدیبیہ کے سال ۶ھ میں رومی غالب آئے تھے اس کے نو سال بعد مسلمانوں نے ملکِ شام ان سے چھین لیا اور اللہ کا وعدہ پورا ہوا، حضرت عمرؓ نے صحابہ کرام سے عراق پر لشکر کشی کرنے کا مشورہ کیا، حضرت علیؓ نے اسی آیت کو ثبوت میں پیش کرتے ہوئے جہاد کا مشورہ دیا۔ حضرت علیؓ کا یہ مشورہ اہلِ سنت کی متعدد کتابوں میں منقول ہے اور شیعی کتب میں سے نہج البلاغہ میں

besturdubooks.wordpress.com

بھی حضرت علی اسی آیت سے یہ استنباط مذکور ہے بروایت نہج البلاغہ حضرت علیؓ نے فرمایا اس کام (دین) کی کامیابی یا ناکامی تعداد کی قلت و کثرت پر موقوف نہیں ہے یہ تو اللہ کا دین ہے جس کو اس نے غالب بنایا ہے اور (یہ) اللہ کا لشکر ہے جس کو اس نے غلبہ عنایت کیا ہے اور مدد فرمائی ہے یہاں تک کہ جہاں سے نکلا نکلا اور جہاں پہنچا پہنچا، اللہ نے خود فرمادیا، وَعَدَ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْکُمْ الخ پس اللہ اپنا وعدہ ضرور پورا کرے گا اور اپنے لشکر کو ضرور فتحیاب بنائے گا۔

وَ لَیُمَکِّنَنَّ لَھُمْ دِیْنَھُمُ الَّذِی ارْتَضٰی لَھُمْ اور جس دن کو اللہ نے ان کے لئے پسند کیا ہے اس کو ضرور ضرور جماؤ عطا فرمائے گا۔ حضرت ابن عباس نے اس کی تشریح میں فرمایا ان کو ملکی وسعت عطا کرے گا دوسرے ممالک پر ان کا قبضہ ہو جائے گا اور اپنے دین کو تمام مذاہب پر غالب کرے گا۔ (تفسیر مظہری)

خلفائے راشدین کا فتوی شرعی حجت ہے:

فقہاء کرام کا فتویٰ یہ ہے کہ جو شخص خلفاء راشدین کے فتوے کو حجت نہ سمجھے وہ اہل سنت و جماعت میں سے نہیں، نیز چونکہ یہ استخلاف اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اس لئے اس کا مفاد یہ ہوگا کہ منجانب اللہ لوگوں پر اس خلیفہ کی اطاعت واجب ہوگی اس لئے بادشاہ کا یہ کہنا کہ ہم نے فلاں شخص کو وزیر اور والی بنایا۔ اس کا مطلب ہی یہ ہے کہ اس کے احکام ماننا رعایا پر واجب ہے کیونکہ جب شروع آیت میں وعدہ کی اسناد اللہ کی طرف ہے اور بعد میں یستخلفنھم میں بھی استخلاف کی اسناد اللہ کی طرف ہے کہ اللہ خلیفہ بنائے گا تو اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ وہ خلیفہ اللہ کا بنایا ہوا اور اس کا مقرر کردہ ہوگا اور اس کا ظہور اس وعدہ کے مطابق ہوگا اور جس کو خدا تعالیٰ خلیفہ مقرر کرے اس کی اطاعت بلاشبہ واجب ہے۔

قاضی شوستری کی تحریر:

قاضی نور اللہ شوستری احقاق الحق میں لکھتے ہیں حاصل یہ کہ حضرت امیر کی خلافت برائے نام تھی خلافت کا نام تھا معنی اور حقیقت نہ تھی زمانہ خلافت کے لوگ ان سے معارضہ اور مناقشہ کرتے تھے اور وہ مبغوض تھے اپنے زمانہ خلافت میں اپنے پیش رو خلفاء کی مخالفت نہیں کر سکتے تھے جن لوگوں نے ان کے ہاتھ پر بیعت کی تھی وہ سب ان کے دشمنوں کے گروہ تھے اور ان کا عقیدہ یہ تھا کہ خلفاء ثلثہ نہایت عدل و انصاف اور افضل حالت میں گزرے اور ان کے بعد آنے والے خلیفہ کی انتہائی معراج یہ ہے کہ قدم بقدم انہیں کے راستہ پر چلے۔

حضرت شاہ ولی اللہؒ کی تحریر:

حضرت شاہ ولی اللہ قدس اللہ سرہٗ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے جو وعدہ فرمایا تھا۔ وہ پورا کردیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد حضرت صدیق اور حضرت فاروق اور حضرت عثمان کے اخیر زمانہ تک امن قائم رہا۔ یہاں تک کہ جب مسلمانوں کے ایک گروہ نے اس نعمت کا کفران کیا اور ناشکری کی تو اللہ تعالیٰ نے ایک تغیر عظیم پیدا کر دیا اور موجودہ حالت کو تبدیل کر دیا اور خوف کو پھر ان پر مسلط کر دیا۔ (ازالۃ الخفاء)

مثالی دورِ حکومت:

خلفاء راشدین کے دور خلافت میں جو فتوحات بلاد عجم و شام حاصل ہوئیں وہ حضرت آدم علیہ السلام کے زمانہ سعادت سے لے کر اس وقت تک کسی کو حاصل نہیں ہوئی تھیں اور وہ تالیف قلوب اور تمکین و توسیع دین متین علی وجہ الکمال والتمام جس کا عشر عشیر کسی دین و ملت کو نصیب نہیں ہوا۔ انہیں حاصل ہوئی پس اگر ان بزرگانِ دین کی خلافت۔ وعدہ الٰہی کا مصداق نہ تھی تو بتلایا جائے تو پھر اور کس کی خلافت وعدہ الٰہی کا مصداق بن سکے گی۔ خاص کر خلفاء ثلاثہ کے زمانہ میں اہل اسلام دینی اور دنیوی ترقیات کے لحاظ سے اوج کمال کو پہنچے۔ احکام شریعت جاری ہوئے۔ اسلام سربلند ہوا اور کفر سرنگوں ہوا۔ اور کفار ذلیل خوار ہوئے اور اہل اسلام کے باج گزار بنے اور جہاد کا بازار گرم ہوا اور ملک کے ملک مسلمانوں کے زیر نگین آئے اور وعدہ استخلاف سے جو غرض تھی کہ دین اسلام سربلند ہو اور دنیا پر حکمران ہو یہ غرض خلفاء ثلاثہ کے عہد خلافت میں خوب حاصل ہوئی۔

حضرت علی اپنے پیشرو خلفاء کو حق پر سمجھتے تھے:

حضرت علیؓ نے اپنی صاحبزادی کا حضرت عمر سے نکاح کر دیا جو باتفاق حضرات شیعہ و اہل سنت ثابت ہے۔

نیز فریقین کی کتابوں سے یہ امر بالاتفاق ثابت ہے کہ حضرت علی نے اپنے زمانہ خلافت میں ان تمام احکام اور سنن کو جاری اور باقی رکھا کہ جو خلفاء ثلاثہ کے زمانہ میں جاری تھیں۔ پس اگر خلفاء ثلاثہ کی خلافتیں اور ان کے احکام بدعت تھے تو حضرت علی پر ان کی تائید قطعاً حرام تھی کیونکہ بدعت کی تائید باتفاق فریقین موجب لعنت ہے اور بدعتی کی تعظیم اسلام کے ڈھانے کی سعی اور کوشش ہے اہل سنت والجماعت حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کو ان تمام خرافات سے پاک اور منزہ سمجھتے اہل سنت کا یقین ہے کہ حضرت علی بلاشبہ شیر خدا تھے۔

بفرض محال وہ اگر خلفاء ثلاثہ کا فر اور منافق سمجھتے تو مدینہ سے ہجرت کر جاتے مگر کافروں کے ہم نوالہ اور ہم پیالہ نہ بنتے معلوم ہوا کہ اس قسم کی روایتیں دشمنان اہل بیت کی ساختہ اور پرداختہ ہیں۔ (معارف القرآن)

شیعوں کی کتاب سے ثبوت:

چنانچہ نہج البلاغہ میں (جو شیعوں کی اعلیٰ ترین کتاب ہے) مذکور ہے کہ جب عمر بن الخطاب نے اہل فارس کی لڑائی میں جانے کے لئے حضرت امیرؓ

besturdubooks.wordpress.com

سے مشورہ کیا تو حضرت امیر نے جواب میں یہ عبارت ارشاد فرمائی۔

ان هذا الامر لم يكن نصرته وخذلانه بكثرة ولا قلة وهو دين الله الذي اظهره وجنده الذي اعزه وايده حتى بلغ مابلغ وطلع حيث طلع ونحن على موعود من الله تعالىٰ منكم و عملوا الصالحات الى اخر الآية فالله منجز وعده وناصر جنده الخ

(تحفہ ص ۱۷۲ باب ہفتم در امامت و ازالۃ الخفاء ص ۴۰)

بے شک اس دین کو فتح لشکر کی کثرت سے نہیں ملی اور نہ لشکر کی قلت سے اس کو شکست ہوئی۔ بلکہ یہ دین خدا کا دین ہے جس نے اس کو غلبہ عطا کیا اور لشکر اسلام اللہ کا لشکر اور اس کی فوج ہے کہ خدا نے اس کو عزت اور قوت دی یہاں تک کہ یہ دین پہنچا جہاں تک پہنچا اور ظاہر اور روشن ہوا جیسا کہ ظاہر اور روشن ہوا اور ہم خدا کے وعدہ پر ہیں جیسا کہ اس نے قرآن عزیز میں اہل ایمان سے خلافت اور تمکین دین اور امن کا وعدہ کیا ہے جو اس آیت یعنی وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ میں مذکور ہے پس اللہ اپنے وعدہ کو پورا اور اپنے لشکر کی مدد کرے گا یعنی ان کو غلبہ اور فتح دے گا۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کے اس کلام سے صاف ظاہر ہے کہ ان کے نزدیک خلافت فاروقی خلافت موعودہ فی القرآن کا مصداق ہے اور نہج البلاغہ کے تمام شارحین کا اس پر اتفاق ہے کہ حضرت علی کا مقصود آیت استخلاف کی طرف اشارہ ہے۔

حق شانہٗ نے نبی امی فداہ نفسی وابی سے جو وعدے کئے تھے کہ تیرے خادموں اور غلاموں کو داؤد اور سلیمان اور ذوالقرنین جیسی حکومت عطا کروں گا وہ وعدہ ہائے خداوندی ابوبکر و عمر و عثمان کے ہاتھوں پورے ہو گئے۔ دیکھو قرۃ العینین ص ۲۲۲

مصطفےٰ را وعدہ کرد الطاف حق — گر بمیری تو نمیرد ایں سبق

چاکرانت شہر ہا گیرند وجاہ — دین تو گیرد زماہی تا بماہ

کسریٰ کا خاتمہ:

حجاز اور نجد اور یمن اور بحرین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی ہی میں اہل اسلام کے قبضہ میں آ گیا تھا۔ اور نواحی عرب میں جو بت پرستی رائج تھی اس کا خاتمہ ہو گیا تھا۔ خیبر جو یہودیوں کا اڈہ تھا وہ ختم ہو چکا تھا اور ہجر کے مجوسی اور نواحی شام کے کچھ عیسائی جزیہ گزار ہو گئے تھے۔ صدیق اکبر کے زمانہ خلافت میں فارس کے کچھ علاقے بُصریٰ اور ملک شام کے کچھ علاقے مسلمانوں کے تصرف میں آئے اور فاروق اعظم کے زمانہ خلافت میں تمام ملک شام اور تمام ملک مصر اور فارس کا اکثر ملک مسلمانوں کے قبضہ میں آیا اور کسریٰ شاہ فارس نے ہر چند کوشش کی لیکن سوائے کسر شوکت (اقبال کچھ نہ ملا اور قیصر روم نے بہتیرے ہاتھ پیر مارے لیکن سوائے قصور طالع کے کچھ نہ دیکھا اور ان دونوں سلطنتوں کے بے شمار خزانے اور بے حساب اسباب مسلمانوں میں تقسیم ہوئے اور ان تمام اقالیم میں اسلام کا ڈنکا بج گیا اور بے خوف وخطر توحید حق پھیل گئی اور کفر و شرک دور مجوسیت اور عیسائیت کا بعض جگہوں سے بالکل خاتمہ ہو گیا اور بعض جگہ مقہور و مغلوب ہو گئی اور عثمان غنی کے دور خلافت میں اسلام کی حکومت مغرب کی جانب میں اور اندلس اور قیروان اور بحر محیط تک اور مشرق میں چین تک کا علاقہ مفتوح ہو گیا۔

اور ۳۰ ھ میں حضرت عثمان غنی کے دور خلافت میں کسریٰ مارا گیا اور کسریٰ کی سلطنت کا نام و نشان بھی باقی نہ رہا اور مشرق و مغرب کا خراج مدینہ منورہ آنے لگا۔ (معارف کاندھلوی)

امن وچین کا دور:

ابوالعالیہ نے کہا اللہ نے اپنی نبی کو جزیرۃ العرب پر اقتدار عطا فرما دیا، سب عربوں نے ہتھیار رکھ دیئے اور مسلمان ہو گئے، وفات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک مسلمان اسی چین سے رہے پھر حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کی خلافت کے دور میں بھی امن وچین کی یہی حالت قائم رہی اور حضرت عثمانؓ کا دور خلافت بھی اسی طرح گزر گیا آخر جس (خانہ جنگی کی مصیبت) میں پھنسنا تھا پھنس گئے اور اللہ کی نعمت کے شکر گزار نہ رہے۔

آیت مذکورہ کا شانِ نزول:

ابوالعالیہ کا بیان ہے کہ نزول وحی کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں صحابہ کے ساتھ رہے صحابہ کو حکم تھا کہ کافروں کی طرف سے پہنچنے والی ایذاؤں پر صبر رکھیں، پھر مدینے کو ہجرت کر جانے کا حکم ہو گیا لڑنے کا بھی حکم مل گیا، لیکن (ہر طرف سے خوف کی یہ حالت تھی کہ) کوئی ہتھیار اپنے بدن سے الگ نہ کرتا تھا آخر ایک شخص نے کہا کیا ہمارے لئے کوئی دن بھی ایسا آئے گا کہ ہم امن سے رہیں اور ہتھیار کھول دیں اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

ابن ابی حاتم کا بیان ہے کہ حضرت براء نے فرمایا یہ آیت ہمارے متعلق نازل ہوئی تھی ہم سخت خوف کی حالت میں تھے پھر اللہ نے اپنا وعدہ پورا کیا اور خوف کی بجائے امن عطا کیا اور زمین پر امن کو پھیلا دیا یعنی ملکی فتوحات عطا فرما دیں)

اہلسنت کی تصدیق اور روافض کی تردید:

اس آیت میں آئندہ واقعہ کے متعلق پیشین گوئی ہے (جو صحیح ثابت ہوئی) اس لئے یہ صداقتِ نبوت کی دلیل ہے۔ اور خلفائے راشدین کی حالت کی حجت پر بھی آیت دلالت کر رہی ہے اگر خلفائے راشدین کی خلافت مراد نہ ہو تو وعدہ الٰہی میں کذب لازم آئے گا کیونکہ سوائے خلافتِ راشدہ کے زمانہ کے موعود (فتوحات ملکیہ) اور موعود لہم (مومنین صالحین) یکجا جمع نہ ہوئے اس سے اہلسنت کے مسلک کی صداقت واضح ہوتی ہے اور

یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ دین اسلام اللہ کا پسندیدہ دین ہے اور رافضیوں کا یہ قول غلط ہو جاتا ہے کہ ائمہ آج تک خوف کی حالت میں رہے ہیں یہاں تک کہ دشمنوں کے خوف سے امام مہدی بھی پوشیدہ ہیں۔

لفظ منکم (میں خطاب صحابہ کو ہے اس لئے اس لفظ) سے یہ بھی غلط ثابت ہوتا ہے کہ امام مہدی کے ظہور کے بعد اللہ اپنا وعدہ پورا کرے گا ابھی تک اس نے اپنا وعدہ پورا نہیں کیا) دین کا ظہور کب اور کیسے ہوگا جب کہ کچھ اوپر گیارہ سو برس تک نہیں ہوا۔ ایسا خیال کرنا کتنی بڑی حماقت ہے۔

خلافت کے تیس سال:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام حضرت سفینہ کا بیان ہے میں نے خود سنا کہ میرے بعد خلافت تیس سال ہے پھر ملوکیت ہو جائے گی۔ حضرت سفینہ نے کہا دو سال حضرت ابوبکرؓ خلافت کو تھامے رہے، پھر حضرت عمرؓ کی خلافت دس سال رہی۔ پھر حضرت عثمانؓ کی خلافت بارہ سال رہی پھر حضرت علیؓ چھ سال خلیفہ رہے۔

فتوحات اور قیام امن کی نبوی پیش گوئی:

حضرت عدی بن حاتم نے فرمایا۔ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا کہ ایک شخص خدمتِ گرامی میں حاضر ہوا اور اس نے فاقہ کی شکایت کی اور دوسرے آدمی نے آ کر راستہ میں لوٹا جانے کا شکوہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، عدی کیا تم نے حیرہ دیکھا ہے، میں نے عرض کیا میں نے خود نہیں دیکھا البتہ اس کے متعلق سنا ضرور ہے فرمایا اگر تمہاری عمر (کچھ) لمبی ہوئی تو دیکھ لو گے کہ (تنہا) عورت حیرہ سے سفر کرتی ہوئی آئے گی اور کعبہ کا طواف کرے گی اور سوائے خدا کے کسی سے خوف نہ ہوگا میں نے اپنے دل میں کہا اس وقت بنی طے کے غارت گر کہاں ہوں گے جنہوں نے ملک میں آگ لگا دی ہے (حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) اگر تیری عمر (کچھ) دراز ہوئی تو کسریٰ کے خزانے تم لوگ فتح کر لو گے، میں نے کہا کیا کسریٰ بن ہرمز کے فرمایا، کسریٰ بن ہرمز کے (پھر فرمایا) اگر تمہاری عمر دراز ہوئی تو دیکھ لو گے کہ آدمی مٹھی بھر چاندی یا سونا قبول کرنے والے کو تلاش میں لئے پھرے گا اور کوئی لینے والا نہ ملے گا اور جس روز آدمی اپنے رب کے سامنے جائے گا اور بندے کے اور اس کے رب کے درمیان کوئی ترجمان نہ ہوگا کہ اللہ کا مطلب بندے کو سمجھائے (بلکہ اللہ براہِ راست بندہ سے خطاب کرے گا) اور فرمائے گا کیا اپنے احکام پہنچانے کے لئے میں نے تیرے پاس اپنا رسول نہیں بھیجا تھا؟ بندہ کہے گا کیوں نہیں (یقیناً بھیجا تھا) اللہ فرمائے گا کیا میں نے تجھے مال نہیں دیا تھا اور تجھ پر اپنی مہربانی نہیں کی تھی بندہ عرض کرے گا کیوں نہیں (یہ سب کچھ ہوا تھا) اس وقت آدمی اپنی دائیں جانب دیکھے گا تو جہنم کے سوا اس کو کچھ نہیں دکھائی دے گا اور بائیں طرف دیکھے گا تب بھی جہنم ہی دکھائی دے گا (غرض جہنم میں پھینک دیا جائے گا) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دوزخ سے بچو، خواہ چھوارے کا ایک ٹکڑا ہی خیرات کر کے (یعنی چھوارے کا ایک ٹکڑا غریب کو دینا دوزخ سے بچنے کا سبب بن جائے گا) اگر چھوارے کا ایک ٹکڑا بھی میسر نہ ہو تو (سائل سے) میٹھی بات کہہ کر ہی (دوزخ سے اپنی حفاظت کرو) حضرت عدی نے (اپنے شاگردوں سے) فرمایا میں نے تو یہ دیکھ لیا کہ ایک عورت حیرہ سے کعبہ کا طواف کرنے کے لئے چلتی یہاں تک کہ طواف کر لیتی ہے اور (راستہ میں اس کو کسی لٹیرے بدمعاش کا اندیشہ نہیں ہوتا) اللہ کے سوا اس کو کسی کا خوف نہیں ہوتا اور کسریٰ بن ہرمز کے خزانے فتح کرنے میں تو میں خود شریک تھا۔ آئندہ اگر تمہاری عمر لمبی ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد کو بھی صحیح پا لو گے کہ مٹھی بھر (سونا چاندی) آدمی لے کر قبول کرنے والے کی تلاش میں نکلے گا اور قبول کرنے والا اس کو نہیں ملے گا۔ (تفسیر مظہری)

بارہ خلفاء قریشی ہوں گے:

حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں لوگوں کا کام بھلائی سے جاری رہے گا یہاں تک کہ ان میں بارہ خلیفے ہوں۔ پھر آپ نے ایک جملہ آہستہ بولا جو راوی حدیث حضرت جابر بن سمرہؓ سن نہ سکے تو انہوں نے اپنے والد صاحب سے پوچھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فرمایا؟ انہوں نے بیان کیا کہ یہ فرمایا ہے یہ سب کے سب قریشی ہوں گے (مسلم) آپ نے یہ بات اس شام کو بیان فرمائی تھی جس دن حضرت ماعز بن مالکؓ کو رجم کیا گیا تھا پس معلوم ہوا کہ ان بارہ خلیفوں کا ہونا ضروری ہے لیکن یہ یاد رہے کہ یہ وہ خلیفے نہیں جو شیعوں نے سمجھ رکھے ہیں کیونکہ شیعوں کے اماموں میں تو بہت سے وہ بھی ہیں جنہیں خلافت و سلطنت کا کوئی حصہ بھی پوری عمر میں نہیں ملا تھا۔ اور یہ بارہ خلفاء ہوں گے سب کے سب قریشی ہوں گے حکم میں عدل کرنے والے ہوں گے ان کی بشارت اگلی کتابوں میں بھی ہے اور یہ بھی شرط نہیں ہے کہ یہ سب کے سب یکے بعد دیگرے ہوں گے بلکہ ان کا ہونا یقینی ہے خواہ پے در پے کچھ ہوں خواہ متفرق زمانوں میں کچھ ہوں چنانچہ چاروں خلیفے تو بالترتیب ہوئے اول ابوبکر پھر عمر پھر عثمان پھر علی رضی اللہ عنہم اجمعین ان کے بعد پھر سلسلہ ٹوٹ گیا پھر بھی ایسے خلیفہ ہوئے اور ممکن ہے آگے چل کر بھی ہوں ان کے صحیح زمانوں کا علم اللہ تعالیٰ ہی کو ہے ہاں اتنا یقینی ہے کہ حضرت امام مہدیؒ بھی انہی بارہ میں سے ہوں گے جن کا نام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نام سے جن کی کنیت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کنیت سے مطابق ہوگی تمام زمین کو عدل و انصاف سے بھر دیں گے جیسے کہ وہ ظلم و ناانصافی سے بھر گئی ہوگی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ میرے بعد خلافت تیس سال رہے گی، پھر کاٹ کھانے

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

والا ملک ہو جائے گا۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ

اور جو کوئی ناشکری کرے گا اس کے پیچھے سو وہی لوگ ہیں نافرمان

ناشکری کرنے والے:

یعنی ایسے انعامات عظیمہ کے بعد ناشکری کرنا بہت ہی بڑے نافرمان اور اصل مجرم کا کام ہے حضرت شاہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ جو کوئی خلفائے اربعہ کی خلافت اور ان کے فضل و شرف سے منکر ہوا۔ ان الفاظ سے اُس کا حال سمجھا گیا ربنا اغفر لنا ولاخواننا الذین سبقونا بالایمان ولا تجعل فی قلوبنا غلا للذین آمنوا ربنا انک رؤف رحیم " (تفسیر عثمانی)

قاتلین عثمان: فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ " سو یہی لوگ (ایمان یا دائرہ اطاعت سے) خارج ہوں گے بغوی نے لکھا ہے اہل تفسیر کا بیان ہے کہ سب سے پہلے خدا داد نعمت کی ناشکری کرنے والے وہ لوگ تھے جنہوں نے حضرت عثمان کو شہید کر دیا، جب حضرت عثمانؓ کو انہوں نے شہید کر دیا تو اللہ نے وہ نعمت بھی بدل ڈالی جوان کو عطا فرمائی تھی، چنانچہ خوف ان پر طاری ہو گیا اور (دینی) بھائی بھائی ہونے کے باوجود آپس میں ایک دوسرے کو قتل کرنے لگا۔

بغوی نے حمید بن ہلال کی روایت سے بیان کیا کہ حضرت عبداللہ بن سلام نے حضرت عثمانؓ کی بابت فرمایا۔ جب سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں تشریف فرما ہوئے اس وقت سے آج تک (اللہ کے حفاظتی) فرشتے تمہارے اس شہر کو اپنے گھیرے میں لئے ہوئے ہیں اب اگر تم عثمانؓ کو قتل کر دو گے تو خدا کی قسم فرشتے چلے جائیں گے اور پھر کبھی لوٹ کر نہیں آئیں گے۔ جو شخص عثمان کو شہید کرے گا خدا کی قسم جب وہ اللہ کے سامنے جائے گا تو کوڑھی ہو کر جائے گا اللہ کی تلوار نیام کے اندر ہے اگر اللہ نے نیام سے اس کو نکال دیا تو خدا کی قسم پھر تم سے (ہٹا کر) وہ (کبھی یا روز قیامت تک) نیام میں داخل نہیں کرے گا کیونکہ جب بھی کوئی نبی شہید کیا گیا (اسکے انتقام میں) ستر ہزار آدمی مارے گئے اور جب بھی کوئی خلیفہ شہید کیا گیا (اسکے بدلہ میں) پینتیس ہزار آدمی قتل کئے گئے۔

رافضی و خارجی: میں کہتا ہوں اللہ نے جو مسلمانوں کو زمین پر اپنا خلیفہ بنایا اور خلافت عطا فرمائی، رافضیوں اور خارجیوں کے مختلف گروہوں نے اس کی ناشکری کی۔

یزید بن معاویہ

یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آیت وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ میں یزید بن معاویہ طرف اشارہ ہو یزید نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسے کو اور آپ کے ساتھیوں کو شہید کیا یہ ساتھی خاندان نبوت کے ارکان تھے عزت رسول کی بے عزتی کی اور اس پر فخر کیا اور کہنے لگا آج بدر کے دن کا انتقام ہو گیا اس نے مدینۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم پر لشکر کشی کی اور حرہ کے واقعہ میں مدینہ کو غارت کیا اور وہ مسجد جس کی بناء تقویٰ پر قائم کی گئی تھی اور جس کو جنت کے باغوں میں سے ایک باغ کہا گیا ہے اس کی بے حرمتی کی اسی نے بیت اللہ پر سنگباری کے لئے منجنیقیں نصب کرائیں اور اسی نے اول خلیفہ رسول اللہ یعنی حضرت ابو بکرؓ کے نواسے حضرت عبداللہ بن زبیر کو شہید کرایا اور ایسی ایسی نازیبا حرکتیں کیں کہ آخر اللہ کے دین کا منکر ہو گیا اور (اللہ کی حرام کی ہوئی) شراب کو حلال کر دیا۔ (تفسیر مظہری)

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا

اور قائم رکھو نماز اور دیتے رہو زکوۃ اور حکم پر چلو

الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ

رسول کے تاکہ تم پر رحم ہو

مقبول بندوں کا طریقہ:

یعنی خدا کی رحمت سے حصہ لینا چاہتے ہو تو تم بھی اُن ہی مقبول بندوں کی روش اختیار کرو۔ وہ روش یہ ہی ہے نمازیں قائم کرنا، زکوۃ دیتے رہنا اور تمام شعب زندگی میں رسول کے احکام پر چلنا۔ "اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا مُتَابَعَةَ رَسُوْلِكَ صلی اللہ علیہ وسلم وَتَوَفَّنَا عَلَيْهَا وَاَلْحِقْنَا بِالصّٰلِحِيْنَ۔ آمین۔

لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ

نہ خیال کر کہ یہ جو کافر ہیں تھکا دیں گے بھاگ کر ملک میں

وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ وَلَبِئْسَ الْمَصِيْرُ

اور ان کا ٹھکانا آگ ہے اور وہ بُری جگہ ہے پھر جانے کی

مردود لوگوں کی شکست:

یہ نیک بندوں کے بالمقابل مردود و مغضوب لوگوں کا انجام بتلایا۔ یعنی جبکہ نیکوں کو ملک کی حکومت اور زمین کی خلافت عطا کی جاتی ہے، کافروں اور بدکاروں کی ساری مکاریاں اور تدبیریں شکست ہو جاتی ہیں۔ اللہ کے ارادہ کو کوئی روک نہیں سکتا اگر تمام خدائی میں ادھر اُدھر بھاگتے پھریں تب بھی وہ خدائی سزا سے اپنے کو نہیں بچا سکتے یقیناً اُن کو جہنم کے جیلخانہ میں جانا پڑے گا۔ (تفسیر عثمانی)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ الَّذِيْنَ مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ

اے ایمان والو اجازت لے کر آئیں تم سے جو تمہارے ہاتھ کے مال ہیں

مسئلہ استیذان کا تتمہ:

یعنی لونڈی غلام، چار رکوع پہلے مسئلہ استیذان (اجازت لینے) کا ذکر

besturdubooks.wordpress.com

تھا۔ یہ اُسی کا تتمہ ہے۔ درمیان میں خاص خاص مناسبتوں سے دوسرے مضامین آ گئے۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت اسماءؓ کی ناگواری پر آیت کا نزول:

ابن ابی حاتم نے مقاتل بن حبان کی روایت سے بیان کیا ہے کہ حضرت اسماء بنت مرثد کا ایک غلام تھا جو اکثر حضرت اسماء کے پاس ایسے وقت میں (بلا اجازت) آ جاتا تھا کہ اس وقت غلام کا آنا حضرت اسماء کو ناگوار گزرتا تھا، حضرت اسماء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا یارسول اللہ ہمارے خادم اور غلام ایسے وقت ہمارے پاس آ جاتے ہیں کہ اس وقت ان کا آنا ہم کو ناگوار ہوتا ہے اس پر آیت مذکورہ نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

وَالَّذِيْنَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ

اور جو کہ نہیں پہنچے تم میں عقل کی حد کو تین بار فجر کی

مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ مِّنَ

نماز سے پہلے اور جب اتار رکھتے ہو اپنے کپڑے دوپہر میں

الظَّهِيْرَةِ وَمِنْ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَآءِ ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ

اور عشا کی نماز سے پیچھے یہ تین وقت بدن کھلنے کے ہیں تمہارے

غلاموں اور نابالغوں کے گھر میں آنے کا ادب:

ان تین وقتوں میں عموماً زائد کپڑے اُتار دیئے جاتے ہیں یا سونے جاگنے کا لباس تبدیل کیا جاتا ہے اور بیوی کے ساتھ مخالطت بھی بیشتر ان ہی اوقات میں ہوتی ہے کبھی فجر سے قبل یا دوپہر کے وقت آدمی غسل کرنے کا ارادہ کرتا ہے اور چاہتا ہے کہ کوئی مطلع نہ ہو۔ اس لئے حکم دیا کہ ان تین وقتوں میں نابالغ لڑکوں اور لونڈی غلام کو بھی اجازت لے کر آنا چاہیے۔ باقی وقتوں میں ان کو اجانب کی طرح اجازت طلب کرنے کی حاجت نہیں۔ الّا یہ کہ کوئی شخص اپنی مصلحت سے دوسرے اوقات میں بھی استیذان کی پابندی عائد کر دے۔ (تفسیر عثمانی)

شانِ نزول: بغوی نے حضرت ابن عباس کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک انصاری غلام کو دوپہر کے وقت حضرت عمر کو بلانے کے لئے بھیجا، غلام حضرت عمر کے پاس (گھر کے اندر) پہنچا ایسی حالت میں دیکھا کہ حضرت عمر کو اس حالت میں دیکھا جانا ناگوار گزرا۔ اس پر آیت وَالَّذِيْنَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ نازل ہوئی۔

جوانی کو نہ پہنچنے سے مراد یہ ہے کہ جوانی کے قریب بھی نہ پہنچے ہوں (مراہق بھی نہ ہوں) جولڑکے بالغ ہونے کے قریب پہنچ گئے ہوں وہ بالغ کے حکم میں ہیں۔

مسئلہ: آیت مذکور کا اقتضاء ہے کہ مذکورہ تینوں اوقات میں غلام کا اپنے آقا کے پاس بلا اجازت (تنہائی میں) جا پہنچنا ممنوع ہے خواہ غلام چھوٹی عمر کا ہی ہو لیکن ہو باشعور۔ اور باندی (اوقات مذکورہ میں بلا اجازت) اپنی مالک کے پاس نہیں جا سکتی ہاں باندی اپنے آقا اور مالک کے پاس ہر وقت بلا اجازت داخل ہو سکتی ہے کیونکہ وہ تو بیوی کی طرح ہے (جو ننگے کھلے سے واقف ہوتی ہے) بالغ یا قریب البلوغ غلام اپنی مالکہ کے پاس کسی وقت داخل نہیں ہو سکتا (شرعاً مالکہ کو اس سے پردہ کرنا چاہیے) اللہ نے فرمایا ہے قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ الخ اس آیت میں جن مملوک لوگوں کا استثناء کیا گیا ہے ان سے مراد باندیاں ہیں غلام نہیں ہیں اس آیت کی تفسیر کے ذیل میں ہم نے یہ مضمون بیان کر دیا ہے۔

جولڑکا باشعور ہے وہ بغیر اجازت لئے ہر سہ اوقات مذکورہ میں داخل نہیں ہو سکتا اور ان تین اوقات کے علاوہ ہر وقت بغیر اجازت حاصل کئے داخل ہو سکتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌۢ بَعْدَهُنَّ

کچھ تنگی نہیں تم پر اور نہ اُن پر ان وقتوں کے پیچھے

طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ

پھرا ہی کرتے ہو ایک دوسرے کے پاس

یعنی اوقات مذکورہ بالا کو چھوڑ کر باقی جن اوقات میں عادۃً ایک دوسرے کے پاس بے روک ٹوک آتے جاتے ہیں اُن میں نابالغ لڑکوں یا لونڈی غلام کو ہر مرتبہ اجازت لینے کی ضرورت نہیں کیونکہ ایسا پابند کرنے میں بہت تنگی اور کاروبار کا تعطل ہے جو حق تعالیٰ کی حکمت کے خلاف ہے۔ (تفسیر عثمانی)

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ

یوں کھولتا ہے اللہ تمہارے آگے باتیں اور اللہ سب کچھ جاننے والا

حَكِيْمٌ ۝ وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ

حکمت والا ہے اور جب پہنچیں لڑکے تم میں سے عقل کی حد کو

فَلْيَسْتَاْذِنُوْا كَمَا اسْتَاْذَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

تو ان کو ویسی ہی اجازت لینی چاہئے جیسے لیتے رہے ہیں ان سے اگلے

نابالغ لڑکا: یعنی لڑکا جب تک نابالغ ہے تین وقتوں کے سوا باقی اوقات میں بلا اجازت لئے آ جا سکتا ہے۔ جس وقت حدِ بلوغ کو پہنچا پھر اس کا حکم اُن ہی مردوں جیسا ہو گیا جو اس سے پہلے بالغ ہو چکے ہیں اور جن کا حکم پیشتر آیت

besturdubooks.wordpress.com

"یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُیُوْتًا غَیْرَ بُیُوْتِكُمْ حَتّٰی تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰۤی اَهْلِهَا" میں گزر چکا ہے۔ (تفسیر مظہری)

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ
یوں کھول کر سناتا ہے اللہ تم کو اپنی باتیں اور اللہ سب کچھ جاننے والا
حَكِيْمٌ ﴿۵۹﴾ وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ الّٰتِیْ لَا یَرْجُوْنَ
حکمت والا ہے اور جو بیٹھ رہی ہیں گھروں میں تمہاری عورتوں میں سے جن کو
نِكَاحًا فَلَیْسَ عَلَیْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ یَّضَعْنَ ثِیَابَهُنَّ
توقع نہیں رہی نکاح کی اُن پر گناہ نہیں کہ اتار رکھیں اپنے کپڑے
غَیْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۭ بِزِیْنَةٍ ؕ وَاَنْ یَّسْتَعْفِفْنَ خَیْرٌ لَّهُنَّ ؕ
یہ نہیں کہ دکھاتی پھریں اپنا سنگار اور اس سے بھی بچیں تو بہتر ہے ان کے لئے

بوڑھی خواتین کا مسئلہ:

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "یعنی بوڑھی عورتیں گھر میں تھوڑے کپڑوں میں رہیں تو درست ہے اور پورا پردہ رکھیں تو اور بہتر" اور گھر سے باہر نکلتے وقت بھی زائد کپڑے مثلاً برقع وغیرہ اتار دیں تو کچھ مضائقہ نہیں بشرطیکہ اُس زینت کا اظہار نہ ہو جس کے چھپانے کا حکم آیت "وَلَا یُبْدِیْنَ زِیْنَتَهُنَّ" میں دیا جا چکا ہے۔ اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ جوان عورتوں کے ستر کے متعلق قرآن کریم کا منشا کیا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

الّٰتِیْ لَا یَرْجُوْنَ نِكَاحًا یعنی وہ عورتیں جو بڑی بوڑھی ہونے کی وجہ سے اس قابل نہ رہی ہوں کہ نکاح کی کوئی توقع کر سکیں۔ ربیعہ نے کہا اس سے مراد وہ بوڑھی عورتیں ہیں جن سے مرد نفرت کرتے ہیں بڑھاپے کی وجہ سے کوئی اس کی طرف رغبت نہیں کرتا۔ جو عمر رسیدہ عورت ایسی ہو کہ اس کے اندر کچھ رعنائی باقی ہو وہ اس آیت سے خارج ہے۔

کپڑے اتار دینے سے مراد ہے کچھ کپڑے اتار دینا لہٰذا کسی (آزاد) بوڑھی عورت کے لئے بھی اجنبی مردوں کے سامنے پشت یا پیٹ اور ناف سے نیچے کا بدن کھولنا جائز نہیں۔ سر، چہرہ اور دونوں بانہیں کھول سکتی ہے۔

عورتوں کیلئے اظہارِ زینت ممنوع ہے:

غَیْرَ مُتَبَرِّجٰتٍ برج کا لغوی مفہوم ہے ظہور قلعہ مضبوط عمارت، آسمانی ستاروں کا جھمگھٹ۔

لفظ تبرج کا خصوصی استعمال عورتوں کے بے پردہ بن ٹھن کر مردوں کے سامنے آنے کے لئے ہوتا ہے ایک حدیث میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دس باتوں کو برا سمجھتے تھے ان میں سے ایک بات یہ (ناپسند) تھی کہ عورت سنگھار کر کے غیر مقام میں نمودار ہو۔ صاحب ہدایہ نے لکھا ہے کہ تبرج کا معنی ہے غیر مردوں کے سامنے عورتوں کا اظہار زینت۔ ایسا اظہار زینت شرعاً مذموم ہے ہاں شوہر کے سامنے اظہار زینت مذموم نہیں ہے حدیث میں بغیر محلھا سے یہی مذموم اظہار زینت ہے۔

اَنْ یَّضَعْنَ ثِیَابَهُنَّ کے بعد غَیْرَ مُتَبَرِّجٰتٍ کی قید کا اضافہ کرنے کا یہ مطلب ہے کہ کچھ کپڑے اتار کر غیر مردوں کے سامنے بوڑھی عورتوں کا آنا اس وقت قابل گناہ نہیں قرار دیا جائے گا جب کچھ کپڑے اتارنے سے ان عورتوں کا مقصد اظہار زینت نہ ہو اگر کپڑے اتارنے کا مقصد اندرونی زینت اور لباس کی نمائش ہو تو بہرحال گناہ اور حرام ہے۔

وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ﴿۶۰﴾
اور اللہ سب باتیں سنتا جانتا ہے

خفیہ فتنہ بازی بھی اللہ سے پوشیدہ نہیں:

یعنی یہ تو فتنہ کی روک تھام کے ظاہری انتظامات تھے باقی پردہ کے اندر جو باتیں کی جاتی ہیں اور فتنے اٹھائے جاتے ہیں، یاد رہے۔ خدا تعالیٰ اُن سب کو سنتا اور جانتا ہے۔ اُسی کے موافق ہر ایک سے معاملہ کرے گا۔

لَیْسَ عَلَی الْاَعْمٰی حَرَجٌ وَّلَا عَلَی الْاَعْرَجِ
نہیں ہے اندھے پر کچھ تکلیف اور نہ لنگڑے پر
حَرَجٌ وَّلَا عَلَی الْمَرِیْضِ حَرَجٌ
تکلیف اور نہ بیمار پر تکلیف

معذوروں کیلئے عذر پذیری اور ان سے معاملات کا طریقہ

یعنی جو کام تکلیف کے ہیں وہ اُن کو معاف ہیں مثلاً جہاد، حج، جمعہ اور جماعت اور ایسی چیزیں۔ (کذا فی الموضح) یا یہ مطلب ہے کہ ان معذور محتاج لوگوں کو تندرستوں کے ساتھ کھانے میں کچھ حرج نہیں۔ جاہلیت میں اس قسم کے محتاج و معذور آدمی اغنیاء اور تندرستوں کے ساتھ کھانے سے رُکتے تھے انہیں خیال گزرتا تھا کہ شاید لوگوں کو ہمارے ساتھ کھانے سے نفرت ہو اور ہماری بعض حرکات و اوضاع سے ایذا پہنچتی ہو، اور واقعی بعضوں کو نفرت و وحشت ہوتی بھی تھی۔ نیز بعض مومنین کو غایت اتقاء سے یہ خیال پیدا ہوا کہ ایسے معذوروں اور مریضوں کے ساتھ کھانے میں شاید اصول عدل و مساوات قائم نہ رہ سکے۔ اندھے کو سب کھانے نظر نہیں آتے لنگڑا ممکن ہے دیر میں پہنچے

besturdubooks.wordpress.com

اور مناسب نشست سے نہ بیٹھ سکے۔ بیمار کا تو پوچھنا ہی کیا ہے اس بناء پر ساتھ کھلانے میں احتیاط کرتے تھے کہ اُن کی حق تلفی نہ ہو۔ دوسری ایک اور صورت پیش آتی تھی کہ یہ معذور ومحتاج لوگ کسی کے پاس گئے، وہ شخص استطاعت نہ رکھتا تھا، ازراہ بے تکلفی ان کو اپنے باپ، بھائی، بہن، چچا، ماموں وغیرہ کسی عزیز وقریب کے گھر لے گیا۔ اس پر ان حاجتمندوں کو خیال ہوتا تھا کہ ہم تو آئے تھے کہ اس کے پاس، یہ دوسرے کے ہاں لے گیا، کیا معلوم وہ ہمارے کھلانے سے کارہ اور ناخوش تو نہیں۔ ان تمام خیالات کی اصلاح آیت حاضرہ میں کر دی گئی کہ خواہی نہ خواہی اس طرح کے اوہام ووساوس میں مت پڑو۔ اللہ تعالیٰ نے اس معاملہ میں وسعت رکھی ہے پھر تم خود اپنے اُوپر تنگی کیوں کرتے ہو۔

وَّلَا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَنْ تَاْكُلُوْا مِنْۢ بُيُوْتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ
اور نہیں تکلیف تم لوگوں پر کہ کھاؤ اپنے گھروں سے یا اپنے باپ کے گھر
اٰبَآئِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اِخْوَانِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ
سے یا اپنی ماں کے گھر سے یا اپنے بھائی کے گھر سے یا اپنی بہن کے گھر سے
اَخَوٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَعْمَامِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ عَمّٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ
یا اپنے چچا کے گھر سے یا اپنی پھوپھی کے گھر سے
اَخْوَالِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ خٰلٰتِكُمْ اَوْ مَا مَلَكْتُمْ
یا اپنے ماموں کے گھر سے یا اپنی خالہ کے گھر سے یا جس گھر کی کنجیوں کے
مَّفَاتِحَهٗٓ اَوْ صَدِيْقِكُمْ ؕ
تم مالک ہو یا اپنے دوست کے گھر سے

یعنی تمہارے زیر تصرف دے دیا گیا ہو۔ مثلاً کسی نے اپنی چیز کا وکیل یا محافظ بنا دیا اور بقدر معروف اُس میں سے کھانے پینے کی اجازت دے دی۔ (تفسیر عثمانی)

اولاد کا گھر اپنا گھر ہوتا ہے:

اپنے گھروں سے مراد ہیں وہ گھر جن میں بیوی بچے ہوں اس میں اولاد کے گھر بھی شامل ہیں، اپنی اولاد کا گھر اپنا ہی گھر ہوتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے تو اور تیرا مال تیرے باپ کا ہے اخرجہ اصحاب السنۃ وابن ماجہ والحاکم عن عائشہ رضی اللہ عنہا۔

پاکیزہ ترین مال: ابن ماجہ نے بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، پاکیزہ ترین مال وہ ہے جو آدمی اپنی کمائی سے کمائے اور آدمی کی اولاد بھی اسی کی کمائی سے ہے مطلب یہ ہے کہ بیویوں کا اور اپنی اولاد کا مال کھانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ کذا قال ابن قتیبۃ

اَوْ صَدِيْقِكُمْ یا اپنے دوستوں کے گھروں سے۔

وہ گھر جن سے بلا اجازت کھانا جائز ہے:

بغوی نے لکھا ہے حسن اور قتادہ اسی آیت کی بنا پر قائل تھے کہ دوست کے گھر میں داخل ہو کر اس کی اجازت کے بغیر اس کے گھر سے کوئی چیز کھا لینا جائز ہے۔

مطلب یہ ہے کہ مذکورہ بالا اشخاص (یعنی اقرباء اور اعزاء) کے گھروں میں جا کر ان کی موجودگی کے بغیر کچھ کھا لینا جائز ہے۔ کھا سکتے ہو لیکن بطور توشہ ذخیرہ کرنا اور اٹھا کر لے آنا جائز نہیں۔

بعض لوگوں کا کہنا ہے یہ حکم شروع اسلام میں تھا پھر منسوخ کر دیا گیا۔

صحیح بات یہ ہے کہ یہ حکم اب بھی باقی ہے لیکن اس کا جواز اس بات پر موقوف ہے کہ گھر والے نے صریح اجازت دے دی ہو یا قرینہ سے اس کی اجازت معلوم ہوگئی ہو یہی وجہ ہے کہ آیت میں ذکر ایسے ہی لوگوں کا کیا گیا جن سے عام طور پر بے تکلفی ہوتی ہے۔ (اور آپس میں کھانے پینے کا کوئی پرہیز یا تکلف نہیں ہوتا) ان لوگوں کا آیت میں تذکرہ صرف عادت ورواج کے پیش نظر ہے (حصہ کے لئے نہیں ہے) اسی لئے ہم کہتے ہیں کہ بالکل اجنبی اور غیر آدمی کے گھر پہنچ کر اس کی صریحی یا غیر صریحی اجازت کے بغیر کچھ کھا لینا بھی جائز ہے، بشرطیکہ گھر والے کی رضامندی کا کسی طور پر علم ہو گیا ہو۔

مسئلہ: یہ آیت دلالت کر رہی ہے کہ عام طور پر قریبی محرم رشتہ داروں میں چونکہ بے تکلفی اور (کھانے پینے سے) انبساط خاطر ہوتا ہے اس لئے حنفیہ کہتے ہیں کہ محرم قرابت دار کے مکان کے اندر سے اگر کوئی شخص اس قرابت دار کا یا کسی غیر کا مال چرا لے تو اس کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا، لیکن اگر کسی غیر کے مکان سے کچھ مال چرایا خواہ چرانے والے کے قریبی محرم ہی کا ہو تب بھی ہاتھ کاٹا جائے گا کیونکہ اول صورت میں مال محرز نہ تھا اور دوسری صورت میں محرز تھا (محرز بمعنی محفوظ یعنی اول صورت میں مال ایسی جگہ نہیں رکھا ہوا تھا جو چرانے والے کے لئے محفوظ مقام سمجھا جائے۔ اور دوسری صورت میں اس چور کے لئے غیر کا گھر ممنوع ہے۔ اور محفوظ مقام ہے)۔ (تفسیر مظہری)

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِيْعًا اَوْ اَشْتَاتًا ؕ
نہیں گناہ تم پر کہ کھاؤ آپس میں مل کر یا جدا ہو کر
فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً
پھر جب کبھی جانے لگو گھروں میں تو سلام کہو اپنے لوگوں پر
مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ
نیک دعا ہے اللہ کے یہاں سے برکت والی ستھری یوں کھولتا ہے اللہ

besturdubooks.wordpress.com

لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۱﴾

تمہارے آگے اپنی باتیں تا کہ تم سمجھ لو

یعنی اپنایت کے علاقوں میں کھانے کی چیز کو ہر وقت پوچھنا ضروری نہیں۔ نہ کھانے والا احجاب کرے نہ گھر والا دریغ کرے۔ مگر عورت کا گھر اگر اُس کے خاوند کا ہو۔ اُس کی مرضی حاصل کرنی چاہیے اور مل کر کھاؤ یا جدا یعنی اس کی تکرار دل میں نہ رکھے کہ کس نے کم کھایا کس نے زیادہ۔ سب نے مل کر کھایا۔ اور اگر ایک شخص کی مرضی نہ ہو تو پھر کسی کی چیز کھانی ہرگز درست نہیں اور تقید فرمایا سلام کا آپس کی ملاقات میں۔ کیونکہ اس سے بہتر دعا نہیں۔ جو لوگ اس کو چھوڑ کر اور الفاظ گھڑتے ہیں اللہ کی تجویز سے ان کی تجویز بہتر نہیں ہو سکتی۔

(تنبیہ) آیت سے تنہا کھانے کا جواز بھی نکلا۔ بعض حضرات کو لکھا ہے کہ جب تک کوئی مہمان ساتھ نہ ہو کھانا نہ کھاتے تھے۔ معلوم ہوا کہ یہ غلو ہے۔ البتہ اگر کئی کھانے والے ہوں اور اکٹھے بیٹھ کر کھائیں تو موجب برکت ہوتا ہے کما ورد فی الحدیث۔ (تفسیر عثمانی)

شانِ نزول: بغوی نے لکھا ہے اس آیت کا نزول بنی لیث بن بکر کنانی کے متعلق ہوا اس قبیلہ کا ایک شخص تنہا بغیر مہمان کے نہیں کھاتا تھا مہمان ساتھ کھانے کے لئے مل جاتا تو کھانا کھا لیتا ورنہ کبھی ایسا بھی ہوتا کہ صبح سے بیٹھے بیٹھے شام ہو گئی اور کھانا سامنے رکھا رہا مگر اس شخص نے نہیں کھایا، اونٹنیوں کے تھنوں میں دودھ بھرا رہتا مگر وہ تنہا نہ پیتا (اس لئے دودھ دوہتا ہی نہ تھا) جب کوئی مہمان ہم مشرب ہونے کے لئے آ جاتا تو پی لیتا۔ دن بھر مہمان کے نہ ملنے اور تنہا نہ کھانے کی وجہ سے بھوکا پیاسا رہتا، آخر جب شام ہو جاتی تو کچھ کھا لیتا۔ یہ بیان قتادہ ضحاک اور ابن جریج کا ہے۔ (تفسیر مظہری)

ایک ساتھ کھانے سے برکت ہوتی ہے:

مسند احمد میں ہے کہ ایک شخص نے آ کر کہا یا رسول اللہ ہم کھاتے تو ہیں لیکن آسودگی حاصل نہیں ہوتی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شاید تم الگ الگ کھاتے ہو گے جمع ہو کر ایک ساتھ بیٹھ کر اللہ تعالیٰ کا نام لے کر کھاؤ تو تمہیں برکت دی جائے گی۔

غلام اپنے آقا کے گھر سے کھا سکتا ہے:

امام ابو حنیفہؒ اور امام احمدؒ کے مذہب کا مشہور مقولہ ہے جس کی کنجیاں تمہاری ملکیت میں ہیں اس سے مراد غلام اور داروغے ہیں کہ وہ اپنے آقا کے مال سے حسب ضرورت و دستور کھا پی سکتے ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

سلام کا طریقہ: تَحِيَّةً بطور دعا۔ تحیۃ کے معنی ہی سلام کرنا ہیں۔ اس لئے لفظ تحیۃ۔ سَلِّمُوْا کا مفعول مطلق ہے۔

شیخین نے صحیحین میں حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ نے آدم کو اپنی (قائم کردہ) صورت میں پیدا کیا۔ آدم کے قد کی لمبائی ساٹھ ہاتھ تھی۔ بنا چکنے (اور روح پھونکنے) کے بعد فرمایا کہ جاؤ فرشتوں کی جماعت جو بیٹھی ہوئی ہے اس کو سلام کرو۔ اور سنو وہ تم کو کیا جواب دیتے ہیں۔ وہ جو جواب دیں گے وہی تمہارا اور تمہاری نسل کا جواب (سلام) ہوگا آدمؑ نے جا کر السلام علیکم کہا فرشتوں نے کہا السلام علیکم ورحمۃ اللہ الخ۔

حضرت ابو امامہ کی مرفوع روایت ہے کہ سب سے زیادہ اللہ سے قرب رکھنے والا وہ شخص ہے جو سلام کی ابتداء کرتا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ کی مرفوع روایت ہے جو شخص کسی جلسہ میں پہنچے تو سلام کرے، پھر اس کا دل بیٹھنے کو چاہے تو بیٹھ جائے۔ پھر (واپسی کے وقت) جب اٹھے تو سلام کرے۔ پہلا سلام دوسرے سلام سے زیادہ مستحق (ثواب) نہیں ہے۔ رواہ الترمذی وابوداؤد۔

حضرت ابن عباس نے فرمایا مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً سے مراد ہے اچھی خوبصورت، حضرت انسؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جب تم میرے کسی اُمتی سے ملو تو اس کو سلام کرو۔ اس سے تمہاری عمر لمبی ہوگی اور جب اپنے گھر میں داخل ہو تو گھر والوں کو سلام کرو۔ اس سے تمہارے گھر کی خیر بڑھے گی اور چاشت کی نماز پڑھا کرو۔ یہ صلوٰۃ اوابین (اللہ کی طرف لوٹنے والوں کی نماز) ہے۔ اخرجہ البیہقی فی شعب الایمان والثعلبی وحمزۃ بن یوسف الجرجانی فی تاریخ جرجان، اس حدیث کی سند ضعیف ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمرو کا بیان ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا اسلام (میں) کون سا (عمل) سب سے اچھا ہے۔ فرمایا، یہ کہ تم کھانا کھلاؤ اور (ہر شخص کو) سلام کرو۔ خواہ اس کو جانتے ہو یا نہ جانتے ہو، متفق علیہ۔

قتادہ نے کہا اگر تم اپنے گھر میں داخل ہو تو اپنے گھر والوں کو سلام کرو۔ وہ تمہارے سلام کے زیادہ مستحق ہیں اور اگر خالی گھر میں داخل ہو جہاں کوئی نہ ہو تب (بھی سلام کرو اور) یوں کہو اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ، ہم سے بیان کیا گیا ہے کہ ملائکہ سلام کا جواب دیتے ہیں۔

بیہقی نے شعب الایمان میں قتادہ کی مرسل روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم باہر جاؤ تو اپنے گھر والوں کو سلام کے ساتھ رخصت کرو۔

ترمذی نے حضرت انس کا بیان نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (مجھ سے) فرمایا، بیٹے جب تو گھر والوں کے پاس (گھر کے اندر) داخل ہو تو ان کو سلام کیا کر تیرے لئے اور تیرے گھر والوں کے لئے برکت ہوگی۔ (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

خالی گھر پر سلام کا طریقہ:

حضرت ابن عباس نے فرمایا، اگر گھر کے اندر کوئی نہ ہو تو یوں کہے "السَّلَامُ عَلَيْنَا مِنْ رَّبِّنَا السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ السَّلَامُ عَلٰى اَهْلِ الْبَيْتِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ" ہم پر ہمارے رب کی طرف سے سلامتی ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر سلامتی ہو، گھر والوں پر سلامتی اور اللہ کی رحمت ہو۔

اس آیت کی توضیح میں عمرو بن دینار نے حضرت ابن عباس کا قول نقل کیا ہے کہ جب تو مسجد میں داخل ہو تو یوں کہہ "اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ."

مسلمان کے حقوق:

حضرت ابو ہریرہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان کے مسلمان پر چھ حق ہیں اگر کوئی بیمار ہو تو اس کی عیادت کرے۔ اگر وہ مر جائے تو اس کے جنازے میں یہ حاضر ہو۔ اگر وہ دعوت کرے تو یہ دعوت کو قبول کرے۔ ملاقات ہو تو سلام کرے۔ اس کو چھینک آئے تو یہ یرحمک اللہ کہے اور وہ سامنے موجود ہو یا نہ ہو بہر حال اس کی خیر خواہی کرے۔ رواہ النسائی والترمذی۔ اور بزار نے بھی اسی طرح کی حدیث نقل کی ہے۔

محبت کا نسخہ: حضرت ابو ہریرہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ فرمایا تم جب تک مومن نہ ہو گے جنت میں نہ جاؤ گے اور جب تک آپس میں محبت نہ کرو گے مومن نہ ہو گے، کیا میں تم کو ایسی بات نہ بتادوں کہ اگر تم اس کو کرو گے تو آپس میں محبت کرنے لگو گے۔ سلام (کے رواج) کو پھیلاؤ۔ رواہ مسلم۔

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ
ایمان والے وہ ہیں جو یقین لائے ہیں اللہ پر اور اُس کے رسول پر
وَاِذَا كَانُوْا مَعَهٗ عَلٰٓى اَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوْا
اور جب ہوتے ہیں اُس کیساتھ کسی جمع ہونے کے کام میں تو چلے نہیں جاتے
حَتّٰى يَسْتَاْذِنُوْهُ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ
جب تک اُس سے اجازت نہ لے لیں جو لوگ تجھ سے اجازت لیتے ہیں
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ
وہ ہی ہیں جو مانتے ہیں اللہ کو اور اُس کے رسول کو

اوپر کی آیتوں میں آنے کے وقت استیذان (اجازت طلب کرنے) کا ذکر تھا۔ یہاں جانے کے وقت استیذان کی ضرورت بتلائی ہے یعنی پورے ایمان والے وہ ہیں جو رسول کے بُلانے پر حاضر ہوتے ہیں اور جب کسی اجتماعی کام میں شریک ہوں مثلاً جمعہ، عیدین، جہاد اور مجلس مشاورت وغیرہ میں تو بدون اجازت کے اُٹھ کر نہیں جاتے۔ یہی لوگ ہیں جو کامل اور صحیح معنی میں اللہ اور رسول کو مانتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

شانِ نزول: دلائل میں بیہقی نے اور ابن اسحاق نے عروہ اور محمد بن کعب قرظی کے حوالہ سے بیان کیا کہ جنگ احزاب کے سال (جب قریش اور غطفان کے قبائل وغیرہ مدینہ پر چڑھ کر آئے تو) قریش نے مدینہ میں چاہ رومہ کے مجمع الاسیال کے مقام پر اپنا پڑاؤ کیا ان کا کمانڈر ابوسفیان تھا اور غطفان (کے قبائل) نے آ کر احد کے ایک طرف نقمین میں قیام کیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع مل چکی تھی آپ نے مدینہ کے گرد خندق کھدوادی تھی خود بھی حضور خندق کھودنے میں مصروف عمل تھے اور مسلمان بھی کام میں لگے ہوئے تھے، لیکن منافقوں میں سے کچھ لوگ سستی کر رہے تھے۔ جھوٹ موٹ کام میں شریک تھے اور موقع پاتے ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علم و اجازت کے بغیر گھروں کو چپکے سے سرک لیتے تھے پھر کسی مسلمان کو کوئی حادثہ درپیش ہو جاتا جس سے وہ مجبور ہو جاتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کر دیتا۔ اور اجازت لے کر جاتا تھا۔ اجازت ملنے پر ضرورت پوری کر کے فوراً واپس آ جاتا تھا اس پر یہ آیات ذیل آخر سورۃ تک نازل ہوئیں۔ (تفسیر مظہری)

فَاِذَا اسْتَاْذَنُوْكَ لِبَعْضِ شَاْنِهِمْ فَاْذَنْ لِّمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ
پھر جب اجازت مانگیں تجھ سے اپنے کسی کام کے لئے تو اجازت دے جس کو
وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ؀
ان میں سے تو چاہے اور معافی مانگ اُن کے واسطے اللہ سے، اللہ بخشنے والا مہربان ہے

حضور صلی اللہ علیہ وسلم جسے چاہیں اجازت دیں:

یعنی غور و فکر کے بعد جس کو مناسب سمجھیں اجازت دے دیں۔ اور چونکہ اس اجازت پر عمل کرنا بھی فی الجملہ صحبت نبوی سے حرمان اور صورۃ تقدیم الدنیا علی الدین کا شائبہ اپنے اندر رکھتا ہے اس لئے اُن مخلصین کے حق میں استغفار فرمائیں تا آپ کے استغفار کی برکت سے اس نقص کا تدارک ہو سکے۔ (تفسیر عثمانی)

لِمَنْ شِئْتَ یعنی ہر طلب گار اذن کو اجازت دے دینا رسول پر لازم نہیں ورنہ اجازت طلب کرنے کا فائدہ ہی کیا ہے، اجازت کی درخواست تو ہر ایک کر سکتا تھا۔ لِمَنْ شِئْتَ کی قید سے یہ بھی معلوم ہو رہا ہے کہ بعض احکام اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی رائے پر موقوف ہیں اور اسی طرح خلیفہ وقت (کے امتیازی اختیار) کو ان میں دخل ہے۔ (تفسیر مظہری)

اجتماعی کاموں سے رخصت کا طریقہ:

مجاہد نے کہا جمعہ کے دن (خطبہ کے وقت) امام کی طرف سے ہاتھ سے اشارہ کر دینا ہی اذن ہے اہل علم کہتے ہیں، مسلمانوں کے ہر اجتماعی کام کا یہی

besturdubooks.wordpress.com

حکم ہے۔ جب امام کے ساتھ لوگ کسی اجتماعی کام کے لئے جمع ہوں تو بغیر اجازت امام کے اجتماع کو چھوڑ کر نہ جائیں اور امام کو اختیار ہے کہ جب کوئی جانے کے لئے اجازت مانگے تو جس کو چاہے اجازت دے دے نہ چاہے نہ دے۔ اجازت طلب کرنے اور اجازت دینے نہ دینے کی تفصیل اس وقت ہے جب ٹھہرے رہنے سے کوئی اضطراری سبب مانع نہ ہو۔ اگر اضطراری سبب پیدا ہو گیا تو اجازت طلب کرنے کی ضرورت نہیں ہے، مثلاً مسجد میں کسی عورت کو حیض شروع ہو گیا یا کوئی جنبی ہو گیا یا کسی کو کوئی (شدید) مرض لاحق ہو گیا۔ ایسے حالات میں اجازت طلب کرنا لازم نہیں۔ (تفسیر مظہری)

ابوداؤد وغیرہ میں ہے جب تم میں سے کوئی کسی مجلس میں جائے تو اہل مجلس کو سلام کر لیا کرے اور جب وہاں سے آنا چاہے تو بھی سلام کر لیا کرے۔ آخر دفعہ کا سلام پہلی مرتبہ کے سلام سے کچھ کم نہیں ہے۔ یہ حدیث ترمذی میں بھی ہے اور امام صاحب نے اسے حسن فرمایا ہے۔

مقاتل بن حیانؒ فرماتے ہیں، جمعہ کے دن خطبے میں بیٹھا رہنا منافقوں پر بہت بھاری پڑتا تھا اور مسجد میں آ جانے اور خطبہ شروع ہو جانے کے بعد کوئی شخص بغیر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اجازت کے نہیں جا سکتا تھا جب کسی کو کوئی ایسی ہی ضرورت ہوتی تو اشارے سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت چاہتا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اجازت دے دیتے اس لئے کہ خطبے کی حالت میں بولنے سے جمعہ باطل ہو جاتا ہے تو یہ منافق آڑ ہی آڑ میں نظریں بچا کر سرک جاتے۔ (تفسیر ابن کثیر)

لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا
مت کرلو بُلانا رسول کا اپنے اندر برابر اس کے جو بلاتا ہے تم میں ایک دوسرے کو

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے طلب فرمانے پر حاضر ہونا فرض ہو جاتا ہے

یعنی حضرت کے بلانے پر حاضر ہونا فرض ہو جاتا ہے۔ آپ کا بُلانا اوروں کی طرح نہیں کہ چاہے اُس پر لبیک کہے یا نہ کہے۔ اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بلانے پر حاضر نہ ہو تو آپ کی بددعاء سے ڈرنا چاہئے کیونکہ آپ کی دعاء معمولی انسانوں جیسی نہیں۔ نیز مخاطبات میں حضور کے ادب وعظمت کا پورا خیال رکھنا چاہئے۔ عام لوگوں کی طرح "یا محمد" وغیرہ کہہ کر خطاب نہ کیا جائے بلکہ یا نبی اللہ اور یا رسول اللہ جیسے تعظیمی القاب سے پکارنا چاہئے۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ "حضرت کے بُلانے سے فرض ہوتا تھا حاضر ہونا جس کام کو بلائیں۔ پھر یہ بھی تھا کہ وہاں سے بے اجازت اُٹھ کر چلے نہ جائیں۔ اب بھی سب مسلمانوں کو اپنے سرداروں کے ساتھ یہ برتاؤ کرنا چاہئے۔ (تفسیر عثمانی)

دیہاتیوں کی اصلاح:

ابونعیم نے الدلائل میں ضحاک کی سند سے حضرت ابن عباس کا بیان نقل کیا ہے کہ (دیہاتی اعرابی لوگ) یا محمد یا ابا القاسم کہتے تھے، اس پر اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ اس حکم کے بعد وہ لوگ یا نبی اللہ یا رسول اللہ کہہ کر خطاب کرنے لگے۔

فائدہ: یہ تشریح آیت کے سیاق وسباق کے مناسب نہیں ہے کیونکہ پچھلا کلام تو اجازت طلب کرنے نہ کرنے کے سلسلے میں تھا (اور یہاں رسول کو پکارنے اور بلانے کا طریقہ بتایا گیا ہے۔ دونوں کلاموں میں کوئی ربط نہیں) اس کے علاوہ نفس عبارت بھی اس مطلب سے انکار کرتی ہے کیونکہ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا مشبہ بہ ہے اور اس میں لفظ بعض (اول) فاعل ہے دُعاء کی اس کی طرف اضافت ہے۔ کیونکہ بعضاً منصوب ہے اس لئے یقینی طور پر مفعول ہے پس عبارت کا تقاضا ہے کہ دعاء الرسول (مشبہ) میں بھی دعا کی اضافت فاعل کی طرف ہو۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بددعاء سے ڈرتے رہو:

بغوی نے لکھا ہے حضرت ابن عباس نے آیت کا (تشریحی) معنی اس طرح بیان کیا (تم اللہ کے رسول کو ناراض نہ کرو) تم کو ان کی بددعاء سے ڈرتے رہنا چاہئے، ان کی بددعاء موجب (عذاب) ہے دوسروں کی بددعا کی طرح نہیں ہے۔

یہودیوں کی گستاخیاں:

بخاری نے صحیح میں حضرت عائشہؓ کی روایت سے لکھا ہے کہ کچھ یہودی خدمت گرامی میں حاضر ہوئے اور کہا السام علیک (تم پر ہلاکت ہو، تم کو موت آ جائے) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وعلیکم (اور تم پر بھی) حضرت عائشہؓ نے فرمایا، **السام علیکم و لعنة اللّٰه و غضب علیکم** (تم کو موت آئے تم پر اللہ کی لعنت ہو اور غضب ٹوٹے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ عائشہ! نرمی کرو۔ نرم کلام اختیار کرو، سخت کلامی اور بیہودہ بات کہنے سے پرہیز رکھو۔ حضرت عائشہؓ نے عرض کیا، کیا آپ نے نہیں سُنا کہ انہوں نے کیا کہا تھا۔ فرمایا کیا تم نے نہیں سنا کہ میں نے ان کو کیا جواب (لوٹا کر) دیا تھا۔ میری دعا ان کے بارے میں قبول ہو جائے گی۔ اور ان کی دعا میرے بارے میں قبول نہ ہوگی۔ (تفسیر مظہری)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس کے خصوصاً اور عام معاشرت کے بعض آداب واحکام

آیات مذکور میں دو حکم دیئے گئے ہیں۔ پہلا یہ کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو کسی دینی جہاد وغیرہ کے لئے جمع کریں تو مقتضائے ایمان یہ ہے کہ سب جمع ہو جائیں اور پھر آپ کی مجلس سے بغیر آپ کی اجازت کے نہ

besturdubooks.wordpress.com

جائیں۔ کوئی ضرورت پیش آئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت حاصل کر لیں اور اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ہدایت ہے کہ کوئی خاص حرج اور ضرورت نہ ہو تو اجازت دے دیا کریں اسی ضمن میں اُن منافقین کی مذمت ہے جو اس تقاضائے ایمان کے خلاف بدنامی سے بچنے کے لئے حاضر تو ہو جاتے ہیں مگر پھر کسی کی آڑ لے کر چپکے سے کھسک جاتے ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

مسند احمد میں حدیث ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں میری او تمہاری مثال ایسی ہے جیسے کسی شخص نے آگ جلائی جب وہ روشن ہوئی پتنگوں پروانوں کا اجتماع ہو گیا اور وہ دھڑا دھڑ اس میں گرنے لگے اب یہ انہیں ہر چند روک رہا ہے لیکن وہ ہیں کہ شوق سے اس میں گرے جاتے ہیں اور اس شخص کے روکنے سے نہیں رُکتے۔ یہی حالت میری اور تمہاری ہے کہ تم آگ میں گرنا چاہتے ہو اور میں تمہاری کولیاں بھر بھر کر تمہیں اس سے روک رہا ہوں کہ آگ میں نہ گھسو آگ سے بچو لیکن تم میری نہیں مانتے اور اس آگ میں گھسے چلے جا رہے ہو۔ یہ حدیث بخاری و مسلم میں بھی ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا
اللہ جانتا ہے اُن لوگوں کو تم میں سے جو سٹک جاتے ہیں آنکھ بچا کر

منافقین کی گستاخیاں: یہ منافقین تھے جن کو مجلس نبوی میں بیٹھنا اور پند و نصیحت سُننا شاق گزرتا تھا۔ وہ اکثر موقع پا کر اور آنکھ بچا کر مجلس سے بلا اجازت لے کر اٹھا، یہ بھی اُس کی آڑ میں ہو کر ساتھ ساتھ چل دیئے اُس کو فرمایا کہ تم پیغمبر سے کیا چھپاتے ہو، خدا تعالیٰ کو تمہارا سب کا حال معلوم ہے۔ (تفسیر عثمانی)

فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖۤ اَنْ تُصِيْبَهُمْ
سو ڈرتے رہیں وہ لوگ جو خلاف کرتے ہیں اُس کے حکم کا اس سے کہ آپڑے
فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۶۳﴾
اُن پر کچھ خرابی یا پہنچے اُن کو عذاب درد ناک

نافرمانوں کو عذاب سے ڈرنا چاہئے:

یعنی اللہ و رسول کے حکم کی خلاف ورزی کرنے والوں کو ڈرتے رہنا چاہئے کہ کہیں اُن کے دلوں میں کفر و نفاق وغیرہ کا فتنہ ہمیشہ کے لئے جڑ نہ پکڑ جائے۔ اور اس طرح دنیا کی کسی سخت آفت یا آخرت کے دردناک عذاب میں مبتلا نہ ہو جائیں۔ العیاذ باللہ

اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قَدْ يَعْلَمُ
سنتے ہو اللہ ہی کا ہے جو کچھ ہے آسمانوں اور زمین میں اُس کو معلوم ہے
مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ ؕ وَيَوْمَ يُرْجَعُوْنَ اِلَيْهِ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا
جس حال پر تم ہو اور جس دن پھیرے جائیں گے اُس کی طرف تو بتائے گا
عَمِلُوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۶۴﴾
ان کو جو کچھ انہوں نے کیا، اور اللہ ہر ایک چیز کو جانتا ہے

اللہ تعالیٰ سے کوئی کام چھپ نہیں سکتا:

یعنی ممکن ہے مخلوق سے آنکھ بچا کر کوئی کام کر گزرو، لیکن حق تعالیٰ سے تمہارا کوئی حال پوشیدہ نہیں رہ سکتا نہ اُس کی زمین و آسمان میں سے نکل کر کہیں بھاگ سکتے ہو۔ وہ جس طرح تمہارے احوال موجودہ سے باخبر ہے ایسے ہی اُس دن کی کیفیت مجازات سے بھی پورا آگاہ ہے جب تمام مخلوق حساب و کتاب کے لئے اُس کی طرف لوٹائی جائے گی اور ہر ایک کے سامنے اُس کا ذرہ ذرہ عمل کھول کر رکھ دیا جائے گا۔ ایسے علیم الکل اور مالک الکل کی سزا سے مجرم کس طرح اپنے کو بچا سکتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

عورتوں کو سورۂ نور سکھاؤ:

بغوی نے حضرت عائشہ کی روایت سے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، عورتوں کو بالا خانوں پر نہ رکھو اور ان کو لکھنا نہ سکھاؤ (بلکہ) ان کو چرخہ کی اور سورتِ نور کی تعلیم دو۔ اللہ نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اور صحابہ کرام نے سچ فرمایا۔ (تفسیر مظہری)

تَمَّ سُوْرَةُ النُّوْرِ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَتَوْفِيْقِهٖ، اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ قُلُوْبَنَا بِالْاِيْمَانِ وَالْاِحْسَانِ وَنَوِّرْ قُبُوْرَنَا وَاعتم لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَبِالْاِجَابَةِ جَدِيْرٌ۔

الحمد للہ سورۃ النور ختم ہوئی

bestirdubooks.wordpress.com

سورة الفرقان

جس نے خواب میں اس کی تلاوت کی اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ حق کو پسند کرے گا اور باطل اس کو ناگوار ہوگا۔ (ابن سیرینؒ)

سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سَبْعٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوْعَاتٍ
سورۂ فرقان مکہ میں نازل ہوئی اور اس کی ستتر آیتیں اور چھ رکوع ہیں
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے
تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ
بڑی برکت ہے اس کی جس نے اُتاری فیصلہ کی کتاب

حق و باطل کا فیصلہ کرنے والی کتاب:

''فرقان'' (فیصلہ کی کتاب) قرآن کریم کو فرمایا جو حق و باطل کا آخری فیصلہ اور حرام و حلال کو کھلے طور پر ایک دوسرے سے جدا کرتا ہے یہی کتاب ہے جس نے اپنے اتارنے والے کی عظمت شان، علو صفات اور اعلیٰ درجہ کی حکمت ورافت کو انتہائی شکل میں پیش کیا اور تمام جہان کی ہدایت واصلاح کا تکفل اور اُن کو خیر کثیر اور غیر منقطع برکت عطا کرنے کا سامان بہم پہنچایا۔ (تفسیر عثمانی)

تبارکؔ بڑی خیر والا ہے۔

قرآن کی قرأتیں:

امام مالک، امام بخاری اور امام مسلم نے حضرت عمرؓ بن خطاب کا بیان نقل کیا ہے حضرت عمرؓ نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی ہی میں میں نے ہشام بن حکیم کو سورۂ فرقان پڑھتے سنا اور کان لگا کر سنا تو محسوس کیا کہ ہشام ان کثیر الفاظ پر سورۂ فرقان پڑھ رہے ہیں جن پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے نہیں پڑھایا تھا (کثیر الفاظ سے غالباً مراد الفاظ کے ادا کرنے کی کیفیت ہے جیسے امالہ اشمام وغیرہ) قریب تھا کہ نماز ہی میں میں ان پر جا کودوں لیکن میں رکا رہا، جب انہوں نے سلام پھیر دیا تو فوراً جا کر ان کا گریبان پکڑ لیا اور دریافت کیا، یہ سورت جو تم پڑھ رہے تھے تم کو کس نے پڑھائی تھی۔ ہشام نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھائی تھی۔ میں نے کہا تم جھوٹ کہتے ہو مجھے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس قراءت کے خلاف پڑھائی تھی جو تم نے پڑھی۔

غرض میں ہشام کو کھینچتا ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے گیا اور عرض کیا میں نے ان کو سورۂ فرقان ان طریقوں سے پڑھتے سنا ہے جن کے مطابق حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہ سورۃ پڑھائی تھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہشام سے فرمایا، ہشام پڑھو، ہشام نے جس طریقے سے پہلے پڑھا تھا اسی طریقے سے پڑھ کر سنا دیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسی طرح ہے یونہی نازل کی گئی، پھر مجھ سے فرمایا تم پڑھو۔ حسب الحکم میں نے اس طریقے سے یہ سورت پڑھی جس طریقہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے پڑھائی تھی، فرمایا، یہ اسی طرح نازل ہوئی یہ قرآن سات حرفوں (لہجوں یا طرق ادا وغیرہ) پر نازل ہوا ہے تم کو جو طریقہ سہل معلوم ہو اس طریقہ سے پڑھو۔ (مؤلف) (تفسیر مظہری)

تبارک کا استعمال صرف اللہ کے لئے مخصوص ہے یہ لفظ برکت سے بنایا گیا ہے، برکت کا معنی ہے کثرت خیر یعنی اس کی خیر کثیر ہے۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا، یعنی ہر خیر اسی کی طرف سے آئی ہے۔

برکت کا مطلب: تبارک، برکت سے مشتق ہے۔ برکت کے معنے خیر کی کثرت کے ہیں۔ ابن عباسؓ نے فرمایا کہ معنی آیت کے یہ ہیں کہ ہر خیر و برکت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔

قرآن کو فرقان کیوں فرمایا:

فرقان، قرآن کریم کا لقب ہے لغوی معنے اس کے تمیز اور فرق کرنے کے ہیں۔ قرآن چونکہ اپنے واضح ارشادات کے ذریعہ حق و باطل میں تمیز اور فرق بتلاتا ہے اور معجزہ کے ذریعہ اہل حق و اہل باطل میں امتیاز کر دیتا ہے اس لئے اس کو فرقان کہا جاتا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

عَلٰى عَبْدِهٖ
اپنے بندہ پر

کامل واکمل بندہ: یعنی اپنے اس کامل واکمل بندہ (محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) پر جن کا ممتاز لقب ہی کمال عبودیت کی وجہ سے ''عبداللہ'' ہو گیا۔ صلوات اللہ وسلامہٗ علیہ۔

لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا ۝
تا کہ رہے جہان والوں کے لئے ڈرانے والا

قرآن کا پیغام عالمگیر ہے:

یعنی قرآن کریم سارے جہان کو کفر وعصیان کے انجام بد سے آگاہ کرنے والا ہے۔ چونکہ سورت ہذا میں مکذبین ومعاندین کا ذکر بکثرت ہوا ہے، شاید اسی لئے یہاں صفت ''نذیر'' کو بیان فرمایا۔ ''بشیر'' کا ذکر نہیں کیا۔ اور

besturdubooks.wordpress.com

"للعالمین" کے لفظ سے بتلا دیا کہ یہ قرآن صرف عرب کے اُمیوں کے لئے نہیں اُترا بلکہ تمام جن وانس کی ہدایت واصلاح کے واسطے آیا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

للعلمین، اس سے ثابت ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت و نبوت سارے عالم کے لئے ہے بخلاف پچھلے انبیاء کے کہ اُن کی نبوت و رسالت کسی مخصوص جماعت یا مخصوص مقام کے لئے ہوتی تھی۔ صحیح مسلم کی حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو اپنے چھ خصوصی فضائل کا ذکر فرمایا ہے اُن میں سے ایک یہ بھی ہے کہ آپ کی بعثت سارے جہان کے لئے عام ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

الَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وہ کہ جس کی ہے سلطنت آسمان اور زمین میں
وَلَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ
اور نہیں پکڑا اس نے بیٹا اور نہیں کوئی اس کا ساجھی
فِی الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَیْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِیْرًا ۝
سلطنت میں اور بنائی ہر چیز پھر ٹھیک کیا اس کو ماپ کر

تخلیق ربانی کا اعجاز:

یعنی ہر چیز کو ایک خاص اندازہ میں رکھا کہ اُس سے وہی خواص و افعال ظاہر ہوتے ہیں جن کے لئے پیدا کی گئی ہے اپنے دائرہ سے باہر قدم نہیں نکال سکتی نہ اپنی حدود میں عمل و تصرف کرنے سے قاصر رہتی ہے۔ غرض ہر چیز کو ایسا ماپ تول کر پیدا فرمایا کہ اس کی فطری موزونیت کے لحاظ سے ذرا کمی بیشی یا انگلی رکھنے کی گنجائش نہیں چھوڑی۔ بڑے بڑے سائنس داں حکمت کے دریا میں غوطہ لگاتے ہیں اور آخر کار اُن کو یہ ہی کہنا پڑتا ہے صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِیْٓ اَتْقَنَ كُلَّ شَیْءٍ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِیْنَ ۔ (تفسیر عثمانی)

حکومت میں کوئی اللہ کا شریک نہیں ہے:

وَلَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا اور اس نے (اپنے لئے) کوئی بیٹا نہیں اختیار کیا (جیسا کہ عیسائیوں کا خیال ہے کہ مسیح صلی اللہ علیہ وسلم خدا کا بیٹا تھا)

وَخَلَقَ كُلَّ شَیْءٍ اور اسی نے ہر چیز پیدا کی۔ یعنی ایک خاص اندازے کے ماتحت ہر چیز کو نیستی سے ہستی میں لایا۔ مثلاً، انسان کو خاص مادہ سے مخصوص معین شکل دے کر پیدا کیا۔

فَقَدَّرَهٗ تَقْدِیْرًا ۝ پھر سب کا الگ الگ اندازہ رکھا۔

یعنی اس کو ٹھیک بنایا، جو خواص و افعال اس میں پیدا کرنا مقصود تھا اس کے مطابق اس چیز میں تخلیقی صلاحیت پیدا کر دی۔ جیسے انسان میں فہم ادراک غور و فکر تدبیر، نوع درنوع صنعتوں کے اختراع اور گوناگوں افعال و اعمال پیدا کرنے کی صلاحیت پیدا کر دی۔

بعض علماء نے قدّر کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ اللہ نے ہر چیز کے لئے مدتِ زندگی، عمل اور رزق پہلے سے ہی مقدر کر دیا۔ اب (اس دنیا میں آ کر) یہ تینوں چیزیں تخلیق کے مطابق ہوتی ہیں۔ (اللہ کے اندازۂ تخلیقی کے خلاف نہیں ہوسکتیں۔ (تفسیر مظہری)

فَقَدَّرَهٗ تَقْدِیْرًا ۝ تخلیق کے بعد تقدیر کا ذکر فرمایا گیا۔ تخلیق کے معنی تو اتنے ہیں کہ بغیر کسی سابق مادہ وغیرہ کے ایک چیز کو عدم سے وجود میں لایا جائے وہ کیسی بھی ہو۔

وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ اور نہ حکومت میں کوئی اس کا ساجھی ہے جیسا کہ مجوسی اور ثنویہ فرقہ والے کہتے ہیں (مجوسی اور ثنویہ فرقہ والے دو خالق مانتے ہیں۔ ایک خیر اور بھلائی کا خالق، دوسرا شر اور بُرائی کا خالق۔ مجوسی اول خالق کو یزداں اور دوسرے کو (اہرمن کہتے ہیں)۔ اس آیت میں اللہ نے اپنے لئے اقتدار مطلق ہونے کا اظہار فرمایا اور اس کی دلیل پر آئندہ آیت میں تنبیہ فرمائی۔

مخلوقات میں سے ہر ایک چیز میں خاص خاص حکمتیں:

اور تقدیر کا مفہوم یہ ہے کہ جس چیز کو بھی پیدا فرمایا اس کے اجزاء کی ساخت اور شکل وصورت اور آثار وخواص بڑی حکمت کے ساتھ اُس کام کے مناسب پیدا کئے جس کام کے لئے اس چیز کو پیدا کیا گیا ہے آسمان کی ساخت اس کے اجزاء ترکیبی اور ہیئت اُس کام کے مناسب ہے جس کے لئے اللہ تعالیٰ نے آسمان بنایا ہے۔ سیاروں اور ستاروں کی تخلیق میں وہ چیزیں رکھی گئیں جو اُن کے منشاء وجود کے مناسب ہیں۔ زمین اور اس کے پیٹ میں پیدا ہونے والی ہر چیز جس پر نظر ڈالو ہر ایک کی ساخت، شکل و صورت، نرمی، سختی اُس کام کے مناسب بنائی گئی ہے جس کام کے لئے قدرت نے اس کو پیدا کیا ہے۔ زمین کو نہ اتنا رقیق مادہ پانی کی طرح بنایا کہ جو کچھ اُس پر رکھا جائے وہ اس کے اندر ڈوب جائے، نہ اتنا سخت پتھر اور لوہے کی طرح بنایا کہ اس کو کھود نہ سکیں کیونکہ اس سے یہی ضرورتیں متعلق تھیں کہ اس کو کھود کر پانی بھی نکالا جا سکے۔ اس میں بنیادیں کھود کر بڑی اُونچی عمارتیں اس پر کھڑی کی جا سکیں۔ پانی کو سیال بنایا جس میں ہزاروں حکمتیں ہیں۔ ہوا بھی سیال ہی ہے مگر پانی سے مختلف، پانی ہر جگہ خود بخود نہیں پہنچتا اُس میں انسان کو کچھ محنت بھی کرنا پڑتی ہے ہوا کو قدرت نے اپنا جبری انعام بنایا کہ وہ بغیر کسی محنت و عمل کے ہر جگہ پہنچ جاتی ہے بلکہ کوئی شخص ہوا سے بچنا چاہے تو اس کو اس کے لئے بڑی محنت کرنا پڑتی ہے۔ یہ جگہ مخلوقات الٰہیہ کی حکمتوں کی تفصیل بیان کرنے کی نہیں۔ ایک ایک مخلوق کو دیکھو ان میں سے

besturdubooks.wordpress.com

ہر ایک قدرت وحکمت کا شاہکار ہے۔ امام غزالیؒ نے اپنی ایک مستقل کتاب اس موضوع پر لکھی ہے بنام الحکمۃ فی مخلوقات اللہ تعالیٰ۔

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً لَّا يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا

اور لوگوں نے پکڑ رکھے ہیں اُس سے ورے کتنے حاکم جو نہیں بناتے کچھ چیز

وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ وَلَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ

اور وہ خود بنائے گئے ہیں اور نہیں مالک اپنے حق میں

ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا يَمْلِكُوْنَ مَوْتًا وَّلَا حَيٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا ⑬

بُرے کے اور نہ بھلے کے اور نہیں مالک مرنے کے اور نہ جینے کے اور نہ جی اُٹھنے کے

ظلم وحماقت کی انتہاء:

یعنی کس قدر ظلم اور تعجب وحیرت کا مقام ہے کہ ایسے قادر مطلق، مالک الکل حکیم علی الاطلاق کی زبردست ہستی کو کافی نہ سمجھ کر دوسرے معبود اور حاکم تجویز کر لئے گئے۔ جو گویا خدا کی حکومت میں حصہ دار ہیں۔ حالانکہ اُن بیچاروں کا خود اپنا وجود بھی اپنے گھر کا نہیں نہ وہ ایک ذرہ کے پیدا کرنے کا اختیار رکھتے ہیں، نہ مارنا جلانا اُن کے قبضہ میں ہے، نہ اپنے مستقل اختیار سے کسی کو ادنیٰ ترین نفع نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ بلکہ خود اپنی ذات کے لئے بھی ذرہ برابر فائدہ حاصل کرنے یا نقصان سے محفوظ رہنے کی قدرت نہیں رکھتے۔ ایسی عاجز ومجبور ہستیوں کو خدا کا شریک ٹھہرانا کس قدر سفاہت اور بے حیائی ہے۔ (ربط) یہ تو قرآن نازل کرنے والے کی صفات وشئون کا ذکر تھا اور اس کے متعلق مشرکین جو بے تمیزی کر رہے تھے اُس کی تردید تھی۔ آگے خود قرآن اور حامل قرآن کی نسبت سفیہانہ نکتہ چینیوں کا جواب ہے۔ (تفسیر عثمانی)

جھوٹے معبودوں کی عاجزی:

لَا يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا جو نہ کسی جوہر کو پیدا کرتے نہ عرض کو نہ عمل وفعل کو نہ حالت کو۔ جو ممکن خود مستقل بالذات ہو اپنے وجود خارجی میں دوسرے کا محتاج نہ ہو اس کو جوہر کہتے ہیں جیسے تمام اجسام اور جو وجود خارجی میں اگر دوسرے کا محتاج ہو تو اس کو عرض کہتے ہیں جیسے سیاہی سرخی جسم کی محتاج ہے۔

وَهُمْ يُخْلَقُوْنَ اور وہ پیدا کئے جاتے ہیں، وہ مخلوق ہیں۔ اللہ سب کا خالق ہے۔ عبارت کے الفاظ ومعانی میں عموم ہے تمام باطل معبودوں کو یہ لفظ شامل ہے لیکن مراد صرف بُت ہیں۔

نفع ونقصان پر قادر نہ ہونا صرف بتوں ہی کی خصوصیت نہیں بلکہ عالی مرتبہ پیغمبر جیسے حضرت عیسیٰؑ اور حضرت عزیرؑ اور تمام فرشتے سبھی عاجز ہیں۔ اللہ نے فرمایا ہے قُل لا املک لنفسی نفعا ولا ضرا الا ماشاء اللہ ولو کنت اعلم الغیب لا ستکثرت من الخیر وما مسنی السوء۔

وَلَا يَمْلِكُوْنَ مَوْتًا وَّلَا حَيٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا۔ اور نہ وہ قابو رکھتے ہیں موت پر نہ زندگی پر نہ (دوبارہ) اُٹھنے پر یعنی ان میں قدرت نہیں کہ کسی پر موت کو مسلط کر سکیں یا کسی کو (ابتداء) زندگی دے سکیں یا (مرنے کے بعد) دوبارہ زندہ کر کے اٹھا سکیں۔ اور یہ تمام امور الوہیت کے لوازم ہیں جس کے اندر یہ لوازم نہیں وہ الہٰ نہیں ہوسکتا۔ آیت میں اس طرف اشارہ ہے کہ الہٰ کے لئے ضروری ہے کہ دوبارہ زندہ کر کے سزا وجزا دے سکے۔ (تفسیر مظہری)

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اِفْكُ ِۨافْتَرٰىهُ

اور کہنے لگے جو منکر ہیں اور کچھ نہیں ہے یہ مگر طوفان باندھ لایا ہے

وَاَعَانَهٗ عَلَيْهِ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ ۛ

اور ساتھ دیا ہے اُس کا اُس میں اور لوگوں نے

کافروں کی بے سروپا باتیں:

یعنی یہ سب کہنے کی باتیں ہیں کہ قرآن اللہ کی کتاب ہے معاذ اللہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے چند یہودیوں کی مدد سے ایک کلام تیار کر لیا اور اُس کو جھوٹ طوفان خدا کی طرف منسوب کر دیا۔ پھر اُن کے ساتھی لگے اُس کی اشاعت کرنے بس کل حقیقت اتنی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

انکار نبوت کفر ہے:

صراحت کے ساتھ کفروا کہنے میں اس امر پر تنبیہ ہے کہ انکار توحید کی طرح انکار نبوت بھی کفر ہے۔ صحیحین میں حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے قبیلۂ عبدالقیس کے وفد کے قصہ میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، کیا تم جانتے ہو کہ ایک اللہ کے ماننے کے معنی کیا ہیں؟ اہل وفد نے کہا، اللہ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہی بخوبی واقف ہے۔ فرمایا (اللہ کی توحید کو) ماننا یہ ہے کہ لا الٰہ الا اللہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم رسول اللہ کی شہادت دو۔

قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ مجاہد نے کہا قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ سے ان کی مراد تھی یہودیوں کی ایک جماعت۔ حسن نے کہا ایک حبشی (غلام) مراد تھا جس کا نام عبید بن الحصر تھا۔ یہ کاہن تھا۔ بعض نے کہا مکہ میں کچھ غلام تھے جن کے نام تھے، جبر، یسار، عداس۔ یہ لوگ کتابی تھے، قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ سے یہی لوگ مراد تھے۔ مشرکوں کا خیال تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان سے ہی قرآن سیکھ لیتے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

فَقَدْ جَآءُوْ ظُلْمًا وَّزُوْرًا ۛ ④

سو آ گئے بے انصافی اور جھوٹ پر

besturdubooks.wordpress.com

قرآن کی صداقت کو جھٹلانا سب سے بڑا ظلم ہے:

یعنی اس سے بڑھ کر ظلم اور جھوٹ کیا ہوگا کہ ایسے کلام معجز اور کتاب حکیم کو جس کی عظمت وصداقت آفتاب سے زیادہ روشن ہے کذب وافتراء کہا جائے۔ کیا چند یہودی غلاموں کی مدد سے ایسا کلام بنایا جا سکتا ہے جس کے مقابلہ سے تمام دنیا کے فصیح وبلیغ عالم وحکیم بلکہ جن وانس ہمیشہ کے لئے عاجز رہ جائیں۔ اور جس کے علوم ومعارف کی تھوڑی سی جھلک بڑے بڑے عالی دماغ عقلاء وحکماء کی آنکھوں کو خیرہ کردے۔ (تفسیر عثانی)

وَ قَالُوْٓا اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ اكْتَتَبَهَا

اور کہنے لگے یہ نقلیں ہیں پہلوں کی جن کو اس نے لکھ رکھا ہے

فَهِیَ تُمْلٰی عَلَیْهِ بُكْرَةً وَّ اَصِیْلًا ۝

سو وہی لکھوائی جاتی ہیں اُس کے پاس صبح اور شام

کافروں کی کور مغزی:

یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل کتاب سے کچھ قصے کہانیاں سن کر نوٹ کر لی ہیں یا کسی سے نوٹ کرالی ہیں۔ وہ ہی شب وروز اُن کے سامنے پڑھی اور رٹی جاتی ہیں۔ نئے نئے اسلوب سے اُن ہی کا اُلٹ پھیر رہتا ہے اور کچھ بھی نہیں۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ اول نماز کے دو وقت مقرر تھے صبح اور شام۔ مسلمان حضرت کے پاس جمع ہوتے جو نیا قرآن اُترا ہوتا لکھ لیتے یاد کرنے کو۔ اُس کو کافر یوں کہنے لگے۔

قُلْ اَنْزَلَهُ الَّذِیْ یَعْلَمُ السِّرَّ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ

تو کہہ اس کو اتارا ہے اُس نے جو جانتا ہے چھپے ہوئے بھید آسمانوں میں اور زمین میں

قرآن تو علیم وخبیر کا اتارا ہوا ہے:

یعنی کتاب خود بتلا رہی ہے کہ وہ کسی ایک انسان یا کمیٹی کی بنائی ہوئی نہیں، بلکہ اُس خدا کی اتاری ہوئی ہے جس کے احاطہ علمی سے زمین وآسمان کی کوئی چیز باہر نہیں ہو سکتی۔ اس کلام کی معجزانہ فصاحت و بلاغت، علوم و معارف، اخبار غیبیہ احکام وقوانین اور وہ اسرار مکنونہ جن کی تہ تک بدوں توفیق الٰہی کے عقول وافہام کی رسائی نہیں ہو سکتی صاف ظاہر کرتے ہیں کہ یہ کسی محدود علم والے آدمی یا سازشی جماعت کا کلام نہیں۔

اِنَّهٗ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ۝

بیشک وہ بخشنے والا مہربان ہے

اللہ کی بخشش ومہربانی:

یعنی اپنی بخشش اور مہر سے ہی یہ قرآن اتارا، موضح القرآن، پھر جو لوگ ایسی روشن حقیقت کے منکر ہیں باوجود اُن کے جرائم کا تفصیلی علم رکھنے کے فوراً سزا نہیں دیتا۔ یہ بھی اُس کی بخشش اور مہر ہی کا پرتو ہے۔

وَ قَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ یَاْكُلُ الطَّعَامَ

اور کہنے لگے یہ کیسا رسول ہے کھاتا ہے کھانا

وَ یَمْشِیْ فِی الْاَسْوَاقِ

اور پھرتا ہے بازاروں میں

حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر کافروں کی چہ میگوئیاں:

یعنی جب ہماری طرح کھانا کھائے اور ہماری طرح خرید وفروخت کے لئے بازاروں میں جائے تو ہم میں اُس میں فرق کیا رہا۔ اگر واقعی رسول تھا تو چاہیے تھا کہ فرشتوں کی طرح کھانے پینے اور طلب معاش کے بکھیڑوں سے فارغ ہوتا۔ (تفسیر عثانی)

بغوی نے لکھا ہے، کافر کہتے تھے تم فرشتہ نہیں ہو۔ فرشتہ کھاتا پیتا نہیں اور تم کھاتے پیتے ہو۔ اور تم بادشاہ بھی نہیں ہو۔ بادشاہ بازاروں میں نہیں گھومتا پھرتا اور تم گھومتے پھرتے ہو۔

کافروں کی باتیں بے بنیاد ہیں:

میں کہتا ہوں یہ بات غلط ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تو نہ کبھی فرشتہ ہونے کا دعویٰ کیا تھا اور نہ بادشاہ ہونے کا (پھر کافر اس کی تردید ہی کیوں کرتے) بلکہ آپ نے تو فرمایا تھا اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ یُوْحٰٓی اِلَیَّ میں تم جیسا انسان ہوں (مگر) میرے پاس وحی آتی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نبوت کا دعویٰ کیا اور نبوت کا دعویٰ کھانا کھانے اور بازاروں میں چلنے پھرنے کے منافی نہیں ہے۔ یہ چیزیں تو مقتضائے بشریت ہیں اور بشریت نبوت کے لئے لازم ہے، افادہ اور استفادہ کے لئے ہم جنس ہونا ضروری ہے۔ اللہ نے فرمایا اگر زمین پر ملائکہ (آباد) ہوتے، اطمینان کے ساتھ زمین پر چلتے پھرتے تو ہم ان پر آسمان سے فرشتہ ہی رسول اتارتے (انسانوں کے لئے انسان ہی پیغمبر ہونا چاہیے)۔ (تفسیر مظہری)

لَوْ لَآ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مَلَكٌ فَیَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِیْرًا ۝

کیوں نہ اترا اس کی طرف کوئی فرشتہ کہ رہتا اُس کے ساتھ ڈرانے کو

اَوْ یُلْقٰٓی اِلَیْهِ كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ یَّاْكُلُ مِنْهَا

یا آپڑتا اُس کے پاس خزانہ یا ہو جاتا اس کے لئے ایک باغ کہ کھایا کرتا اُس میں سے

besturdubooks.wordpress.com

کافروں کا ایک بیوقوفانہ خیال:

یعنی اگر فرشتوں کی فوج نہیں تو کم از کم خدا کا ایک آدھ فرشتہ ان کو سچا ثابت کرنے اور رُعب جمانے کے لئے ساتھ رہتا جسے دیکھ کر خواہ مخواہ لوگوں کو جھکنا پڑتا۔ یہ کیا کہ کسمپرسی کی حالت میں اکیلے دعوے کرتے پھر رہے ہیں۔ یا اگر فرشتے بھی ہمراہ نہ ہوں تو کم از کم آسمان سے سونے چاندی کا کوئی غیبی خزانہ مل جاتا کہ لوگوں کو بے دریغ مال خرچ کر کے ہی اپنی طرف کھینچ لیا کرتے۔ اور خیر یہ بھی نہ سہی معمولی رئیسوں اور زمینداروں کی طرح انگور کھجور وغیرہ کا ایک باغ تو ان کی ملک میں ہوتا جس سے دوسروں کو نہ دیتے تو کم از کم خود بے فکری سے کھایا پیا کرتے جب اتنا بھی نہیں تو کس طرح یقین ہو کہ اللہ تعالیٰ نے رسالت کے عہدۂ جلیلہ پر معاذ اللہ ایسی معمولی حیثیت کے آدمی کو مامور کیا ہے۔

وَقَالَ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ﴿۸﴾
اور کہنے لگے بے انصاف تم پیروی کرتے ہو اس ایک مرد جادو مارے کی

یعنی میاں کی یہ پوزیشن اور اتنے اونچے دعوے؟ بجز اس کے کیا کہا جائے کہ عقل کھوئی گئی ہے یا کسی نے جادو کے زور سے دماغ مختل کر دیا ہے جو ایسی بہکی بہکی باتیں کرتے ہیں۔ (العیاذ باللہ)

اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا
دیکھ کیسی بٹھلاتے ہیں تجھ پر مثلیں سو بہک گئے
فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ﴿۹﴾
اب پا نہیں سکتے راستہ

دیکھو! کافروں کی گمراہیاں:

یعنی کبھی کہتے ہیں کہ ان کی باتیں محض مفتریات ہیں کبھی دعوے کرتے ہیں کہ نہیں دوسروں سے سیکھ کر اپنے سانچے میں ڈھال لی ہیں۔ کبھی آپ کو مسحور بتلاتے ہیں کبھی ساحر، کبھی کاہن، کبھی شاعر، کبھی مجنوں، یہ اضطراب خود بتلاتا ہے کہ ان میں سے کوئی چیز آپ پر منطبق نہیں ہوتی۔ اسی لئے کسی ایک بات پر قرار نہیں۔ اور الزام لگانے کا کوئی راستہ ہاتھ نہیں آتا۔ جو لوگ انبیاء کی جناب میں اس طرح کی گستاخیاں کر کے گمراہ ہوتے ہیں اُن کے راہ راست پر آنے کی کوئی توقع نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

تَبٰرَكَ الَّذِيْٓ اِنْ شَآءَ جَعَلَ لَكَ خَيْرًا
بڑی برکت ہے اُس کی جو چاہے تو کر دے تیرے واسطے اس سے بہتر

مِّنْ ذٰلِكَ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ
باغ کہ نیچے بہتی ہیں اُن کے نہریں
وَيَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا ﴿۱۰﴾
اور کر دے تیرے واسطے محل

اللہ سب کچھ پر قادر ہے مگر منکر ازلی محروم ہیں:

یعنی اللہ کے خزانہ میں کیا کمی ہے، وہ چاہے تو ایک باغ کیا، بہت سے باغ اُس سے بہتر عنایت فرما دے جس کا یہ لوگ مطالبہ کرتے ہیں۔ بلکہ اس کو قدرت ہے کہ آخرت میں جو باغ اور نہریں اور حور و قصور ملنے والے ہیں وہ سب آپ کو ابھی دنیا میں عطا کر دے لیکن حکمت الٰہی بالفعل اس کو مقتضی نہیں۔ اور معاندین کے سارے مطالبات اور فرمائشیں بھی اگر پوری کر دی جائیں تب بھی یہ حق و صداقت کو قبول کرنے والے نہیں ہیں۔ باقی پیغمبر علیہ السلام کی صداقت ثابت کرنے کے لئے جو دلائل و معجزات پیش کئے جا چکے وہ کافی سے زیادہ ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

شانِ نزول:

ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے نیز ابن ابی شیبہ نے مصنف میں حضرت خیثمہ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ (اللہ کی طرف سے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا گیا اگر آپ چاہیں تو ہم آپ کو زمین کے خزانے اور خزانوں کی کنجیاں عطا کر دیں اور اس سے آپ کے اس اجر میں کمی نہ ہوگی جو قیامت کے دن ہمارے پاس سے آپ کو ملے گا اور اگر آپ چاہیں تو اس (نعمت) کو بھی ہم آخرت (کی نعمتوں) کے ساتھ جمع کر دیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا نہیں (میں یہاں لینا نہیں چاہتا) میرے لئے آخرت میں دونوں (نعمتوں) کو جمع کر لیا جائے اس پر آیتِ ذیل نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

بغوی نے بروایت عکرمہ حضرت ابن عباسؓ کا قول اس طرح نقل کیا ہے اگر وہ چاہے تو اس سے یعنی بازاروں میں گھومنے اور معاش کی تلاش میں پھرنے سے بہتر عنایت کر دے۔

قصوراً مضبوط مکان۔ عرب ہر پختہ مکان کو قصر کہتے ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی فقر پسندی:

امام احمد اور ترمذی نے حضرت ابوامامہ کی روایت سے بیان کیا ہے اور ترمذی نے اس روایت کو حسن کہا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ نے وادیٔ مکہ کو میرے لئے سونا بنا دینے کی مجھ سے پیش کش کی۔ میں نے عرض کیا نہیں میرے رب۔ میں تو ایک دن سیر شکم ہوں اور ایک دن بھوکا

besturdubooks.wordpress.com

رہوں (یہی مجھے پسند ہے) جب میں بھوکا ہوں تو تیرے سامنے زاری کروں اور سیر شکم ہوں تو تیری تعریف اور شکر کروں۔

حضرت عائشہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اگر میں چاہتا تو میرے ساتھ سونے کے پہاڑ چلتے، ایک فرشتہ جس کی کمر کعبے کے برابر تھی میرے پاس آیا اور اس نے کہا آپ کا رب آپ کو سلام فرماتا ہے اور ارشاد فرماتا ہے کہ اگر آپ چاہیں تو نبی (اور) بندہ (غلام) رہیں اور اگر چاہیں تو نبی (اور) بادشاہ ہو جائیں۔ میں نے جبرئیل علیہ السلام کی طرف دیکھا۔ جبرئیل علیہ السلام نے اشارہ کیا کہ اپنے آپ کو نچلا رکھو۔ میں نے کہہ دیا میں نبی اور بندہ (غلام) رہنا چاہتا ہوں۔

حضرت عائشہؓ نے فرمایا، اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تکیہ لگائے کھانا نہیں کھاتے تھے اور فرماتے تھے میں غلاموں کی طرح کھاتا ہوں اور غلاموں کی طرح بیٹھتا ہوں۔ (تفسیر مظہری)

بَلْ كَذَّبُوا بِالسَّاعَةِ وَأَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ

کچھ نہیں وہ جھٹلاتے ہیں قیامت کو اور ہم نے تیار کی ہے اُس کے واسطے کہ

بِالسَّاعَةِ سَعِيرًا ﴿١١﴾

جھٹلاتا ہے قیامت کو آگ

کافروں کا اصل مقصد شرارت ہے:

یعنی یہ لوگ جن چیزوں کا مطالبہ کر رہے ہیں، فی الحقیقت طلب حق کی نیت نہیں۔ محض شرارت اور تنگ کرنے کے لئے ہے۔ اور شرارت کا سبب یہ ہے کہ انہیں ابھی تک قیامت اور سزا و جزاء پر یقین نہیں آیا۔ سو یاد رکھنا چاہیے کہ اُن کے جھٹلانے سے کچھ نہیں بنتا، قیامت آ کر رہے گی اور ان مکذبین کے لئے آگ کا جو جیل خانہ تیار کیا گیا ہے اس میں ضرور رہنا پڑے گا۔

إِذَا رَأَتْهُمْ مِنْ مَكَانٍ بَعِيدٍ سَمِعُوا لَهَا تَغَيُّظًا وَزَفِيرًا ﴿١٢﴾

جب وہ دیکھے گی اُن کو دور کی جگہ سے سنیں گے اُس کا جھنجھلانا اور چلانا

شرارت پسندوں کا عذاب:

یعنی دوزخ کی آگ محشر میں جہنمیوں کو دُور سے دیکھ کر جوش میں بھر جائے گی اور اس کی غضبناک آوازوں اور خوفناک پھنکاروں سے بڑے بڑے دلیروں کے پتے پانی ہو جائیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

ابن ابی حاتم میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص میرا نام لے کر میرے ذمے وہ بات کہے جو میں نے نہ کہی ہو اور جو شخص اپنے ماں باپ کے سوا دوسروں کو اپنا ماں باپ کہے اور جو غلام اپنے آقا کے سوا اور کی طرف اپنی غلامی کی نسبت کرے وہ جہنم کی دونوں آنکھوں کے درمیان اپنا ٹھکانا بنا لے۔ لوگوں نے کہا یا رسول اللہ! کیا جہنم کی بھی آنکھیں ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں کیا تم نے خدا کے کلام کی یہ آیت نہیں سنی إِذَا رَأَتْهُمْ مِنْ مَكَانٍ بَعِيدٍ الخ۔

حضرت ربیعؒ کا خوفِ آخرت:

ایک مرتبہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ حضرت ربیعؒ وغیرہ کو ساتھ لئے ہوئے کہیں جا رہے تھے راستے میں لوہار کی دوکان آئی آپ وہاں ٹھہر گئے اور لوہا جو آگ میں تپایا جا رہا تھا اسے دیکھنے لگے۔ حضرت ربیعؒ کا تو بُرا حال ہو گیا عذاب خدا کا نقشہ آنکھوں تلے پھر گیا قریب تھا کہ بے ہوش ہو کر گر پڑیں۔ اس کے بعد آپ فُرات کے کنارے گئے وہاں آپ نے تنور کو دیکھا کہ اس کے بیچ میں آگ شعلے مار رہی ہے، بے ساختہ آپ کی زبان سے یہ آیت نکل گئی اسے سُنتے ہی حضرت ربیعؒ بے ہوش ہو کر گر پڑے چارپائی پر ڈال کر آپ کو گھر پہنچایا گیا، صبح سے لے کر دوپہر تک حضرت عبداللہؓ ان کے پاس بیٹھے رہے اور چارہ جوئی کرتے رہے لیکن حضرت ربیعؒ کو ہوش نہ آیا۔

دوزخ کی دہشت:

حضرت عبید بن عمیرؒ فرماتے ہیں کہ جب جہنم مارے غصے کے تھر تھرائے گی اور شور وغل اور چیخ و پکار اور جوش خروش شروع کرے گی اس وقت تمام مقرب فرشتے اور ذی رتبہ انبیاء کانپنے لگیں گے یہاں تک کہ خلیل خدا حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی اپنے گھٹنوں کے بل گر پڑیں گے اور کہنے لگیں گے کہ خدایا! میں آج تجھ سے صرف اپنی جان کا بچاؤ چاہتا ہوں اور کچھ نہیں مانگتا۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَإِذَا أُلْقُوا مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُقَرَّنِينَ

اور جب ڈالے جائیں گے اس کے اندر ایک جگہ تنگ میں ایک زنجیر

دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُورًا ﴿١٣﴾

میں کئی کئی بندھے ہوئے پکاریں گے اُس جگہ موت کو

دوزخ میں مجرموں کی جگہیں:

یعنی دوزخ میں ہر مجرم کے لئے خاص جگہ ہوگی جہاں سے ہل نہ سکے گا۔ اور ایک نوعیت کے کئی کئی مجرم ایک ساتھ زنجیروں میں جکڑے ہوں گے۔ اُس وقت مصیبت سے گھبرا کر موت کو پکاریں گے کہ کاش موت آ کر ہماری ان دردناک مصائب کا خاتمہ کر دے۔ (تفسیر عثمانی)

دوزخ کی تنگی:

اور جب ان کو دوزخ کے تنگ مقام میں باندھ جکڑ کر ڈالا جائے گا تو

besturdubooks.wordpress.com

وہاں وہ ہلاکت (یعنی موت) کو پکاریں گے۔

تنگ مقام میں ڈالے جانے کی غرض ہوگی عذاب کی شدت تنگی میں بے چینی اور وسعت مکان میں کچھ راحت ہوتی ہی ہے۔ ابن ابی حاتم نے یحییٰ بن اسید کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کے متعلق دریافت کیا گیا، فرمایا قسم اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اس کو دوزخ میں اس طرح ٹھونسا جائے گا جیسے دیوار میں میخ۔

حضرت ابن عمرؓ کی روایت میں آیا ہے جیسے برچھے بوری میں۔

ابن مبارک نے بطریق قتادہ بیان کیا کہ حضرت عبداللہ (بن عمر) فرماتے تھے کافروں پر دوزخ کی ایسی تنگی ہوگی جیسے نیزے بوری میں۔

لوہے کے صندوقوں میں بند ہوں گے:

ابن جریر، ابن ابی حاتم، ابن ابی الدنیا اور بیہقی نے حضرت ابن مسعودؓ کا قول نقل کیا ہے کہ جب ان لوگوں کو جن کو ہمیشہ دوزخ میں رہنا ہے دوزخ میں ڈالا جائے گا (یعنی ڈالے جانے کا حکم ہوگا) تو اول ان کو لوہے کے صندوقوں میں بند کر کے لوہے کی کیلیں ٹھونک دی جائیں گی پھر ان صندوقوں کو دوسرے آہنی صندوقوں میں بند کر دیا جائے گا۔ پھر جہنم کی تہ میں ان کو پھینک دیا جائے گا، پس کوئی بھی سوا اپنے کسی دوسرے کو عذاب میں مبتلا دیکھ نہ سکے گا۔

سوید بن غفلہ کی روایت سے بھی ابونعیم اور بیہقی نے اسی طرح کی حدیث نقل کی ہے۔

مُقَرَّنِیْنَ یعنی گردن سے ہاتھ بندھے ہوئے زنجیروں سے جکڑے ہوئے، بعض نے کہا شیطانوں کے ساتھ باندھے گئے۔ شیطانوں کی جنت میں بندھے ہوئے۔ (تفسیر مظہری)

یہ لوگ جہنم کے ایسے تنگ و تاریک مکان میں ٹھونس دیئے جائیں گے جیسے بھالا کسی سوراخ میں اور روایت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کی بابت سوال ہونا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمانا مروی ہے کہ جیسے کیل دیوار میں بمشکل گاڑی جاتی ہے اس طرح ان دوزخیوں کو ٹھونسا جائے گا یہ اُس وقت خوب جکڑے ہوئے ہوں گے بال بال بندھا ہوا ہوگا۔ وہاں وہ موت کو فوت کو ہلاکت کو حسرت کو پکارنے لگیں گے۔ (تفسیر ابن کثیر)

سب سے پہلے ابلیس جہنم رسید ہوگا:

احمد بزار، ابن ابی حاتم اور بیہقی نے صحیح سند کے ساتھ حضرت انس کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، سب سے پہلے ابلیس کو آگ کا لباس پہنایا جائے گا وہ اس لباس کو اپنی دونوں بھنوؤں پر رکھ کر کھینچے گا اور یا ثبور پکارے گا (ہائے میری ہلاکت) اس کی ذریات اس کے پیچھے (اسی طرح کا لباس پہنے) یا ثبور پکارتی ہوگی، آخر سب دوزخ پر جا کر

ٹھہریں گے اس وقت ان سے کہا جائے گا۔ (تفسیر مظہری)

> لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّادْعُوْا ثُبُوْرًا كَثِيْرًا
>
> مت پکارو آج ایک مرنے کو اور پکارو بہت سے مرنے کو

یعنی ایک بار مریں تو چھوٹ جائیں۔ دن میں ہزار بار مرنے سے بدتر حال ہوتا ہے۔ (موضح القرآن)

> قُلْ اَذٰلِكَ خَيْرٌ اَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ
>
> تو کہہ بھلا یہ چیز بہتر ہے یا باغ ہمیشہ رہنے کا جس کا وعدہ ہو چکا پرہیزگاروں سے

یعنی مکذبین کا انجام سن لیا۔ اب خود فیصلہ کر لو کہ یہ پسند ہے یا وہ جس کا وعدہ مومنین متقین سے کیا گیا۔

> كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً وَّمَصِيْرًا ۝ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ
>
> وہ ہوگا اُن کا بدلہ اور پھر جانے کی جگہ اُن کے واسطے وہاں ہے جو وہ چاہیں

اور چاہیں گے وہی جو اُن کے مرتبہ کے مناسب ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

مؤمنوں کا انعام:

جو کچھ وہ چاہیں گے جنت میں ان کو ملے گا (یا ان کے لئے موجود ہے) ہمیشہ (وہاں) رہیں گے۔

یعنی اپنے مرتبے کے لائق مؤمن جنت کے اندر جو کچھ چاہے گا وہ اس کو ملے گا۔ ظاہر ہے کہ ناقص کو وہ نعمت نہیں ملے گی جو کامل کو ملے گی۔ آیت میں تنبیہ ہے اس امر پر کہ تمام ارمان تو صرف جنت میں ہی پورے ہوں گے (دنیا میں پورے نہیں ہو سکتے) (تفسیر مظہری)

> خٰلِدِيْنَ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْئُوْلًا ۝
>
> رہا کریں ہمیشہ ہو چکا تیرے رب کے ذمہ وعدہ مانگا ملتا

اللہ نے اپنی مہربانی سے لازم کر لیا:

وَعْدًا مَّسْئُوْلًا سے مراد حتمی وعدہ ہے جو خدا تعالیٰ نے محض فضل و عنایت سے اپنے ذمہ لازم کر لیا۔ یا یہ مطلب کہ اس وعدہ کے ایفاء کا متقین سوال کریں گے۔ جو یقیناً پورا کیا جائے گا۔ جیسا کہ دعا میں ہے رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ ۔ (تفسیر عثمانی)

عَلٰى رَبِّكَ یعنی آپ کے رب پر لازم ہے اور واجب ہے کیونکہ اس نے وعدہ کر لیا ہے اور وعدہ خداوندی کے خلاف ہونا ممکن نہیں (یعنی اللہ پر کوئی بات فی نفسہ واجب نہیں وجوب مجبور، عاجز پر ہوتا ہے اور خدا ہر عجز سے پاک ہے لیکن اس نے اپنے ارادے اور اختیار سے وعدہ فرما لیا ہے اس لئے

besturdubooks.wordpress.com

وعدے کو پورا کرنا اس پر لازم ہے، پس یہ وجوب اضافی ہے خود اسی کا اختیار کردہ ہے پہلے ارادے کے ساتھ اس نے وعدہ کیا پھر وعدے کے مطابق ایفاء کو اس نے اپنے اوپر واجب کیا (اس لئے اگر ایفاء وعدہ اس پر واجب ہوا تو اس کے اختیار کے ماتحت ہوا) (تفسیر مظہری)

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا يَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ

اور جس دن جمع کر بلائے گا اُن کو اور جن کو وہ پوجتے ہیں اللہ کے سوائے

فَيَقُولُ ءَأَنْتُمْ أَضْلَلْتُمْ عِبَادِي هٰؤُلَاءِ

پھر ان سے کہے گا کیا تم نے بہکایا میرے ان بندوں کو

أَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيلَ ﴿۱۷﴾

یا وہ آپ بہکے راہ سے

میدانِ حشر میں جھوٹے معبودوں سے سوال:

یعنی عابدین کو سُنا کر معبودوں سے دریافت کیا جائے گا کہ کیا تم نے ان کو شرک کی اور اپنی پرستش کرانے کی ترغیب دی تھی یا یہ خود اپنی حماقت و جہالت اور غفلت و بے توجہی سے گمراہ ہوئے۔ (تفسیر عثمانی)

مَا يَعْبُدُونَ سے مراد ہیں تمام باطل معبود عقل والے ہوں یا عقل سے محروم کیونکہ زیادہ صحیح قول یہی ہے کہ لفظ ما دونوں کو شامل ہوتا ہے اہلِ عقل کو اور بے عقل چیزوں کو مجاہد نے سوال و جواب کے قرینہ کا لحاظ کرتے ہوئے کہا کہ اس جگہ ملائکہ جنات، حضرت عیسیٰ اور حضرت عزیرؑ مراد ہیں۔ عکرمہ ضحاک اور کلبی کے نزدیک صرف اصنام (بت) مراد ہیں کیونکہ اہل نحو کا مشہور قول یہ ہے کہ ما کا استعمال بے عقل چیزوں کے لئے ہوتا ہے اس قول کا مطلب یہ ہوا کہ قیامت کے دن اللہ ان بتوں کو زندہ کر دے گا اور بولنے پر قدرت عطا کر دے گا جس طرح انسان کے ہاتھ پاؤں اور مقاماتِ گناہ کو گویا بنا دیئے جائیں گے۔

أَضْلَلْتُمْ کیا تم نے گمراہ کیا تھا، یعنی کیا تم نے ان کو اپنی پوجا کی دعوت دی تھی۔

أَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيلَ وہ خود معرفتِ حق کا راستہ کھو بیٹھے تھے۔ انہوں نے خود صحیح غور و فکر نہیں کیا، اور ہادی برحق کی نصیحت سے گریز کیا۔ اس سوال کی غرض معبودانِ باطل کے پرستاروں کو سرزنش اور زجر ہوگی۔ (تفسیر مظہری)

قَالُوا سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ يَنْبَغِي لَنَا أَنْ نَتَّخِذَ

بولیں گے تو پاک ہے ہم سے بن نہ آتا تھا کہ پکڑ لیں

مِنْ دُونِكَ مِنْ أَوْلِيَاءَ

کسی کو تیرے بغیر رفیق

معبودوں کا عابدوں سے اظہارِ براءت:

یعنی ہماری کیا مجال تھی کہ تجھ سے ہٹ کر کسی دوسرے کو اپنا رفیق و مددگار سمجھتے۔ پھر جب ہم اپنے نفس کے لئے تیرے سوا کوئی سہارا نہیں رکھتے تھے تو دوسروں کو کیسے حکم دیتے کہ ہم کو اپنا معبود اور حاجت روا سمجھیں۔ (تفسیر عثمانی)

نقلی معبودوں کو سوال پر تعجب ہوگا:

سُبْحٰنَكَ، یعنی بطور تعجب وہ یہ لفظ کہیں گے کیونکہ معبودانِ باطل اگر ملائکہ یا انبیاء ہوں گے تو اس سوال پر ان کا تعجب ظاہر ہی ہے۔ اللہ نے ان کو معصوم بنایا تھا ان سے ایسا جرم کیسے سرزد ہو سکتا تھا اور اگر مخاطب جمادات اور پتھروں وغیرہ کو مانا جائے تب بھی ان کا تعجب صحیح ہے ان کو اللہ کی طرف سے تخلیقاً قدرت ہی نہیں دی گئی پھر وہ کیسے گمراہ کر سکتے تھے ان سے ایسا سوال تعجب انگیز تھا۔

یا ان کو اس بات پر تعجب اس وجہ سے ہوا کہ ہمارے متعلق تو فرما دیا گیا کہ ہم اللہ کی تسبیح و تحمید میں مشغول رہتے ہیں۔ اللہ نے فرما دیا ہے وَإِنْ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهِ پھر ہم کس طرح گمراہ کر سکتے ہیں اور کیونکر شرک کی تعلیم دے سکتے ہیں۔

مَا كَانَ يَنْبَغِي لَنَا ہمارے لئے تو یہ بھی جائز نہیں، یعنی اللہ نے ہم کو معصوم بنایا ہے یا قدرت ہی نہیں دی، اس لئے کسی دوسرے کو اللہ کے سوا ہم اپنا کارساز قرار دیں یہ ہمارے لئے درست ہی نہیں ہے، دوسروں کو بہکانے یا گمراہ کرنے کا تو ذکر ہی کیا ہے۔

جو معبودیت کا دعویٰ کرتے تھے ان کا جواب:

یہ جواب انبیاء، ملائکہ اور جمادات کی طرف سے ہوگا۔ لیکن جو لوگ خود معبود اور رب بن بیٹھے ہیں خواہ وہ انسان ہوں یا جنات، ان کی طرف سے یہ جواب نہ ہوگا بلکہ وہ اس طرح کے جواب دیں گے۔

وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِينَ قسم اللہ کی جو ہمارا رب ہے ہم مشرک نہیں تھے شیطان کہے گا إِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُكُمْ فَأَخْلَفْتُكُمْ وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِنْ سُلْطٰنٍ اللہ نے تم سے وعدہ کیا تھا وہ سچا وعدہ تھا اللہ نے وہ پورا کیا اور میں نے جو تم سے وعدہ کیا تھا اس کے خلاف کیا میرا تم پر کوئی جبر نہ تھا۔ الآیۃ۔ (تفسیر مظہری)

وَلٰكِنْ مَتَّعْتَهُمْ وَآبَاءَهُمْ حَتّٰى نَسُوا

لیکن تو ان کو فائدہ پہنچاتا رہا اور ان کے باپ دادوں کو یہاں تک کہ

الذِّكْرَ وَكَانُوا قَوْمًا بُورًا ﴿۱۸﴾

بھلا بیٹھے تیری یاد اور یہ تھے لوگ تباہ ہونے والے

besturdubooks.wordpress.com

حقیقت حال: یعنی اصل یہ ہے کہ یہ بدبخت اپنی سوء استعداد سے خود ہی تباہ ہونے کو پھر رہے تھے ہلاکت ان کے لئے مقدر ہو چکی تھی، ظاہری سبب اس کا یہ ہوا کہ عیش و آرام میں پڑ کر اور غفلت کے نشہ میں چور ہو کر آپ کی یاد کو بھلا بیٹھے، کسی نصیحت پر کان نہ دھرا پیغمبروں کی ہدایت و ارشاد کی طرف سے بالکل آنکھیں بند کر لیں اور دنیوی تمتع پر مغرور ہو گئے آپ نے اپنی نوازش سے جس قدر ان کو اور ان کے باپ دادوں کو دنیا کے فائدے پہنچائے، یہ اسی قدر غفلت و نسیان میں ترقی کرتے گئے۔ چاہیے تو یہ تھا کہ انعامات الٰہیہ کو دیکھ کر منعم حقیقی کی بندگی اور شکر گزاری اختیار کرتے، اُلٹے مغرور مفتون ہو کر کفرو عصیان پر تل گئے۔ گویا جو امرت تھا، بدبختی سے ان کے حق میں زہر بن گیا۔

فَقَدْ كَذَّبُوكُمْ بِمَا تَقُولُونَ

سو وہ تو جھٹلا چکے تم کو تمہاری بات میں

مشرکوں کے سب سہارے ٹوٹ جائیں گے:

یہ حق تعالیٰ کی طرف سے ارشاد ہوگا کہ لو! جن کی اعانت پر تم کو بڑا بھروسہ تھا وہ خود تمہارے دعاوی کو جھٹلا رہے ہیں اور تمہاری حرکات سے اعلانیہ بیزاری کا اظہار کر رہے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

یہ بھی مطلب ہو سکتا ہے کہ ہم قیامت کے دن مشرکوں سے کہیں گے کہ تمہارے معبود ہی تم کو جھوٹا قرار دے رہے ہیں۔ بِمَا تَقُولُونَ یعنی یہ بات جو تم کہتے تھے کہ یہ ہمارے معبود ہیں یا کہتے ہو کہ ہمارے ان معبودوں نے ہم کو گمراہ کیا، اس بات کی تکذیب تمہارے معبودوں نے ہی کر دی۔ (تفسیر مظہری)

فَمَا تَسْتَطِيعُونَ صَرْفًا وَلَا نَصْرًا

اب نہ تم لوٹا سکتے ہو اور نہ مدد کر سکتے ہو

یعنی اب نہ عذاب الٰہی کو پھیر سکتے ہو نہ بات کو پلٹ سکتے ہو نہ ایک دوسرے کی مدد کر سکتے ہو جس کو جو سزا ملنے والی ہے اُس کا بڑے مزہ چکھتے رہو۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَنْ يَظْلِمْ مِنْكُمْ نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيرًا

اور جو کوئی تم میں گنہگار ہے اُس کو ہم چکھائیں گے بڑا عذاب

شاید ظلم سے مراد یہاں شرک ہو، اور ممکن ہے ہر قسم کا ظلم و گناہ مُراد لیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَا أَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِينَ إِلَّا إِنَّهُمْ

اور جتنے بھیجے ہم نے تجھ سے پہلے رسول سب

لَيَأْكُلُونَ الطَّعَامَ وَيَمْشُونَ فِي الْأَسْوَاقِ

کھاتے تھے کھانا اور پھرتے تھے بازاروں میں

کافروں کے اعتراض کی تردید:

یہ جواب ہوا مَالِ هٰذَا الرَّسُولِ يَأْكُلُ الطَّعَامَ الخ کا یعنی آپ سے پہلے جتنے پیغمبر دنیا میں آئے سب آدمی تھے۔ آدمیوں کی طرح کھاتے پیتے اور معاشی ضروریات کے لئے بازار بھی جاتے تھے۔ اُن کو فرشتہ بنا کر نہیں بھیجا جو کھانے پینے اور حوائج بشریہ سے مستغنی ہوں۔ اس سے معلوم ہوا کہ ضرورت کے لئے بازاروں میں پھرنا شانِ تقدس اور بزرگی کے منافی نہیں۔ بلکہ اگر بازار نہ جانے کا منشاء کبر و خود بینی ہو تو یہ بزرگی کے خلاف ہے۔

وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً أَتَصْبِرُونَ

اور ہم نے رکھا ہے تم میں ایک دوسرے کے جانچنے کو دیکھیں ثابت بھی رہتے ہو

کشمکش دنیا امتحان ہے:

یعنی پیغمبر ہیں کافروں کا ایمان جانچنے کو۔ اور کافر ہیں پیغمبروں کا صبر جانچنے کو۔ اب دیکھیں کافروں کے سفیہانہ طعن و تشنیع اور لغو اعتراضات سن کر تم کس حد تک صبر و استقلال دکھاتے ہو۔ (تفسیر عثمانی)

قتادہ نے کہا، قریش مومنوں کا مذاق بناتے تھے اور کہتے تھے ذرا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھیوں کو تو دیکھو، جن لوگوں نے ان کا ساتھ دیا ہے وہ تو ہمارے غلام ہیں، کمینے ہیں ذلیل طبقے کے ہیں، اللہ نے ان مومنوں کو خطاب کر کے فرمایا اتصبرون کیا اس فقر و مصیبت اور کافروں کی طرف سے اذیت پہنچنے پر تم صبر رکھو گے۔ یا صبر نہ رکھو گے، صبر رکھو گے تو اجر پاؤ گے۔ صبر نہ رکھو گے تو غم و الم میں مزید مبتلا ہو گے مطلب یہ کہ صبر رکھو۔ (تفسیر مظہری)

شکر کی توفیق کا نسخہ:

حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی مال اور جسم کے لحاظ سے اپنے سے اونچے کو دیکھے تو اپنے سے نیچے کو بھی دیکھے (یعنی) اپنے سے اونچے کو مت دیکھو کہ حسرت ہو نیچے کو دیکھو کہ تسلی ہو اور شکر کی توفیق ہو۔ رواہ الشیخان فی الصحیحین واحمد۔ (تفسیر مظہری)

پیغمبروں کا فقر

صحیح مسلم شریف میں ہے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ میں خود تجھے اور تیرے ذریعہ سے اور لوگوں کو آزمانے والا ہوں۔ مسند میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اگر میں چاہتا تو میرے

besturdubooks.wordpress.com

ساتھ سونے چاندی کے پہاڑ چلتے رہتے۔ اور صحیح حدیث شریف میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نبی اور بادشاہ بننے میں اور نبی اور بندہ بننے میں اختیار دیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بندہ اور نبی بننا پسند فرمایا، فَصَلَوٰتُ اللّٰہِ وَسَلَامُہٗ عَلَیْہِ وَ عَلیٰ اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ. (تفسیر ابن کثیر)

مسند احمد، ترمذی میں حضرت ابوامامہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے رب نے مجھ سے فرمایا کہ میں آپ کے لئے پورے بطحاء مکہ اور اس کے پہاڑوں کو سونا بنا دیتا ہوں، تو میں نے عرض کیا نہیں، اے میرے پروردگار مجھے تو یہ پسند ہے کہ مجھے ایک روز پیٹ بھرائی کھانا ملے (جس پر اللہ کا شکر ادا کروں) اور ایک روز بھوکا رہوں (اُس پر صبر کروں) اور حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر میں چاہتا تو سونے کے پہاڑ میرے ساتھ پھرا کرتے۔ (مظہری)

خلاصہ اس کا یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام کا عام طور پر فقر وفاقہ میں رہنا اللہ تعالیٰ کی ہزاروں حکمتوں اور عام انسانوں کی مصالح کی بناء پر ہے اور اس میں بھی وہ اس حالت پر مجبور نہیں ہوتے اگر وہ چاہیں تو اللہ تعالیٰ اُن کو بڑا مالدار صاحب جائیداد بنا سکتے ہیں مگر اُن کی ذات کو حق تعالیٰ نے ایسا بنایا ہے کہ وہ مال و دولت سے کوئی دلچسپی ہی نہیں رکھتے، فقر وفاقہ ہی کو پسند کرتے ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيرًا ﴿٢٠﴾
اور تیرا رب سب کچھ دیکھتا ہے

یعنی کافروں کا کفر و ایذاء دہی اور صابروں کا صبر وتحمل سب اُس کی نظر میں ہے۔ ہر ایک کو اُس کے کئے کا پھل دے کر رہے گا۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالَ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءَنَا لَوْلَا
اور بولے وہ لوگ جو اُمید نہیں رکھتے کہ ہم سے ملیں گے کیوں نہ
أُنزِلَ عَلَيْنَا الْمَلَائِكَةُ أَوْ نَرَىٰ رَبَّنَا
اُترے ہم پر فرشتے یا ہم دیکھ لیتے اپنے رب کو

منکرین آخرت کی بیہودہ گوئی:

یعنی جن کو یہ اُمید نہیں کہ ایک روز ہمارے رُوبرو حاضر ہو کر حساب وکتاب دینا ہے وہ سزا کے خوف سے بالکل بے فکر ہو کر معاندانہ اور گستاخانہ کلمات زبان سے بکتے ہیں۔ مثلاً کہتے ہیں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرح ہم پر فرشتے وحی لے کر کیوں نہ اُترے۔ یا خدا تعالیٰ سامنے آ کر ہم سے ہم کلام کیوں نہ ہو گیا۔ کم از کم فرشتے تمہاری تصدیق ہی کے لئے آ جاتے یا خود خداوند رب العزت کو ہم دیکھتے کہ سامنے ہو کر تمہارے دعوے کی تائید وتصدیق کر رہا ہے کما فی موضع آخر قَالُوا لَنْ نُؤْمِنَ حَتَّىٰ نُؤْتَىٰ مِثْلَ مَا أُوتِيَ رُسُلُ اللَّهِ (انعام رکوع ۱۵) وفی سورۃ الاسرا أَوْ تَأْتِيَ بِاللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ قَبِيلًا رکوع ۱۰۔ (تفسیر عثمانی)

لَقَدِ اسْتَكْبَرُوا فِي أَنفُسِهِمْ وَعَتَوْا عُتُوًّا كَبِيرًا ﴿٢١﴾
تحقیق بہت بڑائی رکھتے ہیں اپنے جی میں اور سرچڑھ رہے ہیں بڑی شرارت میں

منکر تکبر کے مریض ہیں:

یعنی انہوں نے اپنے دل میں اپنے کو بہت بڑا سمجھ رکھا ہے جو وحی اور فرشتوں کے آنے کی تمنا رکھتے ہیں شرارت وسرکشی کی حد ہو گئی کہ باوجود ایسی سیاہ کاریوں کے دنیا میں ان آنکھوں سے خداوند قدوس کو دیکھنے اور شرف ہم کلامی سے مشرف ہونے کا مطالبہ کریں۔

يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلَائِكَةَ لَا بُشْرَىٰ يَوْمَئِذٍ
جس دن دیکھیں گے فرشتوں کو کچھ خوشخبری نہیں اُس دن
لِّلْمُجْرِمِينَ وَيَقُولُونَ حِجْرًا مَّحْجُورًا ﴿٢٢﴾
گنہگاروں کو اور کہیں گے کہیں روک دی جائے کوئی آڑ

گھبراؤ نہیں وقت آ رہا ہے:

یعنی گھبراؤ نہیں، ایک دن آنے والا ہے جب فرشتے تم کو نظر پڑیں گے لیکن اُن کے دیکھنے سے تم جیسے مجرموں کو کچھ خوشی حاصل نہ ہو گی، بلکہ سخت ہولناک مصائب کا سامنا ہو گا۔ حتی کہ جو لوگ اس وقت فرشتوں کے نزول کا مطالبہ کرنے والے ہیں اُس وقت حِجْرًا مَّحْجُورًا کہہ کر پناہ طلب کریں گے، اور چاہیں گے کہ اُن کے اور فرشتوں کے درمیان کوئی سخت روک قائم ہو جائے کہ وہ اُن تک نہ پہنچ سکیں لیکن خدا کا فیصلہ کب رُک سکتا ہے فرشتے بھی حِجْرًا مَّحْجُورًا کہہ کر بتلا دیں گے کہ آج مسرت و کامیابی ہمیشہ کے لئے تم سے روک دی گئی ہے۔ (تنبیہ) ممکن ہے یہ تذکرہ احتضار (موت) کے وقت کا ہو۔ کما قال تعالیٰ وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ يَتَوَفَّى الَّذِينَ كَفَرُوا ۙ الْمَلَائِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ (انفال۔ رکوع ۷) وقال تعالیٰ وَلَوْ تَرَىٰ إِذِ الظَّالِمُونَ فِي غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَالْمَلَائِكَةُ بَاسِطُو أَيْدِيهِمْ أَخْرِجُوا أَنفُسَكُمُ ۖ الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُونِ (انعام رکوع)

گویا یہ کیفیت اُسکے بالمقابل ہو گی۔ جو دوسری جگہ مومنین کی بیان ہوئی ہے۔ إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةُ أَلَّا تَخَافُوا وَلَا تَحْزَنُوا وَأَبْشِرُوا بِالْجَنَّةِ الَّتِي كُنتُمْ تُوعَدُونَ (حم السجدہ۔ رکوع ۴) اور ممکن ہے یہاں قیامت کے دن کا ذکر ہو۔ واللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

بغوی نے بحوالہ ابن جریج لکھا ہے کہ عربوں پر جب کوئی مصیبت آتی

besturdubooks.wordpress.com

ہے اور کسی ناخوشگوار امر میں مبتلا ہوتے ہیں تو حجرا محجورا کہتے ہیں چنانچہ مجرم فرشتوں کو دیکھنے کے بعد یہ الفاظ کہیں گے۔ (تفسیر مظہری)

مؤمن کی روح کا اعزاز:

صحیح حدیث میں ہے کہ فرشتے مؤمن کی رُوح سے کہتے ہیں اے پاک روح جو پاک جسم میں تھی تو اللہ تعالیٰ کے رحم اور رحمت کی طرف چل جو تجھ سے ناراض نہیں ہے۔ شہر بن حوشبؒ کہتے ہیں کہ ان میں سے چار کی تسبیح تو یہ ہوگی۔ سُبحانک اللّٰھُمَّ وبحمدک لک الحمد علیٰ حلمک بعد علمک خُدایا تو پاک ہے تو قابل ستائش وتعریف ہے باوجود علم کے پھر بھی بُردباری برتتا تیرا وصف ہے جس پر ہم تیری تعریف بیان کرتے ہیں اور چار کی تسبیح یہ ہوگی۔ سُبحانک اللّٰھُمَّ وبحمدک لک الحمد علیٰ عفوک بعد قُدرتک خدایا تو پاک ہے اور اپنی تعریفوں کے ساتھ ہے تیرے ہی لئے سب تعریف ہے کہ تو باوجود قدرت کے معاف فرماتا رہتا ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَقَدِمْنَآ اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا

اور ہم پہنچے اُن کے کاموں پر جو انہوں نے کئے تھے پھر ہم نے کر ڈالا اس کو خاک اُڑتی ہوئی

غرور خاک ہوجائے گا:

یعنی وہ ہم کو بلاتے تھے تو ہم بھی آ پہنچے، مگر اُن کی عزت بڑھانے کو نہیں، بلکہ اس لئے کہ انہوں نے اپنے زعم باطل کے موافق جو بھلے کام کئے تھے جن پر بڑا بھروسہ تھا انہیں ہم قطعاً ملیامیٹ کردیں اور اس طرح بے حقیقت کر کے اُڑا دیں جیسے خاک کے حقیر ذرات ہوا میں اِدھر اُدھر اُڑ جایا کرتے ہیں۔ کیونکہ وہ اعمال روح اخلاص وایمان سے یکسر خالی یا طریق حق کے بالکل متضاد واقع ہوئے ہیں۔ قال تعالیٰ مَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ اَعْمَالُهُمْ كَرَمَادِ ِۨاشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ يَوْمٍ عَاصِفٍ (ابراہیم۔ رکوع ۳) وغیر ذٰلک من الآیات۔ (تفسیر عثمانی)

هَبَآءً مَّنْثُوْرًا یعنی بے کار، رائیگاں جس کا آخرت میں کوئی ثواب نہ ہوگا، کیونکہ ثواب کی شرط ہے ایمان اور محض اللہ کے لئے نیکی کرنا اور یہ دونوں شرطیں کافروں کے اعمال میں مفقود ہیں۔

ہباء کا معنی:

حضرت علیؓ نے فرمایا، ہباء ان ذروں کو کہتے ہیں جو روشندانوں (اور کواڑوں) کے شگافوں سے سورج کی روشنی پر غبار کی طرح نظر آتے ہیں، مگر ہاتھ سے ان کو چھوا نہیں جاسکتا اور نہ وہ سایہ میں نظر آتے ہیں حسن، مجاہد اور عکرمہ نے بھی اس لفظ کی یہی تشریح کی۔ منثور کا معنی ہے پراگندہ۔ (تفسیر مظہری)

اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّاَحْسَنُ مَقِيْلًا

بہشت کے لوگوں کا اُس دن خوب ہے ٹھکانا اور خوب ہے جگہ دوپہر کے آرام کی

اہل جنت کے مزے:

یعنی یہ لوگ تو اس روز اس مصیبت میں گرفتار ہوں گے اور جن کی ہنسی اُڑایا کرتے تھے وہ جنت میں خوب عیش وآرام کے مزے لوٹیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

جنت و دوزخ میں داخلہ کا وقت:

بغوی کی روایت میں حضرت ابن مسعودؓ کا بیان ان الفاظ کے ساتھ آیا ہے۔ قیامت کا دن آدھا نہ ہونے پائے گا کہ اہل جنت، جنت میں اور اہل نار دوزخ میں جا کر ٹھہر جائیں گے۔ پھر آپ نے یہ آیت تلاوت کی ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيْمِ حضرت ابن مسعودؓ کی قرأت میں یہ آیت اسی طرح آئی ہے۔ ابن جریر، ابن المنذر اور ابونعیم نے الحلیہ میں ابراہیم نخعی کا قول نقل کیا ہے۔ لوگ خیال کرتے تھے کہ قیامت کے دن آدھے دن میں لوگوں کا حساب ختم ہوجائے گا پھر جنت والے جنت میں اور دوزخ والے دوزخ میں قیلولہ کریں گے (دوپہر بسر کریں گے) بغوی نے لکھا ہے حضرت ابن عباسؓ فرماتے تھے اس روز حساب شروع دن میں ہی ہوجائے گا۔ (تفسیر مظہری)

حضرت عکرمہؒ فرماتے ہیں مجھے معلوم ہوا ہے کہ کس وقت جنتی جنت میں جائیں گے اور جہنمی جہنم میں، یہ وہ وقت ہوگا جو یہاں دنیا میں دوپہر کا وقت ہوتا ہے کہ لوگ اپنے گھروں کو دو گھڑی آرام حاصل کرنے کی غرض سے لوٹتے ہیں۔ جنتیوں کا یہ قیلولہ جنت میں ہوگا۔ مچھلی کی کلیجی انہیں پیٹ بھر کر کھلائی جائے گی۔ (تفسیر مظہری)

وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ وَنُزِّلَ الْمَلٰٓئِكَةُ تَنْزِيْلًا

اور جس دن پھٹ جائے آسمان بادل سے اور اُتارے جائیں فرشتے تار لگا کر

اللہ تعالیٰ کا نزولِ اجلال:

قیامت کے دن آسمانوں کے پھٹنے کے بعد اوپر سے بادل کی طرح کی ایک چیز اُترتی نظر آئے گی جس میں حق تعالیٰ کی ایک خاص تجلی ہوگی۔ اُسے ہم چتر شاہی سے تعبیر کئے لیتے ہیں۔ شاید یہ وہی چیز ہو جسے ابورزین کی حدیث میں عماء سے اور نسائی کی ایک روایت میں جو معراج سے متعلق ہے غیایہ سے تعبیر کیا ہے۔ واللہ اعلم اس کے ساتھ بیشمار فرشتوں کا ہجوم ہوگا اور آسمانوں کے فرشتے اُس روز لگاتار مقام محشر کی طرف نزول فرمائیں گے۔ دوسرے پارہ کے نصف کے قریب آیت هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ الخ میں بھی اسی طرح کا مضمون گزر چکا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

ابن جریر اور ابن مبارک نے ضحاک کا قول نقل کیا ہے کہ جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ کے حکم سے آسمان اپنے باشندوں سمیت پھٹ پڑے گا اس حکم کے وقت ملائکہ آسمان کے کناروں پر ہوں گے اور نیچے اتر کر ساری زمین اور زمین والوں کو گھیر لیں گے، پھر دوسرے تیسرے چوتھے پانچویں چھٹے اور ساتویں آسمان کا بھی یہی حال ہوگا۔ پھر سب فرشتے صف بستہ ہو جائیں گے ایک قطار کے بعد دوسری قطار (ترتیب وار) ہو جائے گی پھر ایک فرشتہ اترے گا جس کے بائیں جانب جہنم ہوگا۔ زمین والے جہنم کو دیکھ کر ادھر اُدھر بھاگ پڑیں گے مگر زمین کے جس کنارے پر پہنچیں گے وہاں ملائکہ کی سات صفیں گھیرے ہوئے ملیں گی مجبوراً اسی جگہ جہاں سے بھاگے تھے لوٹ آئیں گے۔ آیات ذیل میں اسی کا بیان ہے۔ اللہ نے فرمایا ہے۔

إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ يَوْمَ التَّنَادِ ۝ يَوْمَ تُوَلُّونَ مُدْبِرِينَ

وَجَاءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ۝ وَجِيءَ يَوْمَئِذٍ بِجَهَنَّمَ ۝ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ

إِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَن تَنفُذُوا مِنْ أَقْطَارِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ فَانفُذُوا ۝ وَانشَقَّتِ السَّمَاءُ

فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَاهِيَةٌ ۝ وَالْمَلَكُ عَلَىٰ أَرْجَائِهَا

لوگ اسی حالت میں ہوں گے کہ اچانک ایک آواز سنائی دے گی اور لوگ حساب (فہمی) کے لئے چل دیں گے۔ (تفسیر مظہری)

اللہ تعالیٰ کا نزولِ اجلال:

ابوبکر بن عبداللہ کہتے ہیں کہ عرش کو اترتا دیکھ کر اہلِ محشر کی آنکھیں پھٹ جائیں گی جسم کانپ اٹھیں گے دل ہل جائیں گے۔ عبداللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں کہ جس وقت اللہ عزوجل مخلوق کی طرف اُترے گا تو درمیان میں ستر ہزار پردے ہوں گے بعض نور کے بعض ظلمت کے۔ اس ظلمت میں سے ایک ایسی آواز نکلے گی کہ جس سے دل پاش پاش ہو جائیں گے۔ (تفسیر ابن کثیر)

تَشَقَّقُ السَّمَاءُ بِالْغَمَامِ　ای عن الغمام ۔قرطبی۔ معنے یہ ہیں کہ آسمان شق ہو کر اس میں سے ایک رقیق بادل اُترے گا جس میں فرشتے ہوں گے۔ یہ اَبر بشکل سائبان آسمان سے آوے گا اور اس میں حق تعالیٰ کی تجلی ہوگی اور اس کے گرداگرد ملائکہ ہوں گے۔ یہ حساب شروع ہونے کا وقت ہوگا اور اُس وقت آسمان کا پھٹنا صرف کھلنے کے طور پر ہوگا یہ وہ پھٹنا نہیں ہوگا جو پہلی مرتبہ نفخۂ صور کے وقت آسمان زمین کو فنا کرنے کے لئے ہوگا کیونکہ یہ نزولِ غمام جس کا ذکر آیت میں ہے نفخۂ ثانیہ کے بعد ہے جبکہ سب زمین وآسمان دوبارہ درست ہو چکے ہوں گے۔ (بیان القرآن) (معارف مفتی اعظم)

اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ الْحَقُّ لِلرَّحْمَٰنِ ۚ وَكَانَ يَوْمًا
بادشاہی اُس دن سچی ہے رحمٰن کی اور ہے وہ دن

عَلَى الْكَافِرِينَ عَسِيرًا ۝
منکروں پر مشکل

فقط اللہ کی بادشاہی ہوگی:

یعنی ظاہراً و باطناً صورۃً و معنیً من کل الوجوہ اکیلے رحمان کی بادشاہت ہو گی اور صرف اُسی کا حکم چلے گا۔ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ۖ لِلَّهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ (مومن۔ رکوع ۲) پھر جب رحمان کی حکومت ہوئی تو جو مستحق رحمت ہیں اُن کے لئے رحمت کی کیا کمی، بے حساب رحمتوں سے نوازے جائیں گے مگر باوجود ایسی لامحدود رحمت کے کافروں کے لئے وہ دن بڑی سخت مشکل اور مصیبت کا ہوگا۔

کہ بازار چنداں کہ آگندہ تر　　تہیدست را دل پراگندہ تر

(تفسیر عثمانی)

قیامت کے دن کی سختی:

وَكَانَ يَوْمًا عَلَى الْكَافِرِينَ عَسِيرًا　اور وہ دن کافروں کے لئے سخت دشوار دن ہوگا۔ حضرت ابوسعید خدری راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس دن کے متعلق دریافت کیا گیا جس کی مقدار پچاس ہزار برس کے برابر ہوگی (اور عرض کیا گیا) کیسا لمبا دن ہوگا (اور اتنا لمبا وقت کیسے کٹے گا) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے مؤمن کے لئے وہ بہت ہلکا ہوگا یہاں تک کہ فرض نماز کے (ایک) وقت سے بھی اس کے لئے زیادہ آسان (اور چھوٹا) ہوگا۔

آئندہ آیت کا شانِ نزول:

بغویؒ نے لکھا ہے، عقبہ بن ابی معیط کا دستور تھا کہ جب سفر سے واپس آتا تھا تو کھانا تیار کراتا اور اپنی قوم کے بڑے بڑے لوگوں کی دعوت کرتا تھا، یہ شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس زیادہ بیٹھتا تھا ایک روز سفر سے واپس آکر کھانا تیار کرایا اور لوگوں کی دعوت کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی کھانے کے لئے بلایا (آپ تشریف لے گئے) جب عقبہ نے کھانا لاکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے رکھا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، میں اس وقت تک تمہارا کھانا نہیں کھاؤں گا جب تک تم **لا الٰہ الا اللّٰہ** اور **محمد رسول اللّٰہ** کی شہادت نہ دو گے عقبہ نے کلمۂ شہادت پڑھ لیا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا کھانا کھا لیا عقبہ اُبی بن خلف کا دوست تھا (اور اُبی سخت کافر تھا) اُبی کو عقبہ کے کلمہ شہادت پڑھنے کی اطلاع ملی تو اس نے عقبہ سے کہا عقبہ تم بے دین ہو گئے عقبہ نے کہا نہیں تو خدا کی قسم میں تو بے دین نہیں ہوا۔ بات صرف یہ تھی کہ میرے گھر ایک آدمی آیا اور بغیر کلمہ شہادت پڑھوائے میرا کھانا کھانے سے اس نے انکار کر دیا میری غیرت نے گوارا نہیں کیا کہ وہ میرے گھر سے بغیر کھانا کھائے چلا جائے اس لئے میں نے شہادت دے دی

besturdubooks.wordpress.com

اور اس نے کھانا کھالیا ابی نے کہا میں اس وقت تک تم سے راضی نہیں ہوں گا جب تک تم جا کر اس کے منہ پر تھوک نہ دو گے، عقبہ نے جا کر ایسا کر دیا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے بھی اگر مکہ کے باہر تجھے پالیا تو تیرے سر پر تلوار ماروں گا (یعنی تجھے قتل کر دوں گا۔ چنانچہ عقبہ کو بدر کے دن بندھوا کر قتل کر دیا گیا۔ رہا ابی تو اس کو احد کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے قتل کر دیا۔ ابن جریر نے یہ روایت مرسل بھی نقل کی ہے اس روایت کے الفاظ اس طرح ہیں۔ اُبی نے عقبہ سے کہا میں تم سے اس وقت تک راضی نہ ہوں گا جب تک تم اس کی گردن کو پاؤں سے روندنہ دو گے، اور اس کے منہ پر تھوک نہ دو گے، چنانچہ عقبہ نے جب دار الندوہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سجدے کی حالت میں پایا تو وہ ایسا کر گزرا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب میں مکہ کے باہر تجھ کو پاؤں گا تو تیرے سر پر تلوار ماروں گا بدر کے دن عقبہ قید کر لیا گیا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ کو عقبہ کے قتل کر دینے کا حکم دیا اور مقابلہ کے وقت اُبی کے بھالا مارا پھر اُبی مکہ کو لوٹ گیا اور مر گیا۔ عقبہ اور اُبی کے متعلق آیت ذیل نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلَىٰ يَدَيْهِ يَقُولُ يَا لَيْتَنِي
اور جس دن کاٹ کاٹ کھائے گا گنہگار اپنے ہاتھوں کو کہے گا اے کاش
اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُولِ سَبِيلًا ۝
کہ میں نے پکڑا ہوتا رسول کے ساتھ رستہ

کافروں کی بے انتہاء حسرت:

یعنی مارے حسرت وندامت کے اپنے ہاتھ کاٹے گا اور افسوس کرے گا کہ میں نے کیوں دنیا میں رسول خدا کا راستہ اختیار نہ کیا اور کیوں شیاطین الانس والجن کے بہکائے میں آ گیا جو آج یہ روز بد دیکھنا پڑا۔ (تفسیر عثمانی)

الظَّالِمُ سے مراد ہے عقبہ بن ابی معیط ابن جریر نے حضرت ابن عباسؓ کا بیان نقل کیا ہے کہ اُبی بن خلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا کرتا تھا، عقبہ بن ابی معیط نے اس کو سرزنش کی اس پر یہ آیت خَذُولًا تک نازل ہوئی، شعبی اور مقسم سے بھی ایسی ہی روایت آئی ہے۔

بیضاوی نے لکھا ہے دانتوں سے ہاتھ کاٹنا۔ انگلیوں کے پورے کھانا، دانت پیسنا یہ سب کنائی الفاظ ہیں ان سے مراد ہوتا ہے انتہائی غصہ اور حسرت۔

عقبہ کا انجام بد:

ضحاک نے کہا، جب عقبہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مبارک پر تھوک پھینکا تو اس کا تھوک لوٹ کر اسی کے رخساروں پر آ پڑا۔ جس سے دونوں رخسارے جل گئے۔ اور مرتے دم تک جلنے کا نشان نہیں گیا شعبی کا بیان ہے کہ عقبہ بن ابی معیط اُمیہ بن خلف کا دوست تھا۔ عقبہ مسلمان ہو گیا امیہ نے کہا چونکہ تو نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کر لی ہے اس لئے میرا چہرہ تیرے لئے اور تیرا چہرہ میرے لئے دیکھنا حرام ہے عقبہ نے اسلام کا انکار کر دیا اور مرتد ہو گیا اس پر اللہ نے اس کے بارے میں آیت وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ نازل فرمائی الظالم سے مراد ہے عقبہ بن ابی معیط بن امیہ بن عبد الشمس بن عبد مناف۔ ہاتھ کاٹنے سے مراد ہے ندامت وافسوس کہ وہ دوست جس نے اس کو اللہ کے راستہ سے روکا اس نے اس کا کہا مان لیا اور گناہ و کفر کا ارتکاب کر کے اپنے آپ کو خود تباہ کر دیا۔ عطاء نے کہا وہ (قیامت کے دن) اپنے دونوں ہاتھ کہنیوں تک کھا جائے گا پھر ہاتھ اُگ آئیں گے وہ حسرت و افسوس کرتے ہوئے ان کو پھر کھا جائے گا اور یوں ہی ہاتھ اُگتے رہیں گے اور وہ حسرت کے ساتھ کھاتا رہے گا۔ (تفسیر مظہری)

يَا وَيْلَتَىٰ لَيْتَنِي لَمْ أَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيلًا ۝
اے خرابی میری کاش کہ نہ پکڑا ہوتا میں نے فلانے کو دوست

گمراہوں کی دوستی کا انجام:

یعنی جن کی دوستی اور اغواء سے گمراہ ہوا تھا یا گمراہی میں ترقی کی تھی، اُس وقت پچھتائے گا کہ افسوس ایسوں کو میں نے اپنا دوست کیوں سمجھا۔ کاش میرے اور ان کے درمیان کبھی دوستی اور رفاقت نہ ہوئی ہوتی۔ (تنبیہ) مفسرین نے یہاں عقبہ بن ابی معیط اور ابی بن خلف کا جو واقعہ نقل کیا ہے، کچھ ضرورت نہیں کہ آیت کے مدلول کو اُس پر مقصور کیا جائے۔ ہاں جو تقریر ہم نے کی ہے اس میں وہ بھی داخل ہے۔

صرف مؤمن کو اپنا ساتھی بناؤ:

مسند احمد ترمذی، ابوداؤد وغیرہ نے حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، **لاتصاحب الامؤمنا ولایاکل مالک الاتقی** (مظہری) کسی غیر مسلم کو اپنا ساتھی نہ بناؤ، اور تمہارا مال (بطور دوستی کے) صرف متقی آدمی کھائے، یعنی غیر متقی سے دوستی نہ کرو، اور ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا،

المرء علیٰ دین خلیله فلینظر من یخالل (رواہ البخاری)

(ترجمہ) ہر انسان (عادۃ) اپنے دوست کے دین اور طریقہ پر چلا کرتا ہے اس لئے دوست بنانے سے پہلے خوب غور کر لیا کرو کہ کس کو دوست بنا رہے ہو۔

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا کہ ہمارے مجلسی دوستوں میں کون لوگ بہتر ہیں تو آپ نے فرمایا۔

besturdubooks.wordpress.com

من ذكركم بالله رويته وزاد في علمكم منطقه وذكركم بالاخرة عمله رواه البزار (قرطبی)

ترجمہ: وہ شخص جس کو دیکھ کر خدا یاد آئے اور جس کی گفتگو سے تمہارا علم بڑھے اور جس کے عمل کو دیکھ کر آخرت کی یاد تازہ ہو۔

لَقَدْ اَضَلَّنِیْ عَنِ الذِّکْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِیْ

اُس نے تو بہکا دیا مجھ کو نصیحت سے مجھ تک پہنچ چکنے کے پیچھے

وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا ﴿۲۹﴾

اور ہے شیطان آدمی کو وقت پر دغا دینے والا

یعنی پیغمبر کی نصیحت مجھ کو پہنچ چکی تھی۔ جو ہدایت کے لئے کافی تھی اور امکان تھا کہ میرے دل میں گھر کر لے۔ مگر اس کمبخت کی دوستی نے تباہ کیا اور دل کو اُدھر متوجہ نہ ہونے دیا۔ بیشک شیطان بڑا دغاباز ہے آدمی کو عین وقت پر دھوکا دیتا اور بُری طرح رُسوا کرتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

نیک و بدساتھی کی مثال:

حضرت ابوموسیٰ اشعری راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نیک اور بدہم نشین کی مثال ایسی ہے جیسے ایک شخص کے پاس تو مشک ہے اور دوسرا لوہار کی بھٹی دھونک رہا ہے۔ مشک اپنے پاس رکھنے والا یا تو تم کو (کچھ مشک مفت) دے دے گا یا تم اس سے خرید لوگے یا (کم ازکم) عمدہ خوشبو ہی تم کو (اس کی طرف سے) مل جائے گی۔ اور بھٹی دھونکنے والا، یا تمہارے کپڑوں کو جلا دے گا یا (کم ازکم) بدبو تم کو اس کی طرف سے پہنچے گی (رواہ البخاری)

حضرت ابوہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (عام طور پر) آدمی اپنے دوست کے مسلک پر ہوتا ہے اس لئے اس کو (پہلے سے) دیکھ لینا چاہیے کہ وہ کس سے دوستی کر رہا ہے۔ (رواہ البغوی)

امام احمد اور اصحاب سنن نے اور شیخین نے صحیحین میں حضرت انس کی روایت سے بیان کیا ہے نیز صحیحین میں حضرت ابن مسعودؓ کی روایت سے بھی آیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، آدمی اسی کے ساتھ ہوگا (یا ہوتا ہے) جس سے اس کو محبت ہوگی۔ (یا محبت ہے) (تفسیر مظہری)

وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوْا

اور کہا رسول نے اے میرے رب میری قوم نے ٹھہرایا ہے

هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا ﴿۳۰﴾

اس قرآن کو جھک جھک

بدبخت قوم:

یعنی ضدی معاندین نے جب کسی طرح نصیحت پر کان نہ دھرا، تب پیغمبر نے بارگاہ الٰہی میں شکایت کی کہ خداوند! میری قوم نہیں سنتی، انہوں نے قرآن جیسی عظیم الشان کتاب کو (العیاذ باللہ) بکواس قرار دیا ہے، جب قرآن پڑھا جاتا ہے تو خوب شور مچاتے اور بک بک جھک جھک کرتے ہیں۔ تاکوئی شخص سُن اور سمجھ نہ سکے۔ اس طرح ان اشقیاء نے قرآن جیسی قابل قدر کتاب کو بالکل متروک و مہجور کر چھوڑا ہے۔ (تنبیہ) آیت میں اگرچہ مذکور صرف کافروں کا ہے تاہم قرآن کی تصدیق نہ کرنا، اس میں تدبر نہ کرنا، اُس پر عمل نہ کرنا۔

قرآن کے ترک کی صورتیں:

اُس کی تلاوت نہ کرنا، اُس کی تصحیح قرأت کی طرف توجہ نہ کرنا، اُس سے اعراض کر کے دوسری لغویات یا حقیر چیزوں کی طرف متوجہ ہونا، یہ سب صورتیں درجہ بدرجہ ہجران قرآن کے تحت میں داخل ہوسکتی ہیں۔ "فنسأل الله الكريم المنان القادر على مايشاء ان يخلصنا مما يسخطه ويستعملنا فيما يرضيه من حفظ كتابه وفهمه والقيام بمقتضاه آناء الليل واطراف النهار على الوجه الذي يحبه ويرضاه انه كريم وهاب"۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: جس شخص نے قرآن پڑھا مگر پھر اس کو بند کر کے گھر میں معلق کر دیا نہ اس کی تلاوت کی پابندی کی نہ اسکے احکام میں غور کیا، قیامت کے روز قرآن اس کے گلے میں پڑا ہوا آئے گا اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں شکایت کرے گا کہ آپ کے اس بندہ نے مجھے چھوڑ دیا تھا اب آپ میرے اور اس کے معاملہ کا فیصلہ فرما دیں۔ (قرطبی) (معارف مفتی اعظم)

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ

اور اسی طرح رکھے ہیں ہم نے ہر نبی کے لئے دشمن گنہگاروں میں سے

ہر نبی کے دشمن ہوئے ہیں:

جو نبی کی بات ماننے میں رکاوٹیں ڈالتے ہیں اور لوگوں کو قبول حق سے روکتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَكَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّنَصِيْرًا ﴿۳۱﴾

اور کافی ہے تیرا رب راہ دکھلانے کو اور مدد کرنے کو

اللہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد کرے گا:

یعنی کافر پڑے بہکایا کریں، جس کو اللہ چاہے گا راہ پر لے آئے گا یا یہ

besturdubooks.wordpress.com

مطلب ہے کہ اللہ جس کو چاہیے گا ہدایت کردے گا اور جن کو ہدایت نصیب نہ ہوگی اُن سب کے مقابلہ میں تیری مدد کرے گا۔ یا یہ کہ حق تعالیٰ تیری مدد کر کے مقام مطلوب تک پہنچادے گا۔ کوئی رکاوٹ مانع نہ ہو سکے گی۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَا نُزِّلَ
اور کہنے لگے وہ لوگ جو منکر ہیں کیوں نہ اُترا
عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ جُمْلَةً وَّاحِدَةً
اس پر قرآن سارا ایک جگہ ہو کر

دشمنوں کا اعتراض:

یعنی نبی کے دشمن لوگوں کو گمراہ کرنے کیلئے ایسے ایسے اعتراض چھانٹتے ہیں کہ صاحب! دوسری کتابوں کی طرح پورا قرآن ایک ہی دفعہ کیوں نہ اتارا گیا برسوں میں جو تھوڑا تھوڑا کر کے اُتارا گیا اللہ میاں کو کچھ سوچنا پڑتا تھا، اس سے تو شبہ ہوتا ہے کہ خود محمد صلی اللہ علیہ وسلم سوچ سوچ کر بناتے ہیں پھر موقع مناسب دیکھ کر تھوڑا تھوڑا سناتے رہتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

قرآن پاک کی فضیلت:

لطیفہ یہ ہے کہ قرآن کو دونوں بزرگیاں ملیں۔ یہ ایک ساتھ لوحِ محفوظ سے ملاءِ اعلیٰ میں اُترا لوحِ محفوظ سے پورا کا پورا آسمانِ دنیا تک پہنچا۔ پھر حسبِ ضرورت تھوڑا تھوڑا کر کے نازل ہوتا رہا۔ ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ سارا قرآن ایک دفعہ ہی لیلۃ القدر میں آسمانِ دنیا پر نازل ہوا۔ پھر بیس سال تک زمین پر اترتا رہا۔ پھر اس کے ثبوت میں آپ نے وَلَا يَاْتُوْنَكَ الخ اور آیت وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ الخ تلاوت فرمائی۔ (تفسیر ابن کثیر)

كَذٰلِكَ ۚ لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ وَرَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا
اسی طرح اتارا تا کہ ثابت رکھیں ہم اُس سے تیرا دل اور پڑھ سنایا ہم نے اس کو ٹھہر ٹھہر کر

قرآن تھوڑا تھوڑا نازل کرنے کی حکمتیں:

یعنی یہ کیا ضرور ہے کہ تھوڑا تھوڑا کر کے اُتارنا اس سبب سے ہو جو تم نے سمجھا۔ اگر غور کرو گے تو اس طرح نازل کرنے میں بہت سے فوائد ہیں جو دفعۃً نازل کرنے کی صورت میں پوری طرح حاصل نہ ہوتے مثلاً اس صورت میں قرآن کا حفظ کرنا زیادہ آسان ہوا، سمجھنے میں سہولت رہی، کلام پوری طرح منضبط ہوتا رہا اور جن مصالح و حِکَم کی رعایت اُس میں کی گئی تھی، لوگ موقع بہ موقع اُن کی تفاصیل پر مطلع ہوتے رہے۔ ہر آیت کی جداگانہ شانِ نزول کو دیکھ کر اُس کا صحیح مطلب متعین کرنے میں مدد ملی۔ ہر ضرورت کے وقت ہر بات کا برموقع جواب ملتے رہنے سے پیغمبر اور مسلمانوں کے قلوب تسکین پاتے رہے۔ اور ہر آیت کے نزول پر گویا دعوئ اعجاز کی تجدید ہوتی رہی۔ اس سلسلہ میں جبریل علیہ السلام کا بار بار آنا جانا ہوا جو ایک مستقل برکت تھی، وغیر ذلک من الفوائد۔ ان ہی میں سے بعض فوائد کی طرف یہاں اشارہ فرمایا ہے۔

وَلَا يَاْتُوْنَكَ بِمَثَلٍ اِلَّا جِئْنٰكَ
اور نہیں لاتے تیرے پاس کوئی مثل کہ ہم نہیں پہنچادیتے تجھ کو
بِالْحَقِّ وَاَحْسَنَ تَفْسِيْرًا
ٹھیک بات اور اُس سے بہتر کھول کر

قرآن شافی جواب دیتا ہے:

یعنی کفار جب کوئی اعتراض قرآن پر یا کوئی مثال آپ پر چسپاں کرتے ہیں تو قرآن اُس کے جواب میں ٹھیک ٹھیک بات بتلا دیتا ہے جس میں کسی قسم کا ہیر پھیر نہیں ہوتا۔ بلکہ صاف واضح معتدل اور بے غل وغش بات ہوتی ہے ہاں جن کی عقل اوندھی ہوگئی ہو وہ سیدھی اور صاف بات کو بھی ٹیڑھی سمجھیں یہ الگ چیز ہے ایسوں کا انجام اگلی آیت میں بیان فرمایا۔

اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ
جو لوگ کہ گھیر کر لائے جائیں گے اوندھے پڑے ہوئے اپنے منہ پر دوزخ کی طرف
اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ سَبِيْلًا
اُنہی کا بُرا درجہ ہے اور بہت بہکے ہوئے ہیں راہ سے

گمراہی پسندوں کا انجام:

یہ وہی لوگ ہیں جن کی عقل اوندھی ہوگئی اور علویات کو چھوڑ کر سفلی خواہشات پر جھک پڑے۔ آگے ایسی چند اقوام کا جو حشر ہوا عبرت کے لئے اُس کو بیان فرماتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

تین طرح لوگوں کو چلایا جائے گا:

حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن تین طور پر لوگوں کو چلایا جائے گا کچھ سوار، کچھ پیدل، کچھ منہ کے بل چلنے والے ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا منہ کے بل چلیں گے فرمایا جس نے پاؤں سے چلایا ہے وہ منہ کے بل چلانے کی بھی قدرت رکھتا ہے۔ رواہ ابوداؤد والبیہقی۔ (تفسیر مظہری)

حدیث میں ہے کہ کفار قیامت کے دن اوندھے منہ کے بل چلائے

besturdubooks.wordpress.com

جائیں گے اور اپنے منہ سے راستہ کے کانٹے کو ہٹائیں گے کسی نے عرض کیا یارسول اللہ قیامت کے دن کافر کس طرح منہ کے بل چلے گا آپ نے ارشاد فرمایا کہ جو خدا اس کو دنیا میں پیروں کے بل چلانے پر قادر ہے وہ قیامت کے دن منہ کے بل چلانے پر بھی قادر ہے۔ یعنی سر کے بل چلانا اور پیروں کے بل چلانا خدا کی قدرت کے لحاظ سے یکساں ہے۔

نکتہ: امام غزالی فرماتے ہیں کہ جس طرح کفار کے دل دنیا میں ـــــ ہو گئے اور زمین اور پستی کی طرف مائل ہو گئے اور بلندی سے اعراض کیا اس لئے ان کا حشر اسی ہیئت کے ساتھ ہوگا۔ ایسے ہی لوگ جو قلب اور عقل کے اندھے اور اوندھے۔ باعتبار مکان کے یا باعتبار مرتبہ کے بدترین خلائق ہیں اور سب سے زیادہ گمراہ ہیں اس لئے ان کا حشر منہ کے بل ہوگا۔ (معارف کاندھلوی)

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنَا مَعَهٗٓ اَخَاهُ
اور ہم نے دی موسیٰ کو کتاب اور کر دیا ہم نے اس کے ساتھ اُس کا بھائی
هٰرُوْنَ وَزِيْرًا ۞ فَقُلْنَا اذْهَبَآ اِلَى الْقَوْمِ الَّذِيْنَ
ہارون کام بنانے والا پھر کہا ہم نے تم دونوں جاؤ اُن لوگوں کے پاس
كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ
جنہوں نے جھٹلایا ہماری باتوں کو

قوم فرعون کا حق سے انکار:

یعنی آیات تکوینیہ کو جو اللہ کی توحید وغیرہ پر دال ہیں اور انبیائے سابقین کے متفقہ بیانات کو جن کا تھوڑا بہت چرچا پہلے سے چلا آتا تھا، جھٹلا کر خدائی کے دعوے کرنے لگے تھے۔

فَدَمَّرْنٰهُمْ تَدْمِيْرًا ۞ وَقَوْمَ نُوْحٍ
پھر دے مارا ہم نے اُن کو اکھاڑ کر اور نوح کی قوم کو
لَّمَّا كَذَّبُوا الرُّسُلَ
جب انہوں نے جھٹلایا پیغام لانے والوں کو

قوم نوحؑ کا کرتوت:

ایک پیغمبر کا جھٹلانا سب کا جھٹلانا ہے کیونکہ اصول دین میں سب انبیاء متحد ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

تکذیب رُسل سے مراد ہے حضرت نوح کی اور آپ سے پہلے گزرے ہوئے پیغمبروں کی تکذیب یا یوں کہا جائے کہ صرف حضرت نوحؑ کی تکذیب ہی مراد ہے لیکن ایک پیغمبر کی تکذیب حقیقت میں سب پیغمبروں کی تکذیب ہے کیونکہ ہر پیغمبر دوسرے تمام پیغمبروں کی تصدیق کرتا ہے اس ایک کو جھوٹا جاننا حقیقت میں تمام پیغمبروں کو دروغ گو قرار دینا ہوتا ہے اس لئے تکذیب نوح کو تکذیب رُسل قرار دیا۔ (تفسیر مظہری)

اَغْرَقْنٰهُمْ وَجَعَلْنٰهُمْ لِلنَّاسِ اٰيَةً ؕ وَاَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ
ہم نے ان کو ڈبا دیا اور کیا اُن کو لوگوں کے حق میں نشانی، اور تیار کر رکھا ہے ہم نے گنہگاروں
عَذَابًا اَلِيْمًا ۞ وَّعَادًا وَّثَمُوْدَا۟ وَاَصْحٰبَ الرَّسِّ
کے واسطے عذاب درد ناک اور عاد کو اور ثمودؑ کو اور کنوئیں والوں کو

کنوئیں والی قوم:

اصحاب الرس (کنوئیں والے) کون تھے؟ اس میں سخت اختلاف ہوا ہے "روح المعانی" میں بہت سے اقوال نقل کر کے لکھا ہے۔ "وملخص الا قوال انهم قوم اهلكهم الله بتكذيب من ارسل اليهم" یعنی خلاصہ یہ ہے کہ وہ کوئی قوم تھی جو اپنے پیغمبروں کی تکذیب کی پاداش میں ہلاک ہوئی حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں ایک اُمت نے اپنے رسول کو کنوئیں میں بند کیا پھر اُن پر عذاب آیا تب وہ رسول خلاص ہوا" (تفسیر عثمانی)

اس جگہ اصحاب الرس سے مراد ہے حضرت شعیبؑ کی قوم، جس نے ایک کنویں پر اپنی آبادی کر لی تھی۔ یہ لوگ جانور پالتے اور بتوں کی پوجا کرتے تھے ایک وقت جب وہ سب کنویں کے گرداگرد اپنے گھروں میں موجود تھے وہاں کی زمین دھنس گئی، وہ کنواں اور آبادی اور ساری زمین اندر گھس گئی اور سب مر گئے اُن کے یکدم ہلاک ہو جانے کی اصلی علت یہ تھی کہ اللہ نے ان کی ہدایت کے لئے حضرت شعیب پیغمبر کو مبعوث فرمایا، حضرت شعیبؑ نے ان کو اسلام کی دعوت دی لیکن ان کی سرکشی اور بڑھتی گئی اور حضرت شعیبؑ کو طرح طرح سے ایذا پہنچانے لگے۔ آخر ہلاک کر دیئے گئے۔ زمین سب کو کھا گئی، کنویں کو بھی، ان کو بھی اور ان کے گھروں کو بھی۔ یہ تفصیل وہب بن منبہ نے بیان کی۔ ابن جریر اور ابن عساکر نے قتادہ کی طرف بھی اس بیان کی نسبت کی ہے۔

بغوی نے لکھا ہے کہ سعید بن جبیر نے بیان کیا کہ اصحاب الرس کا ایک پیغمبر تھا جس کا نام حنظلہ بن صفوان تھا، رس والوں نے اپنے پیغمبر کو شہید کر دیا، اللہ نے ان کو ہلاک کر دیا۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ لوگ اللہ کی طرف سے ایک مصیبت میں مبتلا ہو گئے۔ ایک دراز گردن، عظیم الجثہ پرندہ کوہ فتح پر رہتا تھا، پرندہ کو لمبی گردن ہونے کی وجہ سے عنقاء کہا جاتا تھا۔ عنقاء اس قوم کے بچوں پر آ پڑتا تھا اور اُچک کر لے جاتا تھا۔ حنظلہ نے عنقاء کو بددعا دی نتیجہ یہ

besturdubooks.wordpress.com

ہوا کہ ایک بجلی اس پر ٹوٹ پڑی۔ لیکن کچھ مدت کے بعد قوم والوں نے حنظلہ کو شہید کر دیا اور (اس جرم کی سزا میں) ان کو بھی ہلاک کر دیا گیا۔

حبیب نجار:

بغوی نے لکھا ہے، رسدی کا بیان ہے رس نطاکیہ میں ایک کنواں تھا، لوگوں نے حبیب بن نجار کو قتل کر کے اس کنویں میں ڈال دیا، حبیب بن نجار اور ان کی قوم کا تذکرہ سورہ یٰسین میں آیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

سورہ اعراف وغیرہ میں اصحاب الرّس کی بابت ابن عباسؓ کا قول ہے کہ یہ ثمودیوں کی ایک بستی والے تھے۔ عکرمہ فرماتے ہیں کہ یہ فلج والے تھے جن کا ذکر سورہ یٰسین میں ہے۔ ابن عباسؓ سے یہ بھی مروی ہے کہ آذر بیجان کے ایک کنویں کے پاس ان کی بستی تھی۔ عکرمہ فرماتے ہیں انہیں کنویں والے اس لئے کہا جاتا ہے کہ انہوں نے اپنے پیغمبر کو کنویں میں ڈال دیا تھا۔

اوّل جنت میں جانے والا غلام:

ابن اسحاق محمد بن کعبؒ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک سیاہ فام غلام سب سے اول جنت میں جائے گا۔ اللہ تعالیٰ نے ایک بستی والوں کی طرف اپنا نبی بھیجا تھا لیکن اس بستی والوں میں سے بجز اس کے کوئی بھی ایمان نہ لایا بلکہ انہوں نے اللہ کے نبیؑ کو ایک غیر آباد کنویں میں اوجڑ میدان میں ڈال دیا، اور اس کے منہ پر ایک بڑی ساری چٹان رکھ دی کہ یہ وہیں مر جائیں۔ یہ غلام جنگل میں جاتا لکڑیاں کاٹ کر لاتا انہیں بازار فروخت کرتا اور روٹی وغیرہ خرید کر کنویں پر آتا۔ اس پتھر کو سرکا دیتا بوں آدمیوں سے کھسک نہ سکتا تھا۔ لیکن خدائے تعالیٰ اس کے ہاتھوں اسے سرکا دیتا۔ یہ ایک رسی میں لٹکا کر روٹی اور پانی اس پیغمبرؑ کے پاس پہنچا دیتا جسے وہ کھا پی لیتے مدتوں تک یوں ہی ہوتا رہا۔ ایک مرتبہ یہ گیا لکڑیاں کاٹیں، چنیں جمع کیں، گٹھڑی باندھی، اتنے میں نیند کا غلبہ ہوا سو گیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس پر نیند ڈال دی سات سال تک وہ سوتا رہا۔ سات سال کے بعد آنکھ کھلی انگڑائی لی اور کروٹ بدل کر پھر سو رہا۔ سات سال کے بعد پھر آنکھ کھلی تو اس نے اپنی لکڑیوں کی گٹھڑی اٹھائی اور شہر کی طرف چلا اسے یہی خیال تھا کہ ذرا سی دیر کے لئے سو گیا تھا۔ شہر میں آ کر لکڑیاں فروخت کیں حسب عادت کھانا خریدا اور وہیں پہنچا دیکھتا ہے کہ کنواں تو وہاں ہے ہی نہیں۔ بہت ڈھونڈا، لیکن نہ ملا۔ یہاں یہ ہوا تھا کہ قوم کے دل ایمان کی طرف راغب ہوئے انہوں نے جا کر اپنے نبیؑ کو کنویں سے نکالا سب کے سب ایمان لائے پھر نبی اپنی وفات فوت ہو گئے نبی علیہ السلام بھی اپنی زندگی میں اس حبشی غلام کو تلاش کرتے رہے لیکن اس کا پتہ نہ چلا۔ پھر اس نبی کے انتقال کے بعد یہ شخص اپنی نیند سے جگایا گیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں پس یہ حبشی غلام ہے جو سب سے پہلے جنت میں جائے گا۔ یہ روایت مُرسل ہے اور اس میں غرابت و نکارت ہے اور شاید ادراج بھی ہے، واللہ اعلم۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَقُرُونًا بَيْنَ ذٰلِكَ كَثِيرًا ﴿۳۸﴾ وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ

اور اُس کے بیچ میں بہت سی جماعتوں کو اور سب کو کہہ سنائیں ہم نے

الْأَمْثَالَ وَكُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِيرًا ﴿۳۹﴾

مثالیں اور سب کو کھو دیا ہم نے غارت کر کر

یعنی پہلے سب کو اچھی طرح سمجھایا جب کسی طرح نہ مانا تو تختہ الٹ دیا۔ (تفسیر عثمانی)

بہتر قرآن: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا، خیر القرون قرنی ثم الذین یلونھم ثم الذین یلونھم۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قرن تو صحابہ تھے، جنہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تھا اور دوسرا قرن وہ لوگ تھے جنہوں نے اکثر صحابہ کو یا کسی ایک صحابی ہی کو دیکھا تھا۔ اور تیسرا قرن وہ لوگ تھے جنہوں نے تابعین ہی میں سے کسی ایک کو دیکھا تھا۔

قرن کا مطلب: سب سے زیادہ صحیح قول یہ ہے کہ قرن ایک صدی کو کہتے ہیں۔ کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لڑکے کو دعا دی تھی اور فرمایا تھا ایک قرن جیو چنانچہ اس کی عمر سو سال ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

وَلَقَدْ أَتَوْا عَلَى الْقَرْيَةِ الَّتِي أُمْطِرَتْ مَطَرَ السَّوْءِ

اور یہ لوگ ہو آئے ہیں اُس بستی کے پاس جس پر برسا برا برساؤ

قوم لوط کی بستیاں:

یعنی قوم لوط کی بستیاں جن کے کھنڈرات پر سے مکہ والے شام کے سفر میں گزرتے تھے۔ (تفسیر عثمانی)

بغوی نے لکھا ہے قوم لوط کی بستیاں پانچ تھیں اللہ نے ان میں سے چار کو تباہ کر دیا اور ایک بستی جو چھوٹی سی تھی بچ گئی اس بستی کے رہنے والے خبیث حرکات میں مبتلا نہ تھے۔ ملک شام کو جاتے ہوئے یہ بستیاں سر راہ پڑتی تھیں۔ (تفسیر مظہری)

أَفَلَمْ يَكُونُوا يَرَوْنَهَا

کیا دیکھتے نہ تھے اُس کو

یعنی کیا اُن کے کھنڈرات کو عبرت کی نگاہ سے نہ دیکھا۔ (تفسیر عثمانی)

بَلْ كَانُوا لَا يَرْجُونَ نُشُورًا ﴿۴۰﴾

نہیں پر اُمید نہیں رکھتے جی اُٹھنے کی

besturdubooks.wordpress.com

عبرت آموزی میں رکاوٹ:

یعنی عبرت کہاں سے ہوتی جب اُن کے نزدیک یہ احتمال ہی نہیں کہ مرنے کے بعد پھر جی اُٹھنا اور خدا کے سامنے حاضر ہونا ہے۔ عبرت تو وہ ہی حاصل کرتا ہے جس کے دل میں تھوڑا بہت ڈر ہو اور انجام کی طرف سے بالکل بے فکر نہ ہو۔ (تفسیر عثانی)

وَاِذَا رَاَوْكَ اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ؕ اَهٰذَا الَّذِىْ

اور جہاں تجھ کو دیکھیں کچھ کام نہیں اُن کو تجھ سے مگر ٹھٹھے کرنے کیا یہی ہے جس کو

بَعَثَ اللّٰهُ رَسُوْلًا ۝ اِنْ كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا لَوْلَآ

بھیجا اللہ نے پیغام دے کر یہ تو ہم کو بچلا ہی دیتا ہمارے معبودوں سے اگر ہم نہ

اَنْ صَبَرْنَا عَلَيْهَا ؕ

جمے رہتے اُن پر

استہزاء بازی:

یعنی بجائے عبرت حاصل کرنے کے اُن کا مشغلہ تو یہ ہے کہ پیغمبر سے ٹھٹھا کیا کریں۔ چنانچہ آپ کو دیکھ کر استہزاءً کہتے ہیں کہ کیا یہ ہی بزرگ ہیں جن کو اللہ نے رسول بنا کر بھیجا ہے؟ بھلا یہ حیثیت اور منصب رسالت؟ کیا ساری خدائی میں سے یہ ہی اکیلے رسول بننے کے لئے رہ گئے تھے؟ آخر کوئی بات تو ہو۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ ان کی تقریر جادو کا اثر رکھتی ہے۔ قوت فصاحت اور زور تقریر سے رنگ تو ایسا جمایا تھا کہ بڑے بڑوں کے قدم پھسل گئے ہوتے۔ قریب تھا کہ اس کی باتیں ہم کو ہمارے معبودوں سے برگشتہ کر دیتیں۔ وہ تو ہم پکے ہی ایسے تھے کہ برابر جمے رہے اور ان کی کسی بات کا اثر قبول نہ کیا۔ ورنہ یہ ہم سب کو کبھی کا گمراہ کر کے چھوڑتے۔ (العیاذ باللہ)

وَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ حِيْنَ يَرَوْنَ الْعَذَابَ

اور آگے جان لیں گے جس وقت دیکھیں گے عذاب

مَنْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ۝

کہ کون بہت بچلا ہوا ہے راہ سے

عذاب آنکھیں کھول دے گا:

یعنی عذاب الٰہی کو آنکھوں سے دیکھیں گے تب ان کو پتہ لگے گا کہ واقع میں کون گمراہی پر تھا۔

اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ؕ اَفَاَنْتَ

بھلا دیکھ تو اُس شخص کو جس نے پوجنا اختیار کیا اپنی خواہش کا کہیں

تَكُوْنُ عَلَيْهِ وَكِيْلًا ۝

تو لے سکتا ہے اُس کا ذمہ

خواہش نفس کے بندے:

یعنی آپ ایسے ہوا پرستوں کو راہ ہدایت پر لے آنے کی کیا ذمہ داری کر سکتے ہیں جن کا معبود ہی محض خواہش ہو کہ جدھر خواہش لے گئی اُدھر ہی جھک پڑے جو بات خواہش کے موافق ہوئی قبول کر لی، جو مخالف ہوئی رد کر دی۔ آج ایک پتھر اچھا معلوم ہوا اُسے پوجنے لگے کل دوسرا اُس سے خوبصورت مل گیا پہلے کو چھوڑ کر اُس کے آگے سر جھکا دیا۔ (تفسیر عثانی)

اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ اے پیغمبر آپ نے اس شخص کی حالت بھی دیکھی، جس نے اپنا خدا اپنی خواہش نفسانی کو بنا رکھا ہے، یعنی اپنی خواہشات کا تابع ہو گیا۔ خواہشات پر ہی اس نے اپنے مذہب کی بنیاد رکھی (خواہشات نفس کا پرستار ہو گیا) نہ کسی دلیل کو سنتا ہے نہ دیکھتا ہے۔ بغوی نے لکھا ہے حضرت ابن عباس نے آیت کا تفسیری مطلب اس طرح بیان کیا، کیا آپ اس شخص کو دیکھ رہے ہیں۔ جس نے اس اللہ کی عبادت تو ترک کر دی جو اس کا خالق ہے اور پتھروں کی طرف جھک گیا، ان کی پوجا کرنے لگا۔ (تفسیر مظہری)

حضرت ابن عباسؓ کا بیان ہے کہ جاہلیت میں عرب کی یہ حالت تھی کہ جہاں کسی سفید گول مول پتھر کو دیکھا اس کی ڈنڈوت کرنے لگے۔ اس سے اچھا کوئی نظر پڑ گیا اس کے سامنے جھک گئے۔ اور اول کو چھوڑ دیا۔ (تفسیر ابن کثیر)

اَمْ تَحْسَبُ اَنَّ اَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُوْنَ اَوْ يَعْقِلُوْنَ ؕ

یا تو خیال رکھتا ہے کہ بہت سے اُن میں سنتے یا سمجھتے ہیں

اِنْ هُمْ اِلَّا كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ۝

اور کچھ نہیں وہ برابر ہیں چوپایوں کے بلکہ وہ زیادہ بہکے ہوئے ہیں راہ سے

چوپایوں سے بدتر انسان:

یعنی کیسی ہی نصیحتیں سنایئے، یہ تو چوپائے جانور ہیں بلکہ اُن سے بھی بدتر۔ انہیں سننے یا سمجھنے سے کیا واسطہ چوپائے تو بہرحال اپنے پرورش کرنے والے مالک کے سامنے گردن جھکا دیتے ہیں۔ اپنے محسن کو پہچانتے ہیں۔ نافع و مضر کی کچھ شناخت رکھتے ہیں۔ کھلا چھوڑ دو تو اپنی چراگاہ اور پانی پینے کی جگہ پہنچ جاتے ہیں لیکن ان بدبختوں کا حال یہ ہے کہ نہ اپنے خالق و رازق کا حق پہچانا

besturdubooks.wordpress.com

نہ اُس کے احسانات کو سمجھا نہ بھلے برے کی تمیز کی، نہ دوست دشمن میں فرق کیا، نہ غذائے روحانی اور چشمۂ ہدایت کی طرف قدم اُٹھایا۔ بلکہ اُس سے کوسوں دُور بھاگے اور جو قوتیں خدا تعالیٰ نے عطا کی تھیں اُن کو معطل کئے رکھا بلکہ بے موقع صرف کیا۔ اگر ذرا بھی عقل وفہم سے کام لیتے تو اس کارخانہ قدرت میں بیشمار نشانیاں موجود تھیں جو نہایت واضح طور پر اللہ تعالیٰ کی توحید و تنزیہ اور اصول دین کی صداقت وحقانیت کی طرف رہبری کر رہی ہیں جن میں سے بعض نشانیوں کا ذکر آئندہ آیات میں کیا گیا ہے۔

یوں بھی کہا جا سکتا ہے کہ جانور اپنے خالق کو جانتے اور اس کے حکم کی اطاعت کرتے اور تسبیح وتحمید میں مشغول رہتے ہیں اور سمجھتے ہیں اگرچہ ان کی قوتِ فہم کو عام لوگ نہیں سمجھتے۔

چوپایوں کا بولنا:

شیخین نے صحیحین میں حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک شخص ایک بیل کو ہنکا کر لے جارہا تھا (چلتے چلتے جب) تھک گیا تو بیل پر سوار ہو گیا۔ بیل نے کہا ہم کو اس کام کے لئے نہیں پیدا کیا گیا ہے، لوگوں نے (حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سن کر) کہا سبحان اللہ! بیل بھی (کہیں) بولتا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرا تو اس پر ایمان ہے اور ابو بکرؓ وعمرؓ کا بھی۔ اس وقت یہ دونوں حضرات وہاں موجود بھی نہیں تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک شخص اپنی بکریوں کے ساتھ تھا اچانک ایک بھیڑیئے نے ایک بکری پر حملہ کر دیا اور پکڑ لیا، بکریوں کا مالک جا پہنچا اور بکری کو چھڑایا، بھیڑیئے نے کہا، قیامت کے دن اس کی حمایت کون کرے گا جب کہ سوائے میرے اور کوئی اس کی نگرانی کرنے والا نہیں ہو گا لوگوں نے کہا سبحان اللہ (کیا) بھیڑیا بھی باتیں کرتا ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، میں تو اس پر ایمان رکھتا ہوں اور ابو بکرؓ وعمرؓ بھی۔ یہ دونوں حضرات وہاں موجود بھی نہیں تھے۔

فائدہ: ملائکہ میں روح اور عقل ہوتی ہے۔ اور چوپایوں میں نفس و خواہشات۔ آدمی سب کا مجموعہ ہے پس اگر آدمی کی نفسانیت اور خواہشات کا روحانیت (عقل پر غلبہ ہو جاتا ہے تو آدمی چوپایوں سے بھی زیادہ گمراہ ہو جاتا ہے اور اگر روحانیت کا نفس وخواہشات پر تسلط ہو جاتا ہے تو آدمی ملائکہ سے افضل ہو جاتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ

تو نے نہیں دیکھا اپنے رب کی طرف کیسے دراز کیا سایہ کو اور اگر چاہتا تو اس

سَاكِنًا ۚ ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ﴿٤٥﴾ ثُمَّ قَبَضْنٰهُ

کو ٹھہرا رکھتا پھر ہم نے مقرر کیا سورج کو اس کا راہ بتلانے والا پھر کھینچ لیا ہم

اِلَيْنَا قَبْضًا يَّسِيْرًا ﴿٤٦﴾

نے اس کو اپنی طرف کھینچ کھینچ سمیٹ کر

دھوپ اور سائے کا نظام:

صبح سے طلوع شمس تک سب جگہ سایہ رہتا ہے اگر حق تعالیٰ سورج کو طلوع نہ ہونے دیتا تو یہی سایہ قائم رہتا، مگر اس نے اپنی قدرت سے سورج نکالا جس سے دھوپ پھیلنی شروع ہوئی اور سایہ بتدریج ایک طرف کو سمٹنے لگا۔ اگر دھوپ نہ آتی تو سایہ کو ہم سمجھ بھی نہ سکتے۔ کیونکہ ایک ضد کے آنے سے ہی دوسری ضد پہچانی جاتی ہے۔ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ الخ (قصص۔ رکوع ۷)

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ اول ہر چیز کا سایہ لمبا پڑتا ہے۔ پھر جس طرف سورج چلتا ہے اس کے مقابل سایہ ہٹتا جاتا ہے جب تک کہ جڑ میں آ لگے۔ اپنی طرف کھینچ لیا کا یہ مطلب ہے کہ اپنی اصل کو جا لگتا ہے سب کی اصل اللہ ہے (موضح القرآن) پھر زوال کے بعد سے ایک طرف سے دھوپ سمٹنا شروع ہوتی ہے اور دوسری طرف سایہ لمبا ہونے لگتا ہے حتیٰ کہ آخر نہار میں دھوپ غائب ہو جاتی ہے۔ یہ ہی مثال دنیا کی ہستی کی سمجھو۔ اول عدم تھا، پھر نور وجود میں آیا، پھر آخرکار کتم عدم میں چلی جائے گی۔ اور اسی جسمانی نور وظل کے سلسلہ پر روحانی نور وظلمت کو قیاس کرلو۔ اگر کفر و عصیان اور جہل وطغیان کی ظلمات میں آفتاب نبوۃ کی روشنی اللہ تعالیٰ نہ بھیجتا تو کسی کو معرفت صحیحہ کا راستہ ہاتھ نہ آتا۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت قاضی ثناء اللہؒ کی تحقیق:

میرے نزدیک ان آیات کی تاویل دوسرے رنگ سے بھی کی جا سکتی ہے ظل سے مراد عالم مکان ہے عالم مکان کا وجود، خارجی ظلی ہے امکان مرتبہ وجوب کا ظل ہے شمس سے مراد ہیں اللہ کی صفات واسماء کے مراتب اس صورت میں مطلب یہ ہو گا کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے کس طرح عالم امکان کو ایجاد کیا اور اس کے وجود کو جو وجود واجب کا ظل ہے کس طرح ماہیات ممکنہ کی مختلف صورتوں پر پھیلا دیا اگر اللہ چاہتا تو سارے عالم امکان کے وجود کو ساکن مستقر اور ایک ہی حالت پر کر دیتا مگر اس نے ایسا نہیں چاہا بلکہ اس کو محل حوادث اور تغیرات وفناء کی آماجگاہ بنا دیا تاکہ وہ ذات واجب الوجود حقیقی کا محتاج رہے اور اس کی امکانی احتیاج نمودار ہو پھر ہم نے آفتاب کو اس کے لئے راہنما بنایا، یعنی جب اللہ کی صفات واسماء کا جلوہ صوفی کے دل پر پڑتا ہے اور قلبی بصیرت کے ذریعہ اس کو وجود حق تعالیٰ کا مشاہدہ ہوتا ہے، تو اس وقت اس پر یہ حقیقت کھل جاتی ہے کہ تمام عالم امکان وجود حق تعالیٰ کا ظل ہے تجلیات و

besturdubooks.wordpress.com

مشاہدات سے پہلے وہ خیال کرتا ہے کہ عالم امکان کا بجائے خود کوئی وجود ہے لیکن صفاتی اور اسمائی نور پاشی کے بعد اس کا یہ خیال دور ہو جاتا ہے۔

پھر ہم اس کو دھیرے دھیرے سمیٹ لیتے ہیں یعنی صوفی کو رفتہ رفتہ اپنا مقرب بنا لیتے ہیں اور ہماری صفات و ذات کی بے کیف قربت اس کو حاصل ہو جاتی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کا فرمان نقل کیا تھا۔ اللہ فرماتا ہے کہ نوافل کے ذریعہ میرا بندہ برابر میرے قریب ہوتا رہتا ہے یہاں تک کہ وہ میرا محبوب ہو جاتا ہے اور جب میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں تو اس کے کان ہو جاتا ہوں جن سے وہ سنتا ہے۔ الحدیث

صوفیاء کا قول ہے جس کے دونوں دن برابر (ایک جیسے) ہوں وہ گھاٹے میں رہتا ہے (یعنی جو دوسرے دن پہلے دن سے زیادہ عروج حاصل نہ کرے وہ خسارے میں ہے) (تفسیر مظہری)

وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ

اور وہی ہے جس نے بنا دیا تمہارے واسطے رات کو اوڑھنا اور نیند کو

سُبَاتًا وَّجَعَلَ النَّهَارَ نُشُورًا ﴿۴۷﴾

آرام اور دن کو بنا دیا اُٹھ نکلنے کے لئے

رات اور دن کا خالق:

یعنی رات کی تاریکی چادر کی طرح سب پر محیط ہو جاتی ہے جس میں لوگ کاروبار چھوڑ کر آرام کرتے ہیں، پھر دن کا اُجالا ہوتا ہے تو نیند سے اُٹھ کر اِدھر اُدھر چلنے پھرنے لگ جاتے ہیں۔ اسی طرح موت کی نیند کے بعد قیامت کی صبح آئے گی جس میں سارا جہان دوبارہ اُٹھ کھڑا ہوگا اور یہی حالت اُس وقت پیش آتی ہے جب انبیاء علیہم السلام وحی والہام کی روشنی سے دنیا میں اُجالا کرتے ہیں، تو جہل وغفلت کی نیند سے سوئی ہوئی مخلوق ایک دم آنکھیں مل کر اُٹھ بیٹھتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

حسن تخلیق:

یہاں کئی چیزیں قابل غور ہیں اول یہ کہ نیند کا راحت ہونا بلکہ راحت کی جان ہونا تو ہر شخص جانتا ہے مگر انسانی فطرت یہ ہے کہ روشنی میں نیند آنا مشکل ہوتا ہے اور آ بھی جائے تو جلد آنکھ کھل جاتی ہے۔ حق تعالیٰ نے نیند کے مناسب رات کو تاریک بھی بنایا اور ٹھنڈا بھی۔ اسی طرح رات خود ایک نعمت ہے اور نیند دوسری نعمت، اور تیسری نعمت یہ ہے کہ سارے جہان کے انسانوں جانوروں کی نیند ایک ہی وقت رات میں جبری کر دی، ورنہ اگر ہر انسان کی نیند کے اوقات دوسرے انسان سے مختلف ہوتے تو جس وقت کچھ لوگ سونا چاہتے دوسرے لوگ کاموں میں مصروف اور شور شغب کا سبب بنے رہتے۔ اسی طرح جب دوسروں کے سونے کی باری آتی تو اس وقت کام کرنے والے چلنے پھرنے والے ان کی نیند میں خلل انداز ہوتے۔ اس کے علاوہ ہر انسان کی ہزاروں حاجتیں دوسرے انسانوں سے وابستہ ہوتی ہیں باہمی تعاون وتناصر اور کاموں میں بھی شدید حرج ہوتا کہ جس شخص سے آپ کو کام ہے اس کے سونے کا وقت ہے اور جب اُس کے جاگنے کا وقت آئے گا تو آپ کا سونے کا وقت ہوگا۔

اگر ان مقاصد کی تکمیل کے لئے کسی بین الاقوامی معاہدہ سے کام لیا جاتا کہ سب لوگ اپنے سونے کا وقت ایک ہی مقرر کر لیں، اول تو ایسا معاہدہ اربوں کروڑوں انسانوں میں ہونا آسان نہ تھا پھر اُس پر کار بند رکھنے کے لئے ہزاروں محکمے کھولنے پڑتے اس کے باوجود عام قانونی اور معاہداتی طریقوں سے طے ہونے والی چیزوں میں جو خلل ہر جگہ رشوت، رعایت وغیرہ کے سبب پایا جاتا ہے وہ پھر بھی باقی رہتا۔

اللہ تعالیٰ جل شانہٗ نے اپنی قدرت کاملہ سے نیند کا ایک وقت جبری طور پر مقرر کر دیا ہے کہ ہر انسان اور ہر جانور کو اُسی وقت نیند آتی ہے کبھی کسی ضرورت سے جاگنا بھی چاہے تو اُس کیلئے مشکل سے انتظام کر پاتا ہے۔

فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ (معارف مفتی اعظم)

وَهُوَ الَّذِي أَرْسَلَ الرِّيَاحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ

اور وہی ہے جس نے چلائیں ہوائیں خوشخبری لانے والیاں اُس کی رحمت سے آگے

وَأَنزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً طَهُورًا ﴿۴۸﴾ لِّنُحْيِيَ بِهِ بَلْدَةً

اور اتارا ہم نے آسمان سے پانی پاکی حاصل کرنے کا کہ زندہ کر دیں اُس سے

مَّيْتًا وَنُسْقِيَهُ مِمَّا خَلَقْنَا أَنْعَامًا وَأَنَاسِيَّ كَثِيرًا ﴿۴۹﴾

مرے ہوئے دیس کو اور پلائیں اُس کو اپنے پیدا کئے ہوئے بہت سے چوپایوں اور آدمیوں کو

مردہ زمینوں کی زندگی کا نظام:

یعنی اول برساتی ہوائیں بارش کی خوشخبری لاتی ہیں، پھر آسمان کی طرف سے پانی برستا ہے جو خود پاک اور دوسروں کو پاک کرنے والا ہے۔ پانی پڑتے ہی مُردہ زمینوں میں جان پڑ جاتی ہے کھیتیاں لہلہانے لگتی ہیں جہاں خاک اُڑ رہی تھی وہاں سبزہ زار بن جاتا ہے۔ اور کتنے جانور اور آدمی بارش کا پانی پی کر سیراب ہوتے ہیں۔ اسی طرح قیامت کے دن ایک غیبی بارش کے ذریعہ مردہ جسموں کو جو خاک میں مل چکے تھے زندہ کر دیا جائے گا اور دنیا میں بھی اسی طرح جو دل جہل وعصیان کی موت سے مر چکے تھے وحی الٰہی کی آسمانی بارش ان کو زندہ کر دیتی ہے جو روحیں پلیدی میں پھنس کر تھیں روحانی

besturdubooks.wordpress.com

بارش کے پانی سے دھل کر پاک وصاف ہو جاتی ہیں اور معرفت و وصول الی اللہ کی پیاس رکھنے والے اسی کو پی کر سیراب ہوتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

طہور کا معنی:

طہور وہ چیز جس سے پاکی حاصل ہوتی ہے جیسے سحور سحری کا کھانا۔ فطور افطار کی چیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، پاک مٹی مسلمان کو طاہر بنانے کی چیز ہے، جب تک پانی نہ پائے خواہ دس سال گزر جائیں رواہ احمد وابوداؤد والترمذی عن ابی ذر۔ ترمذی نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔

یہ بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، ساری زمین ہمارے لئے مسجد بنا دی گئی ہے اور زمین کی مٹی کو طہور (پاکی حاصل کرنے کا ذریعہ) بنادیا گیا ہے۔

یا طہور قبول کی طرح مصدر ہے، مسلم وابوداؤد نے حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کسی کے برتن میں اگر کتا منہ ڈال دے تو اس برتن کی پاکی یہ ہے کہ اس کو سات مرتبہ دھو ڈالے جن میں پہلی مرتبہ مٹی سے (مانجھے) اس صورت میں پانی کو طہور کہنا بطور مبالغہ کے ہوگا۔

نیند سے بیدار ہو کر پہلے ہاتھ دھوئے:

امام مالک، امام شافعی، امام احمد، امام بخاری، امام مسلم، اور اصحاب سنن اربعہ نے حضرت ابوداؤد کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جب تم میں سے کوئی نیند سے بیدار ہو جائے تو بغیر تین مرتبہ ہاتھ دھوئے برتن میں ہرگز نہ ڈالے کیونکہ کسی کو نہیں معلوم کہ اس کا ہاتھ رات کو (سوتے میں) کہاں رہا۔ یہ حدیث حضرت ابن عمرؓ، حضرت جابرؓ اور حضرت عائشہؓ کی روایت سے بھی آئی ہے۔

کثیر پانی: امام ابوحنیفہؒ نے کہا، جو شخص آب کثیر استعمال کر رہا ہے اگر اس کے غالب خیال میں پانی اتنا ہے کہ ایک طرف کی نجاست (کا اثر) دوسرے کنارے تک پہنچنے سے قاصر ہے تو ایسا پانی کثیر ہے ورنہ قلیل ہے۔

اللہ نے فرمایا ہے اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی ارشاد گرامی ہے کہ پانچوں نمازیں (درمیانی اوقات کے گناہوں کے لئے) اور جمعہ کی نماز آئندہ جمعہ تک (کے گناہوں) کے لئے اور رمضان (آئندہ) رمضان تک (کے گناہوں) کے لئے کفارہ ہیں درمیانی (اوقات وایام کے) گناہوں کو اتار دینے والے ہیں بشرطیکہ آدمی کبیرہ گناہوں سے بچا رہے رواہ مسلم عن ابی ہریرۃ۔

حضرت ابن مسعودؓ کی روایت ہے کہ ایک شخص نے کسی اجنبی عورت کا بوسہ لے لیا پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اس کا اظہار کر دیا، اس پر آیت وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ الی آخرہ نازل ہوئی۔ (متفق علیہ)

استعمال شدہ پانی:

آب مستعمل کو جو لوگ پاک کہتے ہیں ان کے قول کی تائید متعدد احادیث سے ہوتی ہے۔ حضرت جابر کا بیان ہے میں بیمار تھا، بیہوش پڑا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری عیادت کو تشریف لائے آکر وضو کیا اور وضو کا پانی میرے اوپر ڈالا، مجھے فوراً ہوش آ گیا، میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے وارث نہ میرے ماں باپ ہیں نہ اولاد، اس پر آیت فرائض نازل ہوئی۔ متفق علیہ

حضرت سائب بن یزید کا بیان ہے مجھے میری خالہ رسول اللہ کی خدمت میں لے گئیں اور عرض کیا یہ میری بہن کا لڑکا دکھی ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے برکت کی دعاء کی، پھر وضو کیا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کا پانی میں نے پیا، متفق علیہ۔

حضرت مسور بن مخرمہ کی حدیث صلح حدیبیہ کے تذکرے کے ذیل میں آئی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کوئی تھوک تھوکا تو خدا کی قسم وہ (زمین پر گرنے کے بجائے) کسی آدمی کے ہاتھ پر لگا اور اس نے اس لعاب کو اپنے بدن اور چہرے پر مل لیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو کرتے تھے (لوگ وضو کے پانی کو لینے کے لئے ٹوٹ پڑتے تھے اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وضو کے پانی پر لڑ پڑیں گے۔ (رواہ البخاری)

رکا ہوا پانی:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، تم میں سے کوئی ایسا نہ کرے کہ رکے ہوئے پانی میں جو جاری نہ ہو پیشاب کر کے پھر اسی سے وضو کرے۔ متفق علیہ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، تم میں سے کوئی رکے ہوئے پانی میں غسل نہ کرے۔ اس حدیث میں رکے ہوئے پانی میں غسل کرنے کی ممانعت فرمائی گئی اور اس ممانعت کی وجہ یا تو یہ ہے کہ وہ پانی ناپاک ہو جاتا ہے یا یہ وجہ ہے کہ وہ مطہر نہیں رہتا استعمال کے بعد پانی کا نجس ہو جانا تو ناقابل تصور ہے صرف دوسری ہی شق باقی رہی یعنی وہ طاہر تو ہے مطہر نہیں ہے۔

ہم کہتے ہیں ممانعت تحریمی نہیں تنزیہی ہے۔

امام ابوحنیفہؒ نے فرمایا، اس سے وضو جائز ہے ہاں اگر کوئی جامد چیز آمیختہ ہو جائے جس سے پانی میں گاڑھا پن آ گیا یا پانی کے بیشتر اوصاف بدل گئے جیسے نبیذ کی حالت ہوتی ہے نبیذ خیساندہ پانی میں کوئی چیز بھگوئی ہوئی یا حد خاص تک پکائی ہوئی یا کوئی سیال چیز ہی زیادہ مقدار میں پانی میں مل گئی ہو کہ اس کی مقدار کے مقابلے میں پانی کے اجزاء کم ہوں یا پانی کے اکثر اوصاف بدل گئے ہوں یا اس کو پانی میں پکایا گیا ہو جس کی وجہ سے پانی کی طبیعت ہی بدل گئی ہو جیسے شوربہ یا آب باقلی تو اس سے وضو جائز نہیں لیکن اگر آمیزش

besturdubooks.wordpress.com

سے پانی میں تھوڑا سا تغیر آ جائے تو کوئی حرج نہیں۔ ابن خزیمہ اور نسائی نے حضرت ام ہانی کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت میمونہؓ نے ایک بڑے لگن سے غسل کیا جس میں گوندھے ہوئے آٹے کے آثار موجود تھے۔

میت کا غسل:

بخاری نے حضرت ام عطیہ انصاریہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی کی وفات ہوئی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے تو فرمایا اس کو تین بار یا پانچ بار اس سے زیادہ بار جتنا مناسب سمجھو پانی اور بیری کے پتوں سے (یعنی بیری کے پتوں کے ساتھ گرم کئے ہوئے پانی سے غسل دینا اور آخری بار کچھ کافور شامل کر دینا یا فرمایا، کافور شامل کر دینا۔

بزار نے حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ ثمامہ بن اثال مسلمان ہونے لگے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو حکم دیا کہ پانی اور بیری کے پتوں سے غسل کر لیں قیس بن عاصم کی حدیث میں بھی یہی آیا ہے کہ وہ مسلمان ہونے لگے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو پانی اور بیری کے پتوں سے غسل کرنے کا حکم دیا۔

ناپاک زمین کو پاک کرنا:

دار قطنی نے عبد الجبار کے طریق سے بروایت ابن حنیفہ از یحییٰ بن سعید بیان کیا کہ حضرت انسؓ نے فرمایا ایک اعرابی نے مسجد میں پیشاب کر دیا، حضور گرامی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اس جگہ کو کھود دو (اور مٹی نکال کر) پھر اس جگہ ایک ڈول پانی بہا دو حافظ ابن حجر نے کہا، اس حدیث کے راوی ثقہ ہیں۔ (تفسیر مظہری)

وَلَقَدْ صَرَّفْنٰهُ بَيْنَهُمْ لِيَذَّكَّرُوْا ۖ

اور طرح طرح سے تقسیم کیا ہم نے اُس کو ان کے بیچ میں تا دھیان رکھیں

فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ۝

پھر بھی نہیں رہتے بہت لوگ بدون ناشکری کیے

آب پاشی کا نظام:

یعنی بارش کا پانی تمام زمینوں اور آدمیوں کو یکساں نہیں پہنچتا۔ بلکہ کہیں کم کہیں زیادہ کہیں جلد کہیں بدیر جس طرح اللہ کی حکمت مقتضی ہو پہنچتا رہتا ہے۔ تاکہ لوگ سمجھیں کہ اس کی تقسیم کسی قادر مختار و حکیم کے ہاتھ میں ہے۔ لیکن بہت لوگ پھر بھی نہیں سمجھتے اور نعمت الٰہی کا شکر ادا نہیں کرتے۔ اُلٹے کفر اور ناشکری پر اتر آتے ہیں۔ یہی حال روحانی بارش کا ہے کہ جس کو اپنی استعداد اور ظرف کے موافق جتنا حصہ ملنا تھا مل گیا اور بہت سے اس نعمت عظمیٰ کا کفران ہی کرتے رہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَقَدْ صَرَّفْنٰهُ بَيْنَهُمْ اور ہم نے پانی کو انسانوں میں گھمایا پھرایا کبھی ایک شہر میں کبھی دوسری بستی میں بارش کی۔ بغوی نے حضرت ابن عباسؓ کا قول نقل کیا ہے کہ کوئی سال ایسا نہیں ہوتا کہ دوسرے سال سے اس میں بارش زیادہ ہو بلکہ اللہ بارش کو زمین پر گھماتا رہتا ہے پھر آپ نے یہی آیت پڑھی ایک مرفوع روایت میں آیا ہے کہ کوئی ساعت ایسی نہیں ہوتی نہ رات میں نہ دن میں کہ ابر سے بارش نہ ہوتی ہو، اللہ بارش کا رُخ جس طرف چاہتا ہے پھیر دیتا ہے ابن اسحاق ابن جریج اور مقاتل نے حضرت ابن مسعودؓ تک اس قول کو پہنچایا ہے اور حضرت ابن مسعودؓ نے اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد فرمایا ہے کہ کسی ایک سال دوسرے سال سے زیادہ بارش نہیں ہوتی لیکن اللہ نے رزق کی تقسیم کر دی ہے نچلے آسمان (یعنی بادل) میں مینہ (کا خزانہ) رکھ دیا ہے اور مخصوص ناپ تول کے ساتھ نیچے اتارتا ہے جب کوئی قوم گناہ کرتی ہے تو اللہ اس کی طرف سے بارش کا رُخ موڑ کر دوسروں کی طرف کر دیتا ہے۔ اور جب سب نافرمان ہو جاتے ہیں تو پھر بیابانوں اور دریاؤں کی طرف بارش کو موڑ دیا جاتا ہے۔

ناشکرے لوگ:

فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا لیکن اکثر لوگ بے ناشکری کیے نہیں رہے۔ یعنی جب اللہ نے بارش کی تو اکثر لوگوں نے ناشکری کی اور کہنے لگے یہ بارش تو فلاں ستارہ کی تاثیر سے ہوئی ہے، حضرت زید بن خالدؓ جہنی راوی ہیں کہ حدیبیہ میں رات کو بارش ہوئی جب صبح ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز پڑھائی۔ نماز کے بعد لوگوں کی طرف رخ پھیرا اور فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ تمہارے رب نے کیا فرمایا، صحابہ نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہی جانے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اللہ نے فرمایا صبح کو میرے بندوں میں سے کچھ مجھ پر ایمان رکھنے والے ہوئے کچھ کافر (ہوئے) جن لوگوں نے کہا ہم پر اللہ کے فضل و رحمت سے بارش ہوگئی وہ مجھ پر ایمان رکھنے والے ہیں اور ستاروں کے منکر اور جن لوگوں نے کہا فلاں ستارہ (کی تاثیر) سے ہم پر بارش ہوئی وہ میرے منکر ہو گئے اور ستاروں (کی تاثیر) پر یقین رکھنے والے۔ متفق علیہ (تفسیر مظہری)

بادل کے فرشتے:

ایک مُرسل حدیث ابن ابی حاتم میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے کہا کہ میں بادل کی نسبت کچھ پوچھنا چاہتا ہوں۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے فرمایا بادلوں پر جو فرشتہ مقرر ہے وہ یہ ہے

besturdubooks.wordpress.com

آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان سے جو چاہیں دریافت فرمالیں۔ اس نے کہا یا رسول اللہ! ہمارے پاس تو خدا تعالیٰ کا حکم آتا ہے کہ فلاں فلاں شہر میں اتنے اتنے قطرے برساؤ، ہم تعمیل ارشاد کر دیتے ہیں۔ بارش جیسی نعمت کے وقت اکثر لوگوں کے کفر کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ ہم فلاں فلاں ستارے کی وجہ سے یہ بارش برسائے گئے چنانچہ صحیح حدیث میں ہے کہ ایک مرتبہ بارش برس چکنے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگو! جانتے ہو تمہارے رب نے کیا فرمایا؟ انہوں نے کہا اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول خوب جاننے والا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سنو اللہ تعالیٰ نے فرمایا میرے بندوں میں سے بہت سے میرے ساتھ مؤمن ہو گئے اور بہت سے کافر ہو گئے۔

جنہوں نے کہا کہ صرف اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے یہ بارش ہم پر برسی ہے وہ تو میرے ساتھ ایمان رکھنے والے اور ستاروں سے کفر کرنے والے ہوئے اور جنہوں نے کہا کہ ہم پر فلاں فلاں تارے کے اثر سے پانی برسایا گیا وہ میرے ساتھ کافر ہوئے اور تاروں کے ساتھ مؤمن ہوئے۔ (تفسیر ابن کثیر)

بارش ہر سال یکساں برستی ہے:

وَلَقَدْ صَرَّفْنٰهُ بَيْنَهُمْ مطلب آیت کا یہ ہے کہ بارش کو ہم بدلتے اور پھیرتے رہتے ہیں کبھی ایک شہر میں کبھی دوسرے میں، حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ یہ جو لوگوں میں شہرت ہوتی ہے کہ اس سال بارش زیادہ ہے اس سال کم ہے یہ حقیقت کے اعتبار سے صحیح نہیں بلکہ بارش کا پانی تو ہر سال اللہ تعالیٰ کی طرف سے یکساں نازل ہوتا ہے البتہ بحکم الٰہی یہ ہوتا رہتا ہے کہ اس کی مقدار کسی شہر بستی میں زیادہ کر دی کسی میں کم کر دی۔ بعض اوقات کمی کر کے کسی بستی کے لوگوں کو سزا دینا اور متنبہ کرنا ہوتا ہے اور بعض اوقات زیادتی بھی عذاب بن جاتی ہے تو یہی پانی جو خالص رحمت ہے جو لوگ اللہ تعالیٰ کی ناشکری اور نافرمانی کرتے ہیں ان کے لئے اسی کو عذاب اور سزا بنا دیا جاتا ہے۔ (معارف القرآن)

وَلَوْ شِئْنَا لَبَعَثْنَا فِي كُلِّ قَرْيَةٍ نَّذِيرًا ۝ فَلَا
اور اگر ہم چاہتے تو اٹھاتے ہر بستی میں کوئی ڈرانے والا سو تو
تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَادًا كَبِيْرًا ۝
کہنا مت مان منکروں کا اور مقابلہ کر ان کا اس کے ساتھ بڑے زور سے

آپ صلی اللہ علیہ وسلم زور و شور سے منکرین کا مقابلہ کرتے رہیں

یعنی نبی کا آنا تعجب کی چیز نہیں اللہ چاہے تو اب بھی نبیوں کی کثرت کر دے کہ ہر بستی میں علیحدہ نبی ہو۔ مگر اُس کو منظور ہی یہ ہوا کہ اب آخر میں سارے جہان کے لئے اکیلے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نبی بنا کر بھیجے۔ سو آپ کافروں کے احمقانہ طعن و تشنیع اور سفیہانہ نکتہ چینیوں کی طرف التفات نہ فرمائیں۔ اپنا کام پوری قوت اور جوش سے انجام دیتے رہیں اور قرآن ہاتھ میں لے کر ان منکرین کا مقابلہ زور و شور کے ساتھ کرتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو کامیاب کرنے والا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

ختم نبوت کی حکمت:

یعنی اس طرح آپ کے اوپر سے تبلیغ کا بار ہلکا ہو جاتا لیکن آپ کو عظمت عطا کرنے اور آپ کی شان بلند کرنے کے لئے ہم نے سب لوگوں کے لئے تنہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پیغمبر بنا کر بھیجا اور تمام پیغمبروں پر آپ کو فضیلت عطا کی۔

نذیرا سے مراد ہے پیغمبر جو بستی والوں کو اللہ کے عذاب سے ڈرائے۔

کافروں کی طرف نہ جھکیں:

فَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَادًا كَبِيْرًا سو اس نعمت کے شکر یہ میں آپ کافروں کی خوشی کا کام نہ کیجئے اور قرآن سے بڑے زور شور سے ان کا مقابلہ کیجئے۔

یعنی کافر جس طرف آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بلاتے ہیں آپ ان کا کہنا نہ مانیں ان کی موافقت نہ کریں نہ اس چیز میں ان سے رواداری کا سلوک کریں بلکہ ہماری نعمت کا شکر ادا کریں کہ ہم نے سب لوگوں کے لئے آپ کو نبی بنا کر بھیجا ہے آپ اپنی دعوت اور اظہار حق پر ثابت قدم رہیں اور اللہ کی مدد توفیق یا قرآن کے ذریعہ سے یا کافروں کی مخالفت کر کے۔ ان سے جہاد عظیم کریں دل سے بھی اور زبان سے بھی اور تلوار سے بھی (جیسا موقع ہو ویسا جہاد کیجئے) مراد یہ ہے کہ کافر ابطال حق کی کوشش کرتے ہیں آپ ان کے مقابلہ میں ہر طرح اظہار حق اور حمایت حق کی کوشش کریں۔ (تفسیر مظہری)

وَهُوَ الَّذِيْ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ
اور وہی ہے جس نے ملے ہوئے چلائے دو دریا یہ میٹھا ہے پیاس بجھانے والا
وَّهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۚ وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا
اور یہ کھاری کڑوا اور رکھا اُن دونوں کے بیچ پردہ
وَّحِجْرًا مَّحْجُوْرًا ۝
اور آڑ روکی ہوئی

میٹھا کڑوا پانی ایک ساتھ:

بیان القرآن میں دو معتبر بنگالی علماء کی شہادت نقل کی ہے کہ ارکان سے چاٹگام تک دریا کی شان یہ ہے کہ اُس کی دو جانتیں بالکل الگ الگ نوعیت

besturdubooks.wordpress.com

کے دو دریا نظر آتے ہیں ایک کا پانی سفید ہے، ایک کا سیاہ، سیاہ میں سمندر کی طرح طوفانی تلاطم اور تموج ہوتا ہے اور سفید بالکل ساکن رہتا ہے کشتی سفید میں چلتی ہے اور دونوں کے بیچ میں ایک دھاری سی برابر چلی گئی ہے جو دونوں کا ملتقٰی ہے لوگ کہتے ہیں کہ سفید پانی میٹھا ہے اور سیاہ کڑوا۔ اور مجھ سے باریسال کے بعض طلبہ نے بیان کیا کہ ضلع باریسال میں دو ندیاں ہیں جو ایک ہی دریا سے نکلی ہیں۔ ایک کا پانی کھاری بالکل کڑوا اور ایک کا نہایت شیریں اور لذیذ ہے یہاں گجرات میں راقم الحروف جس جگہ آج کل مقیم ہے ڈابھیل ملک ضلع سورت سمندر تقریباً دس بارہ میل کے فاصلہ پر ہے ادھر کی ندیوں میں برابر مدوجزر (جوار بھاٹا) ہوتا رہتا ہے۔ بکثرت ثقات نے بیان کیا کہ مد کے وقت جب سمندر کا پانی ندی میں آ جاتا ہے لیکن اس وقت بھی دونوں پانی مختلط نہیں ہوتے۔ اوپر کھاری رہتا ہے نیچے میٹھا، جزر کے وقت اوپر سے کھاری اُتر جاتا اور میٹھا جوں کا توں باقی رہ جاتا ہے واللہ اعلم۔ ان شواہد کو دیکھتے ہوئے آیت کا مطلب بالکل واضح ہے یعنی خدا کی قدرت دیکھو کہ کھاری اور میٹھے دونوں دریاؤں کے پانی کہیں نہ کہیں مل جانے کے باوجود بھی کس طرح ایک دوسرے سے ممتاز رہتے ہیں۔ یا یہ مطلب ہو کہ اللہ تعالیٰ نے دونوں دریا الگ الگ اپنے اپنے مجریٰ میں چلائے اور دونوں زور لگا کر درمیان سے زمین کو ہٹا دیتے اور اس کی ہستی کو تباہ کر دیتے، پھر دونوں میں ہر ایک کا جو مزہ ہے وہ اُسی کے لئے لازم ہے۔ یہ نہیں کہ میٹھا دریا کھاری یا کھاری میٹھا بن جائے۔ گویا باعتبار اوصاف کے ہر ایک دوسرے سے بالکل الگ رہنا چاہتا ہے۔ وقیل غیر ذلک والراجح عندی ہوالاول۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

میٹھا اور کھاری پانی اللہ کی عظیم نعمت:

بعض ٹھہرے ہوئے سمندروں کا پانی کھاری اور بدمزہ ہوتا ہے۔ اللہ کی اس نعمت پر بھی شکر کرنا چاہیے کہ اس نے میٹھے پانی کی چوطرف ریل پیل کر دی کہ لوگوں کو نہانے دھونے اور اپنے کھیت اور باغات کو پانی دینے میں آسانی رہے۔ مشرقوں اور مغربوں میں محیط سمندر کھاری پانی کے اس نے بہا دیئے جو ٹھہرے ہوئے ہیں اِدھر اُدھر بہتے نہیں۔ لیکن موجیں مار رہے ہیں تلاطم کر رہے ہیں۔ بعض میں مدوجزر ہے۔ ہر مہینے کی ابتدائی تاریخوں میں تو ان میں زیادتی اور بہاؤ ہوتا ہے پھر چاند کے گھٹنے کے ساتھ وہ گھٹتا جاتا ہے یہاں تک کہ آخر میں اپنی حالت پر آ جاتا ہے پھر جہاں چاند چڑھا یہ بھی چڑھنے لگا چودہ تاریخ تک برابر چاند کے ساتھ چڑھتا رہا پھر اُترنا شروع ہوا۔ ان تمام سمندروں کو اسی خدا تعالیٰ نے پیدا کیا ہے وہ پوری اور زبردست قدرت والا ہے۔ کھاری اور گرم پانی گو پینے کے کام نہیں آتا لیکن ہواؤں کو صاف کر دیتا ہے جس سے انسانی زندگی ہلاکت میں نہ پڑے اس میں جو جانور مر جاتے ہیں ان کی بدبو دنیا والوں کو ستا نہیں سکتی اور کھاری پانی کے سبب سے اس کی ہوا صحت بخش اور اس کا مزہ پاک طیب ہوتا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جب سمندر کے پانی کی نسبت سوال ہوا کہ کیا ہم اس سے وضو کر لیں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کا پانی پاک ہے اور اس کا مردہ حلال ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

حِجْرًا مَّحْجُوْرًا، پردہ سخت روک کہ کوئی اپنی حد سے آگے نہیں بڑھتا، اور نمکین سمندر، میٹھے سمندر کو بگاڑ نہیں سکتا۔ بیضاوی نے لکھا ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ باہر سے کسی چیز نے داخل ہو کر سمندر کو بیچ سے پھاڑ دیا ہے اور اس طرح یہ دخیل (دھارا) میلوں تک گھستا چلا جاتا ہے اور اس کے مزے میں فرق نہیں۔ (تفسیر مظہری)

اللہ کی قدرت کا عظیم کرشمہ:

مراد ان دو دریاؤں سے وہ مواقع ہیں جہاں شیریں ندیاں اور نہریں بہتے سمندر میں آ کر گری ہیں وہاں باوجود اس کے کہ اوپر سے دونوں کا سطح ایک معلوم ہوتا ہے لیکن قدرتِ الٰہیہ سے ان میں ایک ایسی حدِ فاصل ہے کہ ملتقٰی کے ایک جانب سے پانی لیا جائے تو شیریں اور دوسری جانب سے جو کہ جانب اول سے بالکل قریب ہے پانی لیا جائے تو تلخ۔ دُنیا میں جہاں جس جگہ شیریں پانی کی نہریں چشمے سمندر کے پانی میں گرتے ہیں وہاں اس کا مشاہدہ کیا جاتا ہے کہ میلوں دُور تک میٹھا اور کھاری پانی الگ الگ چلتے ہیں، دائیں طرف میٹھا بائیں طرف تلخ کھاری یا اوپر نیچے شیریں اور تلخ پانی الگ الگ پائے جاتے ہیں حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی نے اس آیت کے تحت لکھا ہے کہ بیان القرآن میں دو معتبر بنگالی علماء کی شہادت نقل کی ہے کہ ارکان سے چاٹگام تک دریا کی شان یہ ہے کہ اس کی دو جانبیں بالکل الگ الگ نوعیت کے دو دریا نظر آتے ہیں ایک کا پانی سفید ہے اور ایک کا سیاہ، سیاہ میں سمندر کی طرح طوفانی تلاطم اور تموج ہوتا ہے اور سفید بالکل ساکن رہتا ہے کشتی سفید میں چلتی ہے اور دونوں کے بیچ میں ایک دھاری سی برابر چلی گئی ہے جو دونوں کا ملتقٰی ہے لوگ کہتے ہیں کہ سفید پانی میٹھا ہے اور سیاہ کڑوا۔ اھ، اور مجھ سے باریسال کے بعض طلباء نے بیان کیا کہ ضلع باریسال میں دو ندیاں ہیں جو ایک ہی دریا سے نکلی ہیں ایک کا پانی کھاری بالکل کڑوا اور ایک کا نہایت شیریں اور لذیذ ہے۔ یہاں گجرات میں راقم الحروف جس جگہ آج کل مقیم ہے (ڈابھیل سملک ضلع سورت) سمندر وہاں سے تقریباً دس بارہ میل کے فاصلے پر ہے۔ ادھر کی ندیوں میں برابر مدوجزر (جوار بھاٹا) ہوتا رہتا ہے بکثرت ثقات نے بیان کیا کہ مد کے وقت جب سمندر کا پانی ندی میں آ جاتا ہے تو میٹھے پانی کی سطح پر کھاری پانی بہت زور سے چڑھ جاتا ہے لیکن اس وقت بھی دونوں پانی مختلط نہیں ہوتے۔ اوپر

besturdubooks.wordpress.com

کھاری رہتا ہے نیچے میٹھا جزر کے وقت اوپر سے کھاری اُتر جاتا ہے اور میٹھا جوں کا توں میٹھا باقی رہ جاتا ہے واللہ اعلم، ان شواہد کو دیکھتے ہوئے آیت کا مطلب بالکل واضح ہے یعنی خدا کی قدرت دیکھو کہ کھاری اور میٹھے دونوں دریاؤں کے پانی کہیں نہ کہیں مل جانے کے باوجود بھی کس طرح ایک دوسرے سے ممتاز رہتے ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ مِنَ الْمَاءِ بَشَرًا فَجَعَلَهُ نَسَبًا وَصِهْرًا

اور وہی ہے جس نے بنایا پانی سے آدمی پھر ٹھہرایا اُس کے لئے جد اور سسرال

وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيرًا ﴿٥٤﴾ وَيَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ

اور تیرا رب سب کچھ کر سکتا ہے اور پوجتے ہیں اللہ کو چھوڑ کر

مَا لَا يَنْفَعُهُمْ وَلَا يَضُرُّهُمْ ۗ وَكَانَ الْكَافِرُ

وہ چیز جو نہ بھلا کرے اُن کا نہ بُرا اور ہے کافر

عَلَىٰ رَبِّهِ ظَهِيرًا ﴿٥٥﴾

اپنے رب کی طرف سے پیٹھ پھیر رہا

ایک قطرۂ آب سے انسان کی پیدائش:

دیکھ لو! کس طرح اپنی قدرت کاملہ سے ایک قطرۂ آب کو عاقل و کامل آدمی بنا دیا۔ پھر آگے اُس سے نسلیں چلائیں اور دامادی اور سسرال کے تعلقات قائم کئے۔ ایک ناچیز قطرہ کو کیا سے کیا کر دیا اور کہاں سے کہاں پہنچا دیا۔ لیکن یہ حضرت تھوڑی ہی دیر میں اپنی اصل کو بھول گئے اور اس رب قدیر کو چھوڑ کر عاجز مخلوق کو خدا کہنے لگے۔ اپنے پروردگار کا حق تو کیا پہچانتے اُس سے منہ موڑ کر اور پیٹھ پھیر کر شیطان کی فوج میں جا شامل ہوئے۔ تا کہ اغواء و اضلال کے مشن میں اس کی مدد کریں اور مخلوق کو گمراہ کرنے میں اس کا ہاتھ بٹائیں۔ نعوذ باللہ من شرور انفسنا و من سیئات اعمالنا (تفسیر عثمانی)

وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا مُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ﴿٥٦﴾ قُلْ مَا أَسْأَلُكُمْ

اور تجھ کو ہم نے بھیجا یہی خوشی اور ڈر سنانے کے لئے تو کہہ میں نہیں مانگتا

عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ إِلَّا مَنْ شَاءَ أَنْ يَتَّخِذَ

تم سے اس پر کچھ مزدوری مگر جو کوئی چاہے کہ پکڑ لے

إِلَىٰ رَبِّهِ سَبِيلًا ﴿٥٧﴾

اپنے رب کی طرف راہ

پیغمبر کا کام:

یعنی آپ کا کام خدا تعالیٰ کی وفاداری پر بشارات سنانا اور غداروں کو خراب نتائج و عواقب سے آگاہ کر دینا ہے۔ آگے کوئی مانے یا نہ مانے آپ کا کچھ نقصان نہیں۔ آپ ان سے کچھ فیس یا مزدوری تھوڑی طلب کر رہے تھے کہ ان کے نہ ماننے سے اس کے فوت ہونے کا اندیشہ ہو۔ آپ تو ان سے صرف اتنا ہی چاہتے ہیں کہ جو کوئی چاہے خدا کی توفیق پا کر اپنے رب کا راستہ پکڑے۔ اسی کو چاہو فیس کہہ لو یا مزدوری۔ (تفسیر عثمانی)

رسالت کا اجر: اللہ کے امر و نواہی کی تعمیل کے لئے اللہ کے رسول کی اطاعت کو اجر رسالت قرار دیا کیونکہ رسالت کا اصل مقصد ہی یہ ہے اس کے علاوہ ہر اجر تبلیغ کی نفی کر دی تا کہ کسی کو شبہ کرنے کا موقع ہی باقی نہ رہے۔ شاید کوئی سرپھرا یہ خیال کرنے لگتا کہ اللہ کی طرف احکام کو منسوب کر کے یہ اپنی اطاعت تحصیل زر و مال کے لئے کرانا چاہتے ہیں اور ہم سے معاوضہ مالی کے طلب گار ہیں، ہر قسم کے معاوضہ مالی کی طلب کی ممانعت کر کے اس وہم کی بیخ کنی کر دی، پھر اس طرز ادا میں انتہائی شفقت کا اظہار بھی ہے کافروں کے لئے جو بات فائدہ رساں تھی اس کو اپنے لئے سودمند ظاہر کیا اور بتا دیا کہ تم لوگوں کا اس راستہ پر چلنا ہی میری خدمت رسالت کا پورا معاوضہ ہے اس طریق بیان سے اس امر پر تنبیہ بھی ہو گئی کہ امت کی اطاعت کا فائدہ مآل کے اعتبار سے رسول کی طرف لوٹے گا چونکہ رسول کی راہنمائی سے امت ہدایت یاب ہوئی ہے اس لئے (راہنمائی کا اور) ہدایت یاب ہونے کا ثواب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ملے گا۔ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نیکی کا راستہ بتانے والا بھی نیکی کرنے والے کی طرح ہے یہ حدیث بزار نے حضرت ابن مسعودؓ کی روایت سے اور طبرانی نے حضرت سہل بن سعد اور حضرت ابو مسعودؓ کی روایت سے اور امام احمد نیز صحاح ستہ کے مؤلفین نے اور ضیاء نے کچھ زیادتی کے ساتھ حضرت بریدہؓ کی روایت سے اور ابن ابی الدنیا نے قضاء الحوائج میں حضرت انسؓ کی روایت سے بیان کی ہے۔ ضیاء نے اتنا ٹکڑا حدیث کا اور نقل کیا ہے کہ اللہ مصیبت زدہ کی فریاد رسی کو پسند فرماتا ہے۔ مسلم نے حضرت جریر کی روایت سے ایک طویل حدیث کے ذیل میں یہ بھی بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے اسلام میں کوئی اچھا طریقہ قائم کیا اس کو اس طریقے پر چلنے کا ثواب ملے گا اور ان لوگوں کے عمل کا بھی ثواب ملے گا جو اس طریقہ پر چلیں گے مگر اس سے ان عمل کرنے والوں کے ثواب میں کوئی کمی نہیں کی جائے گی۔ (تفسیر مظہری)

وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِي لَا يَمُوتُ

اور بھروسہ کر اوپر اُس زندہ کے جو نہیں مرتا

besturdubooks.wordpress.com

اللہ کے سوا کسی کے بھروسہ کی ضرورت نہیں:

یعنی آپ تنہا خدا پر بھروسہ کر کے اپنا فرض (تبلیغ و دعوت وغیرہ) ادا کیے جائیے۔ کسی کی مخالفت یا موافقت کی پرواہ نہ کریں۔ فانی چیزوں کا کیا سہارا۔ سہارا تو اسی کا ہے جو ہمیشہ زندہ رہے، کبھی نہ مرے۔ (تفسیر عثمانی)

وَسَبِّحْ بِحَمْدِهٖ ۭ وَكَفٰى بِهٖ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرَا ۝
اور یاد کر اُس کی خوبیاں اور وہ کافی ہے اپنے بندوں کے گناہوں سے خبردار

یعنی اسی پر توکل رکھیے اور اسی کی عبادت اور حمد و ثنا کرتے رہیے۔ ان مجرموں سے وہ خود نمٹ لے گا۔

اور جب تیرا پروردگار حی لایموت ہے تو سمجھ لے کہ اس کی مدد بھی دائم ہوگی جس پر کبھی موت نہیں آئے گی جس زندہ پر بھی بھروسہ کیا جائے اس کے مرنے کے بعد سہارا باقی نہیں رہتا مگر خداوند ذو الجلال حي لايموت ہے آپ کے کسی دشمن میں یہ طاقت نہیں کہ اس سہارے کو ختم کر سکے اور آپ ان کی دشمنی کی وجہ سے پریشان نہ ہوں۔ اطمینان کے ساتھ اللہ کی تسبیح میں لگے رہئے اور سبحانک اللهم وبحمدک یا سبحان الله وبحمده سبحان الله العظيم پڑھتے رہئے اللہ کے ذکر اور تسبیح کی یہ خاصیت ہے کہ اس سے قلب کو اطمینان حاصل ہوتا ہے۔ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ اور دل کی پریشانی دور ہوتی ہے لہذا آپ تبلیغ بھی کرتے رہیے اور تسبیح بھی پڑھتے رہئے اور ان دشمنوں کی دشمنی کی پرواہ نہ کیجئے۔ (معارف کاندھلوی)

الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا
جس نے بنائے آسمان اور زمین اور جو کچھ اُن کے بیچ میں ہے
فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۚ
چھ دن میں پھر قائم ہوا عرش پر

اس کا بیان سورۂ اعراف میں گزر چکا۔ (تفسیر عثمانی)

اَلرَّحْمٰنُ فَسْـَٔلْ بِهٖ خَبِيْرًا ۝
وہ بڑی رحمت والا سو پوچھ اُس سے جو اس کی خبر رکھتا ہو

اللہ کی قدر جاننے والے:

یعنی اللہ تعالیٰ کی شانوں اور رحمتوں کو کسی جاننے والے سے پوچھو۔ یہ جاہل مشرک اُسے کیا جانیں وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ اپنی شئون و کمالات کا پوری طرح جاننے والا تو خدا ہی ہے اَنْتَ كما اثنيت عَلٰى نَفْسِکَ لیکن مخلوق میں سب سے بڑے جاننے والے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جن کی ذات گرامی میں حق تعالیٰ نے اولین و آخرین کے تمام علوم جمع کر دیے، خدا تعالیٰ کی شانوں کو کوئی اُن سے پوچھے۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ قَالُوْا
اور جب کہیے اُن سے سجدہ کرو رحمٰن کو کہیں
وَمَا الرَّحْمٰنُ ۤ اَنَسْجُدُ لِمَا تَاْمُرُنَا وَزَادَهُمْ نُفُوْرًا ۝
رحمٰن کیا ہے کیا سجدہ کرنے لگیں ہم جس کو تو فرمائے اور بڑھ جاتا ہے اُن کا بدکنا

بے قدرے لوگ:

یعنی یہ جاہل مشرک رحمان کی عظمتِ شان کو کیا سمجھ سکتے ہیں جن کو اس نام سے بھی چڑ ہے۔ جب یہ نام سنتے ہیں تو انتہائی جہل یا بےحیائی اور تعنت سے ناواقف بن کر کہتے ہیں کہ رحمان کون ہے۔ جس کو ہم سے سجدہ کراتا ہے کیا محض تیرے کہہ دینے سے ایسی بات مان لیں؟ بس تم نے ایک نام لے دیا اور ہم سجدہ میں گر پڑے غرض جس قدر انہیں رحمان کی اطاعت وانقیاد کی طرف توجہ دلائیے اُسی قدر زیادہ بدکتے اور بھاگتے ہیں۔

سجدہ فقط اللہ کو ہے:

ایک مرسل حدیث میں ہے کہ مدینہ طیبہ کی کسی گلی میں حضرت سلمان رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سجدہ کرنے لگے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے سلمان! مجھے سجدہ نہ کر سجدے کے لائق وہ ہے جو ہمیشہ کی زندگی والا ہے جس پر کبھی موت نہیں (ابن ابی حاتم) اور اس کی تسبیح وحمد بیان کرتا رہ۔ (تفسیر ابن کثیر)

تَبٰرَكَ الَّذِيْ جَعَلَ فِي السَّمَاۗءِ بُرُوْجًا
بڑی برکت ہے اس کی جس نے بنائے آسمان میں بُرج

آسمان کے بُرج:

یعنی بڑے بڑے ستارے، یا آسمانی قلعے جن میں فرشتے پہرہ دیتے ہیں۔ یا ممکن ہے سورج کی بارہ منزلیں مُراد ہوں جو اہل ہیئت نے بیان کی ہیں۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ آسمان کے بارہ حصے، اُن کا نام بُرج، ہر ایک پر ستاروں کا پتہ، یہ حدیں رکھی ہیں حساب کو۔ (موضح) (تفسیر عثمانی)

حضرت علی اور ابن عباس اور محمد بن کعب اور ابراہیم نخعی اور سلیمان بن مہران اعمش سے منقول ہے کہ یہ پہرہ دینے والے فرشتوں کے ٹھکانے ہیں۔ دیکھو (تفسیر ابن کثیر)

اور بعض کہتے ہیں کہ بروج سے آسمان کی وہ بارہ منزلیں مراد ہیں جو اہل ہیئت بیان کرتے ہیں جن کے نام یہ ہیں۔ حمل، ثور، جوزا، سرطان، اسد جس کو لیث بھی کہتے ہیں۔ سنبلہ۔ میزان۔ عقرب۔ قوس۔ جدی۔ دلو۔ حوت۔

besturdubooks.wordpress.com

آسمان میں ستاروں کے اجتماع سے مختلف صورتیں پیدا ہوگئیں۔ کہیں شیر کی اور کہیں ترازو کی اور کہیں بچھو کی کہیں مچھلی کی۔ اور آفتاب جب ایک برج سے دوسرے برج میں جاتا ہے تو موسم بدل جاتا ہے یہ بھی خدا کی قدرت کا کرشمہ ہے۔ اس لئے وہ ان ناموں سے موسوم ہوئے، حکماء نے آسمان کو خیالی طور پر اس طرح تقسیم کیا ہے کہ جس طرح خربوزہ کی قاشیں ہوتی ہیں اور اس نام کے ساتھ اس کو نامزد کیا کہ جو صورت اس میں نمودار ہوئی۔ (معارف کاندھلوی)

موسموں کی تبدیلی کا نظام:

ہر شخص مشاہدہ سے دیکھتا اور سمجھتا ہے کہ شمس و قمر اور دوسرے ستاروں کے کبھی سامنے آنے اور کبھی غائب ہو جانے سے نیز چاند کے گھٹنے بڑھنے سے اور رات دن کے انقلاب سے پھر مختلف موسموں اور مختلف خطوں میں دن رات کے گھٹنے بڑھنے کے عجیب و غریب نظام سے جس میں ہزاروں سال سے کبھی ایک منٹ ایک سیکنڈ کا فرق نہیں آتا، ان سب اُمور سے ایک ادنیٰ عقل و بصیرت رکھنے والا انسان یہ یقین کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ یہ سب کچھ حکیمانہ نظام یوں ہی خود بخود نہیں چل رہا کوئی اس کو بنانے چلانے والا اور باقی رکھنے والا ہے اور اتنا سمجھنے کے لئے انسان کو نہ کسی فلسفی تحقیق اور آلات رصدیہ وغیرہ کی حاجت پڑتی ہے نہ قرآن نے اس کی طرف دعوت دی۔ قرآن کی دعوت صرف اُسی حد تک ان چیزوں میں غور و فکر کی ہے جو عام مشاہدے اور تجربے سے حاصل ہو سکتے ہیں۔ انکشافات اس کی واضح دلیل ہیں کہ کسی نظریہ اور تحقیق کو یقینی اور آخری نہیں کہا جا سکتا۔ انسانی ضرورت سے متعلقہ تمام فنون، فلکیات، کائنات فضا ابر و باراں، خلا، طبقات الارض، پھر زمین پر پیدا ہونے والی مخلوقات، جمادات نباتات حیوانات سے اور عالم انسان اور انسانی علوم و فنون، تجارت، زراعت صنعت وغیرہ ان سب میں سے قرآن حکیم صرف اُن کی روح اور مشاہداتی حصہ کو اسقدر لیتا ہے جس سے انسان کی دینی یا دُنیوی ضرورت متعلق ہے، دور از کار تحقیقات کی دلدل میں انسان کو نہیں پھنساتا البتہ کہیں کہیں کسی خاص مسئلے کی طرف اشارہ یا صراحت بھی پائی جاتی ہے۔

تفسیر قرآن میں سائنسی نظریات کی موافقت یا مخالفت کا صحیح معیار

علماءِ اہلِ حق قدیم و جدید اس پر متفق ہیں کہ ان مسائل کے متعلق جو بات قرآن کریم سے یقینی طور پر ثابت ہے۔ اگر کوئی قدیم یا جدید نظریہ اُس سے مختلف ہو تو اس کی وجہ سے قرآنی آیات میں کھینچ تان اور تاویل جائز نہیں، اس نظریہ ہی کو مغالطہ قرار دیا جائے گا، البتہ جن مسائل میں قرآنِ کریم کی کوئی تصریح موجود نہیں الفاظ قرآنی میں دونوں معنے کی گنجائش ہے وہاں اگر مشاہدات اور تجربے سے کسی ایک نظریہ کو قوت حاصل ہو جائے تو آیتِ قرآن کو بھی اسی معنی پر محمول کر لینے میں کوئی مضائقہ نہیں جیسے اسی آیت جعل فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا میں ہے کہ قرآن کریم نے اس بارہ میں کوئی واضح فیصلہ نہیں دیا کہ ستارے آسمان کے اندر ہیں یا باہر فضائے آسمانی میں ہیں۔

فیثا غورس کی تحقیق کی تائید:

آج کل جبکہ خلائی تجربات نے یہ ثابت کر دیا کہ ان سیارات تک پہنچا جا سکتا ہے تو اس سے فیثا غورسی نظریہ کی تائید ہوگئی کہ ستارے آسمانوں میں پیوست نہیں کیونکہ قرآن کریم اور احادیث صریحہ کی تصریحات کی رُو سے آسمان ایک ایسا حصار ہے جس میں دروازے ہیں اور دروازوں پر فرشتوں کا پہرہ ہے اُن میں ہر شخص داخل نہیں ہو سکتا۔ اس مشاہدے اور تجربے کی بناء پر آیت مذکورہ کا یہ مفہوم قرار دیا جائے گا کہ کواکب کو فضائے آسمانی میں پیدا کیا گیا ہے اور یہ کوئی تاویل نہیں بلکہ دو مفہوم میں سے ایک کی تعیین ہے۔

غلط دعویٰ: لیکن اگر کوئی سرے سے آسمانوں کے وجود کا انکار کرے جیسے بعض ہیئت جدید والے کہتے ہیں یا کوئی یہ دعویٰ کرے کہ راکٹوں اور ہوائی جہازوں کے ذریعہ آسمانوں کے اندر داخلہ ہو سکتا ہے تو از روئے قرآن اُس دعوے کو غلط قرار دیا جائے گا کیونکہ قرآن کریم نے متعدد آیات میں یہ بات واضح طور پر بتلائی ہے کہ آسمانوں میں دروازے ہیں اور وہ دروازے خاص خاص حالات میں کھولے جاتے ہیں ان دروازوں پر فرشتوں کا پہرہ مسلط ہے۔ آسمانوں میں داخلہ ہر شخص کا جب چاہے نہیں ہو سکتا، اس دعوے کی وجہ سے اُن آیات میں کوئی تاویل نہیں کی جائے گی اور اس دعوے کو غلط قرار دیا جائے گا۔

اسی طرح جبکہ قرآن کریم کی آیت كُلٌّ فِي فَلَكٍ يَسْبَحُونَ سے ستاروں کا حرکت کرنا ثابت ہے۔

علامہ آلوسی رحمہ اللہ کا تجزیہ:

زمانۂ حال کے سب سے بڑے مفسر قرآن سید محمود آلوسی بغدادی جن کی تفسیر روح المعانی علماءِ سلف کی تفاسیر کا بہترین خلاصہ اور عرب و عجم مشرق و مغرب میں مقبول و مستند تفسیر ہے۔

اُن کے پوتے علامہ سید محمود شکری آلوسی نے ان مسائل پر ایک مستقل کتاب لکھی ہے **مادل عليه القرآن مما يعضد الهيئة الجديدة القويمة البرهان** جس میں ہیئت جدیدہ کے نظریات کی تائید قرآن کریم کی روشنی میں کی گئی ہے مگر دوسرے تجدد پسند علماء کی طرح قرآنی آیات میں کسی قسم کی تاویل کو روا نہیں رکھا۔ اُن کے چند جملے اس جگہ نقل کر دینا کافی ہیں جو ہیئتِ جدیدہ کی تائید میں لکھے ہیں وہ فرماتے ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

میں نے ہیئت جدیدہ کے بہت سے قواعد کو دیکھا ہے وہ قرآن وسنت کی نصوص کے خلاف نہیں۔ اور اس کے باوجود اگر وہ قرآن وسنت کی کسی نص کے خلاف ہو تو ہم اس کی طرف رُخ نہ کریں گے اور قرآن وسنت کی نصوص میں اس کی وجہ سے تاویل نہ کریں گے کیونکہ ایسی تاویل سلف صالحین کے مذہب مقبول میں نہیں ہے بلکہ ہم اُس وقت یہ کہیں گے کہ جو نظریہ قرآن و سنت کے خلاف ہے اس میں ہی کوئی خلل ہے کیونکہ عقل سلیم اور نقل صحیح میں کبھی اختلاف نہیں ہوتا بلکہ ایک دوسرے کی تائید کرتے ہیں۔

علم فلکیات کی تاریخ:

فلکیات اور ستاروں، سیاروں کی حرکات اور ہیأت کے متعلق بحث و تحقیق کوئی نیا فن نہیں، ہزاروں سال پہلے سے ان مسائل پر تحقیقات کا سلسلہ جاری ہے۔ مصر، شام، ہند، چین وغیرہ میں ان فنون کا چرچا قدیم زمانہ سے چلا آ رہا ہے۔ حضرت مسیح علیہ السلام سے پانسو سال پہلے اس فن کا بڑا معلم فیثا غورس گزرا ہے جو اطالیہ کے مدرسہ کوتونا میں باقاعدہ اس کی تعلیم دیتا تھا، اس کے بعد میلاد مسیح علیہ السلام سے تقریباً ایکسو چالیس سال پہلے اس فن کا دوسرا محقق بطلیموس رومی آیا اور اسی زمانے میں ایک دوسرے فلاسفر ہیئر خوس کی شہرت ہوئی جس نے زاویئے ناپنے کے آلات ایجاد کئے۔

فیثا غورس اور بطلیموس کے نظریات ہیئتِ افلاک کے متعلق بالکل ایک دوسرے سے متضاد تھے۔ بطلیموس کو اپنے زمانے کی حکومت اور عوام کا تعاون حاصل ہوا۔ اس کا نظریہ اتنا پھیلا کہ فیثا غورس کا نظریہ گوشۂ گمنامی میں جاپڑا، اور جب یونانی فلسفہ کا عربی زبان میں ترجمہ ہوا تو یہی بطلیموس کا نظریہ ان کتابوں میں منتقل ہوا اور اہل علم میں عام طور سے یہی نظریہ جانا پہچانا گیا۔ بہت سے مفسرین نے آیات قرآنیہ کی تفسیر میں بھی یہ نظریہ سامنے رکھ کر کلام کیا۔

گیارہویں صدی ہجری اور پندرہویں صدی عیسوی جس میں اقوام یورپ کی ترقی کا آغاز ہوا اور یورپین محققین نے ان مسائل پر کام کرنا شروع کیا جن میں سب سے پہلے کوپرنک پھر جرمنی مین کیلر اور اطالیہ میں گلیلیو وغیرہ کے نام آتے ہیں انہوں نے ازسرنو ان مباحث کا جائزہ لیا، یہ سب اس پر متفق ہو گئے کہ ہیئت افلاک کے متعلق بطلیموسی نظریہ غلط اور فیثا غورس کا نظریہ صحیح ہے۔ اٹھارہویں صدی عیسوی اور تیرہویں صدی ہجری میں اسحٰق نیوٹن کی شہرت ہوئی، اس کی تحقیقات وایجادات نے اس کو مزید تقویت پہنچائی، اس نے یہ تحقیق کی کہ وزنی چیزیں اگر ہوا میں چھوڑی جائیں تو ان کے زمین پر آ گرنے کا سبب وہ نہیں جو بطلیموسی نظریہ میں بتلایا گیا ہے کہ زمین کے وسط میں مرکزِ عالم ہے اور تمام وزنی چیزیں مرکز کی طرف فطرۃً رجوع کرتی ہیں بلکہ اُس نے بتلایا کہ جتنے ستارے اور سیارات ہیں سب میں ایک جذب وکشش کا مادہ ہے زمین بھی اسی طرح کا ایک سیارہ ہے اس میں بھی کشش ہے۔ جس حد تک زمین کی کشش کا اثر رہتا ہے وہاں سے ہر وزنی چیز زمین پر آئے گی لیکن اگر کوئی چیز اس کی کشش کے دائرہ سے باہر نکل جائے تو وہ پھر نیچے نہیں آئے گی۔

ابوریحان البیرونی کی تحقیقات پر راکٹ کی ایجاد:

حال میں روسی اور امریکی ماہرین نے قدیم اسلامی فلاسفر ابوریحان محمد البیرونی کی تحقیقات کی امداد سے راکٹ وغیرہ ایجاد کر کے اس کا عملی تجربہ اور مشاہدہ کر لیا کہ راکٹ جب اپنی شدید قوت اور تیز رفتاری کے سبب زمین کی کشش کو توڑ کر اس کے دائرہ سے باہر نکل گیا تو پھر یہ نیچے نہیں آتا بلکہ ایک مصنوعی سیارے کی صورت اختیار کر لیتا اور اپنے مدار پر چکر لگاتا ہے۔ پھر ان مصنوعی سیاروں کا تجربہ کرتے کرتے اس کے ماہرین نے سیارات تک پہنچنے کی تدبیریں شروع کیں اور بالآخر چاند پر پہنچ گئے جس کی تصدیق اس زمانے کے تمام ماہرین فن موافق ومخالف نے کی اور اب تک چاند پر بار بار جانے وہاں کے پتھر، خاک وغیرہ لانے اور اس کے فوٹو مہیا کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ دوسرے سیارات تک پہنچنے کی بھی کوششیں ہو رہی ہیں اور خلانوردی خلا پیمائی کی مشقیں جاری ہیں۔

خلائی سفر:

ان میں سے امریکن خلانورد جان گلین جو کامیابی کے ساتھ خلا کا سفر کر کے واپس آیا اور اس کی کامیابی پر اس کے موافق ومخالف سبھی نے اعتماد کیا، اس کا ایک بیان امریکہ کے مشہور ماہنامہ ریڈرز ڈائجسٹ میں اور اس کا اُردو ترجمہ امریکہ کے اُردو ماہنامہ سیربین میں مفصل شائع ہوا ہے یہاں اس کے اہم اقتباسات ماہنامہ سیربین سے نقل کئے جاتے ہیں جن سے ہمارے زیر بحث مسئلہ پر کافی روشنی پڑتی ہے جان گلین نے اپنے طویل مقالہ میں خلاء کے عجائب کو بیان کرتے ہوئے لکھا ہے۔

''یہی وہ ایک واحد شئ ہے جو خلاء میں خدا کے وجود پر دلالت کرتی ہے، اور یہ کہ کوئی طاقت ہے جو ان سب کو مرکز ومحور سے وابستہ رکھتی ہے۔'' آگے لکھا ہے کہ: ''اُس کے باوجود خلا میں پہلے ہی سے جو عمل جاری ہے اُس کو دیکھتے ہوئے ہماری کوششیں انتہائی حقیر ہیں۔ سائنسی اصطلاحات و پیمانوں میں خلائی پیمائش ناممکن ہے۔''

قطب نما کے پس پردہ قوت:

آگے ہوائی جہاز کی مشینی قوت کا تذکرہ کر کے لکھا ہے کہ:

''لیکن ایک یقینی اور غیر محسوس قوت کے بغیر اس کا استعمال بھی محدود اور بے معنی ہو کر رہ جاتا ہے اس لئے کہ جہاز کو اپنے مقصد کی تکمیل کے لئے تعیین رُخ کی حاجت ہوتی ہے اور یہ کام قطب نما سے لیا جاتا ہے۔ وہ قوت جو

besturdubooks.wordpress.com

قطب نما کو متحرک رکھتی ہے ہمارے تمام حواس خمسہ کے لئے ایک کھلا چیلنج ہے اسے نہ ہم دیکھ سکتے ہیں نہ سن سکتے ہیں نہ چھو سکتے ہیں نہ چکھ سکتے ہیں نہ سونگھ سکتے ہیں حالانکہ نتائج کا ظہور اس پر واضح دلالت کر رہا ہوتا ہے کہ یہاں کوئی پوشیدہ قوت ضرور موجود ہے۔"

آگے سب سیر وسفر کے نتیجہ کے طور پر لکھتا ہے:

"عیسائیت کے اُصول ونظریات کی حقیقت بھی ٹھیک یہی کچھ ہے۔ اگر ہم ان کو اپنا رہنما بنائیں تو باوجود یہ کہ ہمارے حواس ان کے ادراک سے عاجز ہوتے ہیں لیکن اس رہنما قوت کے نتائج وتاثرات اپنے اور اپنے دوسرے بھائیوں کی زندگیوں میں کھلی آنکھوں دیکھیں گے۔ یہی وجہ ہے کہ ہم جانتے ہیں اور اس بنا پر کہتے ہیں کہ اس کائنات میں ایک رہنما قوت موجود ہے۔"

یہ ہیں خلاء کے مسافروں اور سیارات پر کمند پھینکنے والوں کی کمائی کے حاصلات۔

نظام کائنات کا پیغام:

بس حاصل اتنی بات ہوئی کہ یہ سب نظام کائنات اور نجوم وسیارات خود بخود نہیں، بلکہ کسی عظیم اور غیر محسوس طاقت کے زیرِ فرمان چل رہے ہیں۔ یہی وہ بات ہے جس کو انبیاء علیہم السلام نے پہلے قدم پر عام انسانوں کو بتلا دیا تھا اور قرآن کریم کی بیشمار آیات میں اسی چیز کا یقین دلانے کے لئے آسمان زمین، نجوم وسیارات وغیرہ کے حالات پر غور وفکر کرنے کی تلقین کی گئی ہے۔

آپ نے دیکھ لیا کہ جس طرح زمین میں بیٹھ کر آسمانی فضاؤں اور نجوم وسیارات کی تحقیقات وہیات پر فلسفیانہ بحثیں کرنے والے ان چیزوں کی حقیقت تک نہ پہنچ سکے اور بالآخر اپنے عجز وبے بسی کا اعتراف کیا، اسی طرح یہ زمین سے لاکھوں میل اُوپر کا سفر کرنے والے اور چاند کے پتھر اور مٹی اور وہاں کے فوٹو لانے والے بھی حقیقت شناسی کے میدان میں کچھ اس سے آگے نہ بڑھ سکے۔

بزرگان سلف نے یہ نصیحت فرمائی

زباں تازہ کردن باقرارِ تو ۔۔۔ نینگیختن علت از کارِ تو
مہندس بسے جویدازِ رازِ شاں ۔۔۔ نداند کہ چوں کردی آغازِ شاں

صوفیائے کرام جو نظر کشفی سے ان چیزوں کو دیکھتے ہیں ان کا فیصلہ بھی انجام کار وہی ہے جو شیخ سعدی علیہ الرحمہ نے فرمایا۔

چہ شبہا نشستم دریں سیر گم ۔۔۔ کہ حیرت گرفت آستینم کہ قُم

حافظ شیرازی نے اپنی لے میں فرمایا۔

سخن از مطرب ومی گوئی وراز دہر کمتر جو
کہ کس نکشود ونکشاید بحکمت ایں معمارا

اس تمام تفصیل کا حاصل یہ ہے کہ کائنات افلاک وفضاء اور کائنات ارضی میں غور وفکر اس حیثیت سے کہ اُن سے پیدا کرنے والے کے وجود اور توحید اور اس کی بے مثال علم وقدرت پر استدلال کیا جا سکے عین مقصود قرآنی ہے اور قرآن جابجا اس کی دعوت دے رہا ہے۔

تجربات ومشاہدات سے کوئی چیز ثابت ہو جائے تو اس کو قرآن کے منافی کہنا بھی صحیح نہیں۔ چاند کے اوپر پہنچنا، رہنا بسنا اور وہاں کی معدنیات وغیرہ سے نفع اُٹھانا وغیرہ سب اس میں داخل ہیں ان میں سے کوئی چیز مشاہدہ اور تجربہ سے ثابت ہو جائے تو اس کے انکار کی کوئی وجہ نہیں اور جب تک ثابت نہ ہو خواہ مخواہ اس کے تصورات باندھنا اور اس میں عمر عزیز کے اوقات صرف کرنا بھی کوئی دانشمندی نہیں۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔ (معارف مفتی اعظم)

وَّجَعَلَ فِيْهَا سِرٰجًا
اور رکھا اس میں چراغ

آسمان کا چراغ:

یعنی سورج، شاید نور وحرارت کے جمع ہونے اور صفت احراق رکھنے کی وجہ سے اس کو چراغ فرمایا وَجَعَلَ الْقَمَرَ فِيهِنَّ نُورًا وَجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا (نوح۔ رکوع)

وَّقَمَرًا مُّنِيْرًا ۝ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً
اور چاند اُجالا کرنے والا اور وہی ہے جس نے بنائے رات اور دن بدلتے سدلتے

رات ودن کا نظام:

گھٹنے بڑھنے یا آنے جانے کو بدلنا سدلنا فرمایا، یا یہ مطلب ہے کہ ایک کو دوسرے کا بدل بنایا ہے مثلاً دن کا کام رہ گیا، رات کو کر لیا اور رات کا وظیفہ رہ گیا، دن میں پورا کر دیا۔ کما ورد فی الحدیث۔ (تفسیر عثمانی)

خِلْفَةً یعنی رات اور دن میں سے ہر ایک دوسرے کا قائم مقام ہو جاتا ہے، اسی لئے اگر کسی سے دن یا رات کا کوئی عمل فوت ہو گیا ہو تو دن کے عمل کو رات میں اور رات کے عمل کو دن میں ادا کر سکتا ہے۔

حضرت عمرؓ کی فراست:

بغوی نے لکھا ہے کہ ایک شخص حضرت عمرؓ کی خدمت میں آیا اور عرض کیا آج میری رات کی نماز فوت ہو گئی حضرت عمرؓ نے فرمایا رات کو جو نماز فوت ہو گئی اس کو دن میں (پورا) کر لو۔ اللہ نے فرمایا ہے

وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ أَرَادَ أَن يَذَّكَّرَ

حسن راوی ہیں کہ ایک بار حضرت عمرؓ نے چاشت کی نماز بہت طویل کر دی کسی نے دریافت کیا آج آپ نے وہ بات کی جو اس سے پہلے آپ نہیں کرتے تھے فرمایا میرا رات کا کچھ وظیفہ آج رہ گیا تھا میں اس کو پورا کرنا چاہتا

besturdubooks.wordpress.com

تھا۔ یا فرمایا۔ میں نے اس کو ادا کرنا چاہا، اس کے بعد آپ نے آیت وَهُوَ الَّذِیْ جَعَلَ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً تلاوت فرمائی۔ (تفسیر مظہری)

لِمَنْ اَرَادَ اَنْ یَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا ﴿۶۲﴾

اس شخص کے واسطے کہ چاہے دھیان رکھنا یا چاہے شکر کرنا

بدلتے حالات کا سبق:

یعنی چاند، سورج وغیرہ کا اُلٹ پھیر اور رات دن کا ادل بدل اس لئے ہے اُس میں دھیان کر کے لوگ خداوند قدیر کی معرفت کا سراغ لگائیں کہ یہ سب تصرفات وتقلبات عظیمہ اُسی کے دستِ قدرت کی کارسازیاں ہیں۔ اور رات دن کے فوائد وانعامات کو دیکھ کر اُس کی شکرگزاری کی طرف متوجہ ہوں۔ چنانچہ رحمٰن کے مخلص بندے، جن کا ذکر آگے آتا ہے، ایسا ہی کرتے ہیں۔

صحیح حدیث شریف میں ہے، اللہ تعالیٰ رات کو اپنے ہاتھ پھیلاتا ہے تاکہ دن کا گنہگار توبہ کرلے اور دن کو ہاتھ پھیلاتا ہے کہ رات کا گنہگار توبہ کرلے۔

خِلْفَة کا ایک مطلب یہ بھی ہے کہ مختلف یعنی دن روشن رات تاریک اس میں اُجالا اس میں اندھیرا یہ نورانی وہ ظلماتی۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِیْنَ یَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا

اور بندے رحمٰن کے وہ ہیں جو چلتے ہیں زمین پر دبے پاؤں

اللہ کے سچے بندے:

یعنی مشرکین کی طرح رحمان کا نام سن کر ناک بھویں نہیں چڑھاتے بلکہ ہر فعل وقول سے بندگی کا اظہار کرتے ہیں۔ اُن کی چال ڈھال سے تواضع، متانت، خاکساری اور بے تکلفی ٹپکتی ہے متکبروں کی طرح زمین پر اکڑ کر نہیں چلتے۔ یہ مطلب نہیں کہ ریاء وتصنع سے بیماروں کی طرح قدم اُٹھاتے ہیں۔ کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی جو رفتار احادیث میں منقول ہے، اس کی تائید نہیں کرتی۔ (تفسیر عثمانی)

یا یہ مقصود ہے کہ یہی وہ لوگ ہیں جو رحمٰن کی عبادت میں ڈوبے ہوئے ہیں (گویا حقیقت میں یہ ہی اللہ کی بندگی کرنے والے ہیں) اس صورت میں عباد عابد کی جمع ہے جیسے تجار تاجر کی جمع ہے۔ اللہ کے دوسرے نام اس جگہ ذکر نہیں کئے صرف الرحمٰن کا ذکر کیا اس میں اشارہ ہے کہ اللہ نے ان سے اپنی رحمتِ کاملہ کا وعدہ کرلیا ہے اور یہ بھی مخلوقِ خدا پر کامل طور پر مہربان ہیں (جب رحمان کے پرستار ہیں تو خود بھی ان کا رحیم ہونا ضروری ہے)

یَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا یعنی تواضع اور رفروتنی کے ساتھ پروقار پر سکون چال سے چلتے ہیں ان کی چال میں نہ غرور ہے نہ اترانا۔ لغت میں ہَون کا معنی ہے نرمی، صاحب قاموس نے ہَون کا معنی لکھا ہے وقار (سنجیدگی) یہی معنی مراد ہیں اس قولِ رسول میں جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا، مؤمن نرم رفتار اور پروقار ہوتا ہے اتنا کہ انتہائی نرمی کی وجہ سے تم اس کو احمق خیال کرنے لگتے ہو۔ رواہ البیہقی بسند ضعیف عن ابی ہریرہؓ۔ (تفسیر مظہری)

حضرت عمرؓ نے ایک نوجوان کو اکڑ کر چلتے دیکھا فرمایا جس چال میں غرور ہو وہ بُری ہے سوائے جہاد کے (جب دشمنوں کا مقابلہ ہو) اللہ نے کچھ لوگوں کی تعریف کی ہے اور فرمایا ہے وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ ـــــــ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا تک۔ پس تو اپنی چال میں درمیانی صورت اختیار کر۔ (نہ زیادہ جھک کر چل نہ اکڑ کر)

یہاں ان مخصوص بندوں کو اپنا بندہ فرما کر ان کو اعزازی لقب دینا تھا مگر اپنی طرف نسبت کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ کے سب اسماء حسنٰی اور صفات کمال میں سے اس جگہ لفظ رحمٰن کا انتخاب شاید اس لئے کیا گیا کہ مقبولین کی عادات وصفات اللہ تعالیٰ کی صفت رحمانیت کی ترجمان اور مظہر ہونا چاہئیں اس کی طرف اشارہ کرنا منظور ہے۔

مقبول بندوں کی مخصوص صفات وعلامات:

آیات مذکورہ میں اللہ کے مخصوص اور مقبول بندوں کی تیرہ صفات و علامات کا ذکر آیا ہے جن میں عقائد کی درستی اور اپنے ذاتی اعمال میں خواہ وہ بدن سے متعلق ہوں یا مال سے، سب میں اللہ ورسول کے احکام اور مرضی کی پابندی۔ دوسرے انسانوں کے ساتھ معاشرت اور تعلقات کی نوعیت، رات دن کی عبادت گزاری کے ساتھ خوف خدا۔ تمام گناہوں سے بچنے کا اہتمام اور اپنے ساتھ اپنی اولاد وازواج کی اصلاح کی فکر وغیرہ شامل ہیں۔

ان کا سب سے پہلا وصف عباد ہونا ہے عباد عبد کی جمع ہے عبد کا ترجمہ ہے بندہ جو اپنے آقا کا مملوک ہو، اس کا وجود اور اس کے تمام اختیارات و اعمال آقا کے حکم ومرضی پر دائر ہوتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا بندہ کہلانے کا مستحق وہی شخص ہوسکتا ہے جو اپنے عقائد وخیالات کو اور اپنے ہر ارادے اور خواہش کو اور اپنی ہر حرکت وسکون کو اپنے رب کے حکم او رمرضی کے تابع رکھے ہر وقت گوش برآواز رہے کہ جس کام کا حکم ہو وہ بجالاؤں۔

دوسری صفت یَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا یعنی چلتے ہیں وہ زمین پر تواضع کے ساتھ لفظ ہَون کا مفہوم اس جگہ سکینت ووقار اور تواضع ہے کہ اکڑ کر نہ چلے، قدم متکبرانہ انداز سے نہ رکھے بہت آہستہ چلنا مراد نہیں، کیونکہ وہ بلا ضرورت ہو تو خلاف سنت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چلنے کی جو صفت شمائل نبویہ میں منقول ہے اُس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کا چلنا بہت آہستہ نہیں بلکہ کسی قدر تیزی کے ساتھ تھا۔ حدیث میں ہے **کانما الارض تطوی لهٗ** یعنی آپ ایسا چلتے تھے کہ گویا زمین آپ کے لئے سمٹتی ہے (ابن

besturdubooks.wordpress.com

کثیر) اسی لئے سلف صالحین نے تبکلف مریضوں کی طرح آہستہ چلنے کو علامتِ تکبر و تصنع ہونے کے سبب مکروہ قرار دیا ہے۔ فاروق اعظمؓ نے ایک نوجوان کو دیکھا کہ بہت آہستہ چل رہا ہے، پوچھا، کیا تم بیمار ہو۔ اس نے کہا نہیں، تو آپ نے اس پر دُرہ اُٹھایا اور حکم دیا کہ قوت کے ساتھ چلا کرو (ابن کثیر)

حضرت حسن بصریؒ نے اس آیت يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا کی تفسیر میں فرمایا کہ مؤمنین مخلصین کے تمام اعضاء و جوارح آنکھ، کان، ہاتھ پاؤں سب اللہ کے سامنے ذلیل و عاجز ہوتے ہیں ناواقف اُن کو دیکھ کر معذور عاجز سمجھتا ہے حالانکہ نہ وہ بیمار ہیں نہ معذور بلکہ تندرست قوی ہیں مگر اُن پر حق تعالیٰ کا خوف ایسا طاری ہے جو دوسروں پر نہیں ہے۔ اُن کو دنیا کے دھندوں سے آخرت کی فکر نے روکا ہوا ہے۔ اور جو شخص اللہ پر بھروسہ نہیں کرتا اور اس کی ساری فکر دُنیا ہی کے کاموں میں لگی رہتی ہے تو وہ ہمیشہ حسرت ہی حسرت میں رہتا ہے (کہ دنیا تو ساری ملتی نہیں اور آخرت میں اُس نے حصہ نہیں لیا) اور جس شخص نے اللہ کی نعمت صرف کھانے پینے کی ہی چیزوں کو سمجھا ہے اور اعلیٰ اخلاق کی طرف دھیان نہیں دیا، اُس کا علم بہت تھوڑا ہے اور عذاب اُس کے لئے تیار ہے۔ (از ابن کثیر ملخصاً)

بخاری و مسلم میں حضرت انسؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جھوٹی گواہی کو اکبر کبائر فرمایا ہے۔

وَاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ﴿۶۳﴾

اور جب بات کرنے لگیں اُن سے بے سمجھ لوگ تو کہیں صاحب سلامت

جاہلوں سے سلوک: یعنی کم عقل اور بے ادب لوگوں کی بات کا جواب عفو و صلح سے دیتے ہیں۔ جب کوئی جہالت کی گفتگو کرے تو ملائم بات اور صاحب سلامت کہہ کر الگ ہوجاتے ہیں۔ ایسوں سے منہ نہیں لگتے۔ نہ اُن میں شامل ہوں نہ اُن سے لڑیں۔ اُن کا شیوہ وہ نہیں جو جاہلیت میں کسی نے کہا تھا۔

اَلَا لَا يَجْهَلَنْ اَحَدٌ عَلَيْنَا فَنَجْهَلَ فَوْقَ جَهْلِ الْجَاهِلِيْنَا

یہ تو رحمان کے ان مخلص بندوں کا دن تھا، آگے رات کی کیفیت بیان فرماتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

مروی ہے کہ حسن بصری نے یہ آیت پڑھی تو فرمایا یہ تو ان کی دن کی حالت ہوتی ہے (اور رات میں حالت وہ ہوتی ہے جو آئندہ آیت میں بیان کی گئی ہے (تفسیر مظہری)

وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا ﴿۶۴﴾

اور وہ لوگ جو رات کاٹتے ہیں اپنے رب کے آگے سجدہ میں اور کھڑے

رات کی عبادت گذاری:

یعنی رات کو جب غافل بندے نیند اور آرام کے مزے لوٹتے ہیں، یہ خدا کے آگے کھڑے اور سجدہ میں پڑے ہوئے گزار دیتے ہیں۔ رکوع چونکہ قیام و سجود کے درمیان واقع ہے، شاید اسی لئے اس کو علیحدہ ذکر نہیں کیا۔ گویا ان ہی دونوں کے بیچ میں آ گیا۔ (تفسیر عثمانی)

وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا اور وہ لوگ جو رات کو اپنے رب کے سامنے سجدے کرتے اور کھڑے رہتے ہیں۔

حسن نے فرمایا، یہ حالت ان کی رات کو ہوتی ہے، عبادت کے لئے رات کا ذکر خصوصیت کے ساتھ اس لئے کیا کہ رات کی عبادت زیادہ دشوار ہوتی ہے ریاکاری کا بھی اس میں شائبہ نہیں ہوتا خضوعِ قلب اور زبان سے دل کی موافقت خوب ہوتی ہے اس کے علاوہ ایک وجہ یہ بھی ہے کہ دن دوسری قسم کی عبادتوں کے لئے مخصوص ہے (جو عام طور پر رات کو ادا نہیں کی جاسکتیں) مثلاً اللہ کی راہ میں جہاد اور کسی ملامت گر کی ملامت کا اندیشہ نہ کرنا تعلیم و تعلم اور ہدایت کرنے اور ہدایت پانے کے لئے نیک لوگوں اور بزرگوں کی صحبت (وغیرہ)

رات کی نماز کی فضیلت:

سُجَّدًا ساجد کی جمع ہے اور قیام قائم کی یا قیام مصدر بمعنی اسم فاعل ہے، نمازِ شب (کی فضیلت) کے متعلق حضرت ابن عباس کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، میری امت کے سردار حاملین قرآن اور نماز شب ادا کرنے والے ہیں۔ رواہ البیہقی فی شعب الایمان۔

حضرت ابوہریرہ کی روایت ہے، میں نے خود سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے فرض نماز کے بعد سب سے افضل نماز رات میں پڑھی جانے والی نماز ہے۔ رواہ احمد۔

حضرت ابوامامہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، قیامِ شب کا التزام کرو یہ گزشتہ صلحاء کی عادت جاریہ ہے رب سے قربت حاصل کرنے گناہوں کو ساقط کرنے اور (آئندہ) گناہ سے روکنے کا ذریعہ ہے۔ رواہ الترمذی۔

حضرت ابوسعید خدری راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، تین چیزیں ہیں جن کی طرف دیکھ کر اللہ ہنستا (یعنی اظہار پسندیدگی فرماتا) ہے۔ (۱) اس آدمی کو دیکھ کر جو رات میں اُٹھ کر نماز پڑھتا ہے۔ (۲) ان لوگوں کو دیکھ کر جو نماز میں صف بند ہوتے ہیں۔ (۳) ان لوگوں کو دیکھ کر جو دشمن کے مقابلے میں لڑنے کے لئے صفیں قائم رکھتے ہیں۔ (رواہ البغوی فی شرح السنۃ)

بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا جس نے عشاء (کی نماز) کے بعد دو رکعتیں یا اس سے زیادہ پڑھ لیں (تو گویا) اس نے رات بھر اللہ کے سامنے سجدہ اور قیام میں گزاری، حضرت عثمان بن عفانؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے عشاء کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھ لی تو ایسا ہوگیا جیسے اس نے آدھی رات قیام کیا۔ رواہ مسلم واحمد (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ
اور وہ لوگ کہ کہتے ہیں اے رب ہٹا ہم سے دوزخ کا عذاب
جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ﴿٦٥﴾ اِنَّهَا سَاۗءَتْ
بیشک اُس کا عذاب چمٹنے والا ہے وہ بُری جگہ ہے
مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿٦٦﴾
ٹھہرنے کی اور بُری جگہ رہنے کی

خوفِ آخرت:

یعنی اتنی عبادت پر اتنا خوف بھی ہے۔ یہ نہیں کہ تہجد کی آٹھ رکعت پڑھ کر خدا کے عذاب وقہر سے بے فکر ہو گئے۔ (تفسیر عثمانی)

اپنے عملوں پر بھروسہ نہ کر بیٹھو:

حضرت علیؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ نے انبیاء بنی اسرائیل میں سے ایک نبی (یعنی حضرت داؤد) کے پاس وحی بھیجی کہ اپنی امت کے اطاعت گزار بندوں سے کہہ دو کہ وہ اپنے اعمال پر بھروسہ نہ کر بیٹھیں کیونکہ قیامت کے دن حساب فہمی کے وقت میں جس بندے کو کھڑا کروں گا اور اس کو عذاب دینا چاہوں گا تو (بتقاضاء عدل) اس کو عذاب دوں گا اور میرے نافرمان بندوں سے کہہ دو کہ وہ خود اپنے ہاتھوں اپنے کو ہلاکت میں نہ ڈالیں (یعنی مغفرت سے ناامید نہ ہوں) کیونکہ میں بڑے بڑے گناہ (اگر چاہوں گا تو اپنی رحمت سے) بخش دوں گا اور مجھے پروا نہیں ہے (نہ کسی کو عذاب دینے نہ بخش دینے کی) رواہ ابو نعیم (تفسیر مظہری)

جہنم کے گڑھے:

حضرت عُبید ابن عُمیر فرماتے ہیں کہ جہنم میں گڑھے ہیں کنوؤں جیسے ان میں سانپ ہیں جیسے بختی اُونٹ اور بچھو ہیں جیسے خچر جب کسی جہنمی کو جہنم میں ڈالا جاتا ہے تو وہاں سے نکل کر آتے اور انہیں لپٹ جاتے ہیں ہونٹوں پر سروں پر جسم کے اور حصوں پر ڈستے اور ڈنک مارتے ہیں جس سے ان کے سارے بدن میں زہر پھیل جاتا ہے اور بھلکنے لگتے ہیں۔ سارے سر کی کھال جھلس کر گر پڑتی ہے پھر وہ سانپ چلے جاتے ہیں۔

جہنمیوں کی آہ وزاری:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جہنمی ایک ہزار سال تک جہنم میں چلاتا رہے گا۔ یاحنّان یَامنّان تب اللہ تعالیٰ حضرت جبرئیل سے فرمائے گا جاؤ دیکھو یہ کیا کہہ رہا ہے۔ حضرت جبرئیل آ کر دیکھیں گے کہ سب جہنمی بُرے حال سر جھکائے آہ وزاری کر رہے ہیں جا کر جناب باری تعالیٰ میں خبر دیں گے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا پھر جاؤ فلاں فلاں جگہ یہ شخص ہے جاؤ اور اسے لے آؤ۔ آپ بحکم خدا تعالیٰ جائیں گے اور اسے لا کر خدا تعالیٰ کے سامنے کھڑا کر دیں گے۔ اللہ تعالیٰ اس سے دریافت فرمائے گا کہ تو کیسی جگہ ہے؟ یہ جواب دے گا کہ خدایا ٹھہرنے کی بھی بُری جگہ اور سونے بیٹھنے کی بھی بدترین جگہ ہے۔ خدا تعالیٰ فرمائے گا اچھا اب اسے اس کی جگہ واپس کر آؤ۔ تو یہ گڑگڑائے گا عرض کرے گا کہ اے میرے ارحم الراحمین خدا! جب کہ تو نے مجھے اس سے باہر نکالا تو تیری ذات ایسی نہیں کہ پھر مجھے اس میں داخل کر دے مجھے تو تجھ سے رحم وکرم کی ہی اُمید ہے۔ خدایا بس اب مجھ پر کرم فرما۔ جب تو نے مجھے جہنم سے نکالا تو میں خوش ہو گیا تھا کہ اب تو اس میں نہ ڈالے گا۔ اس مالک ورحمٰن و رحیم خدا کو بھی رحم آ جائے گا اور فرمائے گا اچھا میرے بندے کو چھوڑ دو۔

وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا
اور وہ لوگ کہ جب خرچ کرنے لگیں نہ بے جا اڑائیں اور نہ تنگی کریں
وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ﴿٦٧﴾
اور ہے اس کے بیچ ایک سیدھی گزران

خرچ میں میانہ روی:

یعنی موقع دیکھ بھال کر میانہ روی کے ساتھ خرچ کرتے ہیں۔ نہ مال کی محبتہ اُس کی اضاعت۔ کما قال تعالیٰ وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰى عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ (بنی اسرائیل۔ رکوع ۳) (تفسیر عثمانی)

مسند احمد میں فرمان رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے کہ اپنی گزران میں میانہ روی کرنا انسان کی سمجھداری کی دلیل ہے اور حدیث میں ہے جو افراط تفریط سے بچتا ہے وہ کبھی فقیر محتاج نہیں ہوتا۔ بزار کی حدیث میں ہے کہ امیری میں فقیری میں عبادت میں درمیانہ روی بڑی ہی بہتر اور احسن چیز ہے۔ امام حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ راہِ خدا میں کتنا ہی چاہو دو اس کا نام اسراف نہیں ہے۔ حضرت ایاس بن معاویہؒ فرماتے ہیں جہاں کہیں تو حکم خدا تعالیٰ سے آگے بڑھ جائے وہی اسراف ہے اور بزرگوں کا قول ہے کہ خدا تعالیٰ کی نافرمانی میں خرچ اسراف ہے۔

صحابہ کرام کے کھانے پینے کا مقصد:

صحابہ کرامؓ مزے اور لذت کے لئے کھانا نہیں کھاتے تھے نہ آرائش و زیبائش کے لئے لباس پہنتے تھے بلکہ کھانا کھانے سے ان کا مقصد تھا بھوک کو دور کرنا اور عبادت رب کے لئے قوت حاصل کرنا اسی طرح لباس سے ان کی

besturdubooks.wordpress.com

غرض تھی قابل ستر حصہ بدن کو چھپانا اور سردی گرمی سے جسم کی حفاظت کرنی۔
حضرت عمر بن خطابؓ نے فرمایا یہ بھی اسراف ہے کہ آدمی کو جو چیز پسند آئے وہ خریدے۔ (از مفسر رحمہ اللہ) (تفسیر مظہری)

محتاجی سے تحفظ:

ایک دوسری حدیث میں حضرت عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ما عال من اقتصد، یعنی جو شخص خرچ میں میانہ روی اور اعتدال پر قائم رہتا ہے وہ کبھی فقیر محتاج نہیں ہوتا۔ (رواہ الامام احمد۔ ابن کثیر)

وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ

اور وہ لوگ کہ نہیں پکارتے اللہ کے ساتھ دوسرے حاکم

وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ

اور نہیں خون کرتے جان کا جو منع کر دی اللہ نے مگر جہاں چاہیے

مثلاً قتل عمد کے بدلہ قتل کرنا، یا بدکاری کی سزا میں زانی محصن کو سنگسار کرنا، یا جو شخص دین چھوڑ کر جماعت سے علیحدہ ہو جائے اس کو مار ڈالنا، یہ سب صورتیں الا بالحق میں شامل ہیں۔ کما ورد فی الحدیث۔

وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ﴿۶۸﴾

اور بدکاری نہیں کرتے اور جو کوئی کرے یہ کام وہ جا پڑا گناہ میں ☆

اثام: یعنی بڑا سخت گناہ کیا جس کی سزا مل کر رہے گی بعض روایات میں آیا کہ "آثام" جہنم کی ایک وادی کا نام ہے۔ جس میں بہت ہی ہولناک عذاب بیان کئے گئے ہیں۔ اعاذنا اللہ عنہا۔ (تفسیر عثمانی)

سب سے بڑا گناہ: شیخین نے صحیحین میں حضرت ابن مسعود کا بیان نقل کیا ہے حضرت ابن مسعود نے فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا سب سے بڑا کون سا گناہ ہے فرمایا، اللہ کی مثل دوسرے کو قرار دینا حالانکہ اللہ نے ہی تم کو پیدا کیا ہے میں نے عرض کیا اس کے بعد کون سا گناہ سب سے بڑا ہے، فرمایا اس خوف سے اپنی اولاد کو قتل کر دینا کہ وہ تمہارے ساتھ کھانے میں شریک ہو جائے گی، میں نے عرض کیا اس کے بعد کون سا گناہ سب سے بڑا ہے فرمایا، اپنے ہمسایہ کی بیوی سے زنا کرنا۔

ابن جریر، طبرانی اور بیہقی کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر کوئی پتھر جس کا وزن دس اوقیہ ہو جہنم کے کنارہ سے (اندر کی طرف) پھینکا جائے تو ستر برس میں غی و اثام تک پہنچے گا۔ راوی کا بیان ہے میں نے عرض کیا غی اور اثام کیا ہیں فرمایا، جہنم کی تلی میں دو نہریں ہیں جن کے اندر دوزخیوں کا کچ لہو بہہ کر جاتا ہے انہی دونوں کا ذکر اللہ نے اپنی کتاب میں کیا ہے اور فرمایا ہے؟ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ... وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا (تفسیر مظہری)

فنائے قلب کا مقام:

میں کہتا ہوں آیت وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ سے شاید فنائے قلب کی طرف اشارہ ہے، فناء قلب کے بعد آدمی سوائے خدا کے کسی چیز کا قصد نہیں کرتا، اللہ کے سوا اس کو نہ کسی سے کوئی امید رہتی ہے نہ خوف، اللہ ہی اس کا مقصود ہو جاتا ہے اور جو مقصود ہوتا ہے وہی معبود ہوتا ہے بلکہ اس کو اللہ کے سوا کوئی چیز موجود ہی نہیں دکھائی دیتی کیونکہ حقیقی وجود اللہ کا ہے دوسری چیزوں کا حقیقی وجود نہیں (بلکہ وجود حقیقی کا ایک پرتو اور سایہ ہے) صرف اللہ ہی کا اصل وجود ہے، ذات الٰہی کا تقاضا ہے وجود۔

يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ﴿۶۹﴾

دونا ہوگا اس کو عذاب قیامت کے دن اور پڑا رہے گا اس میں خوار ہو کر

یعنی اور گناہوں سے یہ گناہ بڑے ہیں۔ عذاب بھی ان پر بڑا ہوگا اور دم بدم بڑھتا رہے گا۔ (تفسیر عثمانی)

اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ

مگر جس نے توبہ کی اور یقین لایا اور کیا کچھ کام نیک سو ان کو

يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۷۰﴾

بدل دے گا اللہ برائیوں کی جگہ بھلائیاں اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان

توبہ کا فائدہ:

یعنی گناہوں کی جگہ نیکیوں کی توفیق دے گا اور کفر کے گناہ معاف کرے گا۔ یا یہ کہ بدیوں کو مٹا کر توبہ اور عمل صالح کی برکت سے ان کی تعداد کے مناسب نیکیاں ثبت فرمائے گا۔ کما یظھر من بعض الاحادیث۔ (تفسیر عثمانی)

کچھ علماء نے یہ مطلب بیان کیا ہے کہ اللہ اپنی مہربانی سے اسلام میں کئے ہوئے برے اعمال کو قیامت کے دن نیکیوں میں تبدیل کر دے گا یہی قول سعید بن مسیب مکحول ام المؤمنین حضرت عائشہ حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت سلمان فارسیؓ کا مروی ہے اس کی تائید حضرت ابوذرؓ کی حدیث سے بھی ہوتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قیامت کے دن ایک آدمی کو (حساب کے لئے) لایا جائے گا اور حکم ہوگا اس کے چھوٹے گناہ اس کے سامنے لاؤ حسب الحکم چھوٹے گناہ اس کے سامنے لائیں گے اور اس کے بڑے گناہ پوشیدہ رکھے جائیں گے وہ چھوٹے گناہوں کا اقرار کرے گا انکار نہیں کرے گا اور بڑے گناہوں (کی پیشی) کا اندیشہ کرتا رہے گا حکم ہوگا ہر گناہ کی جگہ اس کو ایک نیکی دے دو وہ کہے گا میرے گناہ تو اور بھی ہیں جو مجھے

یہاں دکھائی نہیں دیتے۔ راوی کا بیان ہے یہ فرماتے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتنے ہنس پڑے کہ کچلیاں نظر آنے لگیں رواہ مسلم۔ ابن ابی حاتم نے حضرت سلمانؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قیامت کے دن ایک شخص کو اس کا اعمالنامہ دیا جائے گا جونہی وہ اعمالنامہ کا بالائی حصہ پڑھے گا تو اس کے خیالات برے ہونے لگیں گے (لیکن) وہ یکدم اعمالنامہ کے نیچے کے اندراجات کو دیکھے گا تو اس میں اس کو اپنی نیکیاں دکھائی دیں گی پھر جو بالائی حصہ کو دیکھے گا تو اس میں مندرجہ برائیاں نیکیوں سے تبدیل ہو چکی ہوں گی۔

ابن ابی حاتم نے حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے یہ بھی بیان کیا ہے کہ قیامت کے دن کچھ ایسے لوگوں کو بھی اللہ (موقف میں) لائے گا جو دل سے خواہشمند ہوں گے کہ انہوں نے (کاش) گناہ بہت کئے ہوتے دریافت کیا گیا یہ کون لوگ ہوں گے فرمایا جن کی بُرائیاں نیکیوں میں تبدیل کر دی گئی ہوں گی۔ اگر کسی کے ذہن میں یہ آئے کہ گناہ جیسی ناپسندیدہ چیز نیکی میں کیسے بدل سکتی ہے تو اس کا دو طرح سے ازالہ ہو سکتا ہے۔

گناہ پر نیک بندوں کی ندامت:

اللہ کے نیک بندوں سے اگر بتقدیر الٰہی کوئی گناہ سرزد ہو جاتا ہے تو ان کو انتہائی پشیمانی ہوتی ہے اتنی کہ خود ان کو اپنی جان ذلیل معلوم ہونے لگتی ہے، فوراً اللہ کی طرف رجوع کرتے ہیں زاری کرتے ہیں اللہ کے عذاب سے ڈرتے ہیں، معافی کے طلبگار ہوتے ہیں آخر رحمت الٰہی کی ان پر اتنی اور ایسی بارش ہونے لگتی ہے کہ اگر وہ گناہ نہ کرتے تو اس رحمت کا نزول ان پر نہ ہوتا اور اس مرتبے پر نہ پہنچتے حاصل یہ کہ گناہ جو موجب عذاب تھا، ندامت واستغفار کے بعد سبب ثواب بن جاتا ہے اسی مفہوم کو ظاہر کرتا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد کہ اگر تم نے گناہ نہ کئے تو اللہ تم کو لے جائے گا اور تمہاری جگہ ایسے لوگوں کو لے آئے گا جو گناہ کریں گے پھر اللہ سے معافی کے طلبگار ہوں گے اور اللہ ان کو معاف کر دے گا۔ رواہ مسلم من حدیث ابی ہریرہؓ۔

حضرت ماعزؓ کی توبہ:

یہ بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ ماعز بن مالک کے لئے دعائے مغفرت کرو۔ اس نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر ایک گروہ کو تقسیم کر دی جائے تو سب کو اپنے اندر سمالے (سب کی مغفرت کے لئے کافی ہو جائے)

ایک خاتون کی توبہ:

ایک عورت قبیلہ غامد میں کی تھی اس سے فعل زنا سرزد ہو گیا اس نے بھی حاضر ہو کر سزائے زنا جاری کرنے کی درخواست کی اور عرض کیا یا رسول اللہ مجھے پاک کر دیجئے اس کو بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر چند ٹالنا چاہا مگر وہ نہ مانی آخر اس کو بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سنگسار کرا دیا حضرت خالد بن ولیدؓ نے اس غامدیہ عورت کے متعلق کچھ ناشائستہ الفاظ کہے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، خالد زبان روک قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اس نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر ایسی توبہ مکس والا بھی کرے تو اس کی بھی مغفرت ہو جائے (مکس وہ ٹیکس جو عُشر کے بہانہ سے سرکاری آدمی سوداگروں سے وصول کر لیتے تھے یہ ٹیکس بیرونی سوداگروں سے دھوکہ دے کر لیا جاتا تھا۔ مجمع البحار۔ رواہ مسلم فی قصۃ ماعز والغامدیۃ عن بریدۃ۔

یہی روح ہے اس قول کی کہ جس گناہ کا آغاز غفلت اور انجام ندامت (و توبہ) ہو وہ اس طاعت سے بہتر ہے جس کا آغاز فخر اور انجام ریاکاری ہو۔

اہل محبت کے بعض اعمال واقوال:

بحر محبت میں ڈوبنے والوں سے کبھی کبھی کوئی ایسا عمل یا قول سرزد ہو جاتا ہے جو معیار شریعت سے گرا ہوا ہوتا ہے جیسے رہبانیت (ترک لذائذ، ترک تعلقات ترکِ کل) سماع، وجد اور شطحیات (غیر شرعی کلمات) چونکہ ان امور کا ان سے صدور خالص محبت وعشق کے زیر اثر ہوتا ہے اس لئے ان کی ان ظاہری لغزشوں کو اللہ نیکیوں سے تبدیل کر دے گا۔

عارف رومی نے فرمایا ہے۔

ہر چہ گیرد علتی علت شود	کفر گیرد کاملے ملت شود
کار پاکان را قیاس از خود مگیر	گرچہ ماند در نوشتن شیر و شیر
او بدل گشت و بدل شد کار او	لطف گشت و نور شد ہر نار او

شاید حضرت ابوذرؓ کی حدیث میں جو آیا ہے کہ (قیامت کے دن بعض لوگوں کے متعلق حکم ہوگا کہ) اس کے چھوٹے گناہ اس کے سامنے لاؤ حسب الحکم چھوٹے گناہ اس کے سامنے لائے جائیں گے اور پوشیدہ گناہوں کو پوشیدہ رکھا جائے گا۔ اس سے اشارہ ہمارے مذکورہ بالا قول کی طرف ہے کیونکہ کاملوں سے جو ان امور کا صدور ہوتا ہے وہ غلبہ محبت کے زیر اثر ہوتا ہے۔

شرعی نقطۂ نظر سے ان کو چھوٹے گناہ کہا جا سکتا ہے کبیرہ گناہ نہیں قرار دیا جا سکتا چونکہ ان صغیرہ گناہوں کا اصل سرچشمہ (ارادۂ معصیت نہیں بلکہ) غلبہ محبت ہوتا ہے اس لئے اللہ ان کو نیکیاں بنا دے گا رہے کبیرہ گناہ جو بقضاء خداوندی کبھی کبھی ان سے سرزد ہو گئے ہوں گے ان کو پوشیدہ رکھا جائے گا اور معاف کر دیا جائے گا ذکر بھی نہیں کیا جائے گا جیسا کہ آئندہ آیت اس کی طرف اشارہ کر رہی ہے۔

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ○ اور اللہ بہت معاف کرنے والا بڑا مہربان ہے چھوٹے بڑے سب گناہوں کو بخشدے گا توبہ کے بعد بھی اور بغیر توبہ کے بھی۔

سونے کا وظیفہ: آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جب انسان

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

سوتا ہے تو فرشتہ شیطان سے کہتا ہے مجھے اپنا صحیفہ جس میں اس کے گناہ لکھے ہوئے ہیں دے وہ دے دیتا ہے تو ایک ایک نیکی کے بدلے دس دس گناہ وہ اس کے صحیفے سے مٹا دیتا ہے اور انہیں نیکیاں لکھ دیتا ہے پس تم میں سے جو بھی سونے کا ارادہ کرے وہ تینتیس دفعہ اللہ اکبر اور چونتیس دفعہ الحمد للہ کہے اور تینتیس دفعہ سبحان اللہ کہے یہ مل کر سو ۱۰۰ مرتبہ ہو گئے۔

برائیاں نیکیوں میں بدل جائیں گی:

حضرت سلمانؓ فرماتے ہیں کہ انسان کو قیامت کے دن نامہ اعمال دیا جائے گا وہ پڑھنا شروع کرے گا تو اوپر اس کی برائیاں درج ہوں گی جنہیں پڑھ کر یہ کچھ ناامید سا ہونے لگے گا۔ اسی وقت اس کی نظر نیچے کی طرف پڑے گی تو اپنی نیکیاں لکھی ہوئی پائے گا جس سے کچھ ڈھارس بندھے گی۔ اب دوبارہ اوپر کی طرف دیکھے گا تو وہاں کی برائیوں کو بھی بھلائیوں سے بدلا ہوا پائے گا حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ بہت سے لوگ خدا تعالیٰ کے سامنے آئیں گے جن کے پاس بہت کچھ گناہ ہوں گے پوچھا گیا کہ وہ کون سے لوگ ہوں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ جن کی برائیوں کو اللہ تعالیٰ بھلائیوں سے بدل دے گا۔

چار قسم کے جنتی:

حضرت معاذ بن جبلؓ فرماتے ہیں کہ جنتی جنت میں چار قسم کے جائیں گے۔ متقین یعنی پرہیز گاری کرنے والے پھر شاکرین یعنی شکر خدا کرنے والے پھر خائفین یعنی خوف خدا رکھنے والے پھر اصحاب یمین جن کے دائیں ہاتھ میں نامہ اعمال ملے ہوں گے۔ پوچھا گیا کہ انہیں اصحاب یمین کیوں کہا جاتا ہے؟ جواب دیا اس لئے کہ انہوں نے نیکیاں بدیاں سب کچھ کی تھیں ان کے عمل نامے ان کے داہنے ہاتھ میں ملے اپنی بدیوں کا ایک ایک حرف پڑھ کر یہ کہنے لگا کہ خدایا ہماری نیکیاں کہاں ہیں؟ یہاں تو سب بدیاں لکھی ہوتی ہیں۔ اس وقت اللہ تعالیٰ ان بدیوں کو مٹا دے گا اور ان کے بدلے نیکیاں لکھ دے گا انہیں پڑھ کر خوش ہو کر اب تو یہ دوسروں سے کہیں گے کہ آؤ ہمارے عملنامے دیکھو۔ جنتیوں کے اکثر یہی ہوں گے۔ علی بن حسین زین العابدینؒ فرماتے ہیں کہ برائیوں کو بھلائیوں سے بدلنا آخرت میں ہوگا مکحولؒ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کے گناہوں کو بخشے گا اور انہیں نیکیاں کر دے گا۔

ایک بوڑھے گناہ گار کا واقعہ:

حضرت مکحولؒ نے ایک مرتبہ حدیث بیان کی کہ ایک بہت بوڑھے ضعیف ادن جن کی بھوئیں آنکھوں پر آ گئی تھیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کرنے لگے کہ یارسول اللہ! میں ایک ایسا شخص ہوں جس نے کوئی غداری کوئی گناہ کوئی بدکاری باقی نہیں چھوڑی میرے گناہ اس قدر بڑھ گئے ہیں کہ اگر تمام انسانوں پر تقسیم ہو جائیں تو سب کے سب غضب خداوندی گرفتار ہو جائیں۔ کیا میری بخشش کی بھی کوئی صورت ہے؟ کیا میری توبہ بھی قبول ہو سکتی ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم مسلمان ہو جاؤ۔ اس نے کلمہ پڑھا یعنی کہ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اللہ تعالیٰ تیری تمام برائیاں گناہ بدکاریاں سب کچھ معاف فرما دے گا بلکہ جب تک تو اس پر قائم رہے گا اللہ تعالیٰ تیری برائیاں بھلائیوں سے بدل دے گا۔ اس نے پھر پوچھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم میرے چھوٹے بڑے گناہ سب صاف ہو جائیں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں سب کے سب۔ پھر تو وہ شخص خوشی خوشی واپس جانے لگا اور تکبیر و تہلیل، پکارتا ہوا لوٹ گیا، رضی اللہ عنہ۔ (ابن جریر)

ایک خاتون کا واقعہ:

ایک عورت حضرت ابو ہریرہؓ کے پاس آئی اور دریافت فرمایا کہ مجھ سے بدکاری ہو گئی اس سے بچہ ہو گیا میں نے اسے مار ڈالا اب کیا میری توبہ قبول ہو سکتی ہے آپؓ نے فرمایا کہ اب نہ تیری آنکھیں ٹھنڈی ہو سکتی ہیں نہ خدا تعالیٰ کے ہاں تیری بزرگی ہو سکتی ہے تیرے لئے توبہ ہرگز نہیں، وہ روتی پیٹتی واپس چلی گئی۔ صبح کی نماز حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پڑھ کر میں نے یہ واقعہ بیان کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تو نے اس سے بہت ہی بری بات کہی کیا تو ان آیتوں کو قرآن میں نہیں پڑھتا وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ سے اِلَّا مَنْ تَابَ تک۔ مجھے بڑا ہی رنج ہوا اور میں لوٹ کر اس عورت کے پاس پہنچا۔ اور اسے یہ آیتیں پڑھ کر سنائیں وہ خوش ہو گئی اور اسی وقت سجدے میں گر پڑی اور کہنے لگی کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس نے میرے چھٹکارے کی صورت پیدا کر دی (طبرانی) اور روایت میں ہے کہ حضرت ابو ہریرہؓ کا پہلا فتویٰ سن کر وہ حسرت و افسوس کے ساتھ یہ کہتی ہوئی واپس چلی کہ ہائے ہائے یہ اچھی صورت کیا جہنم کے لئے بنائی گئی تھی؟ اس میں یہ بھی ہے کہ جب حضرت ابو ہریرہؓ کو اپنی غلطی کا علم ہوا تو اس عورت کو ڈھونڈنے کے لئے نکلے۔ تمام مدینہ اور ایک ایک گلی چھان ماری لیکن کہیں پتہ نہ چلا۔ اتفاق سے رات کو وہ عورت پھر آئی تب حضرت ابو ہریرہؓ نے انہیں صحیح مسئلہ بتلایا۔ اس میں یہ بھی ہے کہ اس نے اللہ تعالیٰ کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اس نے میرے لئے چھٹکارے کی صورت بنائی اور میری توبہ کی قبولیت رکھی۔ یہ کہہ کر اس کے ساتھ جو لونڈی تھی اسے آزاد کر دیا اس لونڈی کے ایک لڑکی بھی تھی اور سچے دل سے توبہ کر لی۔ (تفسیر ابن کثیر)

> وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ يَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا (۷۱)
>
> اور جو کوئی توبہ کرے اور کرے کام نیک سو وہ پھر آتا ہے اللہ کی طرف پھر آنے کی جگہ

مسلمان گناہ گار کی توبہ:

پہلے ذکر تھا کافر کے گناہوں کا جو پیچھے ایمان لے آیا۔ یہ ذکر ہے اسلام

besturdubooks.wordpress.com

میں گناہ کرنے کا۔ وہ بھی جب توبہ کرے یعنی پھرے بُرے کام سے تو اللہ کے یہاں جگہ پائے۔ معلوم ہوا کہ سورۂ نساء میں جو فرمایا وَمَن يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهُ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيهَا وَغَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهُ وَأَعَدَّ لَهُ عَذَابًا عَظِيمًا (نساء رکوع ۱۳) وہ غیر تائب کے حق میں ہے۔ واللہ اعلم۔

وَمَن تَابَ اور جس نے توبہ کی۔ یعنی شرک و معاصی سے توبہ کی۔ شرک اور گناہ کو چھوڑ دیا اور ندامت کے ساتھ معافی کا طلبگار رہا۔

مَتَابًا کی تنوین بعض اہلِ تفسیر کے نزدیک تعظیم کے لئے اور توبہ کی ترغیب کے لئے ہے مطلب یہ کہ وہ اللہ کی طرف ایسا عظیم الشان رجوع کرتے ہیں جو اللہ کی نظر میں پسندیدہ ہے عذاب کو مٹا دینے والا اور حصولِ ثواب کا ذریعہ ہے بعض علماء نے کہا اللہ کی طرف لوٹنے سے مراد ہے اللہ کے ثواب کی طرف لوٹنا اور یہ تخصیص کے بعد تعمیم ہے۔ بغوی نے لکھا ہے بعض اہلِ علم کا قول ہے کہ جن گناہوں سے اجتناب کرنے کی سابق آیت میں صراحت کی گئی ہے اس آیت میں ان گناہوں سے توبہ مقصود نہیں ہے دوسری قسم کی توبہ اور رجوع مقصود ہے۔ یعنی جن لوگوں نے شرک سے توبہ کی اور فرائض کو ادا کیا اور قتل و زناء کا ارتکاب نہیں کیا اس کا رجوع مرنے کے بعد اللہ کی طرف بحسن و خوبی ہوگا۔ قتل و زناء کا ارتکاب کرنے والوں سے قتل و زنا نہ کرنے والوں کا رجوع بہتر حالت میں ہوگا، اس صورت میں پہلی توبہ جس کا ذکر وَمَن تَابَ میں کیا گیا ہے جزا ہوگی۔

بعض لوگوں کا خیال ہے کہ یہ آیت تمام گناہوں سے توبہ کے متعلق ہے مطلب یہ ہے کہ جو شخص توبہ کرنے کا ارادہ کرے اور عزم کر چکا ہو تو اس کو لوجہ اللہ توبہ کرنا چاہئے فَإِنَّهُ يَتُوبُ اگرچہ خبر ہے لیکن بمعنی امر ہے۔ بعض نے کہا (یتوب میں توبہ بمعنی رجوع ہے) مطلب یہ ہے کہ آخر اللہ کی طرف لوٹنا اور منتقل ہونا ہے۔

حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ کی صوفیانہ توجیہ:

میں کہتا ہوں کہ اگر آیت يُبَدِّلُ اللَّهُ سَيِّئَاتِهِمْ حَسَنَاتٍ میں وہ تائب مراد ہوں جن سے غلبۂ حال اور سکرِ محبت کے زیرِ اثر کچھ ایسی لغزشیں ہوگئی ہوں جو غیر شرعی ہوں معیارِ شرع پر پوری نہ اترتی ہوں پھر اس محبت کے غلبہ کی وجہ سے اللہ ان کی لغزشوں کو نیکیوں میں تبدیل کر دے تو اس آیت میں وہ نیک بندے مراد ہو سکتے ہیں جن سے کوئی غیر شرعی حرکت سرزد نہیں ہوئی نہ سکر اور غلبۂ حال کی وجہ سے نہ حالتِ صحو میں بلکہ ان بندوں نے تمام مکروہات و ممنوعات شرعیہ سے رجوع کر لیا اور کبھی کوئی گناہ کا کام نہیں کیا، ان اصحاب صحو کا رجوع اللہ کی طرف اصحاب سکر سے بہتر ہوگا جیسے نقشبندیہ ہیں جو بالکل صحابہ کرام کا نمونہ ہیں اور صحابہ کی طرح سنت کے پیرو ہیں۔ (تفسیر مظہری)

وَالَّذِينَ لَا يَشْهَدُونَ الزُّورَ

اور جو لوگ شامل نہیں ہوتے جھوٹے کام میں

جھوٹ سے پرہیز:

یعنی نہ جھوٹ بولیں نہ جھوٹی شہادت دیں۔ نہ باطل کاموں اور لغو کی مجلسوں میں حاضر ہوں۔ (تفسیر عثمانی)

جھوٹے گواہ کی سزا:

بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا جھوٹے گواہ کے چالیس تسمے (کوڑے) مارے جائیں اور منہ کالا کر کے بازار میں گھمایا جائے۔

حضرت عمرؓ کے انہی احکام کی روشنی میں امام مالک، امام شافعی امام ابو یوسف اور امام محمد نے فرمایا جھوٹے گواہ کو (کوڑے) مارنے کی تعزیری سزا دی جائے اور اس کی قوم کے سامنے لے جا کر اس کو کھڑا کیا جائے تاکہ وہ بھی پہچان جائیں کہ یہ جھوٹا گواہ ہے۔

امام مالک نے اتنا زائد فرمایا کہ مسجدوں اور بازاروں میں اس کو حاضر کیا جائے۔

گناہ کبیرہ: مذکورہ بالا ائمہ نے فرمایا کہ جھوٹی شہادت گناہ کبیرہ ہے جیسے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان حضرت انس کی روایت سے شیخین نے صحیحین میں نقل کیا ہے بخاری کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تم کو بتاؤں کہ سب سے بڑے کبیرہ گناہ کون سے ہیں صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ضرور فرمائیے، فرمایا اللہ کا ساجھی قرار دینا، ماں باپ سے سرکشی کرنا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت تکیہ لگائے ہوئے تھے فوراً اُٹھ بیٹھے اور فرمایا سنو، اور جھوٹی بات کہنی، جھوٹی شہادت دینی، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس لفظ کو بار بار اتنی مرتبہ فرمایا کہ ہم نے (اپنے دل میں) کہا اب حضور صلی اللہ علیہ وسلم خاموش ہو جاتے تو بہتر تھا۔

امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک تعزیری سزا کے لئے صرف تشہیر کافی ہے۔ مارنا اور قید کرنا جائز نہیں کیونکہ تعزیز کا مقصد ہے (مجرم کو) باز داشت اور یہ باز داشت تشہیر سے حاصل ہو جاتی ہے۔ مارنے اور قید کرنے میں زجر و باز داشت کی شدت ہے لیکن ایسی سخت سزا کا تصور مجرم کو اپنی شہادت کے جھوٹے ہونے کے اقرار اور شہادت سے لوٹ جانے سے روکتا ہے اور شہادت کا جھوٹ ہونا بغیر اس کے ثابت نہیں ہوتا کہ مجرم خود ہی اپنی شہادت کے کاذب ہونے کا اقرار کرے اور دی ہوئی شہادت سے لوٹ جائے لہذا جھوٹی شہادت کی سزا میں تخفیف ہونی چاہئے (تاکہ مجرم اپنی شہادت کے جھوٹے ہونے کے اقرار کی جراءت کر سکے) رہا حضرت عمرؓ کا اثر تو وہ محض سیاسی تھا۔ (آئینی نہ تھا آرڈیننس تھا جس کا امیر وقت کو اختیار ہے)۔

قاضی شُریح رحمہ اللہ کا عمل:

امام ابوحنیفہؒ کے قول کی طرح قاضی شریح کا قول بھی روایت میں آیا ہے

besturdubooks.wordpress.com

امام محمد نے کتاب الآثار میں بیان کیا ہے کہ شریح جب کسی جھوٹے گواہ کو پکڑ لیتے تھے اور مجرم بازاری شخص ہوتا تو شریح اپنے قاصد کو حکم دیتے کہ جا کر بازار والوں سے کہہ دو کہ شریح تم کو سلام کہتا ہے اور سلام کے بعد اس نے کہا ہے کہ ہم نے اس شخص کو جھوٹا شاہد پایا تم لوگ اس سے پرہیز رکھو اور اگر مجرم (بازاری نہ ہوتا بلکہ) عرب کے قبیلہ میں سے ہوتا تو اس قبیلہ کی مسجد میں قاصد کو بھیج کر مذکورہ بالا پیام کہلا بھیجتے ابن ابی شیبہ نے بھی شریح کا یہی فیصلہ نقل کیا ہے ابن جریج کے نزدیک شہادت زور سے ہر جھوٹ مراد ہے صرف شرک ہی مراد نہیں ہے۔

جھوٹ کی مجلسوں سے پرہیز:

بعض علماء نے لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ کا مطلب یہ بیان کیا کہ وہ جھوٹ کی محفلوں میں شرکت نہیں کرتے (یعنی الزور سے پہلے مضاف محذوف ہے) کیونکہ بیہودہ جلسوں میں موجود ہونا بھی شرکت کا حکم رکھتا ہے۔ اس تفسیر پر بیہودہ قصوں یا شاعری کی مجلسوں میں شرکت کرنا ناجائز قرار پائے گا مجاہد کا یہی قول ہے۔ مراد یہ ہے کہ مشرکوں کے تہواروں اور میلوں میں وہ شریک نہیں ہوتے۔

بعض نے الزور سے نوحہ کی مجلس مراد لی ہے۔ قتادہ نے عدم شہادت زور کا یہ مطلب بیان کیا کہ بیہودہ، باطل باتوں کی تائید اور اعانت نہیں کرتے۔

محمد بن حنیفہؒ نے فرمایا، لغو اور گانے کے موقع پر حاضر نہیں ہوتے۔

حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا گانا دلوں میں نفاق کو اس طرح اگاتا ہے جس طرح پانی کھیتی کو۔ (تفسیر مظہری)

حدیث میں بھی ہے کہ سچے مؤمن کو چاہیے کہ اس دسترخوان پر نہ بیٹھے جس پر دور شراب چل رہا ہو اور یہ بھی مطلب ہے کہ جھوٹی گواہی نہیں دیتے۔ صحیحین میں ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تمہیں سب سے بڑا گناہ بتادوں؟ تین دفعہ یہی فرمایا صحابہؓ نے کہا ہاں یارسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنا، ماں باپ کی نافرمانی کرنا۔ اس وقت تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم تکیہ لگائے بیٹھے ہوئے تھے اب اس سے الگ ہو کر فرمانے لگے سنو اور جھوٹی بات کہنا سنو اور جھوٹی گواہی دینا اسے بار بار فرماتے رہے۔ یہاں تک کہ ہم اپنے دل میں کہنے لگے کہ کاش رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اب خاموش ہو جاتے۔

زیادہ ظاہر لفظوں سے تو یہ ہے کہ وہ جھوٹ کے پاس نہیں جاتے؟ اسی لئے آگے بیان ہوا کہ اگر اتفاقاً گزر ہو جائے تو وہ اس سے کوئی دلچسپی نہیں لیتے، منہ پھیرے مُڑ جاتے ہیں۔ ایک مرتبہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کسی کھیل کے پاس سے گزرے تو منہ پھیرے ہوئے بغیر رُکے چلے گئے اللہ تعالیٰ کے نزدیک کریم ہو گئے۔

رسول کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم فرماتے ہیں کہ انسان کے مرتے ہی اس کے اعمال ختم ہو جاتے ہیں، مگر تین چیزیں، نیک اولاد جو اس کے لئے دعا کرے یا علم جس سے اس کے بعد نفع اٹھایا جائے یا صدقہ جاریہ۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا ﴿۷۲﴾

اور جب گزرتے ہیں کھیل کی باتوں پر نکل جائیں بزرگانہ

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں یعنی گناہ میں شامل نہیں، اور کھیل کی باتوں کی طرف دھیان نہیں کرتے نہ اس میں شامل نہ اُن سے لڑیں۔ (تفسیر عثمانی)

مطلب یہ ہے کہ وہ خود اپنے ارادہ سے گناہوں کی مجلسوں میں نہیں جاتے لیکن اتفاقاً اگر کسی گناہ کی محفل کی طرف سے ان کا گذر ہو جاتا ہے تو منہ پھیر کر تیزی کے ساتھ وہاں سے گزر جاتے ہیں۔ عربی محاورہ ہے كَرُمَ فُلَانٌ عَمَّا يَشِيْنُهُ فلاں شخص ایسی باتوں سے پاک ہے جو اس کو عیب دار بناتی ہیں اَكْرَمَ نَفْسَهُ عَنْهُ اس نے اپنے نفس کو عیب دار بنانے والی باتوں سے پاک رکھا۔ (تفسیر مظہری)

وَالَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوْا

اور وہ لوگ کہ جب اُن کو سمجھایئے اُن کے رب کی باتیں نہ پڑیں

عَلَيْهَا صُمًّا وَّعُمْيَانًا ﴿۷۳﴾

اُن پر بہرے اندھے ہو کر

غور و فکر کی عادت:

بلکہ نہایت فکر و تدبر اور دھیان سے سنیں اور سن کر متاثر ہوں مشرکین کی طرح پتھر کی مورتیں نہ بن جائیں۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی بغیر گوشِ ہوش سے سننے اور بغیر چشم حقیقت بین سے دیکھنے کے اندھوں بہروں کی طرح نہیں اٹھ کھڑے ہوتے بلکہ گوشِ قبول سے سنتے اور سمجھتے ہیں اور چشم بصیرت سے حق کو دیکھتے اور اس پر چلتے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا

اور وہ لوگ جو کہتے ہیں اے رب دے ہم کو ہماری عورتوں کی طرف سے

وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ

اور اولاد کی طرف سے آنکھ کی ٹھنڈک

صالح اہل و عیال:

یعنی بیوی بچے ایسے عنایت فرما جنہیں دیکھ کر آنکھیں ٹھنڈی اور قلب مسرور ہو۔ اور ظاہر ہے مؤمن کامل کا دل اسی وقت ٹھنڈا ہوگا جب اپنے اہل و عیال کو طاعت الٰہی کے راستہ پر گامزن اور علم نافع کی تحصیل میں مشغول

besturdubooks.wordpress.com

پائے۔ دنیا کی سب نعمتیں اور مسرتیں اس کے بعد ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

قرطبی نے لکھا ہے مومن کی آنکھ کے لئے اس سے بڑھ کر کوئی ٹھنڈک نہیں کہ وہ اپنی بیوی اور اولاد کو اللہ کا فرمان بردار دیکھے۔ (تفسیر مظہری)

وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ﴿۷۴﴾
اور کر ہم کو پرہیز گاروں کا پیشوا

نیکی کی امامت:

یعنی ایسا بنا دے کہ لوگ ہماری اقتداء کر کے متقی بن جایا کریں۔ حاصل یہ کہ ہم نہ صرف بذات خود مہتدی، بلکہ دوسروں کے لئے ہادی ہوں۔ اور ہمارا خاندان تقویٰ وطہارت میں ہماری پیروی کرے۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت مکحول شامی نے فرمایا کہ دعا کا مقصود اپنے لئے تقویٰ کا ایسا اعلیٰ مقام حاصل کرنا ہے کہ دنیا کے متقی لوگوں کو بھی ہمارے عمل سے فائدہ پہنچے۔ قرطبی نے یہ دونوں قول نقل کرنے کے بعد فرمایا کہ ان دونوں کا حاصل ایک ہی ہے کہ ریاست وامامت کی طلب جو دین کے لئے اور آخرت کے فائدہ کے لئے ہو وہ مذموم نہیں بلکہ جائز ہے۔ اور آیت لایریدون علوا میں اس ریاست واقتداء کی خواہش کی مذمت ہے جو دنیوی عزت وجاہ کے لئے ہو، واللہ اعلم۔

یہاں تک عبادالرحمٰن، یعنی مومنین کاملین کی اہم صفات کا بیان پورا ہو گیا، آگے اُن کی جزاء اور آخرت کے درجات کا ذکر ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ
اُن کو بدلہ ملے گا بالا خانوں سے اس لئے کہ وہ ثابت قدم رہے اور لینے آئیں گے
فِيْهَا تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا ﴿۷۵﴾
ان کو وہاں دعا اور سلام کہتے ہوئے

مومنین کا انعام:

یعنی جنت میں اُوپر کے درجے ملیں گے اور فرشتے دعاء وسلام کہتے ہوئے ان کا استقبال کریں گے اور آپس کی ملاقاتوں میں یہی کلمات سلام ودعاء اُن کی تکریم وعزت افزائی کے لئے استعمال ہوں گے۔ (تفسیر عثمانی)

جنت کے درجات:

شیخین نے صحیحین میں اور امام احمد نے حضرت ابوسعید خدریؓ کی روایت سے اور ترمذی نے حضرت ابوہریرہ کے حوالہ سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اہل جنت اپنے سے اوپر بالائی منزلوں والوں کو آپس کے تفاوت مراتب کی وجہ سے اس طرح دیکھیں گے جیسے تم لوگ ابر آلود آسمان میں مشرقی یا مغربی افق سے ستاروں کو دیکھتے ہو۔ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ تو انبیاء کے مکان ہوں گے دوسرا کوئی وہاں نہیں پہنچے گا۔ فرمایا، کیوں نہیں، قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے جو لوگ اللہ پر ایمان لائے اور پیغمبروں کو سچا جانا (وہ انسان ان مراتب تک پہنچ سکتے ہیں) حضرت سہل بن سعد کی روایت سے بھی ایسی ہی حدیث آئی ہے۔

جنت کے بالا خانے: احمد حاکم، اور بیہقی نے حضرت ابن عمرؓ کی روایت سے اور ترمذی بیہقی نے حضرت علیؓ کی روایت سے اور امام احمد نے حضرت ابو مالک اشعری کی روایت سے بیان کیا ہے اور حاکم نے اس کو صحیح قرار دیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جنت کے اندر کچھ بالا خانے ایسے ہیں جن کے اندر کی حالت باہر سے اور باہر کی حالت اندر سے دکھائی دے گی۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ بالا خانے کن لوگوں کے لئے ہوں گے فرمایا ان لوگوں کے لئے جو پاکیزہ کلام کرتے ہیں (غریبوں کو) کھانا کھلاتے ہیں اور جب دوسرے لوگ سوتے ہوتے ہیں تو وہ رات کو (نماز میں) کھڑے رہتے ہیں۔

حضرت ابن عمرؓ کی روایت میں یہ حدیث اسی طرح آئی ہے۔ حضرت علیؓ کی روایت کے لحاظ سے حدیث مذکوران الفاظ کے ساتھ آئی ہے، ان لوگوں کے لئے ہیں جو پاکیزہ کلام کرتے ہیں سلام پھیلاتے ہیں کھانا کھلاتے ہیں اور رات میں ایسے وقت نماز پڑھتے ہیں کہ (اور) لوگ سوتے ہوتے ہیں۔

حضرت ابو مالک کی روایت کے یہ الفاظ ہیں، اُن لوگوں کے لئے ہیں جو کھانا کھلاتے ہیں، نرم کلام کرتے ہیں، متواتر روزے رکھتے ہیں اور رات میں نماز پڑھتے ہیں جبکہ (اور) لوگ سوتے ہوتے ہیں۔

بیہقی اور ابونعیم نے حضرت جابر بن عبداللہ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، کیا میں تم کو جنت کے بالا خانوں کے متعلق نہ بتاؤں، صحابہ نے عرض کیا کیوں نہیں اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم (فرمائیے) ارشاد فرمایا، جنت کے اندر یقیناً کچھ بالا خانے قسم قسم کے جواہرات کے ایسے (شفاف) ہیں کہ ان کے باہر سے اندر کی نعمتیں لذتیں اور عزت بخشیاں دکھائی دیں گی اور اندر سے باہر کی راحت، لذت اور عزت دکھائی دے گی یہ نعمت لذت اور عزت ایسی ہوگی جو نہ کسی آنکھ نے دیکھی اور نہ کسی کان نے سنی ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ بالا خانے کن لوگوں کے لئے ہوں گے فرمایا ان لوگوں کے لئے جنہوں نے سلام کو پھیلایا کھانا کھلایا ہمیشہ روزے رکھے اور رات میں ایسے وقت نماز پڑھی جبکہ (اور) لوگ سوتے ہوں۔ ہم نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ایسا کرنے کی کس میں طاقت ہے فرمایا میری امت اس کی طاقت رکھتی ہے میں اس کی تفصیل تم کو بتاتا ہوں جو اپنے بھائی (مسلمان) سے ملا اور اس کو سلام کیا اور سلام کا جواب دیا۔ اس نے سلام کو پھیلایا اور جس نے اپنے اہل وعیال کو پیٹ بھر کھانا کھلایا تو اس نے (ضروری) کھانا کھلا دیا اور جس نے رمضان

besturdubooks.wordpress.com

کے اور ہر مہینے تین دن کے (یعنی ۱۳، ۱۴، ۱۵ تاریخوں کے) روزے رکھے اس نے (گویا) ہمیشہ روزے رکھے اور جس نے عشاء اور فجر کی نماز جماعت سے پڑھ لی تو بیشک اس نے رات ایسے وقت نماز پڑھی کہ یہودی عیسائی اور مجوسی اس وقت خواب میں ہوتے ہیں۔ اس حدیث کی سند قوی نہیں ہے۔

ابن عدی اور بیہقی نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، کوئی شک نہیں کہ جنت کے اندر کچھ بالا خانے ایسے ہیں کہ ان کے اندر رہنے والا اگر ان کے اندر ہوگا تو بالا خانہ سے پیچھے والی چیزیں اس سے پوشیدہ نہ ہوں گی اور اگر بالا خانوں سے پیچھے (باہر) ہوگا تو اندر کی چیزیں اس سے مخفی نہ ہوں گی۔ عرض کیا گیا اے اللہ کے رسول یہ بالا خانے کن کے لئے ہوں گے فرمایا ان کے لئے جنہوں نے پاکیزہ کلام کیا، مسلسل روزے رکھے سلام کو پھیلایا اور رات میں ایسے وقت نماز پڑھی کہ لوگ سوتے ہوں عرض کیا گیا کلام کی پاکیزگی سے کیا مراد ہے، فرمایا، سبحان اللّٰہ والحمد للّٰہ ولا الٰہ الا اللّٰہ واللّٰہ اکبر قیامت کے دن جب ان کا قائل (محشر کے میدان میں) آئے گا تو یہ کلمات آگے پیچھے ہوں گے اور نجات دلانے والے ہوں گے عرض کیا گیا، مسلسل روزے رکھنے کا کیا مطلب ہے فرمایا، جس نے رمضان کے روزے رکھے اس نے بلاشبہ (ہمیشہ کے) مسلسل روزے رکھے عرض کیا گیا کھلانے سے کیا مراد ہے فرمایا جس نے اپنے عیال کو کھانا دیا۔ عرض کیا گیا سلام کو پھیلانے سے کیا مراد ہے فرمایا اپنے (مسلمان) بھائی کی مصاحبت اور اس کو سلام کرنا عرض کیا گیا لوگوں کے سونے کی حالت میں نماز کا کیا مطلب، فرمایا عشاء کی نماز۔

حکیم، ترمذی نے حضرت سہل بن سعد کی مرفوع روایت سے اس آیت کے ذیل میں بیان کیا ہے کہ بالا خانہ سرخ یاقوت، سبز زبرجد اور سفید موتی کا ہوگا جس میں نہ کوئی شگاف ہوگا نہ کوئی عیب۔

سلامتی کے تحفے: وَيُلَقَّوْنَ فِيهَا تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا اور ان کو اس بہشت میں (فرشتوں کی طرف سے) بقا کی دعا اور سلام ملے گا۔

یعنی بالا خانوں کے اندر فرشتے تحیۃ وسلام کے ساتھ استقبال کریں گے مراد یہ ہے کہ ان کے لئے اللہ سے سلامتی وعافیت کی دعا کریں گے یا یہ مراد ہے کہ ان کو ہر آفت سے سالم رہنے اور ہمیشہ باقی رہنے کی بشارت دیں گے۔ کلبی نے کہا مراد یہ ہے کہ وہ باہم ایک دوسرے کو سلام کریں گے اور اللہ کی طرف سے ان کو سلام بھیجا جائے گا۔ احمد، بزار اور ابن حبان نے حضرت ابن عمرؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ کی مخلوق میں سے جنت کے اندر وہ فقراء مہاجرین داخل ہوں گے جن کے ذریعہ سے سرحدوں کی حفاظت کی جاتی ہے اور انہی کی وجہ سے مکروہات سے (مسلمانوں کا) بچاؤ ہوتا ہے (لیکن ان کی خود یہ حالت ہوتی ہے کہ) وہ اپنی ضروریات کو اپنے سینے میں لے کر مرجاتے ہیں اور زندگی بھر ان کو پورا نہیں کرسکتے۔ اللہ اپنے فرشتوں میں سے جن کو چاہے گا حکم دے گا کہ جاؤ ان کو سلام کرو۔ (ان کا استقبال کرو) ملائکہ عرض کریں گے اے ہمارے رب ہم تیرے آسمان کے باشندے ہیں اور تیری مخلوق میں سے تیرے برگزیدہ بنائے ہوئے ہیں۔ پھر تو ہی ہم کو حکم دے رہا ہے کہ ہم ان کے پاس جائیں اور ان کو سلام کریں، اللہ فرمائے گا یہ وہ لوگ ہیں جو میری (ہی) عبادت کرتے تھے میرا ساجھی کسی کو نہیں بناتے تھے انہی کے ذریعہ سے سرحدوں کی حفاظت کی جاتی تھی اور انہی کی وجہ سے مکروہات سے بچاؤ ہوتا تھا لیکن وہ ایسی حالت میں مرجاتے تھے کہ ان کی ضروریات ان کے سینوں کے اندر ہوتی تھیں اور وہ ضروریات کو پورا نہ کرسکے تھے۔ حسب الحکم ملائکہ ان کے پاس جائیں گے اور ہر دروازے سے داخل ہوکر کہیں گے سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ بعض لوگوں نے کہا آیت کا یہ مطلب ہے کہ ان کو تحیت یعنی بقائے دوامی اور سلام یعنی ہر آفت سے سلامتی کی پیش کش کی جائے گی۔ (تفسیر مظہری)

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿۷۶﴾
سدا رہا کریں اُن میں خوب جگہ ہے ٹھہرنے کی اور خوب جگہ رہنے کی

یعنی ایسی جگہ تھوڑی دیر ٹھہرنا ملے تو بھی غنیمت ہے اُن کا تو وہ گھر ہوگا۔

قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ لَوْلَا دُعَآؤُكُمْ ۚ
تو کہہ پروا نہیں رکھتا میرا رب تمہاری اگر تم اس کو نہ پکارا کرو

اللہ بے نیاز ہے ہم محتاج ہیں:

یعنی تمہارے نفع نقصان کی باتیں سمجھا دیں۔ بندہ کو چاہئے مغرور اور بیباک نہ ہو، خدا کو اس کی کیا پروا، ہاں اس کی التجاء پر رحم کرتا ہے نہ التجا کروگے اور بڑے بنے رہوگے تو مٹھ بھیڑ کے لئے تیار ہو جاؤ جو عنقریب ہونے والی ہے۔

فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا ﴿۷۷﴾
سو تم تو جھٹلا چکے اب آگے کو ہوتی ہے مٹھ بھیڑ

تکذیب حق کی سزا ملنے والی ہے:

یعنی کافر جو حق کو جھٹلا چکے۔ یہ تکذیب عنقریب اُن کے گلے کا ہار بنے گی اس کی سزا سے کسی طرح چھٹکارا نہ ہوگا۔ آخرت کی ابدی ہلاکت تو ہے ہی دنیا میں بھی اب جلد مٹھ بھیڑ ہونے والی ہے یعنی لڑائی جہاد۔ چنانچہ غزوہ بدر میں اُس مٹھ بھیڑ کا نتیجہ دیکھ لیا۔ تم سورۃ الفرقان وللّٰہ الحمد والمنہ۔ (تفسیر عثمانی)

اللہ کی مدد اور اس کی توفیق سے سورت فرقان کی تفسیر ۲ صفر ۱۴۰۵ھ کو ختم ہوئی۔ (مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

سورۃ الفرقان کے آخری رکوع کا خلاصہ

از حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب رحمۃ اللہ علیہ

مذہب کی بنیاد تین چیزیں ہیں ایک مبداء، ایک معاد، ایک میعاد، مبداء کا مطلب یہ ہے کہ ابتداء کہاں سے ہوئی، معاد کا مطلب یہ کہ لوٹ کر کہاں جانا ہے، میعاد کا مطلب یہ ہے کہ درمیان میں کس طرح زندگی گزاری جائے تو اس رکوع میں مبداء کا بھی ذکر ہے کہ وہ کون ذات ہے جو تمہاری اصل ہے معاد کا بھی ذکر ہے کہ تمارا انجام کیا ہونا ہے اور اس کا بھی ذکر ہے کہ درمیان کی زندگی کس طرح گذارنی ہے۔

انسان کا مبداء کیا ہے؟

ابتداء یہاں سے کی گئی ہے کہ:

تَبٰرَكَ الَّذِيْ جَعَلَ فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّجَعَلَ فِيْهَا سِرٰجًا وَّقَمَرًا مُّنِيْرًا ۔ برکت والی وہ ذات ہے جس نے آسمان میں بُرج قائم کئے، منزلیں قائم کیں اور ان منزلوں میں سے سورج اور چاند کو گزارا، جس سے رات اور دن پیدا ہونے لگے، موسم بننے لگے، سردی گرمی اور برسات آنے لگی۔

یہ گویا مبداء کا ذکر ہے کہ اصل ابتداء جس ذات سے ہے، اس کی قدرۃ آسمانوں زمین میں بھی کام کر رہی ہے۔ آسمان بنا دیئے، چاند، سورج پیدا کر دیئے اور اُن میں حرکت پیدا کر دی۔

انسان کا میعاد رحمٰن کے بندوں کی چال:

اسکے بعد دس احکام شروع کیے کہ اس کی رضا کے لئے کس طرح زندگی گزاری جائے۔ وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا رحمٰن کے بندوں کا دنیا میں کیا ڈھنگ ہونا چاہئے؟

رحمٰن لغت میں اور شریعت میں بھی اس ذات کو کہتے ہیں جو ساری نعمتوں کا مالک ہو، ظاہری اور باطنی تمام نعمتیں دینے پر قادر ہو، ہر نعمت اس کے قبضے میں ہو، ساری نعمتوں کا والی، وارث اور مالک ہو، تو اس رحمٰن کے بندے کس طرح سے دنیا میں زندگی بسر کریں فرمایا، رحمٰن کے بندوں کا ڈھنگ یہ ہونا چاہئے کہ جب وہ زمین میں چلیں تو نرم چال چلیں اس میں ہدایت دی گئی کہ زندگی کی بنیاد تواضع اور خاکساری پر رکھی جائے کبر ونخوت پر نہ رکھی جائے، تکبر اور اپنے کو بڑا بنانا یہ نہیں بلکہ چال سے واضح ہو کہ کوئی خدا کا بندہ جا رہا ہے، یہ نہ معلوم ہو کہ کوئی جبار قہار جا رہا ہے یہ انسان کی شان نہیں ہے۔ اور انسان کی شان یہ کیوں نہیں ہے؟

اس کی وجہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمائی کہ کلکم بنو ادم و ادم من تراب تم سب آدم کی اولاد ہو۔ آدم کو خدا نے مٹی سے پیدا کیا ہے مٹی کا یہ کام نہیں ہے کہ اچھل اچھل کر اوپر جائے، یہ جب تک پست اور پامال رہے گی جب ہی تک اس کی قدر ہو گی مٹی جو جوتوں سے روندی جاتی ہے مگر چوں نہیں کرتی جب ہی تک اس کی قدر ہے کہ جس طرح ہم تصرف کریں بلا چون و چرا اس تصرف کو قبول کرے اگر مٹی اُوپر اڑی، کسی کی آنکھ میں پڑی وہ لعنت کرے گا کسی کے کپڑے پر گرے گی وہ کپڑے کو جھٹک دے گا کہے گا کمبخت گرد کہاں سے آ گئی تو مٹی نے ذرا اُبھرنے کا نام لیا تو اس پر لعنتیں برسنا شروع ہو گئیں۔

تو جس مٹی سے انسان پیدا کیا گیا، اگر وہ اینٹھنے لگے، غرور کرنے لگے، کبر ونخوت اختیار کرنے لگے ہر شخص اس انسان کو برا کہے گا اور جو تواضع وخاکساری اختیار کرلے اور مٹی بن کر رہے، سب اس کو سر پر بٹھائیں گے کہ یہ بڑی کیمیا معلوم ہوتی ہے کسی بھی مجلس میں جو بڑا بول بولتا ہے ہاتھ کے ہاتھ وہیں اس کو سزا مل جاتی ہے اور جو تواضع کا کلمہ بولتا ہے، سب اس کی قدر کرتے ہیں۔

حق تعالیٰ شانہ کی عادت کریمہ بھی یہ ہے چنانچہ حدیث میں فرمایا گیا ہے کہ اگر کوئی بندہ عبادت کر کے یوں کہے کہ اے اللہ! میرے سے کچھ نہیں بن پایا، میرے بس میں کچھ نہیں، تیرا فضل ہے کہ یہ کام تو نے مجھ سے کرا دیا میرے اندر یہ طاقت نہیں تھی حق تعالیٰ شانہ فوراً فرماتے ہیں کہ نہیں، عمل تو نے ہی کیا تھا مسجد کی طرف چل کر تو ہی گیا تھا حج کیلئے بیت اللہ کی طرف تو نے ہی سفر کیا تھا تو نے سب کچھ کیا اور اگر کوئی کبر ونخوت سے یوں کہے کہ اے اللہ میں نے نماز پڑھی، میں نے عبادت کی، میں نے یہ کام کیا، فرماتے ہیں کہ نالائق! تو نے کیا کیا؟ ارادہ ہم نے تیرے اندر پیدا کیا بدن، رُوح اور طاقت ہم نے دی، تو نے کیا کیا؟ جو خود دعوی کرتا ہے اسے پست کر دیتے ہیں اور جو دعوی چھوڑ کر کہتا ہے کہ میں نے کچھ نہیں کیا، اُسے فرماتے ہیں کہ تو نے سب کچھ کیا، اس لیے سنت اللہ یہ ہے کہ جو آدمی خاکساری برتے، عجز و نیاز برتے، بندگی کی شان سے آئے، اُسے اونچا اٹھاتے ہیں، اسے عزت دیتے ہیں اور جو خود اُبھرنے لگا اسے زمین پر پٹخ دیتے ہیں کسی شاعر نے خوب کہا ہے کہ۔

پستی سے ہو سر بلند اور سرکشی سے پست
اس راہ کے عجیب نشیب و فراز ہیں

تو انسان کی فطرت یہی بتائی گئی کہ تیرے سامنے مٹی ہے اگر وہ اُبھرتی ہے تو تو لعنت بھیجتا ہے یہ جوتیوں کے نیچے رہتی ہے تو تو عزت کرتا ہے تو جس چیز سے تو بنا ہے تیرا مزاج بھی ایسا ہی ہونا چاہئے کہ جتنی تو خاکساری برتے گا تیری عزت ہو گی جتنا تو غرور کرے گا، اتنا ہی تجھے پست کر دیا جائے گا تو پہلی بات تو یہ فرمائی گئی کہ رحمٰن کے بندوں کی زندگی کا ڈھنگ کیا ہونا چاہئے جب گھر سے باہر نکلیں اور چلیں تو زمین پر ہلکی چال چلیں، نخوت و کبر کی چال نہ چلیں اس کو دوسرے موقع پر قرآن کریم نے فرمایا: وَاقْصِدْ فِيْ مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ۭ اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيْرِ ۔

besturdubooks.wordpress.com

اپنی چال میں اعتدال اور میانہ روی اختیار کرو اور زیادہ زور سے چلا کر مت بولو حسب ضرورت آواز بلند کرو بہت زیادہ شور مچا کے بولنا کبر و نخوت کی علامت ہوتی ہے۔

ایک تو یہ کہ کسی کی آواز ہی خلقۃً بلند ہو، وہ دوسری بات ہے لیکن ارادہ کر کے آدمی چلائے یہ سمجھ کر کہ دوسرے کے اُوپر میری آواز کا دباؤ پڑے یہ ممنوع ہے بس ضرورت کے وقت اعتدال کے ساتھ آواز بلند کرے تو بولنے اور چلنے دونوں میں اعتدال ہونا چاہئے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی چال مبارک کا جو نقشہ حدیث میں آتا ہے کہ یمشی کا نما ینقلع آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس طرح سے چلتے تھے کہ عجیب شان تھی، اس طرح کہ گردن تو جھکی ہوئی جس کو خاکساری کی چال کہتے ہیں مگر ساتھ میں قوت اتنی تھی کہ یوں معلوم ہوتا تھا زمین کو کھود کر اندر گھس رہے ہیں گے اتنی قوت سے قدم پڑتا تھا تو قوت بھی ہو، شجاعت بھی ہو اور خاکساروں کی طرح نیازمندی بھی ہو وقار بھی اور تواضع بھی ہو، نہ بیماروں کی چال چلے جیسے کوئی مریض جا رہا ہے کہ ذرا کوئی تھپڑ مار دے تو گر پڑے، یہ بھی نہیں اور نہ اُبھر کر چلے جیسے کوئی متکبر جا رہا ہے بیچ کی چال ہو کہ اس سے خود داری اور خاکساری بھی ٹپکے یمشون ھونا کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آہستہ آہستہ چلے، بلکہ یہ کہ تواضع سے چلے چاہے تیز چلے گویا یہ پہلا نقشہ بتلایا گیا کہ جب گھر سے نکلو تو ایسی چال چلو، اس لیے کہ مسلمان بے فکر انہیں پیدا کیا گیا کہ جس طرح اس کا جی چاہے چل پڑے، قدموں پر نگاہ ہونی چاہئے کہ یہ کس طرح سے چلیں اس لیے کہ مؤمن کا عقیدہ یہ ہے کہ اللہ حاضر و ناظر ہے قرآن کریم میں فرمایا گیا مَا یَکُوْنُ مِنْ نَّجْوٰی ثَلٰثَۃٍ اِلَّا ھُوَ رَابِعُھُمْ وَلَا خَمْسَۃٍ اِلَّا ھُوَ سَادِسُھُمْ وَلَآ اَدْنٰی مِنْ ذٰلِکَ وَلَآ اَکْثَرَ اِلَّا ھُوَ مَعَھُمْ اَیْنَ مَا کَانُوْا۔

تم تین آدمی تنہائی میں بیٹھ کر آہستہ آہستہ سرگوشی کرو گے تو چوتھا خدا وہاں موجود ہوگا، یہ نہیں ہے کہ تمہاری باتوں کا سننے والا کوئی نہیں تم چار ہو گے پانچواں خدا ہوگا تم زیادہ ہو گے تب خدا موجود، کم ہو گے تب خدا موجود، جب اللہ ہر جگہ حاضر و ناظر اور موجود ہے تو آدمی کو ہر جگہ ادب سے چلنا پڑے گا۔ بے ادبی وہ کرے جس کا عقیدہ یہ ہو کہ مسجد میں خدا ہے اس لیے میں ادب کرتا ہوں اور سڑک پر گویا خدا نہیں تو میرا جی جس طرح چاہے چلوں یہاں بھی ہے وہاں بھی ہے، ہر جگہ کے مناسب ادب ہوگا اور عجز و نیازمندی اختیار کی جائے گی تو زندگی گزارنے کی پہلی بات یہ ہے کہ ہم زندگی میں قدم قدم پر نگاہ رکھیں کہ ہماری چال ڈھال کیا ہے۔

رحمٰن کے بندوں کا قال:

اس کے بعد آگے فرمایا چلتے چلتے لوگوں سے ملاقات ہوئی، تو اس میں اچھے بھی ملتے ہیں اور بُرے بھی۔ بعضے تو ایسے ملتے ہیں کہ بڑے مہذب اور شائستہ ہیں آپ نے سلام کیا، انہوں نے جواب دیا، انہوں نے آپ کا شکریہ ادا کیا آپ نے اُن کا شکریہ ادا کیا محبت بڑھ گئی اور بعض ایسے بھی ملتے ہیں کہ وہ جھگڑے اور فساد کی بات اٹھاتے ہیں کہ کسی کو بری نگاہ سے دیکھ لیا یا کسی پر پھبتی کس دی، ایسے موقع پر ہماری رفتار کیا ہونی چاہئے اس پر فرمایا:

وَّاِذَا خَاطَبَھُمُ الْجٰھِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ۔ اگر جاہل ملیں اور جاہلانہ حرکتیں کریں تو تم ان کے ساتھ جاہل مت ہو تم سلام کہو یعنی جب وہ جاہلانہ بات کریں بس اُن سے کہہ دو کہ بھئی! ہمارا سلام ہم یہ باتیں نہیں جانتے تمہارے لیے بھی زیبا نہیں ہمارے لیے بھی اور اگر آپ بھی جھگڑے میں لگ گئے تو وہاں اچھی خاصی لاٹھی چل جائے گی جھگڑا اٹھ جائے گا اور جھگڑا اُٹھنا بہت آسان ہے مگر اس کا مٹانا بہت مشکل ہے اس لیے صبر و تحمل کرنا پڑتا ہے تو فرمایا گیا جب چلو تو چال میں نرمی پیدا کرو نرم چال رکھو کہ ہر ایک آدمی محبت کی نگاہ سے دیکھے گا آپ سے کوئی جھگڑا نہیں کرے گا جھگڑا جب کرے گا جب آپ متکبرانہ انداز سے جائیں اور جب تواضع سے گئے تو اول تو سب عزت کریں گے لیکن پھر بھی اگر کوئی بے وقوف آدمی مل جائے اور جاہلانہ باتیں کرے تو آپ کہیں گے۔ قالوا سلما بھئی! ہم یہ بات نہیں جانتے، ہمارا سلام ہے یہ مناسب نہیں ہے ہمارا کام یہ نہیں ہے تم جانو تمہارا کام جانے۔

سلام کی برکات اور آداب:

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ سلام ایک ایسی عظیم چیز ہے جو جھگڑوں کو ختم کر دیتی ہے سلام آدمی نہ کرے تو بُرا سمجھا جاتا ہے اور اگر سلام کرلے تو جاہل بھی ہوں گے وہ بھی جھک جائیں گے کہ یہ بڑا اچھا آدمی ہے سلام کر رہا ہے۔

اس واسطے فرمایا گیا اگر باہم دشمنیاں بھی ہوں، عداوتیں بھی ہوں، اگر دشمن کو آپ سلام کریں گے دشمنیاں ڈھیلی پڑ جائیں گی وہ وعلیکم السلام کہنے پر مجبور ہوگا جس کا مطلب ہے کہ تمہارے لئے بھی سلامتی ہو جب سلامتی کی دعا دے گا تو جھگڑا اٹھائے گا کیوں؟ خود کہہ رہا ہے کہ اللہ تمہیں صحیح سلامت رکھے، تو دعا بھی دے اور اُوپر سے جھگڑا بھی اُٹھائے؟ اس سلام نے ساری دشمنی ختم کر دی۔

اس واسطے حدیث میں فرمایا گیا کہ افشوا السلام علی من عرفت ومن لم تعرف. جب چلو سلام کرنے کی عادت ڈالو خواہ تعارف ہو یا نہ ہو۔

آج کے زمانہ کا تمدن یہ ہے کہ جب تک تیسرا آدمی تعارف نہ کرائے نہ بول، نہ چال، نہ سلام، نہ کلام، یہ متکبرانہ تمدن ہے یہ اسلام کا تمدن نہیں ہے اسلام کا تمدن یہ ہے کہ جب ہم میں اور تم میں اسلام کا رشتہ مشترک ہے، اسلامی اخوت اور بھائی بندی پھیلی ہوئی ہے تو کیا ضرورت ہے کہ کوئی تیسرا تعارف کرائے، پہلے سے ہی تعارف حاصل ہے یہ ہمارا بھائی مسلمان ہے اس

besturdubooks.wordpress.com

میں اسلام بھرا ہوا ہے۔

ہمارا تعارف بھی اسے حاصل ہے یہ بھی جانتا ہے کہ میں مسلمان ہوں جب دونوں کے اندر ایک رشتہ مشترک ہے، پھر تیسرے کی ضرورت نہیں ہے کہ وہ تعارف کرائے، اگر گھر میں دو حقیقی بھائی موجود ہوں وہ دونوں یوں کہیں کہ کوئی تیسرا محلے والا آ کر تعارف کرائے کہ یہ آپ کے حقیقی بھائی ہیں اور یہ آپ کے حقیقی بھتیجے ہیں تب آپ کلام کریں گے آپ کہیں گے کہ میری رشتہ داری ہے مجھے کیا مصیبت ہے کہ میں تیسرے آدمی کو بلاؤں کہ بھئی! میرا تعارف کرادو، یہ تکلف اور بناوٹ ہے تو نسبتی رشتے سے زیادہ قوی رشتہ اسلام کا ہے دو حقیقی بھائی اتنے قریب نہیں ہوتے جتنے دینی رشتہ کی وجہ سے دو مسلمان قریب ہوتے ہیں اس لیے ضرورت نہیں ہے کہ کوئی چوتھا آدمی تعارف کرائے۔

ہاں اس میں البتہ اس زمانے میں ایک مصیبت پڑ گئی، کہ ہم صورت سے یہ نہیں سمجھتے کہ مسلمان ہے بھی یا نہیں؟ بعض اوقات سلام کرنے کو جی چاہتا ہے لیکن سوچتے ہیں کہ یہ مسلمان ہے یا عیسائی ہے یا یہودی ہے یہ مصیبت آ کے پڑ گئی اس سے معلوم ہوا کہ ہیئت اور وضع بھی ایسی ہو جس سے دُور سے سمجھ لیا جائے کہ مسلمان آ رہا ہے تاکہ سلام وکلام کی نوبت آ جائے۔

بہر حال اس حدیث میں ہدایت کی گئی کہ پہچان پہچان کر سلام نہ کرو، اس واسطے کہ تعارف کرانے میں اکثر ایسا ہوتا ہے کہ کوئی بڑا آدمی ہوا، اس کا تو تعارف ہو گیا اور اگر کوئی چھوٹا موٹا آدمی آئے تو اس کا کوئی تعارف نہیں کراتا گویا آپ کا سلام بڑے آدمی کو تو ہو گا چھوٹے کو نہیں ہو گا، یہ خود ایک تکبر ہے کہ چھوٹوں کو منہ نہ لگایا جائے اور بڑوں کے سامنے جھکے۔

اسی واسطے فقہاء لکھتے ہیں کہ اگر کوئی سواری پر سوار جا رہا ہو اور لوگ سڑک پر سامنے بیٹھے ہوں تو سوار ہونے والے کا فرض ہے کہ وہ بیٹھنے والوں کو سلام کرے، اپنے اندر خاکساری پیدا کرے ایسی صورت نہ پیدا ہونے دے جس میں یہ انتظار ہو کہ یہ مجھے سلام کریں کیونکہ یہ میرے سے چھوٹے ہیں یہ چھوٹائی بڑائی کہاں کی؟ آدمی خود ہی چھوٹا ہے بڑا اللہ ہے سب سے بڑی ذات وہ ہے اس کے سامنے سب چھوٹے ہیں اس لیے ہر شخص یہ سمجھے کہ میں چھوٹا ہوں وہ بڑا ہے جب یہ سمجھے گا تو سلام کی ابتداء کرنے کی کوشش کرے گا اس لیے سلام کے آداب میں سے یہ ہے کہ جب دو آدمی ملیں تو یہ انتظار نہ کریں کہ دوسرا مجھے سلام کہے اسی کو فرمایا گیا:

وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا رحمٰن کے بندے جب چلیں تو خاکساری کی چال چلیں اور جب لوگوں سے ملیں تو سلام کی عادت ڈالیں اگر نیک لوگ ہیں تو سلامتی کی دعاء ہو گی اگر برے اور جھگڑالو لوگ ہیں تو یہ سلام رخصت کا ہو گا کہ بھئی! ہمارا سلام ہم جاتے ہیں ہم ان جھگڑوں میں نہیں پڑتے تو سلام ہر صورت میں انسان کے لیے رہا۔

پھر یہ اتنی پاکیزہ چیز ہے کہ حدیث میں فرمایا گیا:

تحية اليهود بالاصابع و تحية النصارى بالاكف وتحية المسلمين السلام عليكم. یہودیوں کا سلام انگلیوں سے ہے نصاریٰ کا سلام ہتھیلی سے ہے اور مسلمانوں کا سلام السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ہے تو یہود و نصاریٰ کا سلام اشارہ محض ہیں اور مسلمانوں کا سلام ایک مستقل وعام ہے کہ تم پر سلامتی ہو اللہ کی رحمتیں تم پر نازل ہوں، برکتیں تم پر نازل ہوں ہر مسلمان جو دوسرے کو دعاء دے اس سے اس کی خیر خواہی اور محبت ظاہر ہو گی تعلق بھی مضبوط ہو جائے گا۔

وہ مثل مشہور ہے کہ کسی آدمی کے سامنے کوئی جن آ گیا تو اسے خطرہ لاحق ہو گیا کہ یہ تو کھا جائے گا اس نے آگے بڑھ کر کہا ماموں جان! سلام اس نے کہا بھانجے وعلیکم السلام اور کہا کہ میرا ارادہ تجھے کھانے کا تھا لیکن تو نے ماموں کہا اور سلام کیا میرے دل میں رحم آ گیا میں نے چھوڑ دیا اب تو آزاد ہے جہاں چاہے جا چلا جا۔ تو سلام نے جان بچائی یہی صورت دشمن کی بھی ہے اگر کسی سے پکی دشمنی ہے آپ کہیں السلام علیکم وہ پسیج جائے گا دشمنی ڈھیلی پڑ جائے گی تو یہ بہت بڑی نعمت اور عظیم دعاء ہے۔

تو زندگی گزارنے کے طریقے میں پہلی چیز چال ہے دوسری چیز قال ہے کہ قال میں دعاء ہو، چال میں تواضع ہو اور جھگڑالوؤں سے بھی جب کلام کرو، سلام کے ساتھ کرو، کہ **سلامٌ علیکم لا نبتغی الجاهلین** ہمارا سلام ہو ہم ان باتوں میں نہیں پڑتے۔

گویا اسلامی شریعت نے رہن سہن کیلئے ابتدائی دو چیزیں بتلائیں ایک زبان کو قابو میں رکھو، دوسرے قدم کو قابو میں رکھو بے ڈھنگا چلو بھی مت اور کلام بھی مت کرو۔

رحمٰن کے بندوں کی تنہائی:

یہ تو لوگوں کے ساتھ معاملہ ہے اب آگے اور چلے تو آ گئی مسجد یا تنہائی آ گئی یا رات کا وقت آ گیا جس میں لوگوں کے ساتھ اختلاط نہیں پھر کیا کرے آگے کی ہدایت دی۔ وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا رحمٰن کے بندوں کی شان یہ ہے کہ جب وہ رات گزارتے ہیں تو سجود اور قیام کے ساتھ گزارتے ہیں کہ سو بھی جاتے ہیں کبھی سجدے میں ہیں کبھی قیام ورکوع میں ہیں، اللہ کی یاد کرتے ہیں، اُس کے سامنے گڑگڑاتے ہیں گویا مخلوق کے آگے مہذب بن کر آتے ہیں اور خدا کے سامنے عابد بن کر آتے ہیں یہاں عبادت کی ضرورت ہے، وہاں شفقت کی ضرورت ہے، شفقت کا تو یہ ہے کہ سلام کرے اور عبادت کا اثر یہ ہے کہ سجدہ ورکوع کرے، ناک اور پیشانی کو اللہ کے سامنے سجدے میں رگڑے۔

besturdubooks.wordpress.com

یہ گویا جانی عبادت بتلائی گئی جب تم اپنے گھر میں آؤ یعنی مسجد میں تو سبھی عبادت کرتے ہیں، اس کو تو ساری دنیا جانتی ہی ہے لیکن اگر گھر میں میت کے لئے آؤ میت کہتے ہیں رات گزارنے کو رات گزارنے میں ہر انسان تنہا ہوتا ہے جب یہ گیا تو وہ تن تنہا ہے اس کے ساتھ کوئی شریک نہیں، جاگتا ہوا ہوگا، مجلس کرے گا دوستوں میں بیٹھے گا، باتیں بھی کرے گا اور جب سو گیا تو ایک لاکھ آدمی اگر ایک جگہ سوئے ہوئے ہیں، ہر ایک ان میں سے تن تنہا ہے اس وقت ہر ایک کا سابقہ اللہ کے ساتھ ہے بندوں کے ساتھ نہیں اس واسطے اس موقع کا ادب بتلایا کہ جب تم تن تنہا ہو اور اللہ کے سوا کوئی نہ ہو اس وقت سجود و قیام اور طاعت و عبادت کو اپنا شیوہ بنالو تا کہ تمہاری بندگی نمایاں ہو۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حدیث میں فرماتے ہیں کہ ثلث درجات تین چیزیں ہیں جن سے انسان کے درجات بلند ہوتے ہیں عنداللہ بھی اس کا رتبہ اُونچا ہے اور خلقت کے نزدیک بھی اس کا رتبہ بلند ہوتا ہے۔

افشاء السلام، و اطعام الطعام، و الصلوة باللیل و الناس نیام.

سب سے پہلی چیز افشاء السلام ہے یعنی مخلوق کو سلام کرنا ہے اس سے انسان کے درجات بلند ہوتے ہیں اور اتنی بلندی کہ اللہ کے ہاں جو مرتبہ ہوگا اُسے اللہ جانے یا یہ بندہ آخرت میں جانے گا دُنیا میں یہ ہے کہ کثرت سلام سے لوگوں کے دلوں میں عزت و وقار پیدا ہو جاتا ہے۔

دوسری چیز فرمائی، اطعام الطعام، حاجت مندوں کو کھانا کھلانا، اس میں مسکین، غریب، سائل، مسافر، مہمان بھی آتے ہیں کھانا کھلانا سب کے لئے عام ہے یعنی حقوق قائم کر دیئے گویا یہ فرمایا گیا کہ اس سے درجات بلند ہوتے ہیں خواہ کوئی سائل بن کر آئے، مہمان بن کر آئے یا ان میں سے کوئی نہ ہو آپ کو معلوم ہے کہ فلاں حاجت مند ہے۔ از خود آپ اس کو کھانا کھلائیں اس سے بھی درجات بلند ہوتے ہیں۔

تیسری چیز رات کو نماز پڑھنا، جب کہ دنیا پڑی سو رہی ہو اس لیے کہ یہ نماز انتہائی خلوص کی ہوگی، نہ اس میں نام و نمود کا جذبہ ہوگا نہ ریاء وشہرت پسندی کا ہوگا، نہ لوگوں کو دکھلاوے کے لیے ہوگی دکھلاوے بھی کس کو؟ سب تو سو رہے ہیں، لوگوں کو کچھ خبر نہیں اس وقت جو نماز پڑھتا ہے تو بجز اس کے کہ اللہ ہی کی محبت اس کو اٹھا کر جگائے اور کچھ نہیں۔

علماء لکھتے ہیں کہ جس کو بھی جو کچھ ملا ہے وہ رات کی نماز سے ملا ہے دنیا بھی ملی ہے وہ بھی رات کی نماز سے، آخرت بنی ہے وہ بھی رات کی نماز سے۔

اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْأً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا سکون وآرام کا وقت رات ہی کا وقت ہوتا ہے حدیث میں فرمایا گیا ہے کہ تہجد آداب صالحین میں سے ہے کیونکہ دن میں ریاءکاری اور دکھلاوے کا وہم ہو سکتا ہے رات کی نماز میں دکھلاوے اور ریاءکاری کا کوئی دخل نہیں غرض جس کو جو ملا وہ رات کی نماز سے ملا۔

حدیث میں ہے کہ چند باتیں ایسی ہیں کہ اُن سے اللہ کو ہنسی آتی ہے جیسی ہنسی اس کی شان کے مناسب ہے یہ ایسی ہنسی نہیں جیسے ہم اور آپ ہنستے ہیں اس لیے کہ وہ جسم سے پاک ہے مگر ہماری جسمانی ہنسی کی حقیقت یہ ہے کہ جب دل میں کوئی خوشی پیدا ہو جب ہنسی آتی ہے غم دل میں بھرا ہوا ہو تو کون ہنسا کرتا ہے تو رونا غم کی اور ہنسنا خوشی کی علامت ہے۔ غرض خوشی ایک کیفیت ہے اسے ظاہر کرنے کے لئے اللہ نے ہنسی رکھ دی چونکہ ہمارے پاس بدن ہے تو جب اندر خوشی ہے تو باہر بدن پر ہنسی آتی ہے حق تعالیٰ چونکہ بدن و صورت سے پاک ہیں اس لیے جب اس کو بیان کریں گے تو کہیں گے ہنسی درست ہے مگر ہنسی کا وہ مطلب نہیں ہوگا جو ہمارے ہاں ہو رہا ہے۔

تو حدیث میں ہے کہ تین موقعوں پر حق تعالیٰ کو ہنسی آتی ہے ایک میدان حج میں جب ننگے سر، ننگے پاؤں، گرد پڑا ہوا، بال بکھرے ہوئے، ناخن بڑھے ہوئے، نہ خوشبو اور نہ زینت اور لبیک لبیک کہتے ہوئے بندے پھر رہے ہیں حق تعالیٰ کو اس موقع پر ہنسی آتی ہے کہ کیا چیز اُن کو ان کے گھروں سے نکال کر لائی ہے، بیوی بچے چھوڑے، وطن چھوڑا، آخر یہ کیوں فقیروں کی طرح سے بے وطن ہوئے ہیں؟ میری محبت میں ہی تو پھر رہے ہیں حق تعالیٰ ہنستے ہیں اور ملائکہ سے کہتے ہیں کہ تمہیں گواہ کرتا ہوں میں نے ان سب کی مغفرت کی، یہ میری محبت میں گھربار، بیوی بچوں کو چھوڑ کر آئے ہیں میں کریم ہوں یہ نہیں ہو سکتا کہ یہ گھربار چھوڑیں اور میں توجہ نہ کروں میں نے ان سب کی مغفرت کی تو خوش ہو کر مغفرت فرماتے ہیں اس خوشی کو ہنسی سے تعبیر کیا گیا۔

دوسری ہنسی کب آتی ہے؟ جب مکبر تکبیر کہے اور لوگ دوڑ دوڑ کے آ رہے ہیں کہ صف اولیٰ میں جگہ ملے، ہر ایک کہتا ہے مجھے ملے گویا ایک قسم کا جھگڑا ہے اور آگے پیچھے ہونے کی دوڑ ہے حق تعالیٰ کو ہنسی آتی ہے کہ یہ جو اپنا گھر چھوڑ کر میرے گھر میں آئے ہیں ان میں سے ہر ایک آگے بڑھنے کی کوشش کر رہا ہے یہاں کوئی مٹھائی روٹی نہیں مل رہی؟ یہ آخر کیوں دوڑ رہے ہیں؟ یہ میری محبت میں دوڑ رہے ہیں، یہ میرا دربار جان کر آئے ہیں یہ چاہتے ہیں کہ اپنے پروردگار کے جتنا بھی قریب ہو جائیں گے اتنے ہی ہمارے درجات بلند ہوں گے اس سے خوش ہو کر حق تعالیٰ کو ہنسی آتی ہے۔

اور تیسرا موقع کون سا ہے؟ فرمایا گیا کہ خاوند اور بیوی پڑے ہوئے سو رہے ہیں اچانک خاوند کی آنکھ کھلی اور اس کا جی چاہا کہ تہجد پڑھوں اس نے بیوی کے منہ کے اوپر پانی کا چھینٹا مارا وہ بڑبڑا کے اٹھی اس نے کہا کیا مصیبت آئی ہے خاوند نے کہا دو رکعت نفل پڑھ لے تہجد کا وقت ہے حق تعالیٰ کو ہنسی آتی ہے کہ یہ ایک محبوبہ ہے اس کے پاس لیٹی ہوئی ہے آرام سے میٹھی نیند سو رہی تھی ایک دم گھبرا کے اٹھی کہ بارش تو نہیں آگئی، خاوند نے کہا، بارش تو نہیں مگر دو رکعت پڑھ لے تو یہ آگے سے کہتی ہے کہ میں شکریہ ادا کرتی ہوں کہ مجھے دو رکعت

besturdubooks.wordpress.com

پڑھنے کی توفیق ہوگئی اس نے بھی کھڑے ہو کر دو رکعتیں پڑھیں یا بیوی نے خاوند کے منہ پر چھینٹا مار دیا اور وہ بڑبڑا کر اٹھا تو یہ موقع بھی حق تعالیٰ کی ہنسی کا ہوتا ہے چونکہ یہ تینوں چیزیں درجات کے بلند ہونے کا باعث ہیں اور اللہ کی انتہائی رضا کا وقت ہے اس واسطے اس کو ہنسی سے تعبیر کیا گیا تو یہ جو فرمایا گیا ہے کہ وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا کہ جب رات تنہائی میں گزارتے ہیں تو کبھی سجدہ و رکوع میں اور کبھی تلاوت میں ہیں اس پر حق تعالیٰ کو ہنسی آتی ہے کہ کوئی دیکھنے والا نہیں کسی کو یوں نہیں کہہ سکتے کہ دیکھو میں بڑا عابد زاہد ہوں کسی کو دکھلانے کے لئے یہ نہیں اٹھا یہ صرف مجھے دکھلانے اور میری رضا کے لئے اٹھا ہے میں کریم ہوں میں بخشتا ہوں اور مغفرت کرتا ہوں۔

اب گویا تین باتیں ہوئیں گھر سے نکلو تو تواضع کی چال چلو، قال ہو تو سلامتی کا کلمہ ہو، برے کلمات نہ ہوں، جاہلانہ باتیں نہ ہوں اور رات گزارو تنہائی میں جب کسی انسان سے سابقہ نہیں تو سجود و قیام اور اللہ کے ذکر و طاعت کرو۔

رحمٰن کے بندوں کی زبان سے عبادت:

اور یہ تو عمل ہے کہ قیام کر لیا، سجدہ کر لیا اور قلب کے جذبات کیا ہونے چاہئیں؟ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ دل میں خوف بھرا ہوا ہو، زبان پر اس کو ادا کرے اور یہ دعاء کرے اے ہمارے پروردگار ہم سے جہنم کا عذاب ہٹادے، اس کو ہمارے سے دور دور رکھ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا اس لیے کہ یہ عذاب گلے کا ہار ہے جب لٹک جائے گا تو اس کا جدا ہونا مشکل ہوگا کسی کے بس میں نہیں ہوگا کہ اس عذاب کو دور کرے اللہ کی طرف سے جب عذاب آتا ہے تو کوئی پناہ دینے والا نہیں ہے آخرت تو آخرت دنیا میں بھی حق تعالیٰ اگر کسی کو عیاذاً باللہ مبتلا کر دیں کہیں پناہ کی جگہ نہیں ملتی جب تک اللہ ہی پناہ نہ دے کسی قوم کو گھیرے تو چار طرف سے راستے بند ہو جاتے ہیں بھاگنے کا کوئی راستہ نہیں ملتا، بجز اس کے اللہ ہی پناہ دے اور مخرج پیدا کر دے اور آخرت میں تو اسباب کا ذکر ہی نہیں، وہاں تو سارا کارخانہ مسبب الاسباب کا ہے اس لیے بڑا ڈر وہاں کا ہے۔

اس لیے کہ یہاں اگر آدمی مبتلا ہو جائے تو کم سے کم خیال تو باندھ لے گا کہ شاید کل کو چھٹکارا ہو جائے شاید پرسوں کو، وہاں تو خیال پر بھی پابندی ہوگی کہ راحت کا آدمی سوچ بھی نہیں سکتا تو انتہائی قید و بند ہے کہ دل بھی گرفتار، زبان بھی گرفتار، ہاتھ پیر بھی گرفتار کوئی پناہ کی جگہ نہیں یہ ہے عذاب جہنم اس لیے فرمایا گیا کہ تم ایک تو بدن سے عمل کرو یعنی سجود اور قیام کرو اور ایک زبان سے یہ دعاء پڑھو۔ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا۔

غرض پہلے قدموں کو لیا کہ انہیں ٹھیک ڈالو کہ چال درست ہو، پھر بدن کو لیا کہ سجدے اور قیام میں لگو پھر زبان کو لیا کہ سلامتی کی بات کرو اللہ سے دعائیں کرو اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا۔ اس لیے کہ جہنم جسے کہتے ہیں وہ بدترین ٹھکانا ہے اللہ اس سے پناہ دے اور نجات عطا فرمائے۔ اب گویا قول، بدن اور قدم کی سب عبادتیں آگئیں۔

مالیات کے سلسلہ میں رحمٰن کے بندوں کی شان:

اب اس سے آگے انسان کے وسائل اور اسباب ہیں جن کو مالیات کہتے ہیں نقد، سامان، گھر بار یہ سب اموال کہلاتے ہیں جب ہم اللہ کے پیدا کیے ہوئے ہیں، تو ہمارا سامان بھی اسی کا پیدا کیا ہوا ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ جان اور بدن سے عبادت کریں مال سے نہ کریں، مال اسی کی چیز ہے اس نے ہمیں دے دیا یہ اس کا فضل ہے مگر اصل مالک وہ ہے تو فرمایا جب بدن سے فارغ ہو گئے بدن کا، قدموں کا، زبان ہاتھ، پیر اور سونے جاگنے کا ڈھنگ معلوم ہو گیا اب ایک چیز رہ جاتی ہے جو مالیات ہیں اس کے بارے میں فرمایا:

وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا رحمٰن کے بندوں کی شان یہ ہے کہ جب اللہ ان کو مال و دولت دے تو وہ اعتدال کیساتھ چلیں نہ تو بخیل بنیں کہ ایک پائی بھی ان کے ہاتھ سے نہ نکلے نہ فضول خرچ بے جا اپنی دولت خرچ کر کے محض اپنے نفس کی راحتوں میں گنوا دیں اعتدال کے ساتھ چلیں نہ اسراف کریں نہ تقصیر کریں اسراف فضول خرچی کو کہتے ہیں تقتیر امساک اور بخل کو کہتے ہیں جس طرح اور جگہ فرمایا گیا۔ وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰى عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا مَّحْسُوْرًا نہ تو اپنے ہاتھ کو اتنا سکیڑو کہ تمہارا ہاتھ مونڈھے کو لگ جائے کہ دینے کے لیے کچھ نہیں اور نہ اتنا پھیلاؤ کہ جو کچھ ہے سب دے ڈالو، کل کو بھیک مانگنے لگو، دونوں چیزیں ممنوع ہیں درمیانی چال یہ ہے کہ دو بھی اور نہ بھی دو، یعنی یہ پہچان کر کہاں دینا جائز ہے کہاں ناجائز ہے کہاں موزوں ہے کہاں ناموزوں ہے کہاں دینا حق ہے، کہاں دینا ناحق ہے لہو و لعب، کھیل تماشے میں مت دو، وہاں بخیل بن جاؤ یہی بہتر ہے اور اگر عمل خیر ہو، یہاں دینا بہتر ہے جب آدمی اعتدال کے ساتھ خرچ کرے گا تو حدود معلوم کرنے کی ضرورت ہوگی، کہ کہاں خرچ کروں کہاں نہ کروں؟

اسلام کا اصول ہی اعتدال ہے، عمل میں بھی اعتدال ہو، چنانچہ یہ اسراف ہے کہ آدمی نفل پڑھنے پر آئے تو ساری رات پڑھتا رہے اور جب چھوڑ کے بھاگے تو فرضوں کی بھی خیر نہیں یہ اچھی چیز نہیں، عبادت کرے، نفل پڑھے، مگر اس طرح کہ پھر عمر بھر اس کو نبھاوے فرائض تو ادا کرے مگر نوافل پڑھے تو ان کو پھر عمر بھر نبھائے۔

اسی کو فرمایا گیا۔ خیر الامور ادومها علیه۔ آدمی کا بہترین عمل وہ ہے جس پر وہ ہمیشگی کر سکے مثل مشہور ہے کہ ”نہ دوڑ کے چلے نہ اکھڑ کے گرے“ چلے تو آدمیوں کی طرح چلے نہ دوڑے نہ بالکل ضعیف بن جائے، بیچ کی چال چلے اسی کو فرمایا گیا کہ نفل، تلاوت، ذکر کرنے میں اعتدال ہو۔

besturdubooks.wordpress.com

حضرت عبداللہ ابن عمرؓ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرا جی چاہتا ہے کہ ایک قرآن روز ختم کیا کروں گا؟

فرمایا ہرگز نہیں، یہ نبھ نہیں سکے گا، کم کرو۔

عرض کیا، یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! دو دن میں ایک ختم کرلیا کروں گا؟

فرمایا، نہیں، یہ نبھ نہیں سکے گا۔

پھر عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں چاہتا ہوں کہ دس پارے روز پڑھوں اور ہر تیسرے دن ختم کروں؟

فرمایا۔ نہیں نبھ سکے گا۔

پھر عرض کیا، یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایک منزل روزانہ پڑھ لیا کروں؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے زیادہ خوشی سے اس کی بھی اجازت نہیں دی مگر جب اصرار دیکھا تو فرمایا اچھا۔

عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جب میرا بڑھاپے کا زمانہ آیا اب مجھے قدر ہوئی کہ پانچ پارے روز بھی نہیں پڑھ سکتا تھا تو میں کہتا تھا کہ اگر میں روز کا ایک قرآن شریف شروع کر دیتا تو چھوڑ کے بن پڑتی اور محرومی اختیار کرتا اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے کیسی سچی بات فرمائی تھی کیسی پاک نصیحت فرمائی تھی، یہ بھی منشا نہیں تھا کہ پانچ پارے روزانہ پڑھوں، مقصد نبھانا تھا۔ اب ان پانچ کا نبھانا بھی مشکل ہو رہا ہے، اس لیے آدمی کام اتنا کرے جو نبھ سکے۔

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ ہیں، یہ مسجد نبوی میں عبادت کیا کرتی تھیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن تشریف لائے دیکھا کہ چھت میں ایک رسی لٹک رہی ہے فرمایا یہ رسی کیسی ہے؟

عرض کیا گیا کہ ام سلمہ عبادت کرتی ہیں جب بیٹھے بیٹھے تھک جاتی ہیں، اونگھ آنے لگتی ہے تو رسی کا سہارا لے کر بیٹھتی ہیں پھر عبادت کرنے لگتی ہیں۔

فرمایا: اس کی کیا ضرورت ہے جب نیند آئے پڑ کے سو جاؤ جب سو کر اٹھو بشاشت ہو پھر اللہ کو یاد کرو اس تکلف کی کیا ضرورت ہے کہ نیند آرہی ہے، اونگھ آرہی ہے کہیں رسی کی آڑ، کہیں دیوار کی آڑ اس تصنع اور بناوٹ کی ضرورت نہیں اتنا کام کرو جتنا نبھ جائے، تو اقتصاد یعنی عمل میں میانہ روی یہ معتبر ہے خواہ جان کے خرچ کرنے کا عمل ہو یا مال کے خرچ کرنے کا اعتدال ہونا چاہئے۔

رحمٰن کے بندوں کی قلبی عبادت:

یہاں تک گویا اعمال آگئے، چال ایسی ہو سلام کرنا ایسا ہو وغیرہ یہ گویا ہاتھ، پیر اور زبان کی عبادت آگئی آگے قلب کی عبادت کے بارے میں فرماتے ہیں کہ اس مبداء اور معاد کے درمیان میں جو زندگی گزارو تو دل کیسا ہونا چاہئے، دل کی عبادت کیا ہو؟ تو فرمایا: وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۔ رحمٰن کے بندوں کی شان یہ ہے کہ جب وہ اللہ کو پکاریں تو اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں، کسی کو ساجھی نہ ٹھہرائیں نہ اس کی ذات میں، نہ صفات میں اور نہ ہی افعال میں، ذات بھی اس کی یکتا ہے کہ اس جیسا کوئی نہیں، صفات و کمالات بھی اس کے یکتا ہیں کہ کوئی اس جیسا نہیں، افعال میں بھی وہ یکتا ہے کہ کوئی اس جیسا نہیں۔

ذات لامحدود ہے پس اس کی حد نہیں، اس کے سوا جو بھی ہے اس کی ایک حد ہے سب سے بڑی مخلوق انسان ہے مگر اس کی ایک حد ہے، ڈیڑھ گز کے اندر ہے اس سے باہر نہیں ہے ہم ایک حد میں ہیں اس سے آگے نہیں ہیں، آپ اپنی حد میں ہیں اس سے باہر نہیں میں اپنی حد میں ہوں اس سے باہر نہیں ہوں، لیکن اللہ تعالیٰ جہاں جاؤ وہ موجود کہیں پہنچ جاؤ وہ موجود ہے، آسمانوں، زمینوں اور ان کی تہوں میں گھس جاؤ تب اللہ موجود ہے اس کے وجود کی کوئی حد نہیں ہے، تو اللہ کے سوا کون ہے کہ اس کے وجود کی حد نہ ہو خ جسے دیکھو اس کی ایک حد ہے پہاڑ ہیں گو کتنے بڑے ہیں مگر ایک حد میں ہیں سمندر ہیں ان کی ایک حد ہے جہاں کنارہ آگیا سمندر ختم ہو گیا آگے زمین شروع ہو گئی، یہ نہیں کہ سمندر ہر جگہ موجود، آسمانوں، زمینوں، فضا میں بھی ہے ایسا نہیں ہے اپنے دائرے کے اندر ہے زمین اپنے دائرے میں ایک حد میں ہے حد سے آگے کچھ نہیں ہے اور اللہ کی ذات اس کی کہیں حد ہی نہیں ہے، کسی عالم میں پہنچو اللہ کی ذات موجود ہے اس جیسی دوسری ذات نہیں وہ بے مثل و بے مثال ہے۔

اسی طرح اس کی صفات بھی یکتا ہیں، مثلاً اس کی صفت علم ہے آپ کا علم ہوگا کہ سو مسئلے معلوم ہوں گے، ہزار ہوں گے، دس ہزار معلوم ہوں گے اس کے بعد پھر جہالت آگے کچھ معلوم نہیں، لیکن اللہ کی ذات کا علم لامحدود ہے کوئی ذرہ نہیں ہلتا کہ اسے علم نہ ہو، کوئی پتہ نہیں حرکت کرے گا کہ اس کے علم میں نہ ہو، آپ کی اور ہماری قدرت ایک حد میں ہے ہم یہ لاؤڈ اسپیکر اٹھا لیں گے، جائے نماز تہہ کر کے اٹھا لیں گے لیکن اگر کوئی کہے کہ مسجد کو اٹھا لو آپ ہم کہہ دیں گے کہ یہ ہماری قدرت میں نہیں ہے ہمارے بس میں نہیں ہے، ایک جن مسجد کو اٹھا لے گا لیکن اس کو اگر کہا جائے کہ ساری زمین کو اٹھا لے وہ کہے گا میرے قبضے میں نہیں، ملائکہ علیہم السلام زمین کا ایک ٹکڑا اٹھا کر پھینک دیں جبریل علیہ السلام نے لوط علیہ السلام کی قوم کی بستیاں الٹ دیں لیکن ان سے کہا جائے کہ آسمانوں کو پلٹ دو، وہ کہیں گے میری قدرت ہی نہیں غرض بڑے سے بڑے طاقت والے کی طاقت کی ایک حد ہے، مگر اللہ کی طاقت کی کوئی حد نہیں ہے، قدرت، علم، سماعت، بصارت ساری صفات اس کی ایسی ہیں۔

ایسے ہی وہ اپنے افعال میں بھی یکتا ہے کہ اس جیسا کوئی بھی فعل نہیں کر سکتا وہ ماں کے پیٹ میں بچے کو بنا دیتا ہے، کوئی اور دوسرا نہیں کر سکتا، اس نے چاند سورج بنائے، ہمارے آپ کے بس میں نہیں ہے ساری زمین کے حکماء ملیں چاند تو بڑا اونچا ہے زمین کا ایک ذرہ بنا دیں جس میں وہ خاصیتیں ہوں جو اللہ کی زمین میں ہیں زمین کے ٹکڑوں کو جوڑ توڑ کر کچھ بنا لیں گے لیکن

besturdubooks.wordpress.com

خود زمین کی ایجاد کریں ایک ذرہ بھی نہیں کر سکتے ساری دنیا کے فلاسفر جمع ہو جائیں سورج کی ایک کرن بھی نہیں بنا سکتے اور اللہ نے بنایا، معلوم ہوا اس جیسا فعل کوئی نہیں کر سکتا۔

تو ذات، صفات اور افعال سب کچھ یکتا اور بے مثل ہے اس لیے جب جھکیں گے تو اس کے آگے جھکیں گے اگر اس کا کوئی شریک اور ساجھی ٹھہرا لیں تو یہ کیسے درست ہوگا؟ کیوں کہ جب اس کی ذات وصفات اور افعال میں کوئی شریک نہیں تو عبادت میں کون شریک ہو سکتا ہے؟ سب عبادتیں اسی کے لئے ہوں گی سجدہ رکوع اور فریاد اسی کے سامنے کریں گے، رزق، اولاد اسی سے مانگیں گے، اس کی ذات کے سوا دینے والا کوئی نہیں ہے۔

انبیاء علیہم السلام اتنے مقدس بندے ہیں اور ان میں سے سب سے زیادہ افضل نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں ساری کائنات سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم برتر ہیں لیکن عبدیت کا یہ حال ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا گیا کہ تم خود اپنی زبان سے کہو۔

قُلْ اِنِّیْ لَآ اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا۔

اے پیغمبر! اعلان کرو کہ میں نہ تمہارے نفع کا مالک ہوں نہ نقصان کا۔

حضرت فاطمہؓ کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطاب کر کے فرمایا:

یا فاطمة بنت محمد لا اغنی عنک من اللہ شیئا.

اے فاطمہؓ بنتِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم میرے قبضے میں کچھ نہیں ہے، تیرے اندر ایمان اور عمل ہوگا تو نجات پا جائے گی میں نجات نہیں دلا سکوں گا، نہ دنیا میرے قبضے میں ہے نہ آخرت، جب سید الاولین والآخرین یہ فرمائیں کہ میرے بس میں کچھ نہیں تو میں اور آپ کیا چیز ہیں؟ پوری مخلوق کیا چیز ہے؟ جو اس سے نمٹ لے، بالکل کسی کے بس میں کچھ نہیں، تو اسی کو مانو، جس کے بس میں سب کچھ ہے وہ اللہ کی ذات ہے۔

ہارون رشید کی بادشاہت کا زمانہ تھا اس وقت قحط پڑا، ایک دیہاتی آیا کہ میں بھی جا کر بادشاہ سے کچھ مانگوں، تاکہ میری اصلاح حال ہو بچے بھوکے مر رہے ہیں میں جا کر بادشاہ سے کہوں کہ اپنے خزانے سے مجھے کچھ دے جب آیا تو دیکھا کہ ہارون رشید نماز میں مصروف ہیں تو چوب دار نے کہا کہ ذرا ٹھہر جا یہ دیہاتی بے چارہ ٹھہر گیا ہارون رشید جب سلام پھیر چکے اور دعاء مانگ چکے تو ہارون رشید نے پوچھا کہ چودھری صاحب کیوں آئے؟

چودھری صاحب نے کہا کہ یہ تو میں بعد میں بتاؤں گا کہ کیوں آیا پہلے یہ بتا کہ تو کر کیا رہا تھا یہ کیا بات تھی اس نے کہا میں اپنے اللہ کے آگے جھک رہا تھا اس نے کہا اچھا تیرے سے بھی کوئی بڑا ہے؟ اس نے کہا میرے سے بڑے اللہ میاں ہیں، میں ان سے مانگتا ہوں۔

بس دیہاتی وہیں سے لوٹا کہ مجھے اس سے مانگنے کی ضرورت نہیں میں اس سے کیوں نہ مانگوں، جس سے تو مانگ رہا ہے جب تو بھی اس کا محتاج ہے تو میں محتاج کا محتاج کیوں بنوں؟ حقیقت یہی ہے کہ سب اس کے سامنے بے بس ہیں وہی سب کے کام کرتے ہیں نہ کوئی کسی کو دے سکتا ہے نہ چھین سکتا ہے وہی دیتا ہے اسی کو چھیننے کی قدرت ہے۔

آدمی کو اگر کچھ لینا ہے تو اپنے معاملے کو اللہ میاں سے درست کرے سب کچھ مل جائے گا ان سے بگاڑ لی تو ملا ملایا بھی چھن جائے گا۔

ہارون رشید ایک دفعہ دربار میں بیٹھے ہوئے تھے بادشاہی کا جوش جو آیا تو ہارون رشید نے کہا آج جس کو جو جی چاہے مانگے اسے وہی دوں گا بس لوگ کھڑے ہو گئے کسی نے کہا مجھے دس لاکھ روپے دے دو اس نے کہا دے دیا کسی نے کہا مجھے فلاں صوبے کی گورنری دے دیجئے اس نے کہا دے دی کسی نے کہا مجھے وائسرائے بنا دیجئے اس نے کہا بنا دیا کسی نے کہا مجھے قلعہ دے دیجئے اس نے کہا دے دیا جس نے مانگا ہارون نے حکم دیا کہ وہ اسے دے دیا جائے۔

ہارون رشید کی پشت پر باندی کھڑی ہوئی پنکھا جھل رہی تھی تو ہارون نے گردن پھیر کر باندی سے کہا کہ تو نے کچھ نہیں مانگا سب درباری مانگ رہے ہیں۔

باندی نے کہا ان بے وقوفوں کو نمٹنے دیجئے بعد میں میں بھی مانگوں گی۔

اس نے کہا اچھا یہ میرے وزراء، امراء سب بے وقوف، پاگل اور احمق ہیں۔

ہارون رشید کو برا معلوم ہوا کہ اس نے میرے سارے وزراء، امراء کو اس نے پاگل بنا دیا، ان امراء کو بھی برا لگا مگر امیر المومنین کی باندی تھی اس لیے کچھ کہا بھی نہیں جا سکتا تھا بہر حال اس نے کہا کہ پہلے یہ احمق نمٹ لیں اس کے بعد میں بھی آپ سے مانگوں گی جب سب دربار والوں کی مرادیں پوری ہو گئیں ہارون نے کہا اب مانگ کیا مانگتی ہے؟ اس نے کہا جو کچھ میں مانگوں گی آپ دے سکیں گے ہاں میں دوں گا، میرا اعلان ہے ضرور دوں گا اس نے ہارون رشید کی پشت پر ہاتھ رکھ دیا کہ میں تو آپ کو مانگتی ہوں جب آپ میرے ہو گئے تو ملک، قلعے، دولت اور خزانے بھی کچھ میرے ہیں یہ سب بے وقوف تھے اس لیے کہ جس نے خزانہ لیا اسے خزانہ مل گیا آگے کچھ بھی نہیں، قلعہ مانگا قلعہ مل گیا، باقی کچھ نہیں کسی نے گورنری مانگی گورنر بن گیا باقی کچھ نہیں، تو انہوں نے ایک ایک چیز مانگی اور میں نے وہ چیز مانگی کہ ساری چیزیں میرے قبضے میں آ جائیں۔

یہی شان اہل اللہ اور اہل دنیا کی ہے مثلاً اہل دنیا مانگتے ہیں کہ یا اللہ! مجھ کو لکھ پتی بنا دیجئے، یا کروڑ پتی بنا دیجئے تو وہ بنا دیئے گئے کسی نے کہا کہ مجھے جاگیر دے دیجئے فرماتے ہیں حق تعالیٰ کہ دے دی اللہ والے کہتے ہیں کہ آپ میرے ہو جایئے تو سب کچھ میرے قبضے میں ہے وہ کروڑ پتی بھی ہے، لکھ پتی بھی ہے، تو دانش مندی کی بات یہ ہے کہ جڑ بنیاد کو آدمی پکڑ لے۔

اس لیے آدمی کو اگر مانگنا چاہئے تو اللہ سے مانگے اس سے کیا مانگے جو خود

besturdubooks.wordpress.com

مانگنے والا اور محتاج ہو، اسی لیے فرمایا گیا۔

وَالَّذِیْنَ لَا یَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ رحمن کے بندوں کی شان یہ ہے کہ جب وہ پکارنے بیٹھتے ہیں تو تنہا اللہ کی ذات کو پکارتے ہیں کسی اور کو سا جھی نہیں سمجھتے۔ اس لیے کہ اللہ کا کوئی اور مددگار تو نہیں ہے۔ جب انہوں نے آسمان بنایا تھا تو کسی سے کہا تھا کہ اتنا کام تم کر دو اتنا میں کر لوں گا جب پیٹ میں بچے کو بنایا تھا تو کیا کسی سے مدد مانگی تھی کہ آ تو بھی شریک ہو جا۔ مجھ اکیلے سے نہیں بنتا تو شریک ہو جائے گا تو بن جائے گا جب کسی کام کی تخلیق میں کوئی شریک نہیں ہے تو عبادت میں کیسے شریک ہو گئے؟ وہ تنہا بناتا ہے تو تنہا وہ معبود بھی ہوگا۔

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ۔ تنہا آپ ہی کی عبادت کریں گے تنہا آپ ہی سے مدد مانگیں گے، مسلم کو اللہ نے یہ شان دی ہے کہ اس کا سر خدا کے سوا کسی اور کے آگے نہیں جھکتا، یہ ذلت پیش کرے گا تو اللہ کے سامنے کرے گا بندہ بندہ کے آگے ذلیل ہونے کیلئے دنیا میں نہیں بھیجا گیا اسی واسطے شریعت نے بھیک مانگنے سے ممانعت فرمائی ہے کوئی کسی کے آگے بھیک نہ مانگے اس لیے کہ مانگنے سے زیادہ ذلت کسی چیز میں نہیں ہے، بھیک مانگنا اپنے کو بے آبرو کرنا ہے بندے کو حق نہیں ہے کہ اپنے جیسے بندہ کے آگے بے آبرو بنے۔

ایک دوستی میں مانگنا ہے جیسے آپ کسی بے تکلفی میں یوں کہیں کہ بھئی! یہ چیز مجھے دو یہ تعلق کو بڑھانے کا ذریعہ بنتا ہے جیسے قرآن کریم میں فرمایا گیا

اَنْ تَاْكُلُوْا مِنْۢ بُيُوْتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اٰبَآىِٕكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اِخْوَانِكُمْ
اَوْ بُيُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَعْمَامِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ عَمّٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخْوَالِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ
خٰلٰتِكُمْ اَوْ مَا مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗۤ اَوْ صَدِيْقِكُمْ

فرماتے ہیں اس میں کوئی گناہ کی بات نہیں ہے تم اپنے گھروں میں جس طرح تمہارا جی چاہے کھا سکتے ہو ماں کے گھر سے مانگ کر کھا سکتے ہو، نہ مانگنا تکبر اور مانگنا تعلق کی علامت ہوگا باپ، حقیقی بھائی، بہن، چچے، پھوپھی، ماموں، خالہ یا ایسے گھروں سے جن کی کنجیاں تمہارے اختیار میں ہیں یا اپنے دوستوں کے گھر سے بھی مانگ کر کھا سکتے ہو کوئی حرج نہیں ان سے مانگ کر لو گے تو وہ یہ سمجھیں گے کہ جب انہوں نے اپنا سمجھا جب تو مانگا کوئی دنیا کے آگے تو یہ مانگتا نہیں پھرتا اس طرح بے تکلفی سے اگر کوئی مانگ لے تو یہ بجائے بے آبروئی کے آبرو کا ذریعہ بنتا ہے اور تعلق کے استحکام کا ذریعہ بنتا ہے اس کی اجازت دی گئی ہے ایک ہے بھیک مانگنا یعنی محتاج و مفلس بن کے کسی کے آگے آنا کہ تم ہمارا کام پورا کر دو ہم تو کچھ بھی نہیں کر سکتے اس ذلت کے اظہار سے ممانعت کی گئی ہے وقار کے ساتھ مانگنا جو ہے اس کی ممانعت نہیں ہے بہر حال سوال میں چونکہ ذلت تھی اور ایسی ذلت صرف اللہ کے آگے اختیار کی جا سکتی ہے غیر کے آگے نہیں اس لیے اس کی ممانعت کی گئی ہے اور مانگو تو صرف خدا سے مانگو، فریاد اس سے کرو، اولاد، رزق، صحت سب کچھ اس سے مانگو اس لیے کہ ہر چیز کے خزانے اس کے قبضے میں ہیں اس لیے فرمایا:

وَالَّذِیْنَ لَا یَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ رحمن کے بندے وہ ہیں کہ جب وہ پکارنے بیٹھتے ہیں تو اللہ کے سوا کسی کو شریک نہیں مانتے، تنہا اسی کو پکارتے ہیں۔

حقوق العباد کے بارے میں رحمن کے بندوں کا طرزِ عمل:

تو یہاں تک چال ڈھال، زبان، ہاتھ، پیر، مال و دولت اور روح کی سب عبادت آ گئی اب آگے دوسرے کے ساتھ معاملہ، دوسرے کے حقوق کو بتلایا گیا اس بارے میں رحمن کے بندوں کی کیا شان ہے؟

وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ

رحمن کے بندے وہ ہیں جو ناحق قتل نہیں کرتے کہ کسی کی جان لے لی، کسی کی گردن اڑا دی، یہ رحمن کے بندے کی شان نہیں ہے یہ فساق و فجار کی شان ہے کہ دوسرے کو ایذاء پہنچائیں۔ اپنی بڑائی جتلانے کیلئے دوسروں کی حقارت چاہیں معاملات میں دوسروں کو حقیر سمجھیں یہ متکبروں کی شان ہے ان کے لئے آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہے وہ دنیا میں اپنے آپ کو سمجھیں کہ ہم بہت بڑے ہیں لیکن دنیا ہی میں ایسے لوگوں کا انجام برا ہو جاتا ہے جو دوسروں کی تحقیر کرنے کے در پے ہوتے ہیں۔

ہاں اللہ ہی حکم دیں کہ قتل کرو، پھر قتل کرنا فرض ہے جیسے قصاص میں قتل کریں کسی نے ناحق قتل کیا تھا تو سزا میں اس کا قتل کرنا یہ جائز ہے یا کوئی اپنے دین سے مرتد ہو جائے اس کا قتل کر دینا جائز ہے یا اس طرح سے کوئی زنا کار ہو پتھروں سے سنگسار کر دینا یا اس کا قتل کر دینا ہے یہ بھی جائز ہے، اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ اسے پتھروں سے قتل کیا جائے غرض زنا کاری یا قاتلوں کو دنیا سے پاک کرنے کے لیے یا مرتدین جو دین کی کوئی اہمیت نہ سمجھیں اور اپنے دین کو بدل ڈالیں ایسے لوگوں سے دنیا کو پاک کرنے کے لیے قتل کرنا جائز ہے، یہ قتل حق ہے، ناحق وہ قتل ہے کہ قتل کا کوئی استحقاق نہیں تھا اور چار پیسے کی خاطر گردن مار دی یا ڈاکہ ڈالنا تھا جا کے قتل کر دیا یا جذبہ آیا لڑائی شروع ہوئی ادھر سے بھی چھری نکل آئی ادھر سے بھی نکل آئی قتل و غارت شروع ہو گیا اس کا کوئی حق نہیں تو یہی فرمایا گیا جن کی نسبت رحمن کی طرف ہوگی اور وہ رحمانی ہوں گے وہ یہ کام نہیں کریں گے یہ فساق و فجار کا کام ہے کہ وہ بیلوں کی طرح سے پھرتے ہیں بیل کا کام یہی ہے کہ جو سامنے آ گیا اس کے سینگ مار دیا یا شیر کے آگے کوئی گیا تو وہ دانت کھول کر پھاڑ کھانے کے لیے جا پڑا، غرض یہ بہائم کا کام ہے انسانوں کا کام نہیں ہے۔

حدیث میں فرمایا گیا کہ مؤمن کون ہے؟ مؤمن کی علامت کیا ہے؟

فرمایا: المؤمن من امنه الناس علی دمائهم و اموالهم. مؤمن وہ ہے کہ لوگ اس سے اپنی جان، اپنے مال اور اپنی آبرو کے بارے میں مطمئن ہو جائیں کہ یہ مؤمن ہے کہ یہ ہماری جان نہیں لے سکتا، یہ ہمارے مال کو ضائع نہیں کر سکتا اور ہماری آبرو کو خراب نہیں کر سکتا لوگوں کو اتنا اطمینان پیدا

besturdubooks.wordpress.com

ہو جائے پھر سمجھا جائے گا کہ یہ مؤمن ہے۔

پھر امنہ الناس میں لفظ بھی عام ہے کہ لوگ مطمئن ہوں خواہ مسلم یا غیر مسلم ہوں، ہر ایک کو اطمینان ہو جائے کہ بھئی! یہ مؤمن ہے اس کا کام یہ نہیں کہ مار دھاڑ کرتا پھرے یا آبروریزیاں کرتا پھرے دنیا اس سے مطمئن رہے کہ یہ صالح آدمی ہے اس سے کسی نقصان کا اندیشہ نہیں ہے۔

اور اگر آپ کسی سے کھٹکتے رہیں کہ بھئی کہیں یہ چھری نہ مار دے یہ مؤمن کیا اچھا خاصا بیل ہے بیل جب سڑک پر چلتا ہے تو آپ دامن بچا کر چلتے ہیں کہ کہیں پیشاب نہ کر دے کہ کوئی چھینٹ نہ آ جائے کہیں سینگ نہ مار دے تو اگر مؤمن سے بھی کوئی یوں بچنے لگے کہ بھئی جیب بچاؤ کہیں جیب نہ کتر لے کہیں جیب سے فونٹین پن نہ نکال لے جائے تو یہ مؤمن کیا ہوا مؤمن کا یہ کام نہیں ہے۔

اس لیے فرمایا کہ رحمٰن کے بندے وہ ہیں جو نفس انسانی کے درپے نہیں ہوتے قتل وغارت کرتے نہیں پھرتے ہاں خدا کا حکم آ جائے حکم کیلئے قصاص لے لیں تو قتل کر دیں ویسے ان کا کام نہیں ہے۔

وَلَا يَزْنُونَ آبروریزی نہیں کرتے۔

سب سے بڑی آبروریزی زنا کاری ہے، کہ ایک عورت کی آبرو ختم کر دی اور اس در بے ختم کر دی کہ عمر بھر کیلئے بے آبرو ہو گئی اس سے اگر بچہ پیدا ہوا وہ ولد الزنا ہو گا تو پوری برادری کہے گی کہ یہ حرام کا بچہ ہے اس کو بیٹی مت دو اس سے معاملہ مت کرو تو کتنا عظیم اس نے گناہ کیا کہ ایک عورت کی پوری زندگی برباد کر دی سوسائٹی میں اس کی کوئی وقعت اور آبرو باقی نہ رہی ایسا شخص قابل گردن زدنی ہے۔

پھر آبروریزی ایک کی کی اور امن ساری سوسائٹی سے اٹھا دیا دوسروں کو جرأت ہو گی کہ وہ بھی یہ حرکت کریں تو دنیا کے اندر بدامنی پھیل گئی آبرو باقی نہ رہی تو ایک کی آبرو جائے گی اور دوسرے کو اس نے آبروریزی کرنے کی جرأت دلائی اس واسطے فرمایا گیا کہ زانی کی سزا سنگسار کرنا ہے، تو فقط یہ نہیں ہے کہ قتل کیا جائے بلکہ اس کا نصف حصہ زمین میں گاڑ کر پبلک اکٹھی ہو اور پتھر مار مار کر اسے سنگسار کیا جائے ظاہر میں تو یہ سزا بڑی سخت معلوم ہوتی ہے لوگ کہتے ہیں کہ وحشت والی سزا ہے لیکن میں عرض کرتا ہوں کہ جرم کی نوعیت کو دیکھو کہ ایک شخص کی آبرو ضائع کی سوسائٹی برباد کی دنیا سے اس نے امن اٹھا دیا ایسے شخص کو تو اس سے زیادہ سزا دینی چاہئے۔

اس لیے فرمایا گیا کہ رحمٰن کے بندوں کی شان یہ ہے کہ نہ وہ کسی کی جان گنواتے ہیں نہ کسی کی آبرو گنواتے ہیں دونوں کی حفاظت کرتے ہیں۔

وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ يَلْقَ أَثَامًا

پھر بھی اگر کوئی یہ حرکت کرے گا اُسے اثام میں ڈالا جائے گا۔

حدیث میں فرمایا گیا ہے کہ اثام ایک وادی اور جہنم میں جنگل ہے اسمیں شدید عذاب ہے کہ جہنم بھی اس سے پناہ مانگتا ہے اس میں اسکا ٹھکانا بنایا جائے گا۔

يُضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ، دوگنا تگنا عذاب اس کے اُوپر بڑھتا ہوا ہو گا، اس لیے کہ جیسے اس نے دنیا میں آبروریزی کر کے آبرو کو تہہ و بالا کیا کہ پھر آبرو ابھر ہی نہ سکے اس طرح عذاب بھی تہہ بہ تہہ ڈالا جائے گا تاکہ وہ ابھر ہی نہ سکے اسے بھی وہاں امن نہیں ہو گا، وَيَخْلُدْ فِيهِ مُهَانًا اور ایک لمبی مدت تک ذلت اور رسوائی کے ساتھ یہ عذاب بھگتے گا۔

توبہ کرنے والوں سے حق تعالیٰ کا معاملہ:

إِلَّا مَن تَابَ۔ سوائے اس کے کہ کوئی توبہ کرے اس سے آخرت کا عذاب ٹل جائے گا دنیا میں تو عذاب آ گیا کہ اسے سنگسار کر دیں گے لیکن ابھی آخرت کی توبہ باقی ہے اگر توبہ کر لی وہاں کا عذاب ختم ہو جائے گا۔

إِلَّا مَن تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَأُولَٰئِكَ يُبَدِّلُ اللَّهُ سَيِّئَاتِهِمْ حَسَنَاتٍ جو توبہ کرے اور توبہ کے بعد نیک راستے پر چلنے لگے فضول حرکتوں کو ترک بھی کر دے پھر فقط گناہ معاف ہی نہیں ہوں گے بلکہ اس کی نیکیاں بدیوں کو بھی مٹا دیں گی اس کی نیکیاں غالب آ جائیں گی اللہ تعالیٰ اس کی برائیاں نیکیوں سے بدل دے گا اور اس تبدیلی کا ظہور آخرت میں ہو گا۔

حدیث میں ہے کہ ایک شخص میدان محشر میں حاضر ہو گا، حق تعالیٰ اسے بلائیں گے وہ بے چارہ یا تو توبہ کر کے گیا ہو گا یا توبہ نہ کی ہو گی تو حق تعالیٰ کا فضل متوجہ ہو گا۔ اسے فرمائیں گے قریب ہو جا، وہ قریب ہو گا فرمائیں گے اور قریب ہو جا، یہ بے چارہ لرز رہا ہے کپکپا رہا ہے، ہیبت زدہ اور ڈر رہا ہے فرمائیں گے اور قریب ہو جا، اتنا قریب آئے گا کہ حدیث میں ہے اس کے کانوں میں آہستہ آہستہ بات چیت ہو گی حق تعالیٰ اس کو اس کے چھوٹے چھوٹے گناہ یاد دلائیں گے، فرمائیں گے یہ حرکت کیوں کی؟ اور اس کا دل اُچھل اُچھل کر منہ کو آ رہا ہو گا کہ اب میری نجات کی کوئی صورت نہیں اور حکم ہو گا جاؤ جہنم میں اس لیے کہ ابھی تو چھوٹی چھوٹی برائیاں پوچھ رہے ہیں جو میں نے بڑی بڑی حرکتیں کی ہیں ان کی نوبت آ گئی تو کیا ہو گا؟ یہ معمولی باتیں تھیں ان کو پوچھ لیا ہے۔

عذر کی کوئی گنجائش نہیں ہو گی عرض کرے گا اللہ میاں میں نے اپنی بدبختی سے ایسی حرکتیں کیں بہت سے بدیاں گنوانے کے بعد حق تعالیٰ فرمائیں گے ان سب کے بدلے ہم تجھے نیکیاں دیتے ہیں اور تیرے نامۂ اعمال میں وہ لکھی جاتی ہیں اب وہ حیران ہو گا کہ یہ تو دوسرا قصہ ہے میں تو ڈر رہا تھا کہ میرے لیے ہلاکت ہے، یہاں تو بدیوں کو نیکیوں سے بدلا جا رہا ہے اب خود ہی کہے گا اللہ میاں، وہ جو بہت بڑی بدی میں نے کی تھی وہ تو آپ نے پوچھی ہی نہیں، فرمائیں گے حق تعالیٰ وہ کیا تھی؟ بندہ عرض کرے گا وہ یہ تھی فرمائیں گے اس کے بدلہ میں اتنی نیکیاں دیں پھر کہے گا ایک تو اس سے بھی بڑی کی تھی وہ آپ نے پوچھی ہی نہیں فرمائیں گے وہ کیا تھی؟ عرض کرے گا وہ یہ تھی فرمائیں گے حق تعالیٰ اسکے بدلے میں اتنی نیکیاں دیں تو رحمت متوجہ ہو جائے تو ہلاکت کی کوئی صورت نہیں اور غضب خدانخواستہ متوجہ ہو جائے تو نجات کی کوئی صورت نہیں۔

آگے فرمایا: وَمَن تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَإِنَّهُ يَتُوبُ إِلَى اللَّهِ مَتَابًا اس سے پہلے تو وہ گنہگاروں سے معاملہ تھا اب آگے اصول بیان کیا جس سے جو بھی قصور ہو وہ

besturdubooks.wordpress.com

توبہ ور جوع کرے توبہ کا دروازہ کسی کے لیے بند نہیں مومن کا فرض یہ ہے کہ وہ اللہ سے مایوس نہ ہو توبہ کا دروازہ اس وقت بند ہو گا جب آفتاب مغرب سے طلوع کرے گا اور قیامت کی بڑی علامات نمایاں ہوں گی اور دنیا کا خاتمہ قریب ہو گا اس وقت توبہ کا دروازہ بند ہو گا اس لیے اگر ستر برس سے بھی معصیت میں مبتلا ہو اور آج دل سے سچی توبہ کرلے آج بھی معافی مل جائے گی۔

حدیث میں ہے کہ کسی شخص نے زنا کیا اور اس کے دل میں ندامت اور شرمندگی آئی اس نے ہاتھ اٹھا کر کہا اے میرے پروردگار! فرماتے ہیں کہ ابھی اس نے یہ نہیں کہا کہ مجھے بخش دیجیے حق تعالیٰ فوراً فرماتے ہیں۔ ایعلم ان لہ ربا۔ یعنی یہ جان گیا کہ اس کا بھی کوئی رب ہے جو اس کی پکڑ کرے گا یہ جان گیا فرماتے ہیں جب یہ جان گیا تو قبل اس کے کہ یہ مغفرت مانگے اس کی مغفرت ہو جاتی ہے اور حدیث میں ہے کہ مغفرت مانگ کر گیا اور اب پھر زنا کیا پھر ندامت ہوئی پھر آیا پھر کہا یا رب پھر حق تعالیٰ فرمائیں گے اچھا اب بھی سمجھ گیا کہ ہے رب؟ پھر مغفرت مانگنے سے پہلے مغفرت کر دیتے ہیں۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں اے لوگو! تم گناہ کرتے کرتے تھک جاؤ گے لیکن اللہ بخشتے بخشتے نہیں تھکیں گے تمہارے گناہوں کی ایک حد ہے مگر اس کی رحمت کی کوئی حد و نہایت نہیں ہے تو اس لیے یہ اصولاً فرما دیا کہ وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَإِنَّهُ يَتُوبُ إِلَى اللَّهِ مَتَابًا اسکے بعد ایک دوسرا معاملہ ارشاد فرمایا: وَالَّذِينَ لَا يَشْهَدُونَ الزُّورَ وَإِذَا مَرُّوا بِاللَّغْوِ مَرُّوا كِرَامًا۔ رحمٰن کے بندوں کی شان یہ ہے کہ جب ان سے کوئی معاملہ پڑتا ہے تو وہ جھوٹ میں نہیں پڑتے زور کے معنی جھوٹی گواہی دینے کے ہیں تو رحمٰن کے بندے جھوٹی گواہیوں اور جھوٹی مقدمہ بازیوں میں نہیں پڑتے اور جب وہ لغو اور فضول مجلسوں سے گزرتے ہیں تو سادگی اور صفائی سے گزر جاتے ہیں ادھر متوجہ نہیں ہوتے۔ کرام بن کر گزر جاتے ہیں۔

اور انکی دعاء ہر وقت یہ ہوتی ہے کہ: وَالَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا اے ہمارے پروردگار! ہمیں جو ہماری بیویوں سے اولاد دے وہ صالح اور پاک اولاد دے اور ہمیں صالح اور پاک لوگوں سے آگے چلنے والے بنا کہ ہم خود اپنی اولاد اور بیویوں کو راہ دکھلائیں۔

اور یہ بھی فرمایا گیا وَالَّذِينَ إِذَا ذُكِّرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوا عَلَيْهَا صُمًّا وَعُمْيَانًا اور ان کے دلوں پر دینی سمجھ اور علم اتنا ہوتا ہے کہ جب قرآن کی آیتیں ان کے سامنے پڑھی جاتی ہوں تو فوراً قلب کی سلامتی کی وجہ سے اس کا مطلب سمجھتے ہیں دین پر استقامت کی وجہ سے اس کا مطلب سمجھتے ہیں دین پر استقامت کی وجہ سے ان میں سمجھ پیدا کر دی جاتی ہے وہ ان آیات کو اندھے بہروں کی طرح قبول نہیں کرتے بلکہ سمجھداری کے ساتھ شنوا و بینا ہو کر قبول کرتے ہیں وہ مطلب سمجھتے ہیں جو اللہ کا مطلب ہے۔

رحمٰن کے بندوں کی معاد:

آگے فرماتے ہیں: أُولَٰئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ۔ یعنی وہ لوگ ہیں جن کو بالائی منزلوں میں اعلیٰ سے اعلیٰ بلڈنگیں عالم آخرت میں عطا کی جائیں گی مطلب یہ ہے کہ اعلیٰ سے اعلیٰ، محلات اور باغات ان کو عطا کیے جائیں گے اور ان کو ابدی زندگی دی جائے گی گویا یہ ہماری مقامات معاد ہے جہاں ہم کو جانا ہے اور ایک وہ جگہ ہے جہاں سے ہم آئے تھے یعنی اللہ کی ذات بابرکات اور اس کا حکم وہ ہمارے لیے مبداء تھا جس سے ہماری ابتداء ہوئی اور یہ (جزائے غرفات) ہماری معاد ہوگی اور بیچ میں زندگی گزارنے کا یہ طریقہ ہے کہ زبان، ہاتھ، پیر، روح اور مالیات کی بھی حفاظت ہو اور ہر چیز اللہ کے حکم کے مطابق ہو صرف کرنے کا جذبہ ہمارے اندر ہو اور یہ جب ہی ہو گا جب شریعت سامنے آئے اس کا علم اور تعلیم ہمارے سامنے آئے جس کے ذریعے ہم ہاتھ، پیر، قلب، دماغ، روح وغیرہ کو اس راستے پر ڈال سکیں۔

تو یہ جو ابتداء میں کہا گیا تھا کہ تین سوال ہیں اور فطرت سے پیدا ہوتے ہیں کہ کہاں سے آئے؟ کہاں جائیں گے؟ کس طرح سے زندگی گزاریں؟ تو جہاں سے ہم آئے وہ اللہ رب العزت کی ذات بابرکات ہے جس کے امر سے آئے اس کے وجود سے ہمیں پر تو ملا تو ہمارا وجود ہو گیا اس نے حکم دیا کہ ہو جا، ہم ہو گئے تو اصل اللہ کا حکم اور امر ہے اور کہاں جائیں گے؟ یہ معاد ہے کہ لوٹ کر اسی کے پاس جانا ہے، وہیں جا کر راحت مل سکتی ہے اور بیچ میں ہم اس کے کہے کے مطابق زندگی گزاریں اور اس کا کہا ہوا کیسے سامنے آئے؟ اس کے رسول اس کا فرمایا ہوا لے کر آئے ہیں جس کو صراط مستقیم کہتے ہیں جس پر ہم کو چلنا ہے جب ان تینوں چیزوں پر آجائیں جب ہی فطرت کو تسلی ہوتی ہے اتنا آدمی اندھا رہے کہ اسے راستہ ہی نہ ملے جس کے اوپر وہ رہے اور یہ نہ پتہ ہو کہ میں کہاں سے آیا ہوں بس یہ کہ دنیا یوں ہی چلتی آتی ہے اس کا کوئی پیدا کرنے والا نہیں ہے اس کی فطرت میں سکون کبھی نہیں ہو گا۔

اسی طرح سے اگر یوں کہے کہ بس ایسے ہی چلتے رہیں گے نہ آخرت آئے گی نہ قیامت آئے گی، نہ یہ عالم ختم ہو گا تو پھر یہ الجھن پیدا ہوگی کہ جس چیز کی ابتداء ہوتی ہے اس کی انتہاء بھی ہوتی ہے جب اس عالم کی ایک ابتداء ہے اور دلیل اس کی یہ ہے کہ عالم کے ہر ہر جز کی ابتداء ہے تو کل کی بھی ابتداء ہے جب ابتداء ہے تو انتہاء بھی ہوگی گویا عقل اسے مجبور کرتی ہے کہ مان اور اس کا نفس مجبور کرتا ہے کہ نہ مان تو سکون پیدا نہیں ہو گا لیکن اگر مان لیتا ہے تو سکون قلب پیدا ہو جاتا ہے کہ آدمی ایک راستے پر لگ گیا اسے پھر طمانیت اور بشاشت حاصل ہو جاتی ہے۔ (خطبات حکیم الاسلام ج ۳)

الحمدللہ سورۃ الفرقان مکمل ہوئی

besturdubooks.wordpress.com

سورة الشعراء

جس نے خواب میں اسکی تلاوت کی اسکی تعبیر یہ ہے کہ اسکو رزق حاصل کرنے میں دقت ہوگی اور کوئی چیز بغیر مصیبت کے نہ پائے گا اور سفر کو دوست رکھے گا اور فائدہ کم اٹھائے گا۔ (علامہ ابن سیرینؒ)

سُوْرَةُ الشُّعَرَاءِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَتَانِ وَسَبْعٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّاَحَدَ عَشَرَ رُكُوْعًا

سورۃ الشعراء مکہ میں نازل ہوئی اور اس کی دو سو ستائیس آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

طٰسٓمّٓ ۝۱ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝۲

یہ آیتیں ہیں کھلی کتاب کی

اعجاز قرآن: یعنی اس کتاب کا اعجاز کھلا ہوا ہے۔ احکام واضح ہیں اور حق کو باطل سے الگ کرنے والی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

سورۃ کی فضیلت: حاکم نے مستدرک میں حضرت معقل بن یسارؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ طٰہٰ اور طٰسٓ والی سورتیں اور حٰمٓ والی سورتیں مجھے الواح موسیٰ سے عطا کی گئیں۔

طٰسٓمّٓ کا معنی:

طٰسٓمّٓ بغوی نے بروایت عکرمہ بیان کیا کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا طٰسٓمّٓ کی تفسیر سے علماء عاجز ہیں۔ علی بن طلحہ والبی کی روایت ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا یہ قسم ہے اور اللہ کے اسماء میں سے ایک اسم ہے (یعنی اللہ نے اپنے اس نام کی قسم کھائی ہے) قتادہ نے کہا قرآن کے ناموں میں سے ایک نام طٰسٓمّٓ ہے۔ (تفسیر مظہری)

لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝۳

شاید تو گھونٹ مارے اپنی جان اس بات پر کہ وہ یقین نہیں کرتے

امت کیلئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دلسوزی:

یعنی ان بدبختوں کے غم میں اپنے کو اس قدر گھلانے کی ضرورت نہیں کیا ان کے پیچھے آپ اپنی جان کو ہلاک کر کے رہیں گے دلسوزی اور شفقت کی بھی آخر ایک حد ہے۔ (تفسیر عثمانی)

بخع نفسہ اس نے غم میں اپنی جان ہلاک کر دی۔
نخاع پشت میں ایک رگ ہوتی ہے جو گردن میں بھی آتی ہے۔

نزول آیت کا زمانہ:

اس آیت کا نزول اس وقت ہوا جب اہل مکہ نے رسول اللہ کی تکذیب کی اور آپ کو یہ بات بہت شاق ہوئی کیونکہ حضور کو بہت زیادہ تمنا اور رغبت تھی کہ اہل مکہ مسلمان ہو جائیں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ حضور کو اہل مکہ کے ایمان نہ لانے کی وجہ سے اس بات کا غم ہو کہ کہیں خدا تعالیٰ مجھ سے اس کی باز پرس نہ کرے اس صورت میں یہ آیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے پیام تسلی ہے۔ لعلّ کلمہ امید ہے لیکن اس جگہ رحم کے معنی میں استعمال کیا گیا ہے یعنی اپنی جان پر آپ رحم کریں اور غم میں نہ پڑیں آپ اگر غم کریں گے تو شاید آپ غم کی وجہ سے اپنی جان ہلاک کر دیں۔ درحقیقت ہم ہی ان کا مومن ہونا نہیں چاہتے۔ (تفسیر مظہری)

آیت سے معلوم شدہ احکام:

اس آیت سے ایک تو یہ معلوم ہوا کہ کسی کافر کے بارے میں اگر یہ معلوم بھی ہو جائے کہ اس کی تقدیر میں ایمان لانا نہیں ہے تب بھی اس کو تبلیغ کرنے سے رکنا نہیں چاہئے، دوسرے یہ معلوم ہوا کہ مشقت میں اعتدال چاہئے اور جو شخص ہدایت نہ پائے اس پر زیادہ حزن وغم نہ کیا جائے۔ (معارف مفتی اعظم)

اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ

اگر ہم چاہیں اتاریں ان پر آسمان سے ایک نشانی پھر رہ جائیں

اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خٰضِعِيْنَ ۝۴

ان کی گردنیں اس کے آگے نیچی

حکمت الٰہی:

یعنی یہ دنیا ابتلاء کا گھر ہے جہاں بندوں کے انقیاد و تسلیم اور سرکشی کو آزمایا جاتا ہے۔ اس لئے حکمت الٰہی مقتضی نہیں کہ ان کا اختیار بالکل سلب کر لیا جائے۔ ورنہ خدا چاہتا تو کوئی ایسا آسمانی نشان دکھلاتا کہ اس کے آگے زبردستی سب کی گردنیں جھک جاتیں۔ بڑے بڑے سرداروں کو بھی انکار و انحراف کی قدرت باقی نہ رہتی۔ اللہ تعالیٰ نے ایسا تو نہیں کیا، ہاں وہ نشان بھیجے جنہیں دیکھ کر آدمی حق کو سمجھنا چاہے تو باآسانی سمجھ سکے۔ اور کبھی کبھی مغلوب ہو کر گردن جھکانے سے مفر بھی نہ ملے۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنَ الرَّحْمٰنِ

اور نہیں پہنچتی ان کے پاس کوئی نصیحت رحمٰن سے

besturdubooks.wordpress.com

مُحْدَثٍ اِلَّا كَانُوْا عَنْهُ مُعْرِضِيْنَ ۝

نئی　جس سے　منہ نہیں　موڑتے

محروم ہدایت لوگ:

یعنی آپ جن کے غم میں پڑے ہیں اُن کی حالت یہ ہے کہ رحمٰن اپنی رحمت وشفقت سے جب اُن کی بھلائی کے لئے کوئی پند ونصیحت بھیجتا ہے یہ اُدھر متوجہ نہیں ہوتے بلکہ مُنہ پھیر کر بھاگتے ہیں گویا کوئی بہت بُری چیز سامنے آگئی۔ (تفسیر عثمانی)

مطلب یہ ہے کہ جب یہ زمین کو اور اس کی روئیدگی کو دیکھ رہے ہیں اور توحید الٰہی اور قیامت کے وقوع کی نشانیاں ان کے سامنے ہیں تو مزید آیات کی طلب نہ کرنی چاہیے۔ (تفسیر مظہری)

فَقَدْ كَذَّبُوْا فَسَيَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝

سو یہ تو جھٹلا چکے اب پہنچے گی اُن پر حقیقت اُس بات کی جس پر ٹھٹھے کرتے تھے

تکذیب وانکار کی سزا ملنے والی ہے:

یعنی صرف معمولی اعراض ہی نہیں۔ تکذیب واستہزاء بھی ہے سو عنقریب دنیا اور آخرت میں اپنے کرتوت کی سزا بھگتیں گے۔ تب اُس چیز کی حقیقت کھلے گی جس کا مذاق اُڑایا کرتے تھے۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الْاَرْضِ كَمْ اَنْۢبَتْنَا فِيْهَا

کیا نہیں دیکھتے وہ زمین کو　کتنی اُگائیں　ہم نے　اُس میں

مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ ۝ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ

ہر ایک　قسم　کی　خاصی چیزیں　اس میں البتہ نشانی ہے

وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝

اور　اُن میں　بہت　لوگ　نہیں　ماننے　والے

تھوڑا سا غور کر کے حق تک رسائی ممکن ہے:

یعنی یہ مکذبین اگر ایک پیش پا افتادہ زمین ہی کے احوال میں غور کرتے تو مبدأ ومعاد کی معرفت حاصل کرنے کے لئے کافی ہو سکتی تھی۔ کیا دیکھتے نہیں کہ اسی کرکری اور حقیر مٹی سے کیسے عجیب وغریب رنگ برنگ پھول پھل اور قسم قسم کے غلے اور میوے ایک مضبوط نظام تکوین کے ماتحت پیدا ہوتے ہیں۔ کیا یہ اس کی دلیل نہیں کہ کسی لامحدود قدرت وحکمت رکھنے والے صانع نے اس پُر رونق چمن کی گلکاریاں کی ہیں جس کے قبضہ میں وجود کی باگ ہے

اور وہ ہی جب چاہے اُسے ویران کر سکتا اور ویرانی کے بعد دوبارہ آباد کر سکتا ہے۔ پھر ان آیات تکوینیہ کو سمجھ لینے کے بعد آیات تنزیلیہ کی تصدیق میں کیا اشکال رہ جاتا ہے۔ ہاں ماننا ہی منظور نہ ہو تو الگ بات ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝

اور تیرا رب　وہی ہے زبردست　رحم　والا

قدرتِ الٰہی:

یعنی زبردست تو ایسا ہے کہ نہ ماننے پر فوراً عذاب بھیج سکتا تھا، مگر رحم کھا کرتا خیر کرتا ہے کہ ممکن ہے اب بھی مان لیں۔

ربط مضامین: آگے عبرت کے لئے مکذبین کے چند واقعات بیان فرمائے ہیں جن سے ظاہر ہوگا کہ خدا نے اُن کو کہاں تک ڈھیل دی، جب کسی طرح نہ مانے تو پھر کیسے تباہ و برباد کیا۔ اُن میں پہلا قصہ قوم فرعون کا ہے جو پیشتر سورۂ اعراف اور سورۂ طٰہٰ وغیرہ میں بالتفصیل گزر چکا۔ وہاں کے فوائد ملاحظہ کر لئے جائیں۔

وَاِذْ نَادٰى رَبُّكَ مُوْسٰٓى اَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

اور جب پکارا　تیرے رب نے　موسیٰ کو کہ جا اُس قوم گنہگار کے پاس

قَوْمَ فِرْعَوْنَ ۭ اَلَا يَتَّقُوْنَ ۝

قوم فرعون　کے پاس کیا　وہ ڈرتے نہیں

تم جا کر انہیں خدا کے غصہ سے ڈراؤ۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ یاد کرو:

یعنی اس واقعہ کو یاد کرو جب آپ کے رب نے موسیٰ کو پکارا تھا موسیٰ نے درخت کو اور (درخت سے اٹھتی ہوئی) آگ کو دیکھا اس وقت اللہ نے ان کو ندا دی تھی۔

اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے پیام تسکین ہے کہ آپ کافروں کے ایمان نہ لانے کی وجہ سے اپنی جان کا نقصان نہ کریں اور اس وقت کو یاد کریں جب اللہ نے موسیٰ کو ندا دی تھی اور قوم فرعون کے پاس جا کر ہدایت کرنے کا حکم دیا تھا۔ (تفسیر مظہری)

قَالَ رَبِّ اِنِّىْٓ اَخَافُ اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ۝ وَيَضِيْقُ

بولا اے رب میں ڈرتا ہوں　کہ　مجھ کو جھٹلائیں　اور رُک جاتا ہے

صَدْرِيْ وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِيْ فَاَرْسِلْ اِلٰى هٰرُوْنَ ۝

میرا جی　اور　نہیں چلتی ہے　میری زبان　سو پیغام دے ہارون کو

besturdubooks.wordpress.com

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا اندیشہ:

یعنی پوری بات سننے سے پہلے ہی جھٹلانا شروع کر دیں گے اور مجلس میں کوئی تائید کرنے والا نہ ہوگا۔ ممکن ہے اُس وقت ملول اور حزین ہو کر طبیعت رُک جائے، دل نہ کھلے اور زبان میں کچھ لکنت پہلے ہی سے ہے۔ تنگدل ہو کر بولنے میں زیادہ رُکاوٹ پیدا نہ ہو جائے اس لئے میری تقویت و تائید کے لئے اگر ہارون کو جو مجھ سے زیادہ فصیح اللسان ہیں، میرا شریک حال کر دیا جائے تو بڑی مہربانی ہو۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْبٌ
اور ان کو مجھ پر ہے ایک گناہ کا دعویٰ

یعنی ایک قبطی کے خون کا دعویٰ جس کی تفصیل سورۂ قصص میں آئے گی۔ (تفسیر عثمانی)

فَأَخَافُ أَنْ يَقْتُلُونِ
سو ڈرتا ہوں کہ مجھ کو مار ڈالیں

یعنی دعوت و تبلیغ سے پہلے ہی میرا کام تمام نہ کر دیں کہ یہ وہ ہی شخص ہے جو ہمارے آدمی کا خون کر کے بھاگا تھا۔ ایسی صورت میں فرض تبلیغ کس طرح ادا ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

قَالَ كَلَّا فَاذْهَبَا بِآيَاتِنَا إِنَّا مَعَكُمْ مُسْتَمِعُونَ
فرمایا کبھی نہیں تم دونوں جاؤ لے کر ہماری نشانیاں ہم ساتھ تمہارے سنتے ہیں

حضرت موسیٰ علیہ السلام کیلئے تسکین و تسلی:

یعنی کیا مجال ہے کہ ہاتھ لگا سکیں۔ جاؤ اپنی استدعاء کے موافق ہارون کو بھی ساتھ لو اور ہمارے دیئے ہوئے معجزات و نشانات لے کر وہاں پہنچو۔ ان نشانات کے ساتھ ہوتے ہوئے تم کو کیا ڈر، اور نشان کیا ہم خود ہر موقع پر تمہارے ساتھ ہیں اور فریقین کی گفتگو سن رہے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

فَأْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُولَا إِنَّا رَسُولُ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٦﴾
سو جاؤ فرعون کے پاس اور کہو ہم پیغام لے کر آئے ہیں پروردگار عالم کا
أَنْ أَرْسِلْ مَعَنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ ﴿١٧﴾
یہ کہ بھیج دے ہمارے ساتھ بنی اسرائیل کو

آزادی بنی اسرائیل کا پروگرام:

بنی اسرائیل کا وطن حضرت ابراہیم کے زمانہ سے ملک شام تھا۔ حضرت یوسف کے سبب سے مصر میں آرہے، وہاں ایک مدت گزری اب اُن کو حق تعالیٰ نے ملک شام دینا چاہا۔ فرعون اُن کو نہ چھوڑتا تھا۔ کیونکہ ان سے غلاموں کی طرح بیگار میں کام لیتا تھا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اُن کی آزادی کا مطالبہ فرمایا۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی فرعون کو دعوت:

بغوی نے لکھا ہے فرعون نے بنی اسرائیل کو چار سو برس غلام بنائے رکھا، اس زمانہ میں بنی اسرائیل کی تعداد چھ سو اسی ہزار تھی (یعنی چھ لاکھ اسی ہزار) غرض موسیٰ مصر کی طرف چلے ہارون وہاں موجود ہی تھے موسیٰ نے ہارون کو حکم الٰہی سے مطلع کیا۔ قصہ کی تفصیل میں آیا ہے کہ موسیٰ جب مصر کو لوٹ کر آئے تو اس وقت اونی چوغہ پہنے ہاتھ میں لاٹھی لئے لاٹھی کے سرے میں تو بڑا لٹکا ہوا (جس کے اندر کھانے پینے کا سامان تھا) اس ہیئت سے مصر میں داخل ہوئے۔ مصر میں آکر اپنے گھر میں داخل ہوئے اور ہارون کو اطلاع دی کہ اللہ نے مجھے فرعون کے اور تمہارے پاس بھیجا ہے تمہارے پاس اس لئے بھیجا ہے کہ ہم دونوں جا کر فرعون کو دعوت دیں یہ سن کر موسیٰ و ہارون کی ماں آگئی اور چیخ پڑی کہنے لگی فرعون تو تجھے قتل کرنے کے لئے تیری تلاش میں ہے اگر تم لوگ اس کے پاس جاؤ گے تو وہ تم کو مروا ڈالے گا۔ حضرت موسیٰ نے اس کی ایک نہ مانی اور رات کو دونوں فرعون کے دروازہ پر جا پہنچے اور دروازہ کھٹکھٹایا۔ دربان چکے ہو گئے اور گھبرا کر انہوں نے پوچھا، دروازہ پر کون ہے۔

ایک روایت میں آیا ہے کہ دربانوں نے اوپر سے جھانک کر دیکھا اور پوچھا تم دونوں کون ہو۔ حضرت موسیٰ نے فرمایا، میں رب العالمین کا قاصد ہوں فوراً دربان نے فرعون سے جا کر کہا، ایک پاگل دروازے پر کھڑا کہہ رہا ہے میں رب العالمین کا قاصد ہوں۔ فرعون نے صبح تک یوں ہی چھوڑے رکھا۔ صبح ہوئی تو دونوں کو طلب کیا۔ ایک روایت میں آیا ہے کہ دونوں فرعون کی طرف گئے لیکن سال بھر تک فرعون نے اپنے پاس آنے کی اجازت نہیں دی پھر دربان نے جا کر فرعون سے کہا یہاں ایک آدمی ہے جو کہہ رہا ہے کہ میں رب العالمین کا قاصد ہوں، فرعون نے کہا اندر آنے دو۔ ہم اس سے کچھ دل لگی ہی کریں گے۔ دونوں فرعون کے پاس پہنچے اور اللہ کا پیغام پہنچایا۔ فرعون حضرت موسیٰ کو پہچان گیا۔ کیونکہ آپ نے اسی کے گھر میں پرورش پائی تھی۔ (تفسیر مظہری)

در بہ بست و دشمن اندر خانہ بود   قصۂ فرعون زین افسانہ بود

رب العالمین کی طرف سے جو پیغام ہدایت لے کر تیرے پاس آیا ہوں۔ وہ تیری روحانی تربیت بلکہ روحانی حیات اور دائمی زندگی کا سامان ہے جس کے سامنے وہ چند روزہ تربیت جس کا تو مجھ پر احسان جتلا رہا ہے ہیچ ہے، تو مردہ ہے میں تیرے لئے ہدایت کا تریاق لے کر آیا ہوں ایک گھونٹ پی

besturdubooks.wordpress.com

لے زندہ ہوجائے گا۔ (معارف کاندھلوی)

قَالَ اَلَمْ نُرَبِّكَ فِيْنَا وَلِيْدًا
بولا کیا نہیں پالا ہم نے تجھ کو اپنے اندر لڑکا سا

فرعون کا جواب:

یعنی تو وہ ہی نہیں جس کو ہم نے اپنے گھر میں بڑے ناز ونعم سے پالا پوسا اور پرورش کر کے اتنا بڑا کیا۔ اب تیرا یہ دماغ ہو گیا کہ ہم ہی سے مطالبات کرتا اور اپنی بزرگی منواتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَبِثْتَ فِيْنَا مِنْ عُمُرِكَ سِنِيْنَ ﴿۱۸﴾
اور رہا تو ہم میں اپنی عمر میں سے کئی برس

اتنے برسوں تک کبھی یہ دعوے نہ کئے، اب یہاں سے نکلتے ہی رسول بن گئے۔ (تفسیر عثمانی)

وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِيْ فَعَلْتَ
اور کر گیا تو اپنی وہ کرتوت جو کر گیا

یعنی جو کرتوت کر کے بھاگا تھا (قبطی کا خون) اُسے ہم بھولے نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَاَنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۹﴾
اور تو ہے ناشکر

یعنی ہمارے سب احسانات بھلا کر اگلا پیغمبری کے دعوے کرنے اُس وقت تو بھی (العیاذ باللہ) اُن ہی میں کا ایک تھا جن کو آج کافر بتلاتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

قَالَ فَعَلْتُهَآ اِذًا وَّاَنَا مِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿۲۰﴾
کہا کیا تو تھا میں نے وہ کام اور میں تھا چوکنے والا

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عذر:

یعنی قبطی کا خون میں نے دانستہ نہیں کیا تھا، غلطی سے ایسا ہو گیا مجھے کیا خبر تھی کہ ایک مُکا مارنے میں جو تادیب کے لئے تھا اُس کا دم نکل جائے گا۔

فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى فَقَضٰى عَلَيْهِ (قصص۔ رکوع۲) (تفسیر عثمانی)

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے حق میں لفظ ضلال کا مفہوم

قَالَ فَعَلْتُهَآ اِذًا وَّاَنَا مِنَ الضَّآلِّيْنَ فرعون کے اس سوال پر کہ تم نے اے موسیٰ ایک قبطی کو قتل کیا تھا، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جواباً فرمایا کہ ہاں میں نے قتل ضرور کیا تھا لیکن وہ قتل ارادۃً اور قصد سے نہ تھا بلکہ اس قبطی کو اس کی خطا پر متنبہ کرنے کے لئے گھونسہ مارا جس سے وہ ہلاک ہو گیا۔ خلاصہ یہ کہ نبوت کے منافی قتل عمد ہے اور یہ قتل بلا ارادہ ہوا تھا جو منافی نبوت نہیں، تو کلام یہ ہوا کہ یہاں ضلال کا مطلب بے خبری ہے اور اس سے مراد قبطی کا بلا ارادہ قتل ہو جانا ہے، اس معنی کی تائید حضرت قتادہؒ اور ابن زیدؒ کی روایات سے بھی ہوتی ہے کہ دراصل عربی میں ضلال کے کئی معنی آتے ہیں، اور ہر جگہ اس کا مطلب گمراہی نہیں ہوتا۔ یہاں بھی اس کا ترجمہ گمراہ کرنا درست نہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ فَوَهَبَ لِيْ رَبِّيْ حُكْمًا
پھر بھاگا میں تم سے جب تمہارا ڈر دیکھا پھر بخشا مجھ کو میرے رب نے حکم
وَّجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۱﴾
اور ٹھہرایا مجھ کو پیغام پہنچانے والا

دعوائے نبوت: یعنی بیشک میں خوف کھا کر یہاں سے بھاگا۔ لیکن اللہ تعالیٰ کو منظور ہوا کہ مجھے نبوت وحکمت عطا فرمائے۔ اُس نے اپنے فضل سے مجھے سرفراز کیا اور رسول بنا کر تمہاری طرف بھیجا۔ یہ بجائے خود میری صداقت کی دلیل ہے کہ جو شخص تم سے خوف کھا کر بھاگا ہو، پھر اس طرح بے خوف وخطر تنہا تمہارے سامنے آ کر ڈٹ جائے۔ (تفسیر عثمانی)

وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ اَنْ عَبَّدْتَّ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۲۲﴾
اور کیا وہ احسان ہے جو تو مجھ پر رکھتا ہے کہ غلام بنایا تو نے بنی اسرائیل کو

فرعون کے احسان کا تجزیہ:

یعنی بچپن میں میری پرورش کا احسان جتلانا تجھے زیب نہیں دیتا کیا ایک اسرائیلی بچہ کی تربیت سے اس کا جواب ہو سکتا ہے کہ تو نے اُس کی ساری قوم کو غلام بنا رکھا ہے۔ بالخصوص جبکہ اُس بچہ کی تربیت بھی خود تیرے زہرہ گداز مظالم کے سلسلہ ہی میں وقوع پذیر ہوئی ہو۔ نہ تو بنی اسرائیل کے بچوں کو ذبح کرتا، نہ خوف کی وجہ سے میری والدہ تابوت میں رکھ کر مجھے دریا میں چھوڑتی، نہ تیرے محل سرا تک رسائی ہوتی، ان حالات کا تصور کر کے تجھ کو ایسا احسان جتلاتے ہوئے شرمانا چاہئے اور صاف بات یہ ہے کہ جس پروردگار نے تجھ جیسے دشمن کے گھر میں میری پرورش کرائی اُسی نے آج تیری خیر خواہی کے لئے مجھے رسول بنا کر بھیجا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت موسیٰ کی طرف سے یہ اقرار احسان ہے کہ تو نے مجھے زندہ چھوڑ دیا اور پالا، اور دوسرے اسرائیلی بچوں کی طرح قتل نہیں کرایا، گویا حضرت موسیٰ نے فرمایا، بیشک یہ تیرا احسان ہے جو تو مجھے جتلا رہا ہے کہ بنی اسرائیل کو

besturdubooks.wordpress.com

تو نے غلام بنائے رکھا اور مجھے چھوڑ دیا۔ غلام نہیں بنایا۔

بظاہر یہ اقرار نعمت ہے اور حقیقت میں انکار ہے، حضرت موسیٰ نے اول فرعون کی تردید و توبیخ کی اور پھر اس نعمتِ تربیت کی طرف کلام کا رخ کیا جس کا فرعون نے ذکر کیا تھا لیکن اس کا صراحۃً انکار نہیں کیا۔ کیونکہ فرعون نے واقع میں پالا ہی تھا بلکہ اس بات پر تنبیہ کی کہ یہ نعمت حقیقت میں احسان نہ تھی لیکن ظلم کے مقابلے میں یا ظلم کے نتیجہ میں یہ نعمت تھی مجھ پر تیرا احسان نتیجہ تھا اس بات کا کہ تو نے بنی اسرائیل کو غلام بنا رکھا تھا ان کے لڑکوں کو تو قتل کراتا تھا اسی وجہ سے میں تیرے ہاتھ لگا اور تیرے پاس مجھے پہنچایا گیا اور تو نے میری پرورش و کفالت کی۔ اگر تو بنی اسرائیل کو حد سے زیادہ ذلیل نہ کرتا اور ان کے لڑکوں کو قتل نہ کراتا تو میرے گھر والے میری پرورش کرتے اور دریا میں مجھے نہ پھینکتے اور میں تیرے مکان میں نہ لایا جاتا۔ (تفسیر مظہری)

فرعون کا جواب:

تو نے مجھے اپنا بیٹا بنا کر میری پرورش کی۔ مجھے تو تو نے چھوڑ دیا اور میرے سوا ساری قوم کو غلام بنا لیا تو کیا اسی طرح کی اس چند روزہ پرورش سے میری نبوت و رسالت کو دفع کرنا چاہتا ہے میں نے اگر تیری چند روزہ نعمت تربیت کا کفران کیا ہے تو تو رب العالمین کی بے شمار نعمتوں کے کفران میں مبتلا ہے اور جس رب العالمین نے تجھ کو اور تیرے آباؤ اجداد کو پیدا کیا ہے۔ تو تو اسی رب العالمین کا کافر اور منکر بنا ہوا ہے اور جس رب العالمین نے تیری روحانی تربیت اور ہدایت کے لئے رسول بھیجا ہے تو تو اس کی ہی تکذیب اور کفر پر تلا ہوا ہے اور رب العالمین نے جو مجھے آب حیات دے کر بھیجا ہے تو اس کا ایک گھونٹ بھی پینے کے لئے تیار نہیں کیا اس سے بڑھ کر بھی کوئی کفرانِ نعمت ہو سکتا ہے۔ (معارف کاندھلوی)

قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۳﴾
بولا　فرعون　کیا معنی　پروردگار عالم کا

ربُّ العالمین کے متعلق فرعون کا سوال:

یعنی موسیٰ علیہ السلام نے فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ کے امتثال میں اپنے کو رب العالمین کا پیغمبر کہا، اُس پر فرعون جحود، تعنت اور ہٹ دھری کی راہ سے بولا کہ (العیاذ باللہ) رب العالمین کیا چیز ہوتی ہے، میری موجودگی میں کسی اور رب کا نام لینا کیا معنی رکھتا ہے کیونکہ اُس شقی ازلی کا دعویٰ تو اپنی قوم کے روبرو یہ تھا مَا عَلِمْتُ لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِيْ (میں اپنے سوا تمہارے لئے کوئی معبود نہیں سمجھتا) اور اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى (تمہارا بڑا پروردگار میں ہوں) چنانچہ اس کی قوم کے لوگ بعض تو انتہائی جہل و بلادت سے اور بعض خوف یا طمع سے اُسی کی پرستش کرتے تھے۔ گو دل میں اُس ملعون کو بھی خدا کی ہستی کا یقین تھا۔ جیسا کہ لَقَدْ عَلِمْتَ مَآ اَنْزَلَ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بَصَآئِرَ (بنی اسرائیل رکوع ۱۲) سے ظاہر ہوتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ (بطور تحقیق) کہنے لگا رب العالمین کیا چیز ہوتی ہے یعنی فرعون نے رب العالمین کی حقیقت دریافت کی اور ظاہر ہے کہ اللہ کی ذات مرکب نہیں ہے کہ اس کے اجزاء ذاتیہ حضرت موسیٰ بتا دیتے اور فرد کے صرف خصوصیات ہی بتائے جا سکتے ہیں (یعنی صرف تعریف بالخاصہ ہی ہو سکتی ہے) اس لئے حضرت موسیٰ نے جواب میں اللہ کے خصوصی افعال اور آثار کا ذکر کیا۔ (تفسیر مظہری)

قَالَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ
کہا　پروردگار　آسمان　اور زمین کا　اور جو کچھ اُن کے بیچ میں ہے
اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ﴿۲۴﴾
اگر　تم　یقین کرو

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا جواب:

یعنی آسمان و زمین کی سب چیزیں جس کے زیر تربیت ہیں وہ ہی رب العالمین ہے۔ اگر تمہارے قلوب میں کسی چیز پر بھی یقین لانے کی استعداد موجود ہو تو فطرۃ انسانی سب سے پہلے اس چیز کا یقین دلانے کے لئے کافی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

قَالَ لِمَنْ حَوْلَهٗٓ اَلَا تَسْتَمِعُوْنَ ﴿۲۵﴾
بولا　اپنے گرد والوں سے　کیا تم نہیں سنتے ہو

فرعون کی چالاکی:

فرعون جان بوجھ کر بات کو رلانا چاہتا تھا اپنے حوالی موالی کو اُبھارنے اور موسیٰ علیہ السلام کی بات کو خفیف کرنے کے لئے کہنے لگا، سنتے ہو، موسیٰ کیسی دور از کار باتیں کر رہے ہیں۔ کیا تم میں کوئی تصدیق کرے گا کہ میرے سوا آسمان و زمین میں کوئی اور رب ہے؟ (تفسیر عثمانی)

قَالَ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۶﴾
کہا　پروردگار تمہارا　اور پروردگار　تمہارے اگلے باپ دادوں کا

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا زورِ خطاب:

یعنی او احمق! میں جس رب العالمین کا ذکر کر رہا ہوں، وہ ہے جس نے خود تم کو اور تمہارے باپ دادوں کو پیدا کیا۔ اور جب تمہارا نام بھی نہ تھا اُس

besturdubooks.wordpress.com

وقت زمین و آسمان کی تربیت وتدبیر کر رہا تھا۔

قَالَ اِنَّ رَسُوْلَكُمُ الَّذِیْٓ اُرْسِلَ اِلَیْكُمْ لَمَجْنُوْنٌ (۲۷)

بولا تمہارا پیغام لانے والا جو تمہاری طرف بھیجا گیا ضرور باؤلا ہے

فرعون کا دوسرا پینترا:

یعنی (العیاذ باللہ) کس دیوانہ کو رسول بنا کر بھیجا ہے جو ہماری اور ہمارے باپ دادوں کی خبر لیتا ہے۔ اور ہماری شوکت وحشمت کو دیکھ کر ذرا نہیں جھجکتا۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس کا دماغ عقل سے بالکل خالی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

قَالَ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَمَا بَیْنَهُمَا ۭ

کہا پروردگار مشرق کا اور مغرب کا اور جو کچھ ان کے بیچ میں ہے

اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ (۲۸)

اگر تم سمجھ رکھتے ہو

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ایک اور نا قابل انکار دلیل:

حضرت موسیٰ نے پھر ایک بات کہی جس طرح کی حضرت ابراہیم نے نمرود کے سامنے آخر میں کہی تھی۔ یعنی رب العالمین وہ ہے جو مشرق ومغرب کا مالک اور تمام سیارات طلوع وغروب کی تدبیر ایک محکم ومضبوط نظام کے موافق کرنے والا ہے۔ اگر تم میں ذرا بھی عقل ہو تو بتلا سکتے ہو کہ اس عظیم الشان نظام کا قائم رکھنے والا بجز خدا کے کون ہو سکتا ہے۔ کیا کسی کو قدرت ہے کہ اُس کے قائم کئے ہوئے نظام کو ایک سیکنڈ کے لئے توڑ دے یا بدل ڈالے۔ یہ آخری بات سُن کر فرعون بالکل مبہوت ہو گیا اور بحث وجدال سے گزر کر دھمکیوں پر اتر آیا۔ جیسا کہ آگے آتا ہے۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ ”حضرت موسیٰ ایک بات کہے جاتے تھے اللہ کی قدرتیں بتانے کو اور فرعون بیچ میں اپنے سرداروں کو ابھارتا تھا کہ اُن کو یقین نہ آ جائے۔“ (تفسیر عثمانی)

یعنی روزانہ دیکھتے ہو کہ اللہ سورج کو مشرق سے نکالتا ہے اور گزشتہ دن کے محور کے علاوہ دوسرے محور پر چلاتا ہے یہاں تک کہ مغرب تک ایسے طریقہ سے پہنچا دیتا ہے جو انتظام کائنات کے لئے انتہائی مفید ہے۔

اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ اگر تم عقل رکھتے ہو تو سمجھ گئے ہو گے کہ جو جواب میں نے دیا ہے اس سے اعلیٰ جواب (اللہ کے بارے میں) ممکن نہیں۔

حضرت موسیٰ نے پہلے گفتگو میں نرمی کی تھی لیکن جب ان لوگوں کی طرف سے شدت محسوس کی تو ان ہی کے قول کی طرح اپنے کلام میں بھی درشتی اختیار کر لی۔

مغلوب جاہلوں کی عادت ہے کہ جب کوئی جواب بن نہیں پڑتا تو دھمکیاں دینے پر اتر آتے ہیں فرعون نے بھی ایسا ہی کیا۔ جب لاجواب ہو گیا تو۔ (تفسیر مظہری)

قَالَ لَئِنِ اتَّخَذْتَ اِلٰهًا غَیْرِیْ لَاَجْعَلَنَّكَ

بولا اگر تو نے ٹھہرایا کوئی اور حاکم میرے سوائے تو مقرر ڈالوں گا تجھ کو

مِنَ الْمَسْجُوْنِیْنَ (۲۹)

قید میں

فرعون کی دہشت گردی:

اس مرتبہ فرعون نے اپنا مطلب صاف کہہ دیا کہ یہاں ”مصر“ میں کوئی اور خدا نہیں۔ اگر میرے سوا کسی اور معبود کی حکومت مانی تو یاد رکھو قید خانہ تیار ہے۔ (تفسیر عثمانی)

بولا اگر میرے سوا تو نے کسی اور کو معبود بنایا تو میں تجھے قیدیوں میں شامل کر دوں گا۔

الْمَسْجُوْنِیْنَ میں الف لام عہدی ہے یعنی ان قیدیوں میں شامل کر دوں گا جن کی حالت میرے قید خانے میں تجھے معلوم ہے، کلبی نے کہا فرعون کی قید کی حالت قتل سے بھی زیادہ سخت تھی، قیدی کو ایک تنہا اندھیری کوٹھڑی میں پھینک دیتا تھا، قیدی کو وہاں کچھ نظر نہ آتا تھا اور لڑھکتا ہوا زمین کے اندر چلا جاتا تھا۔ فرعون کو سخت عذاب دینے کی قدرت حاصل تھی اس سے اس نے اپنے رب ہونے پر استدلال کیا اور صانع عالم کا انکار کرنے لگا اس نے بطور تعجب ”اَلَا تَسْتَمِعُوْنَ“ کہا تھا کہ میرے سوا کسی دوسرے الٰہ کا ہونا عجیب بات ہے۔ (تفسیر مظہری)

قَالَ اَوَلَوْ جِئْتُكَ بِشَیْءٍ مُّبِیْنٍ (۳۰)

کہا اور اگر لے کر آیا ہوں تیرے پاس ایک چیز کھول دینے والی

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ایک اور چیلنج:

یعنی فیصلہ میں ابھی جلدی نہ کر۔ یہ تو تیری باتوں کا جواب تھا اب ذرا وہ کھلے ہوئے نشان بھی دیکھ جن سے اللہ تعالیٰ کی قدرت اور میری صداقت دونوں کا اظہار ہو۔ اگر ایسے نشان دکھلاؤں تو کیا پھر بھی تیرا فیصلہ یہ ہی رہے گا۔ (تفسیر عثمانی)

قَالَ فَاْتِ بِهٖٓ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ (۳۱) فَاَلْقٰى عَصَاهُ

بولا تو وہ چیز لا اگر تو سچ کہتا ہے پھر ڈال دیا اپنا عصا

فَاِذَا هِیَ ثُعْبَانٌ مُّبِیْنٌ (۳۲) وَّنَزَعَ یَدَهٗ فَاِذَا

سو اُسی وقت وہ اژدہا ہو گیا صریح اور اندر سے نکالا اپنا ہاتھ سو

هِیَ بَیْضَآءُ لِلنّٰظِرِیْنَ (۳۳) قَالَ لِلْمَلَاِ حَوْلَهٗٓ

اسی وقت وہ سفید تھا دیکھنے والوں کے سامنے، بولا اپنے گرد کے سرداروں

besturdubooks.wordpress.com

إِنَّ هَٰذَا لَسَاحِرٌ عَلِيمٌ ﴿٣٤﴾ يُرِيدُ أَن يُخْرِجَكُم

یہ تو کوئی جادوگر ہے پڑھا ہوا چاہتا ہے کہ نکال دے تم کو

مِّنْ أَرْضِكُم بِسِحْرِهِ فَمَاذَا تَأْمُرُونَ ﴿٣٥﴾

تمہارے دیس سے اپنے جادو کے زور سے، سو اب کیا حکم دیتے ہو

فرعون کی بدحواسی:

یا تو خدائی کے دعوے تھے، یا اتنی جلد ایسا حواس باختہ ہوگیا کہ اپنے غلاموں اور پرستاروں کے احکام پر چلنے کے لئے آمادہ ہوگیا۔

قَالُوا أَرْجِهْ وَأَخَاهُ وَابْعَثْ فِي الْمَدَائِنِ حَاشِرِينَ ﴿٣٦﴾

بولے ڈھیل دے اس کو اور اُس کے بھائی کو اور بھیج دے شہروں میں نقیب

يَأْتُوكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيمٍ ﴿٣٧﴾ فَجُمِعَ السَّحَرَةُ لِمِيقَاتِ

لے آئیں تیرے پاس جو بڑا جادوگر ہو پڑھا ہوا پھر اکٹھے کئے جادوگر وعدہ پر

يَوْمٍ مَّعْلُومٍ ﴿٣٨﴾

ایک مقرر دن کے

یعنی عید کے دن چاشت کے وقت۔

وَقِيلَ لِلنَّاسِ هَلْ أَنتُم مُّجْتَمِعُونَ ﴿٣٩﴾

اور کہہ دیا لوگوں کو کیا تم بھی اکٹھے ہوگے

لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ إِن كَانُوا هُمُ الْغَالِبِينَ ﴿٤٠﴾

شاید ہم راہ قبول کر لیں جادوگروں کی اگر ہو اُن کو غلبہ

فرعون جادوگروں کا سہارا لینے لگا:

یعنی سب کو اکٹھا ہونا چاہئے۔ امید قوی ہے کہ ہمارے جادوگر غالب آئیں گے۔ اُس وقت ہم موسیٰ کی شکست اور مغلوبیت دکھلانے کے لئے اپنے ساحرین ہی کی راہ پر چلیں گے۔ گویا یہ ظاہر کرنا تھا کہ اس میں ہماری کوئی خود غرضی نہیں۔ جب مقابلہ میں ہمارا پلہ بھاری رہے گا تو انصافاً کسی کو ہمارے طریقہ سے منحرف ہونے کی گنجائش نہیں رہ سکتی۔ (تفسیر عثمانی)

جادوگروں سے مراد ہیں وہ جادوگر جن کو فرعون نے موسیٰ کے مقابلے کے لئے بلوایا تھا۔ لعل امید ظاہر کرنے کے لئے آتا ہے اور امید کا لفظ اسی کی کر رہا ہے کہ جادوگروں سے مراد ہیں فرعون کے جمع کئے ہوئے جادوگر۔ (حضرت مؤلف نے کہا) جادوگروں سے مراد ہیں موسیٰ ہارونؑ اور ان کی قوم والے اور اتباع سے مراد ہے اتباع دینی۔ اس وقت امید کا حقیقی اصل معنی مراد نہ ہوگا بلکہ) مطلب یہ ہوگا کہ اگر موسیٰ اور ہارون غالب ہوگئے تو شاید ہم ان کے دین پر چلنے لگیں، یعنی ہم ان کے دین پر نہیں چلیں گے۔ (تفسیر مظہری)

فَلَمَّا جَاءَ السَّحَرَةُ قَالُوا لِفِرْعَوْنَ أَئِنَّ لَنَا لَأَجْرًا

پھر جب آئے جادوگر کہنے لگے فرعون سے بھلا کچھ ہمارا حق بھی ہے

إِن كُنَّا نَحْنُ الْغَالِبِينَ ﴿٤١﴾ قَالَ نَعَمْ وَإِنَّكُمْ

اگر ہو ہم کو غلبہ بولا البتہ اور تم اُس

إِذًا لَّمِنَ الْمُقَرَّبِينَ ﴿٤٢﴾

وقت مقربوں میں ہوگے

فرعون کے جادوگر کرائے کے مزدور:

یعنی نہ صرف مالی انعام و اکرام بلکہ تم میرے خاص مصاحبوں میں رہو گے۔ ان آیات کا مفصل بیان ''اعراف'' اور ''طٰہٰ'' میں گزر چکا ہے۔

قَالَ لَهُم مُّوسَىٰ أَلْقُوا مَا أَنتُم مُّلْقُونَ ﴿٤٣﴾

کہا اُن کو موسیٰ نے ڈالو جو تم ڈالتے ہو

جادوگروں کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کا چیلنج:

یعنی جب ساحرین نے کہا کہ موسیٰ تم پہلے اپنی لاٹھی ڈالتے ہو، یا ہم ڈالیں، اُس کے جواب میں فرمایا کہ تم ہی اپنی قوت خرچ کر دیکھو۔ (تفسیر عثمانی)

أَلْقُوا مَا أَنتُم مُّلْقُونَ یعنی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جادوگروں سے کہا کہ آپ جو کچھ جادو دکھانا چاہتے ہو وہ دکھاؤ، اس پر سرسری نظر ڈالنے سے یہ شبہ پیدا ہوتا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اُن کو جادو کا حکم دے رہے ہیں، لیکن ذرا سے غور سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف سے جادو دکھانے کا حکم نہیں تھا بلکہ جو کچھ وہ کرنے والے تھے اس کا ابطال مقصود تھا لیکن اس کا باطل ہونا بغیر اس کے ظاہر کرنے کے ناممکن تھا اس لئے آپ نے ان کو اظہار جادو کا حکم دیا جیسے کہ ایک زندیق کو کہا جائے کہ تم اپنے زندقہ، اور بے دینی کے دلائل پیش کرو تاکہ میں ان کو باطل ثابت کر سکوں ظاہر ہے کہ اسے کفر پر رضامندی نہیں کہا جا سکتا۔ (معارف۔ مفتی اعظم)

فَأَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ وَقَالُوا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ

پھر ڈالیں انہوں نے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں اور بولے فرعون کے اقبال

besturdubooks.wordpress.com

اِنَّا لَنَحْنُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۴۴﴾

بے ہماری ہی فتح ہے

جادوگروں نے فرعون کی قوت کا سہارا لیا:

بعض نے بعزۃ فرعون کو قسم کے معنی میں لیا ہے یعنی فرعون کے اقبال کی قسم ہم ہی غالب ہوکر رہیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ یہ کلمہ ان جادوگروں کے لئے بمنزلہ قسم ہے جو زمانۂ جاہلیت میں رائج تھی۔ افسوس کہ مسلمانوں میں بھی اب ایسی قسمیں رائج ہوگئی ہیں جو اس سے زیادہ شنیع اور قبیح ہیں مثلاً بادشاہ کی قسم، تیرے سر کی قسم، تیری ڈاڑھی کی قسم یا تیرے باپ کی قبر کی قسم، اس قسم کی قسمیں کھانا شرعاً جائز نہیں، بلکہ ان کے متعلق یہ کہنا غلط نہیں ہوگا کہ خدا کے نام کی جھوٹی قسم کھانے میں جو گناہ عظیم ہے۔ ان ناموں کی سچی قسم بھی گناہ میں اُس سے کم نہیں (کمافی الروح) (معارف مفتی اعظم)

فَاَلْقٰى مُوْسٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿۴۵﴾

پھر ڈالا موسیٰ نے اپنا عصا پھر تب ہی وہ نگلنے لگا جو سانگ انہوں نے بنایا تھا

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی فتح:

شیخ اکبرؒ نے لکھا ہے کہ خالی رسیاں اور لاٹھیاں رہ گئیں جو سانپوں کی سورتیں انہوں نے بنائیں تھیں، موسیٰ کا عصا اُن کو نگل گیا۔

فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۴۶﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۷﴾

پھر اوندھے گرے جادوگر سجدہ میں بولے ہم نے مان لیا جہان کے رب کو

رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۴۸﴾ قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ

جو رب ہے موسیٰ اور ہارون کا بولا تم نے اُس کو مان لیا ابھی

اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ

میں نے حکم نہیں دیا تم کو مقرر وہ تمہارا بڑا ہے جس نے تم کو سکھلایا جادو

فرعون کی سیاسی چالبازیاں:

یعنی موسیٰ تمہارا بڑا استاد ہے، آپس میں سازش کر کے آئے ہو کہ تم یہ کرنا، ہم یوں کہیں گے اور حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ "تمہارا بڑا" کہا رب کو "یعنی موسیٰ اور تم ایک اُستاد کے شاگرد ہو" واللہ اعلم (تفسیر عثمانی)

یعنی فرعون کو یہ اندیشہ ہوگیا کہ لوگ جادوگروں کے ایمان لانے سے بہک جائیں گے اور خیال کرنے لگیں گے کہ جادوگروں کے سامنے حق کا ظہور ہوگیا اس لئے وہ ایمان لے آئے پس قوم کو دھوکہ دینے اور حقیقت کو مشتبہ بنانے کے لئے اس نے کہا کہ میری اجازت کے بغیر تم نے موسیٰ (کی اس کرشمہ سازی) کا یقین کرلیا۔ (تفسیر مظہری)

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا معجزہ:

یہاں غور کرنے کی بات یہ ہے کہ یہ جادوگر جو عمر بھر جادوگری کے کفر میں مبتلا، اُس پر مزید فرعون کے دعوائے خدائی کو ماننے والے اور اس کی پرستش کرنے والے تھے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا معجزہ دیکھ کر اپنی پوری قوم کے خلاف، فرعون جیسے ظالم جابر بادشاہ کے خلاف ایمان کا اعلان کردیں یہی ایک حیرت انگیز چیز تھی مگر یہاں تو صرف ایمان کا اعلان ہی نہیں بلکہ ایمان کا وہ گہرا رنگ چڑھ جانے کا مظاہرہ ہے کہ قیامت و آخرت گویا ان کے سامنے نظر آنے لگی۔ آخرت کی نعمتوں کا مشاہدہ ہونے لگا ہے جس کے مقابلے میں دنیا کی ہر سزا اور مصیبت سے بے نیاز ہوکر فَاقْضِ مَآ اَنْتَ قَاضٍ کہہ دیا یعنی جو تیرا جی چاہے کرلے ہم تو ایمان سے پھرنے والے نہیں۔ یہ بھی درحقیقت حضرت موسیٰ علیہ السلام ہی کا معجزہ ہے جو معجزۂ عصا اور ید بیضاء سے کم نہیں، اسی طرح کے بہت سے واقعات ہمارے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھوں ظاہر ہوئے ہیں کہ ایک منٹ میں ستر برس کے کافر میں ایسا انقلاب آ گیا کہ صرف مؤمن ہی نہیں ہوگیا بلکہ غازی بن کر شہید ہونے کی تمنا کرنے لگا۔ (معارف مفتی اعظم)

فَلَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۬ لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ

سو اب معلوم کرلو گے البتہ کاٹوں گا تمہارے ہاتھ اور دوسری طرف کے پاؤں

مِّنْ خِلَافٍ وَّلَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۹﴾ قَالُوْا لَا ضَيْرَ

اور سولی پر چڑھاؤں گا تم سب کو بولے کچھ ڈر نہیں

اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿۵۰﴾

ہم کو اپنے رب کی طرف پھر جانا ہے

جادوگروں کے ایمان کی پختگی:

یعنی بہر حال مر کر خدا کے یہاں جانا ہے اس طرح مریں گے، شہادت کا درجہ ملے گا۔ یہ سب مضامین "سورۂ اعراف" وغیرہ میں گزر چکے ہیں۔ وہاں دیکھ لیا جائے۔

اِنَّا نَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لَنَا رَبُّنَا خَطٰيٰنَآ اَنْ كُنَّآ

ہم غرض رکھتے ہیں کہ بخش دے ہم کو رب ہمارا تقصیریں ہماری اس واسطے

اَوَّلَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۱﴾

کہ ہم ہوئے پہلے قبول کرنے والے

یعنی موسیٰ علیہ السلام کی دعوت وتبلیغ کے بعد بھرے مجمع میں ظالم فرعون کے رُوبرو سب سے پہلے ہم نے قبول حق کا اعلان کیا۔ اس سے اُمید ہوتی ہے کہ حق تعالیٰ ہماری گزشتہ تقصیرات کو معاف فرمائے گا۔

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْٓ اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿۵۲﴾

اور حکم بھیجا ہم نے موسیٰ کو کہ رات کو لے نکل میرے بندوں کو البتہ تمہارا پیچھا کریں گے

ہجرت کا حکم:

یعنی جب ایک مدت مدید تک سمجھانے اور آیات دکھلاتے رہنے کے بعد بھی فرعون نے حق کو قبول نہ کیا اور "بنی اسرائیل" کا ستانا نہ چھوڑا، تو ہم نے موسیٰ کو حکم دیا کہ اپنی قوم کو لے کر رات میں یہاں سے ہجرت کر جاؤ۔ اور دیکھنا یہ فرعونی لوگ تمہارا پیچھا کریں گے (گھبرانا نہیں)۔

فَاَرْسَلَ فِرْعَوْنُ فِى الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿۵۳﴾

پھر بھیجے　فرعون نے　شہروں میں　نقیب

تعاقب کی تیاری:

تاکہ تمام قبطیوں کو جمع کر کے بنی اسرائیل کا تعاقب کرے۔

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ ﴿۵۴﴾

یہ لوگ جو ہیں سو ایک جماعت ہے تھوڑی سی

فرعون کے دعوے:

یعنی ان تھوڑے سے آدمیوں نے تم کو تنگ کر رکھا ہے۔ حالانکہ ان کی ہستی کیا ہے، جو تمہارے مقابلہ میں عہدہ برآ ہو سکیں۔ یہ باتیں قوم کو غیرت اور جوش دلانے کے لئے کہیں۔

وَاِنَّهُمْ لَنَا لَغَآئِظُوْنَ ﴿۵۵﴾

اور وہ مقرر ہم سے　دل جلے ہوئے ہیں

یا ہم کو غصہ دلا رہے ہیں معلوم ہوتا ہے ان کی کم بختی نے دھکا دیا ہے۔

وَاِنَّا لَجَمِيْعٌ حٰذِرُوْنَ ﴿۵۶﴾

اور ہم سارے اُن سے خطرہ رکھتے ہیں

تو اس روز روز کے خطرہ کا قلع قمع ہی کر دو بعض مفسرین نے اس کا ترجمہ یوں کیا ہے کہ ہماری بڑی جمعیت ہے جو محتاط یا مسلح ہے تو یہ الفاظ دل بڑھانے کے لئے ہوں گے۔ واللہ اعلم۔

فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۵۷﴾

پھر نکال باہر کیا ہم نے ان کو　باغوں اور چشموں سے

وَّكُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿۵۸﴾

اور خزانوں اور عمدہ مکانوں سے اسی طرح

فرعونیوں کی بدبختی:

یعنی اس طرح قبطی گھربار، مال و دولت، باغ اور کھیتیاں چھوڑ کر بنی اسرائیل کے تعاقب میں ایک دم نکل پڑے۔ جنہیں پھر لوٹنا نصیب نہ ہوا۔ گویا اس تدبیر سے اللہ تعالیٰ نے اُن کو نکال باہر کیا۔ (تفسیر عثمانی)

كَذٰلِكَ ؕ وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۵۹﴾

اسی طرح اور ہاتھ　لگا دیں　ہم نے　یہ　بنی اسرائیل کے

بنی اسرائیل کو مصر کا وارث بنا دیا:

یا تو اُس کے بعد ہی یہ چیزیں بنی اسرائیل کے ہاتھ لگیں اور یا ایک مدت بعد سلیمان علیہ السلام کے عہد میں جب ملک مصر بھی اُن کی سلطنت میں شامل ہوا۔ واللہ اعلم پہلے اس کے متعلق اختلاف گزر چکا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

فَاَتْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِيْنَ ﴿۶۰﴾ فَلَمَّا تَرَآءَ الْجَمْعٰنِ

پھر پیچھے پڑے اُن کے سورج نکلنے کے وقت　پھر جب مقابل ہوئیں دونوں فوجیں

قَالَ اَصْحٰبُ مُوْسٰٓى اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ ﴿۶۱﴾

کہنے لگے　موسیٰ کے　لوگ　ہم تو　پکڑے گئے

دریائے قلزم کے کنارے پر:

یعنی بحر قلزم کے کنارہ پہنچ کر بنی اسرائیل پار ہونے کی فکر کر رہے تھے کہ پیچھے سے فرعونی لشکر نظر آیا گھبرا کر موسیٰ علیہ السلام سے کہنے لگے کہ اب ان کے ہاتھ سے کیسے بچیں گے۔ آگے سمندر حائل ہے اور پیچھے سے دشمن دبائے چلا آ رہا ہے۔

قَالَ كَلَّا ۚ اِنَّ مَعِىَ رَبِّىْ سَيَهْدِيْنِ ﴿۶۲﴾

کہا ہرگز نہیں میرے ساتھ ہے　میرا رب وہ مجھ کو راہ بتلائے گا

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا اطمینان علی اللہ:

یعنی گھبراؤ نہیں، اللہ کے وعدوں پر اطمینان رکھو، اُس کی حمایت و نصرت میرے ساتھ ہے۔ وہ یقیناً ہمارے لئے کوئی راستہ نکال دے گا۔ ناممکن ہے

besturdubooks.wordpress.com

کہ دشمن ہم کو پکڑ سکے۔

فَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ

پھر حکم بھیجا ہم نے موسیٰ کو کہ مار اپنے عصا سے دریا کو

فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ ﴿۶۳﴾

پھر دریا پھٹ گیا تو ہو گئی ہر پھانک جیسے بڑا پہاڑ

عصائے موسیٰ سے پانی میں راستے بن گئے:

پانی بہت گہرا تھا۔ بارہ جگہ سے پھٹ کر خشک راستے بن گئے بارہ قبیلے بنی اسرائیل کے الگ الگ اُن میں کو گزرے اور بیچ میں پانی کے پہاڑ کھڑے رہ گئے۔ (کذافی موضح القرآن)

وَاَزْلَفْنَا ثَمَّ الْاٰخَرِيْنَ ﴿۶۴﴾ وَاَنْجَيْنَا مُوْسٰى وَمَنْ

اور پاس پہنچا دیا ہم نے اُسی جگہ دوسروں کو اور بچا دیا ہم نے موسیٰ کو اور جو

مَّعَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿۶۵﴾ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۶۶﴾

لوگ تھے اُس کے ساتھ سب کو پھر ڈبا دیا ہم نے اُن دوسروں کو

فرعون اور اس کے لشکر کی غرقابی:

یعنی فرعونی لشکر بھی قریب آ گیا اور دریا میں راستے بنے ہوئے دیکھ کر بنی اسرائیل کے بعد بے سوچے سمجھے گھس پڑا۔ جب تمام لشکر دریا کی لپیٹ میں آ گیا، فوراً خدا کے حکم سے پانی کے پہاڑ ایک دوسرے سے مل گئے۔ یہ قصہ پہلے گزر چکا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۶۷﴾

اس چیز میں ایک نشانی ہے اور نہیں تھے بہت لوگ اُن میں ماننے والے

حق کی کامیابی کی دلیل:

یعنی جب اکثروں نے حق کو قبول نہ کیا تو آخر میں قدرت نے یہ نشان دکھلایا۔ جس سے صادقین اور مکذبین کے انجام کا دنیا ہی میں الگ الگ پتہ چل جاتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

بلاشبہ اس میں (یعنی موسیٰ کو ساتھیوں سمیت بچا لینے اور فرعون کو ساتھیوں سمیت غرق کر دینے میں) کھلی ہوئی دلیل ہے (موسیٰ کی سچائی کی) اور ان میں (یعنی فرعون کے ساتھیوں میں) اکثر لوگ مؤمن نہ تھے۔ روایت میں آیا ہے کہ فرعون کے ساتھیوں میں سے صرف یہ لوگ ایمان لائے تھے آسیہ فرعون کی بی بی، ایک وہ شخص جو اپنے ایمان کو چھپائے ہوا تھا یعنی خرئیل اور اس کی بی بی اور مریم بنت ناموسیا۔ یہ مریم وہی عورت تھی جس نے حضرت یوسف علیہ السلام کی قبر کی نشاندہی کی تھی۔ (تفسیر مظہری)

وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۶۸﴾

اور تیرا رب وہی ہے زبردست رحم والا

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی:

یہ سنا دیا ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ مکہ کے فرعون بھی مسلمانوں کے پیچھے نکلیں گے لڑائی کو۔ پھر وطن سے باہر تباہ ہوں گے "بدر" کے دن جیسے فرعون تباہ ہوا۔ (موضح القرآن)

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ اِبْرٰهِيْمَ ﴿۶۹﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ

اور سنا دے اُن کو خبر ابراہیم کی جب کہا اپنے باپ کو

وَقَوْمِهٖ مَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۷۰﴾

اور اس کی قوم کو تم کس کو پوجتے ہو

دعوتِ ابراہیمی: یعنی یہ چیز کیا ہے جسے تم پوجتے ہو؟ (تفسیر عثمانی)

قَالُوْا نَعْبُدُ اَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا عٰكِفِيْنَ ﴿۷۱﴾

وہ بولے ہم پوجتے ہیں مورتوں کو پھر سارے دن انہی کے پاس لگے بیٹھے رہتے ہیں

قوم کا جواب:

یعنی تم ہمارے معبودوں کو جانتے نہیں جو ایسی تحقیر سے سوال کر رہے ہو۔ ہم ان مورتوں کو پوجتے ہیں اور اس قدر وقعت وعقیدت ہمارے دل میں ہے کہ دن بھر آسن جما کر ان ہی کو لگے بیٹھے رہتے ہیں۔ (تفسیر حقانی)

کہنے لگے ہم بتوں کو پوجتے ہیں اور ہمیشہ ان ہی پر جمے رہتے ہیں (حضرت ابراہیم کا سوال مختصر تھا لیکن) فخر کے طور پر انہوں نے جواب کو طول دے دیا نَظَلُّ (کا لغوی ترجمہ ہے ہم دن کو ہوتے ہیں۔ لیکن یہ ترجمہ یہاں مناسب نہیں ہے اس لئے اس جگہ اس کا معنی ہے ہم ہمیشہ رہتے ہیں؟ بغوی نے لکھا ہے وہ لوگ دن میں بتوں کی پوجا کرتے تھے رات کو نہیں کرتے تھے۔ (تفسیر مظہری)

قَالَ هَلْ يَسْمَعُوْنَكُمْ اِذْ تَدْعُوْنَ ﴿۷۲﴾

کہا کچھ سنتے ہیں تمہارا کہا جب تم پکارتے ہو

حضرت ابراہیم کا سوال:

یعنی اتنا پکارنے پر کبھی تمہاری بات سنتے ہیں؟ اگر نہیں سنتے (جیسا کہ

besturdubooks.wordpress.com

اُن کے جماد ہونے سے ظاہر ہے) تو پکارنا فضول ہے۔

اَوْ يَنْفَعُوْنَكُمْ اَوْ يَضُرُّوْنَ ﴿۷۳﴾

یا کچھ بھلا کرتے ہیں تمہارا یا بُرا

یعنی کیا پوجنے پر کچھ نفع یا نہ پوجنے کی صورت میں کچھ نقصان پہنچا سکتے ہیں؟ ظاہر ہے جو اپنے اُوپر سے مکھی تک نہ اُڑا سکیں وہ دوسرے کو کیا نفع نقصان پہنچا سکیں گے؟ پھر ایسی عاجز ولا یعقل چیز کو معبود بنانا کہاں کی عقلمندی ہے۔

قَالُوْا بَلْ وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۴﴾

بولے نہیں پر ہم نے پایا اپنے باپ دادوں کو یہی کام کرتے

قوم کا جواب:

یعنی ان منطقی بحثوں اور کج بحثیوں کو ہم نہیں جانتے، نہ ہماری عقیدت اور پرستش کا مدار ان باتوں پر ہے بس سو دلیلوں کی ایک دلیل یہ ہے کہ ہمارے بڑے اسی طرح کرتے چلے آئے۔ کیا ہم اُن سب کو احمق سمجھ لیں۔

قَالَ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿۷۵﴾

کہا بھلا دیکھتے ہو جن کو پوجتے رہے ہو

اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمُ الْاَقْدَمُوْنَ ﴿۷۶﴾

تم اور تمہارے باپ دادے اگلے

یعنی ان کا پوجنا ایک پُرانی حماقت ہے، ورنہ جس کے اختیار اور قبضہ میں ذرہ برابر نفع نقصان نہ ہو اُس کی عبادت کیسی؟

فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّيْٓ

سو وہ میرے غنیم ہیں

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا اعلانِ جنگ:

یعنی لو! میں بے خوف وخطر اعلان کرتا ہوں کہ تمہارے ان معبودوں سے میری لڑائی ہے میں ان کی گت بنا کر رہونگا وَتَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِيْنَ (انبیاء رکوع ۵) اگر ان میں کوئی طاقت ہے تو مجھ کو نقصان پہنچا دیکھیں۔ کما قال تعالیٰ فی موضع آخر وَلَآ اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ رَبِّيْ شَيْئًا الآیۃ (انعام۔ رکوع ۹) وقال نوح علیہ السلام فَاَجْمِعُوْٓا اَمْرَكُمْ وَشُرَكَآءَكُمْ (یونس۔ رکوع ۸) وقال ہود (علیہ السلام) فَكِيْدُوْنِيْ جَمِيْعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ (ہود۔ رکوع ۵) اور بعض مفسرین نے کہا کہ یہ نہایت موثر ولطیف پیرا یہ میں مشرکین پر تعریض ہے۔ یعنی جن کی تم عبادت کر رہے ہو میں اُن کو اپنا دشمن سمجھتا ہوں۔ اگر نعوذ باللہ ان کی پرستش کروں تو سراسر نقصان ہے۔ اسی سے سمجھ لو کہ تم بھی ان کی عبادت کر کے نقصان اُٹھا رہے ہو۔ (تفسیر عثمانی)

اپنا دشمن کہنے سے درپردہ یہ مراد ہے کہ وہ تمہارے دشمن ہیں تم کو ان کی پوجا کرنے سے ایسا ضرر پہنچے گا جو کسی شخص کو اپنے دشمن سے نہیں پہنچتا۔ مہربان واعظ کی نصیحت کرنے کا یہ مؤثر طریقہ ہی ہے کہ پہلے وہ اپنی ذات کو مخاطب کرتا ہے اور مقصد ہوتا ہے دوسروں کو نصیحت کرنا۔ اسی قسم کا استعمال دوسری آیت میں آیا ہے فرمایا ہے وَمَا لِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ یعنی کیا وجہ کہ تم اپنے خالق کی عبادت نہ کرو۔

جمادات کی طرف دشمن ہونے کی نسبت مجازی ہے یا تو اس وجہ سے کہ وہ ضرر پہنچنے کا ذریعہ ہیں یا اس وجہ سے کہ قیامت کے دن وہ دشمن بن جائیں گے۔ (تفسیر مظہری)

اِلَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۷﴾

مگر جہان کا رب

کہ وہ ہی میرا معبود دوست اور مددگار ہے۔ (تفسیر عثمانی)

بعض اہل علم نے کہا کہ قوم ابراہیم بتوں کے ساتھ اللہ کی بھی عبادت کرتے تھے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا تمہارے سارے معبود سوائے رب العالمین کے میرے دشمن ہیں یا یوں کہا جائے کہ ان کے آباد اجداد میں سے کچھ لوگ اللہ کو مانتے اور اس کی عبادت کرتے تھے (ان دونوں صورتوں میں استثناء متصل ہوگا) (تفسیر مظہری)

الَّذِيْ خَلَقَنِيْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ ﴿۷۸﴾

جس نے مجھ کو بنایا سو وہی مجھ کو راہ دکھلاتا ہے

اللہ تعالیٰ ہی خالق وراہنما ہے:

یعنی فلاح دارین کی راہ دکھاتا اور اعلیٰ درجہ کے فوائد ومنافع کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

ہر مخلوق کو زندگی کا دنیوی واخروی راستہ وہی بتاتا ہے اللہ نے فرمایا ابتداء ایجاد سے انتہا موت تک پوری زندگی اللہ تخلیقی تدریجی رہنمائی فرماتا رہتا ہے تاکہ انسان مفید حیات چیزوں کو حاصل کرتا اور ضرر رساں چیزوں سے بچتا رہے۔ رحم کے اندر بچہ ماں کا فضول خون ناف کے ذریعہ سے چوسنا شروع کرتا ہے اور اس سفر کی انتہاء داخلہ جنت ہے یہ ساری رہنمائی اللہ ہی کرتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَالَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ ﴿۷۹﴾ وَاِذَا مَرِضْتُ

اور وہ جو مجھ کو کھلاتا ہے اور پلاتا ہے اور جب میں بیمار ہوں

besturdubooks.wordpress.com

فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۙ وَالَّذِيْ يُمِيْتُنِيْ ثُمَّ يُحْيِيْنِ ۙ

تو وہی شفا دیتا ہے اور وہ جو مجھ کو مارے گا پھر جلائے گا

رازق، شافی اور زندگی وموت کا مالک اللہ ہی ہے

یعنی کھلانا پلانا، مارنا جلانا اور بیماری سے اچھا کرنا، سب اُسی کے قبضۂ قدرت میں ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ اور جب میں بیمار ہو جاتا ہوں تو وہ ہی مجھے شفا عنایت کرتا ہے۔

ادب کا لحاظ: بیماری اور شفا دونوں کا خالق اللہ ہی ہے لیکن بلحاظ ادب مریض کرنے کی نسبت اللہ کی طرف نہیں کی۔ حضرت خضر کے قول کو نقل کیا ہے اور فرمایا فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا میں نے ارادہ کیا کہ اس کشتی کو عیب دار کر دوں۔ فَاَرَادَ رَبُّكَ اَنْ يَّبْلُغَآ اَشُدَّهُمَا آپ کے رب نے چاہا کہ وہ دونوں اپنی بھرپور طاقت کو پہنچ جائیں (اول آیت میں ارادہ عیب کی نسبت حضرت خضر نے اپنی طرف کی تقاضاء ادب یہی تھا اور دوسری آیت میں ارادہ کی نسبت اللہ کی طرف کی تقاضاء معرفت یہی تھا۔ مترجم

حضرت ابراہیم نے بیمار ہونے کو اپنا فعل اسی لحاظ سے بھی قرار دیا کہ (گو بیماری اللہ پیدا کرتا ہے مگر) ہر مصیبت جو انسان پر آتی ہے وہ اسی کے کرتوت کا نتیجہ ہوتی ہے۔

موت اور بیماری کا فرق

اس کے علاوہ ایک بات یہ بھی ہے کہ حضرت ابراہیم اللہ کی عطا کردہ نعمتوں کو بیان کرنا چاہتے تھے (اور بیمار کرنا نعمت نہیں اس لئے بیمار کرنے کی نسبت اللہ کی طرف نہیں کی) لیکن آئندہ آیت میں موت دینے کی نسبت اللہ کی طرف کی ہے گو بظاہر موت بھی سخت تکلیف کا نام ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ موت میں کوئی ضرر نہیں ہوتا وہ تو ایک غیر محسوس چیز ہے مرنے سے پہلے جو عوارض و اسباب عارض ہوتے ہیں دکھ دینے والے تو وہ ہوتے ہیں ان کے بعد موت کا غیر محسوس درد ہوتا ہے ایک بات یہ بھی قابل غور ہے کہ اہل کمال کے لئے موت تو دنیوی مصائب و آلام سے چھوٹنے اور لازوال راحت ونعمت حاصل ہونے کا ذریعہ ہے مشہور مقولہ ہے کہ موت ایک پل ہے جو حبیب کو حبیب کے پاس پہنچا دیتا ہے ایک حدیث میں آیا ہے کہ اچانک موت مؤمن کے لئے راحت اور کافر کے لئے مؤاخذہ ہے۔ رواہ احمد والبیہقی عن عائشہؓ مرفوعاً دوسری حدیث میں آیا ہے کہ ہر مسلم کے لئے موت (گناہوں کا) کفارہ ہے۔ رواہ ابونعیم فی الحلیۃ والبیہقی بسند ضعیف عن انسؓ۔

پھر ایک عقلی بات یہ بھی ہے کہ موت عموماً کھانے پینے کی چیزوں میں (انتہائی) کمی (یا بیشی) کی وجہ سے ہوتی ہے۔ یوں بھی اخلاط (سوداء، صفراء، بلغم، خون) اور عناصر (آگ پانی مٹی ہوا) کے درمیان انتہائی تضاد اور کیفیات کا اختلاف ہے ان کے باہمی اختلاط کے بعد اعتدال مزاجی اور معتدل کیفیت کا ظہور تو جبراً اللہ کی قدرت سے ہو جاتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَالَّذِيْٓ اَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لِيْ خَطِيْٓئَتِيْ يَوْمَ الدِّيْنِ ؕ

اور وہ جو مجھ کو توقع ہے کہ بخشے میری تقصیر انصاف کے دن

یعنی کسی معاملہ میں بھول چوک یا اپنے درجہ کے موافق خطاء و تقصیر ہو جائے تو اُسی کی مہربانی سے معافی کی توقع ہو سکتی ہے کوئی دوسرا معاف کرنے والا نہیں۔ آگے حق تعالیٰ کے کمالات اور مہربانیوں کا ذکر کرتے کرتے حضرت ابراہیم نے غلبہ حضور سے دعاء شروع کر دی جو کمال عبدیت کے لوازم میں سے ہے۔ (تفسیر عثمانی)

مقام عصمت کی وضاحت:

جھوٹ اور معصیت کا لزوم تو اس وقت ہوتا جب کہ وہ اپنے آپ کو معصوم اور ہر گناہ سے پاک سمجھتے ہوئے زبان سے کہتے کہ میں گناہگار، خطا وار ہوں مگر وہ تو اپنے آپ کو گناہوں سے پاک جانتے ہی نہ تھے (گو پاک تھے) واقعہ یہ ہے کہ صوفی جب مقام فقر وفنا کی تکمیل کر لیتا ہے تو وہ اپنی ہستی اور اپنے سارے کمالات کو حق تعالیٰ کی طرف سے عاریت سمجھتا ہے اور اپنے نفس کو معدوم محض تصور کرتا ہے اور خیال کرتا ہے کہ میرا نفس تو تمام شرور کا مبدء ہے اللہ نے فرمایا ہے مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ۡ وَمَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَّفْسِكَ ؕ تم کو جو بھلائی پہنچتی ہے وہ اللہ کی طرف سے پہنچتی ہے اور جو برائی پہنچتی ہے وہ تمہارے نفس کی طرف سے پہنچتی ہے۔ اس حالت میں اگر صوفی اپنے کو گناہگار کہتا ہے تو اس کو جھوٹ نہیں کہا جا سکتا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا واقعہ:

ایک بار ظہر کی دو رکعتیں پڑھنے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سہو ہو گیا (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیال کیا میں پوری نماز پڑھ چکا اسلئے سلام پھیر دیا) ذوالیدین (ایک صحابی تھے) نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا نماز میں قصر کر دیا گیا یا حضور صلی اللہ علیہ وسلم بھول گئے فرمایا اس میں سے کوئی بات نہیں ہوئی۔ ذوالیدین نے عرض کیا (حضور) کچھ تو ہوا پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو فرمایا تھا اس میں سے کوئی بات نہیں ہوئی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ بات ہرگز ہرگز نہ جھوٹ ہو سکتی ہے نہ گناہ ہاں نسیان ہو سکتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی دعا کی تھی رَبِّ اغْفِرْلِيْ خَطِيْٓئَتِيْ اے میرے رب میرے قصور کو معاف فرما دے اس دعا کی بنیاد بھی انکسار نفس ہے اور چونکہ یہ امر ہے اور امر انشاء

besturdubooks.wordpress.com

کی قسم ہے اسلئے اس میں کذب کا احتمال بھی نہیں ہے۔ (تفسیر مظہری)

بندہ ہمان بہ کہ ز تقصیر خویش — عذر بدرگاہ خدا آورد
ورنہ سزاوار خداوند لیش — کس نتواند کہ بجا آورد

رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ

اے میرے رب دے مجھ کو حکم اور ملا مجھ کو نیکوں میں

حضرت ابراہیمؑ کی دُعاء:

یعنی مزید علم وحکمت اور درجات قرب وقبول مرحمت فرما، اور اعلیٰ درجہ کے نیکوں کے زمرہ میں (جو انبیاء علیہم السلام ہیں) شامل رکھ۔ کما قال نبینا صلی اللہ علیہ وسلم "اَللّٰھُمَّ فِی الرَّفِیْقِ الْاَعْلٰی" اس دعاء سے اپنی کامل احتیاج اور حق تعالیٰ کی عنایت کا اظہار مقصود ہے یعنی نبی ہو یا ولی، اللہ تعالیٰ کسی کے معاملہ میں مجبور ومضطر نہیں، ہمہ وقت اُس کے فضل ورحمت سے کام چلتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ

اور رکھ میرا بول سچا پچھلوں میں

یعنی ایسے اعمال مرضیہ اور آثار حسنہ کی توفیق دے کہ پیچھے آنے والی نسلیں ہمیشہ میرا ذکر خیر کریں اور میرے راستہ پر چلنے کی طرف راغب ہوں۔ اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آخر زمانہ میں میرے گھرانے سے نبی ہو اور اُمت ہو، اور میرا دین تازہ کریں۔ چنانچہ یہ ہی ہوا کہ حق تعالیٰ نے ابراہیمؑ کو دنیا میں قبول عام عطا فرمایا اور اُن کی نسل سے خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث کیا جنہوں نے ملت ابراہیمی کی تجدید کی اور یہ فرمایا کہ میں ابراہیمؑ کی دعاء ہوں، آج بھی ابراہیم کا ذکر خیر اہل مِلل کی زبانوں پر جاری ہے اور اُمت محمدیہ تو ہر نماز میں "کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ" اور "کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ" پڑھتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی میری اچھی تعریف اور بھلائی کا ذکر اور قبول عام آئندہ لوگوں کی زبانوں پر کر دے (کہ سب مجھے اچھا کہیں کوئی برائی کے ساتھ میرا ذکر نہ کرے) یا یہ مطلب ہے کہ آنے والی امتیں اگر میری ثناء کریں تو وہ سچی ہو (میری غیر واقعی اور غلط تعریف نہ کریں)۔ (تفسیر مظہری)

وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ

اور کر مجھ کو وارثوں میں نعمت کے باغ کے

یعنی جنت کا جو آدم کی میراث ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَاغْفِرْ لِاَبِيْ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الضَّآلِّيْنَ

اور معاف کر میرے باپ کو وہ تھا راہ بھولے ہوؤں میں

ترجمہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ دعاء باپ کی موت کے بعد کی ہے مگر دوسری جگہ تصریح آ گئی کہ جب اُس کا دشمن خدا ہونا ظاہر ہو گیا تو براءت اور بیزاری کا اظہار فرمایا۔ کما قال تعالیٰ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ (توبہ۔ رکوع۱۴) اور اگر اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الضَّآلِّيْنَ میں کَانَ کا ترجمہ تھا کے بجائے ہے سے کیا جائے پھر کوئی اشکال نہیں۔ کیونکہ زندگی میں ایمان لے آنے کا امکان تھا۔ تو دعاء کا حاصل یہ ہے کہ الٰہی اس کو ایمان سے مشرف فرما کر کفر کے زمانہ کی خطائیں معاف فرما دے۔ اس کی قدرے مفصل تحقیق پہلے کسی جگہ گزر چکی ہے۔ فلیراجع۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت ابراہیم کا والد کیلئے استغفار:

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ کے لئے ان کی زندگی میں استغفار اس نیت اور خیال سے کی تھی کہ اللہ رب العزت ان کو ایمان لانے کی توفیق دے جس کے بعد مغفرت یقینی ہے یا حضرت ابراہیم علیہ السلام کا یہ خیال تھا کہ میرا باپ خفیہ طور پر ایمان لے آیا ہے اگرچہ اس کا اظہار اور اعلان نہیں کیا لیکن جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو معلوم ہو گیا کہ میرا باپ تو کفر پر مرا ہے تو انہوں نے اپنی پوری بیزاری اور براءۃ کا اظہار فرمایا۔

(فائدہ) اس بات کی تحقیق کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو باپ کا کفر اور شرک اپنے باپ کی زندگی میں معلوم ہو گیا تھا یا مرنے کے بعد یا قیامت کے روز ہوگا، اس کی پوری تفصیل سورہ توبہ میں مذکور ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ۝ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ

اور رسوا نہ کر مجھ کو جس دن سب جی کر اٹھیں جس دن نہ کام آئے کوئی مال

وَّلَا بَنُوْنَ ۝ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ

اور نہ بیٹے مگر جو کوئی آیا اللہ کے پاس لے کر دل چنگا

پاک دِل:

یعنی بھلا چنگا بے روگ دل جو کفر ونفاق اور فاسد عقیدوں سے پاک ہوگا وہ ہی وہاں کام دے گا۔ نرے مال واولاد کچھ کام نہ آئیں گے۔ اگر کافر چاہے کہ قیامت میں مال واولاد فدیہ دے کر جان چھڑا لے، تو ممکن نہیں۔ یہاں کے صدقات وخیرات اور نیک اولاد سے بھی کچھ نفع کی توقع اُسی وقت ہے جب اپنا دل کفر کی پلیدی سے پاک ہو۔ (تفسیر عثمانی)

کافروں اور منافقوں کی رسوائی:

شیخین نے صحیحین میں خود حضرت ابن عمر کا بیان نقل کیا ہے۔ آپ نے فرمایا مجھ سے دریافت کیا گیا کہ (قیامت کے دن اللہ جو بعض بندوں سے

besturdubooks.wordpress.com

کچھ چپکے چپکے فرمائے گا جس کی دوسروں کو اطلاع نہ ہوگی اس) سرگوشی کے متعلق آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا سنا ہے۔ میں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ تم میں سے بعض لوگ اپنے رب کے قریب ہو جائیں گے یہاں تک کہ وہ ان پر اپنا پردہ ڈال دے گا اور فرمائے گا کیا تو نے ایسا ایسا کیا تھا۔ بندہ عرض کرے گا جی ہاں جی ہاں۔ اللہ فرمائے گا میں نے دنیا میں تیرے اس عمل پر پردہ ڈالے رکھا تھا اور آج معاف کرتا ہوں پھر اس کی نیکیوں کی تحریر سیدھے ہاتھ میں دے دی جائے گی۔ البتہ کافروں اور منافقوں کو سب کے سامنے علی الاعلان پکارا جائے گا۔ هٰؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب پر دروغ تراشی کی تھی۔ آگاہ ہو جاؤ کہ ان ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے۔

شرک اور شک سے پاک دِل:

سلیم سے مراد شرک اور شک سے پاک دل ہے گناہوں سے پاک ہونا مراد نہیں ہے کیونکہ کوئی شخص بھی (لغزش یا چھوٹے بڑے ہر قسم کے) گناہ سے پاک نہیں ہے۔ بغوی نے لکھا ہے یہی قول اکثر اہل تفسیر کا ہے۔

بدعت سے پاک دِل:

سعید بن جبیر نے کہا سلیم (تندرست صحت مند) دل مومن کا ہے اور بیمار دل کافر اور منافق کا (اس قول پر آیت میں ہر مومن مراد ہوگا) ابو عثمان نیشا پوری نے کہا سلیم (سالم۔ خالی) دل اس کا ہے جو ہر بدعت سے خالی ہو اور سنت پر قائم ہو یعنی (آیت میں) اہل سنت والجماعت (مراد ہیں)

کافر کو کوئی چیز فائدہ نہ دے گی:

آیت کا تفسیری مطلب یہ ہے کہ اس روز مال اور اولاد کسی کو فائدہ نہیں پہنچائے گی۔ ہاں مومن کو فائدہ پہنچائے گی۔ اس صورت میں مستثنیٰ مفرغ ہوگا یا یہ مطلب ہے کہ کسی کا مال و اولاد مفید نہ ہوگی ہاں مومن کا مال اور اولاد کام آئے گی۔ خلاصہ مطلب یہ ہے کہ کافر خواہ اپنے قرابتداروں کے لئے کتنا ہی مال صرف کردے اور کتنے ہی مسکینوں کو کھانا کھلائے کچھ بھی اس کے کام نہ آئے گا نہ اولاد اس کے کام آئے گی خواہ اس کی اولاد صلحاء اور انبیاء ہی ہوں مگر کافر کی کوئی شفاعت نہیں کرے گا نہ اس کے لئے معافی کا طلبگار ہوگا۔ (تفسیر مظہری)

تندرست دِل:

دوسری بات یہ ہے کہ قلب سلیم کے لفظی معنے تندرست دل کے ہیں۔ ابن عباسؓ نے فرمایا کہ اس سے مراد وہ قلب ہے، جو کلمہ توحید کی گواہی دے اور شرک سے پاک ہو، یہی مضمون مجاہد حسن بصری سعید بن میسب سے بعنوان مختلف منقول ہے۔ سعید بن میسبؒ نے فرمایا کہ تندرست دل صرف

مومن کا ہو سکتا ہے، کافر کا دل بیمار ہوتا ہے۔ (معارف مفتی اعظمؒ)

وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۹۰﴾ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِلْغٰوِيْنَ ﴿۹۱﴾

اور پاس لائیں بہشت کو واسطے ڈر والوں کے اور نکالیں دوزخ کو سامنے بے راہوں کے

جنت و دوزخ کا نظارہ: یعنی محشر میں جنت مع اپنی انتہائی آرائش و زیبائش کے متقین کو قریب نظر آئے گی۔ جسے دیکھ کر داخل ہونے سے پہلے ہی مسرور و محظوظ ہوں گے۔ اسی طرح دوزخ کو مجرموں کے پاس لے آئیں گے تا داخل ہونے سے پیشتر ہی خوف کھا کر لرزنے لگیں۔

وَقِيْلَ لَهُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿۹۲﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

اور کہیں اُن کو کہاں ہیں جن کو تم پوجتے تھے اللہ کے سوائے

هَلْ يَنْصُرُوْنَكُمْ اَوْ يَنْتَصِرُوْنَ ﴿۹۳﴾

کیا کچھ مدد کرتے ہیں تمہاری یا بدلہ لے سکتے ہیں

فرضی معبود کہاں ہیں: یعنی اب وہ فرضی معبود کہاں گئے کہ نہ تمہاری مدد کر کے اس عذاب سے چھڑا سکتے ہیں نہ بدلہ لے سکتے ہیں بلکہ خود اپنی بھی مدد نہیں کر سکتے۔

فَكُبْكِبُوْا فِيْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ ﴿۹۴﴾ وَجُنُوْدُ اِبْلِيْسَ

پھر اوندھے ڈالیں اُس میں ان کو اور سب بے راہوں کو اور ابلیس کے لشکر کو

اَجْمَعُوْنَ ﴿۹۵﴾ قَالُوْا وَهُمْ فِيْهَا يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۹۶﴾

سبھوں کو کہیں گے جب وہ وہاں باہم جھگڑنے لگیں

تَاللّٰهِ اِنْ كُنَّا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۹۷﴾ اِذْ نُسَوِّيْكُمْ

قسم اللہ کی ہم تھے صریح غلطی میں جب ہم تم کو برابر کرتے تھے

بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۸﴾ وَمَآ اَضَلَّنَآ اِلَّا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۹۹﴾

پروردگار عالم کے، اور ہم کو راہ سے بہکایا سو ان گنہگاروں نے

فَمَا لَنَا مِنْ شَافِعِيْنَ ﴿۱۰۰﴾ وَلَا صَدِيْقٍ حَمِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾

پھر کوئی نہیں ہماری سفارش کرنے والے اور نہ کوئی دوست محبت کرنیوالا

انجام کار سب باطل پرستوں کا آپس میں جھگڑا:

یعنی بت اور بت پرست اور ابلیس کا سارا لشکر، سب کو دوزخ میں اوندھے منہ گرا دیا جائے گا۔ وہاں پہنچ کر آپس میں جھگڑیں گے۔ ایک دوسرے کو الزام دے گا اور آخر کار اپنی گمراہی کا اعتراف کریں گے کہ واقعی ہم سے بڑی سخت

besturdubooks.wordpress.com

غلطی ہوئی کہ تم کو (یعنی بتوں کو یا دوسری چیزوں کو جنہیں خدائی کے حقوق و اختیارات دے رکھے تھے) رب العالمین کے برابر کر دیا۔ کیا کہیں یہ غلطی ہم سے ان بڑے شیطانوں نے کرائی، اب ہم اس مصیبت میں گرفتار ہیں نہ کوئی بُت کام دیتا ہے نہ شیطان مدد کو پہنچتا ہے۔ وہ خود ہی دوزخ کے کندے بن رہے ہیں۔ کوئی اتنا بھی نہیں کہ خدا کے یہاں ہماری سفارش کر دے یا کم از کم اس آڑے وقت میں کوئی دوست دلسوزی و ہمدردی ہی کا اظہار کرے۔ سچ ہے اَلْاَخِلَّآءُ یَوْمَئِذٍۢ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِیْنَ (زخرف۔ رکوع ۶)
(تفسیر عثمانی)

نکتہ: شافعین کو جمع اور صدیق کو مفرد ذکر کرنے کی چند وجوہ ہو سکتی ہیں۔
(۱) عام طور پر سفارشی تو بہت ہو جاتے ہیں اور سچا دوست کم ہی ملتا ہے۔
(۲) جتنی کوشش متعدد سفارشی کرتے ہیں ان سب سے زیادہ لگن کے ساتھ ایک دوست کوشش کرتا ہے۔
(۳) صدیق کا اطلاق واحد پر بھی ہوتا ہے اور جمع پر بھی۔

کافر کو گہری دوستی بھی کام نہ آئے گی:

اس روز گہرے دوست بھی ایک دوسرے کے دشمن ہو جائیں گے ہاں متقی (باہم دشمن نہ ہوں گے) بغوی نے حضرت جابرؓ بن عبداللہ کی روایت سے بیان کیا۔ حضرت جابر نے فرمایا میں نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ آدمی جنت کے اندر کہے گا میرا فلاں دوست کیا ہوا (کہاں گیا) اس وقت اس جنتی کا دوست جہنم میں ہوگا۔ (تفسیر مظہری)

فَلَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۰۲﴾
سو کسی طرح ہم کو پھر جانا ملے تو ہم ہوں ایمان والوں میں

کافروں کی ناکام حسرت:

یعنی اگر ایک مرتبہ ہم کو پھر دنیا کی طرف واپس جانے کا موقع دیا جائے تو اب وہاں سے پکے ایماندار بن کر آئیں لیکن یہ کہنا بھی جھوٹ ہے۔ وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ (انعام رکوع ۳)

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿۱۰۳﴾
اس بات میں نشانی ہے اور بہت لوگ اُن میں نہیں ماننے والے

قصہ ابراہیمؑ کا سبق:

یعنی ابراہیمؑ کے اس قصہ میں توحید وغیرہ کے دلائل اور مشرکین کا عبرتناک انجام دکھلایا گیا ہے مگر لوگ کہاں مانتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)
حضرت ابراہیم اپنی قوم پر کس قدر مہربان تھے۔ بیان قرآنی میں اس کی

کیسی اعلیٰ تصویر پیش کی ہے اور نفسِ واقعہ کی کیسی تصویر کشی کی ہے وعدہ وعید کو بھی بطور نقل بیان کیا ہے لیکن در پردہ تا کہ سننے والے گوشِ قبول سے اس کو سنیں اور نفرت نہ کریں پھر اس بیان میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت کی بھی واضح دلیل اور کھلا ہوا ثبوت موجود ہے (کہ آپ باوجود امی ہونے کے ہزاروں سال پرانا واقعہ کس قدر خوبصورتی اور صداقت کے ساتھ بیان کر رہے ہیں اگر یہ خدا تعالیٰ کی طرف سے بیان کردہ نہیں ہے تو اور کیا ہے) (تفسیر مظہری)

وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ﴿۱۰۴﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوْحِ
اور تیرا رب وہی ہے زبردست رحم والا جھٹلایا نوح کی قوم نے
الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ نُوْحٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۰۶﴾
پیغام لانیوالوں کو جب کہا ان کو ان کے بھائی نوح نے کیا تم کو ڈر نہیں
اِنِّیْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِیْنٌ ﴿۱۰۷﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوْنِ ﴿۱۰۸﴾
میں تمہارے واسطے پیغام لانیوالا ہوں معتبر سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو

حضرت نوحؑ کی دعوت:

یعنی نہایت صدق وامانت کے ساتھ حق تعالیٰ کا پیغام بلا کم وکاست تم کو پہنچاتا ہوں۔ لہٰذا واجب ہے کہ پیغام الٰہی سن کر خدا سے ڈرو۔ اور میرا کہا مانو۔ (تفسیر عثمانی)

ایک پیغمبر کا انکار سب کا انکار ہے:

روایات میں آیا ہے کہ حسن بصریؒ سے دریافت کیا گیا۔ ابوسعید یہ تو بتائیے کہ اللہ نے كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوْحِ ۨ الْمُرْسَلِیْنَ كَذَّبَتْ عَادُ ۨ الْمُرْسَلِیْنَ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ الْمُرْسَلِیْنَ فرمایا ہے باوجودیکہ ان میں سے ہر قوم نے صرف اپنے ہی ایک پیغمبر کی تکذیب کی کیونکہ ان کی ہدایت کے لئے ایک ہی پیغمبر کو بھیجا گیا تھا۔ حسن بصری نے فرمایا ہر دوسرا پیغمبر انہی (عقائد و اعمال) کی تعلیم لے کر آیا جس کے لئے پہلا پیغمبر آیا اور جب انہوں نے ایک پیغمبر کی تکذیب کی تو حقیقت میں سب کی تکذیب کی۔ (تفسیر مظہری)

وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِیَ
اور مانگتا نہیں میں تم سے اس پر کچھ بدلہ میرا بدلہ ہے
اِلَّا عَلٰی رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۰۹﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوْنِ ﴿۱۱۰﴾
اسی پروردگار عالم پر سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو

پیغمبر بے لوث ہوتا ہے:

یعنی ایک بے غرض اور بے لوث آدمی کی بات ماننی چاہئے۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

طاعات پر اُجرت لینے کا حکم:

وَمَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ تعلیم اور تبلیغ پر اُجرت لینا درست نہیں ہے اس لئے سلف صالحین نے اجرت لینے کو حرام کہا ہے لیکن متاخرین نے اس کو بحالت مجبوری جائز قرار دیا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

قَالُوٓا اَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ الْاَرْذَلُوْنَ

بولے کیا ہم تجھ کو مان لیں اور تیرے ساتھ ہو رہے ہیں کمینے

قوم کے سرداروں کا اعتراض:

یعنی تھوڑے سے کمینے اور نیچ قوم کے لوگ اپنی نمود کے لئے تیرے ساتھ ہو گئے ہیں، بھلا یہ کیا اُونچے کام کریں گے اور ہمارا افضل و شرف کب اجازت دے سکتا ہے کہ ان کمینوں کے دوش بدوش تمہاری مجلس میں بیٹھا کریں، پہلے تو آپ ان کو اپنے یہاں سے کھسکایئے پھر ہم سے بات کرنا۔ (تفسیر عثمانی)

قوم نوح کا احمق پن:

بغوی نے ترجمہ کیا ہے نچلے طبقہ والے۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا سنار عکرمہ نے کہا کپڑا بننے والے اور موچی۔ قوم نوح کے یہ الفاظ بتا رہے ہیں کہ وہ بہت خفیف العقل احمق تھے ان کے پیش نظر صرف حقیر متاع دنیا تھا وہ نادار مومنوں کے متعلق یہی رائے رکھتے تھے کہ صرف مال کے لالچ اور کچھ اونچا اٹھنے کے لئے وہ ایمان لائے ہیں۔ غور و خوض اور فکر و بصیرت کے بعد مسلمان نہیں ہوئے ان لوگوں کا تمہاری دعوت قبول کرنا ہی اس بات کی دلیل ہے کہ تمہاری دعوت و نصیحت غلط اور باطل ہے ایسے کمینوں کے ساتھ ہم کیسے ایمان لا سکتے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

قَالَ وَمَا عِلْمِيْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۞ اِنْ حِسَابُهُمْ

کہا مجھ کو کیا جاننا ہے اُس کا جو کام وہ کر رہے ہیں اُن کا حساب پوچھنا

اِلَّا عَلٰى رَبِّيْ لَوْ تَشْعُرُوْنَ ۞ وَمَآ اَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۞

میرے رب کا ہی کام ہے اگر تم سمجھ رکھتے ہو اور میں ہانکنے والا نہیں ایمان لانے والوں کو

غریبوں کو دھکے نہیں دیے جاسکتے:

یعنی مجھے اُن کا صدق و ایمان قبول ہے، اُن کے پیشے یا نیت اور اندرونی کاموں کے جاننے سے کیا مطلب۔ اس کا فیصلہ اور حساب تو پروردگار کے یہاں ہوگا۔ باقی میں تمہاری خاطر سے غریب ایمانداروں کو اپنے پاس سے دھکے نہیں دے سکتا۔

اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۞

میں تو بس یہی ڈر سنا دینے والا ہوں کھول کر

یعنی میرا فرض تم کو آگاہ کر دینا تھا سو کر چکا، تمہاری فرمائشیں پوری کرنا میرے ذمہ نہیں۔

قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰنُوْحُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمَرْجُوْمِيْنَ ۞

بولے اگر تو نہ چھوڑے گا اے نوح تو ضرور سنگسار کر دیا جائے گا

قوم والوں کی دھمکی:

یعنی بس اب ہم کو اپنی نصیحت سے معاف رکھو، اگر اس روش سے باز نہ آئے تو سنگسار کئے جاؤ گے۔

قَالَ رَبِّ اِنَّ قَوْمِيْ كَذَّبُوْنِ ۞ فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا

کہا اے رب میری قوم نے تو مجھ کو جھٹلایا سو فیصلہ کر دے میرے ان کے بیچ میں کسی طرح کا فیصلہ

حضرت نوح علیہ السلام کی دُعاء:

یعنی میرے اور اُن کے درمیان عملی فیصلہ فرما دیجئے۔ اب ان کے راہ راست پر آنے کی توقع نہیں۔

وَّنَجِّنِيْ وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۞

اور بچا لے مجھ کو اور جو میرے ساتھ ہیں ایمان والے

یعنی مجھ کو اور میرے ساتھیوں کو الگ کر کے ان کا بیڑا غرق کر۔

فَاَنْجَيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ۞

پھر بچا دیا ہم نے اس کو اور جو اس کے ساتھ تھے اس لدی ہوئی کشتی میں

ثُمَّ اَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبٰقِيْنَ ۞

پھر ڈبا دیا ہم نے اس کے پیچھے اُن باقی رہے ہوؤں کو

اس قصہ کی تفصیل پہلے کئی جگہ گزر چکی۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۞

البتہ اس بات میں نشانی ہے اور اُن میں بہت لوگ نہیں ہیں ماننے والے

وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۞ كَذَّبَتْ عَادُ

اور تیرا رب وہی ہے زبردست رحم والا جھٹلایا عاد نے

الْمُرْسَلِيْنَ ۞ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ هُوْدٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ۞

پیغام لانے والوں کو جب کہا اُن کو اُن کے بھائی ہود نے کیا تم کو ڈر نہیں

besturdubooks.wordpress.com

إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٢٥﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٢٦﴾

میں تمہارے پاس پیغام لانے والا معتبر ہوں سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو

وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ

اور نہیں مانگتا میں تم سے اس پر کچھ بدلہ میرا بدلہ ہے اُسی جہان کے

رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٢٧﴾ أَتَبْنُونَ بِكُلِّ رِيعٍ آيَةً تَعْبَثُونَ ﴿١٢٨﴾

مالک پر کیا بناتے ہو ہر اونچی زمین پر ایک نشان کھیلنے کو

وَتَتَّخِذُونَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُونَ ﴿١٢٩﴾

اور بناتے ہو کاریگریاں شاید تم ہمیشہ رہو گے

قوم عاد کی عمارت پرستی:

اُن لوگوں کو بڑا شوق تھا اونچے مضبوط منارے بنانے کا جس سے کچھ کام نہ نکلے، مگر نام ہو جائے اور رہنے کی عمارتیں بھی بڑے تکلف کی بناتے تھے مال ضائع کرنے کو۔ اُن میں بڑی کاریگریاں دکھلاتے گویا یہ سمجھتے تھے کہ ہمیشہ یہیں رہنا ہے اور یہ یادگاریں اور عمارتیں کبھی برباد نہ ہوں گی۔ لیکن آج دیکھو تو ان کے کھنڈر بھی باقی نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

کبوتر بازی:

سعید بن جبیر نے کہا قوم عاد والے کبوتر بازی کرتے تھے کبوتروں کے لئے انہوں نے برج بنا رکھے تھے۔ حضرت ہودؑ نے ان کے اس فعل کو پسند نہیں کیا اور ان برجوں کے بنانے کو لغو قرار دیا اس کی دلیل یہ ہے کہ آیت میں تعبثون آیا ہے یعنی تم لوگ ان سے کھیلتے ہو۔

ذلّت والا کام:

میں کہتا ہوں کھلا ہوا مطلب یہ ہے کہ وہ لوگ یادگار قائم رکھنے کے لئے محلات اونچی عمارتیں اور قلعے تعمیر کرتے تھے دنیا پرستوں کا شیوہ ہی یہی ہے۔ اس کی غرض یہ ہوتی تھی کہ ہمیشہ ان عمارتوں کو بنانے والوں کی یادگار باقی رہے۔ اسی کے متعلق اللہ نے فرمایا۔ أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ إِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ کیا تم کو معلوم نہیں کہ تمہارے رب نے بڑی بڑی لاٹیں بنانے والی عاد ارم کے ساتھ کیا سلوک کیا۔ چونکہ یہ عمل فضول اور بے نتیجہ تھا اس لئے حضرت ہودؑ نے اس کو پسند نہیں کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی یہ تعمیری عمل پسند نہیں تھا اسی لئے حضور اقدس نے ارشاد فرمایا جب اللہ کسی بندہ کی برائی چاہتا ہے تو کچی اینٹوں اور گارے میں اس کی ہمت کو محصور کر دیتا ہے کہ وہ عمارتیں بنانے لگتا ہے۔ رواہ الطبرانی بسند جید من حدیث جابر۔

لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُونَ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے صحیح بخاری میں بیان فرمایا کہ اس آیت میں لعل تشبیہ کے لئے ہے اور حضرت ابن عباسؓ نے ترجمہ فرمایا كَأَنَّكُمْ تَخْلُدُونَ یعنی گویا تم ہمیشہ رہو گے (کمافی الروح)۔

بلا ضرورت عمارت بنانا مذموم ہے:

اس آیت سے ثابت ہوا کہ بغیر ضرورت کے مکان بنانا اور تعمیرات کرنا شرعاً بُرا ہے۔ اور یہی معنی ہیں اس حدیث کے جو امام ترمذیؒ نے حضرت انسؓ سے روایت کی ہے کہ النفقة كلها في سبيل الله الا البناء فلا خير فيه یعنی وہ عمارت جو ضرورت سے زائد بنائی گئی ہو اس میں کوئی بہتری اور بھلائی نہیں، اور اس معنی کی تصدیق حضرت انسؓ کی دوسری روایت سے بھی ہوتی ہے کہ ان كل بناء وبال على صاحبه الا مالا يعني الا مالا بدمنه (ابو داؤد) یعنی ہر تعمیر صاحب تعمیر کے لئے مصیبت ہے مگر وہ عمارت جو ضروری ہو وہ وبال نہیں ہے روح المعانی میں فرمایا کہ بغیر غرض صحیح کے بلند عمارت بنانا شریعت محمدیہ میں بھی مذموم اور بُرا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

حضرت واثلہ بن اسقع کی روایت سے طبرانی نے بیان کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر عمارت اپنے مالک کے لئے وبال ہے سوائے اس کے جو ایسی ہو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرماتے وقت اپنی ہتھیلی سے اشارہ کیا تھا۔ (تفسیر مظہری)

ایک انصاری صحابی سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ناراضگی:

حضرت انسؓ راوی ہیں کہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باہر نکلے (یعنی بازار کو گئے) ایک گول اونچے گنبد (نما مکان) کو دیکھ کر فرمایا یہ کیا ہے صحابہ نے عرض کیا یہ فلاں انصاری کا ہے حضور خاموش ہو گئے مگر یہ بات اپنے دل میں لئے رہے جب اس کا مالک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ اس وقت لوگوں کے مجمع میں تشریف فرما تھے اس شخص نے سلام کیا آپ نے منہ پھیر لیا ایسا کئی مرتبہ ہوا وہ شخص سمجھ گیا کہ حضور مجھ سے ناراض ہیں اس لئے بے رخی برت رہے ہیں (لیکن ناراضگی کی وجہ اس کی سمجھ میں نہیں آئی) صحابہ سے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا رخ مجھے غیر غیر دکھائی دیتا ہے کیا وجہ ہے صحابہ نے کہا باہر تشریف لے گئے تھے اور تمہارے بنائے ہوئے گنبد کو دیکھا تھا یہ سنتے ہی وہ شخص فوراً لوٹ پڑا اور جا کر گنبد کو ڈھا کر زمین کے برابر کر دیا اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک روز پھر باہر تشریف لے گئے اور گنبد دکھائی نہیں دیا تو فرمایا وہ گنبد کیا ہوا صحابہ نے عرض کیا اس کے مالک نے حضور کی بے رخی کا ہم سے شکوہ کیا تھا ہم نے اس کو بات بتا دی اس نے جا کر گنبد کو ڈھا دیا۔ فرمایا سنو ہر عمارت اپنے مالک کے لئے وبال ہوگی سوائے اس کے جو ضروری ہو جس کے بغیر چارہ نہ ہو۔

besturdubooks.wordpress.com

امام احمد اور ابن ماجہ نے حضرت انس کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر عمارت قیامت کے دن اپنے مالک کے لئے وبال ہوگی۔ سوائے مسجد اور (سکونت کے) گھر کے۔

اس امید پر کہ تم ہمیشہ رہو گے مضبوط عمارتیں بناتے ہو۔

مسئلہ: لمبی لمبی آرزوئیں کرنی مکروہ ہے آرزو کی کمی مستحب ہے۔ حضرت ابن عمر کا بیان ہے ایک بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے جسم کے کسی حصہ کو پکڑ کر فرمایا دنیا میں اس طرح رہنا جیسے تو پردیسی ہے، یا راہ گیر ہے اور اپنے آپ کو مردوں (کی فہرست) میں شمار کرنا۔ رواہ البخاری۔

موت سر پر کھڑی ہے:

یہ بھی حضرت عمر کی روایت ہے کہ ایک بار ہماری طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ہوا میں اور میری ماں کچھ مٹی سے کر رہے تھے (یعنی مٹی کی لسائی یا لپائی کر رہے تھے) فرمایا عبداللہ یہ کیا ہے میں نے کہا ہم کچھ درستی (مرمت) کر رہے ہیں۔ فرمایا امر (یعنی تقدیری حکم) اس سے بھی پہلے پہنچنے والا ہے (یعنی موت سر پر کھڑی ہے معلوم نہیں اس کی درستی سے پہلے آ جائے) رواہ احمد والترمذی۔ ترمذی نے اس حدیث کو غریب کہا ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل:

حضرت ابن عباس نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (بچے ہوئے) پانی کو بہا دیا کرتے تھے (آگے بڑھ کر سفر میں جب پانی کی ضرورت ہوتی اور پانی موجود نہ ہوتا تو) تیمم کر لیتے تھے میں عرض کرتا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پانی قریب ہی ہے حضور فرماتے مجھے کیا معلوم شاید میں پانی تک نہ پہنچ سکوں۔ رواہ البغوی فی شرح السنۃ وابن الجوزی فی کتاب الوفاء۔ (تفسیر مظہری)

وَإِذَا بَطَشْتُم بَطَشْتُمْ جَبَّارِينَ ﴿۱۳۰﴾
اور جب ہاتھ ڈالتے ہو تو پنجہ مارتے ہو ظلم سے
فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿۱۳۱﴾
سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو

کمزوروں پر ظلم سے باز آؤ:

یعنی ظلم و ستم سے زیردستوں اور کمزوروں کو تنگ کر رکھا ہے گویا انصاف اور نرمی کا سبق ہی نہیں پڑھا۔ خدا کی ضعیف مخلوق کو جبر و تعدی کا تختہ مشق بنا رکھا ہے۔ سو اللہ سے ڈرو، ظلم و تکبر سے باز آؤ، اور میری بات مانو۔ (تفسیر عثمانی)

جبارین:

جبارین بغیر رحم کے ناحق قتل کرنے والے۔ قاموس میں ہے جبار متکبر آدمی اور وہ دل جس میں رحم نہ آئے اور ناحق بہت زیادہ قتل کرنے والا۔ (تفسیر مظہری)

وَاتَّقُوا الَّذِي أَمَدَّكُم بِمَا تَعْلَمُونَ ﴿۱۳۲﴾ أَمَدَّكُم
اور ڈرو اس سے جس نے تم کو پہنچائیں وہ چیزیں جو تم جانتے ہو پہنچائے
بِأَنْعَامٍ وَبَنِينَ ﴿۱۳۳﴾ وَجَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ﴿۱۳۴﴾ إِنِّي أَخَافُ
تم کو چوپائے اور بیٹے اور باغ اور چشمے میں ڈرتا ہوں
عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿۱۳۵﴾
تم پر ایک بڑے دن کی آفت سے

اپنے انجام کو سوچو:

یعنی اتنا تو سوچو کہ آخر یہ سامان تم کو کس نے دیئے ہیں؟ کیا اُس منعم حقیقی کا تمہارے ذمہ کوئی حق نہیں۔ اگر تمہاری یہ ہی شرارت اور سرکشی رہی تو مجھے اندیشہ ہے کہ پہلی قوموں کی طرح کسی سخت آفت میں گرفتار نہ ہو جاؤ۔ دیکھو! میں تم کو نصیحت کر چکا اپنے انجام کو خوب سوچ لو۔

قَالُوا سَوَاءٌ عَلَيْنَا أَوَعَظْتَ أَمْ لَمْ تَكُن مِّنَ الْوَاعِظِينَ ﴿۱۳۶﴾
بولے ہم کو برابر ہے تو نصیحت کرے یا نہ بنے تو نصیحت کرنے والا
إِنْ هَٰذَا إِلَّا خُلُقُ الْأَوَّلِينَ ﴿۱۳۷﴾ وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ ﴿۱۳۸﴾
اور کچھ نہیں یہ باتیں عادت ہے اگلے لوگوں کی اور ہم پر آفت نہیں آنے والی

قوم والوں کی بے حسی:

یعنی تمہاری نصیحت بیکار ہے۔ یہ جادو ہم پر چلنے والا نہیں قدیم سے یہ عادت چلی آتی ہے کہ کچھ لوگ نبی بن کر عذاب سے ڈرایا کرتے ہیں اور مرنے جینے کا سلسلہ بھی پہلے سے چلا آتا ہے تو اسے ہم کو کیا اندیشہ ہو سکتا ہے رہا جو طریقہ ہمارا ہے وہ ہی ہمارے اگلے باپ دادوں کا تھا۔ ہم اس سے کسی طرح ہٹنے والے نہیں۔ نہ عذاب کی دھمکیوں کو خاطر میں لا سکتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وعظ اس کلام کو کہتے ہیں جو وعد و وعید (ترغیب و ترہیب) کے ذکر کی وجہ سے دلوں میں نرمی پیدا کر دے (یعنی وعظ کے اندر ترغیب و ترہیب ضروری ہے تاکہ دلوں کی سختی دور ہو)

إِنْ هَٰذَا إِلَّا خُلُقُ الْأَوَّلِينَ یہ تو پہلے لوگوں کی عادت ہی ہے (کہ وہ اسی طرح کی جھوٹی باتیں بنایا کرتے تھے) یا یہ مطلب ہے کہ ہمارا جو مذہب اور دین ہے۔ یہی دین ہمارے اسلاف کا تھا اور ہم ان کے پیرو ہیں۔ یا یہ مطلب ہے کہ زندگی اور موت کی یہ رفتار پہلے زمانے سے یوں ہی چلی آئی

besturdubooks.wordpress.com

ہے سب لوگ پیدا ہوتے اور مرتے رہتے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

فَكَذَّبُوهُ فَأَهْلَكْنٰهُمْ
پھر اُس کو جھٹلانے لگے تو ہم نے اُن کو غارت کر دیا

یعنی سخت آندھی بھیج کر ان کا قصہ بھی پہلے اعراف وغیرہ میں مفصل گزر چکا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُؤْمِنِينَ ﴿١٣٩﴾
اس بات میں البتہ نشانی ہے اور اُن میں بہت لوگ نہیں ماننے والے
وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿١٤٠﴾ كَذَّبَتْ ثَمُودُ
اور تیرا رب وہی ہے زبردست رحم والا جھٹلایا ثمود
الْمُرْسَلِينَ ﴿١٤١﴾ إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ صَالِحٌ أَلَا تَتَّقُونَ ﴿١٤٢﴾
نے پیغام لانے والوں کو جب کہا اُن کو اُن کے بھائی صالح نے کیا تم ڈرتے نہیں
إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٤٣﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٤٤﴾
میں تمہارے پاس پیغام لانے والا ہوں معتبر سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو
وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ
اور نہیں مانگتا میں تم سے اس پر کچھ بدلہ میرا بدلہ ہے
إِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِينَ ﴿١٤٥﴾ أَتُتْرَكُونَ فِي مَا هٰهُنَا آمِنِينَ ﴿١٤٦﴾
اسی جہان کے پالنے والے پر کیا چھوڑے رکھیں گے تم کو یہاں کی چیزوں میں بے کھٹکے
فِي جَنّٰتٍ وَعُيُونٍ ﴿١٤٧﴾ وَزُرُوعٍ وَنَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِيمٌ ﴿١٤٨﴾
باغوں میں اور چشموں میں اور کھیتوں میں اور کھجوروں میں جن کا گابھا ملائم ہے
وَتَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا فٰرِهِينَ ﴿١٤٩﴾
اور تراشتے ہو پہاڑوں کے گھر تکلف کے
فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٥٠﴾
سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو

حضرت صالح علیہ السلام کی تبلیغ:

یعنی کیا یہ خیال ہے کہ ہمیشہ اس عیش و آرام اور باغ و بہار کے مزے لوٹو گے؟ اور پہاڑوں کو تراش کر جو تکلف کے مکان تیار کئے ہیں ان سے کبھی نہ نکلو گے؟ یا یہ مضبوط اور سنگین عمارتیں تم کو خدا کے عذاب سے بچالیں گی؟ اس سودائے خام کو دل سے نکال ڈالو۔ اور خدا تعالیٰ سے ڈر کر میرا کہنا مانو۔ میں تمہارے بھلے کی کہتا ہوں۔

وَلَا تُطِيعُوا أَمْرَ الْمُسْرِفِينَ ﴿١٥١﴾ الَّذِينَ يُفْسِدُونَ
اور نہ مانو حکم بیباک لوگوں کا جو خرابی کرتے ہیں
فِي الْأَرْضِ وَلَا يُصْلِحُونَ ﴿١٥٢﴾
ملک میں اور اصلاح نہیں کرتے

عوام سے خطاب:

یہ عوام کو فرمایا کہ تم ان بڑے مفسد شیطانوں کے پیچھے چل کر تباہ نہ ہو۔ یہ تو زمین میں خرابی پھیلانے والے ہیں۔ اصلاح کرنے والے اور نیک صلاح دینے والے نہیں۔

قَالُوا إِنَّمَا أَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِينَ ﴿١٥٣﴾
بولے تجھ پر تو کسی نے جادو کیا ہے
مَا أَنْتَ إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُنَا ۚ
تو بھی ایک آدمی ہے جیسے ہم

سرداروں کی بے پرواہی:

یعنی ہم سے کون سی بات تجھ میں زائد ہے جو نبی بن گیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ کسی نے جادو کر دیا ہے۔ جس سے تیری عقل ماری گئی (العیاذ باللہ)

فَأْتِ بِآيَةٍ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِينَ ﴿١٥٤﴾
سو لے آ کچھ نشانی اگر تو سچا ہے

یعنی اگر تو نبی ہے اور ہم سے ممتاز درجہ رکھتا ہے تو اللہ سے کہہ کہ کوئی ایسا نشان دکھلا جسے ہم بھی تسلیم کر لیں پھر فرمائش کی کہ اچھا پتھر کی اس چٹان میں سے ایک اونٹنی نکال دے جو ایسی اور ایسی ہو۔ حضرت صالحؑ نے دعاء فرمائی، حق تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ سے یہ نشان دکھلا دیا۔

قَالَ هٰذِهِ نَاقَةٌ لَهَا شِرْبٌ وَلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَعْلُومٍ ﴿١٥٥﴾
کہا یہ اونٹنی ہے اس کیلئے پانی پینے کی ایک باری اور تمہارے لئے باری ایک دن کی مقرر

حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی:

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں۔ اونٹنی پیدا ہوئی پتھر میں سے اللہ کی قدرت

besturdubooks.wordpress.com

سے حضرت صالح کی دعاء سے وہ چھوٹی پھرتی، جس جنگل میں چرنے یا جس تالاب پر پانی پینے جاتی سب مواشی بھاگ کر کنارے ہو جاتے۔ تب یوں ٹھہرا دیا کہ ایک دن اُس پانی پر وہ جائے، ایک دن اوروں کے مواشی جائیں۔

وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۵۶﴾

اور مت چھیڑیو اُس کو بُری طرح سے پھر پکڑ لے تم کو آفت ایک بڑے دن کی

یعنی اونٹنی کے ساتھ بُرائی سے پیش نہ آنا ورنہ بڑی سخت آفت ہوگی۔

فَعَقَرُوْهَا فَاَصْبَحُوْا نٰدِمِيْنَ ﴿۱۵۷﴾

پھر کاٹ ڈالا اُس اونٹنی کو پھر کل کو رہ گئے پچھتاتے

اونٹنی کے ساتھ ظلم:

ایک بدکار عورت کے گھر مواشی بہت تھے، چارے اور پانی کی تکلیف سے اپنے ایک آشنا کو اُکسایا، اُس نے اونٹنی کے پاؤں کاٹ کر ڈال دیئے۔ اُس کے تین دن بعد عذاب آیا (موضح القرآن) یہ قصہ بھی پہلے مفصل گزر چکا۔

فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا

پھر آ پکڑا اُن کو عذاب نے البتہ اس بات میں نشانی ہے اور

كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵۸﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ

اُن میں بہت لوگ نہیں ماننے والے اور تیرا رب وہی ہے زبردست

الرَّحِيْمُ ﴿۱۵۹﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطِ ِۨ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۶۰﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ

رحم کرنے والا جھٹلایا لوط کی قوم نے پیغام لانے والوں کو جب کہا اُن کو

اَخُوْهُمْ لُوْطٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ اِنِّىْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۶۲﴾

اُن کے بھائی لوط نے کیا تم ڈرتے نہیں میں تمہارے لئے پیغام لانے والا ہوں معتبر

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۶۳﴾ وَمَآ اَسْـَٔــلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ

سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو، اور مانگتا نہیں میں تم سے اس کا کچھ بدلہ

اِنْ اَجْرِىَ اِلَّا عَلٰي رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۴﴾ اَتَاْتُوْنَ الذُّكْرَانَ

میرا بدلہ ہے اُسی پروردگار عالم پر کیا تم دوڑتے ہو

مِنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۵﴾

جہان کے مردوں پر

قوم لوط کی بدکاری:

یعنی سارے جہان میں سے مرد ہی تمہاری شہوت رانی کیلئے رہ گئے، یا یہ کہ سارے جہان میں سے تم ہی ہو جو اس فعل شنیع کے مرتکب ہوتے ہو۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت لوط علیہ السلام ان کا نام لوط بن ہاران بن آزر تھا یہ ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کے بھتیجے تھے۔ انہیں اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم کی حیات میں بہت بڑی امت کی طرف بھیجا تھا یہ لوگ سدوم اور اُس کے آس پاس بستے تھے بالآخر یہ بھی خدا تعالیٰ کے عذابوں میں پکڑے گئے سب کے سب ہلاک ہوئے اور ان کی بستیوں کی جگہ ایک جھیل سڑے ہوئے گندے کھاری پانی کی رہ گئی۔ یہ اب تک بھی بلاد غور میں مشہور ہے جو کہ بیت المقدس اور کرک وشوبک کے درمیان ہے۔ ان لوگوں نے بھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب کی۔ (تفسیر ابن کثیر)

اَتَاْتُوْنَ الذُّكْرَانَ مِنَ الْعٰلَمِيْنَ کیا تمام دنیا جہان والوں میں سے تم (یہ حرکت کرتے ہو کہ) مردوں سے فعلِ بد کرتے ہو یعنی سارے جہان سے ہٹ کر سب کے خلاف تم مردوں سے لواطت کرتے ہو دنیا میں کوئی مخلوق بھی اس عمل میں تمہاری شریک نہیں ہے کوئی بھی یہ حرکت نہیں کرتا اس مطلب پر عالمین سے مراد ہوگا ہر جماع کرنے والا (خواہ آدمی ہو یا کوئی اور) یا یہ مطلب ہے کہ آدمیوں میں سے تم ہی مردوں سے لواطت کرتے ہو اور کوئی آدمی ایسا نہیں کرتا اس مطلب پر العالمین سے مراد آدمی ہوں گے۔ (تفسیر مظہری)

وَتَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ

اور چھوڑتے ہو جو تمہارے واسطے بنادی ہیں تمہارے رب نے تمہاری بیبیاں

بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ عٰدُوْنَ ﴿۱۶۶﴾

بلکہ تم لوگ ہو حد سے بڑھنے والے

فطرت کی خلاف ورزی:

یعنی یہ خلاف فطرت کام کر کے آدمیت کی حد سے بھی نکل چکے ہو۔ (تفسیر عثمانی)

وَتَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ اور جو بیبیاں اللہ نے تمہارے لئے پیدا کی ہیں ان کو چھوڑے رہتے ہو اس ترجمہ پر من ازواجکم میں من بیانیہ ہوگا۔ یا یہ مطلب یہ ہے کہ تمہاری بیبیوں کا جو مقام اللہ نے تمہارے لئے بنایا ہے تم اس کو چھوڑے رکھتے ہو (یعنی عورتوں سے صنفی مجامعت نہیں کرتے بلکہ ان سے بھی لواطت کرتے ہو) وہ لوگ عورتوں سے بھی لواطت کرتے تھے۔ جیسے رافضی کرتے ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ عٰدُوْنَ بلکہ تم حد سے تجاوز کرنے والے ہی لوگ ہو۔ یعنی شہوت رانی میں حلال سے حرام کی طرف تجاوز کرتے ہو شہوت کو پورا کرنے میں تم تمام لوگوں کی حد بندیوں سے آگے بڑھنے والے بلکہ جانوروں سے بھی اس معاملہ میں بڑھ کر ہو۔ یا یہ مطلب ہے کہ گناہوں میں تم حد سے بڑھے ہوئے ہو یا یہ مطلب ہے کہ اس نالائق حرکت کرنے کی وجہ سے تم اس بات کے مستحق ہو کہ تم کو حد سے تجاوز کرنے والا کہا جائے۔ (تفسیر مظہری)

غیر فطری فعل اپنی بیوی سے بھی حرام ہے:

لفظ مِنْ اَزْوَاجِکُمْ میں حرف مِنْ اصطلاحی الفاظ میں بیانیہ بھی ہوسکتا ہے جس کا حاصل یہ ہوگا کہ تمہاری خواہش نفسانی کے لئے جو اللہ نے بیویاں پیدا فرمائی ہیں تم ان کو چھوڑ کر اپنے ہم جنس مردوں کو اپنی شہوت نفس کا نشانہ بناتے ہو جو خباثت نفس کی دلیل ہے اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ حرف مِنْ کو تبعیض کے لئے قرار دیں تو اشارہ اس طرف ہوگا کہ تمہاری بیبیوں کا جو مقام تمہارے لئے بنایا گیا اور جو امر فطری ہے اس کو چھوڑ کر بیویوں سے خلاف فطرت عمل کرتے ہو جو کہ قطعاً حرام ہے، غرض اس دوسرے معنے کے لحاظ سے یہ مسئلہ بھی ثابت ہوگیا کہ اپنی زوجہ سے خلاف فطرت عمل حرام ہے، حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے شخص پر لعنت فرمائی ہے نعوذ باللہ منہ (کذافی الروح)

(معارف مفتی اعظم)

قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ یٰلُوْطُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِیْنَ ﴿۱۶۷﴾
بولے اگر نہ چھوڑے گا تو اے لوط تو تو نکال دیا جائے گا

قوم والوں کی دھمکی:

یعنی یہ وعظ و نصیحت رہنے دو۔ اگر آئندہ ہمیں تنگ کرو گے تو تم کو بستی سے نکال باہر کریں گے۔

قَالَ اِنِّیْ لِعَمَلِكُمْ مِّنَ الْقَالِیْنَ ﴿۱۶۸﴾
کہا میں تمہارے کام سے البتہ بیزار ہوں

حضرت لوط علیہ السلام کی استقامت:

اسلئے ضرور اُس پر اظہار نفرت کروں گا اور نصیحت سے باز نہیں آسکتا۔ (تفسیر عثمانی)

لوطؑ نے کہا میں تمہارے (عمل سے سخت نفرت کرنے والا ہوں یا) عمل کا سخت دشمن ہوں قالی بغض رکھنے والا یعنی تمہارے عمل سے مجھے سخت نفرت ہے اسی لئے مجھے بستی سے نکالے جانے کی دھمکی کی پروا نہیں ہے مِنَ الْقَالِیْنَ کہنے میں قالی کہنے سے زیادہ زور ہے کیونکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ تمہارے عمل سے نفرت کرنیوالی جماعت میں میں شامل ہوں اور اس گروہ میں مشہور ہوں۔ (تفسیر مظہری)

رَبِّ نَجِّنِیْ وَاَهْلِیْ مِمَّا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾
اے رب خلاص کر مجھ کو اور میرے گھر والوں کو اُن کاموں سے جو یہ کرتے ہیں

حضرت لوط علیہ السلام کی دُعاء:

یعنی ان کی نحوست اور وبال سے ہم کو بچا اور انہیں غارت کر۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت لوط کو جب معلوم ہوگیا کہ میری نصیحت و دعوت کا ان لوگوں پر کوئی اثر نہیں پڑتا (آئندہ ان کے ساتھ رہنا بیکار ہے) تو آپ نے دعا کی کہ مجھے ان سے الگ کردیا جائے تاکہ ان پر آنے والے عذاب سے میں محفوظ رہوں۔ (تفسیر مظہری)

فَنَجَّیْنٰهُ وَاَهْلَهٗۤ اَجْمَعِیْنَ ﴿۱۷۰﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِی الْغٰبِرِیْنَ ﴿۱۷۱﴾
پھر بچا دیا ہم نے اُس کو اور اسکے گھر والوں کو سب کو مگر ایک بڑھیا رہ گئی رہنے والوں میں

حضرت لوط علیہ السلام کی بیوی:

یہ اُن کی بیوی تھی جو اُن بدمعاشوں سے مل رہی تھی۔ جب عذاب آیا تو یہ بھی ہلاک ہوئی۔ (تفسیر عثمانی)

اِلَّا عَجُوْزًا فِی الْغٰبِرِیْنَ عجوز سے مراد حضرت لوط علیہ السلام کی بیوی ہے جو کہ قوم لوط کے اس فعل سے راضی تھی اور کافرہ تھی۔ لوط علیہ السلام کی یہ کافر بیوی اگر واقع میں بڑھیا تھی تو اس کے لئے لفظ عجوز استعمال کرنا ظاہر ہی ہے اور اگر یہ عمر کے لحاظ سے بڑھیا نہ تھی تو اس کو عجوز کے لفظ سے شاید اس لئے تعبیر کیا گیا کہ پیغمبر کی بیوی اُمت کے لئے ماں کی جگہ ہوتی ہے جو عورت کثیر الاولاد ہو اُس کو بڑھیا کہہ دینا کچھ مستبعد نہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِیْنَ ﴿۱۷۲﴾ وَاَمْطَرْنَا عَلَیْهِمْ مَّطَرًا
پھر اُٹھا مارا ہم نے اُن دوسروں کو اور برسایا اُن پر ایک برساؤ
فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِیْنَ ﴿۱۷۳﴾
سو کیا بُرا برساؤ تھا اُن ڈرائے ہوؤں کا

عذاب کی صورت:

یعنی اُن کی بستیاں اُلٹ دیں اور آسمان سے پتھروں کا برساؤ کیا۔ سو ڈھیر ہو کر رہ گئے۔ اُن کا قصہ بھی مفصل اعراف وغیرہ میں گزر چکا۔ (تفسیر عثمانی)

لوطی کی سزا:

وَاَمْطَرْنَا عَلَیْهِمْ مَّطَرًا فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِیْنَ اس آیت سے ثابت ہوا

besturdubooks.wordpress.com

کہ لوطی پر دیوار گرانے یا بلند مقام سے نیچے پھینکنے کی تعزیر جائز ہے جیسے حنفیہ کا مسلک ہے کیونکہ قوم لوط اسی طرح ہلاک کی گئی تھی کہ ان کی بستیوں کو اوپر اٹھا کر الٹا زمین پر پھینک دیا گیا تھا (شامی کتاب الحدود) (معارف مفتی اعظم)

اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیَۃً ؕ وَمَا کَانَ اَکْثَرُھُمْ مُّؤْمِنِیْنَ
البتہ اس بات میں نشانی ہے اور ان میں بہت لوگ نہیں تھے ماننے والے
وَاِنَّ رَبَّکَ لَھُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ؕ کَذَّبَ اَصْحٰبُ
اور تیرا رب وہی ہے زبردست رحم والا جھٹلایا بن کے
لْئَیْکَۃِ الْمُرْسَلِیْنَ
رہنے والوں نے پیغام لانے والوں کو

مدین والے:

ابن کثیر نے لکھا ہے کہ اصحاب ایکہ وہ ہی قوم مدین ہے ایکہ ایک درخت تھا جسے یہ لوگ پوجتے تھے اسی نسبت سے اصحاب الایکہ کہا گیا۔ اور اسی لئے شعیبؑ کو اخوہم سے تعبیر نہیں فرمایا۔ کیونکہ انبیاء کی اخوت محض قومی و نسبی تعلقات پر مبنی تھی۔ اگر مدین کہتے تو اخوہم کہنا موزوں تھا۔ جب اصحاب الایکہ کہہ کر ایک مذہبی نسبت سے ذکر کیا تو اس حیثیت سے اخوہم فرمانا حضرت شعیبؑ کی شان کے مناسب نہ تھا۔ بہرحال مدین اور اصحاب ایکہ ایک قوم ہے اور شعیبؑ اسی قوم کی طرف مبعوث ہوئے تھے پہلے بھی اس کے متعلق کچھ بحث گزر چکی۔ (تفسیر عثمانی)

ایکہ درختوں کی گھنی جھاڑی بن مدین کے قریب ایک گھنا جنگل تھا جس میں کچھ لوگ رہتے تھے یہ گروہ مدین والوں سے الگ تھا۔ اللہ نے حضرت شعیب کو جس طرح مدین والوں کی ہدایت پر مامور کیا تھا اسی طرح اس جنگل کے باشندوں کی ہدایت کے لئے بھی مقرر کیا تھا حضرت شعیب اہل مدین میں سے تھے اصحاب ایکہ میں سے نہیں تھے۔ (تفسیر مظہری)

اِذْ قَالَ لَھُمْ شُعَیْبٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ۚ اِنِّیْ لَکُمْ
جب کہا ان کو شعیب نے کیا تم ڈرتے نہیں میں تم کو پیغام
رَسُوْلٌ اَمِیْنٌ ۙ فَاتَّقُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوْنِ ۚ وَمَآ اَسْئَلُکُمْ
پہنچانے والا ہوں معتبر سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو اور نہیں مانگتا میں
عَلَیْہِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلٰی رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
تم سے اس پر کچھ بدلہ میرا بدلہ ہے اسی پروردگار عالم پر

اَوْفُوا الْکَیْلَ وَلَا تَکُوْنُوْا مِنَ الْمُخْسِرِیْنَ ۚ وَزِنُوْا
پورا بھر کر دو ماپ اور مت ہو نقصان دینے والے اور تولو
بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِیْمِ ۚ
سیدھی ترازو سے

حضرت شعیبؑ کی تبلیغ:

یعنی معاملات میں خیانت اور بے انصافی مت کرو جس طرح لینے کے وقت پورا ناپ تول کر لیتے ہو دیتے وقت بھی پورا ناپ تول کر دو۔

وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْیَآءَھُمْ وَلَا تَعْثَوْا
اور مت گھٹا دو لوگوں کو ان کی چیزیں اور مت دوڑو
فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ ۚ
ملک میں خرابی ڈالتے ہوئے

یعنی ملک میں ڈاکے مت ڈالو اور لوگوں کے حقوق نہ مارو۔ (تفسیر عثمانی)

فساد فی الارض:

مُفْسِدِیْنَ دانستہ تباہی لاتے ہوئے مطلب یہ ہے کہ قصداً بگاڑ نہ پیدا کرو تباہی نہ پھیلاؤ اس سے معلوم ہوا کہ اگر نیت اصلاح کی ہو اور خرابی پیدا ہو جائے تو اس کو فساد فی الارض نہیں کہا جائے گا اور اس کا کوئی مواخذہ نہیں۔ کسی نے کافر کے تیر مارا کافر نے مسلمان قیدی کو اپنے سامنے ڈھال کی طرح کر دیا اور مسلمان مارا گیا یا زخمی ہو گیا تو نہ دیت ہوگی نہ قصاص نہ کوئی تاوان۔ (تفسیر مظہری)

ادائیگی کے حقوق:

ولا تبخسوا الناس اشیاء ھم ۔ یعنی نہ کمی کرو لوگوں کی اپنی چیزوں میں مراد یہ ہے کہ معاہدہ کے مطابق جتنا کسی کا حق ہے اس سے کمی کرنا حرام ہے خواہ وہ ناپنے تولنے کی چیز ہو یا کوئی دوسری۔ اس سے معلوم ہوا کہ کوئی ملازم مزدور اگر اپنے مقررہ وقت میں چوری کرتا ہے وقت کم لگاتا ہے وہ بھی اسی وعید میں داخل ہے۔ امام مالکؒ نے مؤطا میں روایت نقل فرمائی ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو دیکھا کہ نماز عصر میں شریک نہیں ہوا، وجہ پوچھی تو اس نے کچھ عذر کیا تو حضرت فاروق اعظمؓ نے فرمایا طففت یعنی تو نے تولنے میں کمی کر دی، چونکہ نماز کوئی تولنے کی چیز نہیں اس لئے یہ حدیث نقل فرما کر امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ وفاء و تطفیف یعنی حق کے مطابق کرنا یا کم کرنا ہر چیز میں ہے یعنی صرف ناپ تول ہی کے ساتھ یہ حکم مخصوص نہیں بلکہ کسی کے حق

besturdubooks.wordpress.com

میں کمی کرنا خواہ کسی صورت سے ہو وہ تطفیف میں داخل ہے جس کا حرام ہونا وَیْلٌ لِّلْمُطَفِّفِیْنَ میں بیان فرمایا گیا ہے۔

وَاتَّقُوا الَّذِیْ خَلَقَکُمْ وَالْجِبِلَّۃَ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۱۸۴﴾ قَالُوْٓا اِنَّمَآ

اور ڈرو اُس سے جس نے بنایا تم کو اور اگلی خلقت کو بولے تجھ پر تو

اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِیْنَ ﴿۱۸۵﴾ وَمَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا

کسی نے جادو کر دیا ہے اور تو بھی ایک آدمی ہے جیسے ہم

وَاِنْ نَّظُنُّکَ لَمِنَ الْکٰذِبِیْنَ ﴿۱۸۶﴾

اور ہمارے خیال میں تو تو جھوٹا ہے

قوم کا جواب: یعنی دعوے نبوت میں اور عذاب وغیرہ کی دھمکیوں میں۔

فَاَسْقِطْ عَلَیْنَا کِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ اِنْ کُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۱۸۷﴾

سو گرا دے ہم پر کوئی ٹکڑا آسمان کا اگر تو سچا ہے

اگر سچا ہے تو آسمان کا یا بادل کا کوئی ٹکڑا گروا کر ہم کو ہلاک کیوں نہیں کر دیتا۔

قَالَ رَبِّیْٓ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸۸﴾

کہا میرا رب خوب جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو

حضرت شعیبؑ کی وضاحت:

یعنی وہ ہی جانتا ہے کہ کس جرم پر کس وقت اور کتنی سزا ملنی چاہیے۔ عذاب دینا ہمارا کام نہیں۔ ہمارا کام ہشیار کر دینا تھا، سو کر چکے۔

فَکَذَّبُوْہُ فَاَخَذَهُمْ عَذَابُ یَوْمِ الظُّلَّۃِ ؕ اِنَّهٗ کَانَ

پھر اس کو جھٹلایا پھر پکڑ لیا اُن کو آفت نے سائبان والے دن کی بیشک وہ تھا

عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۸۹﴾

عذاب بڑے دن کا

زلزلے اور آگ کا عذاب:

سائبان کی طرح ابر آیا اُس میں سے آگ برسی، نیچے سے زمین کو بھونچال آیا اور سخت ہولناک آواز آئی، اس طرح سب قوم تباہ ہوگئی۔ ان کا قصہ بھی پہلے مفصل گزر چکا ہے۔ ایک نظر وہاں کے فوائد پر ڈال لی جائے۔ (تفسیر عثمانی)

خدا کا مجرم اپنے پاؤں چل کر آتا ہے:

عذاب یوم الظلہ، جس کا ذکر اس آیت میں آیا ہے اس کا واقعہ یہ ہے کہ حق تعالیٰ نے اُن کی قوم پر سخت گرمی مسلط فرمائی کہ نہ مکان کے اندر چین آتا نہ باہر، پھر ان کے قریبی جنگل میں ایک گہرا بادل بھیج دیا جس کے نیچے ٹھنڈی ہوا تھی، ساری قوم گرمی سے پریشان تھی سب دوڑ دوڑ کر اس بادل کے نیچے جمع ہو گئے جب ساری قوم بادل کے نیچے آگئی تو اس بادل نے ان پر پانی کے بجائے آگ برسادی جس سے سب بھسم ہو کر رہ گئے۔ (کذا روی عن ابن عباس۔ روح) (معارف مفتی اعظم)

یوم الظلہ (سائبان کے دن) کے عذاب نے ان کو آ پکڑا۔ اس کی صورت یہ ہوئی کہ ایکہ والوں کے جنگل میں سخت گرمی پڑی، لوگ بے تاب ہو کر تہ خانوں میں گھس گئے اندر پہنچے تو وہاں اور بھی شدید گرمی محسوس ہوئی مجبور ہو کر باہر آ گئے اس وقت آسمان پر ایک بدلی آئی اور بدلی کے سایہ میں سب جمع ہو گئے اسی بدلی کو ظلہ (سائبان) کہا گیا ہے کچھ ہی دیر گزری تھی کہ بادل سے آگ برسنے لگی اور سب جل بھن گئے یہ قصہ سورت ہود میں گزر چکا ہے۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیَۃً ؕ وَمَا کَانَ اَکْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿۱۹۰﴾

البتہ اس بات میں نشانی ہے اور اُن میں بہت لوگ نہیں ماننے والے

وَاِنَّ رَبَّکَ لَهُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ﴿۱۹۱﴾ وَاِنَّهٗ لَتَنْزِیْلُ

اور تیرا رب وہی ہے زبردست رحم والا اور یہ قرآن ہے اتارا

رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۹۲﴾ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِیْنُ ﴿۱۹۳﴾ عَلٰی قَلْبِکَ

ہوا پروردگار عالم کا لے کر اترا ہے اُس کو فرشتہ معتبر تیرے دل پر

لِتَکُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِیْنَ ﴿۱۹۴﴾

کہ تو ہو ڈر سنا دینے والا

نزول قرآن:

آغاز سورت میں قرآن کریم کا ذکر تھا اور اس کی تکذیب پر دھمکی دی گئی تھی درمیان میں مکذبین حق کے واقعات بیان ہوئے، یہاں سے پھر مضمون سابق کی طرف عود کیا گیا ہے یعنی قرآن کریم وہ مبارک اور عظیم الشان کتاب ہے جسے رب العالمین نے اُتارا، جبریل امین لے کر اُترے اور تیرے پاک و صاف قلب پر اتاری گئی کیونکہ یہی قلب تھا جو اللہ کے علم میں اس بھاری امانت کو اُٹھانے اور سنبھالنے کے لائق تھا، چنانچہ وحی قرآنی آئی اور سیدھی تیرے دل میں اُترتی چلی گئی۔ تو نے اُس کو اپنے سارے دل سے سنا اور سمجھا اور محفوظ رکھا، شاید عَلٰی قَلْبِکَ کے لفظ میں یہ بھی اشارہ ہو کہ نزول وحی کی جو دو کیفیتیں احادیث صحیحہ میں وارد ہوئی ہیں (یعنی کبھی صلصلة الجرس کی طرح آنا اور کبھی فرشتہ کا آدمی کی صورت میں سامنے آ کر بات کرنا،) اُن میں

besturdubooks.wordpress.com

سے قرآن کی وحی اغلباً پہلی کیفیت کے ساتھ آتی تھی۔ (تفسیر عثمانی)

وحی کی صورتیں:

کیونکہ دونوں حالتوں میں محققین کے نزدیک فرق یہ تھا کہ پہلی حالت میں پیغمبر کو بشریت سے منخلع ہو کر ملکیت کی طرف جانا پڑتا تھا۔ گویا اُس وقت آلات جسدانیہ کو بالکل معطل کر کے صرف روحی قوتوں اور قلبی حواس سے کام لیتے تھے، دل کے کانوں سے وحی کی آواز سنتے تھے اور دل کی آنکھوں سے فرشتہ کو دیکھتے تھے اور دل کی الٰہی قوتوں سے اُن علوم کی تلقی کرتے تھے اور محفوظ رکھتے تھے بخلاف دوسری حالت کے کہ اُس میں فرشتہ کو ملکیت سے نزول کر کے بشریت کی طرف آنا پڑتا تھا، اُس وقت پیغمبر ان ہی ظاہری آنکھوں سے فرشتہ کو دیکھتے اور ان ہی ظاہری کانوں کے توسط سے آواز سنتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ وحی کی پہلی قسم کو احادیث میں فرمایا کہ ھو اشدہٗ علیّ (وہ مجھ پر بہت بھاری ہوتی ہے) کیونکہ اُس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بشریت سے ملکیت کی طرف صعود کرنا پڑتا تھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا امتیاز:

قال ابن الشیخ فهو علیه افضل الصلاة والسلام مختص بهذه الرتبة العلیة والکرامة السنیة من سائر الانبیاء فان کتبهم انزلت علیهم بالالواح والصحائف جملة واحدة فهی منزلة علی صورهم وظاهرهم علی قلوبهم حاشیه شیخ زاده علی تفسیر البیضاوی ص ۴۷۹ ج ۳ وکذافی روح البیان ص ۳۰۶ ج ۶۔ (معارف کاندھلوی)

بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِينٍ ﴿۱۹۵﴾
کھلی عربی زبان میں ہے

یعنی اُتارا نہایت فصیح، واضح اور شگفتہ عربی زبان میں۔ یہاں سے معلوم ہوا کہ عَلٰی قَلْبِكَ سے مراد یہ نہیں کہ صرف مضامین قرآن کے آپ کے دل میں اُتار دیئے پھر آپ نے اُن کو اپنے الفاظ میں ادا کر دیا۔ بلکہ الفاظ اور مضامین سب وحی ربانی سے قلب مبارک پر القاء کئے گئے۔ (تفسیر عثمانی)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی فصاحت:

ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہؓ کے سامنے نہایت فصاحت سے ابر کے اوصاف بیان کئے جسے سُن کر صحابہؓ کہہ اُٹھے کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ تو کمال درجہ کی فصیح و بلیغ زبان بولتے ہیں۔ آپ نے فرمایا بھلا میری زبان ایسی پاکیزہ کیوں نہ ہوگی قرآن بھی تو میری زبان میں اُترا ہے۔

امام سفیان ثوریؒ فرماتے ہیں، وحی عربی میں اُتری ہے یہ اور بات ہے کہ ہر نبی نے اپنی قوم کے لئے ان کی زبان میں ترجمہ کر دیا قیامت کے دن سُریانی زبان ہوگی، ہاں جنتیوں کی زبان عربی ہوگی۔ (ابن ابی حاتم) (تفسیر ابن کثیر)

قرآن پاک کے متعلق عقیدہ:

قال ابن الشیخ فالقرآن کلام الله وصفة القائمة به کساه کسوة الالفاظ المرکبة من الحروف العربیة ونزله الی جبریل وجعله امینا لئلا یتصرف فی حقائقه ثم نزل به کماهو علی قلب رسول الله صلی الله علیه وسلم لیتعرفه ویتخلق بخلقه ویتنور بانواره ویتحلی بحقائقه ففهم و تمکن من تفهیمه الخ حاشیة شیخ زاده ص ۴۷۹ ج ۳

قرآن اللہ کا کلام ہے اور اس کی صفت ہے جو اُس کی ذات کے ساتھ قائم ہے اور بے چون و چگون ہے۔ بندوں کی ہدایت کے لئے اس کو حروف عربیہ کے لباس میں بارگاہ قدس سے نازل کیا۔ جبریل امین نے جن الفاظ اور حروف کے ساتھ اس کو سنا اسی طرح بعینہ اللہ کی امانت کو اللہ کے رسول تک پہنچا دیا۔ دیکھو حاشیہ) شیخ زادہ علی تفسیر البیضاوی ص ۴۷۹ ج ۳ اور دیکھو تفسیر روح البیان ص ۳۰۶ ج ۶۔

تمام امت کا یہ اجماعی عقیدہ ہے کہ مابین دفتی المصحف کلام اللہ یعنی مصحف میں دو دفتوں کے درمیان اللہ کا کلام ہے اور جو شخص اس مصحف کو کلام اللہ نہ مانے وہ کافر ہے لیکن وہ اسی مصحف کے نقوش کتابیہ اور حروف مطبوعہ کو قدیم نہ مانے تو اس انکار سے وہ کافر نہ ہوگا۔ جن الفاظ قرآن کو اپنی زبانوں سے پڑھتے ہیں اور جن حروف قرآنیہ کو اپنے مصاحف میں لکھتے ہیں اگرچہ وہ حادث اور مخلوق ہیں لیکن ہمارے لئے یہ ہرگز ہرگز جائز نہیں۔ کہ ہم مطلق قرآن کو یا کلام اللہ کو مخلوق اور حادث کہیں۔ کلام الٰہی جو ذات باری کے ساتھ قائم ہے اور اس کی صفت ہے کہ وہ بلاشبہ قدیم اور غیر مخلوق ہے لیکن ہماری قرأت اور سماعت اور کتابت یہ سب مخلوق اور حادث ہیں قرآن جس حیثیت سے بندہ سے متعلق ہے اس حیثیت سے اس کو حادث اور مخلوق کہہ سکتے ہیں تاکہ خدا کی صفت میں اور بندہ کی صفت میں فرق ہو جائے مطلقاً کلام اللہ اور قرآن کو مخلوق اور حادث کہنا جائز نہیں۔ (واللہ اعلم بالصواب) (معارف کاندھلوی)

نزول قرآن عربی میں ہوا:

اس آیت کا بعض اہل تفسیر نے یہ معنی بیان کیا ہے کہ روح الامین نے یہ قرآن آپ کے دل پر عربی زبان میں اتارا ہے اگر کسی اور زبان میں نازل ہوتا تو آپ کے کانوں پر نازل ہوتا دل پر نازل نہ ہو سکتا کیونکہ غیر عربی الفاظ کے معنی آپ سمجھ نہ پاتے۔ آدمی بھی چند زبانوں سے واقف ہوتا ہے اگر کوئی اس کی مادری زبان میں بات کرے تو فوراً اس کا ذہن مطلب کی طرف متوجہ ہوتا

besturdubooks.wordpress.com

ہے الفاظ کی طرف اس کی توجہ نہیں ہوتی اور اگر مادری زبان کے علاوہ کسی دوسری سیکھی ہوئی زبان میں اس سے کلام کرتا ہے تو اول اس کا ذہن الفاظ کی طرف متوجہ ہوتا ہے پھر الفاظ سے معانی کی طرف انتقال ذہنی ہوتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

نماز میں ترجمہ قرآن پڑھنا ناجائز ہے:

اُمت کا اس پر اتفاق ہے کہ نماز میں فرض تلاوت کی جگہ قرآن کے الفاظ کا ترجمہ کسی زبان فارسی۔ اُردو۔ انگریزی میں پڑھ لینا بدون اضطرار کے کافی نہیں۔ بعض ائمہ سے جو اس میں توسع کا قول منقول ہے اُن سے بھی اپنے اس قول سے رجوع ثابت ہے۔

قرآن کے اُردو ترجمہ کو قرآن کہنا جائز نہیں:

اسی طرح قرآن کا صرف ترجمہ کسی زبان میں بغیر عربی متن کے لکھا جائے تو اس کو اس زبان کا قرآن کہنا جائز نہیں۔ جیسے آج کل بہت سے لوگ صرف اُردو ترجمہ قرآن کو اُردو کا قرآن اور انگریزی کو انگریزی کا قرآن کہہ دیتے ہیں یہ ناجائز اور بے ادبی ہے قرآن کو بغیر متن عربی کے کسی دوسری زبان میں بنام قرآن شائع کرنا اور اس کی خرید و فروخت سب ناجائز ہے اس مسئلہ کی پوری تفصیل احقر کے رسالہ "تحذیر الاخوان عن تغییر رسم القرآن" میں مذکور ہے۔

سابقہ کتب کو قرآن نہ کہا جائے:

مستدرک حاکم میں حضرت معقل بن یسارؓ کی حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے سورۂ بقرہ ذکر اول سے دی گئی ہے اور سورۂ طٰہٰ اور طواسین یعنی جتنی سورتیں طٰس سے شروع ہوتی ہیں اور حوامیم یعنی جو سورتیں حم سے شروع ہیں یہ سب سورتیں الواح موسیٰ میں سے دی گئی ہیں اور سورۂ فاتحہ مجھے تحت عرش سے دی گئی ہے۔ اور طبرانی۔ حاکم۔ بیہقی وغیرہ نے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت کیا ہے کہ سورۂ ملک تورات میں موجود ہے۔ الحدیث اور سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى میں تو خود قرآن کی تصریح یہ ہے إِنَّ هَٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْأُولَىٰ صُحُفِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَىٰ یعنی یہ مضامین سورت حضرت ابراہیم اور موسیٰ علیہما السلام کے صحیفوں میں بھی ہیں، لیکن تمام آیات و روایات کا حاصل یہی ہے کہ بہت سے مضامین قرآن کتب سابقہ میں بھی موجود تھے۔

اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ ان مضامین کی وجہ سے کتب سابقہ کے اُن حصوں کو جن میں یہ مضامین قرآن آئے ہیں قرآن کا نام دے دیا جائے۔ نہ اُمت میں کوئی اس کا قائل ہے کہ ان صحیفوں اور کتابوں کو جن میں مضامین قرآن مذکور ہیں قرآن کہا جائے، بلکہ عقیدہ جمہور اُمت کا یہی ہے کہ قرآن نہ صرف الفاظ قرآن کا نام ہے۔ نہ صرف معانی قرآن کا اگر کوئی شخص قرآن ہی کے الفاظ مختلف جگہوں سے چُن کر ایک عبارت بنادے مثلاً کوئی یہ عبارت بنالے الحمد اللہ العزیز الرحیم الذی لہ ملک السموٰت وھو رب العلمین خالق کل شیٔ وھو المستعان یہ سارے الفاظ قرآن ہی کے ہیں مگر اس عبارت کو کوئی قرآن نہیں کہہ سکتا۔ اسی طرح صرف معانی قرآن جو کسی دوسری زبان میں بیان کئے جائیں وہ بھی قرآن نہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

وَإِنَّهُ لَفِي زُبُرِ الْأَوَّلِينَ ﴿١٩٦﴾

اور یہ لکھا ہے پہلوں کی کتابوں میں

مضامین قرآن کا تسلسل:

یعنی قرآن کی اور اس کے لانے والے کی خبر پہلی آسمانی کتابوں میں موجود ہے انبیائے سابقین برابر پیشین گوئی کرتے چلے آئے ہیں۔ چنانچہ باوجود بہت سی تحریف و تبدیل کے اب تک بھی ایک ذخیرہ اس قسم کی پیشنگوئیوں کا پایا جاتا ہے۔ اور یہ بھی مطلب ہوسکتا ہے کہ اس قرآن کے بیشتر مضامین اجمالاً یا تفصیلاً اگلی کتابوں میں پائے جاتے ہیں۔ خصوصاً قصص، توحید، رسالت، معاد وغیرہ مضامین جن پر تمام کتب سماویہ اور انبیاء و مرسلین کا اتفاق رہا ہے۔

أَوَلَمْ يَكُن لَّهُمْ آيَةً أَن يَعْلَمَهُ عُلَمَاءُ بَنِي إِسْرَائِيلَ ﴿١٩٧﴾

کیا اُن کے واسطے نشانی نہیں یہ بات کہ اس کی خبر رکھتے ہیں پڑھے لوگ بنی اسرائیل کے

علمائے یہود کا علم:

یعنی علمائے بنی اسرائیل خوب جانتے ہیں کہ یہ وہی کتاب اور پیغمبر ہے جس کی خبر پہلے سے آسمانی صحیفوں میں دی گئی تھی۔ چنانچہ اُن میں سے بعض نے علانیہ اور بعض نے اپنی خصوصی مجلسوں میں امر حق کا اقرار کیا ہے اور بعض انصاف پسند اسی علم کی بناء پر مسلمان ہوگئے۔ مثلاً حضرت عبداللہ بن سلام وغیرہ، غرض ایک منصف فہیم کے لئے جس کا دل حق کی طلب رکھتا اور خدا سے ڈرتا ہو، اس چیز میں بڑی نشانی ہے کہ دوسرے مذاہب کے علماء بھی اپنے دلوں میں قرآن کی حقانیت کو سمجھتے ہیں، گو کسی وجہ سے بعض اوقات اعلان و اقرار کر جرأت نہ کرسکیں۔ (تفسیر عثمانی)

علماء بنی اسرائیل سے مراد بر قول عطیہ پانچ علماء تھے عبداللہ بن سلام۔ ابن یامین۔ ثعلبہ۔ اسد، اُسید حضرت ابن عباس نے فرمایا اہل مکہ نے مدینہ میں یہودیوں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق دریافت کرایا، یہودیوں نے کہا ان کی (یعنی پیغمبر آخر الزماں کی) بعثت کا زمانہ یہی ہے اور

besturdubooks.wordpress.com

ہم توریت میں ان کے اوصاف وخصوصی احوال پاتے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

وَلَوْ نَزَّلْنٰهُ عَلٰى بَعْضِ الْاَعْجَمِيْنَ ﴿١٩٨﴾ فَقَرَاَهٗ عَلَيْهِمْ
اور اگر اتارتے ہم یہ کتاب کسی اوپری زبان والے پر اور وہ اس کو پڑھ کر
مَّا كَانُوْا بِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿١٩٩﴾
سناتا تو بھی اس پر یقین نہ لاتے

مشرکین کے بہانے کبھی ختم نہ ہوں گے:

یعنی آپ تو فصحائے عرب میں سے ہیں۔ ممکن ہے مشرکین مکہ یوں کہہ دیں کہ قرآن آپ نے خود تصنیف کرلیا ہوگا (حالانکہ قرآن اس حدِ اعجاز کو پہنچا ہوا ہے، جس کا مثل تمام جن وانس بھی بنا کر نہیں لا سکتے) تاہم کہنے کو یہ احتمال پیدا کر سکتے ہیں۔ لیکن ان کی ہٹ دھرمی وشقاوت اور بدبختی کا حال تو یہ ہے کہ اگر یہ قرآن فرض کرو، ہم کسی غیر فصیح عرب یا عجمی انسان پر اتارتے جو ایک حرف عربی کا بولنے پر قادر نہ ہوتا، بلکہ بفرضِ محال کسی حیوان لایعقل پر اتارا جاتا، تب بھی یہ لوگ اس کے ماننے والے نہ تھے۔ اُس وقت کچھ اور احتمالات پیدا کرتے۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "کافر کہتے تھے کہ قرآن آیا ہے عربی زبان میں، اس نبی کی زبان بھی عربی ہے شاید آپ ہی کہہ لاتا ہو۔ اگر غیر زبان والے پر عربی قرآن اُترتا تو یقین کرتے فرمایا کہ دھوکہ والے کا جی کبھی نہیں ٹھہرتا۔ تب اور شبہے نکالتے کہ کوئی سکھا جاتا ہے (موضح القرآن) (تفسیر عثمانی)

عجمی کا مطلب:

اَعجمین اعجم کی جمع ہے، عجم اس شخص کو کہتے ہیں جو فصیح عربی اچھی طرح نہ بول سکے خواہ نسباً عربی ہی ہو اور عجمی کی نسبت عجم کی طرف ہے، عجمی اس شخص کو کہتے ہیں جو نسباً غیر عربی ہو خواہ عربی فصیح بولتا ہو۔ اس تشریح لغوی کی بنا پر آیت کا یہ معنی ہوگا کہ اگر ہم یہ قرآن کسی ایسے شخص پر نازل کرتے جس کی عربی زبان فصیح نہ ہوتی۔ (تفسیر مظہری)

كَذٰلِكَ سَلَكْنٰهُ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٢٠٠﴾ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ
اسی طرح گھسا دیا ہم نے اس انکار کو گنہگاروں کے دل میں وہ نہ مانیں گے اس کو
حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٢٠١﴾
جب تک نہ دیکھ لیں گے عذاب دردناک

اللہ تعالیٰ کا قانون مہلت:

یعنی جو آدمی جرائم اور گناہوں کا خوگر ہو جاتا ہے اور اپنے قویٰ کو شرارت اور سرکشی میں لگا دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ بھی اپنی عادت کے موافق ڈھیل چھوڑ دیتا ہے اور اس کے دل میں انکار وتکذیب کے اثر کو جاگزیں کر دیتا ہے۔ یہ تقریر ترجمہ کے موافق ہوئی۔

حقانیتِ قرآن:

لیکن بہت سے مفسرین نے سَلَکۡنٰہُ کی ضمیر قرآن کی طرف راجع کی ہے یعنی قرآن کو ہم نے اس طرح مجرمین کے دل میں گھسا دیا ہے کہ وہ دل میں خوب سمجھتے ہیں کہ یہ کلام بشر کا نہیں ہو سکتا۔ پھر بھی ہٹ دھرمی سے ایمان نہیں لا سکتے اور تکذیب کئے چلے جاتے ہیں۔ تا آنکہ دنیا یا آخرت میں دردناک عذاب کا اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کرلیں، اُس وقت مانیں گے کہ ہاں پیغمبر سچے تھے اور جو کتاب لائے تھے وہ سچی تھی، مگر اُس وقت ماننا کچھ نفع نہ دے گا۔

فَيَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٠٢﴾ فَيَقُوْلُوْا
پھر آئے اُن پر اچانک اور اُن کو خبر بھی نہ ہو پھر کہنے لگیں
هَلْ نَحْنُ مُنْظَرُوْنَ ﴿٢٠٣﴾
کچھ بھی ہم کو فرصت ملے گی

جب آنکھ کھلے گی مہلت نہیں ملے گی:

یعنی جب عذاب الٰہی ایک دم سر پر پہنچ جائے گا اُس وقت کہیں گے کیا ہمیں تھوڑی سی مہلت دی جاسکتی ہے کہ اب توبہ کر کے اپنا چال چلن درست کرلیں اور پیغمبروں کا اتباع کر کے دکھلائیں دنیا میں تو عذاب کی جلدی مچا رہے تھے اب مہلت طلب کرنے لگے۔

اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿٢٠٤﴾ اَفَرَءَيْتَ اِنْ مَّتَّعْنٰهُمْ سِنِيْنَ ﴿٢٠٥﴾
کیا ہمارے عذاب کو جلد مانگتے ہیں بھلا دیکھ تو اگر فائدہ پہنچاتے رہیں ہم اُن کو برسوں
ثُمَّ جَآءَهُمْ مَّا كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿٢٠٦﴾ مَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يُمَتَّعُوْنَ ﴿٢٠٧﴾
پھر پہنچے اُن پر جس چیز کا اُن سے وعدہ تھا تو کیا کام آئے گا اُن کے جو کچھ فائدہ اٹھاتے رہے

ساری زندگی کی مہلت گنوادی:

یعنی سالہا سال کی ڈھیل اور مہلت بھی جو دی گئی تھی اُس وقت کچھ کام نہ آئے گی۔ اُس وقت یہ برسوں کی مہلت کالعدم معلوم ہوگی اور سمجھیں گے کہ واقعی بہت ہی جلدی پکڑے گئے۔ (نازعات۔ رکوع ۲) (تفسیر عثمانی)

لمبی عمر نعمت ہے:

اَفَرَءَيْتَ اِنْ مَّتَّعْنٰهُمْ سِنِيْنَ اس آیت میں اشارہ ہے کہ دنیا میں کسی کو عمر

besturdubooks.wordpress.com

دراز ملنا بھی اللہ تعالیٰ کی بڑی نعمت ہے لیکن جو لوگ اس نعمت کی ناشکری کریں ایمان نہ لائیں اُن کو عمر دراز کی عافیت و مہلت کچھ کام نہ آئے گی۔ امام زہریؒ نے نقل فرمایا ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ روز صبح کو اپنی داڑھی پکڑ کر اپنے نفس کو خطاب کر کے یہ آیت پڑھا کرتے تھے اَفَرَءَيْتَ اِنْ مَّتَّعْنٰهُمْ الآیۃ اس کے بعد ان پر گریہ طاری ہو جاتا اور یہ اشعار پڑھتے تھے

نهارک بالغرور سهو و غفلة　　ولیلک نوم والتردی لک لازم

فلاانت فی الایقاظ یقظان حازم　　ولا انت فی النوم ناج وسالم

وتسعیٰ الیٰ ماسوف تکره غبة　　کذلک فی الدنیا تعیش البهائم

(ترجمہ) اے فریب خوردہ تیرا سارا دن غفلت میں اور رات نیند میں صرف ہوتی ہے حالانکہ موت تیرے لئے لازمی ہے، نہ تو بیدار لوگوں میں ہوشیار و بیدار ہے اور نہ سونے والوں میں اپنی نجات پر مطمئن ہے۔ تیری کوشش ایسے کاموں میں رہتی ہے جس کا انجام عنقریب ناگوار صورت میں سامنے آئے گا، دنیا میں چوپائے جانور ایسے ہی جیا کرتے ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا لَهَا مُنْذِرُوْنَ
اور کوئی بستی نہیں غارت کی ہم نے جس کے لئے نہیں تھے ڈر سنا دینے والے
ذِكْرٰى ۛ وَمَا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ
یاد دلانے کو اور ہمارا کام نہیں ہے ظلم کرنا

مہلت کے بعد عذاب آتا ہے:

یعنی کسی قوم کا تختہ یوں ہی ایک دم نہیں اُلٹ دیا گیا۔ عذاب بھیجنے سے پہلے کافی مہلت دی گئی اور ہشیار کرنے والے پیغمبر بھیجے گئے کہ لوگ غفلت میں نہ رہیں، جب کسی طرح نہ مانے آخر غارت کئے گئے۔ العیاذ باللہ۔

وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيٰطِيْنُ ۝ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيْعُوْنَ
اور اس قرآن کو نہیں لے کر اترے شیطان اور نہ اُن سے بن آئے اور نہ وہ کر سکیں

قرآن کریم شیطان کے دخل سے پاک ہے:

درمیان میں مکذبین کے احوال بیان فرما کر پھر اصل مضمون وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ کی تکمیل و تتمیم فرماتے ہیں یعنی یہ کتاب خدا تعالیٰ کے ہاں سے جبریل امین لائے ہیں۔ شیاطین کی سکھلائی ہوئی چیز نہیں۔ بھلا شیاطین سے کہاں ممکن ہے کہ ایسی کتاب بن آئے۔ اُن کی طبائع کا خاصہ تو گمراہی، فساد، اور ظلمت پھیلانا ہے۔ اور یہ کتاب اول سے آخر تک رُشد و صلاح اور نور ہدایت سے بھری ہوئی ہے، جس کی تعلیم سے وہ جماعت تیار ہوئی۔ جس سے زیادہ آسمان کے نیچے بجز انبیاء کے کوئی پاکباز، صادق، خدا ترس اور خدا پرست جماعت نہیں تو اُن کی کتاب کے علوم اور شیاطین کی طبائع میں کوئی مناسبت نہیں۔ نہ وہ اس لائق ہیں کہ اس عظیم الشان، متبرک بار امانت کو اُٹھا سکیں۔

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ (حشر رکوع ۳) روایت میں ہے کہ بعض مشرکین کا خیال تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کوئی جن آ کر یہ قرآن سکھلا جاتا ہے۔ بخاری میں ہے کہ ایک مرتبہ وحی آنے میں کچھ دیر ہوئی تو ایک عورت نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کہا کہ تیرے شیطان نے تجھ کو چھوڑ دیا (نعوذ باللہ) ان آیات میں اسی خیال کی تردید ہے۔

اِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُوْلُوْنَ
اُن کو تو سننے کی جگہ سے دور کر دیا ہے

شیاطین کی ناکہ بندی:

یعنی نزول قرآن کے زمانہ میں اُس کی حفاظت کے لئے ایسے غیبی پہرے بٹھائے گئے ہیں کہ شیاطین پاس بھی نہیں پھٹک سکتے نہ ایک حرف اُچک سکتے ہیں۔ کما قال تعالیٰ۔ وَاَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ۖ فَمَنْ يَّسْتَمِعِ الْاٰنَ يَجِدْ لَهٗ شِهَابًا رَّصَدًا (جن۔ رکوع ۱) وقال تعالیٰ فَاِنَّهٗ يَسْلُكُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا (جن۔ رکوع ۲ وقال تعالیٰ) لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ۖ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ (حم السجدہ۔ رکوع ۵)

(تنبیہ) شیاطین کے غیبی خبریں سننے کی کوشش کرنے اور ناکام رہنے کے متعلق سورۂ حجر کے شروع میں مفصل کلام کیا جا چکا ہے وہاں مطالعہ کرنا چاہیے۔

فَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَكُوْنَ مِنَ الْمُعَذَّبِيْنَ
سو تو مت پکار اللہ کے ساتھ دوسرا معبود پھر تو پڑے عذاب میں

قرآن کو چھوڑنا عذاب کو دعوت دینا ہے:

یہ فرمایا رسول کو اور سُنایا اوروں کو یعنی جب یہ کتاب بلاشک و شبہ خدا کی اتاری ہوئی ہے۔ شیطان کا اس میں ذرہ بھر دخل نہیں تو چاہیے کہ اس کی تعلیم پر چلو جس میں اصل اصول توحید ہے۔ شرک و کفر اور تکذیب کی شیطانی راہ اختیار مت کرو۔ ورنہ عذاب الٰہی سے رُستگاری کی کوئی سبیل نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت ابن عباس نے فرمایا (بظاہر خطاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہے لیکن حقیقت میں) اس سے دوسروں کو ڈرانا مقصود ہے گویا یوں فرمایا کہ آپ تمام مخلوق میں میرے نزدیک زیادہ معزز ہیں۔ میرے سوا کسی دوسرے کو معبود بنائیں گے تو آپ کو بھی عذاب دوں گا۔ (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ﴿۲۱۴﴾

اور ڈر سنا دے اپنے قریب کے رشتہ داروں کو

قرابتداروں کو ڈرانے کا حکم:

یعنی اوروں سے پہلے اپنے اقارب کو تنبیہ کیجئے کہ خیر خواہی میں ان کا حق مقدم ہے اور ویسے بھی آدمی کی صداقت وحقانیت اقارب کے معاملہ سے پرکھی جاتی ہے۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ جب یہ آیت اُتری۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سارے قریش کو پکار کر سنا دیا اور اپنی پھوپی تک اور اپنی بیٹی تک اور چچا تک کہہ سنایا کہ اللہ کے ہاں اپنی فکر کرو۔ خدا کے ہاں میں تمہارا کچھ نہیں کر سکتا۔ (تفسیر عثمانی)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنے قرابتداروں کو دعوت دینا:

بغوی نے لکھا ہے کہ محمد بن اسحٰق نے حضرت ابن عباس کی روایت سے بیان کیا کہ حضرت علی نے فرمایا جب یہ آیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اتری تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے طلب کیا اور فرمایا علی! اللہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں اپنے قریب ترین عزیزوں کو اللہ کے عذاب سے ڈراؤں میں یہ حکم سن کر سوچ میں پڑ گیا کہ کیا کروں مجھے معلوم تھا کہ اگر میں ان لوگوں کو اللہ کے عذاب سے ڈراؤں گا اور اس کام کے لئے پکاروں گا تو ان کی طرف سے میرے سامنے ایسا عمل آئے گا جو مجھے ناگوار ہوگا یہ سوچ کر میں خاموش ہو رہا لیکن اب جبرئیل نے مجھ سے آ کر کہا کہ محمد اگر تم ایسا نہیں کرو گے تو اللہ تم کو عذاب دے گا لہٰذا علی تم جا کر ایک صاع (آٹے) کی روٹی بنواؤ اور بکری کی ایک ٹانگ (پکا کر بطور سالن کے) اس کے ساتھ رکھ دو اور ایک بڑے پیالہ میں دودھ بھر کر لے آؤ پھر اولادِ عبدالمطلب کو اکٹھا کرو تا کہ جس بات کا مجھے حکم دیا گیا ہے میں وہ بات ان کو پہنچا دوں حضرت علی نے فرمایا میں نے حکم کی تعمیل کی پھر سب کی دعوت کر دی وہ لوگ آئے جن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تائے (چچے) ابوطالب، حمزہ، عباس اور ابولہب بھی تھے سب کم وبیش چالیس آدمی تھے جب سب جمع ہو گئے تو آپ نے وہ کھانا منگوایا جو میں نے تیار کیا تھا میں نے لا کر رکھ دیا آپ نے اس میں سے ایک ٹکڑا گوشت کا لے کر اپنے دانتوں سے اس کو کاٹا پھر اس کو پیالہ میں رکھ دیا پھر فرمایا بسم اللہ کھائیے سب نے کھایا یہاں تک کہ سب سیر ہو گئے خدا کی قسم جتنا کھانا میں نے سب کے لئے رکھا تھا اتنا تو ان میں کا ایک آدمی کھا لیتا (مگر کھانے میں اتنی برکت ہوئی کہ سب کے پیٹ بھر گئے اور کسی کو مزید ضرورت نہیں رہی) پھر فرمایا ان کو (دودھ) پلاؤ میں ان کے سامنے وہی (دودھ بھرا) پیالہ لے آیا خدا کی قسم دودھ اتنا تھا کہ اتنا تو ایک آدمی پی جاتا لیکن سب پی کر سیر ہو گئے اب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ بات کرنے کا موقع پایا لیکن حضور کے کچھ کہنے سے پہلے ابولہب بول اٹھا اور کہنے لگا تمہارے ساتھی نے تم پر جادو کر دیا یہ سنتے ہی لوگ منتشر ہو گئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان سے بات نہ کر سکے دوسرے دن حضور نے فرمایا علی تم کو معلوم ہے کہ یہ شخص پہلے بول اٹھا اور میرے بات کرنے سے پہلے ہی لوگ منتشر ہو گئے اب پھر ویسا ہی کھانا تیار کرو جیسا (کل) کیا تھا اور لوگوں کو پھر جمع کرو میں نے حکم کی تعمیل کی پھر سب کو جمع کیا حضور نے کھانا منگوایا میں نے سامنے لا کر رکھ دیا آپ نے وہی عمل کیا جو گذشتہ دن کیا تھا اس کے بعد سب نے کھایا پیا کھا چکنے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کلام شروع کیا اور فرمایا اے اولادِ عبدالمطلب میں تمہارے پاس دنیا اور آخرت کی بھلائی لے کر آیا ہوں اللہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ تم کو بھی اس کی دعوت دوں تم میں سے کون شخص ہے جو اس کام میں مدد کرے اور میرا بھائی اور وصی اور نائب ہو جائے لوگ یہ سن کر سب کے سب جھجکے میں سب سے کم عمر تھا میں نے کہا یا نبی اللہ میں اس کام میں آپ کا مددگار رہوں گا یہ سن کر آپ نے میری گردن پکڑی اور فرمایا یہ میرا بھائی میرا وصی اور میرا نائب ہے تم اس کی بات سنو اور اس کا کہا مانو لوگ ہنستے ہوئے اُٹھ کھڑے ہوئے اور کہنے لگے اس نے ہم کو حکم دیا ہے کہ ہم علی کی بات سنیں اور اس کی اطاعت کریں۔

کوہِ صفا سے سب کو بلانا:

صحیحین میں سعید بن جبیر کی وساطت سے حضرت ابن عباسؓ کا بیان آیا ہے کہ جب آیت وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ نازل ہوئی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کوہِ صفا پر چڑھ کر (مختلف) بطونِ قریش کو پکارنا شروع کیا اے اولادِ فہر اے بنی عدی آواز سن کر سب لوگ جمع ہو گئے جو خود نہ آ سکا اس نے اپنا قاصد بھیج دیا تا کہ وہ جا کر دیکھے کہ واقعہ کیا ہے ابولہب بھی آ گیا اور دوسرے قریش والے بھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بھلا بتاؤ اگر میں تم کو اطلاع دوں کہ وادی کے اندر (اس وقت) کچھ سوار موجود ہیں جو تم پر تاخت کرنا چاہتے ہیں تو کیا تم میری تصدیق کرو گے سب نے کہا جی ہاں ہم نے اپنے تجربہ میں آپ کا کبھی کوئی جھوٹ نہیں پایا حضور نے فرمایا تو عذاب شدید آنے سے پہلے میں تم کو اس سے ڈرا رہا ہوں (عذاب شدید میرے سامنے ہے جو آنے والا ہے) ابولہب بولا تو ہمیشہ کے لئے ہلاک ہو جائے کیا اسی لئے تو نے ہم کو جمع کیا تھا اس پر سورت تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ آخر تک نازل ہوئی۔

قوم والوں سے خطاب:

صحیحین میں حضرت ابو ہریرہ کی روایت سے آیا ہے کہ جب آیت وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ اُتری تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے

besturdubooks.wordpress.com

اور فرمایا اے گروہ قریش۔ (راوی کا بیان ہے کہ یہ لفظ فرمایا یا اسی طرح کا کوئی دوسرا لفظ) اپنی جانوں کو خود خرید لو (یعنی آنے والے عذاب سے بچالو) میں اللہ (کے عذاب سے تمہارے کسی کام نہیں آؤں گا۔ اے عباس بن عبدالمطلب میں اللہ (کے عذاب) سے بچانے کے لئے بالکل تمہارے کام نہیں آ سکتا اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپی صفیہ تم کو بھی میں اللہ سے نہیں بچا سکتا اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی فاطمہ میرے مال میں تو جو کچھ مانگنا چاہتی ہے مجھ سے مانگ لے اللہ کے مقابل میں تیرے کوئی کام نہیں آؤں گا۔

ابولہب کی ہلاکت:

بغوی نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے ان الفاظ کے ساتھ حدیث نقل کی ہے کہ جب آیت وَاَنۡذِرۡ عَشِيۡرَتَكَ الۡاَقۡرَبِيۡنَ نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (بستی سے) نکل کر کوہ صفا پر چڑھ گئے اور وہاں سے اونچی آواز سے پکارا یا صباحا (اے لوگو ہشیار ہو جاؤ دشمن آخر رات میں حملہ کرنے والا ہے) لوگوں نے آواز سن کر کہا یہ کون ہے سب آپ کے پاس جمع ہو گئے حضور نے فرمایا بھلا بتاؤ تو اگر میں تم کو اطلاع دوں کہ کچھ سوار اس پہاڑ کے دامن سے برآمد ہو رہے ہیں (جو تم پر حملہ کرنا چاہتے ہیں) تو کیا تم مجھے سچا جانو گے لوگوں نے کہا ہم نے تجربہ میں آپ کی کوئی بات جھوٹی نہیں پائی فرمایا تو میں عذاب شدید آنے سے پہلے تم کو (اس کی آمد سے) ڈرا رہا ہوں (عذاب شدید میرے سامنے ہے) ابولہب بولا تجھے ہلاکت ہو کیا اس لئے تو نے ہم کو اکٹھا کیا تھا یہ کہہ کر کھڑا ہو گیا اس پر اسی روز تَبَّتۡ يَدَاۤ اَبِىۡ لَهَبٍ وَّتَبَّ (اعمش کی قراءت میں اسی طرح آیا ہے) نازل ہوئی۔

بغوی نے حضرت عبداللہ بن حمار مجاشعیؓ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ جو علم اس نے مجھے عطا فرمایا ہے اور تم اس سے واقف نہیں آج تم کو اس کے کچھ حصہ سے واقف کر دوں اس نے فرمایا کہ جو مال میں نے اپنے بندوں کو (بطور حلال) عطا کر دیا وہ ان کے لئے حلال ہے میں نے اپنے بندوں کو موحد پیدا کیا پھر شیطانوں نے پہنچ کر ان کو ان کے دین سے بہکایا اور جو چیز میں نے ان کے لئے حلال کر دی تھی شیطانوں نے وہ چیز ان کے لئے حرام قرار دیں میں نے ان کو حکم دیا تھا کہ جس چیز کی معبودیت کی میں نے کوئی دلیل نہیں، اتاری اس کو میرا ساجھی نہ قرار دیں۔ اللہ نے تمام زمین والوں کو دیکھا اور سب سے نفرت کی عرب ہوں یا عجمی ہوں۔ ہاں اہل کتاب میں سے جو (اصلی دین پر) باقی رہ گئے تھے (ان سے نفرت نہیں کی) اللہ نے مجھے حکم دیا کہ میں (اللہ کی نافرمانی اور عذاب سے) قریش کو ڈراؤں میں نے عرض کیا اے رب وہ تو میرا سر توڑ ڈالیں گے اور میرے سر کو (کچل کر) روٹی بنا دیں گے اللہ نے فرمایا میں نے تجھے اسی لئے بھیجا ہے کہ تیری بھی جانچ کروں اور تیرے ذریعہ سے دوسروں کی بھی میں نے تیرے اوپر ایک کتاب اتاری ہے جس کو پانی نہیں دھو سکتا تو اس کو سوتے جاگتے پڑھا کر، تو ان سے جہاد کر کامیاب ہوگا تو (اللہ کے بندوں پر) خرچ کر (اللہ کی طرف سے) تجھ پر خرچ کیا جائے گا۔ تو ایک لشکر (کافروں کے مقابلے کے لئے) تیار کر میں اس سے پانچ گنا لشکر تیری مدد کے لئے بھیج دوں گا۔ اور اپنے فرمانبرداروں کو ساتھ لے کر نافرمانوں سے جنگ کر پھر فرمایا اہل جنت تین ہیں۔

(۱) منصف حاکم (۲) ہر قرابتدار اور مسلم پر مہربانی کرنے والا نرم دل آدمی (۳) دولت مند پاک دامن آدمی جو خود پاکدامن رہتا ہے اور دوسروں کو خیرات دیتا ہے۔

اور دوزخی پانچ ہیں وہ کمزور بے عقل جس میں برائیوں سے رکنے والی سمجھ نہ ہو محض دوسروں کے پیچھے لگ جانے والا ہو اور وہ شخص کہ جب صبح کو اٹھتا ہے تو تم کو تمہارے مال وعیال کے معاملہ میں فریب دیتا، اٹھتا ہے اور وہ شخص کہ اس کا ہر لالچ خواہ کتنا ہی چھوٹا ہو اس کو (اپنے ساتھ) لے جاتا ہے۔ اور وہ شخص جو بداخلاق اور فاحش ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بخل اور کذب کا بھی ذکر کیا تھا۔ واللہ اعلم

ایک ایک کو خطاب:

ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ اس آیت کے اُترتے ہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قریشیوں کو بلایا اور انہیں ایک ایک کر کے اور عام طور پر خطاب کر کے فرمایا کہ اے قریشیو! اپنی جانیں جہنم سے بچالو۔ اے کعب کے خاندان والو! اپنی جانیں آگ سے بچالو۔ اے ہاشم کی اولاد کے لوگو! اپنے تئیں خدا کے عذابوں سے چھڑالو۔ اے عبدالمطلب کے لڑکو! خدا کے عذابوں سے بچنے کی کوشش کرو۔ اے فاطمہ بنت محمد! اپنی جان کو دوزخ سے بچا لے۔ میں خدا کے ہاں کی کسی چیز کا مالک نہیں۔ بیشک تمہاری قرابت داری ہے جس کے دنیوی حقوق میں ہر طرح ادا کرنے کو تیار ہوں (مسلم وغیرہ)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور امت کی مثال:

مسند احمد میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ آیت اُتری تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک پہاڑی پر چڑھ گئے جس کی چوٹی پر پتھر تھے وہاں پہنچ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے بنی عبدالمناف میں تو صرف ہوشیار کر دینے والا ہوں میری اور تمہاری مثال ایسی ہے جیسے کسی شخص نے دشمن کو دیکھا اور دوڑ کر اپنے والوں کو ہوشیار کرنے کے لئے آیا تا کہ وہ بچاؤ کر لیں دور سے ہی اس نے غل مچانا شروع کر دیا کہ پہلے ہی خبردار ہو جائیں (مسلم نسائی وغیرہ)

حضرت علیؓ کی فضیلت:

حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ جب یہ آیت اُتری تو آنحضرت صلی اللہ علیہ

besturdubooks.wordpress.com

وسلم نے اپنے اہل بیت کو جمع کیا یہ تیس شخص تھے جب یہ کھا پی چکے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کون ہے جو میرا قرض اپنے ذمے لے اور میرے بعد میرے وعدے پورے کرے وہ جنت میں بھی میرا ساتھی اور میرے اہل میں میرا خلیفہ ہوگا۔ تو ایک شخص نے کہا کہ آپ تو ایک سمندر ہیں آپ کے ساتھ کون کھڑا ہو سکتا ہے؟ تین دفعہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لیکن کوئی تیار نہ ہوا تو میں نے کہا یا رسول اللہ! میں اس کے لئے تیار ہوں۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝

اور اپنے بازو نیچے رکھ ان کے واسطے جو تیرے ساتھ ہیں ایمان والے

یعنی شفقت میں رکھ ایمان والوں کو اپنے ہوں یا پرائے۔

فَإِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ إِنِّي بَرِيءٌ مِّمَّا تَعْمَلُونَ ۝

پھر اگر تیری نافرمانی کریں تو کہہ دے میں بیزار ہوں تمہارے کام سے

یعنی خلاف حکم خدا جو کوئی کرے اس سے تو بیزار ہو جا، اپنا ہو یا پرایا۔ (موضح) (تفسیر عثمانی)

گناہوں سے بیزاری:

پھر اگر وہ مومن (بعض امور میں) تمہاری نافرمانی کریں تو کہہ دو کہ میں تمہارے ان (گناہوں کے) اعمال سے بری ہوں۔ اس آیت میں گناہوں سے الگ ہونے کے اظہار کا حکم دیا گیا ہے گناہگاروں سے الگ ہونے کے اظہار کا حکم نہیں دیا گیا۔ (تفسیر مظہری)

وَتَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِيزِ الرَّحِيمِ ۝

اور بھروسہ کر اس زبردست رحم والے پر

اللہ پر بھروسہ رکھو:

یعنی نافرمانی کرنے والے کوئی ہوں اور کتنے ہی ہوں تیرا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔ سب سے بیزار ہو کر ایک خدا پر بھروسہ رکھ جو زبردست بھی ہے کسی کی اس کے مقابلہ میں چل نہیں سکتی، اور مہربانی فرمانے والا بھی، چنانچہ اپنی مہربانی سے تیرے حال پر ہر وقت نظر عنایت رکھتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

توکل کا معنی ہے اپنا کام (مکمل طور پر) دوسرے کے سپرد کر دینا اور ایسا کرنا نہ عقلاً جائز ہے نہ نقلاً صحیح۔ ہاں اگر جس کی سپردگی میں کام دیا ہو وہ نفع پہنچانے اور ضرر کو دفع کرنے پر کامل قدرت رکھتا، بھروسہ کرنے والے کے اقوال کو سنتا اور تمام احوال کو دیکھتا ہو اور انجام سے باخبر ہو اور بھروسہ کرنے والے کا ہر وقت نگراں ہو تو اس کی سپردگی میں اپنے کام دیئے جا سکتے ہیں اسی لئے فرمایا علی العزیز یعنی اس اللہ پر اعتماد رکھو جو اپنے دشمنوں پر غالب ان کو مقہور کرنے والا اور اپنے دوستوں کی مدد کرنے والا ہے الرحیم جو رحیم ہے تمہارے اوپر بھی اور تمہاری پیروی کرنے والوں پر بھی۔ (تفسیر مظہری)

الَّذِي يَرَاكَ حِينَ تَقُومُ ۝ وَتَقَلُّبَكَ فِي السَّاجِدِينَ ۝

جو دیکھتا ہے تجھ کو جب تو اٹھتا ہے اور تیرا پھرنا نمازیوں میں

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ساجدین میں تقلب:

یعنی جب تو تہجد کو اٹھتا ہے اور متوسلین کی خبر لیتا ہے کہ خدا کی یاد میں ہیں یا غافل (موضح) یا تو جب نماز کے لئے کھڑا ہوتا ہے اور جماعت کی نماز میں نقل و حرکت (رکوع و سجود وغیرہ) کرتا ہے، اور مقتدیوں کی دیکھ بھال رکھتا ہے اور بعض سلف نے کہا کہ ساجدین سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے آباء مراد ہیں یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نور کا ایک نبی کی صلب سے دوسرے نبی کی صلب تک منتقل ہونا اور آخر میں نبی ہو کر تشریف لانا بلکہ بعض مفسرین نے اس لفظ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین کے ایمان پر استدلال کیا ہے۔ واللہ اعلم (تفسیر عثمانی)

مطلب یہ ہے کہ اللہ تم کو اس وقت بھی دیکھتا ہے جب تم تنہا نماز پڑھتے ہو اور اس وقت بھی دیکھتا ہے جب نمازیوں کے ساتھ جماعت کی نماز پڑھتے ہو۔ مجاہد نے کہا مطلب یہ ہے کہ تم جو نمازیوں کی طرف نظر گھماتے پھراتے ہو اللہ اس کو دیکھتا ہے بات یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس طرح سامنے سے دیکھتے تھے اسی طرح پشت کے پیچھے کی چیز کو بھی دیکھتے تھے (تو نماز کے اندر نظر نبوت سے مقتدیوں کے حال کا بھی مشاہدہ کر لیتے تھے حضرت ابوہریرہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم میرا رخ یہاں (یعنی سامنے کی طرف) دیکھتے ہو واللہ تمہارے خضوع کی حالت مجھ سے پوشیدہ نہیں ہوتی میں تمہیں بلاشبہ اپنی پشت کے پیچھے سے بھی دیکھتا ہوں رواہ البغوی۔

عطاء کی روایت میں حضرت ابن عباس کا ایک قول آیا ہے کہ تقلب سے مراد ہے آباء و اجداد کی پشتوں میں منتقل ہونا یعنی ایک نبی سے نور محمدی کا دوسرے نبی کی پشت میں منتقل ہو کر آنا۔ لیکن اس تفسیر پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی خاص مدح نہ ہوگی کیونکہ آباء و اجداد میں ایک سے دوسرے کی طرف منتقل ہونا تو صرف رسول اللہ ہی کے لئے مخصوص نہ تھا تمام قریش بلکہ تمام انسان یونہی پشت در پشت منتقل ہوتے چلے آئے ہیں۔ زیادہ مناسب یہ ہے کہ تقلب سے مراد ہو پاک عبادت گزار مردوں کی پشت سے مقدس پاک دامن عورتوں کے رحموں میں آپ کا منتقل ہوتے رہنا یعنی موحد، مومن مردوں کی پشتوں سے مومن، موحد عورتوں کے رحموں کی طرف انتقال۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے آباؤ اجداد کا مومن ہونا:

اس تفسیر سے آیت پر استدلال کیا جا سکے گا اس امر پر کہ

besturdubooks.wordpress.com

حضور کے سارے آباء واجداد مومن تھے۔ کذا قال السیوطی۔

حافظ شمس الدین بن ناصر الدین دمشقی کے شعر ہیں۔

وَیَنْقُلُ اَحْمَدُ نُوراً عظیماً تلالأ فی وُجُوہ السَّاجدِیْنَ

تَقَلَّبَ فِیْھِمْ قَرْناً فَقَرْناً اِلٰی اَنْ جَاءَ خَیْرُ الْمُرْسَلِیْنَ

ہر ایک نورِ عظیم منتقل کرتا رہا جو موحدوں کے چہروں میں جگمگاتا رہا وہ نور ہر زمانہ میں منتقل ہوتا رہا یہاں تک کہ سید المرسلینؐ پیدا ہوگئے۔

اس تفسیر کی تائید صحیح بخاری کی اس روایت سے بھی ہوتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے قرن در قرن (منتقل کر کے) بنی آدم کے بہترین قرن میں بھیجا گیا یہاں تک کہ میری بعثت اس زمانہ میں ہوگئی جس میں میں ہوں۔ مسلم نے حضرت واثلہ بن اسقع کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ نے اولاد ابراہیم میں سے اسماعیل کا انتخاب کر لیا اور اولاد اسماعیل میں سے بنی کنانہ کا اور بنی کنانہ میں سے قریش کا اور قریش میں سے بنی ہاشم کا اور بنی ہاشم میں سے مجھے چن لیا۔ بیہقی نے دلائل النبوت میں حضرت انسؓ کی روایت سے یہ حدیث نقل کی ہے حضور نے فرمایا جب بھی اللہ نے آدمیوں کو دو گروہوں میں تقسیم کیا تو مجھے بہترین فرقہ میں سے کر دیا آخر مجھے میرے والدین سے پیدا کر دیا گیا کہ دور جاہلیت کی کوئی خرابی مجھے نہیں پہنچی آدم سے لے کر اپنے والدین تک میں نکاح سے پیدا ہوا زنا سے نہیں۔ پس میں ذاتی حیثیت میں بھی تم سے بہتر ہوں اور نسبی اعتبار سے بھی افضل ہوں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آباء واجداد کے مؤمن ہونے کے موضوع پر مجمل اور مفصل ایک کتاب تصنیف کی ہے جس میں مثبت ومنفی ہر طرح کی بحث کی ہے میں نے اس کا خلاصہ ایک رسالہ کی شکل میں لکھ دیا ہے اس موضوع کی تنقیح کے لئے اس رسالہ کی طرف رجوع کرنا چاہیے۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۲۲۰﴾ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ عَلٰى مَنْ تَنَزَّلُ
بیشک وہی ہے سننے والا جاننے والا میں بتلاؤں تم کو کس پر اُترتے ہیں
الشَّيٰطِيْنُ ﴿۲۲۱﴾ تَنَزَّلُ عَلٰى كُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ﴿۲۲۲﴾
شیطان اُترتے ہیں ہر جھوٹے گنہگار پر

صداقت وعظمت قرآن وپیغمبر:

یہاں پھر قرآن کے صدق اور عظمت شان پر تنبیہ فرمائی یعنی ایسے ساجدین اور تہجد گزاروں کے امام کو جو اللہ کے معاملہ میں اپنے اور بیگانے کی کوئی پروانہ کرے اور ساری دنیا سے ٹوٹ کر اکیلے خدا پر بھروسہ رکھے، کیا یہ کہا جا سکتا ہے کہ (معاذ اللہ) شیطان اُن پر وحی لاتا تھا؟ آؤ! میں تم کو بتاؤں کہ شیطانی وحی کس قسم کے لوگوں پر آتی ہے۔ وہ آتی ہے جھوٹوں پر بد معاشوں اور بدکاروں پر کیونکہ شیطان سچے اور نیک آدمیوں سے بیزار ہے کہ یہ اُس کو بُرا جانتے ہیں جھوٹے دغا بازوں سے خوش ہے جو اُس کی مرضی کے موافق ہیں۔ بھلا سب سچوں سے زیادہ سچے اور تمام نیکوں سے بڑھ کر نیک انسان کو شیطانی وحی سے کیا نسبت، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا صدق وامانت اتقاء، پاکبازی، خدا ترسی تو وہ اوصاف ہیں جو بچپن سے لے کر دعوائے نبوت تک آپ کی ساری قوم کو تسلیم تھے۔ حتیٰ کہ الصادق الامین آپؐ کا لقب ہی پڑ گیا تھا۔ (تفسیر عثمانی)

''شیاطین اترتے ہیں ہر بڑے دروغ گو پکے گناہگار پر۔''

اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم نہ شریر دروغ گو ہیں۔ نہ گناہگار اللہ کے نافرمان اس لئے شیاطین کا نزول ان پر نہیں ہو سکتا تعلیم دینے والے اور تعلیم پانے والے میں (عملی وقولی) مناسبت وموافقت ضروری ہے۔ (تفسیر مظہری)

يُّلْقُوْنَ السَّمْعَ وَاَكْثَرُهُمْ كٰذِبُوْنَ ﴿۲۲۳﴾
لا ڈالتے ہیں سنی ہوئی بات اور بہت اُن میں جھوٹے ہیں

شیطان کی جھوٹی روایات:

یعنی شیاطین کوئی ایک آدھ نا تمام بات امور غیبیہ جزئیہ کے متعلق جو سُن بھاگتے ہیں اس میں سو جھوٹ ملا کر اپنے کاہن دوستوں کو پہنچاتے ہیں، یہ حقیقت اُن کی وحی کی ہے۔ برخلاف اس کے انبیاء علیہ السلام کی وحی کا ایک حرف اور ایک شوشہ بھی جھوٹ نہیں ہو سکتا۔ بعض نے یُلْقُوْنَ السَّمْعَ کے معنی یہ لئے ہیں، کہ شیاطین ملاءِ اعلیٰ کی طرف کان لگاتے ہیں کہ کوئی غیبی بھنک کان میں پڑ جائے، یا جھوٹے گنہگار شیاطین کی طرف کان جھکائے رکھتے ہیں کہ کوئی چیز اُدھر سے ہاتھ آئے تو چلتی کریں۔ (تفسیر عثمانی)

کاہنوں کی باتیں:

حضرت عائشہؓ کا بیان ہے کہ کچھ لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کاہنوں کے متعلق دریافت کیا حضور نے فرمایا وہ (یعنی کاہن) ہیچ ہیں عرض کیا گیا یا رسول اللہ وہ بسا اوقات ایسی باتیں کہتے ہیں جو صحیح ثابت ہوتی ہیں فرمایا کوئی ایک صحیح بات کوئی جن (فرشتوں کی گفتگو سے) جھپٹ کر لے بھاگتا ہے اور لا کر اپنے دوست کے کان میں مرغی کے کٹکٹانے کی طرح کٹ کٹ کر دیتا ہے کاہن اس (ایک صحیح بات) میں سو سے بھی زیادہ جھوٹ ملا کر بیان کر دیتے ہیں۔ متفق علیہ۔

حضرت عائشہؓ نے فرمایا میں نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ فرشتے عنان یعنی ابر میں اترتے ہیں اور ان میں باہم اس امر کا تذکرہ ہوتا ہے جس کا فیصلہ آسمان پر ہو چکا ہے شیاطین (بادلوں تک پہنچ کر) اس

besturdubooks.wordpress.com

بات کو چوری سے سن پاتے ہیں اور کاہنوں کے دلوں میں لا کر ڈال دیتے ہیں کاہن اسکے ساتھ سو جھوٹ اپنی طرف سے شامل کر دیتے ہیں۔ رواہ البخاری۔

حضرت ابو ہریرہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ جب کسی امر کا فیصلہ آسمان پر کر دیتا ہے تو فرشتے عاجزی اور اطاعت کے اظہار کے لئے اپنے بازو پھٹ پھٹاتے ہیں جیسے کسی چٹان پر زنجیر مارنے سے آواز پیدا ہوتی ہے جب گھبراہٹ دور ہو جاتی ہے تو (باہم) پوچھتے ہیں تمہارے رب نے کیا فرمایا (دوسرے جواب میں) کہتے ہیں جو کچھ فرمایا وہ حق ہے وہی بزرگ، برتر، عالی قدر ہے۔ اس بات کو کچھ چوری سے سننے والے، (شیاطین) سن پاتے ہیں وہ نیچے والے چوری سے سننے والے سے کہہ دیتے ہیں اور اسی طرح ایک کے بعد ایک ترتیب وار سن لیتا ہے (سفیان راوی نے اپنی انگلیاں کھول کر ہاتھ کو ترچھا کر کے دکھایا یعنی چاروں انگلیوں کو اس طرح ترتیب دے کر بتایا کہ ایک انگلی دوسری کے اوپر اور دوسری تیسری کے اوپر تیسری چوتھی کے اوپر کر کے دکھائی۔ (مترجم) نیچے والا سن کر اپنے سے نیچے والے کو بتا دیتا ہے اور وہ اپنے سے نیچے والے کو یہاں تک کہ سب سے نچلا شیطان ساحر یا کاہن کو بتا دیتا ہے کبھی ایسا ہوتا ہے کہ اوپر والا نیچے والے کو بتانے بھی نہیں پاتا کہ پہلے ہی ایک انگارہ (ٹوٹنے والا ستارہ) اس پر آ گرتا ہے اور اس کو جلا دیتا ہے اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ انگارہ پڑنے سے پہلے وہ اپنے نیچے والے کو بتا چکتا ہے۔ کاہن اس کے ساتھ سو جھوٹ ملا دیتا ہے اور لوگوں سے کہہ دیتا ہے اسی بنیاد پر کہا جاتا ہے کہ کیا فلاں فلاں دن کاہن نے ایسا نہیں کہا تھا غرض اسی آسمان والی بات کی وجہ سے کاہن کی تصدیق کی جاتی ہے۔ رواہ البخاری

ستاروں کا ٹوٹنا:

حضرت ابن عباس نے کسی انصاری کا مقولہ نقل کیا انصاری نے کہا ہم ایک رات رسول اللہ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک تارہ ٹوٹا اور اس کی روشنی ہوئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جاہلیت کے زمانہ میں اس طرح (تارہ) پھینکا جاتا تھا تو تم لوگ کیا کہتے تھے حاضرین نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول ہی خوب جانتے ہیں ہم کہا کرتے تھے کہ آج رات کوئی بڑا آدمی پیدا ہوا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ (تارے) نہ کسی کے مرنے کی وجہ سے پھینکے جاتے ہیں۔ نہ کسی کی زندگی کی وجہ سے پھینکے جاتے ہیں بلکہ ہمارا رب بزرگ و برتر جب کسی امر کا فیصلہ کرتا ہے تو حاملین عرش تسبیح پڑھتے ہیں پھر ان سے متصل آسمان والے یہاں تک کہ تسبیح (کی آواز) اس نچلے قریبی آسمان والوں کو پہنچ جاتی ہے پھر حاملین عرش سے متصل آسمان والے حاملین عرش سے کہتے ہیں تمہارے رب نے کیا فرمایا وہ بتاتے ہیں کہ اللہ نے یہ فرمایا پھر (ترتیب وار) ایک آسمان والے دوسرے آسمان والوں سے پوچھتے چلے آتے ہیں یہاں تک کہ وہ بات اس دنیوی آسمان تک پہنچ جاتی ہے اور جن جھپٹ کر اس کو سن کر لے بھاگتا ہے اس طرح شیاطین اپنے دوستوں کی طرف لا کر دے مارتے ہیں (کاہن لوگ) جب اس بات کو اسی طرح بیان کرتے ہیں جیسی وہ ہوتی ہے تو وہ حق ہوتی ہے لیکن وہ تو اس میں بڑھا دیتے ہیں۔ رواہ مسلم۔ (تفسیر مظہری)

وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ ﴿۲۲۴﴾

اور شاعروں کی بات پر چلیں وہی جو بے راہ ہیں

پیغمبر شاعر نہیں ہے:

کافر لوگ پیغمبر کو کبھی کاہن بتاتے کبھی شاعر، سو فرمایا کہ شاعری کی باتیں محض تخیلات ہوتی ہیں تحقیق سے اس کو لگاؤ نہیں ہوتا، اس لئے اُس کی باتوں سے بجز گرمی محفل یا وقتی جوش اور واہ واہ کے کسی کو مستقل ہدایت نہیں ہوتی حالانکہ اس پیغمبر کی صحبت میں قرآن سُن سُن کر ہزاروں آدمی نیکی اور پرہیزگاری پر آتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

دورِ فاروقی کے ایک گورنر کی معزولی کا واقعہ:

امیر المؤمنین حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی خلافت کے زمانہ میں حضرت نعمان بن عدی بن نضلہ کو بصرے کے شہر میسان کا گورنر مقرر کیا تھا وہ شاعر تھے ایک مرتبہ اپنے شعروں میں کہا کہ کیا حسینوں کو یہ اطلاع نہیں ہوئی کہ ان کا محبوب میسان میں ہے جہاں ہر وقت شیشے کے گلاسوں سے دور شراب چل رہا ہے اور گاؤں کی بھولی لڑکیوں کے گانے اور ان کے رقص و سرود مہیا ہیں ہاں اگر میرے کسی دوست سے ہو سکے تو اس سے بڑے اور بھرے ہوئے جام مجھے پلائے لیکن ان سے چھوٹے جام مجھے سخت ناپسند ہیں۔ خدا کرے امیر المؤمنین کو یہ خبر نہ پہنچے ورنہ وہ بُرا مانیں گے اور سزا دیں گے۔ یہ اشعار سچ مچ حضرت امیر المؤمنین تک پہنچے آپ سخت ناراض ہوئے اور اسی وقت آدمی بھیجا کہ میں نے تجھے تیرے عہدے سے معزول کیا اور آپ نے ایک خط بھیجا جس میں بسم اللہ الخ کے بعد حم کی تین آیتیں الیہ المصیر تک لکھ کر پھر تحریر فرمایا کہ تیرے اشعار میں نے سُنے مجھے سخت رنج ہوا۔ میں تجھے تیرے عہدے سے معزول کرتا ہوں۔ چنانچہ اس خط کو پڑھتے ہی حضرت نعمانؓ دربار خلافت میں حاضر ہوئے اور بادب عرض کی کہ امیر المؤمنین! واللہ نہ میں نے کبھی شراب پی نہ ناچ رنگ اور گانا بجانا دیکھا سنا یہ تو صرف شاعرانہ ترنگ تھی۔ آپ نے فرمایا یہی میرا خیال ہے لیکن میری ہمت تو نہیں پڑتی کہ ایسے فحش گو شاعر کو کوئی عہدہ دوں

besturdubooks.wordpress.com

پس معلوم ہوا کہ حضرت عمرؓ کے نزدیک بھی شاعر اپنے شاعروں میں کسی جرم کے اعلان پر گو وہ قابل حد ہو مارا نہ جائے گا اس لئے کہ وہ کہتے ہیں جو کرتے نہیں۔ ہاں وہ قابل ملامت اور لائق سرزنش ضرور ہیں چنانچہ حدیث میں ہے کہ پیٹ کو لہو پیپ سے بھر لینا اشعار سے بھر لینے سے بہتر ہے۔

شعر کی تعریف:

وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ اصل لغت میں شعر ہر اس کلام کو کہا جاتا ہے جس میں محض خیالی اور غیر حقیقی مضامین بیان کئے گئے ہوں جس میں کوئی بحر، وزن، ردیف اور قافیہ کچھ شرط نہیں، فن منطق میں بھی ایسے ہی مضامین کو ادلہ شعریہ اور قضایا شعریہ کہا جاتا ہے اصطلاحی شعر و غزل میں بھی چونکہ عموماً خیالات کا ہی غلبہ ہوتا ہے اس لئے اصطلاح شعراء میں کلام موزوں مقفی کو شعر کہنے لگے۔ بعض مفسرین نے آیات قرآن بَلْ هُوَ شَاعِرٌ - شَاعِرٌ مَّجْنُوْنٌ - شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ وغیرہ میں شعر اصطلاحی کے معنی میں مراد لے کر کہا کہ کفار مکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو وزن دار، قافیہ دار کلام لانے والے کہتے تھے لیکن بعض نے کہا کہ کفار کا مقصد یہ نہ تھا اس لئے کہ وہ شعر کے طرز و طریق سے واقف تھے، اور ظاہر ہے کہ قرآن اشعار کا مجموعہ نہیں اس کا قائل تو ایک عجمی بھی نہیں ہو سکتا چہ جائے کہ فصیح و بلیغ عرب، بلکہ کفار آپ کو شاعر شعر کے اصلی معنی یعنی خیالی مضامین کے لحاظ سے کہتے تھے مقصد ان کا در اصل آپ کو نعوذ باللہ جھوٹا کہنا تھا کیونکہ شعر بمعنی کذب بھی استعمال ہوتا ہے اور شاعر کاذب کو کہا جاتا ہے اس لئے ادلۂ کاذبہ کو ادلۂ شعر کہا جاتا ہے خلاصہ یہ کہ جیسے موزوں اور مقفی کلام کو شعر کہتے ہیں اسی طرح ظنی اور تخمینی کلام کو بھی شعر کہتے ہیں جو اہل منطق کی اصطلاح ہے۔

اچھے اشعار: تفسیر قرطبی میں ہے کہ مدینہ منورہ کے فقہاء عشرہ جو اپنے علم و فضل میں معروف ہیں اُن میں سے عبیداللہ بن عتبہ بن مسعود مشہور قادر الکلام شاعر تھے اور قاضی زبیر بن بکار کے اشعار ایک مستقل کتاب میں جمع تھے۔ پھر قرطبی نے لکھا کہ ابوعمرو نے فرمایا ہے کہ اچھے مضامین پر مشتمل اشعار کو اہل علم اور اہل عقل میں سے کوئی بُرا نہیں کہہ سکتا، کیونکہ اکابر صحابہ جو دین کے مقتدا ہیں ان میں کوئی بھی ایسا نہیں جس نے خود شعر نہ کہے ہوں یا دوسروں کے اشعار نہ پڑھے یا سنے ہوں اور پسند کیا ہو۔

کون سے اشعار بُرے ہیں:

جن روایات میں شعر شاعری کی مذمت مذکور ہے ان سے مقصود یہ ہے کہ شعر میں اتنا مصروف اور منہمک ہو جائے کہ ذکر اللہ عبادت اور قرآن سے غافل ہو جائے۔ امام بخاریؒ نے اس کو ایک مستقل باب میں بیان فرمایا ہے اور اس باب میں حضرت ابو ہریرۃؓ کی یہ روایت نقل کی ہے۔ لأن يَمْتَلِي جَوْفُ رَجُلٍ قَيحاً يَرِيْهِ خَيْرٌ مِنْ اَنْ يَمْتَلِي شِعراً، یعنی کوئی آدمی پیپ سے اپنا پیٹ بھرے یہ اس سے بہتر ہے کہ اشعار سے پیٹ بھرے۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک اس کے معنی یہ ہیں کہ شعر جب ذکر اللہ اور قرآن اور علم کے اشتغال پر غالب آ جائے۔ اور اگر شعر مغلوب ہے تو بُرا نہیں ہے اسی طرح وہ اشعار جو فحش مضامین یا لوگوں پر طعن و تشنیع یا دوسرے خلاف شرع مضامین پر مشتمل ہوں وہ باجماع اُمت حرام و ناجائز ہیں اور یہ کچھ شعر کے ساتھ مخصوص نہیں جو نثر کلام ایسا ہو اس کا بھی یہی حکم ہے۔ (قرطبی)

حضرت عمر بن خطابؓ نے اپنے گورنر عدی بن نضلہ کو اُن کے عہدہ سے اس لئے برخاست کر دیا کہ وہ فحش اشعار کہتے تھے، حضرت عمر بن عبدالعزیز نے عمرو بن ربیعہ اور ابوالاحوص کو اسی جرم میں جلا وطن کرنے کا حکم دیا۔ عمرو بن ربیعہ نے توبہ کر لی وہ قبول کی گئی۔ (قرطبی)

خدا و آخرت سے غافل کر دینے والا ہر علم اور فن مذموم ہے:

ابن ابی جمرہ نے فرمایا کہ بہت قافیہ بازی اور ہر ایسا علم و فن جو دلوں کو سخت کر دے اور خدا تعالیٰ کے ذکر سے انحراف و اعراض کا سبب بنے اور اعتقادات میں شکوک و شبہات اور روحانی بیماریاں پیدا کرے اس کا بھی وہی حکم ہے جو مذموم اشعار کا حکم ہے۔

اکثر تابعین کی گمراہی متبوع کی گمراہی کی علامت ہوتی ہے:

وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ اس آیت میں شعراء پر یہ عیب لگایا گیا ہے کہ اُن کے متبعین گمراہ ہیں۔ یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ گمراہ تو ہوئے متبعین اُن کے فعل کا الزام متبوعین یعنی شعراء پر کیسے عائد ہوا، وجہ یہ ہے کہ عموماً اتباع کرنے والوں کی گمراہی علامت اور نشانی ہوتی ہے متبوع کی گمراہی کی لیکن سیدی حضرت حکیم الامت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ یہ حکم اس وقت ہے جب تابع کی گمراہی بھی اس متبوع کے اتباع کا ثمرہ ہو مثلاً متبوع کو جھوٹ اور غیبت سے بچنے بچانے کا اہتمام نہیں ہے اور [illegible] اس طرح کی باتیں ہوتی ہیں وہ روک ٹوک نہیں کرتا اس سے تابع کو [illegible] اور غیبت کی عادت پڑ گئی تو یہ تابع کا گناہ خود متبوع کے گناہ کی علامت [illegible] لیکن اگر گمراہی متبوع کی ایک وجہ سے اور اتباع کسی دوسری [illegible] گمراہی متبوع کی گمراہی کی علامت نہیں ہوگی، مثلاً ایک شخص [illegible] عقائد و مسائل میں کسی عالم کا اتباع کرتا ہے اور اُن میں کوئی گمراہی نہیں، اعمال و اخلاق میں اس عالم کا اتباع نہیں کرتا ان میں یہ گمراہ ہے تو اس کی عملی اور اخلاقی گمراہی اس عالم کی گمراہی پر دلیل نہیں ہوگی۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

شاعروں کی گپوں کا ایک نمونہ لکھا جاتا ہے:

اے رشکِ مسیحا تری رفتار کے قرباں ٹھوکر سے مری لاش کئی بار جلا دی

besturdubooks.wordpress.com

اے بادِ صبا ہم تجھے کیا یاد کریں گے — اُس گل کی خبر تو نے کبھی ہم کو نہ لا دی
صبا نے اس کے کوچہ سے اڑا کر — خدا جانے ہماری خاک کیا کی

وغیرہ وغیرہ حتیٰ کہ کبھی کفریات بکنے لگتے ہیں۔

قرآن قرآن کے اعجاز کے دو رُخ ہیں اول ترتیبی یعنی اسلوب ادا اور دوسرا معنوی۔ قرآن کی معنویت پر تو وہ لوگ یہ جرح کرتے تھے کہ یہ شیاطین لے کر اترتے ہیں اور اعجاز لفظی کے سلسلہ میں کہتے تھے یہ شاعری ہے اس لئے اللہ نے کاہنوں اور شاعروں کی حالت بیان کر کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حالت کا ان کی حالتوں سے فرق ظاہر کر دیا۔

شعر گوئی کی مذمت:

حضرت ابوہریرہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر کسی کے پیٹ میں لہو، پیپ بھرا ہو کہ اس کی صحت کو غارت کر دے تو اس سے بہتر ہے کہ اس کے اندر شعر بھرے ہوں۔ رواہ البخاری ومسلم واحمد وابوداؤد والترمذی والنسائی وابن ماجۃ۔

حضرت ابوسعید خدری کا بیان ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم رکاب (کوہ) عرج میں چل رہے تھے اچانک ایک شاعر گاتا ہوا سامنے آیا حضور نے فرمایا شیطان کو پکڑ لو یا تھام لو فرمایا اگر کسی کے جوف کے اندر پیپ، لہو بھرا ہو تو اس سے بہتر ہے کہ اس کے اندر شعر بھرے ہوں۔

حضرت ابن مسعود راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کلام میں انتہائی مبالغہ کرنے والے غارت ہو گئے حضور نے یہ بات تین بار فرمائی۔

حضرت ابوثعلبہ خشنی کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے سب سے زیادہ پیارے اور قیامت کے دن سب سے زیادہ میرے مقرب تم میں سے وہ لوگ ہوں گے جن کے اخلاق سب سے اچھے ہوں اور میرے لئے سب سے زیادہ قابل نفرت اور قیامت کے دن مجھ سے سب سے زیادہ دور تم میں سے وہ لوگ ہوں گے جن کے اخلاق سب سے برے ہوں فضول بکواس کرنے والے ہوں بنا بنا کر خلاف حقیقت کثیر کلام کرنے والے ہوں حلق پھاڑ کر بغیر احتیاط کے کام کو پھیلانے والے ہوں۔ میں کہتا ہوں شعراء کی یہی حالت ہوتی ہے۔ ترمذی نے حضرت جابر کی روایت سے بھی حدیث اسی طرح نقل کی ہے ایک روایت میں آیا ہے کہ صحابہ نے عرض کیا ہم ثرثاروں (بکواسی، کثیر گو) اور متشدقون (باچھیں پھاڑ کر بنا کر کلام کرنے والے) کو تو جانتے ہیں متفیھقون کے کیا معنی فرمایا تکبر کرنے والے۔

بے عمل خطیب:

حضرت انسؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس رات مجھے (معراج میں) لے جایا گیا تو میرا گزر کچھ لوگوں کی طرف سے ہوا جن کے ہونٹ آگ کی قینچیوں سے کاٹے جا رہے تھے میں نے پوچھا جبرئیل یہ کون لوگ ہیں جبرئیل نے کہا یہ آپ کی امت کے وہ خطیب ہیں جو ایسی باتیں (تقریر میں) کہتے تھے جو خود نہیں کرتے تھے۔ رواہ الترمذی۔ ترمذی نے اس حدیث کو غریب کہا ہے۔

شانِ نزول:

ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے بروایت عوفی حضرت ابن عباس کا بیان نقل کیا ہے حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں دو آدمیوں نے (یعنی دو شاعروں نے) باہم ہجو کا مقابلہ کیا ایک انصاری تھا دوسرا کسی اور قبیلہ کا ہر ایک کے ساتھ اس کی قوم کے کچھ غاوی (گمراہ یعنی اشعار کو نقل کرنے اور یاد رکھنے والے) بھی تھے اس پر آیت ذیل نازل ہوئی۔

غاوی کون ہیں:

وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ اور شاعروں کی راہ تو بے راہ لوگ چلا کرتے ہیں بغوی نے ضحاک کی روایت سے بھی ایسا ہی نقل کیا ہے عطیہ کی ایک روایت بھی ابن عباس سے یہی ہے حضرت ابن عباس کا قول عطیہ نے بھی یہی نقل کیا ہے اور ابن ابی حاتم نے بھی بروایت عکرمہ اسی طرح بیان کیا ہے۔

لیکن اکثر مفسرین کہتے ہیں کہ آیت میں وہ شعراء مراد ہیں جو کافروں کی حمایت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجاء کرتے تھے مقاتل نے ان کے نام اس طرح نقل کئے ہیں عبداللہ بن زبیر سہمی۔ ہبیرہ بن ابی وہب مخزومی۔ شافع بن عبد مناف۔ ابوعزہ عبداللہ بن عمر جمحی۔ امیہ بن صلت ثقفی۔

یہ شعراء جھوٹی غلط سلط باتیں کہتے اور دعویٰ کرتے تھے کہ جیسا محمد کہتے ہیں ویسا ہم بھی کہتے ہیں یہ لوگ اشعار سناتے اور ان کی قوم کے کچھ گمراہ لوگ جمع ہو جاتے اور رسول اللہ اور صحابہ کے متعلق ان شاعروں کے ہجائیہ اشعار سنتے اور پھر نقل کرتے تھے یہی وہ لوگ تھے جن کو اللہ نے غاوون فرمایا۔ یعنی وہ لوگ جو رسول اللہ اور مسلمانوں کے متعلق کہے ہوئے ہجائیہ اشعار نقل کرتے تھے۔ (تفسیر مظہری)

اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِيْ كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ ﴿۲۲۵﴾

تو نے نہیں دیکھا کہ وہ ہر میدان میں سر مارتے پھرتے ہیں

شعراء کی گمراہیاں:

یعنی جو مضمون پکڑ لیا اُسی کو بڑھاتے چلے گئے کسی کی تعریف کی تو آسمان پر چڑھا دیا، مذمت کی تو ساری دنیا کے عیب اُس میں جمع کر دیئے۔ موجود کو معدوم اور معدوم کو موجود ثابت کرنا اُن کے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے غرض جھوٹ، مبالغہ اور تخیل کے جس جنگل میں نکل گئے پھر مڑ کر نہیں دیکھا۔ اس

besturdubooks.wordpress.com

لئے شعر کی نسبت مشہور ہے۔ اکذب اُو احسن اُو۔

وَاَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ
اور یہ کہ وہ کہتے ہیں جو نہیں کرتے

زبانی وخیالی باتیں:

یعنی شعر پڑھو تو معلوم ہو کہ رستم سے زیادہ بہادر اور شیر سے زیادہ دلیر ہوں گے اور جا کر ملو تو پر لے درجہ کے نامرد اور ڈر پوک کبھی دیکھو تو بیٹھے کٹے ہیں اور اشعار پڑھو تو خیال ہو کہ نبضیں ساقط ہو چکیں، قبض روح کا انتظار ہے۔ حالی نے مسدس میں ان کے جھوٹ کا خوب نقشہ کھینچا ہے۔

پیغمبر کو شاعروں سے کوئی لگاؤ نہیں:

غرض ایک پیغمبر خدا اور وہ بھی خاتم الانبیاء کو اس جماعت سے کیا لگاؤ۔ اسی لئے فرمایا وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جو بات تھی یچی تلی باون تولے پاؤ رتی تحقیق کی ترازو میں تلی ہوئی۔ پھر جو بات زبان مبارک سے سنی جاتی تھی وہ ہی عمل میں آنکھوں سے نظر آتی تھی۔ بھلا شاعر ایسے ہوتے ہیں؟ اور شاعری اسے کہتے ہیں؟ حاشا ثم حاشا۔

اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَذَكَرُوا
مگر وہ لوگ جو یقین لائے اور کام کئے اچھے اور یاد کی
اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّانْتَصَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا
اللہ کی بہت اور بدلہ لیا اُس کے پیچھے کہ اُن پر ظلم ہوا

اچھے شعراء:

مگر جو کوئی شعر میں اللہ کی حمد کہے یا نیکی کی ترغیب دے یا کفر کی مذمت یا گناہ کی بُرائی کرے یا کافر اسلام کی ہجو کریں یہ اُس کا جواب دے یا کسی نے اس کو ایذا پہنچائی اُس کا جواب بحد اعتدال دیا ایسا شعر عیب نہیں چنانچہ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ وغیرہ ایسے ہی اشعار کہتے تھے اسی لئے حضور نے فرمایا کہ ان کافروں کا جواب دے اور روح القدس تیرے ساتھ ہے۔ (تفسیر عثمانی)

شانِ نزول: ابن ابی حاتم اور ابن جریر اور حاکم نے ابوالحسن براد کی روایت سے بیان کیا ہے کہ جب آیت وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ الخ نازل ہوئی تو عبداللہ بن رواحہ اور کعب بن مالک اور حسان بن ثابت خدمت گرامی میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ اللہ نے یہ آیت نازل کی ہے اور وہ جانتا ہے کہ ہم شاعر ہیں اب ہم تو غارت ہو گئے اس پر اللہ نے آیت اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا الخ نازل فرمائی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو طلب فرمایا اور یہ آیات پڑھ کر سنا دیں۔

وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا یعنی ان کی شاعری ان کے لئے اللہ کے ذکر کی کثرت سے مانع نہ ہو۔ اور اپنے بیشتر اشعار میں وہ اللہ کے ذکر توحید۔ اللہ کی حمد و ثنا اور اس کی اطاعت کی ترغیب بیان کرتے ہوں۔

ابویزید نے کہا ذکر کی کثرت تعداد کی کثرت سے نہیں ہوتی بلکہ حضور قلب سے ہوتی ہے۔

وَّانْتَصَرُوْا یعنی مسلمانوں کی ہجا جن لوگوں نے کی ہو ان مؤمن شاعروں نے اس کے مقابلے میں ان کی ہجا کی ہو اور اس طرح کافروں کے ظلم کا انتقام لیا ہو۔

بغوی نے شرح السنۃ اور معالم میں لکھا ہے کہ حضرت کعب بن مالک نے رسول اللہ کی خدمت میں عرض کیا یا نبی اللہ شاعری کے متعلق اللہ نے جو کچھ نازل فرمایا وہ معلوم ہی ہے (پھر ہمارا کیا ہوگا) فرمایا مومن اپنی تلوار (سے بھی جہاد کرتا ہے) اور زبان سے (بھی) جہاد کرتا ہے قسم ہے اس کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے تم جو (اپنی زبانوں سے) ان کے تیر مارتے ہو وہ گویا کمانوں سے تیر مارنے کی طرح ہیں۔

استیعاب میں عبدالبر نے لکھا ہے کہ حضرت کعب نے عرض کیا یا رسول اللہ شاعری کے متعلق آپ کی کیا رائے ہے۔ فرمایا مؤمن اپنی تلوار سے بھی جہاد کرتا ہے اور اپنی زبان سے بھی۔

حضرت عبداللہ بن رواحہؓ:

بغوی نے حضرت انس کی روایت سے بیان کیا ہے کہ عمرۃ القضاء کے موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں داخل ہوئے ابن رواحہ حضور کے آگے آگے چل رہے تھے اور حرم کے اندر شعر پڑھ رہے تھے حضور نے (حضرت عمر سے) فرمایا عمر اس کو پڑھنے دے یہ اشعار کمانوں کے تیروں سے بھی زیادہ تیزی کے ساتھ ان پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ:

صحیحین میں حضرت براء بن عازب کی روایت سے آیا ہے کہ غزوہ بنی قریظہ کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حسان بن ثابت سے فرمایا مشرکوں کی ہجو کرو جبرئیل (مدد کے لئے) تمہارے ساتھ ہیں یہ بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حسان سے فرمار ہے تھے میری طرف سے ان کو جواب دو۔ اے اللہ روح القدس کے ذریعہ سے اس کی مدد کر۔

مسلم نے حضرت عائشہ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قریش کی ہجو کرو تمہاری طرف سے یہ ہجو قریش کے لئے تیر لگنے سے بھی زیادہ تکلیف دہ ہے۔

یہ بھی حضرت عائشہ کا بیان ہے کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حسان سے یہ فرماتے ہوئے سنا روح القدس برابر تیری مدد پر رہے گا جب تو اللہ او

besturdubooks.wordpress.com

راللہ کے رسول کی طرف سے دفاع کرے گا۔

حضرت عائشہ کا بیان ہے میں نے خود سنا کہ رسول اللہ فرمارہے تھے حسان نے ان کی ہجا کی پس شفادی اور شفادینے والی چیز بیان کردی۔

بخاری نے حضرت عائشہ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حسان کے لئے مسجد کے اندر منبر رکھوادیتے تھے جس پر وہ کھڑے ہو کر رسول اللہ کی طرف سے فخریہ یا دفاعیہ کلام پڑھتے تھے اور رسول اللہ فرماتے تھے اللہ روح القدس سے حسان کی مدد کراتا ہے جب تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے حسان دفاع کرتا ہے۔

بغوی نے حضرت عائشہ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قریش کی ہجو کرو یہ ان کے لئے تیر لگنے سے بھی زیادہ تکلیف دہ ہے۔ پھر ابن رواحہ کے پاس آدمی بھیجا اور ان کو حکم دیا ان کی ہجا کرو اور ان سے ہجو میں مقابلہ کرو (لیکن وہ) حضور کی خوشی کے مطابق (ہجو) نہ کر سکے پھر کعب بن مالک کو بلوایا پھر حسان بن ثابت کو بلوایا جب حسان آئے تو فرمایا اب وقت آ گیا کہ تم اس شیر کی طرف تیر بھیجو جو دم پٹک رہا ہے (یعنی حملہ کے لئے تیار ہے) پھر حضرت حسان نے اپنی زبان منہ سے باہر نکالتے ہوئے اسے ہلا کر کہا قسم ہے اس کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے میں اپنی زبان سے ان کو چمڑے کی طرح چیر ڈالوں گا حضور نے فرمایا جلدی نہ کرو ابوبکر قریش کے نسبوں سے بخوبی واقف ہیں میرا نسب بھی قریش کے اندر ہی ہے ابوبکر میرے نسب کو ان کے اندر سے الگ چھانٹ دیں گے حسان حضرت ابوبکر کے پاس گئے پھر لوٹ کر آئے اور عرض کیا یا رسول اللہ ابوبکر نے آپ کے نسب کو چھانٹ دیا قسم ہے اس کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے میں آپ کو ان کے اندر سے اس طرح کھینچ نکالوں گا جیسے گوندھے ہوئے آٹے سے بال نکال لیا جاتا ہے۔ حسان نے یہ شعر کہے۔

هجوت محمدا فاجبت عنه وعند الله فی ذاک الجزاء

تو نے محمد کی ہجو کی میں نے ان کی طرف سے جواب دیا اللہ کے ہاں اس کا بدلہ ہے۔

هجوت محمدا برا تقیا رسول الله شیمته الوفاء

تو نے مقدس پرہیزگار محمد کی ہجو کی جو اللہ کے رسول ہیں اور ان کی خصلت وفاء عہد ہے۔

فان ابی و والدتی و عرضی لعرض محمد منکم وقاء

میرے ماں باپ اور میری آبرو ___ محمد کی آبرو کو تم سے بچانے والی ہے یعنی محمد کی آبرو پر سب قربان

امن یهجو رسول الله منکم ویمدحه وینصره سواء

تم میں سے جو رسول اللہ کی ہجو کرتا ہے اور جو رسول اللہ کی مدح اور امداد کرتا ہے کیا دونوں برابر ہو سکتے ہیں۔

وجبریل رسول الله فینا وروح القدس لیس له کفاء

اللہ کے رسول جبریل اور روح القدس ہمارے اندر ہیں جن کا کوئی ہمسر نہیں۔

ابن سیرین کی مرسل روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کعب بن مالک سے فرمایا لاؤ حضرت کعب نے آپ کو (قصیدہ) سنایا حضور نے فرمایا یہ ان (قریش) کے لئے تیر پڑنے سے بھی زیادہ سخت ہے۔

فائدہ: ان احادیث سے ثابت ہوتا ہے کہ اگر شعر جھوٹ اور دوسری ناجائز باتوں سے پاک ہو تو ایسی شاعری میں کوئی حرج نہیں دار قطنی نے حضرت عائشہ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس شعر (کے جواز و عدم جواز) کا ذکر کیا گیا فرمایا یہ بھی ایک کلام ہے اچھا بھی ہوتا ہے برا بھی ہوتا ہے اچھے کو لے لو برے کو چھوڑ دو۔

لبید کا کلام:

حضرت ابو ہریرہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب سے اچھا کلام جو کسی شاعر نے کہا ہو۔ وہ لبید کا یہ کلام ہے الا کل شئ ماخلا اللہ باطل خوب سن لو اللہ کے سوا ہر چیز بے حقیقت ہے۔ متفق علیہ

امیہ بن صلت کے اشعار:

عمرو بن شدید نے اپنے باپ کی روایت سے بیان کیا عمرو کے باپ نے کہا میں ایک روز رسول اللہ کے پیچھے حضور کے ساتھ سوار تھا فرمایا کہ امیہ بن صلت کا کوئی شعر تمہیں یاد ہے میں نے عرض کیا جی ہاں فرمایا لاؤ میں نے ایک شعر سنا دیا فرمایا اور لاؤ میں نے ایک شعر اور سنا دیا فرمایا اور پڑھو یہاں تک کہ میں نے حضور کو سو شعر پڑھ کر سنائے۔ رواہ مسلم۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک ارشاد:

حضرت جندب راوی ہیں کہ کسی معرکہ میں حضور کی ایک انگلی زخمی (یا خون آلود) ہو گئی آپ نے فرمایا۔

هَلْ اَنْتِ اِلاَّ اِصبعٌ دُمِیتِ وَفِیْ سَبِیلِ اللّٰهِ مَالقِیتِ

تو صرف ایک انگلی ہے جو زخمی ہو گئی اور جو کچھ تو نے دکھ پایا اللہ کی راہ میں پایا۔ متفق علیہ۔

حضرت صدیق و فاروق و حیدر رضی اللہ عنہم:

شعبی کا بیان ہے کہ ابوبکر بھی شعر کہتے تھے اور عمر بھی شعر کہتے تھے اور علی بھی شعر کہتے تھے تینوں شعر کہتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن عباس کی شعر پسندی:

روایت میں آیا ہے کہ حضرت ابن عباس مسجد کے اندر خود بھی شعر

besturdubooks.wordpress.com

پڑھتے تھے اور پڑھواتے بھی تھے ایک بار عمرو بن ربیع کو طلب فرما کر اس سے اس کا قصیدہ سنا جس کا پہلا شعر یہ تھا۔

امن آل نعمیٰ انت غادٍ مبکرٌ　　غداۃ غدام رائحٌ فمُحجّرٌ

ابن ربیعہ نے آپ کو پورا قصیدہ آخر تک سنا دیا جو تقریباً ستر شعر کا تھا۔ حضرت ابن عباس نے دوبارہ لوٹ کر سنا دیا کیونکہ آپ پورا قصیدہ ایک بار سن کر یاد کر لیا کرتے تھے۔

فائدہ: اگر شعروں میں اللہ کا ذکر ہو یا علم دین ہو یا مسلمانوں کو وعظ و نصیحت ہو تو ایسی شاعری عبادت ہے۔ حضرت ابی بن کعب راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بعض شعر حکمت ہوتے ہیں۔ رواہ البخاری۔

صخر بن عبداللہ بن بریدہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے بعض بیان جادو ہوتے ہیں اور بعض علم جہالت اور بعض شعر حکمت اور بعض قول عیال۔ رواہ ابوداؤد۔

حضرت ابن عباس کی روایت ہے بعض بیان جادو ہوتے ہیں اور بعض علم جہالت اور بعض شعر حکمت اور بعض قول عیال۔ رواہ ابوداؤد۔

حضرت ابن عباس کی روایت ہے بعض بیان جادو ہوتے ہیں اور بعض شعر حکمتیں۔ رواہ ابوداؤد۔ واحمد۔

ایک حدیث اوپر درج کی جا چکی ہے کہ مومن اپنی تلوار سے بھی جہاد کرتا ہے اور زبان سے بھی۔ ابوداؤد و نسائی دارمی نے حضرت انس کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مشرکوں سے جہاد کرو اپنے مالوں سے اپنی جانوں سے اور اپنی زبانوں سے۔

اوپر کی آیت میں جب اللہ نے مسلم شعراء اور مشرک شعراء کا ذکر کر دیا تو آئندہ آیت میں مشرک شعراء کو وعید سنائی اور فرمایا۔ (تفسیر مظہری)

وَسَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوٓا أَيَّ مُنقَلَبٍ يَنقَلِبُونَ ﴿۲۲۷﴾
اور اب معلوم کر لیں گے ظلم کرنے والے کہ کس کروٹ الٹتے ہیں

ظالموں کو دھمکی:

یہ مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا کی مناسبت سے فرمایا کہ ظالموں کو عنقریب اپنا انجام معلوم ہو جائے گا کہ کس کروٹ اُونٹ بیٹھتا ہے سب سے بڑا ظلم یہ ہے کہ اللہ کی کتابوں اور پیغمبروں کو کاہن و شاعر کہہ کر جھٹلائے۔ (تفسیر عثمانی)

بیضاوی نے لکھا ہے یہ سخت تہدید ہے سیعلم کے اندر وعید بلیغ ہے اور الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا میں عموم و اطلاق ہے اور اَيَّ مُنْقَلَبٍ میں ابہام کے ساتھ عظیم ہولناکی کا اظہار ہے مطلب یہ ہے کہ ظالم امید رکھتے ہیں کہ عذاب سے (اللہ کے) چھوٹ مل جائے گی اور وہ (مرنے کے بعد) لوٹ جائیں گے مگر ان کو عنقریب معلوم ہو جائے گا کہ عذاب سے لوٹنے کی کوئی وجہ نہیں ہوگی۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا وصیت نامہ:

ابن ابی حاتم نے لکھا ہے کہ حضرت عائشہ نے فرمایا میرے والد نے اپنے وصیت نامہ میں دو سطریں لکھیں (اور وصیت نامہ اس طرح تحریر کیا) بسم اللہ الرحمن الرحیم یہ وصیت وہ ہے جو ابوبکر بن ابو قافہ نے دنیا سے نکلتے وقت لکھی تھی (یہ وقت ایسا ہوتا ہے کہ) اس وقت کافر بھی ایمان لے آتا ہے اور بدکار بھی نیک ہو جاتا ہے اور جھوٹا بھی سچ کہتا ہے میں نے تم پر عمر بن خطاب کو اپنا جانشین بنایا، اگر وہ انصاف کریں تو ان کے متعلق میرا یہی خیال اور امید ہے اور اگر وہ ظلم کریں اور (مذہبی احکام کو بدل ڈالیں) تو میں (معذور ہوں) غیب داں نہیں ہوں۔ (آئندہ کا مجھے علم نہیں) وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ۔ (تفسیر مظہری)

اور صرف یہی انصاری شعراء رضی اللہ عنہم ہی نہیں بلکہ اگر کسی شاعر نے اپنی جاہلیت کے زمانہ میں اسلام اور مسلمانوں کے خلاف بھی اشعار کہے ہوں اور پھر وہ مسلمان ہو جائے توبہ کر لے اور اس کے مقابلہ میں ذکر اللہ بکثرت کرے وہ بیشک اس برائی سے الگ ہے۔ حسنات سیات کو دور کر دیتی ہیں جب کہ اس نے مسلمانوں کو اور دین خدا کو برا کہا تھا وہ برا تھا لیکن جب اس نے مدح کی وہ برائی اچھائی سے بدل گئی۔ جیسے حضرت عبداللہ بن الزبعری نے اسلام سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجو بیان کی تھی لیکن اسلام کے بعد بڑی مدح بیان کی اور اپنے اشعار میں اس ہجو کا عذر بھی بیان کر دیا کہ اس وقت میں شیطانی پنجہ میں پھنسا ہوا تھا اسی طرح ابوسفیان بن حارث باوجود آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا چچازاد بھائی ہونے کے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا جانی دشمن تھا اور بہت ہی ہجو کیا کرتا تھا جب مسلمان ہو گئے تو ایسے مسلمان ہوئے کہ دنیا بھر میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ محبوب انہیں کوئی نہ تھا۔ اکثر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح کیا کرتے تھے اور بہت ہی عقیدت و محبت رکھتے تھے۔ (تفسیر ابن کثیر)

besturdubooks.wordpress.com

سورۃ النمل

جس نے خواب میں اس کی تلاوت کی اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ حق کو پسند کرے گا اور باطل کو برا سمجھے گا اور اپنی قوم کا سردار ہوگا اور علم اور سرداری پائے گا۔ (علامہ ابن سیرین)

سُوْرَۃُ النَّمْلِ مَکِّیَّۃٌ وَّ هِیَ ثَلٰثٌ وَّ تِسْعُوْنَ اٰیَۃً وَّ سَبْعُ رُکُوْعَاتٍ

سورۂ نمل مکہ میں اتری اور اس کی ترانوے آیتیں اور سات رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

طٰسٓ ۚ تِلْکَ اٰیٰتُ الْقُرْاٰنِ وَ کِتَابٍ مُّبِیْنٍ ۙ

یہ آیتیں ہیں قرآن اور کھلی کتاب کی

هُدًی وَّ بُشْرٰی لِلْمُؤْمِنِیْنَ ۙ الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ

ہدایت اور خوشخبری ایمان والوں کے واسطے جو قائم رکھتے ہیں

الصَّلٰوۃَ وَ یُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ وَ هُمْ بِالْاٰخِرَۃِ هُمْ یُوْقِنُوْنَ ۝

نماز کو اور دیتے ہیں زکوۃ اور ان کو آخرت پر یقین ہے

اِنَّ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَۃِ زَیَّنَّا لَهُمْ

جو لوگ نہیں مانتے آخرت کو اچھے دکھلائے ہم نے اُن کی نظروں میں

اَعْمَالَهُمْ فَهُمْ یَعْمَهُوْنَ ۝۴

ان کے کام سو وہ بھٹکے پھرتے ہیں

دنیا پرستی کے مریض:

یعنی جن کو انجام کی کوئی فکر اور مستقبل کا خیال نہ ہو، وہ اسی دنیائے فانی کی فکر میں ڈوبے رہتے ہیں۔ اُن کی تمام کوششوں کا مرکز یہی چند روزہ زندگی ہے جو کتاب یا پیغمبر ادھر سے ہٹا کر عاقبت کی طرف توجہ دلائے، اُس پر کیوں کان دھرنے لگے۔ وہ دنیا کے عشق میں غرق ہو کر ہادیوں پر آوازیں کستے ہیں۔ آسمانی صحیفوں کو مورد طعن بناتے ہیں۔ پیغمبروں کے ساتھ ٹھٹھا کرتے ہیں۔ اور یہی کام ہیں، جن کو اپنے نزدیک بہت اچھا سمجھ کر برابر گمراہی میں ترقی کرتے جاتے ہیں۔ (تنبیہ) تزئین کی نسبت حق تعالیٰ کی طرف اس حیثیت سے کی کہ خالق ہر چیز کا وہی ہے کسی سبب پر مسبب کا ترتب بدون اُس کی مشیت و ارادہ کے نہیں ہو سکتا جیسا کہ دوسرے مواضع میں اضلال و ختم وطبع وغیرہ کی نسبت اس کی طرف ہوئی ہے۔ سورۂ نمل کی ان ابتدائی آیات کا مضمون سورۂ بقرہ کی ابتدائی آیات سے بہت مشابہ ہے اُن کو ایک مرتبہ مطالعہ کر لیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

زَیَّنَّا لَهُمْ اَعْمَالَهُمْ یعنی جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے ہم نے ان کے اعمال بدان کی نظروں میں مزین کر دیئے ہیں۔ اس لئے وہ انہی کو بہتر سمجھ کر گمراہی میں مبتلا رہتے ہیں اور بعض مفسرین نے اس آیت کی یہ تفسیر کی ہے کہ **اعمالهم** سے مراد نیک اعمال ہیں اور مطلب یہ ہے کہ ہم نے تو نیک اعمال کو مزین کر کے ان کے سامنے رکھ دیا تھا مگر ان ظالموں نے انکی طرف التفات نہ کیا بلکہ کفر وشرک میں مبتلا رہے اس لئے گمراہی میں بھٹکنے لگے۔ لیکن پہلی تفسیر زیادہ واضح ہے، اول تو اس لئے کہ مزین کرنے کے الفاظ عموماً اعمال بد کے لئے استعمال ہوئے ہیں جیسے زُیِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ ۔ زُیِّنَ لِلَّذِیْنَ کَفَرُوا الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَا ۔ زَیَّنَ لِکَثِیْرٍ مِّنَ الْمُشْرِکِیْنَ الخ اور اچھے اعمال کے لئے اس لفظ کا استعمال بہت کم ہے جیسے حَبَّبَ اِلَیْکُمُ الْاِیْمَانَ وَ زَیَّنَهٗ فِیْ قُلُوْبِکُمْ الآیۃ دوسری آیت میں **اعمالهم** (ان کے اعمال) کا لفظ بھی اس پر دلالت کر رہا ہے کہ مراد اعمال بد ہیں نہ کہ اعمال صالحہ۔ (معارف مفتی اعظم)

تلک سے آیات سورت کی طرف اشارہ ہے۔

لوح محفوظ:

کِتَابٍ مُّبِیْنٍ سے مراد لوح محفوظ ہے جس کے اندر ہر ہونے والی چیز کا اندراج ہے اس کو مبین یعنی مظہر کل فرمایا لوح محفوظ تحریر کے لحاظ سے قرآن پر مقدم ہے لیکن ہمارے علم کا تعلق قرآن سے ہی ہے اسی تعلق کا لحاظ کر کے القرآن کو کتاب مبین سے پہلے ذکر کیا۔

قرآن کے احکام واضح ہیں:

یا کتاب مبین سے بھی قرآن ہی مراد ہے قرآن حلال وحرام احکام کو کھول کر بیان کرنے والا ہے اور چونکہ معجز ہے اس لئے اپنے صحیح ہونے کو بھی واضح طور پر بیان کر رہا ہے۔ (تفسیر مظہری)

اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْعَذَابِ وَ هُمْ

وہی ہیں جن کے واسطے بری طرح کا عذاب ہے اور

فِی الْاٰخِرَۃِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ۝۵

آخرت میں وہی ہیں خراب

besturdubooks.wordpress.com

یعنی وہاں سب سے زیادہ خسارہ میں یہی لوگ ہوں گے۔

وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ ۝
اور تجھ کو تو قرآن پہنچتا ہے ایک حکمت والے خبردار کے پاس سے

دنیا پرستوں کو چھوڑیئے آپ عظیم الشان کتاب کا شکر ادا کرتے رہیں

یعنی ان بدبختوں کو تیہ ضلالت میں بھٹکنے دو۔ جب انہوں نے قرآن مبین کی قدر نہ پہچانی اور اُس کی ہدایات و بشارات سے فائدہ نہ اُٹھایا تو یہ ہی حشر ہونا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تو خدا کا شکر کیجئے کہ اُس علیم و حکیم کی سب سے زیادہ عظیم الشان کتاب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مرحمت کی گئی ہے جس سے ہر وقت تازہ بتازہ فوائد پہنچ رہے ہیں جس میں مومنین کے لئے بشارتیں ہیں اور مکذبین کو عبرتناک واقعات سنائے گئے ہیں تا سچوں کا دل مضبوط و قوی ہو اور جھوٹ کی حمایت کرنے والے اپنی بدانجامی پر مطلع ہو جائیں۔ چنانچہ ان ہی اغراض کے لئے آگے حضرت موسیٰ علیہ السلام اور فرعونیوں کا قصہ سنایا جاتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

علم و حکمت:

علم حکمت کے اندر داخل ہے کیونکہ علم عام مفہوم پر دلالت کرتا ہے اور حکمت کا لفظ عمل کے استحکام پر دلالت کرتا ہے لہٰذا دونوں اوصاف کو ظاہر کرنے کے لئے حکیم کے ساتھ علیم بھی فرما دیا پھر اس بات کی طرف بھی اشارہ ہے کہ کچھ علوم تو حکمت ہوتے ہیں جیسے علم العقائد علم شریعت وغیرہ اور بعض علوم حکمت نہیں ہوتے جیسے قصص اور آئندہ چیزوں کا بیان۔ گویا لفظ علیم سے اس طرف اشارہ ہے کہ اس قرآن میں گزشتہ واقعات کو بھی بیان کیا گیا ہے چنانچہ اس سے آگے حضرت موسیٰ کے قصہ کی تفصیل ہے۔ (تفسیر مظہری)

اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِاَهْلِهٖٓ اِنِّىْٓ اٰنَسْتُ نَارًا ۗ
جب کہا موسیٰ نے اپنے گھر والوں کو میں نے دیکھی ہے ایک آگ

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی مدین سے واپسی سفر کا حال:

یہ مدین سے جاتے ہوئے وادی طویٰ کے قریب پہنچ کر کہا جبکہ سخت سردی کی اندھیری رات میں راستہ بھول گئے تھے مفصل واقعہ سورۃ طٰہٰ کے فوائد میں گزر چکا۔ ملاحظہ کر لیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

روایت بالمعنیٰ کی دلیل:

(اللہ نے وہ قول نقل کیا جو موسیٰ علیہ السلام نے اپنی بیوی سے کہا تھا اور ظاہر ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے عربی میں نہیں کہا ہوگا بلکہ اس مفہوم کو اپنی زبان میں ادا کیا ہو جس کو قرآن کے اندر عربی عبارت میں اللہ نے بیان کر دیا) اس میں دلیل ہے اس امر کی کہ حدیث کے معنی کو دوسرے الفاظ میں نقل کرنا (یعنی یہ کہنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا فرمایا) جائز ہے اور نکاح بھی ایسے الفاظ سے جائز ہے جو تزویج و نکاح کے مفہوم کو ظاہر کر رہے ہوں۔ (تفسیر مظہری)

سَاٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ اٰتِيْكُمْ بِشِهَابٍ
اب لاتا ہوں تمہارے پاس وہاں سے کچھ خبر یا لاتا ہوں انگارا
قَبَسٍ لَّعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ۝
سلگا کر شاید تم سینکو

یعنی رستہ کی خبر لاتا ہوں اگر آگ کے پاس کوئی موجود ہو ورنہ کم از کم سینکنے تاپنے کے لئے ایک انگارا لے آؤں گا۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت موسیٰ کو امید تھی اس لئے لَعَلِّیْٓ اٰتِیْکُمْ کہہ دیا اور امید یقینی تھی کہ ضرور کوئی اطلاع مفید لے کر آؤں گا اس لئے سَاٰتِیْکُمْ کہہ دیا۔

بِخَبَرٍ کوئی اطلاع یعنی صحیح راستہ کی اطلاع۔ حضرت موسیٰ راستہ بھٹک گئے تھے صحیح راستے کی بھی تلاش تھی۔ (تفسیر مظہری)

جد و جہد توکل کے منافی نہیں ہے:

معلوم ہوا کہ ضروریات کے حصول کے لئے جد و جہد توکل کے منافی نہیں، لیکن بھروسہ اپنی کوشش کی بجائے اللہ پر ہونا چاہیے اور آگ آپ کو دکھلائے جانے میں بھی شاید یہی حکمت ہو کہ اس سے آپ کے دونوں مقصود پورے ہو سکتے تھے، راستے کا مل جانا اور آگ سے گرمی حاصل کرنا۔ (کمافی الروح)

ادب کا لحاظ:

اس جگہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے امکثو اور تصطلون جمع کے صیغے بولے حالانکہ آپ کے ساتھ صرف آپ کی بیوی یعنی حضرت شعیب علیہ السلام کی بیٹی تھیں ان کے لئے لفظ جمع استعمال فرمانا بطور اکرام کے ہوا جیسے معزز لوگوں میں کسی ایک فرد سے بھی خطاب ہوتا ہے تو صیغہ جمع کا استعمال کیا جاتا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی اپنی ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کے لئے صیغہ جمع استعمال فرمانا روایات حدیث میں وارد ہوا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

فَلَمَّا جَآءَهَا نُوْدِيَ اَنْۢ بُوْرِكَ
پھر جب پہنچا اس کے پاس آواز ہوئی کہ برکت ہے
مَنْ فِى النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا
اس پر جو کوئی کہ آگ میں ہے اور جو اس کے آس پاس ہے

besturdubooks.wordpress.com

نور الٰہی کا ظہور:

وہاں پہنچ کر معلوم ہوا کہ یہ دنیا کی آگ نہیں بلکہ غیبی اور نورانی آگ ہے جس کے اندر نور الٰہی ظاہر ہو رہا تھا یا اُس کی بجلی چمک رہی تھی۔ شاید وہ ہی ہو جس کو حدیث میں فرمایا۔ حجابہ النّار یا حجابۃ النُورُ پھر غیب سے آواز آئی اَنْ بُوْرِكَ مَنْ فِی النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا یعنی زمین کا یہ ٹکڑا مبارک آگ میں جو تجلی ہے وہ بھی مبارک اور اس کے اندر یا اُس کے آس پاس جو ہستیاں ہیں مثلاً فرشتے یا خود موسیٰ علیہ السلام وہ سب مبارک ہیں۔ یہ غالباً موسیٰ علیہ السلام کو مانوس کرنے کے لئے بطور اعزاز و اکرام کے فرمایا۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت موسیٰ علیہ السلام کیلئے سلام:

(یعنی موسیٰ علیہ السلام) اس پر بھی (برکت ہو، یہ دُعا بطور تحیۃ وسلام کے ہے جیسے ملاقاتی آپس میں سلام کرتے ہیں۔ چونکہ موسیٰ علیہ السلام جانتے نہ تھے کہ یہ نور انوار الٰہیہ سے ہے اس لئے خود سلام نہیں کر سکے تو منجانب اللہ ان کے اُنس کے لئے سلام ارشاد ہوا اور فرشتوں کو ملا لینا شاید اس لئے ہو کہ جس طرح فرشتوں کو سلام حق تعالیٰ کے قرب خاص کی علامت ہوتی ہے یہ سلام بھی موسیٰ علیہ السلام کو قرب خاص کی بشارت ہو گیا) اور (اس امر کے بتلانے کے لئے کہ یہ نور جو بشکل نار ہے خود حق تعالیٰ کی ذات نہیں (ساتھ ہی آگے) ارشاد فرمادیا کہ) اللہ رب العالمین (رنگ، جہات، مقدار اور حد بندی وغیرہ سے) پاک ہے (اور اس نور میں یہ چیزیں پائی جاتی ہیں۔

آگ میں کیا تھا:

ابن جریر، ابن ابی حاتم۔ ابن مردویہ وغیرہ نے حضرت ابن عباسؓ اور حضرت حسن بصری۔ سعید بن جبیرؒ سے مَنْ فِی النَّارِ کی تفسیر میں یہ روایت بھی نقل کی ہے کہ مَنْ فِی النَّارِ سے خود ذات حق سبحانہ وتعالیٰ مراد ہے۔ یہ تو ظاہر ہے کہ آگ ایک مخلوق ہے اور کسی مخلوق میں خالق کا حلول نہیں ہو سکتا اس لئے اس روایت کا یہ مفہوم تو ہو نہیں سکتا کہ ذات حق سبحانہٗ و تعالیٰ نے آگ کے اندر حلول فرمایا تھا جیسا کہ بہت سے بُت پرست مشرکین بتوں کے وجود میں ذات حق کے حلول کے قائل ہیں اور یہ توحید کے قطعاً خلاف ہے بلکہ مراد ظہور ہے جیسا آئینہ میں جس چیز کو دیکھا جاتا ہے وہ آئینہ میں حلول کئے ہوئے نہیں ہوتی اس سے الگ اور خارج ہوتی ہے۔ اور یہ بھی ظاہر ہے کہ یہ ظہور جس کو تجلی بھی کہا جاتا ہے خود ذات حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی تجلی نہیں تھی ورنہ اگر ذات حق تعالیٰ کا مشاہدہ موسیٰ علیہ السلام نے کر لیا ہوتا تو بعد میں ان کے اس سوال کی کوئی وجہ نہیں رہتی رَبِّ اَرِنِیْٓ اَنْظُرْ اِلَیْكَ (یعنی اے میرے پروردگار مجھے اپنی ذات پاک دکھا کہ میں دیکھ سکوں) اور اس کے جواب میں حق تعالیٰ کی طرف سے لَنْ تَرٰىنِیْ کا ارشاد بھی پھر کوئی معنے نہ رکھتا۔ اس سے معلوم ہوا کہ حضرت ابن عباسؓ کے اس قول میں حق تعالیٰ جل شانہٗ کا ظہور مراد ہے یعنی تجلی جو آگ کی صورت میں ہوئی یہ جس طرح حلول نہیں تھا اسی طرح تجلی ذات بھی نہیں تھی بلکہ لَنْ تَرٰىنِیْ الآیۃ سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اس عالم دنیا میں تجلی ذاتی کا کوئی شخص مشاہدہ نہیں کر سکتا۔ پھر اس ظہور و تجلی کا کیا مفہوم ہو گا اس کا جواب یہ ہے کہ یہ تجلی مثالی تھی جو حضرات صوفیہ کرام میں معروف ہے اس کی حقیقت کا سمجھنا تو انسان کے لئے مشکل ہے۔ بقدر ضرورت تقریب الی الفہم کیلئے احقر نے اپنی کتاب احکام القرآن بزبان عربی سورۃ قصص میں اس کی کچھ تفصیل لکھی ہے اہل علم اس میں دیکھ سکتے ہیں عوام کی ضرورت کی چیز نہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

نُوْدِیَ ندا دی گئی نداء کے اندر قول کا معنی ہے یعنی پکار کر کہا گیا بُوْرِكَ مَنْ فِی النَّارِ یعنی پاک ہے وہ جو آگ کے اندر جلوہ افروز ہے اس سے مراد ہے اللہ تعالیٰ۔ حضرت ابن عباس وسعید بن جبیر اور حسن کی بھی تفسیر کا مطلب یہ ہے کہ اللہ نے موسیٰ کو ندا دی اور اپنا کلام سنایا بعض علماء نے لکھا ہے کہ وہ آگ نہ تھی اللہ تبارک وتعالیٰ کا نور جلوہ افروز تھا موسیٰ نے اس کو آگ خیال کیا تھا اسی لئے لفظ نار (آگ) کہا تھا۔

سعید بن جبیر نے کہا وہ بعینہ آگ ہی تھی جو اللہ (کی ذات) کیلئے حجاب تھی جیسا کہ بعض روایات میں حجابہ النور کی بجائے حجابہ النار آیا ہے اس تفسیر پر اس آیت کا شمار متشابہات میں ہو گا جیسا دوسری آیت میں آیا ہے، هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِیْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وہ صرف اس بات کا انتظار کر رہے ہیں کہ اللہ غمام کے سائبانوں میں ان کے پاس آ پہنچے۔ (تفسیر مظہری)

بعض اہل علم نے کہا بُوْرِكَ مَنْ فِی النَّارِ میں مضاف محذوف ہے یعنی بورک من فی طلب النار (برکت دی گئی اس کو جو آگ کی طلب میں ہے) یا بورک من فی مکان النار، (مبارک ہے وہ جو آگ کے مقام پر ہے) بہر حال اس سے مراد حضرت موسیٰ ہیں اور مَنْ حَوْلَهَا سے ملائکہ مراد ہیں جو آگ کے آس پاس موجود تھے اللہ کی طرف سے موسیٰ کے لئے اس لفظ میں پیام برکت تھا جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو فرشتوں کی زبانی پیام برکت ورحمت دیا گیا تھا رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ اور فرشتوں نے کہا تھا۔

بعض نے کہا مَنْ فِی النَّارِ سے مراد ملائکہ ہیں اور من حولها سے مراد موسیٰ جو نور موسیٰ نے دیکھا تھا اس کے اندر ملائکہ تسبیح تحمید اور تقدیس میں مشغول تھے اور موسیٰ آگ کے قریب تھے۔

بعض علماء نے کہا مَنْ حَوْلَهَا کا لفظ عام ہے وادی کے اندر جو کوئی تھا سب گویا لفظ شامل تھا اور ارض شام (جس کو مخزن انبیاء ہونے کی وجہ سے برکات بھی کہا گیا ہے) بھی اس میں داخل ہے اور خطاب کا صیغہ ذکر کرنے سے پہلے

مَنْ حَوْلَهَا کا ذکر کرنا موسیٰ کو ایک طرح کی بشارت اور اس امر کی پہلے سے خوشخبری ہے کہ تمہارا واقعہ بڑی عظمت والا ہوگا تمہاری برکتیں ارض شام میں پھیلیں گی ان تمام تاویلات پر سبحان اللہ رب العالمین سے دو باتیں مستفاد ہوں گی ایک تو توہم تشبیہ کی نفی ہو جائے گی دوسری بات یہ کہ آئندہ واقعہ موسیٰ کی عظمت کا اظہار اور اس کا تعجب آفرین ہونا معلوم ہو جائے گا۔ (تفسیر مظہری)

موسیٰ علیہ السلام کو یہ ندا بطور سلام اور تحیہ اکرام تھی جس سے ان کا اعزاز اور اکرام اور ان کی تسلی مقصود تھی کہ اے موسیٰ گھبراؤ نہیں مبارک ہو تم کو اور ملائکہ حاضرین کو۔ جیسے فرشتے جب ابراہیم علیہ السلام کے پاس گئے تو من جانب اللہ یہ کہا رحمۃ اللہ و برکاتہ علیکم اہل البیت۔ یہ فرشتوں کی طرف سے سلام اور تحیۂ اکرام تھا اور ابن عباس اور سعید بن جبیرؓ اور حسن بصری سے یہ منقول ہے کہ مَنْ فِی النَّارِ سے اللہ پاک مراد ہے یعنی اللہ تعالیٰ کا نور اور اس کی قدرت کا جلوہ مراد ہے اور ایک روایت میں ابن عباس سے اس طرح آیا ہے کہ وہ آگ در حقیقت آگ نہ تھی بلکہ وہ ایک نور تھا جو آگ کی صورت میں ظاہر ہوا اور اس روایت کی بنا پر آیت کا مطلب یہ ہوگا۔ کہ بابرکت ہے وہ ذات پاک جو اس آگ میں جلوہ فرما ہے اور جس کا نور اس آگ میں ظاہر ہو رہا ہے یہ نور الٰہی کی ایک تجلی تھی جو اس آگ کے آئینے میں ظاہر ہو رہی تھی جیسے آنکھ کی پتلی میں آسمان کا جلوہ نظر آ جاتا ہے اور یہ مطلب نہیں کہ آنکھ میں آسمان سما گیا۔ غرض یہ کہ موسیٰ علیہ السلام نے جو دیکھا وہ نور الٰہی کی ایک تجلی تھی جو چمک رہی تھی اور وہ دنیا کی آگ نہ تھی بلکہ ایک نورانی اور غیبی آگ تھی جس میں نور الٰہی ظاہر ہو رہا تھا اور یہ ظاہری آگ نور الٰہی کا ایک حجاب اور ایک پردہ یا آئینہ تھی جیسا کہ حدیث میں آیا ہے حجابہ النار اور ظاہر ہے کہ جو چیز کسی آئینہ میں ظاہر ہو وہ اس آئینہ کا عین نہیں ہوتی اور نہ آئینہ اس کا عین ہوتا ہے آئینہ اس چیز کا مظہر ہوتا ہے اور آئینہ میں ظاہر ہونے والی صورت اصل ظاہر کا ایک جلوہ ہوتا ہے اور جب یہ معلوم ہو گیا کہ مَنْ فِی النَّارِ سے اللہ سبحانہ تعالیٰ مراد ہیں تو ممکن تھا کہ کسی نادان کو یہ وہم ہو کہ اللہ تعالیٰ کسی مکان اور کسی چیز میں سمایا ہوا ہے تو آئندہ آیت وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ میں اس کی تنزیہ و تقدیس پر متنبہ فرمایا جس کا مطلب یہ ہے اور اللہ جو جہانوں کا پروردگار ہے وہ مخلوقات کی مشابہت سے اور مکان سے اور سمت سے اور جہت سے اور کسی محل میں نزول اور حلول کرنے سے پاک اور منزہ ہے اس آگ میں جو کچھ نظر آیا وہ اللہ کے نور کی ایک تجلی تھی جو آگ میں نمودار ہوئی جیسے آفتاب کسی آئینہ میں متجلی ہو سکتا ہے مگر اس میں سما نہیں سکتا اسی طرح سمجھو کہ اللہ تعالیٰ کسی مخلوق میں متجلی اور جلوہ افروز ہو سکتا ہے مگر اس میں سما نہیں سکتا۔ (معارف کاندھلوی)

وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ⑧
اور پاک ہے ذات اللہ کی جو رب سارے جہان کا

اللہ تعالیٰ جسم، صورت، جہت وغیرہ سے پاک ہے:

یعنی مکان، جہت، جسم صورت اور رنگ وغیرہ تمام حدوث سے اللہ کی ذات پاک ہے۔ آگ میں اُس کی تجلی کے یہ معنی نہیں کہ معاذ اللہ اس کی ذات پاک آگ میں حلول کر آئی؟ آفتاب عالمتاب قلعی دار آئینہ میں متجلی ہوتا ہے لیکن کون احمق کہہ سکتا ہے کہ اتنا بڑا کرہ شمسی چھوٹے سے آئینہ میں سما گیا؟

يٰمُوْسٰٓى اِنَّهٗٓ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ⑨		
اے موسیٰ	وہ میں اللہ ہوں	زبردست حکمتوں والا

یعنی اس وقت تجھ سے کلام کرنے والا میں ہوں یہ سب واقعہ مفصلاً سورہ طٰہٰ میں گزر چکا۔ (تفسیر عثمانی)

وَاَلْقِ عَصَاكَ فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ
اور ڈال دے لاٹھی اپنی پھر جب دیکھا اُس کو پھنپھناتے جیسے سانپ کی سٹک

شاید ابتداء میں پتلا ہوگا یا سرعت حرکت میں تشبیہ ہوگی اصغر جثہ میں نہیں۔

وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ
لوٹا پیٹھ پھیر کر اور مڑ کر نہ دیکھا

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا خوف:

یہ خوف طبعی تھا جو منافی نبوت نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

ایک حدیث میں ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھروں میں رہنے والے ایسے سانپوں کے قتل سے ممانعت فرمائی ہے۔ الغرض جناب موسیٰ اسے دیکھ کر ڈر اور دہشت کے مارے ٹھہر نہ سکے اور منہ موڑ کر پیٹھ پھیر کر وہاں سے بھاگ کھڑے ہوئے ایسے دہشت زدہ تھے کہ مُڑ کر بھی نہ دیکھا اسی وقت اللہ تعالیٰ نے آواز دی کہ موسیٰ! ڈرو نہیں۔ میں تو تمہیں اپنا برگزیدہ رسول اور ذی عزت پیغمبر بنانا چاہتا ہوں۔ (تفسیر ابن کثیر)

يٰمُوْسٰى لَا تَخَفْ اِنِّيْ لَا يَخَافُ لَدَيَّ الْمُرْسَلُوْنَ ⑩			
اے موسیٰ مت ڈر	میں جو ہوں	میرے پاس نہیں ڈرتے	رسول

پیغمبر اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتا:

یعنی اس مقام حضور و اصطفاء میں پہنچ کر ایسی چیزوں سے ڈرنے کا کیا مطلب۔ مرسلین کو لائق نہیں کہ ہماری بارگاہ قرب میں پہنچ کر لاٹھی یا سانپ یا کسی مخلوق سے ڈریں۔ وہاں تو دل کو انتہائی سکون و طمانیت حاصل ہونا چاہیے۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

یعنی جب میرا قرب مل جاتا ہے اور میری بارگاہ میں پیغمبر آ جاتے ہیں تو (حالت قرب میں) پھر کسی (خوفناک چیز سے نہیں ڈرتے)۔ یہ آخری جملہ عدم خوف کی علت ہے مطلب یہ ہے کہ جو پیغمبر میرا پیام مخلوق کو پہنچاتے ہیں وہ صرف مجھ سے ڈرتے ہیں اور میرے سوا کسی سے نہیں ڈرتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا انا اخشاکم باللہ بظاہر اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ پیغمبر سب سے زیادہ ڈرتے ہیں لیکن آیت کا جو مطلب ہم نے بیان کیا اس کی روشنی میں حدیث کا مطلب بھی واضح ہو گیا (کہ پیغمبروں کو بارگاہ الٰہی میں رسائی کے بعد مخلوق میں سے کسی کا خوف نہیں رہتا وہ صرف اللہ سے ڈرتے ہیں)

یا یہ مطلب ہے کہ پیغمبروں پر جس وقت وحی نازل ہوتی ہے تو اس وقت وہ اتنے مستغرق ہو جاتے ہیں کہ ان کو مطلقاً کوئی خوف نہیں رہتا۔ یا یہ مطلب ہے کہ ان کو اپنا انجام برا ہونے کا اندیشہ نہیں رہتا کیونکہ ان کا انجام اور مآل کار برا ہوتا ہی نہیں۔

موسیٰ علیہ السلام کا ڈر جانا بعض نے کہا ہے کہ طبعی ہے جو کسی طرح جلالت شان کے منافی نہیں اور بعض نے کہا ہے کہ جو حادثہ مخلوق کی جانب سے ہو اس میں تو۔ نہ ڈرنا۔ کمال ہے جیسے ابراہیم آتش نمرود سے نہیں ڈرے اور جو امر خالق کی طرف سے ہو اس میں ڈرنا ہی کمال ہے کہ وہ فی الحقیقت حق تعالیٰ سے ڈرنا ہے جیسے ہوا تیز ہونے کے وقت جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا گھبرا جانا حدیثوں میں آتا ہے سو چونکہ اس تبدل میں مخلوق کا واسطہ نہ تھا اس سے ڈر گئے کہ یہ کوئی قہر الٰہی نہ ہو۔

خلاصہ مطلب یہ ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کو حکم ملا اپنی لاٹھی زمین پر پھینک دو موسیٰ نے لاٹھی پھینک دی وہ سانپ بن گئی اور تیزی کے ساتھ دوڑنے لگی اور حکم ملا اپنا ہاتھ گریبان کے اندر کر کے نکالو وہ سفید بے داغ نکلے گا۔ موسیٰ علیہ السلام نے اس حکم کی بھی تعمیل کی اور ہاتھ اندر سے گورا چمکیلا بے داغ نکلا اور حکم ملا یہ دونوں نشانیاں لے کر مع نو نشانیوں کے فرعون اور اس کی قوم کے پاس جاؤ وہ بدکار لوگ ہیں موسیٰ علیہ السلام گئے اور معجزات پیش کئے فرعون اور اس کے ساتھیوں نے کہا یہ کھلا جادو ہے۔ (تفسیر مظہری)

اِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًا بَعْدَ سُوْٓءٍ
مگر جس نے زیادتی کی پھر بدلے میں نیکی کی برائی کے پیچھے
فَاِنِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۱﴾
تو میں بخشنے والا مہربان ہوں

کوتاہی کے بعد توبہ و اصلاح:

یہ استثناء منقطع ہے۔ یعنی خدا کے حضور میں پہنچ کر خوف و اندیشہ صرف اس کو ہونا چاہئے جو کوئی زیادتی یا خطاء و تقصیر کر کے آیا ہو۔ اس کے متعلق بھی ہمارے ہاں یہ قاعدہ ہے کہ برائی کرنے کے بعد اگر دل سے توبہ کر کے اپنی حالت درست کر لی اور نیکیاں کر کے برائی کا اثر مٹا دیا تو حق تعالیٰ اپنی رحمت سے معاف فرمانے والا ہے حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں موسیٰ علیہ السلام سے چوک کر ایک کافر کا خون ہو گیا تھا اس کا ڈر تھا اُن کے دل میں، اُن کو وہ معاف کر دیا۔ (تفسیر عثمانی)

پیغمبر گناہ سے پاک ہوتا ہے:

صحیح تر یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام سے جو لغزشیں ہوئی ہیں وہ درحقیقت گناہ ہی نہ تھے نہ صغیرہ نہ کبیرہ، البتہ صورت گناہ کی تھی اور درحقیقت وہ اجتہادی خطائیں ہوئی ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

بعض علماء کے نزدیک استثناء منقطع ہے کیونکہ پیغمبروں سے ظلم (گناہ) کا صدور ممکن نہیں (اللہ نے ان کو معصوم بنایا ہے) اس وقت اِلَّا کا معنی ہوگا لیکن (اور کلام بالکل علیحدہ ہوگا) مطلب اس طرح ہوگا۔ لیکن پیغمبروں کے علاوہ جس نے گناہ کیا ہو پھر توبہ کر لی ہو، تو اللہ غفور رحیم ہے اس کو معاف کر دے گا لیکن ایسے شخص کو اللہ کے سوا دوسروں کا خوف ہو جاتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَاَدْخِلْ يَدَكَ فِيْ جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ
اور ڈال دے ہاتھ اپنا اپنے گریبان میں کہ نکلے سفید ہو کر نہ کسی برائی سے
فِيْ تِسْعِ اٰيٰتٍ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَقَوْمِهٖ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۱۲﴾
یہ دونوں مل کر نو نشانیاں لے کر جا فرعون اور اس کی قوم کی طرف بیشک وہ تھے لوگ نافرمان

نو نشانیوں کا بیان سورہ بنی اسرائیل کی آیت الخ کے تحت میں دیکھو۔ (تفسیر عثمانی)

فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ اٰيٰتُنَا مُبْصِرَةً قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۳﴾
پھر جب پہنچیں اُن کے پاس ہماری نشانیاں سمجھانے کو بولے یہ جادو ہے صریح
وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّعُلُوًّا ۭ
اور اُن کا انکار کیا اور اُن کا یقین کر چکے تھے اپنے جی میں بے انصافی اور غرور سے
فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۱۴﴾
سو دیکھ لے کیسا ہوا انجام خرابی کرنے والوں کا

قوم والوں کا انکار اور عذاب:

یعنی جب وقتاً فوقتاً اُن کی آنکھیں کھولنے کیلئے وہ نشانیاں دکھلائی گئیں تو کہنے لگے کہ یہ سب جادو ہے حالانکہ اُن کے دلوں میں یقین تھا کہ موسیٰ علیہ

besturdubooks.wordpress.com

السلام سچے ہیں اور جو نشانیاں دکھلا رہے ہیں یقیناً خدائی نشان ہیں۔ جادو، شعبدہ اور نظر بندی نہیں مگر محض بے انصافی اور غرور و تکبر سے جان بوجھ کر اپنے ضمیر کے خلاف حق کی تکذیب اور سچائی کا انکار کر رہے تھے، پھر کیا ہوا چند روز بعد پتہ لگ گیا کہ ایسے ہٹ دھرم مفسدوں کا انجام کیسا ہوتا ہے سب کو بحر قلزم کی موجوں نے کھالیا کسی کو گور و کفن بھی نصیب نہ ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ عِلْمًا
اور ہم نے دیا داؤد اور سلیمان کو ایک علم

حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علیہما السلام کے علوم:

حضرت سلیمانؑ حضرت داؤد علیہ السلام کے صاحبزادہ ہیں باپ بیٹے میں سے ہر ایک کو اس کی شان کے لائق اللہ تعالیٰ نے علم کا خاص حصہ عطا فرمایا۔ شرائع و احکام اور اصول سیاست و حکمرانی وغیرہ کے علوم سب اس لفظ کے تحت میں داخل ہو گئے۔ (تفسیر عثمانی)

ظاہر ہے کہ اس سے مراد علوم انبیاء ہیں جو نبوت و رسالت سے متعلق ہوتے ہیں اس کے عموم میں دوسرے علوم و فنون بھی شامل ہوں تو بعید نہیں جیسے حضرت داؤد علیہ السلام کو زرہ سازی کی صنعت سکھا دی گئی تھی۔ حضرت داؤد اور سلیمان علیہما السلام زمرہ انبیاء میں ایک خاص امتیاز یہ رکھتے ہیں کہ ان کو نبوت و رسالت کے ساتھ سلطنت بھی دی گئی تھی اور سلطنت بھی ایسی بے نظیر کہ صرف انسانوں پر نہیں بلکہ جنات اور جانوروں پر بھی ان کی حکمرانی تھی ان سب عظیم الشان نعمتوں سے پہلے حق تعالیٰ کے نعمت علم کا ذکر فرمانے سے اس طرف اشارہ ہو گیا کہ نعمت علم تمام دوسری نعمتوں سے فائق اور بالاتر ہے۔ (قرطبی) (معارف مفتی اعظم)

وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ فَضَّلَنَا
اور بولے شکر اللہ کا جس نے ہم کو بزرگی دی

نعمتوں کا شکر:

حق تعالیٰ نے جو علم داؤد و سلیمان علیہم السلام کو دیا تھا اُسی کا اثر یہ تھا کہ حق تعالیٰ کے انعامات کا شکر ادا کرتے تھے کسی نعمت الٰہی پر شکر ادا کرنا اصل نعمت سے بڑی نعمت ہے۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے لکھا ہے کہ جس بندے کو اللہ تعالیٰ جو نعمتیں دے اور ان پر وہ اللہ تعالیٰ کی حمد کرے تو اس کی حمد ان نعمتوں سے بہت افضل ہے دیکھو خود کتاب اللہ میں یہ نکتہ موجود ہے پھر آپ نے یہی آیت لکھ کر لکھا کہ ان دونوں پیغمبروں کو جو نعمت دی گئی تھی اس سے افضل اور نعمت کیا ہو۔ (ابن کثیر)

علم کی فضیلت:

آیت بتا رہی ہے کہ علم بڑی فضیلت ہے باعث شرف ہے اور علماء کو دوسروں پر فضیلت حاصل ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا عابد پر عالم کی فضیلت ایسی ہے جیسے چودھویں کے چاند کو باقی ستاروں پر فضیلت ہے۔ علماء انبیاء علیہم السلام کے جانشین ہیں اور انبیاء نے کوئی دینار و درہم اپنی میراث میں نہیں چھوڑا بلکہ علم کی میراث چھوڑی پس جس نے اس میراث کو لیا (وہ بڑا خوش نصیب ہے) اس نے بڑی میراث پائی رواہ احمد والترمذی وابوداؤد۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عابد پر عالم کی برتری ایسی ہے جیسے تم میں سے ادنیٰ آدمی پر میری برتری رواہ الترمذی عن ابی امامۃ الباہلی۔

آیت میں نعمت علم کا شکر ادا کرنے کی ترغیب ہے اور اس بات کی تعلیم ہے کہ آدمی کو خواہ بہت لوگوں پر فضیلت حاصل ہو پھر بھی اس کو تواضع کرنا چاہئے اور یہ سمجھ لینا چاہیے کہ اس پر بھی بہت لوگوں کو برتری حاصل ہے وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ ہر عالم سے اونچا عالم ہے۔ (تفسیر مظہری)

عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵﴾
اپنے بہت سے بندوں ایمان والوں پر

بہت سے اس لئے کہا کہ بہت بندگانِ خدا کو اُن پر فضیلت دی گئی ہے۔ باقی تمام مخلوق پر فضیلت کلی تو سارے جہان میں ایک ہی بندے کو حاصل ہوئی جن کا نام مبارک ہے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ
اور قائم مقام ہوا سلیمان داؤد کا

حضرت سلیمانؑ کے فضائل:

یعنی داؤد کے بیٹوں میں سے اُن کے اصل جانشین حضرت سلیمان علیہ السلام ہوئے جن کی ذات میں اللہ تعالیٰ نے نبوت اور بادشاہت دونوں جمع کر دیں اور وہ ملک عطا فرمایا جو اُن سے قبل یا بعد کسی کو نہ ملا جن، ہوا اور پرندوں کو ان کے لئے مسخر فرما دیا۔ جیسا کہ سورۂ سبا میں آئیگا۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت داؤدؑ کے وارث حضرت سلیمانؑ ہوئے اس سے مراد مال کی وراثت نہیں بلکہ ملک و نبوت کی وراثت ہے اگر مالی میراث مراد ہوتی تو اس میں صرف حضرت سلیمانؑ ہی کا نام نہ آتا کیونکہ حضرت داؤدؑ کی سو بیویاں تھیں انبیاءؑ کے مال کی میراث نہیں بٹتی۔ (تفسیر ابن کثیر)

انبیاء میں مال کی وراثت نہیں ہوتی:

وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ .. وَرِثَ سے وراثت علم اور نبوت مُراد ہے

besturdubooks.wordpress.com

وراثت مال نہیں کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نحن معاشر الانبیاء لا نرث ولا نورث یعنی انبیاء نہ وارث ہوتے ہیں اور نہ مورث، حضرت ابوالدرداءؓ سے ترمذی اور ابوداؤد میں روایت ہے۔

العلماء ورثة الانبياء وان الانبياء لم يورثوا دينارا ولا درهما ولكن ورثوا العلم فمن اخذه اخذ بحظ وافر یعنی علماء انبیاء کے وارث ہیں، لیکن انبیاء میں وراثت علم اور نبوت کی ہوتی ہے مال کی نہیں ہوتی۔ حضرت ابوعبداللہ کی روایت اس مسئلہ کو اور زیادہ واضح کر دیتی ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام حضرت داؤد علیہ السلام کے وارث ہوئے اور سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت سلیمان علیہ السلام کے وارث ہوئے (روح عن الکلینی) عقلی طور پر بھی یہاں وراثت مال مراد نہیں ہو سکتی کیونکہ حضرت داؤد علیہ السلام کی وفات کے وقت آپ کی اولاد میں اُنیس بیٹوں کا ذکر آتا ہے اگر وراثت مال مراد ہو تو یہ بیٹے سب کے سب وارث ٹھہریں گے پھر وراثت میں حضرت سلیمان علیہ السلام کی تخصیص کی کوئی وجہ باقی نہیں رہتی۔ اس سے ثابت ہوا کہ وراثت وہ مراد ہے جس میں بھائی شریک نہ تھے بلکہ صرف حضرت سلیمان علیہ السلام وارث بنے اور وہ صرف علم اور نبوت کی وراثت ہی ہو سکتی ہے اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کا ملک و سلطنت بھی حضرت سلیمان کو عطا فرما دیا اور اس میں مزید اضافہ اس کا کر دیا کہ آپ کی حکومت جنات اور وحوش و طیور تک عام کر دی، ہوا کو آپ کے لئے مسخر کر دیا، ان دلائل کے بعد طبرسی کی وہ روایت غلط ہو جائے گی جس میں انہوں نے بعض ائمہ اہل بیت کے حوالے سے مال کی وراثت مراد لی ہے (روح)

حضرت سلیمان اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا درمیانی عرصہ

حضرت سلیمان علیہ السلام کی وفات اور خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کے درمیان ایک ہزار سات سو سال کا فاصلہ ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ اور سلیمانؑ داؤدؑ کے وارث ہوئے یعنی نبوت کے حکومت کے اور علم کے وارث ہوئے۔ قتادہ نے یہی تفسیر کی اخرجہ عبد بن حمید و ابن المنذر و ابن ابی حاتم شیعہ نے اس آیت سے استدلال کیا ہے کہ انبیاء بھی دوسروں کو اپنا وارث بناتے ہیں۔ لیکن شیعہ فرقہ کا یہ استدلال بجائے فائدہ کے ان کو نقصان پہنچاتا ہے اگر سلیمانؑ داؤدؑ کے مال کے وارث ہوئے یہ صحیح مانا جائے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ حضرت داؤد کے جو دوسرے اٹھارہ بیٹے تھے ان کو باپ کے مال میں سے کچھ نہیں ملا سب کے وارث سلیمانؑ ہو گئے وراثت کا معنی یہ ہے کہ ایک شئ دوسرے کی طرف بغیر کسی بیع شراء اور ہبہ اور عاریت وغیرہ کے منتقل ہو جائے خواہ وہ دونوں آپس میں قرابت دار ہوں یا نہ ہوں اللہ نے فرمایا ہے وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ ہم نے اس سرزمین کا بنی اسرائیل کو وارث بنا دیا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث میں جو لا نورث کا لفظ آیا ہے اس کا معنی یہ ہے کہ کوئی آدمی (خواہ کتنا ہی عزیز اور قرابتدار ہو) کسی نبی کے مال کا وارث نہیں ہوتا بلکہ نبی کی وفات کے بعد اس کا مال وقف قرار پائے گا اور اللہ براہ راست اس کا مالک ہوگا۔

بغوی نے لکھا ہے حضرت داؤدؑ کو اللہ نے جو نعمتیں عطا فرمائی تھیں وہ نعمتیں سب حضرت سلیمان کو عطا فرما دیں بلکہ تسخیر ہوا اور تسخیر شیاطین یہ دونوں چیزیں زیادہ عنایت فرمائیں۔ (تفسیر مظہری)

وَقَالَ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ

اور بولا اے لوگو ہم کو سکھائی ہے بولی اُڑتے جانوروں کی

پرندوں کی بولیاں:

اس بات کا انکار کرنا بداہت کا انکار ہوگا کہ پرندے جو بولیاں بولتے ہیں اُن میں ایک خاص حد تک افہام و تفہیم کی شان پائی جاتی ہے ایک پرند جس وقت اپنے جوڑے کو بلاتا یا دانہ دینے کے لئے اپنے بچوں کو آواز دیتا یا کسی چیز سے خوف کھا کر خبردار کرتا ہے ان تمام حالات میں اُس کی بولی اور لب ولہجہ یکساں نہیں ہوتا چنانچہ اُس کے مخاطبین اس فرق کو بخوبی محسوس کرتے ہیں۔ اس سے ہم سمجھتے ہیں کہ دوسرے احوال وضروریات کے وقت بھی اُن کے چہچہوں میں (گو ہمیں کتنے ہی متشابہ و متعارف معلوم ہوں) ایسا لطیف وخفیف تفاوت ہوتا ہوگا جسے وہ آپس میں سمجھ لیتے ہوں گے۔ تم کسی پوسٹ آفس میں چلے جاؤ اور تار کی متشابہ کھٹ کھٹ گھنٹوں سنتے رہو، تمہارے نزدیک محض بے معنی حرکات واصوات سے زیادہ وقعت نہ ہوگی لیکن ٹیلی گراف ماسٹر فوراً بتا دے گا کہ فلاں جگہ سے فلاں آدمی یہ مضمون کہہ رہا ہے یا فلاں لیکچرار کی تقریر انہی تاروں کی کھنکھناہٹ میں صاف سنائی دے رہی ہے۔ کیونکہ وہ ان فقرات تلغرافیہ کی دلالت وضعیہ سے پوری طرح واقف ہے۔ علیٰ ہذا القیاس کیا بعید ہے کہ واضع حقیقی نے نغمات طیور کو بھی مختلف معانی ومطالب کے اظہار کے لئے وضع کیا ہو۔ اور جس طرح انسان کا بچہ اپنے ماں باپ کی زبان سے آہستہ آہستہ واقف ہوتا رہتا ہے طیور کے بچے بھی اپنی فطری استعداد سے اپنے ہی نوع کی بولیوں کو سمجھنے لگتے ہوں اور بطور ایک پیغمبرانہ اعجاز کے حق تعالیٰ کسی نبی کو بھی اُن کا علم عطا فرما دے۔ حیوانات کے لئے جزئی ادراکات کا حصول تو پہلے سے مسلم چلا آتا ہے لیکن یورپ کی جدید تحقیقات اب حیوانات کی عاقلیت کو آدمیت کی سرحد سے قریب کرتی جاتی ہیں حتیٰ کہ حیوانات کی بولیوں کی ابجد تیار کی جا رہی ہے قرآن کریم نے خبر دی تھی کہ ہر چیز اپنے پروردگار کی

besturdubooks.wordpress.com

تسبیح وتحمید کرتی ہے جسے تم سمجھتے نہیں اور ہر پرندہ اپنی صلوٰۃ وتسبیح سے واقف ہے احادیث صحیحہ میں حیوانات کا تکلم بلکہ جمادات مخصوصہ کا بات کرنا اور تسبیح پڑھنا ثابت ہے۔ اس سے ظاہر ہوا کہ اپنے خالق کی اجمالی مگر صحیح معرفت ہر چیز کی فطرت میں تہ نشین کر دی گئی ہے پس اُن کی تسبیح وتحمید یا بعض محاورات و خطابات پر بعض بندگانِ خدا کا بطور خرق عادت مطلع کر دیا جانا از قبیل محالات عقلیہ نہیں۔ ہاں عام عادت کے خلاف ضرور ہے۔ سو اعجاز و کرامت اگر عام عادت اور معمول کے موافق ہوا کرے تو اعجاز و کرامت ہی کیوں کہلائے (خوارق عادت پر ہم نے مستقل مضمون لکھا ہے اُسے ملاحظہ کر لیا جائے) بہرحال اس رکوع میں کئی معجزے اس قسم کے مذکور ہیں۔ جن میں زائغین نے عجیب طرح کی رکیک اور لچر تحریفات شروع کر دی ہیں، کیونکہ بعض طیور کا اپنی بولی میں آدمیوں کے بعض علوم کو ادا کرنا، یا چیونٹیوں کا آپس میں ایک دوسرے کو مخاطب بنانا اور سلیمان پیغمبر کا اُن کو سمجھ لینا یہ سب باتیں اُن کے نزدیک ایسی لغو اور احمقانہ ہیں جن پر ایک بچہ بھی یقین نہیں کر سکتا۔ لیکن میں کہتا ہوں کہ لاکھوں محققین اور علمائے سلف وخلف کی نسبت خیال کرنا کہ وہ ایسی کچی، لغو اور بدیہی البطلان باتوں کو جنہیں ایک بچہ اور گنوار بھی نہیں مان سکتا تھا بلاتردید و تکذیب بیان کرتے چلے آئے اور ان اوہام کو رد کر کے مضمون آیات کی صحیح حقیقت جو تم پر آج منکشف ہوئی ہے کسی نے بیان نہ کی؟ یہ خیال اُن باتوں سے بھی بڑھ کر لغو اور احمقانہ ہے جن کی لغویت کو تم تسلیم کرانا چاہتے ہو۔ علماء سے ہر زمانہ میں غلط فہمی یا خطاء وتقصیر ہو سکتی ہے، مگر یہ نہیں ہو سکتا کہ شب وروز کی جن محسوسات اور پیش پا اُفتادہ حقائق کو انسان کا بچہ بچہ جانتا ہے وہ صدیوں تک بڑے بڑے عقلمند اور محقق علماء کو ایک دن بھی نظر نہ آتی ہوں۔ یاد رہے کہ ہم اسرائیلی خرافات کی تائید نہیں کر رہے۔ ہاں جس حد تک اکابر سلف نے بلا اختلاف کلام الٰہی کا مدلول بیان کیا ہے اُس کو ضرور تسلیم کرتے ہیں خواہ وہ اسرائیلی روایات کے موافق پڑ جائیں یا مخالف۔ (تفسیر عثمانی)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جانوروں کی بولیوں کا علم:

اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی منطق الطیر کا علم عطا فرمایا۔ جانوروں کا آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کلام کرنا اور اونٹ کا آپ سے شکایت کرنا اور درختوں اور پتھروں کا آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کلام کرنا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو السلام علیک یا رسول اللہ کہنا احادیث صحیحہ سے ثابت ہے۔

اور اس قسم کی کرامتوں کا نمونہ فاروق اعظمؓ کو بھی عطا ہوا۔ حضرت عمرؓ کا عین خطبہ میں یا ساریۃ الجبل الجبل کہنا۔ اور حضرت ساریہ کا میدان کارزار میں حضرت عمرؓ کی آواز سننا۔ روایات معتبرہ سے ثابت ہے۔

حضرت عمرؓ کے زمانہ میں ایک بار زلزلہ آیا تو حضرت عمرؓ نے زمین پر پاؤں مارا اور کہا کہ اے زمین میں تجھ پر عدل اور انصاف جاری کئے ہوئے ہوں اور تو حرکت کر رہی ہے زمین فوراً ساکن ہو گئی اور دریائے نیل کے نام حضرت عمرؓ کے ایک پرچہ لکھنے کا بھی واقعہ مشہور ہے دریائے نیل خشک ہو گیا تھا حضرت عمر کا یہ پرچہ ڈالتے ہی جاری ہو گیا۔ (معارف کاندھلوی)

اپنے لئے جمع کا صیغہ بولنا جائز ہے بشرطیکہ تکبراً نہ ہو:

عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ وَأُوتِيْنَا الخ، حضرت سلیمان علیہ السلام نے باوجود خود اکیلے ہونے کے اپنے لئے جمع کا صیغہ شاہانہ محاورہ کے طور پر استعمال کیا ہے تا کہ رعایا پر رعب پڑے اور رعایا اطاعتِ خداوندی اور اطاعتِ سلیمان علیہ السلام میں سستی نہ کریں۔ اسی طرح امراء، حکام اور افسران کو اپنی رعایا کی موجودگی میں اپنے لئے جمع کا صیغہ استعمال کرنے میں مضائقہ نہیں جبکہ وہ سیاسۃ اور اظہارِ نعمت کی غرض سے ہو تکبر وتعلّی کے لئے نہ ہو۔ (معارف مفتی اعظم)

مختلف پرندوں کی نصیحتیں:

بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت کعبؓ نے فرمایا حضرت سلیمانؑ کے پاس جنگلی کبوتر نے آواز نکالی تو آپ نے پوچھا کیا تم کو معلوم ہے کہ یہ کیا کہہ رہا ہے حاضرین نے کہا نہیں۔ فرمایا یہ کہہ رہا ہے مرنے کے لئے جنو اور ویران ہونے کے لئے عمارتیں بناؤ۔ فاختہ چیخی تو آپ نے فرمایا جانتے ہو یہ کیا کہہ رہی ہے حاضرین نے کہا نہیں فرمایا یہ کہہ رہی ہے کاش یہ مخلوق پیدا نہ کی جاتی۔ مور چیخا تو آپ نے پوچھا جانتے ہو یہ کیا کہہ رہا ہے حاضرین نے کہا نہیں۔ فرمایا یہ کہہ رہا ہے جیسا دوسروں سے معاملہ کرو گے ویسا ہی تم سے کیا جائے گا۔ ہدہد بولا تو پوچھا یہ کیا کہہ رہا ہے تمہیں معلوم ہے حاضرین نے کہا نہیں فرمایا یہ کہہ رہا ہے جو رحم نہیں کرے گا اس پر رحم نہیں کیا جائے گا۔ ترمتی (باز اور شکرہ کی طرح شکاری پرندہ) نے آواز دی تو پوچھا تم جانتے ہو یہ کیا کہہ رہی ہے حاضرین نے کہا نہیں۔ فرمایا یہ کہہ رہی ہے گناہگارو اللہ سے معافی کی درخواست کرو تیہو (ایک قسم کا مرغ) چیخا تو پوچھا تم کو معلوم ہے یہ کیا کہہ رہا ہے لوگوں نے کہا نہیں فرمایا یہ کہہ رہا ہے ہر زندہ مرے گا اور ہر نیا پرانا فرسودہ ہو گا۔ خطاف (ابابیل کی قسم کا پرندہ جس کے بازو بہت لمبے ہوتے ہیں اور بہت تیز اڑتا ہے) چیخا تو پوچھا کیا جانتے ہو یہ کیا کہہ رہا ہے حاضرین نے کہا نہیں فرمایا یہ کہہ رہا ہے پہلے سے نیکی بھیجو (وہاں) تم کو مل جائے گی۔ کبوتری نے آواز دی تو فرمایا یہ کیا کہہ رہی ہے تم کو معلوم ہے حاضرین نے کہا نہیں فرمایا یہ کہہ رہی ہے پاکی بیان کرو میرے رب برتر کی اتنی کہ آسمانوں اور زمین کو بھر دے۔ قمری چیخی تو پوچھا جانتے ہو یہ کیا کہہ رہی ہے لوگوں نے کہا نہیں فرمایا یہ کہہ رہی ہے میرے رب اعلیٰ کی پاکی بیان کرو۔ فرمایا کوا عشر وصول کرنے والے (کل مال کا دسواں حصہ بطور ٹیکس وصول کرنے والے) کو بددعا دیتا ہے اور چیل کہتی ہے سوا اللہ کے ہر چیز کو فنا

besturdubooks.wordpress.com

ہے۔ اور قسطاۃ کہتی ہے جو خاموش رہا محفوظ رہا۔ اور طوطا کہتا ہے تباہی ہے اس کے لئے جس کا مقصد دنیا ہی ہے اور مینڈک کہتا ہے میرے رب قدوس کی پاکی بیان کرو اور باز کہتا ہے۔ میرے رب کی پاکی بیان کرو اور ثنا کرو اور مینڈکی کہتی ہے پاکی بیان کرو اس کی جس کا ذکر ہر زبان پر ہے۔

مکحول نے کہا سلیمانؑ کے پاس ایک تیتر چیخا تو آپ نے پوچھا جانتے ہو یہ کیا کہہ رہا ہے لوگوں نے کہا نہیں فرمایا یہ کہہ رہا ہے الرحمن علی العرش استوی (رحمن عرش پر متمکن ہے) فرقد سنجی کا بیان ہے ایک بلبل درخت پر بیٹھا سر ہلا رہا تھا اور دم نیچے کو جھکا رہا تھا (اور بول رہا تھا) حضرت سلیمان کا ادھر سے گزر ہوا فرمایا جانتے ہو یہ بلبل کیا کہہ رہا ہے لوگوں نے کہا اللہ اور اس کا نبی ہی خوب واقف ہیں فرمایا یہ کہہ رہا ہے میں نے آدھا چھوارا کھالیا پس دنیا پر لازم ہے کہ اس کو بڑھا کر پورا کر دے۔

حضرت ابن عباسؓ سے یہودیوں کے سوال:

روایت میں آیا ہے کہ یہودیوں کی ایک جماعت نے حضرت ابن عباسؓ سے کہا ہم سات چیزوں کے متعلق آپ سے دریافت کرتے ہیں اگر آپ بتا دیں گے تو ہم مسلمان ہو جائیں گے اور آپ کی تصدیق کریں گے۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا سمجھنے کے لئے پوچھ سکتے ہو ضد کے لئے نہیں پوچھ سکتے یہودیوں نے پوچھا بتایئے چنڈول (ایک خوش آواز چڑیا) اپنے گانے میں کیا کہتا ہے اور مینڈک اپنی ٹرٹر میں کیا کہتا ہے اور مرغ اپنی بانگ میں کیا کہتا ہے اور گدھا اپنے رینگنے میں کیا کہتا ہے اور گھوڑا اپنی ہنہناہٹ میں کیا کہتا ہے اور زرزور اور تیتر کیا کہتا ہے حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا چنڈول کہتا ہے اے اللہ محمد اور آل محمد سے بغض رکھنے والوں پر لعنت کر اور مرغ کہتا ہے غافلو اللہ کی یاد کرو، اور مینڈک کہتا ہے پاک ہے وہ معبود جس کی عبادت سمندروں کے کنڈوں میں بھی کی جاتی ہے اور گدھا کہتا ہے اے اللہ عشر (ناجائز ٹیکس) وصول کرنے والے پر لعنت کر۔ گھوڑا جب معرکہ میں صفوں مقابلہ پر ہوتا ہے تو کہتا ہے سبوح قدوس رب الملائکہ والروح۔ پاک اور مقدس ہے ملائکہ اور جبریل کا رب۔ زرزور کہتا ہے اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ ہر روز کی روزی اسی روز عطا فرما اور تیتر کہتا ہے الرحمٰن علی العرش استوی۔ یہودی یہ جواب سن کر مسلمان ہو گئے اور ان کا اسلام اچھا رہا۔

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا قول:

حضرت امام جعفر صادق نے اپنے والد کی وساطت سے اپنے دادا حضرت حسین رضی اللہ عنہ کا قول نقل کیا ہے کہ جب گدھ چلاتا ہے تو کہتا ہے اے آدم کے بیٹے جی لے جب تک چاہے آخر موت ہے عقاب چیختا ہے تو کہتا ہے لوگوں سے دور رہنے میں سلامتی ہے اور چنڈول چیختا ہے تو کہتا ہے اے اللہ آل محمد سے بغض رکھنے والوں پر لعنت بھیج اور خطاف چلاتا ہے تو کہتا ہے الحمد للہ رب العالمین اور الضالین کو ایسا کھینچا ہے جیسے قاری کھینچتا ہے۔

حضرت قاضی ثناء اللہؒ کی تحقیق:

میں کہتا ہوں کہ جانوروں کی آوازوں کی جو تشریح حضرت کعبؒ سے منقول ہے اور جو تفصیل مکحول اور فرقد کے اقوال میں آئی ہے اس سب کا تعلق ممکن ہے کہ کسی ہنگامی آواز سے ہو (حضرت سلیمان کے سامنے کسی وقت جانور اس طرح بولے ہوں) اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ یہ جانور جب بھی بولتے ہیں تو یہی کلمات کہتے ہیں۔ اللہ نے اس سورت میں جو ہدہد اور چیونٹی کا کلام نقل کیا ہے اس کا تعلق تو پیش آمدہ واقعہ کے ساتھ تھا ہی البتہ یہودیوں کے سوال کے جواب میں جو کچھ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا وہ بیشک بتا رہا ہے کہ یہ جانور ہمیشہ ہی یہ الفاظ کہتے ہیں اگر یہ روایت پایہ ثبوت کو پہنچ جائے تو اس کی تاویل کرنی ضروری ہوگی۔ (تفسیر مظہری)

حضرت داؤدؑ کی وفات

مسند امام احمدؒ میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں حضرت داؤدؑ بہت ہی غیرت والے تھے جب آپ گھر سے باہر جاتے تو دروازے بند کرتے جاتے پھر کسی کو اندر جانے کی اجازت نہ تھی ایک مرتبہ آپ اسی طرح باہر تشریف لے گئے۔ تھوڑی دیر بعد ایک بیوی صاحبہ کی نظر اٹھی تو دیکھتی ہیں کہ گھر کے بیچوں بیچ ایک صاحب کھڑے ہیں۔ حیران ہو گئیں۔ اور دوسروں کو دکھایا، آپس میں سب کہنے لگیں یہ کہاں سے آ گئے؟ دروازے بند ہیں یہ داخل کیسے ہوئے؟ خدا کی قسم حضرت داؤدؑ کے سامنے ہماری سخت رسوائی ہوگی۔ اتنے میں حضرت داؤدؑ بھی آ گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی انہیں کھڑا دیکھا اور دریافت کیا کہ تم کون ہو اس نے جواب دیا وہ جسے کوئی روک اور دروازہ روک نہ سکے، وہ جو کسی بڑے سے بڑے کی مطلق پروانہ کرے، حضرت داؤدؑ سمجھ گئے اور فرمانے لگے مرحبا ہو مرحبا ہو آپ ملک الموت ہیں۔ اسی وقت ملک الموت نے آپ کی روح قبض کی۔ سورج نکل آیا اور آپ پر دھوپ آ گئی تو حضرت سلیمانؑ نے پرندوں کو حکم دیا کہ وہ حضرت داؤدؑ پر سایہ کریں انہوں نے اپنے پر کھول کر ایسی گہری چھاؤں کر دی کہ زمین پر اندھیرا سا چھا گیا۔

ایک اللہ والے کا عجیب قصہ:

حضرت عبداللہ برزیؒ ایک ولی اللہ شخص تھے پیر اور خمیس کا روزہ پابندی سے رکھا کرتے تھے۔ اسی سال کی عمر تھی ایک آنکھ سے کانے تھے۔ سلیمان بن زید نے ان سے آنکھ کے جانے کا سبب دریافت کیا تو آپ نے اس کے بتانے سے انکار کر دیا۔ یہ بھی پیچھے پڑ گئے مہینوں گزر گئے نہ وہ بتاتے نہ یہ سوال چھوڑتے۔ آخر تنگ آ کر فرمایا سن لو! دو خراسانی میرے پاس برزہ میں جو

besturdubooks.wordpress.com

دمشق کے پاس ایک شہر ہے آئے اور مجھ سے کہا کہ میں انہیں برزہ کی وادی میں لے جاؤں۔ میں انہیں وہاں لے گیا انہوں نے انگیٹھیاں نکالیں بخور نکالے اور جلانے شروع کئے یہاں تک کہ تمام وادی خوشبو سے مہکنے لگی اور ہر طرف سے سانپوں کی آمد شروع ہوگئی لیکن یہ بے پرواہی سے بیٹھے رہے کسی سانپ کی طرف التفات تک نہ کرتے تھے۔ تھوڑی دیر میں ایک سانپ آیا جو باتھ بھر کا تھا اور اس کی آنکھیں سونے کی طرح چمک رہی تھی۔ یہ بہت ہی خوش ہوئے اور کہنے لگے خدا کا شکر ہے کہ ہماری سال بھر کی محنت ٹھکانے لگی۔ انہوں نے اس سانپ کو لے کر اس کی آنکھوں میں سلائی پھیر کر اپنی آنکھوں میں وہ سلائی پھیر لی، میں نے اُن سے کہا کہ میری آنکھوں میں بھی یہ سلائی پھیر دو۔ انہوں نے انکار کر دیا، میں نے ان سے منت سماجت کی بمشکل وہ راضی ہوئے اور میری داہنی آنکھ میں وہ سلائی پھیر دی اب جو میں دیکھتا ہوں تو زمین مجھے ایک شیشے کی طرح معلوم ہونے لگی جیسی اوپر کی چیزیں نظر آتی تھیں ایسی ہی زمین کے اندر کی چیزیں بھی دیکھ رہا تھا۔ انہوں نے مجھ سے کہا کہ اچھا اب آپ ہمارے ساتھ ہی کچھ دور چلئے۔ میں نے منظور کر لیا وہ باتیں کرتے ہوئے مجھے ساتھ لئے ہوئے چلے۔ جب میں بستی سے بہت دور نکل گیا تو دونوں نے مجھے دونوں طرف سے پکڑ لیا اور ایک نے اپنی انگلی ڈال کر میری آنکھ نکال لی اور پھینک دی۔ اور مجھے یونہی بندھا ہوا وہیں پٹک کر دونوں کہیں چل دیئے۔ اتفاقاً وہاں سے ایک قافلہ گزرا اور انہوں نے مجھے اس حالت میں دیکھ کر رحم کھایا قید و بند سے مجھے آزاد کیا اور میں چلا آیا، یہ قصہ ہے میری آنکھ کے جانے کا (ابن عساکر) (تفسیر ابن کثیر)

وَ أُوتِيْنَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ
اور دیا ہم کو ہر چیز میں سے

یعنی ایسی عظیم الشان سلطنت و نبوت کے لئے جو چیزیں اور سامان درکار تھے وہ عطا فرمائے۔ (تفسیر عثمانی)

عُلِّمْنَا اور اُوتِيْنَا جمع متکلم کے صیغے ہیں حضرت سلیمانؑ نے اپنے ساتھ حضرت داؤدؑ کو شامل کر کے جمع متکلم کے صیغے استعمال کئے۔ یا حضرت سلیمانؑ نے اپنے متبعین کو شامل کر کے یہ لفظ کہے۔ کیونکہ آپ کے متبعین کو آپ کی وساطت سے وہ علم اور وہ انعام ملا جو اللہ نے آپ کو عطا فرمایا تھا۔ یا اصولِ سیاست کو پیش نظر رکھ کر حضرت سلیمانؑ نے شاہانہ الفاظ استعمال کئے بادشاہ اپنے کو ہم کہتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کُلِّ شَيْءٍ سے دنیا اور آخرت سے تعلق رکھنے والی ہر چیز مراد ہے مقاتل نے کہا نبوت حکومت اور شیاطین و ہوا کی تسخیر مراد ہے۔ (تفسیر مظہری)

إِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِيْنُ ۞ وَحُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ جُنُوْدُهٗ
بیشک یہی ہے فضیلت صریح اور جمع کئے گئے سلیمان کے پاس اُس کے لشکر
مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ وَالطَّيْرِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ۞
جن اور انسان اور اُڑتے جانور پھر اُن کی جماعتیں بنائی جاتیں

حضرت سلیمان علیہ السلام کے لشکر:

یعنی سلیمان علیہ السلام جب کسی طرف کوچ کرتے تو جن انس طیور تینوں قسم کے لشکروں میں سے حسب ضرورت و مصلحت ساتھ لئے جاتے تھے۔ اور اُن کی جماعتوں میں خاص نظم و ضبط قائم رکھا جاتا تھا۔ مثلاً پچھلی جماعتیں تیز چل کر یا اُڑ کر اگلی جماعتوں سے آگے نہیں نکل سکتی تھیں۔ نہ کوئی سپاہی اپنے مقام اور ڈیوٹی کو چھوڑ کر جا سکتا تھا جس طرح آج بَرّی، بحری اور ہوائی طاقتوں کو ایک خاص نظم و ترتیب کے ساتھ کام میں لایا جاتا ہے۔

حضرت سلیمان نے یہ بات ادائے شکر کے طور پر کہی اظہار فخر کے لئے نہیں کہی جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا میں اولادِ آدم کا سردار ہوں اور (یہ بات) فخر (کے طور پر) نہیں ہے اور قیامت کے دن آدم کے سوا سب لوگ میرے جھنڈے کے نیچے ہوں گے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح کی جو بات فرمائی وہ اس حکم کی تعمیل کے طور پر تھی جو آیت وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ میں دیا گیا ہے۔

حضرت سلیمانؑ کی حکومت:

بغوی نے لکھا ہے روایت میں آیا ہے کہ حضرت سلیمان نے ساری روئے زمین پر سات سو برس اور چھ ماہ تمام جن و انس اور پرندوں اور چرندوں اور درندوں پر حکومت کی اور ہر چیز کی بولی اللہ نے ان کو سکھا دی تھی اور انہیں کے زمانہ میں عجیب عجیب صنعتوں کی ایجاد ہوئی۔

محمد بن کعب نے کہا سلیمان کی لشکر گاہ سو فرسخ تھی ۲۵ فرسخ جنات کے لئے ۲۵ فرسخ آدمیوں کے لئے ۲۵ فرسخ پرندوں کے لئے اور ۲۵ فرسخ جنگلی جانوروں کے لئے سلیمانؑ کے ایک ہزار کمرے تھے جو لکڑی کے تختوں کے فرش پر قائم تھے تین سو منکوحہ بیبیاں تین سو گھروں میں رہتی تھیں اور سات سو باندیاں سات سو گھروں میں۔ سلیمانؑ کے حکم سے تند ہوا اس تخت کو اٹھا کر اوپر کو لے جاتی تھی پھر بحکم سلیمانؑ نرم نرم ہوا اس کو لے کر چلتی تھی۔ (ایک روز) جو آپ کہیں جا رہے تھے اور آسمان و زمین کے درمیان تھے کہ اللہ نے وحی بھیجی میں نے تمہاری حکومت میں اضافہ کر دیا ہے اب کوئی مخلوق جہاں بھی کوئی بات کرے گی ہوا وہ بات لا کر تم کو پہنچا دے گی۔ (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

حَتّٰۤى اِذَاۤ اَتَوْا عَلٰى وَادِ النَّمْلِ

یہاں تک کہ جب پہنچے چیونٹیوں کے میدان پر

چیونٹیوں کی وادی پر گذر:

یعنی سلیمان کا اپنے لاؤلشکر کے ساتھ ایسے میدان کی طرف گزر ہوا جہاں چیونٹیوں کی بڑی بھاری بستی تھی۔ (تنبیہ) جہاں چیونٹیاں مل کر خاص سلیقہ سے اپنا گھر بناتی ہیں اُسے زبان عرب میں قریة النمل کہتے ہیں (چیونٹیوں کی بستی) مفسرین نے مختلف بلاد میں کئی ایسی وادیوں کا پتہ بتلایا ہے جہاں چیونٹیوں کی بستیاں بکثرت تھیں۔ اُن میں سے کسی ایک پر حسب اتفاق حضرت سلیمان علیہ السلام کا گزر ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت سلیمانؑ کے سفری انتظامات:

وہب بن منبہ نے بحوالہ کعب بیان کیا ہے کہ حضرت سلیمانؑ جب تخت پر سوار ہوتے تو اہل وعیال کو نوکروں چاکروں کو اور لاؤلشکر کو بھی سوار کر لیتے تھے سالن پکانے کے برتن اور روٹیاں پکانے کی آہنی تنور بھی ساتھ ہوتے تھے اتنی بڑی بڑی نودیگیں بھی ہوتی تھیں کہ ایک دیگ میں دس اونٹوں کا گوشت آ جائے چوپایوں کیلئے میدان بھی اپنے سامنے بنواتے تھے اثنائے سیر میں آسمان وزمین کے درمیان چوپائے اپنے میدانوں میں دوڑتے تھے اور باورچی کھانا اور روٹیاں پکانے میں مشغول رہتے تھے ہوا ان سب کو لے کر چلتی تھی۔

مدینہ اور مکہ سے حضرت سلیمانؑ کا گذر

ایک بار اصطخر سے یمن کو جاتے میں مدینہ شریف کے اوپر سے بھی گزرے اور فرمایا یہ نبی آخرالزماں کی ہجرت گاہ ہے خوشخبری ہے اس کے لئے جو ان کے اوپر ایمان لائے اور خوشی ہے۔

اس کے لئے جس نے ان کا اتباع کیا۔ کعبہ کے اوپر سے گزرے تو کعبہ کے گرداگرد بت نظر آئے جن کی پوجا کی جاتی تھی جب سلیمانؑ کعبہ سے آگے بڑھ گئے تو کعبہ رونے لگا اللہ نے کعبہ کے پاس وحی بھیجی (اور دریافت فرمایا) تیرے رونے کا کیا سبب ہے کعبہ نے کہا اے میرے رب مجھے اس بات نے رلایا کہ یہ تیرا نبی تھا اور تیرے دوستوں کی جماعت تھی یہ لوگ میری طرف سے گزرے اور میرے پاس نماز نہیں پڑھی حالانکہ میرے آس پاس تجھے چھوڑ کر بتوں کی پوجا کی جاتی ہے اللہ نے وحی بھیجی تو نہ رو کچھ مدت کے بعد میں تجھے سجدہ کرنے والے چہروں سے بھر دوں گا اور تیرے اندر جدید قرآن نازل کروں گا اور تیرے اندر سے آخر زمانہ میں ایک نبی پیدا کروں گا میں اپنے انبیاءؑ سے محبت رکھتا ہوں تیرے اندر اپنی مخلوق سے ایسے لوگوں کو آباد کروں گا جو میری عبادت کریں گے اور میں اپنے بندوں پر ایک فرض (یعنی فریضہ حج) مقرر کر دوں گا (جس کو ادا کرنے کے لئے) وہ اتنی تیزی سے تیرے قریب پہنچیں گے جتنی تیزی سے گدھ اپنے آشیانوں کی طرف جاتے ہیں وہ تیرے ایسے مشتاق ہوں گے جیسے اونٹنی کو اپنے بچہ کی طرف اور کبوتری کو اپنے انڈوں کی طرف اشتیاق ہوتا ہے (اونٹنی اپنے بچہ کے پاس اور کبوتری اپنے انڈوں کے پاس بڑی بےتابی سے پہنچنا چاہتی ہے) میں تجھے بتوں اور شیطانوں کے پجاریوں سے پاک کر دوں گا۔ پھر سلیمان چلتے چلتے وادی سدیر کی طرف سے گزرے وادی سدیر وادی طائف کا حصہ ہے۔ وہاں آپ کا مرور وادی نمل پر ہوا۔ کعب کا یہی قول ہے کہ وادی نمل طائف میں تھی مقاتل اور قتادہ وہ شام میں ایک زمین تھی بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ اس وادی میں جن رہتے تھے اور وہاں کی چیونٹیاں ان کی سواریاں تھیں فرق حمیدی نے اس وادی کی چونٹیاں کھیوں کی طرح تھیں بعض نے کہا بُجاتی اونٹ کے برابر تھیں مشہور یہ ہے کہ یہ بات کہنے والی ایک چھوٹی چیونٹی تھی۔ (تفسیر مظہری)

قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰۤاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ

کہا ایک چیونٹی نے اے چیونٹیو گھس جاؤ اپنے گھروں میں

لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ

نہ پیس ڈالے تم کو سلیمان اور اُس کی فوجیں اور اُن کو خبر بھی نہ ہو

چیونٹی کا اعلان:

یعنی یہ ایسے تو نہیں جو جان بوجھ کر تم کو ہلاک کریں، ہاں ممکن ہے بےخبری میں پس جاؤ۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں چیونٹی کی آواز کوئی (آدمی) نہیں سنتا، انہیں (سلیمان علیہ السلام کو) معلوم ہوگئی یہ اُن کا معجزہ ہوا۔

چیونٹیوں کی معاشرت کا نظام:

(تنبیہ) علمائے حیوانات نے سالہا سال جو تجربے کئے ہیں اُن سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ حقیر ترین جانور اپنی حیات اجتماعی اور نظام سیاسی میں بہت ہی عجیب اور شئون بشریہ سے بہت قریب واقع ہوا ہے۔ آدمیوں کی طرح چیونٹیوں کے خاندان اور قبائل ہیں اُن میں تعاون باہمی کا جذبہ تقسیم عمل کا اصول اور نظام حکومت کے ادارات نوع انسانی کے مشابہ پائے جاتے ہیں محققین یورپ نے مدتوں اُن اطراف میں قیام کر کے جہاں چیونٹیوں کی بستیاں بکثرت ہیں بہت قیمتی معلومات بہم پہنچائی ہیں۔ افسوس ہے ان مختصر فوائد میں اُن کی گنجائش نہیں۔ محض مقام کی مناسبت سے دائرة المعارف المصریہ کے آخری جملے نقل کرتا ہوں فمتیٰ داهم عدو قرية النمل اختفت العملة وخرجت الجنود للقتال والنضال فيخرج اولا واحد معها لِلاستطلاع ثم يعودُ فخبر بمارأى وبعد هنيهة

besturdubooks.wordpress.com

تخرج ثلاثة او اربعة يتبعها عدد كثيف من الجيوش بادية عليهم، علائم الحنق فتلدغ كل ما صادفته ولا تفلتُ مَنْ تلدغه ولو قطعتْ اربا اربا فاذا انتهى القتال رَجَعَ الفعلةُ فاعادوا بناء ما تهدم يتخللها عدد من الجنود للحراسة لاللعمل. متذکرہ جملوں میں بتلایا ہے کہ خطرہ کی آہٹ پا کر اول ایک چیونٹی باہر نکلتی اور واپس جا کر اپنی قوم کو اپنی معلومات سے آگاہ کرتی ہے۔ باقی سلیمان علیہ السلام کا پتہ لگا لینا اور سلیمان کا اس کی بات پر مطلع ہو جانا بطریق خرق عادت تھا۔ (تفسیر عثمانی)

حیوانوں میں بھی ایک درجہ کی عقل موجود ہے:

پرندوں اور چوپاؤں میں بھی عقل و شعور ہے اس واقعہ سے ثابت ہوا کہ پرندے، چرندے اور تمام حیوانات میں بھی عقل و شعور کسی درجہ میں موجود ہے البتہ ان کی عقول اس درجہ کی نہیں کہ ان کو احکام شرع کا مکلف بنایا جاتا اور انسان اور جنات کو عقل و شعور کا وہ کامل درجہ عطا ہوا ہے جس کی بنا پر وہ اللہ تعالیٰ کے مخاطب ہو سکیں اور ان پر عمل کر سکیں۔ امام شافعیؒ نے فرمایا کہ کبوتر سب پرندوں میں زیادہ عقلمند ہے ابن عطیہ نے فرمایا کہ چیونٹی ذہین عقلمند جانور ہے اس کی قوت شامہ بڑی تیز ہے جو کوئی دانہ اس کے قبضہ میں آتا ہے اس کے دو ٹکڑے کر دیتی ہے تاکہ اگے نہیں اور سردی کے زمانے کیلئے اپنی غذا کا ذخیرہ جمع کرتی ہے (قرطبی) (معارف مفتی اعظم)

چیونٹی کا اندازِ خطاب:

جمع مذکر کا خطابی صیغہ استعمال کرنے کی وجہ یہ ہے کہ انسان جب کلام کرتا ہے اور حیوانات کے متعلق بات کرتا ہے تو حیوانات کے بے عقل ہونے کی وجہ سے ان کے لئے وہ ضمیریں استعمال کرتا ہے جو جمادات کے لئے مستعمل ہیں عورتوں کے لئے بھی ان کے ضعیف العقل ہونے کی وجہ سے جمادات کی ضمیریں استعمال کر لی جاتی ہیں گویا ان کو بھی بے عقل مان کر جمادات کے ساتھ شامل کر دیا جاتا ہے لیکن حیوانات جب دوسرے حیوانوں سے کلام کرتے ہیں تو وہ اپنی نظر میں اپنے کو ذی عقل سمجھتے ہیں اور دوسرے کو اہل عقل کی طرح خطاب کرتے ہیں اس جگہ اللہ نے وہ کلام نقل کیا ہے جو ایک چیونٹی نے دوسری چیونٹیوں کو اہل عقل قرار دے کر کہا تھا اس لئے وہ صیغہ اختیار کر لیا جس کے مخاطب اہل عقل ہوتے ہیں۔

لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ تم کو سلیمان اور ان کی فوجیں کہیں پیس نہ ڈالیں۔ اس کلام میں (بظاہر) پیس ڈالنے کی ممانعت ہے (لیکن ایک چیونٹی حضرت سلیمانؑ اور ان کی فوج کو پیسنے کی ممانعت کیسے کر سکتی تھی پھر چیونٹی کا روئے خطاب تو دوسری چیونٹیوں کی طرف تھا حضرت سلیمانؑ اور ان کی فوج کی جانب نہیں تھا) لیکن فی الحقیقت چیونٹیوں کو باہر نکلنے اور باہر رہنے کی ممانعت ہے تاکہ پامال ہونے سے بچ جاؤ جیسے عرب کہتے ہیں لا اراک ھٰھنا میں تجھے یہاں نہ دیکھوں یعنی یہاں نہ ٹھہرنا (یا پھر نہ آنا)۔

حضرت سلیمان اور ان کے لشکر کے متعلق چیونٹی کا حسن ظن:

وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ایسی حالت میں کہ ان کو پتہ بھی نہ ہو۔ کیونکہ اگر ان کو معلوم ہو گا تو وہ خود ہی تم کو نہیں روندیں گے۔ گویا یہ حضرت سلیمانؑ اور آپ کے ساتھیوں کی طرف سے ممکن الوقوع فعل کی معذرت کا اظہار ہے اور اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ دانستہ یہ قصور تو ان سے سرزد نہ ہو گا۔

افسوس شیعہ فرقہ کو چیونٹی کی برابر بھی سمجھ نہیں کہ وہ صحابہ کرام کی جانب سے قصداً اہل بیت کو ایذا پہنچانے کے قائل ہیں۔

اہل معرفت کا قول:

بعض اہل عرفان نے یہ مطلب بیان کیا ہے کہ چیونٹی نے دوسری چیونٹیوں سے کہا ایسا نہ ہو کہ تم حضرت سلیمانؑ کے لشکر اور ان کے ساز و سامان اور شان شوکت کی سیر کرنے میں اتنی مشغول ہو جاؤ کہ اللہ کے ذکر سے بھی غافل ہو اور ذکر خدا سے غفلت تمہاری ہلاکت کا ذریعہ ہو جائے یہ بات سلیمان نے تین میل سے سن پائی۔ کذا قال مقاتل. کیونکہ جہاں کہیں جو مخلوق بات کرتی تھی ہوا وہ بات حضرت سلیمانؑ کے گوش گزار کر دیتی تھی۔ (تفسیر مظہری)

فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا	مِّنْ قَوْلِهَا
پھر مسکرا کر ہنس پڑا	اس کی بات سے

حضرت سلیمانؑ کا تعجب اور خوشی:

اس چیونٹی کی بات سمجھ کر تعجب ہوا اور فرط سرور و نشاط سے ادائے شکر کا جذبہ جوش میں آیا۔ (تفسیر عثمانی)

اس چیونٹی کو یقین تھا کہ نبی اور اس کے اصحاب جان بوجھ کر کسی پر ظلم و زیادتی نہیں کر سکتے یہ چیونٹی رافضیوں سے زیادہ عقلمند تھی جو صحابہ کرامؓ سے بدگمان ہیں اور ان کا عقیدہ یہ ہے کہ صحابہ کرامؓ نے نبی کی آل و اولاد پر جان بوجھ کر ظلم کیا۔ معلوم ہوا کہ حیوانات کو بھی اس کا علم ہے کہ انبیاء کرامؑ اور ان کے اصحابؓ سے دیدہ و دانستہ کسی پر ظلم اور زیادتی ممکن نہیں حضرت سلیمانؑ نے دور سے اس کی آواز کو سن لیا اور سمجھ گئے پس سلیمان علیہ السلام اس کی اس بات سے مسکراتے ہوئے ہنسنے لگے اور خوش ہوئے کہ جانوروں کو بھی مجھ پر اطمینان ہے کہ میں اور میرے اصحاب ان پر ظلم نہیں کریں گے نیز جانوروں کی بولی سمجھ لینا حق جل شانہ کی ایک عظیم نعمت اور کرامت ہے اس ایک نعمت کو دیکھ کر اور نعمتیں یاد آ گئیں تو نعمت کو چھوڑ کر منعم حقیقی کی طرف متوجہ ہو گئے اور شکر اور مناجات میں مشغول ہو گئے۔ (معارف کاندھلوی)

besturdubooks.wordpress.com

فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا پس سلیمان مسکراتے ہوئے ہنس پڑے یہاں کچھ کلام محذوف ہے اور اسی پر عطف ہے پورا کلام اس طرح تھا سلیمان نے چیونٹی کی بات سن لی اس کا مطلب سمجھ لیا مطلب سمجھ کر خوش ہوئے اور اس بات سے بھی ان کو مسرت ہوئی کہ چیونٹی نے آپ کو اور آپ کی فوج کو عادل سمجھا یہ تمام باتیں سمجھ کر آپ خوش ہوئے اور مسکرادیئے۔ یا یوں کہا جائے کہ آپ کو چیونٹی کی دانش مندی اور احتیاط سے تعجب ہوا اور اس بات پر بھی اچنبھا ہوا کہ ایک حقیقی چیونٹی اپنی اور اپنی قوم کے بچاؤ کے راستے کیسے جانتی ہے ان باتوں پر آپ کو تعجب ہوا اور آپ مسکرادیئے۔

انبیاء کی ہنسی:

ضاحکا یعنی حضرت سلیمانؑ کا تبسم ضحک کی حد تک پہنچ گیا (گویا ہنس دیئے) زجاج نے کہا انبیاءؑ کی ہنسی اکثر بصورت تبسم ہی ہوتی ہے۔ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ شروع میں مسکرائے ہوں پھر ہنس دیئے ہوں۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی بھرپور ہنستے نہیں دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حلق کا کوا نظر آ گیا ہو آپ صرف مسکرادیا کرتے تھے۔ رواہ البخاری۔

حضرت عبداللہ بن حارث بن جزء کا بیان ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ کسی کو مسکراتے نہیں دیکھا رواہ الترمذی۔ (تفسیر مظہری)

وَقَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ
اور بولا اے میرے رب میری قسمت میں دے کہ شکر کروں تیرے
اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰى وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا
احسان کا جو تو نے کیا مجھ پر اور میرے ماں باپ پر اور یہ کہ کروں کام نیک
تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِكَ فِیْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۹﴾
جو تو پسند کرے اور ملا لے مجھ کو اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں

توفیق شکر کی دُعاء:

یعنی حیران ہوں تیرے انعامات عظیمہ کا شکر کس طرح ادا کروں، پس آپ ہی سے التجاء کرتا ہوں کہ مجھے پورا شاکر بنا دیجئے زبان سے بھی اور عمل سے بھی۔ اور اعلیٰ درجہ کے نیک بندوں میں (جو انبیاء و مرسلین ہیں) محشور فرمایئے۔ (تفسیر عثمانی)

عمل صالح کیلئے قبولیت کی دُعاء:

وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ یہاں رضا بمعنے قبول ہے، معنے یہ ہیں کہ یا اللہ مجھے ایسے عمل صالح کی توفیق دیجئے جو آپ کے نزدیک مقبول ہو۔ روح المعانی میں اس سے اس پر استدلال کیا ہے کہ عمل صالح کے لئے قبولیت لازم نہیں ہے بلکہ قبولیت کچھ شرائط پر موقوف ہوتی ہے، اور فرمایا کہ صالح اور مقبول ہونے میں نہ عقلاً کوئی لزوم ہے نہ شرعاً۔ اسی لئے انبیاء علیہم السلام کی سنت ہے کہ اپنے اعمال صالحہ کے مقبول ہونے کی بھی دُعا کرتے تھے جیسے حضرت ابراہیم واسماعیل علیہما السلام نے بیت اللہ کی تعمیر کے وقت دُعا فرمائی، رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اس سے معلوم ہوا کہ جو عمل نیک ہے صرف اس کو کر کے بے فکر ہونا نہیں چاہئے۔ اللہ تعالیٰ سے یہ بھی دُعا کرے کہ اس کو قبول فرمائے۔

حضرت سلیمان علیہ السلام بھی ان کلمات میں دخول جنت کے لئے فضل ربی کی دُعا فرما رہے ہیں یعنی اے اللہ، مجھے وہ فضل بھی عطا فرما جس سے جنت کا مستحق ہو جاؤں۔ (معارف مفتی اعظم)

نکتہ: گزشتہ آیات میں فھم یوزعون کا لفظ آیا ہے اور اس آیت میں رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ آیا ہے دونوں کا اصل مادہ ایک ہے دونوں لفظ وزع بمعنی منع سے مشتق ہیں۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ اے اللہ مجھ کو اپنی ناشکری سے روک دے اور تیرا شکر میرے پاس رکا رہے اور میں اس کو ایسا باندھ کر رکھوں کہ تیرا شکر میرے ہاتھ سے چھوٹ نہ جائے۔ کمافی الکشاف اجعلنی ازع شکر نعمتک عندی واکفه وار تبطه لاینفلت عنی حتی لاانفک شاکر الک انتھی۔ (معارف کاندھلوی)

وَتَفَقَّدَ الطَّیْرَ فَقَالَ مَا لِیَ لَآ اَرَى الْهُدْهُدَ
اور خبر لی اُڑتے جانوروں کی تو کہا کیا ہے جو میں نہیں دیکھتا ہُد ہُد کو
اَمْ كَانَ مِنَ الْغَآئِبِیْنَ ﴿۲۰﴾
یا ہے وہ غائب

ہُد ہُد کی غیر حاضری:

کسی ضرورت سے سلیمان علیہ السلام نے اڑنے والی فوج کا جائزہ لیا، ہُد ہُد اُن میں نظر نہ پڑا۔ فرمایا کیا بات ہے ہُد ہُد کو میں نہیں دیکھتا۔ آیا پرندوں کے جھنڈ میں مجھ کو نظر نہیں آیا، یا حقیقت میں غیر حاضر ہے؟ (تنبیہ) پرندوں سے حضرت سلیمانؑ مختلف کام لیتے تھے مثلاً ہوائی سفر میں اُن کا پَرے باندھ کر اوپر سایہ کرتے ہوئے جانا یا ضرورت کے وقت پانی وغیرہ کا کھوج لگانا، یا نامہ بَری کرنا وغیرہ۔ ممکن ہے اس وقت ہُد ہُد کی کوئی خاص ضرورت پیش آئی ہو۔ مشہور ہے کہ جس جگہ زمین کے نیچے پانی قریب ہو ہُد ہُد کو محسوس ہو جاتا ہے۔ اور یہ کچھ مستبعد نہیں کہ حق تعالیٰ کسی جانور کو کوئی خاص حاسہ انسانوں اور دوسرے جانوروں سے تیز عنایت فرمادے۔ اسی ہُد ہُد کی نسبت نہایت معتبر ثقات نے بیان کیا کہ زمین میں جس جگہ مٹی کے نیچے کیچوا ہوا سے

besturdubooks.wordpress.com

محسوس کر کے فوراً نکال لیتا ہے حتیٰ کہ کبھی کبھی ایک دو بالشت زمین کھودتا ہے تب وہاں سے کیچوا نکلتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت سلیمان علیہ السلام کو حق تعالیٰ نے انسانوں کے علاوہ جنات اور وحوش وطیور پر حکومت عطا فرمائی تھی اور جیسا کہ حکمرانی کا اُصول ہے رعایا کے ہر طبقہ کی نگرانی اور خبر گیری حاکم کے فرائض میں سے ہے اس کے مطابق اس آیت میں بیان فرمایا وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ یعنی سلیمان علیہ السلام نے اپنی رعایا کے طیور کا معائنہ فرمایا اور یہ دیکھا کہ ان میں کون حاضر ہے کون غیر حاضر، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بھی عادت شریفہ یہ تھی کہ صحابہ کرامؓ کے حالات سے باخبر رہنے کا اہتمام فرماتے تھے جو شخص غیر حاضر ہوتا اگر بیمار ہے تو عیادت کے لئے تشریف لے جاتے تھے تیمارداری کرتے اور کسی تکلیف میں مبتلا ہے تو اس کے لئے تدبیر فرماتے تھے۔

حاکم کو اپنی رعیت کی اور مشائخ کو اپنے شاگردوں اور مُریدوں کی خبر گیری ضروری ہے:

آیت مذکورہ سے ثابت ہوا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام اپنی رعایا کے ہر طبقہ پر نظر رکھتے اور ان کے حالات سے اتنے باخبر رہتے تھے کہ ہُد ہُد جو طیور میں چھوٹا اور کمزور بھی ہے اور اس کی تعداد بھی دنیا میں بہ نسبت دوسرے طیور کے کم ہے وہ بھی حضرت سلیمان علیہ السلام کی نظر سے اوجھل نہیں ہوا، بلکہ خاص ہُد ہُد کے متعلق جو سوال آپ نے فرمایا اس کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ وہ زمرۂ طیور میں کم تعداد اور کمزور ہے، اس لئے اپنی رعیت کے کمزوروں پر نظر رکھنے کا زیادہ اہتمام فرمایا صحابہ کرامؓ میں حضرت فاروق اعظمؓ نے اپنے زمانہ خلافت میں اس سنتِ انبیاءؑ کو پوری طرح جاری کیا، راتوں کو مدینہ منورہ کی گلیوں میں پھرتے تھے کہ سب لوگوں کے حالات سے باخبر رہیں، جس شخص کو کسی مصیبت وتکلیف میں گرفتار پاتے اُس کی امداد فرماتے تھے جس کے بہت سے واقعات ان کی سیرت میں مذکور ہیں۔ وہ فرمایا کرتے تھے کہ اگر دریائے فرات کے کنارہ پر کسی بھیڑیئے نے کسی بکری کے بچے کو پھاڑ ڈالا تو اس کا بھی عمرؓ سے سوال ہوگا۔ (قرطبی)

یہ تھے وہ اُصولِ جہانبانی وحکمرانی جو انبیاء علیہم السلام نے لوگوں کو سکھائے اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے اُن کو عملاً جاری کر کے دکھلایا اور جس کے نتیجہ میں پوری مسلم وغیر مسلم رعایا امن واطمینان کے ساتھ زندگی بسر کرتی تھی اور اُن کے بعد زمین وآسمان نے ایسے عدل وانصاف اور عام دُنیا کے امن وسکون اور اطمینان کا یہ منظر نہیں دیکھا۔

مَا لِيَ لَا أَرَى الْهُدْهُدَ أَمْ كَانَ مِنَ الْغَائِبِينَ ۔ سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کہ مجھے کیا ہو گیا کہ میں ہُد ہُد کو مجمع میں نہیں دیکھتا۔

اپنے نفس کا محاسبہ:

یہاں موقع تو یہ فرمانے کا تھا کہ ہُد ہُد کو کیا ہو گیا کہ وہ مجمع میں حاضر نہیں۔ عنوان شاید اس لئے بدلا کہ ہُد ہُد اور تمام طیور کا مسخر ہونا حق تعالیٰ کا ایک انعام خاص تھا، ہُد ہُد کی غیر حاضری پر ابتداء میں یہ خوف دل میں پیدا ہوا کہ شاید میرے کسی قصور سے اس نعمت میں کمی آئی کہ ایک صنف طیور کی یعنی ہُد ہُد غائب ہو گیا اس لئے اپنے نفس سے سوال کیا کہ ایسا کیوں ہوا، جیسا کہ مشائخ صوفیہ کا معمول ہے کہ جب اُن کو کسی نعمت میں کمی آئے یا کوئی تکلیف وپریشانی لاحق ہو تو وہ اس کے ازالہ کے لئے مادی اسباب کی طرف توجہ کرنے سے پہلے اپنے نفس کا محاسبہ کرتے تھے کہ ہم سے اللہ تعالیٰ کے حق شکر میں کون سی کوتاہی ہوئی جس کے سبب یہ نعمت ہم سے لے لی گئی۔ قرطبی نے اس جگہ بحوالہ ابن عربی ان بزرگوں کا یہ حال نقل کیا ہے۔

اذا فقدوا اٰمالھم تفقدوا اعمالھم

یعنی ان حضرات کو جب اپنی مراد میں کامیابی نہیں ہوتی تو یا اپنے اعمال کا محاسبہ کرتے ہیں کہ ہم سے کیا قصور سرزد ہوا۔ اس ابتدائی محاسبہ نفس اور غور وفکر کے بعد فرمایا اَمْ كَانَ مِنَ الْغَائِبِينَ اس جگہ حرف اَم بمعنے بل ہے (قرطبی) معنے یہ ہیں کہ یہ بات نہیں کہ ہُد ہُد کے دیکھنے میں میری نظر نے خطاء کی بلکہ وہ حاضر ہی نہیں۔

طیور میں سے ہُد ہُد کی تخصیص کی وجہ اور ایک اہم عبرت:

حضرت عبداللہ ابن عباسؓ سے سوال کیا گیا کہ تمام پرندوں میں ہدہد کی تفتیش کی کیا وجہ پیش آئی تو آپ نے فرمایا کہ سلیمان علیہ السلام نے کسی ایسے مقام میں قیام فرمایا جہاں پانی نہیں تھا اور اللہ تعالیٰ نے ہُد ہُد کو یہ خاصیت عطا فرمائی ہے کہ وہ زمین کے اندر کی چیزوں کو اور زمین کے اندر بہنے والے چشموں کو دیکھ لیتا ہے مقصود حضرت سلیمان علیہ السلام کا یہ تھا کہ ہُد ہُد سے یہ معلوم کریں کہ اس میدان میں پانی کتنی گہرائی میں ہے اور کس جگہ زمین کھودنے سے پانی کافی مل سکتا ہے۔ ہُد ہُد کی اس نشاندہی کے بعد وہ جنات کو حکم دے دیتے کہ اس زمین کو کھود کر پانی نکالو وہ بڑی جلد کھود کر پانی نکال لیتے تھے۔ ہُد ہُد اپنی تیز نظر اور بصیرت کے باوجود شکاری کے جال میں پھنس جاتا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ اور پرندوں کو طلب کیا۔

یعنی پرندوں کے متعلق تفتیش کی اور ان کو طلب کیا۔ تفقد کا معنی ہے گم شدہ چیز کا ڈھونڈنا غرض پرندوں کی تفتیش کرنے کے بعد ہدہد کو غیر حاضر پایا۔ ہدہد کو تلاش کرنے کی وجہ یہ تھی کہ جب حضرت سلیمان کسی منزل پر اترتے تھے تو دھوپ سے بچانے کے لئے پرندے پورے لشکر پر سایہ کر لیتے تھے اور ہدہد اوپر چڑھ کر زمین کو دیکھتا تھا اور زمین کے اندر پانی کی تلاش کرتا تھا اور پانی کا دور یا قریب ہونا معلوم کرتا تھا کیونکہ اس کو زمین کے اندر کی چیزیں اسی طرح نظر آتی

besturdubooks.wordpress.com

تھیں جیسے شیشہ کے اندر چیزیں دکھائی دیتی ہیں۔ پانی جہاں نظر آ جاتا وہاں جا کر چونچ سے زمین کو کریدتا تھا پھر جنات پہنچ کر زمین کو کھود کر پانی برآمد کر لیا کرتے تھے، کذا اخرج ابن ابی شیبة و عبدابن حمید و ابن المنذر و ابن ابی حاتم و الحاکم۔ حاکم نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباس پر سوال اور اس کا جواب:

سعید بن جبیر نے کہا جب حضرت ابن عباسؓ نے یہ فرمایا تو نافع بن ازرق نے کہا اے بیان کرنے والے دیکھ کیا کہہ رہا ہے (سمجھ کے بات کر) ایک بچہ جب جال بچھا کر اس پر مٹی ڈال دیتا ہے (اور اس پر دانہ بکھیر دیتا ہے) تو ہدہد کو جال نظر نہیں آتا اور آ کر پھنس جاتا ہے حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا تیرا برا ہو جب تقدیری حکم ہو جاتا ہے تو کچھ دکھائی نہیں دیتا دوسری روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں جب قضاوقدر آ جاتی ہے تو نظر جاتی رہتی ہے اور نابینا ہو جاتی ہے۔

غرض حضرت سلیمانؑ ایک منزل پر اترے لوگوں نے پانی تلاش کیا کہیں نہیں ملا پانی کی ضرورت سخت تھی حضرت سلیمان نے ہدہد کو تلاش کرایا آپ کو خیال تھا کہ وہ حاضر ہوگا لیکن وہ نہیں ملا۔

فَقَالَ مَالِیَ لَآ اَرَى الْهُدْهُدَ اَمْ كَانَ مِنَ الْغَآئِبِیْنَ پس کہا مجھے کیا ہو گیا ہے مجھے ہدہد دکھائی نہیں دیتا یا (واقعی) وہ غیر حاضر ہے۔ اس جملہ کا عطف تفقد الطیر پر ہے یعنی سلیمانؑ نے پرندوں کو سایہ فگن ہونے کا حکم دیا لیکن دھوپ آپ کے تخت پر دکھائی دی اور پرندوں کی طرف تفتیشی نظر سے دیکھا تو ہدہد کو نہ پایا اور فرمایا۔

یا یوں کہا جائے کہ سلیمان کے لئے تمام لشکر فوجیں جتھے جمع کر دیئے گئے اور وہ ایک منزل پر اترے پانی کی ضرورت ہوئی اور پانی نہ ملا تو ہدہد کو بلوایا ہدہد نہ ملا تو فرمایا۔ مالی میں استفہام تعجبی ہے۔ (تفسیر مظہری)

لَاُعَذِّبَنَّهٗ عَذَابًا شَدِیْدًا	
اُس کو سزا دوں گا	سخت سزا

مثلاً اُس کے بال و پر نوچ ڈالوں گا۔ (تفسیر عثمانی)

کام میں سستی پر معتدل سزا دینا جائز ہے:

حضرت سلیمان علیہ السلام کے لئے حق تعالیٰ نے جانوروں کو ایسی سزائیں دینا حلال کر دیا تھا جیسا عام اُمتوں کے لئے جانوروں کو ذبح کر کے ان کے گوشت پوست وغیرہ سے فائدہ اُٹھانا اب بھی حلال ہے۔ اسی طرح پالتو جانور گائے، بیل، گدھا، گھوڑا، اونٹ وغیرہ اپنے کام میں سستی کرے تو اُس کو تادیب کے لئے بقدر ضرورت مارنے کی معتدل سزا اب بھی جائز ہے۔ دوسرے جانوروں کو سزا دینا ہماری شریعت میں ممنوع ہے۔ (قرطبی)

یا یہ مطلب تھا کہ میں اس کے مخالف کے ساتھ اسکو قید کر دوں گا۔ یا یہ معنی تھا کہ میں اس کو ساتھیوں کا خدمت گار بنا دوں گا کہ وہ اپنے ہم جنس والوں کی خدمت کرتا رہے حضرت سلیمان کے لئے (ہدہد کو) عذاب دینا جائز تھا۔ (تفسیر مظہری)

اَوْ لَاَاذْبَحَنَّهٗٓ اَوْ لَیَاْتِیَنِّیْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِیْنٍ ﴿۲۱﴾	
یا ذبح کر ڈالوں گا	یا لائے میرے پاس کوئی سند صریح

یعنی اپنی غیر حاضری کا واضح عذر پیش کر دے۔ (تفسیر عثمانی)

مجرم کو عذر کا موقع دینا چاہئے:

اَوْ لَیَاْتِیَنِّیْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِیْنٍ یعنی اگر ہدہد نے اپنی غیر حاضری کا کوئی عذر واضح پیش کر دیا تو وہ اس سزا سے محفوظ رہے گا، اس میں اشارہ ہے کہ حاکم کو چاہئے کہ جن لوگوں سے کوئی قصور عمل میں سرزد ہو جائے اُن کو عذر پیش کرنے کا موقع دے، عذر صحیح ثابت ہو تو سزا کو معاف کر دے۔ (معارف مفتی اعظم)

فَمَكَثَ غَیْرَ بَعِیْدٍ فَقَالَ اَحَطْتُّ بِمَا لَمْ تُحِطْ
پھر بہت دیر نہ کی کہ آ کر کہا میں لے آیا خبر ایک چیز کی کہ تجھ کو اس کی خبر
بِهٖ وَجِئْتُكَ مِنْ سَبَاٍۢ بِنَبَاٍ یَّقِیْنٍ
نہ تھی اور آیا ہوں تیرے پاس سبا سے ایک خبر لے کر تحقیقی

قوم سباء: حضرت سلیمانؑ کو اس ملک کا حال مفصل نہ پہنچا تھا۔ اب پہنچا۔ سبا ایک قوم کا نام ہے اُن کا وطن عرب میں تھا یمن کی طرف (موضح القرآن) گویا ہدہد کے ذریعہ سے حق تعالیٰ نے متنبہ فرما دیا کہ بڑے سے بڑے انسان کا علم بھی محیط نہیں ہو سکتا دیکھو جن کی بابت خود فرمایا تھا وَلَقَدْ اٰتَیْنَا دَاوٗدَ وَسُلَیْمٰنَ عِلْمًا اُن کو ایک جزئی کی اطلاع ہدہد نے کی۔ (تفسیر عثمانی)

اَحَطْتُّ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ یعنی ہدہد نے اپنا عذر بتلاتے ہوئے کہا کہ مجھے وہ چیز معلوم ہے جو آپ کو معلوم نہیں، یعنی میں ایک ایسی خبر لایا ہوں جس کا آپ کو پہلے علم نہیں تھا۔

وَجِئْتُكَ مِنْ سَبَاٍۢ بِنَبَاٍ یَّقِیْنٍ سبا، یمن کا ایک مشہور شہر جس کا ایک نام مآرب بھی ہے، اس کے اور یمن کے دارالحکومت صنعاء کے درمیان تین دن کی مسافت تھی۔

انبیاء علیہم السلام عالم الغیب نہیں ہوتے:

امام قرطبی نے فرمایا کہ اس سے واضح طور پر معلوم ہوا کہ انبیاء علیہم السلام عالم الغیب نہیں ہوتے جس سے اُن کو ہر چیز کا علم ہو سکے۔

کیا چھوٹے آدمی کو یہ حق ہے کہ اپنے بڑوں سے کہے کہ مجھے آپ سے زیادہ علم ہے

ہدہد کی مذکورہ گفتگو سے بعض لوگوں نے اس پر استدلال کیا ہے

besturdubooks.wordpress.com

کہ کوئی شاگرد اپنے استاد سے یا غیر عالم عالم سے کہہ سکتا ہے کہ اس مسئلہ کا علم مجھے آپ سے زیادہ ہے بشرطیکہ اس کو اس مسئلہ کا واقعی طور پر مکمل علم دوسروں سے زائد ہو۔ مگر روح المعانی میں فرمایا کہ یہ طرز گفتگو اپنے مشائخ اور بڑوں کے سامنے خلاف ادب ہے اس سے احتراز کرنا چاہئے، اور ہُد ہُد کے قول سے اس پر استدلال اس لئے نہیں ہوسکتا کہ اُس نے یہ بات اپنے آپ کو سزا سے بچانے اور عذر کے قوی ہونے کے لئے کہی ہے تاکہ اس کی غیر حاضری کا عذر پوری طرح حضرت سلیمانؑ کے سامنے آجائے ایسی ضرورت میں ادب کی رعایت رکھتے ہوئے کوئی بات کی جائے تو مضائقہ نہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

چار جانوروں کا قتل ممنوع ہے:

مسند احمد، ابوداؤد، ابن ماجہ میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے چار جانوروں کا قتل منع فرمادیا، چیونٹی، شہد کی مکھی، ہُد ہُد اور صُرد یعنی لٹورا۔ (تفسیر ابن کثیر)

ہُد ہُد کا غیر حاضری کے سبب کا مفصل واقعہ:

غَیۡرَ بَعِیۡدٍ یعنی لمبا توقف نہیں کیا تھا یا دراز مدت تک نہیں ٹھیرے تھے مطلب یہ کہ حضرت سلیمانؑ کے خوف سے ہد ہد جلد واپس آگیا ہد ہد کی غیر حاضری کا سبب علماء نے یہ بیان کیا ہے کہ حضرت سلیمان بیت المقدس کی تعمیر سے فارغ ہو کر حرم (کعبہ) کو چلے گئے اور اللہ کی مشیت جتنی تھی اسی کے مطابق وہاں قیام پذیر رہے جب تک مکہ میں رہے روزانہ پانچ ہزار اونٹنیاں پانچ ہزار بیل اور بیس ہزار مینڈھے ذبح کرتے رہے آپ نے اپنی قوم کے سرداروں سے فرمایا کہ یہ وہ مقام ہے جہاں سے نبی عربی جن کے اوصاف یہ یہ ہوں گے برآمد ہوں گے ان کو مخالفین پر فتحیاب کیا جائے گا ان کا رعب ایک ماہ کی مسافت تک پڑے گا نزدیک اور دور ان کے لئے برابر ہوگا اللہ کے معاملہ میں وہ کسی ملامت گر کی ملامت کی پرواہ نہیں کریں گے حاضرین نے پوچھا اے اللہ کے نبی ان کا دین کیا ہوگا فرمایا وہ دین توحید (دین حنیف یعنی دین ابراہیمی) پر چلیں گے خوشی ہو اس کے لئے جو ان کو پالے اور ان پر ایمان لائے حاضرین نے دریافت کیا ان کی بعثت میں کتنی مدت باقی ہے حضرت سلیمان نے فرمایا ایک ہزار حاضرین کو چاہئے کہ وہ یہ بات ان لوگوں تک پہنچا دیں جو یہاں حاضر نہیں ہیں۔ بیشک وہ انبیاء کے سردار اور خاتم المرسلین ہوں گے۔

راوی کا بیان ہے حضرت سلیمانؑ مکہ میں قیام پذیر رہے جب حج پورا کرلیا تو مکہ سے نکلے اور صبح کو مکہ سے روانہ ہو کر یمن کی طرف چل دیئے صنعاء میں زوال کے وقت پہنچ گئے یہ مسافت ایک ماہ کی راہ تھی صنعاء کی [illegible] اور سرسبز پایا آپ نے وہاں اترنے کو پسند کیا تاکہ کھانے اور نماز سے فراغت حاصل کرلیں ہد ہد نے سوچا کہ سلیمان تو اترنے میں لگے ہوئے ہیں اتنے میں آسمان کی طرف اڑ کر زمین کی لمبائی چوڑائی دیکھ لوں چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا اور اوپر جا کر دائیں بائیں نظر دوڑائی تو بلقیس کا ایک باغ نظر آیا ہد ہد سبزے کی طرف چل دیا اور باغ میں اتر گیا وہاں ایک اور ہد ہد سے ملاقات ہوگئی ہد ہد سلیمان اس کے پاس اتر کر پہنچ گیا۔ ہد ہد سلیمان کا نام یعفور اور ہد ہد یمن کا نام عنفیر تھا عنفیر نے یعفور سے پوچھا کہاں سے آئے ہو اور کہاں کا ارادہ ہے یعفور نے کہا میں اپنے مالک سلیمان بن داؤد کے ساتھ شام سے آیا ہوں عنفیر نے پوچھا سلیمان کون ہے یعفور نے کہا وہ جن وانس اور شیطانوں وحشی جانوروں پرندوں اور ہواؤں کے بادشاہ ہیں۔ (ان کا حکم سب پر چلتا ہے) تم کہاں کے رہنے والے ہو عنفیر نے کہا اسی ملک کا باشندہ ہوں یعفور نے پوچھا اس ملک کا بادشاہ کون ہے عنفیر نے کہا یہاں کی بادشاہ ایک عورت ہے جس کو بلقیس کہا جاتا ہے بیشک تمہارے آقا کا ملک بڑا ہے لیکن بلقیس کا ملک بھی کم نہیں ہے وہ یمن کی ملکہ ہے اس کے زیر حکم بارہ ہزار جنرل ہیں اور ہر جنرل کے ماتحت ایک لاکھ جنگی سپاہی ہیں کیا تم میرے ساتھ چل کر اس کی حکومت دیکھنا چاہتے ہو یعفور نے کہا مجھے یہ ڈر لگا ہوا ہے کہ نماز کے وقت سلیمان کو پانی کی ضرورت ہوگی اور مجھے تلاش کریں گے عنفیر نے کہا تمہارا مالک اس بات سے خوش ہوگا کہ تم اس کو اس ملکہ کی خبر بتاؤ گے یعفور نے عنفیر کے ساتھ بلقیس کو اور اس کی حکومت کو دیکھا اور سلیمان کے پاس عصر کے وقت سے پہلے نہ پہنچ سکا ادھر جب سلیمان اتر پڑے تو اس جگہ پانی نہ تھا نماز کا وقت آگیا اور پانی کی ضرورت ہوئی تو پانی نہیں ملا آپ نے جنات سے آدمیوں سے اور شیاطین سے پانی کے متعلق دریافت کیا لیکن کسی کو معلوم نہ تھا کہ پانی کہاں ہے پرندوں کی تلاش کی تو ہد ہد کو غیر حاضر پایا پرندوں کے عریف (مانیٹر۔ سردار۔ ناظم) یعنی گدھ کو طلب فرمایا اور ہد ہد کے متعلق اس سے پوچھا گدھ نے کہا مجھے معلوم نہیں وہ کہاں ہے میں نے تو اس کو کہیں بھیجا نہیں ہے۔ اس وقت حضرت سلیمانؑ کو غصہ آگیا اور فرمایا لَاُعَذِّبَنَّهٗ عَذَابًا شَدِيدًا اَوۡ لَاَاذۡبَحَنَّهٗۤ اَوۡ لَيَاۡتِيَنِّىۡ بِسُلۡطٰنٍ مُّبِيۡنٍ پھر پروں کے سردار عقاب کو بلوایا اور حکم دیا ابھی ہد ہد کو پکڑ لاؤ عقاب فوراً اڑا اور آسمان کے نیچے ہوا کے ساتھ چسپاں ہوگیا وہاں سے اس کو یہ دنیا ایک پیالہ کی طرح نظر آئی پھر اِدھر اُدھر نظر دوڑائی تو یمن کی طرف سے ہد ہد بھی آتا دکھائی دیا عقاب اس پر ٹوٹ پڑا ہد ہد نے عقاب کو پر توڑ کر اپنی طرف آتا دیکھا تو سمجھ گیا کہ عقاب کا ارادہ میرے متعلق برا ہے ہد ہد نے اس کو قسم دی اور کہا میں تجھے اس خدا کی قسم دیتا ہوں جس نے تجھے طاقت عطا کی ہے اور مجھ پر قدرت دی ہے تو مجھ پر رحم کر اور کوئی دکھ پہنچانے کے درپے نہ ہو عقاب ہد ہد کی طرف سے پلٹ گیا کم بخت تو مرے اللہ کے پیغمبر نے قسم کھائی ہے کہ وہ تجھے عذاب دیں گے یا ذبح کر ڈالیں گے اس کے بعد دونوں نے حضرت

besturdubooks.wordpress.com

سلیمانؑ کی طرف رُخ کر دیا جب لشکر تک پہنچے تو گدھ اور دوسرے پرندوں نے جالیا اور کہا ارے آج تو دن بھر کہاں غائب رہا اللہ کے پیغمبر نے تیرے متعلق یہ یہ کہا تھا ہد ہد نے کہا کیا انہوں نے (اپنی قسم میں) کوئی شرط بھی لگائی تھی پرندوں نے کہا ہاں یہ بھی فرمایا اَوْ لَیَاْتِیَنِّیْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِیْنٍ ہد ہد نے کہا بس تو میں عذاب سے بچ گیا پھر عقاب اور ہد ہد اڑ کر حضرت سلیمانؑ کی خدمت میں پہنچا آپ اس وقت کرسی پر بیٹھے ہوئے تھے عقاب نے کہا یا نبی اللہ میں اس کو لے آیا ہد ہد نے سلیمان کو دیکھ کر اظہار عاجزی کے طور پر اپنا سر اٹھایا دم اور دونوں بازو نیچے کو لٹکا دیئے اور زمین پر ان کو کھینچنے لگا جب آپ کے قریب پہنچ گیا تو آپ نے اس کا سر پکڑ کر اپنی طرف کھینچا اور فرمایا تو کہاں تھا میں تجھے ضرور سخت عذاب دوں گا ہد ہد نے کہا یا نبی اللہ اس وقت کو یاد کیجئے جب آپ اللہ کے سامنے کھڑے ہوں گے یہ بات سن کر حضرت سلیمان لرز گئے اور ہد ہد کو معاف کر دیا۔ پھر غیر حاضری کی وجہ دریافت کی۔

کسی کو اپنے علم پر ناز نہ کرنا چاہئے:

فَقَالَ اَحَطْتُّ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ (کہ ہد ہد آ گیا) اور اس نے کہا میں ایسی بات پوری پوری معلوم کر کے آیا ہوں جو آپ کو معلوم نہیں۔

احاطہ کسی چیز کا ہمہ جہتی (پورا پورا) علم۔ اللہ کے سوا دوسروں کے علم کے لئے اس کا استعمال یا بطور مجاز ہوتا یا بطریق مبالغہ مطلب یہ ہے کہ مجھے ایک بات یقینی طور پر معلوم ہوئی ہے جو آپ کے علم میں نہیں ہے ایک ہد ہد کا ایک جلیل القدر نبی سے اس طرح خطاب کرنا بتا رہا ہے کہ ادنی جانور کو بھی بعض وہ باتیں معلوم تھیں جو سلیمان کو بھی نہ تھیں اس میں تنبیہ ہے اس امر پر کہ سلیمان علیہ السلام کو اپنے علم پر ناز نہ کرنا چاہئے بلکہ سمجھ لینا چاہئے کہ میرا علم بہت ہی ناقص ہے اس سے شیعہ فرقہ کا اس عقیدہ کا غلط ہونا ثابت ہوتا ہے کہ امام سے کوئی بات چھپی نہیں رہتی اور اس کے زمانہ میں کوئی بھی اس سے زیادہ اور بڑھ کر عالم نہیں ہوتا۔

سبا یمن کے ایک شہر کا نام ہے جس کا صنعاء سے فاصلہ تین برید ہے بغوی نے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سبا کے متعلق دریافت کیا گیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سبا ایک آدمی تھا جس کے دس بیٹے تھے جن میں سے چھ دائیں سمت کو چلے گئے اور چار بائیں رخ کو یعنی چھ نے دائیں طرف جا کر آبادی کر لی یہ ملک یمن ہو گیا اور چار نے بائیں جانب جا کر آباد ہو گئے یہ آبادی شام کے نام سے موسوم ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

اِنِّیْ وَجَدْتُّ امْرَاَةً تَمْلِكُهُمْ وَاُوْتِیَتْ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ
میں نے پایا ایک عورت کو جو ان پر بادشاہی کرتی ہے اور اس کو ہر ایک چیز ملی ہے

ہر ایک چیز میں مال، اسباب، فوج، اسلحہ اور حُسن و جمال سب آ گیا۔

(تفسیر عثمانی)

ملکہ سبا: اِنِّیْ وَجَدْتُّ امْرَاَةً تَمْلِكُهُمْ یعنی میں نے ایک عورت کو پایا جو قوم سبا کی مالک ہے یعنی اُن پر حکومت کرتی ہے اس عورت یعنی ملکہ سبا کا نام تاریخ میں بلقیس بنت شراحیل بتلایا گیا ہے اور بعض روایات میں ہے کہ اس کی والدہ جنات میں سے تھی جس کا نام ملعمہ بنت شیصان بتلایا جاتا ہے (رواہ وہیب بن جریر عن الخلیل ابن احمد۔ قرطبی) اور اُن کا دادا ہد ہد پورے ملک یمن کا ایک عظیم الشان بادشاہ تھا جس کی اولاد میں چالیس لڑکے ہوئے سب کے سب مُلوک اور بادشاہ بنے۔ ان کے والد شراح نے ایک جنیہ عورت سے نکاح کر لیا تھا اُسی کے بطن سے بلقیس پیدا ہوئی۔ جنیہ سے نکاح کرنے کی مختلف وجوہ بیان کی گئی ہیں۔ ایک یہ ہے کہ یہ اپنی حکومت و سلطنت کے غرور میں لوگوں سے کہتا تھا کہ تم میں کوئی میرا کفو نہیں اس لئے میں نکاح ہی نہ کروں گا کیونکہ غیر کفو میں نکاح مجھے پسند نہیں، اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ لوگوں نے اس کا نکاح ایک جنیہ عورت سے کرا دیا (قرطبی) شاید یہ اُسی فخر و غرور کا نتیجہ تھا کہ اس نے انسانوں کو جو درحقیقت کفو تھے حقیر و ذلیل سمجھا اور اپنا کفو تسلیم نہ کیا تو قدرت نے اس کا نکاح ایک ایسی عورت سے مقدر کر دیا جو نہ اس کی کفو تھی نہ اس کی جنس و قوم سے تھی۔

کیا انسان کا نکاح جنی عورت سے ہو سکتا ہے:

احادیث صحیحہ سے جنات میں توالد و تناسل اور مرد و عورت کی تمام وہ خصوصیات جو انسانوں میں ہیں جنات میں بھی موجود ہونا ثابت ہے۔

دوسرا سوال شرعی حیثیت سے ہے کہ کیا عورت جنیہ کسی انسان مرد کے لئے نکاح کر کے حلال ہو سکتی ہے۔

اس مسئلہ کی تفصیل آکام المرجان فی احکام الجان میں مذکور ہے اس میں بعض ایسے واقعات بھی ذکر کئے ہیں کہ مسلمان مرد سے مسلمان جنیہ کا نکاح ہوا اور اس سے اولاد بھی ہوئی یہاں یہ مسئلہ اس لئے زیادہ قابل بحث نہیں کہ نکاح کرنے والا بلقیس کا والد مسلمان ہی نہ تھا اس کے عمل سے کوئی استدلال جواز یا عدم جواز پر نہیں ہو سکتا اور چونکہ شرع اسلام میں اولاد کی نسبت باپ کی طرف ہوتی ہے اور بلقیس کے والد انسان تھے اس لئے بلقیس انسان ہی قرار پائے گی۔

عورت کی حکمرانی:

صحیح بخاری میں حضرت ابن عباسؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب یہ خبر پہنچی کہ اہل فارس نے اپنے ملک کا بادشاہ کسریٰ کی بیٹی کو بنا دیا ہے تو آپ نے فرمایا لن یفلح قوم ولوا امرھم امراۃ یعنی وہ قوم کبھی فلاح نہ پائے گی جس نے اپنے اقتدار کا مالک عورت کو بنا دیا۔ اسی لئے علماء اُمت اس پر متفق ہیں کہ کسی عورت کو امامت و خلافت یا سلطنت و حکومت سپرد نہیں کی جا سکتی، بلکہ نماز کی امامت کی طرح امامتِ کبریٰ بھی صرف مردوں کو

besturdubooks.wordpress.com

سزاوار ہے۔ رہا بلقیس کا ملکہ سبا ہونا تو اس سے کوئی حکم شرعی ثابت نہیں ہو سکتا جب تک یہ ثابت نہ ہو جائے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس سے خود نکاح کیا اور پھر اس کو حکومت و سلطنت پر برقرار رکھا، اور یہ کسی صحیح روایت سے ثابت نہیں جس پر احکام شرعیہ میں اعتماد کیا جا سکے۔ (معارف مفتی اعظم)

بلقیس.... پیدائش سے حکمرانی تک:

ملکہ سبا کا نام بلقیس بنت شراحیل تھا وہ یعرب بن قحطان کی نسل سے تھی اس کا باپ بہت بڑا بادشاہ تھا جس کے ۳۹ آباء واجداد بادشاہ ہو گزرے تھے وہ خود چالیسواں تھا ملک یمن پر حکومت کرتا تھا اور سرحدی ہمسران بادشاہوں میں سے کسی کو اپنا ہمسر نہیں جانتا تھا اسی لئے اس نے ہر بادشاہ کی بیٹی سے نکاح کرنے سے انکار کر دیا تھا آخر اس کا نکاح (خاندان جنات میں) ایک پری سے ہو گیا جس کا نام ریحانہ بنت سکن تھا اس پری کے پیٹ سے بلقیس بنت شراحیل پیدا ہوئی۔ سوا بلقیس کے شراحیل کا کوئی اور بچہ نہیں ہوا۔ حدیث میں آیا ہے کہ بلقیس کے ماں باپ میں سے کوئی ایک جنات میں سے تھا۔

باپ کے مرنے کے بعد بلقیس نے ملکہ بننے کی خواہش کی اور اپنی حکومت کا اعلان کر دیا قوم میں سے کچھ لوگوں نے مان لیا اور کچھ نے مخالفت کی مخالفین نے ایک اور شخص کو اپنا بادشاہ بنا لیا قوم دو فرقوں میں بٹ گئی یمن کی مملکت کے بھی دو ٹکڑے ہو گئے جس مرد کو بادشاہ بنایا گیا تھا اس نے لوگوں سے بہت برا سلوک کیا۔ رعیت کی عورتوں پر بھی دست درازی کرنے لگا لوگوں نے اس کو معزول کرنا چاہا لیکن اس کی طاقت زیادہ تھی کچھ بس نہ چلا بلقیس نے جب عورتوں کی یہ بے حرمتی دیکھی تو اس کو غیرت آئی اور اس نے اس ظالم بادشاہ کے پاس از خود تحریر بھیجی اور خواہش کی کہ تم مجھ سے نکاح کر لو (تاکہ دونوں حکومتیں ایک ہو جائیں اور قومی نفاق مٹ جائے) بادشاہ نے جواب لکھا۔ مجھے تمہاری طرف سے امید نہ تھی کہ تم میرے پیام نکاح کو قبول کر لوگی اسی لئے میں نے اپنی طرف سے نکاح کی تحریک نہیں کی بلقیس نے کہا مجھے کوئی عذر نہیں تم میرے کفو اور شریف ہو اب میری قوم والوں کو جمع کر کے ان کے سامنے مجھ سے نکاح کرنے کی درخواست رکھو بادشاہ نے سب لوگوں کو جمع کیا اور سب کو نکاح کا پیام دیا لوگوں نے کہا ہمارے خیال میں تو بلقیس راضی نہیں ہو گی بادشاہ نے کہا ابتدائی تحریک خود اس کی طرف سے ہو چکی ہے میں آپ لوگوں سے یہ چاہتا ہوں کہ اس کی زبان سے تم خود اس کا اقرار سن لو قوم والوں نے آ کر بلقیس سے اس کا ذکر کیا بلقیس نے کہا ہاں مجھے اولاد کی تمنا ہے غرض لوگوں نے بلقیس کا نکاح بادشاہ سے کر دیا بلقیس جب وداع ہو کر گئی تو اپنی بہت سی فوج کو (جلو میں) لیتی گئی اور بادشاہ کے پاس پہنچی تو اس کو اتنی شراب پلائی کہ وہ بے ہوش ہو گیا پھر اس کا سر کاٹ کر رات ہی کو اپنے گھر واپس آ گئی صبح ہوئی اور لوگوں نے بادشاہ کو مقتول اور سر دروازہ پر لٹکا ہوا پایا تو سمجھ لیا کہ یہ نکاح ایک فریب و مکر تھا اس کے بعد سب لوگوں نے بالاتفاق بلقیس کو ملکہ مان لیا۔ (تفسیر مظہری)

بلقیس کی والدہ:

قتادہؒ کہتے ہیں کہ اس کی ماں جنیہ عورت تھی اس کے قدم کا پچھلا حصہ چوپائے کے کھر جیسا تھا اور روایت میں ہے کہ اس کی ماں کا نام فارعہ تھا۔ ابن جریج رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ اس کے باپ کا نام ذی شرح تھا اور ماں کا نام بلتعہ تھا۔

بلقیس کا لاؤ لشکر:

لاکھوں کا اس کا لاؤ لشکر تھا۔ اس کی بادشاہی ایک عورت کو کرتے ہوئے میں نے پایا۔ اس کے مشیر وزیر تین سو بارہ شخص ہیں ان میں سے ہر ایک کے ماتحت بارہ ہزار کی جمعیت ہے۔ اس کی زمین کا نام مارب ہے۔ یہ صنعا سے تین میل کے فاصلہ پر ہے۔ یہی قول قرین قیاس ہے۔ (اس کا اکثر حصہ مملکت یمن میں ہے۔ واللہ علم۔ دنیوی ضروری اسباب ہر قسم کا اسے مہیا ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَ لَهَا عَرْشٌ عَظِيمٌ ﴿٢٣﴾		
اور اس کا	ایک تخت ہے	بڑا

بلقیس کا تخت:

یعنی اس ملکہ کے بیٹھنے کا تخت ایسا مکلف و مرصع اور بیش قیمت تھا کہ اس وقت کسی بادشاہ کے پاس نہ تھا مفسرین ملکہ کا نام بلقیس لکھتے ہیں۔ واللہ اعلم (تفسیر عثمانی)

وَ لَهَا عَرْشٌ عَظِيمٌ اور اس کا تخت عظیم ہے۔

یعنی جسم میں بڑا سونے کا بنا ہوا یاقوت سرخ زبرجد سبز اور موتیوں سے مرصع جس کے پائے یاقوت و زمرد کے تھے۔ اس کے اوپر سات کمرے تھے اور ہر کمرہ کا دروازہ علیحدہ تھا جو بند رہتا تھا۔ ابن ابی حاتم نے زہیر بن محمد کے حوالہ سے بیان کیا کہ وہ تخت سونے کا تھا جس کے دونوں پہلو یاقوت و زبرجد سے مرصع تھے اس کا طول ۸۰ ہاتھ اور عرض ۴۰ ہاتھ تھا۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا بلقیس کا تخت تیس ہاتھ لمبا تیس ہاتھ چوڑا تھا۔ (تفسیر مظہری)

اس کا نہایت ہی شاندار تخت ہے جس پر وہ جلوس کرتی ہے سونے سے منڈھا ہوا ہے اور جڑاؤ اور مروارید کی کاریگری اس پر ہوئی ہے یہ اسی ہاتھ اونچا تھا اور چالیس ہاتھ چوڑا تھا۔ چھ سو عورتیں ہر وقت اس کی خدمت میں کمربستہ رہتی تھیں اس کا دیوان خاص جس میں یہ تخت تھا بہت بڑا محل تھا بلند و بالا کشادہ اور فراخ پختہ مضبوط اور صاف جس کے شرقی حصے میں تین سو ساٹھ طاق تھے اور اتنے ہی مغربی حصے میں اسے اس صنعت سے بنایا تھا کہ ہر دن سورج ایک طاق سے نکلتا اور اسی کے مقابلہ کے طاق سے غروب ہوتا۔ اہل دربار صبح شام اسے سجدہ کر لیتے راجا پر جا سب آفتاب پرست تھے خدا کا پجاری ان میں ایک بھی نہ تھا۔ (تفسیر ابن کثیر)

besturdubooks.wordpress.com

وَجَدْتُّهَا وَقَوْمَهَا يَسْجُدُوْنَ لِلشَّمْسِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

میں نے پایا کہ وہ اور اس کی قوم سجدہ کرتے ہیں سورج کو اللہ کے سوائے

وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ

اور بھلے دکھلا رکھے ہیں اُن کو شیطان نے اُن کے کام پھر روک دیا ہے

عَنِ السَّبِيْلِ فَهُمْ لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۲۴﴾

اُن کو رستہ سے سو وہ راہ نہیں پاتے

قوم سبا کا شرک:

یعنی وہ قوم مشرک آفتاب پرست ہے شیطان نے اُن کی راہ ماردی، اور مشرکانہ رسوم واطوار کو اُن کی نظر میں خوبصورت بنادیا۔ اسی لئے وہ راہ ہدایت نہیں پاتے۔ ہُد ہُد نے یہ کہہ کر گویا سلیمان علیہ السلام کو اس قوم پر جہاد کرنے کی ترغیب دی۔ (تفسیر عثمانی)

اَلَّا يَسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِي السَّمٰوٰتِ

کیوں نہ سجدہ کریں اللہ کو جو نکالتا ہے چھپی ہوئی چیز آسمانوں میں

وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ﴿۲۵﴾

اور زمین میں اور جانتا ہے جو چھپاتے ہو اور جو ظاہر کرتے ہو

جانوروں کی فطری معرفت:

غالباً یہ ہُد ہُد کے کلام کا تتمہ ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ جانور اپنے خالق کی صحیح معرفت فطرۃً رکھتے ہیں۔ یا بطور خرق عادت اُسی ہُد ہُد کو اس طرح کی تفصیلی معرفت عطا کی گئی ہو۔ خدا چاہے تو ایسی معرفت ایک خشک لکڑی میں پیدا کر دے۔ باقی جانوروں میں فطری طور پر اس قسم کی عقل و معرفت کا موجود ہونا جیسے صدر شیرازی نے اسفار اربعہ میں علم حضوری یا شعور بسیط سے تعبیر کیا ہے اس کو مستلزم نہیں کہ ان کی طرف انبیاء مبعوث ہوں۔ کیونکہ یہ فطری معرفت کسبی نہیں جبلی ہے۔ اور بعثت انبیاء کا تعلق کسبیات سے ہوتا ہے۔ نیز یہ صحیح نہیں کہ جس چیز میں کوئی درجہ عقل و شعور کا ہو وہ مکلف بھی ہو۔ مثلاً شریعت حقہ نے صبی کو مکلف قرار نہیں دیا۔ حالانکہ قبل از بلوغ اُس میں خاصا درجہ عقل کا موجود ہے اسی سے حیوانات کی عاقلیت کا اندازہ کرلو۔ (تنبیہ) حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں کہ ہُد ہُد کی روزی ہے ریت سے کیڑے نکال نکال کر کھانا۔ نہ دانہ کھائے نہ میوہ، اُس کو اللہ کی اسی قدرت سے کام ہے شاید اسی لئے یخرج الخبء کا خاص طور پر ذکر کیا۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۶﴾

اللہ ہے کسی کی بندگی نہیں اُس کے سوائے پروردگار تخت بڑے کا

یعنی اُس کے عرش عظیم سے بلقیس کے تخت کو کیا نسبت۔

قَالَ سَنَنْظُرُ اَصَدَقْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۲۷﴾

سلیمان نے کہا ہم اب دیکھتے ہیں تو نے سچ کہا یا تو جھوٹا ہے

یعنی تیرے جھوٹ سچ کا امتحان کرتا ہوں۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت سلیمانؑ کا خط:

اس کے بعد ہد ہد نے لوگوں کو پانی کا پتہ بتایا اور لوگوں نے گڑھے کھود کر پانی خود بھی پیا اور جانوروں کو بھی پلایا۔ حضرت سلیمان نے ایک خط اس طرح لکھا۔ بندۂ خدا سلیمان بن داؤد کی طرف سے بلقیس ملکہ سبا کے نام۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ سلام ہو اس پر جو ہدایت پر چلے۔ امابعد۔ مجھ پر فخر نہ کرو اور میرے پاس اطاعت گزار ہو کر آ جاؤ۔ ابن جریج نے کہا حضرت سلیمان نے صرف اتنے ہی الفاظ لکھے جتنے اللہ نے اپنی کتاب میں نقل کئے ہیں قتادہ نے کہا انبیاء کی تحریریں ایسی ہی مختصر ہوتی ہیں وہ کلام کو طول نہیں دیتے نہ زیادہ بات لکھتے ہیں۔ خط لکھ کر حضرت سلیمانؑ نے اس پر مشک چسپاں کیا اور اس پر اپنی مہر لگا کر ہدہد کے حوالہ کیا اور فرمایا۔ (تفسیر مظہری)

اِذْهَبْ بِّكِتٰبِيْ هٰذَا فَاَلْقِهْ اِلَيْهِمْ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ

لے جا میرا یہ خط اور ڈال دے اُنکی طرف پھر اُنکے پاس سے ہٹ آ

فَانْظُرْ مَاذَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۸﴾

پھر دیکھ وہ کیا جواب دیتے ہیں

قاصد شاہی کے آداب:

یعنی سلیمانؑ نے ایک خط لکھ کر ہُد ہُد کے حوالہ کیا کہ ملکہ سبا کو پہنچا دے اور جواب لے کر آ۔ اور دیکھنا خط پہنچا کر وہاں سے ایک طرف ہٹ جانا۔ کیونکہ قاصد کا وہیں سر پر کھڑا رہنا آداب شاہانہ کے خلاف ہے۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں یعنی آپ کو چھپا لیکن وہاں کا ماجرا دیکھ ہُد ہُد خط لے گیا بلقیس جہاں اکیلی سوتی تھی۔ روزن میں سے جا کر اُس کے سینہ پر رکھ دیا۔ (موضح) (تفسیر عثمانی)

تحریر اور خط بھی عام معاملات میں حجت شرعیہ ہے:

اِذْهَبْ بِّكِتٰبِيْ هٰذَا حضرت سلیمان علیہ السلام نے ملکہ سبا کے نام خط بھیجنے کو

besturdubooks.wordpress.com

اس پر اتمام حجت کے لئے کافی سمجھا اور اسی پر عمل فرمایا اس سے معلوم ہوا کہ عام معاملات میں تحریر وخط قابل اعتبار ثبوت ہے۔ فقہاء رحمہم اللہ نے صرف اُن مواقع میں خط کو کافی نہیں سمجھا جہاں شہادت شرعیہ کی ضرورت ہے کیونکہ خط اور ٹیلیفون وغیرہ کے ذریعہ شہادت نہیں لی جاسکتی۔ شہادت کا مدار شاہد کا عدالت کے سامنے آ کر بیان دینے پر رکھا گیا جس میں بڑی حکمتیں مضمر ہیں، یہی وجہ ہے کہ آجکل بھی دنیا کی کسی عدالت میں خط اور ٹیلیفون پر شہادت لینے کو کافی نہیں سمجھا جاتا۔

مشرکین کو خط لکھنا اور اُن کے پاس بھیجنا جائز ہے:

دوسرا مسئلہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے اس خط سے یہ ثابت ہوا کہ تبلیغ دین اور دعوت اسلام کے لئے مشرکین اور کفار کو خطوط لکھنا جائز ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی مختلف کفار کو خطوط بھیجنا احادیث صحیحہ سے ثابت ہے۔

انسانی اخلاق کی رعایت ضروری ہے:

فَأَلْقِهْ إِلَيْهِمْ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ حضرت سلیمان علیہ السلام نے ہدہد سے نامہ بری کا کام لیا تو اس کو یہ ادب مجلس بھی سکھایا کہ خط ملکہ سبا کو پہنچا کر وہیں سر پر سوار نہ رہے بلکہ وہاں سے ذرا ہٹ جائے جو عام شاہی مجلسوں کا طریقہ ہے اس میں آداب معاشرت اور انسانی اخلاق کا عام مخلوقات کے ساتھ مطلوب ہونا معلوم ہوا۔ (معارف مفتی اعظم)

خط بلقیس کے پاس:

حسب الحکم ہدہد خط لے کر بلقیس کے پاس پہنچا بلقیس اس وقت صنعاء سے تین منزل پر مقام مآرب میں تھی ہدہد ملکہ کے قصر میں پہنچا تو دروازے سب مقفل پائے اور کنجیاں ملکہ نے اپنے سرہانے رکھ لی تھیں غرض ہدہد (کسی طرح) بلقیس کے قریب پہنچ گیا بلقیس چت لیٹی سورہی تھی ہدہد نے خط اس کے سینہ پر رکھ دیا۔

كذا اخرج عبد بن حميد و ابن المنذر و ابن ابی حاتم عن قتادة

مقاتل کا بیان ہے کہ ہدہد اپنی چونچ میں خط پکڑ کر لے گیا اور بلقیس کے سرہانے جا کھڑا ہوا باڈی گارڈ سردار اور سپاہی موجود تھے ہدہد نے پر پھڑ پھڑائے لوگ اس کو دیکھتے رہے آخر ملکہ نے خود سر اٹھایا ہدہد نے فوراً خط ملکہ کی گود میں ڈال دیا۔

وہب بن منبہ اور ابن زید کا بیان ہے کہ سورج کے رخ پر ایک روشن دان تھا اور سورج سامنے سے نکلتا تھا جونہی ملکہ روشن دان (یا دریچہ) سے اس کی طرف دیکھتی اور سورج نظر آتا فوراً اس کو سجدہ کرتی تھی ہدہد اس دریچہ میں گھس گیا اور دونوں بازو پھیلا کر روشندان کو بند کر دیا سورج حسب معمول اونچا ہوا لیکن روشن دان بند ہونے کی وجہ سے ملکہ کو پتہ نہ چلا جب دیر ہوگئی تو اُٹھ کر سورج کو دیکھنے گئی ہدہد نے فوراً خط اس کی طرف پھینک دیا بلقیس پڑھی ہوئی تھی خط لے کر مہر دیکھی مہر دیکھتے ہی لرز گئی کیونکہ سلیمان کی حکومت (کا نقشہ) مہر میں موجود تھا سمجھ گئی کہ جس نے یہ خط بھیجا ہے وہ مجھ سے بڑا بادشاہ ہے ہدہد خط پھینک کر کچھ پیچھے ہٹ گیا بلقیس نے خط پڑھا پھر جا کر تخت پر بیٹھی اور اپنی قوم کے سرداروں کو جمع کیا یہ سردار بارہ ہزار تھے ہر سردار کے ماتحت ایک لاکھ سپاہی تھے حضرت ابن عباس کا قول ایک روایت میں آیا ہے کہ بلقیس کے ساتھ ایک لاکھ اقیال تھے اور ہر قیل کے پاس ایک لاکھ فوج تھی قیل بمعنی نواب یا بادشاہ جو شہنشاہ کے ماتحت ہوتا ہے قتادہ اور مقاتل نے کہا بلقیس کی مشورہ کمیٹی ۳۱۳ آدمیوں کی تھی ہر ممبر شوریٰ کے ماتحت دس دس ہزار سپاہی تھے سب آ کر اپنی اپنی جگہ بیٹھ گئے تو۔ (تفسیر مظہری)

قَالَتْ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّيْٓ اُلْقِيَ اِلَيَّ كِتٰبٌ كَرِيْمٌ ﴿۲۹﴾
کہنے لگی اے دربار والو میرے پاس ڈالا گیا ایک خط عزت کا
اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ
وہ خط ہے سلیمان کی طرف سے

بلقیس کا اپنے وزیروں سے مشورہ:

بلقیس نے خط پڑھ کر اپنے مشیروں اور درباریوں کو جمع کیا، کہنے لگی کہ میرے پاس یہ خط عجیب طریقہ سے پہنچا ہے جو ایک بہت بڑے معزز ومحترم بادشاہ (سلیمانؑ) کی طرف سے آیا ہے۔ غالباً حضرت سلیمان کا نام اور اُن کی بے مثال حکومت وشوکت کا شہرہ پہلے سے سن چکی ہوگی۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت سلیمان علیہ السلام کا خط کس زبان میں تھا:

حضرت سلیمان علیہ السلام گو عربی نہ تھے لیکن عربی زبان جاننا اور سمجھنا آپ سے کوئی بعید بھی نہیں، جبکہ آپ پرندوں تک کی زبان بھی جانتے تھے اور عربی زبان تو تمام زبانوں سے افضل اور اشرف ہے لہٰذا ہوسکتا ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے خط عربی زبان میں لکھا ہو کیونکہ مکتوب الیہ (بلقیس) عربی النسل تھی اس نے خط کو پڑھا بھی اور سمجھا بھی، اور یہ بھی ممکن ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے خط اپنی ہی زبان میں تحریر فرمایا ہو اور بلقیس کے پاس حضرت سلیمان علیہ السلام کی زبان کا ترجمان ہو جس نے پڑھ کر خط سنایا اور سمجھایا ہو۔ (روح)

خط نویسی کے چند آداب:

قَالَتْ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّيْٓ اُلْقِيَ اِلَيَّ كِتٰبٌ كَرِيْمٌ کریم کے لفظی معنی معزز مکرم کے ہیں اور محاورہ میں کسی خط کو معزز مکرم جب کہا جاتا ہے جبکہ اُس پر مہر لگائی گئی ہو۔ اسی لئے اس آیت میں كِتٰبٌ كَرِيْمٌ کی تفسیر حضرت ابن عباسؓ قتادہ

besturdubooks.wordpress.com

زبیرؓ وغیرہ نے کتاب مختوم سے کی ہے جس سے معلوم ہوا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے خط پر اپنی مہر ثبت فرمائی تھی۔ ہمارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب ملوک عجم کی یہ عادت معلوم ہوئی کہ جس خط پر مہر نہ ہو اُس کو نہیں پڑھتے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی بادشاہوں کے خطوط کے لئے مہر بنوائی اور قیصر و کسریٰ وغیرہ کو جو خطوط تحریر فرمائے اُن پر مہر ثبت فرمائی اس سے معلوم ہوا کہ خط پر مہر لگانا مکتوب الیہ کا بھی اکرام ہے اور اپنے خط کا بھی، آج کل عادت خط کو لفافہ میں بند کر کے بھیجنے کی ہوگئی ہے یہ بھی مہر کے قائم مقام ہے جس جگہ مکتوب الیہ کا اکرام منظور ہو، کھلا خط بھیجنے کے بجائے لفافہ میں بند کر کے بھیجنا اقرب الی السنۃ ہے۔

إِنَّهُ مِن سُلَيْمَانَ وَإِنَّهُ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ قرآن کریم نے انسانی زندگی کا کوئی پہلو نہیں چھوڑا جس پر ہدایات نہ دی ہوں۔ خط و کتابت اور مراسلت کے ذریعہ باہمی گفت و شنید بھی انسان کی اہم ضروریات میں داخل ہے اس سورت میں حضرت سلیمان علیہ السلام کا مکتوب بنام ملکہ سبا (بلقیس) پورا کا پورا نقل فرمایا گیا، یہ ایک پیغمبر و رسول کا خط ہے اور قرآن کریم نے اس کو بطور استحسان کے نقل کیا ہے اس لئے اس خط میں جو ہدایات خط و کتابت کے معاملے میں پائی جاتی ہیں وہ مسلمانوں کے لئے بھی قابل اتباع ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

حضرت سلیمانؑ کے خط کا اعزاز:

امام قشیری فرماتے ہیں کہ اس کتاب کو کتاب کریم اس لئے کہا کہ اس گرامی نامہ کا مضمون اللہ کے نام سے شروع ہوا ہے اور اس میں مالک الملک کی اطاعت اور فرمانبرداری کی دعوت دی گئی ہے اور اس میں اپنے لئے ملک اور سلطنت کی طمع کا کوئی شائبہ اور رائحہ بھی نہیں۔

نظم

اے نام تو بہترین سر آغاز — بے نام تو نامہ کے کنم آغاز

آرائش نامہاست نامت — آسائش سینہا کلامت

غرض یہ کہ ملکہ بلقیس نے جب یہ دیکھا کہ اس کتاب کریم کو ایک پرندہ لے کر آیا ہے جو نہایت شائستہ اور ادب سے آراستہ ہے تو سمجھ گئی کہ پرند جس کے مطیع اور فرمانبردار ہوں وہ شاہانِ عالم کی قسم کا بادشاہ نہیں وہ کوئی خاص برگزیدہ ہستی ہے اس لئے اس نے ارکانِ دولت کو جمع کر کے سلیمان علیہ السلام کا یہ گرامی نامہ سنایا تمام دربار ہل گیا اور گھبرا اُٹھے۔

کاتب اپنا نام پہلے لکھے پھر مکتوب الیہ کا:

سب سے پہلی ایک ہدایت تو اس خط میں یہ ہے کہ خط کو حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنے نام سے شروع کیا، مکتوب الیہ کا نام کس طرح لکھا قرآن کریم کے الفاظ میں وہ مذکور نہیں۔ مگر اتنی بات اس سے معلوم ہوئی کہ خط لکھنے والے کے لئے سنتِ انبیاء یہ ہے کہ سب سے پہلے اپنا نام لکھے جس میں بہت سے فوائد ہیں مثلاً خط پڑھنے سے پہلے ہی مکتوب الیہ کے علم میں آجائے کہ میں کس کا خط پڑھ رہا ہوں تاکہ وہ اسی ماحول میں خط کے مضمون کو پڑھے اور غور کرے مخاطب کو یہ تکلیف نہ اُٹھانی پڑے کہ کاتب کا نام خط میں تلاش کرے کہ کس کا خط ہے کہاں سے آیا ہے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے جتنے مکاتیب منقول اور شائع شدہ عالم میں موجود ہیں اُن سب میں بھی آپ نے یہی طریقہ اختیار فرمایا ہے کہ (من محمد عبداللہ ورسولہ) سے شروع فرمایا گیا ہے۔

یہاں ایک سوال یہ پیدا ہوسکتا ہے کہ جب کوئی بڑا آدمی اپنے چھوٹے کو خط لکھے اس میں تو اپنے نام کی تقدیم پر کوئی اشکال نہیں، لیکن کوئی چھوٹا اپنے باپ، اُستاد و شیخ یا اور کسی بڑے کو خط لکھے اس میں اپنے نام کو مقدم کرنا کیا اس کے ادب کے خلاف نہ ہوگا اور اس کو ایسا کرنا چاہئے یا نہیں، اس معاملے میں حضرات صحابہ کرامؓ کا عمل مختلف رہا ہے اکثر حضرات نے تو اتباع سنت نبوی کو ادب پر مقدم رکھ کر خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جو خطوط لکھے اُن میں بھی اپنے نام کو مقدم لکھا ہے۔ روح المعانی میں بحر محیط کے حوالہ سے حضرت انس رضی اللہ عنہ کا یہ قول نقل کیا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ تو کوئی انسان قابل تعظیم نہیں، مگر صحابہ کرامؓ جب آپ کو بھی خط لکھتے تو اپنا نام ہی شروع میں لکھا کرتے تھے اور حضرت علاء حضرمی کا خط جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام معروف ہے وہ اس پر شاہد ہے۔

البتہ روح المعانی میں مذکورہ روایات نقل کرنے کے بعد لکھا ہے کہ یہ سب کلام افضلیت میں ہے جواز میں نہیں اگر کوئی شخص اپنا نام شروع کے بجائے اخیر میں لکھ دے تو یہ بھی جائز ہے۔ فقیہ ابواللیث کی بُستان میں ہے کہ اگر کوئی شخص مکتوب الیہ کے نام سے شروع کردے تو اس کے جواز میں کسی کو کلام نہیں کیونکہ اُمت میں یہ طریقہ بھی چلا آرہا ہے اس پر نکیر نہیں کی گئی (روح المعانی و قرطبی)

خط کا جواب دینا بھی سنتِ انبیاء ہے:

تفسیر قرطبی میں ہے کہ جس شخص کے پاس کسی کا خط آئے اُس کے لئے مناسب ہے کہ اس کا جواب دے کیونکہ غائب کا خط حاضر کے سلام کے قائم مقام ہے اس لئے حضرت ابن عباسؓ سے ایک روایت میں ہے کہ وہ خط کے جواب کو جواب سلام کی طرح واجب قرار دیتے تھے۔ (قرطبی)

خطوط میں بسم اللہ لکھنا:

حضرت سلیمان علیہ السلام کے مذکورہ خط سے نیز رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے تمام مکاتیب سے ایک مسئلہ یہ ثابت ہوا کہ خط کے شروع میں بسم اللہ

besturdubooks.wordpress.com

الرحمٰن الرحیم لکھنا سنت انبیاء ہے۔ رہا یہ مسئلہ کہ بسم اللہ کو اپنے نام سے پہلے لکھے یا بعد میں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مکاتیب اس پر شاہد ہیں کہ بسم اللہ کو سب سے مقدم، اس کے بعد کاتب کا نام، پھر مکتوب الیہ کا نام لکھا جائے، اور قرآن کریم میں جو حضرت سلیمان علیہ السلام کا نام پہلے اور بسم اللہ بعد میں مذکور ہے اس کے ظاہر سے جواز اس کا بھی معلوم ہوتا ہے کہ بسم اللہ اپنے نام کے بعد لکھی جائے۔ لیکن ابن ابی حاتم نے یزید بن رومان سے نقل کیا ہے، کہ دراصل حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنے خط میں اس طرح لکھا تھا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ من سلیمان بن داؤد الیٰ بلقیس ابنۃ ذی شرح وقومھا . ان لاتعلوا الخ بلقیس نے جب یہ خط اپنی قوم کو سنایا تو اس نے قوم کی آگاہی کے لئے سلیمان علیہ السلام کا نام پہلے ذکر کر دیا، قرآن کریم میں جو کچھ آیا ہے وہ بلقیس کا قول ہے قرآن کریم میں اس کی تصریح نہیں کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے اصل خط میں بسم اللہ مقدم تھی یا سلیمان علیہ السلام کا نام اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ سلیمان علیہ السلام کا نام لفافہ کے اوپر لکھا ہوا اور اندر بسم اللہ سے شروع ہو، بلقیس نے جب اپنی قوم کو خط سنایا تو حضرت سلیمان علیہ السلام کا نام پہلے ذکر کر دیا۔

مسئلہ: خط نویسی کی اصل سنت تو یہی ہے کہ ہر خط کے شروع میں بسم اللہ لکھی جائے، لیکن قرآن وسنت کے نصوص واشارات سے حضرات فقہاء نے یہ کلیہ قاعدہ لکھا ہے کہ جس جگہ بسم اللہ یا اللہ تعالیٰ کا کوئی نام لکھا جائے اگر اُس جگہ اُس کاغذ کے بے ادبی سے محفوظ رکھنے کا کوئی اہتمام نہیں بلکہ وہ پڑھ کر ڈال دیا جاتا ہے تو ایسے خطوط اور ایسی چیز میں بسم اللہ یا اللہ تعالیٰ کا کوئی نام لکھنا جائز نہیں کہ اس طرح اس بے ادبی کے گناہ کا شریک ہو جائے گا، آج کل جو عموماً ایک دوسرے کو خطوط لکھے جاتے ہیں ان کا حال سب جانتے ہیں کہ نالیوں اور گندگیوں میں پڑے نظر آتے ہیں، اس لئے مناسب یہ ہے کہ ادائے سنت کے لئے زبان سے بسم اللہ کہہ لے تحریر میں نہ لکھے۔

آیتِ قرآنی والی تحریر کیا کسی کافر مشرک کے ہاتھ میں دینا جائز ہے

یہ خط حضرت سلیمان علیہ السلام نے بلقیس کو اس وقت بھیجا ہے جبکہ وہ مسلمان نہیں تھیں حالانکہ اس خط میں بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ لکھا ہوا تھا جس سے معلوم ہوا کہ ایسا کرنا جائز ہے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو خطوط ملوک عجم کو لکھے ہیں اور وہ مشرک تھے، اُن میں بھی بعض آیات قرآن لکھی ہیں۔ وجہ دراصل یہ ہے کہ قرآن کریم کا کسی کافر کے ہاتھ میں دینا تو جائز نہیں لیکن ایسی کوئی کتاب یا کاغذ جس میں کسی مضمون کے ضمن میں کوئی آیت آ گئی ہے وہ عرف میں قرآن نہیں کہلاتا اس لئے اس کا حکم بھی قرآن کا حکم نہیں ہوگا وہ کسی کافر کے ہاتھ میں بھی دے سکتے ہیں اور بے وضو کے ہاتھ میں بھی (عالمگیری کتاب الحظر والاباحۃ)

خط مختصر، جامع، بلیغ اور مؤثر انداز میں لکھنا چاہئے:

حضرت سلیمان علیہ السلام کے اس والا نامہ کو دیکھئے تو چند سطروں میں تمام اہم اور ضروری مضامین بھی جمع کر دیئے اور بلاغت کا اعلیٰ معیار بھی قائم ہے۔ کافر کے مقابلے میں اپنی شاہانہ شوکت کا اظہار بھی ہے۔ اس کے ساتھ حق تعالیٰ کی صفات کمال کا بیان اور اسلام کی طرف دعوت بھی، اور ترفع وتکبر کی مذمت بھی، درحقیقت یہ خط بھی اعجاز قرآنی کا ایک نمونہ ہے۔ حضرت قتادہؒ فرماتے ہیں کہ خط نویسی میں تمام انبیاء علیہم السلام کی سنت بھی وہی ہے کہ تحریر میں طول نہ ہو، مگر ضروری کوئی مضمون چھوٹے بھی نہیں۔ (روح المعانی)

اہم امور میں مشورہ کرنا سنت ہے اس میں دوسروں کی رائے سے فائدہ بھی حاصل ہوتا ہے اور لوگوں کی دلجوئی بھی ہوتی ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

بعض نے کریم کہنے کی یہ وجہ بیان کی کہ خط پہنچنے کا واقعہ عجیب تھا بلقیس اپنے کمرہ کے اندر لیٹی ہوئی تھی دروازے سب مقفل تھے ہدہد روشن دان سے آ کر بلقیس کے سینہ پر خط ڈال گیا اور بلقیس کو پتہ بھی نہ چلا بعض نے کہا خط کی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے ابتداء کی گئی تھی اس لئے اس کو کریم کہا۔

اس کے بعد بلقیس نے بتایا کہ یہ خط کہاں سے آیا۔ اور کہا:

اِنَّہٗ مِنۡ سُلَیۡمٰنَ بلاشبہ یہ (خط یا عنوان) سلیمان کے پاس سے آیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَاِنَّہٗ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ﴿۳۰﴾

اور وہ یہ ہے شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلَّا تَعۡلُوۡا عَلَیَّ وَاۡتُوۡنِیۡ مُسۡلِمِیۡنَ

کہ زور نہ کرو میرے مقابلہ میں اور چلے آؤ میرے سامنے حکمبردار ہو کر

خط کی جامعیت:

ایسا مختصر، جامع اور پُرعظمت خط شاید ہی دنیا میں کسی نے لکھا ہو۔ مطلب یہ تھا کہ میرے مقابلہ میں زور آزمائی سے کچھ نہ ہوگا۔ خیریت اس میں ہے کہ اسلام قبول کرو اور حکمبردار ہو کر آدمیوں کی طرح سیدھی انگلیوں میرے سامنے حاضر ہو جاؤ۔ تمہاری شیخی اور تکبر میرے آگے کچھ نہ چلے گی۔ (تفسیر عثمانی)

قَالَتۡ یٰۤاَیُّہَا الۡمَلَؤُا اَفۡتُوۡنِیۡ فِیۡۤ اَمۡرِیۡ ۚ

کہنے لگی اے دربار والو مشورہ دو مجھ کو میرے کام میں

besturdubooks.wordpress.com

مَاكُنْتُ قَاطِعَةً اَمْرًا حَتّٰى تَشْهَدُوْنِ ﴿۳۲﴾

میں طے نہیں کرتی کوئی کام تمہارے حاضر ہونے تک

یعنی مشورہ دو کیا جواب دیا جائے اور کیا کاروائی کی جائے جیسا کہ تمہیں معلوم ہے میں کسی اہم معاملہ کا فیصلہ بدون تمہارے مشورہ کے نہیں کرتی۔ (تفسیر عثمانی)

فُتیا اور فتویٰ کسی مشکل بات کا جواب یعنی جو معاملہ میرے سامنے ہے اس میں مجھے مشورہ دو۔

حَتّٰى تَشْهَدُوْنِ یہاں تک کہ تم میرے پاس موجود نہ ہو اور مجھے مشورہ نہ دو یا جب تک اس بات کے درست ہونے کی شہادت نہ دے دو۔ (تفسیر مظہری)

قَالُوْا نَحْنُ اُولُوْا قُوَّةٍ وَّ اُولُوْا بَاْسٍ شَدِيْدٍ ۙ۬

وہ بولے ہم لوگ زور آور ہیں اور سخت لڑائی والے

وَّ الْاَمْرُ اِلَيْكِ فَانْظُرِيْ مَاذَا تَاْمُرِيْنَ ﴿۳۳﴾

اور کام تیرے اختیار میں ہے سو تو دیکھ لے جو حکم کرے

درباریوں کا مشورہ:

یعنی ہمارے پاس زور وطاقت اور سامان حرب کی کمی نہیں۔ نہ کسی بادشاہ سے دبنے کی ضرورت تیرا حکم ہو تو ہم سلیمان سے جنگ کرنے کے لئے تیار ہیں۔ آگے تو مختار ہے سوچ سمجھ کر حکم دے۔ ہماری گردن اُس کے سامنے خم ہوگی۔ معلوم ہوتا ہے کہ درباریوں کی صلاح لڑائی کرنے کی تھی مگر ملکہ نے اس میں تعمیل مناسب نہ سمجھی اور ایک بین بین صورت اختیار کی جس کا ذکر آگے آتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

قُوَّةٍ یعنی لڑنے کی قوت بَاْسٍ شَدِيْدٍ یعنی لڑائی کے وقت سخت طاقتور تعدادی کثرت اور باس سے مراد ہے شدت شجاعت۔

بلقیس نے اہل دربار سے صلح یا جنگ دونوں کا مشورہ لیا تھا لڑائی صلح کے مقابلہ میں مشکل اور سخت کام ہے جنگ کی صورت میں اہل دربار نے تعمیل حکم کا اقرار کیا۔ برخلاف ان یہودیوں کے جنہوں نے حضرت موسیٰ سے کہا تھا فَاذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَاۤ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ تم اور تمہارا خدا دونوں جا کر لڑو ہم تو یہیں بیٹھے ہیں یعنی ہم تو آگے نہیں جائیں گے۔ جب بلقیس کے حکم پر انہوں نے لڑنے کا اظہار کر دیا تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ صلح کا اگر حکم ہوا تو ہم اس کی تعمیل بدرجۂ اولیٰ کریں گے آپ کو دونوں باتوں کا اختیار ہے۔

مَاذَا تَاْمُرِيْنَ میں ما استفہامیہ ہے اور پورا جملہ بتاویل مفرد ہو کر اُنظری کا مفعول ہے یعنی آپ خود دیکھ لیں اور سوچ لیں کہ دونوں میں کون سی چیز آپ کے لئے مفید ہے جنگ یا صلح۔ بہرحال ہم آپ کے فیصلہ پر چلنے کے لئے تیار ہیں۔ (تفسیر مظہری)

اگر جنگ خواہی نبرد آوریم — دل دشمناں رابدرد آوریم
وگر صلح جوئی ترا بندہ ایم — بتسلیم حکمت سرافگندہ ایم

مطلب یہ تھا کہ ہم جنگ کے لئے تیار ہیں آگے آپ کو اختیار ہے ارکان دولت کا میلان جنگ کی طرف تھا مگر ملکہ نے جنگ میں تعجیل مناسب نہ سمجھی بلکہ صلح اور جنگ کے بین بین ایک صورت اختیار کی۔ (معارف کاندھلوی)

قَالَتْ اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا

کہنے لگی بادشاہ جب گھستے ہیں کسی بستی میں اس کو خراب کر دیتے ہیں

وَجَعَلُوْۤا اَعِزَّةَ اَهْلِهَاۤ اَذِلَّةً ۚ وَكَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَاِنِّيْ مُرْسِلَةٌ

اور کر ڈالتے ہیں وہاں کے سرداروں کو بے عزت اور ایسا ہی کچھ کریں گے اور میں بھیجتی ہوں

اِلَيْهِمْ بِهَدِيَّةٍ فَنٰظِرَةٌۢ بِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۳۵﴾

اُن کی طرف کچھ تحفہ پھر دیکھتی ہوں کیا جواب لے کر پھرتے ہیں بھیجے ہوئے

بلقیس کا فیصلہ:

معلوم ہوتا ہے کہ مضمون خط کی عظمت وشوکت اور دوسرے قرائن وآثار سے بلقیس کو یقین ہو گیا کہ اس بادشاہ پر ہم غالب نہیں آ سکتے اور کم از کم اس کا قوی احتمال تو ضرور تھا۔ اُس نے بتلایا کہ ایسی شان وشکوہ رکھنے والے بادشاہوں سے لڑنا کھیل نہیں۔ اگر وہ غالب آ گئے (جیسا کہ قوی امکان ہے) تو ملوک و سلاطین کی عام عادت کے موافق تمہارے شہروں کو تہ وبالا کر کے رکھ دیں گے۔ اور وہ انقلاب ایسا ہوگا جس میں بڑی عزت والے سرداروں کو ذلیل وخوار ہونا پڑے گا۔ لہٰذا میرے نزدیک بہتر ہے کہ ہم جنگ کرنے میں جلدی نہ کریں بلکہ اُن کی طاقت طبعی رجحانات، نوعیت حکومت اور اس بات کا پتہ لگائیں کہ اُن کی دھمکیوں کی پشت پر کون سی قوت کارفرما ہے۔ اور یہ کہ واقعی طور پر وہ ہم سے کیا چاہتے ہیں۔ اگر کچھ تحائف وہدایا دے کر ہم آنے والی مصیبت کو اپنے سر سے ٹال سکیں تو زیادہ اچھا ہوگا ورنہ جو کچھ رویہ معلوم ہو جائے گا ہم اُس کے مناسب کاروائی کریں گے۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں۔ بلقیس نے چاہا کہ اس بادشاہ کا شوق دریافت کرے کس چیز سے ہے۔ مال، خوبصورت آدمی، یا نادر سامان، سب قسم کی چیزیں تحفہ میں بھیجی تھیں۔ (تفسیر عثمانی)

ملکہ نے عام بادشاہوں کا عمومی ضابطہ بیان کر کے اول قوم کو مبہم طور پر جنگ سے ڈرایا پھر آخری فقرہ کہہ کے صراحت کر دی کہ ان لوگوں سے بھی مجھے یہی خطرہ ہے۔ كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ کا ایک ترجمہ یہ بھی کیا گیا ہے کہ بادشاہ ایسا ہی کرتے رہتے ہیں ان کا دستور ہی یہی ہے۔ اس ترجمہ پر اس فقرہ کا

besturdubooks.wordpress.com

ارتباط سابق جملہ سے ہوگا اور یفعلون کی ضمیر ملوک کی طرف راجع ہوگی حضرت سلیمان اور آپ کے لشکر کی طرف راجع نہ ہوگی۔

یا یہ مقولہ اللہ کا ہے اللہ نے بلقیس کے قول کی تصدیق فرمادی کہ ہاں بادشاہوں کا یہی طریقہ عمل ہے۔ ملکہ کے اس کلام سے معلوم ہورہا ہے کہ بلقیس صلح کو مناسب خیال کرتی تھی۔

بلقیس کے تحائف:

وَإِنِّي مُرْسِلَةٌ إِلَيْهِم بِهَدِيَّةٍ فَنَاظِرَةٌ بِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُونَ ﴿﴾ اور میں ان کو ایک ہدیہ بھیجوں گی پھر دیکھوں گی کہ قاصد کیا جواب لے کر آتا ہے۔

مطلب یہ ہے کہ میں اپنے پاس سے کچھ تحفہ دے کر قاصدوں کو روانہ کروں گی۔ ہدیہ وہ چیز جو ہدیہ میں دی جائے۔ جیسے عطیہ دی ہوئی چیز۔

بغوی نے لکھا ہے بلقیس ہدیہ بھیج کر حضرت سلیمانؑ کی جانچ کرنی چاہتی تھی کہ بادشاہ ہیں یا نبی اگر بادشاہ ہوں گے تو ہدیہ قبول کرلیں گے اور لشکر کشی نہیں کریں گے اور نبی ہوں گے تو ہدیہ کو رد کردیں گے اور بغیر اتباع ایمانی کے راضی نہیں ہوں گے۔

اس کے بعد ہدیہ میں ملکہ نے کچھ غلام اور کچھ باندیاں بھیجیں حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا سب کو ایک ہی طرح کا لباس پہنا دیا تاکہ (لڑکے اور لڑکی کی) شناخت نہ ہو سکے۔ مجاہد نے کہا دوسو غلام اور دوسو باندیاں بھیجی تھیں۔ مجاہد اور مقاتل کا قول ہے کہ باندیوں کو غلاموں کا لباس اور غلاموں کو باندیوں کا لباس پہنا دیا تھا۔ سعید بن جبیر نے کہا (سونے کی) اینٹ ریشم اور دیبا کے ساتھ بھیجی تھی بعض نے کہا سونے کی چار اینٹیں بھیجی تھیں۔ وہب بن منبہ نے بیان کیا بلقیس نے پانسو لڑکے اور لڑکیاں بھیجیں لڑکیوں کو قبائیں اور کمر کے پٹکے یعنی لڑکوں کا لباس پہنایا اور غلاموں کو باندیوں کے کپڑے پہنائے۔ کلائیوں میں سنہری کنگن گلے میں سونے کے طوق کانوں میں بالیاں اور بالے جواہر سے مرصع پہنائے لڑکوں کو پانسو گھوڑوں پر اور لڑکیوں کو پانسو خچروں پر سوار کرایا ہر گھوڑے کی لگام سنہری جواہر سے جڑی تھی اور چار جامے رنگا رنگ، کے دیبا کے بلقیس نے چاندی کی پانچ سو اینٹیں اور موتی اور یاقوت سے جڑا ہوا تاج بھی بھیجا مشک وعنبر وعود بھی پھر ایک ڈبہ میں بلا سوراخ کیا ہوا ایک قیمتی موتی اور ٹیڑھا کیا ہوا ایک پوتھ رکھ کر بند کردیا۔

بلقیس کا قاصد اور اس کو ہدایات:

اور اپنی قوم کے ایک سردار کو جس کا نام منذر بن عمرو تھا بلوا کر کچھ دوسرے سمجھدار ہوشیار آدمیوں کو اس کے ساتھ کرکے ایک خط جس میں تحفوں کی فہرست تھی دے کر ہدایت کی اور سب چیزیں دے کر بھیج دیا اور نمائندہ سے کہہ دیا کہ سلیمان سے جا کر یہ کہنا کہ اگر آپ نبی ہیں تو باندیوں کو غلاموں سے الگ چھانٹ دیجئے اور بغیر کھولے بتائیے کہ ڈبہ میں کیا ہے اور جب وہ بتا دیں تو کہنا کہ اس موتی میں ٹھیک سوراخ کردیجئے اور سوراخ دار پوتھ میں دھاگہ ڈال دیجئے لیکن کسی آدمی یا جن سے اس میں مدد نہ لیجئے غلاموں اور باندیوں کو یہ حکم دیا کہ غلام باندیوں کی بولی میں زنانہ لوچدار بات کریں اور باندیاں کرخت لہجے میں مردانہ بات کریں پھر قاصد سے یہ بھی کہہ دیا کہ تم اس بات کا اندازہ کرنا کہ وہ کس طور پر پیش آتے ہیں اگر غصہ کی نظر سے تم کو دیکھیں تو سمجھ لینا وہ بادشاہ ہیں تم ہرگز خوف زدہ نہ ہونا ہم ان سے زیادہ عزت رکھتے ہیں اور اگر کشادہ پیشانی اور مہربانی سے پیش آئیں تو سمجھ لینا وہ نبی مرسل ہیں ان کی بات سمجھنا اور (ادب کے ساتھ) جواب دینا غرض بلقیس کے قاصد سارے تحفے لے کر روانہ ہوگئے۔

حضرت سلیمانؑ کے انتظامات:

ادھر ہدہد نے جلد جا کر حضرت سلیمان کو اس واقعہ کی اطلاع دے دی آپ نے جنات کو حکم دیا کہ سونے چاندی کی اینٹیں تیار کریں حکم کی تعمیل کی گئی پھر آپ نے حکم دیا کہ ان اینٹوں کو اس جگہ سے نوفرسخ تک ایک میدان میں یہ اینٹیں بچھا دیں اور میدان کے گردا گرد سونے چاندی کی اونچی دیوار کھینچ دیں پھر فرمایا خشکی اور دریا میں کون سا جانور سب سے اچھا ہوتا ہے حاضرین نے عرض کیا یا نبی اللہ ہم نے فلاں سمندر میں کچھ جانور دیکھے ہیں جن کے رنگ مختلف ہوتے ہیں ان کے دو یا زو گردن پر کلغیاں اور پیشانیوں پر بال ہوتے ہیں فرمایا ابھی لے آؤ جنات نے فوراً لا کر حاضر کردیئے فرمایا میدان کے دائیں بائیں دونوں طرف سونے چاندی کی اینٹوں کے فرش پر ان کو باندھ دو اور ان کا چارہ ان کے سامنے ڈال دو پھر جنات کو حکم دیا اپنی اولاد کو لا کر میدان کے دائیں بائیں کھڑا کردو۔

ان احکام کی تعمیل کے بعد حضرت سلیمان اپنے تخت پر رونق افروز ہوگئے اور اپنے دائیں بائیں جانب چار چار ہزار کرسیاں بچھوا دیں اور دائیں بائیں فرسخوں تک صف بستہ کھڑے ہونے کا شیطانوں کو حکم دیا۔

بلقیس کے قاصدوں کا احساس کمتری:

جب قاصد قریب پہنچ گئے اور سلیمانؑ کی حکومت دیکھی اور ایسے چوپائے دیکھے جو کبھی نہ دیکھے تھے اور ان کو چاندی سونے کی اینٹوں پر گوبر کرتے پایا تو خود وہ اپنی نظروں میں حقیر ہوگئے اور جو تحفے ساتھ لائے تھے سب پھینک دیئے۔

بعض روایات میں آیا ہے کہ حضرت سلیمانؑ نے سونے چاندی کی اینٹیں بچھانے کا حکم جس وقت دیا تھا اس وقت بلقیس کی بھیجی ہوئی اینٹوں کی گنتی کے مطابق جگہ خالی چھوڑ دی تھی قاصدوں نے جب کچھ اینٹوں کی جگہ خالی دیکھی اور باقی زمین پر فرش پایا تو ان کو اندیشہ ہوا کہ کہیں کوئی ہم پر اینٹیں اٹھا لینے کی تہمت نہ لگائے۔ اس لئے خالی جگہ پر اینٹیں پھینک دیں پھر شیاطین کو دیکھ کر تو خوف زدہ ہوگئے اُن سے کہا گیا آگے بڑھو ڈر کی کوئی بات

besturdubooks.wordpress.com

نہیں قاصد تمام جن وانس اور پرندوں درندوں اور چرندوں کی ٹکڑیوں سے گزر کر حضرت سلیمان کے سامنے جا کھڑے ہوئے آپ نے ان کی طرف کشادہ روئی کے ساتھ اچھی نظروں سے دیکھا اور فرمایا کیا بات ہے امیر وفد نے ساتھ لائی ہوئی چیزیں پیش کردیں اور ملکہ کا خط بھی دے دیا۔

حضرت سلیمانؑ نے بلقیس کے تمام سوالات حل کردیئے:

آپ نے خط غور سے پڑھا اور فرمایا ڈبہ کہاں ہے امیر وفد نے پیش کردیا آپ نے ڈبہ کو ہلایا اتنے میں جبرئیل آگئے اور ڈبہ کے اندر جو چیز تھی وہ بتادی حضرت سلیمانؑ نے فرمایا اس کے اندر بغیر سوراخ کا ایک قیمتی موتی ہے۔ اور ایک ٹیڑھا سوراخ کیا ہوا پوتھ ہے قاصد نے عرض کیا آپ نے صحیح فرمایا اب موتی میں سوراخ کردیجئے اور پوتھ میں دھاگہ پرو دیجئے حضرت سلیمانؑ نے جنات اور آدمیوں سے دریافت فرمایا کوئی اس میں سوراخ کرسکتا ہے کسی کو سوراخ کرنے کی تدبیر معلوم نہ تھی اس لئے خاموش رہے پھر آپ نے شیاطین سے دریافت کیا ایک شیطان نے کہا لکڑی کے کیڑے کو بلوایئے حسب الحکم لکڑی کا کیڑا آیا اور دھاگہ منہ میں پکڑ کر موتی میں سوراخ کرتا ہوا دوسری جانب نکل آیا حضرت سلیمانؑ نے فرمایا تو کیا انعام چاہتا ہے کیڑے نے عرض کیا میری روزی درخت (لکڑی) میں مقرر کردی جائے حضرت نے فرمایا تیرے لئے ایسا ہی کردیا گیا۔ پھر آپ نے لڑکوں اور لڑکیوں کو الگ الگ چھانٹ دیا جس کی تدبیر یہ کی کہ سب کو ہاتھ منہ دھونے کا حکم دیا لڑکی برتن میں سے پانی ایک ہاتھ میں لیتی پھر ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ میں ڈالتی پھر منہ پر مارتی تھی اور لڑکا براہ راست برتن سے پانی لے کر منہ پر مارتا تھا۔ لڑکی بانہہ کے اندرونی جانب پانی ڈالتی تھی اور لڑکا کلائی کے بیرونی جانب پانی بہاتا تھا لڑکی یونہی پانی دھارتی تھی اور لڑکا اوپر سے نیچے کو ہاتھ پر پانی گراتا تھا۔ خلاصہ یہ کہ آپ نے سب کو الگ الگ چھانٹ دیا پھر لائے ہوئے ہدیے واپس کردیئے جیسا کہ آیت میں ذکر کیا گیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَلَمَّا جَآءَ سُلَيْمٰنَ قَالَ اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ فَمَآ اٰتٰىنِۦَ
پھر جب پہنچا سلیمان کے پاس بولا کیا تم میری اعانت کرتے ہو مال سے
اللّٰهُ خَيْرٌ مِّمَّآ اٰتٰىكُمْ بَلْ اَنْتُمْ بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُوْنَ۝
سو جو اللہ نے مجھ کو دیا ہے بہتر ہے اس سے جو تم کو دیا ہے بلکہ تم ہی اپنے تحفہ سے خوش رہو

حضرت سلیمانؑ نے تحائف واپس کردیئے:

یعنی یہ تحفہ تمہیں ہی مبارک رہے، کیا تم نے مجھے محض ایک دنیوی بادشاہ سمجھا جو مال ومتاع کا لالچ دیتے ہو، تم کو معلوم ہونا چاہیے کہ حق تعالیٰ نے جو روحانی و مادی دولت مجھے عطا فرمائی ہے وہ تمہارے ملک و دولت سے کہیں بڑھ کر ہے ان سامانوں کی ہمیں کیا پروا۔ (تفسیر عثمانی)

کافر کا ہدیہ قبول کرنے کا اصول:

کافر کا ہدیہ قبول کرنے میں اگر اپنی یا مسلمانوں کی کسی مصلحت میں خلل آتا ہو یا ان کے حق میں رائے کی کمزوری پیدا ہوتی ہو تو ان کا ہدیہ قبول کرنا درست نہیں (روح المعانی) ہاں اگر کوئی دینی مصلحت اس ہدیہ کے قبول کرنے کی داعی ہو، مثلاً اس کے ذریعہ کافر کے مانوس ہوکر اسلام سے قریب آنے پھر مسلمان ہونے کی اُمید ہو یا اس کے کسی شروفساد کو اس کے ذریعہ دفع کیا جاسکتا ہو تو قبول کرنے کی گنجائش ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت اس معاملہ میں یہی رہی ہے کہ بعض کفار کا ہدیہ قبول فرمالیا، بعض کا رد کردیا۔ عمدہ القاری شرح بخاری کتاب الہبۃ میں اور شرح سیر کبیر میں حضرت کعب بن مالکؓ سے روایت کیا ہے کہ براء کا بھائی عامر بن ملک مدینہ طیبہ میں کسی ضرورت سے پہنچا جبکہ وہ مشرک کافر تھا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں دو گھوڑے اور دو جوڑے کپڑے کا ہدیہ پیش کیا، آپ نے اس کا ہدیہ یہ فرما کر واپس کردیا کہ ہم مشرک کا ہدیہ قبول نہیں کرتے۔ اور عیاض بن حمار مجاسعی نے آپ کی خدمت میں ایک ہدیہ پیش کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس سے سوال کیا کہ تم مسلمان ہو اس نے کہا کہ نہیں آپ نے ان کا ہدیہ بھی یہ کہہ کر رد فرمادیا کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے مشرکین کے عطایا لینے سے منع فرمایا ہے اس کے بالمقابل یہ روایات بھی موجود ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض مشرکین کے ہدایا قبول فرمائے۔ ایک روایت میں ہے کہ ابو سفیان نے بحالت شرک آپ کو ایک چمڑا ہدیہ میں بھیجا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبول فرمالیا اور ایک نصرانی نے ایک ریشمی حریر کا بہت چمکتا ہوا کپڑا ہدیہ میں پیش کیا، آپ نے قبول فرمالیا۔

شمس الائمہؒ اس کو نقل کرکے فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک سبب یہ تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بعض کا ہدیہ رد کردینے میں اس کے اسلام کی طرف مائل ہونے کی اُمید تھی وہاں رد کردیا اور بعض کا ہدیہ قبول کرنے میں اسکے مسلمان ہوجانے کی اُمید تھی تو قبول کرلیا (از عمدۃ القاری کتاب الہبہ)

اور بلقیس نے جو رد ہدیہ کو نبی ہونے کی علامت قرار دیا اس کا سبب یہ نہ تھا کہ نبی کے لئے ہدیہ قبول کرنا مشرک کا جائز نہیں بلکہ سبب یہ تھا کہ اس نے اپنا ہدیہ در حقیقت ایک رشوت کی حیثیت سے بھیجا تھا کہ اس کے ذریعہ وہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے حملے سے محفوظ رہے۔

حضرت سلیمانؑ کا جواب:

اللہ نے جو کچھ عطا فرمادیا ہے (یعنی دین نبوت، حکمت، حکومت) وہ

besturdubooks.wordpress.com

اس سے افضل و بہتر ہے جو تم کو دیا ہے (میں اس ہدیہ کے لین دین سے خوش نہیں ہوتا) بلکہ تم ہی اپنے ہدیہ سے خوش ہوتے ہو۔

کیونکہ تم لوگ صرف ظاہری دنیوی زندگی کو جانتے ہو یہی تمہاری نظروں کے سامنے ہے اس لئے ہدیے لے کر مال میں اضافہ کرنا چاہتے ہو اور ہدیے دے کر اپنے ہمسروں پر فخر کرنا چاہتے ہو۔ تم میری حالت کو اپنی حالت پر قیاس کرتے ہو حالانکہ یہ بات غلط ہے۔ پھر منذر بن عمرو سردار وفد کی طرف رخ کر کے فرمایا۔ (تفسیر مظہری)

اِرْجِعْ اِلَيْهِمْ فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ لَّا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا
پھر جان کے پاس اب ہم پہنچتے ہیں اُن پر ساتھ لشکروں کے جن کا مقابلہ نہ ہو سکیگا ان سے
وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ مِّنْهَآ اَذِلَّةً وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿۳۷﴾
اور نکال دیں گے اُن کو وہاں سے بے عزت کر کے اور وہ خوار ہوں گے

حملہ کی اطلاع:

یعنی قیدی بنیں گے، جلاوطن ہوں گے اور ذلت و خواری کے ساتھ دولت و سلطنت سے دستبردار ہونا پڑے گا۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں اور کسی پیغمبر نے اس طرح کی بات نہیں فرمائی۔ سلیمانؑ کو حق تعالیٰ کی سلطنت کا زور تھا جو یہ فرمایا۔ (تفسیر عثمانی)

بعض علماء نے کہا ذلت عزت کی ضد ہے آبرو اور حکومت کا زوال ذلت ہے اور صغار سے مراد ہے قیدی ہو جانا یعنی اگر وہ مسلمان ہو کر نہیں آئیں گے تو ہم ان کو ان کی سرزمین سے نکال دیں گے اور ان کو قیدی بنالیا جائے گا۔

بلقیس کی حضرت سلیمانؑ کے ہاں حاضری کی تیاری:

وہب بن منبہ وغیرہ نے بیان کیا ہے کہ جب وفد یمن حضرت سلیمانؑ کے پاس سے لوٹ کر بلقیس کے پاس پہنچا (اور واقعہ بیان کیا) تو بلقیس نے کہا واللہ میں تو پہلے ہی پہچان چکی کہ وہ بادشاہ نہیں ہے اور اس کے مقابلہ کی ہم میں سکت نہیں۔ اس کے بعد بلقیس نے حضرت سلیمانؑ کے پاس پیام بھیجا میں خود اپنی قوم کے سرداروں کے ساتھ آپ کے پاس آ رہی ہوں اور دیکھوں گی کہ جس دین کی طرف آپ ہم کو بلا رہے ہیں وہ کیا ہے پھر بلقیس نے حکم دے کر اپنے تخت کو تہ بر تہ سات کمروں میں بند کرا کے دروازوں کو مقفل کر دیا یا سات محلوں کے اندر اس کو رکھوا دیا اور حفاظت کے لئے کچھ نگراں مقرر کر دیئے اور اپنے نائب سے کہا تم یہاں کے حالات کے نگراں رہنا میرے تخت تک کوئی پہنچنے نہ پائے اور کوئی اس کو خراب نہ کر سکے۔ پھر اعلانچی کو یہ اعلان کرنے کا حکم دے دیا کہ تمام ممالک محروسہ کے باشندوں کو معلوم ہو جانا چاہئے کہ ہم کوچ کر رہے ہیں اس کے بعد یمن کے بارہ ہزار نوابوں کو لے کر روانہ ہوگئی ہر نواب کے ماتحت ہزاروں سپاہی تھے۔

حضرت سلیمانؑ کا رعب:

حضرت ابن عباسؓ کا قول ہے کہ حضرت سلیمانؑ بڑے باوقار اور رعب داب کے آدمی تھے اگر کسی سے کچھ دریافت کرتے تھے تو (اس کی مجال نہ ہوتی کہ خود اپنی طرف سے جواب دے سکے بلکہ) وہ حضرت پر بھی آپ کے سوال کا جواب محول کر دیتا (اور کہہ دیتا کہ اللہ کے نبی کو ہی اس کا بخوبی علم ہے) ایک روز اپنے تخت حکومت پر باہر نکل کر تشریف فرما تھے کہ ایک غبار قریب ہی اڑتا نظر آیا دریافت فرمایا یہ کیا ہے حاضرین نے عرض کیا بلقیس اس جگہ آ کر اتری ہے یہ مقام حضرت سلیمانؑ کی مجلس سے ایک فرسخ کے فاصلہ پر تھا حضرت سلیمانؑ نے یہ بات سن کر اپنے لشکر والوں کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا۔ (تفسیر مظہری)

قَالَ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَيُّكُمْ يَاْتِيْنِيْ بِعَرْشِهَا
بولا اے دربار والو تم میں کوئی ہے کہ لے آوے میرے پاس اُس کا تخت
قَبْلَ اَنْ يَّاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ﴿۳۸﴾
پہلے اس سے کہ وہ آئیں میرے پاس حکمبردار ہو کر

بلقیس کے تخت اٹھانے کا پروگرام:

قاصد نے واپس جا کر پیغام جنگ پہنچا دیا بلقیس کو یقین ہو گیا کہ یہ کوئی معمولی بادشاہ نہیں ان کی قوت خدائی زور سے ہے۔ جدال وقتال سے کچھ فائدہ نہ ہوگا، نہ کوئی حیلہ اور زور ان کے روبرو چل سکتا ہے آخر اظہار اطاعت وانقیاد کی غرض سے بڑے ساز وسامان کے ساتھ حضرت سلیمانؑ کی خدمت میں حاضری دینے کے لئے روانہ ہوگئی جب ملک شام کے قریب پہنچی حضرت سلیمان نے اپنے درباریوں سے فرمایا کوئی ہے جو بلقیس کا تخت شاہی اس کے پہنچنے سے پیشتر میرے سامنے حاضر کر دے۔ اس میں بھی حضرت سلیمان کو کسی طرح بلقیس پر اپنی خداداد عظمت وقوت کا اظہار مقصود تھا۔ تا وہ سمجھ لے کہ یہ نرے بادشاہ نہیں، کوئی اور فوق العادت باطنی طاقت بھی اپنے ساتھ رکھتے ہیں (تنبیہ) قَبْلَ اَنْ يَّاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ سے معلوم ہوا کہ اسلام وانقیاد سے پہلے حربی کا مال مباح ہے۔ (تفسیر عثمانی)

مسلمین کی قید اظہار واقعہ کے لئے ہے کیونکہ وہ لوگ اسی قصد سے آ رہے تھے تخت کا منگانا غالباً اس غرض سے ہے کہ وہ لوگ میرا معجزہ بھی دیکھ لیں کیونکہ اتنا بڑا تخت اور پھر اس کا ایسے سخت پہروں میں اس طور پر اچانک آ جانا کہ اطلاع تک نہ ہو عادت بشریہ سے باہر ہے اگر جنوں کی تسخیر یعنی تابع ہونے سے ہو تب بھی جنوں کا خود بخود تابع ہو جانا بھی ایک معجزہ ہی ہے اور

besturdubooks.wordpress.com

اگر کسی ولی اُمت کی کرامت کے ذریعہ ہے تو ولی کی کرامت بھی نبی کا معجزہ ہوتا ہے اور اگر بغیر کسی واسطہ کے ہے تو پھر معجزہ ہونا ظاہر ہے بہرحال ہر صورت پر یہ معجزہ اور نبوت کی دلیل ہے لہٰذا مقصود یہ ہوگا کہ اندرونی کمالات کے ساتھ ساتھ یہ معجزہ کے کمالات بھی دیکھ لیں تاکہ ایمان واطمینان زیادہ ہو۔

بلقیس کی حاضری دربارِ سلیمانی میں:

قرطبی نے تاریخی روایات کے حوالہ سے لکھا ہے کہ بلقیس کے قاصد خود بھی مرعوب ومبہوت ہو کر واپس ہوئے اور حضرت سلیمان علیہ السلام کا اعلان جنگ سنا دیا تو بلقیس نے اپنی قوم سے کہا کہ پہلے بھی میرا یہی خیال تھا کہ سلیمان دنیا کے بادشاہوں کی طرح بادشاہ نہیں بلکہ اللہ کی طرف سے کوئی خاص منصب بھی ان کو ملا ہے اور اللہ کے نبی ورسول سے لڑنا اللہ کا مقابلہ ہے۔ جس کی ہم میں طاقت نہیں، یہ کہہ کر حضرت سلیمان علیہ السلام کی خدمت میں حاضری کی تیاری شروع کر دی، بارہ ہزار سرداروں کو اپنے ساتھ لیا جن کے تحت ایک ایک لاکھ افواج تھیں۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کو حق تعالیٰ نے ایسا رعب وجلال عطا فرمایا تھا کہ ان کی مجلس میں کوئی ابتداءً گفتگو کی جرأت نہ کر سکتا تھا۔ ایک روز حضرت سلیمان علیہ السلام نے دور سے غبار اٹھتا ہوا دیکھا تو حاضرین سے سوال کیا کہ یہ کیا ہے؟ لوگوں نے جواب دیا، اے نبی اللہ! ملکہ بلقیس اپنے ساتھیوں کے ساتھ آ رہی ہیں۔ بعض روایات میں ہے کہ اس وقت وہ دربارِ سلیمانی سے ایک فرسخ یعنی تقریباً تین میل کے فاصلے پر تھی۔

حضرت سلیمان علیہ السلام کو حق تعالیٰ نے تسخیر جنات کا عام معجزہ عطا فرمایا ہوا تھا شاید حق تعالیٰ کی طرف سے اشارہ پا کر انہوں نے یہ ارادہ فرمایا کہ کسی طرح بلقیس کا تخت شاہی اس کے یہاں پہنچنے سے پہلے حاضر ہو جائے اس لئے حاضرین کو جن میں جنات بھی تھے خطاب فرما کر یہ تخت لانے کے لئے فرمادیا اور اس کے تمام اموال و دولت میں تخت شاہی کا انتخاب بھی شاید اس لئے کیا گیا کہ وہ اس کی سب سے زیادہ محفوظ چیز تھی جس کو سات محلات شاہی کے وسط میں ایک محفوظ محل کے اندر مقفل کر کے رکھا تھا کہ اس کے اپنے آدمیوں کا بھی وہاں تک گزر نہ تھا، اس کے بغیر دروازہ یا قفل توڑے ہوئے منتقل ہو جانا اور اتنی مسافت بعیدہ پر پہنچ جانا حق تعالیٰ شانہٗ کی ہی قدرت کاملہ سے ہو سکتا ہے یہ اس کو حق تعالیٰ کی قدرت عظیمہ پر یقین کا سب سے بڑا ذریعہ ہو سکتا تھا اس کے ساتھ اس پر بھی یقین لازم تھا کہ سلیمان علیہ السلام کو حق تعالیٰ ہی کی طرف سے کوئی خاص منصب حاصل ہے کہ ان کے ہاتھ پر ایسی فوق العادت چیزیں ظاہر ہو جاتی ہیں (ذکرہ واختارہ ابن جریر)

قَبْلَ اَنْ يَّاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ مُسْلِمِيْنَ، مُسْلِم کی جمع ہے جس کے لغوی معنی مطیع وفرمانبردار کے ہیں۔ اصطلاح شرع میں مومن کو مسلم کہا جاتا ہے یہاں بقول ابن عباسؓ اس کے لغوی معنی مراد ہیں، یعنی مطیع وفرمانبردار کیونکہ ملکہ بلقیس کا اسلام لانا اس وقت ثابت نہیں بلکہ وہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس حاضر ہونے اور کچھ گفتگو کرنے کے بعد مسلمان ہوئی ہے جیسا کہ قرآن کریم کے آنے والے الفاظ سے ثابت ہوتا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ
بولا ایک دیو جنوں میں سے میں لا دیتا ہوں وہ تجھ کو پہلے
اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ
اس سے کہ تو اُٹھے اپنی جگہ سے

ایک دیو کا دعویٰ:

حضرت سلیمانؑ کا دربار روزانہ ایک معین وقت تک لگتا تھا۔ مطلب یہ ہے کہ اس سے پہلے کہ آپ دربار سے اُٹھ کر جائیں، میں تخت کو حاضر کر سکتا ہوں، مگر اس کو پھر کچھ عرصہ لگتا۔ حضرت سلیمانؑ اس سے بھی زیادہ جلدی چاہتے تھے۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ اَمِيْنٌ
اور میں اُس پر زور آور ہوں معتبر

زور آور، ہوں یعنی اپنی قوت بازو سے بہت جلد اٹھا کر لا سکتا ہوں، اللہ نے مجھ کو قدرت دی ہے اور معتبر ہوں، یعنی اس میں خیانت نہ کروں گا کہتے ہیں تخت بہت بیش قیمت تھا سونے چاندی کا اور لعل وجواہر جڑے تھے۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت سلیمان علیہ السلام بلقیس کو اللہ کی قدرت اور اس کا عطا کردہ معجزہ دکھانا چاہتے تھے بلقیس کی عقل کی آزمائش بھی مقصود تھی کہ (مرصع کاری کو) بدلنے کے بعد وہ اپنے تخت کو پہچان سکے گی یا نہیں۔

مسلمان ہو کر آنے سے پہلے کی (حسب صوابدید مفسرؒ) شرط اس لئے لگائی کہ مسلمان ہونے کے بعد تو بلقیس کی رضامندی کے بغیر اس کا تخت لینا حضرت سلیمان کے لئے حلال نہ تھا (اس فقیر مترجم کی نظر میں یہ توجیہ نامناسب ہے اس سے معصوم پیغمبر پر الزام عائد ہوتا ہے کہ حضرت سلیمان بلقیس کے تخت پر ہر حیلے اور بہانہ سے قبضہ کرنا چاہتے تھے حالانکہ حضرت سلیمانؑ کو اللہ نے سونے چاندی اور جواہر کے انبار عطا فرما دیئے تھے آپ کو کسی طرح کسی غیر مسلم کے مال کا لالچ نہیں ہو سکتا۔ (واللہ اعلم)

عفریت کا ترجمہ ضحاک نے کیا خبیث فراء نے کہا سخت طاقتور ابن قتیبہ نے کہا وہ جس کی تخلیقی ساخت مضبوط ہو اس کو عفریت کہتے ہیں اصل میں یہ لفظ عفر سے بنا ہے اور عفر مٹی کو کہتے ہیں۔ عافرہ اس سے کشتی لڑ کر اس کو مٹی

besturdubooks.wordpress.com

پر گرادیا۔ بہرحال۔ (تفسیر مظہری)

قَالَ الَّذِیْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْکِتٰبِ اَنَا اٰتِیْکَ بِهٖ

بولا وہ شخص جس کے پاس تھا ایک علم کتاب کا میں لائے دیتا ہوں

قَبْلَ اَنْ یَّرْتَدَّ اِلَیْکَ طَرْفُکَ

تیرے پاس اس کو پہلے اس سے کہ پھر آئے تیری طرف تیری آنکھ

آصف بن برخیا:

راجح یہ ہی معلوم ہوتا ہے کہ وہ شخص حضرت سلیمان کا صحابی اور وزیر آصف بن برخیا ہے جو کتب سماویہ کا عالم اور اللہ کے اسماء اور کلام کی تاثیر سے واقف تھا، اُس نے عرض کیا کہ میں چشم زدن میں تخت کو حاضر کر سکتا ہوں۔ آپ کسی طرف دیکھئے قبل اس کے کہ آپ اُدھر سے نگاہ ہٹائیں تخت آپ کے سامنے رکھا ہوگا۔ (تفسیر حقانی)

اکثر ائمہ تفسیر قتادہ وغیرہ سے ابن جریر نے نقل کیا ہے اور قرطبی نے اسی کو جمہور کا قول قرار دیا ہے کہ یہ کوئی شخص حضرت سلیمان علیہ السلام کے اصحاب میں سے تھا۔ ابن اسحٰق نے اس کا نام آصف بن برخیا بتلایا ہے اور یہ کہ وہ حضرت سلیمان علیہ السلام کا دوست تھا، اور بعض روایات کے اعتبار سے اُن کا خالہ زاد بھائی بھی تھا جس کو اسم اعظم کا علم تھا جس کا خاصہ یہ ہے کہ اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے جو بھی دُعا کی جائے قبول ہوتی ہے اور جو کچھ مانگا جائے اللہ کی طرف سے عطا کر دیا جاتا ہے۔ اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کو اسم اعظم کا علم نہیں تھا کیونکہ یہ کچھ بعید نہیں کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے مصلحت اس میں دیکھی ہو کہ یہ عظیم کارنامہ ان کی امت کے کسی آدمی کے ذریعہ ظاہر ہو جس سے بلقیس پر اور زیادہ اثر پڑے۔

معجزہ اور کرامت میں فرق:

حقیقت یہ ہے کہ جس طرح معجزہ میں اسباب طبعیہ کا کوئی دخل نہیں ہوتا بلکہ وہ براہِ راست حق تعالیٰ کا فعل ہوتا ہے جیسا کہ قرآن کریم میں فرمایا ہے وَمَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰهَ رَمٰی اسی طرح کرامت میں بھی اسباب طبعیہ کا کوئی دخل نہیں ہوتا براہِ راست حق تعالیٰ کی طرف سے کوئی کام ہو جاتا ہے۔ اور معجزہ اور کرامت دونوں خود صاحب معجزہ و کرامت کے اختیار میں بھی نہیں ہوتے۔ ان دونوں میں فرق صرف اتنا ہے کہ ایسا کوئی خارق عادت کام اگر کسی صاحب وحی نبی کے ہاتھ پر ہو تو معجزہ کہلاتا ہے غیر نبی کے ذریعہ اس کا ظہور ہو تو کرامت کہلاتی ہے اس واقعہ میں اگر یہ روایت صحیح ہے کہ یہ عمل حضرت سلیمان علیہ السلام کے اصحاب میں سے آصف بن برخیا کے ذریعہ ہوا تو یہ اُن کی کرامت کہلائے گی اور ہر ولی کے کمالات چونکہ ان کے رسول و پیغمبر کے کمالات کا عکس اور انہی سے مستفاد ہوتے ہیں اس لئے اُمت کے اولیاء اللہ کے ہاتھوں جتنی کرامتوں کا ظہور ہوتا رہتا ہے یہ سب رسول کے معجزات میں شمار ہوتے ہیں۔

اکثر مفسرین نے صراحت کی ہے کہ وہ آصف بن برخیا تھے جو صدیقیت کے مرتبہ پر فائز تھے اللہ کا اسم اعظم ان کو معلوم تھا جب اسم اعظم لے کر اللہ سے دعا کرتے تھے تو اللہ ان کی دعا قبول فرما لیتا تھا اور ان کا سوال پورا کر دیتا تھا جریر اور مقاتل نے بوساطت ضحاک حضرت ابن عباسؓ کی طرف اس بیان کی نسبت کی ہے کہ آصف نے نماز کے بعد حضرت سلیمان سے کہا جہاں تک آپ کی نظر پہنچے اپنی آنکھیں اٹھا کر دیکھئے حضرت سلیمان نے نظر اٹھا کر یمن کی طرف دیکھا اور آصف نے دعا کی فوراً اللہ نے فرشتوں کو بھیج دیا فرشتوں نے تخت اٹھا لیا اور زمین کو اندر ہی اندر چیرتے ہوئے لا کر حضرت سلیمان کے سامنے رکھ دیا۔

تختِ بلقیس کا واقعہ کرامت تھی یا تصرف:

تصرف اصطلاح میں خیال و نظر کی طاقت استعمال کر کے حیرت انگیز کام صادر کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے جس کے لئے نبی یا ولی بلکہ مسلمان ہونا بھی شرط نہیں، وہ مسمریزم جیسا ایک عمل ہے۔ صوفیائے کرام نے اصلاح مریدین کے لئے کبھی کبھی اس کو استعمال کیا ہے۔

رہا یہ شبہ کہ ان کا یہ کہنا کہ اَنَا اٰتِیْکَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ یَّرْتَدَّ اِلَیْکَ طَرْفُکَ یعنی میں یہ تخت آنکھ جھپکنے سے پہلے لا دوں گا، یہ علامت اس کی ہے کہ یہ کام اُن کے قصد و اختیار سے ہوا جو علامت تصرف کی ہے کیونکہ کرامت ولی کے اختیار میں نہیں ہوتی تو اس کا یہ جواب ہو سکتا ہے کہ ممکن ہے اللہ تعالیٰ نے ان کو یہ اطلاع کر دی ہو کہ تم ارادہ کرو گے تو ہم یہ کام اتنی جلدی کر دیں گے۔ یہ تقریر حضرت سیدی حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہٗ کی ہے جو احکام القرآن میں سورۂ نمل کی تفسیر لکھنے کے وقت حضرت نے ارشاد فرمائی تھی، اور تصرف کی حقیقت اور اس کے احکام پر حضرت کا ایک مستقل رسالہ بنام التصرف عربی زبان میں تھا۔ جس کا اُردو ترجمہ احقر نے لکھا تھا وہ جداگانہ شائع ہو چکا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ اس شخص کا نام آصف بن برخیا تھا جو سلیمان علیہ السلام کا صحابی اور ان کا وزیر تھا۔ جو کتب الٰہیہ کا عالم تھا اور اسماء الٰہیہ کے خواص اور تاثیرات سے واقف تھا دیکھو تفسیر ابن کثیر ص ۳۶۴ ج ۳ و روح المعانی ص ۱۸۳ ج ۱۹۔ سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کہ اچھا اس نے عرض کیا کہ آپ اللہ کے نبی ہیں اور نبی کے بیٹے ہیں آپ اللہ سے دُعا

besturdubooks.wordpress.com

فرمایئے آپ اگر اللہ سے دُعاء کریں گے تو حاضر ہو جائیگا حضرت سلیمانؑ نے دعاء کی تو فوراً تخت حاضر ہو گیا (دیکھو زادالمسیر ص ۵۷)

تخت کا اس طرح طرفۃ العین میں حاضر ہو جانا سلیمان علیہ السلام کا معجزہ تھا اور ان کے صحابی کی کرامت تھی۔ کیونکہ صحابی کو یہ مرتبہ اپنے نبی کی متابعت سے ملا یہ بھی ممکن تھا کہ خود سلیمان علیہ السلام اس تخت کو لے آتے لیکن اللہ تعالیٰ نے یہ کام ان کے خادم کے ہاتھ سے کرایا تا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے مزید اعزاز و اکرام کا سبب بنے کہ یہ شخص اللہ کا اس درجہ مقبول بندہ ہے کہ اس کے خادم ایسے ہیں جن سے ایسی کرامتیں ظہور میں آ رہی ہیں۔

(فائدہ) اور طرفۃ العین میں اس طرح تخت کا حاضر ہو جانا عقلاً محال نہیں اور موجودہ سائنس کی تحقیق پر اجسام کی تیز رفتاری کی کوئی حد مقرر نہیں ابھی تک تو بندہ کی قدرت کا بھی صحیح اندازہ نہیں ہو سکا کہ کہاں تک پہنچے گی تو خدائے قادر مطلق کی قدرت کی کون حد مقرر کر سکتا ہے۔ (معارف کاندھلوی)

آصف بن برخیا کی دُعاء:

بعض اہلِ روایت کا کہنا ہے یہ مسافت دو مہینے کی راہ کے برابر تھی آصف نے کیا دعا مانگی تھی مجاہد نے کہا یاذا الجلال والاکرام کہا تھا یعنی یہ اسم اعظم ہے کلبی نے کہا یاحی یا قیوم تھا (یہی اسم اعظم ہے) حضرت عائشہؓ کا بھی یہی قول ہے۔

زہری کا قول مروی ہے کہ جس کے پاس علم کتاب تھا اس نے اس طرح دعا کی تھی یا الٰھنا وَالٰہ کُلِ شیٔ الٰھاً وَاحداً لَا اِلٰہ اِلا انْتَ ائتنی بعرشھا اے ہمارے معبود اور ہر چیز کے تنہا معبود تیرے سوا کوئی معبود نہیں میرے پاس اس کا تخت لے آ۔

اللہ کے اسم اعظم کی بحث ہم نے سورۂ آل عمران کے شروع میں تفصیل کیساتھ لکھ دی ہے میرے نزدیک زہری کا قول قابلِ ترجیح ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّیْ
پھر جب دیکھا اُس کو دھرا ہوا اپنے پاس کہا یہ میرے رب کا فضل ہے

فضل الٰہی کا شکر:

یعنی یہ ظاہر کے اسباب سے نہیں آیا، اللہ کا فضل ہے کہ میرے رفیق اس درجہ کو پہنچے جن سے ایسی کرامات ظاہر ہونے لگیں۔ اور چونکہ ولی کی خصوصاً صحابی کی کرامت اُس کے نبی کا معجزہ اور اُس کے اتباع کا ثمرہ ہوتا ہے اس لئے حضرت سلیمان پر بھی اُس کی شکر گزاری عائد ہوئی، (تنبیہ) معلوم ہوا کہ اعجاز و کرامت فی الحقیقت خداوند قدیر کا فعل ہے جو ولی یا نبی کے ہاتھ پر خلاف معمول ظاہر کیا جاتا ہے پس جس کی قدرت سے سورج یا زمین کا کرہ ایک لمحہ میں ہزاروں میل کی مسافت طے کر لیتا ہے اسے کیا مشکل ہے کہ تخت بلقیس کو پلک جھپکنے میں مارب سے شام پہنچا دے حالانکہ تخت بلقیس کو سورج اور زمین سے ذرہ اور پہاڑ کی نسبت ہے۔

لِيَبْلُوَنِیْٓ ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ
میرے جانچنے کو کہ میں شکر کرتا ہوں یا ناشکری

حضرت سلیمان ہر ہر قدم پر حق تعالیٰ کی نعمتوں کو پہچانتے اور ہمہ وقت شکر گزاری کے لئے تیار رہتے تھے گویا یہ اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا کے حکم کی تعمیل تھی۔ (تفسیر عثمانی)

لِيَبْلُوَنِیْٓ یعنی اس کا یہ فضل مجھ پر میری جانچ کرنے کے ہے شکراً کہ کیا میں اس کی نعمت کا شکر کرتا ہوں اور محض اس کی مہربانی سمجھتا ہوں اپنی طاقت اور قوت کا نتیجہ نہیں قرار دیتا اور پھر اس عطیۂ خداوندی کا حق ادا کرتا ہوں۔ اَمْ اَكْفُرُ یا ناشکری کرتا ہوں کہ اپنے آپ کو اس کا مستحق قرار دیتا ہوں یا اس کا حق ادا کرنے میں قصور کرتا ہوں۔ (تفسیر مظہری)

وَمَنْ شَكَرَ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ
اور جو کوئی شکر کرے، سو شکر کرے اپنے واسطے اور جو کوئی ناشکری کرے سو
رَبِّیْ غَنِیٌّ كَرِيْمٌ ﴿۴۰﴾
میرا رب بے پرواہ ہے کرم والا

شکر گزاری کا نفع:

یعنی شکر گزاری کا نفع شاکر ہی کو پہنچتا ہے کہ دنیا و آخرت میں مزید انعامات مبذول ہوتے ہیں ناشکری کرے گا تو خدا کا کیا نقصان وہ ہمارے شکریوں سے قطعاً بے نیاز اور بذاتِ خود کامل الصفات اور منبع الکمالات ہے۔ ہمارے کفرانِ نعمت سے اس کی کسی صفت کمالیہ میں کمی نہیں آ جاتی۔ یہ بھی اُس کا کرم ہے کہ ناشکروں کو فوراً سزا نہیں دیتا۔ ایسے کریم کی ناشکری کرنے والا پرلے درجہ کا بیحیا اور احمق ہے۔ (تفسیر عثمانی)

الشکر قید النعمۃ الموجودۃ وصید النعمۃ المفقودۃ شکر موجودہ نعمت کو روک رکھتا ہے اور غیر موجود نعمت کا شکار کرتا ہے (یعنی زیادت نعمت کا ذریعہ ہے) شکر کرنے سے صاحب نعمت کی ذمہ داری پوری ہو جاتی ہے وہ حق واجب کر دیتا ہے اور اس کا درجہ عنداللہ اونچا ہو جاتا ہے اور آخرت میں ثواب کا استحقاق پیدا ہو جاتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کھانے والا شکر ادا کرنے والا (یعنی کھا کر شکر ادا کرنے والا) صابر روزہ دار کی مثل ہے رواہ احمد والترمذی وابن ماجہ والحاکم بسند صحیح عن ابی ھریرہؓ

besturdubooks.wordpress.com

امام احمد اور ابن ماجہ نے صحیح سند کے ساتھ حضرت سنان بن سنہ کی روایت سے یہ حدیث ان الفاظ کے ساتھ نقل کی ہے کھانے والے (پھر اس کا) شکر کرنے والے کے لئے اتنا ہی اجر ہے جیسے صابر روزہ دار کا۔

غنی یعنی اس کے شکر سے بے پرواہ ہے کریم یعنی شاکر اور کافر سب کو دیتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

قَالَ نَكِّرُوا لَهَا عَرْشَهَا نَنظُرْ أَتَهْتَدِي أَمْ تَكُونُ
کہا روپ بدل دکھلاؤ اس عورت کے آگے اسکے تخت کا ہم دیکھیں سمجھ پاتی ہے یا ان لوگوں

مِنَ الَّذِينَ لَا يَهْتَدُونَ ﴿٤١﴾
میں ہوتی ہے جن کو سمجھ نہیں

تخت کے رنگ و روپ میں تبدیلی:

یعنی تخت کا رنگ روپ تبدیل کر دو۔ اور اس کی وضع و ہیئت بدل ڈالو، جسے دیکھ کر بلقیس بآسانی نہ سمجھ سکے۔ اس سے بلقیس کی عقل و فہم کو آزمانا تھا کہ ہدایت پانے کی استعداد اُس میں کہاں تک موجود ہے۔ (تفسیر عثمانی)

سلیمانؑ نے (بلقیس کی سمجھ کو جانچنے کے لئے) حکم دیا اس کے لئے اس کے تخت کی صورت بدل دو ہم دیکھیں کہ اس کو صحیح پتہ لگتا ہے یا اس کا شمار انہی لوگوں میں ہے جو (ایسی باتوں کا) پتہ نہیں لگا سکتے۔ نکروا یعنی تخت کو ایسا کر دو کہ وہ پہچان نہ سکے۔ (اس کو اپنا نہیں کوئی غیر تخت محسوس ہو۔ مترجم) روایت میں آیا ہے کہ حسب الحکم تخت کے نچلے حصہ کو بالائی اور بالائی حصہ کو نچلا کر دیا گیا۔ اور سرخ جواہر کی جگہ سبز جواہر جڑ دیئے گئے اور سبز کی جگہ سرخ۔

اَتَهْتَدِي کیا وہ اپنے تخت کو شناخت کرنے کی راہ پالے گی (کسی طریقہ سے شناخت کر سکے گی)

تخت کے ذریعہ بلقیس کے امتحان کی حکمت:

سلیمانؑ نے ایسا کیوں کیا اس کے متعلق وہب بن منبہ اور کعبؓ وغیرہ کا بیان ہے کہ شیاطین کو یہ اندیشہ تھا کہ سلیمانؑ بلقیس سے عقد نہ کر لیں اگر ایسا کر لیا تو جنات کے سارے راز وہ سلیمانؑ سے کہہ دے گی کیونکہ اس کی ماں پری تھی وہ جنات کی خفیہ باتوں سے واقف تھی پھر اگر کوئی اولاد ہو گئی تو سلیمانؑ کے بعد اس کے زیر حکم رہنا پڑے گا اور یہ نسل سلیمانی کی غلامی کبھی دور نہ ہو گی اس لئے حضرت سلیمانؑ کو نفرت دلانے کے لئے شیاطین نے حضرت سلیمانؑ سے بلقیس کی مذمت کی اور کہا اس کی عقل میں کچھ کمزوری ہے اس کے دونوں قدم گدھے کے سم کی طرح ہیں اس کی پنڈلیوں پر بال ہیں اسی اطلاع کی بنیاد پر حضرت سلیمان نے تخت کی صورت بدل ڈالنے کا حکم دیا تاکہ بلقیس کی عقل کی جانچ ہو جائے اور پنڈلیاں دیکھنے کے لئے ایک شیشہ گھر بنانے کا حکم دیا۔ (تفسیر مظہری)

فَلَمَّا جَاءَتْ قِيلَ أَهَٰكَذَا عَرْشُكِ ۖ قَالَتْ كَأَنَّهُ هُوَ
پھر جب وہ آ پہنچی کسی نے کہا کیا ایسا ہی ہے تیرا تخت بولی گویا یہ وہی ہے

بلقیس کی دانائی:

نہ کہا ہاں وہ ہی ہے اور نہ بالکل نفی کی، جو حقیقت تھی ٹھیک ٹھیک ظاہر کر دی کہ تخت وہ ہی ہے مگر کچھ اوصاف میں فرق آ گیا۔ اور فرق چونکہ معتدبہ نہیں اس لئے کہہ سکتے ہیں کہ گویا وہ ہی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

پھر جب وہ آ گئی تو اس سے کہا گیا آپ کا تخت بھی ایسا ہی ہے ملکہ نے کہا ایسا معلوم ہوتا ہے بعینہ یہ وہی ہے اہکذا عرشک۔ یہ اشتباہی لفظ بلقیس کی عقل کی آزمائش کے لئے کیا گیا مقاتل کا بیان ہے کہ بلقیس نے اپنا تخت پہچان تو لیا تھا لیکن اشتباہی الفاظ میں اس نے جواب اس لئے دیا کہ اس سے مشتبہ الفاظ میں ہی سوال کیا گیا تھا بعض نے کہا واقعی وہ پوری یقینی شناخت نہیں کر پائی تھی اس لئے نہ کھل کر اقرار کیا نہ انکار حضرت سلیمانؑ اس طرز کلام سے اس کی دانشمندی کو پہچان گئے۔ پھر اس سے کہا گیا واقعی یہ تخت آپ ہی کا ہے لیکن آپ نے دیکھا کہ سات دروازوں میں مقفل ہونے اور چوکیداروں کی حفاظت کرنے سے یہ محفوظ نہ رہ سکا۔ اس پر بلقیس نے جواب دیا۔ (تفسیر مظہری)

وَأُوتِينَا الْعِلْمَ مِن قَبْلِهَا وَكُنَّا مُسْلِمِينَ ﴿٤٢﴾
اور ہم کو معلوم ہو چکا پہلے سے ، اور ہم ہو چکے حکم بردار

بلقیس کے یقین کا اظہار:

یعنی اس معجزہ کی حاجت نہ تھی ہم کو پہلے ہی یقین ہو چکا تھا کہ سلیمان محض بادشاہ نہیں۔ اللہ کے مقرب بندہ ہیں اور اسی لئے ہم نے فرمانبرداری اور تسلیم وانقیاد کا رستہ اختیار کر لیا۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی دوسری نشانیوں سے ہم نے آپ کی نبوت کو جان لیا تھا ہدہد کا خط ڈالنا اور ہمارے تحفوں کو واپس کر دینا اور قاصدوں کے ذریعہ سے پیام بھیجنا بعض علماء نے کہا کہ وَأُوتِينَا الْعِلْمَ مِن قَبْلِهَا وَكُنَّا مُسْلِمِينَ حضرت سلیمانؑ اور آپ کے ساتھیوں کا کلام ہے یعنی ہم تو اللہ کی قدرت اور ہر حکم خدا کی صحت کو اس واقعہ سے پہلے ہی جانتے ہیں اور ہم اس کے بھیجے ہوئے دین پر قائم ہیں اور برابر اس کے اطاعت گزار اور فرمانبردار ہیں۔ اس وقت اس کلام کی غرض ہو گی محض اللہ کی نعمتوں کا ذکر اور ان کے شکر کا اظہار بعض اہل علم نے یہ مطلب بیان کیا ہے کہ ہم کو بلقیس کے ایمان لانے اور آنے سے پہلے اطاعت گزار

besturdubooks.wordpress.com

ہو جانے کا علم ہو چکا تھا اور ہم اللہ کے فرماں بردار ہیں۔ (تفسیر مظہری)

وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
اور روک دیا اُس کو ان چیزوں سے جو پوجتی تھی اللہ کے سوائے
اِنَّهَا كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿۴۳﴾
البتہ وہ تھی　منکر لوگوں میں

حضرت سلیمانؑ نے بلقیس کو شرک سے منع کیا:

یعنی حق تعالیٰ نے یا سلیمان علیہ السلام نے حق تعالیٰ کے حکم سے ملکۂ بلقیس کو آفتاب وغیرہ کی پرستش سے روک دیا جس میں وہ بمعیت اپنی قوم کے مبتلا تھی۔ یا یہ مطلب ہے کہ سلیمان علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہونے تک جو علانیہ اسلام کا اظہار نہیں کیا اس کا سبب یہ ہے کہ جھوٹے معبودوں کے خیال اور قوم کفار کی تقلید وصحبت نے اس کو ایسا کرنے سے روک رکھا تھا۔ نبی کی صحبت میں پہنچ کر وہ روک جاتی رہی، ورنہ سلیمان علیہ السلام کی صداقت کا اجمالی علم اس کو پہلے ہی ہو چکا تھا۔ (تفسیر عثمانی)

بعض نے کہا شیشہ کا صحن خانہ تیار کرنے کا حکم دیا جس کے نیچے پانی ہی پانی رکھا اور پانی میں مینڈکیاں اور طرح طرح کی مچھلیاں چھوڑ دیں پھر اس صحن کے شہ نشین میں اپنا تخت بچھوا دیا اور اس پر رونق افروز ہو گئے پرندے جنات اور انسان آپ کے اردگرد جمع ہو گئے بعض کا خیال ہے شیشہ کا ایک صحن تیار کرایا تھا جس کے نیچے مچھلیوں اور مینڈکیوں کی مورتیں رکھی تھیں دیکھنے والا اس کو پانی ہی سمجھتا تھا۔ غرض اس کے بعد بلقیس کو بلوایا۔ (تفسیر مظہری)

قِيْلَ لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ ۚ فَلَمَّا رَاَتْهُ حَسِبَتْهُ
کسی نے کہا اُس عورت کو اندر چل محل میں پھر جب دیکھا اُس کو خیال کیا
لُجَّةً وَّكَشَفَتْ عَنْ سَاقَيْهَا
کہ وہ پانی ہے　گہرا اور کھولیں اپنی پنڈلیاں

بلقیس حضرت سلیمانؑ کے دربار کو سمجھ نہ سکی:

یعنی پانی میں گھسنے کے لئے پائنچے چڑھا لئے جیسے عام قاعدہ ہے کہ پانی کی گہرائی پوری طرح پر معلوم نہ ہو تو گھسنے والا شروع میں پائنچے چڑھا لیتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَكَشَفَتْ عَنْ سَاقَيْهَا اور اپنی پنڈلیوں سے کپڑا ہٹایا تاکہ میں داخل ہو جاؤں۔ ابن ابی شیبہ ابن المنذر عبد بن حمید اور ابن ابی حاتم نے حضرت ابن عباسؓ کے نقل کردہ ایک طویل بیان میں کہا ہے کہ بلقیس کے آنے سے پہلے حضرت سلیمان نے ایک قصر بنوایا جس کا صحن سفید آبگینہ کا رکھا اور اس کے نیچے پانی چھوڑ دیا پانی کے نیچے آبی جانور بھی چھوڑ دیئے اور اپنے تخت کو اس صحن کے شہ نشین پر بچھوایا اور تخت پر تشریف فرما ہو گئے جب بلقیس آئی اور اس نے صحن کو دیکھا تو گہرا پانی خیال کیا اور پنڈلیوں سے کپڑا اٹھا دیا تاکہ پانی میں گھس کر سلیمان کے پاس پہنچ جائے سلیمان نے اس کی طرف دیکھا تو پنڈلیاں اور قدم بہت ہی خوبصورت دکھائی دیئے البتہ پنڈلیوں پر بال تھے سلیمان نے دیکھ کر نظر پھیر لی۔

نکاح سے پہلے عورت کو دیکھنا:

علماء نے اسی جگہ سے یہ مطلب اخذ کیا ہے کہ اگر اجنبی عورت کو نکاح کا پیام دینا ہو تو اس کو دیکھ لینا جائز ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا تم میں سے جب کوئی کسی عورت کو نکاح کا پیام دے اور وہ حصہ بدن (چہرہ وغیرہ) دیکھنا ممکن ہو جس کو دیکھ کر نکاح کر سکے تو ایسا کر لے۔ رواہ ابوداؤد عن جابر وروی احمد والترمذی والنسائی وابن ماجہ والدارمی عن مغیرۃ بن شعبۃ۔ حضرت مغیرہ کا بیان ہے میں نے ایک عورت کو نکاح کا پیام بھجوایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا کیا تم نے اس کو دیکھ لیا ہے میں نے کہا نہیں فرمایا تو اس کو دیکھ لو تم دونوں کے آپس میں محبت پیدا کرنے کے لئے یہ بات مناسب ہے۔ (تفسیر مظہری)

قَالَ اِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِيْرَ ۬
کہا یہ تو ایک محل ہے　جڑے ہوئے ہیں اس میں شیشے

حضرت سلیمانؑ نے بلقیس کو حقیقت بتلائی:

حضرت سلیمان علیہ السلام دیوانخانہ میں بیٹھے تھے۔ اُس میں پتھروں کی جگہ شیشے کا فرش تھا۔ صاف شیشہ دور سے نظر آتا کہ پانی لہرا رہا ہے۔ اور ممکن ہے شیشہ کے نیچے واقعی پانی ہو یعنی حوض کو شیشہ سے پاٹ دیا ہو۔ اُس نے پانی میں گھسنے کے لئے پنڈلیاں کھولیں۔ سلیمان نے پکارا کہ یہ شیشے کا فرش ہے پانی نہیں، اُس کو اپنی عقل کا قصور اور ان کی عقل کا کمال معلوم ہوا۔ سمجھی کہ دین میں بھی جو یہ سمجھے ہیں وہ ہی صحیح ہوگا۔ اور یہ بھی پتہ لگ گیا کہ جس ساز وسامان پر اُس کی قوم کو ناز تھا، یہاں اُس سے بڑھ کر سامان موجود ہے۔ گویا سلیمان علیہ السلام نے اُس کو متنبہ فرما دیا کہ آفتاب وستاروں کی چمک پر مفتوں ہو کر انہیں خدا سمجھ لینا ایسا ہی دھوکہ ہے جیسے آدمی شیشہ کی چمک دیکھ کر پانی گمان کر لے۔ (تفسیر عثمانی)

قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَاَسْلَمْتُ
بولی اے رب میں نے برا کیا ہے　اپنی جان کا　اور میں حکمبردار ہوئی
مَعَ سُلَيْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۴﴾
ساتھ سلیمان کے اللہ کے آگے جو رب ہے سارے جہان کا

besturdubooks.wordpress.com

بلقیس کے اسلام کا اعلان:

یعنی اے پروردگار! میں تیری حکمبر دار ہو کر سلیمان کا راستہ اختیار کرتی ہوں۔ اب تک میں نے اپنی جان پر بڑا ظلم کیا کہ شرک و کفر میں مبتلا رہی، اب اُس سے تائب ہو کر تیری بارگاہ ربوبیت کی طرف رجوع کرتی ہوں۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت سلیمانؑ کا بلقیس سے نکاح:

ابن عساکر نے حضرت عکرمہؓ سے روایت کیا ہے کہ اس کے بعد بلقیس حضرت سلیمان علیہ السلام کے نکاح میں آ گئی اور اس کو اس کے ملک پر برقرار رکھ کر یمن واپس بھیج دیا۔ ہر مہینے حضرت سلیمان علیہ السلام وہاں تشریف لے جاتے اور تین روز قیام فرماتے تھے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس کے لئے یمن میں تین عمدہ محلات ایسے تیار کرا دیئے تھے جس کی مثال ونظیر نہیں تھی واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔ (معارف مفتی اعظم)

علماء تفسیر وسیر میں یہ مشہور ہے کہ ملکہ سبا کے اسلام لانے کے بعد سلیمان علیہ السلام نے اس سے نکاح فرمالیا۔ ملکہ سبا غیر شادی شدہ تھی۔ والمشھور انه علیه السلام تزوجها و الیه ذهب جماعة من اهل الاخبار تفسیر روح المعانی ص۱۸۹ ج۱۹۔ (معارف کاندھلوی)

حضرت سلیمانؑ نے جب بلقیس سے نکاح کر لیا تو آپ کو بلقیس سے بڑی محبت ہو گئی اور یمن کی سلطنت پر اس کو برقرار رکھا۔ اور حضرت سلیمان کے حکم سے جنات نے یمن میں تین قلعے اتنے اونچے بنائے کہ ایسے اونچے اور خوبصورت قلعے کسی نے نہ دیکھے ہوں گے ان کے نام تھے سلحون سنون اور عمدان جب حضرت سلیمان نے بلقیس کو ان کے ملک میں واپس کر دیا تو ہر مہینے ملاقات کے لئے ایک بار جایا کرتے تھے اور تین روز وہاں قیام پذیر رہتے تھے صبح کو شام سے یمن کو چل دیتے تھے اور پھر صبح کو ہی یمن سے شام کو روانہ ہو جاتے تھے بلقیس کے بطن سے حضرت سلیمان کا ایک لڑکا بھی ہوا۔

کہا گیا ہے کہ ۱۳ سال کی عمر میں حضرت سلیمان کو حکومت ملی تھی اور ۵۳ سال کی عمر پا کر آپ کی وفات ہوئی "سبحان الله من لازوال لملکه" پاک ہے وہ خدا جس کی حکومت کو کبھی زوال نہیں۔

لا ملک سلیمان ولا بلقیس — لا آدم فی الکون ولا ابلیس

والکل فصورۃ وانت المعنی — یا من ھو للقلوب مقناطیس

نہ سلیمان کی حکومت (کوئی حقیقت رکھتی) ہے نہ بلقیس نہ آدم اس کائنات میں وجود (حقیقی) رکھتے ہیں نہ ابلیس اے وہ ذات جو دلوں کو اپنی طرف کھینچنے والی مقناطیس ہے تو ہی حقیقت ہے اور کل جہان صورت۔ (تفسیر مظہری)

بلقیس کی ایک بدگمانی:

آیت کی تفسیر میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ جب بلقیس صحن پر پہنچی اور اس کو کنڈ سمجھی تو خیال کیا کہ سلیمان مجھے غرق کرنا چاہتے ہیں اس سے تو قتل ہونا آسان ہے پھر جب حقیقت ظاہر ہو گئی تو کہنے لگی میں نے سلیمان پر بدگمانی کر کے اپنے اوپر ظلم کیا اب میں نے توبہ کی اور اسلام لے آئی۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ
اور ہم نے بھیجا تھا ثمود کی طرف اُن کے بھائی صالح کو کہ بندگی کرو اللہ کی
فَاِذَا هُمْ فَرِيْقٰنِ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۴۵﴾
پھر وہ تو دو فرقے ہو کر لگے جھگڑنے

قوم ثمود میں گروہ بندی:

یعنی ایک ایمان والے اور ایک منکر، جیسے مکہ کے لوگ پیغمبر کے آنے سے جھگڑنے لگے۔ قوم ثمود کے جھگڑنے کی قدرے تفصیل سورۂ اعراف کی ان آیات میں گزر چکی۔ قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِمَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ الخ (اعراف۔ رکوع ۱۰) (تفسیر عثمانی)

قَالَ يٰقَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُوْنَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ
کہا اے میری قوم کیوں جلدی مانگتے ہو برائی کو پہلے بھلائی سے
لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۶﴾
کیوں نہیں گناہ بخشواتے اللہ سے شاید تم پر رحم ہو جائے

حضرت صالح علیہ السلام اور ان کی قوم:

حضرت صالح علیہ السلام نے اُن کو بہت سمجھایا ہر طرح فہمائش کی اور آخرت میں عذاب کی دھمکی دی۔ جس پر وہ کہنے لگے يٰصٰلِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ (اعراف۔ رکوع ۱۰) یعنی سچا ہے تو عذاب الٰہی ہم پر لے آ، دیر کس بات کی ہے۔ حضرت صالح علیہ السلام نے فرمایا کہ کم بختو! ایمان و توبہ اور بھلائی کی راہ تو اختیار نہیں کرتے جو دنیا و آخرت میں کام آئے۔ اُلٹے بُرائی طلب کرنے میں جلدی مچا رہے ہو۔ بُرا وقت آ پڑے گا تو ساری طمطراق ختم ہو جائیگی۔ ابھی موقع ہے کہ گناہوں سے توبہ کر کے محفوظ ہو جاؤ۔ کیوں توبہ واستغفار نہیں کرتے حق تعالیٰ عذاب کی جگہ اپنی رحمتیں تم پر نازل فرمائے۔ (تفسیر عثمانی)

قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ
بولے ہم نے منحوس قدم دیکھا تجھ کو اور تیرے ساتھ والوں کو

besturdubooks.wordpress.com

قوم کا حضرت صالح علیہ السلام پر الزام:

یعنی جب سے تیرا منحوس قدم آیا ہے اور یہ باتیں شروع کی ہیں ہم پر قحط وغیرہ کی سختیاں پڑتی جاتی ہیں اور گھر گھر میں لڑائی جھگڑے شروع ہو گئے۔ (تفسیر عثمانی)

قَالَ طٰۤئِرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ
کہا تمہاری بری قسمت اللہ کے پاس ہے

یعنی یہ سختیاں یا برائیاں میری وجہ سے نہیں۔ تمہاری بدقسمتی سے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے تمہاری شرارتوں اور بداعمالیوں کے سبب سے مقدر کی ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُوْنَ ﴿۴۷﴾
کچھ نہیں تم لوگ جانچے جاتے ہو

یعنی کفر کی شامت سے تم پر سختی پڑی ہے کہ دیکھیں سمجھتے ہو یا نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ
اور تھے اُس شہر میں نو شخص کہ خرابی کرتے
فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ﴿۴۸﴾
ملک میں اور اصلاح نہ کرتے

قوم ثمود کے نو سردار:

یہ نو شخص شاید نو جماعتوں کے سردار ہوں گے جن کا کام ملک میں فساد پھیلانے اور خرابی ڈالنے کے سوا کچھ نہ تھا۔ اصلاح ودرستی کی طرف اُن کا قدم کبھی نہ اُٹھتا تھا مکہ میں بھی کافروں کے نو سردار تھے جو ہمہ وقت اسلام کی بیخ کنی اور پیغمبر کی دشمنی میں ساعی رہتے تھے بعض مفسرین نے ان کے نام لکھے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

تسعۃ رھط لفظ رھط جماعت کے معنے میں آتا ہے۔ یہاں نو اشخاص میں سے ہر شخص کو رھط کے لفظ سے شاید اس لئے تعبیر کیا گیا ہے کہ یہ لوگ اپنے مال ودولت اور جاہ وحشم کے سبب قوم کے بڑے مانے جاتے تھے اور ہر ایک کے ساتھ الگ الگ جماعتیں تھیں، اس لئے ان نو آدمیوں کو نو جماعتیں فرمایا۔ یہ لوگ قوم صالح علیہ السلام کی بستی یعنی حجر کے بڑے مانے جاتے تھے۔ حجر ملک شام میں معروف مقام ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَاَهْلَهٗ ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ
بولے کہ آپس میں قسم کھاؤ اللہ کی کہ البتہ رات کو جا پڑیں ہم اس پر اور اسکے گھر پر پھر کہہ دیں گے
لِوَلِيِّهٖ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ اَهْلِهٖ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۴۹﴾
اس کے دعوی کرنے والے کو ہم نے نہیں دیکھا جب تباہ ہوا اس کا گھر اور ہم بیشک سچ کہتے ہیں

حضرت صالح علیہ السلام پر حملہ کا پروگرام:

یعنی آپس میں معاہدے اور حلف ہوئے کہ سب مل کر رات کو حضرت صالح علیہ السلام کے گھر پر ٹوٹ پڑو اور کسی کو زندہ نہ چھوڑو۔ پھر جب کوئی ان کے خون کا دعویٰ کرنے والا کھڑا ہو تو کہہ دینا ہمیں خبر نہیں۔ ہم سچ کہتے ہیں کہ اُس گھر کی تباہی ہماری آنکھوں نے نہیں دیکھی۔ گویا ہم خود تو ایسی حرکت کیا کرتے اُس وقت موقع پر موجود بھی نہ تھے۔ اس طرح کی متفقہ سازش اور دروغ گوئی سے ہم میں ایک بھی ملزم نہ ٹھہر سکے گا جس سے اُن کے حمایتی خون بہا وصول کریں۔ (تفسیر عثمانی)

مطلب یہ تھا کہ ہم سب مل کر رات کے اندھیرے میں ان پر اور ان کے متعلقین پر چھاپہ ماریں، سب کو ہلاک کر دیں، پھر ان کے خون کا دعویدار وارث تحقق تفتیش کے لئے کھڑا ہوگا تو ہم یہ کہہ دیں گے کہ ہم نے تو فلاں آدمی کو نہ مارا، نہ مارتے کسی کو دیکھا، اور ہم اپنے اس قول میں اس لئے سچے ہوں گے کہ رات کے اندھیرے میں یہ تعیین کہ کس نے کس کو مارا ہمیں معلوم نہیں ہوگی۔

جھوٹ کی برائی:

اس میں ایک بات یہ قابل نظر ہے کہ یہ کفار اور ان میں سے بھی چیدہ بد معاش جو فساد میں معروف تھے یہ سارے کام شرک کفر اور قتل وغارت گری کے کر رہے ہیں اور کوئی فکر نہیں، مگر ان کو بھی یہ فکر لاحق ہوئی کہ ہم جھوٹ نہ بولیں یا جھوٹے قرار نہ دیئے جائیں۔ اس سے اندازہ لگایئے کہ جھوٹ کیسا بڑا گناہ ہے کہ سارے بڑے بڑے جرائم کے مرتکب بھی اپنی شرافت نفس اور عزت کی حفاظت کے لئے جھوٹ بولنے پر اقدام نہ کرتے تھے۔ دوسری بات اس آیت میں یہ قابل غور ہے کہ جس شخص کو ان لوگوں نے حضرت صالح علیہ السلام کا ولی قرار دیا ہے وہ تو انہی اہل صالح میں شامل تھا اس کو قتل کے ارادہ سے کیوں چھوڑ دیا۔ جواب یہ ہے کہ ممکن ہے وہ ولی خاندانی اعتبار سے ولی ہو مگر کافر ہو کافروں کے ساتھ ملا ہوا ہو صالح علیہ السلام اور ان کے متعلقین کے قتل کے بعد وہ ان کے خون کا دعویٰ اپنے نسبی تعلق کی بناء پر کرے اور یہ بھی ممکن ہے کہ وہ مسلمان ہی ہو مگر کوئی بڑا آدمی ہو جس کے قتل کرنے سے اپنی قوم میں اختلاف وانتشار کا خطرہ ہو اس لئے اس کو چھوڑ دیا، واللہ اعلم۔ (معارف مفتی اعظم)

وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا مَكْرًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۰﴾
اور انہوں نے بنایا ایک فریب اور ہم نے بنایا ایک فریب اور ان کو خبر نہ ہوئی ☆

ان کا مکر تو وہ جھوٹی سازش تھی اور خدا کا مکر تھا ان کو ڈھیل دینا کہ خوب دل کھول کر اپنی شرارتوں کی تکمیل کر لیں۔ تا مستحق عذاب عظیم ہونے میں کوئی حجت وعذر باقی نہ رہے وہ سمجھ رہے تھے کہ ہم حضرت صالح کا قصہ ختم کر رہے

besturdubooks.wordpress.com

ہیں یہ خبر نہ تھی کہ اندر اندر ان ہی کی جڑ کٹ رہی ہے اور ان ہی کا قصہ ختم ہو رہا ہے حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ ان کی ہلاکت کے اسباب پورے ہونے تھے شرارت جب تک حد کو نہ پہنچے ہلاکت نہیں آتی۔ (تفسیر عثمانی)

ان کا فساد اور ہلاکت:

یہی وہ لوگ تھے جو درہم کے سکے کو تھوڑا سا کتر لیتے تھے اور اسے چلاتے تھے۔ سکے کو کاٹنا بھی ایک طرح کا فساد ہے چنانچہ ابوداؤد وغیرہ میں حدیث ہے جس میں بلاضرورت سکے کو جو مسلمانوں میں رائج ہو کاٹنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے الغرض ان کا یہ فساد بھی تھا اور دیگر فساد بھی بہت سارے تھے اس ناپاک گروہ نے جمع ہو کر مشورہ کیا کہ آج رات کو صالح علیہ السلام کو اور اس کے گھرانے کو قتل کر ڈالو اس پر سب نے حلف اُٹھائے اور مضبوط عہد و پیمان کئے۔ لیکن یہ لوگ حضرت صالح تک پہنچیں اس سے پہلے عذاب خدا تعالیٰ ان تک پہنچ گیا اور ان کا ستیاناس کر دیا۔ اوپر سے ایک چٹان لڑھکتی ہوئی آئی اور ان سب سرداروں کے سر پھوٹ گئے سارے ہی ایک ساتھ مر گئے۔ ان کے حوصلے بہت بڑھ گئے تھے خصوصاً جب انہوں نے حضرت صالح والی اونٹنی کو قتل کیا، اور دیکھا کہ کوئی عذاب نہیں آیا تو اب نبی اللہ کے قتل پر آمادہ ہوئے۔ مشورے کیے کہ چپ چاپ اچانک اسے اور اس کے بال بچوں کو ہلاک کر دو اور اس کے ولی وارثوں اور قوم سے کہہ دو کہ ہمیں کیا خبر! اگر صالح نبی ہے تو وہ ہمارے ہاتھ لگنے کا نہیں ورنہ اسے بھی اس کی اونٹنی کے ساتھ سلا دو۔ اس ارادے سے چلے راہ میں ہی تھے جو فرشتے نے پتھر سے ان سب کے دماغ پاش پاش کر دیئے۔ ان کے مشوروں میں اور جو جماعت شریک تھی انہوں نے جب دیکھا کہ انہیں گئے ہوئے عرصہ ہوا اور واپس نہیں لوٹے تو یہ خبر لینے چلے۔ دیکھا کہ سب کے سر پھٹے ہوئے ہیں بھیجے نکلے پڑے ہیں اور سب مردہ ہیں۔ انہوں نے حضرت صالح علیہ السلام پر ان کے قتل کی تہمت رکھی اور انہیں مار ڈالنے کے لئے چڑھے لیکن ان کی قوم ہتھیار لگا کر آ گئی اور کہنے لگی دیکھو اس نے تم سے کہا ہے کہ تین دن میں عذاب خدا تعالیٰ تم پر آئے گا تم یہ تین دن گزر جانے دو اگر یہ سچا ہے تو اس کے قتل سے خدا تعالیٰ کو اور ناراض کرو گے اور زیادہ سخت عذاب آئیں گے اور اگر یہ جھوٹا ہے تو پھر تمہارے ہاتھ سے بچ کر کہاں جائے گا چنانچہ وہ لوگ چلے گئے۔ فی الواقع ان سے حضرت صالحؑ نے صاف فرما دیا تھا کہ تم نے خدا تعالیٰ کی اونٹنی کو قتل کیا ہے تو تم تین دن تک تو مزے اُڑا لو پھر خدا تعالیٰ کا سچا وعدہ ہو کر رہے گا۔ یہ لوگ حضرت صالحؑ کی زبانی یہ سن کر کہنے لگے یہ تو اتنی مدت کہہ رہا ہے آؤ ہم آج ہی اس سے فارغ ہو جائیں جس پتھر سے اونٹنی نکلی تھی اسی پہاڑی پر حضرت صالح علیہ السلام کی ایک مسجد تھی جہاں آپ نماز پڑھا کرتے تھے انہوں نے مشورہ کیا کہ جب وہ نماز کو آئے اسی وقت راہ میں قتل اس کا کام تمام کر دو۔ جب پہاڑی پر چڑھنے لگے تو دیکھا کہ اوپر سے ایک چٹان لڑھکتی ہوئی آ رہی ہے اس سے بچنے کے لئے ایک غار میں گھس گئے چٹان آ کر غار کے منہ پر اس طرح ٹھہر گئی کہ منہ بالکل بند ہو گیا سب کے سب ہلاک ہو گئے اور کسی کو پتہ بھی نہ چلا کہ کہاں گئے؟ انہیں یہاں یہ عذاب آیا وہاں باقی والے وہیں ہلاک کر دیئے گئے۔ نہ ان کی خبر انہیں ہوئی اور نہ ان کی انہیں۔ حضرت صالحؑ اور باایمان لوگوں میں سے کسی کا کچھ بھی نہ بگاڑ سکے اور اپنی جانیں خدا تعالیٰ کے عذابوں میں کھو دیں۔ انہوں نے مکر کیا ہم نے ان کی چال بازی کا مزہ انہیں چکھا دیا اور انہیں اس سے ذرا پہلے بھی مطلق علم نہ ہو سکا انجام کار ان کی فریب بازیوں کا یہ ہوا کہ سب کے سب تباہ و برباد ہوئے یہ ہیں ان کی بستیاں جو اوجڑ پڑی ہیں ان کے ظلم کی وجہ سے یہ ہلاک ہو گئے ان کے بارونق شہر تباہ کر دیئے گئے۔ ذی علم لوگ ان نشانوں سے عبرت حاصل کر سکتے ہیں ہم نے ایماندار متقیوں کو بال بال بچا لیا۔ (تفسیر ابن کثیر)

مَكَرُوْا مَكْرًا یعنی انہوں نے غداری کی کہ شب خوں مار کر صالح کو قتل کر ڈالنے کا باہم مشورہ طے کر لیا۔ وَمَكَرْنَا مَكْرًا یعنی ہم نے بھی ان کو ہلاک کرنے کا سبب اسی بات کو بنا دیا۔ كَيْفَ كَانَ میں استفہام تعجبی ہے تعجب کے ساتھ ان کے انجام پر نظر کرو اَنَّا دَمَّرْنٰهُمْ کہ ہم نے ان کو ہلاک کر دیا ان نو آدمیوں کو ہلاک کس طرح کیا گیا اس کے متعلق روایات میں اختلاف ہے حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا اللہ نے فرشتوں کو صالح علیہ السلام کے مکان کی حفاظت کے لئے بھیج دیا جب ان نو آدمیوں نے تلواریں سونت کر صالح کے گھر پر چڑھائی کی تو فرشتوں نے ان پر پتھر برسائے پتھر تو ان کو دکھتے تھے اور پتھر مارنے والا کوئی نظر نہ آتا تھا آخر سب وہیں ڈھیر ہو گئے۔ (تفسیر مظہری)

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ اَنَّا دَمَّرْنٰهُمْ
پھر دیکھ لے کیسا ہوا انجام اُن کے فریب کا کہ ہلاک کر ڈالا ہم نے اُن کو
وَقَوْمَهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۱﴾
اور اُن کی قوم کو سب کو

آخر کار اللہ کی تدبیر کامیاب ہوئی:

اُن نو اشخاص نے اول اتفاق کر کے اونٹنی کو ہلاک کیا۔ حضرت صالح علیہ السلام نے فرمایا کہ اب تین دن سے زیادہ مہلت نہیں عذاب آ کر رہے گا تب آپس میں ٹھہرایا کہ ہم تو خیر تین دن کے بعد ہلاک کئے جائیں گے ان کا تین دن سے پہلے ہی کام تمام کر دو۔ چنانچہ شب کے وقت حضرت صالح کے گھر پر چھاپہ مارنے اور اُن کو مع اہل و عیال کے قتل کرنے کا ارادہ کیا۔ یہ نو آدمی اس

besturdubooks.wordpress.com

ناپاک مقصد کے لئے تیار ہو کر نکلے باقی کفار اُن کے تابع یا معین تھے۔ حق تعالیٰ نے حضرت صالح کی حفاظت فرمائی۔ فرشتوں کا پہرہ لگا دیا۔ آخر وہ عذاب سماوی سے تباہ ہوئے اور اپنے ساتھ قوم کو بھی تباہ کرا لیا۔ (تفسیر عثمانی)

فَتِلْكَ بُيُوتُهُمْ خَاوِيَةً بِمَا ظَلَمُوا

سو یہ پڑے ہیں اُن کے گھر ڈھئے ہوئے بسبب اُن کے انکار کے

قوم ثمود کی بستیوں کے کھنڈر:

مکہ والے شام کا سفر کرتے تو راستہ پر وادی القریٰ میں ثمود کی بستیوں کے کھنڈر دیکھتے تھے فَتِلْكَ بُيُوتُهُمْ خَاوِيَةً الخ میں ان ہی کی طرف اشارہ ہے۔ (تفسیر عثمانی)

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ﴿۵۲﴾

البتہ اس میں نشانی ہے اُن لوگوں کے لئے جو جانتے ہیں

یعنی جاننے والوں کو چاہیے کہ ان واقعات ہائلہ سے عبرت حاصل کریں۔ (تفسیر عثمانی)

وَأَنْجَيْنَا الَّذِينَ آمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ ﴿۵۳﴾

اور بچا دیا ہم نے اُن کو جو یقین لائے تھے اور بچتے رہے تھے

ایمان والے کامیاب ہوئے:

یعنی حضرت صالح علیہ السلام کے رفقاء جو ایمان لائے اور کفر و عصیان سے بچتے تھے ہم نے اُن کو عذاب کی لپیٹ سے بچا دیا۔ خدا کی قدرت دیکھو! مؤمن و کافر رلے ملے ایک بستی میں رہیں مگر عذاب آتا ہے تو چُن چُن کر کافروں کو ہلاک کرتا ہے مؤمن کو نہیں چھوتا۔

وَلُوطًا إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ أَتَأْتُونَ الْفَاحِشَةَ وَأَنْتُمْ تُبْصِرُونَ ﴿۵۴﴾

اور لوط کو جب کہا اُس نے اپنی قوم کو کیا تم کرتے ہو بے حیائی اور تم دیکھتے ہو

حضرت لوط علیہ السلام کی دعوت:

یعنی دیکھتے ہو کیسا بُرا اور گندہ کام ہے۔ (تفسیر عثمانی)

مطلب یہ کہ دیدہ دانستہ تم انتہائی بے حیائی کا کام کرتے ہو یا یہ مطلب ہے کہ بے حیائی کا کام تم ایک دوسرے کی نظروں کے سامنے (بلا جھجک) کرتے ہو ان لوگوں کا یہ طریقہ تھا کہ لوگوں کی موجودگی میں سب کے سامنے ایسے بُرے کام کرتے تھے۔

یا مطلب ہے کہ گزشتہ نافرمان قوموں کے نشانات و آثار تباہی تمہاری نظروں کے سامنے ہیں پھر بھی یہ حرکت کرتے ہو۔ (تفسیر مظہری)

أَئِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِنْ دُونِ النِّسَاءِ

کیا تم دوڑتے ہو مردوں پر للچا کر عورتوں کو چھوڑ کر

بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُونَ ﴿۵۵﴾

کوئی نہیں تم لوگ بے سمجھ ہو

یعنی تم سمجھتے نہیں کہ اس بے حیائی کا انجام کیا ہونے والا ہے پرلے درجہ کے جاہل اور احمق ہو۔ (تفسیر عثمانی)

کیا تم شہوت کے ساتھ مردوں پر چڑھتے ہو عورتوں کو چھوڑ کر (اس کی وجہ کوئی نہیں) بلکہ (اس معاملہ میں تم بالکل جاہل لوگ ہو) محض جہالت کرتے ہو۔

یہ قوم لوط کی بدکاری کا بیان ہے کہ شہوت رانی کے لئے مردوں پر آتے ہیں عورتوں کو چھوڑ کر حالانکہ عورتیں اس کام کے لئے پیدا کی گئی ہیں آیت میں اس امر پر تنبیہ بھی ہے کہ جماع کا اصل مقصد ہے طلب نسل محض تقاضاء شہوت پورا کرنا مقصود نہیں ہے (کہ جہاں چاہا بے محل اس عمل کو کر لیا)

بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُونَ۔ یعنی یہ حرکت اس شخص کی طرح کرتے ہو جو اس کی برائی سے ناواقف ہو یا سبک سر بے وقوف ہو جو اچھے برے کا امتیاز نہ رکھتا ہو۔ یا تم اس کے انجام سے ناواقف لوگ ہو۔

یہ آیات دلالت کر رہی ہیں کہ اشیاء کا حسن قبح (محض شرعی نہیں ہے بلکہ) واقعی اور نفس الامری چیز ہے اگرچہ بعض چیزوں کے اچھے بُرے ہونے کا علم شریعت پر موقوف ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ إِلَّا أَنْ قَالُوا أَخْرِجُوا آلَ لُوطٍ

پھر اور کچھ جواب نہ تھا اُن کی قوم کا مگر یہی کہ کہتے تھے نکال دو لوط کے گھر کو

مِنْ قَرْيَتِكُمْ إِنَّهُمْ أُنَاسٌ يَتَطَهَّرُونَ ﴿۵۶﴾

اپنے شہر سے یہ لوگ ہیں ستھرے رہا چاہتے

قوم والوں کا جواب: یعنی اپنے کو بڑا پاک وصاف بنانا چاہتے ہیں۔ پھر ہم ناپاکوں میں اُن کا کیا کام ہے۔

فَأَنْجَيْنَاهُ وَأَهْلَهُ

پھر بچا دیا ہم نے اس کو اور اس کے گھر والوں کو

یعنی اُنہیں تباہ کر کے اُنہیں بچا لیا۔ (تفسیر عثمانی)

إِلَّا امْرَأَتَهُ قَدَّرْنَاهَا مِنَ الْغَابِرِينَ ﴿۵۷﴾

مگر اس کی عورت مقرر کر دیا تھا ہم نے اس کو رہ جانے والوں میں

besturdubooks.wordpress.com

حضرت لوط علیہ السلام کی بیوی:

یعنی حضرت لوط علیہ السلام کی بیوی جو اُن بدمعاشوں کی اعانت کرتی تھی وہ بھی ہلاک ہونے والوں کے ساتھ ڈھیر ہوگئی۔

وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٥٨﴾

اور برسادیا ہم نے اُن پر برساؤ پھر کیا بُرا برساؤ تھا اُن ڈرائے ہوؤں کا

پتھروں کی بارش:

یعنی آسمان سے پتھر برسائے اور شہر کا تختہ الٹ دیا۔ حضرت شاہ صاحبؒ مذکورہ بالا تین قصوں پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے قصہ میں فرمایا۔ ہم لائیں گے لشکر جس کا سامنا نہ کرسکیں گے، وہ ہی بات ہوئی رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں اور مکہ والوں میں۔ اور حضرت صالح علیہ السلام پر نو شخص متفق ہوئے کہ رات کو جا پڑیں۔ اللہ نے اُن کو بچایا اور ان کو غارت کیا۔ مکہ کے لوگ بھی یہ ہی چاہ چکے لیکن نہ بن پڑا جس رات حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کی، کتنے کافر حضرت کا گھر گھیر بیٹھے تھے کہ صبح کو اندھیرے میں نکلیں تو سب مل کر مارلیں (کسی ایک کو خون بہانہ دینا پڑے) حضرت صاف بچ کر نکل گئے۔ اُن کو نہ سوجھا۔ اور قوم لوط نے چاہا کہ پیغمبر کو شہر سے نکال دیں، یہ ہی مکہ والے بھی چاہ چکے۔ اللہ نے آپ سے نکلنا بتایا کہ خود اپنے اختیار سے شہر چھوڑ کر نکل جاؤ۔ اور اُسی میں کام نکالا۔

قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى

تو کہہ تعریف ہے اللہ کو اور سلام ہے اُس کے بندوں پر جن کو اُس نے پسند کیا

قصص سے فارغ ہوکر آگے آٰللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ سے توحید کا بیان فرمانا ہے۔ یہ الفاظ بطور خطبہ کے تعلیم فرمائے جو بیان شروع کرنے سے قبل ہونا چاہیے۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ اللہ کی تعریف اور پیغمبر پر سلام بھیج کر اگلی بات شروع کرنی لوگوں کو سکھلادی۔ (موضح) اور بعض مفسرین کہتے ہیں اللہ تعالیٰ کے جو کمالات و احسانات اوپر بضمن قصص مذکور ہوئے ہیں اُن پر پیغمبر کو حکم ہوا کہ اللہ کی حمد وثنا کریں اور شکر بجالائیں اور اس کے مقبول بندوں پر جن میں سے بعضوں کا اوپر نام لیا گیا ہے سلام بھیجیں۔ (تفسیر عثمانی)

اللہ کے پسندیدہ بندے: اس آیت میں الَّذِيْنَ اصْطَفٰى کے الفاظ سے ظاہر یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام مراد ہیں جیسا کہ ایک دوسری آیت میں ہے وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ اور حضرت ابن عباسؓ سے ایک روایت میں ہے کہ اس سے مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرامؓ ہیں۔ سفیان ثوری نے اسی کو اختیار کیا ہے (اخرجہ عبد بن حمید والبزار وابن جریر وغیرہم)

اگر آیت میں الَّذِيْنَ اصْطَفٰى سے مراد صحابہ کرام لئے جائیں جیسا کہ ابن عباسؓ کی روایت میں ہے تو اس آیت سے غیر انبیاء پر سلام بھیجنے کے لئے علیہ السلام کہنے کا جواز ثابت ہوتا ہے۔ اس مسئلہ کی پوری تحقیق سورۂ احزاب کی آیت صلوا علیہ وسلموا کی تفسیر میں آئے گی ان شاء اللہ تعالیٰ۔

مسئلہ: اس آیت سے خطبہ کے آداب بھی ثابت ہوئے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی حمد اور انبیاء علیہم السلام پر درود وسلام سے شروع ہونا چاہیے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کے تمام خطبات میں یہی معمول رہا ہے بلکہ ہر اہم کام کے شروع میں اللہ تعالیٰ کی حمد اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام مسنون ومستحب ہے (کذا فی الروح) (معارف مفتی اعظم)

بروایت امام مالک حضرت ابن عباسؓ کا قول آیا ہے کہ اس سے مراد صحابہ کرامؓ ہیں سفیان ثوری کا بھی یہی قول ہے کلبی نے کہا ساری امت محمد یہ مراد ہے کیونکہ اللہ نے ساری امت کے لئے فرمایا ہے ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ بعض نے کہا گزشتہ اور آئندہ سب مومن مراد ہیں یا یہ مطلب ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے دعا سلامتی کرو کیونکہ انبیاءؑ اور ان کی امتوں کو جن آفتوں سے اللہ نے بچایا اور عزت و کرامت عطا فرمائی وہ سب کچھ نور محمدی کی برکت سے ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا میں (آغاز) آفرینش کے لحاظ سے سب سے پہلا ہوں اور بعثت کے اعتبار سے سب کے بعد۔ رواہ ابو سعد عن قتادۃ مرسلاً۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا میں (اس وقت) نبی تھا جب کہ آدم روح و جسم کے درمیان تھے (یعنی حضرت آدمؑ کے بدن میں روح بھی نہیں پڑی تھی) رواہ ابن سعد بسند* صحیح عن میسرۃ بن سعد عن ابی الجدعاء ورواہ الطبرانی عن ابن عباس (تفسیر مظہری)

آٰللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ

بھلا اللہ بہتر ہے یا جن کو وہ شریک کرتے ہیں

وعظ توحید: یہاں سے توحید کا وعظ شروع کیا گیا ہے یعنی قصص مذکورہ بالا سن کر اور دلائل تکوینیہ و تنزیلیہ میں غور کر کے تم ہی بتلاؤ کہ ایک خدائے وحدہ لاشریک لہٗ کا ماننا بہتر اور نافع اور معقول ہے یا اس کی خدائی میں اُس کی عاجز ترین مخلوق کو شریک ٹھہرانا۔ یہ مسئلہ اب کچھ ایسا مشکل تو نہیں رہا جس کا فیصلہ کرنے میں کچھ وقت ہو یا دیر لگے تاہم مزید تذکیر و تنبیہ کی غرض سے آگے اللہ تعالیٰ کی بعض شئون وصفات بیان کی جاتی ہیں جو توحید پر دال ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

مشرکوں کی حماقت: اس آیت میں درحقیقت مشرکوں کی حماقت اور سبک سری کا اظہار ہے جب انبیاء علیہ السلام اور ان کی امتوں کے قصے بیان کردیئے

besturdubooks.wordpress.com

جن سے ثابت ہو رہا ہے کہ اللہ کو اپنے نیک بندوں کی عزت افزائی اور دشمنوں کو ذلیل کرنے کی قدرت کاملہ حاصل ہے اور کوئی اس کی قدرت سے سرتابی نہیں کر سکتا تو اب فرمایا کہ ایسا رب قادر عبادت کے قابل اور مرکز خوف ورجا ہونے کا مستحق ہے یا وہ عاجز بے بس بت وغیرہ جو نہ نفع پہنچانے کی قدرت رکھتے ہیں۔ نہ ضرر پہنچانے کی طاقت بلکہ ان کا ضرر نفع سے زیادہ قریب ہے۔ (تفسیر مظہری)

أَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَأَنْزَلَ لَكُمْ

بھلا کس نے بنائے آسمان اور زمین اور اُتار دیا تمہارے

مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً فَأَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ

لئے آسمان سے پانی پھر اُگائے ہم نے اُس سے باغ رونق والے

مَا كَانَ لَكُمْ أَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا

تمہارا کام نہ تھا کہ اُگاتے اُن کے درخت

اللہ کی خالقیت مشرک بھی مانتے ہیں:

سرے سے درختوں کا اُگانا تمہارے اختیار میں نہیں۔ چہ جائے کہ اُس کا پھول پھل لانا اور بار آور کرنا۔ (تفسیر عثمانی)

اللہ تعالیٰ کی خالقیت اور اس کی روزی رسانی کو مشرکین بھی مانتے تھے جیسے دوسری آیت میں بیان ہوا ہے کہ وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ الخ یعنی اگر تو ان سے دریافت کرے کہ انہیں کس نے پیدا کیا ہے؟ تو یہی جواب دیں گے کہ اللہ نے اور اگر تو ان سے سوال کرے کہ آسمان سے پانی برسا کر مردہ زمین کو کس نے زندہ کر دیا؟ تو بھی ان کا یہی جواب ہوگا کہ اللہ تعالیٰ نے۔ الغرض یہ جانتے ہیں اور مانتے ہیں کہ خالق کل صرف اللہ ہی ہے لیکن ان کی عقلیں ماری گئی ہیں کہ عبادت کے وقت اللہ تعالیٰ کے ساتھ اوروں کو بھی شریک کر لیتے ہیں باوجودیکہ جانتے ہیں کہ وہ نہ پیدا کرنے والے ہیں نہ روزی دینے والے۔ اور اس بات کا فیصلہ تو آسانی سے ہر عقلمند کر سکتا ہے کہ لائق عبادت وہی ہے جو خالق مالک اور رازق ہے۔ اسی لئے یہاں اس آیت میں بھی سوال کیا کہ کیا معبود برحق کے ساتھ کوئی اور بھی عبادت کے لائق ہے کیا خدا کے ساتھ مخلوق کو پیدا کرنے میں مخلوق کی روزی رسانی میں کوئی اور بھی شریک ہے؟ چونکہ وہ مشرک خالق رازق صرف اللہ ہی کو مانتے تھے اور عبادت اوروں کی بھی کرتے تھے اس لئے اور آیت میں فرمایا أَفَمَنْ يَّخْلُقُ كَمَنْ لَّا يَخْلُقُ الخ خالق اور غیر خالق یکساں نہیں ہیں پھر تم خالق مخلوق کو کیسے ایک کر رہے ہو۔ (تفسیر ابن کثیر)

ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۭ بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ﴿٦٠﴾

اب کوئی اور حاکم ہے اللہ کے ساتھ کوئی نہیں وہ لوگ راہ سے مُڑتے ہیں

جو خالق ہے وہی معبود ہے:

یعنی تمام دنیا جانتی ہے اور خود یہ مشرکین بھی مانتے ہیں کہ زمین و آسمان کا پیدا کرنا، بارش برسانا درخت اگانا۔ بجز اللہ تعالیٰ کے کسی کا کام نہیں۔ چنانچہ دوسری جگہ قرآن میں اُن کا اقرار و اعتراف مذکور ہے پھر یہاں تک پہنچ کر راستہ سے کیوں کترا جاتے ہیں۔ جب اللہ کے سوا کوئی ہستی نہیں جو خلق و تدبیر کر سکے یا کسی چیز کا مستقل اختیار رکھے، تو اُس کی الوہیت و معبودیت میں وہ کس طرح شریک ہو جائے گی۔ عبادۃ انتہائی تذلل کا نام ہے سو وہ اُسی کی ہونی چاہیے جو انتہائی درجہ میں کامل اور بااختیار ہو۔ کسی ناقص یا عاجز مخلوق کو معبودیت میں خالق کے برابر کر دینا انتہائی ظلم اور ہٹ دھرمی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

اوتار: ہندوستان کے مشرک یعنی ہندو اوتاروں کے قائل ہیں اوتار اس کو کہتے ہیں کہ جس میں خدا حلول کر جائے جیسے رام اور کنہیا کے متعلق ہندوؤں کا عقیدہ ہے کہ وہ اوتار تھے۔

اہل اسلام اس سے بری اور بیزار ہیں مسلمانوں کے نزدیک خدا اس سے پاک اور منزہ ہے کہ وہ کسی چیز میں حلول کرے یا کسی چیز کا جز ہو جائے۔ سبحانہ و تعالیٰ عما یصفون۔ (معارف کاندھلوی)

أَمَّنْ جَعَلَ الْأَرْضَ قَرَارًا

بھلا کس نے بنایا زمین کو ٹھہرنے کے لائق

زمین کا فرش کس نے بنایا:

یعنی آدمی اور جانوروں کی قیام گاہ ہے۔ آرام سے اُس پر زندگی بسر کرتے اور اُس کے محاصل سے متمتع ہوتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَّجَعَلَ خِلٰلَهَآ أَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ

اور بنائیں اس کے بیچ میں ندیاں اور رکھے اس کے ٹھہرانے کو بوجھ

نہریں اور پہاڑ کس نے بنائے:

یعنی پہاڑ رکھ دیئے تاکہ ٹھہری رہے، کپکپائے نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا ؕ

اور رکھا دو دریاؤں میں پردہ

دریاؤں کا نظام کس نے بنایا:

اس کی تحقیق قریب ہی سورۂ فرقان میں گزر چکی۔ آیت وَهُوَ الَّذِىْ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَّهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۚ وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا وَّحِجْرًا مَّحْجُوْرًا کا فائدہ ملاحظہ کر لیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ؕ﴿۶۱﴾

اب کوئی اور حاکم ہے اللہ کے ساتھ کوئی نہیں بہتوں کو اُن میں سمجھ نہیں

اللہ ہی نے یہ سب کچھ بنایا ہے:

یعنی کوئی اور بااختیار ہستی ہے جس سے یہ کام بن پڑیں اور اس بناء پر وہ معبود بننے کے لائق ہو۔ جب نہیں تو معلوم ہوا کہ یہ مشرکین محض جہالت اور ناسمجھی سے شرک مخلوق پرستی کے غار عمیق میں گرتے چلے جا رہے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ

بھلا کون پہنچتا ہے بے کس کی پکار کو جب اُس کو پکارتا ہے اور دور کر دیتا ہے سختی

مظلوم کی فریاد کون سنتا ہے:

یعنی جب اللہ چاہے اور مناسب جانے تو بے کس اور بیقرار کی فریاد سن کر سختی کو دور کر دیتا ہے جیسا کہ دوسری جگہ فرمایا فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ (انعام۔ رکوع۴)

گویا اسی نے دعاء کو بھی اسباب عادیہ میں سے ایک سبب بنایا ہے۔ جس پر مسبب کا ترتب بمشیت الٰہی اجتماع شروط اور ارتفاع موانع کے بعد ہوتا ہے اور علامہ طیبی وغیرہ نے کہا کہ آیہ میں مشرکین کو تنبیہ ہے کہ سخت مصائب و شدائد کے وقت تو تم بھی مضطر ہو کر اسی کو پکارتے ہو اور دوسرے معبودوں کو بھول جاتے ہو، پھر فطرت اور ضمیر کی اس شہادت کو امن واطمینان کے وقت کیوں یاد نہیں رکھتے۔ (تفسیر عثمانی)

یا کون ہے ایسا کہ جب کوئی بے قرار اس کو پکارتا ہے تو وہ اس کی دعا قبول کرتا ہے اور مصیبت کو دور کر دیتا ہے یعنی اللہ کے سوا کوئی ایسا نہیں۔ اضطرار (باب افتعال) ضرّ سے بنا ہے مضطر یعنی وہ شخص جو ایسے دکھ میں مبتلا ہو گیا ہو جس سے مجبور ہو کر بے قراری کے ساتھ وہ اللہ کی طرف رخ کرتا اور اس سے پناہ کا خواستگار ہوتا ہو۔ المضطر میں الف لام جنسی ہے استغراق کے لئے نہیں ہے اس لئے ہر دعا کرنے والے کی ہر دعا قبول کرنا ضروری نہیں۔ اذا دعاہ یعنی اللہ اگر چاہتا ہے تو مضطر کی دعا قبول کر لیتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

مضطر کون ہے؟

اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ۔

الْمُضْطَرَّ۔ اضطرار سے مشتق ہے کسی ضرورت سے مجبور و بے قرار ہونے کو اضطرار کہا جاتا ہے اور وہ جبھی ہوتا ہے جب اس کا کوئی یار و مددگار اور سہارا نہ ہو، اس لئے مضطر وہ شخص ہے جو سب دنیا کے سہاروں سے مایوس ہو کر خالص اللہ تعالیٰ ہی کو فریاد رس سمجھ کر اس کی طرف متوجہ ہو۔ مضطر کی یہ تفسیر سُدی۔ ذوالنون مصری، سہل بن عبداللہ وغیرہ سے منقول ہے (قرطبی)

بے کس کیلئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بتلائی ہوئی دُعاء:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے شخص کے لئے ان الفاظ سے دعا کرنے کی ہدایت فرمائی ہے۔ اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْا فَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ وَاَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ كُلَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ (ترجمہ) یا اللہ میں تیری رحمت کا اُمیدوار ہوں اس لئے مجھے ایک لحظہ کے لئے بھی میرے اپنے نفس کے حوالہ نہ کیجئے۔ اور آپ ہی میرے سب کاموں کو درست کر دیجئے آپ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ (قرطبی)

مضطر کی دُعا اخلاص کی بناء پر ضرور قبول ہوتی ہے:

امام قرطبی نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مضطر کی دعا قبول کرنے کا ذمہ لے لیا ہے اور اس آیت میں اس کا اعلان بھی فرما دیا ہے۔ جس کی اصل وجہ یہ ہے کہ دُنیا کے سب سہاروں سے مایوس اور علائق سے منقطع ہو کر صرف اللہ تعالیٰ ہی کو کارساز سمجھ کر دعا کرنا سرمایۂ اخلاص ہے اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک اخلاص کا بڑا درجہ ہے وہ جس کسی بندہ سے پایا جائے وہ مومن ہو یا کافر، اور متقی ہو یا فاسق فاجر اس کے اخلاص کی برکت سے اس کی طرف رحمتِ حق متوجہ ہو جاتی ہے جیسا کہ حق تعالیٰ نے کفار کا حال ذکر فرمایا ہے کہ جب یہ لوگ دریا میں ہوتے ہیں اور کشتی سب طرف سے موجوں کی لپیٹ میں آ جاتی ہے اور یہ گویا آنکھوں کے سامنے اپنی موت کو کھڑا دیکھ لیتے ہیں اس وقت یہ لوگ پورے اخلاص کے ساتھ اللہ کو پکارتے ہیں کہ اگر ہمیں اس مصیبت سے آپ نجات دے دیں تو ہم شکر گزار ہوں گے، لیکن جب اللہ تعالیٰ ان کی دُعا قبول کر کے خشکی پر لے آتے ہیں تو یہ پھر شرک میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

تین دُعائیں: ایک صحیح حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ تین دُعائیں ضرور قبول ہوتی ہیں جس میں کسی شک کی گنجائش نہیں، ایک مظلوم کی دُعا، دوسرے مسافر کی دُعا، تیسرے باپ جو اپنی اولاد کے لئے بددعا کرے۔ قرطبی نے اس حدیث کو نقل کر کے فرمایا کہ ان تینوں دُعاؤں میں بھی وہی صورت ہے جو دعائے مضطر میں اوپر لکھی گئی ہے کہ جب کوئی مظلوم دُنیا کے سہاروں اور مددگاروں سے مایوس ہو کر دفع ظلم کے لئے اللہ کو پکارتا ہے وہ بھی مضطر ہی ہوتا ہے اسی طرح مسافر حالتِ سفر میں اپنے خویش وعزیز اور ہمدردوں غمگساروں سے الگ بے سہارا ہوتا ہے۔ اسی طرح باپ اولاد کے لئے اپنی فطرت اور پدری شفقت کی بنا پر کبھی بددعا نہیں کر سکتا بجز اس کے کہ اس کا دل بالکل ٹوٹ جائے اور اپنے آپ کو مصیبت سے بچانے کے لئے اللہ کو پکارے۔ امام حدیث آجری نے حضرت ابوذرؓ کی روایت سے نقل کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حق تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے کہ میں مظلوم کی دعا کو کبھی رد نہیں کروں گا اگرچہ وہ کسی کافر کے منہ سے ہو (قرطبی)

besturdubooks.wordpress.com

دُعاء قبول نہ ہو تو مایوس نہ ہو:

اگر کسی مضطر یا مظلوم یا مسافر وغیرہ کو کبھی یہ محسوس ہو کہ اس کی دعا قبول نہیں ہوئی تو بدگمان اور مایوس نہ ہو بعض اوقات دعا قبول تو ہو جاتی ہے مگر کسی حکمت و مصلحت ربانی سے اس کا ظہور دیر میں ہوتا ہے۔ یا پھر وہ اپنے نفس کو ٹٹولے کہ اس کے اخلاص اور توجہ الی اللہ میں کمی کوتاہی رہی ہے۔ واللہ اعلم۔ (معارف مفتی اعظم)

ایک بے کس و مجبور کا عجیب واقعہ:

ایک بہت ہی عجیب واقعہ حافظ ابن عساکرؒ نے اپنی کتاب میں نقل کیا ہے ایک صاحب فرماتے ہیں کہ میں ایک خچر پر لوگوں کو دمشق سے زبدانی لے جایا کرتا تھا اور اسی کرایہ پر میری گزر بسر تھی۔ ایک مرتبہ ایک شخص نے خچر کرایہ پر لیا، میں نے اسے سوار کرایا اور لے چلا، ایک جگہ جہاں دو راستے تھے پہنچے تو اس نے کہا اس راہ چلو میں نے کہا میں اس سے واقف نہیں ہوں سیدھی راہ یہی ہے اس نے کہا نہیں میں پوری طرح واقف ہوں یہ بہت نزدیک کا راستہ ہے میں اس کے کہنے سے اسی راہ چلا تھوڑی دیر کے بعد میں نے دیکھا کہ ایک لق و دق بیابان میں ہم آ گئے ہیں جہاں کوئی راستہ نظر نہیں آتا نہایت خطرناک جنگل اور بن ہے اور ہر طرف لاشیں پڑی ہوئی ہیں میں سہم گیا۔ وہ مجھ سے کہنے لگا ذرا لگام تھام لو مجھے یہاں اترنا ہے میں نے لگام تھام لی وہ اُترا اور اپنا تہمد اُونچا کر کے کپڑے ٹھیک کر کے چھری نکال کر مجھ پر حملہ کیا، میں وہاں سے سرپٹ بھاگا لیکن اس نے میرا تعاقب کیا اور مجھے پکڑ لیا۔ میں اسے قسمیں دینے لگا لیکن اس نے خیال بھی نہ کیا۔ میں نے کہا اچھا یہ خچر اور کل سامان جو میرے پاس ہے تو لے لے اور مجھے چھوڑ دے۔ اس نے کہا یہ تو میرا ہو ہی چکا لیکن میں تو تجھے زندہ چھوڑنا چاہتا ہی نہیں۔ میں نے اُسے خدا کا خوف دلایا آخرت کے عذابوں کا ذکر کیا لیکن اس چیز نے بھی اس پر کوئی اثر نہ کیا اور وہ میرے قتل پر تُلا رہا۔ اب میں مایوس ہو گیا اور مرنے کے لئے تیار ہو گیا اور اس سے بہ منت التجا کی کہ آپ مجھے دو رکعت نماز ادا کر لینے دیجئے، اس نے کہا اچھا جلدی پڑھ لے۔ میں نے نماز شروع کی لیکن خدا کی قسم میری زبان سے قرآن کا ایک حرف نہیں نکلتا تھا یونہی ہاتھ باندھے دہشت زدہ کھڑا ہوا تھا اور وہ جلدی مچا رہا تھا، اسی وقت اتفاق سے یہ آیت میری زبان پر آ گئی اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ یعنی خدا ہی ہے جو بے قرار کی بے قراری کے وقت کی دعا کو سُنتا اور قبول فرماتا ہے اور بے بسی بے کسی کو سختی اور مصیبت کو دور کر دیتا ہے پس اس آیت کا زبان سے جاری ہونا تھا جو میں نے دیکھا کہ بیچوں بیچ جنگل میں سے ایک گھوڑے سوار تیزی سے اپنا گھوڑا بھگائے نیزہ تانے ہماری طرف چلا آ رہا ہے اور بغیر کچھ کہے اس ڈاکو کے پیٹ میں اُس نے اپنا نیزہ گھسیڑ دیا جو اس کے جگر کے آر پار ہو گیا، وہ اسی وقت بے جان ہو کر گر پڑا۔ سوار نے باگ موڑی اور جانا چاہا لیکن میں اس کے قدموں سے لپٹ گیا اور بالحاح کہنے لگا خدا کے لئے یہ تو بتلاؤ کہ تم کون ہو؟ اس نے کہا میں اس کا بھیجا ہوا ہوں جو مجبوروں بے کسوں اور بے بسوں کی دعا قبول فرماتا ہے اور مصیبت و آفت کو ٹال دیتا ہے میں نے خدا کا شکر کیا اور وہاں سے اپنا خچر اور مال لے کر صحیح سالم واپس لوٹا، رحمہ اللہ۔

ایک بزرگ کا عجیب واقعہ:

اسی قسم کا ایک اور واقعہ بھی ہے کہ مسلمانوں کے ایک لشکر نے ایک جنگ میں کافروں سے شکست کھائی اور واپس لوٹے۔ ان میں ایک مسلمان جو بڑے سخی اور نیک تھے یہ بھی تھے، ان کا گھوڑا جو بہت تیز رفتار تھا راستہ میں اڑ گیا۔ اس ولی اللہ نے بہت کوشش کی لیکن جانور نے قدم ہی نہ اُٹھایا آخر عاجز آ کر اس نے کہا کیا بات ہے تو اڑ گیا۔ ایسے ہی موقعہ کے لئے تو میں نے تیری خدمت کی تھی اور تجھے پیار سے پالا تھا۔ گھوڑے کو خدا تعالیٰ نے زبان دی، اس نے جواب دیا کہ وجہ یہ ہے کہ آپ میرا گھاس دانہ سائیس کو سونپ دیتے تھے وہ اس میں سے چرا لیتا تھا مجھے بہت کم کھانے کو دیتا تھا اور مجھ پر ظلم کرتا تھا۔ خدا کے اس نیک بندے نے کہا اب تو چل میں خدا کو بیچ میں رکھ کر وعدہ کرتا ہوں کہ اب سے تجھے میں ہمیشہ اپنی گود میں ہی کھلایا کروں گا۔ جانور یہ سنتے ہی تیزی سے لپکا اور انہیں جائے امن تک پہنچا دیا۔ حسب وعدہ اب سے یہ بزرگ اپنے اس جانور کو اپنی گود ہی میں کھلایا کرتے تھے۔ لوگوں نے ان سے اس کی وجہ پوچھی، انہوں نے کسی سے واقعہ کہہ دیا جس کی عام شہرت ہو گئی اور لوگ اس واقعہ کو سننے کے لئے اُن کے پاس دُور دُور سے آنے لگے۔ شاہ رُوم کو جب یہ خبر پہنچی تو اس نے چاہا کہ کسی طرح انہیں اپنے شہر میں بُلا لے بہت کوششیں کیں لیکن بے سود رہیں آخر میں اس نے ایک شخص کو بھیجا کہ کسی طرح حیلے حوالے سے انہیں بادشاہ تک پہنچائے۔ یہ شخص پہلے مسلمان تھا پھر مُرتد ہو گیا تھا۔ یہ بادشاہ کے پاس سے چلا یہاں آ کر ان سے ملا اپنا اسلام ظاہر کیا توبہ کی اور نہایت نیک بن کر رہنے لگا، یہاں تک کہ اس ولی اللہ کو اس پر پورا اعتماد ہو گیا اور اسے صالح اور دیندار سمجھ کر انہوں نے دوستی پیدا کر لی اور ساتھ ساتھ پھرنے لگے۔ اس نے اپنا پورا رسوخ جما کر اپنی ظاہری دینداری کے فریب میں انہیں پھنسا کر ادھر بادشاہ کو اطلاع دی کہ فلاں وقت دریا کے کنارے ایک مضبوط جری شخص کو بھیجو میں انہیں لے کر وہاں آ جاؤں گا اور اس شخص کی مدد سے انہیں گرفتار کر لوں گا۔ یہاں سے انہیں جُل دے کر لے چلا اور اسی جگہ پہنچایا۔ دفعۃً یہ شخص نمودار ہوا اور اس بزرگ پر حملہ کیا، ادھر سے اس مرتد نے حملہ کیا اس نیک دل شخص نے اس وقت آسمان کی طرف نگاہیں اُٹھائیں اور دعا کی کہ خدایا اس شخص نے

besturdubooks.wordpress.com

تیرے نام سے مجھے دھوکا دیا ہے میں تجھ سے التجا کرتا ہوں کہ تو جس طرح چاہے مجھے ان دونوں سے بچالے۔ وہیں جنگل سے دو درندے بھاگتے ہوئے آتے دکھائی دیئے اور ان دونوں شخصوں کو انہوں نے دبوچ لیا اور ٹکڑے ٹکڑے کر کے چل دیئے اور یہ بندہ خدا باامن وامان وہاں سے صحیح و سالم واپس تشریف لے آئے، رحمہ اللہ (تفسیر ابن کثیر)

وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَاءَ الْأَرْضِ ۗ
اور کرتا ہے تم کو نائب اگلوں کا زمین پر

قوموں کو زمین کی وراثت کون دیتا ہے؟

یعنی ایک قوم یا نسل کو اُٹھا لیتا اور اُس کی جگہ دوسری کو آباد کرتا ہے جو زمین میں مالکانہ اور بادشاہانہ تصرف کرتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَاءَ الْأَرْضِ "اور تم کو زمین کے وارث بناتا ہے یعنی اسلاف کے جانشین اخلاف ہوتے ہیں زمین کے وارث بنانے کا مطلب ہے زمین پر رہنے زمین میں تصرف کرنے یا زمین پر تسلط جمانے کا اختیار دینا۔ بعض اہل علم نے کہا انسانوں کو اللہ نے زمین پر جنات کا جانشین کر دیا۔ میں کہتا ہوں یہ مطلب بھی ہوسکتا ہے کہ اللہ نے زمین پر تم میں سے کچھ آدمیوں کو اپنا نائب بنایا یہی مضمون آیت انی جاعل فی الارض خلیفة کا ہے۔ (تفسیر مظہری)

ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۗ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۶۲﴾
اب کوئی حاکم ہے اللہ کے ساتھ تم بہت کم دھیان کرتے ہو

غور کرو تو حقیقت نظر آئے؟

یعنی پوری طرح دھیان کرتے تو دور جانے کی ضرورت نہ پڑتی انہی اپنی حوائج وضروریات اور قوموں کے ادل بدل کو دیکھ کر سمجھ سکتے تھے کہ جس کے ہاتھ میں ان امور کی باگ ہے تنہا اسی کی عبادت کرنی چاہیے۔ (تفسیر عثمانی)

اَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ
بھلا کون راہ بتاتا ہے تم کو اندھیروں میں جنگل کے اور دریا کے

جنگل و دریاء میں کون راہنمائی کرتا ہے:

یعنی خشکی اور دریا کی اندھیریوں میں ستاروں کے ذریعے سے تمہاری رہنمائی کرتا ہے۔ خواہ بلاواسطہ یا بواسطہ قطب نما وغیرہ آلات کے۔ (تفسیر عثمانی)

بھلا بتاؤ کہ یہ بت بہترین یا وہ ذات بہتر ہے جو تم کو بیابانوں میں اور دریاؤں کے اندھیروں میں راستہ بتاتا ہے یعنی اس نے تمہاری رہنمائی کے لئے ستارے پیدا کئے تاکہ اندھیروں میں ان کے ذریعہ راستہ معلوم کر سکو کما قال تعالیٰ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ اور ان ستاروں کا پیدا کرنے والا سوائے خدا کے کون ہے۔

معنوی ستارے:

یہ تو ظاہری ستارے ہیں اور معنوی ستارے صحابہ کرام ہیں جن کے متعلق حدیث میں آیا ہے۔ اصحابی کالنجوم بایهم اقتدیتم اهتدیتم میرے تمام صحابہ نجوم ہدایت ہیں تم جس کی پیروی کرو گے راہ یاب ہو گے۔

غم مخور زآنرا کہ غمخوارت منم وز ہمہ بربا نگہدارت منم
از تو گر اغیار بردارند روئ ایں جہان وآں جہاں یارت منم

(معارف کاندھلوی)

وَمَنْ يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۗ
اور کون چلاتا ہے ہوائیں خوشخبری لانے والیاں اُس کی رحمت سے پہلے

ہوا و بارش کون بھیجتا ہے:

یعنی باران رحمت سے پہلے ہوائیں چلاتا ہے جو بارش کی آمد کی خوشخبری سناتی ہیں۔

ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ۗ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۳﴾
اب کوئی حاکم ہے اللہ کے ساتھ اللہ بہت اوپر ہے اس سے جس کو شریک بتلاتے ہیں

یہ سب کچھ جھوٹے معبودوں کے بس کا نہیں ہے:

یعنی کہاں وہ قادر مطلق اور حکیم برحق اور کہاں عاجز و ناقص مخلوق جسے اُس کی خدائی کا شریک بتلایا جا رہا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ
بھلا کون سرے سے بناتا ہے پھر اس کو دہرائے گا

کس نے ابتداءً پیدا کیا اور کون دوبارہ زندہ کرے گا:

ابتداء پیدا کرنا تو سب کو مسلم ہے کہ اللہ کا کام ہے۔ موت کے بعد دوبارہ پیدا کرنے کو بھی اس سے سمجھ لو۔ منکرین بعث بعد الموت بھی اتنا سمجھتے تھے کہ اگر بالفرض دوبارہ پیدا کئے گئے تو یہ کام اُسی کا ہوگا جس نے اول پیدا کیا تھا۔ (تفسیر عثمانی)

(پہلی تخلیق تو مسلمہ تھی لیکن) قیامت کے دن دوبارہ پیدا ہونے کے کفار منکر تھے پر عقلاً اعادہ تخلیق ناممکن نہیں۔ اور نقلی دلائل سے وجوب اعادہ ثابت ہے نقلی دلائل کے واجب الیقین ہونے پر معجزات کی تائید کافی ہے اس لئے دوبارہ تخلیق بھی ناقابل شک ہے اور یہ یقینی ہے کہ اللہ ہی دوبارہ پیدا کرے گا۔ (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ

اور کون روزی دیتا ہے تم کو آسمان سے اور زمین سے

آسمان وزمین سے تمہیں رزق کون دیتا ہے:

یعنی کون ہے جو آسمانی اور زمینی اسباب کے ذریعہ سے اپنی حکمت کے موافق تم کو روزی پہنچاتا ہے۔

ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ

اب کوئی حاکم ہے اللہ کے ساتھ تو کہہ لاؤ اپنی سند

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۶۴﴾

اگر تم سچے ہو

تمہارے پاس مقابلہ کی کوئی دلیل ہے تو پیش کرو؟

یعنی اگر اتنے صاف نشانات اور واضح دلائل سننے کے بعد بھی تم خدا تعالیٰ کی وحدانیت اور شرک کی قباحت کو تسلیم نہیں کرتے تو جو کوئی دلیل تم اپنے دعوائے باطل کے ثبوت میں رکھتے ہو پیش کرو۔ ابھی تمہارا جھوٹ سچ کھل جائے گا۔ مگر وہاں دلیل و برہان کہاں محض اندھی تقلید ہے۔ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ (مومنون۔ رکوع ۶) (تفسیر عثمانی)

قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ

تو کہہ خبر نہیں رکھتا جو کوئی ہے آسمان اور زمین میں چھپی ہوئی چیز کی مگر اللہ

اللہ کے معبود ہونے پر ایک دوسری طرح کی دلیل:

اس آیت میں مضمون سابق کی تکمیل اور مضمون لاحق کی تمہید ہے۔ شروع پارہ سے یہاں تک حق تعالیٰ کی قدرت تامہ، رحمت عامہ اور ربوبیت کاملہ کا بیان تھا یعنی جب وہ ان صفات وشئون میں متفرد ہے تو اُلوہیت و معبودیت میں بھی متفرد ہونا چاہیے۔ آیت حاضرہ میں اُس کی اُلوہیت پر دوسری حیثیت سے استدلال کیا جا رہا ہے یعنی معبود وہ ہوگا۔ جو قدرت تامہ کے ساتھ علم کامل ومحیط بھی رکھتا ہو۔ اور یہ وہ صفت ہے جو زمین وآسمان میں کسی مخلوق کو حاصل نہیں۔ اُسی رب العزت کے ساتھ مخصوص ہے پس اس اعتبار سے بھی معبود بننے کی مستحق اکیلی اُس کی ذات ہوئی۔

علم غیب کا مسئلہ:

(تنبیہ) کل مغیبات کا علم بجز خدا کے کسی کو حاصل نہیں نہ کسی ایک غیب کا علم کسی شخص کو بالذات بدون عطائے الٰہی کے ہو سکتا ہے اور نہ مفاتح غیب (غیب کی کنجیاں جن کا ذکر سورۃ انعام میں گزر چکا) اللہ نے کسی مخلوق کو دی ہیں۔ ہاں بعض بندوں کو بعض غیوب پر باختیار خود مطلع کر دیتا ہے جس کی وجہ سے کہہ سکتے ہیں کہ فلاں شخص کو حق تعالیٰ نے غیب پر مطلع فرما دیا۔ یا غیب کی خبر دے دی لیکن اتنی بات کی وجہ سے قرآن وسنت نے کسی جگہ ایسے شخص پر عالم الغیب یا فلان یعلم الغیب کا اطلاق نہیں کیا۔ بلکہ احادیث میں اُس پر انکار کیا گیا ہے۔ کیونکہ بظاہر یہ الفاظ اختصاص علم الغیب بذات الباری کے خلاف موہم ہوتے ہیں۔ اسی لئے علمائے محققین اجازت نہیں دیتے کہ اس طرح کے الفاظ کسی بندہ پر اطلاق کئے جائیں۔ گو لغۃً صحیح ہوں جیسے کسی کا یہ کہنا کہ ان اللہ لا یعلم الغیب (اللہ کو غیب کا علم نہیں) گو اس کی مراد یہ ہو کہ اللہ تعالیٰ کے اعتبار سے کوئی چیز غیب ہے ہی نہیں سخت ناروا اور سوء ادب ہے۔ یا کسی کا حق سے موت اور فتنہ سے اولاد اور رحمت سے بارش مراد لے کر یہ الفاظ کہنا انی اکرہ الحق واحب الفتنة وافر من الرحمة (میں حق کو بُرا سمجھتا ہوں اور فتنہ کو محبوب رکھتا ہوں اور رحمت سے بھاگتا ہوں) سخت مکروہ اور قبیح ہے، حالانکہ باعتبار نیت ومراد کے قبیح نہ تھا۔ اسی طرح فلان عالم الغیب وغیرہ الفاظ کو سمجھ لو اور واضح رہے کہ علم غیب سے ہماری مراد محض ظنون وتخمینات نہیں اور نہ وہ علم جو قرائن ودلائل سے حاصل کیا جائے۔ بلکہ جس کے لئے کوئی دلیل و قرینہ موجود نہ ہو وہ مراد ہے۔ سورۂ انعام واعراف میں اس کے متعلق کسی قدر لکھا جا چکا ہے۔ وہاں مراجعت کر لی جائے۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم ہے کہ آپ لوگوں کو بتلا دیں کہ جتنی مخلوق آسمانوں میں ہے جیسے فرشتے اور جتنی مخلوق زمین میں ہے جیسے بنی آدم اور جنات وغیرہ ان میں سے کوئی بھی غیب کو نہیں جانتا۔ بجز اللہ تعالیٰ کے آیت مذکورہ نے پوری وضاحت اور صراحت کے ساتھ یہ بتلایا ہے کہ علم غیب اللہ تعالیٰ کی مخصوص صفت ہے جس میں کوئی فرشتہ یا نبی ورسول بھی شریک نہیں ہو سکتا۔ (معارف مفتی اعظم)

مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ یعنی فرشتے والارض یعنی جن وانس جن میں تمام انبیاء بھی شامل ہیں۔ الغیب غیب سے مراد وہ چیز ہے جو حواس (ظاہری وباطنی) کی رسائی سے باہر ہو یعنی حسی نہ ہو اور نہ اس کے ثبوت پر کوئی عقلی دلیل قائم ہو (یعنی نظری ہونا قابل استدلال غیر ممکن الفکر مترجم) الا اللہ یعنی صرف اللہ ہی ان تمام باتوں کو جانتا ہے جو ملائکہ اور جن وانس کے لئے ناممکن الحصول ہیں۔ ہاں اگر اللہ چاہے تو بعض غیب کی باتیں اپنے بندوں کو بتا دے اس طرح اللہ کی عطا وموہبت سے کچھ غیبی باتیں بندوں کو بھی معلوم ہو جائیں الا اللہ میں استثناء منقطع ہے کیونکہ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ میں اللہ پہلے سے داخل نہ تھا اللہ کے لئے نہ آسمان مکان بن سکتا ہے نہ زمین اللہ ہر استقرار وتمکن سے پاک ہے۔ (تفسیر مظہری)

حضرت عائشہ صدیقہؓ کا فرمان ہے کہ جو کہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

besturdubooks.wordpress.com

کل کی بات جانتے تھے اُس نے اللہ تبارک وتعالیٰ پر بہتان عظیم باندھا، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ زمین وآسمان والوں میں سے کوئی بھی غیب کی بات جاننے والا نہیں۔

ستاروں کے فائدے اور جاہلوں کا علم:

قتادہؒ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ستاروں میں تین فائدے رکھے ہیں۔ آسمان کی زینت، بھولے بھٹکوں کی رہبری اور شیطانوں کی مار کسی اور بات کا ان کے ساتھ عقیدہ رکھنا اپنی رائے سے بات بنانا اور تکلیف اُٹھانا اور اپنے حصہ کو کھونا ہے۔ جاہلوں نے ستاروں کے ساتھ علم نجوم کو متعلق رکھ کر فضول باتیں بنائی ہیں کہ اس ستارے کے وقت جو نکاح کرے یوں ہوگا فلاں ستارے کے موقعہ پر سفر کرنے سے یہ ہوتا ہے فلاں ستارے کے وقت جو تولد ہوا وہ ایسا وغیرہ وغیرہ یہ سب ڈھکوسلے ہیں۔ ان کی اس بکواس کے خلاف اکثر ہوتا رہتا ہے ہر ستارے کے وقت کوئی کالا گورا ٹھنگنا لمبا خوبصورت بدشکل پیدا ہوتا ہی ہے نہ کوئی جانور غیب جانے نہ کسی پرندے غیب حاصل ہو سکے نہ ستارے غیب کی رہنمائی کریں۔ سنو خدائی فیصلہ ہو چکا ہے کہ آسمان اور زمین کی کل مخلوق غیب سے بے خبر ہے۔ انہیں تو اپنے جی اُٹھنے کا وقت بھی نامعلوم ہے (ابن ابی حاتم) سبحان اللہ قتادہ کا یہ قول کتنا صحیح کس قدر مفید اور معلومات سے پُر ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَمَا يَشْعُرُونَ أَيَّانَ يُبْعَثُونَ ﴿٦٥﴾

اور اُن کو خبر نہیں کب جی اُٹھیں گے

قیامت کا معین وقت کسی کو معلوم نہیں:

یعنی قیامت کب آئے گی جس کے بعد مردے دوبارہ زندہ کئے جائیں گے۔ اس کی خبر کسی کو نہیں۔ پہلے سے مبدا کا ذکر چلا آتا تھا۔ یہاں سے معاد کا شروع ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَا يَشْعُرُونَ أَيَّانَ يُبْعَثُونَ۔ اور ان کو پتہ بھی نہیں کہ ان کا حشر کب ہو گا کیونکہ وقت حشر حسی نہیں کہ حواس کے ذریعہ سے اس کا وقت معلوم ہو سکے اور نہ اس کے وقت کی تعیین نظری قابل استدلال ہے اس لئے کسی آسمانی زمینی مخلوق کے لئے قیامت کا تعیینی علم ممکن نہیں۔ ہاں اگر اللہ کسی کو بتادے تو معلوم ہونا ممکن ہے مگر اللہ نے کسی کو قیامت کی تعیین کا علم عطا نہیں فرمایا یہ علم اپنی ذات کے لئے مخصوص رکھا ہے۔ (تفسیر مظہری)

بَلِ ادّٰرَكَ عِلْمُهُمْ فِي الْآخِرَةِ ۚ بَلْ هُمْ

بلکہ تھک کر گر گیا اُن کا فکر آخرت کے بارہ میں بلکہ اُن کو

فِي شَكٍّ مِّنْهَا ۖ بَلْ هُم مِّنْهَا عَمُونَ ﴿٦٦﴾

شبہ ہے اُس میں بلکہ وہ اُس سے اندھے ہیں

کم عقلوں کا انکارِ قیامت:

یعنی عقل دوڑا کر تھک گئے، آخرت کی حقیقت نہ پائی کبھی شک کرتے ہیں کبھی منکر ہوتے ہیں (موضح) اور بعض مفسرین نے یوں تقریر کی ہے کہ آخرت کے ادراک تک اُن کے علم کی رسائی نہ ہوئی اور نہ عدم علم کی وجہ سے صرف خالی الذہن رہے بلکہ اس کے متعلق شک وتردد میں پڑ گئے، اور نہ صرف شک وتردد بلکہ اُن دلائل وشواہد سے بالکل آنکھیں بند کرلیں جن میں غور و تامل کرتے تو شک رفع ہوسکتا تھا۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَإِذَا كُنَّا تُرَابًا وَآبَاؤُنَا

اور بولے وہ لوگ جو منکر ہیں کیا جب ہم ہو جائیں مٹی اور ہمارے باپ دادے

أَئِنَّا لَمُخْرَجُونَ ﴿٦٧﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا هَٰذَا نَحْنُ وَآبَاؤُنَا

کیا ہم کو زمین سے نکالیں گے وعدہ پہنچ چکا ہے اس کا ہم کو اور ہمارے باپ دادوں کو

مِن قَبْلُ إِنْ هَٰذَا إِلَّا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ﴿٦٨﴾

پہلے سے کچھ بھی نہیں یہ نقلیں ہیں اگلوں کی

منکروں کی دلیل:

یعنی پہلے ہمارے بڑوں سے یہ ہی وعدے کئے گئے تھے۔ جو پہلے کہہ گئے اُن ہی کی نقل آج یہ پیغمبر بھی اتار رہے ہیں لیکن کتنے قرن گزر چکے ہم نے تو آج تک نہ دیکھا نہ سنا کہ کوئی مردہ مٹی میں مل جانے کے بعد دوبارہ زندہ ہوا ہو اور اُس کو سزا ملی ہو۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ

تو کہہ دے پھرو ملک میں تو دیکھو کیسا

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِينَ ﴿٦٩﴾

ہوا انجام گنہگاروں کا

قیامِ قیامت کی دلیل:

یعنی کتنے مجرموں کو دنیا ہی میں عبرتناک سزائیں مل چکی ہیں اور پیغمبروں کا فرمانا پورا ہو کر رہا۔ اسی پر قیاس کرلو کہ بعث بعد الموت اور عذاب آخروی کی جو خبر انبیاء دیتے چلے آئے ہیں یقیناً پوری ہو کر رہے گی یہ کارخانہ یوں ہی

besturdubooks.wordpress.com

بے سرا نہیں کہ اُس پر کوئی حاکم نہ ہو، وہ اپنی رعایا کو یوں ہی مہمل نہ چھوڑے گا جب سب مجرموں کو یہاں پوری سزا نہیں ملتی تو یقیناً کوئی دوسری زندگی ہو گی جہاں ہر ایک اپنی کیفر کردار کو پہنچے اگر تمہاری یہ ہی تکذیب رہی تو مکذبین کا جو انجام دنیا میں ہوا تمہارا بھی ہو سکتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

منکروں کو دھمکی:

(اے محمد) آپ کہہ دیجئے کہ ملک میں چل پھر کر دیکھو کہ مجرموں کا انجام کیسا (برا) ہوا۔

یہ دھمکی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کے کافروں کو کہ دیکھو تکذیب انبیاء کا نتیجہ کتنا برا نکلا۔ اس سے تم کو بھی ڈرنا چاہئے کہ تکذیب کا جو خمیازہ ان کو بھگتنا پڑا تم کو بھی تکذیب رسول کی ویسی ہی سزا ملے گی۔ کافروں کو مجرمین کہنے سے مومنوں کے غیر مجرم ہونے کی طرف لطیف ایماء ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِي ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُونَ ﴿٧٠﴾

اور غم نہ کر اُن پر اور نہ خفا ہو اُن کے فریب بنانے سے

جو منکر ہی ہے اس کو اپنے حال پر چھوڑ دیں:

یعنی اُن کو سمجھا کر اور بدی کے انجام پر متنبہ کر کے الگ ہو جایئے اگر یہ لوگ نہیں مانتے تو آپ بہت زیادہ غم و تاسف نہ کریں اور نہ ان کے مکر و فریب اور حق کے خلاف تدبیریں کرنے سے تنگدل اور خفا ہوں آپ اپنا فرض ادا کر چکے، اللہ تعالیٰ ایسے ضدی مجرموں سے خود نبٹ لے گا اور جس طرح پہلے مجرموں کو سزائیں دی گئی ہیں اُن کو بھی دے گا۔ (تفسیر عثمانی)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفقت:

ہمارے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم تمام انسانوں کے ساتھ جو شفقت و ہمدردی کا جذبہ رکھتے تھے اس کا تقاضا تھا کہ سب کو اللہ کا پیغام سنا کر جہنم سے بچالیں جو لوگ اس پیغام کو قبول نہ کرتے تو آپ کو سخت صدمہ پہنچتا تھا اور آپ ایسے غمگین ہوتے تھے جیسے کسی کی اولاد اس کے کہنے کے خلاف آگ میں جا رہی ہو اس لئے قرآن نے جا بجا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تسلی کے لئے مختلف عنوانات اختیار فرمائے ہیں۔ سابقہ آیات میں وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِي ضَيْقٍ اسی سلسلہ کا ایک عنوان تھا۔ مذکور الصدر آیت میں بھی تسلی کا مضمون دوسرے انداز سے بیان فرمایا ہے کہ آپ کا کام پیغام حق کو پہنچا دینے کا وہ آپ پورا کر چکے ہیں جن لوگوں نے اس کو قبول نہیں کیا اس میں آپ کا کوئی قصور اور کوتاہی نہیں جس پر آپ غم کریں بلکہ وہ اپنی صلاحیت قبول ہی کو کھو چکے ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

وَيَقُولُونَ مَتَى هَذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٧١﴾

اور کہتے ہیں کب ہوگا یہ وعدہ اگر تم سچے ہو

یعنی آخر وہ قیامت کب آئے گی؟ اور جس عذاب کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں کب نازل ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ عَسَى أَن يَكُونَ رَدِفَ لَكُم

تو کہہ کیا بعید ہے جو تمہاری پیٹھ پر پہنچ چکی ہو

بَعْضُ الَّذِي تَسْتَعْجِلُونَ ﴿٧٢﴾

بعض وہ چیز جس کی جلدی کر رہے ہیں

معرکہ بدر مشرکین کیلئے عذاب:

یعنی گھبراؤ نہیں وعدہ پورا ہو کر رہے گا۔ اور کچھ بعید نہیں کہ وعدہ کا کچھ حصہ قریب ہی آ لگا ہو (چنانچہ زیادہ دن نہ گزرے کہ بدر میں سزا کی ایک قسط پہنچ گئی رہی قیامت کبریٰ سو اس کے بھی بعض آثار و علامات ظاہر ہونے شروع ہو گئے۔ (تفسیر عثمانی)

وَإِنَّ رَبَّكَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ

اور تیرا رب تو فضل رکھتا ہے لوگوں پر

وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُونَ ﴿٧٣﴾

پر اُن میں بہت لوگ شکر نہیں کرتے

مہلت اللہ کا فضل ہے:

یعنی حق تعالیٰ اپنے فضل سے اگر عذاب میں تاخیر کرتا ہے تو چاہئے تھا اس مہلت کو غنیمت سمجھتے اور اس کی مہربانی کے شکر گزار ہو کر ایمان و عمل صالح کا راستہ اختیار کرتے لیکن وہ اس کے خلاف ناشکری کرتے اور اپنے منہ سے عذاب مانگتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَإِنَّ رَبَّكَ لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُورُهُمْ

اور تیرا رب جانتا ہے جو چھپ رہا ہے ان کے سینوں میں

وَمَا يُعْلِنُونَ ﴿٧٤﴾ وَمَا مِنْ غَائِبَةٍ فِي السَّمَاءِ

اور جو کچھ کہ ظاہر کرتے ہیں اور کوئی چیز نہیں جو غائب ہو آسمان

وَالْأَرْضِ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ ﴿٧٥﴾

اور زمین میں مگر موجود ہے کھلی کتاب میں

besturdubooks.wordpress.com

سب کے سب اعمال اللہ کے علم میں ہیں:

یعنی تمہارے ظاہری و پوشیدہ اعمال، دلوں کے بھید نیتیں ارادے اور زمین و آسمان کے چھپے سے چھپے راز سب اللہ تعالیٰ کے علم میں حاضر اور اُس کے دفتر میں درج ہیں۔ ہر بات اُسی کے موافق اپنے اپنے وقت پر وقوع پذیر ہوگی۔ جلدی مچانے یا دیر لگانے سے کچھ حاصل نہیں۔ جو چیز علم الٰہی میں طے شدہ ہے جلد یا بدیر اپنے وقت پر آئے گی اور ہر ایک کو اس کے عمل اور نیت و عزم کے موافق پھل مل کر رہے گا۔

اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰى بَنِىْۤ اِسْرَآءِيْلَ
یہ قرآن سناتا ہے بنی اسرائیل کو
اَكْثَرَ الَّذِىْ هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝ وَاِنَّهٗ لَهُدًى
بہت چیزیں جس میں وہ جھگڑ رہے ہیں اور بیشک وہ ہدایت ہے
وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝
اور رحمت ہے ایمان والوں کے واسطے

اہل کتاب کے جھگڑوں کا فیصلہ:

یعنی ابھی عملی فیصلہ کا وقت نہیں آیا، البتہ قرآن قولی و عملی فیصلہ کے لئے آیا ہے۔ اُس وقت سماوی علوم اور مذہبی چیزوں کے سب سے بڑے عالم بنی اسرائیل سمجھے جاتے تھے مگر عقائد، احکام اور قصص و روایات کے متعلق اُن کے شدید اختلافات کا فیصلہ کن تصفیہ بھی قرآن نے سنایا۔ فی الحقیقت قرآن ہی وہ کتاب ہے جس نے دنیا کو خداوند قدوس کا آخری پیغام پہنچایا۔ اور ایمان لانے والوں کی رہبری کی تالوگ اُس دن کے لئے تیاری کر رکھیں۔ جبکہ ہر معاملہ کا عملی فیصلہ ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِىْ بَيْنَهُمْ بِحُكْمِهٖ ۚ
تیرا رب اُن میں فیصلہ کریگا اپنی حکومت سے
وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ۝ ۚ
اور وہی ہے زبردست سب کچھ جاننے والا

یعنی قرآن تو آیا ہے سمجھانے اور آگاہ کرنے کو، باقی تمام معاملات کا حکیمانہ اور حاکمانہ فیصلہ خدائے قادر و توانا کرے گا۔ (تفسیر عثمانی)

فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِيْنِ ۝
سو تو بھروسہ کر اللہ پر بیشک تو ہے صحیح کھلے رستہ پر

آپ کسی کے اختلاف سے متاثر نہ ہوں:

یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی کے اختلاف و تکذیب سے متاثر نہ ہوں اور خدا پر بھروسہ کر کے اپنا کام کئے جائیں جس صحیح و صاف راستہ پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم چل رہے ہیں اُس میں کوئی کھٹکا نہیں۔ آدمی جب صحیح راستہ پر ہو اور خدائے واحد پر بھروسہ رکھے پھر کیا غم ہے۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ
البتہ تو نہیں سنا سکتا مردوں کو اور نہیں سنا سکتا بہروں کو اپنی پکار
اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ۝ وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِى
جب لوٹیں وہ پیٹھ پھیر کر اور نہ تو دکھلا سکے
الْعُمْىِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ؕ
اندھوں کو جب وہ راہ سے بچلیں

مردہ دلوں کا حال:

یعنی جس طرح ایک مردہ کو خطاب کرنا یا کسی بہرے کو پکارنا خصوصاً جبکہ وہ پیٹھ پھیرے چلا جا رہا ہو اور پکارنے والے کی طرف قطعاً ملتفت نہ ہو اُن کے حق میں سودمند نہیں یہی حال ان مکذبین کا ہے جن کے قلوب مر چکے ہیں اور دل کے کان بہرے ہو گئے ہیں اور سننے کا ارادہ بھی نہیں رکھتے کیا ان کے حق میں کوئی نصیحت نافع اور کارگر نہیں ایک نپٹ اندھے کو جب تک آنکھ نہ بنوائے تم کس طرح راستہ یا کوئی چیز دکھلا سکتے ہو۔ یہ لوگ بھی دل کے اندھے ہیں اور چاہتے بھی نہیں کہ اندھے پن سے نکلیں۔ پھر تمہارے دکھلانے سے وہ دیکھیں تو کیسے دیکھیں۔ (تفسیر عثمانی)

اس کے معنی بھی یہی ہوئے کہ جیسے مردے اگر کوئی بات حق کی سن بھی لیں اور اس وقت وہ حق کو قبول کرنا بھی چاہیں تو یہ ان کے لئے نافع نہیں، کیونکہ وہ دنیا کے دار العمل سے گزر چکے ہیں جہاں ایمان و عمل نافع ہو سکتا تھا مرنے کے بعد برزخ یا محشر میں تو سبھی کافر منکر ایمان و عمل صالح کی تمنائیں کریں گے مگر وہ وقت ایمان و عمل کے قبول ہونے کا وقت نہیں۔ اس لئے اس آیت سے یہ بات ثابت نہیں ہوتی کہ مردے کوئی کلام کسی کا سن ہی نہیں سکتے اس لئے سماع اموات کے مسئلہ سے درحقیقت یہ آیت ساکت ہے۔ یہ مسئلہ اپنی جگہ قابل نظر ہے کہ مردے کسی کلام کو سن سکتے ہیں یا نہیں۔

مسئلہ سماع اموات:

یہ مسئلہ کہ مُردے کوئی کلام سن سکتے ہیں یا نہیں اُن مسائل میں سے ہے جن

besturdubooks.wordpress.com

میں خود صحابہ کرام کا باہم اختلاف رہا ہے حضرت عبداللہ بن عمرؓ سماعِ موتیٰ کو ثابت قرار دیتے ہیں اور حضرت ام المؤمنین صدیقہ عائشہؓ اس کی نفی کرتی ہیں اسی لئے دوسرے صحابہ وتابعین میں بھی دو گروہ ہو گئے بعض اثبات کے قائل ہیں بعض نفی کے۔ اور قرآن کریم میں یہ مضمون ایک تو اسی موقع پر سورۂ نمل میں آیا ہے دوسرے سورۂ روم میں تقریباً انہی الفاظ کے ساتھ دوسری آیت آئی ہے اور سورۂ فاطر میں یہ مضمون ان الفاظ سے آیا ہے وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ یعنی آپ ان لوگوں کو نہیں سنا سکتے جو کہ قبروں میں ہیں۔

ان تینوں آیتوں میں یہ بات قابل نظر ہے کہ ان میں سے کسی میں بھی یہ نہیں فرمایا کہ مردے سن نہیں سکتے بلکہ تینوں آیتوں میں نفی اس کی کی گئی ہے کہ آپ نہیں سنا سکتے۔ تینوں آیتوں میں اسی تعبیر واختیار کرنے سے اس طرف واضح اشارہ نکلتا ہے کہ مردوں میں سننے کی صلاحیت تو ہوسکتی ہے مگر ہم باختیار خود ان کو نہیں سنا سکتے۔

ان تینوں آیتوں کے بالمقابل ایک چوتھی آیت جو شہداء کے بارے میں آئی ہے وہ یہ ثابت کرتی ہے کہ شہداء کو اپنی قبروں میں ایک خاص قسم کی زندگی عطا ہوتی ہے اور اس زندگی کے مطابق رزق بھی ان کو ملتا ہے اور اپنے پسماندہ متعلقین کے متعلق بھی منجانب اللہ ان کو بشارت سنائی جاتی ہے آیت یہ ہے وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ۭ بَلْ اَحْيَاۗءٌ عِنْدَ رَبِّھِمْ يُرْزَقُوْنَ فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰىھُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِھٖ ۙ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِھِمْ مِّنْ خَلْفِھِمْ ۙ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْھِمْ وَلَا ھُمْ يَحْزَنُوْنَ

یہ آیت اس کی دلیل ہے کہ مرنے کے بعد بھی روح انسانی میں شعور اور ادراک باقی رہ سکتا ہے بلکہ شہداء کے معاملہ میں اس کے وقوع کی شہادت بھی یہ آیت دے رہی ہے۔ رہا یہ معاملہ کہ یہ حکم تو شہیدوں کے ساتھ مخصوص ہے دوسرے اموات کے لئے نہیں، سو اس کا جواب یہ ہے کہ اس آیت سے کم از کم اتنا تو ثابت ہو گیا کہ مرنے کے بعد بھی روح انسانی میں شعور وادراک اور اس دنیا کے ساتھ علاقہ باقی رہ سکتا ہے جس طرح اللہ تعالیٰ نے شہداء کو یہ اعزاز بخشا ہے کہ ان کی ارواح کا تعلق ان کے اجساد اور قبور کے ساتھ قائم رہتا ہے اسی طرح جب اللہ تعالیٰ چاہیں تو دوسرے اموات کو یہ موقع دے سکتے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ جو سماع اموات کے قائل ہیں، ان کا یہ قول بھی ایک صحیح حدیث کی بناء پر ہے جو حضرت عبداللہ بن عمر سے اسناد صحیح کے ساتھ منقول ہے وہ یہ ہے جو شخص اپنے کسی مسلمان بھائی کی قبر پر گزرتا ہے جس کو وہ دنیا میں پہچانتا تھا اور وہ اس کو سلام کرے تو اللہ تعالیٰ اس مردے کی روح اس میں واپس بھیج دیتے ہیں تاکہ وہ سلام کا جواب دے۔

امام غزالی اور علامہ سبکی وغیرہ کی تحقیق یہ ہے کہ اتنی بات تو احادیث صحیحہ اور قرآن کی آیت مذکورہ سے ثابت ہے کہ بعض اوقات میں مردے زندوں کا کلام سنتے ہیں لیکن یہ ثابت نہیں کہ ہر مردہ ہر حال میں ہر شخص کے کلام کو ضرور سنتا ہے اس طرح آیات وروایات کی تطبیق بھی ہو جاتی ہے۔ ہوسکتا ہے کہ مردے ایک وقت میں احیاء کے کلام کو سن سکیں دوسرے وقت نہ سن سکیں، یہ بھی ہوسکتا ہے کہ بعض کے کلام کو سنیں بعض کے کلام کو نہ سنیں، یا بعض مردے سنیں بعض نہ سنیں کیونکہ سورۂ نمل، سورۂ روم، سورۂ فاطر کی آیات سے بھی یہ بات ثابت ہے کہ مردوں کو سنانا ہمارے اختیار میں نہیں بلکہ اللہ جس کو چاہتے ہیں سنا دیتے ہیں۔

اس لئے جن مواقع میں حدیث کی روایات صحیحہ سے سننا ثابت ہے وہاں سننے پر عقیدہ رکھا جائے اور جہاں ثابت نہیں وہاں دونوں احتمال ہیں اس لئے نہ قطعی اثبات کی گنجائش ہے نہ قطعی نفی کی، واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

اس مسئلہ کی مکمل تحقیق میں احقر نے ایک مستقل رسالہ بنام "تکمیل الحبور بسماع اہل القبور" لکھا ہے جو احکام القرآن سورۂ روم حزب خامس میں بزبان عربی شائع ہوا ہے جس میں آیات وروایات اور اقوال سلف وخلف اور شرح الصدور وغیرہ سے بہت سے واقعات ومخاطبات اہل قبور کے نقل کئے گئے ہیں۔ اہل علم وہاں دیکھ سکتے ہیں عوام کے لئے یہاں اس کا ضروری خلاصہ لکھا گیا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝

تو تو سناتا ہے اس کو جو یقین رکھتا ہو ہماری باتوں پر، سو وہ حکمبردار ہیں

نصیحت کس کو نفع دیتی ہے؟

یعنی نصیحت سنانا ان کے حق میں نافع ہے جو سن کر اثر قبول کریں۔ اور اثر قبول کرنا یہی ہے کہ خدا کی باتوں پر یقین کر کے فرماں بردار بنیں۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی اللہ نے جس کے دل کو اندھا کر دیا ہے ایمان کی راہ اس کو سوجھائی نہیں دیتی آپ اس کو ایمان کا راستہ نہیں دکھا سکتے آپ کا قرآن سنانا سواء ان لوگوں کے کسی کو فائدہ نہیں دے سکتا جو ہماری آیات پر ایمان رکھنے والے ہیں یعنی ایمان لانا ہم نے ان کے لئے مقدر کر دیا ہے پس وہ ہی مسلم ہوتے ہیں یعنی اپنا رخ خلوص کے ساتھ اللہ کی طرف کر دیتے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَاۗبَّةً

اور جب پڑ چکے گی ان پر بات نکالیں گے ہم ان کے آگے ایک جانور

مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ ۙ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا

زمین سے ان سے باتیں کرے گا اس واسطے کہ لوگ ہماری

بِاٰيٰتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ ۝

نشانیوں کا یقین نہیں کرتے تھے

besturdubooks.wordpress.com

باتیں کرنے والا جانور:

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں قیامت سے پہلے صفا پہاڑ مکہ کا پھٹے گا اس میں سے ایک جانور نکلے گا جو لوگوں سے باتیں کرے گا کہ اب قیامت نزدیک ہے اور سچے ایمان والوں کو اور چھپے منکروں کو نشان دے کر جدا کر دے گا (موضح) بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ بالکل آخر زمانہ میں طلوع الشمس من المغرب کے دن ہوگا۔ قیامت تو نام ہی اس کا ہے کہ عالم کا سب موجودہ نظام درہم و برہم کر دیا جائے لہٰذا اس قسم کے خوارق پر کچھ تعجب نہیں کرنا چاہیے جو قیامت کی علامات قریبہ اور اس کے پیش خیمہ کے طور پر ظاہر کی جائیں گی شاید دابۃ الارض کے ذریعہ سے یہ دکھلانا ہو کہ جس چیز کو تم پیغمبروں کے کہنے سے نہ مانتے تھے آج وہ ایک جانور کی زبانی ماننی پڑ رہی ہے۔ مگر اس وقت کا ماننا نافع نہیں صرف مکذبین کی تجہیل وتحمیق مقصود ہے ماننے کا جو وقت تھا گزر گیا۔ (تنبیہ) دابۃ الارض کے متعلق بہت سے رطب و یابس اقوال و روایات تفاسیر میں درج کی گئی ہیں مگر معتبر روایات سے تقریباً اتنا ہی ثابت ہے جو حضرت شاہ صاحبؒ نے لکھا۔ واللہ اعلم (تفسیر عثمانی)

قیامت کی دس نشانیاں:

مسند احمد میں حضرت حذیفہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک تم اس سے پہلے دس نشانیاں نہ دیکھ لو۔ (۱) آفتاب کا منجانب مغرب سے طلوع ہونا (۲) دخان (۳) دابہ (۴) خروج یاجوج و ماجوج (۵) نزول عیسیٰ علیہ السلام (۶) دجال (۷) تین خسوف کے معنی، ایک مغرب میں دوسرا مشرق میں تیسرا جزیرۃ العرب میں ہوگا (۸) ایک آگ جو قعر عدن سے نکلے گی اور سب لوگوں کو ہنکا کر میدان حشر کی طرف لے آئے گی جس مقام پر لوگ رات گزارنے کیلئے ٹھیریں گے یہ آگ بھی ٹھہر جائے گی پھر اُن کو لے چلے گی۔

(ہکذا رواہ مسلم واہل السنن من طرق وقال الترمذی حدیث حسن صحیح)

دابہ کوہ صفا سے نکلے گا:

ابن کثیر نے بحوالہ ابو داؤد طیالسی حضرت طلحہ بن عمر سے ایک طویل حدیث میں روایت کیا ہے کہ یہ دابۃ الارض مکہ مکرمہ میں کوہ صفا سے نکلے گا اور اپنے سر سے مٹی جھاڑتا ہوا مسجد حرام میں حجر اسود اور مقام ابراہیم کے درمیان پہنچ جائے گا لوگ اس کو دیکھ کر بھاگنے لگیں گے ایک جماعت رہ جائے گی یہ دابہ اُن کے چہروں کو ستاروں کی طرح روشن کر دے گا۔ اس کے بعد وہ زمین کی طرف نکلے گا، ہر کافر کے چہرے پر کفر کا نشان لگا دے گا۔ کوئی اس کی پکڑ سے بھاگ نہ سکے گا یہ ہر مومن و کافر کو پہچانے گا۔ (ابن کثیر)

قیامت کی سب سے آخری علامت:

مسلم بن حجاج نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت کیا ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک حدیث سُنی تھی جس کو میں کبھی بھولتا نہیں وہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کی آخری علامات میں سب سے پہلے آفتاب کا طلوع مغرب کی طرف سے ہوگا اور آفتاب بلند ہونے کے بعد دابۃ الارض نکلے گا ان دونوں علامتوں میں سے جو بھی پہلے ہو جائے اس کے فوراً بعد قیامت آ جائے گی (ابن کثیر) (معارف مفتی اعظم)

صحیح مسلم میں ہے کہ سب سے پہلے جو نشانی ظاہر ہوگی وہ سورج کا مغرب سے نکلنا اور دَآبَّةُ الْاَرْضِ کا ضحٰے کے وقت آ جانا ہے ان دونوں میں سے جو پہلے ہوگا اس کے بعد ہی دوسرا ہوگا۔

چھ چیزوں سے پہلے عمل کرو:

صحیح مسلم میں ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چھ چیزوں کی آمد سے پہلے ہی پہلے نیک اعمال کر لو۔ سورج کا مغرب سے نکلنا۔ اور دھوئیں کا آنا اور دجال کا آنا اور دَآبَّةُ الْاَرْضِ کا آنا اور تم میں سے ہر ایک کا خاص امر اور عام امر۔ یہ حدیث اور سندوں سے دوسری کتابوں میں بھی ہے۔

دابۃ کی انگوٹھی اور لاٹھی:

ابوداؤد طیالسی میں ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں دَآبَّةُ الْاَرْضِ کے ساتھ حضرت موسیٰ کی لکڑی ہوگی اور حضرت سلیمانؑ کی انگوٹھی ہوگی۔ کافروں کی ناک پر لکڑی سے مہر لگائے گا اور مومنوں کے منہ انگوٹھی سے منور کر دے گا یہاں تک کہ ایک دسترخوان پر بیٹھے ہوئے مومن کافر سب ظاہر ہوں گے۔ ایک اور حدیث میں جو مسند احمد میں ہے مروی ہے کہ کافروں کی ناک پر انگوٹھی سے مہر کرے گا اور مومنوں کے چہرے لکڑی سے چمکا دے گا۔

دابۃ الارض کے نکلنے کی جگہ:

ابن ماجہ میں بریدہؓ سے روایت ہے کہ مجھے لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ کے پاس کے ایک جنگل میں گئے۔ میں نے دیکھا کہ ایک خشک زمین ہے جس کے اردگرد ریت ہے فرمانے لگے یہیں سے دابۃ الارض نکلے گا۔ بریدہؓ کہتے ہیں اس کے کئی سال بعد میں حج کے لئے نکلا تو مجھے لکڑی دکھائی دی جو میری اس لکڑی کے برابر تھی۔ ابن عباسؓ فرماتے ہیں اس کے چار پیر ہوں گے صفا کی کھڈ میں سے نکلے گا۔ اس قدر تیزی سے خروج کرے گا کہ جیسے کوئی بہت ہی تیز رفتار گھوڑا ہو، تاہم تین دن میں اس کے جسم کا تیسرا حصہ بھی نہ نکلا ہوگا۔ عبداللہ بن عمروؓ سے جب اس کی بابت سوال ہوا تو آپ نے فرمایا جیاد میں ایک چٹان ہے اس کے نیچے سے نکلے گا۔ میں اگر وہاں ہوتا تو میں تمہیں وہ چٹان دکھا

besturdubooks.wordpress.com

دیتا ہے سیدھا مشرق کی طرف جائے گا اور اس زور سے چلائے گا کہ ہر طرف اس کی آواز پہنچ جائے گی پھر شام کی طرف جائے گا، وہاں بھی چیخ لگا کر پھر یمن کی طرف متوجہ ہوگا یہاں بھی آواز لگا کر شام کے وقت مکہ سے چل کر صبح کو عسفان پہنچ جائے گا۔ لوگوں نے پوچھا پھر کیا ہوگا؟ فرمایا پھر مجھے معلوم نہیں،

دابۃ الارض کی چیخ:

عبداللہ بن عمرؓ کا قول ہے کہ مزدلفہ کی رات کو نکلے گا، حضرت عزیر ایک کلام کی حکایت ہے کہ سدوم کے نیچے سے یہ نکلے گا اس کے کلام کو سب سنیں گے حاملہ کے حمل وقت سے پہلے گر جائیں گے، میٹھا پانی کڑوا ہو جائے گا دوست دشمن بن جائیں گے، حکمت جل جائے گی، علم اُٹھ جائے گا نیچے کی زمین باتیں کرے گی، انسان کی وہ تمنائیں ہوں گی جو کبھی پوری نہ ہوں، ان چیزوں کی کوشش ہوگی جو کبھی حاصل نہ ہوں، اُس بارے میں کام کریں گے جسے کھائیں گے نہیں۔

دابۃ الارض کا رنگ وروپ:

ابو ہریرہؓ کا قول ہے کہ اس کے جسم پر سب رنگ ہوں گے۔ اس کے دو سینگوں کے درمیان سوار کے لئے ایک فرسخ کی راہ ہوگی۔ ابن عباسؓ فرماتے ہیں یہ موٹے نیزے اور بھالے کی طرح ہوگا حضرت علیؓ فرماتے ہیں اس کے بال ہوں گے کھر ہوں گے، ڈاڑھی ہوگی، دُم نہ ہوگی۔ تین دن میں بہ مشکل ایک تہائی باہر آئے گا حالانکہ تیز گھوڑے کی چال چلتا ہوگا۔ ابن الزبیرؓ کا قول ہے کہ اس کا سر بیل کے سر کے مشابہ ہوگا آنکھیں خنزیر کی آنکھوں کے مشابہ ہوں گی، کان ہاتھی جیسے ہوں گے سینگ کی جگہ اُونٹ کی طرح ہوگی، شتر مرغ جیسی گردن ہوگی شیر جیسا سینہ ہوگا، چیتے جیسا رنگ ہوگا، بلی جیسی کمر ہوگی، مینڈھے جیسی دُم ہوگی، اُونٹ جیسے پاؤں ہوں گے، ہر دو جوڑ کے درمیان بارہ گز کا فاصلہ ہوگا۔ حضرت موسیٰ کی لکڑی اور حضرت سلیمان کی انگوٹھی ساتھ ہوگی۔ ہر مومن کی پیشانی پر اپنے عصائے موسوی سے نشان کر دے گا جو پھیل جائے گا اور اس کا چہرہ منور ہو جائے گا اور ہر کافر کے چہرے پر خاتم سلیمانی سے نشان لگا دے گا جو پھیل جائے گا اور اس کا سارا چہرہ سیاہ ہو جائے گا۔ اب تو اس طرح مومن کافر ظاہر ہو جائیں گے کہ خرید و فروخت کے وقت کھانے پینے کے وقت لوگ ایک دوسرے کو اے مومن! اور اے کافر کہہ کر بلائیں گے۔ دابۃ الارض ایک ایک کا نام لے کر ان کو جنت کی خوشخبری یا جہنم کی بدخبری سنا دے گا یہی معنی ومطلب اس آیت کا ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت علی نے فرمایا وہ دابۃ ایسا دابۃ نہ ہوگا جس کی دم ہو بلکہ داڑھی والا دابۃ ہوگا۔

بغوی نے حضرت ابن عمر کا قول نقل کیا ہے کہ دابۃ الارض کوہ صفا کے ایک شگاف سے برآمد ہوگا۔ بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت ابن عباس نے احرام کی حالت میں صفا کو لاٹھی سے ٹھوکا اور فرمایا دابۃ میری لاٹھی کے ٹھوکے کو سن رہا ہے۔ حضرت ابن عمر نے فرمایا دابۃ ایک گھاٹی سے برآمد ہوگا اس کا سر بادل کو چھوئے گا اور اس کی ٹانگیں زمین کے اندر ہوں گی باہر نکلی بھی نہ ہوں گی وہ نماز پڑھتے آدمی کی طرف سے گزرے گا اور کہے گا نماز کی تجھے کیا ضرورت پھر اس (کے ماتھے یا ناک پر) نشان بنا دے گا۔

تین بار دابہ نکلے گا:

بغوی نے حضرت ابو شریحہ انصاری کی روایت سے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پوری مدت میں تین بار دابۃ کا خروج ہوگا۔ ایک بار یمن سے برآمد ہوگا جس کی شہرت بادیہ (صحراء) میں پھیل جائے گی۔ اور قریہ یعنی مکہ میں بھی اس کا تذکرہ پہنچ جائے گا پھر ایک روز سب سے بڑی عزت و عظمت والی مسجد یعنی مسجد حرام میں لوگ جمع ہوں گے کہ دابہ دکھائی دے گا عمرو (راوی) نے کہا رکن اسود سے باب بنی مخزوم تک درمیان میں دکھائی دے گا اور مسجد کے ہر گوشہ میں موجود لوگوں کو دیکھے گا لوگ اس کو دیکھ کر بکھر جائیں گے لیکن ایک جماعت اس کے سامنے جمی رہے گی وہ سمجھ لیں گے کہ اللہ سے چھوٹ کر وہ کہیں جا نہیں سکتے دابہ اپنے سر سے مٹی جھاڑتا ہوا ان کی طرف گزرے گا اور ان کے چہروں کو (نشان زد کر کے) ایسا روشن کر دے گا جیسے چمکدار ستارے۔ پھر زمین کو پھاڑتا ہوا چلا جائے گا (اتنی تیزی کے ساتھ) کہ اس کو پکڑنے والا پا نہ سکے گا اور اس سے بھاگنے والا چھوٹ نہ سکے گا پھر کچھ لوگ اُٹھ کر نماز پڑھنے لگیں گے تو (تیسری بار) وہ پیچھے سے آپڑے گا اور کہے گا اے فلاں تو اب نماز پڑھ رہا ہے پھر نمازی کے سامنے آ کر اس کے چہرہ پر نشان بنا دے گا پھر لوگ وہاں سے ہٹ کر اپنے گھروں کو چلے جائیں گے اور ساتھ ساتھ مل کر سفر کریں گے اور باہم باتوں میں شرکت کریں گے اور کافر کا مؤمن سے امتیاز ہو جائے گا مؤمن کو مؤمن کہہ کر پکارا جائے گا اور کافر کو کافر کہہ کر۔

حضرت حذیفہ بن یمان کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے دابہ کا تذکرہ آیا تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ وہ کہاں سے برآمد ہوگا۔ فرمایا سب سے بڑھ کر حرمت والی مسجد سے اس وقت عیسیٰ علیہ السلام طواف کر رہے ہوں گے مسلمان آپ کے ساتھ ہوں گے کہ تندیل کی حرکت کی طرح ان کے قدموں کے نیچے زمین میں لرزہ پیدا ہوگا اور مشرقی جانب کوہ صفا پھٹ کر اس سے دابۃ برآمد ہو جائے گا سب سے پہلے اس کا سر نکلے گا۔ اس پر اون اور پر ہوں گے کوئی پکڑنے والا اس تک پہنچ نہ سکے گا اور نہ بھاگنے والا اس سے چھوٹ سکے گا۔ وہ لوگوں پر مومن وکافر کا نشان بنا دے گا۔ مومن کا چہرہ چمکدار ستارہ کی طرح روشن ہو جائے گا اس کی دونوں آنکھوں کے بیچ میں وہ نشان ہوگا۔ اور کافر کی دونوں آنکھوں کے بیچ میں جو نشان ہوگا وہ کالا ہوگا اور

besturdubooks.wordpress.com

دونوں آنکھوں کے بیچ میں کافر لکھا ہوگا۔ رواہ البغوی و کذا اخرج ابن جریر بغوی نے سہل بن صالح کے والد کی روایت سے حضرت ابن عباس کا بیان نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو یا تین بار فرمایا حناد کی گھاٹی بری گھاٹی ہے عرض کیا گیا یا رسول اللہ ایسا کیوں ہے فرمایا اس سے دابۃ برآمد ہوگا اور تین چیخیں مارے گا جن کو مشرق و مغرب کے درمیان سب سنیں گے اس کا چہرہ مرد کا چہرہ ہوگا اور (باقی) جسمانی بناوٹ پرندے کی ہوگی اور جو اس کو دیکھے گا اس سے وہ کہے گا کہ اہل مکہ محمد اور قرآن پر یقین نہیں رکھتے تھے۔

حضرت ابو امامہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دابۃ برآمد ہوگا اور لوگوں کی ناکوں پر نشان لگا دے گا اس کے بعد بھی لوگ (مدت تک) زندہ رہیں گے یہاں تک کہ بعض لوگ جانور خرید کر لائیں گے تو ان سے دریافت کیا جائے گا تم نے یہ جانور کس سے خریدا وہ جواب دیں گے مہر زدہ آدمی سے۔ رواہ احمد، حضرت ابن عمر راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جمعہ کی رات کو دابہ برآمد ہوگا لوگ منا کی طرف جا رہے ہوں گے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دابۃ الارض کو دیکھا:

ابن ابی شیبہ عبد بن حمید ابن المنذر اور ابن ابی حاتم نے حسن کا بیان نقل کیا ہے کہ موسیٰ نے اپنے رب سے خواہش کی کہ مجھے دابۃ الارض دکھا دیا جائے (اللہ نے دعا قبول فرمائی اور) چنانچہ دابہ تین دن رات (برابر) نکلتا رہا خلا میں جا تا رہا اور اس کا کوئی کنارہ نظر نہ آتا تھا حضرت موسیٰ نے ہیبت ناک منظر دیکھ کر درخواست کی اے میرے رب اس کو لوٹا دے اللہ نے اس کو لوٹا دیا۔

مؤمن و کافر کا امتیاز:

میں کہتا ہوں کہ احادیث دلالت کر رہی ہیں کہ دابۃ الارض سچے مومنوں کو ان منافقوں سے الگ کر دے گا جو زبان سے مومن اور دل سے کافر ہوں گے اور کفر سے مراد ہے اس اسلام کی ضد جو (صرف زبانی ہوتا ہے لیکن زبان سے اسلام کا اقرار کرنے والوں کے) دلوں میں نہیں ہوتا بلکہ ایسے لوگوں کے دل اس دین کی تصدیق نہیں کرتے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا لایا ہوا ہے اس اسلام کو مجازی اسلام کہا جاتا ہے یا کفر سے مراد ہے اس حقیقی اسلام کی ضد جس کے دعوے دار دلوں میں بھی ایمان رکھتے ہیں اور زبان سے بھی تصدیق کرتے ہیں لیکن اطمینان قلب اور ایمان نفس کے درجہ پر فائز نہیں ہوتے اگر کفر سے مؤخر الذکر معنی مراد ہو تو دابہ جو بعض لوگوں سے کہے گا اے فلاں تو دوزخیوں میں سے ہے اس سے مراد یہ ہوگی کہ تو دوزخ میں ضرور جائے گا یہ مطلب نہ ہوگا کہ تو ہمیشہ دوزخ میں رہے گا۔

کفر سے مراد علانیہ کفر کا اقرار نہیں ہو سکتا کیونکہ فتح کے بعد مکہ کے اندر علانیہ کفر کا دعویدار کوئی باقی نہیں رہا (نہ آئندہ ہوگا) پھر مومنوں سے تمیز کر دینے کا کوئی معنی نہیں۔

وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ يُكَذِّبُ

اور جس دن گھیر بلائیں گے ہم ہر ایک فرقہ میں سے ایک جماعت جو جھٹلاتے تھے

بِآيَاتِنَا فَهُمْ يُوزَعُونَ ﴿٨٣﴾

ہماری باتوں کو پھر اُن کی جماعت بندی ہوگی

گناہ گاروں کی تقسیم:

ہر گناہ والوں کے جتھے اور جماعتیں الگ الگ ہوں گی۔ (تنبیہ) عموماً مفسرین نے فَهُمْ يُوزَعُونَ کے معنی روکنے کے لئے ہیں یعنی ہر اُمت کے مکذبین کو محشر کی طرف لے چلیں گے اور وہ اتنی کثرت سے ہوں گے کہ پیچھے چلنے والوں کو آگے بڑھنے سے روکا جائے گا۔ جیسے انبوہ کثیر میں انتظام قائم رکھنے کے لئے کیا جاتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

حَتّٰى إِذَا جَاءُوا قَالَ أَكَذَّبْتُمْ بِآيَاتِي وَلَمْ

یہاں تک کہ جب حاضر ہو جائیں فرمائے گا کیوں جھٹلایا تم نے میری باتوں کو اور نہ

تُحِيطُوا بِهَا عِلْمًا أَمَّاذَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٨٤﴾

آ چکی تھیں تمہاری سمجھ میں یا بولو کہ کیا کرتے تھے

غور و فکر کے بغیر جھٹلا دیا:

یعنی پوری طرح سمجھنے اور تمام اطراف و جوانب پر نظر ڈالنے کی کوشش بھی نہ کی، پہلے ہی جھٹلانا شروع کر دیا۔ یا بولو! یہ نہیں تو اور کیا کرتے تھے یعنی اس کے سوا تمہارا کام ہی کیا تھا اور ممکن ہے یہ مطلب ہو کہ بے سوچے سمجھے تکذیب ہی کی تھی؟ یا بول اس کے سوا اور بھی کچھ گناہ سمیٹے تھے۔ (تفسیر عثمانی)

جو لوگ غور و فکر کرنے کے باوجود حق کو نہ پا سکیں کہ اُن کی نظر و فکر ہی گمراہی کی طرف لے جائے تو ان کا جرم کسی قدر ہلکا ہو جاتا ہے اگرچہ اللہ کے وجود اور توحید وغیرہ کی تکذیب پھر بھی کفر و ضلال اور دائمی عذاب سے نہیں بچائے گی کیونکہ یہ ایسے بدیہی اُمور ہیں جن میں نظر و فکر کی غلطی معاف نہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوا فَهُمْ لَا يَنْطِقُونَ ﴿٨٥﴾

اور پڑ چکی اُن پر بات اس واسطے کہ انہوں نے شرارت کی تھی اب وہ کچھ نہیں بول سکتے

منکروں کے تمام عذر ختم ہو گئے:

یعنی اُن کی شرارتوں کا یقینی ثبوت ہو چکا اور خدا کی حجت تمام ہو چکی۔ اب آگے وہ کیا بول سکتے ہیں۔ باقی بعض آیات میں جو ان کا عذر پیش کرنا مذکور ہے وہ شاید اس سے پہلے ہو چکے گا بہر حال نفی و اثبات کو اختلاف مواطن

besturdubooks.wordpress.com

پر حمل کیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

کیونکہ ان کے پاس تکذیب کرنے کا کوئی عذر ہی نہ ہوگا یا اس وجہ سے کہ ان کو بولنے کی اجازت نہیں ملے گی کہ کچھ عذر پیش کرسکیں۔ بعض نے کہا نہ بولنے کی وجہ یہ ہوگی کہ ان کے مونہوں پر مہریں لگی ہوں گی بعض نے کہا وہ عذاب میں ایسے گرفتار ہوں گے کہ ان کو بولنے کا ہوش ہی نہ ہوگا اول توجیہ زیادہ صحیح ہے۔ اسی پر اگلی آیت دلالت کر رہی ہے۔ (تفسیر مظہری)

اَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا الَّيْلَ لِيَسْكُنُوْا فِيْهِ
کیا نہیں دیکھتے کہ ہم نے بنائی رات کہ اس میں چین حاصل کریں
وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ
اور دن بنایا دیکھنے کا البتہ اس میں نشانیاں ہیں اُن لوگوں کیلئے جو یقین کرتے ہیں

رات و دن کے نظام پر غور کی دعوت:

یعنی کیسے کھلے کھلے نشان اللہ تعالیٰ نے دنیا میں دکھلائے پر ذرا بھی غور نہ کیا۔ ایک رات دن کے روزانہ ادل بدل ہی کے حال میں غور کر لیتے تو اللہ کی توحید پیغمبروں کی ضرورت اور بعثت بعد الموت سب کچھ سمجھ سکتے تھے۔ آخر وہ کون ہستی ہے جو ایسے مضبوط و محکم انتظام کے ساتھ برابر دن کے بعد رات اور رات کے بعد دن کو نمودار کرتا ہے۔ جس نے ہماری ظاہری بصارت کے لئے شب کی تاریکی کے بعد دن کا اُجالا کیا۔ کیا وہ ہماری باطنی بصیرت کے لئے اوہام واہوا کی تاریکیوں میں معرفت وہدایت کی روشنی نہ بھیجتا۔ پھر رات کیا ہے؟ نیند کا وقت ہے جسے ہم موت کا ایک نمونہ قرار دے سکتے ہیں۔ اُس کے بعد دن آیا پھر آنکھیں کھول کر اِدھر اُدھر پھرنے لگے۔ اسی طرح اگر حق تعالیٰ ہم پر موت طاری کرے اور موت کے بعد دوبارہ زندہ کر کے اُٹھا لے تو اس میں کیا استحالہ ہے۔ غرض یقین کرنے والوں کے لئے اسی ایک نشان میں تمام ضروری چیزوں کا حل موجود ہے۔ (تفسیر عثمانی)

اَلَمْ يَرَوْا میں رویت (دیکھنا) بمعنی علم ہے یعنی کیا یہ نہیں جانتے کہ خاص طریقہ سے مفید طور پر معاش ومعاد کے مصالح کے مطابق روشنی اور تاریکی کا توارد وتعاقب اللہ نے کر دیا ہے ان کا اس طور پر تعاقب دلالت کر رہا ہے کہ ان کا فاعل خالق حکیم اور قادر قاہر ہے اور ظاہر ہے کہ جو شب وروز کے تعاقب پر قدرت رکھتا ہے وہ پیغمبروں کو اللہ کی عبادت کی دعوت دینے کے لئے بھیج سکتا ہے اور فرمانبرداری ونافرمانی کی جزا سزا دینے کی بھی اس کو قدرت ہے اور موت کے بعد زندگی بھی لا سکتا ہے جیسا کہ وہ نور وظلمت اور بیداری وخواب کا تبادل کرتا رہتا ہے۔ اور پیغمبروں کے معجزات سے پیغمبروں کی اور ان کی لائی ہوئی تعلیم کی صداقت ثابت ہو رہی ہے ان تمام امور مذکورہ میں اللہ کی توحید اور رسول کے صادق ہونے کی کھلی ہوئی نشانیاں ہیں تکذیب کرنے والے کو ان دلائل کے بعد کوئی عذر ہو سکتا ہے لیکن ان دلائل وآیات کا فائدہ انہی لوگوں کو پہنچتا ہے جو ایمان رکھتے ہیں۔

حشر کی دلیل: اَلَمْ يَرَوْا سے آخر تک حشر کی دلیل ہے ظلمت کو نور سے اور خواب کو بیداری سے بدلنا دلالت کر رہا ہے کہ جو قادر یہ تبادلہ کرتا ہے وہ موت کے بعد دوبارہ زندگی بھی لا سکتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ
اور جس دن پھونکی جائے گی صور

صور کا پھونکا جانا:

صور پھونکنے والا فرشتہ اسرافیل ہے جو حکم الٰہی کے انتظار میں صور لئے تیار کھڑا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ
تو گھبرا جائے جو کوئی ہے آسمان میں اور جو کوئی ہے زمین میں
اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ۭ
مگر جس کو اللہ چاہے

بعض روایات میں ہے اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ کہ جبرئیل، میکائیل اسرافیل اور ملک الموت ہیں۔ اور بعض نے شہداء کو اس کا مصداق قرار دیا ہے۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

قتادہ وغیرہ ائمہ تفسیر نے اس آیت کو نفخہ ثانیہ کے متعلق قرار دیا ہے جس سے سب مردے دوبارہ زندہ ہو جائیں گے اور مطلب آیت کا یہ ہے کہ سب زندہ ہونے کے وقت گھبرائے ہوئے اُٹھیں گے اور بعض حضرات نے فرمایا کہ صور تین مرتبہ پھونکا جائے گا، پہلا نفخہ فزع ہوگا جس سے سب پریشانی گھبراہٹ اور اضطراب میں مبتلا ہو جائیں گے۔ دوسرا نفخہ صعق ہوگا جس سے سب مر جائیں گے تیسرا نفخہ حشر ونشر ہوگا جس سے سب مردے زندہ ہو جائیں گے مگر آیات قرآن اور احادیث صحیحہ سے ثبوت دو ہی نفخوں کا ملتا ہے (قرطبی وابن کثیر) ابن مبارک نے حضرت حسن بصری سے مرسلاً روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دونوں نفخوں کے درمیان چالیس سال کا عرصہ ہوگا۔ (قرطبی)

وہ لوگ جن پر گھبراہٹ نہ ہوگی:

اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ یہ استثناء مفرغ سے ہے۔ جس کے معنے گھبراہٹ کے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ کچھ لوگ ایسے بھی ہوں گے جن پر کوئی گھبراہٹ حشر کے وقت نہیں ہوگی۔ حضرت ابو ہریرہؓ کی ایک حدیث میں ہے کہ یہ لوگ

besturdubooks.wordpress.com

شہداء ہوں گے حشر کی دوبارہ زندگی کے وقت ان پر کوئی گھبراہٹ نہیں ہوگی (صحیح الحدیث ابن العربی (قرطبی) سعید ابن جبیرؒ نے بھی یہ فرمایا کہ مراد اس سے شہداء ہیں جو حشر کے وقت اپنی تلواریں باندھے ہوئے عرش کے گرد جمع ہوں گے اور قشیری نے فرمایا کہ انبیاء علیہم السلام ان میں بدرجہ اولی داخل ہیں کیونکہ ان کو مقام شہادت بھی حاصل ہے اور مقام نبوت مزید براں ہے (قرطبی) (معارف مفتی اعظم)

وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ اور یاد کرو اس دن کو جب کہ صور کے اندر پھونک ماری جائے گی۔

سورا یک سینگ ہے:

حضرت ابن عمر راوی ہیں کہ ایک اعرابی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے صور کے متعلق دریافت کیا فرمایا وہ ایک سینگ ہے جس سے پھونکا جائے گا۔ رواہ ابوداؤد والترمذی وحسنہ والنسائی وابن حبان والحاکم۔ حضرت ابن مسعود سے بھی اسی طرح کی حدیث مروی ہے۔ **رواہ مسدد بسند صحیح۔**

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فکر آخرت:

حضرت زید بن ارقم راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں کیسے چین پا سکتا ہوں سینگ (صور) والا تو سینگ منہ میں لئے پیشانی آگے کو جھکائے اور کان لگائے ہوئے ہے کہ کب اس کو (پھونکنے کا) حکم دیا جاتا ہے صحابہ کو یہ فرمان سن کر بڑی دشواری ہوگئی (کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ حال ہے کہ دل کو کسی وقت سکون میسر نہیں تو ہمارا کیا ٹھکانہ ہے) فرمایا کہو حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ اللہ ہمارے لئے کافی ہے وہی اچھا ذمہ دار ہے۔

احمد حاکم بیہقی اور طبرانی نے حضرت ابن عباس کی روایت سے یہ حدیث اسی طرح بیان کی ہے اور ترمذی حاکم اور بیہقی نے حضرت ابوسعید کی روایت سے بھی یونہی نقل کیا ہے اور ابونعیم نے حضرت جابر کی روایت سے بھی ایسا ہی بیان کیا ہے۔

صُور والا فرشتہ:

سعید بن منصور اور بیہقی نے حضرت ابوسعید خدری کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جبرئیل اس کے یعنی اسرافیل کے دائیں جانب اور میکائیل بائیں جانب ہیں اور وہی صور والا ہے۔ قرطبی نے لکھا ہے تمام (پیغمبروں کی) امتوں کے علماء کا اتفاق ہے کہ اسرافیل ہی صور پھونکیں گے۔

کل نفخات:

بعض علماء کا قول ہے کہ صرف دو نفخات ہوں گے نفخۂ فزع ہی نفخۂ صعق ہوگا ان لوگوں کا خیال ہے کہ نفخہ ایک ہی ہوگا جس میں دونوں حالتیں پیدا ہو جائیں گی اور یہ دونوں باہم لازم ملزوم ہوں گی صور کی آواز سن کر پہلے گھبراہٹ پھر بے ہوشی اور موت ہو جائے گی۔ قرطبی نے اس قول کو صحیح قرار دیا ہے اور استدلال میں کہا ہے کہ نفخۂ فزع سے اس جگہ مَنْ شَآءَ اللّٰهُ کو مستثنیٰ کر لیا گیا ہے۔ جس طرح کہ نفخۂ صعق سے من شاء اللہ کو مستثنیٰ کیا گیا ہے دونوں کے متعلق اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ آیا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ دونوں الگ الگ نفخات نہیں ہوں گے بلکہ ایک ہی نفخہ ہوگا (جس کو نفخۂ فزع بھی کہا گیا ہے اور نفخۂ صعق بھی)

میں کہتا ہوں یہ دلیل صحیح نہیں ہے اس سے دونوں نفخوں کا ایک ہونا ثابت نہیں ہوتا بے شک مستثنیٰ منہ دونوں کلاموں میں ایک ہی ہے لیکن مَنْ شَآءَ اللّٰهُ کو دونوں جگہ مستثنیٰ کر لینے کا یہ معنی نہیں کہ دونوں مستثنیٰ ایک ہی ہیں۔

شہداء کی فضیلت:

بغوی نے لکھا ہے مستثنیٰ کون لوگ ہوں گے اس کی تعیین میں علماء کے اقوال میں اختلاف ہے حضرت ابو ہریرہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آیت اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ کی بابت دریافت کیا گیا تو حضور نے فرمایا وہ شہداء ہوں گے کیونکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ موجود ہیں ان کو فزع لاحق نہ ہوگا۔

ابویعلی بیہقی اور حاکم نے حضرت ابوہریرہ کی روایت سے ذکر کیا ہے اور حاکم نے اس کو صحیح کہا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے جبرئیل سے آیت وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ کے سلسلہ میں دریافت کیا کہ وہ کون ہیں جن کو اللہ بے ہوش کرنا (یا صور کی آواز سے مردہ کرنا) نہ چاہے گا وہ شہداء ہوں گے جو تلواریں لٹکائے عرش کے گرداگرد ہیں علماء نے استثناء شہداء کی بابت یہ وجہ بیان کی ہے کہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں بغوی نے لکھا ہے بعض آثار میں آیا ہے کہ شہداء اللہ کے استثناء کردہ ہیں یعنی اللہ نے خود نفخۂ صور کے اثر سے ان کو مستثنیٰ کر دیا ہے۔ **كذا روى هناد بن السرى والبيهقى والنحاس فى معانى القرآن عن سعيد بن جبير.**

جبرئیل، میکائیل، عزرائیل اور حاملین عرش:

فریابی نے اپنی تفسیر میں حضرت انس کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ تک تلاوت کی تو صحابہ نے دریافت کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ کون لوگ ہیں جن کا اللہ نے استثناء کیا ہے فرمایا جبرئیل میکائیل فرشتۂ موت اسرافیل اور حاملین عرش جب اللہ مخلوق (یعنی انسانوں) کی روحیں قبض کر لے گا تو ملک الموت سے فرمائے گا اب کون باقی ہے ملک الموت جواب دے گا اے مالک عظمت وعزت تو پاک ہے بڑی خیر والا ہے بزرگ و برتر ہے جبرئیل اور میکائل اور ملک الموت باقی ہیں اللہ فرمائے گا میکائیل کی جان لے لے ملک الموت میکائیل کی جان لے لے گا

besturdubooks.wordpress.com

اور میکائیل بڑے پہاڑ کی طرح گر جائے گا پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا (اب) کون باقی رہا ملک الموت عرض کرے گا جبرئیل اور ملک الموت اللہ فرمائے گا اے موت کے فرشتے تو مر جا موت کا فرشتہ فوراً مر جائے گا اللہ فرمائے گا جبرئیل اب کون باقی رہے گا جبرئیل تیری ذات کریم لافانی اور جبرئیل میت فانی اللہ فرمائے گا (موت تو تجھے بھی آنی ہے) مرے بغیر چارہ نہیں جبرئیل فوراً سجدہ میں گر جائے گا اپنے دونوں بازو پھڑ پھڑانے لگے گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبرئیل کی جسمانی ساخت کی میکائیل کی جسمانیت پر بیشی ایسی ہے جیسے بڑے پہاڑ کی بڑائی چھوٹے ٹیلہ پر بیہقی نے آیت نُفِخَ فِي الصُّورِ کے ذیل میں حضرت انسؓ کی مرفوع روایت نقل کی ہے کہ جن کو اللہ نے مستثنیٰ کیا ہے ان میں سے تین اشخاص ہوں گے جبرئیل اور میکائیل اور ملک الموت اللہ باوجودیکہ خوب جانتا ہوگا فرمائے گا اے ملک الموت کون باقی رہا ملک الموت عرض کرے گا تیری لافانی ذات کریم اور تیرا بندہ جبرئیل اور میکائیل اور ملک الموت اللہ فرمائے گا میکائیل کی جان لے لے پھر فرمائے گا باوجود بلکہ خوب واقف ہوگا (اب) کون باقی رہا ملک الموت عرض کرے گا تیری ذات کریم لافانی اور تیرا بندہ جبرئیل اور ملک الموت اللہ فرمائے گا جبرئیل کی جان لے لے اس کے بعد فرمائے گا باوجود خوب جانتا ہوگا (اب) کون باقی رہا ملک الموت عرض کرے گا تیری ذات کریم لافانی اور تیرا بندہ ملک الموت اور وہ بھی مرنے والا ہے اللہ فرمائے گا تو بھی مر جا (ملک الموت بھی مر جائے گا) پھر فرمائے گا میں نے ہی مخلوق کو شروع میں پیدا کیا تھا پھر میں ہی دوبارہ تخلیق کروں گا اب کہاں ہیں مغرور متکبر کوئی جواب نہیں دے گا پھر اللہ پکار کر فرمائے گا آج حکومت کس کی ہے۔ کوئی بھی جواب دینے والا نہ ہوگا اللہ خود ہی فرمائے گا ایک غالب کل اللہ کی اس کے بعد (ملک الموت کو سب سے پہلے اٹھایا جائے گا اور) دوبارہ صور میں پھونک ماری جاری جائے گی اور یکدم سب کھڑے ہو جائیں گے اور ایک دوسرے کو دیکھ رہے ہوں گے۔

بیہقی نے زید بن اسلم کا قول نقل کیا ہے کہ جن کو اللہ نے مستثنیٰ کیا ہے وہ بارہ ہیں جبرئیل میکائیل اسرافیل ملک الموت اور آٹھ حاملین عرش۔ بغوی نے لکھا ہے روایت میں آیا ہے کہ جبرئیل و میکائیل کی روح قبض کی جائے گی پھر حاملین عرش کی پھر اسرافیل کی روح پھر ملک الموت کی روح۔

بیہقی نے مقاتل کا قول نقل کیا ہے (اول) میکائیل کی روح قبض کی جائے گی پھر جبرئیل کی روح پھر اسرافیل کی روح پھر ملک الموت کو بھی (مر جانے کا) حکم ہوگا وہ بھی مر جائے گا۔

سب سے پہلے پیدا ہونے اور سب سے آخر میں مرنے والے

ابوالشیخ نے کتاب العظمۃ میں وہب کا قول نقل کیا ہے کہ ان چاروں یعنی جبرئیل میکائیل اسرافیل علیہم السلام اور ملک الموت علیہم السلام کو اللہ نے سب سے پہلے پیدا کیا اور سب کے آخر میں ان کو وفات دے گا اور پھر سب سے پہلے ان کو زندہ کرے گا یہی ہیں اَلْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا کاموں کا انتظام کرنے والے ملائکہ اور اَلْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا (کاموں کو تقسیم کرنے والے ملائکہ) یعنی قرآن کی اس آیت میں یہی مراد ہیں سیوطی نے لکھا استثناء کی ان تمام روایات میں کوئی تعارض نہیں ہے ان تمام روایات کو اس طرح جمع کیا جا سکتا ہے کہ یہ سب مستثنیٰ ہیں (چاروں ملائکہ بھی اور آٹھوں حاملین عرش بھی)

حضرت قاضی ثناء اللہؒ کی تحقیق:

میں کہتا ہوں جتنی احادیث اور آثار آئی ہیں وہ نفخہ صعق (نفخہ موت) سے استثناء کے متعلق ہیں نفخہ فزع سے ان کا کوئی تعلق نہیں۔ میرے نزدیک آیت سے جن لوگوں کا استثناء کیا گیا ہے ان سے مراد وہ نیکوکار مؤمن ہیں جن کا ذکر آیت مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ يَّوْمَئِذٍ اٰمِنُوْنَ ، اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ میں کیا گیا ہے ان آیات میں صراحت ہے کہ جو لوگ دوزخ میں جائے بغیر جنت میں چلے جائیں گے ان پر نفخہ فزع کے وقت گھبراہٹ طاری نہ ہوگی اور نفخہ فزع کے وقت سوا کافروں کے اور کوئی موجود ہی نہ ہوگا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت صرف شریروں پر برپا ہوگی۔ رواہ احمد و مسلم عن ابن مسعود۔ یہ بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے قیامت اسی وقت قائم ہوگی جب زمین پر اللہ اللہ (کہنے والا ہی نہ ہوگا اور اللہ اللہ) نہیں کہا جائے گا رواہ احمد و مسلم والترمذی عن انسؓ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا قیامت برپا نہ ہوگی یہاں تک کہ کعبہ کا حج نہیں کیا جائے گا (کوئی حج کرنے والا ہی نہ ہوگا اس وقت قیامت آئے گی) رواہ عبدالرزاق فی الجامع۔ یہ بھی حضور کا ارشاد ہے کہ قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ کعبہ اور قرآن اٹھالیا جائے گا (اس وقت آئے گی) رواہ السنجری عن ابن عمر۔ اس مضمون کی اور احادیث بھی آئی ہیں۔ اسی لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارواح شہداء کو مستثنیٰ قرار دیا کیونکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں باقی ملائکہ اور ارواح انبیاء بھی استثناء میں داخل ہیں وہ بھی بالکل گھبراہٹ سے مستثنیٰ ہوں گی۔ ابن جریر نے تفسیر میں طبرانی نے المطولات ابو یعلی نے مسند میں بیہقی نے البعث میں ابو موسیٰ مدینی نے المطولات میں علی بن معبد نے کتاب الطاعۃ والعصیان میں ابو الشیخ نے کتاب العظمۃ میں نیز عبد بن حمید نے حضرت ابو ہریرہ کی روایت کردہ ایک طویل حدیث نقل کی ہے جس میں ذکر کیا گیا ہے پھر تین بار صور پھونکا جائے گا پہلا نفخہ نفخہ فزع ہوگا دوسرا نفخہ صعق اور تیسرا نفخہ وہ نفخہ جس کے بعد سب رب العالمین کے سامنے کھڑے ہو جائیں گے اللہ اسرافیل کو پہلی بار

besturdubooks.wordpress.com

صور پھونکنے کا حکم دے گا اسرافیل پھونکے گا جس سے (سارے) اہل سموات وارض، گھبرا جائیں گے (سخت خوف زدہ ہو جائیں گے) سوا ان کے جن کو اللہ (محفوظ رکھنا) چاہے گا (وہ محفوظ رہیں گے) ...... یہاں تک کہ حضور نے فرمایا پھر دودھ پلانے والیاں اپنے شیر خوار بچوں کو بھول جائیں گی حاملہ عورتوں کے حمل ساقط ہو جائیں گے بچوں کے بال سفید ہو جائیں گے اور شیطان اڑے اڑے بھاگ کر زمین کے کناروں پر پہنچ جائیں گے سامنے سے ملائکہ آ کر ان کے منہ پر مار مار کر واپس لوٹا دیں گے لوگ پیٹھ پھیرے بھاگ رہے ہوں گے ایک دوسرے کو پکارے گا اللہ نے اسی دن کو یوم التناد (پکار کا دن) فرمایا ہے اس حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا کہ (قبروں کے اندر) اس بیرونی کیفیت سے بالکل بے خبر ہوں گے ان کو کچھ معلوم نہ ہوگا کہ اوپر کیا ہو رہا ہے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ وہ کون لوگ ہیں جن کو اللہ نے مستثنیٰ کیا ہے اور فرمایا ہے اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ فرمایا وہ شہداء ہوں گے (تمام) زندوں تک وہ خوف پہنچے گا (مگر شہیدوں تک نہیں پہنچے گا) اور وہ اپنے رب کے پاس زندگی کی حالت میں ہوں گے ان کو اللہ کی طرف سے روزی ملتی ہے اللہ ان کو اس روز کے خوف سے محفوظ رکھے گا اور اس گھبراہٹ سے وہ امن میں رہیں گے یہ عذاب انہی لوگوں پر قائم ہوگا جو اللہ کی مخلوق میں سب سے برے (یعنی کافر) ہوں گے اللہ نے فرمایا ہے يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ اللہ جتنی مدت چاہے گا لوگ اسی حالت میں رہیں گے پھر نفخہ الصعق کا حکم دے گا تو سارے آسمان و زمین والے مرجائیں گے سوا ان کے جن کو اللہ (موت سے محفوظ رکھنا) چاہے ملک الموت عرض کرے گا آسمان و زمین والے (سارے) مر گئے سوا ان کے جن کو تو نے (محفوظ رکھنا) چاہا اللہ فرمائے گا حالانکہ وہ خوب جانتا ہوگا، اب کون باقی رہا۔ پھر (بروایت ابو ہریرہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جبرئیل میکائیل ملک الموت اور حاملین عرش کے مرنے کا تذکرہ حضرت انس کی روایت کردہ حدیث کے مطابق کیا یا یوں کہا جائے کہ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ سے مراد ہیں بعض مومنوں کی روحیں اور سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰىٓ سے مراد ہیں انبیاء اور مقربین بارگاہ الٰہی۔

نفخہ الصعق سے مستثنیٰ کون ہوں گے اس مبحث میں صحیح قول وہ ہے جو صاحب مفہم نے کہا ہے کہ لفظ صعق سے بطور عموم مجاز ایسا مفہوم مراد ہے جو موت کو بھی شامل ہے اور صرف بے ہوشی کو بھی زندوں کے لئے موت اور مردوں کے لئے بے ہوشی ہو جائے گی یہ بے ہوشی تمام انبیاء کو (جو عالم برزخ میں موجود ہیں) ہوگی البتہ حضرت موسیٰ کے بے ہوش ہونے میں تردد ہے کوئی قطعی بات نہیں کہی جا سکتی شیخین نے صحیحین میں اور ترمذی و ابن ماجہ نے حضرت ابو ہریرہ کی روایت سے ذکر کیا ہے کہ ایک یہودی نے مدینہ کے بازار میں کہا قسم ہے اس کی جس نے موسیٰ کو تمام انسانوں پر فضیلت عطا کی یہ بات سن کر ایک انصاری نے اپنا ہاتھ اٹھایا اور یہودی کے طمانچہ مارا اور کہا تو ایسی بات کہتا ہے حالانکہ ہم میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم موجود ہیں۔ اس بات کا تذکرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کیا گیا تو ارشاد فرمایا اللہ نے فرمایا ہے وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ پس میں ہی سب سے پہلے اپنا سر اٹھاؤں گا تو اچانک دیکھوں گا کہ موسیٰ عرش کا ایک پایہ پکڑے ہوئے ہیں مجھے نہیں معلوم کہ مجھ سے پہلے انہوں نے اپنا سر اٹھا لیا (اور اٹھ کھڑے ہوئے) یا ان لوگوں میں سے تھے جن کو اللہ نے مستثنیٰ کر دیا ہے۔ جب لفظ صعق موت اور بے ہوشی دونوں کو شامل ہے اور انبیاء پر (عالم برزخ میں) غشی طاری ہو جائے گی تو شہداء کا بیہوش ہونا بدرجہ اولیٰ ہوگا اور ملائکہ بھی بے ہوش ہوں گے البتہ جبرئیل میکائیل اسرافیل ملک الموت اور حاملین عرش کی موت صور پھونکنے کی آواز سے نہیں ہوگی بلکہ یہ ملائکہ بعد کو مریں گے جیسا کہ احادیث میں آ چکا ہے۔ (تفسیر مظہری)

بعض احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ سے جبرئیل اور میکائیل اور اسرافیل اور عزرائیل اور ارواح انبیاء اور ارواح شہداء مراد ہیں۔

ایک بار صور پھنکے گا۔ جس سے خلق مر جائے گی۔ دوسرا پھنکے گا تو جی اٹھیں گے اس کے بعد پھنکے گا تو گھبرا جائیں گے۔ پھر پھنکے گا تو بیہوش ہو جائیں گے اور پھر پھنکے گا تو ہشیار ہوں گے۔ صور پھنکنا کئی بار ہے۔ (موضح القرآن) (معارف کاندھلوی)

وَكُلٌّ اَتَوْهُ دٰخِرِيْنَ ۝۸۷

اور سب چلے آئیں اس کے آگے عاجزی سے

متعدد بار صور پھنکنا:

حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں ایک بار صور پھنکے گا جس سے خلق مر جائے گی۔ دوسرا پھنکے گا تو جی اٹھیں گی۔ اس کے بعد پھنکے گا تو گھبرا جائیں گے، پھر پھنکے گا تو بیہوش ہو جائیں گے اور پھنکے گا تو ہشیار ہوں گے صور پھنکنا کئی بار ہے (موضح) اور بہت سے علماء صرف دو نفخے مانتے ہیں یعنی کل دو مرتبہ پھنکے گا۔ اور سب احوال کو انہی دو میں درج کرتے ہیں۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً

اور تو دیکھے پہاڑوں کو سمجھے کہ وہ جم رہے ہیں

وَّهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ

اور وہ چلیں گے جیسے چلے بادل

besturdubooks.wordpress.com

پہاڑ روئی کی طرح ہوں گے:

یعنی جن بڑے بڑے پہاڑوں کو تم اس وقت دیکھ کر خیال کرتے ہو کہ ہمیشہ کے لئے زمین میں جمے ہوئے ہیں کبھی اپنی جگہ سے جنبش نہ کھا سکیں گے۔ قیامت کے دن یہ روئی کے گالوں کی طرح فضا میں اُڑتے پھریں گے اور بادل کی طرح تیز رفتار ہوں گے وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا (واقعہ رکوع ۱) وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ (القارعہ رکوع ۱) (طٰہٰ۔ رکوع ۶) (تنبیہ) آیت ہذا کو زمین کی حرکت وسکون کے مسئلہ سے کچھ علاقہ نہیں جیسا کہ بعض متنورین نے سمجھا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

تمام بڑے اجسام کی حرکت:

وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَّهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ مراد یہ ہے کہ پہاڑ اپنی جگہ سے ہٹ کر اس طرح چلیں گے جیسے بادل کہ دیکھنے والا اس کو اپنی جگہ جما ہوا سمجھتا ہے حالانکہ وہ تیزی سے چل رہے ہیں تمام بڑے اجسام جن کی ابتداء وانتہاء انسان کی نظر کے سامنے نہیں ہوتی جب وہ کسی ایک سمت کی طرف حرکت کریں تو خواہ حرکت کتنی بھی تیز ہو دیکھنے والوں کو ایسا دکھائی دیتا ہے کہ وہ اپنی جگہ جمے ہوئے ہیں جس کا مشاہدہ سب کو گہرے بادل اور دور تک چھائی ہوئی گھٹا سے ہوتا ہے کہ یہ بادل اپنی جگہ جمے ہوئے دکھائی دیتے ہیں حالانکہ وہ چل رہے ہیں مگر ان کی حرکت دیکھنے والوں کو اس وقت محسوس ہوتی جب وہ اتنی دور چلے جائیں کہ افق کا کنارہ اس سے کھل جائے۔ (معارف مفتی اعظم)

اے دیکھنے والے تو (فزع کے وقت) پہاڑوں کو دیکھے گا خیال کرے گا کہ یہ اپنی جگہ کھڑے ہیں (متحرک نہیں ہیں) حالانکہ وہ بادلوں کی طرح (تیز رفتاری کے ساتھ) چلیں گے۔

پھر تیزی کے ساتھ چل کر زمین پر گر پڑیں گے اور زمین کے برابر ہو جائیں گے اس کی وجہ یہ ہے کہ بڑے بڑے جسم بھی اگر تیزی کے ساتھ ایک طرف کو حرکت کر رہے ہوں تو ان کی حرکت محسوس نہیں ہوتی۔ (تفسیر مظہری)

بڑی بڑی اہم باتیں: عبداللہ بن عمروؓ سے ایک دن کسی شخص نے دریافت کیا کہ یہ آپ کیا فرمایا کرتے ہیں کہ اتنے اتنے وقت تک قیامت آ جائے گی۔ آپ نے سبحان اللہ یا لا الہ الا اللہ یا اور کوئی ایسا ہی کلمہ بطور تعجب کہا اور فرمانے لگے سنو! اب تو جی چاہتا ہے کہ کسی سے کوئی حدیث بیان ہی نہ کروں۔ میں نے یہ کہا تھا کہ عنقریب تم بڑی بڑی اہم باتیں دیکھو گے بیت اللہ خراب ہوگا اور یہ ہوگا اور وہ ہوگا وغیرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ دجال میری اُمت میں چالیس ٹھیرے گا۔ میں نہیں جانتا کہ چالیس دن یا چالیس مہینے یا چالیس سال، پھر اللہ (حضرت) عیسیٰؑ کو نازل فرمائے گا وہ صورت شکل میں بالکل عروہ بن مسعود جیسے ہوں گے آپ اسے ڈھونڈ نکالیں گے اور اسے ہلاک کر دیں گے۔ پھر سات سال ایسے نہ گزریں گے کہ دنیا بھر میں دو شخص ایسے نہ ہوں گے جن میں آپس میں بغض وعداوت ہو۔ پھر اللہ تعالیٰ شام کی طرف سے ایک بھینی بھینی ٹھنڈی ہوا چلائے گا جس سے ہر مؤمن فوت ہو جائے گا ایک ذرے کے برابر بھی جس کے دل میں خیر یا ایمان ہوگا اس کی روح بھی قبض ہو جائے گی۔ یہاں تک کہ اگر کوئی شخص کسی پہاڑ کی کھوہ میں گھس گیا ہوگا تو یہ ہوا وہیں جا کر اسے فنا کر دے گی۔ اب زمین پر صرف بدلوگ رہ جائیں گے جو پرندوں جیسے ہلکے اور چوپایوں جیسے بے عقل ہوں گے ان میں سے بھلائی بُرائی کی تمیز اُٹھ جائے گی ان کے پاس شیطان پہنچے گا اور کہے گا تم شرماتے نہیں کہ ان بتوں کی پرستش چھوڑے بیٹھے ہو؟ یہ بُت پرستی شروع کر دیں گے۔ خدا انہیں روزیاں پہنچاتا رہے گا اور خوش وخرم رکھے گا۔ یہ اسی مستی میں ہوں گے جو صور پھونکنے کا حکم مل جائے گا جس کے کان میں آواز پڑی وہیں دائیں بائیں لوٹنے لگے گا۔ سب سے پہلے اسے وہ شخص سنے گا جو اپنے اونٹوں کے لئے حوض ٹھیک ٹھاک کر رہا ہوگا سنتے ہی بے ہوش ہو جائے گا۔ اور سب لوگ بیہوش ہونا شروع ہو جائیں گے۔

روحوں کا جسم میں سرایت کرنا:

صور کی حدیث میں ہے کہ تمام روحیں صور کے سوراخ میں رکھی جائیں گی اور جب جسم قبروں سے اُگ رہے ہوں گے صور پھونک دیا جائے گا روحیں اُڑنے لگیں گی۔ مؤمنوں کی روحیں نورانی ہوں گی کافروں کی روحیں اندھیرے اور ظلمت والی ہوں گی۔ رب العالمین خالق کل فرمادے گا کہ میرے جلال کی میری عزت کی قسم ہے ہر روح اپنے بدن میں چلی جائے۔ جس طرح زہر رگ وپے میں سرایت کرتا ہے اس طرح روحیں اپنے جسموں میں پھیل جائیں گی اور لوگ اپنی اپنی جگہ سے سر جھاڑتے اُٹھ کھڑے ہوں گے۔ (تفسیر ابن کثیر)

صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِیْٓ اَتْقَنَ كُلَّ شَیْءٍ ؕ
کاری گری اللہ کی جس نے سادھا ہے ہر چیز کو

صانع حقیقی کی کاریگری: یعنی جس نے ہر چیز کو نہایت حکمت سے درست کیا اُسی نے آج پہاڑوں کو ایسا بھاری اور مضبوط بنایا ہے اور وہ ہی اُن کو ایک دن ریزہ ریزہ کر کے اُڑا دے گا۔ وہ اُڑانا محض تباہ کرنے کی غرض سے نہ ہوگا بلکہ عالم کو توڑ پھوڑ کر اس درجہ پر پہنچانا ہوگا جہاں پہنچانے کے لئے ہی اسے پیدا کیا ہے۔ تو یہ سب اسی صانع حقیقی کی کاریگری ہوئی جس کا کوئی تصرف حکمت سے خالی نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّهٗ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَفْعَلُوْنَ ۝
اس کو خبر ہے جو کچھ تم کرتے ہو

یعنی اس توڑ پھوڑ اور انقلاب عظیم کے بعد بندوں کا حساب کتاب ہوگا اور چونکہ حق تعالیٰ بندوں کے ذرہ ذرہ عمل سے خبردار ہے تو ہر ایک کو ٹھیک اُس کے عمل کے موافق جزا وسزا دی جائے گی۔ نہ ظلم ہوگا نہ حق تلفی ہوگی۔ آگے اسی کی قدرے تفصیل ہے۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ
جو کوئی لے کر آیا بھلائی تو اس کو ملے اُس سے بہتر

نیک عمل اور اس کا بدلہ: یعنی ایک نیکی کا بدلہ کم از کم دس نیکیوں کے حساب سے دیا جائے گا جو کبھی ختم ہونے والا نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

معنے یہ ہیں کہ جو شخص نیک عمل کرے گا اور نیک عمل اسی وقت نیک کہلانے کے قابل ہوتا ہے جبکہ اس کی پہلی شرط ایمان موجود ہو تو اس کو اپنے عمل سے بہتر چیز ملے گی مراد اس سے جنت کی لازوال نعمتیں اور عذاب اور ہر تکلیف سے دائمی نجات ہے اور بعض حضرات نے فرمایا کہ خیر سے مراد یہ ہے کہ ایک نیکی کی جزاء دس گنے سے لے کر سات سو گنے تک ملے گی۔ (مظہری)

وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ يَّوْمَئِذٍ اٰمِنُوْنَ ۝
اور اُن کو گھبراہٹ سے اُس دن امن ہے

بڑی گھبراہٹ: یعنی بڑی گھبراہٹ سے کما قال تعالیٰ (انبیاء۔ رکوع ۷) اگر کم درجہ کی گھبراہٹ ہو تو اس آیت کے منافی نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ يَّوْمَئِذٍ اٰمِنُوْنَ فزع سے مراد ہر بڑی مصیبت اور پریشانی اور گھبراہٹ ہے مطلب یہ ہے کہ دنیا میں تو ہر متقی پرہیزگار بھی انجام سے ڈرتا ہی رہتا ہے اور ڈرنا ہی چاہئے جیسے قرآن کریم کا ارشاد ہے: یعنی رب کا عذاب ایسا نہیں کہ اُس سے کوئی بےفکر اور مطمئن ہو کر بیٹھ جائے۔ یہی وجہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام اور صحابہ و اولیاء اُمت ہمیشہ خائف و لرزاں رہتے تھے مگر اس روز جبکہ حساب کتاب سے فراغت ہو چکے گی تو حسنہ لانے والے نیک لوگ ہر خوف و غم سے بےفکر اور مطمئن ہوں گے، واللہ اعلم۔ (معارف مفتی اعظم)

وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ ۭ
اور جو کوئی لے کر آیا بُرائی سو اوندھے ڈالیں اُن کے منہ آگ میں
هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝
وہی بدلہ پاؤ گے جو کچھ تم کیا کرتے تھے

یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے کچھ زیادتی نہیں۔ جو کرنا سو بھرنا، خود کردہ را چہ علاج۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِيْ
مجھ کو یہی حکم ہے کہ بندگی کروں اس شہر کے مالک کی جس نے اس کو
حَرَّمَهَا وَلَهٗ كُلُّ شَيْءٍ ۡ
حرمت دی اور اسی کی ہے ہر ایک چیز

معظم و محترم گھر: شہر سے مراد ہے مکہ معظمہ جسے خدا تعالیٰ نے معظم و محترم بنایا۔ اسی تخصیص و تشریف کی بناء پر رب کی اضافت اُس کی طرف کی گئی ورنہ یوں ہر چیز کا رب اور مالک ایک وہ ہی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ بلدہ سے مراد جمہور مفسرین کے نزدیک مکہ مکرمہ ہے اللہ تعالیٰ تو رب العالمین اور رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ ہے مکہ مکرمہ کی تخصیص اس جگہ اس کی عظمت شان اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک مکرم و محترم ہونے کا اظہار ہے لفظ حرم تحریم سے مشتق ہے اس کے معنے مطلق احترام و اکرام کے بھی ہیں اور اس احترام و اکرام کی وجہ سے جو خاص احکام شرعیہ مکہ مکرمہ اور ارض حرم سے متعلق ہیں وہ بھی اس میں داخل ہیں مثلاً جو شخص حرم میں پناہ لے وہ مامون ہو جاتا ہے۔ حرم میں کسی دشمن سے انتقام لینا اور قتل کرنا جائز نہیں اور ارض حرم میں شکار کو قتل کرنا بھی جائز نہیں۔ درختوں کا کاٹنا جائز نہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

مجھے تو یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں اس (اللہ) کی عبادت کروں جو (خاص طور پر) اس شہر کا مالک حقیقی ہے جس نے اس کو محترم بنایا ہے (ویسے تو عام طور پر) ہر چیز اسی کی ہے اور مجھے یہ بھی حکم دیا گیا ہے کہ میں (اسی کا) فرمانبردار ہوں۔

هٰذِهِ الْبَلْدَةِ یعنی مکہ۔ رب کی هٰذِهِ الْبَلْدَةِ کی طرف اضافت شہر کی عزت ظاہر کرنے اور اس بات کی طرف اشارہ کرنے کے لئے ہے کہ اس کے اندر کعبہ ہے جو تجلیات الٰہیہ کی پرتوافگنی کا خصوصی مقام ہے۔

الَّذِيْ حَرَّمَهَا یعنی وہ رب ایسا ہے کہ اس نے اس شہر کو حرم بنا دیا یہ مکمل مقام امن ہے یہاں کسی پر ظلم نہیں کیا جاتا نہ کسی کا خون بہایا جاتا ہے نہ کسی کو لوٹا جاتا ہے نہ یہاں کے شکار کو بھڑکا کر نکالا جاتا ہے نہ یہاں کے درخت اور گھاس کاٹنے کی اجازت ہے۔ حقیقت میں اللہ کی اس صفت کا ذکر کر کے قریش کو اللہ کے احسان کی یاد دلائی گئی ہے کہ اس نے ان تمام فتنوں فسادوں اور بدامنیوں سے تمہارے مسکن کو محفوظ رکھا ہے جو سارے عرب میں پھیلے ہوئے ہیں۔

لَهٗ كُلُّ شَيْءٍ یعنی ہر چیز اسی کے مخلوق و مملوک ہے اس شہر کا بھی مالک حقیقی وہی ہے۔ المسلمین یعنی فرمانبردار مطیع حکم ہو جاؤں یا ملت اسلام پر قائم رہوں (پہلا معنی لغوی ہے دوسرا معنی اصطلاحی) (تفسیر مظہری)

وَّاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝
اور مجھ کو حکم ہے کہ رہوں حکم برداروں میں

کامل فرمانبرداری: یعنی اُن لوگوں میں رہوں جو حق تعالیٰ کی کامل فرمانبرداری کرنے والے اور اپنے کو ہمہ تن اس کے سپرد کر دینے والے ہیں۔

وَاَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ ۚ
اور یہ کہ سنادوں قرآن

besturdubooks.wordpress.com

قرآن کے ذریعہ نصیحت اور قرآن کی پیروی:

یعنی بذاتِ خود اللہ کی بندگی اور فرمانبرداری کرتا رہوں اور دوسروں کو قرآن سنا کر اللہ کا رستہ بتلاتا رہوں۔ (تفسیر عثمانی)

وَاَنْ اَتْلُوَ الْقُرْاٰنَ اور (مجھے یہ بھی حکم دیا گیا ہے کہ) میں قرآن پڑھ کر سناؤں۔ اتلو یا تلاوت سے ہے یعنی تبلیغ و دعوت کی غرض سے پڑھ کر سناؤں یا تلو سے مشتق ہے اور تلو کا معنی (پیچھے پیچھے چلنا) اتباع کرنا یعنی اس قرآن کی پیروی کروں (اس کے راستہ پر چلوں) بیضاوی نے لکھا ہے کہ اللہ نے اول مبدأ و معاد و قیامت کے احوال لوگوں کے لئے بیان فرما دیئے ہیں اس کے بعد اپنے رسول کو حکم دیا کہ آپ ان کو یہی بات سنا دیجئے اب رسول اللہ کے ذمہ تبلیغ و دعوت کا فریضہ تو باقی نہیں صرف یہی کام رہ گیا کہ اپنے رب کی عبادت میں مستغرق ہو جائیں اور ہر وقت اسی کی یاد میں لگے رہیں اِنَّمَآ اُمِرْتُ سے پہلے قُل محذوف یعنی آپ کہہ دیجئے کہ مجھے عبادت کرنے اور اطاعت پر قائم رہنے کا حکم دیا گیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِىْ لِنَفْسِهٖ		
پھر جو کوئی راہ پر آیا	سو راہ پر آئے گا	اپنے ہی بھلے کو
وَمَنْ ضَلَّ فَقُلْ اِنَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ		
اور جو کوئی بہکا رہا	تو کہہ دے	میں تو یہی ہوں ڈر سنا دینے والا

ہر کسی کو اپنے لئے راہِ راست کی ضرورت ہے:

یعنی میں نصیحت کر کے فارغ الذمہ ہو چکا، نہ سمجھو تو تمہارا ہی نقصان ہے۔ (تفسیر عثمانی)

سو جو سیدھے راستہ پر چلے گا وہ اپنے لئے چلے گا اور جو راہِ راست سے بھٹکے گا تو آپ کہہ دیجئے (میرا کچھ ضرر نہ ہوگا) میں صرف ڈرانے والا ہوں (یعنی کسی کو ہدایت یاب بنانے کا ذمہ دار میں نہیں کسی کی گمراہی کا وبال مجھ پر نہیں پڑے گا میرا کام صرف پہنچا دینا ہے کسی کے ہدایت یاب نہ ہونے اور راہِ راست پر نہ چلنے کی باز پرس مجھ سے نہیں ہوگی اور آپ یہ بھی کہہ دیجئے کہ سب خوبیاں اللہ ہی کے لئے ہیں وہ عنقریب تم کو اپنی نشانیاں دکھا دے گا اس وقت تم ان کو پہچان لو گے اور آپ کا رب تمہارے اعمال سے بے خبر نہیں ہے جو تم کر رہے ہو۔

فَمَنِ اهْتَدٰى یعنی آپ کی دعوت و تبلیغ سے جو شخص راہ یاب ہو جائے گا تو اس کا فائدہ خود اسی کو ہوگا آپ پر احسان جتلانے کا اس کو حق نہیں اور جو راہ راست سے بھٹکے گا سیدھا راستہ کھو دے گا اور تبلیغ و دعوت کے بعد بھی راہ حق پر نہ چلے گا اس کا وبال اسی پر پڑے گا آپ کہہ دیجئے میرا کام صرف ڈرانا ہے تمہارا ذمہ دار نہیں۔ (تفسیر مظہری)

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ
اور کہہ تعریف ہے سب اللہ کو

راہنمائی کے منصب کا شکر:

یعنی اللہ کا ہزاراں ہزار شکر جس نے مجھ کو ہادی و مہتدی بنایا۔ فی الحقیقت تعریف کے لائق اسی کی ذات ہے جس کو خوبی یا کمال ملا وہیں سے ملا۔ (تفسیر عثمانی)

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ اور اللہ نے جو نعمت نبوت سے مجھے سرفراز کیا اور جو تبلیغ و دعوت مجھ پر واجب تھی اس کو پورا کرنے کی مجھے توفیق عنایت کی اس پر اس کا شکر ہے وہ مستحق ستائش وثنا ہے۔ (تفسیر مظہری)

سَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ فَتَعْرِفُوْنَهَا
آگے دکھائے گا تم کو اپنے نمونے تو اُن کو پہچان لو گے

آیاتِ الٰہیہ: یعنی آگے چل کر حق تعالیٰ تمہارے اندر یا تم سے باہر اپنی قدرت کے وہ نمونے اور میری صداقت کے ایسے نشان دکھلائے گا جنہیں دیکھ کر سمجھ لو گے کہ بے شک یہ اللہ کی وہ ہی آیات ہیں جن کی خبر پیغمبر نے دی تھی باقی اس وقت کا سمجھنا تم کو نافع ہو یا نہ ہو، یہ جدا گانہ چیز ہے۔ علامات قیامت وغیرہ سب اس کے تحت میں آ گئیں۔ (تفسیر عثمانی)

سَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ عنقریب تم کو اللہ اپنی نشانیاں دکھا دے گا۔ نشانیوں سے مراد ہیں دنیا میں نمودار ہونے والی آیاتِ قدرت جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی آیاتِ صداقت ہیں جیسے بدر کی لڑائی میں کافروں کا مارا جانا قید ہونا فرشتوں کا نازل ہو کر مسلمانوں کی مدد کرنا اور کافروں کے چہروں کو زخمی کرنا اور پشت پر ضربیں لگانا چاند کا پھٹنا کنکریوں کا تسبیح پڑھنا اور آخر زمانہ میں دابۃ الارض کا برآمد ہونا۔ انہیں آیات کی طرف اشارہ ایک اور آیت میں آیا ہے فرمایا ہے سَاُورِيْكُمْ اٰيٰتِىْ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ یا آیات سے مراد ہیں آخرت میں نمودار ہونے والی نشانیاں (یعنی واقعات قیامت ایک اور جگہ فرمایا ہے۔ سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِى الْاٰفَاقِ وَفِىْٓ اَنْفُسِهِمْ۔

فَتَعْرِفُوْنَهَا اس وقت تم ان آیات کو پہچان لو گے لیکن اس وقت پہچاننے سے کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ (تفسیر مظہری)

وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ	
اور تیرا رب بے خبر نہیں	اُن کاموں سے جو تم کرتے ہو

سزا میں تاخیر کو غفلت نہ سمجھو:

یعنی جو عمل اور معاملہ تم کرتے ہو، سب اس کی نظر میں ہے۔ اُسی کے

besturdubooks.wordpress.com

موافق آخر کار بدلہ ملے گا۔ اگر سزا وغیرہ میں تاخیر ہو تو نہ سمجھو کہ اللہ تعالیٰ ہمارے کرتوت سے بے خبر ہے۔ تم سورۃ النمل وللہ الحمد والمنہ۔ (تفسیر عثمانی)

امام احمد بن حنبلؒ اکثر ان دو شعروں کو پڑھتے رہا کرتے تھے جو یا تو آپؒ کے ہیں یا کسی اور کے۔

اذا ماخلوت الدھر یوماً فلاتقل خلوتُ ولکن قل علیَّ رقیب

ولا تحسبنَّ اللّٰہ یغفل ساعۃً ولا انّ مایخفی علیہ یغیب

یعنی جب تو کسی وقت بھی خلوت اور تنہائی میں ہو تو اپنے تئیں تنہا اور اکیلا نہ سمجھنا بلکہ اپنے خدا کو وہاں بھی حاضر ناظر جاننا وہ ایک ساعت بھی کسی سے غافل نہیں نہ کوئی مخفی اور پوشیدہ چیز اُس کے علم سے باہر ہے۔

خدا کے فضل و کرم سے سورۂ نمل کی تفسیر ختم ہوئی۔

سورۂ کے مضامین کا ربط:

(ربط) جب اللہ تعالیٰ مبداء اور معاد اور قیامت اور علامات قیامت اور قانون جزا اور سزا کو بیان کر چکے تو اب اس سورت کو تین احکام کے بیان پر ختم کرتے ہیں جن پر آخرت کی کامیابی کا دارومدار ہے۔ (۱) ایک تو خدا کی عبادت۔ یعنی توحید خالص (۲) دوم دین اسلام پر استقامت (۳) سوم قرآن مجید کی تلاوت جو تبلیغ احکام اور دعوتِ اسلام کا اولین ذریعہ ہے۔

اور بتلا دیا کہ راہ راست پر چلنے سے بندہ ہی کا فائدہ ہے اور نہ چلنے سے بندہ ہی کا نقصان ہے اور اللہ بندوں کے اعمال سے غافل نہیں۔ لہٰذا اعمال صالحہ عبادت اور تلاوت میں لگے رہو تا کہ آخرت میں کام آویں۔ (معارف کاندھلوی)

اعمال کے مطابق بدلہ ملے گا:

وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۞ اور اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ کا رب ان کے کسی عمل سے بے خبر نہیں ہے جو یہ کرتے رہتے ہیں یعنی اعمال کے مطابق ہر ایک کو بدلہ دے گا اور وقت مقرر پر دے گا۔ (تفسیر مظہری)

الحمد للہ سورۃ النمل ختم ہوئی

سورة القصص

سُوْرَةُ الْقَصَصِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٌ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّتِسْعُ رُكُوْعَاتٍ
سورۂ قصص مکہ میں اتری اور اس کی اٹھاسی آیتیں اور نو رکوع ہیں
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے
طٰسٓمّٓ ۞ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۞ نَتْلُوْا
یہ آیتیں ہیں کھلی کتاب کی ہم سناتے
عَلَيْكَ مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى وَفِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ
ہیں تجھ کو کچھ احوال موسیٰ اور فرعون کا تحقیقی
لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۞
اُن لوگوں کے واسطے جو یقین کرتے ہیں

مومنوں کو ظالموں پر کامیابی ملے گی:

یعنی مسلمان لوگ اپنا حال قیاس کر لیں ظالموں کے مقابلہ میں (موضح) جس طرح حضرت موسیٰ علیہ اسلام کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو باوجود کمزوری کے فرعونیوں کی طاقت کے مقابلہ میں منصور و کامیاب کیا۔ ایسے ہی مسلمان جو فی الحال مکہ میں قلیل اور ضعیف و ناتواں نظر آتے ہیں اپنے بیشمار طاقتور حریفوں کے مقابلہ پر کامیاب ہوں گے۔ (تفسیر عثمانی)

سورۃ القصص مکی ہے صرف آیات اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ سے لَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ تک مدنی ہیں اس سورۃ کی آیات اِنَّ الَّذِيْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ الخ مکہ و مدینہ کے درمیان راستہ میں نازل ہوئیں۔ نَتْلُوْا ہم پڑھتے ہیں یعنی جبرئیل کی زبانی مراد ہے نازل کرنا۔ مِنْ نَّبَاِ کچھ خبر کچھ قصہ (مِن تبعیضیہ ہے) بِالْحَقِّ یعنی سچائی کا حامل۔ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ. ان لوگوں کے لئے جو ایمان رکھتے ہیں کیونکہ انہیں کو اس سے فائدہ ہوگا۔ (تفسیر مظہری)

سورۂ قصص کا تعارف:

سورۂ قصص مکی سورتوں میں سب سے آخری سورت ہے جو ہجرت کے

besturdubooks.wordpress.com

وقت مکہ مکرمہ اور حجفہ (رابغ) کے درمیان نازل ہوئی۔ بعض روایات میں ہے کہ سفر ہجرت میں جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حجفہ یعنی رابغ کے قریب پہنچے تو جبرئیل امین تشریف لائے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کیا آپ کو آپ کا وطن جس میں آپ پیدا ہوئے یاد آتا ہے تو آپ نے فرمایا کہ ہاں ضرور یاد آتا ہے۔ اس پر جبرئیل امین نے یہ سورت قرآن سُنائی جس کے آخر میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی بشارت ہے کہ انجام کار مکہ مکرمہ فتح ہو کر آپ کے قبضہ میں آئے وہ آیت یہ ہے اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّکَ اِلٰی مَعَادٍ سورہ قصص میں سب سے پہلے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا قصہ پہلے اجمال کے ساتھ پھر تفصیل کے ساتھ بیان ہوا ہے۔ نصف سورت تک موسیٰ علیہ السلام کا قصہ فرعون کے ساتھ اور آخر سورت میں قارون کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے۔ (مفتی اعظم)

اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِی الْاَرْضِ وَجَعَلَ
فرعون چڑھ رہا تھا ملک میں اور کر رکھا تھا
اَهْلَهَا شِیَعًا یَّسْتَضْعِفُ طَآئِفَةً مِّنْهُمْ
وہاں کے لوگوں کو کئی فرقے کمزور کر رکھا تھا ایک فرقہ کو اُن میں

قبطیوں کا بنی اسرائیل پر تسلط:

یعنی مصر میں قبطی بھی آباد تھے جو فرعون کی قوم تھی اور سبطی بھی جو بنی اسرائیل کہلاتے تھے لیکن فرعون ظلم وتکبر کی راہ سے بنی اسرائیل کو پنپنے اور اُبھرنے نہیں دیتا تھا۔ گویا سب قبطی آقا بنے ہوئے تھے اور پیغمبروں کی اولاد بنی اسرائیل کو اپنا غلام بنا رکھا تھا۔ اُن سے ذلیل کام اور بیگاریں لیتے اور کسی طرح اس قابل نہ ہونے دیتے کہ ملک میں وہ کوئی قوت و وقعت حاصل کر سکیں۔ (تفسیر عثمانی)

شیعاً فرقے فرقے۔ کہ سب فرعون کے تابع تھے فرعون جو کام لینا چاہتا تھا وہ کرتے تھے۔ (تفسیر مظہری)

یُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ وَیَسْتَحْیٖ نِسَآءَهُمْ
ذبح کرتا تھا اُن کے بیٹوں کو اور زندہ رکھتا تھا اُن کی عورتوں کو

بنی اسرائیل کے بچوں کا قتل:

کہتے ہیں فرعون نے کوئی خواب دیکھا تھا جس کی تعبیر کاہنوں نے یہ دی کہ کسی اسرائیلی کے ہاتھ سے تیری سلطنت برباد ہوگی۔ اس لئے پیش بندی کے طور پر یہ احمقانہ اور ظالمانہ تدبیر سوچی کہ بنی اسرائیل کو ہمیشہ کمزور کرتے رہنا چاہئے کہ انہیں حکومت کے مقابلہ کا حوصلہ ہی نہ ہو۔ اور آئندہ جو لڑکے ان کے پیدا ہوں اُن کو ایک طرف سے ذبح کر ڈالنا چاہئے۔ اس طرح آنے والی مصیبت رُک جائے گی۔ البتہ لڑکیوں سے چونکہ کوئی خطرہ نہیں انہیں زندہ رہنے دیا جائے کہ وہ بڑی ہو کر باندیوں کی طرح ہماری خدمت کیا کریں گی۔ اور ابن کثیرؒ لکھتے ہیں کہ بنی اسرائیل آپس میں حضرت ابراہیم خلیل کی ایک پیشین گوئی کا تذکرہ کیا کرتے تھے۔ جس میں خبر دی گئی تھی کہ ایک اسرائیلی جوان کے ہاتھ پر اس سلطنت مصر کی تباہی مقدر ہے۔ شدہ شدہ یہ تذکرے فرعون کے کانوں تک پہنچ گئے اُس احمق نے قضا وقدر کی روک تھام کے ظلم و ستم کی یہ اسکیم جاری کی۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت ابراہیمؑ کی پیشینگوئی:

بات یہ ہے کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام مصر کی حکومت میں سے مع اپنی اہلیہ حضرت سارہؑ کے جا رہے تھے وہ یہاں کے سرکش بادشاہ نے حضرت سارہؑ کو لونڈی بنانے کے لئے آپ سے چھین لیا تھا، جنہیں خدا نے اس کافر سے محفوظ رکھا اور اسے ان پر دست درازی کرنے کی قدرت ہی حاصل نہ ہوئی۔ اس وقت حضرت ابراہیمؑ نے بطور پیشینگوئی فرمایا تھا کہ میری اولاد میں سے ایک کی اولاد کے ایک لڑکے کے ہاتھوں ملک مصر اس قوم سے جاتا رہے گا اور ان کا بادشاہ اس کے سامنے ذلت کے ساتھ ہلاک ہوگا۔ چونکہ بنی اسرائیل میں یہ روایت چلی آرہی تھی اور ان کے درس میں بھی یہ تھی جسے قبطی بھی سنتے تھے جو فرعون کی قوم کے تھے۔ (تفسیر ابن کثیر)

اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِیْنَ ۝
بیشک وہ تھا خرابی ڈالنے والا

فرعون کا فساد: یعنی زمین میں خرابی پھیلانے والا تو تھا ہی لہذا اُسے ایسا ظلم و ستم کرنے میں کیا جھجک ہوتی۔ بس جو دل میں آیا، اپنے کبر و غرور کے نشہ میں بے سوچے سمجھے کر گزرا۔ (تفسیر عثمانی)

وَنُرِیْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِیْنَ اسْتُضْعِفُوْا
اور ہم چاہتے ہیں کہ احسان کریں اُن لوگوں پر جو کمزور ہوئے پڑے تھے
فِی الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِیْنَ ۝
ملک میں اور کر دیں اُن کو سردار اور کر دیں اُن کو قائم مقام
وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِی الْاَرْضِ
اور جمادیں اُن کو ملک میں

اللہ کمزوروں کو غالب کرنے والے تھے:

یعنی اس ملعون کے انتظامات تو وہ تھے اور ہمارا ارادہ یہ تھا کہ کمزوروں کو

besturdubooks.wordpress.com

توی اور پستوں کو بالا کیا جائے۔ جس قوم کو فرعونیوں نے ذلیل غلام بنا رکھا تھا اُن ہی کے سر پر دین کی امامت اور دنیا کی سرداری کا تاج رکھ دیں۔ ظالموں اور متکبروں سے جگہ خالی کرا کر اُس مظلوم و ستم رسیدہ قوم سے زمین کو آباد کریں اور دینی سیادت کے ساتھ دنیوی حکومت بھی اس مظلوم و مقہور قوم کے حوالے کی جائے۔ (تفسیر عثمانی)

ائمۃ مجاہد کے نزدیک دینی پیشوا اور داعیان خیر مراد ہیں۔ قتادہ کے نزدیک والیان ملک اور بادشاہ مراد ہیں کیونکہ اللہ نے بنی اسرائیل کے متعلق ایک اور آیت میں فرمایا ہے وَجَعَلَكُمْ مُلُوكًا وَآتَاكُمُ الْوَارِثِينَ یعنی فرعون اور اس کی قوم کے ملک و مال کے مالک۔

مصر و شام کی حکومت:

وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِي الْأَرْضِ یعنی سرزمین مصر و شام میں ان کو حکومت عطا کریں۔ تمکین کا لغوی معنی ہے کسی چیز کی جگہ بنا دینا کہ اس میں وہ چیز ٹھہر جائے (لغت کے لحاظ سے نمکن کا لفظ ترجمہ ہوا ہم ان کو جما کر عطا کر دیں) مجازاً تمکین کا معنی ہے حاکم بنا دینا مسلط اور غالب کر دینا۔ (تفسیر مظہری)

وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ

اور دکھادیں فرعون اور ہامان کو

فرعون و ہامان اور اس کے لشکروں کی شکست:

ہامان وزیر تھا فرعون کا جو ظلم و ستم میں اُس کا شریک اور آلہ کار بنا ہوا تھا۔ (تفسیر عثمانی)

وَجُنُودَهُمَا مِنْهُمْ مَا كَانُوا يَحْذَرُونَ ۝

اور اُن کے لشکروں کو اُن کے ہاتھ سے جس چیز کا اُن کو خطرہ تھا

یعنی جس خطرہ کی وجہ سے انہوں نے بنی اسرائیل کے ہزار ہا بچوں کو ذبح کر ڈالا تھا۔ ہم نے چاہا کہ وہ ہی خطرہ اُن کے سامنے آئے۔ فرعون نے امکانی کوشش کر دیکھی اور پورے زور خرچ کر لئے کہ کسی طرح اُس اسرائیلی بچہ سے مامون ہو جائے۔ جس کے ہاتھ پر اُس کی تباہی مقدر تھی لیکن تقدیر الٰہی کہاں سے ٹلنے والی تھی۔ خداوند قدیر نے اُس بچہ کو اسی کی گود میں اُسی کے بستر پر اُسی کے محلات کے اندر شاہانہ ناز و نعم سے پرورش کرایا۔ اور دکھلا دیا کہ خدا جو انتظام کرنا چاہے، کوئی طاقت اسے روک نہیں سکتی۔ (تفسیر عثمانی)

وَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ أُمِّ مُوسَىٰ أَنْ أَرْضِعِيهِ

اور ہم نے حکم بھیجا موسیٰ کی ماں کو کہ اُس کو دودھ پلاتی رہ

فَإِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَأَلْقِيهِ فِي الْيَمِّ

پھر جب تجھ کو ڈر ہو اُس کا تو ڈال دے اُس کو دریا میں

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کو الہام:

اُنکی ماں کو الہام ہوا یا خواب دکھایا اور کسی ذریعہ سے معلوم کرا دیا گیا کہ جب تک بچہ کے قتل کا اندیشہ نہ ہو برابر دودھ پلاتی رہیں، جب اندیشہ ہو تو صندوق میں رکھ کر دریائے نیل میں چھوڑ دیں۔ سورۂ طٰہٰ میں یہ قصہ گزر چکا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

بغوی نے بیان کیا ہے کہ حضرت موسیٰ کی والدہ کا نام یوخابذ بنت لاوی تھا اور لاوی حضرت یعقوب کا بیٹا تھا۔ علماء کا اس امر پر اتفاق ہے کہ یہ وحی نبوت والی وحی نہیں تھی نہ کوئی عورت نبی ہوئی۔ قتادہ نے اس جگہ اَوْحَيْنَا کا ترجمہ کیا ہم نے اس کے دل میں ڈال دیا صوفیہ کی اصطلاح میں اسی کو الہام کہتے ہیں الہام ہی کی ایک قسم وہ سچا خواب بھی ہے جس سے دل کو یقین اور اطمینان ہو جائے۔ یہ آیت دلالت کر رہی ہے کہ الہام بھی علم کا ایک ذریعہ ہے اگرچہ اس سے علم ظنی (غیر یقینی) حاصل ہوتا ہے لیکن الہام قلبی اور القاء انہی دلوں کا قابل اعتبار ہوتا ہے جو پاک صاف اور حامل اطمینان ہوں۔ وسوسے اور الہام کا فرق ہی یہ ہے کہ وسوسہ (دل کا کھٹکا) موجب اطمینان نہیں ہوتا اور الہام سے اطمینان قلبی حاصل ہو جاتا ہے اور (صاحب الہام کو اپنی جگہ) قلبی یقین ہو جاتا ہے۔

اَنْ اَرْضِعِيهِ یعنی موسیٰ کی ماں کے دل میں یہ بات ڈال دی اور کہہ دیا کہ جب تک پوشیدہ رکھنا ممکن ہو موسیٰ کو دودھ پلاتی رہ۔ موسیٰ علیہ السلام کی والدہ موسیٰ علیہ السلام کو گود میں لئے دودھ پلاتی رہتی تھیں اور وہ نہ روتے تھے نہ حرکت کرتے تھے۔ کذا ذکر البغوی۔ (تفسیر مظہری)

وَلَا تَخَافِي وَلَا تَحْزَنِي ۚ إِنَّا رَادُّوهُ إِلَيْكِ

اور نہ خطرہ کر اور نہ غمگین ہو ہم پھر پہنچا دیں گے اُس کو تیری طرف

وَجَاعِلُوهُ مِنَ الْمُرْسَلِينَ ۝

اور کریں گے اُس کو رسولوں سے

اُمّ موسیٰ کو تسلی: ماں کی تسلی کر دی کہ ڈرے مت، بے کھٹکے دریا میں چھوڑ دے بچہ ضائع نہیں ہو سکتا۔ اور بچے کی جدائی سے غمگین بھی مت ہو۔ ہم بہت جلد اس کو تیری ہی آغوش شفقت میں پہنچا دیں گے خدا کو اس سے بڑے کام لینے ہیں۔ وہ منصب رسالت پر سرفراز کیا جائے گا۔ کوئی طاقت اللہ کے ارادہ میں حائل و مانع نہیں ہو سکتی۔ تمام رکاوٹیں دُور کر کے وہ مقصد پورا کرنا ہے جو اس محترم بچے کی پیدائش سے متعلق ہے۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

مصر میں قبطیوں کے زوال کے اسباب:

عطاء اور ضحاک راوی ہیں کہ حضرت ابن عباس نے فرمایا مصر میں جب بنی اسرائیل کی تعداد بہت ہوگئی اور لوگوں پر انہوں نے دراز دستی شروع کردی اللہ کی نافرمانیاں کرنے لگے، نہ بھلائی کا کسی کو حکم دیتے تھے، نہ گناہ سے منع کرتے تھے آخر اللہ نے ان پر قبطیوں کو مسلط کر دیا قبطیوں نے ان کا زور توڑ دیا اور بہت زیادہ کمزور بنا دیا بالآخر اللہ نے اپنے نبی موسیٰ کے ذریعہ سے قبطیوں کے تسلط سے ان کو رہا کرا دیا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ولادت اور دایہ:

حضرت ابن عباس کا یہ بھی بیان ہے کہ جب موسیٰ علیہ السلام کی ولادت کا زمانہ قریب آ گیا تو موسیٰ کی والدہ نے ایک دایہ کو بلوایا یہ دایہ انہی دائیوں میں سے تھی جو فرعون کی طرف سے بنی اسرائیل کی حاملہ عورتوں کے لئے مقرر تھیں لیکن موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کی دوست تھی درد زہ ہوا تو اسی دائی کو بلوایا وہ آ گئی تو اس سے کہا میری جو حالت ہے تجھے معلوم ہے آج تیری دوستی سے مجھے فائدہ حاصل کرنا ہے دائی اپنے کام میں لگ گئی جب موسیٰ علیہ السلام پیدا ہو گئے اور دائی کے ہاتھوں میں آ گئے تو موسیٰ کی دونوں آنکھوں کے بیچ سے ایک نور نکلتا دیکھ کر دائی حیرت زدہ ہو گئی اس کا ہر جوڑ لرز اٹھا پورے بدن میں سنسنی پیدا ہو گئی اور موسیٰ علیہ السلام کی محبت اس کے دل میں جم گئی موسیٰ علیہ السلام کی ماں سے کہنے لگی تو نے جب بلوایا تھا اور میں تیرے پاس آئی تھی اس وقت میرے پیچھے تیرے بیٹے کو قتل کرنے والے تھے (یعنی میرا ارادہ تھا کہ تیرے بچہ کو قاتلوں کے حوالے کر دوں گی) لیکن اب میرے دل میں تیرے بیٹے کی محبت ایسی محسوس ہوتی ہے کہ ایسی محبت میں نے کسی کی نہ پائی اس لئے میں کہتی ہوں کہ اپنے بیٹے کی حفاظت رکھنا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام تنور کی آگ میں:

پھر دائی کو موسیٰ کی ماں کے گھر سے نکلتے کسی جاسوس نے دیکھ لیا فوراً سب دروازہ پر آ گئے اور اندر گھسنا چاہا حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بہن (دوڑی آئی اور) کہنے لگی اماں دروازہ پر سپاہی آ گئے فوراً موسیٰ علیہ السلام کو ایک کپڑے میں لپیٹ کر بہن نے تنور میں ڈال دیا تنور میں آگ روشن تھی لیکن اس کے اوسان خطا ہو گئے تھے اس کو پتہ بھی نہ چلا کہ میں کیا کر رہی ہوں سرکاری آدمی اندر گھس آئے تنور بھڑک رہا تھا اور موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کے چہرے پر کوئی تغیر نہ تھا نہ چہرے کے رنگ میں کوئی فرق آیا تھا نہ دودھ اترا تھا کہنے لگے دائی یہاں کیوں آئی تھی حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ نے کہا وہ میری دوست ہے ملاقات کے لئے آئی تھی غرض وہ لوگ واپس چلے گئے اب موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کی عقل بھی ٹھکانے پر آئی اور موسیٰ علیہ السلام کی بہن سے پوچھا بچہ کہاں ہے موسیٰ علیہ السلام کی بہن نے کہا مجھے معلوم نہیں۔ اتنے میں تنور کے اندر سے بچہ کے رونے کی آواز آئی ماں نے جا کر دیکھا تو تنور کی آگ موسیٰ علیہ السلام کے لئے ٹھنڈی پڑ چکی تھی اور [illegible] جو باعث سلامتی تھی ماں نے موسیٰ کو اٹھا لیا۔

صندوق کی تیاری اور بڑھئی کی زبان بندی:

پھر مدت کے بعد والدہ موسیٰ نے دیکھا کہ فرعون کو لڑکوں کی تلاش بے حد ہے اور اس کو اپنے بچہ کا خطرہ ہوا تو اللہ نے اس کے دل میں یہ بات ڈال دی کہ ایک صندوق لے کر موسیٰ کو اس میں رکھ کر دریا میں ڈال دے اس خیال کے پیدا ہوتے ہی وہ ایک بڑھئی کے پاس آ گئی جو فرعون کی قوم میں سے تھا اور اس سے ایک صندوقچہ خریدا بڑھئی نے پوچھا تجھے کس کام کے لئے ضرورت ہے موسیٰ کی والدہ نے جھوٹ بولنا پسند نہیں کیا سچ بتا دیا کہ میرا ایک بچہ ہے میں صندوقچہ کے اندر اس کو چھپاؤں گی۔ بڑھئی نے پوچھا کیوں والدہ موسیٰ علیہ السلام نے کہا فرعون کے خوف سے غرض صندوقچہ خرید کر اٹھا لائی وہ بڑھئی کے پاس سے چلی ہی تھی کہ بڑھئی قاتلوں کو اس واقعہ کی اطلاع دینے پہنچ گیا اور کچھ بولنے کا ارادہ ہی کیا تھا کہ اللہ نے زبان روک دی اور بولنے کی طاقت سلب ہو گئی کچھ بول نہ سکا اور ہاتھ سے اشارے کرنے لگا لیکن سپاہی کچھ نہ سمجھ سکے، جب اشاروں کو سمجھنے سے عاجز آ گئے تو ان کے سردار نے حکم دیا کہ اس کو مار کر نکال دو بڑھئی پٹ پٹا کر اپنی جگہ پہنچا تو اللہ نے پھر زبان میں گویائی کی طاقت لوٹا دی وہ پھر مخبری کرنے کے ارادہ سے سپاہیوں کے پاس پہنچا اس مرتبہ زبان بھی بند ہو گئی اور نظر بھی جاتی رہی نہ بول سکا نہ آنکھوں سے کچھ دیکھ سکا آخر مار کر لوگوں نے نکال دیا بڑھئی۔

بالآخر بڑھئی مسلمان ہو گیا:

حیران پریشان لڑکتا پڑکتا ایک وادی میں جا پہنچا اور اس نے پختہ نیت کر لی کہ اگر اللہ نے میری نگاہ اور قوت گویائی واپس کر دی تو وہ موسیٰ کی نشان دہی نہیں کرے گا بلکہ موسیٰ جہاں ہوں گے ان کے ساتھ رہے گا اور ان کی حفاظت کرے گا۔ اللہ نے اس کو سچا جانا اور بینائی اور گویائی واپس دے دی فوراً وہ سجدہ میں گر گیا اور دعا کی اے میرے رب مجھے اس نیک بندہ کا پتہ بتا دے اللہ نے اس کو موسیٰ تک پہنچنے کا راستہ بتا دیا وہ وادی سے نکل آیا اور موسیٰ پر ایمان لے آیا وہ سمجھ گیا کہ یہ بات اللہ کی طرف سے ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَالْتَقَطَهُ آلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُونَ لَهُمْ عَدُوًّا وَحَزَنًا ۗ

پھر اُٹھا لیا اُسکو فرعون کے گھر والوں نے کہ ہو انکا دشمن اور غم میں ڈالنے والا

إِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَجُنُودَهُمَا كَانُوا خَاطِئِينَ

بیشک فرعون اور ہامان اور اُن کے لشکر تھے چوکنے والے

besturdubooks.wordpress.com

حضرت موسیٰ علیہ السلام فرعون کے محل میں:

آخر ماں نے بچہ کو لکڑی کے صندوق میں ڈال کر پانی میں چھوڑ دیا۔ صندوق بہتا ہوا ایسی جگہ جا لگا جہاں سے فرعون کی بیوی حضرت آسیہ کے ہاتھ لگ گیا۔ اُن کو اس پیارے بچہ کی پیاری صورت بھلی معلوم ہوئی۔ آثار نجابت وشرافت نظر آئے۔ پالنے کی غرض سے اُٹھالیا۔ مگر اس اُٹھانے کا آخری نتیجہ یہ ہونا تھا کہ وہ بچہ بڑا ہو کر فرعون اور فرعونیوں کا دشمن ثابت ہو اور اُن کے حق میں سوہان روح بنے اسی لئے اللہ تعالیٰ نے اُن کو اُٹھانے کا موقع دیا۔ فرعون لعین کو کیا خبر تھی کہ جس دشمن کے ڈر سے ہزار ہا معصوم بچے تہ تیغ کرا چکا ہوں وہ یہ ہی ہے جسے بڑے چاؤ پیار سے آج ہمارے ہاتھوں میں پرورش کرایا جا رہا ہے۔ فی الحقیقت فرعون اور اس کے وزیر و مشیر اپنے ناپاک مقصد کے اعتبار سے بہت چوکے کہ بیشمار اسرائیلی بچوں کو ایک شبہ پر قتل کرنے کے باوجود موسیٰ کو زندہ رہنے دیا لیکن نہ چوکتے تو کیا کرتے، کیا خدا کی تقدیر کو بدل سکتے تھے یا مشیت ایزدی کو روک سکتے تھے، اُن کی بڑی چوک تو یہ تھی کہ قضاء و قدر کے فیصلوں کو سمجھے کہ انسانی تدبیروں سے روکا جا سکتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالَتِ امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ قُرَّتُ عَيْنٍ لِّيْ وَلَكَ ؕ
اور بولی فرعون کی عورت یہ تو آنکھوں کی ٹھنڈک ہے میرے لئے اور تیرے لئے

فرعون کی بیوی نے موسیٰ کو بیٹا بنالیا:

یعنی کیسا پیارا بچہ ہے ہمارے کوئی لڑکا نہیں، لاؤ اسی سے دل بہلائیں اور آنکھیں ٹھنڈی کیا کریں بعض روایات میں ہے کہ فرعون نے کہا "لکِ لا لی" (تیری آنکھوں کی ٹھنڈک ہوگی میری نہیں) تقدیر ازلی یہ الفاظ اُس ملعون کی زبان سے کہلا رہی تھی۔ آخر وہ ہی ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

فرعون کی اکلوتی بیٹی کا علاج:

حضرت ابن عباس کا بیان ہے کہ فرعون کی صرف ایک لڑکی تھی اور کوئی اولاد نہ تھی لڑکی سے فرعون کو بڑی محبت تھی ہر روز فرعون سے وہ اپنے تین کام پورے کراتی تھی اس لڑکی کو سخت برص تھا فرعون نے اس کے علاج کے لئے مصر کے تمام اطباء اور ساحروں کو جمع کیا (طبیب کوئی کامیاب علاج نہ کر سکے) ساحروں نے کہا کہ اس کو صحت دریا کی طرف سے ہوگی کوئی چیز انسان کی شکل کی دریا میں پائی جائے گی اس کے منہ کا لعاب لے لیا جائے اور برص کے داغوں پر لگا دیا جائے تو یہ اچھی ہو جائے گی ایسا فلاں دن فلاں ساعت میں سورج نکلنے کے وقت ہوگا۔ چنانچہ دوسرا دن دوشنبہ کا تھا فرعون نے نیل کے کنارے اپنی بیٹھنے کی جگہ تیار کرائی اور جا کر بیٹھا ساتھ میں اس کی بیوی آسیہ بنت مزاحم بھی تھی فرعون کی لڑکی بھی اپنی خادماؤں کے ساتھ آ کر نیل کے کنارے بیٹھ گئی اور لڑکیوں کے منہ پر پانی کے چھپاکے مار مار کر کھیلنے لگی اچانک نیل میں بہتا ہوا سامنے سے ایک صندوق نظر آیا لہریں طمانچے مار مار کر اس کو لا رہی تھیں۔ (تفسیر مظہری)

فرعون نے کہا نیل میں یہ چیز درخت سے آویختہ ہے اس کو لاؤ ہر طرف سے کشتیوں نے جا کر اس کو گھیر لیا اور لا کر فرعون کے سامنے رکھ دیا لوگوں نے ہر چند کھولنے کی تدبیریں کیں لیکن کھول نہ سکے پھر توڑنا چاہا توڑ بھی نہ سکے آخر آسیہ قریب آئی اس کو صندوق کے اندر ایک نور دکھائی دیا جو کسی اور کو نہیں دکھائی دیا کوشش کر کے اس نے صندوق کو کھول دیا اندر ایک چھوٹا سا بچہ بچھونے پر لیٹا تھا اس کی دونوں آنکھوں کے بیچ میں ایک نور چمک رہا تھا اور اللہ نے اس کا رزق دونوں، انگوٹھوں میں پیدا کر دیا تھا جن کے اندر سے وہ دودھ چوس رہا تھا اللہ نے بچہ کی محبت آسیہ کے دل میں ڈال دی فرعون بھی اس سے محبت کرنے لگا اور دل سے مہربان ہو گیا صندوقچہ سے بچہ کو نکالا گیا فرعون کی لڑکی بھی آ گئی اور اس نے بچہ کے منہ کا لعاب لے کر اپنے داغوں پر ملا فوراً اچھی ہو گئی لڑکی نے بچہ کو چوم لیا اور سینے سے چمٹا لیا۔

جادوگروں کی ناکامی:

جادوگروں نے کہا اے بادشاہ ہمارا خیال ہے کہ یہ بچہ وہی ہے جس سے تجھے خطرہ تھا یہ بنی اسرائیل کا بچہ ہے تیرے خوف سے اس کو دریا میں پھینک دیا گیا ہے فرعون نے بچہ کو قتل کرنے کا ارادہ کیا تو آسیہ نے قُرَّتُ عَيْنٍ لِّيْ وَلَكَ لَا تَقْتُلُوْهُ عَسٰۤى اَنْ يَّنْفَعَنَاۤ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا یہ میری اور آپ کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہے اس کو قتل نہ کرو امید ہے کہ یہ ہمارے کام آئے گا یا ہم اس کو بیٹا بنا لیں گے آسیہ کے اولاد نہ ہوتی تھی (بانجھ تھی یا کوئی اور وجہ تھی) فرعون سے آسیہ نے کہا موسیٰ" کو مجھے دے دو فرعون نے آسیہ کو موسیٰ" ہبہ کر دیا اور کہنے لگا مجھے اپنے لئے اس کی کوئی ضرورت نہیں۔

بچے کا نام: آسیہ سے کہا گیا اس کا کچھ نام رکھو آسیہ نے کہا میں نے اس کا نام موسیٰ علیہ السلام رکھ دیا ہے کیونکہ ہم نے اس کو پانی اور درختوں کے درمیان پایا تھا۔ مو، پانی۔ اور سا درخت۔

حضرت آسیہ: وہب بن منبہ نے بیان کیا جب فرعون کے سامنے صندوقچہ رکھا گیا اور لوگوں نے اس کو کھولا اور اس کے اندر سے موسیٰ" برآمد ہوئے تو فرعون نے ان کو دیکھ کر کہا یہ تو عبرانی ہے دشمنوں میں سے ہے موسیٰ" کو دیکھ کر اس کو غصہ آیا اور کہنے لگا یہ لڑکا کیسے بچ گیا فرعون نے ایک اسرائیلی عورت سے نکاح کر لیا تھا جس کو آسیہ بنت مزاحم کہا جاتا تھا یہ عورت بہت نیک تھی اور انبیاء کی نسل سے تھی مسکینوں کے لئے تو ماں تھی ان پر بڑا ترس کھاتی تھی بہت خیرات دیتی تھی، جب آسیہ فرعون کے پاس بیٹھی ہوئی تھی تو

besturdubooks.wordpress.com

اس نے فرعون سے کہا یہ لڑکا تو ایک سال سے زائد کا ہے اور آپ کا حکم اس سال کے لڑکوں کو قتل کرنے کا ہے اس لئے اس کو چھوڑ دیجئے۔ (تفسیر مظہری)

لَا تَقْتُلُوْهُ ۖ عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا
اس کو مت مارو کچھ بعید نہیں جو ہمارے کام آئے یا ہم اس کو کرلیں بیٹا

یعنی کم از کم بڑا ہو کر ہمارے کام آئے گا یا مناسب سمجھا تو متبنٰے بنا لیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ امید ہے کہ یہ ہمارے کام آئے گا۔ یہ قتل نہ کرنے کی درخواست کی علت ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اس کے اندر برکت کے نشانات ہیں ہم کو اس سے فائدہ پہنچنے کی علامتیں موجود ہیں۔ آسیہ نے یہ بات اس سے کہی کہ ان کو موسیٰ کی دونوں آنکھوں کے درمیان ایک نور چمکتا نظر آ گیا تھا انگوٹھوں سے دودھ چوستے بھی انہوں نے دیکھ لیا تھا اور فرعون کی لڑکی بھی ان کے منہ کا لعاب لگانے سے اچھی ہوگئی تھی۔

'اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا' یا ہم اس کو بیٹا بنالیں گے۔ کیونکہ یہ بیٹا ہونے کے قابل ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۹﴾
اور ان کو کچھ خبر نہ تھی

یعنی یہ تو خبر نہ تھی کہ بڑا ہو کر کیا کرے گا۔ سمجھے کہ بنی اسرائیل میں سے کسی نے خوف سے ڈالا ہے ایک لڑکا نہ مارا تو کیا ہوا۔ کیا ضرور ہے کہ یہی وہ بچہ ہو جس سے ہمیں خوف ہے پھر جب ہم پرورش کریں گے وہ خود ہی ہم سے شرمائے گا۔ کس طرح ممکن ہے کہ ہم سے ہی دشمنی کرنے لگے۔ انہیں کیا خبر تھی کہ یہ اُس کا دوست ہوگا جو سارے جہان کا پرورش کرنے والا ہے اور تم چونکہ اس کے دشمن ہو اس لئے مجبور ہوگا کہ پروردگار حقیقی کے حکم سے تمہاری مخالفت کرے۔ تم اپنی ظاہری تربیت پر تو ایسی اچھی اُمیدیں باندھتے ہو۔ مگر شرم نہیں آتی کہ اُس رب حقیقی کے مقابلہ میں اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى کی آواز بلند کر رہے ہو۔ (تفسیر عثمانی)

کاش کہ فرعون:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر اس روز فرعون کہہ دیتا یہ جیسے تیری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے ویسے ہی میرے لئے بھی خنکی چشم ہے تو اللہ نے جس طرح آسیہ کو ہدایت یاب کر دیا اسی طرح فرعون کو بھی ہدایت یاب کر دیتا۔

ابن جریر نے بروایت محمد بن قیس مرفوع حدیث بیان کی ہے کہ فرعون نے کہا تھا کہ تیری آنکھ کی ٹھنڈک ہوگا میری آنکھ کی ٹھنڈک نہیں ہے اگر وہ یوں کہہ دیتا کہ جیسے یہ تیری آنکھ کی ٹھنڈک ہوگا ویسے ہی میری آنکھ کی بھی خنکی ہوگا تو جس طرح اللہ نے آسیہ کو ہدایت یافتہ کر دیا اسی طرح فرعون کو بھی ہدایت یاب بنا دیتا۔

محمد بن وہب نے کہا حضرت ابن عباس نے فرمایا اگر اللہ کا دشمن آسیہ کی طرح موسیٰ کی بابت عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَا کہہ دیتا تو اللہ اس کو بھی فائدہ پہنچا دیتا لیکن اللہ نے اس کے لئے بدبختی لکھ دی تھی وہی بدنصیبی غالب آئی اور اس نے انکار کر دیا۔ (تفسیر مظہری)

وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا ۭ اِنْ كَادَتْ
اور صبح کو موسیٰ کی ماں کے دل میں قرار نہ رہا قریب تھی
لَتُبْدِيْ بِهٖ لَوْلَآ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰي قَلْبِهَا
کہ ظاہر کر دے بیقراری کو اگر نہ ہم نے گرہ دی ہوتی اُس کے دل پر
لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰﴾
اس واسطے کہ رہے یقین کرنے والوں میں

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کے دل کی کیفیت:

موسیٰ علیہ السلام کی والدہ بچے کو دریا میں ڈال تو آئیں مگر ماں کی مامتا کہاں چین سے رہنے دیتی۔ رہ رہ کر موسیٰ کا خیال آتا تھا۔ دل سے قرار جاتا رہا۔ موسیٰ کی یاد کے سوا کوئی چیز دل میں باقی نہ رہی، قریب تھا کہ صبر وضبط کا رشتہ ہاتھ سے چھوٹ جائے اور عام طور پر ظاہر کر دیں کہ میں نے اپنا بچہ دریا میں ڈالا ہے کسی کو خبر ہو تو لاؤ لیکن خدائی الہام اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ کو یاد کر کے تسلی پاتی تھی۔ یہ خدا ہی کا کام تھا کہ اس کے دل کو مضبوط باندھ دیا کہ خدائی راز قبل از وقت کھلنے نہ پائے۔ اور تھوڑی دیر بعد خود موسیٰ کی والدہ کو عین الیقین حاصل ہو جائے کہ اللہ کا وعدہ ضرور پورا ہو کر رہتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

اکثر اہل تفسیر نے خالی ہونے کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ موسیٰ کی یاد کے علاوہ اس کا دل ہر بات سے خالی ہو گیا۔

حسن نے یہ مطلب بیان کیا ہے کہ اس کا دل خالی ہو گیا وہ اس الہام کو بھول گئی جو اللہ نے اس کے دل میں پیدا کر دیا تھا کہ اس کو دریا میں ڈال دینا اور کچھ خوف وغم نہ کرنا۔ ہم ضرور اس کو لوٹا کر تیرے پاس پہنچا دیں گے۔ اور اس کو پیغمبر بنائیں گے۔ مگر شیطان نے اس سے آ کر کہا کیا تجھے یہ بات تو پسند نہیں کہ فرعون تیرے بچہ کو قتل کر دے اور تجھے اس کا اجر وثواب ملے اور تو خود بچہ کو قتل کرنے کے درپے ہو رہی ہے اور اس کو دریا میں ڈال کر غرق کر رہی ہے (اس کا گناہ تو تجھ پر ہوگا اور اگر فرعون اس معصوم کو قتل کر دے گا تو تجھے اجر ملے گا) غرض جب اس کو اطلاع ملی کہ فرعون نے نیل میں موسیٰ کو پالیا تو اس مصیبت نے اس کو اللہ کا وعدہ فراموش کرا دیا میں کہتا ہوں شاید اس کو اس

besturdubooks.wordpress.com

سے یہ خیال پیدا ہو گیا کہ ممکن ہے اس کے دل میں جو القاء ہوا تھا وہ غلط ہو کیونکہ اولیاء کا الہام ظنی ہوتا ہے قطعی نہیں ہوتا الہام میں غلطی ہو سکتی ہے۔

حضرت ابن عباس نے فرمایا قریب تھا کہ وہ کہہ دیتی ہائے بیٹا۔

مقاتل نے کہا جب اس نے صندوق کو دیکھا کہ دریا کی لہریں اس کو اوپر اٹھا کر پھر نیچے پٹک رہی ہیں اور وہ لہروں میں پھنسا ہوا ہے تو اس کو ڈوب جانے کا خطرہ اتنا ہوا کہ قریب تھا وہ چیخ پڑے (اور بات کھل جائے)

کلبی نے کہا جوان ہونے کے بعد جب حضرت موسیٰ کو فرعون کا بیٹا کہا جانے لگا اور آپ کی والدہ نے بھی یہ بات سنی تو اس کو یہ بات اتنی شاق گزری کہ قریب تھا وہ ظاہر کر دیتی کہ موسیٰ میرا بیٹا ہے۔

بعض اہل تفسیر نے یہ مطلب بیان کیا ہے کہ والدہ موسیٰ کا دل غم و فکر سے خالی ہو گیا (اس کو کوئی غم نہ رہا) جب کہ اس نے سن لیا کہ موسیٰ کو فرعون نے بیٹا بنالیا ہے یہ بات سن کر اس کو اتنی خوشی ہوئی کہ خوشی سے مغلوب ہو کر وہ قریب تھا کہ ظاہر کر دیتی کہ موسیٰ میرا بیٹا ہے (میرے بیٹے کو فرعون نے بیٹا بنایا ہے)

ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے سدی کا بیان نقل کیا ہے کہ جب موسیٰ کی بہن نے کہا کہ میں تم کو ایک ایسی عورت بتاتی ہوں کہ موسیٰ اس کا دودھ پی لے گا اور پھر ماں کو لے کر آ گئی اور موسیٰ نے ماں کے پستان کو منہ میں لے لیا تو قریب تھا کہ ماں بول اٹھتی یہ تو میرا ہی بیٹا ہے لیکن اللہ نے اس کو اظہار سے بچالیا۔

یوسف بن حسین نے کہا موسیٰ کی ماں کو دو حکم دیئے گئے تھے اور دو چیزوں کی ممانعت کی گئی اور دو بشارتیں دی گئی تھیں لیکن اس کو کسی سے کوئی فائدہ اس وقت تک نہیں پہنچا جب تک اللہ نے اس کی حفاظت نہیں کی اور اس کے دل کو مضبوط نہ کیا اور بے چینی کو سکون سے نہ بدلا تا کہ وہ ان مومنوں میں سے ہو جائے جو اللہ کے وعدہ پر پختہ بھروسہ رکھتے ہیں فرعون کے بیٹا بنانے پر بھروسہ نہ رکھے۔ (تفسیر مظہری)

وَقَالَتْ لِأُخْتِهٖ قُصِّيْهِ فَبَصُرَتْ بِهٖ

اور کہہ دیا اُس کی بہن کو پیچھے چلی جا پھر دیکھتی رہی اُس کو

عَنْ جُنُبٍ وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ

اجنبی ہو کر اور اُن کو خبر نہ ہوئی

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بہن اپنے بھائی کے حالات کی جاسوسی:

یعنی جب فرعون کے محل سرا میں صندوق کھلا اور بچہ برآمد ہوا تو شہر میں شہرت ہو گئی۔ موسیٰ کی والدہ نے اپنی بیٹی کو (جو موسیٰ کی بہن تھی) حکم دیا کہ بچہ کا پتہ لگانے کے لئے چلی جا اور علیحدہ رہ کر دیکھ کیا ماجرا ہوتا ہے۔ لڑکی ہشیار تھی جہاں بچہ کے گرد بھیڑ لگی تھی وہاں بے تعلق اجنبی بن کر دور سے دیکھتی رہی۔ کسی کو پتہ نہ لگا کہ اس بچہ کی بہن ہے۔ (تفسیر عثمانی)

موسیٰ کی بہن موسیٰ کی ٹوہ لے رہی ہے اس قصہ میں یہ بھی آیا ہے کہ مریم الگ الگ جا رہی تھی اور نظر چرا کر دیکھتی جاتی تھی تا کہ لوگوں کو پتہ نہ چلے کہ وہ موسیٰ کو دیکھ رہی ہے۔ (تفسیر مظہری)

موسیٰ علیہ السلام کی والدہ نے جب آپ کو صندوقچے میں ڈال کر فرعونیوں کے خوف کی وجہ سے دریا میں بہادیا اور بہت پریشان ہوئیں اور سوائے خدا کے سچے رسول اپنے لخت جگر حضرت موسیٰ کے آپ کو کسی اور چیز کا خیال ہی نہ رہا صبر و سکون جاتا رہا دل میں بجز حضرت موسیٰ کی یاد کے اور کوئی خیال ہی نہیں آتا تھا، اگر خدا تعالیٰ کی طرف سے ان کی دل جمعی نہ کر دی جاتی تو وہ بے صبری میں راز فاش کر دیتیں لوگوں سے کہہ دیتیں کہ اس طرح میرا بچہ ضائع ہو گیا۔ لیکن خدا نے ان کا دل ٹھہرا دیا ڈھارس اور تسکین دے دی اور انہیں یقین کامل کرا دیا کہ تیرا بچہ تجھے ضرور مل جائے گا والدہ موسیٰ نے اپنی بڑی بچی سے جو ذرا سمجھدار تھیں فرمادیا کہ بیٹی تم اس صندوق پر نظریں جما کر کنارے کنارے چلی جاؤ دیکھو کیا (انجام ہوتا ہے؟ مجھے خبر کرنا۔ تو یہ اُسے دور سے دیکھتی ہوئی چلیں لیکن اس انجان پن سے کہ کوئی اور نہ سمجھ سکے کہ یہ اُن کا خیال رکھتی ہوئی ساتھ ساتھ جا رہی ہیں۔ فرعون کے محل تک پہنچتے ہوئے اور وہاں سے ان کی لونڈیوں کو اُٹھاتے ہوئے تو آپ کی ہمشیرہ نے دیکھا پھر وہیں باہر کھڑی رہ گئیں کہ شاید کچھ معلوم ہو سکے کہ اندر کیا ہو رہا ہے وہاں یہ ہوا کہ جب حضرت آسیہؓ نے فرعون کو اُس کے خونی ارادے سے باز رکھا اور بچے کو اپنی پرورش میں لے لیا تو شاہی محل میں جتنی دایہ تھیں سب کو بچہ دیا گیا ہر ایک نے بڑی محبت و پیار سے انہیں دودھ پلانا چاہا لیکن بحکم خدا تعالیٰ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کسی کے دودھ کا ایک گھونٹ بھی نہ پیا آخر اپنی لونڈیوں کے ہاتھ باہر بھیجا کہ باہر کسی دایہ کو تلاش کرو اور جس کا دودھ یہ پئے اُسے لے آؤ۔ چونکہ رب العالمین کو یہ منظور نہ تھا اُس کا نبی علیہ السلام اپنی والدہ کے سوا اور کسی کا دودھ پئے اور اس میں سب سے بڑی مصلحت یہ تھی کہ اس بہانے حضرت موسیٰؑ اپنی ماں تک پہنچ جائیں۔ لونڈیاں جب آپ کو لے کر باہر نکلیں تو آپؑ کی بہن صاحبہ نے پہچان لیا لیکن ان پر ظاہر نہ کیا اور نہ انہیں خود کوئی پتہ چل سکا آپ کی والدہ گو پہلے تو بہت پریشان تھیں لیکن اس کے بعد خدا نے انہیں صبر و سکون دے دیا تھا اور وہ خاموش اور مطمئن تھیں بہن نے انہیں کہا کہ تم اس قدر پریشان کیوں ہو؟ انہوں نے کہا کہ یہ بچہ کسی دائی کا دودھ نہیں پیتا ہم اس کے لئے کسی اور دایہ کی تلاش میں ہیں یہ سن کر ہمشیرہ کلیم اللہ نے فرمایا کہ اگر کہو تو میں ایک دائی کا پتہ دوں؟ ممکن ہے یہ بچہ ان کا دودھ پی لے، وہ اسے پرورش کریں اور اس کی خیر خواہی کریں۔ یہ سن کر انہیں یہ شک گزرا کہ یہ لڑکی اس لڑکے کی اصلیت سے اور اس کے ماں باپ سے واقف ہے اسے گرفتار کر لیا اور اس سے پوچھا کہ تجھے کیا معلوم کہ وہ عورت

besturdubooks.wordpress.com

اس کی کفالت اور خیر خواہی کرے گی؟ اس نے فوراً جواب دیا سبحان اللہ کون نہ چاہے گا کہ شاہی دربار میں اس کی عزت ہو، انعام اکرام کی خاطر کون اس بچہ سے ہمدردی نہ کرے گا؟ ان کی سمجھ میں بھی آ گیا کہ ہمارا پہلا گمان غلط تھا یہ تو ٹھیک کہہ رہی ہے اسے چھوڑ دیا اور کہا اچھا چل اس کا مکان دکھا۔ یہ انہیں لے کر اپنے گھر آئیں اپنی والدہ کی طرف اشارہ کر کے کہا انہیں دیجئے۔ سرکاری آدمیوں نے انہیں دیا تو بچہ ان کا دودھ پینے لگا۔ فوراً یہ خبر حضرت آسیہؓ کو دی گئی اسے سن کر آپ بہت خوش ہوئیں انہیں اپنے محل میں بلوایا اور بہت کچھ انعام اکرام دیا لیکن یہ علم نہ تھا کہ فی الواقع یہی اس بچہ کی والدہ ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ
اور روک رکھا تھا ہم نے موسیٰ سے دائیوں کو پہلے سے پھر بولی
هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰٓى اَهْلِ بَيْتٍ يَّكْفُلُوْنَهٗ
میں بتلاؤں تم کو ایک گھر والے کہ اس کو پال دیں
لَكُمْ وَهُمْ لَهٗ نٰصِحُوْنَ ﴿۱۲﴾
تمہارے لئے اور وہ اس کا بھلا چاہنے والے ہیں

حضرت موسیٰ علیہ السلام دوبارہ اپنی والدہ کی گود میں:

یعنی فرعون کی بیوی نے اس ملعون کو بھی بچہ کی پرورش پر راضی کر لیا تو دودھ پلانے کی فکر ہوئی اور دائیاں طلب کی گئیں۔ مگر قدرت نے پہلے ہی سے بند لگا دیا تھا موسیٰ اپنی ماں کے سوا کسی کا دودھ نہ پکڑے۔ سخت تشویش تھی کہ کہاں سے مرضعہ لائی جائے جس کا دودھ بچہ منہ کو لگا سکے۔ موسیٰ کسی عورت کا دودھ نہ پیتے تھے۔ فرعون کے آدمی اسی فکر و تجسس میں تھے کہ موسیٰ کی بہن نے کہا میں تم کو ایک گھرانے کا پتہ بتا سکتی ہوں جو امید ہے بچہ کو پال دیں گے اور جہاں تک ان کی طبائع کا اندازہ ہے بہت خیر خواہی اور غور و پرداخت سے پالیں گے کیونکہ شریف گھرانا ہے اور بادشاہ کے گھر سے انعام و اکرام کی بڑی توقعات ہوں گی۔ پھر تربیت میں کمی کیوں کرنے لگے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ لڑکی کے مشورہ کے موافق حضرت موسیٰ کی والدہ طلب کی گئیں بس بچہ کو چھاتی سے لگانا تھا کہ اس نے دودھ پینا شروع کر دیا۔ فرعون کے گھر والوں کو بہت غنیمت معلوم ہوا کہ بچہ نے ایک عورت کا دودھ قبول کر لیا ہے بڑی خوشیاں منائی گئیں اور انعام و اکرام کئے گئے۔ مرضعہ نے عذر کیا کہ میں یہاں نہیں رہ سکتی، اپنے گھر لے جا کر اس کی پرورش کروں گی۔ چنانچہ موسیٰ علیہ السلام امن و اطمینان کے ساتھ پھر آغوشِ مادری میں پہنچ گئے۔ اور فرعون کے یہاں سے جو روزینہ ان کی ماں کا مقرر ہوا وہ مفت میں رہا۔ (تفسیر عثمانی)

ہر عورت کی پستان کو روک دیا تھا۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا فرعون کی بیوی چاہتی تھی کہ کسی طرح کسی دودھ پلانے والی کا دودھ موسیٰ علیہ السلام پی لیں چنانچہ ایک کے بعد ایک دودھ پلانے والیاں آئیں مگر موسیٰ نے کسی کے پستان کو منہ نہیں لگایا موسیٰ علیہ السلام کی بہن یہ کیفیت دیکھتی رہی آٹھ راتیں یونہی گزر گئیں کہ موسیٰ علیہ السلام نے کسی مرضعہ کا دودھ نہیں پیا اور چلاتے رہے۔ (تفسیر مظہری)

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بہن کی تفتیش:

ابن جریج اور سدی نے هُمْ لَهٗ نٰصِحُوْنَ کا مطلب یہ بیان کیا کہ وہ لوگ بادشاہ کے خیر خواہ ہیں موسیٰ علیہ السلام کی بہن نے وَهُمْ لَهٗ نٰصِحُوْنَ کہا تو لوگوں نے اس کو پکڑ لیا اور کہا معلوم ہوتا ہے کہ تو اس کے گھر والوں کو جانتی ہے بتا وہ کون ہیں موسیٰ علیہ السلام کی بہن نے کہا مجھے تو اس کے گھر والے معلوم نہیں میں نے یہ کہا تھا کہ وہ لوگ بادشاہ کے خیر خواہ ہیں۔ ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے بھی سدی کا یہ قول نقل کیا ہے بعض روایات میں آیا ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کی بہن سے جب باز پرس ہوئی تو اس نے کہا میں یہ بات بادشاہ کی خوشی کے لئے کہہ رہی تھی اور اس بات کو ظاہر کرنا تھا کہ ہمارا تعلق بادشاہ سے ہے بعض اہلِ روایات نے لکھا ہے کہ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بہن نے هَلْ اَدُلُّكُمْ کہا تو لوگوں نے کہا ایسا کون ہے اس نے کہا میری ماں ہے لوگوں نے پوچھا کیا تیری ماں کا کوئی لڑکا ہے ہمشیرہ موسیٰ علیہ السلام نے کہا ہاں ہارون ہے (حضرت ہارون اس سال پیدا ہوئے تھے جس سال لڑکوں کو قتل نہیں کیا جاتا تھا) لوگوں نے کہا تو نے ٹھیک کہا تو ہمارے پاس لے آ لڑکی نے اپنی ماں سے جا کر پوری بات کہہ دی اور اس کو اپنے ساتھ لے آئی موسیٰ علیہ السلام نے جو اپنی ماں کی خوشبو سونگھی تو پستان کو منہ لگا دیا اور پینے لگے اور اتنا پیا کہ دونوں کوکھیں بھر گئی سدی نے کہا روز کی اجرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کو ایک دینار ملتی تھی اور وہ اس لئے لے لیتی تھیں کہ وہ حربی کافر کا مال تھا۔ (تفسیر مظہری)

فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ
پھر ہم نے پہنچا دیا اس کو اس کی ماں کی طرف کہ ٹھنڈی رہے اس کی آنکھ اور غمگین
وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ
نہ ہو اور جانے کہ اللہ کا وعدہ ٹھیک ہے

یعنی "اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ" میں جو دو وعدے کئے تھے ایک تو آنکھوں سے دیکھ لیا کہ کس حیرت انگیز طریقہ سے پورا ہو کر رہا۔ اور دوسرے کو اسی پر قیاس کرنے کا موقع ملا کہ بلا شبہ وہ بھی اپنے وقت پر پورا ہو کر رہے گا۔ (تفسیر عثمانی)

پورا کلام اس طرح تھا لوگوں نے حضرت موسیٰ کی بہن سے کہا بتا وہ کون

besturdubooks.wordpress.com

عورت ہے موسیٰ کی بہن نے اپنی ماں کا پتہ بتایا لوگوں نے کہا اپنی ماں کو بلا لا وہ جا کر ماں کو لے آئی لوگوں نے موسیٰ کی ماں کی گود میں بچہ کو رکھ دیا ماں نے دودھ پلایا بچہ نے پی لیا لوگوں نے بچہ کو موسیٰ علیہ السلام کی ماں کے سپرد کر دیا اس طرح ہم موسیٰ کو ماں کے پاس واپس لے آئے۔ (تفسیر مظہری)

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٣﴾

پر بہت لوگ — نہیں جانتے

یعنی وعدہ اللہ کا پہنچ کر رہتا ہے ہاں بیچ میں بڑے بڑے پھیر پڑ جاتے ہیں۔ اس میں بہت لوگ بے یقین ہونے لگتے ہیں (موضح) (تفسیر عثمانی)

وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَاسْتَوٰٓى اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا

اور جب پہنچ گیا اپنے زور پر اور سنبھل گیا دی ہم نے اُس کو حکمت

وَّعِلْمًا ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٤﴾

اور سمجھ — اور اُسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں — نیکی والوں کو

حضرت موسیٰ علیہ السلام کو علم وحکمت کی عطاء:

یعنی موسیٰ علیہ السلام جب اپنی بھرپور جوانی کو پہنچے تو ہم نے اُن کو بہت حکمت کی باتیں سمجھائیں اور خصوصی علم وفہم عطا فرمایا کیونکہ بچپن ہی سے وہ نیک کردار تھے۔ ایسے ہونہار کو ہم اسی طرح نوازا کرتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

حکما یعنی نبوت علما یعنی اللہ اور اس کے احکام کی معرفت بعض کے نزدیک اس سے نبی بنانا مراد نہیں ہے کیونکہ نبوت تو مصر سے ہجرت کرنے کے بعد مدین سے واپسی میں ملی تھی بلکہ اس سے مراد ہے دانش اور احکام شرعی کا علم۔ میں کہتا ہوں واؤ مطلق عطف کے لئے آتا ہے ترتیب ضروری نہیں۔ نبوت اگرچہ ہجرت کے بعد ملی تھی لیکن اس جگہ پہلے ذکر کرنا اس وعدہ کی تکمیل کو ظاہر کر رہا ہے جو آپ کی والدہ سے اللہ نے فرمایا تھا اور ارشاد فرمایا ہے اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ۔ (تفسیر مظہری)

وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَاسْتَوٰٓى اَشُدّ کے لفظی معنی قوت وشدت کی انتہا پر پہنچنا ہے یعنی انسان بچپن کے ضعف سے تدریجاً قوت وشدت کی طرف بڑھتا ہے ایک وقت ایسا آتا ہے کہ اس کے وجود میں جتنی قوت وشدت آسکتی تھی وہ پوری ہو جائے اس وقت کو اَشُدّ کہا جاتا ہے اور یہ زمین کے مختلف خطوں اور قوموں کے مزاج کے اعتبار سے مختلف ہوتا ہے کسی کا اشد کا زمانہ جلد آجاتا ہے کسی کا دیر میں، لیکن حضرت ابن عباسؓ اور مجاہد سے بروایت عبد ابن حمید یہ منقول ہے کہ اشد عمر کے تینتیس سال میں ہوتا ہے اسی کو سن کمال یا سن وقوف کہا جاتا ہے جس میں بدن کا نشوونما ایک حد پر پہنچ کر رک جاتا ہے اس کے بعد چالیس کی عمر تک وقوف کا زمانہ ہے اسی کو استویٰ کے لفظ سے تعبیر کیا گیا ہے چالیس سال کے بعد انحطاط اور کمزوری شروع ہو جاتی ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ عمر کا اشد تینتیس سال کی عمر سے شروع ہو کر چالیس سال تک رہتا ہے۔ (روح وقرطبی)

وَدَخَلَ الْمَدِيْنَةَ عَلٰى حِيْنِ

اور آیا — شہر کے اندر — جس وقت

غَفْلَةٍ مِّنْ اَهْلِهَا

بے خبر ہوئے — تھے — وہاں کے لوگ

یعنی حضرت موسیٰ جوان ہو کر ایک روز شہر میں پہنچے جس وقت لوگ غافل پڑے سو رہے تھے شاید رات کا وقت ہو گا یا دوپہر ہو گی۔ (تفسیر عثمانی)

وَدَخَلَ الْمَدِيْنَةَ عَلٰى حِيْنِ غَفْلَةٍ مِّنْ اَهْلِهَا المدینہ سے مراد اکثر مفسرین کے نزدیک شہر مصر ہے۔ اس میں داخل ہونے کے لفظ سے معلوم ہوا کہ موسیٰ علیہ السلام مصر سے باہر کہیں گئے ہوئے تھے پھر ایک روز اس شہر میں ایسے وقت داخل ہوئے جو عام لوگوں کی غفلت کا وقت تھا، آگے قتل قبطی کے قصہ میں اس کا بھی تذکرہ ہے کہ یہ وہ زمانہ تھا جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنی نبوت و رسالت کا اور دین حق کا اظہار شروع کر دیا تھا اسی کے نتیجہ میں کچھ لوگ اُن کے مطیع وفرمانبردار ہو گئے تھے جو اُن کے متبعین کہلاتے تھے مِنْ شِيْعَتِهٖ کا لفظ اس پر شاہد ہے۔ ان تمام قرائن سے اس روایت کی تائید ہوتی ہے جو ابن اسحٰق اور ابن زید سے منقول ہے کہ جب موسیٰ علیہ السلام نے ہوش سنبھالا اور دین حق کی کچھ باتیں لوگوں سے کہنے لگے تو فرعون ان کا مخالف ہو گیا اور قتل کا ارادہ کیا مگر فرعون کی بیوی حضرت آسیہ کی درخواست پر ان کے قتل سے باز آیا مگر اُن کو شہر سے نکالنے کا حکم دے دیا، اس کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام شہر میں کسی جگہ رہنے لگے اور کبھی کبھی چھپ کر مصر شہر میں آتے تھے، اور عَلٰى حِيْنِ غَفْلَةٍ مِّنْ اَهْلِهَا سے مراد اکثر مفسرین کے نزدیک دوپہر کا وقت ہے جبکہ لوگ قیلولہ میں تھے (قرطبی) (مفتی اعظمؒ)

فَوَجَدَ فِيْهَا رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلٰنِ هٰذَا مِنْ شِيْعَتِهٖ

پھر پائے اُس میں — دو مرد — لڑتے ہوئے — یہ ایک اُس کے رفیقوں

وَهٰذَا مِنْ عَدُوِّهٖ ۚ فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِيْ مِنْ شِيْعَتِهٖ

میں اور یہ دوسرا اُس کے دشمنوں میں پھر فریاد کی اُس سے اُس نے جو تھا اس کے رفیقوں میں

عَلَى الَّذِيْ مِنْ عَدُوِّهٖ ۙ فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى فَقَضٰى

اُسکی جو تھا اُس کے دشمنوں میں پھر مکا مارا اُس کو موسیٰ نے پھر اُس کو

besturdubooks.wordpress.com

عَلَيْهِ ۖ قَالَ هٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ ۖ اِنَّهٗ عَدُوٌّ

تمام کر دیا بولا یہ ہوا شیطان کے کام سے بیشک وہ دشمن

مُّضِلٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ

ہے بہکانے والا صریح بولا اے میرے رب میں نے برا کیا اپنی جان کا

فَاغْفِرْ لِيْ فَغَفَرَ لَهٗ ۖ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶﴾

سو بخش مجھ کو پھر اس کو بخش دیا بیشک وہی ہے بخشنے والا مہربان

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہاتھوں قبطی کی موت:

حضرت موسیٰ علیہ السلام جب جوان ہوئے، فرعون کی قوم سے بسبب اُن کے ظلم وکفر کے بیزار رہتے اور بنی اسرائیل اُن کے ساتھ لگے رہتے تھے، اُن کی والدہ کا گھر شہر سے باہر تھا۔ حضرت موسیٰ کبھی وہاں جاتے کبھی فرعون کے گھر آتے۔ فرعون کی قوم (قبط) اُن کی دشمن تھی کہ غیر قوم کا شخص ہے ایسا نہ ہو کہ زور پکڑ جائے۔ ایک روز دیکھا کہ دو شخص آپس میں لڑ رہے ہیں۔ ایک اسرائیلی دوسرا قبطی۔ اسرائیلی نے موسیٰ کو دیکھ کر فریاد کی کہ مجھے اس قبطی کے ظلم سے چھڑاؤ کہتے ہیں قبطی فرعون کے مطبخ کا آدمی تھا۔ موسیٰ پہلے ہی قبطیوں کے ظلم وستم کو جانتے تھے۔ اُس وقت آنکھ سے اُس کی زیادتی دیکھ کر رگ حمیت پھڑک اُٹھی۔ ممکن ہے سمجھانے بجھانے میں قبطی نے موسیٰ علیہ السلام کو بھی کوئی سخت لفظ کہا ہو جیسا کہ بعض تفاسیر میں ہے۔ غرض موسیٰ علیہ السلام نے اس کی تادیب وگوشمالی کے لئے ایک گھونسہ رسید کیا، ماشاء اللہ بڑے طاقتور جوان تھے ایک ہی گھونسہ میں قبطی نے پانی نہ مانگا۔ خود موسیٰ علیہ السلام کو بھی یہ اندازہ نہ تھا کہ ایک گھونسہ میں اس کمبخت کا کام تمام ہو جائے گا۔ پچھتائے کہ بے قصد خون ہو گیا۔ مانا کہ قبطی کافر حربی تھا، ظالم تھا، اور موسیٰ علیہ السلام کی نیت بھی محض ادب دینے کی تھی، جان سے مار ڈالنے کی نہ تھی۔ مگر ظاہر ہے اُس وقت کوئی معرکہ جہاد نہ تھا۔ موسیٰ علیہ السلام نے قبطی قوم کو کوئی الٹی میٹم نہیں دیا تھا۔ بلکہ مصر میں اُن کو بود وماند کا شروع سے جو طرز عمل رہا تھا اُس سے لوگ مطمئن تھے کہ وہ یونہی کسی کی جان ومال لینے والے نہیں پھر ممکن ہے غیظ وغضب کے جوش میں معاملہ کی تحقیق بھی سرسری ہوئی ہو اور مکا مارتے وقت پوری طرح اندازہ نہ رہا ہو کہ کتنی ضرب تادیب کے لئے کافی ہے اُدھر اس بلا ارادہ قتل سے اندیشہ تھا کہ فرقہ وارا اشتعال پیدا ہو کر دوسرے مصائب وفتن کا دروازہ نہ کھل جائے۔ اس لئے اپنے فعل پر نادم ہوئے۔ اور سمجھے کہ اس میں کسی درجہ تک شیطان کا دخل ہے انبیاء علیہم السلام کی فطرت ایسی پاک وصاف اور اُن کی استعداد اس قدر اعلیٰ ہوتی ہے کہ نبوت ملنے سے پیشتر ہی وہ اپنے ذرہ ذرہ عمل کا محاسبہ کرتے ہیں اور ادنیٰ سی لغزش یا خطائے اجتہادی پر بھی حق تعالیٰ سے رو رو کر معافی مانگتے ہیں۔ چنانچہ موسیٰ علیہ السلام نے اللہ سے اپنی تقصیرات کا اعتراف کر کے معافی چاہی جو دے دی گئی اور غالباً اس معافی کا علم اُن کو بذریعہ الہام وغیرہ ہوا ہوگا۔ آخر پیغمبر لوگ نبوت سے پہلے ولی تو ہوتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

سوال: یہ قبطی حربی کافر تھا موسیٰ علیہ السلام نے اس کے قتل کو عمل شیطان اور گناہ کیوں قرار دیا؟

جواب: یہ ہے کہ معاہدہ جیسے قولی اور تحریری ہوتا ہے اسی طرح معاہدہ عملی بھی ہوتا ہے اس کی پابندی لازمی اور خلاف ورزی عہد شکنی کے مراد ہے۔

معاہدہ عملی کی صورت یہ ہے کہ جس جگہ مسلمان اور کچھ غیر مسلم کسی دوسری حکومت میں باہمی امن واطمینان کے ساتھ رہتے بستے ہوں۔ ایک دوسرے پر حملہ کرنا یا لوٹ مار کرنا طرفین سے غداری سمجھا جاتا ہو تو اس طرح کی معاشرت اور معاملات بھی ایک قسم کا عملی معاہدہ ہوتے ہیں ان کی خلاف ورزی جائز نہیں اس کی دلیل حضرت مغیرہ بن شعبہؓ کی وہ طویل حدیث ہے جس کو امام بخاری کی کتاب الشروط میں مفصل روایت کیا ہے اور واقعہ اس کا یہ تھا کہ حضرت مغیرہ ابن شعبہ قبل از اسلام اپنے زمانہ جاہلیت میں ایک جماعت کفار کے ساتھ مصاحبت اور معاشرت رکھتے تھے پھر ان کو قتل کر کے ان کے اموال پر قبضہ کر لیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر مسلمان ہو گئے اور جو مال ان لوگوں کا لیا تھا وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کر دیا اس پر آپ نے ارشاد فرمایا، اما الاسلام فاقبل واما المال فلست منه في شيء اور ابوداؤد کی روایت میں اس کے الفاظ یہ ہیں، اما المال فمال غدر لا حاجة لنافيه، یعنی آپ کا اسلام تو ہم نے قبول کر لیا اور اب آپ مسلمان ہیں مگر یہ مال ایسا مال ہے جو غدر اور عہد شکنی سے حاصل ہوا ہے اس لئے ہمیں اس مال کی کوئی حاجت نہیں شارح بخاری حافظ ابن حجر نے شرح میں فرمایا کہ اس حدیث سے یہ مسئلہ نکلتا ہے کہ کفار کا مال حالت امن میں لوٹ لینا حلال نہیں کیونکہ ایک بستی کے رہنے والے یا ایک ساتھ کام کرنے والے ایک دوسرے سے اپنے کو مامون سمجھتے ہیں اُن کا یہ عملی معاہدہ بھی ایک امانت ہے۔ جس کا صاحب امانت کو ادا کرنا فرض ہے چاہے وہ کافر ہو یا مسلم۔ اور کفار کے اموال جو مسلمانوں کے لئے حلال ہوتے ہیں تو وہ صرف محاربہ اور مغالبہ کی صورت میں حلال ہوتے ہیں، حالت امن وامان میں جبکہ ایک دوسرے سے اپنے کو مامون سمجھ رہا ہو کسی کافر کا مال لوٹ لینا جائز نہیں اور قسطلانی نے شرح بخاری میں فرمایا:

ان اموال المشركين ان كانت مغنومة عند القهر فلا يحل اخذها عند الامن فاذا كان الانسان مصاحباً لهم فقد امن كل واحد منهم صاحبه فسفك الدّماء و اخذالمال مع ذلك غدر حرام الاان ينبذ اليهم عهد هم على سواء

besturdubooks.wordpress.com

بیشک مشرکین کے اموال جنگ اور جہاد کے وقت مغنوم ومباح ہیں لیکن امن کی حالت میں حلال نہیں اس لئے جو مسلمان کفار کے ساتھ رہتا سہتا ہو کہ عملی طور پر ایک دوسرے سے مامون ہو تو ایسی حالت میں کسی کافر کا خون بہانا یا مال زبردستی لینا غدر حرام ہے جب تک کہ اُن کے اس عملی معاہدہ سے دست برداری کا اعلان نہ کردے۔

خلاصہ یہ ہے کہ قبطی کا قتل اس عملی معاہدہ کی بنا پر اگر بالقصد ہوتا تو جائز نہیں تھا مگر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس کے قتل کا ارادہ نہیں کیا تھا بلکہ اسرائیلی شخص کو اس کے ظلم سے بچانے کے لئے ہاتھ کی ضرب لگائی جو عادۃً سبب قتل نہیں ہوتی مگر قبطی اس ضرب سے مرگیا تو موسیٰ علیہ السلام کو یہ احساس ہوا کہ اس کو دفع کرنے کے لئے اس ضرب سے کم درجہ بھی کافی تھا یہ زیادتی میرے لئے درست نہ تھی۔

مسئلہ: اول یہ ہے کہ مظلوم اگرچہ کافر یا فاسق ہی ہو اُس کی امداد کرنا چاہیئے، دوسرا مسئلہ یہ ثابت ہوا کہ کسی مجرم ظالم کی مدد کرنا جائز نہیں۔ علماء نے اس آیت سے استدلال فرما کر ظالم حکام کی ملازمت کو بھی ناجائز قرار دیا ہے کہ وہ بھی اُن کے ظلم کے شریک سمجھے جائیں گے اور اس پر سلف صالحین سے متعدد روایات نقل کی ہیں (کما فی روح المعانی) کفار یا ظالموں کی امداد و اعانت کی مختلف صورتیں ہیں اور ان کے احکام کتب فقہ میں مفصل مذکور ہیں۔ احقر نے احکام القرآن میں بزبان عربی اسی آیت کے ذیل میں اس مسئلہ کی پوری تحقیق و تنقیح لکھ دی ہے اہل علم اس کو دیکھ سکتے ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

قبطی اور اسرائیلی کا جھگڑا:

استغاثہ مدد طلب کرنا۔ اسرائیلی نے قبطی کے مقابلہ میں موسیٰ علیہ السلام سے مدد مانگی موسیٰ کو سخت غصہ آیا قبطی اسرائیلی کو پکڑے ہوئے تھا اور اتنی بات جانتا تھا کہ موسیٰ بنی اسرائیل کی نظر میں محترم ہیں اور موسیٰ بھی ان کی پاسداری کرتے ہیں اور عام لوگ اتنا ہی جانتے تھے کہ موسیٰ کو ایک اسرائیلی عورت نے دودھ پلایا ہے اس لئے موسیٰ بنی اسرائیل کا پاس لحاظ رکھتے ہیں۔

آپ نے فرعون کے آدمی سے کہا اس کو چھوڑ دے (وہ شاہی سپاہی تھا) اس نے کہا ہم تو اس کو اس لئے پکڑ رہے ہیں کہ یہ لکڑیاں اٹھا کر آپ کے والد کے باورچی خانہ میں پہنچادے (یعنی بیگار میں پکڑ رہے ہیں) موسیٰ اس سے جھگڑنے لگے فرعونی بولا اب تو میں نے یہ ارادہ کرلیا ہے کہ لکڑیاں اس تیرے اوپر لاد کر پہنچاؤں گا۔ حضرت موسیٰ قد آور بھی تھے اور بہت زیادہ طاقتور بھی آپ نے اس کے ایک گھونسہ رسید کردیا وہ فوراً مرگیا۔ (تفسیر مظہری)

قبطی کے قتل کی قانونی حیثیت:

قَالَ هٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ ۭ اِنَّهٗ عَدُوٌّ مُّضِلٌّ مُّبِيْنٌ کہا یہ شیطانی حرکت ہوگئی بے شک شیطان (آدمی کا) کھلا ہوا دشمن ہے غلطی میں ڈال دیتا ہے۔

حضرت موسیٰ نے اس فعل کو شیطانی حرکت اس لئے قرار دیا کہ اس وقت آپ کو کافروں کے قتل کرنے کا حکم نہیں تھا اور ان لوگوں کے امان میں آپ محفوظ بھی تھے ان میں سے کسی کو اچانک قتل کر دینا آپ کے لئے جائز نہ تھا لیکن یہ قتل خطاً تھا قصداً نہ تھا اس لئے اس کو عصمت انبیاء کے خلاف نہیں قرار دیا جا سکتا موسیٰ نے اس فعل کو شیطانی حرکت شمار کیا اور ظلم سمجھا اور پھر استغفار کی اس کی وجہ صرف یہ تھی کہ آپ مقرب بندوں میں سے تھے حقیر فروگزاشت کو بھی عظیم گناہ جانتے تھے اہل قرب کی یہی حالت ہوتی ہے (اگر ان سے ادنیٰ غلطی ہو جائے تو وہ اس کو گناہ کبیرہ سمجھتے ہیں اور پھر استغفار کرتے ہیں)۔

قَالَ رَبِّ اِنِّىْ ظَلَمْتُ نَفْسِىْ فَاغْفِرْ لِىْ فَغَفَرَ لَهٗ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ موسیٰ نے کہا اے میرے رب میں نے اپنی جان پر ظلم کیا (کہ تیرے حکم کے بغیر ایک شخص میرے ہاتھ سے مارا گیا) سو میرے اس قصور کو تو معاف فرمادے اللہ نے موسیٰ کو معاف کر دیا بے شک وہ بڑا معاف کرنے والا نہایت مہربان ہے۔ یعنی اللہ نے اپنا حق معاف کر دیا اور قبطی چونکہ معصوم الدم نہ تھا کہ جس کو قتل کرنا موجب قصاص و دیت ہوتا اس لئے وارثوں سے معاف کرانے کی ضرورت ہی نہ تھی نہ (قیامت کے دن) مقتول کے عفو کرنے کی ضرورت ہوگی۔ (تفسیر مظہری)

قَالَ رَبِّ بِمَآ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ فَلَنْ

بولا اے رب جیسا تو نے فضل کردیا مجھ پر پھر میں

اَکُوْنَ ظَهِيْرًا لِّلْمُجْرِمِيْنَ ۝

کبھی نہ ہوں گا مددگار گنہگاروں کا

یعنی آپ نے جیسے اپنے فضل سے مجھ کو عزت، راحت، قوت عطا فرمائی اور میری تقصیرات کو معاف کیا اس کا شکر یہ ہے کہ میں آئندہ کبھی مجرموں کا مددگار نہ ہوں گا۔ شاید اس فریادی (اسرائیلی) کی بھی کچھ تقصیر معلوم ہوئی ہو گی، مجرم اُسے کہا ہو۔ یا مجرمین سے کفار اور ظالم لوگ مراد ہوں یعنی تیری دی ہوئی قوتوں کو آئندہ بھی کبھی اُن کی حمایت و اعانت میں خرچ نہ کروں گا یا مجرمین سے شیاطین مراد ہوں یعنی شیاطین کے مشن میں اُن کا مددگار کبھی نہ بنوں گا کہ وہ وسوسہ اندازی کر کے مجھ سے ایسا کام کرادیں جس پر بعد کو پچھتانا پڑے۔ وہ وقوع جرم کا سبب بنا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

فَاَصْبَحَ فِی الْمَدِيْنَةِ خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ

پھر صبح کو اٹھا اس شہر میں ڈرتا ہوا انتظار کرتا ہوا

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا اندیشہ:

یعنی انتظار کرتے اور راہ دیکھتے تھے کہ مقتول کے وارث فرعون کے پاس فریاد

besturdubooks.wordpress.com

لے گئے ہوں گے دیکھئے کس پر جرم ثابت ہوا اور مجھ سے کیا سلوک کریں۔ (تفسیر عثمانی)

فَإِذَا الَّذِي اسْتَنْصَرَهُ بِالْأَمْسِ يَسْتَصْرِخُهُ

پھر ناگہاں جس نے کل مدد مانگی تھی اُس سے آج پھر فریاد کرتا ہے اُس سے

اسرائیلی کی دوسری لڑائی:

یعنی اُسی اسرائیلی کی لڑائی آج کسی اور سے ہو رہی تھی۔ (تفسیر عثمانی)

یستصرخہ، ان سے فریاد کر رہا ہے (مدد مانگ رہا ہے) یہ صراخ سے مشتق ہے (صراخ کا معنی ہے چیخنا فریاد کرنا) حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا لوگ فرعون کے پاس آئے اور کہا بنی اسرائیل نے ہمارا ایک آدمی مار ڈالا ہمارا حق (قصاص) دلوایئے فرعون نے کہا قاتل کو تلاش کرو اور گواہوں کو پیش کرو بغیر شہادت کے تو فیصلہ نہیں کیا جا سکتا۔ لوگ تلاش میں گھومنے لگے لیکن کوئی یقینی شہادت نہ مل سکی اتفاقاً دوسرے روز موسیٰ جا رہے تھے کہ کل (والے) اسرائیلی کو کسی فرعونی سے لڑتے دیکھا اسرائیلی نے فریاد کی اور فرعونی کے خلاف موسیٰ سے مدد مانگی موسیٰ کل کے ہی قصور پر نادم تھے کہ ان کے ہاتھ سے ایک قبطی مارا گیا تھا اسرائیلی سے کہا تو ہی کج راہ ہے تیری کج راہی کھلی ہوئی ہے کل ایک شخص کے مارے جانے کا تو ہی سبب بنا اور آج ایک اور آدمی سے لڑ رہا ہے اور مجھ سے مدد مانگ رہا ہے۔ (تفسیر مظہری)

قَالَ لَهُ مُوسَىٰ إِنَّكَ لَغَوِيٌّ مُّبِينٌ

کہا موسیٰ نے بیشک تو بے راہ ہے صریح

یعنی روز ظالموں سے الجھتا ہے اور مجھ کو لڑواتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

فَلَمَّا أَنْ أَرَادَ أَنْ يَبْطِشَ بِالَّذِي

پھر جب چاہا کہ ہاتھ ڈالے اس پر جو

هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا قَالَ يَا مُوسَىٰ أَتُرِيدُ

دشمن تھا ان دونوں کا بول اٹھا اے موسیٰ کیا تو چاہتا ہے

أَنْ تَقْتُلَنِي كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًا بِالْأَمْسِ

کہ خون کرے میرا جیسے خون کر چکا ہے کل ایک جان کا

راز کا فاش ہونا:

ہاتھ ڈالنا چاہا اس ظالم پر۔ بول اُٹھا مظلوم جانا کہ زبان سے مجھ پر غصہ کیا ہے، ہاتھ بھی مجھ پر چلائیں گے۔ وہ کل کا خون چھپا رہا تھا کہ کس نے کیا، آج اُس کی زبان سے مشہور ہوا۔ (موضح) (تفسیر عثمانی)

قبطی نے جب اسرائیلی کا یہ قول سنا کہ اس نے موسیٰ کو مخاطب کر کے کہا أَتُرِيدُ أَنْ تَقْتُلَنِي كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًا بِالْأَمْسِ تو سمجھ لیا گیا کہ کل جو قبطی مارا گیا تھا اس کے قاتل موسیٰ ہیں اور فوراً فرعون کو جا کر اطلاع دے دی فرعون نے موسیٰ کو قتل کرنے کا حکم دے دیا حضرت موسیٰ نے لوگوں کے اقوال سن لئے تھے کہ عام لوگ کہہ رہے تھے کہ موسیٰ قاتل ہے اور یہ اطلاع فرعون کے پاس بھی پہنچ گئی تھی اور لوگ حضرت موسیٰ کو قتل کرنے کے درپے ہو گئے تھے (بہر حال فرعون کو خبر پہنچ گئی اور فرعون کے درباری آپ کے قتل کا مشورہ کرنے لگے) (تفسیر مظہری)

إِنْ تُرِيدُ إِلَّا أَنْ تَكُونَ جَبَّارًا فِي الْأَرْضِ

تیرا یہی جی چاہتا ہے کہ زبردستی کرتا پھرے ملک میں

وَمَا تُرِيدُ أَنْ تَكُونَ مِنَ الْمُصْلِحِينَ ۝

اور نہیں چاہتا کہ ہو صلح کرا دینے والا

یعنی زور زبردستی سے قتل کرنا ہی آتا ہے یہ نہیں کہ سمجھا بجھا کر فریقین میں صلح کرا دے۔ (تفسیر عثمانی)

وَجَاءَ رَجُلٌ مِّنْ أَقْصَى الْمَدِينَةِ يَسْعَىٰ

اور آیا شہر کے پرلے سرے سے ایک مرد دوڑتا ہوا

قَالَ يَا مُوسَىٰ إِنَّ الْمَلَأَ يَأْتَمِرُونَ بِكَ لِيَقْتُلُوكَ

کہا اے موسیٰ دربار والے مشورہ کرتے ہیں تجھ پر کہ تجھ کو مار ڈالیں

فَاخْرُجْ إِنِّي لَكَ مِنَ النَّاصِحِينَ ۝

سو نکل جا میں تیرا بھلا چاہنے والا ہوں

فرعون کے مشورے:

یعنی خون کی خبر فرعون کو پہنچ گئی۔ وہاں مشورے ہوئے کہ غیر قوم کے آدمی کا یہ حوصلہ ہو گیا ہے کہ شاہی قوم کے افراد اور سرکاری ملازموں کو قتل کر ڈالے۔ سپاہی دوڑائے گئے کہ موسیٰ کو گرفتار کر کے لائیں شاید مل جاتے تو قتل کرتے۔ اُسی مجمع میں سے ایک نیک طینت کے دل میں اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کی خیر خواہی ڈال دی۔ وہ جلدی کر کے مختصر راستہ سے بھاگا ہوا آیا۔ اور حضرت موسیٰ کو واقعہ کی اطلاع کر کے مشورہ دیا کہ تم فوراً شہر سے نکل جاؤ۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ یہ سنایا ہمارے پیغمبر کو کہ لوگ اُن کی جان لینے کی فکر کریں گے اور وہ بھی وطن سے نکلیں گے۔ چنانچہ کفار سب اکٹھے ہوئے تھے کہ ان پر مل کر چوٹ کریں، اُسی رات میں آپ وطن سے ہجرت کر گئے۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

فَخَرَجَ مِنْهَا خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ قَالَ رَبِّ نَجِّنِیْ

پھر نکلا وہاں سے ڈرتا ہوا راہ دیکھتا بولا اے رب بچا لے

مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۲۱﴾ وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ

مجھ کو اس قوم بے انصاف سے اور جب منہ کیا

مَدْيَنَ قَالَ عَسٰی رَبِّیْۤ اَنْ يَّهْدِيَنِیْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ

مدین کی سیدھ پر بولا اُمید ہے کہ میرا رب لے جائے مجھ کو سیدھی راہ پر

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مدین کی طرف سفر:

حضرت موسیٰ مصر سے نکل کھڑے ہوئے، راہ سے واقف نہ تھے اللہ سے درخواست کی کہ سیدھی راہ پر چلائے۔ اُس نے مدین کی سیدھی سڑک پر ڈال دیا۔ جہاں پہنچ کر انہیں امن واطمینان کے ساتھ متاہل بنانا تھا۔ صرف یہی نہیں بلکہ بہت دور تک کی سیدھی راہ پر لے چلنا تھا۔ (تفسیر عثمانی)

زجاج نے کہا یعنی اس راستہ پر چل پڑے جو مدین پر پہنچتا تھا۔ مدین ایک بستی کا نام تھا جو حضرت ابراہیم کے صاحبزادے مدین کے نام پر آباد کی گئی تھی۔ موسیٰ پیدل نکلے تھے نہ سواری تھی نہ کھانے پینے کا سامان ساتھ تھا مدین مصر سے آٹھ منزل کے فاصلہ پر تھا اور فرعون کی حکومت سے خارج تھا۔

قال یعنی موسیٰ نے اللہ پر بھروسہ رکھتے ہوئے کہا۔ موسیٰ کو اپنے رب پر پورا یقین تھا۔

مشکلات سفر:

اَنْ يَّهْدِيَنِیْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ یعنی امید ہے کہ اللہ مجھے سیدھے راستہ پر ڈال دے گا جس میں کوئی زحمت نہ ہوگی۔ موسیٰ کو مصر سے نکلتے وقت مدین کو جانے والا راستہ معلوم نہ تھا جب موسیٰ نے یہ الفاظ کہے کہ ایک فرشتہ (بصورت انسانی) ہاتھ میں چھوٹا برچھا لئے نمودار ہوا اور موسیٰ کو لے چلا۔

اہل تفسیر نے لکھا ہے موسیٰ جب مصر سے نکلے تو کھانے کے لئے آپ کو صرف درختوں کے پتے اور سبزیاں ہی ملیں انہی کو کھاتے کھاتے آپ کو اجابت بھی سبز ہونے لگی اور مدین پہنچے ہیں تو ناخن گر چکے تھے۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا اللہ کی طرف سے موسیٰ کی یہ پہلی آزمائش تھی۔ (تفسیر مظہری)

معارف ومسائل:

وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ مَدْيَنَ، ملک شام کے ایک شہر کا نام ہے جو مدین بن ابراہیمؑ کے نام سے موسوم ہے۔ یہ علاقہ فرعونی حکومت سے خارج تھا، مصر سے مدین کی مسافت آٹھ منزل کی تھی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو جب فرعونی سپاہیوں کے تعاقب کا طبعی خوف پیش آیا، جو نبوت ومعرفت کے منافی ہے نہ توکل کے، تو مصر سے ہجرت کا ارادہ کیا اور مدین کی سمت شاید اس لئے متعین کی کہ مدین بھی اولاد ابراہیم علیہ السلام کی بستی تھی اور حضرت موسیٰ علیہ السلام بھی اُن کی اولاد میں تھے، اس وقت حضرت موسیٰ علیہ السلام بالکل بے سروسامانی کے ساتھ اس طرح مصر سے نکلے کہ نہ کوئی توشہ ساتھ تھا نہ کوئی سامان اور نہ راستہ معلوم۔ اسی اضطرار کی حالت میں اللہ تعالیٰ جل شانہ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا عَسٰی رَبِّیْۤ اَنْ يَّهْدِيَنِیْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ، یعنی امید ہے کہ میرا رب مجھے سیدھا راستہ دکھائے گا، اللہ تعالیٰ نے یہ دُعا قبول فرمائی۔ مفسرین کا بیان ہے کہ اس سفر میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی غذا صرف درختوں کے پتے تھے۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا یہ سب سے پہلا ابتلا، اور امتحان تھا۔

وَلَمَّا وَرَدَ مَآءَ مَدْيَنَ وَجَدَ عَلَيْهِ اُمَّةً

اور جب پہنچا مدین کے پانی پر پایا وہاں ایک جماعت

مِّنَ النَّاسِ يَسْقُوْنَ ۬ۚ

لوگوں کی پانی پلاتے ہوئے

مدین پہنچنا: "مدین" "مصر" سے آٹھ دس دن کی راہ ہے۔ وہاں پہنچے بھوکے پیاسے دیکھا کنوئیں پر لوگ اپنے مویشی کو پانی پلا رہے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَوَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمُ امْرَاَتَيْنِ تَذُوْدٰنِ ۚ قَالَ مَا خَطْبُكُمَا ؕ

اور پایا اُن سے ورے دو عورتوں کو کہ روکے ہوئے کھڑی تھیں اپنی بکریاں، بولا تمہارا کیا حال ہے

قَالَتَا لَا نَسْقِیْ حَتّٰی يُصْدِرَ الرِّعَآءُ ٚ

بولیں ہم نہیں پلاتیں پانی چرواہوں کے پھیر لے جانے تک

دو حیاء والی بیبیاں: وہ دونوں بکریاں لے کر حیا سے کنارے کھڑی تھیں۔ اتنی قوت نہ تھی کہ مجمع کو ہٹادیں یا بذات خود بھاری ڈول نکال لیں۔ شاید اوروں سے بچا ہوا پانی پلاتی ہوں۔ (تفسیر عثمانی)

وَ اَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ ﴿۲۳﴾

اور ہمارا باپ بوڑھا ہے بڑی عمر کا

بیبیوں کی مشکل:

یعنی ہمارا باپ جوان اور توانا ہوتا تو ہم کو آنا نہ پڑتا۔ وہ خود ان مردوں سے نبٹ لیا کرتا۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

"وَ اَبُوْنَا شَیْخٌ کَبِیْرٌ" یہ جواب بظاہر سوال کے مطابق نہیں معلوم ہوتا لیکن حقیقت میں سوال ہی کا جواب ہے کیونکہ حضرت موسیٰ کا مقصد تھا بکریوں کو روکے رکھنے کا سبب دریافت کرنا، باوجود یہ کہ پانی موجود تھا اور پلانے کی ضرورت بھی تھی عورتوں نے سبب بیان کردیا کہ ہم کمزور عورتیں ہیں مردوں میں قوت کے ساتھ گھس کر آگے بڑھنا ہماری طاقت سے باہر ہے پھر ہم کو مردوں سے اختلاط کرنے میں شرم بھی آتی ہے۔ باپ بہت زیادہ بوڑھے ہوگئے ہیں وہ خود یہ کام کرنہیں سکتے۔ شیخ کبیر کا کیا نام تھا بغوی نے لکھا ہے کہ مجاہد ضحاک سدی اور حسن کے نزدیک یہ بزرگ حضرت شعیب پیغمبر تھے وہب اور سعید بن جبیر نے کہا شیروں کا نام تھا جو حضرت شعیب کے بھائی کا بیٹا تھا۔ حضرت شعیب کی وفات تو اس واقعہ سے پہلے نابینا ہونے کی حالت میں ہوچکی تھی اور آپ کو مقام ابراہیم اور زمزم کے درمیان دفن کردیا گیا تھا بعض اہل علم کا قول ہے کہ ایک اور مرد مؤمن تھا جو حضرت شعیب پر ایمان لے آیا تھا۔ (تفسیر مظہری)

فَسَقٰى لَهُمَا
پھر اُس نے پانی پلادیا اُن کے جانوروں کو

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بکریوں کو پانی پلوادیا:

پیغمبروں کے فطری جذبات و ملکات ایسے ہوتے ہیں، تھکے ماندے، بھوکے پیاسے تھے مگر غیرت آئی کہ میری موجودگی میں یہ صنف ضعیف ہمدردی سے محروم رہے۔ اُٹھے اور مجمع کو ہٹا کر یا اُن کے بعد کنویں سے تازہ پانی نکال کر لڑکیوں کے جانوروں کو سیراب کیا۔ (تفسیر عثمانی)

فَسَقٰى لَهُمَا پھر موسیٰ نے ان دونوں عورتوں (کی بکریوں کو پانی پلادیا)۔

حضرت ابن عباس کا بیان ہے حضرت موسیٰ لوگوں کو ہٹاتے ہوئے کنویں پر پہنچے اور عورتوں کی بکریوں کو پانی پلادیا۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ موسیٰ نے برابر والے کنویں کے منہ پر ڈھکا ہوا پتھر اکھاڑ کر الگ کردیا یہ کنواں پہلے کنویں کے قریب تھا اور پتھر اتنا بڑا بھاری تھا کہ ایک جماعت ہی اس کو اٹھا سکتی تھی بعض لوگوں نے کہا دس آدمی اس کو اٹھاتے تھے بعض روایات میں آیا ہے کہ حضرت موسیٰ نے ایک ڈول پانی کھینچا اور برکت کی دعا کی ایک ہی ڈول سے سب بکریاں سیراب ہوگئیں۔ (تفسیر مظہری)

مذکورہ واقعہ سے حاصل شدہ چند اہم فوائد:

اس واقعہ سے چند اہم فوائد حاصل ہوئے اول یہ کہ ضعیفوں کی امداد انبیاء کی سنت ہے، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دو عورتوں کو دیکھا کہ بکریوں کو پانی پلانے کے لئے لائی ہیں مگر اُن کو لوگوں کے ہجوم کے سبب موقع نہیں مل رہا تو ان سے حال دریافت کیا۔ دوسرا یہ کہ اجنبی عورت سے بوقت ضرورت بات کرنے میں مضائقہ نہیں جب تک کہ کسی فتنہ کا اندیشہ نہ ہو تیسرا یہ کہ اگرچہ یہ واقعہ اس زمانے کا ہے جبکہ عورتوں پر پردہ لازم نہیں تھا جس کا سلسلہ اسلام کے بھی ابتدائی زمانہ تک جاری رہا۔ ہجرت مدینہ کے بعد عورتوں کے پردہ کے احکام نازل ہوئے، لیکن اس وقت بھی پردہ کا جو اصل مقصد ہے وہ طبعی شرافت اور حیاء کے سبب عورتوں میں موجود تھا کہ ضرورت کے باوجود مردوں کے ساتھ اختلاط گوارا نہ کیا اور تکلیف اُٹھانا قبول کیا۔ چوتھا یہ کہ عورتوں کا اس طرح کے کاموں کے لئے باہر نکلنا اسوقت بھی پسندیدہ نہیں تھا اسی لئے انہوں نے اپنے والد کے معذور ہونے کا عذر بیان کیا۔ (مفتی اعظم)

ثُمَّ تَوَلّٰٓى اِلَى الظِّلِّ فَقَالَ رَبِّ اِنِّىْ لِمَآ
پھر ہٹ کر آیا چھاؤں کی طرف بولا اے رب تو جو چیز
اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ
اُتارے میری طرف اچھی میں اُس کا محتاج ہوں

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اللہ سے دُعاء:

یعنی اے اللہ کسی عمل کی اجرت مخلوق سے نہیں چاہتا۔ البتہ تیری طرف سے کوئی بھلائی پہنچے اُس کا ہمہ وقت محتاج ہوں حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "عورتوں نے پہچانا کہ چھاؤں پکڑتا ہے مسافر ہے۔ دور سے آیا ہوا، تھکا، بھوکا۔ جاکر اپنے باپ سے کہا (وہ حضرت شعیب علیہ السلام تھے علی القول المشہور) اُن کو درکار تھا کہ کوئی مرد ملے نیک بخت جو بکریاں تھامے اور بیٹی بھی بیاہ دیں۔" (موضح) (تفسیر عثمانی)

حضرت عمر بن الخطاب نے فرمایا موسیٰ جب مدین کے کنویں پر پہنچے تو وہاں کچھ لوگوں کو اپنے جانوروں کو پانی پلاتے پایا جب لوگ فارغ ہوکر وہاں سے ہٹ گئے اور پتھر کنویں کے منہ پر رکھ دیا پتھر اتنا بھاری تھا کہ دس آدمیوں سے کم اس کو اٹھا نہیں سکتے تھے حضرت موسیٰ نے دو عورتوں کو الگ کھڑے دیکھا پوچھا تمہاری اس کنارہ کشی کا کیا مقصد ہے عورتوں نے وجہ بیان کی حضرت موسیٰ نے جاکر پتھر اٹھادیا پھر پانی کھینچا اور صرف ایک ہی ڈول کھینچا تھا کہ سب بکریاں سیراب ہوگئیں عورتوں نے جاکر اپنے باپ سے واقعہ بیان کردیا اس کے بعد حضرت موسیٰ سایہ میں چلے گئے رَبِّ اِنِّىْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ الخ۔ (تفسیر مظہری)

مِنْ خَيْرٍ یعنی کھانا تھوڑا ہو یا بہت۔ فَقِيْرٌ یعنی محتاج ہوں سائل ہوں چونکہ لفظ فقیر اپنے اندر سوال کا معنی رکھتا ہے۔

حضرت ابن عباس نے فرمایا موسیٰ نے اللہ سے ایک لقمہ طلب کیا جس سے اپنی کمر سیدھی کرسکیں۔ امام باقر نے فرمایا موسیٰ اس وقت چھوارے کے ایک ٹکڑے کے محتاج تھے اس لئے من خیر فقیر فرمایا۔

besturdubooks.wordpress.com

حضرت ابن عباس نے فرمایا حضرت موسیٰ نے رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ کہا حالانکہ آپ اللہ کے نزدیک بڑی عزت والے تھے اس کی وجہ یہ تھی کہ اس وقت آپ چھوارے کے ایک ٹکڑے کے محتاج تھے۔

مجاہد نے کہا حضرت موسیٰ نے سواء خیر کے اور کچھ نہیں مانگا۔ بعض علماء نے کہا لما میں لام سببیہ ہے یعنی اے میرے رب چونکہ تو نے مجھے خیر عطا فرمائی ہے (خیر سے مراد ہے دین اور حکمت) اس لئے میں فقیر ہوں فرعون کی مذہبی مخالفت میں نے کی اس لئے میری یہ حالت ہوگئی جب تک حضرت موسیٰ فرعون کے پاس رہے بڑے عیش سے رہے (پھر مخالفت مذہبی نے اختلاف پیدا کر دیا اور آخر یہ نوبت آ گئی کہ دانہ دانہ کو محتاج ہو گئے اس کلام سے حضرت موسیٰ کا مقصد تھا اظہار مسرت واداء شکر۔

میں کہتا ہوں اس تفسیر پر یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ موسیٰ نے کہا اے میرے رب تو نے مجھے دین اور علم عطا فرمایا میں محتاج ہوں اور تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ اس سے زیادہ مجھے عطا فرما یہی مضمون رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا کا ہے۔

میں کہتا ہوں انزلت کو نزل سے بھی مشتق قرار دیا جا سکتا ہے اور نزل کا معنی ہے طعام مہمانی یعنی اے میرے رب میرے لئے جو کچھ کھانا تو فراہم کر دے میں اس کا محتاج اور سائل ہوں۔ (تفسیر مظہری)

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی حالت:

حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ اس کنویں کے منہ کو ان چرواہوں نے ایک بڑے پتھر سے بند کر دیا تھا جس چٹان کو دس آدمی مل کر سرکا سکتے تھے آپؑ نے تن تنہا اس پتھر کو ہٹا دیا اور ایک ہی ڈول نکالا تھا جس میں خدا نے برکت دی اور ان دونوں لڑکیوں کی بکریاں آسودہ ہو گئیں۔ اب آپؑ تھکے ہارے بھوکے پیاسے ایک درخت کے سائے تلے بیٹھ گئے۔ مصر سے مدین تک پیدل بھاگے دوڑے آئے تھے پیروں میں چھالے پڑ گئے تھے، کھانے کو کچھ پاس نہیں تھا درختوں کے پتے اور گھاس پھوس کھاتے رہے تھے پیٹ پیٹھ سے لگ رہا تھا اور گھاس کا سبز رنگ باہر سے نظر آ رہا تھا۔ آدھی کھجور سے بھی اس وقت آپؑ ترسے ہوئے تھے۔ حالانکہ اس وقت کی ساری مخلوق سے زیادہ برگزیدہ خدا تعالیٰ کے نزدیک آپ تھے، صلوات اللہ وسلامہ علیہ۔

وہ درخت جس کے سایہ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام بیٹھے تھے:

ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو رات کا سفر کر کے میں مدین گیا اور وہاں کے لوگوں سے اس درخت کا پتہ پوچھا جس کے نیچے خدا کے کلیم نے سہارا لیا تھا۔ لوگوں نے ایک درخت کی طرف اشارہ کیا۔ میں نے دیکھا کہ وہ ایک سرسبز درخت ہے۔ میرا جانور بھوکا تھا اس نے اس میں منہ ڈالا پتے منہ میں لے کر بڑی دیر تک بدقت چباتا رہا لیکن آخر اس نے نکال ڈالے۔ میں نے کلیم خدا کے لئے دعا کی اور وہاں سے واپس لوٹ آیا اور روایت میں ہے کہ آپ اس درخت کو دیکھنے کو گئے تھے جس سے خدا تعالیٰ نے آپ سے باتیں کی تھیں جیسے کہ آئے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سدیؒ فرماتے ہیں کہ یہ ببول کا درخت تھا۔ الغرض اس درخت تلے بیٹھ کر آپ نے خدا تعالیٰ سے دعا کی کہ اے رب! میں تیرے احسانوں کا محتاج ہوں عطاؒ کا قول ہے کہ اس عورت نے بھی آپ کی دعا سنی۔ (تفسیر ابن کثیر)

قوم شعیب علیہ السلام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں:

طبرانی کی ایک حدیث میں ہے کہ جب حضرت سلمہ بن سعد غزی رضی اللہ عنہ اپنی قوم کی طرف سے ایلچی بن کر رسول کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شعیبؑ کے قومی آدمی کو اور موسیٰؑ کی سسرال والے کو مرحبا ہو کہ تمہیں ہدایت کی گئی۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ حضرت شعیبؑ کے بھتیجے تھے کوئی کہتا ہے قوم شعیبؑ کے ایک مومن مرد تھے بعض کا قول ہے شعیب علیہ السلام کا زمانہ تو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ سے بہت پہلے کا ہے ان کا قول قرآن میں اپنی قوم سے یہ مروی ہے کہ وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْكُمْ بِبَعِيْدٍ لوطؑ کی قوم تم میں سے کچھ دور نہیں۔ اور یہ بھی قرآن سے ثابت ہے کہ لوطیوں کی ہلاکت حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کے زمانہ میں ہوئی تھی اور یہ بھی ظاہر ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے درمیان کا زمانہ بہت لمبا زمانہ ہے، تقریباً چار سو سال کا جیسے اکثر مورخین کا قول ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

فَجَآءَتْهُ اِحْدٰىهُمَا تَمْشِیْ عَلَى اسْتِحْیَآءٍ
پھر آئی اس کے پاس اُن دونوں میں سے ایک چلتی تھی شرم سے

ایک بی بی کی واپسی:

جیسا کہ شریف اور پاکباز عورتوں کا قاعدہ ہے۔ کہتے ہیں کہ شرم کے مارے چہرہ چھپا کر بات کی۔ (تفسیر عثمانی)

بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت عمر بن خطاب نے فرمایا وہ عورت بے باک نہ تھی کہ بے جھجک مردوں میں گھستی پھرتی بلکہ موسیٰ کے پاس دبتی چلتی، کرتے کی آستین منہ پر ڈالے شرمائی آئی۔ (تفسیر عثمانی)

قَالَتْ اِنَّ اَبِیْ یَدْعُوْكَ لِیَجْزِیَكَ
بولی میرا باپ تجھ کو بلاتا ہے کہ بدلے میں دے حق
اَجْرَ مَا سَقَیْتَ لَنَا ؕ
اُس کا کہ تو نے پانی پلا دیا ہمارے جانوروں کو

besturdubooks.wordpress.com

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لئے حضرت شعیب کا پیغام:

حضرت موسیٰ اللہ تعالیٰ سے خیر طلب کر رہے تھے۔ اس نے اپنے فضل سے غیر متوقع طور پر خیر بھیجی، تو قبول کیوں نہ کرتے۔ اُٹھ کر عورت کے ساتھ ہو لئے۔ لکھتے ہیں کہ چلتے وقت اُس کو ہدایت فرمائی کہ میں آگے چلوں گا تم پیچھے آؤ۔ مبادا اجنبیہ پر عمداً نظر کرنے کی نوبت آئے۔ چنانچہ وہ پیچھے پیچھے راستہ بتلاتی اُن کو لے کر گھر پہنچی۔ (تفسیر عثمانی)

میں کہتا ہوں آیت إِنَّ أَبِي يَدْعُوكَ لِيَجْزِيَكَ أَجْرَ مَا سَقَيْتَ لَنَا دلالت کر رہی ہے کہ عورت موسیٰ کو پانی پلانے کی اجرت دینے کے لئے بلانے آئی تھی اور اسی غرض سے موسیٰ کو طلب کیا تھا اور موسیٰ اس کے ساتھ گئے تھے۔

ہر نبی نے بکریاں چرائی ہیں:

حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ نے جس نبی کو مبعوث فرمایا اس نے بکریاں ضرور چرائیں صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا آپ نے بھی فرمایا میں اہل مکہ کی بکریاں چند قیراط (دانگ یا چند جو چاندی) پر چراتا تھا۔ رواہ البخاری۔ ہم آگے ایک حدیث بھی ذکر کریں گے کہ حضرت موسیٰ نے اپنی شرمگاہ کی عفت اور پری شکم کے لئے آٹھ یا دس سال تک اپنے آپ کو کرایہ پر دے دیا تھا۔

نیکی پر اُجرت کا مسئلہ:

صحیح فیصلہ یہ ہے کہ تعلیم قرآن یا امامت یا اذان غرض اس عمل پر جو خود عبادتِ مقصودہ ہے یا عبادت مقصودہ کی شرط ہے اجرت لینا اور ٹھہرانا جائز نہیں ہاں جو امر بجائے خود مباح ہے (عبادت اور نیکی نہیں ہے) اور نیت صالحہ کے بعد وہ طاعت بن جاتا ہے اس کی اجرت لینی اور ٹھہرانی جائز ہے امام شافعی نے تو اذان کی اجرت کو بھی جائز قرار دیا ہے۔ متاخرین حنفیہ نے بھی تعلیم قرآن کی اجرت کو درست مانا ہے۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر مظہری)

فَلَمَّا جَآءَهٗ وَقَصَّ عَلَيْهِ الْقَصَصَ ۙ قَالَ
پھر جب پہنچا اُس کے پاس اور بیان کیا اُس نے احوال کہا
لَا تَخَفْ ۫ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ
مت ڈر بچ آیا تو اُس قوم بے انصاف سے

حضرت موسیٰ علیہ السلام کو حضرت شعیب علیہ السلام کی تسلی و امان:

موسیٰ علیہ السلام نے حضرت شعیب کو اپنی ساری سرگزشت کہہ سنائی۔ انہوں نے تسلی دی اور فرمایا کہ اب تو اُس ظالم قوم کے پنجہ سے بچ نکلا۔ انشاء اللہ تیرا

کچھ نہیں بگاڑ سکتے (مدین فرعون کی حدود سلطنت سے باہر تھا) (تفسیر عثمانی)

قَالَتْ اِحْدٰىهُمَا يٰٓاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ ۡ اِنَّ خَيْرَ
بولی اُن دونوں میں سے ایک اے باپ اس کو نوکر رکھ لے البتہ بہتر نوکر
مَنِ اسْتَاْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْاَمِيْنُ
جس کو تو رکھنا چاہے وہ ہے جو زور آور ہو امانتدار

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوت و امانت:

یعنی موسیٰ میں دونوں باتیں موجود ہیں۔ زور دیکھا، ڈول نکالنے یا مجمع کو ہٹا دینے سے اور امانتدار سمجھا بے طمع اور عفیف ہونے سے۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی جس کو آپ کام پر رکھیں اس کا کام پورا کرنے کی طاقت رکھنا اور امانتدار ہونا ضروری ہے بہترین کارگزار وہی ہے جو طاقتور اور امانت دار ہو (اور ان میں یہ دونوں اوصاف موجود ہیں اس لئے یہ بہترین اجیر ہوں گے) اسْتَاْجَرْتَ ماضی کا صیغہ بجائے مضارع کے بولنا اس بات پر دلالت کر رہا ہے کہ ان کے ان دونوں اوصاف کا تجربہ کیا جا چکا ہے۔

حضرت شعیبؑ کی صاحبزادی کی دانائی:

خطیب نے اپنی تاریخ میں حضرت ابوذر کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس لڑکی سے اس کے باپ نے پوچھا تجھے اس کی قوت و امانت کا حال کیسے معلوم ہوا لڑکی نے کہا کنویں کے منہ سے اتنا بھاری پتھر اٹھا دیا جس کو دس آدمیوں سے کم (یا چالیس سے کم) نہیں اٹھاتے یہ تو اس کی طاقت ہے اور امین ہونے کا یہ ثبوت ہے کہ اس نے مجھ سے پیچھے پیچھے رہنے کو کہا تھا تاکہ ہوا کی وجہ سے میری کھلی پنڈلی پر اس کی نظر نہ پڑے۔

تین زیرک آدمی:

حضرت ابن مسعود نے فرمایا تین آدمی بڑے زیرک اور ہوشیار تھے شعیب کی لڑکی۔ یوسف کا ساتھی جس نے کہا تھا عسیٰ ان ینفعنا اور ابوبکر جنہوں نے اپنی زندگی میں عمر کو خلیفہ بنا دیا۔

اکثر اہل علم نے کہا چھوٹی سے نکاح کرایا تھا جس کا نام صفورہ تھا یہی لڑکی موسیٰ کو بلانے گئی تھی۔ بزار اور طبرانی نے حضرت انس کی روایت سے بھی یہی نقل کیا ہے۔ بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت ابوذر کی مرفوع روایت ہے یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم سے دریافت کیا جائے کہ موسیٰ کا نکاح کس لڑکی سے کرایا تھا تو تم کہہ دینا چھوٹی سے کرایا تھا وہی موسیٰ کے پاس آئی تھی اور اس نے کہا تھا یٰاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ حضرت موسیٰ نے چھوٹی سے ہی نکاح کیا تھا۔ (تفسیر مظہری)

ملازم میں دو صفتیں ہونا چاہئیں ایک کام کی قوت و صلاحیت دوسرے

besturdubooks.wordpress.com

امانتداری۔ ان کے پتھر اُٹھا کر پانی پلانے سے ان کی قوت وقدرت کا اور راستہ میں لڑکی کو اپنے پیچھے کر دینے سے امانتداری کا تجربہ ہو چکا ہے۔

ملازمت یا عہدہ سپرد کرنے کے لئے دو اہم شرطیں:

حضرت شعیب علیہ السلام کی صاحبزادی کی زبان پر اللہ تعالیٰ نے بڑی حکمت کی بات جاری فرمائی۔ آج کل سرکاری عہدوں اور ملازمتوں کے لئے کام کی صلاحیت اور ڈگریوں کو تو دیکھا جاتا ہے مگر دیانت وامانت کی طرف توجہ نہیں دی جاتی، اسی کا نتیجہ ہے کہ عام دفتروں اور عہدوں کی کارروائی میں پوری کامیابی کے بجائے رشوت خوری، اقرباء پروری وغیرہ کی وجہ سے قانون معطل ہو کر رہ گیا ہے۔ کاش لوگ اس قرآنی ہدایت کی قدر کریں تو سارا نظام درست ہو جائے۔ (مفتی اعظم)

قَالَ اِنِّیْٓ اُرِیْدُ اَنْ اُنْكِحَكَ اِحْدَى ابْنَتَیَّ
کہا میں چاہتا ہوں کہ بیاہ دوں تجھ کو ایک بیٹی اپنی دونوں میں سے
هٰتَیْنِ عَلٰٓى اَنْ تَاْجُرَنِیْ ثَمٰنِیَ حِجَجٍ
اس شرط پر کہ تو میری نوکری کرے آٹھ برس

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی شادی:

شاید یہی خدمت لڑکی کا مہر تھا۔ ہمارے حنفیہ کے ہاں اب بھی اگر بالغہ راضی ہو تو اس طرح کی خدمت اقارب مہر ٹھہرا سکتا ہے (کذا نقلہ الشیخ الانور اطال اللّٰہ بقاء) یہاں صرف نکاح کی ابتدائی گفتگو مذکور ہے۔ ظاہر ہے حضرت شعیب نے نکاح کرتے وقت ایک لڑکی کی تعیین اور اس کی رضامندی حاصل کر لی ہوگی۔ (تفسیر عثمانی)

بیٹی کے نکاح میں ایک نبوی طریقہ:

قَالَ اِنِّیْٓ اُرِیْدُ اَنْ اُنْكِحَكَ اِحْدَى ابْنَتَیَّ هٰتَیْنِ یعنی لڑکیوں کے والد حضرت شعیب علیہ السلام نے خود ہی اپنی طرف سے اپنی لڑکی کو ان کے نکاح میں دینے کا ارادہ ظاہر فرمایا، اس سے معلوم ہوا کہ لڑکیوں کے ولی کو چاہئے کہ کوئی مرد صالح ملے تو اسکا انتظار نہ کرے کہ اسی کی طرف سے نکاح کے معاملہ کی تحریک ہو، بلکہ خود بھی پیش کر دینا سنتِ انبیاء ہے جیسا کہ عمر بن خطابؓ نے اپنی صاحبزادی حضرت حفصہ کے بیوہ ہو جانے کے بعد از خود ہی صدیق اکبر اور عثمان غنیؓ سے اُن کے نکاح کی پیش کش کی تھی۔ (قرطبی)

اِحْدَى ابْنَتَیَّ هٰتَیْنِ حضرت شعیب علیہ السلام نے دونوں لڑکیوں میں سے کسی کو معین کر کے گفتگو نہیں فرمائی بلکہ اس کو مبہم رکھا کہ ان میں سے کسی ایک کو آپ کے نکاح میں دینے کا ارادہ ہے مگر چونکہ یہ گفتگو باقاعدہ عقدِ نکاح کی گفتگو نہ تھی جس میں ایجاب وقبول گواہوں کے سامنے ہونا شرط ہے بلکہ معاملہ کی گفتگو تھی کہ آپ کو آٹھ سال کی نوکری اس نکاح کے عوض میں منظور ہو تو ہم نکاح کر دیں گے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس پر معاہدہ کر لیا۔ آگے یہ خود بخود ظاہر ہے کہ باقاعدہ نکاح کیا گیا ہوگا۔

خدمت کو حق مہر بنانا: امام اعظم ابو حنیفہؒ سے ظاہر الروایت میں یہی صورت منقول ہے کہ خدمت زوجہ کو مہر نہیں بنایا جا سکتا مگر ایک روایت جس پر علماء متاخرین نے فتویٰ دیا ہے یہ ہے کہ خود بیوی کی خدمت کو مہر بنانا تو شوہر کی تکریم و احترام کے خلاف ہے مگر بیوی کا کوئی ایسا کام جو گھر سے باہر کیا جاتا ہے جیسے مواشی چرانا یا کوئی تجارت کرنا اگر اس میں شرائط اجارہ کے مطابق مدت معین کر دی گئی ہو جیسا کہ اس واقعہ میں آٹھ سال کی مدت معین ہے تو اس کی صورت یہ ہوگی کہ اس مدت کی ملازمت کی تنخواہ بیوی کے ذمہ لازم ہو تو اس تنخواہ کو مہر قرار دینا جائز ہے (ذکرہ فی البدائع عن نوادر ابن سماعہ) (مفتی اعظم)

مسئلہ: خدمت کو لڑکی کا مہر مقرر کرنا پہلی شریعتوں میں جائز تھا اور ہماری شریعت میں حکم یہ ہے کہ مہر کے لئے مال ہونا ضروری ہے کما قال تعالیٰ اور حدیث میں ہے۔ تفصیل کے لئے شروح ہدایہ دیکھیں۔

شعیب علیہ السلام نے بظاہر معاملہ اجارہ کا کیا لیکن درحقیقت ان کی قوت اور امانت کو دیکھ کر اپنی صاحبزادی دینے کا ارادہ فرمایا اور نورِ نبوت سے ان کی صلاحیت اور باطنی استعداد کا اندازہ لگا لیا اور آٹھ دس سال قیام کی شرط لگا کر اپنی تربیت میں رکھنا مقصود تھا کہ مقام ارادت سے ترقی کر کے کمال استقامت کو پہنچ جائیں۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔ (کاندھلوی)

بیع کے متعلق ایک مسئلہ:

اصحاب ابی حنیفہؒ نے اسی سے استدلال کیا ہے کہ جب کوئی شخص اس طرح کی بیع کرے کہ ان دو غلاموں میں سے ایک کو ایک سو کے بدلے فروخت کرتا ہوں اور خریدار منظور کر لے تو یہ بیع ثابت اور صحیح ہے واللہ اعلم۔

روٹی کپڑے پر مزدور رکھنا:

صحاب امام احمدؒ نے اس آیت سے استدلال کر کے کہا ہے کہ کھانے پینے اور کپڑے پر کسی کو مزدوری اور کام کاج پر لگا لینا درست ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

فَاِنْ اَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ عِنْدِكَ
پھر اگر تو پورے کر دے دس برس تو وہ تیری طرف سے ہے

موسیٰ علیہ السلام کے نکاح کا حق مہر:

یعنی کم از کم آٹھ برس میری خدمت میں رہنا ضروری ہوگا۔ اگر دو سال اور زائد رہے تو تمہارا تبرع ہے۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

حضرت شعیب کا یہ کلام ایک طرح کی درخواست نکاح تھی عقد نکاح نہ تھا کیونکہ دونوں لڑکیوں میں سے کسی کی انہوں نے تعیین نہیں کی اور عقد نکاح کے لئے تعیین زوجہ لازم ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس مشورہ کے بعد حضرت شعیب نے کسی ایک لڑکی کا نکاح حضرت موسیٰ سے کر دیا ہوگا۔ لیکن یہ آیت دلالت کر رہی ہے کہ اپنی بکریاں آٹھ سال تک حضرت موسیٰ سے چروانے کو پورا مہر یا جزء مہر قرار دیا تھا جیسا کہ حضرت عتبہ بن منذر کی روایت سے ثابت ہوتا ہے حضرت عتبہ نے فرمایا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے آپ نے سورت طٰسم پڑھی جب موسیٰ کے قصہ پر پہنچے تو فرمایا موسیٰ نے شرمگاہ کی عفت اور پری شکم کے لئے اپنے آپ کو آٹھ سال تک ملازمت پر دے دیا۔ (رواہ احمد وابن ماجہ)

مسئلہ: اس آیت و حدیث سے فقہاء نے استدلال کیا ہے کہ کسی عورت سے اس مہر پر نکاح کرنا کہ شوہر اس عورت کی بکریاں چرائے گا صحیح ہے اور ہماری شریعت میں بھی ایسا نکاح جائز ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قصہ بیان فرمایا اور ہماری شریعت میں ایسا کرنے کی نفی نہیں کی اس سے معلوم ہوا کہ یہ عمل ہماری شریعت میں بھی جائز ہے۔

ہماری شریعت میں اس بات پر اجماع ہے کہ مہر عورت کا حق ہے عورت کے ولی کا حق نہیں ہے اور یہ واقعہ ہے کہ بکریاں حضرت شعیب کی تھیں۔ اس لئے اجماع دلالت کرتا ہے کہ یہ حکم شریعت شعیبی کا تھا ہماری شریعت کا نہیں ہے۔ (تفسیر مظہری)

احادیث صحیحہ سے ثابت ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے دس برس کی مدت پوری کی۔

وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اَشُقَّ عَلَيْكَ ۚ سَتَجِدُنِيْٓ
اور میں نہیں چاہتا کہ تجھ پر تکلیف ڈالوں تو پائے گا مجھ کو
اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝
اگر اللہ نے چاہا نیک بختوں سے

یعنی کوئی سخت خدمت تم سے نہ لوں گا، تم کو میرے پاس رہ کر انشاء اللہ خود تجربہ ہو جائے گا کہ میں بری طبیعت کا آدمی نہیں۔ بلکہ خدا کے فضل سے نیک بخت ہوں، میری صحبت میں تم گھبراؤ گے نہیں، بلکہ مناسبت طبع کی وجہ سے اُنس حاصل کرو گے۔ (تفسیر عثمانی)

قَالَ ذٰلِكَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ ۭ اَيَّمَا الْاَجَلَيْنِ قَضَيْتُ
بولا یہ وعدہ ہو چکا میرے اور تیرے بیچ جونسی مدت ان دونوں میں پوری کر دوں
فَلَا عُدْوَانَ عَلَيَّ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ۝
سو زیادتی نہ ہو مجھ پر اور اللہ پر بھروسہ اُس چیز کا جو ہم کہتے ہیں

معاہدۂ نکاح کی تکمیل:

یعنی مجھے اختیار ہوگا کہ آٹھ برس رہوں یا دس برس۔ بہرحال جو معاہدہ ہو گیا خدا کے بھروسہ پر مجھے منظور ہے۔ اللہ کو گواہ بنا کر معاملہ ختم کرتا ہوں۔ احادیث میں ہے کہ حضرت موسیٰ نے بڑی مدت (یعنی دس برس) پورے کئے۔ (تفسیر جلالین)

مقصد یہ ہے کہ دس سال گزرنے پر جیسے مجھ سے مزید مطالبہ نہیں جا سکتا ایسا ہی آٹھ سال گزرنے پر مجھ کو مزید کام پر آپ مجبور نہیں کر سکتے یا یہ مطلب کہ اگر آٹھ سال گزرنے کے بعد میں کام چھوڑ دوں گا تو معتدی نہ قرار پاؤں۔ مجھے قصور وار نہ سمجھا جائے۔

وَاللّٰهُ عَلٰي مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ اور ہم (باہم) جو کچھ کہہ رہے ہیں اللہ اس کا گواہ ہے۔ وکیل وہ شخص ہوتا ہے جس کے سپرد کوئی معاملہ کر دیا جائے اس جگہ وکیل سے مراد گواہ اور نگراں۔ اسی لئے اس کا صلہ علیٰ آیا ہے۔

حضرت شعیبؑ کا گریۂ شوق:

حضرت شداد بن اوس راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شعیب نبی اتنا روئے کہ بینائی جاتی رہی اللہ نے دوبارہ بینائی عطا فرما دی پھر بھی اتنا روئے کہ آنکھیں جاتی رہیں اللہ نے پھر بینائی عنایت کر دی اور فرمایا اس رونے کی کیا وجہ ہے کیا جنت کے شوق میں روتے ہو یا دوزخ کے ڈر سے شعیب نے عرض کیا نہیں اے میرے رب (نہ میں جنت کے شوق میں گریہ کرتا ہوں نہ دوزخ کے خوف سے) بلکہ تیرے دیدار کے شوق میں روتا ہوں۔ اللہ نے وحی بھیجی اگر یہ بات ہے تو میرا دیدار تم کو مبارک ہو (یعنی نابینائی کی حالت مبارک ہو یہی حالت تم کو میرے دیدار تک پہنچا دے گی) اے شعیب میں نے تمہارے کام کے لئے موسیٰ کو تمہارا خادم بنا دیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

حضرت شعیبؑ کی لاٹھی:

تکمیل معاہدہ کے بعد حضرت شعیب نے اپنی لڑکی کو حکم دیا کہ موسیٰ کو لاٹھی لا دو تا کہ درندوں سے وہ بکریوں کی حفاظت کر سکیں یہ لاٹھی کیسی اور کون سی تھی اہل روایت کے اس کے متعلق مختلف خیالات ہیں حضرت آدم اس کو جنت سے لائے تھے وفات آدم کے بعد جبرئیل نے وہ لے لی اور اپنے پاس رکھ لی یہاں تک کہ ایک رات آ کر موسیٰ کو دے دی یہ عکرمہ کا خیال ہے۔ دوسرے علماء نے کہا وہ لاٹھی جنت کے درخت آس کی تھی حضرت آدم اس کو جنت سے ساتھ لائے تھے پھر سلسلہ وار ہر نبی اس کا وارث ہوتا رہا نبی کے علاوہ کسی کو نہیں ملی آخر حضرت نوح تک پہنچی پھر حضرت ابراہیم تک آئی پھر حضرت شعیب کو ملی پھر شعیب نے موسیٰ کو دے دی۔

لاٹھی پر اختلاف کا فیصلہ:

سدی کا بیان ہے ایک فرشتہ نے آدمی کی شکل میں آ کر وہ لاٹھی حضرت

besturdubooks.wordpress.com

شعیب کے پاس امانت رکھی تھی۔ جب حضرت شعیب نے اپنی لڑکی کو لاٹھی لانے کا حکم دیا تو لڑکی وہی لاٹھی اٹھا لائی حضرت شعیب نے فرمایا یہ لاٹھی واپس لے جاؤ دوسری لاکر دو لڑکی نے وہ لاٹھی لے جا کر ہاتھ سے ڈال دی اور دوسری اٹھانی چاہی مگر سواء اس کے اور کوئی لاٹھی ہاتھ میں نہ آئی آخر اسی کو اٹھا لائی حضرت شعیب نے پھر واپس کر دی یہ لوٹا پھیری تین مرتبہ ہوئی بالآخر حضرت شعیب نے حضرت موسیٰ کو وہی لاٹھی دے دی اور آپ اس کو لے کر چلے آئے۔ حضرت شعیب کو اس کے بعد پشیمانی ہوئی اور آپ نے کہا وہ تو ایک شخص کی امانت تھی میں نے یہ کیا حرکت کی یہ خیال آتے ہی حضرت موسیٰ کے پیچھے گئے اور ان سے لاٹھی واپس مانگی حضرت موسیٰ نے دینے سے انکار کر دیا یہ لاٹھی تو میری ہو چکی دونوں میں اختلاف ہوا آخر دونوں اس بات پر راضی ہو گئے کہ جو شخص بھی سامنے سے آئے گا اس کے فیصلہ کی ہم دونوں پابندی کریں گے ایک فرشتہ بصورت انسانی سامنے سے آیا اس شخص نے فیصلہ کیا اس لاٹھی کو زمین پر پھینک دو پھر جو اٹھا لے لاٹھی اسی کی ہے موسیٰ نے لاٹھی زمین پر ڈال دی حضرت شعیب نے ہر چند اس کو (اٹھا) لینے کی کوشش کی لیکن کامیاب نہ ہوئے اور حضرت موسیٰ نے اس کو اٹھا لیا حضرت شعیب نے وہ لاٹھی حضرت موسیٰ کے پاس چھوڑ دی۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بکریاں:

اس کے بعد جب موسیٰ نے مدت مقررہ پوری کر دی اور حضرت شعیب نے اپنی لڑکی ان کو دے دی تو حضرت موسیٰ نے بی بی سے کہا تم اپنے والد سے کہو کہ کچھ بکریاں ہم کو دے دیں بیوی نے جا کر اپنے باپ سے بکریوں کی طلب کی حضرت شعیب نے فرمایا اس سال جو دو رنگا بچہ ہوگا وہ تم دونوں کا ہوگا حضرت شعیب موسیٰ کو حسن خدمات کا بدلہ دینا چاہتے تھے اور اپنی لڑکی پر حسبِ رضاء خون مرحمت کرنے کے خواہشمند تھے اسی لئے اپنی لڑکی سے فرمایا اس سال جو نر مادہ چت کبرے (ابلق۔ دو رنگے) بچے پیدا ہوں وہ میں نے تم کو دیئے۔ اللہ نے موسیٰ کو خواب میں بتا دیا کہ بکریوں کے پیاؤ پر پانی میں لاٹھی ماریں موسیٰ نے بیدار ہو کر پانی میں لاٹھی ماری پھر بکریوں کو وہی پانی پلایا جس بکری نے وہ پانی پیا اس کا بچہ ابلق ہی پیدا ہوا۔ حضرت شعیب سمجھ گئے یہ خداداد نصیب ہے اللہ نے موسیٰ کے لئے یہ رزق بھیجا ہے چنانچہ آپ نے اپنا قول پورا کیا اور سب ابلق بچے حضرت موسیٰ کو دے دیئے۔ (تفسیر مظہری)

فَلَمَّا قَضٰى مُوْسَى الْاَجَلَ وَسَارَ بِاَهْلِهٖٓ اٰنَسَ

پھر جب پوری کر چکا موسیٰ وہ مدت اور لے کر چلا اپنے گھر والوں کو دیکھی

مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا ۚ قَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا

کوہ طور کی طرف سے ایک آگ کہا اپنے گھر والوں کو ٹھہرو

اِنِّىْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّىْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ

میں نے دیکھی ہے ایک آگ شاید لے آؤں تمہارے پاس وہاں کی کچھ خبر

اَوْ جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَلَمَّآ

یا انگارا آگ کا تا کہ تم تاپو پھر جب

اَتٰىهَا نُوْدِيَ مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ الْاَيْمَنِ

پہنچا اس کے پاس آواز ہوئی میدان کے داہنے کنارے سے

فِي الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ

برکت والے تختہ میں ایک درخت سے

یہ وہی درخت تھا جس پر آگ بھڑکتی ہوئی نظر آئی۔ (تفسیر عثمانی)

تکمیل مدت اور مصر واپسی:

فَلَمَّا قَضٰى مُوْسَى الْاَجَلَ پھر جب موسیٰ نے مدت مقررہ پوری کر دی یعنی مدت ختم کر کے فارغ ہو گئے۔ بغوی نے لکھا ہے کہ سعید بن جبیر نے کہا مجھ سے حیرہ کے رہنے والے ایک یہودی نے دریافت کیا موسیٰ نے کون سی مدت پوری کی تھی میں نے جواب دیا مجھے معلوم نہیں حبر العرب (علامہ عرب یعنی حضرت ابن عباس کے) پاس جا کر پوچھ کر بتاؤں گا چنانچہ میں حضرت ابن عباس کی خدمت میں حاضر ہوا اور دریافت کیا فرمایا سب سے زیادہ اور خوشگوار ترین (جس سے فریقین کو پورا اطمینان حاصل ہو گیا) مدت پوری کی اللہ کا رسول جب کوئی بات کہہ دیتا ہے تو کرتا بھی ہے۔ بغوی کا بیان ہے کہ حضرت ابوذر نے فرمایا (کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) جب تم سے پوچھا جائے کہ موسیٰ نے کون سی مدت پوری کی تو کہہ دینا دونوں مدتوں میں جو بہتر اور (حسن سلوک میں اعلیٰ تھی یا) زیادہ وفاء عہد والی رواہ البزار مجاہد نے کہا جب حضرت موسیٰ مدت مقررہ پوری کر چکے تو اس کے بعد بھی اپنے خسر کے پاس دس سال اور قیام پذیر رہے کل بیس سال رہے اس کے بعد مصر کو واپس جانے کی اجازت طلب کی حضرت شعیب نے اجازت دے دی اور آپ روانہ ہو گئے۔

صحرائے سینا میں نور نظر آنا:

یعنی جب طور سیناء کے قریب صحراء میں پہنچے اور رات تاریک تھی موسم سرما کی سردی بھی سخت تھی اور راستہ بھٹک گئے تھے۔ جب موسیٰ آگ پر پہنچے

besturdubooks.wordpress.com

تو (پاک یا) برکت والے مقام میں دائیں طرف کی وادی کے کنارے ایک درخت سے آواز دی گئی کہ موسیٰ بلاشبہ میں ہی اللہ رب العالمین ہوں۔

البقعۃ المبارکۃ یعنی موسیٰ کے لئے بڑی برکت والا مقام یہیں اللہ نے موسیٰ سے کلام کیا اور اسی جگہ پیغمبری سے سرفراز کیا۔ عطاء نے کہا مبارک سے مراد ہے مقدس۔ (تفسیر مظہری)

کلام الٰہی: علماء اہل سنت و جماعت کہتے ہیں کہ کلام قدیم جو اللہ کی صفت ہے اور اس کی ذات کے ساتھ قائم ہے وہ بے چون اور بے چگون ہے اس میں حرف اور آواز نہیں مگر بندہ چونکہ چونی اور چگونی کا گرفتار ہے اس لئے وہ بے چون اور بے چگون کو چون اور چگون کے پردہ ہی سے سن سکتا ہے۔ جیسا کہ صحیح بخاری میں ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ایک خاص صورت میں نمودار اور جلوہ افروز ہوگا ایک مرتبہ اہل ایمان اللہ کو نہیں پہچان سکیں گے۔ دوسری مرتبہ جب دوسری صورت میں نمودار ہوگا تب اہل ایمان پہچانیں گے کہ یہ ہمارا پروردگار ہے۔ سو ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ تو صورت اور شکل سے پاک اور منزہ ہے اور یہ صورت جس کو اہل ایمان دیکھ کر اپنے خدا کو پہچانیں گے یہ خداوند بے چون و چگون کا ایک جلوہ اور پردہ ہوگا اور ظاہر ہونے والی صورت بمنزلہ آئینہ کے ہوگی جس کے ذریعہ اہل ایمان خدا تعالیٰ کا جلوہ دیکھ سکیں گے۔ اور یہ مطلب نہیں کہ وہ صورت بعینہ خدا تعالیٰ کی صورت ہوگی پس جس طرح ذات خداوندی نہ جسم ہے اور نہ عرض ہے اور اس کے لئے نہ کوئی صورت ہے اور نہ کوئی شکل ہے مگر قیامت کے دن اور جنت میں اس کو دیکھا جائے گا لیکن اس کا دیدار کسی صورت کے پردے سے ہوگا تاکہ بندہ اس کا تحمل کر سکے اسی طرح اللہ تعالیٰ کے کلام کو سمجھو کہ وہ بے چون و بے چگون ہے اور بغیر حرف اور بغیر آواز کے ہے۔ البتہ موسیٰ علیہ السلام نے جو درخت سے سنا وہ بے شک حرف اور آواز کو سنا لیکن وہ حرف اور آواز کلام قدیم کا ایک لباس تھے اور اس پر دلالت کرنے والے تھے۔ جیسا کہ امام ابوالحسن اشعری رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے۔ دیکھو اتحاف شرح احیاء العلوم ص ج ۲۔ (معارف کاندھلوی)

اَنْ يّٰمُوْسٰٓى اِنِّىْٓ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ

کہ اے موسیٰ میں ہوں میں اللہ جہان کا رب

وَاَنْ اَلْقِ عَصَاكَ فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ

اور یہ کہ ڈال دے اپنی لاٹھی پھر جب دیکھا اُس کو پھنپھناتے جیسے سانپ کی سٹک

وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ يٰمُوْسٰٓى اَقْبِلْ وَلَا تَخَفْ

الٹا پھرا منہ موڑ کر اور نہ دیکھا پیچھے پھر کر اے موسیٰ آگے آ اور مت ڈر

اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ اُسْلُكْ يَدَكَ فِيْ جَيْبِكَ

تجھ کو کچھ خطرہ نہیں ڈال اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں

تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ

نکل آئے سفید ہو کر نہ کہ کسی برائی سے

شروع رکوع سے یہاں تک کے مفصل واقعات سورۂ طٰہٰ وغیرہ میں گزر چکے۔ ملاحظہ کر لئے جائیں۔

وَّاضْمُمْ اِلَيْكَ جَنَاحَكَ مِنَ الرَّهْبِ

اور ملا لے اپنی طرف اپنا بازو ڈر سے

یعنی بازو کو پہلو سے ملا لو۔ سانپ وغیرہ کا ڈر جاتا رہے گا۔ شاید آگے کے لئے بھی خوف زائل کرنے کی یہ ترکیب بتلائی ہو۔ (تفسیر عثمانی)

خوف کا علاج: عطاء نے حضرت ابن عباس کا قول نقل کیا ہے کہ اللہ نے موسیٰ کو حکم دیا کہ اپنا ہاتھ اپنے سے ملا لو تاکہ خوف دور ہو جائے حضرت ابن عباس نے فرمایا موسیٰ کے بعد جو خوف زدہ آدمی بھی اپنا ہاتھ اپنے سینہ پر رکھ لیتا ہے اس کا ڈر جاتا رہتا ہے۔ مجاہد نے کہا جو شخص بھی اپنے دونوں جناح اپنے بدن سے ملا لے گا اس کا خوف دور ہو جائے گا اور جناح پورا ہاتھ ہے۔ بغوی نے لکھا ہے یعنی اپنے خوف کو دور کرو اور اپنے پہلو اپنے لئے نرم کرو خوف زدہ آدمی کا دل دھڑکتا اور بدن لرزتا ہے اسی معنی میں اللہ نے فرمایا ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَذٰنِكَ بُرْهَانٰنِ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ

سو یہ دو سندیں ہیں تیرے رب کی طرف سے فرعون اور اس کے سرداروں پر

سند نبوت: یعنی عصا و ید بیضا بطور سند نبوت کے دیئے گئے ہیں۔ تا فرعون اور اس کی قوم پر اتمام حجت کر سکے۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ قَالَ رَبِّ اِنِّىْ قَتَلْتُ

بیشک وہ تھے لوگ نافرمان بولا اے رب میں نے خون کیا ہے

مِنْهُمْ نَفْسًا فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ

ان میں ایک جان کا سو ڈرتا ہوں کہ مجھ کو مار ڈالیں گے

یعنی پہنچتے ہی قتل کر دیا تو آپ کی دعوت کیسے پہنچاؤں گا۔

وَاَخِىْ هٰرُوْنُ هُوَ اَفْصَحُ مِنِّىْ لِسَانًا فَاَرْسِلْهُ

اور میرا بھائی ہارون اس کی زبان چلتی ہے مجھ سے زیادہ سو اس کو بھیج

مَعِىَ رِدْاً يُّصَدِّقُنِىْٓ اِنِّىْٓ اَخَافُ اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ

میرے ساتھ مدد کو کہ میری تصدیق کرے میں ڈرتا ہوں کہ مجھ کو جھوٹا کریں

besturdubooks.wordpress.com

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زبان میں لکنت:

یعنی کوئی تصدیق وتائید کرنے والا ساتھ ہو تو فطرۃً دل مضبوط وقوی رہتا ہے۔ اور اُن کے جھٹلانے پر اگر بحث ومناظرہ کی نوبت آجائے تو میری زبان کی لکنت ممکن ہے بولنے میں رُکاوٹ ڈالے اس وقت ہارون کی رفاقت مفید ہوگی کیونکہ اُن کی زبان زیادہ صاف اور تیز ہے۔ (تفسیر عثمانی)

موسیٰ نے کہا اے میرے رب میں نے ان کا آدمی قتل کردیا ہے اس لئے مجھے اندیشہ ہے کہ وہ مجھے قتل کردیں گے اور میرا بھائی ہارون مجھ سے زیادہ تیز زبان ہے اس کو میرے ساتھ مددگار بنا کر بھیج دیجئے حضرت موسیٰ نے اپنے منہ میں انگارا رکھ لیا تھا اس لئے زبان میں گرہ پڑ گئی تھی (اور بولنے میں لکنت ہوتی تھی)۔ (تفسیر مظہری)

قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِأَخِيكَ وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا
فرمایا ہم مضبوط کردیں گے تیرے بازو کو تیرے بھائی سے اور دیں گے تم کو غلبہ
فَلَا يَصِلُوْنَ اِلَيْكُمَا ۚ بِاٰيٰتِنَآ ۚ اَنْتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ ۝
پھر وہ نہ پہنچ سکیں گے تم تک ہماری نشانیوں سے تم اور جو تمہارے ساتھ ہو غالب رہو گے

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی درخواستوں کی منظوری:

یعنی دونوں درخواستیں منظور ہیں، ہارون تمہارے قوت بازو رہیں گے اور فرعونیوں کو تم پر کچھ دسترس نہ ہوگی۔ ہماری نشانیوں کی برکت سے تم اور تمہارے ساتھی ہی غالب ومنصور رہیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دُعاء اور فرعون کی مرعوبیت:

حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ابتداء میں حضرت موسیٰ کے دل پر فرعون کا بہت خوف تھا پھر آپ جب اسے دیکھتے تو یہ دعا پڑھتے اللّٰھم انی ادرأ بک فی نحرہ واعوذ بک من شرہ اے اللہ! میں تجھے اس کے مقابلہ میں کرتا ہوں اور اس کی برائی سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے دل سے رُعب وخوف ہٹالیا اور فرعون کے دل میں ڈال دیا۔ پھر تو اس کا یہ حال ہوگیا تھا کہ حضرت موسیٰ کو دیکھتے ہی اس کا پیشاب خطا ہو جاتا تھا۔ یہ دونوں معجزے یعنی عصائے موسیٰ اور ید بیضاء دے کر خداتعالیٰ نے فرمایا کہ اب فرعون اور فرعونیوں کے پاس رسالت لے کر جاؤ اور بطور دلیل یہ معجزے پیش کرو اور ان فاسقوں کو راہ خدا تعالیٰ دکھاؤ۔ (ابن کثیر)

فَلَمَّا جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا
پھر جب پہنچا اُن کے پاس موسیٰ لے کر ہماری نشانیاں کھلی ہوئی بولے

مَا هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًى
اور کچھ نہیں یہ جادو ہے باندھا ہوا

حضرت موسیٰ علیہ السلام پر جادو کا الزام:

یعنی معجزات دیکھ کر کہنے لگے جادو ہے اور جو باتیں خدا کی طرف منسوب کرکے کہتا ہے وہ بھی جادو کی باتیں ہیں جو خود تصنیف کرکے لے آیا، اور دعویٰ کرنے لگا کہ خدا نے مجھ پر وحی کی ہے حقیقت میں وحی وغیرہ کچھ نہیں۔ محض ساحرانہ تخییل وافتراء ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ۝
اور ہم نے سُنا نہیں یہ اپنے اگلے باپ دادوں میں

فرعون کی دلیل:

یعنی جو باتیں یہ کرتا ہے (مثلاً ایک خدا نے ساری دنیا کو پیدا کیا، اور ایک وقت سب کو فنا کرکے دوبارہ زندہ کرے گا پھر حساب کتاب ہوگا اور مجھ کو اُس نے پیغمبر بنا کر بھیجا ہے، وغیرہ وغیرہ) اپنے اگلے بزرگوں سے ہمارے کانوں میں یہ چیزیں کبھی نہیں پڑیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالَ مُوْسٰى رَبِّيْٓ اَعْلَمُ بِمَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى
اور کہا موسیٰ نے میرا رب تو خوب جانتا ہے جو کوئی لایا ہے ہدایت
مِنْ عِنْدِهٖ وَمَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ۭ
کی بات اُس کے پاس سے اور جس کو ملے گا آخرت کا گھر
اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ۝
بیشک بھلا نہ ہوگا بے انصافوں کا

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی تقریر:

یعنی خدا خوب جانتا ہے کہ میں اپنے دعوے میں سچا ہوں اور اُسی کے پاس سے ہدایت لایا ہوں اس لئے انجام میرا ہی بہتر ہوگا۔ جو لوگ اللہ تعالیٰ کی کھلی نشانیاں دیکھ کر اور دلائل صداقت سن کر ناانصافی سے حق کو جھٹلاتے ہیں وہ کامیاب نہیں ہوسکتے۔ انجام کار ان کو ذلت وناکامی کا منہ دیکھنا پڑے گا۔ (تفسیر عثمانی)

عاقبۃ الدار یعنی دار آخرت میں اچھا انجام بیضاوی نے لکھا ہے الدار سے دنیا مراد ہے اور اس کا اصلی انجام جنت ہے کیونکہ دنیا آخرت کی کھیتی ہے اصل مقصد ثواب ہی ہے اور عاقبت میں عذاب ہونا تو بالعرض ہے (اصل مقصد نہیں ہے)

اہل تحقیق کا قول ہے کہ عقبیٰ اور عاقبت کا اطلاق نیکیوں کے انجام یعنی

besturdubooks.wordpress.com

ثواب پر ہوتا ہے اور عقاب۔ عقوبت اور معاقبت کا اطلاق برائیوں کے انجام بدیعنی عذاب پر ہوتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَاُ مَا عَلِمْتُ لَكُمْ
اور بولا فرعون اے دربار والو مجھ کو تو معلوم نہیں تمہارا
مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِيْ فَاَوْقِدْ لِيْ يٰهَامٰنُ عَلَى الطِّيْنِ
کوئی حاکم ہو میرے سوا سو آگ دے اے ہامان میرے واسطے گارے کو
فَاجْعَلْ لِّيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْۤ اَطَّلِعُ اِلٰۤى اِلٰهِ مُوْسٰى
پھر بنا میرے واسطے ایک محل تا کہ میں جھانک کر دیکھ لوں موسیٰ کے رب کو
وَاِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۳۸﴾
اور میری اٹکل میں تو وہ جھوٹا ہے

فرعون کی حماقت:

یعنی اپنے وزیر ہامان کو کہا کہ اچھا اینٹوں کا ایک پڑاوہ لگواؤ تا کہ پکی اینٹوں کی خوب اونچی عمارت بنوا کر اور آسمان کے قریب ہو کر میں موسیٰ کے خدا کو جھانک آؤں کہ کہاں ہے اور کیسا ہے۔ کیونکہ زمین میں تو مجھے کوئی خدا اپنے سوا نظر نہیں پڑتا۔ آسمان میں بھی خیال تو یہی ہے کہ کوئی نہ ہوگا، تاہم موسیٰ کی بات کا جواب ہو جائے گا۔ یہ بات ملعون نے استہزاء و تمسخر سے کہی اور ممکن ہے اس قدر بدحواس و پاگل ہو گیا ہو کہ اس طرح کی لچر پوچ اور مضحکہ خیز تجویزیں سوچنے لگا۔ (تفسیر عثمانی)

اور فرعون نے کہا اے سردارو میں تو اپنے سوا تمہارا کوئی اور خدا نہیں جانتا۔

فرعون نے اپنے سوا کسی دوسرے خدا کو جاننے کی نفی کی خدا کے وجود کی نفی نہیں کی کیونکہ اس کو اپنے سوا دوسرے خدا کے نہ ہونے کا جزم نہ تھا۔

ہامان فرعون کا وزیر تھا فرعون نے اس کو پختہ اینٹیں بنوانے کا حکم دیا۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ فرعون نے ہی سب سے پہلے پختہ اینٹیں بنوا کر عمارت بنوائی۔

بغوی نے لکھا ہے اہل تفسیر کہتے ہیں کہ ہامان نے بکثرت راجوں اور مزدوروں کو جمع کیا یہاں تک کہ مزدوروں کے علاوہ پچاس ہزار معمار اکٹھے ہو گئے اینٹیں پکانے والے چونہ تیار کرنے والے لکڑی کا کام کرنے والے کیلیں بنانے اور دوسرے کارگزار ان کے علاوہ تھے چنانچہ سب نے مل کر اتنی مضبوط اور اونچی عمارت بنادی کہ کسی شخص کی عمارت (اس زمانہ تک) اتنی اونچی نہیں بنی تھی۔ اللہ ان لوگوں کی آزمائش کرنی چاہتا تھا عمارت سے فارغ ہو کر فرعون اور اس کے ساتھی اوپر چڑھ گئے فرعون نے اوپر پہنچ کر تیر اندازوں کو حکم دیا کہ اوپر کی طرف تیر چھوڑیں تیر اندازوں نے اوپر کو تیر پھینکے تیر خون آلود ہو کر واپس لوٹے فرعون بولا میں نے موسیٰ کے خدا کو قتل کر دیا فرعون کو خچر پر سوار کر کے اوپر چڑھایا گیا تھا اللہ نے غروب آفتاب کے وقت جبرئیل کو بھیجا جبرئیل نے اپنا ایک پر چلا کے مار کر اس کے تین ٹکڑے کر دیئے ایک ٹکڑا فرعون کے لشکر پر گرا جس سے لاکھوں آدمی مارے گئے ایک ٹکڑا سمندر میں جا گرا اور ایک ٹکڑا مغرب میں جن جن لوگوں نے عمارت بنانے میں کچھ بھی کام کیا تھا سب ہی ہلاک ہو گئے (تفسیر مظہری)

وَاسْتَكْبَرَ هُوَ وَجُنُوْدُهٗ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ
اور بڑائی کرنے لگے وہ اور اُس کے لشکر ملک میں ناحق
وَظَنُّوْۤا اَنَّهُمْ اِلَيْنَا لَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۹﴾ فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ
اور سمجھے کہ وہ ہماری طرف پھر کر نہ آئیں گے پھر پکڑا ہم نے اس کو اور اسکے لشکروں
فَنَبَذْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۰﴾
کو پھر پھینک دیا ہم نے اُن کو دریا میں، سو دیکھ لے کیسا ہوا انجام گنہگاروں کا

فرعون کا تکبر اور ہلاکت:

یعنی انجام سے بالکل غافل ہو کر لگے ملک میں تکبر کرنے یہ نہ سمجھا کہ کوئی اُن کی گردن نیچی کرنے والا اور سر توڑنے والا بھی موجود ہے۔ آخر خداوند قہار نے اُس کو لاؤ لشکر سمیت بحر قلزم میں غرق کر دیا تا یادگار رہے کہ بدبخت ظالموں کا جو انجام سے غافل ہوں ایسا انجام ہوا کرتا ہے۔ غرق وغیرہ کے واقعات کی تفصیل پہلے گزر چکی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

بڑائی فقط اللہ کی ہے:

حق بمعنی استحقاق برحق بڑا ہونا اسی کو زیبا ہوتا ہے جس سے بڑا اور اس کے برابر بلکہ اس کی نسبت سے کچھ کم بھی کوئی دوسرا بڑا نہ ہو اور ایسا صرف خدا تعالیٰ ہے (اس کی بڑائی سے کسی کی کوئی نسبت ہی نہیں نہ زیادتی کی نہ برابری کی نہ کمی کی۔ درحقیقت وہی بڑا ہے کبریائی کے آخری درجہ پر پہنچا ہوا اسی لئے اللہ نے فرمایا بڑائی میری چادر ہے اور بزرگی میری ازار (یعنی عظمت و کبریائی میرا ہی لباس ہے) جو شخص بھی اس لباس کو مجھ سے کھینچے گا (اور اتار کر خود پہننا چاہے گا) میں اس کو دوزخ میں پھینک دوں گا۔ رواہ احمد وابوداؤد وابن ماجہ بسند صحیح عن ابی ہریرۃ وابن ماجہ عن ابن عباس۔ حاکم نے صحیح سند سے حضرت ابوہریرہ کی روایت سے حدیث مذکور ان الفاظ کے ساتھ نقل کی ہے بڑائی میری چادر ہے جو بھی میری چادر کو مجھ سے کھینچے گا میں اس کو توڑ دوں گا۔ (ہلاک کر دوں گا) سمویہ نے حضرت ابوسعید اور حضرت ابوہریرہ کی روایت کے یہ الفاظ نقل کئے ہیں جو شخص مجھ سے دونوں میں سے کسی کو بھی کھینچے گا میں اس کو عذاب دوں گا۔ (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

وَجَعَلْنٰهُمْ اَىِٕمَّةً يَّدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۚ

اور کیا ہم نے اُن کو پیشوا کہ بُلاتے ہیں دوزخ کی طرف

گمراہی کے امام:

یعنی یہاں ضلالت وطغیان میں پیش پیش تھے اور لوگوں کو دوزخ کی طرف بُلاتے تھے وہاں بھی اُن کو دوزخیوں کے آگے امام بنا کر رکھا جائے گا یَقْدُمُ قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ ۚ وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ (سورہ ہود رکوع ۹) (تفسیر عثمانی)

وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾

اور قیامت کے دن اُن کو مدد نہ ملے گی

یعنی یہاں کے لشکر وہاں کام نہ دیں گے نہ کسی طرف سے کوئی مدد پہنچ سکے گی۔ اپنے لاؤ لشکر سمیت جہنم میں جھونک دیئے جائیں گے۔ کوئی بچانے والا نہ ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

وَاَتْبَعْنٰهُمْ فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً ۚ

اور پیچھے رکھ دی ہم نے اُن پر اس دنیا میں پھٹکار

وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ هُمْ مِّنَ الْمَقْبُوْحِيْنَ ﴿۴۲﴾

اور قیامت کے دن اُن پر بُرائی ہے

یعنی آخرت کی بُرائی اور بدانجامی تو الگ رہی، دنیا ہی میں لوگ رہتی دنیا تک ایسوں پر لعنت بھیجتے رہیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

لَعْنَةً یعنی رحمت سے دور کر دیا یا لعنت کرنے والوں کی لعنت ان کے پیچھے لگا دی کہ اللہ اور ملائکہ اور مؤمن بندے ان پر لعنت کرتے ہیں اور کرتے رہیں گے۔ اَلْمَقْبُوْحِيْنَ یعنی رحمت سے دور ملعون لوگوں میں سے ابوعبیدہ نے ترجمہ کیا ہلاک کردہ لوگوں میں سے حضرت ابن عباس نے فرمایا بگڑی ہوئی صورتوں والوں میں سے چہرے کالے آنکھیں نیلی۔ عرب کہتے ہیں قَبَحَهُ اللّٰهُ اللہ نے اس کی صورت بگاڑ دی اور ہر بھلائی سے اگر کسی کو دور کر دیا ہو تو عرب کہتے ہیں قَبَهَهٗ قُبْحًا وَقُبُوْحًا۔ (تفسیر مظہری)

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِ مَآ

اور دی ہم نے موسیٰ کو کتاب بعد اس کے کہ ہم غارت

اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ الْاُوْلٰى

کر چکے پہلی جماعتوں کو

حکمت عملی کی تبدیلی:

نزول توراۃ کے بعد دنیا میں ایسے غارت کے عذاب کم آئے ہیں بجائے اہلاک سماوی کے جہاد کا طریقہ مشروع کر دیا گیا کیونکہ کچھ لوگ احکام شریعت پر قائم رہا کیے۔ (تفسیر عثمانی)

بَصَآىِٕرَ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةً

سُجھانے والی لوگوں کو اور راہ بتانے والی اور رحمت

لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۳﴾

تاکہ وہ یاد رکھیں

تورات کے مضامین:

یعنی تورات جو موسیٰ علیہ السلام کو دی گئی تھی۔ بڑی فہم و بصیرت عطا کرنے والی، لوگوں کو راہ ہدایت پر چلانے والی اور مستحق رحمت بنانے والی کتاب تھی۔ تا لوگ اُسے پڑھ کر اللہ کو یاد رکھیں۔ احکام الٰہی سیکھیں اور پند و نصیحت حاصل کریں، سچ تو یہ ہے کہ قرآن کریم کے بعد ہدایت میں تورات شریف ہی کا درجہ ہے اور آج جبکہ اُس کے پیروؤں نے اُسے ضائع کر دیا، قرآن ہی اُس کے ضروری علوم و ہدایت کی حفاظت کر رہا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

سابقہ کتابوں کا مطالعہ:

حدیث میں یہ واقعہ معروف ہے کہ حضرت فاروق اعظمؓ نے ایک مرتبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی اجازت طلب کی کہ وہ تورات میں جو نصائح وغیرہ ہیں ان کو پڑھیں تاکہ ان کے علم میں ترقی ہو، اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غضبناک ہو کر فرمایا کہ اگر اس وقت موسیٰ علیہ السلام بھی زندہ ہوتے تو اُن کو بھی میرا ہی اتباع لازم ہوتا (جس کا حاصل یہ ہوتا ہے، کہ آپ کو صرف میری تعلیمات کو دیکھنا چاہئے، تورات و انجیل کا دیکھنا آپ کے لئے درست نہیں۔ مگر اس کے جواب میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ تورات کا جو اس وقت اہل کتاب کے پاس نسخہ تھا وہ تحریف شدہ تھا اور زمانہ ابتداء اسلام کا تھا جس میں نزول قرآن کا سلسلہ جاری تھا، اس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کی مکمل حفاظت کے پیش نظر اپنی احادیث لکھنے سے بھی بعض حضرات کو روک دیا تھا کہ ایسا نہ ہو لوگ قرآن کے ساتھ احادیث کو جوڑ دیں، ان حالات میں کسی دوسری منسوخ شدہ آسمانی کتاب کا پڑھنا پڑھانا ظاہر ہے کہ احتیاط کے خلاف تھا، اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ مطلقاً تورات و انجیل کے مطالعے اور پڑھنے سے منع فرمایا گیا ہے۔ ان کتابوں کے وہ حصے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے متعلق پیشین گوئیوں پر مشتمل ہیں ان کا مطالعہ کرنا اور نقل کرنا

besturdubooks.wordpress.com

صحابہ کرام سے ثابت اور معروف ومشہور ہے حضرت عبداللہ بن سلام اور کعب احبار اس معاملہ میں سب سے زیادہ معروف ہیں۔ دوسرے صحابہ کرام نے بھی ان پر نکیر نہیں کیا، اس لئے حاصل آیت کا یہ ہو جائے گا کہ تورات وانجیل میں جو غیر محرف مضامین اب بھی موجود ہیں اور بلاشبہ بصائر ہیں، ان سے استفادہ درست ہے مگر ظاہر ہے کہ ان سے استفادہ صرف ایسے ہی لوگ کر سکتے ہیں جو محرف اور غیر محرف میں فرق کر سکیں اور صحیح وغلط کو پہچان سکیں وہ علماء، ماہرین ہی ہو سکتے ہیں، عوام کو بیشک اس سے اجتناب اس لئے ضروری ہے کہ وہ کسی مغالطے میں نہ پڑ جائیں، یہی حکم اُن تمام کتابوں کا ہے جس میں حق کے ساتھ باطل کی آمیزش ہے کہ عوام کو ان کے مطالعہ سے پرہیز کرنا چاہیے علماء، ماہرین دیکھیں تو مضائقہ نہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ اِذْ قَضَيْنَآ

اور تو نہ تھا غرب کی طرف جب ہم نے بھیجا

اِلٰى مُوْسَى الْاَمْرَ

موسیٰ کو حکم

یعنی کوہ طور کے غرب کی جانب جہاں موسیٰ کو نبوت اور تورات ملی۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت ابن عباس نے کہا اس سے مراد وہ مقام ہے جہاں حضرت موسیٰ نے اللہ سے کلام کیا تھا۔ اور ما کنت سے خطاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہے یعنی اے محمد تم وہاں موجود نہ تھے۔

اِذْ قَضَيْنَآ اِلٰى مُوْسَى الْاَمْرَ یعنی جب ہم نے فرعون اور اس کی قوم کے پاس پیام لے جانے کی موسیٰ کے پاس وحی بھیجی تھی۔ (تفسیر مظہری)

وَمَا كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ۙ وَلٰكِنَّآ اَنْشَاْنَا

اور نہ تھا تو دیکھنے والا لیکن ہم نے پیدا کیں

قُرُوْنًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ

کئی جماعتیں پھر دراز ہوئی اُن پر مدت

ماضی کے واقعات کے تذکرہ کی حکمت:

یعنی تو اُس وقت کے واقعات تو ایسی صحت وصفائی اور بسط وتفصیل سے بیان کر رہا ہے جیسے وہیں طور کے پاس کھڑا دیکھ رہا ہو۔ حالانکہ تمہارا موقع پر موجود نہ ہونا ظاہر ہے اور ویسے بھی سب جانتے ہیں تم اُمی ہو۔ کسی عالم کی صحبت میں بھی نہیں رہے۔ نہ ٹھیک ٹھیک صحیح واقعات کو کوئی جید عالم مکہ میں موجود تھا۔ پھر غور کرنے کا مقام ہے کہ یہ علم کہاں سے آیا۔ حقیقت یہ ہے کہ اقوام دنیا پر مدتیں اور قرن گزر گئے، مرورِ دہور سے علوم محرف ومندرس ہوتے جا رہے تھے اور وہ ہدایات مٹتی جا رہی تھیں لہٰذا اس علیم وخبیر کا ارادہ ہوا کہ ایک اُمی کی زبان سے بھولے ہوئے سبق یاد دلائے جائیں اور اُن عبرتناک وموعظت آمیز واقعات کا ایسا صحیح فوٹو دنیا کے سامنے پیش کر دیا جائے جس پر نظر کر کے بے اختیار ماننا پڑے کہ اس کا پیش کرنے والا موقع پر موجود تھا اور اپنی آنکھوں سے من وعن کیفیات کا مشاہدہ کر رہا تھا۔ پس ظاہر ہے کہ تم تو وہاں موجود نہ تھے۔ بجز اس کے کیا کہا جائے کہ جو خدا آپ کی زبان سے بول رہا ہے اور جس کے سامنے ہر غائب بھی حاضر ہے۔ یہ بیان اسی کا ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَا كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ یعنی آپ ان لوگوں میں نہ تھے جو موسیٰ کے پاس وحی آنے کے شاہد تھے یا اس وقت موجود تھے جب موسیٰ پر نزول وحی ہو رہا تھا۔ الشاہدین سے مراد وہ ستر آدمی ہیں جن کو حضرت موسیٰ اپنے ساتھ طور پر لے گئے تھے۔ مطلب یہ کہ موسیٰ کے واقعات لوگوں کے سامنے بیان کرنا تمہارے لئے بغیر وحی اور اطلاع غیبی کے ممکن نہیں یہ تمہارا ایک (خداداد) معجزہ ہے جو تمہارے دعویٰ نبوت کو ثابت کر رہا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُوْا

اور تو نہ رہتا تھا مدین والوں میں کہ اُن کو سناتا

عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۙ وَلٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ

ہماری آیتیں پر ہم رہے ہیں رسول بھیجتے

خوابِ غفلت سے بیداری کا انتظام:

یعنی موسیٰ علیہ السلام کو مدین جا کر جو واقعات پیش آئے اُن کا اس خوبی وصحت سے بیان تو یہ ظاہر کرتا ہے کہ گویا اُس وقت تم شان پیغمبری کے ساتھ وہیں سکونت پذیر تھے اور جس طرح آج اپنے وطن مکہ میں اللہ کی آیات پڑھ کر سنا رہے ہو، اُس وقت "مدین والوں کو سناتے ہو گے حالانکہ یہ چیز صریحاً منفی ہے۔ بات صرف اتنی ہے کہ ہم ہمیشہ سے پیغمبر بھیجتے رہے ہیں جو دنیا کو غفلت سے چونکاتے اور گزشتہ عبرتناک واقعات یاد دلاتے رہیں۔ اسی عام عادت کے موافق ہم نے اس زمانہ میں تم کو رسول بنا کر بھیجا کہ پچھلے قصے یاد دلاؤ۔ اور خواب غفلت سے مخلوق کو بیدار کرو۔ اس لئے ضروری ہوا کہ ٹھیک واقعات کا صحیح علم تم کو دیا جائے اور تمہاری زبان سے ادا کرایا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الطُّوْرِ اِذْ نَادَيْنَا وَلٰكِنْ

اور تو نہ تھا طور کے کنارے جب ہم نے آواز دی لیکن

besturdubooks.wordpress.com

رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ

یہ انعام ہے تیرے رب کا

طور و مدین کی تاریخ حراء وثور میں دہرائی گئی:

یعنی جب موسیٰ علیہ السلام کو آواز دی اِنِّیْٓ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ تم وہاں کھڑے سُن نہیں رہے تھے۔ یہ حق تعالیٰ کا انعام ہے کہ آپ کو ان واقعات وحقائق پر مطلع کیا اور تمہارے ساتھ بھی اسی نوعیت کا برتاؤ کیا جو موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ہوا تھا۔ گویا جبل النور (جہاں غار حراء ہے) اور مکہ مدینہ میں جبل طور اور مدین کی تاریخ دُہرادی گئی۔ (تفسیر عثمانی)

امتِ محمدیہ کو نداء:

وہب کا بیان ہے موسیٰ علیہ السلام نے کہا اے میرے رب مجھے محمد کا دیدار کرا دے اللہ نے فرمایا تم ہرگز وہاں تک نہیں پہنچ سکتے اور اگر تم چاہو تو میں ان کی امتِ کو پکاروں اور ان کی آواز تم کو سنوادوں موسیٰ نے کہا بہت خوب، اللہ نے فرمایا اے امت محمد امت والوں نے اپنے باپوں کی پشت سے لبیک کہا۔

ابوزرعہ بن عمرو بن جریر کا قول ہے کہ اللہ نے ندا دی اے امت محمد قبل اس کے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں نے تمہاری دعا قبول کر لی اور مانگنے سے پہلے تم کو دے دیا۔

حضرت ابن عباس نے کہا اللہ نے فرمایا اے امت محمد لوگوں نے باپوں کی پشتوں اور ماؤں کے رحموں سے جواب دیا لَبَّیْکَ اللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعمَةَ لَکَ وَالْمُلْکَ لَکَ لَاشَرِیْکَ لَکَ اللہ نے فرمایا اے امت محمد میری رحمت میرے غضب سے اور میری معافی میرے عذاب سے آگے ہے (یعنی غالب ہے) میں نے مانگنے سے پہلے تم کو دے دیا اور دعا کرنے سے پہلے تمہاری دعا قبول کر لی۔ اور گناہ کرنے سے پہلے تمہاری مغفرت کر دی جو شخص قیامت کے دن یہ گواہی لے کر آئے گا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد میرے بندے اور رسول ہیں۔ وہ جنت میں داخل ہو جائے گا خواہ اس کے گناہ سمندر کے جھاگوں سے بھی زیادہ ہوں۔ (تفسیر مظہری)

نسائی شریف میں ہے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ آواز دی گئی کہ اے اُمت محمد! تم مجھ سے مانگو اس سے پہلے میں نے تمہیں دے دیا، اور تم مجھ سے دُعا کرو اس سے پہلے میں قبول کر چکا مقاتل کہتے ہیں کہ ہم نے تیری اُمت کو جو ابھی باپ دادوں کی پیٹھ میں تھی آواز دی کہ جب تو نبی بنا کر بھیجا جائے تو وہ تیری اتباع کریں۔ (تفسیر ابن کثیر)

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰهُمْ مِّنْ نَّذِیْرٍ

تا کہ تو ڈر سنا دے اُن لوگوں کو جن کے پاس نہیں آیا کوئی ڈر

مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ

سنانے والا تجھ سے پہلے تا کہ وہ یاد رکھیں

یعنی عرب کے لوگوں کو یہ چیزیں بتلا کر خطرناک عواقب سے آگاہ کر دیں۔ ممکن ہے وہ سُن کر یاد رکھیں اور نصیحت پکڑیں۔ (تنبیہ) "مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ" سے شاید آبائے اقربین مراد ہوں گے واللہ تعالیٰ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

تبلیغ ودعوت کے بعض آداب:

اس سے معلوم ہوا کہ انبیاء علیہم السلام کی تبلیغ کا اہم پہلو یہ تھا کہ وہ حق بات کو مسلسل کہتے اور پہنچاتے ہی رہتے تھے۔ لوگوں کا انکار وتکذیب اُن کے اپنے عمل اور اپنی لگن میں کوئی رکاوٹ پیدا نہیں کرتا تھا بلکہ وہ حق بات اگر ایک مرتبہ نہ مانا گیا تو دوسری مرتبہ، وہ بھی نہ مانا گیا تو تیسری چوتھی مرتبہ برابر پیش کرتے ہی رہتے تھے۔ کسی کے دل میں دل ڈال دینا تو کسی ناصح ہمدرد کے بس میں نہیں مگر اپنی کوشش کو بغیر کسی تکان اور اکتاہٹ کے جاری رکھنا جو ان کے قبضہ میں تھا اس کو مسلسل انجام دیتے۔ آج بھی تبلیغ ودعوت کے کام کرنے والوں کو اس سے سبق لینا چاہیے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَلَوْلَآ اَنْ تُصِيْبَهُمْ مُّصِيْبَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ

اور اتنی بات کیلئے کہ کبھی آن پڑے اُن پر آفت اُن کاموں کی وجہ سے

اَيْدِيْهِمْ فَيَقُوْلُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا

جن کو بھیج چکے ہیں اُن کے ہاتھ تو کہنے لگیں اے رب ہمارے کیوں نہ بھیج دیا ہمارے پاس

رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

کسی کو پیغام دے کر تو ہم چلتے تیری باتوں پر اور ہوتے ایمان والوں میں

پیغمبروں کا وجود اللہ کا احسان ہے:

یعنی پیغمبر کا اُن میں بھیجنا خوش قسمتی ہے۔ اگر بدون پیغمبر بھیجے اللہ تعالیٰ اُن کی کھلی ہوئی بے عقلیوں اور بے ایمانیوں پر سزا دینے لگتا تب بھی ظلم نہ ہوتا، لیکن اُس نے احسان فرمایا اور کسی قسم کی معقول عذرداری کا موقع نہیں چھوڑا۔ ممکن تھا سزا دہی کے وقت کہنے لگتے کہ صاحب ہمارے پاس پیغمبر تو بھیجا نہیں جو ہم کو ہماری غلطیوں پر کم از کم متنبہ کر دیتا، ایک دم پکڑ کر عذاب میں دھر گھسیٹا۔ اگر کوئی پیغمبر آتا تو دیکھ لیتے ہم کیسے نیک اور ایماندار ثابت ہوتے۔ (تفسیر عثمانی)

فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَآ

پھر جب پہنچی اُن کو ٹھیک بات ہمارے پاس سے کہنے لگے کیوں نہ ملا

besturdubooks.wordpress.com

أُوْتِيَ مِثْلَ مَآ أُوْتِيَ مُوْسٰى ؕ
اس رسول کو جیسا ملا تھا موسیٰ کو

قوم کی کٹ حجتیاں:

یعنی رسول نہ بھیجتے تو کہتے رسول کیوں نہ بھیجا۔ اب رسول تشریف لائے جو تمام پیغمبروں سے شان و رتبہ میں بڑھ کر ہیں تو کہتے ہیں کہ صاحب ہم تو اس وقت مانتے جب دیکھتے کہ ان سے موسیٰ علیہ السلام کی طرح عصا اور ید بیضاء وغیرہ کے معجزات ظاہر ہوتے اور ان کے پاس بھی تورات کی طرح ایک دم ایک کتاب اُترتی یہ کیا کہ دو دو چار چار آیتیں پیش کرتے ہیں۔

أَوَلَمْ يَكْفُرُوْا بِمَآ أُوْتِيَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۚ
کیا ابھی منکر نہیں ہو چکے اُس سے جو موسیٰ کو ملا تھا اس سے پہلے

یعنی موسیٰ کے معجزات اور کتاب ہی کو کہاں سب نے مان لیا تھا؟ شبہے نکالنے والے ان کو بھی ساحر مفتری کہتے رہے جیسا کہ ابھی ایک دو رکوع پہلے گزرا بس جن کو ماننا منظور نہیں ہوتا وہ ہر بات میں کچھ نہ کچھ احتمالات نکال لیتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

قَالُوْا سِحْرٰنِ تَظٰهَرَا ۫ وَقَالُوْٓا اِنَّا بِكُلٍّ كٰفِرُوْنَ ۝
کہنے لگے دونوں جادوگر ہیں آپس میں موافق اور کہنے لگے ہم دونوں کو نہیں مانتے

حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں مکہ کے کافر حضرت موسیٰ کے معجزے سن کر کہنے لگے کہ ویسا معجزہ اس نبی کے پاس ہوتا تو ہم مانتے جب یہود سے پوچھا اور تورات کی باتیں اس نبی کے موافق اور اپنی مرضی کے خلاف سنیں مثلاً یہ کہ بت پرستی کفر ہے، آخرت کا جینا برحق ہے اور جو جانور اللہ کے نام پر ذبح نہ ہو مردار ہے (اور عرب میں ایک نبی آخر الزماں آئیں گے جن کی یہ نشانیاں ہوں گی وغیرہ وغیرہ) تب لگے دونوں کو جواب دینے کہ تورات اور قرآن دونوں جادو اور موسیٰ و محمد (علیہما الصلوٰۃ والسلام) دونوں جادوگر ہیں (العیاذ باللہ) جو ایک دوسرے کی تصدیق کرتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ فَأْتُوْا بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ هُوَ أَهْدٰى
تو کہہ اب تم لاؤ کوئی کتاب اللہ کے پاس کی جو ان دونوں سے بہتر ہو
مِنْهُمَآ أَتَّبِعْهُ إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝
کہ میں اس پر چلوں اگر تم سچے ہو

مشرکین ہدایت سے خالی:

یعنی آسمانی کتابوں میں سب سے بڑی اور مشہور یہی دو کتابیں تھیں جن کی ہمسری کوئی کتاب نہیں کر سکتی اگر یہ دونوں جادو ہیں تو تم کوئی کتاب الٰہی پیش کر دو جو ان سے بہتر اور ان سے بڑھ کر ہدایت کرنے والی ہو۔ بفرض محال اگر ایسی کتاب لے آئے تو میں اُسی کی پیروی کرنے لگوں گا لیکن تم قیامت تک نہیں لا سکتے۔ اس سے زیادہ بدبختی کیا ہوگی کہ خود ہدایت ربانی سے قطعی تہی دست ہو اور جو کتاب ہدایت آتی ہے اُسے جادو کہہ کر رد کر دیتے ہو۔ جب یہ ایک انسان کا بنایا ہوا جادو ہے تو تم سارے جہان کے جادوگروں کو جمع کر کے اس سے بڑا جادو لے آتے۔ آخر جادو ایسی چیز تو نہیں کہ اس کا کوئی مقابلہ نہ کر سکے۔ (تفسیر عثمانی)

فَإِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ فَاعْلَمْ أَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ
پھر اگر نہ کر لائیں تیرا کہا تو جان لے کہ وہ چلتے ہیں
أَهْوَآءَهُمْ ۗ وَمَنْ أَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ
نری اپنی خواہشوں پر اور اُس سے گمراہ زیادہ کون جو چلے اپنی خواہش پر بدون
هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ۗ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝
راہ بتلائے اللہ کے بیشک اللہ راہ نہیں دیتا بے انصاف لوگوں کو

خواہش کے بندے:

یعنی جب یہ لوگ نہ ہدایت کو قبول کرتے ہیں اور نہ اُس کے مقابلہ میں کوئی چیز پیش کر سکتے ہیں تو یہ ہی اس کی دلیل ہے کہ اُن کو راہ ہدایت پر چلنا مقصود ہی نہیں محض اپنی خواہشات کی پیروی ہے۔ جس چیز کو دل چاہا مان لیا۔ جس کو اپنی مرضی اور خواہش کے خلاف پایا رد کر دیا۔ بتلایئے ایسے ہوا پرست ظالموں کو کیا ہدایت ہو سکتی ہے۔ اللہ کی عادت اُسی قوم کو ہدایت کرنے کی ہے جو ہدایت پانے کا ارادہ کرے اور محض ہوا و ہوس کو حق کا معیار نہ بنالے۔ (تفسیر عثمانی)

بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ یہ محض تاکید ہے یا قید (احترازی) ہے کیونکہ خواہش نفس کبھی حق کے موافق ہو جاتی ہے بشرطیکہ ایمان کامل ہو جائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تم میں سے کوئی شخص (کامل) مؤمن نہیں ہوگا جب تک کہ اس کا میلان نفس اس (حق) کا تابع (نہ) ہو جائے جو میں لے کر آیا ہوں۔ رواہ البغوی فی شرح السنۃ عن عبداللہ بن عمرو۔ وقال النووی حدیث صحیح۔ الظّٰلِمِيْنَ یعنی جن لوگوں نے خواہشات نفسانیہ میں انہماک کیا ہو اور خود اپنے نفسوں پر ظلم کیا ہو۔ (تفسیر مظہری)

وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝
اور ہم پے در پے بھیجتے رہے ہیں اُن کو اپنے کلام تا کہ وہ دھیان میں لائیں

besturdubooks.wordpress.com

نزول ہدایت کا تسلسل:

یعنی ہماری وحی کا سلسلہ پہلے سے چلا آتا ہے۔ایک وحی کی تصدیق و تائید میں دوسری وحی برابر بھیجتے رہے ہیں۔اور قرآن کو بھی ہم نے بتدریج نازل کیا ایک آیت کے پیچھے دوسری آیت آتی رہی،مقصد یہ ہے کہ کافی غور کرنے اور سمجھنے کا موقع ملے اور یاد رکھنے میں سہولت ہو۔(تفسیر عثمانی)

ابن جریر اور طبرانی نے رفاعہ قرظی کا قول نقل کیا ہے کہ آیت وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ دس آدمیوں کے حق میں نازل ہوئی جن میں سے ایک میں ہوں۔

ابن جریر نے علی بن رفاعہ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ اہل کتاب میں سے دس آدمی جن میں ایک رفاعہ یعنی علی کے باپ بھی تھے۔نکل کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچے اور ایمان لے آئے پھر ان کو دکھ درد دیئے گئے۔(تفسیر مظہری)

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ هُمْ بِهٖ يُؤْمِنُوْنَ
جن کو ہم نے دی ہے کتاب اس سے پہلے وہ اس پر یقین کرتے ہیں
وَاِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّنَآ
اور جب انکو سنائے تو کہیں ہم یقین لائے اُس پر یہی ہے ٹھیک ہمارے رب کا بھیجا ہوا
اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلِهٖ مُسْلِمِيْنَ
ہم ہیں اس سے پہلے کے حکم بردار

انصاف پسند اہل کتاب:

یعنی ان جاہل مشرکین کا حال تو یہ ہے کہ نہ اگلی کتابوں کو مانیں نہ پچھلی کو،اور ان کے بالمقابل انصاف پسند اہل کتاب کو دیکھو کہ وہ دونوں کو تسلیم کرتے جاتے ہیں پہلے سے تورات وانجیل پر یقین رکھتے تھے۔جب قرآن پاک آیا تو بول اُٹھے کہ بلاشبہ یہ کتاب برحق ہے،ہمارے رب کی اتاری ہوئی،ہم اس پر اپنے یقین واعتقاد کا اعلان کرتے ہیں ہم تو پہلے بھی اللہ کی باتوں کو مانتے تھے آج بھی قبول کرتے ہیں۔فی الحقیقت ہم آج سے مسلمان نہیں بہت پہلے سے مسلمان ہیں۔کیونکہ کتب سابقہ پر ہمارا ایمان تھا جن میں پیغمبر آخر الزماں اور قرآن کریم کے متعلق صاف بشارات موجود تھیں۔لہٰذا اُن پیشینگوئیوں پر بھی ہمارا پہلے سے اجمالی ایمان ہوا۔آج اس کی تفصیل اپنی آنکھوں سے دیکھ لی۔(تفسیر عثمانی)

حضرت نجاشی رحمہ اللہ کی رعایا کے چندلوگ:

ابن ابی حاتم نے بروایت سعید بن جبیر بیان کیا ہے کہ جب حضرت جعفرؓ اور آپ کے رفقاء نجاشی کے پاس پہنچے تو نجاشی نے ان کی میزبانی کی اور اچھا سلوک کیا جب یہ لوگ لوٹنے لگے تو نجاشی کی حدود مملکت میں رہنے والوں نے نجاشی سے کہا ہم کو اجازت دیجئے کہ (ہم ان کے ساتھ جائیں اور) سمندر میں ان کی خدمت کریں اور پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچ کر تجدید عہد کریں (نجاشی نے اجازت دے دی) وہ لوگ اپنے ملک سے روانہ ہو کر خدمت گرامی میں حاضر ہو گئے احد،حنین اور خیبر کی لڑائیوں میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شریک ہوئے لیکن ان میں سے کوئی شہید نہیں ہوا اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں گزارش کی کہ ہم کو اپنے دیس کو جانے کی اجازت مرحمت فرما دیجئے اپنے ملک میں ہمارے پاس مال ہے ہم وہاں سے مال لا کر مہاجرین کو تقسیم کرنا چاہتے ہیں۔کیونکہ مہاجرین سخت محنت (ناداری) میں مبتلا ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت دے دی وہ لوگ چلے گئے پھر مال لے کر آئے اور مہاجرین کو تقسیم کیا،اللہ نے انہیں کے بارے میں یہ آیت نازل فرمائی۔

بغوی نے سعید بن جبیر وغیرہ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ انہیں کے بارے میں اللہ نے آیات اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ سے وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ تک نازل فرمائیں۔

اہل کتاب کا سابقہ ایمان:

اور جب (قرآن) ان کے سامنے پڑھا جاتا ہے تو کہتے ہیں ہم اس پر ایمان لائے بلاشبہ یہ ہی سچا ہے ہمارے رب کی طرف سے (اترا ہے) ہم تو اس سے پہلے ہی مسلم (اطاعت گزار) تھے۔

ہم اس پر ایمان لائے یعنی اس بات پر ایمان لائے کہ یہ اللہ کا کلام ہے۔مُسْلِمِيْنَ یعنی اقرار توحید میں مخلص تھے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی ہونے پر ایمان رکھتے تھے۔پہلے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت پر ایمان رکھنے کی یہ وجہ تھی کہ حضرت عیسیٰؑ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارت دے دی تھی اور فرما دیا تھا۔اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر توریت میں بھی تھا اور انجیل میں بھی مطلب یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ہمارا ایمان نیا نہیں بلکہ پہلے سے ہے۔(تفسیر مظہری)

اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوْا
وہ لوگ پائیں گے اپنا ثواب دوہرا اس بات پر کہ قائم رہے

دوہرا ایمان اور دوہرا اجر:

یعنی مغرور ومستغنی ہو کر قبول حق سے گریز نہیں کیا بلکہ جس وقت جو حق پہنچا بے تکلف گردن تسلیم جھکا دی۔(تنبیہ) شیخ اکبرؒ نے فتوحات میں لکھا ہے کہ ان

besturdubooks.wordpress.com

اہل کتاب کا ایمان اپنے پیغمبر پر دو مرتبہ ہوا۔ اول بالاستقلال دوبارہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے کے ضمن میں ۔ کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تمام انبیاء سابقین کے مصدق ہیں اور اُن پر ایمان رکھنا ضروری قرار دیتے ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی ان کا ایمان دو مرتبہ ہوا ایک اب بالذات اور بالاستقلال دوسرا پہلے اپنے پیغمبر پر ایمان لانے کے ضمن میں کیونکہ ہر پیغمبر حضور کی بشارت دیتے، اور پیشگی تصدیق کرتے چلے آئے ہیں اسی لئے اُن لوگوں کو اجر بھی دو مرتبہ ملے گا باقی حدیث میں جو آیا ہے اس کی شرح کا یہاں موقع نہیں۔ ہم نے خدا کے فضل سے شرح صحیح مسلم میں اس کو تفصیل لکھا ہے اور اشکالات کو رفع کرنے کی کوشش کی ہے فللہ الحمد والمنۃ وبہ التوفیق والعصمہ۔ (تفسیر عثمانی)

اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ یعنی مومنین اہل کتاب کو دو مرتبہ اجر دیا جائیگا۔

دوہرے اجر والے لوگ:

قرآن کریم میں اسی طرح کا وعدہ ازواج مطہرات کے متعلق بھی آیا ہے وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَآ اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ اور صحیح بخاری کی ایک حدیث میں تین شخصوں کے لئے دوہرے اجر کا ذکر فرمایا ہے ایک وہ اہل کتاب جو پہلے اپنے سابق نبی پر ایمان لایا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر، دوسرا وہ شخص جو کسی کا مملوک غلام ہو اور وہ اپنے آقا کی بھی اطاعت وفرمانبرداری کرتا ہو اور اللہ اور اس کے رسول کی بھی، تیسرا وہ شخص جس کی ملک میں کوئی کنیز تھی جس سے بلا نکاح صحبت اس کے لئے حلال تھی اس نے اس کو اپنی غلامی سے آزاد کر دیا پھر اس کو منکوحہ زوجہ بنالیا۔ (تفسیر معارف مفتی)

بِمَا صَبَرُوْا بوجہ اس کے کہ وہ (نزول قرآن کے بعد اپنے ایمان پر) جمے رہے۔ (جس طرح پہلے ایمان رکھتے تھے اسی طرح نزول کے بعد بھی ایمان پر قائم رہے۔ برخلاف دوسرے اہل کتاب کے کہ نزول قرآن سے پہلے تو قرآن پر ان کا ایمان تھا اور کافروں کے مقابلہ میں رسول اللہ کے طفیل سے دعاء فتح کیا کرتے تھے۔ لیکن جب وہ جانا پہچانا قرآن (یا رسول) ان کے پاس آ گیا تو محض حسد کی وجہ سے ماننے سے انکار کر دیا۔ اور سابق ایمان پر قائم نہ رہے۔ (تفسیر مظہری)

وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ
اور بھلائی کرتے ہیں بُرائی کے جواب میں

اہل علم کے اوصاف:

یعنی کوئی دوسرا اُن کے ساتھ بُرائی سے پیش آئے تو یہ اُس کے جواب میں مروت وشرافت سے کام لے کر بھلائی اور احسان کرتے ہیں۔ یا یہ مطلب کہ کبھی اُن سے کوئی بُرا کام ہو جائے تو اُس کا تدارک بھلائی سے کرتے ہیں تا کہ حسنات کا پلہ سیئات سے بھاری رہے۔ (تفسیر عثمانی)

ابن عباس نے فرمایا لا الہ الا اللہ کی شہادت دے کر شرک کو دفع کرتے ہیں۔ میں کہتا ہوں یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں کہ وہ دشمنوں کی دشمنی کو انکے ساتھ بھلائی کر کے دفع کرتے ہیں اللہ نے فرمایا فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ جس شخص کی تم سے دشمنی ہے (اگر اس کے ساتھ احسان کرو گے) تو وہ ایسا ہو جائے گا کہ گویا وہ گہرا دوست ہے۔ یہ بھی مطلب بیان کیا گیا ہے کہ طاعت سے معصیت کو دفع کرتے ہیں اللہ نے فرمایا ہے اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ بلاشبہ نیکیاں گناہوں کو زائل کر دیتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے بدی کے پیچھے نیکی کر لیا کرو وہ بدی کو مٹا دے گی۔ (تفسیر مظہری)

بعض نے فرمایا کہ بھلائی سے طاعت اور بُرائی سے معصیت مراد ہے کیونکہ نیکی بدی کو مٹا دیتی ہے جیسا کہ حدیث میں ہے کہ رسول اللہ نے حضرت معاذ بن جبل سے فرمایا اَتْبِعِ الْحَسَنَةَ السَّيِّئَةَ تَمْحُهَا یعنی بدی اور گناہ کے بعد نیکی کرو تو وہ گناہ کو مٹا دے گی۔ اور بعض حضرات نے فرمایا حسنہ سے مراد علم وحلم اور سیئہ سے مراد جہل وغفلت ہے یعنی یہ لوگ دوسروں کی جہالت کا جواب جہالت کے بجائے حلم وبُردباری سے دیتے ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ
اور ہمارا دیا ہوا کچھ خرچ کرتے رہتے ہیں

یعنی اللہ نے جو مال حلال دیا ہے اُس میں سے زکوٰۃ دیتے ہیں، صدقہ کرتے ہیں خویش واقارب کی خبر لیتے ہیں۔ غرض حقوق العباد ضائع نہیں کرتے (تفسیر عثمانی)

وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ وَقَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا
اور جب سنیں نکمی باتیں اُس سے کنارہ کریں اور کہیں ہم کو ہمارے کام
وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۡسَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ۡلَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ
اور تم کو تمہارے کام سلامت رہو ہم کو نہیں چاہئیں بے سمجھ لوگ

جاہلوں سے برتاؤ:

یعنی کوئی جاہل لغو بیہودہ بات کہے تو اُس سے اُلجھتے نہیں۔ کہہ دیتے ہیں کہ بس صاحب! تمہاری باتوں کو ہمارا دور سے سلام۔ یہ جہالت کی لوٹ تمہی رکھو ہم کو ہمارے مشغلہ میں رہنے دو۔ تمہارا کیا تمہارے اور ہمارا کیا ہمارے سامنے آ جائے گا۔ ہم کو تم جیسے بے سمجھ لوگوں سے اُلجھنے کی ضرورت نہیں۔ محمد بن اسحاق نے سیرت میں لکھا ہے کہ قیام مکہ کے زمانہ میں تقریباً بیس اشخاص حبشہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خبر سن کر آئے کہ تحقیق کریں کیسے شخص ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

آپ سے بات چیت کی، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن پڑھ کر سنایا، اُن کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ اور بڑے زور سے آپ کی تصدیق کی، جب مشرف بایمان ہو کر واپس ہونے لگے تو ابو جہل وغیرہ مشرکین نے اُن پر آوازے کسے کہ ایسے احمقوں کا قافلہ آج تک نہیں نہ دیکھا ہوگا۔ جو ایک شخص کی تحقیق حال کرنے آئے تھے اور اُس کے غلام بن کر اور اپنا دین چھوڑ کر جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا سَلَامٌ عَلَيْكُمْ لَانُجَاهِلُكُمْ لَنَا مَا نَحْنُ عَلَيْهِ وَلَكُمْ مَاانْتُمق عَلَيْهِ لَمْ مَالُ اَنْفُسَنَا خَيْراً. (بس ہم تم کو سلام کریں، معاف رکھو ہم تمہاری جہالت کا جواب جہالت سے دینا نہیں چاہتے، ہم اور تم میں سے جو جس حال پر ہے اُس کا وہ ہی حصہ ہے ہم نے اپنے نفس کا بھلا چاہنے میں کچھ کوتاہی نہیں کی) اسی کے متعلق یہ آیات نازل ہوئیں۔ واللہ اعلم۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ جس جاہل سے توقع نہ ہو کہ سمجھائے پر لگے گا اُس سے کنارہ ہی بہتر ہے۔ (موضح) (تفسیر عثمانی)

سلام علیکم اس سے مراد سلام تحیت و دعا نہیں بلکہ سلام ترک مراد ہے مطلب ہم گالیاں نہیں دیں گے برا نہیں کہیں گے۔ تم کو جواب نہیں دیں گے۔ لَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ یعنی ہم جاہلوں کا دین نہیں چاہتے تمہارے مذہب کو پسند نہیں کرتے بعض کے نزدیک یہ مطلب ہے کہ ہم جاہلوں کے ساتھ رہنا نہیں چاہتے۔ بعض نے یہ مطلب بیان کیا ہے ہم جاہلوں میں سے ہونا نہیں چاہتے یعنی تم ہم کو گالیاں دیتے ہو برا کہتے ہو اگر جواب میں ہم بھی تم کو گالیاں دیں گے تو تمہاری طرح جاہل ہو جائیں گے اور ہم ایسا ہونا نہیں چاہتے ہم جاہلوں میں سے ہو جانے سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔

بغوی نے لکھا ہے یہ حکم اس وقت تھا جب جہاد کا حکم نازل نہیں ہوا تھا۔ میں کہتا ہوں بغوی کا یہ قول واقعہ نزول کے مطابق نہیں ہے کیونکہ اس آیت کا نزول یا حضرت عبداللہ بن سلام اور ان کے ساتھیوں کے حق میں ہوا یہ حضرات تو ہجرت کے بعد اسلام لائے تھے یا ان حبشیوں کی بابت ہوا جو حضرت جعفر بن ابی طالب کے ساتھ نجاشی کے پاس سے آئے تھے ان کی آمد بھی ۶ھ میں غزوہ خیبر کے وقت ہوئی تھی یا چالیس نجرانیوں اور آٹھ شامیوں کے متعلق نزول ہوا۔ یہ واقعہ بھی ہجرت کے بعد کا ہے اور اس وقت کا جب جہاد کا حکم آچکا تھا۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ
تو راہ پر نہیں لاتا جس کو چاہے پر
اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ
اللہ راہ پر لائے جس کو چاہے

جناب ابو طالب:

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا (ابو طالب) کے واسطے بہت سعی کی کہ مرتے وقت کلمہ پڑھ لے، اُنہوں نے قبول نہ کیا۔ اس پر یہ آیت اُتری (موضح) یعنی جس سے تم کو طبعی محبت ہو، یا دل چاہتا ہو کہ فلاں کو ہدایت ہو جائے لازم نہیں کہ ایسا ضرور ہو کر رہے۔ آپ کا کام صرف رستہ بتانا ہے آگے یہ کہ کون رستہ پر چل کر منزل مقصود تک پہنچتا ہے کون نہیں پہنچتا، یہ آپ کے قبضۂ اختیار سے خارج ہے۔ اللہ کو اختیار ہے جسے چاہے قبول حق اور وصول الی المطلوب کی توفیق بخشے (تنبیہ) جو کچھ حضرت شاہ صاحبؒ نے فرمایا احادیث صحیحہ میں موجود ہے۔ اس سے زائد اس مسئلہ میں کلام کرنا اور ابو طالب کے ایمان وکفر کو خاص موضوع بحث بنا لینا غیر ضروری ہے۔ بہتر یہ ہی ہے کہ اس قسم کی غیر ضروری اور پر خطر مباحث میں کفِ لسان کیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

مسلم وغیرہ نے حضرت ابو ہریرہ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا ابو طالب سے فرمایا آپ لا الہ الا اللہ کہہ دیجئے تا کہ قیامت کے دن میں آپ کے لئے شہادت دے سکوں تو ابو طالب نے کہا اگر یہ خیال نہ ہوتا کہ قریش کی عورتیں عار دلائیں گی اور کہیں گی (موت کے) خوف سے ابو طالب نے کلمہ پڑھ لیا تو میں یہ کلمہ پڑھ کر تمہاری آنکھ ٹھنڈی کر دیتا اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

ابن عساکر نے تاریخ دمشق میں اور نسائی نے ابو سعید بن رافع کی روایت سے بیان کیا ہے ابو سعید نے کہا میں نے حضرت ابن عمر سے دریافت کیا۔ کیا آیت اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ ابو جہل و ابو طالب کے متعلق نازل ہوئی؟ فرمایا ہاں۔ شیخین اور نسائی اور ابن جریر اور ابن المنذر اور ابن ابی حاتم اور ابو الشیخ اور ابن مردویہ اور بیہقی نے سعید بن مسیب کے حوالہ سے ان کے باپ کی روایت نقل کی ہے سعید کے باپ نے کہا ابو طالب کے انتقال کا وقت آ پہنچا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف لے گئے ابو جہل اور عبداللہ بن ابی امیہ بن مغیرہ وہاں موجود تھے حضور نے فرمایا میرے چچا لا الہ الا اللہ ایک بار کہہ دیجئے تا کہ اللہ کے سامنے اس کلمہ کو آپ کے لئے حجت میں پیش کر سکوں ابو جہل اور عبداللہ نے کہا کیا آپ عبدالمطلب کے دین سے رد گرداں ہو جائیں گے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم برابر کلمہ پیش کرتے رہے اور بار بار دہراتے رہے بالآخر ابو طالب نے جو آخری لفظ زبان سے نکالا وہ یہ تھا علی ملۃ عبدالمطلب۔ عبدالمطلب کے مذہب پر۔ اور لا الہ الا اللہ کہنے سے انکار کر دیا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تک مجھے ممانعت نہ ہوگی میں

besturdubooks.wordpress.com

آپ کے لئے دعاء مغفرت کرتا رہوں گا اس کے بعد یہ آیت نازل فرمائی۔ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ الآیۃ نبی کے لئے او ر مسلمانوں کے لئے مشرکوں کے لئے دعاء مغفرت کرنی جائز نہیں الآیۃ۔ اور ابو طالب کے متعلق یہ آیت نازل فرمائی اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۔ (تفسیر مظہری)

وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾
اور وہی خوب جانتا ہے جو راہ پر آئیں گے

یعنی کسی کو کسی شخص کے راہ پر لانے کا اختیار کیا ہوتا علم بھی نہیں کہ کون راہ پر آنے والا ہے یا آنے کی استعداد و لیاقت رکھتا ہے، بہرحال اس آیت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تسلی فرمادی کہ آپ جاہلوں کی لغوگوئی اور معاندانہ شور و شغب یا اپنے خاص اعزا و اقارب کے اسلام نہ لانے سے غمگین نہ ہوں جس قدر آپ کا فرض ہے وہ ادا کئے جائیں، لوگوں کی استعدادیں مختلف ہیں، اللہ ہی کے علم و اختیار میں ہے کہ ان میں سے کسے راہ پر لایا جائے (تفسیر عثمانی)

وَقَالُوْٓا اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى مَعَكَ
اور کہنے لگے اگر ہم راہ پر آئیں تیرے ساتھ
نُتَخَطَّفْ مِنْ اَرْضِنَا ؕ
اُچک لئے جائیں اپنے ملک سے

مشرکین کا عذر:

انسان کو ہدایت سے روکنے والی کئی چیزیں ہیں مثلاً نقصان جان و مال کا خوف، چنانچہ بعض مشرکین مکہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ بیشک ہم جانتے ہیں کہ آپ حق پر ہیں، لیکن اگر ہم دین اسلام قبول کر کے آپ کے ساتھ ہو جائیں تو سارا عرب ہمارا دشمن ہو جائے گا۔ اردگرد کے تمام قبائل ہم پر چڑھ دوڑیں گے اور مل کر ہمارا لقمہ کر لیں گے، نہ جان سلامت رہے گی نہ مال۔ اس کا آگے جواب دیا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

ابن جریر نے بروایت عوفی حضرت ابن عباس کا قول نقل کیا ہے کہ کچھ قریشی لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا تھا اگر ہم آپ کی پیروی کریں گے تو لوگ ہم کو اچک لیں گے۔ (تفسیر مظہری)

اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا يُّجْبٰٓى اِلَيْهِ
کیا ہم نے جگہ نہیں دی ان کو حرمت والے پناہ کے مکان میں کھنچے چلے آتے ہیں

ثَمَرٰتُ كُلِّ شَيْءٍ رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا وَلٰكِنَّ
اُس کی طرف میوے ہر چیز کے روزی ہماری طرف سے پر
اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾
بہت اُن میں سمجھ نہیں رکھتے

عذر کا جواب:

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں مکہ کے لوگ کہنے لگے کہ ہم مسلمان ہوں تو سارے عرب ہم سے دشمنی کریں اللہ نے فرمایا اب ان کی دشمنی سے کس کی پناہ میں بیٹھے ہو۔ یہ ہی حرم کا ادب (مانع ہے کہ باوجود آپس کی سخت عداوتوں کے باہر والے چڑھائی کر کے تم کو مکہ سے نکال نہیں دیتے) وہی اللہ (جس نے اس جگہ کو حرم بنایا) تب بھی پناہ دینے والا ہے (موضح) کیا شرک و کفر کے باوجود تو پناہ دی ایمان و تقویٰ اختیار کرنے پر پناہ نہ دے گا۔ ہاں ایمان و تقویٰ کو پرکھنے کے لئے اگر چند روزہ امتحان کے طور پر کوئی بات پیش آئے تو گھبرانا نہ چاہیے۔ (تفسیر عثمانی)

حرم دورِ جاہلیت میں بھی امن کی جگہ تھی:

دورِ جاہلیت میں عرب باہم قتل و غارت کیا کرتے تھے لوٹ مار کا عام دستور تھا کسی جگہ امن نہ تھا لیکن مکہ والے حرم کی حرمت کی وجہ سے امن چین سے رہتے تھے۔ مشہور بات ہے کہ ہرن بھیڑیوں سے اور کبوتر شکاری چیلوں سے محفوظ رہتے حرم کے اندر کوئی جانور بھی کسی جانور کا شکار نہیں کرتا تھا۔

جب بت پرستی کے دور میں بت پرست حرمتِ حرم کی وجہ سے مامون و محفوظ تھے تو حرمتِ کعبہ کے ساتھ جب حرمتِ توحید بھی شامل ہو گئی تو پھر جھپٹ لے جانے پر اللہ کیسے قدرت دے سکتا ہے۔

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لیکن ان میں سے اکثر لوگ جاہل ہیں نہ اس بات کو سمجھتے ہیں نہ غور کرتے ہیں۔ ڈرنا تو کفر و معصیت کی وجہ سے اللہ کے عذاب سے چاہیے نہ کہ ایمان و توحید سے کیونکہ۔ (تفسیر مظہری)

ارضِ مکہ کو حرم بنا دیا اور پورے عرب کے قبائل کفر و شرک اور باہمی عداوتوں کے باوجود اس پر متفق تھے کہ زمین حرم مکہ میں قتل و قتال سخت حرام ہے۔ حرم میں باپ کا قاتل بیٹے کو ملتا تو انتہائی جوشِ انتقام کے باوجود کسی کی یہ مجال نہ تھی کہ حرم کے اندر اپنے دشمن کو قتل کر دے یا اس سے کوئی انتقام لے لے، اس لئے ایمان لانے میں اُن کو یہ خطرہ محسوس کرنا کس قدر جہالت ہے کہ جس مالک نے اپنے رحم و کرم سے اُن کے کفر و شرک کے باوجود اس زمین میں امن دے رکھا ہے تو ایمان لانے کی صورت میں وہ اُن کو کیسے ہلاک

besturdubooks.wordpress.com

ہونے دے گا یحییٰ بن سلام نے فرمایا کہ معنے آیت کے یہ ہیں کہ تم حرم کی وجہ سے مامون و محفوظ تھے، میرا دیا ہوا رزق فراخی کے ساتھ کھا رہے تھے اور عبادت میرے سوا دوسروں کی کرتے تھے اپنی اس حالت سے تو تمہیں خوف نہ ہوا اُلٹا خوف اللہ پر ایمان لانے سے ہوا (قرطبی) آیتِ مذکورہ میں حرم مکہ کے دو وصف بیان فرمائے ہیں ایک یہ کہ وہ جائے امن ہے، دوسرے یہ کہ وہاں اطراف دُنیا سے ہر چیز کے ثمرات لائے جاتے ہیں تا کہ مکہ کے باشندے اپنی تمام ضروریات آسانی سے پوری کرسکیں۔ (معارف مفتی)

حرم میں ہر قسم کے پھل:

رات دن کے تمام اوقات میں تیار شدہ غذا ہر وقت ملتے رہنے کا مشاہدہ ہر شخص کرتا ہے اور قرآن کریم کے لفظ (ثَمَرٰتُ كُلِّ شَيْءٍ) میں غور کریں تو یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ عرفِ عام کے اعتبار سے ثمرات کا تعلق درختوں کے ساتھ ہے مقام اس کا تھا کہ ثمراتِ کُلِ شجر فرمایا جاتا، اس کے بجائے ثمرات کل شی فرماتے ہیں بعید نہیں کہ اشارہ اس طرف ہو کہ لفظ ثمرات یہاں صرف پھلوں کے معنے میں نہیں بلکہ مطلقاً حاصل اور پیداوار کے معنی میں ہے ملوں اور کارخانوں کی مصنوعات بھی اُن کے ثمرات ہیں، اس طرح حاصل اس آیت کا یہ ہوگا کہ حرم مکہ میں صرف کھانے پینے ہی کی چیزیں جمع نہیں ہوں گی بلکہ تمام ضروریاتِ زندگی جمع کردی جائیں گی جس کا کھلی آنکھوں مشاہدہ ہو رہا ہے۔ (معارف مفتی)

وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍۢ بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا ۚ فَتِلْكَ

اور کتنی غارت کردیں ہم نے بستیاں جو اترا چلی تھیں اپنی گذران میں اب یہ ہیں

مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ مِّنْۢ بَعْدِهِمْ اِلَّا قَلِيْلًا ۗ

اُن کے گھر آباد نہیں ہوئے اُن کے پیچھے مگر تھوڑے

اللہ کے عذاب سے ڈرو:

یعنی عرب کی دشمنی سے کیا ڈرتے ہو، اللہ کے عذاب سے ڈرو، دیکھتے نہیں کتنی قومیں گزر چکی ہیں جنہیں اپنی خوش عیشی پر غرہ ہو گیا تھا۔ جب انہوں نے تکبر اور سرکشی اختیار کی اللہ تعالیٰ نے کس طرح تباہ و برباد کر ڈالا کہ آج صفحۂ ہستی پر اُن کا نام و نشان باقی نہ رہا۔ یہ کھنڈر اُن کی بستیوں کے پڑے ہیں جن میں کوئی بسنے والا نہیں بجز اس کے کہ کوئی مسافر تھوڑی دیر ستانے یا قدرتِ الٰہی کا عبرتناک تماشہ دیکھنے کے لئے وہاں جا اترے۔ (تفسیر عثمانی)

دوسری کافر قوموں کے حالات پر نظر ڈالو کہ اُن کے کفر و شرک کے وبال سے کس طرح اُن کی بستیاں تباہ ہوئیں اور مضبوط و مستحکم قلعے اور حفاظتی سامان سب خاک میں مل گئے تو اصل خوف کی چیز کفر و شرک ہے جو تباہی و بربادی کا سبب ہوتا ہے، تم کیسے بیخبر بیوقوف ہو کہ کفر و شرک سے خطرہ محسوس نہیں کرتے ایمان سے خطرہ محسوس کرتے ہو۔ (معارف مفتی)

وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ

اور ہم ہیں آخر کو سب کچھ لینے والے

یعنی سب مر مرا گئے کوئی وارث بھی نہ رہا۔ ہمیشہ رہے نام اللہ کا۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ

اور تیرا رب نہیں غارت کرنے والا بستیوں کو جب تک نہ بھیج لے

فِيْٓ اُمِّهَا رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا

اُن کی بڑی بستی میں کسی کو پیغام دے کر جو سنائے اُن کو ہماری باتیں

قانونِ قدرت:

یعنی اللہ تعالیٰ اُس وقت تک بستیوں کو غارت نہیں کرتا جب تک اُن کے صدر مقام میں کوئی ہشیار کرنے والا پیغمبر نہ بھیج دے (صدر مقام کی تخصیص شاید اس لئے کی کہ وہاں کا اثر دُور تک پہنچتا ہے اور شہروں کے باشندے نسبۃً سلیم وعقیل ہوتے ہیں) تمام روئے زمین کی آبادیوں کا صدر مقام مکہ معظمہ تھا۔ لِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا (شوریٰ۔رکوع۱) اسی لئے وہاں سب سے بڑے اور آخری پیغمبر مبعوث ہوئے۔ (تفسیر عثمانی)

مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی قوم کو اس وقت تک ہلاک نہیں کرتا جب تک اُس قوم کے بڑے شہروں میں اپنے کسی رسول کے ذریعہ پیغامِ حق نہ پہنچا دے، جب دعوتِ حق پہنچ جائے اور لوگ اُس کو قبول نہ کریں اس وقت ان بستیوں پر عذاب آتا ہے۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ اللہ کے انبیاء اور رُسل عموماً بڑے شہروں میں مبعوث ہوتے ہیں وہ چھوٹے قصبات و دیہات میں نہیں آتے کیونکہ ایسے قصبات و دیہات عادۃً شہر کے تابع ہوتے ہیں اپنی معاشی ضروریات میں بھی اور تعلیمی ضروریات میں بھی، اور شہر میں جو بات پھیل جائے اس کا تذکرہ ملحقہ قصبات و دیہات میں خود بخود پھیل جاتا ہے۔ (معارف مفتی)

صحیحین میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مروی ہے کہ میں تمام سیاہ و سفید کی طرف نبی بنا کر بھیجا گیا ہوں۔ اسی لئے نبوت ورسالت کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ختم کردیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سے قیامت تک نہ کوئی نبی آئے گا نہ رسول۔ کہا گیا ہے کہ مُراد اُمّ القُریٰ سے اصل اور بڑا قریہ ہے۔ (ابن کثیر)

وَمَا كُنَّا مُهْلِكِي الْقُرٰٓى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ

اور ہم ہرگز نہیں غارت کرنے والے بستیوں کو مگر جب کہ وہاں کے لوگ گنہگار ہوں

besturdubooks.wordpress.com

یعنی ہشیار کرنے پر بھی جب لوگ باز نہیں آتے، برابر ظلم وطغیان میں ترقی کرتے چلے جاتے ہیں تب اللہ تعالیٰ پکڑ کر ہلاک کرتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

اور جو تم کو ملی ہے کوئی چیز سو فائدہ اٹھا لینا ہے دنیا کی زندگی میں

وَزِيْنَتُهَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ

اور یہاں کی رونق ہے اور جو اللہ کے پاس ہے سو بہتر ہے اور باقی رہنے والا کیا تم کو سمجھ نہیں

دنیا کا سامان فانی ہے:

یعنی آدمی کو عقل سے کام لے کر اتنا سمجھنا چاہیے کہ دنیا میں کتنے دن جینا ہے اور یہاں کی بہار اور چہل پہل کا مزہ کب تک اٹھا سکتے ہو۔ فرض کرو دنیا میں عذاب بھی نہ آئے۔ تاہم موت کا ہاتھ تم سے یہ سب سامان جدا کر کے رہے گا۔ پھر خدا کے سامنے حاضر ہونا اور ذرہ ذرہ عمل کا حساب دینا ہے اگر وہاں کا عیش وآرام میسر ہو گیا تو یہاں کا عیش اس کے سامنے محض ہیچ اور لاشئے ہے کون عقلمند ہوگا جو ایک مکدر ومنغص زندگی کو بے غل وغش زندگی پر اور ناقص وفانی لذتوں کو کامل وباقی نعمتوں پر ترجیح دے۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا جس میں یہ بتلایا کہ اگر بالفرض ایمان لانے کے نتیجہ میں تمہیں کوئی تکلیف پہنچ ہی جائے تو وہ چند روزہ ہے اور جس طرح دنیا کی عیش وعشرت مال ودولت سب چند روزہ متاع ہے کسی کے پاس ہمیشہ نہیں رہتی، اسی طرح یہاں کی تکلیف بھی چند روزہ ہے جلد ختم ہو جانے والی ہے اس لئے عقلمند کا کام یہ ہے کہ فکر اس تکلیف وراحت کی کرے جو پائیدار اور ہمیشہ رہنے والی ہے۔

عقلمند کون؟: امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص اپنے مال وجائیداد کے متعلق یہ وصیت کر کے مر جائے کہ میرا مال اُس شخص کو دے دیا جائے جو سب سے زیادہ عقلمند ہو تو اس مال کے مصرف شرعی وہ لوگ ہوں گے جو اللہ تعالیٰ کی عبادت وطاعت میں مشغول ہوں، کیونکہ عقل کا تقاضا یہی ہے اور دنیاداروں میں سے سب سے زیادہ عقل والا وہی ہے۔ یہی مسئلہ فقہ حنفیہ کی مشہور کتاب دُرِمختار باب الوصیت میں بھی مذکور ہے۔ (معارف مفتی)

اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ لَاقِيْهِ

بھلا ایک شخص جس سے ہم نے وعدہ کیا ہے اچھا وعدہ سو وہ اس کو پانے والا ہے

كَمَنْ مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ

برابر ہے اُس کی جس کو ہم نے فائدہ دیا دنیا کی زندگانی کا پھر

هُوَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ

وہ قیامت کے دن پکڑا ہوا آیا

مؤمن وکافر برابر نہیں:

یعنی مؤمن وکافر دونوں انجام کے اعتبار سے کس طرح برابر ہو سکتے ہیں۔ ایک کے لئے دائمی عیش کا وعدہ جو یقیناً پورا ہو کر رہے گا اور دوسرے کے لئے چند روزہ عیش کے بعد گرفتاری کا وارنٹ اور دائمی جیلخانہ، العیاذ باللہ! ایک شخص خواب میں دیکھے کہ میرے سر پر تاج شاہی رکھا ہے، خدم وحشم پرے باندھے کھڑے ہیں اور الوان نعمت دسترخوان پر چنے ہوئے ہیں جن سے لذت اندوز ہو رہا ہوں، آنکھ کھلی تو دیکھا انسپکٹر پولیس گرفتاری کا وارنٹ اور بیڑی ہتکڑی لئے کھڑا ہے بس وہ پکڑ کر لے گیا اور فوراً ہی پیش ہو کر حبس دوام کی سزا مل گئی۔ بتلاؤ اُسے وہ خواب کی بادشاہت اور پلاؤ قورمے کی لذت کیا یاد آئے گی۔ (تفسیر عثمانی)

فرعون دسویں محرم کو عاشورہ کے دن ہلاک ہوا اور توریت دسویں ذی الحجہ کو عطا ہوئی۔ (معارف کاندھلوی)

وَعْدًا حَسَنًا یعنی جنت کا وعدہ جس چیز کا وعدہ کیا جائے اگر وہ اچھی ہو تو اس کا وعدہ بھی اچھا ہوتا ہے جنت بجائے خود اچھی ہے اس لئے اس کا وعدہ بھی اچھا ہے۔

فَهُوَ لَاقِيْهِ لامحالہ وہ اس کو وعدۂ الٰہی کے مطابق ضرور پائے گا کیونکہ اللہ کے وعدہ کے خلاف ہونا ناممکن ہے۔

مَتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا یعنی وہ حیات دنیاوی کا سامان جو آلام سے پر ہے تکالیف اور مصائب نے اس کو مکدر کر دیا ہے پھر فانی ہے زوال کے بعد سوائے حسرت کے اس کا اور کوئی نتیجہ نہیں۔ (تفسیر مظہری)

بغوی نے مقاتل اور محمد بن کعب قرظی کی روایت سے بیان کیا کہ اس آیت کا نزول حضرت حمزہ اور ابوجہل یا حضرت علی اور ابوجہل کے حق میں ہوا۔ بعض نے کہا کہ حضرت عمار اور ولید بن مغیرہ کے متعلق اس کا نزول ہوا۔ (تفسیر مظہری)

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ

اور جس دن اُن کو پکارے گا تو کہے گا کہاں ہیں میرے شریک

الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ

جن کا تم دعویٰ کرتے تھے

خدائی کے جھوٹے حصہ دار:

یعنی وہ خدائی کے حصہ دار کہاں ہیں ذرا اپنی تائید وحمایت کے لئے لاؤ تو سہی۔ (تفسیر عثمانی)

میں کہتا ہوں شاید شرکاء سے مراد وہ سرداران کفر ہوں کہ جن کی وجہ سے

besturdubooks.wordpress.com

ان کے تابعین نے اللہ کی عبادت چھوڑ کر انہیں کی عبادت اختیار کر لی تھی اور انہیں کا اتباع کرتے تھے۔ان کو شرکاء بطور استہزاء کہا گیا ہے۔(تفسیر مظہری)

قَالَ الَّذِیْنَ حَقَّ عَلَیْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ
بولے جن پر ثابت ہو چکی بات اے رب یہ لوگ ہیں
الَّذِیْنَ اَغْوَیْنَا ۚ اَغْوَیْنٰهُمْ كَمَا غَوَیْنَا ۚ تَبَرَّاْنَآ
جن کو ہم نے بہکایا اُنکو بہکایا جیسے ہم آپ بہکے ہم منکر ہوئے
اِلَیْكَ مَا كَانُوْٓا اِیَّانَا یَعْبُدُوْنَ ﴿۶۳﴾
تیرے آگے وہ ہم کو نہ پوجتے تھے

جھوٹے معبودوں کا عذر لنگ:

یعنی سوال تو مشرکین سے تھا،مگر بہکانے والے شرکاء سمجھ جائیں گے کہ فی الحقیقت ہمیں بھی ڈانٹ بتلائی گئی ہے۔اس لئے سبقت کر کے جواب دیں گے کہ خدوندا! بیشک ہم نے ان کو بہکایا اور یہ بہکانا ایسا ہی تھا جیسے ہم خود بہکے یعنی جو ٹھوکر بہکنے کے وقت کھائی تھی اُسی کی تکمیل بہکانے سے کی۔کیونکہ بہکانا بھی بہکنے کی انتہائی منزل ہے۔پس اس جرم اغواء کا تو ہمیں اعتراف ہے لیکن ان مشرکین پر کوئی جبر واکراہ ہمارا نہ تھا کہ زبردستی اپنی بات منوالیتے فی الحقیقت ان کی ہوا پرستی تھی جو ہمارے بہکانے میں آ گئے۔اس اعتبار سے یہ ہم کو نہیں پوجتے تھے بلکہ اپنے اہواء وظنون کی پرستش کرتے تھے ہم ان کی عبادت سے آج آپ کے سامنے بیزاری کا اظہار کرتے ہیں۔کذا قال بعض المفسرین۔اور حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ یہ شیطان بولیں گے۔بہکایا تو ہے انہوں نے پر نام لے کر نیکوں کا۔اسی سے کہا کہ ہم کو نہ پوجتے تھے۔واللہ تعالیٰ اعلم۔(تنبیہ) حَقَّ عَلَیْهِمُ الْقَوْلُ سے مراد ہے۔ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ.(تفسیر عثمانی)

یعنی جس طرح ہم بہک گئے تھے خود اپنے اختیار سے گمراہی میں پڑ گئے تھے کسی نے ہم پر جبر نہیں کیا تھا اسی طرح یہ لوگ خود اپنے اختیار سے بہکے تھے ہم نے ان پر زبردستی نہیں کی تھی ہم کو جبراً گمراہ کردینے کا اختیار نہیں تھا ہم نے تو ان کو ورغلایا تھا وسوسے پیدا کئے تھے لالچ دیئے تھے۔یہ لالچ میں پڑ گئے ہمارا پر فریب وسوسہ اگرچہ ان کو کفر کی طرف دعوت دے رہا تھا لیکن اللہ نے پیغمبر بھیج دیئے تھے کتابیں نازل کردی تھیں ہر طرح کی دلیلیں قائم کردی تھیں جن کی موجودگی میں ان کو ہمارے بہکاوے میں نہ آنا چاہئے۔یہ آیت مضمون کے لحاظ سے ایسی ہی ہے جیسی دوسری آیت میں فرمایا ہے وَقَالَ الشَّیْطٰنُ لَمَّا قُضِیَ۔الخ۔

تَبَرَّاْنَآ اِلَیْكَ یعنی آج ہم تیری بارگاہ میں تیرے سامنے ان سے اور جس کفر کو انہوں نے اپنے نفسانی میلان و جھکاؤ سے اختیار کیا تھا سب سے بیزاری کا اظہار کرتے ہیں۔

مَا كَانُوْٓا اِیَّانَا یَعْبُدُوْنَ یعنی یہ ہماری پوجا نہیں کرتے تھے بلکہ اپنی نفسانی خواہشات کے پجاری تھے۔(تفسیر مظہری)

اللہ تعالیٰ خود ان شیاطین کی زبانوں سے کہلوادیں گے کہ ہم نے بہکایا ضرور تھا مگر مجبور تو ہم نے نہیں کیا،اس لئے مجرم ہم بھی ہیں مگر جرم سے بَری یہ بھی نہیں کیونکہ جس طرح ہم نے اُن کو بہکایا تھا اس کے بالمقابل انبیاء علیہم السلام اور اُن کے نائبوں نے ان کو ہدایت بھی تو کی تھی اور دلائل کے ساتھ ان پر حق واضح کر دیا تھا،انہوں نے اپنے اختیار سے انبیاء کی بات نہ مانی ہماری مان لی تو یہ کیسے بَری ہو سکتے ہیں۔اس سے معلوم ہوا کہ جس شخص کے سامنے حق کے دلائل واضحہ موجود ہوں اور وہ حق کی طرف دعوت دینے والوں کے بجائے گمراہ کرنے والوں کی بات مان کر گمراہی میں پڑ جائے تو یہ کوئی عذر معتبر نہیں۔(معارف مفتی)

وَقِیْلَ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ
اور کہیں گے پکارو اپنے شریکوں کو پھر پکاریں گے اُن کو
فَلَمْ یَسْتَجِیْبُوْا لَهُمْ
تو وہ جواب نہ دیں گے اُن کو

مصنوعی معبود مدد سے عاجز ہوں گے:

یعنی کہا جائے گا کہ اب مدد کو بلاؤ،مگر وہ کیا مدد کر سکتے خود اپنی مصیبت میں گرفتار ہوں گے۔کذاقال المفسرون۔اور حضرت شاہ صاحبؒ کی تحریر کا حاصل یہ ہے کہ شیاطین جب نیکوں کا نام لیں گے تو مشرکین سے کہا جائے گا کہ اُن نیکوں کو پکارو! وہ کچھ جواب نہ دیں گے۔کیونکہ وہ ان مشرکانہ حرکات سے راضی نہ تھے یا خبر نہ رکھتے تھے۔

وَرَاَوُا الْعَذَابَ ۚ لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوْا یَهْتَدُوْنَ ﴿۶۴﴾
اور دیکھیں گے عذاب کسی طرح وہ راہ پائے ہوئے ہوتے

گمراہوں کی حسرت:

یعنی اُس وقت عذاب کو دیکھ کر یہ آرزو کریں گے کہ کاش دنیا میں سیدھی راہ چلتے تو یہ مصیبت کیوں دیکھنی پڑتی۔(تفسیر عثمانی)

وَیَوْمَ یُنَادِیْهِمْ فَیَقُوْلُ مَاذَآ اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۶۵﴾
اور جس دن اُنکو پکارے گا تو فرمائے گا کیا جواب دیا تھا تم نے پیغام پہنچانے والوں کو

besturdubooks.wordpress.com

فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ يَوْمَىِٕذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ۝

پھر بند ہو جائیں گی اُن پر باتیں اس دن سو وہ آپس میں بھی نہ پوچھیں گے

رسالت کا سوال:

پہلے سوالات توحید کے متعلق تھے، یہ سوال رسالت کی نسبت ہوا۔ یعنی اپنی عقل سے تم نے اگر حق کو نہ سمجھا تھا تو پیغمبروں کے سمجھانے سے سمجھا ہوتا، بتلاؤ اُن کے ساتھ تم نے کیا برتاؤ کیا۔ اُس وقت کسی کو جواب نہ آئے گا۔ اور بات کرنے کی راہیں بند ہو جائیں گی۔ (تفسیر عثمانی)

بیضاوی نے لکھا ہے کہ اس روز ڈر کے مارے جب پیغمبر جواب میں لڑ کھڑائیں گے اور جواب کو اللہ کے علم کے سپرد کر دیں گے (اور کہیں گے کہ تو جانتا ہے تیرے علم میں ہے کہ ہم نے ان کو شرک کا حکم نہیں دیا وغیرہ) تو کافر لوگ کس گنتی میں ہوں گے۔ وہ کیا کہہ سکیں گے ۔ فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ وہ آپس میں سوال نہیں کریں گے دہشت اور خوف کی وجہ سے پوچھنے کی بھی ہمت نہ ہو گی یا اس خیال سے نہیں پوچھیں گے کہ جس سے سوال کیا جائے گا وہ بھی سائل کی طرح (لاجواب) ہوگا پھر پوچھنے کا کیا حاصل۔ (تفسیر مظہری)

بقول حافظ شیرازی ؎

مرا در منزل جاناں چہ امن و عیش چوں ہر دم
جرس فریاد می دارد کہ بر بندید محمل ہا

(معارف کاندھلوی)

فَاَمَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰٓى

سو جس نے کہ توبہ کی اور یقین لایا اور عمل کئے اچھے سو امید ہے

اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ۝

کہ ہو چھوٹنے والوں میں

آخرت کی کامیابی ایمان و عمل صالح ہے:

یعنی وہاں کی کامیابی صرف ایمان و عمل صالح سے ہے۔ اب بھی جو کوئی کفر و شرک سے توبہ کر کے ایمان لایا اور نیکی اختیار کی، حق تعالیٰ اُس کی پہلی خطائیں معاف کر کے فائز المرام کرے گا۔ (تنبیہ) فَعَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ وعدہ ہے شہنشاہانہ انداز میں یعنی اُس کو فلاح کی اُمید رکھنا چاہیے۔ گو ہم پر کسی کا دباؤ نہیں کہ ناچار ایسا کرنے پر مجبور ہوں۔ محض فضل و کرم سے وعدہ کیا جا رہا ہے۔

وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَيَخْتَارُ ؕ

اور تیرا رب پیدا کرتا ہے جو چاہے اور پسند کرے

مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ ؕ

جس کو چاہے اُن کے ہاتھ میں نہیں پسند کرنا

تخلیق و انتخاب کا اختیار اللہ تعالیٰ کو ہے:

یعنی ہر چیز کا پیدا کرنا بھی اسی کی مشیت و اختیار سے ہے اور کسی چیز کو پسند کرنے یا چھانٹ کر منتخب کر لینے کا حق بھی اسی کو حاصل ہے۔ جو اُس کی مرضی ہو احکام بھیجے جس شخص کو مناسب جانے کسی خاص منصب و مرتبہ پر فائز کرے۔ جس کسی میں استعداد دیکھے راہِ ہدایت پر چلا کر کامیاب فرما دے اور مخلوقات کی ہر جنس میں سے جس نوع کو یا نوع میں سے جس فرد کو چاہے اپنی حکمت کے موافق دوسرے انواع و افراد سے ممتاز بنا دے۔ اُس کے سوا کسی دوسرے کو اس طرح کے اختیار و انتخاب کا حق حاصل نہیں۔ حافظ ابن القیم نے زاد المعاد کے اوائل میں اس مضمون کو بہت بسط سے لکھا ہے۔ فلیراجع۔ (تفسیر عثمانی)

بغوی نے لکھا ہے مشرکوں نے کہا تھا یہ قرآن دونوں بستیوں میں سے کسی بڑے آدمی پر کیوں نہیں اتارا گیا یعنی ولید بن مغیرہ پر یا عروہ بن مسعود ثقفی پر اس قول کے جواب میں آیت مذکورہ نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَيَخْتَارُ " اس آیت کا ایک مفہوم تو وہ ہے جو خلاصہ تفسیر میں لیا گیا ہے کہ یختار سے مراد اختیار احکام ہے کہ حق تعالیٰ جیسے تخلیق کائنات میں منفرد ہے کوئی اس کا شریک نہیں تو اجرائے احکام میں بھی منفرد ہے جو چاہے اپنی مخلوق میں حکم نافذ فرمائے۔

فضیلت کا معیار صحیح اختیار خداوندی ہے:

حافظ ابن قیم نے اس آیت سے ایک عظیم الشان ضابطہ اخذ کیا ہے کہ دنیا میں جو ایک جگہ کو دوسری جگہ پر یا ایک چیز کو دوسری چیز پر فضیلت دی جاتی ہے یہ اُس چیز کے کسب و عمل کا نتیجہ نہیں ہوتا بلکہ وہ بلا واسطہ خالق کائنات کے انتخاب و اختیار کا نتیجہ ہوتا ہے۔ اُس نے سات آسمان پیدا کئے ان میں سے سماء علیا کو دوسروں پر فضیلت دے دی حالانکہ مادہ ساتوں آسمانوں کا ایک ہی تھا۔ پھر اُس نے جنت الفردوس کو دوسری سب جنتوں پر اور جبرئیل و میکائیل و اسرافیل وغیرہ خاص فرشتوں کو دوسرے فرشتوں پر، اور انبیاء علیہم السلام کو دوسرے سارے بنی آدم پر اور اُن میں سے اولوالعزم رسولوں کو دوسرے انبیاء پر اور اپنے خلیل ابراہیم اور حبیب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو دوسرے سب اولوالعزم رسولوں پر، پھر اولاد اسماعیل علیہ السلام کو دوسری ساری دنیا کے لوگوں پر پھر قریش کو ان سب پر اور بنی ہاشم کو سب قریش پر اور سید ولد آدم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو سب بنی ہاشم پر پھر اسی طرح صحابہ کرام اور دوسرے اسلاف اُمت کو دوسروں پر فضیلت دینا یہ سب حق

besturdubooks.wordpress.com

تعالیٰ جل شانہٗ کے انتخاب واختیار کا نتیجہ ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ دنیا میں مدارِ فضیلت دو چیزیں ہیں ایک غیر اختیاری ہے جو صرف حق تعالیٰ کا انتخاب ہے دوسرا اختیاری جو اعمالِ صالحہ اور اخلاقِ فاضلہ سے حاصل ہوتا ہے علامہ ابن قیم نے اس موضوع پر بڑا تفصیلی کلام کیا ہے اور آخر میں صحابہ کرام میں سے خلفاء راشدین کو تمام دوسرے صحابہ پر اور خلفاء راشدین میں صدیق اکبر ان کے بعد عمر بن خطاب ان کے بعد عثمان غنیؓ ان کے بعد علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہم کی ترتیب کو ان دونوں معیاروں سے ثابت کیا ہے۔ حضرت شاہ عبدالعزیز دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا بھی ایک مستقل رسالہ فارسی زبان میں اس موضوع پر ہے جس کا اردو ترجمہ احقر نے بنام بعض التفصیل لمسئلۃ التفضیل شائع کر دیا ہے اور احکام القرآن سورۂ قصص میں بھی اس کو بزبان عربی مفصل لکھ دیا ہے۔ اہل علم کے ذوق کی چیز ہے وہاں مطالعہ فرمائیں۔ (معارف مفتی)

سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۸﴾

اللہ نرالا ہے اور بہت اوپر ہے اس چیز سے کہ شریک بتلاتے ہیں

یعنی تخلیق وتشریع اور اختیار مذکور میں حق تعالیٰ کا کوئی شریک نہیں لوگوں نے اپنی تجویز وانتخاب سے جو شرکاء ٹھہرا لئے ہیں سب باطل اور بے سند ہیں۔

وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۶۹﴾

اور تیرا رب جانتا ہے جو چھپ رہا ہے ان کے سینوں میں اور جو کچھ کہ ظاہر میں کرتے ہیں

اللہ آگاہ ہے:

یعنی دل میں جو فاسد عقیدے یا بری نیتیں رکھتے ہیں اور زبان، ہاتھ، پاؤں وغیرہ سے جو کام کرتے ہیں سب اللہ تعالیٰ کے علم میں ہیں اور وہ ہی ہر ایک شخص کی پوشیدہ استعداد وقابلیت سے آگاہ ہے اُسی کے موافق معاملہ کرے گا۔

وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ لَهُ الْحَمْدُ فِي الْاُوْلٰى

اور وہی اللہ ہے کسی کی بندگی نہیں اس کے سوا اُسی کی تعریف ہے دنیا

وَالْاٰخِرَةِ ۡ وَلَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۷۰﴾

اور آخرت میں اور اُسی کے ہاتھ حکم ہے اور اُسی کے پاس پھیرے جاؤ گے

معبود صرف اللہ ہے:

یعنی جس طرح تخلیق واختیار اور علم محیط میں وہ منفرد ہے الوہیت میں بھی یگانہ ہے بجز اس کے کسی کی بندگی نہیں ہوسکتی۔ کیونکہ اُسی کی ذات منبع الکمالات میں تمام خوبیاں جمع ہیں۔ دنیا اور آخرت میں جو تعریف بھی ہو خواہ وہ کسی کے نام رکھ کر کی جائے حقیقت میں اُسی کی تعریف ہے۔ اُسی کا حکم چلتا ہے اُسی کا فیصلہ ناطق ہے۔ اُسی کو اقتدار کلی حاصل ہے اور انجام کار سب کو اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ آگے بتلاتے ہیں کہ رات دن میں جس قدر نعمتیں اور بھلائیاں تم کو پہنچتی ہیں اُسی کے فضل وانعام سے ہیں بلکہ خود رات اور دن کا اُدل بدل کرنا بھی اُس کا مستقل احسان ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَهُ الْحُكْمُ اسی کا فیصلہ (حکم) ہر چیز میں نافذ ہے حضرت ابن عباس نے فرمایا اہل طاعت کے لئے اس کا حکم مغفرت اور گناہگاروں کے لئے فیصلہ بدبختی نافذ ہے۔

وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ اور اسی (کے حکم) کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے مرنے کے بعد زندہ کر کے اٹھائے جاؤ گے۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ

تو کہہ دیکھو تو اگر اللہ رکھ دے تم پر رات

الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

ہمیشہ کو قیامت کے دن تک

دن کی روشنی کی نعمت:

مثلاً سورج کو طلوع نہ ہونے دے یا اُس سے روشنی سلب کر لے تو اپنے کاروبار کے لئے ایسی روشنی کہاں سے لاسکتے ہیں۔

مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِضِيَاۗءٍ ۭ

کون حاکم ہے اللہ کے سوائے کہ لائے تم کو کہیں سے روشنی

اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ﴿۷۱﴾

پھر کیا تم سنتے نہیں

یہ بات ایسی روشن اور صاف ہے کہ سنتے ہی سمجھ میں آجائے۔ تو کیا تم سنتے بھی نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ

تو کہہ دیکھو تو اگر رکھ دے اللہ تم پر دن

سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ

ہمیشہ کو قیامت کے دن تک کون حاکم ہے اللہ کے سوائے

يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ ۭ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۷۲﴾

کہ لائے تم کو رات جس میں آرام کرو پھر کیا تم نہیں دیکھتے

besturdubooks.wordpress.com

رات کی نعمت:

یعنی اگر آفتاب کو غروب نہ ہونے دے ہمیشہ تمہارے سروں پر کھڑا رکھے تو جو راحت وسکون اور دوسرے فوائد رات کے آنے سے حاصل ہوتے ہیں اُن کا سامان کون سی طاقت کرسکتی ہے۔ کیا ایسی روشن حقیقت بھی تم کو نظر نہیں آتی۔

(تنبیہ) اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَدًا کے مناسب ہے کیونکہ آنکھ سے دیکھنا عادۃً روشنی پر موقوف ہے جو دن میں پوری طرح ہوتی ہے۔ رات کی تاریکی میں چونکہ دیکھنے کی صورت نہیں، ہاں سننا ممکن ہے، اس لئے اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ سَرْمَدًا اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ کیساتھ فرمانا ہی موزوں تھا۔ واللہ اعلم۔

وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ

اور اپنی مہربانی سے بنا دیئے تمہارے واسطے رات اور دن

لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ

کہ اُس میں چین بھی کرو اور تلاش بھی کرو کچھ اُس کا فضل

وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾

اور تاکہ تم شکر کرو

یعنی رات دن کا اُلٹ پھیر کرتا رہتا ہے تا رات کی تاریکی اور خنکی میں سکون وراحت بھی حاصل کرو اور دن کے اُجالے میں کاروبار بھی جاری رکھ سکو۔ اور روز وشب کے مختلف النوع انعامات پر حق تعالیٰ کا شکر ادا کرتے رہو۔

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِىَ الَّذِيْنَ

اور جس دن اُن کو پکارے گا تو فرمائے گا کہاں ہیں میرے شریک جن کا

كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۷۴﴾ وَنَزَعْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا

تم دعویٰ کرتے تھے اور جدا کریں گے ہم ہر فرقہ میں سے ایک احوال بتلانے والا

اعمال کے گواہ:

احوال بتلانے والا پیغمبر یا اُن کے نائب یا جو نیک بخت تھے۔ (موضح) وہ بتلائیں گے کہ لوگوں نے شرائع سماویہ اور احکام الٰہیہ کے ساتھ کیسا برتاؤ کیا۔ (تفسیر عثمانی)

اور یاد کرو اس دن کو جب کہ اللہ ان (کافروں) کو ندا دے گا اور فرمائے گا (آج) کہاں ہیں وہ میرے (فرض کئے ہوئے) شریک جن کو تم (اپنا سفارشی اور عذاب خدا سے بچانے والا) خیال کرتے تھے۔

یہ زجر کے بعد دوسری زجر ہے یہ تنبیہ ہے اس امر پر کہ اللہ کے غضب کا موجب سب سے بڑھ کر شرک ہے پہلی زجر تھی اس بات پر کہ وہ اپنے سرداروں کے نقش قدم پر چلتے تھے اور سرداروں کا اتباع کر کے انہوں نے اللہ کی عبادت کو ترک کر دیا تھا اور یہ دوسری زجر ہے اس بات پر کہ ان کا عقیدہ ہی بگڑا ہوا ہے وہ پتھروں کو اپنا سفارشی سمجھتے ہیں۔

نَزَعْنَا ہم نکال کر لائیں گے شَهِيْدًا یعنی پیغمبر کو جو ان کے خلاف شہادت دیں گے۔ بُرْهَانَكُمْ اپنی دلیل یعنی اس بات کی دلیل کہ جس مذہب پر وہ چلتے تھے وہ صحیح تھا اَنَّ الْحَقَّ لِلّٰهِ کہ الوہیت اللہ ہی کی حق ہے الوہیت میں اس کا کوئی شریک نہیں ضَلَّ غائب ہو جائیں گی جیسے کوئی کھوئی ہوئی چیز غائب ہو جاتی ہے مَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ یعنی دنیا میں جو بے اصل باتیں گھڑتے تھے۔ (تفسیر مظہری)

فَقُلْنَا هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ

پھر کہیں گے لاؤ اپنی سند

یعنی خدا تعالیٰ کے شریک کس سند اور دلیل سے ٹھہرائے اور حلال وحرام وغیرہ کے احکام کس ماخذ صحیح سے لئے تھے پیغمبروں کو تو تم نے مانا نہیں، پھر کس نے بتلایا کہ خدا کا یہ حکم ہے یہ نہیں۔

فَعَلِمُوْٓا اَنَّ الْحَقَّ لِلّٰهِ وَضَلَّ عَنْهُمْ

تب جان لیں گے کہ سچ بات ہے اللہ کی اور کھوئی جائیں گی اُن سے

مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۷۵﴾

جو باتیں وہ جوڑتے تھے

تب ان پر حق واضح ہوگا:

یعنی اُس وقت نظر آجائے گا کہ سچی بات اللہ کی ہے اور معبودیت صرف اُسی کا حق ہے۔ کوئی اُس کا شریک نہیں۔ دنیا میں پیغمبر جو بتلاتے تھے وہ ہی ٹھیک ہے۔ مشرکین نے جو عقیدے گھڑ رکھے تھے اور جو باتیں اپنے دل سے جوڑی تھیں اُس روز سب کافور ہو جائیں گی۔

اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى فَبَغٰى عَلَيْهِمْ

قارون جو تھا سو موسیٰ کی قوم سے پھر شرارت کرنے لگا اُن پر

ربط مضامین:

رکوع سابق کے آغاز میں دنیا کی بے ثباتی اور حقارت آخرت کے مقابلہ میں بیان کی گئی تھی۔ بعدہٗ ذکر آخرت کی مناسبت سے کچھ احوال عالم

besturdubooks.wordpress.com

آخرت کے بیان ہوئے۔ رکوع حاضر میں پھر اصل مضمون کی طرف عود کیا گیا ہے اور اسی دعوے کے استشہاد میں قارون کا قصہ سنایا جاتا ہے۔

قارون ملعون:

کہتے ہیں کہ قارون حضرت موسیٰ علیہ السلام کا چچازاد بھائی تھا اور فرعون کی پیشی میں رہتا تھا جیسا کہ ظالم حکمتوں کا دستور ہے کہ کسی قوم کا خون چوسنے کے لئے انہی میں سے بعض افراد کو اپنا آلہ کار بنا لیتے ہیں۔ فرعون نے بنی اسرائیل میں سے اُس ملعون کو چن لیا تھا۔ قارون نے اُس وقت موقع پا کر دونوں ہاتھوں سے خوب دولت سمیٹی اور دنیوی اقتدار حاصل کیا۔ جب بنی اسرائیل حضرت موسیٰ کے زیر حکم آئے اور فرعون غرق ہوا تو اُس کی مالی ترقی کے ذرائع مسدود ہو گئے اور سرداری جاتی رہی۔ اس حسد و غیظ میں حضرت موسیٰ سے دل میں خلش رکھنے لگا۔ تاہم ظاہر میں مومن بنا ہوا تھا، تورات بہت پڑھتا اور علم حاصل کرنے میں مشغول رہتا تھا۔ مگر دل صاف نہ تھا۔ حضرت موسیٰ اور ہارون کی خداداد عزت و وجاہت دیکھ کر جلتا اور کہتا کہ آخر میں بھی اُن ہی کے چچا کا بیٹا ہوں۔ یہ کیا معنی کہ وہ دونوں تو نبی اور مذہبی سردار بن جائیں۔ مجھے کچھ بھی نہ ملے کبھی مایوس ہو کر شیخی مارتا کہ انہیں نبوت مل گئی تو کیا ہوا۔ میرے پاس مال و دولت کے اتنے خزانے ہیں جو کسی کو میسر نہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ایک مرتبہ زکوٰۃ نکالنے کا حکم دیا تو لوگوں سے کہنے لگا کہ اب تک تو موسیٰ جو احکام لائے ہم تم نے برداشت کئے۔ مگر کیا تم یہ بھی برداشت کر لو گے کہ وہ ہمارا مال بھی ہم سے وصول کرنے لگے۔ کچھ لوگوں نے اُس کی تائید میں کہا، نہیں، ہم برداشت نہیں کر سکتے۔ آخر ملعون نے حضرت موسیٰ کو بدنام کرنے کی ایک گندی تجویز سوچی۔ کسی عورت کو بہکا سکھلا کر آمادہ کیا کہ بھرے مجمع میں جب موسیٰ علیہ السلام زناء کی حد بیان فرمائیں تو اپنے ساتھ اُن کو متہم کرنا۔ چنانچہ عورت مجمع میں کہہ گزری جب حضرت موسیٰ نے اُس کو شدید قسمیں دیں، اور اللہ کے غضب سے ڈرایا تو اس کا دل ڈرا۔ تب اُس نے صاف کہہ دیا کہ قارون نے مجھ کو سکھلایا تھا۔ اُس وقت حضرت موسیٰ کی بددعا سے وہ مع اپنے گھر اور خزانوں کے زمین میں دھنسا دیا گیا۔ (تفسیر عثمانی)

مروی ہے کہ قارون حضرت موسیٰؑ کے چچا کا لڑکا تھا۔ اس کا نسب یہ ہے قارون بن یصہر بن قاہث۔ اور موسیٰ علیہ السلام کا نسب یہ ہے موسیٰؑ بن عمران بن قاہث۔ ابن اسحاقؒ کی تحقیق یہ ہے کہ یہ حضرت موسیٰؑ کا چچا تھا۔ لیکن اکثر علماء چچا کا لڑکا بتلاتے ہیں۔ یہ بہت خوش آواز تھا تورات بڑی خوش الحانی سے پڑھتا تھا۔ اس لئے اسے لوگ منور کہتے تھے۔ (تفسیر ابن کثیر)

معارف و مسائل

سورۂ قصص کے شروع سے یہاں تک حضرت موسیٰ علیہ السلام کا وہ قصہ مذکور تھا جو اُن کو فرعون اور آلِ فرعون کے ساتھ پیش آیا، یہاں ان کا دوسرا قصہ بیان ہوتا ہے جو اپنی برادری کے آدمی قارون کے ساتھ پیش آیا اور مناسبت اس کی سابقہ آیتوں سے یہ ہے کہ پچھلی آیت میں یہ ارشاد ہوا تھا کہ دنیا کی دولت و مال جو تمہیں دیا جاتا ہے وہ چند روزہ متاع ہے اس کی محبت میں لگ جانا دانشمندی نہیں۔

قارون ایک عجمی لفظ غالباً عبرانی زبان کا ہے۔

روح المعانی میں محمد ابن اسحٰق کی روایت سے نقل کیا ہے کہ قارون تورات کا حافظ تھا اور دوسرے بنی اسرائیل سے زیادہ اس کو تورات یاد تھی مگر سامری کی طرح منافق ثابت ہوا اور اس کی منافقت کا سبب دنیا کے جاہ و عزت کی بیجا حرص تھی۔ پورے بنی اسرائیل کی سیادت حضرت موسیٰ علیہ السلام کو حاصل تھی اور ان کے بھائی ہارون اُن کے وزیر اور شریک نبوت تھے اس کو یہ حسد ہوا کہ میں بھی تو ان کی برادری کا بھائی اور قریبی رشتہ دار ہوں میرا اس سیادت و قیادت میں کوئی حصہ کیوں نہیں۔ چنانچہ موسیٰ علیہ السلام سے اس کی شکایت کی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ جو کچھ ہے وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے مجھے اس میں کچھ دخل نہیں، مگر وہ اس پر مطمئن نہ ہوا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام سے حسد رکھنے لگا۔

فَبَغٰى عَلَيْهِمْ لفظ بغی چند معانی کے لئے آتا ہے۔ مشہور معنے ظلم کے ہیں، یہاں یہ معنی بھی مُراد ہو سکتے ہیں کہ اس نے اپنے مال و دولت کے نشہ میں دوسروں پر ظلم کرنا شروع کیا، یحیٰی بن سلام اور سعید بن مسیبؒ نے فرمایا کہ قارون سرمایہ دار آدمی تھا، فرعون کی طرف سے بنی اسرائیل کی نگرانی پر مامور تھا، اس امارت کے عہدے میں اُس نے بنی اسرائیل کو ستایا (قرطبی) (معارف مفتی)

چادر لٹکانا:

شہر بن حوشب نے کہا (غرور و تکبر کا مظاہرہ کرنے کے لئے) قارون نے اپنے کپڑوں کی لمبائی (دوسروں کے مقابلہ میں) ایک بالشت بڑھائی تھی (یعنی اس کے کپڑے نیچے لٹکتے تھے)

حضرت ابن عمر راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنا کپڑا (ازار یعنی تہبند لنگی یا کرتا عبا چغہ وغیرہ) تکبر سے کھینچ کر چلتا ہے اللہ اس کی طرف (رحمت کی) نظر نہیں کرے گا۔ رواہ البغوی۔ مسلم نے حضرت ابوہریرہ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اپنی چادر غرور کی وجہ سے کھینچتا چلتا ہے اللہ (قیامت کے دن رحمت کی) نظر سے اس کی طرف نہیں دیکھے گا۔ امام احمد اور نسائی نے صحیح سند سے حضرت

besturdubooks.wordpress.com

ابن عباس کی مرفوع روایت نقل کی ہے کہ اللہ (رحمت کی نظر سے) اس شخص کو نہیں دیکھے گا جو اپنی ازار (لنگی یا تہبند) کو گھسیٹتا چلتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ مَآ اِنَّ مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓاُ

اور ہم نے دیئے تھے اُس کو خزانے اتنے کہ اُس کی کنجیاں اُٹھانے سے

بِالْعُصْبَةِ اُولِي الْقُوَّةِ

تھک جاتے کئی مرد زور آور

قارون کے خزانے:

بعض سلف نے مفاتح کی تفسیر خزائن سے کی ہے یعنی اس قدر روپیہ تھا کہ طاقتور مردوں کی ایک جماعت بھی اُسے مشکل سے اُٹھا سکتی۔ لیکن اکثر مفسرین نے مفاتح کی تفسیر کنجیوں سے کی ہے۔ یعنی مال کے صندوق اتنے تھے جن کی کنجیاں اُٹھاتے ہوئے کئی زور آور آدمی تھک جائیں۔ اور یہ چنداں مستبعد نہیں جیسا کہ بعض تفاسیر میں اس کی صورت بتلائی گئی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت حیوہ مصری کی کرامت:

چنانچہ مروی ہے کہ حضرت حیوہ بن شریح مصریؒ سے ایک مرتبہ کسی سائل نے سوال کیا اور آپ کے پاس کچھ نہ تھا اور اس کی حاجتمندی اور ضرورت کو دیکھ کر آپ دل میں بہت آزردہ ہو رہے تھے آخر آپ نے ایک کنکر زمین سے اُٹھا لیا اور کچھ دیر اپنے ہاتھوں میں اُلٹ پلٹ کر کے فقیر کی جھولی میں ڈال دیا تو وہ سونے کا ڈلا بن گیا۔ معجزے اور کرامات حدیثوں اور آثار میں اور بھی بہت سی مروی ہیں، جنہیں یہاں بیان کرنا باعثِ طول ہو گا۔ بعض کا قول ہے کہ قارون اسمِ اعظم جانتا تھا جسے پڑھ کر اس نے اپنی مالداری کی دعا کی تو اس قدر دولتمند ہو گیا۔ (تفسیر ابن کثیر)

اِذْ قَالَ لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ

جب کہا اُس کو اُس کی قوم نے اترا مت اللہ کو

لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ ﴿۷۶﴾

نہیں بھاتے اترانے والے

دولت پر اترانا: یعنی اس فانی و زائل دولت پر کیا اتراتا ہے۔ جس کی وقعت اللہ کے ہاں بَر پشہ کی برابر بھی نہیں۔ خوب سمجھ لے کہ خدا تعالیٰ کو اکڑنے اور اترانے والے بندے اچھے نہیں معلوم ہوتے اور جو چیز اُس مالک کو نہ بھائے اُس کا نتیجہ بجز تباہی و ہلاکت کے کیا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

فرح کا لغوی ترجمہ ہے خوشی اور مرعوب چیز پا کر سینہ کی کشائش جس فرح کی ممانعت کی گئی ہے وہ فرح بمعنی غرور ہے۔ جب انسان اپنے کو غنی پاتا ہے تو اترانے لگتا ہے مغرور ہو جاتا ہے تکبر کرنے لگتا ہے۔ ایسی فرح کی ممانعت ہے۔ اللہ نے اسی کو طغیان (پھولا نہ سمانا حد سے تجاوز کرنا) فرمایا ہے ارشاد فرمایا ہے اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓى اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى انسان نے اپنے کو غنی پایا تو طغیان (غرور تکبر) کرنے لگا۔ قاموس میں ہے فرح کا معنی ہے خوشی اور (اپنے کو) دیکھنا۔ بغوی نے لاتفرح کا ترجمہ کیا ہے نہ اترا غرور نہ کر نہ اکڑ۔

حصولِ مقصد پر خوشی:

فرح یعنی حصولِ مقصد سے خوشی تو فطری امر ہے بندہ کے اختیار کو اس میں کوئی دخل نہیں اس لئے اس کی ممانعت کوئی معنی نہیں رکھتی۔ بیضاوی نے لکھا ہے کہ دنیا ملنے پر خوش ہونا مطلقاً مذموم ہے (خواہ غرور و تکبر پیدا ہو یا نہ ہو) کیونکہ دنیا کی محبت اور دنیا کی پسندیدگی موجب ہے زوال دنیا کی طرف سے غافل ہو جانے کی اور فنا و زوال کی طرف سے غافل ہونا بہرحال مذموم ہے یہ سمجھ لینا کہ دنیا فانی ہے اس کی ہر لذت زوال پذیر ہے یہ آنی جانی ہے۔ انسان سے تقاضا کرتا ہے کہ وہ دنیا سے دل نہ لگائے اسی لئے اللہ نے فرمایا ہے لِكَيْلَا تَاْسَوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتٰىكُمْ جو چیز تم کو نہ ملی اس کا غم نہ کرو اور جو کچھ اللہ نے تم کو عطا فرما دیا ہے اس پر خوش نہ ہو۔ (تفسیر مظہری)

فرح کی اجازت صرف آیت فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا میں اور آیت وَيَوْمَئِذٍ يَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ بِنَصْرِ اللّٰهِ میں دی گئی ہے میرے نزدیک قول فیصل یہ ہے کہ دنیا میں اس نعمت کے ملنے پر جو آخرت میں کام آنے والی ہے فرح کرنا بہرحال قابلِ تعریف ہے اور اسی کا حکم آیت فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا میں دیا گیا ہے۔ اور جس دنیاوی نعمت کے ملنے پر اللہ کا شکر بھی ادا کیا جائے اس پر بھی خوش ہونا اچھا ہے۔ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کھانے والا شکر گزار۔ روزہ دار صابر کی طرح ہے۔ ہاں اگر دنیوی لذتوں کے حصول کے بعد طغیان، سرکشی اور ناشکری پیدا ہو جائے تو قطعاً ایسی نعمت پر خوش ہونا مذموم ہے خوش ہونے کا مذموم یا محمود ہونا شکر اور ناشکری کی بناء پر ہے فی نفسہ بذاتِ خود حصولِ مطلوب پر خوش ہونا تو فطری امر ہے انسان کے اختیار کو اس میں دخل نہیں۔ (تفسیر مظہری)

اترانے کی سزا:

ایک حدیث میں ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک شخص اپنا تہبند لٹکائے فخر سے جا رہا تھا کہ اسے زمین میں دھنسا دیا گیا جو قیامت تک دھنستا ہوا چلا جائے گا (بخاری) احمد کی روایت میں ہے کہ دو چادروں میں اکڑتا ہوا نکلا تھا کہ خدا تعالیٰ نے زمین کو حکم دیا کہ اسے نگل جا۔ کتاب العجائب میں ہے نوفل بن ماحق کہتے ہیں کہ نجران کی مسجد میں میں نے ایک نوجوان کو دیکھا

besturdubooks.wordpress.com

بڑا لمبا چوڑا ابھر پور جوانی کے نشہ میں چُور گٹھے ہوئے بدن والا بانکا ترچھا اچھے رنگ روغن والا خوبصورت شکیل۔ میں نگاہیں جما کر اس کے جمال وکمال کو دیکھنے لگا، تو اُس نے کہا کیا دیکھ رہے ہو؟ میں نے کہا آپ کے حُسن وجمال کا مشاہدہ کر رہا ہوں، اور تعجب معلوم ہو رہا ہے۔ اس نے جواب دیا تو کیا خود اللہ تعالیٰ کو بھی تعجب ہے۔ نوفل کہتے ہیں کہ اس کلمہ کے کہتے ہی وہ گھٹنے لگا اور اس کا رنگ روپ اُڑنے لگا اور قد پست ہونے لگا، یہاں تک کہ بقدر ایک بالشت کے رہ گیا جسے اس کا کوئی قریبی رشتہ دار آستین میں ڈال کر لے گیا۔ یہ بھی مذکور ہے کہ قارون کی ہلاکت حضرت موسیٰ کی بددعا سے ہوئی تھی۔

تکبر اور اترانے کی حدود:

حضرت علیؓ سے منقول ہے کہ جسے یہ بات اچھی لگے کہ اُس کی جوتی کا تسمہ اپنے ساتھی کی جوتی کے تسمے سے اچھا ہو تو وہ بھی اس آیت میں داخل ہے، اس سے مراد یہ ہے کہ جب وہ فخر وغرور کرے۔ اور اگر صرف بطور زیبائش کے چاہتا ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں، جیسے صحیح حدیث سے ثابت ہے کہ ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ! میری تو یہ خوشی رہتی ہے کہ میری چادر بھی اچھی ہو میری جوتی بھی اچھی ہو تو کیا یہ بھی تکبر ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں نہیں یہ تو خوبصورتی ہے، اللہ تعالیٰ جمیل ہے اور وہ جمال کو پسند فرماتا ہے۔ (ابن کثیر)

لَا تَفْرَحْ فرح کے لفظی معنے اُس خوشی کے ہیں جو انسان کو کسی لذت عاجلہ کے سبب حاصل ہو۔ قرآن کریم نے بہت سی آیات میں فرح کو مذموم قرار دیا جیسا کہ ایک اسی آیت میں ہے اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ اور ایک آیت میں لَا تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتٰىكُمْ اور ایک آیت میں ہے فَرِحُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا اور بعض آیات میں فرح کی اجازت بلکہ ایک طرح کا امر بھی وارد ہوا ہے جیسے يَوْمَئِذٍ يَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ میں اور آیت میں فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ارشاد ہوا ہے۔ ان سب آیات کے مجموعہ سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ مذموم اور ممنوع وہ فرح ہے جو اترانے اور تکبر کرنے کی حد تک پہنچ جائے اور وہ جبھی ہو سکتا ہے کہ اس لذت وخوشی کو وہ اپنا ذاتی کمال اور ذاتی حق سمجھے اللہ تعالیٰ کا انعام واحسان نہ سمجھے۔ اور جو خوشی اس حد تک نہ پہنچے وہ ممنوع نہیں بلکہ ایک حیثیت سے مطلوب ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نعمت کی شکر گزاری ہے۔ (معارف مفتی)

وَابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ
اور جو تجھ کو اللہ نے دیا ہے اُس سے کمالے پچھلا گھر

مال ووسائل کا صحیح استعمال:

یعنی خدا کا دیا ہوا مال اس لئے ہے کہ انسان اسے آخرت کا توشہ بنائے۔ نہ یہ کہ غفلت کے نشہ میں چُور ہو کر غرور وتکبر کی چال چلنے لگے۔ (تفسیر عثمانی)

اور تجھ کو خدا نے جتنا دے رکھا ہے اس میں عالم آخرت کی بھی جستجو کیا کر اور دنیا سے اپنا حصہ (آخرت میں لے جانا) فراموش نہ کر اور جس طرح خدا نے تیرے ساتھ احسان کیا ہے تو بھی (اس کے بندوں کے ساتھ) احسان کیا کر اور دنیا میں بگاڑ کا خواہاں نہ ہو بے شک اللہ اہلِ فساد کو پسند نہیں کرتا۔

فِيْمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ یعنی اللہ نے جو دنیوی نعمتیں تجھے عطا فرمائی ہیں۔

الدَّارَ الْاٰخِرَةَ یعنی جنت کی طلب کر مطلب یہ ہے کہ خداداد نعمتوں کا شکر کر اور ان کو اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے راستہ میں خرچ کر۔

وَلَا تَنْسَ نہ بھول یعنی بھولی بسری چیز کی طرح دنیا سے اپنا حصہ ترک نہ کر یعنی دنیا سے اتنا حصہ ضرور حاصل کر جس سے آخرت میں جنت تجھے مل جائے۔ دنیا آخرت کی کھیتی ہے انسان کا دنیا میں اصلی نصیب وہ ہے جس سے آخرت کو حاصل کر لے۔ کذا قال مجاہد وابن زید۔

وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا وَاَحْسِنْ
اور نہ بھول اپنا حصہ دنیا سے اور بھلائی کر
كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ
جیسے اللہ نے بھلائی کی تجھ سے

دنیا کے مال میں آدمی کا حصہ:

یعنی حصہ موافق کھا، پہن اور زیادہ مال سے آخرت کما۔ اور مخلوق کے ساتھ سلوک کر۔

سدی نے کہا نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا سے مراد ہے خیرات دینی اور کنبہ پروری کرنی۔ حضرت علی نے فرمایا اپنی صحت قوت جوانی اور مالداری کو آخرت کے حصول کے لئے صرف کرنے کو ترک نہ کر۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ پانچ چیزوں کو غنیمت سمجھ اپنی زندگی کو مرنے سے پہلے اپنی صحت کو بیماری سے پہلے اپنی فرصت کو مشغولیت سے پہلے اپنی جوانی کو بڑھاپے سے پہلے اور اپنی مالداری کو افلاس سے پہلے۔ رواہ الحاکم والبیہقی بسند صحیح۔ واحمد فی الزہد۔ (تفسیر مظہری)

بدنیا توانی کہ عقبیٰ خری ... اگر گنج قاروں بچنگ آوری
بخر جاں من ورنہ حسرت بری ... سعدیؒ نماند مگر آنکہ بخشی بری

اور بعض علماء نے نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا کی یہ تفسیر کی ہے کہ انسان کا حصہ دنیا سے کفن ہے جب اس جہان سے جانے لگے گا تو اتنا ہی نصیب ہو گا لہٰذا انسان کو چاہئے کہ اس پر نظر رکھے کہ میرا حصہ دنیا سے صرف کفن کی دو چادریں ہیں۔ اسی خیال کو پیش نظر رکھے اور دنیا کے مال ومنال پر گھمنڈ نہ

besturdubooks.wordpress.com

کرے اسی بنا پر کسی شاعر کا قول ہے۔

نصیبک مما تجمع الدھر کلّہ ردآء ان تلوی فیھما و حنوط

یعنی جو کچھ تو ساری عمر جمع کرے گا۔ اس میں سے تیرا حصہ صرف کفن کی دو چادریں ہیں جن میں تو لپیٹا جائے گا۔

اور حنوط یعنی خوشبو ہے جو کفن پر لگائی جاتی ہے۔

نظم

گر ملک تو شام تا یمن خواہد بود وز سرحد روم تا ختن خواہد بود
آنروز کز ین جہاں کنی عزم سفر ہمراہ تو چند گز کفن خواہد بود
اگر پہلوانی اگر تیغ زن نخواہی بدر بردن الا کفن

(سعدیؒ)

(معارف کاندھلوی)

وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْأَرْضِ ۖ إِنَّ اللّٰهَ
اور مت چاہ خرابی ڈالنی ملک میں اللہ کو بھاتے
لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِينَ ﴿۷۷﴾
نہیں خرابی ڈالنے والے

زمین میں فساد نہ کر:

یعنی حضرت موسیٰ کی ضد نہ کر، خدا کی زمین پر سیدھی طرح رہ خواہ مخواہ ملک میں اودھم مچانا اور خرابیاں ڈالنا اچھا نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

بغوی نے لکھا ہے جس نے اللہ کی نافرمانی کی وہ زمین پر فساد کا طلب گار ہوا۔ (یعنی گناہ اور اللہ کی نافرمانی ہی فساد اور تباہی ہے)

لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِينَ یعنی بداعمالوں کی بداعمالی کی وجہ سے اللہ ان کو پسند نہیں کرتا۔ (تفسیر مظہری)

قَالَ إِنَّمَآ أُوتِيتُهُ عَلَىٰ عِلْمٍ عِندِي ۚ
بولا یہ مال تو مجھ کو ملا ہے ایک ہنر سے جو میرے پاس ہے

قارون کا تکبر و خودغرضی:

یعنی میں ہنرمند تھا۔ کمانے کا سلیقہ رکھتا تھا۔ اپنی لیاقت و قابلیت یا کسی خاص علمی مہارت سے مجھے یہ دولت حاصل ہوئی۔ اللہ نے بھی میری لیاقت کو دیکھ کر اور قابل جان کر یہ کچھ دیا ہے۔ کیا یونہی بیٹھے بٹھائے بے محنت مل گیا ہے کہ موسیٰ کے حکم اور تمہارے مشورہ کے موافق خدا کے نام پر خرچ کر ڈالوں۔ (تفسیر عثمانی)

قَالَ إِنَّمَآ أُوتِيتُهُ عَلَىٰ عِلْمٍ عِندِي قارون نے کہا مجھے جو کچھ ملا ہے (مجھے دیا گیا ہے) وہ مجھے میرے علم کی وجہ سے ملا ہے۔ قوم والوں نے قارون سے کہا تھا، أَحْسِن كَمَآ أَحْسَنَ اللّٰهُ إِلَيْكَ قارون نے اس کا تردیدی جواب یہ دیا مطلب یہ ہے کہ اللہ نے میرے ساتھ کوئی احسان نہیں کیا مجھے اس کا استحقاق تھا اس کی کوئی مہربانی نہیں جس کا شکریہ ادا کرنا مجھ پر لازم ہو اور اس کے بندوں سے بھلائی کرنا مجھ پر فرض ہو جائے مجھے جو کچھ عزت مال اور سیادت ملی وہ میرے علم کی وجہ سے ملی۔ (تفسیر مظہری)

کیمیا گری کا علم:

بعض علماء نے کہا علم سے مراد ہے کیمیا گری، سعید بن مسیب کا بیان ہے۔ حضرت موسیٰ کیمیا بنانی جانتے تھے آپ نے علم کیمیا کا ایک حصہ تو یوشع بن نون کو سکھا دیا اور ایک تہائی حصہ کالب بن یوقنا کو اور ایک تہائی قارون کو۔ قارون نے یوشع اور کالب کو فریب دے کر وہ حصہ بھی معلوم کر لیا جو انہوں نے سیکھا تھا اس طرح پورا علم کیمیا اس کو حاصل ہو گیا اس کی مالداری کا یہی گر تھا بعض اہل علم نے کہا۔ قارون نے جو لفظ علم بولا تھا اس سے اس کی مراد یہ تھی کہ میں تجارت کے گر جانتا ہوں کاشتکاری کے فن سے خوب واقف ہوں اور کمائی کے دوسرے راستے مجھے معلوم ہیں انہی ذرائع سے میرے پاس مال آیا ہے۔

بُری خصلتیں:

سہل نے کہا جس نے اپنے کو دیکھا (یعنی اترایا) اس نے فلاح نہیں پائی خوش نصیب وہ ہے جس نے اپنے اوپر (غرور کی) نظر نہ ڈالی اور (ظر غرور سے) اپنے افعال و اعمال کو نہیں دیکھا اور بدبخت وہ ہے جس کی نظر میں اس کے اپنے اقوال اعمال اور احوال پسندیدہ بنا کر دکھا دیئے ہوں اور ان پر فخر کرنے لگا ہو عنقریب کسی دن ایسا بدنصیب ہلاک کر دیا جائے گا جس طرح کہ قارون کو زمین میں دھنسا دیا گیا جب کہ اس نے اپنے لئے برتری کا دعویٰ کیا تھا۔ (تفسیر مظہری)

أَوَلَمْ يَعْلَمْ أَنَّ اللّٰهَ قَدْ أَهْلَكَ مِن قَبْلِهِ مِنَ
کیا اُس نے یہ نہ جانا کہ اللہ غارت کر چکا ہے اُس سے پہلے کتنی
الْقُرُونِ مَنْ هُوَ أَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً وَأَكْثَرُ جَمْعًا
جماعتیں جو اُس سے زیادہ رکھتی تھیں زور اور زیادہ رکھتی تھیں مال کی جمع

دولت کس نے دی؟

یعنی دولت کمانے کی لیاقت کس نے دی۔ افسوس ہے مُنعم حقیقی کو بھول کر اُس کی دی ہوئی دولت و لیاقت پر غرہ کرنے لگا۔ کیا اسی دولت کو اُس نے اپنی نجات کا ضامن تصور کر رکھا ہے۔ اُسے معلوم نہیں کتنی جماعتیں اپنی شرارت و سرکشی کی بدولت پہلے تباہ کی جا چکی ہیں۔ جن کے پاس بادشاہتیں تھیں۔ اور اس ملعون سے زیادہ خزانوں اور لشکروں کے مالک تھے۔ اُن کا

besturdubooks.wordpress.com

انجام سن کر اسے عبرت نہ ہوئی۔

وَلَا يُسْـَٔلُ عَنْ ذُنُوْبِهِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۷۸﴾
اور پوچھے نہ جائیں گنہگاروں سے اُن کے گناہ

سزا کیلئے اللہ کو گناہوں کے پوچھنے کی ضرورت نہیں:

یعنی پوچھنے کی ضرورت کیا ہوگی۔ اللہ کو اُن کے گناہ ایک ایک کر کے معلوم ہیں فرشتوں کے ہاں سب لکھے ہوئے ہیں، ہاں بطور توبیخ وتقریع اگر کسی وقت سوال ہو وہ دوسری بات ہے۔ یا یہ کنایہ ہے گناہوں کی کثرت سے یعنی اتنی تعداد میں ہوں گے کہ ایک ایک جزئی کی پوچھ پاچھ کی ضرورت نہ رہے گی۔ اور حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ ''پوچھے نہ جائیں گے گناہ، یعنی گنہگار کی سمجھ درست ہو تو گناہ کیوں کرے۔ جب سمجھ الٹی پڑے تو الزام دینے سے کیا فائدہ کہ یہ بُرا کام کیوں کرتا ہے اس کی بُرائی نہیں سمجھتا'' (موضح) (تفسیر عثمانی)

وَلَا يُسْـَٔلُ عَنْ ذُنُوْبِهِمُ الْمُجْرِمُوْنَ اور مجرموں سے ان کے قصوروں کے متعلق (تحقیق کی غرض سے) نہیں پوچھا جائے گا۔ کیونکہ اللہ کو پہلے ہی سے ان کے جرائم معلوم ہوں گے اس کو پوچھنے اور دریافت کرنے کی ضرورت نہیں۔ اسی لئے دنیا میں وہ بغیر دریافت کئے جرائم کی سزا میں ہلاک کرتا ہے اور آخرت میں دوزخ میں داخل کرے گا۔ پہلے اللہ نے ایسے لوگوں کو ہلاک کرنے کا ذکر کیا جو مالدار بھی بہت تھے اور تعداد میں بھی بہت تھے تاکہ قارون کے دل میں اپنی ہلاکت کا خوف پیدا ہو اس آیت میں فرمایا کہ یہ عذاب انہیں کے ساتھ خاص نہ تھا بلکہ اللہ تمام اگلے پچھلے مجرموں کے جرائم پر مطلع ہے سب کو سزا دے گا۔ قتادہ نے لَا يُسْـَٔلُ کا یہ مطلب بیان کیا کہ بغیر پوچھے اور بغیر حساب لئے ان کو دوزخ میں ڈال دیا جائے گا مجاہد نے کہا فرشتے ان سے ان کے جرائم کا سوال نہیں کریں گے بلکہ چہروں سے ہی پہچان لیں گے حسن نے کہا دریافت حال اور تحقیق کے لئے ان سے نہیں پوچھا جائے گا بلکہ توبیخ وزجر کی غرض سے باز پرس کی جائے گی۔ (تفسیر مظہری)

فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ فِىْ زِيْنَتِهٖ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ
پھر نکلا اپنی قوم کے سامنے اپنے ٹھاٹھ سے کہنے لگے جو لوگ
يُرِيْدُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَآ
طالب تھے دنیا کی زندگانی کے اے کاش ہم کو ملے جیسا کچھ ملا ہے
اُوْتِىَ قَارُوْنُ ۙ اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿۷۹﴾
قارون کو بیشک اس کی بڑی قسمت ہے

قارون کی ٹیپ ٹاپ:

یعنی لباس فاخرہ پہن کر بہت سے خدم وحشم کے ساتھ بڑی شان وشکوہ اور ٹیپ ٹاپ سے نکلا، جسے دیکھ کر طالبین دنیا کی آنکھیں چندھیا گئیں۔ کہنے لگے کاش ہم بھی دنیا میں ایسی ترقی اور عروج حاصل کرتے جو اس کو حاصل ہوا۔ بیشک یہ بڑا ہی صاحب اقبال اور بڑی قسمت والا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

مقاتل نے کہا قارون سفید خچر پر نکلا خچر پر سنہری ارغوانی زین تھی چار ہزار سوار تھے ان سواروں کے گھوڑے ارغوانی تھے تین سو باندیاں بھی سفید خچروں پر سوار ساتھ تھیں باندیاں گوری گوری۔ زیور اور سرخ لباس سے آراستہ تھیں۔

بنی اسرائیل (اگرچہ دنیا کے طلب گار تھے لیکن) مومن تھے اس لئے یہ نہیں کہا کہ قارون کی دولت ہم کو مل جاتی یہ تو حسد ہو جاتا بلکہ یوں کہا کہ قارون کی دولت کی طرح کاش ہم کو بھی دولت مل جاتی۔ (تفسیر مظہری)

وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ
اور بولے جن کو ملی تھی سمجھ اے خرابی تمہاری اللہ کا
اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۚ
دیا ثواب بہتر ہے اُن کے واسطے جو یقین لائے اور کام کیا بھلا

دانا اہل علم کی نصیحت:

یعنی سمجھدار اور ذی علم لوگوں نے کہا کہ کم بختو اس فانی چمک دمک میں کیا رکھا ہے جو ریجھے جاتے ہو۔ مومنین صالحین کو اللہ کے ہاں جو دولت ملنے والی ہے اس کے سامنے یہ ٹیپ ٹاپ محض ہیچ اور لاشے ہے اتنی بھی نسبت نہیں جو ذرہ کو آفتاب سے ہوتی ہے۔

اور جن لوگوں کو (دین کا) علم عطا کیا گیا تھا انہوں نے کہا ارے تمہارا بُرا ہو اللہ کے گھر کا ثواب (ہزار درجہ) بہتر ہے جو ان لوگوں کو ملے گا جو ایمان لائے اور نیک اعمال کئے اور (کامل طور پر) انہی لوگوں کو دیا جائے گا جو (حرص وطمع سے) اپنے آپ کو روکنے والے ہیں۔

اُوْتُوا الْعِلْمَ یعنی جو لوگ اس ثواب سے واقف تھے جس کا وعدہ اللہ نے مومنوں سے کیا ہے انہوں نے ان تمنا کرنے والوں سے کہا۔

وَيْلَكُمْ لفظ ویل مصدر ہے اس کا معنی ہے ہلاکت۔ یہ فعل محذوف کا مفعول مطلق ہے یعنی تم مرو۔ ہلاک ہو جاؤ۔ حقیقت میں اس لفظ کا مفہوم ہے بددعا لیکن اس کا استعمال ناپسندیدہ کام سے روکنے اور زجر کرنے کے لئے ہوتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَلَا يُلَقّٰهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ ﴿۸۰﴾
اور یہ بات اُنہی کے دل میں پڑتی ہے جو سہنے والے ہیں

besturdubooks.wordpress.com

صبر کا پھل:

یعنی دنیا سے آخرت کو بہتر وہی جانتے ہیں جن سے محنت سہی جاتی ہے۔ اور بے صبر لوگ حرص کے مارے دنیا کی آرزو پر کرتے ہیں۔ نادان آدمی دنیا کی آسودگی دیکھ کر سمجھتا ہے کہ اس کی بڑی قسمت ہے اس کی شب و روز کی فکر و تشویش، دردسری اور آخرت کی ذلت کو اور سو جگہ خوشامد کرنے کو نہیں دیکھتا اور یہ نہیں دیکھتا کہ دنیا میں پچھ آرام ہے تو دس بیس برس، اور مرنے کے بعد کاٹنے ہیں ہزاروں برس۔ (موضح بتغییر یسیر) (تفسیر عثمانی)

اہل صبر از جملہ عالم برترند   صابران از اوج گردوں برترند
ہر کہ کارو تخم صبر اندر جہاں   بدرود محصول عیش صابران

وَلَا يُلَقّٰهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ یعنی یہ بات (کہ اللہ کا ثواب بہتر ہے) نہیں سمجھائی جاتی مگر اہل صبر کو یا اللہ کی طرف سے ثواب نہیں دیا جاتا مگر صابروں کو۔ الصابرون یعنی وہ لوگ جو اللہ کی طاعت پر جمے رہتے ہیں اور گناہوں سے اور دنیا کی حرص سے اپنے آپ کو روکے رکھتے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

فَخَسَفْنَا بِهٖ وَبِدَارِهِ الْاَرْضَ فَمَا كَانَ لَهٗ
پھر دھنسا دیا ہم نے اُس کو اور اس کے گھر کو زمین میں پھر نہ ہوئی اُس کی
مِنْ فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
کوئی جماعت جو مدد کرتی اس کی اللہ کے سوائے
وَمَا كَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِيْنَ
اور نہ وہ خود بدلا لے سکا

یعنی نہ کوئی دوسرا اپنی طرف سے مدد کو پہنچا نہ یہ کسی کو بلا سکا نہ اپنی ہی قوت کام آئی نہ دوسروں کی۔ (تفسیر عثمانی)

قارون کی سرکشی کا آغاز:

اہل روایت نے لکھا ہے کہ بنی اسرائیل میں حضرت موسیٰ و حضرت ہارون کے بعد قارون سب سے بڑا عالم تھا اور توریت کا سب سے بڑا قاری تھا سب سے زیادہ حسین خوش آواز اور مالدار بھی تھا لیکن اس نے سرکشی کی اور حدود خداوندی سے آگے بڑھ گیا سرکشی اور نافرمانی کی ابتدا اس واقعہ سے ہوئی کہ اللہ نے حضرت موسیٰ کے پاس وحی بھیجی اپنی قوم کو حکم دے دو کہ ہر شخص اپنی چادر کے چاروں کونوں پر ایک ایک نیلا آسمانی رنگ کا دھاگہ باندھ لیں تا کہ دھاگہ کو دیکھ کر آسمانی رنگ ان کی نظر کے سامنے آ جائے اور آسمانی رنگ کو دیکھ کر آسمان کی طرف نگاہ اٹھائیں اور ان کو یاد ہو جائے کہ اس آسمان سے اللہ نے اپنا کلام اتارا ہے حضرت موسیٰ نے عرض کیا اے میرے رب کیا تیرا حکم اس طرح نہیں پورا ہو سکتا کہ وہ اپنی پوری چادر کو نیلے رنگ میں رنگ لیں کیونکہ بنی اسرائیل ان دھاگوں کو حقارت کی نظر سے دیکھیں گے فرمایا موسیٰ میرا چھوٹا حکم بھی چھوٹا نہیں ہوتا اگر وہ میرا چھوٹا حکم بھی نہیں مانیں گے تو بڑا حکم بدرجہ اولیٰ نہیں مانیں گے حضرت موسیٰ نے بنی اسرائیل کو جمع کیا اور فرمایا اللہ کا حکم ہے کہ تم اپنی چادروں پر آسمانی رنگ کے دھاگے باندھ لیا کرو تا کہ ان کو دیکھ کر تم کو اپنے رب (کے کلام) کی یاد ہو جائے بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ کے حکم کی تعمیل کی لیکن قارون نے حکم نہیں مانا اور غرور سے کہنے لگا (موسیٰ سب کو غلام بنا لینا چاہتے ہیں) ایسا عمل تو آقا اپنے غلاموں کے ساتھ کرتے ہیں تا کہ ان کے غلام دوسرے غلاموں سے الگ معلوم ہو جائیں قارون کی نافرمانی اور سرکشی کا یہی آغاز تھا۔

قارون نے عہدہ طلب کر لیا:

پھر جب حضرت موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کو لے کر دریا کے پار پہنچ گئے تو بنی اسرائیل کی ساری قربانیوں کی نگرانی حضرت ہارون کے سپرد کر دی اور ان کو افسر قربانی بنا دیا۔ بنی اسرائیل اپنی اپنی قربانیاں حضرت ہارون کے پاس لاتے تھے اور ہارون ان قربانیوں کو قربانی کی جگہ میں رکھ دیتے پھر آسمان سے ایک آگ آ کر قربانی کو کھا جاتی تھی۔ قارون کو حضرت ہارون کی اس سرداری کا بھی رنج ہوا اور حضرت موسیٰ کے پاس آ کر کہنے لگا موسیٰ تمہارے لئے تو رسالت ہوئی اور ہارون کے لئے قربانی کی افسری اور میں جو توریت کا سب سے بڑا قاری ہوں مجھے کچھ نہیں ملا میں اس بات پر صبر نہیں کر سکتا حضرت موسیٰ نے فرمایا میں نے ہارون کو خود یہ عہدہ نہیں دیا ہے بلکہ اللہ نے یہ عہدہ ان کو دیا ہے۔ قارون نے کہا میں تو تمہاری بات اس وقت تک سچ نہیں مانوں گا جب تک تم اس کا ثبوت مجھے دکھا نہ دو حضرت موسیٰ نے بنی اسرائیل کو حکم دیا کہ ہر شخص اپنی اپنی لاٹھی لے کر آئے اور اس خیمہ کے اندر لا کر درخت کی طرح گاڑ دے۔ حسب الحکم سب لوگوں نے اپنی اپنی لاٹھیاں مقررہ خیمہ کے اندر لا کر کھڑی کر دیں رات یوں ہی گزر گئی صبح ہوئی تو لوگوں نے دیکھا کہ حضرت ہارون کی لاٹھی (ایک درخت کی طرح) سرسبز ہوئی اور اس میں ہرے ہرے پتے نکل آئے قارون کہنے لگا موسیٰ جو جادو تم بناتے رہے ہو اس سے زیادہ تعجب آفریں جادو یہ نہیں ہے۔

قارون کی حضرت موسیٰ علیہ السلام سے جدائی:

اس کے بعد قارون حضرت موسیٰ سے الگ ہو گیا حضرت موسیٰ قرابت کی وجہ سے اس سے نرمی کا سلوک کرتے رہے مگر وہ ہر وقت آپ کو دکھ ہی دیتا رہا اس کی سرکشی نافرمانی اور دشمنی بڑھتی ہی گئی اس نے (حضرت موسیٰ سے

besturdubooks.wordpress.com

کٹ کر) اپنا ایک مکان تعمیر کیا جس کا دروازہ سونے کا بنوایا اور دیواروں پر سونے کی پتریں لگوائیں بنی اسرائیل کے بڑے بڑے آدمی روزانہ صبح شام اس کے پاس آتے باتیں کرتے ہنسی مذاق کرتے اور قارون سب کو کھانا کھلاتا تھا (یہ محفل عیش روزانہ گرم ہوتی تھی)۔

قارون نے زکوٰۃ کا انکار کر دیا:

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کو زکوٰۃ ادا کرنے کا حکم دیا گیا (اور حضرت موسیٰ نے بنی اسرائیل کو وہ حکم سنایا) تو قارون نے ماننے سے انکار کر دیا آخر حضرت موسیٰ نے ایک فی ہزار کی شرط پر قارون سے مصالحت کر لی قارون نے وعدہ کر لیا کہ ہزار دینار میں ایک دینار ہزار درہم میں ایک درہم اور ہزار بکریوں میں ایک بکری مد زکوٰۃ میں ادا کرے گا جب قارون اس اقرار کے بعد اپنے گھر پہنچا اور حساب لگایا تو بڑی رقم ہوگئی اور اس کے دل نے اتنا کثیر مال دینے کی اجازت نہیں دی۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے خلاف فرعون کی تدبیریں ناکام:

آخر (سوچ کر ایک تدبیر کی) بنی اسرائیل کو جمع کیا اور سب سے خطاب کر کے کہا لوگو موسیٰ نے جو حکم بھی تم کو دیا تم نے اس کی تعمیل کی اب (یہاں تک نوبت پہنچ گئی کہ) وہ تمہارے مال بھی لے لینا چاہتا ہے۔ بنی اسرائیل نے کہا آپ ہمارے بڑے ہیں جو آپ کی منشاء ہو حکم دیجئے قارون نے کہا میں حکم دیتا ہوں کہ تم فلاں زانیہ عورت کو لے آؤ ہم کچھ معاوضہ دینا اس سے طے کر لیں گے وہ موسیٰ کو اپنے ساتھ زنا کرنے کی تہمت لگائے اگر اس نے ایسا کر لیا تو بنی اسرائیل موسیٰ کو چھوڑ دیں گے اور اس کے حلقہ سے نکل جائیں گے چنانچہ لوگوں نے اس عورت کو بلوایا قارون نے ایک ہزار درہم معاوضہ دینا منظور کر لیا۔ بعض روایات میں ہزار دینار بعض میں سونے کا ایک طشت دینا طے کیا بعض اہل روایت نے یہ بھی بیان کیا ہے کہ قارون نے اس سے کہا تجھے مالدار بنا دوں گا اور تجھے اپنی بیویوں میں شامل کر لوں گا بشرطیکہ کل صبح بنی اسرائیل موسیٰ کے پاس جمع ہوں تو موسیٰ کو اپنے ساتھ زنا کرنے پر تو متہم کر دے جب دوسرا دن ہوا تو قارون نے بنی اسرائیل کو جمع کیا پھر موسیٰ کے پاس گیا اور کہا بنی اسرائیل آپ کے برآمد ہونے کا انتظار کر رہے ہیں آپ باہر آ کر ان کو وعظ نصیحت کریں حضرت موسیٰ باہر آئے بنی اسرائیل اس وقت کھلے میدان میں جمع تھے آپ تقریر کرنے کھڑے ہوئے اور فرمایا اے بنی اسرائیل (سنو) جو چوری کرے گا ہم اس کا ہاتھ کاٹ دیں گے جو کسی پر زنا کی تہمت لگائے گا ہم اس کو کوڑے ماریں گے اور جو زنا کرے گا ہم اس کے کوڑے ماریں گے بشرطیکہ اس کی بیوی نہ ہو اور بیوی ہوتے ہوئے اگر زنا کرے گا تو ہم پتھر مار مار کر اس کو ہلاک کر دیں گے قارون بولا خواہ تم ہی ایسے ہو (تب بھی اپنے کو یہی سزا دو گے) حضرت موسیٰ نے فرمایا خواہ میں ہی ہوں قارون کہنے لگا بنی اسرائیل کا خیال ہے کہ تم نے فلاں عورت سے زنا کیا ہے حضرت موسیٰ نے فرمایا اس عورت کو بلواؤ اگر وہ یہ بات کہہ دے تو بات (صحیح) ہوگی جو وہ کہہ دے گی عورت آئی حضرت موسیٰ نے اس سے کہا اے عورت کیا میں نے تیرے ساتھ ایسا کیا ہے یہ لوگ کیا کہہ رہے ہیں حضرت موسیٰ نے اس الزام کا بڑا اثر لیا اور اس خدا کا حوالہ دیا جس نے بنی اسرائیل کے لئے دریا کو پھاڑ دیا اور توریت نازل فرمائی اور فرمایا کیا تو سچ سچ نہیں کہے گی اللہ نے اس عورت کا خیال پلٹ دیا اور اس نے اپنے دل میں خیال کیا کہ آج توبہ کر لینا اللہ کے رسول کو دکھ دینے سے بہتر ہے کہنے لگی نہیں۔ یہ لوگ جھوٹ کہتے ہیں بلکہ قارون نے مجھے معاوضہ دینا طے کیا تھا اگر میں آپ پر زنا کی تہمت لگا دوں۔ حضرت موسیٰ یہ سنتے ہی سجدہ میں گر پڑے اور رو رو کر کہنے لگے اے اللہ اگر میں تیرا رسول ہوں تو میری وجہ سے اس پر غضب نازل فرما اللہ نے وحی بھیجی کہ زمین کو تمہارے زیر حکم کر دیا گیا تم جو حکم چاہو اس کو دو یہ حکم کی تعمیل کرے گی حضرت موسیٰ نے فرمایا۔

قارون کی ہلاکت:

اے بنی اسرائیل اللہ نے جس طرح مجھے فرعون کے پاس بھیجا تھا۔ اسی طرح قارون کے پاس بھی بھیجا تھا۔ اب جو اس کے ساتھ رہنا چاہے وہ اس کے پاس ٹھہرا رہے اور جو میرا ساتھ دینا چاہے وہ اس کے پاس سے الگ ہو جائے۔ یہ سنتے ہی سب لوگوں نے قارون کا ساتھ چھوڑ دیا سب اس کے پاس سے ہٹ آئے صرف دو آدمی اس کے پاس رہ گئے پھر حضرت موسیٰ نے (زمین کو حکم دیا اور) فرمایا اے زمین ان کو لے لے زمین نے ان کے قدم کھینچ لئے ایک روایت میں آیا ہے کہ وہ اپنے تخت اور فرش پر اس وقت موجود تھا زمین نے اس کے تخت کو نگل لیا پھر آپ نے زمین کو حکم دیا لے لے زمین نے گھٹنوں تک ان کو نگل لیا پھر آپ نے فرمایا ان کو لے زمین نے کمر تک ان کو نگل لیا پھر آپ نے فرمایا زمین ان کو لے۔ زمین ان کو گلے تک نگل گئی قارون اور اس کے ساتھی برابر موسیٰ علیہ السلام سے منت زاری کرتے رہے اور قارون برابر حضرت موسیٰ کو اللہ کا اور قرابت کا واسطہ دیتا رہا یہاں تک کہ ستر بار اس نے واسطہ دیا لیکن شدت غضب کی وجہ سے حضرت موسیٰ نے اس کی طرف کوئی التفات نہیں کی اور زمین کو حکم دیا ان کو لے غرض زمین نے سب کو نگل لیا۔

اللہ نے موسیٰ کے پاس وحی بھیجی اور فرمایا تمہارا دل بھی کیسا سخت ہے قارون نے ستر بار تم سے فریاد کی مگر تم نے ایک بار بھی اس کی فریاد رسی نہیں کی قسم ہے اپنی عزت و عظمت کی اگر وہ ایک بار بھی مجھ سے فریاد کرتا تو میں اس کی فریاد رسی ضرور کرتا بعض اقوال میں آیا ہے کہ اللہ نے فرمایا آئندہ میں زمین کو کسی کا تابع حکم نہیں بناؤں گا۔

قتادہ نے کہا زمین نے قارون کو اپنے اندر دھنسا لیا اور وہ روز بقدر قد آدم زمین کے اندر دھنس رہا ہے اور یونہی دھنستا رہے گا مگر قیامت تک انتہائی گہرائی کو نہ پہنچ سکے گا قارون کے زمین میں گھس جانے کے بعد بنی اسرائیل آپس میں کہنے لگے کہ موسیٰ نے قارون کے لئے بددعا صرف اس لئے کی کہ خود اس کی جگہ اس کا مکان خزانے اور سارا مال متاع لینا چاہتے ہیں حضرت

besturdubooks.wordpress.com

موسیٰ نے دعا کی آپ کی دعا سے اللہ نے اس کے ساتھ اس کے گھر اور خزانوں اور مال متاع کو بھی زمین میں دھنسا دیا۔ (تفسیر مظہری)

وَاَصْبَحَ الَّذِیْنَ تَمَنَّوْا مَکَانَهٗ بِالْاَمْسِ

اور صبح کو لگے کہنے جو کل شام آرزو کرتے تھے اس کا سا

يَقُوْلُوْنَ وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ

ارے خرابی یہ تو اللہ کھول دیتا ہے روزی

لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ

جس کو چاہے اپنے بندوں میں اور تنگ کر دیتا ہے

قارون کی ہلاکت سے عبرت:

یعنی جو لوگ قارون کی ترقی وترفع کو دیکھ کر کل یہ آرزو کر رہے تھے کہ کاش ہم کو بھی ایسا عروج حاصل ہوتا، آج اُس کا یہ بُرا انجام دیکھ کر کانوں پر ہاتھ دھرنے لگے۔ اب اُن کو ہوش آیا کہ ایسی دولت حقیقت میں ایک خوبصورت سانپ ہے جس کے اندر مہلک زہر بھرا ہوا ہے کسی شخص کی دنیوی ترقی وعروج کو دیکھ کر ہم کو ہرگز یہ فیصلہ نہیں کر لینا چاہیے کہ اللہ کے ہاں وہ کچھ عزت ووجاہت رکھتا ہے۔ یہ چیز کسی بندے کے مقبول ومردود ہونے کا معیار نہیں بن سکتی۔ اللہ تعالیٰ کی حکمت ہے جس پر مناسب جانے روزی کے دروازے کھول دے جس پر چاہے تنگ کر دے۔ مال و دولت کی فراخی مقبولیت اور خوش انجامی کی دلیل نہیں۔ بلکہ بسا اوقات اُس کا نتیجہ تباہی اور ابدی ہلاکت کی صورت میں نمودار ہوتا ہے۔ ؎

کَمْ عَاقِلٍ عَاقِلٍ اَعْیَتْ مَذَاهِبُهٗ — کَمْ جَاهِلٍ جَاهِلٍ تَلْقَاهُ مَرْزُوْقًا

هٰذَا الَّذِیْ تَرَکَ الْاَوْهَامَ حَائِرَةً — وَصَیَّرَ الْعَالِمَ النِّحْرِیْرَ زِنْدِیْقًا

لَوْلَآ اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا ؕ

اگر نہ احسان کرتا ہم پر اللہ تو ہم کو بھی دھنسا دیتا

وَيْكَاَنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝۸۲

ارے خرابی یہ تو چھٹکارا نہیں پاتے منکر

حقیقت سے آگاہی: یعنی خدا تعالیٰ کا احسان ہے اُس نے ہم کو قارون کی طرح نہ بنایا۔ ورنہ یہی گت ہماری بنتی، اپنی طرف سے تو ہم حرص کے مارے يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ قَارُوْنُ کی آرزو کر ہی چکے تھے۔ خدا نے خیر کی کہ ہماری آرزو کو پورا نہ کیا۔ اور نہ ہماری حرص پر سزا دی۔ بلکہ قارون کا حشر آنکھوں سے دکھلا کر بیدار فرما دیا، اب ہمیں خوب کھل گیا کہ محض مال وزر کی ترقی سے حقیقی فلاح وکامیابی حاصل نہیں ہو سکتی، اور یہ کرنا

شکر گزار منکروں کے لئے عذاب الٰہی سے چھٹکارا نہیں۔

تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ

وہ گھر پچھلا ہے ہم دیں گے وہ اُن لوگوں کو جو نہیں چاہتے

عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝

اپنی بڑائی ملک میں اور نہ بگاڑ ڈالنا اور عاقبت بھلی ہے ڈرنے والوں کی

اصل خوش بختی: یعنی قارون کی دولت کو نادانوں نے کہا کہ اس کی بڑی قسمت ہے بڑی قسمت یہ نہیں، آخرت کا ملنا بڑی قسمت ہے۔ سو وہ اُن کے لئے ہے جو اللہ کے ملک میں شرارت کرنا اور بگاڑ ڈالنا نہیں چاہتے اور اس فکر میں نہیں رہتے کہ اپنی ذات کو سب سے اونچا رکھیں۔ بلکہ تواضع وانکسار اور پرہیزگاری کی راہ اختیار کرتے ہیں۔ اُن کی کوشش بجائے اپنی ذات کو اونچا رکھنے کے یہ ہوتی ہے کہ اپنے دین کو اونچا رکھیں حق کا بول بالا کریں اور اپنی قوم مسلم کو اُبھارنے اور سربلند کرنے میں پوری ہمت صرف کر ڈالیں۔ وہ دنیا کے حریص نہیں ہوتے۔ آخرت کے عاشق ہوتے ہیں۔ دنیا خود اُن کے قدم لیتی ہے۔ اب سوچ لو کہ دنیا کا مطلوب کیا دنیا کے طالب سے اچھا نہیں ہے؟ صحابہ رضی اللہ عنہم کو دیکھ لو! وہ سب سے زیادہ تارک الدنیا تھے مگر متروک الدنیا نہ تھے۔ بہرحال مومن کا مقصد اصلی آخرت ہے۔ دنیا کا جو حصہ اس مقصد کا ذریعہ بنے وہ ہی مبارک ہے ورنہ ہیچ۔ (تفسیر عثمانی)

تواضع کرنے والا حاکم:

عطاء نے کہا لوگوں پر جبر اور زبردستی نہیں کرتے اور ان کو حقیر نہیں جانتے حسن نے کہا حاکموں اور سرداروں کے پاس عزت ومرتبہ کے طلب گار نہیں ہوتے۔ حضرت علی نے فرمایا اس آیت کا نزول ان حاکموں کے متعلق ہوا جو باوجود قدرت کے تواضع کرتے ہیں۔ آپ کا مقصد یہ ہے کہ جو حاکم اور صاحب قدرت متواضع ہوتا ہے وہ ملک میں خود اونچا اٹھنے (اور سب پر فوقیت حاصل کرنے) کا خواستگار نہیں ہوتا۔ (تفسیر مظہری)

عُلُوّ سے مراد تکبر ہے یعنی اپنے آپ کو دوسروں سے بڑا بنانے اور دوسروں کو حقیر کرنے کی فکر اور فساد سے مراد لوگوں پر ظلم کرنا ہے (سفیان ثوری) اور بعض مفسرین نے فرمایا کہ ہر معصیت فساد فی الارض ہے کیونکہ گناہ کے وبال سے دنیا کی برکت میں کمی آتی ہے۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ جو لوگ تکبر اور ظلم کا یا مطلق معصیت کا ارادہ کریں اُن کا آخرت میں حصہ نہیں۔

فائدہ: تکبر جس کی حرمت اور وبال اس آیت میں ذکر کیا گیا وہ وہی ہے کہ لوگوں پر تفاخر اور ان کی تحقیر مقصود ہو، ورنہ اپنے لئے اچھے لباس اچھی غذا اچھے مکان کا انتظام جب وہ دوسروں کے تفاخر کے لئے نہ ہو مذموم نہیں۔ جیسا کہ صحیح مسلم کی ایک حدیث میں اس کی تصریح ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

معصیت کا پختہ عزم بھی معصیت ہے

اس آیت میں علو اور فساد کے ارادہ پر دار آخرت سے محروم ہونے کی وعید ہے اس سے معلوم ہوا کہ کسی معصیت کا پختہ ارادہ جو عزم مصمم کے درجہ میں آجائے وہ بھی معصیت ہی ہے۔ (کمافی الروح) (معارف مفتی)

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا
جو لے کر آیا بھلائی اُس کو ملنا ہے اُس سے بہتر

یعنی جو بھلائی یہاں کرے گا اس سے کہیں بہتر بھلائی وہاں کی جائے گی ایک نیکی کا جو مقتضی ہو گا کم از کم اُس سے دس گنا ثواب پائے گا۔

وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى الَّذِيْنَ
اور جو کوئی لے کر آیا بُرائی سو بُرائیاں کرنے والے اُن کو
عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ
وہی سزا ملے گی جو کچھ کرتے تھے

مشفقانہ قانون: حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں نیکی پر وعدہ دیا نیکی کا، وہ یقیناً ملنا ہے، اور بُرائی پر بُرائی کا وعدہ نہیں فرمایا کہ ضرور مل کر رہے گی کیونکہ ممکن ہے معاف ہو جائے۔ ہاں یہ فرمادیا کہ اپنے کئے سے زیادہ سزا نہیں ملتی۔

اِنَّ الَّذِيْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ
جس نے حکم بھیجا تجھ پر قرآن کا
لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ
وہ پھیر لانے والا ہے تجھ کو پہلی جگہ

دنیا و آخرت کی کامیابی متقین کے لئے ہے:

پہلے فرمایا تھا وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ یہ کہ انجام بھلا پرہیزگاروں کا ہے یعنی آخرت میں جیسا کہ اُوپر معلوم ہوا۔ اب بتلاتے ہیں کہ دنیا میں بھی آخری فتح ان ہی کی ہوتی ہے۔ دیکھو آج کفار کے ظلم و ستم سے تنگ آکر تم کو مکہ چھوڑنا پڑا ہے۔ مگر جس خدا نے آپ کو پیغمبر بنایا اور قرآن جیسی کتاب عطا فرمائی وہ یقیناً آپ کو نہایت کامیابی کے ساتھ اسی جگہ واپس لائے گا۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں یہ آیت اُتری ہجرت کے وقت یہ تسلی فرمادی کہ پھر مکہ میں آؤ گے۔ سو خوب طرح آئے پورے غالب ہو کر بعض مفسرین نے معاد سے مراد موت لی ہے بعض نے آخرت بعض نے جنت بعض نے سرزمین شام جہاں پہلے ایک مرتبہ آپ شب معراج میں تشریف لے گئے تھے۔ حافظ عماد الدین ابن کثیرؒ نے ان اقوال میں بہت عمیق و لطیف تطبیق دی۔ یعنی معاد سے مراد اس جگہ مکہ معظمہ ہے (کمافی البخاری) مگر فتح مکہ علامت تھی قرب اجل کی جیسا کہ ابن عباس اور عمر رضی اللہ عنہما نے اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ کی تفسیر کرتے ہوئے فرمایا۔ آگے اجل کے بعد حشر، حشر کے بعد آخرۃ اور آخرۃ کی انتہائی منزل جنت ہے مطلب یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ اول آپ کو نہایت شاندار طریقہ سے لوٹا کر لائے گا مکہ میں، اُس کے چند روز بعد اجل واقع ہو گی، پھر ارض شام کی طرف حشر ہو گا (جیسا کہ احادیث سے ثابت ہے) پھر آخرت میں بڑی شان و شکوہ سے تشریف لائیں گے اور اخیر میں جنت کے سب سے اعلیٰ مقام پر ہمیشہ کے لئے پہنچ جائیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

شانِ نزول: صحیح بخاری وغیرہ میں حضرت ابن عباسؓ سے معاد کی یہ تفسیر منقول ہے مطلب یہ ہے کہ اگرچہ چند روز کے لئے آپ کو اپنا وطن عزیز خصوصاً حرم اور بیت اللہ چھوڑنا پڑا مگر قرآن کا نازل کرنے والا اور اُس پر عمل کو فرض کرنے والا خدا تعالیٰ آخر کار آپ کو پھر مکہ میں لَوٹا کر لائے گا۔ ائمہ تفسیر میں سے مقاتل کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت کے وقت غار ثور سے رات کے وقت نکلے اور مکہ سے مدینہ جانے والے معروف راستہ کو چھوڑ کر دوسرے راستوں سے سفر کیا کیونکہ دشمن تعاقب میں تھے۔ جب مقام جحفہ پر پہنچے جو مدینہ طیبہ کے راستہ کی مشہور منزل رابغ کے قریب ہے اور وہاں سے وہ مکہ سے مدینہ کا معروف راستہ مل جاتا ہے اس وقت مکہ مکرمہ کے راستہ پر نظر پڑی تو بیت اللہ اور وطن یاد آیا، اُسی وقت جبرئیل امین یہ آیت لے کر نازل ہوئے جس میں آپ کو بشارت دی گئی ہے کہ مکہ مکرمہ سے یہ جدائی چند روزہ ہے اور بالآخر آپ کو پھر مکہ مکرمہ پہنچا دیا جائے گا جو فتح مکہ کی بشارت تھی، اسی لئے حضرت ابن عباسؓ کی ایک روایت میں ہے کہ یہ آیت جحفہ میں نازل ہوئی ہے نہ مکی ہے نہ مدنی (قرطبی)۔ (معارف مفتی)

اِلٰى مَعَادٍ عاد سے مراد ہے کہ چنانچہ اس وعدہ کے مطابق اللہ نے فتح مکہ کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مکہ میں لوٹا بھی دیا۔ عوفی نے حضرت ابن عباس کا یہی قول بیان کیا ہے مجاہد کا بھی یہی قول ہے قتیبی نے کہا کسی شخص کا معاد اس کا شہر ہوتا ہے جہاں وہ لوٹ کر آتا ہے۔ معادٍ میں تنوین تنکیر اظہار عظمت و شان کے لئے ہے یہی وہ جگہ ہے جہاں اللہ کا رسول، اللہ کے دشمنوں پر غالب آیا کفر کو شکست ہوئی اور اسلام کا بول بالا ہوا۔

سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس کا قول بیان کیا ہے کہ معاد سے مراد موت ہے۔ میں کہتا ہوں۔ موت اصلی حالت کی طرف واپس ہونے کا نام ہے اسی لئے معاد موت ہے۔ اللہ نے فرمایا ہے كُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ۔ تم بے جان تھے اللہ نے تم کو جاندار بنایا پھر وہ تم کو بے جان کر دے گا۔

آئندہ آیت کا شانِ نزول:

کفار مکہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا تھا تم کھلی ہوئی گمراہی میں ہو اس کے جواب میں اللہ نے آیت ذیل نازل فرمائی۔ (تفسیر مظہری)

قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ مَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى

تو کہہ میرا رب خوب جانتا ہے کون لایا ہے راہ کی سوجھ

وَمَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ

اور کون پڑا ہے صریح گمراہی میں

یعنی حق تعالیٰ میری ہدایت اور مکذبین ومعاندین کی گمراہی کو خوب جانتا ہے یقیناً وہ ہر ایک کے ساتھ اُن کے احوال کے موافق معاملہ کرے گا۔ نہیں ہوسکتا کہ میری کوششوں کو ضائع کردے، یا گمراہوں کو رسوا نہ کرے۔

وَمَا كُنْتَ تَرْجُوْٓا اَنْ يُّلْقٰٓى اِلَيْكَ الْكِتٰبُ

اور تو توقع نہ رکھتا تھا کہ اُتاری جائے تجھ پر کتاب

اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ

مگر مہربانی سے تیرے رب کی

منصب نبوت محض رحمتِ خداوندی ہے:

یعنی آپ پہلے سے کچھ پیغمبری کے انتظار میں نہ تھے، محض موہبت الٰہیہ ہے جو حق تعالیٰ نے پیغمبری اور وحی سے سرفراز فرمایا۔ وہ ہی اپنی مہربانی اور رحمت سے دنیا وآخرت میں کامیاب فرمائے گا لہٰذا اسی کی امداد پر ہمیشہ بھروسہ رکھئے۔

فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِيْرًا لِّلْكٰفِرِيْنَ

سو تو مت ہو مددگار کافروں کا

جو ایمان میں ساتھ دے وہی اپنا ہے:

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں یعنی اپنی قوم کو اپنا نہ سمجھ جنہوں نے تجھ سے یہ بدی کی (کہ وطن چھوڑنے پر مجبور کیا) اب جو تیرا ساتھ دے وہ ہی اپنا ہے۔

وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ بَعْدَ

اور نہ ہو کہ وہ تجھ کو روک دیں اللہ کے حکموں سے بعد

اِذْ اُنْزِلَتْ اِلَيْكَ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ

اس کے کہ اتر چکے تیری طرف اور بُلا اپنے رب کی طرف

وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ

اور مت ہو شریک والوں میں

دین کے کام میں قوم کی رعایت نہ کیجئے:

یعنی دین کے کام میں اپنی قوم کی خاطر اور رعایت نہ کیجئے اور کبھی آپ کو اُن میں گنیئے گو کہ اپنے قرابتدار ہوں۔ ہاں اُن کو اپنے رب کی طرف بُلاتے رہئے اور خدا کے احکام پر جمے رہیے۔

وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ

اور مت پکار اللہ کے سوائے دوسرا حاکم

یا آپ کو خطاب کرکے دوسروں کو سنایا، اوپر کی آیتوں میں بھی بعض مفسرین ایسا ہی لکھتے ہیں۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ

کسی کی بندگی نہیں اُس کے سوائے ہر چیز فنا ہے مگر اُس کا منہ

فانی اور باقی:

یعنی ہر چیز اپنی ذات سے معدوم ہے اور تقریباً تمام چیزوں کو فنا ہونا ہے، خواہ کبھی ہو، مگر اس کا منہ یعنی وہ آپ نہ کبھی معدوم تھا، نہ کبھی فنا ہوسکتا ہے۔ تج ہے۔

ع الا کلُّ شیٍ ء ماخلا اللّٰہ باطلٌ ۔ قال تعالیٰ اور بعض سلف نے اس کا یہ مطلب لیا ہے کہ سارے کام مٹ جانے والے اور فنا ہو جانے والے ہیں بجز اس کام کے جو خالصاً لوجہ اللہ کیا جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

وقال اللہ تعالیٰ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ

(ع) الا کل شیٍ ماخلا اللہ باطل

علامہ سیوطی فرماتے ہیں کہ قیامت کے دن نفخ صور کے وقت ہر چیز پر فنا طاری ہوجائے گی مگر آٹھ چیزیں فنا اور ہلاکت سے مستثنیٰ ہوں گی۔

ثمانية حكم البقاء يعمها من الخلق والباقون في حيز العدم
هي العرش والكرسي ونار وجنة وعجبٌ وارواح كذا اللوح والقلم

(معارف کاندھلوی)

لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ

اُسی کا حکم ہے اور اُسی کی طرف پھر جاؤ گے

اللہ کی عدالت میں سب کو حاضر ہونا ہے:

یعنی سب کو اُس کی عدالت میں حاضر ہونا ہے جہاں تنہا اسی کا حکم چلے گا۔ صورۃً وظاہراً بھی کسی کا حکم واقتدار باقی نہ رہے گا۔ اے اللہ اُس وقت اس گنہگار بندہ پر رحم فرمائیے اور اپنے غضب سے پناہ دیجئے۔

(تم سورۃ القصص وللہ الحمد والمنۃ)　　(تفسیر عثمانی)

پناہ بلندی و پستی توئی　　ہمہ نیستند آنچہ ہستی توئی

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

سورۃ العنکبوت

جس نے اس کو خواب میں پڑھا اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کو اللہ تعالیٰ بشارت دے رہا ہے کہ اس کو تنہائی مصیبت میں مبتلا نہ کرے گا۔ (امام ابن سیرین)

سُورَۃُ الْعَنْكَبُوتِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ تِسْعٌ وَسِتُّونَ آيَةً وَسَبْعُ رُكُوعَاتٍ
سورۂ عنکبوت مکہ میں نازل ہوئی اس کی انہتر آیتیں ہیں اور سات رکوع
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
شروع اللہ کے نام سے جو بےحد مہربان نہایت رحم والا ہے
الٓمّٓ ۚ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا
کیا یہ سمجھتے ہیں لوگ　　کہ چھوٹ جائیں گے
اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ۝
اتنا کہہ کر　　کہ ہم یقین لائے اور ان کو جانچ نہ لیں گے

ایمان کا امتحان ضروری ہے:

یعنی زبان سے ایمان کا دعویٰ کرنا کچھ سہل نہیں جو دعویٰ کرے امتحان و ابتلاء کے لئے تیار ہو جائے یہی کسوٹی ہے جس پر کھرا کھوٹا کسا جاتا ہے حدیث میں ہے کہ سب سے سخت امتحان انبیاء کا ہے اُن کے بعد صالحین کا پھر درجہ بدرجہ اُن لوگوں کا جو اُن کے ساتھ مشابہت رکھتے ہوں۔ نیز امتحان آدمی کا اس کی دینی حیثیت کے موافق ہوتا ہے جس قدر کوئی شخص دین میں مضبوط اور سخت ہوگا اُسی قدر امتحان میں سختی کی جائے گی۔ (تفسیر عثمانی)

آزمائش کی صورتیں:

وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ فتنہ سے مشتق ہے جس کے معنی آزمائش کے ہیں، اہل ایمان خصوصاً انبیاء، وصلحاء کو دنیا میں مختلف قسم کی آزمائشوں سے گزرنا ہوتا ہے پھر انجام کار فتح اور کامیابی ان کی ہوتی ہے، یہ آزمائش مخالفین کبھی کفار و فجار کی دشمنی اور ان کی طرف سے ایذاؤں کے ذریعہ ہوتی ہیں، جیسا کہ اکثر انبیاء اور خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کو اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کو اکثر پیش آیا ہے، جس کے بے شمار واقعات سیرت اور تاریخ کی کتابوں میں مذکور ہیں، اور کبھی یہ آزمائش امراض اور دوسری قسم کی تکلیفوں کے ذریعہ ہوتی ہے جیسا کہ حضرت ایوب علیہ السلام کو پیش آیا، اور بعض کے لئے یہ سب قسمیں جمع بھی کردی جاتی ہیں۔

اور امتحان تین طرح سے ہوگا (اول) احکام خداوندی کی پابندی سے۔ (دوم) مصائب و امراض سے (سوم) کافروں کی ایذا اور تکالیف اور تکلیفوں سے۔ (احسن البیان)

شان نزول: شان نزول اس آیت کا اگرچہ از روئے روایات وہ صحابہ ہیں جو ہجرت مدینہ کے وقت کفار کے ہاتھوں ستائے گئے مگر مراد عام ہے ہر زمانے کے علماء، وصلحاء، اور اولیاء امت کو مختلف قسم کی آزمائشیں پیش آتی ہیں اور آتی رہیں گی۔ (قرطبی) (معارف مفتی اعظم)

صحیح حدیث میں ہے کہ سب سے زیادہ سخت امتحان نبیوں کا ہوتا ہے پھر صالح و نیک لوگوں کا پھر ان سے کم درجے والے پھر ان سے کم درجے والے۔ انسان کا امتحان اس کے دین کے اندازے پر ہوتا ہے اگر وہ اپنے دین میں سخت ہے تو مصیبتیں بھی سخت نازل ہوتی ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

عاشقاں را درد دل بسیاری باید کشید!　　جور یار و قصۂ اغیار می باید کشید!

ابن ابی حاتم نے قتادہ کی روایت سے بیان کیا ہے یہ آیت کچھ مکی لوگوں (یعنی مکی مسلمانوں) کے حق میں نازل ہوئی تھی یہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہونے کے لئے مکہ سے چل پڑے تھے مشرکوں نے ان کو روکا تو وہ لوٹ گئے (مدنی) بھائیوں نے ان کو وہ آیت لکھ کر بھیجی جو ان کے بارے میں نازل ہوئی تھی جدید آیت پڑھ کر وہ نکل کھڑے ہوئے۔ شہید ہونے والے شہید ہو گئے اور بچنے والے بچ گئے۔ انہی کے متعلق اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا۔

بغوی نے حضرت ابن عباس کے حوالہ سے لکھا ہے کہ آیت میں الناس سے مراد ہیں مکہ میں رہ جانے والے مسلمان سلمہ بن ہشام عیاش بن ربیعہ ولید بن ولید عمار بن یاسر وغیرہ۔

ابن سعید ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے حضرت عبید اللہ بن عمیر کے حوالہ سے بیان کیا کہ آیت ذیل کا نزول حضرت عمار بن یاسر کے متعلق ہوا آپ کو اللہ کی راہ میں سخت دکھ دیئے جاتے تھے اللہ نے فرمایا اَحَسِبَ النَّاسُ الخ بغوی نے ابن جریج کا بھی یہی قول نقل کیا ہے۔

حضرت عمرؓ کا آزاد کردہ غلام حضرت مہجعؓ:

مقاتل نے کہا حضرت عمر کے آزاد کردہ غلام حضرت مہجع بن عبداللہ کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی تھی اس امت میں آپ پہلے شخص ہوں گے جن کو جنت کے دروازہ کی طرف بلایا جائے گا۔

میں کہتا ہوں حضرت مہجع ہی جنگ بدر کے دن مسلمانوں کی طرف سے سب سے پہلے کافروں کے مقابلہ کے لئے قطار سے باہر نکل کر آئے تھے عامر بن حضرمی نے آپ کو تیر مار کر شہید کر دیا راہ خدا میں سب سے پہلے شہید آپ

besturdubooks.wordpress.com

ہی ہوئے۔ کذا فی سبیل الرشاد جب آپ کے والدین اور بی بی بے تابی کے ساتھ گریہ وزاری کرنے لگے تو ان کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی۔

ایمان کے ساتھ اعمال بھی ضروری ہیں:

بغوی نے ذکر کیا ہے کہ شروع میں اللہ نے صرف ایمان کا حکم دیا تھا پھر نماز زکوٰۃ اور دوسرے قوانین فرض کئے بعض لوگوں کو (اس کی تعمیل میں دشواری ہوگئی اور ان پر) یہ حکم شاق ہوا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی اس شان نزول پر آیت کا یہ مطلب ہوگا کیا لوگوں کو یہ خیال ہے کہ صرف ایمان لانے (بغیر شرائع کے) ان کو چھوڑ دیا جائے گا اور دوسرے اوامر ونواہی بھیج کر ان کی آزمائش نہیں کی جائے گی۔ صرف ایمان لانا اگرچہ دوامی جہنمی ہونے سے روکتا ہے اور جنت میں (کبھی نہ کبھی) داخل ہونے کا مستحق بنا دیتا ہے۔ لیکن حصول درجات تو اداء طاعات اور ترک خواہشات سے وابستہ ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

اور ہم نے جانچا ہے اُن کو جو — اُن — سے پہلے تھے

سابقہ انبیاء اور ان کے متبعین کی آزمائشیں:

یعنی پہلے نبیوں کے متبعین بڑے بڑے سخت امتحانوں میں ڈالے جا چکے ہیں۔ بخاری میں ہے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں فریاد کی کہ حضرت! ہمارے لئے اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کیجئے اور دعا فرمائیے۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ مشرکین مکہ نے مسلمانوں پر سختی اور ظلم وستم کی انتہاء کر رکھی تھی۔ آپ نے فرمایا کہ تم سے پہلے ایک (زندہ) آدمی کو زمین کھود کر (کھڑا) گاڑ دیا جاتا تھا۔ پھر اس کے سر پر آرہ چلا کر بیچ سے دو ٹکڑے کر دیتے تھے، بعضوں کے بدن میں لوہے کی کنگھیاں پھرا کر چمڑا اور گوشت اُدھیڑ دیا جاتا تھا۔ تاہم یہ سختیاں اُن کو دین سے نہ ہٹا سکیں۔ (تفسیر عثمانی)

فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا

سو البتہ معلوم کرے گا اللہ — جو لوگ — سچے — ہیں

وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ

اور البتہ معلوم کرے گا — جھوٹوں کو

یعنی اللہ تعالیٰ علانیہ ظاہر کر دے گا اور دیکھ لے گا کہ دعوے ایمان میں کون سچا نکلتا ہے اور کون جھوٹا، اُسی کے موافق ہر ایک کو جزا دی جائے گی۔ (تنبیہ) فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الخ سے جو حدوث علم باری کا وہم ہوتا ہے اُسکا نہایت محققانہ جواب مترجم علام قدس سرہ نے دیا ہے۔ ملاحظہ کیا جائے پارہ دوم رکوع اول "اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ" کے تحت میں ہم نے یہاں اُن توجیہات کی طرف اشارہ کر دیا ہے جو مفسرین نے لکھی ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اللہ کے جان لینے کا مطلب:

اللہ تعالیٰ کو تو ہر انسان کا صادق یا کاذب ہونا اس کے پیدا ہونے سے پہلے بھی معلوم ہے، امتحانات اور آزمائشوں کے جان لینے کے معنی یہ ہیں کہ اس امتیاز کو دوسروں پر بھی ظاہر فرما دیں گے، اور حضرت سیدی حکیم الامت تھانویؒ نے اپنے شیخ مولانا محمد یعقوب صاحبؒ سے اس کی توجیہ یہ بھی نقل فرمائی ہے کہ بعض اوقات عوام کے درجہ علم پر تنزل کر کے بھی کلام کیا جاتا ہے، عام انسان مخلص اور منافق میں فرق آزمائش ہی کے ذریعہ معلوم کرتے ہیں، ان کے مذاق کے مطابق حق تعالیٰ نے فرمایا کہ ان مختلف قسم کے امتحانات کے ذریعہ ہم یہ جان کر رہیں گے کہ کون مخلص ہے کون نہیں، حالانکہ اس کے علم میں یہ سب کچھ ازل سے ہے، واللہ اعلم۔ (معارف مفتی اعظم)

اللہ تو ہمیشہ سے جانتا ہے سچوں کو بھی اور جھوٹوں کو بھی اس لئے حصول علم مقصود نہیں ہے بلکہ اس کے علم ازلی کا سچوں کی سچائی اور کاذبوں کے جھوٹ سے بالفعل (بعد العمل) تعلق پیدا کرنا مقصود ہے تاکہ سچے ایمان والے جھوٹے منافقوں سے ممتاز ہو کر الگ ہو جائیں اور ان سے ثواب یا عذاب کا تعلق ہو جائے۔ (تفسیر مظہری)

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ

کیا یہ سمجھتے ہیں — جو لوگ کہ — کرتے ہیں — بُرائیاں

اَنْ يَّسْبِقُوْنَا سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ④

کہ ہم سے بچ جائیں — بُری بات طے کرتے ہیں

ایذاء دینے والے کافر عذاب میں مبتلا ہونگے:

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ پہلی دو آیتیں مسلمانوں کے متعلق تھیں جو کافروں کی ایذاؤں میں گرفتار تھے، اور یہ آیت اُن کافروں سے متعلق ہے جو مسلمانوں کو ستا رہے تھے۔ (موضح) یعنی مومنین کے امتحانات کو دیکھ کر یہ نہ سمجھیں کہ ہم مزے سے ظلم کرتے رہیں گے اور سختیوں سے بچے رہیں گے۔ وہ ہم سے بچ کر کہاں جا سکتے ہیں۔ جو سخت ترین سزا ان کو ملنے والی ہے اس کے سامنے مسلمانوں کے امتحان کی سختی کچھ بھی حقیقت نہیں رکھتی۔ اگر اس وقت کی عارضی مہلت سے انہوں نے یہ رائے قائم کر لی ہے کہ ہم ہمیشہ مامون رہیں گے اور سزا دہی کے وقت خدا کے ہاتھ نہ آئیں گے تو حقیقت میں بہت ہی بُری بات طے کی ایسا احمقانہ فیصلہ آنے والی مصیبت کو روک نہیں سکتا۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

حضرت ابو ہریرہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچوں نمازیں (باہم ایک وقت سے دوسرے وقت تک) اور جمعہ کی نماز (آئندہ) جمعہ تک اور رمضان (کے روزے آئندہ) رمضان تک درمیانی گناہوں کو اتار دینے والے ہیں بشرطیکہ بندہ کبیرہ گناہوں سے بچا رہے رواہ مسلم ۔ یہ بحث آیت اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَآئِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ کی تفصیل کے ذیل میں گزر چکی ہے۔ (تفسیر مظہری)

مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ
جو کوئی توقع رکھتا ہے اللہ کی ملاقات کی سو اللہ کا وعدہ
لَاٰتٍ ۭ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝
آ رہا ہے اور وہ ہے سننے والا جاننے والا

اللہ اپنے امیدواروں سے وعدہ پورا کرے گا:

یعنی جو شخص اس توقع پر سختیاں اُٹھا رہا ہے کہ ایک دن مجھے اللہ کے سامنے حاضر ہونا ہے جہاں بات بات پر پکڑ ہوگی ۔ ناکامیاب ہوا تو یہاں کی سختیوں سے کہیں بڑھ کر سختیاں جھیلنی پڑیں گی اور کامیاب رہا تو ساری کلفتیں ڈھل جائیں گی اللہ کی خوشنودی اور اس کا دیدار نصیب ہوگا۔ ایسا شخص یاد رکھے کہ اللہ کا وعدہ آ رہا ہے، کوئی طاقت اُسے پھیر نہیں سکتی۔ اس کی اعلیٰ توقعات پوری ہو کر رہیں گی اور اس کی آنکھیں ضرور ٹھنڈی کی جائیں گی۔ اللہ سب کی باتیں سنتا اور جانتا ہے کسی کی محنت رائیگاں نہ کرے گا۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ۭ
اور جو کوئی محنت اٹھائے سو اُٹھاتا ہے اپنے ہی واسطے
اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝
اللہ کو پروا نہیں جہان والوں کی

اللہ بے نیاز ہے، عبادت ومحنت کا نفع خود بندے کو ہے:

یعنی اللہ تعالیٰ کو کسی کی طاعت سے کیا نفع اور معصیت سے کیا نقصان۔ وہ تو کلی طور پر بے نیاز ہے۔ ہاں بندہ اپنے پروردگار کی طاعت میں جس قدر محنت اُٹھائے گا اس کا پھل دنیا و آخرت میں اسی کو ملے گا، پس مجاہدے کرنے والے یہ خیال کبھی نہ آنے دیں کہ ہم خدا کے رستہ میں اتنی محنت کر کے کچھ اس پر احسان کر رہے ہیں؟ (العیاذ باللہ) اُس کا احسان ہے کہ خود تمہارے فائدہ کے لئے طاعت و ریاضت کی توفیق بخشے ۔

من نہ کردم خلق تا سودے کنم بلکہ تا بر بندگاں جودے کنم

حضرت حسنؒ فرماتے ہیں جہاد تلوار چلانے کا ہی نام نہیں، انسان نیکیوں کی کوشش میں لگا رہے یہ بھی ایک طرح کا جہاد ہے۔ (ابن کثیرؒ)

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ
اور جو لوگ یقین لائے اور کئے بھلے کام ہم اتار دیں گے اُن پر سے
سَيِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَحْسَنَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝
بُرائیاں اُن کی اور بدلہ دیں گے ان کو بہتر سے بہتر کاموں کا

اللہ نیکیوں کا صلہ دیتا ہے:

یعنی جہان سے بے پروا اور بے نیاز ہونے کے باوجود اپنی رحمت و شفقت سے تمہاری محنت کو ٹھکانے لگاتا ہے حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں۔ یعنی ایمان کی برکت سے نیکیاں ملیں گی اور بُرائیاں معاف ہوں گی۔ (موضح القرآن) (تفسیر عثمانی)

اس میں شک نہیں کہ تمہاری نیکیاں خدا کو کوئی کام نہیں آتیں لیکن پھر بھی اس کی یہ مہربانی ہے کہ وہ تمہیں نیکیوں پر بدلے دیتا ہے۔ ان کی وجہ سے تمہاری بُرائیاں معاف فرما دیتا ہے، چھوٹی سے چھوٹی نیکی کی قدر کرتا ہے اور اس پر بڑے سے بڑا اجر دیتا ہے، ایک ایک نیکی کا سات سات سو گنا بدلہ عنایت فرماتا ہے اور بدی کو یا تو بالکل ہی معاف فرما دیتا ہے یا اسی کے برابر سزا دیتا ہے۔ وہ ظلم سے پاک ہے نیکیوں کو بڑھاتا ہے اور اپنے پاس سے اجرِ عظیم دیتا ہے۔ ایمانداروں کی مطابق سنت نیکیاں قبول فرماتا ہے، ان کے گناہوں سے درگزر کر لیتا ہے اور ان کے اچھے اعمال کا بدلہ عنایت فرماتا ہے۔ (ابن کثیرؒ)

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا ۭ
اور ہم نے تاکید کر دی انسان کو اپنے ماں باپ سے بھلائی سے رہنے کی
وَاِنْ جَاهَدٰكَ لِتُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ
اور اگر وہ تجھ سے زور کریں کہ تو شریک کرے میرا جس کی تجھ کو خبر نہیں

اللہ کا شریک کوئی نہیں ہو سکتا:

یعنی تمام کائنات میں ایسی کوئی چیز ہے ہی نہیں جو خدا کی شریک ہو سکے۔ پھر اُس کی خبر کسی کو کہاں سے ہوتی۔ جو لوگ شرکاء ٹھہراتے ہیں محض جاہلانہ اوہام اور بے سند خیالات کی پیروی کر رہے ہیں۔ واقع کی خبر انہیں کچھ بھی نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت سعد بن ابی وقاص کی والدہ کی بھوک ہڑتال:

مسلم۔ ترمذی۔ بغوی۔ ابن ابی حاتم اور ابن مردویہ نے حضرت سعد بن ابی وقاص کی روایت سے بیان کیا ہے (حضرت سعد بن ابی وقاص عشرہ مبشرہ میں

besturdubooks.wordpress.com

سے تھے سابقین اولین میں سے تھے اپنی ماں کے بڑے فرمانبردار اور اطاعت گزار تھے آپ کے باپ کا نام مالک تھا اور قبیلہ بنی زہرہ کے ایک ممتاز (شخص تھے) حضرت سعد سے ان کی ماں حمنہ بنت ابوسفیان بن عبدالشمس نے کہا تو نے یہ کیا نئی بات نکال رکھی ہے جب تک تو اس کا انکار نہیں کرے گا اس وقت تک بخدا میں نہ کھانا کھاؤں گی نہ پانی پیوں گی یہاں تک کہ یونہی مر جاؤں گی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خالق کی نافرمانی میں مخلوق کی فرمانبرداری (جائز) نہیں۔ رواہ احمد والحاکم وصححہ عن عمران۔ صحیحین اور سنن ابوداؤد اور نسائی میں حضرت علی کی روایت سے آیا ہے کہ اللہ کی نافرمانی میں کسی کی فرمانبرداری (جائز) نہیں (والدین کی) اطاعت تو اچھے کاموں میں (لازم) ہے۔

بغوی نے لکھا ہے اس آیت کے نزول کے بعد حضرت سعد کی ماں نے ایک دن رات یا تین دن بغیر کھائے پیے گزار دیئے سعد ماں کے پاس گئے اور کہا اماں اگر تیری سو جانیں ہوں اور ایک ایک جان نکل جائے تب بھی میں اپنا مذہب نہیں چھوڑوں گا تیرا دل چاہے کھانا چاہے نہ کھا جب ماں ناامید ہو گئی تو اس نے کھانا پینا شروع کر دیا۔ (تفسیر مظہری)

فَلَا تُطِعْهُمَا ؕ
تو اُن کا کہنا مت مان

والدین کی اطاعت کی حد:

دنیا میں ماں باپ سے زیادہ حق کسی کا نہیں۔ پر اللہ کا حق اُن سے زیادہ ہے۔ اُن کی خاطر دین نہ چھوڑے۔ (موضح) حدیث میں ہے کہ حضرت سعد بن ابی وقاص کی والدہ نے جو مشرکہ تھی بیٹے کے اسلام کی خبر سُن کر عہد کیا کہ دانہ پانی کچھ نہ چکھوں گی نہ چھت کے نیچے آرام کروں گی، تاوقتیکہ سعد (معاذ اللہ) اسلام سے نہ پھر جائے چنانچہ کھانا پینا ترک کر دیا اور بالکل نڈھال ہو گئی۔ لوگ زبردستی منہ چیر کر کھانا پانی دیتے تھے۔ اُس پر یہ آیات نازل ہوئیں۔ گویا بتلا دیا کہ والدین کا اس طرح خلاف حق پر مجبور کرنا یہ بھی ایک ابتلاء وامتحان ہے چاہیے کہ مومن کے پائے ثبات کو لغزش نہ ہو۔ (تفسیر عثمانی)

اِلَیَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ
مجھی تک پھر آنا ہے تم کو سو میں بتلا دوں گا تم کو جو کچھ تم کرتے تھے

یعنی سب کو عدالت میں حاضر ہونا ہے اس وقت بتلا دیا جائے گا کہ اولاد اور والدین میں سے کس کی زیادتی تھی اور کون حق پر تھا۔ (تفسیر عثمانی)

وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
اور جو لوگ یقین لائے اور بھلے کام کئے

لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِی الصّٰلِحِیْنَ
ہم اُن کو داخل کریں گے نیک لوگوں میں

حق پر ثابت قدم رہنے والوں کا اجر:

یعنی جو اس قسم کی زبردست رکاوٹوں کے باوجود بھی ایمان اور نیکی کی راہ پر قائم رہے حق تعالیٰ اُن کا حشر اپنے خاص نیک بندوں میں کرے گا۔ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں یعنی اولاد نے اگر ناحق بات میں والدین کا کہنا نہ مانا اور والدین ناحق پر قائم رہے تو اولاد کا حشر صالحین کے زمرہ میں ہوگا۔ ان والدین کے زمرہ میں نہ ہوگا گو طبعی ونسبی تعلقات کی بنا پر وہ اس سے سب سے زیادہ قریب تھے معلوم ہوا "المرء مع من احب" میں حب دینی مراد ہے حُب طبعی مراد نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

الصالحین سے مراد ہیں انبیاء، اولیاء، شہداء یعنی ہم نیکوکار مومنوں کو انبیاء، اولیاء وغیرہ کے ساتھ شامل کر دیں گے یا ان کا حشر ان لوگوں کے ساتھ کریں گے یا جنت میں اُن کے ساتھ ان کو داخل کریں گے جنت میں سب ساتھ ہو جائیں گے۔

مومن کے درجات کا کمال:

صلاح اور نیکی میں کمال مومنوں کے درجات کی انتہا ہے اور انبیاء مرسلین کی تمنا کا بھی یہی آخری نقطہ ہے کیونکہ کمال صلاح کا معنی یہ ہے کہ کسی طرح کا بگاڑ اور خرابی نہ ہو نہ عقیدہ نہ عمل میں نہ اخلاق ومشاغل زندگی میں۔ (تفسیر مظہری)

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَآ
اور ایک وہ لوگ ہیں کہ کہتے ہیں یقین لائے ہم اللہ پر پھر جب
اُوْذِیَ فِی اللّٰهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ ؕ
اُن کو ایذاء پہنچے اللہ کی راہ میں کرنے لگے لوگوں کے ستانے کو برابر اللہ کے عذاب کی

کمزور دل مومن:

یہ اُن لوگوں کا ذکر ہے جو زبان سے اپنے کو مومن کہتے تھے مگر دلوں میں ایمان راسخ نہیں تھا۔ اُن کو جہاں اللہ کے راستہ میں کوئی تکلیف پہنچی یا دین کی وجہ سے لوگوں نے ستایا تو اس آزمائش کو خدائی عذاب سمجھنے لگے جس طرح آدمی عذاب الٰہی سے گھبرا کر جان بچانا چاہتا اور اپنے پہلے دعوؤں سے دستبردار ہونے لگتا ہے اور ناچار اعتراف کرتا ہے کہ میں غلطی پر تھا، یہی حال اُن ضعفاء القلوب کا ہے۔ جہاں دین کے معاملہ میں کوئی سختی پہنچی بس گھبرا کر دعوئے ایمان سے دستبردار ہونا شروع کر دیا اور زبان سے یا عمل سے گویا اقرار کرنے لگے کہ ہم اس دعوے میں غلطی پر تھے یا ایسا دعویٰ کیا ہی نہ تھا۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

یہ منافقوں کی حالت بیان کی گئی ہے۔ فِی اللّٰہِ اللہ کی راہ میں یعنی مسلمان ہونے کی بنیاد پر جو دکھ ان کو کافروں کی طرف سے پہنچتا ہے کَعَذَابِ اللّٰہِ یعنی آخرت کے عذاب کی طرح مطلب یہ ہے کہ کچھ لوگ کافروں کی طرف سے پہنچنے والے دکھ پر صبر نہیں رکھتے اور بے تاب ہو کر کافروں کا کہا مان لیتے ہیں اور اسلام کو چھوڑ دیتے ہیں جس طرح کہ مسلمان اللہ کے عذاب آخرت کے خوف سے کفر و معصیت کو ترک کر دیتے ہیں۔

شانِ نزول:

ابن جریر اور ابن المنذر نے بروایت عکرمہ حضرت ابن عباس کا بیان نقل کیا ہے کہ مکہ کے کچھ لوگ تو مسلمان ہو گئے تھے مگر وہ اپنے ایمان پوشیدہ رکھتے تھے بدر کی لڑائی میں مشرک ان کو اپنے ساتھ (مسلمانوں کے مقابلہ کے لئے) لے گئے ان میں سے کوئی مارا گیا تو مسلمانوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا یہ لوگ تو مسلمان تھے مجبوراً بناگواری خاطر مشرکوں کے ساتھ آئے جو لوگ مارے گئے ان کے لئے آپ دعاء مغفرت فرما دیجئے اس پر سورت نساء کی آیت اِنَّ الَّذِیْنَ تَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِیْٓ اَنْفُسِهِمْ الخ نازل ہوئی مدینہ کے مسلمانوں نے یہ آیت لکھ کر مکہ میں رہ جانے والے مسلمانوں کو بھیج دی اور یہ بھی لکھ دیا کہ اب تمہارے لئے عذر کا کوئی موقع باقی نہیں رہا۔ یہ خط پڑھ کر مکہ کے مسلمان نکل کھڑے ہوئے مشرکوں نے ان کا تعاقب کیا اور زبردستی واپس لے گئے اس پر آیت مذکورہ نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

وَلَئِنْ جَآءَ نَصْرٌ مِّنْ رَّبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ
اور اگر آ پہنچے مدد تیرے رب کی طرف سے تو کہنے لگیں ہم تو تمہارے ساتھ ہیں

منافقوں کی حالت:

یعنی اگر مسلمانوں کی کوئی کامیابی اور عروج دیکھیں تو باتیں بنانے لگیں کہ ہم تو تمہارے ساتھ تھے اور اب بھی تمہارے اسلامی بھائی ہیں۔ خصوصاً اگر مسلمانوں کو فتح ہو اور فرض کیجئے یہ لوگ کفار کا ساتھ دیتے ہوئے اُن کے ہاتھ میں قید ہو جائیں، پھر تو نفاق و تملق کی کوئی حد نہ رہے۔ (تفسیر عثمانی)

اَوَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِمَا فِيْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِيْنَ ۝
کیا یہ نہیں کہ اللہ خوب خبردار ہے جو کچھ سینوں میں ہے جہان والوں کے

یعنی جیسے کچھ یہ لوگ مسلمانوں کے ساتھ ہیں اللہ کو سب معلوم ہے۔ کیا زبانی دعوے کر کے اللہ سے اپنے دلوں کا حال چھپا سکتے ہیں؟ (تفسیر عثمانی)

وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ ۝
اور البتہ معلوم کرے گا اللہ اُن لوگوں کو جو یقین لائے ہیں اور البتہ معلوم کرے گا جو لوگ دغاباز ہیں

مؤمن منافق ایک ہو کر رہے گا:

یعنی معلوم تو اُسے پہلے ہی سے سب کچھ ہے لیکن اب تمہارے اعمال و افعال کو دیکھ لے گا کہ کون اپنے کو سچا مومن ثابت کرتا ہے اور کون جھوٹا دغاباز منافق ہے (تنبیہ) اس قسم کے مواضع میں لَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ کے معنی "لَيُرِيَنَّ اللّٰهُ" کے لینا ابن عباسؓ سے منقول ہے کمافی۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا			
اور کہنے لگے	منکر	ایمان والوں کو	تم چلو
سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطٰيٰكُمْ			
ہماری راہ	اور	ہم اٹھالیں	تمہارے گناہ

مسلمان کافروں کی اتباع نہ کریں:

یعنی مسلمان کو چاہیے ایمان پر مضبوط رہے، نہ کوئی تکلیف و ایذاء دہی اُس کو طریق استقامت سے ہٹا سکے اور نہ کفار کی احمقانہ استمالت سے متاثر ہو، مثلاً کفار مسلمانوں سے کہتے ہیں کہ تم اسلام چھوڑ کر پھر اپنی برادری میں آ ملو اور ہماری راہ پر چلو، تمام تکلیفوں اور ایذاؤں سے بچ جاؤ گے مفت میں کیوں مصیبتیں جھیل رہے ہو۔ اور اگر ایسا کرنے میں گناہ سمجھتے اور مواخذہ کا اندیشہ رکھتے ہو تو خدا کے ہاں بھی ہمارا نام لے دینا کہ انہوں نے ہم کو یہ مشورہ دیا تھا۔ اگر ایسی صورت پیش آئی تو ساری ذمہ داری ہم اُٹھالیں گے، اور تمہارے گناہ کا بوجھ اپنے سر رکھ لیں گے کما قال الشاعر۔

ع تو مشق ناز کر خونِ دو عالم میری گردن پر (تفسیر عثمانی)

وَمَا هُمْ بِحٰمِلِيْنَ مِنْ خَطٰيٰهُمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ اِنَّهُمْ			
اور وہ کچھ نہ اٹھائیں گے	اُن کے گناہ	بیشک	وہ
لَكٰذِبُوْنَ ۝ وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ۡ			
جھوٹے ہیں اور البتہ اٹھائیں گے اپنے بوجھ اور کتنے بوجھ ساتھ اپنے بوجھ کے			

کافروں کے جھوٹے دعوے:

یعنی جھوٹے ہیں تمہارا بوجھ رتی برابر بھی ہلکا نہیں کر سکتے۔ ہاں اپنا بوجھ بھاری کر رہے ہیں۔ ایک تو اُن کے ذاتی گناہوں کا بار تھا، اب دوسروں کے اغواء و اضلال کے بارے اُس میں مزید اضافہ کر دیا۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ کوئی چاہے کہ رفاقت کر کے کسی کے گناہ اپنے اُوپر لے لے یہ نہیں ہوگا۔ مگر جس کو گمراہ کیا اور اُس کے بہکائے سے اُس نے گناہ کیا، وہ

besturdubooks.wordpress.com

گناہ اس پر بھی اور اُس پر بھی۔ (موضح) جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ دنیا میں جو کوئی کسی کو (ناحق) قتل کرے اس کے گناہ کا حصہ آدم کے پہلے بیٹے (قابیل) کو پہنچتا ہے جس نے اول یہ بُری راہ نکالی۔ (تفسیر عثمانی)

نیکی اور بدی کا داعی:

ایک حدیث جو حضرت ابو ہریرہؓ اور انس بن مالکؓ سے روایت کی گئی ہے یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص ہدایت کی طرف لوگوں کو دعوت دے تو جتنے لوگ اس کی دعوت کی وجہ سے ہدایت پر عمل کریں گے ان سب کے عمل کا ثواب اس داعی کے نامہ اعمال میں بھی لکھا جائے گا، بغیر اس کے کہ عمل کرنے والوں کے اجر وثواب میں کوئی کمی کی جائے۔ اور جو شخص کسی گمراہی اور گناہ کی طرف دعوت دے تو جتنے لوگ اس کے کہنے سے اس گمراہی میں مبتلا ہوں گے ان سب کا گناہ اور وبال اس شخص پر بھی پڑے گا بغیر اس کے کہ ان لوگوں کے وبال اور عذاب میں کوئی کمی ہو (مسلم عن ابی ہریرۃ وابن ماجہ عن انس، قرطبی)۔ (معارف مفتی اعظم)

وَلَيُسْـَٔلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳﴾

اور البتہ اُن سے پوچھ ہوگی قیامت کے دن جو باتیں کہ جھوٹ بناتے تھے

اہل حق ہمیشہ آزمائے جاتے رہے ہیں:

یعنی جو جھوٹی باتیں بناتے ہیں کہ ہم تمہارا بوجھ اُٹھالیں گے یہ خود مستقل گناہ ہے جس پر ماخوذ ہوں گے۔ آگے چند قصص کے ضمن میں متنبہ کیا گیا ہے کہ سچوں کے مقابلہ میں ہمیشہ سے جھوٹے اغواء اور شرارت کرتے رہے ہیں اور سچوں کو مدتوں تک امتحان وابتلاء کے دور میں سے گزرنا پڑا ہے۔ مگر آخری نتیجہ انہی کے حق میں بہتر ہوا، منکر اور شریر لوگ خائب وخاسر رہے سچے کامیاب وسربلند ہوئے۔ اشقیاء کے تمام مکائد تار عنکبوت سے زیادہ ثابت نہ ہوئے۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ

اور ہم نے بھیجا نوح کو اُن کی قوم کے پاس پھر رہا اُن میں

اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا

ہزار برس پچاس برس کم

حضرت نوح علیہ السلام کی دعوت:

ابن عباسؓ سے منقول ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام چالیس سال کی عمر میں مبعوث ہوئے۔ ساڑھے نوسو برس دعوت وتبلیغ اور سعی واصلاح میں مصروف رہے۔ پھر طوفان آیا، طوفان کے بعد ساٹھ سال زندہ رہے اس طرح کل عمر ایک ہزار پچاس سال ہوئی۔ (تفسیر عثمانی)

وہب کا بیان ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام کی عمر ایک ہزار چار سو برس ہوئی۔ آخر موت کے فرشتے نے آپ سے پوچھا اے دراز ترین عمر والے پیغمبر آپ نے دنیا کو کیسا پایا فرمایا ایسا جیسے کسی نے ایک مکان بنایا ہو جس کے دو دروازے رکھے ہوں میں ایک دروازہ سے داخل ہوا دوسرے دروازہ سے باہر نکل گیا۔

آیت میں نو سو پچاس برس کا لفظ نہیں فرمایا کیونکہ ہزار کے لفظ میں ایک طرح کی شان اور عظمت ہے دکھانا یہ ہے کہ ایک عظیم الشان طویل مدت تک حضرت نوح قوم کی طرف سے پہنچنے والی تکالیف پر صبر کرتے رہے اور اتنی طویل مدت تک قوم کی پُر فریب تدبیروں کا مقابلہ کرتے رہے۔ پھر لفظ اَلْف میں اختصار کہا ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾

پھر پکڑا اُن کو طوفان نے اور وہ گنہگار تھے

طوفان نوح:

یعنی جب گناہوں اور شرارتوں سے باز نہ آئے تو طوفان نے سب کو گھیر لیا۔ بجز چند نفوس کے سب ہلاک ہوگئے۔ (تفسیر عثمانی)

فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ

پھر بچادیا ہم نے اُس کو اور جہاز والوں کو

نجات یافتہ لوگ:

یعنی جو آدمی یا جو جانور جہاز پر سوار تھے اُن کو نوح علیہ السلام کی معیت میں ہم نے محفوظ رکھا۔ سورۂ ہود میں یہ قصہ مفصل گزر چکا۔ (تفسیر عثمانی)

وَجَعَلْنٰهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۵﴾

اور رکھا ہم نے جہاز کو نشانی جہان والوں کے واسطے

کشتی نوح علیہ السلام عبرت کا نشان:

کہتے ہیں حضرت نوحؑ کا جہاز مدت دراز تک جودی پر لگا رہا تاکہ دیکھنے والوں کے لئے عبرت ہو اور اب جو جہاز اور کشتیاں موجود ہیں یہ بھی ایک نشانی ہے جسے دیکھ کر سفینۂ نوح علیہ السلام کی یاد تازہ ہوتی اور قدرت الٰہی کا نمونہ نظر آتا ہے۔ یا شاید یہ مراد ہو کہ کشتی کے اس قصہ کو ہم نے ہمیشہ کے لئے نشان عبرت بنادیا۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں جس وقت یہ سورۃ اتری ہے حضرت کے بہت سے اصحاب کافروں کی ایذاؤں سے تنگ آکر جہاز پر سوار ہو کر ملک حبشہ کی طرف گئے تھے جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ ہجرت کر

besturdubooks.wordpress.com

آئے تب وہ جہاز والے صحابہ بھی سلامتی سے آ ملے۔ (موضح بتغییر یسیر) گویا نوح علیہ السلام وسفینہ نوح علیہ السلام کی تاریخ اس رنگ میں دہرائی گئی۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِبْرٰهِيْمَ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ
اور ابراہیم کو جب کہا اس نے اپنی قوم کو بندگی کرو اللہ کی اور ڈرتے رہو اس سے
ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ اِنَّمَا تَعْبُدُوْنَ
یہ بہتر ہے تمہارے حق میں اگر تم سمجھ رکھتے ہو تم تو پوجتے ہو
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا وَّتَخْلُقُوْنَ اِفْكًا
اللہ کے سوائے یعنی بتوں کے تھان اور بناتے ہو جھوٹی باتیں

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعوت:

یعنی جھوٹے عقیدے تراشتے ہو اور جھوٹے خیالات واوہام کی پیروی کرتے ہو، چنانچہ اپنے ہاتھوں سے یہ بت بنا کر کھڑے کر لئے ہیں جنہیں جھوٹ موٹ خدا کہنے لگے۔ (تفسیر عثمانی)

اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ اگر تم اہل علم میں سے ہو تو ایسا کرو یعنی اگر تم خیر و شر کو جانتے ہو اور حق کا باطل سے امتیاز کرتے ہو یا یہ مطلب ہے کہ اگر تم علمی نظر رکھتے ہو اور تعصب وضد سے تمہاری نظر پاک ہے یا یہ مطلب ہے کہ اگر تم ان لوگوں میں سے ہو جو اہل علم وتمیز ہیں تو تم سے یہ بات پوشیدہ نہیں ہوگی کہ اللہ کی عبادت اور اس کے عذاب کا خوف اس مذہب سے بہتر ہے جس پر تم چل رہے ہو۔ (مظہری)

اِنَّ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَمْلِكُوْنَ
بیشک جن کو تم پوجتے ہو اللہ کے سوائے وہ مالک نہیں
لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ
تمہاری روزی کے سو تم ڈھونڈو اللہ کے یہاں روزی اور اس کی بندگی کرو
وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝
اور اس کا حق مانو اسی کی طرف پھر جاؤ گے

معیشت کی اہمیت:

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "اکثر خلق روزی کے پیچھے ایمان دیتی ہے۔ سو جان رکھو کہ اللہ کے سوا روزی کوئی نہیں دیتا وہی دیتا ہے اپنی خوشی کے موافق لہٰذا اس کے شکر گزار بنو اور اسی کی بندگی کرو۔ وہیں تم کو لوٹ کر جانا ہے، آخر اس وقت کیا منہ دکھاؤ گے۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِنْ تُكَذِّبُوْا فَقَدْ كَذَّبَ اُمَمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ
اور اگر تم جھٹلاؤ گے تو جھٹلا چکے ہیں بہت فرقے تم سے پہلے
وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝
اور رسول کا ذمہ تو بس یہی ہے پیغام پہنچا دینا کھول کر

قوم کے جھٹلانے سے پیغمبر کا کوئی نقصان نہیں:

یعنی جھٹلانے سے میرا کچھ نہیں بگڑتا میں صاف صاف تبلیغ ونصیحت کر کے اپنا فرض ادا کر چکا، بھلا برا سمجھا چکا، نہ مانو گے نقصان اٹھاؤ گے جیسے عاد وثمود وغیرہ تم سے پہلے اٹھا چکے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللّٰهُ
کیا دیکھتے نہیں کیونکر شروع کرتا ہے اللہ
الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ
پیدائش کو پھر اس کو دہرائے گا

اپنی پیدائش پر دوبارہ زندگی کو قیاس کرلو:

یعنی خود اپنی ذات میں غور کرو، پہلے تم کچھ نہ تھے، اللہ نے تم کو پیدا کیا اسی طرح مرنے کے بعد دوبارہ پیدا کر دیگا۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں۔ شروع تو دیکھتے ہو، دوہرانا اسی سے سمجھ لو۔ (تفسیر عثمانی)

كَيْفَ يُبْدِئُ یعنی کیا انہوں نے اپنی ابتدائی تخلیق کی کیفیت کو نہیں دیکھا۔ (ضرور دیکھا ہے لیکن) عبرت حاصل نہیں کی۔ اللہ نے ان کو نطفہ سے پھر بستہ خون سے پھر گوشت کی بوٹی سے بنایا پھر بچہ بنا کر باہر لے آتا ہے پھر وقتِ موت تک اس کے حالات نو بنو بدلتے رہتے ہیں یہاں تک موت آجاتی ہے۔ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ اعادہ سے مراد ہے مرنے کے بعد دوبارہ زندگی عطا کرنا۔ یہ بھی اعادہ کا مطلب ہوسکتا ہے کہ سبزہ اور پھل وغیرہ اللہ دوبارہ ویسے ہی پیدا کر دیتا ہے جیسے گذشتہ سال پیدا کئے تھے۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝
یہ اللہ پر آسان ہے

اللہ کیلئے کچھ مشکل نہیں:

یعنی اللہ کے نزدیک تو کوئی چیز بھی مشکل نہیں۔ البتہ تمہارے سمجھنے کی بات ہے کہ جس نے بدوں نمونہ کے اول ایک چیز کو بنایا، نمونہ قائم ہونے کے

besturdubooks.wordpress.com

بعد بنانا تو اور زیادہ آسان ہونا چاہئے۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ

تو کہہ ملک میں پھرو پھر دیکھو کیونکر

بَدَاَ الْخَلْقَ ثُمَّ اللّٰهُ يُنْشِئُ النَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ

شروع کیا ہے پیدائش کو پھر اللہ اُٹھائے گا پچھلا اُٹھان

دوسری مخلوقات میں غور کرو:

یعنی اپنی ذات کو چھوڑ کر دوسری چیزوں کی پیدائش میں بھی غور کرو اور چل پھر کر دیکھو کہ کیسی کیسی مخلوق خدا نے پیدا کی ہے۔ اسی پر دوسری زندگی کو قیاس کر لو۔ اُس کی قدرت اب کچھ محدود تو نہیں ہوگئی۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۰﴾

بیشک اللہ ہر چیز کر سکتا ہے

يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَرْحَمُ مَنْ يَّشَآءُ

دُکھ دے گا جس کو چاہے اور رحم کرے گا جس پر چاہے

یعنی دوبارہ پیدا کر کے جسے اپنی حکمت کے موافق چاہے گا سزا دے گا اور جس پر چاہے گا اپنے فضل و کرم سے مہربانی فرمائے گا۔ (تفسیر عثمانی)

عذاب و رحم کی صورتیں:

یعنی آخرت میں دوزخ کا عذاب دے کر اور دنیا میں بے مدد چھوڑ کر یا دنیا کا حریص بنا کر یا بداخلاق بنا کر۔ یا اللہ کی طرف سے روگرداں بنا کر یا بدعات کا مرتکب بنا کر۔ یہ سب صورتیں عذاب کی ہیں۔ اسی کے مقابل اللہ جس پر رحم کرنا چاہے رحم کرے آخرت میں جنت میں داخل فرما کر اور دنیا میں مدد دے کر اور قناعت عطا فرما کر اور خوش اخلاق بنا کر اور اللہ کی طرف متوجہ بنا کر اور اتباع سنت کی توفیق دے کر۔ (تفسیر مظہری)

وَاِلَيْهِ تُقْلَبُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ

اور اُسی کی طرف پھر جاؤ گے اور تم عاجز کرنے والے نہیں

فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَمَا لَكُمْ

زمین میں اور نہ آسمان میں اور کوئی نہیں تمہارا

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۲۲﴾

اللہ سے ورے حمایتی اور نہ مددگار

اللہ سے کوئی بھاگ نہیں سکتا:

یعنی جس کو اللہ تعالیٰ سزا دینا چاہے وہ نہ زمین کے سوراخوں میں گھس کر سزا سے بچ سکتا ہے نہ آسمان میں اُڑ کر۔ کوئی بلندی یا پستی خدا کے مجرم کو پناہ نہیں دے سکتی نہ کوئی طاقت اُس کی حمایت اور مدد کو پہنچ سکتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ زمین میں اور نہ آسمان میں یعنی تم بھاگ کر زمین میں چھپ جاؤ یا زمین کے غاروں میں گھس جاؤ تب بھی اللہ کے حکم سے نکل نہیں سکتے اسی طرح اگر (بالفرض) آسمان میں اور فلک بوس قلعوں میں پناہ گیر ہو جاؤ تب بھی قضاء خداوندی سے باہر نہیں ہو سکتے۔

یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وَلَا فِي السَّمَآءِ کا مطلب ہو وَلَا مَنْ فِي السَّمَآءِ یعنی اللہ کے ان ملائکہ کو بھی عاجز نہیں بنا سکتے جو آسمان میں ہیں جیسے حضرت حسان کا شعر ہے۔

فَمَنْ يَّهْجُوْ رَسُوْلَ اللّٰهِ مِنْكُمْ وَيَمْدَحُهٗ وَيَنْصُرُهٗ سَوَاءٌ

تم میں سے جو لوگ رسول اللہ کی ہجو کریں اور وہ لوگ جو رسول اللہ کی مدح اور مدد کریں دونوں فریق رسول اللہ کے لئے برابر ہیں (یعنی آپ کو نہ کوئی ضرر پہنچا سکتا ہے نہ نفع کسی کی ہجا سے آپ کا کوئی نقصان نہیں اور کسی کی تعریف سے آپ کو کوئی فائدہ نہیں۔ (تفسیر مظہری)

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَلِقَآئِهٖٓ اُولٰٓئِكَ

اور جو لوگ منکر ہوئے اللہ کی باتوں سے اور اس کے ملنے سے وہ

يَئِسُوْا مِنْ رَّحْمَتِيْ

ناامید ہوئے میری رحمت سے

مایوس رحمت:

یعنی جنہوں نے اللہ کی باتوں کا انکار کر دیا اور اُس سے ملنے کی اُمید نہیں رکھی (کیونکہ وہ بعث بعد الموت کے قائل ہی نہ ہوئے) انہیں رحمت الٰہی کی اُمید کیونکر ہو سکتی ہے۔ لہٰذا وہ آخرت میں بھی محروم و مایوس ہی رہیں گے۔ یہ گویا مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ کا عکس ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۳﴾ فَمَا كَانَ جَوَابَ

اور اُن کے لئے دردناک عذاب ہے پھر کچھ جواب نہ تھا

قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا اقْتُلُوْهُ اَوْ حَرِّقُوْهُ

اُس کی قوم کا مگر یہی کہ بولے اُس کو مار ڈالو یا جلا دو

besturdubooks.wordpress.com

قوم ابراہیم علیہ السلام کی دہشت گردی:

یعنی ابراہیم علیہ السلام کی تمام معقول باتیں اور دلائل و براہین سن کر جب اُن کے ہم قوم جواب سے عاجز ہوئے تو قوت کے استعمال پر اتر آئے اور آپس میں مشورہ کیا کہ یا تو قتل کر کے ایک دم ان کا قصہ ہی تمام کر دو اور یا آگ میں جلاؤ۔ شاید تکلیف محسوس کر کے اپنی باتوں سے باز آجائے تو نکال لیں گے ورنہ راکھ کا ڈھیر ہو کر رہ جائے گا۔ (تفسیر عثمانی)

فَاَنۡجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ
پھر اس کو بچا دیا اللہ نے آگ سے

اللہ تعالیٰ کی قدرت کا کرشمہ:

یعنی انہوں نے مشورہ کر کے آگ میں ڈال دیا مگر حق تعالیٰ نے آگ کو گلزار بنا دیا۔ جیسا کہ سورۂ انبیاء میں مفصلاً گزر چکا ہے۔

اِنَّ فِیۡ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوۡمٍ یُّؤۡمِنُوۡنَ ﴿۲۴﴾
اس میں بڑی نشانیاں ہیں اُن لوگوں کے لئے جو یقین لاتے ہیں

اہل حق کی کامیابی کی مثال:

یعنی اس واقعہ سے سمجھا دیا کہ اللہ تعالیٰ اپنے سچے بندوں کو کس طرح بچا لیتا ہے اور مخالفین حق کو کس طرح خائب و خاسر کرتا ہے۔ نیز یہ معلوم ہوا کہ ہر چیز کی تاثیر اسکے حکم سے ہے۔ جب حکم نہ ہو تو آگ جیسی چیز جلا نہیں سکتی۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالَ
اور ابراہیم بولا

یعنی آگ سے نکل کر پھر نصیحت شروع کر دی۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّمَا اتَّخَذۡتُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ اَوۡثَانًا
جو ٹھہرائے ہیں تم نے اللہ کے سوائے بتوں کے تھان
مَّوَدَّةَ بَیۡنِكُمۡ فِی الۡحَیٰوةِ الدُّنۡیَا
سو دوستی کر کر آپس میں دنیا کی زندگانی میں

آگ سے نکلنے کے بعد حضرت ابراہیمؑ کی تقریر:

یعنی بت پرستی کو کون عقلمند جائز رکھ سکتا ہے، بت پرست بھی دل میں جانتے ہیں کہ یہ نہایت مہمل حرکت ہے۔ مگر شیرازۂ قومی کو جمع رکھنے کے لئے ایک مذہب ٹھہرا لیا ہے کہ اُس کے نام پر تمام قوم متحد و متفق رہے اور ایک دوسرے کے دوست بنے رہیں، جیسا کہ آج کل ہم یورپ کی مسیحائی قوموں کا حال دیکھتے ہیں۔ یا یہ مطلب ہے کہ بت پرستی کا شیوع و رواج اس بنا پر نہیں ہوا کہ وہ کوئی معقول چیز ہے بلکہ اندھی تقلید، قومی مروت و لحاظ اور تعلقات باہمی کا دباؤ اس کا بڑا سبب ہے یا یہ غرض ہو کہ بت پرستی کی اصل جڑ آپس کی محبت اور دوستی تھی۔ ایک قوم میں کچھ نیک آدمی جنہیں لوگ محبوب رکھتے تھے انتقال کر گئے۔ لوگوں نے جوش محبت میں اُن کی تصویریں بنا کر بطور یادگار رکھ لیں پھر تصویروں کی تعظیم کرنے لگے۔ وہی تعظیم بڑھتے بڑھتے عبادت بن گئی۔ یہ سب احتمالات آیت میں مفسرین نے بیان کئے ہیں۔ اور ممکن ہے "مَوَدَّةَ بَیۡنِكُمۡ" سے بت پرستوں کی اپنے بتوں سے جو محبت ہے وہ مراد ہو جیسا کہ دوسری جگہ "اَنۡدَادًا یُّحِبُّوۡنَهُمۡ كَحُبِّ اللّٰهِ" فرمایا ہے۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

ثُمَّ یَوۡمَ الۡقِیٰمَةِ یَكۡفُرُ بَعۡضُكُمۡ
پھر دن قیامت کے منکر ہو جاؤ گے ایک سے
بِبَعۡضٍ وَّیَلۡعَنُ بَعۡضُكُمۡ بَعۡضًا ۫
ایک اور لعنت کرو گے ایک کو ایک

مشرکانہ دوستیاں کوئی کام نہ دیں گی:

یعنی یہ سب دوستیاں اور محبتیں چند روزہ ہیں۔ قیامت کے دن ایک دوسرے کے دشمن ہو گے اور بعض بعض کو لعنت کرو گے۔ حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں "یعنی وہ شیطان جن کے نام کے تھان ہیں اللہ کے روبرو منکر ہوں گے کہ ہم نے نہیں کہا کہ ہم کو پوجو۔ تب یہ پوجنے والے اُن کو لعنت کریں گے کہ ہماری نذر و نیاز لے کر وقت پر پھر گئے۔" (موضح) (تفسیر عثمانی)

وَّمَاۡوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمۡ مِّنۡ نّٰصِرِیۡنَ ﴿۲۵﴾
اور ٹھکانا تمہارا آگ ہے اور کوئی نہیں تمہارا مددگار

جو دوزخ کی آگ سے تم کو بچا لے جیسے میرے پروردگار نے تمہاری آگ سے مجھ کو بچا لیا۔ (تفسیر عثمانی)

امت محمدیہ میں انقلابات:

حدیث میں ہے کہ ہجرت کے بعد کی ہجرت حضرت ابراہیمؑ کی ہجرت گاہ کی طرف ہوگی۔ اُس وقت زمین پر بدترین لوگ باقی رہ جائیں گے جنہیں زمین تھوک دے گی اور خدا تعالیٰ ان سے نفرت کرے گا انہیں آگ سوروں اور بندروں کے ساتھ ہنکاتی پھرے گی۔ راتوں کو دنوں کو انہیں کے ساتھ رہے گی اوران کی جھڑن کھاتی رہے گی۔ اور روایت میں ہے جو ان میں سے پیچھے رہے گا اُسے یہ آگ کھا جائے گی۔ اور مشرق کی طرف سے کچھ لوگ میری امت میں

besturdubooks.wordpress.com

ایسے نکلیں گے جو قرآن پڑھیں گے لیکن اُن کے گلے سے نیچے نہیں اُترے گا ان کے ایک جتھے کے خاتمے کے بعد دوسرا گروہ کھڑا ہوگا۔ یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیس سے بھی زیادہ بار اسے دہرایا۔ یہاں تک کہ انہی کے آخری گروہ میں دجال نکلے گا۔ حضرت عبداللہ بن عمروؓ کا بیان ہے کہ ایک زمانہ تو ہم پر وہ تھا کہ ہم ایک مسلمان بھائی کے لئے درہم و دینار کو کوئی چیز نہیں سمجھتے تھے اپنی دولت اپنے بھائی کی ہی سمجھتے تھے، پھر وہ زمانہ آیا کہ دولت ہمیں اپنے مسلم بھائی سے زیادہ عزیز معلوم ہونے لگی۔ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ اگر تم بیلوں کی دُموں کے پیچھے لگ جاؤ گے اور تجارت میں مشغول ہو جاؤ گے اور خدا تعالیٰ کی راہ کا جہاد چھوڑ دو گے تو اللہ تعالیٰ تمہاری گردنوں میں ذلت کے پٹے ڈال دے گا جو اُس وقت تک تم سے الگ نہ ہوں گے جب تک کہ تم پھر سے وہیں نہ آجاؤ جہاں تھے اور تم توبہ نہ کرلو، پھر وہی حدیث بیان کی جو اُوپر گزری اور فرمایا کہ میری اُمت میں ایسے لوگ ہوں گے جو قرآن پڑھیں گے اور بدعملیاں کریں گے قرآن ان کے حلقوم سے نیچے نہیں اُترے گا۔ ان کے علم کو دیکھ کر تم اپنے علموں کو حقیر سمجھنے لگو گے۔ وہ اہل اسلام کو قتل کریں گے پس جب یہ لوگ ظاہر ہوں تم انہیں قتل کر دینا، پھر نکلیں پھر مار ڈالنا پھر ظاہر ہوں پھر قتل کر دینا۔ وہ بھی خوش نصیب ہے جو انہیں قتل کرے اور وہ بھی خوش نصیب ہے جو ان کے ہاتھوں قتل کیا جائے جب ان کے گروہ نکلیں گے تو اللہ تعالیٰ انہیں برباد کر دے گا پھر نکلیں گے پھر برباد ہو جائیں گے اسی طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی بیس مرتبہ بلکہ اس سے بھی زیادہ بار یہی فرمایا۔ (تفسیر ابن کثیر)

فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ۘ وَقَالَ اِنِّیْ مُهَاجِرٌ

پھر مان لیا اُس کو لُوط نے اور وہ بولا میں تو وطن چھوڑتا ہوں

اِلٰی رَبِّیْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۲۶﴾

اپنے رب کی طرف بیشک وہ ہی ہے زبردست حکمت والا

حضرت لوطؑ کا ایمان لانا اور ہجرت:

حضرت لوط حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بھتیجے تھے۔ ابراہیمؑ کو اُن کی قوم کے کسی مرد نے نہ مانا۔ البتہ لُوطؑ نے فوراً بلا توقف تصدیق کی۔ دونوں کا وطن ''عراق'' میں شہر بابل تھا۔ خدا کے توکل پر وطن سے نکل کھڑے ہوئے اللہ نے ملک شام میں پہنچا کر بسایا۔ (تنبیہ) وَقَالَ اِنِّیْ مُهَاجِرٌ الخ میں دونوں احتمال ہیں۔ قائل ابراہیم ہوں یا لوط علیہما السلام۔ (تفسیر عثمانی)

اِلٰی رَبِّیْ یعنی اللہ نے مجھے جہاں چلے جانے کا حکم دیا ہے وہاں چلا جاؤں گا یا جہاں میرے لئے اپنے رب کی عبادت کی سہولت ہوگی وہاں چلا جاؤں گا۔ یا یہ مطلب ہے کہ میں اپنی قوم سے منہ پھیر لوں گا ان سے کوئی (دینی) تعلق نہیں رکھوں گا اور اپنا رخ اپنے رب کی طرف کرلوں گا (سب سے کٹ کر اللہ سے جڑ جاؤں گا باہمہ بے ہمہ) صوفیہ کی اصطلاح میں اسی کو وطن کا سفر کہتے ہیں۔ اہل تفسیر نے لکھا ہے کہ حضرت ابراہیمؑ نے کوثیٰ علاقہ کوفہ سے حران کی طرف ہجرت کی پھر حران سے شام کو چلے گئے حضرت لوط اور آپ کی بیوی حضرت سارہ دونوں آپ کے ساتھ تھے حضرت ابراہیم ہی سب سے پہلے شخص تھے جنہوں نے راہ خدا میں ترک وطن کیا پھر حضرت ابراہیمؑ نے فلسطین میں اور حضرت لوط نے سدوم میں قیام اختیار کیا۔ مفسرین نے کہا ہے کہ ہجرت کے وقت حضرت ابراہیم کی عمر پچھتر سال تھی۔

حضرت عثمانؓ کی ہجرت:

حضرت اسماء بنت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہما راوی ہیں کہ حضرت عثمانؓ نے حبشہ کی جانب ہجرت کی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابراہیمؑ و لوطؑ کے بعد عثمانؓ سب سے پہلے مہاجر ہیں۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا حضرت عثمانؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سب سے پہلے ہجرت کی جیسے حضرت لوطؑ نے حضرت ابراہیمؑ کی طرف سے سب سے اول ہجرت کی۔ حضرت زید بن ثابتؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عثمانؓ اور رقیہؓ سے پہلے لوط کے بعد اور کوئی مہاجر نہیں ہوا۔ (تفسیر مظہری)

وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ

اور دیا ہم نے اُس کو اسحٰق اور یعقوب

اولادِ ابراہیم:

یعنی اسحاق بیٹا اور یعقوب پوتا دیا جن کی نسل بنی اسرائیل کہلاتی ہے۔

وَجَعَلْنَا فِیْ ذُرِّیَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ

اور رکھ دی اُس کی اولاد میں پیغمبری اور کتاب

یعنی حضرت ابراہیمؑ کے بعد بجز اُن کی اولاد کے کسی کو کتاب آسمانی اور پیغمبری نہ دی جائے گی۔ چنانچہ جس قدر انبیاء اُن کے بعد تشریف لائے اُن ہی کی ذریت سے تھے۔ اسی لئے ان کو ابوالانبیاء کہا جاتا ہے۔

وَاٰتَیْنٰهُ اَجْرَهٗ فِی الدُّنْیَا ۚ وَاِنَّهٗ فِی الْاٰخِرَةِ

اور دیا ہم نے اُس کو اُس کا ثواب دنیا میں اور وہ آخرت میں

لَمِنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۲۷﴾

البتہ نیکوں سے ہے

besturdubooks.wordpress.com

یعنی دنیا میں حق تعالیٰ نے مال، اولاد، عزت اور ہمیشہ کا نام نیک دیا، اور ملکِ شام ہمیشہ کے لئے اُن کی اولاد کو بخشا۔ (کذافی الموضح) اور آخرت میں اعلیٰ درجہ کے صالحین کی جماعت میں (جو انبیائے اولوالعزم کی جماعت ہے) شامل رکھا۔ (تفسیر عثمانی)

دنیا میں سب سے پہلی ہجرت:

حضرت ابراہیم علیہ السلام پہلے پیغمبر ہیں جن کو دین کے لئے ترکِ وطن اور ہجرت اختیار کرنا پڑی، ان کی یہ ہجرت پچھتر سال کی عمر میں ہوئی (یہ سب بیان قرطبی سے لیا گیا ہے)۔

بعض اعمال کی جزاء دنیا میں بھی مل جاتی ہے:

وَاٰتَيْنٰهُ اَجْرَهٗ فِي الدُّنْيَا یعنی ہم نے ابراہیم علیہ السلام کی اللہ کی راہ میں قربانیوں اور دوسرے اعمالِ صالحہ کی جزاء دنیا میں بھی دے دی کہ ان کو تمام مخلوق میں مقبول و امام بنادیا، یہودی، نصرانی، بت پرست سبھی ان کی عزت کرتے ہیں، اور اپنا مقتداء مانتے ہیں اور آخرت میں وہ صالحین اہلِ جنت میں سے ہوں گے۔ اس سے معلوم ہوا کہ اعمال کی اصل جزاء تو آخرت میں ملے گی مگر اس کا کچھ حصہ دنیا میں بھی نقد دیا جاتا ہے، جیسا کہ احادیث معتبرہ میں بہت سے اچھے اعمال کے دنیوی فوائد اور بُرے اعمال کے دنیوی مفاسد کا بیان آیا ہے، ایسے اعمال کو سیدی حضرت حکیم الامتؒ نے ایک مستقل رسالہ جزاء الاعمال میں جمع فرمادیا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ہجرت حبشہ:

مسند احمد میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں تمام شہر خدا تعالیٰ کے شہر ہیں اور کُل بندے اللہ تعالیٰ کے غلام ہیں جہاں تو بھلائی پاسکتا ہو وہیں قیام کر۔ چنانچہ صحابہ کرامؓ پر جب کہ مکہ شریف کی رہائش مشکل ہو پڑی تو وہ ہجرت کر کے حبشے چلے گئے تا کہ امن و امان کے ساتھ خدا کے دین پر قیام کر سکیں۔ وہاں کے سمجھدار دیندار بادشاہ اصحمہ نجاشی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی پوری تائید و نصرت کی اور وہاں وہ بہت عزت اور خوشی سے رہے سہے۔ پھر اس کے بعد باجازتِ خداوندی صحابہؓ نے اور خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ
اور بھیجا لوط کو جب کہا اپنی قوم کو تم آتے ہو بے حیائی کے کام پر
مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ
تم سے پہلے نہیں کیا وہ کسی نے جہان میں

حضرت لوطؑ کی تبلیغ:

یعنی یہ فعل شنیع تم سے پہلے کسی نے نہیں کیا تھا۔ یہ ہی اس کی دلیل ہے کہ فطرت انسانی اس سے نفور ہے۔ ایسے خلاف فطرت و شریعت کام کی بنیاد تم نے ڈالی۔ (تفسیر عثمانی)

اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِيْلَ ۙ
کیا تم دوڑتے ہو مردوں پر اور راہ مارتے ہو

قوم لوط کی بدکاریاں:

راہ مارنے سے مراد ممکن ہے ڈاکہ زنی ہو، یہ بھی اُن میں رائج ہو گی، یا اُسی بدکاری سے مسافروں کی راہ مارتے تھے کہ ڈر کے مارے اُس طرف ہو کر نہ نکلیں یا تَقْطَعُوْنَ السَّبِيْلَ کا مطلب یہ ہو کہ فطری اور معتاد راستہ کو چھوڑ کر توالد و تناسل کا سلسلہ منقطع کر رہے تھے۔ (تفسیر عثمانی)

وَتَاْتُوْنَ فِيْ نَادِيْكُمُ الْمُنْكَرَ ۭ
اور کرتے ہو اپنی مجلس میں بُرا کام

شاید یہ ہی بدکاری علانیہ لوگوں کے سامنے کرتے ہوں گے، اس بات کی شرم بھی نہ رہی تھی یا کچھ اور ٹھٹھے اور چھیڑ اور بے شرمی کی باتیں کرتے ہوں گے۔ (تفسیر عثمانی)

بغوی نے بروایت ابوصالح حضرت ام ہانیؓ کا قول نقل کیا ہے حضرت ام ہانیؓ نے فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آیت وَتَاْتُوْنَ فِيْ نَادِيْكُمُ الْمُنْكَرَ کے متعلق دریافت کیا اور عرض کیا وہ بری بات کون سی تھی جو قوم لوط والے اپنی مجلسوں میں کرتے تھے فرمایا وہ لوگ (اپنی مجلسوں میں سرِ راہ بیٹھ کر) آنے جانے والوں کے غلے مارتے اور ان کا مذاق بناتے تھے۔ (رواہ احمد والترمذی)

بغوی نے لکھا ہے روایت میں آیا ہے کہ قوم لوط والے اپنی مجلسوں میں بیٹھے ہوتے ہر شخص کے پاس ایک پیالہ میں کچھ پتھریاں ہوتی تھیں کوئی مسافر ادھر سے گزرتا تو وہ آپس میں کہتے تھے (اپنے شکار کو) لو چنانچہ ہر شخص مسافر کو نشانہ بنا کر کنکری مارتا تھا جس کی کنکری مسافر کو لگ جاتی وہی مسافر کا مستحق قرار پاتا تھا اول اس کا سب سامان چھین لیتا پھر اس کے ساتھ بدفعلی کرتا تھا۔ اور تین درہم اس کو دے کر چلتا کر دیتا تھا ان کا سر پنچ تین درہم دینے کا فیصلہ کرتا تھا۔

قاسم بن محمد نے کہا وہ جلسوں میں بیٹھ کر آواز کے ساتھ ریاح خارج کرتے تھے۔ حضرت عبداللہ بن سلام نے فرمایا ایک دوسرے پر تھوکتا تھا۔ مکحول نے کہا قوم لوط کی بری حرکتوں میں سے یہ باتیں تھیں کہ وہ علک چباتے مہندی سے

besturdubooks.wordpress.com

انگلیاں رنگتے لنگیاں کھول دیتے سیٹیاں بجاتے کنکریاں مارتے اور بدفعلیاں کرتے تھے۔ (تفسیر مظہری)

فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتِنَا
پھر کچھ جواب نہ تھا اُس کی قوم کا مگر یہی کہ بولے لے آ
بِعَذَابِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۲۹﴾
ہم پر عذاب اللہ کا اگر تو ہے سچا

قوم والوں کا حضرت لوطؑ کو جواب:

یعنی اگر تم سچے نبی ہو اور واقعی سچ کہتے ہو کہ ہمارے یہ کام خراب اور مستوجب عذاب ہیں تو دیر کیا ہے وہ عذاب لے آیئے۔ دوسری جگہ فرمایا "وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ" (اعراف۔ رکوع)

یعنی اُن کی قوم کا جواب یہی تھا کہ لوط کے گھرانے کو اپنی بستی سے نکال باہر کرو۔ یہ بڑے پاک بننا چاہتے ہیں۔ شاید قوم میں سے بعض نے یہ بعض نے وہ جواب دیا ہوگا، یا ایک وقت میں ایک بات اور دوسرے میں دوسری کہی ہوگی۔ مثلاً اول عذاب کی دھمکیوں کا مذاق اڑایا، پھر آخری فیصلہ یہ کیا ہوگا، کہ انہیں بستی سے نکال دیا جائے بہر حال ثابت ہو گیا کہ وہ قوم نہ صرف اس فعل شنیع کی مرتکب اور بانی تھی، بلکہ اس کے جاری رکھنے پر اس قدر اصرار تھا کہ نصیحت کرنے والے پیغمبر کو اپنی بستی سے نکالنے پر تیار ہو گئے اُن کی فطرت اور طبائع اس قدر مسخ ہو چکی تھیں کہ خوف خدا کا کوئی شائبہ دلوں میں باقی نہ رہا تھا، عذاب کی دھمکیوں کا مذاق اُڑاتے تھے اور پیغمبر کے مقابلہ پر آمادہ تھے۔ جرم کی یہی نوعیت اُن کے ہلاک کرنے کے لئے کافی تھی۔ اور اگر اس کے ساتھ توحید کے بھی قائل نہ تھے تو کڑوا کریلا نیم چڑھا سمجھئے معلوم ہوتا ہے کہ توحید کی دعوت حضرت ابراہیمؑ کی طرف سے مشتہر ہو کر پہنچ چکی ہوگی۔ اس لئے لوط علیہ السلام خاص اسی فعل شنیع سے روکنے پر مامور ہوئے۔ اور ممکن ہے انہوں نے توحید وغیرہ کی دعوت بھی دی ہو۔ مگر اُن کو یہاں نقل نہیں فرمایا۔ واللہ اعلم (تفسیر عثمانی)

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۳۰﴾
بولا اے رب میری مدد کر ان شریر لوگوں پر

حضرت لوطؑ کی دُعاء:

یہ اُن کی طرف سے مایوس ہو کر فرمایا، شاید سمجھ گئے ہوں گے کہ ان کی آئندہ نسلیں بھی درست ہونے والی نہیں۔ وہ بھی انہی کے نقش قدم پر چلیں گی جیسے نوح علیہ السلام نے فرمایا تھا "اِنَّكَ اِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا" (نوح۔ رکوع ۲) کذا قال النیسابوری فی تفسیرہ۔ (عثمانی)

اَلْمُفْسِدِيْنَ یعنی یہ مفسد لوگ ہیں انہوں نے لواطت کی ایجاد کی اور آئندہ لوگوں کے لئے اس کی بنیاد ڈال دی۔ المفسدین کا لفظ ذکر کرنے سے اس طرف اشارہ ہے کہ یہ لوگ عذاب کے مستحق ہیں ان پر فوری عذاب نازل ہونا ضروری ہے۔ المفسدین کہنے سے نزول عذاب کی درخواست میں قوت پیدا ہو گئی۔ (تفسیر مظہری)

وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوْٓا
اور جب پہنچے ہمارے بھیجے ہوئے ابراہیم کے پاس خوشخبری لے کر بولے
اِنَّا مُهْلِكُوْٓا اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ
ہم کو غارت کرنا ہے اس بستی والوں کو
اِنَّ اَهْلَهَا كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۳۱﴾
بیشک اُس کے لوگ ہو رہے ہیں گنہگار

ہلاکت کے فرشتے:

لوط علیہ السلام کی دعا، پر فرشتوں کو اس بستی کے تباہ کرنے کا حکم ہوا۔ فرشتے اول حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس پہنچے ان کو بڑھاپے میں بیٹے کی بشارت سنائی اور اطلاع دی کہ ہم اس بستی (سدوم) کو تباہ و برباد کرنے کے لئے جا رہے ہیں۔ کیونکہ وہاں کے لوگ کسی طرح اپنی حرکات شنیعہ سے باز نہیں آتے۔ ان واقعات کی تفصیل سورۂ اعراف، ہود اور حجر وغیرہ میں گزر چکی ہے۔ (تنبیہ) شاید ہلاکت کی خبر کے ساتھ بیٹے کی بشارت دینے کا مطلب یہ ہو کہ ایک قوم سے اگر خدا کی زمین خالی کی جانے والی ہے تو دوسری طرف حق تعالیٰ ایک عظیم الشان قوم "بنی اسرائیل" کی بنیاد ڈالنے والا ہے۔ نبہ علیہ العلامۃ النیسابوری رحمہ اللہ فی تفسیرہ۔

قَالَ اِنَّ فِيْهَا لُوْطًا ؕ
بولا اس میں تو لوط بھی ہے

حضرت ابراہیمؑ کا تعجب:

یعنی کیا لوط کی موجودگی میں بستی کو تباہ کیا جائے گا؟ یا انہیں وہاں سے علیحدہ کر کے تعذیب کی کارروائی عمل میں لائی جائے گی؟ غالباً حضرت ابراہیم کو از راہ شفقت خیال آیا کہ اگر لوط کی آنکھوں کے سامنے یہ آفت نازل ہوئی تو عجب نہیں کہ عذاب کا ہولناک منظر دیکھنے سے وحشت اور گھبراہٹ ہو فرشتوں

besturdubooks.wordpress.com

نے اپنے کلام میں کوئی استثنا، کیا نہ تھا، اُس سے اُن کے ذہن میں یہ ہی شق آئی ہوگی کہ لوط کی موجودگی میں کارروائی کریں گے۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

قَالُوْا نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَنْ فِيْهَا لَنُنَجِّيَنَّهٗ

وہ بولے ہم کو خوب معلوم ہے جو کوئی اس میں ہے ہم بچالیں گے اُس کو

وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ

اور اس کے گھر والوں کو مگر اُس کی عورت کہ رہے گی رہ جانے والوں میں

فرشتوں کا جواب:

یعنی فرشتوں نے اطمینان دلایا کہ ہم سب کو جانتے ہیں جو وہاں رہتے ہیں اور جو اُن میں خدا کے مجرم ہیں۔ تنہا لوط نہیں، بلکہ اُس کے گھر والوں کو بھی کوئی گزند نہ پہنچے گا۔ سب کو عذاب کے موقع سے علیحدہ کرلیں گے صرف اس کی ایک عورت وہاں رہ جائے گی۔ کیونکہ اُس پر بھی عذاب آنا ہے۔

وَلَمَّآ اَنْ جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ

اور جب پہنچے ہمارے بھیجے ہوئے لوط کے پاس ناخوش ہوا

بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا

اُن کو دیکھ کر اور تنگ ہوا دل میں

فرشتے حضرت لوطؑ کے پاس:

فرشتے نہایت حسین وجمیل امردوں کی شکل میں وہاں پہنچے۔ حضرت لوط نے اول پہچانا نہیں۔ بہت تنگدل اور ناخوش ہوئے کہ اب ان مہمانوں کی عزت قوم کے ہاتھ سے کس طرح بچاؤں گا۔ اگر اپنے یہاں نہ ٹھہراؤں تو اخلاق و مروت اور مہمان نوازی کے خلاف ہے۔ ٹھہراتا ہوں تو اس بدکار قوم سے آبرو کس طرح محفوظ رہے گی۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالُوْا لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ اِنَّا مُنَجُّوْكَ

اور وہ بولے مت ڈر اور غم نہ کھا ہم بچائیں گے تجھ کو

وَاَهْلَكَ اِلَّا امْرَاَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ

اور تیرے گھر کو مگر عورت تیری رہ گئی رہ جانے والوں میں

اِنَّا مُنْزِلُوْنَ عَلٰٓى اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزًا

ہم کو اتارنی ہے اس بستی والوں پر ایک آفت

مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ

آسمان سے اس بات پر کہ وہ نافرمان ہو رہے تھے

یعنی اپنی قوم کی شرارت سے ڈرے مت۔ یہ کچھ نہیں کرسکتی اور ہمارے بچاؤ کے لئے غمگین نہ ہو ہم آدمی نہیں فرشتے ہیں، جو تجھ کو اور تیرے ہم مشرب گھر والوں کو بچا کر اس قوم کو غارت کرنے کے لئے آئے ہیں۔ یہ قصہ پہلے کئی جگہ گزر چکا۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَقَدْ تَّرَكْنَا مِنْهَآ اٰيَةًۢ بَيِّنَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ

اور چھوڑ رکھا ہم نے اُس کا نشان نظر آتا ہوا سمجھدار لوگوں کے واسطے

قوم لوط کی بستیوں کے کھنڈرات:

یعنی اُن کی اُلٹی ہوئی بستیوں کے نشان مکہ والوں کو ملک شام کے سفر میں دکھائی دیتے تھے۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت ابن عباسؓ کے نزدیک آیت بینہ سے مراد ہیں قوم لوط کی بستیوں کے ویران کھنڈر۔ قتادہ نے کہا اس سے مراد وہ پتھر ہیں جو ان پر برسائے گئے تھے اللہ نے وہ پتھر باقی رکھے اس امت کے ابتدائی دور تک وہ پتھر موجود تھے اور اگلے لوگوں نے ان کو دیکھا تھا۔

مجاہد نے کہا زمین کے اندر سے سیاہ پانی برآمد کرنا آیت مبینہ سے مراد ہے۔ بعض نے کہا ان کے قصہ کی شہرت مراد ہے یعنی ہم نے قوم لوط کی تباہی کے قصہ کو ایک نشانی کر کے چھوڑ دیا۔ (تفسیر مظہری)

وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا فَقَالَ يٰقَوْمِ

اور بھیجا مدین کے پاس اُن کے بھائی شعیب کو پھر بولا اے قوم

اعْبُدُوا اللّٰهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْاٰخِرَ

بندگی کرو اللہ کی اور توقع رکھو پچھلے دن کی

حضرت شعیبؑ کی تبلیغ:

یعنی آخرت کی طرف سے غافل نہ ہو اکیلے خدائے واحد کی پرستش کرو۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ

اور مت پھرو زمین میں خرابی مچاتے

فساد فی الارض:

خرابی مچانے سے شاید مراد ہے لین دین میں دغابازی کرنا، سود بٹہ لگانا، جیسا کہ اُن کی عادت تھی۔ اور ممکن ہے رہزنی بھی کرتے ہوں۔ وقیل غیر ذلک۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوا

پھر اُس کو جھٹلایا تو پکڑ لیا اُن کو زلزلے نے پھر صبح کو رہ گئے

فِي دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ۝ وَعَادًا وَثَمُوْدَا۟

اپنے گھروں میں اوندھے پڑے اور ہلاک کیا عاد کو اور ثمود کو

وَقَدْ تَّبَيَّنَ لَكُمْ مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ

اور تم پر حال کھل چکا ہے اُن کے گھروں سے

یعنی اُن کی بستیوں کے کھنڈر تم دیکھ چکے ہو۔ اُن سے عبرت حاصل کرو۔ (تفسیر عثمانی)

عقل پرستوں کی غلط فہمی:

اور جن کی عقل فلسفہ اور سائنس سے خراب ہو چکی ہے اور ان کا دائرہ ادراک محسوسات سے متجاوز نہیں ان کا گمان یہ ہے کہ اس تختہ زمین کے نیچے کوئلہ اور گندھک کی کان تھی باہمی رگڑ سے آتشی مادہ میں اشتعال پیدا ہوا اس لئے وہ بستی ہلاک اور تباہ ہو گئی۔

سبحان اللہ وہ خطہ زمین تو نہایت سرسبز اور شاداب تھا ہر طرف پانی کے چشمے جاری تھے وہاں آتشی مادہ کہاں سے آیا۔ اور کیا آگ اور پانی کا مادہ ایک جگہ جمع ہو سکتا ہے۔ (معارف کاندھلوی)

وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ

اور فریفتہ کیا اُن کو شیطان نے اُن کے کاموں پر پھر روک دیا

عَنِ السَّبِيْلِ وَكَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ ۝

اُن کو راہ سے اور تھے ہوشیار

عقل کے باوجود ہلاکت کے خریدار بنے:

یعنی دنیا کے کام میں ہشیار تھے اور اپنے نزدیک عقلمند تھے پر شیطان کے بہکائے سے نہ بچ سکے۔ (تفسیر عثمانی)

فراء نے مستبصرہ ہونے کا یہ معنی بیان کیا ہے کہ وہ لوگ اہل دانش و ہوش تھے بصیرت مند تھے غور و نظر کر سکتے تھے لیکن انہوں نے غور و فکر سے کام نہیں لیا یہ مطلب بھی بیان کیا گیا ہے کہ ان پر واضح کر دیا گیا تھا کہ ان پر عذاب ضرور آئے گا۔ پیغمبروں کے اقوال سے ان پر ظاہر ہو چکا تھا کہ (اگر وہ تائب نہ ہوئے تو) عذاب میں مبتلا ہوں گے لیکن وہ اپنے افکار و اطوار پر جمے رہے اور نتیجہ میں تباہ کر دیئے گئے۔ (تفسیر مظہری)

وَقَارُوْنَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مُّوْسٰى

اور ہلاک کیا قارون اور فرعون اور ہامان کو اور اُنکے پاس پہنچا موسیٰ

بِالْبَيِّنٰتِ فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانُوْا سٰبِقِيْنَ ۝

کھلی نشانیاں لے کر، پھر بڑائی کرنے لگے ملک میں اور نہیں تھے ہم سے جیت جانے والے

قارون، فرعون اور ہامان:

یعنی کھلی نشانیاں دیکھ کر بھی حق کے سامنے نہ جھکے اور کبر و غرور نے اُن کی گردن نیچے نہ ہونے دی۔ پھر نتیجہ کیا ہوا؟ کیا بڑے بن کر سزا سے بچ گئے؟ یا العیاذ باللہ خدا کو تھکا دیا۔ (تفسیر عثمانی)

قارون نسبی لحاظ سے فرعون و ہامان سے شریف تھا اس لئے قارون کا لفظ فرعون و ہامان سے پہلے ذکر کیا گیا اس سے اشارہ نکلتا ہے اس امر کی طرف کہ اعلیٰ نسب والے سے کفر و معصیت کا صدور بہت ہی بُرا ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَكُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ

پھر سب کو پکڑا ہم نے اپنے اپنے گناہ پر

مختلف مجرموں کی مختلف سزائیں:

یعنی ان میں سے ہر ایک کو اُس کے جرم کے موافق سزا دی گئی۔

فَمِنْهُمْ مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا

پھر کوئی تھا کہ اُس پر ہم نے بھیجا پتھراؤ ہوا سے

یہ قوم لوط ہے اور بعض نے "عاد" کو بھی اس میں بھی داخل کیا ہے۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ

اور کوئی تھا کہ اُس کو پکڑا چنگھاڑ نے

یہ ثمود تھے اور اہل مدین بھی۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ

اور کوئی تھا کہ اُس کو دھنسا دیا ہم نے زمین میں

یعنی قارون کو جیسا کہ سورۂ قصص میں گزرا۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا

اور کوئی تھا کہ اُس کو ڈبا دیا ہم نے

یہ فرعون و ہامان ہوئے اور بعض نے قوم نوح کو بھی اس میں داخل کیا ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا

اور اللہ ایسا نہ تھا کہ اُن پر ظلم کرے پر تھے وہ

اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ

اپنا آپ ہی بُرا کرتے

اللہ تعالیٰ ظلم نہیں کرتا:

یعنی اللہ تعالیٰ کی شان یہ نہیں کہ کوئی ناانصافی یا بے موقع کام کرے، اُس کی بارگاہ عیوب ونقائص سے بکلی مُبرا ومنزہ ہے۔ ظلم تو وہاں متصور ہی نہیں، ہاں بندے خود اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں، یعنی ایسے کام کرتے ہیں جن کا نتیجہ لامحالہ اُن کے حق میں بُرا ہو۔

مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ

مثال اُن لوگوں کی جنہوں نے پکڑے اللہ کو چھوڑ کر اور حمایتی

كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۚ اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ۚ وَاِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ

جیسے مکڑی کی مثال بنالیا اُس نے ایک گھر اور سب گھروں میں بودا

لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾

سو مکڑی کا گھر اگر اُن کو سمجھ ہوتی

مشرکوں کی حیثیت:

یعنی گھر اس واسطے ہے کہ جان ومال کا بچاؤ ہو نہ مکڑی کا جالا کہ دامن کے جھٹکے سے ٹوٹ پڑے۔ یہ ہی مثال اس کی ہے جو اللہ کے سوا کسی کو اپنا بچانے والا اور محافظ سمجھے، بدون مشیت الٰہی کچھ بچاؤ نہیں کر سکتے۔ (تفسیر عثمانی)

مسئلہ: مکڑی کو مارنے اور اس کے جالے صاف کردینے کے متعلق علماء کے اقوال مختلف ہیں، بعض حضرات اس کو پسند نہیں کرتے، کیونکہ یہ جانور بوقت ہجرت غار ثور کے دہانے پر جالا تان دینے کی وجہ سے قابل احترام ہوگیا۔ جیسا کہ خطیب نے حضرت علی کرم اللہ وجہٗ سے اس کے قتل کی ممانعت نقل کی ہے، مگر ثعلبی نے اور ابن عطیہ نے حضرت علی کرم اللہ وجہٗ ہی سے یہ روایت نقل کی ہے "طَهِّرُوْا بُيُوْتَكُمْ مِنْ نَسْجِ الْعَنْكَبُوْتِ فَاِنَّ تَرْكَهٗ يُوْرِثُ الْفَقْرَ" یعنی مکڑی کے جالوں سے اپنے مکانات کو صاف رکھا کرو، کیونکہ اس کے چھوڑ دینے سے فقر وفاقہ پیدا ہوتا ہے، سنداً دونوں روایتوں کی قابل اعتماد نہیں، اور دوسری روایت کی دوسری احادیث سے تائید ہوتی ہے جن میں مکانات اور فناء دار کو صاف رکھنے کا حکم ہے۔ (روح المعانی) (معارف مفتی اعظم)

مکڑی اور مشرک:

حکماء کا قول ہے کہ مکڑی کے آٹھ پاؤں اور چھ آنکھیں ہوتی ہیں اور اس کے اندر ایک زہریلا مادہ بھی ہوتا ہے اور زہر عنکبوت آدمی کو ہلاک کرڈالتا ہے اسی طرح مشرکین ہر طرف دوڑتے ہیں اور ان کی نظریں چکا چوند رہتی ہیں اور اندر شرک کا زہریلا مادہ ہوتا ہے جو ان کی تباہی کا باعث بنتا ہے۔ (معارف کاندھلوی)

یعنی جو کافر بتوں پر بھروسہ رکھتے ہیں اور انہوں نے بتوں کو اپنا محل اعتماد قرار دے رکھا ہے ان کی مثال کمزوری اور ضعف کے لحاظ سے ایسی ہے جیسے مکڑی نے اپنا جالا بنالیا ہو، بلکہ مکڑی کے جالے سے بھی زیادہ ان کا محل اعتماد کمزور ہے مکڑی کا جالا پھر بھی کوئی حقیقت رکھتا ہے اور اس کا کچھ فائدہ مکڑی کو پہنچتا ہے بت پرستوں کی حالت اس سے بھی گئی گزری ہے مطلب یہ ہے کہ بت پرستوں کے مذہب کی مثال مکڑی کے جالے کی طرح ہے۔ یا یہ مطلب ہے کہ جن کافروں نے اللہ کے سوا دوسروں کو کارساز سمجھ رکھا ہے اہل توحید کے مقابلہ میں ان کی حالت ایسی ہے جیسے اس مکڑی کی جس نے اپنا گھر کسی آدمی کے گھر کے مقابلہ میں بنایا ہو۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں اور ابوبکر غار میں داخل ہوئے تو مکڑیوں نے جمع ہوکر فوراً دروازہ پر جالا بنا دیا اس لئے تم ان کو قتل نہ کیا کرو۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ

اللہ جانتا ہے جس جس کو وہ پکارتے ہیں اُس کے

دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ۭ

سوائے کوئی چیز ہو

یعنی ممکن تھا سننے والا تعجب کرے کہ سب کو ایک ہی ذیل میں کھینچ دیا کسی کو مستثنیٰ نہ کیا بعض لوگ بُت کو پوجتے ہیں بعض آگ پانی کو بعض اولیاء انبیاء یا فرشتوں کو، سو اللہ نے فرمادیا کہ اللہ کو سب معلوم ہیں۔ اگر کوئی ایک بھی ان میں سے مستقل قدرت واختیار رکھتا تو اللہ سب کی یک قلم نفی نہ کرتا۔

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۴۲﴾

اور وہ زبردست ہے حکمتوں والا

یعنی اللہ کو کسی کی رفاقت نہیں چاہیے وہ زبردست ہے اور مشورہ نہیں چاہیے کیونکہ حکیم مطلق ہے۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

حکمت وطاقت کا مالک اللہ ہے:

وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ اور وہی غالب اور حکمت والا ہے یہ سابق کلام کی علت ہے۔ ایک غالب حکیم ہستی کے ساتھ ایسی چیز کو عبادت میں شریک کرنا جو بالکل ہیچ اور بے مقدار ہیں انتہائی حماقت ہے اللہ قادر مطلق ہے ہر چیز پر اس کو قدرت تامہ حاصل ہے عالم کل بھی ہے اس کے مقابلہ میں بے جان جماد کوئی ہستی نہیں رکھتا بالکل معدوم کی طرح ہے ایسا محیط کل علم رکھنے والا قادر مطلق یقیناً منکروں کو سزا دینے پر قدرت رکھتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ
اور یہ مثالیں بٹھلاتے ہیں ہم لوگوں کے واسطے
وَمَا يَعْقِلُهَآ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ
اور اُن کو سمجھتے وہی ہیں جن کو سمجھ ہے

قرآنی مثالوں پر مشرکین کے اعتراض کا جواب:

مشرکین مکہ کہتے تھے کہ اللہ تعالیٰ مکڑی اور مکھی وغیرہ حقیر چیزوں کی مثالیں بیان کرتا ہے جو اُس کی عظمت کے منافی ہیں اس کا جواب دیا، کہ مثالیں اپنے موقع کے لحاظ سے نہایت موزوں اور ممثل لہ پر پوری منطبق ہیں۔ مگر سمجھدار ہی اُس کا مطلب ٹھیک سمجھتے ہیں۔ جاہل بے وقوف کیا جانیں۔ مثال کا انطباق مثال دینے والے کی حیثیت پر نہیں کرنا چاہیے۔ بلکہ جس کی مثال ہے اس کی حیثیت کو دیکھو، اگر وہ حقیر وکمزور ہے تو تمثیل بھی ایسی ہی حقیر وکمزور چیزوں سے ہوگی۔ مثال دینے والے کی عظمت کا اس سے کیا تعلق۔ (تفسیر عثمانی)

اللہ کے نزدیک عالم کون ہے؟

امام بغویؒ نے اپنی سند کے ساتھ حضرت جابرؓ سے روایت کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کی تلاوت فرما کر فرمایا کہ عالم وہی شخص ہے جو اللہ تعالیٰ کے کلام میں غور وفکر کرے، اور اس کی طاعت پر عمل کرے، اور اس کو ناراض کرنے والے کاموں سے بچے۔

مسند احمد میں حضرت عمرو بن عاصؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک ہزار امثال سیکھی ہیں، ابن کثیرؒ اس کو نقل کر کے لکھتے ہیں کہ یہ حضرت عمرو بن عاصؓ کی بہت بڑی فضیلت ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت مذکورہ میں عالم انہی کو فرمایا ہے جو اللہ ورسول کی بیان کردہ امثال کو سمجھیں، اور حضرت عمرو بن مرہ نے فرمایا کہ جب میں قرآن کی کسی آیت پر پہنچتا ہوں جو میری سمجھ میں نہ آئے تو مجھے بڑا غم ہوتا ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ وَمَا يَعْقِلُهَآ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ (ابن کثیر) (معارف مفتی اعظم)

بغوی نے عطا اور ابو الزبیر کی روایت بیان کی کہ حضرت جابرؓ نے وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ وَمَا يَعْقِلُهَآ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ تلاوت فرما کر فرمایا عالم وہ ہے جس کو اللہ کی طرف سے سمجھ ملی ہو اور سمجھنے کے بعد وہ اللہ کی اطاعت کرے اور اس کی نافرمانی سے پرہیز رکھے۔ ثعلبی اور واحدی کی روایت بھی اسی طرح ہے ابوداؤد بن حبر نے کتاب العقل میں حارث بن اسامہ کے طریق سے بھی اس روایت کو بیان کیا۔ ابن جوزی نے اس کا ذکر موضوعات میں کیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

حضرت عمرو بن مرہؒ فرماتے ہیں کہ کلام اللہ شریف کی جو آیت میری تلاوت میں آئے اور اس کی تفصیلی معنی مطلب میری سمجھ میں نہ آئے تو میرا دل دُکھتا ہے مجھے سخت تکلیف ہوتی ہے اور میں ڈرنے لگتا ہوں کہ کہیں خدا تعالیٰ کے نزدیک میری گنتی جاہلوں میں تو نہیں ہوگئی کیونکہ فرمان خدا تعالیٰ یہی ہے کہ ہم ان مثالوں کو لوگوں کے سامنے پیش کر رہے ہیں لیکن سوائے عالموں کے انہیں دوسرے سمجھ نہیں سکتے۔ (تفسیر ابن کثیر)

خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ
اللہ نے بنائے آسمان اور زمین جیسے چاہئیں

یعنی نہایت حکمت سے بنایا بیکار پیدا نہیں کیا۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ
اس میں نشانی ہے یقین لانے والوں کے لئے

یعنی جب آسمان وزمین اُس اکیلے نے بنادیئے تو چھوٹے چھوٹے کاموں میں اسے کسی شریک یا مددگار کی کیا احتیاج ہوگی۔ ہوتی تو ان بڑے کاموں میں ہوتی۔

اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ
تو پڑھ جو اُتری تیری طرف کتاب

تلاوت قرآن کے نتائج:

یعنی قرآن کی تلاوت کرتے رہیئے تا دل مضبوط اور قوی رہے۔ تلاوت کا اجر وثواب الگ حاصل ہو۔ اس کے معارف وحقائق کا انکشاف بیش از بیش ترقی کرے۔ دوسرے لوگ بھی سن کر اس کے مواعظ اور علوم وبرکات سے منتفع ہوں، جو نہ مانیں اُن پر خدا کی حجت تمام ہو، اور دعوت واصلاح کا فرض بحسن وخوبی انجام پاتا رہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى
اور قائم رکھ نماز بیشک نماز روکتی ہے

besturdubooks.wordpress.com

عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ
بے حیائی اور بُری بات سے

نماز برائیوں سے روکتی ہے:

نماز کا برائیوں سے روکنا دو معنی میں ہوسکتا ہے ایک بطریق تسبب یعنی نماز میں اللہ تعالیٰ نے خاصیت و تاثیر یہ رکھی ہو کہ نمازی کو گناہوں اور برائیوں سے روک دے جیسے کسی دوا کا استعمال کرنا بخار وغیرہ امراض کو روک دیتا ہے۔ اس صورت میں یاد رکھنا چاہیے کہ دوا کے لئے ضروری نہیں کہ اُس کی ایک ہی خوراک بیماری کو روکنے کے لئے کافی ہو جائے۔ بعض دوائیں خاص مقدار میں مدت تک التزام کے ساتھ کھائی جاتی ہیں۔ اُس وقت اُن کا نمایاں اثر ظاہر ہوتا ہے بشرطیکہ مریض کسی ایسی چیز کا استعمال نہ کرے جو اُس دوا کی خاصیت کے منافی ہو۔ پس نماز بھی بلاشبہ بڑی قوی التاثیر دوا ہے جو روحانی بیماریوں کو روکنے میں اکسیر کا حکم رکھتی ہے ہاں ضرورت اس کی ہے کہ ٹھیک مقدار میں اُس احتیاط اور بدرقہ کے ساتھ جو اطبائے روحانی نے تجویز کیا ہو خاصی مدت تک اُس پر مواظبت کی جائے۔ اس کے بعد مریض خود محسوس کرے گا کہ نماز کس طرح اس کی پرانی بیماریوں اور برسوں کے روگ کو دور کرتی ہے۔ دوسرے معنی یہ ہو سکتے ہیں کہ نماز کا برائیوں سے روکنا بطور اقتضاء ہو یعنی نماز کی ہر ایک ہیئت اور اس کا ہر ایک ذکر مقتضی ہے کہ جو انسان ابھی ابھی بارگاہ الٰہی میں اپنی بندگی، فرمانبرداری، خضوع و تذلل اور حق تعالیٰ کی ربوبیت الوہیت اور حکومت وشہنشاہی کا اظہار و اقرار کر کے آیا ہے، مسجد سے باہر آ کر بھی بدعہدی اور شرارت نہ کرے اور اُس شہنشاہ مطلق کے احکام سے منحرف نہ ہو۔ گویا نماز کی ہر ایک ادا مصلی کو پانچ وقت حکم دیتی ہے کہ او بندگی اور غلامی کا دعوی کرنے والے واقعی بندوں اور غلاموں کی طرح رہ۔ اور بزبان حال مطالبہ کرتی ہے کہ بیحیائی اور شرارت وسرکشی سے باز آ۔ اب کوئی باز آئے یا نہ آئے مگر نماز بلاشبہ اُسے روکتی اور منع کرتی ہے جیسے اللہ تعالیٰ خود روکتا اور منع فرماتا ہے۔ کما قال تعالیٰ ’’اِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ‘‘ (نحل رکوع ۱۳) پس جو بد بخت اللہ تعالیٰ کے روکنے اور منع کرنے پر برائی سے نہیں رُکتے نماز کے روکنے پر بھی اُن کا نہ رُکنا محل تعجب نہیں ہاں یہ واضح رہے کہ ہر نماز کا روکنا اور منع کرنا اُسی درجہ تک ہوگا۔ جہاں تک اس کے ادا کرنے میں خدا کی یاد سے غفلت نہ ہو۔ کیونکہ نماز محض چند مرتبہ اُٹھنے بیٹھنے کا نام نہیں۔ سب سے بڑی چیز اُس میں خدا کی یاد ہے نمازی ارکان صلوٰۃ ادا کرتے وقت اور قرأت قرآن یا دعاء و تسبیح کی حالت میں جتنا حق تعالیٰ کی عظمت وجلال کو مستحضر اور زبان و دل کو موافق رکھے گا اتنا ہی اُس کا دل نماز کے منع کرنے کی آواز کو سنے گا۔ اور اُسی قدر اُس کی نماز برائیوں کو چھڑانے میں مؤثر ثابت ہوگی۔ ورنہ جو نماز قلب لاہی وغافل سے ادا ہو وہ صلوٰۃ منافق کے مشابہ ٹھہرے گی۔ جس کی نسبت حدیث میں فرمایا ’’لایذکر اللّٰه فیھا الا قلیلا‘‘ اسی نماز کی نسبت ’’لم یزدد بھا من اللّٰه الا بعدا‘‘ کی وعید آئی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

امام رازیؒ کی تحقیق:

امام رازی قدس اللہ سرہٗ فرماتے ہیں کہ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ میں صلاۃ سے مطلق نماز مراد نہیں بلکہ وہ نماز مراد ہے کہ جو شرعاً صحیح ہو اور عند اللہ قابل قبول ہو اور نماز کے لئے شرط ہے کہ کپڑے پاک صاف ہوں۔ کما قال تعالیٰ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ اسی طرح ضروری ہے کہ نمازی کا باطنی لباس یعنی لباس تقوی بھی طاہر و مطہر اور نظیف ہو اور اس پر فحشاء و منکر کی نجاست اور گندگی لگی ہوئی نہ ہو اور جب اللہ اکبر نماز کے لئے کھڑا ہو تو دل سے یہ سمجھتا ہو کہ میں دربار خداوندی میں احکم الحاکمین کے سامنے کھڑا ہوں۔ معاذ اللہ میں بھنگی نہیں ہوں کہ جو بیت الخلاء کی نجاستوں کو اپنی بالٹی میں جمع کرتا ہے پس جو شخص نماز کی حقیقت کو اور اپنے مقام کو سمجھ لے گا تو وہ نماز سے فارغ ہونے کے بعد فحشاء اور منکر کی جانب جانے سے ایسی ہی نفرت کرے گا جیسا کہ ایک عاقل شہنشاہ کے دربار سے نکلنے کے بعد بیت الخلاء اور کوڑی کے دیکھنے سے بھی نفرت کرتا ہے۔ (معارف کاندھلوی)

ناقص نمازیں:

اقامت صلوٰۃ کرنے والے کو منجانب اللہ خود بخود توفیق اعمال صالحہ کی بھی ہوتی ہے، اور ہر طرح کے گناہوں سے بچنے کی بھی، اور جو شخص نماز پڑھنے کے باوجود گناہوں سے نہ بچا تو سمجھ لے کہ اس کی نماز ہی میں قصور ہے جیسا کہ حضرت عمران بن حُصینؓ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا کہ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ کیا مطلب ہے، آپ نے فرمایا **مَن لَّمْ تَنْهَهُ صَلٰوتُهٗ عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ فَلَا صَلٰوةَ لَهٗ** (رواہ ابن ابی حاتم بسندہ عن عمران بن حصین والطبرانی من حدیث ابی معاویہ) یعنی جس شخص کو اس کی نماز نے فحشاء اور منکر سے نہ روکا اس کی نماز کچھ نہیں، اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا **لا صلٰوۃ لمن لَّمْ یُطِعِ الصَّلٰوۃ** (رواہ ابن جریر بسندہ) یعنی اس شخص کی نماز ہی نہیں جس نے اپنی نماز کی اطاعت نہ کی اور نماز کی اطاعت یہی ہے کہ فحشاء اور منکر سے باز آ جائے، اور حضرت ابن عباسؓ نے آیت مذکورہ کی تفسیر میں فرمایا کہ جس شخص کی نماز نے اس کو اعمال صالحہ پر عمل اور منکرات سے پرہیز پر آمادہ نہیں کیا تو ایسی نماز اس کو اللہ سے اور زیادہ دور کر دیتی ہے۔

ابن کثیرؒ نے ان تینوں روایتوں کو نقل کر کے ترجیح اس کو دی ہے کہ یہ احادیث مرفوعہ نہیں، بلکہ عمران بن حُصین اور عبداللہ بن مسعود اور ابن عباس رضی اللہ عنہم کے اقوال ہیں جو ان حضرات نے اس آیت کی تفسیر میں ارشاد فرمائے ہیں،

besturdubooks.wordpress.com

عنقریب نماز برائی سے روک دے گی:

اور حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ ایک شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ فلاں آدمی رات کو تہجد پڑھتا ہے اور جب صبح ہو جاتی ہے تو چوری کرتا ہے، آپ نے فرمایا کہ عنقریب نماز اس کو چوری سے روک دے گی۔ (ابن کثیر)

بعض روایات میں یہ بھی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد کے بعد وہ اپنے گناہ سے تائب ہو گیا۔ (معارف مفتی اعظم)

اَلْفَحْشَآءِ وہ بری بات جس کی برائی شرعاً اور عقلاً کھلی ہوئی ہو۔ نماز اللہ کی یاد دلاتی ہے اور نفس کے اندر خشیہ (خوف عذاب) پیدا کرتی ہے اس لئے گناہوں سے روکتی ہے۔

انصاری نوجوان کی توبہ:

بغوی نے حضرت انس کی روایت سے بیان کیا ہے کہ ایک انصاری جوان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پانچوں نمازیں پڑھتا تھا لیکن اس کے باوجود کوئی کھلا ہوا گناہ ایسا نہ تھا جس کا وہ ارتکاب نہ کرتا ہو اس کی یہ حالت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی گئی حضور نے فرمایا کسی دن اس کی نماز اس کو (ان گناہوں سے) روک دے گی چنانچہ کچھ ہی مدت کے بعد اس نے توبہ کر لی اور اس کی حالت ٹھیک ہو گئی۔

وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ
اور اللہ کی یاد ہے سب سے بڑی

اللہ کی یاد: یعنی نماز برائی سے کیوں نہ روکے جبکہ وہ اللہ تعالیٰ کے یاد کرنے کی بہترین صورت ہے۔ کما قال تعالیٰ "وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ" (طٰہٰ رکوع ۱) اور اللہ کی یاد بہت بڑی چیز ہے۔ یہ وہ چیز ہے جسے نماز اور جہاد وغیرہ تمام عبادات کی روح کہہ سکتے ہیں۔ یہ نہ ہو تو عبادت کیا، ایک جسد بے روح اور لفظ بے معنی ہے۔ حضرت ابو درداء وغیرہ کی احادیث کو دیکھ کر علماء نے یہی فیصلہ کیا ہے کہ ذکر اللہ (خدا کی یاد) سے بڑھ کر کوئی عبادت نہیں۔ اصلی فضیلت اسی کو ہے۔ یوں عارضی اور وقتی طور پر کوئی عمل ذکر اللہ پر سبقت لے جائے وہ دوسری بات ہے لیکن غور کیا جائے تو ماننا پڑے گا کہ اس عمل میں بھی فضیلت اسی ذکر اللہ کی بدولت آئی ہے۔ بہرحال ذکر اللہ تمام اعمال سے افضل ہے اور جب وہ نماز کے ضمن میں ہو تو افضل تر ہو گا۔ پس بندے کو چاہیے کہ کسی وقت خدا کے ذکر سے غافل نہ ہو خصوصاً جس وقت کسی برائی کی طرف میلان ہو فوراً خدا تعالیٰ کی عظمت وجلال کو یاد کرے اُس سے باز آ جائے قرآن وحدیث میں ہے کہ بندہ جب اللہ تعالیٰ کو یاد کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسکو یاد فرماتا ہے۔ بعض سلف نے آیت کا یہی مطلب لیا ہے کہ نماز میں ادھر سے بندہ خدا کو یاد کرتا ہے اسلئے نماز بڑی چیز ہوئی۔ لیکن اس کے جواب میں جو اُدھر سے اللہ تعالیٰ اس کو یاد فرماتا ہے بعض سلف نے آیت کا یہی مطلب لیا ہے کہ نماز میں ادھر سے بندہ خدا کو یاد کرتا ہے اس لئے نماز بڑی چیز ہوئی لیکن اس کے جواب میں جو اُدھر سے اللہ تعالیٰ اپنے بندہ کو یاد فرماتا ہے یہ سب سے بڑی چیز ہے جس کی انتہائی قدر کرنی چاہیے اور یہ شرف وکرامت محسوس کر کے اور زیادہ ذکر اللہ کی طرف راغب ہونا چاہیے۔ کسی شخص نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ اسلام کے احکام بہت ہیں، مجھے کوئی ایک جامع ومانع چیز بتلا دیجئے فرمایا "لايزال لسانك رطبا من ذكر الله" (تیری زبان ہمیشہ اللہ کے ذکر سے تر رہنی چاہیے) حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں جتنی دیر نماز میں لگے اُتنے تو ہر گناہ سے بچے اُمید ہے آگے بھی بچتا رہے۔ اور اللہ کی یاد کو اس سے زیادہ اثر ہے یعنی گناہ سے بچے اور اعلیٰ درجوں پر چڑھے۔ (موضح) یہ "لَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ" کی ایک اور لطیف تفسیر ہوئی۔ (تفسیر عثمانی)

فضائل ذکر کی احادیث:

ذکر کی فضیلت میں بہت احادیث آئی ہیں جن میں سے چند مندرجہ ذیل ہیں۔

۱- سب سے بہتر عمل:

حضرت ابو درداء راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تم کو ایسا عمل نہ بتاؤں جو تمہارے مالک کے نزدیک سارے اعمال سے بہتر اور پاکیزہ اور ہر عمل سے زیادہ اونچے درجہ پر پہنچنے والا سونے چاندی کو راہ خدا میں خرچ کرنے سے تمہارے لئے بہتر اور (اس جہاد سے بھی) تمہارے لئے افضل ہے جس میں دشمن کے مقابلہ میں تم دشمنوں کی گردنیں مارو اور وہ تمہاری گردنیں ماریں۔ صحابہ نے عرض کیا۔ کیوں نہیں (ضرور فرمائیے) فرمایا، اللہ کا ذکر رواہ احمد ومالک والترمذی وابن ماجۃ امام مالک کے نزدیک یہ حدیث موقوف ہے (یعنی حضرت ابو درداء نے اس کو مرفوعاً ذکر نہیں کیا)

۲- سب سے اعلیٰ مرتبہ والا بندہ:

حضرت ابو سعید خدری راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کون سا بندہ سب سے افضل اور اللہ کے نزدیک اعلیٰ مرتبہ والا ہے فرمایا اللہ کی بکثرت یاد کرنے والے اور یاد کرنے والیاں۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ کیا مجاہد فی سبیل اللہ سے بھی (افضل ہیں) فرمایا اگر مجاہد اپنی تلوار سے کافروں کو اتنا مارے کہ تلوار ٹوٹ جائے اور خون سے رنگین ہو جائے تب بھی اللہ کی بکثرت یاد کرنے والے اس سے افضل درجہ والے ہیں رواہ احمد والترمذی۔ ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

۳- افضل آدمی اور افضل عمل

حضرت عبداللہ بن بسری راوی ہیں کہ ایک اعرابی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کیا (یا رسول اللہ) کون سا آدمی سب سے بہتر ہے فرمایا خوشی ہو اس کے لئے جس کی عمر طویل اور اعمال اچھے ہوں اس شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ کون سا عمل سب سے افضل ہے فرمایا (سب سے افضل یہ ہے) کہ تم دنیا سے ایسی حالت میں جاؤ کہ تمہاری زبان اللہ کے ذکر سے تروتازہ ہو رہی ہو رواہ احمد الترمذی۔

۴- آگے بڑھ جانے والے:

حضرت ابو ہریرہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ کے ایک راستہ پر جارہے تھے ایک پہاڑ کی طرف سے گزرے اس پہاڑ کا نام حمدان تھا فرمایا چلے چلو یہ حمدان ہے۔ اہلِ تفرید آگے بڑھ گئے صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ اہلِ تفرید سے کیا مراد ہے فرمایا۔ اللہ کا بکثرت ذکر کرنے والے اور ذکر کرنے والیاں۔ رواہ مسلم۔

۵- زندہ و مردہ آدمی:

حضرت ابوموسیٰ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنے رب کا ذکر کرتا ہے اور جو ذکر رب نہیں کرتا اسکی مثال زندہ اور مردہ کی ہے۔ متفق علیہ

۶- اہل ذکر کو فرشتے تلاش کرتے ہیں:

حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے کچھ فرشتے اہلِ ذکر کی تلاش میں راستوں میں گھومتے رہتے ہیں جب وہ کسی جماعت کو اللہ کا ذکر کرتے پاتے ہیں تو ایک دوسرے کو پکار کر کہتا ہے آؤ تمہارا مقصد یہ ہے حضور نے فرمایا۔ پھر آسمان تک ملائکہ ان لوگوں پر چھا جاتے ہیں اللہ ان ملائکہ سے دریافت فرماتا ہے (باوجودیکہ وہ خود ہی خوب واقف ہے) میرے بندے کیا کہہ رہے تھے فرشتے عرض کرتے ہیں تیری پاکی بیان کر رہے تھے تیری بڑائی بیان کر رہے تھے تیری ثناء کر رہے تھے اور تیری بزرگی کا اظہار کر رہے تھے (یعنی الحمد للہ، اللہ اکبر، سبحان اللہ اور المجد للہ کہہ رہے تھے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کیا انہوں نے مجھے دیکھا ہے ملائکہ کہتے ہیں نہیں خدا کی قسم انہوں نے تجھے نہیں دیکھا، اللہ فرماتا ہے کہ وہ مجھے دیکھ لیتے تو ان کی کیا کیفیت ہوتی ملائکہ عرض کرتے ہیں اگر وہ تجھے دیکھ لیتے تو تیری عبادت کرتے اور تیری بزرگی بیان کرتے ہیں اور زیادہ سرگرم ہو جاتے۔ اور تیری پاکی اور زیادہ بیان کرتے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وہ کیا مانگتے ہیں فرشتے عرض کرتے ہیں وہ تجھ سے جنت مانگتے ہیں اللہ فرماتا ہے کیا انہوں نے جنت دیکھ لی ہے فرشتے عرض کرتے ہیں خدا کی قسم انہوں نے جنت نہیں دیکھی اللہ فرماتا ہے اگر وہ دیکھ لیتے تو ان کی کیا حالت ہوتی فرشتے عرض کرتے ہیں اگر وہ جنت دیکھ لیتے تو ان کو جنت کی خواہش اور طلب اور زیادہ شدت کے ساتھ ہو جاتی اور جنت کی رغبت بہت بڑھ جاتی۔ اللہ فرماتا ہے وہ پناہ کس چیز سے مانگتے ہیں فرشتے عرض کرتے ہیں وہ دوزخ سے پناہ چاہتے ہیں اللہ فرماتا ہے کیا انہوں نے دوزخ دیکھی ہے فرشتے عرض کرتے ہیں نہیں بخدا انہوں نے دوزخ نہیں دیکھی اللہ فرماتا ہے اگر وہ دوزخ کو دیکھ لیتے تو ان کی کیا کیفیت ہوتی ملائکہ عرض کرتے ہیں اگر وہ دوزخ کو دیکھ لیتے تو اس سے اور زیادہ بھاگتے اور بہت زیادہ اس سے ڈرتے۔ اللہ فرماتا ہے تو میں تم گواہ کرتا ہوں کہ میں نے ان کو بخش دیا۔ ان ملائکہ میں سے ایک فرشتہ عرض کرتا ہے ان ذکر کرنے والوں میں فلاں شخص بھی موجود تھا جو ان میں سے نہیں تھا (یعنی ذکر میں شامل نہ تھا) کسی کام سے وہاں آیا تھا اللہ فرماتا ہے وہ ایسے لوگ ہیں کہ ان کے پاس بیٹھنے والا بھی محروم نہیں ہوتا۔ رواہ البخاری

مسلم نے بھی یہ حدیث اسی طرح نقل کی ہے اس روایت کے الفاظ یہ ہیں۔ اے رب ان میں ایک بندہ غلطی سے شامل ہو گیا (ادھر سے) گزرا تھا کہ ان کے ساتھ بیٹھ گیا اللہ فرماتا ہے میں نے اس کو بھی بخش دیا وہ ایسے لوگ ہیں کہ ان کے ساتھ بیٹھنے والا (بھی) بدنصیب نہیں ہوتا۔

۷- جنت کے باغ:

حضرت انسؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم جنت کے باغوں کی طرف سے گزرو تو وہاں چرلیا کرو (یعنی ان میں حصہ لیا کرو) صحابہ نے عرض کیا جنت کے باغ کون سے ہیں فرمایا ذکر کے حلقے رواہ الترمذی۔

۸- فرشتوں کا سرمایہ فخر:

معاویہ کی روایت سے مسلم نے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کے حلقہ کی طرف سے گزرے فرمایا یہاں کیسے بیٹھے ہو۔ صحابہ نے عرض کیا، اللہ کا ذکر کرنے بیٹھے ہیں اور اس کی ثناء کر رہے ہیں کہ اس نے ہم کو مسلمان ہونے کی توفیق دی اور مسلمان بنا کر ہم پر احسان فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ ملائکہ پر تم کو بطور فخر پیش فرماتا ہے۔

۹- غافلوں میں ذاکر کی مثال:

امام مالک کا بیان ہے مجھے اطلاع ملی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کرتے تھے غافلوں میں (یعنی اللہ کی یاد سے غفلت کرنے والوں میں) اللہ کا ذکر کرنے والا ایسا ہے جیسے (کافروں کے مقابلہ سے) بھاگنے والوں میں (کافروں سے) لڑنے والا۔ اور غافلوں میں اللہ کا ذکر کرنے والا ایسا ہے جیسے خشک درخت میں سبز شاخ اور غافلوں (کی جماعت) میں اللہ کو یاد کرنے والے کی مثال ایسی ہے جیسے اندھیرے گھر میں (روشن) چراغ۔ اور غافلوں

besturdubooks.wordpress.com

کے اندر (رہ کر) اللہ کی یاد کرنے والے کو زندگی ہی میں اللہ جنت کے اندر اس کی جگہ دکھا دیتا ہے اس کے گناہ اتنے بخش دیئے جاتے ہیں جتنی تعداد تمام بولنے والوں اور نہ بولنے والوں یعنی آدمیوں اور چوپایوں کی ہے۔ رواہ رزین۔

۱۰- عذاب سے نجات:

حضرت معاذ بن جبل کی روایت ہے اللہ کے ذکر سے زیادہ کوئی عمل آدمی کو اللہ کے عذاب سے نجات دینے والا نہیں ہے۔ رواہ مالک والترمذی وابن ماجۃ۔

۱۱- فرشتوں اور رحمتوں کا نزول:

حضرت ابو سعید خدری نے شہادت دی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو لوگ بیٹھے ہوئے اللہ کا ذکر کرتے ہیں (یعنی ان کے بیٹھنے کی غرض سوائے یاد الٰہی کے اور کچھ نہیں ہوتی) ان پر فرشتے چھا جاتے ہیں (فرشتے ان کو گھیر لیتے ہیں) اور رحمت ان کو ڈھانک لیتی ہے اور ان پر سکینہ (دل اور روح کا چین) نازل ہوتا ہے اور اللہ ان (ملائکہ) میں جو اس کے مقرب ہوتے ہیں ان لوگوں کا ذکر فرماتا ہے۔ رواہ مسلم۔

۱۲- اللہ تعالیٰ کی ہمراہی:

حضرت ابو ہریرہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ (اللہ نے ارشاد فرمایا) کہ بندہ میرے متعلق جیسا گمان رکھتا ہے میں اسی کے گمان کے پاس ہوتا ہوں جب وہ میری یاد کرتا ہے تو میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں اگر وہ میری یاد اپنے دل میں کرتا ہے تو میں بھی اس کو اپنے نفس میں یاد کرتا ہوں اور اگر وہ میری یاد جماعت کے ساتھ کرتا ہے (جماعت میں کرتا ہے) تو میں اس کا ذکر ایسی جماعت میں کرتا ہوں جو اس کی جماعت سے بہتر ہوتی ہے۔ متفق علیہ (یعنی فرشتوں کی جماعت میں اس کا ذکر کرتا ہوں)

بعض اہل تفسیر کے نزدیک وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ کا یہ مطلب ہے کہ اللہ جو تمہارا ذکر کرتا ہے وہ اس ذکر سے زیادہ عظمت والا ہے جو تم اس کا کرتے ہو (یعنی تم جو خدا کی یاد کرتے ہو اس سے بڑھ کر اللہ تمہارا ذکر کرتا ہے) مجاہد عکرمہ اور سعید بن جبیر سے یہی تفسیر منقول ہے ایک روایت میں حضرت ابن عباس کی طرف سے اس قول کی نسبت کی گئی ہے۔

بغوی نے لکھا ہے کہ موسیٰ بن عقبہ کی روایت میں بحوالہ نافع آیا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی مرفوعاً یہ تفسیر نقل کی ہے۔ خلاصہ مطلب یہ ہے کہ تم خدا کی یاد میں کمی نہ کرو، کیونکہ جب تم خدا کی یاد کرو گے تو اللہ تعالیٰ تمہارا ذکر کرے گا اور اللہ جب تمہارا ذکر کرے تو اس کا درجہ تمہارے ذکر خدا کرنے سے بہت بڑا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ﴿۴۵﴾
اور اللہ کو خبر ہے　جو　تم کرتے ہو

جو آدمی جس قدر اللہ کو یاد کرتا ہے اللہ جانتا ہے:

یعنی جو آدمی جس قدر خدا کو یاد رکھتا ہے یا نہیں رکھتا خدا تعالیٰ سب کو جانتا ہے۔ لہٰذا ذاکر اور غافل میں سے ہر ایک کے ساتھ اس کا معاملہ بھی جداگانہ ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ
اور جھگڑا نہ کرو　اہل کتاب سے　مگر اس طرح پر جو
اَحْسَنُ ۖ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ
بہتر ہو　مگر　جو　ان　میں بے انصاف　ہیں

اہل کتاب کو دعوت دینے کا طریقہ:

یعنی مشرکوں کا دین جڑ سے غلط ہے اور اہل کتاب کا دین اصل میں سچا تھا۔ تو ان سے اُن کی طرح مت جھگڑو کہ جڑ سے اُن کی بات کاٹنے لگو۔ بلکہ نرمی، متانت، خیر خواہی اور صبر و تحمل سے واجبی بات سمجھاؤ البتہ جو ان میں صریح بے انصافی، عناد اور ہٹ دھرمی پر تُل جائے اس کے ساتھ مناسب سختی کا برتاؤ کر سکتے ہو اور آگے چل کر ایسوں کو سزا دینی ہے۔ (تنبیہ) پہلے قرآن کی تلاوت کا حکم تھا، اغلب ہے کہ منکرین اُسے سن کر اُلجھنے لگیں، تو بتا دیا کہ بحث کے وقت فریق مقابل کی علمی و دینی حیثیت کا خیال رکھو۔ جوش مناظرہ میں صداقت و اخلاق کی حد سے نہ نکلو۔ جہاں کہیں جتنی سچائی ہو اس کا اعتراف کرو۔ (تفسیر عثمانی)

اس آیت میں اہل کتاب سے مجادلہ میں جو ہدایت طریق حسنہ کے ساتھ کرنے کی دی گئی ہے یہی سورہ نحل میں مشرکین کے متعلق بھی ہے۔ اس جگہ اہل کتاب کی تخصیص اُس کلام کی وجہ سے ہے جو بعد میں آرہا ہے، کہ ہمارے اور تمہارے دین میں بہت سی چیزیں مشترک ہیں تم غور کرو تو ایمان اور اسلام کے قبول کرنے میں تمہیں کوئی مانع نہ ہونا چاہئے جیسا کہ ارشاد فرمایا قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَاُنْزِلَ اِلَيْكُمْ یعنی تم اہل کتاب سے مجادلہ کے وقت ان کو اپنے قریب کرنے کے لئے یہ کہو کہ ہم مسلمان تو اس وحی پر بھی ایمان رکھتے ہیں جو ہماری طرف بواسطہ ہمارے رسول کے بھیجی گئی ہے، اور اس وحی پر بھی جو تمہاری طرف تمہارے پیغمبر کے ذریعہ بھیجی گئی ہے، اس لئے ہم سے مخالفت کی کوئی وجہ نہیں۔

کیا اس آیت میں موجودہ تورات وانجیل کے مضامین کی تصدیق کا حکم ہے

اس آیت میں اہل کتاب کی طرف آنے والی کتابوں تورات اور انجیل

besturdubooks.wordpress.com

پر مسلمانوں کے ایمان کا تذکرہ جس عنوان سے کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ ہم ان کتابوں پر اجمالی ایمان رکھتے ہیں بایں معنی کہ جو کچھ اللہ تعالیٰ نے ان کتابوں میں نازل فرمایا تھا اس پر ہمارا ایمان ہے اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ موجودہ تورات و انجیل کے سب مضامین پر ہمارا ایمان ہے، جن میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں بھی بہت تحریفات ہو چکی تھیں اور اس وقت سے اب تک ان میں تحریف کا سلسلہ چل ہی رہا ہے، ایمان صرف ان مضامین تورات و انجیل پر ہے جو اللہ کی طرف سے حضرت موسیٰ و عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئے تھے، تحریف شدہ مضامین اس سے خارج ہیں۔

موجودہ تورات و انجیل کی نہ مطلقاً تصدیق کی جائے نہ مطلقاً تکذیب

صحیح بخاری میں حضرت ابوہریرہؓ کی روایت ہے کہ اہل کتاب تورات و انجیل کو ان کی اصلی زبان عبرانی میں پڑھتے تھے، اور مسلمانوں کو ان کا ترجمہ عربی زبان میں سناتے تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے متعلق مسلمانوں کو یہ ہدایت دی کہ تم اہل کتاب کی تصدیق نہ کرو نہ تکذیب کرو، بلکہ یوں کہو اٰمَنَّا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَاُنْزِلَ اِلَيْكُمْ، یعنی ہم اجمالاً اس وحی پر ایمان لاتے ہیں جو تمہارے انبیاء پر نازل ہوئی ہے اور جو تفصیلات تم بتاتے ہو وہ ہمارے نزدیک قابل اعتماد نہیں، اس لئے ہم اس کی تصدیق و تکذیب سے اجتناب کرتے ہیں۔

تفسیروں میں جو عام مفسرین نے اہل کتاب کی روایات نقل کی ہیں ان کا بھی یہی درجہ ہے اور نقل کرنے کا منشاء بھی صرف اس کی تاریخی حیثیت کو واضح کرنا ہے، احکام حلال و حرام کا ان سے مستنباط نہیں کیا جا سکتا۔ (معارف مفتی اعظم)

بداخلاقی کا جواب نرمی سے:

اور مطلب یہ ہے کہ کافروں کی بداخلاقی کے مقابلہ میں تم نرمی سے کام لو مباحثہ کے وقت وہ غضب ناک ہو جائیں تو تم تحمل کرو۔ وہ شور و غل کریں تو تم ان کی خیر خواہی ظاہر کرو، چونکہ خیر خواہی اور نصیحت مجادلہ میں داخل نہیں ہے اس لئے مستثنیٰ منقطع ہوگا۔

ظلم اور معاہدہ شکن کافر:

اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ مگر ان میں سے جنہوں نے ظلم کیا ہو یعنی معاہدہ کو توڑ دیا ہو یا جزیہ ادا کرنا قبول نہ کیا ہو تو ان سے (مباحثہ نہ کرو بلکہ) لڑو یہاں تک کہ وہ مسلمان ہو جائیں یا ذلیل ہو کر جزیہ ادا کریں سعید بن جبیر نے یہی تشریح کی ہے اور کہا ہے کہ حربی کافر مستثنیٰ ہیں اور استثناء کے بعد جو لوگ باقی رہ گئے وہ ذمی کافر ہیں۔

اہل کتاب کی تصدیق و تردید کی حد:

یہ حسن مجادلہ کا بیان ہے یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ اگر اہل کتاب وہ باتیں کہیں جو ان کی کتابوں میں مذکور ہیں تو تم ان سے جھگڑا نہ کرو یعنی تکذیب نہ کرو ہاں ان میں سے جو لوگ بیجا باتیں کہیں اور ایسی باتوں کا اظہار کریں جو یقیناً (ان کی اصل) کتابوں میں نہیں ہیں اور جھوٹی ہیں جیسے ان کا دعویٰ کہ شریعت موسیٰ ہمیشہ رہے گی یا عیسیٰ کو قتل کر دیا گیا یا مسیح خدا کے بیٹے تھے تو اس صورت میں ان کو جھوٹا قرار دینا واجب ہے اور مباہلہ ضروری ہے ان سے کہہ دو کہ ہم اپنی اور تمہارے پاس بھیجی گئی کتاب پر ایمان رکھتے ہیں (تمہاری ان غلط باتوں کو نہیں مانتے) (تفسیر مظہری)

حضرت ابونملہ انصاری کا بیان ہے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیٹھا ہوا تھا کہ ایک یہودی آیا اور (اسی وقت) ایک جنازہ بھی ادھر سے گزرا۔ یہودی نے کہا محمد صلی اللہ علیہ وسلم یہ میت کیا کلام کرتی ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے نہیں معلوم یہودی بولا یہ کلام کرتی ہے اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (صحابہ سے) فرمایا اہل کتاب اگر تم سے کچھ بیان کریں (اور وہ تمہارے دین کے خلاف نہ ہو) تو تم نہ ان کی تصدیق کرو نہ تکذیب اور کہو اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ (ہمارا ایمان اللہ پر اور اللہ کی کتابوں اور اس کے پیغمبروں پر ہے) اب اگر وہ بات صحیح ہے تو تم نے اس کی تکذیب نہیں کی (اس لئے مجرم نہ ہو گے) اور اگر وہ بات غلط ہے تو تم نے اس کی تصدیق نہیں کی۔ (اس لئے مجرم نہ ہو گے)۔

وَقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَاُنْزِلَ اِلَيْكُمْ
اور یوں کہو کہ ہم مانتے ہیں جو اُترا ہم کو اور اُترا تم کو

سابقہ کتب پر ایمان:

یعنی ہمارا جیسا کہ قرآن پر ایمان ہے اُس پر بھی ایمان ہے کہ اللہ نے تمہاری ہدایت کے لئے حضرت موسیٰ و مسیح علیہما الصلوٰۃ والسلام اور دوسرے انبیاء پر جو کتابیں اتاریں بیشک وہ سچی تھیں۔ ایک حرف اُن کا غلط نہ تھا۔ (گو تمہارے ہاتھ میں وہ آسمانی کتابیں اپنی اصلی صورت و حقیقت میں باقی نہ رہیں) (تفسیر عثمانی)

حضرت ابوہریرہ کا بیان ہے کہ اہل کتاب (یعنی یہودی) عبرانی میں توریت پڑھتے تھے اور مسلمانوں کے سامنے اس کی تشریح عربی میں کرتے تھے اس لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم اہل کتاب کی نہ تصدیق کرو نہ تکذیب اور کہو ہم ایمان لائے اس (کتاب) پر جو ہماری طرف اتاری گئی اور اس پر جو تمہاری طرف اتاری گئی الخ رواہ البخاری۔ (تفسیر مظہری)

وَاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۴۶﴾
اور بندگی ہماری اور تمہاری ایک ہی کو ہے اور ہم اُسی کے حکم پر چلتے ہیں

besturdubooks.wordpress.com

اہل کتاب اور مسلمانوں کا فرق:

یعنی اصلی معبود ہمارا تمہارا ایک ہے۔ فرق اتنا ہے کہ ہم تنہا اسی کے حکم پر چلتے ہیں تم نے اُس سے ہٹ کر اوروں کو بھی خدائی کے حقوق و اختیارات دے دیئے۔ مثلاً حضرت مسیح یا حضرت عزیز علیہما السلام کو یا احبار و رہبان کو۔ نیز ہم نے اُس کے تمام احکام کو مانا سب پیغمبروں کی تصدیق کی، سب کتابوں کو برحق سمجھا اُس کے آخری حکم کے سامنے سر تسلیم جھکا دیا۔ تم نے کچھ مانا کچھ نہ مانا۔ اور آخری صداقت سے منکر ہوگئے۔ (تفسیر عثمانی)

وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ ؕ

اور ویسی ہی ہم نے اتاری تجھ پر کتاب

اہل کتاب قرآن پاک کو کیوں قبول نہیں کرتے:

کتاب میں آخر تمہاری کتابوں سے کون سی بات کم ہے جو قبول کرنے میں تردد ہے۔ جس طرح انبیائے سابقین پر کتابیں اور صحیفے ایک دوسرے کے بعد اُترتے رہے، پیغمبر آخر الزماں پر یہ کتاب لاجواب اُتری اس کے ماننے سے اتنا انکار کیوں ہے۔ (تفسیر عثمانی)

قرآن کریم...... محفوظ کتاب:

صحیح مسلم کی حدیث میں فرمانِ باری تعالیٰ ہے کہ اے نبی! میں تمہیں آزماؤں گا اور تمہاری وجہ سے لوگوں کی بھی آزمائش کرلوں گا میں تم پر ایسی کتاب نازل فرماؤں گا جسے پانی دھو نہ سکے۔ تو اس سوتے جاگتے پڑھتا رہے گا۔ مطلب یہ ہے کہ گو اس کے حروف پانی سے دھودیئے جائیں لیکن وہ ضائع ہونے سے محفوظ ہے جیسے کہ اور حدیث میں ہے کہ اگر قرآن کسی چمڑے میں ہو تو اسے آگ نہیں جلائے گی اس لئے کہ وہ سینوں میں محفوظ ہے زبانوں پر آسان ہے، دلوں میں موجود ہے اور اپنے لفظ اور معنی کے اعتبار سے ایک جیتا جاگتا معجزہ ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

فَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۚ وَمِنْ هٰٓؤُلَآءِ

سو جن کو ہم نے کتاب دی ہے وہ اُس کو مانتے ہیں اور ان مکہ والوں میں

مَنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ ﴿۴۷﴾

بھی بعضے ہیں کہ اُس کو مانتے ہیں اور منکر وہی ہیں ہماری باتوں سے جو نافرمان ہیں

سچے اور منصف اہل کتاب قرآن کو مانیں گے:

یعنی جن اہل کتاب نے اپنی کتاب ٹھیک سمجھی وہ اس کتاب کو بھی مانیں گے اور انصافاً ماننا چاہیے چنانچہ اُن میں کے جو منصف ہیں وہ اس کی صداقت دل سے تسلیم کرتے ہیں۔ اور نہ صرف اہل کتاب بلکہ بعض عرب کے لوگ بھی جو کتب سابقہ کا کچھ علم نہیں رکھتے۔ اس قرآن کو مانتے جا رہے ہیں۔ حقیقت میں قرآن کریم کی صداقت کے دلائل اس قدر روشن ہیں کہ بجز سخت حق پوش نافرمان کے کوئی اُن کی تسلیم سے انکار نہیں کرسکتا۔ (تفسیر عثمانی)

جو قرآن کا منکر ہے وہ توراۃ کا بھی منکر ہے:

وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ یعنی صرف وہ لوگ انکار کرتے ہیں جو اللہ کے اور اللہ کی ساری کتابوں کے منکر ہیں کیونکہ قرآن کی جو شخص تکذیب کرتا ہے وہ حقیقت میں توریت و انجیل کی بھی تکذیب کرتا ہے۔ اس لئے کہ توریت و انجیل نے قرآن کی تصدیق کی ہے پس جو شخص قرآن کا منکر ہے اور توریت پر ایمان رکھنے کا مدعی ہے اس کا دعویٰ غلط ہے۔ قتادہ نے کہا جحود پہچاننے کے بعد ہوتا ہے اہل کتاب جانتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سچے نبی ہیں اور قرآن حق ہے اس کے بعد انہوں نے انکار کیا یہ جحود ہوگیا۔ (تفسیر مظہری)

وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ

اور تو پڑھتا نہ تھا اس سے پہلے کوئی کتاب

وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۴۸﴾

اور نہ لکھتا تھا اپنے داہنے ہاتھ سے تب تو البتہ شبہ میں پڑتے یہ جھوٹے

صداقتِ قرآن کی دلیل:

نزول قرآن سے پہلے چالیس سال آپ کی عمر کے ان ہی مکہ والوں میں گزرے۔ سب جانتے ہیں کہ اس مدت میں نہ آپ کسی اُستاد کے پاس بیٹھے نہ کوئی کتاب پڑھی نہ کبھی ہاتھ میں قلم پکڑا، ایسا ہوتا تو ان باطل پرستوں کو شبہ نکالنے کی جگہ رہتی کہ شاید اگلی کتابیں پڑھ کر یہ باتیں نوٹ کرلی ہوں گی، اُن ہی کو اب آہستہ آہستہ اپنی عبارت میں ڈھال کر سنا دیتے ہیں۔ گو اس وقت بھی یہ کہنا غلط ہوتا، کیونکہ کوئی پڑھا لکھا انسان بلکہ دنیا کے تمام پڑھے لکھے آدمی مل کر اور کل مخلوق کی طاقت کو اپنے ساتھ ملا کر بھی ایسی بے نظیر کتاب تیار نہیں کرسکتے، تاہم جھوٹوں کو بات بنانے کا ایک موقع ہاتھ لگ جاتا لیکن جبکہ آپ کا اُمی ہونا مسلمات میں سے ہے تو اس سرسری شبہ کی بھی جڑ کٹ گئی اور یوں ضدی لوگ کہنے کو تو اس پر بھی کہتے تھے۔ "اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا" (فرقان۔ رکوع) (تفسیر عثمانی)

بَلْ هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ

بلکہ یہ قرآن تو آیتیں ہیں صاف اُن لوگوں کے سینوں میں

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ؕ

جن کو ملی ہے سمجھ

besturdubooks.wordpress.com

قرآن پاک کی سینہ بہ سینہ حفاظت:

یعنی پیغمبر نے کسی سے لکھا پڑھا نہیں۔ بلکہ یہ وحی جو اُن پر آئی ہمیشہ کو بن لکھے سینہ بسینہ جاری رہے گی۔ اللہ کے فضل سے علماء اور حفاظ وقراء کے سینے اس کے الفاظ ومعانی کی حفاظت کریں گے اور آسمانی کتابیں حفظ نہ ہوتی تھیں۔ یہ کتاب حفظ ہی سے باقی ہے۔ لکھنا اُس پر افزود ہے۔ (موضح باضافہ یسیر) (تفسیر عثمانی)

قرآن کی یہ خصوصیت ہے کہ اس کی آیات کھلے ہوئے معجزات ہیں او رہر تحریف وتبدیل سے محفوظ ہیں اللہ نے خود فرما دیا ہے وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ پھر یہ قرآن اہل ایمان کے سینوں میں محفوظ ہے اہل ایمان اس کے حافظ ہیں۔ اس کے برخلاف دوسری آسمانی کتابیں چونکہ معجزہ نہ تھیں اس لئے لوگوں نے ان کی آیات والفاظ کو تبدیل کر دیا تھا اور ان کو یاد سے نہیں پڑھا جاتا تھا بلکہ کتاب میں دیکھ کر پڑھا جاتا تھا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت:

حضرت ابن عباس نے فرمایا ہُوَ سے مراد ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اور اَلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ سے مراد ہیں اہل کتاب۔ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شخصیت انہی واضح علامات کی حامل ہے جو اہل کتاب کے سینوں میں محفوظ ہیں یعنی رسول اللہ کے جو اوصاف ان کی کتابوں میں مذکور ہیں اور اہل کتاب ان سے واقف ہیں وہ اوصاف رسول اللہ کی شخصیت میں موجود ہیں۔ (تفسیر مظہری)

امت محمدیہ کا ایک وصف:

اس امت کے اوصاف میں یہ آیا ہے۔ صدورھم اناجیلھم یعنی ان کے سینے ہی ان کی انجیل ہوں گے یعنی نبی آخر الزماں پر جو کتاب نازل ہوگی وہ اس امت کے سینوں میں محفوظ ہوگی اور ہر حافظ کا سینہ ہی انجیل ہوگا چنانچہ زمین کے ہر خطہ میں بے شمار اس کے حافظ موجود ہیں اور پورا قرآن لفظ بلفظ ان کے سینوں میں محفوظ ہے اور توریت وانجیل کے تو کسی ایک باب کا بھی آج تک روئے زمین پر کوئی کچا پکا حافظ بھی نہیں ہوا۔ چودہ سو سال سے اب تک قرآن کے الفاظ اور معانی حفاظ اور قراء اور علماء کے سینوں میں محفوظ چلے آ رہے ہیں جو چیز کاغذوں میں لکھی ہوئی ہو تو اس میں یہ احتمال ہے کہ پانی سے اس کے حروف ڈھل جائیں یا مٹ جائیں یا آگ سے جل جائیں لیکن جو چیز ہزاروں اور لاکھوں سینوں میں محفوظ ہو اس کے ضائع ہونے کا کوئی امکان نہیں، علماء اہل کتاب میں کچھ ہمت ہے تو روئے زمین پر توریت و انجیل کا ایک ہی کچا پکا حافظ دنیا کے سامنے پیش کر دیں۔ (معارف کاندھلوی)

وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۹﴾

اور منکر نہیں ہماری باتوں سے مگر وہی جو بے انصاف ہیں

یعنی ناانصافی کا کیا علاج۔ ایک شخص یہی ٹھان لے کہ کبھی سچی بات نہ مانوں گا۔ وہ روشن سے روشن چیز کا بھی انکار کر دے گا۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيٰتٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قُلْ اِنَّمَا

اور کہتے ہیں کیوں نہ اُتریں اس پر کچھ نشانیاں اُس کے رب سے تو کہہ

الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۵۰﴾

نشانیاں تو ہیں اختیار میں اللہ کے اور میں تو بس سنا دینے والا ہوں کھول کر

منہ مانگا نشان دکھلانا پیغمبر کا کام نہیں ہے:

یعنی میرے قبضہ میں نہیں کہ جو نشانی تم طلب کیا کرو وہ ہی دکھلا دیا کروں نہ کسی نبی کی تصدیق اس بات پر موقوف ہو سکتی ہے۔ میرا کام تو یہ ہے کہ بدی کے نتائج سے تم کو صاف لفظوں میں آگاہ کرتا رہوں باقی حق تعالیٰ میری تصدیق کے لئے جو نشانی چاہے دکھلا دے، یہ اس کے اختیار میں ہے۔

اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ ۭ

کیا ان کو یہ کافی نہیں کہ ہم نے تجھ پر اُتاری کتاب کہ اُن پر پڑھی جاتی ہے

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۱﴾

بیشک اُس میں رحمت ہے اور سمجھانا اُن لوگوں کو جو مانتے ہیں

قرآن کافی نشانی ہے:

یعنی کیا یہ نشان کافی نہیں جو کتاب اُن کو رات دن پڑھ کر سنائی جاتی ہے اس سے بڑا نشان کون سا ہوگا۔ دیکھتے نہیں کہ اس کتاب کے ماننے والے کس طرح سمجھ حاصل کرتے جاتے ہیں اور اللہ کی رحمت سے بہرہ ور ہو رہے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

شانِ نزول: اپنے پیغمبر کو چھوڑ کر دوسروں کی باتوں پر توجہ کرنا

مسند میں دارمی نے اور ابوداؤد نے مراسیل میں اور ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے بطریق عمرو بن دینار یحییٰ بن جعدہ کی روایت سے مرسلاً بیان کیا ہے کہ کچھ مسلمان شانہ کی ایک ہڈی لے کر آئے جس میں یہودیوں سے سنی ہوئی کچھ باتیں لکھی ہوئی تھیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگوں کے گمراہ ہونے کے لئے یہ بات کافی ہے کہ جو کچھ ان کا نبی لے کر آیا ہو اس سے تو گریز کریں اور دوسروں کے لئے جو دوسرے (انبیاء) لے کر آئے ہوں اس کی طرف راغب ہو جائیں اس پر آیت اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

قُلْ كَفَىٰ بِاللَّهِ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ شَهِيدًا ۖ يَعْلَمُ

تو کہہ کافی ہے اللہ میرے اور تمہارے بیچ گواہ جانتا ہے

مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۗ

جو کچھ ہے آسمان اور زمین میں

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت اللہ کی مصدقہ ہے:

یعنی خدا کی زمین پر اس کے آسمان کے نیچے میں علانیہ دعوے رسالت کر رہا ہوں جسے وہ سنتا اور دیکھتا ہے پھر روز بروز مجھے اور میرے ساتھیوں کو غیر معمولی طریقہ سے بڑھا رہا ہے۔ برابر میرے دعوے کی فعلی تصدیق کرتا ہے میری زبان پر اور ہاتھوں پر قدرت کے وہ خارق عادت نشان ظاہر کئے جاتے ہیں جن کی نظیر پیش کرنے سے تمام جن وانس عاجز ہیں۔ کیا میری صداقت پر اللہ کی یہ گواہی کافی نہیں۔

وَالَّذِينَ آمَنُوا بِالْبَاطِلِ وَكَفَرُوا بِاللَّهِ

اور جو لوگ یقین لاتے ہیں جھوٹ پر اور منکر ہوئے ہیں اللہ سے

أُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ

وہی ہیں نقصان پانے والے

سب سے بڑی بدبختی:

آدمی کی بڑی شقاوت اور خسران یہ ہے کہ جھوٹی بات کو خواہ کتنی ہی بدیہی البطلان ہو فوراً قبول کرلے اور سچی بات سے گو کتنی ہی صاف روشن ہو انکار کرتا رہے۔

وَيَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ ۚ

اور جلدی مانگتے ہیں تجھ سے آفت

یعنی اگر باطل پر ہیں تو ہم پر دنیا میں کوئی آفت کیوں نہیں آتی۔

وَلَوْلَا أَجَلٌ مُسَمًّى لَجَاءَهُمُ الْعَذَابُ ۚ

اور اگر نہ ہوتا ایک وعدہ مقررہ تو آپہنچتی ان پر آفت

وَلَيَأْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ

اور البتہ آئے گی ان پر اچانک اور ان کو خبر نہ ہوگی

اس امت کے کافروں کا عذاب:

یعنی ہر چیز اپنے وقت معین پر آتی ہے گھبراؤ نہیں، وہ آفت بھی آکر رہے گی۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ اس امت کا عذاب یہی تھا مسلمانوں کے ہاتھ سے قتل ہونا اور پکڑے جانا۔ سو فتح مکہ میں مکہ کے لوگ بے خبر رہے کہ حضرت کا لشکر سر پر آ کھڑا ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

عذاب کا وقت:

اَجَلٌ مُّسَمًّى کی تشریح میں حضرت ابن عباس نے فرمایا مطلب یہ ہے کہ اگر آپ سے میرا وعدہ نہ ہوتا کہ آپ کی قوم کو عذاب نہیں دوں گا اور ان کی جڑ نہیں اکھاڑوں گا بلکہ قیامت تک کے لئے ان کے عذاب کو ملتوی رکھوں گا تو عذاب آ چکتا۔ اللہ نے فرمایا ہے بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ بلکہ قیامت کی گھڑی ان کے عذاب کے لئے مقرر ہے۔ (تفسیر مظہری)

يَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ ۚ

جلدی مانگتے ہیں تجھ سے عذاب

یہاں عذاب سے شاید آخرت کا عذاب مراد ہو۔ جیسا کہ جواب سے ظاہر ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَإِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيطَةٌ بِالْكَافِرِينَ

اور دوزخ گھیر رہی ہے منکروں کو

کافر عذاب میں گھرے ہوئے ہیں:

یعنی آخرت کا عذاب تو فضول مانگتے ہیں، اس عذاب میں تو پڑے ہی ہیں۔ یہ کفر اور برے کام دوزخ نہیں تو اور کیا ہے جس نے ہر طرف سے انہیں گھیر رکھا ہے، موت کے بعد حقیقت کھل جائے گی کہ دوزخ کس طرح جلاتی ہے جب یہی اعمال جہنم کی آگ اور سانپ بچھو بن کر لپٹیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی جس روز عذاب آئے گا اس روز جہنم کافروں کو گھیر لے گی۔ یا یہ مطلب ہے کہ اس وقت بھی کافروں کو جہنم گویا گھیرے ہوئے ہے کیونکہ کفر اور معاصی ان کو گھیرے ہوئے ہیں اور یہ داخلہ جہنم کے موجبات ہیں تو گویا اس وقت بھی دوزخ ان کو گھیرے ہوئے ہے۔ (تفسیر مظہری)

جہنم کہاں ہے:

ابن عباسؓ سے منقول ہے کہ وہ جہنم یہی بحر اخضر ہے۔ ستارے اسی میں جھڑیں گے اور سورج چاند اسی میں بے نور کر کے ڈال دیا جائے گا اور یہ بھڑک اٹھے گا اور جہنم بن جائے گا۔ مسند احمد میں مرفوع حدیث ہے کہ سمندر ہی جہنم ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

يَوْمَ يَغْشَاهُمُ الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ

جس دن گھیر لے گا ان کو عذاب ان کے اوپر سے اور پاؤں کے

besturdubooks.wordpress.com

تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ وَيَقُوْلُ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

نیچے سے اور کہے گا چکھو جیسا کچھ تم کرتے تھے

مال عذاب بنے گا:

اللہ تعالیٰ کہے گا یا وہ عذاب ہی بولے گا جیسے زکوٰۃ نہ دینے والے کا مال حدیث میں آیا ہے کہ سانپ ہو کر گلے میں پڑے گا۔ کلے چیرے گا اور کہے گا میں تیرا مال ہوں تیرا خزانہ ہوں۔ (تفسیر عثمانی)

يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ اَرْضِيْ

اے بندو میرے جو یقین لائے ہو میری زمین

وَاسِعَةٌ فَاِيَّايَ فَاعْبُدُوْنِ ۝

کشادہ ہے سو مجھی کو بندگی کرو

ہجرت کا حکم:

یعنی یہ مکہ کے کافر اگر تم کو تنگ کرتے ہیں تو خدا کی زمین تنگ نہیں دوسری جگہ جا کر خدا کی عبادت کرو۔ (تفسیر عثمانی)

بعض اہل تفسیر نے لکھا ہے اس آیت کا نزول ان لوگوں کے حق میں ہوا جنہوں نے ہجرت نہیں کی تھی۔ مکہ میں ہی رہ گئے تھے اور انہوں نے کہا تھا کہ اگر ہم ہجرت کر جائیں تو بھوکے مر جانے کا خوف ہے (پردیس میں بھوکے مر جائیں گے) اللہ نے ان کا یہ عذر قبول نہیں فرمایا۔

مطرف بن عبداللہ نے کہا زمین فراخ ہونے کا یہ مطلب ہے کہ میرا رزق وسیع ہے تم وطن چھوڑ دو (تم کو رزق میں دوں گا) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ جو کسی زمین سے اپنے دین کو لے کر دوسری زمین کی طرف بھاگا۔ خواہ وہ ایک ہی بالشت بھاگ سکا ہو تب بھی جنت کا مستحق ہو گیا اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم و ابراہیم (علیہ السلام) کا رفیق (ساتھی) ہو گیا۔ رواہ الثعلبی من حدیث الحسن مرسلاً۔ (تفسیر مظہری)

مسئلہ: جس شہر یا ملک میں انسان کو اپنے دین پر قائم رہنے کی آزادی نہ ہو، وہ کفر و شرک یا احکام شرعیہ کی خلاف ورزی پر مجبور ہو وہاں سے ہجرت کر کے کسی دوسرے شہر یا ملک میں جہاں دین پر عمل کی آزادی ہو چلا جانا بشرطیکہ قدرت ہو واجب ہے البتہ جس کو سفر پر قدرت نہ ہو یا کوئی ایسی جگہ میسر نہ ہو جہاں آزادی سے دین پر عمل کر سکے وہ شرعاً معذور ہے۔

مسئلہ: جس دارالکفر میں عام احکام دینیہ پر عمل کرنے کی آزادی ہو وہاں سے ہجرت فرض و واجب تو نہیں مگر مستحب بہرحال ہے اور اس میں دارالکفر ہونا بھی ضروری نہیں۔ دارالفسق جہاں احکام الٰہیہ کی خلاف ورزی اعلاناً ہوتی ہو اس کا بھی یہی حکم ہے اگرچہ وہاں کے حکمران کے مسلمان ہونے کی بناء پر اس کو دارالاسلام کہا جاتا ہو۔ یہ تفصیل حافظ ابن حجرؒ نے فتح الباری میں تحریر فرمائی ہے۔ (معارف مفتی اعظمؒ)

اور ابن جریرؒ نے اپنی سند کیساتھ حضرت سعید بن جبیرؒ سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ جس شہر میں معاصی اور فواحش عام ہوں اس کو چھوڑ دو، اور امام تفسیر حضرت عطاءؒ نے فرمایا کہ جب تمہیں کسی شہر میں معاصی کے لئے مجبور کیا جائے تو وہاں سے بھاگ کھڑے ہو (ابن جریر طبری فی التفسیر) (معارف مفتی اعظمؒ)

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ۝

جو جی ہے سو چکھے گا موت پھر ہماری طرف پھر آؤ گے

آخر سب کچھ چھوڑنا ہے:

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں جب کافروں نے مکہ میں بہت زور باندھا تو مسلمانوں کو ہجرت کا حکم ہوا۔ چنانچہ اسی تر اسی گھر حبشہ چلے گئے۔ اُس کو فرمایا کہ کوئی دنیا کی زندگی ہے جہاں بن پڑے وہاں کاٹ دو۔ پھر ہمارے پاس اکٹھے آؤ گے۔ اس میں مہاجرین کی تسلی کر دی تاکہ وطن چھوڑنا اور حضرت سے جدا ہونا دل پر بھاری نہ گزرے گویا جتلا دیا کہ وطن، خویش و اقارب رفقاء اور چھوٹے بڑے آج نہیں کل چھوٹیں گے فرض کرو اس وقت مکہ سے ہجرت نہ کی تو ایک روز دنیا سے ہجرت کرنا ضروری ہے مگر وہ بے اختیار ہوگا۔ بندگی اس کا نام ہے کہ اپنی خوشی اور اختیار سے اُن چیزوں کو چھوڑ دے جو پروردگار حقیقی کی بندگی میں مزاحم اور خلل انداز ہوتی ہیں۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ

اور جو لوگ یقین لائے اور کئے بھلے کام اُنکو ہم جگہ دیں گے

مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

بہشت میں بالاخانے نیچے بہتی ہیں اُن کے نہریں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ نِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ

سدا رہیں اُن میں خوب ثواب ملا کام والوں کو جنہوں

صَبَرُوْا وَعَلٰي رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝

نے صبر کیا اور اپنے رب پر بھروسہ رکھا

ایمان و اعمال پر ثابت قدم رہنے والوں کا اجر:

یعنی جو صبر و استقلال سے اسلام و ایمان کی راہ پر جمے رہے اور خدا پر بھروسہ کر کے گھر بار چھوڑ کر وطن سے نکل کھڑے ہوئے اُن کو اس وطن کے بدلے وہ

besturdubooks.wordpress.com

وطن ملے گا اور یہاں کے گھروں سے بہتر گھر دیئے جائیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

بغوی نے لکھا ہے کہ کچھ مؤمن مکہ میں رہ گئے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو حکم دیا کہ ہجرت کر کے مدینہ پہنچ جاؤ ان لوگوں نے جواب دیا وہاں نہ ہمارا گھر ہے نہ مال ہے ہمارے کھانے پینے کا انتظام وہاں کون کرے گا اس پر آیت نازل ہوئی۔ (مظہری)

وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ۖ اللّٰهُ يَرْزُقُهَا
اور کتنے جانور ہیں جو اُٹھا نہیں رکھتے اپنی روزی اللہ روزی دیتا ہے اُن کو
وَاِيَّاكُمْ ۖ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝
اور تم کو بھی اور وہی ہے سننے والا جاننے والا

اللہ رازق ہے...... جانوروں کو بھی رزق ملتا ہے:

یہ روزی کی طرف سے خاطر جمع کر دی کہ اکثر جانوروں کے گھر میں اگلے دن کا قوت نہیں ہوتا نیا دن اور نئی روزی (موضح) پھر جو خدا جانوروں کو روزی پہنچاتا ہے کیا اپنے وفادار عاشقوں کو نہ پہنچائے گا۔ خوب سمجھ لو رزاق حقیقی وہی ہے جو سب کی باتیں سنتا اور دلوں کے اخلاص کو جانتا ہے۔ ہر ایک کا ظاہر و باطن اُس کے سامنے ہے کسی کی محنت وہاں رائیگاں نہیں ہو سکتی۔ جو لوگ اس کے راستہ میں وطن چھوڑ کر نکلے ہیں انہیں ضائع نہیں کرے گا۔ سامانِ معیشت ساتھ لے جانے کی فکر نہ کریں۔ کتنے جانور ہیں جو اپنی روزی اپنی کمر پر لادے نہیں پھرتے، پھر بھی رازق حقیقی اُن کو ہر روز رزق پہنچاتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

کوے کے بچوں کی پرورش:

یہ مشہور ہے کہ کوے کے بچے جب نکلتے ہیں تو ان کے پَر و بال سفید ہوتے ہیں یہ دیکھ کر کوا اُن سے نفرت کر کے بھاگ جاتا ہے کچھ دنوں کے بعد ان پروں کی رنگت سیاہ پڑ جاتی ہے۔ تب ان کے ماں باپ آتے ہیں اور انہیں دانہ وغیرہ بھراتے ہیں۔ ابتدائی ایام میں جب کہ ماں باپ ان چھوٹے بچوں سے متنفر ہو کر بھاگ جاتے ہیں اور ان کے پاس بھی نہیں آتے اس وقت اللہ تعالیٰ چھوٹے چھوٹے مچھر ان کے پاس بھیج دیتا ہے وہی ان کی غذا بن جاتے ہیں۔ عرب کے شعراء نے اسے نظم بھی کیا ہے۔

سفر وسیلۂ ظفر:

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے سفر کرو تا کہ صحت اور روزی پاؤ۔ اور روایت میں ہے کہ سفر کرو تا کہ صحت و غنیمت ملے۔ اور حدیث میں ہے سفر کرو نفع اُٹھاؤ گے روزے رکھو تندرست رہو گے، جہاد کرو غنیمت ملے گی اور روایت میں ہے جد والوں اور آسانی والوں کے ساتھ سفر کرو۔ پھر فرمایا

اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی باتیں سننے والا اور ان کی حرکات و سکنات کو جاننے والا ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

سوائے انسان، چوہے اور چیونٹی کے کوئی مخلوق روزی جمع نہیں کرتی

یعنی بہت سے چوپائے اور پرندے جو غذا کے محتاج ہیں اپنے ساتھ اپنا رزق اٹھائے نہیں پھرتے اور نہ کل کے لئے جمع کرتے ہیں۔ سفیان بن علی بن ارقم نے کہا سواء انسان اور چوہے اور چیونٹی کے اور کوئی مخلوق روزی جمع کر کے نہیں رکھتی۔ آیت کا مطلب یہ ہے کہ چوپائے اور پرندے جو کمزور ہیں اور اپنی روزی جمع کر کے نہیں رکھتے ان کو بھی اللہ ہی روزی دیتا ہے اور تم طاقتور ہو رزق جمع کر کے رکھتے ہو اللہ ہی تم کو بھی روزی دیتا ہے روزی ملنے کے معاملہ میں تم اور جانور سب برابر ہو تم بھی (رزق کھا کر) جیتے ہو وہ بھی جیتے ہیں تم بھی (آخر) مر جاتے ہو وہ بھی مر جاتے ہیں۔ پھر تمہاری کوشش بیکار ہے اس لئے ہجرت کرنے کی صورت میں معاش کی طرف سے تم کوئی اندیشہ نہ کرو۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا گذر اوقات:

عبد بن حمید۔ ابن ابی حاتم بیہقی اور ابن عسا کرنے ضعیف سند سے نیز بغوی نے حضرت ابن عمرؓ کی روایت سے بیان کیا ہے حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا، میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ انصار کے باغات میں سے ایک باغ میں گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ہاتھ سے کھجوریں (تازہ خرمے) چن چن کر کھانے لگے اور فرمایا ابن عمر تم بھی کھاؤ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ مجھے خواہش نہیں ہے۔ فرمایا مجھے تو کھانے کی خواہش ہے یہ چوتھی رات کی صبح ہے چار دن ہو گئے کہ میں نے کھانا نہیں کھایا نہ مجھے ملا میں نے کہا اِنَّا لِلّٰهِ الْمُسْتَعَانُ فرمایا ابن عمر اگر میں اپنے رب سے مانگتا تو وہ مجھے کسریٰ اور قیصر کے ملک سے بھی کتنے ہی گناہ زیادہ عنایت فرما دیتا لیکن میں ایک دن بھوکا رہتا ہوں اور ایک دن پیٹ بھرتا ہوں۔ (یعنی ایک روز کھانا کھاتا ہوں) ابن عمرؓ اگر تمہاری عمر ہوئی تو اس وقت تمہاری کیا حالت ہو گی جب تم ایسے لوگوں میں رہو گے جو سال بھر کا رزق چھپا کر رکھیں گے اور ان (کو اللہ کے رزاق ہونے کا) یقین کمزور ہو گا۔

حضرت ابن عمرؓ کا بیان ہے واللہ ہم وہاں سے ہٹے بھی نہ تھے اور نہ ہٹنے کا ارادہ کیا تھا کہ آیت وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ الخ نازل ہوئی۔

حضرت انس راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دوسرے دن کے لئے کچھ جمع کر کے نہیں رکھتے تھے۔ رواہ الترمذی وصححہ۔

کامل توکل کا انعام:

حضرت عمرؓ بن خطاب کا بیان ہے میں نے خود سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ

besturdubooks.wordpress.com

علیہ وسلم فرمارہے تھے اگر تم اللہ پر پورا پورا بھروسہ رکھتے تو وہ تم کو اسی طرح رزق عطا فرماتا جس طرح پرندوں کو عطا فرماتا ہے کہ صبح کو وہ بھوکے نکلتے ہیں اور شام کو پیٹ بھرے واپس آتے ہیں۔ رواہ الترمذی وابن ماجۃ۔

ہر ایک کو اپنا رزق ضرور ملے گا:

حضرت ابن مسعود راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی چیز تم کو جنت سے قریب کرنے والی اور دوزخ سے دور رکھنے والی ایسی نہیں رہی کہ میں نے اس (کو کرنے) کا تم کو حکم نہ دے دیا ہو اور کوئی چیز دوزخ سے قریب کرنے والی اور جنت سے دور رکھنے والی ایسی نہیں رہی کہ اس (کو کرنے) کی تم کو ممانعت نہ کردی ہو روح القدس (جبرئیل) نے میرے دل میں یہ بات پھونک دی ہے کہ کوئی شخص بھی جب تک اپنا رزق پورا نہ کرلے گا ہرگز نہیں مرے گا پس تم لوگ متنبہ ہو جاؤ اور اللہ سے ڈرتے رہو اور رزق کی طلب میں اچھائی اختیار کرو (یعنی پاک ذرائع سے کماؤ) رزق ملنے میں دیر ہو جانے سے تم کو گناہوں کے راستہ سے تحصیل رزق پر آمادہ نہ ہو جانا چاہیے کیونکہ اللہ کے پاس جو چیز ہے اس کو بغیر اللہ کی طاعت کے حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ رواہ البغوی فی شرح السنۃ وذکرہ فی المعالم۔ (مظہری)

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

اور اگر تو لوگوں سے پوچھے کہ کس نے بنایا ہے آسمان اور زمین کو

وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۚ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ

اور کام میں لگایا سورج اور چاند کو تو کہیں اللہ نے پھر کہاں سے اُلٹ جاتے ہیں

رزق کے اسباب پر اللہ کا تصرف ہے:

یعنی رزق کے تمام اسباب (سماویہ وارضیہ) اُسی نے پیدا کئے سب جانتے ہیں، پھر اُس پر بھروسہ نہیں کرتے کہ وہ ہی پہنچا بھی دے گا۔ مگر جتنا وہ چاہے نہ جتنا تم چاہو۔ یہ اگلی آیت میں سمجھا دیا ہے۔ (موضح)

اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ

اللہ پھیلاتا ہے روزی جس کے واسطے چاہے اپنے

عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ۭ

بندوں میں اور ماپ کر دیتا ہے جس کو چاہے

ناپ کر دیتا ہے یہ نہیں کہ بالکل نہ دے۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ

بیشک اللہ ہر چیز سے خبردار ہے

یعنی یہ خبر اُسی کو ہے کہ کس کو کتنا دینا چاہیے۔ (تفسیر عثمانی)

بندوں کے ایمان کی حفاظت:

اللہ ہر چیز سے بخوبی واقف ہے یعنی ہر چیز کی خوبیاں اور خرابیاں خوب جانتا ہے۔

حضرت انسؓ کی روایت سے ایک طویل حدیث بغوی رحمہ اللہ نے ذکر کی ہے جس کو ہم سورۂ شوریٰ میں بیان کریں گے اس حدیث میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ میرے کچھ مؤمن بندے مجھ سے باب عبادت میں داخلہ کی دعا کرتے ہیں مگر باب عبادت میں داخل ہونے سے ان کو روک دیتا ہوں تاکہ ان میں اس سے غرور نہ آجائے جو ان کو تباہ کردے۔ میرے کچھ بندے ایسے ہیں کہ دولت ہی ان کے ایمان کو درست رکھتی ہے اگر میں ان کو مفلس کردوں تو افلاس ان کے ایمان کو بگاڑ دے۔ اور میرے کچھ بندے ایسے ہیں کہ ان کے ایمان کو سنبھالے رکھنے والا صرف افلاس ہوتا ہے اگر میں ان کو دولت مند بنادوں تو دولت ان کے ایمان کو بگاڑ دے۔ اور میرے کچھ بندے ایسے ہیں کہ تندرستی ہی ان کے ایمان کو صحیح رکھنے والی ہے اگر میں ان کو بیمار کردوں تو بیماری ان کے ایمان کو بگاڑ دے اور میرے کچھ بندے ایسے ہیں کہ ان کے ایمان کی درستی صرف بیماری سے ہوتی ہے۔ اگر میں ان کو تندرست کردوں تو صحت ان کے ایمان کو بگاڑ دے میں بندوں کے دلوں کی حالت جانتا ہوں اور اسی علم کے مطابق اپنے بندوں کا انتظام کرتا ہوں۔ بلاشبہ میں جاننے والا اور خبر رکھنے والا ہوں۔ (تفسیر مظہری)

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ

اور جو تو پوچھے اُن سے کس نے اتارا آسمان سے

مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۭ

پانی پھر زندہ کر دیا اُس سے زمین کو اُسکے مر جانے کے بعد تو کہیں اللہ نے

قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ

تو کہہ سب خوبی اللہ کو ہے پر بہت لوگ نہیں سمجھتے

یعنی مینہ بھی ہر کسی پر برابر نہیں برستا۔ اور اسی طرح حال بدلتے دیر نہیں لگتی۔ ذرا دیر میں مفلس سے دولتمند کردے۔

وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ ۭ

اور یہ دنیا کا جینا تو بس جی بہلانا اور کھیلنا ہے

وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ۘ

اور پچھلا گھر جو ہے سو وہی ہے زندہ رہنا

besturdubooks.wordpress.com

لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۴﴾

اگر اُن کو سمجھ ہوتی

آخرت کی فکر ضروری ہے:

یعنی آدمی کو چاہیے یہاں کی چند روزہ زندگی سے زیادہ آخرت کی فکر کرے کہ اصلی و دائمی زندگی وہ ہی ہے۔ دنیا کے کھیل تماشے میں غرق ہو کر عاقبت کو بھول نہ بیٹھے۔ بلکہ یہاں رہ کر وہاں کی تیاری اور سفر آخرت کے لئے توشہ درست کرے۔ (تفسیر عثمانی)

فَاِذَا رَكِبُوْا فِی الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ

پھر جب سوار ہوئے کشتی میں پکارنے لگے اللہ کو خالص اسی پر رکھ کر

الدِّیْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ یُشْرِكُوْنَ ﴿۶۵﴾

اعتقاد پھر جب بچالایا اُن کو زمین کی طرف اسی وقت لگے شریک بنانے

لِیَكْفُرُوْا بِمَاۤ اٰتَیْنٰهُمْ ۚ وَلِیَتَمَتَّعُوْا ٛ فَسَوْفَ یَعْلَمُوْنَ ﴿۶۶﴾

تاکہ مکرتے رہیں ہمارے دیئے ہوئے سے اور مزے اُڑاتے رہیں سو عنقریب جان لیں گے

انسان کی احسان فراموش طبیعت:

یعنی چاہیے تو یہ تھا کہ آدمی دنیا کے مزوں میں پڑ کر خدا کو اور آخرت کو فراموش نہ کرے لیکن لوگوں کا حال یہ ہے کہ جب کشتی طوفان میں گھر جائے تو بڑی عقیدتمندی سے اللہ کو پکارتے ہیں۔ پھر جہاں آفت سر سے ٹلی اور خشکی پر قدم رکھا، اللہ کے احسانوں سے مکر کر جھوٹے دیوتاؤں کو پکارنا شروع کر دیا۔ گویا غرض یہ ہوئی کہ اللہ کی نعمتوں کا کفران کرتے رہیں اور دنیا کے مزے اُڑاتے رہیں۔ خیر بہتر ہے چند روز دل کے ارمان نکال لیں۔ عنقریب پتہ لگ جائے گا کہ اس بغاوت و شرارت احسان فراموشی اور ناسپاسی کا نتیجہ کیا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

فائدہ: اس آیت سے معلوم ہوا کہ کافر بھی جس وقت اپنے آپ کو بے سہارا جان کر صرف اللہ تعالیٰ کو پکارتا ہے اور اس وقت یہ یقین کرتا ہے کہ خدا کے سوا مجھے اس مصیبت سے کوئی نہیں چھڑا سکتا، تو اللہ تعالیٰ کافر کی بھی دعا قبول فرما لیتے ہیں، کیونکہ وہ مضطر ہے اور اللہ تعالیٰ نے مضطر کی دعا قبول کرنے کا وعدہ فرمایا ہے (قرطبی وغیرہ) (معارف مفتی اعظم)

حقیقت ماننی پڑتی ہے:

عکرمہ کا بیان ہے کہ دور جاہلیت والے جب سمندر میں سفر کرتے تھے تو اپنے بتوں کو ساتھ رکھتے تھے لیکن جب ہوا میں طوفان آتا تھا تو بتوں کو سمندر میں پھینک دیتے تھے اور پکارتے تھے۔ اے رب۔ اے رب۔ مطلب یہ کہ سخت مصائب

کے وقت تو خالص طور پر دل سے اللہ کے اطاعت گزار ہو جاتے تھے اور شرک چھوڑ دیتے تھے اور نجات پا جاتے تو شرک کی طرف لوٹ آتے تھے۔ (تفسیر مظہری)

اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا اٰمِنًا وَّیُتَخَطَّفُ

کیا نہیں دیکھتے کہ ہم نے رکھ دی ہے پناہ کی جگہ امن کی اور لوگ اُچکے

النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ؕ اَفَبِالْبَاطِلِ یُؤْمِنُوْنَ

جاتے ہیں اُن کے آس پاس سے کیا جھوٹ پر یقین رکھتے ہیں

وَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ یَكْفُرُوْنَ ﴿۶۷﴾

اور اللہ کا احسان نہیں مانتے

اہل مکہ کے لئے امن کی نعمت:

مکہ کے لوگ اللہ کے گھر کے طفیل دشمنوں سے پناہ میں تھے حالانکہ سارے ملک عرب میں فساد اور کشت و خون کا بازار گرم تھا۔ بتوں کے جھوٹے احسان مانتے ہیں اللہ کا یہ سچا احسان نہیں مانتے۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ

اور اس سے زیادہ بے انصاف کون جو باندھے اللہ پر جھوٹ یا

كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهٗ ؕ اَلَیْسَ فِیْ جَهَنَّمَ

جھٹلائے سچی بات کو جب اُس تک پہنچے کیا دوزخ میں بسنے کی جگہ نہیں

مَثْوًى لِّلْكٰفِرِیْنَ ﴿۶۸﴾

منکروں کے لئے

سب سے بڑی ناانصافی:

یعنی سب سے بڑی ناانصافی یہ ہے کہ اللہ کا شریک کسی کو ٹھہرائے۔ یا اس کی طرف وہ باتیں منسوب کرے جو اُس کی شان کے لائق نہیں۔ یا پیغمبر جو سچائی لے کر آئے ہیں اُسے سنتے ہی جھٹلانا شروع کر دے۔ کیا ان ظالموں کو معلوم نہیں کہ منکروں کا ٹھکانا دوزخ ہے جو ایسی بیباکی اور بے حیائی سے عقل و انصاف کے گلے پر چھری پھیرنے پر آمادہ ہو گئے ہیں۔

وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا ؕ

اور جنہوں نے محنت کی ہمارے واسطے ہم سجھا دیں گے اُن کو اپنی راہیں

اللہ کیلئے جہاد کا ثمرہ:

یعنی جو لوگ اللہ کے واسطے محنت اُٹھاتے اور سختیاں جھیلتے ہیں اور طرح

besturdubooks.wordpress.com

طرح کے مجاہدات میں سرگرم رہتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کو ایک خاص نور بصیرت عطا فرماتا اور اپنے قرب و رضاء یا جنت کی راہیں سمجھاتا ہے۔ جوں جوں وہ ریاضات و مجاہدات میں ترقی کرتے ہیں اُسی قدر ان کی معرفت و انکشاف کا درجہ بلند ہوتا جاتا ہے اور وہ باتیں سوجھنے لگتی ہیں کہ دوسروں کو اُن کا احساس تک نہیں ہوتا۔ (تفسیر عثمانی)

مطلب یہ ہے کہ منزل مقصود تک پہنچنے کے لئے مجاہدہ یعنی ظاہری اور باطنی جہاد اور جدو جہد ضروری ہے اور لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا میں سے سبل سے خدا تعالیٰ کے قرب اور رضا کی راہیں مراد ہیں جس کا مال بہشت ہے۔

اگر در جستجوئے من شتابی　　مرادِ خود بزودی بازیابی

(معارف کاندھلوی)

اَلَّذِيْنَ جَاهَدُوْا جہاد کا معنی ہے مقدور بھر کوشش کرنا۔ مراد یہ ہے کہ جن لوگوں نے اپنی انتہائی طاقت بھر کافروں سے لڑنے اور نفسانی خواہشات کی مخالفت کرنے کی کوشش کی۔

فِيْنَا ہمارے اندر یعنی ہماری مرضی کی طلب ہمارے دین کی مدد اور ہمارے اوامر و نواہی کی تعمیل کرنے میں۔

بارگاہِ الٰہی کا قرب:

سُبُلَنَا اپنے راستوں کی یعنی اپنی بارگاہ تک پہنچنے کے راستوں کی۔ اللہ کی بارگاہ تک رسائی بے کیف ہے (اس کی کیفیت بیان نہیں کی جاسکتی) یا یہ معنی ہے کہ ہم نیکی کے راستے کو دکھا دیتے ہیں۔ اور ان راستوں پر چلنے کی توفیق عنایت کر دیتے ہیں۔ اللہ نے فرمایا ہے وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى اور جو لوگ ہدایت پا لیتے ہیں اللہ ان کی ہدایت میں اضافہ کر دیتا ہے۔

حضرت ابو درداء راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ فرمان کا معنی یہ ہے کہ جو لوگ اپنے جانے ہوئے راستوں پر چلنے کی کوشش کرتے ہیں ہم ان کو (آگے) وہ راستے بتا دیتے ہیں جن کو وہ نہیں جانتے۔

جنید نے کہا جن لوگوں نے توبہ کی کوشش کی ہم ان کو اخلاص کے راستے بتا دیتے ہیں۔ حسن نے کہا سب سے اعلیٰ جہاد نفسانی خواہشات کی مخالفت ہے۔

حدیث شریف میں آیا ہے جو شخص عمل کرتا ہے اس پر جس کو وہ جانتا ہے تو اللہ نا معلوم چیز کا علم اس کو عطا فرما دیتا ہے۔

وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝۶۹
اور بیشک اللہ ساتھ ہے　نیکی والوں کے

یعنی اللہ کی حمایت و نصرت نیکی کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

(تم سورۃ العنکبوت فللّٰہ الحمد والمنہ) (تفسیر عثمانی)

سورة الروم

جس نے خواب میں اس کی تلاوت کی اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کے دل میں نفاق ہے اور یہ خواب دیکھنے والا اگر بادشاہ ہے تو عالم ہو جائے گا اور اگر قاضی یا تاجر ہے تو بہت سے فوائد حاصل کرے گا۔ (علامہ ابن سیرینؒ)

سُوْرَةُ الرُّوْمِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سِتُّوْنَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوْعَاتٍ
سورۂ روم مکہ میں نازل ہوئی اور اس کی ساٹھ آیتیں ہیں اور چھ رکوع
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
شروع اللہ کے نام سے　جو بے حد مہربان　نہایت رحم کرنے والا ہے
الٓمّٓ ۝۱ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ۝۲ فِيْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ
مغلوب ہو گئے ہیں رُومی　ملتے ہوئے　ملک میں

عرب سے قریب کی زمین:

اَدْنَى الْاَرْضِ" (ملتے ہوئے ملک یا پاس والے ملک) سے مراد "اذرعات" و "بُصریٰ" کے درمیان کا خطہ ہے جو "شام" کی سرحد پر "حجاز" سے ملتا ہوا مکہ کے قریب واقع ہوا ہے یا "فلسطین" مراد ہو جو رومیوں کے ملک سے نزدیک تھا، یا "جزیرہ ابن عمر" جو فارس سے اقرب ہے ابن حجر نے پہلے قول کی تصحیح کی ہے۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

ایرانیوں کی فتح پر مشرکین کی خوشی:

ابن ابی حاتم نے ابن شہاب زہری کی روایت سے اور ابن جریر نے عکرمہ اور یحییٰ بن یعمر اور قتادہ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ مسلمان جب مکہ میں تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت نہیں کی تھی تو مشرک مسلمانوں سے جھگڑتے تھے اور کہتے تھے کہ تم شہادت دیتے ہو کہ رومی اہل کتاب ہیں لیکن (ایران کے) مجوسی ان پر غالب آ گئے۔ اسی طرح تمہارا خیال ہے کہ تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر کتاب اتاری گئی ہے اور تم اس کتاب کی برکت سے ہم پر غالب آ جاؤ گے اگر تمہارا یہ خیال ہے تو بتاؤ رومی تو اہل کتاب ہیں ان پر مجوسی کیسے غالب آ گئے۔ پس جس طرح فارس والے رومیوں پر غالب آ گئے اسی طرح ہم تم پر غالب آئیں گے۔ (تفسیر مظہری)

ایک بہت عجیب و غریب قصہ امام سنید بن داؤد نے اپنی تفسیر میں یہ وارد کیا ہے کہ عکرمہؒ فرماتے ہیں فارس میں ایک عورت تھی جس کے بچے زبردست پہلوان یا بادشاہ ہی ہوتے تھے۔ کسریٰ نے ایک مرتبہ اسے بلوایا

besturdubooks.wordpress.com

اوراس سے کہا کہ میں رومیوں پر ایک لشکر بھیجنا چاہتا ہوں اور تیری اولاد میں سے کسی کو اس لشکر کا سردار بنانا چاہتا ہوں۔ اب تم مشورہ دو کہ کسے سردار بناؤں؟ اس نے کہا سنو میرا فلاں لڑکا تو لومڑی سے زیادہ مکار اور شکرے سے زیادہ ہوشیار ہے۔ دوسرا لڑکا فرخان تیر جیسا ہے تیسرا لڑکا شہر براز سب سے زیادہ حلیم الطبع ہے۔ اب تم جسے چاہو سرداری دو۔ بادشاہ نے سوچ سمجھ کر شہر براز کو سردار بنایا۔ یہ لشکروں کو لے کر چلا۔ رومیوں سے لڑا بھڑا اور اُن پر غالب آیا۔ ان کے لشکر کاٹ ڈالے اُن کے شہر اُجاڑ دیئے، اُن کے باغات برباد کر دیئے۔ اس سرسبز شاداب ملک کو ویران و غارت کر دیا۔ اذرعات اور بصریٰ میں جو عرب کی حدود سے ملتے ہیں ایک زبردست معرکہ ہوا اور وہاں فارسی رومیوں پر غالب آ گئے جس سے قریش خوشیاں منانے لگے اور مسلمان ناخوش ہوئے۔ کفار قریش مسلمانوں کو طعنے دینے لگے کہ دیکھو تم اور نصرانی اہل کتاب ہو اور ہم اور فارسی اَن پڑھ ہیں۔ ہمارے والے تمہارے والوں پر غالب آ گئے۔ اسی طرح ہم بھی تم پر غالب آئیں گے اور اگر لڑائی ہوئی تو ہم بتلا دیں گے کہ تم ان اہل کتاب کی طرح ہمارے ہاتھوں شکست اُٹھاؤ گے۔ اس پر قرآن کی یہ آیتیں اُتریں۔

اہل روم کا تعارف:

سورۂ بقرہ کی تفسیر کا شروع دیکھ لیجئے۔ رومی سب کے سب عیص ابن اسحٰق بن ابراہیم کی نسل سے ہیں۔ بنو اسرائیل کے یہ چچازاد بھائی ہیں۔ رومیوں کو بنو اصفر بھی کہتے ہیں۔ یہ یونانیوں کے مذہب پر تھے، یونانی یافث بن نوح کی اولاد میں سے ہیں۔ ترکوں کے چچازاد بھائی ہوتے ہیں یہ ستارہ پرست تھے۔ ساتوں ستاروں کو مانتے اور پُوجتے تھے۔ انہیں متحیرہ بھی کہا جاتا ہے۔ یہ قطب شمالی کو قبلہ مانتے تھے۔ دمشق کی بنا، انہی کے ہاتھوں پڑی ہے وہیں انہوں نے اپنی عبادت گاہ بنائی جس کے محراب شمال کی طرف ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت کے بعد تین سو (۳۰۰) سال تک رُومی اپنے پُرانے خیالات پر ہی رہے۔ ان میں سے کوئی شام کا اور جزیرے کا بادشاہ ہو جاتا اُسے قیصر کہا جاتا تھا۔ سب سے پہلے رُومیوں کے بادشاہ قسطنطین ابن قسطس نے نصرانی مذہب قبول کیا۔ اس کی ماں کا نام مریم تھا، ہیلانیہ غندقانیہ تھی، حران کی رہنے والی۔ پہلے اسی نے نصرانیت قبول کی تھی پھر اس کے کہنے سننے سے اس کے بیٹے نے بھی یہی مذہب اختیار کر لیا۔ یہ بڑا فلسفی، عقلمند اور مکار آدمی تھا۔ یہ بھی مشہور ہے کہ اس نے دراصل دل سے اس مذہب کو نہیں مانا تھا۔ اس کے زمانے میں نصرانی یہاں جمع ہو گئے۔ ان میں آپس میں مذہبی چھیڑ چھاڑ اور اختلافات اور مناظرے چھڑ گئے۔ عبداللہ بن اریوس سے بڑے بڑے مناظرے ہوئے اور اس قدر انتشار اور تفریق ہوئی

کہ بیان سے باہر ہے۔ تین سو اٹھارہ پادریوں نے مل کر ایک کتاب لکھی جو بادشاہ کو دی گئی اور وہ شاہی عقیدہ تسلیم کی گئی۔ اسی کو امانت کبریٰ کہا جاتا ہے جو درحقیقت خیانت حقیرہ ہے۔ یہیں فقہی کتابیں اسی زمانے میں لکھی گئیں۔ ان میں حلال و حرام کے مسائل بیان کئے گئے اور ان کے علماء نے دل کھول کر جو چاہا ان میں لکھا۔ جس قدر جی میں آئی کمی زیادتی اصل دین مسیح میں کی اور اصل مذہب محرف و مبدل ہو گیا۔ مشرق کی جانب نمازیں پڑھنے لگے۔ بجائے ہفتہ کے اتوار کے دن کو بڑا دن بنایا۔ صلیب کی پرستش شروع ہوگئی۔ خنزیر کو حلال کر لیا گیا اور بہت سے تہوار ایجاد کر لئے جیسے عید صلیب، عید قداس، عید غطاس وغیرہ وغیرہ۔ پھر ان علماء کے تسلسلے قائم کئے گئے ایک تو بڑا پادری ہوتا تھا پھر اس کے نیچے درجہ بدرجہ اور محکمے ہوتے تھے۔ رہبانیت اور ترک دنیا کی بدعت بھی ایجاد کر لی۔ کنیسے اور گرجے بہت سارے بنا لئے گئے اور شہر قسطنطنیہ کی بنا رکھی گئی اور اس بڑے شہر کو اسی بادشاہ کے نام پر نامزد کیا گیا۔ اس بادشاہ نے بارہ ہزار گرجے بنائے۔ تین محرابوں سے بیت لحم بنا۔ اس کی ماں نے بھی قمامہ بنایا۔ ان لوگوں کو ملکیہ کہتے ہیں اس لئے کہ یہ لوگ اپنے بادشاہ کے دین پر تھے۔ ان کے بعد یعقوبیہ، پھر نسطوریہ یہ نسطور کے مقلد تھے۔ پھر ان کے بہت سے گروہ تھے۔

رومیوں کا فارسیوں پر غلبہ:

جیسے حدیث میں ہے کہ ان کے بہتر (۷۲) فرقے ہو گئے۔ ان کی سلطنت برابر چلی آتی تھی، ایک کے بعد ایک قیصر ہوتا آتا تھا یہاں تک کہ آخر میں قیصر ہرقل ہوا۔ یہ تمام بادشاہوں سے زیادہ عقلمند تھا بہت بڑا عالم تھا، دانائی، زیرکی، دُوراندیشی اور دُوربینی میں اپنا ثانی نہیں رکھتا تھا۔ اس نے سلطنت بہت وسیع کر لی اور مملکت دُور دراز تک پھیلا دی۔ اس کے مقابلے میں فارس کا بادشاہ کسریٰ کھڑا ہوا، اور چھوٹی چھوٹی سلطنتوں نے بھی اس کا ساتھ دیا۔ اس کی سلطنت قیصر سے بھی زیادہ بڑی تھی۔ یہ مجوسی لوگ تھے، آگ کو پُوجتے تھے۔

مندرجہ بالا روایت میں تو ہے کہ اس کا سپہ سالار مقابلہ پر گیا۔ لیکن مشہور بات یہ ہے کہ خود کسریٰ آپ اس کے مقابلے پر گیا۔ قیصر کو شکست ہوئی، یہاں تک کہ وہ قسطنطنیہ میں گھر گیا۔ نصرانی اس کی بڑی عزت و تعظیم کرتے تھے، گو کسریٰ لمبی مدت تک محاصرہ کئے پڑا رہا لیکن دارالسلطنت کو فتح نہ کر سکا۔ ایک وجہ یہ بھی تھی کہ اس شہر کا نصف حصہ سمندر کی طرف تھا اور نصف حصہ خشکی سے ملا ہوا تھا۔ تو شاہ قیصر کو کمک اور رسد تری کے راستے سے برابر پہنچتی رہی، آخر میں قیصر ایک چال چلا اس نے کسریٰ کو کہلوا بھیجا کہ آپ جو چاہیں مجھ سے لے لیجئے اور جن شرائط پر چاہیں مجھ سے صلح کر لیجئے۔ کسریٰ اس پر خوش ہو گیا اور اتنا مال طلب کیا کہ وہ اور یہ مل کر بھی جمع کرنا چاہیں تو جمع ہونا ناممکن تھا۔ قیصر نے

besturdubooks.wordpress.com

اسے بھی قبول کرلیا کیونکہ اس نے اس سے کسریٰ کی بے وقوفی کا پتہ چلالیا کہ یہ وہ چیز مانگتا ہے جس کو جمع کرنا دنیا کے اختیار سے باہر ہے، بلکہ ساری دنیا مل کر اس کا دسواں حصہ بھی جمع نہیں کرسکتی۔ قیصر نے کسریٰ سے کہلوا بھیجا کہ مجھے اجازت ملنی چاہئے کہ میں اپنے ملک شام میں چل پھر کر یہ دولت جمع کرلوں اور آپ کو سونپ دوں۔ اس نے یہ درخواست منظور کرلی۔ اب شاہ روم نے اپنے لشکر کو جمع کیا اور ان سے کہا کہ میں ایک ضروری اور اہم کام کے لئے اپنے مخصوص احباب کے ساتھ جارہا ہوں اگر ایک سال کے اندر اندر آجاؤں تو یہ ملک میرا ہے ورنہ تمہیں اختیار ہے جسے چاہو اپنا بادشاہ تسلیم کرلینا۔ انہوں نے جواب دیا کہ ہمارے بادشاہ تو آپ ہی ہیں خواہ دس (۱۰) سال تک بھی آپ واپس نہ لوٹیں تو کیا ہوا۔ یہ یہاں سے مختصری جانباز جماعت لے کر چپ چاپ چل کھڑا ہوا۔ پوشیدہ راستوں سے نہایت ہوشیاری، احتیاط اور چالاکی سے بہت جلد فارس کے شہروں تک پہنچ گیا اور یکا یک دھاوا بول دیا۔ چونکہ یہاں کی فوجیں تو روم پہنچ چکی تھیں، عوام کہاں تک مقابلہ کرتے، اس نے قتل عام شروع کردیا جو سامنے پڑے تلوار کے کام آئے، یونہی بڑھتا چلا گیا یہاں تک کہ مدائن پہنچ گیا جو کسریٰ کی سلطنت کی کرسی تھی وہاں کی محافظ فوج پر بھی غالب آیا انہیں بھی قتل کردیا اور چوطرف سے مال جمع کیا ان کی تمام عورتوں کو قید کرلیا اور تمام لڑنے والوں کو قتل کرڈالا۔ کسریٰ کے لڑکے کو زندہ گرفتار کیا۔ اس کے محل سرائے کی عورتوں کو زندہ گرفتار کیا اس کی درباردار عورتیں وغیرہ بھی پکڑلی گئیں اس کے لڑکے کا سرمنڈا کر گدھے پر بٹھا کر عورتوں سمیت کسریٰ کی طرف بھیجا کہ لیجئے جو مال اور عورتیں اور غلام آپ نے مانگے تھے وہ حاضر ہیں۔ جب یہ قافلہ کسریٰ کے پاس پہنچا کسریٰ کو سخت صدمہ ہوا۔ یہ ابھی تک قسطنطنیہ کا محاصرہ کئے پڑا تھا اور قیصر کی واپسی کا انتظار کررہا تھا کہ اس کے پاس اس کا کل خاندان اور ساری حرم سرا اس ذلت کی حالت میں پہنچی۔ یہ سخت غضبناک ہوا اور بڑا سخت حملہ شہر پر کردیا لیکن اس میں کوئی کامیابی نہ ہوئی، اب یہ نہر جیحون کی طرف چلا کہ قیصر کو وہاں روک لے کیونکہ فارس سے قسطنطنیہ آنے کا راستہ یہی تھا۔ قیصر نے اسے سن کر پہلے سے بھی زبردست حیلہ کیا یعنی اس نے اپنے لشکر کو تو دریا کے اس دہانے کے پاس چھوڑا اور آپ تھوڑے سے آدمی لے کر سوار ہو کر پانی کے بہاؤ کی طرف چل دیا۔ کوئی ایک دن رات کا راستہ چلنے کے بعد اپنے ساتھ جو گٹی، چارہ، لید، گوبر وغیرہ لے گیا تھا اسے پانی میں بہادیا۔ یہ چیزیں پانی میں بہتی ہوئی کسرے کے لشکر کے پاس سے گزریں تو وہ سمجھ گئے کہ قیصر یہاں سے گزر گیا۔ یہ اس لشکر کے جانوروں کے آثار ہیں۔ اب قیصر واپس اپنے لشکر میں پہنچ گیا ادھر کسرے اس کی تلاش میں آگے کو چل دیا۔ قیصر اپنے لشکروں سمیت جیحون کا دہانہ عبور کرکے راستہ بدل کر قسطنطنیہ پہنچ گیا۔ جس دن یہ اپنے دارالسلطنت میں پہنچا نصرانیوں میں بڑی خوشیاں منائی گئیں۔ کسرے کو جب

یہ اطلاع ہوئی تو اس کا عجب حال ہوا کہ نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن، نہ تو روم ہی فتح ہوا اور نہ فارس ہی رہا۔ حیرت میں رہ گیا اور رومی غالب آگئے۔ فارس کی عورتیں اور وہاں کے مال ان کے قبضے میں آئے۔ یہ کل امور نو (۹) سال میں ہوئے اور رومیوں نے اپنی کھوئی ہوئی سلطنت فارسیوں سے دوبارہ لے لی اور مغلوب ہو کر غالب آگئے۔ اذرعات اور بصرے کے معرکے میں اہل فارس غالب آگئے تھے اور یہ ملک شام کا وہ حصہ تھا جو حجاز سے ملتا تھا۔

وَهُمۡ مِّنۢ بَعۡدِ غَلَبِهِمۡ سَيَغۡلِبُونَ ۝
اور وہ — اس مغلوب ہونے کے بعد — عنقریب غالب ہونگے
فِي بِضۡعِ سِنِينَ ۝
چند برسوں میں

رومیوں کے غلبہ کی پیشنگوئی:

یعنی نو سال کے اندر اندر رومی غالب ہوجائیں گے کیونکہ لغت میں اور حدیث میں ''بضع'' کا اطلاق تین سے نو تک ہوا ہے۔ ان آیات میں قرآن نے ایک عجیب وغریب پیشنگوئی کی جو اس کی صداقت کی عظیم الشان دلیل ہے۔

ابتدائے اسلام کے وقت کی بین الاقوامی طاقتیں:

واقعہ یہ ہے کہ اس زمانہ کی بڑی بھاری دو سلطنتیں ''فارس'' (جسے ''ایران'' کہتے ہیں) اور ''روم'' مدت دراز سے آپس میں ٹکراتی چلی آتی تھیں ۶۰۲ء سے لے کر ۶۱۴ء کے بعد تک ان کی حریفانہ نبرد آزمائیوں کا سلسلہ جاری رہا گیا جیسا کہ انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا کی تصریحات سے ظاہر ہے ۵۷۰ء میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت شریفہ اور چالیس سال بعد ۶۱۰ء میں آپ کی بعثت ہوئی۔ مکہ والوں میں جنگ روم وفارس کے متعلق خبریں پہنچتی رہتی تھیں۔ اسی دوران میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دعوئے نبوت اور اسلامی تحریک نے ان لوگوں کے لئے ان جنگی خبروں میں ایک خاص دلچسپی پیدا کردی۔ فارس کے آتش پرست مجوس کو مشرکین مکہ مذہبا اپنے سے نزدیک سمجھتے تھے۔ اور روم کے نصاریٰ اہل کتاب ہونے کی وجہ سے مسلمانوں کے بھائی یا کم ازکم ان کے قریبی دوست قرار دیے جاتے تھے۔ جب فارس کے غلبہ کی خبر آتی مشرکین مکہ مسرور ہوتے اور اس سے مسلمانوں کے مقابلہ میں اپنے غلبہ کی فال لیتے اور خوش آئند توقعات باندھتے تھے۔ مسلمانوں کو بھی طبعاً صدمہ ہوتا کہ عیسائی اہل کتاب آتش پرست مجوسیوں سے مغلوب ہوں، ادھر ان کو مشرکین مکہ کی شماتت کا ہدف بننا پڑے۔

فارسیوں کی فتح اور مشرکین کی چھیڑ بازی:

آخر ۶۱۴ء کے بعد (جبکہ ولادت نبوی کو قمری حساب سے تقریباً پینتالیس سال اور بعثت کے پانچ سال گذر چکے) خسرو پرویز (کیخسرو

besturdubooks.wordpress.com

ثانی) کے عہد میں فارس نے روم کو ایک مہلک اور فیصلہ کن شکست دی۔ شام، مصر، ایشیائے کوچک وغیرہ سب ممالک رومیوں کے ہاتھ سے نکل گئے۔ ہرقل قیصر روم کو ایرانی لشکر نے قسطنطنیہ میں پناہ گزیں ہونے پر مجبور کر دیا اور رومیوں کا دار السلطنت بھی خطرہ میں پڑ گیا، بڑے بڑے پادری قتل یا قید ہو گئے۔ بیت المقدس سے عیسائیوں کی سب سے زیادہ مقدس صلیب بھی ایرانی فاتحین لے اڑے۔ قیصر روم کا اقتدار بالکل فنا ہو گیا۔ بظاہر اسباب کوئی صورت روم کے اُبھرنے اور فارس کے تسلط سے نکلنے کی باقی نہ رہی۔ یہ حالات دیکھ کر مشرکین مکہ نے خوب بغلیں بجائیں۔ مسلمانوں کو چھیڑنا شروع کیا، بڑے بڑے حوصلے اور توقعات قائم کرنے لگے حتی کہ بعض مشرکین نے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آج ہمارے بھائی ایرانیوں نے تمہارے بھائی رومیوں کو مٹادیا ہے کل ہم بھی تمہیں اسی طرح مٹا ڈالیں گے۔

حضرت ابوبکرؓ کی مشرکین سے شرط:

اُس وقت قرآن نے سلسلۂ اسباب ظاہری کے بالکل خلاف عام اعلان کر دیا کہ بیشک اس وقت رومی فارس سے مغلوب ہو گئے ہیں لیکن نو سال کے اندر اندر وہ پھر غالب ومنصور ہونگے اسی پیشینگوئی کی بناء پر حضرت ابوبکر صدیقؓ نے بعض مشرکین سے شرط باندھ لی (اُس وقت تک ایسی شرط لگانا حرام نہ ہوا تھا) کہ اگر اتنے سال تک رومی غالب نہ ہوئے تو میں سو (۱۰۰) اونٹ تم کو دونگا، ورنہ اسی قدر اونٹ تم مجھ کو دو گے۔ شروع میں حضرت ابوبکرؓ نے اپنی رائے سے ''بضع سنین'' کی میعاد کچھ کم رکھی تھی۔ بعدہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد سے ''بضع'' کے لغوی مدلول یعنی نو سال پر معاہدہ ٹھہرا۔ اُدھر ہرقل قیصر روم نے اپنے زائل شدہ اقتدار کو واپس لینے کا تہیہ کر لیا اور منت مانی کہ اگر اللہ تعالیٰ نے مجھ کو فارس پر فتح دی تو ''حمص'' سے پیدل چل کر ''ایلیا'' (بیت المقدس) تک پہنچونگا۔ خدا کی قدرت دیکھو کہ قرآنی پیشینگوئی کے مطابق ٹھیک نو سال کے اندر (یعنی ہجرت کا ایک سال گذرنے پر) عین بدر کے دن جبکہ مسلمان اللہ کے فضل سے مشرکین پر نمایاں فتح ونصرت حاصل ہونے کی خوشیاں منا رہے تھے، یہ خبر سن کر اور زیادہ مسرور ہوئے کہ رومی اہل کتاب کو خدا تعالیٰ نے ایران کے مجوسیوں پر غالب فرمایا۔ اور اس ضمن میں مشرکین مکہ کو مزید خذلان وخسران نصیب ہوا۔ قرآن کی اس عظیم الشان اور محیر العقول پیشینگوئی کی صداقت کا مشاہدہ کر کے بہت لوگوں نے اسلام قبول کیا اور حضرت ابوبکرؓ نے سو (۱۰۰) اونٹ مشرکین مکہ سے وصول کئے جن کے متعلق حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ صدقہ کر دیے جائیں۔ فَلِلّٰہِ الحمد علی نعمائہ الظاهرة والائه الباهرة. (تفسیر عثمانی)

مسئلہ قمار: قمار یعنی جُوا ازروئے نصوص قرآن حرام قطعی ہے، ہجرت مدینہ کے بعد جس وقت شراب حرام کی گئی اسی کے ساتھ قمار بھی حرام کر دیا گیا، اور اس کو شیطانی عمل قرار دیا، آیت اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ میں میسر اور ازلام جوئے (قمار) ہی کی صورتیں ہیں جن کو حرام قرار دیا گیا ہے، اور یہ دو طرفہ لین دین اور ہار جیت کی شرط جو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اُبی بن خلف کے ساتھ ٹھہرائی یہ بھی ایک قسم کا جُوا اور قمار ہی تھا، مگر یہ واقعہ ہجرت سے پہلے کا ہے جب قمار حرام نہیں تھا، اس لئے اس واقعہ میں جب یہ قمار کا مال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا گیا تو کوئی مال حرام نہیں تھا، اس لئے یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے صدقہ کر دینے کا حکم کیوں فرمایا، خصوصاً دوسری روایت میں جو اس کے متعلق لفظ سُحت آیا ہے، جس کے مشہور معنی حرام کے ہیں یہ کیسے درست ہوگا، اس کا جواب حضرات فقہاء نے یہ دیا ہے کہ یہ مال اگرچہ اس وقت حلال تھا مگر قمار کے ذریعہ اکتساب مال اس وقت بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پسند نہ تھا، اس لئے صدیق اکبرؓ کی شان کے مناسب نہ سمجھ کر ان کو صدقہ کرنے کا حکم دیا، اور یہ ایسا ہی ہے کہ جیسے شراب حلال ہونے کے زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صدیق اکبرؓ نے کبھی استعمال نہیں فرمائی۔

فارسیوں کا مقابلہ اور اُبی بن خلف کی حضرت ابوبکر صدیقؓ سے بحث

بغوی نے لکھا ہے فارس اور روم میں جنگ تھی مشرک دل سے چاہتے تھے کہ اہل فارس رومیوں پر غالب آ جائیں کیونکہ فارس والے مجوسی تھے، ان کے پاس کوئی آسمانی کتاب نہیں تھی اور مسلمان چاہتے تھے کہ رومی فتحیاب ہو جائیں کیونکہ رومی اہل کتاب تھے۔ کسریٰ پرویز بن ہرمز بن نوشیرواں نے ایک لشکر روم کی طرف بھیجا جس کی قیادت شہر یزاد کے سپرد کی اور قیصر نے ایک لشکر یحلیس کی زیر سرکردگی روانہ کیا دونوں فوجوں کا مقابلہ اذرعات علاقہ شام وبصریٰ کے مقام پر ہوا (یہ شامی علاقہ ارض عرب کے بہت قریب تھا اور عجم سے بھی قریب تھا) آخر میں فارس والے رومیوں پر غالب آ گئے۔ مسلمانوں کو مکہ میں اس کی اطلاع پہنچی تو ان کو بڑا رنج ہوا، اور کفار مکہ اس خبر کو سن کر بہت خوش ہوئے، اور مسلمانوں سے کہنے لگے تم بھی اہل کتاب ہو اور عیسائی بھی اہل کتاب ہیں اور ہم امی (یعنی بے کتاب) ہیں، ہمارے فارسی بھائی تمہارے رومی بھائیوں پر غالب آ گئے اگر تم ہم سے لڑو گے تو ہم بھی تم پر غالب آئیں گے، اُس وقت اس آیت کا نزول ہوا۔ نزول آیت کے بعد حضرت ابوبکرؓ کفار کے پاس گئے اور فرمایا اب تو تم اپنے بھائیوں کے غالب آ جانے سے بہت خوش ہو لیکن واللہ عنقریب رومی فارسیوں پر غالب آ جائیں گے، ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو اس کی اطلاع دیدی ہے۔ اُبی بن خلف جُمحی بولا تم جھوٹے ہو، حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا، دشمن خدا تو بڑا جھوٹا ہے، اُبی نے کہا،، ہمارے درمیان ایک معین مدت کی شرط کر لو میں دس اونٹنیوں کی

besturdubooks.wordpress.com

شرط باندھتا ہوں۔ اگر رومی فارس والوں پر غالب آ گئے تو میں تاوان (یعنی دس اونٹنیاں) تم کو دوں گا اور اگر فارس والے رومیوں پر غالب رہے تو تم کو تاوان ادا کرنا ہوگا۔ شرط طے ہوگئی اور تین سال کی میعاد مقرر کر دی گئی۔
حضرت ابوبکرؓ نے خدمتِ گرامی صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر یہ واقعہ عرض کر دیا (یہ واقعہ قمار کی حرمت سے پہلے کا ہے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، میں نے تو یہ نہیں بیان کیا تھا، بضع تو تین سے نو تک ہوتا ہے اب تم مال کی مقدار میں اضافہ کردو اور میعاد بڑھا دو حضرت ابوبکر خدمتِ گرامی سے واپس آئے اُبی سامنے دکھائی دیا۔ ابی نے کہا اب تو شاید تم کو پشیمانی ہوئی ہو گی۔ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا، پشیمانی نہیں بلکہ میں تو مال کی مقدار بڑھانا اور میعاد مقرر میں توسیع کرنا چاہتا ہوں۔ چنانچہ سو سو اونٹنیوں کی شرط ہوگئی اور نو سال کی مدت مقرر ہوئی۔ بعض روایات میں سات سال کی میعاد آئی ہے۔
اُبی نے کہا، میں نے مان لیا۔ کچھ مدت کے بعد ابی بن خلف کو جب یہ اندیشہ ہوا کہ ابوبکر مکہ سے چلے جائیں گے تو آ کر آپ سے چمٹ گیا اور بولا، مجھے اندیشہ ہے کہ تم مکہ سے چلے جاؤ گے اس لئے اپنا کوئی ضامن دو۔ (کہ جب میں شرط جیت جاؤں تو اس سے مال شرط وصول کرلوں) حضرت ابوبکرؓ نے اپنے بیٹے عبداللہ کو ضامن بنا دیا۔ حضرت عبداللہ ضامن ہو گئے۔

ابی بن خلف کی موت:

اس کے بعد ابی بن خلف (مسلمانوں کے مقابل) احد کی جنگ میں گیا اور مقابلہ کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ سے زخمی ہو کر مکہ میں آ کر مر گیا۔ اُدھر حدیبیہ کے دن رومی فارس پر غالب آ گئے بعض روایات میں آیا ہے کہ بدر کے دن رومیوں کا فارسیوں پر غلبہ ہوا۔ یہ واقعہ یوم شرط سے ساتویں سال کے سرے پر پیش آیا۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی جیت:

شعبی نے لکھا ہے، یہ مقررہ مدت گذرنے نہیں پائی تھی کہ رومی فارس والوں پر غالب آ گئے، اور اپنے گھوڑے مدائن (ایرانیوں کی عراقی راجدھانی) میں لے جا کر باندھ دیئے (حرمتِ قمار سے پہلے کا یہ قصہ ہے) حضرت ابوبکرؓ بھی ابی بن خلف سے جیت گئے اور ابی بن خلف کے وارثوں سے آپ نے شرط کا مال وصول کرلیا اور خدمتِ گرامی میں لے کر حاضر ہوئے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اس کو خیرات کردو، ترمذی نے بھی حضرت ابوبکرؓ کی روایت سے ایسا ہی نقل کیا ہے۔
مسئلہ: حضرت ابوبکرؓ کے اس قصہ سے استدلال کرتے ہوئے امام ابوحنیفہؒ نے فرمایا کہ دار الحرب میں مسلمانوں اور کافروں کے درمیان تمام عقودِ فاسدہ جیسے سود کا لین دین وغیرہ جائز ہیں، اس کے علاوہ یہ بات بھی ہے کہ (حربی) کافروں کا مال ہر طرح سے لینا جائز ہے بشرطیکہ ذمہ داری کی شکست نہ ہو کافروں کو امان دے کر ان کا مال لینا جائز نہیں۔

رومیوں کے غلبہ کے اسباب:

بغوی نے لکھا ہے کہ حسب بیان عکرمہ رومیوں کی فارس والوں پر غالب آنے کی صورت یہ ہوئی کہ شہریزاد رومیوں پر غالب آیا اور ان کے شہروں کو روندھتا اجاڑتا ہوا خلیج تک پہنچ گیا۔ ایک روز شہریزاد کا بھائی فرخان شہریزاد کے تخت پر بیٹھا شراب پی رہا تھا کہ (مستی کی حالت میں) اُس نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ مجھے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ میں کسریٰ کے تخت پر بیٹھنے والا ہوں یہ بات کسریٰ تک پہنچ گئی۔ کسریٰ نے شہریزاد کو لکھا جس وقت میری یہ تحریر تم کو پہنچے فوراً فرخان کا سر کاٹ کر میرے پاس بھیجدو۔ شہریزاد نے جواب میں لکھا، بادشاہ سلامت فرخان کے بڑے کارنامے ہیں اور دشمنوں پر اس کی دھاک ہے آپ کو ایسا شخص نہیں ملے گا۔ کسریٰ نے دوبارہ لکھا، فارس میں اور بہت سے لوگ ہیں جو اس سے بہتر ہیں فوراً میرے پاس اس کا سر بھیج دو۔ شہریزاد نے اس کا بھی ایسا ہی جواب لکھدیا جس سے کسریٰ غضبناک ہو گیا اور شہریزاد کو پھر کچھ نہیں لکھا بلکہ فوج کے پاس ڈاک سے یہ حکم بھیج دیا کہ میں نے شہریزاد کو ہٹا کر اس کی جگہ تمہارا آفیسر فرخان کو بنا دیا ہے، پھر ایک چھوٹا سا پرچہ ڈاک لے جانیوالے کو الگ سے دیدیا جس میں شہریزاد کو قتل کر دینے کا حکم لکھا ہوا تھا اور ڈاک والے سے کہا جب فرخان حکومت کا چارج لے لے اور اس کا بھائی اس کی اطاعت کر لے تو اس وقت یہ پرچہ فرخان کو دیدینا غرض شاہی حکم ملنے کے بعد شہریزاد نے بسر وچشم اس کو قبول کیا اور تخت سے اتر آیا اس کی جگہ فرخان بیٹھ گیا۔ اس وقت ڈاک والے نے وہ پرچہ فرخان کو دیا، فرخان نے فوراً شہریزاد کو بلوانے کا حکم دیا اور گردن مار دینے کے لئے پیشی میں طلب کیا۔ شہریزاد نے کہا جلدی سے کام نہ لیجئے مجھے اتنی مہلت دیجئے کہ میں وصیت نامہ لکھدوں۔ فرخان نے کہا اچھا، شہریزاد نے بستہ منگوایا اور اس میں سے تین تحریریں نکال کر دکھائیں اور فرخان سے کہا میں نے آپ کے سلسلے میں کسریٰ سے یہ ساری مراسلت کی تھی اور آپ صرف ایک تحریر ملنے پر مجھے قتل کرانا چاہتے ہیں۔ فرخان نے فوراً اقتدار حکومت شہریزاد کو واپس کر دیا۔
اس کے بعد شہریزاد نے قیصر روم کو لکھا مجھے آپ سے کام ہے لیکن وہ نہ پیام رساں کی معرفت زبانی کہلوایا جا سکتا ہے نہ تحریراً اس کو پہنچایا جا سکتا ہے ملاقات ہی ضروری ہے۔ اس لئے میری خواہش ہے کہ آپ پچاس رومیوں کو ساتھ لے کر مجھ سے ملیں میرے ساتھ بھی اس وقت صرف پچاس ایرانی ہوں گے، قیصر نے یہ بات مان لی اور پچاس رومیوں کو ساتھ لے کر روانہ ہو گیا لیکن اس کو اندیشہ لگا ہوا تھا کہ شاید شہریزاد نے کوئی فریب کیا ہو اس لئے

besturdubooks.wordpress.com

اپنے آگے آگے اس نے کچھ جاسوس بھیج دیئے تا کہ صحیح اطلاع بہم پہنچائیں۔ جاسوسوں نے آ کر کہا کہ شہریزاد کے ساتھ بھی صرف پچاس آدمی ہیں قیصر روم شہریزاد کی جانب چل دیا۔ پھر دونوں کیلئے ایک ریشمی خیمہ لگوایا گیا اور دونوں کی ملاقات اس طرح ہوئی کہ ہر ایک کے پاس خنجر تھا اور دونوں کے درمیان ترجمان تھا، شہریزاد نے کہا آپ کے شہر جن لوگوں نے ویران کئے وہ میں اور میرا بھائی ہیں ہم نے ہی اپنی تدبیر اور بہادری سے آپ کا ملک اجاڑا۔ اس سے کسریٰ کو ہم پر حسد ہو گیا اور اس نے میرے بھائی کو میرے ہاتھ سے قتل کرا دینا چاہا، میں نے ایسا کرنے سے انکار کر دیا تو کسریٰ نے میرے بھائی کو حکم دیا کہ وہ مجھے قتل کر دے ہم دونوں ساتھ پیدا ہوئے ہیں، (اس لئے ایک کے قتل ہو جانے سے دوسرا مر ہی جائے گا) اب ہم آپ کے ساتھ مل کر کسریٰ سے لڑنا چاہتے ہیں۔ قیصر نے کہا، تم نے ٹھیک کیا، پھر ایک نے دوسرے سے (اشارۃً) کہا کہ راز دو آدمیوں کے درمیان رہتا ہے جب دو سے آگے بڑھتا ہے تو پھیل جاتا ہے۔ چنانچہ دونوں نے اپنے اپنے خنجروں سے ترجمانوں کو قتل کر دیا۔ اس وقت سے رومیوں کا فارسیوں پر غلبہ ہو گیا اور ڈھونڈ ڈھونڈ کر رومیوں نے ایرانیوں کو قتل کر دیا۔ کسریٰ بھی مر گیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس کی اطلاع صلح حدیبیہ کے روز پہنچی جس کو سن کر مسلمان اور خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم خوش ہوئے۔ اسی قصہ کی طرف غُلِبَتِ الرُّوْمُ ۙ فِيْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ اشارہ کیا گیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

یہ بھی قول ہے کہ یہ ہزیمت جزیرہ میں ہوئی تھی جو رومیوں کی سرحد کا مقام ہے اور فارس سے ملتا ہے، واللہ اعلم۔ پھر نو (۹) سال کے اندر اندر رومی فارسیوں پر غالب آ گئے۔

قرآن کریم میں لفظ بِضع کا ہے اور اس کا اطلاق بھی نو (۹) تک ہوتا ہے۔ اور یہی تفسیر اس لفظ کی ترمذی اور ابن جریر والی حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صدیق اکبرؓ سے فرمایا کہ تمہیں احتیاطاً دس (۱۰) سال تک رکھنے چاہئے تھے کیونکہ بِضع کے لفظ کا اطلاق تین سے لے کر نو (۹) تک ہوتا ہے۔ اس کے بعد قَبْلُ اور بَعْدُ پر پیش اضافت کے ہٹا دینے کی وجہ سے ہے یعنی اس سے پہلے اور اس کے بعد حکم اللہ ہی کا ہے اس دن جبکہ روم فارس پر غالب آ جائے گا مسلمان خوشیاں منائیں گے اکثر علماء کا قول ہے کہ بدر کی لڑائی کے دن رومی فارسیوں پر غالب آ گئے۔

ابن عباسؓ، سدیؒ، ثوریؒ اور ابوسعیدؓ یہی فرماتے ہیں، ایک گروہ کا خیال ہے کہ یہ غلبہ حدیبیہ کے سال ہوا تھا۔ عکرمہؒ زہریؒ اور قتادہؒ وغیرہ کا یہی قول ہے بعضوں نے اس کی توجیہ یہ بیان کی ہے کہ قیصر روم نے نذر مانی تھی کہ اگر اللہ تعالیٰ اسے فارس پر غالب کرے گا تو وہ اس کے شکریہ میں پاپیادہ بیت المقدس تک جائیگا۔ چنانچہ اس نے نذر پوری کی اور بیت المقدس پہنچا۔

یہ یہیں تھا جو اس کے پاس رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نامہ مبارک پہنچا، جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت دحیہ کلبیؓ کی معرفت بصریٰ کے گورنر کو بھیجا تھا اور اس نے ہرقل کو پہنچایا تھا۔ ہرقل نے نامۂ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاتے ہی شام میں جو حجازی عرب تھے انہیں اپنے پاس بلوایا۔ ان میں ابوسفیان صخر بن حرب اُموی بھی تھا اور دوسرے بھی قریش کے ذی عزت بڑے بڑے لوگ تھے اس نے ان سب کو اپنے سامنے بٹھا کر پوچھا کہ تم میں سے اس کا قریبی رشتہ دار کون ہے؟ جس نے نبوت کا دعویٰ کیا ہے۔ ابوسفیان نے کہا میں ہوں۔ بادشاہ نے انہیں آگے بٹھالیا اور ان کے ساتھیوں کو ان کے پیچھے بٹھا دیا اور ان سے کہا کہ دیکھو میں اس شخص سے چند سوالات کروں گا اگر یہ کسی بات کا غلط جواب دے تو تم اسے جھٹلا دینا۔

ابوسفیان کا قول ہے کہ اگر مجھے اس بات کا ڈر نہ ہوتا کہ اگر میں جھوٹ بولوں گا تو یہ لوگ اسے ظاہر کر دیں گے اور پھر اُس جھوٹ کو میری طرف نسبت کریں گے تو میں یقیناً جھوٹ بولتا۔ اب ہرقل نے بہت سے سوالات کئے۔ مثلاً حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حسب نسب کی نسبت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصاف وعادات کے متعلق وغیرہ وغیرہ۔ انہی میں ایک سوال یہ بھی تھا کہ کیا وہ غداری کرتا ہے؟ ابوسفیان نے کہا کہ آج تک تو کبھی بدعہدی، وعدہ شکنی اور غداری کی نہیں۔ اس وقت ہم میں اور اُس میں ایک معاہدہ ہے نہ جانے اس میں وہ کیا کرے۔

ابوسفیان کے اس قول سے مراد صلح حدیبیہ ہے جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم میں اور قریش میں یہ بات بھی ٹھہری تھی کہ دس (۱۰) سال تک کوئی لڑائی آپس میں نہ ہوگی۔ (تفسیر ابن کثیر)

لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْۢ بَعْدُ ؕ		
اللہ کے ہاتھ ہیں سب کام	پہلے	اور پیچھے

یعنی پہلے فارس کو غالب کرنا، روم کو مغلوب کرنا، اور پیچھے حالات کو اُلٹ دینا، سب اللہ کے قبضہ میں ہے۔ صرف اتنی بات سے کسی قوم کے مقبول ومردود ہونے کا فیصلہ نہیں ہوسکتا تلک الایام ندا ولھا بین الناس۔

وَيَوْمَئِذٍ يَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ۙ بِنَصْرِ اللّٰهِ ؕ			
اور اس دن	خوش ہونگے	مسلمان	اللہ کی مدد سے

مسلمانوں کی خوشی کا دن:

یعنی ایک تو اس دن اپنی فتح کی خوشی اُس پر مزید خوشی یہ ہوئی کہ رومی اہل کتاب (جو نسبۃً مسلمانوں سے اقرب تھے) فارس کے مجوسیوں پر غالب آئے۔ قرآن کی پیشینگوئی کے صدق کا لوگوں نے مشاہدہ کر لیا کفار مکہ کو ہر طرح ذلت نصیب ہوئی۔

besturdubooks.wordpress.com

يَنْصُرُ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝

مدد کرتا ہے جس کی چاہتا ہے اور وہی ہے زبردست رحم والا

یعنی جسے مغلوب کرنا چاہے تو کوئی زبردستی کر کے روک نہ سکے اور جس پر مہربانی فرمانا چاہے اُسے بے روک ٹوک غالب کر کے رہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَعْدَ اللّٰهِ ۭ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَلٰكِنَّ

اللہ کا وعدہ ہو چکا خلاف نہ کریگا اللہ اپنا وعدہ لیکن

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

بہت لوگ نہیں جانتے۔

اللہ کی حکمتیں اللہ ہی جانتا ہے:

یعنی اکثر لوگ نہیں سمجھتے کہ غالب یا مغلوب کرنے میں اللہ تعالیٰ کی کیا کیا حکمتیں ہیں اور یہ کہ قدرت جب کوئی کام کرنا چاہے تو سب ظاہری رکاوٹیں دُور ہوتی چلی جاتی ہیں۔ اسی لئے اکثر ظاہر بین بغیر اسباب ظاہری خدا پر بھروسہ نہیں رکھتے اور کسی کا عارضی غلبہ دیکھ کر سمجھنے لگتے ہیں کہ یہ ہی اللہ کے ہاں مقبول ہوگا۔

يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ښ

جانتے ہیں اوپر اوپر دنیا کے جینے کو

وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ ۝

اور وہ لوگ آخرت کی خبر نہیں رکھتے۔

لوگوں کی ظاہر پرستی:

یعنی یہ لوگ دنیوی زندگی کی ظاہری سطح کو جانتے ہیں۔ یہاں کہ آسائش و آرائش، کھانا پینا، پہننا اوڑھنا، بونا جوتنا، پیسہ کمانا، مزے اڑانا بس یہ ہی اُن کے علم و تحقیق کی انتہائی جولانگاہ ہے۔ اس کی خبر ہی نہیں کہ اس زندگی کی تہہ میں ایک دوسری زندگی کا راز چھپا ہوا ہے جہاں پہنچ کر اس دنیوی زندگی کے بھلے بُرے نتائج سامنے آئیں گے۔ ضروری نہیں کہ جو شخص یہاں خوشحال نظر آتا ہے وہاں بھی خوشحال رہے۔ بھلا آخرت کا معاملہ تو دُور ہے یہیں دیکھ لو کہ ایک شخص یا ایک قوم کبھی دنیا میں عروج حاصل کر لیتی ہے لیکن اُس کا آخری انجام ذلت و ناکامی کے سوا کچھ نہیں ہوتا۔ (تفسیر عثمانی)

معیشت میں پڑ کر آخرت سے غفلت دانائی نہیں:

قرآن کریم اقوام دنیا کے عبرتناک قصوں سے بھرا ہوا ہے، جو مکاسب دنیا اور عیش و عشرت کے سامان جمع کرنے میں بڑے نام آور تھے، پھر ان کا انجام بد بھی دنیا ہی میں لوگوں کے سامنے آیا، اور آخرت کا دائمی عذاب ان کا حصہ بنا، اس لئے ان کو کوئی سمجھدار آدمی عقلاء یا حکماء نہیں کہہ سکتا، افسوس ہے کہ آجکل عقل و حکمت کا سارا انحصار اسی میں سمجھ لیا گیا ہے کہ جو شخص زیادہ سے زیادہ مال جمع کرے اور اپنی عیش و عشرت کا سامان سب سے بہتر بنا لے وہ سب سے بڑا عقلمند کہلاتا ہے، اگرچہ اخلاقِ انسانیت سے بھی کورا ہو، عقل و شرع کی رُو سے اس کو عقلمند کہنا عقل کی توہین ہے، قرآن کریم کی زبان میں عقل والے صرف وہ لوگ ہیں جو اللہ کو اور آخرت کو پہچانیں، اس کے لئے عمل کریں، دنیا کی ضروریات کو بقدر ضرورت رکھیں، اپنی زندگی کا مقصد نہ بنائیں۔

دنیا کا چند روزہ قیام درحقیقت ایک مسافرانہ قیام ہے، انسان یہاں کا مقامی آدمی (نیشنل) نہیں، بلکہ دوسرے ملک آخرت کا باشندہ ہے، یہاں کچھ مدت کے لئے ویزا پر آیا ہوا ہے، اس کا اصلی کام یہ ہے کہ اپنے اصلی وطن کے لئے یہاں سے سامانِ راحت فراہم کر کے وہاں بھیجے، اور وہ سامانِ راحت ایمان اور عمل صالح ہے، اس دوسرے رُخ سے بڑے بڑے عاقل کہلانے والے بالکل غافل اور جاہل ہیں۔ (مفتی اعظم رحمہ اللہ)

اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۫ مَا خَلَقَ اللّٰهُ

کیا دھیان نہیں کرتے اپنے جی میں کہ اللہ نے جو بنائے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا

آسمان اور زمین اور جو کچھ ان کے بیچ میں ہے

بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ

سو ٹھیک سادھ کر اور وعدہ مقرر پر

تخلیق کائنات کا ایک مقصد ہے:

یعنی عالم کا اتنا زبردست نظام اللہ تعالیٰ نے بیکار نہیں پیدا کیا، کچھ اس سے مقصود ضرور ہے وہ آخرۃ میں نظر آئیگا۔ ہاں یہ سلسلہ ہمیشہ چلتا رہتا تو ایک بات تھی لیکن اس کے تغیرات و احوال میں غور کرنے سے پتہ لگتا ہے کہ اس کی کوئی حد اور انتہا ضرور ہے۔ لہٰذا ایک وعدہ مقررہ پر یہ عالم فنا ہوگا اور دوسرا عالم اس کے نتیجے کے طور پر قائم کیا جائیگا۔ (تفسیر عثمانی)

اپنے آپ میں غور کرو:

"اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ" کیا انہوں نے اپنے نفسوں میں غور نہیں کیا۔ یعنی کیا انہوں نے اپنے علم کو صرف ظاہری دنیا پر منحصر رکھا اور دلوں کے اندر باطن پر غور نہیں کیا کہ ان پر دنیا کے اندرونی گوشوں کا انکشاف ہوتا، یا یہ مطلب ہے کہ انہوں نے کیا اپنے نفسوں کے متعلق غور نہیں کیا باوجودیکہ ان کے نفوس اس سے

besturdubooks.wordpress.com

اتنے قریب ہیں کہ دوسری کوئی چیز اتنی قریب نہیں اپنے نفس کے اندر غور کرنے والے کو وہ انکشافات ہوتے ہیں جو سارے عالم امکان پر غور کرنے والے کو ہوتے ہیں۔ انسان عالم صغیر ہے (اور عالم کبیر کا نمونہ ہے) اگر وہ اپنے دلوں میں غور کرتے تو ان کو معلوم ہو جاتا اور وہ کہہ اٹھتے کہ مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى اللہ نے آسمان وزمین اور ان کی درمیانی کائنات کو برحق ہی پیدا کیا ہے (یعنی حکمت ومصلحت کے ساتھ پیدا کیا ہے) اور یہ مقرر مدت (بقاء) کو اپنے ساتھ لئے ہوئے پیدا کئے گئے ہیں یعنی بے کار لا حاصل بغیر کسی کامل حکمت کے نہیں پیدا کئے اور ان کی تخلیق دوامی نہیں ہے بلکہ انکا بقا ایک خاص مدت کے لئے ہے اس کے بعد قیامت آجائے گی اور حساب فہمی کا وقت آپہنچے گا اور سزا وجزا مل جائے گی۔ اللہ نے فرمایا ہے۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۔ کیا تم یہ خیال کئے ہوئے ہو کہ ہم نے تم کو فضول پیدا کیا اور ہماری طرف تم کو نہیں لوٹایا جائیگا۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر اللہ کی طرف بازگشت نہ ہو اور اللہ سب کو یوں ہی چھوڑ دے تو تخلیق بیکار بے لا حاصل ہے۔

غور وفکر کا حاصل:

نظام عالم پر غور کرنے والے جانتے ہیں کہ اس کا خالق حکیم ہے اور حکیم بیکار کام نہیں کرتا تخلیق عالم کی حکمت خالق کی ذات وصفات کی معرفت ہے اب اگر قیامت نہ آئے اور جزا سزا نہ ملے تو عارف وکافر دونوں برابر ہیں۔ اس کائنات پر غور کرنے والا ہی آخرت کو جانتا ہے اور علم آخرت حاصل ہونے کے بعد اس کے دل سے غفلت دور ہو جاتی ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ

اور بہت لوگ

بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ لَكٰفِرُوْنَ ﴿۸﴾

اپنے رب کا ملنا نہیں مانتے

وہ سمجھتے ہیں کہ کبھی خدا کے سامنے جانا ہی نہیں جو حساب وکتاب دینا پڑے۔ (تفسیر عثمانی)

اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ

کیا انہوں نے سیر نہیں کی ملک کی جو دیکھیں انجام

كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْٓا

کیسا ہوا ان سے پہلوں کا اُن سے

اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاَثَارُوا الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَآ

زیادہ تھے زور میں اور جوتا انہوں نے زمین کو اور بسایا اس کو

اَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوْهَا وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ

اُن کے بسانے سے زیادہ اور پہنچے اُن کے پاس رسول اُن کے

بِالْبَيِّنٰتِ ۭ

لے کر کھلے حکم

ماضی کی طاقتور اقوام سے عبرت پکڑو:

یعنی بڑی بڑی طاقتور قومیں (مثلاً عاد وثمود) جنہوں نے زمین کو بوجوت کر لالہ وگلزار بنایا، اُسے کھود کر چشمے اور کانیں نکالیں، ان منکرین سے بڑھ کر تمدن کو ترقی دی، لمبی عمریں پائیں اور زمین کو ان سے زیادہ آباد کیا۔ وہ آج کہاں ہیں؟ جب اللہ کے پیغمبر کھلے نشان اور احکام لے کر آئے اور انہوں نے تکذیب کی تو کیا نہیں سنا کہ انجام کیا ہوا۔ کس طرح تباہ وبرباد کئے گئے۔ اُن کے ویران کھنڈر آج بھی ملک میں چل پھر کر دیکھ سکتے ہیں۔ کیا اُن میں ان بےفکروں کے لئے کوئی عبرت نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاَثَارُوا الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَآ اَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوْهَا وہ لوگ ان سے زیادہ قوت والے تھے انہوں نے زمین کو الٹ کر رکھ دیا اور ان سے زیادہ زمین کو آباد کیا تھا (بڑی بڑی اونچی عمارتیں بکثرت بنائی تھیں)۔ زمین کو الٹنے کا یہ مطلب ہے کہ پانی نکالنے معاون برآمد کرنے اور کھیتی کرنے کے لئے انہوں نے زمین کو کھودا تھا۔

اہل مکہ کیلئے دعوت فکر:

اہل مکہ ایسی زمین پر آباد تھے جہاں کوئی کھیتی باڑی نہیں ہو سکتی تھی بالکل وادی غیر ذی زرع تھی۔ ادھر اُدھر ان کا پھیلاؤ نہ تھا۔ آیت میں ایک طرح کا طعن ہے مکہ والوں پر، کہ وہ دنیا پر ریجھے ہوئے ہیں فریفتہ ہیں، غرور سے سرمست ہیں باوجودیکہ ان کا حال کمزور ہے۔ دنیا کی فراخی ان کو حاصل نہیں۔ دنیا نام ہے وسعتِ ملک کا، تسلط عام کا، تعمیرات کی کثرت کا اور ان کو کچھ بھی میسر نہیں ان کی بستی میں کسی چیز کی پیداوار نہیں اگر موسم سرما وگرما میں یمن وشام کا سفر نہ کریں اور وہاں سے غلہ کپڑا نہ لائیں تو بھوکے ننگے مر جائیں۔ ان تمام باتوں کے باوجود اپنی حقیر دنیا پر پھولے نہیں سماتے۔ (تفسیر مظہری)

فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا

سو اللہ نہ تھا ان پر ظلم کرنے والا لیکن وہ اپنا

besturdubooks.wordpress.com

اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ⑨

آپ بُرا کرتے تھے

قومیں خود اپنے اوپر ظلم کرتی ہیں:

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تو ظلم کا امکان نہیں۔ ہاں یہ لوگ خود اپنے ہاتھوں اپنی جڑ پر کلہاڑی مارتے ہیں اور وہ کام کرتے ہیں جن کا نتیجہ بربادی ہو تو یہ اپنی جان پر خود ہی ظلم کرنا ہوا۔ ورنہ اللہ تعالیٰ کے عدل و رحم کی کیفیت تو یہ ہے کہ بے رسول بھیجے اور بدون پوری طرح ہوشیار کئے کسی کو پکڑتا بھی نہیں۔ (تفسیر عثانی)

ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوا السُّوْٓاٰى اَنْ

پھر ہوا انجام بُرا کرنے والوں کا بُرا اس

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ ⑩

واسطے کہ جھٹلاتے تھے اللہ کی باتیں اور ان پر ٹھٹھے کرتے تھے

دنیا میں دیکھتا تھا پھر آخرت میں تکذیب واستہزاء کی جو سزا ہے وہ الگ رہی۔ موجودہ اقوام کو چاہئے کہ گذشتہ قوموں کے احوال سے عبرت پکڑیں کیونکہ ایک قوم کو جن باتوں پر سزا ملی سب کو وہی سزا مل سکتی ہے۔ سب کی فنا بھی ایک کی فنا سے سمجھو اور سب کی سزا بھی ایک کی سزا ہے۔ (تفسیر عثانی)

گناہ کا اثر:

حضرت ابوہریرہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا مؤمن جب گناہ کرتا ہے تو اس کے دل پر سیاہی کا ایک نکتہ پیدا ہو جاتا ہے پھر اگر وہ توبہ کر لیتا ہے اور گناہ سے نکل آتا ہے اور مغفرت کا طلبگار ہو جاتا ہے تو (دل سے وہ سیاہ نکتہ دور ہو جاتا ہے) دل صاف ہو جاتا ہے اور اگر مزید گناہ کرتا رہا تو سیاہی کا نکتہ بھی بڑھتا رہتا ہے یہاں تک کہ (پورے) دل پر سیاہی چڑھ جاتی ہے یہی وہ زنگ ہے جس کا ذکر اللہ نے اپنی کتاب میں کیا ہے۔ اور فرمایا ہے بَلْ سکتہ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ بلکہ جو اعمال وہ کرتے تھے ان کا زنگ ان کے دلوں پر چڑھ گیا۔ رواہ احمد والترمذی والنسائی (تفسیر مظہری)

اَللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ثُمَّ اِلَيْهِ

اللہ بناتا ہے پہلی بار پھر اس کو دہرائے گا پھر اسی کی طرف

تُرْجَعُوْنَ ⑪ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُبْلِسُ الْمُجْرِمُوْنَ ⑫

پھر جاؤ گے اور جس دن برپا ہوگی قیامت آس توڑ کر رہ جائیں گے گنہگار

وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ مِّنْ شُرَكَآئِهِمْ شُفَعٰٓؤُا

اور نہ ہوں گے ان کے شریکوں میں کوئی ان کے سفارش کرنے والے

وَكَانُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ كٰفِرِيْنَ ⑬

اور وہ ہو جائیں گے اپنے شریکوں سے منکر

جھوٹے معبودوں کا انجام:

یعنی جن کو اللہ کا شریک بناتے تھے جب وقت پر کام نہ آئیں گے تو منکر ہو کر کہنے لگیں گے کہ وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ (خدا کی قسم ہم مشرک نہ تھے)

وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّتَفَرَّقُوْنَ ⑭

اور جس دن قائم ہوگی قیامت اس دن لوگ ہوں گے قسم قسم

نیک و بد کے فیصلہ کا دن:

یعنی نیک و بد ہر قسم کے لوگ الگ الگ کر دیئے جائیں گے اور علیحدہ علیحدہ اپنے ٹھکانہ پر پہنچا دیئے جائیں گے جس کی تفصیل اگلی آیت میں ہے۔ (تفسیر عثانی)

یکے خنداں بصد عشرت یکے نالاں بصد عسرت
یکے در راحت و صلت یکے در شدت ہجراں

اہل جنت اہل جہنم سے جدا کر دیئے جائیں گے۔ (معارف کاندھلوی)

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ

سو جو لوگ یقین لائے اور کئے بھلے کام سو

فِيْ رَوْضَةٍ يُّحْبَرُوْنَ ⑮

باغ میں ہوں گے ان کی آؤ بھگت ہوگی

نیکیوں کا انعام:

یعنی انعام واکرام سے نوازے جائیں گے اور ہر قسم کی لذت و سرور سے بہرہ اندوز ہوں گے۔ یہ نیکوں کا ٹھکانہ ہوا۔ آگے بدوں کی جگہ بتلائی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ دونوں میں ایسی تفریق اور جدائی کر دی جائے گی جس سے بڑھ کر کوئی جدائی نہیں ہو سکتی۔ (تفسیر عثانی)

تحبیر کا معنی و مطلب:

ایک حدیث میں آیا ہے کہ حضرت ابوموسیٰ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر مجھے معلوم ہوتا کہ حضور میری قراءت کو سن رہے ہیں تو میں تحبیر سے کام لیتا، یعنی مزید خوش آوازی سے پڑھتا۔

besturdubooks.wordpress.com

بغوی نے بروایت اوزاعی یحییٰ بن کثیر کا قول نقل کیا ہے کہ تحبرون جنت کے آسمان کا نام ہے ہناد اور بیہقی کی روایت میں بھی یحییٰ بن کثیر کا یہ قول آیا ہے۔

اوزاعی کا بیان ہے جب وہ گانا شروع کرتا ہے تو جنت کا کوئی درخت بغیر سرسبز ہوئے نہیں رہتا۔ یہ بھی امام اوزاعی کا بیان ہے کہ اللہ کی کوئی مخلوق اسرافیل سے زیادہ خوش آواز نہیں جب وہ گانا شروع کرتا ہے تو ساتوں آسمانوں کے رہنے والوں کی نماز اور تسبیح ختم ہو جاتی ہے۔

جنت میں خوش کلامی:

میں کہتا ہوں گانے سے اور شعر سے اس دنیا میں لذت اندوزی کے لئے تین باتوں کی ضرورت ہے اشعار میں محبوب کا ذکر ہو، کلام موزوں ہو، آواز میں حسن ہو، لیکن جنت والوں کے لئے اللہ سے بڑی مرغوب تو کوئی چیز نہ ہوگی اس کے جمال سے زیادہ کسی کا حسن بھی نہیں ہے اس لئے جب اس کے دیدار سے بہرہ ور ہوں گے تو اسی کی یاد خوش الحانی کے ساتھ سن کر لذت اندوز ہوں گے۔

بعض احادیث میں آیا ہے کہ غزالہ چشم حوریں اپنے شوہروں کے سامنے ایسی حسین آوازوں سے گائیں گی جن کی مثل کسی نے کوئی گانا کبھی نہ سنا ہوگا۔ روایت میں آیا ہے کہ منجملہ دوسرے کلام کے یہ اشعار بھی گائیں گی، ترجمہ: ''ہم سب سے اعلیٰ ہیں ہم عزت والے لوگوں کی بیبیاں ہیں ہم ہمیشہ رہیں گی کبھی نہیں مریں گی ہم امن میں رہیں گی ہم کو کسی بات کا ڈر نہ ہوگا، ہم یہاں مقیم رہیں گی، کبھی یہاں سے کوچ نہیں کریں گی'' ۔ رواہ الطبرانی عن ابن عمرؓ۔ مرفوعاً کذا اخرج الطبرانی والبیہقی وابن ابی الدنیا عن انسؓ۔

امام احمد نے الزہد میں مالک بن دینار کا قول نقل کیا ہے کہ اللہ حضرت داؤد علیہ السلام سے فرمائے گا اسی خوش آوازی کے ساتھ میری مجد بیان کرو، داؤد علیہ السلام ایسی آواز سے گانا شروع کر دیں گے جو جنت کی ساری نعمتوں پر غالب آ جائے گی۔

اصبہانی نے حضرت ابوہریرہؓ کی مرفوع روایت نقل کی ہے کہ اللہ جنت کے درخت کو حکم دے گا کہ میرے ان بندوں کو گانا سنا جنہوں نے میری یاد میں تمام گانوں اور باجوں کو چھوڑ رکھا تھا درخت اللہ کی تسبیح و تقدیس ایسی آوازوں سے گائے گا جس کی مثل کسی مخلوق نے کبھی نہیں سنی ہوں گی۔

گانا سننے کی سزا:

اس موضوع کی احادیث بکثرت ہیں۔ حکیم نے نوادر الاصول میں حضرت ابوموسیٰ کی روایت سے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جس نے (دنیا میں) گانے کی آواز سنی اس کو روحانیات کی آواز سننے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، روحانی کون؟ فرمایا اہل جنت کے سامنے پڑھنے والے۔

دینوری نے مجاہد کا بیان نقل کیا ہے کہ جو لوگ اپنی آوازوں اور کانوں کو بیہودہ گانوں اور شیطانی مزامیر سے پاک رکھتے ہیں قیامت کے دن اللہ ان کو مشکی باغوں میں قیام پذیر کرے گا اور فرشتوں کو حکم دے گا میرے بندوں کو میری ثنا و مجد سناؤ اور ان کو اطلاع دیدو کہ آئندہ ان کو نہ کسی طرح کا خوف ہو گا نہ غمگین ہوں گے۔ (تفسیر مظہری)

مسئلہ سماع: کسی خوش الحان سے اللہ کی تسبیح وتحمید کا سماع یا کسی ایسے اشعار کا سماع جو یاد آخرت میں مد ہوں وہ جائز ہے بشرطیکہ وہ خوش الحان اور غزل خواں اجنبی عورت یا کم سن لڑکا نہ ہو اور بشرطیکہ طبلہ اور سارنگی نہ ہو۔ اس لئے کہ اجنبی عورت کا تو قرآن سننا بھی حرام ہے غزل کا تو ذکر ہی کیا ہے اور طبلہ اور سارنگی اور اس قسم کے گانے بجانے کے آلات تمام انبیاء کی شریعتوں میں حرام رہے ہیں البتہ اگر کسی کی بیوی خوش الحان ہو تو فقط اس کو اپنی بیوی کا سماع جائز ہے بشرطیکہ وہ خلوت اور تنہائی میں ہو اور کوئی نامحرم مرد اور نامحرم عورت وہاں موجود نہ ہو۔ اور جو سماع قواعد شریعت کے تحت جائز ہو اس کے متعلق حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبندی کا یہ فتویٰ ہے

زندہ دلاں مردہ تناں را رواست | مردہ دلاں زندہ تناں راخطاست

حضرت شیخ سعدی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

بگویم سماع اے برادر کہ چیست | گر مستمع را بدانم کہ کیست

گران برج معنی بود طیر او | فرشتہ فرو ماند از سیر او

وگر مرد لہوست وبازی ولاغ | قوی تر شود لہوش اندر دماغ

شیخ سعدی فرماتے ہیں کہ میں سماع کی حقیقت جب بیان کروں کہ جب یہ معلوم ہو جائے کہ مستمع (سننے والا) کون ہے۔ آیا وہ سماع کی اہلیت رکھتا ہے یا نہیں اگر بوقت سماع مستمع کا مرغ روح عالم بالا کی طرف ایسی پرواز کرے کہ جہاں تک پہنچنے سے فرشتہ بھی عاجز ہو جائے تو اس کا حکم دوسرا ہے یہ شخص سماع کا اہل ہے اور نااہل وہ ہے کہ سماع سے اس کے لہو ولعب اور نفسانیت میں اور اضافہ اور ترقی ہو جائے تو ایسا سماع بلاشبہ حرام ہے خاصکر جب کہ گانے والی کوئی خوبصورت عورت ہو یا کوئی حسین لڑکا ہو اور طبلہ اور سارنگی بھی ہو اور شیرینی اور مٹھائی کی ٹوکریاں بھی ہوں اور طبلہ بجانے والی چھوکریاں بھی ہوں تو اس کے حرام ہونے میں کیا شبہ ہو سکتا ہے۔ (معارف کاندھلوی)

وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآئِ
اور جو منکر ہوئے اور جھٹلائیں ہماری باتیں اور ملنا
الْاٰخِرَةِ فَاُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿۱۶﴾
پچھلے گھر کا سو وہ عذاب میں پکڑے آئیں گے

besturdubooks.wordpress.com

فَسُبۡحٰنَ اللّٰهِ حِیۡنَ تُمۡسُوۡنَ وَحِیۡنَ تُصۡبِحُوۡنَ

سو پاک اللہ کی یاد کرو جب شام کرو اور جب صبح کرو

وَلَهُ الۡحَمۡدُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَعَشِیًّا

اور اُسی کی خوبی ہے آسمان میں اور زمین میں اور پچھلے وقت

وَّحِیۡنَ تُظۡهِرُوۡنَ

اور جب دوپہر ہو

یادِالٰہی اور پانچ نمازیں:

یعنی جنت چاہتے ہو تو اللہ پاک کی یاد کرو جو دل، زبان اور اعضاء و جوارح سب سے ہوتی ہے۔ نماز میں تینوں قسم کی یاد جمع کر دی گئی۔ اور اوقات فرض نماز کے یہ ہی ہیں جو آیت میں بیان ہوئے۔ یعنی صبح، شام (جس میں مغرب وعشاء شامل ہیں) دن کے پچھلے وقت (عصر) اور دوپہر ڈھلنے کے بعد (ظہر) کی نمازیں ہیں۔ ان اوقات میں حق تعالیٰ کی رحمت یا قدرت وعظمت کے آثار بہت زیادہ نمایاں ہوتے ہیں۔ آفتاب عالم اجسام میں سب سے بڑا روشن کرہ ہے جس کے بلاواسطہ یا بالواسطہ فیض وتاثیر سے عالم اسباب میں شاید ہی کوئی مادی مخلوق مستثنیٰ ہو (جیسا کہ ارج الجوم کے مصنف نے بہت شرح وبسط سے اس کو ثابت کیا ہے) اسی بناء پر سیارہ پرستوں نے اُسے معبودِ اکبر قرار دیا تھا جسکی طرف حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قول هٰذَا رَبِّیۡ هٰذَاۤ اَكۡبَرُ میں اشارہ ہے۔ اُس کے عجز و بیچارگی اور آفتاب پرستوں کی اُس کے فیض سے محرومی کا کھلا ہوا مظاہرہ بھی ان ہی پانچ اوقات میں ہوتا ہے۔ صبح کو جب تک طلوع نہیں ہوا اور دوپہر ڈھلنے پر جبکہ اُس کے عروج میں کمی آنی شروع ہوئی اور عصر کے وقت جبکہ اُس کی حرارت اور روشنی میں نمایاں طور پر ضعف آ گیا اور غروب کے بعد جب اُس کی نورانی شعاعوں کے اتصال سے اُس کے پجاری محروم ہو گئے۔ پھر عشاء کے وقت جب شفق بھی غائب ہو گئی اور روشنی کے ادنیٰ ترین آثار بھی افق پر باقی نہ رہے۔ ان اوقات میں موحدین کو حکم ہوا کہ خدائے اکبر کی عبادت کریں۔ اور شروع صلوٰۃ ہی میں اللہ اکبر کہہ کر اُس موحد اعظم (ابراہیم خلیل اللہ) کی اقتداء کرتے رہیں۔ جس نے هٰذَا رَبِّیۡ هٰذَاۤ اَكۡبَرُ کے بعد فرمایا تھا اِنِّیۡ وَجَّهۡتُ وَجۡهِیَ لِلَّذِیۡ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ حَنِیۡفًا وَّمَاۤ اَنَا مِنَ الۡمُشۡرِكِیۡنَ (انعام۔ رکوع ۹) شاید آیت ہذا میں فرما کر یہ ہی یاد دلایا ہے کہ تسبیح وتنزیہ اور یاد کرنے کے لائق وہ ہی ذات ہو سکتی ہے جس کی خوبی آسمان وزمین کی کل کائنات زبان حال وقال سے بیان کر رہی ہے کوئی مجبور و عاجز مخلوق اس کا استحقاق نہیں رکھتی خواہ وہ دیکھنے میں کتنی ہی بڑی کیوں نہ ہو۔ آگے اُسی خدائے اکبر کی بعض شؤن عظیمہ اور صفات کاملہ کا بیان ہے تا معبودیت کا استحقاق اور زیادہ واضح ہو جائے اسی ضمن میں بعث بعد الموت کے مسئلہ پر بھی کافی روشنی ڈالی گئی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

پانچ نمازوں کا ذکر قرآن میں:

حضرت ابن عباسؓ سے کسی نے دریافت کیا کہ کیا قرآن میں پانچ نمازوں کا ذکر صریح ہے، تو فرمایا ہاں! اور استدلال میں یہی آیت پیش کر کے فرمایا کہ حِیۡنَ تُمۡسُوۡنَ میں نماز مغرب اور حِیۡنَ تُصۡبِحُوۡنَ میں نماز فجر اور عَشِیًّا میں نماز عصر اور حِیۡنَ تُظۡهِرُوۡنَ میں نماز ظہر کا ذکر صریح موجود ہے، اب صرف ایک نماز عَشِیًّا رہی، اس کے ثبوت میں دسری آیت کا جملہ ارشاد فرمایا مِنۡۢ بَعۡدِ صَلٰوةِ الۡعِشَآءِ (معارف مفتی اعظم)

بغوی نے لکھا ہے کہ نافع بن ازرق نے حضرت ابن عباس سے پوچھا کیا پانچوں نمازوں کا ذکر قرآن مجید میں کہیں ہے۔ فرمایا، ہاں پھر یہی دونوں آیتیں پڑھ دیں اور فرمایا یہ آیت پانچوں نمازوں اور ان کے اوقات کو حاوی ہے۔

تمام گناہ معاف:

حضرت ابوہریرہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص رات دن میں سو مرتبہ سُبۡحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمۡدِهٖ پڑھے گا اس کے (سارے) گناہ ساقط کر دیئے جائیں گے خواہ سمندر کے جھاگوں کے برابر ہوں۔ متفق علیہ۔

سب سے بڑا عمل:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص صبح شام سُبۡحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمۡدِهٖ سو مرتبہ پڑھے گا قیامت کے دن اس سے بڑھ کر کوئی عمل اور کوئی نہیں لائے گا سوائے اس شخص کے جس نے اسی کی طرح پڑھا ہو یا اس سے زائد پڑھا ہو۔ متفق علیہ۔ رواہ ابوہریرہ۔

زبان پر ہلکے اور ترازو میں بھاری کلمے:

حضرت ابوہریرہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو کلمے ہیں جو زبان پر ہلکے ہیں (آسانی کے ساتھ ادا ہو جاتے ہیں) میزان میں (یعنی قیامت میں باوزن ہیں) بھاری ہوں گے رحمٰن کو پیارے ہیں سُبۡحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمۡدِهٖ سبحان اللّٰهِ الۡعَظِیۡم۔ متفق علیہ۔

سبحان اللہ کیا ہے؟

حضرت ابن عباسؓ کا بیان ہے کہ حضرت عمر بن خطابؓ نے ایک روز فرمایا الحمد للہ کو تو ہم جانتے ہیں لوگ ایک دوسرے کی تعریف کرتے ہیں اور لا الٰہ الا اللہ کو بھی ہم جانتے ہیں اللہ کے سوا بتوں کی پوجا ہوتی ہی تھی اور اللہ اکبر کو بھی جانتے ہیں نمازی تکبیر کہتا ہی ہے لیکن سبحان اللہ کا کیا

besturdubooks.wordpress.com

مطلب ہے حاضرین میں سے ایک شخص نے کہا اللہ اعلم۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا، اگر عمرؓ اتنا بھی نہ جانے کہ اللہ اعلم ہے تو بڑا بدنصیب ہے (یعنی اللہ کا عالم کل ہونا تو میں بھی جانتا ہوں) حضرت علیؓ نے فرمایا، امیر المؤمنین یہ ایسا نام ہے کہ اس کو کوئی مخلوق اپنے لئے استعمال نہیں کر سکتی۔ ساری مخلوق کا اسی کی طرف رجوع ہے اسی کے واسطے یہ کلمہ کہنا واجب ہے۔ (از مفسر رحمۃ اللہ علیہ)

چار وزنی اور بڑھیا کلمے:

حضرت جویریہ بنت الحارث جن کا نام برہ تھا مسجد میں تھیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس سے ایک صبح کو اٹھ کر مسجد سے باہر چلے گئے پھر دن چڑھے واپس تشریف لائے اور فرمایا جب سے میں یہاں سے گیا ہوں اس وقت سے اب تک تم یہیں بیٹھی (وظیفہ پڑھ رہی) ہو۔ حضرت جویریہ نے کہا جی ہاں۔ فرمایا، میں نے تو تمہارے پاس سے جانے کے بعد چار کلمے تین بار پڑھے تھے اگر تمہارے (وظیفہ کے) الفاظ سے ان کا موازنہ کیا جائے تو وہ بھاری پڑیں گے (چار کلمے یہ ہیں) سُبْحَانَ اللّٰهِ وبِحَمْدِہٖ، عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَاءَ نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ (رواہ مسلم)

حضرت سمرہ بن جندب راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، سب سے بڑھیا چار جملے ہیں: سُبْحَانَ اللّٰهِ اور الحَمْدُ لِلّٰهِ اور لاالٰہ الا اللّٰہُ اور اللّٰہ اکبر۔

دوسری روایت میں آیا ہے اللہ کو سب سے پیارے جملے چار ہیں: سُبْحَانَ اللّٰهِ اور الحَمْدُ لِلّٰهِ اور لاالٰہ الا اللّٰہُ اور اللّٰہ اکبر۔ جس سے شروع کرو کوئی ہرج نہیں (یعنی ترتیب ضروری نہیں) رواہ مسلم۔

سب سے اعلیٰ کلام:

حضرت ابوذر راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا سب سے اعلیٰ کونسا کلام ہے فرمایا (افضل کلام) وہ ہی ہے جو اللہ نے اپنے فرشتوں کے لئے پسند فرمایا ہے (یعنی ملائکہ پڑھتے ہیں) سُبحان اللّٰهِ وبحمدِہٖ۔ رواہ مسلم۔ حضرت جابر کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جس نے سُبحان اللّٰه العظیم وبحمدہٖ کہا اس کے لئے جنت کے اندر ایک درخت خرما بو دیا گیا (یعنی جنت کے درختوں میں سے ایک درخت ان الفاظ کا بھی ہوگا۔) رواہ الترمذی۔ (تفسیر مظہری)

حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خلیل کا نام کیسے ملا؟

مسند احمد کی حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تمہیں بتاؤں کہ خدا تعالیٰ نے (حضرت) ابراہیم (علیہ السلام) کا نام خلیل وفادار کیوں رکھا؟ اس لئے کہ وہ صبح شام ان کلمات کو پڑھا کرتے تھے۔ پھر آپ نے فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ سے تُظْهِرُوْنَ تک کی دونوں آیتیں تلاوت فرمائیں۔

رات کے نقصان کا ازالہ:

طبرانی کی حدیث میں ان دونوں آیتوں کی نسبت ہے کہ جس نے صبح شام یہ پڑھ لیں اس نے دن رات میں جو اس سے فوت ہوا ہو اسے پا لیا۔

نیند نہ آنے کا علاج:

طبرانی میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ راتوں کو میری نیند اُچاٹ ہو جایا کرتی تھی تو میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اس امر کی شکایت کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ دعا پڑھا کرو اللّٰهُمَّ غارَتِ النجوم وهَدَتِ العُيُون وانْتَ حيٌّ قيومٌ ياحيُّ ياقيُّومُ انِم عينِي وَاهدِئْ لَيْلِي میں نے جب اس دعا کو پڑھا تو نیند نہ آنے کی بیماری بفضلِ خدا دور ہوگئی۔ (تفسیر ابن کثیر)

يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ		
نکالتا ہے زندہ کو	مردہ سے	اور نکالتا ہے مردہ کو
مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا		
زندہ سے	اور زندہ کرتا ہے زمین کو اس کے مرنے کے پیچھے	
وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿۱۹﴾		
اور اسی طرح تم نکالے جاؤ گے		

قدرتِ الٰہی کی کارسازیاں:

یعنی انسان کو نطفہ سے، نطفہ کو انسان سے، جانور کو بیضہ سے اور بیضہ کو جانور سے، مؤمن کو کافر سے، کافر کو مؤمن سے پیدا کرتا ہے اور زمین جب خشک ہو کر مر جاتی ہے تو رحمت کے پانی سے پھر زندہ کر کے سبز و شاداب کر دیتا ہے۔ غرض موت وحیات حقیقی ہو یا مجازی، حسی ہو یا معنوی، سب کی باگ اُسی کے ہاتھ میں ہے۔ پھر تم کو زندہ کر کے قبروں سے نکال کھڑا کرنا اُس کے نزدیک کیا مشکل ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ	
اور اس کی نشانیوں سے ہے یہ کہ تم کو بنایا	مٹی سے
اِذَآ اَنْتُمْ بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ ﴿۲۰﴾	
پھر اب تم انسان ہو زمین میں پھیلے پڑے	

besturdubooks.wordpress.com

مٹی سے تخلیق انسان:

یعنی آدم کو مٹی سے بنایا، پھر دیکھو قدرت نے اُسے کتنا پھیلایا کہ ساری زمین پر اس کی ذرّیت چھا گئی اور زمین میں پھیل کر کیسی کیسی عجیب و غریب ہشیاریاں اس مٹی کے پتلے نے دکھلائیں۔ (تفسیر عثمانی)

پہلی آیت قدرت:

انسان جیسے اشرف المخلوقات اور حاکم کائنات کو مٹی سے پیدا کرنا ہے جو اس دنیا کے عناصر ترکیبیہ میں سب سے زیادہ ادنیٰ درجہ کا عنصر ہے جس میں حس و حرکت اور شعور و ادراک کا کوئی شمہ نظر نہیں آتا، کیونکہ مشہور چار عناصر آگ، پانی، ہوا، اور مٹی کے سوا اور سب عناصر میں کچھ نہ کچھ حرکت تو ہے، مٹی اس سے بھی محروم ہے، قدرت نے تخلیق انسانی کے لئے اس کو منتخب فرمایا، ابلیس کی گمراہی کا سبب یہی بنا کہ اس نے آگ کے عنصر کو مٹی سے اشرف و اعلیٰ سمجھ کر تکبر اختیار کیا، اور یہ نہ سمجھا کہ شرافت اور بزرگی خالق و مالک کے ہاتھ میں ہے وہ جس کو چاہے بڑا بنا سکتا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا

اور اس کی نشانیوں سے ہے یہ کہ بنادیے تمہارے واسطے تمہاری قسم سے جوڑے

لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ط

کہ چین سے رہو ان کے پاس اور رکھا تمہارے بیچ میں پیار اور مہربانی

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾

البتہ اس میں بہت پتے کی باتیں ہیں ان کے لئے جو دھیان کرتے ہیں

توالد و تناسل کا نظام:

یعنی اوّل مٹی سے ایک آدم کو پیدا کیا پھر اُسی کے اندر سے اُس کا جوڑا نکالا تاکہ اُس سے اُنس اور چین پکڑے اور پیدائشی طور پر دونوں صنفوں (مرد و عورت) کے درمیان خاص قسم کی محبت اور پیار رکھ دیا تا مقصود ازدواج حاصل ہو۔ چنانچہ دونوں کے میل جول سے نسل انسانی دنیا میں پھیل گئی۔ کما قال تعالیٰ: يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً (تفسیر عثمانی)

دوسری آیت قدرت:

یہ ہے کہ انسان ہی کی جنس میں اللہ تعالیٰ نے عورتیں پیدا کردیں جو مردوں کی بیبیاں بنیں ایک ہی مادہ سے ایک ہی جگہ میں ایک ہی غذا سے پیدا ہونے والے بچوں میں یہ دو مختلف صورتیں پیدا فرمادیں۔ (معارف مفتی اعظم)

سامانِ راحت:

لِّتَسْكُنُوْٓا یعنی تم عورتوں کی طرف مائل ہو اور ان سے انسیت کرو۔ اتحادِ جنسیت موجب انسیت ہے اور اختلافِ جنسیت باعثِ نفرت۔

بَيْنَكُمْ تمہارے درمیان یعنی مردوں اور عورتوں کے درمیان یا افرادِ جنس کے درمیان۔ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً یعنی صنفی خواہش کے غلبہ کے وقت ازدواجی تعلق قائم کرنے کے ذریعہ سے۔ تمہارے اندر اللہ نے باہم محبت اور شفقت پیدا کردی تاکہ معاشی نظم درست ہوجائے۔ یا باہمی رحمت و محبت کرنے کی وجہ یہ ہے کہ اس پر تعاون موقوف ہے اور باہمی تعاون پر انسانی معیشت کا مدار ہے۔ (تفسیر مظہری)

اس سے معلوم ہوا کہ ازدواجی زندگی کے تمام کاروبار کا خلاصہ سکون و راحتِ قلب ہے، جس گھر میں یہ موجود ہے وہ اپنی تخلیق کے مقصد میں کامیاب ہے، جہاں قلبی سکون نہ ہو اور چاہے سب کچھ ہو وہ ازدواجی زندگی کے لحاظ سے ناکام و نامراد ہے۔

مرد و عورت کے باہمی معاملات کچھ اس نوعیت کے ہیں کہ ان کے حقوق باہمی پورے ادا کرانے پر نہ کوئی قانون حاوی ہوسکتا ہے نہ کوئی عدالت ان کا پورا انصاف کرسکتی ہے اسی لئے خطبۂ نکاح میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کریم کی وہ آیات انتخاب فرمائی ہیں جن میں تقویٰ اور خوفِ خدا و آخرت کی تلقین ہے کہ وہی درحقیقت زوجین کے باہمی حقوق کا ضامن ہوسکتا ہے۔

ارشاد فرمایا؟ وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً، یعنی اللہ تعالیٰ نے زوجین کے درمیان صرف شرعی اور قانونی تعلق نہیں رکھا بلکہ ان کے دلوں میں مودّت اور رحمت پیوست کردی۔ وُدّ اور مودّت کے لفظی معنی چاہنے کے ہیں، جس کا ثمرہ محبت و الفت ہے، یہاں حق تعالیٰ نے دو لفظ اختیار فرمائے، ایک مودّت، دوسرے رحمت۔ (معارف مفتی اعظم)

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً، اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ اور منجملہ اس کی آیات قدرت کے یہ ہے کہ اس نے تمہارے واسطے تمہاری ذاتوں سے یعنی تمہاری جنس سے جوڑے پیدا کئے یعنی عورتیں تاکہ ہم جنس ہونے کی وجہ سے ان کی طرف میل کرو اور ان سے مل کر سکون حاصل کرو اور چین پکڑو اس لئے کہ ہم جنس ہونا میلان طبیعت اور رغبت کا سبب ہے اور خلاف جنس ہونا نفرت کا باعث ہے۔ نظم ؎

بجنس خود کند ہر جنس آہنگ — ندارد ہیچ کس از جنس خود ننگ

بجنس خویش وارد میل ہر جنس — فرشتہ با فرشتہ انس با انس!

(معارف کاندھلوی)

وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اور اس کی نشانیوں سے ہے آسمان اور زمین کا بنانا

besturdubooks.wordpress.com

وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
اور طرح طرح کی بولیاں تمہاری اور رنگ اس میں بہت نشانیاں
لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ ﴿۲۲﴾
ہیں سمجھنے والوں کو

شکل وصورت اور بولیوں کا اختلاف:

سب انسان ایک ماں باپ سے بنائے، ملا کر بسائے، پھر تمام روئے زمین پر اُن کو پھیلا دیا۔ سب کی جدا جدا بولیاں کر دیں۔ ایک ملک کا آدمی دوسرے ملک میں جا کر زبان کے اعتبار سے محض اجنبی ہو گیا۔ پھر دیکھو کہ شروع دنیا سے آج تک کتنے بیشمار آدمی پیدا ہوئے مگر کوئی دو آدمی ایسے نہ ملیں گے جن کا لب ولہجہ، تلفظ، طرز تکلم بالکل یکساں ہو۔ جس طرح ہر آدمی کی شکل و صورت اور رنگت وغیرہ دوسرے سے ممتاز ہے، آواز اور لب ولہجہ بھی بالکل الگ ہے کوئی دو شخص ایسے نہ ملیں گے جن کی آواز اور رنگ، روپ میں کوئی مابہ الامتیاز نہ ہو۔ ابتدائے عالم سے آج تک برابر نئی صورتیں اور بولنے کے نئے طور نکلتے چلے آتے ہیں۔ اس خزانہ میں کبھی ٹوٹا نہیں آیا۔ حقیقت میں یہ کتنا بڑا نشان حق تعالیٰ کی قدرت عظیمہ کا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

تیسری آیت قدرت:

آسمان وزمین کی تخلیق اور انسانوں کے مختلف طبقات کی زبانیں اور لب ولہجہ کا مختلف ہونا اور مختلف طبقات کے رنگوں میں امتیاز ہونا ہے، کہ بعض سفید ہیں بعض سیاہ بعض سرخ بعض زرد، اس میں آسمان وزمین کی تخلیق تو قدرت کا عظیم شاہکار ہے ہی، انسانوں کی زبانیں مختلف ہونا بھی ایک عجیب کرشمۂ قدرت ہے، زبانوں کے اختلاف میں لغات کا اختلاف بھی داخل ہے، عربی، فارسی، ہندی، ترکی، انگریزی وغیرہ کتنی مختلف زبانیں ہیں جو مختلف خطوں میں رائج ہیں۔

اس آیت قدرت میں متعدد چیزیں آسمان، زمین، اختلاف السنہ، اختلاف الوان، اور ان کے ضمن میں اور بہت سی قدرت وحکمت کی نشانیاں ہیں، اور وہ ایسی کھلی ہوئی ہیں کہ کسی مزید غور وفکر کی بھی ضرورت نہیں، ہر آنکھوں والا دیکھ سکتا ہے، اس لئے اس کے ختم پر ارشاد فرمایا اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ یعنی اس میں بہت سی نشانیاں ہیں سمجھ رکھنے والوں کے لئے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَمِنْ اٰيٰتِهٖ مَنَامُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ
اور اس کی نشانیوں سے ہے تمہارا سونا رات اور دن میں
وَابْتِغَاۗؤُكُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۭ
اور تلاش کرنا اس کے فضل سے

انسان کی دو حالتیں:

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ انسان کی دو حالتیں بدلتی ہیں۔ سویا تو بے خبر پتھر کی طرح اور روزی کی تلاش میں لگا تو ایسا ہشیار کوئی نہیں۔ اصل قدرت ہے سونے کو اور دن تلاش کو پھر دونوں وقت دونوں کام ہوتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

یا یہ مطلب ہے کہ رات میں تمہارا سونا اور دن میں روزی کو طلب اور تلاش کرنا قدرت و مصلحت کی نشانی ہے دو حروف عطف کے ساتھ دو فعلوں کو دو اوقات کے ساتھ ملا دیا تا کہ اس بات پر تنبیہ ہو جائے کہ اگرایک فعل دن کے ساتھ اور ایک فعل رات کے ساتھ (عادتاً) مخصوص ہے لیکن ہر کام ہر وقت ہو سکتا ہے (رات کو کمائی اور دن کو نیند بھی ہو سکتی ہے) اس کی تائید دوسری آیات سے بھی ہوتی ہے جو اسی مضمون کی حامل ہیں۔ (تفسیر مظہری)

چوتھی آیت قدرت:

انسانوں کا سونا رات میں اور دن میں، اسی طرح ان کی تلاش معاش ہے رات میں اور دن میں، اس آیت میں تو نیند کو بھی دونوں میں بیان فرمایا ہے اور تلاش معاش کو بھی، اور بعض دوسری آیات میں نیند کو صرف رات میں اور تلاش معاش کو دن میں بتلایا ہے، وجہ یہ ہے کہ رات میں اصل کام نیند کا ہے، اور کچھ تلاش معاش کا بھی چلتا ہے، اور دن میں اس کے برعکس اصل کام تلاش معاش کا ہے، اور کچھ سونے آرام کرنے کا بھی وقت ملتا ہے، اس لئے دونوں باتیں اپنی اپنی جگہ صحیح ہیں، بعض مفسرین تاویل کر کے اس آیت میں بھی نیند کو رات کے ساتھ اور تلاش معاش کو دن کے ساتھ مخصوص کیا ہے مگر اس کی ضرورت نہیں۔

سونا اور تلاش معاش زہد وتوکل کے منافی نہیں:

اس آیت سے ثابت ہوا کہ سونے کے وقت سونا اور جاگنے کے وقت تلاش معاش انسان کی فطرت بنائی گئی ہے، اور ان دونوں چیزوں کا حاصل کرنا انسانی اسباب وکمالات کے تابع نہیں، بلکہ درحقیقت یہ دونوں چیزیں خالص عطاء حق ہیں، جیسا کہ رات کا مشاہدہ ہے کہ بعض اوقات نیند اور آرام کے سارے بہتر سے بہتر سامان جمع ہونے کے باوجود نیند نہیں آتی، بعض اوقات ڈاکٹری گولیاں بھی نیند لانے میں فیل ہو جاتی ہیں، اور جس کو مالک چاہتا ہے کھلی زمین پر دھوپ اور گرمی میں نیند عطا فرما دیتا ہے۔

یہی حال تحصیل معاش کا رات دن مشاہدہ میں آتا ہے کہ دو شخص یکساں علم و عقل والے برابر کے مال والے، برابر کی محنت والے تحصیل معاش کا یکساں ہی کام لیکر بیٹھتے ہیں ایک ترقی کر جاتا ہے دوسرا رہ جاتا ہے، اللہ تعالیٰ نے دنیا کو عالم اسباب بڑی حکمت و مصلحت سے بنایا ہے، اس لئے تلاش معاش اسباب ہی کے ذریعہ کرنا لازم ہے مگر عقل کا کام یہ ہے کہ حقیقت شناسی سے دور نہ ہو ان اسباب کو

besturdubooks.wordpress.com

اسباب ہی سمجھے اور اصل رازق اسباب کے بنانے والے کو سمجھے۔ (معارف مفتی اعظم)

اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّسْمَعُوْنَ ﴿۲۳﴾
اس میں بہت پتے ہیں ان کو جو سنتے ہیں

یعنی جو سُن کر محفوظ رکھتے ہیں کمافی تفسیر ابن کثیر "حضرت شاہ صاحب" لکھتے ہیں کہ "اپنے سونے کے احوال نظر نہیں آتا۔ سو لوگوں کی زبانی سُنتے ہیں۔" (موضح) یہ لفظ یسمعون اختیار کرنے کا نکتہ ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

وَمِنْ اٰیٰتِهٖ یُرِیْکُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا
اور اس کی نشانیوں سے ہے یہ کہ دکھلاتا ہے تم کو بجلی ڈر اور اُمید کے لئے

بارش کا انتظام:

بجلی کی چمک دیکھ کر لوگ ڈرتے ہیں کہیں کسی پر گر نہ پڑے۔ یا بارش زیادہ نہ ہو جائے جس سے جان و مال تلف ہوں۔ اور اُمید بھی رکھتے ہیں کہ بارش ہو تو دنیا کا کام چلے۔ مسافر کبھی اندھیرے میں اسکی چمک کو غنیمت سمجھتا ہے کہ کچھ دُور تک راستہ نظر آ جائے اور کبھی خوف کھا کر گھبراتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَیُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَیُحْیٖ بِهِ الْاَرْضَ
اور اتارتا ہے آسمان سے پانی پھر زندہ کرتا ہے اس سے زمین کو
بَعْدَ مَوْتِهَا اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ﴿۲۴﴾
مر گئے پیچھے اس میں بہت پتے ہیں ان کے لئے جو سوچتے ہیں

یعنی اسی سے سمجھ لو کہ مرے پیچھے تمہارا پیدا کرنا کیا مشکل ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَمِنْ اٰیٰتِهٖۤ اَنْ تَقُوْمَ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ بِاَمْرِهٖ ؕ
اور اس کی نشانیوں سے یہ ہے کہ کھڑا ہے آسمان اور زمین اُس کے حکم سے

آسمان و زمین کا بقاء:

پہلے آسمان و زمین کا پیدا کرنا مذکور ہوا تھا یہاں اُن کے بقاء و قیام کو بتلایا کہ وہ بھی اُسی کے حکم سے ہے۔ مجال نہیں کہ کوئی اپنے مرکز ثقل سے ہٹ جائے۔ یا ایک دوسرے پر گر کر نظام کائنات کو درہم برہم کر دے۔ (تفسیر عثمانی)

ثُمَّ اِذَا دَعَاکُمْ دَعْوَةً ۖ مِّنَ الْاَرْضِ
پھر جب پکارے گا تم کو ایک بار زمین میں سے
اِذَاۤ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ ﴿۲۵﴾
اسی وقت تم نکل پڑو گے

یعنی زمین و آسمان جب تک اُس کا حکم ہے قائم رہیں گے۔ پھر جس وقت دنیا کی میعاد پوری ہو جائے گی اللہ تعالیٰ کی ایک پکار پر تم سب قبروں سے نکلے چلے آؤ گے میدان حشر کی طرف۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب کوئی تاکیدی قسم کھانا چاہتے تو فرماتے اُس خدا تعالیٰ کی قسم جس کے حکم سے زمین و آسمان ٹھہرے ہوئے ہیں۔ (ابن کثیر)

وَلَهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ
اور اسی کا ہے جو کوئی ہے آسمان اور زمین میں
کُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿۲۶﴾
سب اس کے حکم کے تابع ہیں

آسمان و زمین میں حکم صرف اللہ ہی کا ہے:

یعنی آسمان و زمین کے رہنے والے سب اُسی کے مملوک بندے اور اُسی کی رعیت ہیں، کس کی طاقت ہے کہ اُس کے حکم تکوینی سے سرتابی کر سکے۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت ابن عباس نے فرمایا، ہر ایک (بغیر کسی اختیار کے) پیدا ہونے، جینے، مرنے اور قیامت کے دن اٹھنے میں حکم کا بندہ ہے۔ خواہ حکم عبادت سے سرکشی کرتا ہو۔ (تفسیر مظہری)

وَهُوَ الَّذِیْ یَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ یُعِیْدُهٗ
اور وہ ہی ہے جو پہلی بار بناتا ہے پھر اس کو دہرائے گا
وَهُوَ اَهْوَنُ عَلَیْهِ ؕ
اور وہ آسان ہے اس پر

اوّل و آخر پیدا کرنا برابر ہے:

یعنی قدرت الٰہی کے سامنے تو سب برابر ہیں لیکن تمہارے محسوسات کے اعتبار سے اوّل بار پیدا کرنے سے دوسری بار دہرا دینا آسان ہونا چاہئے پھر یہ عجیب بات ہے کہ اوّل پیدائش پر اسے قادر مانو اور دوسری مرتبہ پیدا کرنے کو مستبعد سمجھو۔ (تفسیر عثمانی)

بعض نے یہ مطلب بیان کیا کہ مخلوق کے لئے دوبارہ پیدا ہو جانا پہلی مرتبہ پیدا ہو جانے سے سہل ہو گا کیونکہ وہ صرف ایک آواز سے اٹھ کر نکل آئیں گے۔ پہلی پیدائش دشوار تھی، نطفہ بنا پھر بستہ خون ہوا پھر بوٹی بنا پھر مرد یا عورت بنا پھر پیدا ہوا، حبان نے بحوالہ کلبی اور صالح کی روایت سے

besturdubooks.wordpress.com

حضرت ابن عباس کا جو قول نقل کیا ہے اس کا یہی معنی ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَلَهُ الْمَثَلُ الْأَعْلَىٰ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ
اور اس کی شان سب سے اوپر ہے آسمان اور زمین میں
وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ
اور وہی ہے زبردست حکمتوں والا

اونچی شان اللہ کی ہے:

یعنی اعلیٰ سے اعلیٰ صفات اور اونچی سے اونچی شان اُس کی ہے۔ آسمان وزمین کی کوئی چیز اپنے حُسن وخوبی میں اُسکی شان وصفت سے لگاؤ نہیں کھا سکتی۔ مساوی ہونا تو کجا، وہ تو اُس سے بھی بالا وبرتر ہے جہاں تک مخلوق اُس کے جلال وجمال کا تصور کر سکتی ہے بلکہ جو خوبی کسی جگہ موجود ہے وہ اُسی کے کمالات کا ادنیٰ پرتو ہے۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ "آسمان کے فرشتے نہ کھائیں نہ پئیں نہ حاجت بشری رکھیں، سوائے بندگی کے کچھ کام نہیں اور زمین کے لوگ سب چیز میں آلودہ۔ پر اللہ کی صفت نہ اُن سے ملے نہ ان سے، وہ پاک ذات ہے" (موضح)

اے برتر از خیال وقیاس وگمان ووہم — وز ہر چہ گفتہ اند شنیدیم وخواندہ ایم
منزل تمام گشت وبپایاں رسید عمر — ماہچناں در اول وصف تو ماندہ ایم

وللہ دَرّ من قال:

اے بروں از وہم وقال وقیل من — خاک بر فرق من وتمثیل من

(تفسیر عثمانی)

حضرت ابن عباس نے فرمایا، اس کی مثل اعلیٰ یہی ہے کہ اس کی مثل اور کوئی نہیں۔ عبدالرزاق نے بروایت ابن ابی حاتم اس آیت کی تشریح میں قتادہ کا قول نقل کیا ہے کہ مثل اعلیٰ لا الٰہ الا اللہ کی شہادت ہے میں کہتا ہوں اس قول کا مطلب یہ ہے کہ اللہ کی وحدانیت مثل اعلیٰ ہے۔

شانِ نزول:

طبرانی نے نقل کیا ہے کہ اہل شرک حج کی لبیک کہنے کے موقع پر لبیک کے ساتھ کہا کرتے تھے لاشریک لک الا شریکا ھو لک تملکه وما ملک، اے اللہ تیرا کوئی شریک نہیں سوا اس شریک کے جس کو تو نے شریک کر لیا ہے تو اس کا مالک ہے وہ تیرا مالک نہیں۔ اس پر آیت ذیل نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

ضَرَبَ لَكُمْ مَّثَلًا مِّنْ أَنفُسِكُمْ هَل لَّكُم
بتلائی تم کو ایک مثل تمہارے اندر سے دیکھو جو تمہارے
مِّن مَّا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُم مِّن شُرَكَاءَ
ہاتھ کے مال ہیں ان میں ہیں کوئی ساجھی
فِي مَا رَزَقْنَاكُمْ فَأَنتُمْ فِيهِ سَوَاءٌ تَخَافُونَهُمْ
تمہارے ہماری دی ہوئی روزی میں کہ تم سب اس میں برابر ہو خطرہ رکھو ان کا
كَخِيفَتِكُمْ أَنفُسَكُمْ كَذَٰلِكَ نُفَصِّلُ الْآيَاتِ
جیسے خطرہ رکھو اپنوں کا یوں کھول کر بیان کرتے ہیں ہم
لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ
نشانیاں ان لوگوں کے لئے جو سمجھتے ہیں

شرک کی برائی کیلئے عام فہم مثال:

یعنی شرک کا قبح وبطلان سمجھانے کے لئے اللہ تعالیٰ خود تمہارے ہی احوال میں سے ایک مثال نکال کر بیان فرماتا ہے۔ وہ یہ کہ تمہارے ہاتھ کا مال (یعنی لونڈی غلام) جن کے تم محض ظاہری اور مجازی مالک ہو کیا اپنی روزی اور مال ومتاع میں جو حق تعالیٰ نے دے رکھی ہے، تم اُن کو برابر کا شریک تسلیم کر سکتے ہو جس طرح مشترک اموال وجائداد میں اپنے بھائی بند حصہ دار ہوتے ہیں اور ہر وقت کھٹکا رہتا ہے کہ مشترک چیز میں تصرف کرنے پر برہم ہو جائیں یا تقسیم کرانے لگیں یا کم از کم سوال کر بیٹھیں کہ ہماری اجازت اور مرضی کے بدون فلاں کام کیوں کیا۔ کیا ایسا ہی کھٹکا ایک آقا کو اپنے غلام یا نوکر کی طرف سے ہوتا ہے۔ اگر نہیں تو سمجھنا چاہئے کہ جب ایک جھوٹے مالک کا یہ حال ہے اُس سچے مالک کو اپنے غلام کی کیا پروا ہو سکتی ہے جس کو تم حماقت سے اُس کا ساجھی گنتے ہو۔ ایک غلام تو آقا کی ملک میں شریک نہ ہو سکے۔ حالانکہ دونوں خدا کی مخلوق ہیں اور اُسی کی دی ہوئی روزی کھاتے ہیں۔ مگر ایک مخلوق در مخلوق، خالق کی خدائی میں شریک ہو جائے؟ ایسی مہمل بات کوئی عقلمند قبول نہیں کر سکتا۔ (تفسیر عثمانی)

كَخِيفَتِكُمْ أَنفُسَكُمْ جیسے تم کو اپنے لوگوں کا اندیشہ رہتا ہے جو تمہاری طرح آزاد ہیں۔ استفہام انکاری ہے یعنی ایسا نہیں ہوتا اس کو تم اپنے لئے عار سمجھتے ہو، باوجودیکہ تم سب آدمی ہو پھر بھی غلاموں کے ساتھ مالی شرکت اور مساویانہ تصرف گوارا نہیں پھر تعجب ہے کہ ان پتھروں کو جو عاجز ترین مخلوق ہیں اس اللہ کا شریک قرار دیتے ہو جو زمین آسمان کا خالق ہے۔ (تفسیر مظہری)

بَلِ اتَّبَعَ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَهْوَاءَهُم بِغَيْرِ عِلْمٍ
بلکہ چلتے ہیں یہ بے انصاف اپنی خواہشوں پر بن سمجھے

besturdubooks.wordpress.com

خواہش پرستی کا نقصان:

یعنی یہ بے انصاف لوگ ایسی صاف و واضح باتوں کو کیونکر سمجھیں۔ وہ سمجھنا چاہتے ہی نہیں بلکہ جہالت اور ہوا پرستی سے محض اوہام و خواہشات کی پیروی پر تلے ہوئے ہیں۔ (تفسیر عثانی)

فَمَنْ يَّهْدِيْ مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ۭ وَمَا لَهُمْ

سو کون سمجھائے ۔ جس کو اللہ نے بھٹکایا ۔ اور کوئی نہیں

مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿٢٩﴾

اُن کا مددگار

یعنی جس کو اللہ تعالیٰ نے اُس کی بے انصافی جہل اور ہوا پرستی کی بدولت راہِ حق پر چلنے اور سمجھنے کی توفیق نہ دی۔ اب کون طاقت ہے جو اُسے سمجھا کر راہِ حق پر لے آئے یا مدد کر کے گمراہی اور تباہی سے بچالے لہٰذا ایسوں کی طرف سے زیادہ متحسر اور غمگین ہونے کی ضرورت نہیں۔ ان سے قطع نظر کر کے آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمہ تن اپنے پروردگار کی طرف توجہ کیجئے۔ اور دین فطرت پر جمے رہیے۔ (تفسیر عثانی)

فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۭ

سو تو سیدھا رکھ اپنا منہ دین پر ایک طرف کا ہو کر

آپ اللہ ہی کی طرف متوجہ رہیں:

یعنی جو گمراہی سے کسی طرح نکلنا نہیں چاہتا اُسے شرک کی دلدل میں پڑا رہنے دو اور تم ہر طرف سے منہ موڑ کر ایک خدا کے ہو رہو اور اس کے سچے دین کو پوری توجہ اور یک جہتی سے تھامے رکھو۔ (تفسیر عثانی)

فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ۭ

وہی تراش اللہ کی جس پر تراشا لوگوں کو

فطرتِ انسانی:

اللہ تعالیٰ نے آدمی کی ساخت اور تراش شروع سے ایسی رکھی ہے کہ اگر وہ حق کو سمجھنا اور قبول کرنا چاہے تو کر سکے اور بڈا فطرت سے اپنی اجمالی معرفت کی ایک چمک اُس کے دل میں بطور تخم ہدایت کے ڈال دی ہے کہ اگر گردوپیش کے احوال اور ماحول کے خراب اثرات سے متاثر نہ ہو اور اصلی طبیعت پر چھوڑ دیا جائے تو یقیناً دین حق کو اختیار کرے کسی دوسری طرف متوجہ نہ ہو۔ "عہد الست" کے قصہ میں اسی کی طرف اشارہ ہے اور احادیث صحیحہ میں تصریح ہے کہ ہر بچہ فطرۃ (اسلام) پر پیدا ہوتا ہے بعدہٗ ماں باپ اُسے یہودی، نصرانی اور مجوسی بنا دیتے ہیں۔ ایک حدیث قدسی میں ہے کہ میں نے اپنے بندوں کو "حنفاء" پیدا کیا۔ پھر شیاطین نے اغوا کر کے انہیں سیدھے راستہ سے بھٹکا دیا۔ بہرحال دین حق دین حنیف اور دین قیم وہ ہے کہ اگر انسان کو اُس کی فطرت پر مخلی بالطبع چھوڑ دیا جائے تو اپنی طبیعت سے اُسی کی طرف جھکے تمام انسانوں کی فطرۃ اللہ تعالیٰ نے ایسی ہی بنائی ہے جس میں کوئی تفاوت اور تبدیلی نہیں۔ فرض کرو اگر فرعون یا ابوجہل کی اصلی فطرت میں یہ استعداد اور صلاحیت نہ ہوتی تو اُن کو قبول حق کا مکلف بنانا صحیح نہ ہوتا۔ جیسے اینٹ پتھر، یا جانوروں کو شرائع کا مکلف نہیں بنایا۔ فطرت انسانی کی اسی یکسانیت کا یہ اثر ہے کہ دین کے بہت سے اصول مہمہ کو کسی نہ کسی رنگ میں تقریباً سب انسان تسلیم کرتے ہیں گو اُن پر ٹھیک ٹھیک قائم نہیں رہتے حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "یعنی اللہ سب کا مالک حاکم، سب سے نرالا، کوئی اُس کے برابر نہیں، کسی کا زور اس پر نہیں، یہ باتیں سب جانتے ہیں۔ اُس پر چلنا چاہیے۔ ایسے ہی کسی کے جان و مال کو ستانا، ناموس میں عیب لگانا، ہر کوئی بُرا جانتا ہے۔ ایسے ہی اللہ کو یاد کرنا، غریب پر ترس کھانا، حق پورا دینا، دغا نہ کرنا ہر کوئی اچھا جانتا ہے۔ اس (راستہ) پر چلنا وہی دین سچا ہے (یہ امور فطری تھے مگر) ان کا بندوبست پیغمبروں کی زبان سے اللہ تعالیٰ نے سکھلا دیا۔" (تفسیر عثانی)

فطرت (بہ معنی پیدائش) سے مراد حضرت ابن عباس اور جماعت مفسرین کے نزدیک اسلام ہے۔ آیت میں براہِ راست خطاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اور آپ کے ذیل میں ساری امت کو ہے۔ فطرت کہنے کی وجہ یہ ہے کہ ساری مخلوق کے لئے اطاعتِ الٰہی لازم ہے۔

الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا یعنی تمام لوگوں کے اندر صلاحیت اور استعداد پیدا کر دی ہے کہ فطرت کو جان سکتے ہیں اور اس پر چل سکتے ہیں (گویا فطرت سے مراد ہے فطری استعداد جو ہر شخص میں پیدائشی ہے) بعض علماء کے نزدیک فطرت سے وہ وعدہ مراد ہے جو اللہ نے حضرت آدم اور آپ کی ساری نسل سے کیا تھا اور فرمایا تھا اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں، قَالُوْا بَلٰى تو سب نے جواب دیا کیوں نہیں (تو ہی ہمارا رب ہے) ہر بچہ جو پیدا ہوتا ہے اسی ازلی اقرار پر پیدا ہوتا ہے یہ ہی حنیفیت ہے جس پر سارے انسانوں کی تخلیق ہوتی ہے۔ سورۃ آل عمران میں آیت مذکورہ کی تفسیر کے ذیل میں حضرت ابوہریرہ کی روایت سے آئی ہوئی یہ حدیث گذر چکی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر بچہ فطرت ہی پر پیدا ہوتا ہے پھر اس کے ماں باپ اس کو یہودی یا عیسائی یا مجوسی بنا لیتے ہیں جیسے چوپائے سے چوپایہ سالم پیدا ہوتا ہے کیا تم کسی کو پیدائشی نکٹا، بوچا پاتے ہو پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ تلاوت فرمائی۔ متفق علیہ۔

besturdubooks.wordpress.com

اسلام دین فطرت ہے

ارشاد ربانی فاقم وجھک للدین حنیفا فطرۃ اللہ التی فطر الناس علیھا لا تبدیل لخلق اللہ (سورۂ روم ع۴) نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی کل مولود یولد علی الفطرۃ (او قال "علی الاسلام") فابواہ یھودانہ وینصرانہ (او کما قال صلی اللہ علیہ وسلم) کا مفاد یہ ہے کہ ایمان وجودی چیز ہے جو فطرت انسان میں ودیعت ہوتی ہے' کفر اس کی نفی کا نام ہے۔ ایمان اور کفر میں تقابل عدم اور ملکہ کا ہے' کفر عارض ہے اور ایمان اصل' جیسے چراغ کی لو پر دھواں یا آگ کے گرد اگرد راکھ پس (آیت ختم اللہ علی قلوبھم میں) "ختم" سے معلوم ہوا کہ اگرچہ فطری صلاحیت ودیعت ہوئی تھی مگر اس پر کفر وتمرد کا اتنا پردہ پڑ گیا کہ ایمان کی روشنی اندر نہیں پہنچ سکتی۔ (از افادات مدنی رحمہ اللہ)

ہر بچہ اسلام پر پیدا ہوتا ہے:

بخاری شریف میں بروایت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمان رسول صلی اللہ علیہ وسلم فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِیْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَیْهَا لَا تَبْدِیْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ہے کہ ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے پھر اس کے ماں باپ اسے یہودی نصرانی اور مجوسی بنا دیتے ہیں جیسے بکری کا صحیح سالم بچہ ہوتا ہے کس کے کان لوگ کتر دیتے ہیں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت کی فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِیْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَیْهَا لَا تَبْدِیْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ذٰلِكَ الدِّیْنُ الْقَیِّمُ۔

مشرکوں کے بچے:

مسند احمد میں ہے حضرت اسود بن سریع رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مل کر کفار سے جہاد کیا وہاں ہم بفضل خدا تعالیٰ غالب آ گئے اُس دن لوگوں نے بہت سے کفار کو قتل کیا۔ یہاں تک کہ چھوٹے بچوں پر بھی ہاتھ صاف کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جب اس کا پتہ چلا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم بہت ناراض ہوئے اور فرمانے لگے یہ کیا بات ہے کہ لوگ حد سے آگے نکل جاتے ہیں، آج بچوں کو بھی قتل کر دیا ہے۔ کسی نے کہا یا رسول اللہ! آخر وہ بھی تو مشرکین کی ہی اولاد تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں۔ یاد رکھو تم میں سے بہترین لوگ مشرکین کے بچے ہیں، خبردار بچوں کو کبھی قتل نہ کرنا، نابالغوں کے قتل سے رُک جانا، ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے یہاں تک کہ اپنی زبان سے کچھ کہے پھر اس کے ماں باپ اُسے یہود نصرانی بنا لیتے ہیں۔

جابر بن عبداللہ کی روایت سے مسند شریف میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے یہاں تک کہ اُسے زبان آ جائے، اب یا تو شاکر بنتا ہے یا کافر۔ (تفسیر ابن کثیر)

لَا تَبْدِیْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ

بدلنا نہیں اللہ کے بنائے ہوئے کو

فطرت کو مسخ نہ کرو:

یعنی اصل پیدائش کے اعتبار سے کوئی فرق اور تغیر وتبدل نہیں۔ ہر فرد انسان کی فطرت قبول حق کے لئے مستعد بنائی ہے یا یہ مطلب کہ اللہ نے جس فطرت پر پیدا کیا اُس کو تم اپنے اختیار سے بدل کر خراب نہ کرو۔ بیج تم نے ڈال دیا ہے اُسے بے توجہی یا بے تمیزی سے ضائع مت ہونے دو۔ (تفسیر عثمانی)

آخر کار فطری سعادت وبدبختی غالب آتی ہے:

ایک روایت میں آیا ہے کہ عبداللہ بن مبارک نے حدیث کل مولود یولد علی الفطرۃ کی تشریح میں کہا ہر بچہ کو اس سرشت پر پیدا کیا جاتا ہے جو اللہ کے علم میں ہے یعنی (بموجب علم الٰہی) ہر بچہ کو خوش نصیب یا بدنصیب پیدا کیا گیا ہے۔ آخر میں ہر آدمی اسی سعادت یا شقاوت کی طرف لوٹ جاتا ہے جو اللہ نے اس کی سرشت میں پیدا کر دی ہے اور اس کا عمل فطرت کے مطابق (آخر میں) ہو جاتا ہے اس مطلب پر آیت لَا تَبْدِیْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ کا معنی یہ ہوگا کہ جس سعادت یا شقاوت پر انسان کی فطری تخلیق ہوئی ہے وہ بدل نہیں سکتی سعید شقی نہیں ہو سکتا اور شقی سعید نہیں بن سکتا۔ حضرت ابن مسعودؓ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو صادق مصدوق تھے فرمایا کہ تم میں سے (ہر) ایک کا (مادۂ) تخلیق بصورت نطفہ ماں کے پیٹ میں جمع رہتا ہے پھر اتنی ہی مدت خون بستہ کی شکل میں رہتا ہے پھر اتنی ہی مدت بوٹی (یعنی گوشت کا لوتھڑا) رہتا ہے پھر اللہ چار باتوں کا حکم دے کر ایک فرشتہ کو اس کی طرف بھیجتا ہے۔ فرشتہ اس کے عمل، میعاد زندگی مقدار رزق اور اس کا بدبخت یا سعادت مند ہونا لکھ دیتا ہے۔ پھر اس کے اندر روح پھونک دی جاتی ہے قسم ہے اس کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں کہ آدمی (تمام عمر) جنت والوں کے کام کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ اس کے اور جنت کے درمیان ایک ہاتھ سے زیادہ فاصلہ نہیں رہتا کہ اس کا (شکم مادر کے اندر کا) لکھا غالب آتا ہے اور وہ دوزخیوں کا عمل کرنے لگتا ہے آخر دوزخ میں داخل ہو جاتا ہے اور کوئی (ساری عمر) دوزخیوں کے کام کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ اس کے اور دوزخ کے درمیان ایک ہاتھ سے زیادہ فاصلہ نہیں رہتا آخر وہی لکھا غالب آتا ہے اور وہ جنتیوں کا عمل کرنے لگتا ہے اور جنت میں چلا جاتا ہے۔ (متفق علیہ)

طبیعت نہیں بدل سکتی:

حضرت ابودرداء کا بیان ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت

besturdubooks.wordpress.com

میں بیٹھے تذکرہ کر رہے تھے کہ کیا ہوگا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اگر تم سنو کہ کوئی پہاڑ اپنی جگہ سے ٹل گیا ہے تو سچ مان لینا اور اگر یہ سنو کہ کوئی آدمی اپنی جبلت (سرشت) سے بدل گیا ہے تو سچ نہ ماننا کیونکہ (آخر کار ہر) آدمی اسی کی طرف لوٹے گا جو اس کی سرشت ہے۔ رواہ احمد۔ اس تفسیر پر آیت کا معنی یہ ہوگا کہ اللہ نے ہر شخص کو ایک فطرت پر پیدا کیا ہے جس سے وہ بدل نہیں سکتا اور آپ کو اور آپ کے ساتھیوں کو خوش نصیب بنایا ہے لہٰذا اپنا رُخ دین کی طرف سیدھا کر لیجئے۔ (تفسیر مظہری)

قبول حق کی استعداد:

یہودی اور نصرانی ہو جانے کے بعد بھی قبول حق کی استعداد اور صلاحیت باقی رہتی ہے ورنہ اگر فرض کرو کہ فرعون اور ہامان اور ابوجہل اور ابولہب میں قبول حق اور قبول اسلام کی صلاحیت اور استعداد ہی نہ ہوتی تو وہ ایمان اور اسلام کے مکلف ہی نہ ہوتے اینٹ اور پتھر یا جانور کی طرح ہوتے اور اتباع شریعت کے مکلف نہ ہوتے۔ (معارف کاندھلوی)

ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ وَلٰكِنَّ

یہی ہے دین سیدھا اور لیکن

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٠﴾

اکثر لوگ نہیں سمجھتے

یعنی سیدھا دین یہ ہی فطرت کی آواز ہے۔ پر بہت لوگ اس نکتہ کو سمجھتے نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

مُنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ

سب رجوع ہو کر اس کی طرف

یعنی اصل دین پکڑے رہو، اس کی طرف رجوع ہو کر۔ اگر محض دنیوی مصلحت کے واسطے یہ کام کیے تو دین درست نہ ہوگا۔ آگے دین فطرت کے چند اہم اصول کی طرف توجہ دلائی ہے۔ مثلاً اتقاء (خدا سے ڈرتے رہنا) نماز قائم رکھنا، شرک جلی و خفی سے بیزار اور مشرکین سے علیحدہ رہنا، اپنے دین میں پھوٹ نہ ڈالنا۔ (تفسیر عثمانی)

وَاتَّقُوْهُ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿٣١﴾

اور اس سے ڈرتے رہو اور قائم رکھو نماز اور مت ہو شرک کرنے والوں میں

مِنَ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا ؕ

جنہوں نے کہ پھوٹ ڈالی اپنے دین میں اور ہو گئے ان میں بہت فرقے

كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿٣٢﴾

ہر فرقہ جو اس کے پاس ہے اس پر نازاں ہے

فرقہ پرستی دینِ فطرت کے خلاف ہے:

مِنَ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا الخ یعنی دینِ فطرت کے اصول سے علیحدہ ہو کر ان لوگوں نے اپنے مذہب میں پھوٹ ڈالی، بہت سے فرقے بن گئے۔ ہر ایک کا عقیدہ الگ، مذہب و مشرب جدا۔ جس کسی نے غلط کاری یا ہوا پرستی سے کوئی عقیدہ قائم کر دیا یا کوئی طریقہ ایجاد کر لیا، ایک جماعت اُسی کے پیچھے ہو گئی، تھوڑے دن بعد وہ ایک فرقہ بن گیا۔ پھر ہر فرقہ اپنے ٹھہرائے ہوئے اصول و عقائد پر خواہ وہ کتنے ہی مہمل کیوں نہ ہوں ایسا فریفتہ اور مفتوں ہے کہ اپنی غلطی کا امکان بھی اُس کے تصور میں نہیں آتا۔ (تفسیر عثمانی)

اہلِ بدعت: بعض لوگوں کا قول ہے کہ دین کو ٹکڑے کرنے والوں سے مراد ہیں اس امت کے اہل بدعت جنہوں نے دینِ حق کو چھوڑ کر اپنی اپنی خواہشات کا اتباع اختیار کر لیا ہے۔ ان کو مشرک اس وجہ سے فرمایا کہ ان کے ہر گروہ نے اپنی خواہش کو اپنا معبود بنا رکھا ہے۔

اہلسنت والجماعت: حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، میری امت تہتر فرقوں میں بٹ جائے گی، سوا ایک فرقہ کے باقی سب لوگ دوزخ میں ہوں گے۔ عرض کیا گیا، وہ کونسا فرقہ ہوگا، فرمایا جس (طریقہ) پر میں اور میرے صحابہ ہیں (اس پر چلنے والا فرقہ نجات یافتہ ہوگا) رواہ الترمذی۔

شیطان کا حربہ: دارمی بحوالۂ ابراہیم بن اسحاق بروایت ابن مبارک اوزاعی کا قول نقل کیا ہے کہ ابلیس نے اپنے ساتھیوں سے کہا تم اولاد آدم کے پاس (بہکانے کے لئے) کس طریقے سے جاتے ہو، ساتھیوں نے کہا ہر طریقہ سے۔ ابلیس نے کہا استغفار کے راستہ سے بھی جاتے ہو۔ ساتھیوں نے کہا یہ بات نہیں ہو سکتی، استغفار تو توحید سے وابستہ ہے۔ (یعنی ہر مؤمن استغفار کرتا ہے) ابلیس نے کہا میں ان کے اندر ایسی چیز پھیلا دوں گا جس سے وہ بھی استغفار نہیں کریں گے (کیونکہ اس چیز کو وہ گناہ نہیں خیال کریں گے بلکہ حق سمجھیں گے) چنانچہ ابلیس نے اولاد آدم کے اندر خواہشات (کا اختلاف) پھیلا دیا۔ (تفسیر مظہری)

مشرکین کی گروہ بندی:

مِنَ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا یعنی یہ مشرکین وہ لوگ ہیں جنہوں نے دینِ فطرت اور دینِ حق میں تفریق پیدا کر دی، یا یہ کہ دینِ فطرت سے مفارق اور الگ ہو گئے، جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ مختلف پارٹیوں میں بٹ گئے، شِيَعًا، شیعہ کی جمع ہے، ایسی جماعت جو کسی مقتداء کی پیرو ہو، اس کو شیعہ کہتے

besturdubooks.wordpress.com

ہیں، مطلب یہ ہے کہ دین فطرت توتوحید تھا جس کا اثر یہ ہونا چاہیے تھا کہ سب انسان اس کو اختیار کر کے ایک ہی قوم ایک ہی جماعت بنتے مگر انہوں نے اس توحید کو چھوڑا، اور مختلف لوگوں کے خیالات کے تابع ہو گئے اور انسانی خیالات اور رایوں میں اختلاف ایک طبعی امر ہے، اس لئے ہر ایک نے اپنا اپنا ایک مذہب بنالیا، عوام ان کے سبب مختلف پارٹیوں میں بٹ گئے، اور شیطان نے ان کو اپنے اپنے خیالات و معتقدات کو حق قرار دینے میں ایسا لگا دیا کہ کُلُّ حِزْبٍۭ بِمَا لَدَیْهِمْ فَرِحُوْنَ یعنی ان کی ہر پارٹی اپنے اپنے اعتقادات و خیالات پر مگن اور خوش ہے، اور دوسروں کو غلطی پر بتاتی ہے، حالانکہ یہ سب کے سب گمراہی کے غلط راستوں پر پڑے ہوئے ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

وَ اِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوْا رَبَّهُمْ
اور جب پہنچے لوگوں کو کچھ سختی تو پکاریں اپنے رب
مُّنِیْبِیْنَ اِلَیْهِ ثُمَّ اِذَاۤ اَذَاقَهُمْ مِّنْهُ رَحْمَةً
کو اس کی طرف رجوع ہو کر پھر جہاں چکھائی ان کو اپنی طرف سے کچھ مہربانی
اِذَا فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ بِرَبِّهِمْ یُشْرِكُوْنَ ۝ لِیَكْفُرُوْا
اسی وقت ایک جماعت ان میں اپنے رب کا شریک لگی بتانے کہ منکر ہو جائیں
بِمَاۤ اٰتَیْنٰهُمْ ؕ فَتَمَتَّعُوْا ٙ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝
ہمارے دیے ہوئے سے سو مزے اڑالو اب آگے جان لوگے

مصیبت کے وقت اللہ یاد آتا ہے:

یعنی جیسے بھلے کام ہر انسان کی فطرت پہچانتی ہے، اللہ کی طرف رجوع ہونا بھی ہر ایک کی فطرت جانتی ہے۔ چنانچہ خوف اور سختی کے وقت اُس کا اظہار ہو جاتا ہے۔ بڑے سے بڑا سرکش مصیبت میں گھر کر خدائے واحد کو پکارنے لگتا ہے۔ اُس وقت جھوٹے سہارے سب ذہن سے نکل جاتے ہیں۔ وہ ہی سچا مالک یاد رہ جاتا ہے جس کی طرف فطرت انسانی رہنمائی کرتی تھی۔ مگر افسوس کہ انسان اس حالت پر دیر تک قائم نہیں رہتا۔ جہاں خدا کی مہربانی سے مصیبت دُور ہوئی، پھر اس کو چھوڑ کر جھوٹے دیوتاؤں کے بھجن گانے لگا۔ گویا اُس کے پاس سب کچھ اُن ہی کا دیا ہوا ہے! خدا نے کچھ نہیں دیا! (العیاذ باللہ) اچھا چند روز مزے اُڑالے، آگے چل کر معلوم ہو جائیگا کہ اس کفر اور ناشکری کا نتیجہ کیا ہوتا ہے۔ اگر آدمیت ہوتی تو سمجھتا کہ اُس کا ضمیر جس خدا کو سختی اور مصیبت کے وقت پکار رہا تھا وہ ہی اس لائق ہے کہ ہمہ وقت یاد رکھا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

بندوں کی حالت:

حضرت زید بن خالد جہنی کی روایت ہے کہ حدیبیہ میں رات کو بارش ہوئی صبح کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو نماز پڑھائی۔ نماز ختم کرنے کے بعد لوگوں کی طرف رخ کر کے فرمایا کہ کیا تم کو معلوم ہے کہ تمہارے رب نے کیا فرمایا، صحابہ نے جواب دیا اللہ جانے اور اللہ کا رسول۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ نے فرمایا ہے کہ صبح کو میرے بندوں میں سے کوئی مؤمن رہا کوئی کافر (یعنی میری نعمت کا منکر) جس نے کہا اللہ کے فضل اور اس کی رحمت سے ہم پر بارش ہوئی وہ مجھ پر ایمان رکھتا ہے اور ستاروں کا منکر ہے اور جس نے کہا ہم پر فلاں ستارے کے نکلنے سے بارش ہوئی وہ میرا منکر ہے اور ستاروں پر یقین رکھنے والا ہے۔ رواہ البخاری ومسلم فی الصحیحین۔ (تفسیر مظہری)

مؤمن کی حالت:

صحیح حدیث میں ہے کہ مؤمن پر تعجب ہے اس کے لئے خدا تعالیٰ کی ہر قضا بہتر ہی ہوتی ہے، راحت پر شکر کرتا ہے تو یہ بھی اس کے لئے بہتر ہوتا ہے اور مصیبت پر صبر کرتا ہے تو یہ بھی اس کے لئے بہتر ہوتا ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

اَمْ اَنْزَلْنَا عَلَیْهِمْ سُلْطٰنًا فَهُوَ یَتَكَلَّمُ
کیا ہم نے ان پر اتاری ہے کوئی سند سو وہ بول رہی ہے
بِمَا كَانُوْا بِهٖ یُشْرِكُوْنَ ۝
جو یہ شریک بتاتے ہیں

شرک کی کوئی دلیل نہیں ہے:

یعنی عقل سلیم اور فطرت انسانی کی شہادت شرک کو صاف طور پر رد کرتی ہے تو کیا اس کے خلاف وہ کوئی حجت اور سند رکھتے ہیں، جو بتلاتی ہو کہ خدا کی خدائی میں دوسرے بھی اسکے شریک ہیں (معاذ اللہ) اگر نہیں تو انہیں معبود بننے کا استحقاق کہاں سے ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

وَ اِذَاۤ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً فَرِحُوْا بِهَا ؕ
اور جب چکھائیں ہم لوگوں کو کچھ مہربانی اُس پر پھولے نہیں سماتے
وَ اِنْ تُصِبْهُمْ سَیِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَیْدِیْهِمْ
اور اگر آپڑے اُن پر کچھ بُرائی اپنے ہاتھوں کے بھیجے ہوئے پر
اِذَا هُمْ یَقْنَطُوْنَ ۝
تو آس توڑ بیٹھیں

besturdubooks.wordpress.com

مشرک اور مؤمن کا فرق:

یعنی اُن لوگوں کی حالت عجیب ہے۔ جب اللہ کی مہربانی اور احسان سے عیش میں ہوں تو پھولے نہ سمائیں ایسے اترانے لگیں اور آپے سے باہر ہو جائیں کہ محسن حقیقی کو بھی یاد نہ رکھیں۔ اور کسی وقت شامت اعمال کی بدولت مصیبت کا کوڑا پڑا تو بالکل آس توڑ کر اور ناامید ہو کر بیٹھ رہیں۔ گویا اب کوئی نہیں جو مصیبت کے دُور کرنے پر قادر ہو۔ مؤمن کا حال اُس کے برعکس ہوتا ہے۔ وہ عیش و راحت میں منعم حقیقی کو یاد رکھتا ہے اُس کے فضل و رحمت پر خوش ہو کر زبان و دل سے شکر ادا کرتا ہے اور مصیبت میں پھنس جائے تو صبر و تحمل کے ساتھ اللہ سے مدد مانگتا ہے اور اُمید رکھتا ہے کہ کتنی ہی سخت مصیبت ہو اور ظاہری اسباب کتنے ہی مخالف ہوں اُس کے فضل سے سب فضا بدل جائے گی۔ (تنبیہ) ایک آیت پہلے فرمایا تھا کہ ''لوگ سختی کے وقت خالص خدا کو پکارنے لگتے ہیں''۔ یہاں فرمایا کہ ''بُرائی پہنچتی ہے تو آس توڑ کر بیٹھ رہتے ہیں''۔ دونوں میں کچھ اختلاف نہیں۔ پہلی حالت یعنی خدا کو پکارنا، ابتدائی منزل ہے۔ پھر جب مصیبت اور سختی میں امتداد ہوتا ہے تو آخر گھبرا کر ناامید ہو جاتا ہے۔ یا بعض لوگوں کا وہ حال ہو بعض کا یہ ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ
کیا نہیں دیکھ چکے کہ اللہ پھیلا دیتا ہے روزی کو جس پر چاہے
وَيَقْدِرُ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝
اور ماپ کر دیتا ہے جس کو چاہے اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کو جو یقین رکھتے ہیں

ہر حال میں راضی رہنا چاہئے:

یعنی ایمان و یقین والے سمجھتے ہیں کہ دنیا کی سختی نرمی اور روزی کا بڑھانا گھٹانا سب اُسی رب قدیر کے ہاتھ میں ہے۔ لہٰذا جو حال آئے بندہ کو صبر و شکر سے رضا بالقضاء رہنا چاہئے۔ نعمت کے وقت شکر گذار رہے، اور ڈرتا رہے کہیں چھن نہ جائے اور سختی کے وقت صبر کرے اور اُمید رکھے کہ حق تعالیٰ اپنے فضل و عنایت سے سختیوں کو دُور فرمادیگا۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی کوئی وجہ نہیں کہ فراخیٔ حال میں تو اترانے لگیں اور ناشکری کریں اور تنگ حالی میں ناامید ہو جائیں اللہ کی طرف نہ لوٹیں اور گناہوں پر پشیمان ہو کر توبہ نہ کریں اور گناہوں کو نہ چھوڑیں اور مؤمنوں کی طرح صبر نہ کریں اور مصیبت پڑنے پر ثواب کی امید نہ رکھیں۔ (تفسیر مظہری)

فَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ؕ
سو تو دے قربت والے کو اُس کا حق اور محتاج کو اور مسافر کو

ذٰلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ ۫ وَاُولٰٓئِكَ
یہ بہتر ہے ان کے لئے جو چاہتے ہیں اللہ کا منہ اور وہی ہیں
هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝
جن کا بھلا ہے

ضرورت مندوں کی خبر گیری:

یعنی جب فطرت کی شہادت سے ثابت ہو گیا کہ حقیقی مالک و رب وہ ہی اللہ ہے۔ دنیا کی نعمتیں سب اُسی کی عطا کی ہوئی ہیں۔ تو جو لوگ اُس کی خوشنودی چاہتے ہیں اور اُس کی لقاء و دیدار کے آرزومند ہیں چاہیے کہ اُسکے دیے ہوئے میں سے خرچ کریں۔ مسافر محتاج اور غریب رشتہ داروں کی خبر لیں، اہل قرابت کے حقوق درجہ بدرجہ ادا کرتے رہیں ایسے ہی بندوں کو دنیا و آخرت کی بھلائی نصیب ہوگی۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی جس مسافر کے پاس پردیس میں کچھ نہ ہو اور وطن میں مال ہو اس کو اور دوسرے مسکینوں کو زکوٰۃ کے مال میں سے دو۔ (تفسیر مظہری)

مال کے مستحقین: آیت مذکورہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اور بقول حسن بصری ہر مخاطب انسان کو جس کو اللہ نے مال میں وسعت دی ہو یہ ہدایت دی گئی ہے کہ جو مال اللہ نے آپ کو دیا ہے اس میں بخل نہ کرو بلکہ اس کو ان کے مصارف میں خوش دلی کے ساتھ خرچ کرو اس سے تمہارے مال اور رزق میں کمی نہیں آئے گی، اور اس حکم کے ساتھ اس آیت میں مال کے چند مصارف بھی بیان کر دیئے، اول ذوی القربیٰ دوسرے مساکین تیسرے مسافر، کہ خدا تعالیٰ کے عطا کئے ہوئے مال میں سے ان لوگوں کو دو اور ان پر خرچ کرو، اور ساتھ ہی یہ بھی بتلا دیا کہ یہ ان لوگوں کا حق ہے جو اللہ نے تمہارے مال میں شامل کر دیا ہے اس لئے ان کو دینے کے وقت ان پر کوئی احسان نہ جتلاؤ، کیونکہ حق والے کا حق ادا کرنا مقتضائے عدل و انصاف ہے کوئی احسان و انعام نہیں ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَا۠ فِىْٓ اَمْوَالِ النَّاسِ
اور جو دیتے ہو بیاج پر کہ بڑھتا رہے لوگوں کے مال میں
فَلَا يَرْبُوْا عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ
سو وہ نہیں بڑھتا اللہ کے یہاں اور جو دیتے ہو پاک دل سے
تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ ۝
چاہ کر رضامندی اللہ کی سو یہ وہی ہیں جن کے دونے ہوئے

besturdubooks.wordpress.com

زکوٰۃ اور سود کا فرق:

یعنی سُود بیاج سے گو بظاہر مال بڑھتا دکھائی دیتا ہے، لیکن حقیقت میں گھٹ رہا ہے جیسے کسی آدمی کا بدن ورم سے پھول جائے وہ بیماری یا پیام موت ہے اور زکوٰۃ نکالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مال کم ہو گا فی الحقیقت وہ بڑھتا ہے جیسے کسی مریض کا بدن مُسہل وتنقیہ سے گھٹتا دکھائی دے مگر انجام اُس کا صحت ہو۔ سُود اور زکوٰۃ کا حال بھی انجام کے اعتبار سے ایسا ہی سمجھ لو۔ يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِي الصَّدَقٰتِ (بقرہ۔ رکوع ۳۸) حدیث میں ہے کہ ایک کھجور جو مؤمن صدقہ کرے قیامت کے دن بڑھ کر پہاڑ کے برابر نظر آئیگی۔

(تنبیہ) بعض مفسرین نے ''ربا'' سے یہاں سُود بیاج مراد نہیں لیا۔ بلکہ آیت کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ جو آدمی کسی کو کچھ دے اس غرض سے کہ دوسرا اس سے بڑھ کر احسان کا بدلہ کریگا تو یہ دینا اللہ کے ہاں موجب برکت وثواب نہیں۔ گو مُباح ہو۔ اور پیغمبر علیہ السلام کے حق میں تو مُباح بھی نہیں۔ لقولہ تعالیٰ وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ (مدثر۔ رکوع) واللہ اعلم۔

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ سُود یعنی نفع کی دو صورتیں ہیں ایک تو بیوپار تجارت میں بیاج یہ تو حرام محض ہے۔ دوسرا سُود یعنی زیادتی جس میں کوئی حرج نہیں وہ کسی کو اس ارادہ سے ہدیہ تحفہ دینا ہے کہ یہ مجھے اس سے زیادہ دے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھ کر فرمایا کہ خدا تعالیٰ کے پاس تو ثواب زکوٰۃ کے ادا کرنے کا ہے۔ زکوٰۃ دینے والوں کو بہت برکتیں ہوتی ہیں۔ صحیح حدیث میں ہے کہ جو شخص ایک کھجور بھی صدقہ میں دے لیکن ہو حلال طور سے حاصل کی ہوئی تو اسے اللہ تعالیٰ رحمٰن ورحیم اپنے دائیں ہاتھ میں لیتا ہے اور اس طرح پالتا اور بڑھاتا ہے جس طرح تم میں سے کوئی اپنے گھوڑے یا اُونٹ کے بچے کی پرورش کرتا ہے، یہاں تک کہ وہی ایک کھجور اُحد پہاڑ سے بھی بڑی ہو جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہی خالق ورازق ہے۔ انسان اپنی ماں کے پیٹ سے ننگا، بےعلم، بےکان، بےآنکھ، بےطاقت نکلتا ہے پھر خدا تعالیٰ اسے سب چیزیں عطا فرماتا ہے۔ مال بھی، ملکیت بھی، کمائی بھی، تجارت بھی، غرض بےشمار نعمتیں عطا فرماتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی بندہ نوازی:

دو صحابیوں کا بیان ہے کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اُس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی کام میں مشغول تھے ہم نے بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ بٹایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دیکھو سَر ہلنے لگے تب تک بھی روزی سے کوئی محروم نہیں رہتا۔ انسان ننگا بھوکا دنیا میں آتا ہے، ایک چھلکا بھی اس کے بدن پر نہیں ہوتا، پھر رب تعالیٰ ہی اُسے روزیاں دیتا ہے۔ وہ اس حیات کے بعد تمہیں مار ڈالے گا پھر قیامت کے دن زندہ کر دے گا۔ خدا تعالیٰ کے سوا تم جن جن کی عبادت کر رہے ہو اُن میں سے ایک بھی ان باتوں میں سے کسی ایک پر قابو نہیں رکھتا۔

عدل وانصاف کی برکت:

مسند امام احمد بن حنبلؒ میں ہے کہ زیاد کے زمانہ میں ایک تھیلی پائی گئی جس میں کھجور کی بڑی گٹھلی جیسے گیہوں کے دانے تھے اور اُس میں لکھا ہوا تھا کہ یہ اس زمانے میں اُگتے تھے جس میں عدل وانصاف کو کام میں لایا جاتا تھا۔ (تفسیر ابن کثیر)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، اعمال کا مدار نیت پر ہے جس شخص کی جو نیت ہوگی وہی اس کو ملے گا جس شخص نے ہجرت اللہ اور رسول کے لئے کی ہوگی اس کی ہجرت اللہ اور رسول کے لئے ہوگی (یعنی وہ ثواب کا مستحق ہوگا) اور جس شخص نے دنیا پانے یا عورت سے نکاح کرنے کے لئے کی ہوگی اس کی ہجرت (اللہ اور رسول کے لئے نہیں بلکہ) اسی چیز کے لئے قرار پائے گی جس کے لئے اس نے کی ہوگی۔ (متفق علیہ) (تفسیر مظہری)

خاندانوں کی ایک باہمی رسم کی اصلاح:

وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَا۟ فِيْٓ اَمْوَالِ النَّاسِ اس آیت میں ایک بُری رسم کی اصلاح کی گئی ہے جو عام خاندانوں اور اہل قرابت میں چلتی ہے، وہ یہ کہ عام طور پر کنبہ رشتہ کے لوگ جو کچھ دوسرے کو دیتے ہیں اس پر نظر رکھتے ہیں کہ وہ بھی ہمارے وقت میں کچھ دے گا بلکہ رسمی طور پر کچھ زیادہ دے گا، خصوصاً نکاح، شادی وغیرہ کی تقریبات میں جو کچھ دیا لیا جاتا ہے اس کی یہی حیثیت ہوتی ہے جس کو عرف میں نوتہ کہتے ہیں، اس آیت میں ہدایت کی گئی ہے کہ اہل قرابت کا جو حق ادا کرنے کا حکم پہلی آیت میں دیا گیا ہے اس کو یہ حق اس طرح دیا جائے کہ نہ اُن پر احسان جتائے اور نہ کسی بدلے پر نظر رکھے، اور جس نے بدلے کی نیت سے دیا کہ ان کا مال دوسرے عزیز رشتہ دار کے مال میں شامل ہونے کے بعد کچھ زیادتی لے کر واپس آئے گا تو اللہ کے نزدیک اس کا کوئی درجہ اور ثواب نہیں اور قرآن کریم نے اس زیادتی کو لفظ ربٰو سے تعبیر کر کے اس کی قباحت کی طرف اشارہ کر دیا کہ یہ ایک صورت سود کی سی ہوگئی۔

مسئلہ: ہدیہ اور ہبہ دینے والے کو اس پر نظر رکھنا کہ اس کا بدلہ ملے گا یہ تو ایک بہت مذموم حرکت ہے، جس کو اس آیت میں منع فرمایا گیا ہے، لیکن بطور خود جس شخص کو کوئی ہبہ عطیہ کسی دوست عزیز کی طرف سے ملے اس کے لئے اخلاقی تعلیم یہ ہے کہ وہ بھی جب اس کو موقع ملے اس کی مکافات کرے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریفہ یہی تھی کہ جو شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی ہدیہ پیش کرتا تو اپنے موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم بھی اس کو ہدیہ دیتے تھے، (کذا روی عن عائشہؓ قرطبی) ہاں اس مکافات کی صورت ایسی نہ بنائے کہ دوسرا آدمی یہ محسوس کرے کہ یہ میرے ہدیہ کا بدلہ دے رہا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

besturdubooks.wordpress.com

اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ یُمِیْتُكُمْ
اللہ وہی ہے جس نے تم کو بنایا پھر تم کو روزی دی پھر تم کو مارتا ہے
ثُمَّ یُحْیِیْكُمْ هَلْ مِنْ شُرَكَآىِٕكُمْ مَّنْ یَّفْعَلُ مِنْ
پھر تم کو جلائے گا کوئی ہے تمہارے شریکوں میں جو کر سکے
ذٰلِكُمْ مِّنْ شَیْءٍ سُبْحٰنَهٗ وَ تَعٰلٰى عَمَّا یُشْرِكُوْنَ
کاموں میں سے ایک کام وہ نرالا ہے اور بہت اوپر ہے اُس سے کہ شریک بتلاتے ہیں

مارنا، جلانا اللہ ہی کا کام ہے:

یعنی مارنا جلانا، روزی دینا، سب کام تو تنہا اس کے قبضہ میں ہوئے۔ پھر دوسرے شریک کدھر سے آ کر الوہیت کے مستحق بن گئے۔

ظَهَرَ الْفَسَادُ فِی الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ
پھیل پڑی ہے خرابی جنگل میں اور دریا میں لوگوں کے ہاتھ کی
اَیْدِی النَّاسِ لِیُذِیْقَهُمْ بَعْضَ الَّذِیْ
کمائی سے چکھانا چاہیے ان کو کچھ مزہ ان کے
عَمِلُوْا لَعَلَّهُمْ یَرْجِعُوْنَ
کام کا تاکہ وہ پھر آئیں

بحر و بر کا فساد:

یعنی لوگ دین فطرت پر قائم نہ رہے کفر وظلم دنیا میں پھیل پڑا اور اُس کی شامت سے ملکوں اور جزیروں میں خرابی پھیل گئی نہ خشکی میں امن وسکون رہا نہ تری میں، رُوئے زمین کو فتنہ وفساد نے گھیر لیا۔ بحری لڑائیوں اور جہازوں کی لُوٹ مار سے سمندروں میں بھی طوفان بپا ہو گیا۔ یہ سب اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے چاہا کہ بندوں کی بداعمالیوں کا تھوڑا سا مزہ دنیا میں بھی چکھا دیا جائے پوری سزا تو آخرت میں ملے گی۔ مگر کچھ نمونہ یہاں بھی دکھلا دیں، ممکن ہے بعض لوگ ڈر کر راہ راست پر آ جائیں۔ (تنبیہ) بندوں کی بدکاریوں کی وجہ سے خشکی اور تری میں خرابی پھیلنا گو ہمیشہ ہوتا رہا اور ہوتا رہیگا۔ لیکن جس خوفناک عموم وشمول کے ساتھ بعثت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے یہ تاریک گھٹا مشرق ومغرب اور برّ وبحر پر چھا گئی تھی، دنیا کی تاریخ میں اُس کی نظیر نہیں مل سکتی۔ یورپ کے محققین نے اُس زمانہ کی تاریک حالت کا جو نقشہ کھینچا ہے اُس کے دیکھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ غیر مسلم مؤرخ بھی اس مشہور ومعروف صداقت پر کوئی حرف گیری نہیں کر سکے (دیکھو دائرۃ المعارف فرید وجدی مادہ محمد) شاید اسی عموم فتنہ وفساد کو پیش نظر رکھ کر قتادہ رحمہ اللہ نے آیت کا تعلق زمانہ جاہلیت کو قرار دیا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

بر و بحر کا مطلب:

بغوی نے لکھا ہے برّ سے مراد ہے صحراء بیابان اور بحر سے مراد ہیں وہ شہر اور بستیاں جو نہروں اور دریاؤں کے کنارے پر آباد ہیں۔ عطیہ نے کہا، روئے زمین پر جو شہر وغیرہ ہیں وہ بر ہیں اور بحر تو معروف ہی ہے (یعنی سمندر) بارش کی کمی کا اثر جس طرح خشکی پر پڑتا ہے اسی طرح سمندر پر بھی پڑتا ہے۔

ہابیل کے قتل کا اثر:

ضحاک نے کہا زمین پہلے سرسبز اور شاداب تھی، جس درخت کے پاس آدمی جاتا تھا اس کو بار آور پاتا تھا۔ اور سمندر کا پانی پہلے میٹھا تھا اور شیر گائے بکری کو قتل کرنے کا ارادہ بھی نہیں کرتا تھا، لیکن جب قابیل نے ہابیل کو قتل کر دیا تو زمین خشک ہو گئی درخت پر خار ہو گئے اور سمندر کا پانی شور ہو گیا اور جانور ایک دوسرے کو پھاڑنے لگے۔ یعنی ان کے گناہوں کی نحوست کی وجہ سے یا ان کے برے عمل کرنے کی وجہ سے۔ مطلب یہ ہے کہ اہل مکہ جو قحط میں مبتلا ہوئے ہڈیاں اور مردار تک کھا گئے، یہ انہی کے گناہوں کی نحوست کی وجہ سے ہوا۔ (تفسیر مظہری)

فساد سے مراد قحط اور وبائی امراض ہیں:

ظَهَرَ الْفَسَادُ فِی الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَیْدِی النَّاسِ " یعنی خشکی اور دریا میں سارے جہان میں فساد پھیل گیا لوگوں کے اعمال بد کی وجہ سے" تفسیر روح المعانی میں ہے کہ فساد سے مراد قحط اور وبائی امراض اور آگ لگنے اور پانی میں ڈوبنے کے واقعات کی کثرت اور ہر چیز کی برکت کا مٹ جانا، نفع بخش چیزوں کا نفع کم نقصان زیادہ ہو جانا وغیرہ آفات ہیں، اور اس آیت سے معلوم ہوا کہ ان دنیوی آفات کا سبب انسانوں کے گناہ اور اعمال بد ہوتے ہیں جن میں شرک وکفر سب سے زیادہ اشد ہیں، اس کے بعد دوسرے گناہ ہیں۔

گناہوں پر تنبیہ:

لِیُذِیْقَهُمْ بَعْضَ الَّذِیْ عَمِلُوْا یعنی تاکہ چکھا دے اللہ تعالیٰ کچھ حصہ ان کے بُرے اعمال کا، اور اس کے بعد ارشاد فرمایا کہ اعمال بد اور گناہوں کی وجہ سے جو مصیبت وآفت دنیا میں بھیجدی جاتی ہے وہ بھی غور کرو تو اللہ تعالیٰ کی رحمت و عنایت ہی ہے، کیونکہ مقصود اس دنیا کی مصیبت سے یہ ہوتا ہے کہ غافل انسان کو تنبیہ ہو جائے اور وہ اپنے گناہوں اور نافرمانیوں سے باز آ جائے جو انجام کار اس کے لئے مفید اور بڑی نعمت ہے، جیسا کہ آخر آیت میں فرمایا: لَعَلَّهُمْ یَرْجِعُوْنَ "

besturdubooks.wordpress.com

آفتیں اور مصائب گناہوں کے سبب سے آتے ہیں:

اسی لئے بعض علماء نے فرمایا کہ جو انسان کوئی گناہ کرتا ہے وہ ساری دنیا کے انسانوں چوپایوں اور چرندے و پرندے جانوروں پر ظلم کرتا ہے، کیونکہ اس کے گناہوں کے وبال سے جو بارش کا قحط اور دوسرے مصائب دنیا میں آتے ہیں اس سے سب ہی جان دار متاثر ہوتے ہیں، اس لئے قیامت کے روز یہ سب بھی گناہگار انسان کے خلاف دعویٰ کریں گے۔

مصائب کے وقت ابتلاء وامتحان یا سزاء وعذاب میں فرق:

اس کی پہچان حضرت شاہ ولی اللہؒ نے یہ لکھی ہے کہ جو نیک لوگ بطور ابتلاء وامتحان کے گرفتار مصائب ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کے قلوب کو مطمئن کردیتے ہیں، اور وہ ان مصائب وآفات پر ایسے ہی راضی رہتے ہیں جیسے بیمار کڑوی دواء یا آپریشن پر باوجود تکلیف محسوس کرنے کے راضی ہوتا ہے، بلکہ اس کے لئے مال بھی خرچ کرتا ہے، سفارشیں مہیا کرتا ہے، بخلاف اُن گنہگاروں کے جو بطور سزا ابتلا کئے جاتے ہیں ان کی پریشانی اور جزع وفزع کی حد نہیں رہتی بعض اوقات ناشکری بلکہ کلماتِ کفر تک پہنچ جاتے ہیں۔

سیدی حکیم الامت تھانوی قدس سرہ نے ایک پہچان یہ بتلائی کہ جس مصیبت کے ساتھ انسان کو اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ اپنے گناہوں پر تنبہ اور توبہ واستغفار رغبت زیادہ ہوجائے وہ علامت اس کی ہے کہ یہ قہر نہیں بلکہ مہر اور عنایت ہے، اور جس کو یہ صورت نہ بنے بلکہ جزع وفزع اور معاصی میں اور زیادہ انہماک بڑھ جائے وہ علامت قہر الٰہی اور عذاب کی ہے، واللہ اعلم۔ (معارف مفتی اعظم)

قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
تو کہہ پھرو ملک میں تو دیکھو کیسا ہوا انجام
الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلُ ۚ كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّشْرِكِيْنَ ﴿۴۲﴾
پہلوں کا بہت اُن میں تھے شرک کرنے والے

شرک کی شامت:

یعنی اکثروں کی شامت شرک کی وجہ سے آئی۔ بعضوں پر دوسرے گناہوں کی وجہ سے آئی ہوگی۔ (تفسیر عثمانی)

فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ الْقَيِّمِ
سو تو سیدھا رکھ اپنا منہ سیدھی راہ پر

فساد کا علاج: یعنی دنیا میں فساد پھیل گیا تو تم دین قیم پر جو دین فطرت ہے ٹھیک ٹھیک قائم رہو۔ سب خرابیوں کا ایک یہی علاج ہے۔ (تفسیر عثمانی)

مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ
اس سے پہلے کہ آپہنچے وہ دن جس کو پھر نہیں اللہ کی طرف سے

قیامت کا دن: یعنی اللہ کی طرف سے اُس دن کا آنا اٹل ہے نہ کوئی طاقت اُسے پھیر سکتی ہے نہ خود خدا ملتوی کریگا۔ (تفسیر عثمانی)

يَوْمَئِذٍ يَّصَّدَّعُوْنَ ﴿۴۳﴾
اُس دن لوگ جدا جدا ہوں گے

نیک و بد کا امتیاز: یعنی نیک جنت میں اور بد دوزخ میں بھیج دیے جائیں گے فَرِيْقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيْقٌ فِي السَّعِيْرِ (شوریٰ۔ رکوع ۱) حضرت شاہ صاحب اس کو دنیا کے احوال پر حمل کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ "یعنی دین کا غلبہ ہو سزا پانیوالے الگ ہوں اور اللہ کے مقبول بندے الگ۔" (تفسیر عثمانی)

مَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ۚ
جو منکر ہوا سو اس پر پڑے اس کا منکر ہونا

یعنی انکار کا وبال اسی پر پڑے گا۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنْفُسِهِمْ يَمْهَدُوْنَ ﴿۴۴﴾
اور جو کوئی کرے بھلے کام سو وہ اپنی راہ سنوارتے ہیں

یعنی جنت میں آرام کرنے کی تیاری کر رہے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ
تاکہ وہ بدلہ دے ان کو جو یقین لائے اور کام کئے بھلے اپنے فضل سے

یعنی کتنا ہی بڑا نیک ہوا سے بھی اللہ کے فضل سے جنت ملے گی۔ (تفسیر عثمانی)

نیک عمل کا ثواب

حضرت ابن عباس نے فرمایا تاکہ اعمال صالحہ سے زیادہ ان کو ثواب عنایت کرے (یعنی جتنے ثواب کے وہ اللہ کے مقرر کردہ قانون سے وہ مستحق قرار پاتے ہیں اس سے زیادہ اپنے فضل سے ان کو عطا کرے) صرف ثواب اعمال کا آیت میں ذکر کیا (سزائے کفر نہیں بیان کی)۔

اس میں اشارہ ہے اس امر کی طرف کہ اللہ ثواب دینا ہی چاہتا ہے ہاں جو شخص خود انکار و کفر کر کے عذاب آخرت کو پسند کرے تو اللہ بھی ان کو عذاب دے گا۔

اعمال پر مغرور نہ ہو جاؤ:

اس کی تائید اس حدیث سے ہوتی ہے جو ابوالحارث کی روایت سے امام احمد نے الزہد میں بیان کی ہے کہ اللہ نے حضرت داؤدؑ کے پاس وحی بھیجی۔

besturdubooks.wordpress.com

میرے نیک بندوں کو ڈراؤ وہ مغرور نہ ہو جائیں اور اپنے اعمال پر بھروسہ نہ کر لیں۔ کیونکہ میرے بندوں میں کوئی ایسا بندہ نہ ہوگا کہ میں اس کو حساب فہمی کے لئے کھڑا کروں اور اس کے معاملہ میں عدل سے کام لوں (اور وہ میرے عذاب سے بچ جائے بلکہ جس نیک بندے کو حساب فہمی کے لئے کھڑا کروں گا اور عدل سے کام لوں گا) تو ضرور اس کو عذاب دونگا۔

ابونعیم نے حضرت علی کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ نے بنی اسرائیل کے ایک نبی کے پاس وحی بھیجی کہ اپنی امت کے ان بندوں سے جو اطاعت گذار ہیں کہہ دو کہ اپنے (نیک) اعمال پر بھروسہ نہ کر لیں۔ کیونکہ قیامت کے دن میں جس بندے کو حساب فہمی کے لئے کھڑا کروں گا اور اس کو عذاب دینا چاہوں گا تو عذاب دوں گا (اور یہ ظلم نہ ہوگا عدل ہوگا) اور اپنی امت کے گناہ گاروں سے کہہ دو کہ وہ مایوس نہ ہو جائیں میں بڑے بڑے گناہوں کو بخشتا ہوں اور مجھے (کسی کے گناہ کی) پرواہ نہیں ہوتی۔

نعمتوں کے مقابلہ میں اعمال کچھ نہیں:

طبرانی نے حضرت واثلہ بن اسقع کا بیان نقل کیا ہے کہ قیامت کے دن اللہ ایک ایسے بندے کو اٹھائے گا جس کا کوئی گناہ ہی نہیں ہوگا اور اس سے فرمائے گا (بتا) تجھے دو باتوں میں سے کونسی بات پسند ہے کیا تو اپنے عمل کا بدلہ چاہتا ہے یا میرے فضل کا خواستگار ہے، بندہ عرض کرے گا تو خوب واقف ہے کہ میں نے تیری نافرمانی نہیں کی اللہ فرمائے گا میرے بندے (کے اعمال) کا میری ایک نعمت سے مقابلہ کرو۔ چنانچہ (جب نعمت کا مقابلہ عمل سے کیا جائے گا تو) تمام نیکیوں کو اللہ کی ایک نعمت (مقابلہ کے وقت) اپنے اندر سما لے گی اور کوئی نیکی باقی نہیں رہے گی آخر بندہ عرض کرے گا تیرے فضل و رحمت سے (میں مغفرت کا طلبگار رہوں)

بزار نے حضرت انس کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، قیامت کے دن آدمی کے تین رجسٹر سامنے لائے جائیں گے۔ ایک رجسٹر میں ساری نیکیوں کا اندراج ہوگا دوسرے رجسٹر میں سارے گناہ لکھے ہوں گے اور تیسرے رجسٹر میں اللہ کی نعمتیں درج ہونگی اللہ نعمتوں کے رجسٹر سے سب سے چھوٹی نعمت کو لے کر فرمائے گا اس بندہ کے تمام نیک اعمال کا مقابلہ کر چنانچہ ایک چھوٹی نعمت تمام اعمال کو گھیر لے گی۔ نعمتوں کا رجسٹر کہے گا تیری عزت کی قسم میں نے ابھی پورا پورا احاطہ کیا بھی نہیں ہے کہ سارے نیک اعمال ختم ہو گئے اور گناہ باقی ہیں۔ لیکن جب اللہ کسی بندے پر رحم کرنا چاہے گا تو فرمائے گا، میرے بندے میں نے تیری نیکیاں چند در چند کر دی ہیں (یعنی ہزاروں گنا کر دیں) اور تیرے گناہوں سے درگذر کر لی اور اپنی نعمتیں تجھے بخش دیں۔

طبرانی نے الاوسط میں حضرت ابن عمر کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے لا الہ الا اللہ کہا (یعنی یقین کے ساتھ اقرار کر لیا) اللہ کے نزدیک اس کے لئے (جنت میں) داخل (کرنے کا) ایک پختہ وعدہ ہو گیا۔ اور جس نے سبحان اللہ کہا (یعنی اللہ کو ہر عیب اور برائی سے پاک سمجھا اور اس کا اقرار کیا) اس کے لئے اس کلمہ کی وجہ سے ایک لاکھ نیکیاں لکھدی جائیں گی، ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر ہم ہلاک کیسے ہو سکتے ہیں (یعنی پھر ہم کو عذاب نہیں ہو سکتا) فرمایا قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے قیامت کے دن آدمی ایسے وزنی) اعمال لے کر آئے گا جو پہاڑ پر بھی بھاری ہوں گے لیکن اللہ کی نعمتوں میں سے ایک ہی نعمت کے مقابلہ میں سب ختم ہو جائیں گے، یہ سارا کچھ تو اس روز اللہ کی مہربانی سے ہوگا اللہ اس روز اپنی رحمت سے (جس پر چاہے گا) مہربانی فرمائے گا۔

اللہ کی رحمت جنت میں لے جائے گی:

بخاری اور مسلم نے حضرت عائشہؓ اور حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، سیدھی چال رکھو اور لگے لگے چلو اور خوش ہو جاؤ کیونکہ جنت کے اندر کسی کو اس کے اعمال نہیں لے جائیں گے، صحابہ نے عرض کیا کیا آپ بھی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! (اپنے اعمال کی وجہ سے جنت میں نہیں جائیں گے) فرمایا اور نہ میں مگر یہ کہ اللہ مجھے اپنی مغفرت اور رحمت سے ڈھانک لے۔ مسلم نے یہ حدیث حضرت جابر کی روایت سے بھی بیان کی ہے، اور بزار نے حضرت ابوموسی کے بیٹے اور شریک بن طارق کی روایت سے اور امام احمد نے حضرت ابوسعید خدری کی روایت سے اور طبرانی نے شریک بن طریف اور اسامہ بن شُریک اور اسد بن کرز کی روایت سے یہ حدیث نقل کی ہے۔

حضرت ابن مسعود نے فرمایا، تم پل صراط سے اللہ کے عفو کی وجہ سے پار ہو جاؤ گے اور جنت کے اندر اللہ کی رحمت سے داخل ہو گے اور درجات جنت کی تقسیم تمہارے اعمال کے مطابق ہو گی۔ ابونعیم نے عون بن عبداللہ کی روایت سے بھی یہ قول نقل کیا ہے۔

مسلمان کی آبرو کی حفاظت:

حضرت ابودرداء کا بیان ہے، میں نے خود سنا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے جو مسلم اپنے بھائی کی آبرو کی طرف سے دفاع کرتا ہے اللہ پر اس کا حق ہو جاتا ہے کہ وہ قیامت کے دن دوزخ کی آگ کو اس کی طرف سے لوٹا دے پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی آیت تلاوت فرمائی۔ ترمذی نے اس حدیث کو حسن کہا ہے۔ طبرانی اور اسحاق بن راہویہ نے یہ حدیث حضرت اسماء بنت یزید کی روایت سے بیان کی ہے۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ۝٤٥
بیشک اس کو نہیں بھاتے انکار والے

جو اس سچے مالک کو نہ بھائے اس کا کہاں ٹھکانا۔ (تفسیر عثمانی)

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ يُّرْسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرٰتٍ
اور اس کی نشانیوں میں ایک یہ ہے کہ چلاتا ہے ہوائیں خوشخبری لانے والیاں
وَّلِيُذِيْقَكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ
اور تا کہ چکھائے تم کو کچھ مزہ اپنی مہربانی کا

یعنی باران رحمت کی خوشخبری لاتی ہیں۔ پھر خدا کی مہربانی سے مینہ برستا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دُعاء سے بارش:

حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ جمعہ پڑھ رہے تھے کہ ایک اعرابی کھڑا ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ قحط کی وجہ سے اہل وعیال بھوکے ہیں آپ دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ہم پر باران رحمت نازل فرمائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی وقت ہاتھ اٹھا کر دعا مانگی۔ حضرت انس کہتے ہیں واللہ اس وقت سوائے آفتاب کی تمازت کے آسمان میں ابر کا نام ونشان نہ تھا۔ ادھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ اٹھا کر بارش کی دعا فرمائی کہ یکا یک کوہ صلع کی طرف سے ابر کا ایک ٹکڑا نمودار ہوا اور پھیل کر آسمان کو محیط ہو گیا اور بارش شروع ہو گئی اور نماز سے فارغ ہو کر اسی بارش میں ہم اپنے گھروں کو واپس ہوئے اسی طرح وہ پانی آٹھ روز تک مسلسل برستا رہا۔ یہاں تک کہ دوسرے جمعہ میں وہی شخص یا کوئی دوسرا شخص اثناء خطبہ کھڑا ہوا جس نے پہلے جمعہ کو بارش کی التجا کی تھی اس نے یا کسی اور شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ کثرت بارش سے راستے بند ہو گئے اور مکانات منہدم ہو گئے۔ آپ نے پھر ہاتھ اٹھا کر دعا کی اللّٰھم حوالینا ولا علینا اے اللہ ہمارے اردگرد پہاڑوں اور ٹیلوں پر بارش ہو اور ہم پر نہ ہو۔ اسی وقت بادل کھل گیا اور بارش بند ہو گئی۔

معلوم ہوا کہ یہ اسباب ظاہری جن کے فلاسفہ مدعی ہیں اگر ثابت ہو جائیں تو کوئی مستقل اور قطعی چیز نہیں، اصل سبب اللہ کی قدرت اور اس کا ارادہ اور مشیت ہے۔ (معارف کاندھلوی)

وَلِتَجْرِيَ الْفُلْكُ بِاَمْرِهٖ
اور تا کہ چلیں جہاز اس کے حکم سے

بحری راستے: یعنی بادبانی جہاز اور کشتیاں ہوا سے چلتی ہیں اور دُخانی اسٹیمروں کی رفتار میں بھی باد موافق مدد دیتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝٤٦
اور تا کہ تلاش کرو اس سے فضل سے اور تا کہ تم حق مانو

یعنی جہازوں کے ذریعہ سے تجارتی مال سمندر پار منتقل کر سکو۔ اور اللہ کے فضل سے خوب نفع کماؤ۔ پھر ان نعمتوں پر خدا کا شکر ادا کرتے رہو۔ (تنبیہ) پہلے خشکی تری میں فساد پھیلنے کا ذکر تھا اس کے مقابل یہاں بشارت ونعمت الٰہی کا تذکرہ ہوا۔ شاید یہ بھی اشارہ ہو کہ آندھی اور غبار پھیل جانے کے بعد اُمید رکھو کہ باران رحمت آیا چاہتی ہے۔ ٹھنڈی ہوائیں چل پڑی ہیں جو رحمت و فضل کی خوشخبری سنا رہی ہیں کافروں کو چاہیے کہ شرارت اور کفران نعمت سے باز آ جائیں اور خدا کی مہربانیوں کو دیکھ کر شکر گذار بندے بنیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ
اور ہم بھیج چکے ہیں تجھ سے پہلے کتنے رسول اپنی اپنی قوم کے پاس
فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِيْنَ
سو پہنچے ان کے پاس نشانیاں لے کر پھر بدلہ لیا ہم نے ان سے جو
اَجْرَمُوْا ۭ وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝٤٧
گنہگار تھے اور حق ہے ہم پر مدد ایمان والوں کی

دنیا میں بھی حق وباطل کا فرق ظاہر ہو جاتا ہے:

پہلے فرمایا تھا کہ مقبول اور مردود جُدا کر دیئے جائیں گے منکروں پر انکے انکار کا وبال پڑیگا۔ وہ اللہ کو اچھے نہیں لگتے۔ اب بتلاتے ہیں کہ اس کا اظہار دنیا ہی میں ہو کر رہیگا۔ کیونکہ اللہ کی عادت اور وعدہ ہے کہ مجرمین ومکذبین سے انتقام لے اور مؤمنین کاملین کو اپنی امداد واعانت سے دشمنوں پر غالب کرے بیچ میں ہوا کا ذکر اس واسطے آیا کہ جیسے باران رحمت کے نزول سے پہلے ہوائیں چلتی ہیں اسی طرح دین کے غلبہ کی نشانیاں روشن ہوتی جاتی ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

مؤمنین کی مدد اور اس کی شرط:

فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا ۭ وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ''ہم نے مجرموں کافروں سے انتقام لے لیا، اور ہمارے ذمہ تھا کہ ہم مؤمنین کی مدد کرتے'' اس آیت سے معلوم ہوا کہ مؤمنین کی مدد کرنا اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے اپنے ذمہ لے لیا ہے، اس کا تقاضا بظاہر یہ تھا کہ مسلمانوں کو کفار کے مقابلہ میں کبھی شکست نہ ہو، حالانکہ بہت سے واقعات اس کے خلاف بھی ہوئے ہیں اور ہوتے رہتے ہیں، اس کا جواب خود اسی آیت میں موجود ہے کہ مؤمنین سے مراد وہ مجاہدین فی سبیل اللہ ہیں جو خالص اللہ کے لئے کفار سے جنگ کرتے ہیں، ایسے لوگوں کا ہی انتقام اللہ تعالیٰ مجرمین سے لیتے ہیں اور ان کو غالب

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

کرتے ہیں، جہاں کہیں اس کے خلاف کوئی صورت پیش آتی ہے وہاں عموماً مجاہدین کی کوئی لغزش ان کی شکست کا سبب بنتی ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

اَللّٰهُ الَّذِیْ یُرْسِلُ الرِّیٰحَ فَتُثِیْرُ سَحَابًا فَیَبْسُطُهٗ
اللہ ہے جو چلاتا ہے ہوائیں پھر وہ اٹھاتی ہیں بادل کو پھر پھیلا دیتا ہے
فِی السَّمَآءِ کَیْفَ یَشَآءُ
اس کو آسمان میں جس طرح چاہے

بارش کے نظام سے عبرت: یعنی پہلے کسی طرف پیچھے کسی طرف، اسی طرح دین بھی پھیلائیگا۔ چنانچہ پھیلا دیا۔ (تفسیر عثمانی)

وَیَجْعَلُهٗ کِسَفًا فَتَرَی الْوَدْقَ یَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ
اور رکھتا ہے اس کو تہ بہ تہ پھر تو دیکھے مینہ کو کہ نکلتا ہے اسکے بیچ میں سے
فَاِذَآ اَصَابَ بِهٖ مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ
پھر جب اس کو پہنچاتا ہے جس کو کہ چاہتا ہے اپنے بندوں میں
اِذَا هُمْ یَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۴۸﴾
تبھی وہ لگتے ہیں خوشیاں کرنے

اسی طرح جو ایمانی اور روحانی بارش سے متمتع ہونگے وہ خوشیاں منائیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِنْ کَانُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ یُّنَزَّلَ عَلَیْهِمْ
اور پہلے سے ہو رہے تھے اس کے اترنے سے
مِّنْ قَبْلِهٖ لَمُبْلِسِیْنَ ﴿۴۹﴾
پہلے ہی ناامید

یعنی پہلے سے لوگ ناامید ہو رہے تھے۔ حتیٰ کہ بارش آنے سے ذرا پہلے تک بھی اُمید نہ تھی کہ مینہ برس کر ایسی جگ پر لو ہو جائے گی۔ انسان کا حال بھی عجیب ہے۔ ذرا دیر میں ناامید ہو کر بیٹھ جاتا ہے پھر ذرا سی دیر میں خوشی سے کھل پڑتا ہے۔

فَانْظُرْ اِلٰۤی اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ کَیْفَ
سو دیکھ لے اللہ کی مہربانی کی نشانیاں کیونکر
یُحْیِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا
زندہ کرتا ہے زمین کو اس کے مرگئے پیچھے

رحمتِ الٰہی کے کرشمے: یعنی چند گھنٹے پہلے ہر طرف خاک اڑ رہی تھی اور زمین خشک، بے رونق اور مُردہ پڑی تھی ناگہاں اللہ کی مہربانی سے زندہ ہو کر لہلہانے لگی۔ بارش نے اُس کی پوشیدہ قوتوں کو کتنی جلد اُبھار دیا۔ یہی حال روحانی بارش کا سمجھو، اُس سے مُردہ دلوں میں جان پڑیگی اور خدا کی زمین ظَهَرَ الْفَسَادُ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ والی موت کے بعد دوبارہ زندہ ہو جائیگی۔ ہر طرف رحمتِ الٰہی کے نشان اور دین کے آثار نظر آئیں گے جو قابلیتیں مدت سے مٹی میں مل رہی تھیں، بارانِ رحمت کا ایک چھینٹا اُن کو اُبھار کر نمایاں کر دیگا۔ چنانچہ حق تعالیٰ نے بعثت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ سے یہ جلوہ دنیا کو دکھلا دیا۔ ہمارے صوبہ کے شاعر حکیم نے کیا خوب کہا ہے۔

ہے یہ وہ نام خاک کو پاک کرے نکھار کر
ہے یہ وہ نام خار کو پھول کرے سنوار کر
ہے یہ وہ نام ارض کو کر دے سما اُبھار کر
اکبر اسی کا ورد تو صدق سے بے شمار کر

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

اِنَّ ذٰلِکَ لَمُحْیِ الْمَوْتٰی ۚ وَهُوَ
بیشک وہی ہے مردوں کو زندہ کرنے والا اور وہ
عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۵۰﴾
ہر چیز کر سکتا ہے

مردہ روحوں اور مردہ جسموں کی زندگی: یعنی یہاں مُردہ دلوں کو روحانی زندگی عطا فرمائے گا اور قیامت کے دن مُردہ لاشوں میں دوبارہ جان ڈالیگا۔ اُس کی قدرتِ کاملہ کے آگے کوئی چیز مشکل نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَئِنْ اَرْسَلْنَا رِیْحًا فَرَاَوْهُ مُصْفَرًّا
اور اگر ہم بھیجیں ایک ہوا پھر دیکھیں وہ کھیتی کو کہ زرد
لَّظَلُّوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ یَکْفُرُوْنَ ﴿۵۱﴾
پڑ گئی تو لگیں اُس کے پیچھے ناشکری کرنے

یعنی پہلے ناامید تھے، بارش آئی، زمین جی اُٹھی، خوشیاں منانے لگے۔ اب اگر اس کے بعد ہم ایک ہوا چلا دیں جس سے کھیتیاں خشک ہو کر زرد پڑ

besturdubooks.wordpress.com

جائیں تو یہ لوگ فوراً پھر بدل جائیں اور اللہ کے سب احسان فراموش کر کے ناشکری شروع کر دیں۔ غرض ان کا شکر اور ناشکری سب دنیوی اغراض کے تابع ہے اور یہاں اس پر فرمایا کہ اللہ کی مہربانی سے مُراد پا کر بندہ نڈر نہ ہو جائے اُس کی قدرت رنگا رنگ ہے۔ معلوم نہیں دی ہوئی نعمت کب سلب کر لے۔ اور شاید ادھر بھی اشارہ ہو کہ دین کی کھیتی دنیا میں سرسبز و شاداب ہونے کے بعد پھر باد مخالف کے جھونکوں سے مُرجھا کر زرد پڑ جائیگی۔ اُس وقت مایوس ہو کر ہمت ہارنی نہیں چاہیے۔ (تفسیر عثمانی)

فَإِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتَىٰ وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَاءَ
سو تو سُنا نہیں سکتا مردوں کو اور نہیں سنا سکتا بہروں کو پکارنا
إِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِينَ ۝ وَمَا أَنتَ بِهَادِ الْعُمْيِ عَن
جبکہ پھریں پیٹھ دے کر اور نہ تو راہ سُجھائے اندھوں کو ان کے
ضَلَالَتِهِمْ ۖ إِن تُسْمِعُ إِلَّا مَن يُؤْمِنُ
بھٹکنے سے تو تو سُنائے اُسی کو جو یقین لائے
بِآيَاتِنَا فَهُم مُّسْلِمُونَ ۝
ہماری باتوں پر، سو وہ مسلمان ہوتے ہیں

کوئی نہ مانے تو پیغمبر پر کوئی عذر نہیں:

یعنی اللہ کو سب قدرت ہے، مُردہ کو زندہ کر دے، تم کو یہ قدرت نہیں کہ مُردوں سے اپنی بات منوا سکو یا بہروں کو سنا دو۔ یا اندھوں کو دکھلا دو، خصوصاً جب وہ سننے اور دیکھنے کا ارادہ بھی نہ کریں پس آپ ان کے کفر و ناسپاسی سے ملول و غمگین نہ ہوں۔ آپ صرف دعوت و تبلیغ کے ذمہ دار ہیں کوئی بدبخت نہ مانے تو آپ کا کیا نقصان ہے آپ کی بات وہی سنیں گے جو ہماری باتوں پر یقین کر کے تسلیم و انقیاد کی خُو اختیار کرتے ہیں۔

سماع موتیٰ کا مسئلہ:

(تنبیہ) اسی قسم کی آیت سورۂ "نمل" کے آخر میں گذر چکی، اُس پر ایک نظر ڈال لی جائے۔ مفسرین نے اس موقع پر "سماع موتیٰ" کی بحث چھیڑ دی ہے۔ اس مسئلہ میں صحابہ رضی اللہ عنہم کے عہد سے اختلاف چلا آتا ہے اور دونوں جانب سے نصوص قرآن وحدیث پیش کی گئی ہیں۔ یہاں ایک بات سمجھ لو کہ یوں تو دنیا میں کوئی کام اللہ کی مشیت و ارادہ کے بدوں نہیں ہو سکتا مگر آدمی جو کام اسباب عادیہ کے دائرہ میں رہ کر باختیار خود کرے وہ اُس کی طرف منسوب ہوتا ہے اور جو عام عادت کے خلاف غیر معمولی طریقہ سے ہو جائے اُسے براہ راست حق تعالیٰ کی طرف نسبت کرتے ہیں۔ مثلاً کسی نے گولی مار کر کسی کو ہلاک کر دیا یہ اُس قاتل کا فعل کہلائیگا۔ اور فرض کیجئے ایک مٹھی کنکریاں پھینکیں جس سے لشکر تباہ ہو گیا، اُسے کہیں گے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے تباہ کر دیا باوجودیکہ گولی سے ہلاک کرنا بھی اُسی کی قدرت کا کام ہے۔ ورنہ اُس کی مشیت کے بدون گولی یا گولا کچھ بھی اثر نہیں کر سکتا۔ قرآن کریم میں دوسری جگہ فرمایا فَلَمْ تَقْتُلُوهُمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ قَتَلَهُمْ ۚ وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ رَمَىٰ (انفال۔ رکوع ۲) یہاں خارق عادت ہونے کی وجہ سے پیغمبر اور مسلمانوں سے "قتل" "رمی" کی نفی کر کے براہ راست اللہ تعالیٰ کی طرف نسبت کی گئی۔ ٹھیک اسی طرح إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتَىٰ کا مطلب سمجھو۔ یعنی تم یہ نہیں کر سکتے کہ کچھ بولو اور اپنی آواز مُردے کو سنا دو۔ کیونکہ یہ چیز ظاہری اور عادی اسباب کے خلاف ہے۔ البتہ حق تعالیٰ کی قدرت سے ظاہری اسباب کے خلاف تمہاری کوئی بات مُردہ سن لے اس کا انکار کوئی مؤمن نہیں کر سکتا۔ اب نصوص سے جن باتوں کا اس غیر معمولی طریقہ سے سننا ثابت ہو جائیگا اُسی حد تک ہم کو سماع موتیٰ کا قائل ہونا چاہئے۔ محض قیاس کر کے دوسری باتوں کو سماع کے تحت میں نہیں لا سکتے۔ بہرحال آیت میں "اسماع" کی نفی سے مطلقاً سماع کی نفی نہیں ہوتی۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

مسلم نے حضرت انس بن مالک کی روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کے مقتولوں کو یونہی تین روز پڑا رہنے دیا جب ان کی لاشوں میں عفونت آ گئی تو ان کی طرف تشریف لے گئے اور (ان کو خطاب کر کے) پکار کر فرمایا، اے امیہ بن خلف اے ابوجہل بن ہشام اے عتبہ بن ربیعہ کیا تمہارے رب نے جو وعدہ کیا تھا وہ تم نے صحیح پالیا۔ حضرت عمرؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز سن کر فوراً آ گئے اور عرض کیا "اے اللہ کے رسول تین روز کے بعد بھی آپ ان کو پکار رہے ہیں کیا یہ سن رہے ہیں، اللہ نے تو فرمایا ہے إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتَىٰ حضور نے فرمایا "قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے تم ان سے زیادہ سننے والے نہیں لیکن یہ جواب نہیں دے سکتے"۔ حضرت ابن عمر سے بھی ایسی ہی روایت آئی ہے۔ میں کہتا ہوں اگر یہ روایت صحیح ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، مردے زندوں کا کلام سنتے ہیں تو اس صورت میں آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ اپنے اختیار و قوت سے مُردوں کو نہیں سنا سکتے (کہ جب چاہو مردوں کو اپنا کلام سنا دو) بلکہ اللہ جب چاہتا ہے مردوں کو زندوں کا کلام سنا دیتا ہے، یا یہ مطلب ہے کہ تم مردوں کو ایسی بات نہیں سنا سکتے جو ان کو کوئی فائدہ پہنچا سکے (کیونکہ ہر ہدایت پر عمل کرنے کا وقت گذر گیا)۔ (تفسیر مظہری)

اللَّهُ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن ضَعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ
اللہ ہے جس نے بنایا تم کو کمزوری سے پھر دیا

besturdubooks.wordpress.com

مِنْۢ بَعْدِ ضَعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ

کمزوری سے پیچھے زور پھر دے گا زور کے پیچھے

ضَعْفًا وَّشَيْبَةً ۭ يَخْلُقُ مَا يَشَاۗءُ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْقَدِيْرُ

کمزوری اور سفید بال بناتا ہے جو چاہے اور وہ سب کچھ جانتا کر سکتا

انسانی زندگی کے اُتار چڑھاؤ:

یعنی بچہ شروع میں پیدائش کے وقت بیحد کمزور و ناتوان ہوتا ہے۔ پھر آہستہ آہستہ قوت آنے لگی ہے حتیٰ کہ جوانی کے وقت اُس کا زور انتہا کو پہنچ جاتا ہے اور تمام قوتیں شباب پر ہوتی ہیں، پھر عمر ڈھلنے لگتی ہے اور زور وقوت کے پیچھے کمزوری کے آثار نمایاں ہونے لگتے ہیں جس کی آخری حد بڑھاپا ہے۔ اُس وقت تمام اعضاء ڈھیلے پڑ جاتے اور قویٰ معطل ہونے لگتے ہیں۔ قوت وضعف کا یہ سب اُتار چڑھاؤ اللہ کے ہاتھ میں ہے وہ جس طرح چاہے کسی چیز کو بنائے۔ اور قوت وضعف کے مختلف ادوار میں گذارے۔ اُسی کو قدرت حاصل ہے اور وہ ہی جانتا ہے کہ کس چیز کو کس وقت تک کن حالات میں رکھنا مناسب ہے۔ لہٰذا اُسی خدا کی اور اُس کے پیغمبروں کی باتیں ہمیں سننی چاہئیں۔ شاید اس میں یہ بھی اشارہ کر دیا کہ جس طرح تم کو کمزوری کے بعد زور دیا، مسلمانوں کو بھی ضعف کے بعد قوت عطا کریگا اور جو دین بظاہر اس وقت کمزور نظر آتا ہے کچھ دنوں بعد زور پکڑیگا اور اپنے شباب وعروج کو پہنچے گا۔ اُس کے بعد پھر ہوسکتا ہے کہ ایک زمانہ مسلمانوں کے ضعف کا آئے سو یاد رکھنا چاہئے کہ خدائے قادر وتوانا ہر وقت ضعف کو قوت سے تبدیل کر سکتا ہے۔ ہاں ایسا کرنے کی خاص صورتیں اور اسباب ہوتے ہیں۔ واللہ اعلم۔

وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ڏ

اور جس دن قائم ہوگی قیامت قسمیں کھائیں گے گنہگار

مَا لَبِثُوْا غَيْرَ سَاعَةٍ ۭ

کہ ہم نہیں رہے تھے ایک گھڑی سے زیادہ

قیامت آئے گی تو دنیا کی زندگی کی حقیقت کھلے گی:

یعنی قبر میں یا دنیا میں رہنا تھوڑا معلوم ہوگا جب مصیبت سر پر کھڑی نظر آئے گی کہیں گے کہ افسوس بڑی جلدی دنیا کی اور برزخ کی زندگی ختم ہوگئی۔ کچھ بھی مہلت نہ ملی جو ذرا سی دیر اور اس عذاب الیم سے بچے رہتے۔ یا دنیا میں کچھ زیادہ مدت ٹھہرنے کا موقع ملتا تو اس دن کے لئے تیاری کرتے یہ تو ایک دم مصیبت کی گھڑی سامنے آ گئی۔ (تفسیر عثانی)

برزخی زندگی: اور یہ بھی احتمال ہے کہ اس قیام سے مراد قبر اور برزخ کا قیام ہو، اور مطلب یہ ہو کہ ہم تو سمجھتے تھے کہ قبر یعنی عالم برزخ میں قیام بہت طویل ہوگا اور قیامت بہت زمانہ کے بعد آئے گی، مگر معاملہ برعکس ہوگیا، کہ ہم برزخ میں تھوڑے ہی دیر ٹھہرنے پائے تھے کہ قیامت آ گئی، اور یہ جلدی آنا ان کو اس بناء پر محسوس ہوگا کہ قیامت میں ان کے لئے کوئی خوشی وراحت کی چیز تو تھی نہیں، مصیبت ہی مصیبت تھی، اور انسانی فطرت یہ ہے کہ مصیبت آنے کے وقت پچھلی راحت کے زمانے کو بہت مختصر سمجھنے لگتا ہے، اور کافروں کو اگرچہ قبر و برزخ میں بھی عذاب ہوگا مگر قیامت کے عذاب کے مقابلہ میں وہ بھی راحت محسوس ہونے لگے گا، اور اس زمانے کو مختصر سمجھ کر قسم کھائیں گے کہ قبر میں ہمارا قیام بہت مختصر ایک گھڑی کا تھا۔ (معارف مفتی اعظم)

كَذٰلِكَ كَانُوْا يُؤْفَكُوْنَ

اسی طرح تھے اُلٹے جاتے

مشرکین کی غلط سوچ: یعنی جیسے اُس وقت یہ کہنا جھوٹ اور غلط ہوگا اسی طرح سمجھو کہ دنیا میں بھی یہ لوگ غلط خیالات جماتے اور الٹی باتیں کیا کرتے تھے۔ (تفسیر عثانی)

وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَالْاِيْمَانَ لَقَدْ

اور کہیں گے جن کو ملی ہے سمجھ اور یقین تمہارا

لَبِثْتُمْ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ اِلٰى يَوْمِ الْبَعْثِ ۡ فَهٰذَا

ٹھہرانا تھا اللہ کی کتاب میں جی اٹھنے کے دن تک سو یہ ہے

يَوْمُ الْبَعْثِ وَلٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ

جی اٹھنے کا دن پر تم نہیں تھے جانتے

مشرکین کے خیال کی تردید: یعنی مؤمنین اور ملائکہ اُس وقت اُن کی تردید کریں گے کہ تم جھوٹ بکتے ہو یا دھوکہ میں پڑے ہو جو کہتے ہو کہ قبر میں یا دنیا میں ایک گھڑی سے زیادہ ٹھہرنا نہیں ہوا۔ تم ٹھیک اللہ کے علم اور اُس کی خبر اور لوح محفوظ کے نوشتہ کے موافق قیامت کے دن تک ٹھہرے، ایک منٹ کی بھی کمی نہیں ہوئی۔ آج عین وعدہ کے موافق وہ دن آ پہنچا۔ اب وہ دیکھ لو جسے تم جانتے اور مانتے نہ تھے۔ اگر پہلے سے اس دن کا یقین کرتے تو تیار ہو کر آتے اور یہاں کی مسرتیں دیکھ کر کہتے کہ اس دن کے آنے میں بہت دیر لگی۔ بڑے انتظار و اشتیاق کے بعد آیا۔ جیسا کہ مؤمنین سمجھتے ہیں۔ (تفسیر عثانی)

قبر میں کوئی جھوٹ نہ بول سکے گا:

قبر کے سوال و جواب میں احادیث صحیحہ میں مذکور ہے کہ جب کافر سے

besturdubooks.wordpress.com

پوچھا جائے گا کہ تیرا رب کون ہے اور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کون ہیں؟ تو وہ کہے گا، ھَاہْ ھَاہْ لَا اَدْرِیْ، ''ہائے ہائے میں کچھ نہیں جانتا'' اگر وہاں جھوٹ بولنے کا اختیار ہوتا تو کیا مشکل تھا کہہ دیتا کہ میرا رب اللہ ہے، اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں، تو یہ ایک عجیب بات ہے کہ کافر لوگ اللہ کے سامنے تو جھوٹ بولنے پر قادر ہوں اور فرشتوں کے سامنے جھوٹ نہ بول سکیں، مگر غور کیا جائے تو کچھ تعجب کی بات نہیں، وجہ یہ ہے کہ فرشتے نہ تو عالم الغیب ہیں، نہ ان کو اختیار ہے کہ ہاتھ پاؤں کی گواہی لے کر اس پر حجت تمام کر دیں، اگر ان کے سامنے جھوٹ بولنے کا اختیار ہوتا تو سب کافر فاجر عذاب قبر سے بے فکر ہو جاتے، بخلاف اللہ جل شانہ کے کہ وہ دلوں کے حال سے بھی واقف ہیں، اور اعضاء و جوارح کی شہادت سے اس کا جھوٹ کھول دینے پر قادر بھی ہیں، اس لئے محشر میں یہ آزادی دیدینا عدالتی انصاف میں کوئی خلل پیدا نہیں کرتا۔ واللہ اعلم۔ (معارف مفتی اعظم)

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يَنفَعُ الَّذِينَ ظَلَمُوا مَعْذِرَتُهُمْ

سو اُس دن کام نہ آئے گا ان گنہگاروں کو قصور بخشوانا

وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ ﴿٥٧﴾

اور نہ ان سے کوئی منانا چاہے

کوئی عذر و معذرت بھی نہ ہو سکے گی:

یعنی نہ کوئی معقول عذر پیش کر سکیں گے جو کام آئے اور نہ اُن سے کہا جائیگا کہ اچھا اب توبہ اور اطاعت سے اپنے پروردگار کو راضی کر لو، کیونکہ اس کا وقت گذر چکا اب تو ہمیشہ کی سزا بھگتنے کے سوا چارہ نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِي هَٰذَا الْقُرْآنِ مِن

اور ہم نے بتلائی ہے آدمیوں کے واسطے اس قرآن میں ہر ایک

كُلِّ مَثَلٍ ۚ وَلَئِن جِئْتَهُم بِآيَةٍ لَّيَقُولَنَّ

طرح کی مثل اور جو تو لائے ان کے پاس کوئی آیت تو ضرور کہیں

الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ أَنتُمْ إِلَّا مُبْطِلُونَ ﴿٥٨﴾

وہ منکر تم سب جھوٹ بناتے ہو

تفہیم قرآن: یعنی اُس وقت پچھتائیں گے اور آج خدا کی خوشنودی حاصل کرنے کا موقع ہے قرآن کریم کیسی عجیب مثالیں اور دلیلیں بیان کر کے طرح طرح اُن کو سمجھاتا ہے، پر اُن کی سمجھ میں کوئی بات نہیں آتی، کیسی ہی آیتیں پڑھ کر سنائیے یا صاف سے صاف معجزے دکھلایئے وہ سن کر اور دیکھ کر یہی کہہ دیتے ہیں کہ تم (پیغمبر اور مسلمان) سب مل کر جھوٹ بنا لائے ہو۔ ایک نے چند آیتیں بنالیں دوسروں نے تصدیق کر دی۔ ایک نے جادو دکھلایا دوسرے اُس پر ایمان لانے کو تیار ہو گئے۔ اس طرح ملی بھگت کر کے اپنا مذہب پھیلانا چاہتے ہو۔ (تفسیر عثمانی)

كَذَٰلِكَ يَطْبَعُ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٥٩﴾

یوں مہر لگا دیتا ہے اللہ ان کے دلوں پر جو سمجھ نہیں رکھتے

ضد و عناد کا انجام: یعنی جو آدمی نہ سمجھے نہ سمجھنے کی کوشش کرے اور ضد و عناد سے ہر بات کا انکار کرتا رہے اسی طرح شدہ شدہ اُس کے دل پر مہر لگ جاتی ہے اور آخر کار ضد و عناد سے دل اتنا سخت ہو جاتا ہے کہ قبول حق کی استعداد بھی ضائع کر بیٹھتا ہے۔ العیاذ باللہ! (تفسیر عثمانی)

لَا يَعْلَمُونَ سے مراد یہ ہے کہ اللہ کی توحید سے ناواقف ہیں یا یہ مراد ہے کہ ان کو علم کی طلب ہی نہیں ہے اپنے بیہودہ عقائد پر جمے ہوئے ہیں، جہل مرکب معرفتِ حق سے روکتا اور تکذیب حق پر آمادہ کرتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَاصْبِرْ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ ۖ وَلَا

سو تو قائم رہ بیشک اللہ کا وعدہ ٹھیک ہے اور

يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِينَ لَا يُوقِنُونَ ﴿٦٠﴾

آکھاڑ نہ دیں تجھ کو وہ لوگ جو یقین نہیں لاتے

دعوت کیلئے صبر و تحمل ضروری ہے:

یعنی جب ان بدبختوں کا حال ضد و عناد کے اس درجہ پر پہنچ گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم انکی شرارتوں سے رنجیدہ نہ ہوں۔ بلکہ پیغمبرانہ صبر و تحمل کے ساتھ اپنے دعوۃ و اصلاح کے کام میں لگے رہیں۔ اللہ نے جو آپ سے فتح و نصرت کا وعدہ کیا ہے یقیناً پورا کر کے رہیگا۔ اُس میں رتی برابر تفاوت و تخلف نہیں ہو سکتا۔ آپ اپنے کام پر جمے رہئے۔ یہ بدعقیدہ اور بے یقین لوگ آپ کو ذرا بھی آپ کے مقام سے جنبش نہ دے سکیں گے۔ تمت سورۃ الروم وللہ الحمد والمنۃ۔ (تفسیر عثمانی)

کامل وضو نہ کرنے کا اثر: ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن صبح کی نماز پڑھاتے ہوئے اسی سُورت کی قراءت کی۔ اثنائے قراءت میں آپ کو وہم سا ہو گیا فارغ ہو کر فرمانے لگے تم میں بعض ایسے لوگ ہیں جو ہمارے ساتھ نماز میں شامل ہو جاتے ہیں لیکن باقاعدہ ٹھیک ٹھیک وضوء نہیں کرتے۔ تم میں سے جو بھی ہمارے ساتھ نماز میں شامل ہو اُسے اچھی طرح وضوء کرنا چاہیے۔ (مسند احمد) اس کی اسناد حسن ہے، متن بھی حسن ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

besturdubooks.wordpress.com

سورة لقمان

یہ کتاب خاص نیکی اختیار کرنے والوں کے لئے سرمایہ رحمت و ہدایت ہے۔ کیونکہ وہ ہی لوگ اس سے منتفع ہوتے ہیں۔ ورنہ نفس نصیحت وفہمائش کے لحاظ سے تو تمام جن و انس کے حق میں ہدایت ورحمت بن کر آتی ہے۔

سُوْرَةُ لُقْمٰنَ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اَرْبَعٌ وَّثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّاَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ

سورہ لقمان مکہ میں نازل ہوئی اس کی چونتیس آیتیں ہیں اور چار رکوع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمّٓ ﴿۱﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾

یہ آیتیں ہیں پکی کتاب کی

هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳﴾

ہدایت ہے اور مہربانی نیکی کرنے والوں کے لئے

سرمایہ ہدایت ورحمت:

یہ کتاب خاص نیکی اختیار کرنے والوں کے لئے سرمایہ رحمت و ہدایت ہے۔ کیونکہ وہ ہی لوگ اس سے منتفع ہوتے ہیں۔ ورنہ نفس نصیحت وفہمائش کے لحاظ سے تو تمام جن و انس کے حق میں ہدایت ورحمت بن کر آئی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ

جو کہ قائم رکھتے ہیں نماز اور دیتے ہیں زکوۃ

وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿۴﴾ اُولٰٓئِكَ عَلٰى

اور وہ ہیں جو آخرت پر اُن کو یقین ہے انہوں نے پائی

هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵﴾

یہ راہ اپنے رب کی طرف سے اور وہی مراد کو پہنچے

سورۂ بقرہ کے شروع میں اسی طرح کی آیات گزر چکی ہیں وہاں کے فوائد دیکھ لئے جائیں۔ (تفسیر عثمانی)

حکم زکوٰۃ: يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ اس آیت میں زکوۃ کا حکم ہے، حالانکہ آیت مکی ہے، اس سے معلوم ہوا کہ اصل زکوۃ کا حکم مکہ معظمہ ہی میں ہجرت سے پہلے آ چکا تھا، اور یہ جو مشہور ہے کہ زکوۃ کا حکم ہجرت کے دوسرے سال میں نافذ ہوا اس سے مراد نصابوں کا تقرر اور مقدار واجب کی تفصیلات اور حکومتِ اسلامیہ کی طرف سے اس کی وصول یابی اور مصرف پر خرچ کرنے کا انتظام ہے، یہ ہجرت کے دوسرے سال میں ہوا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ

اور ایک وہ لوگ ہیں کہ خریدار ہیں کھیل کی باتوں کے

لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖ وَّيَتَّخِذَهَا

تا کہ بچلائیں اللہ کی راہ سے بن سمجھے اور ٹھہرائیں

هُزُوًا ۭ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۶﴾

اُس کو ہنسی وہ جو ہیں اُن کو ذلت کا عذاب ہے

فضولیات کے خریدار:

سعدائے مفلحین کے مقابلہ میں یہ اُن اشقیاء کا ذکر ہے جو اپنی جہالت اور ناعاقبت اندیشی سے قرآن کریم کو چھوڑ کر ناچ رنگ کھیل تماشے یا دوسری واہیات وخرافات میں مستغرق ہیں چاہتے ہیں، کہ دوسروں کو بھی ان ہی مشاغل وتفریحات میں لگا کر اللہ کے دین اور اُس کی یاد سے برگشتہ کر دیں اور دین کی باتوں پر خوب ہنسی مذاق اڑائیں حضرت حسن لَهْوَ الْحَدِيْثِ کے متعلق فرماتے ہیں ”کل ماشغلک عن عبادة اللّٰه وذکره من السمر والاضاحیک والخرافات والغناء ونحوها“ (روح المعانی) یعنی لہوالحدیث ہر وہ چیز ہے جو اللہ کی عبادت اور یاد سے ہٹانے والی ہو۔ مثلاً فضول قصہ گوئی ہنسی مذاق کی باتیں واہیات مشغلے اور گانا بجانا وغیرہ)

قریش کا سردار نضر بن حارث:

روایت میں ہے کہ نضر بن حارث جو رؤسائے کفار میں تھا بغرض تجارت فارس جاتا تو وہاں سے شاہانِ عجم کے قصص وتواریخ خرید کر لاتا اور قریش سے کہتا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم تم کو عاد وثمود کے قصے سناتے ہیں۔ آؤ میں تم کو رستم واسفندیار اور شاہانِ ایران کے قصے سناؤں بعض لوگ اُن کو دلچسپ سمجھ کر اُدھر متوجہ ہو جاتے۔ نیز اُس نے ایک گانے والی لونڈی خرید کی تھی، جس کو دیکھتا کہ دل نرم ہوا اور اسلام کی طرف جھکا، اُس کے پاس لے جاتا اور کہہ دیتا کہ

besturdubooks.wordpress.com

اسے کھلا پلا اور گانا سنا پھر اُس شخص کو کہتا کہ دیکھو یہ اُس سے بہتر ہے جدھر محمد صلی اللہ علیہ وسلم بلاتے ہیں کہ نماز پڑھو، روزہ رکھو، اور جان مارو اس پر یہ آیات نازل ہوئیں۔ (تنبیہ) شان نزول گو خاص ہو مگر عموم الفاظ کی وجہ سے حکم عام رہے گا۔ جو لہو (شغل) دین اسلام سے پھر جانے یا پھیر دینے کا موجب ہو حرام بلکہ کفر ہے۔ اور جو احکام شرعیہ ضروریہ سے باز رکھے یا سبب معصیت بنے وہ معصیت ہے، ہاں جو لہو کسی امر واجب کا مفوت (فوت کرنے والا) نہ ہو اور کوئی شرعی غرض و مصلحت بھی اُس میں نہ ہو وہ مُباح لیکن لایعنی ہونے کی وجہ سے خلاف اولیٰ ہے۔ گھوڑ دوڑ، یا تیراندازی اور نشان بازی یا زوجین کی ملاعبت (جو حد شریعت میں ہو) چونکہ معتدبہ اغراض و مصالح شرعیہ پر مشتمل ہیں اس لئے لہو باطل سے مستثنیٰ قرار دی گئی ہیں۔ رہا غنا و سماع کا مسئلہ اُس کی تفصیل کتب فقہ وغیرہ میں دیکھنی چاہیے۔ مزامیر و ملاہی کی حُرمت پر تو صحیح بخاری میں حدیث موجود ہے۔ البتہ نفس غنا کو ایک درجہ تک مُباح لکھتے ہیں اُس کی قیود و شروط بھی کتابوں میں دیکھ لی جائیں۔ صاحب روح المعانی نے آیت ہذا کے تحت میں مسئلہ غنا و سماع کی تحقیق نہایت شرح و بسط سے کی ہے۔ فلیراجع۔ (تفسیر عثمانی)

ابن جریر نے بروایت عوفی حضرت ابن عباسؓ کا بیان نقل کیا ہے کہ اس آیت کا نزول ایک قریشی شخص کے حق میں ہوا جس نے ایک مغنیہ باندی خریدی تھی۔

گانا سکھانے کا پیشہ:

بغوی نے حضرت ابو سلمہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گانے والی عورتوں کو (گانے کی) تعلیم دینی جائز نہیں اور ان کی قیمت حرام ہے (یعنی ان کو فروخت کرنا ناجائز ہے) اور ایسے ہی شخص کی بابت وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِىْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ الخ نازل ہوئی ہے۔

گانا گانے کی سزا:

جو آدمی گانے کے لئے آواز اٹھاتا ہے اللہ دو شیطان اس پر مسلط کر دیتا ہے ایک اس مونڈھے پر اور دوسرا اس مونڈھے پر بیٹھے اپنی لاتیں اس وقت تک اس پر مارتے رہتے ہیں جب تک وہ خود ہی خاموش نہ ہو جائے۔ ترمذی وغیرہ نے حضرت ابو امامہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، گانے والی (باندیوں) کو نہ بیچو نہ خریدو ان کی تجارت میں کوئی بھلائی نہیں، ان کی قیمت حرام ہے اور ایسے ہی شخص کی بابت آیت وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِىْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ نازل ہوئی۔

حضرت مکحولؒ کا تقویٰ:

مکحول کا قول ہے کہ جس نے گانے بجانے کی غرض سے کسی گانے بجانے والی باندی کو خریدا اور اس پر مرتے دم تک قائم رہا اس کے جنازے کی نماز نہیں پڑھوں گا، کیونکہ اللہ نے فرمایا ہے وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِىْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ الخ۔

حضرت ابن مسعودؓ حضرت ابن عباسؓ حسن عکرمہؒ اور سعید بن جبیرؒ کے نزدیک لہو الحدیث سے گانا سننا مراد ہے اور غنا ہی کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی۔ ابو الصہباء بکری کا بیان ہے میں نے حضرت ابن مسعودؓ سے اس آیت کے متعلق دریافت کیا حضرت ابن مسعودؓ نے تین بار فرمایا، قسم ہے اس کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں یہ (لَهْوَ الْحَدِيْثِ) غناء ہے۔ ابن جریج کے نزدیک لَهْوَ الْحَدِيْثِ سے طبل (ڈھول، طبلہ) مراد ہے۔

میں کہتا ہوں مورد نزول اگرچہ کوئی خاص چیز ہو غنا (گانا سننا) ہو یا عجمی قصے، داستانیں لیکن الفاظ عام ہیں اور عموم الفاظ ہی قابل اعتبار ہیں اسی لئے قتادہ نے کہا کہ آیت میں ہر لہو و لعب مراد ہے اور ضحاک کے نزدیک شرک مراد ہے۔

مسئلہ: باتفاق فقہاء ہر قسم کا باجا طبلہ ڈھول وغیرہ خواہ بغیر تار کے بجایا جائے یا تار کے ساتھ بہر حال حرام ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے کی قیمت اور بانسری و بین کی کمائی سے منع فرمایا ہے، رواہ البغوی حضرت ابو مالک اشعری کا بیان ہے، میں نے خود سُنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے میری امت کے کچھ لوگ شرابیں پئیں گے اور ان کا نام کچھ اور رکھ دیں گے۔ ان کے سامنے باجے بجائے جائیں گے اور گانے والیاں گائیں گی اللہ ان کو زمین میں دھنسا دے گا اور بعض کو بندر اور سور بنا دے گا۔ رواہ ابن ماجہ ابن حبان نے اس کو صحیح قرار دیا ہے، اس کی اصل صحیح بخاری میں موجود ہے، حضرت علی ابن ابی طالب راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جب میری امت پندرہ باتیں کرے گی تو اس پر مصائب کا نزول ہو گا۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہ کیا باتیں ہیں؟ حضور نے فرمایا،

(۱) جب مال غنیمت کو دولت سمجھ لیا جائے گا۔
(۲) جب امانت کے مال کو غنیمت کا مال سمجھا جائے گا۔
(۳) جب زکوٰۃ کو ڈانڈ سمجھا جائے گا۔
(۴) جب مرد اپنی بیوی کا فرماں بردار بن جائے گا۔
(۵) اور اپنی ماں کی نافرمانی کرے گا۔
(۶) اور دوست سے اچھا سلوک کرے گا۔
(۷) اور باپ پر ظلم کرے گا۔
(۸) اور جب مسجدوں میں آوازیں اٹھنے لگیں گی۔
(۹) اور سب سے رزیل آدمی قوم کا سردار بن جائے گا۔
(۱۰) اور (شریر) آدمی کی عزت اسلئے کی جائیگی کہ اسکی شر سے حفاظت ہو جائے۔
(۱۱) اور شراب پی جائے گی۔
(۱۲) اور ریشمی کپڑے پہنے جائیں گے (یعنی مرد پہننے لگیں گے، مترجم)

besturdubooks.wordpress.com

(۱۳) اور گانے والیاں رکھی جائیں گی۔
(۱۴) اور باجے ڈھولک طبلہ استعمال کئے جائیں گے۔
(۱۵) اور پیچھے آنے والے لوگ اسلاف پر لعنت بھیجیں گے۔
ایسے وقت میں لوگوں کو سرخ آندھی اور زمین میں دھنسائے جانے کا انتظار کرنا چاہیے (ایسا ضرور ہو کر رہے گا)۔ (رواہ الترمذی وقال غریب)

مسئلہ: فقہاء نے کہا اس آیت کی رو سے اور دوسری احادیث کی وجہ سے گانا سننا حرام ہے۔ (تفسیر مظہری)

اطلاعی ڈھول: الملتقط میں ہے باجا بجانا اور سننا حرام ہے۔ فتاویٰ کبریٰ میں ہے طبل بجانا اور سننا حرام ہے کیونکہ ڈھول آلۂ لہو ہے ہاں لڑائی کے موقع پر یا قافلہ کے لئے اطلاعی ڈھول پیٹنا جائز ہے مجاہدین کو رفقاء قافلہ کو نقارہ سے اطلاع دینا موجب ثواب ہے۔ ملتقط میں ہے کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ خوشی کے موقع پر اور شادی کی تقریب میں گانا جائز ہے۔

دیکھو نکاح کے موقع پر دف بجانا جائز ہے، دف بھی ایک قسم کا لہو ہی ہے لیکن اس کا مقصد ہوتا ہے اعلانِ نکاح اس لئے جائز ہے، اعلانِ نکاح کا حکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا ہے۔ ارشاد فرمایا ہے نکاح کا اعلان کرو خواہ دف ہی کے ذریعہ سے ہو۔ اسی پر فتویٰ بھی ہے۔ ذخیرہ میں ہے کچھ لوگ کہتے ہیں عید میں دف بجانے میں کوئی گناہ نہیں۔ روایت میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گھر کے اندر تشریف فرما تھے، عید کا دن تھا، دہلیز پر دو نو عمر لڑکیاں دف بجا کر گا رہی تھیں۔ حضرت ابوبکر (باہر سے) آ گئے اور فرمایا تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دہلیز پر گا رہی ہو۔ حضور اقدس نے فرمایا (ابوبکرؓ) ان کو رہنے دو آج عید کا دن ہے۔

مسئلہ سماع: شرح کافی میں ہے ہمارے علماء کے نزدیک وہ سماع مکروہ ہے جو گناہ کے ارادے بطور لہو ہو، کچھ فاسق لوگ جمع ہو جائیں جو نماز اور تلاوتِ قرآن کے تارک ہوں اور سب اکٹھے ہو کر گانا سنیں۔ لیکن جو لوگ نمازی متقی اور عامل بالقرآن ہوں ان کے لئے باتفاق علماء سماع جائز ہے کیونکہ اس سماع سے ان کا مقصد توجہ الی اللہ اور حضورِ قلب ہوتا ہے، وہ آخرت کے خوف سے اللہ کی یاد کرتے ہیں اور یہ تمام امور مستحسن ہیں ان میں کوئی خرابی نہیں اسی غرض سے وجد اور رقص بھی مذموم نہیں۔

الاقناع میں ہے کہ سماع سے دل میں رقت اور خشوع پیدا ہوتا ہے، اللہ کے دیدار کا شوق برانگیختہ ہوتا ہے اللہ کی ناراضگی کا ڈر اور اس کے عذاب کا خوف دل پر چھا جاتا ہے۔ اس طرح کے سماع میں ہوا، نفسانی اور لہو خاطر کا شائبہ بھی نہیں ہوتا۔

بعض علماء قائل ہیں کہ گانا ہر طرح مکروہ ہے امام خواہر زادہ نے اسی قول کو اختیار کیا ہے۔

جامع المضمرات میں النافع اور ذخیرہ کے حوالہ سے ذکر کیا گیا ہے کہ اگر مغنی دوسروں کو سنانے کے لئے نہ گائے بلکہ اپنی کبیدگی اور وحشتِ خاطر کو دور کرنے کے لئے گائے تو کوئی حرج نہیں۔ میں نے امام نجم الدین رحمۃ اللہ علیہ سے یہ بھی سنا ہے کہ اپنی لونڈی کا گانا بھی اگر (وحشتِ خاطر دور کرنے کے لئے) سنے تو کوئی گناہ نہیں۔ اس قول کو واقعات حسامیہ سے نقل کیا گیا ہے۔ عوارف میں لونڈی کے ساتھ اپنی بی بی کا لفظ بھی مذکور ہے (یعنی اگر اپنی بی بی سے بھی گانا سن لیا جائے تو مباح ہے۔ فتاویٰ ابراہیم شاہی میں بھی اسی طرح مذکور ہے۔ ..محیط میں (سرخسی نے ذکر کیا) ہے کہ امام محمد نے سیر کبیر میں بیان کیا ہے کہ حضرت انس بن مالکؓ اپنے بھائی براء بن مالک کے پاس گئے اس وقت وہ گا رہے تھے۔

غیر واقعی کلام ممنوع ہے:

حضرت ربیع کا بیان ہے کہ میری شادی کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور اس طرح میرے پاس بیٹھ گئے جیسے تم میرے قریب بیٹھے ہو، کچھ لڑکیاں دف بجا کر ان لوگوں کا مرثیہ گانے لگیں جو بدر کے دن مقتول ہوئے تھے ایک لڑکی نے یہ مصرعہ گایا وَفِينَا نَبِيٌّ يَعْلَمُ مَافِي غَدٍ ہمارے اندر ایک ایسا نبی ہے جو آنے والے کل کی باتیں جانتا ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس لڑکی سے فرمایا، اس کو چھوڑ، جو کہہ رہی تھی وہی کہہ۔ رواہ البخاری، ابن ماجہ کی روایت میں اتنا زائد ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، یہ بات مت کہو آنے والے کل کی بات سوائے اللہ کے اور کوئی نہیں جانتا۔

حضرت عائشہؓ کی روایت ہے کہ ایک انصاری شخص سے ایک عورت کی شادی ہوئی اور وہ وداع ہو کے شوہر کے گھر گئی، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، تمہارے پاس کوئی لہو (گانا بجانا) نہیں ہے ان کو لہو پسند ہوتا ہے۔ رواہ البخاری۔

شادی کے موقع کی خوشی:

حضرت عائشہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اس نکاح کا اعلان کیا کرو اور مسجدوں میں کرو اور اس پر دف بجاؤ (یعنی خوب شہرت دو)۔ رواہ الترمذی وقال ہذا حدیث غریب۔

حضرت عائشہ کا بیان ہے میرے پاس ایک انصاری لڑکی تھی میں نے اس کا نکاح کرا دیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، عائشہ! کیا کوئی غنا نہیں ہے، انصاریوں کا یہ قبیلہ تو غنا کو پسند کرتا ہے، رواہ ابن حبان فی صحیح

حضرت ابن عباس کا بیان ہے کہ حضرت عائشہ نے اپنی کسی قرابتدار (لڑکی) کا کسی انصاری سے نکاح کرا دیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (اندر) تشریف لائے تو فرمایا، کیا تم نے لڑکی کو رخصت کر دیا، حاضرین نے عرض کیا جی ہاں۔ فرمایا کیا تم نے اس کے ساتھ کسی گانے والے (یا گانے والی) کو بھیجا ہے؟ حضرت عائشہؓ نے کہا نہیں۔ فرمایا، انصاری لوگوں کے اندر تغزل ہے (یعنی ان کو غناء پسند ہے) اگر تم لڑکی کے ساتھ کسی کو یہ گانے کے لئے

besturdubooks.wordpress.com

بھیج دیتے اتیناکم اتیناکم فحیانا و حیاکم (تو بہتر ہوتا) ہم تمہارے پاس آ گئے اللہ ہم کو بھی مبارک کرے اور تم کو بھی۔ رواہ ابن ماجہ۔

عامر بن سعد راوی ہیں کہ ایک شادی میں میں شریک ہوا، وہاں حضرت قرظہ بن کعبؓ اور حضرت ابو مسعود انصاریؓ بھی موجود تھے اور لڑکیاں گا رہی تھیں۔ میں نے عرض کیا، اے رسول خدا کے صحابہؓ اور اے اہل بدر تمہارے سامنے یہ کیا کیا جا رہا ہے، دونوں نے جواب دیا، اگر تم چاہو تو بیٹھ جاؤ اور ہمارے ساتھ تم بھی سنو۔ اور اگر جانا چاہتے ہو تو چلے جاؤ، ہم کو شادی میں لہو (گانا سننے) کی اجازت دے دی گئی ہے۔

عید کی خوشی: حضرت عائشہؓ کا بیان ہے کہ میرے پاس حضرت ابوبکر تشریف لائے، حج (یعنی عید) کا زمانہ تھا، میرے پاس دو لڑکیاں بیٹھی دَف بجا رہی تھیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چہرے پر کپڑا ڈالے (لیٹے) ہوئے تھے۔ حضرت ابوبکرؓ نے لڑکیوں کو جھڑکا، حضور والا نے چہرہ کا کپڑا کھول دیا اور فرمایا ابوبکر ان کو رہنے دو یہ عید کے دن ہیں۔ رواہ البخاری۔ ابن ماجہ کی روایت میں اتنا زائد ہے کہ (حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) ہر قوم کا تہوار ہوتا ہے اور ہمارا یہ تیوہار ہے۔

حضرت عمرو بن شعیب کے دادا کی روایت ہے کہ ایک عورت نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے نذر مانی تھی کہ (جب آپ تشریف لے آئیں گے تو اس خوشی میں) آپ کے سر پر دف بجاؤں گی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنی منت پوری کرلو۔ رواہ ابوداؤد۔

اور یہ بات طے شدہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہی فرمایا، اللہ کی نافرمانی کی نذر کو پورا نہ کیا جائے (اگر دف بجانا معصیت ہوتا تو آپ اجازت نہ دیتے) رواہ مسلم ــــ یہ بھی روایت میں آیا ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں تشریف لائے اور بنی نجار (کے محلہ) میں فروکش ہوئے تو بنی نجار کی لڑکیاں یہ شعر گانے اور کہنے لگیں۔

نحن جوارٍ مِنْ بنی نجارٍ   یاحَبَّذا مُحمّداً مِنْ جَارٍ

(ہم بنی نجار کی لڑکیاں ہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم بہترین مہمان ہیں) رواہ ابن ماجۃ عن انس۔

اسی روایت میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (جواب میں) فرمایا، اللہ واقف ہے کہ میں تم سے محبت رکھتا ہوں۔

بیہقی نے حضرت عائشہؓ کا بیان نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مدینہ میں تشریف لائے تو عورتیں لونڈیاں اور بچے یہ شعر گانے لگے، طلع البدر علینا من ثنیات الوداع وجب الشکر علینا ما دع للہ داع۔

وداع کی گھاٹیوں سے چودھویں کا چاند نکل آیا
ہم پر اس کا شکر ادا کرنا ہمیشہ واجب ہے

اے نبی مبعوث آپ واجب التعمیل احکام لے کر آئے

امام احمد نے حضرت انسؓ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مدینہ میں تشریف لائے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد کی خوشی میں حبشیوں نے چھوٹے چھوٹے برچھوں کا کھیل کیا۔

محمد بن حاطب جمحی راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، گانا اور نکاح میں دف بجانا حلال و حرام میں امتیاز (کی علامت) ہے۔ رواہ احمد والترمذی وابن ماجہ والنسائی۔

تقریر مذکورۂ بالا سے ظاہر ہو گیا کہ گانا (سننا اور گانا) وہ حرام ہے جو گناہ کی دعوت دے رہا ہو اور اللہ کی یاد سے غافل بنا رہا ہو اگر ایسا نہ ہو تو حلال ہے حرام نہیں ہے۔ ہاں یہ بات الگ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا صحابہؓ کا گانا سننا اور قربت الٰہی کے حصول کا ذریعہ قرار دینا ثابت نہیں ہے اسی لئے اکابر نقشبندی گانا نہیں سنتے لیکن اس کی تردید بھی نہیں کرتے۔ (تفسیر مظہری)

گانا اور اس سے متعلقہ چیزیں حرام ہیں:

جو غنا تحریک اصوات اور تحسین نغمات کے ساتھ برعایت قواعد موسیقی ہو وہ بالاتفاق حرام ہے۔ غرض یہ کہ اس آیت میں لہو الحدیث سے قصے کہانیاں اور گانے بجانے کا سامان مراد ہے جیسے باجا اور بانسری اور موسیقی اور ستار اور سارنگی اور خرافات اور مضحکہ خیز باتیں اور ناول اور افسانہ جات اور گانے بجانے والی لڑکیاں یہ سب چیزیں لہو الحدیث کے عموم میں داخل ہیں اور یہ سب چیزیں باجماع صحابہ و تابعین و باتفاق ائمہ مجتہدین حرام ہیں جن کے حرام ہونے میں ذرہ برابر شبہ نہیں اور گانا بجانا تو تمام ملتوں اور دینوں میں حرام رہا ہے یہ نفسانی اور شہوانی چیزیں کسی دین میں کبھی بھی جائز نہیں ہوئیں اور غنا اور مزامیر کی حرمت میں بے شمار احادیث آئی ہیں جن کو علامہ ابن حجر مکی نے کتاب الزواجر میں ذکر کیا ہے۔

جاننا چاہیے کہ اس قسم کے ہنوات اور خرافات اور ناولوں اور افسانوں کا پڑھنا بلاشبہ حرام ہے اور جبکہ اس سے مقصود استماع حق اور سماعت قرآن سے روکنا ہو تو وہ بلاشبہ کفر ہے۔ (معارف کاندھلوی)

اور سنن بیہقی میں ہے کہ اشتراء لہو الحدیث سے مراد گانے بجانے والے مرد یا عورت کو خریدنا یا اس کے امثال ایسی بیہودہ چیزوں کو خریدنا ہے جو اللہ کی یاد سے غافل کریں، ابن جریر نے بھی اسی عام معنی کو اختیار فرمایا ہے (روح ملخصاً) اور ترمذی کی ایک روایت سے بھی یہی عموم ثابت ہوتا ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد ہے کہ گانے والی لونڈیوں کی تجارت نہ کرو، اور پھر فرمایا وفی مثل ھذا انزلت ھذہ الآیۃ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ الخ۔

besturdubooks.wordpress.com

لہو ولعب اور اس کے سامان کے شرعی احکام:

ان احکام کی پوری تفصیل قرآن وسنت کے دلائل کے ساتھ احقر کے مستقل رسالہ السعی الحثیث فی تفسیر لہوالحدیث میں مذکور ہے، جس میں غناء ومزامیر پر بھی مفصل کلام قرآن وحدیث سے پھر فقہاء امت اور صوفیائے کرام کے اقوال سے مذکور ہے، یہ رسالہ بزبان عربی احکام القرآن حزب خامس میں شائع ہو چکا ہے، اہل علم اس کا مطالعہ کر سکتے ہیں، عوام کے لئے اس کا خلاصہ یہاں نقل کیا جاتا ہے:

پہلی بات قابل نظر یہ ہے کہ قرآن کریم نے جتنے مواقع میں لہو یا لعب کا ذکر کیا ہے وہ مذمت اور بُرائی ہی کے مواقع ہیں، جس کا ادنیٰ درجہ کراہت ہے (روح المعانی وکشاف) اور آیت مذکورہ لہو کی مذمت میں بالکل واضح اور صریح ہے۔

جائز کھیل:

اور مستدرک حاکم کتاب الجہاد میں حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

كُلُّ شَيْءٍ مِنْ لَهْوِ الدُّنْيَا بَاطِلٌ اِلَّا ثَلٰثَةً اِنْتِضَالُكَ بِقَوْسِكَ وَتَاْدِيْبُكَ لِفَرَسِكَ...... وَمُلَاعَبَتُكَ لِاَهْلِكَ فَاِنَّهُنَّ مِنَ الْحَقِّ،

"یعنی دنیا کا ہر لہو (کھیل) باطل ہے مگر تین چیزیں ایک یہ کہ تم تیر کمان سے کھیلو دوسرے اپنے گھوڑے کو سدھانے کے لئے کھیلو، تیسرے اپنی بی بی کے ساتھ کھیل کرو۔"

حاکم نے اس حدیث کو صحیح علیٰ شرط مسلم کہا ہے۔

حدیث میں تین کھیلوں کو ممانعت سے مستثنیٰ کرنا اوپر گزر چکا ہے، تیر اندازی گھوڑے کی سواری، اپنے اہل کے ساتھ ملاعبت، اور حضرت ابن عباسؓ سے ایک مرفوع حدیث میں ہے: خیر لهو المؤمن السباحة وخير لهو المرأة المغزل (جامع صغير برمز ابن عدى باسناد ضعيف) یعنی مؤمن کا اچھا کھیل تیراکی ہے اور عورت کا اچھا کھیل چرخہ ہے"۔

صحیح مسلم اور مسند احمد میں حضرت سلمہ ابن اکوعؓ کی روایت ہے کہ انصار مدینہ میں ایک صاحب دوڑ میں بڑے ماہر تھے، کوئی ان سے سبقت نہ لے جا سکتا تھا، انہوں نے ایک روز اعلان کیا کہ کوئی ہے جو میرے ساتھ دوڑ میں مقابلہ کرے؟ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت چاہی کہ میں مقابلہ کروں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت دے دی تو میں مقابلہ میں آگے بڑھ گیا، اس سے معلوم ہوا کہ پیادہ دوڑ کی مشق کرنا بھی جائز ہے۔

ایک مشہور پہلوان رکانہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کشتی کی ٹھہرائی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو کشتی میں پچھاڑ دیا (ابوداؤد فی المراسیل)۔

حبشہ کے کچھ نوجوان مدینہ طیبہ میں فن سپہ گری کی مشق کرنے کے لئے نیزوں وغیرہ سے کھیلتے تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا کھیل حضرت عائشہؓ کو اپنی پشت کے پیچھے کھڑا کر کے دکھلایا اور ان لوگوں کو فرمایا کہ اِلْهُوْا وَالْعَبُوْا "یعنی کھیل کود کرتے رہو" (رواہ البیہقی فی الشعب کذا فی الکنز من باب اللہو واللعب) بعض روایات میں اس کے ساتھ یہ الفاظ بھی آئے ہیں فَاِنِّیْ اَکْرَهُ اَنْ یُّرٰی فِیْ دِیْنِکُمْ غِلْظَةٌ "یعنی میں اس کو پسند نہیں کرتا کہ تمہارے دین میں خشکی اور شدت دیکھی جائے۔"

اسی طرح بعض صحابہؓ کرام سے منقول ہے کہ جب وہ قرآن وحدیث کے مشاغل میں تھک جاتے تو بعض اوقات عرب کے اشعار یا تاریخی واقعات سے دل بہلاتے تھے (ذکرہ عن ابن عباسؓ فی کف الرعاع)

ایک حدیث میں ارشاد ہے: رَوِّحُوا الْقُلُوْبَ سَاعَةً فَسَاعَةً اخرجه ابو داؤد فی مراسیله عن ابن شهاب مُرسَلاً "یعنی تم اپنے قلوب کو کبھی کبھی آرام دیا کرو" جس سے قلب ودماغ کی تفریح اور اس کے لئے کچھ وقت نکالنے کا جواز ثابت ہوا۔

شراب، جوا اور طبلہ سارنگی:

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے شراب اور جوئے اور طبلہ وسارنگی کو حرام کیا ہے، اور فرمایا کہ ہر نشہ لانے والی چیز حرام ہے، (رواہ الامام احمد وابوداؤد وابن حبان)۔

خوش آوازی کے ساتھ بغیر مزامیر کے مفید اشعار:

بعض صوفیائے کرام سے جو سماع غنا منقول ہے وہ اسی قسم کے جائز غنا پر محمول ہے، کیونکہ ان کا اتباع شریعت اور اطاعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آفتاب کی طرح یقینی ہے، ان سے ایسے گناہ کے ارتکاب کا گمان نہیں کیا جا سکتا، محققین صوفیائے کرام نے خود اس کی تصریح فرمائی ہے۔

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا

اور جب سُنائے اُس کو ہماری آیتیں پیٹھ دی جائے غرور سے گویا اُن کو سنا ہی نہیں

كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝

گویا اُس کے دونوں کان بہرے ہیں سو خوشخبری دے اُس کو دردناک عذاب کی

قرآن سے اعراض: یعنی غرور وتکبر سے ہماری آیتیں سُننا نہیں چاہتا بالکل بہرا بن جاتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتُ النَّعِيْمِ ۝

جو لوگ یقین لائے اور کیے بھلے کام اُن کے واسطے ہیں نعمت کے باغ

besturdubooks.wordpress.com

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

ہمیشہ رہا کریں اُن میں وعدہ ہو چکا اللہ کا سچا اور زبردست ہے حکمتوں والا

یعنی کوئی قوت اُس کو ایفائے وعدہ سے روک نہیں سکتی نہ کسی سے بے موقع وعدہ کرتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا

بنائے آسمان بغیر ستونوں کے تم اُس کو دیکھتے ہو

اس لفظ کی تفسیر سورہ رعد کے شروع میں گزر چکی۔ (تفسیر عثمانی)

وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ

اور رکھ دیئے زمین پر پہاڑ کہ تم کو لے کر جھک نہ پڑے

زمین کی مضبوطی:

یعنی سمندر کی موجوں اور سخت ہوا کے جھٹکوں سے یا دوسرے اسباب طبعیہ سے مرتعش ہو کر جھک نہ پڑے، اس کا انتظام بڑے بڑے پہاڑ قائم کر کے کر دیا گیا۔ سورۂ "نحل" کے اوائل میں یہ مضمون گزر چکا ہے، باقی پہاڑوں کے پیدا کرنے کی حکمت کچھ اسی میں منحصر نہیں۔ دوسرے فوائد اور حکمتیں ہوں گی جو اللہ کو معلوم ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَاۗبَّةٍ ۭ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاۗءِ

اور بکھیر دیئے اُس میں سب طرح کے جانور اور اتارا ہم نے آسمان سے

مَاۗءً فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ

پانی پھر اُگائے زمین میں ہر قسم کے جوڑے خاصے

زمین کا حسن: یعنی ہر قسم کے پُر رونق، خوش منظر اور نفیس وکارآمد درخت زمین سے اُگائے۔ سورۂ شعراء کے شروع میں اسی مضمون کی آیت گزر چکی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ فَاَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ

یہ سب کچھ بنایا ہوا ہے اللہ کا اب دکھلاؤ مجھ کو کیا بنایا ہے اوروں نے جو اُس کے سوا ہیں

مشرکین کے معبود جھوٹے ہیں:

جب نہیں دکھلا سکتے تو کس منہ سے اُن کو خدائی کا شریک اور معبودیت کا مستحق ٹھہراتے ہو۔ معبود تو وہی ہو سکتا ہے جس کے ہاتھ میں پیدا کرنا اور رزق پہنچانا سب کچھ ہو۔ یہاں ایک ذرہ کے پیدا کرنے کا اختیار نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

بَلِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ

کچھ نہیں پر بے انصاف صریح بھٹک رہے ہیں

ان ظالموں کو سوچنے سمجھنے سے کچھ سروکار نہیں۔ اندھیرے میں پڑے بھٹک رہے ہیں۔ آگے شرک وعصیان کی تقبیح کے لئے حضرت لقمان کی نصیحتیں نقل فرماتے ہیں جو انہوں نے اللہ کی طرف سے دانائی پا کر اپنے بیٹے کو کی تھیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ

اور ہم نے دی لقمان کو عقلمندی

حضرت لقمان کی باتیں:

اکثر علماء کی رائے یہ ہے کہ حضرت لقمان پیغمبر نہیں تھے۔ ہاں ایک پاکباز متقی انسان تھے جن کو حق تعالیٰ نے اعلیٰ درجہ کی عقل وفہم اور متانت و دانائی عطا فرمائی تھی۔ انہوں نے عقل کی راہ سے وہ باتیں کھولیں، جو پیغمبروں کے احکام وہدایات کے موافق تھیں۔ اُن کی عقلانہ نصیحتیں اور حکمت کی باتیں لوگوں میں مشہور چلی آتی ہیں۔ ربّ العزت نے ایک حصہ قرآن میں نقل فرما کر اُن کا مرتبہ اور زیادہ بڑھا دیا، شاید مقصود یہ جتلانا ہو کہ شرک وغیرہ کا قبیح ہونا جس طرح فطرت انسانی کی شہادت اور انبیاء کی وحی سے ثابت ہے، دنیا کے منتخب عقلمند بھی اپنی عقل سے اُس کی تائید وتصدیق کرتے رہے ہیں۔ پس توحید کو چھوڑ کر شرک اختیار کرنا ضلال مبین نہیں تو اور کیا ہے؟ (تنبیہ) حضرت لقمان کہاں کے رہنے والے تھے؟ اور کس زمانہ میں ہوئے؟ اس کی پوری تعیین نہیں ہو سکی، اکثر کا قول ہے کہ حبشی تھے اور حضرت داؤد علیہ السلام کے عہد میں ہوئے۔ ان کے بہت سے قصے اور اقوال تفاسیر میں نقل کئے ہیں۔ فاللہ اعلم بصحتها. (تفسیر عثمانی)

بغوی نے لکھا ہے لقمان بن باعور بن ناخور بن تارخ۔ تارخ ہی کو آزر کہا جاتا ہے۔ وہب بن منبہ نے کہا لقمان حضرت ایوب کے بھانجے تھے مقاتل نے کہا خالہ کے بیٹے تھے، بیضاوی نے لکھا ہے لقمان حضرت داؤد کے زمانہ تک زندہ تھے اور فتویٰ دیا کرتے تھے لیکن حضرت داؤد کی بعثت کے بعد فتویٰ دینا چھوڑ دیا اور فرمایا اب میری ضرورت نہیں پھر کیوں فتویٰ دینے سے باز نہ رہوں۔ واقدی نے کہا لقمان بنی اسرائیل کے قاضی تھے۔ تفسیر دُرِّ منثور میں ہے کہ ابن ابی شیبہ کی روایت ہے اور امام احمد نے الزہد میں بھی اس کو بیان کیا ہے اور کتاب المملوکین میں ابن ابی الدنیا نے بھی یہ لکھا ہے۔ نیز ابن جریر۔ ابن المنذر اور ابن ابی حاتم کا بھی بیان ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا، لقمان ایک حبشی غلام تھے جو بڑھئی کا پیشہ کرتے تھے۔

besturdubooks.wordpress.com

حضرت لقمانؑ کی خوش گفتاری:

بغوی نے لکھا ہے لقمان دوپہر کو سور ہے تھے۔ خواب میں ہاتف نے ندا دی لقمان کیا تم چاہتے ہو کہ اللہ تم کو زمین میں اپنا خلیفہ بنادے اور لوگوں پر تم صحیح حکومت کرتے رہو؟ خواب ہی میں لقمان نے ہاتف کو جواب دیا، اگر میرے رب نے مجھے اختیار دیا ہے تو مجھے عافیت پسند ہے (میں حکومت کے جھگڑے میں نہیں پڑنا چاہتا) اور اگر یہ اللہ کا قطعی حکم ہے تو بسر وچشم۔ کیونکہ میں خوب جانتا ہوں کہ جب اللہ کا یہ قطعی حکم میرے لئے ہوگا تو وہی فیصلہ کرنے میں میری مدد بھی کرے گا اور (غلطی سے) مجھے محفوظ رکھے گا۔ ہاتف نے پردۂ غیب سے آواز دی لقمان ایسا تم نے کیوں اختیار کیا (یعنی عافیت کو کیوں پسند کیا؟) لقمان نے کہا، سخت ترین اور الجھے ہوئے غیر واضح مقامات میں فیصلہ پر ہر طرف سے تاریکی چھائی ہوتی ہے ایسے مقام پر اگر لقمان کا فیصلہ صحیح پڑ گیا تو وہ نجات کا مستحق ہے اور اگر اس سے فیصلہ میں غلطی ہوگئی تو جنت کا راستہ کھو گیا۔ دنیا میں نیچا رہنا، سردار ہونے سے بہتر ہے جو شخص آخرت پر دنیا کو ترجیح دیتا ہے اسکے ہاتھ سے دنیا بھی جاتی ہے اور آخرت بھی ہاتھ نہیں آتی۔ ملائکہ کو لقمان کی خوش گفتاری پر تعجب ہوا۔ اس کے بعد لقمان کو کسی روز سوتے میں اللہ نے حکمت عطا فرما دی اور بیدار ہونے کے بعد آپ (ہر) بات پُر حکمت کرنے لگے۔

خاموش رہنا حکمت ہے:

حضرت انس کی روایت سے بیان کیا ہے کہ لقمان حضرت داؤد کے غلام تھے، حضرت داؤد زرہیں بناتے تھے لیکن حضرت لقمان حضرت داؤد سے اس کی بابت کوئی سوال نہیں کرتے۔ جب حضرت داؤد نے زرہ بنالی اور اس کو پہن لیا تو فرمایا یہ بہترین جنگی لباس ہے اس پر حضرت لقمان نے فرمایا خاموش رہنا حکمت ہے (بغیر دریافت کئے زرہ بنانے کی حکمت اور غرض حضرت لقمان کو معلوم ہوگئی) لیکن ایسا کرنے والے کم ہیں۔ ایک روایت میں آیا ہے کہ حضرت لقمان سے دریافت کیا گیا سب سے بُرا کون آدمی ہے؟ فرمایا ''وہ آدمی سب سے بُرا ہے جو اس بات کی پرواہ بھی نہیں کرتا کہ لوگ مجھے گناہ کرتے دیکھ رہے ہیں'' یعنی علی الاعلان بدکار)۔ (تفسیر مظہری)

لقمان علیہ السلام حضرت داؤد علیہ السلام کے زمانے میں ہوئے ہیں اور تفسیر درمنثور میں حضرت ابن عباسؓ کی روایت یہ ہے کہ لقمان ایک حبشی غلام تھے، نجاری کا کام کرتے تھے (اخرجہ ابن ابی شیبہ واحمد فی الزہد وابن جریر وابن المنذر وغیرہ) اور حضرت جابر بن عبداللہؓ سے ان کے حالات دریافت کئے گئے تو فرمایا کہ پست قد پست ناک کے حبشی تھے، اور مجاہدؒ نے فرمایا کہ حبشی غلام موٹے ہونٹ والے پھٹے ہوئے قدموں والے تھے (ابن کثیر)

تین کالے بزرگ۔ ایک سیاہ رنگ حبشی حضرت سعید بن مسیبؒ کے پاس کوئی مسئلہ دریافت کرنے کے لئے حاضر ہوا تو حضرت سعیدؒ نے اس کی تسلی کے لئے فرمایا کہ تم اپنے کالے ہونے پر غم نہ کرو، کیونکہ کالے لوگوں میں تین بزرگ ایسے ہیں جو لوگوں میں سب سے بہتر تھے حضرت بلال حبشیؓ، اور مہجع حضرت عمر بن خطابؓ کے آزاد کردہ غلام اور حضرت لقمان علیہ السلام۔

حکمت تک پہنچانے والے اعمال:

حضرت لقمان ایک روز ایک بڑی مجلس میں لوگوں کو حکمت کی باتیں سنا رہے تھے، ایک شخص آیا اور اس نے سوال کیا کہ کیا تم وہی نہیں جو میرے ساتھ فلاں جنگل میں بکریاں چرایا کرتے تھے، لقمان علیہ السلام نے فرمایا کہ ہاں میں وہی ہوں، اس شخص نے پوچھا کہ پھر آپ کو یہ مقام کیسے حاصل ہوا کہ خلق خدا آپ کی تعظیم کرتی ہے اور آپ کے کلمات سننے کے لئے دُور دور سے جمع ہوتی ہے، لقمان علیہ السلام نے فرمایا کہ اس کا سبب میرے دو کام ہیں ایک ہمیشہ سچ بولنا، دوسرے فضول باتوں سے اجتناب کرنا، اور ایک روایت میں یہ ہے کہ حضرت لقمان نے فرمایا کہ چند کام ایسے ہیں جنہوں نے مجھے اس درجہ پر پہنچایا، اگر تم اختیار کرلو تو تمہیں بھی یہی درجہ اور مقام حاصل ہوجائے گا، وہ کام یہ ہیں، اپنی نگاہ کو پست رکھنا اور زبان کو بند رکھنا، حلال روزی پر قناعت کرنا، اپنی شرمگاہ کی حفاظت کرنا، بات میں سچائی پر قائم رہنا، عہد کو پورا کرنا، مہمان کا اکرام کرنا، پڑوسی کی حفاظت کرنا، اور فضول کام اور کلام کو چھوڑ دینا (ابن کثیر)۔ (معارف مفتی اعظم)

اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ ۭ وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ
کہ حق مان اللہ کا اور جو کوئی حق مانے اللہ کا تو مانے گا اپنے بھلے کو
وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿۱۲﴾
اور جو کوئی منکر ہوگا تو اللہ بے پرواہ ہے سب تعریفوں والا

نعمتوں کی شکر گذاری:

یعنی اس احسان عظیم اور دوسرے احسانات پر منعم حقیقی کا شکر ادا کرنا اور حق ماننا ضروری ہے لیکن واضح رہے کہ اس حق شناسی اور شکر گزاری سے خدا کو کوئی فائدہ نہیں پہنچتا جو کچھ فائدہ ہے خود شاکر کا ہے کہ دنیا میں مزید انعام اور آخرت میں اجر وثواب کا مستحق ٹھہرتا ہے۔ اگر ناشکری کی تو اپنا نقصان کرے گا۔ اللہ تعالیٰ کو اس کے شکر یہ کی کیا پروا ہوسکتی ہے۔ اُس کی حمد وثنا تو ساری مخلوق زبانِ حال سے کر رہی ہے اور بفرض محال کوئی تعریف کرنے والا نہ ہو تب بھی جامع الصفات اور منبع الکمالات ہونے کی بنا پر وہ بذاتِ خود محمود ہے کسی کے حمد وشکر کرنے یا نہ کرنے سے اس کے کمالات میں ذرہ بھر کمی بیشی نہیں ہوتی۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

حکمت اور شکر:

اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ کہ اللہ کا شکر کر یعنی ہم نے لقمان کو حکمت دی اور کہا کہ اس عطیہٗ حکمت کا شکر ادا کر اکثر اہلِ تفسیر نے اَن کو مفسرہ قرار دیا ہے۔ کیونکہ عطائے حکمت میں قول کا معنی آ جاتا ہے۔ میں کہتا ہوں، عطائے حکمت کا مطلب ہے حکمت سکھانا اور تعلیمِ حکمت اکثر قول ہی کے ذریعہ سے ہوتی ہے اس صورت میں حکمت دینے کا معنی ہوگا شکر گزاری کا حکم دینا۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ حکمت ہی شکر ہے اور حکمت ادا کرنے کا معنی ہی شکر ادا کرنے کا حکم دینا ہے۔

ذات الٰہی کا علم بہت ہی خاص خاص لوگوں کو ہوتا ہے۔

شکر کے حکم کی نوعیت:

آیت میں امر سے مراد ہے تکوینی (تخلیقی، فطری) حکم۔ کیونکہ تکلیفی (اور تشریعی) حکم تو سب ہی لوگوں کو دیا گیا ہے، لقمان ہی کی خصوصیت نہیں پھر شکر گذاری کا حکم دینا (یعنی تکلیفی حکم دینا) اس بات کا قطعاً موجب نہیں کہ ہر شخص ادا کرنے پر مجبور ہو اور ضرور ہی شکر کرے۔ البتہ تکوینی امر کے لئے مامور کا وجود ضروری ہے اگر امر تکوینی مراد ہو تو پھر شکر گزاری لازم ہوگی جس طرح عطائے حکمت کے بعد حصول حکمت لازم ہے اسی طرح شکر کے امر تکوینی کے بعد لقمان کا شکر گذار ہو جانا ضروری ہے۔

حکمت سے شکر مراد لینا بطور مجاز ہے کیونکہ شکر حکمت کے لئے لازم ہے اور ملزوم سے لازم یا لازم سے ملزوم مراد ہو سکتا ہے۔

شکر کا معنی اور اقسام:

شکر کا معنی ہے منعم کی نعمت کا (اقرار و) اظہار۔ اور کفران کا معنی ہے منعم کی نعمت پر پردہ ڈال دینا، چھپا دینا، (منعم کو منعم نہ قرار دینا)۔

صاحب قاموس نے لکھا ہے، شکر کا معنی ہے احسان شناسی۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ لفظ شکر اصل میں کَشْرٌ تھا، کَشْرٌ کے حروف کو مقدم مؤخر کر کے شکر کر دیا گیا، کَشْرٌ کا معنی ہے کھول دینا، شکر کا معنی بھی نعمت کو ظاہر کرنا ہے۔

شکر کی تین قسمیں ہیں۔

(۱) دل سے شکر کرنا یعنی منعم کے انعام کا تصور کرنا۔

(۲) زبان سے شکر کرنا یعنی منعم کی نعمت پر اس کی ثناء کرنا۔

(۳) اعضاء جسم سے شکر کرنا یعنی نعمت کے بدلہ میں منعم کی اطاعت کرنا۔ بعض علماء کا قول ہے کہ لفظ شکر عَيْنٌ شَكْرٌ (بھرا ہوا چشمہ) سے ماخوذ ہے اس قول پر شکر کا معنی ہوگا منعم کی نعمتوں کی یاد سے بھر جانا۔ اسی بنیاد پر اللہ نے فرمایا ہے وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ قرآن مجید میں اللہ نے دو شخصوں کو شکر گزار بندہ فرمایا ہے ایک حضرت ابراہیم جن کے متعلق فرمایا ہے۔ شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ دوسرے حضرت نوح جن کے متعلق فرمایا ہے۔ اِنَّهٗ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا

زبان و عمل سے شکر:

نہایہ میں جزری نے لکھا ہے، نعمت کے مقابلہ میں شکر زبان سے بھی ہوتا ہے اور عمل سے بھی اور نیت سے بھی زبان سے بھی منعم کی تعریف کرنی چاہیے اور اپنے اعضاء کو بھی ہمیشہ اس کی طاعت میں لگا دیا جائے اور یقین بھی رکھا جائے کہ منعم ہی میرا مولی ہے۔ لفظ شکر شَكِرَتِ الْاِبِلُ شَكْرًا (اونٹ خوب چر کر موٹے ہو گئے) سے ماخوذ ہے۔

شکر کا فائدہ:

وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ جو شکر کرے گا وہ صرف اپنے ہی فائدے کے لئے شکر کرے گا۔

شکر کرنے سے موجودہ اور حاصل شدہ نعمت زوال سے محفوظ ہو جاتی ہے۔ اور آئندہ مزید نعمت حاصل ہو جاتی ہے اور اللہ کے قرب اور دوامی جنت کا حصول ہو جاتا ہے، اللہ نے فرمایا ہے۔ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ (تفسیر مظہری)

اللہ تعالیٰ شکر کرنے والوں سے غنی اور بے نیاز ہے اور وہ اپنی صفات و افعال میں بذاتِ خود حمید اور پسندیدہ ہے اس کا کمال و جمال کسی کی حمد اور ستائش کا محتاج نہیں۔

ع عشق ناتمام ما جمال یار مستغنی است

(معارف کاندھلوی)

جسم کے دو بہترین اور بدترین اعضاء:

حضرت خالد ربعیؒ کا قول ہے کہ حضرت لُقمان جو حبشی غلام بڑھئی تھے ان سے ایک روز ان کے مالک نے کہا کہ بکری ذبح کرو اور اس کے دو بہترین اور نفیس ٹکڑے گوشت کے میرے پاس لاؤ۔ وہ دل اور زبان لے گئے۔ کچھ دنوں بعد پھر ان کے آقا نے یہی حکم دیا اور کہا کہ آج اس کے سارے گوشت میں سے جو بدترین اور خبیث ٹکڑے ہوں وہ لا دو۔ آپ آج بھی یہی دو چیزیں لے گئے۔ مالک نے پوچھا اس کی کیا وجہ کہ بہترین ٹکڑے تجھ سے مانگے تو تُو یہی دو لایا اور بدترین ٹکڑے مانگے تو تُو نے یہ لا دیئے یہ کیا بات ہے؟ آپ نے فرمایا جب یہ اچھے رہیں تو ان سے بہتر جسم کا کوئی عضو نہیں اور جب یہ بُرے بن جائیں تو پھر سب سے بدتر بھی یہی ہیں۔ حضرت مجاہدؒ کا قول ہے کہ حضرت لقمان نبی نہ تھے، نیک بندے تھے، سیہ فام غلام تھے، موٹے ہونٹوں والے اور بھرے قدموں والے۔

حضرت لقمانؑ کی بھلی عادتیں:

ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضرت لقمان حکیم کسی بڑے گھرانے کے

besturdubooks.wordpress.com

امیر اور بہت زیادہ کنبے والے نہ تھے۔ ہاں اُن میں بہت سی بھلی عادتیں تھیں۔ وہ خوش خُلق، خاموش، غور وفکر کرنے والے گہری نظر والے، دن کو نہ سونے والے تھے۔ لوگوں کے سامنے تھوکتے نہ تھے نہ پاخانہ پیشاب اور غسل کرتے تھے لغو کاموں سے دُور رہتے تھے، ہنستے نہ تھے جو کلام کرتے تھے حکمت سے خالی نہ ہوتا تھا، جس وقت ان کی اولاد فوت ہوئی یہ بالکل نہ روئے۔ وہ بادشاہوں امیروں کے پاس اس لئے جاتے تھے کہ غور وفکر اور عبرت ونصیحت حاصل کریں۔ اسی وجہ سے انہیں بزرگی ملی۔ حضرت قتادہؒ سے ایک عجیب اثر وارد ہے کہ حضرت لقمان کو حکمت ونبوت کے قبول کرنے میں اختیار دیا گیا تو آپ نے حکمت قبول فرمائی۔ راتوں رات ان پر حکمت برسادی گئی اور رگ وپے میں حکمت بھر دی گئی۔ صبح کو ان کی باتیں اور ان کی عادتیں سب حکیمانہ ہوگئیں۔ آپ سے سوال ہوا کہ آپ نے نبوت کے مقابلہ میں حکمت کیسے اختیار کی؟ تو جواب دیا کہ اگر خدا تعالیٰ مجھے نبی بنادیتا تو تو اور بات تھی ممکن تھا کہ منصب نبوت کو میں نبھا جاتا۔ لیکن جب مجھے اختیار دیا گیا تو مجھے ڈر لگا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ میں نبوت کا بوجھ نہ سہار سکوں، اس لئے میں نے حکمت ہی کو پسند کیا۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَاِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَهُوَ يَعِظُهٗ
اور جب کہا لقمان نے اپنے بیٹے کو جب اس کو سمجھانے لگا
يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ
اے بیٹے شریک نہ ٹھہرائیو اللہ کا

حضرت لقمانؑ کا بیٹا:

معلوم نہیں بیٹا مشرک تھا؟ سمجھا کر راہ راست پر لانا چاہتے تھے یا موحد تھا؟ اُسے توحید پر خوب مضبوط کرنے اور جمائے رکھنے کی غرض سے یہ وصیت فرمائی؟ (تفسیر عثمانی)

حضرت لقمانؑ کی نصیحتیں:

(۱) عبداللہ بن عمرؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لقمان حکیم یہ کہا کرتا تھا کہ جس نے اللہ تعالیٰ کے پاس کوئی چیز ودیعت رکھی اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت کرتا ہے (رواہ احمد) لہٰذا مسلمان کو چاہیے کہ اپنا ایمان اور اسلام اللہ کے پاس ودیعت رکھ دے تاکہ وہ شیطان کی دستبرد سے محفوظ ہو جائے۔ (معارف القرآن)

(۲) قاسم بن مغیرہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لقمان نے اپنے بیٹے کو ایک نصیحت یہ کی کہ اے بیٹے تقنع سے بچنا (تقنع کے معنی سر کے اوپر اس طرح چادر لپیٹنا کہ گھونگٹ کی طرح ہو جائے) اس لئے کہ تقنع سے رات میں ٹھوکر کھا جانے کا ڈر ہے اور دن میں مذمت کا ڈر ہے کہ لوگ اس ہیئت کو بُرا سمجھیں گے اور برا کہیں گے۔ اخرجہ ابن ابی حاتم ورجالہ ثقات ولکنہ مرسل۔

(۳) عون بن عبداللہ سے روایت ہے کہ لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کی کہ جب تو کسی مجلس میں جائے تو ان پر اسلام کا تیر چلا یعنی ان پر سلام کر پھر ایک گوشہ میں خاموش بیٹھ جا اور ان کو دیکھتا رہ۔ پس جب وہ بولیں تو اگر ذکر الٰہی کی باتیں شروع کریں تو تو بھی ان میں حصہ لے او اگر ادھر ادھر کی باتیں کریں تو وہاں سے نکل کر اور اٹھ کر کہیں اور چلا جا (ابن ابی حاتم) یہ تینوں روایتیں تفسیر ابن کثیر ۴۴۷ ج ۳ سے لی گئی ہیں۔

امام خلیل بن احمد کی دعاء

امام نحو یہ دعا مانگا کرتے تھے۔ اللّٰھم اجعلنی عنک مِنْ اَرْفَعِ خَلْقِکَ وَاجْعَلْنِیْ فِیْ نَفْسِیْ مِنْ اَوْضَعِ خَلْقِکَ وعِنْدَ النَّاسِ مِنْ اَوْسَط، خَلْقِکَ۔ تفسیر ابن کثیر ص ۴۴۸ ج ۳

اے اللہ مجھ کو اپنے نزدیک بلند ترین مخلوق میں سے بنا اور میرے نفس سے مجھ کو کمتر ین مخلوق میں سے بنا کہ میں اپنے دل میں اپنے آپ کو حقیقۃً سب سے حقیر اور کمتر جانوں (نہ یہ کہ لوگوں کے سامنے اپنے آپ کو ہیچ اور ناچیز کہوں) اور اے اللہ مجھ کو لوگوں کے نزدیک متوسط درجہ کی مخلوق میں سے بنا۔ آمین

خطیب شربینی نے اپنی تفسیر سراج منیر میں مختصر طریق پر بلا سند کے ان نصائح کو ذکر کیا ہے کہ جو لقمان حکیم کی طرف منسوب ہیں جو بلاشبہ خزینۂ حکمت اور گنجینہ معرفت ہیں۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ خطیب شربینی کی طرح ہم بھی ان نصائح کا ترجمہ اپنی تفسیر میں ذکر کریں۔

(۱) اے پسر اللہ کے تقویٰ کو اپنی تجارت بنا بغیر سرمایۂ مال کے تجھ کو نفع حاصل ہوگا۔

(۲) اے پسر جنازوں پر حاضر ہوا کر اور شادیوں کی محفل میں مت جایا کر۔ کیونکہ جنازے تجھ کو آخرت یاد دلائیں گے اور شادی کی محفلیں تجھ کو دنیا یاد دلائیں گی کہ دنیا ایسی ہوتی ہے۔

(۳) اے پسر پیٹ بھر کر نہ کھانا۔ کتے کے سامنے ڈال دینا زیادہ کھانے سے بہتر ہے۔

(۴) اے پسر مرغ کو دیکھ کہ صبح کو اُٹھ کر اذان دیتا ہے اور تو بستر پر سویا ہوا ہوتا ہے لہٰذا مرغ سے زیادہ عاجز نہ بن۔

(۵) اے پسر توبہ میں تاخیر نہ کر کیونکہ موت اچانک آتی ہے خبر کرکے نہیں آتی۔

(۶) اے پسر تو مرد جاہل سے دوستی کرنے کی طرف راغب نہ ہو دیکھنے والا یہ سمجھے گا کہ تو بھی اسی کے عمل اور طریقہ سے راضی ہے تو تیری وجہ سے لوگ دھوکہ میں پڑیں گے۔

besturdubooks.wordpress.com

(۷) اے پسر اللہ سے ڈرتا رہ اور اس کے تقویٰ کو لازم پکڑ۔ مگر اس طرح رہ کہ لوگوں پر تیرا تقویٰ ظاہر نہ ہو اور لوگ یہ سمجھ کر کہ یہ شخص اللہ سے ڈرتا ہے اس لئے تیرا اکرام کریں اور حالانکہ اندر سے تیرا دل بدکار ہو۔

(۸) اے پسر خاموشی کو لازم پکڑ۔ خاموشی پر کبھی تجھ کو ندامت نہ ہوگی۔ کیونکہ اگر تیرا کلام چاندی کا ہے تو تیری خاموشی خالص سونا ہے۔

(۹) اے پسر شر سے علیحدہ اور دور رہ۔ ایک شر دوسرے شر کا خلیفہ ہوتا ہے۔

(۱۰) اے پسر شدت غضب سے پرہیز کرنا۔ شدت غضب دل کو خراب کر دیتا ہے اور شدت غضب سے حکیم کے دل کا نور مٹ جاتا ہے۔

(۱۱) اے پسر علماء کی مجلس کو لازم پکڑ اور حکماء کا کلام سنا کر۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نور حکمت سے مردہ دل کو زندہ کر دیتا ہے جیسا کہ مردہ زمین کو بارش سے زندہ کرتا ہے اور جو جھوٹ بولتا ہے اس کے چہرہ کی رونق جاتی رہتی ہے اور بدخلق آدمی کو غم بہت لاحق ہو جاتا ہے اور پہاڑ سے پتھر لانا آسان ہے بہ نسبت نادان اور بے عقل کے سمجھانے کے۔

(۱۲) اے پسر کسی نادان اور بے عقل کو ایلچی بنا کر نہ بھیج اور اگر تجھ کو کوئی دانا میسر نہ آئے تو خود چلا جا۔

(۱۳) اے پسر کسی کی باندی سے نکاح نہ کرنا کہ اپنی اولاد کو ہمیشہ کی غلامی کے غم میں ڈال دے۔

(۱۴) اے پسر لوگوں پر ایک زمانہ آئے گا جس میں علم اور حلم والے کی آنکھ ٹھنڈی نہ ہوگی۔

(۱۵) اے پسر وہ مجلس اختیار کر جس میں اللہ کا ذکر ہوتا ہو کیونکہ ان پر جو اللہ کی رحمت آئے گی اس میں سے تو بھی حصہ پائے گا اور اس مجلس میں نہ بیٹھنا جہاں اللہ کا ذکر نہ ہو کیونکہ اگر ان پر کوئی غضب الٰہی آیا تو تو بھی ان کے ساتھ اس میں پس جائے گا۔

(۱۶) اے پسر چاہیے کہ تیرا کھانا صرف متقی اور پرہیزگار لوگ کھائیں برے لوگوں کو اپنا کھانا نہ کھلا۔

(۱۷) اہل علم اور اہل فہم سے مشورہ کر۔

(۱۸) اے پسر دنیا بحر عمیق ہے یعنی بڑا گہرا دریا ہے جس میں بہت سے لوگ غرق ہو گئے پس اگر تو نجات چاہتا ہے تو اللہ کے تقویٰ کو اپنی کشتی بنا اور اس کو ایمان کے سامان سے بھر لے اور اللہ پر توکل اس کا لنگر بنا دے تو امید ہے کہ تو ڈوبنے سے بچ جائے گا۔

(۱۹) اے پسر میں نے بڑے بڑے پتھر اور بڑے بڑے لوہے اٹھائے ہیں مگر برے پڑوسی سے زیادہ کسی کو ثقیل اور بوجھل نہیں پایا۔

(۲۰) اور میں نے بڑی بڑی تلخیاں چکھی ہیں مگر فقیری اور محتاجی سے بڑھ کر کوئی تلخ چیز نہیں دیکھی۔

(۲۱) اے پسر علم اور حکمت نے فقراء اور مساکین کو ملوک اور سلاطین کی جگہ پر بٹھلا دیا۔

(۲۲) اے پسر تو ان لوگوں میں سے نہ ہونا کہ جو اپنی تعریف کے طلبگار رہتے ہیں۔

(۲۳) اے پسر جب علم حاصل کر، تو اس پر عمل کرنے کی بھی پوری کوشش کر، (علم بغیر عمل کے ہیچ ہے)

(۲۴) اے پسر علماء اور صلحاء کی صحبت کو لازم پکڑ اور دو زانو ان کے سامنے بیٹھا کر۔

(۲۵) اے پسر جب کسی سے دوستی کرنا مقصود ہو تو اس کا امتحان کر لو کہ اس کو غضب ناک کرو اور دیکھو کہ وہ اس غصہ کی حالت میں تمہارے ساتھ کیا برتاؤ کرتا ہے اگر وہ انصاف کرتا ہے تو وہ دوستی کے لائق ہے ورنہ اس سے پرہیز کرنا۔

(۲۶) اے پسر قرضہ سے بچنا۔ قرضہ دن میں ذلت ہے اور رات میں فکر اور غم ہے۔

(۲۷) اے پسر جب سے تو دنیا میں اترا ہے تو تیری پشت دنیا کی طرف ہے اور منہ تیرا آخرت کی طرف ہے پس جس گھر کی طرف تو جا رہا ہے وہ اس گھر سے کہیں زیادہ قریب ہے جس سے تو دور ہوتا جا رہا ہے۔

(۲۸) اے پسر اپنی زبان کو اللّٰھم اغفرلی کا عادی اور خوگر بنا لے کیونکہ دن رات میں ایک ساعت ایسی آتی ہے جس میں دعا رد نہیں ہوتی۔

(۲۹) اے پسر اللہ تعالیٰ سے امید لگائے رکھ مگر ایسی امید نہ ہو کہ جو تجھے گناہوں پر جری اور دلیر بنا دے اور اللہ سے ڈرتا رہ مگر وہ خوف ایسا نہ ہو کہ جو تجھ کو اللہ کی رحمت سے ناامید بنا دے۔

لقمان حکیم کی حکمتوں اور نصیحتوں کی تو کوئی شمار نہیں یہ چند نصائح میں نے تفسیر السراج المنیر للخطیب الشربینی ص ۱۵۰ ج ۳ اور حاشیہ صاوی علی تفسیر الجلالین ص ۲۵۵ ج ۳ سے نقل کر دی ہیں امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اس ناچیز کو اور ناظرین کو ان سے نفع دے آمین یا رب العالمین۔ (معارف کاندھلویؒ)

إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ ۝
بیشک شریک بنانا بھاری بے انصافی ہے

شرک سب سے بڑی ناانصافی ہے:

اس سے بڑھ کر بے انصافی کیا ہوگی کہ عاجز مخلوق کو خالق مختار کا درجہ دے دیا جائے اور اس سے زیادہ حماقت اور ظلم اپنی جان پر کیا ہوگا کہ اشرف المخلوقات ہو کر خسیس ترین اشیاء کے آگے سر عبودیت خم کر دے۔ **لا حول ولا قوۃ الا باللہ**۔ (تفسیر عثمانی)

اور یاد کرو جب لقمان نے اپنے بیٹے سے اس کو نصیحت کرتے ہوئے کہا تھا میرے پیارے بیٹے! اللہ کا کسی کو ساجھی مت قرار دینا شرک بڑا ظلم ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

لقمان کے بیٹے کا نام انعم یا اشکم یا ماثان تھا بعض اقوال میں آیا ہے کہ لقمان کا بیٹا مشرک تھا پھر باپ کی نصیحت کی وجہ سے مؤمن ہو گیا۔

ظلم کیا ہے:

ظلم کا معنی ہے کسی چیز کو اس کے مخصوص (مناسب) مقام کے علاوہ کسی دوسری جگہ رکھ دینا۔ خواہ اس میں کمی کر دی جائے یا بیشی یا مکان میں تغیر کر دیا جائے یا وقت بدل دیا جائے۔ ظلم کا اطلاق حق سے تجاوز کرنے پر بھی ہوتا ہے۔ تجاوز تھوڑا ہو یا بہت اسی لئے چھوٹے گناہ کو ظلم کہا جاتا ہے اور بڑے گناہ کو بھی اور ظاہر ہے کہ شرک (بڑا گناہ ہے اس لئے) بڑا ظلم ہے۔ جس میں معبود ہونے کی صلاحیت نہ ہو اس کی عبادت کرنا یقیناً حق سے تجاوز عظیم ہے حقیقی منعم کو اس شخص کے ساتھ برابر قرار دینا جو منعم ہونے کی اہلیت نہیں رکھتا بڑا ظلم (اور بڑی بے جا حرکت) ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ حَمَلَتْهُ أُمُّهُ
اور ہم نے تاکید کر دی انسان کو اس کے ماں باپ کے واسطے پیٹ میں رکھا اس کو اس کی ماں
وَهْنًا عَلَىٰ وَهْنٍ وَفِصَالُهُ فِي عَامَيْنِ أَنِ اشْكُرْ لِي
نے تھک تھک کر اور دودھ چھڑانا ہے اُس کا دو برس میں کہ حق مان میرا
وَلِوَالِدَيْكَ ۚ إِلَيَّ الْمَصِيرُ ﴿١٤﴾
اور اپنے ماں باپ کا آخر مجھی تک آنا ہے

والدین کے ساتھ حسنِ سلوک:

یعنی ماں کا حق باپ سے بھی زیادہ ہے۔ وہ مہینوں تک اس کا بوجھ پیٹ میں اُٹھائے پھری، پھر وضع حمل کے بعد دو برس تک دودھ پلایا۔ اس دوران میں نہ معلوم کیسی کیسی تکلیفیں اور سختیاں جھیل کر بچہ کی تربیت کی۔ اپنے آرام کو اس کے آرام پر قربان کیا۔ لہٰذا ضروری ہے کہ آدمی اولاً خدا تعالیٰ کا اور ثانیاً اپنے ماں باپ کا، خصوصاً ماں کا حق پہچانے یعنی اللہ تعالیٰ کی عبادت کرے اور ماں باپ کی خدمت واطاعت میں بقدر استطاعت مشغول رہے جہاں تک اللہ کی نافرمانی نہ ہو کیونکہ اس کا حق سب سے مقدم ہے اور اُسی کے سامنے سب کو حاضر ہونا ہے۔ انسان دل میں سوچ لے کہ کیا منہ لے کر وہاں جائے گا۔

بچہ کا دودھ چھڑانے کی مدت:

(تنبیہ) دُودھ چھڑانے کی مُدت جو یہاں دو سال بیان ہوئی باعتبار غالب اور اکثری عادت کے ہے۔ امام ابوحنیفہؒ جو اکثر مدت ڈھائی سال بتاتے ہیں اُن کے پاس کوئی اور دلیل ہوگی۔ جمہور کے نزدیک دو ہی سال ہیں۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت ابو ہریرہ کی روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا میرے حسن معاشرت (یعنی حسن سلوک) کا سب سے زیادہ مستحق کون ہے فرمایا، تیری ماں۔ پھر تیری ماں۔ پھر تیری ماں پھر تیرا باپ اس کے بعد اقارب حسب درجہ۔ (متفق علیہ)

حضرت مغیرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ نے تمہارے لئے ماؤں کی نافرمانی حرام کر دی ہے۔ (متفق علیہ) حضرت ابن عباس نے وَهْنًا عَلَىٰ وَهْنٍ کا ترجمہ، سختی پر سختی کیا ہے۔ ضحاک نے ضعفِ بالائے ضعف اور مجاہد نے مشقت بر مشقت۔ جب عورت حاملہ ہو جاتی ہے تو اس پر کمزوری اور مشقت طاری ہو جاتی ہے۔ حمل کا ضعف خون چھوٹنے (وضع حمل) کا ضعف اور دودھ پلانے کا ضعف (اسی طرح ضعف پر ضعف بڑھتا جاتا ہے)۔

وَفِصَالُهُ فِي عَامَيْنِ اور اسکی دودھ چھڑائی دو سالوں (کے اختتام) میں ہے۔

اس آیت سے امام شافعی امام ابو یوسف اور امام محمد نے استدلال کیا ہے کہ دودھ پلانے کی (زیادہ سے زیادہ) مدت دو سال ہے۔ ہم نے سورۂ بقرہ کی آیت وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ أَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ الخ کی تفسیر کے ذیل میں مسئلہ رضاعت کو مفصل بیان کر دیا ہے۔

اللہ تعالیٰ اور والدین کا شکر:

أَنِ اشْكُرْ لِي وَلِوَالِدَيْكَ کہ میرا شکر ادا کر اور اپنے ماں باپ کا۔

اس آیت کی تفسیر میں سفیان بن عیینہ نے کہا جس نے پانچوں نمازیں پڑھ لیں اس نے اللہ کا شکر ادا کر دیا۔ اور جس نے نمازوں کے بعد ماں باپ کے لئے دعائے خیر کی اس نے ماں باپ کا شکر کیا۔

إِلَيَّ الْمَصِيرُ ﴿١٤﴾ میری ہی طرف لوٹنا ہے۔ اس فقرہ میں وعدہ بھی ہے اور وعید بھی یعنی میں شکر اور ناشکری دونوں کا بدلہ دوں گا۔ (تفسیر مظہری)

یمن میں حضرت معاذؓ کا پہلا خطبہ:

ابن ابی حاتم میں ہے کہ جب حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے امیر بنا کر بھیجا آپ نے وہاں پہنچ کر سب سے پہلے کھڑے ہو کر خطبہ پڑھا جس میں اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کے بعد فرمایا میں تمہاری طرف رسول اللہ کا بھیجا ہوا آیا ہوں یہ پیغام لے کر کہ تم ایک اللہ تعالیٰ ہی کی عبادت کرو اُس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو، میری باتیں مانتے رہو میں تمہاری خیر خواہی میں کوئی کوتاہی نہ کروں گا۔ سب کو لوٹ کر اللہ کی طرف جانا ہے۔ پھر یا تو جنت مکان بنے گی یا جہنم ٹھکانا ہوگا۔ پھر وہاں سے نہ نکلنا ہو نہ موت آئے۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَإِنْ جَاهَدَاكَ عَلَىٰ أَنْ تُشْرِكَ بِي
اور اگر وہ دونوں تجھ سے اڑیں اس بات پر کہ شریک مان میرا

besturdubooks.wordpress.com

مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا

اُس چیز کو جو تجھ کو معلوم نہیں تو ان کا کہنا مت مان

شرک و گناہ میں والدین کی فرمانبرداری ناجائز ہے:

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ شریک نہ مان جو تجھے معلوم نہیں یعنی شبہ میں بھی نہ مان اور یقین سمجھ کر تو کیوں مانے۔ (تفسیر عثانی)

لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ یعنی جس معبودِ باطل کے شریکِ الوہیت ہونے کا تجھے علم بھی نہ ہو اس کو اللہ کی معبودیت میں شریک بنانے پر اگر ماں باپ حکم دیں تو ان کا کہنا نہ مان۔ چہ جائیکہ ادلۂ قطعیہ سے شرک کا باطل ہونا جب تجھے معلوم ہے تو ایسی حالت میں ماں باپ کا حکم نہ ماننا تو بدرجۂ اولی لازم ہے۔ اللہ کا حق ہر مخلوق کے حق پر غالب ہے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، خالق کی نافرمانی (کی صورت) میں مخلوق کا حکم ناقابلِ اطاعت ہے۔ رواہ احمد والحاکم عن عمران والحکیم ابن عمرو الغفاری حاکم نے اس روایت کی تصحیح کی ہے صحیحین، سنن ابو داؤد اور نسائی میں ایسی ہی حدیث حضرت علی کی روایت سے آئی ہے۔

حضرت سعد بن مالک اور ان کی والدہ کا قصہ:

طبرانی کی کتاب العشرۃ میں ہے کہ حضرت سعد بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ آیت میرے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ میں اپنی ماں کی بہت خدمت کیا کرتا تھا اور ان کا پورا اطاعت گزار تھا۔ جب مجھے خدا تعالیٰ نے اسلام کی طرف ہدایت کی تو میری والدہ مجھ پر بہت بگڑیں اور کہنے لگیں بچے! یہ نیا دین تُو کہاں سے نکال لایا۔ سُنو میں تمہیں حکم دیتی ہوں کہ اس دین سے دستبردار ہو جاؤ ورنہ میں نہ کھاؤں گی نہ پیوں گی اور یونہی بھوکی مر جاؤں گی۔ میں نے اسلام کو چھوڑا نہیں اور میری ماں نے کھانا پینا ترک کر دیا اور چوطرف سے مجھ پر آوازہ کشی ہونے لگی کہ یہ اپنی ماں کا قاتل ہے۔ میں بہت ہی دل تنگ ہوا اپنی والدہ کی خدمت میں بار بار عرض کیا، خوشامدیں کیں سمجھایا کہ خدا تعالیٰ کے لئے اپنی ضد سے باز آ جاؤ یہ تو ناممکن ہے کہ میں اس سچے دین کو چھوڑ دوں۔ اسی ضد بحث میں میری والدہ پر تین دن کا فاقہ گزر گیا اور اس کی حالت بہت ہی خراب ہوگئی تو میں اس کے پاس گیا اور میں نے کہا میری اچھی اماں جان سُنو! تم مجھے میری جان سے زیادہ عزیز ہو لیکن میرے دین سے زیادہ عزیز نہیں ہو۔ واللہ ایک نہیں تمہاری ایک سو جانیں ہوں اور اسی بھوک پیاس میں ایک ایک کر کے سب نکل جائیں تو بھی میں آخری لمحہ تک اپنے سچے دین اسلام کو نہ چھوڑوں گا پر نہ چھوڑوں گا۔ اب میری ماں مایوس ہوگئیں اور کھانا پینا شروع کر دیا۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوفًا

اور ساتھ دے اُن کا دنیا میں دستور کے موافق

والدین سے حسن سلوک کی حدود:

یعنی دین کے خلاف ماں باپ کا کہنا نہ مان۔ ہاں دنیوی معاملات میں اُن کے ساتھ نیکی اور سلوک کرتا رہ، اسی مضمون کی آیت سورۂ عنکبوت میں گزر چکی وہاں کا فائدہ دیکھ لیا جائے۔ (تفسیر عثانی)

وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوفًا اور دنیا میں ماں باپ کے ساتھ اچھے طور پر (جو عقلاً اور شرعاً پسندیدہ ہو) رہو۔ (تفسیر مظہری)

مسئلہ: اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ ماں باپ خواہ کافر ہوں لیکن اگر صاحبِ احتیاج ہیں تو ان کی مالی مدد کرنی اور قرابتداری کو نہ توڑنا واجب ہے۔

حضرت ابوبکرؓ کی صاحبزادی حضرت اسماءؓ کا بیان ہے میرے پاس میری ماں آئی اس زمانہ میں وہ مشرک تھی قریش کے حلقہ میں داخل تھی، میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری ماں آئی ہے اور (مدد کی) خواہشمند ہے کیا میں اس کے ساتھ قرابتداری کا سلوک کر سکتی ہوں، فرمایا، ہاں اس سے قرابت کا تعلق جوڑے رکھو۔ (متفق علیہ) (تفسیر مظہری)

مسئلہ: اگر والدین فریضہ خداوندی کو ترک کرنے یا فعل حرام کا ارتکاب کرنے کا حکم دیں تو ان کا کہا ماننا ناجائز ہے۔ اللہ کے حکم کی تعمیل کے ساتھ ساتھ اس کے مخالف مخلوق کے حکم کو ماننا شرک معنوی ہے۔ ہم حدیث مبارک نقل کر چکے ہیں کہ خالق کی نافرمانی ہوتی ہو تو مخلوق کے حکم کو ماننا ناجائز ہے، ہاں والدین کے حکم کو ماننا اس وقت واجب ہے جب وہ کسی ایسے مباح کام کا حکم دیں جو خلاف عقل و شرع نہ ہو۔

اگر والدین کثرتِ ذکر و نوافل کو روکیں یا ضرورت سے زائد مال کمانے کا حکم دیں تو کیا ان کی بات ماننی واجب ہے؟

میرے نزدیک صحیح بات یہ ہے کہ ایسے حکم کو ماننا واجب نہیں ہے۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ اور ان کے والد کا واقعہ:

حاکم نے بوساطت عامر بن عبداللہ حضرت عبداللہ بن زبیر کا بیان نقل کیا ہے کہ حضرت زبیر نے فرمایا ابوقحافہ (حضرت ابوبکر کے والد) نے حضرت ابوبکر سے کہا میں دیکھ رہا ہوں کہ تم کمزور باندی غلاموں کو آزاد کرتے ہو اگر طاقتور غلاموں کو آزاد کرتے تو بہتر ہوتا کہ وہ تمہاری حفاظت کر سکتے، اور تمہاری طرف سے (دشمنوں کے مقابلہ میں) کھڑے ہو سکتے۔

حضرت ابوبکر نے فرمایا، ابا میں اس ثواب کا طلبگار ہوں جو اللہ کے پاس ہے اس پر آیت وَسَيُجَنَّبُهَا الْأَتْقَى الَّذِي يُؤْتِي مَالَهُ يَتَزَكَّى نازل ہوئی، یہ واقعہ اس

besturdubooks.wordpress.com

زمانہ کا ہے، جب حضرت ابوبکر نے حضرت بلال، حضرت عامر بن فہیر حضرت ام عُمیس اور حضرت زبیرہ وغیرہ کو (خرید کر) آزاد کیا تھا۔

حضرت ابوبکر نے چار ہزار درہم ساتھ لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم رکاب ہجرت کی تھی گھر والوں کے لئے کچھ بھی چھوڑ کر نہیں گئے تھے اور یہ بات باپ کی مرضی کے خلاف تھی۔ سورۃ توبہ کی آیت اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ الخ کی تفسیر میں ہم نے ہجرت کی تفصیل لکھ دی ہے۔ (تفسیر مظہری)

والدین کی خدمت اور ادب ضروری ہے:

وَصَاحِبْهُمَا فِی الدُّنْیَا مَعْرُوْفًا یعنی دین میں تو تم ان کا کہنا نہ مانو، مگر دنیا کے کاموں میں مثلاً ان کی جسمانی خدمت یا مالی اخراجات وغیرہ اس میں کمی نہ ہونے دو، بلکہ دنیوی معاملات میں اس کے عام دستور کے مطابق معاملہ کرو ان کی بے ادبی نہ کرو، ان کی بات کا جواب ایسا نہ دو جس سے بلا ضرورت دل آزاری ہو، مطلب یہ ہے کہ ان کے شرک وکفر کے معاملہ میں نہ ماننے سے جو ان کی دل آزاری ہوگی وہ تو مجبوری کے لئے برداشت کرو، مگر ضرورت کو ضرورت کی حد میں رکھو، دوسرے معاملات میں ان کی دل آزاری سے پرہیز کرتے رہو۔ (معارف مفتی اعظم)

وَاتَّبِعْ سَبِیْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَیَّ
اور راہ چل اُس کی جو رجوع ہوا میری طرف

حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کا اتباع کرو:

یعنی پیغمبروں اور مخلص بندوں کی راہ پر چل! دین کے خلاف ماں باپ کی تقلید یا اطاعت مت کر۔ (تفسیر عثمانی)

سَبِیْلَ سے مراد دین ہے اور مَنْ اَنَابَ سے مراد ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام۔ عطاء نے حضرت ابن عباسؓ کا قول نقل کیا ہے کہ مَنْ اَنَابَ اِلَیَّ سے اللہ کی مراد حضرت ابوبکرؓ کی ذات ہے، واقعہ یوں ہوا کہ جب حضرت ابوبکرؓ اسلام لے آئے تو حضرت عثمان طلحہ، زبیر، سعد بن ابی وقاص اور عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہم نے آ کر حضرت ابوبکرؓ سے پوچھا کیا آپ (مسلمان ہوگئے اور) اس شخص پر ایمان لائے اور اس کو سچا سمجھ لیا۔ حضرت ابوبکر نے جواب دیا، ہاں وہ سچے ہیں تم بھی ان پر ایمان لے آؤ پھر آپ سب کو ساتھ لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچے اور یہ حضرات بھی مسلمان ہو گئے، یہ ہی لوگ اسلام کے پیش رو جو حضرت ابوبکرؓ کی راہنمائی سے مسلمان ہوئے اللہ نے حضرت ابوبکرؓ ہی کے متعلق فرمایا وَاتَّبِعْ سَبِیْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَیَّ۔

ثُمَّ اِلَیَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝
پھر میری طرف ہے تم کو پھر آنا پھر میں جتلا دوں گا تم کو جو کچھ تم کرتے تھے

یعنی خدا کے ہاں پہنچ کر اولاد اور والدین سب کو پتہ لگ جائے گا کہ کس کی زیادتی یا تقصیر تھی (تنبیہ) وَوَصَّیْنَا الْاِنْسَانَ سے یہاں تک حق تعالیٰ کا کلام ہے پہلے لقمان کی وصیت بیٹے کو تھی۔ اور آگے بھی یٰبُنَیَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ الخ سے اُسی وصیت کا سلسلہ ہے۔ درمیان میں اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف سے ایک ضروری تنبیہ فرما دی یعنی شرک اتنی سخت قبیح چیز ہے کہ ماں باپ کے مجبور کرنے پر بھی اختیار نہیں کیا جا سکتا۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں لقمان نے بیٹے کو باپ کا حق نہ بتلایا تھا کہ اپنی غرض معلوم ہوتی۔ اللہ تعالیٰ نے توحید کی نصیحت سے پیچھے اور دوسری نصیحتوں سے پہلے ماں باپ کا حق فرما دیا کہ بعد اللہ کے حق کے ماں باپ کا حق ہے۔ باپ نے اللہ کا حق بتایا۔ اللہ نے باپ کا۔ باقی پیغمبر یا مرشد وہادی کا حق بھی حق اللہ کے ذیل میں سمجھو کہ وہ اُسی کے نائب ہوتے ہیں۔ (موضح بتغیر یسیر) (تفسیر عثمانی)

یٰبُنَیَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ
اے بیٹے اگر کوئی چیز ہو برابر رائی کے دانہ کی
فَتَكُنْ فِیْ صَخْرَةٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ
پھر وہ ہو کسی پتھر میں یا آسمانوں میں یا زمین میں
یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ ۝
لا حاضر کرے اس کو اللہ بیشک اللہ جانتا ہے چھپی ہوئی چیزوں کو خبردار ہے

چھوٹے سے چھوٹا اور خفیہ سے خفیہ عمل بھی حاضر کیا جائے گا:

یعنی کوئی چیز یا کوئی خصلت اچھی یا بری اگر رائی کے دانہ کے برابر چھوٹی ہو اور فرض کرو پتھر کی کسی سخت چٹان کے اندر یا آسمانوں کی بلندی پر یا زمین کی تاریک گہرائیوں میں رکھی ہو، وہ بھی اللہ سے مخفی نہیں ہو سکتی۔ جب وقت آئے گا وہیں سے لا حاضر کرے گا۔ اس لئے آدمی کو چاہیے کہ عمل کرتے وقت یہ بات پیش نظر رکھے کہ ہزار پردوں میں بھی جو کام کیا جائے گا، اللہ کے سامنے ہے۔ چنانچہ نیکی یا بدی کیسی ہی چھپ کر کی جائے اُس کا اثر ضرور ظاہر ہو کر رہتا ہے جسے اہل نظر بے تکلف محسوس کر لیتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت لقمان کے بیٹے کا خیال:

حضرت لقمان کے بیٹے نے حضرت لقمان سے کہا تھا اے میرے باپ! اگر میں چھپ کر کوئی گناہ کروں کہ کسی کو اطلاع نہ ہو تو اس کو خدا کیسے جان لے گا اس کے جواب میں اِنَّهَآ اِنْ تَكُ الخ حضرت لقمان نے فرمایا، جس کو اللہ نے اس جگہ نقل فرما دیا۔

besturdubooks.wordpress.com

دانے اور پتھر سے مراد:

حبۂ خردل سے مراد ہے حقیر ترین مقدار۔ پتھر یا آسمان یا زمین کے اندر ہونے سے مراد ہے پوشیدہ ترین انتہائی محفوظ مقام میں ہونا، جیسے پتھر کا جوف یا سب سے اونچا مقام آسمان یا زمین کی انتہائی پست ترین گہرائی۔

قتادہ نے کہا صخرہ (پتھر) سے مراد ہے پہاڑ حضرت ابن عباس نے فرمایا، صخرہ سے مراد وہ پتھر ہے جو ساتوں زمینوں کے نیچے ہے، جس میں کافروں اور بدکاروں کے اعمال کا اندراج ہوتا ہے۔ آسمان کی نیل گونی اسی کے (عکس کی) وجہ سے ہے۔ سدی نے کہا، اللہ نے زمین کو مچھلی کے اوپر پیدا کیا یہ مچھلی وہی نون (مچھلی) ہے جو آیت نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ میں مذکور ہے۔ یہ مچھلی پانی کے اندر پتھر کی ایک چٹان کے اوپر اور چٹان ایک فرشتے کی پشت پر رکھی ہوئی ہے اور فرشتہ ایک پتھر پر قائم ہے۔ یہ وہی پتھر ہے جس کا ذکر حضرت لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرنے کے ذیل میں کیا ہے۔ یہ پتھر نہ آسمان میں ہے نہ زمین میں بلکہ ہوا پر ہے۔

یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ اللہ اس کو لا کر حاضر کر دیگا، یعنی اسکی حساب فہمی کرے گا۔

حضرت لقمانؑ پر ہیبتِ خداوندی کا غلبہ:

بغوی نے لکھا ہے بعض کتابوں میں آیا ہے کہ حضرت لقمان کے یہ آخری الفاظ تھے، اس جملہ کے زبان سے نکلتے ہی ان پر ایسی دہشت اور ہیبت طاری ہوئی کہ پتہ پھٹ گیا۔ (تفسیر مظہری)

یٰبُنَیَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ

اے بیٹے قائم رکھ نماز اور سکھلا بھلی بات

وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ

اور منع کر برائی سے

امر بالمعروف و نہی عن المنکر:

یعنی خود اللہ کی توحید اور بندگی پر قائم ہو کر دوسروں کو بھی نصیحت کر کہ بھلی بات سیکھیں اور برائی سے رکیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَاصْبِرْ عَلٰى مَآ اَصَابَكَ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ

اور تحمل کر جو تجھ پر پڑے بیشک یہ ہیں

مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۱۷﴾

ہمت کے کام

دعوت حق کی مشکلات کو برداشت کرو:

یعنی دنیا میں جو سختیاں پیش آئیں جن کا پیش آنا امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے سلسلہ میں اغلب ہے اُن کو تحمل اور اولوالعزمی سے برداشت کر۔ شدائد سے گھبرا کر ہمت ہار دینا حوصلہ مند بہادروں کا کام نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

صبر واستقامت کی اہمیت:

اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ بلاشبہ یہ (ثبات وصبر) فرائض میں سے ہے یعنی ان امور میں سے ہے جو اللہ نے فرض کر دیئے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا خَيْرُ الامور عَوَازِمُها یعنی بہترین امور وہ ہیں جن کا کرنا اللہ نے فرض کر دیا ہے۔

لغت میں عزم کے معنی ہے، کسی کام کو کرنے کا اٹل ارادہ۔ (تفسیر مظہری)

وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ

اور اپنے گال مت پھلا لوگوں کی طرف

تکبر وبد خلقی نہ کرو:

یعنی غرور سے مت دیکھ اور لوگوں کو حقیر سمجھ کر متکبروں کی طرح بات نہ کر۔ بلکہ خندہ پیشانی سے مل۔ (تفسیر عثمانی)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بد خلقی سے بڑا کوئی گناہ نہیں۔ اچھے اخلاق سے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ بداخلاقیاں نیک اعمال کو غارت کر دیتی ہیں جیسے شہد کو سرکہ خراب کر دیتا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں غلام خریدنے سے غلام نہیں بڑھتے لیکن خوش اخلاقی سے لوگ بہت سے گرویدہ اور فدائی ہو سکتے ہیں۔ امام محمد بن سیرینؒ کا قول ہے کہ اچھا خُلق دین کی مدد ہے۔

حضرت سلیمان علیہ السلام کی شان:

امام مالک بن دینار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ایک دن حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام اپنے تخت پر بیٹھے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دربارداری میں اُس وقت دو لاکھ انسان تھے اور دو لاکھ جن تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو آسمان تک پہنچایا گیا۔ یہاں تک کہ فرشتوں کی تسبیح کی آواز کان میں آنے لگی اور پھر زمین تک لایا گیا یہاں تک کہ سمندر کے پانی سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قدم بھیگ گئے۔ پھر ہاتف غیب نے ندا دی کہ اگر اس کے دل میں ایک دانے کے برابر بھی تکبر ہوتا تو جتنا اُونچا گیا تھا اس سے زیادہ نیچے دھنسا دیا جاتا۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ کا خطبہ:

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے خطبے میں انسان کی پیدائش کا بیان فرماتے ہوئے فرمایا کہ یہ دو شخصوں کی پیشاب گاہ سے نکلتا ہے اس

besturdubooks.wordpress.com

طرح اسے بیان فرمایا کہ سننے والے گھن کرنے لگے۔

حضرت حسنؒ کا مقولہ:

حضرت حسنؒ کا مقولہ ہے وہ انسان جو ہر دن میں دو مرتبہ اپنا پاخانہ اپنے ہاتھ سے دھوتا ہے وہ کس بناپر تکبر کرتا ہے اور اس کا وصف اپنے میں پیدا کرنا چاہتا ہے جس نے آسمانوں کو پیدا کیا ہے اور اپنے قبضے میں رکھا ہے۔ ضحاکؒ بن سفیان سے دنیا کی مثال اس چیز سے بھی دینا مروی ہے جو انسان سے نکلتی ہے۔

تکبر عقل کا دشمن:

امام محمد بن حسین بن علیؒ فرماتے ہیں جس دل میں جتنا تکبر اور گھمنڈ ہوتا ہے اتنی ہی عقل اس کی کم ہو جاتی ہے۔

تکبر و نفاق کا علاج:

یونس بن عبیدؒ فرماتے ہیں کہ سجدہ کرنے کے ساتھ تکبر اور توحید کے ساتھ نفاق نہیں ہوا کرتا۔

حضرت طاؤسؒ کا حضرت عمر بن عبدالعزیز کو عار دلانا:

بنی اُمیہ مار مار کر اپنی اولاد کو اکڑ کر چلنا سکھاتے تھے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کو آپ کی خلافت سے پہلے ایک مرتبہ اٹھلاتی ہوئی چال چلتی ہوئی دیکھ کر حضرت طاؤسؒ نے ان کے پہلو میں ایک چوکا مارا اور فرمایا یہ چال اس کی جس کے پیٹ میں پاخانہ بھرا ہوا ہے! حضرت عمرؒ بہت شرمندہ ہوئے اور کہنے لگے معاف فرمائیے ہمیں مار مار کر اس چال کی عادت ڈلوائی گئی ہے۔

متکبر کو اللہ نہیں دیکھے گا:

فخر و گھمنڈ کی مذمت کا بیان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جو شخص فخر و غرور سے اپنا کپڑا نیچے لٹکا کر گھسیٹے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی طرف نظر رحمت سے نہ دیکھے گا۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا ۖ إِنَّ اللَّهَ			
اور مت چل	زمین پر	اتراتا	بیشک اللہ کو
لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ ﴿١٨﴾			
نہیں بھاتا	کوئی	اتراتا بڑائیاں کرنے والا	

یعنی اترانے اور شیخیاں مارنے سے آدمی کی کچھ عزت نہیں بڑھتی بلکہ ذلیل و حقیر ہوتا ہے۔ سامنے نہیں تو پیچھے لوگ بُرا کہتے ہیں۔

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کا رونا:

ایک مرتبہ حضرت عمرؓ نے حضرت معاذؓ کو قبر رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس روتے دیکھ کر دریافت فرمایا۔ تو جواب دیا کہ صاحب قبر صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک حدیث میں نے سنی ہے جسے یاد کر کے رو رہا ہوں۔ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا، فرماتے تھے تھوڑی سی ریاکاری بھی شرک ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں دوست رکھتا ہے جو متقی ہیں، جو لوگوں میں چھپے چھپائے ہیں جو کسی گنتی میں نہیں آتے، اگر وہ کسی مجمع میں نہ ہوں تو کوئی ان کا پُرسان حال نہیں اگر آ جائیں تو کوئی آؤ بھگت نہیں لیکن ان کے دل ہدایت کے چراغ ہیں وہ ہر ایک غبار آلود اندھیرے سے بچ کر نُور حاصل کر لیتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں یہ میلے کچیلے کپڑوں والے جو ذلیل گنے جاتے ہیں اللہ تعالیٰ کے ہاں ایسے مقرب ہیں کہ اگر خدا تعالیٰ پر قسم کھا بیٹھیں تو اللہ تعالیٰ پوری کر دے گو انہیں خدا تعالیٰ نے دنیا نہیں دی لیکن اگر ان کی زبان سے پوری جنت کا سوال بھی نکل جائے تو اللہ تعالیٰ پورا کر لیتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں میری اُمت میں ایسے لوگ بھی ہیں کہ اگر تم میں سے کسی کے دروازے پر آ کر وہ لوگ ایک دینار (اشرفی) ایک درہم (روپیہ) بلکہ ایک فلوس (پیسہ) بھی مانگیں تو تم نہ دو لیکن خدا تعالیٰ کے وہ ایسے پیارے ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ سے جنت کی جنت مانگیں تو پروردگار دیدے، ہاں دُنیا نہ تو انہیں دیتا ہے نہ روکتا ہے اس لئے کہ یہ کوئی قدر کے قابل چیز نہیں۔ یہ میلی کچیلی دو چادروں میں رہتے ہیں اگر کسی موقعہ پر قسم کھا بیٹھیں تو جو قسم انہوں نے کھائی ہو خدا تعالیٰ پوری اُتارتا ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

تصنع سے بچو:

آپ کا یہ قول بھی مروی ہے کہ تصنع سے بچ یہ رات کے وقت ڈراونی چیز ہے اور دن کو مذمت و بُرائی والی چیز ہے۔

حضرت لقمان کی کچھ اور نصیحتیں:

آپ نے اپنے بیٹے سے یہ بھی فرمایا تھا کہ حکمت سے مسکین لوگ بادشاہ بن جاتے ہیں۔ آپ کا فرمان ہے کہ جب کسی مجلس میں پہنچو پہلے اسلامی طریق کے مطابق سلام کرو پھر مجلس کے ایک طرف بیٹھ جاؤ۔ دوسرے نہ بولیں تو تم بھی خاموش رہو۔ اگر وہ لوگ ذکر اللہ کریں تو تم اُن میں سب سے زیادہ حصہ لینے کی کوشش کرو اور اگر گپ شپ شروع کر دیں تو تم اُس مجلس کو چھوڑ دو۔ مروی ہے کہ آپ اپنے بچے کو نصیحت کرنے کے لئے جب بیٹھے تو رائی کی بھری ہوئی ایک تھیلی اپنے پاس رکھ لی تھی اور ہر ہر نصیحت کے بعد ایک دانہ اُس میں سے نکال لیتے یہاں تک کہ تھیلی خالی ہوگئی، تو آپ نے فرمایا بچے اگر اتنی نصیحت کسی پہاڑ کو کرتا تو وہ بھی ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا۔ چنانچہ آپ کے صاحبزادے کا بھی یہی حال ہوا۔ (تفسیر ابن کثیر)

besturdubooks.wordpress.com

وَاقْصِدْ فِيْ مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ

اور چل بیچ کی چال　اور نیچی کر　آواز اپنی

اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيْرِ ﴿۱۹﴾

بیشک　بُری سے بُری　آواز　گدھے کی آواز ہے

میانہ روی اختیار کرو:

یعنی تواضع، متانت اور میانہ روی کی چال اختیار کر، بے ضرورت مت بول، کلام کرتے وقت حد سے زیادہ نہ چلا۔ اگر اونچی آواز سے بولنا ہی کوئی کمال ہوتا تو گدھے کی آواز پر خیال کرو، وہ بہت زور سے آواز نکالتا ہے مگر کس قدر کریہ و کرخت ہوتی ہے۔ بہت زور سے بولنے میں بسا اوقات آدمی کی آواز بھی ایسی ہی بے ڈھنگی اور بے سُری ہو جاتی ہے۔ (ربط) لقمان کا کلام یہاں تک تمام ہوا۔ آگے پھر اصل مضمون کی طرف عود کیا گیا ہے یعنی حق تعالیٰ کی عظمت و جلال اور احسان و انعام یاد دلا کر توحید وغیرہ کی طرف متوجہ کرتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَاقْصِدْ فِيْ مَشْيِكَ اور اپنی چال درمیانی رکھو یعنی نہ رینگتے چلو کہ یہ غرور کی علامت ہے اور اہل غرور کی چال ہے۔ نہ بہت لپک کر چلو کہ یہ چھچھوروں کی چال ہے۔ وقار کو زائل کرتی ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، سرعت رفتار مؤمن کے وقار کو زائل کر دیتی ہے۔ اخرجہ ابن عدی و ابونعیم فی الحلیۃ عن ابی ہریرۃ واخرجہ ابن عدی من حدیث ابی سعید و ابن عمر۔

جس تیز رفتاری کی ممانعت کی گئی ہے اس سے مراد وہ سرعت رفتار ہے جو طبعی چال سے بڑھ کر کوشش کر کے اختیار کی جائے۔ معمولی تیزی رفتار، جس کی عادت ہو وہ تو مستحب ہے۔ ابن سعد نے حضرت یزید بن مرثد کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب چلتے تھے تو اتنی تیزی سے چلتے تھے کہ آپ کے پیچھے لپکنے والا آپ تک پہنچ نہ سکتا تھا۔ طبرانی اور بیہقی نے حضرت ابوموسیٰ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وقار کو (چال میں) قائم رکھو اور جنازے لے جانے میں میانہ روی کو اختیار کرو۔ صحاح ستہ کی روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جنازے کو تیز لے جاؤ کیونکہ اگر وہ نیک ہے تو تم اس کو پہلے پہنچا دو گے اور اگر بد ہے تو اپنے کندھوں سے (جلد) اتار دو گے۔ ان تمام احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ رفتار کی تیزی حسب عادت قبیح نہیں ہے اور قصد سے مراد تیزی رفتار ہی ہے جو دوڑ سے کم درجہ کی ہو۔

اُونچی آواز سے پرہیز:

اغضض کا ترجمہ کیا ہے پست رکھ۔ یعنی گدھوں کی آواز بہت ہی مکروہ ہوتی ہے بالکل پھٹی ہوئی۔ دوزخیوں کی آواز بھی گدھوں کی طرح ہوگی ابتداء میں زفیر اور اختتام میں شہیق۔ (سینہ کے اندر ہی اندر گڑگڑ کی آواز)

سفیان ثوری نے آیت مذکورہ کی تشریح میں کہا اس سے مراد چھینک کی دہشت ناک قبیح آواز ہے۔ وہب نے کہا لقمان نے اپنے کلام میں حکمت کے بارہ ہزار دروازے کھول دیئے (یعنی بارہ ہزار پُر حکمت مقولے لقمان کے ہیں) جن کو لوگوں نے اپنے کلام اور معاملات میں شامل کر لیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

یعنی چوپاؤں میں سب سے زیادہ مکروہ آواز گدھے کی ہے جو بہت شور کرتا ہے۔

آدابِ معاشرت:

یہاں آدابِ معاشرت میں چار چیزیں ذکر کی گئی ہیں، اول لوگوں سے گفتگو اور ملاقات میں متکبرانہ انداز سے رُخ پھیر کر بات کرنے کی ممانعت، دوسرے زمین پر اترا کر چلنے کی ممانعت تیسرے درمیانی چال چلنے کی ہدایت، چوتھے بہت زور سے شور مچا کر۔ بولنے کی ممانعت۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق و اوصاف مبارک:

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عادات و شمائل میں یہ سب چیزیں جمع تھیں، شمائل ترمذی میں حضرت حسینؓ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد علی مرتضیٰؓ سے دریافت کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب لوگوں کے ساتھ بیٹھتے تھے تو آپس میں آپ کا کیا طرز ہوتا تھا؟ انہوں نے فرمایا:

"کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ خوش و خرم معلوم ہوتے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق میں نرمی اور برتاؤ میں سہولت مندی تھی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طبیعت سخت نہ تھی بات بھی درشت نہ تھی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نہ شور مچانے والے تھے نہ فحش گو تھے، نہ کسی کو عیب لگاتے تھے، نہ بخل کرتے تھے، جو چیز دل کو نہ بھاتی اس کی جانب سے غفلت برتتے تھے (مگر) دوسرے کو اس کی طرف سے ناامید بھی نہ کرتے تھے، (اگر حلال ہوا اور اس کی رغبت ہو) اور جو چیز اپنی مرغوب نہ ہو دوسرے کے حق میں اس کی کاٹ نہ کرتے تھے، (بلکہ خاموشی اختیار فرماتے تھے) تین چیزیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بالکل چھوڑ رکھی تھیں۔

(۱) جھگڑنا (۲) تکبر کرنا (۳) جو چیز کام کی نہ ہو اس میں مشغول ہونا"

یہود و نصاریٰ کی بے راہ روی:

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا کہ صحابۂ کرام کو یہود کی طرح دوڑنے سے بھی منع کیا جاتا تھا، اور نصاریٰ کی طرح بہت آہستہ چلنے سے بھی، اور حکم یہ تھا کہ ان دونوں چالوں کی درمیانی چال اختیار کرو۔

besturdubooks.wordpress.com

حضرت عمرؓ کی رفتار:

حضرت عائشہؓ نے کسی شخص کو بہت آہستہ چلتے دیکھا جیسے ابھی مرجائے گا تو لوگوں سے پوچھا کہ یہ ایسے کیوں چلتا ہے؟ لوگوں نے بتلایا کہ یہ قُراء میں سے ہے، قراء قاری کی جمع ہے، اس زمانے میں قاری اس کو بھی کہا جاتا تھا جو تلاوت قرآن کی صحت و آداب کے ساتھ قرآن کا عالم بھی ہو، مطلب یہ تھا کہ یہ کوئی بڑا قاری عالم ہے، اس لئے ایسا چلتا ہے، اس پر حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ عمر بن خطابؓ اس سے زیادہ قاری تھے مگران کی عادت یہ تھی کہ جب چلتے تو تیز چلتے تھے (مراد وہ تیزی نہیں جس کی ممانعت کی گئی ہے بلکہ اس کے بالمقابل تیزی ہے) اور جب وہ کلام کرتے تھے تو اس طرح کہ لوگ اچھی طرح سُن لیں (ایسی پست آواز نہ ہوتی تھی کہ سننے والوں کو پوچھنا پڑے کہ کیا فرمایا)۔ (معارف مفتی اعظم)

گدھے کی آواز کی قباحتیں:

سفیان ثوری فرماتے ہیں حیوانات میں گدھے کی تخصیص اس لئے فرمائی کہ ہر حیوان کی آواز اللہ کی تسبیح ہے۔ مگر گدھے کی آواز شیطان کے دیکھنے کے سبب سے ہوتی ہے اسی وجہ سے حدیث میں آیا ہے کہ جب گدھے کی آواز سنو۔ تو اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھو۔ اس لئے کہ گدھے نے شیطان کو دیکھا ہے (اس لئے وہ چیخ رہا ہے) اور بعض بزرگوں نے یہ کہا ہے کہ گدھے کا چیخنا اور چلانا گھاس اور پانی کے لئے ہوتا ہے یا شہوت جھاڑنے کے لئے ہوتا ہے یا دوسرے گدھے سے لڑنے کے لئے ہوتا ہے اور ظاہر ہے کہ جو آواز بہیمیت اور سبعیت کے سبب پیدا ہوگی وہ سب آوازوں سے بدتر ہوگی۔ اور اسی وجہ سے حدیث میں گدھے کے نماز کے سامنے سے گزرنے کو قاطع صلوٰۃ قرار دیا ہے نیز قرآن کریم میں جہنمیوں کے چیخنے اور چلانے کے متعلق یہ آیا ہے لَهُمْ فِيهَا زَفِيرٌ وَّشَهِيقٌ آیا ہے اور زفیر اور شہیق لغت میں گدھے کی باریک آواز اور بلند آواز کو کہتے ہیں اسی وجہ سے شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ نے لَهُمْ فِيهَا زَفِيرٌ وَّشَهِيقٌ کا ترجمہ یہ کیا ہے۔

ایشاں را آنجا مانند زیر و بم خر باشد (معارف کاندھلوی)

اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِى السَّمٰوٰتِ
کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے کام میں لگائے تمہارے جو کچھ ہے آسمان
وَمَا فِى الْاَرْضِ
اور زمین میں

تسخیر کائنات:

یعنی آسمان و زمین کی کل مخلوق تمہارے کام میں لگا دی ہے پھر تم اُس کے کام میں کیوں نہیں لگتے۔ (تفسیر عثمانی)

سورج کا سجدہ:

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے دریافت فرمایا کہ جانتے ہو کہ یہ سُورج کہاں جاتا ہے؟ جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ اور اُس کا رسول۔ خوب جانتا ہے۔ آپ نے فرمایا یہ جا کر خدا تعالیٰ کے عرش کے نیچے سجدے میں گر پڑتا ہے اور اپنے رب تعالیٰ سے اجازت چاہتا ہے قریب ہے کہ ایک دن اس سے کہہ دیا جائے جہاں سے آیا ہے وہیں کو لوٹ جا۔

ابن عباسؓ کا قول ہے کہ سورج بمنزلہ ساقیہ کے ہے۔ دن کو اپنے دوران میں جاری رہتا ہے غروب ہو کر رات کو پھر زمین کے نیچے گردش میں رہتا ہے یہاں تک کہ اپنی مشرق سے ہی طلوع ہو۔ اسی طرح چاند بھی۔ اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال سے خبردار ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً		
اور پوری کر دیں تم پر اپنی نعمتیں	کھلی	اور چھپی

ظاہر اور باطنی نعمتیں:

کھلی نعمتیں وہ جو حواس سے مدرک ہوں یا بے تکلف سمجھ میں آ جائیں چھپی وہ جو عقلی غور و فکر سے دریافت کی جائیں۔ یا ظاہر سے مادی و معاشی اور باطنی سے روحانی و معادی نعمتیں مراد ہوں۔ گو یا پیغمبر بھیجنا کتاب اُتارنا، نیکی کی توفیق دینا، سب باطنی نعمتیں ہوں گی۔ واللہ اعلم (تفسیر عثمانی)

ظاہری نعمتوں سے مراد ہیں محسوس نعمتیں خوبصورتی اعضاء کی درستی رزق، عافیت اور دوسری دنیوی نعمتیں۔ ان کے علاوہ دشمنوں پر غلبہ۔ اسلام۔ رسول۔ قرآن۔ ضوابط شریعت کا ثقیل نہ ہونا۔ اتباع رسول کی توفیق۔ اسلام کا غلبہ وغیرہ، یہ سب بھی ظاہری نعمتوں میں شامل ہیں۔

باطنی نعمتوں سے مراد ہے دل، عقل، باطنی حواس، حسن اخلاق، اعتقاد حق، دل میں صحیح اعتقاد ڈال دینا، گناہوں کی فوری پکڑ نہ ہونا، ملائکہ کے ذریعہ سے مدد پہنچانا، معرفت الٰہی کا نور اللہ اور اللہ کے رسول سے محبت، رسول کی شفاعت وغیرہ۔ (تفسیر مظہری)

وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً اسباغ کے معنی مکمل کرنے کے ہیں معنی یہ ہیں کہ مکمل کر دیا اللہ تعالیٰ نے تم پر اپنی ظاہری نعمتوں کو اور باطنی نعمتوں کو، ظاہری نعمتوں سے مراد وہ نعمتیں ہیں جو انسان اپنے حواسِ خمسہ سے محسوس اور معلوم کر لیتا ہے، مثلاً حُسن صورت اعضائے انسانی کا اعتدال اور ہر عضو کو ایسے تناسب سے بنانا جو انسان کے عمل میں زیادہ سے زیادہ معین بھی ہو اور اس کی شکل و صورت کو بھی نہ بگاڑے، اسی طرح رزق مال و دولت، اسباب معیشت، تندرستی اور عافیت یہ سب ظاہری نعمتیں اور محسوس نعمتیں ہیں، اسی طرح دین اسلام کو سہل

besturdubooks.wordpress.com

کر دینا اور اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کی توفیق ہونا اور اسلام کا دوسرے ادیان پر غالب آنا اور دشمنوں کے مقابلہ میں مسلمانوں کی مدد ہونا بھی انہی نعمائے ظاہرہ میں داخل ہیں، اور باطنی نعمتیں وہ ہیں جو انسان کے قلب سے متعلق ہوں، جیسے ایمان اور اللہ تعالیٰ کی معرفت اور علم و عقل، حُسن اخلاق، گناہوں کی پردہ پوشی، اور جرائم پر فوری سزا نہ ملنا وغیرہ ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ
اور لوگوں میں ایسے بھی ہیں جو جھگڑتے ہیں اللہ کی بات میں نہ سمجھ رکھیں
وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ۝۲۰
نہ سوجھ اور نہ روشن کتاب

بے سند جھگڑے:

یعنی ایسے کھلے ہوئے انعام واحسان کے باوجود بعض لوگ آنکھیں بند کر کے اللہ کی وحدانیت میں یا اُس کی شئون وصفات میں یا اُس کے احکام و شرائع میں جھگڑتے ہیں اور محض بے سند جھگڑتے ہیں۔ نہ کوئی علمی اور عقلی اصول اُن کے پاس ہے نہ کسی ہادی برحق کی ہدایت۔ نہ کسی مستند اور روشن کتاب کا حوالہ محض باپ دادوں کی اندھی تقلید ہے جس کا ذکر اگلی آیت میں آتا ہے۔

(تنبیہ) ترجمہ سے یوں مترشح ہوتا ہے کہ غالباً مترجم محقق قدس اللہ روحہ نے ''علم'' سے عقلی طور پر سمجھنا مراد لیا ہے اور ''ہدیٰ'' سے ایک طرح کی بصیرت مرادلی ہے جو سلامتی ذوق و وجدان اور ممارست عقل و فکر سے ناشی ہوتی ہے۔ مطلب یہ ہوا کہ ان لوگوں کو نہ معمولی سمجھ ہے نہ وجدانی بصیرت حاصل ہے نہ روشن کتاب یعنی نقلی دلیل رکھتے ہیں۔ یہ معنی بہت لطیف ہیں۔ ہم نے آیت کی جو تقریر اختیار کی محض تسہیل کی غرض سے کی ہے۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ
اور جب اُن کو کہیے چلو اُس حکم پر جو اُتارا اللہ نے کہیں نہیں ہم تو چلیں گے اُس پر
مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ۭ اَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطٰنُ
جس پر پایا ہم نے اپنے باپ دادوں کو بھلا اور جو شیطان
يَدْعُوْهُمْ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ۝۲۱
بلاتا ہو اُن کو دوزخ کے عذاب کی طرف تو بھی

اندھی تقلید: یعنی اگر شیطان تمہارے باپ دادوں کو دوزخ کی طرف لئے جا رہا ہو، تب بھی تم اُن کے پیچھے چلو گے؟ اور جہاں وہ گریں گے وہیں گرو گے؟! (تفسیر عثمانی)

اتباع کی قسمیں:

مسئلہ: اللہ تعالیٰ کی نازل فرمودہ کتاب کا اتباع بلاشبہ فرض ہے لیکن اس کے اتباع کی دو صورتیں ہیں۔ ایک بالذات اور ایک بالغیر جو شخص خود عالم اور فاہم ہو اور قواعد عربیت اور قواعد شریعت سے واقف ہو وہ بذات خود کتاب الٰہی کا اتباع کرے اور جو شخص خود عالم نہ ہو اور نہ وہ عربی زبان جانتا ہو تو وہ اہل علم سے پوچھ کر حکم خداوندی کا اتباع کرے کما قال تعالیٰ فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ...... اور یہ اتباع درحقیت اس عالم کا اتباع نہیں بلکہ درحقیت اللہ اور اس کے رسول کا اتباع ہے مگر عالم کے واسطہ سے ہے تو یہ بھی مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ کا اتباع ہے لیکن بالغیر ہے یعنی خود نہیں بلکہ بواسطہ عالم شریعت کے ہے اور امام ابوحنیفہ اور امام شافعی کے یہی معنی ہیں کہ اللہ اور اس کے رسول کی پیروی ان علماء ربانیین کے علم اور فہم کے مطابق کی جائے۔ معاذ اللہ معاذ اللہ کسی حنفی اور شافعی نے ابوحنیفہ اور شافعی کو اپنا رب قرار نہیں دیا جو یہ کہا جائے کہ مقلدین اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ کے مصداق ہیں۔ منکرین تقلید کا عجب حال ہے کہ تقلید کے معنی تو سمجھتے نہیں اور بے سوچے سمجھے مشرکین کی آیات مقلدین پر چسپاں کرتے ہیں سب کو معلوم ہے کہ ہر شخص عربی زبان نہیں جانتا اور اگر کچھ جانتا بھی ہے تو مرتبہ اجتہاد کی اس میں صلاحیت نہیں تو پھر وہ بذات خود کتاب وسنت کو سمجھ کر کیسے اللہ اور اس کے رسول کا اتباع کر سکتا ہے۔ لامحال کسی عالم دین سے پوچھ کر ہی کرے گا اور ظاہر ہے کہ وہ عالم دین اس جاہل کو یہ نہیں بتلا سکتا کہ یہ آیت قطعی الدلالت ہے یا ظنی الدلالت ہے اور یہ حدیث صحیح ہے یا حسن ہے یا غریب ہے یا شاذ ہے یا منکر ہے۔ لامحالہ وہ جاہل بغیر دلیل معلوم کئے ہی اس عالم کا اتباع کریگا اور اسی کا نام تقلید ہے۔ عجب نہیں کہ منکرین تقلید کی اس قسم کی بے سر و پا باتیں وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ میں داخل نہ ہوں۔ (معارف کاندھلوی)

وَمَنْ يُّسْلِمْ وَجْهَهٗٓ اِلَى اللّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ
اور جو کوئی تابع کرے اپنا منہ اللہ کی طرف اور وہ ہو نیکی پر
فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۭ
سو اُس نے پکڑ لیا مضبوط کڑا

مضبوط حلقہ: یعنی جس نے اخلاص کے ساتھ نیکی کا رستہ اختیار کیا اور اپنے آپ

besturdubooks.wordpress.com

کواللہ کے سپرد کردیا، سمجھو کہ اُس نے بڑا مضبوط حلقہ ہاتھ میں تھام لیا ہے جب تک یہ کڑا پکڑے رہے گا، گرنے یا چوٹ کھانے کا کوئی اندیشہ نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَنْ يُّسْلِمْ وَجْهَهٗٓ یعنی جو اپنی توجہ اللہ کی طرف کردے اور کامل طور پر ہمہ تن اللہ کا ہو جائے اپنے تمام کام اللہ کے سپرد کردے ہر کام کو کرنے یا نہ کرنے میں اللہ کی خوشنودی کا حصول اس کے پیش نظر ہو۔

وَهُوَ مُحْسِنٌ اور اپنے تمام اعمال میں مخلص ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! احسان (اعمال کی خوبی) یہ ہے کہ تم اللہ کی عبادت اس طرح کرو کہ گویا (عبادت کے وقت وہ تمہاری آنکھوں کے سامنے ہے اور) تم اس کو دیکھ رہے ہو یعنی کامل حضور قلب کے ساتھ۔

فَقَدِ اسْتَمْسَكَ یعنی اس نے مضبوط ترین قبضہ پکڑ لیا اور ایسا محکم ذریعہ اپنی گرفت میں لے لیا جس کے ٹوٹنے کا احتمال بھی نہ ہو۔ یہ نہایت لطیف تشبیہ ہے متوکل کو اس شخص سے تشبیہ دی ہے جس نے کوئی مضبوط قبضہ پکڑ رکھا ہو۔ (تفسیر مظہری)

وَاِلَى اللّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿۲۲﴾
اور اللہ کی طرف ہے آخر ہر کام کا

یعنی جس نے یہ کڑا مضبوط تھامے رکھا وہ آخر اس کے سہارے سے اللہ تک پہنچ جائے گا اور خدا اُس کا انجام درست کردے گا۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَنْ كَفَرَ فَلَا يَحْزُنْكَ كُفْرُهٗ ؕ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ
اور جو کوئی منکر ہوا تو تو غم نہ کھا اُس کے انکار سے ہماری طرف پھر آنا ہے اُن کو
فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۲۳﴾
پھر ہم جتلا دیں گے اُن کو جو انہوں نے کیا ہے البتہ اللہ جانتا ہے جو بات ہے دلوں میں

کسی کی تکذیب کی پرواہ نہ کرو:

یعنی تم اپنا علاقہ خدا تعالیٰ سے جوڑے رکھو، کسی کے انکار و تکذیب کی پروانہ کرو۔ منکرین کو بھی بالآخر ہمارے ہاں آنا ہے۔ اُس وقت سب کیا دھرا سامنے آجائے گا۔ کسی مجرم کو اللہ سے چھپا نہ سکیں گے وہ تو دلوں تک کے راز جانتا ہے۔ سب کھول کر رکھ دے گا۔ (تفسیر عثمانی)

نُمَتِّعُهُمْ قَلِيْلًا ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ اِلٰى عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿۲۴﴾
کام چلا دیں گے ہم اُن کا تھوڑے دنوں پھر پکڑ بلائیں گے اُن کو گاڑھے عذاب میں

تھوڑے دن کی مہلت ہے:

یعنی تھوڑے دن کا عیش اور بے فکری ہے۔ مہلت ختم ہونے پر سخت سزا کے نیچے کھنچے چلے آئیں گے۔ مجال ہے کہ چھوٹ کر بھاگ جائیں؟ (تفسیر عثمانی)

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
اور اگر تو پوچھے اُن سے کس نے بنائے آسمان اور زمین
لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۵﴾
تو کہیں اللہ نے تو کہہ سب خوبی اللہ کو ہے پر وہ بہت لوگ سمجھ نہیں رکھتے

اللہ تعالیٰ تمام صفات وقدرت کا مالک ہے:

یعنی الحمدللہ اتنا تو زبان سے اعتراف کرتے ہو کہ زمین و آسمان کا پیدا کرنا بجز اللہ کے کسی کا کام نہیں، پھر اب کون سی خوبی رہ گئی جو اُس کی ذات میں نہ ہو۔ کیا ان چیزوں کا پیدا کرنا اور ایک خاص محکم نظام پر چلانا بدون اعلیٰ درجہ کے علم و حکمت اور زور و قدرت کے ممکن ہے؟ لامحالہ ''خالق السموات والارض'' میں تمام کمالات تسلیم کرنے پڑیں گے۔ اور یہ بھی اُسی کی قدرت کا ایک نمونہ ہے کہ تم جیسے منکرین سے اپنی عظمت وقدرت کا اقرار کرا دیتا ہے۔ جس کے بعد تم ملزم ٹھہرتے ہو کہ جب تمہارے نزدیک خالق تنہا وہ ہے تو معبود دوسرے کیونکر بن گئے۔ بات تو صاف ہے پر بہت لوگ نہیں سمجھتے اور یہاں پہنچ کر اٹک جاتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
اللہ کا ہے جو کچھ ہے آسمان اور زمین میں بیشک اللہ
هُوَ الْغَنِىُّ الْحَمِيْدُ ﴿۲۶﴾
وہی ہے بے پرواہ سب خوبیوں والا

ہر چیز کا خالق و مالک اللہ ہے:

یعنی جس طرح آسمان و زمین کا پیدا کرنے والا اللہ ہے ایسے ہی آسمان و زمین میں جو چیزیں موجود ہیں سب بلا شرکت غیرے اسی کی مخلوق و مملوک اور اُسی کی طرف محتاج ہیں، وہ کسی کا محتاج نہیں۔ کیونکہ وجود اور توابع وجود یعنی جملہ صفات کمالیہ کا مخزن و منبع اُسی کی ذات ہے۔ اُس کا کوئی کمال دوسرے سے مستفاد نہیں۔ وہ بالذات سب عزتوں اور خوبیوں کا مالک ہے۔ پھر اُسے کسی کی کیا پرواہ ہوتی؟ (تفسیر عثمانی)

وَلَوْ اَنَّ مَا فِى الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ
اور اگر جتنے درخت ہیں زمین میں قلم ہوں اور سمندر ہو اُس کی سیاہی
مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ؕ
اُس کے پیچھے ہوں سات سمندر نہ تمام ہوں باتیں اللہ کی

besturdubooks.wordpress.com

اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ

بیشک اللہ زبردست ہے حکمتوں والا

اللہ کی صفات ختم ہونے والی نہیں ہیں:

یعنی اگر تمام دنیا کے درختوں کو تراش کر قلم بنالیں اور موجودہ سمندر کی سیاہی تیار کی جائے، پھر پیچھے سے سات سمندر اور اُس کی کمک پر آجائیں اور فرض کرو تمام مخلوق اپنی اپنی بساط کے موافق لکھنا شروع کرے، تب بھی اُن باتوں کو لکھ کر تمام نہ کرسکیں گے جو حق تعالیٰ کے کمالات اور عظمت و جلال کو ظاہر کرنے والی ہیں، لکھنے والوں کی عمریں تمام ہو جائیں گی۔ قلم گھس گھس کر ٹوٹ جائیں گے، سیاہی ختم ہو جائے گی پر اللہ کی تعریفیں اور اُس کی خوبیاں ختم نہ ہوں گی، بھلا محدود و متناہی قوتوں سے لامحدود اور غیر متناہی کا سرانجام کیونکر ہو۔ اللھم لا احصی ثناء علیک انت کما اثنیت علی نفسک. (تفسیر عثمانی)

اور اگر زمین میں جتنے درخت ہیں سب قلم ہو جائیں اور (محیط کل) سمندر کو اس کے پیچھے سے مزید سات سمندر مدد پہنچائیں (یعنی سب سیاہی بن جائیں اور اللہ کے معلومات لکھے جائیں تو قلم گھس کر ختم ہو جائیں گے او ر روشنائی تمام ہو جائے گی مگر) اللہ کے کلمات معلومات ختم نہیں ہوں گے۔

یَمُدُّہٗ یعنی اس محیط کل سمندر میں پیچھے سے مزید سات سمندر روشنائی بڑھائیں اور اس میں آ کر گریں۔ یَمُدُّہٗ مَدّ الدواۃ سے مشتق ہے۔ دوات میں روشنائی پڑنے کو مد دوات کہتے ہیں۔

کَلِمٰتُ اللّٰهِ یعنی اللہ کی معلومات (غیر متناہی ہیں کتنے ہی قلم ہوں اور کتنی ہی روشنائی ہو اللہ کے قلیل معلومات لکھنے کے لئے کافی نہیں کثیر معلومات کا تو ذکر ہی کیا ہے)۔

اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ بلاشبہ اللہ غالب ہے (اس کو کوئی طاقت مغلوب نہیں کر سکتی) حکمت والا ہے (اس کے علم و حکمت کے دائرے سے کوئی چیز باہر نہیں۔

شانِ نزول:

ابن جریر نے عکرمہ کا بیان نقل کیا ہے کہ جب اہل کتاب (یعنی یہودیوں) نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روح کی بابت دریافت کیا تو آیت وَیَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ وَمَآ اُوْتِیْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِیْلًا نازل ہوئی۔ اہل کتاب نے کہا آپ کا ہمارے متعلق یہ خیال ہے کہ ہم کو قلیل علم دیا گیا ہے حالانکہ ہم کو توریت عطا کی گئی جو سراسر حکمت و علم ہے اور جس کو حکمت عطا کر دی گئی اس کو خیر کثیر عطا کر دی گئی (پھر ہمارا علم ناقص اور قلیل کیسے ہو سکتا ہے) اس پر آیت مذکورہ زیر تفسیر نازل ہوئی۔ مندرجہ بالا روایات کی بناء پر آیت کو مدنی کہا جائے گا۔

لیکن کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ آیت مذکورہ مکی ہے یہودیوں نے قریش کو مشورہ دیا تھا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روح کے متعلق دریافت کریں۔ اس وقت تک حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ نہیں چھوڑا تھا۔

ابن جریر نے نیز ابوالشیخ نے کتاب العظمۃ میں بیان کیا ہے کہ مشرکوں نے کہا تھا یہ کلام (قرآن مجید) عن قریب ختم ہو جائے گا اس پر آیت وَلَوْ اَنَّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ الخ نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

اللہ کی نعمتوں اور تصرفات کی ایک مثال:

اس آیت میں حق تعالیٰ نے اپنے معلومات اور اپنی قدرت کے تصرفات اور اپنی نعمتوں کی ایک مثال دی ہے کہ وہ غیر متناہی ہیں، نہ کسی زبان سے وہ سب ادا ہو سکتے ہیں نہ کسی قلم سے سب کو لکھا جا سکتا ہے، مثال یہ فرمائی کہ ساری زمین میں جتنے درخت ہیں اگر ان کی سب شاخوں کے قلم بنائے جائیں اور ان کے لکھنے کے لئے سمندر کو روشنائی بنادیا جائے اور یہ سب قلم حق تعالیٰ کی معلومات اور تصرفات قدرت کو لکھنا شروع کریں تو سمندر ختم ہو جائے گا اور معلومات و تصرفات ختم نہ ہوں گے، اور ایک سمندر نہیں اس جیسے سات سمندر اور بھی شامل کر دیئے جائیں، جب بھی سب سمندر ختم ہو جائیں گے لیکن اللہ تعالیٰ کے کلمات ختم نہ ہوں گے، کلمات اللہ سے مراد اس کے علم و حکمت کے کلمات ہیں (روح و مظہری) اور شیون قدرت اور نعمائے آلہیہ بھی اس میں داخل ہیں، اور سات سمندر سے مطلب یہ نہیں کہ کہیں سات سمندر موجود ہیں، بلکہ مراد یہ ہے کہ ایک سمندر کے ساتھ فرض کرلو اور سات سمندر مل جائیں جب بھی ان سب سے سب کلمات اللہ کو ضبط تحریر میں نہیں لایا جا سکتا، اور سات کا عدد بھی بطور مثال ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ

تم سب کا بنانا اور مرے پیچھے جلانا ایسا ہی ہے جیسا ایک جی کا

اللہ تعالیٰ کیلئے تخلیق کی آسانی:

یعنی سارے جہان کا پیدا کرنا اور ایک آدمی کا پیدا کرنا خدا تعالیٰ کے لئے دونوں برابر ہیں۔ نہ اس میں کچھ وقت نہ اُس میں کچھ تعب۔ ایک "کُن" سے جو چاہے کر ڈالے اور لفظ "کُن" کہنے پر بھی موقوف نہیں۔ یہ ہم کو سمجھانے کا ایک عنوان ہے بس اُدھر ارادہ ہوا اِدھر وہ چیز موجود۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی اللہ کے نزدیک تم سب کو پیدا کرنا اور پھر دوبارہ اٹھانا ایسا ہی ہے جیسے ایک شخص کو پیدا کرنا اور اٹھانا اس کی ذاتی قدرت سے جب اس کے ارادہ کا تعلق ہو جائے تو سب کو پیدا کرنے اور اٹھانے کے لئے بس یہی کافی ہے ایسا نہیں ہے کہ ایک کام میں مشغول ہونے کے وقت دوسرے کام سے غافل ہو

besturdubooks.wordpress.com

جائے آن کی آن میں جس طرح ایک کی تخلیق اس کے ارادے سے ہو جاتی ہے۔ اسی طرح ایک پل میں سب کی تخلیق بھی اس کے ارادے سے ہو سکتی ہے وہ ہر سنی جانے والی آواز کو سنتا اور ہر چیز کو دیکھتا ہے ایک شے کی شنوائی اور بینائی اس کو دوسری چیزوں کی شنوائی اور بینائی سے مانع نہیں ہو سکتی۔

یا سَمِیْعٌ . بَصِیْرٌ ہونے کا یہ مطلب ہے کہ مشرک جو قیامت کا انکار کرتے ہیں اللہ ان کے اس انکار قولی کو سننے والا اور ان کے اعمال کو دیکھنے والا ہے۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ
بیشک اللہ سب کچھ سنتا دیکھتا ہے

بے مثال صفاتِ الٰہی:

یعنی جس طرح ایک آواز کا سُننا اور بیک وقت تمام جہان کی آوازوں کا سننا، یا ایک چیز کا دیکھنا اور بیک وقت تمام جہان کی چیزوں کو دیکھنا، اس کے لئے برابر ہے۔ ایسے ہی ایک آدمی کا مارنا، جلانا اور سارے جہان کا مارنا جلانا اس کی قدرت کے سامنے یکساں ہے پھر دوبارہ جلانے کے بعد بیک وقت تمام اولین و آخرین کے اگلے پچھلے اعمال کا رتی رتی حساب چُکا دینے میں بھی اُسے کوئی دقت نہیں ہو سکتی کیونکہ، ہمارے تمام اقوال کو سنتا اور تمام افعال کو دیکھتا ہے۔ کوئی چھپی کھلی بات وہاں پوشیدہ نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَيُوْلِجُ
تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ داخل کرتا ہے رات کو دن میں اور داخل کرتا
النَّهَارَ فِى الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ يَّجْرِىْٓ
ہے دن کو رات میں اور کام میں لگا دیا ہے سورج اور چاند کو ہر ایک چلتا ہے
اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى
ایک مقرر وقت تک

پابندی وقت: مقرر وقت سے قیامت مراد ہے یا چاند سورج میں سے ہر ایک کا دورہ۔ کیونکہ ایک دورہ پورا ہونے کے بعد گویا از سرنو چلنا شروع کرتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَّاَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ
اور یہ کہ اللہ خبر رکھتا ہے اُس کی جو تم کرتے ہو

اللہ تعالیٰ کا علم محیط:

یعنی جو قوت رات کو دن اور دن کو رات کرتی اور چاند سورج جیسے کُرات عظیمہ کو ادنیٰ مزدور کی طرح کام میں لگائے رکھتی ہے۔ اسے تمہارا مرے پیچھے زندہ کر دینا کیا مشکل ہوگا۔ اور جب ہر ایک چھوٹے بڑے کام سے پوری طرح باخبر ہے تو حساب کتاب میں کیا دشواری ہوگی۔ (تفسیر عثمانی)

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ
یہ اس لئے کہا کہ اللہ وہی ہے ٹھیک اور جس کسی کو پکارتے ہیں
مِنْ دُوْنِهِ الْبَاطِلُ
اُس کے سوائے سو وہی جھوٹ ہے

اللہ کی صفات کے ذکر کا مقصد:

یعنی حق تعالیٰ کی یہ شئون عظیمہ اور صفات قاہرہ اس لئے ذکر کی گئیں کہ سُننے والے سمجھ لیں کہ ایک خدا کو ماننا اور صرف اس کی عبادت کرنا ہی ٹھیک راستہ ہے۔ اس کے خلاف جو کچھ کہا جائے یا کیا جائے باطل اور جھوٹ ہے۔ یا یہ مطلب ہو کہ اللہ تعالیٰ کا موجود بالذات اور واجب الوجود ہونا جو "بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ" سے سمجھ میں آتا ہے اور دوسروں کا باطل و ہالک الذات ہونا اس کو مستلزم ہے کہ اکیلے اُسی خدا کے واسطے یہ شئون و صفات ثابت ہوں پھر جس کے لئے یہ شئون و صفات ثابت ہوں گی وہ ہی معبود بننے کا مستحق ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ
اور اللہ وہی ہے سب سے اوپر بڑا

لہٰذا بندہ کی انتہائی پستی اور تذلل (جس کا نام عبادت ہے) اُسی کے لئے ہونا چاہیے۔ (تفسیر عثمانی)

اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِىْ فِى الْبَحْرِ
تو نے نہ دیکھا کہ جہاز چلتے ہیں سمندر میں
بِنِعْمَتِ اللّٰهِ لِيُرِيَكُمْ مِّنْ اٰيٰتِهٖ
اللہ کی نعمت لے کر تا کہ دکھلائے تم کو کچھ اپنی قدرتیں

بحری جہاز: یعنی جہاز بھاری بھاری سامان اُٹھا کر خدا کی قدرت اور فضل و رحمت سے کس طرح سمندر کی موجوں کو چیرتا پھاڑتا ہوا چلا جاتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ
البتہ اس میں نشانیاں ہیں ہر ایک تحمل کرنے والے احسان ماننے والے کے واسطے

صبر و شکر کا موقع: یعنی اس بحری سفر کے احوال و حوادث میں غور کرنا

besturdubooks.wordpress.com

انسان کے لئے صبر و شکر کے مواقع بہم پہنچاتا ہے۔ جب طوفان اٹھ رہے ہوں اور جہاز پانی کے تھپیڑوں میں گھرا ہو، اُس وقت بڑے صبر و تحمل کا کام ہے اور جب اللہ نے اس کشمکش موت و حیات سے صحیح و سالم نکال دیا تو ضروری ہے کہ اُس کا احسان مانے۔ (تفسیر عثمانی)

صبر و شکر والے لوگ:

صَبَّارٍ سے وہ شخص مراد ہے جو آفاق اور انفس (یعنی اندرون و بیرون یا اپنی ذات اور سارے جہان) کا گہرا مطالعہ کرتے ہیں اور اس سوچ و چار میں تکلیفیں برداشت کرتے ہیں۔ اور شکور وہ شخص جو اللہ کی نعمتوں کو پہچانتا او نعمتیں عطا فرمانے والے کا شکر ادا کرتا ہے۔ یا صبار و شکور سے مراد ہیں اہل ایمان کیوں کہ حضرت انسؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، ایمان کے دو نصف ہیں، آدھا ایمان صبر میں ہے اور آدھا شکر میں۔ رواہ البیہقی فی شعب الایمان، یعنی مؤمن سکھ میں شکر کرتا ہے اور دکھ میں صبر کرتا ہے (اور انسان کی زندگی دکھ اور سکھ کا ہی نام ہے)۔ (تفسیر مظہری)

وَإِذَا غَشِيَهُم مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللَّهَ

اور جب سر پر آئے اُن کے موج جیسے بادل پکارنے لگیں اللہ کو

مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ

خالص کر کر اُسی کے لئے بندگی

سمندر کی موجوں میں مشرک بھی اللہ کو پکارتا ہے:

اُوپر دلائل و شواہد سے سمجھایا تھا کہ ایک اللہ ہی کا ماننا ٹھیک ہے اس کے خلاف سب باتیں جھوٹی ہیں۔ یہاں بتلایا کہ طوفانی موجوں میں گھر کر کٹر سے کٹر مشرک بھی بڑی عقید تمندی اور اخلاص کے ساتھ اللہ کو پکارنے لگتا ہے۔ معلوم ہوا کہ انسانی ضمیر اور فطرت کی اصلی آواز یہی ہے۔ باقی سب بناوٹ اور جھوٹے ڈھکوسلے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ، یعنی اللہ کے سوا کسی دوسرے کو نہیں پکارتے کیونکہ ان کے دماغوں میں فطری طور پر یہ بات جمی ہوئی ہے کہ مصیبتوں کو دور کرنے والا اللہ کے سوا اور کوئی نہیں سخت خطرے اور خوف کے وقت وہ میلان نفسانی اور تقلید اسلاف جو فطرت پر پردہ ڈالے ہوئے تھی یکدم زائل ہو جاتی ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَلَمَّا نَجَّاهُمْ إِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُم مُّقْتَصِدٌ

پھر جب بچا دیا اُن کو جنگل کی طرف تو کوئی ہوتا ہے اُن میں بیچ کی چال پر

مشکل کشائی کے بعد کی حالت:

یعنی جب خدا تعالیٰ طوفان سے نکال کر خشکی پر لے آیا تو تھوڑے نفوس ہیں جو اعتدال و توسط کی راہ پر قائم رہیں ورنہ اکثر تو دریا سے نکلتے ہی شرارتیں شروع کر دیتے ہیں۔ مترجم رحمہ اللہ نے فَمِنْهُم مُّقْتَصِدٌ کا ترجمہ کیا "تو کوئی ہوتا ہے اُن میں بیچ کی چال پر" حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں۔ یعنی جو حال خوف کے وقت تھا وہ تو کسی کا نہیں، مگر بالکل بھول بھی نہ جائے۔ ایسے بھی کم ہیں نہیں تو اکثر قدرت سے منکر ہوتے ہیں۔ اپنے بچ نکلنے کو تدبیر پر رکھتے ہیں یا کسی ارواح وغیرہ کی مدد پر۔ (تفسیر عثمانی)

مقتصدٌ سے مراد ہے درمیانی راہ پر قائم رہنے والا یعنی توحید پر برقرار رہنے والا، قصد السبیل درمیانی راہ چھوٹا راستہ صراط مستقیم یعنی راہ توحید اس تفسیر کی وجہ یہ ہے کہ آیت کا نزول حضرت عکرمہؓ کے متعلق ہوا۔ فتح مکہ کے وقت حضرت عکرمہ بن ابوجہل مکہ سے بھاگ کر سمندر کے کنارے پہنچ گئے اور ایک کشتی میں سوار ہو گئے۔ راستہ میں طوفان آ گیا حضرت عکرمہؓ نے کہا اگر اللہ مجھے اس طوفان سے محفوظ رکھ کر کنارے پر پہنچا دے گا تو میں اپنا ہاتھ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں جا کر دے دوں گا۔ حضرت عکرمہؓ کے اس قول سے طوفان رک گیا اور عکرمہ مکہ واپس آ کر مسلمان ہو گئے اس تشریح پر پورا کلام اس طرح ہوگا۔ کچھ ان میں سے اعتدال پر رہتے ہیں اور کچھ کافر ہو جاتے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

وَمَا يَجْحَدُ بِآيَاتِنَا إِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُورٍ

اور منکر وہی ہوتے ہیں ہماری قدرتوں سے جو قول کے جھوٹے ہیں حق نہ ماننے والے

جھوٹے عہد: یعنی ابھی تھوڑی دیر پہلے طوفان میں گھر کر جو قول و قرار اللہ سے کر رہے تھے سب جھوٹے نکلے۔ چند روز بھی اس کے انعام و احسان کا حق نہ مانا اس قدر جلد قدرت کی نشانیوں سے منکر ہو گئے۔ (تفسیر عثمانی)

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْمًا لَّا يَجْزِي وَالِدٌ

اے لوگو بچتے رہو اپنے رب سے اور ڈرو اس دن سے کہ کام نہ آئے کوئی باپ

عَن وَلَدِهِ وَلَا مَوْلُودٌ هُوَ جَازٍ عَن وَالِدِهِ شَيْئًا

اپنے بیٹے کے بدلے اور نہ کوئی بیٹا ہو جو کام آئے اپنے باپ کی جگہ کچھ بھی

قیامت کی وحشت سے بچاؤ کا سامان کرو:

طوفان کے وقت جہاز کے مسافروں میں سخت افراتفری ہوتی ہے ہر ایک اپنی جان بچانے کی فکر میں رہتا ہے۔ تاہم ماں باپ اولاد سے اور اولاد ماں باپ سے بالکل غافل نہیں ہو جاتی۔ ایک دوسرے کے بچانے کی تدبیر

besturdubooks.wordpress.com

کرتا ہے بلکہ بسا اوقات والدین کی شفقت چاہتی ہے کہ ہو سکے تو بچہ کی مصیبت اپنے سر لے کر اُس کو بچالیں لیکن ایک ہولناک اور ہوشربا دن آنے والا ہے جب ہر طرف نفسی نفسی ہوگی۔ اولاد اور والدین میں سے کوئی ایثار کر کے دوسرے کی مصیبت اپنے سر لینے کو تیار نہ ہوگا۔ اور تیار بھی ہو تو یہ تجویز چل نہ سکے گی۔ چاہئے کہ آدمی اس دن سے ڈر کر غضب الٰہی سے بچنے کا سامان کرے۔ آج اگر سمندر کے طوفان سے بچ گئے تو کل اُس سے کیونکر بچو گے۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی مؤمن باپ کافر بیٹے کی طرف سے اور مؤمن بیٹا کافر باپ کی جانب سے معاوضہ نہیں دے گا البتہ مؤمن مؤمن کی شفاعت کرے گا، اللہ نے فرمایا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ دوسری جگہ ارشاد فرمایا: جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ۔

نکتہ: بجائے وَلَد کے مولُود کا لفظ ذکر کرنے سے مقصود نفی معاوضہ کا پرزور اظہار ہے کیونکہ مولود تو صرف بیٹے کو کہتے ہیں اور ولد کا اطلاق پوتے پڑ پوتے پر بھی ہوتا ہے۔ پس جب صلبی حقیقی بیٹا اپنے باپ کے کام نہیں آئے گا تو پوتے کا اپنے دادا کے کام نہ آنا ظاہر ہی ہے وَلَد کا اطلاق بیٹے پوتے پڑ پوتے بلکہ پوتی پڑپوتی پر بھی ہوتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

کوئی لب نہ ہلا سکے گا:

ابن ابی حاتم میں ہے عزیر علیہ السلام نے جب اپنی قوم کی تکلیف ملاحظہ کی اور غم ورنج بہت بڑھ گیا نیند اُچاٹ ہوگئی تو اپنے رب کی طرف جھک پڑے۔ فرماتے ہیں میں نے نہایت تضرع وزاری کی، خوب رویا گڑگڑایا، نمازیں پڑھیں روزے رکھے، دعائیں مانگیں، ایک مرتبہ رو رو کر تضرع کر رہا تھا کہ میرے سامنے ایک فرشتہ آ گیا، میں نے اس سے پوچھا کہ کیا نیک لوگ بُروں کی شفاعت کریں گے؟ یا باپ بیٹوں کے کام آئیں گے؟ اس نے فرمایا قیامت کا دن جھگڑوں کے فیصلوں کا دن ہے اُس دن اللہ تعالیٰ خود سامنے ہوگا، کوئی بغیر اس کی اجازت کے لب نہ ہلا سکے گا، کسی کو دوسرے کے بارے میں نہ پکڑا جائے گا، نہ باپ بیٹے کے بدلے نہ بیٹا باپ کے بدلے نہ بھائی بھائی کے بدلے نہ غلام آقا کے بدلے نہ کوئی کسی کا غم ورنج کرے گا نہ کسی کو کسی سے شفقت ومحبت ہوگی۔ نہ ایک دوسرے کی طرف سے پکڑا جائے گا، ہر شخص آپا دھاپی میں ہوگا، ہر ایک اپنا بوجھ اُٹھائے ہوئے ہوگا نہ کسی اور کا۔ (تفسیر ابن کثیر)

فائدہ: یہاں یہ بات قابل غور ہے کہ اس آیت میں باپ، بیٹے کو نفع نہ پہنچا سکے گا یہاں تو جملہ فعلیہ کی صورت میں لَا يَجْزِيْ وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ کے الفاظ سے ذکر فرمایا اور دوسری جانب میں دو تغیر کئے گئے، ایک یہ کہ اس کو جملہ اسمیہ کی صورت میں بیان فرمایا، دوسرے اس میں وَلَد کے بجائے لفظ مَوْلُوْد اختیار فرمایا، حکمت اس میں یہ ہے کہ جملہ اسمیہ بہ نسبت فعلیہ کے زیادہ مؤکد ہوتا ہے، اس تغیر جملہ میں اس فرق کی طرف اشارہ کر دیا جو باپ اور اولاد میں ہے کہ باپ کی محبت اولاد کے ساتھ اشد ہے، اس کے برعکس اولاد کی محبت کا یہ درجہ دنیا میں بھی نہیں تو محشر میں نفع رسانی کی نفی تو دونوں سے کر دی گئی مگر اولاد کی عدم نفع رسانی کو مؤکد کر کے بیان فرمایا، اور لفظ ولد کے بجائے مَوْلُوْد اختیار کرنے میں یہ حکمت ہے کہ مولود صرف اولاد کو کہا جاتا ہے اور لفظ ولد عام ہے اولاد کی اولاد کو بھی شامل ہے، اس میں دوسرے رُخ سے اسی مضمون کی تائید اس طرح ہوگئی کہ خود صلبی بیٹا بھی باپ کے کام نہ آئے گا، تو پوتے پڑپوتے کا حال معلوم ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا

بیشک اللہ کا وعدہ ٹھیک ہے۔ سو تم کو نہ بہکائے دنیا کی زندگانی

وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ۝

اور نہ دھوکا دے تم کو اللہ کے نام سے وہ دغاباز

دھوکے میں نہ پڑو قیامت آ کر رہے گی:

یعنی وہ دن یقیناً آ کر رہے گا یہ اللہ کا وعدہ ہے جو ٹل نہیں سکتا۔ لہٰذا دنیا کی چند روزہ بہار اور چہل پہل سے دھوکا نہ کھاؤ کہ ہمیشہ اسی طرح رہے گی۔ اور یہاں آرام سے ہو تو وہاں بھی آرام کرو گے؟ نیز اُس دغا باز شیطان کے اغواء سے ہوشیار رہو جو اللہ کا نام لے کر دھوکا دیتا ہے۔ کہتا ہے میاں اللہ غفور رحیم ہے خوب گناہ سمیٹو، مزے اُڑاؤ، بوڑھے ہو کر اکٹھی توبہ کر لینا۔ اللہ سب بخش دے گا۔ تقدیر میں اگر اُس نے جنت لکھ دی ہے تو گناہ کتنے ہی ہوں ضرور پہنچ کر رہو گے اور دوزخ لکھی ہے تو کسی طرح بچ نہیں سکتے پھر کاہے کے لئے دنیا کا مزہ چھوڑا۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ

بیشک اللہ کے پاس ہے قیامت کی خبر اور اُتارتا ہے مینہ

وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ

اور جانتا ہے جو کچھ ہے ماں کے پیٹ میں اور کسی جی کو معلوم نہیں کہ

مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ بِاَيِّ اَرْضٍ

کل کو کیا کرے گا اور کسی جی کو خبر نہیں کہ کس زمین میں

تَمُوْتُ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ۝

مرے گا تحقیق اللہ سب کچھ جاننے والا خبردار ہے

besturdubooks.wordpress.com

پانچ چیزیں جن کا یقینی علم اللہ کے پاس ہے:

یعنی قیامت آ کر رہے گی کب آئے گی؟ اس کا علم خدا کے پاس ہے نہ معلوم کب یہ کارخانہ توڑ پھوڑ کر برابر کر دیا جائے۔ آدمی دنیا کے باغ و بہار اور وقتی تروتازگی پر ریجھتا ہے، کیا نہیں جانتا کہ علاوہ فانی ہونے کے فی الحال بھی یہ چیز اور اس کے اسباب سب خدا کے قبضہ میں ہیں۔ زمین کی ساری رونق اور مادی برکت (جس پر تمہاری خوشحالی کا مدار ہے) آسمانی بارش پر موقوف ہے۔ سال دو سال مینہ نہ برسے تو ہر طرف خاک اڑنے لگے۔ نہ سامانِ معیشت رہیں نہ اسباب راحت، پھر تعجب ہے کہ انسان دنیا کی زینت اور تروتازگی پر فریفتہ ہو کر اُس ہستی کو بھول جائے جس نے اپنی باران رحمت سے اُس کو تروتازہ اور پُر رونق بنا رکھا ہے۔ علاوہ بریں کسی شخص کو کیا معلوم ہے کہ دنیا کے عیش و آرام میں اُس کا کتنا حصہ ہے۔ بہت سے لوگ کوشش کر کے اور ایڑیاں رگڑ کر مر جاتے ہیں لیکن زندگی بھر چین نصیب نہیں ہوتا۔ بہت ہیں جنہیں بے محنت دولت مل جاتی ہے۔ یہ دیکھ کر بھی کوئی آدمی جو دین کے معاملہ میں تقدیر الٰہی پر بھروسہ کئے بیٹھا ہو، دنیوی جدوجہد میں تقدیر پر قانع ہو کر ذرہ برابر کمی نہیں کرتا۔ وہ سمجھتا ہے کہ تدبیر کرنی چاہیے۔ کیونکہ اچھی تقدیر عموماً کامیاب تدبیر ہی کے ضمن میں ظاہر ہوتی ہے۔ یہ علم خدا کو ہے کہ فی الواقع ہماری تقدیر کیسی ہوگی اور صحیح تدبیر بن پڑے گی یا نہیں۔ یہی بات اگر ہم دین کے معاملہ میں سمجھ لیں تو شیطان کے دھوکہ میں ہرگز نہ آئیں۔ بیشک جنت دوزخ جو کچھ ملے گی تقدیر سے ملے گی جس کا علم خدا کو ہے مگر عموماً اچھی یا بری تقدیر کا چہرہ اچھی یا بری تدبیر کے آئینہ میں نظر آتا ہے اس لیے تقدیر کا حوالہ دے کر ہم تدبیر کو نہیں چھوڑ سکتے۔ کیونکہ یہ پتہ کسی کو نہیں کہ اللہ کے علم میں وہ سعید ہے یا شقی۔ جنتی ہے یا دوزخی، مفلس ہے یا غنی، لہٰذا

ظاہری عمل اور تدبیر ہی وہ چیز ہوئی جس سے عادۃً ہم کو نوعیت تقدیر کا قدرے پتہ چل جاتا ہے۔ ورنہ یہ علم تو حق تعالیٰ ہی کو ہے کہ عورت کے پیٹ میں لڑکا ہے یا لڑکی اور پیدا ہونے کے بعد اُس کی عمر کیا ہو۔ روزی کتنی ملے۔ سعید ہو یا شقی، اسی کی طرف **ویعلم ما فی الارحام** میں اشارہ کیا ہے۔ رہا شیطان کا یہ دھوکا کہ فی الحال تو دنیا کے مزے اڑا لو، پھر توبہ کر کے نیک بن جانا، اس کا جواب وَمَا تَدْرِىْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا الخ میں دیا ہے یعنی کسی کو خبر نہیں کہ کل وہ کیا کرے گا؟ اور کچھ کرنے کے لئے زندہ بھی رہے گا؟ کب موت آ جائے گی اور کہاں آئے گی؟ پھر یہ وثوق کیسے ہو کہ آج کی بدی کا تدارک کل نیکی سے ضرور کر لے گا اور توبہ کی توفیق ضرور پائے گا؟ ان چیزوں کی خبر تو اسی علیم و خبیر کو ہے۔ (تنبیہ) یاد رکھنا چاہیے کہ مغیبات جنس احکام سے ہوں گی یا جنس اکوان سے، پھر اکوان غیبیہ زمانی ہیں یا مکانی، اور زمانی کی باعتبار ماضی، مستقبل حال کے تین قسمیں کی گئی ہیں۔ ان میں سے احکام غیبیہ کا کلی علم پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کو عطا فرمایا گیا فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ الی آخر الآیۃ (جن۔ رکوع ۲) جس کی جزئیات کی تفصیل و تبویب اذکیائے اُمت نے کی۔ اور اکوان غیبیہ کی کلیات و اصول کا علم حق تعالیٰ نے اپنے ساتھ مختص رکھا ہاں جزئیات منتشرہ پر بہت سے لوگوں کو حسب استعداد اطلاع دی۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے بھی اتنا وافر اور عظیم الشان حصہ ملا جس کا کوئی اندازہ نہیں ہو سکتا۔ تاہم اکوان غیبیہ کا علم کلی رب العزت ہی کے ساتھ مختص رہا۔ آیت ہذا میں جو پانچ چیزیں مذکور ہیں احادیث میں ان کو مفاتیح الغیب فرمایا ہے جن کا علم (یعنی علم کلی) بجز اللہ تعالیٰ کے کسی کو نہیں۔ فی الحقیقت ان پانچ چیزوں میں کل اکوان غیبیہ کی انواع کی طرف اشارہ ہو گیا بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ میں غیوب مکانیہ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا میں زمانیہ مستقبلہ "مافی الارحام" میں زمانیہ حالیہ اور يُنَزِّلُ الْغَيْثَ میں غالباً زمانیہ ماضیہ پر تنبیہ ہے۔

یعنی بارش آتی ہوئی معلوم ہوتی ہے لیکن یہ کسی کو معلوم نہیں کہ پہلے سے کیا ایسے اسباب فراہم ہو رہے تھے کہ ٹھیک اسی وقت اسی جگہ اسی مقدار میں بارش ہوئی۔ ماں بچہ کو پیٹ میں لئے پھرتی ہے پر اُسے پتہ نہیں کہ پیٹ میں کیا ہے۔ لڑکا یا لڑکی؟ انسان واقعات آئندہ پر حاوی ہونا چاہتا ہے۔ مگر یہ نہیں جانتا کہ کل میں خود کیا کام کروں گا؟ میری موت کہاں واقع ہوگی؟ اس جہل و بیچارگی کے باوجود تعجب ہے کہ دنیوی زندگی پر مفتوں ہو کر خالق حقیقی کو اور اس دن کو بھول جائے جب پروردگار کی عدالت میں کشاں کشاں حاضر ہونا پڑے گا۔ بہرحال ان پانچ چیزوں کے ذکر سے تمام اکوان غیبیہ کے علم کلی کی طرف اشارہ کرنا ہے حصر مقصود نہیں اور غالباً ذکر میں ان پانچ کی تخصیص اس لئے ہوئی کہ ایک سائل نے سوال انہی پانچ باتوں کی نسبت کیا تھا جس کے جواب میں یہ آیت نازل ہوئی۔ کمافی الحدیث۔ پہلے سورۂ انعام اور سورۂ نمل میں بھی ہم علم غیب کے متعلق کچھ لکھ چکے ہیں۔ ایک نظر ڈال لی جائے تم سورۃ لقمان بمنہ و کرمہ۔ (تفسیر عثمانی)

شانِ نزول: ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے مجاہد کی مرسل روایت نقل کی ہے کہ صحرا نشین لوگوں میں سے ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، بغوی نے اس شخص کا نام حارث بن عمرو بن حارث بن محارب بن حفصہ بتایا ہے اور اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قیامت کے متعلق دریافت کیا یعنی یہ پوچھا کہ قیامت کب ہوگی۔ اس شخص نے یہ بھی کہا کہ میری بی بی حاملہ ہے بتائیے کیا پیدا ہوگا (لڑکا یا لڑکی) اور ہمارا ملک خشک سالی میں مبتلا ہے بتائیے بارش کب ہوگی؟ اور جس زمین پر میں پیدا ہوا تھا وہ تو مجھے معلوم ہے لیکن کس جگہ مروں گا یہ آپ بتائیے۔ اس پر آیات ذیل نازل ہوئیں۔

besturdubooks.wordpress.com

غیب کے پانچ خزانے:

حضرت ابن عمرؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا غیب کے خزانے پانچ ہیں جن سے سوائے خدا کے کوئی واقف نہیں، سوائے خدا کے کوئی نہیں جانتا کہ کل کیا ہوگا۔ سوائے خدا کے کوئی نہیں جانتا کہ رحم کے اندر کیا ہے؟ سوائے خدا کے کوئی واقف نہیں کہ قیامت کب برپا ہوگی۔ سوائے خدا کے کوئی شخص نہیں جانتا کہ اُس کی موت کس سرزمین پر آئے گی۔ اور سوائے خدا کے کوئی نہیں جانتا کہ بارش کب آئے گی۔ رواہ احمد والبخاری۔

بغوی نے حضرت ابن عمرؓ کی روایت سے اس آیت کی تفسیر میں حدیث مذکور الفاظ ذیل کے ساتھ بیان کی ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، غیب کے خزانے (یا کنجیاں) پانچ ہیں پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت اِنَّ اللّٰہَ عِنْدَہٗ عِلْمُ السَّاعَۃِ ــــ بِاَیِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ۔ تک تلاوت فرمائی۔

صحیحین میں حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے سوال جبرئیلؑ والی حدیث میں آیا ہے۔ یہ پانچ چیزوں میں سے ہے یعنی قیامت کا علم ان پانچ چیزوں میں سے ہے جو آیت اِنَّ اللّٰہَ عِنْدَہٗ عِلْمُ السَّاعَۃِ الخ میں مذکور ہیں۔

حضرت سلیمان کے درباری کی موت کا عجیب واقعہ:

ابن ابی شیبہ نے المصنف میں خیثمہ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ ملک الموت حضرت سلیمانؑ کے پاس آئے اور حضرت سلیمانؑ کے پاس جو لوگ بیٹھے ہوئے تھے ان میں سے ایک شخص کی طرف گھور کر دیکھنے لگے اس شخص نے پوچھا یہ کون شخص ہے حضرت سلیمانؑ نے فرمایا ملک الموت ہے اس شخص نے کہا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ مجھے مارنا چاہتا ہے آپ ہوا کو حکم دیجئے کہ وہ مجھے اٹھا کر ہندوستان پہنچا دے۔ حضرت سلیمانؑ نے ہوا کو حکم دے دیا (ہوا نے اس شخص کو ہندوستان پہنچا دیا) ملک الموت نے کہا ''میں تعجب سے اس شخص کو برابر دیکھ رہا تھا کیونکہ یہ آپ کے پاس موجود تھا اور مجھے حکم دیا گیا تھا کہ ہندوستان میں اس کی روح قبض کروں۔ (واللہ اعلم)

خلیفہ منصور کا خواب:

ایک حکایت ہے کہ منصور (عباسی خلیفہ) نے خواب میں ملک الموت کو دیکھا، منصور نے اس سے اپنی عمر کی مدت دریافت کی، ملک الموت نے اپنی پانچ انگلیاں دکھا دیں، اہل تعبیر سے تعبیر دریافت کی تو کسی نے کہا پانچ برس، کسی نے کہا پانچ مہینے، کسی نے کہا پانچ دن۔

امام ابوحنیفہ سے دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا، یہ اشارہ ہے اس آیت کی طرف کہ یہ پانچوں چیزیں سوائے خدا کے کوئی نہیں جانتا۔

بحمد اللہ سورہ لقمان کی تفسیر ۲۲ رجب ۱۲۰۶ھ اور اس کا ترجمہ ۱۲ ربیع الثانی ۱۳۹۱ھ کو ختم ہوا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علوم:

اور حدیث میں جو بروایت ابن عمرؓ ابن مسعودؓ یہ ارشاد آیا ہے کہ اُوْتِیْتُ مَفَاتِحَ کُلِّ شَیْءٍ اِلَّا الْخَمْسَ (اخرجہ الامام احمد، ابن کثیر) اس میں لفظ اُوْتِیْتُ نے خود یہ بات واضح کردی کہ ان پانچ چیزوں کے علاوہ جن غائبات کا علم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہوا وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بطور وحی دیا گیا تھا، اس لئے وہ علمِ غیب کی تعریف میں شامل نہیں، کیونکہ انبیاء علیہم السلام کو بذریعہ وحی .... اور اولیاء کو بذریعہ الہام جو غیب کی چیزوں کی خبریں اللہ تعالیٰ کی طرف سے دے دی جاتی ہیں وہ حقیقت کے اعتبار سے علمِ غیب نہیں، جس کی بناء پر ان کو عالم الغیب کہا جاسکے بلکہ وہ اَنْۢبَآءُ الْغَیْبِ یعنی غیب کی خبریں ہیں، اللہ تعالیٰ جب چاہتا ہے اور جتنا چاہتا ہے اپنے فرشتوں اور رسولوں اور مقبول بندوں کو عطا فرما دیتا ہے، قرآن کریم میں ان کو اَنْۢبَآءُ الْغَیْبِ فرمایا گیا ہے مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ نُوْحِیْهَآ اِلَیْكَ۔

اس لئے مطلب حدیث کا یہ ہے کہ ان پانچ چیزوں کو تو اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات کے ساتھ ایسا مخصوص فرمایا ہے کہ بطور انبیاء غیب کے بھی فرشتے اور رسول کو اس کا علم نہیں دیا گیا۔

غیب کی دو قسمیں ہیں، ایک احکام غیب ہیں جیسے احکامِ شرائع جن میں اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کا علم بھی دیا جاتا ہے جس کو علمِ عقائد کہا جاتا ہے اور وہ تمام احکام شرعیہ بھی جن سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو کون سے کام پسند ہیں کون سے ناپسند، یہ سب چیزیں غیب ہی کی ہیں،

دوسری قسم اَکْوَانِ غیبیہ یعنی دنیا میں پیش آنے والے واقعات کا علم، پہلی قسم کے غائبات کا علم حق تعالیٰ نے اپنے انبیاء و رسل کو عطا فرمایا ہے جس کا ذکر قرآن کریم میں اسی طرح آیا ہے فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖٓ اَحَدًا۝ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰی مِنْ رَّسُوْلٍ یعنی اللہ تعالیٰ اپنے غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتے، بجز اس رسول کے جس کو اللہ تعالیٰ اس کام کے لئے پسند فرمالیں۔

اور دوسری قسم یعنی اکوان غیبیہ، ان کا علم کلی تو حق تعالیٰ کسی کو عطا نہیں فرماتے وہ بالکل ذاتِ حق کے ساتھ مخصوص ہے، مگر علم جزئی خاص خاص واقعات کا جب چاہتا ہے جس قدر چاہتا ہے عطا فرمادیتا ہے، اس طرح اصل علم غیب تو سب کا سب حق تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہے، پھر وہ اپنے علم غیب میں سے احکام غیب کا علم تو عادۃً انبیاء علیہم السلام کو بذریعہ وحی بتلاتے ہی ہیں، اور یہی علم ان کی بعثت کا مقصد ہے،

besturdubooks.wordpress.com

اکوان غیب کا علم جزئی بھی انبیاء اولیاء کو بذریعہ وحی یا الہام جس قدر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا ہے عطا فرما دیتا ہے، جو منجانب اللہ عطا کیا ہوا علم ہے، اس کو حقیقی معنی کے اعتبار سے علم الغیب نہیں کہا جاسکتا، بلکہ غیب کی خبریں (انباء الغیب) کہا جاتا ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ آخری دو چیزیں یعنی آئندہ کل میں انسان کیا کمائے گا، اور یہ کہ وہ کس زمین میں مرے گا خود انسان کی ذات کے متعلق حالات ہیں ان میں احتمال ہوسکتا تھا کہ انسان ان کا علم حاصل کرے اس لئے ان دونوں میں خصوصیت سے غیر اللہ کے علم کو منفی کر کے بیان فرمایا گیا، جس سے پہلی تین چیزوں کا علم غیر اللہ کے لئے نہ ہونا بدرجہ اولیٰ ثابت ہوگیا کہ جب انسان خود اپنے اعمال و مکاسب کو اور ان کی انتہا یعنی موت اور اس کی جگہ نہیں جانتا تو آسمان اور نزولِ مطر اور شکم مادر کی اندھیریوں میں مخفی چیز کو کیا جانے گا، اور آخری چیز میں صرف مکانِ موت کا علم انسان کو نہ ہونا بیان فرمایا ہے حالانکہ مکانِ موت کی طرح زمانِ موت بھی انسان کے علم میں نہیں ہوتا۔ (معارف مفتی اعظم)

منتہائے حیات اور منتہائے معاد کا علم:

وَمَا تَدْرِیْ نَفْسٌ بِاَیِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ سے انسان کے منتہائے حیات کی طرف اشارہ ہے اور عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ سے تمام عالم کے معاد کی طرف اشارہ ہے اور مطلب یہ ہے کہ کل عالم کے مبداء اور معاد اور معاش کا علم کلی اور تفصیلی اور بہمہ وجوہ محیط اور قطعی اور یقینی سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی کو نہیں۔ اکوان غیبیہ کا علم کلی اور تفصیلی اور محیط اللہ رب العزۃ کے ساتھ مخصوص ہے۔ اور اگر کسی نبی کو بذریعہ وحی کے اور کسی نبی کو بذریعہ الہام کے اور کسی مرد صالح کو بذریعہ خواب کے کسی کی موت اور حیات کا کچھ علم ہو جائے تو وہ ایک علم جزئی اور ناتمام ہے جس کو خدا تعالیٰ کے علم محیط کے ساتھ وہ نسبت بھی نہیں جو قطرہ کو دریا کے ساتھ ہو اور بعض اوقات کافروں کو بھی بذریعہ خواب یا کشف کچھ امور دکھلا دیئے جاتے ہیں جو واقع کے مطابق ہوتے ہیں جیسا کہ دجال کی حدیث میں اس قسم کے امور کا ذکر آیا ہے تو وہ بطور استدراج ہے نہ کہ بطریق کرامت۔ (معارف کاندھلوی)

سورۃ السجدہ

اگر خواب میں دیکھے کہ سورۂ سجدہ پڑھتا ہے تو یہ دلیل ہے کہ سجدہ کرتا ہوا دنیا سے رحلت کرے گا اور حق تعالیٰ کو بہت سجدے کرے گا۔ (ابن سیرین)

سُوْرَةُ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ سجدہ مکہ میں نازل ہوئی اس کی تیس آیتیں ہیں اور تین رکوع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بےحد مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمّٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲﴾

اُتارنا کتاب کا اس میں کچھ دھوکا نہیں پروردگار عالم کی طرف سے ہے

شک وشبہ سے پاک کتاب:

بلاشبہ یہ کتاب مقدس رب العالمین نے اتاری ہے نہ اس میں کچھ دھوکا ہے نہ شک وشبہ کی گنجائش۔ (تفسیر عثمانی)

سورۃ کی فضیلت: حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سونے سے پہلے الٓمّٓ تنزیل السجدہ اور تَبٰرَكَ الَّذِیْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ پڑھ لیا کرتے تھے اخرجہ الامام احمد والترمذی والنسائی وغیرھم عن جابرؓ۔

ربط: گذشتہ سورت کا آغاز حقانیت قرآن سے فرمایا بعد ازاں دلائل توحید اور دلائل حشر ونشر ذکر کے اس سورت کا آغاز بھی قرآن کی حقانیت سے فرمایا بعد ازاں دلائل توحید و دلائل حشر ونشر ذکر کئے پہلی سورت کی طرح سعداء اور اشقیاء کا حال اور مآل ذکر کیا اور پھر حسب سابق اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ سے اولاً توحید کا ذکر شروع کیا۔ اسی طرح سلسلہ کلام آخر سورت تک چلا گیا۔ (معارف کاندھلوی)

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ

کیا کہتے ہیں کہ یہ جھوٹ باندھ لایا ہے کوئی نہیں وہ ٹھیک ہے

مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ

تیرے رب کی طرف سے تاکہ تو ڈر سنا دے ان لوگوں کو جنکے پاس نہیں آیا ڈرانے والا

مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۳﴾

تجھ سے پہلے تاکہ وہ راہ پر آئیں

besturdubooks.wordpress.com

کافروں کی بے ہودہ باتوں کا تجزیہ:

یعنی جس کتاب کا معجز من اللہ ہونا اس قدر واضح ہے کہ شک وشبہ کی قطعاً گنجائش نہیں، کیا اُس کی نسبت کفار کہتے ہیں کہ پیغمبر اپنی طرف سے گھڑ لایا ہے اور معاذ اللہ جھوٹ طوفان خدا کی طرف نسبت کرتا ہے؟ حد ہوگئی جب ایسی روشن چیز میں بھی شبہات پیدا کئے جانے لگے، ذرا غور وانصاف کرتے تو معلوم ہو جاتا کہ یہ کتاب ٹھیک پروردگار عالم کی طرف سے آئی ہے۔ تا اس کے ذریعہ سے آپ اس قوم کو بیدار کرنے اور راہ راست پر لانے کی کوشش کریں جن کے پاس قرنوں سے کوئی بیدار کرنے والا پیغمبر نہیں آیا۔ سوچنے کی بات ہے کہ آدمی اپنی طرف سے وہ ہی چیز بنا کر لاتا ہے یا بنا سکتا ہے جس کی کوئی نظیر یا زبردست خواہش اُس کے ماحول میں پائی جاتی ہو کسی ملک میں ایسی بات دفعۃً منہ سے نکال دینا جو اُن کی سینکڑوں برس کی مسخ شدہ ذہنیت اور مذاق کے یکسر مخالف ہو اور جس کے قبول کی ادنیٰ ترین استعداد بھی بظاہر نہ پائی جائے کسی عاقل کا کام نہیں ہوسکتا۔ ہاں اللہ تعالیٰ کی قدرت قاہرہ کسی کو مامور کرے وہ الگ بات ہے پس نبی اُمی صلی اللہ علیہ وسلم جن کا اعقل الناس ہونا اُن کو بھی تسلیم کرنا پڑا ہے جو آپ کو (معاذ اللہ) مفتری کہتے ہیں، اگر کوئی بات بنا کر لاتے تو یقیناً ایسی لاتے جو عرب کی اُس فضا کے مناسب او رعام جذبات کے موافق ہوتی اور جس کا کوئی نمونہ اُن کے گردوپیش پایا جاتا یہ ہی بات ایک انصاف پسند کو یقین دلا سکتی ہے کہ وہ خود اپنی ذاتی خواہش سے کھڑے نہیں ہوئے اور نہ جو پیغام لائے وہ اُن کی تصنیف کیا ہوا تھا۔ (تفسیر عثمانی)

ایمان وتوحید کی دعوت ہر دَور میں رہی ہے:

اس آیت میں لفظ نذیر اپنے عام لغوی معنی میں ہے یعنی اللہ کی طرف دعوت دینے والا وہ خواہ رسول اور پیغمبر ہو یا ان کا کوئی نائب خلیفہ یا عالم دین، تو اس آیت سے تمام امتوں اور جماعتوں تک توحید کی دعوت پہنچ جانا معلوم ہوتا ہے وہ اپنی جگہ صحیح ودرست اور حق تعالیٰ کی رحمتِ عامہ کا مقتضا ہے جیسا کہ ابوحیان نے فرمایا کہ توحید اور ایمان کی دعوت کسی زمانے اور کسی مکان اور کسی قوم میں کبھی منقطع نہیں ہوتی، اور جب کہیں نبوت پر زمانہ دراز تک گزر جانے کے بعد اس نبوت کا علم رکھنے والے علماء بہت کم رہ گئے تو کوئی دوسرا نبی ورسول مبعوث ہوگیا، اس کا مقتضی یہ ہے کہ اقوام عرب میں بھی ضرورت توحید کی دعوت پہلے سے ضرور پہنچی ہوگی، مگر اس کے لئے یہ ضروری نہیں کہ یہ دعوت خود کوئی نبی ورسول لے کر آیا ہو، ہوسکتا ہے کہ ان کے نائبین علماء ذریعہ پہنچ گئی ہو، اس لئے اس سورۃ اور سورۃ یٰسین وغیرہ کی وہ آیتیں جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ قریش عرب میں آپ سے پہلے کوئی نذیر نہیں آیا تھا، ضروری ہے کہ اس میں نذیر سے مراد اصطلاحی معنی کے اعتبار سے رسول ونبی ہو، اور مراد یہ ہو کہ اس قوم کے اندر آپ سے پہلے کوئی نبی ورسول نہیں آیا تھا، اگرچہ دعوت ایمان وتوحید دوسرے ذرائع سے یہاں بھی پہنچ چکی ہو، زمانہ فترت یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے بہت سے حضرات کے متعلق یہ ثابت ہوا ہے کہ وہ دین ابراہیم واسمٰعیل علیہما السلام پر قائم تھے، توحید پر ان کا ایمان تھا، بت پرستی اور بتوں کیلئے قربانی دینے سے متنفر تھے۔

عمرو بن نفیل:

روح المعانی میں موسیٰ بن عقبہؒ کی مغازی سے یہ روایت نقل کی ہے کہ عمرو بن نفیل جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت اور نبوت سے پہلے آپ سے ملے بھی تھے، مگر نبوت سے پہلے ان کا انتقال اس سال میں ہوگیا جس میں قریش نے بیت اللہ کی تعمیر کی تھی اور یہ واقعہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت سے پانچ سال پہلے کا ہے، ان کا حال موسیٰ بن عقبہ نے یہ نقل کیا ہے کہ قریش کو بت پرستی سے روکتے تھے، اور بتوں کے نام پر قربانی دینے کو بہت بُرا کہتے تھے، اور مشرکین کے ذبائح کا گوشت نہ کھاتے تھے۔

اور ابوداؤد طیالسی نے عمرو بن نفیل کے صاحبزادے حضرت سعید بن عمروؓ سے، جو صحابہؓ میں عشرہ مبشرہ میں داخل ہیں یہ روایت کیا ہے کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ میرے والد کا جو کچھ حال تھا وہ آپ کو معلوم ہے کہ توحید پر قائم، بت پرستی کے منکر تھے، تو کیا میں ان کے لئے دعائے مغفرت کر سکتا ہوں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہاں ان کے لئے دعاء مغفرت جائز ہے، وہ قیامت کے روز ایک مستقل امت ہوکر اٹھیں گے۔ (روح)

ورقہ بن نوفل:

اس طرح ورقہ بن نوفل جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ نبوت شروع ہونے اور نزول قرآن کی ابتداء کے وقت موجود تھے توحید پر قائم تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد کرنے کا اپنا عزم ظاہر کیا تھا، مگر فوراً بعد ہی ان کی وفات ہوگئی، یہ واقعات ثابت کرتے ہیں کہ اقوام عرب بھی دعوتِ آلہیہ اور دعوتِ ایمان وتوحید سے محروم تو تھیں، مگر خود ان کے اندر کوئی نبی نہیں آیا تھا، واللہ اعلم۔ (معارف مفتی اعظم)

اَللّٰهُ الَّذِىۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ
اللہ ہے جس نے بنائے آسمان اور زمین
وَمَا بَيۡنَهُمَا فِىۡ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسۡتَوٰى عَلَى الۡعَرۡشِ
اور جو کچھ اُن کے بیچ میں ہے چھ دن کے اندر پھر قائم ہوا عرش پر

اس کا بیان سورۂ اعراف میں آٹھویں پارہ کے اختتام کے قریب گذر چکا، ملاحظہ کرلیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ
کوئی نہیں تمہارا اُس کے سوائے حمایتی اور نہ سفارشی
اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٤﴾
پھر تم کیا دھیان نہیں کرتے

کہاں بھاگ سکتے ہو؟: یعنی دھیان نہیں کرتے کہ اُس کے پیغامبر کو جھٹلا کر کہاں جاؤ گے۔ تمام زمین و آسمان میں عرش سے فرش تک اللہ کی حکومت ہے۔ اگر پکڑے گئے تو اُس کی اجازت و رضاء کے بدوں کوئی حمایت اور سفارش کرنے والا بھی نہ ملے گا۔ (تفسیر عثمانی)

يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ
تدبیر سے اُتارتا ہے کام آسمان سے زمین تک پھر چڑھتا ہے
اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗٓ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿٥﴾
وہ کام اس کی طرف ایک دن میں جس کا پیمانہ ہزار برس کا ہے تمہاری گنتی میں

احکامِ الٰہیہ کی تنفیذ اور نظامِ کائنات کی ترتیب:

بڑے کام اور اہم انتظامات کے متعلق عرشِ عظیم سے مقرر ہو کر نیچے حکم اترتا ہے۔ سب اسباب حسی و معنوی ظاہری و باطنی، آسمان و زمین سے جمع ہو کر اُس کے انصرام میں لگ جاتے ہیں، آخر وہ کام اور انتظام اللہ کی مشیت و حکمت سے مدتوں جاری رہتا ہے، پھر زمانہ دراز کے بعد اُٹھ جاتا ہے۔ اُس وقت اللہ کی طرف سے دوسرا رنگ اُترتا ہے جیسے بڑے بڑے پیغمبر جن کا اثر قرنوں رہا، یا کسی بڑی قوم میں سرداری جو نسلوں تک چلی۔ وہ ہزار برس اللہ کے ہاں ایک دن ہے (موضح بتغییر یسیر) مجاہدؒ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہزار سال کے انتظامات وتدابیر فرشتوں کو القاء کرتا ہے۔ اور یہ اُس کے ہاں ایک دن ہے۔ پھر فرشتے جب (انہیں انجام دے کر) فارغ ہو جاتے ہیں، آئندہ ہزار سال کے انتظامات القاء فرما دیتا ہے۔ یہ ہی سلسلہ قیامت تک جاری رہے گا۔ بعض مفسرین آیت کا مطلب یہ لیتے ہیں کہ اللہ کا حکم آسمانوں کے اوپر سے زمین تک آتا ہے، پھر جو کارروائیاں اس کے متعلق یہاں ہوتی ہیں وہ دفتر اعمال میں درج ہونے کے لئے اوپر چڑھتی ہیں جو سمائے دنیا کے محدب پر واقع ہے۔ اور زمین سے وہاں تک کا فاصلہ آدمی کی متوسط رفتار سے ایک ہزار سال کا ہے جو خدا کے ہاں ایک دن قرار دیا گیا۔ مسافت تو اتنی ہے یہ جُداگانہ بات ہے کہ فرشتہ ایک گھنٹہ یا اس سے بھی کم میں قطع کر لے۔ بعض مفسرین یوں معنی کرتے ہیں کہ ایک کام اللہ تعالیٰ کو کرنا ہے تو اس کے مبادی و اسباب کا سلسلہ ہزار سال پہلے سے شروع کر دیتے ہیں۔ وہ حکمت بالغہ کے مطابق مختلف ادوار میں گزرتا اور مختلف صورتیں اختیار کرتا ہوا بتدریج اپنے منتہائے کمال کو پہنچتا ہے۔ اُس وقت جو نتائج و آثار اُس کے ظہور پذیر ہوتے ہیں بارگاہِ ربوبیت میں پیش ہونے کے لئے چڑھتے ہیں۔ بعض کے نزدیک یوم سے یوم قیامت مراد ہے یعنی اللہ تعالیٰ آسمان سے زمین تک تمام دنیا کا بندوبست کرتا ہے۔ پھر ایک وقت آئے گا جب یہ سارا قصہ ختم ہو کر اللہ کی طرف لوٹ جائے گا اور آخری فیصلہ کے لئے پیش ہوگا۔ اُس کو قیامت کہتے ہیں۔ قیامت کا دن ہزار سال کے برابر ہے۔ بہر حال فی یوم کو بعض نے یدبر کے اور بعض نے یعرج کے متعلق کیا ہے اور بعض نے تنازع فعلین مانا ہے۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

زمین سے سدرۃ المنتہیٰ تک اور آسمانوں کے درمیان کی مسافت:

كَانَ مِقْدَارُهٗ یعنی اس کے عروج ونزول کی مدت تمہاری گنتی کے ہزار برس کے برابر ہوتی ہے مطلب یہ کہ اگر کوئی آدمی اس مسافت کو طے کرے تو ہزار برس سے کم میں طے نہیں کر پائے گا لیکن اللہ کی قدرت کے کمال کے زیر اثر اس کا عروج ونزول پل بھر میں ہو جاتا ہے۔

میرے نزدیک دونوں آیتوں میں زمین سے سدرۃ المنتہیٰ تک کی مسافت مراد ہو سکتی ہے لیکن ایک ہزار اور پچاس ہزار کی گنتی کا اختلاف چلنے والوں کی رفتار کی بناء پر بیان کیا گیا ہے کیونکہ ترمذی نے حضرت عباسؓ بن مطلب کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، زمین اور آسمان کے درمیان کی مسافت اکہتر یا بہتر یا تہتر سال کی راہ کے برابر ہے۔ نیز ترمذی اور احمد نے حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا زمین اور آسمان کے درمیان اور ہر آسمان سے دوسرے آسمان تک پانچ سو برس کی راہ ہے۔ یہاں بھی اختلافِ مدت محض چلنے والوں کی رفتار کے تفاوت کی بناء پر ظاہر کیا گیا ہے۔ واللہ اعلم۔

حضرت ابوہریرہ کی روایت جو ترمذی نے نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، نادار لوگ مالداروں سے پانچ سو برس اور آدھا دن پہلے (یعنی قیامت کے آدھے دن کی بقدر پہلے) جنت میں داخل ہوں گے۔

زکوٰۃ ادا نہ کرنے کی سزا:

بخاری ومسلم نے صحیحین میں حضرت ابوہریرہ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جو خزانے والا اپنے خزانے کی زکوٰۃ ادا نہیں کرے گا اس کا خزانہ جہنم کی آگ میں تپایا جائے گا، پھر اس کی چٹانیں بنائی جائیں گی اور چٹانوں سے اس شخص کے دونوں پہلوؤں اور پیشانی پر داغ لگائے جائیں گے (اور ایسا) اس وقت تک ہوتا رہے گا جب تک اللہ اپنے بندوں کا

besturdubooks.wordpress.com

فیصلہ اس دن کرے گا جس کی مقدار پچاس ہزار برس کی مدت کے برابر ہوگی۔

بعض لوگوں کے لئے وہ پچاس ہزار برس کا دن ہوگا اور بعض کے لئے ایک ہزار برس کا اور بعض لوگوں کے لئے دنیا کے اس دن سے بھی کم مدت محسوس ہوگی۔ حاکم اور بیہقی نے حضرت ابو ہریرہ کی روایت سے مرفوعاً اور موقوفاً بیان کیا ہے کہ مومنوں کے لئے قیامت کے دن کا طول اتنا ہوگا جتنی مدت ظہر و عصر کے درمیان ہوتی ہے۔

مؤمن پر قیامت کی آسانی:

بغوی نے ابراہیم تیمی کا قول بھی یہی نقل کیا ہے اور ابو یعلی و ابن حبان و بیہقی نے حسن سند کے ساتھ حضرت ابوسعید کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس دن کے متعلق دریافت کیا گیا جس کی مدت پچاس ہزار برس کی ہوگی اور عرض کیا گیا تو بڑا لمبا دن ہوگا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے مؤمن کے لئے تو وہ اس فرض نماز سے بھی ہلکا ہوگا جو دنیا میں وہ پڑھا کرتا تھا۔

جلال الدین محلی نے تفسیر میں اسی روایت کو پسند کیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝
یہ ہے جاننے والا چھپے اور کھلے کا زبردست رحم والا

اللہ تعالیٰ کا علم وقدرت:

یعنی ایسے اعلیٰ اور عظیم الشان انتظام و تدبیر کا قائم کرنا اسی پاک ہستی کا کام ہے جو ہر ایک ظاہر و پوشیدہ کی خبر رکھے، زبردست اور مہربان ہو۔ (تفسیر عثمانی)

الَّذِي أَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهُ وَبَدَأَ خَلْقَ الْإِنْسَانِ
جس نے خوب بنائی جو چیز بنائی اور شروع کی انسان کی پیدائش
مِنْ طِينٍ ۝ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهُ مِنْ سُلَالَةٍ مِنْ مَاءٍ مَهِينٍ ۝
ایک گارے سے پھر بنائی اس کی اولاد نچڑے ہوئے بے قدر پانی سے

یعنی نطفہ جو بہت سی غذاؤں کا نچوڑ ہے۔ (تفسیر عثمانی)

اللہ تعالیٰ نے ہر چیز حسین بنائی ہے:

الَّذِي أَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهُ یعنی اللہ وہ ذات ہے جس نے ہر چیز کی خلقت کو حسین اور بہتر بنایا ہے، وجہ یہ ہے کہ اس عالم میں اللہ تعالیٰ نے جو کچھ پیدا فرمایا وہ حکمت اور مصالح عالم کے اقتضاء سے بنایا ہے، اس لئے ہر چیز اپنی ذات کے اعتبار سے ایک حسن رکھتی ہے، اور ان سب سے زیادہ حسین اور بہتر انسان کو بنایا ہے، جیسا کہ ارشاد فرمایا لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِي أَحْسَنِ تَقْوِيمٍ یعنی ہم نے انسان کو سب سے زیادہ حسین تقویم اور بہتر شکل وصورت میں پیدا کیا ہے۔

کسی نے خوب کہا ہے

نہیں ہے چیز نکمی کوئی زمانے میں   کوئی بُرا نہیں قدرت کے کارخانے میں

حکیم الامت حضرت تھانویؒ کی تقریر:

حضرت حکیم الامتؒ نے فرمایا کہ کل شئ میں تمام جواہر اور اعراض داخل ہیں یعنی وہ چیزیں بھی جو وجود جوہری رکھتی ہیں جیسے حیوانات، نباتات، جمادات وغیرہ اور اعراض بھی جن میں اخلاق واعمال بھی داخل ہیں، یہاں تک کہ جو اخلاق بُرے بتلائے جاتے ہیں جیسے غصہ، حرص، شہوت وغیرہ یہ بھی اپنی ذات میں بُرے نہیں، ان کی بُرائی غیر مصرف میں صرف کرنے اور بے محل استعمال کرنے سے ہوتی ہے، اپنے محل میں رہیں تو ان میں کوئی چیز بُری نہیں، لیکن مراد اس سے ان اشیاء کی جہت تخلیق وتکوین ہے، کہ وہ خیر ہی خیر اور حسن ہی حسن ہے اور اعمال کی دوسری جہت انسان کا کسب واکتساب ہے، یعنی اپنے اختیار کو کسی کام کے کرنے میں صرف کرنا، تو اس حیثیت سے سب حسن نہیں، بلکہ ان میں تفصیل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جن کی اجازت نہیں دی وہ حسن نہیں، قبیح ہیں، واللہ اعلم۔

قدرت کاملہ کا ثبوت:

وَبَدَأَ خَلْقَ الْإِنْسَانِ مِنْ طِينٍ اس سے پہلے یہ بتلایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے عالم کی ہر چیز کو حسن بنایا ہے، اس کے بعد انسان کا ذکر فرمایا جو ان سب میں زیادہ حسین ہے، اس کے ساتھ کمال قدرت کے اظہار کے لئے یہ بھی بتلادیا کہ جس انسان کو ہم نے سب مخلوق سے زیادہ بہتر بنایا ہے وہ یہ نہیں کہ اس کا مادہ تخلیق کچھ سب سے زیادہ اشرف واعلیٰ اور بہتر لیا گیا، اس لئے سب سے بہتر ہوگیا، بلکہ مادۂ تخلیق تو اس کا سب سے کمتر چیز یعنی مٹی کو بنایا گیا، پھر قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ نے اس کمترین چیز کو کہاں سے کہاں پہنچایا۔ (معارف مفتی اعظم)

ثُمَّ سَوَّاهُ
پھر اسکو برابر کیا

یعنی شکل، صورت اعضاء موزوں ومتناسب رکھے۔ (تفسیر عثمانی)

وَنَفَخَ فِيهِ مِنْ رُوحِهِ
اور پھونکی اُس میں اپنی ایک جان

مخلوق کی عزت افزائی:

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں جو مخلوق ہے اسی کا مال ہے مگر جس کی عزت بڑھائی اس کو اپنا کہا جیسے فرمایا إِنَّ عِبَادِي لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطَانٌ حالانکہ سب

besturdubooks.wordpress.com

خدا کے بندے ہیں کما قال اِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِلَّآ اٰتِي الرَّحْمٰنِ عَبْدًا۔ سو انسان کی جان عالم غیب سے آئی ہے مٹی پانی سے نہیں بنی۔ اس کو اپنا کہا۔ ورنہ اللہ کی جان کا اگر وہ مطلب لیا جائے جو مثلاً آدمی کی جان کا لیتے ہیں تو چاہے جان کسی بدن میں ہو، بدن ہوا تو ترکیب آئی، ترکیب آئی تو حدوث آیا، ذات پاک کہاں رہی (موضح بتغییر) (تفسیر عثمانی)

وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ
اور بنا دیئے تمہارے لئے کان اور آنکھیں اور دل
قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝۹
تم بہت تھوڑا شکر کرتے ہو

نعمتوں کا شکریہ:

ان نعمتوں کا شکریہ تھا کہ آنکھوں سے اُس کی آیات تکوینیہ کو بنظر امعان دیکھتے۔ کانوں سے آیت تنزیلیہ کو توجہ وشوق کے ساتھ سنتے۔ دل سے دونوں کو ٹھیک ٹھیک سمجھنے کی کوشش کرتے پھر سمجھ کر اُس پر عامل ہوتے۔ مگر تم لوگ بہت کم شکر ادا کرتے ہو۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ
اور کہتے ہیں کیا جب ہم رل گئے زمین میں کیا ہم کو نیا بننا
جَدِيْدٍ ڛ بَلْ هُمْ بِلِقَاۗئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ۝۱۰
ہے کچھ نہیں وہ اپنے رب کی ملاقات سے منکر ہیں

کافروں کے شبہات:

یعنی اس پر غور نہ کیا کہ اللہ نے اُن کو اول مٹی سے پیدا کیا ہے۔ اُلٹے شبہات نکالنے لگے کہ مٹی میں مل جانے کے بعد ہم دوبارہ کس طرح بنائے جائیں گے۔ اور شبہ یا استبعاد ہی نہیں بلکہ صاف طور پر یہ لوگ بعث بعد الموت سے منکر ہوگئے۔ (تفسیر عثمانی)

ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ جب ہم زمین میں نیست و نابود ہوگئے تو کیا ہم نئے جنم میں آئیں گے۔ یعنی جب ہم زمین میں غائب ہو جائیں گے اور مٹی بن کر مٹی میں مل جائیں گے زمین کی خاک میں اور ہماری خاک میں کوئی فرق نہیں رہے گا تو کیا ہم کو دوبارہ از سر نو زندہ کیا جائے گا۔ ضَلَّ الْمَآءُ فِي اللَّبَنِ عرب کا محاورہ ہے، یعنی دودھ میں پانی اس طرح مل کر کھو گیا کہ کوئی امتیاز باقی نہ رہا۔ (تفسیر مظہری)

قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ
تو کہہ قبض کر لیتا ہے تم کو فرشتہ موت کا جو
وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ۝۱۱
تم پر مقرر ہے پھر اپنے رب کی طرف پھر جاؤ گے

موت کا فرشتہ:

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں یعنی تم آپ کو محض بدن اور دھڑ سمجھتے ہو کہ خاک میں رل مل کر برابر ہوگئے۔ ایسا نہیں تم حقیقت میں جان ہو جسے فرشتہ لے جاتا ہے بالکل فنا نہیں ہو جاتے۔ (موضح) (تفسیر عثمانی)

موت کے قاصد:

بغوی نے لکھا ہے کہ عکرمہؒ نے حضرت ابن عباس کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمام درد، دکھ موت کے قاصد ہیں۔ جب وقت مقرر آ جاتا ہے تو موت کا فرشتہ آ پہنچتا ہے اور کہتا ہے اے بندے کتنی ہی خبروں کے بعد خبریں آتی رہیں، قاصدوں کے بعد قاصد اور پیاموں کے بعد پیام بھی آتے رہے۔ اب میں آخری خبر ہوں میرے بعد (تیرے پاس) کوئی خبر نہیں آئے گی میں (آخری) قاصد ہوں میرے بعد کوئی قاصد نہیں آئے گا۔ اب چارو ناچار حکم رب پر تجھے لبیک کہنا ہے۔ جب موت کا فرشتہ روح قبض کر لیتا ہے اور (اقرباء اعزہ) اس پر چیختے پیٹتے ہیں تو موت کا فرشتہ کہتا ہے تم کس پر چیختے ہو، کس پر رو رہے ہو۔ خدا کی قسم میں نے اس کی مدتِ حیات میں کوئی کمی نہیں کی، نہ میں نے اس کا رزق کھایا، بلکہ اس کے رب نے اس کو بلا لیا ہے رونے والا اپنے اوپر روئے خدا کی قسم میرے بار بار لوٹ لوٹ کر پھیرے ہوتے رہیں گے یہاں تک کہ میں تم میں سے کسی کو نہیں چھوڑوں گا۔

مسئلہ: ملک الموت کو کسی کے مرنے کا مقرر وقت معلوم نہیں جب کسی کی روح قبض کرنے کا اس کو حکم ہوتا ہے اس وقت اس کو معلوم ہوتا ہے۔

ابن ابی الدنیا نے ابن جریج کا قول نقل کیا ہے ہم تک یہ بات (یعنی حدیث) پہنچی ہے کہ ملک الموت سے کہا جاتا ہے، فلاں شخص کی روح فلاں وقت فلاں دن قبض کر لے۔

مسئلہ: موت کا فرشتہ مومن کے سامنے (مرنے کے وقت) خوبصورت ترین شکل میں آتا ہے اور کافر کے سامنے بدترین شکل میں۔

حضرت ابراہیمؑ سے ملک الموت کی ملاقات:

ابن ابی الدنیا کا بیان کہ حضرت ابن مسعودؓ اور حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا جب اللہ نے ابراہیمؑ کو اپنا خلیل چن لیا تو ملک الموت نے (بارگاہ الٰہی

besturdubooks.wordpress.com

میں) درخواست کی کہ مجھے اجازت عطا فرمائی جائے میں ابراہیمؑ کو جا کر یہ بشارت دے دوں۔ اللہ تعالیٰ نے اجازت عطا فرما دی۔ ملک الموت نے جا کر ابراہیم علیہ السلام کو یہ بشارت سنائی، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا، الحمد للہ، پھر فرمایا اے فرشتہ موت مجھے دکھا دے تو کافروں کی روحیں کیسے قبض کرتا ہے۔ ملک الموت نے کہا آپ اس کی تاب نہیں لا سکتے۔ حضرت ابراہیم نے کہا کیوں نہیں فرشتۂ موت نے اپنا منہ ابراہیم کی طرف پھیر لیا۔ اور فوراً پھر ابراہیم کی طرف رخ کیا تو ابراہیم نے دیکھا ایک سیاہ فام شخص سامنے کھڑا ہے جس کا سر آسمان کو چھو رہا ہے اور اس کے منہ سے آگ کے شعلے نکل رہے ہیں اور اس کے بدن کے ہر رونگٹے سے آدمی کی ایک شکل نمودار ہو رہی ہے جس کے منہ اور ہر رونگٹے سے آگ کے شعلے نکل رہے ہیں یہ منظر دیکھ کر حضرت ابراہیم بیہوش ہو گئے کچھ دیر کے بعد ہوش میں آئے تو دیکھا کہ ملک الموت اپنی پہلی شکل میں آ چکا تھا، حضرت ابراہیم نے فرمایا، اے ملک الموت اگر (مرنے کے وقت) کوئی کافر سوائے آپ کی اس (ہیبتناک) صورت کے کسی اور مصیبت وغم سے دوچار نہ بھی ہو تب بھی (اس کی مصیبت وغم کے لئے) یہ صورت ہی کافی ہے۔ اچھا اب بتائیے آپ مومنوں کی روحیں کیسے قبض کرتے ہیں۔ ملک الموت نے اپنا منہ پھیر لیا پھر فوراً (دوبارہ حضرت ابراہیم کی طرف) رخ موڑا تو ابراہیم نے دیکھا کہ وہ نہایت حسین جوان مرد تھے خوشبو پاکیزہ (مہک رہی تھی) اور لباس سفید تھا۔ حضرت ابراہیم نے فرمایا، اے فرشتہ موت اگر (مرنے کے وقت) مومن آپ کی اس (حسین پاکیزہ) صورت کے سوا کوئی اور چشم نواز خنکی اور عزت نہ بھی دیکھے، تب بھی اس کے لئے یہ حسین صورت کافی ہوگی۔

حضرت کعب کا بیان ہے کہ حضرت ابراہیمؑ کو ملک الموت نے اپنی وہ حسین صورت دکھائی جو مومن کی روح قبض کرتے وقت ان کی ہوتی ہے تو ان کی صورت پر ایسی چمک دمک اور رونق دیکھی جس کی کیفیت سوائے اللہ کے اور کوئی نہیں جانتا اور کافروں، فاجروں کی روح قبض کرنے کے وقت جو صورت ان کی ہوتی ہے جب وہ دکھائی تو ابراہیم خوف زدہ ہو گئے یہاں تک کہ آپ کے شانے لرزنے لگے اور پیٹ زمین کو لگا دیا قریب تھا کہ آپ کی جان نکل جائے۔

جانوروں کی موت کس طرح ہوتی ہے:

ابوالشیخ اور دیلمی نے اور عقیلی نے الضعفاء میں حضرت انس کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چوپایوں اور زمین کے کیڑوں مکوڑوں کی مدت زندگی اللہ کی پاکی بیان کرنے سے رہتی ہے۔ جب ان کی تسبیح ختم ہو جاتی ہے تو اللہ (خود) ان کی جانیں قبض کر لیتا ہے موت کے فرشتہ کو اس میں کوئی دخل نہیں ہوتا۔ ایک اور سند سے حضرت ابن عمرؓ کی روایت سے خطیب نے بھی ایسی ہی حدیث نقل کی ہے۔ ابن عطیہ اور قرطبی نے کہا اس کا مطلب یہ ہے کہ ملک الموت کے دخل کے بغیر اللہ خود ان کی زندگیاں ختم کر دیتا ہے۔

میں کہتا ہوں آدمیوں کی روحیں قبض کرنے کے لئے ملک الموت اور اس کے مددگاروں کی وساطت مومنوں کی عزت افزائی اور کافروں کی توہین وسزا کے لئے قائم کی گئی ہے۔

موت کے چار فرشتے:

خطیب نے اپنی تفسیر میں بوساطت ضحاک حضرت ابن عباسؓ کا قول نقل کیا ہے کہ ملک الموت کو آدمیوں کی روحیں قبض کرنے کے لئے مقرر کیا گیا ہے اور ایک فرشتہ جنات کے لئے مقرر ہے اور ایک فرشتہ شیاطین (کی موت) پر اور ایک فرشتہ چرندوں، پرندوں، درندوں، مچھلیوں اور چیونٹیوں (کی موت) کے لئے مقرر ہے، یہ چار فرشتے ہیں (تمام) فرشتے پہلی بے ہوشی میں (یعنی پہلا صور پھونکتے ہی) مر جائیں گے۔ ملک الموت ان کی روحیں قبض کرنے پر مقرر ہے پھر ملک الموت (خود) مر جائے گا۔

سمندر کے شہیدوں کی روح افزائی:

لیکن (جہاد پر جانے والے) وہ لوگ جو سمندر میں شہید ہوتے ہیں اللہ ان کی روحیں خود قبض کرتا ہے ان کی عزت افزائی کے پیش نظر ملک الموت کو ان کا معاملہ سپرد نہیں کرتا وہ راہ خدا میں نکلنے والے ہوتے ہیں جو سمندر میں شہید ہو جاتے ہیں، اس روایت کی سند میں جویبر انتہائی ضعیف راوی ہے پھر ضحاک کا حضرت ابن عباسؓ سے انقطاع بھی ہے، البتہ اثر مذکور کے آخری حصہ کا ایک شاہد مرفوع ہے۔

ابن ماجہ نے حضرت ابوامامہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ نے ملک الموت کو سوا شہداء بحر کے سب کی روحیں قبض کرنے پر مقرر فرمایا ہے۔ شہداء بحر کی روحیں قبض کرنے کی ذمہ داری اللہ نے خود (اپنے ہاتھ میں) لی ہے۔ میں کہتا ہوں عشق ومعرفت کے سمندر میں ڈوبنے والے تو اس عزت افزائی کے زیادہ مستحق ہیں۔ واللہ اعلم۔

موت کے بعد روحوں کا مقام:

ثُمَّ اِلٰی رَبِّکُمْ تُرْجَعُوْنَ پھر تم سب اپنے رب ہی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

یعنی مرنے کے بعد مومن کی روح کو رحمت کے فرشتے آسمانوں پر چڑھا لے جائیں گے یہاں تک کہ ساتویں آسمان تک پہنچا دیں گے، اور کافر کی روح کو عذاب کے فرشتے لے کر چڑھیں گے اور جب پہلے ہی آسمان تک پہنچ کر (دروازہ) کھلوانا چاہیں گے تو کافر کی روح کے لئے آسمان کا دروازہ نہیں کھولا جائے گا، بلکہ اوپر سے اس کو پھینک دیا جائے گا (کہ وہ مقام سجین میں پہنچ جائے گی) پوری حدیث سورہ انعام میں نقل کی جا چکی ہے۔ (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ملک الموت سے ملاقات:

ایک حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ ایک انصاری صحابی کے سرھانے ملک الموت کو دیکھا تو فرمایا کہ میرے صحابی کے ساتھ نرمی کا معاملہ کرو، ملک الموت علیہ السلام نے جواب دیا کہ آپ مطمئن رہیں، میں ہر مؤمن کے ساتھ نرمی کا معاملہ کرتا ہوں اور فرمایا کہ جتنے آدمی شہروں میں یا دیہات اور جنگلوں پہاڑوں میں یا دریا میں آباد ہیں، میں ان میں سے ہر ایک کو دن میں پانچ مرتبہ دیکھتا ہوں، اس لئے میں ان کے ہر چھوٹے بڑے سے بلا واسطہ واقف ہوں، پھر فرمایا کہ اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ جو کچھ ہے اللہ کے حکم سے ہے ورنہ میں اگر ایک مچھر کی روح بھی قبض کرنا چاہوں تو مجھے اس پر قدرت نہیں، جب تک اللہ تعالیٰ ہی کا امر اس کے لئے نہ آ جائے۔

عزرائیلؑ کی الزام سے براءت:

اور ایک روایت میں ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے عزرائیل علیہ السلام کے سپرد ساری دنیا کی موت کا معاملہ کیا تو انہوں نے عرض کیا اے میرے پروردگار آپ نے مجھے ایسی خدمت سپرد کی کہ ساری دنیا اور سب بنی آدم مجھے بُرا کہیں گے، اور جب میرا ذکر آئے گا بُرائی سے کریں گے، حق تعالیٰ نے فرمایا کہ ہم نے اس کا تدارک اس طرح کر دیا ہے کہ دنیا میں موت کے کچھ ظاہری اسباب اور امراض رکھ دیئے ہیں جن کے سبب سب لوگ موت کو ان اسباب و امراض کی طرف منسوب کریں گے آپ ان کی بدگوئی سے محفوظ رہیں گے (قرطبی فی التفسیر والتذکرہ)۔ (معارف مفتی اعظم)

وَلَوْ تَرٰى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ

اور کبھی تو دیکھے جس وقت کہ منکر سر ڈالے ہوئے ہوں گے اپنے رب کے سامنے

یعنی ذلت و ندامت سے محشر میں۔ (تفسیر عثمانی)

مجرموں کی رسوائی:

نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ اور (اے محمد) اگر آپ (وہ منظر) دیکھیں گے (تو بڑا ہیبت ناک منظر آپ کو دکھائی دے گا) جب کہ مجرم (یعنی وہ مشرک جو کہا کرتے تھے کہ جب ہم خاک میں مل جائیں گے تو کیا نئے جنم میں اُٹھ سکیں گے ندامت اور غم کے مارے) اپنے رب کے سامنے سر جھکائے حاضر ہوں گے۔ (تفسیر مظہری)

رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ

اے رب ہم نے دیکھ لیا اور سن لیا اب ہم کو پھر بھیج دے کہ ہم کریں

صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ﴿۱۲﴾

بھلے کام ہم کو یقین آ گیا

بے کار حسرت:

یعنی ہمارے کان اور آنکھیں کھل گئیں۔ پیغمبر جو باتیں فرمایا کرتے تھے اُن کا یقین آ گیا۔ بلکہ آنکھوں سے مشاہدہ کر لیا کہ ایمان اور عمل صالح ہی خدا کے ہاں کام دیتا ہے۔ اب ایک مرتبہ پھر دنیا میں بھیج دیجئے دیکھئے کیسے نیک کام کرتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

سَمِعْنَا یعنی تو نے اپنے پیغمبروں کی تصدیق کر دی جن کو ہم جھوٹا کہتے تھے۔ ہم نے آج تیری طرف سے تصدیق سن لی۔ ابصرنا اور سمعنا کا یہ مطلب بھی بیان کیا گیا ہے کہ ہم نے اپنے گناہ دیکھ لئے اور ہمارے متعلق جو کہا گیا ہم نے سن لیا۔

یعنی جس چیز میں ہم کو پہلے شک تھا آج اس کا یقین آ گیا۔ (تفسیر مظہری)

وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰهَا وَلٰكِنْ

اور اگر ہم چاہتے تو سمجھا دیتے ہر جی کو اُس کی راہ لیکن

حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّىْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ

ٹھیک پڑ چکی میری کہی بات کہ مجھ کو بھرنی ہے دوزخ جنوں سے

وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۳﴾

اور آدمیوں سے اکٹھے

حکمت الٰہی کے تقاضے:

دوسری جگہ فرمایا وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ (انعام۔ رکوع ۳) یعنی جھوٹے ہیں اگر دنیا کی طرف لوٹائے جائیں پھر وہ ہی شرارتیں کریں۔ اُن کی طبیعت کی افتاد ہی ایسی واقع ہوئی ہے کہ شیطان کے اغواء کو قبول کر لیں اور اللہ کی رحمت سے دُور بھاگیں بیشک ہم کو قدرت تھی چاہتے تو ایک طرف سے تمام آدمیوں کو زبردستی اسی راہ ہدایت پر قائم رکھتے جس کی طرف انسان کا دل فطرۃً رہنمائی کرتا ہے لیکن اس طرح سب کو ایک ہی طور و طریق اختیار کرنے کے لئے مضطر کر دینا حکمت کے خلاف تھا جس کا بیان کئی جگہ پہلے ہو چکا ہے۔ لہٰذا وہ بات پوری ہونی تھی جو ابلیس کے دعوے "لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ" (ص۔ رکوع ۵) کے جواب میں فرمائی تھی "فَالْحَقُّ وَالْحَقَّ اَقُوْلُ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ" (ص۔ رکوع ۵) معلوم

besturdubooks.wordpress.com

ہوا کہ یہاں جن وانس سے مراد وہی شیاطین اور انکے اتباع ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت عائشہؓ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ نے کچھ لوگوں کو پیدائشی جنتی بنایا، جب وہ اپنے آباء کی پشت میں تھے اسی وقت ان کو جنت کے لئے بنا دیا تھا اور کچھ لوگوں کو پیدائشی دوزخی بنایا جب وہ پشت پدر میں تھے اسی وقت ان کو دوزخ کے لئے بنا دیا تھا۔ رواہ مسلم۔

ہر ایک کے دو ٹھکانے:

حضرت علیؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم میں سے ہر ایک کے لئے دوزخ میں ٹھکانا یا جنت میں ٹھکانا (پہلے سے) لکھ دیا گیا ہے۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر ہم اسی تحریر پر بھروسہ کیوں نہ کر لیں اور کیوں نہ عمل ترک کر دیں؟ فرمایا عمل کئے جاؤ۔ ہر ایک کو اسی کام کی توفیق دی جاتی ہے جس کے لئے اس کو پیدا کیا گیا ہے جو خوش نصیب (لکھ دیئے گئے) ہیں ان کے لئے اہل سعادت کے عمل آسان کر دیئے جاتے ہیں۔ اور جو بدبخت (لکھ دیئے گئے) ہیں ان کو بدنصیبوں کے اعمال کی توفیق دی جاتی ہے اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَاتَّقٰی وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰی الخ تلاوت فرمائی۔ رواہ البخاری ومسلم۔

جنتیوں اور دوزخیوں کی فہرست:

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ کی روایت ہے کہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دست مبارک میں دو تحریریں لئے برآمد ہوئے اور فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ یہ دونوں تحریریں کیسی ہیں؟ ہم نے عرض کیا ہم کو کچھ علم نہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دائیں ہاتھ والی تحریر کے متعلق فرمایا۔ یہ رب العالمین کی تحریر ہے اس میں (تمام) جنتیوں کے نام مع ان کے آباء قبائل کے لکھے ہوئے ہیں پھر اس کو بند کر دیا گیا ہے آئندہ کبھی اس میں کمی بیشی نہیں کی جا سکتی اور بائیں ہاتھ والی تحریر کے متعلق فرمایا یہ تحریر بھی رب العالمین کی ہے اس میں دوزخیوں کے نام ان کے آباء وقبائل سمیت لکھے ہوئے ہیں پھر آخر میں اس کو بند کر دیا گیا۔ آئندہ کبھی اس میں کمی بیشی نہیں کی جاسکتی۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ جب معاملہ طے ہو چکا ہے تو پھر عمل کس غرض سے کیا جائے فرمایا سیدھی چال چلتے رہو اور لگے لگے چلو جنتی کا خاتمہ اہل جنت کے عمل پر ہوتا ہے خواہ (زندگی میں) اس نے کوئی عمل بھی کیا ہو اور دوزخی کا خاتمہ دوزخیوں کے عمل پر ہوتا ہے خواہ (زندگی میں) اس نے کچھ بھی کیا ہو، پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تحریروں کی طرف اشارہ کر کے پھینک دیا (یعنی ایسا اشارہ کیا جیسا کوئی پھینکنے والا کرتا ہے اور وہ تحریریں غائب ہو گئیں) پھر فرمایا تمہارا رب بندوں (کے فیصلے) سے فارغ ہو چکا ہے۔ ایک فریق جنتی اور دوسرا فریق دوزخی ہے۔ رواہ الترمذی۔ (تفسیر مظہری)

فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ

سو اب چکھو مزہ جیسے تم نے بھلا دیا تھا اس اپنے دن کے ملنے کو

هٰذَآ اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ

ہم نے بھی بھلا دیا تم کو

ہم نے بھی تم کو بھلا دیا یعنی کبھی رحمت سے یاد نہیں کئے جاؤ گے۔ آگے مجرمین کے مقابلہ میں مومنین کا حال ومال بیان فرماتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾

اور چکھو عذاب سدا کا عوض اپنے کئے کا

اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا

ہماری باتوں کو وہی مانتے ہیں کہ جب اُن کو سمجھایئے اُن سے گر پڑیں

سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۱۵﴾

سجدہ کر کر اور پاک ذات کو یاد کریں اپنے رب کی خوبیوں کیساتھ اور وہ بڑائی نہیں کرتے

اہل ایمان کا خوف:

یعنی خوف وخشیت اور خشوع وخضوع سے سجدہ میں گر پڑتے ہیں، زبان سے اللہ کی تسبیح وتحمید کرتے ہیں، دل میں کبر وغرور اور بڑائی کی بات نہیں رکھتے جو آیات اللہ کے سامنے جھکنے سے مانع ہو۔

تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ

جدا رہتی ہیں اُن کی کروٹیں اپنے سونے کی جگہ سے

مؤمنوں کی نمازیں:

یعنی میٹھی نیند اور نرم بستروں کو چھوڑ کر اللہ کے سامنے کھڑے ہوتے ہیں۔ مراد تہجد کی نماز ہوئی جیسا کہ حدیث صحیح میں مذکور ہے۔ اور بعض نے صبح کی یا عشاء کی نماز یا مغرب وعشاء کے درمیان کے نوافل مراد لی ہیں۔ گو الفاظ میں اس کی گنجائش ہے لیکن راجح وہ ہی پہلی تفسیر ہے۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

خواب گاہوں سے پہلو دور رکھنے سے مراد یہ ہے کہ وہ بستروں سے جدا ہو جاتے ہیں۔

مخصوص حضرات کیلئے اعلان:

حضرت اسماء بنت یزید راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا،

قیامت کے دن اللہ ایک ہموار میدان میں لوگوں کو جمع کرے گا۔ پکارنے والے کی آواز سب کو (ایک جیسی) سنائی دے گی (اور چونکہ درمیان میں کوئی چیز حائل نہیں ہوگی اور نشیب و فراز نہیں ہوگا اس لئے) نظر سب کے پار جائے گی۔ منادی پکارے گا کہاں ہیں وہ لوگ جو دکھ سکھ میں اللہ کی حمد کرتے تھے یہ آواز سن کر کچھ تھوڑے سے کھڑے ہو جائیں گے اور بلا حساب جنت میں داخل ہو جائیں گے۔ پھر منادی پکارے گا کہاں ہیں وہ لوگ جن کے پہلو خوابگاہوں سے الگ رہتے تھے یہ آواز سن کر کچھ تھوڑے سے لوگ کھڑے ہو جائیں گے اور بلا حساب کے جنت میں چلے جائیں گے اس کے بعد باقی مخلوق اُٹھے گی اور ان سے حساب لیا جائے گا (ہناد) ابن راہویہ اور ابویعلی نے اپنی مسندوں میں بھی حضرت اسماءؓ کی روایت سے حدیث مذکور اسی طرح بیان کی ہے اس روایت میں اتنا تغیر ہے کہ منادی اول ایسی آواز سے جو سب لوگوں کو سنائی دے گی یہ الفاظ پکار کر کہے گا اس سے مجمع والوں کو بھی معلوم ہو جائے گا کہ کرم کا سب سے زیادہ مستحق کون ہے۔

حسن بصری، مجاہد، امام مالک اور اوزاعی اور علماء کی ایک جماعت کا قول ہے کہ آیت تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ میں تہجد گزار لوگ مراد ہیں جو تہجد کی نماز کے لئے اُٹھتے ہیں۔

جنت میں لے جانے والا عمل:

امام احمد، ترمذی، ابن ماجہ، ابن ابی شیبہ، ابن راہویہ اور حاکم نے حضرت معاذؓ کی روایت سے بیان کیا ہے۔ حضرت معاذؓ نے فرمایا، میں نے عرض کیا یا رسول اللہ مجھے کوئی ایسا عمل بتا دیجئے جو مجھے جنت میں لے جائے اور دوزخ سے دور رکھے، فرمایا تو نے بڑی بات دریافت کی اور اللہ جس کو توفیق دے اس کے لئے دشوار بھی نہیں ہے۔ تو اللہ (ہی) کی عبادت کر اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ قرار دے۔ نماز قائم کر، زکوٰۃ ادا کر رمضان کے روزے رکھ، اور کعبہ کا حج کر، پھر فرمایا کیا میں تجھے خیر کے دروازے نہ بتا دوں (سن) روزہ ڈھال ہے (گناہوں سے اور دوزخ سے بچانے والا۔ مترجم) خیرات گناہوں کو اس طرح بجھا دیتی ہے جیسے پانی آگ کو۔ اور وسط رات میں نماز پڑھنی بھی خیر کا دروازہ ہے) اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ ——— يَعْمَلُوْنَ تک تلاوت فرمائی۔

امر کا سر، ستون، کوہان اور جڑ:

پھر فرمایا کیا میں تجھے امر کا سر اور ستون اور کوہان کی چوٹی نہ بتا دوں۔ میں نے عرض کیا کیوں نہیں۔ فرمایا امر کا سر اسلام ہے اور اس کا ستون نماز ہے اور اس کے کوہان کی چوٹی جہاد ہے۔ اس کے بعد فرمایا، کیا میں تجھے اس سب کی جڑ نہ بتا دوں! میں نے عرض کیا کیوں نہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زبان پکڑ کر فرمایا، اس کو روکے رکھ۔ میں نے عرض کیا، اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! کیا زبان سے بات کرنے پر بھی ہماری پکڑ ہوگی، فرمایا معاذؓ تجھے تیری ماں روئے منہ کے بل یا ناک کے بل لوگوں کو دوزخ میں ڈالنے والے کی زبانوں کے نتائج (یعنی الفاظ) ہی تو ہوں گے۔

افضل نفلی نماز اور روزے:

حضرت ابوہریرہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، رمضان کے بعد سب سے افضل روزے خدا کے مہینے یعنی محرم کے روزے ہیں اور فرض نماز کے بعد سب سے افضل نماز رات کی نماز ہے۔ رواہ مسلم۔

اللہ کے دو محبوب بندے:

بغوی نے حضرت ابن مسعودؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ دو آدمیوں کو بہت پسند فرماتا ہے ایک تو وہ جو اپنے بستر و لحاف میں سے نکل کر محبوب بیوی بچوں کو چھوڑ کر نماز کو اٹھ کھڑا ہوتا ہے۔ اللہ ملائکہ سے فرماتا ہے میرے بندے کو دیکھو جو اپنے بستر و لحاف کے اندر سے نکل کر محبوب بیوی اور بچوں کو چھوڑ کر میرے ثواب کا امیدوار ہو کر اور میرے عذاب سے ڈر کر اُٹھ کھڑا ہوا ہے دوسرا وہ شخص جو اللہ کی راہ میں لڑتا ہے۔ پھر شکست پا کر اپنے ساتھیوں کے ساتھ بھاگ کھڑا ہوتا ہے۔ پھر فرار کی حالت میں اس کو خیال آتا ہے کہ جہاد سے بھاگنا کتنا بڑا جرم ہے اور لوٹ کر جہاد میں شریک ہونا کتنی بڑی نیکی ہے یہ خیال کرتے ہی وہ لوٹ پڑتا ہے (جہاد میں جا کر شریک ہوتا ہے) آخر اس کا خون بہا دیا جاتا ہے (یعنی شہید ہو جاتا ہے) اللہ ملائکہ سے فرماتا ہے کہ میرے بندے کو دیکھو کہ کس طرح وہ میرے ثواب کی طلب میں اور میرے عذاب سے ڈر کر (جہاد کی طرف) لوٹ پڑا یہاں تک کہ اس کا خون بہا دیا گیا۔

حضرت عبداللہ بن رواحہ کے نعتیہ اشعار:

بغوی نے حضرت ابوہریرہ کی روایت سے حضرت (عبداللہ) ابن رواحہؓ (خزرجی انصاری صحابی) کے یہ شعر نقل کئے ہیں۔

وفينا رسول الله يتلو كتابهٗ — اذا انشق معروف من الفجر ساطع

أرانا الهدى بعد العمى فقلو بنا — به موقنات ان ماقال واقع

يبيت يجافي جنبه عن فراشه — اذا استثقلت بالكافرين المضاجع

ہم میں اللہ کے رسول ہیں کہ صبح کو پو پھٹنے کے وقت وہ اللہ کی کتاب پڑھتے ہیں ہمارے اندھے پن کے بعد انہوں نے ہمیں راستہ دکھایا۔ ہمارے دلوں کو یقین ہے کہ جو کچھ انہوں نے فرمایا وہ سچ ہے وہ رات کو اپنا پہلو بستر سے جدا رکھتے ہیں جب کہ کافروں کے بستر کافروں (کے بار) سے بوجھل پڑے ہوتے ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

سورۃ مزمل کی تفسیر میں ہم نے نماز تہجد کی فضیلت کو ظاہر کرنے والی حدیثیں ذکر کر دی ہیں۔

صحابہ کی شان:

ترمذی نے حضرت انسؓ کی روایت سے بیان کیا ہے اور اس روایت کو صحیح قرار دیا ہے کہ آیت تَتَجَافٰی جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ ان لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی جو (مغرب کی نماز پڑھ کر) عتمہ یعنی عشاء کی نماز کے انتظار میں رہتے تھے۔

بغوی نے حضرت انسؓ کا قول نقل کیا ہے حضرت انسؓ نے فرمایا، یہ آیت ہمارے گروہ انصار کی بابت نازل ہوئی ہم مغرب کی نماز پڑھ کر گھروں کو نہیں لوٹتے تھے (اور مسجد میں انتظار کرتے رہتے تھے) یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عشاء کی نماز ادا کرتے تھے (پھر گھروں کو لوٹتے تھے)

یہ بھی حضرت انسؓ ہی کی روایت ہے کہ اس آیت کا نزول کچھ صحابہ کے متعلق ہوا تھا جو مغرب کی نماز پڑھ کر عشاء کی نماز تک (مسجد میں ہی رہتے تھے) یہ روایت ابن مردویہ نے نقل کی ہے اس کی اصل سنن ابو داؤد میں موجود ہے۔ ابن ابی حاتم اور محمد بن منکدر کا بھی یہی قول ہے ان دونوں بزرگوں کا قول ہے کہ (آیت میں جس نماز کا ذکر ہے) وہ صلوٰۃ اوابین ہے۔

بزار نے کمزور سند سے بیان کیا ہے کہ حضرت بلالؓ نے فرمایا ہم مجلس میں بیٹھے ہوتے تھے اور کچھ صحابی مغرب سے عشاء تک نماز پڑھتے رہتے تھے اس پر آیت مذکور نازل ہوئی۔

عشاء و فجر کی جماعت کی فضیلت:

بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت ابو درداءؓ، حضرت ابوذرؓ اور حضرت عبادہ بن صامتؓ عشاء اور فجر کی نماز (رسول اللہ کے ساتھ) جماعت سے پڑھتے تھے۔ مسلم اور امام احمد نے حضرت عثمان کے حوالہ سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے عشاء کی نماز جماعت سے پڑھی اس نے آدھی رات نماز پڑھی اور جس نے فجر کی نماز جماعت سے پڑھی اس نے گویا پوری رات نماز میں گزاری۔

حضرت ابو ہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اگر لوگ اذان دینے اور پہلی صف میں شریک ہونے کا ثواب جانتے اور پھر بغیر قرعہ اندازی اذان دینا اور پہلی صف میں شریک ہونا ان کو میسر نہ آتا تو وہ ضرور قرعہ اندازی کرتے۔ اور اگر ظہر کی (باجماعت) نماز کا ثواب ان کو معلوم ہو جائے تو دوڑتے ہوئے پہلے پہنچنے کی کوشش کریں اور اگر (باجماعت) عشاء اور فجر کی نمازوں کے ثواب سے وہ واقف ہو جائیں تو سرینوں کے بل گھسٹ کر بھی پہنچیں۔ (رواہ الشیخان فی الصحیحین واحمد والنسائی) (تفسیر مظہری)

مسند احمد میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ دو شخصوں سے بہت ہی خوش ہوتا ہے ایک تو وہ جو رات کو میٹھی نیند سویا ہوا ہے لیکن دفعۃً اپنے رب کی نعمتیں اور اس کی سزائیں یاد کر کے اٹھ بیٹھتا ہے اپنے نرم و گرم بستر کو چھوڑ کر میرے سامنے کھڑا ہو کر نماز شروع کر دیتا ہے۔ دوسرا وہ شخص جو ایک غزوے میں ہے کافروں سے لڑتے لڑتے مسلمانوں کا پانسہ کمزور پڑ جاتا ہے لیکن یہ شخص یہ سمجھ کر کہ بھاگنے میں خدا تعالیٰ کی ناراضگی ہے اور آگے بڑھنے میں رب تعالیٰ کی رضامندی ہے میدان کی طرف لوٹتا ہے اور کافروں سے جہاد کرتا ہے یہاں تک کہ اپنا سر اس کے نام پر تصدق کر دیتا ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا
پکارتے ہیں اپنے رب کو ڈر سے اور لالچ سے

اللہ سے لالچ اور اللہ سے ڈر:

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں اللہ سے لالچ اور ڈر بُرا نہیں، دنیا کا ہو یا آخرت کا۔ اور اس واسطے بندگی کرے تو قبول ہے ہاں اگر کسی اور کے خوف ورجاء سے بندگی کرے تو ریا ہے کچھ قبول نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۱۶﴾ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ
اور ہمارا دیا ہوا کچھ خرچ کرتے ہیں سو کسی جی کو معلوم نہیں
مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا
جو چھپا دھری ہے اُن کے واسطے آنکھوں کی ٹھنڈک بدلہ اُس کا
كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۷﴾
جو کرتے تھے

راتوں کی عبادت کا انعام:

جس طرح راتوں کی تاریکی میں لوگوں سے چھپ کر انہوں نے بے ریا عبادت کی۔ اُس کے بدلے میں اللہ تعالیٰ نے جو نعمتیں چھپا رکھی ہیں ان کی پوری کیفیت کسی کو معلوم نہیں جس وقت دیکھیں گے آنکھیں ٹھنڈی ہو جائیں گی۔ حدیث میں ہے کہ میں نے اپنے نیک بندوں کے لئے جنت میں وہ چیز چھپا رکھی ہے جو نہ آنکھوں نے دیکھی نہ کانوں نے سنی نہ کسی بشر کے دل میں گزری۔ (تنبیہ) سرسید وغیرہ نے اس حدیث کو لے کر جنت کی نعمائے جسمانی کا انکار کیا ہے۔ میرا ایک مضمون ہدیہ سنیہ کے نام سے چھپا ہے اُس میں جواب دیکھ لیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

جنتیوں کی حوریں:

حضرت عامر بن عبدالواحدؒ فرماتے ہیں مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ ایک جنتی اپنی حُور کے ساتھ محبت پیار میں ستر سال تک مشغول رہے گا کسی دوسری چیز کی

besturdubooks.wordpress.com

طرف اس کا التفات ہی نہ ہوگا، پھر جو دوسری طرف التفات ہوگا تو دیکھے گا کہ پہلی سے بہت زیادہ خوبصورت اور نورانی شکل کی ایک اور حور ہے وہ اسے اپنی طرف متوجہ دیکھ کر خوش ہو کر کہے گی کہ اب میری مراد بھی پوری ہوگی۔ یہ کہے گا کہ تو کون ہے؟ وہ جواب دے گی میں مزید میں سے ہوں۔ اب یہ سراپا اس کی طرف متوجہ ہو جائے گا پھر ستر سال تک دوسری طرف دیکھے گا بھی نہیں۔ اتنی مدت کے بعد پھر جو اس کا التفات اور جانب ہوگا تو دیکھے گا کہ اس سے بھی اچھی ایک اور حور ہے۔ وہ کہے گی اب وقت آ گیا کہ آپ میں میرا حصہ بھی ہو۔ یہ پوچھے گا تم کون ہو؟ وہ جواب دے گی میں ان میں سے ہوں جن کی نسبت جناب باری تعالیٰ نے فرمایا ہے کوئی نہیں جانتا کہ ان کے لئے خدا تعالیٰ نے ان کی آنکھوں کی کیا کیا ٹھنڈک چھپا رکھی ہے۔ حضرت سعید ابن جبیر فرماتے ہیں فرشتے جنتیوں کے پاس دنیا کے دن کے اندازے سے ہر دن میں تین تین بار جنت عدن کے خدائی تحفے لے کر جائیں گے جو ان کی جنت میں نہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

ان دیکھی وان سنی نعمتیں،

حضرت ابو ہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ فرماتا ہے کہ میں نے اپنے صالح بندوں کے لئے ایسی نعمتیں تیار کر رکھی ہیں جو نہ کسی آنکھ نے دیکھیں کان نے اس کا ذکر سنا نہ کسی انسان کے دل میں ان کا تصور آیا اگر تم چاہتے ہو تو پڑھو فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ الخ (متفق علیہ) حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا، یہ وہ (نعمت) ہے جس کی کوئی تشریح نہیں (بیان کی گئی)۔ (تفسیر مظہری)

أَفَمَن كَانَ مُؤْمِنًا كَمَن كَانَ فَاسِقًا ۚ لَّا يَسْتَوُونَ ﴿١٨﴾

بھلا ایک جو ہے ایمان پر برابر ہے اس کے جو نافرمان ہے نہیں برابر ہوتے

اگر ایک ایماندار اور بے ایمان کا انجام برابر ہو جائے تو سمجھو خدا کے ہاں بالکل اندھیر ہے (العیاذ باللہ) (تفسیر عثمانی)

أَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَلَهُمْ

سو وہ لوگ جو یقین لائے اور کیے کام بھلے تو ان کے لئے

جَنَّاتُ الْمَأْوَىٰ نُزُلًا بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ

باغ ہیں رہنے کے مہمانی ان کاموں کی وجہ سے جو کرتے تھے

یعنی اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان کے عمل جنت کی مہمانی کا سبب بن جائیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

وَأَمَّا الَّذِينَ فَسَقُوا فَمَأْوَاهُمُ النَّارُ ۖ كُلَّمَا أَرَادُوا أَن

اور وہ لوگ جو نافرمان ہوئے سو ان کا گھر ہے آگ جب چاہیں کہ

يَخْرُجُوا مِنْهَا أُعِيدُوا فِيهَا وَقِيلَ لَهُمْ ذُوقُوا

نکل پڑیں اس میں سے الٹا دیئے جائیں پھر اسی میں اور کہیں ان کو چکھو

عَذَابَ النَّارِ الَّذِي كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ ﴿٢٠﴾

آگ کا عذاب جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے

جہنمیوں کی سزا:

کبھی کبھی آگ کے شعلے جہنمیوں کو دروازہ کی طرف پھینکیں گے۔ اس وقت شاید نکلنے کا خیال کریں۔ فرشتے پھر ادھر ہی دھکیل دیں گے کہ جاتے کہاں ہو۔ جس چیز کو جھٹلاتے تھے ذرا اس کا مزہ چکھو (اَللّٰهُمَّ اَعِذْنِی مِنَ النَّارِ وَاَجِرْنِی مِنْ غَضَبِکَ)۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَنُذِيقَنَّهُم مِّنَ الْعَذَابِ الْأَدْنَىٰ دُونَ

اور البتہ چکھائیں گے ہم ان کو تھوڑا عذاب ورے

الْعَذَابِ الْأَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿٢١﴾

اس بڑے عذاب سے تاکہ وہ پھر آئیں

دنیا کا عذاب:

یعنی آخرت کے بڑے عذاب سے قبل دنیا میں ذرا کم درجہ کا عذاب بھیجیں گے تا جسے رجوع کی توفیق ہو ڈر کر خدا کی طرف رجوع ہو جائے۔ کم درجہ کا عذاب یہی دنیا کے مصائب بیماری، قحط، قتل، قید، مال اولاد وغیرہ کی تباہی وغیرہ۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن ذُكِّرَ بِآيَاتِ رَبِّهِ

اور کون بے انصاف زیادہ اس سے جس کو سمجھایا گیا اس کے رب کی باتوں سے

ثُمَّ أَعْرَضَ عَنْهَا ۚ

پھر ان سے منہ موڑ گیا

یعنی سمجھنے کے بعد پھر گیا۔ (تفسیر عثمانی)

إِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِينَ مُنتَقِمُونَ ﴿٢٢﴾

مقرر ہم کو ان گنہگاروں سے بدلہ لینا ہے

جب تمام گنہگاروں اور ظالم مجرموں سے بدلہ لینا ہے تو یہ ظلم کیونکر بچ سکتے ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی:

آ گے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دیتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ظلم واعراض سے دلگیر نہ ہوں۔ پہلے موسیٰ علیہ السلام کو ہم نے کتاب دی تھی جس سے بنی اسرائیل کو ہدایت ہوئی۔ اور اُس کی پیروی کرنے والوں میں بڑے بڑے دینی پیشوا اور امام ہو گزرے۔ آپ کو بھی بلاشبہ اللہ کی طرف سے عظیم الشان کتاب ملی ہے جس سے بڑی مخلوق ہدایت پائے گی۔ اور بنی اسرائیل سے بڑھ کر آپ کی اُمت میں امام اور سردار اُٹھیں گے۔ رہے منکر، اُن کا فیصلہ حق تعالیٰ خود کر دے گا۔ (تفسیر عثمانی)

تین گناہوں کی نقد سزا:

روایاتِ حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ تین گناہ ایسے ہیں کہ ان کی سزا آخرت سے پہلے دنیا میں بھی ملتی ہے، ایک حق کے خلاف جھنڈوں اور نعروں کے ساتھ اعلاناً کوشش کرنا، دوسرے والدین کی نافرمانی، تیسرے ظالم کی امداد۔ (رواہ ابن جریر عن معاذ بن جبلؓ) (معارف مفتی اعظم)

حضرت قتادہؒ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کے ذکر سے اعراض نہ کروایسا کرنے والے بے عزت، بے وقعت اور بڑے گنہگار ہیں۔ یہاں بھی فرمان ہوتا ہے کہ ایسے گنہگاروں سے ہم ضرور انتقام لیں گے۔ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ تین کام جس نے کئے وہ مجرم ہو گیا، جس نے بے وجہ کوئی جھنڈا باندھا، جس نے ماں باپ کی نافرمانی کی، جس نے ظالم کے ظلم میں اس کا ساتھ دیا۔ یہ مجرم لوگ ہیں اور خدا تعالیٰ کا فرمان ہے کہ ہم مجرموں سے باز پُرس کریں گے اور اُن سے پورا بدلہ لیں گے (ابن ابی حاتم)۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَلَا تَكُنْ
اور ہم نے دی ہے موسیٰ کو کتاب سو تو مت رہ
فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآئِهٖ
دھوکے میں اُس کے ملنے سے

یہ درمیان میں جملہ معترضہ ہے یعنی بے شک وشبہ موسیٰ علیہ السلام کو کتاب دی گئی اور آپ کو بھی اسی طرح کی کتاب ملی اس میں کوئی دھوکا اور فریب نہیں۔ یا موسیٰ کے ذکر پر فرما دیا کہ تم جو موسیٰ سے شب معراج میں ملے تھے وہ سچی حقیقت ہے کوئی دھوکا یا نظر بندی نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

طبرانی نے اس آیت کی تشریح میں حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمانِ گرامی نقل کیا ہے تم شک نہ کرو کہ موسیٰ اپنے رب سے ملے تھے۔

شب معراج کے نظارے:

شیخین نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شب معراج میں میں نے موسیٰ کو دیکھا گندمی رنگ دراز قامت گھونگریالے بال ایسا معلوم ہوتا تھا کہ (قبیلہ ازد) شنوأۃ کے ایک مرد ہیں۔ میں نے عیسیٰ کو بھی متوسط القامت سرخی سفیدی مائل رنگ اور سیدھے بالوں والا پایا، میں نے منجملہ دوسری آیات قدرت کے جو اللہ نے مجھے دکھائیں، دوزخ کے داروغہ مالک کو اور دجال کو بھی دیکھا فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآئِهٖ (یہ آیت حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان مذکور کے بعد تلاوت فرمائی)۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام و حضرت یونسؑ سے ملاقات:

حضرت ابن عباسؓ کا بیان ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم رکاب ایک سفر میں ایک وادی کی طرف سے ہمارا گذر ہوا حضور نے فرمایا یہ کون سی وادی ہے۔ صحابہؓ نے عرض کیا وادیٔ ارزق ہے، فرمایا وہ منظر میری آنکھوں کے سامنے آ گیا کہ جب میں (شب معراج میں) اس وادی سے گزر رہا تھا تو موسیٰ میری نظر کے سامنے دونوں کانوں میں انگلیاں دیئے لبیک کہہ رہے تھے اور اللہ کو پکار رہے تھے۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا، پھر ہم آ گے چلتے چلتے ایک گھاٹی پر پہنچے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ کون سی گھاٹی ہے۔ صحابہؓ نے عرض کیا مرشا۔ فرمایا وہ سین میری نظروں کے سامنے ہے کہ یونس سُرخ اونٹنی پر سوار جبہ پہنے اونٹنی کی مہار پکڑے اس وادی میں لبیک کہتے ہوئے گزر رہے تھے۔ رواہ مسلم۔

سورۂ بنی اسرائیل میں حدیث معراج کے بیان میں ذکر کر دیا گیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت موسیٰ کو چھٹے آسمان میں دیکھا اور نماز کی (تخفیف کی) بابت گفتگو کی تھی۔ حضرت انسؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب مجھے رات کو آسمان کی طرف لے جایا گیا تو (اثناء راہ میں) میں نے موسیٰ کو قبر میں نماز پڑھتے دیکھا۔ (تفسیر مظہری)

وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۚ وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ
اور کیا ہم نے اُس کو ہدایت بنی اسرائیل کے واسطے اور کیے ہم نے اُن میں
اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا ؕ
پیشوا جو راہ چلاتے تھے ہمارے حکم سے جب وہ صبر کرتے رہے

دنیا کے شدائد اور منکرین کے جور و ستم پر۔ (تفسیر عثمانی)

صبر امامت دلاتا ہے:

لما صبروا جب کہ انہوں نے اپنے (دین پر اور مصر کی سکونت کی حالت

besturdubooks.wordpress.com

میں دشمن کی طرف سے پہنچنے والی مصیبتوں پر) صبر کیا تھا۔ اس لفظ سے ثابت ہو رہا ہے کہ صبر موجب امامت ہے (شدائد ومصائب پر صبر کرنے والے لوگوں کے پیشوا بن جاتے ہیں) (تفسیر مظہری)

کسی قوم کا مقتداء و امام بننے کے لئے دو شرطیں:

اس آیت میں علماء بنی اسرائیل میں سے بعض کو امامت و پیشوائی کا درجہ عطا فرمانے کے دو سبب ذکر فرمائے ہیں اول صبر کرنا، دوسرے آیات الٰہیہ پر یقین کرنا، صبر کرنے کا مفہوم عربی زبان کے اعتبار سے بہت وسیع اور عام ہے، اس کے لفظی معنی باندھنے اور ثابت رہنے کے ہیں، اس جگہ صبر سے مراد احکام الٰہیہ کی پابندی پر ثابت قدم رہنا اور جن چیزوں کو اللہ تعالیٰ نے حرام یا مکروہ قرار دیا ہے ان سے اپنے نفس کو روکنا ہے۔ جس میں تمام احکام شریعت کی پابندی آ جاتی ہے، اور یہ بہت بڑا عملی کمال ہے، دوسرا سبب ان کا آیات الٰہیہ پر یقین رکھنا ہے، اس میں آیات کے مفہوم کو سمجھنا پھر سمجھ کر اس پر یقین کرنا دونوں داخل ہیں، یہ بہت بڑا کمال علمی ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ امامت و پیشوائی کے لائق اللہ تعالیٰ کے نزدیک صرف وہ لوگ ہیں جو عمل میں بھی کامل ہوں اور علم میں بھی، اور یہاں عملی کمال کو علمی کمال سے مقدم بیان فرمایا ہے کہ ترتیب طبعی میں علم عمل سے مقدم ہوتا ہے، اس میں اشارہ اس طرف ہے کہ اللہ کے نزدیک وہ علم قابل اعتبار ہی نہیں جس کے ساتھ عمل نہ ہو۔ (معارف مفتی اعظم)

وَكَانُوا بِآيَاتِنَا يُوقِنُونَ ﴿٢٤﴾
اور رہے ہماری باتوں پر یقین کرتے

مسلمانوں کو تنبیہ: یعنی مسلمان اللہ کے وعدوں پر یقین رکھیں اور سختیوں پر صبر کر کے اپنے کام پر جمے رہیں تو اُن کے ساتھ بھی خدا کا یہی معاملہ ہو گا۔ چنانچہ ہوا اور خوب ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

إِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ
تیرا رب جو ہے وہی فیصلہ کرے گا اُن میں دن قیامت کے
فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿٢٥﴾
جس بات میں کہ وہ اختلاف کرتے تھے

حق و باطل کا فیصلہ:

یعنی اہل حق اور منکرین کے درمیان دوٹوک اور عملی فیصلہ قیامت کے دن ہو گا۔ ہاں دنیا میں بھی کوئی مثالیں ایسی دکھلائی جا چکی ہیں کہ آدمی اُنہیں دیکھ کر سمجھ

اور عبرت حاصل کر سکتا ہے کیا عاد و ثمود کی بستیوں کے تباہ شدہ کھنڈر اور نشان ان منکروں نے نہیں دیکھے؟ جن پر شام وغیرہ کے سفر میں ان کا گزر ہوتا رہتا تھا اور کیا اُن کی ہلاکت کی داستانیں نہیں سُنیں۔ مقام تعجب ہے کہ وہ چیزیں دیکھنے سننے کے بعد بھی ان کو تنبیہ ہوا اور نجات وفلاح کا راستہ نظر نہ آیا۔ (تفسیر عثمانی)

میں کہتا ہوں صحابہ کی مراد یہ تھی کہ اللہ قیامت کے دن بندوں کا فیصلہ کر دے گا۔ کلبی نے کہا صحابہ کی عنقریب فیصلہ کر دینے سے مراد تھی مکہ کی فتح۔ (تفسیر مظہری)

أَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ أَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ
کیا اُن کو راہ نہ سُوجھی اس بات سے کہ کتنی غارت کر ڈالیں ہم نے اُن سے پہلے
مِّنَ الْقُرُونِ يَمْشُونَ فِي مَسَاكِنِهِمْ إِنَّ
پہلے جماعتیں کہ پھرتے ہیں یہ اُن کے گھروں میں اس میں
فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ أَفَلَا يَسْمَعُونَ ﴿٢٦﴾
بہت نشانیاں ہیں کیا وہ سنتے نہیں

یعنی نہروں اور دریاؤں کا پانی یا بارش کا۔ (تفسیر عثمانی)

أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا نَسُوقُ الْمَاءَ إِلَى الْأَرْضِ الْجُرُزِ
کیا دیکھا نہیں انہوں نے کہ ہم ہانک دیتے ہیں پانی کو ایک زمین چٹیل کی طرف

بنجر زمین کی آبادکاری کا بندوبست:

ارض جرز سے ہر ایک خشک زمین جو نباتات سے خالی ہو مراد ہے بعض نے خاص سرزمین مصر کو اس کا مصداق قرار دیا ہے اور نسوق الماء سے دریائے نیل کا پانی مراد لیا ہے۔ اس تخصیص کی کوئی ضرورت نہیں۔ کما نبہ علیہ ابن کثیر رحمہ اللہ۔ (تفسیر عثمانی)

سرزمین مصر کی آبادی کا انتظام:

صحیح یہ ہے کہ یہ مضمون ایسی تمام زمینوں کو شامل ہے اور مصر کی زمین خصوصیت سے اس میں شامل ہے، جہاں بارش بہت کم ہوتی ہے، مگر بلاد حبشہ افریقہ کی بارشوں کا پانی دریائے نیل کے ذریعہ مصر میں آتا ہے، اور وہاں کی سُرخ مٹی ساتھ لاتا ہے، جس میں انبات کا مادہ زیادہ ہے، اس لئے مصر کے لوگ اپنے ملک میں بارش نہ ہونے کے باوجود ہر سال نئے پانی اور نئی مٹی سے فائدہ اُٹھاتے ہیں، فتبارک اللہ احسن الخالقین (معارف مفتی اعظم)

دریائے نیل کی بھینٹ کی رسم:

روایت ہے کہ جب مصر فتح ہوا تو مصر والے بوونہ مہینے میں حضرت عمرو

besturdubooks.wordpress.com

بن عاص رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور کہنے لگے کہ ہماری قدیمی عادت ہے کہ اس مہینے میں دریائے نیل کی بھینٹ چڑھاتے ہیں اور اگر نہ چڑھائیں تو دریا میں پانی نہیں آتا۔ ہم ایسا کرتے ہیں کہ اس مہینے کی بارھویں تاریخ کو ہم ایک باکرہ لڑکی کو لیتے ہیں جو اپنے ماں باپ کی اکلوتی ہو اس کے والدین کو دے دلا کر رضامند کر لیتے ہیں اور اسے بہت عمدہ کپڑے اور بہت قیمتی زیور پہنا کر، بنا سنوار کر اس نیل میں ڈال دیتے ہیں تو اسی کا بہاؤ چڑھتا ہے ورنہ پانی چڑھتا ہی نہیں، سپہ سالار اسلام حضرت عمرو بن عاصؓ فاتح مصر نے جواب دیا کہ ایک جاہلانہ اور احمقانہ رسم ہے، اسلام اس کی اجازت نہیں دیتا، اسلام تو ایسی عادتوں کو مٹانے کے لئے آیا ہے، تم ایسا نہیں کر سکتے۔ وہ باز رہے۔

دریائے نیل کا پانی نہ چڑھا، مہینہ پورا نکل گیا لیکن دریا خشک پڑا ہوا ہے۔ لوگ تنگ آ کر ارادے کرنے لگے کہ مصر کو چھوڑ دیں یہاں کی بود و باش ترک کر دیں۔

دریاء کے نام حضرت عمر فاروقؓ کا خط:

اب فاتح مصر کو خیال گزرتا ہے اور دربار خلافت کو اس سے مطلع فرماتے ہیں۔ اسی وقت خلیفۃ المسلمین امیر المومنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف سے جواب ملتا ہے کہ آپ نے جو کیا اچھا کیا اب میں اپنے اس خط میں ایک پرچہ دریائے نیل کے نام بھیج رہا ہوں تم اسے لے کر نیل کے دریا میں ڈال دو۔ حضرت عمرو بن عاصؓ نے اس پرچے کو نکال کر پڑھا تو اس میں تحریر تھا کہ یہ خط ہے خدا تعالیٰ کے بندے امیر المومنین عمر کی طرف سے اہل مصر کے دریائے نیل کی طرف، بعد حمد و صلوٰۃ کے مطلب یہ ہے کہ اگر تو اپنی طرف سے اور اپنی مرضی سے چل رہا ہے تو خیر نہ چل اور اگر اللہ تعالیٰ واحد و قہار تجھے جاری رکھتا ہے تو ہم اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتے ہیں کہ وہ تجھے رواں کر دے۔ یہ پرچہ لے کر حضرت امیر عسکر نے دریائے نیل میں ڈال دیا۔ ابھی ایک رات بھی گزرنے نہیں پائی تھی جو دریائے نیل میں سولہ ہاتھ گہرا پانی چلنے لگا اور اسی وقت مصر کی خشک سالی تر سالی سے، گرانی ارزانی سے بدل گئی۔ خط کے ساتھ ہی خطہ کا خطہ سرسبز ہو گیا اور دریا پوری روانی سے بہتا رہا۔ اس کے بعد سے ہر سال جو جان چڑھائی جاتی تھی وہ بچ گئی وہ مصر سے اس ناپاک رسم کا ہمیشہ کے لئے خاتمہ ہوا (کتاب السنۃ للحافظ ابوالقاسم اللالکائی)۔ (تفسیر ابن کثیر)

فَنُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا تَاْكُلُ مِنْهُ اَنْعَامُهُمْ
پھر ہم نکالتے ہیں اُس سے کھیتی کہ کھاتے ہیں اُس میں سے اُن کے چوپائے
وَاَنْفُسُهُمْ ۭ اَفَلَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۲۷﴾
اور خود وہ بھی پھر کیا دیکھتے نہیں

دعوت غور و فکر: یعنی ان نشانات کو دیکھ کر چاہئے تھا کہ حق تعالیٰ کی قدرت اور رحمت و حکمت کے قائل ہوتے اور سمجھتے کہ اسی طرح مردہ لاشوں میں دوبارہ جان ڈال دینا بھی اُس کے لئے کچھ دشوار نہیں۔ نیز اللہ کی نعمتوں کے جان و دل سے شکرگزار رہتے۔ (تفسیر عثمانی)

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۸﴾
اور کہتے ہیں کب ہوگا یہ فیصلہ اگر تم سچے ہو

منکرین کی جلد بازی: پہلے فرمایا تھا کہ ان کا فیصلہ قیامت کے دن کیا جائے گا۔ اس پر منکرین کہتے ہیں کہ قیامت قیامت کہے جاتے ہو، اگر سچے ہو تو بتاؤ وہ دن کب آ چکے گا۔ مطلب یہ ہے کہ خالی دھمکیاں ہیں قیامت وغیرہ کچھ بھی نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا
کہہ کہ فیصلہ کے دن کام نہ آئے گا منکروں کو
اِيْمَانُهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۲۹﴾
اُن کا ایمان لانا اور نہ اُن کو ڈھیل ملے گی

ابھی موقع ہے فائدہ اٹھا لو:

یعنی ابھی موقع ہے کہ اللہ و رسولؐ کے کہنے پر یقین کرو اور اس دن سے بچنے کی تیاری کر لو ورنہ اُس کے پہنچ جانے پر نہ ایمان لانا کام دے گا نہ سزا میں ڈھیل ہوگی اور نہ مہلت ملے گی کہ آئندہ چال چلن درست کر کے حاضر ہو جاؤ اس وقت کی مہلت کو غنیمت سمجھو۔ استہزاء و تکذیب میں رائیگاں مت کرو جو گھڑی آنے والی ہے یقیناً آ کر رہے گی کسی کے ٹالے نہیں ٹل سکتی۔ پھر یہ کہنا فضول ہے کہ کب آئے گی اور کب فیصلہ ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ ﴿۳۰﴾
سو تو خیال چھوڑ اُن کا اور منتظر رہ وہ بھی منتظر ہیں

آپ فرض تبلیغ ادا کرتے رہیں:

یعنی جو ایسے بے فکرے اور بے حس ہیں کہ باوجود انتہائی مجرم اور مستوجب سزا ہونے کے فیصلہ اور سزا کے دن کا مذاق اُڑاتے ہیں۔ اُن کے راہ راست پر آنے کی کیا توقع ہے۔ لہٰذا آپ فرض دعوت و تبلیغ ادا کرنے کے بعد ان کا خیال چھوڑ دیئے اور ان کی تباہی کے منتظر رہئے جیسے وہ اپنے زعم میں معاذ اللہ آپ کی تباہی کے منتظر ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

سورۃ کی فضیلت:

حضرت ابو ہریرہؓ راوی ہیں کہ فجر کی نماز میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الٓمّٓ تَنْزِیْلُ اور هَلْ اَتٰی عَلَی الْاِنْسَانِ پڑھتے تھے۔

حضرت جابر راویؓ ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوتے نہ تھے جب تک الم تنزیل اور تَبٰرَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ نہ پڑھ لیتے تھے۔ رواہ احمد والترمذی والدارمی ترمذی نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔

گناہگار کی بخشش:

حضرت خالد بن معدان کا بیان ہے کہ الم تنزیل کے متعلق مجھے یہ خبر پہنچی ہے اور یہی اطلاع تَبٰرَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ کے متعلق بھی ملی ہے کہ ایک شخص یہی دونوں سورتیں پڑھتا تھا اور کچھ نہیں پڑھتا تھا اور تھا بڑا گنہگار (مرنے کے بعد) انہی سورتوں نے (اس کو اپنے سایہ میں لے لیا) اس پر اپنے پر پھیلا دیئے اور دعا کی اے رب اس کو بخشدے یہ مجھے بہت پڑھا کرتا تھا اللہ نے ان سورتوں کی شفاعت قبول فرمالی (اور اس کو بخشدیا) اور فرمایا ہر بدی کے عوض) اس شخص کے لئے نیکی لکھ دو اور اس کے درجہ کو اونچا کردو۔

سورہ کی وکالت:

یہ بھی روایت میں آیا ہے کہ یہ سورت قبر کے اندر اپنے پڑھنے والے کی طرف سے وکالت کرے گی اور عرض کرے گی (اے رب) اگر میں تیری کتاب کی سورت ہوں تو اس شخص کے متعلق میری شفاعت قبول فرما اور اگر میں تیری کتاب کا حصہ نہیں ہوں تو مجھے کتاب کے اندر سے مٹا دے یہ سورۃ اپنے پڑھنے والے پر اپنے پر پھیلا دے گی اس کو اپنے سایہ میں لے لے گی اس کے لئے شفاعت کرے گی اور عذاب قبر سے اس کو بچالے گی۔

تمام سورتوں پر فضیلت:

یہ بھی روایت ہے کہ قرآن کی ہر سورت پر ان دونوں سورتوں کی فضیلت ساٹھ نیکیوں کے برابر ہے۔ رواہ الدارمی۔

شب قدر کی عبادت کا ثواب:

حضرت ابن عباسؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے الٓمّٓ تَنْزِیْلُ اور تَبٰرَكَ الَّذِیْ پڑھی اس کو اتنا ثواب ملا کہ گویا شب قدر میں اس نے رات بھر عبادت کی۔ رواہ الثعلبی وابن مردویہ۔ ابن مردویہ نے حضرت ابن عمرؓ کی روایت سے بھی حدیث اسی طرح بیان کی ہے۔ سیوطی نے کہا یہ حدیث موضوع ہے۔ (تفسیر مظہری)

الحمدللہ سورت سجدہ ختم ہوئی

سورۃ الاحزاب

جس نے خواب میں اس کی تلاوت کی اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ اپنے خاندان کی تعریف کرنے والا ہوگا اس کی عمر زیادہ ہوگی اور دوستوں کے ساتھ مکر زیادہ کرے گا۔ (علامہ ابن سیرینؒ)

سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً وَّتِسْعُ رُكُوْعَاتٍ
سورۃ الاحزاب مدینہ میں نازل ہوئی اور اس کی تہتر آیتیں ہیں اور نو رکوع
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے
يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ
اے نبی ڈر اللہ سے اور کہا نہ مان منکروں کا
وَالْمُنٰفِقِيْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ وَّاتَّبِعْ
اور دغابازوں کا مقرر اللہ ہے سب کچھ جاننے والا حکمتوں والا اور چل
مَا يُوْحٰۤى اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ
اُسی پر جو حکم آئے تجھ کو تیرے رب کی طرف سے بیشک اللہ
بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۙ وَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ
تمہارے کام کی خبر رکھتا ہے اور بھروسہ رکھ اللہ پر
وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا
اور اللہ کافی ہے کام بنانے والا

کافروں کیلئے کبھی لچک دکھانے کی ضرورت نہیں ہے:

یعنی جیسے اب تک معمول رہا ہے آئندہ بھی ہمیشہ ایک اللہ سے ڈرتے رہئے اور کافروں اور منافقوں کا کبھی کہنا مانیے یہ سب مل کر خواہ کتنا ہی بڑا جتھا بنالیں، سازشیں کریں، جھوٹے مطالبات منوانا چاہیں عیارانہ مشورے دیں، اپنی طرف جھکانا چاہیں، آپ اصلا پروانہ کیجئے اور خدا کے سوا کسی کا ڈر پاس نہ آنے دیجئے۔ اُسی اکیلے پروردگار کی بات مانیے اُسی کے آگے جھکیے خواہ ساری مخلوق اکٹھی ہو کر آجائے اُس کے خلاف ہرگز کسی کی بات نہ سنیں۔ اللہ تعالیٰ

besturdubooks.wordpress.com

سب احوال کا جاننے والا ہے۔ وہ جس وقت جو حکم دے گا نہایت حکمت اور خبرداری سے دے گا۔ اسی میں تمہاری اصلی بہتری ہوگی۔ جب اُس کے حکم پر چلتے رہو گے اور اُسی پر بھروسہ رکھو گے تمہارے سب کام اپنی قدرت سے بنا دے گا۔ تنہا اُسی کی ذات بھروسہ کرنے کے لائق ہے۔ جو سارے دل سے اُس کا ہو رہا دوسری طرف دل نہیں لگا سکتا۔ دوسرا دل ہو تو دوسری طرف جائے لیکن ع سینہ میں کسی شخص کے دو دل نہیں ہوتے۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں۔ کافر چاہتے تھے اپنی طرف نرم کرنا اور منافق چاہتے تھے اپنی چال سکھانا اور پیغمبر کو صرف اللہ پر بھروسہ ہے۔ اُس سے زیادہ دانا کون۔ (تفسیر عثمانی)

سورۂ احزاب کی آیات:

حضرت اُبی بن کعب نے حضرت زر سے فرمایا سورۂ احزاب کی گنتی آپ کے نزدیک کتنی ہے؟ حضرت زر نے جواب دیا تہتر۔ حضرت اُبی نے فرمایا، قسم ہے اس خدا کی جس کی قسم ابی کھایا کرتا ہے کہ یہ سورۃ سورۂ بقرۃ کے برابر یا اس سے بڑی تھی ہم نے اس سورۃ میں یہ آیت بھی پڑھی تھی الشیخ والشیخة اذا زنیا فارجموھا نکالا مِنَ اللّٰہ واللّٰہ عزیز حکیم۔

تقویٰ کی اہمیت:

یَاَیُّھَاالنَّبِیُّ اتقِ اللّٰہَ اے نبی اللہ سے ڈرتے رہو نبی کے لفظ سے خطاب کر کے تقویٰ کا حکم دیا، محمد نہیں فرمایا اس سے تقویٰ کی اہمیت اور عظمت بتانا مقصود ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی اللہ سے ڈرنا اور تقویٰ رکھنا ضروری ہے۔

شانِ نزول: بغوی نے لکھا ہے ان آیات کا نزول ابوسفیان بن حرب، عکرمہ بن ابوجہل اور ابوالاعور عمرو بن سفیان سلمیٰ کے حق میں ہوا۔ جنگِ اُحد کے بعد یہ تینوں شخص مدینہ میں آکر سرگروہ منافقین عبداللہ بن ابی کے پاس ٹھیرے (اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے گفتگو کرنے کی درخواست کی) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اجازت دے دی چنانچہ عبداللہ بن ابی سعد اور طعمہ بن ابیرق خدمت گرامی میں حاضر ہوئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی آپ لات عزیٰ اور مناۃ کا تذکرہ چھوڑ دیجئے ہمارے ان معبودوں کا ذکر (برائی کے ساتھ) نہ کیجئے اور یہ کہہ دیجئے کہ جو شخص ان کو پوجے گا یہ معبود اس کی شفاعت کریں گے اگر آپ ایسا کرلیں گے تو ہم آپ کا اور آپ کے رب کا ذکر (برائی کے ساتھ) نہیں کریں گے (اور آپ کے کام میں مداخلت نہیں کریں گے) اس وقت حضرت عمر بن خطاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کافروں کی یہ بات بہت شاق گزری۔ حضرت عمر نے فرمایا، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے اجازت دیجئے میں ان کو قتل کردوں، فرمایا میں ان کو امن دے چکا ہوں۔

پھر فرمایا نکل جاؤ تم پر اللہ کی لعنت اور غضب۔ چنانچہ حضور ﷺ نے ان کو مدینہ سے نکال دینے کا حکم دے دیا اس پر اللہ کی طرف سے یہ آیت نازل ہوئی یہ خطاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کو ہے کیونکہ تقویٰ کے حکم کا روئے سخن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور امت سب کی طرف تھا اگرچہ صیغہ مفرد کا استعمال کیا گیا تھا۔ (تفسیر مظہری)

سورۃ کے مضامین:

یہ مدنی سورۃ ہے اس کے بیشتر مضامین رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبوبیت اور خصوصیت عنداللہ پر مشتمل ہیں، جس میں آپ کی تعظیم کا واجب ہونا اور آپ کی ایذاء رسائی کا حرام ہونا مختلف عنوانات سے بیان ہوا ہے، اور باقی مضامین سورۃ بھی انہی کی تکمیل واتمام سے مناسبت رکھتے ہیں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اعزاز:

یٰاَیُّھَا النَّبِیُّ اتَّقِ اللّٰہَ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خاص اعزاز واکرام ہے کہ پورے قرآن میں کہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو نام لے کر خطاب نہیں کیا گیا، جیسا کہ دوسرے انبیاء کے خطابات میں یا ادم، یا نوح یا ابراھیم یا موسیٰ وغیرہ ذلک بار بار آیا ہے، بلکہ خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کو پورے قرآن میں جہاں خطاب کیا گیا وہ کسی لقب نبی یا رسول وغیرہ سے خطاب کیا گیا، صرف چار مواقع جن میں یہی بتلانا منظور تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں، ان میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام ذکر کیا گیا ہے جو ضروری تھا۔

صرف وحی کی اتباع کریں:

وَّاتَّبِعْ مَا یُوْحٰٓی اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرًا یہ پہلے ہی حکم کا تکملہ ہے کہ آپ کفار ومنافقین کی باتوں میں نہ آئیں، اُن کی بات نہ مانیں بلکہ جو کچھ اللہ کی طرف سے آپ کو بذریعہ وحی بتلایا گیا ہے بس آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ اسی کا اتباع کریں، چونکہ اس خطاب میں صحابۂ کرام اور عام مسلمان بھی شامل ہیں، اس لئے آخر میں بصیغہ جمع بِمَا تَعْمَلُوْنَ فرما کر تنبیہ کردی گئی۔

بھروسہ فقط اللہ پر رکھیں:

وَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَکِیْلًا یہ بھی اسی حکم کی تکمیل ہے، اس میں ارشاد ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں کی باتوں پر کان نہ دھریں، اپنے مقصد کی کامیابی میں صرف اللہ پر بھروسہ کریں، کہ وہ ہی کافی کارساز ہے، اس کے ہوتے ہوئے آپ کو کسی کی رواداری کی ضرورت نہیں،

مسئلہ: آیات مذکورہ سے ثابت ہوا کہ امور دین میں کفار سے مشورہ لینا بھی جائز نہیں، دوسرے امور جن کا تعلق تجربہ وغیرہ سے ہو ان میں مشورہ لینے میں مضائقہ نہیں، واللہ اعلم۔ (معارف مفتی اعظم)

besturdubooks.wordpress.com

پچھلی سورۃ سے ربط:

گزشتہ سورت کے اخیر میں کفار کو قریبی عذاب کی دھمکی دی گئی تھی۔ وَلَنُذِيقَنَّهُمْ مِنَ الْعَذَابِ الْأَدْنَىٰ دُونَ الْعَذَابِ الْأَكْبَرِ اس سورت میں اسی قریبی عذاب کا ذکر ہے یعنی غزوۂ احزاب میں کفار کی شکست کا بیان ہے جو عذاب ادنیٰ کا ایک ادنیٰ مصداق ہے۔

سورۃ احزاب کی منسوخ شدہ آیات:

یہ سورت جب ابتداء میں نازل ہوئی تو قریب قریب سورۂ بقرہ کے تھی اوراس میں آیت رجم بھی تھی یعنی الشیخ و الشیخة اذا زنیا فارجموھا نکالا من اللہ و اللہ عزیز حکیم یعنی بیاہا ہوا مرد اور بیاہی ہوئی عورت یعنی شادی شدہ مرد اور شادی شدہ عورت جب زنا کریں تو ضرور بضرور ان کو سنگسار کر دو، اللہ کی طرف سے بطور عقوبت یہ حکم ہے۔ بے شک اللہ تعالیٰ زبردست اور حکمتوں والا ہے پھر اللہ نے اس سورت میں سے جس قدر حصہ چاہا اٹھالیا۔ رواہ احمد والنسائی عن ابی بن کعب واسنادہ حسن۔ (تفسیر ابن کثیر)

یعنی اس سورت کا بیشتر حصہ عہد رسالت میں اُٹھالیا گیا اور سینوں میں سے نکال لیا گیا اوران کی تلاوت منسوخ ہوگئی مگراس میں سے ایک آیت رجم تو ایسی ہے کہ جس کی تلاوت تو منسوخ ہوگئی مگر اس کا حکم تاہنوز باقی ہے اور اس پر عمل جاری ہے اور تا قیامت اس پر عمل جاری رہے گا۔

چنانچہ عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت عمرؓ نے ممبر پر حمد وصلاۃ کے بعد اپنے خطبہ میں یہ فرمایا۔ اے لوگو اللہ تعالیٰ نے حق کے ساتھ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو بھیجا اور آپ پر کتاب مجید نازل کی پس اس میں آیت رجم بھی تھی جسے ہم نے پڑھا اور خوب یاد کیا اور یہ آیت پڑھی۔ الشیخ و الشیخة اذا زنیا فارجموھا نکالا من اللہ و اللہ عزیز حکیم یعنی شادی شدہ مرد اور شادہ شدہ عورت جب زنا کریں تو قطعاً دونوں کو سنگسار کر ڈالو۔ اللہ کے حکم سے بطور عقوبت وسزاء کے بے شک اللہ عزیز اور حکیم ہے۔ (معارف کاندھلوی)

مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ

اللہ نے رکھے نہیں کسی مرد کے دو دل اُس کے اندر

وَمَا جَعَلَ أَزْوَاجَكُمُ اللَّائِي تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ أُمَّهٰتِكُمْ

اور نہیں کیا تمہاری ان بیبیوں کو جن کو ماں کہہ بیٹھے ہو سچ مچ مائیں تمہاری

وَمَا جَعَلَ أَدْعِيَآءَكُمْ أَبْنَآءَكُمْ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ

اور نہیں کیا تمہارے لے پالکوں کو تمہارے بیٹے یہ تمہاری بات ہے

بِأَفْوَاهِكُمْ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ ﴿۴﴾

اپنے منہ کی اور اللہ کہتا ہے ٹھیک بات اور وہی سمجھاتا ہے راہ

رسوم جاہلیت کی تردید:

یعنی جس طرح ایک آدمی کے سینہ میں دو دل نہیں۔ ایسے ہی ایک شخص کی حقیقۃً دو مائیں یا ایک بیٹے کے دو باپ نہیں ہوتے۔ جاہلیت کے زمانہ میں کوئی بیوی کو ماں کہہ دیتا تو ساری عمر کے لئے اُس سے جُدا ہو جاتی۔ گویا اس لفظ سے وہ حقیقی ماں بن گئی۔ اور کسی کو منہ بولا بیٹا بنالیتا تو سچ مچ بیٹا سمجھا جاتا تھا اور سب احکام اُس پر بیٹے کے جاری ہوتے تھے۔ قرآن کریم نے اس لفظی و مصنوعی تعلق کو حقیقی اور قدرتی تعلق سے جُدا کرنے کے لئے ان رسوم و مفروضات کی بڑی شد و مد سے تردید فرمائی اُس نے بتلایا کہ بیوی کو ماں کہہ دینے سے اگر واقعی وہ ماں بن جاتی ہے تو کیا یہ دو ماؤں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہے؟ ایک وہ جس نے اوّل جنا تھا، اور دوسری یہ جس کو ماں کہہ کر پکارتا ہے۔ اسی طرح کسی نے زید کو بیٹا بنالیا تو ایک باپ تو اس کا پہلے سے موجود تھا جس کے نطفہ سے پیدا ہوا ہے۔ کیا واقعی اب یہ ماننا چاہیے کہ یہ دو باپوں سے الگ الگ پیدا ہوا ہے۔ جب ایسا نہیں تو حقیقی ماں باپ اور اولاد کے احکام ان پر جاری نہیں کئے جاسکتے۔ چنانچہ بیوی کو ماں کہنے کا حکم سورۂ تحریم میں آئے گا۔ اور لے پالک (منہ بولے بیٹے) کا حکم آگے بیان ہوتا ہے۔ ان دو باتوں کے ساتھ تیسری بات (بطور تمہید وتشریح کے) یہ بھی سنادی کہ ایسی باتیں زبان سے کہنے کی بہتیری ہیں جن کی حقیقت واقع میں وہ نہیں ہوتی جو الفاظ میں ادا کی جاتی ہے جیسے کسی غیر مستقل مزاج یا دو غلے آدمی کو یا کسی قوی الحفظ اور قوی القلب یا ایسے شخص کو جو ایک وقت میں دو مختلف چیزوں کی طرف متوجہ ہو کہہ دیتے ہیں کہ اس کے دو دل ہیں۔ حالانکہ سینہ چیر کر دیکھا جائے تو ایک ہی دل نکلے گا۔ اسی طرح ماں کے علاوہ کسی کو ماں یا باپ کے سوا کسی کو باپ یا بیٹے کے سوا کسی کو بیٹا کہہ دینے سے واقع میں وہ نسبت ثابت نہیں ہو جاتی جو بدوں ہمارے زبان سے کہے قدرت نے قائم کر دی ہے۔ لہٰذا مصنوعی اور حقیقی تعلقات میں خلط ملط نہیں کرنا چاہیے۔ (تفسیر عثمانی)

ایک آدمی کے دو دِل نہیں ہو سکتے:

مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ اللہ نے کسی کے سینہ میں دو دل نہیں بنائے۔

دل روحِ حیوانی اور تمام قوتوں کا سرچشمہ ہے اسی وجہ سے ایک آدمی کے دو دل نہیں ہو سکتے اگر بالفرض دو دل ہوں تو وہ یا ایک دل سے سارے قلبی افعال سرانجام دے گا اس صورت میں دوسرا دل بیکار ہوگا یا دونوں دلوں

besturdubooks.wordpress.com

سے ایک ہی کام کرے گا تب بھی دو ہونے کی کوئی ضرورت نہ ہوگی یا ایک دل سے ایک کام اور دوسرے دل سے پہلے کام کے خلاف کام لے گا اس سے افعال قلبی میں کھلا ہوا تناقص پیدا ہو جائے گا۔

ابو معمر فہری: بغوی اور ابن ابی حاتم نے سدی اور ابن نجیح کی روایت سے مجاہد کا قول بیان کیا ہے کہ ایک شخص تھا ابو معمر جمیل بن معمر فہری اس شخص کی سمجھ بھی تیز تھی اور حافظہ بھی اتنا قوی کہ جو کچھ سنتا تھا یاد کر لیتا تھا قریش کہتے تھے ابو معمر کا جو حافظہ اتنا قوی ہے اس کی وجہ سواء اس کے اور کچھ نہیں کہ اس کے دو دل ہیں وہ خود بھی کہتا تھا کہ میرے دو دل ہیں محمد جو کچھ سمجھتے ہیں اس سے زیادہ سمجھ تو میرے ہر ایک دل میں ہے میں ایک دل سے بھی ان سے زیادہ جانتا اور بہتر سمجھتا ہوں اسی کے متعلق اس آیت کا نزول ہوا۔

بدر کے دن جب قریش کو شکست ہوگئی تو ابو معمر بھی بھاگ کھڑا ہوا ایک پاؤں میں جوتی تھی اور دوسری جوتی ہاتھ میں تھی۔ اسی حالت میں ابو سفیان کا سامنا ہو گیا ابو سفیان نے پوچھا ابو معمر لوگوں کا کیا حال ہے۔ ابو معمر نے کہا شکست کھا گئے۔

ابو سفیان نے کہا تیرا یہ کیا حال ہے کہ ایک جوتی پاؤں میں اور ایک ہاتھ میں ہے ابو معمر نے کہا ارے میں تو دونوں جوتیاں پاؤں میں سمجھا تھا، اس وقت لوگوں کو معلوم ہوا کہ اس کے دو دل نہیں ہیں اگر دو دل ہوتے تو ہاتھ میں پکڑی ہوئی جوتی کو نہ بھولتا۔

ابن ابی حاتم نے بسند خصیف سعید بن جبیر اور مجاہد اور عکرمہ کا بیان نقل کیا ہے کہ ایک شخص تھا جس کو دو دل والا کہا جاتا تھا اسی کے بارے میں اس آیت کا نزول ہوا۔ ابن جریر نے بوساطت عوفی حضرت ابن عباس اور بوساطت قتادہ حسن بصری کا بھی یہی بیان نقل کیا ہے۔ اس بیان میں اتنا زائد ہے کہ وہ شخص کہتا تھا کہ میرا ایک دل مجھے (کسی کام کو) کرنے کا حکم دیتا ہے اور دوسرا دل منع کرتا ہے۔

منافقوں کی قیاس آرائی کی تردید:

ترمذی نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے بیان کیا ہے اور اس کو حسن کہا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (ایک بار) کھڑے ہوئے اس وقت آپ کے دل میں کسی بات کا خطرہ پیدا ہوا، منافق جو آپ کے پاس اس وقت موجود تھے کہنے لگے دیکھو اس شخص کے دو دل ہیں، ایک تمہارے ساتھ ہے اور دوسرا اپنے رفیقوں کے ساتھ۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

ظہار کا حکم: وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ الّٰٓئِیْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ دور جاہلیت میں ظہار کو طلاق سمجھا جاتا تھا۔ اسلامی شریعت میں (طلاق نہیں قرار دیا گیا بلکہ) ظہار کرنیوالا جب تک کفارہ ادا نہ کرے اس وقت تک بیوی سے قربت صنفی کی ممانعت کر دی۔

ظہار کی صورت یہ ہے کہ کوئی شخص اپنی بی بی کو کہہ دے تو میرے لئے ایسی ہے جیسے میری ماں کی پشت۔ ظہار کے مسائل ہم نے سورۂ مجادلہ میں بیان کر دیئے ہیں۔

لے پالک بیٹے:

وَمَا جَعَلَ اَدْعِیَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ کسی کو بیٹا بنانے سے حقیقی بیٹے کے احکام اس پر جاری نہیں ہو جاتے۔ نہ وہ میراث کا مستحق قرار پاتا ہے۔ نہ اس سے نکاح حرام ہو جاتا ہے۔ آیت مذکورہ میں عرب کے ان جاہلی اقوال کی تردید کر دی گئی ہے کہ دانشمند قوی حافظہ والے کے دو دل ہوتے ہیں، اور ظہار کرنے سے طلاق بائنہ پڑ جاتی ہے، اور عورت شوہر کے لئے ہمیشہ کے واسطے ماں کی طرح حرام ہو جاتی ہے اور بنایا ہوا بیٹا حقیقی بیٹے کی طرح ہو جاتا ہے میراث کا بھی مستحق بن جاتا ہے اور اس سے نکاح بھی حرام ہو جاتا ہے اور بناوٹی بیٹے کے وہ تمام رشتہ دار حرام ہو جاتے ہیں جو حقیقی بیٹے کے ہوتے ہیں اور حرام ہوتے ہیں (جیسے حقیقی بیٹے کی بیوی، بہن وغیرہ) نبوت سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید بن حارثہ بن شرجیل کلبی کو آزاد کر کے بیٹا بنا لیا تھا اور حضرت حمزہ بن عبدالمطلب سے ان کا رشتۂ اخوت قائم کر دیا تھا۔ حضرت زید نے اپنی بیوی حضرت زینب بنت جحش کو طلاق دے دی اور رسول اللہ نے ان سے نکاح کر لیا، منافق کہنے لگے کہ محمد نے خود تو اپنے بیٹے کی بیوی سے نکاح کر لیا اور دوسروں کو منع کرتے تھے اس پر آیت اللہ نے نازل فرمائی۔

حضرت عائشہ راوی ہیں کہ ابو حذیفہ بن عتبہ بن ربیعہ کی بیوی سہلہ بنت سہل بن عمرو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا یا رسول اللہ ابو حذیفہ کا آزاد کردہ غلام جس کو ابو حذیفہ نے بیٹا بنا لیا ہے ہمارے گھر میں آتا ہے اور میں اس وقت ایک کپڑا پہنے ہوتی ہوں ہم سالم کو بیٹا ہی سمجھتے ہیں اس کا کیا حکم ہے اس پر آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

جس طرح ایک انسان کے پہلو میں دو دل نہیں ہوتے، اور جس طرح بیوی کو ماں کے مثل کہنے سے بیوی ماں نہیں بن جاتی، اسی طرح مُنہ بولا بیٹا تمہارا بیٹا نہیں بن جاتا، یعنی دوسرے بیٹوں کے ساتھ نہ وہ میراث میں شریک ہوگا اور نہ حرمت نکاح کے مسائل اس پر عائد ہوں گے کہ بیٹے کی مطلقہ بیوی باپ پر ہمیشہ کے لئے حرام ہے تو متبنّٰی کی بیوی بھی حرام ہو۔

مسئلہ: اس سے معلوم ہوا کہ اکثر آدمی جو دوسروں کے بچوں کو بیٹا کہہ کر پکارتے ہیں جب کہ محض شفقت کی وجہ سے ہو متبنّٰی قرار دینے کی وجہ سے نہ ہو تو یہ اگرچہ جائز ہے، مگر پھر بھی بہتر نہیں کہ صورۃً ممانعت میں داخل ہے (کذا فی الروح عن الخفاجی علی البیضاوی) (معارف مفتی اعظم)

اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ
پکارو لے پالکوں کو ان کے باپ کی طرف نسبت کر کے یہی پورا انصاف ہے اللہ کے یہاں

besturdubooks.wordpress.com

یعنی ٹھیک انصاف کی بات یہ ہے کہ ہر شخص کی نسبت اُس کے حقیقی باپ کی طرف کی جائے کسی نے لے پالک بنالیا تو وہ واقعی باپ نہیں بن گیا یوں شفقت و محبت سے کوئی کسی کو مجازاً بیٹا یا باپ کہہ کر پکارلے وہ دوسری بات ہے۔ غرض یہ ہے کہ نسبی تعلقات اور اُن کے احکام میں اشتباہ و التباس واقع نہ ہونے پائے۔ ابتدائے اسلام میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے زید بن حارثہ کو آزاد کر کے متبنیٰ کر لیا تھا۔ چنانچہ دستور کے موافق لوگ انہیں زید بن محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کہہ کر پکارنے لگے۔ جب یہ آیت نازل ہوئی سب زید بن حارثہ کہنے لگے۔ (تفسیر عثمانی)

اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ ان کو ان کے باپوں کی طرف منسوب کرو۔ یعنی حقیقی باپوں سے ان کا نسب ملاؤ۔

هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ یہی بات اللہ کے نزدیک بڑے انصاف کی ہے۔

اقسط اسم تفضیل کا صیغہ ہے لیکن نسبتی زیادتی مراد نہیں ہے بلکہ فی نفسہ عدل کی زیادتی مراد ہے یعنی کامل سچی بات۔

حضرت زید بن حارثہؓ:

بخاری نے حضرت ابن عمر کا قول نقل کیا ہے ہم زید کو زید بن حارثہ نہیں کہتے تھے بلکہ زید بن محمد کہتے تھے یہاں تک کہ آیت اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ نازل ہوئی (اس کے بعد ہم زید بن حارثہ کہنے لگے) (تفسیر مظہری)

فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ
پھر اگر نہ جانتے ہو اُن کے باپ کو تو تمہارے بھائی ہیں
فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ
دین میں اور رفیق ہیں

یعنی اگر باپ معلوم نہ ہو تو بہر حال تمہارے دینی بھائی اور رفیق ہیں ان ہی القاب سے یاد کرو۔ چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے زید بن حارثہ کو فرمایا۔ اَنْتَ اَخُوْنَا وَمَوْلَانَا۔ (تفسیر حقانی)

وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَآ اَخْطَاْتُمْ بِهٖ وَلٰكِنْ
اور گناہ نہیں تم پر جس چیز میں چوک جاؤ پر
مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا
جو دل سے ارادہ کرو اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان

بھول چوک معاف ہے:

یعنی بھول کر یا نادانستہ اگر غلط کہہ دیا کہ فلاں کا بیٹا فلاں، وہ معاف ہے۔ بھول چوک کا گناہ کسی چیز میں نہیں، ہاں ارادہ کا ہے اس میں بھی اللہ چاہے تو بخش دے۔ (تفسیر عثمانی)

دوسرے کی طرف غلط نسبت کی سزا:

حضرت سعد بن ابی وقاصؓ اور حضرت ابوبکرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے جانتے ہوئے (اپنے باپ کو چھوڑ کر) کسی دوسرے کو اپنا باپ ظاہر کیا اس پر جنت حرام ہے رواہ الشیخان فی الصحیحین واحمد وابوداؤد وابن ماجہ۔

حضرت انس راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے (اپنے باپ کو چھوڑ کر) کسی دوسرے کو اپنا باپ بتایا یا کسی (آزاد کردہ غلام) نے اپنے مولیٰ کے علاوہ کسی دوسرے کی طرف اپنا مولیٰ ہونے کی نسبت کی اس پر قیامت کے دن تک اللہ کی مسلسل لعنت۔ رواہ ابوداؤد۔ سیوطی نے لکھا یہ حدیث صحیح ہے۔

مسئلہ: امام ابوحنیفہ کا قول یہ ہے کہ اگر کسی آقا نے اپنے غلام کو جو عمر میں آقا سے کم ہو یا زیادہ یہ بات کہہ دی کہ یہ میرا بیٹا ہے تو غلام آزاد ہو جائے گا اور آقا کے کلام کو درست قرار دینے کے لئے مجازی معنی پر محمول کیا جائے گویا آقا نے جو غلام کے متعلق کہا یہ میرا بیٹا ہے اس کا مجازی معنی یہ ہے کہ یہ آزاد ہے سبب بول کر مجازاً مسبب مراد لیا جا سکتا ہے بُنوت (بیٹا ہونا) آزادی کا سبب ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو اپنے محرم قرابتدار کا (وراثۃً یا خرید کر یا بطور ہبہ) مالک ہو گیا تو وہ محرم آزاد ہو جائے گا۔ رواہ احمد واصحاب السنن۔ (تفسیر مظہری)

مجتہد کی خطاء:

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا صحیح بخاری شریف میں ہے جب حاکم اپنی کوشش میں کامیاب ہو جائے اپنے اجتہاد میں صحت کو پہنچ جائے تو اسے دوہرا اجر ملتا ہے اور اگر خطا کر جائے تو اسے ایک اجر ملتا ہے۔ اور حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے میری اُمت کو اُن کی خطائیں بھول چوک اور جو کام ان سے زبردستی کرائے جائیں ان سے درگزر فرمالیا ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ
نبی سے لگاؤ ہے ایمان والوں کو زیادہ اپنی جان سے

مؤمن کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے تعلق:

مؤمن کا ایمان اگر غور سے دیکھا جائے تو ایک شعاع ہے اُس نور اعظم کی جو آفتاب نبوت سے پھیلتا ہے۔ آفتاب نبوت پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام ہوئے۔ بنابریں مؤمن (من حیث ہو مؤمن) اگر اپنی حقیقت سمجھنے کے لئے حرکت فکری شروع کرے تو اپنی ایمانی ہستی سے پیشتر اُس کو پیغمبر علیہ السلام کی معرفت حاصل کرنی پڑے گی۔ اس اعتبار سے کہہ سکتے ہیں کہ نبی کا وجود مسعود خود ہماری ہستی سے بھی زیادہ ہم سے نزدیک ہے اور اگر اس

besturdubooks.wordpress.com

روحانی تعلق کی بنا پر کہہ دیا جائے کہ مؤمنین کے حق میں نبی بمنزلہ باپ کے بلکہ اس سے بھی بمراتب بڑھ کر ہے تو بالکل بجا ہوگا۔ چنانچہ سنن ابی داؤد میں انما انا لکم بمنزلة الوالد الخ اور ابی بن کعب وغیرہ کی قراءت میں آیت ہذا النَّبِيُّ أَوْلَىٰ بِالْمُؤْمِنِينَ الخ کے ساتھ وَهُوَ أَبٌ لَّهُمْ کا جملہ اسی حقیقت کو ظاہر کرتا ہے۔ باپ بیٹے کے تعلق میں غور کرو تو اُس کا حاصل یہی نکلے گا کہ بیٹے کا جسمانی وجود باپ کے جسم سے نکلا ہے اور باپ کی تربیت و شفقت طبعی اوروں سے بڑھ کر ہے لیکن نبی اور اُمتی کا تعلق کیا اس سے کم ہے؟ یقیناً اُمتی کا ایمانی وروحانی وجود نبی کی روحانیت کبریٰ کا ایک پرتو اور ظل ہوتا ہے اور جو شفقت وتربیت نبی کی طرف سے ظہور پذیر ہوتی ہے ماں باپ تو کیا تمام مخلوق میں اُس کا نمونہ نہیں مل سکتا۔ باپ کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ نے ہم کو دنیا کی عارضی حیات عطا فرمائی تھی۔ لیکن نبی کے طفیل ابدی اور دائمی حیات ملتی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہماری وہ ہمدردی اور خیر خواہانہ شفقت وتربیت فرماتے ہیں جو خود ہمارا نفس بھی اپنی نہیں کر سکتا۔ اسی لئے پیغمبر کو ہماری جان ومال میں تصرف کرنے کا وہ حق پہنچتا ہے جو دنیا میں کسی کو حاصل نہیں۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ نبی نائب ہے اللہ کا اپنی جان و مال میں اپنا تصرف نہیں چلتا جتنا نبی کا چلتا ہے۔ اپنی جان دہکتی آگ میں ڈالنا روا نہیں اور اگر نبی حکم دے دے تو فرض ہو جائے۔ انہی حقائق پر نظر کرتے ہوئے احادیث میں فرمایا کہ تم میں کوئی آدمی مومن نہیں ہوسکتا جب تک میں اُس کے نزدیک باپ، بیٹے اور سب آدمیوں بلکہ اُس کی جان سے بھی بڑھ کر محبوب نہ ہو جاؤں۔ (تفسیر عثمانی)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت واجب ہے:

یعنی مومنوں کو جو تعلق ایک دوسرے کے ساتھ ہے ان سب سے زیادہ نبی کا مومنوں سے تعلق ہے اسی تعلق کی وجہ سے نبی کا حکم مومنوں پر نافذ ہے اور پیغمبر کی اطاعت سب پر واجب ہے ماں باپ کا حکم بھی اگر نبی کے حکم کے خلاف ہو تو اس کی مخالفت بھی لازم ہے پس پیغمبر کو ہی جہاد پر بھیجنے اور راہ خدا میں جان خرچ کرنے کا حکم دینے کا حق حاصل ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت اپنی مرضی پر مقدم ہے:

حضرت ابن عباس اور عطاء نے آیت کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ جب نبی کسی کو کسی کام کی دعوت دیں اور اس کا نفس کسی دوسری بات کا خواہش مند ہو تو نفس کی اطاعت سے نبی کی اطاعت اولیٰ ہے کیونکہ نبی تمام مسلمانوں کے مصالح اور مفاسد سے بوحی الٰہی خوب واقف ہیں نبی مومنوں کے لئے اسی بات کو پسند کرتے اور اسی کام کا حکم دیتے ہیں جس میں مومنوں کی بہبودی اور کامیابی ہوتی ہے اللہ نے فرمایا ہے حَرِيصٌ عَلَيْكُم بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ۔

انسان کا نفس ہمیشہ بدی کا حکم دیتا ہے سواء اس کے جس پر اللہ کا کرم ہو انسان کا نفس بڑا ناحق کوش اور بہت ہی نادان ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ مومنوں کو اللہ کے رسول کی محبت اپنے نفسوں سے بھی زیادہ ہو اور اللہ کے رسول کا حکم نفس کی حکومت پر غالب ہو اور رسول خدا کی مومنوں پر شفقت اتنی ہو کہ خود ان کی اپنے نفوس پر نہ ہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، تم میں سے کوئی مومن نہیں ہوسکتا تاوقتیکہ میں اس کی نظر میں اس کے باپ اولاد اور تمام انسانوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں رواہ البخاری ومسلم فی صحیحیہما عن انسؓ۔

مؤمن دنیا وآخرت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے قریب ہے:

حضرت ابو ہریرہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر مومن سے دنیا وآخرت میں میرا تعلق سب سے زیادہ ہے اگر اس کا ثبوت چاہتے ہو تو پڑھو آیت پس جو مومن مال چھوڑ کر مرے تو اس کے مال کے وارث اس کے عصبات ہوں گے جو بھی ہوں۔ اور جو مومن نادار بیوی بچوں کو چھوڑ جائے تو وہ میرے پاس آجائیں میں ان کا متولی ہوں۔ (تفسیر مظہری)

وَأَزْوَاجُهُ أُمَّهَاتُهُمْ ۖ
اور اُس کی عورتیں اُن کی مائیں ہیں

ازواج مطہرات امہات المؤمنین ہیں:

یعنی دینی مائیں ہیں تعظیم واحترام میں اور بعض احکام میں جو اُن کے لئے شریعت سے ثابت ہوں۔ کل احکام میں نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَأَزْوَاجُهُ أُمَّهَاتُهُمْ۔ اور نبی کی بیویاں مومنوں کی مائیں ہیں، یعنی ان کا حق (ماؤں کی طرح) بڑا ہے ان سے ہمیشہ کے لئے (ہر مومن کا) نکاح حرام ہے یہ مطلب نہیں ہے جس طرح ماؤں کو دیکھنا اور ان کے ساتھ تنہائی میں بیٹھنا جائز ہے اسی طرح پیغمبر کی بیبیوں کو دیکھنا اور ان کے ساتھ تنہائی میں بیٹھنا جائز ہے۔ امہات المومنین کو دیکھنا اور خلوت میں ان کے ساتھ بیٹھنا تو ایسا ہی ناجائز ہے جیسے اجنبی عورتوں کے ساتھ اللہ نے فرمایا ہے وَإِذَا سَأَلْتُمُوهُنَّ مَتَاعًا فَاسْأَلُوهُنَّ مِن وَرَاءِ حِجَابٍ اگر امہات المومنین سے تم کو کوئی سامان مانگنا ہو تو پردہ کی اوٹ سے مانگو۔

امہات المومنین کی دیگر رشتہ دار:

امہات المومنین کی بیٹیوں کو امت کی بہنیں نہیں کہا جاتا، نہ اس کے بہن بھائی امت کی خالائیں اور ماموں ہیں (نسبی رشتہ نہیں ہے) امام شافعی نے فرمایا۔ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے اسماءؓ سے نکاح کیا اور اسماء حضرت عائشہ کی بہن تھیں لیکن کسی نے نہیں کہا کہ حضرت اسماء مومنوں کی خالہ تھیں۔ اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی لڑکیوں کا نکاح حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ سے کیا تھا (اگر حضور صلی اللہ

besturdubooks.wordpress.com

علیہ وسلم کی صاحبزادیاں امت کی بہنیں ہوتیں تو ان سے کسی کا نکاح نہیں ہوتا)۔

ازواجِ مطہرات سے امتی کا نکاح حرام ہے:

شعبی نے مسروق کی روایت سے بیان کیا ہے کہ ایک عورت نے حضرت عائشہ کو اماں کہا، آپ نے فرمایا، میں تمہاری ماں نہیں ہوں تمہارے مردوں کی ماں ہوں۔ بیہقی نے سنن میں بھی یہ روایت نقل کی ہے۔

اس سے ظاہر ہو گیا کہ اللہ نے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویوں کو مومنوں کی مائیں فرمایا ہے اس سے مراد یہ ہے کہ ماؤں کی طرح ازواج مطہرات سے امت کا نکاح حرام ہے۔ حضرت ابی بن کعب کی قراءت میں آیا ہے وَاَزْوَاجُهٗ اُمَّهٰتُهُمْ وَهُوَ اَبٌ لَّهُمْ. یعنی رسول اللہ مومنوں کے دینی باپ تھے ہر پیغمبر اپنی امت کا دینی باپ ہوتا ہے۔ سب کی ابدی زندگی کی جڑ پیغمبر ہی ہوتا ہے اسی لئے سب مومن آپس میں دینی بھائی قرار دیئے گئے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ
اور قرابت والے ایک دوسرے سے لگاؤ رکھتے ہیں اللہ کے حکم میں زیادہ
مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ اِلَّآ اَنْ تَفْعَلُوْٓا اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِكُمْ مَّعْرُوْفًا
سب ایمان والوں اور ہجرت کرنے والوں سے مگر یہ کہ کرنا چاہو اپنے رفیقوں سے احسان

نسبی رشتہ داری:

حضرت کے ساتھ جنہوں نے وطن چھوڑا، بھائی بندوں سے ٹوٹے، آپ نے اُن مہاجرین اور انصار مدینہ میں سے دو دو آدمیوں کو آپس میں بھائی بنا دیا تھا۔ بعدہٗ مہاجرین کے دوسرے قرابتدار مسلمان ہو گئے تب فرمایا کہ قدرتی رشتہ ناطہ اُس بھائی چارہ سے مقدم ہے میراث وغیرہ رشتہ ناطے کے موافق تقسیم ہوگی۔ ہاں سلوک احسان ان رفیقوں سے بھی کئے جاؤ۔ (تفسیر عثمانی)

دینی اخوۃ وموالات کی بنیاد پر وراثت منسوخ:

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ میں مِن تفضیلیہ ہے ابتداء اسلام میں مہاجر مہاجر کا وارث ہوتا یا دینی موالات (انصار و مہاجرین کی اخوت دینی) موجب میراث تھی اس آیت سے وہ حکم منسوخ ہو گیا (اور دوسرے مہاجرین و مومنین کے مقابلہ میں قرابتدار اپنے قرابت دار کی میراث کا مستحق قرار دیا گیا) قتادہ نے کہا مسلمان ہجرت کی بنیاد پر ایک دوسرے کے وارث ہوتے تھے (بغوی) کلبی کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں میں باہم رشتۂ اخوت قائم کرا دیا تھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم دو دو مسلمانوں کو بھائی بنا دیتے تھے آخر یہ آیت نازل ہوئی (تو پچھلا دستور منسوخ ہو گیا)۔ (تفسیر مظہری)

كَانَ ذٰلِكَ فِى الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا
یہ ہے   کتاب میں   لکھا ہوا

یعنی قرآن میں یہ حکم ہمیشہ کو جاری رہا۔ یا تورات میں بھی ہوگا یا ''کتاب'' سے ''لوح محفوظ'' مراد ہو۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ
اور جب لیا ہم نے   نبیوں سے   اُن کا قرار   اور تجھ سے
وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسَى
اور نوح سے   اور ابراہیم سے   اور موسیٰ سے اور عیسیٰ سے
ابْنِ مَرْيَمَ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا
جو بیٹا   مریم کا   اور لیا ہم نے اُن سے   گاڑھا   قرار

انبیاء سے میثاق: یعنی یہ قول و قرار کو ایک دوسرے کی تائید و تصدیق کرے گا۔ اور دین کے قائم کرنے اور حق تعالیٰ کا پیغام پہنچانے میں کوئی وقیقہ اُٹھا نہ رکھے گا۔ ''آل عمران'' میں اس میثاق کا ذکر ہو چکا ہے۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں اوپر پیغمبر کے حق میں فرمایا تھا کہ مومنین پر اُن کی جان سے زیادہ تصرف رکھتا ہے، یہاں اشارہ کر دیا کہ یہ درجہ نبیوں کو اس لئے ملا کہ اُن پر محنت (اور ذمہ داری بھی) سب سے زیادہ ہے۔ اکیلے ساری خلق سے مقابل ہونا اور کسی سے خوف ور جانہ رکھنا۔ پیغمبروں کے سوا کس کا کام ہو سکتا ہے۔ یہ پانچ پیغمبر جن کے نام یہاں خصوصیت سے لئے اولوالعزم پیغمبر کہلاتے ہیں۔ اُن کی ہدایت کا اثر ہزاروں برس رہا اور جب تک دنیا ہے رہے گا۔ ان میں پہلے نام لیا ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا۔ حالانکہ عالم شہادت میں آپ کا ظہور سب کے بعد ہوا ہے۔ مگر درجہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے پہلے ہیں اور وجود بھی آپ کا عالم غیب میں سب سے مقدم ہے۔ کما ثبت فی الحدیث۔ (تفسیر عثمانی)

عہد کس وقت لیا گیا:

یہ عہد اس وقت لیا گیا تھا جب پشتِ آدم سے سب کو برآمد کیا گیا تھا۔ اللہ نے سب سے عہد لیا تھا کہ وہ اللہ ہی کی عبادت کریں گے دوسروں کو بھی اللہ ہی کی عبادت کی دعوت دیں گے اپنی اپنی امت کے بھی خواہ رہیں گے اور ہر ایک دوسرے کی مدد کرے گا۔

میثاق تمام انبیاء سے لیا گیا:

النَّبِيّٖنَ کا لفظ تمام انبیاء کو شامل ہے سب ہی پیغمبر اس میں آ گئے لیکن اس کے بعد چند پیغمبروں کا نام بنام خصوصی تذکرہ اس لئے کیا کہ یہ پیغمبر اولوالعزم تھے ان پر

besturdubooks.wordpress.com

کتابیں اور صحیفے نازل کئے گئے تھے ان کو الگ الگ مستقل شریعتیں دی گئی تھیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت:

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت شان ظاہر کرنے کے لئے دوسرے پیغمبروں کے ذکر سے پہلے آپ کا ذکر (بطور خطاب) کیا گیا اس تقدیم ذکر سے اس بات کی طرف بھی اشارہ ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی تھی کہ پیدائش کے آغاز کے لحاظ سے سب لوگوں سے مقدم ہوں اور بعثت و نبوت کے لحاظ سے سب سے پیچھے (آیا ہوں) رواہ سعد عن قتادہ مرسلا۔ ولکن رواہ البغوی عن قتادہ عن الحسن عن ابی ہریرۃ متصلا (بروایت بغوی) قتادہ نے (حدیث مذکور بیان کرنے کے بعد) کہا یہ ہی (مضمون) ہے آیت وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ الخ اس میں اللہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر نوح ابراہیم موسیٰ اور عیسیٰ سے پہلے کیا ہے۔

ابن سعد نے اور ابو نعیم نے حلیہ میں میسرہ فجر بن سعد کی وساطت سے بروایت ابوالجدعاء اور طبرانی نے کبیر میں حضرت ابن عباس کی روایت سے حدیث مذکور ان الفاظ کے ساتھ نقل کی ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، میں اس وقت نبی تھا جب آدم روح اور جسم کے درمیان (کشاکش میں) تھے۔

مِيْثَاقًا غَلِيْظًا پکا وعدہ۔ عظیم الشان عہد۔ یا وہ وعدہ جس کو ایمان کے ساتھ پختہ کیا گیا تھا۔ (تفسیر مظہری)

لِيَسْئَلَ الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ

تاکہ پوچھے اللہ سچوں سے ان کا سچ اور تیار رکھا ہے

لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا

منکروں کے لئے دردناک عذاب

میثاق کا مقصد: یعنی قول و قرار کے مطابق ان پیغمبروں کی زبانی اپنے احکام خلق کو پہنچائے اور حجت تمام کردے تب ہر ایک سے پوچھ پاچھ کرے گا، تاکہ سچوں کا سچائی پر قائم رہنا ظاہر ہو اور منکروں کو سچائی سے انکار کرنے پر سزا دی جائے۔ آگے جنگ احزاب کا واقعہ یاد دلاتے ہوئے سچے پیغمبر اور مومنین اور ان کے بالمقابل جھوٹے منافقوں اور منکروں کے کچھ احوال اور ان کے ظاہری ثمرات و نتائج ذکر کئے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی ایسا کرنے کی غرض یہ تھی کہ انبیاء صادقین سے دریافت کیا جائے گا کہ تم نے اپنی اپنی امتوں سے کیا کہا تھا یا کافروں کو ذلیل کرنے اور لاجواب بنانے کے لئے کافروں سے دریافت کیا جائے گا کہ کیا تم نے انبیاء علیہم السلام کی تصدیق کی تھی یا انبیاء کی تصدیق کرنے والوں سے ان کی تصدیق کے متعلق پوچھا جائے گا (کہ کیا تم نے انبیاء علیہم السلام کی تصدیق کی تھی) کیونکہ سچے کی تصدیق کرنے والا بھی سچا ہوتا ہے یا ان مؤمنوں سے جنہوں نے اپنے وعدوں کو سچ کر دکھایا تھا ان کے صدق کی باز پرس ہوگی یہاں تک کہ ان کو خود اپنے اوپر گواہ بنایا جائے گا۔ (تفسیر مظہری)

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ

اے ایمان والو یاد کرو احسان اللہ کا

عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ

اپنے اوپر جب چڑھ آئیں تم پر فوجیں پھر ہم نے بھیج دی ان پر

رِيْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ۚ

ہوا اور وہ فوجیں جو تم نے نہیں دیکھیں

غزوۂ احزاب میں مسلمانوں کی غیبی مدد:

یعنی فرشتوں کی فوجیں جو کفار کے دلوں میں رعب ڈال رہی تھیں۔ (تفسیر عثمانی)

جُنُوْدٌ سے مراد ہیں کفار قریش۔ بنی غطفان اور قبیلہ بنی قریظہ کے یہودی جن کی مجموعی تعداد تقریباً بارہ ہزار تھی، مدینہ کے مسلمانوں کا ان سب نے آکر محاصرہ کر لیا تھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ کے گرد ایک خندق کھدوائی تھی۔

رِيْحًا، یہ پروا ہوا تھی، موسم بھی سردی کا تھا، رات بھی بہت سرد تھی پروا ہوا کا ایک طوفان آیا جو انتہائی سرد تھا جس کی وجہ سے ڈیروں اور خیموں کی میخیں اکھڑ گئیں رسیاں ٹوٹ گئیں آگ (جو حملہ کرنیوالوں نے اپنی فرودگاہ میں کھانا پکانے اور تاپنے کیلئے روشن کر رکھی تھی) بجھ گئی۔ ہانڈیاں الٹ گئیں گھوڑے رسیاں توڑ کر بھاگ نکلے۔

جُنُوْدًا یعنی ملائکہ کا لشکر (جو غیبی امداد کے لئے بھیجا گیا تھا اور) جو لشکر کے گرد اگرد تکبیر کی آوازیں بلند کر رہے تھے کافروں پر رعب چھا گیا خوف زدہ ہو گئے ہر قبیلہ کے سردار نے اپنے قبیلہ کو آواز دے کر اپنے پاس بلایا جب سب آ گئے تو کہا جلد بھاگو جلد بھاگو نتیجہ میں بغیر لڑائی کے سب بھاگ کھڑے ہوئے۔ اس روز فرشتوں نے لڑائی میں حصہ نہیں لیا تھا صرف مسلمانوں کو اطمینان دلانے اور کافروں کے دلوں میں رعب ڈالنے کے لئے آئے تھے۔ (تفسیر مظہری)

وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ۚ

اور ہے اللہ جو کچھ کرتے ہو دیکھنے والا

غزوۂ خندق کا مختصر حال:

ہجرت کے چوتھے پانچویں سال یہود بنی نضیر جو مدینہ سے نکالے گئے تھے

bestudubooks.wordpress.com

(اُس کا ذکر سورۃ حشر میں آئے گا) ہر قوم میں پھرے۔ اور اُبھار اُبھار کر قریش مکہ بنی فزارہ اور غطفان وغیرہ قبائل عرب کی متحدہ طاقت کو مدینہ پر چڑھا لانے میں کامیاب ہوگئے۔ تقریباً بارہ ہزار کا لشکر جرار پورے ساز و سامان سے آراستہ اور طاقت کے نشہ میں چُور تھا، یہود بنی قریظہ جن کا ایک مضبوط قلعہ مدینہ کی شرقی جانب تھا پہلے سے مسلمانوں کے ساتھ معاہدہ کئے ہوئے تھے۔ نضیری یہود کی ترغیب و تربیت سے آخر کار وہ بھی معاہدات کو بالائے طاق رکھ کر حملہ آوروں کی مدد کے لئے کھڑے ہوگئے۔ مسلمانوں کی جمعیت کل تین ہزار تھی۔ جن میں ایک بڑی تعداد اُن دغاباز منافقوں کی تھی جو سختی کا وقت آنے پر جھوٹے حیلے بہانے کر کے میدانِ جنگ سے کھسکنے لگے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ سے مشورہ فرمایا۔ آخر حضرت سلمان فارسی کے مشورہ سے شہر کے گرد جدھر سے حملہ کا اندیشہ تھا خندق کھودی گئی۔ سخت جاڑے کا موسم تھا غلہ کی گرانی تھی بھوک کی وجہ سے صحابہ رضی اللہ عنہم اور خود سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیٹ کو پتھر بندھے ہوئے تھے۔ مگر عشقِ الٰہی کے نشہ میں سرشار سپاہی اور اُن کے سالارِ اعظم اُس سنگلاخ زمین کی کھدائی میں حیرت انگیز قوت اور ہمت مردانہ کے ساتھ مشغول تھے مجاہدین پتھریلی زمین پر کدال مارتے، اور کہتے نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا مُحَمَّدًا عَلَى الْجِهَادِ مَابَقِيْنَا اَبَدًا ادھر سرکار محمدی سے جواب ملتا اَللّٰهُمَّ لَا عَيْشَ اِلَّا عَيْشَ الْاٰخِرَةِ فَاغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَةِ خندق تیار ہوگئی تو اسلامی لشکر نے دشمن کے مقابل مورچے جمادیئے۔ تقریباً بیس پچیس روز تک دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی رہیں درمیان میں خندق حائل تھی۔ باوجود کثرت تعداد کے کفار سے بن نہ پڑا کہ شہر پر عام حملہ کر دیتے۔ البتہ دُور سے تیراندازی ہوتی رہی اور گاہ بگاہ فریقین کے خاص خاص افراد میدانِ مبارزۃ میں بھی دو دو ہاتھ دکھانے لگتے تھے۔ مشرکین اور یہود بنی قریظہ کے درمیان مسلمانوں کی جمعیت محصورین کی حیثیت رکھتی تھی تاہم انہوں نے سب عورتوں بچوں کو شہر کی مضبوط و محفوظ حویلیوں میں پہنچا کر خود بڑی پامردی اور استقامت کے ساتھ شہر کی حفاظت و مدافعت کا فرض انجام دیا۔ آخر کار نعیم ابن مسعود الاشجعیؓ کی ایک عاقلانہ اور لطیف تدبیر سے مشرکین اور یہود بنی قریظہ میں پھوٹ پڑ گئی، اُدھر کفار کے دلوں کو خدا تعالیٰ کا غیر مرئی لشکر مرعوب کر رہا تھا۔ اسی اثناء میں اللہ تعالیٰ نے ایک رات سخت خوفناک جھکڑ ہوا کا چلا دیا۔ پروا ہوا سے ریت اور سنگریزے اُڑ کر کفار کے منہ پر لگتے تھے۔ اُن کے چولھے بجھ گئے، دیگچے زمین پر جا پڑے، کھانے پکانے کی کوئی صورت نہ تھی۔ ہوا کے زور سے خیمے اکھڑ گئے گھوڑے چھوٹ کر بھاگ گئے لشکر پریشان ہوگیا، سردی اور اندھیری ناقابل برداشت بن گئی آخر ابوسفیان نے جن کے ہاتھ میں تمام لشکروں کی اعلیٰ کمان تھی طبل رحیل بجا دیا۔ ناچار سب اُٹھ کر بے نیل و مرام واپس چل دیئے۔ وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيْزًا یہ جنگ احزاب کہلاتی ہے اور "جنگِ خندق" بھی کہتے ہیں۔ سخت جاڑے کے موسم اور فاقہ کشی کی حالت میں خندق کھودنا اور اتنے دشمنوں کے بیچ میں گھر کر لڑائی لڑنا یہ وہ حالات تھے جن میں منافق دل کی باتیں بولنے لگے اور مومن ثابت قدم رہے۔ اسی جنگ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اب آئندہ ہم کفار پر چڑھائی کریں گے وہ ہم پر چڑھ کر نہ آسکیں گے چنانچہ یہ ہی ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا اور (اے مسلمانو) تم جو (لڑائی کی تیاری خندق کی کھدائی) کر رہے تھے اللہ اس کو دیکھ رہا تھا۔

امداد کی ہوا اور ہلاکت کی ہوا:

بخاری نے حضرت ابن عباس کی روایت سے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پروا ہوا سے میری مدد کی گئی اور پچھمی ہوا سے قوم عاد کو تباہ کیا گیا۔

غزوہ خندق کب پیش آیا:

غزوۂ خندق کا واقعہ ماہ شوال ۴ھ میں ہوا مواہب لدنیہ کے مصنف نے یہی لکھا ہے اور موسیٰ بن عقبہ کو اس کا راوی کہا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی نضیر کو مدینہ سے نکال دیا تھا ان کی جلاوطنی سے آٹھ ماہ کے بعد یہ واقعہ ہوا تھا، بنی نضیر مدینہ سے نکل کر اطراف ملک میں گھومتے پھرے، سلام بن ابی الحقیق اور کنانہ بن ربیع اور حیی بن اخطب ربیع الاول ۴ھ میں خیبر میں پہنچے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ واقعہ ربیع الاول یا اس کے کچھ بعد کا ہے لیکن مشہور یہ ہے کہ شوال ۵ھ میں غزوۂ خندق کا واقعہ ہوا (کذا قال محمد بن اسحاق)۔ (تفسیر مظہری)

مشہور پہلوان کا قتل:

عمرو بن عبدوُد عامری جو عرب کا مشہور شجاع پہلوان اور فن سپہ سالاری میں یکتا تھا ساتھ ہی بہادر جیوٹ اور قوی تھا ایک مرتبہ ہمت کر کے اپنے ساتھ چند جاں باز پہلوانوں کو لے کر خندق سے اپنے گھوڑوں کو کدا لایا۔ یہ حال دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سواروں کی طرف اشارہ کیا، لیکن کہا جاتا ہے کہ انہیں تیار نہ پا کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ کو حکم دیا کہ تم اس کے مقابلہ پر جاؤ۔ آپؓ گئے تھوڑی دیر تک تو دونوں بہادروں میں تلوار چلتی رہی لیکن بالآخر شیر خدا نے کفر کے اس دیو کو تہِ تیغ کیا جس سے مسلمان بہت خوش ہوئے۔ (تفسیر ابن کثیر)

یہودیوں کو تعصب نے جاہل کر دیا:

بغوی نے لکھا ہے کہ محمد بن اسحاق نے کہا مجھ سے یزید بن رومان نے (جو خاندان زبیر کے آزاد کردہ غلام تھے) عروہ بن زبیر کی روایت سے بیان کیا اور عبداللہ بن کعب بن مالک اور زہری اور عاصم بن عمرو بن قتادہ نیز عبداللہ بن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم اور محمد بن کعب قرظی کا بھی بیان ہے

besturdubooks.wordpress.com

اور یہ تمام روایات باہم ملتی جلتی ہیں (جن کا خلاصہ یہ ہے کہ) یہودیوں کی ایک جماعت جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف قبائل عرب کو مدینہ پر چڑھا کر لانے والے سلام بن ابی الحقیق اور حُیَیّ بن اخطب اور کنانہ بن ربیع بن ابی الحقیق اور ھودہ بن قیس اور ابو عامر الوائلی شامل تھے اور بنی نضیر و بنی وائل کے لوگوں کی کچھ تعداد بھی ساتھ تھی مدینہ سے نکل کر مکہ میں قریش کے پاس پہنچے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف جنگ کرنے کی ان کو دعوت دی اور یہ بھی کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیخ کنی کرنے میں ہم تمہارے ساتھ رہیں گے۔ قریش نے جواب دیا، اے گروہ یہود تم اہل علم ہو۔ تمہاری کتاب سابق ہے، ہمارا محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے مذہبی اختلاف ہے تم یہ بتاؤ کہ ہمارا مذہب بہتر ہے یا محمد کا یہودیوں نے جواب دیا تمہارا مذہب بہتر ہے تم حق پر ہو انہی کے متعلق اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ ...... وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ سَعِيْرًا

یہودیوں کا یہ فیصلہ سن کر قریش خوش ہو گئے اس کے بعد یہ یہودی قبیلۂ غطفان کے پاس پہنچے قبیلہ غطفان، قیس بن غیلان کی ایک شاخ تھی ان کو بھی وہی دعوت دی جو قریش کو دی تھی اور ان سے بھی کہا ہم تمہارے ساتھ شریک رہیں گے اور یہ بھی بتا دیا کہ قریش سے ہمارا اس پر معاہدہ ہو چکا ہے قریش نے مان لیا ہے یہ سن کر قبیلہ غطفان نے بھی ان کی دعوت قبول کر لی۔

یہودیوں اور مشرکوں کا پختہ معاہدہ:

میں کہتا ہوں بعض روایات میں آیا ہے کہ بنی نضیر اور بنی وائل کے تقریباً بیس آدمیوں کی جماعت قریش کے پاس گئی ابوسفیان نے ان کو خوش آمدید کہا اور یہ بھی کہا، تم سب سے زیادہ ہمارے منظور نظر ہو تم نے محمد کے خلاف ہم سے معاہدہ کیا ہے یہودیوں نے ابوسفیان سے کہا قبیلہ قریش میں سے تم پچاس آدمی منتخب کر لو اور تم بھی ان کے ساتھ شامل رہو پھر ہم تم سب مل کر کعبہ کے پردوں کے اندر گھس کر کعبہ کی دیواروں سے سینہ چمٹا کر اس بات کی قسمیں کھائیں کہ محمد کی عداوت پر ہم سب متفق اور یک زبان رہیں گے ہم باہم عہد کریں کہ جب تک ہم میں سے ایک آدمی بھی زندہ رہے گا ہم محمد سے لڑتے رہیں گے، حسب مشورہ سب نے یہ معاہدہ کر لیا۔

یہودیوں کا بنی غطفان سے معاہدہ:

قریش سے معاہدہ کرنے کے بعد یہودی قبیلہ غطفان کے پاس پہنچے اور ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف جنگ پر ابھارا اور ان سے وعدہ کیا کہ اگر تم ہمارے ساتھ مل کر مسلمانوں سے جنگ کرو گے تو خیبر کے درختوں پر جتنے پھل ایک سال یا چھ ماہ تک آئیں گے وہ سب ہم تم کو دے دیں گے (یعنی نخلستان خیبر کی پوری فصل یا آدھی فصل تمہاری ہوگی) قبیلۂ غطفان کے سردار عیینہ بن حصین فزاری نے شرط مذکور پر یہودیوں کی بات مان لی اور بنی اسد میں جو عیینہ کے حلیف (معاہد) تھے ان کو بھی بلوا لیا۔

لشکروں کی روانگی:

اس کے بعد قریش کو لے کر ان کا کمانڈر ابوسفیان بن حرب اور بنی غطفان کو مع بنی فزارہ کے لے کر ان کا قائد عیینہ بن حصین بن حذیفہ بدر اور بنی مرہ کو لے کر حارث بن عوف بن ابی حارثہ اور بنی اشجع میں سے اپنے ساتھیوں کو لے کر مسعر بن رحیلہ بن نویرہ بن طریف نکل کھڑے ہوئے۔

ابوسفیان نے چار ہزار کا لشکر جمع کیا اور اس لشکر کا جھنڈا عثمان بن ابی طلحہ کو دیا مکہ سے برآمد ہونے کے وقت اس کے لشکر میں تین سو گھوڑے اور ایک ہزار اونٹ تھے یہ لشکر مکہ سے چل کر مرّ الظہران پہنچ کر اترا پڑا اسی جگہ بنی اسلم بنی اشجع بنی مرہ بنی کنانہ، بنی فزارہ اور بنی غطفان کے لشکر آ پہنچے یہ ساری فوج دس ہزار ہو گئی مرّ الظہران سے روانہ ہو کر سب مدینہ کو چل دیئے۔ (چونکہ مختلف جماعتیں اور گروہ اس لشکر میں شامل تھے) اسی لئے اس جنگ کا نام غزوۂ احزاب ہو گیا۔

مسلمانوں کے انتظامات:

بغوی نے لکھا ہے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے احزاب کے جمع ہونے اور معاہدہ کر کے چلنے کی خبر سنی تو مدینہ کے باہر آپ نے ایک خندق کھدوائی۔ خندق کھدوانے کا مشورہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت سلمان فارسیؓ نے دیا تھا۔

حضرت سلمان اس زمانہ میں آزاد تھے (غلام نہیں تھے) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمرکاب رہ کر شریک معرکہ ہونے کا آپ کے لئے پہلا موقع تھا۔ حضرت سلمان نے عرض کیا تھا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم جب فارس میں تھے اور دشمن ہمارا محاصرہ کر لیتا تھا تو ہم اپنے گرداگرد خندق کھود لیا کرتے تھے (دشمن کی پیش قدمی روکنے کی یہ تدبیر تھی) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مشورہ کو مان لیا اور خندق کو مضبوط کر دیا۔

میں کہتا ہوں روایت میں آیا ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبائل عرب کے متفق ہو کر چڑھائی کرنے کی خبر سنی تو فرمایا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ اللہ ہمارے لئے کافی ہے وہی ہمارا اچھا کارساز ہے، پھر آپ نے مہاجرین و انصار کے سرداروں کو جمع کر کے مشورہ طلب کیا، حضرت سلمان نے خندق کھدوانے کا مشورہ دیا، حضور نے یہ مشورہ پسند فرمایا، مدینہ (کے انتظام) پر حضرت عبداللہ بن ام مکتوم کو اپنا جانشین بنایا اور خود جہاد کے لئے نکل کھڑے ہوئے تین ہزار مہاجر اور انصار آپ کے ساتھ نکلے۔ حضرت زید بن حارثہ کو مہاجرین کا اور حضرت سعد بن عبادہ کو انصار کا جھنڈا عطا فرمایا۔ (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

میں کہتا ہوں روایت میں آیا ہے کہ مسلمانوں کے ساتھ اس وقت (صرف) ۳۶ گھوڑے تھے۔ کچھ نابالغ لڑکے بھی جہاد میں شریک ہونے کے لئے آپ کے ساتھ نکلے آپ نے پندرہ سال سے کم عمر کے لڑکوں کو واپس کر دیا اور پندرہ سال کی عمر کے لڑکوں کو جہاد میں شریک ہونے کی اجازت دے دی ان بالغوں میں حضرت عبداللہ بن عمرؓ حضرت زید بن ثابت حضرت ابوسعید خدری اور حضرت براء بن عازب بھی تھے پھر حضور نے خندق کھدوانے کے لئے مدینہ کے بعض اطراف میں جگہ تلاش کرائی آخر کوہ سلع کے قریب ایک جگہ مقرر کر دی گئی ___ پہاڑ کو لشکر کے عقب میں رکھا گیا اور خندق کے لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خود خط کھینچ دیئے۔

خندق کے کام کی تقسیم:

بغوی نے لکھا ہے کہ عبداللہ بن عمرو بن عوف کے والد نے بیان کیا کہ جنگ احزاب کے سال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود لائنیں ڈالی تھیں اور ہر دس آدمیوں کے لئے چالیس گز (شرعی یعنی چالیس ہاتھ) زمین (کھودنے کے لئے) کاٹ دی تھی۔ راوی کا بیان ہے کہ حضرت سلمان قوی آدمی تھے مہاجرین وانصار کے درمیان حضرت سلمان کے متعلق کچھ اختلاف ہو گیا مہاجرین نے کہا سلمان ہم میں سے ہیں اور انصار نے کہا سلمان ہمارے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سلمان ہم میں سے یعنی ہمارے اہل بیت میں سے ہیں۔

ایک سخت چٹان:

عمرو بن عوف نے فرمایا، میں اور سلمان اور حذیفہ اور نعمان بن مقرن مزنی اور چھ انصاری چالیس گز زمین کھودنے میں شریک تھے چنانچہ ہم نے کھودنا شروع کر دیا اچانک بحکم خدا خندق کے اندر ایک سخت ترین چٹان آ گئی جس کو توڑنا ہمارے لئے سخت دشوار ہو گیا ایسی سخت چٹان تھی کہ اس نے ہمارے لوہے کے اوزاروں کو توڑ دیا میں نے کہا سلمان ذرا اوپر چڑھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جاؤ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اس چٹان کی کیفیت بتاؤ اگر حضور مناسب سمجھیں گے تو ہم اس پتھر کی طرف سے کھدائی کا رخ موڑ دیں گے، موڑنے کا مقام قریب ہی ہے یا جو بھی حکم دیں گے ہم اس کی تعمیل کریں گے کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ڈالے ہوئے خط سے ہٹنا ہم نہیں چاہتے سلمان اوپر چڑھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچے آپ اس وقت ترکی خیمہ کے نیچے فروکش تھے۔ سلمان نے کہا یا رسول اللہ خندق کے اندر ایک سخت سفید چٹان نکل آئی جس نے ہمارے آہنی اوزار کو توڑ ڈالا ہمارے لئے سخت دشواری ہو گئی کچھ بھی تو اس پر اثر نہیں ہوا نہ زیادہ نہ کم۔ اب حضور کا کیا حکم ہے ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ڈالے ہوئے خط سے ہٹنا پسند نہیں کرتے۔

چٹان سے روشنی:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (فوراً اٹھ کھڑے ہوئے اور جا کر) خندق کے اندر اتر گئے۔ سلمان بھی ساتھ تھے اور خندق کے اندر نو آدمی اور تھے پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سلمان کے ہاتھ سے کدال لے کر چٹان پر ایک سخت ضرب لگائی فوراً پتھر میں شگاف ہو گیا اور پتھر سے ایک ایسی چمک نکلی جس سے مدینہ کے دونوں کنارے روشن ہو گئے ایسا معلوم ہوا جیسے کسی تاریک ترین کوٹھری میں چراغ روشن کر دیا گیا ہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تکبیر فتح کہی مسلمانوں نے بھی آپ کے ساتھ اللہ اکبر کا نعرہ لگایا اس کے بعد آپ نے دوسری جانب ضرب لگائی پتھر ٹوٹ گیا اور ایک بجلی چمکی جس سے مدینہ کے دونوں کنارے چمک اٹھے۔ ایسا معلوم ہوا جیسے کسی تاریک کوٹھری میں چراغ روشن کر دیا گیا ہو، حضور نے تکبیر فتح کہی اور مسلمانوں نے بھی اللہ اکبر کا نعرہ لگایا حضور نے پھر پتھر پر ایک ضرب لگائی پھر سلمان کا ہاتھ پکڑ کر اوپر چڑھ آئے۔

فتوحات کی پیشن گوئی:

سلمان نے عرض کیا، یا رسول اللہ! میرے ماں باپ قربان میں نے (آج) ایک بات دیکھی جو کبھی نہیں دیکھی تھی، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کی طرف رُخ کر کے فرمایا تم نے دیکھا سلمان کیا کہہ رہے ہیں صحابہ نے عرض کیا جی ہاں (صحیح کہہ رہے ہیں) فرمایا، میں نے پہلی ضرب جو ماری تھی اور تم نے اس سے بجلی پیدا ہوتی دیکھی تھی اس کی روشنی میں حیرہ (یعنی شاہان عراق کے جن کی تخت گاہ حیرہ تھی) کے محلات اور کسریٰ کی (تخت گاہ) مدائن میرے سامنے آ گئی ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ کتوں کے نوکیلے دانت ہیں جبرئیل نے مجھے بتایا کہ میری امت وہاں (یعنی حیرہ اور مدائن) تک غالب آئے گی۔ پھر میں نے دوسری ضرب لگائی جس سے بجلی کوندتی تم نے دیکھی اس کی چمک میں میں نے رومی سرخوں کے محلات دیکھ لئے جیسے کتوں کے نوکیلے دانت اور جبرئیل نے مجھے بتایا کہ میری امت ان محلات پر قابض ہو جائے گی تم کو اس کی خوش خبری ہو یہ کلام سن کر مسلمانوں کے چہرے کھل گئے اور سب نے کہا ہر ستائش اسی اللہ کے لئے ہے جس کا وعدہ سچا ہے اس نے محصور ہونے کے بعد ہم سے فتح کا وعدہ کیا۔

منافقوں کے دل کا کھوٹ:

منافق کہنے لگے لوگو کیا تمہارے لئے یہ بات اچنبے کی نہیں ہے کہ محمد تم کو آرزو مند کر رہے ہیں تم سے جھوٹے وعدے کر رہے ہیں اور تم کو خبر دے رہے ہیں کہ یثرب سے حیرہ کے محلات اور کسریٰ کا مدائن کو دکھائی دے رہے ہیں اور ان سب پر تمہارا قبضہ ہو گا تمہارے اندر اتنی طاقت تو ہے نہیں کہ میدان میں نکلو۔ ڈر کے مارے خندق کھود رہے ہو۔ راوی کا بیان ہے اس پر آیت وَإِذْ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ

besturdubooks.wordpress.com

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اِلَّا غُرُوْرًا نازل ہوئی او راسی واقعہ کے سلسلہ میں اللہ نے فرمایا، قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ الخ۔

حالات کی سختی:

بخاری نے صحیح میں حضرت انس کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خندق کی طرف تشریف لے گئے صبح سردی کی تھی مہاجرین اور انصار خود خندق کھودر ہے تھے، غلام خادم ان کے پاس یہ کام کرنے کے لئے تھے نہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی بھوک اور تھکن کو ملاحظہ کیا تو فرمایا:-

اِنَّ الْعَيْشَ عَيْشُ الْاٰخِرَةِ   فَاغْفِرِ الْاَنصار والمهاجره

درحقیقت زندگی تو آخرت کی زندگی ہے، اے اللہ انصار اور مہاجرین کو بخش دے۔ صحابہ نے اس (شعر) کے جواب میں کہا۔

نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا مُحَمَّدًا   عَلَى الْجِهَادِ مَابَقِيْنَا اَبَدًا

ہم وہی تو ہیں جنہوں نے محمد کے ہاتھ پر ہمیشہ کے لئے جب تک زندہ ہیں جہاد کرنے کی بیعت کی ہے۔

صحیح میں یہ بھی آیا ہے کہ حضرت براء بن عازب نے فرمایا، جنگ احزاب کا زمانہ آیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خندق کھدوائی تو میں نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود خندق کی مٹی نکال رہے ہیں اور غبار کی وجہ سے شکم مبارک کی جلد گرد آلود ہو کر چھپ گئی ہے حضور کے پیٹ پر بال بہت تھے آپ مٹی ڈھونے میں ابن رواحہ کے یہ شعر بطور رجز کے پڑھ رہے تھے اور شعر کے قافیہ پر آواز کو کھینچتے تھے (یعنی کھینچ کر ادا کرتے تھے)۔

اَللّٰهُمَّ لَوْلَا اَنْتَ مَااهْتَدَيْنَا   وَلَاتَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا

اے اللہ اگر تیری توفیق نہ ہوتو ہم ہدایت یاب نہ ہوتے نہ زکوٰۃ دیتے نہ نماز پڑھتے۔

فَاَنْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا   وَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَاقَيْنَا

ہم پر طمانیت خاطر نازل فرما۔ اور مقابلہ کے وقت ہمارے قدم جمائے رکھ۔

اِنَّ الْاُلٰى قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا   اِذَا اَرَادُوْا فِتْنَةً اَبَيْنَا

انہی لوگوں نے ہم پر زیادتی کی ہے جب انہوں نے فساد برپا کرنے کا ارادہ کیا۔ تو ہم نے انکار کر دیا۔ دوسری روایت میں پہلا مصرع اس طرح آیا ہے۔

وَاللّٰهِ لَوْلَا اللّٰهُ مَااهْتَدَيْنَا

حضرت سلمانؓ کو نظر لگنا:

روایت میں آیا ہے کہ حضرت سلمان قوی آدمی تھے خندق میں دس آدمیوں کے برابر کام کرتے تھے۔ یہ بھی روایت ہے کہ تنہا پانچ ہاتھ گہرا اور پانچ ہاتھ لمبا چوڑا خندق روز کھودتے تھے۔ قیس بن ابی صعصعہ کی نظر آپ کو لگ گئی فوراً بیہوش ہو کر گر گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قیس کو حکم دیا کہ کسی برتن میں وضو کرو اور اس پانی سے سلمان کو غسل دو پھر اس برتن کو اپنی پشت کی طرف اوندھا کر کے پھینک دو حکم کی تعمیل کی گئی اور حضرت سلمان اچھے ہو گئے۔

حضرت عبداللہ کی طرف سے دعوت کا انتظام:

بخاری نے صحیح میں نیز امام احمد نے بیان کیا ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ نے فرمایا ہم خندق کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے خندق کھودتے میں ایک بہت سخت پتھر آ گیا لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا پہاڑ کا یہ سخت پتھر سامنے آ گیا (اب کیا کیا جائے) فرمایا میں خود اندر اتروں گا یہ فرماتے ہی کھڑے ہو گئے اس وقت فاقہ کے سبب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پیٹ پر پتھر بندھا تھا، تین روز سے ہم کو بھی کوئی چیز چکھنے تک کو نہیں ملی تھی، حضور نے کدال ہاتھ میں لے کر پتھر پر ضرب لگائی، پتھر ریزہ ریزہ ریگ رواں کی طرح ہو گیا پھر میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! مجھے گھر جانے کی اجازت عطا فرما دیجئے، اجازت لے کر میں گھر پہنچا اور اپنی بیوی سے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سخت بھوک کی حالت میں دیکھا ہے مجھ سے یہ دیکھ کر صبر نہ ہو سکا کیا تمہارے پاس کچھ ہے بیوی ایک تھیلا نکال کر لائی جس میں چار سیر جو تھے، ہمارا ایک چھوٹا سا بکری کا بچہ بھی تھا، میں نے اس کو ذبح کیا اور بیوی نے آٹا گوندھا جتنی دیر میں میں فارغ ہوا وہ بھی فارغ ہو گئی پھر میں گوشت ٹکڑے کر کے ہانڈی میں ڈالے اتنے میں گوندھا ہوا آٹا نس پا کر ٹھیک ہو گیا، گوشت کی ہانڈی پتھروں کے چولھے پر چڑھا دی جب ہانڈی پک چکنے کے قریب ہو گئی تو میں لوٹ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ:

بیوی نے مجھ سے کہہ دیا کہ (زیادہ آدمیوں کو لا کر) مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے ساتھیوں کے سامنے رسوا نہ کرنا خدمت گرامی میں پہنچ کر میں نے چپکے سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے واقعہ عرض کر دیا اور کہہ دیا یا رسول اللہ بہت تھوڑا کھانا ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے چلیں اور ایک یا دو آدمی اور بھی ساتھ لے لیں فرمایا کتنا کھانا ہے، میں نے بتا دیا، فرمایا، بہت ہے پاکیزہ ہے تم بیوی سے کہہ دو کہ جب تک میں نہ پہنچ جاؤں ہانڈی چولھے سے نہ اتارے اور روٹی تنور سے نہ نکالے (یعنی نہ پکائے) پھر آواز دے کر فرمایا، خندق والو، جابر نے تمہارے لئے کچھ کھانا تیار کیا ہے اور تمہاری دعوت کی ہے جلدی چلو، میں نے اپنی بیوی سے جا کر کہا، اری رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مہاجرین وانصار اور ان کے دوسرے ساتھیوں کو لے کر آ رہے ہیں (اب کیا ہو گا) بیوی نے کہا اللہ کا حکم تمہارے متعلق یہی ہے کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تم سے (کھانے کی مقدار بھی) دریافت کی تھی، میں نے کہا ہاں بیوی نے

besturdubooks.wordpress.com

کہا تو اللہ اور رسول (ہماری حالت کو) خوب جانتے ہیں۔ غرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گھر میں تشریف لے آئے اور صحابہ سے فرمایا تم بھی اندر آ جاؤ لیکن بھیڑ نہ کرنا کسی کو دبانا نہیں، میں نے گوندھا ہوا آٹا لا کر رکھ دیا۔ آپ نے اس میں تھوتھو کر دیا اور برکت کی دعا کی پھر ہانڈی کے پاس گئے اس میں تھوتھو کیا اور برکت کی دعا کی پھر فرمایا جابر پکانے والی کو بلاؤ وہ آ کر پکانا شروع کرے اور تم ہانڈی سے سالن نکالو لیکن ہانڈی کو نیچے نہ اتارنا، حضور خود روٹی کے ٹکڑے کرنے لگے اور روٹی پر گوشت رکھنے لگے مگر اس مدت میں ہانڈی کو اور چولھے کو ڈھانکے رکھا نکالتے جاتے تھے اور صحابہ کی طرف بڑھاتے جاتے تھے پھر نکالتے تھے اور صحابہ کو دیتے تھے یہاں تک کہ ایک ہزار آدمی تھے سب سیر ہو گئے۔ میں اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ سب نے اتنا کھایا کہ کھاتے کھاتے چھوڑ دیا اور رُخ موڑ کر چل دیئے لیکن ہانڈی میں ویسا ہی ابال آ تا رہا جیسا آ رہا تھا اور روٹی بھی برابر پکتی ہی رہی پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت سے فرمایا، اب تو بھی کھالے اور دوسرے لوگوں کو بھی بھیج دے لوگ سخت بھوکے ہیں چنانچہ ہم کھانے لگے اور دن بھر دوسروں کو بھی بھیجتے رہے میں کہتا ہوں صحیح روایت میں آیا ہے کہ خندق کھودنے سے صحابہ چھ روز میں فارغ ہوئے تھے۔

کافروں کی چڑھائی:

بغوی نے (اس کے بعد) لکھا ہے اب ہم پھر ابن اسحاق کے بیان کی طرف لوٹتے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خندق (کی تکمیل) سے فارغ ہو چکے تھے کہ قریش اپنے احابیش اور دوسرے اہل تہامہ کو ساتھ لے کر دس ہزار کی تعداد میں آ کر مجمع الاسیال میں فروکش ہو گئے اور بنی غطفان اپنے نجدی ساتھیوں کے ساتھ کوہ احد کے ایک جانب ثمی کے پچھلے حصہ میں اترے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی تین ہزار مسلمانوں کے ساتھ برآمد ہوئے اور کوہ سلع کو اپنی پشت پر لے کر حضور نے اپنی لشکر گاہ بنائی خندق آپ کے اور دشمنوں کے درمیان حائل تھی مسلمانوں نے حسب الحکم بچوں اور عورتوں کو پہاڑیوں کے اوپر پہنچا دیا۔

کعب بن اسد کی عہد شکنی:

دشمن خدا حیی بن اخطب نضیری اپنے مقام سے اٹھا اور کعب بن اسد قرظی کی طرف چل دیا کعب نے بنی قریظہ کی طرف سے اپنی قوم کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے (امن کا) معاہدہ کر لیا تھا اور مصالحت کر لی تھی اس لئے حیی کے لئے اس نے اپنی گڑھی کا دروازہ نہیں کھولا، کھولنے سے صاف انکار کر دیا حیی نے ہر چند دروازہ کھلوانے کی استدعا کی لیکن کعب ہرگز نہ مانا اور کہنے لگا حیی یہ بڑی بدبختی ہے میں محمد سے معاہدہ کر چکا ہوں اپنا معاہدہ ہرگز نہیں توڑوں گا محمد کی طرف سے میں نے ہمیشہ عہد کی پابندی اور سچائی ہی پائی ہے اس لئے میں بھی نقض عہد کرنے والا نہیں۔ حیی نے کہا دروازہ تو کھولو میں تم سے بات کروں گا، کعب نے کہا میں ہرگز ایسا نہیں کروں گا۔ حیی نے کہا کعب تم مجھے باہر چھوڑ کر دروازہ بند کئے بیٹھے ہو اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ تم کو اندیشہ ہے کہ اگر میں اندر آ جاؤں گا تو تمہارے ساتھ حصہ بانٹ کر لوں گا کعب کو یہ بات سن کر غصہ آ گیا اور (جوش میں آ کر) دروازہ کھول دیا حیی اندر آ گیا اور کہا کعب میں زمانہ بھر کی عزت لے کر تمہارے پاس آیا ہوں لہریں مارتا ہوا ایک سمندر چڑھا لایا ہوں۔ میں نے قریش کو ان کے کمانڈروں اور سرداروں کے ساتھ لا کر دومۃ الجندل کے مقام مجمع الاسیال میں اتار دیا ہے اور بنی غطفان کو ان کے سرداروں اور سپہ سالاروں کے ساتھ لا کر کوہ اُحد کے ایک پہلو پر ثمی کے پچھلے حصہ میں شام کو پڑاؤ ڈلوا دیا ہے ان سب نے مجھ سے معاہدہ اور پختہ وعدہ کر لیا کہ جب تک محمد اور ان کے ساتھیوں کو جڑ بنیاد سے اکھاڑ کر نہ پھینک دیں گے یہاں سے نہیں ہٹیں گے کعب بن اسد نے کہا خدا کی قسم تم ابدی ذلت لے کر آئے یہ ایک ایسا بادل ہے جس کا پانی برس چکا ہے اب اس میں سوا گرج اور چمک کے اور کچھ بھی نہیں ہے تم محمد کے سلسلہ میں مجھے میرے حال پر چھوڑ دو میں نے محمد کی طرف سے سوا سچ اور پابندی عہد کے کبھی غداری نہیں دیکھی حیی بن اخطب کعب کو برابر اتار چڑھاؤ اور فریب دیتا رہا یہاں تک کہ حیی نے کعب کے سامنے اللہ کی پختہ قسم کھائی کہ اگر قریش محمد پر کامیابی حاصل کئے بغیر واپس چلے گئے تو تمہاری اس گڑھی کے اندر میں بھی آ بسوں گا تا کہ جو دکھ تم کو پہنچے اس میں تمہارا شریک رہوں آخر کعب نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا ہوا معاہدہ توڑ دیا اور پابندی عہد جو اس پر لازم تھی اس سے الگ ہو گیا۔

اطلاعی رسالہ:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اور مسلمانوں کو جب یہ اطلاع ملی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سعد بن معاذ اشہلی سردار اوس اور سعد بن عبادہ ساعدی سردار خزرج اور عبداللہ بن رواحہ خزرجی اور خوات بن جبیر عمری کو تحقیق واقعہ کے لئے بھیجا اور فرمایا تم لوگ جا کر دیکھو کہ ان لوگوں کے متعلق جو اطلاع مجھے ملی کیا وہ صحیح ہے اگر خبر صحیح ہو تو آ کر ایسے الفاظ میں مجھے اطلاع دینا کہ میں سمجھ جاؤں (ایسا نہ کرنا کہ عام لوگوں کے سامنے اعلان کر دو جس سے ان کے دلوں میں خوف پیدا ہو جائے اور) لوگوں کے بازو نہ توڑ دینا اور اگر وہ ہم سے کئے ہوئے سابق معاہدہ پر قائم ہوں تو پھر علی الاعلان لوگوں کے سامنے اس کو بیان کر سکتے ہو مذکور بالا حضرات حسب الحکم گئے یہودیوں کے پاس پہنچے اور جو خبران کے متعلق ملی تھی اس سے زیادہ بگڑی ہوئی حالت پر ان کو پایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے وہ بالکل ہی برگشتہ ہو گئے تھے اور صاف کہہ دیا تھا اب ہمارا اور محمد کا کوئی معاہدہ نہیں حضرت سعد بن عبادہ کے مزاج میں تیزی تھی آپ نے یہودیوں کو

besturdubooks.wordpress.com

بُرا بھلا کہنا شروع کر دیا، حضرت سعد بن معاذ نے کہا۔ سعد بن عبادہ ان سے گالی گلوچ چھوڑو۔ ہمارا ان کا معاملہ اب اس سے بہت آگے بڑھ چکا ہے۔

صورت حال کی شدت:

اس کے بعد دونوں سعد اور ان کے ساتھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سلام کے بعد عرض کیا لاعلاج مرض ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کے ساتھ غداری بہت سخت ہے اللہ اکبر اے گروہ اہل اسلام تم کو بشارت ہو۔ غرض (صحابہ کے لئے) سخت مصیبت آ پڑی اور سخت خوف کا وقت آ گیا دشمنوں نے اوپر (گڑھی کی طرف) سے اور نیچے (خندق کے پار کفار) کی طرف سے گھیر لیا مسلمانوں کے دلوں میں بھی برے برے خیالات آنے لگے۔

منافقوں کا خوف:

بعض منافقوں کی طرف سے تو اس کا ظہور بھی ہو گیا۔ یہاں تک کہ مکعب بن قشیر عمری نے یہ الفاظ کہہ دیئے کہ محمد ہم سے تو وعدہ کر رہے ہیں کہ تم کسریٰ اور قیصر کے خزانے کھاؤ گے لیکن ہماری یہ حالت ہو گئی ہے کہ ہم میں سے کوئی شخص رفع ضرورت کے لئے جنگل کو بھی نہیں جا سکتا اللہ اور اس کے رسول نے ہم سے جو وعدہ کیا ہے وہ محض فریب ہے۔

اوس بن قیظی (منافق) نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے گھروں میں کوئی نگراں نہیں اور گھر شہر کے باہر ہیں آپ ہم کو اجازت دے دیجئے کہ واپس گھروں کو چلے جائیں (اس شخص نے یہ بات غلط کہی تھی) ان لوگوں کے گھروں کی نگہبان انہیں کے قبیلہ کے مردوں کی ایک جماعت موجود تھی۔

کعب بن اسد کی بے وقت پشیمانی:

میں کہتا ہوں کعب نے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا ہوا معاہدہ توڑ دیا اور (نقضِ عہد پر قائم رہنے کا) پختہ ارادہ کر لیا تو اپنی قوم کے سرداروں کو جمع کیا جن میں زبیر بن بلطا نباش بن قیس اور عقبہ بن زید وغیرہ شامل تھے اور سب کو نقضِ عہد کی اطلاع دی یہ خبر سنتے ہی لوگوں نے اس کو سخت ملامت کی اور عہد شکنی کو پسند نہیں کیا اس وقت کعب اپنی حرکت پر پشیمان ہوا لیکن اس وقت پشیمانی سے کوئی فائدہ نہ تھا اس کے ہاتھ سے باگ ڈور نکل چکی تھی اللہ نے اسی سبب سے بنی قریظہ کو تباہ کر دینا چاہا۔

حضرت زبیر کا بنو قریظہ کی طرف جانا:

شیخین نے صحیحین میں بیان کیا ہے کہ حضرت زبیر بن العوام نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ایک روز) ارشاد فرمایا۔ کوئی شخص ہے جو جا کر بنی قریظہ کی خبر مجھے لا کر دے ارشاد گرامی سن کر میں روانہ ہو گیا اور واپس لوٹ کر بنی قریظہ کی خبریں حضور کو پہنچائیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، تجھ پر میرے ماں باپ قربان۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کلام میں اپنے ماں اور باپ دونوں لفظ فرمائے۔

میں کہتا ہوں حضرت زبیر کا بنی قریظہ کی طرف جانا، حضرت سعد بن معاذ اور حضرت سعد بن عبادہ کے واپس آ جانے کے بعد ہوا تھا (یعنی پہلے خبر کی تحقیقات کے لئے حضرت سعد وغیرہ کو بھیجا گیا جب وہ تحقیق خبر کے بعد واپس آ گئے تو حضرت زبیر کو بنی قریظہ کی تیاری کی کیفیت معلوم کرنے کے لئے روانہ کیا گیا۔ روایت میں آیا ہے کہ حضرت زبیر جب بنی قریظہ کی طرف سے واپس آ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو اطلاع دی کہ وہ لوگ قلعوں کو درست کر رہے ہیں راستے اور سرحدیں بند کر رہے ہیں چوپایوں کو گڑھیوں کے اندر جمع کر رہے ہیں۔ حضور اقدس نے فرمایا ہر نبی کا حواری ہوتا ہے اور میرا حواری (مخلص دوست ہے) زبیر ہے۔

صلح کی تدبیر اور مسلمانوں کے بلند جذبے:

بغوی نے لکھا ہے کہ کچھ اوپر بیس روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی فرودگاہ میں اور مشرک اپنے پڑاؤ پر قائم رہے کوئی لڑائی نہیں ہوئی سوا، تیر یا پتھر پھینکنے کے کسی طرف سے کچھ نہیں ہوا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب تکلیف زیادہ ہوئی تو آپ نے بنی غطفان کے دوسرداروں یعنی عیینہ بن حصین اور ابو الحارث بن عمرو کو پیام صلح دے کر ابلوایا اور ان سے فرمایا تم اپنے (غطفانی) ساتھیوں کو لے کر اس شرط پر واپس چلے آؤ کہ تم کو مدینہ کے نخلستانوں کی کل پیداوار (یعنی کھجوروں) کا ایک تہائی حصہ دے دیا جائے گا، وہ لوگ اس پر راضی ہو گئے۔ تحریر لکھ دی گئی لیکن ابھی دستخط ہونا باقی تھا کہ حضور نے سعد بن معاذ اور سعد بن عبادہ سے اس کا تذکرہ کیا اور مشورہ طلب کیا دونوں نے جواب دیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا ایسا کرنے کا اللہ نے آپ کو حکم دیا ہے (اگر ایسا ہے) تو اس کی تعمیل ہم پر واجب ہے یا آپ نے خود یہ تدبیر مناسب سمجھی ہے اور آپ اس کو پسند کرتے ہیں (تب بھی ہمارے لئے مجبوری ہے) یا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے فائدے کے لئے ایسا کرنا چاہا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور کوئی وجہ نہیں صرف تمہارے فائدے کے لئے میں نے ایسا ارادہ کیا ہے میں نے دیکھا کہ سارے عرب تمہارے خلاف ہو گئے اور ایک کمان سے سب تیر پھینکنا چاہتے ہیں اور ہر طرف سے وہ تم پر بھڑک اٹھے ہیں تو میں نے ارادہ کیا کہ تمہارے خلاف ان کی اجتماعی طاقت کو توڑ دوں حضرت سعد بن معاذ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک وقت تھا کہ ہم اور یہ لوگ سب بت پرست اور مشرک تھے نہ ہم اللہ کو جانتے تھے نہ اس کی پرستش کرتے تھے اس زمانہ میں ان لوگوں میں یہ طاقت نہ تھی کہ ہمارا ایک چھوارا بھی بغیر خریدے یا بدوں مہمانی کھا سکیں۔ اب

besturdubooks.wordpress.com

جبکہ اللہ نے ہم کو اسلام کی وجہ سے عزت عطا فرمادی اور آپ کی ذات مبارک کے سبب ہماری عزت افزائی کردی تو کیا ہم ان کو اپنا مال (مفت) دے دیں۔ ہمیں ایسے معاہدے کی ضرورت نہیں، بخدا ہم ان کو تلوار کے سوا اور کچھ نہیں دیں گے یہاں تک کہ اللہ ہمارے اور ان کے درمیان (آخری) فیصلہ فرمادے حضور والا نے یہ تقریر سن کر فرمایا تم کو اختیار ہے (ایسا ہی کرو) سعد نے کاغذ لے کر تحریر مٹادی اور کہا اب یہ ہمارے خلاف جو کوشش کرسکتے ہیں کریں۔

میں کہتا ہوں بعض روایات میں آیا ہے کہ یہ بات اول حضرت اُسید بن حضیر نے کہی تھی پھر حضرت سعد بن عبادہ نے بھی یہی کہا۔

بنی غطفان کے سرداروں کی ناکام واپسی:

عیینہ بن حصین اس وقت مجلس میں ٹانگ پھیلائے بیٹھا تھا، حضرت سعد نے اس سے فرمایا، او بندر اپنی ٹانگ سمیٹ لے اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس کا وقار مانع نہ ہوتا تو میں برچھا تیری کوک میں پیوست کردیتا، غرض عیینہ اور حارث دونوں ناکام واپس چلے گئے اور سمجھ گئے کہ ان کا تسلط مدینہ پر نہیں ہوسکتا انصار کی قوت اور جرأت کو دیکھ کر ان کے قدم ڈگمگانے لگے۔

دشمن کا محاصرہ:

بغوی نے لکھا ہے کہ دشمن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا محاصرہ کئے پڑے رہے کوئی لڑائی نہیں ہوئی صرف قریش کے چند شہسوار جن میں عمرو بن عبدود عامری عکرمہ بن ابی جہل مخزومی ہبیرہ بن وہب مخزومی نوفل بن عبداللہ ضرار بن خطاب اور مرداس بن لوی محاربی شامل تھے گھوڑوں پر سوار ہو کر بنی کنانہ کی طرف سے گزرے اور ان سے کہا لڑائی کے لئے تیار ہو جاؤ آج تم کو معلوم ہو جائے گا کہ کون شہسوار ہے پھر خندق کی طرف رُخ موڑا اور خندق کو دیکھ کر بولے خدا کی قسم یہ تدبیر ایسی ہے جس کو عرب (پہلے) نہیں کرتے تھے اس کے بعد خندق میں ایک تنگ جگہ تلاش کر کے اس میں گھوڑوں کو داخل کر دیا، گھوڑے ان کو لے کر خندق اور کوہ سلع کے درمیانی گڑھے میں گردش کرنے لگے حضرت علی نے جو یہ بات دیکھی تو کچھ مسلمانوں کو ساتھ لے کر اس سرحدی مقام پر جا پہنچے جہاں سے دشمن نے اپنے سواروں کو داخل کیا تھا وہ سوار بھی تیزی کے ساتھ ان کے سامنے آگئے۔ حضرت علی نے اس مقام کو بند کر دیا۔

حضرت علیؓ اور عمرو بن عبدود کا مقابلہ:

عمرو بن عبدود بدر کی لڑائی میں شریک اور زخمی ہو گیا تھا اس لئے جنگ احد میں شریک نہ تھا، جب خندق کا واقعہ ہوا تو اپنی اہمیت جتلانے کے لئے وہ بھی ساتھیوں کو ٹریننگ دینے کی غرض سے ساتھ آگیا حضرت علی کے مقابلہ پر جب وہ خود دوسرے سواروں کے ساتھ مل کر آ کھڑا ہوا تو حضرت علی نے اس سے فرمایا عمرو تو نے اللہ کو گواہ کر کے کہا تھا کہ جب کوئی قریشی تیرے سامنے کوئی سی دو باتیں (ایک مثبت دوسری منفی) رکھے گا تو دونوں میں سے ایک بات کو تو اختیار کرلے گا، عمرو نے کہا بیشک یہی بات ہے حضرت علیؓ نے فرمایا تو میں تجھے اللہ، اللہ کے رسول اور اسلام کی طرف آنے کی دعوت دیتا ہوں کہنے لگا اس کی مجھے ضرورت نہیں، حضرت علی نے فرمایا تو پھر میں تجھے میدان میں اترنے کی دعوت دیتا ہوں۔ بولا بھتیجے ایسا کیوں کرتے ہو خدا کی قسم میں تم کو قتل کرنا نہیں چاہتا حضرت علی نے فرمایا بخدا میں تو تجھے قتل کرنا چاہتا ہوں یہ سنتے ہی عمرو گرما گیا اور گھوڑے سے اتر کر اس کی ٹانگوں کو زخمی کر دیا اس کے منہ پر ایک ضرب رسید کی پھر حضرت علی کی طرف پل پڑا دونوں نے ایک دوسری کی پکڑ کی اور کشتی کرنے لگے آخر حضرت علی نے اس کو قتل کر دیا دوسرے سوار شکست کھا کر خندق میں گھس کر بھاگ گئے اس روز عمرو کے دو سپاہی بھی مارے گئے منبہ بن عثمان بن عبدالسیاق بن عبدالدار کے ایک تیر لگ گیا تھا جس سے مکہ میں پہنچ کر اس کا انتقال ہو گیا۔

نوفل بن عبداللہ کا انجام:

اور نوفل بن عبداللہ بن مغیرہ مخزومی خندق کے اندر گھس کر جب درمیان میں پہنچا تو مسلمانوں نے اس پر سنگ باری کی۔ کہنے لگا اے گروہ عرب (لڑائی کا یہ کیا طریقہ ہے) جنگ کا طریقہ اس سے بہتر ہونا چاہئے (یعنی دو بدو لڑائی ہونی چاہئے) فوراً حضرت علی میدان میں اتر پڑے اور عبداللہ کو قتل کر دیا اور مسلمان غالب آگئے۔

کافروں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی کہ مقتول کی لاش ہم کو بقیمت واپس دے دیجئے فرمایا ہم کو نہ اس کی لاش درکار ہے نہ قیمت کی ضرورت لاش کو لے جاؤ۔ چنانچہ آپ نے لاش لے جانے کی اجازت دے دی۔

حضرت سعد بن معاذ کا جذبہ:

ام المومنین حضرت عائشہ کا بیان ہے خندق کی لڑائی کے دن ہم بنی حارثہ کی گڑھی میں تھے مدینہ کے قلعوں میں یہ سب سے محفوظ قلعہ تھا سعد بن معاذ بھی ہمارے ساتھ گڑھی کے اندر تھے۔ یہ واقعہ پردہ کا حکم نازل ہونے سے پہلے کا ہے سعد بن معاذ ایک چھوٹی زرہ پہنے ہوئے قلعہ سے باہر نکلے ہاتھ کی بانہہ کھلی ہوئی تھی۔ ہاتھ میں چھوٹا برچھا تھا اور یہ شعر پڑھ رہے تھے۔ کاش لڑائی کو میرا اونٹ پالیتا جب موت کا مقرر وقت آجائے تو مرنے میں کوئی باک نہیں۔

سعد کی ماں نے کہا بیٹے بہت جلد (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک) جا پہنچ۔ بخدا تو نے دیر کردی (تو پیچھے رہ گیا) میں نے کہا سعد کی اماں سعد جو زرہ پہنے ہیں میں چاہتی ہوں کہ اس سے بڑی زرہ ان کے بدن پر ہو مجھے اندیشہ ہے کہیں ان کے (برہنہ حصہ پر) کوئی تیر نہ آلگے سعد کی ماں نے کہا اللہ کا جو حکم ہو گا وہ پورا ہو کر رہے گا (آخر) سعد کے ایک تیر لگ گیا جس سے

besturdubooks.wordpress.com

اکحل رگ کٹ گئی یہ تیر حبان بن قیس غرقہ عامری نے مارا تھا سعد نے (ابن غرقہ کو بددعا دی کہ) اللہ تجھے دوزخ میں درد رسیدہ کرے پھر کہا، اے اللہ اگر تو نے قریش سے لڑائی آئندہ باقی رکھی ہو تو مجھے اس میں شریک ہونے کے لئے باقی رکھ کیونکہ کسی قوم سے لڑنے کی مجھے اتنی خواہش نہیں جتنی اس قوم سے لڑنے کی ہے جس نے تیرے رسول کو ستایا اور جھٹلایا اور (وطن سے) نکالا اور اگر تو نے ہماری اور قریش کی لڑائی ختم کر دی ہو تو اسی (زخم) کو میرے لئے سبب شہادت بنا دے لیکن جب تک میری آنکھیں بنی قریظہ (کی تباہی) کو دیکھ کر ٹھنڈی نہ ہو جائیں مجھے موت سے محفوظ رکھ دور جاہلیت میں حضرت سعد بن معاذ اور بنی قریظہ باہم حلیف اور معاہد تھے۔

حضرت صفیہ بنت عبدالمطلب کی بہادری:

مجاہد اور محمد بن اسحاق نے بحوالہٗ یحییٰ بن عباد بن عبداللہ بن زبیر عباد کا بیان نقل کیا ہے کہ حضرت صفیہ بنت عبدالمطلب نے فرمایا، ہم حسان بن ثابت کی گڑھی میں تھیں حسان بھی عورتوں اور بچوں کے ساتھ موجود تھے، ہم نے دیکھا کہ ایک یہودی گڑھی کے آس پاس چکر لگا رہا ہے، اس وقت بنی قریظہ کی رسول اللہ سے جنگ تھی (معاہدہ ٹوٹ چکا تھا) بنی قریظہ کے اور ہمارے درمیان کوئی محافظ موجود نہ تھا کہ یہودیوں کی ہماری طرف سے مدافعت کر سکتا کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کافروں کے مقابلہ میں مشغول جنگ تھے دشمن کی طرف سے منہ موڑ کر ہماری طرف متوجہ نہیں ہو سکتے تھے ایسی حالت میں وہ یہودی (گھومتا اور ٹوہ لیتا نظر) آیا تھا میں نے حسان سے کہا حسان تم دیکھ رہے ہو کہ یہ یہودی گڑھی کے آس پاس چکر لگا رہا ہے مجھے اندیشہ ہے کہ یہ شخص کسی غیر محفوظ جگہ سے یہودیوں کو اندر لے آئے گا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ مشغول مقابلہ ہیں (یہاں پہنچ کر ہماری مدد نہیں کر سکتے) تم گڑھی سے اتر کر جاؤ اور اس کو قتل کر دو حسان نے کہا اے بنت عبدالمطلب اللہ آپ کی مغفرت کرے آپ تو واقف ہی ہیں کہ بخدا میں ایسا کرنے کا اہل نہیں ہوں جب میں نے حسان کا یہ جواب سن لیا اور سمجھ گئی کہ حسان کے اندر یہودی کو قتل کرنے کی بالکل جرأت نہیں ہے تو میں نے خود تہبند کسی اور خیمہ کی ایک ٹیکی لے کر گڑھی سے نکلی اور اس کی گردن پر ایسی ماری کہ وہ مر گیا قتل کر کے گڑھی میں لوٹی تو میں نے حسان سے کہا اب تم جا کر اس کے کپڑے اور ہتھیار اتار لو، یہ اجنبی مرد ہے اس لئے میں خود ایسا نہیں کر سکتی۔ حسان نے کہا بنت عبدالمطلب مجھے اس کے سامان کی ضرورت نہیں۔

یہودیوں کے شب خون کا انسداد:

میں کہتا ہوں بعض روایات میں آیا ہے کہ بنی قریظہ نے مدینہ پر شب خون مارنا چاہا تھا اور قریش سے اس کام کے لئے مدد کی خواہش کی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی اطلاع ملی تو آپ نے سلمہ بن اسلم کی قیادت میں دو سو آدمیوں کو اور زید بن حارثہ کی قیادت میں تین سو آدمیوں کو مقرر کر دیا کہ مدینہ کے (مختلف) مقامات اور گڑھیوں کی حفاظت رکھیں، یہ بھی روایت میں آیا ہے کہ عباد بن بشیر اپنے ساتھیوں کو لے کر ہر رات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خیمہ کی چوکیداری کرتے تھے۔ مشرک چاہتے تھے کہ خندق کے پار آ جائیں اور مسلمان سنگباری کر کے اور تیر مار مار کر ان کو روک رہے تھے۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود بنفس نفیس بھی چوکسائی رکھتے تھے۔

حضرت سعد کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے تعلق:

مسلم و بخاری نے صحیحین میں بیان کیا ہے کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مدینہ میں تشریف لائے تو ایک رات کو بیدار رہے اور فرمایا، کاش کوئی نیک مرد ایسا ہوتا جو میری چوکسائی کرتا اچانک ہم نے ہتھیاروں کی آواز سنی، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کون ہے؟ جواب ملا سعد ہے فرمایا کیوں آئے ہو سعد نے کہا میرے دل میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق ایک اندیشہ پیدا ہوا اس لئے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی چوکسائی کے لئے فوراً حاضر ہو گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سعد کو دعا دی پھر سو گئے۔ ایک دوسری روایت میں آیا ہے کہ حضرت عائشہ نے فرمایا، خندق کے زمانہ میں جس روز سے سعد نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چوکسائی کرنی شروع کی تھی جب ہی سے مجھے سعد سے محبت ہو گئی تھی۔

سخت سردی میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خود نگرانی کرنا:

خندق میں ایک مقام ایسا تھا جہاں سے کافروں کے عبور کر آنے کا اندیشہ تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود اس جگہ کی نگرانی کرتے تھے اور جب سخت سردی محسوس ہونے لگتی تو میرے پاس آ جاتے اور مجھ سے (مل کر) گرمی حاصل کرتے پھر چلے جاتے اور چوکسائی کرنے لگتے تھے۔ اور فرماتے تھے مجھے صرف اس جگہ سے لشکر (کے گھس آنے) کا اندیشہ ہے ایک بار جو میرے پاس سردی سے سکون حاصل کرنے کے لئے آئے تو فرمایا، کاش کوئی نیک مرد ایسا ہوتا جو آج رات میری چوکیداری کرتا کہ میں سو جاتا اچانک ہم نے ہتھیاروں کی آواز سنی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کون ہے؟ جواب ملا، سعد۔ سعد نے کہا ہم (لوگ) اس جگہ کی نگرانی کر رہے ہیں یہ جواب سن کر حضور سو گئے۔ یہاں تک کہ میں نے آپ کی سانس کی آواز سن لی (یعنی خراٹے لینے لگے)

ایک تنگ مقام پر مشرکوں کی شکست:

حضرت ام سلمہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود بنفس نفیس چوکسائی کرتے تھے اور سردی سخت ہوتی تھی ایک رات آپ نے اپنے ڈیرے میں

besturdubooks.wordpress.com

نماز پڑھی پھر جا کر چوکسائی کرنے لگے اور فرمایا، مشرکوں کے سوار خندق کے گرد اگرد گھوم رہے ہیں پھر آواز دی عباد بن بشیر عباد نے جواب دیا حاضر یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، فرمایا کیا تمہارے ساتھ کوئی ہے، عباد نے کہا جی ہاں میرے قبیلہ کے کچھ لوگ چوکیداری کر رہے ہیں فرمایا اپنے قبیلہ کے آدمیوں کو لے جاؤ خندق کے آس پاس کچھ مشرک موجود ہیں جو شب خون مارنا چاہتے ہیں جا کر ہماری طرف سے ان کی شرارت کو دور رکھو اور ان کو دور رکھنے کے لئے ہماری مدد کرو۔ فوراً عباد اپنے آدمیوں کو لے کر خندق کی طرف چلے گئے جا کر دیکھا کہ ابوسفیان اور کچھ دوسرے مشرک خندق کے تنگ مقام میں گھس آئے ہیں اور مسلمان تیر مار مار کر اور پتھر برسا کر ان کو روک رہے ہیں اتنے میں عباد جا پہنچے عباد کا بیان ہے میں نے مسلمانوں کے ساتھ مل کر ان لوگوں پر پتھر برسائے آخر شکست کھا کر مشرک بھاگ گئے پھر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں واپس آیا، آپ نماز میں مشغول تھے نماز سے فارغ ہوئے تو میں نے واقعہ بیان کیا۔

حضرت ام سلمہؓ کا بیان ہے اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سو گئے کہ میں نے آپ (کی سانس) کی آواز سن لی اور بلال کی اذان فجر دینے تک بیدار نہیں ہوئے۔ اذان کے بعد باہر نکلے اور لوگوں کو نماز پڑھائی۔ حضرت ام سلمہ فرمایا کرتیں اے اللہ عباد بن بشیر پر رحمت نازل فرما۔

صحابہ کے نعرے:

حضرت ام سلمہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے خیمہ کے اندر سو رہے تھے آدھی رات ہوئی تو کچھ آوازیں اٹھیں میں نے سنا لوگ کہہ رہے تھے اے شہسواران خدا سوار ہو جاؤ اس جہاد میں مہاجروں کا یہ امتیازی نعرہ (مقرر) تھا۔ دوسری روایت میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا۔ جب کافر رات کو تم پر چھاپہ ماریں تو تمہارا امتیازی نعرہ حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ ہونا چاہیے۔ دونوں روایتوں کے اختلاف کو اس طرح دور کیا جا سکتا ہے کہ یہ نعرہ انصار کا تھا اور پہلا نعرہ مہاجرین کا۔

مشرکوں کی شرارت کا خاتمہ:

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نیند سے بیدار ہو کر خیمہ کے باہر تشریف لے گئے اور ملاحظہ فرمایا کہ کچھ لوگ جن میں عباد بن بشیر بھی تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خیمہ کی چوکیداری کر رہے ہیں عباد سے دریافت فرمایا، یہ آوازیں کیسی تھیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عباد کو حکم دیا کہ جا کر خبر لاؤ عباد چلے گئے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان کا انتظار کرتے رہے کچھ دیر کے بعد عباد آ گئے اور عرض کیا یا رسول اللہ عمرو بن عبدود مشرکوں کی ایک ٹولی لے کر مسلمانوں سے لڑ رہا ہے باہم تیراندازی اور سنگباری کر رہے ہیں یہ خبر سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیمہ کے اندر تشریف لے گئے اور ہتھیار اٹھا کر برآمد ہوئے پھر گھوڑے پر سوار ہو کر صحابہ کی ایک جماعت کو ساتھ لے کر میدان جنگ کی طرف روانہ ہو گئے۔ تھوڑی دیر کے بعد خوش خوش واپس آ گئے اور فرمایا اللہ نے ان کی شرارت کو دفع کر دیا اور وہ بہت زخم کھا کر شکست پا کر بھاگ گئے اس کے بعد حضور لیٹ کر سو گئے کہ مجھے آپ کے سانس کی آواز سنائی دینے لگی کچھ مدت کے بعد پھر دوبارہ آوازیں اٹھیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہو گئے اور فرمایا عباد دیکھو یہ کیسی آوازیں ہیں عباد گئے اور واپس آ کر عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ضرار بن خطاب مشرکوں کا ایک ٹولہ لے کر مسلمانوں سے تیراندازی اور سنگباری کی جنگ کر رہا ہے حضور والا مسلح ہو کر خیمہ سے برآمد ہوئے اور کافروں سے لڑتے رہے اسی میں صبح ہو گئی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم واپس آ گئے اور فرمایا وہ لوگ بہت سے زخم کھا کر بھاگ گئے۔

غزوۂ خندق کی شدت:

حضرت ام سلمہؓ کا بیان ہے کہ میں غزوۂ مریسیع، خیبر، حنین اور فتح مکہ کے زمانہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہی لیکن کوئی غزوہ بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اتنا شاق اور دشوار نہیں گزرا جتنا غزوۂ خندق شدید گزرا، اس غزوہ میں مسلمانوں کو بہت زخم آئے اور زمانہ بھی یہ سخت سردی اور تنگ حالی کا تھا۔

نمازوں میں تاخیر:

روایت میں آیا ہے کہ ایک روز کافر جمع ہوئے اور پورے خندق کو آ گھیرا اور سخت لڑائی کی یہاں تک کہ سورج چھپ گیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی نماز کی فرصت نہیں ملی ظہر کی نماز بھی فوت ہو گئی اور عصر کی بھی اور مغرب کی بھی پھر عشاء کے وقت یہ نمازیں ادا کیں۔

نسائی نے سنن میں لکھا ہے کہ حضرت ابوسعید خدریؓ نے بیان کیا خندق کے دن ہم کو ظہر عصر مغرب اور عشاء کی نمازوں کی فرصت نہیں مل سکی آخر اللہ نے ہمارا کام پورا کر دیا اسی کے متعلق اللہ نے آیت وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ نازل فرمائی۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (نماز کے ارادے سے کھڑے ہوئے (بلال نے) اقامت کہی اور آپ نے اسی طرح ظہر کی نماز پڑھی جس طرح پہلے پڑھتے تھے، پھر اقامت کہی اور حسب سابق عصر کی نماز پڑھی پھر اقامت کہی اور عشاء کی نماز معمول سابق کے مطابق ادا کی۔ یہ واقعہ آیت فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا کے نزول سے پہلے کا ہے (اس آیت کے نزول کے بعد تو صلوٰۃ خوف کا حکم اور اس کی طریقہ بتا دیا گیا) ابن حبان نے اپنی صحیح میں یہ روایت بیان کی ہے لیکن صلوٰۃ عشاء کا اس میں ذکر نہیں کیا۔ کیونکہ نماز عشاء تو اپنے وقت میں ادا کی تھی لیکن دوسری روایت میں جو عشاء کی نماز بھی ذکر ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ عشاء کی نماز بھی اپنے معمول سے مؤخر ہو گئی تھی۔

besturdubooks.wordpress.com

نماز میں تاخیر پر مشرکین کو بد دعائیں:

صحیحین میں حضرت جابر بن عبداللہ کی روایت سے آیا ہے کہ غروب آفتاب کے بعد حضرت عمر بن خطاب کفار قریش کو برا بھلا کہتے ہوئے آئے اور عرض کیا یا رسول اللہ میں تو (عصر کی) نماز بھی نہیں پڑھ سکا یہاں تک کہ اب سورج ڈوبنا ہی چاہتا ہے حضور نے فرمایا، میں نے بھی ابھی نماز نہیں پڑھی اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہم بطحان میں اترے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کے لئے وضو کیا اور حضور نے عصر کی نماز غروب آفتاب کے بعد پڑھی پھر نماز عصر کے بعد مغرب کی نماز پڑھی۔

صحیحین میں حضرت علی کی روایت سے آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خندق کے دن فرمایا اللہ ان کے گھروں کو اور ان کی قبروں کو آگ سے (اسی طرح) بھردے جس طرح انہوں نے غروب آفتاب تک ہم کو درمیانی نماز (عصر کی نماز) پڑھنے کی فرصت نہیں دی۔ مسلم کی روایت میں آیا ہے پھر عصر کی نماز حضور نے مغرب وعشاء (کی نمازوں) کے درمیان پڑھی۔

مسئلہ: اگر چند نمازیں فوت ہوگئی ہوں تو پہلی نماز لوٹانے کے لئے اذان دی جائے (اور اقامت کہی جائے) پھر باقی نمازوں میں سے ہر نماز کی قضاء کے لئے صرف اقامت کہے، بہتر یہ ہے کہ ہر نماز کو لوٹانے کے وقت اذان بھی دی جائے اور اقامت بھی کہی جائے۔ بزار کی روایت کردہ حدیث سے یہی ثابت ہوتا ہے۔ واللہ اعلم۔

کافروں کی شکست کیلئے دُعاء:

جب مسلمانوں پر تکلیف بہت زیادہ ہوگئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کافروں کے لئے بددعا کی اور اللہ نے آپ کی دعا قبول بھی فرمائی، چنانچہ بخاری نے صحیح میں حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے احزاب (وہ قبائل جو متفق ہو کر مدینہ پر چڑھ آئے تھے) کے لئے بددعا کی اور فرمایا اے اللہ، اے کتاب نازل کرنے والے اے جلد حساب فہمی کرنے والے احزاب کو شکست دے دے اور ان کو جھنجھوڑ دے (ان کے قدم اکھاڑ دے)

میں کہتا ہوں، حضرت جابر بن عبداللہ کی روایت میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے احزاب کے لئے تین روز پیہم مسجد فتح میں بددعا کی۔ بعض اقوال میں آیا ہے کہ دوشنبہ سہ شنبہ اور چہارشنبہ کے لئے بددعا کی، چہار شنبہ کے دن ظہر اور عصر کے درمیان اللہ نے آپ کی دعا قبول فرمائی اور ہم نے خوشی کے آثار چہرۂ مبارک پر دیکھ لئے۔ راوی کا بیان ہے اس کے بعد جو مصیبت ہم پر آئی اور ہم نے اس ساعت میں (یعنی ظہر وعصر کے درمیان) اللہ سے دعا کی تو اللہ نے ہماری دعا ضرور قبول فرمائی۔

ایک خفیہ مسلمان کی خفیہ تدبیر:

بغوی کا بیان ہے نعیم بن مسعود بن عامر بن غطفان نے (پوشیدہ طور پر) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ میں مسلمان ہو گیا ہوں لیکن میری قوم والوں کو میرا مسلمان ہو جانا معلوم نہیں ہے اب آپ ہم کو جو چاہیں حکم دیں (ہم اس کی تعمیل کریں گے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم ہماری جماعت میں تنہا ہو اگر کر سکتے ہو تو (ان جماعتوں میں پھوٹ ڈالدو اور) ایسا کردو کہ ہماری طرف سے ان کا رخ مڑ جائے اور ایک جماعت دوسری کی مدد نہ کرے کیونکہ لڑائی خفیہ تدبیر (کا نام) ہے۔

میں کہتا ہوں، دوسری روایت میں آیا ہے کہ نعیم نے عرض کیا تھا یا رسول اللہ مجھے یہ اجازت دیجئے کہ میں (ان سے) جو کچھ چاہوں کہوں (خواہ بات جھوٹی ہو) حضور نے اجازت دے دی۔ اجازت پا کر نعیم بنی قریظہ کے پاس پہنچے (اسلام سے پہلے نعیم بنی قریظہ ہم نشین تھے) اور کہا اے بنی قریظہ تم واقف ہو کہ میں تمہارا خالص دوست ہوں، بنی قریظہ نے کہا تم نے سچ کہا، ہماری نظر میں تم مشکوک نہیں ہو۔ نعیم نے کہا تو (سنو) قریش اور غطفان لڑائی کے لئے آئے ہیں اور تم ان کے مددگار ہو لیکن ان کی حالت تمہاری حالت کی طرح نہیں ہے یہ شہر تمہارا شہر ہے اس میں تمہارا مال ہے اہل وعیال ہیں تم اس کو چھوڑ کر دوسرے شہر کو نہیں جا سکتے رہے قریش وغطفان (وہ یہاں کے باشندے نہیں ہیں) ان کے مال اور اہل وعیال یہاں سے دور ہیں اگر کامیابی کا موقع اور مال غنیمت ان کے ہاتھ آ گیا تو بہتر ورنہ اپنے شہروں کو چلے جائیں گے اور تم کو اس شخص کے مقابلہ پر تنہا چھوڑ دیں گے اور یہ شخص تمہارے شہر میں رہتا ہے تنہا اس کا مقابلہ کرنے کی تم میں طاقت نہیں۔ (مناسب یہ ہے کہ) تم اعتماد حاصل کرنے کے لئے ان لوگوں کے کچھ سرداروں کو اپنی تحویل میں بطور رہن رکھ لو تاکہ وہ تم کو چھوڑ کر بھاگ نہ جائیں اگر وہ ایسا کرلیں تو ان کے ساتھ مل کر تم محمد سے لڑو اور کھل کر ان کا مقابلہ کرو (اگر وہ ایسا نہ کریں تو سمجھ لو کہ ان کی نیت بُری ہے) بنی قریظہ نے کہا تم نے صحیح مشورہ دیا۔ پھر نعیم یہاں سے نکل کر قریش کے پاس پہنچے اور ابوسفیان وسرداران قریش سے کہا تم لوگ جانتے ہو کہ میں تمہارا دوست ہوں اور محمد کے متعلق جو رائے رکھتا ہوں اس سے بھی تم واقف ہو مجھے ایک اطلاع ملی ہے۔ میں بطور خیر خواہی اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ وہ خبر تم تک پہنچا دوں لیکن اس کو پوشیدہ رکھنا قریش نے کہا ہم ایسا ہی کریں گے نعیم نے کہا تم کو معلوم ہونا چاہیے کہ گروہ یہود اب اپنے کئے پر پشیمان ہیں اور محمد کے پاس انہوں نے پیام بھیجا ہے کہ ہم نے جو کچھ کیا ہم اس پر نادم ہیں (اس کی تلافی میں) اگر ہم قریش وغطفان کے کچھ سرداروں کو پکڑ کر تمہارے حوالے کردیں تاکہ تم ان کی گردنیں اڑا دو تو کیا تم ہم سے راضی ہو جاؤ گے پھر ہم اور تم مل کر باقی لوگوں کا مقابلہ کریں گے محمد نے جواب میں کہلا بھیجا بہتر

besturdubooks.wordpress.com

ہے (ہم اس شرط پر تم سے مصالحت کے لئے تیار ہیں) لہٰذا یہودی اگر تمہارے پاس پیام بھیجیں اور تمہارے سرداروں کو اپنے پاس بطور گروی رکھنا چاہیں تو تم اپنا ایک آدمی بھی ان کے حوالے نہ کرنا۔ اس کے بعد نعیم غطفان کے پاس پہنچے اور کہا اے گروہ غطفان تم میرا کنبہ قبیلہ ہو اور میرے پیارے ہو میرا خیال ہے کہ تم مجھے مشکوک نہیں سمجھتے ہو بنی غطفان نے جواب دیا تم نے سچ کہا واقعی تم ہمارے دوست ہو نعیم نے کہا تو بات چھپی رکھنا (ظاہر نہ ہونے پائے) بنی غطفان نے کہا ایسا ہی کریں گے اس کے بعد نعیم نے جو بات قریش سے کہی تھی وہی غطفان سے بھی کہہ دی اور جس بات کا ان کو اندیشہ دلایا تھا اسی بات کا خوف بنی غطفان کو بھی دلایا۔

کافروں میں پھوٹ:

شنبہ کی رات ماہ شوال ۵ھ کو اللہ نے اپنے رسول کی کارسازی اس طرح کی کہ ابوسفیان نے ورقہ بن غطفان اور عکرمہ بن ابی جہل کے ساتھ قبیلہ غطفان وقریش کے چند آدمیوں کو بنی قریظہ کے پاس بھیجا ان لوگوں نے جا کر بنی قریظہ سے کہا کہ ہم یہاں قیام کرنے تو آئے نہیں۔ ہمارے اونٹ اور گھوڑے ہلاک ہوئے جا رہے ہیں آپ لوگ لڑائی کے لئے تیار ہو جائیں تاکہ ہم کھل کر باہر نکل کر محمد سے جنگ کریں اور اس جھگڑے سے فارغ ہو جائیں جو ہمارا محمد سے ہے یہودیوں نے پیام بھیجا آج سنیچر کا دن ہے سنیچر کے دن ہم کوئی کام نہیں کرتے ہم میں سے بعض لوگوں نے سنیچر کے دن کچھ بدعت کی تھی اس کی جو سزا ان کو ملی وہ تم سے پوشیدہ نہیں ہے پھر ایک بات یہ ہے کہ جب تک ہمارے پاس اپنے کچھ آدمی بطور رہن نہ چھوڑ دو گے ہم تمہارے ساتھ مل کر لڑنے والے نہیں ہیں اگر ایسا کر دو گے تو ہم کھل کر محمد سے لڑیں گے ہم کو اندیشہ ہے کہ اگر لڑائی سے تم کو کچھ نقصان پہنچا اور جنگ کی شدت ہوئی تو تم ہم کو چھوڑ کر اپنے شہروں کو لوٹ جاؤ گے اور یہ لوگ ہمارے اسی شہر کے باشندے ہیں ہم تنہا ان سے لڑنے کی طاقت نہیں رکھتے۔ قاصد جب بنی قریظہ کا یہ جواب لے کر لوٹے تو قریش وغطفان نے کہا تم کو معلوم ہونا چاہیے کہ نعیم بن مسعود نے جو کچھ کہا وہ بالکل صحیح ہے اس کے بعد ان لوگوں نے بنی قریظہ کو کہلا بھیجا کہ اپنا ایک آدمی بھی ہم تمہارے قبضہ میں نہیں دیں گے اگر (بلاشرط) تم (محمد سے) لڑنا چاہتے ہو تو نکلو اور جنگ کرو قاصد یہ پیام لے کر بنی قریظہ کے پاس پہنچے تو انہوں نے کہا نعیم بن مسعود نے جو بات کہی تھی وہ بالکل سچ تھی یہ لوگ چاہتے ہیں کہ اگر (فتح کا) ان کو موقع مل جائے تو اس کو غنیمت سمجھیں ورنہ سمٹ کر اپنے شہروں کو چلے جائیں اور تم کو تمہارے گھروں میں اس شخص کے مقابل تنہا چھوڑ جائیں اس کے جواب میں بنی قریظہ نے قریش اور غطفان کو وہی پیام بھیجا کہ یا تو اطمینان کے لئے تم اپنے کچھ سرداروں کو ہمارے پاس بطور گروی چھوڑ دو لیکن قریش نے نہ مانا اس طرح اللہ نے ایک کو دوسرے کی مدد سے محروم کر دیا شدید سردی کی رات تھی اور بہت ہی سخت ٹھنڈک تھی اللہ نے ایک طوفانی ہوا بھیج دی جس سے کافروں کی (چڑھائی ہوئی) ہانڈیاں الٹ گئیں اور ہوا نے برتنوں کو پھینک دیا۔

سردی کی شدت میں حضرت حذیفہ کا جاسوسی کیلئے جانا:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کافروں کی پھوٹ کی اطلاع ملی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حذیفہ بن یمان کو یہ بات معلوم کرنے کے لئے بھیجا کہ رات کو کیا واقعہ ہوا محمد بن اسحاق نے بوساطت زید بن زیاد محمد بن کعب قرظی کا بیان نقل کیا ہے اور بعض اہل روایت نے ابراہیم تیمی کے والد کا قول بھی بیان کیا ہے دونوں کی روایت ہے کہ ایک کوفی جوان نے حضرت حذیفہ بن یمان سے دریافت کیا ابوعبداللہ کیا آپ (حضرات) نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تھا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت میں رہے تھے حضرت حذیفہ نے فرمایا، ہاں بھتیجے (ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہے تھے) جوان نے کہا پھر تمہارا سلوک حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تھا، حضرت حذیفہ نے فرمایا، ہم تیاری کرتے تھے جوان بولا اگر ہم اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو پا لیتے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو زمین پر پیدل نہ چلنے دیتے اپنی گردنوں پر اٹھائے رہتے اور آپ کی (ہر وقت) خدمت کرتے حضرت حذیفہ نے فرمایا، بھتیجے (تم کو کیا معلوم کہ وہ زمانہ کتنی مصائب کا تھا) خدا کی قسم وہ منظر میری آنکھوں کے سامنے ہے کہ احزاب کی ایک رات ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے (اور انتہائی سخت سردی تھی) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا کوئی ایسا ہے کہ اٹھ کر جائے اور ہم کو ان لوگوں کی خبر لا کر دے جو کوئی ایسا کرے گا، اللہ اس کو جنت میں داخلہ عطا فرمائے گا، یہ بات سن کر (بھی) ہم میں سے کوئی نہیں اٹھا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیر تک نماز پڑھی اور نماز کے بعد ہماری طرف رخ موڑ کر وہی پہلی بات فرمائی لیکن سب لوگ خاموش رہے ہم میں سے کوئی بھی نہیں اٹھا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم پھر دیر تک نماز پڑھتے رہے اور نماز کے بعد فرمایا جو شخص اٹھ کر جائے گا اور دیکھ کر ہم کو آ کر بتائے گا کہ ان لوگوں نے کیا کیا تو وہ جنت میں میرا ساتھی ہوگا، یہ سننے کے بعد بھی سخت سردی سخت بھوک اور شدت خوف کی وجہ سے کوئی شخص بھی نہیں اٹھا جب کوئی نہیں اٹھا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے طلب فرمایا اور پکار کر کہا حذیفہ اب میرے لئے اٹھے بغیر کوئی چارہ نہ رہا، میں نے عرض کیا لبیک یا رسول اللہ پھر اٹھ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچا اس وقت (سردی کی وجہ سے) میرے دونوں پہلو کپکپا رہے تھے حضور نے میرے سر اور چہرے پر ہاتھ پھیرا پھر فرمایا ان لوگوں کے پاس پہنچ کر ان کی خبر لاؤ لیکن

besturdubooks.wordpress.com

میرے پاس پہنچنے تک کچھ (چھیڑ چھاڑ) کر نہ بیٹھنا اس کے بعد فرمایا اے اللہ آگے پیچھے دائیں بائیں اور اوپر نیچے سے اس کو اپنی حفاظت میں رکھ۔

حضرت حذیفہؓ کا مشرکین میں گھس جانا:

میں نے اپنے تیر لئے ہتھیار باندھے اور پیدل اُن کی طرف روانہ ہو گیا۔ نکلا ہی ہوں تو ایسا معلوم ہوا کہ حمام میں چل رہا ہوں (ساری سردی غائب ہو گئی) چلتے چلتے ان لوگوں کے اندر داخل ہو گیا۔ اللہ کے حکم سے ان لوگوں پر ایک ہوا کا طوفان اور (غیبی) لشکر آ گیا اور اللہ کے اس لشکر نے ان کے ساتھ ایسا سلوک کیا کہ ان کی ایک ہانڈی کو (چولھے پر) اور آگ کو (چولھے میں) اور ڈیرے چھولداری کو (زمین پر) قائم نہ رہنے دیا اس وقت ابوسفیان آگ کے پاس بیٹھا تاپ رہا تھا میں نے تیر نکالا کمان کے چلہ پر چڑھایا اور چھوڑنا چاہتا ہی تھا کیونکہ اگر اس وقت میں تیر چھوڑ دیتا تو ٹھیک ابوسفیان کے لگ جاتا۔ لیکن مجھے اللہ کے رسول کا یہ فرمان یاد آ گیا کہ کوئی حرکت نہ کر بیٹھنا جب تک میرے پاس واپس نہ پہنچ جائے۔ اس لئے میں نے تیر واپس نکال کر رکھ لیا۔ ابوسفیان نے جو یہ تباہی دیکھی تو کہا اے گروہ قریش تم میں سے ہر ایک اپنے ساتھ بیٹھے ہوئے آدمی کا ہاتھ پکڑ لے اور دیکھ لے کہ وہ کون ہے (تاکہ کوئی جاسوس ہمارے لشکر میں نہ گھس آئے۔ شناخت ہو جائے) یہ سن کر میں نے اپنے ساتھ بیٹھے ہوئے آدمی کا ہاتھ پکڑ لیا اور پوچھا تو کون ہے اس نے جواب دیا سبحان اللہ کیا تو مجھے نہیں جانتا میں فلاں بن فلاں ہوں وہ قبیلہ ہوازن کا آدمی تھا۔

مشرکین کی پسپائی:

ابوسفیان نے کہا اے گروہ قریش تمہارے قیام کی یہ جگہ نہیں ہے (کہ ہمیشہ یہاں رہنا ہو) اونٹ اور گھوڑے ہلاک ہو گئے بنی قریظہ نے بھی ہم سے غداری کی اور ان کی طرف سے ہم کو وہ (پیام) ملا جو ہمارے لئے ناگوار تھا ادھر اس طوفان کی وجہ سے جو بپتا ہم پر پڑی وہ تم لوگ دیکھ ہی رہے ہو لہٰذا کوچ کر چلو میں تو روانہ ہو رہا ہوں اس کے بعد ابوسفیان اُٹھ کھڑا ہوا اور اونٹ کے پاس پہنچا اونٹ کے پاؤں میں اس وقت دہنگنا بندھا ہوا تھا (اور وہ بیٹھا ہوا تھا) ابوسفیان اس پر سوار ہو گیا اور اس کو مارا اونٹ فوراً تین ٹانگوں پر کھڑا ہو گیا چوتھی ٹانگ کا دہنگنا کھڑا ہونے کی حالت میں کھولا گیا۔ میں نے سنا ہے کہ جو عمل قریش نے کیا وہی غطفان نے بھی کیا اور سب اپنے شہروں کو لوٹ پڑے۔

حضرت حذیفہؓ کا خوشخبری لے کر لوٹنا:

میں رسول اللہ کی طرف لوٹ آیا ایسا معلوم ہوتا تھا کہ میں حمام میں چل رہا ہوں خدمتِ گرامی میں پہنچا تو آپ اس وقت کھڑے نماز پڑھ رہے تھے جب آپ نے سلام پھیرا تو میں نے ان لوگوں کا واقعہ عرض کیا۔ حضور ہنس پڑے اتنے کہ رات کی تاریکی میں (سفید چمکدار) کچلیاں نمودار ہو گئیں۔ جب میں اطلاع دے چکا تو وہ سینک (جو اس آمد و رفت اور ٹوہ لگانے کے دوران کلام کی گرمی جیسی محسوس ہو رہی تھی وہ) بھی غائب ہو گئی (اور حسب سابق سردی محسوس ہونے لگی) حضور نے مجھے اپنے قریب اپنے قدموں کے پاس کر لیا اور اپنے کپڑے کا ایک پلہ میرے اوپر ڈال دیا اور میرا سینہ اپنے تلوؤں سے چمٹا لیا اس طرح میں برابر سوتا رہا جب صبح ہو گئی تو حضور نے فرمایا اے سونے والے اب اُٹھ جا۔

فرشتوں کا اثر:

میں کہتا ہوں ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے قتادہ کی روایت سے بیان کیا کہ جب مشرکوں کے لشکر پر اللہ نے ہوائی طوفان مسلط کر دیا اور اطراف لشکر میں فرشتوں نے تکبیر کہی (یعنی اللہ اکبر کا نعرہ لگایا) تو طلحہ بن خویلد اسدی نے کہا (لوگو) محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے تم پر جادو کرنا شروع کر دیا اس لئے تیزی کے ساتھ نکل جاؤ جلدی کرو یہ سنتے ہی بغیر لڑے لوگ بھاگ نکلے۔

رحمۃ للعالمین کا اثر:

میں کہتا ہوں شیخ عماد الدین ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رحمۃ للعالمین نہ ہوتے تو ہوا ہر کافر کو چورا چورا کئے بغیر نہ چھوڑتی جیسا عاد کی قوم کے ساتھ ریح عقیم نے کیا تھا۔

حضرت حذیفہ سے فرشتوں کی بات چیت:

دوسری روایت میں آیا ہے کہ حضرت حذیفہ نے فرمایا جب میں کافروں کے لشکر کی طرف سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف لوٹا تو اثناء راہ میں میں نے بیس سوار دیکھے جن کے عمامے سفید تھے انہوں نے مجھ سے کہا اپنے ساتھی سے جا کر کہہ دینا کہ اللہ نے تمہارا کام پورا کر دیا اور تمہارے دشمنوں کے شر کو دفع کر دیا۔

حضرت زبیرؓ کی فضیلت:

شیخین نے صحیحین میں حضرت جابر کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے احزاب کے دن فرمایا ان لوگوں (یعنی لشکر کفار) کی خبر کون ہم کو لا کر دے سکتا ہے۔ حضرت زبیر نے کہا میں۔ حضور نے پھر فرمایا ان لوگوں کی خبر کون ہم کو لا کر دے سکتا ہے۔ حضرت زبیر نے کہا میں۔ (تیسری بار) پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان لوگوں کی خبر ہم کو کون لا کر دے سکتا ہے۔ حضرت زبیر نے کہا میں۔ اس پر حضور نے فرمایا ہر نبی کے حواری ہوتے ہیں اور میرا حواری زبیر ہے۔

کافروں کی دائمی پسپائی:

بخاری نے صحیح میں لکھا ہے کہ حضرت سلیمان بن صرد نے فرمایا جب کافروں کی جماعتیں (احزاب کے دن) نکل کر چلی گئیں تو میں نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا (آئندہ) ہم ان سے جا کر جہاد کریں گے وہ آ کر ہم سے نہیں لڑیں گے ہم ان کی طرف جائیں گے۔

besturdubooks.wordpress.com

واپس شہر لوٹنے کی دُعاء:

صحیح بخاری میں حضرت ابن عمر کی روایت سے یہ بھی آیا ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی جہاد یا حج یا عمرہ سے لوٹ کر شہر میں پہنچتے تو تین بار اللہ اکبر کہہ کر فرماتے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ. اٰيِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ سَاجِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ.

تنہا اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اس کا کوئی شریک نہیں اس کی حکومت ہے اسی کے لئے ہر طرح کی حمد مناسب ہے وہ ہی ہر چیز پر قابو رکھتا ہے ہم (اسی کی طرف) لوٹنے والے ہیں اسی کی طرف رجوع کرنے والے ہیں (اسی کی) عبادت اور سجدہ کرنے والے ہیں اپنے رب ہی کی ہم حمد کرنے والے ہیں اللہ نے اپنا وعدہ سچ کر دکھایا اپنے بندہ کو فتح یاب کیا اور تمام جماعتوں کو تنہا شکست دے دی۔

مقتولین کی تعداد:

محمد بن عمر کا قول ہے کہ جنگ خندق میں چھ مسلمان شہید ہوئے اور چھ مشرک بھی مارے گئے۔ (تفسیر مظہری)

اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ
جب چڑھ آئے تم پر اُوپر کی طرف سے اور نیچے سے

یعنی مدینہ کی شرقی جانب سے جو اونچی ہے اور غربی جانب سے جو نیچی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ
اور جب بدلنے لگیں آنکھیں

یعنی دہشت وحیرت سے آنکھیں پھرنے لگیں اور لوگوں کے تیور بدلنے لگے۔ دوستی جتانے والے لگے آنکھیں چُرانے۔ (تفسیر عثمانی)

انتظامی، معاشرتی امتیاز اسلامی وحدت اور اسلامی قومیت کے منافی نہیں:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس جہاد کے لئے مہاجرین کا جھنڈا حضرت زید بن حارثہؓ کے سپرد فرمایا اور حضرات انصار کا جھنڈا حضرت سعد بن عبادہؓ کے سپرد فرمایا، اس وقت مہاجرین وانصار کے درمیان مواخات (بھائی چارے) کے تعلقات بڑی مضبوط و مستحکم بنیادوں پر قائم تھے، اور سب بھائی بھائی تھے، مگر انتظامی سہولت کے لئے مہاجرین کی قیادت الگ اور انصار کی الگ کردی گئی تھی اس سے معلوم ہوا کہ اسلامی قومیت اور اسلامی وحدت انتظامی اور معاشرتی تقسیم کے منافی نہیں بلکہ ہر جماعت پر ذمہ داری کا بوجھ ڈال دینے سے باہمی اعتماد اور تعاون وتناصر کے جذبہ کی تقویت ہوتی تھی، اور اس جنگ کے سب سے پہلے کام یعنی خندق کھودنے میں اس تعاون وتناصر کا اس طرح مشاہدہ ہوا کہ:

خندق کی کھدائی کی تقسیم پورے لشکر پر کی گئی:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پورے لشکر کے مہاجرین وانصار کو دس دس آدمیوں کی جماعت میں تقسیم کر کے ہر دس آدمیوں کو چالیس گز خندق کھودنے کا ذمہ دار بنایا۔ (معارف مفتی اعظم)

غزوہ خندق کا موسم اور فرشتوں کا رعب:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں مجھے میرے ماموں حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خندق والی رات سخت جاڑے اور تیز ہوا میں مدینہ شریف بھیجا کہ کھانا اور لحاف لے آؤں۔ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت چاہی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت مرحمت فرمائی اور ارشاد فرمایا کہ میرے جو صحابی تمہیں ملیں انہیں کہنا کہ میرے پاس چلے آئیں۔ اب میں چلا۔ ہوائیں زناٹے کی شائیں شائیں چل رہی تھیں۔ مجھے جو مسلمان ملا میں نے اُسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام پہنچادیا اور جس نے سُنا اُلٹے پاؤں فوراً حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف چل دیا یہاں تک کہ ان میں سے کسی نے پیچھے مڑ کر بھی نہیں دیکھا۔ ہوا میری ڈھال کو دھکے دے رہی تھی اور وہ مجھے لگ رہی تھی یہاں تک کہ اُس کا لوہا میرے پاؤں پر گر پڑا جسے میں نے نیچے پھینک دیا۔ اس ہوا کے ساتھ ہی ساتھ خدا تعالیٰ نے فرشتے بھی نازل فرمائے تھے جنہوں نے مشرکین کے دل اور سینے خوف اور رُعب سے بھر دیئے۔ یہاں تک کہ جتنے سرداران لشکر تھے اپنے ماتحت سپاہیوں کو اپنے پاس بُلا بُلا کر کہنے لگے نجات کی صورت تلاش کرو، بچاؤ کا انتظام کرو۔ یہ تھا فرشتوں کا ڈالا ہوا ڈر اور رُعب اور یہی وہ لشکر ہے جس کا بیان اس آیت میں ہے کہ اس لشکر کو تم نے نہیں دیکھا۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ
اور پہنچے دل گلوں تک

یعنی خوف و ہراس سے دل دھڑک رہے تھے گویا اپنی جگہ سے اُٹھ کر گلے میں آ لگے۔ (تفسیر عثمانی)

وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا
اور اٹکلنے لگے تم اللہ پر طرح طرح کی اٹکلیں

غیر یقینی حالات: یعنی کوئی کچھ سمجھتا تھا کوئی کچھ اٹکلیں لڑا رہا تھا۔

besturdubooks.wordpress.com

مسلمانوں نے سمجھا کہ اس مرتبہ اور سخت آزمائش آئی، دیکھیے کیا صورت پیش آئے۔ کچے ایمان والوں نے خیال کیا کہ بس جی اب کی بار نہیں بچیں گے۔ منافقین کا تو پوچھنا ہی کیا۔ آگے ان کے مقولے آرہے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُونَ وَزُلْزِلُوا زِلْزَالًا شَدِيدًا

وہاں جانچے گئے ایمان والے اور جھڑجھڑائے گئے زور کا جھڑجھڑانا

حضرت حذیفہ کو آپ نے دشمن کی خبر لانے کے لئے بھیجا تھا۔ اُس کا مفصل قصہ حدیث میں پڑھو تو اس جھڑجھڑانے کی کیفیت کا کچھ اندازہ ہو۔ یہاں ترجمہ کی گنجائش نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَإِذْ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ

اور جب کہنے لگے منافق اور جن کے دلوں میں روگ ہے

مَا وَعَدَنَا اللَّهُ وَرَسُولُهُ إِلَّا غُرُورًا

جو وعدہ کیا تھا ہم سے اللہ نے اور اس کے رسول نے سب فریب تھا

منافقوں کی بزدلی:

بعض منافق کہنے لگے کہ پیغمبر صاحب کہتے تھے کہ میرا دین مشرق و مغرب میں پھیلے گا اور فارس، روم، صنعاء کے محلات مجھ کو دیئے گئے۔ یہاں تو مسلمان قضائے حاجت کو بھی نہیں نکل سکتے۔ وہ وعدے کہاں ہیں۔ حضرت شاہ صاحبؒ فرماتے ہیں۔ مسلمان کو چاہیے اب بھی ناامیدی کے وقت بے ایمانی کی باتیں نہ بولیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَإِذْ قَالَتْ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ يَا أَهْلَ يَثْرِبَ

اور جب کہنے لگی ایک جماعت اُن میں اے یثرب والو

یثرب: ''یثرب'' مدینہ طیبہ کا پرانا نام تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری سے ''مدینۃ النبی'' ہو گیا۔ (تفسیر عثمانی)

یثرب سے مراد ہے مدینہ۔ ابوعبیدہ نے کہا یثرب ایک قطعۂ زمین کا نام ہے جس کے ایک حصہ میں مدینہ رسول واقع ہے۔

بغوی نے لکھا ہے کہ بعض روایات میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ کو یثرب کہنے کی ممانعت فرمائی اور ارشاد فرمایا یہ طابہ ہے حضور نے مدینہ کو یثرب کہنا اس لئے پسند نہیں فرمایا کیونکہ یثرب کا لفظ ثَرْبٌ، یَثْرِبٌ اور ثَرِیْبٌ اور ثَرِبَ عَلَیْہِ اور اَثْرَبَہٗ سے مشتق ہے (یعنی مادہ سب کا ایک ہے لیکن استعمال فَعْل یَفْعِل اور تفصیل اور افعال سے ہوتا ہے اور ثرب ہو یا اثراب یا تثریب سب کا معنی ہے ملامت کرنا۔ عار دلانا کسی جرم پر دلیل کرنا اور مُثْرِب اس شخص کو کہتے ہیں جو بخشش میں دراز دستی کرتا ہو۔ قاموس۔ مقام یا اسم ظرف ہے ٹھہرنے کا موقع۔ یا مصدر ہے (باب افعال کا) (تفسیر مظہری)

لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوا ۚ وَيَسْتَأْذِنُ فَرِيقٌ مِنْهُمُ

تمہارے لئے ٹھکانا نہیں، سو پھر چلو اور رخصت مانگنے لگا ایک فرقہ اُن میں

النَّبِيَّ يَقُولُونَ إِنَّ بُيُوتَنَا عَوْرَةٌ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ

نبی سے کہنے لگے ہمارے گھر کھلے پڑے ہیں اور وہ کھلے نہیں پڑے

إِنْ يُرِيدُونَ إِلَّا فِرَارًا

اُن کی کوئی غرض نہیں مگر بھاگ جانا

منافقوں کا مشورہ اور بہانے:

یعنی سارے عرب ہمارے دشمن ہوئے تو ہم کو رہنے کا ٹھکانا کہاں۔ سب لشکر سے جدا ہو کر گھر لوٹ چلو۔ اور حضرت لشکر کے ساتھ باہر کھڑے تھے شہر میں مضبوط حویلیوں کے ناکے بند کر کے زنانے اُن میں رکھ دیئے تھے۔ یہ بہانہ کرنے لگے کہ ہمارے گھر کھلے پڑے ہیں کہیں چور گھس کر لوٹ نہ لیں۔ اور یہ محض جھوٹ بات بناتی تھی۔ غرض یہ تھی کہ بہانہ کر کے میدان سے بھاگ جائیں۔ چنانچہ جو اجازت لینے آیا آپ اجازت دیتے رہے کچھ پرواہ تکثیر سواد کی نہ کی۔ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ صرف تین سو نفوس قدسیہ آپ کے ساتھ باقی رہ گئے۔ (تفسیر عثمانی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک جنگی تدبیر:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے علم میں یہ بات آچکی تھی کہ قبیلہ غطفان کے رئیس نے ان یہودیوں کے ساتھ شرکتِ خیبر کے پھل اور کھجور کی طمع میں کی ہے، آپ نے غطفان کے دو سردار عُیَیْنَہ ابن حصن اور ابوالحارث بن عمرو کے پاس قاصد بھیجا کہ ہم تمہیں مدینہ طیبہ کا ایک تہائی پھل دیں گے، اگر تم اپنے ساتھیوں کو لے کر میدان سے واپس چلے جاؤ، یہ گفتگو درمیان میں تھی اور دونوں سردار راضی ہو چکے تھے قریب تھا کہ معاہدہ صلح پر دستخط ہو جائیں، مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حسب عادت ارادہ کیا کہ صحابہ کرام سے اس معاملہ میں مشورہ لیں، قبیلہ اوس وخزرج کے دو بزرگ سعدین یعنی سعد بن عبادہ اور سعد بن معاذ کو بلا کر ان سے مشورہ لیا۔

حضرت سعدؓ کی غیرت ایمانی اور عزم شدید:

دونوں نے عرض کیا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر آپ کو اس کام کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم ہوا ہے تو ہمارے کچھ کہنے کی مجال نہیں ہم

besturdubooks.wordpress.com

قبول کریں گے ورنہ بتائیں کہ یہ آپ کی طبعی رائے ہے یا آپ نے ہمیں مشقت و تکلیف سے بچانے کے لئے یہ تدبیر کی ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہ امر الٰہی اس کا ہے اور نہ میری اپنی طبیعت کا تقاضا ہے بلکہ صرف تمہاری مصیبت و تکلیف کو دیکھ کر یہ صورت اختیار کی ہے، کیونکہ تم لوگ ہر طرف سے گھرے ہوئے ہو، میں نے چاہا فریق مقابل کی قوت کو اس طرح فوراً توڑ دیا جائے، حضرت سعد بن معاذؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم جس وقت بتوں کو پوجتے تھے اللہ تعالیٰ کو نہ پہچانتے تھے نہ اس کی عبادت کرتے تھے، اُس وقت اُن لوگوں کو ہمارے شہر کے پھل میں سے ایک دانہ کی طمع رکھنے کی ہمت نہیں تھی، بجز اس کے کہ وہ ہمارے مہمان ہوں، اور مہمانی کے طور پر ہم ان کو کھلا دیں یا پھر ہم سے خرید کر لے جائیں، آج جبکہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں اپنی معرفت عطا فرمائی اور اسلام کا اعزاز عطا فرمایا، کیا آج ہم ان لوگوں کو اپنا پھل اور اپنے اموال دے دیں گے، ہمیں ان کی مصالحت کی کوئی حاجت نہیں، ہم تو ان کو تلوار کے سوا کچھ نہیں دیں گے، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ ہمارے اور اُن کے درمیان فیصلہ فرما دیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سعدؓ کی اولوالعزمی اور غیرت ایمانی کو دیکھ کر اپنا یہ ارادہ چھوڑ دیا اور فرمایا کہ تمہیں اختیار ہے جو چاہو کرو، سعدؓ نے صلح نامہ کا کاغذ ان کے ہاتھوں سے لے کر تحریر مٹا دی، کیونکہ ابھی اس پر دستخط نہیں ہوئے تھے، غطفان کے سردار عُیَینہ اور حارث جو خود اس صلح کے لئے تیار ہو کر مجلس میں موجود تھے، صحابہ کرامؓ کی یہ قوت و شدت دیکھ کر خود بھی اپنے دلوں میں متزلزل ہو گئے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا ثُمَّ سُئِلُوا
اور اگر شہر میں کوئی گھس آئے ان پر اس کے کناروں سے پھر اُن سے چاہے
الْفِتْنَةَ لَاٰتَوْهَا وَمَا تَلَبَّثُوْا بِهَآ اِلَّا يَسِيْرًا
دین سے بچلنا تو مان لیں اور دیر نہ کریں اُن میں مگر تھوڑی

منافقوں کی اندرونی کیفیت:

یعنی جھوٹے حیلے بنا رہے ہیں۔ اگر فرض کرو یہ لوگ شہر میں ہوں اور کوئی غنیم اِدھر اُدھر سے گھس آئے پھر ان سے مطالبہ کرے کہ دین اسلام چھوڑ دو۔ جسے بظاہر یہ لوگ اختیار کئے ہوئے ہیں۔ یا کہے کہ مسلمانوں سے لڑو اور فتنے فساد برپا کرو۔ اُس وقت اُن کا جھوٹ صاف کھل جائے۔ فوراً اُن مطالبات کی تائید میں نکل پڑیں۔ نہ گھروں کے کھلے ہونے کا عذر کریں نہ لٹنے کا، بس بات چیت کرنے اور ہتھیار اٹھا کر لانے میں جو تھوڑی دیر لگے گی اسے مستثنیٰ کر کے ایک منٹ کا توقف نہ کریں، اسلام کے ظاہری دعوے سے دستبردار ہو کر فوراً فتنہ و فساد کی آگ میں کود پڑیں۔

وَلَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا يُوَلُّوْنَ
اور اقرار کر چکے تھے اللہ سے پہلے کہ نہ پھیریں گے
الْاَدْبَارَ وَكَانَ عَهْدُ اللّٰهِ مَسْئُوْلًا
پیٹھ اور اللہ کے قرار کی پوچھ ہوتی ہے

منافقوں کی عہد شکنی:

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ جنگ اُحد کے بعد انہوں نے اقرار کیا تھا کہ پھر ہم ایسی حرکت نہ کریں گے۔ اس کی پوچھ اللہ کی طرف سے ہوگی کہ وہ قول و قرار کہاں گیا۔ (تفسیر عثانی)

یزید بن رومان کا بیان ہے کہ جنگ اُحد کے دن بنی حارثہ نے ارادہ کیا کہ بنی سلمہ کو قتل کر دیں گے لیکن جب ان کے حق میں آیت کا نزول ہوا تو انہوں نے عہد کیا کہ آئندہ ایسی بات نہیں کریں گے قتادہ نے کہا کچھ لوگ غزوۂ بدر سے غیر حاضر تھے لیکن جب (لڑائی کے بعد) انہوں نے اہل بدر کی خداداد عزت و برتری دیکھی تو کہنے لگے کہ آئندہ اگر اللہ نے ہم کو کسی لڑائی میں شریک ہونے کی توفیق دی تو ہم ضرور ضرور لڑیں گے انہی لوگوں کی طرف اللہ نے آیت مذکورہ میں اشارہ کیا ہے۔

وَكَانَ عَهْدُ اللّٰهِ مَسْئُوْلًا اور اللہ سے کئے ہوئے عہد کی بازپرس ہوگی یعنی پوچھا جائے گا کہ پورا کیوں نہیں کیا مطلب یہ کہ عہد خدا کی خلاف ورزی کی سزا دی جائے گی۔ (تفسیر مظہری)

قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ
تو کہہ کچھ کام نہ آئے گا تمہارے یہ بھاگنا اگر بھاگو گے مرنے سے
اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا
یا مارے جانے سے اور پھر بھی پھل نہ پاؤ گے مگر تھوڑے دنوں

موت سے کوئی نہیں بھاگ سکتا:

یعنی جس کی قسمت میں موت ہے وہ کہیں بھاگ کر جان نہیں بچا سکتا۔ قضائے الٰہی ہر جگہ پہنچ کر رہے گی اور اگر ابھی موت مقدر نہیں تو میدان سے بھاگنا بے سود ہے۔ کیا میدان جنگ میں سب مارے جاتے ہیں اور فرض کرو بھاگنے سے بچاؤ ہی ہو گیا تو کتنے دن؟ آخر موت آنی ہے اب نہیں چند روز کے بعد آئے گی اور نہ معلوم کس سختی اور ذلت سے آئے۔ (تفسیر عثانی)

وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا اور ایسی حالت میں بجز تھوڑے سے یا

besturdubooks.wordpress.com

تھوڑے دنوں کے فائدہ سے زیادہ متمتع نہیں ہو سکتے یعنی دنیا میں زندہ رہ کر تم تھوڑی مدت تک یا تھوڑا سا مزہ حاصل کر سکو گے (زیادہ مدت فائدہ اندوز نہ ہو سکو گے) آیت کا مطلب یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ اگر بالفرض میدان جنگ سے فرار تمہارے لئے مفید بھی ہو تو یہ فائدہ زیادہ مدت تک باقی نہیں رہے گا کیونکہ دنیا بہرحال فنا پذیر ہے۔ (تفسیر مظہری)

قُلْ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ اِنْ

تو کہہ کون ہے کہ تم کو بچائے اللہ سے اگر

اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً

چاہے تم پر برائی یا چاہے تم پر مہربانی

اللہ کے ارادہ کو کوئی نہیں روک سکتا:

یعنی اللہ کے ارادے کو کوئی طاقت نہیں روک سکتی نہ کوئی تدبیر اور حیلہ اُس کے مقابلہ میں کام دے سکتا ہے۔ آدمی کو چاہیئے کہ اُسی پر توکل کرے اور ہر حالت میں اُسی کی مرضی کا طلبگار رہے۔ ورنہ دنیا کی بُرائی بھلائی یا سختی نرمی تو یقیناً پہنچ کر رہے گی۔ پھر اُس کے راستہ میں بزدلی کیوں دکھائے اور وقت پر جان کیوں چُرائے جو عاقبت خراب ہو اور دنیا کی تکلیف ہٹ نہ سکے۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا

اور نہ پائیں گے اپنے واسطے اللہ کے سوائے کوئی حمایتی اور نہ مددگار

یعنی عرب کی مخالفت سے ڈرتے ہو، اگر اللہ حکم دے تو مسلمان اب تم کو قتل کر ڈالیں۔ (تفسیر عثمانی)

قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ وَالْقَآئِلِيْنَ

اللہ کو (ن) معلوم ہیں جو اٹکانے والے ہیں تم میں اور کہتے ہیں

لِاِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ اِلَيْنَا ۚ وَلَا يَاْتُوْنَ الْبَاْسَ اِلَّا قَلِيْلًا

اپنے بھائیوں کو چلے آؤ ہمارے پاس اور لڑائی میں نہیں آتے مگر کبھی

منافقوں کی بداندیشی اللہ کو معلوم ہے:

یعنی ظاہری وضع داری اور دکھاوے کو شرما شرمی کبھی میدان میں آ کھڑے ہوتے ہیں ورنہ عموماً گھروں میں بیٹھے عیش اڑاتے اور اپنی برادری کے لوگوں کو بھی جو سچے مسلمان ہیں جہاد میں آنے سے روکتے رہتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اِخْوَان سے مراد ہیں مدینہ کے باشندے یعنی ہمارے پاس آ جاؤ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا ساتھ چھوڑ دو ان کے ساتھ مل کر جنگ نہ کرو ہم کو تمہارے مارے جانے کا اندیشہ ہے۔ عائق موڑ دینے والا۔ عوق پھیر دینا۔ عائق سے مراد ہوتا ہے خیر سے مانع یہاں معوقین سے مراد وہ منافق ہیں جو لوگوں کو رسول اللہ کا ساتھ دینے اور آپ کے ہمراہ رہنے سے روکتے۔ قتادہ نے کہا یہ لوگ منافق تھے جو انصار کو رسول اللہ کا ساتھ دینے سے روکتے تھے اور اپنے بھائی بندوں سے کہتے تھے محمد اور ان کے ساتھی گوشت (کی طرح) ہیں۔ ابوسفیان اور اس کے ساتھی ان کو لقمہ بنا لیں گے۔ یہ شخص تو تباہ ہونے والا ہی ہے اس کو چھوڑ دو۔ (تفسیر مظہری)

اَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۖ

دریغ رکھتے ہیں تم سے

یعنی مسلمانوں کا ساتھ دینے سے دریغ رکھتے ہیں اور ہر قسم کی ہمدردی و بہی خواہی سے بخل ہے ہاں غنیمت کا موقع آئے تو حرص کے مارے چاہیں کہ کسی کو کچھ نہ ملے سارا مال ہم ہی سمیٹ کر لے جائیں اسی احتمال پر لڑائی میں قدرے شرکت بھی کر لیتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

فَاِذَا جَآءَ الْخَوْفُ رَاَيْتَهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ تَدُوْرُ

پھر جب آئے ڈر کا وقت تو تو دیکھے اُن کو کہ تکتے ہیں تیری طرف پھرتی ہیں

اَعْيُنُهُمْ كَالَّذِيْ يُغْشٰى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۚ

آنکھیں اُن کی جیسے کسی پر آئے بیہوشی موت کی

فَاِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوْكُمْ بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ اَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ ۭ

پھر جب جاتا رہے ڈر کا وقت چڑھ چڑھ کر بولیں تم پر تیز تیز زبانوں سے ڈھکے پڑتے ہیں مال پر

منافقوں کی موقع پرستی:

یعنی آڑے وقت رفاقت سے جی چُراتے ہیں، ڈر کے مارے جان نکلتی ہے اور فتح کے بعد آ کر باتیں بناتے اور سب سے زیادہ مردانگی جتاتے ہیں اور مال غنیمت پر مارے حرص کے گرے پڑتے ہیں۔ یا یہ مطلب ہے کہ اسلام اور مسلمانوں کے متعلق طعن و تشنیع سے زبان درازی کرتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

منافقوں کی تشبیہ: كَالَّذِيْ يُغْشٰى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ میں مشبہ بہ یا مدہوش ہونے والے کی نظر ہے یعنی كنظر الذي يغشىٰ عليه. یا مشبہ بہ آنکھوں کا چکرانا ہے یعنی كدوران عيني المغشىٰ عليه یا مشبہ بہ دونوں وصف ہیں بے ہوش ہونے والے کی نظر اور آنکھوں کا چکرانا۔ یا مشبہ بہ بے ہوش ہونے والے کی آنکھیں ہیں جب موت کے اسباب چھا جاتے ہیں اور موت کے پسینے آنے لگتے ہیں تو حواس معطل ہو جاتے ہیں عقل زائل ہو جاتی

besturdubooks.wordpress.com

ہے آنکھیں متحیر ہو جاتی ہیں اور ٹکٹکی بندھ جاتی ہے۔ (تفسیر مظہری)

أُولَٰئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوا فَأَحْبَطَ اللَّهُ أَعْمَالَهُمْ

وہ لوگ یقین نہیں لائے پھر اکارت کر ڈالے اللہ نے اُن کے کیے کام

وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرًا

اور یہ ہے اللہ پر آسان

منافقوں کے عمل بے جان ہیں:

یعنی جب اللہ و رسول پر ایمان نہیں تو کوئی عمل مقبول نہیں ہو سکتا۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "جہاں حبط اعمال کا ذکر ہے تو فرمایا کہ یہ اللہ پر آسان ہے یعنی بظاہر اللہ تعالیٰ کے عدل و حکمت کو دیکھتے ہوئے تعجب ہوتا ہے اور یہ بات بھاری معلوم ہوتی ہے کہ وہ کسی کی محنت کو ضائع کر دے لیکن اس لئے بھاری نہیں رہتی کہ خود عمل ہی کے اندر ایسی خرابی چھپی ہوتی ہے جو کسی طرح اُس کو درست نہیں ہونے دیتی۔ جیسے بے ایمان کا عمل کہ ایمان شرط اور روح ہے ہر عمل کی، بدون اُس کے عمل مُردہ ہے پھر قبول کس طرح ہو۔ کافر کتنی ہی محنت کرے سب اکارت ہے۔ (تفسیر عثمانی)

يَحْسَبُونَ الْأَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوا ۖ وَإِن يَأْتِ الْأَحْزَابُ

سمجھتے ہیں کہ فوجیں کفار کی نہیں پھر گئیں اور اگر آ جائیں وہ فوجیں

يَوَدُّوا لَوْ أَنَّهُم بَادُونَ فِي الْأَعْرَابِ يَسْأَلُونَ عَنْ أَنبَائِكُمْ ۖ

تو آرزو کریں کسی طرح ہم باہر نکلے ہوئے ہوں گاؤں میں پوچھ لیا کریں تمہاری خبریں

منافقوں کی بزدلی کا عالم:

یعنی کفار کی فوجیں ناکامیاب واپس جا چکیں لیکن ان ڈرپوک منافقوں کو اُن کے چلے جانے کا یقین نہیں آتا۔ اور فرض کیجئے کفار کی فوجیں پھر لوٹ کر حملہ کر دیں تو اُن کی تمنا یہ ہوگی کہ اب وہ شہر میں بھی نہ ٹھہریں جب تک لڑائی رہے کسی گاؤں میں رہنے لگیں اور وہیں دُور بیٹھے آنے جانے والوں سے پوچھ لیا کریں کہ مسلمانوں کا کیا حال ہے۔ لڑائی کا نقشہ کیسا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَوْ كَانُوا فِيكُم مَّا قَاتَلُوا إِلَّا قَلِيلًا

اور اگر ہوں تم میں لڑائی نہ کریں مگر بہت تھوڑی

یعنی باتوں میں تمہاری خیر خواہی جتائیں اور لڑائی میں زیادہ کام نہ دیں۔ محض مجبوری کو برائے نام شرکت کریں۔ (تفسیر عثمانی)

لَّقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَن

تمہارے لئے بھلی تھی سیکھنی رسول اللہ کی چال اس کے لئے جو کوئی

كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَذَكَرَ اللَّهَ كَثِيرًا

اُمید رکھتا ہے اللہ کی اور پچھلے دن کی اور یاد کرتا ہے اللہ کو بہت سا

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا واجب تقلید استقلال:

یعنی پیغمبر کو دیکھو ان سختیوں میں کیا استقلال رکھتے ہیں۔ حالانکہ سب سے زیادہ اندیشہ اور فکر اُن ہی پر ہے۔ مگر مجال ہے پائے استقامت ذرا جنبش کھا جائے جو لوگ اللہ سے ملنے اور آخرت کا ثواب حاصل کرنے کی اُمید رکھتے ہیں اور کثرت سے خدا کو یاد کرتے ہیں اُن کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات منبع البرکات بہترین نمونہ ہے۔ چاہیے کہ ہر معاملہ، ہر ایک حرکت و سکون اور نشست و برخاست میں اُن کے نقشِ قدم پر چلیں اور ہمت و استقلال وغیرہ میں اُن کی چال سیکھیں۔ (تفسیر عثمانی)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مکمل نمونہ ہے:

اُسوۃ بمعنی قدوہ یعنی وہ طریقہ جس کی اقتداء کی جائے اس جگہ مراد یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت میں تمہارے لئے خصائل حمیدہ موجود ہیں جو تمہارے لئے واجب العمل ہیں مثلاً لڑائی میں ثابت قدم رہنا اور شدائد کو برداشت کرنا۔

یا یہ مطلب ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمہارے مقتدا ہیں تمہارے لئے ان کی اقتداء ہی مناسب ہے بعض نے کہا اُسْوَۃٌ بروزن فُعْلَۃٌ اِئْتِسَاء (باب افتعال) سے مشتق ہے جیسے قُدوۃ اقتداء سے بنا ہے یہ اسم ہے جو مصدر کا قائم مقام ہے یعنی تم لوگوں کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اچھی ہمدردی (لازم) ہے جیسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دین کی مدد کی تم بھی ویسی ہی دین کی مدد کرتے رہو۔ ان کا دانت جنگ میں ٹوٹا چہرہ زخمی ہوا ان کے چچا شہید ہوئے ان کو طرح طرح کی اذیتیں پہنچائی گئیں مگر انہوں نے ہر دُکھ پر صبر کیا اور تمہاری ہمدردی کی لہٰذا تم بھی ان کی طرح مصائب و شدائد پر صبر رکھو اور ان سے ہمدردی کرو اور ان کے طریقہ پر چلو۔

وَذَكَرَ اللَّهَ كَثِيرًا اور اللہ کی بہت یاد کرتا ہے۔

دکھ میں بھی اور سکھ میں بھی کثرت ذکر دوام طاعت کا سبب ہے اسی لئے رجاء کے ساتھ کثرت ذکر کا ذکر کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء کرنے والا وہی ہو سکتا ہے جو امید بھی رکھتا ہو اور اللہ کا ہمیشہ اطاعت گزار بھی ہو۔ حضرت ابن عباس راوی ہیں کہ حضرت عمر نے حجر اسود پر سر جھکا کر فرمایا

besturdubooks.wordpress.com

میں بلاشبہ جانتا ہوں کہ تو پتھر ہے لیکن اگر میں نے اپنے پیارے صلی اللہ علیہ وسلم کو تجھے بوسہ دیتے اور چومتے نہ دیکھا ہوتا تو میں تجھے نہ چومتا نہ بوسہ دیتا۔ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ ۔

حضرت عمرؓ کا اتباعِ سنت:

یعلی بن منبہ کا بیان ہے میں نے حضرت عمر کے ساتھ طواف کیا جب میں حجر کے متصل دروازہ کے پاس رکن کے قریب پہنچا تو میں نے حضرت عمر کا ہاتھ پکڑ لیا تا کہ آپ بھی چوم لیں۔ حضرت عمر نے فرمایا کیا تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ طواف نہیں کیا میں نے جواب دیا کیوں نہیں حضرت عمر نے فرمایا تو کیا تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کو چومتے دیکھا ہے میں نے کہا نہیں۔ فرمایا تو پھر اپنے سے اس کو دور رکھو لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ ۔ (تفسیر مظہری)

وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ ۙ قَالُوْا هٰذَا مَا

اور جب دیکھی مسلمانوں نے فوجیں بولے یہ وہی ہے جو

وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۡ

وعدہ دیا تھا ہم کو اللہ نے اور اُس کے رسول نے اور سچ کہا اللہ نے اور اُس کے رسول نے

وَمَا زَادَهُمْ اِلَّآ اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا

اور اُن کو اور بڑھ گیا یقین اور اطاعت کرنا

مخلص مسلمانوں کی شان:

یعنی پکے مسلمانوں نے جب دیکھا کہ کفر کی فوجیں اکٹھی ہو کر چاروں طرف سے ٹوٹ پڑی ہیں تو بجائے مذبذب یا پریشان ہونے کے اُن کی اطاعت شعاری کا جذبہ اور اُن کا یقین اللہ و رسول کے وعدوں پر اور زیادہ بڑھ گیا۔ وہ کہنے لگے کہ یہ تو وہی منظر ہے جس کی خبر اللہ و رسول نے پہلے سے دے رکھی تھی اور جس کے متعلق اُن کا وعدہ ہو چکا تھا جیسا کہ سورۂ بقرہ میں فرمایا اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ (بقرہ رکوع ۲۶) اور سورۂ صٓ میں جو مکیہ ہے فرمایا جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُوْمٌ مِّنَ الْاَحْزَابِ (صٓ۔ رکوع۱) (تفسیر عثمانی)

وَمَا زَادَهُمْ اِلَّآ اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا اور (کافروں کی اس لشکر کشی نے) مومنوں کے ایمان اور تسلیم کو اور پختہ کر دیا۔

ایمان سے مراد ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول کی تصدیق اور تسلیم سے مراد ہے اللہ کے حکم اور تقدیر کے سامنے سر جھکا دینا (اپنے آپ کو امر اور قضاء الٰہی کے سپرد کر دینا) (تفسیر مظہری)

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ۚ فَمِنْهُمْ

ایمان والوں میں کتنے مرد ہیں کہ سچ کر دکھلایا جس بات کا عہد کیا تھا اللہ سے

مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ ۖ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا

پھر کوئی تو اُن میں پورا کر چکا اپنا ذمہ اور کوئی ہے اُن میں راہ دیکھ رہا اور بدلا نہیں ایک ذرہ

مؤمنوں نے اپنا وعدہ سچ کر دکھایا:

یعنی منافقین نے جو عہد کیا تھا پچھلے رکوع میں گزر چکا۔

وَلَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ اُسے توڑ کر بے حیائی کے ساتھ میدانِ جنگ سے ہٹ گئے۔ اُن کے برعکس کتنے پکے مسلمان ہیں جنھوں نے اپنا عہد و پیمان سچا کر دکھلایا۔ بڑی بڑی سختیوں کے وقت دین کی حمایت اور پیغمبرؐ کی رفاقت سے ایک قدم پیچھے نہیں ہٹایا۔ اللہ و رسول کو جو زبان دے چکے تھے، پہاڑ کی طرح اُس پر جمے رہے۔ اُن میں سے کچھ تو وہ ہیں جو اپنا ذمہ پورا کر چکے یعنی جہاد ہی میں جان دے دی جیسے شہدائے بدر و اُحد جن میں سے حضرت انس بن النضر رضی اللہ عنہ کا قصہ بہت مشہور ہے اور بہت مسلمان وہ ہیں جو نہایت اشتیاق کے ساتھ موت فی سبیل اللہ کا انتظار کر رہے ہیں کہ کب کوئی معرکہ پیش آئے جس میں ہمیں بھی شہادت کا مرتبہ نصیب ہو۔ بہرحال دونوں قسم کے مسلمانوں نے (جو اللہ کی راہ میں جان دے چکے، اور جو مشتاق شہادت ہیں اپنے عہد و پیمان کی پوری حفاظت کی اور اپنی بات سے ذرہ بھر نہیں بدلے۔ (فائدہ) حدیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت طلحہؓ کو فرمایا هٰذَا مِمَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ (یہ اُن میں سے ہے جو اپنا ذمہ پورا کر چکے) گویا اُن کو اسی زندگی میں شہید قرار دے دیا۔ یہ وہ بزرگ ہیں جو جنگ اُحد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت کے لئے اپنے ہاتھ پر تیر روکتے رہے حتیٰ کہ ہاتھ شل ہو کر رہ گیا۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ وارضاہ۔ (تفسیر عثمانی)

اللہ کے رسول سے انہوں نے معاہدہ کیا تھا کہ ہم معرکۂ جنگ میں آپ کے ساتھ ثابت قدم رہیں گے اور آپ کی معیت میں کافروں سے لڑیں گے عرب کہتے ہیں صدقنی اس نے مجھ سے سچ کہا۔ صَدَقُوْا بھی اسی محاورہ سے ماخوذ ہے۔ وعدہ پورا کرنے والا اپنے وعدہ کو سچا ثابت کر دیتا ہے (کہ جو کچھ میں نے معاہدہ کیا تھا دیکھو اس کو پورا کر دیا)

فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ پس ان میں سے کچھ لوگوں نے تو اپنی نذر پوری کر دی اور عہد کو کامل طور پر پورا کر دیا اب کئے ہوئے وعدہ کا کوئی بار اس پر باقی نہیں رہا مطلب یہ کہ اس نے جہاد و طاعت پر صبر کیا یہاں تک کہ شہید ہو گیا یا مر گیا۔ نحب کا معنی نذر بھی ہے اور موت بھی

besturdubooks.wordpress.com

وَمَا بَدَّلُوا تَبْدِيلًا اور انہوں نے (کئے ہوئے عہد میں) کسی قسم کی تبدیلی نہیں کی۔

حضرت انس بن النضر کا ایفائے عہد:

شیخین، ترمذی، ابن ابی شیبہ، ابو داؤد۔ ابن سعد اور بغوی نے حضرت انس بن مالک کی روایت سے بیان کیا کہ انس بن مالک کے چچا حضرت انس بن نضر بدر کی لڑائی سے غیر حاضر رہے تھے ان کو یہ بات بڑی تکلیف دہ تھی اس لئے انہوں نے کہا تھا کہ سب سے پہلا معرکہ کہ جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم موجود تھے اور میں غیر حاضر رہا۔ (بڑے افسوس کی بات ہے) آئندہ اگر اللہ نے مشرکوں سے جنگ کرنے میں مجھے حاضر ہونے کی توفیق دی تو میری کارگزاری اللہ دیکھ لے گا چنانچہ احد کے دن جب مسلمانوں کو شکست ہوئی تو حضرت انس بن نضر نے کہا اے اللہ ان لوگوں نے یعنی ساتھیوں نے جو کچھ کیا میں تیرے سامنے اس کا عذر خواہ ہوں اور انہوں نے (یعنی مشرکوں) نے جو کچھ کیا اس سے تیرے سامنے اظہار بیزاری کرتا ہوں کچھ انصار و مہاجرین نے اپنے ہتھیار اپنے ہاتھوں سے پھینک دیئے تھے (اور فکر و غم میں ایک جگہ بیٹھے ہوئے تھے) حضرت ابن نضر ان کے پاس پہنچے اور کہا یہاں آپ لوگ کیوں بیٹھے ہیں صحابہ نے جواب دیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شہید ہو گئے ابن نضر نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد جی کر کیا کرو گے اٹھو اور جس دین کی خاطر رسول اللہ شہید ہوئے تم بھی اسی پر مر جاؤ اس کے بعد مشرکوں کی فوج کی طرف رُخ کر کے چل دیئے اُحد سے ورے حضرت سعد بن معاذ سے ملاقات ہوئی سعد نے کہا میں آپ کے ساتھ ہوں۔

حضرت سعد کا بیان ہے کہ انس کافروں کی طرف متوجہ ہوئے اور وہ کام کیا جو میں نہیں کر سکا۔ (دوسری روایت میں آیا ہے کہ حضرت انس نے کہا اے ابو عمرو) ہا ہا یہ جنت کی ہوا ہے قسم ہے رب نضر کی مجھے احد کے قریب جنت کی ہوا محسوس ہو رہی ہے پھر آگے بڑھے اور اتنا لڑے کہ شہید ہو گئے آپ کے جسم پر تلوار، تیر اور بھالے کی ضربوں کے کچھ اوپر اسی زخم لوگوں نے پائے۔ حضرت انس بن مالک کا بیان ہے آپ کی لاش کو کافروں نے مُثلہ کر دیا تھا (یعنی ناک کان پیشاب گاہ کو کاٹ ڈالا تھا) لوگوں نے لاش کو شناخت بھی نہیں کیا صرف آپ کی بہن بشامہ نے انگلیوں کے پورے دیکھ کر پہچانا۔ ہمارا خیال تھا کہ آیت رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ حضرت انس بن نضر اور ان جیسے لوگوں کے حق میں ہی نازل ہوئی تھی۔ رضی اللہ عنہم

حضرت مصعب بن عمیرؓ:

بغوی کی روایت ہے کہ حضرت خباب بن ارت نے فرمایا ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہجرت کی ہم میں سے بعض لوگ تو چلے گئے (مر گئے) اور اپنی کوشش کا کوئی پھل (دنیا میں) نہ کھا پائے جن میں سے ایک مصعب بن عمیر بھی تھے احد کے دن شہید ہو گئے تو سوا ایک نمدہ کے اتنا کپڑا نہ تھا کہ ہم ان کو کفن دے سکتے نمدہ بھی اتنا تھا کہ سر چھپاتے تھے تو قدم کھلتے تھے اور پاؤں پر ڈالتے تھے تو سر کھلا رہتا تھا حضور نے فرمایا سر پر ڈال دو اور پاؤں کو اذخر (ایک قسم کی گھاس۔ مرچیا گند) سے چھپا دو اور کچھ لوگوں کی کوشش کا پھل پختہ ہو گیا جس کو (دنیا میں) وہ کھا سکے۔

حضرت طلحہ بن عبید اللہ:

ترمذی نے حضرت جابر بن عبداللہ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ (ایک بار) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت طلحہ بن عبید اللہ کو دیکھ کر فرمایا جو شخص پسند کرتا ہو کہ روئے زمین پر (زندہ) چلتے پھرتے ایسے آدمی کو دیکھے جس نے اپنی نذر پوری کر دی ہے (اور جنتی ہو گیا ہے) تو وہ اس کو دیکھ لے۔

بخاری کا بیان ہے کہ قیس بن حازم نے فرمایا میں نے حضرت طلحہؓ کا (ایک) ہاتھ شل دیکھا جنگِ احد کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کافروں کے حملہ سے انہوں نے اس ہاتھ کے ذریعہ محفوظ رکھا تھا (جس کی وجہ سے ہاتھ اتنا زخمی ہو گیا کہ شل ہو گیا)

عیسیٰ بن طلحہ کا بیان ہے میں اور عائشہ بنت طلحہ (یعنی میری بہن) ام المؤمنین حضرت عائشہ کے پاس گئے عائشہ بنت طلحہ حضرت اسماء بنت صدیق اکبر سے کہنے لگی میں آپ سے اور میرے باپ آپ کے باپ سے افضل ہیں حضرت اسماء عائشہ بنت طلحہ کو برا بھلا کہنے لگیں اور بولیں تم مجھ سے افضل ہو حضرت عائشہ نے فرمایا میں تم دونوں کا جھگڑا طے کر دوں دونوں نے کہا کیوں نہیں حضرت عائشہ نے فرمایا ایک بار ابوبکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضور نے فرمایا تم دوزخ سے آزاد ہو اسی روز سے حضرت ابو بکر کا لقب عتیق (آزاد) ہو گیا پھر حضرت طلحہ آئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا طلحہ تم ان لوگوں میں سے ہو جو اپنی نذر پوری کر چکے۔ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ

معاویہؓ راوی ہیں میں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے طلحہ ان لوگوں میں سے ہیں جو اپنی نذر پوری کر چکے۔ (تفسیر مظہری)

لِيَجْزِيَ اللّٰهُ الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ

تا کہ بدلہ دے اللہ سچوں کو اُن کے سچ کا اور عذاب کرے منافقوں پر

اِنْ شَآءَ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا

اگر چاہے یا توبہ ڈالے اُن کے دل پر بیشک اللہ ہے بخشنے والا مہربان

besturdubooks.wordpress.com

عمل کا بدلہ: یعنی جو عہد کے پکے اور قول و قرار کے سچے رہے اُن کو سچ پر جمے رہنے کا بدلہ ملے اور بدعہد دغا باز منافقوں کو چاہے سزا دے اور چاہے توبہ کی توفیق دے کر معاف فرما دے۔ اُس کی مہربانی سے کچھ بعید نہیں۔

وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا
اور پھیر دیا اللہ نے منکروں کو اپنے غصہ میں بھرے ہوئے ہاتھ نہ لگی کچھ بھلائی

کفار کی ذلت و ناکامی: یعنی کفار کا لشکر ذلت و ناکامی سے پیچ و تاب کھاتا اور غصہ سے دانت پیستا ہوا میدان چھوڑ کر واپس ہوا۔ نہ فتح ملی نہ کچھ سامان ہاتھ آیا۔ ہاں عمرو بن عبدوُدّ جیسا اُن کا نامور سوار جسے لوگ ایک ہزار سواروں کے برابر گنتے تھے اس لڑائی میں حضرت علی کرم اللہ وجہ کے ہاتھ سے کھیت رہا۔ مشرکین نے درخواست کی کہ دس ہزار لے کر اُس کی لاش ہمیں دے دی جائے۔ آپ نے فرمایا وہ تم لے جاؤ، ہم مُردوں کا ثمن کھانے والے نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ وَكَانَ اللّٰهُ
اور اپنے اوپر لے لی اللہ نے مسلمانوں کی لڑائی اور ہے اللہ
قَوِيًّا عَزِيْزًا
زور آور زبردست

لڑائی کے بغیر فتح: یعنی مسلمانوں کو عام لڑائی لڑنے کی نوبت نہ آنے دی۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے ہوا کا طوفان اور فرشتوں کا لشکر بھیج کر وہ اثر پیدا کر دیا کہ کفار از خود سراسیمہ اور پریشان حال ہو کر بھاگ گئے۔ اللہ کی زبردست قوت کے سامنے کون ٹھہر سکتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيْزًا اور اللہ ہے قوی غالب یعنی اللہ کا اقتدار قوی ہے وہ اپنے ملک میں جیسا چاہتا ہے کرتا ہے اور (نافرمانوں سے) انتقام لینے میں غالب ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَاَنْزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ
اور اُتار دیا اُن کو جو اُن کے پشت پناہ ہوئے تھے اہل کتاب سے
مِنْ صَيَاصِيْهِمْ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ
اُن کے قلعوں سے اور ڈال دی اُن کے دلوں میں دھاک
فَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ وَتَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا
کتنوں کو تم جان سے مارنے لگے اور کتنوں کو قید کر لیا

یہود بنی قریظہ کی عہد شکنی کی سزا:

یہ یہود بنی قریظہ تھیں مدینہ کے شرقی جانب اُن کا مضبوط قلعہ تھا اور پہلے سے مسلمانوں کے ساتھ صلح کا معاہدہ کئے ہوئے تھے جنگ احزاب کے موقع پر حیی ابن اخطب کے اغواء سے تمام معاہدات بالائے طاق رکھ کر مشرکین کی مدد پر کھڑے ہو گئے اُن میں سے بعض نے مسلمان عورتوں پر بزدلانہ حملہ کرنا چاہا جس کا جواب حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا نے بڑی بہادری سے دیا۔ جب کفار قریش وغیرہ عاجز ہو کر چلے گئے تو بنو قریظہ اپنے مضبوط قلعوں میں جا گھسے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جنگ احزاب سے فارغ ہو کر غسل وغیرہ میں مشغول تھے کہ حضرت جبرئیل تشریف لائے۔ چہرہ پر غبار کا اثر تھا فرمایا۔ یا رسول اللہ! آپ نے ہتھیار اتار دیئے حالانکہ فرشتے ہنوز ہتھیار بند ہیں۔ اللہ کا حکم ہے کہ بنو قریظہ پر حملہ کیا جائے فوراً منادی ہو گئی کہ بنو قریظہ کے بدعہد یہودیوں پر چڑھائی ہے۔ نہایت سُرعت کے ساتھ اسلامی فوج نے اُن کے قلعوں کا محاصرہ کر لیا۔ چوبیس پچیس دن محاصرہ جاری رہا۔ آخر محصورین تاب نہ لا سکے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیام بھیجنے شروع کئے۔ اخیر میں اُن کی طرف سے بات اس پر ٹھہری کہ ہم قلعوں سے باہر آتے ہیں اور "اوس" کے سردار حضرت سعد بن معاذ کو حکم ٹھہراتے ہیں (کیونکہ وہ اُن کے حلیف تھے) جو فیصلہ ہمارے حق میں حضرت سعد کر دیں گے ہم کو منظور ہو گا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی قبول فرما لیا۔ قصہ مختصر حضرت سعد تشریف لائے اور بحیثیت ایک مسلم حکم کے فیصلہ کیا کہ بنی قریظہ کے سب جوان قتل کر دیئے جائیں اور عورتیں لڑکے سب قید غلامی میں لائے جائیں اور اُن کے اموال و جائداد کے مالک مہاجرین ہوں خدا اور رسول کی مرضی اور اُن کی بدعہدی کی سزا یہی تھی۔ اور یہ فیصلہ ٹھیک اُن کی مسلمہ آسمانی کتاب "تورات" کے موافق تھا۔ چنانچہ تورات کتاب استثناء اصحاح ۲۰ آیت ۱۰ میں ہے جب کسی شہر پر حملہ کرنے کے لئے تو جائے تو پہلے صلح کا پیغام دے اگر وہ صلح تسلیم کر لیں اور تیرے لئے دروازے کھول دیں تو جتنے لوگ وہاں موجود ہوں سب تیرے غلام ہو جائیں گے لیکن اگر صلح نہ کریں تو تو اُن کا محاصرہ کر اور جب تیرا خدا تجھ کو اُن پر قبضہ دلا دے تو جس قدر مرد ہوں سب کو قتل کر دے۔ باقی بچے، عورتیں، جانور اور جو چیزیں شہر میں موجود ہوں سب تیرے لئے مال غنیمت ہوں گے۔ اس فیصلہ کے مطابق کئی سو یہودی جوان قتل کئے گئے اور کئی سو عورتیں لڑکے قید ہوئے اور اُن کے املاک و اموال پر مسلمانوں کا قبضہ ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

بنو قریظہ کے مقتولین:

وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ وَتَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا اور ان کے دلوں میں (مسلمانوں کا) رعب ڈال دیا چنانچہ ان کے ایک فریق کو تم قتل کر رہے تھے

besturdubooks.wordpress.com

اور ایک فریق کو قید کر رہے تھے۔ یعنی مردوں کو قتل کر رہے تھے اور عورتوں اور بچوں کو قید کر رہے تھے ابن اسحاق کا بیان ہے کہ مردوں کی تعداد چھ سو تھی۔ ترجمۂ سعد بن معاذ میں ابوعمرو نے بھی اسی قول کو اختیار کیا ہے ابن عائذ نے قتادہ کا مرسل قول بیان کیا ہے کہ مرد سات سو تھے۔ سہیل نے کہا زیادہ سے زیادہ بیان کرنے والوں کا قول ہے کہ آٹھ سو اور نو سو کے درمیان تھے ابن حبان نے صحیح سند کے ساتھ بیان کیا ہے کہ چار سو جنگ جو تھے۔ ابن اسحاق نے لکھا ہے کہ ان کی تعداد نو سو بھی بتائی گئی ہے تمام اقوال کے اختلاف باہمی کو دور کرنے کے لئے یہ توجیہ کی جاسکتی ہے کہ جنگ جو چار سو تھے باقی ان کے تابع تھے۔

عورتوں اور بچوں کی تعداد سات سو پچاس یا نو سو تھی۔ سبیل الرشاد میں ذکر کیا گیا ہے کہ ایک ہزار تھے۔ (تفسیر مظہری)

وَاَوْرَثَكُمْ اَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ

اور تم کو دلائی اُن کی زمین اور اُن کے گھر اور اُن کے مال

وَاَرْضًا لَّمْ تَطَئُوْهَا ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا

اور ایک زمین کہ جس پر نہیں پھیرے تم نے اپنے قدم، اور ہے اللہ سب کچھ کر سکتا

یہودیوں کی زمینیں:

یہ زمین جو مدینہ کے قریب ہاتھ لگی حضرت نے مہاجرین پر تقسیم کر دی۔ اُن کے گزران کا ٹھکانا ہو گیا اور انصار پر سے اُن کا خرچ ہلکا ہوا۔ اور دوسری زمین سے مراد خیبر کی زمین ہے جو اس کے دو برس بعد ہاتھ لگی اُس سے حضرت کے سب اصحاب آسودہ ہو گئے بعض کہتے ہیں کہ یہ دوسری زمین مکہ کی ہے بعض نے فارس و روم کی زمینیں مُراد لی ہیں جو آپ کے بعد خلفاء کے ہاتھوں سے فتح ہوئیں اور بعض کہتے ہیں کہ قیامت تک جو زمینیں فتح کی جائیں سب اس میں شامل ہیں واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

غزوۂ بنی قریظہ کا واقعہ:

محمد بن عمر نے اپنے شیوخ کی سند سے بیان کیا ہے کہ جب مشرک خندق سے واپس چلے گئے تو بنی قریظہ کو (اپنے تنہا رہ جانے کی وجہ سے) بڑا خوف ہوا۔

امام احمد اور شیخین نے مختصر طور پر اور بیہقی و حاکم نے صحیح سند سے تفصیل کے ساتھ حضرت عائشہ کی روایت سے بیان کیا۔ ابونعیم اور بیہقی نے دوسری سند سے بھی یہ واقعہ نقل کیا۔ ابن عابد نے حمید بن ہلال کے واسطہ سے بیان کیا۔

خندق سے واپسی:

ابن جریر نے حضرت ابن ابی اوفی کی روایت سے اور بیہقی نے عروہ کے حوالہ سے اور ابن سعد نے ماجشون و یزید بن اصم کی وساطت سے بیان کیا نیز محمد بن عمر نے اپنے شیوخ کے سلسلہ سے یہ واقعہ اس طرح بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمان جب تھکے ہارے خندق سے لوٹے تو ہتھیار کھول دیئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عائشہ کے مکان میں تشریف لے گئے اور پانی طلب کر کے سر دھونے لگے۔ بغوی نے لکھا ہے کہ حضور حضرت زینب بنت جحش کے مکان میں تشریف لے گئے اور حضرت زینب آپ کا سر دھونے لگیں اور ایک طرف کا سر دھو بھی دیا تھا۔

فرشتے کی آواز:

حضرت عائشہ کا بیان ہے کہ (باہر) کسی شخص نے ہم کو سلام کیا ہم گھر کے اندر تھے۔

محمد بن عمر نے کہا وہ شخص جنازوں کے رکھنے کے مقام میں کھڑا تھا اس نے پکار کر کہا اے جنگ کرنے والے (ہتھیار کھول دینے کا) تمہارے پاس کیا عذر ہے حضور آواز سنتے ہی گھبرا کر اچھل پڑے اور یک دم تیزی سے کود (کر باہر نکل گئے میں بھی آپ کے پیچھے کھڑی ہو گئی اور کیواڑوں کے سوراخ میں سے دیکھنے لگی مجھے دحیہ کلبی کی صورت نظر آئی جو اپنے سر سے غبار جھاڑ رہے تھے۔

ابن اسحاق نے کہا وہ شخص عمامہ لپیٹے ہوئے تھا۔ اس شخص نے کہا اے اللہ کے رسول آپ نے بہت جلد ہتھیار کھول دیئے اللہ آپ کو معاف فرمائے آپ نے ہتھیار کھول کر رکھ دیئے حالاں کہ جب سے دشمن اترا ہے ملائکہ نے اس وقت سے اب تک اسلحہ نہیں کھولے دوسری روایت میں ہے چالیس دن سے ملائکہ نے اسلحہ نہیں کھولے۔ ہم نے حمراء الاسد تک ان کا تعاقب کیا اس وقت انہیں کے تعاقب سے لوٹ کر آئے ہیں اللہ نے ان کو بھگا دیا اور آپ کو حکم دیا ہے کہ بنی قریظہ سے جا کر جنگ کرو۔ میں اپنے ساتھ والے ملائکہ کو لے کر انہیں کی طرف جا رہا ہوں تا کہ ان کے قلعوں میں زلزلہ پیدا کر دوں۔ آپ بھی لوگوں کو لے کر نکل کر (میرے بعد) آیئے۔

فقط حملہ کی دیر ہے:

حمید بن ہلال کی روایت میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے ساتھی تھک چکے ہیں اگر آپ چند روز کی انہیں مہلت دے دیں تو بہتر ہے۔ جبرئیل نے کہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اُٹھ کر ان پر چڑھائی تو کریں میں ان کو اس طرح دے پٹکوں گا جیسے انڈا پتھر کی چٹان پر پٹکا جاتا ہے پھر ان کو ہلا ڈالوں گا (یعنی قلعوں سے باہر نکل پڑنے پر مجبور کر دوں گا اور ان کے دلوں میں رعب ڈال دوں گا۔)

حضرت عائشہ کا بیان ہے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اندر تشریف لائے تو میں نے عرض کیا آپ جس شخص سے باتیں کر رہے تھے وہ کون تھا۔ فرمایا کیا تم نے اس کو دیکھا تھا میں نے عرض کیا جی ہاں۔ فرمایا تمہارے خیال

besturdubooks.wordpress.com

میں اس کی شکل کس کے مشابہ تھی۔ میں نے عرض کیا دحیہ کلبی کے مشابہ تھی۔ فرمایا وہ جبرئیل تھے انہوں نے مجھے حکم دیا کہ بنی قریظہ کی طرف جاؤں۔

فرشتوں سے اٹھتا ہوا غبار:

حمید کا بیان ہے کہ پھر جبرئیل اور ان کے ساتھ کے ملائکہ پشت پھیر کر چل دیئے یہاں تک کہ بنی غنم کے کوچوں میں (ان کی رفتار سے اٹھا ہوا) غبار اڑنے لگا۔ بخاری کی روایت ہے کہ حضرت انس نے فرمایا گویا اٹھتا ہوا غبار اب بھی میری آنکھوں کے سامنے ہے۔

حملے کا اعلان:

قتادہ نے ابن عابد کی روایت کے بموجب بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس روز ایک منادی کو (مسلمانوں کی بستیوں میں) یہ ندا کرنے کے لئے بھیج دیا اے سواران خدا سوار ہو جاؤ اور حضرت بلال کو اعلان کرنے کا حکم دیا کہ جو سننے والے فرمان بردار ہوں ان کو عصر کی نماز بنی قریظہ تک پہنچنے سے پہلے نہ پڑھنی چاہئے (یعنی ہر شخص پر لازم ہے کہ عصر کی نماز بنی قریظہ کی بستی میں پہنچ کر ہی پڑھے) شیخین نے حضرت ابن عمر کی روایت سے بیہقی نے حضرت عائشہ اور ابن عقبہ کی روایت سے اور طبرانی نے حضرت کعب بن مالک کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ سے فرمایا میں تم کو تاکیدی حکم دیتا ہوں کہ عصر کی نماز (بنی قریظہ کی بستی تک پہنچنے سے پہلے کہیں) نہ پڑھنا۔ مسلم نے حضرت ابن عمر کی روایت سے لکھا ہے کہ حضور نے ظہر کی نماز کے متعلق حکم دیا تھا چنانچہ راستہ میں جب عصر کی نماز یا حسب روایت مسلم ظہر کی نماز کا وقت آ گیا تو بعض لوگوں نے کہا ہم تو بنی قریظہ میں پہنچ کر عصر کی نماز پڑھیں گے اس سے پہلے نہیں پڑھیں گے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو تاکیدی حکم دیا ہے (اگر نماز میں تاخیر ہو گئی تو ہم پر کوئی گناہ نہ ہوگا۔ غروب آفتاب کے بعد جب بنی قریظہ میں پہنچے تو ان لوگوں نے عصر کی نماز پڑھی۔ کچھ لوگوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصد یہ نہ تھا کہ ہم نماز نہ پڑھیں (بلکہ جلد پہنچنے کی تاکید مقصود تھی) اس لئے ہم تو راستہ میں ہی نماز پڑھیں گے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی اطلاع پہنچ گئی مگر آپ نے کسی فریق کو تنبیہ نہیں کی۔

مسئلہ: اس حدیث سے مستفاد ہوتا ہے کہ مجتہد سے اگر اجتہاد میں غلطی ہو جائے تب بھی وہ گناہگار نہ ہوگا دیکھو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دونوں فریقوں میں کسی پر درشتی نہیں کرتے۔ جس نے راستہ میں نماز پڑھ لی اس کو بھی برا نہیں کہا اور جس نے پہنچ کر (مغرب ہونے کے بعد) پڑھی اس کو بھی تنبیہ نہیں کی۔

صاحب زاد المعاد نے لکھا ہے کہ ہر فریق نیت کے مطابق ثواب کا حقدار ہو گیا لیکن جس فریق نے راستہ میں نماز پڑھ لی اس کو دوہرا ثواب ہوا ایک بروقت نماز پڑھنے کا اور دوسرا تعمیل حکم میں تیزی کرنے کا۔ کیونکہ بنی قریظہ میں پہنچنے سے پہلے نماز نہ پڑھنے کے حکم کا مقصد ہی یہی تھا کہ تعمیل حکم میں تاخیر نہ کی جائے۔

جھنڈا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کو طلب فرمایا اور اپنا جھنڈا ان کے سپرد کر دیا۔ خندق سے واپسی کے بعد سے جھنڈا کھولا نہیں گیا تھا۔

غزوہ بنو قریظہ کب ہوا:

محمد بن عمرو اور ابن ہشام و بلاذری کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن ام مکتوب کو مدینہ کا حاکم (اپنی جگہ) بنایا۔ محمد بن عمر کا قول ہے کہ ۲۳ ذی القعدہ کو مدینہ سے برآمد ہوئے۔ بغوی نے کہا یہ واقعہ ۵ھ کا ہے۔ حضور والا نے ہتھیار لگائے زرہ پہنی خود اوڑھا بھالا ہاتھ میں لیا ڈھال گلے میں لٹکائی اور نحیف گھوڑے پر سوار ہو گئے جلو میں صحابہ نے گھیرا ڈال لیا جو مسلح تھے گھوڑوں پر سوار تھے اور تعداد میں چھتیس تھے۔ یہ سوار اور پیادے آپ کے گرداگرد تھے اس شان سے صحابہ کے ہجوم میں آپ روانہ ہو گئے۔

ابن سعد کی روایت کے بموجب ہم رکاب صحابی تین ہزار تھے۔

مسئلہ: اس قصہ سے ثابت ہوتا ہے کہ ماہ حرام میں ابتداء جہاد جائز ہے (کیونکہ خیبر کا واقعہ ذی القعدہ کے آخر کا ہے) لیکن حجۃ الوداع کے خطبہ میں حضور نے ماہ حرام میں قتال کی ممانعت فرما دی تھی مگر یہ ممانعت اباحت کے بعد ہوئی تھی (فتح مکہ کا واقعہ فتح خیبر کے بعد کا ہے) یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ جس طرح حرم مکہ میں ایک ساعت کے لئے حضور کے لئے خصوصیت کے ساتھ قتال حلال کر دیا گیا تھا اسی طرح آپ کے لئے خصوصیت کے ساتھ خیبر کی فتح کے موقع پر بھی ماہ حرام میں جہاد کو مباح کر دیا گیا۔ یہ بھی توجیہ ہو سکتی ہے کہ یہ ابتداء جنگ نہ تھی بلکہ لڑائی کی ابتداء بنی قریظہ کی طرف سے ہو چکی تھی انہوں نے لڑائی میں قریش کی مدد اس سے پہلے کی تھی۔ واللہ اعلم۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری:

طبرانی نے حضرت ابو رافع و ابن عباس کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بنی قریظہ پر (یعنی ان کی بستی کے قریب) پہنچے تو ایک برہنہ پشت گدھے پر جس کا نام یعفور تھا سوار ہو گئے۔ لوگ آپ کے گرداگرد تھے۔

جبرئیل کی سواری اور بنی نجار کو حکم:

حاکم بیہقی اور ابو نعیم نے حضرت عائشہ کی روایت سے نیز محمد بن عمر اور ابن اسحاق نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صورین کی طرف سے گزرے وہاں بنی نجار کے کچھ لوگ جمع تھے جن میں حارثہ بن نعمان بھی تھے سب مسلح اور صف بند تھے۔

حضور نے دریافت کیا کیا تمہاری طرف سے کوئی گزرا تھا۔ انصار نے کہا جی ہاں دحیہ کلبی خچر پر سوار ادھر سے گزرے تھے۔ خچر پر دبیز ریشم کی جھول بھی پڑی تھی

besturdubooks.wordpress.com

ہم کو حکم دیئے گئے تھے کہ ہم بھی ہتھیار اٹھالیں (مسلح ہو جائیں) چنانچہ ہم مسلح اور صف بند ہو گئے وہ یہ بھی کہہ گئے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی ابھی برآمد ہونے والے ہیں۔ حارثہ بن نعمان نے بیان کیا ہم نے دو صفیں بنالی تھیں۔ حضور نے فرمایا وہ جبرئیل تھے جن کو بنی قریظہ کی طرف ان کے قلعوں میں زلزلہ برپا کرنے اور ان کے دلوں میں رعب ڈالنے کے لئے بھیجا گیا ہے۔ حضرت علی کچھ مہاجرین و انصار کی جماعت کو لے کر پہلے آ گئے تھے انہیں میں حضرت ابوقتادہ بھی تھے۔

بنی قریظہ کی گالیاں:

محمد بن عمر کی روایت ہے کہ حضرت ابوقتادہ نے فرمایا جب ہم بنی قریظہ پر پہنچے تو ہم نے محسوس کیا کہ ان لوگوں کو لڑائی کا یقین ہو چکا ہے۔ حضرت علی نے جا کر قلعہ کی جڑ میں جھنڈا گاڑ دیا ان لوگوں نے اپنی گڑھیوں کے اندر سے ہی گالیوں سے ہمارا استقبال کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی بیویوں کو گالیاں دینے لگے مگر ہم خاموش رہے اور ہم نے کہہ دیا ہمارا تمہارا فیصلہ تلوار سے ہوگا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی پہنچ گئے اور ان کے قلعہ کے قریب بنی قریظہ کے پتھریلے میدان کے نشیبی جانب چاہ آنا پر نزول فرمایا۔ حضرت علی نے حضور کو دیکھا تو مجھے حکم دیا کہ میں جھنڈا پکڑ لوں۔ میں نے جھنڈا پکڑ لیا حضرت علی کو یہ بات پسند نہیں تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کان میں ان لوگوں کی گالیاں اور گندے الفاظ پہنچیں اس لئے عرض کیا یارسول اللہ اگر آپ ان خبیثوں کے قریب نہ پہنچیں تو کچھ حرج نہیں ہے حضور نے فرمایا کیا تم مجھے واپس جانے کا مشورہ دے رہے ہو میرا خیال ہے کہ تم نے ان کی طرف سے کچھ گندے الفاظ سن لئے ہیں۔ حضرت علی نے کہا جی ہاں۔ فرمایا اگر وہ مجھے دیکھ لیتے تو کچھ بھی اس طرح کی بات نہ کہتے۔

یہود کی کہہ مکرنیاں:

غرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آگے بڑھے آگے آگے اسید بن حضیر تھے اسید نے کہا اے اللہ کے دشمنو جب تک تم بھوکے نہ مر جاؤ گے ہم تمہارے قلعوں سے نہیں ہٹیں گے (یعنی رسد نہ ملنے کی وجہ سے تم بھوکے مر جاؤ گے ہم محاصرہ نہیں اٹھائیں گے) تم (اس وقت) ایسے (گڑھیوں میں محصور اور بند) ہو جیسے بھٹ کے اندر لومڑی بنی قریظہ نے کہا اے بن حضیر خزرج کے مقابلہ میں ہم نے تم سے معاہدہ کیا تھا (ہم تمہارے حلیف تھے) حضرت اسید نے کہا اب میرے تمہارے درمیان نہ کوئی معاہدہ باقی ہے اور نہ رشتہ۔

(اس کے بعد) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (یہودیوں کی گڑھی کے) قریب پہنچ گئے اور اتنی اونچی آواز سے یہودیوں کے کچھ سرداروں کو پکارا کہ انہوں نے آواز سن لی اور فرمایا اے بندروں اور سوروں کے بھائیو اور اے بتوں (یا شیطان) کی پرستش کرنے والو جواب دو کیا اللہ نے تم کو رسوا کر دیا اور تم پر اپنا عذاب نازل فرما دیا۔ کیا تم مجھے گالیاں دیتے ہو (اندرون حصن سے) ان لوگوں نے قسمیں کھا کر کہا ابوالقاسم ہم نے ایسا نہیں کیا آپ تو جاہل نہیں ہیں دوسری روایت میں جاہل کی جگہ فحش گو کا لفظ آیا ہے۔

چھواروں کا کھانا:

شام کو مسلمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جمع ہو گئے۔ حضرت سعد بن عبادہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے چھواروں کی کچھ بوریاں بھیج دیں یہی اس روز سب کا کھانا ہوا حضور اقدس نے فرمایا چھوارے اچھا طعام ہیں۔

محاصرہ کا آغاز: صبح کو رسول اللہ سحر سے اٹھ گئے اور تیراندازوں کو آگے بھیج دیا۔ تیراندازوں نے جا کر یہودیوں کے قلعوں کا محاصرہ کر لیا اور تیر چلانا اور پتھر پھینکنا شروع کر دیا۔ قلعوں کے اندر سے یہودی بھی تیر اور پتھر پھینکتے رہے۔ دن اسی طرح گزر گیا جب شام ہو گئی تو رات بھر مسلمان قلعوں کا محاصرہ کئے رہے اور باری باری سے ڈیوٹی دیتے رہے۔

یہودیوں کو اپنی ہلاکت کا یقین:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے مطابق مسلمانوں کی طرف سے تیر افگنی برابر جاری رہی یہاں تک کہ یہودیوں کو اپنی ہلاکت کا یقین ہو گیا اور انہوں نے تیر افگنی چھوڑ دی اور مسلمانوں سے کہا (لڑائی بند کرو) ہم تم سے کچھ گفتگو کرنی چاہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہتر ہے یہودیوں نے گڑھی کے اوپر سے نباش بن قیس کو اتار کر بھیجا۔ نباش نے آ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بات چیت کی اور یہ شرط پیش کی کہ جن شرائط پر بنی نضیر نے صلح کی تھی ہم بھی انہی شرائط پر صلح کرنا چاہتے ہیں۔ شرائط یہ ہیں کہ اپنا مال (نقد جنس وغیرہ) اور اسلحہ لے جائیں گے اور عورتوں اور بچوں سمیت تمہاری بستیاں چھوڑ جائیں گے اور سوا اسلحہ کے باقی مال جتنا اونٹوں پر لادا جائے گا لادھ کر لے جائیں گے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انکار کر دیا یہودیوں نے کہا تو خیر ہم کو مال کی ضرورت نہیں ہم مال نہیں لے جائیں گے البتہ عورتوں اور بچوں کو اپنے ساتھ بحفاظت لے جائیں گے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ شرط ماننے سے بھی انکار کر دیا اور فرمایا بلاشرط تم کو گڑھیوں سے اتر آنا ہوگا۔ ہم جو فیصلہ کر دیں گے اس کو ماننا پڑے گا۔ نباش یہ جواب لے کر بنی قریظہ کے پاس لوٹ گیا۔ اور قوم سے جا کر جو گفتگو ہوئی ہو نقل کر دی۔

کعب بن اسد کی حق پرستانہ تجویز:

کعب بن اسد نے کہا اے گروہ بنی قریظہ جو مصیبت تم پر نازل ہوئی ہے وہ تمہاری نظروں کے سامنے ہے۔ اب میں تین باتیں تمہارے سامنے رکھتا ہوں

besturdubooks.wordpress.com

تم ان میں سے جو چاہو اختیار کرلو بنی قریظہ نے کہا وہ باتیں کون سی ہیں۔ کعب نے کہا یہ ہے کہ تم اس شخص کی بیعت کرلو اور اس کو سچا مان لو کیوں کہ بخدا یہ وہی نبی مرسل ہے جس کا ذکر تمہاری کتاب میں موجود ہے یہ بات تمہارے سامنے واضح طور پر آ چکی ہے اس صورت میں تمہاری جانیں اور مال اور عورتیں محفوظ رہیں گی۔ بخدا تم خوب جانتے ہو کہ محمد نبی ہیں ہم کو ان کا ساتھی ہونے سے سواء اس حسد کے اور کوئی امر مانع نہیں تھا کہ یہ عرب میں سے ہیں۔ بنی اسرائیل میں سے نہیں ہیں مگر اللہ نے یہ مقام (نبوت) ان کو عطا فرما دیا مجھے عہد شکنی اور وعدہ کی خلاف ورزی پہلے ہی پسند نہ تھی لیکن یہ مصیبت اور نحوست اس شخص (یعنی حُیّ بن اخطب) کی وجہ سے آئی جو بیٹھا ہوا ہے۔ جب قریش اور بنی غطفان واپس چلے گئے تو حُیّ کعب بن اسد سے کئے ہوئے وعدہ کے مطابق بنی قریظہ کے پاس قلعہ میں آ گیا تھا۔ (اسی کی طرف کعب نے اشارہ کیا) کیا ابن ہو اس کی بات تم کو یاد ہے جو اس نے تم سے کہی تھی یہودیوں نے پوچھا کیا کہا تھا۔ کعب نے جواب دیا ابن ہو اس نے کہا تھا کہ اس بستی میں ایک نبی کا خروج ہوگا اگر میری زندگی میں اس کا خروج ہو گیا تو میں اس کا پیروی اور مدد کروں گا اور اگر میرے بعد وہ پیدا ہوا تو تم اس کا اتباع کرنا۔ خبردار کسی کے بہکاوے میں نہ آ جانا اس کے مددگار اور دوست رہنا اگر تم ایسا کرو گے تو دونوں کتابوں پر تمہارا ایمان ہو جائے گا اول کتاب پر بھی اور آخری کتاب پر بھی۔ ان کو میرا اسلام کہہ دینا اور بتا دینا کہ میں ان کو سچا جانتا ہوں اور ان پر ایمان رکھتا ہوں۔

کعب نے کہا (اے معشر یہود) آؤ ہم اس سے بیعت کرلیں اور اس کے سچے ہونے کا اعتراف کرلیں۔

قوم یہود کا انکار: بنی قریظہ نے کہا ہم توریت کا حکم تو کبھی نہیں چھوڑیں گے۔ اور شریعت توریت کی بجائے دوسری شریعت کو نہیں اختیار کریں گے۔

کعب کی دوسری تجویز:

کعب نے کہا جب تم یہ بات نہیں مانتے تو آؤ ہم پہلے اپنے بیوی بچوں کو قتل کر دیں پھر محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے ساتھیوں کے مقابلہ میں تلواریں سونت کر نکل آئیں یہاں تک کہ اللہ ہمارا اور محمد کا فیصلہ کر دیں اگر ایسی حالت میں مر جائیں گے تو اپنے پیچھے کسی کو چھوڑ کر نہیں جائیں گے کہ ہمیں اس کے متعلق اندیشہ ہو اور اگر غالب آ جائیں گے تو یقیناً ہم کو اور بیویاں اور بچے مل جائیں گے یہودیوں نے کہا ہم ان بے چاروں کو کیسے قتل کر سکتے ہیں ان کے بعد جینے میں کیا لذت رہ جائے گی۔ کعب نے کہا جب یہ بات بھی تم تسلیم نہیں کرتے تو یہ سمجھ لو کہ آج شنبہ کی رات ہے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے ساتھی بے فکر ہوں گے اگر یہودی آج حملہ نہیں کر سکتے) تم نیچے اترو ممکن ہے غفلت کی حالت میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے ساتھیوں پر حملہ کرنے میں ہم کو کامیابی مل جائے۔ یہودیوں نے جواب دیا ہم یوم السبت (کے حکم) کو بگاڑ نہیں سکتے تم جانتے ہو کہ ہم سے پہلے (ہمارے اسلاف میں سے) جن لوگوں نے یوم السبت میں بدعت (خلاف شرع حرکت) کی تھی ان پر کیسا مسخ شکل کا عذاب آیا تھا اس لئے ہم ایسی حرکت نہیں کر سکتے کہ ہم پر بھی وہ عذاب آ جائے۔ کعب نے کہا تم میں سے کوئی بھی جب سے ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہے اب تک ایک دن کے لئے بھی کبھی سمجھدار (دانشمند) نہیں ہوا۔ (تفسیر مظہری)

ثعلبہ اور اسید کی تقریر اور اسلام:

ثعلبہ بن سعید اور اسید بن سعید اور اسد بن عبید نے کہا (یہ خاندان نہ تو بنی قریظہ میں سے تھے نہ بنی نضیر میں سے بلکہ ہذیل میں سے تھے اوپر کسی جگہ بنی قریظہ سے ان کا رشتہ ملتا ہے) اے گروہ بنی قریظہ بخدا تم خوب جانتے ہو کہ یہ اللہ کے رسول ہیں اور ان کا حلیہ اور اوصاف ہمارے پاس (ہماری کتابوں میں) موجود ہیں جو ہمارے علماء اور بنی نضیر کے علماء بیان کرتے رہے ہیں۔ ابن ہیبان ہمارے نزدیک بڑا سچا آدمی تھا یہ حیی بن اخطب جو بنی نضیر کا اول شخص ہے اس کے حالات سے واقف ہے اس نے مرتے وقت اللہ کے رسولؐ کے صفات (حلیہ اخلاق وغیرہ) بیان کئے تھے۔ بنی قریظہ نے کہا ہم (شریعت) توریت کو نہیں چھوڑیں گے جب ثعلبہ اور اسید وغیرہ نے دیکھا کہ بنی قریظہ نے ان کی بات نہیں مانی تو اسی تاریخ کو صبح ہوتے ہی گڑھی سے اتر گئے اور جا کر مسلمان ہو گئے اور اپنی جانوں مالوں اور اہل و عیال کو محفوظ کرلیا۔

عمرو بن مسعود نے عہد پورا کیا:

عمرو بن مسعود نے کہا اے گروہ یہود تم نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے جن باتوں پر قسم معاہدہ کیا تھا اس سے تم واقف ہو تم نے اس معاہدہ کو توڑ دیا میں تمہارا شریک نہ تھا نہ معاہدہ میں داخل تھا نہ معاہدہ شکنی میں۔ اب اگر (مسلمان ہونے سے) تم انکار کرتے ہو تو جزیہ قبول کرو اور یہودیت پر قائم رہو۔ بنی قریظہ نے کہا ہم عرب کو جزیہ دینے کا بار اپنی گردنوں پر نہیں لیں گے اس سے تو قتل ہو جانا بہتر ہے۔ عمرو نے کہا تو میں تم سے الگ ہوں یہ کہہ کر اسی رات سعیہ کے دونوں بیٹوں کے ساتھ نکل کر چلا گیا۔ اسلامی لشکر کے محافظوں کے کمانڈر محمد بن مسلمہ تھے عمرو بن مسعود جب یہودیوں کے پاس سے نکل کر اسلامی لشکر کے محافظوں تک پہنچا تو محمد بن مسلمہ نے کہا کون ہے عمرو بن مسعود نے کہا عمرو بن مسعود۔ محمد بن مسلمہ نے کہا اے اللہ مجھے عزت والوں کی صحبت سے محروم نہ کرنا پھر (عمرو کو داخلہ کی اجازت دے دی) راستہ چھوڑ دیا عمرو آ گیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد تک پہنچ گیا اور وہیں رات گزاری صبح ہوئی تو یہ کسی کو معلوم نہ ہوا کہ وہ اس وقت تک کہاں رہا۔

besturdubooks.wordpress.com

بہر حال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے متعلق دریافت کیا گیا۔ حضور نے فرمایا اس آدمی کو اللہ نے وفاءِ عہد کی وجہ سے بچالیا (محفوظ رکھا)

حضرت ابولبابہؓ کا واقعہ:

اہل مغازی کا بیان ہے کہ یہودیوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیام بھیجا کہ ہم ابولبابہ سے اپنے معاملہ میں مشورہ کرنا چاہتے ہیں آپ ان کو ہمارے پاس بھیج دیجئے۔ حضرت ابولبابہ خاندان عمرو بن عوف کے ایک فرد تھے اور یہودی قبیلۂ اوس کے حلیف تھے۔ حضور نے ابولبابہ کو ان کے پاس بھیج دیا ابولبابہ پہنچے تو یہودی مردان کے استقبال کے لئے کھڑے ہو گئے اور عورتوں اور بچوں نے ان کے سامنے رونا شروع کر دیا ابولبابہ کو ان پر رحم آ گیا۔ یہودیوں نے کہا ابولبابہ آپ کی کیا رائے ہے کیا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے کہنے سے ہم گڑھیوں سے اتر آئیں۔ ابولبابہ نے (زبان سے تو) کہا ہاں (لیکن) ہاتھ سے اپنے حلق کی طرف اشارہ کر دیا مراد یہ تھی کہ قتل کر دیئے جاؤ گے حضرت ابو لبابہ کا بیان ہے کہ میں اس جگہ سے ہٹنے بھی نہ پایا تھا کہ مجھے خیال آ گیا کہ میں نے اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ خیانت (بدعہدی) کی۔ حضرت ابولبابہ وہاں سے چل کر سیدھے مسجد میں آئے اور ایک ستون سے اپنے کو بندھوا دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر نہیں ہوئے اور کہنے لگے میں اس جگہ سے نہیں ہٹوں گا یہاں تک کہ مر جاؤں یا جو حرکت مجھ سے ہوئی ہے اللہ اس کو معاف فرما دے۔ میں نے اللہ سے عہد کر لیا ہے کہ بنی قریظہ کی سرزمین پر قدم نہیں رکھوں گا اور جس آبادی میں میں نے اللہ اور اس کے رسول سے بدعہدی کی ہے اس میں کبھی مجھے کوئی نہیں دیکھے گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو میرے جانے کی اور اس عمل کی جو مجھ سے سرزد ہو گیا تھا اطلاع پہنچی تو فرمایا اس کو اس وقت تک یونہی رہنے دو جب تک اللہ اس کے بارے میں کوئی جدید حکم نازل نہ فرما دے وہ اگر میرے پاس آ جاتا تو میں اللہ سے اس کے لئے معافی کی دعا کرتا لیکن جب وہ میرے پاس نہیں آیا اور خود چلا گیا تو اس کا معاملہ اللہ پر چھوڑ دو۔ اسی واقعہ کے سلسلہ میں آیت يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَخُونُوا اللَّهَ وَالرَّسُولَ وَتَخُونُوا أَمَانَاتِكُمْ وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ نازل ہوئی۔ اس کے بعد ابولبابہ کے توبہ قبول ہونے کی وحی رسول اللہ پر نازل ہوئی اس وقت حضور حضرت ام سلمہؓ کے مکان میں تھے حضرت ام سلمہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول کو ہنستے سنا تو عرض کیا یا رسول اللہ اللہ آپ کو ہنستا رکھے آپ کس وجہ سے ہنس رہے ہیں فرمایا ابولبابہ کی توبہ قبول ہو گئی میں نے عرض کیا میں اس کو اس کی بشارت دے دوں فرمایا اگر تم چاہتی ہو (تو ایسا کر لو) میں اُٹھ کر حجرہ کے دروازہ پر پہنچی (یہ واقعہ حکم پردہ نازل ہونے سے پہلے کا ہے) اور کہا ابولبابہ تم کو بشارت ہو اللہ نے تمہاری توبہ قبول فرمائی یہ سنتے ہی لوگ ابولبابہ کو کھولنے کے لئے دوڑ پڑے لیکن ابولبابہ نے کہا نہیں۔ خدا کی قسم (مجھے کوئی نہ کھولے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی مجھے اپنے ہاتھ سے کھولیں تو خیر فجر کی نماز کے لئے حضور آمد ہوئے اور ابولبابہ کی طرف سے گزرے اور ان کو آزاد کیا۔

حضرت فاطمہؓ کی فضیلت:

حماد بن سلمہ نے علی بن زید بن جدعان کی وساطت سے بروایت حضرت علی زین العابدین بن امام حسین بیان کیا کہ حضرت سیدہ فاطمہ زہراء کھولنے کے لئے تشریف لے گئی تھیں تو حضرت ابولبابہ نے کہا میں نے اللہ کی قسم کھائی ہے کہ سوا اللہ کے رسول کے اور کوئی مجھے نہ کھولے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فاطمہ میرا ہی ٹکڑا ہے۔ امام زین العابدین کی یہ روایت مرسل ہے (درمیان کا راوی بیان نہیں کیا گیا اور خود امام زین العابدین صحابی نہیں تھے)

حضرت ابولبابہؓ کا خواب:

ابولبابہ کا بیان ہے جب ہم بنی قریظہ کا محاصرہ کئے ہوئے تھے تو میں نے ایک خواب دیکھا میں نے دیکھا تھا کہ میں بدبودار سیاہ کیچڑ میں اندھ گیا ہوں اور اس کی بدبو سے مرا جاتا ہوں مگر نکل نہیں پاتا۔ پھر میں نے ایک بہتی نہر دیکھی اور اس میں غسل کرنے لگا یہاں تک کہ پاک صاف ہو گیا اور مجھے پاکیزہ خوشبو محسوس ہونے لگی میں نے اس کی تعبیر حضرت ابوبکر صدیق سے دریافت کی۔ حضرت ابوبکر نے فرمایا تم کسی غم آگیں بات میں پھنس جاؤ گے پھر اللہ کشائش عطا فرمادے گا۔ میں جس وقت ستون سے بندھا ہوا تھا اس وقت مجھے حضرت ابوبکر کی بات یاد تھی اس لئے مجھے امید تھی کہ اللہ میری توبہ کی قبولیت نازل فرمادیگا۔

چنانچہ میں مسلسل اسی حالت میں رہا اور تکلیف کی وجہ سے نوبت یہاں تک پہنچ گئی کہ کانوں سے آواز بھی نہیں سنائی دیتی تھی اور رسول اللہ میری حالت دیکھ رہے تھے۔ ابن ہشام کا بیان ہے کہ ابولبابہ چھ رات بندھے رہے ہر نماز کے وقت بیوی آ کر کھول دیتی تھی۔ آپ وضو کر کے نماز پڑھ لیتے تھے۔ بیوی پھر باندھ دیتی تھی۔

ابن عقبہ کا بیان ہے لوگوں کا قول ہے کہ تقریباً بیس رات بندھے رہے بدایہ میں اس کو زیادہ صحیح قول قرار دیا ہے ابن اسحاق نے لکھا ہے کہ پچیس دن بندھے رہے۔ نماز کے وقت یا قضاء حاجت کے لئے بیٹی آ کر کھول دیتی تھی۔ فراغت کے بعد بیٹی دوبارہ باندھ دیتی تھی۔

معلوم ایسا ہوتا ہے کہ کبھی بیوی کھول دیتی ہوگی کبھی بیٹی۔

ابولبابہ کی توبہ کے قبول ہونے کے سلسلہ میں اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی تھی

وَآخَرُونَ اعْتَرَفُوا بِذُنُوبِهِمْ خَلَطُوا عَمَلًا صَالِحًا وَآخَرَ سَيِّئًا
عَسَى اللَّهُ أَن يَتُوبَ عَلَيْهِمْ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ

یہودیوں کی شکست:

بغوی نے لکھا ہے مسلمانوں نے بنی قریظہ کا محاصرہ پچیس روز جاری رکھا یہاں تک کہ محاصرہ کی تکلیف سے وہ تنگ آ گئے اور اللہ نے ان کے دلوں

besturdubooks.wordpress.com

میں رعب ڈال دیا تو اللہ کے رسول کے حکم کے مطابق وہ اتر آئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی مشکیں کسنے کا حکم دے دیا اور محمد بن مسلمہ کو اس خدمت پر مامور فرمایا پھر ان کو ایک طرف کو لے گئے اور عورتوں بچوں کو قلعوں سے باہر لایا گیا اور یہ خدمت عبداللہ بن سلام کے سپرد کی گئی پھر ان کا سامان جمع کیا جس میں پندرہ سو تلواریں تین زرہیں دو ہزار بھالے پندرہ سو چمڑے کی چھوٹی بڑی ڈھالیں بہت سا اثاث البیت بکثرت ظروف اور شراب اور مشی شربت ملا۔ شراب ساری بہادی گئی اس میں سے پانچواں حصہ نہیں نکالا گیا۔ آب کش اونٹوں کی کافی تعداد اور مویشی بکثرت دست یاب ہوئے۔ یہ سب مال جمع کیا گیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک گوشہ میں جا کر بیٹھ گئے۔

قبیلہ اوس کی سفارش:

پھر قبیلۂ اوس والے قریب آئے اور انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ ہمارے حلیف ہیں خزرج کے حلیف نہیں ہیں۔ آپ جانتے ہیں کہ ابن ابی (سردار خزرج) کے حلیفوں یعنی بنی قینقاع کے معاملہ میں آپ نے کیا سلوک کیا۔ خزرج کی وجہ سے تین سو غیر مسلح اور چار سو زرہ پوش لوگوں کو آپ نے معاف کر دیا۔ اب ہمارے حلیف بھی اپنی گذشتہ عہد شکنی پر پشیمان ہیں ان کو ہماری وجہ سے معاف فرما دیجئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے کوئی بات نہیں کی۔ (تفسیر مظہری)

حضرت سعد کا بطورِ جج تقرر:

اوس والوں نے جب زیادہ اصرار کیا تو فرمایا کیا تم اس بات کو پسند نہیں کرو گے کہ یہ فیصلہ تمہارے ہی ایک آدمی کے سپرد کر دیا جائے۔ اوس والوں نے کہا کیوں نہیں۔ حضور نے فرمایا تو فیصلہ سعد بن معاذ کے سپرد ہے۔ ابن عقبہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میرے صحابہ میں سے جس شخص کا چاہو (اس فیصلہ کے لئے) انتخاب کر لو۔ سفارش کرنے والوں نے حضرت سعد بن معاذ کو منتخب کر لیا۔

ایک مسلمان عورت تھی جس کو رفیدہ کہا جاتا تھا وہ زخمیوں کا علاج کرتی تھی اور جس زخمی کا کوئی دیکھ بھال کرنے والا تیمار دار نہیں ہوتا تھا بامید ثواب اس کی خدمت خود کرتی تھی۔ اس کا خیمہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے مسجد کے اندر لگا دیا گیا تھا اور حضرت سعد جب جنگ خندق میں زخمی ہو گئے تھے تو حضور نے حکم دے دیا تھا کہ سعد کو رفیدہ کے خیمہ میں رکھو تا کہ قریب سے میں ان کی عیادت اور خبر گیری کر سکوں چنانچہ اس محاصرہ کے زمانہ میں حضرت سعد مسجد کے اندر رفیدہ کے ڈیرے میں مقیم تھے جب حضور نے حضرت سعد کو بنی قریظہ کے معاملہ کا جج بنا دیا تو یہیں رفیدہ کے خیمہ میں قبیلۂ اوس والے حضرت سعد کے پاس آئے اور آپ کو ایک عربی گدھے پر سوار کیا گدھے پر ریشوں سے بنا ہوا چار جامہ رکھا گیا تھا اور چار جامہ کے اوپر ایک کمبل ڈال دیا گیا تھا گدھے کی لگام بھی کھجور کے ریشوں کی تھی حضرت سعد جسم دار آدمی تھے قبیلہ اوس والے آپ کو اپنے گھیرے میں لے کر چلے۔ راستہ میں حضرت سعد سے کہنے لگے ابو عمرو اللہ کے رسول نے آپ کے بھائیوں (یعنی حلیفوں) کا معاملہ آپ کے سپرد کر دیا ہے تا کہ آپ ان کے معاملہ میں اچھا سلوک کریں اس لئے آپ بھی ان کے ساتھ بھلائی کریں (یعنی سخت فیصلہ نہ کریں) آپ دیکھ چکے ہیں کہ ابن ابی نے اپنے حلیفوں کے ساتھ کیسا اچھا سلوک کیا تھا۔ یہ لوگ حضرت سعد سے بہت زیادہ سفارش کرتے رہے مگر آپ خاموش تھے کوئی بات زبان سے نہیں نکال رہے تھے آخر جب ان لوگوں نے زیادہ زور دیا تو آپ نے فرمایا اب سعد کے لئے وقت آ گیا ہے کہ اللہ کے معاملہ میں کسی ملامت گر کے برا کہنے کی اس کو پرواہ نہ ہو یہ سن کر ضحاک بن خلیفہ بن ثعلبہ انصاری اور دوسرے لوگ بول اٹھے۔ افسوس قوم والوں کی تباہی آ گئی سعد کے منہ سے نکلی ہوئی بات ابھی اوس والوں کو پہنچی بھی نہ تھی کہ ضحاک نے ان کو جا کر بنی قریظہ کی موت کی (یعنی فیصلۂ موت کی) اطلاع دے دی صحیحین میں آیا ہے کہ جب حضرت سعد مسجد کے قریب پہنچے یعنی اس مسجد کے قریب پہنچے جو محاصرہ کے زمانہ میں بنی قریظہ کے احاطہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کے لئے تیار کرائی تھی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے سردار کے (استقبال) لئے اٹھو۔ دوسری روایت میں آیا ہے کہ اپنے بہترین (سب سے اچھے) آدمی کے لینے کے لئے اٹھو مہاجرین قریش کے نزدیک یہ خطاب صرف انصار کو تھا اور انصار کہتے تھے رسول اللہ کا یہ خطاب تمام مسلمانوں کو تھا۔ امام احمد کی روایت میں آیا ہے کہ حضور نے فرمایا اپنے سردار کو لینے کے لئے کھڑے ہو جاؤ اور اس کو اتارو بنی عبدالاشہل کا بیان ہے کہ (اس حکم کی تعمیل میں) ہم نے اپنے پیروں پر کھڑے ہو کر دو قطاریں بنا لیں۔ (تفسیر مظہری)

حضرت سعد کا فیصلہ:

بوساطت حضرت جابر کی روایت میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سعد ان کے بارے میں فیصلہ کرو۔ حضرت سعد نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول فیصلہ کرنے کا زیادہ حق رکھتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ ہی نے تم کو حکم دیا ہے کہ اپنے حلیفوں کے معاملہ کا فیصلہ کرو اور اچھی طرح کرو۔ حضرت سعد نے (انصاریان اوس سے) کہا کیا بنی قریظہ کے معاملہ میں میرے فیصلہ پر تم راضی ہو سب نے کہا۔ ہاں ہم تو اس وقت بھی راضی تھے جب آپ یہاں موجود نہ تھے ہم نے آپ کا انتخاب کیا تھا اور یہ امید تھی کہ آپ ہم پر احسان کریں گے جیسے دوسروں نے (یعنی ابن ابی نے) اپنے حلیفوں کے ساتھ یعنی بنی قینقاع کے ساتھ کیا تھا۔ سعد نے کہا کیا تم اللہ کے عہد و میثاق کے ساتھ کہتے ہو کہ جو کچھ میں فیصلہ کروں گا تم اس کو واجب النفاذ قرار دو گے سب نے کہا

besturdubooks.wordpress.com

ہاں۔ سعد نے اس گوشہ کی جانب جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما تھے اشارہ کرتے ہوئے کہا (یہ فیصلہ) کیا ان پر بھی ہوگا جو یہاں ہیں عظمت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا احترام کرتے ہوئے حضرت سعد کا رخ اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے مڑا ہوا تھا۔ حضور نے فرمایا۔ ہاں۔ سعد نے کہا تو میں فیصلہ کرتا ہوں کہ ان کے بالغ مرد قتل کر دیئے جائیں اور عورتوں بچوں کو باندی غلام بنالیا جائے اور ان کے مال کو بانٹ لیا جائے اور ان کے گھر مہاجرین و انصار کو دے دیئے جائیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم نے یہ فیصلہ اس حکم خداوندی کے مطابق کیا جو سات ٹکڑوں (یعنی سات آسمانوں) کے اوپر سے اللہ نے نازل فرمایا ہے۔

ایک روایت میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سحر کو ہی یہ حکم لے کر فرشتہ میرے پاس آ چکا تھا۔

حضرت سعدؓ کی دُعاء:

جس رات کی صبح کو رسول اللہ کے حکم کے مطابق بنی قریظہ اپنے قلعوں سے اترے تھے اسی رات کو حضرت سعد نے یہ دعا کی تھی کہ اے اللہ! اگر قریش سے جنگ کرنے کے لئے مجھے زندہ رکھنا چاہتا ہے تو باقی رکھ کیوں کہ جن لوگوں نے تیرے رسول کی تکذیب کی ان کو ستایا اور جلا وطن کیا ان سے زیادہ کسی قوم سے لڑنے کی مجھے خواہش نہیں اور اگر قریش کی لڑائی ختم ہو چکی ہے تو اسی (زخم) کو میرے لئے باعثِ شہادت بنا دے لیکن جب تک بنی قریظہ کی طرف سے (یعنی ان کی شکست و تباہی کو دیکھ کر) میری آنکھیں ٹھنڈی نہ ہو جائیں میرے لئے موت مقرر نہ فرما۔

اللہ نے بنی قریظہ کی طرف سے سعد کی آنکھیں ٹھنڈی کر دیں۔

یہودی مَردوں کا قتل:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے بروز پنجشنبہ نو یا پانچ ذی الحجہ کو واپس ہوئے اور حسب الحکم رملہ بنت حارث بخاریہ کے گھر میں یہودیوں کو بند کر دیا گیا۔ صبح ہوئی تو رسول اللہ مدینہ کے بازار کی طرف تشریف لے گئے۔ وہ بازار وہی تھا جو آج بھی ہے۔ وہاں ایک گڑھا کھودنے کا حکم دیا چنانچہ ابوالجہم عدوی کے مکان کے پاس سے احجار الزیت تک بازار میں گڑھا صحابہ کھودنے لگے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما رہے پھر آپ نے بنی قریظہ کے مردوں کو بلوایا اور اس گڑھے میں ان کی گردنیں ماری جانے لگیں۔ کعب بن اسد سے جو یہودیوں کی دستہ دستہ (قطار در قطار) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے جا رہے تھے۔ یہودیوں نے کہا کعب تمہارا کیا خیال ہے محمد ہمارے ساتھ کیا سلوک کرنے والے ہیں۔ کعب نے جواب دیا کم بختو تمہارے ساتھ وہ معاملہ کریں گے جو تم کو پسند نہ ہوگا بہرحال تم کو دیت لے کر چھوڑا نہیں جائے گا تم میں سے جو جائے گا وہ لوٹ کر نہیں آئے گا۔ خدا کی قسم (اب تو تمہارے لئے) تلوار ہی ہے میں نے تم کو پہلے جس بات کی دعوت دی تھی (یعنی عہد شکنی نہ کرنے کی) تم نے اس کو نہ مانا۔ کہنے لگے یہ وقت عتاب (برا بھلا کہنے) کا نہیں ہے اگر ہم تمہاری رائے کو برا سمجھ کر نظر انداز نہ کر دیتے تو جو معاہدہ ہمارے اور محمد کے درمیان تھا اس کو توڑنے میں شریک نہ ہوتے۔ حی بن اخطب نے کہا اب ایک دوسرے کو برا بھلا کہنا چھوڑو اس وقت اس سے کچھ فائدہ نہیں مرنے پر تیار ہو جاؤ۔

حضرت علی بن ابی طالب اور حضرت زبیر بن عوام نے بنی قریظہ کو قتل کیا تھا (یعنی قتل کرنے کی خدمت ان ہی دونوں بزرگوں نے انجام دی تھی)

یہودیوں کا سردار حُیَی:

پھر حُیَی بن اخطب کو لایا گیا اس وقت گردن سے اس کے دونوں ہاتھ بندھے ہوئے اور فقاحی جوڑا اس نے قتل ہونے کے لئے پہن رکھا لیکن پھر اس کو پھاڑ دیا اور انگل انگل برابر ٹکڑے کر دیئے تاکہ اس کو اتار کر کوئی پہن نہ سکے۔

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آیا تو حضور نے فرمایا دشمن خدا کیا اللہ نے تجھے میرے قابو میں نہیں کر دیا کہنے لگا کیوں نہیں لیکن آپ سے دشمنی رکھنے پر میں اپنے آپ کو قابل ملامت نہیں قرار دیتا کیوں کہ اپنے خیال میں میں آپ پر غالب آ جانے کا خواستگار تھا لیکن اللہ کو یہ منظور نہ تھا اس کو یہی منظور تھا کہ مجھ پر آپ کو قابو عطا کر دے میں نے ہر چند دوڑ لگائی لیکن جس کی مدد اللہ نہ کرے اس کی مدد کوئی نہیں کرتا پھر لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر کہنے لگا لوگو اللہ کے حکم میں کوئی خرابی نہیں بنی اسرائیل پر یہ خدا کی طرف سے لکھا ہوا اور مقدر کیا ہوا امر ہے۔ یہ کہنے کے بعد بیٹھ گیا پھر اس کی گردن ماردی گئی۔

قیدیوں کو پانی پلانے کا حکم:

اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ اپنے قیدیوں سے بھلائی کرو اور دوپہر کا وقفہ دو اور پانی پلاؤ تاکہ ان کو کچھ ٹھنڈک مل جائے۔ پھر جو باقی رہ گئے ہیں ان کو قتل کر دینا۔ دوہری گرمی کی مار ان پر نہ ڈالو۔ ایک تلوار کی گرمی دوسری سورج کی گرمی۔

گرمی کا موسم تھا اور وہ دن گرم بھی تھا لوگوں نے یہودیوں کو دوپہر کا کچھ وقفہ دیا اور پانی پلایا جب ٹھنڈک ہوگئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے اور جو لوگ باقی رہ گئے تھے ان کو قتل کر دیا گیا۔

کعب بن اسد سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی گفتگو:

کعب بن اسد کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا گیا حضور نے اس سے فرمایا ابن جواس نے تم کو نصیحت کی تھی اور میرے متعلق

besturdubooks.wordpress.com

اس نے سچ کہا تھا مگر تم نے اس کی نصیحت سے فائدہ نہیں اٹھایا کیا اس نے تم کو میرا اتباع کرنے کا مشورہ نہیں دیا تھا اور یہ نہیں کہا تھا کہ اگر تمہاری ملاقات مجھ سے ہو جائے تو مجھے اس کی طرف سے سلام پہنچا دینا۔ کعب نے کہا بے شک ابو القاسم توریت کی قسم (اس نے یہی کہا تھا) اگر یہ خیال نہ ہوتا کہ یہودی مجھے عار دلائیں گے اور کہیں گے تلوار سے ڈر گیا تو میں آپ کا اتباع ضرور کرتا لیکن اب تو دین یہودیت پر قائم ہوں۔ حضور نے حکم دیا اس کو بھی (قتل گاہ میں) پیش کرو۔ چنانچہ اس کی بھی گردن ماردی گئی۔

قتل کا اصول:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر اس مرد کو قتل کر دینے کا حکم دیا تھا جس کے زیر ناف بال آ گئے ہوں۔ امام احمد اور اصحاب السنن نے بیان کیا ہے کہ عطیہ قرظی نے کہا میں (اس زمانہ میں) لڑکا تھا زیرِ ناف بال نہیں جمے تھے اس لئے مجھے چھوڑ دیا۔

طبرانی نے حضرت اسلم انصاری کا بیان نقل کیا ہے حضرت اسلم انصاری نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بنی قریظہ کے قیدیوں پر مامور فرمایا تھا میں لڑکے کے شرمگاہ دیکھتا تھا اگر زیرِ ناف بال اُگے ہوئے نظر آئے تو میں اس کی گردن مار دیتا تھا اگر زیرِ ناف بال نہ ہوئے تو اس کو میں مسلمانوں کے مالِ غنیمت میں شامل کر دیتا تھا۔

رفاعہ کی جان بخشی:

رفاعہ بن شمول قرظی بالغ ہو چکا تھا لیکن اس نے اسلیط بن قیس کی بہن ام المنذر سلمیٰ بنت قیس کی پناہ حاصل کر لی۔ ام المنذر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خالاؤں میں سے تھی یعنی آپ کے دادا عبدالمطلب کی خالہ تھی عبدالمطلب کی ماں قبیلہ بنی نجار میں سے تھی سلمیٰ (قدیم الاسلام تھی اس) نے دونوں قبلوں کی طرف نماز پڑھی تھی۔ سلمیٰ نے رسول اللہ کی خدمت میں گذارش کی اے اللہ کے نبی آپ پر میرے ماں باپ قربان مجھے رفاعہ کو بخش دیجئے اس نے خیال ظاہر کیا ہے کہ وہ آئندہ نماز پڑھے گا اور اونٹ کا گوشت بھی کھائے گا (یعنی مسلمان ہو جائے گا اور اونٹ کے گوشت کو شریعت اسلامیہ کے مطابق حلال سمجھے گا) حضور نے رفاعہ کو بطور ہبہ سلمیٰ کو دے دیا۔ رفاعہ کو زندہ چھوڑ دینے کا سبب سلمیٰ ہوئی اس کے بعد رفاعہ مسلمان ہو گیا۔ یہ سلسلہ قتل (دن بھر) قائم رہا۔ یہاں تک کہ شفق چھپ گئی۔ اس کے بعد خندق کے اندر مقتولین پر مٹی ڈال دی گئی یہ سب کچھ حضرت سعد بن معاذ کی نظر کے سامنے ہوا اور اللہ نے ان کی دعا قبول فرمالی۔

ایک یہودی عورت کا قتل:

(اس روز) سوا بنی نضیر کی ایک عورت کے اور کسی عورت کو قتل نہیں کیا گیا یہ عورت بنانہ تھی جو بنی قریظہ کے کسی مرد کے نکاح میں تھی اور زوجین میں بڑا پیار تھا جب یہودیوں کا محاصرہ سخت ہو گیا تو بنانہ شوہر کے سامنے روئی اور کہا تم مجھ سے جدا ہو جاؤ گے شوہر نے کہا توریت کی قسم تو اور کسی کام نہیں آ سکتی صرف اس چکی کے پاٹ کو اوپر سے مسلمانوں پر لڑکا دے کیوں کہ اب تک، ہم ان میں سے کسی کو قتل نہیں کر سکے ہیں تو عورت ہے اگر محمد ہم پر غالب آ گئے تو تجھے قتل نہیں کریں گے کیوں کہ وہ عورتوں کو قتل نہیں کرتے ہیں اور یہ مجھے گوارا نہیں کہ تجھے باندی بنا لیا جائے میں چاہتا ہوں کہ (میرے بعد) تجھے قتل کر دیا جائے۔ بنانہ اس وقت زبیر بن باطا کے قلعہ میں تھی اس نے قلعہ کے اوپر سے چکی کا پاٹ لڑکا دیا مسلمان سایہ لینے کے لئے قلعہ (کی دیوار) کے نیچے بیٹھ جایا کرتے تھے مسلمانوں نے جب یہ حرکت دیکھی تو منتشر ہو گئے خلاد بن سوید کے اوپر چکی گر پڑی اور ان کا سر پھٹ کے ٹکڑے ہو گیا اسی سے ان کی وفات ہو گئی۔ عروہ کا بیان ہے کہ حضرت عائشہ نے فرمایا واللہ بنانہ میرے پاس موجود تھی اور خوب ہنس ہنس کر باتیں کر رہی تھی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بنی قریظہ کو تلواروں سے قتل کر رہے تھے دوسری روایت میں آیا کہ بنانہ (ہنس ہنس کر) کہہ رہی تھی کہ بنی قریظہ کے سردار مارے جا رہے ہیں یک دم کسی پکارنے والے نے بنانہ کا نام لے کر آواز دی فلاں عورت کہاں ہے بنانہ نے کہا میں ہوں خدا کی قسم۔ میں نے کہا کم بخت تجھے اس سے کیا تعلق۔ کہنے لگی (اب) میں ماری جاؤں گی میں نے کہا کیوں کہنے لگی میں نے ایک بات کی ہے چنانچہ وہ چلی گئی اور خلاد بن سوید کے عوض اس کی گردن ماردی گئی۔ حضرت عائشہ فرماتی تھیں میں بنانہ کی خوش طبعی اور ہنسی کی زیادتی نہیں بھولوں گی جب کہ وہ جان چکی تھی کہ اس کو قتل کیا جائے گا۔ (پھر بھی خوب ہنس رہی تھی) (تفسیر مظہری)

مسئلہ: جمہور کا مسلک ہے کہ کسی بھاری چیز سے کوئی کسی کو قتل کر دے تو قصاص لیا جائے گا بنانہ کا واقعہ اس کی شہادت دے رہا ہے۔ امام ابوحنیفہ نے فرمایا بھاری چیز سے قتل کا کوئی قصاص نہیں خواہ کوہ ابوقبیس کسی پر پھینک مارا ہو قتل ہو یا زخم اس کا قصاص صرف اس وقت ہو گا جب آلہ دُھاردار سے ہو۔ سورۂ توبہ کی آیت كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ کی تفسیر کے ذیل میں ہم اس مسئلہ کی تنقیح کر چکے ہیں۔

زبیر بن باطا کی عجیب داستان:

محمد بن اسحاق نے بروایت زہری بیان کیا ہے کہ دورِ جاہلیت میں جنگِ بعاث کے دن زبیر بن باطا قرظی جس کی کنیت ابو عبدالرحمٰن تھی ثابت بن قیس بن شماس کو پکڑ کر لے گیا اور (بجائے قتل کرنے یا غلام بنانے کے) اس کی پیشانی کے بال کاٹ کر چھوڑ دیا جب بنی قریظہ کا یہ دن آیا تو زبیر قرظی بہت بوڑھا تھا ثابت نے اس سے کہا ابو عبدالرحمٰن کیا تم مجھے پہچانتے ہو۔ زبیر نے

besturdubooks.wordpress.com

جواب دیا۔ مجھ جیسا آدمی آپ جیسے آدمی سے کسی طرح انجان رہ سکتا ہے ثابت نے کہا آپ نے جو احسان مجھ پر کیا تھا میں آج اس کا بدلہ دینا چاہتا ہوں زبیر نے کہا شریف لوگ بھلائی کا اچھا بدلہ دیتے ہیں اس کے بعد ثابت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ زبیر کا مجھ پر ایک احسان تھا میں چاہتا ہوں کہ اس کا بدلہ اتار دوں۔ حضور زبیر کی جان مجھے عطا فرما دیں فرمایا وہ تم کو بخش دیا گیا۔ ثابت یہ اختیار لے کر زبیر کے پاس آئے اور کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے لئے تمہاری جان بخش کر دی زبیر نے کہا ایک بڑا بوڑھا جس کے نہ بیوی نہ بچے زندہ رہ کر کیا کرے گا یہ بات سن کر ثابت پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ زبیر کے بال بچوں کو معاف کر دیجئے۔ فرمایا وہ بھی تمہیں دے دیئے گئے۔ ثابت زبیر کے پاس پہنچے اور کہا تمہارے اہل وعیال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ہبہ کر دیئے اور اب میں وہ تم کو دیتا ہوں زبیر نے کہا وہ گھر والے جو حجاز میں ہوں اور ان کے پاس کچھ مال نہ ہو کس طرح جی سکتے ہیں۔ ثابت پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچے اور عرض کیا یا رسول اللہ اس کا مال بھی عطا فرما دیجئے فرمایا وہ بھی تم کو دے دیا گیا۔ ثابت نے زبیر سے جا کر کہا کہ اللہ کے رسول نے تمہارا مال مجھے بخش دیا اب وہ تمہارا ہے۔ زبیر نے کہا ثابت اس شخص کا کیا ہوا جو خوبصورت چینی آئینہ تھا جس کے اندر (پورے) قبیلہ کا چہرہ دکھائی دیتا تھا یعنی کعب بن اسد ثابت نے کہا اس کو قتل کر دیا گیا۔ زبیر نے کہا اچھا اس کا کیا ہوا جو شہریوں کا بھی سردار تھا اور صحرانشین لوگوں کا بھی دونوں کا سرگروہ تھا۔ لڑائی کے موقع پر لوگوں کو سواریاں عطا کرتا ہے اور قحط کے زمانہ میں کھانا کھلاتا تھا یعنی حی بن اخطب کہاں گیا۔ ثابت نے کہا وہ بھی مارا گیا۔ زبیر نے کہا غزالہ بن شمول کا کیا ہوا جو حملہ کرنے کے وقت ہمارا ہر دل تھا اور حملہ سے مڑنے کے وقت ہمارے لئے حاشیہ ہوتا تھا (یعنی میمنہ اور میسرہ ہو جاتا تھا تاکہ ہماری حفاظت ہو سکے) ثابت نے کہا وہ بھی قتل ہو گیا۔ زبیر نے کہا دونوں نشستگاہوں یعنی بنی کعب بن قریظہ اور بنی عمرو بن قریظہ کی مجلسوں کا کیا ہوا ثابت نے کہا (دونوں مجلسوں کے) لوگ چلے گئے اور مارے گئے زبیر کہنے لگا ثابت میں نے جو بھلائی تیرے ساتھ کی تھی اس کا واسطہ دے کہ تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ تو مجھے بھی انہیں لوگوں کے پاس پہنچا دے۔ خدا کی قسم ان کے بعد زندگی کا کوئی مزہ نہیں جس گھر میں وہ لوگ فروکش اور مقیم تھے میں اس گھر میں جا کر ان کے بعد ہمیشہ رہوں مجھے اس کی ضرورت نہیں لیکن ثابت میرے بعد میرے اہل وعیال کا لحاظ رکھنا اپنے ساتھی سے درخواست کرتا کہ وہ ان کو آزاد کر دے اور ان کا مال ان کو دے دے چنانچہ ثابت کی درخواست پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زبیر کے بیوی بچوں کو اور باستثناء اسلحہ باقی مال کو واپس کر دیا۔ زبیر نے کہا ثابت میرا جو حق تجھ پر ہے تجھے اس کا واسطہ مجھے (جلد) ان دوستوں سے ملا دے۔ مجھ سے اب اتنی دیر بھی صبر نہیں ہو سکتا جتنی دیر بھرے ہوئے ڈول کو حوض میں الٹ کر دوبارہ ڈول کو کنویں میں ڈالنے میں ہوتی ہے۔ ابن اسحاق کا بیان ہے ثابت نے لے جا کر زبیر کی گردن مار دی۔ (تفسیر مظہری)

محمد بن عمر کا بیان ہے کہ ثابت نے کہا زبیر مجھ سے یہ نہیں ہو سکتا کہ میں تجھے قتل کر دوں۔ زبیر نے کہا مجھے پرواہ نہیں کہ میرا قاتل کون ہو (تیرے ہاتھ سے مارا جاؤں یا کسی اور کے ہاتھ سے میرے لئے دونوں برابر ہیں) آخر حضرت زبیر بن عوام نے اس کو قتل کر دیا۔ حضرت ابوبکر صدیق کو جب زبیر قرظی کے اس قول کی اطلاع ملی کہ میں اپنے دوستوں سے موں گا تو آپ نے فرمایا جہنم کی آگ میں وہ اپنے دوستوں سے ہمیشہ ہمیشہ ملاقات کرتا رہے گا۔

مال کی تقسیم:

اس کے بعد بنی قریظہ کا مال متاع اور عورتوں کی تقسیم کی گئی۔ یہ سب سے پہلا مال مفت تھا جس میں (بعض لوگوں کو) دوہرا حصہ ملا۔ مسلمانوں کی تعداد تین ہزار تھی اور ان میں ۳۶ گھوڑے (سوار) تھے۔ کل مال کے ۳۰۷۲ تین ہزار بہتر حصے کئے گئے ہر آدمی کا ایک حصہ اور گھوڑے کا دوہرا حصہ۔

کچھ قیدیوں کی فروخت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ قیدی سعد بن عبادہ کے ساتھ فروخت کرنے کے لئے بھیج دیے تاکہ ان کی قیمت سے اسلحہ اور گھوڑے خرید لئے جائیں۔ یہ روایت محمد بن عمر کی ہے لیکن ابن اسحاق نے لکھا ہے کہ سعید بن زید انصاری کے ساتھ بنی قریظہ کے کچھ قیدی بھیجے تھے جن کی قیمت سے سعد نے گھوڑے اور اسلحہ خریدے تھے۔

حضرت عثمان اور حضرت عبدالرحمٰن کی تجارت:

حضرت عثمان بن عفان اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف نے کچھ قیدی عورتیں شرکت میں خریدی تھیں پھر حضرت عبدالرحمٰن نے خریدی ہوئی عورتیں دو حصوں میں بانٹ دیں۔ بوڑھی عورتوں کو ایک طرف کیا اور جوان عورتوں کو دوسری طرف پھر حضرت عثمان کو اختیار دے دیا کہ جو حصہ آپ چاہیں لے لیں۔ حضرت عثمان نے بوڑھی عورتوں والا حصہ لے لیا اور اس کی وجہ سے بڑے مالدار ہو گئے کیونکہ بوڑھی عورتوں کے پاس سے کثیر مال برآمد ہوا۔

ابن سیرہ نے کہا بوڑھی عورتوں کے پاس سے ایک یا دو ماہ کے بعد مال برآمد ہوا تھا اس لئے ان سے مال لے کر مال غنیمت میں شامل نہیں کیا گیا تھا۔ حضرت عثمان نے اپنی خریدی ہوئی عورتوں میں سے ہر عورت سے کہہ دیا کہ اتنے وقت میں اتنا مال

besturdubooks.wordpress.com

جوعورت دے گی وہ آزاد کردی جائے گی چنانچہ جس عورت نے مقررہ مدت میں مال کی مقدار دے دی وہ آزاد کردی گئی۔ حضرت عثمان نے اس سے کوئی تعرض نہیں کیا۔

ماں بچے میں جدائی کی ممانعت:

عورتوں سے ان کے بچوں کو جدا کرنے کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ممانعت فرمادی تھی۔ تقسیم کے وقت بھی اور فروخت کے وقت بھی اور فرمادیا تھا ماں اور اس کے بچہ میں تفریق نہ کی جائے جب تک بچہ بالغ نہ ہو جائے دریافت کیا گیا یارسول اللہ بالغ ہونے سے کیا مراد ہے فرمایا لڑکی کو حیض آنے لگے اور لڑکے کو احتلام ہونے لگے۔ رواہ الحاکم وصححہ عن عبادۃ بن الصامت۔

حضرت عبادہ بن صامت کی روایت ان الفاظ کے ساتھ بھی آئی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ماں اور اس کے بچہ میں جدائی نہ کرو۔ عرض کیا گیا کب تک فرمایا جب تک لڑکا بالغ ہوجائے اور لڑکی کو حیض آنے لگے۔

دار قطنی نے بوساطت میمون بن ابی شعیب حضرت علی کا قول نقل کیا ہے کہ میں نے ایک باندی اور اس کے بچہ میں جدائی کر دی (یعنی ایک کو فروخت کردیا دوسرے کو اپنے پاس رکھا) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی ممانعت فرمادی اور بیع لوٹ وادی۔ ابوداؤد نے منقطعاً یہ لفظ نقل کیا ہے کہ رسول اللہ نے اس کو واپس کر دیا۔ ابن ہمام نے کہا مرسل ہونا ہمارے نزدیک ضعف نہیں پیدا کرتا۔ حاکم نے اس کو صحیح سند کے ساتھ بیان کیا ہے اور بیہقی نے اس کو ترجیح دی ہے۔

مسئلہ: اسی حدیث سے امام ابوحنیفہ نے استنباط کیا ہے کہ بیع یا ہبہ وغیرہ کے ذریعہ سے ان دو چھوٹے غلاموں میں تفریق کرنا جو باہم قرابت دار محرم ہوں ناجائز ہے اسی طرح نابالغ اور بالغ میں تفریق کرنا بھی ناجائز ہے جو ایک دوسرے کے قرابت دار محرم ہوں۔ امام احمد کے نزدیک اگر دو بالغ باہم محرم ہوں تو ان کو جدا کرنا بھی جائز نہیں۔ (تفسیر مظہری)

حاکم اور دار قطنی نے ایک اور طریق سے بوساطت عبدالرحمن بن ابی لیلی حضرت علی کا بیان نقل کیا ہے کہ رسول اللہ کے پاس کچھ قیدی آئے حضور نے مجھ سے فرمایا کہ ان میں سے دو بھائیوں کو فروخت کر دوں میں نے دونوں کو الگ الگ فروخت کر دیا۔ پھر حضور کی خدمت میں حاضر ہو کر اطلاع دے دی۔ حضور نے فرمایا (جلد) پہنچ اور ان کو واپس لے لو اور یکجا کر کے ان کو فروخت کرو۔ ایک کو دوسرے سے جدا نہ کرو۔ حاکم نے اس روایت کو برشرط شیخین صحیح کہا ہے اور ابن قطان نے بھی کہا ہے اس سند میں کوئی عیب نہیں۔ اگر بچہ کے ساتھ صرف اس کی پھوپھی اور خالہ ہو دادی نہ ہو تو تنہا خالہ اور پھوپھی کو بیچنا جائز نہیں۔

مسئلہ: اگر ماں اور اس کے بچہ میں جدائی کر دی اور ایک کو فروخت کر دیا تو امام ابوحنیفہ اور امام محمد کے نزدیک بیع نافذ ہو جائے گی لیکن ایسا کرنے والا گناہگار ہوگا۔

مسئلہ: حضرت عبادہ بن صامت کی حدیث اس بات پر دلالت کر رہی ہے کہ اگر دونوں غلام یا باندیاں بالغ ہوں (خواہ دونوں کے درمیان کیسا ہی قریبی رشتہ ہو تو) دونوں کو الگ الگ کر دینا جائز ہے۔

شاہی تحفہ میں آئی ہوئی باندیاں:

ایک روایت میں آیا ہے کہ مقوقس شاہ اسکندریہ نے دو باندیاں بطور ہدیہ رسول اللہ کی خدمت میں بھیجیں ایک ماریہ قبطیہ دوسری سیرین حضور نے سیرین تو حسان بن ثابت کو عطا فرمادی جس کے بطن سے عبدالرحمن بن حسان پیدا ہوئے اور حضرت ماریہ کو اپنے پاس رکھا جن کے بطن سے حضور کے صاحبزادے حضرت ابراہیم پیدا ہوئے۔

واقعہ بنی قریظہ کے دن خلاد بن سوید اور منذر بن محمد شہید ہوگئے۔

فائدہ: بنی نضیر کے خاندان کی ایک عورت تھی جس کا نام تھا ریحانہ بنت زید بن عمرو بن خدافہ یہ بنی عمرو بن قریظہ میں بیاہی گئی تھی۔ عورت تھی خوبصورت۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھا گئی آپ نے اس کے سامنے اسلام پیش کیا لیکن اس نے مسلمان ہونے سے انکار کر دیا۔ حضور اس سے کنارہ کش ہوگئے لیکن دل میں اس کا خیال رہا۔ اس لئے ابن سعیہ کو طلب فرما کر ان سے اس کا تذکرہ کیا ابن سعیہ نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ پر میرے ماں باپ قربان وہ مسلمان ہو جائے گی۔ ابن سعیہ یہاں سے نکل کر ریحانہ کے پاس پہنچے اور اس سے کہنے لگے اب اپنی قوم کی طلب چھوڑ دو تم نے دیکھ لیا کہ حیی بن اخطب کیسی مصیبت ان پر لے آیا اب مسلمان ہو جاؤ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تم کو اپنے لئے پسند فرمالیں گے۔ ریحانہ نے ابن سعیہ کی بات مان لی۔ اُدھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کے ساتھ تشریف فرما تھے اچانک حضور کو جوتوں کی آواز سنائی دی فرمایا یہ تو ابن سعیہ کے جوتوں کی آواز ہے مجھے ریحانہ کے مسلمان ہونے کی بشارت دینے آ رہا ہے چنانچہ ابن سعیہ آ گئے اور عرض کیا یا رسول اللہ ریحانہ مسلمان ہوگئی یہ بات سن کر حضور (فداہ امی وابی) خوش ہوگئے۔ ریحانہ حضور کی وفات تک آپ کے پاس رہی اور مملوک ہونے کی حالت میں ہی رہی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چاہتے تھے کہ ریحانہ سے نکاح کر لیں اور اس کو پردہ میں رکھیں لیکن ریحانہ نے کہا یا رسول اللہ مجھے یوں ہی اپنی ملکیت میں ہی رہنے دیجئے (آزاد نہ کیجئے) میرے اور آپ کے لئے یہی بات آسان ہے (نہ اس میں آپ کو کوئی تکلیف نہ مجھے) اس لئے حضور نے ان کو باندی (ہی کی صورت میں) رہنے دیا۔

فائدہ: جب بنی قریظہ کا قصہ ختم ہو گیا تو حضرت سعد بن معاذ کا زخم بھی کھل گیا۔ حضرت عائشہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت

besturdubooks.wordpress.com

ابوبکر اور حضرت عمر سب سعد کے پاس (ان کو دیکھنے) گئے (عمر رونے لگے) اس وقت میں اپنے حجرہ میں تھی اس خدا کی قسم جس کے قبضہ میں محمد کی جان ہے میں نے عمر کے رونے کی آواز ابوبکر کے رونے کی آواز سے الگ پہچان لی۔ اور یہ لوگ ایسے ہی تھے جیسا اللہ نے فرمایا ہے۔ رُحَمَآءُ بَیْنَھُمْ ۔

مناقب سعد بن معاذ:

حضرت انس راوی ہیں کہ جب حضرت سعد کا جنازہ اٹھایا تو منافقوں نے کہا سعد کا جنازہ کتنا ہلکا ہے اس کی وجہ وہ فیصلہ تھا جو بنی قریظہ کے متعلق حضرت سعد نے کیا تھا۔ حضور کو یہ اطلاع پہنچی تو فرمایا فرشتے اس کو اٹھائے ہوئے ہیں۔ رواہ الترمذی۔

حضرت جابر کا بیان ہے میں نے خود سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمارہے تھے سعد بن معاذ کے مرنے سے رحمٰن کے عرش میں لرزہ آ گیا۔ رواہ الشیخان فی الصحیحما۔

حضرت براء بن عازب کی روایت ہے کہ کپڑوں کا ایک جوڑا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں (کہیں سے) بطور ہدیہ آیا صحابہ اس کو ہاتھوں سے چھونے لگے اور اس کی نرمی پر تعجب کرنے لگے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم لوگ اس کی نرمی پر کیا تعجب کرتے ہو۔ جنت میں سعد بن معاذ کے رومال اس سے اچھے اور نرم ہیں متفق علیہ۔ (تفسیر مظہری)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ میں اعلان کرنے کے لئے ایک منادی بھیج دیا جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ حکم لوگوں کو سُنایا اور پہنچایا لَایُصَلِّیَنَّ اَحَدُ الْعَصْرَ اِلَّا فِیْ بَنِیْ قُرَیْظَۃَ ۔ یعنی کوئی آدمی عصر کی نماز نہ پڑھے جب تک کہ بنوقریظہ میں نہ پہنچ جائے۔

صحابہ کرام سب کے سب اس دوسرے جہاد کے لئے فوراً تیار ہو کر بنو قریظہ کی طرف روانہ ہو گئے، راستہ میں عصر کا وقت آیا تو بعض حضرات نے حکم نبوی کے ظاہر کے موافق راستہ میں نمازِ عصر ادا نہیں کی، بلکہ منزل مقرر بنو قریظہ میں پہنچ کر ادا کی، اور بعض نے یہ سمجھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصد عصر کے وقت میں بنوقریظہ پہنچ جانا ہے، ہم اگر نماز راستہ میں پڑھ کر عصر کے وقت میں وہاں پہنچ جائیں تو یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے منافی نہیں، انہوں نے نمازِ عصر اپنے وقت پر راستہ میں ادا کر لی۔

مجتہدین کے اختلاف میں کوئی جانب گناہ یا منکر نہیں ہوتی جس پر ملامت کی جائے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو صحابہ کرام کے اس اختلاف عمل کی خبر دی گئی، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں فریق میں سے کسی کو ملامت نہیں فرمائی، بلکہ دونوں کی تصویب فرمائی، اس سے علماء امت نے یہ اصول اخذ کیا ہے کہ علمائے مجتہدین جو حقیقۃً مجتہد ہوں اور اجتہاد کی صلاحیت رکھتے ہوں ان کے اقوال مختلفہ میں سے کسی کو گناہ اور منکر نہیں کہا جا سکتا، دونوں فریقوں کے لئے اپنے اپنے اجتہاد پر عمل کرنے میں ثواب لکھا جاتا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

يَاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا
اے نبی کہہ دے اپنی عورتوں کو اگر تم چاہتی ہو دنیا کی زندگانی
وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَاُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا
اور یہاں کی رونق تو آؤ کچھ فائدہ پہنچا دوں تم کو اور رخصت کر دوں بھلی طرح سے رخصت کرنا
وَاِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ
اور اگر تم چاہتی ہو اللہ کو اور اس کے رسول کو اور پچھلے گھر کو
فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا
تو اللہ نے رکھ چھوڑا ہے اُن کے لئے جو تم میں نیکی پر ہیں بڑا ثواب

ازواجِ مطہرات کا معاملہ:

حضرت کی ازواج نے دیکھا کہ لوگ آسودہ ہو گئے چاہا کہ ہم بھی آسودہ ہوں۔ اُن میں سے بعض نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے گفتگو کی کہ ہم کو مزید نفقہ اور سامان دیا جائے جس سے عیش و ترفہ کی زندگی بسر کر سکیں حضرت کو یہ باتیں شاق گزریں۔ قسم کھائی کہ ایک مہینہ گھر میں نہ جائیں گے۔ مسجد کے قریب ایک بالا خانہ میں علیحدہ فروکش ہو گئے۔ صحابہ مضطرب تھے۔ ابوبکرؓ و عمرؓ اس فکر میں ہوئے کہ کسی طرح یہ گتھی سلجھ جائے۔ انہیں زیادہ فکر اپنی اپنی صاحبزادیوں (عائشہؓ اور حفصہؓ) کی تھی کہ پیغمبر کو ملول کر کے اپنی عاقبت نہ خراب کر بیٹھیں۔ دونوں نے دونوں کو دھمکایا اور سمجھایا۔ پھر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر کچھ اُنس اور بے تکلفی کی باتیں کیں۔ آپ قدرے مُنشرح ہوئے ایک ماہ بعد یہ آیت تخییر اُتری۔ یعنی اپنی ازواج سے صاف صاف کہہ دو کہ دو راستوں میں سے ایک انتخاب کر لیں۔ اگر دنیا کی عیش و بہار اور امیرانہ ٹھاٹھ چاہتی ہیں تو کہہ دو کہ میرے ساتھ تمہارا نباہ نہیں ہو سکتا۔ آؤ کہ میں کچھ دے دلا کر (یعنی کپڑوں کا جوڑا جو مطلقہ کو دیا جاتا تھا) تم کو خوبصورتی کے ساتھ رخصت کر دوں (یعنی شرعی طریقہ سے طلاق دے دوں اور اگر اللہ و رسول کی خوشنودی اور آخرت کے اعلیٰ مراتب کی طلب ہے تو پیغمبر کے پاس رہنے میں اس کی کمی نہیں۔ جو آپ کی خدمت میں صلاحیت سے رہے گی اللہ کے یہاں اُس کے لئے بہت بڑا اجر تیار ہے۔ اس سے زیادہ کیا ہوگا کہ جنت کے سب سے اعلیٰ مقام میں پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام

besturdubooks.wordpress.com

کے ساتھ رہیں۔ نزول آیت کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم گھر میں تشریف لائے اول سیدہ عائشہ کو خدا کا حکم سنایا۔ انہوں نے اللہ و رسول کی مرضی اختیار کی۔ پھر سب ازواج نے ایسا ہی کیا۔ دنیا کے عیش و عشرت کا تصور دلوں سے نکال ڈالا۔ حضرت کے ہاں ہمیشہ اختیاری فقر و فاقہ رہتا تھا جو آتا شتاب اُٹھا دیتے تھے۔ پھر قرض لینا پڑتا اسی زندگی پر ازواج مطہرات راضی تھیں۔ اور یہ جو فرمایا کہ جو نیکی پر رہیں اُن کو بڑا ثواب ہے۔ حضرت کی ازواج سب نیک ہی رہیں۔ الطیبات للطیبین مگر حق تعالیٰ قرآن میں صاف خوشخبری کسی کو نہیں دیتا تا نڈر نہ ہو جائے۔ خاتمہ کا ڈر لگا رہے یہی بہتر ہے آگے ان عورتوں کو خطاب ہے جو نبی کی معیت اختیار کر لیں کہ ان کا درجہ اس نسبت کی وجہ سے بہت بلند ہی چاہیے کہ ان کی اخلاق اور روحانی زندگی اس معیار پر ہو جو اس مقام رفیع کے مناسب ہے کیونکہ علاوہ ان کی ذاتی بزرگی کے وہ امہات المؤمنین ہیں۔ مائیں اپنی اولاد کی بڑی حد تک ذمہ دار ہوتی ہیں۔ لازم ہے کہ اُن کے اعمال و اخلاق اُمت کے لئے اُسوۂ حسنہ بنیں۔ (تفسیر عثمانی)

ازواجِ مطہرات کو اختیار:

اس آیت نے سب ازواج مطہرات کو اختیار دے دیا کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودہ حالت یعنی معاشی عسرت و تنگی کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجیت میں رہنا قبول کریں یا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے طلاق کے ساتھ آزاد ہو جائیں، پہلی صورت میں ان کو عام عورتوں کی نسبت سے بہت زیادہ اجر عظیم اور آخرت کے خاص درجات عالیہ عطا ہوں گے، اور دوسری صورت یعنی طلاق لینے میں بھی ان کو دنیا کے لوگوں کی طرح کسی تلخی و تکلیف کی نوبت نہیں آئے گی، بلکہ سنت کے مطابق کپڑوں کا جوڑا وغیرہ دے کر عزت کے ساتھ رخصت کیا جائے گا۔

فائدہ: اختیار طلاق کی دو صورتیں ہوتی ہیں، ایک یہ کہ طلاق کا اختیار عورت کے سپرد کر دیا جائے، اگر وہ چاہے تو خود اپنے نفس کو طلاق دے کر آزاد ہو جائے دوسرے یہ کہ طلاق شوہر ہی کے ہاتھ میں رہے کہ اگر عورت چاہے تو وہ طلاق دے دے۔

آیتِ مذکورہ میں بعض مفسرین نے پہلی صورت کو اور بعض نے دوسری کو اختیار کیا ہے، سیدی حکیم الامۃؒ نے بیان القرآن میں فرمایا کہ صحیح بات یہ ہے کہ آیت کے الفاظ میں دونوں احتمال ہیں، جب تک کسی صریح نص سے ایک کی تعیین نہ ہو جائے اپنی طرف سے کسی صورت کو متعین کرنے کی ضرورت نہیں۔

اختیار دینے کا سبب:

شروع آیات میں جو ازواج مطہرات کو طلاق لینے کا اختیار دینا مذکور ہے، اس کا ایک یا چند واقعات ہیں جو ازواج مطہرات کی طرف سے پیش آئے، جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منشاء کے خلاف تھے، جن سے بلا قصد و اختیار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیف پہنچی۔

ان واقعات میں سے ایک واقعہ وہ ہے جو صحیح مسلم وغیرہ میں حضرت جابرؓ کی روایت سے مفصل آیا ہے، اس میں مذکور ہے کہ ازواج مطہراتؓ نے جمع ہو کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا مطالبہ کیا کہ ان کا نان نفقہ بڑھایا جائے، تفسیر بحر محیط میں ابو حیان نے اس کی تشریح یہ بیان کی ہے کہ غزوۂ احزاب کے بعد بنو نضیر پھر بنو قریظہ کی فتوحات اور اموال غنیمت کی تقسیم نے عام مسلمانوں میں ایک گونہ خوش حالی پیدا کر دی تھی، ازواج مطہراتؓ کو اس وقت یہ خیال ہوا کہ ان اموال غنیمت میں سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اپنا حصہ رکھا ہوگا۔ اس لئے انہوں نے جمع ہو کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ یہ کسریٰ و قیصر کی بیبیاں طرح طرح کے زیورات اور قیمتی لباسوں میں ملبوس ہیں، اور ان کی خدمت کے لئے کنیزیں ہیں، اور ہمارا حال فقر و فاقہ کا آپ دیکھتے ہیں، اس لئے اب کچھ توسع سے کام لیا جائے۔ (معارف مفتی اعظم)

بغوی وغیرہ نے بیان کیا ہے کہ امہات المؤمنین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ دنیوی ساز و سامان مانگا اور مصارف میں کچھ وسعت کی طلبگار ہوئیں۔ اس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کچھ اذیت ہوئی اس لئے آپ سب بیویوں سے کنارہ کش ہو گئے اور قسم کھالی کہ ایک ماہ تک کسی کے پاس نہیں جائیں گے اور کاشانۂ نبوت سے برآمد بھی نہیں ہوئے۔ صحابہ کو فکر ہوئی کہ جانے کیا بات ہے کچھ لوگ کہنے لگے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیویوں کو طلاق دے دی۔ حضرت عمر نے کہا میں تم کو بتاؤں گا کہ اصل بات کیا ہے۔ حضرت عمر کا بیان ہے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو گیا اور عرض کیا یا رسول اللہ کیا حضور نے بیویوں کو طلاق دے دی۔ فرمایا نہیں۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ مسجد میں مسلمان کہہ رہے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے طلاق دے دی کیا میں اب جا کر ان سے کہہ دوں کہ حضور نے طلاق نہیں دی۔ فرمایا ہاں اگر تم چاہو تو...... میں جا کر مسجد کے دروازہ پر کھڑا ہو گیا اور انتہائی اونچی آواز سے پکار کر کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیویوں کو طلاق نہیں دی ہے۔ اور یہ آیت نازل ہوئی وَإِذَا جَاءَهُمْ أَمْرٌ مِّنَ الْأَمْنِ أَوِ الْخَوْفِ أَذَاعُوا بِهِ ۖ وَلَوْ رَدُّوهُ إِلَى الرَّسُولِ وَإِلَىٰ أُولِي الْأَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِينَ يَسْتَنبِطُونَهُ

اور اگر ان کے پاس خوف یا امن کی کوئی خبر آتی ہے تو (بلا تحقیق) اس کو پھیلاتے ہیں اور اگر اس خبر کو رسول کی جانب اور اپنے سمجھدار لوگوں کی جانب راجع کر دیتے تو اصل واقعہ کا استنباط کرنے والوں کو اس کا (صحیح) علم ہو جاتا۔ حضرت عمر نے فرمایا میں نے اس خبر کی حقیقت دریافت کی تھی۔

ازواج مطہرات کا اجر:

فَإِنَّ اللَّهَ أَعَدَّ لِلْمُحْسِنَاتِ مِنكُنَّ أَجْرًا عَظِيمًا تو بلاشبہ اللہ نے تم میں سے نیکو کاروں

besturdubooks.wordpress.com

کے لئے اجر عظیم تیار کر رکھا ہے یعنی ان عورتوں کے لئے اجر عظیم تیار کر رکھا ہے جو اللہ اس کے رسول اور دار آخرت کی طلبگار ہیں۔ ایسی ہی عورتیں مُحسنہ ہیں احسان کا معنی ہی یہ ہے کہ رب کی عبادت اس حضور قلب سے کی جائے کہ گویا رب نظروں کے سامنے رہے۔

ازواجِ مطہرات کی تعداد:

بغوی نے لکھا ہے اس زمانہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نو بیبیاں تھیں پانچ قریشی حضرت عائشہ بنت صدیق اکبر۔ حضرت حفصہ بنت عمر فاروق۔ حضرت ام حبیبہ بنت ابوسفیان۔ حضرت ام سلمہ بنت امیہ۔ حضرت سودہ بنت زمعہ۔ باقی چار قریشی نہیں تھیں۔ حضرت زینب بنت جحش اسدی۔ حضرت میمونہ بنت حارث ہلالی۔ حضرت صفیہ بنت حیی ابن اخطب خیبری اسرائیلی۔ حضرت جویریہ بنت حارث مصطلقی۔

حضرت عائشہ اور تمام ازواج نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اختیار کر لیا

جب آیت تخییر (مندرجۂ بالا) نازل ہوئی تو سب سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ سے دریافت کیا آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سب سے زیادہ چہیتی بی بی تھیں۔ حضور نے ان کے سامنے آیت پڑھی اور ان کو (طلاق حاصل کرنے یا ساتھ رہنے کا) اختیار دیا۔ حضرت عائشہ نے اللہ اس کے رسول اور دار آخرت کو اختیار کیا۔ اور اس بات سے حضور کے چہرہ پر خوشی محسوس کی۔ دوسری بیبیوں نے بھی حضرت عائشہ کی پیروی کی۔

ازواجِ مطہرات کی قدر افزائی:

قتادہ کا بیان ہے جب امہات المؤمنین نے اللہ اس کے رسول اور دار آخرت کو اختیار کیا تو اللہ نے بھی ان کی قدر افزائی کی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو انہیں بیبیوں پر بس کرنے کا اور آئندہ نکاح نہ کرنے کا حکم دے دیا لَا یَحِلُّ لَکَ النِّسَآءُ اور فرما دیا ان کے بعد تمہارے لئے اور عورتوں سے نکاح جائز نہیں۔

اس واقعہ میں صحابہ کرامؓ کا عمل:

مسلم احمد اور نسائی نے بوساطت ابوالزبیر حضرت جابر کا بیان نقل کیا ہے کہ حضرت ابوبکر نے بارگاہ نبوت میں داخلہ کی اجازت طلب کی لیکن آپ کو اجازت نہیں ملی پھر حضرت عمر آئے اور انہوں نے اجازت طلب کی ان کو بھی اجازت نہیں ملی۔ کچھ دیر کے بعد دونوں کو اجازت دے دی۔ دونوں حضرات اندر پہنچ گئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت غمگین خاموش بیٹھے ہوئے تھے گرداگرد آپ کی بیبیاں موجود تھیں۔ حضرت عمر نے (اپنے دل میں) کہا مجھے ایسی بات کہنی چاہئے جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہنس پڑے حضرت عمر کا بیان ہے (یہ خیال کر کے) میں نے عرض کیا دیکھئے اگر خارجہ کی بیٹی (یعنی میری بی بی) مجھ سے (زائد) خرچ مانگتی تو میں اُٹھ کر اس کی گردن توڑ دیتا۔ یہ بات سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہنسی آ گئی اور فرمایا تم دیکھ رہے ہو کہ میرے گرداگرد یہ عورتیں جمع ہیں اور مجھ سے زیادہ خرچ دینے کی خواستگار ہیں۔ یہ بات سنتے ہی حضرت ابوبکر عائشہ کی گردن پر ضرب رسید کرنے اُٹھ کھڑے ہوئے اور حضرت عمر بھی حفصہ کی طرف گردن پر ضرب لگانے کے لئے بڑھے اور دونوں نے کہا رسول اللہ کے پاس جو چیز نہیں ہے اس کا سوال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہرگز کبھی نہ کرنا۔ اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب عورتوں سے ایک مہینہ یعنی انتیس روز کنارہ کش رہے پھر یہ آیت نازل ہوئی۔

حضرت عائشہؓ کی دانائی:

راوی کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابتداء حضرت عائشہ سے کی اور فرمایا عائشہ میں ایک بات تمہارے سامنے رکھنا چاہتا ہوں اور میری خواہش ہے کہ اپنے والدین سے مشورہ کئے بغیر تم جواب دینے میں جلدی نہ کرنا۔ حضرت عائشہ نے کہا اے اللہ کے رسول وہ کیا بات ہے حضور نے آیات مذکورہ پڑھ کر سنا دیں حضرت عائشہ نے کہا یا رسول اللہ کیا آپ کے بارے میں اپنے ماں باپ سے مشورہ کروں (ایسا نہیں ہو سکتا) میں تو اللہ اس کے رسول اور دار آخرت کو اختیار کرتی ہوں لیکن آپ سے میری درخواست ہے کہ اپنی بیبیوں میں سے کسی کو میرے اس فیصلہ کی اطلاع آپ نہ دیں۔ حضور نے فرمایا مجھ سے تو جو عورت بھی پوچھے گی میں اس کو بتا دوں گا اللہ نے مجھے فتنہ انگیز بنا کر نہیں بلکہ بشارت دہندہ اور معلم بنا کر مبعوث کیا ہے۔

صحیح میں زہری کی روایت سے آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ماہ تک اپنی بیویوں کے پاس نہ جانے کی قسم کھائی تھی۔ مجھ سے عروہ نے حضرت عائشہ کا قول نقل کیا ہے کہ (۲۹ روز کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) سب سے پہلے میرے پاس تشریف لائے۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ نے تو قسم کھائی تھی کہ ہمارے پاس ایک ماہ تک نہیں آئیں گے اور آج تو ۲۹ دن ہوئے ہیں گن رہی ہوں فرمایا مہینہ ۲۹ دن کا ہے۔

عورت کو اختیارِ طلاق کا مسئلہ

اگر شوہر نے بیوی سے کہا تجھے اپنا اختیار ہے اور اس جملہ سے اس کا مطلب تفویض طلاق ہو یعنی یہ مقصد ہو کہ عورت چاہے تو خود اپنے کو طلاق دے لے تو اس مجلس میں عورت جب تک رہے گی اس کو اختیار رہے گا کہ اگر چاہے تو اپنے آپ کو خود طلاق دے لے لیکن اگر اس جگہ سے اُٹھ جائے گی یا کسی اور کام میں مشغول ہو جائے گی تو طلاق کا اختیار ہاتھ سے نکل جائے گا کیوں کہ یہ تملیک فعل ہے اور تملیک فعل کا تقاضا ہے کہ اسی مجلس میں جواب

besturdubooks.wordpress.com

دیا جائے جیسے بیع میں (قبول کا اختیار اسی مجلس عقد میں رہتا ہے) صاحب ہدایہ نے لکھا ہے عورت کو خیار مجلس با جماع صحابہ ثابت ہے۔ حضرت عمر حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت ابن مسعود اور حضرت جابر نے فرمایا جو شخص اپنی بیوی کو اس کے نفس کا اختیار دے دے تو عورت کو اختیار اس وقت تک رہتا ہے جب تک وہ اس مجلس میں رہے جب مجلس سے اُٹھ جائے گی تو اس کو اختیار نفس نہیں رہے گا۔ کسی دوسرے صحابی کا قول بھی اس کے خلاف منقول نہیں لہٰذا اس پر اجماع سکوتی ہو گیا۔ رہی یہ بات کہ روایات کی اسنادوں میں کلام کیا گیا ہے تو اس سے اصل مسئلہ پر اثر نہیں پڑتا کیوں کہ امت اسلامیہ نے اس قول کو بالاتفاق قبول کر لیا ہے اس کے علاوہ عبدالرزاق نے جو حضرت جابر بن عبداللہ اور حضرت ابن مسعود کا قول جس سند سے نقل کیا ہے وہ کھری ہے (اس سند میں کوئی کلام نہیں رہا ابن منذر کا حدیث کے لفظ لاتستعجلی سے استدلال تو یہ بھی غلط ہے کیوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے طلاق کی تفویض نہیں کی تھی (طلب طلاق کا اختیار دیا تھا اور ہماری بحث اس مسئلہ میں ہے جب کہ شوہر نے تفویض طلاق کر دی اور خود اپنے آپ کو طلاق دے لینے کا اختیار دے دیا ہو) آیت فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيلًا اس پر دلالت کر رہی ہے۔

مسئلہ: اگر شوہر نے بیوی سے کہا کہ تجھے اپنا اختیار ہے تو تفویض طلاق کی نیت ضرور اس وقت ہونی چاہیے کیونکہ ممکن ہے کہ شوہر بیوی کو کسی اور چیز کا اختیار دے رہا ہو (اور یہ مقصد ہو کہ تجھے خود اس کام کو کرنے یا نہ کرنے کا اختیار ہے)

مسئلہ: اگر شوہر نے بیوی سے کہا تجھے اپنا اختیار ہے اور اس نے جواب میں کہا میں نے اپنے نفس کو اختیار کر لیا تو حضرت عمر حضرت عبداللہ بن مسعود اور حضرت ابن عباس کے نزدیک ایک رجعی طلاق ہو جائے گی کیونکہ شوہر کی طرف سے تفویض اختیار کا معنی ہے تفویض طلاق اور جب عورت نے اختیار نفس کا اظہار کر دیا تو ایسا ہو گیا جیسے اس نے یہ لفظ کہہ دیئے کہ میں نے اپنے آپ کو طلاق دے لی اور اس طرح لفظ طلاق سے طلاق رجعی واقع ہوتی ہے اس کے علاوہ آیت قرآنی سے بھی ثابت ہے کہ تیسری طلاق کے بعد تو خیر رجوع نہیں کیا جا سکتا البتہ پہلی اور دوسری طلاق کے بعد رجوع کا حق باقی رہتا ہے۔

حضرت علی کا قول روایۃً ثابت ہے کہ ایک بائنہ طلاق واقع ہو گی یہی امام ابوحنیفہ کا قول ہے کیونکہ تفویض اختیار کے بعد طلاق کا اختیار صرف عورت ہی کو ل جاتا ہے (مرد کو رجوع کا حق نہیں رہتا)۔

مسئلہ: اگر شوہر کے جواب میں عورت نے کہا میں نے اپنے شوہر کو اختیار کر لیا تو جمہور کے نزدیک کوئی طلاق واقع نہیں ہو گی کیونکہ شوہر نے طلاق نہیں دی تھی بلکہ عورت کو تفویض طلاق کی تھی اور عورت نے طلاق کو اختیار نہیں کیا بلکہ بقاء نکاح کو اختیار کیا۔

میں کہتا ہوں پہلے ذکر کیا جا چکا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے امہات المومنین کو طلاق کا اختیار نہیں دیا تھا بلکہ طلب طلاق کا اختیار دیا تھا۔

مسئلہ: (تفویض طلاق کے لئے) نفس کا لفظ ذکر کیا جانا ضروری ہے۔

امام ابوحنیفہ کہتے ہیں اگر لفظ میں کسی مفہوم کے مراد ہونے کا احتمال ہی نہ ہو تو نیت بیکار ہے۔ (تفسیر مظہری)

ازواجِ مطہرات کے مطالبہ کے محرکات:

قصہ یہ پیش آیا کہ غزوۂ بنی قریظہ و بنی النضیر کے بعد جب ازواج مطہرات نے دیکھا کہ لوگ آسودہ ہو گئے تو چاہا کہ ہم بھی آسودہ ہوں اور عیش و آرام کی زندگی بسر کریں اس لئے ازواج مطہرات نے اس بارہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے گفتگو کی اور بمقتضائے محبت و ناز مزید نان ونفقہ اور زینت دنیا کا کچھ مطالبہ کیا اور فی الجملہ متاع دنیا کی خواہش کی اور اپنے نفقات میں کچھ زیادتی چاہی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ناگوار گزری۔ ازواج مطہرات نے جو سامان دنیا کا تقاضہ کیا اگرچہ وہ ضرورت اور جواز کی حد میں تھا لیکن وہ بمقتضائے بشریت تھا اور ان کا دل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت سے لبریز تھا اور ذرہ برابر اس میں آپ کی ایذاء کا تصور بھی نہ تھا اور جس دنیاوی زینت کا مطالبہ کیا تھا وہ قدر ضرور راحت تھی معاذ اللہ امیرانہ عیش و عشرت نہ تھی مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بھی ناگوار گزرا اور قسم کھائی کہ ایک مہینہ گھر میں نہیں جاؤں گا اور مسجد کے قریب ایک بالاخانہ میں فروکش ہو گئے۔ صحابہ سخت مضطرب تھے۔ خاص کر ابوبکر اور عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔ ان دونوں کو اپنی اپنی صاحبزادیوں عائشہ اور حفصہ کی فکر دامنگیر تھی کہ پیغمبر خدا کو رنجیدہ اور آزردہ کر کے اپنی عاقبت نہ خراب کر بیٹھیں اس لئے ان دونوں نے اپنی اپنی بیٹیوں کو دھمکایا اور سمجھایا اور ان کو نصیحت کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی مطالبہ نہ کریں پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض معروض کی اور انس اور بے تکلفی کی باتیں کیں جس سے آپ کا انقباض رفع ہوا اور آپ قدرے منشرح اور منبسط ہوئے دیکھو تفسیر قرطبی ص ۲۱۲ ج ۱۴، ص ۱۶۳ ج ۱۴، و تفسیر ابن کثیر ص ۴۸۱ ج ۳ و تفسیر روح المعانی ص ۱۶۲ ج ۲۱۔

اسی حال میں ایک ماہ گذرا ایک ماہ کے بعد یہ آیت یعنی يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ سے لے کر فَإِنَّ اللَّهَ أَعَدَّ لِلْمُحْسِنَاتِ مِنْكُنَّ أَجْرًا عَظِيمًا نازل ہوئی۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشی:

جب یہ آیت تخییر نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے حضرت عائشہ سے دریافت کیا اور یہ آیتیں پڑھ کر ان کو سنائیں انہوں نے بلا کسی تردد اور تامل کے اللہ اور اس کے رسول اور دار آخرت کو اختیار کیا جس

besturdubooks.wordpress.com

سے آپ کا ملال جاتا رہا اور چہرہ پر بشاشت آ گئی اس کے بعد باقی ازواج نے بھی ایسا ہی کیا اور ایسا ہی کہا اور سب نے دنیا کی رغبت کا تصور ہی دل سے نکال ڈالا۔ (معارف کاندھلوی)

يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ مَنْ يَّاْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُّضٰعَفْ

اے نبی کی عورتو　جو کوئی کر لائے تم میں کام بے حیائی کا صریح دونا ہو

لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا

اُس کو عذاب دوہرا　اور ہے　یہ　اللہ پر　آسان

امہات المؤمنین کا عظیم درجہ:

بڑے کی غلطی بھی بڑی ہوتی ہے اگر بالفرض تم میں کسی سے کوئی بداخلاقی کا کام ہو جائے تو جو سزا اوروں کو اس کام پر ملتی اس سے دگنی سزا ملے گی۔ اور اللہ پر یہ آسان ہے یعنی تمہاری وجاہت اور نسبت زوجیت سزا دینے سے اللہ کو روک نہیں سکتی۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت ابن عباس کے نزدیک فاحشہ سے مراد ہے نافرمانی بدخلقی (چڑھ کر بولنا)

امہات المؤمنین کو ارتکاب فاحشہ پر دوہری سزا کی تجویز اس لئے کی گئی کہ اللہ کے انعامات ان پر زائد تھے اور انعامات کی زیادتی کی صورت گناہ کا ارتکاب زیادہ برا ہوتا ہے۔ اس لئے (زنا، وغیرہ کی) آزاد آدمی کے لئے سزا غلام کی سزا سے دوگنی مقرر کی گئی ہے اس کے علاوہ دوہرے عذاب کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مصاحبت کی آبرو پر بٹا لگتا ہے جو بہت ہی بری حرکت ہے۔

وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا اور یہ (دوہرا عذاب دینا) اللہ کے لئے آسان ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا

اور جو کوئی تم میں اطاعت کرے اللہ کی اور اُس کے رسول کی اور عمل کرے اچھے

نُّؤْتِهَآ اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ ۙ وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيْمًا

دیویں ہم اُس کو اُس کا ثواب دوبار اور رکھی ہے ہم نے اُس کے واسطے روزی عزت کی

عظیم مرتبہ کے لوازمات:

یعنی نیکی اور اطاعت پر جتنا اجر دوسروں کو ملے اُس سے دوگنا ملے گا۔ اور مزید برآں ایک خاص روزی عزت کی عطا ہوگی۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "یہ بڑے درجہ کا لازمہ ہے کہ نیکی کا ثواب دونا اور بُرائی کا عذاب دونا" خود پیغمبر علیہ السلام کو فرمایا اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ الْحَيٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ (بنی اسرائیل۔ رکوع ۸) (تفسیر عثمانی)

عمدہ روزی اور حسنِ معاشرت:

وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ اور تم میں سے جو کوئی اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے گی اور نیک کام کرے گی۔ ہم (دوسری عورتوں کے مقابلہ میں) اس کو دوبارہ (یعنی دوگنا) اجر دیں گے اور اس کے لئے ہم نے بہت عمدہ روزی تیار کر رکھی ہے۔ دوہرا ثواب دیا جائے گا ایک تو اللہ اور رسول کی اطاعت کا دوسرا اس بات کا کہ قناعت اور حسن معاشرت کے ساتھ وہ اللہ کے رسول کی مرضی کی طلبگار رہو ئیں۔ مقاتل نے کہا ہر نیکی کا ثواب دس نیکیوں کے برابر ہوگا۔

رزق کریم عالی قدر روزی یعنی جنت جو اصل ثواب کے بعد مزید عطا کی جائے گی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ رسول اللہ کی متابعت میں ان کو وہ ملے گا جو رسول اللہ کو عطا کیا جائے گا۔ (تفسیر مظہری)

امہات المؤمنین کا عمل دوگنا ہے:

اگر وہ کوئی گناہ کا کام کریں گی تو ان کو دوسری عورتوں کی نسبت سے دوگنا عذاب دیا جائے گا یعنی ان کا ایک گناہ دو کے قائم مقام قرار دیا جائے گا، اسی طرح اگر وہ نیک عمل کریں گی تو دوسری عورتوں کی نسبت ان کو ثواب بھی دوہرا دیا جائے گا، ان کا ایک نیک عمل دو کے قائم مقام ہوگا۔

یہ آیت ایک حیثیت سے ازواج مطہرات کے لئے ان کے اس عمل کی جزاء ہے جو انہوں نے آیت تخییر نازل ہونے پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجیت پر دنیا کی فراخی کو قربان کر دیا، اس کے صلے میں اللہ تعالیٰ نے ان کے ایک عمل کو دو کا درجہ دے دیا، اور گناہ کی صورت میں دوہرا عذاب بھی ان کی خصوصی فضیلت اور امتیازی شرافت کی وجہ سے ہوا، کیونکہ یہ بات عقلی بھی ہے اور نقلی بھی، کہ جتنا کسی کا اعزاز و احترام ہوتا ہے اُتنا ہی اس کی طرف سے غفلت وسرکشی کی سزا بھی بڑھ جاتی ہے۔

امہات المؤمنین پر انعامات:

ازواج مطہرات پر حق تعالیٰ کے انعامات بڑے ہیں کہ ان کو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجیت کے لئے انتخاب فرما لیا، اُن کے گھروں میں وحی الٰہی نازل ہوتی رہی تو ان کی ادنیٰ غلطی کوتاہی بھی بڑی ہوگی، اگر دوسروں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذاء پہنچے تو اس سے کہیں زیادہ اشد ہوگا کہ ان سے کوئی بات ایذاء و تکلیف کی سرزد ہو، قرآن کریم کے ان الفاظ میں خود اس سبب کی طرف اشارہ ہے وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ۔

فائدہ: ازواج مطہرات کی یہ خصوصیت کہ ان کے عمل کا دوہرا ثواب ملے عام اُمت کے اعتبار سے اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ امت میں کسی فرد یا جماعت کو کسی خصوصیت سے ایسا انعام نہ بخشا جائے کہ اس کو دوہرا ثواب ملے۔ (معارف مفتی اعظم)

besturdubooks.wordpress.com

يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ

اے نبی کی　عورتو تم نہیں ہو　جیسے ہر کوئی عورتیں

مقام عظمت کا تقاضا:

یعنی تمہاری حیثیت اور مرتبہ عام عورتوں کی طرح نہیں۔ آخر اللہ تعالیٰ نے تم کو سید المرسلین کی زوجیت کے لئے انتخاب فرمایا اور امہات المومنین بنایا، لہٰذا اگر تقویٰ وطہارت کا بہترین نمونہ پیش کرو گی جیسا کہ تم سے متوقع ہے۔ اس کا وزن اللہ کے ہاں بہت زیادہ ہوگا۔ اور بالفرض کوئی بُری حرکت سرزد ہو تو اسی نسبت سے وہ بھی بہت زیادہ بھاری اور قبیح سمجھی جائے گی۔ غرض بھلائی کی جانب ہو یا بُرائی کی عام مؤمنات سے تمہاری پوزیشن ممتاز رہے گی۔ (تفسیر عثمانی)

يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ اے نبی کی عورتوں تم کسی دوسری عورت کی طرح نہیں ہو۔

یعنی نہ تم میں سے کوئی ایک کسی غیر عورت کی طرح ہے اور نہ تمہاری جماعت دوسری عورتوں کی جماعت کی طرح ہے۔ یعنی فضیلت میں کوئی دوسری عورت تمہاری طرح نہیں ہے۔

حضرت ابن عباس نے یہ مطلب بیان کیا کہ دوسری نیک مومن عورتوں کے برابر میرے نزدیک تمہارا مرتبہ نہیں ہے بلکہ میرے نزدیک تمہاری عزت اور تمہارا ثواب بہت زیادہ ہے۔

فضیلت والی خواتین:

آیت مذکورہ دلالت کر رہی ہے کہ امہات المومنین کو تمام دوسری عورتوں پر فضیلت حاصل ہے لیکن ایک اور آیت میں حضرت مریمؑ کو سارے جہان کی عورتوں پر فضیلت عطا فرمانے کا ذکر کیا گیا۔ فرمایا ہے اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفٰكِ عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ اے مریم اللہ نے تجھے چن لیا اور پاک کر دیا اور دنیا کی عورتوں پر تجھے برتری عطا کی۔

چار فضیلت والی خواتین:

حضرت انس راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سارے جہان کی عورتوں سے تمہارے لئے کافی ہیں (یعنی سب پر برتری رکھتی ہیں) مریم بنت عمران خدیجہ بنت خویلد فاطمہ بنت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آسیہ فرعون کی بی بی۔ آیت کا مناسب مطلب یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجیت کا شرف تم کو حاصل ہے اس شرف میں اور کوئی عورت تمہاری شریک اور مساوی نہیں ہے۔

تمام خواتین سے افضل:

جمہور کا بالاتفاق طے شدہ مسئلہ ہے کہ تمام عورتوں سے افضل حضرت فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ازواج مطہرات کاملہ میں سب سے بہتر حضرت خدیجہ بنت خویلد نیز حضرت مریم بنت عمران اور حضرت آسیہ زوجۂ فرعون اور حضرت عائشہ بنت صدیق اکبر تھیں۔ رضی اللہ عنہ

شیخین نے صحیحین میں اور احمد و ترمذی و ابن ماجہ نے حضرت ابوموسیٰ اشعری کی روایت سے بیان کیا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مردوں میں تو بہت لوگ کامل ہوئے مگر عورتوں میں سواء آسیہ زوجہ فرعون اور مریم بنت عمران کے اور کوئی عورت کامل نہیں ہوئی۔ اور عائشہ کی فضیلت عورتوں پر ایسی ہے جیسے دوسرے کھانوں پر ثرید کی فضیلت۔ صحیحین میں آیا ہے کہ حضرت علی نے فرمایا میں نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ اس کی برترین عورت مریم بنت عمران اور خدیجہ بنت خویلد تھیں۔ کریب کی روایت میں ہے کہ وکیع نے یہ حدیث بیان کرتے وقت آسمان اور زمین کی طرف اشارہ کیا یعنی آسمان و زمین کی برترین عورتیں صحیحین میں حضرت عائشہ کی روایت سے آیا ہے کہ حضرت فاطمہ نے بیان کیا (مجھ سے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم اس پر خوش نہیں ہو کہ اہل جنت (یا فرمایا مومنوں) کی عورتوں کی تم سردار ہو۔

حضرت خذیفہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ فرشتہ (آیا ہے جو) اس رات سے پہلے کبھی زمین پر نہیں اترا اس نے اپنے رب سے اجازت مانگی کہ مجھے (آ کر) سلام کرے اور مجھے اس بات کی بشارت دی کہ فاطمہ اہل جنت کی سردار ہے اور حسن وحسین جوانانِ اہل جنت کے سردار ہیں (اجازت طلب کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اس کو اجازت مل گئی اور اس نے آ کر یہ پیام سنا دیا) رواہ الترمذی ترمذی نے اس کو حدیث غریب کہا ہے۔ (تفسیر مظہری)

ان تمام آیات سے ازواج مطہرات کی فضیلت اور بزرگی کو بیان کرنا مقصود ہے اور یہ بتلانا ہے کہ ان سے کبھی کوئی معصیت قبیحہ سرزد نہیں ہوگی اور یہ عورتیں محسنات اور مخلصات ہیں اور امہات المومنین ہیں اور نبی کی وفات کے بعد ان سے کوئی نکاح نہیں کر سکتا۔

حضرت عائشہ صدیقہؓ کی فضیلت:

ازواج مطہرات باجماع صحابہ وتابعین دنیا اور آخرت میں آپ کی زوجہ مطہرہ ہیں۔ خصوصاً حضرت علی اور حضرت عمار اور ابوموسیٰ اشعری وغیرھم نے صحابہ وتابعین کے ہزاروں اور لاکھوں کے مجمع میں باآواز بلند یہ اعلان کیا کہ ام المومنین عائشہ صدیقہ دنیا اور آخرت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ ہیں لہٰذا کسی اور گمراہ فرقہ کا یہ کہنا کہ ازواج مطہرات کا زوجہ رسول ہونا فقط دنیا تک محدود ہے صریح گمراہی ہے اور کسی رافضی کا یہ کہنا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد حضرت علی نے حضرت عائشہ صدیقہ کو طلاق دے دی تھی یہ کفر بھی ہے اور صریح جھوٹ بھی ہے۔ لعنۃ اللہ علی الکاذبین۔

besturdubooks.wordpress.com

تمام ازواج مطہرات متقیہ تھیں:

واقعات اور حالات سے اور کتاب وسنت کی شہادات سے یہ امر قطعی طور پر ثابت ہے کہ الحمدللہ ازواج مطہرات از اول تا آخر تمام زندگی تقویٰ اور پرہیز گاری پر قائم رہیں حضور پرنور کی حیات میں بھی اور آپ کی وفات کے بعد بھی اور اسی وجہ سے یہ حکم نازل ہوا وَلَا اَنْ تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا ازواج مطہرات دنیا اور آخرت دونوں ہی میں آپ کی زوجہ ہیں۔ مخالفین اسلام نے بڑی کوشش کی مگر کوئی خفیف سے خفیف واقعہ بھی ایسا نہ بتا سکے جس سے ان باتوں کی مخالفت ثابت ہوتی جو ان آیات میں مذکور ہیں۔ (معارف کاندھلوی)

اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ
اگر تم ڈر رکھو سو تم دب کر بات نہ کرو پھر لالچ کرے
الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا
کوئی جس کے دل میں روگ ہے اور کہو بات معقول

غیر مرد سے بات کرنے کا طریقہ:

یعنی اگر تقویٰ اور خدا کا ڈر دل میں رکھتی ہو تو غیر مردوں کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے (جس کی ضرورت خصوصاً امہات المومنین کو پیش آتی رہتی ہے) نرم اور دلکش لہجہ میں کلام نہ کرو۔ بلاشبہ عورت کی آواز میں قدرت نے طبعی طور پر ایک نرمی اور نزاکت رکھی ہے لیکن پاکباز عورتوں کی شان یہ ہونی چاہیے کہ حتی المقدور غیر مردوں سے بات کرنے میں بہ تکلف ایسا لب و لہجہ اختیار کریں جس میں قدرے خشونت اور روکھاپن ہو اور کسی بدباطن کے قلبی میلان کو اپنی طرف جذب نہ کرے اُمہات المومنین کو اس بارہ میں اپنے مقام بلند کے لحاظ سے اور بھی زیادہ احتیاط لازم ہے۔ تاکہ کوئی بیمار اور روگی دل کا آدمی بالکل اپنی عاقبت تباہ نہ کر بیٹھے۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ یہ ایک ادب سکھایا کہ کسی مرد سے بات کہو تو اُس طرح کہو جیسے ماں کہے بیٹے کو۔ اور بات بھی بھلی اور معقول ہو۔ (تفسیر عثمانی)

فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ سو تم چبا کر بات نہ کیا کرو۔ مطلب یہ کہ جب بشرط تقویٰ تمہاری فضیلت دوسری عورتوں پر ثابت ہے تو تقویٰ کے خلاف تم سے کوئی حرکت سرزد نہ ہونی چاہیے۔ (دوسرے) مردوں سے چبا چبا کر بات نہ کیا کرو (یہ تقویٰ کے خلاف ہے) یعنی اگر عورت کسی غیر مرد سے چبا چبا کر باتیں کرے گی تو اس کے دل میں لالچ پیدا ہوگا لہذا تم ایسا نہ کرو۔

جزری نے نہایہ میں لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مرد کو غیر عورت سے اس طرح نرم نرم باتیں کرنے کی ممانعت فرمائی ہے کہ عورت اس کی طرف کچھ کھنچنے لگے۔ خضوع کا معنی ہے اطاعت۔

اجنبی خاتون سے نرم گفتگو کرنے والے کی سزا:

جزری نے یہ بھی نہایہ میں لکھا ہے کہ حضرت عمر کے دور خلافت میں ایک شخص کسی مرد و عورت کی طرف سے گزرا جو باہم نرم نرم باتیں کر رہے تھے اس شخص نے اس مرد کے سر پر ایسی ضرب لگائی کہ اس کا سر پھٹ گیا۔ حضرت عمر نے اس کو کچھ بدلہ نہ دلوایا (ضرب کو بلا قصاص قرار دیا)

بغیر شوہر اجنبی سے بات منع ہے:

طبرانی نے اچھی سند سے حضرت عمرو بن عاص کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کو بغیر شوہروں کی اجازت کے (غیر مردوں سے) کلام کرنے کی ممانعت فرمادی ہے۔

غیر عورت کے سامنے انگڑائی ممنوع:

دار قطنی نے افراد میں حضرت ابوہریرہ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ممانعت فرمادی ہے کہ کوئی مرد نماز میں یا اپنی بیوی اور باندیوں کے علاوہ دوسری عورتوں کے سامنے انگڑائی لے۔

منافقت کی بیماری: فَيَطْمَعَ الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ (کہیں) اس شخص کو جس کے دل میں بیماری ہے کچھ لالچ ہونے لگے۔

مرض سے مراد ہے نفاق کا شائبہ۔ مومن کامل کا دل تو ایمان پر مطمئن ہوتا ہے اس کو تو اپنے رب کی شان ہر وقت نظر آتی ہے وہ تو کبھی بھی حرام بات کی طرف مائل ہی نہیں ہوسکتا۔ ہاں جس کے ایمان میں ضعف ہوتا ہے اس کے دل میں نفاق کا شائبہ ہوتا ہے وہ ممنوعات خداوندی کی طرف مائل ہوجاتا ہے۔

مسئلہ: اجنبی مردوں سے کلام کرنے کے وقت عورت کو حکم ہے کہ لہجہ میں درشتی اختیار کرے تاکہ میلان و لالچ کا احتمال ہی نہ پیدا ہونے پائے۔

وَقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا اور قاعدہ (عفت) کے مطابق بات کرو۔ یعنی اس طرح بات کرو کہ شک نہ پیدا ہو۔ (تفسیر مظہری)

وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ
اور قرار پکڑو اپنے گھروں میں اور دکھاتی نہ پھرو جیسا کہ دکھانا
الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى
دستور تھا پہلے جہالت کے وقت میں

عورتوں کیلئے گھروں سے باہر زینت کی نمائش ممنوع ہے:

یعنی اسلام سے پہلے زمانہ جاہلیت میں عورتیں بے پردہ پھرتی اور اپنے

besturdubooks.wordpress.com

بدن اور لباس کی زیبائش کا علانیہ مظاہرہ کرتی تھیں۔ اس بداخلاقی اور بے حیائی کی روش کو مقدس اسلام کب برداشت کر سکتا ہے اُس نے عورتوں کو حکم دیا کہ گھروں میں ٹھہریں اور زمانہ جاہلیت کی طرح باہر نکل کر حسن و جمال کی نمائش کرتی نہ پھریں۔ اُمہات المومنین کا فرض اس معاملہ میں بھی اوروں سے زیادہ مؤکد ہوگا جیسا کہ لَسۡتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ کے تحت میں گزر چکا۔

ضرورت کے تحت نکلنا:

باقی کسی شرعی یا طبعی ضرورت کی بنا پر بدون زیب و زینت کے مبتذل اور ناقابل اعتناء لباس میں متستر ہو کر احیاناً باہر نکلنا بشرطیکہ ماحول کے اعتبار سے فتنہ کا مظنہ نہ ہو، بلاشبہ اس کی اجازت نصوص سے نکلتی ہے اور خاص ازواج مطہرات کے حق میں بھی اس کی ممانعت ثابت نہیں ہوتی۔ بلکہ متعدد واقعات سے اس طرح نکلنے کا ثبوت ملتا ہے لیکن شارع کے ارشادات سے یہ بداہۃً ظاہر ہوتا ہے کہ وہ پسند اسی کو کرتے ہیں کہ ایک مسلمان عورت بہر حال اپنے گھر کی زینت بنے اور باہر نکل کر شیطان کو تاک جھانک کا موقع نہ دے۔ اس کی تفصیل ہمارے رسالہ حجاب شرعی میں ہے۔ رہا ستر کا مضمون یعنی عورت کے لئے کن اعضاء کو کن مردوں کے سامنے کھلا رکھنا جائز ہے۔ اس کا بیان سورۂ نور میں گزر چکا۔ (تنبیہ) جو احکام ان آیات میں بیان کئے گئے تمام عورتوں کے لئے ہیں۔ ازواج مُطہرات کے حق میں چونکہ اُن کا تاکد و اہتمام زائد تھا اس لئے لفظوں میں خصوصیت کے ساتھ مخاطب اُن کو بنایا گیا۔ میرے نزدیک يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ مَنۡ يَّاۡتِ مِنۡكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ سے لَسۡتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ تک ان احکام کی تمہید تھی۔ تمہید میں دو شقیں ذکر کی تھیں۔ ایک بے حیائی کی بات کا ارتکاب۔ اُس کی روک تھام فَلَا تَخۡضَعۡنَ بِالۡقَوۡلِ سے تَبَرُّجَ الۡجَاهِلِيَّةِ الۡاُوۡلٰى تک کی گئی۔ دوسری اللہ و رسول کی اطاعت اور عمل صالح، آگے وَاَقِمۡنَ الصَّلٰوةَ سے اَجۡرًا عَظِيۡمًا تک بھلائی بُرائی وزن میں دوگنی قرار دے گئی۔ اس تقریر کے موافق ''فاحشہ مبینہ'' کی تفسیر بھی بے تکلف سمجھ میں آ گئی ہوگی۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَا تَبَرَّجۡنَ تَبَرُّجَ الۡجَاهِلِيَّةِ الۡاُوۡلٰى اور قدیم زمانہ جاہلیت کے موافق مت پھرو۔

امہات المومنین کے گھروں سے باہر نکلنے کی ممانعت عمومی نہیں کہ نماز یا حج یا ضرورت انسانی کے لئے بھی باہر نہ نکلیں۔

شیعوں کی غلط فہمی:

وہ لوگ جن کے دلوں میں نفاق کی بیماری ہے یعنی شیعہ آیت میں عمومی ممانعت سمجھ بیٹھے ہیں اس لئے حضرت صدیقۃ الکبریٰ بنت صدیق اکبر حبیبۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر طعن کرتے ہیں کہ وہ اپنے گھر سے نکل کر مکہ کو پہنچیں پھر مکہ سے بصرہ پہنچیں جہاں جنگ جمل کا واقعہ ہوا یہ سارا سفر ممانعت آیت کے خلاف ہوا کیا ان لوگوں کو نہیں معلوم کہ اس زمانہ میں مدینہ کی فضا پر امن نہیں رہی تھی۔ اُم المومنین کے مدینہ سے نکلتے ہی حضرت عثمانؓ کو شہید کر دیا گیا اور مصر والوں نے مدینہ میں ایسا فساد مچایا کہ حضرت طلحہ اور حضرت زبیر بھی خروج پر مجبور ہو گئے اور مدینہ کو چھوڑ کر مکہ کو پہنچے اور انہیں دونوں بزرگوں نے حضرت عائشہ کو مشورہ دیا کہ مسلمانوں کی خانہ جنگی دور کرنے کے لئے بصرہ کو تشریف لے جائیں جب حضرت عائشہ نے انکار کیا تو آیت لاخير في كثير من نجوٰهم الا من امر بصدقة اومعروف اواصلاح بين الناس سے استدلال کرتے ہوئے خروج کو ضروری قرار دیا۔ اس مشورہ کے بعد حضرت عائشہ بصرہ کو تشریف لے گئیں اور اس خروج ہی کے سبب حضرت عائشہ کے ساتھیوں میں اور حضرت علی کے رفقاء میں صلح ہو گئی لیکن عبداللہ بن سبا یہودی منافق نے جو اپنے کو شیعان علی میں سے کہتا تھا صلح قائم نہ رہنے دی اور دونوں جماعتوں میں فتنہ کی آگ ایسی بھڑکائی کہ جنگ جمل کا واقعہ ظہور پذیر ہو گیا اور مسلمانوں میں باہم بڑا کشت و خون ہوا۔ ہم نے اس واقعہ کا تذکرہ اپنی کتاب سیف مسلول میں مفصل طور پر کر دیا ہے۔

''تبرج'' کا معنی:

تبرج کا لفظ بروج سے نکلا ہے۔ بروج کا معنی ہے ظہور۔ اس جگہ تبرج سے مراد ہے اظہار زینت اور مردوں کے سامنے بناؤ سنگھار کر کے نکلنا۔ ابن نجیح نے کہا تبرج کا معنی ہے۔ اٹھلا کر چلنا۔ اس لئے لاتبرجن کا تفسیری ترجمہ کیا ہے اٹھلا کر نہ چلو۔

دورِ جاہلیت: جاہلیت اولی سے مراد ہے دور اسلامی سے پہلے کا زمانہ جاہلیت اور جاہلیت دوئم ہے۔ اسلام کے بعد گناہ کبیرہ کا ارتکاب۔ شعبی نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اوپر حضرت عیسیٰ کے زمانہ تک جاہلیت اولی کا دور تھا۔ ابوالعالیہ نے کہا حضرت داؤد علیہ السلام اور حضرت سلیمان علیہ السلام کا زمانہ جاہلیت اولی کا زمانہ تھا۔ عورتیں ایسی قمیصیں پہن کر نکلتی تھیں جو دونوں طرف سے بغیر سلے ہوئے ہوتے تھے اور ان کا بدن دونوں طرف سے برہنہ دکھتا تھا۔

عکرمہ نے حضرت ابن عباس کا بیان نقل کیا ہے کہ جاہلیتِ اُولیٰ کا وہ زمانہ تھا جو حضرت نوح اور حضرت ادریس علیہ السلام کے درمیان تھا۔

جاہلیت کی بدفعلی کی ابتداء:

حضرت آدم کی نسل سے دو قبیلے ہوئے ایک پہاڑ پر رہتا تھا دوسرا میدانی علاقہ میں پہاڑی مردوں کے چہرے شگفتہ اور گورے تھے مگر عورتیں بدصورت تھیں اور میدانی باشندوں کی عورتیں حسین تھیں اور مرد بدصورت۔

besturdubooks.wordpress.com

ایک بار ابلیس انسانی شکل میں ایک میدانی باشندے کے پاس آیا اور اس کے پاس نوکر ہوگیا اور خدمت کرنے لگا پھر اس نے چرواہوں کی بانسری جیسی ایک چیز بنائی اور ایسی آواز سے بجانے لگا جو لوگوں نے کبھی نہیں سنی تھی۔ آس پاس کے لوگوں کو آواز پہنچی تو وہ سننے کے لئے جمع ہوگئے اور اس کو ایک تیوہار بنالیا جہاں مقررہ وقت پر جمع ہونے لگے اس طرح بن سنور کو عورتیں مردوں کے سامنے آنے لگیں اور مرد عورتوں کے سامنے۔ ایک روز کوئی پہاڑی اس تیوہار میں پہنچ گیا اور اس نے مردوں عورتوں کو یکجا دیکھا اور عورتوں کا حسن اس کی نظر کے سامنے آیا اس نے جا کر پہاڑی باشندوں سے اس کا تذکرہ کیا اس کے بعد پہاڑی باشندے بھی اپنے مسکن چھوڑ کر میدانی لوگوں کے ساتھ ہی آبسے اور آپس میں بدکاریاں ہونے لگیں۔ آیت میں تبرج جاہلیت اولی سے یہی مراد ہے۔ لیکن اولی کہنے کا یہ مطلب نہیں کہ جاہلیت دوئم بھی کوئی گزری ہے کبھی اولی کا لفظ بغیر اُخری کے بھی استعمال کیا جاتا ہے جیسے آیت اَهْلَكَ عَادَ ۨ الْاُوْلٰى میں اولی کا لفظ ہے (عاد اُخری کوئی قوم نہیں ہوئی پھر بھی قوم عاد کو عادَ الْاُولٰی فرمایا)

یا جاہلیت سے مراد قبل از اسلام کا دور ہے۔ (جس کی کوئی حد بندی نہیں) (تفسیر مظہری)

حضرت عثمان غنیؓ کی شہادت اور حالات کا انتشار:

صدیقہ عائشہؓ اور ان کے ساتھ حضرت ام سلمہ اور صفیہ رضی اللہ عنہما یہ سب حج کے لئے تشریف لے گئیں تھیں، وہاں حضرت عثمان غنیؓ کی شہادت او ربغاوت کے واقعات سنے تو سخت غمگین ہوئیں، اور مسلمانوں کے باہمی افتراق سے نظام مسلمین میں خلل اور فتنہ کا اندیشہ پریشان کئے ہوئے تھا، اسی حالت میں حضرت طلحہ اور زبیر اور نعمان بن بشیر اور کعب بن عجرہ اور چند دوسرے صحابہ کرام مدینہ سے بھاگ کر مکہ معظمہ پہنچے، کیونکہ قاتلان عثمانؓ ان کے بھی قتل کے درپے تھے اس لئے یہ لوگ جان بچا کر مکہ معظمہ پہنچ گئے، اور ام المومنین حضرت عائشہؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے، اور مشورہ طلب کیا، حضرت صدیقہؓ نے ان کو یہ مشورہ دیا کہ آپ لوگ اس وقت تک مدینہ طیبہ نہ جائیں جب تک کہ باغی لوگ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے گرد جمع ہیں، اور وہ ان سے قصاص لینے سے مزید فتنہ کے اندیشہ کی وجہ سے رُکے ہوئے ہیں تو آپ لوگ کچھ روز ایسی جگہ جا کر رہیں جہاں اپنے آپ کو مامون سمجھیں، جب تک یہ امیر المومنین انتظام پر قابو نہ پالیں، اور تم لوگ جو کچھ کوشش کر سکتے ہو، اس کی کرو کہ یہ لوگ امیر المومنینؓ کے گرد سے متفرق ہو جائیں، اور امیر المومنین ان سے قصاص یا انتقام لینے پر قابو پالیں۔

یہ حضرات اس پر راضی ہوگئے، اور ارادہ بصرہ چلے جانے کا کیا، کیونکہ اس وقت وہاں مسلمانوں کے لشکر جمع تھے، ان حضرات نے وہاں جانے کا قصد کرلیا تو ام المومنینؓ سے بھی درخواست کی کہ انتظام حکومت برقرار ہونے تک آپ بھی ہمارے ساتھ بصرہ میں قیام فرمائیں۔

اور اس وقت قاتلان عثمانؓ اور مفسدین کی قوت وشوکت اور حضرت علیؓ کا ان پر حد شرعی جاری کرنے سے بے قابو ہونا خود نہج البلاغہ کی روایت سے واضح ہے، یاد رہے کہ نہج البلاغہ کو شیعہ حضرات مستند مانتے ہیں، نہج البلاغہ میں ہے کہ حضرت امیر سے ان کے بعض اصحاب ورفقاء نے خود کہا کہ اگر آپ ان لوگوں کو سزا دے دیں جنہوں نے عثمان غنی پر حملہ کیا تو بہتر ہوگا، اس پر حضرت امیرؓ نے فرمایا کہ میرے بھائی! میں اس بات سے بے خبر نہیں جو تم کہتے ہو، مگر یہ کام کیسے ہو جبکہ مدینہ پر یہی لوگ چھائے ہوئے ہیں او رتمہارے غلام اور آس پاس کے اعراب بھی ان کے ساتھ لگ گئے ہیں ایسی حالت میں ان کی سزا کے احکام جاری کردوں تو نافذ کس طرح ہوں گے۔

حضرت عائشہ صدیقہؓ کا سفر بصرہ اور اس کے مقاصد:

حضرت صدیقہؓ کو ایک طرف حضرت علیؓ کی مجبوری کا اندازہ تھا دوسری طرف یہ بھی معلوم تھا کہ حضرت عثمانؓ کی شہادت سے مسلمانوں کے قلوب زخمی ہیں، اور ان کے قاتلوں سے انتقام لینے میں تاخیر جو امیر المومنین علیؓ کی طرف سے مجبوری دیکھی جارہی تھی اور مزید یہ کہ قاتلان عثمانؓ امیر المومنینؓ کی مجالس میں بھی شریک ہوئے تھے جو لوگ حضرت امیر المومنینؓ کی مجبوری سے واقف نہ تھے ان کو اس معاملہ میں ان سے بھی شکایت پیدا ہو رہی تھی، ممکن تھا کہ یہ شکوہ و شکایت کسی دوسرے فتنے کا آغاز نہ بن جائے اس لئے لوگوں کو فہمائش کر کے صبر کرنے اور امیر المومنین کو قوت پہنچا کر نظم مملکت کو مستحکم کرنے اور باہمی شکوہ و شکایت کو رفع کر کے اصلاح بین الناس کے قصد سے بصرہ کا سفر اختیار کرلیا، جس میں ان کے محرم بھانجے حضرت عبداللہ بن زبیرؓ وغیرہ ان کے ساتھ تھے، اپنے اس سفر کا مقصد خود ام المومنینؓ نے حضرت قعقاعؓ کے سامنے بیان فرمایا تھا، جیسا کہ آگے آئے گا، اور ایسے شدید فتنہ کے وقت اصلاح بین المومنین کا کام جس قدر اہم دینی خدمت تھی وہ بھی ظاہر ہے۔

شیعوں کا طوفان:

اس کے لئے اگر ام المومنین نے بصرہ کا سفر محارم کے ساتھ اور پردہ کے آہنی ہودج میں اختیار فرمالیا تو اس کو جو شیعہ اور روافض نے ایک طوفان بنا کر پیش کیا ہے کہ ام المومنینؓ نے احکام قرآن کی خلاف ورزی کی اس کا کیا جواز ہوسکتا ہے،

فتنہ بازوں کی کارروائی:

آگے منافقین اور مفسدین کی شرارت نے جو صورت جنگ باہمی کی پیدا کردی اس کا خیال کبھی صدیقہؓ کے وہم وگمان میں بھی نہیں تھا، اس آیت کی

besturdubooks.wordpress.com

تفسیر کے لئے اتنا ہی کافی ہے آگے واقعہ جنگ جمل کی تفصیل کا یہ موقع نہیں، مگر اختصار کے ساتھ حقیقت واضح کرنے کے لئے چند سطور لکھی جاتی ہیں۔

باہمی فتنوں اور جھگڑوں کے وقت جو صورتیں دنیا میں پیش آیا کرتی ہیں ان سے کوئی اہل بصیرت و تجربہ غافل نہیں ہوسکتا، یہاں بھی صورت یہ پیش آئی کہ مدینہ سے آئے ہوئے صحابہ کرام کی معیت میں حضرت صدیقہؓ کے سفر بصرہ کو منافقین اور مفسدین نے حضرت امیر المومنین علی مرتضیٰؓ کے سامنے صورت بگاڑ کر اس طرح پیش کیا کہ یہ سب اس لئے بصرہ جارہے ہیں کہ وہاں سے لشکر ساتھ لے کر آپ کا مقابلہ کریں، اگر آپ امیر وقت ہیں تو آپ کا فرض ہے کہ اس فتنہ کو آگے بڑھنے سے پہلے وہیں جا کر روکیں، حضرت حسن وحسین وعبداللہ بن جعفرعبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم جیسے صحابہ کرام نے اس رائے سے اختلاف بھی کیا اور مشورہ یہ دیا کہ آپ ان کے مقابلہ پرلشکر کشی اس وقت تک نہ کریں جب تک صحیح حال معلوم نہ ہوجائے مگر کثرت دوسری طرف رائے دینے والوں کی تھی، حضرت علی کرم اللہ وجہہ بھی اسی طرف مائل ہوکر لشکر کے ساتھ نکل آئے، اور یہ شریر اہل فتنہ وبغاوت بھی آپ کے ساتھ نکلے جب یہ حضرات بصرہ کے قریب پہنچے تو حضرت قعقاعؓ کو ام المومنین کے پاس دریافت حال کے لئے بھیجا، انہوں نے عرض کیا کہ اے ام المومنین آپ کے یہاں تشریف لانے کا کیا سبب ہوا، تو صدیقہؓ نے فرمایا اَیْ بُنَیَّ الْاِصْلَاحُ بَیْنَ النَّاسِ، یعنی میرے پیارے بیٹے میں اصلاح بین الناس کے ارادہ سے یہاں آئی ہوں پھر حضرت طلحہؓ اور زبیرؓ کو بھی قعقاعؓ کی مجلس میں بلالیا، قعقاعؓ نے ان سے پوچھا کہ آپ کیا چاہتے ہیں انہوں نے عرض کیا کہ قاتلان عثمانؓ پر حد شرعی جاری کرنے کے سوا ہم کچھ نہیں چاہتے، حضرت قعقاعؓ نے سمجھایا کہ یہ کام تو اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک مسلمانوں کی جماعت منظم اور مستحکم نہ ہوجائے، اس لئے آپ حضرات پر لازم ہے کہ اس وقت آپ مصالحت کی صورت اختیار کرلیں۔

ان بزرگوں نے اس کو تسلیم کیا، حضرت قعقاعؓ نے جا کر امیر المومنینؓ کو اس کی اطلاع دے دی وہ بھی بہت مسرور ہوئے اور مطمئن ہوگئے اور سب لوگوں نے واپسی کا قصد کرلیا، اور تین روز اس میدان میں قیام اس حال پر رہا کہ کسی کو اس میں شک نہیں تھا کہ اب دونوں فریقوں میں مصالحت کا اعلان ہو جائے گا، اور چوتھے دن صبح کو یہ اعلان ہونے والا تھا اور حضرت امیر المومنین کی ملاقات حضرت طلحہؓ وزبیرؓ کے ساتھ ہونے والی تھی جس میں یہ قاتلان عثمان غنی شریک نہیں تھے، یہ چیز ان لوگوں پر سخت گراں گزری، اور انہوں نے یہ منصوبہ بنایا کہ تم اول حضرت عائشہ کی جماعت میں پہنچ کر قتل وغارتگری شروع کردو، تاکہ وہ اور ان کے ساتھی یہ سمجھیں کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی طرف سے عہد شکنی ہوئی، اور یہ لوگ اس غلط فہمی کا شکار ہوکر حضرت علیؓ کے لشکر پر ٹوٹ پڑیں، ان کی یہ شیطانی چال چل گئی، اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے لشکر میں شامل ہونے والے مفسدین کی طرف سے جب حضرت صدیقہ کی جماعت پر حملہ ہوگیا تو وہ یہ سمجھنے میں معذور تھے کہ یہ حملہ امیر المومنین کے لشکر کی طرف سے ہوا ہے، اس کی جوابی کارروائی شروع ہوگئی، حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے یہ ماجرا دیکھا تو قتال کے سوا چارہ نہ رہا، اور جو حادثہ باہمی قتل وقتال کا پیش آنا تھا آگیا، انا للہ وانا الیہ راجعون، یہ واقعہ ٹھیک اسی طرح طبری اور دوسرے ثقات مؤرخین نے حضرت حسن اور حضرت عبداللہ بن جعفر اور عبداللہ بن عباس وغیرہ رضی اللہ عنہم کی روایت سے نقل کیا ہے (روح المعانی)

واقعہ جمل پر حضرت عائشہؓ اور حضرت علیؓ کا افسوس:

غرض مفسدین ومجرمین کی شرارت اور فتنہ انگیزی کے نتیجہ میں ان دونوں مقدس گروہوں میں غیرشعوری طور پر قتال کا واقعہ پیش آگیا، اور جب فتنہ فرد ہوا تو دونوں ہی حضرات اس پر سخت غمگین ہوئے، حضرت صدیقہ عائشہؓ کو یہ واقعہ یاد آجاتا تو اتنا روتی تھیں کہ ان کا دوپٹہ آنسوؤں سے تر ہوجاتا تھا، اسی طرح حضرت امیر المومنین علی مرتضی کو بھی اس واقعہ پر سخت صدمہ پیش آیا، فتنہ فرد ہونے کے بعد مقتولین کی لاشوں کو دیکھنے کے لئے تشریف لے گئے تو اپنی رانوں پر ہاتھ مار کر یہ فرماتے تھے کہ کاش میں اس واقعہ سے پہلے مرکر نسیاً منسیاً ہوگیا ہوتا۔ اور بعض روایات میں ہے کہ حضرت ام المومنین جب قرآن میں یہ آیت پڑھتیں وَقَرْنَ فِیْ بُیُوْتِکُنَّ تو رونے لگتیں، یہاں تک کہ ان کا دوپٹہ آنسوؤں سے تر ہوجاتا، (رواہ عبداللہ بن احمد فی زوائد الزہد وابن المنذر وابن شیبۃ عن مسروق، روح)

آیت مذکورہ پڑھنے پر رونا اس لئے نہ تھا کہ قرار فی البیوت کی خلاف ورزی ان کے نزدیک گناہ تھی یا سفر ممنوع تھا بلکہ گھر سے نکلنے پر جو واقعہ ناگوار اور حادثہ شدیدہ پیش آگیا اس پر طبعی رنج وغم اس کا سبب تھا۔ (یہ سب روایات اور پورا مضمون تفسیر روح المعانی سے لیا گیا ہے) (معارف مفتی اعظم)

تحفظ عصمت کیلئے شرعی قوانین:

ایک حکم تو یہ دیا ہے کہ عورتیں بلاشدید ضرورت اپنے گھروں سے باہر نہ نکلیں۔

دوسرا حکم یہ دیا کہ مرد عورت کو نہ دیکھے اور عورت مرد کو نہ دیکھے۔

آیت وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ یَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ میں عورتوں کو حکم دیا گیا کہ نگاہیں نیچی رکھیں غرض یہ کہ ان دونوں آیتوں میں مردوں اور عورتوں کو علیحدہ علیحدہ حکم دیا گیا کہ ایک اجنبی مرد یا عورت دوسرے اجنبی مرد یا عورت کو نہ دیکھے اس لئے کہ یہ دیکھنا ہی فتنہ کا سبب ہے بلاتفریق تمام مسلمان مردوں اور عورتوں کو یہ حکم دیا گیا کہ نگاہیں نیچی رکھیں اور ایک دوسرے کو نہ دیکھیں اصل محل فتنہ یہ چہرہ ہی ہے جس کے دیکھنے سے دل میں شیطانی وسوسے پیدا

besturdubooks.wordpress.com

ہونے لگتے ہیں اور مرد اور عورت کی عفت اور عصمت خطرہ میں پڑ جاتی ہے۔ عورت کو اپنی یہ زینت ظاہرہ (چہرہ اور دونوں ہاتھ) صرف اپنے محارم کے سامنے کھلا رکھنے کی اجازت ہے نامحرموں کے سامنے کھولنے کی اجازت نہیں عورت کو اس بات کی ہرگز ہرگز اجازت نہیں کہ وہ سربازار چہرہ کھول کر اپنا حسن و جمال دکھلاتی پھرے حسن و جمال کا تمام دارومدار چہرہ پر ہے او راصل فریفتگی چہرہ ہی پر ختم ہے اس لئے شریعت مطہرہ نے زناء کا دروازہ بند کرنے کے لئے نامحرم کے سامنے چہرہ کو کھولنا حرام قرار دیا البتہ اپنے گھر میں اپنے باپ اور بھائی اور محارم کے سامنے اپنا چہرہ کھولنے کی اجازت دی ہے اور یہ اجازت بھی ضرورت اور مجبوری کی بنا پر ہے۔

شریعت نے اگر عورت کو کسی ضرورت اور کسی خاص حالت میں منہ کھولنے کی اجازت دی ہے تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ شہوت پرستوں کو بھی عورت کی طرف دیکھنا جائز ہو جائے بلکہ شوہر کے علاوہ شریعت نے جن محارم کے سامنے آنے کی عورت کو اجازت دی ہے اس میں یہ شرط ہے کہ فتنہ کا اندیشہ نہ ہو خدانخواستہ اگر کسی عورت کا کوئی محرم رشتہ دار بھتیجا یا بھانجا بدچلن ہو تو اس کے سامنے آنا بھی جائز نہیں فتنہ کے خوف سے محرم سے بھی پردہ واجب ہو جاتا ہے اس لئے کہ زناء سے حفاظت کا بہترین ذریعہ یہی پردہ ہے۔

چوتھا حکم شریعت نے یہ دیا کہ اگر کسی غیر مرد سے بات کرنے کی ضرورت پیش آ جائے تو پردہ کے پیچھے سے اس سے بات کر سکتی ہے۔

پانچواں حکم شریعت نے یہ دیا کہ عورت اگر ضرورت کی بنا پر گھر سے باہر نکلے تو موٹے کپڑے کا برقعہ اوڑھ کر یا موٹی چادر میں لپٹ کر نکلے۔ عمدہ کپڑوں میں نہ نکلے اور عطر اور خوشبو لگا کر نہ نکلے اور تیسری شرط یہ لگائی کہ شوہر کی بغیر اجازت کے نہ نکلے اور چوتھی شرط یہ لگائی کہ عورت سڑک کے کنارے کنارے چلے عورت کو درمیان سڑک چلنے کا نہ حق ہے اور نہ اجازت۔ یہ طبرانی کی ایک حدیث کا مضمون ہے جو عبداللہ بن عمرؓ سے مروی ہے۔

حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات پہنچی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ خدا کی لعنت ہو اجنبی عورتوں کے یا اجنبی مردوں کے دیکھنے والے اور دیکھنے والی پر اور جس کی طرف دیکھا گیا خواہ وہ مرد ہو یا عورت ہو۔

پردہ عورت کے حسب نسب کا محافظ ہے بے پردہ عورت اور اس کی اولاد مشکوک ہے پردہ والی عورت کے خاوند کو اپنے بچہ کے نسب میں شک کرنے کا کوئی موقع نہیں ملتا۔

انگلستانی خاتون کا بے پردگی کا ماتم:

انگلستان کی ایک شریف عورت نے بصد حسرت وندامت اپنے ملک کی عورتوں کے متعلق ایک مقالہ لکھا جس کا ترجمہ مصر کے ماہنامہ المنار میں شائع ہوا جس میں یہ تھا کہ انگلستان کی عورتیں اپنی تمام عفت اور عصمت کھو چکی ہیں اور ان میں بہت کم ایسی ملیں گی جنہوں نے اپنے دامن عصمت کو حرام کاری کے دھبہ سے آلودہ نہ کیا ہو۔ ان میں شرم اور حیاء نام کو بھی نہیں اور ایک آزادانہ زندگی بسر کرتی ہیں کہ اس ناجائز آزادی نے ان کو اس قابل نہیں رہنے دیا کہ ان کو انسانوں کے زمرہ میں شامل کیا جائے ہمیں سرزمین مشرق کی مسلمان خواتین پر رشک آتا ہے جو نہایت دیانت اور تقوی کے ساتھ اپنے شوہروں کے زیر فرمان رہتی ہیں اور ان کی عصمت کا لباس گناہ کے داغ سے ناپاک نہیں ہوتا وہ جس قدر فخر کریں بجا ہے اور اب وہ وقت آ رہا ہے کہ اسلامی احکام شریعت کی ترویج سے انگلستان کی عورتوں کی عفت کو محفوظ رکھا جائے (انگلستان کی عورت کے کلام کا ترجمہ ختم ہوا)

بے پردگی کے نقصانات:

۱- یہ کہ بے پردگی سے بے غیرتی اور بے حمیتی پیدا ہوتی ہے۔

۲- زناء کا دروازہ کھلتا ہے۔

۳- اولاد حرام ہوتی ہے۔

۴- حسب اور نسب ضائع ہو جاتا ہے۔

۵- شوہر کو اپنی بیوی پر اطمینان نہیں رہتا تو دل سے کیسے محبت رہے۔

۶- بے پردہ بیوی سے جو اولاد پیدا ہوتی ہے شوہر کو اس پر یقین نہیں ہوتا کہ یہ میرا ہی بچہ ہے اور ظاہر ہے کہ جو عورت بے پردہ پھرتی

۷- اور جب اس بچہ کا اس کی اولاد ہونا یقینی نہ رہا تو پھر اس کے مرنے کے بعد اس بچہ کا وارث ہونا بھی یقینی نہ رہا۔ حلال اولاد میراث کی مستحق ہوتی ہے حرام کا بچہ میراث کا مستحق نہیں ہوتا۔

۸- بے پردہ عورت شوہر کی راحت اور سکون اور اطمینان کا باعث نہیں بنتی۔ شوہر جب گھر آتا ہے تو بیوی کو غائب پاتا ہے اور پریشان ہوتا ہے کہ نہ معلوم کہاں ہوگی۔

۹- بے پردہ عورت نہ شوہر کی خدمت کر سکتی ہے اور نہ اس کی اطاعت کر سکتی ہے۔

۱۰- بے پردہ عورت اولاد کی تربیت اور نگرانی بھی نہیں کر سکتی۔

۱۱- بے پردگی باہمی خصومیت اور نزاع کا سبب ہے جو بدچلنی کا لازمی نتیجہ ہے۔

۱۲- بے پردگی اپنی آوارگی کی پردہ پوشی کے لئے عورت کو جھوٹ اور مکر اور فریب پر آمادہ کرتی ہے گھر سے باہر جانے کے عجیب عجیب بہانے بناتی ہے۔

۱۳- جس کا اثر اولاد پر پڑتا ہے۔ اولاد بھی وہی کرے گی جو ماں کو کرتے دیکھے گی۔

۱۴- جس قدر بے پردگی بڑھتی جائے گی اسی قدر بے حیائی اور بے

besturdubooks.wordpress.com

غیرتی بڑھتی جائے گی جس کا لازمی نتیجہ نحوست ہے اور خاندان اور محلہ میں بدنامی اور بے عزتی ہے۔

۱۵-حتی کہ اس گھرانہ سے حیاء اور شرم اور عصمت اور غیرت کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ۔

فوجی بھرتی کے لئے مرد لئے جاتے ہیں عورت نہیں لی جاتی آج تک دنیا میں کسی بادشاہ نے عورتوں کی فوج بنا کر دشمن کے مقابلہ کے لئے کبھی بھی عورتوں کی فوج نہیں بھیجی۔

پردہ عورتوں کے لئے قید نہیں بلکہ ان کی عصمت اور عفت کی حفاظت کا ایک قلعہ ہے۔

بے پردگی سے کوئی دنیاوی اور مادی ترقی حاصل نہیں ہو سکتی بلکہ اخلاقی تنزل اس درجہ تک پہنچ جاتا ہے کہ اس میں اور حیوان میں کوئی فرق نہیں رہتا آج کل متمدن اقوام کا حال یہ ہے کہ چپہ چپہ پر ناچ گھر قائم ہو گئے ہیں جن میں نوجوان مرد اور عورتیں جمع ہو کر اپنی نفسانی خواہشیں پوری کرتے ہیں اور ایک شخص کسی اجنبی عورت سے چمٹ جاتا ہے اور اس کا شوہر دیوث بھی وہاں موجود ہوتا ہے اور سب کچھ اپنی آنکھوں سے دیکھتا ہے اور اس کو غیرت نہیں آتی مغربی ممالک میں دن بدن حرامزادوں کی تعداد بڑھ رہی ہے اور اب یہ بھی سننے میں آیا ہے کہ بعض مغربی ممالک میں لب سڑک لوگوں کو زنا کرتے دیکھا جاتا ہے گویا کہ مرد اور عورت بہائم کی طرح ہو گئے ہیں جس طرح ایک جانور کو کسی مادہ سے جفتی کرنے کے لئے کسی بند کمرہ کی ضرورت نہیں۔ (معارف کاندھلوی)

وَ اَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَ اٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ			
اور قائم رکھو	نماز	اور دیتی رہو	زکوۃ

وَ اَطِعْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ
اور اطاعت میں رہو اللہ کی اور اس کے رسول کی

ارکانِ اسلام کی پابندی:

یعنی اوروں سے بڑھ کر ان چیزوں کا اہتمام رکھو۔ کیونکہ تم نبی سے اقرب اور اُمت کے لئے نمونہ ہو۔ (تفسیر عثمانی)

اور نماز قائم کرو اور زکوۃ ادا کرو اور اللہ اور اس کے رسول کی فرماں برداری کرو۔ یعنی تمام اوامر ونواہی کی پابندی کرو یہی تقویٰ ہے جو تمہاری فضیلت یاب ہونے کی ضروری شرط ہے۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ
اللہ یہی چاہتا ہے کہ دور کرے تم سے گندی باتیں اے نبی کے گھر والو

وَ يُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا
اور ستھرا کر دے تم کو ایک ستھرائی سے

ازواجِ مطہرات کیلئے اعلیٰ اخلاقی مرتبہ:

یعنی اللہ کا ارادہ ہے کہ نبی کے گھر والوں کو ان احکام پر عمل کرا کر خوب پاک وصاف کر دے اور اُن کے رُتبہ کے موافق ایسی قلبی صفائی اور اخلاقی ستھرائی عطا فرمائے جو دوسروں سے ممتاز وفائق ہو جس کی طرف يُطَهِّرَكُمْ کے بعد تَطْهِيْرًا بڑھا کر اشارہ فرمایا ہے یہ تطہیر وہ اذہاب جس اُس قسم کی نہیں جو آیت وضوء میں وَلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ (فائدہ۔ رکوع ۲) سے یا بدر کے قصہ میں لِيُطَهِّرَكُمْ بِهٖ وَ يُذْهِبَ عَنْكُمْ رِجْزَ الشَّيْطٰنِ (انفال۔ رکوع ۲) سے مراد ہے بلکہ یہاں تطہیر سے مراد تہذیب نفس، تصفیہ قلب اور تزکیہ باطن کا وہ اعلیٰ مرتبہ ہے جو کمل اولیاء اللہ کو حاصل ہوتا ہے اور جس کے حُصول کے بعد وہ انبیاء کی طرح معصوم تو نہیں بن جاتے ہاں محفوظ کہلاتے ہیں چنانچہ لفظ يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ الخ فرمانا اور اَرَادَ اللّٰهُ نہ فرمانا خود اس کی دلیل ہے کہ اہل بیت کے لئے عصمت ثابت نہیں۔

اہلِ بیت میں ازواج یقیناً داخل ہیں:

(تنبیہ) نظم قرآن میں تدبر کرنے والے کو ایک لمحہ کے لئے اس میں شک وشبہ نہیں ہو سکتا کہ یہاں اہل بیت کے مدلول میں ازواج مطہرات یقیناً داخل ہیں۔ کیونکہ آیت ہذا سے پہلے اور پیچھے پورے رکوع میں تمام تر خطابات اُن ہی سے ہوئے ہیں اور بیوت کی نسبت بھی پہلے میں اور آگے وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ میں اور آگے وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ میں ان کی طرف کی گئی ہے اس کے علاوہ قرآن میں یہ لفظ عموماً اسی سیاق میں مستعمل ہوا ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بیوی سارہ کو خطاب کرتے ہوئے ملائکہ علیہم السلام نے فرمایا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَ بَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ (ھود۔ رکوع ۷) مطلقہ عورت باوجود یہ کہ نکاح سے نکل چکی مگر عدت منقضی ہونے سے پہلے بیوت کی نسبت اُسی کی طرف کی گئی چنانچہ فرمایا "لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْ بُيُوْتِهِنَّ" (طلاق۔ رکوع ۱) حضرت یوسف کے قصہ میں بیت کو زلیخا کی طرف منسوب کیا۔ وَرَاوَدَتْهُ الَّتِيْ هُوَ فِيْ بَيْتِهَا "(یوسف۔ رکوع ۳) بہرحال اہل بیت میں اس جگہ ازواج مطہرات کا داخل ہونا یقینی ہے بلکہ آیت کا خطاب اُولاً اُن ہی سے ہے لیکن چونکہ اولاد و داماد بھی بجائے خود اہل بیت گھر والوں میں شامل ہیں بلکہ بعض حیثیات سے وہ اس لفظ کے زیادہ مستحق ہیں۔ جیسا کہ مُسند احمد کی ایک روایت میں احق کے لفظ سے ظاہر ہوتا ہے۔ اس لئے آپ کا حضرت

besturdubooks.wordpress.com

فاطمہ علی، حسن حسین رضی اللہ عنہم کو ایک چادر میں لے کر اَللّٰھُمَّ ھٰؤُلَاءِ اَھْلُ بَیْتِیْ وغیرہ فرمانا یا حضرت فاطمہ کے مکان کے قریب گزرتے ہوئے یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ سے خطاب کرنا اس حقیقت کو ظاہر کرنے کے لئے تھا کہ گو آیت کا نزول بظاہر ازواج کے حق میں ہوا اور اُن ہی سے تخاطب ہو رہا ہے مگر یہ حضرات بھی بطریق اولیٰ اس لقب کے مستحق اور فضیلت تطہیر کے اہل ہیں باقی ازواج مطہرات چونکہ خطاب قرآنی کی اولین مخاطب تھیں اس لئے اُن کی نسبت اس قسم کے اظہار اور تصریح کی ضرورت نہیں سمجھی گئی۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَیُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْرًا اے اہل بیت (نبی) اللہ تم سے گندگی کو دور کرنا اور کامل طور پر تم کو پاک کرنا چاہتا ہے۔

یہ کلام استینافی ہے (پہلے کلام سے وابستہ نہیں ہے) اس کلام کا حکم امہات المومنین کو بھی شامل ہے اور اولاد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی۔ اسی لئے مذکر کا خطابی صیغہ استعمال کیا گیا ہے۔

سابقہ احکام کا مقصد:

یہ کلام سابق کلام کی علت کے طور پر ذکر کیا گیا ہے گویا یوں فرمایا کہ تم کو جو اوامر نواہی کی پابندی کرنے اور تقویٰ اختیار کرنے کا حکم دیا گیا وہ تم سے اور تمہارے علاوہ دوسرے اہل بیت سے رجس یعنی عمل شیطانی کو دور کرنے کے لئے دیا گیا ہے۔

رجس سے مراد ہے عمل شیطانی یعنی گناہ اور ہر وہ حرکت جس میں کوئی شرعی یا ایسی طبعی برائی ہو جو اللہ کو ناپسندیدہ ہو۔ (تفسیر مظہری)

اہل سنت و جماعت یہ کہتے ہیں کہ یہ آیت باجماع صحابہ کرام ازواج مطہرات کے حق میں نازل ہوئی اور اس آیت میں اہل بیت نبی سے آپ کی بیبیاں مراد ہیں اور تطہیر سے تزکیہ نفس اور تہذیب باطن اور تصفیہ قلب مراد ہے جو تزکیۂ باطن کا وہ اعلیٰ ترین مقام مراد ہے جو کامل اولیاء اللہ کو حاصل ہوتا ہے کہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم دعا مانگا کرتے تھے۔ اللّٰھم اجعل رزق ال محمد قوتا، اے اللہ آل محمد کا رزق بقدر قوت لایموت کر دے اور قدر قوت وہ رزق ہے جس سے بقدر کفایت گزر ہو جائے اور فاضل کچھ نہ بچ سکے اور اس میں شک نہیں کہ آل محمد میں ازواج مطہرات بھی داخل ہیں اور یہ دعا ذریت کی طرح ازواج مطہرات کو بھی شامل ہے۔

حدیث نساء ایک شبہ اور اس کا ازالہ

حضرت حکیم الامت تھانوی رحمہ اللہ اپنے ایک وعظ میں فرماتے ہیں یہاں بعض لوگوں کو ایک حدیث سے شبہ ہو گیا ہے وہ یہ کہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دفعہ حضرت علی اور حضرت فاطمہ اور حسین کو اپنی عباء میں داخل کر کے فرمایا۔

اللّٰھم ھؤلاء اھل بیتی — اے اللہ یہ میرے اہل بیت ہیں

اس سے بعض عقلمندوں نے یہ سمجھا کہ ازواج مطہرات اہل بیت میں داخل نہیں حالانکہ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اے اللہ یہ بھی میرے اہل بیت ہیں ان کو بھی اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَیُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْرًا کی فضیلت میں داخل اور شامل فرمانا اور ان کو بھی اس کرامت میں شریک فرما۔ آپ کا مقصود حصر نہ تھا کہ بس یہی اہل بیت ہیں اور ازواج مطہرات اہل بیت نہیں اور اس حدیث کے بعض طرق میں آیا ہے کہ حضور پرنور نے جب ان حضرات مذکورین کو عباء میں داخل کر کے دعا فرمائی تو ام المومنین ام سلمہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ مجھے بھی ان کے ساتھ شامل فرما لیجئے۔ تو آپ نے فرمایا کہ تم اپنی جگہ ہو۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ تم کو عباء میں داخل کرنے کی ضرورت نہیں تم تو پہلے ہی سے اہل بیت میں داخل ہو کذا فی النسوان فی رمضان ص۳ وعظ چہارم از سلسلہ ابلاغ۔

حضور پرنور نے حضرت علی اور حضرت فاطمہ اور حسن اور حسین رضی اللہ عنہم کو ایک چادر میں لے کر یہ دعا کی اللّٰھم ھؤلاء اھل بیتی الخ تاکہ اس دعا کے ذریعہ یہ حضرات بھی ازواج مطہرات کے ساتھ اس وعدہ نعمت و کرامت میں شریک ہو جائیں جو اللہ نے نبی کے گھرانہ کے لئے ارادہ فرمایا ہے۔

جس طرح احادیث میں حضرت علی اور ان کی اولاد کو عباء میں داخل کر کے دعا کرنے کا ذکر آیا ہے اسی طرح بعض روایات میں حضرت عباس اور ان کی اولاد کے متعلق بھی آیا ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عباس کو اور ان کی اولاد کو اپنی کساء (کمبل) میں داخل کر کے دعا فرمائی۔

ان مختلف دعاؤں سے آپ کا مقصد یہ تھا کہ ازواج مطہراتؓ کے ساتھ دوسرے اعزاء و اقارب بھی اس نعمت و کرامت میں داخل ہو جائیں۔

خلاصۂ کلام:

خلاصہ کلام یہ کہ اہل سنت و جماعت کے نزدیک اہل بیت کے مفہوم عام میں حضور پرنور کی ازواج مطہرات اور ذریت اور اولاد اور بنی الاعمام سب داخل ہیں اور سب اسی بشارت اور کرامت میں شریک اور داخل ہیں کیونکہ قاعدہ مسلمہ ہے۔ العبرۃ لعموم اللفظ لالخصوص السبب یعنی اعتبار عموم لفظ کا ہوتا ہے نہ کہ خصوص سبب کا آیت کا نزول اصالۃً اگرچہ ازواج مطہرات کے بارہ میں ہوا ہے مگر عموم لفظ کی وجہ سے اور حضور پرنور کی دعا کی وجہ سے تمام اہل بیت کو شامل کیا گیا ہے۔ (معارف کاندھلوی)

اھل البیت، رسول اللہ کے گھر کے لوگ۔ عکرمہ اور مقاتل کے نزدیک امہات المومنین مراد ہیں۔ حضرت ابن عباس کا قول سعید بن جبیر کی روایت سے بھی یہی آیا ہے۔ حضرت ابن عباس نے (اہل البیت کے مفہوم کے تعیین کے لئے) آیت وَاذْکُرْنَ مَا یُتْلٰی فِیْ بُیُوْتِکُنَّ مِنْ اٰیٰتِ اللّٰہِ وَالْحِکْمَةِ تلاوت فرمائی رواہ

besturdubooks.wordpress.com

ابن ابی حاتم وروی ابن جریر عن عکرمۃ نحوہ۔ ان حضرات نے آیت کے سیاق و سباق سے بھی اسی پر استدلال کیا ہے۔ لیکن عورتوں کے ساتھ حکم کی تخصیص کیسے ہو سکتی ہے جب کہ کم ضمیر مذکر مخاطب کی استعمال کی گئی ہے (اس سے معلوم ہوا کہ آیت کا حکم مردوں کو بھی شامل ہے اور بطور تغلیب مذکر کی ضمیر ذکر کی گئی ہے۔ مترجم)

حضرت علی، حضرت فاطمہ، حضرت حسنین رضی اللہ عنہم بھی اہل بیت میں داخل ہیں

حضرت ابوسعید حذری اور تابعین کی ایک جماعت کا قول ہے جن میں مجاہد اور قتادہ بھی شامل ہیں کہ اہل بیت ہیں۔ حضرت علی، حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حضرت حسین۔ کیوں کہ حضرت عائشہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سیاہ بالوں کی اونی چادر اوڑھے باہر تشریف لے گئے۔ چادر پر کجاوے کے نقوش تھے اتنے میں حسن بن علی آئے حضور نے ان کو چادر میں لے لیا پھر حسین بن علی آئے حضور نے ان کو بھی چادر میں لے لیا۔ پھر (سیدہ) فاطمہ آئیں حضور نے ان کو بھی چادر میں داخل کر لیا۔ پھر علی آئے آپ نے ان کو بھی داخل کر لیا پھر فرمایا اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰهُ لِیُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَیْتِ وَیُطَهِّرَكُمْ تَطْهِیْرًا رواہ مسلم۔

حضرت سعد بن ابی وقاص راوی ہیں کہ جب آیت نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَكُمْ نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے علی، فاطمہ، حسن اور حسین کو طلب فرمایا، اور فرمایا، اے اللہ! یہ میرے اہل بیت ہیں۔ رواہ مسلم

حضرت واثلہ بن اسقع راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰهُ لِیُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ تلاوت فرمائی اور حضرت علی، حضرت فاطمہ اور دونوں صاحبزادوں کے متعلق فرمایا اے اللہ یہ میرے گھر والے اور میرے خاص لوگ ہیں ان سے گندگی کو دور فرما دے اور ان کو کامل طور پر پاک کر دے۔

حضرت ام سلمہ کی روایت ہے کہ جب آیت اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰهُ لِیُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَیْتِ الخ نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے علی اور فاطمہ اور حسن اور حسین کو طلب کیا اور کملی میں داخل کر لیا۔ پھر فرمایا اے اللہ یہ میرے اہل بیت ہیں ان سے گندگی کو دور کر دے اور ان کو کامل طور پر پاک کر دے۔

ازواج و اولاد سب اہل بیت ہیں:

مذکورہ احادیث اور ان جیسی دوسری اخبار سے آیت تطہیر کی حضرات اربعہ (حضرت علی، حضرت سیدہ، حضرت حسن، حضرت حسین کے ساتھ تخصیص ثابت نہیں ہوتی۔ ماقبل اور مابعد کا کلام بھی اس تخصیص سے انکار کر رہا ہے اور عرف و لغت کی شہادت بھی اس کے خلاف ہے۔ اصطلاح میں اہل بیت کے لفظ کا اطلاق صرف بیویوں پر ہوتا ہے۔ اولاد اور دوسرے گھر والے ذیلی طور پر اس میں آ جاتے ہیں۔ بیویوں کے ہی رہنے کے مکان (یا کمرے) عام طور پر الگ الگ ہوتے ہیں۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بیوی سارہ کو خطاب کر کے ملائکہ نے کہا تھا اَتَعْجَبِیْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَیْكُمْ اَهْلَ الْبَیْتِ کیا تجھے اللہ کے حکم پر تعجب ہو رہا ہے۔ اے گھر والو تم پر اللہ کی رحمت ہے۔

حق بات یہ ہے کہ رفتار کلام اگرچہ امہات المومنین پر دلالت کر رہی ہے لیکن آیت تطہیر سب کو شامل ہے حضرت ام سلمہؓ نے فرمایا تھا میرے گھر میں آیت اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰهُ لِیُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَیْتِ نازل ہوئی۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فاطمہ اور علی اور حسن اور حسین کو بلوایا پھر فرمایا یہ لوگ میرے اہل بیت ہیں۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ میں بھی اہل بیت میں سے ہوں فرمایا کیوں نہیں۔ انشاء اللہ۔

رواہ البغوی وغیرہ۔ یہ حدیث دلالت کر رہی ہے کہ اہل بیت میں سب داخل ہیں اور انشاء اللہ کا لفظ (امید مستقبل کے لئے نہیں بلکہ تحقیق اور) تبرک کے لئے استعمال ہوا ہے۔

حضرت زید بن ارقم نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت وہ سب لوگ تھے جن پر صدقہ کا مال (لینا) حرام کر دیا گیا تھا یعنی اولاد علی اولاد جعفر، اولاد عقیل، اولاد عباس اور اولاد حارث بن عبد المطلب۔

گناہ گندگی ہے:

تطہیر سے مراد ہے دنیا میں گناہوں کی نجاست سے پاک کرنا اور آخرت میں مغفرت فرمانا۔

اللہ نے آیات مذکورہ میں امہات المومنین کو بعض چیزوں سے منع فرمایا بعض باتوں کے کرنے کا حکم دیا تا کہ رسول اللہ کا گھر والا کسی گناہ کا ارتکاب نہ کرے اور سب کے سب متقی ہو جائیں۔ بطور استعارہ گناہوں کو گندگی اور تقویٰ کو طہارت فرمایا کیونکہ گناہ کرنے والے کی گناہوں سے اسی طرح آلودگی ہو جاتی ہے۔ جس طرح جسم نجاست سے آلودہ ہوتا ہے اور متقی ایسا ہی پاک صاف ہوتا ہے۔ جس طرح کپڑا پاک صاف ہوتا ہے۔

مستعمل پانی:

چونکہ گناہ اور گندگی میں بہت گہری مناسبت ہے اسی لئے امام ابوحنیفہ نے فرمایا کہ پانی کا استعمال خواہ رفع حدث کے لئے کیا گیا ہو یا بطور ثواب (و قربت) بہرحال مستعمل پانی نجس ہو جاتا ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

حضرت عثمان کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو اچھی طرح خوب وضو کرتا ہے اس کے گناہ اس کے بدن سے نکل جاتے ہیں یہاں تک کہ ناخنوں کے نیچے سے بھی خارج ہو جاتے ہیں (اور پانی کے ساتھ بہہ جاتے ہیں) متفق علیہ۔

حضرت ابوہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو مسلم بندہ (یا فرمایا مومن بندہ) وضو کرتا ہے اور منہ دھوتا ہے تو اس کے چہرے سے پانی کے ساتھ آنکھ کے گناہ نکل جاتے ہیں۔ الحدیث۔ رواہ مسلم۔

شیعوں کا غلط استدلال:

شیعہ کہتے ہیں کہ یہ آیت ثابت کر رہی ہے کہ علیؓ اور فاطمہؓ اور حسنؓ اور حسینؓ معصوم تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلفاء یہی تھے دوسرا کوئی خلیفہ نہیں ہوسکتا۔ اور انہیں حضرات اربعہ کا اور ان کے بعد (ان کی نسل کے) دوسرے اماموں کا ہی اجماع معتبر ہے۔ شیعہ کہتے ہیں اللہ کا ارادہ مراد سے منفک نہیں ہوتا (یعنی اللہ جس چیز کا ارادہ کرتا ہے اس کا پورا ہونا لازم ہے) اور حسب صراحت آیت اللہ اہل بیت کو طاہر بنانا چاہتا تھا اس لئے اہل بیت کا معصوم ہونا ضروری ہے۔ گناہگار پاک نہیں ہوتا اور عصمت امامت (یعنی خلافت) کی شرط ہے اور چونکہ ابوبکر اور عمر اور عثمان بالاجماع معصوم نہ تھے اس لئے خلافت کا استحقاق صرف اہل بیت کو تھا۔ شیعہ فرقہ کا استدلال غلط ہے۔

آیت کا نزول امہات المومنین کے لئے ہوا۔ ہاں یہ چاروں بزرگ ہستیاں حکم آیت میں داخل ہیں۔

آیت عصمت پر دلالت نہیں کرتی (ارادہ تطہیر کا معنی عطاء عصمت نہیں)

دیکھو آیت وضو میں تمام امت کو خطاب کر کے فرمایا ہے مَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيدُ لِيُطَهِّرَكُمْ الخ اللہ تم پر کوئی تنگی ڈالنا نہیں چاہتا بلکہ تم کو پاک کرنا چاہتا ہے (تو کیا ساری امت اسلامیہ کو اس آیت کی روشنی میں معصوم قرار دیا جاسکتا ہے۔

اگر شبہ کیا جائے کہ آیت تطہیر کا تقاضا تو گناہوں سے پاک کرنے کا ارادۂ الٰہیہ ہے (یعنی اللہ گناہوں سے تم کو پاک کرنا چاہتا ہے) اور آیت وضو کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تم کو نجاست اور غلاظتِ بدنیہ سے پاک صاف کرنا چاہتا ہے اگر تم وضو کرو گے (تو بدنی نجاست دور ہو جائے گی) دونوں آیتوں میں ایک قسم کی تطہیر نہیں ہے مگر یہ شبہ بے اصل ہے دونوں آیتوں میں اللہ کا ارادہ تطہیر مشروط ہے آیت وضو میں مشروط باوضوء ہے اور آیت تطہیر میں مشروط باتقویٰ۔ یعنی اگر وضو کرو گے تو نجاست بدنی سے پاک ہو جاؤ گے اسی طرح اے اہل بیت تم تقویٰ اختیار کرو گے تو گناہوں سے پاک ہو جاؤ گے یہی وجہ ہے کہ جس طرح طہارت بدنی حاصل کرنے کے لئے اللہ نے پانی کے استعمال کا طریقہ بتا دیا اسی طرح گناہوں سے طہارت حاصل کرنے اور باطن کو پاک رکھنے کے لئے اس نے تقویٰ کا طریقہ بتا دیا اور فرما دیا فَلَا تَخْضَعْنَ پس جس طرح طہارت بدن پانی کے استعمال سے وابستہ ہے اسی طرح طہارتِ باطن تقویٰ پر موقوف ہے۔

امامت (یعنی خلافتِ ارضی) کے لئے عصمت شرط نہیں ہے۔ معصوم کی موجودگی میں غیر معصوم خلیفہ ہوسکتا ہے۔ دیکھو حضرت اشموئیل اور حضرت داؤد کے موجود ہونے کے باوجود طالوت کو خلیفہ (بادشاہ) بنا دیا گیا تھا۔ آیت میں آیا ہے وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوْتَ مَلِكًا۔ (تفسیر مظہری)

عورتوں کیلئے جہاد کا ثواب:

ایک روایت میں ہے کہ ان کے لئے ان کے گھر بہتر ہیں۔ بزار میں ہے کہ عورتوں نے حاضر ہو کر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ جہاد وغیرہ کی کل فضیلتیں مرد ہی لے گئے، اب آپ ہمیں کوئی ایسا عمل بتائیں جس سے ہم مجاہدین کی فضیلت کو پاسکیں۔ آپ نے فرمایا تم میں سے جو اپنے گھر میں پردے اور عصمت کے ساتھ بیٹھی رہے وہ جہاد کی فضیلت پالے گی۔

عورت کیلئے قربِ الٰہی:

ترمذی وغیرہ میں ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں، عورت سرتاپا پردے کی چیز ہے، یہ جب گھر سے باہر قدم نکالتی ہے تو شیطان جھانکنے لگتا ہے۔ یہ سب سے زیادہ خدا سے قریب اُس وقت ہوتی ہے جب کہ یہ اپنے گھر کے اندرونی حُجرے میں ہو۔

عورت کی افضل نماز:

ابوداؤد وغیرہ میں ہے عورت کی اپنے گھر کی اندرونی کوٹھری کی نماز، گھر کی نماز سے افضل ہے اور گھر کی نماز صحن کی نماز سے بہتر ہے۔

دَورِ جاہلیت کے کرتوت:

جاہلیت میں عورتیں بے پردہ پھرا کرتی تھیں۔ اب اسلام بے پردگی کو حرام قرار دیتا ہے۔ ناز سے اِٹھلا کر چلنا ممنوع ہے۔ دوپٹیا گلے میں ڈال لی لیکن اُسے لپیٹا نہیں، جس سے گردن اور کانوں کے زیورات دوسروں کی نظر میں آئیں، یہ جاہلیت کا بناؤ تھا جس سے اس آیت میں روکا گیا ہے۔

حضرات حسنین کی فضیلت:

ابن ابی حاتم میں ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو خلیفہ بنایا گیا۔ آپ ایک مرتبہ نماز پڑھا رہے تھے کہ بنو اسد کا ایک شخص کود کر آیا اور سجدے کی حالت میں آپ کے جسم میں خنجر گھونپ دیا۔ جو آپ کے نرم گوشت میں لگا جس سے آپ کئی مہینے بیمار رہے

besturdubooks.wordpress.com

جب اچھے ہو گئے تو مسجد میں آئے۔ منبر پر بیٹھ کر خطبہ پڑھا جس میں فرمایا اے عراقیو! ہمارے بارے میں خوفِ خدا کرو۔ ہم تمہارے حاکم ہیں، تمہارے مہمان ہیں، ہم اہلِ بیت ہیں جن کے بارے میں آیت اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰهُ لِیُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَیْتِ وَیُطَهِّرَكُمْ تَطْهِیْرًا اُتری ہے اس پر آپ نے خوب زور دیا اور اس مضمون کو بار بار ادا کیا جس سے مسجد والے رونے لگے ایک مرتبہ علیؓ بن حسین نے ایک شامی سے فرمایا تھا کیا تو نے سورۂ احزاب کی آیت تطہیر نہیں پڑھی؟ اس نے کہا ہاں۔ کیا اس سے مراد تم ہو؟ فرمایا ہاں۔

ازواج کو خصوصی خطاب کی حکمت:

اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰهُ لِیُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَیْتِ وَیُطَهِّرَكُمْ تَطْهِیْرًا

آیت سابقہ میں جو ہدایات ازواج مطہرات کو مخاطب کر کے دی گئی ہیں، وہ اگرچہ ان کی ذات کے ساتھ مخصوص نہ تھیں بلکہ پوری اُمت ان احکام کی مکلف ہے، مگر ازواج مطہرات کو خصوصی خطاب اس لئے کیا گیا کہ وہ اپنی شان اور بیتِ نبوت کے مناسب ان اعمال کا زیادہ اہتمام کریں، اس آیت میں اس خصوصی خطاب کی حکمت مذکور ہے کہ اصلاح اعمال کی خاص ہدایت سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک مطلوب یہ ہے کہ اہلِ بیتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو رجس (گندگی) سے پاک کر دے۔

رِجس کا معنی:

لفظ رِجس قرآن میں متعدد معانی کے لئے استعمال ہوا ہے، ایک جگہ رجس بتوں کے معنی میں آیا ہے اور کبھی رجس مطلق گناہ کے معنی میں، کبھی عذاب کے معنی میں کبھی نجاست اور گندگی کے معنی میں استعمال ہوتا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ ہر وہ چیز جو شرعاً یا طبعاً قابلِ نفرت سمجھی جاتی ہو وہ رجس ہے، اس آیت میں یہی عام معنی مراد ہیں۔ (بحرمحیط)

حضرت عکرمہؓ کا چیلنج:

حضرت عکرمہ تو بازار میں منادی کرتے تھے، کہ آیت میں اہلِ بیت سے مراد ازواج مطہرات ہیں، کیونکہ یہ آیت انہی کی شان میں نازل ہوئی ہے، اور فرماتے تھے کہ میں اس پر مباہلہ کرنے کے لئے تیار ہوں۔

مختلف اقوال میں تطبیق:

ابن کثیر نے اس مضمون کی متعدد احادیث معتبرہ نقل کرنے کے بعد فرمایا کہ درحقیقت ان دونوں اقوال میں جو ائمہ تفسیر سے منقول ہیں کوئی تضاد نہیں جن لوگوں نے یہ کہا ہے کہ یہ آیت ازواج مطہرات کی شان میں نازل ہوئی اور اہلِ بیت سے وہ مراد ہیں یہ اس کے منافی نہیں کہ دوسرے حضرات بھی اہلِ بیت میں شامل ہوں، اس لئے صحیح یہی ہے کہ لفظ اہلِ بیت میں ازواج مطہرات بھی داخل ہیں، کیونکہ شانِ نزول اس آیت کا وہی ہیں اور شانِ نزول کا مصداق آیت میں داخل ہونا کسی شبہ کا متحمل نہیں، اور حضرت فاطمہ و علی و حسن و حسین رضی اللہ عنہم بھی، ارشادِ نبوی علیہ السلام کے مطابق اہلِ بیت میں شامل ہیں۔

اسلوبِ قرآن کی دلالت:

اور اس آیت سے پہلے اور بعد میں دونوں جگہ نساء النبی صلی اللہ علیہ وسلم عنوان سے خطاب اور ان کے لئے صیغے مؤنث کے استعمال فرمائے گئے ہیں، سابقہ آیات میں فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ کے آخر تک سب صیغے مؤنث کے استعمال ہوئے ہیں، اور آگے پھر وَاذْكُرْنَ مَا یُتْلٰی میں بصیغہ تانیث خطاب ہوا ہے، اس درمیانی آیت کو سیاق و سباق سے کاٹ کر بصیغۂ مذکر عَنْكُمْ اور یُطَهِّرَكُمْ فرمانا بھی اس پر شاہد قوی ہے کہ اس میں صرف ازواج ہی داخل نہیں کچھ رجال بھی ہیں۔

تطہیر کا مطلب:

آیت مذکورہ میں جو یہ فرمایا ہے کہ لِیُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَیْتِ وَیُطَهِّرَكُمْ تَطْهِیْرًا

تطہیر کا مطلب:

ظاہر ہے کہ اس سے مراد یہ ہے کہ ان ہدایات کے ذریعہ اغواء شیطانی اور معاصی اور قبائح سے حق تعالیٰ اہلِ بیت کو محفوظ رکھے گا، اور پاک کر دے گا، خلاصہ یہ ہے کہ تطہیر تشریعی مراد ہے، تکوینی تطہیر جو خاصہ انبیاء ہے وہ مراد نہیں، اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ یہ سب معصوم ہوں اور ان سے انبیاء علیہم السلام کی طرح کوئی گناہ سرزد ہونا ممکن نہ ہو، تکوینی تطہیر کا جو خاصہ ہے، اہلِ تشیع نے اس آیت میں جمہور امت سے اختلاف کر کے اول تو لفظ اہلِ بیت کا صرف اولاد و عصباتِ رسول کے ساتھ مخصوص ہونے اور ازواج مطہرات کے ان سے خارج ہونے کا دعویٰ کیا، دوسرے آیت مذکورہ میں تطہیر سے مراد ان کی عصمت قرار دے کر اہلِ بیت کو انبیاء کی طرح معصوم کیا، اس کا جواب اور مسئلہ کی مفصل بحث احقر نے احکام القرآن سورۂ احزاب میں لکھی ہے اس میں عصمت کی تعریف اور اس کا انبیاء اور ملائکہ کے ساتھ مخصوص ہونا اور ان کے علاوہ کسی کا معصوم نہ ہونا دلائل شرعیہ سے واضح کر دیا ہے، اہلِ علم اس کو دیکھ سکتے ہیں، عوام کو اس کی ضرورت نہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

صحابہ کرامؓ کی فضیلت شیعوں کی کتاب میں:

شیعوں کی ایک حدیث میں یہ فضیلت صحابہ کے لئے بصیغۂ ماضی وارد ہوئی ہے وہ حدیث طویل ہے جو فروع کافی کلینی جلد اول مطبوعہ نول کشور کتاب الجہاد میں ص ۲۰۹ تک منقول ہے۔ یہ حدیث امام جعفر صادق سے

besturdubooks.wordpress.com

مروی ہے جو مہاجرین صحابہ کے فضائل اور محامد پر مشتمل ہے جس میں صحابہ کے متعلق ایک جگہ یہ کہا گیا ہے۔ الذین اخبر عنہم فی کتابہ انہ اذھب عنہم الرجس وطھرھم تطھیرا یعنی ان لوگوں کے متعلق اللہ نے اپنی کتاب میں یہ بیان کیا ہے کہ اللہ نے ان سے ناپاکی کو دور کر دیا اور ان کو خوب پاک کر دیا بعد ازاں امام جعفر صادق نے مہاجرین کو آیۃ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّاۗءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاۗءُ بَيْنَهُمْ الخ اور آیت قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ اور آیت اَلتَّاۗىِٕبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ اور آیت يَوْمَ لَا يُخْزِي اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مصداق قرار دیا ہے جس سے صاف ظاہر ہے کہ مہاجرین اور خلفاء ثلاثہ معاذ اللہ ظالم وفاسق نہ تھے۔

شیعوں کی تاویل:

حضرات شیعہ کو اس صریح اور واضح حدیث میں جب تاویل کی کوئی گنجائش نہ ملی تو اس کو تقیہ پر محمول کیا لیکن سوال یہ ہے کہ تقیہ کے لئے بھی کوئی موقع اور محل چاہئے کہ جو خوف اور ڈر کی بنا پر کیا جاتا ہے یہاں امام جعفر صادق کو کیا خوف لاحق تھا۔ (معارف کاندھلوی)

وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ
اور یاد کرو جو پڑھی جاتی ہیں تمہارے گھروں میں
اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ
اللہ کی باتیں اور عقلمندی کی

تعلیم قرآن وسنت کا حکم:

یعنی قرآن وسنت میں جو اللہ کے احکام اور دانائی کی باتیں ہیں انہیں سیکھو، یاد کرو دوسروں کو سکھاؤ اور اللہ کے احسان عظیم کا شکر ادا کرو کہ تم کو ایسے گھر میں رکھا جو حکمت کا خزانہ اور ہدایت کا سرچشمہ ہے۔ (تفسیر عثمانی)

فائدہ: ابن عربی نے احکام القرآن میں فرمایا کہ اس آیت سے یہ ثابت ہوا کہ جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی آیت قرآن یا حدیث سنے اس پر لازم ہے کہ وہ اُمت کو پہنچائے، یہاں تک کہ ازواج مطہرات پر بھی لازم کیا گیا کہ جو آیات قرآن ان کے گھروں میں نازل ہوں یا جو تعلیمات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کو حاصل ہوں اس کا ذکر امت کے دوسرے افراد سے کریں، اور یہ اللہ کی امانت ان کو پہنچائیں۔

قرآن کی طرح حدیث کی حفاظت:

اس آیت میں جس طرح آیات قرآن کی تبلیغ وتعلیم اُمت پر لازم کی گئی ہے اسی طرح لفظ حکمت فرما کر احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تبلیغ و تعلیم کو بھی لازم کیا گیا ہے، اسی لئے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے اس حکم کی تعمیل ہر حال میں کی ہے، صحیح بخاری میں حضرت معاذؓ کا یہ واقعہ کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک حدیث سنی، لیکن اس کو عام لوگوں کے سامنے اس لئے بیان نہیں کیا کہ خطرہ تھا کہ لوگ اس کو اس کے درجہ میں نہ رکھیں، اور کسی غلط فہمی میں مبتلا ہو جائیں لیکن جب اُن کی وفات کا وقت آیا تو لوگوں کو جمع کر کے وہ حدیث سنادی اور فرمایا کہ میں نے اس وقت تک دینی مصلحت سے اس کا ذکر کسی سے نہیں کیا تھا، مگر اب موت کا وقت قریب ہے اس لئے امت کی یہ امانت ان کو پہنچانا ضروری سمجھتا ہوں، صحیح بخاری میں اُن کے الفاظ یہ ہیں فَاَخْبَرَ بِهٖ مُعَاذٌ عِنْدَ مَوْتِهٖ تَاَثُّمًا یعنی حضرت معاذؓ نے یہ حدیث لوگوں کو وفات کے وقت اس لئے سُنادی کہ وہ گناہگار نہ ہوں کہ حدیث رسول امت کو نہیں پہنچائی۔

یہ واقعہ بھی اسی پر شاہد ہے کہ اس حکم قرآنی کی تعمیل سب صحابہؓ کرام واجب وضروری سمجھتے تھے، اور صحابہ کرام نے حدیث کو احتیاط کے ساتھ لوگوں تک پہنچانے کا اہتمام فرمایا تھا تو حدیث کی حفاظت بھی ایک درجہ میں قرآن کی حفاظت کے قریب قریب ہو گئی، اس معاملہ میں شبہات نکالنا درحقیقت قرآن میں شبہات نکالنا ہے، واللہ اعلم۔ (معارف مفتی اعظم)

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا خَبِيْرًا
مقرر اللہ ہے بھید جاننے والا خبردار

اسرار الٰہی:

اُس کی آیتوں میں بڑے باریک بھید اور پتے کی باتیں ہیں اور وہ ہی جانتا ہے کہ کون اس امانت کے اُٹھانے کا اہل ہے اُس نے اپنے لطف و مہربانی سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی کے لئے اور تم کو اُن کی زوجیت کے لئے چن لیا۔ کیونکہ وہ ہر ایک کے احوال واستعداد کی خبر رکھتا ہے کوئی کام یوں ہی بے جوڑ نہیں کر سکتا۔ (تفسیر عثمانی)

آئندہ آیت کا شانِ نزول:

یہ بھی روایت میں آیا ہے کہ حضرت اسماء بنت عمیس جب اپنے شوہر حضرت جعفر بن ابوطالب کے ہمراہ حبشہ سے واپس آئیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیبیوں کے پاس گئیں تو ان سے دریافت کیا کیا ہمارے معاملہ میں قرآن کی کوئی آیت اتری ہے۔ امہات المومنین نے جواب دیا۔ نہیں۔ اسماء فوراً رسول اللہ کی خدمت میں پہنچیں اور عرض کیا یا رسول اللہ عورتیں بڑے گھاٹے میں ہیں، بڑی نامراد ہیں۔ فرمایا کس وجہ سے یہ بات (کہہ رہی ہو) عرض کیا حضور مردوں کا جس طرح ذکر کیا جاتا ہے۔ عورتوں کا اچھائی کے ساتھ (قرآن

besturdubooks.wordpress.com

میں) کہیں ذکر ہی نہیں ہوتا اس پر آیت ذیل نازل ہوئی۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ

تحقیق مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں اور ایماندار مرد

وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِيْنَ

اور ایماندار عورتیں اور بندگی کرنے والے مرد اور بندگی کرنے والی عورتیں اور سچے مرد

وَالصّٰدِقٰتِ وَالصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰبِرٰتِ

اور سچی عورتیں اور محنت جھیلنے والے مرد اور محنت جھیلنے والی عورتیں

یعنی تکلیفیں اُٹھا کر اور سختیاں جھیل کر احکام شریعت پر قائم رہنے والے۔ (تفسیر عثمانی)

ایمان دار خواتین کا ذکر:

طبرانی اور ابن مردویہ نے حضرت ابن عباس کی روایت سے بھی اسی طرح بیان کی ہے۔ اسی طرح ابن سعد نے قتادہ کی روایت سے بیان کیا ہے۔ طبرانی نے قابل قبول سند سے بروایت ابن عباس یہ الفاظ نقل کئے ہیں کہ عورتوں نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا وجہ ہے کہ اللہ ایماندار مردوں کا تو ذکر کرتا ہے اور ایمان دار عورتوں کا ذکر (قرآن میں) نہیں کرتا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ یہ سبب نزول ابن جریر نے قتادہ کی روایت سے مرسلاً ذکر کیا ہے۔

ترمذی نے بسند حسن حضرت ام عمارہ انصاریہ کا واقعہ نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر انہوں نے کہا تھا کیا وجہ کہ میں (قرآن میں) ہر چیز مردوں ہی کے لئے دیکھتی ہوں اور عورتوں کا تذکرہ کسی (اچھی) چیز کے ساتھ (قرآن میں) مجھے نظر نہیں آتا۔ اس پر آیت مذکورہ نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

وَالْخٰشِعِيْنَ وَالْخٰشِعٰتِ

اور دبے رہنے والے مرد اور دبی رہنے والی عورتیں

یعنی تواضع و خاکساری اختیار کرنے والے یا نماز خشوع و خضوع سے ادا کرنے والے۔ (تفسیر عثمانی)

وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّآئِمِيْنَ وَالصّٰئِمٰتِ

اور خیرات کرنے والے مرد اور خیرات کرنے والی عورتیں اور روزہ دار مرد اور روزہ دار عورتیں

وَالْحٰفِظِيْنَ فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ

اور حفاظت کرنے والے مرد اپنی شہوت کی جگہ کو اور حفاظت کرنے والی عورتیں اور یاد کرنے والے مرد

كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا

اللہ کو بہت سا اور یاد کرنے والی عورتیں رکھی ہے اللہ نے ان کے واسطے معافی اور ثواب بڑا

خواتین کی دلجمعی:

بعض ازواج مطہرات نے کہا تھا کہ قرآن میں اکثر جگہ مردوں کا ذکر ہے عورتوں کا کہیں نہیں اور بعض نیک بخت عورتوں کو خیال ہوا کہ آیات سابقہ میں ازواج نبی کا ذکر تو آیا عام عورتوں کا کچھ حال بیان نہ ہوا اُس پر یہ آیت اُتری۔ تاتسلی ہو جائے کہ عورت ہو یا مرد کسی کی محنت اور کمائی اللہ کے یہاں ضائع نہیں جاتی۔ اور جس طرح مردوں کو روحانی اور اخلاقی ترقی کرنے کے ذرائع حاصل ہیں عورتوں کے لئے بھی یہ میدان کشادہ ہے۔ یہ طبقہ اناث کی دلجمعی کے لئے تصریح فرما دی۔ ورنہ جو احکام مردوں کے قرآن میں آئے وہ ہی عموماً عورتوں پر عائد ہوتے ہیں۔ جدا گانہ نام لینے کی ضرورت نہیں۔ ہاں خصوصی احکام الگ بتلا دیئے گئے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

سب سے بڑا مجاہد:

الذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ یعنی بکثرت دلوں اور زبانوں سے اللہ کی یاد کرنے والے مرد اور عورتیں۔

حضرت معاذ راوی ہیں ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ کون سا مجاہد سب سے بڑے ثواب کا مستحق ہے فرمایا جو اللہ کی یاد سب سے زیادہ کرنے والا ہو۔ عرض کیا کس روزہ دار کو سب سے بڑا ثواب ملے گا فرمایا جو اللہ کو سب سے زیادہ یاد کرتا ہو پھر اس شخص نے نماز زکوٰۃ حج اور خیرات کا ذکر کیا اور حضور نے سب کے جواب میں یہی فرمایا کہ جو اللہ کی یاد سب سے زیادہ کرتا ہو۔ یہ سن کر حضرت ابوبکر نے حضرت عمر سے فرمایا ابو حفص اللہ کا ذکر کرنے والے ہر بھلائی کو لے گئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک۔

بغوی نے مجاہد کا قول نقل کیا ہے کہ بندہ اسی وقت اللہ کی بکثرت یاد کرنے والوں میں شمار کیا جاتا ہے جب کھڑے بیٹھے لیٹے ہر وقت اللہ کی یاد کرتا ہو کسی وقت اللہ کی یاد میں سستی نہ کرتا ہو اس کے بغیر کثیر الذکر بندوں میں سے نہیں ہوتا۔

میں کہتا ہوں یہ بات اسی وقت ہوتی ہے جب فناء قلب حاصل ہو جائے ذکر میں دل ڈوبا رہے اور ہر وقت حضور دوامی حاصل رہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا افراد والے (سب سے) آگے بڑھ گئے عرض کیا گیا افراد والے کون فرمایا اللہ کو بکثرت یاد کرنے والے مرد اور عورتیں۔ رواہ مسلم من حدیث ابی ہریرہؓ۔

عذاب الٰہی سے نجات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ذکر خدا سے زیادہ عذاب الٰہی سے

besturdubooks.wordpress.com

نجات دینے والی اور کوئی چیز نہیں۔ صحابہ نے عرض کیا نہ جہاد فی سبیل اللہ۔ فرمایا نہ جہاد فی سبیل اللہ ہاں اگر جہاد میں اتنی شمشیر زنی کرے کہ تلوار ٹوٹ جائے۔ (ایسی حالت میں مجاہد کا درجہ زیادہ ہو جائے گا) رواہ البیہقی فی الدعوات الکبیر من حدیث عبداللہ بن عمر۔

افضل واعلیٰ آدمی:

حضرت سعید خدری راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا قیامت کے دن اللہ کے نزدیک کون سا بندہ سب سے افضل اور عالی مرتبہ ہوگا فرمایا اللہ کو بکثرت یاد کرنے والے مرد اور عورتیں۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ کیا اللہ کی راہ میں لڑنے والے سے بھی فرمایا اگر (مجاہد) کافروں اور مشرکوں میں اتنی شمشیر زنی کرے کہ تلوار ٹوٹ جائے اور خون سے رنگ جائے تب بھی اللہ کو یاد کرنے والا اس سے مرتبہ میں افضل ہوگا۔ رواہ احمد والترمذی وقال ہذا حدیث غریب۔

غافل وذاکر کی مثال:

امام مالک نے فرمایا مجھے یہ خبر ملی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے یاد خدا سے غفلت کرنے والوں میں اللہ کی یاد کرنے والا ایسا ہوتا ہے جیسے (جہاد سے منہ موڑ کر) بھاگنے والوں کے پیچھے (کافروں سے) لڑتا رہنے والا اور غافلوں میں اللہ کی یاد کرنے والا ایسا ہے جیسے سوکھے درخت میں سبز ٹہنی اور غافلوں میں اللہ کی یاد کرنے والا ایسا ہے جیسے تاریک گھر میں (روشن) چراغ۔ غافلوں میں اللہ کی یاد کرنے والے کو (دنیا میں ہی) جنت کے اندر اس کا مقام اللہ دکھا دیتا ہے اور غافلوں میں اللہ کی یاد کرنے والے کے گناہ سارے بولنے والوں اور گونگوں کی گنتی کے برابر بخش دیئے جاتے ہیں۔ بولنے والوں سے مراد ہیں تمام بنی آدم اور گونگے سے مراد ہیں چوپائے۔ رواہ رزین۔

مؤمن ومسلم، قانت، صادق، صابر، خاشع، متصدق، صائم اور حافظ

بغوی نے لکھا ہے کہ عطاء بن ابی رباح نے کہا جس نے اپنے کام اللہ کے سپرد کر دیئے وہ المسلمین والمسلمات کے تحت آ گیا اور جس نے اقرار کیا کہ اللہ میرا رب ہے اور محمد اس کے رسول ہیں اور دل زبان کے مخالف نہ ہو تو وہ المومنین والمومنات کی فہرست میں آ گیا اور جس نے فرائض میں اللہ کی اور سنت میں رسول کی اطاعت کی (یعنی فرائض خداوندی کو ادا کیا اور سنت رسول پر چلا) وہ القانتین والقانتات میں شامل ہو گیا اور جس نے اپنے کلام کو جھوٹ سے محفوظ رکھا وہ الصادقین والصادقات میں آ گیا اور جو طاعت پر جما رہا اور گناہ سے ڈرتا رہا اور دکھ پر صبر کیا والصابرین والصابرات میں شامل ہو گیا اور جس نے (اتنے استغراق سے) نماز پڑھی کہ دائیں بائیں کی بھی اس کو شناخت (یعنی خبر) نہ ہوئی وہ الخاشعین والخاشعات میں داخل ہو گیا اور جس نے ہر ہفتہ ایک درہم خیرات کیا وہ المتصدقین والمتصدقات میں شامل ہو گیا اور جس نے ہر ماہ چاندنی راتوں کے (یعنی ۱۳-۱۴ تاریخوں کے) روزے رکھے وہ الصائمین والصائمات میں داخل ہو گیا اور جس نے حرام سے اپنی شرمگاہ کو محفوظ رکھا وہ الحافظین فروجھم والحافظات کے ذیل میں آ گیا اور جس نے پانچوں نمازیں ادا کیں وہ الذاکرین اللہ کثیرا والذاکرات کے تحت آ گیا۔

اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً یعنی جو گناہ ان سے سرزد ہو گئے ہوں گے ان کی مغفرت اللہ نے تیار کر رکھی ہے۔

وَّاَجْرًا عَظِیْمًا یعنی طاعت کا بڑا ثواب۔ (تفسیر مظہری)

نکتہ: ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے مردوں اور عورتوں دونوں کو صراحۃً خطاب فرمایا باقی اکثر آیات میں صرف مردوں ہی کو خطاب کیا گیا ہے کیونکہ مرد حاکم ہیں اور اصل ہیں اور عورتیں ان کے تابع ہیں۔ اس لئے عورتوں کو جداگانہ خطاب نہیں کیا گیا حاکم کو خطاب کافی ہے محکوم اور تابع کو علیحدہ خطاب کی ضرورت نہیں جو لوگ مرد اور عورت کی مساوات کے قائل ہیں وہ قرآن اور حدیث سے بے خبر ہیں نیز سارا عالم اس بات پر متفق ہے کہ عورتیں مردوں سے جسمانی قوت میں اور عقل اور فہم میں اور اعضاء ظاہری کی ساخت میں مردوں سے بہت کم ہیں حتیٰ کہ آواز میں بھی مرد سے کم ہیں اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں عورت کے متعلق فرمایا اَوَمَنْ یُّنَشَّؤُا فِی الْحِلْیَةِ وَهُوَ فِی الْخِصَامِ غَیْرُ مُبِیْنٍ یعنی عورتوں کو ابتداء ہی سے زیب و زینت کا شوق ہوتا ہے اور اسی میں ان کی پرورش ہوتی ہے اور زیب و زینت سے اور غیر ضروری چیزوں سے رغبت قلت عقل کی دلیل ہے اور اخیر سورت میں حق جل شانہٗ کا یہ ارشاد وَهُوَ فِی الْخِصَامِ غَیْرُ مُبِیْنٍ عورتوں کے دوسرے نقص کا بیان ہے کہ وہ قوت بیانیہ میں ضعیف اور کمزور ہے پس جس کو قدرت نے محکوم اور کمزور اور ناقص بنایا ہو وہ حاکم اور قوی کے ساتھ کیسے مساوی ہو سکتا ہے بلکہ یہ محکومیت ہی عورتوں کے لئے اللہ کی رحمت اور نعمت ہے کہ ان کو مردوں کے تابع کر دیا۔ اگر چھوٹے بچے ماں باپ کے تابع نہ ہوں تو یقیناً وہ ہلاک ہوں گے اسی وجہ سے حدیث میں ہے۔ لا نکاح الا بولی عورت کو بغیر ولی کے ہرگز نکاح نہ کرنا چاہیے۔ (معارف کاندھلوی)

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ
اور کام نہیں کسی ایماندار مرد کا اور نہ ایماندار عورت کا جبکہ مقرر کر دے اللہ
وَرَسُوْلُهٗٓ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ
اور اُس کا رسول کوئی کام کہ اُن کو رہے اختیار

besturdubooks.wordpress.com

مِنْ اَمْرِهِمْ ۭ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

اپنے کام کا اور جس نے نافرمانی کی اللہ کی اور اُس کے رسول کی

فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا

سو وہ راہ بھولا صریح چوک کر

حضرت زید بن حارثہ اور حضرت زینبؓ کا واقعہ:

حضرت زینب رضی اللہ عنہا امیمہ بنت عبدالمطلب کی بیٹی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپی زاد بہن اور قریش کے اعلیٰ خاندان سے تھیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے چاہا کہ ان کا نکاح زید بن حارثہ سے کر دیں۔ یہ زید اصل سے شریف عرب تھے لیکن لڑکپن میں کوئی ظالم ان کو پکڑ لایا اور غلام بنا کر مکہ کے بازار میں بیچ گیا۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے خرید لیا اور کچھ دنوں بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ہبہ کر دیا۔ جب یہ ہشیار ہوئے تو ایک تجارتی سفر کی تقریب سے اپنے وطن کے قریب گزرے، وہاں ان کے اعزہ کو پتہ لگ گیا۔ آخر ان کے والد، چچا اور بھائی حضرت کی خدمت میں پہنچے کہ آپ معاوضہ لے کر ہمارے حوالہ کر دیں، فرمایا کہ معاوضہ کی ضرورت نہیں۔ اگر تمہارے ساتھ جانا چاہے خوشی سے لے جاؤ۔ انہوں نے حضرت زید سے دریافت کیا۔ حضرت زید نے کہا کہ میں حضرت کے پاس سے جانا نہیں چاہتا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اولاد سے بڑھ کر عزیز رکھتے ہیں اور ماں باپ سے زیادہ چاہتے ہیں۔ حضرت نے اُن کو آزاد کر دیا اور متبنیٰ بنا لیا۔ چنانچہ لوگ اُس زمانہ کے مطابق زید بن محمد کہہ کر پکارنے لگے تا آنکہ آیت اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ نازل ہوئی۔ اُس وقت زید بن محمد کی جگہ پھر زید بن حارثہ رہ گئے چونکہ قرآن کے حکم کے موافق اُن کے نام سے اس نسبت عظیمہ کا شرف جُدا کر لیا گیا تھا شاید اس کی تلافی کے لئے تمام صحابہ کے مجمع میں سے صرف اُن کو یہ خاص شرف بخشا گیا کہ اُن کا نام قرآن میں تصریحاً وارد ہوا جیسا کہ آگے آتا ہے فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا بہر حال حضرت زینبؓ کی خاندانی حیثیت چونکہ بہت بلند تھی اور زید بن حارثہ بظاہر داغ غلامی اُٹھا کر آزاد ہوئے تھے اس لئے ان کی نیز اُن کے بھائی کی مرضی زید سے نکاح کرنے کی نہ تھی لیکن اللہ و رسول کو منظور تھا کہ اس طرح کی موہوم تفریقات و امتیازات نکاح کے راستہ میں حائل نہ ہوا کریں۔ اس لئے آپ نے زینب اور اُن کے بھائی پر زور دیا کہ وہ اس نکاح کو قبول کر لیں۔ اسی وقت یہ آیت اُتری اور اُن لوگوں نے اپنی مرضی کو اللہ و رسول کی مرضی پر قربان کر دیا اور زینب کا نکاح زید بن حارثہ سے ہو گیا۔ (تفسیر عثمانی)

شانِ نزول: طبرانی نے صحیح سند سے بروایت قتادہ بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زینب بنت جحش کو پیام نکاح بھیجا یہ پیام حضرت زید بن حارثہ کے لئے تھا لیکن حضرت زینب نے خیال کیا کہ رسول اللہ نے اپنے ساتھ نکاح کا پیام بھیجا ہے جب معلوم ہوا کہ زید کا پیام بھیجا ہے تو انکار کر دیا اس پر آیت مذکور نازل ہوئی۔

رسول نے کسی بات کا قطعی حکم دے دیا ہو تو پھر کسی مومن مرد اور مومن عورت کو اپنے امر کا خود اختیار نہیں رہتا۔

نزول آیت کے بعد حضرت زینب راضی ہو گئیں اور انہوں نے مان لیا۔

حضرت زیدؓ کی شادی:

بغوی نے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زید کو بازار عکاظ سے خریدنے کے بعد آزاد کر کے بیٹا بنا لیا تھا پھر حضرت زینب کو پیام نکاح بھیجا۔ حضرت زینب نے خیال کیا کہ اپنے ساتھ نکاح کا پیام بھیجا ہے اس لئے راضی ہو گئیں لیکن بعد کو معلوم ہوا کہ زید کی طرف سے پیام بھیجا ہے تو آپ کو ناگوار ہوا اور انکار کر دیا اور زینب کے بھائی عبداللہ بن جحش نے بھی یہ رشتہ پسند نہیں کیا حضرت زینب اور ان کے بھائی عبداللہ کی ماں امیمہ بنت عبدالمطلب تھی امیمہ رسول اللہ کی پھوپھی تھی۔

ابن جریر نے بطریق عکرمہ وعوفی حضرت ابن عباس کی یہ روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زینب بنت جحش کو زید بن حارثہ کے لئے نکاح کا پیام بھیجا تھا۔ زینب نے یہ رشتہ پسند نہیں کیا اور کہا میں زید سے نسب میں بہتر اور اعلیٰ ہوں اس پر آیت وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ نازل ہوئی۔ مومن سے مراد ہیں عبداللہ بن جحش اور مومنہ سے مراد ہیں زینب بنت جحش یعنی کسی کے لئے جائز نہیں ہے۔

اپنی مرضی کو اللہ و رسول کے تابع بناؤ:

اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ کہ ان کو اپنے معاملہ کا اختیار خود اپنے ہاتھ میں رہے کہ جب چاہیں اپنی مرضی کے مطابق کریں بلکہ حکم خدا کی تعمیل ان کے لئے ضروری ہے اور اپنے اختیار کو اللہ اور رسول کی پسندیدگی کے تابع بنانا لازم ہے۔

خِیَرَۃ اور خِیار دونوں ہم معنی ہیں۔ اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ مطلق امر (اگر کسی دوسرے معنی کے قرینہ سے خالی ہو تو) وجوب کے لئے آتا ہے۔ ایک بات یہ بھی معلوم ہو رہی ہے کہ عالم اور وہ لوگ جن کو دینی شرف حاصل ہے وہ ہر علوی اور شریف النسب شخص کا کفو ہے (خواہ اس کی ذات اور قوم عرف عام کے لحاظ سے کچھ بھی ہو)

پیغمبر کی نافرمانی یا کفر ہے یا فسق:

ضَلٰلًا مُّبِيْنًا راہ صواب سے کھلا ہوا انحراف۔ امر سے انحراف دو طرح کا

besturdubooks.wordpress.com

ہوتا ہے۔ امر کو ماننے سے انکار اور تردید ایسا انحراف کفر ہے انحراف عمل مع اعتقاد وجوب یعنی امر کے واجب ہونے کا عقیدہ تو ہو لیکن عمل اس کے مطابق نہ ہو، ایسی نافرمانی کو فسق کہتے ہیں۔

بغوی نے لکھا ہے اس آیت کے نزول کے بعد حضرت زینب اور ان کا بھائی دونوں راضی ہو گئے اور دونوں نے مان لیا اور زینب کے نکاح کا اختیار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں دے دیا۔ حضور نے زید سے ان کا نکاح کر دیا۔ حضور نے زید کی طرف سے زینب کو دس دینار ساٹھ درہم ایک اوڑھنی ایک کرتہ ایک تہبند ایک چادر پچاس سیر غلہ اور تقریباً چار من چھوارے دیئے۔ حضرت زید کے پاس ایک مدت تک رہیں ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی کام سے (حضرت زینب کی طرف) گئے زینب گوری اور قریش کی حسین ترین عورت تھیں اس وقت صرف کرتہ اور دوپٹہ پہنے کھڑی تھیں حضور کی جو نظر ان پر پڑی تو اچھی معلوم ہوئیں اور دل کو بھا گئیں فوراً زبان سے نکلا سبحان اللہ۔ اللہ دل کو پلٹنے والا ہے۔ اس کے بعد لوٹ آئے جب حضرت زید آئے تو ان سے حضور نے اس بات کا تذکرہ کر دیا۔ زید سمجھ گئے اور اسی وقت سے ان کے دل میں زینب کی طرف سے کراہت پیدا ہو گئی۔ کچھ مدت بعد حضور کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ میں اپنی بیوی کو الگ کرنا چاہتا ہوں۔ حضور نے فرمایا ایسا کیوں؟ کیا زینب کی تم نے کوئی ناشائستہ حرکت دیکھی۔ زید نے کہا نہیں خدا کی قسم۔ میں نے تو ان کی طرف سے نیکی کے سوا اور کچھ نہیں دیکھا مگر وہ اپنی شرافت نسب کی وجہ سے مجھ پر اپنی بڑائی جتلاتی ہیں اور زبان سے مجھے دکھ دیتی ہیں۔ حضور نے فرمایا اپنی بیوی کو اپنے پاس رکھو اور اس کے معاملہ میں اللہ سے ڈرتے رہو۔ ابن جریر نے ابوزید کی روایت سے یہ واقعہ یوں ہی بیان کیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

نکاح اولیاء کے ذریعہ کفو میں ہونا چاہئے:

ایک حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ لڑکیوں کا نکاح ان کے اولیاء ہی کے ذریعہ ہونا چاہئے یعنی بالغ لڑکی کو بھی یہ مناسب نہیں کہ اپنے نکاح کا معاملہ خود طے کرے، حیاء کا تقاضا یہ ہے کہ یہ کام اس کے والدین اور اولیاء کریں، اور فرمایا کہ لڑکیوں کا نکاح ان کے کفو ہی میں کرنا چاہئے۔ اس حدیث کی سند اگرچہ ضعیف ہے، مگر صحابہ کرام کے آثار واقوال سے اس کی تائید ہو کر حدیث قابل استدلال ہو جاتی ہے امام محمدؒ نے کتاب الآثار میں حضرت فاروق اعظمؓ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ میں یہ حکم جاری کروں تا کہ کسی بڑے اونچے معروف خاندان کی لڑکی کا نکاح دوسرے کم درجہ والے سے نہ کیا جائے اسی طرح حضرت عائشہ صدیقہؓ اور حضرت انسؓ نے بھی اس کی تاکید فرمائی کہ نکاح میں کفاءت کی رعایت کی جائے جو متعدد اسانید سے منقول ہے، امام ابن ہمام نے بھی فتح القدیر میں اس کی تفصیل لکھی ہے۔

دینی مصلحت کفو سے افضل ہے:

حاصل یہ ہے کہ نکاح میں کفایت ومماثلت کی رعایت کرنا دین میں مطلوب ہے تا کہ زوجین میں موافقت رہے، لیکن کوئی دوسری اہم مصلحت، اس کفائت سے بڑھ کر سامنے آ جائے تو عورت اور اس کے اولیاء کو اپنا یہ حق چھوڑ کر غیر کفو میں نکاح کر لینا بھی جائز ہے خصوصاً جب کہ کوئی دینی مصلحت پیش نظر ہو تو ایسا کرنا افضل و بہتر ہے جیسا کہ صحابہؓ کرام کے متعدد واقعات سے ثابت ہے، اس سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ ان واقعات سے اصل مسئلہ کفات کی نفی نہیں ہوئی، واللہ اعلم۔

حضرت زیدؓ اور حضرت زینب میں ناموافقت:

حضرت زینب بنت جحش کا نکاح بامر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت زید بن حارثہؓ کے ساتھ ہو گیا، مگر دونوں کی طبیعتوں میں موافقت نہ ہوئی، حضرت زیدؓ ان کی تیز زبانی اور نسبی شرافت کی بناء پر اپنے کو اونچا سمجھنے اور اطاعت میں کوتاہی کرنے کی شکایت کیا کرتے تھے، دوسری طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بذریعہ وحی یہ بتلا دیا گیا تھا کہ زیدؓ ان کو طلاق دیں گے، اس کے بعد زینبؓ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح میں آئیں گی، ایک روز حضرت زیدؓ نے انہی شکایات کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کر کے اپنا یہ ارادہ ظاہر کیا کہ ان کو طلاق دے دیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زیدؓ کو طلاق سے منع فرمایا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اگرچہ منجانب اللہ یہ علم ہو گیا تھا کہ واقعہ یوں ہی پیش آنے والا ہے، کہ زیدؓ ان کو طلاق دے دیں گے، پھر یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح میں آئیں گی۔ لیکن دو وجہ سے آپ نے حضرت زید کو طلاق دینے سے روکا، اول یہ کہ طلاق دینا اگرچہ شریعت اسلام میں جائز ہے مگر پسندیدہ نہیں بلکہ ابغض المباحات یعنی جائز چیزوں میں سب سے زیادہ مبغوض ومکروہ ہے۔ اور تکوینی طور پر کسی کام کا وقوع تشریعی حکم کو متاثر نہیں کرتا دوسرے قلب مبارک میں یہ بھی خیال پیدا ہوا کہ اگر انہوں نے طلاق دے دی اور پھر زینب کا نکاح آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوا تو عرب اپنے دستور جاہلیت کے مطابق یہ طعنے دیں گے کہ اپنے بیٹے کی بیوی سے نکاح کر لیا، اگرچہ قرآن نے اس دستور جاہلیت کو سورۂ احزاب کی ہی سابقہ آیات میں ختم کر دیا ہے، اس کے بعد کسی مؤمن کے لئے تو اس کے وسوسہ کا بھی خطرہ نہ تھا مگر کفار جو قرآن ہی کو نہیں مانتے وہ اپنی جاہلانہ رسم یعنی منہ بولے بیٹے کو تمام احکام میں حقیقی بیٹے کی طرح سمجھنے کی بناء پر زبان طعن دراز کریں گے، یہ اندیشہ بھی حضرت زیدؓ کو طلاق دینے سے منع کرنے کا سبب بنا، حکیم ترمذی اور ابن

besturdubooks.wordpress.com

ابی حاتم وغیرہ محدثین نے حضرت علی بن حسین زین العابدین کی روایت سے نقل کی ہے جس کے الفاظ یہ ہیں۔

اَوْحی اللّٰہُ تعالیٰ اِلَیْہِ صَلیّ اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّ زَیْنَبَ سَیُطَلِّقُھَا زَیْدٌ وَیَتَزَ وَّجُھَا بَعْدَہٗ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ

(روح از حکیم ترمذی)

"یعنی اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بذریعہ وحی یہ اطلاع دے دی تھی کہ حضرت زینبؓ کو زیدؓ طلاق دینے والے ہیں اور اس کے بعد وہ آپ کے نکاح میں آئیں گے"

اور ابن کثیر نے ابن ابی حاتم کے حوالہ سے یہ الفاظ نقل کئے ہیں۔

اِنَّ اللّٰہَ اَعْلَمَ نَبِیَّہٗ اَنَّھَا سَتَکُوْنُ مِنْ اَزْوَاجِہٖ قَبْلَ اَنْ یَتَزَوَّجَھَا فَلَمَّا اَتَاہُ زَیْدٌ لیشکوھا اِلَیْہِ قَالَ اِتَّقِ اللّٰہَ وَاَمْسِکْ عَلَیْکَ زَوْجَکَ فَقَالَ اَخْبَرْتُکَ اِنِّیْ مُزَوِّجُکَھَا وَتخفی فِیْ نَفْسِکَ مَا اللّٰہُ مبدیہ،

"یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو بتلا دیا تھا کہ حضرت زینبؓ بھی ازواج مطہرات میں داخل ہو جائیں گی، پھر جب حضرت زیدؓ ان کی شکایت لے کر آپ کی خدمت میں آئے تو آپ نے فرمایا کہ اللہ سے ڈرو اور اپنی بیوی کو طلاق نہ دو۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میں نے تو آپ سے بتلا دیا تھا کہ میں ان سے آپ کا نکاح کرا دوں گا اور آپ اپنے دل میں اس چیز کو چھپائے ہوئے تھے جس کو اللہ تعالیٰ ظاہر کرنے والا ہے۔" (معارف مفتی اعظم)

وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِیْٓ اَنْعَمَ اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاَنْعَمْتَ
اور جب تو کہنے لگا اُس شخص کو جس پر اللہ نے احسان کیا اور تو نے احسان کیا
عَلَیْہِ اَمْسِكْ عَلَیْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰہَ
رہنے دے اپنے پاس اپنی بی بی کو اور ڈر اللہ سے
وَتُخْفِیْ فِیْ نَفْسِكَ مَا اللّٰہُ مُبْدِیْہِ وَتَخْشَی النَّاسَ
اور تو چھپاتا تھا اپنے دل میں ایک چیز جس کو اللہ کھولنا چاہتا ہے اور ڈرتا تھا لوگوں سے
وَاللّٰہُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰہُ فَلَمَّا قَضٰی زَیْدٌ مِّنْھَا وَطَرًا
اور اللہ سے زیادہ چاہیے ڈرنا تجھ کو پھر جب زید تمام کر چکا اُس عورت سے اپنی غرض

حضرت زیدؓ نے طلاق دے دی:

یعنی زید نے طلاق دے دی۔ اور عدت بھی گزر گئی۔ زینب سے کچھ غرض مطلب نہ رہا۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِیْٓ اَنْعَمَ اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاَنْعَمْتَ عَلَیْہِ اَمْسِكْ عَلَیْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰہَ اور جب آپ اس شخص سے جس پر اللہ نے بھی انعام کیا اور آپ نے بھی اس پر انعام کیا تھا کہہ رہے تھے کہ اپنی بیوی کو اپنے پاس ہی رہنے دے اور اللہ سے ڈر۔ یہ خطاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہے۔ حاکم نے حضرت انس کی روایت سے بیان کیا کہ زید بن حارثہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں زینب بنت جحش کی شکایت کرنے آئے تو آپ نے فرمایا اپنی بیوی کو اپنے پاس ہی رکھو۔ تو یہ آیت نازل ہوئی۔

اَنْعَمَ اللّٰہُ اللہ نے اس پر فضل کیا کہ اسلام کی اور آپ کے ساتھ رہنے کی اس کو توفیق دی اور آپ کے دل میں اس کی محبت پیدا کر دی (جس کی وجہ سے آپ نے اس کو آزاد کر کے اپنا بیٹا بنا لیا)

زَوْجَکَ یعنی زینب بنت جحش۔

واتق اللّٰہ اور اللہ سے اس کے معاملہ میں ڈر۔ اس کو طلاق نہ دے۔ طلاق اگرچہ جائز ہے لیکن تمام جائز احکام میں سب سے زیادہ بری اور قابل نفرت چیز ہے۔

وَتُخْفِیْ فِیْ نَفْسِكَ مَا اللّٰہُ مُبْدِیْہِ اور آپ اپنے دل میں وہ بات (بھی) چھپائے ہوئے تھے جس کو اللہ (آخر میں) ظاہر کرنے والا تھا۔

بخاری نے حضرت انسؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ اس آیت کا نزول زینب بنت جحش اور زید بن حارثہ کے معاملہ میں ہوا۔ حسن نے کہا زید کی بات رسول اللہ کو دل سے تو پسند آئی مگر شرم اور شرف ذاتی کی وجہ سے اس بات کو دل میں چھپائے رکھا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا میلانِ طبع:

بغوی نے بروایت سفیان بن عیینہ بیان کیا کہ علی بن زید جدعان نے کہا مجھ سے امام زین العابدین علی بن امام حسین نے پوچھا آیت وَتُخْفِیْ فِیْ نَفْسِكَ مَا اللّٰہُ مُبْدِیْہِ وَتَخْشَی النَّاسَ وَاللّٰہُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰہُ کے متعلق حسن کیا کہتے ہیں۔ میں نے کہا حسن کہہ رہے تھے کہ جب زید نے آ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا اے اللہ کے نبی میں زینب کو چھوڑنا چاہتا ہوں حضور کو زید کی یہ بات (دل سے تو) پسند آئی لیکن (ظاہر میں) زبان سے فرمایا اَمْسِكْ عَلَیْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰہَ امام زین العابدین نے فرمایا ایسا نہیں ہے۔ اللہ نے آپ کو پہلے سے اطلاع دے دی تھی کہ زید زینب کو طلاق دے دیں گے اور زینب آپ کی بیوی ہو جائیں گی۔ چنانچہ جب زید نے آ کر کہا میں زینب کو طلاق دینا چاہتا ہوں تو اللہ کے رسول نے فرمایا۔ اَمْسِكْ عَلَیْكَ زَوْجَكَ یہ بات اللہ کو پسند نہ آئی اور بطور عتاب اللہ نے فرمایا جب ہم نے آپ کو بتا دیا تھا کہ زینب آپ کی بیوی ہو گی تو پھر آپ نے زید سے کیوں کہا کہ اپنی بیوی کو اپنے پاس رہنے دو طلاق نہ دو۔ آیت کا یہ

besturdubooks.wordpress.com

مطلب شان انبیاء کے موافق ہے (اس سے نبی پر کوئی دھبہ نہیں آتا) اور عبارت بھی اسی کے مطابق ہے کیوں کہ اللہ نے فرمادیا کہ جو بات تم نے چھپائی تھی ہم اس کو ظاہر کرنے والے ہیں لیکن سوا اس کے کہ زَوَّجْنٰكَهَا ہم نے تمہارا نکاح زینب سے کر دیا) فرمادیا اور کوئی بات ظاہر نہیں کی۔ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دل میں زینب کی محبت چھپائے رکھی ہوتی یا دل کے اندر یہ بات مخفی کر لی ہوتی کہ زینب کو زید طلاق دے دے تو اللہ (حسب وعدہ) اس کو ضرور ظاہر کر دیتا حقیقت میں (جب بوحی الٰہی آپ کو معلوم ہو گیا کہ زید زینب کو طلاق دے دیں گے اور زینب سے آپ کا نکاح ہو جائے گا تو) آپ کو زید سے یہ بات کہتے ہوئے شرم محسوس ہوئی کہ جو بیوی تیرے نکاح میں اور تیرے پاس ہے وہ میری بیوی ہو جائے گی۔

بغوی نے لکھا ہے امام زین العابدین کا بیان کیا ہوا یہ مطلب نہایت خوبصورت اور پسندیدہ ہے لیکن یہ مطلب بھی غلط نہیں ہے اور نہ شان انبیاء کے خلاف ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دل میں زینب کی محبت پیدا ہو گئی اور آپ نے اس کو چھپائے رکھا یا یہ بات پوشیدہ رکھی کہ زید طلاق دے دیں گے تو میں نکاح کر لوں گا کیوں کہ دل میں جو بات بغیر اختیار کے پیدا ہو جائے اس کو قابل ملامت اور برا نہیں قرار دیا جا سکتا اس طرح کی واردات قلبی میں کوئی گناہ نہیں دل کا جھکاؤ اور وجدان محبت تو طبعی اور فطری چیز ہے۔ باقی اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ الخ فرمایا تو یہ ایک اچھے کام کا مشورہ ہے امر بالمعروف ہے اس میں کوئی گناہ نہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت زید کو مشورہ موجب اجر ہے

میں کہتا ہوں بلکہ یہ مشورہ اور حکم اجر عظیم کا موجب ہے کیوں کہ اپنی طبیعت کے خلاف امر بالمعروف تو (جہاد نفس کی) نہایت اعلیٰ (صورت) ہے اللہ نے فرمایا، وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ۗ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ وہ دوسروں کو اپنے اوپر ترجیح دیتے ہیں اگرچہ ان کو بھی سخت حاجت ہو اور جو شخص حرص نفس سے محفوظ رہتے ہیں وہ ہی کامیاب ہونے والے ہیں۔

حسن کے قول کی تائید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول سے بھی ہوتی ہے جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا سبحان اللہ مقلب القلوب۔ یہ قول دلالت کر رہا ہے کہ پہلے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دل میں یہ خیال تھا کہ زینب سے زید کا نکاح کرا دیں (چنانچہ ایسا کرا دیا اور باوجود زینب کے میلان طبع اور اقرار کے حضور کے دل میں خود نکاح کر لینے کا خیال ہی نہیں ہوا) پھر اللہ نے دل پلٹ دیا اور زینب سے نکاح کرنے کی طرف دل موڑ دیا۔ (تفسیر مظہری)

انبیاء اللہ تعالیٰ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے:

وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ اور آپ لوگوں (کے طعن) سے ڈرتے تھے اور ڈرنا تو آپ کو صرف اللہ ہی سے سزاوار ہے، یعنی آپ کو یہ اندیشہ تھا کہ لوگ کہیں گے اللہ کے رسول نے زید سے اس کی بیوی کو طلاق دلوا دی حالانکہ اللہ ہی سے ڈرنا مناسب ہے۔

حضرت عمر اور حضرت ابن مسعود نے فرمایا اس آیت سے زیادہ اور کوئی آیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر دشوار نہیں ہوئی مسروق کی روایت ہے کہ حضرت عائشہ نے فرمایا اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خدا کی فرستادہ وحی میں سے کوئی حصہ چھپاتے تو اس آیت وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ کو پوشیدہ رکھتے۔

بغوی نے لکھا ہے اس آیت کا یہ مطلب نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دل میں اللہ کا خوف و خشیہ نہیں تھا۔ حضور نے خود فرمایا تھا انی اخشاکم واتقکم میں تم سب سے زیادہ اللہ کا خوف و خشیہ رکھتا ہوں۔

میں کہتا ہوں اللہ نے تمام انبیاء کی شان میں فرمایا ہے

يَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ وہ اللہ سے ڈرتے ہیں اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے۔ لیکن اس جگہ جب لوگوں سے ڈرنے کا ذکر کیا تو بطور عموم ضابطہ یہ بھی فرمادیا کہ تمام امور و احوال میں خدا سے ڈرنا ہی سزاوار ہے۔ میں کہتا ہوں اس تشریح پر آیت کا مطلب اس طرح ہو۔ آپ لوگوں کے طعن سے ڈرتے ہیں اور جتنا لوگوں سے ڈرتے ہیں اس سے زیادہ خدا کا خوف رکھتے ہیں کیوں کہ اللہ ہی سے ڈرنا سزاوار ہے پس لوگوں کے ڈر اور خوف سے آپ نے دل میں ایک بات چھپالی اور اللہ کے خوف سے (زید کو) نیکی اور بھلائی کا حکم بھی دیا اور حکم خدا کی تعمیل میں کوئی کمی نہیں کی۔ یہ ہی مطلب ہے آیت لَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ انبیاء لوگوں کا خوف و لحاظ ایسا نہیں رکھتے کہ اس کی وجہ سے اللہ کے حکم کی تعمیل چھوڑ دیں یا اس میں کمی کر دیں۔ رہا عام طور پر لوگوں سے ڈرنا اور ان کے طعن کا لحاظ رکھنا تو یہ بات بری نہیں بلکہ اچھی ہے حیا تو ایمان کا جز ہے۔ (متفق علیہ)

حیاء کی اہمیت: صحیحین میں حضرت عمران بن حصین کی روایت سے آیا ہے کہ حیاء اور ایمان دونوں کو جوڑ دیا گیا ہے (ہر ایک دوسرے کا ساتھی ہے) جب ایک کو اٹھا لیا جاتا ہے تو دوسرے کو بھی اٹھا لیا جاتا ہے۔ حضرت ابن عباس کی روایت میں ہے جب ایک کو سلب کر لیا جاتا ہے تو دوسرا اول کے پیچھے آ جاتا ہے۔ رواہ البیہقی فی شعب الایمان۔

امام مالک نے مرسلاً بروایت زید بن طلحہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں نیز ابن ماجہ نے حضرت انس اور حضرت ابن عباس کی روایت سے بیان

besturdubooks.wordpress.com

کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر چیز کی ایک شرشت ہوتی ہے اور اسلام کی شرشت حیاء ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت زینبؓ کو پیغام:

مسلم۔ احمد۔ نسائی۔ ابویعلی۔ ابن ابی حاتم۔ طبرانی اور بغوی نے حضرت انس کا بیان نقل کیا ہے اور روایت مندرجہ ذیل الفاظ کے ساتھ بغوی نے ذکر کی ہے کہ جب حضرت زینب کی عدت پوری ہوگئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زید سے فرمایا جا کر زینب سے میرا تذکرہ کرو (یعنی پیام پہنچاؤ) زید گئے اور جس وقت پہنچے ہیں اس وقت زینب آٹا خمیر کر رہی تھیں۔ زید کا بیان ہے میں نے زینب کو دیکھا تو اس کی اتنی عظمت میرے دل میں پیدا ہوئی کہ میں سامنے سے ان کو دیکھنے کی تاب نہ لا سکا کیوں کہ مجھے معلوم تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کے ارادہ سے ان کا ذکر کیا تھا چنانچہ میں نے فوراً ان کی طرف اپنی پشت کر لی اور ایڑیوں کے بل مڑ کر کہا زینب مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجا ہے حضور نے تم کو یاد کیا ہے۔ حضرت زینب نے کہا میں اپنے رب سے مشورہ کے بغیر کچھ کرنے والی نہیں۔ یہ جواب دینے کے بعد حضرت زینب اُٹھ کر مسجد (یعنی اندرون خانہ جو نماز کی جگہ مقرر کر رکھی تھی اس) کی طرف گئیں اور آیت نازل ہوئی۔

فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا پھر جب زید کا اس سے دل بھر گیا (اور اس نے طلاق دے دی) تو ہم نے اس کو آپ کی بیوی بنا دیا۔

منہا کی ضمیر زینب بنت جحش کی طرف راجع ہے وطر کا معنی ہے حاجت۔ حاجت پوری کرنے سے مراد ہے دل بھر جانا یعنی جب زینب سے زید کا دل بھر گیا اور زید کو زینب کی حاجت نہ رہی اور انہوں نے طلاق دے دی اور زینب کی عدت گزر گئی۔ بعض علماء تفسیر نے کہا کہ قضاء وطر (حاجت پوری کرنے) سے بطور کنایہ طلاق مراد ہے۔

دعوتِ ولیمہ: حضرت انسؓ کا بیان ہے رسول اللہ (باہر سے) آئے اور بغیر اذن طلب کئے زینب کے پاس اندر تشریف لے گئے۔ ہم کو یاد ہے کہ (حضرت زینب کے ولیمہ میں) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو گوشت روٹی کھلایا تھا۔ آدھا دن گزر گیا لوگ کھانے کے بعد نکل کر چلے گئے لیکن دو آدمی باتوں میں مشغول حجرہ میں بیٹھے رہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (مجبوراً خود) باہر نکل گئے میں بھی حضور کے پیچھے پیچھے چل دیا۔ حضور والا کے بعد دیگر امہات المومنین کے حجروں میں تشریف لے گئے ان کو سلام کیا انہوں نے بھی سلام کیا اور دریافت کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے اپنی بیوی کو کیسا پایا۔

حضرت انس نے کہا مجھے یاد نہیں کچھ دیر کے بعد میں نے جا کر اطلاع دی یا دوسرے لوگوں نے کہ وہ لوگ چلے گئے۔ یہ سن کر حضور تشریف لے آئے حجرہ میں چلنے میں بھی آپ کے ساتھ اندر گھسنے لگا تو میرے اور حضور کے درمیان پردہ کھینچ دیا گیا اور حجاب کا حکم نازل ہو گیا۔

حضرت انسؓ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جیسا ولیمہ حضرت زینب کا کیا ایسا کسی اور بی بی کا نہیں کیا زینب کے ولیمہ میں ایک بکری ذبح کی۔ یہ بھی حضرت انس ہی کا بیان ہے کہ زینب بنت جحش کے زفاف میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کو پیٹ بھر گوشت روٹی کھلایا۔ (تفسیر مظہری)

حضرت زینب کا امتیاز:

بخاری۔ احمد۔ ترمذی۔ حاکم۔ ابن مردویہ عبد بن حمید اور بیہقی نے سنن میں حضرت انس کی روایت سے بیان کیا ہے کہ حضرت زینب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دوسری بیویوں پر فخر کرتی اور فرماتی تھیں تمہارا نکاح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تمہارے گھر والوں نے کرایا اور میرا نکاح سات آسمانوں کے اوپر سے اللہ نے کر دیا دوسری روایت میں آیا ہے کہ حضرت زینب کہتی تھیں میرے نکاح کا تو اللہ ولی ہوا اور تمہارا نکاح تمہارے اولیاء نے کرایا۔

بغوی نے بحوالہ شعبی بیان کیا ہے کہ زینب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہتی تھیں مجھے آپ کے سلسلہ میں (دوسری بیبیوں پر) تین چیزوں سے امتیاز کسی بی بی کو حاصل نہیں۔ میرا اور آپ کا دادا ایک تھا۔ میرا نکاح آپکے ساتھ اللہ نے آسمان پر کیا میرے نکاح کے سفیر جبرئیل علیہ السلام ہیں۔ (تفسیر مظہری)

حضرت زینبؓ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح میں حکمت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ زمانۂ جاہلیت میں جب بیت اللہ کی تعمیر کی گئی تو اس میں کئی چیزیں بناءِ ابراہیمی کے خلاف کر دی گئی ہیں اول تو یہ کہ بیت اللہ کا کچھ حصہ تعمیر سے باہر چھوڑ دیا، دوسرے بناءِ ابراہیمی میں لوگوں کے بیت اللہ میں داخل ہونے کے لئے دو دروازے تھے، ایک مشرقی جانب میں دوسرا مغربی جانب میں، جس کی وجہ سے بیت اللہ میں داخل ہونے اور نکلنے میں زحمت نہ ہوتی تھی، اہل جاہلیت نے اس میں دو تصرف کئے کہ مغربی دروازہ تو بالکل بند کر دیا اور مشرقی دروازہ جو سطح زمین سے متصل تھا اس کو اتنا اونچا کر دیا کہ بغیر سیڑھی کے اس میں داخلہ نہ ہو سکے جس سے مقصد یہ تھا کہ وہ جس کو اجازت دیں صرف وہ اندر جا سکے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر نو مسلم لوگوں کے غلط فہمی میں مبتلا ہو جانے کا خطرہ نہ ہوتا تو میں بیت اللہ کو پھر بناء ابراہیمی کے مطابق بنا دیتا، یہ حدیث سب کتب معتبرہ میں موجود ہے اس سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو غلط فہمی سے بچانے کے لئے اپنا یہ ارادہ جو شرعاً محمود تھا اس کو ترک کر دیا، اور

besturdubooks.wordpress.com

منجانب اللہ اس پر کوئی عتاب نہیں ہوا، جس سے اس عمل کا عنداللہ مقبول ہونا بھی معلوم ہو گیا، مگر یہ معاملہ بیت اللہ کو بناء ابراہیمی کے مطابق دوبارہ تعمیر کرنے کا ایسا نہیں جس پر کوئی مقصد موقوف ہو یا جس سے احکام حلال و حرام متعلق ہوں۔

بخلاف واقعہ نکاح زینبؓ کے کہ اس سے ایک مقصد شرعی متعلق تھا اس واقعہ میں حضرت زیدؓ اور زینبؓ کے درمیان اختلاف طبائع اور زیدؓ کی ناراضی پھر طلاق دینے کا عزم یہ سب اسی تکوینی اور تقدیری امر کی کڑیاں تھیں۔ (معارف مفتی اعظم)

آسمان پر نکاح: چونکہ حضرت زینب نے اپنے اس نکاح کے بارہ میں کسی مخلوق سے مشورہ نہیں کیا بلکہ خدائے عزوجل سے مشورہ چاہا جو اہل ایمان کا اصل ولی ہے اس لئے اللہ تعالیٰ نے اپنی ولایت خاصہ سے آسمان پر فرشتوں کی موجودگی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نکاح زینب سے کر دیا آسمانوں میں تو اسی نکاح کا اعلان ہو ہی گیا اب ضرورت ہوئی کہ زمین میں بھی اس نکاح کا اعلان ہو چنانچہ جبریل یہ آیت لے کر نازل ہوئے۔

اعلانِ نکاح: فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا پس جب زید زینب سے اپنی حاجت پوری کر چکے اور ان کو طلاق دے دی اور عدت بھی گزر گئی تو اے نبی کریم ہم نے زینب کا نکاح تم سے کر دیا۔

آیت کے نازل ہونے سے تمام مکہ میں اس کا اعلان ہو گیا اور پیغام کے ذریعہ ایجاب وقبول پہلے ہی ہو چکا تھا اس لئے اس آیت کے نازل ہونے کے بعد (اور اس اعلان عام کے بعد) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت زینب کے مکان پر تشریف لے گئے اور بلا اذن مکان میں داخل ہوئے۔ رواہ مسلم واحمد والنسائی۔ دیکھو فتح الباری ص ۴۰۰ ج ۸ کتاب التفسیر و زرقانی ص ۲۴۵ ج ۳ اور نکاح آسمانی اور حکم قرآنی خود بلا واسطہ ان کو پڑھ کر سنایا۔ (معارف کاندھلوی)

زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ
ہم نے اس کو تیرے نکاح میں دے دیا تا نہ رہے مسلمانوں پر گناہ
فِيْٓ اَزْوَاجِ اَدْعِيَآئِهِمْ اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا
نکاح کر لینا بیوی اپنے لے پالکوں کی جب وہ تمام کر لیں ان سے اپنی غرض
وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا
اور ہے اللہ کا حکم بجالانا

حضرت زید کی طلاق اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح کے اسباب واغراض

حضرت زینبؓ زیدؓ کے نکاح میں آئیں تو وہ ان کی آنکھوں میں حقیر لگتا۔ مزاج کی موافقت نہ ہوئی۔ جب آپس میں لڑائی ہوتی تو زید آ کر حضرت سے ان کی شکایت کرتے اور کہتے میں اسے چھوڑتا ہوں حضرت منع فرماتے کہ میری خاطر اور اللہ و رسول کے حکم سے اس نے تجھ کو اپنی منشاء کے خلاف قبول کیا۔ اب چھوڑ دینے کو وہ اور اس کے عزیز دوسری ذلت سمجھیں گے۔ اس لئے خدا سے ڈر اور چھوٹی چھوٹی باتوں پر بگاڑ مت کر۔ اور جہاں تک ہو سکے نباہ کی کوشش کرتا رہ۔ جب معاملہ کسی طرح نہ سلجھا، اور بار بار جھگڑے قضیے پیش آتے رہے تو ممکن ہے آپ کے دل میں آیا ہو کہ اگر ناچار زید چھوڑ دے گا تو زینب کی دلجوئی بغیر اس کے ممکن نہیں کہ میں خود اس سے نکاح کروں۔ لیکن جاہلوں اور منافقوں کی بدگوئی سے اندیشہ کیا کہ کہیں گے اپنے بیٹے کی جورو گھر میں رکھ لی۔ حالانکہ پہلے معلوم ہو چکا ہے کہ اللہ کے نزدیک لے پالک کو کسی بات میں حکم بیٹے کا نہیں۔ اُدھر اللہ کو یہ منظور تھا کہ اس جاہلانہ خیال کو اپنے پیغمبر کے ذریعہ سے عملی طور پر ہدم کر دے۔ تا مسلمانوں کو آئندہ اس مسئلہ میں کسی قسم کا توحش اور استنکاف باقی نہ رہے اس نے پیغمبر علیہ السلام کو مطلع فرمایا کہ میں زینب کو تیرے نکاح میں دینے والا ہوں۔ کیوں دینے والا ہوں؟ اس کو خود قرآن کے الفاظ لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْٓ اَزْوَاجِ اَدْعِيَآئِهِمْ صاف صاف ظاہر کر رہے ہیں یعنی آپ کے نکاح میں دینے کی غرض یہ ہی تھی کہ دلوں سے جاہلیت کے اس خیال باطل کا بالکل قلع قمع کر دیا جائے اور کوئی تنگی اور رکاوٹ آئندہ اس معاملہ میں باقی نہ رہنے پائے۔ اور شاید یہ ہی حکمت ہوگی جو اول زینب کا نکاح زید سے زور ڈال کر کرایا گیا۔ کیونکہ اللہ کو معلوم تھا کہ یہ نکاح زیادہ مدت تک باقی نہ رہے گا۔ چند مصالح مہمہ تھیں جن کا حصول اس عقد پر معلق تھا۔ الحاصل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خود اپنے ذاتی خیال اور اس آسمانی پیشین گوئی کے اظہار سے عوام کے طعن و تشنیع کا خیال فرما کر شرماتے تھے اور زید کو طلاق کا مشورہ دینے میں بھی حیا کرتے تھے لیکن خدا کی خبر سچی ہونی تھی اور اس کا حکم تکوینی اور تشریعی ضرور تھا کہ نافذ ہو کر رہے۔ آخر کار زید نے طلاق دے دی۔ اور عدت گزر جانے پر اللہ نے زینب کا نکاح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے باندھ دیا۔ اس تقریر سے معلوم ہو گیا کہ آپ دل میں جو چیز چھپائے ہوئے تھے وہ یہ ہی نکاح کی پیشین گوئی اور اس کا خیال تھا۔ اسی کو بعد میں اللہ نے ظاہر فرما دیا۔ جیسا کہ لفظ زَوَّجْنٰكَهَا سے ظاہر ہے اور ڈر اس بات کا تھا کہ بعض لوگ اس بات پر بدگمانی یا بدگوئی کر کے اپنی عاقبت خراب نہ کر بیٹھیں یا گمراہی میں ترقی نہ کریں چونکہ مصالح مہمہ شرعیہ کے مقابلہ میں اس قسم کی جھجک بھی پیغمبر کی شان رفیع سے نازل تھی۔ اس لئے بقاعدہ، حسنات الابرار سیئات المقربین اس کو عتاب آمیز رنگ میں بھاری کر کے ظاہر فرمایا گیا۔ جیسا کہ عموماً انبیاء علیہم السلام کی زلات کے ذکر میں واقع ہوا ہے۔ (تنبیہ) ہم نے جو لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ

besturdubooks.wordpress.com

نے آپ کو نکاح کی خبر پہلے سے دے دی تھی۔ اس کی روایات فتح الباری سورۂ احزاب کی تفسیر میں موجود ہیں۔ باقی جو لغو اور دوراز کار قصے اس مقام پر حاطب اللیل مفسرین و مؤرخین نے درج کر دیئے ہیں اُن کی نسبت حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں۔ لَا یَنْبَغِی التَّشَاغُلُ بِهَا اور ابن کثیرؒ لکھتے ہیں " اَحْبَبْنَا اَنْ نَضْرِبَ عَنْهَا صَفْحًا لِعَدَمِ صِحَّتِهَا فَلَا نُوْرِدُهَا "۔ (تفسیر عثمانی)

منہ بولے بیٹے کی بیوی:

اَدعیاء کا مفرد دَعِیّ ہے دَعی بنایا ہوا بیٹا یعنی زینب زوجہ زید سے ہم نے آپ کا نکاح اس لئے کرایا تاکہ لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ منہ بولے بیٹوں کی (مطلقہ) بیویوں سے نکاح حلال ہے خواہ وہ بیٹے اپنی بیویوں سے قربت کر چکے ہیں حقیقی بیٹے کی بیوی کا حکم اس کے خلاف ہے۔ (تفسیر مظہری)

حضرت جُلیبیبؓ کا نکاح:

مسند احمد میں ہے کہ ایک انصاری کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم اپنی لڑکی کا نکاح جلیبیب سے کر دو۔ انہوں نے جواب دیا کہ اچھی بات ہے میں اس کی ماں سے بھی مشورہ کرلوں جا کر ان سے مشورہ کیا تو انہوں نے کہا یہ نہیں ہوسکتا ہم نے فلاں فلاں ان سے بڑے بڑے آدمیوں کے مانگے تو واپس کر دیئے اور اب جلیبیبؓ سے نکاح کر دیں۔ انصاریؓ اپنی بیوی کا یہ جواب سُن کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جانا چاہتے ہی تھے کہ لڑکی جو پردے کے پیچھے سے یہ تمام گفتگو سُن رہی تھی، بول پڑی کہ تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بات رَد کرتے ہو؟ جب آپ اس سے خوش ہیں تو تمہیں انکار نہ کرنا چاہیئے۔ اب دونوں نے کہا کہ بچی ٹھیک کہہ رہی ہے بیچ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اس نکاح سے انکار کرنا گویا حضور کے مانگے کو اور آپ کی خواہش کو رَدّ کرنا ہے یہ ٹھیک نہیں چنانچہ انصاری سیدھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ کیا آپ اس بات سے خوش ہیں؟ آپ نے فرمایا ہاں میں تو اس سے رضا مند ہوں کہا پھر آپ کو اختیار ہے آپ نکاح کر دیجئے۔ چنانچہ نکاح ہو گیا ایک مرتبہ اہل اسلام مدینے والے دشمنوں کے مقابلے کے لئے نکلے لڑائی ہوئی جس میں حضرت جلیبیب شہید ہو گئے۔ انہوں نے بہت سے کافروں کو قتل کیا تھا جن کی لاشیں ان کے آس پاس پڑی ہوئی تھیں۔ جو روایت میں حضرت ابو ہریرہ اسلمیؓ کا بیان ہے کہ حضرت جلیبیبؓ کی طبیعت میں مذاق تھا اس لئے میں نے اپنے گھر میں کہہ دیا تھا کہ یہ تمہارے پاس نہ آئیں انصاریوں کی عادت تھی کہ وہ کسی عورت کا نکاح نہیں کرتے تھے یہاں تک کہ یہ معلوم کرلیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اُن کی بابت کچھ نہیں فرماتے، پھر وہ واقعہ بیان فرمایا جو اوپر مذکور ہوا۔ اس میں یہ بھی ہے کہ حضرت جلیبیبؓ نے سات کافروں کو اس غزوے میں قتل کیا تھا۔ پھر کافروں نے بھیڑ کر کے آپ کو شہید کر دیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان کی تلاش کرتے ہوئے جب ان کی نعش کے پاس آئے تو فرمایا سات کو مار کر پھر شہید ہوئے ہیں یہ میرے ہیں اور میں ان کا ہوں۔ دو یا تین مرتبہ یہی فرمایا پھر قبر کھدوا کر اپنے ہاتھوں پر اُٹھا کر قبر میں اُتارا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دستِ مبارک ہی ان کا جنازہ تھا اور کوئی چارپائی نہ تھی۔ (تفسیر ابن کثیر)

مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيمَا فَرَضَ اللَّهُ لَهُ
نبی پر کچھ مضائقہ نہیں اس بات میں جو مقرر کر دی اللہ نے اُس کے واسطے
سُنَّةَ اللَّهِ فِي الَّذِينَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۚ وَكَانَ
جیسے دستور رہا ہے اللہ کا اُن لوگوں میں جو گزرے پہلے اور ہے
أَمْرُ اللَّهِ قَدَرًا مَقْدُورًا ﴿٣٨﴾ الَّذِينَ يُبَلِّغُونَ
حکم اللہ کا مقرر ٹھہر چکا وہ لوگ جو پہنچاتے ہیں پیغام
رِسَالَاتِ اللَّهِ وَيَخْشَوْنَهُ وَلَا يَخْشَوْنَ أَحَدًا إِلَّا
اللہ کے اور ڈرتے ہیں اُس سے اور نہیں ڈرتے کسی سے سوائے
اللَّهَ ۗ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ حَسِيبًا
اللہ کے اور بس ہے اللہ کفایت کرنے والا

منہ بولا بیٹا حقیقی بیٹا نہیں اس کی مطلقہ سے نکاح جائز ہے:

یعنی اللہ کا حکم اٹل ہے جو بات اُس کے یہاں طے ہو چکی ضرور ہو کر رہے گی۔ پھر پیغمبر کو ایسا کرنے میں کیا مضائقہ ہے جو شریعت میں روا ہو گیا۔ انبیاء و رُسل کو اللہ کے پیغامات پہنچانے میں اُس کے سوا کبھی کسی کا ڈر نہیں رہا۔ (چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی پیغام رسانی میں آج تک کسی چیز کی پروا نہیں کی نہ کسی کے کہنے سننے کے خیال سے کبھی متاثر ہوئے) پھر اس نکاح کے معاملہ میں رُکاوٹ کیوں ہو۔ حضرت داؤد علیہ السلام کی سو بیویاں تھیں۔ اسی طرح سلیمان علیہ السلام کی کثرت ازواج مشہور ہے۔ جو الزام سفہاء آپ کو دے سکتے ہیں انبیائے سابقین کی لائف میں اُس سے بڑھ کر نظیریں موجود ہیں۔ لہٰذا اس طرح کی سفیہانہ اور جاہلانہ نکتہ چینیوں پر نظر نہیں کرنا چاہیئے۔ آگے بتلایا ہے کہ زید بن حارثہ جن کو آپ نے متبنّیٰ کر لیا تھا آپ کے واقعی بیٹے نہیں بن گئے تھے کہ اُن کی مطلقہ سے آپ نکاح نہ کر سکیں۔ اور ایک زید کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تو مردوں میں سے کسی کے بھی باپ نہیں۔ کیونکہ آپ کی اولاد میں یا لڑکے ہوئے جو بچپن میں گزر گئے۔ اور بعض اس آیت کے نزول کے وقت پیدا ہی نہیں ہوئے۔ یا بیٹیاں تھیں جن میں سے حضرت

besturdubooks.wordpress.com

فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کی ذریت دنیا میں پھیلی ۔ (تفسیر عثمانی)

پیغمبروں کیلئے کثرت نکاح:

مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ اور پیغمبر کے لئے جو بات اللہ نے مقرر کردی تھی اس میں ان پر کوئی الزام نہیں۔

حَرَجٍ تنگی فِيمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ یعنی عورتوں کی جو تعداد اللہ نے پیغمبر کے لئے مقرر اور مقدر کر دی تھی۔ عرب کہتے ہیں فرض لہٗ فی الدیوان رجسٹر میں اس کے لئے حصہ مقرر کر دیا گیا۔ فروض العسکر فوج کی مقرر تنخواہیں۔ بعض علماء نے آیت میں فرض کا معنی احلّ (پیغمبر کے لئے اللہ نے جو کچھ حلال کر دیا تھا) بیان کئے ہیں۔

بعض کے نزدیک سنۃ اللہ سے مراد ہے نکاح کیوں کہ نکاح سنت انبیاء ہے بعض کے نزدیک کثرت ازواج کی طرف اشارہ ہے جیسے حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علیہم السلام کی بیبیاں کثرت سے تھیں۔ (تفسیر مظہری)

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم باپ نہیں کسی کا تمہارے مردوں میں سے

وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ

لیکن رسول ہے اللہ کا

یعنی کسی کو اس کا بیٹا نہ جانو۔ ہاں اللہ کا رسول ہے اس حساب سے سب اسکے روحانی بیٹے ہیں جیسا کہ ہم اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ کے حاشیہ میں لکھ چکے ہیں۔

وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ

اور مہر سب نبیوں پر

ختم نبوت: یعنی آپ کی تشریف آوری سے نبیوں کے سلسلہ پر مہر لگ گئی۔ اب کسی کو نبوت نہیں دی جائے گی، بس جن کو ملنی تھی مل چکی۔ اسی لئے آپ کی نبوت کا دورہ سب نبیوں کے بعد رکھا۔ جو قیامت تک چلتا رہے گا۔ حضرت مسیح علیہ السلام بھی اخیر زمانہ میں بحیثیت آپ کے ایک امتی کے آئیں گے خود ان کی نبوت و رسالت کا عمل اس وقت جاری نہ ہوگا جیسے آج تمام انبیاء اپنے اپنے مقام پر موجود ہیں مگر شش جہت میں عمل صرف نبوت محمدیہ کا جاری وساری ہے۔ حدیث میں ہے کہ اگر آج موسیٰ علیہ السلام (زمین پر) زندہ ہوتے تو ان کو بھی بجز میرے اتباع کے چارہ نہ تھا۔ بلکہ بعض محققین کے نزدیک تو انبیائے سابقین اپنے اپنے عہد میں بھی خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی روحانیت عظمیٰ ہی سے مستفید ہوتے تھے۔ جیسے رات کو چاند اور ستارے سورج کے نور سے مستفید ہوتے ہیں حالانکہ سورج اس وقت دکھائی نہیں دیتا۔ اور جس طرح روشنی کے تمام مراتب عالم اسباب میں آفتاب پر ختم ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح نبوت و رسالت کے تمام مراتب و کمالات کا سلسلہ بھی روح محمدی صلی اللہ علیہ وسلم پر ختم ہوتا ہے۔ بدیں لحاظ کہہ سکتے ہیں کہ آپ رتبی اور زمانی ہر حیثیت سے خاتم النبیین ہیں اور جن کو نبوت ملی ہے، آپ ہی کی مہر لگ کر ملی ہے۔ واللہ اعلم بالصواب (تنبیہ) ختم نبوت کے متعلق قرآن، حدیث، اجماع وغیرہ سے سینکڑوں دلائل جمع کر کے بعض علمائے عصر نے مستقل کتابیں لکھی ہیں۔ مطالعہ کے بعد ذرا تردد نہیں رہتا کہ اس عقیدہ کا منکر قطعاً کافر اور ملت اسلام سے خارج ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ اور لیکن اللہ کے رسول ہیں اور سب انبیاء کے لئے خاتم ہیں (سب کے ختم ہونے کے بعد آئے ہیں) اور ہر رسول شفقت و خیر خواہی کے لحاظ سے اپنی امت کا باپ ہوتا ہے۔ سب امت کا نسبی باپ نہیں ہوتا کہ امت کی کسی عورت سے اس کا نکاح نہ ہو سکے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نرینہ اولاد نہ رہنے کی حکمت:

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا مراد یہ ہے کہ اگر میں سلسلہ انبیاء کو محمد پر ختم نہ کر دیتا تو ان کے بعد ان کے بیٹے کو نبی بنا دیتا۔ عطاء نے حضرت ابن عباسؓ کا قول نقل کیا ہے کہ جب اللہ نے یہ فیصلہ کر دیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی کو نبی بنانا نہیں ہے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی لڑکا یعنی مرد (اولاد) عنایت نہیں کیا۔ ابن ماجہ نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صاحبزادہ ابراہیم کے متعلق فرمایا اگر وہ زندہ رہتا تو نبی ہوتا۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام شریعت محمدیہ پر ہوں گے:

حضرت عیسیٰ علیہ السلام قریب قیامت نازل نہیں ہوں گے، ضرور نازل ہوں گے لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت پر ہوں گے اس لئے نزول عیسیٰؑ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے پر کوئی جرح نہیں کی جا سکتی اس کے علاوہ حضرت عیسیٰؑ کو تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے پیغمبر بنا کر بھیجا گیا تھا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر جدید نبوت کو ختم کر دیا اگر گزشتہ نبی باقی رہے تو اس سے جدید نبوت کی نفی پر کیا اثر پڑتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

سلسلہ نبوت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مثال:

مسند احمد میں ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں میری مثال نبیوں میں ایسی ہے جیسے کسی شخص نے ایک بہت اچھا اور پورا مکان بنایا لیکن اس میں ایک

besturdubooks.wordpress.com

اینٹ کی جگہ چھوڑ دی جہاں کچھ نہ رکھا لوگ اُسے چاروں طرف سے دیکھتے بھالتے اور اس کی بناوٹ سے خوش ہوتے لیکن کہتے کیا اچھا ہوتا کہ اس اینٹ کی جگہ بھی پُر کر لی جاتی پس میں نبیوں میں اسی اینٹ کی جگہ ہوں۔

تخلیق آدم سے بھی قبل آپ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم تھے:

مسند میں ہے میں خدا کے نزدیک نبیوں کا ختم کرنے والا تھا اس وقت جب کہ آدمؑ پورے طور پر پیدا بھی نہیں ہوئے تھے اور حدیث میں ہے میرے کئی نام ہیں، میں محمد ہوں، میں احمد ہوں اور میں ماحی ہوں۔ اللہ تعالیٰ میری وجہ سے کفر کو مٹا دے گا اور میں حاشر ہوں تمام لوگوں کا حشر میرے قدموں تلے ہوگا۔ اور میں عاقب ہوں جس کے بعد کوئی نبی نہیں (صحیحین) (تفسیر ابن کثیر)

اعلیٰ صفت:

صفت خاتم الانبیاء ایک ایسی صفت ہے جو تمام کمالات نبوت و رسالت میں آپ کی اعلیٰ فضیلت اور خصوصیت کو ظاہر کرتی ہے، کیونکہ عموماً ہر چیز میں تدریجی ترقی ہوتی ہے، اور انتہاء پر پہنچ کر اس کی تکمیل ہوتی ہے، اور جو آخری نتیجہ ہوتا ہے وہی اصل مقصد ہوتا ہے، قرآن کریم نے خود اس کو واضح کر دیا ہے اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ یعنی آج میں نے تمہارا دین مکمل کر دیا ہے، اور اپنی نعمت تم پر پوری کر دی ہے۔

انبیائے سابقین کے دین بھی اپنے اپنے وقت کے لحاظ سے مکمل تھے، کوئی ناقص نہ تھا، لیکن کمالِ مطلق اسی دین مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہوا جو اولین وآخرین کے لئے حجت اور قیامت تک چلنے والا دین ہے۔

اس جگہ صفت خاتم النبیین کے اضافہ سے اس مضمون کو بھی اور زیادہ وضاحت اور تکمیل ہوگئی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مقطوع النسل کہنا جہالت ہے، جبکہ ساری امت کے باپ ہونے کی حیثیت سے آپ متصف ہیں .... کیونکہ لفظ خاتم النبیین نے یہ بھی بتلا دیا کہ آپ کے بعد قیامت تک آنے والی سب نسلیں اور قومیں آپ ہی کی امت میں شامل ہوں گی۔ اس وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کی تعداد بھی دوسری امتوں سے زیادہ ہو گی اور آپ کی روحانی اولاد دوسرے انبیاء کی نسبت سے بھی زیادہ ہوگی۔

صفت خاتم النبیین نے یہ بھی بتلا دیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شفقت اپنی اولادِ روحانی یعنی پوری اُمت پر دوسرے تمام انبیاء سے زائد ہوگی، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم قیامت تک پیش آنے والی ضرورتوں کو واضح کرنے کا پورا اہتمام فرمائیں گے، کیونکہ آپ کے بعد کوئی نبی اور کوئی وحی دنیا میں آنے والی نہیں، بخلاف انبیاء سابقین کے کہ ان کو اس کی فکر نہ تھی وہ جانتے تھے کہ جب قوم میں گمراہی پھیلے گی تو ہمارے بعد دوسرے انبیاء آکر اس کی اصلاح کر دیں گے، مگر خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فکر لاحق تھی کہ قیامت تک اُمت کو جن حالات سے سابقہ پڑے گا ان سب حالات کے متعلق ہدایات امت کو دے کر جائیں، جس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث شاہد ہیں کہ آپ کے بعد جتنے لوگ قابل اقتداء آنے والے تھے اکثر ان کے نام لے کر بتلا دیا ہے، اسی طرح جتنے گمراہی کے علمبردار ہیں ان کے حالات اور پتے ایسے کھول کر بتلا دیئے ہیں کہ ذرا غور کرنے والے کو کوئی اشتباہ باقی نہ رہ جائے، اسی لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اِنِّیْ تَرَکْتُکُمْ عَلٰی شَرِیْعَةٍ بَیْضَاءَ لَیْلُهَا وَنَهَارُهَا سَوَاءٌ ''یعنی میں نے تم کو ایسے روشن راستے پر چھوڑا ہے جس میں رات دن برابر ہیں کسی وقت بھی گمراہی کا خطرہ نہیں۔''

آپ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین بھی ہیں خاتم الرسل بھی

اس آیت میں یہ بات بھی قابل نظر ہے کہ اوپر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر بصفت رسول آیا ہے، اس کے لئے بظاہر مناسب یہ تھا کہ آگے خاتم الرسل یا خاتم النبیین کا لفظ استعمال ہوتا، مگر قرآن حکیم نے اس کے بجائے خاتم النبیین کا لفظ اختیار فرمایا۔

وجہ یہ ہے کہ جمہور علماء کے نزدیک نبی اور رسول میں ایک فرق ہے، وہ یہ کہ نبی تو ہر اس شخص کو کہا جاتا ہے جس کو حق تعالیٰ اصلاحِ خلق کے لئے مخاطب فرمائیں۔ اور اپنی وحی سے مشرف فرمائیں، خواہ اس کے لئے کوئی مستقل کتاب اور مستقل شریعت تجویز کریں، یا پہلے ہی کسی نبی کی کتاب وشریعت کے تابع لوگوں کو ہدایت کرنے پر مامور ہو، جیسے حضرت ہارون علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام کی کتاب وشریعت کے تابع ہدایت کرنے پر مامور تھا۔

اور لفظ رسول خاص اس نبی کے لئے بولا جاتا ہے جس کو مستقل کتاب و شریعت دی گئی ہو، اسی طرح لفظ نبی کے مفہوم میں بہ نسبت لفظ رسول کے عموم زیادہ ہے، تو آیت کا مفہوم یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم انبیاء کے ختم کرنے والے اور سب سے آخر میں ہیں خواہ وہ صاحب شریعت نبی ہوں یا صرف پہلے نبی کے تابع، اس سے معلوم ہوا کہ نبی کی جتنی قسمیں اللہ کے نزدیک ہو سکتی ہیں وہ سب آپ پر ختم ہوگئیں، آپ کے بعد کوئی نبی مبعوث نہیں ہوگا۔

امام ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں فرمایا:

''یعنی یہ آیت نص صریح ہے اس عقیدہ کے لئے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں، اور جب نبی نہیں تو بدرجہ اولیٰ رسول بھی نہیں، کیونکہ لفظ نبی عام اور لفظ رسول خاص ہے، اور یہ وہ عقیدہ ہے جس پر احادیث متواترہ شاہد ہیں جو صحابہ کرام کی ایک بڑی جماعت کی روایت سے ہم تک پہنچی ہیں''

قادیانیوں کی تحریفات اور ان کا ردّ:

اس آیت کی لفظی تشریح میں کسی قدر تفصیل سے اس لئے کام لیا گیا کہ ہمارے ملک میں مرزا قادیانی مدعی نبوت نے اس آیت کو اپنے راستہ کی

besturdubooks.wordpress.com

رکاوٹ سمجھ کر اس کی تفسیر میں طرح طرح کی تحریفات اور احتمالات پیدا کئے ہیں، مذکور الصدر تقریر سے الحمدللہ ان سب کا جواب ہو جاتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خاتم النبیین ہونا اور آپ کا آخری پیغمبر ہونا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی نبی کا دنیا میں مبعوث نہ ہونا اور ہر مدعی نبوت کا کاذب وکافر ہونا ایسا مسئلہ ہے جس پر صحابہ کرام سے لے کر آج تک ہر دور کے مسلمانوں کا اجماع واتفاق رہا ہے، اس لئے ضرورت نہ تھی کہ اس پر کوئی تفصیلی بحث کی جائے، لیکن قادیانی فرقہ نے اس مسئلہ میں مسلمانوں کے دلوں میں شکوک وشبہات پیدا کرنے کے لئے پڑا زور لگایا ہے، سینکڑوں چھوٹی بڑی کتابیں شائع کر کے کم علم لوگوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کی ہے، اس لئے احقر نے اس مسئلہ کی پوری تفصیل ایک مستقل کتاب ''ختم نبوت'' لکھ دی ہے، جس میں ایک سو آیات اور دو سو سے زائد احادیث اور سینکڑوں اقوال وآثار، سلف وخلف سے اس مسئلہ کو پورا واضح کر دیا ہے، اور قادیانی دجل کے شبہ کا مفصل جواب دیا ہے، یہاں اس میں سے چند ضروری باتیں لکھی جاتی ہیں۔

مرزائی قادیانی نے عیسیٰ علیہ السلام کا زندہ آسمان میں اُٹھایا جانا اور پھر آخر زمانے میں تشریف لانا جو قرآن وسنت کی بے شمار نصوص سے ثابت ہیں ان کا انکار کر کے خود مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا، اور استدلال میں یہ پیش کیا کہ اگر حضرت عیسیٰ بن مریم نبی بنی اسرائیل کا پھر دنیا میں آنا تسلیم کیا جائے تو یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے کے منافی ہوگا۔

جواب بالکل واضح ہے کہ خاتم النبیین اور آخر النبیین کے معنی یہ ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی شخص عہدہ نبوت پر فائز نہ ہوگا، اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ آپ سے پہلے جن کو نبوت عطا ہو چکی ہے اُن کی نبوت سلب ہو جائے گی، یا ان میں سے کوئی اس عالم میں پھر نہیں آ سکتا، البتہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد جو بھی آپ کی اُمت میں اصلاح وتبلیغ کے لئے آئے گا وہ اپنے منصب نبوت پر قائم ہوتے ہوئے اس امت میں اصلاح کی خدمت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات ہی کے تابع انجام دے گا، جیسا کہ احادیث صحیحہ میں تصریح ہے۔

امام ابن کثیرؒ نے اسی آیت کی تفسیر میں فرمایا:

''یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم الانبیاء ہونے سے یہ مراد ہے کہ وصف نبوت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد منقطع ہو گیا، اب کسی کو یہ وصف اور منصب نہیں ملے گا، اس سے اس مسئلہ پر کوئی اثر نہیں پڑتا جس پر امت کا اجماع ہے اور قرآن اس پر ناطق ہے اور احادیث رسول جو تقریباً درجہ تواتر کو پہنچی ہوئی ہیں اس پر شاہد ہیں وہ یہ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آخر زمانے میں نازل ہوں گے، کیونکہ ان کو نبوت اس دنیا میں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے مل چکی تھی۔''

ایک بلیغ تمثیل:

صحیح بخاری ومسلم وغیرہ میں تمام کتب حدیث میں حضرت ابوہریرہؓ کی یہ روایت اسناد صحیح کے ساتھ آئی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

ان مثلی و مثل الانبیاء من قبلی کمثل رجل بنی بیتاً

''میری مثال اور مجھ سے پہلے انبیاء کی مثال اس شخص جیسی ہے جس نے ایک مکان بنایا ہو اور اس کو خوب مضبوط اور مزین کیا ہو مگر اس کے ایک گوشہ میں دیوار کی ایک اینٹ کی جگہ خالی چھوڑ دی ہو تو لوگ اس کو دیکھنے کے لئے اس میں چلیں پھریں اور تعمیر کو پسند کریں مگر سب یہ کہیں کہ اس مکان بنانے والے نے یہ اینٹ بھی کیوں نہ رکھ دی جس سے تعمیر بالکل مکمل ہو جاتی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (قصر نبوت کی) وہ آخری اینٹ میں ہوں، اور بعض الفاظ حدیث میں ہیں کہ میں نے اس خالی جگہ کو پُر کر کے قصر نبوت کو مکمل کر دیا۔''

اس تمثیل بلیغ کا حاصل یہ ہے کہ نبوت ایک عالی شان محل کی طرح ہے جس کے ارکان انبیاء علیہم السلام ہیں، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے یہ محل بالکل تیار ہو چکا تھا اور اس میں صرف ایک اینٹ کے سوا کسی اور قسم کی گنجائش تعمیر میں باقی نہیں تھی، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس جگہ کو پُر کر کے قصر نبوت کی تکمیل فرما دی، اب اس میں نہ کسی نبوت کی گنجائش ہے نہ رسالت کی، اگر نبوت یا رسالت کی کچھ اقسام مان لی جائیں تو اب ان میں سے کسی قسم کی گنجائش قصر نبوت میں نہیں ہے۔

آنے والی امت کی ہدایت کا انتظام:

صحیح بخاری ومسلم اور مسند احمد وغیرہ میں حضرت ابوہریرہؓ کی ایک دوسری حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''کانت بنواسرائیل تسوسهم الانبیاء کلماهلک نبی خلفه نبی وانه لانبی بعدی و سیکون خلفاء فیکثرون'' الحدیث،

''بنی اسرائیل کی سیاست اور انتظام خود انبیاء کے ہاتھ میں تھا، جب ایک نبی کی وفات ہو جاتی تو دوسرا نبی اس کے قائم مقام ہو جاتا تھا، اور میرے بعد کوئی نبی نہیں، البتہ میرے خلیفہ ہوں گے جو بہت ہوں گے۔''

اس حدیث نے یہ بھی واضح کر دیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم چونکہ خاتم النبیین ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی مبعوث نہیں ہوگا، تو امت کی ہدایت کا انتظام کیسے ہوگا؟

اس کے متعلق فرمایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد امت کی تعلیم وہدایت کا انتظام آپ کے خلفاء کے ذریعہ سے ہوگا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفہ ہونے کی حیثیت سے مقاصد نبوت کو پورا کریں گے، اگر ظلی بروزی کوئی نبوت کی قسم ہوتی یا غیر تشریعی نبوت باقی ہوتی، تو ضرور تھا کہ یہاں اس کا ذکر کیا جاتا کہ اگرچہ عام نبوت ختم ہو چکی مگر فلاں قسم کی نبوت باقی ہے جس سے اس عالم کا انتظام ہوگا۔

besturdubooks.wordpress.com

نبوت کی تمام قسمیں ختم ہوگئیں:

اس حدیث میں صاف واضح الفاظ میں بتلا دیا کہ نبوت کی کوئی قسم آپ کے بعد باقی نہیں، اور ہدایتِ خلق کا کام جو پچھلی امتوں میں انبیاء بنی اسرائیل سے لیا گیا تھا، وہ اس امت میں آپ کے خلفاء سے لیا جائے گا۔

صحیح بخاری و مسلم میں حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث مرفوع ہے۔

لَمْ يَبْقَ مِنَ النُّبُوَّةِ اِلَّا الْمُبَشِّرَاتِ

''یعنی نبوت میں سے کچھ باقی نہیں رہا بجز مبشرات کے۔''

مسند احمد وغیرہ میں حضرت صدیقہ عائشہؓ اور ام کرز کعبیہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لایبقی بعدی من النبوة شئ الّا المبشرات قالوا یا رسول اللّٰہ وماالمبشرات قال الرؤیا الصّالحة یراھا المسلم اوتری له

(طبرانی نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے کذا فی الکنز)

''میرے بعد نبوت میں سے کچھ باقی نہیں رہا بجز مبشرات کے، صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مبشرات کیا چیز ہے؟ فرمایا سچے خواب جو مسلمان خود دیکھے یا اس کے متعلق کوئی دوسرا دیکھے''

اس حدیث نے کس قدر وضاحت سے بتلا دیا کہ نبوت کی کوئی قسم تشریعی یا غیر تشریعی اور بقول مرزا قادیانی ظلی یا بروزی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد باقی نہیں، صرف مبشرات یعنی سچے خواب لوگوں کو آئیں گے جن سے کچھ معلومات ہو جائیں گی۔

اور مسند احمد اور ترمذی میں حضرت انس بن مالکؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

ان الرسالة والنبوة قد انقطعت فلارسول بعدی ولانبی رواہ الترمذی ووقال ھذا حدیث صحیح.

''بیشک رسالت اور نبوت میرے بعد منقطع ہو چکی ہے، میرے بعد نہ کوئی رسول ہوگا اور نہ نبی۔''

اس حدیث نے واضح کر دیا کہ غیر تشریعی نبوت بھی آپ کے بعد باقی نہیں، اور ظلی بروزی تو نبوت کی کوئی قسم ہی نہیں نہ اسلام میں اس طرح کی کوئی چیز معروف ہے۔

قادیانی کے من گھڑت عنوانات:

اس جگہ مسئلہ ختم نبوت کی احادیث جمع کرنا مقصود نہیں، وہ تو دو سو سے زیادہ رسالہ ختم نبوت میں جمع کر دی گئی ہیں، صرف چند احادیث سے یہ بتلانا مقصود تھا کہ مرزائی قادیانی نے جو بقاء نبوت کے لئے ظلی اور بروزی کا عنوان ایجاد کیا ہے، اول تو اسلام میں اس کی کوئی اصل و بنیاد نہیں، اور بالفرض ہوتی بھی تو ان احادیث مذکورہ نے واضح طور پر یہ بتلا دیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نبوت کی کوئی قسم کسی طرح کی باقی نہیں ہے۔

اجماعِ امت: اسی لئے صحابہ کرام سے لے کر آج تک امتِ مسلمہ کے سب طبقات کا اجماع اس عقیدہ پر رہا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی کسی قسم کا نبی یا رسول نہیں ہو سکتا، جو دعویٰ کرے وہ کاذب، منکرِ قرآن اور کافر ہے، اور صحابہ کرام کا سب سے پہلا اجماع اسی مسئلہ پر ہوا جس کی رو سے مسیلمہ کذاب مدعی نبوت سے خلیفہ اوّل صدیق اکبر کے عہد میں جہاد کر کے اس کو اور اس کے ماننے والوں کو قتل کیا گیا۔

منکرِ ختم نبوت کافر ہے:

ائمہ سلف اور علماء امت کے اقوال و تصریحات بھی اسی معاملہ میں رسالہ ختم نبوت کے تیسرے حصہ میں بڑی تفصیل سے لکھ دیئے گئے ہیں، اس جگہ چند کلمات نقل کئے جاتے ہیں۔

اور قاضی عیاضؒ نے اپنی کتاب شفا میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد دعویٰ نبوت کرنے والے کو کافر اور کذاب اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب کرنے والا اور آیتِ مذکورہ کا منکر کہہ کر یہ الفاظ لکھے ہیں:

واجمعت الامة علیٰ حمل ھذا الکلام علیٰ ظاھرہ وانّ مفھومه المرادبه دون تاویل ولا تخصیص فلاشک فی کفر ھؤلاء الطوائف کلھا قطعاً اجماعاً وّسمعاً.

''امت نے اجماع کیا ہے کہ اس کلام کو اپنے ظاہر پر محمول کیا جائے اور اس پر کہ اس آیت کا نفس مفہوم ہی مراد ہے بغیر کسی تاویل یا تخصیص کے اس لئے ان تمام فرقوں کے کفر میں کوئی شک نہیں، (جو کسی مدعی نبوت کی پیروی کریں) بلکہ ان کا کفر قطعی طور سے اجماع امت اور نقل یعنی کتاب وسنت سے ثابت ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

ختم نبوت کی احادیث کے راوی صحابہؓ

برادرانِ اسلام کی تسلی اور تشفی کے لئے اجمالاً ان صحابہ کرام اور تابعین کے نام شمار کر دیئے جائیں جن سے ختم نبوت کی احادیث مروی اور منقول ہیں۔

ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ

علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ۔ عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ۔

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ۔ ابی بن کعب رضی اللہ عنہ۔

حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ۔

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ۔ جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ۔

ابوحازم رضی اللہ عنہ۔ جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

besturdubooks.wordpress.com

سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ۔ ثوبان رضی اللہ عنہ۔
عبادۃ بن الصامت رضی اللہ عنہ۔ عطاء بن یسار رضی اللہ عنہ۔
عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ۔ عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ۔
ابوموسیٰ الاشعری رضی اللہ عنہ۔ اُم کرز رضی اللہ عنہا۔
ابوامامۃ الباہلی رضی اللہ عنہ۔ سفینہ رضی اللہ عنہ۔
ابن زمل الجہنی رضی اللہ عنہ۔ ضحاک بن نوفل رضی اللہ عنہ۔
ابوذر الغفاری رضی اللہ عنہ۔ معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ۔
سہیل بن سعد رضی اللہ عنہ۔ حبشی بن جنادہ رضی اللہ عنہ۔
اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا۔ زید بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ۔
ابوقبیلہ رضی اللہ عنہ۔ عقیل بن ابی طالب رضی اللہ عنہ۔
ابوالفضل رضی اللہ عنہ۔ نافع رضی اللہ عنہ۔
عوف بن مالک رضی اللہ عنہ۔ ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ۔
ابومالک الاشعری رضی اللہ عنہ۔ ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ۔
عصمۃ بن مالک رضی اللہ عنہ۔ عمر بن قیس رضی اللہ عنہ۔
سلمان الفارسی رضی اللہ عنہ۔ تمیم الداری رضی اللہ عنہ۔
نعیم بن مسعود رضی اللہ عنہ۔ عبداللہ بن عمرو اللیثی رضی اللہ عنہ۔
نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ۔ محمد بن حزم الانصاری رضی اللہ عنہ۔
بہتر بن حکیم رضی اللہ عنہ۔ عبدالرحمن بن سمرۃ رضی اللہ عنہ۔
ابوقتادہ رضی اللہ عنہ۔ قتادہ رضی اللہ عنہ۔
عبداللہ بن ثابت رضی اللہ عنہ۔ سیدنا الحسن رضی اللہ عنہ۔
انس رضی اللہ عنہ۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا۔
عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ۔ مغیرۃ بن شعبۃ رضی اللہ عنہ۔
عفان بن مسلم رضی اللہ عنہ۔ ابومعاویہ رضی اللہ عنہ۔
سلمۃ بن اکوع رضی اللہ عنہ۔ عکرمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ۔
ابوالدرداء رضی اللہ عنہ۔ زبیر بن العام رضی اللہ عنہ۔
ام ہانی رضی اللہ عنہا۔ زبیر رضی اللہ عنہ۔

رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین وعنا معہم برحمتک یا ارحم الراحمین کذا فی ہدیۃ المہدیین ص ۱۰۲

حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہر لحاظ سے خاتم الانبیاء ہیں:

اور اہل سنت و جماعت کا اجماعی عقیدہ ہے کہ آپ دونوں طرح اور دونوں معنی میں خاتم النبیین ہیں زمانہ کے اعتبار سے بھی خاتم ہیں اور مرتبہ اور کمال کے اعتبار سے بھی خاتم ہیں اور جو حضور پُر نور کے خاتم النبیین اور آخری نبی ہونے کا انکار کرے وہ بلاشبہ کافر اور مرتد ہے۔ اور صدیق اکبر کا مدعیان نبوت سے جہاد و قتال کرنا اور ان کو اپنی تیغ بے دریغ کا لقمہ بنانا مسلمات میں سے ہے بلکہ حضور کی وفات کے بعد امت محمدیہ میں جو پہلا اجماع منعقد ہوا وہ مدعیان نبوت کے قتل پر ہوا اور کسی سے یہ سوال نہیں کیا گیا کہ تو تشریعی یا غیر تشریعی یا ظلی یا بروزی نبوت کا مدعی ہے۔

منصب نبوت و رسالت میں کوئی آپ کا مثل اور ثانی نہیں۔

عارف رومی مثنوی میں یہ بھی فرماتے ہیں کہ جس طرح آپ کمالات نبوت کے خاتم ہیں اسی طرح آپ کمالات نبوت کے فاتح اور مبداء بھی ہیں۔

قفلہائے ناکشادہ ماندہ بود   از کف انا فتحنا برکشود

حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری   آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

اور سرور عالم سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چونکہ خاتم النبیین تھے اس لئے آپ نے یہ فرمایا کہ میں خاتم النبیین ہوں اور آخری نبی ہوں میرے بعد کسی قسم کا کوئی نبی نہیں اور کبھی یہ نہیں فرمایا کہ میرے بعد ایران یا قادیان میں یا ہندوستان میں کسی جگہ کوئی نبی ظاہر ہو تو تم اس کی پیروی کرنا جیسا کہ انبیاء سابقین اپنے بعد آنے والے نبیوں کی خبر دیتے رہے آپ نے اس قسم کی کوئی خبر نہیں دی بلکہ بار بار یہ فرمایا کہ میرے بعد مطلقاً جو نبوت کا دعویٰ کرے وہ دجال اور کذاب ہے۔

مسیلمہ قادیان کا ہذیان:

بہر حال ختم نبوت مسلمانوں کا اجماعی عقیدہ ہے اور مسیلمۂ قادیان یعنی مرزا غلام قادیانی ختم نبوت کا منکر اور بقاء نبوت کا مدعی ہے کبھی کہتا ہے کہ میں مستقل نبی اور رسول ہوں اور کمالات نبوت میں تمام انبیاء و مرسلین سے برتر اور بڑھ کر ہوں۔ چنانچہ نزول المسیح کے ص ۹۹ پر لکھا ہے۔

انبیاء گرچہ بودہ اند بسے   من بعرفان نہ کمترم زکسے

آنچہ دادہ ست ہر نبی راجام   دادآں جام مرا بتمام

اس قسم کے اشعار سے صاف ظاہر ہے کہ مرزائے قادیان اپنے کو انبیاء کا ہمسر بھی نہیں بلکہ ان سے برتر اور بہتر سمجھتا ہے۔

بروزی اور ظلی نبوت کی حقیقت:

مرزائے قادیان حقیقۃ النبوۃ ص ۲۶۵، ص ۲۶۶ پر بحوالہ ایک غلطی کا ازالہ لکھتا ہے، مگر میں کہتا ہوں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جو درحقیقت خاتم النبیین تھے مجھے رسول اور نبی کے لفظ سے پکارا جانا کوئی اعتراض کی بات نہیں اور نہ اس سے مہر ختمیت ٹوٹتی ہے کیونکہ میں بارہا بتلا چکا ہوں کہ میں بموجب وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ آیت بروزی طور پر وہی نبی خاتم الانبیاء ہوں اور خدا نے آج سے بیس برس پہلے براہین احمدیہ میں میرا نام محمد اور احمد رکھا ہے اور مجھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہی کا وجود قرار دیا جائے پس اس طور سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم الانبیاء ہونے میں میری

besturdubooks.wordpress.com

نبوت سے کوئی تزلزل نہیں آیا کیونکہ ظل اصل سے علیحدہ نہیں ہوتا۔

اور تریاق القلوب حاشیہ ص ۲۷۷ میں خود مرزا لکھتا ہے۔ غرض جیسا کہ صوفیوں کے نزدیک مانا گیا ہے کہ مراتب وجود دوریہ ہیں اسی طرح ابراہیم علیہ السلام نے اپنی خو اور طبیعت اور دلی مشابہت کے لحاظ سے تقریباً اڑھائی ہزار برس اپنی وفات کے بعد عبداللہ بن عبدالمطلب کے گھر میں جنم لیا اور محمد کے نام سے پکارا گیا۔

اور کتاب قولی فیض ص ۶ میں بحوالہ اخبار الحکم ۲۴، اپریل ۱۹۰۳ء مرزا کا قول اس طرح نقل کیا گیا ہے۔ کمالات متفرقہ جو تمام دیگر انبیاء میں پائے جاتے ہیں وہ سب حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم میں ان سے بڑھ کر موجود تھے اور اب وہ سارے کمالات حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ظلی طور پر ہم کو عطا کئے گئے۔ پہلے تمام انبیاء ظلی تھے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خاص خاص صفات میں اب ہم ان تمام صفات میں نبی کریم کے ظل ہیں۔

ان عبارات میں مرزائے قادیان نے اپنے آپ کو ظلی اور بروزی نبی کہہ کر دنیا کو دھوکہ دیا ہے۔ (معارف کاندھلوی)

وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا
اور ہے اللہ سب چیزوں کو جاننے والا

اللہ کا علم کافی ہے:

یعنی وہ ہی جانتا ہے کہ رسالت یا ختم نبوت کو کس محل میں رکھا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا اور اللہ ہر چیز سے بخوبی واقف ہے۔

اس لئے وہ جانتا ہے کہ کس پر نبوت کا خاتمہ کیا جائے اور اس کی کیا حالت ہونی چاہیے۔ حضرت ابوہریرہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری اور دوسرے انبیاء کی مثال ایسی ہے جیسے ایک خوبصورت قصر ہو اس کی عمارت حسین ہو لیکن ایک اینٹ (لگانے) کی جگہ اس میں چھوڑ دی گئی ہو دیکھنے والے آ کر اس کے گرداگرد گھومتے ہوں اور اس کے حسن تعمیر پر تعجب کرتے ہوں لیکن (ساتھ ہی) یہ بھی کہیں کہ ایک اینٹ کی جگہ خالی ہے۔ (حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) پس اس ایک اینٹ کے مقام کو میں نے درست کر دیا اور مجھ پر پیغمبروں کا خاتمہ ہو گیا۔ دوسری روایت میں آیا ہے میں ہی وہ اینٹ ہوں اور میں خاتم النبیین ہوں۔ متفق علیہ۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اسمائے گرامی:

حضرت جبیر بن مطعم کا بیان ہے میں نے خود سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے میرے (بہت) نام ہیں میں محمد ہوں احمد ہوں میں ماحی ہوں کہ اللہ میرے ذریعہ سے کفر کو مٹائے گا میں حاشر ہوں لوگوں کا حشر میرے قدموں پر ہوگا میں عاقب ہوں (سب سے پیچھے آنے والا) میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے متعدد نام (صفات) بیان کرتے تھے۔ آپ نے فرمایا تھا میں محمد ہوں احمد ہوں مقفی ہوں، حاشر ہوں، نبی التوبہ ہوں، نبی الرحمۃ ہوں۔ رواہ مسلم۔ (تفسیر مظہری)

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا		
اے ایمان والو	یاد کرو اللہ کو	بہت سی یاد
وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا		
اور پاکی بولتے رہو اُس کی صبح اور شام		

عظیم الشان نعمت کا شکر:

یعنی حق تعالیٰ نے اتنا بڑا احسان فرمایا کہ ایسے عظیم الشان پیغمبر اور پیغمبروں کے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو تمہاری ہدایت کے لئے بھیجا۔ اس پر اُس کا شکر ادا کرو۔ اور منعم حقیقی کو کبھی نہ بھولو، اُٹھتے، بیٹھتے، چلتے پھرتے، رات دن، صبح، شام ہمہ اوقات اس کو یاد رکھو۔ (تفسیر عثمانی)

ہمہ وقتی عبادت:

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا ذکر کے علاوہ اللہ نے ہر فرض کی ایک حد مقرر کر دی ہے اور عذر کے وقت معذور لوگوں کو چھوڑ دیا ہے مگر ذکر کی کوئی آخری حد مقرر نہیں کی اور سوائے دیوانہ کے کسی کو معذور نہیں قرار دیا بلکہ تمام حالتوں میں ذکر کا حکم دیا ہے اور فرمایا ہے فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ اللہ کی یاد کرو کھڑے بیٹھے اور پہلو کے بل لیٹے ہوئے۔ اور فرمایا ہے اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا اللہ کی بکثرت یاد کیا کرو رات میں، دن میں، خشکی میں، سمندر میں، صحت میں، بیماری میں، پوشیدہ اور ظاہر مجاہد نے کہا ذکر کثیر یہ ہے کہ کبھی اللہ کو نہ بھولے، میں کہتا ہوں یہ حالت فنائے قلب اور دوامی حضور کے بعد ہوتی ہے۔

وَسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا اور صبح شام (یعنی ہمیشہ) اس کی پاکی بیان کرتے رہو یعنی فجر کی نماز پڑھو۔

وَّاَصِيْلًا کلبی نے کہا یعنی ظہر، عصر، مغرب اور عشاء کی نمازیں پڑھو۔ مجاہد نے کہا تسبیح سے مراد ہے۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پڑھنا۔ لفظ تسبیح سے تمام ساتھی جملے مراد ہیں۔ (یعنی تسبیح تحمید تہلیل تکبیر وغیرہ) ان الفاظ کو باوضو بے وضو اور جب سب پڑھیں۔

میں کہتا ہوں اول اللہ نے عمومی ذکر کا حکم دیا کہ کسی وقت خدا کی یاد نہ

besturdubooks.wordpress.com

بھولے پھر مخصوص اوقات ہیں ذکر کا حکم دیا اول سے مراد ہے ذکر خفی قلبی دوامی اور دوسرے سے مراد ہے ذکر جلی اور مقررہ فرض وسنت عبادات۔

صبح شام کی خصوصیت:

بعض اہل علم نے کہا تسبیح کے لئے صبح شام کے اوقات کی تخصیص اس لئے کی کہ ان اوقات میں رات اور دن کے ملائکہ جمع ہوتے ہیں۔ حضرت ابو ہریرہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رات کے ملائکہ اور دن کے ملائکہ باری باری سے تمہارے اندر آتے ہیں اور فجر وعصر کی نمازوں میں سب جمع ہو جاتے ہیں۔ پھر وہ ملائکہ جو رات کو تمہارے پاس رہے اوپر چڑھ جاتے ہیں تمہارا رب ان سے پوچھتا ہے (حالانکہ وہ خود بخوبی واقف ہے) تم نے میرے بندوں کو کس حال میں چھوڑا۔ ملائکہ عرض کرتے ہیں ہم نے ان کو نماز پڑھتے چھوڑا اور جب ہم ان کے پاس پہنچے تھے تب بھی وہ نماز پڑھ رہے تھے۔ متفق علیہ۔

نماز میں توجہ کی اہمیت:

حضرت ابوذر کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب بندہ نماز میں ہوتا ہے تو اللہ اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے جب تک بندہ ادھر ادھر توجہ نہ کرے۔ لیکن بندہ جب ادھر ادھر توجہ کرنے لگتا ہے تو اللہ بھی اس کی طرف سے رُخ پھیر لیتا ہے۔ رواہ احمد وابوداؤد والنسائی والدارمی۔ (تفسیر مظہری)

ذکر کی کثرت:

اللہ تعالیٰ کے ذکر میں ہر وقت مشغول رہو۔ یہاں تک کہ لوگ تمہیں مجنون کہنے لگیں (مسند احمد) فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کا بکثرت ذکر کرو، یہاں تک کہ منافق تمہیں ریاکار کہنے لگیں (طبرانی) فرماتے ہیں جو لوگ کسی مجلس میں بیٹھیں اور وہاں اللہ کا ذکر نہ کریں وہ مجلس قیامت کے دن ان پر حسرت وافسوس کا باعث بنے گی۔ (تفسیر ابن کثیر)

اور حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اُذْكُرُوا اللّٰهَ تَعَالٰى حَتّٰى يَقُوْلُوْا مَجْنُوْنٌ (ابن کثیر، مسند احمد)

"یعنی تم اللہ کا ذکر اتنا کرو کہ دیکھنے والے تمہیں دیوانہ کہنے لگیں۔"

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دُعاء:

امام احمدؒ اور ترمذی نے روایت کیا ہے کہ حضرت ابوہریرہؓ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک دعا سنی ہے جس کو میں کبھی نہیں چھوڑتا، وہ یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ اُعْظِمُ شُكْرَكَ وَاَتَّبِعُ نَصِيْحَتَكَ وَاُكْثِرُ ذِكْرَكَ وَاَحْفَظُ وَصِيَّتَكَ (ابن کثیر)

"یا اللہ مجھے ایسا بنا دے کہ میں تیرا شکر بہت کروں اور تیری نصیحت کا تابع رہوں اور تیرا ذکر کثرت سے کیا کروں اور تیری وصیت کو محفوظ رکھوں۔"

اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ سے اس کی دعا کی کہ ذکر اللہ کی کثرت کی توفیق عطا ہو۔

جامع عبادت:

ایک اعرابی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ اسلام کے اعمال و فرائض وواجبات تو بہت ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے کوئی ایسی مختصر جامع بات بتلا دیں کہ میں اس کو مضبوطی سے اختیار کرلوں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

لَا يَزَالُ لِسَانُكَ رَطْبًا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَعَالٰى. (مسند احمد، ابن کثیر)

"یعنی تیری زبان ہمیشہ اللہ کے ذکر سے تروتازہ رہنی چاہیئے۔"

قابلِ حسرت مجلس:

اور حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو لوگ کسی مجلس میں بیٹھیں جس میں اللہ کا ذکر نہ آئے تو قیامت کے روز یہ مجلس ان کیلئے حسرت ثابت ہوگی۔ (رواہ احمد، ابن کثیر) (معارف مفتی اعظم)

هُوَ الَّذِیْ یُصَلِّیْ عَلَیْكُمْ وَمَلٰٓىِٕكَتُهٗ لِیُخْرِجَكُمْ
وہی ہے جو رحمت بھیجتا ہے تم پر اور اُس کے فرشتے تاکہ نکالے تم نے
مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَحِیْمًا
اندھیروں سے اُجالے میں اور ہے ایمان والوں پر مہربان

ذکر اللہ کی کثرت کا نتیجہ:

یعنی اللہ کو بکثرت یاد کرنے کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اللہ اپنی رحمت تم پر نازل کرتا ہے جو فرشتوں کے توسط سے آتی ہے یہی رحمت وبرکت ہے جو تمہارا ہاتھ پکڑ کر جہالت وضلالت کی اندھیریوں سے علم وتقویٰ کے اُجالے میں لاتی ہے۔ اگر اللہ کی خاص مہربانی ایمان والوں پر نہ ہو تو دولت ایمان کہاں سے ملے اور کیونکر محفوظ رہے۔ اُسی کی مہربانی سے مؤمنین رُشد وہدایت اور ایمان واحسان کی راہوں میں ترقی کرتے ہیں۔ یہ تو دنیا میں اُن کا حال ہوا۔ آخرت کا اعزاز واکرام آگے مذکور ہے۔ (تفسیر عثمانی)

شانِ نزول: بغوی نے حضرت انسؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ جب آیت اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓىِٕكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِیِّ نازل ہوئی تو حضرت ابو بکر نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ نے جو شرف خصوصیت کے ساتھ آپ کو عطا فرمایا ہم کو اس میں ضرور شریک فرما دیں۔ اس پر آیت نازل ہوئی۔ عبد بن حمید نے اس روایت کی نسبت مجاہد کی طرف بھی کی ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

"صلوٰۃ" کا معنیٰ: هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ وہ (خود بھی) اور اس کے فرشتے (بھی) تم پر رحمت بکثرت اہل لغت کا بیان ہے کہ صلوٰۃ کا معنی ہے دعا۔ صَلَّيْتُ عَلَيْهِ میں نے اس کے لئے دعا کی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے اگر کسی کو کھانا کھلانے بلایا جائے تو دعوت قبول کرلے اور اگر روزہ دار ہو تو دعوت کرنے والوں کے لئے صلوٰۃ (دعا) کرے۔ اللہ نے فرمایا ہے صَلِّ عَلَيْهِمْ اے نبی آپ ان کے لئے دعا کریں اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ آپ کی دعا ان کے لئے باعث تسکین ہے۔

نماز کو صلوٰۃ اس لئے کہتے ہیں کہ اس کے اندر دعا پڑھی جاتی ہے یعنی اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ پڑھا جاتا ہے جزء پر کل کا اطلاق کردیا گیا۔

اس سے مستفاد ہوتا ہے کہ اس نے بندوں پر رحمت کرنی اپنی ذات پر لازم کرلی ہے یہی معنی ہے كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ کا ایجاب (لازم کر لینا) اور طلب دونوں کا معنی ایک ہی ہے قطعی طلب ایجاب ہی ہوتی ہے لیکن ایجاب (کا معنی یہ نہیں ہے کہ اللہ پر کوئی چیز واجب ہے اور کسی کا خدا پر کوئی لازمی حق ہے جس کو ادا کرنا اس پر لازم ہے بلکہ اس) کا یہ معنی ہے کہ اللہ نے اپنی مہربانی سے ذمہ لے لیا ہے۔ اگر صلوٰۃ کو بمعنی دعا قرار دیا جائے تو عموم مشترک کا قول لازم نہیں آئے گا۔ بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ سے کہا تھا کیا ہمارا رب صلوٰۃ کرتا ہے حضرت موسیٰ پر یہ سوال نہایت شاق گزرا۔ اللہ نے موسیٰ کے پاس وحی بھیجی۔ ان سے کہہ دو کہ میں صلوٰۃ کرتا ہوں مگر میری صلوٰۃ (بمعنی) رحمت ہے جو ہر چیز کو اپنے اندر سمائے ہوئے ہے

مؤمنوں پر مہربانی:

لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا تا کہ تم کو تاریکیوں سے (نکال کر) نور کی طرف لے آئے اور اللہ مومنوں پر بہت مہربان ہے۔

یعنی اپنی رحمت اور ملائکہ کی دعا سے کفر و معاصی سے نکال کر ایمان وطاعت کے نور کی طرف ہمیشہ تم کو لاتا رہے یہ مطلب بھی ہوسکتا ہے تا کہ تم کو وقتاً فوقتاً ہمیشہ ظلمات (فراق و) بعد سے نکال کر نور قرب کی طرف لاتا رہے۔

اللہ مومنوں پر بڑا مہربان ہے کیوں کہ اس نے مومنوں کے سارے امور کو درست کیا ان کے مرتبہ کو اونچا کیا اور ملائکہ مقربین کی دعا ان کے شامل حال کی۔ (تفسیر مظہری)

تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ
دُعا اُن کی جس دن اُس سے ملیں گے سلام ہے
وَاَعَدَّ لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا
اور تیار رکھا ہے اُن کے واسطے ثواب عزت کا

مؤمنوں کیلئے سلام کے تحفے:

یعنی اللہ اُن پر سلام بھیجے گا اور فرشتے سلام کرتے ہوئے اُن کے پاس آئیں گے۔ اور مؤمنین کے آپس میں بھی یہی دعا ہوگی جیسا کہ دنیا میں ہے۔ (تفسیر عثمانی)

جس روز وہ اللہ سے ملیں گے تو ان کا دعائیہ کلمہ السلام علیکم ہوگا اور اللہ نے ان کے لئے (جنت میں) عمدہ صلہ تیار کر رکھا ہے۔

تَحِيَّتُهُمْ یعنی اللہ کی طرف سے جو تحیت ان کو کی جائے گی۔

يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ جس روز وہ اللہ سے ملیں گے یعنی مرنے کے وقت یا قبر سے نکلنے کے وقت یا جنت میں داخلہ کے وقت یا دیدار خداوندی ہونے کے وقت۔

سَلٰمٌ یعنی اللہ کی طرف سے بطور تحیت ان کو سلام کیا جائے گا اور اللہ ان کو تمام ناگوار باتوں سے امن و سلامتی میں رکھے گا۔ (تفسیر مظہری)

جب ملک الموت مومن کی روح قبض کرنے کے لئے آتا ہے تو پہلے اسے سلام کرتا ہے اور خدا کی طرف سے اس کو سلام پہنچاتا ہے۔

زجاج کہتے ہیں کہ یہ سلام درحقیقت سلامتی کی خوشخبری ہوتی ہے کہ اللہ تم کو تمام آفات سے سلامت رکھے گا اور جب قیامت کے دن قبروں سے اٹھیں گے اس وقت فرشتے ان کو سلام کریں گے اور جنت کی بشارت سنائیں گے اور جنت میں داخل ہونے کے بعد فرشتے ان کی ملاقات کے لئے آئیں گے اور ان کو سلام کریں گے۔ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ

(معارف کاندھلوی)

يٰٓاَيُّهَا	النَّبِيُّ	اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ	شَاهِدًا
اے	نبی	ہم نے تجھ کو بھیجا	بتانے والا

اُمت کیلئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی گواہی:

یعنی اللہ کی توحید سکھاتے اور اُس کا رستہ بتاتے ہیں جو کچھ کہتے ہیں دل سے اور عمل سے اس پر گواہ ہیں اور محشر میں بھی اُمت کی نسبت گواہی دیں گے کہ خدا کے پیغام کو کس نے کس قدر قبول کیا۔ (تفسیر عثمانی)

ابن مبارک نے سعید بن مسیب کا قول بیان کیا ہے کہ کوئی دن ایسا نہیں ہوتا کہ صبح شام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کو آپ کے سامنے نہ لایا جاتا ہو۔ آپ اپنی امت کو ان کے چہروں سے (یا خصوصی علامات سے) پہچانتے ہیں اسی لئے آپ ان پر شہادت دیں گے (یعنی گواہی دیں گے کہ یہ میری امت والے ہیں) یا شاہد ہونے کا یہ مطلب ہے کہ جب امت اسلامیہ شہادت دے گی کہ تمام پیغمبروں نے اپنی اپنی امتوں کو اللہ کا پیغام پہنچا دیا تھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی امت کی تصدیق کریں گے۔

انبیاء کیلئے گواہی: بخاری۔ ترمذی۔ نسائی اور ابن ماجہ نے حضرت ابوسعید

besturdubooks.wordpress.com

خدری کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن نوحؑ کو بلوا کر پوچھا جائے گا کیا تم نے (میرا پیام) پہنچا دیا تھا۔ نوح کہیں گے، جی ہاں۔ پھر ان کی امت کو طلب فرما کر دریافت کیا جائے گا کیا تم کو میرا پیام نوح نے پہنچا دیا تھا۔ وہ کہیں گے ہمارے پاس تو کوئی ڈرانے والا نہیں پہنچا۔ ہمارے پاس کوئی نہیں آیا۔ اس پر نوحؑ سے کہا جائے گا تمہارا شاہد کون ہے۔ کون تمہاری گواہی دے سکتا ہے۔ حضرت نوحؑ کہیں گے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی امت۔ الحدیث۔ اس موضوع کی احادیث بکثرت آئی ہیں۔ (تفسیر مظہری)

امت کیلئے گواہی کا مقصد اور گواہی کی بنیاد:

خلاصہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی شہادت کے ذریعہ اپنی امت کی تصدیق و توثیق فرمائیں گے کہ بیشک میں نے اُن کو یہ اطلاع دی تھی۔

اور امت پر شاہد ہونے کا ایک مفہوم عام یہ بھی ہوسکتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی امت کے سب افراد کے اچھے بُرے اعمال کی شہادت دیں گے، اور یہ شہادت اس بناء پر ہوگی کہ امت کے اعمال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ہر روز صبح وشام اور بعض روایات میں ہفتہ میں ایک روز پیش ہوتے ہیں، اور آپ اُمت کے ایک ایک فرد کو اس کے اعمال کے ذریعہ پہچانتے ہیں، اس لئے قیامت کے روز آپ اُمت کے شاہد بنائے جائیں گے (رواہ ابن المبارک عن سعید بن المسیبؒ مظہری) (معارف مفتی اعظم)

وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيرًا
اور خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا

یعنی نافرمانوں کو ڈراتے اور فرمانبرداروں کو خوشخبری سناتے ہیں۔

وَّدَاعِيًا إِلَى اللَّهِ بِإِذْنِهِ وَسِرَاجًا مُّنِيرًا
اور بلانے والا اللہ کی طرف اُس کے حکم سے　اور چمکتا ہوا چراغ

نورِ اعظم صلی اللہ علیہ وسلم:

پہلے جو فرمایا تھا کہ اللہ کی رحمت مؤمنین کو اندھیرے سے نکال کر اُجالے میں لاتی ہے۔ یہاں بتلا دیا کہ وہ اُجالا اس روشن چراغ سے پھیلا ہے۔ شاید چراغ کا لفظ اس جگہ اس معنی میں ہو جو سورۂ نوح میں فرمایا "وَجَعَلَ الْقَمَرَ فِيهِنَّ نُورًا وَجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا" اللہ نے چاند کو نور اور سورج کو چراغ بنایا) یعنی آپ آفتاب نبوت و ہدایت ہیں جس کے طلوع ہونے کے بعد کسی دوسری روشنی کی ضرورت نہیں رہی سب روشنیاں اسی نُورِ اعظم میں محو ومدغم ہوگئیں۔ (تفسیر عثمانی)

دعوت حق کی دُشواریاں: باذنہ کی قید کا اضافہ کرنے سے اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ اللہ کی توحید واطاعت کی دعوت دینا بڑا سخت کام ہے۔ اللہ کی مدد اور توفیق کے بغیر اس کی تکمیل ناممکن ہے خصوصاً اللہ کے دیدار کی دعوت تو اتنی دشوار ہے کہ بغیر خاص فضل خداوندی کے بندوں کی رسائی بارگاہ الٰہی تک محال ہے۔ اللہ نے فرمایا ہے إِنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَهْدِي مَن يَشَاءُ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ آپ اگر کسی کو ہدایت یاب کرنا چاہیں تو نہیں کر سکتے بلکہ اللہ جس کو سیدھے راستہ پر چلانا چاہتا ہے اس کو راہ راست پر چلنے کی توفیق دیتا ہے۔

داعی اور قوم کی مثال:

حضرت ربیعہ جرشی کا بیان ہے کہ (خواب میں) کوئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور اس نے کہا تمہاری آنکھیں سوئیں (مگر) کان سنیں اور دل سمجھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چنانچہ میری آنکھ سو رہی تھی دونوں کان سُن رہے تھے اور دل سمجھ رہا تھا کہ کسی نے کہا۔ ایک سردار نے ایک مکان بنوایا اس میں دسترخوان لگوایا اور (دعوت عام دینے کے لئے) ایک بلانے والے کو بھیجا۔ پکارنے والے کی آواز پر جو آ گیا اس نے مکان کے اندر داخل ہو کر دسترخوان پر (کھانا) کھالیا اور گھر والا سردار بھی اس سے خوش ہو گیا اور جس نے داعی کی دعوت قبول نہیں کی وہ نہ گھر میں آیا نہ دسترخوان سے کچھ کھا سکا اور سردار اس سے ناراض ہو گیا (اس کی تعبیر یہ ہے کہ) سردار اللہ ہے گھر (جو سردار نے بنایا ہے) اسلام ہے۔ محمدؐ داعی ہیں اور دسترخوان جنت ہے۔ رواہ الدارمی۔

روشن چراغ: وَسِرَاجًا مُّنِيرًا اور روشن چراغ (بنا کر بھیجا ہے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو روشن چراغ کہنے کی یہ وجہ ہے کہ جس طرح رات کی تاریکی میں چراغ جلایا جاتا ہے اور اس کی روشنی سے راستہ دکھ جاتا ہے اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی (اسلام کی) روشنی اور ہدایت حاصل کی جاتی ہے۔

نور نبوت اور اس کے خوشہ چین:

مراد یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی زبان سے تو اللہ کی طرف آنے کی دعوت دیتے تھے اور دل کے اعتبار سے روشن چراغ کی طرح تھے کہ تمام مومن آپ ہی کے نور سے استفادہ کرتے اور آپ ہی کے رنگ میں رنگ جاتے تھے (ایسا ہی بنا کر اللہ نے آپ کو بھیجا تھا) جیسے یہ عالم سورج کی روشنی سے اور ایک گھر چراغ کی روشنی سے منور ہو جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ صحابہؓ کرام کو ساری امت پر فضیلت حاصل تھی۔ علوم نبوت جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے نکلے ہوئے الفاظ سے امت نے حاصل کئے اس میں تو صحابہ کے ساتھ ساری امت شریک ہے۔ کچھ صحابہ ہی کی خصوصیت نہیں ہے بلکہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ اصل سننے والا بھول جاتا ہے اور جس کو حکم پہنچایا جاتا ہے وہ زیادہ یاد رکھتا ہے۔ امتیاز صحابہ یہ ہے کہ وہ براہ راست انوار نبوت کے خوشہ چیں تھے۔ دوسروں کو جو روشنی ملی وہ صحابہ کے توسط سے

besturdubooks.wordpress.com

پھر تابعین سے تبع تابعین کو اسی طرح قیامت تک نور نبوت امت کے دلوں کو روشن کرتا رہے گا لیکن اس خوشہ چینی میں سننے والا مشاہدہ کرنے والے کی طرح نہیں ہوسکتا جیسے صحن مکان میں سورج کی شعائیں براہ راست پڑتی ہیں اور صحن روشن ہو جاتا ہے پھر کمروں کے اندر یہ روشنی صحن کی روشنی کے ذریعہ سے پہنچتی ہے، دونوں کی روشنی اور کیفیت انجلائی میں بڑا فرق ہوتا ہے۔

تورات میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصاف:

عطا ابن یسار کا بیان ہے میں نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص سے ملاقات کی اور کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ اوصاف جو توریت میں (آپ نے پڑھے) ہوں بیان فرمائیں۔ حضرت عبداللہ نے فرمایا ہاں بخدا توریت میں آپ کے جو اوصاف بیان کئے گئے ہیں ان میں سے کچھ قرآن میں بھی موجود ہیں۔ توریت میں کہا گیا ہے اے نبی ہم نے تجھ کو شاہد اور بشارت دہندہ اور عذاب کی وعید سنانے والا اور امیوں کی پناہ بنا کر بھیجا ہے تو میرا بندہ اور میرا رسول ہے میں نے تیرا نام متوکل رکھا ہے۔

وہ بدخو اور درشت مزاج نہ ہوگا۔ بازاروں میں چیختا نہ پھرے گا۔ برائی کا بدلہ برائی سے نہیں دے گا۔ بلکہ عفو و درگزر سے کام لے گا جب تک کج روملت کی کجی دور نہ ہو جائے گی اللہ اس کی روح قبض نہیں کرے گا۔ اس کی وفات اس وقت ہو گی جب لوگ لا الہ الا اللہ کے قائل ہو جائیں گے اللہ اس کے ذریعہ سے اندھی آنکھوں کو بہرے کانوں کو اور غلاف پوش دلوں کو کھول دے گا۔ رواہ البخاری۔ دارمی نے عطا ابن سلام کی روایت سے ایسا ہی بیان کیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

حضرت شعیاء علیہ السلام کی تقریر:

ابن ابی حاتم میں ہے، حضرت وہب ابن منبہ فرماتے ہیں بنی اسرائیل کے ایک نبی حضرت شعیا علیہ السلام پر خدائے تعالیٰ نے وحی نازل فرمائی کہ اپنی قوم بنی اسرائیل میں کھڑے ہو جاؤ میں تمہاری زبان سے اپنی باتیں کہواؤں گا میں امیوں میں سے ایک نبی امی کو بھیجنے والا ہوں نہ بدخلق ہے نہ بدگو نہ بازاروں میں شور وغل کرنے والا، اس قدر سکینہ والا ہے کہ اگر چراغ کے پاس سے گزر جائے تو وہ نہ بجھے اور اگر بانسوں پر بھی چلے تو پیر کی چاپ نہ معلوم ہو۔ میں اُسے خوش خبریاں سنانے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجوں گا جو حق گو ہوگا۔ میں اس کی وجہ سے اندھی آنکھوں کو کھول دوں گا اور بہرے کانوں کو شنوا کر دوں گا اور زنگ آلود دلوں کو صاف کر دوں گا۔ ہر بھلائی کی طرف اس کی رہبری کروں گا۔ ہر نیک خصلت اُس میں موجود رکھوں گا۔ دلجمعی اس کا لباس ہوگی۔ نیکی اس کا وطیرہ ہوگا۔ تقویٰ اس کی ضمیر ہوگی حکمت اس کی گویائی ہوگی، صدق و وفا اس کی عادت ہوگی عفو و درگزر اس کا خلق ہوگا۔ حق اس کی شریعت ہوگی، عدل اس کی سیرت ہوگی ہدایت اس کی امام ہوگی، اسلام اس کا دین ہو گا، احمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کا نام ہوگا، گمراہوں کو میں اس کی وجہ سے ہدایت دوں گا۔ جاہلوں کو اس کی بدولت علما بنادوں گا، تنزل والوں کو ترقی پر پہنچادوں گا، انجانوں کو مشہور و معروف کر دوں گا، قلت کو اس کی وجہ سے کثرت سے فقیری کو امیری سے، فرقت کو اُلفت سے اختلاف کو اتفاق سے بدل دوں گا۔ مختلف اور متضاد دلوں کو متفق اور متحد کر دوں گا، جداگانہ خواہشوں کو یکسو کر دوں گا، دنیا کو اس کی وجہ سے ہلاکت سے بچالوں گا، تمام امتوں سے اُس کی امت کو اعلیٰ و افضل بنادوں گا۔ وہ لوگوں کو فائدہ پہنچانے کے لئے دنیا میں پیدا کیے جائیں گے۔ ہر ایک کو نیکی کا حکم دیں گے اور بُرائی سے روکیں گے، وہ موحد ہوں گے، مومن ہوں گے اخلاص والے ہوں گے۔ رسولوں پر جو کچھ نازل ہوا ہے سب کو سچ ماننے والے ہوں گے۔ وہ اپنی مسجدوں مجلسوں اور بستروں پر چلتے پھرتے بیٹھتے اُٹھتے میری تسبیح حمد و ثنا بزرگی اور بڑائی بیان کرتے رہیں گے، کھڑے اور بیٹھے نمازیں ادا کرتے رہیں گے۔ دشمنانِ خدا سے صفیں باندھ کر حملے کر کر کے جہاد کریں گے۔ ان میں سے ہزارہا لوگ میری رضا مندی کی جستجو میں اپنا گھر بار چھوڑ کر نکل کھڑے ہوں گے۔ منہ ہاتھ وضو میں دھویا کریں گے۔ تہبند آدھی پنڈلی تک کا باندھیں گے میری راہ میں قربانیاں دیں گے، میری کتاب ان کے سینوں میں ہوگی، راتوں کو عابد اور دنوں کو مجاہد ہوں گے۔ میں اُس نبی کی اہلبیت اور اولاد میں سبقت کرنے والے صدیق، شہید اور صالح لوگ پیدا کروں گا۔ اُس کی اُمت اس کے بعد دنیا کو حق کی ہدایت کرے گی اور حق کے ساتھ عدل و انصاف کرے گی، ان کی امداد کرنے والوں کو میں عزت والا کروں گا اور ان کو ملانے والوں کی میں مدد کروں گا۔ اُن کے مخالفین اور اُن کے باغی اور اُن کے بدخواہوں پر میں بڑے دن لاؤں گا۔ میں انہیں اُن کے نبی کا وارث کر دوں گا جو اپنے رب کی طرف لوگوں کو دعوت دیں گے، نیکیوں کی باتیں بتلائیں گے بُرائیوں سے روکیں گے، نماز ادا کریں گے، زکوٰۃ دیں گے، وعدے پورے کریں گے، اس خیر کو میں ان کے ہاتھوں پورا کروں گا جو ان سے شروع ہوا تھا۔ یہ ہے میرا فضل ہے چاہوں دوں اور میں بہت بڑے فضل و کرم کا مالک ہوں۔

خوشخبریاں سناؤ، آسانی کرو:

ابن ابی حاتم میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت علیؓ اور حضرت معاذؓ کو یمن کا حاکم بنا کر بھیج رہے تھے جو یہ آیت اتری۔ تو آپ نے اُن سے فرمایا جاؤ خوشخبریاں سُنانا نفرت نہ دلانا، آسانی کرنا سختی نہ کرنا، دیکھو مجھ پر یہ آیت اتری ہے الخ طبرانی میں یہ بھی ہے کہ آپ نے فرمایا، مجھ پر یہ اترا ہے کہ اے نبی ہم نے تجھے تیری اُمت پر گواہ بنا کر جنت کی خوشخبری دینے والا بنا کر اور جہنم سے ڈرانے والا بنا کر اور اللہ کے حکم سے اس کی توحید کی شہادت

besturdubooks.wordpress.com

کی طرف لوگوں کو بُلانے والا بنا کر اور روشن چراغ قرآن کے ساتھ بنا کر بھیجا ہے پس آپ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر کہ اس کے ساتھ اور کوئی معبود نہیں گواہ ہیں، اور قیامت کے دن آپ لوگوں کے اعمال پر گواہ ہوں گے۔ جیسے ارشاد ہے وَجِئْنَابِکَ عَلٰی هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا یعنی ہم تجھے ان پر گواہ بنا کر لائیں گے۔ اور آیت میں ہے کہ تم لوگوں پر گواہ ہو اور تم پر یہ رسول گواہ ہیں۔ آپ مومنوں کو بہترین اجر کی بشارت سنانے والے اور کافروں کو بدترین عذاب کا ڈر سنانے والے ہیں اور چونکہ خدا تعالیٰ کا حکم ہے اس کی بجا آوری کے ماتحت آپ مخلوق کو خالق کی عبادت کی طرف بلانے والے ہیں۔ آپ کی سچائی اس طرح ظاہر ہے جیسے سورج کی روشنی۔ ہاں کوئی ضدی آڑ جائے تو اور بات ہے۔ اے نبی کافروں اور منافقوں کی بات نہ مانو نہ ان کی طرف کان لگاؤ اور ان سے درگزر کرو یہ جو ایذائیں پہنچاتے ہیں انہیں خیال میں بھی نہ لاؤ اور خدا پر پورا بھروسہ کرو۔ وہ کافی ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک اور دلِ مبارک:

بیہقی وقت حضرت قاضی ثناء اللہ صاحبؒ نے تفسیر مظہری میں فرمایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت داعی الی اللہ تو ظاہر اور زبان کے اعتبار سے ہے، اور سراج منیر آپ کی صفت آپ کے قلب مبارک کے اعتبار سے ہے، کہ جس طرح سارا عالم آفتاب سے روشنی حاصل کرتا ہے اسی طرح تمام مؤمنین کے قلوب آپ کے نور قلب سے منور ہوتے ہیں اسی لئے صحابہ کرام جنہوں نے اس عالم میں آپ کی صحبت پائی وہ ساری امت سے افضل واعلیٰ قرار پائے، کیونکہ ان کے قلوب نے قلب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بلاواسطہ عیاناً فیض اور نور حاصل کیا، باقی امت کو یہ نور صحابہ کرام کے واسطے سے واسطہ در واسطہ ہو کر پہنچا (انتہی کلامہٗ) اور یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ تمام انبیاء، خصوصاً رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس دنیا سے گزرنے کے .... بعد بھی اپنی قبروں میں زندہ ہیں، ان کی یہ حیات برزخی عام لوگوں کی حیات برزخی سے بدر جہا زیادہ فائق وممتاز ہوتی ہے جس کی حقیقت اللہ تعالیٰ ہی جانتے ہیں۔

بہرحال اس حیات کی وجہ سے قیامت تک مؤمنین کے قلوب آپ کے قلب مبارک سے استفاضۂ نور کرتے رہیں گے، اور جو جتنی محبت وتعظیم اور درود شریف کا زیادہ اہتمام کرے گا اس نور کا حصہ زیادہ پائے گا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نور اور چراغ کی روشنی:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نور کو چراغ سے تشبیہ دی گئی، حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نور باطن آفتاب کے نور سے کہیں زیادہ ہے، آفتاب سے صرف دنیا کا ظاہر روشن ہوتا ہے لیکن آپ کے قلب مبارک سے سارے جہان کا باطن اور مؤمنین کے قلوب روشن ہوتے ہیں، وجہ اس تشبیہ کی یہ معلوم ہوتی ہے کہ چراغ کی روشنی سے استفادہ اختیاری ہے، ہر وقت کر سکتے ہیں، اس تک رسائی بھی آسان ہے، اس کا حاصل کرنا بھی آسان ہے بخلاف آفتاب کے کہ وہاں تک رسائی بھی متعذر ہے اور اس سے استفادہ ہر وقت نہیں کیا جاسکتا۔

تورات کی عبارت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ صفات جیسے قرآن میں آتی ہیں قرآن سے پہلے تورات میں بھی مذکور ہیں جیسا کہ امام بخاری نے نقل کیا ہے کہ حضرت عطاء بن یسار فرماتے ہیں کہ میں ایک روز حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ سے ملا، تو ان سے سوال کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جو صفات تورات میں آتی ہیں وہ مجھے بتلائیے، انہوں نے فرمایا بیشک میں بتلاتا ہوں، خدا کی قسم، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعض صفات جو قرآن میں مذکور ہیں وہ تورات میں بھی موجود ہیں، اور فرمایا:

اِنَّا اَرْسَلْنٰکَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا وَّحِرْزًا لِّلْاُمِّيِّيْنَ اَنْتَ عَبْدِیْ وَرَسُوْلِیْ سَمَّيْتُکَ الْمُتَوَکِّلَ لَيْسَ بِفَظٍّ وَّلَا غَلِيْظٍ وَّلَا سَخَّابٍ فِی الْاَسْوَاقِ وَلَا يَدْفَعُ السَّيِّئَةَ بِالسَّيِّئَةِ وَلٰکِنْ يَّعْفُوْ وَيَغْفِرُ وَلَنْ يَّقْبِضَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی حَتّٰی يُقِيْمَ بِهِ الْمِلَّةَ الْعَوْجَآءَ بِاَنْ يَّقُوْلُوْا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَيَفْتَحُ بِهٖ اَعْيُنًا عُمْيًا وَّاٰذَانًا صُمًّا وَّقُلُوْبًا غُلْفًا

"اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہم نے آپ کو بھیجا ہے شاہد بنا کر اور بشارت دینے والا اور ڈرانے والا اور پناہ وحفاظت امیین یعنی عرب کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرے بندے اور رسول ہیں، میں نے آپ کا نام متوکل (یعنی اللہ پر بھروسہ کرنے والا) رکھا ہے نہ آپ تندخو ہیں نہ سخت مزاج اور نہ بازاروں میں شور مچانے والے، اور آپ بُرائی کا بدلہ بُرائی سے نہیں دیتے، بلکہ معاف کر دیتے ہیں، اور آپ کو اللہ تعالیٰ دنیا سے اُس وقت تک نہیں واپس لائیں گے جب تک کہ آپ کے ذریعہ ٹیڑھی اُمت کو سیدھا نہ کر دیں کہ وہ لا الہ الا اللہ کہنے لگیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ اللہ اندھی آنکھوں، بہرے کانوں اور بند دلوں کو کھول دے گا۔" (معارف مفتی اعظم)

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا کَبِيْرًا
اور خوشخبری سنادے ایمان والوں کو کہ ان کے لئے ہے خدا کی طرف سے بڑی بزرگی

یعنی دنیا وآخرت میں اللہ تعالیٰ نے اس اُمت کو حضرت کے طفیل سب اُمتوں پر بزرگی اور برتری دی۔

وَلَا تُطِعِ الْکٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ
اور کہا مت مان منکروں کا اور دغا بازوں کا

besturdubooks.wordpress.com

کافروں منافقوں کی پرواہ نہ کریں:

یعنی جب اللہ نے آپ کو ایسے کمالات اور ایسی برگزیدہ جماعت عنایت فرمائی تو آپ حسب معمول فریضہ دعوت واصلاح کو پوری مستعدی سے ادا کرتے رہیے اور اللہ جو حکم دے اُس کے کہنے یا کرنے میں کسی کافر و منافق کی یاوہ گوئی کی پرواہ نہ کیجیے۔

وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ
اور چھوڑ دے اُن کا ستانا اور بھروسہ کر اللہ پر
وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا
اور اللہ بس ہے کام بنانے والا

کافروں کی ایذاء کو اہمیت نہ دیں:

یعنی اگر یہ بدبخت زبان اور عمل سے آپ کو ستائیں تو ان کا خیال چھوڑ کر اللہ پر بھروسہ رکھیے۔ وہ اپنی قدرت ورحمت سے سب کام بنادے گا۔ منکروں کو راہ پر لے آنا یا سزا دینا سب اُسی کے ہاتھ میں ہے، آپ کو اس فکر اور اُلجھن میں پڑنے کی ضرورت نہیں۔ ان کا تو مطلب یہی ہے کہ آپ طعن وتشنیع وغیرہ سے گھبرا کر اپنا کام چھوڑ بیٹھیں۔ اگر بفرض محال آپ ایسا کریں تو گویا اُن کا مطلب پورا کردیں گے اور اُن کا کہا مان لیں گے۔ العیاذ باللہ۔ (تفسیر عثمانی)

وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا اور اللہ کی کارسازی کافی ہے۔ یعنی جب تم اللہ کو اپنے تمام امور سپرد کردو گے تو وہ تمہارے سارے امور کے لئے کافی ہوگا۔ تم کو دوسروں کا محتاج نہ چھوڑے گا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کمالات اور ذمہ داریاں:

بیضاوی نے لکھا ہے کہ اللہ نے اپنے نبی کے پانچ اوصاف بیان فرمائے۔ شاہد، مبشر، نذیر، داعی الی اللہ، سراج منیر، پھر ہر صفت کے مناسب ترتیب وار حکم دیا صرف شاہد کے مقابل کوئی حکم نہیں دیا کیوں کہ مابعد کا کلام تمام احکام نگہداشت کی تفصیل کر رہا ہے (گویا شاہد کا لفظ چاہتا تھا کہ نگہداشت کی جائے لیکن نگہداشت کس بات کی کی جائے اس کی تفصیل بعد والے کلام میں کر دی گئی) مبشر کے مقابل (یعنی مناسب) مومنوں کو بشارت دینے کا حکم دیا گیا اور نذیر کے مقابل کافروں کی طرف سے پہنچنے والی اذیت کی پرواہ نہ کرنے کا حکم دیا گیا اور ان کا لحاظ کرنے کی ممانعت کر دی گئی اور داعی الی اللہ کے مقابل اللہ پر بھروسہ رکھنے کا حکم دیا گیا اور سراج منیر کے مناسب فرمایا کہ اللہ کی کارسازی کافی ہے اسی کی کارسازی پر اکتفاء کی جائے۔ کیوں کہ وہ ذات جس نے تمام مخلوق سے زیادہ روشن دلائل آپ کو عنایت کئے ہیں اسی ذات پر اکتفا کرنا مناسب ہے۔ (تفسیر مظہری)

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ
اے ایمان والو جب تم نکاح میں لاؤ مسلمان عورتوں کو
ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ
پھر اُن کو چھوڑ دو پہلے اس سے کہ اُن کو ہاتھ لگاؤ سو اُن پر
عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ
تم کو حق عدت میں بٹھلانا کہ گنتی پوری کراؤ سو اُن کو دو کچھ فائدہ
وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا
اور رخصت کرو بھلی طرح سے

ہاتھ لگانے سے پہلے طلاق کا مسئلہ:

یعنی جو مرد اپنی عورت کو بغیر صحبت کئے طلاق دے اگر اُس کا مہر بندھا تھا تو نصف مہر دینا ہوگا ورنہ کچھ فائدہ پہنچا کر (یعنی عرف اور حیثیت کے موافق ایک جوڑا پوشاک دے کر) خوبصورتی کے ساتھ رخصت کردے۔ اور عورت اُسی وقت چاہے تو نکاح کرلے۔ اس صورت میں عدت نہیں۔ (حنفیہ کے نزدیک خلوت صحیحہ بھی صحبت کے حکم میں ہے تفصیل فقہ میں دیکھ لی جائے یہ مسئلہ یہاں بیان فرمایا۔ حضرت کی ازواج کے ذکر میں جس کا سلسلہ دور سے چلا آتا تھا۔ درمیان میں چند آیات ضمنی مناسبت سے آگئی تھیں۔ یہاں سے پھر مضمون سابق کی طرف عود کیا گیا ہے۔ روایات میں ہے کہ حضرت نے ایک عورت سے نکاح کیا۔ جب اُس کے نزدیک گئے کہنے لگی اللہ تجھ سے پناہ دے، حضرت نے اُس کو جواب دیا کہ تو نے بڑے کی پناہ پکڑی۔ اس پر یہ حکم فرمایا اور خطاب فرمایا، ایمان والوں کو تا معلوم ہو کہ پیغمبر کا خاص حکم نہیں، سب مسلمانوں پر یہی حکم ہے۔ اسی کے موافق حضرت نے اُس کو جوڑا دے کر رخصت کردیا۔ پھر وہ ساری عمر اپنی محرومی پر پچھتاتی رہی۔ (تفسیر عثمانی)

یہ حکم مسلمان عورتوں کا بھی ہے اور کتابی عورتیں جن سے مسلمانوں نے نکاح کرلیا ہو ان کا بھی یہی حکم ہے۔ لیکن خصوصیت کے ساتھ صرف مومنات کا ذکر کرنے سے اس امر کی طرف اشارہ کرنا مقصود ہے کہ مسلمان عورتوں سے ہی نکاح کرنا مسلمانوں کے لئے مناسب ہے۔

نکاح سے پہلے طلاق معتبر نہیں ہے:

ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ پھر (یعنی نکاح کے بعد) تم نے ان کو طلاق دے دی ہو۔ بغوی نے کہا اس فقرہ سے ثابت ہو رہا ہے کہ نکاح سے پہلے طلاق قابل

besturdubooks.wordpress.com

اعتبار نہیں ہے کیونکہ نکاح پر طلاق کو متفرع کیا ہے اس سے معلوم ہوا کہ اگر کسی غیر عورت سے اس طرح کہا کہ جب میں تجھ سے نکاح کروں تو تجھے طلاق ہے پھر اس سے نکاح کر لیا تو (نکاح سے) پہلے دی ہوئی طلاق کا اعتبار نہیں کیا جائے گا۔ اور اگر اس طرح کہا جس عورت سے میں نکاح کروں اسے طلاق ہے پھر کسی عورت سے نکاح کر لیا تو طلاق واقع نہ ہوگی۔ حضرت علی، حضرت ابن عباس، حضرت معاذ، حضرت جابر اور حضرت عائشہؓ کا یہی قول ہے۔ سعید بن مسیب سعید بن جبیر، عروہ قاسم، طاؤس، حسن، عکرمہ، عطا، سلیمان بن یسار، مجاہد، شعبی، قتادہ اور اکثر علماء اسی کے قائل ہیں۔ امام شافعی کا بھی یہی مسلک ہے۔

اگر آزادی کو ملک کے ساتھ معلق کر دیا ہو (مثلاً یوں کہا ہو جب میں کسی باندی غلام کا مالک ہوں تو وہ آزاد ہے، یا کسی معین باندی غلام سے کہا ہو جب میں تیرا مالک ہوں تو تو آزاد ہے) تو اس کا بھی یہی حکم ہے، حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا (مذکورہ بالا دونوں صورتوں میں) طلاق واقع ہو جائے گی۔ ابراہیم نخعی اور اصحاب الرائی یعنی امام ابوحنیفہ اور صاحبین کا یہی قول ہے۔

حضرت جابرؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نکاح سے پہلے طلاق نہیں ہوتی میں کہتا ہوں حاکم نے مستدرک میں یہ حدیث بیان کی ہے اور اس کو صحیح کہا ہے اور یہ بھی کہا ہے کہ شیخین پر مجھے تعجب ہے کہ کیوں انہوں نے یہ حدیث صحیحین میں ذکر نہیں کی باوجود یہ کہ ان کی شرائط کے مطابق (اس کے راوی ثقہ عادل حافظ وضابطہ ہیں)

امام احمد نے کہا اگر طلاق کو معلق بالنکاح کیا ہے تو نکاح کے بعد طلاق واقع ہو جائے گی اور اگر باندی غلام کی آزادی کو معلق بالملک کیا ہے تو مالک ہونے کے بعد غلام باندی کے آزاد ہونے یا نہ ہونے کے متعلق امام احمد کے دو قول مروی ہیں۔ امام مالک نے کہا کسی خاص شہر کا یا قبیلہ یا کسی خاص صنف کا یا کسی خاص عورت کا نام لیا ہے اور اس کی طلاق کو معلق بالنکاح کیا ہے تو نکاح کے بعد طلاق واقع ہو جائے گی اور اگر بالکل تعمیم کی ہے نہ عورت کو نامزد کیا ہے نہ کسی شہر قبیلہ یا صنف کو (اور یوں کہا کہ میں کسی عورت سے نکاح کروں تو اسے طلاق ہے) تو طلاق نہیں ہوگی۔

ابن جوزی نے امام احمد کے قول کو ثابت کرنے کے لئے چھ احادیث پیش کی ہیں (۱) عمرو بن شعیب نے بوساطت شعیب اپنے دادا کی روایت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا کہ غیر مملوک (یعنی غیر منکوحہ) کو طلاق (نافذ) نہیں نہ غیر مملوک کو آزاد کرنا (جائز) ہیں نہ غیر مملوک کو فروخت کرنا (درست) ہے۔ ابن جوزی نے یہ حدیث امام احمد کے طریق سے نقل کی ہے اصحاب السنن نے بھی اس کو بیان کیا ہے۔ ترمذی نے کہا اس باب میں جو روایات آئی ہیں سب سے بہتر یہ روایت ہے۔ بزار کی روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں۔ نکاح سے پہلے طلاق نہیں اور نہ ملکیت سے پہلے آزادی ہے بیہقی نے خلافیات میں لکھا ہے کہ بخاری کے اس موضوع کی روایات میں مذکورہ روایت کو سب سے زیادہ صحیح کہا ہے۔

عمرو بن شعیب نے بوساطت طاؤس حضرت معاذ بن جبل کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ غیر مملوک کو نہ طلاق جائز ہے نہ آزاد کرنا نہ فروخت کرنا نہ اس نذر کو پورا کرنا جائز ہے جو غیر مملوک چیز کی ہو۔

ابن عدی نے بروایت نافع بیان کیا کہ حضرت ابن عمر نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا طلاق (جائز) نہیں مگر نکاح کے بعد، ابن حجر نے کہا اس سند کے راوی ثقہ ہیں۔

حضرت عائشہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوسفیان بن حرب کو نجران (علاقہ) یمن کا حاکم بنا کر بھیجا اور من جملہ دیگر ہدایات کے یہ ہدایت بھی کی کہ جو نکاح میں نہ ہو اس کو آدمی طلاق نہ دے اور نہ اس کو آزاد کرے جس کا مالک نہ ہو۔

اس سلسلہ کی ایک حدیث حضرت مسعود بن مخرمہ کی بیان کردہ آئی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نکاح سے پہلے طلاق نہیں اور نہ مالک ہونے سے پہلے آزاد کرنا ہے۔

عدت مردوں کا حق ہے:

لَكُمْ کا لفظ بتا رہا ہے کہ عورتوں (بیوہ ہوں یا مطلقہ) پر عدت کرنے کا حق مردوں کا ہے اپنے پانی کی حفاظت اور نسب میں شک نہ ہونا عدت کا فائدہ ہے اور نسب مردوں سے ہوتا ہے۔

حربی عورت: حربی عورت اگر مسلمان ہو کر ہمارے ملک میں آجائے گی تو اس کے لئے کوئی مدت نہیں اگر وہ فوراً نکاح کرنا چاہے تو کر سکتی ہے کیوں کہ حربی کافر کا ازروئے شرع کوئی حق نہیں وہ بے جان جمادات کی طرح ہے کہ مسلمان (دوسرے سامان کی طرح) اس کا مالک ہو سکتا ہے ہاں اگر وہ حاملہ ہوگی تو عدت پوری کرنی ہوگی کیوں کہ اس کے پیٹ میں بچہ ہے۔ وہ ثابت النسب ہے۔ (تفسیر مظہری)

خلوت سے قبل طلاق کے دو حکم:

پہلا حکم یہ کہ کسی عورت سے نکاح کر لینے کے بعد خلوت صحیحہ سے پہلے ہی کسی وجہ سے طلاق کی نوبت آجائے۔ تو مطلقہ عورت پر کوئی عدت واجب نہیں، وہ فوراً ہی دوسرا نکاح کر سکتی ہے، آیت مذکورہ میں ہاتھ لگانے سے مراد صحبت اور صحبت کا حقیقی یا حکمی ہونا اور دونوں کا ایک حکم ہونا خلاصہ تفسیر میں معلوم ہو چکا ہے، اور صحبت حکمی خلوت صحیحہ ہو جانا ہے۔

دوسرا حکم یہ ہے کہ مطلقہ عورت کو شرافت اور حسن خلق کے ساتھ کچھ سامان دے کر رخصت کیا جائے کچھ سامان دے کر رخصت دینا ہر مطلقہ کے لئے مستحب و مسنون ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

طلاق کے وقت مُتعہ یعنی لباس کی تفصیل:

بدائع میں ہے کہ مُتعہ طلاق سے مراد وہ لباس ہے جو عورت گھر سے نکلنے کے وقت ضرور ہی استعمال کرتی ہے۔ اس میں پاجامہ، کرتہ، اوڑھنی اور ایک بڑی چادر جو سر سے پاؤں تک بدن کو چھپا سکے شامل ہے، اور چونکہ لباس قیمت کے اعتبار سے اعلیٰ، ادنیٰ، اوسط ہر طرح کا ہو سکتا ہے، اس لئے فقہاء نے اس کی یہ تفصیل فرمائی کہ اگر شوہر بیوی دونوں مالدار گھرانوں کے ہیں تو کپڑے اعلیٰ قسم کے دیئے جائیں، اور دونوں غریب ہیں تو کپڑے ادنیٰ درجہ کے دیئے جائیں، اور ایک غریب اور دوسرا مالدار ہے تو اوسط درجہ کا لباس دیا جائے، (کذا قال الخصاف فی النفقات)

عین طلاق کے موقع پر جو مسلمان کو ہدایات دی ہیں وہی ایسی ہیں کہ ان میں حُسن خلق اور حُسنِ معاشرت کا پورا امتحان ہوتا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْۤ اٰتَيْتَ

اے نبی ہم نے حلال رکھیں تجھ کو تیری عورتیں جن کے مہر کو

اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّاۤ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ

دے چکا ہے اور جو مال ہو تیرے ہاتھ کا جو ہاتھ لگا دے تیرے اللہ

یعنی لونڈیاں، باندیاں جو غنیمت وغیرہ سے ہاتھ لگی ہوں۔ (تفسیر عثمانی)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام ازواج کا مہر نقد ادا کیا:

جتنی عورتیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح میں آئیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب کا مہر نقد ادا کر دیا اُدھار نہیں رکھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریفہ یہ تھی کہ جس چیز کا دینا آپ کے ذمہ عائد ہو اس کو فوراً دے کر سبکدوش ہو جاتے تھے، بلاشبہ ضرورت تاخیر نہ فرماتے تھے، اس واقعہ کے اظہار میں عام مسلمانوں کو بھی ایسا کرنے کی ترغیب ہے۔

غیر مسلم بادشاہ کے ہدیہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت

دارالحرب سے کسی غیر مسلم کی طرف سے اگر کوئی ہدیہ مسلمانوں کے امیر المؤمنین کے نام پر آئے تو حکم شرعی یہ ہے کہ اس کا مالک امیر المؤمنین نہیں ہوتا بلکہ وہ بیت المال شرعی کی ملک قرار دیا جاتا ہے، بخلاف نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ ایسا ہدیہ آپ کے لئے خصوصیت سے حلال کر دیا گیا، جیسا ماریہ قبطیہ کا معاملہ ہے کہ مقوقس نے ان کو بطور ہدیہ تحفہ آپ کی خدمت میں پیش کیا، تو یہ آپ ہی کی ملک قرار پائیں، واللہ اعلم۔ (معارف مفتی اعظم)

باندیوں کے بارے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت

باندیوں کے بارہ میں آپ کی خصوصیت یہ تھی کہ غنیمت کی تقسیم سے پہلے آپ کو اختیار تھا کہ جو چیز آپ کو پسند آئے وہ لے لیں چنانچہ غزوۂ خیبر میں آپ نے حضرت صفیہ کو اسی طرح لیا تھا اور یہ حق آپ کے سوا دوسرے کو نہیں نیز اس بارہ میں ایک خصوصیت آپ کی یہ تھی کہ اہل حرب کی جانب سے جو ہدایا آپ کے پاس آتے تھے وہ سب آپ کی ملک ہوتے تھے اور آپ کے بعد اگر کسی خلیفہ یا بادشاہ کو اہل حرب کوئی ہدیہ دیں تو وہ عام مسلمانوں اور بیت المال کا حق ہے اور ایک خصوصیت آپ کی یہ تھی کہ جو باندی وفات تک آپ کے پاس رہی ہو جیسے ماریہ قبطیہ۔ وہ دوسروں کے لئے حرام تھی ممکن ہے کہ اس کے علاوہ اور بھی کچھ خصوصیتیں ہوں جو اسی زمانہ کے لوگوں کو معلوم ہوں اور انہی کو اس کی ضرورت بھی تھی۔ (معارف کاندھلوی)

وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خَالِكَ

اور تیرے چچا کی بیٹیاں اور پھوپھیوں کی بیٹیاں اور تیرے ماموں کی بیٹیاں

وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ هَاجَرْنَ مَعَكَ وَامْرَاَةً

اور تیری خالاؤں کی بیٹیاں جنہوں نے وطن چھوڑا تیرے ساتھ اور جو عورت

مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ

ہو مسلمان اگر بخشدے اپنی جان نبی کو اگر نبی چاہے

اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ

کہ اس کو نکاح میں لائے یہ خاص ہے تیرے لئے سوائے سب مسلمان کے

قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِيْۤ اَزْوَاجِهِمْ

ہم کو معلوم ہے جو مقرر کر دیا ہے ہم نے اُن پر اُن کی عورتوں کے حق میں

وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ

اور اُن کے ہاتھ کے مال میں تا نہ رہے تجھ پر تنگی

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا

اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان

ازواج کے متعلق حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیات:

تیری عورتیں جن کو مہر دے چکا یعنی جو اب تیرے نکاح میں ہیں خواہ

besturdubooks.wordpress.com

قریش سے ہوں اور مہاجر ہوں یا نہ ہوں سب حلال رہیں، ان میں سے کسی کو چھوڑنے کی ضرورت نہیں۔ اور چچا، پھوپھی، ماموں، خالہ کی بیٹیاں یعنی قریش میں کی جو باپ یا ماں کی طرف سے قرابت دار ہوں بشرط ہجرت کے حلال ہیں اُن سے نکاح کر سکتے ہو۔ اور جو عورت بخشے نبی کو اپنی جان یعنی بلا مہر کے نکاح میں آنا چاہے وہ بھی حلال ہے اگر آپ اس طرح نکاح میں لانا پسند کریں۔ یہ اجازت خاص پیغمبر کے لئے ہے گو آپ نے کبھی اس پر عمل نہیں کیا (کمافی الفتح) شاید اِنْ اَرَادَ النَّبِیُّ کی شرط سے اباحت مرجوحہ سمجھی ہو۔ بہر حال دوسرے مسلمانوں کے لئے وہ ہی حکم ہے جو معلوم ہو چکا اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِکُمْ (نساء۔ رکوع ۴) یعنی بلا مہر نکاح نہیں، خواہ عقد کے وقت ذکر آیا خواہ پیچھے ٹھہرالیا یا نہ ٹھہرایا تو مہر مثل (جو اس کی قوم کا مہر ہو واجب ہوگا پیغمبر پر سے اللہ تعالیٰ نے یہ مہر کی قید اُٹھا دی تھی۔ بر خلاف مؤمنین کے کہ اُن کو نہ چار سے زائد کی اجازت نہ بدوں مہر کے نکاح درست۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی با عفت حیاتِ مبارکہ اور تعددِ ازواج کی حکمت

(تنبیہ) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پچیس سال کی عمر تک جو شباب کی اُمنگوں کے اصلی دن ہوتے ہیں محض تجرد میں گزارے۔ پھر اقرباء کے اصرار اور دوسری جانب کی درخواست پر حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے (جن کی عمر ڈھل چکی تھی اور دو مرتبہ بیوہ ہو چکی تھیں) آپ نے عقد کیا۔ ترپن سال کی عمر تک پورے سکون وطمانیت سے اسی پاکباز بیوی کے ساتھ زندگی بسر کی۔ یہ ہی زمانہ تھا کہ آپ ساری دنیا سے الگ غاروں اور پہاڑوں میں جا کر خدائے واحد کی عبادت کیا کرتے تھے اور یہ اللہ کی نیک بندی آپ کے لئے توشہ تیار کرتی اور عبادت الٰہی اور سکون قلبیکے حصول میں آپ کی اعانت وامداد کیا کرتی تھی۔ زندگی کے اس طویل عرصہ میں جو دوسرے لوگوں کے لئے عموماً نفسانی جذبات کی انتہائی ہنگامہ خیزیوں کے اُٹھ اُٹھ کر ختم ہو جانے کا زمانہ ہوتا ہے، کوئی معاند سے اور معاند اور کٹر سے کٹر متعصب دشمن بھی ایک حرف ایک نقطہ، ایک شوشہ آپ کی پیغمبرانہ عصمت اور خارق عادت عفاف و پاکبازی کے خلاف نقل نہیں کر سکتا اور واضح رہے کہ یہ اُس اکمل البشر کی سیرت کا ذکر ہے جس نے خود اپنی نسبت فرمایا کہ مجھ کو جو جسمانی قوت عطا ہوئی ہے وہ اہل جنت میں سے چالیس مردوں کے برابر ہے جن میں سے ایک مرد کی قوت سو کی برابر ہوگی گویا اس حساب سے دنیا کے چار ہزار مردوں کی برابر قوت حضور کو عطا فرمائی گئی تھی۔ اور بیشک دنیا کے اکمل ترین بشر کی تمام روحانی وجسمانی قوتیں ایسے ہی اعلیٰ اور اکمل پیمانہ پر ہونی چاہئیں۔ اس حساب سے اگر فرض کیجئے چار ہزار بیویاں آپ کے نکاح میں ہوئیں تو آپ کی قوت کے اعتبار سے اس درجہ میں شمار کیا جاسکتا تھا جیسے ایک مرد ایک عورت سے نکاح کرلے۔ لیکن اللہ اکبر! اس شدید ریاضت اور ضبط نفس کا کیا ٹھکانہ ہے کہ ترپن سال کی عمر اس تجرد یا زہد کی حالت میں گزار دی۔ پھر حضرت خدیجہؓ کی وفات کے بعد اپنے سب سے بڑے جاں نثار و وفادار رفیق کی صاحبزادی حضرت عائشہ صدیقہؓ سے عقد کیا۔ ان کے سوا آٹھ بیوائیں آپ کے نکاح میں آئیں۔ وفات کے بعد نو موجود تھیں۔ جن کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔ حضرت عائشہ، حضرت حفصہ، حضرت سودہ، حضرت اُم سلمہ، حضرت زینب، حضرت اُم حبیبہ، حضرت جویریہ، حضرت صفیہ، حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہن وارضاہن (ان میں پچھلی تین قریشی نہیں) دنیا کا سب سے بڑا بے مثال انسان جو اپنے فطری قویٰ کے لحاظ سے کم از کم چار ہزار بیویوں کا مستحق ہو، کیا نو کا عدد دیکھ کر کوئی انصاف پسند اس پر کثرت ازدواج کا الزام لگا سکتا ہے۔ پھر جب ہم ایک طرف دیکھتے ہیں کہ آپ کی عمر ترپن سال سے متجاوز ہو چکی تھی، باوجود عظیم الشان فتوحات کے ایک دن پیٹ بھر کر کھانا نہ کھاتے تھے، جو آتا اللہ کے راستہ میں دے ڈالتے، اختیاری فقر وفاقہ سے پیٹ کو پتھر باندھتے، مہینوں ازواج مطہرات کے مکانوں سے دُھواں نہ نکلتا، پانی اور کھجور پر گزارہ چلتا۔ روزہ پر روزہ رکھتے، کئی کئی دن افطار نہ کرتے، راتوں کو اللہ کی عبادت میں کھڑے رہنے سے پاؤں پر ورم ہو جاتا، لوگ دیکھ کر رحم کھانے لگتے، عیش وطرب کا سامان تو کجا، تمام بیویوں سے صاف کہہ دیا تھا کہ جسے آخرت کی زندگی پسند ہو۔ ہمارے ساتھ رہے جو دنیا کا عیش چاہے رخصت ہو جائے۔ ان حالات کے باوجود دوسری طرف دیکھا جاتا ہے کہ سب ازواج کے حقوق ایسے اکمل واحسن طریقہ سے ادا فرماتے جس کا تحمل بڑے سے بڑا طاقتور مرد نہیں کر سکتا۔ اور میدان جنگ میں لشکروں کے مقابلہ پر جب بڑے بڑے جوان مرد بہادر دل چھوڑ بیٹھتے تھے آپ پہاڑ کی طرح ڈٹے رہتے اور زبان سے فرماتے اِلَیَّ عِبَادَ اللّٰہِ! اَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ اور اَنَا النَّبِیُّ لَا کَذِبْ اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ۔ بیویوں کا تعلق فرائض عبودیت ورسالت کی بجا آوری میں ذرہ برابر فرق نہ ڈالتا۔ نہ کسی سخت سے سخت کٹھن کام میں ایک منٹ کے لئے ضعف وتعب لاحق ہوتا۔ کیا یہ خارق عادت احوال اہل بصیرت کے نزدیک معجزہ سے کچھ کم ہیں؟ حقیقت میں جس طرح آپ کا بچپن اور آپ کی جوانی ایک معجزہ تھی، بڑھاپا بھی ایک معجزہ ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ حق تعالیٰ نے آپ کی پاک زندگی کے ہر ایک دور میں پاکباز متقیوں کے لئے کچھ نمونے رکھ دیئے ہیں جو انسانی زندگی کے ہر شعبہ میں اُن کی عملی رہبری کر سکیں۔ ازواج مطہرات کی جس نام نہاد کثرت پر مخالفین کو اعتراض ہے وہی اُمت مرحومہ کے لئے اس کا ذریعہ بنی کہ پیغمبر کا اتباع کرنے والے مرد اور عورتیں اُن

besturdubooks.wordpress.com

حکموں اور نمونوں سے بے تکلف واقف ہوں جو بالخصوص باطنی احوال اور خانگی زندگی سے تعلق رکھتے ہیں۔ گویا کثرت ازواج میں ایک بڑی مصلحت یہ ہوئی کہ خانگی معاشرت اور نسوانی مسائل کے متعلق نبی کے احکام اور اسوۂ حسنہ کی اشاعت کافی حد تک بے تکلف ہو سکے۔ نیز مختلف قبائل وطبقات کی عورتوں کے آپ کی خدمت میں رہنے سے اُن قبائل اور جماعتوں کو آپ کی دامادی کا شرف حاصل ہوا اور اس طرح اُن کی وحشت ونفرت بھی کم ہوئی۔ اور اپنے کنبہ کی عورتوں سے آپ کی پاکدامنی، خوبی اخلاق، حُسن معاملہ اور بے لوث کیرکٹر کو سُن کو اسلام کی طرف رغبت بڑھی۔ شیطانی شکوک واوہام کا ازالہ ہوا، اور اس طرح خدا کے عاشقوں، آپ کے فدا کاروں اور دنیا کے ہادیوں کی وہ عظیم الشان جماعت تیار ہوئی جس سے زیادہ پرہیزگار و پاکباز کوئی جماعت (بجز انبیاء کے) آسمان کے نیچے کبھی نہیں پائی گئی اور جو کسی بُرے کیرکٹر رکھنے والے کی تربیت میں محال تھا کہ تیار ہو سکے۔ (تفسیر عثمانی)

بغیر ولی اور بغر مہر کے نکاح:

حضرت قتادہؒ فرماتے ہیں کسی عورت کو یہ جائز نہیں کہ اپنے تئیں بغیر ولی اور بغیر مہر کے کسی کے نکاح میں دے دے ہاں صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے یہ تھا اور مومنوں پر جو ہم نے مقرر کر دیا ہے اُسے ہم خوب جانتے ہیں یعنی دو چار سے زیادہ بیویاں ایک ساتھ نہیں رکھ سکتے۔ ہاں ان کے علاوہ لونڈیاں رکھ سکتے ہیں اور ان کی کوئی تعداد مقرر نہیں۔ اسی طرح ولی کی مہر کی گواہوں کی بھی شرط ہے۔ پس اُمت کے لئے تو یہ حکم ہے اور آپ پر اس کی پابندیاں نہیں تا کہ آپ پر کوئی حرج نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ بڑا غفور ورحیم ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواجِ مطہرات:

ابن ابی حاتم میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تیرہ عورتوں سے نکاح کیا جن میں سے چھ تو قریشیہ تھیں، خدیجہؓ، عائشہؓ، حفصہؓ، اُم حبیبہؓ، سودہؓ، اور اُم سلمہؓ اور تین بنو عامر بن صعصعہ کے قبیلے میں سے تھیں اور دو عورتیں قبیلہ بنو ہلال بن عامر میں سے تھیں۔ حضرت میمونہ بنت حارثؓ، یہی وہ ہیں جنہوں نے اپنا نفس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہبہ کیا تھا اور حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا جن کی کنیت اُم المساکین تھی اور ایک عورت بنوابی بکر بن کلاب سے یہ وہی ہے جس نے دنیا کو اختیار کیا تھا اور بنو جون میں سے ایک عورت جس نے پناہ طلب کی تھی۔ اور ایک عورت اسدیہ جن کا نام زینب بنت جحشؓ ہے رضی اللہ عنہا۔ دو کنیزیں تھیں صفیہ بنت حی بن اخطبؓ اور جویریہ بنت حارث بن عمرو بن مطلق خزاعیہؓ ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ اپنے نفس کو ہبہ کرنے والی عورت حضرت میمونہ بنت حارثؓ تھیں۔ لیکن اس میں انقطاع ہے اور یہ روایت مُرسل ہے۔ یہ مشہور بات ہے کہ حضرت زینبؓ جن کی کنیت اُم المساکین تھی، یہ زینب بنت خزیمہ تھیں۔ قبیلۂ انصار میں سے تھیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات میں ہی انتقال کر گئیں رضی اللہ تعالیٰ عنہا، واللہ اعلم مقصد یہ ہے کہ وہ عورتیں جنہوں نے اپنے نفس کا اختیار آپ کو دیا تھا وہ بہت سی ہیں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انسانیت کی قدر دانی کا اعلیٰ ترین نمونہ قائم فرما دیا:

حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ کوئی ایسی عورت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس نہ تھی جس نے اپنا نفس آپ کو ہبہ کر دیا ہو۔ حضرت یونس بن بکیرؒ فرماتے ہیں گو آپ کے لئے یہ مباح تھا کہ جو عورت اپنے تئیں آپ کو سونپ دے آپ اُسے اپنے گھر میں رکھ لیں، لیکن آپ نے ایسا کیا نہیں کیونکہ یہ امر آپ کی مرضی پر رکھا گیا تھا۔ یہ بات کسی اور کے لئے جائز نہیں۔ ہاں مہر ادا کر دے تو بے شک جائز ہے۔ چنانچہ حضرت بروع بنت واشقؓ کے بارے میں جنہوں نے اپنا نفس سونپ دیا تھا، جب اس کے شوہر انتقال کر گئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی فیصلہ کیا تھا کہ ان کے خاندان کی اور عورتوں کے مثل انہیں مہر دیا جائے۔ جس طرح موت مہر کو مقرر کر دیتی ہے اسی طرح صرف دخول سے بھی مہر واجب ہو جاتا ہے۔ ہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس حکم سے مستثنیٰ تھے، ایسی عورتوں کو کچھ دینا آپ پر واجب نہ تھا۔ گو اسے شرف بھی حاصل ہو چکا ہو اس لئے کہ آپ کے بغیر مہر کے اور بغیر ولی کے اور بغیر گواہوں کے نکاح کر لینے کا اختیار تھا جیسے کہ حضرت زینب بنت جحشؓ کے قصے میں ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُـْٔوِيْٓ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ ۭ

پیچھے رکھ دے تو جس کو چاہے اُن میں اور جگہ دے اپنے پاس جس کو چاہے

وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ۭ

اور جس کو جی چاہے تیرا اُن میں سے جن کو کنارے کر دیا تھا تو کچھ گناہ نہیں تجھ پر

ازواج میں باری کے متعلق حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اختیار

تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُـْٔوِيْٓ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ ان میں سے آپ جس کو چاہیں (اور جب تک چاہیں) اپنے سے دور رکھیں اور جس کو چاہیں (اور جب تک چاہیں) اپنے پاس رکھیں یہ آیت سن کر حضرت عائشہ نے کہا میں دیکھ رہی ہوں کہ آپ کا رب آپ کی خواہش جلد پوری کر دیتا ہے دوسری روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا مجھے ان عورتوں پر غیرت آتی تھی جو اپنی ذات کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہبہ کرتی تھیں اور میں کہتی تھی کیا عورت اپنے آپ کو ہبہ کر سکتی ہے لیکن جب آیت تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ الخ نازل ہوئی تو میں نے کہا

besturdubooks.wordpress.com

مجھے دکھائی دے رہا ہے کہ آپ کا رب آپ کی خواہش جلد پوری کر دیتا ہے۔

تُرْجِیْ کا معنی ہے آپ جس کو چاہیں پیچھے کر دیں۔

بغوی نے لکھا ہے اس آیت کی تفسیر کا اختلاف ہے سب سے زیادہ مشہور قول یہ ہے کہ اس آیت کا نزول باری تقسیم کرنے کے سلسلہ میں ہوا۔ پہلے عورتوں میں برابری کرنا رسول اللہ پر واجب تھا اس آیت کے نزول کے بعد برابری رکھنے کا حکم ساقط کر دیا گیا اور عورتوں کے معاملہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پورا اختیار دے دیا گیا۔

ابو زید اور ابن زید نے کہا اس آیت کا نزول اس وقت ہوا جب بعض امہات المومنین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سلسلہ میں رشک کیا اور بعض نے زیادہ مصارف طلب کئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ماہ تک سب سے ترک تعلق کر لیا تھا یہاں تک کہ آیت تخییر نازل ہوئی اور اللہ نے حکم دے دیا کہ عورتوں کو اختیار دے دو وہ دنیا کو پسند کر لیں یا آخرت کو جو دنیا کو پسند کریں ان کے راستہ میں رکاوٹ نہ پیدا کرو (ان کو آزاد کر دو) اور جو اللہ اور اس کے رسول کو اختیار کریں ان کو اپنے پاس رکھو لیکن شرط یہ ہے کہ وہ مومنوں کی مائیں ہوں گی کبھی کسی اور سے (آپ کے بعد) نکاح نہیں کر سکیں گی اور ایک شرط یہ بھی ہے کہ اللہ کے رسول کو اختیار ہوگا کہ ان میں سے جس کو چاہیں گے رسول خدا اپنے پاس رکھیں گے اور جس کو چاہیں گے دور رکھیں گے رسول اللہ کو یہ بھی اختیار ہوگا کہ جس کی باری چاہیں مقرر کریں چاہیں نہ کریں اور مصارف و باری کی تقسیم میں جس کو چاہیں ترجیح دیں یہ سارے اختیارات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں ہوں گے یہ خصوصیت صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا کی گئی تھی۔ امہات المومنین نے یہ تمام شرائط مان لیں اور ان شرائط پر آپ کے ساتھ رہنے پر راضی ہو گئیں رضی اللہ عنہن۔

مذکورہ احکام کا عمومی پہلو:

میں کہتا ہوں یہ امتیازی حکم صرف رسول اللہ ہی کے لئے نہیں بلکہ ساری امت کے لئے اس کا جواز ہے اگر کسی کے پاس چند عورتیں ہوں اور وہ اپنے حقوق نکاح مثلاً مصارف اور باری کی تقسیم میں مساوات کی طلب گار ہوں اور شوہر ان سے کہہ دے کہ اگر تم چاہو تو آؤ میں تم کو سامان دے کر خوبصورتی کے ساتھ تم کو رخصت کر دوں اور تم میں سے جو عورت میرے نکاح میں بغیر طلب مصارف کے ان شرائط پر رہنا چاہے کہ میں جس کو چاہوں گا اپنے پاس رکھوں گا اور جس کو چاہوں گا دور رکھوں گا مجھے اختیار ہوگا کہ میں باری مقرر کروں یا نہ کروں یا کسی کی کروں اور کسی کی نہ کروں اور یہ بھی اختیار ہوگا کہ مصارف طعام ولباس ایک کو کم دوں دوسری کو زیادہ دوں اور ان تمام شرائط پر عورتیں کہہ دیں کہ ہم کو یہ سب شرطیں منظور ہیں ہم تو تمہارے ساتھ رہنا چاہتی ہیں ہم اپنے حقوق سے دست بردار ہوتی ہیں آپ جیسا چاہیں کریں تو اس صورت میں شوہر کو پورا اختیار ہو جاتا ہے اور کسی کے حقوق نکاح اس پر باقی نہیں رہتے۔

حضرت سودہ خود اپنے حقوق سے دستبردار ہو گئیں اور انہوں نے اپنی باری کا دن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو دے دیا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اخلاقی عظمت:

بخاری نے حضرت معاذہؒ کی روایت سے حضرت عائشہؓ کا بیان نقل کیا ہے کہ کسی عورت کی باری کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم سے (کسی بیوی کے پاس رہنے کی) اجازت طلب کرتے تھے اور یہ واقعہ آیت تُرْجِیْ مَنْ تَشَآءُ الخ کے نزول کے بعد کا ہے۔ حضرت معاذہ نے کہا میں نے پوچھا آپ کیا کہتی تھی حضرت عائشہؓ نے فرمایا میں کہتی تھی اگر اس کا اختیار میرے ہاتھ میں ہے تو میں کسی کو آپ کے معاملہ میں اپنے اوپر ترجیح نہیں دوں گی۔

اختیار کے مختلف پہلو:

مجاہد نے کہا تُرْجِیْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ کا مطلب یہ ہے آپ جس بیوی سے بغیر طلاق دیئے کنارہ کش رہنا چاہیں کنارہ کش رہیں اور کنارہ کش ہونے کے بعد اگر پھر اس کو بغیر تجدید نکاح کے اپنے پاس واپس لانا چاہیں تو لا سکتے ہیں۔

حسن نے یہ مطلب بیان کیا ہے کہ اپنی امت کی جس عورت سے آپ نکاح کرنا چاہیں کر سکتے ہیں اور نکاح نہ کرنا چاہیں تو نہ کریں چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی عورت کو اپنا پیام بھیجتے تھے تو جب تک خود ہی اپنے پیام سے دست بردار نہ ہو جائیں کسی دوسرے شخص کے لئے اس عورت کو پیام بھیجنا جائز نہ تھا۔

بعض نے یہ معنی بیان کئے ہیں کہ جو مومن عورتیں اپنے آپ کو آپ کے لئے ہبہ کر دیں آپ ان میں سے جس کو چاہیں قبول کر لیں اور اپنے پاس جگہ دیں اور جس کو قبول نہ کرنا چاہیں رد کر دیں۔ (تفسیر مظہری)

دورِ جاہلیت کا ایک غلط رواج:

حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ جاہلیت میں ایک خبیث رواج یہ بھی تھا کہ لوگ آپس میں بیویوں کا تبادلہ کر لیا کرتے تھے۔ یہ اپنی اُسے دے دیتا تھا اور وہ اپنی اسے دے دیتا تھا۔ اسلام نے اس گندے طریقے سے مسلمانوں کو روک دیا۔ (تفسیر ابن کثیر)

اور صحیح بخاری میں حضرت عائشہؓ کی روایت ہے کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی بی بی کی نوبت میں ان کے یہاں جانے سے کوئی عذر ہوتا تو آپ اس سے اجازت لیتے تھے، جب کہ یہ آیت بھی نازل ہو چکی تھی، تُؤْوِیْٓ اِلَیْکَ الآیۃ (جس میں ...... بیویوں میں برابری کرنے کا فرض آپ سے معاف کر دیا گیا)

besturdubooks.wordpress.com

تعددازواج کا مسئلہ:

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلا نکاح پچیس سال کی عمر میں حضرت خدیجہؓ سے کیا، جو بیوہ سن رسیدہ صاحب اولاد اور دو شوہروں کے نکاح میں رہنے کے بعد آئی تھیں، اور پچاس سال کی عمر تک صرف اسی ایک سن رسیدہ بیوی کے ساتھ شباب کا پورا زمانہ گزارا، یہ پچاس سالہ دور عمر مکہ کے لوگوں کے سامنے گزرا، چالیس سال کی عمر میں اعلانِ نبوت کے بعد شہر میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت شروع ہوئی، اور مخالفین نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ستانے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر عیب لگانے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی، ساحر کہا شاعر کہا، مجنون کہا، مگر کبھی کسی دشمن کو بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کوئی ایسی چیز منسوب کرنے کا موقع نہیں مل سکا، جو تقویٰ وطہارت کو مشکوک کر سکے۔

پچاس سال عمر شریف کے گزرنے اور حضرت خدیجہؓ کی وفات کے بعد حضرت سودہؓ نکاح میں آئیں یہ بھی بیوہ تھیں۔

ہجرت مدینہ اور عمر شریف چون سال ہو جانے کے بعد ۲ ہجری میں حضرت صدیقہ عائشہؓ کی رخصتی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر میں ہوئی، اس کے ایک سال بعد حضرت حفصہؓ سے اور کچھ دنوں کے بعد حضرت زینبؓ بنت خزیمہ سے نکاح ہوا، یہ فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ نے ازواج مطہرات کو اختیار دیا کہ دنیا طلبی کے لئے آپ سے جدائی اختیار کریں یا پھر تنگی وفراخی جو کچھ پیش آئے اس پر قناعت کر کے آپ کی زوجیت میں رہیں، تو سب ازواج مطہرات نے اپنے نفقہ کی زیادتی کے مطالبہ کو چھوڑ کر اسی حال میں زوجیت کے اندر رہنا اختیار کیا تو اس پر بطور انعام کے اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی کو بھی انہی نو ازواج کے لئے مخصوص کر دیا، ان کے سوا کسی سے نکاح جائز نہ رہا (رواہ البیہقی فی سننہ کذا فی الروح)

اور حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ جس طرح اللہ تعالیٰ نے ازواج مطہرات کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مخصوص فرما دیا کہ آپ کے بعد بھی وہ کسی سے نکاح نہیں کر سکتیں، اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی اُن کے لئے مخصوص فرما دیا کہ آپ ان کے علاوہ اور کوئی نکاح نہیں کر سکتے حضرت عکرمہؓ سے بھی ایک روایت میں یہی تفسیر منقول ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ تَقَرَّ اَعْيُنُهُنَّ وَلَا يَحْزَنَّ

اس میں قریب ہے کہ ٹھنڈی رہیں آنکھیں اُن کی اور غم نہ کھائیں

وَيَرْضَيْنَ بِمَآ اٰتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

اور راضی رہیں اُس پر جو تو نے دیا اُن سب کو اور اللہ جانتا ہے

مَا فِىْ قُلُوْبِكُمْ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَلِيْمًا

جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اور ہے اللہ، سب کچھ جاننے والا تحمل والا

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان اختیارات سے کام نہیں لیا

یعنی واہبۃ النفس کے متعلق اختیار ہے قبول کر دیا نہ کرو۔ اور موجودہ بیویوں میں سے جس کو چاہو رکھو یا طلاق دے دو۔ نیز جو بیویاں رہیں آپ پر قسم (باری باری سے رہنا) واجب نہیں، جسے چاہیں باری میں آگے پیچھے کر سکتے ہیں۔ اور جسے کنارے کر دیا ہوا سے دوبارہ واپس لینے کا بھی اختیار ہے۔ یہ حقوق (اختیارات آپ کو دیئے گئے تھے، مگر آپ نے مدت العمر ان سے کام نہیں لیا۔ معاملات میں اس قدر عدل و مساوات کی رعایت فرماتے تھے جو بڑے سے بڑا محتاط آدمی نہیں کر سکتا۔ اس پر بھی اگر قلبی میلان کسی کی طرف بے اختیار ہوتا تو فرماتے۔ اَللّٰهُمَّ هٰذَا قَسْمِىْ فِيْمَا اَمْلِكُ فَلَا تَلُمْنِىْ فِيْمَا تَمْلِكُ وَلَا اَمْلِكُ (اے اللہ! یہ میری تقسیم ہے اُن چیزوں میں جو میرے اختیار میں ہیں، جو چیز صرف تیرے قبضہ میں ہے میرے اختیار میں نہیں اُس پر ملامت نہ کیجئے) شاید وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِىْ قُلُوْبِكُمْ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَلِيْمًا میں کسی طرف اشارہ ہو۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اختیار دینے کی حکمت:

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں۔ کسی مرد کے کئی عورتیں ہوں تو اُس پر باری سے سب کے پاس برابر رہنا واجب ہے، حضرت پر یہ واجب نہ تھا۔ اس واسطے کہ عورتیں اپنا حق نہ سمجھیں، تو جو دیں راضی ہو کر قبول کریں (ورنہ روز یہی کشمکش اور جھنجھٹ رہا کرتی، مہماتِ دین میں خلل پڑتا، اور ازواج کی نظر بھی دنیا سے بالکل یکسو ہو کر مقصد اصلی کی طرف نہ رہتی۔ اسی غم و فکر میں مبتلا رہا کرتیں) پر حضرت نے اپنی طرف سے فرق نہیں کیا سب کی باری برابر رکھی۔ ایک حضرت سودہؓ نے (جب عمر زیادہ ہو گئی اپنی باری حضرت عائشہؓ کو بخش دی تھی۔'' (تفسیر عثمانی)

ازواجِ مطہرات کیلئے آسانی:

ذٰلِکَ یعنی یہ اختیار جو آپ کو دیا گیا ان کی آنکھوں کی ٹھنڈی رکھنے اور آرزدہ خاطر نہ ہونے اور سب کے راضی رہنے سے بہت زیادہ قریب (تعلق رکھنے والا) کیونکہ اس میں سب برابر ہیں (سب کا اختیار آپ کو ہے کوئی خود مختار نہیں رہی) پھر اگر آپ ان میں سے کسی کو اپنے پاس بلائیں گے تو وہ آپ کے اس فعل کو آپ کی مہربانی سمجھے گی اور جس سے کنارہ کش ہو جائیں گے وہ اس کو حکم خدا سمجھے گی بلکہ اس میں بھی آپ کی مہربانی سمجھے گی کہ آپ نے اس کو صرف اپنے قرب سے ہٹا دیا نکاح سے تو خارج نہیں کیا حالانکہ آپ کو اس کی ضرورت نہیں تھی (طلاق دے سکتے تھے)

besturdubooks.wordpress.com

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي قُلُوبِكُمْ اور اللہ کو تم لوگوں کے دلوں کی باتیں معلوم ہیں۔ اس میں اس بی بی کے لئے وعید ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مشیت پر راضی نہ ہو۔

بعض اہل علم نے اس آیت کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ تمہارے دلوں کے اندر جو بعض عورتوں کی طرف جھکاؤ اور میلان ہوتا ہے اللہ اس سے واقف ہے اور ہم نے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی آسانی کے لئے یہ اختیار ان کو دیا ہے۔

وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيمًا حَلِيمًا اور اللہ (سب کچھ) جاننے والا اور حلم والا ہے یعنی جاننے کے باوجود فوری سزا نہیں دیتا اس سے ڈرتا رہنا ضروری ہے۔ (تفسیر مظہری)

لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ مِنْ بَعْدُ وَلَآ اَنْ تَبَدَّلَ
حلال نہیں تجھ کو عورتیں اس کے بعد اور نہ یہ کہ ان کے بدلے
بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ
کر لے اور عورتیں اگرچہ خوش لگے تجھ کو ان کی صورت

یعنی جتنی قسمیں اِنَّآ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْٓ الخ میں فرما دیں، اس سے زیادہ حلال نہیں۔ اور جواب موجود ہیں ان کو بدلنا حلال نہیں، یعنی یہ کہ ان میں سے کسی کو اس لئے چھوڑ دو کہ دوسری اس کی جگہ کر لاؤ۔ حضرت عائشہؓ اور ام سلمہؓ سے روایت ہے کہ یہ ممانعت آخر کو موقوف ہوگئی۔ مگر واقعہ یہ ہے کہ آپ نے نہ اس کے بعد کوئی نکاح کیا نہ ان میں سے کسی کو بدلا۔ آپ کی وفات کے وقت سب ازواج برابر موجود رہیں۔ (تفسیر عثمانی)

ان کے علاوہ اور عورتیں آپ کے لئے حلال نہیں ہیں اور نہ یہ درست ہے کہ آپ ان (موجودہ) بیبیوں (کو چھوڑ کر ان) کی جگہ دوسری بیبیاں کر لیں خواہ آپ کو ان کا حسن دل پسند ہو مگر جو آپ کی باندیاں ہوں (ان کو گھٹا بڑھا سکتے ہیں)

عطاء نے حضرت عائشہ کا قول نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات سے پہلے اللہ نے آپ کے لئے حلال کر دیا تھا کہ جن عورتوں سے سوا محرم کے آپ نکاح کرنا چاہیں کر سکتے ہیں آیت تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُـْٔوِيْٓ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ میں اس کی اجازت دے دی گئی تھی کیونکہ یہ آیت اگرچہ ترتیب قرات میں پہلے ہے لیکن نزول میں مؤخر ہے لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ کے بعد آیت تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ نازل ہوئی تھی۔

وَلَوْ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ یعنی ان عورتوں کا حسن جن سے تم نکاح کرنے کے خواہشمند ہو۔ بغوی نے کہا مطلب یہ ہے کہ آپ کے لئے حلال نہیں کہ اپنی بیویوں میں سے کسی کو طلاق دے دو اور اس کی جگہ دوسری سے نکاح کر لو۔

خواہ اس کی خوبصورتی آپ کو کیسی ہی بھلی معلوم ہو۔

حضرت جعفر کی بیوہ:

حضرت ابن عباس نے فرمایا ایسی (حسین) عورت جعفر بن ابی طالب کی بیوی بنت عمیس خثعمیہ تھی جب جعفر شہید ہوگئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے پاس اپنا پیام بھجوانا چاہا لیکن آپ کو اس کی ممانعت کر دی گئی۔ (تفسیر مظہری)

احمق سردار: حضرت ابوہریرہ کی روایت ہے کہ عیینہ بن حصن بغیر اجازت لئے رسول اللہ کے پاس اندر آ گیا حضور کے پاس اس وقت حضرت عائشہ موجود تھیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اجازت داخلہ کیوں نہیں لی عیینہ نے کہا یا رسول اللہ جب سے میں جوان ہوا ہوں میں نے مضر (مجازی عرب) کے کسی شخص سے داخلہ کی اجازت نہیں لی پھر کہنے لگا یہ آپ کے پہلو میں گوری عورت کون ہے فرمایا ام المومنین عائشہ ہیں بولا کیا ایک حسین ترین عورت دے کر آپ سے اس کا تبادلہ نہ کر لوں۔ حضور نے فرمایا اللہ نے یہ حرام کر دیا ہے۔ عیینہ جب نکل کر چلا گیا تو حضرت عائشہ نے کہا یا رسول اللہ یہ کون تھا فرمایا یہ ایک احمق ہے جس کا حکم مانا جاتا ہے جو حالت تم نے اس کی دیکھی اس کی باوجود یہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ (تفسیر مظہری)

اِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ
مگر جو مال ہو تیرے ہاتھ کا

حضرت ماریہ اور حضرت ریحانہ رضی اللہ عنہما:

یعنی لونڈی باندی۔ حضرت کی دو حرم مشہور ہیں۔ ایک ماریہ قبطیہ جن کے شکم سے صاحبزادہ حضرت ابراہیم پیدا ہوئے تھے بچپن میں انتقال کر گئے۔ دوسری ریحانہ، رضی اللہ عنہما۔ (تفسیر عثمانی)

اِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ حضرت ابن عباس نے فرمایا اس آیت کے نزول کے بعد صاحبزادہ ابراہیم کی والدہ حضرت ماریہ حضور کی ملک میں داخل ہوئیں (مقوقس شاہ مصر نے دو لونڈیاں خدمت گرامی میں بطور ہدیہ بھیجی تھی ایک سیرین دوسری ماریہ۔ انہیں ماریہ کے شکم سے حضور گرامی صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحبزادے حضرت ابراہیم پیدا ہوئے تھے۔)

وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيْبًا
اور ہے اللہ ہر چیز پر نگہبان

یعنی اللہ کی نگاہ میں ہے جو اس کے احکام و حدود کی پابندی کرتے ہیں یا نہیں کرتے، اس کا خیال رکھ کر کام کرنا چاہئے۔ (تفسیر عثمانی)

وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيْبًا اور اللہ ہر چیز کا پورا نگراں ہے۔ اس

besturdubooks.wordpress.com

لئے تم اللہ کے احکام کی پابندی کرو اور اس کی قائم کی ہوئی حد سے تجاوز نہ کرو۔

نکاح سے پہلے عورت کو دیکھنا:

بغوی نے لکھا ہے آیت میں دلیل ہے اس امر کی کہ جس عورت سے نکاح کرنا چاہتا ہو اس کو دیکھنا جائز ہے۔ حضرت جابر راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم میں سے کوئی کسی عورت کو نکاح کا پیام دینا چاہتا ہو اور اس کے ایسے اعضاء کو دیکھنا جو نکاح کی دعوت دیں ممکن ہو تو ایسا کرے۔ رواہ ابوداؤد۔

حضرت مغیرہ بن شعبہ کا بیان ہے میں نے ایک عورت کو نکاح کا پیام بھیجا حضور نے فرمایا کیا تم نے اس کو دیکھ لیا ہے میں نے کہا نہیں۔ فرمایا اس کی طرف دیکھ لو تم دونوں میں اتفاق قائم رکھنے کے لئے یہ بات زیادہ مناسب ہے۔ رواہ احمد والترمذی والنسائی وابن ماجہ والدارمی۔

حضرت ابو ہریرہ راوی ہیں کہ ایک شخص نے کسی انصاری عورت سے نکاح کرنا چاہا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کی طرف دیکھ لو انصار کی عورتوں کی آنکھوں میں کچھ ہوتا ہے (یعنی پیلا پن) رواہ مسلم۔ (تفسیر مظہری)

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ
اے ایمان والو مت جاؤ نبی کے گھروں
النَّبِيِّ اِلَّآ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ
میں مگر جو تم کو حکم ہو کھانے کے واسطے نہ راہ دیکھنے
اِنٰىهُ وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا
والے اُس کے پکنے کی لیکن جب تم کو بلائے تب جاؤ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس کیلئے آداب:

یعنی بدون حکم و اجازت کے دعوت میں مت جاؤ اور جب تک بلائیں نہیں پہلے سے جا کر نہ بیٹھو کہ وہاں بیٹھ کر انتظار کرنا پڑے۔ اور گھر والوں کے کام کاج میں ہرج واقع ہو۔ (تفسیر عثمانی)

شانِ نزول: بغوی نے ابن شہاب (زہری) کی روایت سے لکھا ہے کہ حضرت انس نے بیان کیا جس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں تشریف لائے ہیں اس وقت دس سال کا تھا۔ میری مائیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت پر میری موافقت کرتی تھیں میں نے دس سال حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے وقت میری عمر بیس سال تھی۔ حجاب کے واقعہ کا علم مجھے سب لوگوں سے زیادہ ہے آیت حجاب کا نزول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور زینب بنت جحش کی خلوت گاہ میں ہوا صبح کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت زینب کے شوہر ہونے کی حیثیت میں تھے آپ نے لوگوں کو کھانا کھانے بلایا لوگوں نے آکر کھانا کھایا الی آخر الحدیث۔ زہری کی یہ روایت بھی بخاری کی روایت کی طرح ہے۔ بخاری کی دوسری روایت ہے کہ حضرت انس نے فرمایا اس آیت کو یعنی آیت حجاب کو میں سب لوگوں سے زیادہ جانتا ہوں جب حضرت زینب کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیوی کی حیثیت میں بھیجا گیا تو آپ کے گھر کے اندر وہ موجود تھیں اور آپ نے کچھ کھانا تیار کرایا تھا اور لوگوں کو کھانے کے لئے بلوایا تھا۔ (کھانے کے بعد بھی) لوگ بیٹھے باتیں کرتے رہے اس پر اللہ نے آیت حجاب نازل فرمائی تو لوگ اُٹھ گئے اور پردہ چھوڑ دیا گیا۔

پردے کا حکم:

حضرت انس کی دوسری روایت میں آیا ہے کہ حضرت زینب کے ولیمہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گوشت روٹی تیار کرائی اور مجھے لوگوں کو کھانے کی دعوت دینے کے لئے بھیج دیا گیا لوگ آنے لگے اور کھانے لگے اور نکل کر جانے لگے پھر دوسرے لوگ آنے کھانے اور جانے لگے میں لوگوں کو بلاتا رہا جب کوئی آدمی ایسا نہ رہا کہ میں اس کو بلاتا تو میں نے عرض کر دیا یا نبی اللہ اب تو کوئی آدمی مجھے نہیں ملتا کہ میں اس کو بلاؤں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کھانا اٹھا لو تو تین آدمی وہاں گھر کے اندر بیٹھے باتیں کرتے رہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حجرہ سے نکل کر حضرت عائشہؓ کے حجرہ کی طرف تشریف لے گئے اور (حضرت عائشہؓ کے حجرہ میں جا کر) فرمایا السلام علیکم اہل البیت ورحمۃ اللہ (اے اہل خانہ تم پر سلام اور اللہ کی رحمت ہو) حضرت عائشہؓ نے جواب دیا وعلیک السلام ورحمۃ اللہ آپ نے اپنی بیوی کو کیسا پایا اللہ آپ کو مبارک کرے (اس طرح) حضور صلی اللہ علیہ وسلم سب بیویوں کے حجروں کی طرف تشریف لے گئے اور وہی بات فرماتے رہے جو حضرت عائشہؓ سے فرمائی تھی اور بیویوں نے بھی وہی جواب دیا جو حضرت عائشہ نے دیا تھا کچھ دیر کے بعد واپس آ گئے تو دیکھا تینوں آدمی باتیں کر رہے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بڑے شرمیلے تھے (آدمیوں کو کچھ نہیں فرمایا اور) مڑ کر گھر سے نکل کر حضرت عائشہؓ کے حجرہ کی طرف چل دیئے مجھے یاد نہیں کہ میں نے اطلاع دی یا حضور کو (کسی اور سے) اطلاع ملی کہ لوگ چلے گئے آپ فوراً لوٹ پڑے اور گھر کے اندر داخل ہونے کے لئے ایک قدم چوکھٹ کے اندر رکھا تھا دوسرا قدم باہر ہی تھا کہ میرے اور اپنے درمیان پردہ چھوڑ دیا اور آیت حجاب نازل ہوئی۔

حضرت عمر فاروقؓ کی رائے:

طبرانی نے صحیح سند سے بیان کیا ہے کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک قاب میں کھا رہی تھی اتنے میں ادھر سے عمر گزرے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو بلا لیا وہ بھی آ کر کھانے

besturdubooks.wordpress.com

لگے (اتفاقاً) ان کی انگلی میری انگلی سے لگ گئی فوراً ان کے منہ سے نکلا او واگر تم عورتوں کے بارے میں میرا کہا مان لیا جاتا تو کوئی آنکھ تم کو نہیں دیکھ پاتی۔ اس کے بعد آیت حجاب نازل ہوگئی۔ نسائی نے اور ادب المفرد میں بخاری نے بھی اسی طرح نقل کیا ہے ابن مردویہ نے حضرت ابن عباس کی روایت سے بیان کیا ہے کہ ایک آدمی رسول اللہ کے پاس اندر گیا اور بہت دیر تک بیٹھا رہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین بار اُٹھ کر باہر چلے گئے تا کہ وہ شخص بھی چلا جائے لیکن اس نے ایسا نہیں کیا اتنے میں حضرت عمر اندر آ گئے اور چہرہ مبارک پر ناگواری دیکھ کر اس شخص سے کہا تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دکھ دیا۔ حضور نے فرمایا میں تین مرتبہ اُٹھا تا کہ یہ بھی میرے پیچھے اُٹھ کھڑا ہو لیکن اس نے ایسا نہیں کیا حضرت عمر نے عرض کیا یا رسول اللہ اگر آپ (عورتوں کے لئے) پردہ اختیار کر لیتے تو مناسب تھا۔ کیونکہ آپ کی بیبیاں دوسری عورتوں کی طرح تو ہیں نہیں۔ یہ عمل ان لوگوں کے دلوں کو بھی پاک رکھنے والا ہے اس پر آیتِ حجاب نازل ہوگئی۔ سورہ بقرہ کی تفسیر میں بخاری کی یہ روایت ذکر کر دی گئی ہے کہ حضرت عمر نے فرمایا تین باتوں میں میری (رائے کی) مطابقت اپنے رب کے (حکم کے) ساتھ ہوگئی میں نے عرض کیا کاش آپ مقامِ ابراہیم کو مقامِ نماز بنا سکتے اس پر آیت وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى نازل ہوئی میں نے عرض کیا تھا یا رسول اللہ آپ کی عورتوں کے پاس نیک بد ہر طرح کے آدمی آتے ہیں کاش آپ اپنی عورتوں کو پردہ میں رہنے کا حکم دے دیتے اس پر آیت جواب نازل ہوئی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس رقابت کی وجہ سے آپ کی عورتیں جمع تھیں۔ میں نے کہا عَسٰى رَبُّهٗۤ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗۤ اَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی فضیلت:

حضرت ابن مسعود نے فرمایا چار باتوں کی وجہ سے عمر بن خطاب کو لوگوں پر فضیلت حاصل تھی۔

(۱) آپ نے بدر کے قیدیوں کو قتل کر دینے کا مشورہ دیا تھا۔ اس پر آیت لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ الخ نازل ہوئی۔

(۲) آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویوں کو پردے میں رہنے کا مشورہ دیا تھا جس پر حضرت زینب نے فرمایا خطاب کے بیٹے اب تم کو ہم پر بھی غیرت آنے لگی حالانکہ وحی ہمارے گھروں میں اترتی ہے اس پر آیت وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ الخ نازل ہوئی۔

(۳) رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے متعلق دعا کی تھی اے اللہ تعالیٰ عمرؓ کے ذریعہ سے اسلام کو مضبوط کر دے۔

(۴) حضرت ابوبکر کی خلافت کے بارے میں آپ نے رائے دی تھی آپ نے ہی سب سے پہلے حضرت ابوبکر کے ہاتھ پر بیعت کی۔ (تفسیر مظہری)

مسلمان بھائی کی دعوت قبول کرو:

صحیح مسلم شریف میں ہے کہ تم میں سے کسی کو جب اس کا بھائی بلائے تو اُسے دعوت قبول کرنی چاہئے خواہ نکاح کی ہو یا کوئی اور۔ (تفسیر ابن کثیر)

فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ

پھر جب کھا چکو تو آپ آپ کو چلے جاؤ اور نہ آپس میں جی لگا بیٹھو باتوں میں

کسی کے ہاں دعوت پر جانے کے آداب:

یعنی کھانے سے فارغ ہو کر اپنے اپنے گھر کا رستہ لینا چاہیے۔ وہاں مجلس جمانے سے میزبان اور دوسرے مکان والوں کو تکلیف ہوتی ہے۔ یہ باتیں گو نبی کے مکانوں کے متعلق فرمائی ہیں۔ کیونکہ شان نزول کا تعلق اُن ہی سے تھا۔ مگر مقصود ایک عام ادب سکھلانا ہے بے دعوت کسی کے یہاں کھانا کھانے کی غرض سے جا بیٹھنا یا طفیلی بن کر جانا، یا کھانے سے قبل یوں ہی مجلس جمانا، یا فارغ ہونے کے بعد گپ شپ لڑانا درست نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِى النَّبِىَّ فَيَسْتَحْىٖ

اس بات سے تمہاری تکلیف تھی نبی کو پھر تم سے شرم کرتا ہے

مِنْكُمْ وَاللّٰهُ لَا يَسْتَحْىٖ مِنَ الْحَقِّ

اور اللہ شرم نہیں کرتا ٹھیک بات بتلانے میں

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مروّت:

یعنی آپ حیا کی وجہ سے اپنے نفس پر تکلیف برداشت کرتے ہیں۔ لحاظ کی وجہ سے صاف نہیں فرماتے کہ اُٹھ جاؤ مجھے کلفت ہوتی ہے یہ تو آپ کے اخلاق اور مروت کی بات ہوئی۔ مگر اللہ تعالیٰ کو تمہاری تادیب و اصلاح میں کیا چیز مانع ہو سکتی ہے۔ اس نے بہر حال پیغمبر ہی کی زبان سے اپنے احکام سُنا دیئے۔ (تفسیر عثمانی)

اللہ تعالیٰ بندوں کو حق بتلاتا ہے:

یعنی تم کو ادب سکھانا حق ہے اور حق بات سے اللہ نہیں جھجکتا اس لئے تم کو ادب سکھانا ترک نہیں کرتا۔ بیضاوی نے یہ مطلب لکھا ہے کہ نبی کے گھر سے تمہارا نکالنا حق ہے اور حق بات کو اللہ ترک نہیں کرتا اس لئے تم کو نکلنے کا حکم دے رہا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ

اور جب مانگنے جاؤ بیبیوں سے کچھ چیز کام کی تو مانگ لو پردہ کے باہر سے

besturdubooks.wordpress.com

ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ

اس میں کوب ستھرائی ہے تمہارے دل کو اور اُن کے دل کو

اعلیٰ معاشرت کیلئے احکام:

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں یہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو ادب سکھلائے۔ کبھی کھانے کو حضرت کے گھر میں جمع ہوتے تو پیچھے باتیں کرنے لگ جاتے۔ حضرت کا مکان آرام کا وہ ہی تھا۔ شرم سے نہ فرماتے کہ اُٹھ جاؤ۔ اُن کے واسطے اللہ نے فرما دیا۔ اور اس آیت میں حکم ہوا پردہ کا کہ مرد حضرت کی ازواج کے سامنے نہ جائیں کوئی چیزیں مانگنی ہوں تو وہ بھی پردہ کے پیچھے سے مانگیں اس میں جانبین کے دل ستھرے اور صاف رہتے ہیں اور شیطانی وساوس کا استیصال ہو جاتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

مَتَاعًا یعنی کوئی کام کی چیز بطور رعایت یا بطور بخشش مانگو یا مانگی ہوئی چیز دینے جاؤ۔

بغوی نے لکھا ہے کہ آیت حجاب کے نزول کے بعد کسی کو اجازت نہیں تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی بی بی کی طرف نظر اُٹھا کر دیکھے۔ خواہ وہ نقاب پوش ہوں یا بغیر نقاب کے۔

ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ تمہارا یہ عمل (پردے کے پیچھے سے مانگنا شیطانی وسوسوں سے) تمہارے دلوں کو بھی پاک رکھنے والا ہے اور ان کے دلوں کو بھی۔ (تفسیر مظہری)

وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ تَنْكِحُوْٓا

اور تم کو نہیں پہنچتا کہ تکلیف دو اللہ کے رسول کو اور نہ یہ کہ نکاح کرو

اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا ۭ اِنَّ ذٰلِكُمْ

اُس کی عورتوں سے اُس کے پیچھے کبھی البتہ یہ تمہاری بات

كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا

اللہ کے یہاں بڑا گناہ ہے

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات میں یا وفات کے بعد ازواج مطہرات میں سے کسی کا غیر سے نکاح جائز نہیں ہے

یعنی کافر منافق جو چاہیں بکتے پھریں اور ایذا رسانی کریں۔ مؤمنین جو دلائل و براہین کی روشنی میں پیغمبر علیہ الصلاۃ والسلام کی انتہائی راستبازی اور پاکبازی کو معلوم کر چکے ہیں، انہیں لائق نہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات میں یا وفات کے بعد کوئی بات ایسی کہیں یا کریں جو خفیف سے خفیف درجہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایذاء کا سبب بن جائے۔ لازم ہے کہ مؤمنین اپنے محبوب و مقدس پیغمبر کی عظمت شان کو ہمیشہ مرعی رکھیں۔ مبادا غفلت یا تساہل سے کوئی تکلیف دہ حرکت صادر ہو جائے اور دنیا و آخرت کا خسارہ اُٹھانا پڑے۔ ان تکلیف دہ حرکات میں سے ایک بہت سخت اور بڑا بھاری گناہ یہ ہے کہ کوئی شخص ازواج مطہرات سے آپ کے بعد نکاح کرنا چاہے یا ایسے نالائق ارادہ کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں اظہار کرے ظاہر ہے کہ ازواج مطہرات کی مخصوص عظمت پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کے تعلق کی وجہ سے قائم ہوئی ہے کہ روحانی حیثیت سے وہ تمام مؤمنین کی محترم مائیں قرار دی گئیں۔ کیا کسی اُمتی کے عقد نکاح میں آنے کے بعد اُن کا یہ احترام کما حقہٗ ملحوظ رہ سکتا ہے یا آپ کے بعد وہ خانگی بکھیڑوں میں پڑ کر تعلیم و تلقین دین کی اُس اعلیٰ غرض کو آزادی کے ساتھ پورا کر سکتی ہیں جس کے لئے ہی فی الحقیقت قدرت نے نبی کی زوجیت کے لئے اُن کو چنا تھا۔ اور کیا کوئی پرلے درجہ کا بےحس و بےشعور انسان بھی باور کر سکتا ہے کہ سید البشر امام المتقین اور پیکر خلق عظیم کی خدمت میں عمر گزارنے والی خاتون ایک لمحہ کے لئے بھی کسی دوسری جگہ رہ کر قلبی مسرت و سکون حاصل کرنے کی اُمید رکھ سکے گی۔ خصوصاً جبکہ معلوم ہو چکا ہے کہ یہ وہ منتخب خواتین تھیں جن کے سامنے دنیا و آخرت کے دو راستوں میں سے ایک راستہ انتخاب کے لئے پیش کیا گیا تو انہوں نے بڑی خوشی اور آزادی سے دنیا کے عیش و بہار پر لات مار کر اللہ و رسول کی خوشنودی اور آخرت کا راستہ اختیار کر لینے کا اعلان کر دیا۔ چنانچہ تاریخ بتلاتی ہے کہ حضور کی وفات کے بعد کیسے عدیم النظیر زہد و ورع اور صبر و توکل کے ساتھ ان مقدس خواتین جنت نے عبادت الٰہی میں اپنی زندگیاں گزاریں اور احکام دین کی اشاعت اور اسلام کی خدمات مہمہ کے لئے اپنے کو وقف کئے رکھا اُن میں سے کسی ایک کو بھی بھول کر بھی دنیا کی لذتوں کا خیال نہیں آیا۔ اور کیسے آ سکتا تھا جبکہ پہلے ہی حق تعالیٰ نے يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا فرما کر اُن کے تزکیہ و تطہیر کی کفالت فرمائی تھی۔ رضی اللہ عنہن وارضاھن و جعلنا ممن یعظمھن حق تعظیمھن فوق مانعظم امھا تنا التی ولدننا امین اس مسئلہ کی نہایت محققانہ بحث حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی قدس سرہٗ کی کتاب آب حیات میں ہے۔ (تفسیر عثمانی)

شانِ نزول: ابن ابی حاتم نے ابن زید کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع ملی کہ کسی شخص نے کہا ہے اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہو گئی تو (آپ کے بعد) فلاں (بی بی) سے میں نکاح کر لوں گا اس پر آیت ذیل نازل ہوئی۔ وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ

besturdubooks.wordpress.com

أَنْ تَنْكِحُوٓا أَزْوَاجَهُ مِنْ بَعْدِهِ أَبَدًا ۚ إِنَّ ذَٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللَّهِ عَظِيمًا اور تمہارے لئے اللہ کے رسول کو دُکھ پہنچانا جائز نہیں اور نہ ان کی بیبیوں سے کبھی نکاح کرنا تمہارے لئے جائز ہے (نہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد نہ طلاق دینے کے بعد) تمہارا یہ فعل اللہ کے نزدیک بڑا جرم ہے۔

ابن ابی حاتم نے حضرت ابن عباس کی روایت سے بیان کیا ہے کہ اس آیت کا نزول اس شخص کے متعلق ہوا جس نے کہا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد میں آپ کی کسی بیوی سے نکاح کرلوں گا۔ سفیان نے کہا ایسی بات حضرت عائشہؓ کے متعلق کہی گئی تھی۔ سدی کا بیان ہے ہم کو اطلاع ملی ہے کہ طلحہ بن عبیداللہ نے کہا تھا کیا محمد ہماری چچا کی بیٹیوں سے تو ہمارا پردہ کرارہے ہیں اور ہمارے بعد ہماری بیویوں سے خود نکاح کرلیتے ہیں اگر کوئی ایسی ویسی بات ہوگئی تو ہم ان کے بعد ان کی بیویوں سے نکاح کریں گے اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

ابن سعد نے ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حرم کی روایت سے لکھا ہے کہ یہ آیت طلحہ بن عبیداللہ کے بارے میں اتری طلحہ نے کہا تھا کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہو جائے گی تو عائشہؓ سے میں نکاح کرلوں گا۔

جو بیر نے حضرت ابن عباس کی روایت سے بیان کیا کہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک بیوی کے پاس گیا اور ان سے باتیں کرنے لگا یہ شخص ان بی بی کے چچا کا بیٹا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آج کے بعد اس جگہ نہ کھڑا ہونا اس شخص نے کہا وہ میرے چچا کی بیٹی ہے خدا کی قسم نہ میں نے اس سے کوئی بری بات کہی تھی نہ اس نے مجھ سے کوئی بری بات کی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ سے زیادہ کوئی غیرت مند نہیں اور مجھ سے بھی زیادہ کوئی غیرت والا نہیں وہ شخص چلا گیا اور جانے کے بعد کہا مجھے میری چچا کی بیٹی سے بات کرنے سے روکتے ہیں ان کے بعد میں اس سے ضرور نکاح کروں گا اس پر یہ آیت اتری۔

حضرت ابن عباس نے فرمایا پھر اس شخص نے اپنی زبان سے نکلے ہوئے ان الفاظ کی توبہ میں ایک بردہ آزاد کیا دس اونٹ راہ خدا میں سوار ہونے کے لئے دیے اور پیدل حج کیا۔

ایک مستثنیٰ صورت:

بیضاوی نے لکھا حرمت نکاح ازواج سے وہ عورت مستثنیٰ ہے جس کو بغیر قربت کئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے طلاق دے دی۔

یہ بھی روایت میں آیا ہے کہ حضرت عمر کے زمانہ (خلافت) میں اشعث بن قیس نے مستعیذہ (جونیہ کلبیہ) سے نکاح کرلیا حضرت عمر نے اس کو سنگسار کرانے کا ارادہ کیا لیکن آپ کو بتایا گیا کہ مستعیذہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بغیر صحبت کئے چھوڑ دیا تھا۔ حضرت عمر نے یہ بات سن کر اشعث کو چھوڑ دیا اور حضرت عمر کے اس فیصلہ کے خلاف کسی نے کچھ نہیں کہا (مستعیذہ پناہ طلب کرنے والی۔ اس کا نام جونیہ کلبیہ تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی طرف ہاتھ بڑھایا تو اس نے کہا میں آپ سے اللہ کی پناہ مانگتی ہوں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سنتے ہی اس کو چھوڑ دیا)

تحریم ازواج کی وجہ:

میں کہتا ہوں تحریم ازواج کی یہ وجہ ہوسکتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر میں زندہ ہیں اسی لئے آپ کے مال کا کوئی وارث نہیں قرار پایا اور نہ آپ کی بیبیاں بیوہ ہوئیں۔ حضرت ابو ہریرہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص میری قبر کے پاس مجھ پر درود پڑھے گا تو میں اس کو سن لوں گا اور جو شخص دور سے مجھ پر درود پڑھے گا تو مجھے وہ درود پہنچا دی جائے گی۔ رواہ البیہقی فی شعب الایمان۔ (تفسیر مظہری)

ازواج مطہراتؓ کے لئے یہ خصوصی حکم ہے کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد کسی سے نکاح نہیں کرسکتیں۔

اس کی وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے کہ وہ بنص قرآن امہات المؤمنین ہیں، اور اگرچہ اُن کے اُمہات ہونے کا اثر ان کی اولاد رُوحانی پر نہیں پڑتا کہ وہ سب بہن بھائی ہو کر باہم نکاح نہ کرسکیں، مگر ان کی اپنی ذات کی حد تک امتناع نکاح کا حکم دیا گیا۔

یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر شریف میں زندہ ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کا درجہ ایسا ہے جیسا کوئی زندہ شوہر گھر غائب ہو، اسی لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی میراث تقسیم نہیں ہوئی، اسی بناء پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کا وہ حال نہیں جو عام شوہروں کی وفات پر ان کی ازواج کا ہوتا ہے۔

یہ حکمت بھی ہے کہ شرعی قاعدے سے جنت میں ہر عورت اپنے آخری شوہر کے ساتھ رہے گی۔ حضرت حذیفہؓ نے اپنی زوجہ کو وصیت فرمائی تھی کہ اگر تم جنت میں میری بیوی رہو تو میرے بعد کوئی دوسرا نکاح نہ کرنا، کیونکہ جنت میں عورت اپنے آخری شوہر کو ملے گی۔ (قرطبی)

اس لئے ازواج مطہرات کو جو شرف حق تعالیٰ نے دنیا میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجیت کا عطا فرمایا ہے اس کو آخرت اور جنت میں بھی باقی رکھنے کے لئے ان کا نکاح کسی دوسرے سے حرام کردیا گیا۔

مسئلہ: اس پر تو امت کا اتفاق ہے کہ جو ازواج مطہراتؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حرم میں رہیں اُن سب کا یہی حکم ہے، لیکن جن کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے طلاق دے دی، یا کسی دوسری وجہ سے وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجیت سے علیحدہ ہوگئیں اُن کے بارے

besturdubooks.wordpress.com

میں فقہاء امت کے مختلف اقوال ہیں جن کو قرطبی نے تفصیل سے لکھا ہے۔

انسدادِ فواحش کا اسلامی نظام:

فواحش، بدکاری، زنا اور اس کے مقدمات دنیا کی اُن مہلک برائیوں میں ہے جن کے مہلک اثرات صرف اشخاص و افراد کو نہیں بلکہ قبائل اور خاندانوں کو اور بعض اوقات بڑے بڑے ملکوں کو تباہ کر دیتے ہیں۔ اس وقت دنیا میں جتنے قتل وغارت گری کے واقعات پائے جاتے ہیں اگر صحیح تحقیق کی جائے تو اکثر واقعات کے پس منظر میں کوئی عورت اور شہوانی جذبات کا جال نظر آئے گا، یہی وجہ ہے کہ جب سے دنیا پیدا ہوئی ہے اس میں کوئی قوم، کوئی مذہب، کوئی خطہ ایسا نہیں جو اس کی بُرائی اور مہلک عیب ہونے پر متفق نہ ہو۔

دنیا کے اس آخری دور میں یورپین اقوام نے اپنی مذہبی حدود اور قدیم وقومی روایات سب کو توڑ کر اگرچہ زنا کو اپنی ذات میں کوئی جرم ہی نہیں رکھا، اور تمدن و معاشرت کو ایسے سانچوں میں ڈھال دیا ہے جن میں ہر قدم پر جنسی انارکی اور فواحش کو دعوت عام ہے، مگر ان کے ثمرات ونتائج کو وہ بھی جرائم سے خارج نہ کر سکے، عصمت فروشی، زنا بالجبر، منظر عام پر فحش حرکات کو تعزیری جرم قرار دینا پڑا، جس کی مثال اس کے سوا کچھ نہیں کہ کوئی شخص آگ لگانے کے لئے سوختہ کا ذخیرہ جمع کرے پھر اس پر تیل چھڑکے، پھر اس میں آگ لگائے، اور جب اس کے شعلے بھڑکنے لگیں تو ان شعلوں پر پابندی لگانے اور روکنے کی فکر کرے، ہنڈیا پکانے کے لئے اس کے نیچے آگ جلائے پھر اس کے اُبال اور جوش کو روکنا چاہے۔

اس کے خلاف اسلام نے جن چیزوں کو جرائم اور انسانیت کے لئے مضر قرار دے کر قابل سزا جرم کہا ہے، ان کے مقدمات پر بھی پابندی عائد کیں، اور ان کو ممنوع قرار دیا ہے اس معاملے میں مقصود اصلی زنا اور بدکاری سے بچانا تھا تو اس کو نظر نیچی رکھنے کے قانون سے شروع کیا، عورتوں مردوں کے بے محابا اختلاط کو روکا، عورتوں کو گھروں کی چار دیواری میں محدود رکھنے کی ہدایت کی اور ضرورت کے وقت باہر نکلنے کے لئے بھی برقع یا لمبی چادر سے پورا بدن چھپا کر نکلنے اور سڑک کے کنارے چلنے کی ہدایت کی، خوشبو لگا کر یا بجنے والا زیور پہن کر نکلنے کی ممانعت کی، پھر جو شخص ان سب حدود وقیود اور پابندیوں کے حصار کو پھاند کر باہر نکل جائے اس پر ایسی سخت عبرت آموز سزا جاری کی کہ ایک مرتبہ کسی بدکردار پر جاری کر دی جائے تو پوری قوم کو مکمل سبق مل جائے۔

پہلے مسئلہ کی مثال شراب فروشی ہے کہ یہ شراب نوشی کا سبب قریب ہے، اس کو بھی شریعت نے اسی طرح حرام کر دیا جس طرح شراب نوشی حرام ہے، کسی غیر عورت کو شہوت کے ساتھ ہاتھ لگانا اگرچہ عین زنا نہیں، مگر اس کی سبب قریب ہے شریعت نے اس کو اسی کی طرح حرام قرار دے دیا۔

اور دوسرے مسئلے کی مثال یہ ہے کہ کسی ایسے شخص کے ہاتھ انگور فروخت کرنا جس کے تعلق معلوم ہے کہ وہ اس سے شراب ہی بناتا ہے اس کا پیشہ یہی ہے یا اس نے صراحۃً کہہ دیا ہے کہ میں اس کام کے لئے خرید رہا ہوں، یہ اگرچہ شراب فروشی کے درجہ میں حرام تو نہیں مگر مکروہ و ناجائز یہ بھی ہے، ایسا ہی حکم سینما گھر بنانے یا سودی بینک چلانے کے لئے زمین مکان کرایہ پر دینے کا ہے کہ معاملہ کے وقت جب معلوم ہو کہ یہ اس مکان کو ناجائز کام کے لئے لے رہا ہے تو کرایہ پر دینا مکروہ تحریمی اور ناجائز ہے۔

ضروری تنبیہ: یہاں یہ بات یاد رکھنا ضروری ہے کہ شریعت اسلام نے جن کاموں کو گناہ کا سبب قریب درجہ اول کا قرار دے کر حرام کر دیا، اس حکم حرمت کے بعد وہ سب کے لئے مطلقاً حرام ہے، خواہ ابتلاء گناہ کا سبب بنے یا نہ بنے اب وہ خود ایک حکم شرعی ہے، جس کی مخالفت حرام ہے۔

اس تمہید کے بعد یہ سمجھئے کہ عورتوں کا پردہ بھی شرعاً اسی سدّ ذرائع کے اصول پر مبنی ہے کہ ترک پردہ سبب ہے معصیت میں مبتلا ہونے کا، اس میں بھی اسباب کی مذکورہ قسموں کے احکام جاری ہوں گے، مثلاً کسی جوان مرد کے سامنے جوان عورت کو اپنا بدن کھولنا ابتلاء گناہ کا ایسا سبب قریب ہے کہ عادت اکثریہ کے اعتبار سے اس پر گناہ کا مرتب ہونا لازمی جیسا ہے، اس لئے یہ تو شرعاً زنا کی طرح حرام ہو گیا، کیونکہ شرعاً اس عمل کو حکم فاحشہ کا دے دیا گیا ہے، اب وہ مطلقاً حرام ہے، اگرچہ معاملہ کسی معصوم کے ساتھ ہو یا کوئی شخص اپنے نفس پر مکمل قابو رکھنے کی وجہ مطمئن ہو کر گناہ سے بچ جائے گا، مواقع ضرورت علاج وغیرہ کا مستثنیٰ ہونا الگ چیز ہے۔

پردہ کا حکم اسباب، اہمیت اور احکام:

عورتوں اور مردوں میں بے محابا اختلاط تو دنیا کی پوری تاریخ میں آدم علیہ السلام سے لے کر خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم تک کسی زمانے میں درست نہیں سمجھا گیا، اور صرف اہل شرائع ہی نہیں دنیا کے عام شریف خاندانوں میں ایسے اختلاط کو روا نہیں رکھا گیا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے سفر مدین کے وقت جن عورتوں کا اپنی بکریوں کو پانی پلانے کے لئے الگ رو کے ہوئے کھڑے ہونے کا ذکر ہے، اس کی وجہ یہی بتلائی گئی ہے کہ ان عورتوں نے مردوں کے ہجوم میں گھسنا پسند نہ کیا، سب کے بعد بچے ہوئے پانی پر قناعت کی، حضرت زینب بنت جحش جن کے نکاح کے وقت پہلی آیت حجاب نازل ہوئی ہے اس کے نازل ہونے سے پہلے بھی جامع ترمذی کی روایت میں ان کی گھر میں نشست کی یہ صورت بیان کی ہے وَهِيَ مُوَلِّيَةٌ وَجْهَهَا اِلَى الْحَائِطِ ''یعنی اپنا رخ دیوار کی طرف پھیرے ہوئے بیٹھی تھیں۔''

اس سے معلوم ہوا کہ نزول حجاب سے پہلے بھی عورتوں مردوں میں بے

besturdubooks.wordpress.com

محابا اختلاط اور بے تکلف ملاقات وگفتگو کا رواج شریف اور نیک لوگوں میں کہیں نہ تھا، قرآن کریم میں جس جاہلیت اُولیٰ اور اس میں عورتوں کے تبرّج و ظہور کا ذکر ہے وہ بھی عرب کے شریف خاندانوں میں نہیں بلکہ لونڈیوں اور آوارہ عورتوں میں تھا، عرب کے شریف خاندان اس کو معیوب سمجھتے تھے، عرب کی پوری تاریخ اس کی شاہد ہے، ہندوستان میں ہندو بُدھ مت اور دوسرے مشرکانہ مذاہب والوں میں عورتوں مردوں کے درمیان بے محابا اختلاط گوارا نہ تھا، یہ مردوں کے دوش بدوش کام کرنے کے دعوے اور بازاروں اور سڑکوں پر پریڈ کرنے اور تعلیم سے لے کر ہر شعبہ زندگی میں مرد وزن کے بے تکلف اختلاط ضیافتوں اور کلبوں میں بے تکلف ملاقاتوں کا سلسلہ صرف یوروپین اقوام کی بے حیائی اور فحاشی کی پیداوار ہے، جس میں یہ اقوام بھی اپنے ماضی سے ہٹ جانے کے بعد مبتلا ہوئی ہیں، قدیم زمانے میں ان کی بھی یہ صورت نہ تھی، حق تعالیٰ نے جس طرح عورت کی جسمانی تخلیق کو مردوں سے ممتاز رکھا ہے اسی طرح ان کی طبیعتوں میں ایک فطری حیا، کا جوہر بھی رکھا ہے، جوان کو فطری طور پر عام مردوں سے الگ تھلگ رہنے اور تستر پر آمادہ کرتی ہے۔

خارج نماز لوگوں کے سامنے ستر پوشی کے فرض ہونے میں تو کسی کا اختلاف ہی نہیں، لیکن خلوت میں جہاں کوئی دوسرا دیکھنے والا موجود نہ ہو وہاں بھی صحیح قول یہی ہے کہ خارج نماز بھی بلاضرورت شرعیہ یا طبعیہ کے ستر کھول کر ننگا بیٹھنا جائز نہیں، (کمافی البحرعن شرح المنیہ)

صرف عورتوں پر، ستر عورت لوگوں کے سامنے اور خلوت دونوں میں فرض ہے حجاب صرف اجنبی کی موجودگی میں، یہ تفصیل اس لئے لکھی گئی کہ ان دونوں مسئلوں کو غلط ملط کر دینے سے بہت سے شبہات مسائل اور احکام قرآن کے سمجھنے میں پیدا ہو جاتے ہیں ستر روایات کا حاصل یہ معلوم ہوتا ہے کہ اصل مطلوب شرعی حجاب اشخاص ہے، یعنی عورتوں کا وجود اور ان کی نقل وحرکت مردوں کی نظروں سے مستور ہو، جو گھروں کی چار دیواری یا خیموں اور معلق پردوں کے ذریعہ ہوسکتا ہے، اس کے سوا جتنی صورتیں حجاب کی منقول ہیں وہ سب ضرورت کی بناء پر اور وقت ضرورت اور قدر ضرورت کے ساتھ مقید اور مشروط ہیں۔

اسی طرح پردہ کا پہلا درجہ جو اصل مطلوب شرعی ہے وہ حجاب اشخاص ہے کہ عورتیں اپنے گھروں میں رہیں، لیکن شریعت اسلامیہ ایک جامع اور مکمل نظام ہے جس میں انسان کی تمام ضروریات کی رعایت پوری کی گئی ہے اور یہ ظاہر ہے کہ عورتوں کو ایسی ضرورتیں پیش آنا ناگزیر ہے کہ وہ کسی وقت گھروں سے نکلیں اس کے لئے پردہ کا دوسرا درجہ قرآن وسنت کی رو سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ سر سے پاؤں تک برقع یا لانبی چادر میں پورے بدن کو چھپا کر نکلیں، راستہ دیکھنے کے لئے چادر میں سے صرف ایک آنکھ کھولیں، یا برقع میں جو جالی آنکھوں کے سامنے استعمال کی جاتی ہے وہ لگالیں، ضرورت کے مواقع میں

پردہ کا دوسرا درجہ بھی پہلے کی طرح سب علماء وفقہاء کے درمیان متفق علیہ ہے۔

اسی طرح صحیح بخاری غزوہ ایطائف میں ایک حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک پانی کے برتن میں کلی کر کے حضرت ابوموسیٰ اور بلالؓ کو عطا فرمایا کہ اس کو پی لیں، اور اپنے چہرے پر مل لیں، ام المؤمنین حضرت ام سلمہؓ پردہ کے پیچھے یہ واقعہ دیکھ رہی تھیں انہوں نے اندر سے آواز دے کر ان دونوں بزرگوں سے کہا کہ اس تبرک میں سے کچھ اپنی ماں یعنی اُم سلمہؓ کے لئے چھوڑ دینا۔

یہ حدیث بھی شاہد ہے کہ نزول حجاب کے بعد ازواج مطہراتؓ گھروں اور پردوں کے اندر رہتی تھیں۔

فائدہ: اس روایت میں یہ بات بھی قابل نظر ہے کہ ازواج مطہراتؓ بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تبرکات کی ایسی ہی شائق تھیں جیسے دوسرے مسلمان، یہ بھی آپ کی ذات اقدس ہی کی خصوصیت تھی ورنہ بیوی سے جو بے تکلف تعلق شوہر کا ہوتا ہے، اس کے ساتھ اس کے تقدس وتعظیم کا یہ درجہ قائم رہنا عادۃً ناممکن ہے۔

اور صحیح بخاری کتاب الادب میں حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ وہ اور ابو طلحہؓ ایک مرتبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کہیں جارہے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اونٹ پر سوار تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ام المؤمنین حضرت صفیہ بھی سوار تھیں، راستہ میں اچانک اونٹ کے ٹھوکر لگی، اور ابوطلحہ کے بیان کے مطابق آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت صفیہؓ اونٹ سے گر گئے تو ابوطلحہؓ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے، اور عرض کیا اللہ تعالیٰ مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر قربان کر دے آپ کو کوئی چوٹ تو نہیں آئی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں، تم عورت کی خبر لو، ابوطلحہ نے پہلے تو اپنا چہرہ کپڑے میں چھپایا، پھر حضرت صفیہؓ کے پاس پہنچے اور ان کے اوپر کپڑا ڈال دیا تو وہ کھڑی ہوگئیں، پھر اسی طرح پردہ میں مستوران کو ان کی سواری پر سوار کیا۔

اس واقع میں بھی جو ایک حادثہ کی صورت میں اچانک پیش آیا، صحابہ کرام اور ازواج مطہرات کا .... پردہ کے معاملہ میں اتنا اہتمام اس کی بڑی اہمیت کا شاہد ہے۔

اور جامع ترمذی میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اذا خرجت المرأۃ استشرفھا الشیطن (قال الترمذی ھذا حدیث حسن صحیح غریب) معنی یہ ہیں کہ "عورت جب گھر سے نکلتی ہے تو شیطان اس کو تاک لیتا ہے" (یعنی اس کو مسلمانوں میں برائی پھیلانے کا ذریعہ بناتا ہے)۔

اور ابن خزیمہ وابن حبان نے اس حدیث میں یہ الفاظ بھی نقل کئے ہیں، واقرب ماتکون من وجہ ربھا وھی فی قعر بیتھا "یعنی عورت اپنے رب سے سب سے

besturdubooks.wordpress.com

زیادہ قریب اس وقت ہوتی ہے جب وہ اپنے گھر کے بیچ میں مستور ہو۔"

اس حدیث میں بھی اس کی شہادت موجود ہے کہ اصل عورتوں کے لئے یہی ہے کہ وہ اپنے گھروں میں بیٹھیں باہر نہ نکلیں (ضرورت کے مواقع مستثنیٰ ہیں)

اور ایک حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے لَیْسَ لِلنِّسَآءِ نَصِیْبٌ فِی الْخُرُوْجِ اِلَّا مُضْطَرَّةً (رواہ الطبرانی کذا فی الکنز ص ۲۶۳ ج ۸) یعنی عورتوں کا باہر نکلنے کے لئے کوئی حصہ نہیں، بجز اس کے کہ باہر نکلنے کے لئے کوئی اضطراری صورت پیش آ جائے۔

اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ میں ایک روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرامؓ سے سوال فرمایا اَیُّ شَیْءٍ خَیْرٌ لِّلْمَرْاَةِ (عورت کے لئے کیا چیز بہتر ہے) صحابہؓ کرام خاموش رہے، کوئی جواب نہیں دیا، پھر جب میں گھر میں گیا اور فاطمہؓ سے میں نے یہی سوال کیا تو انہوں نے فرمایا لَا یَرَیْنَ الرِّجَالَ وَ لَا یَرَوْنَهُنَّ یعنی عورتوں کے لئے بہتر یہ ہے کہ نہ وہ مردوں کو دیکھیں اور نہ مرد اُن کو دیکھیں۔ میں نے ان کا یہ جواب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے نقل کیا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صَدَقَتْ اِنَّهَا بَضْعَةٌ مِّنِّیْ. انہوں نے درست کہا بیشک وہ میرا ایک جزء ہیں۔

واقعہ افک میں جو سبب حضرت صدیقہؓ کے جنگل میں رہ جانے کا پیش آیا وہ یہی تھا کہ ازواج مطہراتؓ کا پردہ صرف برقع چادر ہی کا نہیں تھا بلکہ وہ سفر میں بھی اپنے ہودج (شغدف) میں رہتی تھیں، یہ شغدف ہی اونٹ کے اوپر سوار کر دیا جاتا تھا اور اسی طرح اتارا جاتا تھا، شغدف مسافر کا مثل مکان کے ہوتا ہے، اس واقعہ میں جب قافلہ چلنے لگا تو حسب عادت خادموں نے شغدف کو یہ سمجھ کر اونٹ پر سوار کر دیا کہ اُم المؤمنین اس کے اندر موجود ہیں اور واقعہ یہ تھا کہ وہ اس میں نہیں تھیں، بلکہ طبعی ضرورت کے لئے باہر گئی ہوئی تھیں، اس مغالطہ میں قافلہ روانہ ہو گیا اور اُم المؤمنین جنگل میں تنہا رہ گئیں۔

یہ واقعہ بھی اس بات کا قوی شاہد ہے کہ حجاب شرعی کا مفہوم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ازواج مطہراتؓ نے یہی سمجھا تھا کہ عورتیں اپنے مکانوں میں، سفر میں ہوں تو اپنے شغدف میں رہیں، ان کا وجود مردوں کے سامنے نہ آئے، اور جب سفر کی حالت میں حجاب اشخاص کا یہ اہتمام تھا تو حضر میں کتنا اہتمام ہوگا۔ (معارف مفتی اعظم)

اِنْ تُبْدُوْا شَیْئًا اَوْ تُخْفُوْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ

اگر کھول کر کہو تم کسی چیز کو یا اُس کو چھپاؤ سو اللہ ہے

بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمًا

ہر چیز کو جاننے والا

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذاء دینے کا خیال بھی اللہ دیکھ رہا ہے

یعنی زبان سے کہنا تو کجا دل میں بھی ایسا وسوسہ کبھی نہ لانا۔ اللہ کے سامنے ظاہر و باطن سب یکساں ہے دل کا کوئی بھید اُس سے پوشیدہ نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اِنْ تُبْدُوْا شَیْئًا اَوْ تُخْفُوْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمًا اگر تم کسی چیز کو ظاہر کرو گے یا پوشیدہ رکھو گے اللہ (تو بہرحال) ہر چیز کو خوب جانتا ہے۔

یعنی رسول اللہ کو ایذاء یا ان کی بیبیوں سے نکاح (کا ارادہ) ظاہر کرو گے یا دلوں میں چھپائے رکھو گے۔ بغوی نے لکھا ہے اس آیت کا نزول اس شخص کے حق میں ہوا جس نے رسول اللہ کے بعد حضرت عائشہ سے نکاح کرنے کا ارادہ دل میں پوشیدہ رکھا تھا۔ اللہ ہر چیز کو خوب جانتا ہے یعنی تم کو اس (ظاہر اور پوشیدہ) گناہ کی سزا دے گا۔

امہات المؤمنین سے نکاح پر وعید:

اس تعلیم میں اور امہات المؤمنین سے صراحۃً نکاح کی ممانعت کے بعد برہان بیان کرنے میں مزید زور وعید عذاب اور تخویف سزا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جس شخص نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی بیوی سے نکاح کرنے کا لفظ زبان سے نکالا تھا اس نے اس بات سے توبہ کی اور گناہ کے کفارے میں ایک بردہ آزاد کیا اور جہاد میں سواری کے کام آنے کے لئے دس اونٹ دیئے اور پیدل حج کیا جیسا کہ حضرت ابن عباس کے مذکورہ بالا بیان میں آیا ہے۔

آئندہ آیت کا شان نزول:

بغوی نے لکھا جب آیت حجاب نازل ہوگئی تو امہات المؤمنین کے باپوں بھائیوں اور دوسرے قریب ترین رشتہ داروں نے کہا آئندہ ہم بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیبیوں سے کلام کریں گے تو پردے کی آڑ سے اس پر آیت ذیل نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

لَا جُنَاحَ عَلَیْهِنَّ فِیْٓ اٰبَآئِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآئِهِنَّ وَلَآ اِخْوَانِهِنَّ

گناہ نہیں اُن عورتوں کو سامنے ہونے کا اپنے باپوں سے اور نہ اپنے بیٹوں سے اور نہ اپنے بھائیوں سے

وَلَآ اَبْنَآءِ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ اَخَوٰتِهِنَّ

اور نہ اپنے بھائی کے بیٹوں سے اور نہ اپنی بہن کے بیٹوں سے

وَلَا نِسَآئِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ اَیْمَانُهُنَّ

اور نہ اپنی عورتوں سے اور نہ اپنے ہاتھ کے مال سے

besturdubooks.wordpress.com

محرم مردوں سے پردہ نہیں ہے:

اُوپر ازواج مطہرات کے سامنے مردوں کے جانے کی ممانعت ہوئی تھی۔ اب بتلا دیا کہ محارم کا سامنے جانا منع نہیں۔ اس بارہ میں جو حکم عام مستورات کا سورۂ نور میں گزر چکا وہی ازواج مطہرات کا ہے وَلَا نِسَآئِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ کی تشریح ہم سورۂ نور میں کر چکے ہیں وہاں مطالعہ کر لیا جائے۔

نبی کی بیبیوں پر کوئی گناہ نہیں باپوں سے (بے پردہ باتیں کرنے) میں نہ اپنے بیٹوں سے نہ اپنے بھائیوں سے نہ اپنے بھتیجوں سے نہ اپنے بھانجوں سے نہ اپنی عورتوں سے نہ اپنے مملوک لوگوں سے اور خدا سے ڈرتی رہو اللہ ہر چیز پر حاضر (ناظر) ہے۔

چچا اور ماموں کا ذکر آیت میں نہیں کیا کیونکہ بھتیجوں اور بھانجوں کا ذکر کرنے کے بعد دلالت النص سے چچا اور ماموں کا حکم معلوم ہو جاتا ہے کیونکہ بھتیجوں کے رشتہ سے امہات المومنین پھوپھیاں ہوں گی اور بھانجوں کے رشتہ سے خالائیں اور چچا پھوپھی کا ایک ہی رشتہ ہے اسی طرح ماموں اور خالہ بھی ہم رشتہ ہیں (باپ کا بھائی چچا اور بہن پھوپھی ہوتی ہے اور ماں کا بھائی ماموں اور بہن خالہ ہوتی ہے)

رضاعی رشتوں کے محرم:

بخاری نے حضرت عروہ بن زبیر کی روایت سے بیان کیا ہے کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا آیت حجاب نازل ہونے کے بعد ابوالقعیس کے بھائی افلح نے میرے پاس آنے کی اجازت طلب کی میں نے کہا جب تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت نہیں لے لوں گی خود اجازت نہیں دے سکتی۔ ابوالقعیس کے بھائی نے دودھ نہیں پلایا ابوالقعیس کی بیوی نے پلایا تھا جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اندر تشریف لائے تو میں نے کہا ابوالقعیس کے بھائی نے میرے پاس اندر آنے کی اجازت طلب کی تھی مگر آپ کی اجازت کے بغیر میں نے اجازت دینے سے انکار کر دیا فرمایا تم اپنے چچا کو اجازت دے دو میں نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اس مرد نے دودھ نہیں پلایا بلکہ ابوالقعیس کی بیوی نے پلایا تھا فرمایا تیرا ہاتھ خاک آلود ہو وہ تیرا چچا ہے اس کو اجازت دے دے۔ حضرت عروہ نے کہا اسی لئے حضرت عائشہ فرماتی تھیں جن نسبی رشتوں کو تم محرم قرار دیتے ہو انہیں رضاعی رشتوں کو بھی محرم قرار دو۔ (تفسیر مظہری)

وَاتَّقِيْنَ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا
اور ڈرتی رہو اے عورتو اللہ سے بیشک اللہ کے سامنے ہے ہر چیز

یعنی پردہ کے جو احکام بیان ہوئے اور جو استثناء کیا گیا پوری طرح ملحوظ رکھو ذرا بھی گڑبڑ نہ ہونے پائے۔ ظاہر و باطن میں حدود اللہ محفوظ رہنی چاہئیں۔ اللہ سے تمہارا کوئی حال چھپا ہوا نہیں يَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ (تفسیر عثمانی)

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اللہ اور اُس کے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں رسول پر اے ایمان
اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا
والو رحمت بھیجو اُس پر اور سلام بھیجو سلام کہہ کر

حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام اور اس کا مفہوم:

صلوٰۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مطلب ہے نبی کی ثناء تعظیم رحمت و عطوفت کے ساتھ پھر جس کی طرف صلوٰۃ منسوب ہوگی اُسی کی شان و مرتبہ کے لائق ثناء تعظیم اور رحمت و عطوفت مُراد لیں گے، جیسے کہتے ہیں کہ باپ بیٹے پر، بیٹا باپ پر اور بھائی بھائی پر مہربان ہے یا ہر ایک دوسرے سے محبت کرتا ہے تو ظاہر ہے، جس طرح کی محبت اور مہربانی باپ کی بیٹے پر ہے اُس نوعیت کی بیٹے کی باپ پر نہیں اور بھائی کی بھائی پر ان دونوں سے جدا گانہ ہوتی ہے۔ ایسے ہی یہاں سمجھ لو۔ اللہ بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ بھیجتا ہے یعنی رحمت وشفقت کے ساتھ آپ کی ثناء اور اعزاز و اکرام کرتا ہے۔ اور فرشتے بھی بھیجتے ہیں، مگر ہر ایک کی صلوٰۃ اور رحمت و تکریم اپنی شان و مرتبہ کے موافق ہوگی۔ آگے مومنین کو حکم ہے کہ تم بھی صلوٰۃ رحمت بھیجو۔ اس کی حیثیت ان دونوں سے علیحدہ ہونی چاہئے۔ علماء نے کہا کہ اللہ کی صلوٰۃ رحمت بھیجنا اور فرشتوں کی صلوٰۃ استغفار کرنا اور مومنین کی صلوٰۃ دُعا کرنا ہے۔ حدیث میں ہے کہ جب آیت نازل ہوئی صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ اسلام کا طریقہ تو ہمیں معلوم ہو چکا (یعنی نماز کے تشہد میں جو پڑھا جاتا ہے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ صلوۃ کا طریقہ بھی ارشاد فرما دیجئے جو نماز میں پڑھا کریں۔ آپ نے یہ درود شریف تلقین کیا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ. اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ. غرض یہ ہے کہ حق تعالیٰ نے مومنین کو حکم دیا کہ تم بھی نبی پر صلوٰۃ (رحمت) بھیجو۔ نبی نے بتلا دیا کہ تمہارا بھیجنا یہ ہے کہ اللہ سے درخواست کرو کہ وہ اپنی بیش از بیش رحمتیں ابدالآباد تک نبی پر نازل فرماتا رہے کیونکہ اس کی رحمتوں کی کوئی حد و نہایت نہیں یہ بھی اللہ کی رحمت ہے کہ اس درخواست پر جو مزید رحمتیں نازل فرمائے وہ ہم عاجز و ناچیز بندوں کی طرف منسوب کر دی جائیں۔ گویا ہم نے بھیجی ہیں۔ حالانکہ ہر حال میں رحمت بھیجنے والا وہ ہی اکیلا ہے کسی بندہ کی کیا طاقت تھی کہ سید الانبیاء کی بارگاہ میں اُن کے رُتبہ کے لائق

besturdubooks.wordpress.com

تحفہ پیش کر سکتا۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "اللہ سے رحمت مانگنی اپنے پیغمبر پر اور اُن کے ساتھ ان کے گھرانے پر بڑی قبولیت رکھتی ہے۔ اُن پر اُن کے لائق رحمت اُترتی ہے۔ اور ایک دفعہ مانگنے سے دس رحمتیں اُترتی ہیں مانگنے والے پر۔ اب جس کا جتنا جی چاہے اُتنا حاصل کرلے۔ (تنبیہ) صلوٰۃ علی النبی کے متعلق مزید تفصیلات ان مختصر فوائد میں نہیں سما سکتیں۔ شروع حدیث میں مطالعہ کی جائیں۔ اور اس باب میں شیخ شمس الدین سخاویؒ کا رسالہ القول البدیع فی الصلوٰۃ علی الحبیب الشفیع قابل دید ہے۔ ہم نے شرح صحیح مسلم میں بقدر کفایت لکھ دیا ہے فالحمد للہ علیٰ ذٰلک۔ (تفسیر عثمانی)

صحیح بخاری شریف میں حضرت ابوالعالیہ سے مروی ہے کہ خدا کا اپنے نبی پر درود بھیجنا اپنے فرشتوں کے سامنے آپ کی ثناء وصفت کا بیان کرنا ہے اور فرشتوں کا درود آپ کے لئے دعا کرنا ہے۔ ابن عباسؓ فرماتے ہیں یعنی برکت کی دعا۔ اکثر اہل علم کا قول ہے کہ خدا کا درود رحمت ہے فرشتوں کا درود استغفار ہے۔ حضرت عطا رحمہ اللہ فرماتے ہیں اللہ تبارک وتعالیٰ کی صلوٰۃ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ سَبَقَتْ رَحْمَتِیْ غَضَبِیْ ہے۔

حضرت علیؓ کی بتلائی ہوئی دُعاء:

حضرت علیؓ سے لوگوں کو اس دعا کا سکھانا بھی مروی ہے۔

اَللّٰھُمَّ دَاحِیَ الْمَدْحُوَّاتِ وَبَارِیَ الْمَسْمُوْکَاتِ وَ جَبَّارَ الْقُلُوْبِ عَلٰی فِطْرَتِھَا شَقِیِّھَا وَسَعِیْدِھَا اِجْعَلْ شَرَآئِفَ صَلَوٰتِکَ وَنَوَامِیَ بَرَکَاتِکَ وَفَضَائِلَ اٰلَآئِکَ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ الْفَاتِحِ لِمَا اُغْلِقَ وَالْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ وَ الْمُعْلِنِ الْحَقَّ بِالْحَقِّ وَالدَّامِغِ لِجَیْشَاتِ الْاَبَاطِیْلِ کَمَا حُمِّلَ فَاضْطَلَعَ بِاَمْرِکَ بِطَاعَتِکَ مُسْتَوْفِزًا فِیْ مَرْضَاتِکَ غَیْرَ نَکِلٍ فِیْ قَدَمٍ وَّلَا وَھْنٍ فِیْ عَزْمٍ وَاعِیًا لِوَحْیِکَ حَافِظًا لِعَھْدِکَ مَاضِیًا عَلٰی نَفَاذِ اَمْرِکَ حَتّٰی اَوْرٰی قَبَسًا لِقَابِسٍ اٰلَآءُ اللّٰہِ تَصِلُ بِاَھْلِہٖ اَسْبَابَہٗ بِہٖ ھُدِیَتِ الْقُلُوْبُ بَعْدَ خَوْضَاتِ الْفِتَنِ وَالْاِثْمِ وَاَبْھَجَ مُوْضِحَاتِ الْاَعْلَامِ وَنَآئِرَاتِ الْاَحْکَامِ وَمُنِیْرَاتِ الْاِسْلَامِ فَھُوَ اَمِیْنُکَ الْمَاْمُوْنُ وَ خَازِنُ عِلْمِکَ الْمَخْزُوْنِ وَشَھِیْدُکَ یَوْمَ الدِّیْنِ وَبَعِیْثُکَ نِعْمَۃً وَّرَسُوْلُکَ بِالْحَقِّ رَحْمَۃً اَللّٰھُمَّ افْسَحْ لَہٗ فِیْ عَدْنِکَ وَ اجْزِہٖ مُضَاعَفَاتِ الْخَیْرِ مِنْ فَضْلِکَ لَہٗ مُھَنَّاتٍ بِخَیْرٍ مُکَدَّرَاتٍ مِّنْ فَوْزِ ثَوَابِکَ الْمَعْلُوْلِ وَ جَبِیْلِ عَطَآئِکَ الْمَحْلُوْلِ اَللّٰھُمَّ اَعْلِ عَلٰی بِنَآءِ النَّاسِ بِنَآءَہٗ وَ اَکْرِمْ مَثْوَاہُ لَدَیْکَ وَنُزُلَہٗ وَاَتْمِمْ لَہٗ نُوْرَہٗ وَاجْزِہٖ مِنِ ابْتِعَاثِکَ لَہٗ مَقْبُوْلَ الشَّھَادَۃِ مَرْضِیَّ الْمَقَالَۃِ ذَامَنْطِقٍ عَدْلٍ وَّخُطَّۃٍ فَصْلٍ وَّحُجَّۃٍ وَّبُرْھَانٍ عَظِیْمٍ۔

مگر اس کی سند ٹھیک نہیں۔ اس کا راوی سلامہ کندی نہ تو معروف ہے نہ اس کی ملاقات حضرت علیؓ سے ثابت ہے۔

ابن جریر کی ایک روایت میں ہے کہ حضرت یونس بن حباب نے اپنے فارس کے ایک خطبے میں اس کی تلاوت کی پھر لوگوں کے درود کے طریقے کے سوال کو بیان فرما کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جواب میں وَارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ کَمَا رَحِمْتَ اٰلَ اِبْرَاھِیْمَ کو بھی بیان فرمایا ہے اس سے یہ بھی استدلال کیا گیا ہے کہ آپ کے لئے رحم کی دعا بھی ہے۔ جمہور کا یہی مذہب ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

درود بھیجنا واجب ہے یا مستحب:

بعض کا قول ہے کہ عمر بھر میں ایک مرتبہ آپ پر درود واجب ہے۔ پھر مستحب ہے تاکہ آیت کی تعمیل ہو جائے۔ قاضی عیاضؒ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کے وجوب کو بیان فرما کر اسی قول کی تائید کی ہے۔ لیکن طبریؒ فرماتے ہیں کہ آیت سے تو استحباب ہی ثابت ہوتا ہے اور اس پر اجماع کا دعویٰ کیا ہے۔ بہت ممکن ہے کہ ان کا مطلب بھی یہی ہو کہ ایک مرتبہ واجب پھر مستحب جیسے آپ کی نبوت کی گواہی۔ لیکن میں کہتا ہوں بہت سے ایسے اوقات ہیں جن میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کا ہمیں حکم ملا ہے لیکن بعض وقت واجب ہے اور بعض جگہ واجب نہیں۔ چنانچہ (۱) اذان سن کر دیکھئے مسند کی حدیث میں ہے جب تم اذان سنو تو جو مؤذن کہہ رہا ہے تم بھی کہو پھر مجھ پر درود بھیجو، ایک کے بدلے دس درود اللہ تم پر بھیجے گا پھر میرے لئے وسیلہ مانگو جو جنت کی ایک منزل ہے اور ایک ہی بندہ اس کا مستحق ہے۔ مجھے امید ہے کہ وہ بندہ میں ہوں۔ سنو جو میرے لئے وسیلہ کی دُعا کرتا ہے اس کے لئے میری شفاعت حلال ہو جاتی ہے۔ پہلے درود کی زکوٰۃ ہونے کی حدیث میں بھی اس کا بیان آ چکا ہے۔ فرمان ہے کہ جو شخص درود بھیجے اور کہے اَللّٰھُمَّ اَنْزِلْہُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اس کے لئے میری شفاعت قیامت کے دن واجب ہو جائے گی (مسند) ابن عباسؓ سے دُعا منقول ہے اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ شَفَاعَۃَ مُحَمَّدٍ الْکُبْرٰی وَارْفَعْ دَرَجَتَہُ الْعُلْیَا وَاَعْطِہٖ سُؤْلَہٗ فِی الْاٰخِرَۃِ وَالْاُوْلٰی کَمَا اٰتَیْتَ اِبْرَاھِیْمَ وَمُوْسٰی عَلَیْھِمُ السَّلَامُ۔ (۲) مسجد میں جانے اور مسجد نکلنے کے وقت۔ چنانچہ مسند میں ہے حضرت فاطمہؓ فرماتی ہیں جب آنحضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) مسجد میں جاتے تو درود وسلام پڑھ کر اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ فَضْلِکَ پڑھتے۔ (تفسیر ابن کثیر)

آیت دلالت کر رہی ہے کہ صلوٰۃ وسلام بھیجنا مسلمانوں پر واجب ہے خواہ عمر میں ایک ہی بار ہو۔ امام ابوحنیفہ اور امام مالک کا یہی قول ہے طحاوی

besturdubooks.wordpress.com

نے اسی کو اختیار کیا ہے۔ ابن ہمام نے کہا امر کا مقتضی قطعی عمر بھر میں ایک بار (تعمیل) ہے کیونکہ امر تکرار کو نہیں چاہتا اور ہم اسی کے قائل ہیں۔

آخری قعدہ میں درود پڑھنا:

بعض کا قول ہے کہ ہر نماز کے آخری قعدہ میں تشہد کے بعد درود پڑھنی واجب ہے امام شافعی اور امام احمد کا یہی قول ہے۔

رحمۃ الامۃ فی اختلاف الائمۃ میں ہے کہ آخری تشہد میں درود پڑھنی امام ابوحنیفہ اور امام مالک کے نزدیک سنت ہے اور امام شافعی کے نزدیک فرض ہے اور مشہور ترین روایت میں امام احمد کا قول آیا ہے کہ درود کو ترک کرنے سے نماز نہیں ہوتی۔

ابن ہمام نے اس کو حضرت ابن مسعود کی روایت سے بیان کیا ہے اور یہ کہا ہے کہ ابن جوزی نے کہا اس کی روایت میں جابر ضعیف ہے اور روایت میں اختلاف ہے کبھی موقوفاً بیان کیا ہے کبھی مرفوعاً۔

حاکم اور بیہقی نے بروایت یحییٰ بن سباق قبیلہ بنی حارث کی وساطت سے حضرت ابن مسعود کا قول نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی تشہد پڑھ چکے تو کہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔ حافظ ابن حجر نے کہا اس حدیث کے راوی سواء حارثی شخص کے ثقہ ہیں حارثی قابل نظر ہے۔

ابن ہمام نے لکھا ہے حدیث لَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيَّ کو تمام اہل حدیث نے ضعیف قرار دیا ہے۔ اور اگر اس کو صحیح بھی مان لیا جائے تو اس سے مراد کامل نماز کی نفی ہے (یعنی جس نے مجھ پر نماز کے اندر درود نہیں پڑھی اس کی نماز کامل نہیں ہوئی، یا یہ مطلب ہے کہ جس نے عمر میں ایک بار بھی درود نہیں پڑھی اس کی نماز نہیں۔

حافظ ابن حجر نے کہا اس حدیث سے زیادہ قوی حضرت فضالہ بن عبید کی حدیث ہے فضالہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں دعا کرتے سنا مگر اس نے رسول اللہ پر درود نہیں پڑی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس نے (دعا مانگنے میں) عجلت کی پھر اس کو بلایا اور اس کو نیز دوسرے لوگوں کو مخاطب کر کے فرمایا تم میں سے جو شخص نماز پڑھے تو پہلے اللہ کی حمد و ثناء کرے پھر مجھ پر درود بھیجے پھر جو کچھ چاہے دعا کرے۔

رواہ ابوداؤد والنسائی والترمذی وابن خزیمہ وابن حبان والحاکم ترمذی کی روایت کے یہ الفاظ ہیں کہ فضالہ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے ایک آدمی آیا اور اس نے نماز پڑھی پھر کہا اے اللہ تو مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما حضور نے فرمایا اے نماز پڑھنے والے تو نے عجلت کی جب تو نماز پڑھے اور بیٹھ جائے تو (اول) ان صفات کے ساتھ اللہ کی حمد کر جن کا وہ مستحق ہے پھر مجھ پر درود پڑھ پھر اللہ سے دعا کر۔

راوی کا بیان ہے پھر ایک اور آدمی آیا اور اس نے نماز پڑھی اور اللہ کی حمد کی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجی حضور نے فرمایا اے نماز پڑھنے والے اب تو دعا کر تیری دعا قبول ہوگی رواہ الترمذی۔ ابوداؤد اور نسائی نے بھی ایسی ہی حدیث بیان کی ہے۔ میں کہتا ہوں نماز میں تشہد کے بعد رسول اللہ پر درود پڑھنے کے وجوب پر اس طرح بھی دلیل قائم کی جاسکتی ہے کہ آیت مذکورہ میں جس درود کا حکم دیا گیا ہے اس سے مراد نماز کے اندر درود پڑھنا ہے جیسے آیت وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ میں تکبیر سے مراد تکبیر تحریمہ اور آیت وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ میں قیام سے مراد نماز میں کھڑا ہونا اور آیت وَاسْجُدُوْا وَارْكَعُوْا میں سجدہ اور رکوع سے مراد نماز میں سجود و رکوع اور آیت فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ میں قرأت قرآن سے مراد نماز کے اندر قرآن پڑھنا ہے کعب بن عجرہ کی حدیث جس کو بخاری نے نقل کیا ہے اسی پر دلالت کرتی ہے۔ حضرت ابوسعید خدری کی روایت سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ حضور سے عرض کیا گیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ پر سلام (کا طریقہ) تو ہم کو معلوم ہے مگر درود بھیجنے کا کیا طریقہ ہے فرمایا کہو اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى محمد الخ یعنی تشہد میں سلام کا طریقہ تو ہم کو معلوم ہو چکا ہے تشہد میں السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ پڑھا ہی جاتا ہے مگر درود اس وقت کس طرح پڑھیں اس سوال کے جواب میں (نماز کے اندر) درود پڑھنے کا طریقہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بتا دیا کہ اللهم صل علی محمد الخ پڑھا کرو۔ امت اسلامیہ نے بالاتفاق اس حدیث کو تسلیم کیا ہے اور بلا اختلاف تشہد کے بعد درود پڑھنے کی صراحت کی ہے البتہ واجب اور سنت ہونے میں اختلاف ہے اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جس درود کا حکم آیت مذکورہ میں دیا گیا ہے اس سے مراد تشہد کے بعد نماز کے اندر درود پڑھنا ہے۔

ہر دفعہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نام پر درود کے واجب ہونے کے دلائل

جو لوگ کہتے ہیں کہ جب بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام آئے درود پڑھنا واجب ہے انہوں نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے کہ حضرت ابوہریرہؓ کی روایت میں آیا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس شخص کی ناک خاک آلود ہو جس کے سامنے میرا تذکرہ آیا ہو اور اس نے مجھ پر درود نہ پڑھی ہو اور اس شخص کی ناک خاک آلود ہو کہ اس پر رمضان آ کر گزر بھی جائے اور اس کی مغفرت نہ ہو۔ اور اس شخص کی ناک خاک آلود ہو کہ اس کے

besturdubooks.wordpress.com

ماں باپ یا دونوں میں سے ایک اس کی زندگی میں بوڑھے ہو جائیں۔اور اس شخص کے جنت میں داخلہ کا ذریعہ نہ بنیں (یعنی بیٹا بوڑھے ماں باپ کی خدمت نہ کرے اس لئے وہ ناراض رہیں اور یہ شخص جنت سے محروم ہو جائے)رواہ الترمذی و ابن حبان فی صحیحہ.

حضرت جابر بن سمرہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے اور دوزخ میں چلا جائے اللہ اس کو دور رکھے۔

حضرت ابن عباس کی مرفوع حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے پاس جبرئیل علیہ السلام آئے (اور انہوں نے کہا) جس شخص کے سامنے آپ کا تذکرہ ہوا اور وہ آپ پر درود نہ پڑھے اور (اس وجہ سے) دوزخ میں داخل ہو جائے پس اللہ اس کو دور رکھے۔ یہ دونوں حدیثیں طبرانی نے نقل کی ہیں۔

ابن سنی نے حضرت جابر کی مرفوع حدیث ان الفاظ کے ساتھ نقل کی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کے سامنے میرا ذکر ہوا اور اس نے مجھ پر درود نہیں پڑھی وہ بدنصیب ہوگیا۔

حضرت علیؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کے سامنے میرا ذکر آئے اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے وہ بخیل ہے۔رواہ الترمذی۔ ترمذی نے اس حدیث کو حسن صحیح غریب کہا ہے امام احمد نے یہ حدیث حضرت امام حسینؓ کی روایت سے بیان کی ہے۔

طبرانی نے اچھی سند کے ساتھ حضرت امام حسین کی مرفوع روایت اس طرح بیان کی ہے۔جس کے سامنے میرا تذکرہ آیا اور اس سے مجھ پر درود پڑھنی چھوٹ گئی اس سے جنت کا راستہ چھوٹ گیا۔نسائی نے صحیح سند سے حضرت انس کی روایت سے بیان کیا ہے۔جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اس کو چاہئے کہ مجھ پر درود پڑھے کیونکہ جو شخص مجھ پر (ایک بار) درود پڑھے گا اللہ اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا (یا دس بار رحمت نازل فرمائے گا)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام کی فضیلت وکیفیت

عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ کا بیان ہے میری ملاقات حضرت کعب بن عجرہؓ سے ہوئی تو انہوں نے مجھ سے کہا کیا (حدیث کا) ایک تحفہ میں تم کو پیش نہ کر دوں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے میں نے خود سنی ہے میں نے کہا کیوں نہیں ضرور وہ تحفہ مجھے عنایت فرمایئے کعب نے کہا ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ آپ کو سلام کرنا تو اللہ نے ہمیں بتا دیا ہے لیکن آپ (اور آپ کے) اہل بیت پر ہم درود کس طرح پڑھیں فرمایا کہو۔
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَرْحَمْ مُحَمَّدًا وَاٰلَ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ وَبَارَکْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ (متفق علیہ)

مسلم کی روایت میں دونوں جگہ علیٰ ابراہیم کا لفظ نہیں ہے (صرف علیٰ آل ابراہیم ہے) حضرت ابوحمید ساعدی راوی ہیں کہ صحابہ نے کہا رسول اللہ ہم آپ پر درود کیسے پڑھیں فرمایا کہو۔

اللھم صل علیٰ محمد وازواجہ وذُرِّیَتِہٖ کما صلیت علی آل ابراھیم وبارک علیٰ محمد وازواجہ و ذریتہ کمابارکت علی آل ابراھیم انک حمید مجید. (متفق علیہ)

حضرت ابوہریرہؓ کی روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو ایک بار مجھ پر درود پڑھے گا اللہ دس بار رحمت اس پر نازل فرمائے گا۔رواہ مسلم۔

ایک دفعہ درود پر دس رحمتیں:

حضرت انس راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو مجھ پر ایک درود پڑھے گا اللہ اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا اور دس خطائیں ساقط کرے گا اور دس درجے بلند کرے گا۔رواہ احمد والبخاری فی الادب والنسائی والحاکم۔حاکم نے اس کو صحیح کہا ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے قرب کا حصول:

حضرت ابن مسعود کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن مجھ سے سب سے زیادہ قریب وہ ہوگا جو مجھ پر سب سے زیادہ درود پڑھتا ہوگا۔رواہ الترمذی۔

سلام پہنچانے والے فرشتے:

حضرت ابن مسعود راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ کے کچھ فرشتے زمین پر گھومتے پھرتے ہیں وہ مجھے میری امت کا سلام پہنچاتے ہیں۔رواہ النسائی والدارمی۔

سلام کا جواب: حضرت ابوہریرہ راوی ہیں جو کوئی (جب بھی) مجھ پر سلام پڑھے گا اللہ میری روح مجھے لوٹا دے گا کہ میں سلام کا جواب دوں گا۔ رواہ ابوداؤد والبیہقی فی الدعوات الکبیر۔

حضرت ابوہریرہؓ کا بیان ہے میں نے خود سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے اپنے گھروں کو قبریں نہ بناؤ (کہ وہاں نماز نہ پڑھو۔مترجم) اور نہ میری قبر کو میلہ بنانا۔اور مجھ پر درود پڑھنا تمہارا درود مجھے پہنچے گا تم جہاں بھی ہو۔

دس رحمتوں اور دس سلامتیوں کا حصول:

حضرت ابوطلحہؓ راوی ہیں ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اس وقت حضور کے چہرہ پر شگفتگی تھی فرمایا مجھ سے جبرئیل نے آکر کہا کہ آپ کا رب

besturdubooks.wordpress.com

فرماتا ہے محمد کیا تم اس بات پر خوش نہ ہو گے کہ تمہاری امت میں سے جو کوئی تم پر درود پڑھے گا میں اس پر دس رحمتیں نازل کروں گا اور تمہاری امت میں سے جو کوئی آپ پر سلام پڑھے گا میں دس بار اس پر سلامتی نازل کروں گا رواہ النسائی والدارمی۔

تمام فکر دُور ہو جائیں گے:

حضرت اُبی بن کعب کا بیان ہے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ میں آپ پر درود بہت پڑھتا ہوں کتنی بار پڑھا کروں فرمایا جتنی (بھی) چاہو میں نے عرض کیا (ذکر خداوندی اور دعا کا) ایک چوتھائی (درود کے لئے مقرر کرلوں) فرمایا جتنا تم چاہو اگر زیادہ کرلو تو تمہارے لئے بہتر ہوگا۔ میں نے عرض کیا (کل ذکر کا) آدھا حصہ (درود کو بنالوں فرمایا تم جتنا چاہو (کرلو لیکن) اگر زیادہ کرلو تو تمہارے لئے بہتر ہوگا میں نے عرض کیا، کیا دو تہائی فرمایا جتنا چاہو مگر زیادہ کرلو تو تمہارے لئے بہتر ہوگا میں نے عرض کیا، کیا میں اپنی ساری دعا آپ کے لئے کردوں فرمایا تو ایسی حالت میں تمہارے سارے فکر دور ہو جائیں گے) کام پورے کر دیئے جائیں گے اور تمہارے گناہ ساقط کردیئے جائیں گے۔ رواہ الترمذی

بھرپور بدلہ: حضرت ابو ہریرہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر کسی کو یہ بات (پسند اور) مسرور کرنے والی ہو کہ جب وہ ہم گھر والوں کے لئے دعا کرے تو اس کو بھرپور پیمانہ سے (بدلہ) دیا جائے تو اس کو اس طرح کہنا چاہیے۔ اللھم صل علیٰ محمد النبی الامی وَاَزْوَاجِہٖ امھات المؤمنین وذُرِّیَتِہٖ وَاھلِ بیتہٖ کَمَا صَلَّیتَ عَلیٰ ابراھیم انک حمیدٌ مجیدٌ (رواہ ابوداؤد)

ستر رحمتیں: حضرت عبداللہ بن عمرو کا قول ہے کہ جو شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک بار درود پڑھے گا اللہ اور اس کے فرشتے ستر رحمتیں اس پر نازل کریں گے۔ رواہ احمد

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت:

حضرت رویفع کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے مجھ پر درود پڑھی اور کہا۔ اَللّٰھُمَّ انزله المقعد المقرب عندک یوم القیامة وجبت لهٗ شفاعتی اے اللہ قیامت کے دن محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا مقام قرب عنایت کر اس کے لئے میری شفاعت لازم ہوگئی۔ رواہ احمد

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشی:

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کا بیان ہے ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (گھر سے) برآمد ہوئے اور ایک نخلستان کے اندر پہنچے وہاں پہنچ کر آپ نے سجدہ کیا اور اتنا طویل سجدہ کیا کہ مجھے اندیشہ ہوگیا کہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات نہ ہوگئی ہو میں دیکھنے کے لئے (قریب گیا) آپ نے سر اٹھا کر فرمایا کیا بات ہے میں نے اپنا اندیشہ بیان کردیا۔ فرمایا جبرئیل نے (آ کر) مجھ سے کہا تھا کیا میں آپ کو یہ خوشخبری نہ سنادوں کہ اللہ نے آپ کے (اعزاز و خوش کرنے کے) لئے فرمایا ہے کہ جو شخص آپ پر درود پڑھے گا میں اس پر رحمت نازل کروں گا اور جو آپ پر سلام پڑھے گا میں اس کو سلامتی عطا کروں گا رواہ احمد۔

دُعاء کی قبولیت:

حضرت عمر بن خطابؓ نے فرمایا دعا آسمان و زمین کے درمیان روک لی جاتی ہے جب تک تم اپنے نبیؐ پر درود نہ پڑھو دعا کا کوئی حصہ اوپر نہیں چڑھنے پاتا۔ رواہ الترمذی

جتنا درود اتنی رحمتیں:

عبداللہ بن عامر بن ربیعہ نے اپنے باپ کا بیان نقل کیا کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا جو شخص مجھ پر جتنی درود پڑھتا ہے فرشتے اتنی ہی اس پر رحمتیں نازل کرتے ہیں۔ اب بندہ کو اختیار رہے کم درود پڑھے یا زیادہ۔ رواہ البغوی

احد پہاڑ جتنا ثواب:

حضرت علی راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مجھ پر ایک بار درود پڑھتا ہے اس کے لئے ایک قیراط (ثواب) لکھ دیا جاتا ہے اور ایک قیراط کوہ احد کے برابر ہوتا ہے۔ رواہ عبدالرزاق فی الجامع بسند حسن۔

صبح شام دس مرتبہ درود:

حضرت ابو درداء کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص صبح اور شام دس دس مرتبہ درود پڑھے گا اس کو میری شفاعت مل جائے گی۔ رواہ الطبرانی فی الکبیر بسند حسن۔

روئے زمین کے تمام باشندوں کے برابر عمل:

حضرت ابوبکر صدیق کا بیان ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا ایک آدمی نے آکر سلام کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو سلام کا جواب دیا اور کشادہ روئی کے ساتھ اس کو اپنے پہلو میں بیٹھا لیا جب وہ شخص اپنا کام پورا کر کے اُٹھ گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابوبکر روزانہ اس شخص کا عمل باشندگان زمین کے (سارے) اعمال کے برابر اٹھایا جاتا ہے میں نے عرض کیا ایسا کیوں ہے فرمایا جب صبح ہوتی ہے تو یہ شخص دس بار مجھ پر درود پڑھتا ہے اور اس کا یہ درود ایسا ہوتا ہے جیسے ساری مخلوق کا درود میں نے عرض کیا وہ کیا درود ہے فرمایا وہ کہتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلیٰ مُحَمَّدِ النَّبِیِّ عَدَدَ مَنْ صَلّٰی مِنْ خَلْقِکَ وَصَلِّ عَلیٰ مُحَمَّدٍ کَمَا یَنْبَغِیْ لَنَا اَنْ نُّصَلِّیْ عَلَیْهِ وَصَلِّ عَلیٰ مُحَمَّدِ النَّبِیِّ کَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّیْ عَلَیْهِ۔

besturdubooks.wordpress.com

گناہوں کی صفائی:

حضرت ابوبکر صدیق راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا گناہوں کو اس سے زیادہ مٹا دیتا ہے۔ جتنا پانی آگ کو (بجھاتا ہے) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام پڑھنا گردنیں (یعنی بردے) آزاد کرنے سے بھی افضل ہے۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت (راہ خدا میں اپنا) خونِ دل دینے سے بھی افضل ہے یا فرمایا۔ راہِ خدا میں شمشیر زنی سے بھی افضل ہے۔

وتروں کی دُعاء:

حضرت حسنؓ فرماتے ہیں مجھے حضور نے یہ کلمات سکھائے جنہیں وتروں میں پڑھا کرتا ہوں اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ فِیْمَنْ ھَدَیْتَ وَعَافِنِیْ فِیْمَنْ عَافَیْتَ وَتَوَلَّنِیْ فِیْمَنْ تَوَلَّیْتَ وَبَارِکْ لِیْ فِیْمَا اَعْطَیْتَ وَقِنِیْ شَرَّمَا قَضَیْتَ فَاِنَّکَ تَقْضِیْ وَلَا یُقْضٰی عَلَیْکَ اِنَّہٗ لَا یَذِلُّ مَنْ وَّالَیْتَ وَلَا یَعِزُّ مَنْ عَادَیْتَ تَبَارَکْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ (اھل السنن)

جمعہ کو درود کی کثرت:

نسائی کی روایت میں آخر میں یہ الفاظ بھی ہیں وَصَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ۔ جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات میں مسند احمد میں ہے سب سے افضل دن جمعہ کا دن ہے۔ اسی میں حضرت آدمؑ پیدا کئے گئے اسی میں قبض کئے گئے۔ اسی میں نفخہ ہے اسی میں بے ہوشی ہے پس تم اس دن مجھ پر بہ کثرت درود پڑھا کرو۔ تمہارے درود مجھ پر پیش کئے جاتے ہیں۔ صحابہؓ نے پوچھا، آپ تو زمین میں دفنا دیئے گئے ہوں گے۔ پھر ہمارے درود آپ پر کیسے پیش کئے جائیں گے؟ آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے نبیوں کے جسموں کا کھانا زمین پر حرام کر دیا ہے۔ ابوداؤد، نسائی وغیرہ میں بھی یہ حدیث ہے۔ ابن ماجہ میں ہے جمعہ کے دن بہ کثرت درود پڑھو۔ اُس دن فرشتے حاضر ہوتے ہیں۔ جب کوئی مجھ پر درود پڑھتا ہے اُس کا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے جب تک وہ فارغ ہو۔ پوچھا گیا۔ موت کے بعد بھی؟ فرمایا اللہ تعالیٰ نے زمین پر نبیوں کے جسموں کو گلانا سڑانا حرام کر دیا ہے نبی اللہ زندہ ہیں روزی دیئے جاتے ہیں۔ یہ حدیث غریب ہے اور اس میں انقطاع ہے۔ عبادہ بن نسی نے حضرت ابوالدرداءؓ کو پایا نہیں، واللہ اعلم بیہقی میں بھی حدیث ہے کہ جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات مجھ پر بہ کثرت درود بھیجو۔ لیکن وہ بھی ضعیف ہے۔ ایک روایت میں ہے اس کا جسم زمین نہیں کھاتی، جس سے روح القدس نے کلام کیا ہو۔

ابوداؤد میں ہے جو مسلمان مجھ پر سلام پڑھتا ہے، اللہ تعالیٰ میری روح کو لوٹا دیتا ہے یہاں تک کہ میں اس کے سلام کا جواب دوں۔

کتاب میں درود لکھنے کا ثواب:

کاتب اس بات کو مستحب جانتے ہیں کہ کاتب جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نام لکھے صلی اللہ علیہ وسلم ساتھ لکھے۔ ایک حدیث میں ہے جو شخص کسی کتاب میں مجھ پر درود لکھے اس کے درود کا ثواب اس وقت تک جاری رہتا ہے جب تک وہ کتاب رہے لیکن کئی وجہ سے یہ حدیث صحیح نہیں۔ بلکہ امام ذہبیؒ کے استاد تو اسے موضوع کہتے ہیں یہ حدیث بہت سے طریق سے مروی ہے۔ (ابن کثیر)

انبیاء کے علاوہ کیلئے صلوٰۃ و سلام کا مسئلہ

کیا انبیاء کے علاوہ دوسروں کیلئے بھی صلوٰۃ وسلام کا استعمال درست ہے؟

صحیح یہ ہے کہ تنہا غیر انبیاء کے لئے صحیح نہیں ہے اور تبعاً یعنی انبیاء کے ساتھ ملا کر صحیح ہے۔ جس طرح کہ محمد عزوجل کہنا مکروہ ہے باوجود یہ کہ آپ معزز اور جلیل القدر تھے اس کی وجہ یہ ہے عرف میں صلوٰۃ وسلام کا استعمال انبیاء کے لئے مخصوص کر دیا گیا ہے۔ جیسے جلّ و عزّ کے لفظ باری تعالیٰ کے لئے خاص کر دیئے گئے ہیں۔ سورہ توبہ کی آیت وَصَلِّ عَلَیْھِمْ اِنَّ صَلٰوتَکَ سَکَنٌ لَّھُمْ کی تفسیر کے ذیل میں اس کی مکمل تنقیح ہو چکی ہے۔ (تفسیر مظہری)

نبیوں کے سوا غیر نبیوں پر صلوٰۃ بھیجنا اگر تبعاً ہو تو بے شک جائز ہے جیسے حدیث میں ہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ ہاں صرف غیر نبیوں پر صلوٰۃ بھیجنے میں اختلاف ہے۔ بعض تو اسے جائز بتلاتے ہیں اور دلیل میں آیت ھُوَ الَّذِیْ یُصَلِّیْ عَلَیْکُمْ الخ اور اُولٰٓئِکَ عَلَیْھِمْ صَلَوٰتٌ اور وَصَلِّ عَلَیْھِمْ پیش کرتے ہیں اور حدیث بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کسی قوم کا صدقہ آتا تو آپ فرماتے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَیْھِمْ چنانچہ حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰؓ فرماتے ہیں جب میرے والد آپ کے پاس اپنا صدقے کا مال لائے تو آپ نے فرمایا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰٓی اٰلِ اَبِیْ اَوْفٰی (صحیحین)

حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کسی اور پر صلوٰۃ نہ بھیجنی چاہیے۔ ہاں مسلمان مَردوں عورتوں کے لئے دعائے مغفرت کرنی چاہیے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے ایک خط میں لکھا کہ بعض لوگ آخرت کے اعمال سے دنیا کے جمع کرنے کی فکر میں ہیں اور بعض مولوی وعظ میں اپنے خلیفوں اور امیروں کے لئے صلوٰۃ کے وہی الفاظ بولتے ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے تھے۔ جب تیرے پاس میرا یہ خط پہنچے تو ان سے کہہ دینا کہ صلوٰۃ صرف نبیوں کے لئے ہے اور عام مسلمانوں کے لئے اس کے سوا جو چاہیں دعا کریں۔ حضرت کعبؓ کہتے ہیں ہر صبح ستر ہزار فرشتے اُتر کر قبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گھیر لیتے ہیں اور اپنے پر سمیٹ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے دُعائے رحمت کرتے رہتے ہیں اور

besturdubooks.wordpress.com

ستر ہزار رات کو آتے ہیں۔ یہاں تک کہ قیامت کے دن جب آپ کی قبر مبارک شق ہوگی تو آپ کے ساتھ ستر ہزار فرشتے ہوں گے۔ (فرع) امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام ایک ساتھ بھیجے جائیں صرف صلی اللہ علیہ وسلم یا صرف علیہ السلام نہ کہے۔ اس آیت میں بھی دونوں ہی کا حکم ہے۔ پس اولیٰ یہ ہے کہ یوں کہا جائے صلی اللہ علیہ وسلم تسلیماً۔

صحابہ کرامؓ کی عظمت:

حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں، میں تمہیں اللہ کو یاد دلاتا ہوں۔ دیکھو خدا کو بیچ میں رکھ کر میں تم سے کہتا ہوں کہ میرے اصحابؓ کو میرے بعد نشانہ نہ بنالینا۔ میری محبت کی وجہ سے ان سے بھی محبت رکھنا ان سے بغض و بیر رکھنے والا مجھ سے دشمنی کرنے والا ہے انہیں جس نے ایذا دی اس نے مجھے ایذا دی اور جس نے مجھے ایذا دی اس نے خدا کو ایذا دی، اور جس نے خدا کو ایذا دی یقین مانو خدا اُس کی بھوسی اُڑا دے گا یہ حدیث ترمذی میں بھی ہے، جو لوگ ایمان داروں کی طرف ان برائیوں کو منسوب کرتے ہیں، جن سے وہ بَری ہیں وہ بڑے بہتان باز ہیں اور زبردست گناہگار ہیں۔ اس وعید میں سب سے پہلے تو کفار داخل ہیں۔ پھر رافضی شیعہ جو صحابہؓ پر عیب گیری کرتے ہیں اور خدا نے جن کی تعریفیں کی ہیں یہ انہیں بُرا کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے صاف فرما دیا ہے کہ وہ انصار و مہاجرین سے خوش ہے۔ قرآن کریم میں جگہ جگہ ان کی مدح و ستائش موجود ہے لیکن یہ بےخبر گند ذہن انہیں بُرا کہتے ہیں، ان کی مذمت کرتے ہیں اور ان میں وہ باتیں بتاتے ہیں جن سے وہ بالکل الگ ہیں۔ حق یہ ہے کہ خدا کی طرف سے اُن کے دل اندھے ہوگئے ہیں اس لئے ان کی زبانیں بھی اُلٹی چلتی ہیں۔ قابلِ مدح لوگوں کی مذمت کرتے ہیں اور مذمت والوں کی تعریفیں کرتے ہیں۔

نماز کیلئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم فرمودہ دُعاء:

صحیحین میں ہے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی ایسی دعا کی درخواست کی جسے وہ نماز میں پڑھیں تو آپ نے یہ دعا تعلیم فرمائی اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا کَثِیْرًا وَّ اِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْلِیْ مَغْفِرَۃً مِّنْ عِنْدِکَ وَارْحَمْنِیْ اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ یعنی خدایا میں نے بہت سے گناہ کئے ہیں۔ میں مانتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی انہیں معاف نہیں کرسکتا، پس تو اپنے پاس کی بخشش سے مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم کر، تو بڑا ہی بخشش کرنے والا مہربان ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

صلوٰۃ وسلام کا طریقہ:

حضرت کعب بن عجرہؓ نے فرمایا کہ (جب یہ آیت نازل ہوئی تو) ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ (آیت میں ہمیں دو چیزوں کا حکم ہے صلوٰۃ اور سلام کی سلام کا طریقہ تو ہمیں معلوم ہو چکا ہے (کہ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ کہتے ہیں) صلوٰۃ کا طریقہ بھی بتلا دیجئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ الفاظ کہا کرو اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ وَبَارَکْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ.

مسئلہ: اس پر بھی جمہور فقہاء کا اتفاق ہے جب کوئی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرے یا سُنے تو اس پر درود شریف واجب ہو جاتا ہے، کیونکہ حدیث میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر مبارک کے وقت درود شریف نہ پڑھنے پر وعید آئی ہے، جامع ترمذی میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: رَغِمَ اَنْفُ رَجُلٍ ذُکِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ یُصَلِّ عَلَیَّ یعنی ذلیل ہو وہ آدمی جس کے سامنے میرا ذکر آئے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے (قال الترمذی حدیث حسن (رواہ ابن السنی باسناد جید)

اور ایک حدیث میں ارشاد ہے اَلْبَخِیْلُ مَنْ ذُکِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ یُصَلِّ عَلَیَّ یعنی بخیل وہ شخص ہے جس کے سامنے میرا ذکر آئے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے (رواہ الترمذی وقال حدیث حسن صحیح)

مسئلہ: اگر ایک مجلس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر مبارک بار بار آئے تو صرف ایک مرتبہ درود پڑھنے سے واجب ادا ہوتا ہے، لیکن مستحب یہ ہے کہ جتنی بار ذکر مبارک خود کرے یا کسی سے سُنے ہر مرتبہ درود شریف پڑھے، حضرات محدثین سے زیادہ کون آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرسکتا ہے کہ اُن کا ہر وقت کا مشغلہ ہی حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے، جس میں ہر وقت بار بار آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر آتا ہے، تمام ائمہ حدیث کا دستور یہی رہا ہے کہ ہر مرتبہ درود وسلام پڑھتے اور لکھتے ہیں، تمام کتب حدیث اس پر شاہد ہیں۔ انہوں نے اس کی بھی پروا نہیں کی کہ اس تکرار صلوٰۃ وسلام سے کتاب کی ضخامت کافی بڑھ جاتی ہے کیونکہ اکثر تو چھوٹی چھوٹی حدیثیں آتی ہیں جن میں ایک دوسطر کے بعد نام مبارک آتا ہے، اور بعض جگہ تو ایک سطر میں ایک سے زیادہ مرتبہ نام مبارک مذکور ہوتا ہے، حضرات محدثین کہیں صلوٰۃ وسلام ترک نہیں کرتے۔

مسئلہ: ذکر مبارک کے وقت افضل و اعلیٰ اور مستحب تو یہی ہے کہ صلوٰۃ اور سلام دونوں پڑھے اور لکھے جائیں، لیکن اگر کوئی شخص ان میں سے ایک یعنی صرف صلوٰۃ یا صرف سلام پر اکتفاء کرے تو جمہور فقہاء کے نزدیک کوئی گناہ نہیں، شیخ الاسلام نوویؒ وغیرہ نے دونوں میں سے صرف ایک پر اکتفاء کرنا مکروہ فرمایا ہے، ابن حجر ہیثمیؒ نے فرمایا کہ ان کی مراد کراہت سے خلاف اَولیٰ ہونا ہے جس کو اصطلاح میں مکروہ تنزیہی کہا جاتا ہے، اور علماء امت کا مسلسل عمل اس پر شاہد ہے کہ وہ دونوں ہی کو جمع کرتے ہیں۔ اور بعض

besturdubooks.wordpress.com

اوقات ایک پر بھی اکتفاء کر لیتے ہیں۔

مسئلہ: لفظ صلوٰۃ انبیاء علیہم السلام کے سوا کسی کے لئے استعمال کرنا جمہور علماء کے نزدیک جائز نہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

جس مجلس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر مبارک ہو تو وہاں ایک بار واجب ہے اور اس سے زیادہ مستحب ہے۔

فائدہ: امت کی طرف سے جو صلوٰۃ و سلام پڑھا جاتا ہے وہ حضور پر نورؐ کے احسان کی مکافات نہیں بلکہ ایک فقیرانہ ہدیہ ہے جو شاہ رسالت کی بارگاہ میں پیش کیا جاتا ہے۔ دیکھو شرح کتاب الاذکار لابن علان ص ۳۱۵ ج ۳۔ (معارف کاندھلوی)

إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ

جو لوگ ستاتے ہیں اللہ کو اور اس کے رسول کو اُن کو پھٹکارا اللہ نے

فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُهِينًا

دنیا میں اور آخرت میں اور تیار رکھا ہے اُن کے واسطے ذلت کا عذاب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذا دینے کی سزا:

اوپر مسلمانوں کو حکم تھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایذاء کا سبب نہ بنیں بلکہ اُن کی انتہائی تعظیم و تکریم کریں جس کی ایک صورت صلوٰۃ و سلام بھیجنا ہے۔ اب بتلایا کہ اللہ و رسول کو ایذاء دینے والے دنیا و آخرت میں ملعون و مطرود اور سخت رسوا کن عذاب میں مبتلا ہوں گے۔ اللہ کو ستانا یہی ہے کہ اُس کے پیغمبروں کو ستائیں یا اُس کی جناب میں نالائق باتیں کہیں۔ (تفسیر عثمانی)

یہودی اور عیسائیوں کی ایذاء رسانی:

إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ بے شک جو لوگ اللہ کو اذیت دیتے ہیں۔ بغوی نے لکھا ہے ان لوگوں سے مراد ہیں یہودی، عیسائی اور مشرک یہودی تو کہتے تھے عُزَيْرٌ ابْنُ اللَّهِ اور يَدُ اللَّهِ مَغْلُولَةٌ اور إِنَّ اللَّهَ فَقِيرٌ وَنَحْنُ أَغْنِيَاءُ اور عیسائی کہتے تھے المسیح ابن اللہ اور کہتے تھے إِنَّ اللَّهَ ثَالِثُ ثَلَاثَةٍ اور مشرک کہتے تھے ملائکہ خدا کی بیٹیاں ہیں اور بت (معبود ہونے میں) اللہ کے ساجھی ہیں۔

ابن آدم کی نالائقی:

حضرت ابو ہریرہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ نے ارشاد فرمایا ہے آدم کے بیٹے نے میری تکذیب کی اور اس کو ایسا کرنا جائز نہ تھا اور آدم کے بیٹے نے مجھے گالی دی اور اس کے لئے یہ جائز نہ تھا میری تکذیب تو یہ ہوئی کہ وہ کہتا ہے جس طرح خدا نے مجھے پہلی بار پیدا کیا ایسا دوبارہ نہیں کرے گا حالانکہ پہلی مرتبہ پیدا کرنا دوسری مرتبہ پیدا کرنے سے آسان نہیں ہے۔ اور میرے لئے گالی یہ ہوئی کہ وہ کہتا ہے کہ اللہ نے اپنی اولاد بنائی ہے حالانکہ میں احد ہوں بے نیاز ہوں نہ کسی کا والد ہوں نہ کسی کا مولود میرا کفو کوئی نہیں۔

حضرت ابن عباس کی روایت اس طرح ہے اس کا مجھے گالی دینا یہ ہے کہ وہ (میرے متعلق) کہتا ہے کہ میری اولاد ہے حالانکہ میں اس سے پاک ہوں کہ کسی کو اپنی بیوی بناؤں یا اولاد۔ رواہ البخاری

حضرت ابو ہریرہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ فرماتا ہے۔ آدم کا بیٹا دہر (زمانہ) کو گالی دے کر مجھے دکھ دیتا ہے حالانکہ میں ہی دہر (کا حکمران) ہوں میرے ہی ہاتھوں میں حکم دینا ہے۔ میں ہی رات دن کو الٹ پلٹ کرتا ہوں۔ متفق علیہ

بعض نے کہا اللہ کو اذیت پہنچانے سے مراد ہے اللہ کے اسماء و صفات میں کج روی اختیار کرنا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذاء کی صورتیں:

وَرَسُولَهُ اور اس کے رسول کو۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا لوگوں نے اللہ کے رسول کے چہرہ کو زخمی کر دیا حضور کا دانت توڑ دیا کسی نے ساحر کہا کسی نے شاعر کسی نے دیوانہ پاگل (یہ سب اللہ کے رسول کو ایذا دینے کی صورتیں تھیں) یہ تشریح ان لوگوں کی نظر میں صحیح ہوگی جو (ایک وقت میں) ایک لفظ کا دو معنی پر اطلاق جائز قرار دیتے ہیں۔ (اللہ کو ایذا پہنچانے کا مفہوم کچھ اور ہے اور اللہ کے رسول کو دکھ دینے کا مطلب اور ہے اور لفظ یوذون ایک ہی ہے) جمہور کے نزدیک (یوذون کا ایک ہی معنی مراد ہے)

اللہ کو ایذاء دینے کا مطلب:

مطلب یہ ہے کہ ایسے کام کرتے ہیں جو اللہ اور اس کے رسول کو ناپسند ہیں۔ یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ ایذاء خدا کا ذکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت کے اظہار کے لئے کیا گیا ہو يُؤْذُونَ اللَّهَ کا معنی يُؤْذُونَ رسول اللہ ہی ہو گویا جس نے اللہ کے رسول کو دکھ پہنچایا اس نے اللہ کو ایذاء پہنچائی۔

حضرت صفیہؓ بنت حیی کی فضیلت:

ابن ابی حاتم نے بطریق عوفی حضرت ابن عباس کا قول نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب حضرت صفیہ بنت حیی کو (بی بی) بنالیا تو کچھ لوگوں نے آپ کو مطعون کیا انہی لوگوں کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔

حضرت عائشہؓ کی فضیلت:

جویبر نے بوساطت ضحاک حضرت ابن عباس کا یہ بیان نقل کیا کہ عبداللہ بن اُبی اور اس کے ساتھیوں کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی ان لوگوں نے

besturdubooks.wordpress.com

حضرت عائشہ صدیقہ پر تہمت لگائی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک خطبہ دیا اور فرمایا وہ شخص جو مجھے اذیت پہنچاتا ہے اور مجھے اذیت پہنچانے والوں کو اپنے گھر میں جمع کرتا ہے اس کی طرف سے میرے سامنے کون عذر خواہی کر سکتا ہے اس پر آیت مذکورہ نازل ہوئی۔

اللہ تعالیٰ کی اپنے ولیوں سے محبت:

حضرت ابو ہریرہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ فرماتا ہے کہ جو (میرے) کسی ولی کی اہانت کرتا ہے دوسری روایت کا لفظ ہے جو (میرے) ولی سے دشمنی کرتا ہے وہ جنگ کے لئے میرے مقابلہ پر آتا ہے۔ اور جو کام میں کرنے والا ہوتا ہوں اس میں مجھے (کبھی) اتنا تردد نہیں ہوتا جتنا تردد اپنے مومن بندہ کی روح قبض کرنے میں ہوتا ہے کہ وہ مرنا پسند نہیں کرتا اور میں اس کو ناراض کرنا نہیں چاہتا اور مرنا اس کے لئے لازم ہوتا ہے۔ میرے مومن بندہ کو میرا قرب (کسی عمل سے) اتنا حاصل نہیں ہوتا جتنا دنیا سے بے رغبت رہنے سے ہوتا ہے۔ اور بندۂ مومن میری کوئی عبادت ایسی نہیں کرتا جیسی میرے عائد کئے ہوئے فرض کو ادا کر کے کرتا ہے۔ (یعنی فرض کی ادائیگی سب سے بڑی عبادت ہے اس کی برابر کوئی عبادت نہیں۔ مترجم رواہ البخاری۔

حضرت ابو ہریرہ اس بیان نبوی کے راوی ہیں کہ اللہ فرمائے گا اے ابن آدم میں بیمار ہوا مگر تو نے میری عیادت نہیں کی۔ بندہ عرض کرے گا اے میرے رب میں تیری عیادت کیسے کرتا تو تو رب العالمین ہے (ہر بیماری سے پاک ہے) اللہ فرمائے گا کیا تجھے معلوم نہیں کہ میرا فلاں بندہ بیمار ہوا اور تو نے اس کی عیادت نہیں کی کیا تجھے علم نہیں کہ اگر تو اس کی عیادت کو جاتا تو مجھے اس کے پاس موجود پاتا۔ اے ابن آدم میں نے تجھ سے کھانا مانگا مگر تو نے مجھے کھانا نہیں دیا، الی الآ خر الحدیث۔ رواہ مسلم

میں کہتا ہوں کہ جب اولیاء سے دشمنی اللہ سے دشمنی اور جنگ ہے اور اپنے اولیاء کی بیماری کو اللہ نے اپنا مرض قرار دیا ہے، حالانکہ وہ ان تمام حوادث سے پاک اور بالا ہے تو اس کی وجہ اللہ کے ساتھ اولیاء کا وہ وصل ہے جو ہر کیفیت سے پاک ہے جب (عام) اولیاء کی یہ حالت ہے تو ایذاء رسول کو ایذاء خدا کہنا تو بدرجہ اولیٰ مناسب اور صحیح ہے۔

توہین رسالت کے مجرم کی سزا:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شخصیت، دین، نسب یا حضور کی کسی صفت پر طعن کرنا اور صراحۃً یا کنایۃً یا اشارۃً یا بطور تعریض آپ پر نکتہ چینی کرنا اور عیب نکالنا کفر ہے ایسے شخص پر دونوں جہاں میں اللہ کی لعنت۔ دنیوی سزا سے اس کو توبہ بھی نہیں بچا سکتی، ابن ہمام نے لکھا ہے جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دل میں نفرت کرے وہ مرتد ہو جائے گا۔ برا کہنا تو بدرجۂ اولیٰ مرتد بنا دیتا ہے اگر اس کے بعد توبہ بھی کرے تو قتل کی سزا ساقط نہیں ہو سکتی۔ اہل فقہ نے لکھا ہے یہ قول علماء کوفہ (امام ابو حنیفہ صاحبین وغیرہ) اور امام مالک کا ہے ایک روایت میں حضرت ابوبکر کا بھی یہ فتویٰ منقول ہے یہ سزا بہر حال دی جائے گی، خواہ وہ اپنے قصور کا اقرار کر لے اور تائب ہو کر آئے یا منکر جرم ہو اور شہادت سے ثبوت ہو جائے دوسرے موجبات کفر کا اگر انکار کر دے خواہ شہادت ثبوت موجود ہو تو انکار معتبر ہوگا۔ علماء نے یہاں تک کہا ہے کہ نشہ کی حالت میں بھی اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو برا کہنے کے جرم کا ارتکاب کیا ہو تب بھی اس کو معاف نہیں کیا جائے گا ضرور قتل کیا جائے گا۔ ہاں نشہ کی حالت کے لئے یہ شرط ضروری ہے کہ اس نے خود اپنے اختیار سے بغیر جبر واکراہ کے ممنوع طریقہ سے نشہ آور چیز کھائی پی ہو اگر ارتکاب منشی اپنے اختیار سے نہ کیا ہو تو ایسا مدہوش آدمی پاگل کے حکم میں ہے (اس کو سزا نہیں دی جائے گی)۔

خطابی نے لکھا ہے، میں نہیں جانتا کہ ایسے شخص کے واجب القتل ہونے میں کسی نے اختلاف کیا ہو، ہاں اگر اللہ کے معاملہ میں کسی کا قتل واجب ہو جائے تو توبہ کرنے سے سزائے قتل ساقط ہو جاتی ہے اسی طرح کوئی مست نشہ میں مدہوش آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کرنے کے علاوہ کوئی اور کلمۂ کفر زبان سے نکال دے تو خواہ اس نے باختیار خود بغیر جبر واکراہ کے ممنوع طریقہ سے نشہ کیا ہو، پھر بھی اس کو مرتد نہیں قرار دیا جائے گا۔

کامل مسلمان: حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، مسلم وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ (کے ظلم وایذاء) سے مسلمان محفوظ رہیں اور مومن وہ ہے کہ لوگوں کو اپنے جان و مال کا اس کی طرف سے اندیشہ نہ ہو۔ (رواہ الترمذی والنسائی)

عبداللہ بن اُبی منافق:

حضرت عائشہؓ کو گالی دینی (یعنی زنا کی تہمت لگائی) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہی گالی دینی ہے (کیونکہ ام المومنین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بی بی تھیں) عرفاً بھی اور عقلاً بھی اور روایت کے لحاظ سے بھی جویبر نے بوساطت ضحاک حضرت ابن عباسؓ کی روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ سے اس شخص کی طرف سے کون عذر خواہی کرے گا جو مجھے ایذا پہنچاتا ہے اور مجھے ایذا دینے والوں کو اپنے گھر میں جمع کرتا ہے۔ یعنی عبداللہ بن اُبی جس نے حضرت عائشہؓ پر زنا کی تہمت لگائی تھی۔ بعض لوگوں کا جو قول ہے کہ یہ آیت حضرت عائشہؓ کے متعلق نازل ہوئی اس کا مطلب یہ ہے کہ اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰہَ سے اِثْمًا مُّبِیْنًا تک پوری آیت آپ کے متعلق نازل ہوئی صرف آخری آیت کا نزول مراد نہیں ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

حضرت علیؓ کی فضیلت:

اسی طرح جس نے حضرت علی کو گالی دی اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دکھ پہنچایا، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے (اے علیؓ) تم مجھ سے ہو اور میں تم سے ہوں۔ رواہ الشیخان فی الصحیحین عن البراء بن عازب۔

آوارہ گرد منافق:

ضحاک اور کلبی کا بیان ہے کہ آیت کا نزول ان زنا کاروں کے حق میں ہوا جو منافق تھے راتوں کو مدینہ کے راستوں میں گھوما کرتے تھے جب رات کو عورتیں قضائے حاجت کے لئے گھروں سے باہر نکل کر (جنگل کی طرف) جاتی تھیں تو راستہ میں یہ ان کو دباتے تھے اگر عورتیں خاموش رہتی تھیں تو یہ ان کے پیچھے لگ جاتے تھے اور اگر وہ جھڑک دیتی تھیں تو یہ رک جاتے تھے حقیقت میں ان کا مقصد ہوتا تھا باندیوں کو چھیڑنا لیکن لباس چونکہ باندی اور آزاد عورت کا ایک ہی جیسا ہوتا تھا کرتہ اور اوڑھنی پہن کر سب ہی نکلتی تھیں اس لئے ان کو شناخت نہیں ہوتی تھی کہ کون باندی ہے اور کون آزاد عورت اس لئے آزاد عورتیں اس زد میں آ جاتی تھیں۔ عورتوں نے اس کی شکایت اپنے شوہروں سے کی اور شوہروں نے جا کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع دے دی اس پر یہ آیت نازل ہوئی، پھر اگلی آیت میں آزاد عورتوں کو باندیوں جیسا لباس پہن کر نکلنے کی ممانعت کر دی گئی۔ (تفسیر مظہری)

وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا
اور جو لوگ تہمت لگاتے ہیں مسلمان مردوں کو اور مسلمان عورتوں کو بدون گناہ کئے
فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا
تو اٹھایا انہوں نے بوجھ جھوٹ کا اور صریح گناہ کا

بہتان تراش منافق:

یہ منافق تھے جو پیٹھ پیچھے بدگوئی کرتے رسول کی، یا آپ کی ازواج طاہرات پر جھوٹ طوفان اُٹھاتے جیسا کہ سورۂ نور میں گزر چکا۔ آگے بعض ایذاؤں کے انسداد کا بندوبست کیا گیا ہے جو مسلمان عورتوں کو اُن کی طرف سے پہنچتی تھیں۔ روایات میں ہے کہ مسلمان مستورات جب ضروریات کے لئے باہر نکلتیں، بدمعاش منافق تاک میں رہتے۔ اور چھیڑ چھاڑ کرتے پھر پکڑے جاتے تو کہتے ہم نے سمجھا نہیں تھا کہ کوئی شریف عورت ہے۔ لونڈی باندی سمجھ کر چھیڑ دیا تھا۔ (تفسیر عثمانی)

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ
اے نبی کہہ دے اپنی عورتوں کو اور اپنی بیٹیوں کو

وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ
اور مسلمانوں کی عورتوں کو نیچے لٹکائیں اپنے اوپر
مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ
تھوڑی سی اپنی چادریں

پردہ کا حکم: یعنی بدن ڈھانپنے کے ساتھ چادر کا کچھ حصہ سر سے نیچے چہرہ پر بھی لٹکا لیویں۔ روایت میں ہے کہ اس آیت کے نازل ہونے پر مسلمان عورتیں بدن اور چہرہ چھپا کر اس طرح نکلتی تھیں کہ صرف ایک آنکھ دیکھنے کے لئے کھلی رہتی تھی۔ اس سے ثابت ہوا کہ فتنہ کے وقت، آزاد عورت کو چہرہ بھی چھپا لینا چاہیے۔ لونڈی باندیوں کو ضرورت شدیدہ کی وجہ سے اس کا مکلّف نہیں کیا۔ کیونکہ کاروبار میں حرج عظیم واقع ہوتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ اے نبی آپ اپنی بیبیوں سے اور اپنی بیٹیوں سے اور مسلمانوں کی عورتوں سے کہہ دیجئے کہ وہ نیچے کر لیا کریں اپنے اوپر تھوڑی سی اپنی چادریں۔

جلابیب جلباب کی جمع ہے جلباب اس چادر کو کہتے ہیں جس کو عورت دوپٹے اور کرتے کے اوپر سے لپیٹ لیتی ہے۔

عورت پردہ کر کے ضروری کام کیلئے گھر سے باہر جا سکتی ہے:

بخاری نے حضرت عائشہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ حکمِ حجاب کے بعد سودہ صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کے لئے نکلیں عورت ڈیل ڈول کی تھیں جو ان کو پہچانتا تھا اس کے لئے (باوجود چہرہ پوشیدہ ہونے کے) مخفی نہیں ہو سکتی تھیں چنانچہ عمر بن خطاب نے (ظاہری قد اور جسامت) دیکھتے ہی پہچان لیا اور آواز دے کر کہا سودہ تم کس طرح نکل رہی ہو اس کو دیکھ لو ہم سے خدا کی قسم تم چھپ نہیں سکتیں (ہم نے تمہیں پہچان لیا) سودہ فوراً لوٹ پڑیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت میرے گھر میں شام کا کھانا تناول فرما رہے تھے ہڈی ہاتھ میں تھی سودہ اندر آ گئیں اور کہا یا رسول اللہ میں اپنے کسی کام سے باہر نکلی تھی عمر نے مجھے ایسا ایسا کہا۔ حضرت عائشہؓ کا بیان ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں ہڈی موجود ہی تھی آپ نے اس کو ہاتھ سے رکھا بھی نہ تھا کہ وحی آنے لگی۔ وحی کے ختم ہونے کے بعد آپ نے فرمایا تم عورتوں کو اجازت دے دی گئی کہ تم باہر اپنے کام سے نکل سکتی ہو۔

میں کہتا ہوں، مراد یہ ہے کہ چادر اوڑھ کر نکل سکتی ہو۔

پردہ کا طریقہ:

حضرت ابن عباس اور حضرت ابو عبیدہ نے فرمایا، مسلمانوں کی عورتوں کو

besturdubooks.wordpress.com

حکم دیا گیا تھا کہ اپنے سروں اور چہروں کو چادروں سے ڈھانک کر نکلیں صرف ایک آنکھ کھلی رہے، تا کہ لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ یہ آزاد بیبیاں ہیں باندیاں نہیں ہیں) مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ میں مِنْ تبعیضیہ ہے یعنی چادروں کا کچھ حصہ اپنے اوپر لٹکائیں۔ (تفسیر مظہری)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادیاں:

اس آیت میں جو لفظ بناتک آیا ہے وہ صراحۃ اس پر دلالت کرتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی متعدد صاحبزادیاں تھیں مگر روافض خوافض۔ حضرت رقیہ اور حضرت ام کلثوم کو اولاد رسول سے خارج سمجھتے ہیں اس لئے کہ ان کا نکاح حضرت عثمان سے ہوا تھا۔ ان کا یہ خیال سراپا اختلال صریح نص قرآنی کے خلاف ہے۔ (معارف کاندھلوی)

ضرورت کے مواقع میں جب عورت کو گھر سے باہر جانا پڑے تو اس وقت کسی برقع یا لمبی چادر کو سر سے پیر تک اوڑھ کر نکلنے کا حکم ہے، جس میں بدن کا کوئی حصہ ظاہر نہ ہو، یہ سورۂ احزاب کی اس آیت سے ثابت ہے جو آگے آ رہی ہے يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ یعنی اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! آپ اپنی ازواج مطہرات اور بنات طاہرات کو اور عام مسلمانوں کی عورتوں کو حکم دیں کہ اپنی جلباب استعمال کریں جلباب اس لمبی چادر کو کہتے ہیں جس میں عورت سر سے پیر تک مستور ہو جائے۔ (روی ذلک عن ابن عباسؓ)

چادر اوڑھنے کی صورت:

ابن جریر نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے استعمال جلباب کی صورت یہ نقل کی ہے کہ عورت سر سے پاؤں تک اس میں لپٹی ہوئی ہو اور چہرہ اور ناک بھی اس سے مستور ہو، صرف ایک آنکھ راستہ دیکھنے کے لئے کھلی ہو، اس آیت کی پوری تفسیر آگے آتی ہے، یہاں صرف یہ بتلانا منظور ہے کہ ضرورت کے وقت جب عورت گھر سے نکلنے پر مجبور ہو تو اس کو پردہ کا یہ درجہ اختیار کرنا ضروری ہے کہ جلباب وغیرہ میں سر سے پاؤں تک مستور ہو اور چہرہ بھی بجز ایک آنکھ کے چھپا ہوا ہو۔

باہر نکلنے کیلئے پردہ کے علاوہ شرطیں:

یہ صورت بھی باتفاق فقہاء اُمت ضرورت کے وقت جائز ہے، مگر احادیث صحیحہ میں اس صورت کے اختیار کرنے پر بھی چند پابندیاں عائد کی ہیں، کہ خوشبو نہ لگائے ہوئے ہو بجنے والا کوئی زیور نہ پہنا ہو، راستہ کے کنارے پر چلے، مردوں کے ہجوم میں داخل نہ ہو وغیرہ۔

جوان عورت کا چہرہ اور ہتھیلی کی طرف دیکھنا ممنوع ہے:

حدیث میں حضرت فضل کو ایک عورت کی طرف دیکھتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ان کے چہرے کو اپنے ہاتھ سے دوسری طرف پھیر دینا اس کی واضح دلیل ہے تو اس زمانہ فساد میں کون کہہ سکتا ہے کہ اب کوئی خطرے سے خالی ہے متأخرین فقہاء حنفیہ نے بھی بالآخر وہی حکم دے دیا جو ائمہ ثلاثہ نے دیا تھا، کہ جوان عورت کے چہرے یا ہتھیلیوں کی طرف بھی نظر ممنوع ہے۔

پردہ کے دو درجے:

اس کا حاصل یہ ہوا کہ اب باتفاق ائمہ اربعہ یہ تیسرا درجہ پردہ کا ممنوع ہو گیا کہ عورت برقع چادر وغیرہ میں پورے بدن کو چھپا کر مگر صرف چہرہ اور ہتھیلیوں کو کھول کر مردوں کے سامنے آئے، اس لئے اب پردے کے صرف پہلے ہی دو درجے رہ گئے، ایک اصل مقصود یعنی عورتوں کا گھروں کے اندر رہنا بلا ضرورت باہر نہ نکلنا، اور دوسرا یعنی برقع وغیرہ کے ساتھ نکلنا ضرورت کی بناء پر بوقت ضرورت وبقدر ضرورت۔

مسئلہ: پردہ کے احکام مذکورہ میں بعض صورتیں مستثنیٰ بھی ہیں، مثلاً بعض مرد یعنی محارم پردہ سے مستثنیٰ ہیں اور بعض عورتیں مثلاً بہت بوڑھی وہ بھی پردے کے عام حکم سے کسی قدر مستثنیٰ ہیں، ان کی تفصیل کچھ تو سورۂ نور میں گزر چکی ہے کچھ آگے سورۂ احزاب کی ان آیات میں آئے گی جن میں یہ استثناء مذکور ہے۔

پردہ کے مسئلے کی اہمیت کے پیش نظر اپنے رسالہ تفصیل الخطاب فی احکام الحجاب کا کچھ خلاصہ یہاں لکھ دیا ہے جو عوام کے لئے کافی ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ؕ
اس میں بہت قریب ہے کہ پہچانی پڑیں تو کوئی اُن کو نہ ستائے
وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا
اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان

آزاد عورتوں کا امتیاز:

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں یعنی پہچانی پڑیں کہ لونڈی نہیں بی بی ہے صاحب ناموس، بدذات نہیں نیک بخت ہے تو بدنیت لوگ اُس سے نہ اُلجھیں۔ گھونگھٹ اُس کا نشان رکھ دیا۔ یہ حکم بہتری کا ہے۔ آگے فرمادیا اللہ ہے بخشنے والا مہربان یعنی باوجود اہتمام کے کچھ تقصیر رہ جائے تو اللہ کی مہربانی سے بخشش کی توقع ہے۔ (تکمیل) یہ تو آزاد عورتوں کے متعلق انتظام تھا کہ انہیں پہچان کر ہر ایک کا حوصلہ چھیڑنے کا نہ ہو۔ اور جھوٹے عذر کرنے کا موقع نہ رہے۔ آگے عام چھیڑ چھاڑ کی نسبت دھمکی دی ہے خواہ بی بی سے ہو یا لونڈی سے۔ (تفسیر عثمانی)

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا یعنی جو کچھ پہلے ہو چکا اللہ اس کو معاف کرنے والا ہے اور اپنے بندوں پر بڑا مہربان ہے۔ بندوں کے مصالح کا لحاظ رکھتا ہے

besturdubooks.wordpress.com

یہاں تک کہ جزئی جزئی مسائل میں بھی بندوں کی مصلحتوں کی پاسداری کرتا ہے۔

حضرت انس راوی ہیں کہ ایک نقاب پوش باندی حضرت عمرؓ کی طرف سے گزری آپ نے اس کا پردہ اُٹھایا اور فرمایا کیا کمینی تو آزاد عورتوں جیسی بنتی ہے۔ پھر اس کا نقاب پھینک دیا۔ (تفسیر مظہری)

لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ
البتہ اگر باز نہ آئے منافق اور جن کے دل میں روگ ہے

یعنی جن کو بدنظری اور شہوت پرستی کا روگ لگا ہوا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَّالْمُرْجِفُوْنَ فِي الْمَدِيْنَةِ
اور جھوٹی خبریں اُڑانے والے مدینہ میں

منافقوں فتنہ پردازوں کو تنبیہ:

یہ غالباً یہود ہیں جو اکثر جھوٹی خبریں اُڑا کر اسلام کے خلاف پروپیگنڈا کیا کرتے تھے اور ممکن ہے منافق ہی مُراد ہوں۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی اگر منافق اپنے نفاق سے اور عورتوں کو چھیڑنے سے باز نہ آئے اور جن کے دلوں میں ضعف ایمان کی بیماری ہے وہ اپنے مذہبی عدم استقلال یا بدکاریوں سے باز نہ آئے اور مدینہ میں سنسنی پیدا کر دینے والے اپنی سنسنی خیز جھوٹی خبروں کو پھیلانے سے باز نہ آئے۔ رجفۃ کا معنی زلزلہ اور حرکت کا شدید اضطراب جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فوجی دستوں کو (اِدھر اُدھر قبائل میں) بھیجتے تھے تو کچھ منافق مدینہ میں جھوٹی خبریں پھیلاتے تھے کبھی کہتے جن لوگوں کو بھیجا گیا تھا وہ مارے گئے یا شکست کھا کر بھاگ کھڑے ہوئے، کبھی کہتے عنقریب دشمن مسلمانوں پر مدینہ میں حملہ کرنے والا ہے کلبی نے کہا وہ چاہتے تھے کہ مسلمانوں میں کوئی بری بات پھیل جائے وہ جھوٹی خبریں اڑاتے تھے۔ (تفسیر مظہری)

منافقوں کی ایذائیں اور ان کا سدِّ باب:

منافقین کی طرف سے مسلمانوں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دو طرح کی ایذائیں پہنچتی تھیں ان دونوں ایذاؤں میں ایک یہ تھی کہ منافقین کے عوام اور آوارہ قسم کے لوگ مسلمانوں کی باندیوں کنیزوں کو جب وہ کام کاج کے لئے باہر نکلتیں چھیڑا کرتے تھے، اور کبھی کنیزوں کے شبہ میں حرائر کو ستاتے تھے، جس کی وجہ سے عام مسلمانوں کو اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذاء پہنچتی تھی۔

دوسری ایذاء یہ تھی کہ یہ لوگ ہمیشہ جھوٹی خبریں اڑاتے تھے کہ اب فلاں غنیم مدینہ پر چڑھائی کرنے والا ہے وہ سب کو ختم کر دے گا، آیات مذکورہ میں پہلی ایذاء سے حرائر (آزاد، بیبیوں) کو بچانے کا فوری اور سہل انتظام یہ ہو سکتا تھا کہ ان کو یہ لوگ ان کے خاندان کی وجاہت اور حمایت کی وجہ سے بالقصد چھیڑنے کی جرأت نہ کرتے تھے، شریعت اسلام نے حرائر اور کنیزوں کے پردۂ شرعی میں بضرورت ایک فرق بھی رکھا ہے کہ کنیزوں کا شرعی پردہ وہ ہے جو حرائر کا اپنے محرموں کے سامنے ہوتا ہے کہ مثلاً چہرہ وغیرہ کھولنا جو حرائر کے لئے اپنے محرموں کے سامنے جائز ہے، کنیزوں کے لئے باہر بھی اس کی اجازت اس لئے دی گئی کہ ان کا کام ہی اپنے آقا اور اس کے گھر کی خدمت ہے جس میں اس کو باہر بھی بار بار نکلنا پڑتا ہے، اور چہرہ اور ہاتھ مستور رکھنا مشکل ہوتا ہے، بخلاف حرائر کے کہ ان کو کسی ضرورت سے باہر نکلنا بھی پڑے تو کبھی کبھی ہوگا جس میں پورے پردے کی رعایت مشکل نہیں، اس لئے حرائر کو یہ حکم دیا گیا کہ وہ لمبی چادر جس میں مستور ہو کر نکلتی ہیں اس کو اپنے سر پر سے چہرے کے سامنے لٹکا لیا کریں تاکہ چہرہ اجنبی مردوں کے سامنے نہ آئے اس سے ان کا پردہ بھی مکمل ہو گیا، اور باندیوں کنیزوں سے امتیاز خاص بھی ہو گیا، کا انتظام ان منافقین کو سزا کی وعید سنا کر کیا گیا کہ اس سے باز نہ آئے تو اللہ تعالیٰ ان کو دنیا میں بھی اپنے نبی اور مسلمانوں کے ہاتھوں سزا دلوائیں گے، اور امام محمد بن سیرینؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبیدہ سلمانیؒ سے اس آیت کا مطلب اور جلباب کی کیفیت دریافت کی تو انہوں نے سر کے اوپر سے چادر...... چہرہ پر لٹکا کر چہرہ چھپا لیا، اور صرف بائیں آنکھ کھلی رکھ کر اَدْنَاء و جَلَابِیْب کی تفسیر عملاً بیان فرمائی۔ (معارف مفتی اعظم)

چنانچہ جس وقت سورۂ توبہ نازل ہوئی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منافقین کو مسجد میں جمع کر کے خطبہ دیا اور خطبہ کے بعد نام بنام فرمایا۔ اے فلانے تو کھڑا ہو اور نکل جا۔ تو منافق ہے پھر ان منافقوں کے قرابت دار جو مؤمنین صالحین تھے اٹھے اور اٹھ کر ان منافقین کو ذلت و خواری کے ساتھ مسجد سے نکال دیا۔ تفسیر قرطبی ص ۲۴۷ ج ۱۴ (معارف کاندھلوی)

لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوْنَكَ فِيْهَآ اِلَّا قَلِيْلًا
تو ہم لگا دیں گے تجھ کو ان کے پیچھے پھر نہ رہنے پائیں گے تیرے ساتھ اس شہر میں مگر تھوڑے دنوں
مَّلْعُوْنِيْنَ اَيْنَمَا ثُقِفُوْٓا اُخِذُوْا وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا
پھٹکارے ہوئے جہاں پائے گئے پکڑے گئے اور مارے گئے جان سے

فسادیوں کا قلع قمع:

یعنی اگر اپنی حرکتوں سے باز نہ آئے تو ہم آپ کو ان پر مسلط کر دیں گے تا چند روز میں ان کو مدینہ سے نکال باہر کریں، اور جتنے دن رہیں، ذلیل و مرعوب ہو کر رہیں چنانچہ یہود نکالے گئے اور منافقوں نے دھمکی سن کر شاید اپنا رویہ بدل دیا ہوگا اس لئے سزا سے بچے رہتے حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں۔ جو لوگ بدنیت تھے مدینہ میں عورتوں کو چھیڑتے، ٹوکتے اور جھوٹی خبریں اُڑاتے،

besturdubooks.wordpress.com

مخالفوں کے زور اور مسلمانوں کے ضعف وشکست کی۔اُن کو یہ فرمایا۔ (تفسیر عثمانی)

لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ تو ہم ضرور آپ کو ان کے خلاف برانگیختہ کر دیں گے یعنی حکم دے دیں گے کہ آپ ان سے قتال کریں اور ان کو جلاوطن کر دیں یا ایسی بات کا حکم دے دیں گے جس کی وجہ سے وہ دیش بدر ہونے کی خواہش پر مجبور ہو جائیں۔یا یہ مطلب ہے کہ ہم آپ کو ان پر مسلط کر دیں گے۔ (تفسیر مظہری)

کفار کے لئے قانون:

اوّل ان کو دعوتِ اسلام دی جائے ان کے شبہات دور کرنے کی کوشش کی جائے اس پر بھی وہ اسلام نہ لائیں تو مسلمانوں کے تابع ذمی بن کر رہنے کا حکم دیا جائے، اگر وہ اس کو قبول کر لیں تو ان کی جان و مال اور آبرو کی حفاظت مسلمانوں ہی کی طرح فرض ہو جاتی ہے، ہاں جو اس کو بھی قبول نہ کریں اور جنگ ہی پر آمادہ ہو جائیں تو ان کے مقابلہ میں جنگ کرنے کا حکم ہے۔

منافق ومرتد کی سزا:

اس آیت میں ان لوگوں کو مطلقاً قید وقتل کی سزا سنائی گئی ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ معاملہ منافقین کا تھا جو اپنے آپ کو مسلمان کہتے تھے، اور جب کوئی مسلمان احکام اسلام کی کھلی مخالفت اور انکار کرنے لگے تو وہ اصطلاح شرع میں مرتد کہلاتا ہے، اس کے ساتھ شریعت اسلام میں کوئی مصالحت نہیں، بجز اس کے کہ وہ تائب ہو کر پھر مسلمان ہو جائے، اور احکام اسلام کو قولاً وعملاً تسلیم کر لے ورنہ پھر اس کو قتل کیا جائے گا جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے واضح ارشادات اور صحابہؓ کرام کے اجماعی تعامل سے ثابت ہے، مسیلمہ کذاب اور اس کی جماعت کے خلاف باجماع صحابہ جنگ وجہاد اور مسیلمہ کا قتل اس کی کافی شہادت ہے، اور آخر آیت میں اس کو اللہ تعالیٰ کی قدیم سنت و دستور قرار دیا گیا ہے، جس سے معلوم ہوا کہ انبیاء سابقین کی شرائع میں بھی مرتد کی سزا قتل ہی تھی۔

ایذاء رساں افواہیں پھیلانا حرام ہے:

مسلمانوں میں ایسی افواہیں پھیلانا حرام ہے جن سے ان کو تشویش اور پریشانی ہو اور نقصان پہنچے۔ (معارف مفتی اعظم)

سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ
دستور پڑا ہوا ہے اللہ کا اُن لوگوں میں پہلے ہو چکے ہیں
وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا
اور تو نہ دیکھے گا اللہ کی چال بدلتی

اللہ تعالیٰ کا قانون:

یعنی عادت اللہ یہی رہی ہے کہ پیغمبروں کے مقابلہ میں جنہوں نے شرارتیں کیں اور فتنے فساد پھیلائے اسی طرح ذلیل وخوار، یا ہلاک کئے گئے۔یا یہ مطلب ہے کہ پہلی کتابوں میں بھی یہ حکم ہوا ہے کہ مفسدوں کو اپنے درمیان سے نکال باہر کرو۔جیسا کہ حضرت شاہ صاحبؒ "تورات" سے نقل فرماتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اقوام گذشتہ کا حال دیکھ لو:

سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ اقوام گزشتہ میں اللہ نے (یہی) ضابطہ جاری کر دیا تھا۔یعنی جو لوگ انبیاء سے منافقانہ سلوک کرتے تھے اور سنسنی خیز خبریں پھیلا کر انبیاء کے مشن کو کمزور کرنا چاہتے تھے ان کو قتل کرنے کا ضابطہ اللہ نے مقرر کر دیا تھا۔

دستورِ الٰہی اٹل ہے:

وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا اور اللہ کے ضابطہ میں آپ ہرگز تبدیلی نہیں پائیں گے یعنی نہ وہ خود اپنا دستور بدلتا ہے اور نہ کسی میں طاقت ہے کہ اس کے ضابطے کو بدل دے۔ (تفسیر مظہری)

يَسْئَلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ۭ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا
لوگ تجھ سے پوچھتے ہیں قیامت کو تو کہہ اُس کی خبر ہے
عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا
اللہ ہی کے پاس اور تو کیا جانے شاید وہ گھڑی پاس ہی ہو

قیام قیامت کا علم:

گو قیامت کے وقت کی ٹھیک تعیین کر کے اللہ نے کسی کو نہیں بتلایا۔مگر یہاں اُس کے قرب کی طرف اشارہ کر دیا۔حدیث میں ہے کہ آپ نے شہادت کی اور بیچ کی انگلی اُٹھا کر فرمایا اَنَا وَ السَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ (میں اور قیامت ان دو انگلیوں کی طرح ہیں) یعنی بیچ کی انگلی جس قدر آگے نکلی ہوئی ہے میں قیامت سے بس اتنا پہلے آ گیا ہوں قیامت بہت قریب لگی چلی آ رہی ہے۔حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں۔شاید یہ بھی منافقوں نے ہٹ کھنڈا پکڑا ہو گا کہ جس چیز کا (دنیا میں کسی کے پاس) جواب نہیں وہ ہی بار بار سوال کریں۔اس پر یہاں ذکر کر دیا۔اور ممکن ہے پہلے جو فرمایا تھا لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا اس پر بطور تکذیب و استہزاء کے کہتے ہوں گے کہ وہ قیامت اور آخرت کب آئے گی جس کی دھمکیاں دی جاتی ہیں؟ آخر اس کا کچھ وقت تو بتاؤ۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ آپ کہہ دیجئے کہ قیامت (کی تعیین) کا علم تو اللہ ہی کے پاس ہے۔یعنی قیامت کا علم اللہ نے نہ کسی نبی کو عطا کیا نہ فرشتے

besturdubooks.wordpress.com

کو۔ (اُس کے سوا کسی کو معلوم نہیں) (تفسیر مظہری)

إِنَّ اللَّهَ لَعَنَ الْكَافِرِينَ وَأَعَدَّ لَهُمْ سَعِيرًا

بیشک اللہ نے پھٹکار دیا ہے منکروں کو اور رکھی ہے اُن کے واسطے دہکتی ہوئی آگ

ملعون گروہ کا عذاب:

اسی پھٹکار کا اثر ہے کہ لاطائل سوالات کرتے ہیں، انجام کی فکر نہیں کرتے۔

خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۖ لَا يَجِدُونَ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا

رہا کریں اس میں ہمیشہ نہ پائیں کوئی حمایتی اور نہ مددگار

يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوهُهُمْ فِي النَّارِ

جس دن اوندھے ڈالے جائیں گے اُن کے منہ آگ میں

یعنی اوندھے مُنہ ڈال کر اُن کے چہروں کو آگ میں اُلٹ پلٹ کیا جائے گا۔ (تفسیر عثمانی)

يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوهُهُمْ فِي النَّارِ جس روز کہ آگ کے اندر ان کے چہروں کو الٹ پلٹ کیا جائے گا۔ جیسا کہ گوشت کے بھوننے کے وقت کیا جاتا ہے۔ وجوہ (چہرے) سے مراد یا تو پورا جسم ہے (جزء بول کر کل مراد لیا گیا ہے) یا چہرہ کا خصوصیت سے ذکر اس لئے کیا ہے کہ جسم کے سارے اعضاء (ظاہری) میں چہرے کو اعلیٰ مقام حاصل ہے۔ (تفسیر مظہری)

يَقُولُونَ يَا لَيْتَنَا أَطَعْنَا اللَّهَ وَأَطَعْنَا الرَّسُولَا

کہیں گے کیا اچھا ہوتا جو ہم نے کہا مانا ہوتا اللہ کا اور کہا مانا ہوتا رسول کا

آخرت کی حسرت:

اُس وقت حسرت کریں گے کہ کاش ہم دنیا میں اللہ و رسول کے کہنے پر چلتے تو یہ دن دیکھنا نہ پڑتا۔

وَقَالُوا رَبَّنَا إِنَّا أَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَاءَنَا

اور کہیں گے اے رب ہم نے کہا مانا اپنے سرداروں کا اور اپنے بڑوں کا

فَأَضَلُّونَا السَّبِيلَا ﴿٦٧﴾ رَبَّنَا آتِهِمْ ضِعْفَيْنِ

پھر انہوں نے چوکا دیا ہم کو راہ سے اے رب اُن کو دے دونا

مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيرًا

عذاب اور پھٹکار اُن کو بڑی پھٹکار

یہ شدت غیظ سے کہیں گے کہ ہمارے ان دنیوی سرداروں اور مذہبی پیشواؤں نے دھوکے دے کر جھوٹ فریب کہہ کر اس مصیبت میں پھنسوایا۔ ان ہی کے اغواء پر ہم راہ حق سے بھٹکتے رہے۔ اگر ہمیں سزا دی جاتی ہے تو ان کو دوگنی سزا دیجئے۔ اور جو پھٹکار ہم پر ہے اس سے بڑی پھٹکار ان بڑوں پر پڑنی چاہیئے۔ گویا اُن کو دوگنی سزا دلوا کر اپنا دل ٹھنڈا کرنا چاہیں گے۔ اسی مضمون کی ایک آیت سورۂ اعراف کے چوتھے رکوع میں گزر چکی ہے۔ وہیں اُن کی اس فریاد کو جواب بھی دیا گیا ہے۔ ملاحظہ کر لیا جائے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ آذَوْا مُوسَىٰ

اے ایمان والو تم مت ہو اُن جیسے جنہوں نے ستایا موسیٰ کو

فَبَرَّأَهُ اللَّهُ مِمَّا قَالُوا ۚ وَكَانَ عِنْدَ اللَّهِ وَجِيهًا

پھر بے عیب دکھلا دیا اُس کو اللہ نے اُن کے کہنے سے اور تھا اللہ کے یہاں آبرو والا

بنی اسرائیل کی طرح نہ بنو:

یعنی تم ایسا کوئی کام یا کوئی بات نہ کرنا جس سے تمہارے نبی کو ایذاء پہنچے۔ نبی کا تو کچھ نہیں بگڑے گا، کیونکہ اللہ کے ہاں اُن کی بڑی آبرو ہے وہ سب اذیت دہ باتوں کو رد کر دے گا ہاں تمہاری عاقبت خراب ہوگی۔ دیکھو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی نسبت لوگوں نے کیسی اذیت دہ باتیں کیں مگر اللہ تعالیٰ نے اُن کی وجاہت و مقبولیت کی وجہ سے سب کا ابطال فرما دیا اور موسیٰ کا بے خطا اور بے داغ ہونا ثابت کر دیا۔ روایات میں ہے کہ بعض مفسد حضرت موسیٰ کو تہمت لگانے لگے کہ حضرت ہارون کو جنگل میں لے جا کر قتل کر آئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ایک خارق عادت طریقہ سے اُس کی تردید کر دی۔ اور صحیحین میں ہے کہ حضرت موسیٰ حیا کی وجہ سے (ابنائے زمانہ کے دستور کے خلاف) چھپ کر غسل کرتے تھے، لوگوں نے کہا کہ ان کے بدن میں کچھ عیب ہے، برص کا داغ یا خصیہ پھولا ہوا۔ ایک روز حضرت موسیٰ اکیلے نہانے لگے۔ کپڑے اتار کر ایک پتھر پر رکھ دیئے وہ پتھر کپڑے لے کر بھاگا۔ حضرت موسیٰ عصا لے کر اُس کے پیچھے دوڑے، جہاں سب لوگ دیکھتے تھے پتھر کھڑا ہو گیا سب نے برہنہ دیکھ کر معلوم کر لیا کہ بے عیب ہیں۔ کسی نے خوب کہا ہے "پوشانند لباس ہر کرا عیبے دید بے عیباں رالباس عُریانی داد" بعض مفسرین نے لکھا ہے کہ قارون نے ایک عورت کو کچھ دے دلا کر مجمع میں کہلا دیا کہ موسیٰ علیہ السلام (العیاذ باللہ) اس کے ساتھ مبتلا ہیں حق تعالیٰ نے آخر کار قارون کو زمین میں دھنسا دیا اور اسی عورت کی زبان سے اس تہمت کی تردید کرائی۔ جیسا کہ سورۂ قصص میں گزرا۔

(تنبیہ) موسیٰ علیہ السلام کا پتھر کے تعاقب میں برہنہ چلے جانا مجبوری

besturdubooks.wordpress.com

کی وجہ سے تھا اور شاید یہ خیال بھی نہ ہوا کہ پتھر مجمع میں لے جا کر کھڑا کر دے گا۔ رہی پتھر کی یہ حرکت وہ بطور خرق عادت تھی۔ خوارق عادات پر ہم نے ایک مستقل مضمون لکھا ہے اُسے پڑھ لینے کے بعد اس قسم کی جزئیات میں اُلجھنے کی ضرورت نہیں رہتی بہر حال اس واقع سے ظاہر ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے یہاں انبیاء علیہم السلام کو جسمانی و روحانی عیوب سے پاک ثابت کرنے کا کس قدر اہتمام تاکہ لوگوں کے دلوں میں اُن کی طرف سے تنفر اور استخفاف کے جذبات پیدا ہو کر قبول حق میں رُکاوٹ نہ ہو۔ (تفسیر عثمانی)

مسئلہ: جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی طرح کی ایذاء پہنچائے آپ کی ذات یا صفات میں کوئی عیب نکالے خواہ صراحۃً ہو یا کنایۃً وہ کافر ہو گیا، اور اس آیت کی رُو سے اُس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت دنیا میں بھی ہوگی اور آخرت میں بھی۔ (کذا قال القاضی ثناء اللہ فی التفسیر المظہری)

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ بنی اسرائیل کی شرارتیں:

حضرت ابو ہریرہ کی روایت میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، موسیٰ بڑے حیادار شریف النفس اور اپنے (اندرونی) جسم کو چھپانے والے تھے انتہائی شرم کی وجہ سے وہ اپنی (اندرونی) جلد بھی ظاہر نہیں کرتے تھے بنی اسرائیل میں سے بعض لوگوں نے کہا موسیٰ جو اتنا اپنے بدن کو چھپائے چھپائے رکھتے ہیں ضرور ان کو کوئی جلدی اندرونی بیماری ہو یا برص ہے یا خصوں میں پانی آ گیا ہے یا کوئی اور مرض ہے اللہ نے موسیٰ کو اس غلط بات سے پاک ظاہر کرنا چاہا جس کی صورت یہ ہوئی کہ ایک روز غسل کرنے کے لئے موسیٰ نے تنہائی میں کپڑے اُتار کر ایک پتھر پر رکھے پھر غسل کیا، غسل کے بعد جب کپڑے لینے کے لئے ہاتھ بڑھایا تو پتھر آپ کے کپڑے لے کر بھاگا آپ اپنی لاٹھی لے کر پتھر کے تعاقب میں دوڑے اور کہنے لگے پتھر میرے کپڑے۔ پتھر میرے کپڑے۔ آخر پتھر بنی اسرائیل کی ایک جماعت تک پہنچ کر ٹھہر گیا لوگوں نے آپ کو برہنہ دیکھ لیا آپ کا اندرونی بدن بہت خوبصورت اور بے عیب پایا اس طرح اللہ نے ان لوگوں کی (بدگمانی سے) موسیٰ کی برأت ظاہر کر دی۔ موسیٰ نے کپڑے لے کر پہن لئے اور لاٹھی سے پتھر کو مارنے لگے۔ خدا کی قسم موسیٰ کی لاٹھی کی ضرب سے پتھر پر تین چار یا پانچ نشان پڑ گئے، آیت یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِیْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا سے یہی مراد ہے۔ رواہ البخاری والترمذی واحمد وابن جریر وابن المنذر وابن ابی حاتم وابن مردویہ وعبد الرزاق وعبد بن حمید۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام پر زناء کی تہمت:

ابو العالیہ نے کہا آیت مذکورہ میں قارون کے قصہ کی طرف اشارہ ہے، قارون نے ایک عورت کو اجرت دے کر اس بات کے لئے مقرر کیا کہ وہ برسر عام مجمع کے سامنے موسیٰ علیہ السلام پر اپنے ساتھ زنا کرنے کی تہمت لگائے لیکن اللہ نے اس تہمت سے موسیٰ کو محفوظ رکھا اور ان کی تہمت تراشی سے آپ کو بچا لیا، اور قارون کو ہلاک کر دیا۔ سورۂ قصص میں اس کی تفصیل گزر چکی ہے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام پر قتل کی تہمت:

بعض لوگوں کا خیال ہے کہ موسیٰ کو اذیت دینے سے یہ مراد ہے کہ حضرت ہارون نے تیہ میں جب وفات پائی تو لوگوں نے موسیٰ علیہ السلام پر تہمت لگائی کہ آپ نے ہارون کو قتل کیا ہے اللہ نے فرشتوں کو حکم دیا فرشتے حضرت ہارون کا جنازہ لے کر بنی اسرائیل کے سامنے لائے اس وقت لوگوں کو یقین آیا کہ موسیٰ نے ہارون کو قتل نہیں کیا ہے۔

اخرجہ ابن منیع وابن جریر وابن المنذر وابن ابی حاتم وابن مردویۃ والحاکم عن ابن عباس عن علی بن ابی طالب۔ کرم اللہ وجہہ۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک گرانی:

بخاری نے حضرت عبداللہ کی روایت سے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ مال لوگوں کو تقسیم کیا ایک شخص کہنے لگا یہ تقسیم لوجہ اللہ نہیں ہوئی۔ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اس بات کی اطلاع پہنچا دی۔ سنتے ہی حضور گرامی صلی اللہ علیہ وسلم اتنے ناراض ہوئے کہ غصہ کی علامت چہرۂ مبارک پر نمودار ہو گئی، پھر فرمایا، اللہ موسیٰ علیہ السلام پر اپنی رحمت فرمائے ان کو اس سے زیادہ ایذاء پہنچائی گئی اور انہوں نے صبر کیا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی وجاہت:

وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِیْهًا اور موسیٰ اللہ کے نزدیک آبرو والے تھے۔

وجاہت آبرو۔ وجیہہ آبرودار (منہ والا) حضرت ابن عباس نے فرمایا، حضرت موسیٰ اللہ کے نزدیک اس مقام پر تھے کہ جو مانگتے تھے اللہ عطا فرما دیتا تھا، کذا قال الحسن۔ بعض نے کہا وجیہہ ہونے سے یہ مراد ہے کہ وہ اللہ کے محبوب اور مقبول بارگاہ تھے۔ (تفسیر مظہری)

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا ﴿۷۰﴾
اے ایمان والو ڈرتے رہو اللہ سے اور کہو بات سیدھی
یُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَیَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ
کہ سنوار دے تمہارے واسطے تمہارے کام اور بخش دے تم کو تمہارے گناہ
وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا ﴿۷۱﴾
اور جو کوئی کہنے پر چلا اللہ کے اور اس کے رسول کے اس نے پائی بڑی مراد

besturdubooks.wordpress.com

سیدھی بات کہو:

یعنی اللہ سے ڈر کر درست اور سیدھی بات کہنے والے کو بہترین اور مقبول اعمال کی توفیق ملتی ہے اور تقصیرات معاف کی جاتی ہیں حقیقت میں اللہ ورسول کی اطاعت ہی میں حقیقی کامیابی کا راز چھپا ہوا ہے جس نے یہ راستہ اختیار کیا مراد کو پہنچ گیا۔

اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
ہم نے دکھلائی امانت آسمانوں کو اور زمین کو
وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا
اور پہاڑوں کو پھر کسی نے قبول نہ کیا کہ اس کو اٹھائیں اور اس سے ڈر گئے
وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ۭ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا ۝
اور اٹھا لیا اس کو انسان نے یہ ہے بڑا بے ترس نادان

انسان کی عظیم ذمہ داری:

یعنی ستم کر دیئے، جو بوجھ آسمان، زمین اور پہاڑوں سے نہ اُٹھ سکتا تھا اس نادان نے اپنے نازک کندھوں پر اُٹھا لیا آسمان بارِ امانت نتوانست کشید قرعہ فال بنام من دیوانہ زوند۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں۔ "یعنی اپنی جان پر ترس نہ کھایا۔ امانت کیا ہے؟ پرائی چیز رکھنی اپنی خواہش کو روک کر۔ آسمان و زمین وغیرہ میں اپنی خواہش کچھ نہیں، یا ہے تو وہی ہے جس پر قائم ہیں۔ انسان میں خواہش اور ہے اور حکم خلاف اُس کے۔ اُس پرائی چیز (یعنی حکم) کو برخلاف اپنے جی کے تھامنا بڑا زور چاہتا ہے۔ اُس کا انجام یہ ہے کہ منکروں کو قصور پر پکڑا جائے اور ماننے والوں کا قصور معاف کیا جائے۔ اب بھی یہی حکم ہے کسی کی امانت کوئی جان کر ضائع کر دے تو بدلہ (ضمان) دینا پڑے گا اور بے اختیار ضائع ہو جائے تو بدلہ نہیں۔ (موضح) اصل یہ ہے کہ حق تعالیٰ نے اپنی ایک خاص امانت مخلوق کی کسی نوع میں رکھنے کا ارادہ کیا جو اس امانت کو اگر چاہے تو اپنی سعی و کسب اور قوتِ بازو سے محفوظ رکھ سکے اور ترقی دے سکے۔ تا اس سلسلہ میں اللہ کی ہر قسم کی شئون وصفات کا ظہور ہو مثلاً اس نوع کے جو افراد امانت کو پوری طرح محفوظ رکھیں اور ترقی دیں اُن پر انعام و اکرام کیا جائے۔ جو غفلت یا شرارت سے ضائع کر دیں اُن کو سزا دی جائے اور جو لوگ اس بارہ میں قدرے کوتاہی کریں اُن سے عفو و درگزر کا معاملہ ہو۔ میرے خیال میں یہ امانت ایمان وہدایت کا ایک تخم ہے جو قلوب بنی آدم میں بکھیرا گیا۔ جس کو مابہ التکلیف بھی کہہ سکتے ہیں۔ لَا اِيْمَانَ لِمَنْ لَّا اَمَانَةَ لَهٗ اسی کی نگہداشت اور تردد کرنے سے ایمان کا درخت اُگتا ہے گویا بنی آدم کے قلوب اللہ کی زمینیں ہیں، بیج بھی اُسی نے ڈال دیا پھر بارش برسانے کے لئے رحمت کے بادل بھی اُس نے بھیجے جن کے سینوں سے وحی الٰہی کی بارش ہوئی۔ آدمی کا فرض یہ ہے کہ ایمان کے اس بیج کو جو امانت الٰہیہ ہے ضائع نہ ہونے دے بلکہ پوری سعی و جہد اور تردد و تفقد سے اُس کی پرورش کرے مبادا غلطی یا غفلت سے بجائے درخت اُگنے کے بیج بھی سوخت ہو جائے اسی کی طرف اشارہ ہے۔ حذیفہؓ کی اس حدیث میں اِنَّ الْاَمَانَةَ نَزَلَتْ مِنَ السَّمَاءِ فِيْ جِذْرِ قُلُوْبِ الرِّجَالِ ثُمَّ عَلِمُوْا مِنَ الْقُرْاٰنِ (الحدیث) یہ امانت وہی تخم ہدایت ہے جو اللہ کی طرف سے قلوب رجال میں تہ نشین کیا گیا۔ پھر علوم قرآن وسنت کی بارش ہوئی جس سے اگر ٹھیک طور پر انتفاع کیا جائے تو ایمان کا پودا اُگے، بڑھے، پھولے، پھلے اور آدمی کو اُس کے ثمرہ شیریں سے لذت اندوز ہونے کا موقع ملے۔ اگر انتفاع میں کوتاہی کی جائے تو اُسی قدر درخت کے اُبھرنے اور پھولنے پھلنے میں نقصان رہے یا بالکل غفلت برتی جائے تو سرے سے تخم بھی برباد ہو جائے۔ یہ امانت تھی جو اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان و پہاڑوں کو دکھلائی۔ مگر کس میں استعداد تھی جو اس امانت عظیمہ کو اُٹھانے کا حوصلہ کرتا ہر ایک نے بلسانِ حال یا بزبانِ قال ناقابل برداشت ذمہ داریوں سے ڈر کر انکار کر دیا کہ ہم سے یہ بار نہ اُٹھ سکے گا۔ خود سوچ لو کہ بجز انسان کے کون سی مخلوق ہے جو اپنے کسب و محنت سے اس تخم ایمان کی حفاظت و پرورش کر کے ایمان کا شجر بار آور حاصل کر سکے۔ فی الحقیقت عظیم الشان امانت کا حق ادا کر سکنا اور ایک افتادہ زمین کو جس میں مالک نے تخم ریزی کر دی تھی خون پسینہ ایک کر کے باغ و بہار بنا لینا اسی ظلوم و جہول انسان کا حصہ ہو سکتا ہے جس کے پاس زمین قابل موجود ہے اور محنت و تردد کر کے کسی چیز کو بڑھانے کی قدرت اللہ تعالیٰ نے اُس کو عطا فرمائی ہے۔ ظلوم وجہول۔ ظالم و جاہل کا مبالغہ ہے۔ ظالم و جاہل وہ کہلاتا ہے جو بالفعل عدل اور علم سے خالی ہو مگر استعداد وصلاحیت ان صفات کے حصول کی رکھتا ہو۔ پس جو مخلوق بدر فطرت سے علم و عدل کے ساتھ متصف ہے اور ایک لمحہ کے لئے بھی یہ اوصاف اُس سے جدا نہیں ہوئے مثلاً ملائکۃ اللہ یا جو مخلوق ان چیزوں کے حاصل کرنے کی صلاحیت ہی نہیں رکھتی (مثلاً) زمین و آسمان پہاڑ وغیرہ) ظاہر ہے کہ دونوں اس امانت الٰہیہ کے حامل نہیں بن سکتے۔ بیشک انسان کے سوا جن ایک نوع ہے جس میں فی الجملہ استعداد اس کے تحمل کی پائی جاتی ہے اور اسی لئے وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ میں دونوں کو جمع کیا گیا۔ لیکن انصاف یہ ہے کہ ادائے حق امانت کی استعداد اُن میں اتنی ضعیف تھی کہ حمل امانت کے مقام میں چنداں قابل ذکر اور درخورا اعتنا نہیں سمجھے گئے۔ گویا وہ اس معاملہ میں انسان کے تابع قرار دیئے گئے جن کا نام مستقل طور پر لینے کی ضرورت نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

حضرت آدمؑ پر اطاعت کی پیشکش:

حضرت ابن عباسؓ کا بیان ہے کہ "امانت" سے مراد یہاں اطاعت ہے اسے حضرت آدم علیہ السلام پر پیش کرنے سے پہلے زمین وآسمان اور پہاڑوں پر پیش کی۔ لیکن وہ بارِ امانت نہ اُٹھا سکے اور اپنی مجبوری اور معذوری کا اظہار کیا۔ جناب باری عزاسمہ نے اسے اب حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام پر پیش کی کہ یہ سب تو انکاری ہیں تم کہو۔ آپ نے پوچھا خدایا اس میں بات کیا ہے؟ فرمایا اگر بجالاؤ گے تو ثواب پاؤ گے اور بُرائی کی سزا پاؤ گے۔ آپ نے فرمایا میں تیار ہوں۔

زمین وآسمان کی حالت:

آپ سے یہ بھی مروی ہے کہ امانت سے مراد فرائض ہیں دوسروں پر جو پیش کیا تھا یہ بطور حکم کے نہ تھا بلکہ جواب طلب کیا تھا تو ان کا انکار اور اظہار مجبوری گناہ نہ تھی بلکہ اُس میں ایک قسم کی تعظیم تھی کہ باوجود پوری طاقت کے خدا کے خوف سے تھرا اُٹھے کہ کہیں پوری اُدائیگی نہ ہو سکے اور مارے نہ جائیں لیکن انسان جو کہ بھولا تھا اس نے اس بار امانت کو خوشی خوشی اُٹھالیا۔

انسان کی خطاء:

آپ ہی سے یہ بھی مروی ہے کہ عصر کے قریب یہ امانت اُٹھائی تھی اور مغرب سے پہلے ہی خطا سرزد ہو گئی۔

امانت کی متنوع ذمہ داریاں:

حضرت اُبیؓ کا بیان ہے کہ عورت کی پاکدامنی بھی اللہ تعالیٰ کی امانت ہے قتادہؒ کا قول ہے دین فرائض حدود سب اللہ تعالیٰ کی امانت ہیں۔ جنابت کا غسل بھی بقول بعض امانت ہے۔

ذمہ داری کی اہمیت:

امام حسن بصریؒ فرماتے ہیں خیال کرو آسمان باوجود اس پختگی اور زینت اور نیک فرشتوں کا مسکن ہونے کے خدا کی امانت برداشت نہ کر سکا جب اس لئے یہ معلوم کر لیا کہ بجاآوری اگر نہ ہوئی تو عذاب ہوگا۔ زمین باوجود صلابت اور سختی کے لمبائی اور چوڑائی کے ڈرگئی اور اپنی عاجزی ظاہر کرنے لگی۔ پہاڑ باوجود اپنی بلندی اور طاقت اور سختی کے اس سے کانپ گئے اور اپنی لاچاری ظاہر کرنے لگے۔

امانت کے اٹھ جانے کا اندیشہ:

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے میں نے دو حدیثیں سُنیں ہیں، ایک کو میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا اور دوسری کے ظہور کا انتظار ہے، ایک تو یہ کہ آپ نے فرمایا، امانت لوگوں کی جبلت میں اتاری گئی، پھر قرآن اُترا حدیثیں بیان ہوئیں پھر آپ نے امانت کے اُٹھ جانے کی بابت فرمایا۔ انسان سوئے گا جو اس کے دل سے امانت اُٹھ جائے گی اور ایسا نشان رہ جائے گا جیسے کسی کے پیر پر کوئی انگارہ لڑھک کر آ گیا ہو اور پھپھولا پڑ گیا ہو کہ اُبھرا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ لیکن اندر کچھ بھی نہیں۔ پھر آپ نے ایک کنکر لے کر اسے اپنے پیر پر لُڑھکا کر دکھا دیا کہ اس طرح لوگ لین دین خرید وفروخت کیا کریں گے۔ لیکن تقریباً ایک بھی ایماندار نہ ہوگا یہاں تک کہ مشہور ہو جائے گا کہ فلاں قبیلے میں کوئی امانت دار ہے اور یہاں تک کہ کہا جائے گا یہ شخص کیسا عقلمند کس قدر زیرک دانا اور فراست والا ہے حالانکہ اس کے دل میں رائی کے دانے برابر بھی ایمان نہ ہوگا۔

چار بنیادی اوصاف:

مسند احمد میں فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے کہ چار باتیں جب تجھ میں ہوں پھر اگر ساری دنیا بھی فوت ہو جائے تو تجھے نقصان نہیں، امانت کی حفاظت، بات چیت کی صداقت، حسن اخلاق اور وجہ حلال کی روزی۔ (تفسیر ابن کثیر)

صحیحین بخاری ومسلم اور مسند احمد میں حضرت حذیفہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں دو حدیثیں سنائی تھیں، ان میں سے ایک کو تو ہم نے خود آنکھوں سے دیکھ لیا، دوسری کا انتظار ہے۔

پہلی حدیث یہ ہے کہ اول رجال دین کے قلوب میں امانت نازل کی گئی، پھر قرآن اتارا گیا، تو اہلِ ایمان نے قرآن سے علم حاصل اور سنت سے عمل حاصل کیا۔

اس کے بعد دوسری حدیث یہ سنائی کہ (ایک وقت ایسا آنے والا ہے جس میں) آدمی سوکر اُٹھے گا تو اس کے قلب سے امانت سلب کر لی جائے گی اور اس کا کچھ اثر ونشان ایسا رہ جائے گا جیسے تم کوئی آگ کا انگارہ اپنے پاؤں پر لڑھکا دو (وہ انگارہ تو چلا گیا مگر) اس کا اثر پاؤں پر ورم یا چھالے کی صورت میں رہ گیا حالانکہ اس میں آگ کا کوئی جز نہیں (الی قولہ) یہاں تک کہ لوگ باہم معاملات اور معاہدات کریں گے، مگر کوئی امانت کا حق ادا نہ کرے گا اور (امانتدار آدمی کا ایسا قحط ہو جائے گا کہ) لوگ یہ کہا کریں گے کہ فلاں قبیلہ میں ایک آدمی امانتدار ہے۔

امانت داری دل کی صفت ہے:

اس حدیث میں امانت ایک ایسی چیز کو قرار دیا ہے جس کا تعلق انسان کے قلب سے ہے، اور وہی تکالیف شرعیہ اور وظائف دینیہ کے مکلف ہونے کی صلاحیت واستعداد رکھتا ہے

قرب ورضائے الٰہی کا شوق:

اور تفسیر قرطبی میں حکیم ترمذی کے حوالہ سے حضرت ابن عباسؓ کی یہ

besturdubooks.wordpress.com

روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (آسمان زمین وغیرہ پر عرض امانت اور ان کے جواب کے بعد) حق تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو خطاب فرمایا اور فرمایا کہ ہم نے اپنی امانت آسمان زمین کے سامنے پیش کی تو وہ اس کا بار اٹھانے سے عاجز ہو گئے۔ تو آپ اس بار امانت کو اٹھائیں گے مع اس چیز کے جو اس کے ساتھ ہے، آدم علیہ السلام نے سوال کیا کہ اے پروردگار وہ چیز جو اس کے ساتھ ہے کیا ہے؟ جواب ملا کہ اگر حمل امانت میں پورے اُترے (یعنی اطاعت مکمل کی) تو آپ کو جزاء ملے گی، (جو اللہ تعالیٰ کے قرب و رضا اور جنت کی دائمی نعمتوں کی صورت میں ہوگی) اور اگر اس امانت کو ضائع کیا تو سزا ملے گی، آدم علیہ السلام نے (اللہ تعالیٰ کے قرب و رضا میں ترقی ہونے کے شوق میں) اس کو اٹھالیا، یہاں تک کہ بار امانت اُٹھانے پر اتنا وقت بھی نہ گزرا تھا جتنا ظہر سے عصر تک ہوتا ہے کہ اس میں شیطان نے ان کو مشہور لغزش میں مبتلا کر دیا، اور جنت سے نکالے گئے۔

عرض امانت کا وقت:

اور ظاہر یہ ہے کہ یہ عرض امانت کا واقعہ میثاق ازل یعنی عہد الست سے پہلے کا ہے کیونکہ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ اسی بار امانت کی پہلی کڑی اور اپنے منصب کا حلف اُٹھانے کے قائم مقام ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

کردہ بار امانت را قبول　　از کشیدن پس نباید شد ملول

ادائے امانت فرض ہے:

امانت کا صاحب امانت کو ادا کرنا اور صحیح سالم اس تک پہنچا دینا فرض اور واجب ہے۔

آیت امانت کی شیعی تفسیر:

تفسیر قمی میں جو تفسیر اہل بیت کے نام سے مشہور ہے اس میں اس آیت کی عجیب وغریب تفسیر کی ہے وہ یہ کہ امانت سے مراد امامت اور خلافت ہے اور انسان سے ابوبکر مراد ہے اور معنی آیت کے یہ ہیں کہ اللہ نے اس امانت کو آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں پر پیش کیا مگر سب نے اس کے اٹھانے سے انکار کر دیا لیکن ابوبکر بڑا ظلوم وجہول تھا اس نے اٹھالیا اہل عقل سمجھ سکتے ہیں کہ یہ تفسیر نہیں بلکہ تحریف ہے بالفرض والتقدیر اگر یہ تفسیر ہے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ آفرینش عالم سے پہلے سب کون ومکان حتیٰ کہ حضرت علی بھی خلافت سے دستبردار ہو چکے تھے ان سب کی دستبرداری کے بعد اللہ نے خلافت ابوبکر پر پیش کی جس کو ابوبکر نے اُٹھالیا اور اُٹھا کر اپنی ہی جان پر ظلم کیا نہ کہ حضرت علی پر اور ابوبکر کو جو خلافت ملی وہ مغصوبہ نہ تھی۔ بلکہ خدا کی پیش کردہ تھی۔ خدا کی طرف سے ان کو یہ خلافت ملی تھی جس سے حضرت علی اپنی پیدائش سے پہلے ہی بطور رضا و رغبت دستبردار ہو چکے تھے۔ شیعوں کی یہ تحریف تو اہل سنت کو مفید ہے۔

حضرت حکیم الامت تھانویؒ کا ارشاد:

حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی قدس اللہ سرہ اپنے ایک وعظ میں فرماتے ہیں کہ علماء محققین کا قول یہ ہے کہ اس آیت میں امانت سے تکلیف شرعی مراد ہے اور تکلیف کے معنی تحصیل الاعمال بالاختیار ہیں یعنی اپنے ارادہ اور اختیار سے احکام شریعت کو بجا لانا کیونکہ مطلق عبادت اور اطاعت سے کوئی شے خالی نہیں۔

حضرت جنید بغدادیؒ کا ارشاد:

سید الطائفہ جنید بغدادیؒ فرماتے ہیں کہ آدم کی نظر خدا تعالیٰ کے پیش کرنے پر تھی کہ خدا تعالیٰ پیش کر رہا ہے امانت کے ثقل پر اس کی نظر نہ تھی حق تعالیٰ کے پیش کرنے کی لذت نے امانت کا بوجھ بھلا دیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ لطف ربانی بزبان عنایت بول اُٹھا کہ اے آدم امانت کا اٹھانا تیری طرف سے ہے اور نگہبانی میری طرف سے ہے چونکہ تو نے خوشی سے میری امانت کو اٹھالیا تو میں نے بھی تجھے اٹھالیا۔

راہ اورابدو توان پیمود　　بار اور ابد و توان برداشت

(معارف کاندھلوی)

امانت کے متعلق علماء کے اقوال:

حضرت ابن مسعود نے فرمایا امانت سے مراد ہے نماز ادا کرنا، زکوٰۃ دینا، رمضان کے روزے، بیت اللہ کا حج، صدق مقال، ناپ تول میں انصاف اور ان سب سے زیادہ سخت امانتوں کی حفاظت۔

زید بن اسلم نے کہا امانت سے مراد ہے روزہ، غسل، جنابت اور اندرونی شرائع (جیسے حسد نہ کرنا، دل میں مسلمان سے عداوت نہ کرنا، حب جاہ ومال نہ رکھنا وغیرہ تمام اخلاق باطنہ) یعنی جن میں ریاکاری کا کوئی دخل نہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص نے فرمایا انسانی جسم میں سب سے پہلے شرمگاہ بنائی اور فرمایا یہ امانت ہے بطور ودیعت میں تیرے سپرد کرتا ہوں۔ کان بھی امانت ہے، آنکھ بھی امانت ہے اور جس میں امانت (کی پاسداری) نہیں اس کے پاس ایمان نہیں۔

بعض اہل علم نے کہا امانت سے مراد ہیں لوگوں کی باہمی امانتیں اور ایفاء وعدہ۔ ہر مومن پر حق ہے کہ دوسرے مومن یا معاہد کے ساتھ دھوکہ نہ کرے نہ چھوٹے معاملہ میں نہ بڑے معاملہ میں بغوی نے لکھا ہے اللہ نے زمین و آسمان سے فرمایا تھا کیا تم بار امانت کو مع ان کے لوازم کے اٹھاتے ہو۔ آسمان وزمین نے کہا لوازم امانت کیا ہے۔ اللہ نے فرمایا اگر تعمیل کرو گے تو تم کو اچھا بدلہ دیا جائے گا اگر نافرمانی کرو گے تو سزا پاؤ گے۔ آسمان وزمین نے

besturdubooks.wordpress.com

عرض کیا، ان لوازم کے ساتھ ہم برداشت (نہیں (کر سکتے) اے رب ہم تیرے حکم کے پابند ہیں نہ ثواب چاہتے ہیں نہ عذاب۔ آسمان و زمین نے یہ بات (نافرمانی کے) خوف اور دین خداوندی کی تعظیم کی وجہ سے کہی ان کو ڈر ہوا کہ دین خداوندی کا حق ہم سے ادا نہ ہو سکے گا (تو عذاب میں مبتلا ہوں گے) یہ مطلب نہیں کہ اللہ نے بار امانت اٹھانے کا حکم ان کو دیا تھا اور انہوں نے سرتابی کی اللہ کی طرف عرض امانت کی برداشت اختیاری تھی لازمی نہیں تھی اگر لازمی ہوتی تو آسمان و زمین ضرور اس بار کو اٹھاتے۔

بیضاوی نے لکھا ہے شاید امانت سے عقل یا تکلیف شرعی مراد ہے۔ عقل قوت غضبیہ و شہوانیہ کی نگراں ہے۔ دونوں کو حدود شرعیہ سے آگے بڑھنے اور تجاوز کرنے سے روکتی ہے۔ شرعی احکام کا اصل مقصد ہی غضبیہ اور شہوانیہ قوتوں کو اعتدال پر لانا ہے۔ اسی تشریح کی بناء پر بیضاوی نے لکھا ہے کہ سابق آیت میں جو اطاعت کی عظمت شان کو ظاہر کیا تھا اس کی اس آیت سے تائید ہو رہی ہے۔ طاعت کو امانت کہنے کی وجہ یہ ہے کہ امانت واجب الرد ہوتی ہے۔ طاعت کا ادا کرنا بھی امانت کی طرح واجب ہے آیت کا مطلب اس صورت میں یہ ہوگا کہ طاعت الٰہیہ اتنا بار ثقیل ہے کہ اگر آسمان و زمین اور پہاڑوں سے اس کو برداشت کرنے کی پیش کش کی جاتی تو وہ بھی اس بار کو اٹھانے سے انکار کر دیتے اور ڈر جاتے لیکن انسان نے اپنی جسمانی ساخت کی کمزوری اور طاقت کی کمی کے سبب اس کو اٹھا لیا لامحالہ جو شخص حقوق امانت پورے پورے ادا کرے گا اور برداشت امانت کو ہر وقت پیش نظر رکھے گا وہ ضرور کامیاب ہوگا اور اس کو فلاح دارین حاصل ہوگی۔

بعض لوگوں نے کہا کہ اجرام علویہ و سفلیہ پیدا کر کے اللہ نے ان کے اندر سمجھ بھی پیدا کر دی تھی اور فرمایا تھا میں نے ایک فریضہ لازم کیا ہے جو میری اطاعت کرے گا اس کے لئے میں نے جنت پیدا کر دی ہے اور جو نافرمانی کرے گا اس کے لئے دوزخ بنا دی ہے۔ اجرام مذکورہ نے جواب دیا تو نے جیسا ہم کو پیدا کیا ہے ہم (بالاضطرار) اس کے پابند ہیں کسی (اختیاری) فریضہ کو برداشت نہیں کر سکتے اور ثواب نہیں چاہتے لیکن آدم کو پیدا کر کے بار فریضہ کی پیش کش کی تو انہوں نے اٹھا لیا کیونکہ وہ یہ بار گراں اپنے نفس پر ڈال کر خود اپنے اوپر ظلم کرنے والے تھے اور انجام کی خرابی سے ناواقف تھے۔

ابن ابی حاتم نے مجاہد کا یہی تفسیری قول نقل کیا ہے اس روایت میں اتنا اور بھی ہے کہ بار امانت کو اٹھانے اور جنت سے نکالے جانے کے درمیان بس اتنی ہی مدت ہوئی جتنی ظہر و عصر کے درمیان ہوتی ہے۔

جمادات کا اللہ تعالیٰ سے معاملہ:

بعض اہل علم نے کہا جمادات ہمارے لحاظ سے بے عقل ہیں۔ ہماری بات نہیں سمجھتے لیکن اللہ کے فرمان کو سمجھتے ہیں اور سمجھ کر اطاعت کرتے ہیں اور سربسجود ہو جاتے ہیں اللہ نے آسمان و زمین سے فرمایا ائْتِيَا طَوْعًا أَوْ كَرْهًا دونوں نے جواب دیا أَتَيْنَا طَائِعِينَ دوسری آیات ہیں وَإِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْأَنْهَارُ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَاءُ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللَّهِ کچھ پتھروں سے دریا پھوٹ کر نکلتے ہیں اور کچھ پتھر اللہ کے خوف سے نیچے کو گرتے ہیں۔ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يَسْجُدُ لَهُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ ... وَالْقَمَرُ وَالنُّجُومُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَابُّ۔

حضرت آدم علیہ السلام:

بعض علماء نے لکھا ہے حَمَلَهَا الْإِنْسَانُ میں الْإِنْسَانُ سے مراد حضرت آدم ہیں۔ اللہ نے آدمؑ سے فرمایا تھا کہ میں نے یہ امانت آسمان زمین اور پہاڑوں کے سامنے رکھی لیکن سب نے اٹھانے سے انکار کر دیا کیا تو اس کو مع اس کے لوازم لے لے گا۔ آدم نے عرض کیا اے میرے رب اس کے لوازم کیا ہیں۔ اللہ نے فرمایا اگر تو نیکی کرے گا تو اس کا ثواب پائے گا اور بدی کرے گا تو عذاب میں پکڑا جائے گا۔ آدم نے امانت کو اٹھا لیا اور عرض کیا میں اس بوجھ کو اپنے کاندھے پر لیتا ہوں اللہ نے فرمایا جب تو نے اس امانت کو قبول کر لیا ہے تو میں بھی تیری مدد کروں گا۔ تیری آنکھوں کے اوپر ایک نقاب ڈال دوں گا تاکہ ناجائز چیز پر نظر پڑنے کا جب تجھے ڈر ہو تو آنکھ پر نقاب لٹکا لے۔ (یعنی پلکیں جھکا لے اور آنکھیں بند کر لے) اور تیری زبان کے لئے دو جبڑے اور ایک قفل بنا دوں گا تجھے جب (ناجائز بات زبان سے نکلنے کا) اندیشہ ہو تو قفل بند کر لینا اور میں تیری شرمگاہ کے لئے لباس مقرر کر دوں گا تو شرمگاہ کو اس کے سامنے نہ کھولنا جس کے سامنے کھولنا میں نے حرام کر دیا ہے۔

مجاہد نے کہا برداشت امانت کے وقت اور جنت سے نکالے جانے کے وقت کی درمیانی مدت صرف اتنی ہوئی جتنی ظہر و عصر کے درمیان ہوتی ہے۔

میں کہتا ہوں برداشت امانت کے بعد جنت سے نکالے جانے کی وجہ شاید یہ ہو کہ جنت اداء امانت (یعنی عمل) کا مقام نہیں ہے بلکہ اداء امانت کے ثواب کا مقام ہے (دار العمل نہیں دار الجزاء ہے) اس لئے حضرت آدم کو جنت سے نکال کر دنیا میں بھیج دیا گیا۔ دنیا آخرت کی کھیتی ہے (بونا دنیا میں ہے کاٹنا آخرت میں ہے)

امانت کی تشبیہ: بغوی نے لکھا ہے نقاش نے اپنی سند کے ساتھ حضرت ابن مسعود کا قول نقل کیا ہے کہ امانت کو اس بھاری پتھر سے تشبیہ دی گئی جو کسی جگہ پڑا ہو۔ آسمانوں کو زمین کو اور پہاڑوں کو اس کے اٹھانے کی دعوت دی گئی لیکن کوئی اس کے قریب بھی نہیں آیا اور سب نے کہہ دیا ہم میں اس کو اٹھانے کی طاقت نہیں پھر بغیر دعوت کے آدم آ گئے اور انہوں نے پتھر کو ہلا کر کہا اگر مجھے اس

besturdubooks.wordpress.com

کو اٹھانے کا حکم دیا گیا تو میں اس کو اٹھالوں گا اللہ نے فرمایا اٹھاؤ آدم اس کو اٹھا کر زانو تک لے آئے پھر رکھ دیا اور کہا خدا کی قسم اگر میں زیادہ اٹھانا چاہوں تو اٹھا سکتا ہوں۔ آسمان وزمین نے کہا اٹھاؤ۔ آدم نے اس کو اٹھا کر اپنے کاندھے پر رکھ لیا اور پھر اتار کر نیچے رکھ دینے کا ارادہ کیا۔ اللہ نے فرمایا ہرگز اس کو نیچے نہ رکھو، یہ تمہاری اور تمہاری اولاد کی گردن میں قیامت تک بندھا رہے گا۔

حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی کی تحقیق:

میں کہتا ہوں آیت کی رفتار بتا رہی ہے کہ امانت کا حامل صرف انسان ہے۔ اب اگر امانت سے مراد طاعت اور شرعی تکالیف ہوں گی تو انسان کی کوئی خصوصیت نہیں ہوگی جن اور ملائکہ بھی مکلف شرعی ہیں بلکہ انسانوں پر ملائکہ کی فضیلت لازم آئے گی کیونکہ ملائکہ تو معصوم ہیں امانت کو کامل طور پر ادا کر رہے ہیں؟؟ يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ رات دن اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں۔ سُست نہیں پڑتے اور انسانوں میں سے کچھ ظالم لِنَفْسِہٖ اپنے اوپر ظلم کرنے والے ہیں اور کچھ مقتصد میانہ چال سے چلنے والے اور کچھ سابق بالخیرات بھلائیوں کی طرف پیش قدمی کرنے والے۔ اس لئے صوفیہ نے کہا کہ امانت سے مراد ہے نورِ عقل اور نارِ عشق۔ عقل کی روشنی میں منطقی استدلال کے ساتھ معرفت الٰہیہ کا حصول ہوتا ہے اور آتشِ عشق سے سارے درمیانی حجابات سوختہ ہو جاتے ہیں۔ ملائکہ مقربین بارگاہ ضرور ہیں لیکن ان میں سے ہر ایک کا مقام قرب ومعرفت معین ہے وہ اپنے مقام سے ترقی نہیں کر سکتے اللہ نے فرمایا ہے وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ ہماری طرف سے ہر ایک کا مرتبہ مقرر ہے۔ ہاں نورِ عشق تمام حجاباتِ بُعد کو جلا ڈالتی ہے اور صرف انسان معرفت الٰہیہ کے غیر متناہی مراتب میں ترقی کر سکتا ہے۔

میں نے حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ کے کلام سے یہ استفادہ کیا ہے کہ امانت تجلیات ذاتیہ کو قبول کرنے کی وہ استعداد ہے جو اللہ نے ماہیت انسانیہ میں ودیعت رکھی ہے۔ ایمان اور نیک اعمال کے بعد جن کا الحاق اور شمار ملائکہ میں ہو سکتا ہے اور تجلیات صفاتیہ کو قبول کرنے کی اس میں استعداد ہو سکتی ہے لیکن ذاتی تجلی کی برداشت تو صرف اسی میں ہو سکتی ہے جس کا مزاج خاکی ہو اسی استعداد نے آدم کو مستحق خلافت بنایا اور یہی استعداد مراد ہے اس علم سے جس کا اظہار آیت اِنِّیْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ میں کیا ہے یعنی اللہ نے ملائکہ سے فرمایا کہ میں جانتا ہوں تم نہیں جانتے کہ تجلی ذاتی کو وہی برداشت کر سکتا ہے جس کا مزاج خاکی ہو اسی کی طرف اشارہ ہے لفظ ظلوم وجہول سے یعنی انسان کو سبعی قوت بھی دی گئی ہے اور بہیمی قوت بھی۔ سبعی قوت کا تقاضا ہے بلند چوٹیوں پر چڑھنا۔ بلند سے بلند مراتب معرفت کی طرف ترقی کرتا چلا جانا اور بہیمی قوت انسان کو اس قابل بنا دیتی ہے کہ وصل محبوب کے لئے سخت ریاضتیں اور مشقتیں برداشت کر سکے ظلوم وجہول ہونا انسان کی صفت محمودہ ہے اور مستحق خلافت بنا دینے کی علت ہے۔ سبعی اور بہیمی قوتیں ارضی مزاج رکھتی ہیں۔

موجودات ارضی اپنی مزاجی کثافت کی وجہ سے نور آفتاب کو جذب کر کے اپنے اندر روک لیتے ہیں اور لطیف اجرام میں جذب نور کر کے روک رکھنے کی صلاحیت نہیں ہوتی۔ مادۂ ارضی اپنی کثافت کی وجہ سے تجلی ذاتی کو برداشت کرنے کی قابلیت رکھتا ہے۔ مادہ نوری اس قابلیت سے محروم ہے۔ ملائکہ مقربین کے مقامات قرب محدود ہیں اگرچہ ملائکہ کے قرب وولایت (اتصال) کا مرتبہ انبیاء کے مقام قرب وولایت سے بالا ہے کیونکہ ملائکہ کا مرتبۂ ولایت اور انبیاء کا مرتبۂ ولایت دونوں صفات سے مستفاد ہیں مگر انبیاء کے مرتبہ میں ظہور کی حیثیت معتبر ہے یعنی ذات کے ساتھ صفات کا قیام ملحوظ نہیں اور ملائکہ کے مرتبہ ولایت میں بطون کی حیثیت معتبر ہے یعنی ذات کے ساتھ صفات کا قیام ملحوظ ہوتا ہے۔

لیکن تجلی ذاتی جو نبوت کا کمال ہے ملائکہ کو میسر نہیں اس لئے نبوت انسان کے ساتھ مخصوص ہے اور انبیاء کے خواص ملائکہ کے خواص سے افضل ہیں اور جنت صرف انسانوں کے لئے پیدا کی گئی ملائکہ کا جنت میں ہر دروازہ سے داخلہ انسانوں کے احترام کے لئے ہوگا۔

علامہ بیضاویؒ کی تحقیق:

بیضاوی نے اس آیت کو سابق الذکر وعدہ کی تائید قرار دیا اور مطلب اس طرح بیان کیا کہ امانت اتنا عظیم بار ہے کہ اگر بزرگ ترین اجسام بالفرض باشعور ہوتے تو وہ بھی اٹھانے سے انکار کر دیتے اور اٹھا نہ سکتے لیکن انسان نے باوجود اپنی جسمانی کمزوری کے اس کو اٹھا لیا اس لئے جو شخص اس امانت کے حقوق کی نگہداشت کرے گا وہ دونوں جہاں میں کامیاب ہوگا اس مطلب پر بیضاوی کے نزدیک اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا سے یہ مراد ہوگی کہ انسان نے اپنا وعدہ پورا نہیں کیا اور حق امانت کا لحاظ نہیں رکھا اور حقیقت امانت کے نتیجہ سے ناواقف رہا۔ یہ دونوں برے اوصاف جنس انسان کے قرار دیئے (لیکن کل افراد کے نہیں بلکہ) عام طور پر زیادہ افراد کے (کیوں کہ بعض افراد یعنی انبیاء اولیاء اور مومنین صالحین نے تو امانت کے پورے حقوق ادا کئے اور وعدہ پورا کیا)۔

الانسان سے مراد حضرت آدم ہیں اور آدم ہی نے بار امانت اٹھایا تھا اور آدم نبی معصوم تھے انہوں نے جو بوجھ اٹھایا تھا اس کو پورا پورا ادا کر دیا اور انّہٗ کی ضمیر کا رجوع اسی شخص کی طرف ہے جس نے بار امانت اٹھایا تھا (یعنی حضرت آدم علیہ السلام)

انسان کے ظلوم وجہول ہونے کا مطلب:

صوفیہ نے انسان کے ظلوم وجہول ہونے کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ

besturdubooks.wordpress.com

انسان کے اکثر افراد نے اپنے نفوس پر ظلم کیا معرفت اور تجلیات الٰہیہ کی اس استعداد کو کھو دیا جو فطرت اللہ ہے۔ اللہ نے سب لوگوں کو اس فطرت پر پیدا کیا ہے۔ اکثر انسان انتہائی نادان بھی ہیں جو چیز فوت ہوگئی اس کی خوبی سے ناواقف ہیں اور جو کمایا اس کی خرابی سے لاعلم ہیں۔

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر پیدا ہونے والا بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے پھر اس کے ماں باپ اس کو یہودی یا عیسائی یا مجوسی بنا دیتے ہیں۔ الحدیث۔ متفق علیہ من حدیث ابی ہریرہؓ۔

میں کہتا ہوں یہ بات معلوم ہوگئی کہ بطور کنایہ ظلم سے مراد قوت سبعیہ (غضبیہ) ہے اور جہالت سے مراد قوت بہیمیہ (شہوانیہ) ہے اور ان دونوں قوتوں کی اچھائی برائی مصرف کے تنوع کے لحاظ سے ہے۔ قوت سبعیہ کا استعمال اگر اللہ کے دشمنوں کو دفع کرنے اور مدارج قرب تک پہنچنے اور مراتب معرفت میں ترقی کرنے کے لئے کیا جائے تو یہ قوت مستحق قرار پائی ہے۔ اللہ نے فرمایا ہے اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الَّذِیْنَ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِہٖ صَفًّا کَاَنَّھُمْ بُنْیَانٌ مَّرْصُوْصٌ اللہ ان لوگوں کو پسند کرتا ہے جو اس کے راستہ میں اس طرح صف بند ہو کر لڑتے ہیں جیسے وہ سیسہ پلائی ہوئی مضبوط دیوار ہیں۔ بلاشبہ اللہ بلندی عزم اور رفعت ہمت کو پسند فرماتا ہے۔ لیکن اگر اسی قوت کا استعمال بے قصور لوگوں پر جبر و ظلم کرنے اور اللہ کے مقابلہ میں تکبر و غرور کرنے کے لئے کیا جائے تو یہ قوت قبیح قرار پاتی ہے۔ اللہ نے فرمایا ہے اَلَا لَعْنَۃُ اللّٰہِ عَلَی الظّٰلِمِیْنَ خوب سن لو کہ ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ کُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ اور اللہ ہر اترانے والے شیخی جتانے والے کو پسند نہیں کرتا۔

اسی طرح قوت بہیمیہ کا استعمال اگر حصول سعادت کے لئے کیا جائے تو یہ قوت اچھی ہے اور اگر فانی لذتوں کے حصول کے لئے کیا جائے تو بری ہے۔ اللہ نے فرمایا ہے۔ لَھَا مَا کَسَبَتْ وَعَلَیْھَا مَا اکْتَسَبَتْ

اور یہ ناقابل انکار حقیقت ہے کہ ان دونوں قوتوں کے استعمال و صرف کی اچھائی کا مدار نفس و قلب کے تزکیہ اور عناصر کی تطہیر پر ہے۔ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے بنی آدم کے جسم کے اندر ایک بوٹی ایسی ہے کہ جب وہ ٹھیک ہوتی ہے تو سارا جسم ٹھیک ہوتا ہے اور جب وہ بگڑتی ہے تو سارا بدن بگڑ جاتا ہے۔ خوب سن لو وہ بوٹی دل ہے۔ رواہ البخاری۔ اللہ نے فرمایا ہے قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَکّٰھَا وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰھَا جس نے نفس کو پاک کر لیا وہ فلاح یاب ہو گیا اور جس نے نفس کو میل آلود اور گندہ کر دیا وہ نامراد رہا اور یہ بھی صحیح ہے کہ شریعت کے اوامر و نواہی کی پابندی تطہیر نفس کا ذریعہ ہے اب اگر امانت سے مراد شرعی اوامر و نواہی ہوں تو ظلوم وجہول ہونے سے اشارہ ہوگا اس علت کی طرف جس کی وجہ سے انسان پر بار امانت ڈالا گیا اور اس نے اس بوجھ کو اٹھایا ہے۔ اس صورت میں مطلب اس طرح ہوگا کہ انسان چوں کہ ظلوم وجہول تھا اس لئے ہم نے اس پر بار امانت ڈالا اور اس نے اٹھا لیا تا کہ بری خصلتوں سے اس کی تطہیر ہو جائے اور اعلیٰ فضائل حاصل کرنے کی اس میں صلاحیت ہو جائے اور دونوں جہان میں وہ بامراد رہے۔ اور اگر امانت سے مراد تجلیات ذاتیہ ہوں تو مطلب اس طرح ہوگا کہ چوں کہ انسان ظلوم وجہول تھا اس لئے وہی اس امانت کو اٹھانے کے قابل تھا اس امانت کو برداشت کرنے کا وہی اہل ہوگا جو ان دونوں اوصاف کا حامل ہو۔

تزکیہ ضروری ہے:

امانت سے مراد طاعت و فرائض ہوں یا معرفت اور مراتب قرب کا حصول بہرحال سبعیہ اور بہیمیہ قوتیں اچھی بھی ہیں اور بری بھی اگر نفس کا تزکیہ نہ کیا اور اللہ کی طرف سے انسان کو بے مدد چھوڑ دیا گیا اور باطل میں ان قوتوں کو مشغول رکھا گیا تو یہ قوتیں بری ہیں اور اگر اس کے خلاف ان قوتوں سے کام لیا تو یہ قوتیں اچھی ہیں۔ دونوں صورتوں میں ان قوتوں کی عطاء کو بار امانت۔ انسان پر لادنے اور اس بوجھ کو اٹھانے کی علت قرار دینا بالکل صحیح ہے۔ (تفسیر مظہری)

لِّیُعَذِّبَ اللّٰہُ الْمُنٰفِقِیْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِکِیْنَ

تا کہ عذاب کرے اللہ منافق مردوں کو اور عورتوں کو اور شرک والے مردوں کو

وَالْمُشْرِکٰتِ وَیَتُوْبَ اللّٰہُ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ

اور عورتوں کو اور معاف کرے اللہ ایمان دار مردوں کو اور عورتوں کو

وَکَانَ اللّٰہُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا

اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان

منافق، کافر اور مؤمن کا انجام:

میرے نزدیک اس جگہ الخ کے معنی معاف کرنے کے نہ لئے جائیں بلکہ اُن کے حال پر متوجہ ہونے اور مہربانی فرمانے کے لیں تو بہتر ہے جیسے "لقد تاب اللّٰہ علی النبی و المھاجرین" میں لئے گئے ہیں۔ یہ تو مؤمنین کاملین کا بیان ہوا۔ وَکَانَ اللّٰہُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا اور میں قاصرین و مقصرین کے حال کی طرف اشارہ فرما دیا۔ واللّٰہ تعالیٰ اعلم نسال اللّٰہ تعالیٰ ان یتوب علینا ویغفرلنا ویثبنا بالفوز العظیم۔ انہ جل جلالہ وعم نوالہ غفور رحیم۔ تم سورۃ الاحزاب وللّٰہ الحمد والمنۃ۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

لِيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ یعنی تا آنکہ عذاب دے گا اللہ تعالیٰ منافق مردوں اور منافق عورتوں کو، اور مشرکین مردوں اور عورتوں کو اور رحمت و مغفرت سے نوازے گا مؤمنین ومؤمنات کو لِیُعَذِّبَ میں حرف لام بیان علت وغرض کے لئے نہیں بلکہ اصطلاح عربیت کے لحاظ سے لام عاقبت ہے، یعنی جو کسی چیز کا انجام بیان کرے جیسے ایک عربی شعر میں ہے

لِدُوْا لِلْمَوْتِ وَابْنُوْا لِلْخَرَابِ

یعنی پیدا ہو موت کے لئے اور تعمیر کرو ویران ہونے کے لئے مراد یہ ہے کہ ہر پیدا ہونے والے کا انجام موت اور ہر تعمیر کا انجام ویرانی ہے۔

بارِ امانت کا نتیجہ:

اس جملے کا تعلق حَمَلَهَا الْاِنْسَانُ سے ہے، یعنی انسان کے بار امانت اٹھانے کا انجام یہ ہوگا کہ نوع انسانی میں دو فریق ہو جائیں گے، ایک کفار و منافق وغیرہ جو اطاعتِ الٰہیہ سے سرکش ہو کر امانت کے ضائع کرنے والے ہو گئے، ان کو عذاب دیا جائے گا، دوسرے مؤمنین ومؤمنات جو اطاعتِ احکام شرعیہ کے ذریعہ حق امانت ادا کر چکے، ان کے ساتھ رحمت و مغفرت کا معاملہ ہوگا۔ (معارف مفتی اعظم)

لِيُعَذِّبَ میں لام عاقبت کا ہے یعنی اس برداشتِ امانت کا انجام یہ ہوگا کہ اللہ عذاب دے گا جیسے ایک مصرع ہے لِدُوْا للموت وابنوا للخراب مرنے کے لئے جنم دو اور ویران ہونے کے لئے تعمیر کرو یعنی پیدائش کا نتیجہ موت اور تعمیر کا انجام ویرانی ہے۔

منافق اور مشرک ہی ظلم اور عیش میں ڈوبے ہوئے ہیں اور یہی امانت مفوضہ کو کھود ینے والے ہیں اس لئے انہیں کو عذاب دیا جائے گا۔

وَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ اور اللہ (اپنی رحمت، مغفرت اور عطاء قرب کے ساتھ) مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں کی طرف متوجہ ہوگا، مؤمن ہی امانت کا حق ادا کرنے اور تجلیاتِ الٰہیہ میں ڈوب جانے والے ہیں اس لئے انہیں کی مغفرت اور انہیں پر رحمتِ الٰہیہ کی بارش ہوگی۔

شرعی ذمہ داری کی غرض:

ابن قتیبہ نے آیات کا مطلب اس طرح بیان کیا ہم نے امانت یعنی شرعی تکلیفات یا فطری استعداد کو پیش کیا تا کہ منافق کا نفاق اور مشرک کا شرک ظاہر ہو جائے اور اللہ ان کو عذاب دے اور مومن کے ایمان (نیز عارف کی معرفت) کا اظہار ہو جائے اور اللہ ان پر رحم فرمائے۔ اور اگر کسی طاعت میں ان سے قصور ہو جائے تو اس کو بخش دے۔ (میں کہتا ہوں) اور دوامی تجلیاتِ ذاتیہ کی بارش اور بلا کیف وصل بے حجاب کی نعمت ان کو نصیب ہو جائے۔

نکتہ: وعدہ کے موقع پر یَتُوْبَ کہنے سے اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ چوں کہ شرشت کے لحاظ سے انسان ظلوم وجہول ہے اس لئے کچھ قصور ان سے ضرور ہوگا۔

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا اور اللہ (مومنوں کو) بخشنے والا ہے۔ ان کی لغزشوں کو وہ معاف کرتا ہے۔

رَّحِيْمًا بڑا مہربان ہے کہ اپنی مہربانی سے مومنوں کی طاعتوں کا ثواب عطا فرمائے گا۔

الحمد للہ سورۂ احزاب کی تفسیر ختم ہوئی

بحمد اللہ تم

besturdubooks.wordpress.com

گلدستۂ تفاسیر

جلد-٦

سورة سبا
تا
سورة القمر

besturdubooks.wordpress.com

سورة سبا

سورہ سبا مکہ میں نازل ہوئی اس میں چون آیتیں اور چھ رکوع ہیں۔

اگر خواب میں یہ سورۃ پڑھے.... دلیل ہے کہ زاہد اور عابد ہوگا (حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ

سب خوبی اللہ کی ہے جس کا ہے جو کچھ کہ ہے آسمان اور زمین میں

وَلَهُ الْحَمْدُ فِي الْاٰخِرَةِ ۭ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ①

اور اسی کی تعریف ہے آخرت میں اور وہی ہے حکمتوں والا سب کچھ جاننے والا ☆

دنیا و آخرت میں تعریف فقط اللہ ہی کی ہے:

یعنی سب خوبیاں اور تعریفیں اس خدا کے لئے ہیں جو اکیلا بلاشرکت غیرے تمام آسمانی و زمینی چیزوں کا مالک و خالق اور نہایت حکمت و خبرداری سے ان کی تدبیر کرتا ہے اس نے یہ سلسلہ بے کار پیدا نہیں کیا ایسے حکیم و دانا کی نسبت یہ گمان نہیں ہو سکتا۔ ضرور ہے کہ یہ نظام آخر میں کسی اعلیٰ نتیجہ پر منتہی ہو، اسی کو آخرت کہتے ہیں اور جس طرح دنیا میں وہ اکیلا تمام تعریفوں کا مستحق ہے، آخرت میں بھی صرف اسی کی تعریف ہوگی، بلکہ یہاں تو بظاہر اور کسی کی بھی تعریف ہو جاتی تھی کیونکہ مخلوق کا فعل خالق کے فعل کا پردہ اور اس کا کمال اس کے کمال حقیقی کا پرتو ہے لیکن وہاں سب وسائط اور پردے اٹھ جائیں گے جو کچھ ہوگا سب دیکھیں گے کہ اسی کی طرف سے ہو رہا ہے اس لئے صورۃً وحقیقۃً ہر حیثیت سے تنہا اسی محمود مطلق کی تعریف رہ جائے گی۔ (تفسیر عثمانی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ تمام حمد ہے اس اللہ کیلئے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے سب اسی کا ہے۔

یعنی وہی سب کا مالک اور خالق اور حاکم ہے اس لیے وہی ہر ظاہری، باطنی، جہری اور سرّی حمد کا مستحق ہے دوسرا کوئی حمد کا مستحق نہیں ہے اللہ کے سوا دوسرے کی ستائش مجازاً کی جاتی ہے کیوں کہ اس کے ہاتھوں سے بظاہر کچھ نعمتیں دوسروں کو پہنچتی ہیں۔ (تفسیر مظہری)

ربط: گذشتہ سورت کے آخیر میں امانت کا ذکر تھا اب اس سورت میں یہ بتلایا کہ نفسانی شہوتیں اور دنیاوی لذتیں ہی امانت میں خیانت کا سبب بنتی ہیں جیسا کہ قوم سبا جن کو اللہ تعالیٰ نے قسم قسم کی نعمتوں سے نوازا مگر وہ دنیاوی عیش و عشرت میں ایسے مست ہوئے کہ اللہ کی امانت میں خیانت کر بیٹھے جس کا انجام تباہی اور بربادی ہوا، حق تعالیٰ نے قوم سبا کو جو نعمتیں دی تھیں وہ جنت کا نمونہ تھیں۔ کفرانِ نعمت کی وجہ سے وہ جنت مبدل بہ جہنم ہوگئی اور رحمت و راحت مبدل بہ لعنت و زحمت ہوگئی، اور عزت مبدل بہ ذلت ہوگئی۔ (معارف کاندھلوی)

يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا

جانتا ہے جو کچھ کہ اندر گھستا ہے زمین کے اور جو کچھ کہ نکلتا ہے اس سے

وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاۗءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا

اور جو اُترتا ہے آسمان سے اور جو چڑھتا ہے اُس میں ☆

اللہ کا علم ہر چیز کو محیط ہے:

یعنی آسمان وزمین کی کوئی چھوٹی بڑی چیز اس کے علم سے باہر نہیں جو چیز زمین کے اندر چلی جاتی ہے مثلاً جانور کیڑے مکوڑے نباتات کا بیج، بارش کا پانی، مردہ کی لاش اور جو اس کے اندر سے نکلتی ہے مثلاً کھیتی، سبزہ، معدنیات وغیرہ اور جو آسمان کی طرف سے اترتی ہے مثلاً بارش وحی، تقدیر فرشتے وغیرہ اور جو اُوپر چڑھتی ہے مثلاً روح، دُعا، عمل اور ملائکہ وغیرہ ان سب انواع و جزئیات پر اللہ کا علم محیط ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَهُوَ الرَّحِيْمُ الْغَفُوْرُ ②

اور وہی ہے رحم والا بخشنے والا ☆

یہ سب چہل پہل اللہ کی رحمت سے ہے:

یعنی یہ سب بستی اور چہل پہل اس کی رحمت اور بخشش سے ہے ورنہ بندوں کی ناشکری اور حق ناشناسی پر اگر ہاتھوں ہاتھ گرفت ہونے لگے تو ساری رونق ایک لمحہ میں ختم کر دی جائے۔ "وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوْا مَا تَرَكَ عَلٰى ظَهْرِهَا مِنْ دَاۗبَّةٍ" (تفسیر عثمانی)

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا السَّاعَةُ ۭ

اور کہنے لگے منکر نہ آئے گی ہم پر قیامت ☆

انکارِ قیامت: کیوں نہیں آئے گی، اس کا منشاء آگے آتا ہے۔

"اِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ اِنَّكُمْ لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ"

قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ ۙ

تو کہہ کیوں نہیں قسم ہے میرے رب کی البتہ آئیگی تم پر ☆

قیامت ضرور آئے گی:

یعنی وہ معصوم و مقدس انسان جس کے صدق و امانت کا اقرار سب کو پہلے سے تھا اور اب براہین ساطعہ سے اُس کی صداقت پوری طرح روشن ہو چکی،

besturdubooks.wordpress.com

مؤکد قسم کھا کر اللہ کی طرف سے خبر دیتا ہے کہ قیامت ضرور آئے گی، پھر تسلیم نہ کرنے کی کیا وجہ ہاں اگر کوئی محال یا خلاف حکمت بات کہتا تو انکار کی گنجائش ہو سکتی تھی لیکن نہ یہ محال ہے نہ خلاف حکمت، پھر انکار کرنا ہٹ دھرمی نہیں تو اور کیا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

عٰلِمِ الْغَیْبِ لَا یَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ
اُس عالم الغیب کی غائب نہیں ہو سکتا اُس سے کچھ ذرہ بھر
فِی السَّمٰوٰتِ وَلَا فِی الْاَرْضِ وَلَآ اَصْغَرُ مِنْ
آسمانوں میں اور نہ زمین میں اور کوئی چیز نہیں اس سے چھوٹی
ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرُ اِلَّا فِیْ كِتٰبٍ مُّبِیْنٍ ﴿۳﴾
اور نہ اس سے بڑی جو نہیں ہے کھلی کتاب میں ☆

یعنی اُس عالم الغیب کی قسم جس کے علم محیط سے آسمان وزمین کا کوئی ذرہ یا ذرہ سے چھوٹی بڑی کوئی چیز بھی غائب نہیں، شاید اس لئے فرمایا کہ قیامت کے وقت کی تعیین ہم نہیں کر سکتے اس کا علم اُسی کو ہے جس کے علم سے کوئی چیز باہر نہیں، ہم کو جتنی خبر دی گئی بلاکم وکاست پہنچادی، اور اس کا جواب بھی ہو گیا جو کہتے تھے "ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِی الْاَرْضِ" یعنی جب ہمارے ذرات منتشر ہو کر مٹی میں مل گئے پھر کیسے دوبارہ اکٹھے کئے جائیں گے تو بتلا دیا کہ کوئی ذرہ اُس کے علم سے غائب نہیں۔ اور پہلے بتلایا جا چکا کہ آسمان و زمین کی ہر چیز پر قبضہ اُسی کا ہے، لہٰذا اس کو کیا مشکل ہے کہ تمہارے منتشر ذرات کو ایک دم میں اکٹھا کر دے۔

(تنبیہ) کھلی کتاب سے "لوح محفوظ" مراد ہے جس میں ہر چیز اللہ کے علم کے مطابق ثبت ہے۔ (تفسیر عثمانی)

عٰلِمِ الْغَیْبِ وہ رب جو غیب کو جاننے والا ہے۔

نکتہ: **عٰلِمِ الْغَیْبِ** کے لفظ سے اس طرف اشارہ ہے کہ قیامت کا وقوع امور غیبیہ میں سے ہے جس کو جاننے والا سواء اللہ کے اور کوئی نہیں لہٰذا اس کی شہادت قیامت کو ثابت کرنے کے لیے کافی ہے، اور غیب کی چیزوں کا اقرار یا انکار کسی کے لیے بغیر اللہ کے بتائے ہوئے جائز نہیں۔

بیک وقت ہزاروں اموات:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا یا رسول اللہ دو لشکر لڑتے ہیں اور ایک ہی وقت میں مارے جاتے ہیں پھر مشرق مغرب اور اس کے درمیان کچھ لوگ مرتے ہیں کچھ بچے پیٹ سے گرتے ہیں، ملک الموت تو ایک ہے سب کی روحیں کیسے قبض کرتا ہے، فرمایا ملک الموت ساری دنیا کو گھیرے ہوئے ہے جیسے میرے سامنے طشت ہے اس طرح ساری دنیا اللہ نے ملک الموت کے سامنے کر دی ہے کیا اس سے کوئی چیز چھپ سکتی ہے۔ (مفہوم حدیث)

پس اس آیت سے ظاہر ہے کہ تمام زمانے حال، ماضی، مستقبل اور ہر زمانہ کی چیزیں اللہ کے سامنے حاضر ہیں اور وہ خود زمانہ سے ماوراء ہے اسی طرح ہر مقام اور ہر مقام کی چیزیں اس کے سامنے حاضر ہیں اور وہ خود ہر مکان سے بالاتر ہے ہر زمان ومکان اسی کی مخلوق ہے۔

فائدہ: بعض اکابر پر کبھی ایسی حالت طاری ہو جاتی ہے کہ وہ زمانہ کی حدود سے خارج ہو جاتے ہیں ماضی یا مستقبل ان کے سامنے آجاتا ہے اس کا ثبوت اس حدیث سے ہوتا ہے جو شیخین نے صحیح میں حضرت عبداللہ بن عباس کی روایت سے بیان کی ہے کہ ایک بار رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں سورج گرہن ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو ساتھ لے کر نماز کو کھڑے ہو گئے اور ایک طویل قیام کیا (الحدیث) اس حدیث میں آیا ہے کہ لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم نے دیکھا کہ (نماز میں) اپنی جگہ کھڑے کھڑے آپ نے کسی چیز کو لینے کے لیے ہاتھ بڑھایا پھر ہم نے دیکھا کہ آپ کچھ ٹھٹکے فرمایا میں نے جنت دیکھی تھی اور اس سے ایک خوشہ لینے کو ہاتھ بڑھایا تھا، اگر میں اس کو لے پاتا تو جب تک دنیا باقی رہتی تم (یعنی سارے مسلمان) اس کو کھاتے رہتے (اور وہ ختم نہ ہوتا) پھر میں نے دوزخ کو دیکھا آج کی طرح کبھی میں نے کوئی خوفناک منظر نہیں دیکھا، دوزخیوں کی زیادہ تعداد میں نے عورتوں کی دیکھی۔ (الحدیث)

ظاہر ہے کہ دوزخ میں عورتوں کا داخلہ تو قیامت کے دن ہوگا لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو دوزخ کے اندر پالیا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ قول کہ اگر میں اس کو لے پاتا تو رہتی دنیا تک تم اس میں سے کھاتے رہتے، بتا رہا ہے کہ آپ نے حقیقۃً جنت اور دوزخ کو دیکھا تھا تصویر نہیں دیکھی تھی۔

مسلم نے حضرت جابر کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے جنت کو دیکھا اس کے اندر ابوطلحہ کی بیوی نظر آئی اور قدموں کی ایک آہٹ میں نے اپنے سامنے سنی میں نے دیکھا تو وہ بلال تھا۔

غیبت کرنے والے:

امام احمد، ابوداؤد اور ضیاء نے حضرت انس کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب میرا رب مجھے اوپر چڑھا کر لے گیا تو میرا گذر ایسے لوگوں کی طرف سے ہوا جن کے ناخن تانبے کے تھے اور وہ اپنے چہروں اور سینوں کو ناخنوں سے کھروچ رہے تھے۔ میں نے کہا جبرئیل یہ کون لوگ ہیں جبرئیل نے کہا یہ وہ لوگ ہیں جو لوگوں کا گوشت کھاتے ہیں (غیبت کرتے ہیں) اور ان کی آبروریزی کرتے ہیں۔

بلی کی وجہ سے عذاب: حضرت جابر راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

besturdubooks.wordpress.com

وسلم نے فرمایا میرے سامنے دوزخ لائی گئی اس میں بنی اسرائیل کی ایک عورت مجھے دکھائی دی جس کو ایک بلی کی وجہ سے عذاب دیا جا رہا تھا، بلی کو اس نے باندھ رکھا تھا نہ تو وہ اس کو کچھ کھانے کو دیتی تھی نہ چھوڑتی تھی کہ وہ کیڑے مکوڑے کھا سکے آخر وہ بھوک سے مرگئی اور میں نے عمر بن عامر خزاعی کو دیکھا جو دوزخ میں اپنی انتڑیاں گھسیٹتا پھر رہا تھا یہی شخص تھا جس نے سب سے پہلے سانڈھ چھوڑنے کی رسم نکالی۔ (رواہ مسلم۔تفسیر مظہری)

صفتِ علمِ غیب کی تخصیص:

عٰلِمِ الْغَيْبِ یہ صفت رب کی ہے جس کی او پر قسم کھائی گئی ہے، اللہ جل شانہٗ کی تمام صفات میں سے ایک جگہ صفتِ علم غیب و علم محیط کو شاید اس لئے خاص کیا گیا کہ کلام منکرین قیامت کے معاملہ میں ہے، اور قیامت کے انکار کا بڑا سبب کفار کے لئے یہ تھا کہ جب انسان مر کر مٹی ہو جائیں گے اور اس مٹی کے ذرات بھی دنیا میں منتشر ہو جائیں گے تو سارے جہان میں پھیلے ہوئے ذرات کو جمع کرنا پھر ہر ایک انسان کے ذرات کو دوسرے انسانوں کے ذرات سے الگ کر کے ہر ایک کے ذرات اسی کے وجود میں پیوست کرنا کیسے ممکن ہے اور اس کو ناممکن سمجھنا اسی بناء پر تھا کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کے علم و قدرت کو اپنے علم و قدرت پر قیاس کر رکھا تھا، حق تعالیٰ نے بتلا دیا کہ اللہ تعالیٰ کا علم سارے عالم پر ایسا محیط ہے کہ آسمانوں اور زمین میں جو چیز بھی ہے اس کو سب معلوم ہے اور یہ بھی معلوم ہے کہ وہ کہاں اور کس حال میں ہے، کوئی ذرہ مخلوقات کا اس کے علم سے باہر نہیں، اور یہ علم محیط حق تعالیٰ کی خصوصیت ہے، کسی مخلوق کو خواہ فرشتہ ہو یا پیغمبر ایسا علم محیط کہ کوئی ذرہ جہان کا اس سے خارج نہ ہو حاصل نہیں ہو سکتا۔ اور جس ذات کو ایسا علم محیط حاصل ہو اس کے لئے ایک انسان کے ذرّات کو الگ الگ سارے جہان میں سے جمع کر لینا اور اس سے ان کے اجسام کو دوبارہ مرکب کر دینا کیا مشکل ہے۔ (معارف القرآن، مفتی اعظم)

لِّيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ
تاکہ بدلہ دے اُن کو جو یقین لائے اور کئے بھلے کام وہ لوگ
لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝ وَالَّذِيْنَ سَعَوْ
جو ہیں ان کے لئے ہے معافی اور عزت کی روزی اور جو لوگ دوڑے
فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ
ہماری آیتوں کے ہرانے کو اُن کو بلا کا عذاب ہے
مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝
دردناک ☆

قیامت کیوں ضروری ہے:

یعنی قیامت کا آنا اس لئے ضرور ہے کہ لوگوں کو ان کی نیکی اور بدی کا پھل دیا جائے اور حق تعالیٰ کی جملہ صفات کا کامل ظہور ہو (تنبیہ) "جو لوگ دوڑے ہماری آیتوں کے ہرانے کو"۔ یعنی ہماری آیتوں کے ابطال اور لوگوں کو قولاً و فعلاً اُن سے روکنے کیلئے کھڑے ہوئے۔ گویا وہ (العیاذ باللہ) اللہ کو عاجز کرنا اور ہرانا چاہتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ اُس کے ہاتھ نہیں آئیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

لِّيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝ تاکہ اللہ ان لوگوں کو جزا دے جو ایمان لائے اور نیک کام کیے انہیں لوگوں کے لئے مغفرت ہے اور عزت کا رزق ہے یعنی حقوق عبدیت کی ادائیگی میں جو کوتاہی ان سے ہوگئی ہوگی (پوری ادائیگی تو ممکن ہی نہیں) اللہ اس کوتاہی کو معاف کر دے گا اور جو نیک کام انہوں نے کیے ہیں ان کے بدلے میں اپنی مہربانی سے جنت کے اندر اچھا رزق عطا فرمائے گا جس کے حاصل کرنے میں نہ تھکنا پڑے گا نہ کسی کا (سوا خدا کے) احسان ہوگا۔

وَالَّذِيْنَ سَعَوْ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝ اور جن لوگوں نے ہماری آیات کے متعلق (ان کو باطل کرنے کے لئے) کوشش کی (ہم کو) ہرانے کے لیے ایسے لوگوں کے لیے سختی کا دردناک عذاب ہوگا۔ یعنی آیات خداوندی کو باطل کرنے اور ان کی طرف سے لوگوں کو بے رغبت اور متنفر بنانے کیلئے کوشش کرتے ہیں (مقصد یہ کہ انہوں نے اپنی دوڑ کا میدان اسی بات کو بنا رکھا کہ اللہ کی آیات کی طرف سے لوگوں کو نفرت دلائیں) ہم پر غالب آنے کے لیے (یعنی یہ بات لوگوں کو بتانے کے لیے نہ کوئی قیامت ہوگی نہ حشر ہوگا اور نہ انہوں نے فرض کر لیا ہے کہ خدا مردوں کو زندہ کرنے کی قدرت نہیں رکھتا وہ ہم کو عاجز بنا دینا چاہتے ہیں) ایسے لوگوں کو بڑا دکھ دینے والا عذاب ہے۔

قتادہ نے رجز کا ترجمہ سوء العذاب کیا ہے۔ الیم کا ترجمہ ہے دکھ والا مگر مراد ہے دکھ دینے والا۔ (تفسیر مظہری)

وَيَرَى الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ
اور دیکھ لیں جن کو ملی ہے سمجھ کہ جو تجھ پر اُترا
اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ وَيَهْدِيْٓ اِلٰى
تیرے رب سے وہی ٹھیک ہے اور سجھاتا ہے راہ
صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۝
اُس زبردست خوبیوں والے کی ☆

ایمان والوں کو عین الیقین حاصل ہوگا:

یعنی اس واسطے قیامت آتی ہے کہ جن کو یقین تھا انہیں عین الیقین حاصل ہو

besturdubooks.wordpress.com

جائے اور آنکھوں سے دیکھ لیں کہ قرآن کی خبریں مو بہ مو صحیح و درست ہیں۔ اور بے شک قرآن ہی وہ کتاب ہے جو اس زبردست خوبیوں والے خدا تک پہنچنے کا ٹھیک راستہ بتاتی ہے بعض مفسرین نے "وَيَرَى الَّذِينَ الخ" کا مطلب یہ لیا ہے کہ "وَالَّذِينَ سَعَوْ فِي آيٰتِنَا مُعٰجِزِينَ" کے برخلاف جو اہل علم ہیں (خواہ مسلمان یا اہل کتاب) وہ جانتے ہیں اور دیکھ رہے ہیں کہ قیامت وغیرہ کے متعلق قرآن کریم کا بیان بالکل صحیح ہے اور وہ آدمی کو وصول الی اللہ کے ٹھیک راستہ پر لے جاتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا هَلْ نَدُلُّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ
اور کہنے لگے منکر ہم بتلائیں تم کو ایک مرد
يُّنَبِّئُكُمْ اِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ اِنَّكُمْ لَفِيْ خَلْقٍ
کہ تم کو خبر دیتا ہے جب تم پھٹ کر ہو جاؤ ٹکڑے ٹکڑے تم کو پھر نئے سرے سے
جَدِيْدٍ ۝ اَفْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَمْ بِهٖ جِنَّةٌ
بنا ہے کیا بنا لایا ہے اللہ پر جھوٹ یا اُس کو سودا ہے☆

کافروں نے عقیدۂ آخرت کا استہزاء کیا:

کفار قریش نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں یہ گستاخی کرتے تھے یعنی آؤ تمہیں ایک شخص دکھلائیں جو کہتا ہے کہ تم گل سڑ کر ریزہ ریزہ ہو کر جب خاک میں مل جاؤ گے پھر تم کو از سر نو بھلا چنگا بنا کر کھڑا کر دیا جائے گا۔ بھلا ایسی مہمل بات کون قبول کر سکتا ہے۔ دو حال سے خالی نہیں، یا تو یہ شخص جان بوجھ کر اللہ پر جھوٹ لگاتا ہے کہ اُس نے ایسی خبر دی۔ نہیں تو سودائی ہے۔ دماغ ٹھکانے نہیں دیوانوں کی سی بے تکی باتیں کرتا ہے۔ (العیاذ باللہ) (تفسیر عثمانی)

بَلِ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ فِي
کچھ بھی نہیں پر جو یقین نہیں رکھتے آخرت کا
الْعَذَابِ وَالضَّلٰلِ الْبَعِيْدِ ۝
آفت میں ہیں اور دور جا پڑے غلطی میں☆

یہی کافر گمراہ ہیں:

یعنی نہ جھوٹ ہے نہ جنون، البتہ یہ لوگ عقل و دانش اور صدق و صواب کے راستہ سے بھٹک کر بہت دُور جا پڑے ہیں۔ اور بیہودہ بکواس کر کے اپنے کو آفت میں پھنسا رہے ہیں۔ فی الحقیقت یہ بڑا عذاب ہے کہ آدمی کا دماغ اس قدر مختل ہو جائے کہ وہ خدا کے پیغمبروں کو مفتری یا مجنون کہنے لگے۔ (العیاذ باللہ) (تفسیر عثمانی)

اَفَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ
کیا دیکھتے نہیں جو کچھ اُن کے آگے ہے اور پیچھے ہے

مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ بِهِمُ
آسمان اور زمین سے اگر ہم چاہیں دھنسا دیں ان کو
الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ
زمین میں یا گرا دیں اُن پر ٹکڑا آسمان سے☆

جس نے کائنات بنائی وہ توڑ بھی سکتا ہے:

یعنی کیا یہ لوگ اندھے ہو گئے ہیں کہ آسمان و زمین بھی نظر نہیں آتے جو آگے پیچھے ہر طرف نظر ڈالنے سے نظر آسکتے ہیں ان کو تو وہ بھی مانتے ہیں کہ اللہ نے بنایا ہے پھر جس نے بنایا اسے توڑنا کیا مشکل ہے اور جو ایسے عظیم الشان اجسام کو بنا سکتا ہے اور توڑ پھوڑ سکتا ہے اسے انسانی جسم کا بگاڑ دینا اور بنانا کیا مشکل ہوگا یہ لوگ ڈرتے نہیں کہ اسی کے آسمان کے نیچے اور زمین کے اوپر رہ کر ایسے گستاخانہ کلمات زبان سے نکالیں۔ حالانکہ خدا چاہے تو ابھی ان کو زمین میں دھنسا کر یا آسمان سے ایک ٹکڑا گرا کر نیست و نابود کر دے اور قیامت کا چھوٹا سا نمونہ دکھلا دے۔ (تفسیر عثمانی)

مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ سے مراد ہیں وہ چیزیں جو ہر طرف محیط ہیں مطلب یہ ہے کہ مشاہدۂ کائنات صانع مختار کی قدرت کاملہ کو ثابت کر رہا ہے پھر ایسے قادر مختار کے لئے دوبارہ زندہ کر کے اٹھانا کس طرح ناممکن ہو سکتا ہے جو شخص بعث (حشر کی خبر دے رہا ہے اس کے عقل مند اور صادق ہونے کا انکار کس طرح کیا جا سکتا ہے جب کہ وہ پہلے سے عقل مند اور صادق القول معروف اور مسلم ہے۔ ایسے عقل مند کو مجنون اور ایسے صادق کو مفتری کہنا کس طرح صحیح ہو سکتا ہے۔

کافروں کو ڈرانا: بعض اہل علم کا قول ہے کہ افلم یروا الخ ڈرانے اور خوف دلانے کی تمہید ہے مطلب یہ ہے کہ کیا یہ نابینا ہیں۔ کیا ان کو نہیں دکھتا کہ آسمان و زمین کے اندر یہ گھرے ہوئے ہیں۔ جہاں رہیں اور جہاں جائیں آسمان و زمین سے باہر نہیں نکل سکتے اور اقتدار خداوندی سے خارج نہیں ہو سکتے ان کو ڈرنا چاہئے کہ کہیں زمین میں دھنسا دیئے جائیں، جیسے قارون کو دھنسا دیا گیا، یا آسمان سے کوئی ٹکڑا ان پر گرا دیا جائے، جیسے قوم لوط پر پتھر برسائے گئے اور یہ سب کچھ پیغمبر کو جھوٹا قرار دینے اور آیات خداوندی کا انکار کرنے کی وجہ سے ہوا۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ۝
تحقیق اس میں نشانی ہے ہر بندے رجوع کرنیوالے کے واسطے☆

نظام کائنات میں نشانیاں ہیں:

یعنی جو بندے عقل و انصاف سے کام لے کر اللہ کی طرف رجوع ہوتے ہیں، اسی آسمان و زمین میں اُن کے لئے بڑی بھاری نشانی موجود ہے وہ اس منتظم

besturdubooks.wordpress.com

اور پر حکمت نظام کو دیکھ کر سمجھتے ہیں کہ ضرور یہ ایک دن کسی اعلیٰ واکمل نتیجہ پر پہنچنے والا ہے جس کا نام "دارالآخرۃ" ہے یہ تصور کر کے وہ بیش از بیش اپنے مالک وخالق کی طرف جھکتے ہیں اور جو آسمانی و زمینی نعمتیں ان کو پہنچتی ہیں، تہ دل سے اس کے شکر گزار ہوتے ہیں، ان میں سے بعض بندوں کا ذکر آگے آتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی آسمان و زمین جو ان کی نظروں کے سامنے ہیں اللہ کی قدرت کاملہ ثبوت قیامت اور کافروں کو قیامت کے دن عذاب دیئے جانے کی کھلی دلیل ہے لیکن یہ واضح دلیل اسی شخص کے لئے ہے جو دل سے اللہ کی طرف متوجہ ہو کیوں کہ وہی غور وفکر سے کام لینے والا (اور نتیجہ تک پہونچنے والا) ہوتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا
اور ہم نے دی ہے داؤد کو اپنی طرف سے بڑائی ☆

داؤدؑ کو نبوت اور حکومت عطاء کرنا:

یعنی نبوت کے ساتھ غیر معمولی سلطنت عنایت فرمائی۔ (تفسیر حقانی)

نبوت، کتاب اللہ (زبور) حکومت، خوش آوازی، آپ کے ہاتھ میں (بغیر تپائے) لوہے کا نرم ہو جانا وغیرہ یہ سب چیزیں فضائل داؤد کی مختلف صورتیں تھیں۔ (تفسیر مظہری)

داؤد علیہ السلام کی خوش آوازی:

صحیح حدیث میں ہے کہ رات کو حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ قرآن پاک کی تلاوت کر رہے تھے جسے سن کر اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ٹھہر گئے دیر تک سنتے رہے پھر فرمانے لگے، انہیں نغمہ داؤدی کا کچھ حصہ مل گیا ہے ابوعثمان نہدیؒ کا بیان ہے کہ واللہ ہم نے حضرت ابوموسیٰؓ سے زیادہ پیاری آواز کسی باجے کی بھی نہیں سنی۔ (تفسیر ابن کثیر)

حضرت داؤد وسلیمان علیہما السلام کے تذکرہ کی حکمتیں

دو خاص عبد منیب کا قصہ ذکر کرتے ہیں جو خدا کی طرف خاص طور پر متوجہ اور ملتفت ہوئے یہ دو عبد منیب اللہ کے وہ خاص بندے تھے جن پر اللہ نے ظاہری اور باطنی نعمتیں مکمل فرمائیں اور نبوت کے ساتھ ان کو بے مثال سلطنت بھی عطا کی مگر باوجود دین ودنیا کی نعمتوں کے جمع ہونے کے منعم حقیقی کے شکر سے غافل نہیں ہوئے اور اگر کسی وقت ذرا غفلت ہوئی تو سجدے میں گر گئے اور استغفار کرنے لگے چنانچہ داؤد علیہ السلام کے قصہ میں ہے فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ وَخَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَ اور سلیمان علیہ السلام کے حق میں ہے۔ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ۔

نیز اس قصہ میں منکرین قیامت کا بھی جواب ہے کہ جب خدائے برتر اپنے کسی بندہ کے لئے پہاڑوں کو مسخر کر سکتا ہے اور لوہے کو موم کی طرح نرم بنا سکتا ہے تو کیا وہ خدائے قادر استخوانہائے انسانی اور عظام رمیمانی یعنی انسانی ہڈیوں کو مع ان کے قوائے طبیعی اور انسانی کے دوبارہ زندہ کرنے پر قادر نہیں چنانچہ فرماتے ہیں اور البتہ تحقیق ہم نے داؤد علیہ السلام کو اپنی طرف سے ایک خاص بزرگی عطا کی کہ نبوت کیساتھ ان کو سلطنت اور اس کا ساز وسامان بھی عطا کیا ہم نے ان کو جو نعمتیں عطا کیں ان میں کی ہر نعمت ان کی فضیلت اور کرامت اور ان کی نبوت کی دلیل تھی اور ہماری کمال قدرت کی بھی دلیل تھی چنانچہ ہم نے پہاڑوں کو حکم دیا کہ اے پہاڑو تم بھی داؤد کے ساتھ اللہ کی تسبیح کرو اور اللہ کی طرف رجوع کرو کہ جب داؤد علیہ السلام اللہ کا ذکر کریں اور اس کی تسبیح میں مشغول ہوں تو تم بھی ان کے ساتھ اللہ کی تسبیح اور اس کے ذکر میں مشغول ہو جاؤ اور اسی طرح پرندوں کو بھی یہی حکم دیا کہ تم بھی ان کے ساتھ تسبیح کیا کرو، کما قال تعالیٰ اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً

جب داؤد علیہ السلام اللہ کی تسبیح پڑھتے تو پہاڑ بھی حقیقۃً باآواز بلند ان کے ساتھ تسبیح پڑھتے اور پرندے بھی ان کے ساتھ حقیقۃً تسبیح پڑھتے اور یہ تسبیح حقیقی تھی بزبان حال یا صدائے بازگشت نہ تھی یہ سب داؤد علیہ السلام کا معجزہ تھا۔ اور خدا کی قدرت کا کرشمہ تھا کہ جو خدا بے جان اور بے زبان چیزوں کو گویائی عطا کر سکتا ہے وہ مردوں کے بے جان اور بے زبان ریزوں کو کیوں دوبارہ زندہ نہیں کر سکتا۔

اللہ تعالیٰ نے داؤد علیہ السلام کو حسن صورت یعنی خوش آوازی کا معجزہ عطا فرمایا تھا کہ دنیا کی کوئی آواز اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی داؤد علیہ السلام جب زبور پڑھتے یا اللہ کی تسبیح کرتے تو در و دیوار اور درخت اور پہاڑ ان کے ساتھ حقیقۃً تسبیح کرتے اور پرندے ان کے گرد جمع ہو جاتے اور ان کی طرح آواز کرتے۔ (معارف کاندھلوی)

داؤد علیہ السلام کی آواز کے ساتھ پہاڑوں کا آواز ملانا اور تسبیح کو دُہرانا یہ آواز بازگشت کے طور پر نہ تھا جو عام طور پر گنبد یا کنویں وغیرہ میں آواز دینے کے وقت آواز کے لوٹنے سے سنی جاتی ہے، کیونکہ قرآن کریم نے اس کو حضرت داؤد علیہ السلام پر خصوصی فضل وانعام کی حیثیت میں ذکر فرمایا ہے، آواز بازگشت میں کسی کی فضیلت وخصوصیت سے کیا تعلق ہے وہ تو ہر انسان چاہے کافر ہی ہو بازگشت کی جگہ میں اس کی آواز بھی لوٹتی ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

يٰجِبَالُ اَوِّبِيْ مَعَهٗ وَالطَّيْرَ
اے پہاڑو خوش آوازی سے پڑھو اُس کے ساتھ اور اڑتے جانوروں کو ☆

تسبیح کرنے میں پہاڑوں اور پرندوں کی رفاقت:

حضرت داؤد علیہ السلام کبھی کبھی جنگل میں نکلتے خدا کو یاد کرتے، خوف الٰہی سے روتے، تسبیح وتہلیل میں مشغول رہتے اور اپنی ضرب المثل خوش

besturdubooks.wordpress.com

آوازی سے زبور پڑھتے اُس کی عجیب وغریب تاثیر سے پہاڑ بھی اُن کے ساتھ تسبیح پڑھنے لگتے تھے اور پرندے ان کے گرد جمع ہو کر اسی طرح آواز کرتے حق تعالیٰ نے اپنے فضل سے ان کو یہ خاص بزرگی عطا فرمائی تھی ورنہ پہاڑوں کی تسبیح سے مراد محض ان کی آواز بازگشت ہو یا وہ عام تسبیح جو ہر چیز زبان حال یا قال سے کرتی رہتی ہے تو حضرت داؤد کے مخصوص فضل وشرف کے ذیل میں اس چیز کا ذکر کرنا محض بے معنی ہو گا۔ (العیاذ باللہ) "یٰجِبَالُ اَوِّبِیْ مَعَہٗ" کا حکم تکوینی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

بغوی نے لکھا ہے حضرت داؤد جب نوحہ کی آواز بلند کرتے تھے تو پہاڑوں سے آواز کی بازگشت ہوتی تھی یہ پہاڑوں کی طرف سے نوحہ کا جواب ہوتا تھا اور اوپر سے پرندے اڑتے ٹھہر جاتے اور رُک جاتے تھے۔

یہ بھی کہا گیا ہے کہ حضرت داؤد پہاڑوں میں گھس کر اللہ کی تسبیح کے ترانے گاتے تھے تو جس طرح آپ تسبیح کرتے تھے ویسے ہی پہاڑ بھی تسبیح کرتے تھے ایک قول یہ بھی آیا ہے کہ حضرت داؤد کے بدن میں کچھ سستی پیدا ہو جاتی تھی تو ان کو چست بنانے کے لئے اللہ پہاڑوں کی تسبیح کی آواز سنوا دیتا تھا۔ (تفسیر مظہری)

وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ ۝ اَنِ اعْمَلْ
اور نرم کر دیا ہم نے اُس کے آگے لوہا کہ بنا
سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِي السَّرْدِ
زرہیں کشادہ اور اندازے سے جوڑ کڑیاں ☆

لوہے کو موم کرنا:

یعنی حضرت داؤد علیہ السلام کے حق میں ہم نے لوہے کو موم کی طرح نرم کر دیا بدون آگ اور آلات صناعیہ کے لوہے کو جس طرح چاہتے ہاتھ سے توڑ موڑ لیتے تھے اور اُس کی زرہیں تیار کر کے فروخت کرتے تا قوت بازو سے کما کر کھائیں۔ بیت المال پر اپنا بار نہ ڈالیں کہتے ہیں کہ کڑیوں کی زرہ پہلے ان ہی سے نکلی کہ کشادہ رہے حق تعالیٰ نے اُن کو ہدایت فرمائی کہ فراخ وکشادہ زرہیں تیار کرو اور اُس کے حلقے اور کڑیاں ٹھیک انداز سے جوڑو جو بڑی چھوٹی اور پتلی موٹی ہونے کے اعتبار سے متناسب ہوں۔ (تفسیر عثمانی)

وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ اور ہم نے ان کے لیے لوہے کو نرم کر دیا تھا لوہا آپ کے ہاتھ میں موم یا گوندھے ہوئے آٹے کی طرح ہو جاتا تھا جس طرح چاہتے ہاتھ سے پکڑ کر اس کو موڑ دیتے تھے، تپانے اور کوٹنے کی ضرورت نہیں ہوتی تھی۔

داؤدؑ نے زرہوں کا کام کیسے شروع کیا:

بغوی نے لکھا ہے اخبار میں آیا ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام جب بنی اسرائیل کے بادشاہ ہوئے تو آپ نے اپنا یہ دستور بنا لیا تھا کہ لوگوں کے حالات معلوم کرنے کے لئے بھیس بدل کر (رات کو) نکلا کرتے تھے۔ اور ایسے لوگوں سے جو آپ کو پہچانتے نہ تھے مل کر دریافت کرتے تھے کہ داؤد کیسا آدمی ہے تمہاری اس کے متعلق کیا رائے ہے یہ تمہارا حاکم کیسا ہے سب لوگ آپ کی تعریف کرتے تھے اور آپ کے متعلق کلمہ خیر ہی کہتے تھے ایک روز اللہ نے ایک فرشتہ بہ شکل انسانی بھیجا حضرت داؤد کی اس سے ملاقات ہوئی اور حسب عادت اس سے اپنے متعلق دریافت کیا فرشتے نے کہا اگر ایک بات نہ ہو تو بادشاہ اچھا آدمی ہے۔ حضرت داؤد یہ سنتے ہی خوف زدہ ہو گئے اور دریافت فرمایا بندہ خدا وہ کون سی بات ہے فرشتے نے کہا وہ خود بھی بیت المال سے کھاتا ہے اور اپنے اہل وعیال کو بھی بیت المال سے لے کر کھلاتا ہے قتیبہ نے کہا اسی سبب سے حضرت داؤد نے اللہ سے دُعا کی کہ میرے لئے رزق کا کوئی ذریعہ مقرر فرما دے تاکہ اس سے میں اپنی بھی روزی کماؤں اور اہل وعیال کو بھی کھلاؤں اور بیت المال کا محتاج نہ رہوں۔ اللہ نے (دُعا قبول فرمائی اور) لوہے کو ان کے لئے نرم کر دیا اور زرہ بنانا سکھا دی سب سے پہلے آپ نے ہی زرہ بنائی (آپ سے پہلے زرہ کی ایجاد ہی نہیں ہوئی تھی) کہا جاتا ہے کہ آپ ایک زرہ چار ہزار درہم کو فروخت کرتے تھے جس سے خود بھی کھاتے تھے گھر والوں کو بھی کھلاتے اور غریبوں مسکینوں کو خیرات بھی دیتے تھے بعض اقوال میں آیا ہے کہ روزانہ ایک زرہ بنا لیا کرتے تھے جو چھ ہزار کی فروخت ہوتی تھی جس میں سے دو ہزار اپنے اہل وعیال کے صرف میں لاتے تھے اور چار ہزار غریبوں مسکینوں کو خیرات کر دیتے تھے۔

ہاتھ کی کمائی:

حضرت مقدام بن معدی کرب راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے ہاتھوں کی کمائی سے بہتر کسی نے کوئی کمائی کبھی نہیں کھائی، اللہ کے نبی داؤد اپنے ہاتھ کی کمائی کھاتے تھے۔ رواہ البخاری واحمد بغوی کی روایت ان الفاظ کے ساتھ ہے داؤد نہیں کھاتے تھے مگر اپنے ہاتھ کی کمائی۔ (تفسیر مظہری)

اور ایک فضیلت وکرامت ہم نے داؤد علیہ السلام کو یہ عطا کی کہ داؤد علیہ السلام کے لئے لوہے کو بلا سبب ظاہری موم کی طرح نرم کر دیا اور یہ حکم دیا کہ تم اس لوہے سے کشادہ زرہیں بناؤ اور کڑیوں کو جوڑنے میں اندازہ کا لحاظ رکھو کہ نہ بہت بھاری ہو اور نہ بہت ہلکی ہو اور ایسی مضبوط ہو کہ اس کا پہننے والا تیر اور تلوار سے بچ سکے یہ بھی داؤد علیہ السلام کا معجزہ تھا کہ لوہا بغیر آگ میں ڈالے اور بغیر ہتھوڑے کے کوٹے ان کے ہاتھ میں موم کی طرح نرم ہو جاتا اور تاگے کی طرح اس کو بٹ کر زرہ بنا لیتے تاکہ جہاد میں کام آویں اور اے آل داؤد کافروں کے مقابلہ اور ان کے وار کو روکنے کے لئے تو تم نے کشادہ زرہیں تیار کر لیں مگر نفس اور شیطان کا وار روکنے کے لئے بھی زرہیں تیار رکھو یعنی تم سب نیک عمل کرتے رہو کہ جس میں نفسانیت کا شائبہ نہ ہو تحقیق میں تمہارے عمل کو خوب دیکھتا ہوں کہ اس میں کوئی کمزوری تو نہیں کہ نفس وشیطان کے مقابلہ میں کہیں کمزور زرہ ثابت نہ ہو۔

besturdubooks.wordpress.com

حکایت: داؤد علیہ السلام زمانہ بادشاہت میں ہیئت بدل کر ملک میں پھرتے اور لوگوں سے بادشاہ کا حال دریافت کرتے تاکہ اگر کسی کو کوئی شکایت ہو تو اس کی اصلاح کر سکیں۔ جس شخص سے بھی پوچھتے تو وہ داؤد س کی عبادت اور ان کی نیک خلقی اور عدل وانصاف کی تعریف کرتا ایک دن ایک فرشتہ انسان کی صورت میں ملا تو داؤد علیہ السلام نے اس کو اپنے سے انجان سمجھ کر اس سے اپنا حال پوچھا اس نے کہا کہ داؤد سب آدمیوں سے بہتر ہے اور بہت اچھا ہے لیکن اس میں ایک خصلت ہے اگر وہ نہ ہوتی تو زیادہ بہتر ہوتا داؤد علیہ السلام نے پوچھا وہ کیا بات ہے اس نے کہا کہ وہ خود بھی مسلمانوں کے بیت المال سے کھاتا ہے اور اپنے اہل وعیال کو بھی اس میں سے کھلاتا ہے اگر وہ خود اپنی محنت اور ہاتھ کی کمائی سے کھاتا تو بہتر ہوتا۔ داؤد علیہ السلام نے بارگاہ خداوندی میں دعا شروع کی کہ مجھے کوئی ایسی حرفت سکھادیں جس سے میں اور میرے اہل وعیال مستغنی ہو جائیں پس اللہ تعالیٰ نے ان کو زرہ بنانے کی صنعت سکھادی جیسا کہ سورۂ انبیاء میں گذرا وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ کہ اللہ عزوجل نے لوہا ان کے لئے نرم کر دیا اور زرہ بنانے کی صنعت ان کو سکھلا دی چنانچہ داؤد س زرہ بناتے اور اس کو فروخت کرتے اس میں سے ایک تہائی صدقہ کر دیتے اور ایک تہائی اہل وعیال پر خرچ کر دیتے اور ایک تہائی آئندہ زرہ بنانے کے لئے ذخیرہ رکھ چھوڑتے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ایک زرہ چار ہزار درہم میں فروخت ہوتی۔ تفسیر قرطبی ص ۲۶۶ و روح المعانی ص ۱۰۷ ج ۲۲

بطور معجزہ لوہا نرم ہو جاتا تھا:

وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِي السَّرْدِ لوہے کو ان کے لئے نرم کر دیا تھا حسن بصری، قتادہ، اعمش وغیرہ ائمہ تفسیر نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے بطور معجزہ کے لوہے کو ان کیلئے موم کی طرح نرم بنا دیا تھا کہ اس سے کوئی چیز بنانے میں نہ ان کو آگ کی ضرورت پڑتی تھی اور نہ کسی ہتھوڑے یا دوسرے آلات کی آگے آیت میں اس کا بیان ہے کہ لوہے کو ان کے لئے نرم اس لئے بنایا گیا تھا کہ وہ لوہے کی زرہ آسانی سے بنا سکیں۔

سارا وقت اسی میں صرف نہ ہو:

بعض حضرات نے قَدِّرْ فِي السَّرْدِ کی تفسیر میں تقدیر سے یہ مراد لیا ہے کہ اس صنعت کے لئے ایک مقدار وقت کی معین کر لینا چاہئے سارے اوقات اس میں صرف نہ ہو جائیں تاکہ عبادت اور امور سلطنت میں اس کی وجہ سے خلل نہ آئے۔

مسئلہ: خلیفہ وقت یا سلطان کو جو اپنا پورا وقت امور سلطنت کی انجام دہی میں صرف کرتا ہے شرعاً یہ جائز ہے کہ اپنا متوسط گذارہ بیت المال سے لے لے، لیکن کوئی دوسری صورت گذارہ کی ہو سکے تو وہ زیادہ پسند ہے، حضرت داؤد س پر اللہ تعالیٰ نے ساری دنیا کے خزانے کھول دیئے تھے، اور زر و جواہرات اور تمام اشیاء ضرورت کی بڑی فراوانی تھی، اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اُن کو بیت المال کے مال میں حسب منشاء ہر تصرف کی اجازت بھی دیدی گئی تھی آیت فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ میں یہ بھی اطمینان دلایا تھا کہ آپ جس طرح چاہیں خرچ کریں آپ کے ذمہ حساب دینا نہیں ہے مگر انبیاء علیہم السلام کو حق تعالیٰ جس مقام بلند پر رکھنا چاہتے ہیں اس کے تقاضہ سے یہ واقعہ پیش آیا اور اس کے بعد حضرت داؤد علیہ السلام اتنی بڑی سلطنت کے ہوتے ہوئے اپنی مزدوری سے اپنا گزارہ پیدا کرتے اور اسی پر قناعت کرتے تھے۔

علماء، قاضی اور مفتی بیت المال سے لے سکتے ہیں:

علماء جو تعلیم و تبلیغ کی خدمت مفت انجام دیتے ہوں اور قاضی و مفتی جو لوگوں کے کام میں اپنا وقت صرف کرتے ہوں ان کا بھی یہی حکم ہے کہ بیت المال سے اپنا خرچ لے سکتے ہیں مگر کوئی دوسری صورت گذارہ کی ہو جو دینی خدمت میں خلل انداز بھی نہ ہو تو وہ بہتر ہے۔

فائدہ: حضرت داؤد علیہ السلام کے اس طرز عمل سے کہ اپنے اعمال و عادات کے متعلق لوگوں کی رائیں بے تکلف آزادانہ معلوم کرنے کا اہتمام فرماتے تھے یہ ثابت ہوا کہ اپنے عیوب چونکہ آدمی کو خود معلوم نہیں ہوتے، اس لئے دوسروں سے تحقیق کرنا چاہئے حضرت امام مالکؒ بھی اس کا اہتمام فرماتے تھے کہ یہ معلوم کریں کہ عام لوگ اُن کے بارے میں کیا رائے رکھتے ہیں۔ (معارف القرآن)

وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ۭ اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱﴾
اور کرو تم سب کام بھلا میں جو کچھ تم کرتے ہو دیکھتا ہوں ☆

حقیقی رزاق سے غفلت نہ ہونے پائے:

یعنی ان صنائع میں پڑ کر منعم حقیقی کی طرف سے غفلت نہ ہونے پائے ہمیشہ عمل صالح کرتے رہو اور یاد رکھو کہ اللہ سب کام دیکھتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور نیک عمل کرو:

اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ جو کچھ تم کرتے ہو اس کو میں دیکھتا ہوں یعنی تم کو ان اعمال کی جزا دوں گا حضرت ابو ہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ بلاشبہ پاک ہے پاکیزہ ہی کو پسند کرتا ہے اس نے جو حکم پیغمبروں کو دیا وہی حکم مؤمنوں کو دیا اور فرمایا، اے پیغمبرو، پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور نیک کام کرو۔ (الحدیث، رواہ مسلم) (تفسیر مظہری)

وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ
اور سلیمان کے آگے ہوا کو صبح کی منزل اس کی ایک مہینہ کی اور

besturdubooks.wordpress.com

وَرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۚ وَاَسَلْنَا لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ ؕ

شام کی منزل ایک مہینہ کی اور بہادیا ہم نے اس کے واسطے چشمہ پگھلے ہوئے تانبے کا☆

ہوا کی تسخیر:

حضرت سلیمان علیہ السلام کا تخت تھا جو فضا میں اڑتا ہوا اس کو شام سے یمن اور یمن سے شام لے چلتی۔ اللہ تعالیٰ نے ہوا کو اُن کے لئے مسخر کر دیا تھا، ایک مہینہ کی مسافت ہوا کے ذریعہ سے آدھے دن میں طے ہوتی تھی سورہ ''انبیاء'' اور سورہ ''نمل'' میں اس کا کچھ بیان گذر چکا ہے اور آگے سورہ ص میں آئے گا اور پگھلے ہوئے تانبے کا چشمہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے یمن کی طرف نکال دیا تھا اس کو سانچوں میں ڈال کر جنات بڑے بڑے برتن دیگیں اور لگن وغیرہ تیار کرتے تھے جن میں ایک لشکر کا کھانا پکتا اور کھلایا جاتا۔ (تفسیر عثمانی)

تخت کے اڑنے کی رفتار:

غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ صبح سے زوال تک اس کی رفتار ایک ماہ کی مسافت کے برابر تھی اور زوال سے مغرب تک کی اس کی رفتار ایک ماہ (کی مسافت راہ کے برابر) تھی حسن نے کہا حضرت سلیمانؑ صبح کو دمشق سے چلتے اور اصطخر میں قیلولہ کرتے تھے ان دونوں مقاموں کے درمیان مسافت تیز سوار کی ایک ماہ کی مسافت کے برابر ہے پھر پچھلے دن میں اصطخر سے چل کر بابل میں رات کو قیام کرتے ان دونوں کی درمیانی مسافت بھی تیز شہسوار کی ایک ماہ کی مسافت کے برابر ہے یہ بھی کہا گیا ہے کہ صبح کا کھانا آپ رے میں کھاتے اور شام کا کھانا سمرقند میں۔

یہ معجزہ کیسے ملا:

حضرت حسن بصریؒ نے فرمایا کہ تسخیر ہوا کا معجزہ حضرت سلیمان علیہ السلام کو اس عمل کے صلہ میں عطا ہوا تھا کہ ایک روز وہ اپنے گھوڑوں کے معائنہ میں مشغول تھے اس میں ایسی مشغولیت ہوئی کہ عصر کی نماز قضا ہوگئی چونکہ گھوڑے اس غفلت کا سبب ہوئے تھے اس سبب غفلت کو ختم کرنے کے لئے حضرت سلیمان ل نے ان گھوڑوں کو ذبح کر کے قربان کر دیا (کیونکہ سلیمان علیہ السلام کی شریعت میں گائے بیل کی طرح گھوڑے کی قربانی بھی جائز تھی) اور یہ گھوڑے خود حضرت سلیمان ل کی ملک میں تھے اس لئے بیت المال کے نقصان کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اور قربانی کی وجہ سے اپنا مال ضائع کرنے کا اشکال بھی نہیں ہوتا، اس کی پوری تفصیل سورہ ص میں آئے گی، چونکہ سلیمان علیہ السلام نے اپنی سواری کے جانور قربان کر دیئے اللہ تعالیٰ نے ان کو اس سے بہتر سواری عطا فرمادی۔

تانبے کا چشمہ:

بغوی نے لکھا ہے کہ اہل تفسیر کا قول ہے کہ حضرت سلیمانؑ کے لئے اللہ نے تانبے کا چشمہ تین روز تک جاری رکھا اور یہ چشمہ یمن میں تھا جس سے لوگ اس زمانے میں فائدہ اندوز ہوتے تھے۔ (تفسیر مظہری)

وَاَسَلْنَا لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ یعنی بہا دیا ہم نے سلیمانؑ کے لئے چشمہ تانبے کا یعنی تانبے جیسی سخت دھات کو اللہ تعالیٰ نے سلیمانؑ کے لئے پانی کی طرح بہنے والا سیال بنا دیا، جو پانی کے چشمہ کی طرح جاری تھا اور گرم بھی نہ تھا، تاکہ آسانی کے ساتھ اس کے برتن اور دوسری ضروریات بنا سکیں۔

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ یہ چشمہ اتنی دور تک جاری ہوا جس کی مسافت تین دن تین رات میں طے ہو سکے، اور یہ ارض یمن میں تھا، اور مجاہد کی روایت میں ہے کہ یہ چشمہ صنعاء یمن میں شروع ہوا اور تین دن تین رات کی مسافت تک پانی کے چشمہ کی طرح جاری رہا خلیل نحوی نے فرمایا کہ لفظ قطر جو اس آیت میں آیا ہے اس سے مراد پگھلا ہوا تانبا ہے۔ (قرطبی) (معارف القرآن مفتی اعظم)

وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِاِذْنِ رَبِّهٖ

اور جنوں میں کتنے لوگ تھے جو محنت کرتے اُس کے سامنے اس کے رب کے حکم سے

وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ

اور جو کوئی پھرے اُن میں سے ہمارے حکم سے چکھائیں ہم اس کو

مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ

آگ کا عذاب☆

جنات کا مسخر ہونا:

یعنی بہت سے جن جنہیں دوسری جگہ شیاطین سے تعبیر فرمایا ہے معمولی قلیوں اور خدمتگاروں کی طرح ان کے کام میں لگے رہتے تھے اللہ کا حکم تھا کہ سلیمان کی اطاعت کریں ذرا سرکشی کی تو آگ میں پھونک دیا جائے گا۔ (تفسیر عثمانی)

من الجن میں من تبعیضیہ ہے اور بعض سے مراد ہیں اکثر مطلب یہ کہ سلیمانؑ کیلئے اکثر جن کام کرتے تھے اس لئے ایک فرشتے کو مسلط کر دیا گیا تھا کہ سلیمان کے حکم سے جو جن سرتابی کرے فرشتہ اس کو سزا دے اس کا حاصل یہ ہوا کہ اکثر جن حضرت سلیمان کے کام کی انجام دہی میں منہمک تھے (اور یہی مراد خداوندی تھی)

یا یوں کہا جائے کہ من یزغ کا یہ معنی ہے کہ جو جن حکم سے عدول کرنے کا ارادہ کرتا تھا فرشتہ اس کو مار کر سیدھا کر دیتا تھا (گویا نافرمانی سے مراد ہے نافرمانی کا ارادہ) (تفسیر مظہری)

وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ مسخر کر دیا ہم نے سلیمانؑ کے لئے جنات میں سے ایسے لوگوں کو جو ان کے سامنے ان کے کام انجام دیں اپنے رب کے حکم کے موافق، بین یدیہ ''یعنی ان کے سامنے'' کے الفاظ بڑھانے سے شاید یہ بتلانا ہو کہ سلیمانؑ کے لئے جنات کی تسخیر اس طرح کی نہیں جس طرح چاند سورج وغیرہ کو انسان کے لئے مسخر کرنے کا ارشاد قرآن

besturdubooks.wordpress.com

میں آیا ہے بلکہ یہ تسخیر ایسی تھی کہ جنات نوکروں چاکروں کی طرح ان کے سامنے مفوضہ خدمات میں لگے رہتے تھے۔

تسخیر جنات کا مسئلہ:

جنات کی تسخیر جو اس جگہ مذکور ہے وہ تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہے، اس میں تو کوئی سوال ہی نہیں ہوسکتا، اور بعض صحابہ کرام کے متعلق جو روایات میں آیا ہے کہ جنات ان کے مسخر اور تابع تھے تو یہ تسخیر بھی اسی قسم کی تسخیر باذن اللہ تھی جو بطور کرامت ان حضرات کو عطا کی گئی تھی اس میں کسی عمل و وظیفہ کا کوئی دخل نہیں تھا جیسا کہ علامہ شربینی نے تفسیر سراج المنیر میں اس آیت کے تحت میں حضرت ابوہریرہ، ابی بن کعب، معاذ بن جبل، عمر بن خطاب، ابوایوب انصاری، زید بن ثابت وغیرہ رضی اللہ عنہم کے متعدد واقعات ایسے لکھے ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ جنات ان کی اطاعت و خدمت کرتے تھے، مگر یہ سب محض اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم تھا کہ سلیمان علیہ السلام کی طرح کچھ جنات کو ان حضرات کا مسخر بنادیا، لیکن جو تسخیر عملیات کے ذریعہ عاملوں میں مشہور ہے وہ قابل غور ہے، کہ شرعاً اس کا کیا حکم ہے، قاضی بدرالدین شبلی حنفی جو آٹھویں صدی کے علماء میں سے ہیں انہوں نے جنات کے احکام پر ایک مستقل کتاب "آکام المرجان فی احکام الجان" لکھی ہے، اس میں بیان کیا ہے کہ جنات سے خدمت لینے کا کام سب سے پہلے حضرت سلیمان علیہ السلام نے باذن اللہ بطور معجزہ کے کیا ہے، اور اہلِ فارس جمشید بن اونجہان کی طرف منسوب کرتے ہیں کہ انہوں نے جنات سے خدمت لی ہے اسی طرح آصف بن برخیا وغیرہ جن کا تعلق حضرت سلیمان علیہ السلام سے رہا ہے، ان کے متعلق بھی استخدام جن کے واقعات مشہور ہیں، اور مسلمانوں میں سب سے زیادہ شہرت ابونصر احمد بن ہلال البکیل اور ہلال بن وصیف کی ہے جن سے استخدامِ جنات کے عجیب عجیب واقعات مذکور ہیں، بلال بن وصیف نے ایک مستقل کتاب میں جنات کے کلمات جو انہوں نے حضرت سلیمان ں کے سامنے پیش کئے اور جو عہد و میثاق سلیمانؑ نے ان سے لئے ان کو جمع کر دیا ہے۔

قاضی بدرالدین نے اسی کتاب میں لکھا ہے کہ عام طور سے تسخیر جنات کا عمل کرنیوالے عاملین کلمات کفریہ شیطانیہ سے اور سحر سے کام لیتے ہیں، جن کو کافر جنات و شیاطین پسند کرتے ہیں، اور ان کے مسخر و تابع ہونے کا راز صرف یہ ہے کہ وہ ان کے اعمالِ کفریہ شرکیہ سے خوش ہو کر بطور رشوت کے ان کے کچھ کام بھی کر دیتے ہیں اور اسی لئے بکثرت ان عملیات میں قرآن کریم کو نجاست یا خون وغیرہ سے لکھتے ہیں، جس سے کفار جن اور شیاطین راضی ہو کر اُن کے کام کر دیتے ہیں، البتہ ایک شخص ابن الامام کے متعلق لکھا ہے کہ یہ خلیفہ معتضد باللہ کے زمانہ میں تھا، جنات کو اس نے اسماء آلٰہیہ کے ذریعہ سے مسخر کیا تھا، اس میں کوئی بات خلاف شرع نہیں تھی۔ (آکام المرجان، ص۱۰۰)

خلاصہ یہ ہے کہ جنات کی تسخیر اگر کسی کے لئے بغیر قصد و عمل کے محض منجانب اللہ ہو جائے جیسا کہ سلیمانؑ اور بعض صحابہ کرام کے متعلق ثابت ہے وہ تو معجزہ یا کرامت میں داخل ہے، اور جو تسخیر عملیات کے ذریعہ کی جاتی ہے اس میں اگر کلمات کفریہ یا اعمال کفریہ ہوں تو کفر، اور صرف معصیت پر مشتمل ہوں تو گناہ کبیرہ ہے، اور جن عملیات میں ایسے الفاظ استعمال کئے جائیں جن کے معنی معلوم نہیں ان کو بھی فقہاء نے اس بنا پر ناجائز کہا ہے کہ ہو سکتا ہے کہ ان کلمات میں کفر و شرک یا معصیت پر مشتمل کلمات ہوں، قاضی بدرالدین نے "آکام المرجان" میں ایسے نامعلوم المعنی کلمات کے استعمال کو بھی ناجائز لکھا ہے۔

اور اگر یہ عمل تسخیر اسماء آلٰہیہ یا آیات قرآنیہ کے ذریعہ ہو اور اس میں نجاست وغیرہ کے استعمال جیسی کوئی معصیت بھی نہ ہو تو وہ اس شرط کے ساتھ جائز ہے کہ مقصود اس سے جنات کی ایذاء سے خود بچنا یا دوسرے مسلمانوں کو بچانا ہو، یعنی دفع مضرت مقصود ہو، جلب منفعت مقصود نہ ہو، کیونکہ اگر اس کو کسب مال کا پیشہ بنایا گیا تو اس لئے جائز نہیں کہ اس میں استرقاق حُر یعنی آزاد کو اپنا غلام بنانا اور بلاحق شرعی اس سے بیگار لینا ہے، جو حرام ہے، واللہ اعلم۔

نافرمان جنّات کی سزا:

وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ "یعنی ہم نے جنات کو سلیمان کی خدمت و اطاعت کا جو حکم دیا ہے اگر ان میں کوئی فرد اس اطاعت سے انحراف کرے گا تو اس کو آگ کا عذاب دیا جائے گا اکثر مفسرین نے اس سے آخرت کا عذاب جہنم مراد لیا ہے اور بعض حضرات نے فرمایا کہ دنیا میں بھی اللہ تعالیٰ نے ان پر ایک فرشتہ کو مسلط کر دیا تھا کہ جو جن سلیمان کی اطاعت میں کوتاہی کرے اس کو آتشین کوڑے مار کر کام کرنے پر مجبور کرتا تھا (قرطبی) اور اس پر یہ شبہ نہیں ہوسکتا کہ جنات تو خود آگ سے بنے ہوئے ہیں، آگ اُن پر کیا اثر کرے گی، کیونکہ جنات کے آگ سے بننے کا مطلب وہی ہے جو انسان کے مٹی سے بننے کا مطلب ہے یعنی عنصر غالب انسان کے وجود کا مٹی ہے، مگر اس کو مٹی پتھر سے مارا جائے تو تکلیف پہنچتی ہے اسی طرح جنات کا عنصر غالب آگ ہے مگر خالص اور تیز آگ سے وہ بھی جل جاتے ہیں۔

يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَآءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ

بناتے اُس کے واسطے جو کچھ چاہتا قلعے اور تصویریں

وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ

اور لگن جیسے تالاب اور دیگیں چولہوں پر جمی ہوئی ☆

besturdubooks.wordpress.com

جنات کا کام:

یعنی بڑے بڑے محل، مسجدیں اور قلعے جنات تعمیر کرتے اور مجسم تصویریں بناتے جو ان کی شریعت میں ممنوع نہیں ہونگی شریعت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کر دیا اور تانبے کے بڑے بڑے لگن بناتے جیسے حوض یا تالاب اور دیگیں تیار کرتے جو اپنی جگہ سے ہل نہ سکتی تھیں۔ ایک ہی جگہ رکھی رہتیں۔ (تفسیر عثمانی)

يَعْمَلُونَ لَهُ مَا يَشَاءُ مِن مَّحَارِيبَ وَتَمَاثِيلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُورٍ رَّاسِيَاتٍ

سلیمان کو جو بنوانا منظور ہوتا جنات ان کے لیے وہ بنا دیتے بڑی بڑی عمارتیں اور مورتیں اور لگن (اتنے بڑے بڑے) جیسے حوض اور دیگیں جو (بڑے ہونے کی وجہ سے) ایک ہی جگہ جمی رہیں۔

محاریب مضبوط محل اونچی مسجدیں اور اعلیٰ مکانات، محراب کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ حرب کا معنی ہے دفع کرنا اور اعلیٰ عمارتوں کی بھی حفاظت کی جاتی ہے اور ہر نقصان رساں چیز کو ان سے دفع کیا جاتا ہے۔

بیت المقدس کی تعمیر:

بغوی نے لکھا ہے کہ سب سے پہلے بیت المقدس کی تعمیر حضرت داؤد نے شروع کی تھی قد آدم تعمیر اٹھائی تھی کہ اللہ کی طرف سے وحی آئی تمہارے ہاتھ سے اس عمارت کی تکمیل کا فیصلہ میں نے نہیں کیا ہے بلکہ تمہارے بیٹے کو جس کا نام سلیمان ہوگا میں بادشاہ بناؤں گا اس کے ہاتھ سے اس عمارت کو پورا کراؤں گا حضرت داؤد کی وفات کے بعد جب حضرت سلیمانؑ ان کے جانشین ہوئے تو آپ نے بیت المقدس کی تعمیر مکمل کرنی چاہی چنانچہ جنات اور شیاطین کو جمع کر کے ان کی ٹولیاں بنا کر الگ الگ کاموں کی درستی پر مقرر کیا جنات اور شیاطین کو کانوں سے اکھاڑ کر سنگ مرمر سفید کے لانے کا حکم دیا۔

پتھر آ گئے تو سنگ مرمر سفید اور دوسری سنگین چٹانوں سے شہر بنانے کا امر دیا، شہر کی بارہ فصیلیں بنائیں کیوں کہ بنی اسرائیل کے بارہ قبائل تھے ہر قبیلہ کو ایک فصیل میں رکھا، شہر بن چکا تو تعمیر مسجد کا آغاز کیا جس کی ابتداء اس طرح کی کہ جنات اور شیاطین کے گروہ الگ الگ کر دیئے، ایک گروہ کو کانوں سے سونا چاندی اور یاقوت لانے کا اور سمندر سے چمکدار موتی نکال کر لانے پر مامور کیا دوسرے گروہ کو جواہر اور دوسرے (قیمتی) پتھر معدنوں سے اکھاڑ کر لانے کا حکم دیا تیسرے گروہ کو مشک عنبر اور دوسری خوشبودار چیزیں لانے پر مقرر کیا آخر یہ سب چیزیں اتنی فراہم ہو گئیں کہ جن کی مقدار اور تعداد اللہ کے سوا کسی کو معلوم نہیں، پھر کاریگروں اور صنعت کاروں کو بلوا کر اونچے اونچے پتھر تراشنے اور ان کی تختیاں اور جواہر کو درست کرنے اور موتیوں میں اور یاقوت وغیرہ میں سوراخ کرنے پر مامور کیا مسجد کی تعمیر سفید زرد اور سبز سنگ مرمر سے کرائی اور ستون بھی اسی کے قائم کئے چھت میں قیمتی جواہر کی تختیاں لگائیں اور چھتوں اور دیواروں کا گارا اور پلاسٹر مروارید یاقوت اور دوسرے جواہر کا لگوایا زمین پر فیروزے کی تختیوں کا فرش کیا، اس زمانے میں روئے زمین پر اس سے زیادہ پر رونق اور چمکیلی عمارت کوئی نہیں تھی، تاریکی میں بھی وہ چودھویں کے چاند کی طرح چمکتی تھی تعمیر سے فراغت کے بعد حضرت سلیمانؑ نے علماء بنی اسرائیل کو طلب فرما کر بتایا کہ میں نے یہ عمارت خالص اللہ کے لئے بنائی ہے اس میں جو کچھ ہے وہ اللہ کے لئے ہے (کوئی اس کا مالک نہیں) جس روز تعمیر سے فراغت ہوئی آپ نے اس روز جشن منایا، حضرت عبد اللہ بن عمرو بن عاص راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

سلیمانؑ نے تعمیر بیت المقدس سے فارغ ہونے کے بعد اپنے رب سے تین چیزوں کی دعاء کی اللہ نے دو چیزیں تو عطا فرما دیں اور تیسری کے متعلق بھی مجھے امید ہے کہ عطا فرما دی ہوگی سلیمانؑ نے درخواست کی تھی کہ اللہ ان کو فیصلہ کرنے کی قوت عطا فرما دے کہ ان کا فیصلہ اللہ کے فیصلہ کے موافق ہو (یعنی فیصلہ کرنے میں ان سے غلطی نہ ہو) اللہ نے ان کو یہ چیز عطا فرما دی انہوں نے اپنے رب سے ایسی حکومت مانگی تھی جو ان کے بعد کسی کے لئے سزاوار نہ ہو، اللہ نے یہ چیز بھی ان کو عطا فرما دی۔

سلیمانؑ نے دعاء کی تھی کہ اس گھر (بیت المقدس) میں جو شخص آ کر دو رکعت نماز ادا کرے اس کو گناہوں سے ایسا پاک کر دیا جائے جیسا اس دن تھا جب ماں نے اس کو جنم دیا تھا میں امید کرتا ہوں کہ اللہ نے یہ چیز بھی ان کو مرحمت فرما دی ہوگی رواہ البغوی۔

نمازوں کا مختلف ثواب:

حضرت انس بن مالکؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے گھر کے اندر آدمی کی ایک نماز (کا ثواب) ایک نماز (کا ثواب) ہے اور مسجد قباء کے اندر ایک نماز کا ثواب پچیس نمازوں کا ہے اور مسجد جامع میں ایک نماز کا ثواب پانچ سو نمازوں کا ہے اور مسجد اقصیٰ میں ایک نماز کا ثواب ایک ہزار نمازوں کا ہے اور میری مسجد میں ایک نماز کا ثواب پچاس ہزار نمازوں کا ہے اور کعبہ کے اندر ایک نماز کا ثواب ایک لاکھ نمازوں کا ہے۔ (رواہ ابن ماجہ)

تین مسجدوں کا سفر:

حضرت ابو سعید خدری راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سواریاں کس کر نہ جاؤ (یعنی سفر نہ کرو) مگر تین مسجدوں کی طرف مسجد حرام مسجد اقصیٰ اور میری یہ مسجد۔ (متفق علیہ)

مسئلہ: کیا مسجدوں کو سونے چاندی وغیرہ سے آراستہ کرنا جائز ہے، یہ مسئلہ اختلافی ہے بعض علماء کے نزدیک مکروہ ہے اس میں فضول مال کی بربادی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مساجد کو مزین بنانے کی اجازت نہیں

besturdubooks.wordpress.com

دی، حضرت ابن عباس نے فرمایا تم مسجدوں کو ضرور اس طرح آراستہ کرو گے جیسے یہودی اور عیسائی کرتے تھے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا کہ مسجدوں کی آرائش علاماتِ قیامت میں سے ہے۔

بعض اہل علم نے کہا مسجد کو آراستہ کرنا ثواب ہے اس میں مسجد کی عظمت کا اظہار ہے حضرت سلیمانؑ نے مسجد بیت المقدس کو آراستہ کیا تھا اس سے تائید ہوتی ہے تزئین مساجد کے قول کی۔

صاحب ہدایہ نے لکھا ہے کہ تزئین مساجد کا جواز اس وقت ہوگا جب کوئی شخص اپنے مال سے یہ کرے متولی کے لئے جائز نہیں کہ سوا ضروریات تعمیر کے وقف کا روپیہ نقاشی وغیرہ میں صرف کرے اگر ایسا کرے گا تو خود اس کو اپنے پاس سے تاوان ادا کرنا ہوگا، ابن ہمام نے لکھا ہے کہ تزئین مساجد کے مقابلہ میں غریبوں کی امداد کرنا بہر حال بلاشبہ بہتر ہے۔

اکثر علماء کے نزدیک منبت کاری اور نقاشی مصالحہ کی ہو یا لکڑی کی اور سنہرے پانی کا استعمال مساجد کے لئے جائز ہے اس میں کوئی حرج نہیں کوئی ہرج نہیں کا جملہ اس بات کی طرف اشارہ کر رہا ہے کہ نہ اس کا ثواب ملے گا نہ گناہ ہوگا۔ کذافی الہدایۃ۔

ابن ہمام نے لکھا ہے کہ محل کراہت (یعنی مکروہ تحریمی) تو یہ ہے کہ بہت ہی پر تکلف دقیق نقاشی وغیرہ کی جائے خصوصا محراب میں باریک فن کاری سے کام لیا جائے یا مسجد کی آرائش تو کر دی جائے اور (اس میں) نماز پڑھی جائے یا مسجد کو اس کا حق نہ دیا جائے یعنی مسجد کے اندر شور مچایا جائے یا دنیا کی باتیں کرنے کے لئے وہاں بیٹھک کی جائے حدیث کا آخری جملہ ہے کہ وقلوبھم خاویۃ علی الایمان اور ان کے دل ایمان سے خالی ہوں گے یہ جملہ مذکورہ بالا بیان کو ثابت کر رہا ہے۔

میں کہتا ہوں سلیمانؑ کے قصہ کے مقابلہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کا اتباع زیادہ ضروری ہے کیوں کہ گزشتہ انبیاء کی شریعتیں اُسی وقت اتباع کے لائق ہیں جب ہماری شریعت میں ان کے خلاف کوئی حکم نہ آیا ہو اس کے علاوہ حضرت سلیمانؑ کا فعل (یعنی تزئین مسجد) تو ایک حکمت کا حامل تھا آپ شیاطین اور جنات کو سخت کاموں میں اس لئے مشغول رکھنا چاہتے تھے کہ شیاطین کو لوگوں کو گمراہ کرنے کا موقع نہ ملے (تزئین مسجد اصل مقصود نہ تھا)

سلیمانؑ کی تعمیر کی بربادی:

بغوی نے لکھا ہے اہل اخبار کا بیان ہے بخت نصر کے حملہ تک حضرت سلیمان کی بنائی ہوئی مسجد اپنی اصل حالت پر باقی رہی جب بخت نصر نے بیت المقدس پر حملہ کیا تو شہر کو تباہ کر دیا اور ساری عمارتیں ڈھا دیں مسجد گرا دی مسجد کی چھت اور دیواروں میں جو سونا چاندی موتی یاقوت اور جواہر لگے ہوئے سب اکھاڑ کر اپنے ملک (عراق) کو لے گیا۔

جنات نے حضرت سلیمانؑ کے لئے یمن میں بھی بڑے عجیب قلعے بھی تعمیر کئے تھے۔

جن کیسی تصویریں بناتے تھے:

تصویر دو طرح کی ہوتی ہے ایک ذی روح جاندار چیزوں کی تصویر، دوسرے غیر ذی روح بے جان چیزوں کی، پھر بے جان چیزوں میں دو قسمیں ہیں، ایک جماد جس میں زیادتی اور نمو نہیں ہوتا، جیسے پتھر مٹی وغیرہ، دوسرے نامی جس میں نمو اور زیادتی ہوتی رہتی ہے، جیسے درخت اور کھیتی وغیرہ، جنات حضرت سلیمان کیلئے ان سب قسم کی چیزوں کی تصویریں بناتے تھے۔ اول تو لفظ تماثیل کے عموم ہی سے یہ بات سمجھی جاتی ہے کہ یہ تصاویر کسی خاص قسم کی نہیں، بلکہ ہر قسم کے لئے عام تھیں۔

شریعتِ اسلامیہ کی خصوصیت:

خلاصہ یہ ہے کہ پچھلی اُمتوں میں جانداروں کی تصاویر بت پرستی کا ذریعہ بن گئیں۔ شریعت اسلام کے لئے چونکہ قیامت تک قائم اور باقی رکھنا تقدیر الٰہی ہے، اس لئے اس میں اس کا خاص اہتمام کیا گیا ہے کہ جس طرح اصل حرام چیزوں اور معاصی کو حرام وممنوع کیا گیا ہے، اسی طرح ان کے ذرائع اور اسباب قریبہ کو بھی اصل معاصی کے ساتھ ملحق کر کے حرام کر دیا گیا ہے، اصل جرم عظیم شرک و بت پرستی ہے، اس کی ممانعت ہوئی ہے تو جن راستوں سے بت پرستی آسکتی تھی ان راستوں پر بھی شرعی پہرہ بٹھا دیا گیا اور بت پرستی کے ذرائع اور اسباب قریبہ کو بھی حرام کر دیا گیا، ذی روح کی تصاویر کا بنانا اور استعمال کرنا اسی اصول کی بنا پر حرام کیا گیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث صحیحہ ومتواترہ سے اس کی حرمت ثابت ہے۔

اسی طرح شراب حرام کی گئی تو اس کی خرید، فروخت اس کو لانے لے جانے کی مزدوری اس کی صنعت سب حرام کر دی گئی جو شراب نوشی کے ذرائع ہیں۔

تصویر کی ممانعت کے اسباب:

ایک سبب تصویر کی ممانعت کا احادیث صحیحہ میں یہ بھی آیا ہے کہ اللہ کے فرشتوں کو تصویر اور کتے سے نفرت ہے، جس گھر میں یہ چیزیں ہوتی ہیں اس میں رحمت کے فرشتے داخل نہیں ہوتے، جس کے سبب اس گھر کی برکت اور نورانیت مٹ جاتی ہے، گھر میں بسنے والوں کو عبادت وطاعت کی توفیق گھٹ جاتی ہے اور ساتھ ہی یہ مشہور مقولہ بھی غلط نہیں کہ ''خانہ خالی را دیو می گیرد'' یعنی خالی گھر پر جن بھوت قبضہ کر لیتے ہیں جب کوئی گھر رحمت کے فرشتوں سے خالی ہوگا تو شیاطین اس کو گھیر لیں گے اور ان کے بسنے والوں کے دلوں میں گناہوں کے وسوسے اور برے ارادے پیدا کرتے رہیں گے۔

ایک سبب بعض احادیث میں یہ بھی آیا ہے کہ تصویریں دنیا کی زائد از

besturdubooks.wordpress.com

ضرورت زینت ہیں اور اس زمانے میں جس طرح تصاویر سے بہت سے فوائد حاصل کئے جاتے ہیں ہزاروں جرائم اور فحاشی بھی انہی تصاویر سے جنم لیتے ہیں، غرض شریعت اسلام نے صرف ایک وجہ سے نہیں بہت سے اسباب پر نظر کر کے جاندار کی تصاویر بنانے اور اس کے استعمال کرنے کو حرام قرار دے دیا ہے، اب اگر کسی خاص فرد میں فرض کر لیں کہ وہ اسباب اتفاق سے موجود نہ ہوں تو اس اتفاقی واقعہ سے قانون شرعی نہیں بدل سکتا۔

تصویر بنانے والے:

صحیح بخاری و مسلم میں بروایت عبداللہ بن مسعودؓ یہ حدیث آئی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا **اشد الناس عذابا یوم القیمة المصورون**، یعنی سب سے زیادہ سخت عذاب میں قیامت کے روز تصویر بنانے والے ہوں گے۔

اور بعض روایات حدیث میں تصویر بنانے والوں پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے اور صحیحین میں حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا **کل مصور فی النار**، الحدیث یعنی ہر مصور جہنم میں جائے گا۔

اس مسئلہ کے متعلق روایات حدیث اور تعامل سلف کے شواہد تفصیل کے ساتھ احقر نے اپنے رسالہ ''التصویر'' میں جمع کر دیئے ہیں، اور لوگوں کے شبہات کے جوابات بھی اس میں مفصل ہیں، ضرورت ہو تو اس کو دیکھا جا سکتا ہے۔

فوٹو کی تصویر بھی تصویر ہی ہے:

بعض لوگوں کا یہ کہنا قطعاً غلط ہے کہ فوٹو تصویر سے خارج ہے، کیونکہ وہ تو ظل اور عکس ہے جیسے آئینہ اور پانی وغیرہ میں آ جاتا ہے تو جس طرح آئینہ میں اپنی صورت دیکھنا جائز ہے ایسے ہی فوٹو کی تصویر بھی جائز ہے جواب واضح ہے کہ عکس اور ظل اُس وقت تک عکس ہے جب تک وہ کسی ذریعہ سے قائم اور پائیدار نہ بنا لیا جائے، جیسے آئینہ یا پانی میں اپنا عکس جس وقت پانی کے مقابلہ سے آپ ہٹ جائیں گے ختم ہو جائے گا اگر آئینہ کے اوپر کسی مسالہ یا آلہ کے ذریعہ اس صورت کے عکس کو پائیدار بنا دیا جائے تو یہی تصویر ہو جائے گی جس کی حرمت و ممانعت احادیث متواترہ سے ثابت ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

تماثیل یعنی پیتل تانبے شیشے اور سنگ مرمر کی مورتیں کہا گیا ہے کہ وہ درندوں اور پرندوں کی تصویریں بناتے تھے یہ بھی کہا گیا ہے کہ ملائکہ انبیاء اور نیک لوگوں کی تصویریں مساجد میں بناتے تھے تا کہ ان کو دیکھ کر لوگوں میں عبادت کا جذبہ ترقی کرے ان کی شریعت میں تصویر کشی جائز تھی۔

میں کہتا ہوں شاید تماثیل سے مراد بے جان چیزوں کی تصویریں ہوں کیوں کہ انسانی مورتیوں کی تو حضرت سلیمان سے پہلے بھی پوجا کی جاتی تھی حضرت ابراہیمؑ نے اپنے باپ اور قوم سے فرمایا تھا۔ **مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيلُ الَّتِيْٓ اَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُوْنَ**۔

صحیحین میں حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا میں نے خود سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے ہر مصور دوزخ میں جائے گا جو صورت اس نے بنائی ہو گی اس میں (قیامت کے دن) جان ڈالی جائے گی اور وہی تصویر اس کو دوزخ میں عذاب دے گی حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا اگر تم کو ایسا کرنا ہی ہے (یعنی تصویر بنانی ہی ہے) تو درختوں کی اور بے جان چیزوں کی تصویریں بنا لو (متفق علیہ) اس حدیث میں صرف اس امت کے مصوروں کی حالت نہیں بیان کی گئی ہے بلکہ ہر مصور کی حالت کا اظہار کیا گیا ہے اور چوں کہ جملہ خبریہ ہے اس لئے منسوخ ہونے کا بھی احتمال نہیں ہے۔

حضرت ابن عباسؓ کی مرفوع حدیث ہے کہ جو مصور کوئی صورت بنائے گا اس کو عذاب دیا جائے گا اور اس کو حکم دیا جائے گا کہ اپنی بنائی ہوئی تصویر کے اندر جان بھی ڈال لیکن (وہ کبھی اس کے اندر) روح نہیں پھونک سکے گا۔ (رواہ البخاری)

حضرت ابوہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن ایک گردن (سب لوگوں سے اونچی) برآمد ہو گی جس کی دو آنکھیں ہوں گی جو دیکھ رہی ہوں گی اور دو کان ہوں گے جو سن رہے ہوں گے اور زبان ہو گی جو بول رہی ہو گی وہ کہے گی مجھے تین آدمیوں کے لئے مقرر کیا گیا ہے ہر ظالم کے لئے جو عناد رکھتا ہے ہر اس شخص کے لئے جو اللہ کے ساتھ دوسروں کو معبود قرار دیتا ہے اور تمام مصوروں کے لئے۔ (رواہ الترمذی)

یہ بھی حضرت ابوہریرہؓ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا اللہ فرماتا ہے اس سے بڑھ کر ظالم (ناحق کوش) کون ہے جو میری تخلیق کی طرح بنانے چلا ہے (اگر ان میں تخلیق کی طاقت ہے) تو ان کو چاہئے کہ ایک چھوٹی چیونٹی ہی بنا لیں۔ ایک دانہ یا ایک جو ہی پیدا کر لیں۔ متفق علیہ، ان تمام احادیث کی رفتار بتا رہی ہے کہ تصویر کشی کی حرمت امت محمدیہ کے لئے ہی مخصوص نہیں ہے۔

جفان جفنہ کی جمع ہے جفنہ بڑے پیالے کو کہتے ہیں۔

راسیات اپنی جگہ جمی ہوئی ان دیگوں کے پائے لگے ہوئے تھے اور وہ اتنی بڑی تھیں کہ اپنی جگہ سے ہل نہیں سکتی تھیں نہ ان کو (چولہے سے) اتارا جا سکتا تھا نہ خالی کیا جا سکتا تھا۔ زینہ لگا کر ان پر چڑھا جاتا تھا۔ یہ دیگیں یمن میں تھیں۔ (تفسیر مظہری)

جن اور انسان:

حضرت حسنؒ فرماتے ہیں کہ جن ابلیس کی اولاد میں سے ہیں اور انسان حضرت آدمؑ کی اولاد میں سے ہیں، دونوں میں مومن بھی ہیں اور کافر بھی، عذاب ثواب میں دونوں شریک ہیں دونوں کے ایمان دار ولی اللہ ہیں، اور

besturdubooks.wordpress.com

دونوں کے بے ایمان شیطان ہیں۔

ابن ابی حاتم میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جنات کی تین قسمیں ہیں ایک تو پردار ہے دوسری قسم سانپ اور کتے ہیں تیسری وہ ہے جو سواریوں پر سوار ہوتے ہیں، اُترتے ہیں وغیرہ، یہ حدیث بہت غریب ہے۔

مساجد میں محراب کیلئے مستقل مکان بنانے کا حکم:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین کے عہد تک امام کے کھڑے ہونے کی جگہ کو ایک علیحدہ مکان کی حیثیت سے بنانے کا رواج نہیں تھا، قرون اُولی کے بعد سلاطین نے اس کا رواج اپنے تحفظ کے لئے دیا، اور عام مسلمانوں میں اس کا رواج اس مصلحت سے بھی ہوا کہ امام جس جگہ کھڑا ہوتا ہے وہ پوری صف خالی رہتی ہے، نمازیوں کی کثرت اور مساجد کی تنگی کے پیش نظر صرف امام کے کھڑے ہونے کی جگہ دیوار قبلہ میں گہری کر کے بنا دی جاتی ہے، تاکہ اس کے پیچھے پوری صفوف کھڑی ہو سکیں، چونکہ یہ طریقہ قرون اُولی میں نہ تھا۔ اس لئے بعض علماء نے اس کو بدعت کہہ دیا ہے، شیخ جلال الدین سیوطیؒ نے اس مسئلہ پر مستقل رسالہ بنام اعلام الارانیب فی بدعۃ المحاریب لکھا ہے، اور تحقیق اور صحیح بات یہ ہے کہ اگر اس طرح کی محرابیں نمازیوں کی سہولت اور مسجد کے مصالح کے پیش نظر بنائی جائیں اور ان کو سنت مقصودہ نہ سمجھا جائے تو ان کو بدعت کہنے کی کوئی وجہ نہیں، ہاں اس کو سنت مقصودہ بنالیا جائے اس کے خلاف کرنے والے پر نکیر ہونے لگے تو اس غلو سے یہ عمل بدعت میں داخل ہو سکتا ہے۔

مسئلہ: جن مساجد میں محراب امام ایک مستقل مکان کی صورت میں بنائی جاتی ہے وہاں امام پر لازم ہے کہ اس محراب سے کسی قدر باہر اس طرح کھڑا ہو کہ اس کے قدم محراب سے باہر نمازیوں کی طرف رہیں، تاکہ امام اور مقتدیوں کا مکان ایک شمار ہو سکے، ورنہ یہ صورت مکروہ و ناجائز ہے کہ امام الگ مکان میں تنہا کھڑا ہو اور سب مقتدی دوسرے مکان میں، بعض مساجد میں محراب اتنی وسیع و عریض بنائی جاتی ہے کہ ایک مختصری صف مقتدیوں کی بھی اس میں آ جائے، ایسی محراب میں اگر ایک صف مقتدیوں کی بھی محراب میں کھڑی ہو اور امام ان کے آگے پورا محراب میں کھڑا ہو تو امام و مقتدیوں کے مکان کا اشتراک ہو جانے کی وجہ سے کراہت نہیں رہے گی۔

اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ؕ وَقَلِيْلٌ
کام کرو اے داؤد کے گھر والو احسان مان کر اور تھوڑے ہیں
مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ ﴿۱۳﴾
میرے بندوں میں احسان ماننے والے ☆

عمل سے شکر ادا کرو:

یعنی ان عظیم الشان انعامات و احسانات کا شکر ادا کرتے رہو، محض زبان سے نہیں بلکہ عمل سے وہ کام کرو جن سے حق تعالیٰ کی شکر گذاری ٹپکتی ہو، بات یہ ہے کہ احسان تو خدا کم و بیش سب پر کرتا ہے لیکن پورے شکر گزار بندے بہت تھوڑے ہیں جب تھوڑے ہیں تو قدر زیادہ ہوگی، لہٰذا کامل شکر گزار بن کر اپنی قدر و منزلت بڑھاؤ، یہ خطاب داؤد کے کنبے اور گھرانے کو ہے کیونکہ علاوہ مستقل احسانات کے داؤد پر احسان من وجہ سب پر احسان ہے کہتے ہیں کہ داؤدؑ نے تمام گھر والوں پر اوقات تقسیم کر دیئے تھے دن رات کے چوبیس گھنٹوں میں کوئی وقت ایسا نہ تھا جب ان کے گھر میں کوئی نہ کوئی شخص عبادت الٰہی میں مشغول نہ رہتا ہو۔ (تفسیر عثمانی)

اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا (ہم نے داؤد اور ان کے گھر والوں سے کہا) اے داؤد کے خاندان والو تم سب شکریہ میں (نیک کام) کیا کرو جعفر بن سلیمان نے کہا میں نے ثابت سے سنا ہے کہ حضرت داؤدؑ اپنے اور اپنے گھر والوں کی عبادت کے لئے رات اور دن کے حصے مقرر کر دیئے پس دن رات میں کوئی ساعت ایسی نہ ہوتی تھی کہ حضرت داؤد کے گھر کوئی نہ کوئی عبادت میں مشغول نہ ہو۔

دوامی شکر والے بہت کم ہیں:

وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ اور میرے بندوں میں بڑے شکر گزار کم ہیں یعنی ایسے لوگ کم ہیں جو زبان اور اعضاء جسم سے اکثر اوقات ادا شکر کرتے ہوں اور ہمیشہ بلاستی کے شکر میں مشغول رہتے ہوں یہ مرتبہ حضور دوامی اور فنا قلب کے بعد حاصل ہوتا ہے۔

شکور کون ہے؟

اور اس دوامی شکر کے بعد بھی اللہ کی نعمتوں کا حق ادا نہیں ہوتا کیوں کہ توفیق شکر بھی عطاء الٰہی ہے اور ایک نعمت ہے پس ہر شکر کا شکر پھر شکر کے شکر کا شکر ادا کرتا چلا جانا انسانی طاقت سے خارج ہے اسی لئے کہا گیا ہے کہ شکور وہ شخص ہے جو اداء شکر سے اپنے آپ کو عاجز سمجھتا ہو۔ (ابراہیم تیمی راوی ہیں کہ ایک شخص نے حضرت عمر کے سامنے کہا اے اللہ مجھے کم لوگوں میں سے کر دے حضرت عمر نے فرمایا یہ کیسی دُعاء ہے اس شخص نے کہا میں نے سن لیا ہے کہ اللہ نے فرمایا ہے وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ اس شخص نے ایک آیت اور بھی پڑھی تھی حضرت عمر نے فرمایا یہ شخص عمر سے زیادہ اسلامی سمجھ رکھتا ہے۔ (از مفسرؒ) (تفسیر مظہری)

نماز داؤدی:

بخاری و مسلم میں حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نمازوں میں اللہ کے نزدیک محبوب تر نماز داؤدؑ کی ہے، وہ نصف رات

besturdubooks.wordpress.com

سوتے تھے پھر ایک تہائی رات عبادت میں کھڑے رہتے تھے، پھر آخری چھٹے حصہ میں سوتے تھے اور سب روزوں میں محبوب تر اللہ کے نزدیک صیام داؤدؑ ہیں کہ وہ ایک دن روزہ رکھتے اور ایک دن افطار کرتے تھے۔ (ابن کثیر)

حضرت فضیلؒ سے منقول ہے کہ جب حضرت داؤدؑ پر یہ حکم شکر نازل ہوا تو انہوں نے اللہ تعالیٰ سے عرض کیا اے میرے پروردگار میں آپ کا شکر کس طرح پورا کر سکتا ہوں جب کہ میرا شکر قولی ہو یا عملی وہ بھی آپ ہی کی عطا کردہ نعمت ہے، اس پر بھی مستقل شکر واجب ہے، حق شکر ادا کرنے سے اپنے عجز و قصور کو سمجھ لیا اور اعتراف کر لیا۔

فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ عَلٰى
پھر جب مقرر کیا ہم نے اُس پر موت کو نہ جتلایا اُن کو اُس کا
مَوْتِهٖٓ اِلَّا دَآبَّةُ الْاَرْضِ تَاْكُلُ مِنْسَاَتَهٗ
مرنا مگر کیڑے نے گھن کے کھاتا رہا اُس کا عصا
فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ
پھر جب وہ گر پڑا معلوم کیا جنوں نے کہ اگر خبر رکھتے ہوتے
الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِي الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿۱۴﴾
غیب کی نہ رہتے ذلت کی تکلیف میں

حضرت سلیمانؑ کی موت:

حضرت سلیمانؑ جنوں کے ہاتھوں سے مسجد بیت المقدس کی تجدید کرا رہے تھے جب معلوم کیا کہ میری موت آ پہنچی جنوں کو نقشہ بتا کر آپ ایک شیشہ کے مکان میں در بند کر کے عبادت الٰہی میں مشغول ہو گئے جیسا کہ آپ کی عادت تھی کہ مہینوں خلوت میں رہ کر عبادت کیا کرتے تھے اسی حالت میں فرشتہ نے روح قبض کر لیا اور آپ کی نعش مبارک لکڑی کے سہارے کھڑی رہی کسی کو آپ کی وفات کا احساس نہ ہو سکا وفات کے بعد مدت تک جن بدستور تعمیر کرتے رہے جب تعمیر پوری ہو گئی جس عصا پر ٹیک لگا رہے تھے گھن کے کھانے سے گرا تب سب کو وفات کا حال معلوم ہوا اس سے جنات کو خود اپنی غیب دانی کی حقیقت کھل گئی اور ان کے معتقد انسانوں کو بھی پتہ لگ گیا کہ اگر انہیں غیب کی خبر ہوتی تو کیا اس ذلت آمیز تکلیف میں پڑے رہتے حضرت سلیمان کی وفات کو محسوس کرتے ہی کام چھوڑ دیتے، اسی سے یہ بھی ظاہر ہو گیا کہ شیاطین وغیرہ کی تسخیر کچھ حضرت سلیمان کا کسبی کمال نہ تھا محض فضل ایزدی تھا جو اللہ چاہے تو موت کے بعد ایک لاش کے حق میں بھی قائم رکھ سکتا ہے۔ نیز سلیمانؑ پر زندگی میں جو انعامات ہوئے تھے یہ اس کی تکمیل ہوئی کہ موت کے بعد بھی ایک ضروری حد تک انہیں جاری رکھا گیا، اور بتلا دیا کہ پیغمبروں کے اٹھائے ہوئے کاموں کو اللہ تعالیٰ کس کس تدبیر سے پورا کرتا ہے۔

ربط: یہاں تک بعض منیب اور شکر گذار بندوں کا ذکر تھا، آگے ایک معرض و ناسپاس قوم (سبا) کا ذکر کیا جاتا ہے جو بڑے عیش و رفاہیت اور خوشحالی و فارغ البالی کے بعد کفر و ناسپاسی کی سزا میں تباہ کی گئی، یہ قوم یمن کی بڑی دولتمند اور ذی اقتدار قوم تھی جو صدیوں تک بڑے جاہ و جلال سے ملک پر حکومت کرتی رہی ان ہی میں ایک وہ ملکہ تھی (بلقیس) جس کا حضرت سلیمانؑ کی بارگاہ میں حاضر ہونا سورۂ "نمل" میں گذر چکا ہے شاید یہاں سلیمانؑ کے بعد "سبا" کا ذکر اس مناسبت سے بھی ہوا ہو۔ (تفسیر عثمانی)

سلیمانؑ کی عبادت:

فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ پھر جب ہم نے ان کے لئے موت کا حکم جاری کر دیا۔ بغوی نے لکھا ہے اہل علم کا بیان ہے کہ حضرت سلیمانؑ مسجد بیت المقدس کے اندر مہینہ دو مہینہ سال دو سال یا اس سے کم و بیش مدت تک گوشہ نشین ہو جاتے تھے، وہیں آپ کا کھانا پہنچا دیا جاتا تھا، ایک بار حسب معمول بیت المقدس کے اندر تھے کہ آپ کی وفات ہو گئی جس کے قصہ کی ابتداء اس طرح ہوئی کہ روزانہ صبح کے وقت بیت المقدس کی محراب میں ایک بوٹی نمودار ہوتی تھی آپ اس سے اس کا نام دریافت کرتے تھے وہ اپنا نام بتا دیتی تھی آپ اس سے اس کے خواص دریافت کرتے تھے تو وہ اپنے فائدے بیان کر دیتی تھی آپ اس کو کٹوا لیتے تھے پھر اگر وہ کسی پودے کی شاخ ہوتی تو اس کو (کسی باغ میں) لگوا دیتے تھے اور اگر دوا کی بوٹی ہوتی تو لکھ دیتے تھے ایک روز درخت خروبہ (محراب میں) اگا حضرت نے اس سے دریافت کیا تو کون ہے اس نے جواب دیا خروبہ آپ نے فرمایا تو کس لئے اگا ہے اس نے کہا آپ کی مسجد کو برباد کرنے کے لئے حضرت سلیمانؑ نے فرمایا یہ تو ہو گی نہیں کہ میری زندگی میں اللہ اس مسجد کو برباد کر دے ایسے معلوم ہوتا ہے کہ (پہلے) میری موت اور (پھر) بیت المقدس کی بربادی تیری وجہ سے ہو گی پھر آپ نے اس کو ایک اچھے باغ میں لگوا دیا اور دعا کی اے اللہ میری موت کو جنات سے پوشیدہ رکھنا تا کہ انسانوں کو معلوم ہو جائے کہ غیب داں جنات نہیں ہوتے، جنات آدمیوں سے کہا کرتے تھے کہ ہم غیب کی باتیں جان لیتے ہیں اور آنے والے دن میں جو کچھ ہو گا اس سے بھی واقف ہیں۔

اس کے بعد حضرت سلیمان محراب (عبادت خانہ) میں چلے گئے اور لاٹھی پر سہارا لگائے کھڑے ہو کر نماز پڑھنے لگے اسی حالت میں کھڑے کھڑے آپ کی وفات ہو گئی، محراب کے اندر آگے پیچھے کچھ روشن دان تھے جن میں جنات آپ کو کھڑا دیکھ کر خیال کرتے تھے کہ آپ نماز میں مشغول ہیں اس لئے جو سخت محنت کا کام آپ کی زندگی میں وہ کرتے تھے ان میں آپ کی وفات کے بعد بھی سرگرم رہے اور چوں کہ آپ کی عادت ہی تھی کہ نماز میں مشغول ہونے کے بعد (ایک مدت تک) باہر نہیں نکلتے تھے اس لئے آپ کے برآمد نہ ہونے سے

besturdubooks.wordpress.com

جنات کو آپ کی وفات کا کوئی شبہ بھی نہیں ہوا، اس طرح وفات کے بعد ایک سال گزر گیا اور جنات برابر کام میں مشغول رہے آخر دیمک نے لاٹھی کو کھا لیا اور آپ کی میت نیچے گر پڑی اور جنات کو آپ کی وفات کا علم ہوا۔

دیمک کا شکریہ:

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا جنات نے دیمک کا شکریہ ادا کیا کہ اس کی وجہ سے ان کو سخت مشقتوں سے آزادی ملی، اب بھی پانی اور مٹی جنات لکڑی کے کھوکھلے حصہ میں (دیمک کے لئے) ڈالتے ہیں ابن ابی حاتم نے ابن یزید کی روایت سے بیان کیا ہے کہ حضرت سلیمانؑ نے ملک الموت سے کہہ دیا تھا جب آپ کو میرے متعلق حکم دیا جائے تو مجھے اطلاع دیدینا ایک روز ملک الموت نے آکر اطلاع دی کہ اب مجھے آپ کی بابت حکم دیا گیا ہے کہ آپ کی زندگی کا ذرا سا وقت رہ گیا ہے آپ نے جنات کو طلب فرما کر اپنے گرداگرد اوپر ایک شیشہ گھر تعمیر اکرالیا، جس کا کوئی دروازہ نہیں رکھا پر پھر اس کے اندر نماز پڑھنے کھڑے ہوگئے اور لاٹھی سے سہارا لگا لیا اور اسی حالت میں ملک الموت نے آپ کی روح قبض کر لی وفات کے بعد بھی آپ یونہی کھڑے رہے آخر گھن نے لاٹھی کو کھا لیا اور آپ گر پڑے اس کے بعد لوگوں نے اس شیشہ گھر میں ایک دروازہ بنا لیا اور اندر داخل ہوگئے اور یہ جاننے کے لئے کہ آپ کی وفات کو کتنا عرصہ ہوگیا گھن کو لاٹھی پر اٹھا لیا گھن ایک رات دن لاٹھی کو کھاتا رہا اس طرح لوگوں نے اندازہ لگایا تو معلوم ہوا کہ آپ کی وفات کو ایک سال ہوگیا۔

مَادَلَّهُمْ عَلٰى مَوْتِهٖٓ اِلَّا دَآبَّةُ الْاَرْضِ تو کسی چیز نے ان کے مر جانے کا پتہ نہ بتایا مگر گھن کے کیڑے نے۔

مادلهم یعنی جنات کو یا حضرت سلیمان کے گھر والوں کو آپ کی موت کی اطلاع صرف گھن لگنے کی وجہ سے ہوئی۔

دَآبَّةُ الْاَرْضِ جس کو عربی میں الارضۃ اور فارسی میں دیوک کہتے ہیں یہ ننھا کیڑا ہوتا ہے جو لکڑی کو کھا جاتا ہے۔ الارض سے مراد نمناک مٹی ہے۔

جنات کی غیب دانی کا دعویٰ ختم ہوگیا:

فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِى الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ جب سلیمان گر پڑے تب جنات کی یہ بات ظاہر ہوگئی کہ اگر وہ غیب دان ہوتے تو (اتنی مدت) اس ذلت کی مصیبت میں نہ رہتے، الغیب یعنی وہ بات جو ان سے غائب ہو جیسے حضرت سلیمانؑ کی وفات العذاب المهین یعنی سخت محنت و مشقت میں اتنی مدت تک نہ پڑے رہتے حضرت سلیمانؑ کی موت کا جنات کو علم نہ ہو سکا اس لئے حضرت کے حکم کے مطابق کام کرتے رہے مطلب یہ ہے کہ پہلے جنات اپنی غیب دانی کا دعویٰ کر کے لوگوں کو دھوکا دیا کرتے تھے لیکن جب حضرت سلیمانؑ کی وفات کا جنات کو علم نہ ہو سکا تو لوگوں کے لئے یہ بات واضح ہوگئی کہ جنات غیب داں نہیں ہوتے۔ آیت کا یہ مطلب حضرت ابن مسعودؓ کی قرأت کے مطابق ہے ابن مسعود کی قرأت میں آیا ہے تبينت الانس لو كانوا يعلمون (الا الجن) مَا لَبِثُوْا فِى الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ۔ بعض اہل تفسیر نے یہ مطلب بیان کیا ہے کہ حضرت سلیمان کی وفات سے بے علم رہنے کی وجہ سے جنوں کو معلوم ہوگیا کہ وہ اگر غیب داں ہوتے تو مشقت میں پڑے نہ رہتے یہ مطلب بعید از فہم ہے کیوں کہ جنات کو تو پہلے ہی سے معلوم تھا کہ وہ غیب داں نہیں ہیں آدمیوں کو دھوکا دینے کے لئے غیب دانی کا دعویٰ کرتے تھے۔

سلیمانؑ کی عمر:

بغوی نے لکھا ہے کہ اہل تاریخ نے بیان کیا ہے کہ حضرت سلیمانؑ کی کل عمر ۵۳ سال ہوئی تیرہ سال کی عمر میں باپ کے جانشین ہوئے اور چالیس سال حکومت کی، چار سال حکومت کو گزرے تھے کہ بیت المقدس کی تعمیر کا آغاز کیا۔ (تفسیر مظہری)

موت سے کسی کو چھٹکارا نہیں:

اس عجیب واقعہ سے یہ عبرت بھی حاصل ہوئی کہ موت سے کسی کو چھٹکارا نہیں، اور یہ بھی کہ اللہ تعالیٰ کو جو کام لینا ہوتا ہے اس کا جس طرح چاہیں انتظام کر سکتے ہیں، جیسا اس واقعہ میں ہوا کہ موت کے باوجود سلیمانؑ کو سال بھر تک اپنی جگہ قائم رکھ کر جنات سے کام پورا کرا لیا، اور یہ بھی کہ دنیا کے سارے اسباب و آلات اسی وقت تک اپنا کام کرتے ہیں جب تک منظور حق ہوتا ہے، جب منظور نہیں ہوتا تو آلات و اسباب جواب دے دیتے ہیں، جیسے یہاں عصاء کا سہارا دیمک کے ذریعہ ختم کر دیا گیا، اور یہ بھی کہ سلیمانؑ کی وفات کے بعد خطرہ تھا کہ لوگ جنات کے حیرت انگیز عمل اور کارناموں اور بظاہر غیب کی چیزوں سے ان کے باخبر ہونے وغیرہ کے اعمال عجیبہ کو دیکھ کر کہیں انہی کو اپنا معبود نہ بنا بیٹھیں، اس خطرہ کو بھی اس واقعہ موت نے ختم کر دیا، سب کو جنات کی بے خبری اور بے بسی معلوم ہوگئی۔

سلیمانؑ کی دعائیں:

امام نسائی نے باسناد صحیح حضرت عبداللہ بن عمرو سے یہ روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب حضرت سلیمانؑ بیت المقدس کی تعمیر سے فارغ ہوئے تو اللہ تعالیٰ سے چند دعائیں کیں، جو مقبول ہوئیں، ان میں سے ایک دعا یہ ہے کہ جو شخص اس مسجد میں صرف نماز کی نیت سے داخل ہو (اور کوئی دنیاوی غرض نہ ہو) اس مسجد سے نکلنے سے پہلے اس کو تمام گناہوں سے ایسا پاک کر دے جیسا کہ اس وقت پاک تھا جب ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا تھا۔

اور سدی کی روایت میں یہ بھی ہے کہ بیت المقدس کی تعمیر سے فارغ

besturdubooks.wordpress.com

ہونے پر حضرت سلیمانؑ نے بطور شکرانہ کے بارہ ہزار گائے بیل اور بیس ہزار بکریوں کی قربانی کر کے لوگوں کو دعوتِ عام دی، اور اس دن کی خوشی منائی، اور صخرۂ بیت المقدس پر کھڑے ہو کر اللہ تعالیٰ سے یہ دعائیں مانگیں کہ "یا اللہ آپ نے ہی مجھے یہ قوت اور وسائل عطا فرمائے جن سے تعمیر بیت المقدس مکمل ہوئی تو یا اللہ مجھے اس کی بھی توفیق دیجئے کہ میں تیری اس نعمت کا شکر ادا کروں اور مجھے اپنے دین پر وفات دیجئے اور ہدایت کے بعد میرے قلب میں کوئی زیغ اور کجی نہ ڈالئے، اور عرض کیا کہ اے میرے پروردگار جو شخص اس مسجد میں داخل ہو میں اس کے لئے آپ سے پانچ چیزیں مانگتا ہوں، ایک یہ کہ جو گناہگار توبہ کرنے کے لئے اس مسجد میں داخل ہو تو آپ اس کی توبہ قبول فرمالیں اور اس کے گناہوں کو معاف فرمادیں دوسرے یہ کہ جو آدمی کسی خوف و خطرہ سے بچنے کے لئے اس مسجد میں داخل ہو تو آپ اس کو امن دے دیں اور خطرات سے نجات عطا فرمادیں، تیسرے یہ کہ جو بیمار آدمی اس میں داخل ہو اس کو شفا عطا فرمادیں چوتھے یہ کہ جو فقیر آدمی اس میں داخل ہو اس کو غنی کردیں، پانچویں یہ کہ جو شخص اس میں داخل ہو جب تک وہ اس میں رہے آپ اپنی نظر عنایت و رحمت اس پر رکھیں بجز اس شخص کے جو کسی ظلم یا بے دینی کے...... کام میں مشغول ہو۔ (قرطبی) (معارف مفتی اعظم)

تعمیر کی تکمیل سلمانؑ کی کوشش:

بیت المقدس کی تعمیر جو حضرت داؤدؑ نے شروع کی، پھر حضرت سلیمانؑ نے اس کی تکمیل فرمائی اس میں کچھ کام تعمیر کا باقی تھا اور یہ تعمیر کا کام جنات کے سپرد تھا، جن کی طبیعت میں سرکشی غالب تھی، حضرت سلیمانؑ کے خوف سے کام کرتے تھے ان کی وفات کا جنات کو علم ہو جائے تو فوراً کام چھوڑ بیٹھیں اور تعمیر رہ جائے اس کا انتظام حضرت سلیمانؑ نے باذنِ ربانی یہ کیا کہ جب موت کا وقت آیا تو موت کی تیاری کر کے اپنی محراب میں داخل ہو گئے جو شفاف شیشے سے بنی ہوئی تھی، باہر سے اندر کی سب چیزیں نظر آتی تھیں اور اپنے معمول کے مطابق عبادت کے لئے ایک سہارا لے کر کھڑے ہو گئے کہ روح پرواز کرنے کے بعد بھی جسم اس عصا کے سہارے اپنی جگہ جما رہے، سلیمانؑ کی رُوح وقت مقرر پر قبض کرلی گئی مگر وہ اپنے عصا کے سہارے اپنی جگہ جمے ہوئے باہر سے نظر آتے تھے کہ عبادت میں مشغول ہیں، جنات کی یہ مجال نہ تھی کہ پاس آکر دیکھ سکتے، حضرت سلیمانؑ کو زندہ سمجھ کر کام میں مشغول رہے یہاں تک کہ سال بھر گزر گیا اور تعمیر بیت المقدس کا بقیہ کام پورا ہو گیا، تو اللہ تعالیٰ نے گھن کے کیڑے کو جس کو فارسی میں دیوک اور اردو میں دیمک کہا جاتا ہے اور قرآن کریم نے اس کو دابة الارض کے نام سے موسوم کیا ہے، عصائے سلیمانی پر مسلط کر دیا، دیمک نے عصاء کی لکڑی کو اندر سے کھا کر کمزور کر دیا، عصاء کا سہارا ختم ہوا تو سلیمانؑ گر گئے، اس وقت جنات کو ان کی موت کی خبر ہوئی۔

جنات کے علم کی حقیقت:

جنات کو اللہ نے دور دراز کی مسافت چند لمحات میں قطع کر لینے کی قوت عطا فرمائی ہے وہ بہت سے ایسے حالات و واقعات سے واقف ہوتے تھے جن کو انسان نہیں جانتے جب وہ انسانوں کو ان واقعات کی خبر دیتے تو انسان یہ سمجھتے تھے کہ یہ غیب کی خبر ہے اور جنات کو بھی علم غیب حاصل ہے خود جنات کو بھی علم غیب کا دعویٰ ہو تو بعید نہیں، موت کے اس عجیب واقعہ نے اس کی بھی حقیقت کھول دی خود جنات کو بھی پتہ چل گیا اور سب انسانوں کو بھی کہ جنات عالم الغیب نہیں ہیں، کیونکہ ان کو غیب کا علم ہوتا تو حضرت سلیمانؑ کی موت سے ایک سال پہلے ہی باخبر ہو جاتے اور یہ سال بھر کی محنت و مشقت جوان کو زندہ سمجھ کر برداشت کرتے رہے اس سے بچ جاتے۔ (معارف مفتی اعظم)

ایک عجیب درخت:

بعض صحابہؓ سے مروی ہے کہ حضرت سلیمانؑ کی عادت تھی آپ سال سال دو دو سال یا کم وبیش مدت کے لئے مسجد قدس میں اعتکاف میں بیٹھ جاتے، آخری مرتبہ انتقال کے وقت بھی آپ مسجد بیت المقدس میں تھے ہر صبح ایک درخت آپ کے سامنے نمودار ہوتا، آپ اس سے نام پوچھتے فائدہ پوچھتے، وہ بتاتا، آپ اسی کام میں لیتے، بالآخر ایک درخت ظاہر ہوا جس نے اپنا نام خروبہ بتایا، کہا تو کس مطلب کا ہے؟ کہا اس مسجد کے اجاڑنے کے لئے حضرت سلیمانؑ سمجھ گئے فرمانے لگے میری زندگی میں تو یہ مسجد ویران ہوگی نہیں البتہ تو میری موت اور ویرانی کے لئے ہے چنانچہ آپ نے اسے اپنے باغ میں لگا دیا مسجد کی بیچ کی جگہ میں کھڑے ہو کر ایک لکڑی کے سہارے نماز شروع کر دی وہیں انتقال ہو گیا۔

سلیمانؑ کو موت کا علم پہلے ہو گیا:

حضرت زید بن اسلم سے مروی ہے کہ حضرت سلیمان نے ملک الموت سے کہہ رکھا تھا کہ میری موت کا مجھے کچھ پہلے بتا دینا حضرت ملک الموت نے یہی کیا تو آپ نے جنات کو بغیر دروازے کے ایک شیشے کا مکان بنانے کا حکم دیا اور اس میں ایک لکڑی پر ٹیک لگا کر نماز شروع کی یہ موت کے ڈر کی وجہ سے نہ تھا حضرت ملک الموت اپنے وقت پر آئے اور رُوح قبض کر گئے پھر لکڑی کے سہارے آپ سال بھر تک اسی طرح کھڑے رہے جنات ادھر ادھر سے دیکھ کر آپ کو زندہ سمجھ کر اپنے کاموں میں آپ کی ہیبت کی وجہ سے مشغول رہے لیکن جو کیڑا آپ کی لکڑی کو کھا رہا تھا جب وہ آدھی کھا چکا تو اب لکڑی بوجھ نہ سہار سکی اور آپ گر پڑے، جنات کو آپ کی موت کا یقین ہو گیا اور وہ بھاگ کھڑے ہوئے اور بھی بہت سے سلف سے یہ مروی ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

لَقَدْ كَانَ لِسَبَإٍ فِي مَسْكَنِهِمْ آيَةٌ
تحقیق قوم سبا کو تھی ان کی بستی میں نشانی

besturdubooks.wordpress.com

جَنَّتٰنِ عَنْ یَّمِیْنٍ وَّشِمَالٍ ۬

دو باغ داہنے اور بائیں

یعنی باغوں کے دو طویل راستے داہنے اور بائیں میلوں تک چلے گئے تھے، اگر سمجھتے تو خدا کی رحمت وقدرت کی یہ ہی نشانی ایمان لانے اور شکر گزار بننے کے لئے کافی تھی۔ (تفسیر عثمانی)

لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ فِيْ مَسْكَنِهِمْ اٰيَةٌ ۚ (قوم) سبا کے لئے ان کے مقام سکونت میں (ہماری قدرت کاملہ کی) نشانی موجود تھی (جس کا شکر کرنا ان پر واجب تھا۔)

سبا کا تعارف: بغوی نے یہ روایت ابوسبرہ نخعی بحوالہ فروہ بن مسیک غطفی بیان کیا ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا یارسول اللہ مجھے سبا کے متعلق بتایئے کہ کیا وہ کوئی مرد تھا یا عورت یا کسی مقام کا نام تھا حضور نے فرمایا وہ ایک عربی مرد تھا جس کے دس بیٹے ہوئے چھ دائیں طرف (یعنی یمن) کو چلے گئے اور چار بائیں طرف (یعنی شام) کو جو چھ یمن کو گئے ان کے نام یہ تھے، کندہ، اشعر، ازد، مدحج، انمار، حمیر۔ ایک شخص نے کہا انمار کون ہے، فرمایا جن میں سے خثعم اور بجیلہ ہیں۔ (وہی انمار) جو چار شام کو گئے وہ یہ تھے۔ عاملہ، جذام، لخم، غسان، امام احمد وغیرہ نے حضرت ابن عباس کی روایت سے مرفوعاً اسی طرح بیان کیا ہے سبا، یشجب کا بیٹا اور یشجب یعرب کا اور یعرب قحطان کا۔

قوم سبا کے باغات:

جَنَّتٰنِ عَنْ يَّمِيْنٍ وَّشِمَالٍ

جنتن سے مراد ہیں باغوں کی دو قطاریں، ایک دائیں طرف اور دوسری بائیں طرف یعنی شہر کے دائیں بائیں یا یہ مطلب کہ ہر شخص کے دو باغ تھے ایک مقام سکونت سے دائیں جانب اور دوسرا بائیں جانب (قوم سبا کی تاریخ کے مطابق دائیں بائیں پھل والے درختوں کی قطاریں تھیں اور کسی مسافر کو سر راہ مفت پھل کھانے کی ممانعت نہیں تھی۔ (تفسیر مظہری)

علامہ زمخشری فرماتے ہیں کہ جنتن کا یہ مطلب نہیں کہ اس بستی کے یمین وشمال میں صرف دو باغ تھے عراق میں بھی بہت سی ایسی بستیاں ہیں کہ جہاں صرف دو باغ نہیں بلکہ متعدد باغ ہیں صرف دو باغ کا ہونا قوم سبا کے لئے مخصوص نہیں بلکہ مطلب یہ ہے کہ اس بستی کے یمین وشمال میں باغوں کی دو قطاریں متصل اور مسلسل میلوں تک اس طرح چلی گئی تھیں کہ ایک باغ دوسرے باغ سے متصل تھا اور ہر جانب کی ایک قطار بمنزلہ ایک باغ کے معلوم ہوتی تھی غرض یہ کہ یہ خطہ خدا کی رحمت سے نہایت سرسبز اور شاداب تھا آب وہوا نہایت عمدہ تھی کیڑوں اور مکوڑوں اور مکھیوں اور مچھروں کا نام ونشان نہ تھا راستے پرامن تھے غرض یہ کہ راحت اور آرام کا اور ترقی اور تمدن کا کوئی دقیقہ باقی نہ رہا تھا اور یہ تنعم اور خوشحالی سوائے قوم سبا کے اور کسی کو حاصل نہ تھی۔

سدِّ مآرب: عرم دو پہاڑوں کے درمیان ایک بڑا بند تھا جہاں تمام وادیوں کا پانی روکا گیا تھا تاکہ دور دور تک زمین اس سے سیراب ہوتی رہے اور اس بند کے تین دروازے تھے۔ اول اوپر کے دروازے سے پانی دیتے پھر دوسرے سے پھر تیسرے سے جیسی اور جتنی ضرورت ہوتی قہر خداوندی سے جب وہ بند ٹوٹا تو سیلاب سے وہ تمام باغات غارت ہوگئے جو پہلے اس پانی سے سیراب ہوتے تھے اور یہ بند ملکہ بلقیس نے بنایا تھا جس کو سدِ مآرب کہتے تھے۔

سبا سے شام تک کی آبادی:

ملک سبا سے شام تک چار ہزار سات سو دیہات آباد تھے۔

اور ہم نے ان درمیانی بستیوں میں چلنے والوں کے لئے رفتار کی ایک حد اور اس کا ایک اندازہ رکھ دیا تھا کہ صبح کے وقت ایک بستی سے چلے اور قیلولہ کے وقت دوسری بستی میں پہنچ جائے اور وہاں پہنچ کر آرام سے کھا پی سکے۔ (معارف القرآن کاندھلوی)

سبا کی آل اولاد:

امام احمد حضرت ابن عباسؓ سے یہ روایت نقل کرتے ہیں کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ سَبَا جس کا قرآن میں ذکر ہے یہ کسی مرد یا عورت کا نام ہے یا زمین کے کسی حصہ کا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ ایک مرد کا نام ہے، جس کی اولاد میں دس لڑکے ہوئے جن میں سے چھ یمن میں آباد ہیں اور چار شام میں چلے گئے یمن میں رہنے والوں کے نام یہ ہیں: مدحج، کندہ، ازد، اشعری، انمار، حمیر (ان چھ لڑکوں سے چھ قبیلے پیدا ہوئے، جو انہی مذکورہ ناموں سے معروف ہیں)۔

اور شام میں بسنے والوں کے نام یہ ہیں لخم، جذام، عاملہ، غسان (ان کی نسل کے قبائل انہی ناموں سے مشہور ہوئے) یہ روایت حافظ امام ابن عبدالبر نے بھی اپنی کتاب (القصد والامم بمعرفۃ انساب العرب والعجم) میں نقل کی ہے۔

ابن کثیر کی تحقیق بحوالہ علماء نسب یہ ہے کہ یہ دس لڑکے سبا کے صلبی اور بلا واسطہ بیٹے نہیں تھے۔ بلکہ سبا کی دوسری تیسری یا چوتھی نسل میں یہ لوگ ہوئے ہیں پھر ان کے قبیلے شام ویمن میں پھیلے، اور انہی کے ناموں سے موسوم ہوئے، اور سبا کا اصل نام عبدشمس تھا، سبا عبدشمس بن یشجب بن یعرب بن قحطان سے ان کا نسب نامہ واضح ہوجاتا ہے، اور اہل تاریخ نے لکھا ہے کہ سبا عبدشمس نے اپنے زمانے میں نبی آخر الزماں محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارت سنائی تھی ممکن ہے کہ ان کو اس کا علم کتب قدیمہ تورات وانجیل سے ہوا ہو، یا نجومیوں کاہنوں کے ذریعہ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں اس نے چند عربی اشعار بھی کہے ہیں جن میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کا ذکر کرکے یہ تمنا کی ہے کہ کاش میں ان کے زمانے میں ہوتا تو میں ان کی مدد

besturdubooks.wordpress.com

کرتا، اور اپنی قوم کو ان پر ایمان لانے اور مدد کرنے کی تلقین کی ہے۔

قرطبی نے بحوالہ قشیری قوم سبا کا زمانہ حضرت عیسیٰ کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے زمانہ فترت نقل کیا ہے۔ (معارف القرآن مفتی اعظم)

صحیح بخاری میں ہے قبیلہ اسلم جب تیروں سے نشانہ بازی کر رہے تھے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس سے نکلے تو آپ نے فرمایا، اے اولاد اسمعیل تیراندازی کئے جاؤ تمہارے والد بھی پورے تیرانداز تھے، اس سے تو معلوم ہوتا ہے کہ سبا کا سلسلہ نسب خلیل الرحمٰن تک پہنچتا ہے، اسلم انصار کا ایک قبیلہ تھا اور انصار سارے کے سارے غسان میں سے ہیں اور یہ سب یمنی تھے سبا کی اولاد ہیں یہ لوگ مدینے میں اس وقت آئے تھے جب سیلاب سے ان کا وطن تباہ ہو گیا ایک جماعت یہاں آ کر بسی تھی دوسری شام چلی گئی، انہیں غسانی اس لئے کہتے ہیں کہ اسی نام کی پانی والی ایک جگہ پر یہ ٹھہرے تھے یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ مشلل کے قریب ہے۔ حضرت حسان بن ثابتؓ کے شعر سے بھی اس کا ثبوت ہوتا ہے کہ ایک پانی والی جگہ یا اس کنویں کا نام غسان تھا۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال ہوا کہ سبا کسی عورت کا نام ہے یا مرد کا یا جگہ کا؟ تو آپ نے فرمایا یہ ایک مرد تھا جس کے دس لڑکے تھے جن میں سے چھ تو یمن میں جا بسے اور چار شام میں مذحج، کندہ، ازد، اشعری، انمار، حمیر یہ چھ قبیلے یمن میں لخم، جذام، عاملہ اور غسان یہ چار قبیلے شامی ہیں۔ (مسند احمد) فروہ بن مسیکؓ فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کیا میں اپنی قوم میں سے ماننے والوں اور آگے بڑھنے والوں کو لے کر نہ ماننے اور پیچھے ہٹنے والوں سے لڑوں؟ آپ نے فرمایا ہاں، جب میں جانے لگا تو آپ نے مجھے بلا کر فرمایا دیکھو پہلے انہیں اسلام کی دعوت دینا نہ مانیں تب جہاد کی تیاری کرنا میں نے کہا حضور صلی اللہ علیہ وسلم یہ سبا کس کا نام ہے؟ آپ کا جواب تقریباً وہی ہے جو اوپر مذکور ہوا اس میں یہ بھی ہے کہ قبیلہ انمار میں سے بجیلہ اور خثعم بھی ہیں۔

سبا میں بارہ یا تیرہ پیغمبر آئے:

مروی ہے کہ بارہ یا تیرہ پیغمبر ان کے پاس آئے تھے، بالآخر شامت اعمال رنگ لائی، جو دیوار انہوں نے بنا رکھی تھی اسے چوہوں نے اندر سے کھوکھلی کر دی اور بارش کے زمانہ میں وہ ٹوٹ گئی پانی کی ریل پیل ہو گئی، ان دریاؤں کے چشموں کے بارش کے نالوں کے سب پانی آ گئے، اُن کی بستیاں ان کے محلات ان کے باغات اور ان کی کھیتیاں سب تباہ و برباد ہو گئیں ہاتھ ملتے رہ گئے کوئی تدبیر کارگر نہ ہوئی پھر تو وہ تباہی آئی کہ اس زمین پر کوئی پھلدار درخت جمتا ہی نہ تھا۔ (تفسیر ابن کثیر)

كُلُوا مِن رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوا لَهُ

کھاؤ روزی اپنے رب کی اور اُس کا شکر کرو ☆

انعاماتِ الٰہیہ کا تقاضا:

گویا وہ نشانی زبان حال سے کہہ رہی تھی کہ اپنے رب کی دی ہوئی نعمتوں سے بہرہ اندوز ہو اور اس منعم حقیقی کا شکر ادا کرو کفر و عصیان اختیار کر کے ناشکر مت ہو، یا جیسا کہ بعض سلف کا قول ہے انبیاء کی زبانی اللہ تعالیٰ نے یہ ہدایت فرمائی ہو گی کہتے ہیں تیرہ نبی اس قوم کی طرف بھیجے گئے اگر یہ صحیح ہے تو حضرت مسیح سے پہلے آئے ہونگے اور اُن کے وارث بعد کو بھی اس قوم کی بربادی کے وقت تک سمجھاتے رہے ہونگے۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر حقانی)

كُلُوا مِن رِّزْقِ رَبِّكُمْ مقولہ نبی تھا یعنی ان کے نبی نے کہا یا زبان حال ان سے کہہ رہی تھی کہ یہ رزق خدا داد کھاؤ اور اللہ کے فرمانبردار رہو۔ (تفسیر مظہری)

كُلُوا مِن رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوا لَهُ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَرَبٌّ غَفُورٌ حق تعالیٰ نے اپنے انبیاء کے ذریعہ ان کو یہ حکم دیا تھا کہ تم اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ اس رزق وسیع کو استعمال کرو اور اس کی شکر گذاری اعمال صالحہ اور اطاعت احکام الٰہیہ کے ساتھ کرتے رہو، کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے اس شہر کو بلدہ طیبہ بنایا ہے، جس میں سردی گرمی کا بھی اعتدال تھا اور آب و ہوا ایسی صحت بخش نظیف ولطیف تھی کہ ان کے پورے شہر میں مچھر، مکھی، پسو اور سانپ بچھو جیسے موذی جانوروں کا نام ونشان نہ تھا، بلکہ باہر سے آنے والے مسافر جب اس شہر میں پہنچتے تو اگر ان کے کپڑوں میں جوئیں یا دوسرے موذی حشرات ہوتے تھے وہ یہاں پہونچ کر خود بخود مر جاتے تھے۔ (ابن کثیر) (معارف مفتی اعظم)

بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَرَبٌّ غَفُورٌ

شہر ہے پاکیزہ اور رب ہے گناہ بخشنے والا ☆

پانی کا نظام اور باغات:

مصنف "ارض القرآن" "سبا" کی عمارتوں کا ذکر کرتے ہوئے لکھتا ہے "اس سلسلہ عمارات میں ایک چیز بند آب ہے جس کو عرب حجاز "سد" اور عرب یمن "عرم" کہتے ہیں عرب کے ملک میں کوئی دائمی دریا نہیں، پانی پہاڑوں سے کر ریگستانوں میں خشک اور ضائع ہو جاتا ہے، ذرات کے مصرف میں نہیں آتا۔ "سبا" مختلف مناسب موقعوں پر پہاڑوں اور وادیوں کے بیچ میں بڑے بڑے بند باندھ دیتے تھے کہ پانی رُک جائے اور بقدر ضرورت زراعت کے کام میں آئے مملکت "سبا" میں اس طرح کے سینکڑوں بند تھے ان میں سب سے زیادہ مشہور "سد مارب" ہے جو ان کے دارالحکومت "مارب" میں واقع تھا شہر مارب کے جنوب میں داہنے بائیں دو پہاڑ ہیں جن کا نام کوہ ابلق ہے، سبا نے ان دو پہاڑوں کے بیچ میں تقریبا

besturdubooks.wordpress.com

۵۰۰ ق م میں "سدّ مارب" کی تعمیر کی تھی یہ بند تقریباً ایک سو پچاس فٹ لمبی اور پچاس فٹ چوڑی ایک دیوار ہے، اس کا اکثر حصہ تو اب افتادہ ہے تاہم ایک ثلث دیوار اب بھی باقی ہے۔ "ارناڈ" ایک یورپین سیاح نے اس کے موجودہ حالات پر ایک مضمون فرنچ ایشیاٹک سوسائٹی کے جرنل میں لکھا ہے اور اس کا موجودہ نقشہ نہایت عمدگی سے تیار کیا ہے اس دیوار پر جا بجا کتبات ہیں وہ بھی پڑھے گئے اس سدّ میں اوپر نیچے بہت سی کھڑکیاں تھیں جو حسب ضرورت کھولی اور بند کی جا سکتی تھیں۔ "سد" کے دائیں بائیں مشرق ومغرب میں دو بڑے بڑے دروازے تھے جن سے پانی تقسیم ہو کر چپ و راست کی زمینوں کو سیراب کرتا تھا اس نظام آب رسانی سے چپ وراست دونوں جانب اس ریگستانی اور شور ملک کے اندر تین سو میل مربع میں سینکڑوں کوس تک بہشت زار تیار ہو گئی تھی جس میں انواع واقسام کے میوے اور خوشبودار درخت تھے۔ قرآن کریم جَنَّتٰنِ عَنْ يَّمِيْنٍ وَّشِمَالٍ " کہہ کر ان ہی باغوں کی طرف اشارہ کرتا ہے یونانی مورخ "اگاتھر شیڈس" جو ۱۴۵ ق م میں "سبا" کا معاصر تھا بیان کرتا ہے۔ "سبا عرب کے سرسبزو آباد حصہ میں رہتے ہیں جہاں بہت اچھے اچھے بے شمار میوے ہوتے ہیں دریا کے کنارے جو زمین ہے اس میں نہایت خوبصورت درخت ہوتے ہیں اندرون ملک میں بخورات، دارچینی اور چھوارے کے نہایت بلند درختوں کے گنجان جنگل ہیں اور ان درختوں سے نہایت شیریں خوشبو پھیلا کرتی ہے درختوں کے اقسام کی کثرت وتنوع کے سبب سے ہر قسم کا نام و وصف مشکل ہے جو خوشبو اس میں سے اڑتی ہے وہ جنت کی خوشبو سے کم نہیں اور جس کی تعریف لفظوں میں ادا نہیں ہو سکتی جو اشخاص زمین سے دور ساحل سے گزرتے ہیں وہ بھی جب ساحل کی طرف سے ہوا چلتی ہے تو اس خوشبو سے محظوظ ہوتے ہیں وہ گویا آب حیات کا لطف اٹھاتے ہیں اور یہ تشبیہ بھی اس کی قوت ولطافت کے مقابل میں ناقص ہے۔" آرٹی میڈروس جو "سبا" کے عہد آخر میں تھا لکھتا ہے۔ "سبا کا بادشاہ اور اس کا ایوان "مارب" میں ہے جو ایک پر اشجار پہاڑ پر عیش ومسرت (زمانہ خوشحالی) میں واقع ہے۔" غرض باعتبار سرسبزی، خوشحالی، سامان عیش اور اعتدال آب وہوا کے "مارب" اسی کا مصداق تھا، "بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَّرَبٌّ غَفُوْرٌ" "رب غفور" سے ادھر اشارہ کر دیا کہ اپنی طرف سے شکر گزار بنو اگر بمقتضائے بشریت کچھ تقصیر رہ جائے گی تو اللہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر ایسا سخت نہیں پکڑتا اپنی مہربانی سے معاف فرما دے گا اس کی نعمتوں کا شکر کماحقہٗ کس سے ادا ہو سکتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ پاکیزہ شہر جہاں پھلوں کی کثرت تھی اور زمین زرخیز تھی شوریلی نہ تھی، سدی اور مقاتل نے کہا کہ اگر کوئی عورت سر پر ٹوکرا رکھے باغ کی قطاروں کی طرف سے گزرتی تھی تو خود بخود درختوں سے ٹوٹ کر اتنے پھل گرتے تھے کہ اس کا ٹوکرا بھر جاتا تھا ہاتھ سے توڑنے کی ضرورت نہیں پڑتی تھی ابن زید نے کہا ان کے شہر میں نہ مچھر تھے نہ مکھیاں اور نہ پسو نہ بچھو سانپ اگر کسی شخص کے کپڑوں میں جوئیں ہوتیں اور اس شہر کی طرف گزر جاتا ہے تو ہوا کی پاکیزگی کی وجہ سے ساری جوئیں مر جاتی تھیں بلد طیبہ سے یہی مراد ہے یعنی وہاں کی ہوا پاکیزہ تھی۔

رَبٌّ غَفُوْرٌ مقاتل نے اس کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ اگر خدا کے عطا کردہ رزق کا تم شکر ادا کرو گے تو اللہ تمہارے گناہ معاف فرما دے گا۔ (تفسیر مظہری)

فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ
سو دھیان میں نہ لائے پھر چھوڑ دیا ہم نے اُن پر ایک نالا زور کا
وَبَدَّلْنٰهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ اُكُلٍ
اور دیے ہم نے اُن کو بدلے میں اُن دو باغوں کے دو اور باغ جن میں کچھ میوہ
خَمْطٍ وَّاَثْلٍ وَّشَيْءٍ مِّنْ سِدْرٍ قَلِيْلٍ ﴿۱۶﴾
کسیلا تھا اور جھاؤ اور کچھ بیر تھوڑے سے ☆

ناشکری اور بے پرواہی کا نتیجہ:

یعنی نصیحتوں کو خاطر میں نہ لائے اور منعم حقیقی کی شکر گزاری سے منہ موڑے رہے تب ہم نے پانی کا عذاب بھیج دیا وہ بند ٹوٹا تمام باغات اور زمینیں غرقاب ہو گئیں اور ان اعلیٰ درجہ کے نفیس میووں اور پھولوں کی جگہ نکمے درخت اور جھاڑ جھنکاڑ رہ گئے جہاں انگور چھوارے اور قسم قسم کی نعمتیں پیدا ہوتی تھیں اب وہاں پیلو، جھاؤ، کسیلے اور بدمزہ پھل والے درختوں کے ساتھ کچھ نہ تھا جن میں بہترین چیز تھوڑی سی جھڑ بیریوں کو سمجھ لو یہ واقعہ حضرت مسیح علیہ السلام اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیانی عہد کا ہے محققین آثار قدیمہ کو ابرہۃ الاشرم کے زمانہ کا ایک بہت بڑا کتبہ سدعرم کی بقیہ دیوار پر ملا ہے اس میں بھی اس بند کے ٹوٹنے کا ذکر ہے مگر یہ غالباً اس واقعہ کے بعد ہوا جس کا ذکر قرآن میں ہے واللہ اعلم، حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں۔ "جب اللہ نے چاہا عذاب بھیجے، گھونس پیدا ہوئی اس پانی کے بند میں اس کی جڑ کرید ڈالی ایک بار پانی نے زور کیا بند کو توڑ ڈالا اور وہ پانی عذاب کا تھا جس زمین پر پھر گیا کام سے جاتی رہی کہتے ہیں کہ بند ٹوٹنے کی پیشین گوئی ایک کاہن نے کی تھی اس پر بہت لوگ وطن چھوڑ کر ادھر ادھر چلے گئے جو باقی رہے انہیں ان باغوں کے بدلہ یہ نکمی اور کڑوی کسیلی چیزیں ملیں۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ پھر انہوں نے روگردانی کی تو ہم نے ان پر عرم کا سیلاب چھوڑ دیا یعنی انہوں نے پیغمبروں کی تکذیب کی اور کہنے لگے ہم تو اس کو خدا کی عطا کردہ نعمت نہیں جانتے (یہ تو ہماری زمین کی پیداوار اور

besturdubooks.wordpress.com

ہمارے لگائے ہوئے باغوں کے پھل ہیں مترجم) تم اپنے رب سے کہہ دو کہ اگر وہ اس نعمت کو روک سکتا ہے تو روک لے اس ناشکری کا نتیجہ یہ نکلا کہ اللہ نے (بند توڑ کر) ایک عظیم الشان سیلاب جس کو سیل عرم کہا جاتا ہے ان پر چھوڑ دیا۔

سیل عرم: اَلْعَرِمُ۔ امر صعب سخت مصیبت عَرِمَ الرَّجُلُ وہ شخص سخت بدخلق ہوگیا یا سیل العرم سے مراد ہے سخت بارش کا سیلاب، یہ بھی کہا گیا ہے کہ عرم جنگلی چوہے کو کہتے ہیں بلقیس نے پانی کو روک کر جمع رکھنے کے لئے ایک بندھ باندھا تھا جنگلی چوہے نے اس میں سوراخ کر دیا تھا صاحب قاموس نے لکھا ہے عرمۃ بروزن فرحۃ وہ بندھ جو وادی کا پانی روکنے کے لئے باندھا جائے۔

بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت ابن عباسؓ اور وہب وغیرہ نے بیان کیا کہ عرم ایک بندھ تھا جو بلقیس نے بنوایا تھا بات یہ تھی کہ وادی کے پانی پر قوم سبا والے آپس میں لڑتے تھے بلقیس نے رفع شرک کے لئے ایک عرم یعنی بندھ بنوانے کا حکم دیا تھا حمیری لغت میں عرم کا معنی بندھ ہے چنانچہ پتھروں سے اور تارکوں سے دو پہاڑوں کے درمیان ایک بندھ بنا دیا گیا اور اوپر نیچے ترتیب کے ساتھ تین دریچے رکھے گئے اور بندھ سے ورے۔ ایک بڑا حوض بنا دیا گیا اور پانی نکلنے کی اس حوض میں بارہ موریاں بنائی گئیں ہر موری ایک دریا کے دہانے پر کھلتی تھی ضرورت کے وقت جس موری کو چاہتے تھے کھول لیتے تھے اور جب سینچائی کی ضرورت پوری ہو جاتی تو اس کو بند کر دیتے تھے بارش کا پانی یمن کی ساری وادیوں کا یہاں جمع ہو جاتا اور بند کے اندر ہی رک جاتا تھا اس وقت بلقیس باہر کی کھڑکی کھلواتی تھی کھڑکی سے پانی نکل کر حوض میں آ جاتا تھا پھر ضرورت ہوتی تو درمیانی کھڑکی بھی کھول دی جاتی پھر اگر ضرورت ہوئی تو نچلا دریچہ بھی کھول دیا جاتا اس طرح بندھ کے اندر کا پانی ختم نہ ہونے پاتا کہ دوسرے سال کی برسات کا پانی آ کر جمع ہونے لگتا۔

یہ بند طویل مدت تک قائم رہا لیکن جب اس قوم نے اللہ سے سرکشی اور ناشکری کی تو اللہ نے ایک جنگلی چوہے کو جس کو گھونس کہا جاتا ہے ان کی تباہی پر مسلط کر دیا گھونس نے بندھ کے نچلے حصہ میں سوراخ کر دیا پانی پھٹ پڑا اور سارے کے سارے باغ ڈوب گئے اور زمین تباہ ہوگئی۔

تدبیر کی شکست:

وہب نے کہا ان لوگوں کو کسی کاہن نجومی نے بتا دیا تھا کہ اس بندھ کو ایک چوہا برباد کر دے گا اس لئے ہر دو پتھروں کی دراڑ (شگاف) کے پاس ایک بلی باندھ دی تھی لیکن جب بربادی کا وقت آیا اور اللہ نے ان کو تباہ کرنا چاہا تو ایک بڑا سرخ چوہا آیا اور بلی پر چھپا بلی پیچھے دبکی اور اس شگاف میں داخل ہوگئی جو قریب ہی موجود تھا اور بندھ میں گھس گئی چوہا (بلی کے تعاقب میں) بندھ کو کھودنے لگا اوپر پانی کے ریلے کی وجہ سے بندھ کمزور ہوتا گیا اور کسی کو اس کا علم نہ ہونے پایا، آخر سیلاب آ گیا اور شگاف میں گھس کر بندھ کو پھاڑ دیا پانی بہہ نکلا اور ان کے سارے مال ومتاع کو غرق کر دیا۔ گھر ریت میں دفن ہوگئے غرض سب ڈوب گئے اور کچھ ادھر ادھر منتشر ہوگئے قوم سبا کی بربادی ایک مثال بن گئی۔

پیلو اور جھاؤ:

خمط اراک (پیلو) اور پیلو کا پھل جس کو بریر کہا جاتا ہے۔

اَثْلٍ، جھاؤ یا جھاؤ نما ایک درخت جھاؤ سے بڑا ہوتا ہے قَلِیْلٍ، سِدْرٍ کی صفت ہے چوں کہ بیر ایک عمدہ پھل ہوتا ہے جس کا مزہ عمدہ ہوتا ہے اس لئے اس کو باغوں میں لگایا جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ اس کی قلت کی صراحت کی بغوی نے کہا یہ (باغوں میں لگائی جانے والی بیری) مراد نہیں بلکہ جنگلی بیری مراد ہے جو کسی کام نہیں آتی نہ اس کے پتے کسی کام کے ہوتے ہیں مذکورہ بالا پھل دار باغوں کے عوض بیکار درختوں کے جھنڈ کو بھی صرف ہم شکل ہونے کی بناء پر فرمایا اور اس سے استہزاء بھی مقصود ہے۔

اور ہم نے ان دیہات کے درمیان ان کے چلنے کا ایک خاص انداز رکھا تھا اور کہہ دیا تھا کہ بے خوف وخطر امن کے ساتھ چلو۔ (تفسیر مظہری)

چوہوں کے ذریعے تباہی:

سد مآرب یعنی عرم کو توڑ کر سیلاب سے تباہ کرنے کا ارادہ کیا تو اس پانی کے عظیم الشان بند پر اندھے چوہے مسلط کر دیئے جنہوں نے اس کی بنیاد کو کھوکھلا اور کمزور کر دیا، جب بارش اور سیلاب کا وقت آیا تو پانی کے دباؤ نے اس کمزور بنیاد کو توڑ کر رخنے پیدا کر دیئے اور بالآخر اس بند کے پیچھے جمع شدہ پانی اس پوری وادی میں پھیل گیا جس میں یہ شہر مآرب واقع تھا، تمام مکانات منہدم اور درخت تباہ ہوگئے اور دو طرفہ پہاڑوں پر جو باغات تھے ان کا پانی خشک ہوگیا۔

وہب بن منبہ کی روایت میں ہے کہ ان لوگوں کی کتابوں میں یہ بات لکھی چلی آتی تھی کہ اس بند کی خرابی وتباہی چوہوں کے ذریعہ ہوگی جب لوگوں نے اس بند کے قریب چوہوں کو دیکھا تو خطرہ پیدا ہوگیا اس کی تدبیر یہ کی گئی کہ بند کے نیچے بہت سی بلیاں پالی گئیں جو چوہوں کو بند کے قریب نہ آنے دیں مگر جب تقدیر الٰہی نافذ ہوئی تو یہ چوہے بلیوں پر غالب آ گئے اور بند کی بنیاد میں داخل ہوگئے۔ (ابن کثیر) (معارف القرآن مفتی اعظم)

ایک کاہن کی چالاکی:

عکرمہؒ ان کا قصہ بیان فرماتے ہوئے کہتے ہیں کہ ان میں ایک کاہنہ اور ایک کاہن تھا جن کے پاس جنات ادھر ادھر کی خبریں لایا کرتے تھے۔ اس کاہن کو کہیں پتہ چل گیا کہ اس بستی کی ویرانی کا زمانہ قریب آ گیا ہے اور یہاں کے لوگ ہلاک ہونے والے ہیں، تھا یہ بڑا مالدار خصوصاً جائیداد بہت ساری تھی اس نے سوچا کہ مجھے کیا کرنا چاہئے اور ان حویلیوں مکانات اور باغات کی نسبت کیا انتظام کرنا چاہئے آخر ایک بات اسکی سمجھ میں آ گئی اس کی سسرال

کے لوگ بہت سارے تھے اور وہ قبیلہ بھی علاوہ جَری ہونے کے مال دار تھا اس نے اپنے لڑکے کو بلایا اور اس سے کہا سنو کل لوگ میرے پاس جمع ہو جائیں گے میں تجھے کسی کام کو کہوں گا تو انکار کر دینا میں تجھے برا بھلا کہوں گا تو بھی مجھے میری گالیوں کا جواب دینا میں اٹھ کر تجھے تھپڑ ماروں گا تو بھی اس کے جواب میں مجھے تھپڑ مارنا اس نے کہا ابا جی مجھ سے یہ کیسے ہو سکے گا؟ کاہن نے کہا تم نہیں سمجھتے ایک ایسا ہی اہم معاملہ درپیش ہے اور تمہیں میرا حکم مان لینا چاہئے اس نے اقرار کیا دوسرے دن جب کہ اس کے پاس اس کے ملنے جلنے والے سب جمع ہو گئے اس نے اپنے اس لڑکے سے کسی کام کو کہا اس نے صاف انکار کر دیا اس نے اسے گالیاں دیں تو اس نے بھی سامنے گالیاں دیں یہ غصے میں اٹھا اور اسے مارا لڑکے نے بھی پلٹ کر اسے پیٹا اور یہ غضبناک ہوا اور کہنے لگا چھری لاؤ میں تو اسے ذبح کروں گا تمام لوگ گھبرا گئے ہر چند سمجھایا لیکن یہ یہی کہتا رہا کہ میں تو اسے ذبح کروں گا لوگ دوڑے بھاگے گئے اور لڑکے کی نھال والوں کو خبر کی، وہ سب آ گئے اول تو منت سماجت کی منوانا چاہا لیکن یہ کب مانتا تھا انہوں نے کہا آپ اسے کوئی اور سزا دیجئے اس کے بدلے ہمیں جو جی چاہئے سزا دیجئے لیکن اس نے کہا میں تو اسے لٹا کر باقاعدہ ذبح کروں گا انہوں نے کہا آپ ایسا نہیں کر سکتے اس سے پہلے ہم آپ کو مار ڈالیں گے اس نے کہا اچھا جب یہاں تک بات پہنچ گئی ہے تو میں اس شہر میں نہیں رہنا چاہتا جہاں میرے اور میری اولاد کے درمیان اور لوگ پڑیں، مجھ سے میرے مکانات جائیدادیں اور زمینیں خرید لو میں یہاں سے کہیں اور چلا جاتا ہوں چنانچہ اس نے سب کچھ بیچ ڈالا اور قیمت نقد وصول کر لی جب اس طرف سے اطمینان ہو گیا تو اس نے اپنی قوم کو خبر دی کہ سنو عذاب خدا آ رہا ہے زوال کا وقت قریب پہنچ چکا ہے اب تم سے جو محنت کر کے لمبا سفر کر کے نئے گھروں کا آرزومند ہو وہ تو عمان چلا جائے اور جو کھانے پینے کا شوقین ہو وہ بصرہ چلا جائے اور جو مزیدار کھجوریں باغات میں بیٹھ کر آزادی سے کھانا چاہتا ہو وہ مدینے چلا جائے قوم کو اس کی باتوں کا یقین تھا۔ جسے جو جگہ اور جو چیز پسند آئی وہ اسی طرف منہ اٹھائے بھاگا بعض عمان کی طرف بعض بصرے کی طرف بعض مدینے کی طرف۔ اس طرف تین قبیلے چلے تھے اوس، خزرج اور بنو عثمان، جب یہ لوگ بطن مر میں پہنچے تو بنو عثمان نے کہا ہمیں تو یہ جگہ بہت پسند ہے اب ہم آگے نہیں جائیں گے چنانچہ یہ یہیں بس گئے اور اسی وجہ سے انہیں خزاعہ کہا گیا کیونکہ وہ اپنے ساتھیوں سے پیچھے رہ گئے اوس و خزرج برابر مدینے پہنچے اور یہاں آ کر قیام کیا یہ اثر بھی عجیب و غریب ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا ۭ وَهَلْ

یہ بدلہ دیا ہم نے اُن کو اس پر کہ ناشکری کی اور ہم

نُجٰزِيْٓ اِلَّا الْكَفُوْرَ ﴿۱۷﴾

یہ بدلہ اُسی کو دیتے ہیں جو ناشکر ہو☆

کفر کی سزا: ایسی سخت سزا بڑے ناشکروں کو دی جاتی ہے کفر سے بڑھ کر کیا ناشکری ہوگی سورۂ "نمل" میں گذر چکا "وَجَدْتُّهَا وَقَوْمَهَا يَسْجُدُوْنَ لِلشَّمْسِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ" (نمل، رکوع ۲) بظاہر اس قسم کا شرک اس قوم میں بلقیس کے بعد بھی باقی رہا ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

اور حضرت حسن بصریؒ نے فرمایا: صَدَقَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ لَا يُعَاقَبُ بِمِثْلِ فِعْلِهٖ اِلَّا الْكَفُوْرُ، یعنی اللہ تعالیٰ نے سچ فرمایا کہ بڑے عمل کی سزا اس کے برابر بجز کفور کے کسی کو نہیں دی جاتی، (ابن کثیر) کیونکہ غیر کفور یعنی مؤمن کو اس کے گناہوں میں بھی کچھ چھوٹ دی جاتی ہے۔

اور روح المعانی میں بحوالہ کشف اس آیت کے مفہوم کی توجیہ یہ کی ہے کہ کلام اپنی حقیقت پر ہے کہ سزا بطور سزا کے تو صرف کافر کو دی جاتی ہے اور مؤمن گنہگار کو جو تکلیف آگ وغیرہ کی دی جاتی ہے وہ صرف صورت سزا کی ہوتی ہے، درحقیقت اس کو گناہ سے پاک کرنا مقصود ہوتا ہے جیسے سونے کو بھٹی میں ڈال کر تپانے سے اس کا میل دور کرنا مقصود ہوتا ہے اسی طرح مؤمن کو بھی اگر کسی گناہ کی پاداش میں جہنم میں ڈالا گیا تو اس لئے کہ اس کے بدن کے وہ اجزاء جل جائیں جو حرام سے پیدا ہوئے ہیں اور جب یہ ہو چکتا ہے تو وہ جنت میں جانے کے قابل ہو جاتا ہے، اس وقت جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کر دیا جاتا ہے۔ (معارف القرآن، مفتی اعظم)

مؤمن کی بھلائی:

صحیحین میں ہے آپ فرماتے ہیں تعجب ہے کہ مؤمن کے لئے خدائے تعالیٰ کی ہر قضا بھلائی کے لئے ہی ہوتی ہے اگر اسے راحت اور خوشی پہنچتی ہے تو شکر کر کے بھلائی حاصل کرتا ہے اور اگر برائی اور غم پہنچتا ہے تو یہ صبر کرتا ہے اور بدلہ حاصل کرتا ہے یہ نعمت تو صرف مؤمن کو ہی حاصل ہے کہ جس کی ہر حالت بہتری اور بھلائی ہے حضرت مطرفؒ فرماتے ہیں، صبر و شکر کرنے والا بندہ کتنا اچھا ہے کہ جب اُسے نعمت ملے تو شکر کرے اور جب زحمت پہنچے تو صبر کرے۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْقُرَى الَّتِيْ

اور رکھی تھیں ہم نے اُن میں اور اُن بستیوں میں جہاں

بٰرَكْنَا فِيْهَا قُرًى ظَاهِرَةً وَّقَدَّرْنَا فِيْهَا

ہم نے برکت رکھی ہے ایسی بستیاں جو راہ پر نظر آتی تھیں اور منزلیں مقرر کر دیں ہم نے اُن میں

السَّيْرَ ۭ سِيْرُوْا فِيْهَا لَيَالِيَ وَاَيَّامًا اٰمِنِيْنَ ﴿۱۸﴾

آنے جانے کی پھرو ان میں راتوں کو اور دنوں کو امن سے ☆

besturdubooks.wordpress.com

تجارتی سفر کی آسانیاں:

برکت والی بستیاں ملک شام کی ہیں یعنی ان کے ملک سے شام تک راستے مامون تھے، سڑک کے کنارے کنارے دیہات کا سلسلہ ایسے اندازے اور تناسب سے چلا گیا تھا کہ مسافر کو ہر منزل پر کھانا، پانی اور آرام کرنے کا موقع ملتا تھا، آبادیوں کے قریب ہونے اور جلد جلد نظر آنے سے مسافر کا جی نہیں گھبراتا تھا نہ چوروں ڈاکوؤں کا خوف تھا، سفر کیا تھا ایک طرح کی سیر تھی مصنف ارض القرآن لکھتا ہے، "سبا کی دولت وثروت کی اساس صرف تجارت تھی، یمن ایک طرف سواحل ہندوستان کے مقابل واقع ہے اور دوسری طرف سواحل افریقہ کے، سونا بیش قیمت پتھر، مسائلہ، خوشبوئیں، ہاتھی دانت، یہ چیزیں حبش اور ہندوستان سے ٹھیک یمن آکر اترتی تھیں وہاں سے سبا اونٹوں پر لاد کر بحر احمر کے کنارے خشکی خشکی حجاز سے گذر کر شام و مصر لاتے تھے قرآن مجید نے اس راستہ کو "امام مبین" (کھلا راستہ) اور اس سفر کا نام "رِحلة الشتاء و الصيف" رکھا ہے جس کو قریش نے جاری کیا تھا، ان تجارتی کاروانوں کی آمد ورفت کے سبب یمن سے شام تک آبادیوں کی ایک قطار قائم تھی جہاں بے خوف وخطر سفر ہوسکتا تھا،" یونانی مورخ اراوستھنس ۱۹۴ق م بیان کرتا ہے کہ "حضر موت" سے سبا کے ملک تک چالیس روز کا راستہ ہے اور معین سے سوداگر ستر دن میں ایلہ (عقبہ) پہنچتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

بینھم اہل سبا کے درمیان بَيْنَ الْقُرَى الَّتِي بٰرَكْنَا فِيهَا یعنی ملک شام کی بستیاں جہاں بکثرت دریا اور درخت تھے، اور وہاں ان کے باشندوں کو وسعت رزق حاصل تھی، قُرًى ظَاهِرَةً یعنی وہ بستیاں قریب قریب تھیں ایک دوسری کے سامنے نہیں پہلی کے بعد دوسری فوراً آ جاتی تھی قَدَّرْنَا فِيهَا السَّيْرَ یعنی ان بستیوں میں چلنے کا ایک خاص انداز ہم نے مقرر کر دیا تھا رات ایک بستی میں گزاری اور دو پہر کو دوسری بستی میں پہنچ گئے، کھانے پینے کی چیزیں ساتھ لینے کی ضرورت ہی نہ تھی۔ یہ بستیاں سبا سے شام تک تھیں بعض اقوال میں آیا ہے کہ یہ دیہات چار ہزار سات سو مسلسل متصل تھے (کہیں لق ودق بیابان اور ویرانہ تھا) قتادہ نے کہا کہ عورت تکلا ہاتھ میں لے کر (خالی) ٹوکرا سر پر رکھے راستہ سے گزرتی تھی اور آدھے راستے تک نہیں پہنچتی تھی کہ (راستہ کے دونوں کناروں کے درختوں سے اتنے پھل ٹوٹ کر ٹوکرے میں جمع ہو جاتے تھے کہ) ٹوکرا پھلوں سے بھر جاتا تھا یمن اور شام کے درمیان سارے راستے کی یہی کیفیت تھی۔ سِيرُوا فِيهَا یعنی ہم نے ان کو اجازت دے دی تھی اور کہہ دیا تھا یا قول سے مراد قول حالی یعنی اس راستہ کا حال ہی یہ تھا لَيَالِيَ وَأَيَّامًا رات دن یعنی جب چاہو۔

اٰمِنِيْنَ امن کے ساتھ نہ دشمن کا کوئی خوف نہ کسی درندے کا ذرہ بھوکے پیاسے رہنے کا اندیشہ اہل سبا اپنی خوش عیشی پر مغرور ہو گئے بجائے شکر کے سرکش ہو گئے اور کہنے لگے (ایسے پھلوں کا کیا مزہ جن کی اتنی افراط ہے) اگر ہمارے باغوں کی درمیانی مسافت لمبی ہو جائے (اور سفر میں دشواری ہو) تو ہمارے لئے زیادہ مناسب ہوگا۔ (تفسیر مظہری)

فَقَالُوا رَبَّنَا بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا
پھر کہنے لگے اے رب دراز کر دے ہمارے سفروں کو ☆

قوم سبا کی مستی:

زبانِ حال سے کہا ہوگا اور ممکن ہے زبان قال سے کہنے لگے ہوں کہ اے اللہ! اس طرح سفر کا لطف نہیں آتا، منزلیں دور ہوں، آس پاس آبادیاں نہ ملیں، بھوک پیاس ستائے، تب سفر کا مزہ ہے حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں، "آرام میں مستی آئی لگے تکلیف مانگنے کہ جیسے اور ملکوں کی خبر سنتے ہیں سفروں میں پانی نہیں ملتا، آبادی نہیں ملتی، ویسا ہم کو بھی ہو، یہ بڑی ناشکری ہوئی جیسے بنی اسرائیل نے من وسلویٰ سے اکتا کر لہسن و پیاز طلب کی تھی۔ (تفسیر عثمانی)

وَظَلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ فَجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ
اور آپ اپنا بُرا کیا پھر کر ڈالا، ہم نے اُن کو کہانیاں
وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ
اور کر ڈالا چیر کر ٹکڑے ٹکڑے ☆

پوری قوم بکھر گئی:

یعنی ہم نے شیرازہ بکھیر دیا اور ان کو پارہ پارہ کر ڈالا، اکثر خاندان ادھر ادھر منتشر ہو گئے کوئی ایک طرف کوئی دوسری طرف نکل گیا آبادیوں کے نام ونشان حرف غلط کی طرح مٹ گئے اب ان کی صرف کہانیاں باقی رہ گئیں کہ لوگ سنیں اور عبرت پکڑیں، اُن کا وہ عظیم الشان تمدن اور شان وشکوہ سب خاک میں مل گیا صاحب "ارض القرآن" اُن کے زوال وسقوط کی توجیہ اس طرح کرتا ہے کہ یونانیوں اور رومیوں نے مصر وشام پر قبضہ پا کر ہندوستان وافریقہ کی تجارت کو بری راستہ سے بحری راستہ کی طرف منتقل کر دیا اور تمام مال کشتیوں کے ذریعہ سے بحر احمر کی راہ مصر وشام کے سواحل پر اترنے لگا اس طریق سفر نے یمن سے شام تک خاک اڑا دی اور سبا کی نو آبادیاں تباہ ہو کر رہ گئیں۔" مصنف موصوف نے یہ توجیہ مولر کی تحریر سے اخذ کی ہے ممکن ہے تباہی اور انتشار کا ایک ظاہری سبب یہ بھی ہو مگر اس پر حصر کر دینا صحیح نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ اور ان کو بالکل تتر بتر کر دیا یعنی مختلف ملکوں میں پراگندہ کر دیا، شعبی کا بیان ہے جب ان کی بستیاں ڈوب گئیں تو لوگ مختلف ملکوں میں منتشر ہو گئے غسان شام میں آکر آباد ہو گئے ازد عمان کی طرف خزاعہ تہامہ کی جانب جزیمہ عراق کی سمت اور اوس وخزرج یعنی بنی انمار

besturdubooks.wordpress.com

یثرب کی طرف چلے گئے مدینہ میں سب سے پہلے عمرو بن عامر انماری آیا، یہی اوس وخزرج کا جدِ اعلیٰ تھا۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۱۹﴾

اس میں پتے کی باتیں ہیں ہر صبر کرنیوالے شکر گذار کو ☆

صبر وشکر والوں کیلئے عبرت:

یعنی ان حالات کو سن کر چاہئے عقلمند عبرت حاصل کریں جب اللہ فراخی اور عیش دے خوب شکرادا کرتے رہیں اور تکلیف ومصیبت آئے تو صبر وتحمل اختیار کر کے اللہ سے مدد مانگیں۔ (تفسیر عثمانی)

مؤمن کی شان:

مقاتل نے کہا صبار وشکور سے اس امت کے مؤمن مراد ہیں جو مصیبتوں پر صبر کرنے والے اور اللہ کی نعمتوں کے بڑے شکر گزار ہیں مطرف کا بھی یہی قول ہے میں کہتا ہوں مؤمن ہمیشہ بڑا صابر وشاکر ہوتا ہے، دنیا امتحان گاہ ہے یہاں کی راحت ونعمت بھی ایک امتحان ہے، جس میں بندہ مؤمن مبتلا کیا جاتا ہے اور آزمائش کی جاتی ہے کہ وہ شکر کرتا ہے یا نہیں کرتا مؤمن کے لئے موت بھی امتحان ہے اور زندگی بھی اللہ نے فرمایا خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَیٰوةَ لِیَبْلُوَكُمْ اَیُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا اللہ نے موت اور زندگی کو تمہاری آزمائش کرنے کے لیے پیدا کیا کہ تم میں سے کس کے عمل سب سے اچھے ہیں یہی وجہ ہے کہ مؤمن ہمیشہ گناہوں سے اپنے آپ کو روکتا ہے مصائب پر صابر اور طاعات پر ثابت قدم رہتا ہے اس کے لئے ہر مصیبت گناہوں کا کفارہ ہو جاتی ہے اس لیے مصیبت کا لازمی تقاضا جس طرح صبر ہے پھر صبر کی توفیق بھی تو اللہ کی ایک نعمت ہے جس کا شکر واجب ہے حضرت مجددؒ نے فرمایا محبوب کی طرف سے دی ہوئی مصیبت انعام سے زیادہ لذیذ ہوتی ہے مصیبت کا شکر تو اور بھی ضروری ہے، ایک شاعر کا قول ہے:

وصال کی حالت میں میں اپنے نفس کا ادنیٰ غلام ہوں، اور فراق کی حالت میں تمام آقاؤں کا آقا ہوں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایمان کے دو حصے ہیں آدھا ایمان صبر میں ہے اور آدھا شکر میں رواہ البیہقی فی شعب الایمان میں کہتا ہوں مؤمن ہمیشہ کامل الایمان ہوتا ہے ایمان کے دونوں حصوں کا مجموعہ ہوتا ہے صرف آدھے ایمان پر بس نہیں کرتا بلکہ دوسرا آدھا بھی اس کے پاس ہوتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

صحیحین میں حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مؤمن کا حال عجیب ہے، کہ اس کے متعلق اللہ تعالیٰ جو کچھ بھی تقدیری حکم نافذ فرماتے ہیں سب خیر ہی خیر اور نفع ہی نفع ہوتا ہے کہ اگر اس کو کوئی نعمت راحت اور اس کی خوشی کی چیز حاصل ہوتی ہے تو یہ اللہ کا شکر ادا کرتا ہے وہ اس کی آخرت کیلئے خیر اور نفع بن جاتا ہے اور اگر کوئی تکلیف ومصیبت پیش آجائے تو وہ اس پر صبر کرتا ہے جس کا اس کو بہت بڑا اجر وثواب ملتا ہے اس طرح یہ مصیبت بھی اس کے لئے خیر اور نفع بن جاتی ہے۔ (ابن کثیر)

وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَیْهِمْ اِبْلِیْسُ ظَنَّهٗ

اور سچ کر دکھلائی ان پر ابلیس نے اپنی اٹکل،

فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِیْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۲۰﴾

پھر اسی کی راہ چلے، مگر تھوڑے سے ایمان دار ☆

قوم نے ابلیس کا مقصد پورا کر دیا:

پہلے دن ابلیس نے تخمینہ کر کے کہا تھا لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّیَّتَهٗ اِلَّا قَلِیْلًا (اسراء۔ رکوع ۷) اور "ثُمَّ لَاٰتِیَنَّهُمْ مِّنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ اَیْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَآئِلِهِمْ ؕ وَلَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ شٰكِرِیْنَ" (اعراف رکوع ۲) ویسے ہی نکلے۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی اہل سبا میں سے جو کافر تھے ان کے متعلق شیطان کا گمان صحیح نکلا، مجاہد نے کہا عام انسانوں کی طرف ضمیر راجع ہے، ابلیس نے اللہ کے سامنے اپنا یہ گمان ظاہر کیا تھا فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِیَنَّهُمْ اَجْمَعِیْنَ تیری عزت کی قسم میں ان سب کو گمراہ کروں گا یہ بھی ابلیس نے کہا تھا لَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ شٰكِرِیْنَ تو ان میں سے اکثر کو شکر گزار نہیں پائے گا چنانچہ اس نے اپنا یہ گمان سچ کر دکھایا یا صحیح پایا اور سوائے گروہ مؤمنین کے سب اس کی راہ پر لگ گئے۔

ابن قتیبہ نے لکھا ہے کہ جب ابلیس نے مہلت مانگی اور اللہ نے اس کو مہلت دے دی تو اس نے کہا کہ لا ضلنھم میں ان کو ضرور گمراہ کردوں گا، لا غوینھم میں ان کو ضرور کج راہ بنادوں گا لیکن ابلیس کو اس بات کو کہنے کے وقت یہ یقین نہ تھا کہ اس کی بات پوری بھی ہو سکے گی صرف گمان تھا لیکن اہل سبا جب اس کی راہ پر لگ گئے اور اس کے کہنے پر چلنے لگے تو اس کا گمان صحیح ثابت ہو گیا۔

مؤمن شیطان کی اتباع نہیں کرتا:

مِّنَ الْمُؤْمِنِیْنَ میں اَلْمُؤْمِنِیْنَ سے مراد یا تو قوم سبا کا ایماندار گروہ ہے یا عام انسانوں میں سے جو مؤمن ہیں وہ مراد ہیں۔

سدی نے حضرت ابن عباس کا قول نقل کیا ہے کہ اصل دین میں کسی مؤمن نے شیطان کا اتباع نہیں کیا۔ (تفسیر مظہری)

وَمَا كَانَ لَهٗ عَلَیْهِمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّا لِنَعْلَمَ

اور اس کا ان پر کچھ زور نہ تھا مگر اتنے واسطے کہ معلوم کرلیں

مَنْ یُّؤْمِنُ بِالْاٰخِرَةِ مِمَّنْ هُوَ مِنْهَا

ہم اس کو جو یقین لاتا ہے آخرت پر جدا کر کے اس سے جو رہتا ہے آخرت کی طرف

besturdubooks.wordpress.com

فِیْ شَكٍّ ؕ وَرَبُّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ ﴿۲۱﴾

سے دھوکے میں، اور تیرا رب ہر چیز پر نگہبان ہے

انسان کیلئے امتحان:

یعنی شیطان کو یہ قدرت نہ تھی کہ لاٹھی لے کر ان کو زبردستی راہ حق سے روک دیتا ہاں بہکاتا پھسلاتا ہے اور اتنی قدرت بھی اس لئے دی گئی کہ بندوں کا امتحان و ابتلاء منظور تھا دیکھیں کون آخرت پر یقین کر کے خدا کو یاد رکھتا ہے اور کون دنیا میں پھنس کر انجام سے غافل ہو جاتا اور بیوقوف بن کر شک یا دھوکہ میں پڑ جاتا ہے اللہ کی حکمت کا مقتضاء ہی یہ تھا کہ دنیا میں انسان کے لئے دونوں طرف جانے کے راستے کشادہ رکھیں جیسا کہ پہلے کئی جگہ اس کی تقریر ہو چکی ہے ایسا نہیں کہ (معاذ اللہ) خدا کو خبر نہ ہو بے خبری میں شیطان کسی بندے کو اُچک لے جائے خوب سمجھ لو کہ ہر چیز اللہ کی نگاہ میں ہے اور تمام احوال وشئون کی دیکھ بھال وہ ہی ہمہ وقت کرتا ہے۔ جس کو جتنی آزادی دے رکھی ہے وہ عجز وضعف سے نہیں حکمت ومصلحت کی بناء پر ہے۔ (تفسیر عثمانی)

شیطان کا ہتھیار:

یعنی ابلیس کو کوئی قدرت نہیں تھی کہ وہ ان کو بہکا سکتا اور دلوں میں جھوٹی آرزوئیں اور امیدیں پیدا کرتا مگر جب ہم نے اس کو مسلط کر دیا اور اس سے کہہ دیا، وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَاَجْلِبْ عَلَیْهِمْ بِخَیْلِكَ وَرَجِلِكَ وَشَارِكْهُمْ فِی الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ وَعِدْهُمْ تو اس میں قدرت پیدا ہوگئی۔

حسن نے کہا ابلیس نے ان پر تلوار نہیں سونتی نہ تلوار سے کسی کو مارا نہ کسی کو کوڑے مارے (یعنی تسلط سے مراد جبر اور مار دھاڑ نہیں) بلکہ ان سے جھوٹے وعدے اور امیدیں بندھوائیں جس کی وجہ سے وہ فریب کھا گئے اور دھوکہ میں آ گئے۔

وَرَبُّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ اور آپ کا رب ہر چیز کا نگراں ہے یعنی زمانہ ہو یا زمانہ کے اندر کی چیزیں، مومن یا کافر سب کا نگراں ہے کسی چیز کی طرف سے غافل نہیں ہے اس لیے ہر ایک کو اس کے عمل کے موافق بدلہ دے گا۔ (تفسیر مظہری)

قُلِ ادْعُوا الَّذِیْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۚ

تو کہہ پکارو اُن کو جن کو گمان کرتے ہو سوائے اللہ کے ☆

اہل مکہ سے خطاب:

یہاں سے مشرکین مکہ کو خطاب ہے جن کی تنبیہ کے لئے ''سبا'' کا قصہ سنایا تھا یعنی اللہ کے سوا جن چیزوں پر تم کو خدائی کا گمان ہے ذرا کسی آڑے وقت میں اُن کو پکارو تو سہی دیکھیں وہ کیا کام آتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

کہ جن کو تم سوائے خدا کے اپنے (معبود اور کارساز) سمجھ رہے ہو ان کو پکار دیکھو وہ ذرہ برابر اختیار نہیں رکھتے آسمانوں میں نہ زمین میں اور نہ ان دونوں کے پیدا کرنے اور انتظام قائم رکھنے میں) ان کی مصیبت کے لئے تم ان کو پکار دیکھو اگر (ان کی الوہیت وحکمرانی کے متعلق) تمہارا قول صحیح ہے تو وہ تمہاری مدد کریں گے (یہ قیاس استثنائی شرطیہ ہے) لیکن وہ تو چھوٹی چیونٹی کے برابر آسمان وزمین میں ہونے والی خیر وشر کا اختیار نہیں رکھتے اس لئے تمہاری دعا قبول نہیں کر سکتے اور نہ تمہاری مدد کر سکتے ہیں حاصل یہ کہ تمہارا یہ (مخلوق کے معبود اور شریک ہونے کا) خیال ہی غلط ہے آسمان وزمین کا ذکر عموم عرفی کی وجہ سے کیا یہ وجہ ہے کہ کافروں کے معبود کچھ سماوی تھے جیسے ملائکہ اور ستارے اور کچھ ارضی تھے جیسے بت یا ان دونوں کے ذکر کرنے کی یہ وجہ ہے کہ خیر وشر کے ظاہری اسباب کچھ آسمانی ہوتے ہیں اور کچھ زمینی۔ (تفسیر مظہری)

لَا یَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِی السَّمٰوٰتِ وَلَا فِی

وہ مالک نہیں ایک ذرہ بھر کے آسمانوں میں اور نہ

الْاَرْضِ وَمَا لَهُمْ فِیْهِمَا مِنْ شِرْكٍ وَّمَا لَهٗ مِنْهُمْ

زمین میں اور نہ اُن کا ان دونوں میں کچھ ساجھا اور نہ اُن میں کوئی اُس کا

مِّنْ ظَهِیْرٍ ﴿۲۲﴾ وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗ اِلَّا لِمَنْ اَذِنَ لَهٗ ؕ

مددگار اور کام نہیں آتی سفارش اس کے پاس مگر اُس کو کہ جس کے واسطے حکم کر دے ☆

بت ایک ذرے کے مالک نہیں ہے:

یعنی یہ مسکین کیا کام آتے جنہیں آسمان وزمین میں نہ ایک ذرہ کا مستقل اختیار ہے (بلکہ بتوں کو تو غیر مستقل بھی نہیں) نہ آسمان وزمین میں ان کی کچھ شرکت نہ خدا کو کسی کام میں مدد کی ضرورت، جو یہ اس کے معین ومددگار بن کر ہی کچھ حقوق جتلاتے۔ اس کی بارگاہ تو وہ ہے جہاں بڑے بڑے مقربین کی یہ بھی طاقت نہیں کہ بدون اذن ورضا کے کسی کی نسبت ایک حرف سفارش ہی زبان سے نکال سکیں، انبیاء و اولیاء اور ملائکۃ اللہ کی شفاعت بھی صرف انہی کے حقوق میں نافع ہوگی جن کے لئے ادھر سے سفارش کا حکم مل جائے۔ (تفسیر عثمانی)

مِنْ ظَهِیْرٍ، یعنی تمہارے معبودوں میں سے کوئی آسمان وزمین کے پیدا کرنے اور ان کا انتظام کرنے میں اللہ کا مددگار نہیں ہے۔

کافروں کیلئے کوئی سفارش نہ چلے گی:

وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗ اِلَّا لِمَنْ اَذِنَ لَهٗ اور خدا کے سامنے (کسی کی) سفارش کسی کے لیے کام نہیں آئے گی، ہاں اس کے لیے (کام آئے گی) جس کے لئے (سفارش کرنے کی سفارش کرنے والے کو) اللہ اجازت دے دے گا یعنی شفیع کو اجازت دے دے گا یا جس کے لئے شفاعت کیے

besturdubooks.wordpress.com

جانے کی اجازت دے دے گا۔

آیت مذکورہ نازل ہوئی اور اللہ نے فرمایا کہ بغیر اذن الٰہی کے کوئی کسی کی سفارش نہیں کرے گا، بت تو ظاہر ہے بے جان ہیں اس امر کے قابل ہی نہیں ہیں کہ ان کو شفاعت کرنے کی اجازت ملے اب رہے وہ لوگ جن کی سفارش کا امکان ہے ان میں کافر اپنی حد سے بڑھی ہوئی سرکشی اور طغیانی کی وجہ سے شفاعت پانے کے مستحق نہیں ہیں اس لئے انبیاء (اولیاء) اور ملائکہ کو صرف مؤمنوں کی شفاعت کرنے کی اجازت دی جائے گی۔ (تفسیر مظہری)

حَتّٰۤى اِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا ۙ

یہاں تک کہ جب گھبراہٹ دور ہو جائے ان کے دل سے کہیں کیا فرمایا

قَالَ رَبُّكُمْ ۗ قَالُوا الْحَقَّ ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ۝

تمہارے رب نے وہ کہیں فرمایا جو واجبی ہے اور وہی ہے سب سے اوپر بڑا ☆

فرشتوں کی تابعداری:

یہ فرشتوں کا حال فرمایا جو ہمہ وقت اس بارگاہ کے حاضر باش ہیں جب اوپر سے اللہ کا حکم اترتا ہے ایسی آواز آتی ہے جیسے صاف چکنے پتھر پر زنجیر کھینچی جائے، (شاید اتصال وبساطت کے قریب الی الفہم کرنے کے لئے یہ تشبیہ دے گئی) فرشتے دہشت اور خوف ورعب سے تھرا جاتے ہیں اور تسبیح کرتے ہوئے سجدہ میں گر پڑتے ہیں جب یہ حالت رفع ہو کر دل کو تسکین ہوئی اور کلام اتر چکا ایک دوسرے سے پوچھتے ہیں کیا حکم ہوا اوپر والے فرشتے نیچے والوں کو درجہ بدرجہ بتلاتے ہیں کہ جو اللہ کی حکمت کے موافق ہے اور آگے سے باقاعدہ معلوم ہے وہ ہی حکم ہوا ظاہر ہے وہاں معقول اور واجبی بات کے سوا کیا چیز ہو سکتی ہے پس جس کی علو وعظمت کی یہ کیفیت ہو کہ حکم دے تو مقربین کا مارے ہیبت وجلال کے یہ حال ہو جائے وہاں کس کی ہمت ہے کہ از خود سعی و سفارش کے لئے کھڑا ہو جائے (تنبیہ) آیت کی اور تفسیریں بھی کی گئی ہیں جن کی نسبت حافظ ابن حجر لکھتے ہیں ''وجمیع ذلک مخالف لہذا الحدیث الصحیح (الذی فی البخاری) ولاحادیث کثیرۃ تؤیدہ (فتح الباری ص ۳۸۱ ۔ ج ۱۳) (تفسیر عثمانی)

فرشتوں کی گھبراہٹ:

میں کہتا ہوں اسی طرح جب اللہ کوئی حکم جاری فرماتا تو فرشتوں پر گھبراہٹ کی وجہ سے غشی طاری ہو جاتی ہے بخاری نے حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ جب آسمان میں کوئی حکم جاری فرماتا ہے تو عاجزی سے ملائکہ اپنے بازو پھڑپھڑاتے ہیں (اس کی آواز ایسی ہوتی ہے) جیسے پتھر کی چٹان پر کوئی زنجیر ماری جائے پھر جب ان کے دلوں سے گھبراہٹ دور کر دی جاتی ہے تو باہم پوچھتے ہیں تمہارے رب نے کیا فرمایا، دوسرے ملائکہ کہتے ہیں حق فرمایا اور عالی شان سب سے بڑا ہے یہ بات چوری سے سننے والے (جنات) اور پھر (ان کے نیچے) چوری سے سننے والے سن پاتے ہیں اس طرح نیچے والے اوپر والوں سے سنتے چلے جاتے ہیں سفیان نے اپنے ہاتھ کو ذرا ترچھا کر کے ترتیب وار انگلیوں کو الگ الگ کر کے بتایا کہ اس طرح اوپر نیچے جنات لگے ہوتے ہیں اوپر والا وہ بات سن پاتا ہے تو نیچے والے کو القاء کر دیتا ہے۔ پھر وہ اپنے نیچے والے کو القاء کرتا ہے اس طرح وہ بات (ساحر یا کاہن تک پہنچا دی جاتی ہے) پھر ساحر کاہن کی زبان پر آ جاتی ہے کبھی نیچے والے کو القاء کرنے سے پہلے ہی اوپر والے پر ایک انگارہ آ پڑتا ہے (اور اس کو جلا ڈالتا ہے) اور کبھی القاء کے بعد انگارا آ لگتا ہے ساحر یا کاہن (کو جب اس بات کا علم ہو جاتا ہے تو وہ اپنی طرف سے اس میں) سو جھوٹ ملا کر بیان کرتا ہے (جب وہ ایک بات صحیح ہو جاتی ہے) تو کہا جاتا ہے کہ کیا فلاں دن کاہن یا ساحر نے ہم سے ایسا ایسا نہیں کہا تھا، چنانچہ آسمان سے سنی جانے والی اس ایک بات کی تصدیق کی جاتی ہے۔

بغوی نے لکھا ہے فرشتے قیامت برپا ہو جانے کے خوف سے گھبرا جائیں گے مقاتل سدی اور کلبی نے کہا، حضرت عیسیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی درمیانی مدت ۵۵۰ برس اور بقول بعض ۶۰۰ سو برس کی تھی یہ انقطاع وحی کا زمانہ (فترہ) تھا اس مدت میں ملائکہ نے کوئی وحی کی آواز نہیں سنی جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے اور فرشتوں نے وحی کی آواز سنی تو انہوں نے خیال کیا کہ قیامت آ گئی کیونکہ آسمان والوں کو اس کا علم تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت قیامت کی علامت ہے پس جب وحی کی آواز سنی تو قیامت برپا ہونے کے خوف سے بے ہوش ہو گئے جب ابتداء وحی کے موقع پر حضرت جبرئیل (بارگاہ خداوندی سے) نیچے اترے تو جس آسمان کی طرف سے گزرے تو وہاں کے باشندوں نے سر اوپر اٹھائے اور ایک نے دوسرے سے پوچھا تمہارے رب نے کیا فرمایا دوسروں نے جواب دیا حق فرمایا حق سے مراد وحی ہے۔

اہل تفسیر کی ایک جماعت کا قول ہے کہ آیت مذکورہ میں مشرکوں کی حالت بیان کی ہے حسن اور ابن زید نے کہا کہ نزول موت کے وقت مشرکوں کو جو گھبراہٹ ہوتی ہے حجت پوری کرنے کے لئے جب وہ گھبراہٹ ان کے دلوں سے دور کر دی جاتی ہے تو مشرک کہتے ہیں پیغمبروں کی زبانی تمہارے رب نے دنیا میں کیا فرمایا تھا دوسرے مشرک کہتے ہیں (جو کچھ فرمایا) حق فرمایا، گویا مشرک ایسے وقت قرآن کی صداقت کا اقرار کرتے ہیں جو ان کے لئے مفید نہیں ہوتا میں کہتا ہوں اس تفسیر کی بناء پر آیت زیر بحث کا ربط آیت هُوَ مِنْهَا فِیْ شَكٍّ سے ہو جائے گا یعنی موت تک مشرک شک میں پڑے رہتے ہیں، آخر مرنے کے بعد ان کا شک دور (شہودی) یقین

besturdubooks.wordpress.com

پیدا ہو جاتا ہے تو اقرار کرتے ہیں، مگر بے سود۔ (تفسیر مظہری)

مسند احمد میں ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک مرتبہ صحابہؓ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے جو ایک ستارہ جھڑا اور زبردست روشنی ہوگئی آپ نے دریافت فرمایا کہ جاہلیت میں تمہارا خیال ان ستاروں کے جھڑنے کی نسبت کیا تھا؟ انہوں نے کہا ہم اس موقع پر سمجھتے تھے کہ یا تو کوئی بہت بڑا آدمی پیدا ہوا یا مرا۔ (تفسیر ابن کثیر)

قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمٰوٰتِ

تو کہہ کون روزی دیتا ہے تم کو آسمان سے

وَالْاَرْضِ ۭ قُلِ اللّٰهُ ۙ

اور زمین سے بتلا دے کہ اللہ ☆

روزی رساں: یعنی آسمان و زمین سے روزی کے سامان بہم پہنچانا صرف اللہ کے قبضہ میں ہے اس کا اقرار مشرکین بھی کرتے تھے لہٰذا آپ بتلا دیں کہ یہ تم کو بھی مسلم ہے پھر الوہیت میں دوسرے شریک کہاں سے ہوگئے۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِنَّآ اَوْ اِيَّاكُمْ لَعَلٰى هُدًى اَوْ فِيْ

اور یا ہم یا تم بیشک ہدایت پر ہیں یا پڑے ہیں

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝

گمراہی میں صریح ☆

اب بتلاؤ کون سچا ہے:

یعنی دونوں فرقے تو سچ نہیں کہتے (ورنہ اجتماع نقیضین لازم آجائے) یقیناً دونوں میں ایک سچا اور دوسرا جھوٹا ہے تو لازم ہے کہ سوچو اور غور کر کے سچی بات قبول کرو اس میں ان کا جواب ہے جو بعض لوگ کہہ دیتے ہیں کہ میاں! دونوں فرقے ہمیشہ سے چلے آئے ہیں کیا ضرورت ہے جھگڑنا، تو بتلا دیا کہ ایک یقیناً خطا کار اور گمراہ ہے باقی تعیین نہ کرنے میں حکیمانہ حسن خطاب ہے یعنی لو ہم اپنی طرف سے کچھ نہیں کہتے، بہر حال ایک تو یقیناً غلطی پر ہوگا اب اوپر کے دلائل سن کر تم ہی خود فیصلہ کرلو کہ کون غلطی پر ہے گویا مخالف کو نرمی سے بات کر کے اپنے نفس میں غور کرنے کا موقع دیا جاتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

دونوں سچے نہیں ہو سکتے:

توحید کا معنی ہے نفی شرک توحید شرک کی نقیض ہے۔ جس طرح ضلال اور ہدایت کے درمیان تناقض ہے کیوں کہ ضلال نفی ہدایت کا نام ہے ایسا نہیں ہو سکتا کہ دونوں باتیں (توحید و شرک اور گمراہی و ہدایت) صحیح ہوں، یا دونوں میں کوئی صحیح نہ ہو، آیت سابقہ سے ثابت ہو رہا ہے کہ روزی دینے والا صرف اللہ ہے کوئی اور رازق نہیں، اس کا لازمی نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ اہل توحید ہدایت پر ہیں اور مشرک کھلی ہوئی گمراہی میں پڑے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

قُلْ لَّا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّآ اَجْرَمْنَا وَلَا نُسْـَٔلُ

تو کہہ تم سے پوچھ نہ ہوگی اس کی جو ہم نے گناہ کیا اور ہم سے پوچھ نہ ہوگی

عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ

اس کی جو تم کرتے ہو تو کہہ جمع کریگا ہم سب کو رب ہمارا پھر

يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ ۭ وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ ۝

فیصلہ کریگا ہم میں انصاف کا اور وہی ہے قصہ چکانیوالا سب کچھ جاننے والا ☆

اپنی عاقبت کی فکر کرو:

یعنی ہر ایک کو اپنی عاقبت کی فکر کرنی چاہئے کوئی شخص دوسرے کے قصور اور غلطی کا جواب دہ نہ ہوگا اگر اتنی صاف باتیں سننے کے بعد بھی تم اپنی حالت میں غور کرنے کے لئے تیار نہیں تو یاد رکھو ہم حجت تمام کر چکے اور کلمۂ حق پہنچا چکے اب تم اپنے اعمال کے خود جواب دہ ہوگے ہم پر کوئی ذمہ داری عائد نہیں ہوتی نہ ایسی حالت میں ہمارا تمہارا کوئی واسطہ، خدا کے یہاں حاضر ہونے کے لئے ہر ایک اپنی اپنی فکر کر رکھے وہ سب کو اکٹھا کر کے ٹھیک ٹھیک انصاف کا فیصلہ کر دے گا۔ (تفسیر عثمانی)

آپ کہہ دیجئے کہ (اگر ہم نے کوئی جرم کیا ہوگا تو) ہمارے جرائم کی تم سے باز پرس نہیں ہوگی اور نہ تمہارے اعمال کی ہم سے باز پرس ہوگی یعنی میں جو تم کو توحید کے ماننے اور شرک چھوڑ دینے کا حکم دے رہا ہوں یہ محض تمہاری خیر خواہی کے پیش نظر ہے، ورنہ کسی کو دوسرے کے عمل سے ضرر نہیں پہنچے گا، نہ مجھے نہ تمہیں۔

اس کلام میں توحید کو ماننے کی ترغیب ہے اجرمنا کے لفظ میں ارتکاب جرم کی اپنی طرف نسبت کی اور تعملون کے لفظ میں (جرم کی نسبت مخاطب کی طرف نہیں کی بلکہ) عمل کی نسبت مخاطبوں کی طرف کی یہ تقاضا تہذیب کا مظاہرہ اور خیر خواہی کا اظہار ہے جو ہر قسم کے تعصب سے آزاد طرز بیان ہے۔

قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ ۭ وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ

آپ کہہ دیجئے کہ ہمارا رب ہم کو (یعنی مجھے اور تمہیں قیامت کے دن) جمع کرے گا پھر ہمارے درمیان فیصلہ حق کر دے گا وہی بڑا فیصلہ کرنے والا (اور) جاننے والا ہے یفتح فیصلہ کر دے گا بالحق یعنی ہم میں سے جو کوئی جس بدلہ کا مستحق ہے اللہ وہی بدلہ اس کو دے دے گا حق پرستوں کو جنت میں اور باطل پرستوں کو دوزخ میں داخل کر دے گا۔ الفتاح حاکم اور لاینحل معاملات کا فیصلہ کرنے والا، العلیم یعنی فیصلہ کیا ہونا چاہئے اس کو خوب جاننے والا۔

قُلْ اَرُوْنِيَ الَّذِيْنَ اَلْحَقْتُمْ بِهٖ شُرَكَاۗءَ

تو کہہ مجھ کو دکھلاؤ تو سہی جن کو اس سے ملاتے ہو ساجھی قرار دیکر ☆

ذرا دکھلاؤ تو اپنے معبود!:

یعنی ذرا سامنے تو کرو کون سی ہستی ہے جو اس کی خدائی میں ساجھا رکھتی

besturdubooks.wordpress.com

ہے؟ ہم بھی تو دیکھیں کہ اس کے کیا کچھ اختیارات ہیں کیا ان پتھر کی بیجان اور خود تراشیدہ مورتوں کو پیش کرو گے۔ (تفسیر عثمانی)

اَرُونِی (مجھے دکھاؤ) سے مراد ہے مجھے بتاؤ، الحاق سے مراد ہے استحقاق الوہیت میں خدا کے ساتھ ملا دینا مطلب یہ ہے کہ کس صفت کی وجہ سے تم نے اپنے معبودوں کو اللہ کا شریک بنا رکھا ہے کیا وہ کوئی چیز پیدا کرتے ہیں یا کسی کو نفع ضرور پہنچا سکتے ہیں یا روزی دیتے ہیں جب ان اوصاف میں سے کوئی وصف ان کے اندر نہیں تو ان کو شریک خدا قرار دینے کی وجہ جواز نہیں، اتمام حجت اور مدلل ثبوت کے بعد پھر وجہ شرک کا استفسار حقیقت میں لاجواب بنانے کی تکمیل ہے۔ (تفسیر مظہری)

كَلَّا ۚ بَلْ هُوَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٢٧﴾

کوئی نہیں وہی اللہ ہے زبردست حکمتوں والا ☆

نہیں نہیں! اللہ کے برابر کوئی نہیں:

یعنی ہرگز تم ایسی کوئی ہستی پیش نہیں کر سکتے، وہ تو اکیلا ایک ہی خدا ہے جو زبردست، غالب و قاہر اور اعلیٰ درجہ کی حکمت و دانائی رکھنے والا ہے، سب اُس کے سامنے مغلوب و مقہور ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا

اور تجھ کو جو ہم نے بھیجا سو سارے لوگوں کے واسطے خوشی

وَّنَذِيْرًا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٨﴾

اور ڈر سنانے کو لیکن بہت لوگ نہیں سمجھتے ☆

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عام رسالت:

یہ توحید کے ساتھ رسالت کا ذکر کر دیا یعنی آپ کا فرض اور آپ کی بعثت کی غرض یہی ہے کہ نہ صرف عرب بلکہ تمام دنیا کے لوگوں کو ان کے نیک و بد سے آگاہ کر دیں سو کر دیا جو نہیں سمجھتے وہ جانیں سمجھدار آدمی تو اپنے نفع نقصان کو سوچ کر آپ کی بات کو ضرور مانیں گے ہاں دنیا میں کثرت جاہلوں اور ناسمجھوں کی ہے ان کے دماغوں میں کہاں گنجائش ہے کہ کارآمد باتوں کی قدر کریں۔ (تفسیر عثمانی)

مطلب اس طرح ہوگا کہ سب لوگوں کے لیے آپ کو رسالت عامہ دے کر ہم نے بھیجا ہے کوئی شخص آپ کے دائرہ رسالت سے باہر نہیں یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کافۃ میں ت مبالغہ کی ہو یعنی ہم نے آپ کو ایسی حالت میں بھیجا کہ آپ سب لوگوں کو اپنے دائرہ رسالت میں جمع کرنے والے ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیات:

حضرت جابر راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے پانچ چیزیں (خصوصیت کے ساتھ) عطا کی گئی ہیں جو مجھ سے پہلے کسی کو نہیں دی گئیں (۱) مجھے یہ بات دی گئی کہ ایک ماہ کی مسافت پر میرا رعب (دشمنوں کے دلوں میں) ڈالا گیا۔ (۲) تمام زمین کو میرے لیے مسجد اور حصول طہارت کا ذریعہ بنا دیا گیا، لہٰذا میری امت میں سے جس کسی کے لئے نماز کا وقت آ پہنچے وہ (جس پاک جگہ پر) نماز پڑھنا چاہے (وضو کر کے اور پانی کے فقدان کی صورت میں مٹی سے تیمم کر کے) نماز پڑھ لے۔ (۳) میرے لئے مال غنیمت حلال کیا گیا مجھ سے پہلے کسی کے لئے حلال نہیں کیا گیا۔ (۴) مجھے شفاعت (کبریٰ) عطا کی گئی۔ (۵) ہر نبی کو صرف اس کی قوم کی ہدایت کے لیے بھیجا گیا لیکن مجھے سب لوگوں (کی ہدایت) کے لیے بھیجا گیا ہے۔ (متفق علیہ)

حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری مثال ایسی ہے جیسے کسی شخص نے آگ جلا رکھی ہو جب چاروں طرف آگ کی روشنی پھیل گئی ہو تو پتنگے اور یہ کیڑے مکوڑے اس میں گرنے لگے ہوں وہ شخص کتنا ہی ان کو آگ میں گرنے سے روکتا ہو مگر پتنگے اس میں زبردستی گر رہے ہوں میں بھی اسی طرح پیچھے سے تمہاری کمر پکڑ کر آگ میں گھسنے سے روک رہا ہوں مگر تم آگ میں گھسے پڑتے ہو، حدیث متفق علیہ ہے، الفاظ بخاری کے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

صحیح بخاری و مسلم وغیرہ حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے پانچ چیزیں ایسی عطا کی گئی ہیں جو مجھ سے پہلے کسی کو نہیں ملیں (۱) ایک یہ کہ میری مدد اللہ تعالیٰ نے مجھے ایسا رعب دے کر فرمائی کہ ایک مہینہ کی مسافت تک لوگوں پر میرا رعب چھا جاتا ہے، (۲) دوسرے یہ کہ میرے لئے پوری زمین کو مسجد اور طہور قرار دے دیا گیا، (پچھلے انبیاء کی شریعتوں میں ان کی عبادت خاص عبادت گاہوں ہی میں ہوتی تھی ان کی مساجد سے باہر میدان یا گھر میں عبادت نہ ہوتی تھی، اللہ تعالیٰ نے امتِ محمدیہ کے لئے پوری زمین کو اس معنی میں مسجد بنا دیا کہ ہر جگہ نماز ادا ہو سکتی ہے، اور زمین کی مٹی کو پانی نہ ملنے یا پانی کا استعمال مضر ہونے کی صورت میں طہور یعنی پاک کرنے والا بنا دیا کہ اس سے تیمم کر لیا جائے تو وضو کے قائم مقام ہو جاتا ہے) (۳) یہ کہ میرے لئے مال غنیمت حلال کر دیا گیا مجھ سے پہلے کسی امت کے لئے یہ مال حلال نہیں تھا (بلکہ حکم یہ تھا کہ جنگ میں جو مال کفار کا ہاتھ آتا اس کو جمع کر کے ایک جگہ رکھ دیں، وہاں ایک آسمانی آگ وغیرہ آ کر اس کو جلا دے گی، اور یہ جلا دینا ہی اس جہاد کی مقبولیت کی علامت ہوگی، امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مال غنیمت کو قرآن کے بتلائے ہوئے اصول کے مطابق کر لینا اور اپنی ضروریات میں صرف کرنا جائز کر دیا گیا۔ (۴) چوتھے یہ کہ مجھے شفاعت کبریٰ کا مقام دیا گیا (یعنی حشر کے میدان میں جس وقت کوئی پیغمبر شفاعت کی ہمت نہ کرے گا، مجھے اس وقت شفاعت کا موقع دیا جائے) (۵) پانچویں یہ کہ مجھ سے

besturdubooks.wordpress.com

پہلے ہر نبی اپنی مخصوص قوم کی طرف بھیجا جاتا تھا، مجھے تمام اقوام عالم کی طرف پیغمبر بنا کر بھیجا گیا ہے۔ (ابن کثیر) (معارف القرآن مفتی اعظم)

وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ
اور کہتے ہیں کب ہے یہ وعدہ اگر تم سچے ہو ☆

کہتے ہیں قیامت کب آئے گی:

یعنی جس گھڑی سے ڈراتے ہو وہ کب آئے گی، اگر سچے ہو تو جلدی لا کر دکھلا دو۔ (تفسیر عثمانی)

قُل لَّكُم مِّيعَادُ يَوْمٍ لَّا تَسْتَأْخِرُونَ
تو کہہ تمہارے لئے وعدہ ہے ایک دن کا نہ دیر کرو گے
عَنْهُ سَاعَةً وَلَا تَسْتَقْدِمُونَ
اُس سے ایک گھڑی نہ جلدی ☆

ضرور آئے گی:

یعنی گھبراؤ نہیں جس دن کا وعدہ ہے ضرور آ کر رہے گا جب آئے گا تو ایک منٹ کی مہلت نہ ملے گی، جلدی مچانے کی بجائے اس کی ضرورت ہے کہ اس وقت کے آنے سے پہلے کچھ تیاری کر رکھو۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لَن نُّؤْمِنَ بِهَٰذَا الْقُرْآنِ
اور کہنے لگے منکر ہم ہرگز نہ مانیں گے اس قرآن کو
وَلَا بِالَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ
اور نہ اس سے اگلے کو ☆

کہتے ہیں ہم کتابوں کو نہیں مانتے:

یعنی ہم نہ قرآن کو مانیں نہ اگلی کتابوں کو جنہیں تم آسمانی کتابیں بتلاتے ہو، مثلاً تورات وانجیل وغیرہ یہ سب ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ہیں جہاں دیکھو وہی حساب کتاب اور قیامت کا مضمون، سو ان چیزوں کو ہم ہرگز تسلیم کرنیوالے نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَوْ تَرَىٰ إِذِ الظَّالِمُونَ مَوْقُوفُونَ عِندَ رَبِّهِمْ
اور کبھی تو دیکھے جبکہ گنہگار کھڑے کئے جائیں اپنے رب کے پاس
يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ الْقَوْلَ
ایک دوسرے پر ڈالتا ہے بات کو ☆

محشر میں پتہ چلے گا:

یعنی جیسے ناکامی کے وقت ہوتا ہے کہ ہر ایک دوسرے کو ناکامیابی کا سبب گردانتا ہے محشر میں بھی کفار ایک دوسرے کو مورد الزام بنائیں گے جس کی تفصیل آگے آتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

يَقُولُ الَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا
کہتے ہیں وہ لوگ جو کمزور سمجھے جاتے تھے بڑائی کرنے والوں کو
لَوْلَا أَنتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِينَ
اگر تم نہ ہوتے تو ہم ایمان دار ہوتے ☆

چھوٹوں کا بڑوں پر الزام:

دنیا میں جو لوگ نیچے کے طبقہ میں شمار ہوتے تھے اور دوسروں کے پیچھے چلتے تھے وہ اپنے بڑے سرداروں کو الزام دینگے کہ تم نے ہمیں اس مصیبت میں پھنسوایا تمہاری روک نہ ہوتی تو ہم ضرور پیغمبروں کی بات مان لیتے اور یہ دن دیکھنا نہ پڑتا۔ (تفسیر عثمانی)

قَالَ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا لِلَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا
کہنے لگے بڑائی کرنے والے اُن سے جو کہ کمزور گنے گئے تھے
أَنَحْنُ صَدَدْنَاكُمْ عَنِ الْهُدَىٰ بَعْدَ
کیا ہم نے روکا تم کو حق بات سے
إِذْ جَاءَكُم ۖ بَلْ كُنتُم مُّجْرِمِينَ
تمہارے پاس پہنچ چکنے کے بعد کوئی نہیں تم ہی تھے گنہگار ☆

سرداروں کا جواب: یعنی جب تمہارے پاس حق بات پہنچ گئی اور سمجھ میں آ گئی تھی کیوں قبول نہ کی کیا ہم نے زبردستی تمہارے دلوں کو ایمان ویقین سے روک دیا تھا چاہئے تھا کہ کسی کی پروا نہ کر کے حق کو قبول کر لیتے اب اپنا جرم دوسروں کے سر کیوں رکھتے ہو؟ (تفسیر عثمانی)

وَقَالَ الَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا
اور کہنے لگے وہ لوگ جو کمزور گنے گئے تھے بڑائی کرنے والوں کو
بَلْ مَكْرُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ إِذْ تَأْمُرُونَنَا أَن
کوئی نہیں پر فریب سے رات دن کے جب تم ہم کو حکم کیا کرتے کہ
نَّكْفُرَ بِاللَّهِ وَنَجْعَلَ لَهُ أَندَادًا
ہم نہ مانیں اللہ کو اور ٹھہرائیں اس کے ساتھ برابر کے ساجھی ☆

یعنی بے شک تم نے زبردستی مجبور تو نہ کیا تھا مگر رات دن مکر وفریب اور مغویانہ تدبیر سے ہم کو بہکاتے پھسلاتے رہتے تھے جب ملے یہ ہی تلقین کی کہ ہم پیغمبروں کے ارشاد کے موافق خدا کو ایک نہ مانیں، بلکہ بعض مخلوقات کو بھی اس کا مماثل اور برابر کا شریک سمجھیں، آخر تمہاری شب وروز کی ترغیب و ترہیب کا کہاں تک اثر نہ ہوتا۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ

اور چھپے چھپے پچتانے لگے جب دیکھ لیا عذاب ☆

پھر سب شرمائیں گے:

یعنی جس وقت ہولناک عذاب سامنے آئے گا تابعین اور متبوعین دونوں اپنے اپنے دل میں پچتائینگے ہر ایک محسوس کرے گا کہ واقعی میں مجرم اور قصور وار ہوں لیکن شرم کے مارے ایک دوسرے پر ظاہر نہ کرینگے اور شدید اضطراب وخوف سے شاید بولنے کی قدرت بھی نہ ہو۔ (تفسیر عثمانی)

وَجَعَلْنَا الْاَغْلٰلَ فِیْۤ اَعْنَاقِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا

اور ہم نے ڈالے ہیں طوق گردنوں میں منکروں کے ☆

طوق اور بیڑیاں:

گردنوں میں طوق اور ہاتھ پاؤں میں زنجیریں پڑی ہونگی۔ (تفسیر عثمانی)

هَلْ یُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ

وہی بدلہ پاتے ہیں جو عمل کرتے تھے ☆

اعمال کی سزا: یعنی جو عمل کیے تھے آج وہ اس سزا کی صورت میں ظاہر ہو رہے ہیں جیسا کرنا ویسا بھرنا۔ (تفسیر عثمانی)

آگ سارا گوشت جلادے گی:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں، جہنمی جب ہنکا کر جہنم کے پاس پہنچائے جائیں گے تو جہنم کے ایک ہی شعلے کی لپیٹ سے سارے جسم کا گوشت جھلس کر پیروں پر آپڑے گا (ابن ابی حاتم) حسن بن یحیٰ خشنیؒ فرماتے ہیں کہ جہنم کے ہر قید خانے ہر غار ہر زنجیر ہر قید پر جہنمی کا نام لکھا ہوا ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

هَلْ یُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ان کو سزا نہیں دی جائے گی مگر ان ہی اعمال کی جو وہ کرتے تھے۔ ابن المنذر اور ابن ابی حاتم نے بوساطت سفیان عاصم کی روایت سے ابورزین کا بیان نقل کیا ہے کہ دو آدمی شریک تھے جن میں سے ایک ملک شام کو چلا گیا دوسرا (مکہ میں ہی) رہا جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ہوئی تو مقیم شخص نے مسافر کو یہ خبر لکھ کر بھیجی مسافر نے مقیم کو لکھا کہ اس شخص کا (جس نے نبوت کا دعویٰ کیا ہے) کیا بنا مقیم نے جواب میں لکھا قریش میں سے صرف نچلہ طبقہ اور غریب لوگ اس کے پیرو ہوئے ہیں، جونہی یہ تحریر مسافر کو ملی وہ اپنی تجارت چھوڑ کر اپنے ساتھی (مقیم شخص) سے آکر ملا اور کہا مجھے اس شخص کا پتہ بتادو، یہ مسافر شخص بعض (سابقہ آسمانی) کتابیں پڑھا کرتا تھا، غرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچ گیا اور سوال کیا آپ کس بات کی دعوت دیتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فلاں فلاں (اوامرونواہی) کی یہ سنتے ہی وہ بول اٹھا میں شہادت دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم نے کیسے جانا کہنے لگا، جونبی بھی مبعوث ہو (پہلے پہلے) نچلا طبقہ اور غریب لوگ ہی اس کے پیرو ہوئے۔ (تفسیر مظہری)

وَمَاۤ اَرْسَلْنَا فِیْ قَرْیَةٍ مِّنْ نَّذِیْرٍ اِلَّا

اور نہیں بھیجا ہم نے کسی بستی میں کوئی ڈرانے والا مگر

قَالَ مُتْرَفُوْهَاۤ اِنَّا بِمَاۤ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ

کہنے لگے ہیں وہاں کے آسودہ لوگ جو تمہارے ہاتھ بھیجا گیا ہم اُس کو نہیں مانتے ☆

سردار لوگ ہر پیغمبر کے مخالف رہے ہیں:

یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دی گئی کہ آپ رؤسائے مکہ کے انحراف و سرکشی سے مغموم نہ ہوں، ہر زمانہ میں پیغمبروں کا مقابلہ ایسے ہی بدبخت رئیسوں نے کیا ہے دولت وثروت کا نشہ اور اقتدار طلبی کا جذبہ آدمی کو اندھا کر دیتا ہے وہ کسی کے سامنے گردن جھکانا اور چھوٹے آدمیوں کے برابر بیٹھنا گوارا نہیں کرتا، اسی لئے انبیاء کے اوّل تبعین عموماً ضعیف و مسکین لوگ ہوتے ہیں کما ورد فی حدیث ہرقل۔ (تفسیر عثمانی)

اس آیت کے نزول کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو کہلا بھیجا کہ تمہارے قول کی تصدیق اللہ نے نازل فرمادی مترفین خوش حال لوگ، خوش حال لوگوں کا خصوصی تذکرہ انکار رسالت کے لیے کیا کہ عموماً غرور اور دنیوی دولت مندی پر فخر اور لذت اندوزی میں انہماک اور غریبوں کو ذلیل جاننا انکار رسالت کا موجب ہوتا ہے اسی لئے منکروں نے تکذیب کے ساتھ استہزاء اور فخر کو بھی ملادیا۔ (تفسیر مظہری)

وَقَالُوْا نَحْنُ اَكْثَرُ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا

اور کہنے لگے ہم زیادہ ہیں مال اور اولاد میں

وَّمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِیْنَ

اور ہم پر آفت نہیں آنے والی ☆

مال واولاد پر فخر:

یعنی معلوم ہوا خدا ہم سے خوش اور راضی ہے ورنہ اتنا مال واولاد کیوں دیتا جب وہ خوش ہے تو ہم کو کسی آفت کا اندیشہ نہیں، تم فضول عذاب کی دھمکیاں دیتے ہو۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ اِنَّ رَبِّیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ

تو کہہ میرا رب ہے جو کشادہ کر دیتا ہے روزی جس کو چاہے

besturdubooks.wordpress.com

وَيَقْدِرُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ

اور ماپ کر دیتا ہے لیکن بہت لوگ سمجھ نہیں رکھتے ☆

روزی کا مالک اللہ تعالیٰ ہے:

یعنی روزی کی فراخی یا تنگی اللہ کے خوش یا ناخوش ہونے کی دلیل نہیں، دیکھتے نہیں دنیا میں کتنے بدمعاش، شریر، دہریے ملحد (ناستک) مزے اڑاتے ہیں حالانکہ ان کو کوئی مذہب بھی اچھا نہیں کہتا۔ اور بہت سے خدا پرست پرہیزگار اور نیک بندے بظاہر فاقے کھینچتے ہیں تو معلوم ہوا کہ دولت وافلاس یا تنگی وفراخی کسی کے محبوب ومقبول عند اللہ ہونے کی دلیل نہیں، یہ معاملات تو دوسری مصالح اور حکمتوں پر مبنی ہیں جن کو اللہ ہی جانتا ہے مگر بہت لوگ اس نکتہ کو نہیں سمجھتے۔

ومن الدلیل علی القضاء وحکمہٖ
بؤس اللبیب وطیب عیش الاحمق

(تفسیر عثمانی)

وَمَآ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِيْ تُقَرِّبُكُمْ

اور تمہارے مال اور تمہاری اولاد وہ نہیں کہ نزدیک کر دیں

عِنْدَنَا زُلْفٰٓى اِلَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا

ہمارے پاس تمہارا درجہ پر جو کوئی یقین لایا اور بھلا کام کیا ☆

قرب الٰہی کا ذریعہ تو ایمان اور عمل صالح ہے:

یعنی مال واولاد کی کثرت نہ قرب الٰہی کی علامت ہے جیسا کہ اوپر کی آیت میں گذرا، اور نہ قرب حاصل کرنے کا سبب ہے بلکہ اس کے برعکس کافر کے حق میں زیادتِ بعد کا سبب بن جاتا ہے ہاں مومن اگر مال ودولت کو وجوہ خیر میں صرف کرے اور اولاد کو بہترین تعلیم وتربیت دلا کر نیک اور شائستہ بنائے، ایسا مال واولاد ایک درجہ میں قرب الٰہی کا سبب بنتا ہے، بہرحال وہاں مال واولاد کی پوچھ نہیں محض ایمان وعمل صالح کی پرسش ہے۔ (تفسیر عثمانی)

مطلب یہ ہو گا لیکن جو نیکوکار مؤمن ہو اس کا ایمان اور عمل قرب الٰہی میں پہونچا سکتا ہے حضرت ابن عباسؓ سے یہی تفسیر منقول ہے۔ (تفسیر مظہری)

حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تمہاری صورتوں کو اور تمہارے اموال کو نہیں دیکھتا، وہ تو تمہارے دلوں کو اور اعمال کو دیکھتا ہے۔ (رواہ احمد، ابن کثیر)

مال کے مصارف:

حضرت جابرؓ کی حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نیک کام صدقہ ہے، اور کوئی آدمی جو اپنے نفس یا اپنے عیال پر خرچ کرتا ہے وہ بھی صدقہ کے حکم میں ہے موجب ثواب ہے اور جو شخص کچھ خرچ کر کے اپنی آبرو بچائے وہ بھی صدقہ ہے اور جو شخص اللہ کے حکم کے مطابق کچھ خرچ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ لیا ہے کہ اس کا بدل اس کو دے گا مگر وہ خرچ جو (فضول یا بلا انداز ضرورت) تعمیر میں یا کسی گناہ کے کام میں کیا ہو اس کے بدل کا وعدہ نہیں۔

حضرت جابرؓ کے شاگرد ابن المنکدرؒ نے یہ حدیث سن کر ان سے پوچھا کہ آبرو بچانے کے لئے خرچ کا کیا مطلب ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ جس شخص کے متعلق یہ خیال ہو کہ نہیں دیں گے تو عیب جوئی کرے گا برا کہتا پھرے گا یا بدگوئی کرے گا اس کو اپنی آبرو بچانے کے لیے دینا مراد ہے۔ (رواہ الدارقطنی، قرطبی) (معارف القرآن مفتی اعظم)

فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا

سو اُن کیلئے ہے بدلہ دونا ان کے کیے کام کا ☆

عمل کا بدلہ:

یعنی کام پر جتنے اجر کا استحقاق ہے اس سے زائد بدلہ ملے گا کم از کم دس گنا اور زیادہ ہو تو سات سو گنا بلکہ اللہ چاہے تو اس سے بھی زیادہ جس کی کوئی حد نہیں وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ (بقرۃ۔ رکوع ۳۶) یہاں ضعف سے مطلقاً زیادت مراد ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَهُمْ فِى الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَالَّذِيْنَ يَسْعَوْنَ

اور وہ بالاخانوں میں بیٹھے ہیں دلجمعی سے اور جو لوگ دوڑتے ہیں

فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ فِى الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۸﴾

ہماری آیتوں کے ہرانے کو وہ عذاب میں پکڑے ہوئے آتے ہیں ☆

منکر ومخالف عذاب میں:

یعنی جو بدبخت اللہ کی آیات کو رد کرتے اور ان پر طعن کر کے لوگوں کو ادھر سے روکتے ہیں گویا سمجھتے ہیں کہ ہم اللہ ورسول کو ہرا دینگے وہ سب عذاب میں گرفتار ہو کر حاضر کئے جائیں گے ایک بھی چھوٹ کر نہ بھاگ سکے گا۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ

تو کہہ میرا رب ہے جو کشادہ کر دیتا ہے روزی جس کو چاہے

مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ۚ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ

اپنے بندوں میں اور ماپ کر دیتا ہے (ز) اور جو خرچ کرتے ہو کچھ چیز

فَهُوَ يُخْلِفُهٗ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۳۹﴾

وہ اُس کا عوض دیتا ہے اور وہ بہتر ہے روزی دینے والا ☆

besturdubooks.wordpress.com

خرچ کرنے سے نہ گھبراؤ:

یہ مسلمانوں کو سنایا کہ تم وجوہ خیر میں خرچ کرتے وقت تنگی اور افلاس سے نہ ڈرنا خرچ کرنے سے رزق کم نہیں ہوجاتا جو مقدر ہے پہنچ کر رہے گا اللہ اپنی حکمت سے جس کو جتنا دینا چاہئے اس میں تمہارے خرچ کرنے نہ کرنے سے فرق نہیں پڑتا بلکہ وجوہ خیر میں خرچ کرنے سے برکت ہوتی ہے اور حق تعالیٰ اس کا عوض دیتا ہے خواہ مال کی صورت میں یا قناعت وغنائے قلبی کی شکل میں اور آخرت میں بدلہ ملنا تو یقینی ہے غرض اس کے ہاں کچھ کمی نہیں مسلمان کو چاہئے کہ اللہ کے ساتھ حسن ظن رکھے اور اس کی مرضی کے سامنے فقر وفاقہ کا اندیشہ دل میں نہ لائے۔ "وَلَا تَخْشَ مِنْ ذِي الْعَرْشِ اِقْلَالًا"

(تنبیہ) آیت میں گویا اس طرف بھی اشارہ فرمادیا کہ جس طرح دنیا میں تنگی اور فراخی کے اعتبار سے لوگوں کا حال متفاوت ہے آخرت میں بھی باعتبار مراتب ثواب وعذاب کے ایسا ہی تفاوت ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ کا مطلب یہ ہے کہ دوسرا کوئی اگرچہ بظاہر روزی رساں نظر آتا ہے تو حقیقت میں وہ (خداداد) روزی رسانی کا ایک مجازی ذریعہ ہے حقیقی رازق نہیں ہے۔ (تفسیر مظہری)

خرچ کرنے سے نعمت بڑھتی ہے:

جس چیز کا خرچ گھٹ جاتا ہے اس کی پیداوار بھی گھٹ جاتی ہے اس آیت کے اشارہ سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے جو اشیائے صرف انسان اور حیوانات کے لئے پیدا فرمائی ہیں جب تک وہ خرچ ہوتی رہتی ہیں ان کا بدل منجانب اللہ پیدا ہوتا رہتا ہے جس چیز کا خرچ زیادہ ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی پیداوار بڑھا دیتے ہیں جانوروں میں بکرے اور گائے کا سب سے زیادہ خرچ ہے کہ ان کو ذبح کرکے گوشت کھایا جاتا ہے۔ (معارف القرآن)

حضرت بلالؓ سے ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے بلال! خرچ کر اور عرش والے کی طرف سے تنگی کا خیال بھی نہ کر۔

کاٹ کھانے والا زمانہ:

ابن ابی حاتم میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں تمہارے اس زمانے کے بعد ایسا زمانہ آرہا ہے جو کاٹ کھانے والا ہوگا مال ہوگا لیکن مالدار گویا اپنے مال پر دانت گڑوئے ہوئے ہوں گے کہ کہیں خرچ نہ ہوجائے پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی آیت وما انفقتم الخ کی تلاوت فرمائی۔

بدتر لوگ: اور حدیث میں ہے بدترین لوگ وہ ہیں جو بے بس اور مضطر لوگوں کی چیزیں کم داموں خریدتے پھریں یادرکھو ایسی بیع حرام ہے مضطر کی بیع حرام ہے مسلمان مسلمان کا بھائی ہے، نہ اس پر ظلم کرے نہ اسے رسوا کرے اگر تجھ سے ہوسکے تو دوسروں کے ساتھ سلوک اور بھلائی کر ورنہ اس کی ہلاکت کو تو نہ بڑھا (ابویعلیٰ موصلی) یہ حدیث اس سند سے غریب ہے اور ضعیف بھی ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ يَقُوْلُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ
اور جس دن جمع کرے گا ان سب کو پھر کہے گا فرشتوں
اَهٰٓؤُلَآءِ اِيَّاكُمْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿۴۰﴾
کیا یہ لوگ تم کو پوجا کرتے تھے ☆

ملائکہ سے خطاب:

بہت مشرکین فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں کہتے تھے بہت ان کے ہیکل بنا کر پرستش کرتے تھے بلکہ بعض نے لکھا ہے کہ اصنام پرستی کی ابتداء ملائکہ پرستی سے ہی ہوئی اور عمرو بن لحی یہ رسم فتیح شام سے حجاز میں لایا۔ بہرحال قیامت کے دن کفار کو سنا کر فرشتوں سے سوال کریں گے کہ کیا یہ لوگ تم کو پوجتے تھے؟ شاید مطلب یہ ہو کہ تم نے تو ان سے ایسا نہیں کہا یا تم ان کے فعل سے خوش تو نہیں ہوئے جیسے حضرت مسیح علیہ السلام سے سوال ہوگا ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ "(مائدہ۔ رکوع ۱۶) اور سورۂ فرقان میں ہے ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِيْ هٰٓؤُلَآءِ (فرقان۔ رکوع ۲) (تفسیر عثمانی)

ملائکہ سے یہ خطاب مشرکوں کو ذلیل کرنے اور شفاعت ملائکہ سے مایوس بنانے کے لئے کیا جائے گا (کافروں کے معبود تو اور بھی ہیں اصنام وکواکب وغیرہ کی بھی وہ پوجا کرتے ہیں لیکن) خصوصیت کے ساتھ ملائکہ کو خطاب اس لیے کیا جائے گا کہ خطاب کی صلاحیت انہیں میں ہے پھر وہ دوسرے فرضی شرکاء سے افضل بھی ہیں نیز مبدأ شرک بھی انہیں کی عبادت ہے۔ (تفسیر مظہری)

قَالُوْا سُبْحٰنَكَ اَنْتَ وَلِيُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ بَلْ
وہ کہیں گے پاک ذات ہے تیری ہم تیری طرف میں ہیں نہ ان کی طرف میں
كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ ۚ اَكْثَرُهُمْ بِهِمْ مُّؤْمِنُوْنَ ﴿۴۱﴾
نہیں پر پوجتے تھے جنوں کو یہ اکثر انہی پر اعتقاد رکھتے تھے ☆

فرشتوں کا جواب: یعنی آپ کی ذات اس سے پاک ہے کہ کوئی کسی درجہ میں اس کا شریک ہو (العیاذ باللہ) ہم کیوں ان کو ایسی بات کہنے لگے تھے یا ایسی واہیات حرکت سے خوش ہوتے ہماری رضا تو آپ کی رضا کے تابع ہے ہم کو ان مجرموں سے کیا واسطہ ہم تو آپ کے فرمانبردار غلام ہیں پھر یہ بدبخت تو حقیقت میں ہماری پرستش بھی نہیں کرتے تھے نام ہمارا لے کر شیطانوں کی پرستش تھی فی الحقیقت ان کی عقیدتمندی ان ہی کے ساتھ ہے شیاطین ان کو جس طرف ہانکتے ہیں ادھر ہی مڑ جاتے ہیں خواہ فرشتوں کا نام لے کر یا کسی نبی اور ولی کا بلکہ بعض تو اعلانیہ شیطان ہی کو پوجتے ہیں جیسا کہ پہلے کسی جگہ غالباً سورۂ "انعام" میں ہم مفصل لکھ چکے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَّلَا ضَرًّا ۭ
سو آج تم مالک نہیں ایک دوسرے کے بھلے کے نہ برے کے ☆

besturdubooks.wordpress.com

عابد و معبود دونوں عاجز ہیں:

یعنی آج عابد اور معبود دونوں کا عجز واضح ہو گیا کہ کوئی کسی کو ذرہ بھر نفع نقصان نہیں پہنچا سکتا جن معبودین کا بڑا اسہارا سمجھتے تھے انہوں نے اس طرح وقت پر بیزاری ظاہر کر دی۔ (تفسیر عثانی)

وَنَقُولُ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا ذُوقُوا عَذَابَ النَّارِ الَّتِي
اور کہیں گے ہم اُن گنہگاروں کو چکھو تکلیف اس آگ کی جس کو
كُنتُم بِهَا تُكَذِّبُونَ ۝ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ
تم جھوٹ بتلاتے تھے اور جب پڑھی جائیں ان کے پاس ہماری آیتیں کھلی کھلی
قَالُوا مَا هَٰذَا إِلَّا رَجُلٌ يُرِيدُ أَن يَصُدَّكُمْ
کہیں اور کچھ نہیں مگر یہ ایک مرد ہے چاہتا ہے کہ روک دے تم کو
عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ آبَاؤُكُمْ
اُن سے جن کو پوجتے رہے تمہارے باپ دادے ☆

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں کافروں کی بدگمانی:

یہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت آپس میں کہتے تھے کہ یہ شخص نبی کچھ نہیں بس اتنی غرض ہے کہ ہمارے باپ دادوں کا طریقہ چھڑا کر جس کو ہم قدیم سے حق جانتے چلے آئے ہیں اپنے ڈھب پر لے آئے اور خود حاکم و متبوع بن کر بیٹھ جائے گویا صرف حکومت و ریاست مطلوب ہے۔ (العیاذ باللہ) (تفسیر عثانی)

وَقَالُوا مَا هَٰذَا إِلَّا إِفْكٌ مُّفْتَرًى
اور کہیں اور کچھ نہیں یہ جھوٹ ہے باندھا ہوا ☆

قرآن کریم کے بارے میں ان کا خیال:

یعنی قرآن کیا ہے (العیاذ باللہ) چند جھوٹی باتیں جو خدا کی طرف منسوب کر دی گئی ہیں۔ (تفسیر عثانی)

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ
اور کہتے ہیں منکر حق بات کو جب پہنچے اُن تک
إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ ۝
اور کچھ نہیں یہ ایک جادو ہے صریح ☆

یعنی یہ نبوت کا دعویٰ جس کے ساتھ چند معجزات وخوارق کی نمائش کی گئی ہے یا مذہب اسلام جس نے آ کر میاں کو بیوی سے اور باپ کو بیٹے سے جدا کر دیا ہے یا قرآن جس کی تاثیر لوگوں کے دلوں پر غیر معمولی ہوتی ہے صریح جادو کے سوا اور کچھ نہیں (العیاذ باللہ) (تفسیر عثانی)

حق سے مراد ہے نبوت یا اسلام یا قرآن، یعنی قرآن یا امر نبوت یا اسلام جب ان کے پاس پہنچا تو بغیر سوچے اور غور کرنے کے اس کو کھلا ہوا جادو کہنے لگے باعتبار معنی کے کافروں نے قرآن کو خود تراشیدہ جھوٹ کہا اور الفاظ و اعجاز ترکیب کی وجہ سے جادو قرار دیا۔ (تفسیر مظہری)

وَمَا آتَيْنَاهُم مِّن كُتُبٍ يَدْرُسُونَهَا ۖ وَمَا
اور ہم نے دی نہیں ان کو کچھ کتابیں کہ جن کو وہ پڑھتے ہوں اور
أَرْسَلْنَا إِلَيْهِمْ قَبْلَكَ مِن نَّذِيرٍ ۝
بھیجا نہیں اُن کے پاس تجھ سے پہلے کوئی ڈرانیوالا ☆

کفار مکہ کی کوئی علمی حیثیت نہیں ہے:

یعنی بعض امی تھے نہ کوئی کتاب سماوی ان کے ہاتھ میں تھی نہ اتنی مدت دراز سے کوئی نبی ان میں آیا تھا، اللہ تعالیٰ نے ایسا عظیم الشان پیغمبر اور ایسی جلیل القدر کتاب مرحمت فرمائی چاہئے کہ اسے غنیمت جانیں اور انعام الٰہی کی قدر کریں خصوصاً جبکہ پہلے سے خود کہا بھی کرتے تھے کہ اگر ہم میں کوئی پیغمبر اتارا یا کوئی کتاب ہم پر اتاری جاتی تو اوروں سے بڑھ کر ہم فرمانبردار ہوتے اب وہ چیز آئی تو لگے انکار و استکبار کرنے یا یہ مطلب ہے کہ ہم نے ان کے پاس کوئی کتاب یا ہادی ایسا نہیں بھیجا جو آپ کی تعلیم دیتا ہو پھر کس دلیل نقلی یا عقلی کی بناء پر یہ لوگ آپ کی مخالفت کرتے ہیں۔ (تفسیر عثانی)

من کتب، یعنی ایسی کتابیں نہیں دی تھیں جن میں شرک کو صحیح قرار دیا گیا ہو۔

من نذیر اور نہ کوئی ایسا پیغمبر بھیجا تھا جس نے ان کو شرک کی دعوت دی ہو اور ترک شرک پر عذاب سے ڈرایا ہو پھر شرک کے مدعی یہ کہاں سے بن بیٹھے اور قرآن کو جھوٹ کہنے اور جادو قرار دینے اور نبی پر خود ساختہ اور افترا بندی کا الزام رکھنے کی اجازت ان کو کس نے دی اس آیت میں مشرکوں کی جہالت وسبک سری کا اظہار ہے اس سے آگے تہدید عذاب دینے کے لئے فرمایا۔ (تفسیر مظہری)

وَكَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَمَا بَلَغُوا مِعْشَارَ مَا
اور جھٹلایا ہے اُن سے اگلوں نے اور یہ نہیں پہنچے دسویں حصہ کو اس کے
آتَيْنَاهُمْ فَكَذَّبُوا رُسُلِي ۖ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ۝
جو ہم نے اُن کو دیا تھا پھر جھٹلایا انہوں نے میرے بھیجے ہوؤں کو تو کیسا ہوا انکار میرا ☆

ان سے زیادہ طاقتور قومیں ہلاک ہو گئیں:

یعنی جیسی لمبی عمریں جسمانی قوتیں، مال و دولت اور عیش و ترفہ اُن کو دیا گیا تمہیں اُس کا عشر عشیر بھی نہیں ملا لیکن جب انہوں نے پیغمبروں کی تکذیب و مخالفت کی دیکھ لو کیا انجام ہوا سب ساز و سامان دھرا رہ گیا ایک منٹ بھی عذاب الٰہی کو روک نہ سکے پھر تم اتنا کاہے پر اتراتے ہو؟ "اس برتے پر یہ تتا پانی۔" (تفسیر عثانی)

تحقیق یہ سب لوگ جب دنیا میں تھے تو ایسے دریائے شک میں غرق تھے کہ جو ان کو چین نہیں لینے دیتا تھا اللہ اور رسول کی ہر بات میں ان کو شک رہتا تھا اب جبکہ خدا اور رسول کی باتوں اور خبروں کو آنکھوں سے دیکھ لیا اور پردہ اٹھ گیا تو ایمان کی باتیں کرنے لگے جب ایمان کا وقت تھا تو سخت شک اور

besturdubooks.wordpress.com

اضطراب میں پڑے رہے لہٰذا اب ایمان قبول نہ ہوگا۔ (معارف کاندھلوی)

قُلْ اِنَّمَآ اَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ ۚ اَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰهِ مَثْنٰى
تو کہہ میں تو ایک ہی نصیحت کرتا ہوں تم کو کہ اُٹھ کھڑے ہو اللہ کے نام پر دو دو
وَفُرَادٰى ثُمَّ تَتَفَكَّرُوْا ۚ مَا بِصَاحِبِكُمْ مِّنْ جِنَّةٍ ۭ
ایک ایک پھر دھیان کرو کہ اس تمہارے رفیق کو کچھ سودا نہیں
اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ ﴿٤٦﴾
یہ تو ایک ڈرانے والا ہے تم کو ایک بڑی آفت کے آنے سے ☆

اللہ کیلئے کچھ غور و فکر کرو:

یعنی تعصب وعناد چھوڑ کر انصاف واخلاص کے ساتھ اللہ کے نام پر اٹھ کھڑے ہو اور کئی مل کر بحث ومشورہ کر لو اور الگ الگ تنہائی میں غور کر کے سوچو کہ یہ تمہارا رفیق (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) جو چالیس برس سے زیادہ تمہاری آنکھوں کے سامنے رہا جس کے بچپن سے لے کر کہولت تک کے ذرہ ذرہ حالات تم نے دیکھے جس کی امانت ودیانت صدق وعفاف اور فہم ودانش کے تم برابر قائل رہے کبھی کسی معاملہ میں نفسانیت یا غرض پرستی کا الزام تم نے اس پر نہیں رکھا کیا تم واقعی گمان کر سکتے ہو کہ العیاذ باللہ اسے بیٹھے بٹھائے جنون ہو گیا ہے جو خواہ مخواہ اس نے ایک طرف سے سب کو دشمن بنا لیا کیا کہیں دیوانے ایسی حکمت کی باتیں کیا کرتے ہیں یا کوئی مجنون اپنی قوم کی اس قدر خیر خواہی اور ان کی اُخروی فلاح اور دینوی ترقی کا اتنا زبردست لائحہ عمل پیش کر سکتا ہے وہ تم کو سخت مہلک خطرات اور تباہی انگیز مستقبل سے آگاہ کر رہا ہے، قوموں کی تاریخیں سناتا ہے دلائل وشواہد سے تمہارا بھلا برا سمجھاتا ہے یہ کام دیوانوں کے نہیں، ان اولوالعزم پیغمبروں کے ہوتے ہیں جنہیں احمقوں اور شریروں نے ہمیشہ دیوانہ کہا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

غور کرو گے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سچائی واضح ہو جائیگی:

مَثْنٰى وَفُرَادٰى ، یعنی زیادہ ہجوم نہ ہو جس سے فکر کی یکسوئی ختم ہو جائے بلکہ دو دو مل کر یا ایک ایک الگ ہو کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے معاملہ میں سوچو پھر ہر شخص اپنے خیال کا دوسرے سے اظہار کرے اور وہ انصاف وعدل کے ساتھ غور کرے یا تنہائی میں ہر ایک انصاف کے ساتھ سوچے تاکہ تصویر حق سامنے آ جائے اور سمجھ لے کہ تمہارے اس ساتھی کو کسی طرح کا جنون نہیں ہے، مطلب یہ ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں یہ کھلی ہوئی بات ہے کہ ان کو کسی قسم کا جنون نہیں ہے ان کی عقل صحیح ہے، فہم سلیم ہے فکر درست ہے۔ ان کے صحیح الدماغ ہونے کا انکار وہی کر سکتا ہے جو خود پاگل ہو یا محض عناد کا مظاہرہ کر رہا ہو اور یہ بھی بدیہی حقیقت ہے کہ کوئی عقلمند صحیح الدماغ شخص کوئی اتنا عظیم الشان کام جس سے سارے لوگ دشمن ہو جائیں وہ خود اکیلا تہیدست بے یار و مددگار رہ جائے اس وقت تک نہیں کرتا

جب تک ان کو اپنی حقانیت کا یقین مضبوط عقلی دلائل کی روشنی میں نہ ہو جائے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہر قسم کے دنیاوی مفاد سے بالاتر ہیں:

اور یہ بھی ضروری ہے کہ دانشمند آدمی جب اتنے بڑے کام کا بیڑہ اٹھاتا ہے تو بے مقصد اور فضول نہیں اٹھاتا اس کے پیش نظر یا حصول منفعت ہوتا ہے یا دفع مضرت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیش نظر ان دونوں دنیوی مقاصد میں سے کوئی بھی نہیں ہے حصول منفعت دنیوی کی تو ان کو ممانعت کر دی گئی ہے وہ خود کہتے ہیں مَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ میں تم سے جو کچھ مانگوں وہ تم ہی لے لو مجھے ضرورت نہیں رہا دفع مضرت کا مقصد تو یہ بھی ان کے پیش نظر نہیں ہے ان کے دعوی سے تو سارے لوگ دشمن اور درپے آزار ہو گئے ہیں اس سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیش نظر آخرت کی مضرت کا دفع اور آخرت کے نفع کا حصول ہے۔

قریشی سرداروں کو دعوت اور اس کا ردِّ عمل:

حضرت ابن عباسؓ کی روایت ہے کہ جب آپ وانذر عشیرتک الاقربین نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوہ صفا پر چڑھ کر قبائل قریش کو (نام بنام) پکارنا شروع کیا اور فرمایا اے بنی فہر، اے بنی عدی نداسن کر سب لوگ جمع ہو گئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میں تم کو اطلاع دوں کہ (پہاڑ کے پار) کچھ سوار موجود ہیں اور تم پر حملہ کرنا چاہتے ہیں تو بتاؤ کیا تم مجھے سچا سمجھو گے حاضرین نے کہا ہمارے تجربہ میں آپ کا کوئی جھوٹ نہیں آیا (اس لئے سچا سمجھیں گے) اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو میں تم کو آگے آنے والے سخت عذاب سے پہلے ہی ڈرا رہا ہوں یہ سن کر ابولہب بولا تجھے ہمیشہ کے لئے موت آ جائے کیا اس لئے تو نے ہم کو جمع کیا تھا اس پر سورۃ تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ نازل ہوئی متفق علیہ۔ (تفسیر مظہری)

غور و فکر کی لائن: آگے اس غور و فکر کی ایک واضح راہ بتلائی گئی وہ یہ کہ ایک اکیلا آدمی جس کے ساتھ نہ کوئی طاقتور جتھا اور جماعت ہے نہ مال و دولت کی بہتات وہ اپنی پوری قوم بلکہ پوری دنیا کے خلاف کسی ایسے عقیدہ کا اعلان کرے جو صدیوں سے ان میں راسخ ہو چکا ہے اور وہ سب اس پر متفق ہیں ایسا اعلان صرف دو صورتوں میں ہو سکتا ہے ایک تو یہ کہ کہنے والا بالکل مجنون و دیوانہ ہو جو اپنے نفع نقصان کو نہ سوچے اور پوری قوم کو اپنا دشمن بنا کر مصائب کو دعوت دے، دوسرے یہ کہ اس کی وہ بات سچی ہو کہ وہ اللہ کی طرف سے بھیجا ہوا رسول ہے، اس کے حکم کی تعمیل میں کسی کی پروا نہیں کرتا۔ (معارف مفتی اعظم)

قُلْ مَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ ۭ
تو کہہ جو میں نے تم سے مانگا ہو کچھ بدلہ سو وہ تم ہی رکھو
اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۚ
میرا بدلہ ہے اُسی اللہ پر ☆

besturdubooks.wordpress.com

میں کوئی معاوضہ نہیں مانگتا: یعنی میں تم سے اپنی محنت کا کچھ صلہ نہیں چاہتا اگر تمہارے خیال میں کچھ معاوضہ طلب کیا ہو وہ سب تم اپنے پاس رکھو، مجھے ضرورت نہیں میرا صلہ تو خدا کے یہاں ہے تم سے جو چیز طلب کرتا ہوں یعنی ایمان واسلام وہ صرف تمہارے نفع کی خاطر اس سے زاید میری کوئی غرض نہیں۔ (تفسیر عثانی)

اللہ کا حق اور بندوں کا حق: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا معاذؓ کیا تم جانتے ہو کہ اللہ کا اپنے بندوں پر کیا حق ہے اور بندوں کا اللہ پر کیا حق ہے حضرت معاذؓ نے عرض کیا اللہ اور اس کے رسول کو ہی پورا علم ہے فرمایا بندوں پر اللہ کا یہ حق ہے کہ اسی کی عبادت کریں کسی اور کو اللہ کا شریک نہ قرار دیں اور بندوں کا اللہ پر یہ حق ہے کہ جو شرک نہ کرتا ہو اللہ اس کو عذاب نہ دے۔ متفق علیہ۔ (تفسیر مظہری)

صحیح بخاری شریف میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن صفا پہاڑی پر چڑھ گئے اور عرب کے دستور کے مطابق یاصباحاہ کہہ کر آواز بلند کی جو علامت تھی کہ کوئی شخص کسی اہم بات کے لئے بلا رہا ہے عادت کے مطابق اسے سنتے ہی لوگ جمع ہو گئے آپ نے فرمایا، سنو اگر میں تمہیں خبر دوں کہ دشمن تمہاری طرف چڑھائی کرنے چلا آ رہا ہے اور عجب نہیں کہ صبح وشام ہی تم پر حملہ کر دے تو کیا تم مجھے سچا سمجھو گے؟ سب نے بہ یک زبان جواب دیا کہ ہاں بے شک ہم آپ کو سچا جانیں گے آپ نے فرمایا، سنو میں تمہیں اس عذاب سے ڈرا رہا ہوں جو تمہارے آگے ہے یہ سن کر ابولہب ملعون نے کہا، تیرے ہاتھ ٹوٹیں کیا اس لئے تو نے ہم سب کو جمع کیا تھا اس پر سورۂ تبت یدا الخ اتری۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ﴿۴۷﴾
اور اُس کے سامنے ہے ہر چیز ☆

یعنی میری سچائی اور نیت اللہ کے سامنے ہے۔ (تفسیر عثانی)

قُلْ إِنَّ رَبِّي يَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَّامُ الْغُيُوبِ ﴿۴۸﴾
تو کہہ میرا رب پھینک رہا ہے سچا دین اور وہ جانتا ہے چھپی چیزیں ☆

حق آ گیا اس سے فائدہ اٹھاؤ:

یعنی اوپر سے وحی اتر رہی اور دین کی بارش ہو رہی ہے موقع کو ہاتھ سے نہ جانے دو اس سے فائدہ اٹھاؤ جس روز سے اللہ تعالیٰ نے حق کو باطل کے سر پر پھینک کر مار رہا ہے اس سے اندازہ کرو کہ باطل کہاں ٹھہر سکے گا ضرور ہے ملیامیٹ ہو کر رہے اور آفاق میں دین حق کا ڈنکا بجے اس علام الغیوب نے خوب دیکھ بھال کر عین موقع پر حق کو باطل کا سر کچلنے کے لئے بھیجا ہے، بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهُ فَإِذَا هُوَ زَاهِقٌ (تفسیر عثانی)

ہر گھر تک اسلام پہنچ کر رہے گا:

امام احمد کی روایت ہے کہ حضرت مقدادؓ نے بیان کیا میں نے خود سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے روئے زمین پر کوئی گھر مٹی کا ہو یا اون (کا خیمہ) ایسا نہ بچے گا جس کے اندر اللہ کلمہ اسلام داخل نہ کر دے خواہ عزت والے کو عزت کے ساتھ یا ذلیل کو ذلت کے ساتھ یعنی جو لوگ قبول کر لیں گے اللہ ان کو عزت والا کر دے گا جو نہیں مانیں گے ان کو ذلیل کر دے گا اور (ذلیل ہو کر) وہ کلمۂ اسلام کی اطاعت کریں گے۔

عَلَّامُ الْغُيُوبِ وہی چھپی باتوں کو خوب جاننے والا ہے یعنی وہی جانتا ہے کہ کون وحی و رسالت کے لئے منتخب ہونے کا اہل ہے اور وہی واقف ہے کہ اسلام کا مآل کیا ہو گا اطراف عالم میں کفر کو مغلوب اور اسلام کو غالب کر دے گا۔ (تفسیر مظہری)

قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيدُ ﴿۴۹﴾
تو کہہ آیا دین سچا اور جھوٹ تو کسی چیز کو نہ پیدا کرے اور نہ پھیر کر لائے ☆

باطل حق کے مقابلہ میں نہیں ٹھہر سکتا:

یعنی دین حق آ پہنچا اب اس کا زور رکنے والا نہیں سب پر غالب ہو کر اور باطل کو زیر کر کے رہے گا جھوٹ کے پاؤں کہاں جو حق کے سامنے چل سکے وہ تو اب کرنے کا نہ دھرنے کا سمجھو آیا گیا ہوا فتح مکہ کے دن یہ آیت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان پر تھی۔ (تفسیر عثانی)

دوسری آیت میں آیا ہے بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهُ فَإِذَا هُوَ زَاهِقٌ ...... قتادہ نے کہا باطل سے مراد ابلیس ہے جو نہ کسی کی ابتدائی تخلیق کرتا ہے نہ دوبارہ قبروں سے اٹھا سکے گا کلبی کا بھی یہی قول ہے بعض کے نزدیک باطل سے بت مراد ہیں۔

قُلْ إِنْ ضَلَلْتُ فَإِنَّمَآ أَضِلُّ عَلٰى نَفْسِي
تو کہہ اگر میں بہکا ہوا ہوں تو بہکونگا اپنے ہی نقصان کو
وَإِنِ اهْتَدَيْتُ فَبِمَا يُوحِيٓ إِلَيَّ رَبِّي
اور اگر ہوں سیدھے رستہ پر تو اُس سبب سے کہ وحی بھیجتا ہے مجھ کو میرا رب
إِنَّهُ سَمِيعٌ قَرِيبٌ ﴿۵۰﴾
بے شک وہ سب کچھ سنتا ہے نزدیک ☆

اگر میں جھوٹا ہوں تو جھوٹ زیادہ دیر نہیں چل سکتا:

یعنی اگر میں نے یہ ڈھونگ خود کھڑا کیا ہے تو کے دن چلے گا اس میں آخر میرا ہی نقصان ہے دنیا کی عداوت مول لینا، ذلت اٹھانا اور آخرت کی رسوائی قبول کرنا (العیاذ باللہ) لیکن اگر میں سیدھے راستہ پر ہوں جیسا کہ واقعی ہوں تو سمجھو کہ یہ سب اللہ کی تائید و امداد اور وحی الٰہی کی برکت و ہدایت سے ہے جو کسی وقت میرا ساتھ نہیں چھوڑ سکتی، میرا خدا سب کچھ سنتا ہے اور بالکل نزدیک ہے وہ ہمیشہ میری مدد فرمائے گا اور اپنے پیغام کو دنیا میں روشن کرے گا تم مانو یا نہ مانو۔ (تفسیر عثانی)

یعنی جو دین میں نے اختیار کیا ہے اگر وہ گمراہی ہے تو گمراہی کا وبال مجھی پر پڑے گا اور ظاہر ہے کہ میں دیوانہ نہیں نہ اس سے مجھے کوئی دنیوی فائدہ حاصل ہو گا پھر گمراہی کے وبال کو میں اپنے لئے کیسے اختیار کر سکتا ہوں اور اگر یہ دین (مبنی بر

besturdubooks.wordpress.com

ہدایت ہے تو میری طرف سے نہیں کہ (یعنی میرا ساختہ پرداختہ نہیں ہے) نہ اس شہر میں میں نے کسی سے سیکھا ہے کیوں کہ میرا امّی ہونا ظاہر ہے نہ مجھے لکھنا آتا ہے نہ پڑھنا (میں لکھا پڑھا نہیں ہوں) اس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ دین خدا کا بھیجا ہوا ہے اور اللہ نے میرے پاس وحی بھیجی ہے اس لئے تم کو بھی میرے طریقہ پر چلنا چاہئے تا کہ جس طرح میں نے ہدایت پائی تم بھی ہدایت یافتہ ہو جاؤ۔ (تفسیر مظہری)

وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ وَاُخِذُوْا
اور کبھی تو دیکھے جب یہ گھبرائیں پھر نہ بچیں بھاگ کر اور پکڑے ہوئے آئیں
مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ﴿۵۱﴾
نزدیک جگہ سے☆

ان کی پکڑ کا وقت قریب ہے:

یعنی یہ کفار یہاں ڈینگیں مارتے ہیں مگر وہ وقت عجیب قابل دید ہوگا جب یہ لوگ محشر کا ہولناک منظر دیکھ کر گھبرائیں گے اور کہیں بھاگ نہ سکیں گے اس وقت گرفتاری کے لئے کہیں دور سے ان کو تلاش کرنا نہ پڑے گا بلکہ نہایت آسانی سے فوراً جہاں کے تہاں گرفتار کر لئے جائیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

وَاُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ اکثر مفسرین کے نزدیک یہ حال روز حشر کا ہے کہ کفار و فجار گھبرا کر بھاگنا چاہیں گے تو چھوٹ نہ سکیں گے اور یہ بھی نہ ہوگا جیسے دنیا میں کوئی مجرم بھاگ جائے تو اس کو تلاش کرنا پڑتا ہے بلکہ سب کے سب اپنی ہی جگہ میں گرفتار کر لئے جائیں گے کسی کو بھاگ نکلنے کا موقع نہ ملے گا بعض حضرات نے اس کو وقت نزع اور موت کا حال قرار دیا ہے کہ جب موت کا وقت آ جائے گا اور ان پر گھبراہٹ طاری ہوگی تو فرشتوں کے ہاتھ سے چھوٹ نہ سکیں گے اور وہیں اپنی جگہ سے رُوح قبض کر کے پکڑ لئے جائیں گے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَّقَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖ ۚ وَاَنّٰى لَهُمُ التَّنَاوُشُ
اور کہنے لگیں ہم نے اس کو یقین مان لیا، اور اب کہاں اُن کا ہاتھ پہنچ سکتا ہے
مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۵۲﴾
بعید جگہ سے☆

اُس وقت کا ایمان بھی کام نہ آئے گا:

یعنی اس وقت کہیں گے کہ ہمیں پیغمبر کی باتوں پر یقین آ گیا اب ہم ایمان لاتے ہیں حالانکہ اب ایمان کیسا؟ وہ موقع دور گیا جب ایمان لا کر اپنے کو بچا سکتے تھے اب ان کا ہاتھ اتنی دور کہاں پہنچ سکتا ہے جو وہاں سے ایمان کو اٹھا لائیں۔ مطلب یہ کہ ایمان مقبول وہی ہے جو موت سے پہلے اس دنیا میں حاصل ہو آخرت میں تو آنکھوں سے دیکھ کر سب ہی کو یقین آ جائے گا اس میں کیا کمال ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

وَّقَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖ اور وہ کہیں گے ہم اس پر (یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر) ایمان لے آئے اور بدر کے دن کافروں نے امنا به نہیں کہا تھا بلکہ ابوجہل جب زخمی ہو کر گرا کچھ آخری سانس باقی تھا کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے اس کی داڑھی پکڑ کر کہا اللہ کا شکر ہے کہ اس نے دشمن خدا کو رسوا کیا ابوجہل نے کہا میری رسوائی کس طرح ہوئی کیا جس شخص کو اس کی قوم والے ہی قتل کر دیں اس کی رسوائی ہوتی ہے۔

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کفار دنیا کی طرف واپسی کی درخواست کریں گے لیکن دور کے مقام یعنی آخرت سے دنیا میں ان کا لوٹنا کہاں ہو سکے گا۔ (تفسیر مظہری)

وَّقَدْ كَفَرُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ۚ وَيَقْذِفُوْنَ
اور اس سے منکر رہے پہلے سے اور پھینکتے رہے
بِالْغَيْبِ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۵۳﴾
بن دیکھے نشانہ پر دُور کی جگہ سے☆

اب پچھتانے سے کچھ نہیں ہوتا:

یعنی پہلے جب ایمان لانے کا وقت تھا انکار پر تلے رہے اور یوں ہی انکل کے تیر چلاتے رہے دنیا میں رہ کر ہمیشہ بے تحقیق باتوں کو قبول نہ کیا، اب پچھتانے سے کیا حاصل؟ (تفسیر عثمانی)

مجاہد نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مبارک کو انہوں نے بلا تحقیق نشانہ بنا رکھا تھا شاعر کہتے تھے جادوگر کہتے تھے، بہت بڑا دروغ گو کہتے تھے، تکلم بالغیب سے یہی مراد ہے قتادہ نے کہا وہ اپنے گمان کے تیر چلاتے تھے ان کا قول تھا کہ نہ قیامت ہوگی نہ جنت نہ دوزخ۔ (تفسیر مظہری)

وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ
اور رکاوٹ پڑ گئی اُن میں اور اُن کی آرزو میں☆

اب دنیا میں واپسی نہیں ہوگی:

یعنی جس چیز کی آرزو رکھتے ہیں مثلاً ایمان مقبول یا نجات یا دنیا کی طرف واپس جانا یا دنیوی لذتیں اور عیش و آرام، ان چیزوں کے اور ان کفار کے درمیان سخت روک قائم کر دے گی کبھی ان تک نہیں پہنچ سکتے۔ (تفسیر عثمانی)

ایک بنی اسرائیلی نوجوان کا عجیب واقعہ:

ابن ابی حاتم نے یہاں پر عجیب و غریب اثر نقل کیا ہے جسے ہم پورا ہی نقل کرتے ہیں حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ بنو اسرائیل میں ایک فاتح شخص تھا جس کے پاس مال بہت تھا جب وہ مر گیا اور اس کا لڑکا اس کا وارث ہوا تو بری طرح نافرمانیوں میں مال لٹانے لگا اس کے چچاؤں نے اسے ملامت کی اور سمجھایا اس نے غصے میں آ کر سب چیزیں بیچ کر روپے لے کر عین شجاجہ کے پاس آ کر ایک محل تعمیر کرا کر یہیں رہنے لگا ایک روز زور کی آندھی اٹھی جس میں ایک بہت خوبصورت خوش رُو عورت اس کے پاس آ پڑی، اس نے اس سے پوچھا تم کون ہو؟ اس نے کہا بنی اسرائیلی شخص ہوں کہا یہ محل اور مال آپ ہی کا ہے؟ اس نے کہا ہاں پوچھا، آپ کی بیوی بھی ہے؟ کہا نہیں، کہا پھر تم اپنی زندگی کا لطف کیا اٹھاتے ہو؟ اب اس نے

besturdubooks.wordpress.com

پوچھا کہ کیا تمہارا خاوند ہے اس نے کہا نہیں کہا پھر مجھے قبول کر و اس نے جواب دیا میں یہاں سے میل بھر دور رہتی ہوں کل تم یہاں سے اپنے ساتھ دن بھر کا کھانا پینا لے کر چلو اور میرے ہاں آ و راستے میں کچھ عجائبات دیکھو تو گھبرانا نہیں اس نے قبول کیا اور دوسرے دن توشہ لے کر چلا میل بھر دور جا کر ایک نہایت عالی شان محل دیکھا دستک دینے سے ایک خوبصورت نوجوان شخص آیا پوچھا آپ کون ہیں؟ جواب دیا بنی اسرائیلی ہوں، کہا کیسے آئے؟ کہا اس مکان کی مالکہ نے بلوایا ہے پوچھا راستے میں کچھ ہولناک چیزیں بھی دیکھیں؟ جواب دیا ہاں اور اگر مجھے یہ کہا ہوا نہ ہوتا کہ گھبرانا مت تو میں ہول ودہشت سے ہلاک ہو گیا ہوتا، میں چلا، ایک چوڑے راستے پر پہنچا تو دیکھا ایک کتیا منہ پھاڑے بیٹھی ہوئی ہے میں گھبرا کر دوڑا تو دیکھا کہ مجھ سے آگے آگے وہ ہے اور اس کے پلے (بچے) اس کے پیٹ میں ہیں اور بھونک رہے ہیں اس نوجوان نے کہا، تو اسے نہیں پائے گا یہ تو آخر زمانے میں ہونے والی ایک بات کی مثال تجھے دکھائی گئی ہے کہ ایک نوجوان بوڑھے بڑوں کی مجلس میں بیٹھے گا اور ان سے اپنے راز کی پوشیدہ باتیں کرے گا میں اور آگے بڑھا تو دیکھا ایک سو بکریاں ہیں جن کے تھن دودھ سے پر ہیں ایک ہے جو دودھ پی رہا ہے جب دودھ ختم ہو جاتا ہے اور وہ جان لیتا ہے کہ اور کچھ باقی نہیں رہا تو وہ منہ کھول دیتا ہے گویا اور مانگ رہا ہے اس نوجوان دربان نے کہا اسے بھی نہیں پائے گا یہ مثال تجھے بتلائی گئی ہے ان بادشاہوں کی جو آخر زمانے میں آئیں گے لوگوں سے سونا چاندی گھسیٹیں گے یہاں تک کہ سمجھ لیں گے کہ اب کسی کے پاس کچھ نہیں بچا تو بھی وہ ظلم و زیادتی کر کے منہ پھیلائے رہیں گے اس نے کہا میں اور آگے بڑھا تو میں نے دیکھا کہ ایک درخت ہے نہایت تر و تازہ، خوش رنگ اور خوش وضع میں نے اس کی ایک ٹہنی توڑنی چاہی تو دوسرے درخت سے آواز آئی کہ اے بندۂ خدا میری ڈالی توڑ جا پھر تو ہر ایک درخت سے یہی آواز آنے لگی دربان نے کہا تو اسے بھی نہ پائے گا اس میں اشارہ ہے کہ آخر زمانے میں مردوں کی قلت اور عورتوں کی کثرت ہو جائے گی یہاں تک کہ جب ایک مرد کی طرف سے عورت کو پیغام جائے گا تو دس بیس عورتیں اسے اپنی طرف بلانے لگیں گی اس نے کہا میں اور آگے بڑھا تو میں نے دیکھا کہ ایک دریا کے کنارے ایک شخص کھڑا ہوا ہے اور لوگوں کو پانی بھر بھر کر دے رہا ہے پھر اپنی مشک میں ڈالتا ہے لیکن اس میں ایک قطرہ بھی نہیں ٹھہرتا دربان نے کہا تو اسے بھی نہیں پائے گا اس میں اشارہ ہے کہ آخر زمانے میں ایسے علماء اور واعظین ہوں گے جو لوگوں کو علم سکھائیں گے بھلی باتیں بتلائیں گے لیکن خود عامل نہیں ہوں گے بلکہ خود گناہوں میں مبتلا رہیں گے پھر جو میں آگے بڑھا تو میں نے دیکھا کہ ایک بکری ہے بعض لوگوں نے تو اس کے پاؤں پکڑ رکھے ہیں بعضوں نے دم تھام رکھی ہے بعضوں نے سینگ پکڑ رکھے ہیں بعض اس پر سوار ہیں اور بعض اس کا دودھ دوہ رہے ہیں اس نے کہا یہ مثال ہے دنیا کی جو اس کے پیر تھامے ہوئے ہیں یہ تو وہ ہیں جو دنیا سے گر گئے جنہیں یہ نہ ملی جس نے سینگ تھام رکھے ہیں یہ وہ ہے جو اپنا گزارہ کر لیتا ہے لیکن تنگی ترشی سے دم پکڑنے والے وہ ہیں جن سے دنیا بھاگ چھوٹی ہے سوار وہ ہیں جو از خود تارک دنیا ہو گئے ہاں دنیا سے صحیح فائدہ اٹھانے والے وہ ہیں جنہیں تم نے بکری کا دودھ نکالتے ہوئے دیکھا انہیں خوشی ہو، یہ مستحق مبارک باد ہیں اس نے کہا میں آگے چلا تو دیکھا کہ ایک شخص ایک کنویں میں سے پانی کھینچ رہا ہے اور ایک حوض میں ڈال رہا ہے، جس حوض میں سے پانی پھر کنویں میں چلا جاتا ہے اس نے کہا یہ وہ شخص ہے جو نیک عمل کرتا ہے لیکن قبول نہیں ہوتے اس نے کہا پھر میں آگے بڑھا تو دیکھا کہ ایک شخص نے دانے زمین میں بوئے اسی وقت کھیتی تیار ہو گئی اور بہت اچھے نفیس گیہوں نکل آئے کہا یہ وہ شخص ہے جس کی نیکیاں اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے اس نے کہا میں اور آگے بڑھا تو دیکھا کہ ایک شخص چت لیٹا پڑا ہے مجھ سے کہنے لگا بھائی میرا ہاتھ پکڑ کر بٹھا دو واللہ جب سے میں پیدا ہوا ہوں بیٹھا ہی نہیں میرے ہاتھ پکڑتے ہی وہ کھڑا ہو کر تیز دوڑا یہاں تک کہ میری نظروں سے پوشیدہ ہو گیا اس دربان نے کہا یہ تیری عمر تھی جو جا چکی اور ختم ہو گئی میں ملک الموت ہوں اور جس عورت سے تو ملنے آیا ہے اس کی صورت میں بھی میں ہی تھا خدا کے حکم سے تیرے پاس آیا تھا کہ تیری روح اس جگہ قبض کروں پھر تجھے جہنم رسید کروں اس کے بارے میں یہ آیت وحیل بینھم الخ نازل ہوئی یہ اثر غریب ہے اور اس کی صحت میں بھی نظر ہے۔

کافروں کی روح دنیاوی لذتوں میں اٹکی رہتی ہے:

آیت کا مطلب ظاہر ہے کہ کافروں کی جب موت آتی ہے ان کی روح حیات دنیا کی لذتوں میں اٹکی رہتی ہے لیکن موت مہلت نہیں دیتی اور ان کی خواہش کے اور ان کے درمیان وہ حائل ہو جاتی ہے جیسے اس شخص مغرور و مفتون کا حال ہوا کہ گیا تو عورت ڈھونڈنے کو اور ملاقات ہوئی ملک الموت سے امید پوری ہو اس سے پہلے روح پرواز کر گئی۔ (تفسیر ابن کثیر)

كَمَا فُعِلَ بِأَشْيَاعِهِمْ مِنْ قَبْلُ ۚ إِنَّهُمْ
جیسا کہ کیا گیا ہے ان کے طریقہ والوں کے ساتھ اس سے پہلے وہ لوگ تھے
كَانُوا فِي شَكٍّ مُرِيبٍ ﴿٥٤﴾
ایسے تردد میں جو چین نہ لینے دے ☆

بُروں کا انجام بُرا ہی ہے:

یعنی پہلے جو اسی قماش کے لوگ گذرے ہیں جیسا معاملہ ان سے کیا گیا تھا ان سے بھی ہوا کیونکہ وہ لوگ بھی اسے ہی مہمل شبہات اور بے جا شک و تردد میں گھرے ہوئے تھے جو کسی طرح ان کو چین نہ لینے دیتا تھا۔ (تفسیر عثمانی)

تحقیق یہ سب لوگ جب دنیا میں تھے تو ایسے دریائے شک میں غرق تھے کہ جو ان کو چین نہیں لینے دیتا تھا، اللہ اور رسول کی ہر بات میں ان کو شک رہتا تھا اب جبکہ خدا اور رسول کی باتوں اور خبروں کو آنکھوں سے دیکھ لیا اور پردہ اٹھ گیا تو ایمان کی باتیں کرنے لگے جب ایمان کا وقت تھا تو سخت شک اور اضطراب میں پڑے رہے لہٰذا اب ایمان قبول نہ ہوگا۔ (معارف القرآن کاندھلوی)

besturdubooks.wordpress.com

سورة فاطر

جس نے خواب میں اس کی تلاوت کی اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ اللہ عزوجل کو دیکھے گا اور اللہ تعالیٰ کے اولیاء میں سے ایک ولی ہوگا۔

(علامہ ابن سیرین رحمہ اللہ)

سورہ فاطر مکہ میں نازل ہوئی اس میں پینتالیس آیتیں اور پانچ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
سب خوبی اللہ کو ہے جس نے بنا نکالے آسمان اور زمین ☆

بغیر نمونہ کے بنانے والا

یعنی آسمان و زمین کو ابتداء عدم سے نکال کر وجود میں لایا پہلے سے کوئی نمونہ اور تخلیق کا قانون موجود نہ تھا۔ (تفسیر عثمانی)

تمام حمد (ستائش) اسی اللہ کو زیبا ہے جو آسمانوں کو زمین کو عدم کا پردہ پھاڑ کر وجود میں لانے والا ہے۔ یعنی سب کا خالق ہے بغیر سابق مثال کے ایجاد کرنے والا ہے۔ (تفسیر مظہری)

فاطر کا معنی:

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں فاطر کے بالکل ٹھیک معنی میں نے سب سے پہلے ایک اعرابی کی زبانی سن کر معلوم کئے وہ اپنے ایک ساتھی اعرابی سے جھگڑتا ہوا آیا ایک کنویں کے بارے میں ان کا اختلاف تھا تو اعرابی نے کہا اَنَا فَطَرْتُهَا یعنی پہلے پہل میں نے ہی اُسے بنایا ہے پس معنی یہ ہوئے کہ ابتداءً بے نمونہ صرف اپنی قدرت کاملہ سے اللہ تبارک وتعالیٰ نے زمین وآسمان کو پیدا کیا۔ (تفسیر ابن کثیر)

جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا
جس نے ٹھہرایا فرشتوں کو پیغام لانیوالے ☆

فرشتوں کی مصروفیات:

یعنی فرشتے انبیاء کے پاس اللہ کا پیغام لاتے ہیں اور بعض دوسرے جسمانی وروحانی نظام کی تدبیر وتشکیل پر مامور ہیں۔ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا۔

اور یہ بھی ممکن ہے کہ رسول سے مراد اس جگہ واسطہ ہو اللہ تعالیٰ اور اس کی عام مخلوقات کے درمیان جن میں انبیاء علیہم السلام سب سے افضل واعلیٰ ہیں، ان کے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان بھی وحی کا واسطہ بنتے ہیں اور عام مخلوقات تک اللہ تعالیٰ کی رحمت یا عذاب پہنچانے کا بھی واسطہ فرشتے ہی ہوتے ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ مَّثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ
جن کے پر ہیں دو دو اور تین تین اور چار چار ☆

فرشتوں کی ساخت:

یعنی بعض فرشتوں کے دو بازو (یا دو پر) بعض کے تین بعض کے چار ہیں، ان بازوؤں اور پروں کی کیفیت کو اللہ ہی جانتا ہے جس نے دیکھے ہوں وہ کچھ بتلا سکیں۔ (تفسیر عثمانی)

فرشتوں کے یہ بازو ان کی خلقت کے مناسب ہیں جیسے ان کی خلقت نورانی ہے اسی طرح ان کے بازو بھی نورانی ہیں اور اصل حقیقت اور کیفیت تو اللہ ہی کو معلوم ہے اور پھر خدا کے پیغمبر جنہوں نے فرشتوں کو دیکھا ہے وہی کچھ ان کا حال بتا سکتے ہیں فلسفی اور سائنس دان دائرۂ محسوسات میں صرف اتنا بتلا سکتے ہیں کہ کبوتر کے دو بازو ہیں اور دو پَر ہیں جن سے وہ ہوا میں اڑتا ہے مگر کس طرح اڑتا ہے اور اس کے طیران (اڑنے کی) حقیقت اور کیفیت کیا ہے یہ بیان نہیں کرسکتا۔ (معارف کاندھلوی)

اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو پَر والے بازو عطا فرمائے ہیں، جن سے وہ اڑ سکتے ہیں حکمت اس کی ظاہر ہے کہ وہ آسمان سے زمین تک کی مسافت بار بار طے کرتے ہیں، یہ جب ہی ہوسکتا ہے کہ ان کو سُرعت سیر کی قوت عطا کی جائے اور وہ اڑنے ہی کی صورت میں ہوتی ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

جبرئیل علیہ السلام کے پَر:

حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لیلۃ المعراج میں حضرت جبرئیلؑ کو دیکھا ان کے چھ سو پَر تھے اور ہر دو پَر کے درمیان مشرق ومغرب جتنا فاصلہ تھا۔ (تفسیر ابن کثیر)

يَزِيْدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَآءُ
بڑھا دیتا ہے پیدائش میں جو چاہے
اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ
بیشک اللہ ہر چیز کرسکتا ہے ☆

اللہ تعالیٰ قادرِ مطلق ہے:

یعنی اللہ تعالیٰ جس مخلوق میں جو عضو اور جو صفت چاہے اپنی حکمت کے موافق بڑھا دے فرشتوں کے دو، تین، چار بازو (یا پَر) اُسی نے بنائے چاہے

besturdubooks.wordpress.com

تو بعض فرشتوں کے چار سے زیادہ بنادے چنانچہ حدیث میں ہے کہ حضرت جبریل علیہ السلام کے چھ سو بازو (یا پر) ہیں اور جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا سے یہ مت سمجھو کہ اللہ تعالیٰ کچھ ان وسائط کا محتاج ہے ہرگز نہیں، وہ بذاتِ خود ہر چیز پر قادر ہے محض حکمت کی بناء پر یہ اسباب و وسائط کا سلسلہ قائم کیا ہے۔

سرسید احمد خان کی غلط فہمی:

(اطلاع) جاننا چاہئے کہ ملائکہ کا وجود قرآن اور حدیث سے صراحۃً ثابت ہے مگر خان بہادر سرسید علی گڑھی اپنی تفسیر میں شد و مد سے وجود ملائکہ اور وجود شیاطین کا منکر ہے اور آیات قرآنیہ میں عجیب عجیب تاویلیں کرتا ہے سرسید نے ملائکہ اور شیاطین کے بارہ میں جو تحریفات کی ہیں ان کو مولانا عبدالحق صاحب دہلوی نے اپنی تفسیر حقانی کے مقدمہ میں نقل کر کے ان کا ہذیان اور بکواس ہونا ثابت کیا ہے ناظرین کرام مقدمہ تفسیر حقانی جو تفسیر کے ساتھ چھپا ہوا ہے از ص ۲۰ تا ص ۶۰ ملاحظہ کریں، و اللہ الہدی الی سواء الطریق۔ (معارف القرآن کاندھلوی)

مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ
جو کچھ کہ کھول دے اللہ لوگوں پر
رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا
رحمت میں سے تو کوئی نہیں اُس کو روکنے والا ☆

اللہ کی رحمت کو کوئی نہیں روک سکتا:

رحمت جسمانی ہو مثلاً بارش، روزی وغیرہ یا روحانی جیسے انزال کتب وارسال رُسل، غرض اللہ جب لوگوں پر اپنی رحمت کا دروازہ کھولے، کون ہے جو بند کر سکے۔ (تفسیر عثمانی)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعائیں:

نماز فرض کے سلام کے بعد اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ یہ کلمات پڑھتے: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَآ اَعْطَيْتَ وَ لَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَاالْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ اور صحیح مسلم شریف میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع سے سر اُٹھاتے ہوئے سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ کہہ کر فرماتے اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْاَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَمِلْاَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ اَللّٰهُمَّ اَهْلَ الثَّنَآءِ وَ الْمَجْدِ اَحَقُّ مَا قَالَ الْعَبْدُ وَ كُلُّنَا لَكَ عَبْدٌ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَآ اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَاالْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

اسی آیت جیسی آیت: وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ الخ اور بھی اس کی نظیر کی آیتیں بہت سی ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

بارش کے وقت حضرت ابو ہریرہؓ کا عمل:

اور حضرت ابو ہریرہؓ جب بارش ہوتے دیکھتے تو فرمایا کرتے تھے مُطِرْنَا بنوء الفتح اور پھر آیت مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ پڑھتے تھے، یہ عرب کے باطل خیالات کی تردید ہے، جو بارش کو خاص خاص ستاروں کی طرف منسوب کر کے کہا کرتے کہ ہمیں یہ بارش فلاں ستارے کی وجہ سے ملی ہے، حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ ہمیں یہ بارش آیت فتح سے ملی ہے، مراد آیت فتح سے یہی مذکورہ آیت ہے جس کو وہ ایسے وقت تلاوت فرمایا کرتے (رواہ مالک فی الموطا) (معارف القرآن مفتی اعظم)

وَمَا يُمْسِكْ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْۢ
اور جو کچھ روک رکھے تو کوئی نہیں اُس کو بھیجنے والا اس کے
بَعْدِهٖ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ
سوائے اور وہی ہے زبردست حکمتوں والا ☆

یعنی اپنی حکمت بالغہ کے موافق جو کچھ کرنا چاہے فوراً کر گذرے ایسا زبردست ہے جسے کوئی نہیں روک سکتا۔ (تفسیر عثمانی)

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ هَلْ
اے لوگو یاد کرو احسان اللہ کا اپنے اُوپر کیا
مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ
کوئی ہے بنانے والا اللہ کے سوائے روزی دیتا ہے تم کو آسمان سے
وَالْاَرْضِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ
اور زمین سے کوئی حاکم نہیں مگر وہ پھر کہاں الٹے جاتے ہو ☆

معبودِ حقیقی صرف اللہ ہی ہے:

یعنی مانتے ہو کہ پیدا کرنا اور روزی کے سامان بہم پہنچا کر زندہ رکھنا سب اللہ کے قبضہ اور اختیار میں ہے پھر معبودیت کا استحقاق کسی دوسرے کو کدھر سے ہو گیا جو خالق و رازق حقیقی ہے وہ ہی معبود ہونا چاہئے۔ (تفسیر عثمانی)

آسمان وزمین:

آسمان اور زمین کے اختلاط اور امتزاج سے رزق پیدا ہوتا ہے جیسے مرد اور عورت کے اختلاط اور امتزاج سے بچہ پیدا ہوتا ہے آسمان بمنزلہ مرد کے ہے اور

besturdubooks.wordpress.com

زمین بمنزلہ عورت کے ہے آسمان سے بارش ہوتی ہے اور زمین اس کو اپنے اندر جذب کر لیتی ہے اسی طرح سمجھو کہ علوی اور سفلی کے امتزاج سے رزق پیدا ہوتا ہے یہ اس کی قدرت کا کرشمہ ہے آسمان بمنزلہ فاعل کے ہے اور زمین بمنزلہ قابل کے ہے اور زمین کے ثمرات بمنزلہ اولاد کے ہیں جس کا اصل سرچشمہ آسمان ہے۔ کما قال تعالیٰ فِي السَّمَاءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوعَدُونَ ۔ (معارف کاندھلوی)

وَإِنْ يُكَذِّبُوكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ
اور اگر تجھ کو جھٹلائیں تو جھٹلائے گئے کتنے رسول
مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ④
تجھ سے پہلے اور اللہ تک پہنچتے ہیں سب کام ☆

متعصب ہمیشہ رہے ہیں:

یعنی اس قدر سمجھانے اور حجت تمام کرنے کے بعد بھی یہ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو جھٹلائیں تو غم نہ کیجئے، انبیائے سابقین کے ساتھ بھی یہ ہی برتاؤ ہوا ہے کوئی انوکھی بات نہیں متعصب اور ضدی لوگ کبھی اپنی ہٹ سے باز نہیں آئے ایسوں کا معاملہ خدا کے حوالہ کیجئے، وہیں پہنچ کر سب باتوں کا فیصلہ ہو جائے گا۔ (تفسیر عثمانی)

يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ ۖ فَلَا
اے لوگو بیشک اللہ کا وعدہ ٹھیک ہے سو نہ
تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا ۖ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللَّهِ
بہکائے تم کو دنیا کی زندگانی اور نہ دغا دے تم کو اللہ کے نام سے
الْغَرُورُ ⑤ إِنَّ الشَّيْطَانَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوهُ عَدُوًّا ۚ
وہ دغا باز تحقیق شیطان تمہارا دشمن ہے سو تم بھی سمجھ رکھو اس کو دشمن
إِنَّمَا يَدْعُو حِزْبَهُ لِيَكُونُوا مِنْ أَصْحَابِ السَّعِيرِ ⑥
وہ تو بلاتا ہے اپنے گروہ کو اسی واسطے کہ ہوں دوزخ والوں میں ☆

شیطان سے بچنا ضروری ہے:

یعنی قیامت آنی ہے اور یقیناً سب کو اللہ تعالیٰ کی بڑی عدالت میں حاضر ہونا ہے۔ اس دنیا کی ٹیپ ٹاپ اور فانی عیش و بہار پر نہ پھولو اور اس مشہور دغا باز شیطان کے دھوکہ میں مت آؤ۔ وہ تمہارا ازلی دشمن ہے کبھی اچھا مشورہ نہ دیگا۔ یہ ہی کوشش کرے گا کہ اپنے ساتھ تم کو بھی دوزخ میں پہنچا کر چھوڑے طرح طرح کی باتیں بنا کر خدا اور آخرت کی طرف سے غافل کرتا رہے گا۔ چاہیے کہ تم دشمن کو دشمن سمجھو اس کی بات نہ مانو۔ اس پر ثابت کر دو کہ ہم تیری مکاری کے جال میں پھنسنے والے نہیں۔ خوب سمجھتے ہیں کہ تو دوستی کے لباس میں بھی دشمنی کرتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

محبت کا تقاضا:

اپنے تمام احوال میں اس کے وسوسہ سے بچتے رہو اس کا کہنا مانو اس کی مرضی کے خلاف محض اللہ کی اطاعت کرو، محبت کا تقاضا ہے کہ محبوب جس کام کو پسند کرے وہی کیا جائے تا کہ اس کی رضا مندی حاصل ہو اور دشمنی کا تقاضا ہے کہ جو کام دشمن کو پسند ہو وہ نہ کیا جائے اور اس کو غصہ کی آگ میں جلایا جائے۔ (تفسیر مظہری)

الَّذِينَ كَفَرُوا لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ۖ وَالَّذِينَ
جو منکر ہوئے اُن کو سخت عذاب ہے اور جو
آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ
یقین لائے اور کئے بھلے کام اُن کیلئے ہے معافی اور بڑا ثواب
كَبِيرٌ ⑦ أَفَمَنْ زُيِّنَ لَهُ سُوءُ عَمَلِهِ فَرَآهُ حَسَنًا ۖ
بھلا ایک شخص کہ بھلی سمجھائی گئی اُس کو اس کے کام کی بُرائی پھر دیکھا اُس نے اُس کو بھلا،
فَإِنَّ اللَّهَ يُضِلُّ مَنْ يَشَاءُ وَيَهْدِي مَنْ يَشَاءُ ۖ
کیونکہ اللہ بھٹکاتا ہے جس کو چاہے اور سجھاتا ہے جس کو چاہے
فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرَاتٍ ۚ
سو تیرا جی نہ جاتا رہے ان پر پچتا پچتا کر
إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِمَا يَصْنَعُونَ ⑧
اللہ کو معلوم ہے جو کچھ کرتے ہیں ☆

نیک و بد برابر نہیں ہیں اللہ سب سے نمٹ لے گا:

یعنی شیطان نے جس کی نگاہ میں برے کام کو بھلا کر دکھایا، کیا وہ شخص اس کے برابر ہو سکتا ہے جو خدا کے فضل سے بھلے برے کی تمیز رکھتا ہے، نیکی کو نیکی اور بدی کو بدی سمجھتا ہے؟ جب دونوں برابر نہیں ہو سکتے تو انجام دونوں کا یکساں کیونکر ہو سکتا ہے اور یہ خیال نہ کرو کہ کوئی آدمی دیکھتی آنکھوں برائی کو بھلائی کیونکر سمجھ لے گا۔ اللہ جس کو سوء استعداد اور سوء اختیار کی بناء پر بھٹکانا چاہے اس کی عقل اسی طرح اوندھی ہو جاتی ہے اور جس کو حسن استعداد اور حسن اختیار کی وجہ سے ہدایت پر لانا چاہے تب کسی شیطان کی طاقت نہیں کہ جو اسے غلط راستے پر ڈال سکے یا الٹی بات سمجھا دے۔ بہرحال جو شخص شیطانی اغواء سے برائی کو بھلائی، بدی کو نیکی

besturdubooks.wordpress.com

اور زہر کو تریاق سمجھ لے گیا اس کے سیدھے راستہ پر آنے کی کچھ توقع ہوسکتی ہے؟ جب نہیں ہوسکتی اور سلسلہ ہدایت وضلالت کا سب اللہ کی مشیت وحکمت کے تابع ہے تو آپ ان معاندین کے غم میں اپنے کو کیوں گھلاتے ہیں۔ اس حسرت میں کہ یہ بدبخت اپنے فائدہ کی بات کو کیوں قبول نہیں کرتے کیا آپ اپنی جان دے بیٹھیں گے۔ آپ ان کا قصہ ایک طرف کیجئے۔ اللہ ان کے سب کرتوت جانتا ہے وہ خود ان کا بھگتان کردے گا۔ آپ دلگیر وغمگین نہ ہوں۔ (تفسیر عثمانی)

سبب نزول: جبیر نے بوساطت ضحاک حضرت ابن عباسؓ کا قول نقل کیا ہے کہ اس آیت کا نزول اس وقت ہوا جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعاء کی تھی اے اللہ اپنے دین کو عمر بن خطاب یا ابوجہل بن ہشام (کے ایمان) سے غلبہ عطا فرما چنانچہ اللہ نے حضرت عمرؓ کو ایمان کی توفیق عنایت کر دی اور ابو جہل کو گمراہ چھوڑ دیا ان ہی دونوں کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

وَاللّٰهُ الَّذِیْۤ اَرْسَلَ الرِّیٰحَ فَتُثِیْرُ سَحَابًا

اور اللہ ہے جس نے چلائی ہیں ہوائیں پھر وہ اٹھاتی ہیں بادل کو

فَسُقْنٰهُ اِلٰى بَلَدٍ مَّیِّتٍ فَاَحْیَیْنَا بِهِ

پھر ہانک لے گئے ہم اُس کو ایک مُردہ دیس کی طرف پھر زندہ کر دیا

الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ ⑨

ہم نے اُس سے زمین کو اُس کے مرجانے کے بعد اسی طرح ہوگا جی اُٹھنا ☆

اللہ تعالیٰ مُردوں کو زندہ کریں گے:

اللہ کے حکم سے ہوائیں بادلوں کو اُٹھا کر لاتی ہیں اور جس ملک کا رقبہ مردہ پڑا تھا یعنی کھیتی وسبزہ کچھ نہ تھا۔ چاروں طرف خاک اُڑ رہی تھی، بارش کے پانی سے اس میں جان پڑ جاتی ہے اسی طرح سمجھ لو کہ اللہ تعالیٰ تم کو بھی مرے پیچھے جلا کر کھڑا کر دے گا۔ روایات میں ہے کہ جب اللہ مردوں کو زندہ کرنا چاہے گا عرش کے نیچے سے ایک (خاص قسم کی) بارش ہوگی جس کا پانی پڑتے ہی مردے اس طرح جی اُٹھیں گے جیسے ظاہری بارش ہونے پر دانہ زمین سے اُگ آتا ہے۔ مزید تفصیل روایات میں دیکھنی چاہئے۔ (تفسیر عثمانی)

مُردوں کے زندہ ہونے کی کیفیت:

حضرت عبداللہ بن عمروؓ کی روایت سے مسلم نے ایک حدیث نقل کی ہے جس میں بعث کی کیفیت ان الفاظ کے ساتھ بیان کی گئی ہے پھر اللہ ایک بارش شبنم کی طرح بھیجے گا جس کی وجہ سے اجسام اگیں گے۔ الحدیث

ابوالشیخ نے العظمت میں وہب کی روایت سے بیان کیا ہے کہ بحر مسجور (آتشیں سمندر) کی ابتداء اللہ کے علم میں ہوگی اور اس کا آخر (کنارہ) اللہ کے ارادہ میں ہوگا اس کے اندر مادۂ منویہ کی طرح گاڑھا پانی ہوگا جس کو راجفہ اور رادفہ (زمین کے دو زلزلے) کے درمیان اللہ برسائے گا جس سے اجسام اس طرح اگیں گے جس طرح سیلابی مٹی سے سبزہ اگتا ہے پھر اللہ مومنوں کی روحوں کو جنت سے (لاکر) اور کافروں کی روحوں کو دوزخ سے (لاکر) یکجا کریگا تاکہ ان کو صورتیں عطا فرمائے اسرافیل بحکم خدا (صور) پھونکیں گے جس سے ہر روح اپنے بدن میں داخل ہو جائے گی۔ الحدیث (تفسیر مظہری)

صحیح حدیث میں ہے ابن آدم تمام کا تمام گل سڑ جاتا ہے لیکن ریڑھ کی ہڈی نہیں سڑتی، اسی سے پیدا کیا گیا ہے اور اسی سے ترکیب دیا جائے گا، یہاں بھی نشان بتا کر فرمایا، اسی طرح موت کے بعد کی زیست ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

مَنْ كَانَ یُرِیْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِیْعًا ؕ

جس کو چاہئے عزت تو اللہ کیلئے ہے ساری عزت ☆

عزت ذلت کا مالک اللہ ہے:

کفار نے دوسرے معبود اس لئے ٹھہرائے تھے کہ اللہ کے ہاں ان کی عزت ہوگی۔ ''وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّیَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا'' (مریم۔ رکوع ۵) اور بہت لوگ مسلمانوں کو چھوڑ کر کفار سے دوستانہ کرتے تھے کہ اس سے انکی عزت بنی رہے گی۔ ''اَلَّذِیْنَ یَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِیْنَ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ اَیَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِیْعًا'' (نساء۔ رکوع ۲) اس قسم کے لوگوں کو بتلایا کہ جو شخص دنیا وآخرت کی عزت چاہے، چاہیے کہ اللہ سے طلب کرے کہ عزیز مطلق تو وہ ہے، اسی کی فرمانبرداری اور یادگاری سے اصلی عزت میسر آتی ہے۔ تمام عزتوں کا مالک وہی اکیلا ہے۔ جس کسی کو عزت ملی یا ملے گی اسی کے خزانہ سے ملی ہے یا ملے گی۔ (تفسیر عثمانی)

اِلَیْهِ یَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّیِّبُ

اس کی طرف چڑھتا ہے کلام ستھرا ☆

عمدہ کلام:

ستھرا کلام ہے ذکر اللہ، دعاء تلاوۃ القرآن، علم ونصیحت کی باتیں، یہ سب چیزیں بارگاہ رب العزت کی طرف چڑھتی ہیں اور قبول واعتناء کی عزت حاصل کرتی ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

پاک کلمات اللہ تعالیٰ کی طرف کیسے چڑھتے ہیں:

حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا جو شخص پانچ کلمات سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ

besturdubooks.wordpress.com

لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ واللّٰهُ اَكْبَرُ وتَبَارَكَ اللّٰه کہتا ہے۔ کوئی ایک فرشتہ ان کو فوراً لے کر اپنے پروں کے نیچے چھپا کر اور چڑھ جاتا ہے اور ملائکہ جس کی جماعت کی طرف سے گذرتا ہے وہ ملائکہ ان کلمات کے قائل کے لیے دعاء مغفرت کرتے ہیں آخر رب العالمین کی بارگاہ میں ان کلمات کو وہ فرشتہ پیش کر دیتا ہے اس کی تصدیق اللہ کی کتاب (کی اس آیت) سے ہوتی ہے اللہ نے فرمایا ہے اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ۔

رواہ البغوی والحاکم وغیرہ، ثعلبی اور ابن مردویہ نے حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے اس حدیث کو مرفوعاً بیان کیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

حضرت کعب احبار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں سُبْحَانَ اللّٰهِ اور لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اور اللّٰهُ اَكْبَرُ عرش کے اردگرد آہستہ آہستہ آواز نکالتے ہیں جیسے شہد کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ ہوتی ہے اپنے کہنے والے کا ذکر خدا کے سامنے کرتے رہتے ہیں اور نیک اعمال خزانوں میں محفوظ رہتے ہیں۔

مسند احمد میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جو لوگ اللہ کا جلال اس کی تسبیح اس کی حمد اس کی بڑائی اس کی وحدانیت کا ذکر کرتے رہتے ہیں، ان کے لئے ان کے یہ کلمات عرش کے آس پاس خدا کے سامنے ان کا ذکر کرتے رہتے ہیں کیا تم نہیں چاہتے کہ کوئی نہ کوئی تمہارا ذکر تمہارے رب کے سامنے کرتا رہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ
اور کام نیک اُس کو اٹھا لیتا ہے ☆

پاک کلمات اور عمل صالح دونوں ضروری ہیں:

ستھرے کلام (ذکر اللہ وغیرہ) کا ذاتی اقتضاء ہے اُوپر چڑھنا۔ اس کے ساتھ دوسرے اعمال صالحہ ہوں تو وہ اس کو سہارا دے کر اور زیادہ اُبھارتے اور بلند کرتے رہتے ہیں۔ اچھے کلام کو بدون اچھے کاموں کے پوری رفعت شان حاصل نہیں ہوتی۔ بعض مفسرین نے وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ کی ضمیروں کا مرجع بدل کر یہ معنی لئے ہیں کہ ستھرا کلام اچھے کام کو اُونچا اور بلند کرتا ہے۔ یہ بھی درست ہے اور بعض نے یرفع کی ضمیر اللہ کی طرف لوٹائی ہے۔ یعنی اللہ عمل صالح کو بلند کرتا اور معراج قبول پر پہنچاتا ہے بہر حال غرض یہ ہے کہ بھلے کام اور اچھے کلام دونوں علو و رفعت کو چاہتے ہیں۔ لہٰذا جو شخص اللہ تعالیٰ سے عزت کا طالب ہو وہ ان چیزوں کے ذریعہ سے حاصل کرے۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "یعنی عزت اللہ کے ہاتھ ہے۔ تمہارے ذکر اور بھلے کام چڑھتے جاتے ہیں۔ جب اپنی حد کو پہنچیں گے تب بڑائی پر (پورا) غلبہ (حاصل) کریں گے۔ کفر دفع ہوگا، اسلام کو عزت ہوگی۔" مکاروں کے سب داؤ گھات باطل اور بیکار ہو کر رہ جائیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

بغیر عمل کے ایمان بیکار نہیں:

میں کہتا ہوں آیت کا مطلب یہ نہیں ہے کہ بغیر عمل کے ایمان نا قابل اعتبار اور بیکار ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے کہ جس نے اس بات کی شہادت دی کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ ہی تنہا معبود ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں اور عیسیٰ اللہ کے بندے اور رسول اور اللہ کی بندی کے بیٹے اور کلمۃ اللہ تھے جو اللہ نے مریم کی طرف القاء کیا تھا اور اللہ کی طرف سے روح تھے اور اس بات کی بھی شہادت دی کہ جنت حق ہے اور دوزخ حق ہے تو اللہ اس کو جنت میں داخل فرما دے گا اس کے عمل کچھ بھی ہوں رواہ الشیخان فی الصحیحین عن عبادۃ بن الصامت۔

قول بغیر ایمان اور خلوص کے خالی باتیں بے کار ہیں:

منافق کا زبانی قول جو عمل قلبی کے ساتھ نہ ہو اور اعمال اعضاء بھی قول کے خلاف ہوں وہ نا قابل اعتبار اور بیکار ہے اسی طرح جو عمل بغیر خلوص نیت کے کیا جائے نہ قلبی عقیدہ عمل کے مطابق ہو نہ اخلاص قلبی اس عمل کے ساتھ ہو وہ بھی قابل قبول نہیں ہوتا۔ (تفسیر مظہری)

قبولیت کی شرط:

ایک حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی قول کو بغیر عمل کے اور کسی قول و عمل کو بغیر نیت کے اور کسی قول و عمل اور نیت کو بغیر مطابقت سنت کے قبول نہیں کرتا۔ (قرطبی)

اس سے معلوم ہوا کہ مکمل قبولیت کی شرط سنت کے مطابق ہونا ہے، اگر قول بھی عمل بھی اور نیت بھی، یہ سب درست بھی ہوں مگر طریقہ عمل سنت کے مطابق نہ ہو تو قبولیت تامہ حاصل نہیں ہوگی۔

حقیقت یہی ہے کہ جس طرح صرف کلمہ توحید اور تسبیحات بغیر عمل صالح کے کافی نہیں اسی طرح عمل صالح اور امر و نواہی کی پابندی بھی بغیر کثرت ذکر اللہ کے بے رونق رہتی ہے، ذکر اللہ کی کثرت ہی اعمال صالحہ کو مزین کر کے قابل قبول بناتی ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

besturdubooks.wordpress.com

''صعود'' اور ''رفع'' کا فرق:

کلمات اور اذکار کا تعلق چونکہ ذات باری تعالیٰ سے ہے ان کا اوپر کو چڑھنا ان کا ذاتی اور طبعی اقتضاء ہے اس لئے ان کے لئے صعود کا لفظ استعمال کیا گیا اور اعمال صالحہ کا تعلق بندہ سے ہے جو سفلی ہے اعمال صالحہ کا اوپر کو چڑھنا ذاتی اور طبعی نہیں بلکہ کسی کے سہارے ہے اس لئے اعمال صالحہ کے لئے لفظ رفع کا استعمال کیا گیا جس کے معنی اوپر اٹھانے کے ہیں جس کیلئے کوئی اٹھانیوالا چاہئے۔ (معارف کاندھلوی)

وَالَّذِيْنَ يَمْكُرُوْنَ السَّيِّاٰتِ لَهُمْ عَذَابٌ
اور جو لوگ داؤ میں ہیں برائیوں کے اُن کے لئے سخت عذاب ہے
شَدِيْدٌ ؕ وَمَكْرُ اُولٰٓئِكَ هُوَ يَبُوْرُ ۝
اور اُن کا داؤ ہے ٹوٹنے کا ☆

حق کے مخالف ناکام ہوں گے:

یعنی جو لوگ بری تدبیریں سوچتے اور حق کے خلاف داؤ گھات میں رہتے ہیں آخر ناکام ہوکر خسارہ اٹھائیں گے۔ دیکھو قریش نے ''دارالندوہ'' میں بیٹھ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو قید کرنے یا قتل کرنے یا وطن سے نکالنے کے مشورے کئے تھے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ جنگ بدر کے موقع پر وہ ہی لوگ وطن سے نکلے، مسلمانوں کے ہاتھوں سے قتل ہوئے اور قلیب بدر میں ہمیشہ کے لئے قید کردیئے گئے۔

وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ
اور اللہ نے تم کو بنایا مٹی سے پھر بوند پانی سے
ثُمَّ جَعَلَكُمْ اَزْوَاجًا ؕ وَمَا تَحْمِلُ
پھر بنایا تم کو جوڑے جوڑے اور نہ پیٹ رہتا ہے
مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ؕ
کسی مادہ کو اور نہ وہ جنتی ہے بن خبر اُسکے ☆

انسان کا توالد وتناسل:

یعنی آدم کو مٹی سے پھر اس کی اولاد کو پانی کی بوند سے پیدا کیا۔ پھر مرد عورت کے جوڑے بنادیئے جس سے نسل پھیلی۔ اس درمیان میں استقرار حمل سے لے کر بچہ کی پیدائش تک جو ادوار و اطوار گزرے سب کی خبر خدا ہی کو ہے۔ ماں باپ بھی نہیں جانتے کہ اندر کیا کیا صورتیں پیش آئیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ
اور نہ عمر پاتا ہے کوئی بڑی عمر والا اور نہ گھٹتی ہے
عُمُرِهٖٓ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝
کسی کی عمر مگر لکھا ہے کتاب میں بیشک یہ اللہ پر آسان ہے ☆

ہر ایک کی عمر مقرر ہے، کفر آخر کار مغلوب ہوگا:

یعنی جس کی جتنی عمر ہے لوح محفوظ میں لکھی ہوئی ہے اور جو اسباب عمر کے گھٹنے بڑھنے کے ہیں یا یہ کہ کون عمر طبعی کو پہنچے گا کون نہیں، سب اللہ کے علم میں ہے اور اللہ کو ان جزئیات پر احاطہ رکھنا بندوں کی طرح کچھ مشکل نہیں۔ اس کو تو تمام ما کان وما یکون، جزئی، کلی اور غیب وشہادت کا علم ازل سے حاصل ہے۔ اس کو اپنے اوپر قیاس نہ کرو۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ ''ہر کام سج سج ہوتا ہے جیسے آدمی کا بننا'' اور اپنی عمر مقدر کو پہنچنا۔ اسی طرح سمجھ لو اسلام بتدریج بڑھے گا اور آخر کار کفر کو مغلوب ومقہور کرکے چھوڑے گا۔ (تفسیر عثمانی)

لوح محفوظ ہر ایک کی عمر کا مفصل اندراج ہوتا ہے:

سعید بن جبیر نے کہا ام الکتاب (یعنی لوح محفوظ) میں لکھا ہوتا ہے کہ فلاں شخص کی عمر اتنے سال کی ہوگی پھر اس کے نیچے لکھا ہوتا ہے ایک دن گذر گیا دو دن گذر گئے تین دن گذر گئے اسی طرح پوری عمر کے دن لکھے ہوئے ہوتے ہیں اور اس طرح عمر ختم ہوجاتی ہے۔

بعض علماء کے نزدیک آیت کا یہ مطلب ہے کہ کسی کی عمر میں بیشی یا کمی نہیں کی جاتی مگر اس کا اندراج (پہلے سے) لوح محفوظ میں ہوتا ہے مثلاً لوح محفوظ میں لکھا ہوتا ہے کہ فلاں شخص کی عمر کتنے سال کی ہوگی پھر بعض نیکیوں کی وجہ سے اس کی عمر بڑھادی جائے گی یا بعض گناہوں کی وجہ سے اس کی عمر کم کردی جائے گی یہ سب کچھ لوح محفوظ میں پہلے سے لکھا ہوتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

زیادتی عمر کے اسباب:

بخاری ومسلم وغیرہ میں ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جو چاہے کہ اس کی روزی اور عمر بڑھے وہ صلہ رحمی کیا کرے، ابن ابی حاتم میں ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں، کسی کی اجل آجانے کے بعد اسے مہلت نہیں ملتی، زیادتی عمر سے مراد نیک اولاد کا ہونا ہے جس کی دعائیں اسے مرنے کے بعد اس کی قبر میں پہنچتی رہتی ہیں یہی زیادتی عمر ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

besturdubooks.wordpress.com

وَمَا يَسْتَوِى الْبَحْرٰنِ ۖ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَآئِغٌ

اور برابر نہیں دو دریا یہ میٹھا ہے پیاس بجھاتا ہے خوشگوار

شَرَابُهٗ وَهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ؕ وَمِنْ كُلٍّ تَاْكُلُوْنَ

اور یہ کھارا کڑوا اور دونوں میں سے کھاتے ہو

لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ

گوشت تازہ اور نکالتے ہو گہنا جس کو پہنتے ہو ☆

غلبہ اسلام کے لطیف اشارے:

اُوپر سے دلائل توحید اور شواہد قدرت بیان ہوتے آ رہے ہیں اسی کے ضمن میں لطیف اشارے اسلام کے غلبہ کی طرف بھی ہوتے جاتے ہیں۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں ''یعنی کفر اور اسلام برابر نہیں خدا کفر کو مغلوب ہی کرے گا اگر چہ تم کو دونوں سے فائدہ ملے گا۔ مسلمانوں سے قوت دین اور کافروں سے جزیہ خراج اور گوشت میٹھے کھاری دونوں دریاؤں سے نکلتا ہے یعنی مچھلی۔ اور گہنا (زیور) یعنی موتی، مونگا اور جواہر اکثر کھاری سے نکلتے ہیں''۔ (تفسیر عثمانی)

مچھلی کا حکم: اس آیت میں مچھلی کو گوشت کے لفظ سے تعبیر کرنے میں اس طرف اشارہ پایا جاتا ہے کہ مچھلی خود بخود حلال گوشت ہے اس کو ذبح کرنے کی ضرورت نہیں، بخلاف دوسرے بری جانوروں کے کہ جب تک ان کو اللہ کے نام پر ذبح نہ کرو وہ حلال نہیں، مچھلی میں یہ شرط نہیں اس لئے وہ بنا بنایا گوشت ہے۔

موتی کھاری اور میٹھے دونوں طرح کے پانی میں ہوتے ہیں:

حلیہ کے معنی زیور کے ہیں، مراد اس سے موتی ہیں، آیت سے معلوم ہوا کہ موتی جس طرح دریائے شور میں پیدا ہوتے ہیں شیریں دریاؤں میں بھی ہوتے ہیں جو عام شہرت کے خلاف ہے، کیونکہ معروف و مشہور یہی بات ہے کہ موتی دریائے شور (سمندر) میں پیدا ہوتے ہیں۔

مردوں کیلئے موتیوں کا استعمال:

تَلْبَسُوْنَهَا میں صیغہ مذکر استعمال کرنے سے اس طرف اشارہ ہو گیا کہ موتیوں کا استعمال مردوں کے لئے بھی جائز ہے، بخلاف سونے چاندی کے کہ ان کا بطور زیور استعمال کرنا مردوں کے لئے جائز نہیں۔ (روح) (معارف مفتی اعظم)

وَتَرَى الْفُلْكَ فِيْهِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوْا

اور تو دیکھے جہازوں کو اُس میں کہ چلتے ہیں پانی کو پھاڑتے

مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ

تاکہ تلاش کرو اُسکے فضل سے اور تاکہ تم حق مانو ☆

اللہ کا شکرادا کرو:

اکثر بڑی بڑی تجارتیں جہازوں کے ذریعہ سے ہوتی ہیں، اُن سے جو منافع حاصل ہوں یہ ہی اللہ کا فضل ہے ان تمام انعامات پر انسان کو چاہئے مالک کا شکرادا کرے۔ (تفسیر عثمانی)

يُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ

رات گھساتا ہے دن میں اور دن گھساتا ہے

فِى الَّيْلِ ۙ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ

رات میں اور کام میں لگا دیا سورج اور چاند کو

كُلٌّ يَّجْرِىْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ

ہر ایک چلتا ہے ایک مقرر وعدہ تک ☆

اپنے وقت پر غلبہ ہوگا:

یہ مضمون پہلے کئی جگہ گذر چکا ہے، حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں ''یعنی رات دن کی طرح کبھی کفر غالب ہے کبھی اسلام، اور سورج چاند کی طرح ہر چیز کی مدت بندھی ہے دیر سویر نہیں ہوتی۔'' حق کا نمایاں غلبہ اپنے وقت پر ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

مغرب کے فلاسفروں کا شوشہ:

اس آیت سے معلوم ہوا کہ آفتاب و ماہتاب حسب حکم خداوندی گردش کرتے رہتے ہیں، فلاسفہ مغرب نے ایک شوشہ یہ چھوڑا ہے کہ آفتاب زمین کے گرد نہیں گھومتا بلکہ زمین آفتاب کے گرد گھومتی ہے۔

اگر فلاسفہ مغرب کا یہ خیال صحیح ہوتا کہ زمین آفتاب کے گرد گھومتی ہے تو لا محالہ زمین کے گھومنے سے قطب ستارہ ضرور متبدل ہوتا رہتا حالانکہ وہ ہمیشہ اپنے حال پر رہتا ہے اور ٹھیک اسی جگہ رہتا ہے جہاں پہلے تھا بلکہ جو لوگ زمین کے شمال اور جنوب میں رہتے ہیں ہر ایک کی جہت متبدل ہو جانی چاہئے حالانکہ تمام سال میں ہم کسی وقت کسی کی جہت کو متبدل نہیں پاتے پس ثابت ہوا کہ زمین کی گردش کا خیال بالکل غلط ہے۔

نیز اگر زمین گردش کرتی تو لازم تھا کہ دریاؤں اور کنوؤں کے پانی منقلب ہو جاتے بلکہ گھڑوں اور کٹوروں کے پانی بھی پلٹ جاتے لہٰذا یہ کہنا

besturdubooks.wordpress.com

کہ کرۂ زمین آفتاب کے گرد بہت زور سے چکر لگاتا ہے بالکل غلط اور باطل ہے۔ (معارف کاندھلوی)

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ۚ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ
یہ اللہ ہے تمہارا رب اُسی کیلئے بادشاہی ہے اور جن کو تم پکارتے ہو
مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِيْرٍ ﴿۱۳﴾
اُس کے سوائے وہ مالک نہیں کھجور کی گٹھلی کے ایک چھلکے کے ☆

خودساختہ خداؤں کی بے بسی:

یعنی جس کی صفات وشئون اُوپر بیان ہوئیں حقیقت میں یہ ہے تمہارا سچا پروردگار اور کل زمین و آسمان کا بادشاہ، باقی جنہیں تم خدا قرار دے کر پکارتے، وہ مسکین بادشاہ تو کیا ہوتے کھجور کی گٹھلی پر جو باریک جھلی سی ہوتی ہے اُس کے بھی مالک نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَكُمْ ۚ وَلَوْ
اگر تم اُن کو پکارو سنیں نہیں تمہاری پکار اور اگر
سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ ۗ
سنیں پہنچیں نہیں تمہارے کام پر
وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ بِشِرْكِكُمْ ۗ
اور قیامت کے دن منکر ہوں گے تمہارے شریک ٹھہرانے سے ☆

خودساختہ خدا بے کار ہیں:

یعنی جن معبودوں کا سہارا ڈھونڈتے ہو وہ تمہاری پکار نہیں سنتے اور توجہ کرتے بھی تو کچھ کام نہ آسکتے بلکہ قیامت کے دن تمہاری مشرکانہ حرکات سے علانیہ بیزاری کا اظہار کرینگے اور بجائے مددگار بننے کے دشمن ثابت ہونگے۔ (تفسیر عثمانی)

انبیاء اور فرشتے مشرکین سے بیزار ہیں:

بتوں میں تو سننے کی صلاحیت ہے ہی نہیں، انبیاء اور فرشتوں میں اگرچہ صلاحیت ہے مگر نہ وہ ہر جگہ موجود ہیں نہ ہر ایک کے کلام کو سنتے ہیں، آگے فرمایا کہ اگر بالفرض وہ سن بھی لیں جیسے فرشتے اور انبیاء تو پھر بھی وہ تمہاری درخواست پوری نہ کریں گے، کیونکہ ان کی خود قدرت نہیں، اور اللہ تعالیٰ کی اجازت کے بغیر اس سے کسی کی سفارش نہیں کر سکتے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ ﴿۱۴﴾
اور کوئی نہ بتلائیگا تجھ کو جیسا بتلائے خبر رکھنے والا ☆

پکی سچی خبر:

یعنی اللہ سے زیادہ احوال کون جانے وہ ہی فرماتا ہے کہ یہ شریک غلط ہیں جو کچھ کام نہیں آسکتے ایسی ٹھیک اور پکی باتیں اور کون بتلائیگا۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَى
اے لوگو تم ہو محتاج اللہ کی طرف
اللّٰهِ ۚ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۱۵﴾
اور اللہ وہی ہے بے پروا سب تعریفوں والا ☆

سب اللہ کے محتاج ہیں:

یعنی سب لوگ اُسی اللہ کے محتاج ہیں جسے کسی کی احتیاج نہیں کیونکہ تمام خوبیاں اور کمالات اُس کی ذات میں جمع ہیں پس وہ ہی مستحق عبادت و استعانت کا ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

انسان سب سے زیادہ محتاج ہے:

یعنی وجود، توابع وجود، بقاء وجود، دوزخ سے نجات اور جنت کے ثواب میں تم ہمیشہ اللہ کے محتاج ہو، یوں تو ساری خلائق اللہ کی محتاج ہے لیکن انسان نے باوجود کمزور اور ظالم و جاہل ہونے کے بار امانت اپنے کندھوں پر اٹھایا اس لیے دوسری مخلوق کے مقابلہ میں یہ زیادہ محتاج ہے اس کی احتیاج کی بنسبت باقی مخلوق کی احتیاج درخور اعتناء نہیں ہے۔ (تفسیر مظہری)

اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿۱۶﴾
اگر چاہے تم کو لے جائے اور لے آئے ایک نئی خلقت
وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ﴿۱۷﴾
اور یہ بات اللہ پر مشکل نہیں ☆

اللہ تمہاری جگہ دوسری مخلوق لاسکتا ہے:

یعنی تم نہ مانو تو وہ قادر ہے کہ تم کو ہٹا کر دوسری خلقت آباد کر دے جو ہمہ وجوہ اُس کی فرمانبردار اور اطاعت گذار ہو، جیسے آسمانوں پر فرشتے اور ایسا کرنا اللہ کو کچھ مشکل نہیں لیکن اُس کی حکمت کا اقتضاء یہ ہے کہ زمین پر یہ سب سلسلے چلتے ہیں اور آخر میں ہر ایک اپنے نیک و بدعمل کا بدلہ پائے تا اس طرح اُس کی تمامی صفات کا ظہور ہو۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۚ وَاِنْ تَدْعُ
اور نہ اُٹھائیگا کوئی اٹھانیوالا بوجھ دوسرے کا اور اگر پکارے
مُثْقَلَةٌ اِلٰى حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ مِنْهُ
کوئی بوجھل اپنا بوجھ بٹانے کو کوئی نہ اٹھائے اس میں سے

besturdubooks.wordpress.com

شَيْءٌ وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ؕ
ذرا بھی اگرچہ ہو قرابتی ☆

کوئی کسی کا بوجھ نہیں اٹھائے گا:

یعنی نہ کوئی از خود دوسرے کا بوجھ اپنے سر رکھے گا کہ اُس کے گناہ اپنے اُوپر لے لے اور نہ دوسرے کے پکارنے پر اُس کا کچھ ہاتھ بٹا سکے گا خواہ قریبی رشتہ دار ہی کیوں نہ ہو سب کو نفسی نفسی پڑی ہوگی محض اللہ تعالیٰ کے فضل ورحمت ہی سے بیڑا پار ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

کچھ مسلمانوں کے گناہ یہود و نصاریٰ پر ڈالنے کا مطلب

مسلم نے حضرت ابوموسیٰ کی روایت سے مرفوعاً بیان کیا ہے کہ قیامت کے دن کچھ مسلمان پہاڑوں کے برابر گناہ لے کر آئیں گے اللہ ان کے گناہوں کو بخش دے گا اور ان کے گناہ یہود و نصاریٰ پر ڈال دے گا۔

ابن ماجہ اور بیہقی نے حضرت انس کی روایت سے بیان کیا ہے قیامت کا دن ہوگا تو ہر مسلم کے سامنے ایک مشرک کو لایا جائے گا اور اس سے کہا جائے گا یہ دوزخ سے (بچاؤ کیلئے) تیرا معاوضہ ہے۔

میرے نزدیک ان احادیث کا مطلب یہ ہے کہ امت اسلامیہ سے کافروں نے بعض گناہوں کی بنیاد ڈالی خود بھی ان گناہوں کا ارتکاب کیا اور گناہ کرنے کا ایک طریقہ بھی ایجاد کر دیا آئندہ اقوام وافراد نے ان کی پیروی کی اور ان کے نقش قدم پر چل نکلے، مسلمان بھی ان میں سے بعض گناہوں میں آلودہ ہو گئے لیکن اللہ ان کی مغفرت فرما دے گا مسلمانوں پر یہ اللہ کی مہربانی ہو گی لیکن گناہ کی بنیاد ڈالنے اور طریقہ ایجاد کرنے والوں کو دوہرا عذاب ہوگا خود گناہ کرنے کا اور گناہ کا طریقہ جاری کرنے کا، اس تشریح پر آیت کے لفظ فضع کا مرادی مطلب بطور کنایہ یہ ہوگا کہ ہم کافر کو پوری پوری سزا دیں گے۔

قرابت ورشتہ کا واسطہ نہیں چلے گا:

حضرت عکرمہؒ فرماتے ہیں، پڑوسی پڑوسی کے پیچھے پڑ جائے گا، اللہ تعالیٰ سے عرض کرے گا کہ اس سے پوچھ تو سہی کہ اس نے مجھ سے اپنا دروازہ کیوں بند کر لیا تھا۔ کافر مؤمن کے پیچھے لگ جائے گا اور جو احسان اس نے دنیا میں کئے تھے وہ یاد دلا کر کہے گا کہ آج میں تیرا محتاج ہوں۔ مومن بھی اس کی سفارش کرے گا اور ہو سکتا ہے کہ اس کا عذاب قدرے کم ہو جائے گو جہنم سے چھٹکارا محال ہے، باپ بیٹے کو اپنے احسان جتائے گا اور کہے گا کہ رائی کے دانے برابر مجھے آج اپنی نیکیوں میں سے دے دے وہ کہے گا، ابا! آپ چیز تو تھوڑی سی طلب فرما رہے ہیں لیکن آج تو جو کھٹکا آپ کو ہے وہی مجھے بھی ہے میں تو کچھ بھی نہیں دے سکتا، پھر بیوی کے پاس جائے گا اس سے کہے گا میں نے تیرے ساتھ دنیا میں کیسے سلوک کئے ہیں؟ وہ کہے گی بہت ہی اچھے کہے گا آج میں تیرا محتاج ہوں، مجھے ایک نیکی دے دے تا کہ عذابوں سے چھوٹ جاؤں، جواب ملے گا کہ سوال تو بہت ہلکا ہے لیکن جس خوف میں تم ہو وہی ڈر مجھے بھی لگا ہوا ہے میں تو کچھ بھی سلوک آج نہیں کر سکتی۔ (تفسیر ابن کثیر)

اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ
تو تو ڈر سنا دیتا ہے اُن کو جو ڈرتے ہیں اپنے رب سے
بِالْغَيْبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ
بن دیکھے اور قائم رکھتے ہیں نماز ☆

ڈرنے والے: یعنی آپ کے ڈرانے سے وہ ہی اپنا رویہ درست کر کے نفع اٹھائے گا جو خدا سے بن دیکھے ڈرتا ہے اور ڈر کر اس کی بندگی میں لگا رہتا ہے۔ جس کے دل میں خدا کا خوف ہی نہ ہو، وہ ان دھمکیوں سے کیا متاثر ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَنْ تَزَكّٰى فَاِنَّمَا يَتَزَكّٰى لِنَفْسِهٖ ؕ
اور جو کوئی سنوریگا تو یہی ہے کہ سنوریگا اپنے فائدہ کو
وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ۝
اور اللہ کی طرف ہے سب کو پھر جانا ☆

ہر کسی کا اپنا فائدہ ہے:

یعنی آپ کی نصیحت سن کر جو شخص مان لے اور اپنا حال درست کر لے تو کچھ آپ پر یا خدا پر احسان نہیں بلکہ اسی کا فائدہ ہے اور یہ فائدہ پوری طرح اس وقت ظاہر ہوگا جب سب اللہ کے ہاں لوٹ کر جائیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۝
اور برابر نہیں اندھا اور دیکھتا
وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوْرُ ۝
اور نہ اندھیرا اور نہ اُجالا
وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ ۝
اور نہ سایہ اور نہ لو
وَمَا يَسْتَوِي الْاَحْيَآءُ وَلَا الْاَمْوَاتُ ؕ
اور برابر نہیں جیتے اور نہ مُردے ☆

besturdubooks.wordpress.com

مؤمن اور کافر برابر نہیں:

یعنی مؤمن جس کو اللہ نے دل کی آنکھیں دی ہیں، حق کے اُجالے اور وحی الٰہی کی روشنی میں بے کھٹکے راستہ قطع کرتا ہوا جنت کے باغوں اور رحمتِ الٰہی کے سایہ میں جا پہنچتا ہے۔ کیا اس کی برابری وہ کافر کر سکے گا جو دل کا اندھا اوہام واہواء کی اندھیریوں میں بھٹکتا ہوا جہنم کی آگ اور اس کی جھلس دینے والی لوؤں کی طرف بے تحاشا چلا جا رہا ہے۔ ہرگز نہیں۔ ایسا ہو تو یوں سمجھو کہ مردہ اور زندہ برابر ہو گیا۔ فی الحقیقت مؤمن و کافر میں اس سے بھی زیادہ تفاوت ہے جو ایک زندہ تندرست آدمی اور مردہ لاش میں ہوتا ہے، اصلی اور دائمی زندگی صرف روح ایمان سے ملتی ہے۔ بدون اس کے انسان کو ہزار مردوں سے بدتر مردہ سمجھنا چاہیے۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّ اللّٰہَ یُسْمِعُ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ
اللہ سناتا ہے جس کو چاہے اور تو نہیں سنانے والا
مَّنْ فِی الْقُبُوْرِ ﴿۲۲﴾ اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِیْرٌ ﴿۲۳﴾
قبر میں پڑے ہوؤں کو تو تو بس ڈر کی خبر پہنچانے والا ہے ☆

پیغمبر کی ذمہ داری:

یعنی اللہ تعالیٰ چاہے تو مُردوں کو بھی سنا دے یہ قدرت اوروں کو نہیں۔ اسی طرح سمجھ لو کہ پیغمبر کا کام خبر پہنچانا اور بھلے برے سے آگاہ کر دینا ہے کوئی مُردہ دل کافر ان کی بات نہ سنے تو یہ انکے بس کی بات نہیں۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "یعنی سب خلق برابر نہیں جنہیں ایمان دینا ہے ان ہی کو ملے گا۔ تو بہتیری آرزو کرے تو کیا ہوتا ہے اور یہ جو فرمایا "نہ اندھیرا نہ اُجالا" یعنی نہ اندھیرا برابر اُجالے کے اور نہ اُجالا برابر اندھیرے کے (یہ "لا" کی تکریر کا فائدہ بتلا دیا) اور فرمایا تو نہیں سنانے والا قبر میں پڑے ہوؤں کو"۔ حدیث میں آیا کہ مُردوں سے سلام علیک کرو۔ اور بہت جگہ مُردوں کو خطاب کیا ہے۔ اس کی حقیقت یہ ہے کہ مُردے کی روح سنتی ہے اور قبر میں پڑا ہے دھڑ، وہ نہیں سنتا"۔ یہ بحث پہلے سورۂ "نمل" کے آخر میں گزر چکی وہاں دیکھ لیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِیْرٌ کا یہ مطلب ہے کہ آپ کا کام صرف دوزخ کا خوف دلانا ہے ہدایت یاب کرنے پر آپ کو قدرت نہیں ہے۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّآ اَرْسَلْنٰکَ بِالْحَقِّ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا ؕ
ہم نے بھیجا ہے تجھ کو سچا دین دے کر خوشی اور ڈر سنانے والا
وَاِنْ مِّنْ اُمَّۃٍ اِلَّا خَلَا فِیْھَا نَذِیْرٌ ﴿۲۴﴾
اور کوئی فرقہ نہیں جس میں نہیں ہو چکا کوئی ڈر سنانیوالا ☆

ڈر سنانے والا خواہ نبی ہو یا نبی کا قائم مقام جو اس کی راہ کی طرف بلائے۔ اس کے متعلق سورۂ نمل کے چوتھے رکوع میں کچھ لکھا جا چکا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِنْ یُّکَذِّبُوْکَ فَقَدْ کَذَّبَ الَّذِیْنَ
اور اگر وہ تجھ کو جھٹلائیں تو آگے جھٹلا چکے ہیں جو لوگ کہ
مِنْ قَبْلِھِمْ ۚ جَآءَتْھُمْ رُسُلُھُمْ بِالْبَیِّنٰتِ
اُن سے پہلے تھے پہنچے ان کے پاس رسول اُن کے لے کر کھلی باتیں
وَبِالزُّبُرِ وَبِالْکِتٰبِ الْمُنِیْرِ ﴿۲۵﴾
اور صحیفے اور روشن کتاب ☆

یعنی روشن تعلیمات یا کھلے کھلے معجزات لے کر آئے۔ نیز ان میں سے بعض کو مختصر چھوٹے صحیفے دیئے گئے بعض کو بڑی مفصل کتابیں۔ (تفسیر عثمانی)

ثُمَّ اَخَذْتُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا فَکَیْفَ کَانَ نَکِیْرِ ﴿۲۶﴾
پھر پکڑا میں نے منکروں کو سو کیسا ہوا انکار میرا ☆

یعنی جب تکذیب سے باز نہ آئے تو دیکھ لو انجام کیا ہوا وہ ہی تمہارا بھی ہو سکتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰہَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ
کیا تو نے نہ دیکھا کہ اللہ نے اُتارا آسمان سے پانی
فَاَخْرَجْنَا بِہٖ ثَمَرٰتٍ مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُھَا ؕ
پھر ہم نے نکالے اُس سے میوے طرح طرح کے اُنکے رنگ ☆

عجیب قدرت کا مظاہرہ:

یعنی قسم قسم کے میوے۔ پھر ایک قسم میں رنگ برنگ کے پھل پیدا کیے۔ ایک زمین ایک پانی اور ایک ہوا سے اتنی مختلف چیزیں پیدا کرنا عجیب وغریب قدرت کو ظاہر کرتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌۢ بِیْضٌ وَّحُمْرٌ
اور پہاڑوں میں گھاٹیاں ہیں سفید اور سرخ
مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُھَا وَغَرَابِیْبُ سُوْدٌ ﴿۲۷﴾
طرح طرح کے ان کے رنگ اور بھجنگے کالے ☆

قدرت کی نیرنگیاں: یعنی سفید بھی کئی درجے (کوئی بہت زیادہ سفید، کوئی کم، کوئی اس سے کم) اور سرخ بھی کئی درجے، اور کالے بھجنگے یعنی بہت گہرے سیاہ کوے کے پر کی طرح۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

مسند بزار میں ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ کیا خدائے تعالےٰ رنگ آمیزی بھی کرتا ہے؟ آپ نے فرمایا ہاں، ایسا رنگ رنگتا ہے جو کبھی ہلکا نہ پڑے سرخ زرد اور سفید یہ حدیث مرسل اور موقوف بھی مروی ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَآبِّ وَالْاَنْعَامِ
اور آدمیوں میں اور کیڑوں میں اور چوپاؤں میں
مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ
کتنے رنگ ہیں اسی طرح ☆

یہ سب بیان ہے قدرت کی نیرنگیوں کا، پس جس طرح نباتات، جمادات اور حیوانات میں رنگ برنگ کی مخلوق ہے، انسانوں میں بھی ہر ایک کی طرح جدا ہے۔ مؤمن اور کافر ایک دوسرا سا ہو جائے اور سب انسان ایک ہی رنگ اختیار کرلیں یہ کب ہوسکتا ہے۔ اس میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دے دی کہ لوگوں کے اختلاف سے غمگین نہ ہوں۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا
اللہ سے ڈرتے وہی ہیں اُس کے بندوں میں جن کو سمجھ ہے،
اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ غَفُوْرٌ ﴿٢٨﴾
تحقیق اللہ زبردست ہے بخشنے والا ☆

اہل علم کی شان:

یعنی بندوں میں نڈر بھی ہیں اور اللہ سے ڈرنے والے بھی، مگر ڈرتے وہ ہیں جو اللہ کی عظمت وجلال، آخرت کے بقاء ودوام اور دنیا کی بے ثباتی کو سمجھتے ہیں اور اپنے پروردگار کے احکام و ہدایات کا علم حاصل کر کے مستقبل کی فکر رکھتے ہیں۔ جس میں یہ سمجھ اور علم جس درجہ کا ہوگا اسی درجہ میں وہ خدا سے ڈریگا۔ جس میں خوف خدا نہیں وہ فی الحقیقت عالم کہلانے کا مستحق نہیں۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "یعنی سب آدمی ڈرنے والے نہیں۔ اللہ سے ڈرنا سمجھ والوں کی صفت ہے اور اللہ کا معاملہ بھی دو طرح ہے وہ زبردست بھی ہے کہ ہر خطا پر پکڑے، اور غفور بھی کہ گنہگار کو بخشے"۔ پس دونوں حیثیت سے بندہ کو ڈرنا چاہیے۔ کیونکہ نفع وضرر دونوں اسی کے قبضہ میں ہوئے۔ تو جب چاہے نفع کو روک لے اور ضرر لاحق کردے۔ (تفسیر عثمانی)

شیخ اجل شہاب الدین سہروردی نے لکھا ہے اس آیت میں در پردہ بیان کیا گیا ہے کہ جس کے دل میں خشیہ نہیں وہ عالم نہیں میں کہتا ہوں اللہ کی عظمت و جلالت اور صفات کمالیہ کو جاننا مستلزم خشیہ ہے خشیہ علم کے لیے لازم ہے اور لازم کی نفی ملزوم کی نفی پر دلالت کرتی ہے۔

بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا مراد یہ ہے کہ مجھ سے وہی ڈرتا ہے جس کو میرے قہر غلبہ اور سطوت کا علم ہو جو شخص جتنا زیادہ اللہ اور اللہ کی صفات کو جانتا ہے وہ اتنا ہی اللہ سے ڈرتا ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو سب سے زیادہ اللہ کا ڈر تھا:

شیخین نے حضرت عائشہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض کام کیے اور لوگوں کو اس کی اجازت دے دی لیکن بعض لوگوں نے ان کاموں سے پاک رہنا چاہا (یعنی جائز یا مناسب نہ سمجھا) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی اطلاع ملی تو ایک خطبہ دیا جس میں اللہ کی حمد وثنا کے بعد فرمایا کیا وجہ ہے کہ کچھ لوگ اس کام سے پرہیز رکھتے ہیں جو میں کرتا ہوں، خدا کی قسم میں ان سے زیادہ اللہ کو جانتا ہوں اور ان سے بڑھ کر اللہ سے ڈرتا ہوں۔

عالم کی فضیلت:

دارمی نے بروایت مکحول مرسل حدیث بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عالم کی فضیلت عابد پر ایسی ہے جیسی میری فضیلت تم میں سے ادنیٰ آدمی پر، پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی، اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا۔

بخاری نے صحیح میں حضرت ابو ہریرہ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے جو کچھ میں جانتا ہوں اگر تم جانتے تو روتے بہت، ہنستے کم۔

اس بیان سے ثابت ہوا کہ کامل خشیہ انبیاء کو ہوتا ہے اس کے بعد اولیاء کا درجہ ہے حقیقت شناس یہی ہوتے ہیں اس کے بعد درجہ بدرجہ علماء کا نمبر ہے۔ (تفسیر مظہری)

علماء کی تین قسمیں:

مروی ہے کہ علماء کی تین قسمیں ہیں عالم باللہ، عالم بامراللہ، اور عالم باللہ و بامراللہ، عالم باللہ عالم بامراللہ نہیں اور عالم بامراللہ عالم باللہ نہیں، ہاں عالم باللہ وبامراللہ وہ ہے جو اللہ تعالےٰ سے ڈرتا ہو اور حدود وفرائض کو جانتا ہو، عالم باللہ وہ ہے جو اللہ تعالےٰ سے ڈرتا ہو لیکن حدود وفرائض کو نہ جانتا ہو، عالم بامراللہ وہ ہے جو حدود وفرائض کو تو جانتا ہو لیکن دل اس کا خشیت خدا سے خالی ہو۔ (تفسیر ابن کثیر)

عالم کون ہے اور علم کیا ہے:

حسن بصریؒ نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا کہ عالم وہ شخص ہے جو خلوت و جلوت میں اللہ سے ڈرے، اور جس چیز کی اللہ تعالیٰ نے ترغیب دی ہے وہ اس کو مرغوب ہو اور جو چیز اللہ کے نزدیک مبغوض ہے اس کو اس سے نفرت ہو، اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا: لَيْسَ الْعِلْمُ بِكَثْرَةِ الْحَدِيْثِ

besturdubooks.wordpress.com

وَلٰكِنَّ الْعِلْمَ عَنْ كَثْرَةِ الْخَشْيَةِ، ''یعنی بہت سی احادیث یاد کر لینا یا بہت باتیں کرنا کوئی علم نہیں بلکہ علم وہ ہے جس کے ساتھ اللہ کا خوف ہو۔''

حاصل یہ ہے کہ جس قدر کسی میں خدائے تعالیٰ کا خوف ہے وہ اسی درجہ کا عالم ہے، اور احمد بن صالح مصری نے فرمایا کہ خشیۃ اللہ کو کثرتِ روایت اور کثرتِ معلومات سے نہیں پہچانا جا سکتا بلکہ اس کو کتاب و سنت کے اتباع سے پہچانا جاتا ہے۔ (ابن کثیر)

شیخ شہاب الدین سہروردیؒ نے فرمایا کہ اس آیت میں اشارہ پایا جاتا ہے کہ جس شخص میں خشیۃ نہ ہو وہ عالم نہیں (مظہری) اس کی تصدیق اکابر سلف کے اقوال سے بھی ہوتی ہے،

حضرت ربیع بن انسؓ نے فرمایا:

من لم یخش لیس بِعَالِمٍ ''یعنی جو اللہ سے نہیں ڈرتا وہ عالم نہیں۔''

اور مجاہدؒ نے فرمایا:

اِنَّمَا الْعَالِمُ مَنْ خَشِیَ اللّٰہَ، ''یعنی عالم تو صرف وہی ہے جو اللہ سے ڈرے۔''

سعد بن ابراہیم سے کسی نے پوچھا کہ مدینہ میں سب سے زیادہ افقہ کون ہے؟ تو فرمایا: اَتْقَاھُمْ لِرَبِّہٖ۔ ''یعنی جو اپنے رب سے سب سے زیادہ ڈرنے والا ہو۔''

ایک شبہ کا ازالہ:

مذکورہ تصریحات سے یہ شبہ بھی جاتا رہا کہ بہت سے علماء کو دیکھا جاتا ہے کہ ان میں خدا کا خوف و خشیت نہیں، کیونکہ تصریحات بالا سے معلوم ہوا کہ اللہ کے نزدیک صرف عربی جاننے کا نام علم اور جاننے والے کا نام عالم نہیں، جس میں خشیت نہ ہو وہ قرآن کی اصطلاح میں عالم ہی نہیں، البتہ خشیت کبھی صرف اعتقادی اور عقلی ہوتی ہے، جس کی وجہ سے آدمی بہ تکلف احکام شرعیہ کا پابند ہوتا ہے، اور کبھی یہ خشیۃ حالی اور ملکہ راسخہ کے درجہ میں فائی ہے جس میں اتباع شریعت ایک تقاضائے طبیعت بن جاتا ہے، خشیت کا پہلا درجہ ماموربہ اور عالم کیلئے ضروری ہے، دوسرا درجہ افضل و اعلیٰ ہے ضروری نہیں۔ (از بیان القرآن) (معارف مفتی اعظمؒ)

علم کا مقصود:

ع علمے کہ راہ حق ننماید جہالت است

علم را بر دل زنی یارے بود علم را بر تن زنی مارے بود

جان جملہ علمہا ایں است ایں کہ بدانی من کیتم در یوم دیں

علم دین سے مقصود تزکیہ نفس اور اصلاح عمل ہے ورنہ ہیچ ہے، جیسے علم طب سے مقصود جسمانی صحت کی حفاظت ہے محض دواؤں کے نام اور ان کے خواص یاد کر لینا مقصود نہیں یہ ناممکن ہے کہ واقع میں کوئی شراب پیئے اور اس کو نشہ نہ ہو، اس طرح یہ ناممکن ہے کہ کوئی حقیقۃً علم دین کا ایک جام پیئے اور اس پر دین کا نشہ اور سکر نہ آئے، عالم دین خدا کے نزدیک وہ ہے کہ علم دین اس کے دل میں گھر کر گیا ہو محض باتیں بنانے اور لمبی تقریر کرنے سے اللہ کے نزدیک عالم نہیں ہو جاتا اگر واقع میں دل میں خشیت اور خوف خداوندی ہوتا تو معاصی پر جرأت نہ کرتا، حدیث میں ہے، اللھم انی اسالک من خشیتک ماتحول به بینی و بین معاصیک۔

معلوم ہوا کہ خشیت اس خوف کو کہتے ہیں جس سے بندہ اور معصیت کے درمیان حیلولت واقع ہو جائے۔ (معارف کاندھلوی)

طلبِ علم کی فضیلت:

جیسے کہ مسند احمد کی حدیث میں ہے کہ ایک شخص مدینے سے دمشق میں حضرت ابودرداءؓ کے پاس جاتا ہے اور آپ سے ملاقات کرتا ہے تو آپ دریافت فرماتے ہیں کہ پیارے بھائی یہاں کیسے آنا ہوا؟ وہ کہتے ہیں، اس حدیث کو سننے کے لئے آیا ہوں، جو آپ بیان کیا کرتے ہیں پوچھا، کیا کسی تجارت کی غرض سے نہیں آئے؟ جواب دیا نہیں پوچھا، پھر کوئی اور مطلب بھی ہوگا؟ فرمایا کوئی مقصد نہیں، پوچھا پھر کیا حدیث کی طلب کیلئے یہ سفر کیا ہے؟ جواب دیا کہ ہاں، فرمایا سنو! میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے جو شخص علم کی تلاش میں کسی راستے کو طے کرے اللہ تعالیٰ اسے جنت کے باغوں میں چلائے گا، خدا کی رحمت کے فرشتے طالب علموں کیلئے پر بچھا دیتے ہیں کیونکہ وہ ان سے بہت ہی خوش ہیں اور ان کی خوشی کے خواہاں ہیں عالم کیلئے آسمان و زمین کی ہر چیز استغفار کرتی ہے یہاں تک کہ پانی کے اندر کی مچھلیاں بھی، عابد پر عالم کی فضیلت ایسی ہے جیسی چاند کی فضیلت تاروں پر، علماء نبیوں کے وارث ہیں، انبیاء علیہم السلام نے اپنے ورثے میں درہم و دینار نہیں چھوڑے ان کا ورثہ علم دین ہے جس نے اسے لیا اُس نے بڑی دولت حاصل کر لی۔ (ابوداؤد و ترمذی وغیرہ تفسیر ابن کثیر)

اِنَّ الَّذِیْنَ یَتْلُوْنَ کِتٰبَ اللّٰہِ وَ اَقَامُوا
جو لوگ پڑھتے ہیں کتاب اللہ اور سیدھی کرتے ہیں
الصَّلٰوۃَ وَ اَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰھُمْ سِرًّا وَّ عَلَانِیَۃً
نماز اور خرچ کرتے ہیں کچھ ہمارا دیا ہوا چھپے اور کھلے
یَّرْجُوْنَ تِجَارَۃً لَّنْ تَبُوْرَ ﴿۲۹﴾
اُمیدوار ہیں ایک بیوپار کے جس میں ٹوٹا نہ ہو ☆

ایسی تجارت جس میں نفع ہی نفع ہے:

یعنی جو اللہ سے ڈر کر اُس کی باتوں کو مانتے اور اُس کی کتاب کو عقیدت کے

besturdubooks.wordpress.com

ساتھ پڑھتے ہیں نیز بدنی عبادات میں کوتاہی نہیں کرتے وہ حقیقت میں ایسے زبردست بیوپار کے اُمیدوار ہیں جس میں خسارے اور ٹوٹے کو کوئی احتمال نہیں، بلاشبہ جب خدا خود ان کے اعمال کا خریدار ہو تو اس امید میں یقیناً حق بجانب ہیں، نقصان کا اندیشہ کسی طرف سے نہیں ہوسکتا، از سرتا پا نفع ہی نفع ہے۔ (تفسیر عثمانی)

قُربِ خداوندی کا ذریعہ:

امام احمد بن حنبل نے حق جل شانہٗ کو خواب میں دیکھا، عرض کیا کہ آپ تک پہنچنے کا سب سے زیادہ قریبی راستہ کون سا ہے فرمایا، تلاوت قرآن یعنی قرآن کا اور میرے کلام کا پڑھنا، عرض کیا، بِفَهم اَو بِلا فهم، سمجھ کر یا بلا سمجھ کر، ارشاد ہوا بِفَہم اَو بلا فہم۔ یعنی سمجھ کر ہو یا بلا سمجھ کر ہو، دونوں طرح موجب قرب ہے۔ (معارف کاندھلوی)

لِيُوَفِّيَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ
تاکہ پورا دے ان کو ثواب اُن کا اور زیادہ دے
فَضْلِهٖ ۭ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ۝
اپنے فضل سے تحقیق وہ ہے بخشنے والا قدردان ☆

اللہ تعالیٰ قدردان ہے:

یعنی بہت سے گناہ معاف فرماتا ہے اور تھوڑی سی طاعت کی قدر کرتا ہے اور ضابطہ سے جو ثواب ملنا چاہئے بطور بخشش اُس سے زیادہ دیتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

عبدالغنی نے تخریج کی ہے کہ اس آیت کا نزول حصین بن حارث بن عبد المطلب بن عبد مناف کے متعلق ہوا تھا۔ (تفسیر مظہری)

وَالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ هُوَ الْحَقُّ
اور جو ہم نے تجھ پر اُتاری کتاب وہی ٹھیک ہے
مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ ۭ
تصدیق کرنیوالی اپنے سے اگلی کتابوں کی
اِنَّ اللّٰهَ بِعِبَادِهٖ لَخَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ ۝
بے شک اللہ اپنے بندوں سے خبردار ہے دیکھنے والا ☆

یعنی بندوں کے احوال کو خوب جانتا ہے ٹھیک موقع پر کتاب اُتاری۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی اشیاء کی ظاہری حالت سے بھی واقف ہے اور اندرونی حقیقت سے بھی، اسی کو حق ہے کہ یہ کتاب آپ کے پاس بذریعہ وحی بھیجے اور اس کو معجزہ بنادے۔ (تفسیر مظہری)

ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا
پھر ہم نے وارث کیے کتاب کے وہ لوگ جن کو چُن لیا ہم نے اپنے
مِنْ عِبَادِنَا ۚ فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ
بندوں سے، پھر کوئی اُن میں برا کرتا ہے اپنی جان کا اور کوئی اُن میں ہے
مُّقْتَصِدٌ ۚ وَمِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ
بیچ کی چال پر اور کوئی اُن میں آگے بڑھ گیا ہے لیکر خوبیاں اللہ کے حکم سے
ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ۝
یہی ہے بڑی بزرگی ☆

منتخب بندے: یعنی پیغمبر کے بعد اس کتاب کا وارث اس اُمت کو بنایا جو بہیت مجموعی تمام اُمتوں سے بہتر و برتر ہے۔ ہاں اُمت کے سب افراد یکساں نہیں۔ ان میں وہ بھی ہیں جو باوجود ایمان صحیح کے گناہوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں ('' یہ ظَالِمٌ لِّنَفْسِہٖ '' ہوئے) اور وہ بھی ہیں جو میانہ روی سے رہتے ہیں۔ نہ گناہوں میں منہمک، نہ بڑے بزرگ اور ولی۔ (ان کو ''مقتصد'' فرمایا) اور ایک وہ کامل بندے جو اللہ کے فضل و توفیق سے آگے بڑھ بڑھ کر نیکیاں سمیٹتے اور تحصیل کمال میں مقتصدین سے آگے نکل جاتے ہیں۔ وہ مستحب چیزوں کو بھی نہیں چھوڑتے۔ اور گناہ کے خوف سے مکروہ تنزیہی بلکہ بعض مباحات تک سے پرہیز کرتے ہیں۔ اعلیٰ درجہ کی بزرگی اور فضیلت تو ان کو ہے۔ ویسے چنے ہوئے بندوں میں ایک حیثیت سے سب کو شمار کیا۔ کیونکہ درجہ بدرجہ بہشتی سب ہیں۔ گنہگار بھی اگر مؤمن ہے تو بہرحال کسی نہ کسی وقت ضرور جنت میں جائیگا۔ حدیث میں فرمایا کہ ہمارا گنہگار معاف ہے یعنی آخر کار معافی ملے گی۔ اور میانہ سلامت ہے اور آگے بڑھنے سوسب سے آگے بڑھے اللہ کریم ہے اس کے یہاں بخل نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

عبادت سے مراد ہیں صحابہ کرام اور ان کے بعد قیامت تک آنیوالے علماء امت، حضرت ابن عباس کے نزدیک پوری امت اسلامیہ مراد ہے، اللہ نے اس امت کو امت وسط بنایا اور تمام امتوں پر برتری عطا فرمائی ہے یہی سب لوگوں پر شہادت دینے والی ہے اور سید الانبیاء کو مبعوث فرما کر اس امت کو یہ شرف عنایت کیا۔

طُوْبٰی لَنَا مَعْشَرَ الْاِسْلَامِ اِنَّ لَنَا مِنَ الْعِنَایَۃِ رُکْنًا غَیْرَ مُنْھَدِمٖ

اے گروہ اہل اسلام ہمارے لئے خوشی ہو کہ ہمارا ایک مضبوط سہارا ہے خدا کی عنایت سے جو منہدم ہونے والا نہیں ہے۔

لَمَّا دَعَی اللّٰہُ دَاعِیْنَا لِطَاعَتِہٖ بِاَکْرَمِ الرُّسُلِ کُنَّا اَکْرَمَ الْاُمَمٖ

جب اشرف المرسلین کے ذریعہ اللہ نے ہم کو اپنی طاعت کے لیے دعوت

besturdubooks.wordpress.com

دی تو ہم اشرف الامم ہو گئے۔

بعض علماء کا قول ہے کہ مقتصد وہ لوگ ہیں جو اکثر قرآن کے موافق عمل کرتے ہیں اور سابق بالخیرات وہ ہیں جو عمل بھی کرتے ہیں اور دوسروں کو تعلیم بھی دیتے اور ہدایت بھی کرتے ہیں۔

بغوی نے اپنی سند سے ابوعثمان نہدی کی روایت سے بیان کیا کہ میں نے خود حضرت عمرؓ سے سنا آپ نے یہ آیت پڑھی اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے ہم میں کے جو سابق ہیں وہ تو آگے بڑھنے والے ہیں اور جو مقتصد ہیں وہ نجات پانے والے ہیں اور جو ہم میں ظالم ہیں ان کی مغفرت کر دی جائے گی۔

امام احمد، ترمذی اور بیہقی نے حضرت ابوسعید خدریؓ کی روایت سے بیان کیا ہے اور ترمذی نے اس کو حسن کہا ہے کہ اس آیت کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ سب لوگ بمنزلہ ایک جماعت کے ہوں گے اور سب جنت میں جائیں گے فریابی نے حضرت براء بن عازب کا قول بیان کیا ہے حضرت براء نے آیت فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ الخ کی تشریح میں فرمایا میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ ان سب کو جنت میں داخل فرمائے گا۔

ابن ابی عاصم اور اصبہانی نے حضرت ابوموسیٰ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن اللہ بندوں کو اٹھائے گا پھر علماء کو الگ کر کے فرمائے گا اے گروہ علماء میں نے تمہارے اندر علم اس لئے رکھا تھا کہ میں تم کو جانتا تھا (تم کو جانے بغیر میں نے تم کو عالم نہیں بنایا تھا) اور نہ اپنا علم تمہارے اندر اس لیے رکھا کہ (علم دینے کے بعد) پھر تم کو عذاب دوں، جاؤ میں نے تم کو بخش دیا۔

طبرانی نے ثقہ راویوں کے سلسلہ سے حضرت ثعلبہ بن حکم کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ جب اپنی کرسی پر اپنے بندوں کے فیصلہ کیلئے بیٹھے گا تو علماء سے فرمائے گا میں نے تم کو اپنا علم اور حکم صرف اس لیے دیا تھا کہ تمہاری مغفرت کرنی چاہتا تھا جو عمل بھی تم سے صادر ہوا (سب کو میں نے بخش دیا) اور مجھے پرواہ نہیں۔

عقبہ بن صہبان کا بیان ہے میں نے حضرت عائشہؓ سے آیت اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا کے متعلق دریافت کیا ام المومنین نے فرمایا میرے بیٹے یہ سب جنت میں جائیں گے سابق بالخیرات تو وہ تھے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں گذر گئے حضور نے ان کیلئے جنت کی شہادت دے دی تھی اور مقتصد وہ لوگ ہیں جو رسول اللہ کے نشان قدم پر چل کر آپ سے جا ملے اور ظالم لنفسہ مجھ جیسے اور تم جیسے لوگ ہیں ام المومنین نے اپنے آپ کو بھی ہمارے ساتھ شامل کر دیا۔

میں کہتا ہوں تینوں قسمیں اگر اکابر امت اسلامیہ کی قرار دی جائیں تب بھی ممکن ہے یعنی تینوں اقسام اولیاء امت ہی کے مانے جائیں پہلی قسم ظالم لنفسہ کی ہے یہ وہ گروہ ہے جو اپنے نفوس کو لذتوں سے تو محروم کر ہی دیتا ہے جائز حقوق سے بھی محروم کر دیتا ہے یہ اہل رہبانیت ہیں جو سخت ریاضتیں اور مجاہدے کرتے ہیں اور یہ رہبانیت انہوں نے خود ایجاد کر رکھی ہے دوسرا گروہ اہل اقتصاد کا ہے جو لذتوں (میں ڈوبنے) سے تو اپنے نفوس کو روکتا ہے لیکن حقوق نفوس ضرور دیتا ہے روزہ بھی رکھتا ہے ناغہ بھی کرتا ہے نماز بھی پڑھتا ہے سوتا بھی ہے نکاح بھی کرتا ہے اور جائز چیزیں کھاتا پیتا بھی ہے غرض پورے طور پر اتباع سنت کرتا ہے یہ وہی گروہ ہے جس کے متعلق حضرت عائشہ نے فرمایا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نشان قدم پر چلتا ہے یہاں تک کہ آپ سے جاملتا ہے تیسرا گروہ سابق بالخیرات کا ہے جو کمالات نبوت میں ڈوبا ہوتا ہے یہ گروہ صحابہ کا اور صدیقوں کا ہے حضرت عائشہ نے ظالم لنفسہ گروہ میں اپنے آپ کو محض انکسار کے طور پر شامل کیا اور مخاطب جیسے لوگوں کو اس گروہ میں اس لیے شامل کیا کہ وہ لوگ سخت ریاضتیں کرنے والے تھے۔

خلاصہ یہ کہ احادیث مبارکہ سے یہ امر ثابت ہو گیا کہ تینوں قسمیں (جن کا ذکر آیت میں کیا گیا ہے) اسی امت کی ہیں یا علماء کی ہیں اس تفصیل کے بعد بھی جو شخص کہتا ہے کہ **منهم ظالم لنفسه** سے مراد کافر یا منافق ہیں اس کا قول واجب الرد اور نا قابل قبول ہے۔

امام ابو یوسف سے اس آیت کے متعلق دریافت کیا گیا تو فرمایا یہ سب مؤمن ہیں رہے کفار تو انکی حالت اگلی آیت وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ میں بیان فرمائی ہے تینوں طبقات مؤمنوں کے ہوں گے۔ (تفسیر مظہری)

حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان تینوں کی نسبت فرمایا کہ یہ سب اسی امت سے ہیں چوتھی حدیث میں ہے میری امت کے تین حصے ہیں، ایک بے حساب و بے عذاب جنت میں جانے والا دوسرا آسانی سے حساب لیا جانے والا اور پھر بہشت نشین ہونے والا تیسری وہ جماعت ہوگی جن سے باز پرس تو ضرور ہوگی، لیکن پھر فرشتے حاضر ہو کر کہیں گے ہم نے انہیں لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ کہتے ہوئے پایا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا سچ ہے میرے سوا کوئی معبود نہیں، اچھا انہیں میں نے ان کے اس قول کی وجہ سے چھوڑا، جاؤ انہیں جنت میں لے جاؤ اور ان کی خطائیں جہنمیوں پر لاد دو، اسی کا ذکر آیت وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ میں ہے یعنی وہ ان کے بوجھ اپنے بوجھ کے ساتھ اٹھائیں گے اس کی تصدیق اس میں ہے جس میں فرشتوں کا ذکر ہے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں میں سے جنہیں وارثین کتاب بنایا ہے ان کا ذکر کرتے ہوئے ان کی تین قسمیں بتائی ہیں پس ان میں سے جو اپنی جانوں پر ظلم کرنے والے ہیں ان کی باز پرس کی جائے گی۔ (ابن ابی حاتم) (تفسیر ابن کثیر)

نکتہ: اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اہل ایمان کی تین قسموں کو بیان کیا اور سب سے پہلے ظالم کو ذکر کیا اسکی یا تو یہ وجہ ہے کہ دنیا میں ظالموں کی

besturdubooks.wordpress.com

کثرت ہے یا یہ اشارہ ہے کہ ظالم ظلم اور معصیت کی وجہ سے اہل اصطفاء سے خارج نہیں ہوا بلکہ ایمان کی وجہ سے وہ خدا کا برگزیدہ بندہ ہے جس درجہ کا ایمان ہے اسی درجہ کا وارث ہے جب تک ایمان ہے جنت کی وراثت سے محروم نہیں۔ (معارف کاندھلوی)

حضرت شاہ ولی اللہ فرماتے ہیں کہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے بنص صریح امت مرحومہ کو تین گروہوں میں تقسیم فرمایا ہے جن میں اعلیٰ گروہ سابقین اولین کا تھا اور وہ صدیقین اور شہداء اور صالحین کے ساتھ مخصوص تھا اور اس گروہ کو مقربین بھی کہا گیا ہے اور دوسرا گروہ اوسط اور میانہ رو ہے وہ اصحاب الیمین اور ابرار کے نام سے پکارا گیا ہے اور سب سے کم تیسرا گروہ ہے جو اپنے نفس پر ظلم کرنے والا ہے اور یہ وہ گروہ ہے جو ایمان اور اعتقاد صحیح رکھتا ہے مگر اعمال میں اس سے کوتاہی واقع ہوتی ہے اور بالآخر بذریعہ توبہ و استغفار اور بذریعہ ندامت اس کا تدارک کرتا ہے اور خلیفہ راشد کیلئے یہ ضروری ہے کہ وہ سابقین اور مقربین میں سے ہو۔ (ازالۃ الخفاء)

حدیثِ ابی الدرداءؓ:

ابن جریر نے ابوثابت سے نقل کی ہے کہ وہ ایک روز مسجد میں گئے تو وہاں ابوالدرداء پہلے سے بیٹھے تھے، ابوثابت ان کی برابر جا کر بیٹھ گئے اور یہ دعاء کرنے لگے، اَللّٰھُمَّ اٰنِسْ وَحْشَتِیْ وَارْحَمْ غُرْبَتِیْ وَیَسِّرْلِیْ جَلِیْسًا صَالِحًا "یعنی یا اللہ میری قلبی وحشت و پریشانی کو دور فرما، اور میری حالت مسافرت پر رحم فرما، اور مجھے کوئی جلیس (ہمنشین) صالح نصیب فرمادے۔" (یہاں یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ سلف صالحین میں جلیس صالح کی طلب و تلاش کا کیا درجہ تھا کہ اس کو اہم مقصد اور سب پریشانیوں کا علاج سمجھ کر اللہ تعالیٰ سے اس کی دعائیں مانگتے تھے) ابوالدرداء نے یہ دعاء سنی تو فرمایا کہ اگر آپ اپنی اس دعاء وطلب میں سچے ہیں تو میں اس معاملہ میں آپ سے زیادہ خوش نصیب ہوں، (مطلب یہ ہے کہ مجھے اللہ نے آپ جیسا جلیس صالح بے مانگے دیدیا) اور فرمایا کہ میں آپ کو ایک حدیث سناتا ہوں جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے، مگر جب سے میں نے اس کو سنا ہے اب تک کسی سے بیان کرنے کی نوبت نہیں آئی وہ یہ ہے کہ آپ نے اس آیت کا ذکر فرمایا ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْکِتٰبَ الَّذِیْنَ اصْطَفَیْنَا الایۃ پھر فرمایا کہ ان تین قسموں میں سے جو سابق بالخیرات ہیں وہ تو بے حساب جنت میں جائیں گے اور جو مقتصد یعنی درمیانے ہیں ان سے ہلکا حساب لیا جائے گا اور ظالم یعنی اعمال میں کوتاہی کرنے والے اور گناہوں کی لغزش میں مبتلا ہونے والے ہیں اُن کو اس مقام میں سخت رنج وغم طاری ہوگا، پھر ان کو بھی جنت میں داخلہ کا حکم ہو جائے گا اور سب رنج وغم دور ہو جائیں گے اسی کا ذکر اگلی آیت میں آیا ہے: وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْٓ اَذْھَبَ عَنَّا الْحَزَنَ "یعنی وہ کہیں گے شکر ہے اللہ کا جس نے ہمارا غم دور کردیا۔"

جَنّٰتُ عَدْنٍ یَّدْخُلُوْنَھَا یُحَلَّوْنَ
باغ ہیں بسنے کے جن میں وہ جائینگے وہاں اُن کو
فِیْھَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَھَبٍ
گہنا پہنایا جائے گا کنگن سونے کے
وَّلُؤْلُؤًا ۚ وَلِبَاسُھُمْ فِیْھَا حَرِیْرٌ ﴿۳۳﴾
اور موتی کے اور اُن کی پوشاک وہاں ریشمی ہے ☆

اہل جنت کے زیور:

سونا اور ریشم مسلمان مردوں کیلئے وہاں ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی (مرد) ریشمین (کپڑا) پہنے دنیا میں نہ پہنے آخرت میں۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت ابوسعید خدریؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت جَنّٰتُ عَدْنٍ یَّدْخُلُوْنَھَا تلاوت کی پھر فرمایا ان کو تاج پہنائے جائیں گے جن کا ایک ادنیٰ موتی مشرق سے مغرب تک (پوری دنیا کو) روشن کر دینے کے لیے کافی ہو گا رواہ الترمذی والحاکم والبیہقی۔ حاکم نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔

قرطبی نے لکھا ہے اہل تفسیر نے کہا ہے کہ کوئی جنتی ایسا نہ ہوگا جس کے ہاتھ میں تین کنگن نہ ہوں ایک سونے کا، ایک چاندی کا اور ایک موتی کا۔

حضرت ابوہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مؤمن کے (ہاتھ میں) زیور وہاں تک پہنچے گا جہاں تک وضوء کا پانی پہنچا ہوگا۔ متفق علیہ۔

حضرت حذیفہؓ کا بیان ہے میں نے خود سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے ریشم اور دریائی نہ پہنو سونے اور چاندی کے برتنوں میں نہ پیو نہ ان کی رکابیوں میں کھاؤ، یہ ان (کافروں) کیلئے دنیا میں ہیں اور تمہارے لیے آخرت میں۔ رواہ الشیخان فی الصحیحین۔

ابن ابی حاتم اور ابن ابی الدنیا نے حضرت کعب کی روایت سے بیان کیا ہے کہ اگر جنت کا کوئی کپڑا آج دنیا میں پہن لیا جائے تو جس کی نظر اس پر پڑے گی وہ بیہوش ہو جائے گا کسی کی نظر اس کو برداشت نہ کر سکے گی۔ (تفسیر مظہری)

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْٓ اَذْھَبَ
اور کہیں گے شکر اللہ کا جس نے دور کیا ہم سے
عَنَّا الْحَزَنَ ۭ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَکُوْرُ ﴿۳۴﴾
غم بیشک ہمارا رب بخشنے والا قدردان ہے ☆

یعنی دنیا کا اور محشر کا غم دور کیا گناہ بخشے اور از راہ قدردانی طاعت قبول فرمائی۔

besturdubooks.wordpress.com

مہاجرین کی فضیلت:

حضرت صہیب راوی ہیں میں نے خود سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے مہاجرین آگے بڑھ جانے والے شفاعت کرنیوالے اور اپنے رب پر ناز کرنے والے ہوں گے قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے قیامت کے دن وہ اپنے اسلحہ کندھوں پر رکھے ہوئے آئیں گے اور جنت کا دروازہ کھٹ کھٹائیں گے جنت کے دربان ان سے کہیں گے تم کون ہو وہ جواب دیں گے ہم مہاجر ہیں دربان کہیں گے کیا تمہارا حساب ہو چکا یہ سنتے ہی مہاجر دوزانو بیٹھ کر آسمان کی طرف (دعاء کیلئے) ہاتھ اٹھا کر کہیں گے اے ہمارے رب کیا اس کا ہم سے حساب ہوگا ہم تو گھر بار مال اور اولاد چھوڑ کر (تیری مرضی حاصل کرنے) نکلے تھے اللہ ان کے بازو سونے کے لگا دے گا جن میں زبرجد اور یاقوت جڑے ہوں گے پھر وہ ان بازوؤں سے اڑ کر جنت میں داخل ہو جائیں گے یہی مطلب ہے اللہ کے اس قول کا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ؕ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرُ ۙ الَّذِیْٓ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ لَا یَمَسُّنَا فِیْهَا نَصَبٌ وَّ لَا یَمَسُّنَا فِیْهَا لُغُوْبٌ تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ جنت کے اندر اپنے گھروں کو زیادہ جانتے ہوں گے بہ نسبت دنیوی گھروں کی شناخت کے۔

کلمہ طیبہ کی فضیلت:

حضرت ابن عمر کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لا الہ الا اللہ کہنے والوں کو نہ مرنے کے وقت وحشت ہوگی نہ قبروں کے اندر نہ قبروں سے اٹھنے کے وقت گویا وہ منظر میرے سامنے ہے کہ صور پھونکے جانے پر لوگ سروں سے مٹی جھاڑ رہے ہیں اور کہہ رہے ہیں الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ۔ رواہ الطبرانی

حضرت ابن عباس نے فرمایا (حزن سے مراد ہے) دوزخ کا غم۔ (تفسیر مظہری)

دنیا غموں کا گھر ہے:

دریں دنیا کسے بے غم نباشد ۔۔۔ وگر باشد بنی آدم نباشد

اس دنیا میں غموں اور فکروں سے کسی نیک یا بد کو نجات نہیں، اسی لئے اہل دانش دنیا کو دارالاحزان کہتے ہیں اس آیت میں جس غم کے دور کرنے کا ذکر ہے اس میں یہ دنیا کے غم بھی سب کے سب داخل ہیں، دوسرا غم وفکر قیامت اور حشر ونشر کا، تیسرا حساب وکتاب کا، چوتھا جہنم کے عذاب کا، اہل جنت سے اللہ تعالیٰ یہ سب غم دور فرما دیں گے۔ (معارف مفتی اعظم)

الَّذِیْٓ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ
جس نے اُتارا ہم کو آباد رہنے کے گھر میں اپنے فضل سے
لَا یَمَسُّنَا فِیْهَا نَصَبٌ وَّ لَا یَمَسُّنَا فِیْهَا لُغُوْبٌ ﴿۳۵﴾
نہ پہنچے ہم کو اس میں مشقت اور نہ پہنچے ہم کو اس میں تھکنا ☆

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں رہنے کا گھر اس لئے کہ پہلے نہ تھا ہر جگہ چل چلاؤ اور روزی کا غم، دشمنوں کا ڈر، اور رنج ومشقت وہاں پہنچ کر سب کافور ہوگئے۔ (تفسیر عثمانی)

جنت راحت کا گھر ہے:

بیہقی نے البعث میں اور ابن ابی حاتم نے بوساطت نقیع بن حارث حضرت عبداللہ بن ابی اوفی کی روایت سے بیان کیا کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (میٹھی) نیند سے اللہ ہماری آنکھیں ٹھنڈی کرتا ہے تو کیا جنت میں بھی نیند آئے گی فرمایا نہیں نیند تو موت کی شریک ہے (یعنی موت کا ایک حصہ ہے) اور جنت کے اندر موت نہیں ہوگی سائل نے عرض کیا پھر وہاں راحت کیسے ملے گی یہ بات حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بے ادبی کی معلوم ہوئی اور فرمایا وہاں کسی طرح کی تھکان ہی نہیں ہوگی، اہل جنت کا ہر کام تو سکھ ہی سکھ ہوگا۔ (تفسیر مظہری)

وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ ۚ لَا یُقْضٰى
اور جو لوگ منکر ہیں ان کے لئے ہے آگ دوزخ کی نہ ان پر حکم پہنچے
عَلَیْهِمْ فَیَمُوْتُوْا وَ لَا یُخَفَّفُ عَنْهُمْ مِّنْ
کہ مر جائیں اور نہ اُن پر ہلکی ہو وہاں
عَذَابِهَا ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِیْ كُلَّ كَفُوْرٍ ﴿۳۶﴾
کی کچھ کلفت یہ سزا دیتے ہیں ہم ہر ناشکر کو ☆

کفار کو دائمی عذاب ہوگا:

نہ کفار کو جہنم میں موت آئے گی کہ اسی سے تکالیف کا خاتمہ ہو جائے اور نہ عذاب کی تکلیف کسی وقت ہلکی ہوگی ایسے ناشکروں کی ہمارے یہاں یہی سزا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

موت کی موت:

شیخین نے صحیحین میں حضرت ابن عمر کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب جنتی جنت کو چلے جائیں گے اور دوزخی دوزخ کو تو پھر موت کو لا کر جنت اور دوزخ کے درمیان ذبح کر دیا جائے گا اور منادی ندا دے گا اے اہل جنت (آئندہ) موت نہیں اے دوزخ والو (آئندہ) موت نہیں یہ سن کر جنتیوں کو مسرت بالائے مسرت ہوگی اور دوزخیوں کو غم بالائے غم۔

وَ لَا یُخَفَّفُ عَنْهُمْ یعنی پل بھر کیلئے بھی عذاب جہنم میں کمی نہیں کی جائے گی بلکہ جب دوزخیوں کی کھالیں پک جائیں گی تو دوسری کھالیں پہنا دی جائیں گی اور جب آگ بجھنے لگے گی تو اور بھڑکا دی جائے گی۔ (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

نہ چین نہ موت:

صحیح مسلم شریف میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جو ابدی جہنمی ہیں انہیں وہاں موت نہیں آئے گی اور نہ اچھائی کی زندگی ملے گی وہ تو کہیں گے اے داروغہ جہنم تم ہی اللہ تعالیٰ سے دعا کرو کہ اللہ، ہمیں موت دے دے لیکن جواب ملے گا کہ تم تو یہیں پڑے رہو گے پس وہ تو موت کو اپنے لئے راحت سمجھیں گے لیکن وہ آئے گی نہیں، نہ مریں نہ عذابوں میں کمی دیکھیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَهُمْ يَصْطَرِخُوْنَ فِيْهَا رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا
اور وہ چلائیں اُس میں اے رب ہم کو نکال
نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ
کہ ہم کچھ بھلا کام کر لیں وہ نہیں جو کرتے رہے ☆

ناکام حسرت: یعنی اُس وقت تو اُسی کو بھلا سمجھتے تھے پر اب وہ کام نہ کریں گے ذرا دوزخ سے نکال دیجئے تو ہم خوب نیکیاں سمیٹ کر لائیں اور فرمانبردار بن کر حاضر ہوں۔ (تفسیر عثمانی)

اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ
کیا ہم نے عمر نہ دی تھی تم کو اتنی کہ جس میں سوچ لے جس کو سوچنا ہو اور پہنچا تمہارے پاس
النَّذِيْرُ ۭ فَذُوْقُوْا فَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ
ڈرانے والا اب چکھو کہ کوئی نہیں گنہگاروں کا مددگار ☆

کوئی عذر کام نہ دے گا:

یہ جواب دوزخیوں کو دیا جائے گا یعنی ہم نے تم کو عقل دی تھی جس سے سمجھتے اور کافی عمر دی جس میں سوچنا چاہتے تو سب نیک و بد سوچ کر سیدھا راستہ اختیار کر سکتے تھے حتیٰ کہ تم میں کے بہت سے تو ساٹھ ستر برس دنیا میں زندہ رہ کر مرے پھر اوپر سے ایسے اشخاص اور حالات بھیجے جو برے انجام سے ڈراتے اور خواب غفلت سے بیدار کرتے رہیں کیا اس کے بعد بھی کوئی عذر باقی رہا اب پڑے عذاب کا مزہ چکھتے رہو اور کسی طرف سے مدد کی توقع نہ رکھو۔ (تفسیر عثمانی)

ساٹھ سال کی عمر اور سفید بال سامان عبرت و نصیحت ہیں:

حضرت ابوہریرہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب اللہ کسی شخص کی عمر ساٹھ سال تک پہنچا دے تو پھر اس کی طرف سے کسی عذر کو قبول نہیں کرتا۔ (رواہ البخاری)

ترمذی نے حضرت ابوہریرہ کی روایت سے اور ابو یعلی نے مسند میں حضرت انس کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (عام طور پر) میری امت کی عمریں ساٹھ سے ستر برس تک ہوں گی اور ستر سے آگے بڑھنے والے بہت کم ہوں گے یہ مطلب نہیں کہ ساٹھ سال سے پہلے گناہ کرنے کا عذر قابل قبول ہوگا کیونکہ بالغ ہونے کے بعد ہی آدمی مکلف ہو جاتا ہے اور غور و تامل کر کے نصیحت پکڑنے کا اس کو موقع ہوتا ہے۔

اور حضرت ابن عباسؓ، عکرمہ، اور امام جعفر باقر سے منقول ہے کہ نذیر سے مراد بڑھاپے کے سفید بال ہیں، کہ جب وہ ظاہر ہو جائیں تو وہ انسان کو اس کی ہدایت کرتے ہیں کہ اب رخصت کا وقت قریب آ گیا ہے، یہ قول بھی پہلے قول سے متعارض نہیں کہ سفید بال بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے نذیر ہوں اور انبیاء وعلماء بھی۔ (معارف مفتی اعظم)

گناہ چھوڑنے کی ترکیب:

معاصی دو قسم کے ہیں ایک وہ ہیں کہ جن کے چھوڑنے میں تکلیف ہے دوم وہ کہ جن کے چھوڑنے میں کوئی تکلیف نہیں جیسے داڑھی منڈانا، جھوٹ بولنا، غیبت کرنا، شیخی مارنا، ٹخنوں سے نیچا پاجامہ پہننا، اس قسم کے گناہوں کو یکلخت ترک کر دینا چاہئے اور پہلی قسم کے گناہوں کو بتدریج۔ کذا فی شام خورشید ص ٣٤ وعظ نمبر ١١٤٨ از مواعظ تبلیغ (معارف کاندھلوی)

اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ غَيْبِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ
اللہ بھید جاننے والا ہے آسمانوں کا اور زمین کا
اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ
اُس کو خوب معلوم ہے جو بات ہے دلوں میں ☆

اللہ تعالیٰ غیب دان ہیں:

یعنی اسے بندوں کے سب کھلے چھپے احوال و افعال اور دلوں کے بھید معلوم ہیں کسی کی نیت اور استعداد اس سے پوشیدہ نہیں اُسی کے موافق معاملہ کرتا ہے اور وہ یہ بھی جانتا ہے کہ جو لوگ اب چلا رہے ہیں کہ ہمیں چھوڑ دو، پھر ایسی خطا نہ کرینگے، وہ اپنے دعوے میں جھوٹے ہیں، اگر ستر دفعہ لوٹائے جائیں تب بھی شرارت سے باز نہیں آ سکتے ان کے مزاجوں کی افتاد ہی ایسی ہے۔ "وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ۔" (انعام۔ رکوع ٣) (تفسیر عثمانی)

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰۗىِٕفَ فِي الْاَرْضِ ۭ
وہی ہے جس نے کیا تم کو قائم مقام زمین میں ☆

خلافت کا حق ادا کرو: یعنی اگلی امتوں کی جگہ تم کو زمین پر آباد کیا اور ان کے بعد ریاست دی چاہئے اب اس کا حق ادا کرو۔ (تفسیر عثمانی)

فَمَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ۭ وَلَا يَزِيْدُ الْكٰفِرِيْنَ
پھر جو کوئی ناشکری کرے تو اُس پر پڑے اس کی ناشکری اور منکروں کو نہ بڑھے گی

besturdubooks.wordpress.com

كُفْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ اِلَّا مَقْتًا ۚ وَلَا
اُن کے انکار سے اُن کے رب کے سامنے مگر بیزاری اور
يَزِيْدُ الْكٰفِرِيْنَ كُفْرُهُمْ اِلَّا خَسَارًا ﴿۳۹﴾
منکروں کو نہ بڑھے گا اُن کے انکار سے مگر نقصان ☆

تمہاری ناشکری سے اللہ کو کوئی نقصان نہیں ہوتا:

یعنی کفر و ناشکری اور اللہ کی آیات کے انکار سے اُس کا کچھ نقصان نہیں وہ ہمارے حمد و شکر سے مستغنی ہیں البتہ ناشکری کرنے والے پر اُس کے فعل کا وبال پڑتا ہے کفر کا انجام بجز اسکے کچھ نہیں کہ اللہ کی طرف سے برابر ناراضی اور بیزاری بڑھتی جائے اور کافر کے نقصان و خسران میں روز بروز اضافہ ہوتا رہے۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ اَرَءَيْتُمْ شُرَكَآءَكُمُ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ
تو کہہ بھلا دیکھو تو اپنے شریکوں کو جن کو پکارتے ہو
دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ
اللہ کے سوائے دکھلاؤ تو مجھ کو کیا بنایا انہوں نے
الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ۚ
زمین میں یا کچھ اُن کا ساجھا ہے آسمانوں میں ☆

عقل سے کام لو:

یعنی اپنے معبودوں کے احوال میں غور کر کے مجھے بتلاؤ کہ زمین کا کونسا حصہ انہوں نے بنایا، یا آسمانوں کو بنانے اور تھامنے میں ان کی کس قدر شرکت ہے، اگر کچھ نہیں تو آخر خدا کس طرح بن بیٹھے، کچھ تو عقل سے کام لو۔ (تفسیر عثمانی)

اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰى بَيِّنَتٍ مِّنْهُ ۚ
یا ہم نے دی ہے ان کو کوئی کتاب سو وہ سند رکھتے ہیں اُس کی ☆

کوئی دلیل لاؤ: یعنی عقلی نہیں تو کوئی معتبر نقلی دلیل پیش کرو، جس کی سند پر یہ مشرکانہ دعوی کرتے ہو۔ (تفسیر عثمانی)

بَلْ اِنْ يَّعِدُ الظّٰلِمُوْنَ بَعْضُهُمْ
کوئی نہیں پر جو وعدہ بتاتے ہیں گنہگار ایک دوسرے کو
بَعْضًا اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۴۰﴾
سب فریب ہے ☆

شیطان کے دھوکہ میں مبتلاء ہو

یعنی عقلی یا نقلی دلیل کوئی نہیں بات صرف اتنی ہے کہ ان میں سے بڑے چھوٹوں کو اور اگلے پچھلوں کو شیطان کے اغواء سے یہ دھوکہ بتلاتے چلے آئے کہ هٰٓؤُلَاۗءِ شُفَعَاۗؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ (یہ بت وغیرہ اللہ کے ہاں ہمارے شفیع بنیں گے) اور اسکا قرب عطا کرینگے حالانکہ یہ خالص دھوکہ اور فریب ہے یہ تو کیا شفیع بنتے، بڑے سے بڑا مقرب بھی وہاں کفار کی سفارش میں زبان نہیں ہلا سکتا۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
تحقیق اللہ تھام رہا ہے آسمانوں کو اور زمین کو
اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا
کہ ٹل جائیں اور اگر ٹل جائیں تو کوئی نہ تھام سکے اُن کو
مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ؕ
اُس کے سوائے ☆

کائنات کا بانی جب چاہئے اسے توڑ بھی سکتا ہے:

یعنی اُسی کی قدرت کا ہاتھ ہے جو اتنے بڑے بڑے کرات عظام کو اپنے مرکز سے ہٹنے اور اپنے مقام و نظام سے ادھر اُدھر سرکنے نہیں دیتا اور اگر بالفرض یہ چیزیں اپنی جگہ سے ٹل جائیں تو پھر بجز خدا کے کس کی طاقت ہے کہ ان کو قابو میں رکھ سکے چنانچہ قیامت میں جب یہ سارا نظام اللہ تعالی درہم برہم کرے گا کوئی قوت اسے روک نہ سکے گی۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ ، آسمانوں کو روکنے کا یہ مطلب نہیں کہ ان کی حرکت بند کر دی بلکہ مراد اپنی جگہ سے ہٹ جانا اور ٹل جانا ہے، جیسا کہ لفظ اَنْ تَزُوْلَا اس پر شاہد ہے اس لئے اس آیت میں آسمان کے متحرک یا ساکن ہونے میں سے کسی جانب پر کوئی دلیل نہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

روایت: میں ہے کہ منجانب اللہ موسیٰ علیہ السلام کو دو شیشے دیئے گئے کہ ان کو ہاتھ میں تھامے رکھیں اور جبرائیل کو حکم ہوا کہ موسیٰ علیہ السلام کو سونے نہ دو تین راتیں تو اس طرح گذار دیں بالآخر نیند کا غلبہ ہوا اور شیشے ہاتھ سے گر کر ٹوٹ گئے اللہ تعالی نے فرمایا اے موسیٰ بالفرض اگر مجھ پر نیند اور اونگھ آتی تو شیشہ کی طرح یہ آسمان و زمین ٹوٹ پھوٹ جاتے۔ تفسیر عزیزی ص ۲۴۳ (معارف کاندھلوی)

حرکتِ آسمان و زمین: جمہور علماء اسلام کا یہ مذہب ہے کہ نہ آسمان حرکت کرتا ہے اور نہ زمین، روح المعانی ص ۱۸۸ قدیم فلاسفہ آسمان کو متحرک اور زمین کو ساکن کہتے ہیں اور جدید فلاسفہ آسمان کے وجود کے قائل نہیں اور زمین کو آفتاب کے گرد متحرک مانتے ہیں جس پر ان کے پاس کوئی دلیل نہیں۔

حکماء اسلام یہ کہتے ہیں کہ عالم کو اپنے وجود اور بقاء میں باری تعالی کے ساتھ وہی نسبت ہے جو زمین کو اپنے روشن ہونے اور روشن رہنے میں آفتاب کی شعاعوں سے نسبت ہے زمین اپنی روشنی کے باوجود اور حدوث میں بھی

besturdubooks.wordpress.com

آفتاب کی تجلی اور اس کے طلوع کی محتاج اور اپنی روشنی کی بقاء میں بھی آفتاب کی محتاج ہے۔ آفتاب اپنی حرکت طلوعی میں زمین کو روشنی عطا کرتا ہے اور حرکت غروبی میں اپنے عطیہ کو زمین سے واپس لے لیتا ہے معلوم ہوا کہ جس طرح زمین ابتداءً اپنے روشن ہونے میں آفتاب کی محتاج ہے اسی طرح زمین اپنی روشنی کی بقاء میں بھی آفتاب کی محتاج ہے۔ (معارف القرآن کاندھلوی)

اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۱﴾
وہ ہے تحمل والا بخشنے والا ☆

اللہ تعالیٰ کی بُردباری اور بخشش:

یعنی لوگوں کے کفر و عصیان کا اقتضاء تو یہ ہے کہ یہ سارا انظام ایک دم میں تہ و بالا کر دیا جائے لیکن اُس کے تحمل و بردباری سے تھما ہوا ہے۔ اس کی بخشش نہ ہو تو سب دنیا ویران ہو جائے۔ (تفسیر عثمانی)

حلم ہی کی وجہ سے اس نے کفار کو ڈھیل دے رکھی ہے اور فوری عذاب میں گرفتار نہیں کیا اور مغفرت ہی کے سبب مسلمانوں کے قصوروں کو وہ معاف کرتا رہتا ہے اگر اس کی طرف سے کافروں کو مہلت نہ ملتی اور مسلمانوں کو مغفرت حاصل نہ ہوتی تو وہ آسمانوں کو اور زمین کو تھامے نہ رہتا نتیجہ میں آسمان ان پر اوپر سے ٹوٹ پڑتے اور زمین ان کو لے کر دھنس جاتی۔

وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ
اور قسمیں کھاتے تھے اللہ کی تاکید کی قسمیں اپنی کہ اگر
جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ لَّيَكُوْنُنَّ اَهْدٰى مِنْ
آئیگا اُن کے پاس کوئی ڈر سنانے والا البتہ بہتر راہ چلیں گے
اِحْدَى الْاُمَمِ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ مَّا زَادَهُمْ
ہر ایک امت سے پھر جب آیا ان کے پاس ڈر سنانیوالا اور زیادہ ہو گیا
اِلَّا نُفُوْرًا ﴿۴۲﴾ اسْتِكْبَارًا فِى الْاَرْضِ وَمَكْرَ
اُن کا بدکنا غرور کرنا ملک میں اور داؤ کرنا
السَّيِّئِ ۚ وَلَا يَحِيْقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ اِلَّا بِاَهْلِهٖ ۚ
برے کام کا اور برائی کا داؤ اُلٹے گا انہی داؤں والوں پر ☆

مشرکین کی فریب کاریاں: عرب کے لوگ جب سنتے کہ یہود وغیرہ دوسری قوموں نے اپنے نبیوں کی یوں نافرمانی کی تو کہتے کہ کبھی ہم میں ایک نبی آئے تو ہم ان قوموں سے بہتر نبی کی اطاعت و رفاقت کر کے دکھلائیں۔ جب اللہ نے نبی بھیجا جو سب نبیوں سے عظمت شان میں بڑھ کر ہے تو حق سے اور زیادہ بدکنے لگے۔ ان کا غرور و تکبر کہاں اجازت دیتا کہ نبی کے سامنے گردن جھکائیں۔ رفاقت و اطاعت اختیار کرنے کے بجائے عداوت کی کمربستہ ہو گئے اور طرح طرح کی مکروہ تدبیریں اور داؤ گھات شروع کر دیئے مگر یاد رہے کہ برا داؤ خود داؤ کرنے والوں پر اُلٹے گا۔ گو چند روز عارضی طور پر اپنے دل میں خوش ہو لیں کہ ہم نے تدبیریں کر کے یوں نقصان پہنچا دیا، لیکن انجام کار دیکھ لیں گے کہ واقع میں نقصان عظیم کس کو اٹھانا پڑا۔ فرض کر و دنیا میں ٹل بھی گیا آخرۃ میں تو یقیناً یہ مشاہدہ ہو کر رہے گا۔ (تفسیر عثمانی)

فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا سُنَّتَ الْاَوَّلِيْنَ ۚ فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ
پھر اب وہی راہ دیکھتے ہیں پہلوں کے دستور کی سو تو نہ پائیگا اللہ کا دستور
اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا ﴿۴۳﴾
بدلتا اور نہ پائیگا اللہ کا دستور ٹلتا ☆

تعزیز و سزا کا الٰہی قانون ٹلنے والا نہیں ہے:

یعنی یہ اسی کے منتظر ہیں کہ جو گزشتہ مجرموں کے ساتھ معاملہ ہوا ان کے ساتھ بھی ہو۔ سو باز نہ آئے تو وہ ہی ہو کر رہے گا۔ اللہ کا جو دستور مجرموں کی نسبت سزا دینے کا رہا ہے، نہ وہ بدلنے والا ہے کہ بجائے سزا کے ایسے مجرموں پر انعام و اکرام ہونے لگے اور نہ ٹلنے والا کہ مجرم سے سزا ٹل کر غیر مجرم کو دے دی جائے۔ (تفسیر عثمانی)

اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ
کیا پھرے نہیں ملک میں کہ دیکھ لیں کیسا ہوا
عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَكَانُوْا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً ۚ
انجام اُن لوگوں کا جو اُن سے پہلے تھے اور تھے اُن سے بہت سخت زور میں
وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعْجِزَهٗ مِنْ شَيْءٍ فِى السَّمٰوٰتِ
اور اللہ وہ نہیں جس کو تھکائے کوئی چیز آسمانوں میں
وَلَا فِى الْاَرْضِ ۚ اِنَّهٗ كَانَ عَلِيْمًا قَدِيْرًا ﴿۴۴﴾
اور نہ زمین میں اور نہ وہی ہے سب کچھ جانتا کر سکتا ☆

اللہ کی گرفت سے کوئی باہر نہیں:

یعنی بڑے بڑے زور آور مدعی اللہ کی گرفت سے نہ بچ سکے مثلاً عاد ثمود وغیرہ۔ یہ بیچارے تو چیز کیا ہیں۔ خوب سمجھ لو کہ آسمان و زمین کی کوئی طاقت اللہ کو عاجز نہیں کر سکتی علم اس کا محیط اور قدرت اسکی کامل۔ پھر معاذ اللہ عاجز ہو تو کدھر سے ہو۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

آیاتِ مذکورہ سے واضح ہوگیا کہ کافروں کی جڑ اکھاڑ دینے کا اللہ کا مقررہ ضابطہ ہے اور یہ ضابطہ ناقابل تغیر ہے اسی ضابطہ کے مطابق گذشتہ کافروں کو تباہ کردیا گیا باوجود یہ کہ وہ بڑے طاقتور تھے مگر ان کی طاقت ان کو فائدہ نہ پہنچا سکی۔ (تفسیر مظہری)

وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوْا
اور اگر پکڑ کرے اللہ لوگوں کی اُن کی کمائی پر
مَا تَرَكَ عَلٰى ظَهْرِهَا مِنْ دَآبَّةٍ
نہ چھوڑے زمین کی پیٹھ پر ایک بھی ہلنے چلنے والا ☆

حکمتِ الٰہی: یعنی لوگ جو گناہ کماتے ہیں اگر ان میں سے ہر ہر جزئی پر گرفت شروع کردے تو کوئی جاندار زمین میں باقی نہ رہے، نافرمان تو اپنی نافرمانی کی وجہ سے تباہ کردیئے جائیں۔ اور کامل فرمانبردار جو عادۃً بہت تھوڑے ہوتے ہیں قلت کی وجہ سے اُٹھا لئے جائیں۔ کیونکہ نظامِ عالم کچھ ایسے انداز پر قائم کیا گیا ہے کہ محض معدودے چند انسانوں کا یہاں بستے رہنا خلاف حکمت ہے۔ پھر جب انسان آباد نہ رہے تو حیوانات کاہے کے لئے رکھے جائیں گے۔ ان کا وجود بلکہ تمام عالم کی ہستی تو اسی حضرت انسان کے لئے ہے۔ (تفسیر عثمانی)

(یعنی قیامت) تک ان کو مہلت دے رہا ہے دابۃ جاندار جو زمین پر چلتے ہیں یعنی کسی گناہ گار متنفس کو نہ چھوڑتا یا یہ مطلب کہ ان کافروں کی بداعمالی کی نحوست سب زندہ جانوروں پر پڑتی اور اللہ سب کو تباہ کردیتا، اجل مسمّی سے مراد ہے موت یا قیامت۔ (تفسیر مظہری)

وَلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ
پر اُن کو ڈھیل دیتا ہے ایک مقرر وعدہ تک پھر جب آئے
اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِيْرًا ﴿٤٥﴾
اُن کا وعدہ تو اللہ کی نگاہ میں ہیں اُس کے سب بندے ☆

وقت آنے دو سب کو پتہ لگ جائے گا:

یعنی ایک مقرر میعاد اور حدِ معین تک اللہ نے ڈھیل دے رکھی ہے کہ ہر ایک جرم پر فوراً گرفت نہیں کرتا۔ جب وقت موعود آجائیگا تو یاد رکھو سب بندے اسکی نگاہ میں ہیں۔ کسی کا ایک ذرہ بھر برا یا بھلا عمل اسکے علم سے باہر نہیں۔ پس ہر ایک کا اپنے علم محیط کے موافق ٹھیک ٹھیک فیصلہ فرمادے گا۔ نہ مجرم کہیں چھپ سکے نہ مطیع کا حق مارا جائے "اللھم اجعلنا ممن یطیعک واغفرلنا ذنوبنا انک انت الغفور الرحیم" تم سورہ "فاطر" بفضل اللّٰہ و رحمتہ۔ (تفسیر عثمانی)

سورۃ یٰسٓ

جس میں اس کو خواب میں پڑھا۔ دلیل ہے کہ اُس کی عاقبت بالخیر ہوگی۔ (علامہ ابن سیرین رحمہ اللہ)

سببِ نزول:

یٰسٓ ابونعیم نے دلائل میں بیان کیا ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد (کعبہ) میں اونچی آواز سے قرأت کرتے تھے قریش کے کچھ لوگوں کو اس سے دکھ ہوتا تھا (ایک روز) حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر ہاتھ ڈالنے کیلئے وہ لوگ اٹھے لیکن فوراً گردنوں سے ان کے ہاتھ بندھ گئے اور آنکھیں اندھی ہوگئیں کچھ سوجھائی نہیں دیتا تھا مجبور ہوکر خدمت گرامی میں حاضر ہوئے اور اللہ کا اور قرابت کا واسطہ دے کر دعاء کرنے کی درخواست کی، قریش کی کوئی شاخ ایسی نہ تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قرابتداری اس سے نہ ہو چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعاء کی اور وہ مصیبت اللہ نے ان کی دور کردی، اس پر یٰسٓ سے لا یؤمنون تک آیات نازل ہوئیں۔

سورۂ یٰسین کے فضائل:

حضرت ابوبکرؓ کی ایک روایت میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سورۂ یٰسین کو توریت میں معمہ کہا گیا ہے کیونکہ یہ اپنے پڑھنے والے کو دونوں جہاں کی بھلائی عموماً عطا کرتی اور دنیا و آخرت کے دکھ کو دور کرتی ہے اس کا نام دافعہ اور قاضیہ بھی ہے یہ اپنے پڑھنے والے سے ہر برائی کو دفع کرتی اور اس کی ہر ضرورت پوری کرتی ہے جو اس کو پڑھے گا اس کو بیس حج کے برابر ثواب ملے گا اور جو اس کو سنے گا اس کو راہِ خدا میں ہزار دینار صرف کرنے کے برابر ثواب ملے گا اور جو اس کو لکھے گا اس کے سینہ کے اندر ہزار دوائیں اور ہزار نور اور ہزار یقین اور ہزار نیکیاں اور ہزار رحمتیں داخل کردی جائیں گی اور ہزار کینے اور مرض اس کے اندر سے نکال دیے جائیں گے یہ بھی حضرت ابوبکرؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص جمعہ کے دن اپنے ماں باپ کی قبروں پر یا دونوں میں سے ایک کی قبر پر جا کر سورۂ یٰسین پڑھے گا اللہ اس سورت کے ہر حرف کی تعداد کے برابر اس کے گناہ معاف کردے گا۔

حدیث میں ہے کہ جو شخص رات کو سورۂ یٰسین پڑھے اُسے بخش دیا جاتا ہے اور جو سورۂ دخان پڑھے اُسے بھی بخش دیا جاتا ہے اس کی اسناد بہت عمدہ ہیں۔

بعض علمائے کرام رحمۃ اللہ علیہم کا قول ہے کہ جس سخت کام کے وقت سورۂ یٰسین پڑھی جاتی ہے اللہ تعالیٰ اُسے آسان کردیتا ہے مرنے والے

besturdubooks.wordpress.com

کے سامنے جب اس کی تلاوت ہوتی ہے تو رحمت و برکت نازل ہوتی ہے اور رُوح آسانی سے نکلتی ہے، واللہ تعالیٰ اعلم، مشائخ نے بھی فرمایا ہے کہ ایسے وقت سورۂ یٰسین پڑھنے سے اللہ تعالیٰ تخفیف کر دیتا ہے اور آسانی ہو جاتی ہے۔ بزار میں فرمان رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے کہ میری چاہت ہے کہ میری امت کے ہر ہر فرد کو یہ سورت یاد ہو۔ (تفسیر ابن کثیر)

حضرت معقل بن یسارؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یٰسین قلب القرآن، یعنی سورہ یٰسین قرآن کا دل ہے، اور اس حدیث کے بعض الفاظ میں ہے کہ جو شخص سورۂ یٰسین کو خالص اللہ اور آخرت کیلئے پڑھتا ہے اس کی مغفرت ہو جاتی ہے اس کو اپنے مُردوں پر پڑھا کرو۔
(رواہ احمد وابوداؤد والنسائی وابن حبان والحاکم وغیرہم، کذافی الروح والمظہری)

امام غزالیؒ نے فرمایا کہ سورۂ یٰسین کو قلبِ قرآن فرمانے کی یہ وجہ ہو سکتی ہے کہ اس سورۂ میں قیامت اور حشر ونشر کے مضامین خاص تفصیل اور بلاغت کے ساتھ آئے ہیں اور اصول ایمان میں سے عقیدۂ آخرت وہ چیز ہے جس پر انسان کے اعمال کی صحت موقوف ہے، خوف آخرت ہی انسان کو عملِ صالح کیلئے مستعد کرتا ہے اور وہی اس کو ناجائز خواہشات اور حرام سے روکتا ہے تو جس طرح بدن کی صحت قلب کی صحت پر موقوف ہے اسی طرح ایمان کی صحت فکرِ آخرت پر موقوف ہے (روح) اور اس سورۃ کا نام جیسا سورۂ یٰسین معروف ہے اسی طرح ایک حدیث میں اسکا نام عظیمہ بھی آیا ہے (اخرجہ ابونصر السجزی عن عائشہؓ) اور ایک حدیث میں ہے کہ اس سورۃ کا نام تورات میں معمہ آیا ہے، یعنی اپنے پڑھنے والے کیلئے دنیا و آخرت کی خیرات و برکات عام کرنے والی، اور اس کے پڑھنے والے کا نام شریف آیا ہے اور فرمایا کہ قیامت کے روز اس کی شفاعت قبیلہ ربیعہ کے لوگوں سے زیادہ کیلئے قبول ہوگی، (رواہ سعید بن منصور والبیہقی عن حسان بن عطیہ) اور بعض روایات میں اس کا نام مدافعہ بھی آیا ہے، یعنی اپنے پڑھنے والے سے بلاؤں کو دفع کرنے والی اور بعض میں اس کا نام قاضیہ بھی مذکور ہے، یعنی حاجات کو پورا کرنے والی۔ (روح المعانی)

اور حضرت ابوذرؓ سے روایت ہے کہ جس مرنے والے کے پاس سورۂ یٰسین پڑھی جائے تو اس کی موت کے وقت آسانی ہو جاتی ہے (رواہ الدیلمی وابن حبان، مظہری)

اور حضرت عبداللہ بن زبیرؓ نے فرمایا کہ جو شخص سورۂ یٰسین کو اپنی حاجت کے لئے پڑھے تو اسکی حاجت پوری ہو جاتی ہے۔ (اخرجہ المحاملی فی امالیہ، مظہری)

اور یحییٰ بن کثیر نے فرمایا کہ جو شخص صبح کو سورۂ یٰسٓ پڑھ لے وہ شام تک خوشی اور آرام سے رہے گا اور جو شام کو پڑھ لے تو صبح تک خوشی میں رہے گا، اور فرمایا کہ مجھے یہ بات ایسے شخص نے بتلائی ہے جس نے اس کا تجربہ کیا ہے۔ (اخرجہ ابن الفریس، مظہری) (معارف مفتی اعظم)

حضرت ابن مسعود راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص رات کو سورۂ یٰسین پڑھے گا صبح ہوگی تو اس کی مغفرت ہو چکی ہوگی۔ رواہ ابونعیم فی الحلیۃ بسند ضعیف

حضرت ابوسعید خدری کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے سورۂ یٰسین ایک بار پڑھی اس نے گویا دس بار قرآن پڑھا، رواہ البیہقی بسند ضعیف۔

حضرت معقل بن یسار راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کیلئے یٰسٓ پڑھے گا اس کے گذشتہ گناہ معاف کر دیے جائیں گے اس لیے اپنے مرنے والوں کے پاس اس کو پڑھا کرو، رواہ البیہقی بسند ضعیف۔

طبرانی نے حضرت انسؓ کی روایت سے بیان کیا ہے جو شخص ہر رات یٰسین پڑھنے کی پابندی کرے گا پھر مر جائے گا تو شہید مرے گا۔

دارمی اور طبرانی نے حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے جو شخص خوشنودی خدا حاصل کرنے کیلئے یٰسین پڑھے گا اس کو بخش دیا جائیگا۔

دیلمی اور ابوالشیخ بن حبان نے فضائل میں حضرت ابوذر کی روایت سے بیان کیا ہے جس مرنے والے کے پاس یٰسین پڑھی جاتی ہے اللہ اس کیلئے (موت کی) آسانی کر دیتا ہے۔

محاملی نے امالی میں حضرت عبداللہ بن زبیر کی روایت سے بیان کیا ہے جو شخص یٰسین کو اپنی حاجت کا پیش رو بنائے گا اس کی حاجت پوری کر دی جائے گی، دارمی کے نزدیک اس حدیث کا ایک شاہد بھی ہے جو مرسلاً مروی ہے۔

مستدرک میں حضرت امام ابوجعفر محمد بن امام زین العابدین کا قول مذکور ہے کہ جو شخص اپنے دل میں کچھ سختی محسوس کرے اس کو چاہئے کہ ایک پیالہ میں زعفران سے یٰسین لکھ کر پی لے ابن الفریس نے سعید بن جبیر کا قول نقل کیا ہے کہ جو شخص دیوانہ پر سورۂ یٰسین پڑھے گا دیوانہ اچھا ہو جائے گا۔ یحییٰ بن ابی کثیر کا قول ہے کہ جو شخص صبح شام کو یٰسین پڑھے گا (دن بھر) شام تک خوشی میں رہے گا اور جو شخص شام کو یٰسین پڑھے گا صبح تک خوشی میں رہے گا۔ تجربہ کرنے والوں کا یہی بیان ہے۔ (تفسیر مظہری)

حضرت ابن جبیرؓ کے کلام سے یہ مستفاد ہے کہ لفظ یٰسٓ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نام ہے، روح المعانی میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام ان دو عظیم الشان حرفوں سے رکھنا، یعنی یا اور سین اس میں بڑے راز ہیں۔

یٰسین کسی کا نام رکھنا کیسا ہے:

امام مالکؒ نے اس کو اس لئے پسند نہیں کیا کہ ان کے نزدیک یہ اسماء الٰہیہ میں سے ہے، اور اس کے صحیح معنی معلوم نہیں، اس لئے ممکن ہے کہ کوئی ایسے معنی ہوں جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہیں، جیسے خالق، رزاق، وغیرہ البتہ اس لفظ کو یاسین کے رسم الخط میں لکھا جائے تو یہ کسی انسان کا نام رکھنا جائز ہے، کیونکہ

قرآن کریم میں آیا ہے سَلٰمٌ عَلٰٓی اِلْ یَاسِیْنَ (معارف مفتی اعظم)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

یٰسٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۙ اِنَّكَ لَمِنَ

قسم ہے اُس پکے قرآن کی تو تحقیق ہے بھیجے

الْمُرْسَلِيْنَ ۙ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۗ

ہوؤں میں سے اوپر سیدھی راہ کے ☆

اعجاز قرآن کی گواہی:

یعنی قرآن کریم اپنی اعجازی شان، پر حکمت تعلیمات اور پختہ مضامین کے لحاظ سے بزاز بردست شاہد اس بات کا ہے کہ جو نبی اُمی اس کو لے کر آیا یقیناً وہ اللہ کا بھیجا ہوا اور بے شک و شبہ سیدھی راہ پر ہے اُس کی پیروی کرنیوالوں کو کوئی اندیشہ منزل مقصود سے بھٹکنے کا نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت:

یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خاص خصوصیت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی نبوت و رسالت کو قسم کے ساتھ بیان کیا آپ کے سوا کسی اور نبی اور رسول کی رسالت کو قسم کھا کر نہیں بیان فرمایا۔ (معارف القرآن کاندھلوی)

تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۙ

اُتارا زبردست رحم والے نے ☆

اللہ تعالیٰ زبردست بھی ہے مہربان بھی:

یعنی یہ دین کا سیدھا راستہ یا قرآن حکیم اُس خدا کا اتارا ہوا ہے جو زبردست بھی ہے کہ منکر کو سزا دیئے بغیر نہ چھوڑے اور رحم فرمانے والا بھی کہ ماننے والوں کو نوازش و بخشش سے مالا مال کر دے اسی لئے آیات قرآنیہ میں بعض آیات شان لُطف و مہر کا اور بعض شان غضب و قہر کا پہلو لئے ہوئے ہیں۔

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۙ

تاکہ تو ڈرائے ایک قوم کو کہ ڈر نہیں سنا اُن کے باپ دادوں نے سو اُن کو خبر نہیں

لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۙ

ثابت ہو چکی ہے بات اُن میں بہتوں پر سو وہ نہ مانیں گے ☆

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ذمہ بہت مشکل کام لگایا گیا ہے:

یعنی بہت کٹھن کام آپ کے سپرد ہوا ہے کہ اُس قوم (عرب) کو آپ قرآن کے ذریعہ سے ہشیار و بیدار کریں جس کے پاس صدیوں سے کوئی جگانے والا نہیں بھیجا تھا، وہ جاہل و غافل قوم جسے نہ خدا کی خبر نہ آخرت کی نہ ماضی سے عبرت نہ مستقبل کی فکر، نہ مبداء پر نظر نہ منتہا پر، نہ نیک و بد کی تمیز نہ بھلے بُرے کا شعور اُس کو اتنی ممتد جہالت و غفلت کی اندھیریوں سے نکال کر رُشد و ہدایت کی صاف سڑک پر لا کھڑا کرنا کوئی معمولی اور سہل کام نہیں ہے، بلا شبہ آپ پوری قوت اور زور و شور کے ساتھ ان کو اس غفلت و جہالت کے خوفناک نتائج اور بھیانک مستقبل سے ڈرا کر فلاح و بہبود کے اعلیٰ مدارج پر پہنچانے کی کوشش کرینگے۔ تاکہ یہ قوم اپنی اعلیٰ کامیابی سے تمام عالم کیلئے کامیابی کا دروازہ کھول دے لیکن بہت افراد وہ ملیں گے جو کسی قسم کی نصیحت پر کان دھرنے والے نہیں اسی لئے اُن پر شیطان پوری طرح مسلط ہو جاتا ہے جو اُن کی حماقتوں اور شرارتوں کو اُن کی نگاہ میں خوشنما کر کے دکھلاتا اور اگلے پچھلے سب احوال کو خواہ کتنے ہی گندے ہوں، خوبصورت بنا کر ظاہر کرتا ہے، آخر یہ لوگ دوسری زندگی سے بالکل منکر ہو کر اپنی فانی خواہشات ہی کو قبلہ مقصود ٹھہرا لیتے ہیں اُس وقت ایک طرف سے شیطان کی بات "لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ" (مخلصین کے سوا میں سب کو بہکا کر رہوں گا) سچی ہوتی ہے اور دوسری طرف حق تعالیٰ کا قول "لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ" (تجھ سے اور تیرے پیرووں سے دوزخ کو بھر دونگا) ثابت اور چسپاں ہو جاتا ہے باقی علم الٰہی میں تو ازل سے ثابت ہے کہ فلاں قوم کے فلاں فلاں افراد اپنی بدتمیزی اور لاپرواہی سے شیطان کے اغواء میں پھنس کر عذاب الٰہی کے مستحق ہونگے ایسے لوگوں کے راہ پر آنے اور ماننے کی کیا توقع ہو سکتی ہے پس آپ کو سلسلہ انذار و صلاح میں اگر ایسے ہمت شکن واقعات کا مقابلہ کرنا پڑے تو ملول و غمگین نہ ہوں اپنا فرض ادا کئے جائیں اور نتیجہ کو خدا کے سپرد کر دیں تقریر بالا کو سمجھنے کیلئے یہ آیات پیش نظر رکھیے۔ وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ" (زخرف۔ رکوع ۴) معلوم ہوا کہ شیطان ابتداء کسی پر مسلط نہیں کیا جاتا بلکہ اندھا بن کر نصیحت سے اعراض کرتے رہنے کا اثر یہ ہوتا ہے کہ آخر کار شیطان مسلط ہو جائے جیسے ہاتھ پاؤں سے مدت تک کام نہ لے تو وہ عضو بیکار کر دیا جاتا ہے قال تعالیٰ" فَلَمَّا زَاغُوْٓا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ (الصف رکوع ۱)" وَنُقَلِّبُ اَفْـِٕدَتَهُمْ وَاَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوْا بِهٖٓ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّنَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ (انعام۔ رکوع ۱۳) (ب) "وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ فَزَيَّنُوْا لَهُمْ مَّا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ" (حم السجدۃ رکوع ۳) تسلط کے بعد شیطان یہ کام کرتا ہے جس کا نتیجہ "حق علیهم القول" ہے (ج) وَالَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ اَتَعِدَانِنِيْٓ اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِيْ ۚ وَهُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ اللّٰهَ وَيْلَكَ اٰمِنْ ۤ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

فَيَقُوْلُ مَا هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ (الاحقاف۔ رکوع ۲) ان آیات سے معلوم ہوا کہ لفظ "حَقَّ الْقَوْلُ" اُن لوگوں پر صادق آتا ہے جو موت کے بعد کسی دوسری زندگی کا یقین ہی نہیں رکھتے، نہ برائی کو برائی سمجھتے ہیں، بلکہ اغوائے شیطانی سے اپنی بدیوں کو نیکی اور گمراہی کو ہدایت تصور کر لیتے ہیں کیسے ہی معقول دلائل سنایئے اور کھلے کھلے نشان دکھلایئے سب کو جھٹلاتے رہیں اور فضول حجتیں نکالتے رہیں بظاہر ہادیوں اور پیغمبروں کی بات کی طرف کان جھکائیں مگر ایک حرف سمجھنے کی کوشش نہ کریں محض ہوا و ہوس کو اپنا معبود ٹھہرا لیں نہ عقل سے کام لیں نہ آنکھوں سے، یہ ہی لوگ ہیں جن کے اعراض و عناد کے نتیجہ میں آخر کار اللہ تعالیٰ دلوں پر مہر کر دیتا ہے کہ ان میں خیر کے گھسنے کی پھر ذرا گنجائش نہیں رہتی جیسے کوئی شخص اپنے اوپر روشنی کے سب دروازے بند کر لے تو اللہ تعالیٰ اس کو اندھیرے میں چھوڑ دیتا ہے یا ایک بیمار دوا پینے کی قسم کھا لے، طبیب سے دشمنی کرے اور ہر قسم کی بد پرہیزی پر تیار ہو جائے تو اللہ اس کے مرض کو مہلک بنا دیتا اور مایوسی کے درجہ میں پہنچا دیتا ہے فرماتے ہیں۔ " تِلْكَ الْقُرٰى نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآئِهَا وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا مِنْ قَبْلُ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ (اعراف۔ رکوع ۱۳)

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ (یونس۔ رکوع ۸) وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ وَلَئِنْ جِئْتَهُمْ بِاٰيَةٍ لَّيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُبْطِلُوْنَ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ (روم۔ رکوع ۶) كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ مُّرْتَابٌ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ (مؤمن۔ رکوع ۴) وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ حَتّٰٓى اِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ اٰنِفًا اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ (محمد۔ رکوع ۲) بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا (نساء۔ رکوع ۲۲) كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ (مطففین رکوع ۱) اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ (الجاثیہ۔ رکوع ۳) وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ (اعراف۔ رکوع ۲۲) يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ مِنْۢ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ يَقُوْلُوْنَ اِنْ اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ وَاِنْ لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوْا وَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ اَنْ يُّطَهِّرَ قُلُوْبَهُمْ (المائدہ۔ رکوع ۶) (تفسیر عثمانی)

مَّآ اُنْذِرَ میں ما نافیہ ہے حضرت اسماعیلؑ کے بعد مکہ میں کوئی پیغمبر مبعوث نہیں ہوا مکہ والوں کو پیغمبر کی ضرورت بہت زیادہ تھی اس لیے فرمایا کہ ان لوگوں کے آباء و اجداد کے پاس کوئی پیغمبر نہیں بھیجا گیا (اور ان کو پیغمبر کی ضرورت سخت تھی اس لیے) آپ کو ان کے پاس پیغمبر بنا کر بھیجا گیا۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ
ہم نے ڈالے ہیں اُن کی گردنوں میں طوق سو وہ ہیں
اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ﴿۸﴾
ٹھوڑیوں تک پھر اُن کے سر اُلل رہے ہیں ☆

سرمایہ پرستی و جہالت کے طوق:

یہ اُن ہی لوگوں کے حق میں ہے جن کا ذکر گذشتہ فائدہ میں ہوا یہ طوق عادات و رسوم حُبِّ جاہ و مال اور تقلید آباء و اجداد کے تھے جنہوں نے ان کے گلے سختی سے دبا رکھے تھے اور نخوت و تکبر کی وجہ سے ان کے سر نیچے نہیں جھکتے تھے۔ (تفسیر عثمانی)

سببِ نزول: ابن جریر نے عکرمہ کا بیان نقل کیا ہے کہ ابو جہل نے کہا تھا اگر میں نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ پایا تو ایسا ایسا کروں گا اس پر مذکورہ آیت ابو جہل کے حق میں لَا يُبْصِرُوْنَ تک نازل ہوئی۔ چنانچہ لوگ ابو جہل سے کہتے تھے یہ محمد موجود ہیں (اب تم جو کہتے تھے وہ کر دکھاؤ) تو ابو جہل کہتا تھا کہاں ہیں مجھے تو دکھائی نہیں دیتے۔

بغوی نے لکھا ہے اس آیت کا نزول ابو جہل اور اس کے ایک مخزومی ساتھی کے حق میں ہوا ابو جہل نے قسم کھا کر کہا تھا کہ میں نے جہاں بھی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ پایا پتھر سے ان کا سر کچل دوں گا چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز کی حالت میں اس نے دیکھ لیا اس کے پاس ہی پتھر بھی پڑا ہوا تھا اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر پر مارنے کیلئے پتھر اٹھانا چاہا فوراً ہاتھ گردن سے چپٹ گیا اور پتھر چھوٹ کر ہاتھ پر گر پڑا ابو جہل فوراً اپنے ساتھیوں کے پاس لوٹ کر آیا اور جو کچھ دیکھا تھا وہ بیان کیا اور بیان کرتے ہی گر پڑا، مخزومی شخص بولا اب میں جا کر اسی پتھر سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کروں گا چنانچہ پتھر مارنے کیلئے وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف چلا آپ

besturdubooks.wordpress.com

صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت بھی نماز پڑھ رہے تھے اللہ نے اس کو اندھا کر دیا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز تو اس کو سنائی دیتی تھی مگر آنکھوں سے کچھ نہیں دکھتا تھا وہ بھی اپنے ساتھیوں کے پاس لوٹ آیا لیکن ساتھیوں میں سے بھی وہ کسی کو دیکھ نہ سکا لوگوں نے اس کو آواز دی اور کہا تو نے کیا کیا مخزومی نے کہا مجھے تو وہ نظر ہی نہیں آئے ہاں ان کی آواز میں نے ضرور سنی مگر میرے اور ان کے درمیان کوئی ایسی چیز حائل تھی جیسے کوئی نر اونٹ ہو جو (حملہ کرنے کیلئے) دم ہلا رہا ہو اگر میں ان کے قریب جاتا تو وہ اونٹ مجھے کھا جاتا اس پر آیت اِنَّا جَعَلْنَا فِیْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا نازل ہوئی۔

فَهِیَ اِلَى الْاَذْقَانِ یعنی گلے میں پڑے ہوئے طوق ٹھوڑیوں تک ہیں جن کی وجہ سے وہ گردن جھکا نہیں سکتے بغوی نے لکھا ہے اغلال سے بطور کنایہ ہاتھ مراد ہیں اگرچہ ہاتھوں کا ذکر پہلے نہیں آیا ہے کیونکہ غل کا معنی ہے ہاتھوں کو گردن سے باندھ دینا اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ ہاتھ گردن سے بندھے ہوئے ہیں اور ہاتھوں کو گردن سے ملا کر ہم نے ٹھوریوں تک طوق کو کس دیا ہے۔

فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ یعنی ٹھوریوں تک طوق ہونے کی وجہ سے ان کی گردنیں اوپر کو اچکی ہوئی ہیں آنکھیں بند ہوگئی ہیں کسی چیز کو دیکھ نہیں سکتیں۔

بیہقی نے دلائل میں بطریق سدی صغیر از کلبی از ابو صالح۔ حضرت ابن عباس کا بیان نقل کیا ہے کہ قبیلہ بنی مخزوم کے کچھ لوگوں نے باہم مشورہ کر کے یہ بات طے کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو شہید کر دیں ان مشورہ کرنے والوں میں ابو جہل اور ولید بن مغیرہ بھی شامل تھے ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے اور یہ لوگ آپ کی قرآن کی آواز سن رہے تھے ساتھیوں کے مشورہ کے مطابق ولید بن مغیرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کر دینے کے ارادہ سے چل دیا جس جگہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے وہاں تک پہنچ گیا لیکن آواز سننے کے علاوہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کو نظر نہیں آئے، واپس آ کر اپنے ساتھیوں کو یہ بات بتا دی یہ سنتے ہی دوسرے لوگ اٹھ کھڑے ہوئے اور جہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے وہاں تک پہنچ بھی گئے اور قرأت کی آواز بھی سنتے رہے لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم نظر نہ آئے آواز کی طرف بڑھتے تھے تو آواز پیچھے سے آنے لگتی تھی، پیچھے کی طرف آواز کی جانب آتے تھے تو آواز پیچھے سے آنے لگتی تھی آخر ناکام لوٹ آئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچنے کا راستہ نہیں ملا یہی مطلب ہے آئندہ آیت کا۔ (تفسیر مظہری)

وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ
اور بنائی ہم نے اُن کے آگے دیوار اور پیچھے دیوار
خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰهُمْ فَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ۝
پھر اُوپر سے ڈھانک دیا، سو اُن کو کچھ نہیں سُوجھتا ☆

عداوت وجہالت کی دیوار:

نبی کی عداوت نے انکے اور قبول ہدایت کے درمیان دیواریں کھڑی کر دی تھیں۔ جاہلانہ رسوم واطوار اور ہواء وآرائے فاسدہ کی اندھیریوں میں اس طرح بند تھے کہ آگا پیچھا اور نشیب وفراز کچھ نظر نہ آتا تھا۔ نہ ماضی پر نظر تھی نہ مستقبل پر، باقی ان افعال کی نسبت حق تعالیٰ کیطرف اس لئے کی گئی کہ خالق خیر وشر کا وہی ہے اور اسباب پر مسببات کا ترتب اس کی مشیت سے ہوتا ہے۔ امام رازیؒ فرماتے ہیں کہ اس آیت سے دلائل آفاقیہ میں غور کرنے کی نفی ہوئی جیسا کہ "فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ" میں دلائل انفسیہ کی طرف ملتفت نہ ہونے کا اشارہ تھا کیونکہ سراوپر کو اُٹھا رہا ہو جھک نہ سکے تو اپنے بدن پر نظر نہیں پڑ سکتی۔ (تفسیر عثمانی)

وَسَوَآءٌ عَلَیْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ
اور برابر ہے اُن کو تو ڈرائے
اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ۝
یا نہ ڈرائے یقین نہیں کریں گے ☆

یہ نصیحت کے لائق نہیں مگر آپ نصیحت کرتے رہیں:

انکو برابر ہے لیکن آپ کے حق میں برابر نہیں، بلکہ ایسی سخت معاند اور سرکش قوم کو نصیحت کرنا اور اصلاح کے درپے ہونا عظیم درجات کے حصول کا سبب ہے اور کبھی یہ اخلاق دوسروں کی ہدایت کا باعث بن جاتا ہے۔ اسی طرح کی آیات سورۂ "بقرہ" کے اوائل میں گزر چکی ہیں۔

اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِیَ الرَّحْمٰنَ
تو تو ڈر سنائے اُس کو جو چلے سمجھائے پر اور ڈرے رحمٰن سے
بِالْغَیْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِیْمٍ ۝
بن دیکھے، سو اُس کو خوش خبری دے معافی کی اور عزت کے ثواب کی ☆

یہ نفع مندی کی صفات سے خالی ہیں:

یعنی ڈرانے کا فائدہ اسی کے حق میں ظاہر ہوتا ہے جو نصیحت کو مان کر اس پر چلے اور اللہ کا ڈر دل میں رکھتا ہو۔ جس کو خدا کا ڈر ہی نہیں نہ نصیحت کی کچھ پرواہ وہ نبی کی تنبیہ وتذکیر سے کیا فائدہ اٹھائے گا۔ ایسے لوگ بجائے مغفرت وعزت کے سزا اور ذلت کے مستحق ہونگے۔ آگے اشارہ کرتے ہیں کہ فریقین کی اس عزت وذلت کا پورا اظہار زندگی کے دوسرے دور میں ہوگا جس کے مبادی موت کے بعد سے شروع ہو جاتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

الذِّكْرَ (نصیحت) سے مراد قرآن ہے قرآن کا اتباع کرنے سے مراد ہے اس کے مطلب پر غور کرنا اور اس کی تعلیم کے بموجب عمل کرنا۔

besturdubooks.wordpress.com

''رحمٰن'' کہنے کا نکتہ:

القہار المنتقم کی بجائے الرحمٰن فرمایا حالانکہ رحمٰن سے ڈرنے کا کوئی تعلق نہیں۔خوف تو قہار کے قہر اور منتقم کے انتقام کا ہونا چاہئے کیوں کہ رحمٰن کی صفت رحمت جانتے ہوئے پھر اس سے ڈرنا یا خشیہ کا انتہائی درجہ ہے اور عین ایمان ہے (رحمٰن کی رحمت کو جاننا اور پھر اس سے خوف کرنا) کمال ایمان ہے خوف و امید کے درمیان ہی ایمان ہوتا ہے۔

بِالْغَيْبِ۔یعنی بن دیکھے عذاب سے ڈرتا ہے یا تنہائی میں اللہ کے عذاب سے ڈرتا ہے۔

بِمَغْفِرَةٍ۔یعنی گناہوں کی معافی کی بشارت دے دیجئے۔

اَجْرٍ كَرِيْمٍ۔اعلیٰ عمدہ اجر یعنی جنت۔(تفسیر مظہری)

اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى
ہم ہیں جو زندہ کرتے ہیں مُردوں کو☆

ہم مردوں کو زندہ کرتے ہیں:

یعنی موت کے بعد دوسری زندگی یقینی ہے جہاں سب اپنے کیے کا بدلہ پائینگے اور شاید ادھر بھی اشارہ ہو کہ یہ قوم (عرب) جس کی روحانی قوتیں بالکل مردہ ہو چکی ہیں، حق تعالیٰ کو قدرت ہے کہ پھر ان میں زندگی کی روح پھونک دے کہ وہ دنیا میں بڑے بڑے کارہائے نمایاں کرے اور آنیوالی نسلوں کیلئے اپنے آثار عظیمہ چھوڑ جائے۔(تفسیر عثمانی)

یعنی قبروں سے اٹھانے کے وقت ہم ہی مردوں کو زندہ کریں گے یا یہ مطلب ہے کہ جہالت اور گمراہی (جو حقیقت میں موت ہیں) کے بعد ہم علم اور ہدایت (جو حقیقت میں زندگی ہیں) دیتے ہیں۔(تفسیر مظہری)

وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ؕ
اور لکھتے ہیں جو آگے بھیج چکے اور جو نشان ان کے پیچھے رہے☆

سب عمل محفوظ ہیں:

یعنی نیک و بد اعمال جو آگے بھیج چکے اور بعض اعمال کے اچھے برے اثرات یا نشان جو پیچھے چھوڑے مثلاً کوئی کتاب تصنیف کی یا علم سکھلایا، یا عمارت بنائی یا کوئی رسم ڈالی نیک یا بد، سب اس میں داخل ہیں بلکہ الفاظ کے عموم میں وہ نشان قدم بھی شامل ہو سکتے ہیں جو کسی عبادت کے لئے چلتے وقت زمین پر پڑ جاتے ہیں چنانچہ بعض احادیث صحیحہ میں تصریح ہے۔''دِيَارَكُمْ تُكْتَبْ اٰثَارُكُمْ.''(تفسیر عثمانی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس نے اسلام میں کوئی اچھا طریقہ ایجا کیا جس پر بعد والوں نے عمل کیا تو اس شخص کو اپنے کیے کا بھی ثواب ملے گا اور ان لوگوں کے عمل کے برابر بھی جو اس کے جاری کردہ طریقے پر چلے مگر بعد کو اس طریقہ پر چلنے والوں کا ثواب کم نہیں کیا جائے گا، اور جس نے اسلام میں کوئی برا طریقہ ایجاد کیا جس پر بعد کو آنے والے لوگ چلے تو ایجاد کرنے والے پر اپنے عمل کا بھی گناہ ہوگا اور بعد کو عمل کرنے والوں کا بھی لیکن بعد کو عمل کرنیوالوں کے بوجھ میں کوئی کمی نہیں کی جائے گی۔رواہ مسلم من حدیث جریر۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نماز میں سب سے بڑا اجر اس شخص کیلئے ہوتا ہے جو سب سے زیادہ دور سے چل کر آئے پھر اس کے بعد اس شخص کا اجر ہوتا ہے جو (اوروں سے) زیادہ دور سے آئے اور جو شخص امام کے ساتھ نماز پڑھنے کے انتظار میں رہتا ہے اس کو ثواب اس شخص سے بڑھ کر ملتا ہے جو نماز پڑھ کر سو رہتا ہے۔(متفق علیہ)

قدموں کے نشان بھی لکھے جاتے ہیں:

حضرت جابر کا بیان ہے مسجد کے گرد کچھ زمین کے قطعے خالی پڑے تھے بنی سلمہ کا ارادہ ہوا کہ (اپنے محلّے سے) منتقل ہو کر مسجد کے قریب آبسیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی اطلاع ملی تو فرمایا کیا تم چاہتے ہو کہ منتقل ہو کر مسجد کے قریب آجاؤ، بنی سلمہ نے عرض کیا ہاں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارا یہی ارادہ ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بنی سلمہ اپنے گھروں میں ہی رہو تمہارے قدموں کے نشان لکھے جاتے ہیں۔رواہ مسلم۔(تفسیر مظہری)

ابن جریرؒ میں حضرت ثابتؒ سے روایت ہے کہ میں حضرت انسؓ کے ساتھ نماز کیلئے مسجد کی طرف چلا میں جلدی جلدی بڑے قدموں سے چلنے لگا تو آپ نے میرا ہاتھ تھام لیا اور اپنے ساتھ آہستہ آہستہ ہلکے ہلکے قدموں سے لے جانے لگے جب ہم نماز سے فارغ ہوئے تو آپ نے فرمایا میں (حضرت) زید بن ثابتؓ کے ساتھ مسجد کو جارہا تھا اور تیز قدم چل رہا تھا تو آپ نے مجھ سے فرمایا اے انس! کیا تمہیں معلوم نہیں؟ کہ یہ نشانات قدم لکھے جاتے ہیں۔(تفسیر ابن کثیر)

وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۲﴾
اور ہر چیز گن لی ہے ہم نے ایک کھلی اصل میں☆

لوحِ محفوظ: یعنی جس طرح تمام اعمال و آثار وقوع کے بعد ضابطہ کے موافق لکھے جاتے ہیں قبل از وقوع بھی ایک ایک چیز لوح محفوظ میں لکھی ہوئی ہے اور وہ لکھنا بھی محض انتظامی ضوابط و مصالح کی بناء پر ہے ورنہ اللہ کے علم قدیم میں ہر چھوٹی بڑی چیز پہلے سے موجود و حاضر ہے اسی کے موافق لوح محفوظ میں نقل کی جاتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

جزاء اور سزا وقوع کے بعد ملتی ہے ہر چیز وقوع سے پہلے لوح محفوظ میں لکھی ہوئی ہے اور وقوع کے بعد نامۂ اعمال میں لکھی ہوئی ہے امام مبین

besturdubooks.wordpress.com

سے لوح محفوظ مراد ہے جو کتاب اعمال کے علاوہ ہے جس میں بندوں کے اعمال لکھے جاتے ہیں اور جو قیامت کے دن بندوں کے ہاتھوں میں دیئے جائیں گے۔ (معارف کاندھلوی)

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ

اور بیان کر ان کے واسطے ایک مثل اُس گاؤں کے لوگوں کی ☆

انطا کیہ والوں کا قصہ:

یہ گاؤں اکثر کے نزدیک شہر "انطا کیہ" ہے اور بائیبل کتاب اعمال کے آٹھویں اور گیارہویں باب میں ایک قصہ اسی قصہ کے مشابہ کچھ تفاوت کے ساتھ شہر انطا کیہ کا بیان ہوا ہے لیکن ابن کثیرؒ نے تاریخی حیثیت سے اور سیاق قرآن کے لحاظ سے اس پر کچھ اعتراضات کئے ہیں اگر وہ صحیح ہوں تو کوئی اور بستی ماننی پڑے گی واللہ اعلم، اس قصہ کا ذکر مومنین کے لئے بشارت اور مکذبین کیلئے عبرت ہے۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت عیسیٰؑ کا دو قاصدوں کو روانہ کرنا:

بغوی نے لکھا ہے علماء تاریخ کا بیان ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے دو حواری قاصد بنا کر انطا کیہ شہر کو بھیجے یہ دونوں جب شہر کے قریب پہنچے تو ایک بوڑھا آدمی بکریاں چراتا ملا (یہ شخص حبیب تھا جو حضرت عیسیٰؑ کا صحابی ہوا) دونوں نے اس کو سلام کیا بوڑھے نے کہا تم کون ہو قاصدوں نے کہا اللہ کا رسول تم کو بت پرستی چھوڑ کر اللہ کی عبادت کی طرف آنے کی دعوت دے رہا ہے بوڑھے نے کہا کیا تمہارے پاس کوئی نشانی ہے قاصدوں نے کہا ہاں ہم اللہ کے حکم سے بیمار کو تندرست اور مادر زاد نابینا اور کوڑھی کو بھلا چنگا کر دیتے ہیں بوڑھے نے کہا میرا ایک بیٹا ہے جو دو سال سے بیمار ہے، قاصدوں نے کہا تو چلو ہم کو وہاں لے چلو ہم بھی اس کی حالت دیکھیں، بوڑھا دونوں کو لے کر اپنے گھر پہنچا قاصدوں نے اس کے بیٹے پر جونہی ہاتھ پھیرا وہ اللہ کے حکم سے (تندرست ہو کر) اٹھ کھڑا ہوا یہ خبر شہر میں پھیل گئی اور ان کے ہاتھ سے اللہ نے بہت مریضوں کو شفاء عطا فرما دی۔

انطا کیہ کا بادشاہ: انطا کیہ والوں کا ایک بادشاہ تھا وہب نے اس کا نام انطفس کہا ہے یہ بادشاہ رومی تھا اور بتوں کی پوجا کرتا تھا جب اس کو یہ اطلاع ملی تو اس نے دونوں قاصدوں کو طلب کیا دونوں حضرات اس کے پاس پہنچ گئے بادشاہ نے پوچھا تم کون ہو قاصدوں نے کہا ہم عیسیٰؑ کے قاصد ہیں، بادشاہ نے کہا کس غرض سے آئے ہو قاصدوں نے کہا ہم آپ کو دعوت دیتے ہیں کہ ایسے (بتوں کی) جو نہ کچھ سنتے ہیں نہ دیکھتے ہیں پوجا چھوڑ کر ایسی ذات کی عبادت کی طرف آجاؤ جو سنتا اور دیکھتا ہے بادشاہ نے کہا کیا تمہارا کوئی خدا ہمارے معبودوں سے علاوہ ہے قاصدوں نے کہا جی ہاں جس نے آپ کو اور آپ کے معبودوں کو پیدا کیا ہے (وہی ہمارا معبود ہے) بادشاہ نے کہا اچھا اب تو اٹھ جاؤ میں تمہارے معاملہ پر غور کروں گا قاصد اٹھ آئے پھر لوگوں نے ان کا پیچھا کیا اور بازار میں پکڑ کر دونوں کو مارا۔

قاصدوں کا قید ہونا اور کوڑوں کی سزا پانا:

وہب کا بیان ہے کہ بادشاہ نے غضبناک ہو کر دونوں کو قید کر دینے اور سو سو کوڑے مارنے کا حکم دے دیا۔

شمعون کا مدد کیلئے جانا:

اہل تاریخ نے لکھا ہے جب ان دونوں قاصدوں کی تکذیب کی گئی اور مارا گیا تو حضرت عیسیٰ نے حواریوں کے سردار شمعون صفا کو ان کے پیچھے ان کی مدد کرنے کیلئے بھیجا شمعون بستی میں حلیہ بدل کر پہنچے اور بادشاہ کے مصاحبوں سے ربط ضبط پیدا کیا جب بادشاہ کے مصاحب ان سے مانوس ہو گئے تو انہوں نے ان کی اطلاع بادشاہ تک پہنچا دی بادشاہ نے طلب کر لیا شمعون دربار میں حاضر ہو گئے بادشاہ نے ان کی صحبت کو پسند کر لیا اور مانوس ہو گیا اور ان کی عزت کی۔

شمعون کی قیدیوں کے بارے میں بادشاہ سے گفتگو:

کچھ مدت کے بعد ایک روز شمعون نے بادشاہ [illegible] آپ نے دو آدمیوں کو قید خانہ میں بند کر رکھا ہے اور [illegible] آپ کے مذہب کے خلاف دعوت دی تو آپ نے ان کو [illegible] آپ نے ان سے کچھ گفتگو بھی کی تھی اور ان کی بات بھی سنی تھی بادشاہ نے کہا مجھے اتنا غصہ آیا کہ میں ان سے کوئی بات نہ کر سکا شمعون نے کہا اگر بادشاہ مناسب سمجھے تو ان کو طلب فرما کر دریافت کرے کہ وہ کیا کہتے ہیں۔

بادشاہ کے سامنے قیدیوں کے بیانات:

شمعون کے مشورہ کے موافق بادشاہ نے دونوں حواریوں کو طلب کیا شمعون نے ان دونوں سے دریافت کیا تم کو یہاں کس نے بھیجا ہے قاصدوں نے جواب دیا "اللہ نے جس نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں۔" شمعون نے کہا اللہ کے مختصر اوصاف بیان کرو، قاصدوں نے کہا "وہ جو کچھ چاہتا ہے کرتا ہے اور جیسی اس کی مشیت ہوتی ہے حکم دیتا ہے۔" شمعون نے کہا تم دونوں کے پاس نشانی کیا ہے قاصدوں نے کہا جو آپ طلب کریں۔

اندھے کا بینا ہونا:

یہ سنتے ہی بادشاہ نے ایک لڑکے کو بلوایا جس کی دونوں آنکھوں کے نشان بھی مٹے ہوئے تھے دونوں آنکھوں کی جگہ ایسی سپاٹ تھی جیسے پیشانی دونوں حواریوں نے اپنے رب سے دعاء کرنی شروع کی اور برابر کرتے رہے آخر دونوں آنکھوں کی جگہ پھٹ گئی دونوں نے مٹی کے دو غلے فوراً لے کر آنکھوں کے شگافوں میں رکھ دیئے فوراً دونوں غلے آنکھوں کی ڈیلوں کی طرح ہو گئے

besturdubooks.wordpress.com

اور دونوں سے دکھائی دینے لگا بادشاہ کو (بڑا) تعجب ہوا۔

حقیقت کا اعتراف:

شمعون نے بادشاہ سے کہا اگر آپ اپنے معبود سے درخواست کریں اور وہ بھی ایسا ہی کر دے تو آپ کو برتری حاصل ہو جائے گی بادشاہ نے کہا تم سے کچھ چھپی بات نہیں حقیقت یہ ہے کہ ہمارا معبود جس کی ہم پوجا کرتے ہیں نہ سنتا ہے نہ دیکھتا ہے نہ ضرر پہنچا سکتا ہے نہ نفع دے سکتا ہے (وہ کچھ نہیں کر سکتا) شمعون کا قاعدہ یہ تھا کہ بادشاہ جب بتوں کی پوجا کرنے جاتا تو شمعون بکثرت نماز پڑھتا اور (اللہ کے سامنے) گڑگڑاتا تھا لوگ یہ سمجھتے تھے کہ یہ ہمارے مذہب پر ہے۔

مُردہ کا زندہ ہونا:

اس کے بعد بادشاہ نے دونوں حواریوں سے کہا اگر تمہارا خدا جس کی تم پوجا کرتے ہو مردہ کو زندہ کر سکے تو ہم اس کو مان لیں گے حواریوں نے کہا ہمارا معبود ہر چیز کی قدرت رکھتا ہے بادشاہ نے کہا ایک زمیندار کا بچہ سات روز ہوئے مر گیا تھا اس کا باپ موجود نہ تھا ہم نے اس کے باپ کے آنے تک اسکو دفن کرنے سے روک دیا تھا (اس کو تمہارا خدا زندہ کر دے تو مانیں) حسب الحکم لوگ میت کو لے آئے میت بگڑ چکی اور شکل ڈراونی ہو گئی تھی دونوں حواری اللہ سے علانیہ دعاء کرنے لگے اور شمعون چپکے چپکے خدا سے دعاء مانگتا رہا غرض کچھ دیر کے بعد مردہ اٹھ بیٹھا۔

مردہ کے بیانات:

مردہ نے کہا سات روز ہوئے شرک کی حالت میں مرا تھا مجھے آگ کی سات وادیوں میں لے جایا گیا میں تم کو اس شرک سے ڈراتا ہوں جس میں تم مبتلا ہو اللہ پر ایمان لے آؤ پھر اس نے کہا آسمان کے دروازے کھلتے مجھے دکھائی دیے اور میں نے ایک خوبصورت جوان کو دیکھا جو ان تینوں کی سفارش کر رہا تھا بادشاہ نے کہا تین کون، اس نے کہا شمعون اور یہ دونوں بادشاہ کو یہ سن کر اور دیکھ کر بڑا تعجب ہوا شمعون نے جب دیکھ لیا کہ اس کی بات بادشاہ پر اثر کر چکی ہے تو بادشاہ سے کہا آپ ان دونوں شخصوں سے سوال کریں کہ وہ آپ کی لڑکی کو زندہ کر دیں۔

شہزادی کا زندہ ہونا:

بادشاہ نے دونوں حواریوں سے اپنی لڑکی کو زندہ کر دینے کی درخواست کی، فوراً دونوں نماز پڑھنے کھڑے ہو گئے اور اللہ سے دعاء کی، شمعون بھی دعاء میں ان کے ساتھ شریک تھے مگر چپکے چپکے دعاء کر رہے تھے تھوڑی دیر کے بعد اللہ نے اس عورت کو زندہ کر دیا قبر پھٹی اور عورت اس سے نکل آئی اور کہا خوب جان لو کہ یہ دونوں سچے ہیں اور میرا خیال ہے کہ تم نہیں مانو گے پھر اس نے دونوں حواریوں سے درخواست کی کہ وہ اس کو اس کی جگہ واپس کر دیں پھر اس نے اپنے سر پر کچھ مٹی ڈالی اور قبر میں لوٹ گئی۔

بادشاہ کی بدبختی:

ابن اسحاق نے بحوالہ کعب و وہب بیان کیا ہے کہ بادشاہ ایمان نہیں لایا اور قوم کے اتفاق رائے سے اس نے قاصدوں کو قتل کرنے کا پختہ ارادہ کر لیا یہ خبر حبیب کو مل گئی حبیب اس وقت شہر کے آخری دروازہ پر تھا فوراً وہ دوڑ کر شہر والوں کے پاس پہنچا ان کو نصیحت کی اور قاصدوں کا کہا ماننے کی دعوت دی، یہی مطلب ہے اللہ کے آئندہ قول کا۔ (تفسیر مظہری)

بستی کی تعیین کوئی ضروری نہیں:

سیدی حضرت حکیم الامت ؒ نے بیان القرآن میں اختیار فرمایا ہے، کہ آیات قرآن کا مضمون سمجھنے کیلئے اس بستی کی تعیین ضروری نہیں، اور قرآن کریم نے اس کو مبہم رکھا ہے، تو ضرورت ہی کیا ہے کہ اس کی تعیین پر اتنا زور خرچ کیا جائے، سلف صالحین کا یہ ارشاد کہ اَبْهِمُوْا مَا اَبْهَمَهُ اللّٰهُ، یعنی جس چیز کو اللہ نے مبہم رکھا ہے تم بھی اسے مبہم ہی رہنے دو، اس کا مقتضی بھی یہی ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۳﴾
جب کہ آئے اس میں بھیجے ہوئے ☆

ان کے ناموں کی صحیح تعیین نہیں ہو سکتی اور نہ یقینی طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ بلا واسطہ اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے پیغمبر تھے یا کسی پیغمبر کے واسطہ سے حکم ہوا تھا کہ اس کے نائب ہو کر فلاں بستی کی طرف جاؤ دونوں احتمال ہیں گو متبادر یہی ہے کہ پیغمبر ہوں شاید حضرت مسیح علیہ السلام سے پہلے مبعوث ہوئے ہونگے۔ (تفسیر عثمانی)

یہ تینوں قاصد تھے پیغمبر نہیں تھے:

حضرت قتادہؓ سے یہ منقول ہے کہ یہاں لفظ مُرْسَلُوْنَ اپنی اصطلاحی معنی میں نہیں بلکہ قاصد کے معنی میں ہے اور یہ تین بزرگ جو اس قریہ کی طرف بھیجے گئے خود پیغمبر نہیں تھے، بلکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریین میں سے تھے، انہی کے حکم سے یہ اس قریہ کی ہدایت کے لئے بھیجے گئے تھے۔ (ابن کثیر) اور چونکہ ان کے بھیجنے والے حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے رسول تھے، ان کا بھیجنا بھی بالواسطہ اللہ تعالیٰ ہی کا بھیجنا تھا۔ (معارف مفتی اعظم)

اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا
جب بھیجے ہم نے اُن کی طرف دو تو اُن کو جھٹلایا
فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ﴿۱۴﴾
پھر ہم نے قوت دی تیسرے سے، تب کہا انہوں نے ہم تمہاری طرف آئے ہیں بھیجے ہوئے ☆

قاصدوں کی دعوت:

یعنی اوّل دو گئے پھر ان کی تائید کیلئے تیسرا بھیجا گیا تینوں نے مل کر کہا کہ

besturdubooks.wordpress.com

ہم خود نہیں آئے اللہ کے بھیجے ہوئے آئے ہیں، لہٰذا جو کچھ ہم کہیں اُسی کا پیغام سمجھو۔ (تفسیر عثمانی)

تینوں قاصدوں کے نام:

عبد الرزاق عبد بن حمید، ابن جریر ابن المنذر اور ابن ابی حاتم نے قتادہ کا بیان نقل کیا ہے قتادہ نے کہا مجھے یہ روایت پہنچی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اہل قریہ کے پاس دو حواریوں کو بھیجا تھا کعب نے کہا پہلے دونوں قاصد صادق و مصدوق تھے اور تیسرا قاصد سلوم تھا۔ (تفسیر مظہری)

قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ اَنْزَلَ

وہ بولے تم تو یہی انسان ہو جیسے ہم اور رحمٰن نے

الرَّحْمٰنُ مِنْ شَیْءٍ ۙ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ﴿۱۵﴾

کچھ نہیں اُتارا تم سارے جھوٹ کہتے ہو ☆

بستی والوں کا جواب:

یعنی تم میں سے کوئی سرخاب کا پر نہیں جو اللہ تمہیں بھیجتا ہم سے کس بات میں تم بڑھ کر تھے بس رہنے دو خواہ مخواہ خدا کا نام نہ لو، اُس نے کچھ نہیں اُتارا اپنی سازش کر کے ایک جھوٹ بنالائے اُسے خدا کی طرف نسبت کر دیا۔ (تفسیر عثمانی)

قَالُوْا رَبُّنَا یَعْلَمُ اِنَّآ اِلَیْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۶﴾

کہا ہمارا رب جانتا ہے ہم بیشک تمہاری طرف بھیجے ہوئے آئے ہیں ☆

قاصدوں کے سچا ہونے کی دلیل:

یعنی اگر ہم خدا پر جھوٹ لگاتے ہیں تو وہ دیکھ رہا ہے کیا وہ اپنے فعل سے برابر جھوٹوں کی تصدیق کرتا رہے گا۔ ایسا نہیں ہوسکتا۔ اب تم سمجھو یا نہ سمجھو، اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے کہ ہم اپنے دعوے میں سچے ہیں اور کوئی بات اپنی طرف سے نہیں کہہ رہے۔ اسی لئے فعلاً ہماری تصدیق کر رہا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

مسئلہ: رسولوں نے اللہ کے علم سے استشہاد کیا جو قسم کے قائم مقام ہے (یعنی انہوں نے اللہ کی قسم کھا کر کہا) اس لیے (احناف کا مسلک ہے کہ) جس نے دانستہ جھوٹ بولا اور جانتے ہوئے کہا اللہ جانتا ہے کہ میں نے یہ کام کرلیا اور واقع میں وہ کاذب ہو تو اس پر یمین غموس پڑ جائے گی (دانستہ گذشتہ واقعہ پر جھوٹی قسم) (تفسیر مظہری)

وَمَا عَلَیْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِیْنُ ﴿۱۷﴾

اور ہمارا ذمہ یہی ہے پیغام پہنچا دینا کھول کر ☆

یعنی ہم اپنا فرض ادا کر چکے، خدا کا پیام خوب کھول کر واضح، معقول اور دلنشیں طریقہ سے تم کو پہنچا دیا۔ اب اتمام حجت کے بعد خود سوچ لو کہ تکذیب وعداوت کا انجام کیا ہونا چاہیے۔ (تفسیر عثمانی)

قَالُوْٓا اِنَّا تَطَیَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ

بولے ہم نے نامبارک دیکھا تم کو اگر تم باز نہ رہو گے تو ہم تم کو سنگسار کریں گے

وَلَیَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۱۸﴾

اور تم کو پہنچے گا ہمارے ہاتھ سے عذاب درد ناک ☆

بستی والوں کی بے عقلی:

شاید تکذیب مرسلین اور کفر وعناد کی شامت سے قحط وغیرہ پڑا ہوگا۔ یا مرسلین کے سمجھانے پر آپس میں اختلاف ہوا کسی نے مانا کسی نے نہ مانا، اسکو نامبارک کہا۔ یعنی تمہارے قدم کیا آئے قحط اور نا اتفاقی کی بلا ہم پر ٹوٹ پڑی یہ سب تمہاری نحوست ہے (العیاذ باللہ) ورنہ پہلے ہم اچھے خاصے آرام چین کی زندگی بسر کر رہے تھے۔ بس تم اپنے وعظ و نصیحت سے ہم کو معاف رکھو۔ اگر یہ روش نہ چھوڑو گے اور وعظ و نصیحت سے باز نہ آؤ گے تو ہم سخت تکلیف و عذاب پہنچا کر تم کو سنگسار کر ڈالیں گے۔

قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ؕ اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ؕ

کہنے لگے تمہاری نامبارکی تمہارے ساتھ ہے کیا اتنی بات پر کہ تم کو سمجھایا

بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۱۹﴾

کوئی نہیں پر تم لوگ ہو کہ حد پر نہیں رہتے ☆

قاصدوں کی تعلیم:

یعنی تمہارے کفر و تکذیب کی شامت سے عذاب آیا۔ اگر حق وصداقت کو سب مل کر قبول کر لیتے نہ یہ اختلاف مذموم پیدا ہوتا نہ اس طرح مبتلائے آفات ہوتے، پس نامبارکی اور نحوست کے اسباب خود تمہارے اندر موجود ہیں۔ پھر کیا اتنی بات پر کہ تمہیں اچھی نصیحت و فہمائش کی اور بھلا برا سمجھایا، اپنی نحوست ہمارے سر ڈالنے لگے اور قتل کی دھمکیاں دینے لگے۔ حقیقت یہ ہے کہ تم عقل و آدمیت کی حدود سے خارج ہو جاتے ہو، نہ عقل سے سمجھتے ہو نہ آدمیت کی بات کرتے ہو۔ (تفسیر عثمانی)

پیغمبرانہ دعوت واصلاح کا طریقہ:

اس بستی کی طرف جو تین رسول بھیجے گئے انہوں نے مشرکین و کفار سے جس طرح خطاب کیا اور ان کی سخت و تلخ باتوں اور دھمکیوں کا جس طرح جواب دیا اسی طرح ان کی دعوت سے مسلمان ہونے والے حبیب نجار نے اپنی قوم سے جس طرح خطاب کیا ان سب چیزوں کو ذرا مکرر دیکھئے، تو اس میں تبلیغ دین اور اصلاح خلق کی خدمت انجام دینے والوں کے لئے بڑے سبق ہیں، ان رسولوں کی ناصحانہ تبلیغ وتلقین کے جواب میں مشرکین نے تین باتیں کہیں:

besturdubooks.wordpress.com

۱-تم تو ہمیں جیسے انسان ہو ہم تمہاری بات کیوں مانیں؟
۲-اللہ رحمٰن نے کسی پر کوئی پیغام اور کتاب نہیں اُتاری۔
۳-تم خالص جھوٹ بولتے ہو۔

آپ غور کیجئے کہ بے غرض ناصحانہ کلام کے جواب میں یہ اشتعال انگیز گفتگو کیا جواب چاہتی تھی، مگر ان رسولوں نے کیا جواب دیا، صرف یہ کہ رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ۔

آج کل کے مبلغین اور خدمتِ دعوت واصلاح کے انجام دینے والے نے عموماً اس پیغمبرانہ اسوہ کو چھوڑ دیا اسی لئے ان کی دعوت وتبلیغ بے اثر ہو کر رہ گئی ہے، تقریر وخطاب میں غصہ کا اظہار، مخالف پر فقرے چست کرنا بڑا کمال سمجھا جاتا ہے، جو مخالف کو اور زیادہ ضد وعناد کی طرف دھکیل دیتا ہے، اللہم اجعلنا متبعین سنن انبیاءک ووفقنا لما تحب وترضاہ۔ (معارف مفتی اعظم)

وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى
اور آیا شہر کے پرلے سرے سے ایک مرد دوڑتا ہوا ☆

ایک سچا آدمی: کہتے ہیں کہ اس مرد صالح کا نام حبیب تھا۔ شہر کے پرلے کنارے عبادت میں مشغول رہتا اور کسب حلال سے کھاتا تھا، فطری صلاحیت نے چپ نہ بیٹھنے دیا، قصہ سنتے ہی مرسلین کی تائید وحمایت اور مکذبین کی نصیحت وفہمائش کے لئے دوڑتا ہوا آیا۔ مبادا اشقیاء اپنی دھمکیوں کو پورا کرنے لگیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ مرسلین کی آواز کا اثر شہر کے دور دراز حصوں تک پہنچ گیا تھا۔ (تفسیر عثمانی)

وہب نے کہا حبیب ریشمی کپڑے بناتا تھا اور بیمار تھا اس کو جذام ہو گیا تھا اس لیے شہر کے آخری دروازہ پر پڑا رہتا تھا اور مرد مومن تھا خیرات بہت کرتا تھا دن میں جو کچھ کماتا تھا شام کو دو حصے کر کے ایک حصہ خیرات کر دیتا تھا اور ایک حصہ اپنے متعلقین کے صرف میں لاتا تھا جب اس کو اطلاع ملی کہ اس کی قوم والوں نے رسولوں کو قتل کر دینے کا ارادہ کر لیا ہے تو دوڑا ہوا آیا اور کہا، (تفسیر مظہری)

قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ۝ اتَّبِعُوْا مَنْ
بولا اے قوم چلو راہ پر بھیجے ہوؤں کی چلو راہ پر ایسے شخص کی
لَّا يَسْئَلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝
جو تم سے بدلہ نہیں چاہتے اور وہ ٹھیک راستہ پر ہیں ☆
وَمَا لِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ
اور مجھ کو کیا ہوا کہ میں بندگی نہ کروں اُس کی جس نے مجھکو بنایا
وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝
اور اُسی کی طرف سب پھر جاؤ گے ☆

ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ
بھلا میں پکڑوں اُس کے سوا اوروں کو پوجنا کہ اگر مجھ پر چاہے رحمٰن
بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ۝
تکلیف تو کچھ کام نہ آئے مجھ کو اُن کی سفارش اور نہ وہ مجھ کو چھڑائیں
اِنِّيْٓ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝
تو تو میں بھٹکتا رہوں صریح ☆
اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ۝
میں یقین لایا تمہارے رب پر مجھ سے سُن لو ☆

حبیب کی تقریر:

یعنی اللہ کے بھیجے ہوئے ہیں۔ اس کا پیغام لے کر آئے ہیں جو نصیحت کرتے ہیں اس پر خود کاربند ہیں اخلاق، اعمال اور عادات واطوار سب ٹھیک ہیں بے غرض خیر خواہی کرتے ہیں۔ کوئی معاوضہ تم سے نہیں چاہتے۔ پھر ایسے بے لوث بزرگوں کا اتباع کیوں نہ کیا جائے اور اللہ تعالیٰ ان کے ذریعہ سے جو پیغام بھیجے کیوں قبول نہ کیا جائے۔

یہ اپنے اوپر رکھ کر دوسروں کو سنایا۔ یعنی تم کو آخر کیا ہوا کہ جس نے پیدا کیا اس کی بندگی نہ کرو۔

یعنی یہ مت سمجھنا کہ پیدا کر کے آزاد چھوڑ دیا ہے۔ اب کچھ مطلب اس سے نہیں رہا نہیں سب کو مرے پیچھے اسی کے پاس واپس جانا ہے۔ اس وقت کی فکر کر رکھو۔

یعنی کس قدر صریح گمراہی ہے کہ اس مہربان اور قادر مطلق پروردگار کو چھوڑ کر ایسی چیزوں کی پرستش کی جائے جو خدا کی بھیجی ہوئی کسی تکلیف سے نہ بذات خود چھڑا سکیں نہ سفارش کر کے نجات دلا سکیں۔

یعنی مجمع میں بے کھٹکے اعلان کرتا ہوں کہ میں خدائے واحد پر ایمان لا چکا۔ اسے سب سن رکھیں شاید مرسلین کو اس لئے سُنایا ہو کہ وہ اللہ کے ہاں گواہ رہیں اور قوم کو اس لئے کہ سن کر کچھ متاثر ہوں، یا کم از کم دنیا ایک مومن کی قوت ایمان کا مشاہدہ کرنے کی طرف متوجہ ہو۔ (تفسیر عثمانی)

حبیب کے ساتھ بستی والوں کا سلوک اور اللہ تعالیٰ کا انعام:

بغوی نے لکھا ہے جب اس شخص نے یہ بات کہی تو قوم والوں نے اس پر یک دم حملہ کر کے قتل کر دیا۔ حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا قدموں سے ایسا روندھ دیا کہ اس کی آنتیں نیچے سے نکل گئیں سدی نے کہا لوگ اس کو پتھروں سے مار رہے تھے اور وہ کہہ رہا تھا اے اللہ میری قوم کو ہدایت کر آخر اس کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور مارڈالا حسن نے کہا اس کے گلے کو پھاڑ کر شہر کی فصیل

besturdubooks.wordpress.com

سے لٹکا دیا، اس کی قبر انطاکیہ میں موجود ہے۔

اللہ نے اس کو جنت میں داخل فرما دیا وہ زندہ ہے اللہ کی طرف سے اس کو روزی ملتی ہے یعنی وہ شہید ہو گیا اور شہیدوں کی زندگی اس کو عطا کر دی۔

بعض علماء نے کہا بِرَبِّکُمْ میں خطاب رسولوں کو ہے کیوں کہ جب اس کو یقین ہو گیا کہ مجھے قتل کر دیا جائے گا تو اس نے اپنے مومن ہونے کا گواہ پیغمبروں کو بنا لیا (گویا) پورا کلام اس طرح تھا پھر اس نے رسولوں سے کہا میں تمہارے رب پر ایمان لایا۔ (تفسیر مظہری)

اور بعض علماء سلف جیسے حسن بصری سے یہ منقول ہے کہ اہل قریہ اس مرد صالح کو ابھی قتل کرنے نہ پائے تھے اس کے مار ڈالنے کا ارادہ ہی کر رہے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو زندہ صحیح سالم آسمان پر اٹھا لیا اور اس کو یہ حکم ہوا کہ جنت میں داخل ہو جا دنیا کے جیل خانہ سے تو نکل آیا اب تو ہمارے مہمان خانہ میں قیام کر کما قال تعالیٰ یٰٓاَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِیْٓ اِلٰی رَبِّكِ رَاضِیَةً مَّرْضِیَّةً فَادْخُلِیْ فِیْ عِبٰدِیْ وَادْخُلِیْ جَنَّتِیْ جنت میں داخل ہونے کے بعد اس مرد صالح کو پھر اپنی قوم کی فکر ہوئی اور کہنے لگا کاش میری قوم جانتی۔ (معارف کاندھلوی)

خلافت خاصہ:

حضرت شاہ ولی اللہ قدس اللہ سرہٗ فرماتے ہیں کہ اس آیت میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے بعد ایک جماعت ایسی بھی ہے جو کلمہ حق کو بشارت قلبی سے پہچان لیتی ہے اور انبیاء علیہم السلام کی پیروی کر کے خلق اللہ کو کلمہ حق کی دعوت دیتی ہے آخرت میں انبیاء علیہم السلام کے بعد جو مراتب و منازل ہیں وہ ان کو عطا کئے جائیں گے اور یہ صفت خلافت خاصہ کے لوازم میں سے ہے۔ (ازالۃ الخفاء) (معارف کاندھلوی)

حضرت حبیب کی مثل ایک صحابیؓ:

روایت میں آیا ہے کہ حضرت عروہ بن مسعود ثقفی خدمت گرامی میں حاضر ہو کر مسلمان ہو گئے پھر انہوں نے اپنے قبیلہ کے پاس واپس جانے کی اجازت طلب کی حضور نے فرمایا وہ تجھ سے لڑیں گے عروہ نے کہا حضور اگر وہ مجھے سوتا پالیں گے تو بیدار بھی نہیں کریں گے (وہ میرا بڑا ادب کرتے ہیں) چنانچہ واپس جا کر عروہ نے اپنی قوم کو اسلام کی دعوت دی لیکن انہوں نے عروہ کا کہا نہ مانا اور تکلیف دہ باتیں سنائیں جب فجر کا وقت ہوا تو انہوں نے اپنے بالا خانہ پر نماز ادا کی اور توحید و رسالت کی شہادت دی باہر سے کسی ثقفی شخص نے ان کے تیر مارا اور شہید کر دیا حضور کو جب ان کے شہید ہونے کی خبر پہنچی تو فرمایا عروہ کی مثال ایسی ہے جیسے یسین والے شخص کی جس نے اپنی قوم کو توحید کی طرف بلایا تھا اور انہوں نے اس کو قتل کر دیا۔ (تفسیر مظہری)

قِیْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ
حکم ہوا چلا جا بہشت میں ☆

یعنی فوراً بہشت کا پروانہ مل گیا آگے نقل کرتے ہیں کہ قوم نے اس کو نہایت بیدردی کے ساتھ شہید کر ڈالا ادھر شہادت واقع ہوئی اُدھر سے حکم ملا کہ فوراً بہشت میں داخل ہو جا جیسا کہ ارواح شہداء کی نسبت احادیث سے ثابت ہے کہ وہ قبل از محشر جنت میں داخل ہوتی ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

قَالَ یٰلَیْتَ قَوْمِیْ یَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ بِمَا غَفَرَ لِیْ
بولا کسی طرح میری قوم معلوم کر لیں کہ بخشا مجھ کو
رَبِّیْ وَجَعَلَنِیْ مِنَ الْمُكْرَمِیْنَ ﴿۲۷﴾
میرے رب نے اور کیا مجھ کو عزت والوں میں ☆

قوم سے ہمدردی:

قوم نے اُس کی دشمنی کی کہ مار ڈالا، اُس کو بہشت میں پہنچ کر بھی قوم کی خیر خواہی کا خیال رہا کہ اگر میرا حال اور جو انعام و اکرام حق تعالیٰ نے مجھ پر کیا ہے معلوم کر لیں تو سب ایمان لے آئیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰی قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ
اور اُتاری نہیں ہم نے اس کی قوم پر اُس کے پیچھے کوئی فوج
مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِیْنَ ﴿۲۸﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا
آسمان سے اور ہم فوج نہیں اتارا کرتے بس یہی تھی ایک
صَیْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ﴿۲۹﴾
چنگھاڑ پھر اُسی دم سب بجھ گئے ☆

کفر و ظلم کی سزا:

یعنی اس کے بعد اس کی قوم کفر و ظلم اور تکذیب مرسلین کی پاداش میں ہلاک کی گئی اور اس اہلاک کے لئے کوئی مزید اہتمام کرنا نہیں پڑا کہ آسمان سے فرشتوں کی فوج بھیجی جاتی، نہ حق تعالیٰ کی یہ عادت ہے کہ قوموں کی ہلاکت کے لئے بڑی بڑی فوجیں بھیجا کریں (یوں کسی خاص موقع پر کسی خاص مصلحت کی وجہ سے فرشتوں کا لشکر بھیج دیں وہ دوسری بات ہے) وہاں تو بڑے بڑے مدعیوں کو ٹھنڈا کرنے کے لئے ایک ڈانٹ کافی ہے۔ چنانچہ اس قوم کا حال بھی یہی ہوا کہ فرشتوں نے ایک چیخ ماری اور سب کے سب اسی دم بجھ کر رہ گئے۔ (تفسیر عثمانی)

بغوی نے لکھا انطاکیہ والوں نے حبیب کو شہید کر دیا تو اللہ کا غضب جوش

besturdubooks.wordpress.com

میں آ گیا اور فوری عذاب نازل کر دیا جبرئیل نے بحکم الٰہی ایک چیخ ماری جس سے سب مر گئے۔ (تفسیر مظہری)

روایات میں ہے کہ جبرئیل امین نے شہر کے دروازے کے دونوں بازو پکڑ کر ایک سخت ہیبت ناک آواز لگائی جس کے صدمہ کو کسی کی رُوح برداشت نہ کر سکی سب کے سب مرے رہ گئے، اُن کے مر جانے کو قرآن نے خامدُون کے لفظ سے تعبیر کیا ہے، خمود آگ بجھ جانے کے معنی میں آتا ہے، جاندار کی حیات حرارت غریزی پر موقوف ہے، جب یہ حرارت ختم ہو جائے تو اسی کا نام موت ہے، خامدُون یعنی بجھنے والے ٹھنڈے ہو جانے والے۔ (معارف مفتی اعظم)

يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَأْتِيهِمْ مِنْ رَسُولٍ
کیا افسوس ہے بندوں پر کوئی رسُول نہیں آیا اُن کے پاس
إِلَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِءُونَ ۝ أَلَمْ يَرَوْا كَمْ أَهْلَكْنَا
جس سے ٹھٹھا نہیں کرتے کیا نہیں دیکھتے کتنی غارت کر چکے
قَبْلَهُمْ مِنَ الْقُرُونِ أَنَّهُمْ إِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُونَ ۝
ہم اُن سے پہلے جماعتیں کہ وہ ان کے پاس پھر کر نہیں آئینگی ☆

تاریخ کی پکار:

یعنی دیکھتے اور سنتے ہیں کہ دنیا میں کتنی قومیں پہلے پیغمبروں سے ٹھٹھا کر کے غارت ہو چکی ہیں جن کا نام و نشان مٹ چکا۔ کوئی ان میں سے لوٹ کر ادھر واپس نہیں آئی۔ عذاب کی چکی میں سب پس کر برابر ہو گئیں، اس پر بھی عبرت نہیں ہوتی جب کوئی نیا رسول آتا ہے وہ ہی تمسخر اور استہزاء شروع کر دیتے ہیں۔ جو پہلے کفار کی عادت تھی۔ چنانچہ آج خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کفار مکہ کا یہی معاملہ ہے۔ (تفسیر عثمانی)

یٰحَسْرَةً میں تنوین تعظیم ہے یعنی حسرت کی عظمت پر دلالت کر رہی ہے۔ یہ حسرت کی عظمت کا اظہار ہے جو لوگ اپنے ان مخلص خیر خواہوں کا مذاق اڑائیں جن کی نصیحت سے دونوں جہاں کی بہبودی وابستہ ہے تو ایسے لوگ اسی قابل ہیں کہ ان کی حالت پر اظہار حسرت کیا جائے اور جن وانس وملائکہ ان پر افسوس کریں یہ بھی ہو سکتا ہے کہ حسرت سے مراد ایمان والے بندوں کی طرف سے اظہار حسرت نہ ہو بلکہ بطور استعارہ اللہ کی طرف سے حسرت کا اظہار ہو اس صورت میں استہزاء کرنے والوں کے جرم کی عظمت کی طرف اشارہ ہوگا بعض نے کہا منادی محذوف ہے یعنی اے لوگو! ان بندوں پر افسوس کرو جو انبیاء کا مذاق اڑاتے ہیں، حسرت کا معنی ہے شدت حزن اور پشیمانی۔

مکہ والوں کیلئے عبرت:

اَلَمْ یَرَوْا کیا مکہ والے نہیں جانتے کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی کثرت سے امتوں کو ہلاک کر دیا گیا یہ واقف نہیں کہ ہلاک شدہ امتیں ان کے پاس لوٹ کر نہیں آئیں گی، اس کلام سے ایک شبہ پیدا ہو سکتا تھا کہ شاید مرے ہوئے کبھی نہیں لوٹیں گے (اور کبھی دوبارہ زندگی ان کو نہیں ملے گی) اس شبہ کو دُور کرنے کیلئے آگے فرمایا، (تفسیر مظہری)

وَإِنْ كُلٌّ لَمَّا جَمِيعٌ لَدَيْنَا مُحْضَرُونَ ۝
اور اُن سب میں کوئی نہیں جو اکٹھے ہو کر نہ آئیں ہمارے پاس پکڑے ہوئے ☆

مجرمین کا اجتماع:

یعنی وہ تو دنیا کا عذاب تھا، اور آخرت کی سزا الگ رہی یہ نہ سمجھو کہ ہلاک ہو کر ادھر واپس نہیں آتے تو بس قصہ ختم ہوا نہیں سب کو پھر ایک دن خدا کے ہاں حاضر ہونا ہے، جہاں بلا استثناء سب مجرم پکڑے ہوئے آئیں گے۔

وَآيَةٌ لَهُمُ الْأَرْضُ الْمَيْتَةُ ۚ أَحْيَيْنَاهَا
اور ایک نشانی ہے ان کے واسطے زمین مردہ اُس کو ہم نے زندہ کر دیا
وَأَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَأْكُلُونَ ۝ وَجَعَلْنَا
اور نکالا اُس میں سے اناج سو اُسی میں سے کھاتے ہیں اور بنائے ہم نے
فِيهَا جَنَّاتٍ مِنْ نَخِيلٍ وَأَعْنَابٍ وَفَجَّرْنَا
اُس میں باغ کھجور کے اور انگور کے اور بہا دیے اُس میں بعضے
فِيهَا مِنَ الْعُيُونِ ۝ لِيَأْكُلُوا مِنْ ثَمَرِهِ
چشمے کہ کھائیں اُس کے میووں سے ☆

بعث بعد الموت کی دلیل:

یعنی شاید شبہ گذرتا کہ مرے پیچھے پھر کس طرح زندہ ہو کر حاضر کیے جائینگے؟ اس کو یوں سمجھا دیا کہ زمین خشک اور مُردہ پڑی ہوتی ہے پھر خدا اُس کو زندہ کرتا ہے کہ ایک دم لہلہانے لگتی ہے کیسے کیسے باغ و بہار، غلے اور میوے اُس سے پیدا ہوتے ہیں جن کو تم استعمال میں لاتے ہو، اسی طرح خیال کر لو کہ مُردہ ابدان میں روح حیات پھونک دی جائیگی، بہر حال مُردہ زمین ان کے لئے ایک نشانی ہے۔ جس میں غور کرنے سے بعث بعد الموت اور حق تعالیٰ کی وحدانیت وعظمت اور اُس کے انعام واحسان کے مسائل کو بخوبی سمجھ سکتے ہیں۔

تنبیہ: اُوپر کی آیات میں ترہیب کا پہلو نمایاں تھا عذاب الٰہی سے ڈر کر راہ ہدایت اختیار کریں، آیت حاضرہ میں ترغیب کی صورت اختیار فرمائی ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو پہچان کر شکر گذاری کی طرف متوجہ ہوں اور یہ بھی سمجھیں کہ خدا مردہ زمین کو زندہ کرتا رہتا ہے وہ ایمانی حیثیت سے ایک مُردہ قوم کو زندہ کر

besturdubooks.wordpress.com

دے یہ کیا مشکل ہے۔ (تفسیر عثمانی)

کھجور: نخیل کھجور کے درخت کو کہتے ہیں اور تمر چھوارے کو کہتے ہیں مناسب تو یہ تھا کہ انگوروں اور اناج کے ساتھ چھواروں کا ذکر کیا جاتا لیکن بجائے چھواروں کے ان کے درختوں کا اس لیے ذکر کیا کہ کھجور کے درختوں کے فوائد پھلوں کے علاوہ اور بھی بہت ہیں اور صنعت الٰہیہ کا ظہور درخت کھجور سے بھی بہت ہوتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ

اور اُس کو بنایا نہیں ان کے ہاتھوں نے پھر کیوں شکر نہیں کرتے ☆

ہر حیثیت سے اللہ کا شکر واجب ہے:

یعنی یہ پھل اور میوے قدرت الٰہی سے پیدا ہوتے ہیں ان کے ہاتھوں میں یہ طاقت نہیں کہ ایک انگور یا کھجور کا دانہ پیدا کر لیں۔ جو محنت اور تردد باغ لگانے اور اس کی پرورش کرنے میں کیا جاتا ہے، اس کو بار آور کرنا صرف اللہ تعالیٰ کے قبضہ قدرت میں ہے اور غور سے دیکھا جائے تو جو کام بظاہر ان کے ہاتھوں سے ہوتا ہے وہ بھی فی الحقیقت حق تعالیٰ کی عطا کی ہوئی قدرت وطاقت اور اسی کی مشیت وارادہ سے ہوتا ہے۔ لہٰذا ہر حیثیت سے اس کی شکر گزاری اور احسان شناسی واجب ہوئی۔ (تنبیہ) مترجم محقق رحمہ اللہ نے "وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ" میں "ما" کو نافیہ لیا ہے۔ کما ہو داب اکثر المتاخرین لیکن سلف سے عموماً "ما" کا موصولہ ہونا منقول ہے اور اسی کی تائید ابن مسعودؓ کی قرأت "وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ" سے ہوتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

غافلوں کیلئے تنبیہ:

غافل انسان کو اس پر متنبہ کیا ہے کہ ذرا اپنے کام اور محنت میں غور کر کہ تیرا کام اس باغ و بہار میں اس کے سوا کیا ہے کہ تو نے زمین میں بیج ڈال دیا، اس پر پانی ڈال دیا، زمین کو نرم کر دیا کہ نازک کونپل نکلنے میں رکاوٹ پیدا نہ ہو، مگر اس بیج میں سے درخت اُگانا، درخت پر پتے اور شاخیں نکلنا پھر اس پر طرح طرح کے پھل پیدا کرنا ان سب چیزوں میں تیرا کیا دخل ہے، مثلاً پھلوں سے طرح طرح کے حلوے، اچار چٹنی، تیار کرنا اور بعض پھلوں سے تیل وغیرہ نکالنا جو انسانی کسب وعمل کا نتیجہ ہے، اس کا حاصل یہ ہوگا کہ یہ پھل جو قدرت نے بنائے ہیں بغیر کسی کسب وعمل اور انسانی تصرف کے بھی کھانے کے قابل بنائے گئے ہیں اور انسان کو اللہ تعالیٰ نے یہ سلیقہ بھی دیا ہے کہ ایک ایک پھل سے طرح طرح کی خوش ذائقہ اور مفید چیزیں تیار کر لے۔ (معارف مفتی اعظم)

سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ

پاک ذات ہے جس نے بنائے جوڑے سب چیز کے اُس قسم سے جو اُگتا ہے

الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ

زمین میں اور خود اُن میں سے اور اُن چیزوں میں کہ جس کی اُن کو خبر نہیں ☆

قدرت الٰہی کا عجیب کرشمہ:

یعنی نباتات میں، انسانوں میں اور دوسری مخلوقات میں جن کی انہیں پوری خبر بھی نہیں، اللہ تعالیٰ نے جوڑے بنائے ہیں خواہ تقابل کی حیثیت سے جیسے عورت، مرد، نر، مادہ، کھٹا، میٹھا، سیاہ، سفید، دن، رات، اندھیرا، اجالا، یا تماثل کی حیثیت سے جیسے یکساں رنگ اور مزے کے پھل اور ایک شکل وصورت کے دو جانور، بہرحال مخلوقات میں کوئی مخلوق نہیں جس کا مماثل یا مقابل نہ ہو یہ صرف خدا ہی کی ذات پاک ہے جس کا نہ کوئی مقابل ہے، نہ مماثل، کیونکہ مقابلہ یا مماثلت ان چیزوں میں ہو سکتی ہے، جو کسی درجہ میں فی الجملہ اشتراک رکھتی ہوں، خالق ومخلوق کا کسی حقیقت میں اشتراک ہی نہیں۔

وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ښ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ

اور ایک نشانی ہے اُنکے واسطے رات کھینچ لیتے ہیں ہم اس پر سے دن کو پھر تب ہی یہ رہ جاتے ہیں

مُّظْلِمُوْنَ ۙ وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا

اندھیرے میں اور سورج چلا جاتا ہے اپنے ٹھہرے ہوئے رستہ پر ☆

انقلابات جہاں:

"سلخ" کہتے ہیں جانور کی کھال اتارنے کو جس سے نیچے کا گوشت ظاہر ہو جائے۔ اسی طرح سمجھو کہ رات کی تاریکی پر دن کی چادر پڑی ہوئی ہے۔ جس وقت یہ نور کی چادر اوپر سے اتار لی جاتی ہے لوگ اندھیرے میں پڑے رہ جاتے ہیں اس کے بعد پھر سورج اپنی مقررہ رفتار سے معین وقت پر آ کر سب جگہ اجالا کرتا ہے۔ لیل ونہار کے ان تقلبات پر قیاس کر کے سمجھ لو کہ اسی طرح اللہ تعالیٰ عالم کو فنا کر کے دوبارہ زندہ کر سکتا ہے اور بے شک وہ ہی ایک خدا لائق پرستش ہے۔ جس کے ہاتھ میں ان عظیم الشان انقلابات کی باگ ہے جس سے ہم کو مختلف قسم کے فوائد پہنچتے ہیں نیز جو قادر مطلق رات کو دن سے تبدیل کرتا ہے، کیا کچھ بعید ہے کہ بذریعہ آفتاب رسالت کے دنیا سے جہالت کی تاریکیوں کو دور کر دے لیکن رات دن اور چاند سورج کے طلوع وغروب کی طرح ہر کام اپنے وقت پر ہوتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

سورج کا طلوع وغروب:

مشارق ومغارب کا منتہا سورج کے پورے دورے میں ۳۶۵ طلوع ہونے کے مقامات اور اتنے ہی غروب ہونے کے مقامات ہوتے ہیں روزانہ نئے مطلع سے نکلتا اور نئے مغرب میں چھپتا ہے اور آئندہ سال تک نہ پھر اس مطلع سے طلوع ہوتا ہے اور نہ اس مغرب میں غروب ہوتا ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

ایک وقت آئے گا جب سورج کو طلوع کی اجازت نہ ہوگی:

بغوی نے حضرت ابوذر کی روایت سے لکھا ہے کہ جس وقت سورج غروب ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ یہ کہاں چلا جاتا ہے ابوذر نے کہا میں نے عرض کیا اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہی کو بخوبی علم ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ جا کر عرش کے نیچے سجدہ کرتا ہے اور (آگے چلنے کی) اجازت طلب کرتا ہے اس کو اجازت دے دی جاتی ہے لیکن عنقریب ایسا وقت آئے گا کہ یہ سجدہ کرے گا اور سجدہ قبول نہ ہوگا اور (آگے جانے کی) اجازت طلب کرے گا مگر اس کو اجازت نہیں ملے گی اور حکم دیا جائے گا کہ جہاں سے آیا ہے وہیں لوٹ جا چنانچہ وہ (لوٹ کر) مغرب سے طلوع ہو گا یہی (مطلب) ہے آیت وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کا مستقر عرش کے نیچے ہے۔ متفق علیہ۔ (تفسیر مظہری)

حضرت قتادہؒ کی تفسیر:

آفتاب اپنے مدار پر ایسے محکم اور مضبوط نظام کے ساتھ حرکت کر رہا ہے جس میں کبھی ایک منٹ ایک سیکنڈ کا فرق نہیں آتا ہزار ہا سال اس روش پر گذر چکے ہیں مگر یہ سب دائمی نہیں اس کا ایک خاص مستقر ہے، جہاں پہنچ کر یہ نظام شمسی اور اس کی حرکت بند اور ختم ہو جائے گی اور وہ قیامت کا دن ہے، یہ تفسیر قتادہؒ سے منقول ہے۔ (ابن کثیر)

اور حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے بھی اسی مضمون کی حدیث منقول ہے، اس میں کچھ زیادتی ہے، جس کا مفہوم یہ ہے کہ روزانہ آفتاب تحت العرش پہنچ کر سجدہ کرتا ہے اور نئے دورے کی اجازت طلب کرتا ہے اجازت پا کر نیا دَور شروع کرتا ہے، یہاں تک کہ ایک دن ایسا آئے گا جب اس کو نیا دورہ کرنے کی اجازت نہیں ملے گی بلکہ یہ حکم ہوگا کہ جس طرف سے آیا ہے اسی طرف لوٹ جا یعنی مغرب کی طرف سے زمین کے نیچے گیا پھر مغرب ہی کی طرف سے لوٹ کر مغرب سے طلوع ہو جا، جس روز ایسا ہوگا تو یہ قیامت کے بالکل قریب ہونے کی علامت ہوگی، اور اس وقت توبہ کرنے اور ایمان لانیکا دروازہ بند کر دیا جائے گا، اس وقت کسی مبتلاءِ گناہ کی گناہ سے اور مبتلائے شرک وکفر کی کفر سے توبہ قبول نہ ہوگی۔ (ابن کثیر بحوالہ عبدالرزاق)

حدیث کی تشریح:

جبکہ قرآن وسنت کی تصریحات کے مطابق عرش خداوندی تمام آسمانوں سیاروں، زمینوں پر محیط ہے، تو یہ ظاہر ہے کہ آفتاب ہر جگہ زیر عرش ہی ہے اور جبکہ تجربہ شاہد ہے کہ آفتاب جس وقت ایک جگہ غروب ہو رہا ہوتا ہے تو دوسری جگہ طلوع بھی ہو رہا ہوتا ہے اس لیے اس کا ہر لمحہ طلوع وغروب سے خالی نہیں، تو آفتاب کا زیر عرش رہنا بھی دائمی ہر حال میں ہے اور غروب وطلوع ہونا بھی ہر حال میں ہے اس لئے حاصل مضمون حدیث کا یہ ہوا کہ آفتاب پورے دورے میں زیر عرش اللہ کے سامنے سجدہ ریز رہتا ہے یعنی اس کی اجازت اور فرمان کے تابع حرکت کرتا ہے اور یہ سلسلہ اسی طرح قریب قیامت تک چلتا رہے گا، یہاں تک کہ قیامت کی بالکل قریبی علامت ظاہر کرنے کا وقت آجائے گا تو آفتاب کو اپنے مدار پر اگلا دورہ شروع کرنے کے بجائے پیچھے لوٹ جانے کا حکم ہو جائے گا اور وہ پھر مغرب کی طرف سے طلوع ہو جائے گا اس وقت دروازہ توبہ کا بند ہو جائے گا کسی کا ایمان وتوبہ اس وقت مقبول نہیں ہوگا۔ (معارف القرآن مفتی اعظم)

ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿٣٨﴾
یہ سادھا ہے اُس زبردست باخبر نے ☆

طلوع وغروب کا نظام:

سورج کی چال اور رستہ مقرر ہے اسی پر چلا جاتا ہے۔ ایک انچ یا ایک منٹ اس سے ادھر ادھر نہیں ہوسکتا۔ جس کام پر لگا دیا ہے ہر وقت اس میں مشغول ہے۔ کسی دم قرار نہیں۔ رات دن کی گردش اور سال بھر کے چکر میں جس جس ٹھکانہ پر اسے پہنچنا ہے پہنچتا ہے پھر وہاں سے باذن خداوندی نیا دورہ شروع کرتا ہے قرب قیامت تک اسی طرح کرتا رہے گا۔ تا آنکہ ایک وقت آئے گا جب اس کو حکم ہوگا کہ جدھر سے غروب ہوا ہے ادھر سے الٹا واپس آ۔ یہ ہی وقت ہے جب باب توبہ بند کر دیا جائے گا۔ کما ورد فی الحدیث الصحیح بات یہ ہے کہ اس کے طلوع وغروب کا یہ سب نظام اس زبردست اور باخبر ہستی کا قائم کیا ہوا ہے جس کے انتظام کو کوئی دوسرا شکست نہیں کرسکتا۔ اور نہ اس کی حکمت ودانائی پر کوئی حرف گیری کرسکتا ہے وہ خود جب چاہے اور جس طرح چاہے الٹ پلٹ کرے کسی کو مجال انکار نہیں ہوسکتی۔ (تنبیہ:۔) اس آیت کی تفسیر میں ایک حدیث آئی ہے کہ جس میں شمس کے تحت العرش سجدہ کرنے کا ذکر ہے، یہاں اسکی تشریح کا موقع نہیں اس پر ہمارا مستقل مضمون ''سجود الشمس'' کے نام سے چھپا ہوا ہے ملاحظہ کیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ
اور چاند کو ہم نے بانٹ دی ہیں منزلیں یہاں تک کہ پھر آ رہا
كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ ﴿٣٩﴾
جیسے ٹہنی پرانی ☆

چاند کی منزلیں:

سورج کی طرح چاند ہمیشہ ایک طرح نہیں رہتا بلکہ روزانہ گھٹتا بڑھتا رہتا ہے؟ اسکی اٹھائیس منزلیں اللہ نے مقرر کر دی ہیں، ان کو ایک معین نظام

besturdubooks.wordpress.com

کے ساتھ درجہ بدرجہ طے کرتا ہے۔ پہلی آیت میں رات دن کا بیان تھا پھر سورج کا ذکر کیا جس سے سالوں اور فصلوں کی تشکیل ہوتی ہے۔ اب چاند کا تذکرہ کرتے ہیں جس کی رفتار سے قمری مہینوں کا وجود وابستہ ہے۔ چاند سورج مہینہ کے آخر میں ملتے ہیں تو چاند چھپ جاتا ہے جب آگے بڑھتا ہے تو نظر آتا ہے پھر منزل بہ منزل بڑھتا چلا جاتا اور چودھویں شب کو پورا ہو کر بعد میں گھٹنا شروع ہوتا ہے آخر رفتہ رفتہ اسی پہلی حالت پر آ پہنچتا اور کھجور کی پرانی ٹہنی کی طرح پتلا، خمدار اور بے رونق سا ہو کر رہ جاتا ہے۔

لَا الشَّمْسُ يَنۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا

نہ سورج سے ہو کہ پکڑلے چاند کو اور

الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ۭ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ۝

نہ رات آگے بڑھے دن سے اور ہر کوئی ایک چکر میں تیرتے ہیں ☆

چانداور سورج حکم الٰہی سے بغاوت نہیں کر سکتے:

سورج کی سلطنت دن میں ہے اور چاند کی رات میں، یہ نہیں ہوسکتا کہ چاند کی نورافشانی کے وقت سورج اسکو آدبائے۔ یعنی دن آگے بڑھ کر رات کا کچھ اڑالے یا رات سبقت کر کے دن کے ختم ہونے سے پہلے آجائے۔ جس زمانہ اور جس ملک میں جو اندازہ رات دن کا رکھ دیا ہے ان کرات کی مجال نہیں کہ ایک منٹ آگے پیچھے ہوسکیں۔ ہر ایک سیارہ اپنے اپنے مدار میں پڑا چکر کھا رہا ہے اس سے ایک قدم ادھر ادھر نہیں ہٹ سکتا اور باوجود اسقدر سریع حرکت اور کھلی ہوئی فضا کے نہ ایک دوسرے سے ٹکراتا ہے نہ مقررہ انداز سے زیادہ تیز یا سست ہوتا ہے کیا یہ اس کا واضح نشان نہیں کہ یہ سب عظیم الشان مشینیں اور ان کے تمام پرزے کسی ایک زبردست مدبر ودانا ہستی کے قبضہ اقتدار میں اپنا اپنا کام کر رہے ہیں پھر جو ہستی، رات دن اور چاند سورج کا ادل بدل کرتی ہے وہ تمہارے فنا کرنے اور فنا کے بعد دوبارہ پیدا کرنے سے عاجز ہوگی؟ (العیاذ باللہ) (تنبیہ) حضرت شاہ صاحب ؒ "لَا الشَّمْسُ يَنۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ" کی تعبیر کا نکتہ بیان فرماتے ہیں کہ "سورج چاند اخیر مہینہ میں ملتے ہیں تو چاند پکڑتا ہے سورج کو، سورج چاند کو نہیں پکڑتا" اسی لئے لا القمر ینبغی لہ ان یدرک الشمس نہیں فرمایا۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

آیت صراحۃً بتا رہی ہے کہ چاند سورج اور ستارے آسمان میں قسری (یعنی ملائکہ کے زور سے) یا بالارادہ چل رہے ہیں کیلوں کی طرح جڑے ہوئے نہیں ہیں ایسا نہیں ہے کہ آسمان کی حرکت سے ان کی حرکت ہو رہی ہے اور حرکت وضعی ہو، فلاسفہ سیاروں کی حرکت وضعی کے قائل ہیں۔

آسمانوں کی تعداد اور فاصلہ:

قرآن کی نصوص قطعیہ بتا رہی ہیں کہ آسمان سات ہیں اس سے زائد نہیں ہیں، اس کا منکر کافر ہو جاتا ہے ہر آسمان کا پھٹنا اور جڑنا جائز ہے بلکہ آسمان ضرور پھٹے گا اس کا منکر کافر ہے، اللہ نے فرمایا ہے اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ، اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ، اِنْشَقَّ الْقَمَرُ وغیرہ۔

صحیح احادیث میں آیا ہے کہ آسمان باہم چسپاں نہیں ہے بلکہ ہر آسمان دوسرے آسمان سے بہت دور ہے جو شخص آسمانوں کو باہم چسپاں کہتا ہے وہ فاسق ہے (اخبار آحاد کا منکر فاسق ہوتا ہے اور نصوص قطعیہ کا منکر کافر)

امام احمد اور ترمذی نے حضرت ابو ہریرہ کی مرفوع روایت بیان کی ہے حدیث طویل ہے جس میں یہ بھی فرمایا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آسمانوں کی درمیانی مسافت کا ذکر کیا اور فرمایا ہر آسمان کی دوسرے آسمان سے دوری پانچ سو برس کی (راہ) ہے، ترمذی اور ابوداؤد نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے ایک طویل حدیث نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا زمین سے آسمان تک کا فاصلہ اور ہر آسمان سے دوری اکہتر یا بہتر یا تہتر برس کی (راہ کے برابر) ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ

اور ایک نشانی ہے ان کے واسطے کہ ہم نے اٹھا لیا ان کی نسل کو

الْمَشْحُوْنِ ۝ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ۝

اس بھری ہوئی کشتی میں اور بنا دیا ہم نے انکے واسطے کشتی جیسی چیزوں کو جس پر سوار ہوتے ہیں ☆

وسائل نقل وحمل

یعنی حضرت نوحؑ کے زمانہ میں جب طوفان آیا تو آدم کی نسل کو اس بھری ہوئی کشتی پر سوار کر لیا جو حضرت نوحؑ نے بنائی تھی ورنہ انسان کا تخم باقی نہ رہتا پھر اسی کشتی کے نمونہ کی دوسری کشتیاں اور جہاز تمہارے لئے بنا دیے جن پر تم آج تک لدے پھرتے ہو، یا کشتیوں جیسی دوسری سواریاں پیدا کر دیں جن پر سوار ہوتے ہو، مثلاً اونٹ، جن کو عرب "سفائن البر" (خشکی کی کشتیاں) کہا کرتے تھے۔ (تفسیر عثمانی)

ذُرِّیَّت کا معنی:

بظاہر ذریت سے مراد لڑکے ہیں جو تجارتی سفر میں ساتھ جاتے ہیں یا بچے اور عورتیں مراد ہیں جن کو لوگ اپنے ساتھ سفر میں لے جاتے ہیں، ذریت کا اطلاق عورتوں پر بھی ہوتا ہے، حدیث میں آیا ہے کہ ایک عورت کو مقتول پا کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ تو لڑنے کی اہل نہ تھی خالد سے جا کر کہہ دو کہ ذریت کو اور مزدوروں کو قتل نہ کرے چونکہ عورت کو مقتول پا کر رسول اللہ

besturdubooks.wordpress.com

صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا تھا اس لیے ذریت سے مراد عورتیں ہی ہیں۔

حضرت عمرؓ نے فرمایا تھا ذریت کے ساتھ حج کروان کی روزی نہ کھاؤ اور نہ ان کی گردنوں میں پڑی ہوئی رسیاں چھوڑو (گلے میں پڑی ہوئی رسیوں سے مراد فریضۂ حج ہے) یعنی عورتوں کو ساتھ لے کر حج کرو، کذا فی النہایہ۔

الفلک سے مراد ہیں کشتیاں جہاز، ذریت کا خصوصی ذکر اس لیے کیا کہ کشتیوں میں جم کر اور استقرار کے ساتھ بیٹھنا ان کے لیے نہایت دشوار ہوتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

مِنْ مِّثْلِهٖ کا مصداق:

مِنْ مِّثْلِهٖ کا سب سے بڑا مصداق ہوائی جہاز ہیں، اور کشتی کے ساتھ اس کی تمثیل بھی اس کی زیادہ مؤید ہے، کہ جس طرح پانی کا جہاز پانی پر تیرتا ہے پانی اس کو غرق نہیں کرتا، ہوائی جہاز ہوا پر تیرتا ہے ہوا اس کو نیچے نہیں گراتی، اور عجب نہیں کہ قرآن حکیم نے اسی لئے مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ کو مبہم رکھا ہو تا کہ قیامت تک ایجاد ہونے والی سب سواریاں اس میں شامل ہو جائیں۔ واللہ اعلم۔ (معارف مفتی اعظم)

وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ
اور اگر ہم چاہیں تو ان کو ڈبا دیں، پھر کوئی نہ پہنچے اُن کی فریاد کو اور نہ وہ چھڑائے جائیں
اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ
مگر ہم اپنی مہربانی سے اُن کا کام چلانے کو ایک وقت تک ☆

سب کچھ رحمتِ الٰہی سے ہے:

یعنی یہ مشت استخواں انسان دیکھو! کیسے خوفناک سمندروں کو کشتی کے ذریعہ عبور کرتا ہے جہاں بڑے بڑے جہازوں کی حقیقت ایک تنکے کے برابر نہیں۔ اگر اللہ اس وقت غرق کرنا چاہے تو کون بچا سکتا ہے اور کون ہے جو فریاد کو پہنچے۔ مگر یہ اس کی مہربانی اور مصلحت ہے کہ اس طرح سب بحری سواریوں کو غرق نہیں کر دیتا کیونکہ اس کی رحمت و حکمت مقتضی ہے کہ ایک معین وقت تک دنیا کا کام چلتا رہے۔ افسوس ہے کہ بہت لوگ ان نشانیوں کو نہیں سمجھتے نہ اس کی نعمتوں کی قدر کرتے ہیں۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ
اور جب کہیے اُن کو بچو اُس سے جو تمہارے سامنے آتا ہے
وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ
اور جو پیچھے چھوڑتے ہو شاید تم پر رحم ہو

وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ
اور کوئی حکم نہیں پہنچتا ان کو اپنے رب کے حکموں سے
اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ
جس کو وہ ٹلاتے نہ ہوں ☆

منکرین کی بے پرواہی:

سامنے آتا ہے جزاء کا دن اور پیچھے چھوڑے اپنے اعمال یعنی جب کہا جاتا ہے کہ قیامت کی سزا اور بداعمالیوں کی شامت سے بچنے کی فکر کرو تا خدا کی رحمت تمہاری طرف متوجہ ہو۔ تو نصیحت پر ذرا کان نہیں دھرتے۔ ہمیشہ خدائی احکام سے روگردانی کرتے رہتے ہیں۔

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ سے مراد آخرت اور مَا خَلْفَكُمْ سے مراد ہے دنیا یعنی آخرت کیلئے عمل کرو اور دنیا سے محتاط رہو اس پر فریفتہ نہ ہو قتادہ نے کہا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ سے مراد ہیں وہ بربادی و تباہی کے واقعات جو گذشتہ امتوں کو پیش آئے اور مَا خَلْفَكُمْ سے مراد ہے عذاب آخرت۔ (تفسیر مظہری)

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ
اور جب کہیے اُن کو خرچ کرو کچھ اللہ کا دیا کہتے ہیں
كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗٓ
منکر ایمان والوں کو ہم کیوں کھلائیں ایسے کو کہ اللہ چاہتا تو اُس کو کھلا دیتا ☆

مشرکین کی حماقت:

یعنی اور احکام الٰہی تو کیا مانتے، فقیروں مسکینوں پر خرچ کرنا تو ان کے نزدیک بھی کار ثواب ہے لیکن یہ ہی مسلم بات جب پیغمبر اور مومنین کی طرف سے کہی جاتی ہے تو نہایت بھونڈے طریقہ سے تمسخر کے ساتھ یہ کہہ کر اس کا انکار کر دیتے ہیں کہ جنہیں خود اللہ میاں نے کھانے کو نہیں دیا ہم انہیں کیوں کھلائیں۔ ہم تو اللہ کی مشیت کے خلاف کرنا نہیں چاہتے اگر اس کی مشیت ہوتی تو ان کو فقیر محتاج اور ہمیں غنی و تونگر نہ بناتا۔ خیال کرو اس حماقت اور بے حیائی کا کیا ٹھکانا ہے۔ کیا خدا کسی کو دینا چاہے تو اس کی یہ ہی ایک صورت ہے کہ خود بلا واسطہ رزق اس کے ہاتھ پر رکھ دے۔ اگر وسائط سے دلانا بھی اس کی مشیت سے ہے تو تم نے یہ فیصلہ کیسے کر لیا کہ اللہ ان کو روٹی دینا نہیں چاہتا۔ یہ تو اس کا امتحان ہے کہ اغنیاء کو فقراء کی اعانت پر مامور فرمایا اور ان کے توسط سے رزق پہنچانے کا سامان کیا جو اس امتحان میں ناکامیاب رہا اسے اپنی بدبختی اور شقاوت پر رونا چاہئے۔ (تنبیہ) بعض سلف کے اقوال سے

besturdubooks.wordpress.com

معلوم ہوتا ہے کہ یہ آیات بعض زنادقہ کے حق میں ہیں اس صورت میں ان کے اس قول کوتمسخر پرحمل نہ کیا جائے گا بلکہ حقیقت پر رکھیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

مال خرچ کرنے کا حکم:

خدانے جو امیروں کو فقیروں پر خرچ کرنیکا حکم دیا ہے سو اس کا مطلب یہ ہے کہ اے میرے بندو میں نے تم کو جو مال و دولت دیا ہے اس کا اصل مالک میں ہوں میں تم کو حکم دیتا ہوں کہ تم میری اس دی ہوئی دولت کا کچھ حصہ میرے غریب بندوں کی مدد میں خرچ کرو۔

درویش را خدا بتوانگر حوالہ کرد تا کار او بسازد و فارغ کند دلش

از روئے بخل گرنشود ملتفت بدو فردا بود ندامت و اندوہ حاصلش

سببِ نزول: روایت کیا گیا کہ صدیق اکبرؓ مسلمان مسکینوں کو کھانا کھلایا کرتے تھے، اتفاق سے ابو جہل آپ کو مل گیا اور کہنے لگا کہ اے ابوبکر کیا تمہارا یہ زعم ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے کھانا کھلانے پر قادر ہے۔

حضرت ابوبکر نے کہا ہاں بلا شبہ اللہ تعالیٰ ان کے کھلانے پر قادر ہے ابو جہل نے کہا پھر کیا وجہ ہے کہ اللہ نے ان کو بھوکا رکھا اور کھانے کو نہیں دیا، ابوبکر صدیقؓ نے کہا کہ یہ اللہ کی طرف سے امتحان اور آزمائش ہے کسی قوم کو اللہ نے فقر سے آزمایا اور کسی قوم کو اللہ نے مالداری سے آزمایا اور فقراء کو صبر کا حکم دیا اور دولتمندوں کو شکر اور جود و کرم کا حکم دیا ابو جہل نے کہا اے ابوبکر خدا کی قسم تو خالص گمراہی میں سے ہے کیا تیرا یہ گمان ہے کہ اللہ تعالیٰ ان فقیروں کو کھانا کھلانے پر قادر ہے اور باوجود قدرت کے پھر ان کو کھانا نہیں دیتا اور پھر تو ان کو کھانا کھلاتا ہے اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ أَنفِقُوا الی قولہ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ اور یہ آیت نازل ہوئی فَأَمَّا مَنْ أَعْطَىٰ وَاتَّقَىٰ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَىٰ الی اخرالایات تفسیر قرطبی۔ (معارف کاندھلوی)

إِنْ أَنتُمْ إِلَّا فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿۴۷﴾

تم لوگ تو بالکل بہک رہے ہو صریح ☆

مطلب پرستی کھلی گمراہی ہے:

اگر یہ جملہ کفار کے قول کا تتمہ ہے تو مطلب یہ ہوگا کہ اے گروہ مومنین! تم صریح گمراہی میں پڑے ہو۔ ایسے لوگوں کا پیٹ بھرنا چاہتے ہو جن کا خدا پیٹ بھرنا نہیں چاہتا۔ لیکن ظاہر یہ ہے کہ یہ حق تعالیٰ کی طرف سے ان کفار کو خطاب ہے کہ کس قدر بہکی بہکی باتیں کرتے ہیں۔ حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں "یہ گمراہی ہے نیک کام میں تقدیر کے حوالے کرنا اور اپنے مزے میں لالچ پر دوڑنا" (تفسیر عثمانی)

وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿۴۸﴾

اور کہتے ہیں کب ہو گا یہ وعدہ اگر تم سچے ہو ☆

منکرین کی ڈھٹائی:

یعنی یہ قیامت اور عذاب کی دھمکیاں کب پوری ہونگی اگر سچے ہو تو جلد پوری کر کے دکھلا دو۔ (تفسیر عثمانی)

مَا يَنظُرُونَ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً تَأْخُذُهُمْ

یہ تو راہ دیکھتے ہیں ایک چنگھاڑ کی جو اُن کو آ پکڑیگی

وَهُمْ يَخِصِّمُونَ ﴿۴۹﴾ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ

جب آپس میں جھگڑ رہے ہونگے پھر نہ کر سکیں گے

تَوْصِيَةً وَلَا إِلَىٰ أَهْلِهِمْ يَرْجِعُونَ ﴿۵۰﴾

کہ کچھ کہہ ہی مریں اور نہ اپنے گھر کو پھر کر جا سکیں گے ☆

قیامت آنے کو ہے:

یعنی قیامت ناگہانی آ پکڑے گی اور وہ اپنے معاملات میں غرق ہونگے جس وقت پہلا صور پھونکا جائے گا سب ہوش و حواس جاتے رہینگے اور آخر مر کر ڈھیر ہو جائینگے اتنی فرصت بھی نہ ملے گی کہ فرض کرو مرنے سے پہلے کسی کو کچھ کہنا چاہیں تو کہہ گذریں یا جو گھر سے باہر تھے وہ گھر واپس جا سکیں۔ (تفسیر عثمانی)

ناگہاں قیامت آنے کا منظر:

شیخین نے صحیحین میں بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت ایسی حالت میں آجائے گی کہ دو آدمی (بائع اور مشتری) کپڑا پھیلائے ہوئے خرید و فروخت میں مشغول ہوں گے نہ عقد کو ختم کر چکے ہوں گے نہ کپڑے کو لپیٹ چکے ہوں گے (کہ اچانک صور کی آواز سنائی دے گی) اور قیامت ایسی حالت میں آجائے گی کہ آدمی اپنی اونٹنی کا دودھ لے کر واپس آ رہا ہوگا اور کھانے نہ پائے گا اور قیامت ایسی حالت میں آجائے گی کہ آدمی نے لقمہ اٹھا کر منہ میں رکھ لیا ہوگا اور کھا نہ سکا ہوگا (کہ قیامت برپا ہو جائے گی) رواہ ابو ہریرہؓ۔

بعض لوگ اپنے کسی معاملہ میں وصیت بھی نہ کر سکیں گے اور گھر بھی لوٹ نہ پائیں گے کہ گھر والوں کی حالت دیکھ سکیں بلکہ صور کی آواز سنتے ہی مر جائیں گے۔ (تفسیر مظہری)

وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَإِذَا هُم مِّنَ الْأَجْدَاثِ

اور پھونکی جائے صور پھر تب ہی وہ قبروں سے

إِلَىٰ رَبِّهِمْ يَنسِلُونَ ﴿۵۱﴾

اپنے رب کی طرف پھیل پڑینگے ☆

besturdubooks.wordpress.com

یعنی دوسری مرتبہ صور پھونکا جائے گا تو سب زندہ ہو کر اپنی قبروں سے اٹھ کھڑے ہونگے اور فرشتے اُن کو جلد جلد دھکیل کر میدانِ حشر میں لے جائینگے۔ (تفسیر عثمانی)

دو نفخوں کا وقفہ:

چونکہ صور کا پھونکا جانا یقینی ہے اس لیے نفخ ماضی کا صیغہ استعمال کیا یعنی لوگ مر جائیں گے پھر دوبارہ صور پھونکا جائے گا پہلی اور دوسری مرتبہ نفخہ صور کے درمیان چالیس سال کا فصل ہوگا ابن ابی حاتم نے حضرت ابن عباسؓ کی طرف اس قول کی نسبت کی ہے۔ لیکن ابن ابی داؤد نے حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے جو مرفوع حدیث نقل کی ہے اس میں چالیس سال کا لفظ ہے۔ (تفسیر مظہری)

کافروں کی جبری حاضری:

معلوم ہوتا ہے کہ کفار کی حاضری محشر اپنی خوشی سے نہیں بلکہ جبری طور پر ہوگی اور فرشتوں کے پکارنے کی وجہ سے دوڑتے ہوئے محشر میں آ جائیں گے۔ (معارف القرآن مفتی اعظم)

قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا

کہیں گے اے خرابی ہماری کس نے اُٹھا دیا ہم کو ہماری نیند کی جگہ سے ☆

جہنم اور قبر کے عذاب کا موازنہ:

شاید نفخۂ اولیٰ اور نفخۂ ثانیہ کے درمیان اُن پر نیند کی حالت طاری کر دی جائے یا قیامت کا ہولناک منظر دیکھ کر عذاب قبر کو اہون سمجھیں گے اور نیند سے تشبیہ دینگے یا ''مرقد'' بمعنی ''مضجع'' کے ہو۔ نیند کی کیفیت سے تجرید کر لی جائے۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا۔ حضرت ابن عباس اور قتادہ نے فرمایا کافروں کے اس قول کی وجہ یہ ہوگی کہ دونوں نفخوں کی درمیانی مدت ان پر سے عذاب اٹھا لیا جائے گا اور وہ سو جائیں گے دوسری مرتبہ نفخ صور کے بعد جب اٹھیں گے تو یہ بات کہیں گے۔ معتزلہ عذاب قبر کے منکر ہیں

اہل حقیقت کہتے ہیں کہ کافر جب جہنم کے گوناگوں عذاب کو دیکھیں گے تو عذاب جہنم کے مقابلہ میں ان کو قبر کا عذاب خواب کی طرح محسوس ہوگا اس وقت کہیں گے کہ ہم کو خواب سے کس نے اٹھایا۔

جہنم کی ایک وادی:

امام احمد، ترمذی، ابن جریر، ابن ابی حاتم، ابن حبان، حاکم، بیہقی، ابن ابی الدنیا اور ہناد نے حضرت ابو سعید خدری کی روایت سے بیان کیا ہے اور حاکم نے اس حدیث کو صحیح بھی کہا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ویل جہنم کے اندر ایک وادی ہے جس میں کافر چالیس برس تک (نیچے کو) تہ تک پہنچنے سے پہلے لڑھکتا چلا جائے گا (یعنی چالیس برس تک لڑھکتا ہوا تہ میں پہنچے گا)

سعید بن منصور ابن المنذر اور بیہقی نے حضرت ابن مسعود کی روایت سے بیان کیا ہے ویل جہنم کے اندر ایک وادی ہے جس میں دوزخیوں کا کچ لہو بہتا ہے یہ وادی (اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی) تکذیب کرنے والوں کیلئے بنائی گئی ہے ابن جریر نے حضرت عثمان بن عفان کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ویل دوزخ کے اندر ایک پہاڑ ہے۔ (تفسیر مظہری)

هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ

یہ وہ ہے جو وعدہ کیا تھا رحمٰن نے اور سچ کہا تھا پیغمبروں نے ☆

سچا وعدہ: یہ جواب اللہ کی طرف سے اس وقت ملے گا یا مستقبل کو حاضر قرار دیکر اب جواب دے رہے ہیں۔ یعنی کیا پوچھتے ہو کس نے اٹھا دیا۔ ذرا آنکھیں کھولو۔ یہ وہ ہی اٹھانا ہے جس کا وعدہ خدائے رحمٰن کی طرف سے کیا گیا تھا اور پیغمبر جسکی خبر برابر دیتے رہے تھے۔ (تفسیر عثمانی)

اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ

بس ایک چنگھاڑ ہو گی پھر اُسی دم وہ سارے

جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ

ہمارے پاس پکڑے چلے آئیں ☆

یعنی کوئی متنفس نہ بھاگ سکے گا نہ روپوش ہو سکے گا۔ (تفسیر عثمانی)

فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَّلَا تُجْزَوْنَ

پھر آج کے دن ظلم نہ ہو گا کسی جی پر ذرا اور وہی بدلہ پاؤ گے

اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ

جو کرتے تھے ☆

انصاف کا دن: یعنی نہ کسی کی نیکی ضائع ہوگی نہ جرم کی حیثیت سے زیادہ سزا ملے گی ٹھیک ٹھیک انصاف ہوگا اور جو نیک و بد کرتے تھے فی الحقیقت عذاب وثواب کی صورت میں وہ ہی سامنے آ جائے گا۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ

تحقیق بہشت کے لوگ آج ایک مشغلہ میں ہیں باتیں کرتے

هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ

وہ اور اُن کی عورتیں سایوں میں تختوں پر بیٹھے ہیں تکیہ لگائے

لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ

اُن کے لئے وہاں ہے میوہ اور ان کے لئے ہے جو کچھ مانگیں ☆

besturdubooks.wordpress.com

عیش ونشاط کا ماحول:

بہشت میں ہر قسم کے عیش ونشاط کا سامان ہوگا۔ دنیا کی مکروہات سے چھوٹ کر آج یہی ان کا مشغلہ ہوگا۔ وہ اور ان کی عورتیں آپس میں گھل مل کر اعلیٰ درجہ کے خوشگوار سایوں میں مسہریوں پر آرام کر رہے ہوں گے۔ ہر قسم کے میوے اور پھل وغیرہ ان کے لئے حاضر ہوں گے بس خلاصہ یہ ہے کہ جس چیز کی جنتیوں کے دل میں طلب اور تمنا ہوگی وہ ہی دی جائے گی، اور منہ مانگی مرادیں ملیں گی۔ یہ تو جسمانی لذائذ کا حال ہوا، آگے روحانی نعمتوں کی طرف "سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ" ایک ذرا سا اشارہ فرماتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

صوفیاء کا مقام:

صوفیہ کا مقصود سواء ذات خداوندی کے اور کچھ نہیں اس لیے اپنے اپنے درجات کے مطابق یہ گروہ اللہ کی ذاتی نور پاشیوں میں غرق ہوں گے (جنت کی اور کوئی نعمت سواء تجلیات ذاتیہ کے اپنی طرف ان کو مائل نہ کر سکے گی) دوسرے اہل جنت کے مشاغل مختلف ہوں گے کھانا پینا گانا سننا عورتوں سے قربت اور خواہشات کے مطابق دوسرے مشاغل میں انہماک ان کا پسندیدہ عمل ہوگا، ابونعیم نے ہمارے شیخ طریقت بایزید بسطامی کا قول نقل کیا ہے کہ اللہ کے کچھ خاص بندے ایسے بھی ہیں جن سے اللہ اگر اوٹ کرے گا تو جس طرح دوزخی دوزخ سے نکلنے کیلئے فریاد کریں گے اسی طرح وہ جنت کے اندر حجاب دیدار سے نکلنے کیلئے فریاد کریں گے۔

نکتہ: شُغُل میں تنوین تنکیر اظہار عظمت کیلئے ہے یعنی جنت کے اندر اہل جنت کیلئے عظیم الشان خوشی اور لذت ہوگی اتنی کہ نہ وہ احاطہ فہم کے اندر آسکتی ہے نہ اس کی حقیقت کو الفاظ میں ظاہر کیا جاسکتا ہے۔

فَكِهُوْنَ، فکاہت سے مشتق ہے یعنی وہ مزے اور عیش میں ہوں گے۔ (تفسیر مظہری)

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿۵۸﴾
سلام بولنا ہے رب مہربان سے ☆

اللہ تعالیٰ کی طرف سے سلام:

یعنی اس مہربان پروردگار کی طرف سے جنتیوں کو سلام بولا جائے گا خواہ فرشتوں کے ذریعہ سے یا جیسا کہ ابن ماجہ کی ایک روایت میں ہے بلاواسطہ خود رب کریم سلام ارشاد فرمائیں گے اس وقت کی عزت ولذت کا کیا کہنا۔ "اللّٰھم ارزقنا ھذہ النعمۃ العظمٰی بحرمۃ نبیک محمد صلی اللہ علیہ وسلم"۔ (تفسیر عثمانی)

دیدار الٰہی:

ابن ماجہ ابن ابی الدنیا اجری اور دار قطنی نے حضرت جابرؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اہل جنت اپنے عیش میں ہوں گے اسی اثناء میں ایک نور ان پر جلوہ انداز ہوگا اہل جنت سر اٹھا کر دیکھیں گے تو اوپر سے باری تعالیٰ جلوہ ڈالتا نظر آئے گا اور فرمائے گا اہل جنت تم پر سلام ہو یہ ہی (بیان ہے آیت) سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ (میں) حضور نے فرمایا اہل جنت اس کی طرف دیکھیں گے اور وہ اہل جنت کا نظارہ کرے گا ایسی حالت میں جنت والے کسی اور چیز کی طرف گوشہ چشم سے بھی نہیں دیکھیں گے، اسی کی طرف دیکھتے رہیں گے یہاں تک کہ وہ خود اوٹ کرلے گا لیکن اس کا نور اور برکت ان کے گھروں میں باقی رہے گی۔

سیوطی نے کہا اللہ کا جھانکنا حلول اور مکان سے پاک ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۹﴾
اور تم الگ ہو جاؤ آج اے گنہگارو ☆

مجرموں کا مقام:

یعنی جنتیوں کے عیش وآرام میں تمہارا کوئی حصہ نہیں، تمہارا مقام دوسرا ہے جہاں رہنا ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

ابن جریر، ابن ابی حاتم، ابن ابی الدنیا اور بیہقی نے حضرت ابن مسعود کی روایت سے بیان کیا ہے کہ جب دوزخ کے اندر ان لوگوں کو جو ہمیشہ وہاں رہنے والے ہیں ڈال دیا جائے گا تو (اس کی صورت یہ ہوگی کہ) ان کو لوہے کے صندوقوں میں بند کر کے صندوقوں میں لوہے کی کیلیں ٹھونک دی جائیں گی پھر ان صندوقوں کو دوسرے آہنی صندوقوں میں بند کر دیا جائے گا پھر ان کو جہیم کے تہ میں پھینک دیا جائے گا کوئی کافر بھی اندر سے سواء اپنے کسی اور کو عذاب پاتے نہیں دیکھ پائے گا۔ (اس کا گمان ہوگا کہ بس مجھے ہی عذاب دیا جارہا ہے اس طرح دوسرے کو عذاب میں مبتلا دیکھ کر کسی قسم کی تسلی حاصل کرنے کا موقع نہیں ملے گا) (تفسیر مظہری)

اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا
میں نے نہ کہہ رکھا تھا تم کو اے آدم کی اولاد کہ نہ پوجیو
الشَّيْطٰنَ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۶۰﴾
شیطان کو وہ کھلا دشمن ہے تمہارا
وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۱﴾
اور یہ کہ پوجو مجھ کو یہ راہ ہے سیدھی ☆

انبیاء کی دعوت:

یعنی اس دن کے لئے تم کو انبیاء علیہم السلام کی زبانی بار بار سمجھایا گیا تھا کہ شیطان لعین کی پیروی مت کرنا جو تمہارا صریح دشمن ہے وہ جہنم میں

besturdubooks.wordpress.com

پہنچائے بغیر نہ چھوڑے گا اگر ابدی نجات چاہتے ہو تو یہ سیدھی راہ پڑی ہوئی ہے اُس پر چلے آؤ اور اکیلے ایک خدا کی پرستش کرو۔ (تفسیر عثمانی)

جہنم کی سرزنش:

ابن جریر میں ہے کہ قیامت کے دن خدا تعالیٰ کے حکم سے جہنم اپنی گردن نکالے گی جس میں سخت اندھیرا ہوگا اور بالکل ظاہر ہوگی وہ بھی کہے گی اے انسانو! کیا اللہ تعالیٰ نے تم سے یہ وعدہ نہیں کیا تھا کہ تم شیطان کی عبادت نہ کرنا؟ وہ تمہارا ظاہر دشمن ہے اور میری عبادت کرنا یہ سیدھی راہ ہے اس نے تم میں سے اکثر کو گمراہ کر دیا کیا تم سمجھتے نہ تھے؟ اے گنہگارو! آج تم جدا ہو جاؤ اس وقت نیک و بد الگ الگ ہو جائیں گے ہر ایک گھٹنوں کے بل گر پڑے گا ہر ایک کو اس کے نامۂ اعمال کی طرف بلایا جائے گا آج وہی بدلہ پاؤ گے جو کر کے آئے ہو۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا ۗ اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا
اور وہ بہکا لے گیا تم میں سے بہت خلقت کو پھر کیا تم کو سمجھ
تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۲﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۶۳﴾
نہ تھی یہ دوزخ ہے جس کا تم کو وعدہ تھا
اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۶۴﴾
جا پڑو اس میں آج کے دن بدلہ اپنے کفر کا ☆

انسانوں کی نالائقی:

یعنی افسوس اتنی نصیحت وفہمائش پر بھی تم کو عقل نہ آئی اور اس ملعون نے ایک خلقت کو گمراہ کر چھوڑا۔ کیا تمہیں اتنی سمجھ نہ تھی کہ دوست دشمن میں تمیز کر سکتے۔ اور اپنے نفع نقصان کو پہنچانتے۔ دنیا کے کاموں میں تو اس قدر ہوشیاری اور ذہانت دکھلاتے تھے مگر آخرت کے معاملہ میں اتنے غبی بن گئے کہ موٹی موٹی باتوں کو سمجھنے کی لیاقت نہ رہی۔ اب اپنی حماقتوں کا خمیازہ بھگتو یہ دوزخ تیار ہے۔ جس کا بصورت کفر اختیار کرنے کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا کفر کا ٹھکانا یہی ہے۔ چاہئے کہ اپنے ٹھکانے پر پہنچ جاؤ۔ (تفسیر عثمانی)

اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ
آج ہم مہر لگا دینگے اُن کے منہ پر اور بولیں گے ہم سے ان کے ہاتھ
وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۶۵﴾
اور بتلائینگے اُن کے پاؤں جو کچھ وہ کماتے تھے ☆

الٰہی عدالت کے گواہ:

یعنی آج اگر یہ لوگ اپنے جرموں کا زبان سے اعتراف نہ بھی کریں تو کیا ہوتا ہے، ہم منہ پر مہر لگا دیں گے اور ہاتھ پاؤں، کان، آنکھ حتیٰ کہ بدن کی کھال کو حکم دیا جائے گا کہ ان کے ذریعہ سے جن جرائم کا ارتکاب کیا تھا بیان کریں چنانچہ ہر ایک عضو اللہ کی قدرت سے گویا ہوگا اور ان کے جرموں کی شہادت دے گا۔ کما قال تعالیٰ "حَتّٰٓى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَاَبْصَارُهُمْ وَجُلُوْدُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ" (حم۔السجدہ رکوع ۳) وقال اللہ تعالیٰ فی موضع آخر "قَالُوْٓا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ" (حم۔السجدہ رکوع ۳) (تفسیر عثمانی)

حضرت انسؓ کا بیان ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے آپ نے مسکراتے ہوئے فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ میں کس وجہ سے مسکرا رہا ہوں؟ ہم نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول ہی جانتے فرمایا مجھے اس بات پر مسکراہٹ آئی کہ ایک بندہ اپنے رب سے کہے گا، اے میرے رب کیا تو نے مجھے ظلم کرنے سے پناہ نہیں دے رکھی ہے (یعنی کیا تو نے یہ نہیں فرما دیا ہے کہ کسی پر قیامت کے دن ظلم نہیں کیا جائے گا) اللہ فرمائے گا کیوں نہیں بندہ عرض کرے گا تو میں اپنے خلاف کسی کی شہادت نہیں مانوں گا سوا اس گواہ کے جو میرے ہی بدن کا حصہ ہو، اللہ فرمائے گا آج تیرا نفس اور کراماً کاتبین (اعمالنامے لکھنے والے فرشتے) تیرے خلاف شہادت دینے کیلئے کافی ہیں پھر اللہ اس کے منہ پر مہر لگا دے گا اور اعضاء کو حکم دیا جائے گا تم بولو، حسب الحکم اعضاء بندہ کے اعمال کے متعلق بولیں گے اس کے بعد بندے کو (زبان سے) گویائی کی اجازت دے دی جائے گی اور وہ اپنے اعضاء سے کہے گا تم مرجاؤ، مٹ جاؤ تمہاری طرف سے ہی تو میں دفاع کررہا تھا۔ (مسلم)

حضرت ابو ہریرہؓ کا بیان ہے کہ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا قیامت کے دن ہم اپنے رب کو دیکھیں گے فرمایا، دوپہر کے وقت جب کہ کوئی بدلی نہ ہو تم کو سورج کے دیکھنے میں کوئی رکاوٹ ہوتی ہے صحابہ نے جواب دیا نہیں، فرمایا چودھویں کی رات کو جب کہ کوئی ابر نہ ہو تم کو چاند کے دیکھنے میں کوئی رکاوٹ ہوتی ہے، صحابہ نے عرض کیا نہیں۔ فرمایا، قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے تم کو اپنے رب کے دیکھنے میں بھی کوئی رکاوٹ نہیں ہوگی مگر اتنی جتنی سورج اور چاند کو دیکھنے میں ہوتی ہے، پھر اللہ بندے سے فرمائے گا، اے فلاں شخص کیا میں نے تجھے عزت نہیں دی تھی، کیا تجھے سردار نہیں بنایا تھا، کیا تجھے تیرا جوڑا نہیں دیا تھا، کیا گھوڑوں اور اونٹوں کو تیرے حکم کا تابع نہیں بنا دیا تھا کہ تجھے سیادت (سرداری) نہیں دی تھی کیا تجھے مال غنیمت کی چوتھائی کا مستحق نہیں بنایا تھا بندہ عرض کرے گا کیوں نہیں اے میرے رب (تو نے یہ سب کچھ مجھے دیا تھا) اللہ فرمائے گا کیا تیرا گمان یہ تھا کہ مجھ سے آکر ملے گا، بندہ عرض کرے گا نہیں، اللہ فرمائے گا جس طرح تو مجھے بھولا رہا، اسی طرح میں بھی (تجھے دوزخ میں ڈال کر) بھولا بسرا کردوں گا۔

besturdubooks.wordpress.com

پھر اللہ دوسرے بندے سے ملاقات کرے گا اور اس سے بھی یہی فرمائے گا اور یہی جواب دے گا پھر تیسرے سے ملاقات کرے گا اور اس سے بھی یہی فرمائے گا وہ عرض کرے گا، میں تجھ پر تیری کتاب پر اور تیرے رسول پر ایمان لایا تھا اور نمازیں پڑھی تھیں روزے رکھے تھے زکوٰۃ دی تھی غرض جس قدر کر سکے گا اپنی تعریف کرے گا اس سے کہا جائے گا کیا ہم تیرے خلاف گواہ کھڑا کر دیں وہ شخص اپنے دل میں سوچے گا، میرے خلاف کس کو گواہ بنایا جائے گا، پھر اللہ اس کے منہ پر مہر لگا دے گا اور اس کی ران سے فرمائے گا تو بات کر حسب الحکم اس کی ران گوشت اور ہڈی اس کے اعمال جو کچھ کئے ہوئے ہوں گے بتائے گی، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ شخص منافق ہوگا جو اپنی طرف سے (جھوٹے) عذر پیش کرے گا اور اسی پر اللہ کا غضب ہوگا۔ (مسلم)

وَلَوْ نَشَاۗءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓي اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ

اور اگر ہم چاہیں مٹا دیں اُن کی آنکھیں پھر دوڑیں رستہ پانے کو

فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ۝ وَلَوْ نَشَاۗءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰي مَكَانَتِهِمْ

پھر کہاں سے سوجھے اور اگر ہم چاہیں صورت مسخ کر دیں اُن کی جہاں کی تہاں

فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ۝

پھر نہ آگے چل سکیں اور نہ وہ الٹے پھر سکیں ☆

اللہ کی طرف سے مہلت:

یعنی جیسے انہوں نے ہماری آیتوں سے آنکھیں بند کرلی ہیں اگر ہم چاہیں تو دنیا ہی میں بطور سزا کے ان کی ظاہری بینائی چھین کر چٹ اندھا کر دیں کہ ادھر ادھر جانے کا راستہ بھی نہ سوجھے اور جس طرح یہ لوگ شیطانی راستوں سے ہٹ کر اللہ کی راہ چلنا نہیں چاہتے ہم کو قدرت ہے کہ ان کی صورتیں بگاڑ کر بالکل اپاہج بنا دیں کہ پھر یہ کسی ضرورت کے لئے اپنی جگہ سے ہل نہ سکیں۔ پر ہم نے ایسا نہ چاہا اور ان جوارح وقویٰ سے ان کو محروم نہیں کیا، یہ ہماری طرف سے مہلت اور ڈھیل تھی آج وہ ہی آنکھیں اور ہاتھ پاؤں گواہی دیں گے کہ ان بیہودوں نے ہم کو کن نالائق کاموں میں لگایا تھا۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ۭ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ۝

اور جس کو ہم بوڑھا کریں اوندھا کریں اُس کی پیدائش میں پھر کیا ان کو سمجھ نہیں ☆

طاقت کی دلیل: یعنی آنکھیں چھین لینا اور صورت بگاڑ کر اپاہج بنا دینا کچھ مستبعد مت سمجھو دیکھتے نہیں؟ ایک تندرست اور مضبوط آدمی زیادہ بوڑھا ہو کر کس طرح دیکھنے، سننے اور چلنے پھرنے سے معذور کر دیا جاتا ہے گویا بچپن میں جیسا کمزور و ناتواں اور دوسروں کے سہارے کا محتاج تھا، بڑھاپے میں پھر اسی حالت کی طرف پلٹا دیا جاتا ہے تو کیا جو خدا پیرانہ سالی کی حالت میں ان کی قوتیں سلب کرلیتا ہے جوانی میں نہیں کرسکتا؟ (تفسیر عثمانی)

یعنی جس کی عمر ہم دراز کرتے ہیں اس کو سرنگوں کر دیتے ہیں یعنی سرنگوں کر دینے سے یہ مراد ہے کہ شروع میں وہ برابر رو بہ ترقی تھا، قوت مسلسل بڑھ رہی تھی پھر کمزوری آتی رہی اور مرنے کے وقت تک ضعف میں اضافہ ہوتا رہا۔ (تفسیر مظہری)

دنیا فانی ہے: ونعم قال۔

مَن عاش اخلقت الایام جدتہ　　وخانہ ثقتاہ السمع والبصر

"یعنی جو شخص زندہ رہے گا تو زمانہ اس کی جدت وشدت کو بوسیدہ اور پرانا کر دے گا، اور اس کے سب سے بڑے دو ثقہ دوست یعنی شنوائی اور بینائی کی طاقتیں بھی اس سے خیانت کر کے الگ ہو جائیں گی۔"

یعنی انسان کو دنیا میں سب سے زیادہ اعتماد اپنی آنکھ سے دیکھی یا کان سے سنی ہوئی چیز پر ہوتا ہے، بڑھاپے کی آخر عمر میں یہ بھی قابل اعتماد نہیں، گراں گوشی کے سبب بات پوری سمجھنا مشکل، ضعفِ بینائی کے سبب صحیح دیکھنا مشکل، متنبی نے اس مضمون کو کہا ہے

ومن صحب الدنیا طویلا تقلّبت　　علی عینہ حتّی یری صدقھا کذبا

"یعنی جو شخص دنیا میں زیادہ زندہ رہے گا دنیا اس کی آنکھوں کے سامنے ہی پلٹ جائیگی۔ یہاں تک کہ جس چیز کو پہلے سچ جانتا تھا وہ جھوٹ معلوم ہونے لگے گی۔"

زندگی کے مختلف مراحل کا پیغام:

انسان کے وجود میں یہ انقلابات قدرت حق تعالیٰ شانہٗ کا عجیب وغریب مظہر تو ہے ہی اس میں انسان پر ایک عظیم احسان بھی ہے کہ خالق کائنات نے جتنی طاقتیں انسان کے وجود میں ودیعت فرمائی ہیں وہ درحقیقت سرکاری مشینیں ہیں، جو اس کو دیدی گئی ہیں، اور یہ بھی بتلا دیا گیا ہے کہ یہ تیری ملک نہیں اور دائمی بھی نہیں، بالآخر تجھ سے واپس لی جائیں گی اس کا تقاضا ظاہری یہ تھا کہ جب وقت مقدر آ جاتا سب طاقتیں بیک وقت واپس لے لی جاتیں مگر مولائے کریم نے ان کی واپسی کی بھی بڑی طویل قسطیں کر دی ہیں اور تدریجی طور پر واپس لیا ہے تاکہ انسان متنبہ ہو کر سفر آخرت کا سامان کر لے، واللہ اعلم۔ (معارف مفتی اعظم)

وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ۭ

اور ہم نے نہیں سکھایا اس کو شعر کہنا اور یہ اس کے لائق نہیں

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ۝

یہ تو خالص نصیحت ہے اور قرآن ہے صاف ☆

قرآنی تعلیمات حق ہیں:

یعنی اوپر جو کچھ بیان ہوا وہ حقائق واقعیہ ہیں۔ کوئی شاعرانہ تخیلات نہیں۔ اس پیغمبر نے ہم کو قرآن دیا جو نصیحتوں اور روشن تعلیمات سے معمور ہے کوئی شعر وشاعری کا دیوان نہیں دیا جس میں نری طبع آزمائی اور خیالی تک بندیاں ہوں، بلکہ آپ کی طبع مبارک کو فطری طور پر فن شاعری سے اتنا بعید

besturdubooks.wordpress.com

رکھا گیا کہ باوجود قریش کے اس اعلیٰ خاندان میں سے ہونے کے جس کی معمولی لونڈیاں بھی اسوقت شعر کہنے کا طبعی سلیقہ رکھتی تھیں۔ آپ نے مدت العمر کوئی شعر نہیں بنایا۔ یوں رجز وغیرہ کے موقع پر کبھی ایک آدھ مرتبہ زبان مبارک سے مقفی عبارت نکل کر بے ساختہ شعر کے سانچہ میں ڈھل گئی ہو وہ الگ بات ہے اسے شاعری یا شعر کہنا نہیں کہتے آپ خود تو شعر کیا کہتے کسی دوسرے شاعر کا شعر یا مصرع بھی زندگی بھر میں دو چار مرتبہ سے زائد نہیں پڑھا۔ اور پڑھتے وقت اکثر اس میں ایسا تغیر کر دیا کہ شعر شعر نہ رہے۔ محض مطلب شاعرا ادا ہو جائے۔ غرض آپ کی طبع شریف کو شاعری سے مناسبت نہیں دی گئی تھی کیونکہ یہ چیز آپ کے منصب جلیل کے لائق نہ تھی۔ آپ حقیقت کے ترجمان تھے اور آپ کی بعثت کا مقصد دنیا کو اعلیٰ حقائق سے بدون ادنیٰ ترین کذب وغلو کے روشناس کرانا تھا۔ ظاہر ہے کہ یہ کام ایک شاعر کا نہیں ہوسکتا کیونکہ شاعریت کا حسن وکمال، کذب ومبالغہ، خیالی بلند پروازی اور فرضی نکتہ آفرینی کے سوا کچھ نہیں، شعر میں اگر کوئی جز محمود ہے تو اس کی تاثیر اور دل نشینی ہوسکتی ہے سو یہ چیز قرآن کی نثر میں اس درجہ میں پائی جاتی ہے کہ ساری دنیا کے شاعر مل کر اپنے کلاموں کے مجموعہ میں پیدا نہیں کرسکتے۔ قرآن کریم کے اسلوب بدیع کو دیکھتے ہوئے کہہ سکتے ہیں کہ گویا نظم کی اصلی روح نکال کر نثر میں ڈال دی گئی ہے۔ شاید یہ ہی وجہ ہے کہ بڑے بڑے فصیح وعاقل دنگ ہو کر قرآن کو شعر یا سحر کہنے لگتے تھے۔ حالانکہ شعر وسحر کو قرآن سے کیا نسبت؟ کیا شاعری اور جادوگری کی بنیاد پر دنیا میں کبھی قومیت وروحانیت کی ایسی عظیم الشان اور لازوال عمارتیں کھڑی ہوئی ہیں جو قرآنی تعلیم کی اساس پر آج تک قائم شدہ دیکھتے ہو۔ یہ کام شاعروں کا نہیں پیغمبروں کا ہے کہ خدا کے حکم سے مردہ قلوب کو ابدی زندگی عطا کرتے ہیں حق تعالیٰ نے عرب کو یہ کہنے کا موقع نہیں دیا کہ آپ پہلے سے شاعر تھے شاعری سے ترقی کر کے نبی بن بیٹھے۔ (تفسیر عثمانی)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مقام شاعری سے بہت ارفع ہے:

حسن کی روایت سے بغوی نے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ شعر بطور مثل پڑھا۔

كَفٰى بِالْاِسْلَامِ وَالشَّيْبِ لِلْمَرْءِ نَاهِيًا

(اسلام اور بالوں کی سفیدی آدمی کو گناہوں سے روکنے کیلئے کافی ہے)

حضرت ابوبکر نے عرض کیا اے اللہ کے نبی شاعر نے تو اس طرح کہا ہے:

كفى الشيبُ والاسلامُ بالمرءِ ناهيًا

آپ نے دوبارہ پڑھا، اس پر حضرت ابوبکر نے کہا، میں شہادت دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں اللہ نے فرمایا وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ۔

مقدام بن شریح کے والد کا بیان ہے میں نے حضرت عائشہؓ سے عرض کیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بطور مثل کبھی کوئی شعر پڑھتے تھے، ام المومنین نے جواب دیا، ہاں عبداللہ بن رواحہ کا شعر اس طرح بطور مثل پڑھتے تھے:

وَيَاْتِيْكَ الْاَخْبَارُ مَنْ لَّمْ تُزَوِّدِیْ

معمر کا بیان ہے مجھ سے قتادہ نے کہا کہ حضرت عائشہؓ سے کسی شخص نے پوچھا، کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کوئی شعر بطور مثل کبھی پڑھتے تھے، ام المومنین نے فرمایا، شعر سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہر کلام سے زیادہ نفرت تھی، آپ کوئی شعر بطور مثل نہیں پڑھتے تھے مگر (قبیلہ) قیس بن طرف کے شاعر کا یہ شعر بطور مثل پڑھتے تھے۔

سَتُبْدِیْ لَکَ الْاَیَّامُ مَا کُنْتَ جَاھِلًا — وَیَاْتِیْکَ بِالْاَخْبَارِ مَنْ لَّمْ تُزَوِّدِیْ

لیکن اس شعر کو آپ نے اس طرح پڑھا تھا:

وَيَاْتِيْكَ مَنْ لَّمْ تُزَوِّدْ بالاخبار

حضرت ابوبکر نے عرض کیا یہ شعر اس طرح نہیں ہے فرمایا، میں شاعر نہیں ہوں اور نہ (شاعری) میرے لیے سزاوار ہے۔

اتفاقاً مقفی کلام کا زبان پر جاری ہونا:

صحیح حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خندق کھودتے ہوئے حضرت عبداللہ بن رواحہؓ کے اشعار پڑھے، سو یاد رہے کہ آپ کا یہ پڑھنا صحابہؓ کے ساتھ تھا وہ اشعار یہ ہیں۔

لَا هُمَّ لَوْلَا اَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا — وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا
فَاَنْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا — وَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَّاقَيْنَا
اِنَّ الْاُوْلٰى قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا — اِذَا اَرَادُوْا فِتْنَةً اَبَيْنَا

حضور صلی اللہ علیہ وسلم لفظ اَبَیْنَا کو کھینچ کر پڑھتے اور ساتھ ہی بلند آواز سے پڑھتے، ترجمہ ان اشعار کا یہ ہے کوئی غم نہیں اگر تو نہ ہوتا تو ہم ہدایت یافتہ نہ ہوتے نہ صدقہ دیتے اور نہ نمازیں پڑھتے، اب تو ہم پر تسکین نازل فرما، اور جب دشمنوں سے لڑائی چھڑ جائے تو ہمیں ثابت قدمی عطا فرما، یہی لوگ ہم پر سرکشی کرتے ہیں، ہاں یہ جب کبھی فتنے کا ارادہ کرتے ہیں تو ہم انکار کرتے ہیں اسی طرح ثابت ہے کہ حنین کے دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے خچر کو دشمنوں کی طرف بڑھاتے ہوئے فرمایا ۔

اَنَا النَّبِیُّ لَا کَذِبْ — اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ

اس کے بارے میں یہ یاد رہے کہ اتفاقیہ ایک کلام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے نکل گیا جو وزن شعر پر پورا اُترا، نہ کہ قصداً آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے شعر کہا ہو، حضرت جندب بن عبداللہؓ فرماتے ہیں ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک غار میں تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلی زخمی ہوگئی تھی، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

هَلْ اَنْتِ اِلَّا اِصْبَعٌ دَمِيْتِ — وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَا لَقِيْتِ

یعنی تو ایک انگلی ہی تو ہے اور تو راہِ خدا میں خون آلود ہوئی ہے یہ بھی

besturdubooks.wordpress.com

اتفاقیہ ہے قصداً نہیں۔

آپ نے فرمایا

اِنْ تَغْفِرِ اللّٰهُمَّ تَغْفِرْ جَمًّا وَاَیُّ عَبْدٍ لَّکَ مَا اَلَمَّا

یعنی خدایا تو جب بخشے تو ہمارے تمام گناہ بخش دے، ورنہ یوں تو تیرا کوئی بندہ نہیں جو چھوٹی چھوٹی لغزشوں سے بھی پاک ہو۔

اشعار کی قسمیں: حضرت صدیقہؓ فرماتی ہیں کہ شعرگوئی سے آپ کو طبعاً نفرت تھی، دُعاء میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو جامع کلمات پسند آتے تھے اور اُس کے سواء چھوڑ دیتے تھے (احمد) ابوداؤد میں ہے کہ کسی کا پیٹ پیپ سے بھر جانا اُس کے لئے شعروں سے بھر لینے سے بہتر ہے (ابوداؤد) مسند احمد کی ایک حدیث غریب میں ہے "جس نے عشاء کی نماز کے بعد کسی شعر کا ایک مصرعہ بھی باندھا تو اس کی اس رات کی نماز نامقبول ہے۔" یاد رہے کہ شعرگوئی کی قسمیں ہیں، مُشرکوں کی ہجو میں شعر کہنے مشروع ہیں۔ حسان بن ثابت، حضرت کعب بن مالک، حضرت عبداللہ بن رواحہ وغیرہ جیسے اکابرین صحابہ نے کفار کی ہجو میں اشعار کہے ہیں رضی اللہ عنہم اجمعین۔ (تفسیر ابن کثیر)

لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّيَحِقَّ

تاکہ ڈر سنائے اُس کو جس میں جان ہو

الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٧٠﴾

اور ثابت ہو الزام منکروں پر ☆

قرآن زندہ دلوں کی کتاب ہے:

یعنی زندہ دل آدمی قرآن سن کر اللہ سے ڈرے اور منکروں پر حُجت تمام ہو، حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں۔ "جس میں جان ہو یعنی نیک اثر پکڑتا ہو اُس کے فائدہ کو اور منکروں پر الزام اُتارنے کو" (تفسیر عثمانی)

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ

کیا اور نہیں دیکھتے وہ کہ ہم نے بنا دیے ان کے واسطے اپنے ہاتھوں کی بنائی ہوئی چیزوں سے

اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿٧١﴾ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا

چوپائے پھر وہ ان کے مالک ہیں ☆ اور عاجز کر دیا ان کو ان کے آگے پھر اُن میں کوئی

رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَلَهُمْ فِيْهَا

ہے ان کی سواری اور کسی کو کھاتے ہیں اور ان کے واسطے

مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٧٣﴾

چارپایوں میں فائدے ہیں اور پینے کے گھاٹ پھر کیوں شکر نہیں کرتے ☆

آیاتِ تکوینیہ: آیات تنزیلیہ کے بعد پھر آیات تکوینیہ کی طرف توجہ دلاتے ہیں کہ یعنی ایک طرف قرآن کی پند ونصیحت کو سنو، اور دوسری طرف غور کرو، دیکھو اللہ کے کیسے کیسے انعام واحسان تم پر ہوئے ہیں۔ اونٹ، گائے، بکری، گھوڑے، خچر وغیرہ جانوروں کو تم نے نہیں بنایا اللہ نے اپنے دست قدرت سے پیدا کیا ہے۔ پھر تم کو محض اپنے فضل وکرم سے ان کا مالک بنادیا کہ جہاں چاہو بیچو اور جو چاہو کام لو۔ (تفسیر عثمانی)

ملکیتِ اشیاء کی اصل علت عطاءِ حق ہے، نہ سرمایہ نہ محنت:

آج کل نئے نئے معاشی ازموں اور نظریات میں یہ بحث چھڑی ہوئی ہے کہ تخلیق اشیاء اور ان کی ملکیت میں سرمایہ اور دولت اصل ہے، یا محنت، سرمایہ دارانہ نظامِ معیشت کے قائل دولت وسرمایہ کو اصل قرار دیتے ہیں اور سوشلزم اور کمیونزم والے محنت کو اصل علت تخلیق وملکیت کی قرار دیتے ہیں، قرآن مجید کے اس فیصلے نے بتلادیا کہ تخلیق اشیاء اور ان کی ملکیت میں دونوں کا کوئی دخل نہیں، تخلیق کسی چیز کی انسان کے قبضہ میں نہیں، وہ براہ راست حق تعالیٰ کا فعل ہے اور عقل کا تقاضا ہے کہ جو کسی چیز کو پیدا کرے وہی اس کا مالک بھی ہو، اس طرح اصل اور حقیقی ملکیت اشیائے عالم میں حق تعالیٰ کی ہے، انسان کی ملکیت کسی بھی چیز میں صرف اللہ تعالیٰ کے عطا کرنے سے ہوسکتی ہے اللہ نے اشیاء کی اثباتِ ملکیت اور انتقالِ ملکیت کا قانون اپنے پیغمبروں کے ذریعہ نازل فرمادیا ہے، اس قانون کے خلاف کوئی کسی چیز کا مالک نہیں ہوسکتا۔ (معارف مفتی اعظم)

دیکھو کتنے بڑے بڑے عظیم الجثہ، قوی ہیکل جانور انسان ضعیف البنیان کے سامنے عاجز ومسخر کردیئے، ہزاروں اونٹوں کی قطار کو ایک خوردسال بچہ نکیل پکڑ کر جدھر چاہے لے جائے ذرا کان نہیں ہلاتے۔ کیسے کیسے شہ زور جانوروں پر آدمی سواری کرتا ہے اور بعض کو کاٹ کر اپنی غذا بناتا ہے۔ علاوہ گوشت کھانے کے انکی کھال، ہڈی اون وغیرہ سے کس قدر فوائد حاصل کئے جاتے ہیں ان کے تھن کیا ہیں گویا دودھ کے چشمے ہیں ان ہی چشموں کے گھاٹ سے کتنے آدمی سیراب ہوتے ہیں لیکن شکر گزار بندے بہت تھوڑے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ

اور پکڑتے ہیں اللہ کے سوائے اور حاکم کہ شاید اُن کی

يُنْصَرُوْنَ ﴿٧٤﴾ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ

مدد کریں نہ کر سکیں گے اُن کی مدد

وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ﴿٧٥﴾

اور یہ اُن کی فوج ہو کر پکڑے آئینگے ☆

اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی ناشکری:

یعنی جس خدا نے یہ نعمتیں مرحمت فرمائیں اسکا یہ شکر ادا کیا کہ اس کے مقابل دوسرے حاکم اور معبود ٹھہرا لئے جنہیں سمجھتے ہیں کہ آڑے وقت میں

besturdubooks.wordpress.com

کام آئیں گے اور مدد کریں گے۔ سو یاد رکھو! وہ تمہاری تو کیا اپنی مدد بھی نہیں کر سکتے۔ ہاں جب تم کو مدد کی ضرورت ہوگی اس وقت گرفتار ضرور کرا دیں گے۔ تب پتہ لگے گا کہ جن کی حمایت میں عمر بھر لڑتے رہے تھے وہ آج کس طرح آنکھیں دکھانے لگے۔ (تفسیر عثمانی)

بیہقی اور حکیم نے حضرت ابو درداء کی روایت سے بیان کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ نے فرمایا میرا اور جن وانس کا ایک عجیب معاملہ ہے میں پیدا کرتا ہوں اور دوسروں کی عبادت کی جاتی ہے میں رزق دیتا ہوں اور شکر دوسروں کا کیا جاتا ہے۔ لَعَلَّهُمْ يُنْصَرُونَ۔ یعنی اس امید پر کہ وہ معبود ان کی مدد کریں گے، حالانکہ نتیجہ اس کے برعکس ہوگا۔

لَا يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَهُمْ۔ وہ عذاب سے بچانے کی طاقت ہی نہ رکھتے ہوں گے۔
وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ۔ یعنی کفار اپنے معبودوں کیلئے فریق بنے ہوئے دنیا میں ان کی حفاظت کرتے ہیں اور ان کی نگرانی کیلئے تیار رہتے ہیں باوجود یہ کہ وہ معبود ان کو کوئی فائدہ نہیں پہنچاتے، نہ کسی شر سے ان کو بچاتے ہیں، بعض علماء نے یہ مطلب بیان کیا ہے کہ قیامت کے دن کافروں کے معبودوں کو طلب کیا جائے گا ان کے ساتھ ان کے پرستاروں کو بھی بلایا جائے گا گویا وہ سب ایک فوج ہوں گے جن کو دوزخ میں جھونک دیا جائے گا۔ (تفسیر مظہری)

فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ إِنَّا نَعْلَمُ مَا

اب تو غمگین مت ہو اُن کی بات سے ہم جانتے ہیں

يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ۝۷۶

جو وہ چھپاتے ہیں اور جو ظاہر کرتے ہیں ☆

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی:

یعنی جب خود ہمارے ساتھ ان کا یہ معاملہ ہے تو آپ ان کی بات سے غمگین و دلگیر نہ ہوں، اپنا فرض ادا کر کے ہمارے حوالہ کریں ہم ان کے ظاہری و باطنی احوال سے خوب واقف ہیں ٹھیک ٹھیک بھگتان کر دیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

أَوَلَمْ يَرَ الْإِنْسَانُ أَنَّا خَلَقْنَاهُ مِنْ نُطْفَةٍ

کیا دیکھتا نہیں انسان کہ ہم نے اُس کو بنایا ایک قطرہ سے

فَإِذَا هُوَ خَصِيمٌ مُبِينٌ ۝۷۷

پھر تبھی وہ ہو گیا جھگڑنے بولنے والا ☆

یعنی انسان اپنی اصل کو یاد نہیں رکھتا کہ وہ ایک ناچیز قطرہ تھا، خدا نے کیا سے کیا بنا دیا اس پانی کی بوند کو وہ زور اور قوت گویائی عطا کی کہ بات بات پر جھگڑنے اور باتیں بنانے لگا حتی کہ آج اپنی حد سے بڑھ کر خالق کے مقابلہ میں خم ٹھونک کر کھڑا ہو گیا۔ (تفسیر عثمانی)

حاکم نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے بیان کیا ہے اور اس کو صحیح قرار دیا ہے کہ عاص بن وائل ایک بوسیدہ ہڈی ہاتھ میں لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کی حالت جو میں دیکھ رہا ہوں کیا اس کے بعد بھی خدا اس کو زندہ کر کے اٹھائے گا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ اس کو بھی زندہ کر کے اٹھائے گا تم کو بھی مردہ کرے گا پھر جہنم میں داخل کرے گا اس پر آیات ذیل آخر سورۃ تک نازل ہوئیں۔

الْإِنْسَانُ یعنی عاص بن وائل، ابن ابی حاتم نے متعدد اسناد سے مجاہد، عکرمہ، عروہ بن زبیر اور سدی کی روایت سے اور بیہقی نے شعب الایمان میں ابو مالک کی روایت سے نیز بغوی نے بیان کیا ہے کہ ان آیات کا نزول اُبی بن خلف جمحی کے حق میں ہوا یہ ہی ایک بوسیدہ کہنہ ہڈی لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور انکار بعث وحشر کر کے حضور سے جھگڑا کر رہا تھا اسی نے کہا تھا اس قدر بوسیدہ ہو جانے کے بعد اس کو کون زندہ کر سکتا ہے، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تجھے (بھی) زندہ کر کے اٹھائے گا اور جہنم میں داخل کر دے گا، اس پر ان آیات کا نزول ہوا۔

بعض علماء نے فَإِذَا هُوَ خَصِيمٌ مُبِينٌ کا یہ مطلب بیان کیا کہ ایک ذلیل پانی ہونے کے بعد اللہ نے اس کو حامل تمیز و شعور اور ایسا سلیس البیان بنایا کہ اس کو جھگڑنے (اور مقابلہ کرنے کی قدرت حاصل ہو گئی اور اپنے دل کی بات کو بیان کرنے لگا، لہٰذا وہ اپنی اصلی کمینگی اور ابتدائی حقارت پر آ گیا اور اللہ کی زندگی بخشنے والی قدرت کا منکر بن گیا اور اپنے رب سے جھگڑا کرنے کے درپے ہو گیا۔ (تفسیر مظہری)

وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَنَسِيَ خَلْقَهُ قَالَ مَنْ

اور بٹھلاتا ہے ہم پر ایک مثل اور بھول گیا اپنی پیدائش، کہنے لگا کون

يُحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيمٌ ۝۷۸

زندہ کریگا ہڈیوں کو جب کھوکھری ہو گئیں ☆

ناچیز قطرہ کی جرأت:

یعنی دیکھتے ہو! خدا پر کیسے فقرے چسپاں کرتا ہے گویا اس قادر مطلق کو عاجز مخلوق کی طرح فرض کر لیا ہے جو کہتا ہے کہ آخر جب بدن گل سڑ کر صرف ہڈیاں رہ گئیں وہ بھی بوسیدہ، پرانی اور کھوکھری تو انہیں دوبارہ کون زندہ کرے گا ایسا سوال کرتے وقت اسے اپنی پیدائش یاد نہیں رہی ورنہ اس قطرہ ناچیز کو ایسے الفاظ کہنے کی جرأت نہ ہوتی۔ اپنی اصل پر نظر کر کے کچھ شرماتا اور کچھ عقل سے کام لے کر اپنے سوال کا جواب بھی حاصل کر لیتا جو اگلی آیت میں مذکور ہے۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ يُحْيِيهَا الَّذِي أَنْشَأَهَا أَوَّلَ مَرَّةٍ

تو کہہ اُن کو زندہ کریگا جس نے بنایا اُن کو پہلی بار

besturdubooks.wordpress.com

وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيمٌ ﴿٧٩﴾

اور وہ سب بنانا جانتا ہے ☆

خالق کیلئے دوبارہ زندہ کرنا کوئی مشکل نہیں:

یعنی جس نے پہلی مرتبہ ان ہڈیوں میں جان ڈالی اسے دوسری بار جان ڈالنا کیا مشکل ہے۔ بلکہ پہلے سے زیادہ آسان ہونا چاہئے (وھواھون علیہ) اور اس قادر مطلق کے لئے تو سب ہی چیز آسان ہے پہلی مرتبہ ہو یا دوسری مرتبہ۔ وہ ہر طرح بنانا جانتا ہے اور بدن کے اجزاء اور ہڈیوں کے ریزے جہاں کہیں منتشر ہوگئے ہوں ان کا ایک ایک ذرہ اس کے علم میں ہے۔ (تفسیر عثمانی)

نطفہ درحقیقت جسم انسانی کے مختلف اور متفرق اجزاء کا مجموعہ ہے اور انسان کے اعضاء متفرقہ کا خلاصہ اور لب لباب ہے اس ایک قطرۂ آب (نطفہ) میں سر اور آنکھ اور کان اور ہاتھ اور کمر اور ٹانگوں اور پیروں کے تمام اجزاء لطیفہ جمع ہیں اور یہ تمام اجزاء لطیفہ اجزاء رضیہ سے مستحیل شدہ ہیں اس لئے کہ منی کے تمام اجزاء دراصل غذا سے پیدا شدہ ہیں پس جو خدائے علیم و قدیر پہلی بار جسم کے ان اجزاء متفرقہ سے انسان کو پیدا کرسکتا ہے وہ مرنے کے بعد بھی گلی اور سڑی ہڈیوں کے متفرق ریزوں کو جمع کر کے آدمی کو دوبارہ بھی زندہ کرسکتا ہے پہلی بار پیدا کرنا اور دوسری بار پیدا کرنا خدا کی قدرت کے اعتبار سے سب برابر ہے۔ (معارف کاندھلوی)

الَّذِي جَعَلَ لَكُم مِّنَ الشَّجَرِ الْأَخْضَرِ

جس نے بنا دی تم کو سبز درخت سے

نَارًا فَإِذَا أَنتُم مِّنْهُ تُوقِدُونَ ﴿٨٠﴾

آگ پھر اب تم اس سے سلگاتے ہو ☆

دوبارہ پیدائش کی دلیل:

یعنی اول پانی سے سبز وشاداب درخت تیار کیا پھر اسی تر وتازہ درخت کو سکھا کر ایندھن بنا دیا جس سے اب تم آگ نکال رہے ہو پس جو خدا ایسی متضاد صفات کو ادل بدل کرسکتا ہے کیا وہ ایک چیز کی موت وحیات کے الٹ پھیر پر قادر نہیں۔ (تنبیہ) بعض سلف نے شجر اخضر (سبز درخت) سے خاص وہ درخت مراد لئے ہیں جن کی شاخوں کو آپس میں رگڑنے سے آگ نکلتی ہو جیسے بانس کا درخت ہے یا عرب میں مرخ اور عفار تھے۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

آگ کا درخت:

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا دو قسم کے درخت ہیں ایک کو مرخ کہا جاتا ہے اور دوسرے کو عفار دونوں درختوں کی مسواک کی دوہری شاخیں اتنی ہری کہ ان سے پانی ٹپکتا ہو کاٹ لی جائیں پھر مرخ کو عفار سے رگڑا جائے تو ان سے آگ نکلتی ہے عرب کہتے ہیں ہر درخت میں آگ ہے اور مرخ عفار میں گھس جاتی علماء کہتے ہیں سواء عناب کے ہر درخت میں آگ ہے۔

أَوَلَيْسَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ

کیا جس نے بنائے آسمان اور زمین

بِقَادِرٍ عَلَىٰ أَنْ يَخْلُقَ مِثْلَهُم ۚ بَلَىٰ

نہیں بنا سکتا ان جیسے کیوں نہیں

وَهُوَ الْخَلَّاقُ الْعَلِيمُ ﴿٨١﴾

اور وہی ہے اصل بنانیوالا سب کچھ جاننے والا ☆

یعنی جس نے آسمان وزمین جیسی بڑی بڑی چیزیں پیدا کیں اسے کافروں جیسی چھوٹی چیزوں کا پیدا کردینا کیا مشکل ہے۔ (تفسیر عثمانی)

بحر وبر میں پھیلی ہوئی راکھ سے دوبارہ پیدا کرنا:

حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کہتے سنا کہ گذشتہ امتوں میں سے ایک شخص پر موت آئی جو بدعمل تھا اس نے اپنے اہل وعیال کو جمع کر کے وصیت کی کہ جب میں مرجاؤں تو لکڑیوں کا ایک بڑا انبار جمع کرنا اور پھر اس میں آگ لگانا جب آگ خوب تیز ہوجائے تو مجھ کو اس میں ڈال کر جلا دینا یہاں تک کہ جب میرا گوشت پوست سب کوئلہ ہوجائے تو اس کو باریک پیس کر آدھا خشکی میں اور آدھا سمندر میں اڑا دینا اس کے اہل وعیال نے حسب وصیت اس کی راکھ کو ہوا میں اڑا دیا اللہ تعالیٰ نے بحر وبر کو حکم دیا کہ اس کی راکھ کے ذرات کو جہاں جہاں ہوں جمع کر کے حاضر کریں جب وہ ذرات جمع ہو گئے تو اللہ نے ان کو زندہ ہوجانے کا حکم دیا اس طرح سے وہ شخص دوبارہ زندہ ہو کر موجود ہوگیا اللہ عزوجل نے اس سے پوچھا کہ یہ حرکت تو نے کیوں کی، اس نے عرض کیا کہ اے پروردگار میں نے یہ حرکت تیرے خوف کی وجہ سے کی اور تو اندرون حال کو خوب جانتا ہے اللہ تعالیٰ نے اس کو بخش دیا۔ رواہ احمد والبخاری ومسلم وغیرہما۔

قطرہ کو در ہوا شد یا کہ ریخت
از خزینہ قدرت تو کے گریخت
گر درآید در عدم یا صد عدم
چوں بخواہش او کند از سر قدم

غرض یہ کہ خدا تعالیٰ نے جس کو عقل سلیم دی ہے وہ خوب جانتا ہے کہ خدا تعالیٰ ہزار بار پیدا کرنے اور ہزار بار موت دینے اور ہزار بار زندہ کرنے پر قادر ہے اور یہ امر خدا کی قدرت کاملہ کے اعتبار سے نہ محال ہے اور نہ بعید ہے۔ (معارف کاندھلوی)

besturdubooks.wordpress.com

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـــًٔا اَنْ يَّقُوْلَ
اُس کا حکم یہی ہے کہ جب کرنا چاہے کسی چیز کو تو کہے
لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۸۲﴾
اُس کو ہو وہ اُسی وقت ہو جائے ☆

ہر چیز کا وجود فقط ارادۂ الٰہی کا محتاج ہے:

یعنی کسی چھوٹی بڑی چیز کے پہلی مرتبہ یا دوبارہ بنانے میں اسے دقت ہی کیا ہوسکتی ہے اسکے ہاں تو بس ارادہ کی دیر ہے جہاں کسی چیز کے پیدا کرنے کا ارادہ کیا اور کہا ہو جا! فوراً ہوئی رکھی ہے۔ ایک سیکنڈ کی تاخیر نہیں ہوسکتی۔ (تنبیہ) میرے خیال میں اس آیت کو پہلی آیت کے ساتھ ملا کر یوں بھی کہا جاسکتا ہے کہ پہلے خلق بدن کا ذکر تھا یہاں نفخ روح کا مطلب سمجھا دیا۔ واللہ اعلم راجع فوائد سورۃ الاسراء تحت بحث الروح۔ (تفسیر عثمانی)

مخلوق کی قدرت پر خالق کی قدرت کو قیاس نہ کرو:

بیضاوی نے لکھا ہے یہ ایک تشبیہ ہے جس طرح کوئی حاکم محکوم کو حکم دے اور وہ فوراً بلا توقف حکم بجالائے اسی طرح اللہ کی قدرت کا اثر مرادِ الٰہی پر ہوتا ہے کسی چیز کو کرنے کیلئے اللہ کو نہ عملی مشق کی ضرورت ہے نہ آلات کو استعمال کرنے کی (اگر مزاولت یا آلات کی ضرورت ہوئی تو احتیاج کا شبہ ہو جاتا) شبہ کے مادہ کو جڑ سے کاٹ دینے کیلئے یہ تمثیل ذکر فرمائی، قدرتِ مخلوق پر قدرتِ خدا کا قیاس غلط ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ
سو پاک ہے وہ ذات جس کے ہاتھ ہے حکومت ہر چیز کی
وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾
اور اسی کی طرف پھر کر چلے جاؤ گے ☆

حکومت بس اللہ ہی کی ہے:

یعنی وہ اعلیٰ ترین ہستی جس کے ہاتھ میں فی الحال بھی اوپر سے نیچے تک تمام مخلوقات کی زمام حکومت ہے اور آئندہ بھی اسی کی طرف سب کو لوٹ کر جانا ہے۔ پاک ہے عجز و سفہ اور ہر قسم کے عیب و نقص سے۔ (تفسیر عثمانی)

تم سورۃ یٰسین وللہ الحمد والمنۃ

سورۃ الصافات

جس نے خواب میں اس کی تلاوت کی اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کو حلال طریقہ سے رزق ملے گا اور اس کے دولڑکے پیدا ہوں گے۔ (علامہ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ)

سورت کے مضامین:

یہ سورت مکی ہے، اور دوسری مکی سورتوں کی طرح اس کا بنیادی موضوع بھی ایمانیات ہیں اور اس میں توحید، رسالت اور آخرت کے عقائد کو مختلف طریقوں سے مدلل کیا گیا ہے، اسی ضمن میں مشرکین کے عقائد کی تردید بھی ہے، اور آخرت میں جنت و دوزخ کے حالات کی منظر کشی بھی، جو عقائد تمام انبیاء علیہم السلام کی دعوت میں شامل رہے۔

سورۃ صافات مکہ میں نازل ہوئی اور اسکی ایک سو بیاسی آیتیں ہیں اور پانچ رکوع ہیں
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے
وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ﴿۱﴾
قسم ہے صف باندھنے والوں کی قطار ہو کر ☆

صف باندھنے والے:

یعنی جو صف باندھ کر قطار در قطار کھڑے ہوتے ہیں خواہ فرشتے ہوں جو حکم الٰہی سننے کو اپنے اپنے مقام پر درجہ بدرجہ کھڑے ہوتے ہیں یا عبادت گزار انسان جو نماز اور جہاد وغیرہ میں صف بندی کرتے ہیں۔ (تنبیہ) قسم محاورات میں تاکید کے لئے ہے جو اکثر منکر کے مقابلہ میں استعمال کی جاتی ہے لیکن بسا اوقات محض ایک مضمون کو مہتم بالشان ظاہر کرنے کے لئے بھی استعمال کرتے ہیں اور قرآن کریم کی قسموں کا تتبع کرنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ عموماً مقسم بہ مقسم علیہ کے لئے بطور ایک شاہد یا دلیل کے ہوتا ہے۔ واللہ اعلم (تفسیر عثمانی)

بعض علماء نے کہا ملائکہ فضا میں اپنے پر پھیلائے رُکے رہتے ہیں اور اُس وقت تک رُکے رہتے ہیں کہ اللہ اپنی مشیت کے مطابق ان کو (کسی کام پر) مامور کرتا ہے بعض اہل علم کے نزدیک اَلصَّافَّات سے پرندے مراد ہیں، کیونکہ دوسری آیت میں آیا ہے، وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ۔ (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

نماز میں صفوف کی درستی اور اس کی اہمیت:

چنانچہ انسانوں کو بھی عبادت کے دوران اس صف بندی کی ترغیب و تاکید کی گئی ہے، حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا: "تم (نماز میں) اس طرح صف بندی کیوں نہیں کرتے جس طرح فرشتے اپنے رب کے حضور کرتے ہیں؟" صحابہ رضی اللہ عنہم نے پوچھا: "فرشتے اپنے رب کے حضور کس طرح صف بندی کرتے ہیں؟" آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: "وہ صفوں کو پورا کرتے ہیں، اور صف میں پیوست ہو کر کھڑے ہوتے ہیں (یعنی بیچ میں خالی جگہ نہیں چھوڑتے)" (تفسیر مظہری)

نماز میں صفوں کو پورا کرنے اور سیدھا رکھنے کی تاکید میں اتنی احادیث وارد ہوئی ہیں کہ ان سے ایک پورا رسالہ بن سکتا ہے، حضرت ابو مسعود بدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں ہمارے کندھوں کو ہاتھ لگا کر فرمایا کرتے تھے: "سیدھے رہو، آگے پیچھے مت ہو، ورنہ تمہارے دلوں میں اختلاف پیدا ہو جائے گا۔" (جمع الفوائد بحوالہ مسلم ونسائی ص٩٢ ج١) (معارف مفتی اعظم)

فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ﴿٢﴾
پھر ڈانٹنے والوں کی جھڑک کر ☆

برائی سے روکنے والی قوتیں:

یعنی جو فرشتے شیطانوں کو ڈانٹ کر بھگاتے ہیں تا استراق سمع کے ارادہ میں کامیاب نہ ہوں یا بندوں کو نیکی کی بات سمجھا کر معاصی سے روکتے ہیں یا وہ نیک آدمی جو خود اپنے نفس کو بدی سے روکتے اور دوسروں کو بھی شرارت پر ڈانٹتے جھڑکتے رہتے ہیں خصوصاً میدان جہاد میں کفار کے مقابلہ پر ان کی ڈانٹ ڈپٹ بہت سخت ہوتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

یا شیطانوں کو انسانوں کی راہ (خیر) میں رکاوٹ ڈالنے سے روکتے ہیں، قتادہ رضی اللہ عنہ نے کہا الزّٰجِرٰتِ سے مراد ہیں قرآن کی وہ آیات جو بری باتوں کی مخالفت کرتی اور روکتی ہیں۔ (تفسیر مظہری)

فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ﴿٣﴾
پھر پڑھنے والوں کی یاد کر کر ☆

یعنی وہ فرشتے یا آدمی جو اللہ کے احکام سننے کے بعد پڑھتے اور یاد کرتے ہیں، ایک دوسرے کے بتانے کو۔ (تفسیر عثمانی)

یا ان آیات کو پڑھتے ہیں جو آسمانی کتابوں میں انبیاء پر نازل کی گئی ہیں، یا صافات، زاجرات اور تالیات سے نفوس علمیہ مراد ہیں جو نمازوں میں صف بستہ ہوتے ہیں، دلائل کی روشنی میں کفر اور معاصی سے روکتے ہیں اور آیاتِ رب کی تلاوت کرتے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ان تینوں قسموں سے مراد فرشتے ہیں اور بھی اکثر حضرات کا یہی قول ہے۔ مسلم میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں ہمیں سب لوگوں پر تین باتوں میں فضیلت دی گئی ہے ہماری صفیں فرشتوں کی صفوں جیسی کی گئی ہیں، ہمارے لئے ساری زمین مسجد بنا دی گئی ہے اور پانی کے نہ ملنے کے وقت زمین کی مٹی ہمارے لئے وضو کے قائم مقام کی گئی ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

نکتہ: تعقیب وجود کیلئے ہے یعنی پہلے صف بستہ ہوتے ہیں پھر زجر کرتے ہیں، پھر تلاوت کرتے ہیں صف بندی بجائے خود صفت کمالیہ ہے، پھر شر سے باز داشت کرنی اور خیر کی طرف چلانا صفت اوّل کی تکمیل ہے اور تلاوت ذکر فیض رسانی کا درجہ رکھتی ہے، یا عطف صرف ترتیب و ترقی کیلئے ہے جیسے آیت ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ، میں عطف ترقی مرتبہ کیلئے ہے۔ (تفسیر مظہری)

مخلوق کی قسم:

مخلوقات میں جن چیزوں کی قسم کھائی گئی ہے، کہیں تو اس سے اس چیز کو عظمت وفضیلت کا بیان کرنا مقصود ہوتا جیسا کہ قرآن کریم میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر کی قسم آئی ہے لَعَمْرُكَ إِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ابن مردویہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا یہ قول نقل کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کوئی مخلوق اور کوئی چیز دنیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی سے زیادہ معزز اور مکرم نہیں پیدا کی، یہی وجہ ہے کہ پورے قرآن مجید میں کسی نبی و رسول کی ذات کی قسم نہیں آئی، صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر کی قسم آیت مذکورہ میں آئی ہے۔

حضرت حسن بصریؒ نے فرمایا ہے:

"اللہ تعالیٰ کو اختیار ہے وہ اپنی مخلوقات میں سے جس چیز کی چاہے قسم کھا لے، مگر کسی دوسرے کیلئے اللہ کے سوا کسی کی قسم کھانا جائز نہیں۔" (معارف مفتی اعظم)

إِنَّ إِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ﴿٤﴾
بے شک حاکم تم سب کا ایک ہے ☆

فرشتوں اور نیک لوگوں کی گواہی:

بیشک آسمان پر فرشتے اور زمین پر خدا کے نیک بندے ہر زمانہ میں قولاً و فعلاً شہادت دیتے رہے ہیں کہ سب کا مالک و معبود ایک ہے اور ہم اسی کی رعیت ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

کافروں کی تردید: مکہ کے کافروں نے کہا تھا أَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ إِلٰهًا وَّاحِدًا إِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ کیا محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام معبودوں کو ایک معبود بنا دیا یہ عجیب بات ہے آیتِ مذکورہ میں کافروں کے اس قول کی تردید فرما دی۔ (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا

رب آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان کے بیچ میں ہے

وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۝

اور رب مشرقوں کا ☆

مشارق اور مغارب کا رب:

شمال سے جنوب تک ایک طرف مشرقین ہیں۔ سورج کی ہر روز جدا اور ہر ستارے کی جدا یعنی وہ نقطے جن سے ان کا طلوع ہوتا ہے اور دوسری طرف اتنی ہی مغربین ہیں شاید مغارب کا ذکر یہاں اس لئے نہیں کیا کہ مشارق سے بطور مقابلہ کے خود ہی سمجھ میں آ جائینگی۔ اور ایک حیثیت سے طلوع شمس و کواکب کو حق تعالیٰ کی شان حکومت و عظمت کے ثابت کرنے میں بہ نسبت غروب کے زیادہ دخل ہے۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

مشارق سے مراد ہیں تمام ستاروں کے طلوع کے مقامات یا سورج کے روزانہ طلوع ہونے کے مقامات سال کے تین سو پینسٹھ دن ہوتے ہیں اور ہر دن طلوع کا مقام بدلتا رہتا ہے اور مقامات طلوع کے اختلاف کے مطابق غروب کے مقامات بھی مختلف ہوتے ہیں اس لئے صرف مشارق کا ذکر کیا، مغارب کے ذکر کی صراحت نہیں کی اس کے علاوہ آفتاب کے طلوع سے اللہ کی نعمت اور قدرت کی عظمت کا زیادہ ظہور ہوتا ہے اس لئے مشارق کا ذکر کیا۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ۨالْكَوَاكِبِ ۝

ہم نے رونق دی ورلے آسمان کو ایک رونق جو تارے ہیں ☆

آسمان کی زینت:

یعنی اندھیری رات میں یہ آسمان بیشمار ستاروں کی جگمگاہٹ سے دیکھنے والوں کو کیسا خوبصورت، مزین اور پُر رونق معلوم ہوتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

زینت سے مراد ہے ستاروں کی روشنی اور ان کے اوضاع حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے زینت الکواکب کا ترجمہ کیا ضوء کواکب۔

مَارِد یعنی اللہ کی طاعت سے خارج، مطلب یہ ہے کہ ہم نے ستاروں کو کواکب کی زینت کیلئے اور شیطان سرکش سے حفاظت کیلئے پیدا کیا کواکب سے شہاب کے انگارے شیطان پر مارے جاتے ہیں۔

آیت سے مستفاد ہوتا ہے کہ تمام کواکب آسمانِ دنیا میں ہیں۔ (تفسیر مظہری)

فلاسفہ کا قول:

فلاسفہ متاخرین کہتے ہیں کہ کواکب فضاء میں قوت جاذبہ کے تناؤ پر قائم ہیں نہ کہ آسمان میں جڑے ہوئے ہیں، سو یہ امر اہل اسلام کے نزدیک عقلاً جائز ہے اور قدرت خداوندی کے تصرف میں داخل ہے۔ (معارف کاندھلوی)

وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝

اور بچاؤ بنایا ہر شیطان سرکش سے ☆

ستاروں کا مقصد:

یعنی تاروں سے آسمان کی زینت و آرائش ہے اور بعض تاروں کے ذریعہ سے جو ٹوٹتے ہیں شیطانوں کو روکنے اور دفع کرنے کا کام بھی لیا جاتا ہے۔ یہ ٹوٹنے والے ستارے کیا ہیں آیا کہ کواکب نوریہ کے علاوہ کوئی مستقل نوع کواکب نوریہ کی شعاعوں ہی سے ہوا متکیف ہو کر ایک طرح کی آتش سوزاں پیدا ہو جاتی ہے یا خود کواکب کے اجزاء ٹوٹ کر گرتے ہیں؟ اس میں علماء و حکماء کے مختلف اقوال ہیں بہر حال ان کی حقیقت کچھ ہی کیوں نہ ہو رجم شیاطین کا کام بھی ان سے لیا جاتا ہے۔ اس کی کچھ تفصیل سورہ "حجر" کے فوائد میں گزر چکی ملاحظہ کر لی جائے۔ (تفسیر عثمانی)

مطلب یہ ہے کہ کواکب سے شعلے جدا ہو کر شیاطین کو سنگسار کرتے ہیں اور انہی شعلوں کو ہم شہاب ثاقب یا ٹوٹے ہوئے ستارے کہتے ہیں جیسا کہ امام رازی نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے۔ (دیکھو تفسیر کبیر)

خلاصہ کلام یہ کہ اللہ تعالیٰ نے ستاروں کو آسمان دنیا کی زینت کیلئے بنایا ہے اور شیاطین کی سنگساری کیلئے بنایا ہے بڑے بڑے ستارے آسمان کی زینت ہیں اور چھوٹے چھوٹے ستارے شیاطین کی سنگساری کیلئے ہیں۔ (معارف کاندھلوی)

بخاریؒ نے قتادہؒ کی روایت سے بیان کیا ہے اللہ نے ستاروں کو تین امور کیلئے پیدا کیا آسمان کی زینت بنایا، شیاطین پر مارنے کیلئے (بنایا) راستہ پہچاننے کی علامات (بنایا) اس لیے اگر تخلیق نجوم کی کوئی دوسری غرض کوئی شخص بیان کرتا ہے تو غلطی کرتا ہے۔

شیاطین کی روک تھام:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ شیاطین پہلے جا کر آسمانوں میں بیٹھتے تھے اور وحی سن لیتے تھے اُس وقت اُن پر تارے نہیں ٹوٹتے تھے یہ وہاں کی وحی سن کر زمین پر آ کر ایک ایک کی دس دس کر کے کاہنوں کے کانوں میں پھونکتے تھے۔ (تفسیر ابن کثیر)

لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ

سُن نہیں سکتے اُوپر کی مجلس تک اور پھینکے جاتے ہیں اُن پر

مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝ دُحُوْرًا

ہر طرف سے بھگانے کو ☆

اوپر کی مجلس سے مراد فرشتوں کی مجلس ہے۔ یعنی شیاطین کو یہ قدرت نہیں دی گئی کہ فرشتوں کی مجلس میں پہنچ کر کوئی بات وحی الٰہی کی سن آئیں جب ایسا ارادہ کر

besturdubooks.wordpress.com

کے اوپر آسمانوں کے قریب پہنچنے کی کوشش کرتے ہیں تو جس طرف سے جاتے ہیں ادھر ہی سے فرشتے دھکے دے کر اور مار مار کر بھگا دیتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

کاہنوں کے کاروبار کا پس منظر:

بخاریؒ نے حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، جب اللہ آسمان میں کسی امر کا حکم دیتا ہے تو فرشتے عاجزی سے اپنے بازو پھڑ پھڑاتے ہیں، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پتھر کی کسی چٹان پر کسی زنجیر کے لگنے کی آواز ہے جب ملائکہ کے دلوں سے خوف دور ہو جاتا ہے تو پوچھتے ہیں تمہارے رب نے کیا فرمایا، دوسرے ملائکہ کہتے ہیں (اس کا فرمان) حق ہے وہ ہی بڑی عظمت وشان والا ہے، فرشتوں کی اس بات کو چوری سے سننے والے (کچھ شیطان) سن پاتے ہیں اور (ان سے دوسرے) چوری سے سننے والے سنتے ہیں ایک کے اوپر ایک (قطار در قطار) اسی طرح ہوتے ہیں۔ سفیان راوی نے اپنے ہاتھ کو ترچھا کر کے انگلیوں کو کشادہ کر کے بتایا (کہ جس طرح انگلیاں ترتیب وار ایک کے اوپر ایک ہیں اسی طرح شیطان ترتیب وار اوپر نیچے ہوتے ہیں) اوپر والا شیطان وہ بات نیچے والے شیطان کو پہنچا دیتا ہے پھر نیچے والا اپنے سے نیچے والے کو پہنچا دیتا ہے آخری نچلا شیطان وہ بات ساحر یا کاہن تک پہنچا دیتا ہے اور نتیجہ میں وہ بات ساحر یا کاہن کی زبان پر آ جاتی ہے شہاب (آگ کا شعلہ) شیطان کے پیچھے لگ جاتا ہے کبھی دوسرے شیطان تک پہنچانے سے پہلے اول شیطان کے آ لگتا ہے اور کبھی وہ بات پہنچا چکتا ہے کہ شہاب اس پر پڑتا ہے، ساحر یا کاہن اس ایک بات میں (جو چوری چوری اس تک پہنچتی ہے) سو جھوٹ ملا دیتا ہے (اور لوگوں سے بیان کرتا ہے کہ ایسا ہونے والا ہے) جب کاہن کے کہنے کے مطابق کوئی بات ہو جاتی ہے تو اس ایک بات کی وجہ سے اس کی تصدیق کی جاتی ہے اور کہا جاتا ہے کہ فلاں دن کاہن نے ایسا ایسا نہیں کہا تھا؟

بیضاوی نے لکھا ہے جس شیطان پر انگارا مارا جاتا ہے کیا وہ زخمی ہو کر لوٹ جاتا ہے یا جل جاتا ہے اس میں علماء کا اختلاف ہے ایک قول یہ ہے کہ چڑھنے والے کے کبھی وہ شعلہ لگ جاتا ہے اور کبھی نہیں لگتا ہے جیسے موجیں کشتی میں بیٹھنے والوں کے کبھی لگ جاتی ہیں کبھی کشتی سے ٹکرا کر لوٹ جاتی ہیں (کشتی کے مسافروں تک نہیں پہنچتیں) اسی لیے شیاطین باز نہیں آتے۔ (تفسیر مظہری)

وَلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۙ

اور اُن پر مار ہے ہمیشہ کو ☆

شیاطین کیلئے دائمی عذاب:

یعنی دنیا میں ہمیشہ یوں ہی مار پڑتی رہے گی اور آخرت کا دائمی عذاب الگ رہا۔ (تفسیر عثمانی)

اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝

مگر جو کوئی اُچک لایا جھپ سے پھر پیچھے لگا اُس کے انگارا چمکتا

یعنی اسی بھاگ دوڑ میں جلدی سے کوئی ایک آدھ بات اُچک لایا تو پر بھی فرشتے شہاب ثاقب سے اس کا تعاقب کرتے ہیں اس کی تفصیل سورۂ "حجر" کے شروع میں گذر چکی۔ (تفسیر عثانی)

الخطفة جھپٹ لینا، اس جگہ مراد ہے ملائکہ کے کلام کا کوئی حصہ سن کر چوری سے لے بھاگنا، شہاب، ستارے سے نکلنے والا وہ شعلہ جو چوری سے سن کر بھاگنے والے شیطانوں کے مارا جاتا ہے اور ایسا دکھائی دیتا ہے کہ کوئی ستارہ ٹوٹ کر گرا۔ (تفسیر مظہری)

موجودہ سائنسدانوں کا خیال:

موجودہ سائنسدانوں کا خیال ہے کہ "شہاب ثاقب" ان گنت ستاروں ہی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ہوتے ہیں، اور عموماً بڑی بڑی اینٹوں کے برابر، اور یہ ان گنت ٹکڑے فضا میں رہتے ہیں، انہی کا ایک مجموعہ "اسدیہ" کہلاتا ہے، جو سورج کے گرد ھلیلہ کی شکل میں گردش کرتا رہتا ہے، اور اس کا ایک دورہ ۳۳ سال میں پورا ہوتا ہے، ان ٹکڑوں میں روشنی ان کی تیز رفتاری اور خلائی اجرام کی رگڑ سے پیدا ہوتی ہے یہ ٹکڑے ۱۰ اگست اور ۲۷ نومبر کی راتوں میں زیادہ گرتے ہیں، اور ۲۰ اپریل، ۲۸ نومبر، ۱۸ اکتوبر اور ۶، ۹، ۱۳ دسمبر کی راتوں میں کم ہو جاتے ہیں۔ (از تفسیر الجواہر للطنطاوی ص ۱۵ ج ۸)

جدید سائنس کی یہ تحقیق قرآنی اسلوب بیان کے زیادہ مطابق ہے، البتہ جو لوگ "شہاب ثاقب" کے ذریعہ شیطانوں کے مارے جانے کو بعید از قیاس سمجھتے ہیں ان کے بارے میں طنطاوی مرحوم نے الجواہر میں بڑی اچھی بات لکھی ہے: "ہمارے آباؤ اجداد اور حکماء کو بھی یہ بات گراں محسوس ہوتی تھی کہ قرآن کریم ان کے زمانہ کے علم فلکیات کے خلاف کوئی بات کہے، لیکن مفسرین اس بات پر راضی نہیں ہوئے کہ ان کے فلسفیانہ نظریات کو قبول کر کے قرآن کو چھوڑ دیں، اس کے بجائے انہوں نے ان فلسفیانہ نظریات کو چھوڑا اور قرآن کے ساتھ رہے کچھ عرصہ کے بعد خود بخود ثابت ہو گیا کہ قدیم یونانی فلاسفہ کا خیال بالکل باطل اور غلط تھا، اب بتائیے کہ اگر ہم یہ تسلیم کر لیں کہ یہ ستارے شیطانوں کو جلاتے، مارتے اور تکلیف پہنچاتے ہیں تو اس میں کونسی رکاوٹ ہے، ہم قرآن کریم کے اس بیان کو تسلیم کرتے ہوئے مستقبل کے انتظار میں ہیں، (جب سائنس بھی اس حقیقت کو تسلیم کر لے گی)...... (جواہر ص ۱۴ ج ۸)

مقصدِ اصلی: یہاں آسمانوں، ستاروں اور شہاب ثاقب کا تذکرہ کرنے سے ایک مقصد تو توحید کا اثبات ہے کہ جس ذات نے یکہ وتنہا اتنے زبردست آفاقی

besturdubooks.wordpress.com

انتظامات کئے ہوئے ہیں، وہی لائق عبادت بھی ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا
اب پوچھ ان سے کیا یہ بنانے مشکل ہیں یا جتنی خلقت کہ ہم نے بنائی ☆

انسان کا دوبارہ زندہ کرنا کوئی مشکل نہیں:

یعنی منکرین بعث سے دریافت کیجئے کہ آسمان، زمین، ستارے، فرشتے، شیاطین وغیرہ مخلوقات کا پیدا کرنا ان کے خیال میں زیادہ مشکل کام ہے یا خود ان کا پیدا کرنا اور وہ بھی ایک مرتبہ پیدا کر چکنے کے بعد ظاہر ہے جو خدا ایسی عظیم الشان مخلوقات کا بنانے والا ہے اسے ان کا دوبارہ بنا دینا کیا مشکل ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

نکتہ: مَنْ (ذی عقل مخلوق کیلئے استعمال ہوتا ہے لیکن) اس جگہ اہل عقل کو بے عقل مخلوق پر تغلیب دے کر سب باعقل اور بے عقل مخلوق کیلئے استعمال کیا گیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ
ہم نے ہی ان کو بنایا ہے ایک چپکتے گارے سے ☆

مادہ تخلیق:

یعنی ان کی اصل حقیقت ہمیں سب معلوم ہے ایک طرح کے چپکتے گارے سے جس کا پتلا ہم نے تیار کیا۔ آج اس کے یہ دعوے ہیں کہ آسمان و زمین کا بنانے والا اس کے دوبارہ پیدا کرنے پر قادر نہیں۔ جس طرح پہلے تجھ کو مٹی سے بنایا دوبارہ بھی مٹی سے نکال کر کھڑا کر دیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

لازب چپکنے والی جو ہاتھ سے چپک جائے، مجاہد اور ضحاک نے لازب کا ترجمہ کیا۔ ''سڑی ہوئی'' انسانوں کی (جسمانی) تخلیق اور آسمان و زمین کی تخلیق میں یہی بڑا فرق ہے کہ انسانوں کا تخلیقی مادہ تو چپک دار کیچڑ ہے۔

کافروں کے اشکال کا شافی جواب:

کافروں نے کہا تھا ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ان کے قول کے خلاف اللہ نے بطور استدلال فرمایا کہ ان کی تخلیق اول سڑی ہوئی لیس دار کیچڑ سے ہو چکی ہے پھر تراب (خاک) سے دوبارہ تخلیق کا یہ کیسے انکار کر سکتے ہیں، طین لازب میں اجزاء آبی اور اجزاء خاکی مخلوط ہوتے ہیں، مرنے کے بعد بھی یہ اجزاء (تحلیل ہو کر اپنی اپنی جگہ) باقی رہتے ہیں پھر دوبارہ اجتماع اور خلط سے کون روک سکتا ہے، مادہ کی قابلیت میں فرق نہیں اور فاعل کی قدرت میں کمزوری نہیں۔ (تفسیر مظہری)

بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ
بلکہ تو کرتا ہے تعجب اور وہ کرتے ہیں ٹھٹھے ☆

کافروں کی بے وقوفی:

یعنی تجھ کو ان پر تعجب آتا ہے کہ ایسی صاف باتیں کیوں نہیں سمجھتے اور وہ ٹھٹھا کرتے ہیں کہ یہ (نبی) کس قسم کی بے سروپا باتیں کر رہا ہے۔ (العیاذ باللہ) (تفسیر عثمانی)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا تعجب:

قتادہؒ نے کہا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تعجب تھا کہ نزول قرآن کے بعد بھی بنی آدم گمراہ کس طرح رہ سکتے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یقین تھا کہ جو شخص بھی اس قرآن کو سنے گا وہ ضرور اس کو مان لے گا اور ایمان لے آئے گا لیکن مشرکین اس کو سن کر بھی ایمان نہیں لائے بلکہ مذاق اڑانے لگے اس لیے عجبت کے بعد ویسخرون فرمایا یعنی وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے تعجب کا مذاق بناتے ہیں اور آپ جو دوسری زندگی ہونے کی تقریر کرتے ہیں وہ اس کی ہنسی اڑاتے ہیں۔

تعجب کا معنی: عجب اس حالت کو کہتے ہیں جو کسی غیر معمولی بات کو دیکھنے سے انسان کے اندر پیدا ہو جاتی ہے عجبت میں یہی حالت مراد ہے، ایک حدیث میں عَجِبَ رَبُّکَ مِنْ قَوْمٍ يُسَاقُوْنَ اِلَى الْجَنَّةِ فِي السَّلَاسِلِ اسی طرح سُبْحَانَهٗ مَا اَعْظَمَ شَانُهٗ میں صیغہ تعجب اسی معنی کیلئے استعمال کیا گیا۔ (تفسیر مظہری)

وَاِذَا ذُكِّرُوْا لَا يَذْكُرُوْنَ ۞ وَاِذَا رَاَوْا اٰيَةً
اور جب ان کو سمجھائیے نہیں سوچتے اور جب دیکھیں کچھ نشانی
يَّسْتَسْخِرُوْنَ ۞ وَقَالُوْا اِنْ
ہنسی میں ڈال دیتے ہیں اور کہتے ہیں اور کچھ نہیں
هٰذَا اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۞
یہ تو کھلا جادو ہے ☆

یعنی نصیحت سن کر غور و فکر نہیں کرتے اور جو معجزات و نشانات دیکھتے ہیں انہیں جادو کہہ کر ہنسی میں اڑا دیتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۞
کیا جب ہم مر گئے اور ہو گئے مٹی اور ہڈیاں تو کیا ہم کو پھر اٹھائیں گے
اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ۞
کیا اور ہمارے اگلے باپ دادوں کو بھی ☆

کافروں کی ہٹ دھرمی:

وہ ہی مرغے کی ایک ٹانگ گائے جاتے ہیں کہ صاحب جب ہمارا بدن خاک میں مل کر مٹی ہو گیا صرف ہڈیاں باقی رہ گئیں اور اس سے بھی بڑھ کر ہمارے باپ دادا جن کو مرے ہوئے قرن گذر گئے، شاید ہڈیاں بھی باقی نہ رہی ہوں، ہم

besturdubooks.wordpress.com

کس طرح مان لیں کہ یہ سب پھر از سر نو زندہ کر کے کھڑے کر دیے جائینگے۔

قُلْ نَعَمْ وَاَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ ۚ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ

تو کہہ کہ ہاں اور تم ذلیل ہو گے سو وہ اُٹھانا تو یہی ہے

وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ يَنْظُرُوْنَ

ایک جھڑکی پھر اُسی وقت یہ لگیں گے دیکھنے ☆

اتمام حجت: یعنی ہاں ضرور اٹھائے جاؤ گے اور اُس وقت ذلیل و رسوا ہو کر اس انکار کی سزا بھگتو گے۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالُوْا يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ

اور کہیں گے اے خرابی ہماری یہ آ گیا دن جزا کا ☆

وَقَالُوْا يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ یعنی ایک ڈانٹ میں سب اُٹھ کھڑے ہونگے اور حیرت و دہشت سے اِدھر اُدھر دیکھنے لگیں گے (یہ ڈانٹ یا جھڑکی نفخ صور کی ہوگی) (تفسیر عثمانی)

هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ

یہ ہے دن فیصلہ کا جس کو تم جھٹلاتے تھے ☆

یعنی یہ تو سچ مچ جزاء کا دن آ پہنچا جس کی انبیاء خبر دیتے اور ہم ہنسی اڑایا کرتے تھے۔ (تفسیر عثمانی)

اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ وَمَا

جمع کرو گنہگاروں کو اور ان کے جوڑوں کو اور

كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ۙ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

جو کچھ پوجتے تھے اللہ کے سوائے

فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ

پھر چلاؤ اُن کو دوزخ کی راہ پر ☆

یہ حق تعالیٰ کی طرف سے خطاب ہوگا۔

یہ حکم ہوگا فرشتوں کو کہ ان سب کو اکٹھا کر کے دوزخ کا راستہ بتاؤ۔ (تنبیہ) ''ازواج'' (جوڑوں) سے مراد ہیں ایک قسم کے گنہگار یا اُن کی کافر بیویاں اور '' وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ '' سے اصنام و شیاطین وغیرہ مراد ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

ہم مشربوں کا اجتماع:

بیہقی نے بطریق نعمان بن شریک بیان کیا کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ یعنی ان کے ہم مشرب لوگوں کو جو انہیں کی طرح ہیں، سود خوار، سود خواروں کے ساتھ، زنا کار زنا کاروں کے ساتھ اور شرابی، شرابیوں کے ساتھ آئیں گے، سب ہم مشرب جنت میں ساتھ ہوں گے اور ہم مشرب دوزخ میں بھی ساتھی ہوں گے۔ (تفسیر مظہری)

اللہ نے فرمایا ہے اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ (یعنی وہ نیک مومن مخلوق جس کی پرستش مشرک کیا کرتے تھے جیسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام، حضرت مریم علیہا السلام، ملائکہ وغیرہ، وہ سب آیت اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ کی روشنی میں دوزخ سے دور رکھے جائیں گے، البتہ بُت، شیاطین وغیرہ اپنے پرستاروں کے ساتھ جہنم میں جائیں گے)

فَاهْدُوْهُمْ، حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا ان کو دوزخ کا راستہ بتا دو، ابن کیسان نے کہا ان کو دوزخ کی طرف بڑھا دو، پیچھے سے ہنکانے والے کو بھی عرب ہادی کہتے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْئُوْلُوْنَ

اور کھڑا رکھو اُن کو اُن سے پوچھنا ہے ☆

باز پرس: حکم کے بعد کچھ دیر ٹھہرائینگے تا کہ اُن سے ایک سوال کیا جائے جو آگے "مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ" میں مذکور ہے۔ (تفسیر عثمانی)

مسلمؒ نے حضرت ابو برزہ اسلمیؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی بندے کے قدم پُل صراط کو نہیں چھوڑیں گے جب تک اس سے چار باتوں کی پرسش نہیں کر لی جائے گی۔

(۱) عمر کس کام میں گذاری (۲) جسم کو کس کام میں لگا کر کمزور کیا (۳) علم کے بعد کیا عمل کیا (۴) مال کہاں سے کمایا اور کس راستے میں صرف کیا، ترمذی اور ابن مردویہ نے حضرت ابن مسعودؓ کی روایت سے بھی اسی طرح کی حدیث نقل کی ہے۔

حضرت ابوالدرداءؓ کا خوف:

حضرت ابوالدرداءؓ نے فرمایا، مجھے سب سے زیادہ خوف اس بات کا ہے کہ جب حساب ہوگا تو مجھ سے کہا جائے گا تو جانتا تھا (پھر) تو نے عمل کیا کیا؟

جہنم کے سات پُل:

ابن ابی حاتم نے اتفع بن عبداللہ کلاعی کا بیان نقل کیا ہے کہ جہنم کے سات پل ہیں، راستہ سب پلوں پر سے گذرتا ہے، پہلے پُل کے پاس لوگوں کو روک لیا جائے گا اور (ملائکہ) کہیں گے ان کو روک لو ان سے پوچھ کچھ کی جائے گی، چنانچہ نماز کے متعلق باز پرس کی جائے گی، نتیجہ میں جو ہلاک ہونیوالے ہیں ہلاک ہو جائیں گے (دوزخ میں گرا دیے جائیں گے) اور جو نجات پانے والے ہیں وہ نجات پا جائیں گے، دوسرے پل پر پہنچ کر امانت کے متعلق دریافت کیا جائے گا کہ امانت میں خیانت کی تھی یا پوری پوری ادا کی تھی، اس

besturdubooks.wordpress.com

کے نتیجے میں جولوگ ہلاک ہونیوالے ہیں ہلاک ہو جائیں گے اور جو نجات پانیوالے ہیں نجات پا جائیں گے، پھر تیسرے پل پر پہنچیں گے تو قرابت داری کے متعلق سوال کیا جائے گا کہ رشتہ قرابت توڑ دیا تھا یا جوڑے رکھا تھا اس کے نتیجہ میں ہلاک ہونے والے ہلاک ہو جائیں گے اور نجات پانے والے نجات پا جائیں گے، راوی نے کہا اس روز رحم (رشتۂ قرابت) ہوا میں معلق ہوگا اور کہے گا اے اللہ جس نے مجھے جوڑے رکھا اس کو تو بھی جوڑے رکھ، اور جس نے مجھے کاٹا اس سے تو بھی تعلق منقطع کرلے۔ (تفسیر مظہری)

مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُونَ ﴿٢٥﴾
کیا ہوا تم کو ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے
بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُونَ ﴿٢٦﴾
کوئی نہیں وہ آج اپنے آپ کو پکڑواتے ہیں ☆

کافروں کی ذلت:

یعنی دنیا میں تو "نَحْنُ جَمِيعٌ مُّنتَصِرٌ" کہا کرتے تھے (کہ ہم آپس میں ایک دوسرے کے مددگار ہیں، آج کیا ہوا کہ کوئی اپنے ساتھی کی مدد نہیں کرتا، بلکہ ہر ایک بدون کان ہلائے ذلیل ہوکر پکڑا ہوا چلا آرہا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ يَتَسَاءَلُونَ ﴿٢٧﴾
اور منہ کیا بعضوں نے بعضوں کی طرف لگے پوچھنے
قَالُوا إِنَّكُمْ كُنتُمْ تَأْتُونَنَا عَنِ الْيَمِينِ ﴿٢٨﴾
بولے تم ہی تھے کہ آتے تھے ہم پر داہنی طرف سے ☆

"یمین" (داہنے ہاتھ) میں عموماً زور وقوت زائد ہوتی ہے یعنی تم ہی تھے جو ہم پر چڑھے آتے تھے بہکانے کو زور دکھلا کر اور مرعوب کر کے یا یمین سے مراد خیر و برکت کی جانب لی جائے یعنی تم ہی تھے کہ ہم پر چڑھائی کرتے تھے۔ بھلائی اور نیکی سے روکنے کے لئے۔ یہ گفتگو اتباع اور متبوعین (زبردستوں اور زیردستوں) کے درمیان ہوگی۔ (تفسیر عثمانی)

قَالُوا بَل لَّمْ تَكُونُوا مُؤْمِنِينَ ﴿٢٩﴾ وَمَا كَانَ لَنَا
وہ بولے کوئی نہیں پر تم ہی نہ تھے یقین لانے والے اور ہمارا تم پر
عَلَيْكُم مِّن سُلْطَانٍ ۖ بَلْ كُنتُمْ قَوْمًا طَاغِينَ ﴿٣٠﴾
کچھ زور نہ تھا پر تم ہی تھے لوگ حد سے نکل چلنے والے۔
فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَا ۖ إِنَّا لَذَائِقُونَ ﴿٣١﴾
سو ثابت ہوگئی ہم پر بات ہمارے رب کی بے شک ہم کو مزہ چکھنا ہے

فَأَغْوَيْنَاكُمْ إِنَّا كُنَّا غَاوِينَ ﴿٣٢﴾
ہم نے تم کو گمراہ کیا جیسے ہم خود تھے گمراہ ☆

جھوٹے معبودوں کی بیزاری:

یعنی خود تو ایمان لائے ہم پر الزام رکھتے ہو۔ ہمارا تم پر کیا زور تھا جو دل میں ایمان نہ گھسنے دیتے تم لوگ خود ہی عقل و انصاف کی حد سے نکل گئے کہ بے لوث ناصحین کا کہنا نہ مانا اور ہمارے بہکائے میں آگئے اگر عقل و فہم اور عاقبت اندیشی سے کام لیتے تو ہماری باتوں پر کبھی کان نہ دھرتے۔ رہے ہم سو ظاہر ہے خود گمراہ تھے، ایک گمراہ سے بجز گمراہی کی طرف بلانے کے اور کیا توقع ہو سکتی ہے ہم نے وہ ہی کیا جو ہمارے حال کے مناسب تھا لیکن تم کو کیا مصیبت نے گھیرا تھا کہ ہمارے چکموں میں آگئے۔ بہرحال جو ہونا تھا ہو چکا۔ خدا کی حجت ہم پر قائم ہوئی اور اس کی وہ ہی بات لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنكَ وَمِمَّن تَبِعَكَ ثابت ہو کر رہی آج ہم سب کو اپنی اپنی غلط کاریوں اور بدمعاشیوں کا مزہ چکھنا ہے۔

فَإِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُونَ ﴿٣٣﴾
سو وہ سب اُس دن تکلیف میں شریک ہیں ☆
إِنَّا كَذَٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِينَ ﴿٣٤﴾
ہم ایسا ہی کرتے ہیں گنہگاروں کے حق میں ☆

یعنی سب مجرم درجہ بدرجہ عذاب میں شریک ہوں گے جیسے جرم میں شریک تھے۔ (تفسیر عثمانی)

إِنَّهُمْ كَانُوا إِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا إِلَٰهَ
وہ تھے کہ اُن سے جب کوئی کہتا کسی کی بندگی نہیں سوائے
إِلَّا اللَّهُ يَسْتَكْبِرُونَ ﴿٣٥﴾
اللہ کے تو غرور کرتے ☆

تکبر کا نقصان: یعنی اُن کا کبر و غرور مانع ہے کہ نبی کے ارشاد سے یہ کلمہ (لا الہ الا اللہ) زبان پر لائیں جس سے اُن کے جھوٹے معبودوں کی نفی ہوتی ہے خواہ دل میں اُسے سچ ہی سمجھتے ہوں۔ (تفسیر عثمانی)

وَيَقُولُونَ أَئِنَّا لَتَارِكُو آلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُونٍ ﴿٣٦﴾
اور کہتے کیا ہم چھوڑ دیں گے اپنے معبودوں کو کہنے سے ایک شاعر دیوانہ کے
بَلْ جَاءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِينَ ﴿٣٧﴾
کوئی نہیں وہ لے کر آیا ہے سچا دین اور سچا مانتا ہے سب رسولوں کو ☆

besturdubooks.wordpress.com

بے وقوفی کی انتہاء:

یعنی شاعروں کا جھوٹ تو مشہور ہے پھر اُس راست باز ہستی کو شاعر کیسے کہتے ہو جو دنیا میں خالص سچائی لے کر آیا ہے اور سارے جہان کے سچوں کی تصدیق کرتا ہے کیا مجنون اور دیوانے ایسے سچے صحیح اور پختہ اصول پیش کیا کرتے ہیں؟ (تفسیر عثمانی)

صَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ کا مطلب یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا دعویٰ انوکھا نہیں بلکہ سابق پیغمبروں کا بھی یہی دعویٰ تھا اور یہ گذشتہ پیغمبروں کی تصدیق کرتے ہیں، لہٰذا ان کا دعویٰ دوسرے پیغمبروں کے موافق ہوا۔ (تفسیر مظہری)

إِنَّكُمْ لَذَائِقُوا الْعَذَابِ الْأَلِيمِ ﴿٣٨﴾

بے شک تم کو چکھنا ہے عذاب درد ناک

وَمَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٣٩﴾

اور وہ ہی بدلہ پاؤ گے جو کچھ تم کرتے تھے ☆

اپنا کیا سامنے آئے گا:

یعنی انکار توحید اور ان گستاخیوں کا مزہ چکھو گے جو بارگاہ رسالت میں کر رہے ہو، جو کچھ کرتے تھے ایک دن سب سامنے آجائے گا۔ (تفسیر عثمانی)

إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿٤٠﴾

مگر جو بندے اللہ کے ہیں چنے ہوئے ☆

أُولَٰئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَعْلُومٌ ﴿٤١﴾

وہ لوگ جو ہیں اُن کے واسطے روزی ہے مقرر ☆

فَوَاكِهُ وَهُمْ مُكْرَمُونَ ﴿٤٢﴾

میوے اور اُن کی عزت ہے ☆

مخلص بندے:

یعنی اُن کا کیا ذکر، وہ تو ایک قسم ہی دوسری ہے، جس پر حق تعالیٰ نوازش و کرم فرمائے گا۔

یعنی عجیب و غریب میوے کھانے کو ملیں گے جن کی پوری صفت تو اللہ ہی کو معلوم ہے ہاں کچھ مختصر سی بندوں کو بھی بتلا دی ہے جیسے فرمایا "لَا مَقْطُوعَةٍ وَلَا مَمْنُوعَةٍ" (واقعہ۔ رکوع ۱) (تفسیر عثمانی)

اہل جنت کا رزق:

رِزْقٌ مَعْلُومٌ، یعنی ایسا رزق جس کی خصوصیات معلوم ہیں مثلاً لازوال ہونا، خالص لذت بخش ہونا، فواکہ، فاکھۃ کی جمع ہے، فاکہۃ وہ پھل ہے جس کا مقصد محض لذت اندوزی ہو، غذایابی نہ ہو، اور قوت اس (ماکول و مشروب) چیز کو کہتے ہیں جس سے مقصد لذات اندوزی نہ ہو، بلکہ غذائیت مقصود ہو، رزق کا لفظ دونوں کو شامل ہے، چونکہ اہل جنت کے اجسام ہر طرح کے انحلال سے محفوظ ہوں گے اس لیے (ان کو غذائیت کی ضرورت نہ ہوگی بلکہ) ان کے ماکولات فواکہ ہونگے جن کا مقصد صرف لذت اندوزی ہوگا۔ (تفسیر مظہری)

نکتہ: امام رازیؒ نے اسی "فواکہ" کے لفظ سے یہ نکتہ نکالا ہے کہ جنت میں جنتی غذائیں دی جائیں گی وہ سب لذت بخشنے کے لئے دی جائیں گی، بھوک کی حاجت رفع کرنے کیلئے نہیں، اس لئے کہ جنت میں انسان کو حاجت کسی چیز کی نہیں ہوگی، وہاں اسے اپنی زندگی برقرار رکھنے یا حفظان صحت کے لئے بھی کسی غذاء کی ضرورت نہیں ہوگی، ہاں خواہش ہوگی، اس خواہش کے پورے ہونے سے لذت حاصل ہوگی، اور جنت کی تمام نعمتوں کا مقصد لذت عطا کرنا ہوگا (تفسیر کبیر) (معارف مفتی اعظم)

خدا ہی جانے کیا کیا اعزاز و اکرام ہونگے۔

فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ ﴿٤٣﴾ عَلَىٰ سُرُرٍ مُتَقَابِلِينَ ﴿٤٤﴾

نعمت کے باغوں میں تختوں پر ایک دوسرے کے سامنے

يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَأْسٍ مِنْ مَعِينٍ ﴿٤٥﴾

لوگ لئے پھرتے ہیں اُن کے پاس پیالہ شراب صاف کا

بَيْضَاءَ لَذَّةٍ لِلشَّارِبِينَ ﴿٤٦﴾ لَا فِيهَا غَوْلٌ

سفید رنگ مزہ دینے والی پینے والوں کو نہ اُس میں سر پھرتا ہے

وَلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُونَ ﴿٤٧﴾ وَعِنْدَهُمْ

اور نہ وہ اُس کو پی کر بہکیں اور اُن کے پاس

قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ عِينٌ ﴿٤٨﴾

ہیں عورتیں نیچی نگاہ رکھنے والیاں بڑی آنکھوں والیاں ☆

کامل لطف اندوزی:

یعنی مزہ اور نشاط پورا ہوگا، اور دنیا کی شراب میں جو خرابیاں ہوتی ہیں اُن کا نام و نشان نہ ہوگا نہ سرگرانی ہوگی نہ نشہ چڑھے گا، نہ قے آئے گی، نہ پھیپھڑے وغیرہ خراب ہوں گے نہ اس کی نہریں خشک ہو کر ختم ہوسکیں گی۔ (تفسیر عثمانی)

شرم و ناز سے نگاہ نیچی رکھنے والی حوریں اپنے ازواج کے سوا کسی دوسرے کی طرف آنکھ اٹھا کر نہ دیکھیں۔ (تفسیر عثمانی)

نگاہیں نیچی رکھنے والی:

علامہ ابن جوزیؒ نے نقل کیا ہے کہ یہ عورتیں اپنے شوہروں سے کہیں

besturdubooks.wordpress.com

گی: "میرے پروردگار کی عزت کی قسم! جنت میں مجھے تم سے بہتر کوئی نظر نہیں آتا جس اللہ نے مجھے تمہاری بیوی اور تمہیں میرا شوہر بنایا تمام تعریفیں اسی کی ہیں۔"

"نگاہیں نیچی رکھنے والی" کا ایک اور مطلب علامہ ابن جوزیؒ نے یہ بھی لکھا ہے کہ وہ اپنے شوہروں کی نگاہیں نیچی رکھیں گی، یعنی وہ خود اتنی خوب صورت اور وفا شعار ہوں گی کہ ان کے شوہروں کو کسی اور کی طرف نظر اٹھانے کی خواہش ہی نہ ہوگی (تفسیر زاد المسیر لابن جوزی ص ۵۷، ۵۸ ج ۸) (معارف القرآن مفتی اعظم)

كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿۴۹﴾

گویا وہ انڈے ہیں چھپے دھرے ☆

حوروں کا حسن: یعنی صاف و شفاف رنگ ہوگا جیسے انڈا جس کو پرند اپنے پروں کے نیچے چھپائے رکھے کہ نہ داغ لگے نہ گرد و غبار پہنچے یا انڈے کے اندر کی سفید تہہ جو سخت چھلکے کے نیچے پوشیدہ رہتی ہے اور بعض نے کہا کہ شتر مرغ کے انڈے مراد ہیں جو بہت خوش رنگ ہوتے ہیں بہر حال تشبیہ صفائی یا خوش رنگ ہونے میں ہے سفیدی میں نہیں، چنانچہ دوسری جگہ فرمایا كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ (الرحمن۔ رکوع ۳) (تفسیر عثمانی)

عرب کے نزدیک عورتوں کا یہ رنگ حسین ترین رنگ ہے اس لئے عورتوں کو شتر مرغ کے انڈوں سے تشبیہ دی جاتی ہے۔

ابن جریر نے حضرت ام سلمہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عین موٹی آنکھوں والیاں جن کی پلکیں (آنکھوں کو چھپالیں گی اس طرح) جیسے گدھ کے پر (یعنی حوروں کی آنکھیں غلافی ہونگی) (تفسیر مظہری)

فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۵۰﴾

پھر منہ کیا ایک نے دوسرے کی طرف لگے پوچھنے

قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّىْ كَانَ لِىْ قَرِيْنٌ ﴿۵۱﴾

بولا ایک بولنے والا اُن میں میرا تھا ایک ساتھی

يَّقُوْلُ اَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ ﴿۵۲﴾ ءَاِذَا مِتْنَا

کہا کرتا کیا تو یقین کرتا ہے کیا جب ہم مر گئے

وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ ﴿۵۳﴾

اور ہو گئے مٹی اور ہڈیاں کیا ہم کو جزا ملے گی ☆

اہل جنت کی باہمی گفتگو:

یعنی یاران جلسہ جمع ہوں گے اور شراب طہور کا جام چل رہا ہوگا اس عیش و تنعم کے وقت اپنے بعض گذشتہ حالات کا مذاکرہ کریں گے۔ ایک جنتی کہے گا۔ میاں دنیا میں میرا ایک ملنے والا تھا جو مجھے آخرت پر یقین رکھنے کی وجہ سے ملامت کیا کرتا اور احمق بنایا کرتا تھا۔ اس کے نزدیک یہ بالکل مہمل بات تھی کہ ایک شخص مٹی میں مل جائے اور گوشت پوست کچھ باقی نہ رہے محض بوسیدہ ہڈیاں رہ جائیں، پھر اسے اعمال کا بدلہ دینے کے لئے از سر نو زندہ کر دیں؟ بھلا ایسی بے تکی بات پر کون یقین کر سکتا ہے؟ (تفسیر عثمانی)

دو شراکت دار:

بعض علماء کا قول ہے وہ دونوں دنیا میں شریک تھے ایک کافر تھا جس کا نام مطروس تھا دوسرا مومن تھا جس کا نام یہودا تھا انہی دونوں کا واقعہ اللہ نے سورۃ کہف کی آیت وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ الخ میں بیان فرمایا ہے۔ (تفسیر مظہری)

قَالَ هَلْ اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ ﴿۵۴﴾

کہنے لگا بھلا تم جھانک کر دیکھو گے ☆

فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِىْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿۵۵﴾

پھر جھانکا تو اُس کو دیکھا بیچوں بیچ دوزخ کے

قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ ﴿۵۶﴾

بولا قسم اللہ کی تو تو مجھ کو ڈالنے لگا تھا گڑھے میں

وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّىْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿۵۷﴾

اور اگر نہ ہوتا میرے رب کا فضل تو میں بھی ہوتا انہی میں جو پکڑے ہوئے آئے ☆

کافر ساتھی کا انجام اور عبرت:

یعنی وہ ساتھی یقیناً دوزخ میں پڑا ہوگا۔ آؤ ذرا جھانک کر دیکھیں کس حال میں ہے (یہ اس جنتی کا مقولہ ہوا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ یہ مقولہ اللہ کا ہے۔ یعنی حق تعالیٰ فرمائیں گے کہ کیا تم جھانک کر اس کو دیکھنا چاہتے ہو۔) یعنی اس جنتی کو اپنے ساتھی کا حال دکھلا دیا جائے گا کہ ٹھیک دوزخ کی آگ میں پڑا ہوا ہے۔ یہ حال دیکھ کر اسے عبرت ہوگی اور اللہ تعالیٰ کا فضل و احسان یاد آئے گا۔ کہے گا، کمبخت! تو نے مجھے بھی اپنے ساتھ برباد کرنا چاہا تھا۔ محض اللہ کے احسان نے دستگیری فرمائی جو اس مصیبت سے بچالیا اور میرا قدم راہ ایمان و عرفان سے ڈگنے نہ دیا ورنہ آج میں بھی تیری طرح پکڑا ہوا آتا۔ اور اس دردناک عذاب میں گرفتار ہوتا۔

اَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ ﴿۵۸﴾ اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَمَا

کیا اب ہم کو مرنا نہیں مگر جو پہلی بار مر چکے اور

نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿۵۹﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ

ہم کو تکلیف نہیں پہنچنے کی بے شک یہی ہے بڑی مراد ملنی

besturdubooks.wordpress.com

الْعَظِيْمُ ﴿٦٠﴾ لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ﴿٦١﴾

ایسی چیزوں کے واسطے چاہیے محنت کریں محنت کرنے والے ☆

اعلیٰ مقصد کا حصول:

اس وقت فرط مسرت سے کہے گا کہ کیا یہ واقعہ نہیں کہ اس پہلی موت کے سوا جو دنیا میں آ چکی اب ہم کو کبھی مرنا نہیں اور نہ کبھی اس عیش و بہار سے نکل کر تکلیف وعذاب کی طرف جانا ہے۔ خدا تعالیٰ کے فضل ورحمت سے اسی تنعم ور فاہیت میں ہمیشہ رہیں گے۔ بے شک بڑی بھاری کامیابی اسی کو کہتے ہیں اور یہ ہی وہ اعلیٰ مقصد ہے جس کی تحصیل کے لئے چاہیے کہ ہر طرح کی محنتیں اور قربانیاں گوارا کی جائیں۔ (تفسیر عثمانی)

بعض اہل تفسیر کا قول ہے کہ جب موت کو ذبح کر دیا جائے گا تو اہل جنت بطور بشارت ومسرت ملائکہ سے کہیں گے کیا ہم کو پھر کبھی مرنا ہوگا فرشتے کہیں گے نہیں اس پر جنتی کہیں گے۔

ایسے ہی (مقام یا راحت ونعمت) کیلئے عمل کرنیوالوں کو عمل کرنا چاہئے یعنی دنیوی منافع کے حصول کیلئے کوشش بیکار ہے اول تو دنیوی کامیابی دُکھوں سے بھری ہوئی ہے پھر فنا پذیر بھی ہے۔ (تفسیر مظہری)

اَذٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ﴿٦٢﴾

بھلا یہ بہتر ہے مہمانی یا درخت سیہنڈ کا

اِنَّا جَعَلْنٰهَا فِتْنَةً لِّلظّٰلِمِيْنَ ﴿٦٣﴾

ہم نے اُس کو رکھا ہے ایک بلا ظالموں کے واسطے

اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ﴿٦٤﴾

وہ ایک درخت ہے کہ نکلتا ہے دوزخ کی جڑ میں ☆

دوزخیوں کی مہمانی:

اوپر بہشتیوں کی مہمانی کا ذکر تھا۔ یہاں سے دوزخیوں کی مہمانی کا حال سناتے ہیں "زقوم" کسی درخت کا نام ہے جو سخت کڑوا اور بد ذائقہ ہوتا ہے، جیسے ہمارے یہاں تھوہر یا سیہنڈ دوزخ کے اندر حق تعالیٰ نے اپنی قدرت سے ایک درخت اگایا ہے اس کو یہاں شجرۃ الزقوم سے موسوم کیا۔ وہ ایک بلا ہے ظالموں کے واسطے آخرت میں۔ کیونکہ جب دوزخی بھوک سے بے قرار ہوں گے تو یہ ہی کھانے کو دیا جائے گا اور اس کا حلق سے اتارنا یا اترنے کے بعد ایک خاص اثر پیدا کرنا سخت تکلیف دہ اور مستقل عذاب ہوگا۔

دُنیا میں آزمائش:

دنیا میں بھی ایک طرح کی بلا اور آزمائش ہے کہ قرآن میں اس کا ذکر سنکر گمراہ ہوتے ہیں۔ کوئی کہتا ہے کہ سبز درخت دوزخ کی آگ میں کیونکر اُگے گا۔ (حالانکہ ممکن ہے کہ اس کا مزاج ہی ناری ہو جیسے آگ کا کیڑا "سمندر" آگ ہی میں زندہ رہتا ہے اور سہارنپور کے کمپنی باغ میں بعض درختوں کی تربیت آگ کے ذریعہ سے ہوتی ہے۔) کسی نے کہا "زقوم" فلاں لغت میں کھجور اور مکھن کو کہتے ہیں۔ انہیں سامنے رکھ کر ایک دوسرے کو بلاتے ہیں کہ آؤ زقوم کھائیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

جنت اور جہنم میں پہلی پیشکش:

نُزُلٌ وہ چیز جو مہمان کے آتے ہی اس کے سامنے لائی جاتی ہے (ابتدائی پیش کش) اس لفظ میں اس طرف اشارہ ہے کہ مذکورہ بالا نعمتیں تو اہل جنت کو ابتدائی پیش کش کے طور پر دی جائیں گی اس کے بعد کیا کیا عطا کیا جائے گا اس کو سمجھنے سے عقل قاصر ہے، اسی طرح دوزخیوں کو ابتدائی پیش کش کے طور پر زقوم دیا جائے گا (اور اس کے بعد کیسا عذاب ہوگا اس کو سمجھنا عقل کی رسائی سے خارج ہے)

زقوم کی بدمزگی:

ترمذی، نسائی، ابن ماجہ، ابن ابی حاتم ابن حبان، حاکم اور بیہقی نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے بیان کیا ہے اور ترمذی نے اس کو صحیح قرار دیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر زقوم کا ایک قطرہ دنیا کے سمندروں میں ٹپکا دیا جائے تو باشندگان زمین کی (ساری) معاش بگڑ جائیں (اس سے اندازہ کرو کہ) کہ جس کا کھانا زقوم ہو اس کی (بدمزگی کراہت طبع اور ناگواری کی) کیا حالت ہوگی۔

ابو عمران خولانی کی روایت سے ابونعیم نے اور زوائد الزہد میں عبداللہ بن احمد نے بیان کیا ہے کہ زقوم میں سے آدمی جتنا نوچے گا زقوم اس آدمی کا بھی اتنا ہی (گوشت) نوچ لے گا۔

ابن زبعری نے سرداران قریش سے کہا تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو زقوم سے ڈراتے ہیں حالانکہ بربری زبان میں زقوم کا معنی ہے مکھن اور کھجور ابوجہل ابن زبعری کو اپنے گھر میں لایا اور باندی سے کہا، جاریہ ہمارے لئے زقوم لا، باندی مکھن اور کھجوریں لے آئی، ابوجہل نے کہا زقوم کھاؤ یہ ہی وہ زقوم ہے جس سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم تم کو ڈراتے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

زقوم کی حقیقت:

زقوم نام کا ایک درخت جزیرۂ عرب کے علاقہ تہامہ میں پایا جاتا ہے، اور علامہ آلوسیؒ نے لکھا ہے کہ یہ دوسرے بنجر صحراؤں میں بھی ہوتا ہے، بعض حضرات نے فرمایا ہے یہ وہی درخت ہے جسے اُردو میں "تھوہڑ" کہتے ہیں، اسی کے قریب قریب ایک اور درخت ہندوستان میں "ناگ پھن" کے نام سے معروف ہے، بعض حضرات نے اس کو زقوم قرار دیا ہے اور یہ زیادہ

besturdubooks.wordpress.com

قرین قیاس ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

حافظ ابن کثیر فرماتے ہیں کہ زقوم ایک خاص درخت ہے جس کی شاخیں تمام جہنم میں پھیلی ہوئی ہیں جیسے طوبیٰ جنت میں ایک درخت ہے جس کی شاخیں تمام جنت میں پھیلی ہوئی ہیں اور اس درخت کے خوشے خبیث اور بدشکل ہونے میں شیطانوں کے سر کے مشابہ ہیں شیطانوں کے سر سے اس لئے تشبیہ دی گئی کہ اگرچہ لوگوں نے شیطانوں کو نہیں دیکھا مگر عام طبیعتوں میں شیطانوں کے سروں کا بدشکل اور بدرنگ اور قبیح المنظر ہونا راسخ اور جاگزین ہے اور تشبیہ کیلئے دیکھنا ضروری نہیں۔

زقوم کا درخت دنیا کے درختوں میں ایک نہایت مسموم اور بدبودار اور بدشکل درخت ہے اگرچہ غیر معروف ہے اور وہ ایسا مسموم ہے کہ اگر بدن سے مَس کر جائے تو بدن میں ورم ہو جائے اور وہ مر جائے۔ (معارف کاندھلویؒ)

طَلْعُهَا كَأَنَّهُ رُءُوسُ الشَّيَاطِينِ ﴿٦٥﴾

اُس کا خوشہ جیسے سر شیطان کے ☆

زقوم کی بدصورتی: یعنی سخت بدنما شیطان کی صورت، یا شیاطین کہا سانپوں کو یعنی اُس کا خوشہ سانپ کے سر کی طرح ہوگا جیسے ہمارے ہاں ایک درخت کو اسی تشبیہ سے "ناگ پھن" کہتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا شیاطین سے مراد شیاطین (جن) ہی ہیں بدصورتی زقوم کے پھلوں کو شیاطین کے سروں سے تشبیہ دی ہے کسی چیز کی انتہائی برائی ظاہر کرنے کیلئے اس کو شیطان کہا جاتا ہے۔ شیاطین (اصلی شکل میں) اگرچہ نظر نہیں آتے لیکن دماغ میں ان کی (مفروضہ) صورتوں کا تصور بری ہی شکلوں کے ساتھ کیا جاتا ہے بعض کے نزدیک شیاطین سے مراد ہیں وہ بدصورت کریہہ المنظر سانپ جن کے سروں پر بال ہوتے ہیں، شاید اسی کراہت شکل اور ہیبت ناک صورت کی وجہ سے ان کو شیاطین کہا جاتا ہے، بعض کا خیال ہے کہ صحراء میں ایک نہایت بدنما تلخ بدبودار درخت ہوتا ہے جس کو عرب رؤس الشیاطین کہتے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

فَإِنَّهُمْ لَآكِلُونَ مِنْهَا فَمَالِئُونَ مِنْهَا الْبُطُونَ ﴿٦٦﴾

سو وہ کھائینگے اُس میں سے پھر بھریں گے اُس سے پیٹ

ثُمَّ إِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِنْ حَمِيمٍ ﴿٦٧﴾

پھر اُن کے واسطے اُس کے اوپر ملونی ہے جلتے پانی کی ☆

کھولتا پانی:

"زقوم" کھا کر پیاس لگے گی تو سخت جلتا پانی پلایا جائے گا جس سے آنتیں کٹ کر باہر آپڑینگی، فَقَطَّعَ أَمْعَاءَهُمْ (محمد۔ رکوع ۲) اعاذنا اللہ منہا۔ (تفسیر عثمانی)

عَلَيْهَا۔ یعنی پیٹ بھر کر کھانے کے بعد جب سخت پیاس لگے گی اور پانی طلب کرینگے، یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ثُمَّ (ترتیب زمانی کیلئے نہ ہو بلکہ) کراہت کی زیادتی اور ترقی کیلئے ہو (یعنی کھانا تو مکروہ ہوگا ہی پینا اس سے زیادہ مکروہ اور ناگوار ہوگا)

لَشَوْبًا۔ شوب آمزش، ملاوٹ، حمیم انتہائی گرم پانی مطلب یہ ہے کہ وہ کھولتا ہوا پانی پئیں گے اور پیٹ میں پہنچ کر وہ زقومی غذا سے خلط ملط ہو جائے گا۔ (تفسیر مظہری)

ثُمَّ إِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَإِلَى الْجَحِيمِ ﴿٦٨﴾

پھر اُن کو لے جانا آگ کے ڈھیر میں ☆

یعنی بہت بھوکے ہونگے تو آگ سے ہٹا کر یہ کھانا پانی کھلا پلا کر پھر آگ میں ڈال دینگے۔ (تفسیر عثمانی)

دوزخیوں کا مطعم:

امام رازی فرماتے ہیں کہ جس جگہ کافروں کو زقوم اور حمیم کھلایا پلایا جائے گا وہ جگہ جحیم سے باہر ہوگی یا جہنم کے کنارہ پر ہوگی کھلانے اور پلانے کے بعد پھر ان کو جحیم کی طرف لوٹا دیا جائے گا جو ان کے عذاب کی اصل جگہ ہے۔

(تفسیر کبیر ص ۱۴۳ ج ۷ و حاشیہ صاوی علی تفسیر الجلالین ص ۳۳۹ ج ۳)

حضرت شاہ عبدالقادرؒ فرماتے ہیں کہ یہ لوگ بھوکے (اور پیاسے) ہوں گے تو آگ سے ہٹا کر ان کو یہ کھانا پانی کھلا پلا کر پھر آگ میں ڈال دیں گے۔ (موضح القرآن)، پس یہ لوگ کبھی جحیم میں ہوں گے اور کبھی حمیم میں

هَٰذِهِ جَهَنَّمُ الَّتِي يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُونَ يَطُوفُونَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيمٍ آنٍ

اور حضرت شاہ ولی اللہ لکھتے ہیں یعنی دوزخیاں را بعد خوردن و نوشیدن ایشاں را باز بدوزخ برند۔ (فتح الرحمٰن) (معارف کاندھلوی)

إِنَّهُمْ أَلْفَوْا آبَاءَهُمْ ضَالِّينَ ﴿٦٩﴾

انہوں نے پایا اپنے باپ دادوں کو بہکے ہوئے

فَهُمْ عَلَىٰ آثَارِهِمْ يُهْرَعُونَ ﴿٧٠﴾

سو وہ انہی کے قدموں پر دوڑتے ہیں ☆

اندھی تقلید: یعنی پچھلے کافر اگلوں کی اندھی تقلید میں گمراہ ہوئے جس راہ پر انہیں چلتے دیکھا اُسی پر دوڑ پڑے، کنواں کھائی کچھ نہ دیکھا۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ أَكْثَرُ الْأَوَّلِينَ ﴿٧١﴾

اور بہک چکے ہیں اُن سے پہلے بہت لوگ اگلے

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا فِيهِمْ مُنْذِرِينَ ﴿٧٢﴾

اور ہم نے بھیجے ہیں اُن میں ڈر سنانے والے

besturdubooks.wordpress.com

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۷۳﴾
اب دیکھ کیسا ہوا انجام ڈرائے ہوؤں کا
اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۷۴﴾
مگر جو بندے اللہ کے ہیں چنے ہوئے ☆

ہر دور میں ڈرانے والے آتے ہیں:

یعنی ہر زمانے میں انجام سے آگاہ کرنے والے اور آخرت کا ڈر سنانے والے آتے رہے۔ آخر جنہوں نے نہ سنا اور نہ مانا دیکھ لو! ان کا انجام کیسا ہوا۔ بس اللہ کے وہ ہی چنے ہوئے بندے محفوظ رہے جن کو خدا کا ڈر اور عاقبت کی فکر تھی۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "ڈر سب ہی کو سناتے ہیں ان میں نیک بچتے ہیں اور بد کھپتے ہیں، آگے بعض منذرین (بالکسر) اور منذرین (بالفتح) کے قصے سنائے جاتے ہیں۔ مکذبین کی عبرت اور مومنین کی تسلی کے لئے۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ﴿۷۵﴾
اور ہم کو پکارا تھا نوح نے سو کیا خوب پہنچنے والے ہیں ہم پکار پر
وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۶﴾
اور بچا دیا اس کو اور اُس کے گھر کو اُس بڑی گھبراہٹ سے
وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ ﴿۷۷﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ
اور رکھا اُس کی اولاد کو وہی باقی رہنے والے، اور باقی رکھا اُس پر
فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۷۸﴾ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۹﴾
پچھلے لوگوں میں کہ سلام ہے نوح پر سارے جہان والوں میں
اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا
ہم یوں بدلہ دیتے ہیں نیکی والوں کو وہ ہے ہمارے ایمان دار
الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۱﴾ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۸۲﴾
بندوں میں پھر ڈبا دیا ہم نے دوسروں کو ☆

حضرت نوح علیہ السلام اور ان کی قوم:

تقریباً ہزار سال تک حضرت نوح علیہ السلام اپنی قوم کو سمجھاتے اور نصیحت کرتے رہے مگر ان کی شرارت اور ایذا رسانی برابر بڑھتی رہی، آخر حضرت نوح نے مجبور ہو کر اپنے بھیجنے والے کی طرف متوجہ ہو کر عرض کیا "فَدَعَا رَبَّهٗ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ" (القمر۔ رکوع ۱) اے پروردگار! میں مغلوب ہوں آپ میری مدد کو پہنچئے دیکھ لو کہ اللہ نے ان کی پکار کیسی سنی اور مدد کو کس طرح پہنچا۔ نوح علیہ السلام کو مع ان کے گھرانے کے رات دن کی ایذاؤں سے بچایا۔ پھر ہولناک طوفان کے وقت ان کی حفاظت کی۔ اور تنہا اس کی اولاد سے زمین کو آباد کر دیا۔ اور رہتی دنیا تک اس کا ذکر خیر لوگوں میں باقی چھوڑا۔ چنانچہ آج تک خلقت اُن پر سلام بھیجتی ہے اور سارے جہان میں "نوح علیہ السلام" کہہ کر یاد کئے جاتے ہیں۔ یہ تو نیک بندوں کا انجام ہوا۔ دوسری طرف ان کے دشمنوں کا حال دیکھو کہ سب کے سب زبردست طوفان کی نذر کر دیئے گئے۔ آج ان کا نام ونشان تک باقی نہیں۔ اپنی حماقتوں اور شرارتوں کی بدولت دنیا کا بیڑا غرق کرا کر رہے (تنبیہ) اکثر علماء کا قول یہ ہی ہے کہ آج تمام دنیا کے آدمی حضرت نوح علیہ السلام کے تین بیٹوں ("سام"، "حام"، "یافث") کی اولاد سے ہیں۔ جامع ترمذی کی بعض احادیث سے بھی اس کا ثبوت ملتا ہے والتفصیل یطلب من مظانہ۔ (تفسیر عثمانی)

کَرْبِ عظیم سے مراد ہے قوم کے ہاتھوں سے پہنچنے والا دکھ اور تکلیفیں۔

ترمذی وغیرہ نے حضرت سمرہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ آیت وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ کے سلسلے میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا (وہ) حام، سام اور یافث (تین لڑکے باقی) رہ گئے تھے۔

دوسرے سلسلہ روایت میں آیا ہے کہ سام عرب کے جدّ اعلیٰ اور حام حبش کے جد اعلیٰ اور یافث روم کے جدّ اعلیٰ تھے ضحاک نے حضرت ابن عباسؓ کا بیان نقل کیا ہے کہ کشتی سے اترنے کے بعد حضرت نوح علیہ السلام کے لڑکوں اور ان کی بیبیوں کے علاوہ سب لوگ مر گئے۔

بظاہر قرآنی بیان سے دو باتیں ظاہر ہوتی ہیں (۱) طوفان نوح علیہ السلام سے سارے روئے زمین کے باشندے ڈوب گئے صرف وہی لوگ محفوظ رہے جو حضرت نوح علیہ السلام پر ایمان لائے اور کشتی میں سوار ہو گئے (۲) پھر سوائے اولاد نوح علیہ السلام کے اور کسی مومن کی نسل باقی نہیں رہی، قیامت تک جتنے آدمی ہوں گے وہ سب نوح علیہ السلام کی نسل سے ہوں گے۔

سعید بن مسیبؒ کا قول ہے کہ نوح علیہ السلام کے تین بیٹے (محفوظ رہے) تھے سام، حام، یافث، سام عرب فارس اور روم کے جد اعلیٰ ہوئے حام کی نسل میں سارے افریقن ہیں اور یافث کی اولاد میں ترک، خزر، یاجوج ماجوج اور وہاں کے یعنی ہند کے بلاد شرقیہ کے رہنے والے ہیں۔

نوح علیہ السلام ایک مخصوص قوم کے نبی تھے:

میری (یعنی مفسر کی) تحقیق یہ ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام کی بعثت سارے انسانوں کیلئے نہیں تھی، یہ خصوصیت تو صرف رسول اللہ ﷺ کی ہے حضرت نوح علیہ السلام کی بعثت صرف ان کی قوم کے لئے مخصوص تھی جب قوم

besturdubooks.wordpress.com

والے ایمان نہ لائے تو آپ نے ان کیلئے بددعا کی اور بارگاہ الٰہی میں عرض کیا رَبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِينَ دَيَّارًا اس جگہ الارض سے مراد ہے محدود خطہ ارض یعنی ان کافروں کی سرزمین جو حضرت نوح علیہ السلام پر ایمان نہیں لائے (یعنی عراق) (تفسیر مظہری)

وَإِنَّ مِنْ شِيعَتِهٖ لَإِبْرٰهِيمَ ﴿۸۳﴾
اور اُسی کی راہ والوں میں ہے ابراہیم ☆

سب انبیاء ایک جماعت ہیں:

انبیاء علیہم السلام اصول دین میں سب ایک راہ پر ہیں، اور ہر پچھلا پہلے کی تصدیق وتائید کرتا ہے اسی لئے ابراہیم کو نوح (علیہم السلام) کے گروہ سے فرمایا " وَإِنَّ هٰذِهٖٓ أُمَّتُكُمْ أُمَّةً وَّاحِدَةً وَّأَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُونِ " (مؤمنون۔ رکوع ۴) (تفسیر عثمانی)

حضرت نوح علیہ السلام سے دو ہزار چھ سو چالیس سال کے بعد حضرت ابراہیم علیہ السلام ہوئے حضرت نوح علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام کے درمیان ہود علیہ السلام اور حضرت صالح علیہ السلام پیغمبر ہوئے۔ (تفسیر مظہری)

إِذْ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلْبٍ سَلِيمٍ ﴿۸۴﴾
جب آیا اپنے رب کے پاس لیکر دل نروگا ☆

حضرت ابراہیم کی خدا پرستی:

یعنی ہر قسم کے اعتقادی واخلاقی روگ سے دل کو پاک کر کے اور دنیوی خرخشوں سے آزاد ہو کر انکسار وتواضع کے ساتھ اپنے رب کی طرف جھک پڑا، اور اپنی قوم کو بھی بت پرستی سے باز رہنے کی نصیحت کی۔

إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهٖ مَاذَا تَعْبُدُونَ ﴿۸۵﴾
جب کہا اپنے باپ کو اور اُس کی قوم کو تم کیا پوجتے ہو
أَئِفْكًا اٰلِهَةً دُونَ اللّٰهِ تُرِيدُونَ ﴿۸۶﴾
کیا جھوٹ بنائے ہوئے حاکموں کو اللہ کے سوائے چاہتے ہو
فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِينَ ﴿۸۷﴾
پھر کیا خیال کیا ہے تم نے پروردگار عالم کو ☆

اپنے والد اور قوم کو نصیحت:

یعنی یہ آخر پتھر کی مورتیاں چیز کیا ہیں جنہیں تم اس قدر چاہتے ہو کہ اللہ کو چھوڑ کر ان کے پیچھے ہو لئے کیا سچ مچ ان کے ہاتھ میں جہان کی حکومت ہے؟ یا کسی چھوٹے بڑے نقصان کے مالک ہیں؟ آخر سچے مالک کو چھوڑ کر ان جھوٹے حاکموں کی اتنی خوشامد اور حمایت کیوں ہے؟ (تفسیر عثمانی)

افکا مفعول لہ کو سب سے پہلے ذکر کرنا اس امر کو ظاہر کر رہا ہے کہ ان کی ساری پوجا پاٹ غلطی اور جھوٹ پر مبنی تھی (اس کے اندر کوئی حقیقت اور سچائی نہیں تھی) (تفسیر مظہری)

کیا اُس کے وجود میں شبہ ہے؟ یا اُس کی شان ورتبہ کو نہیں سمجھتے جو (معاذ اللہ) پتھروں کو اُس کا شریک ٹھہرا رہے ہو، یا اس کے غضب وانتقام کی خبر نہیں؟ جو ایسی گستاخی پر جری ہو گئے ہو، آخر بتلاؤ تو سہی تم نے پروردگار عالم کو کیا خیال کر رکھا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی وہ ذات جو کہ ساری کائنات کے رب ہونے کا حق رکھتی ہے اور واقعی وہ رب العٰلمین ہے اس کے متعلق تمہارا کیا خیال ہے کہ تم نے اس کی عبادت کو چھوڑ دیا ہے یا دوسروں کو اس کا ساجھی قرار دے رکھا ہے کیا تم کو اس کے عذاب کا خوف نہیں ہے۔

حاصل مطلب یہ ہے کہ یقین تو درکنار رب العٰلمین کی عبادت ترک کرنے، اس کا کسی کو شریک قرار دینے اور اس کے عذاب سے بے خوف ہو جانے کا تمہارا خیال بھی کس بنیاد پر ہو سکتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُومِ ﴿۸۸﴾ فَقَالَ إِنِّي سَقِيمٌ ﴿۸۹﴾
پھر نگاہ کی ایک بار تاروں میں پھر کہا میں بیمار ہونیوالا ہوں
فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِينَ ﴿۹۰﴾ فَرَاغَ إِلٰٓى
پھر پھر گئے وہ اُس سے پیٹھ دے کر پھر جا گھسا ان کے
اٰلِهَتِهِمْ فَقَالَ أَلَا تَأْكُلُونَ ﴿۹۱﴾
بتوں میں پھر بولا تم کیوں نہیں کھاتے ☆

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا لائحہ عمل:

ان کی قوم میں نجوم کا زور تھا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ان کے دکھانے کو تاروں کی طرف نظر ڈال کر کہا کہ میری طبیعت ٹھیک نہیں (اور ایسا دنیا میں کون ہے جس کی طبیعت ہر طرح ٹھیک رہے کچھ نہ کچھ عوارض اندرونی یا بیرونی لگے ہی رہتے ہیں یہ ہی تکلیف اور بدمزگی کیا کم تھی کہ ہر وقت قوم کی ردی حالت دیکھ کر کڑھتے تھے) یا یہ مطلب تھا کہ میں بیمار ہونے والا ہوں (بیماری نام ہے مزاج کے اعتدال سے ہٹ جانے کا تو موت سے پہلے ہر شخص کو یہ صورت پیش آنے والی ہے) بہر حال حضرت ابراہیم علیہ السلام کی مراد صحیح تھی۔ لیکن ستاروں کی طرف دیکھ کر "انی سقیم" کہنے سے لوگ یہ مطلب سمجھے کہ بذریعہ نجوم کے انہوں نے معلوم کر لیا ہے کہ عنقریب بیمار پڑنے والے ہیں۔ وہ لوگ اپنے ایک تہوار میں شرکت کرنے کے لئے شہر سے باہر جا رہے تھے۔ یہ کلام سن کر حضرت ابراہیم کو ساتھ جانے سے معذور سمجھا اور

besturdubooks.wordpress.com

تنہا چھوڑ کر چلے گئے۔ ابراہیم علیہ السلام کی غرض یہ ہی تھی کہ کوئی موقع فرصت اور تنہائی کا ملے تو ان جھوٹے خداؤں کی خبر لوں۔

حضرت ابراہیمؑ بتوں سے مخاطب ہوتے ہیں:

چنانچہ بت خانہ میں جا گھسے اور بتوں کو خطاب کر کے کہا "یہ کھانے اور چڑھاوے جو تمہارے سامنے رکھے ہوئے ہیں کیوں نہیں کھاتے" باوجودیکہ تمہاری صورت کھانے والوں کی سی ہے۔

(تنبیہ) تقریر بالا سے ظاہر ہوگیا کہ حضرت ابراہیم کا "اِنِّیْ سَقِیْمٌ" کہنا مطلب واقعی کے اعتبار سے جھوٹ نہ تھا ہاں مخاطبین نے جو مطلب سمجھا اس کے اعتبار سے خلاف واقع تھا اسی لئے بعض احادیث صحیحہ میں اس پر لفظ کذب کا اطلاق کیا گیا ہے حالانکہ فی الحقیقت یہ کذب نہیں بلکہ "توریہ" ہے اور اس طرح کا "توریہ" مصلحت شرعی کے وقت مباح ہے۔ جیسے حدیث ہجرت میں "من الرجل" کے جواب میں آنحضرت ﷺ نے فرمایا" من الماء" اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ "رجل یھدینی السبیل" ہاں چونکہ یہ توریہ بھی حضرت ابراہیم علیہ السلام کے رتبہ بلند کے لحاظ سے خلاف اولیٰ تھا اس لئے بقاعدہ "حسنات الابرار سیئات المقربین" حدیث میں اس کو "ذنب" قرار دیا گیا۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

ہرقل کو نجوم کے ذریعہ آنحضرت ﷺ کی بعثت کا اندازہ ہونا:

بخاری نے صحیح میں اپنی سند سے بروایت زہری بیان کیا ہے کہ ابن ناطور نے جو ایلیا کا گورنر تھا اور شامی عیسائیوں کا پادری بھی، بیان کیا کہ جب ہرقل ایلیا میں آیا تو صبح کو کچھ پریشان سا تھا کسی مصاحب نے دریافت کیا کہ آج آپ کی حالت ہم کو غیر نظر آتی ہے (مزاج کیسا ہے؟) ہرقل بڑا نجومی تھا ستاروں کی چال دیکھا کرتا تھا اس نے جواب دیا آج رات ستاروں کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوا کہ ختنہ کرنیوالوں کا بادشاہ پیدا ہوگیا ہے، بتاؤ وہ کون قوم ہے جو ختنہ کراتی ہے مصاحبین نے کہا یہودیوں کے سوا اور کوئی قوم ختنہ نہیں کراتی اور یہودیوں سے آپ کو کوئی اندیشہ نہ کرنا چاہئے قلمرو کے تمام شہروں میں حکم بھیج دیجئے کہ جہاں جو یہودی ہو اس کو قتل کر دیا جائے، ہرقل اسی گفتگو میں مشغول تھا کہ شاہ غسان (گورنر شام) کا بھیجا ہوا آدمی آ گیا جو رسول اللہ ﷺ کی (بعثت اور دعویٰ نبوت کی) خبر لایا تھا ہرقل نے اس سے پوری خبر دریافت کی اور حکم دیا اس کو لے جا کر دیکھو کہ کیا یہ مختون ہے لوگوں نے اس کو لے جا کر دیکھا تو اس کو مختون پایا ہرقل نے اسی سے دریافت کیا کہ عرب کیا ختنہ کراتے ہیں اس نے جواب دیا جی ہاں عرب ختنہ کراتے ہیں ہرقل نے کہا اسی قوم کا بادشاہ پیدا ہوگیا ہے پھر اپنے کسی ساتھی کو جو اس کی طرح علم نجوم کا ماہر تھا مطالعہ نجوم کا حکم دے کر خود حمص کو چلا گیا

ابھی حمص میں ہی تھا کہ اس کو مقرر کردہ ساتھی کا خط ملا جس میں ہرقل کی رائے کی موافقت کی گئی تھی اور لکھا تھا کہ وہ پیدا ہوگئے ہیں اور وہ نبی ﷺ ہیں۔

اس روایت سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ علم نجوم سے بھی کچھ کچھ (واقعات وحوادث) کا علم ہو جاتا ہے اور ممانعت کی وجہ وہی (عقائد کا) بگاڑ ہے جس کا ذکر ہم کر چکے ہیں کہ اس سے لوگ حوادث کی علت موجبہ نجوم (کی رفتار) کو سمجھنے لگتے ہیں، مزید یہ کہ اس کی تحصیل میں خواہ مخواہ وقت ضائع ہوتا ہے علم دین میں اس کا کوئی فائدہ نہیں بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ علم نجوم کا مشغلہ مذہب عیسائیت میں جائز تھا ورنہ عیسائی علماء اس میں نہ پھنستے۔

علم نجوم کی شرعی حیثیت:

اس آیت کے تحت دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ علم نجوم کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ یہاں اختصار کے ساتھ اس سوال کا جواب عرض کیا جاتا ہے۔

یہ تو ایک طے شدہ حقیقت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے چاند، سورج اور ستاروں میں کچھ ایسی خاصیتیں رکھی ہیں جو انسانی زندگی پر اثر انداز ہوتی ہیں، ان میں سے بعض خاصیات ایسی ہیں جن کا ہر شخص مشاہدہ کر سکتا ہے، مثلاً سورج کے قریب وبعد سے گرمی اور سردی کا پیدا ہونا، چاند کے اُتار چڑھاؤ سے سمندر میں مدّ و جزر وغیرہ، اب بعض حضرات کا کہنا تو یہ ہے کہ ان ستاروں کی خصوصیات صرف اتنی ہی ہیں جتنی عام مشاہدہ سے معلوم ہوتی ہیں، اور ان بعض لوگوں کا کہنا یہ ہے کہ ان کے علاوہ بھی ستاروں کی گردش کے کچھ ایسے خواص ہوتے ہیں جو انسان کی زندگی کے اکثر معاملات پر اثر ڈالتے ہیں، ایک انسان کے لئے کسی ستارے کا کسی خاص بُرج میں چلے جانا مسرتوں اور کامیابیوں کا سبب بنتا ہے، اور کسی کیلئے غموں اور ناکامیوں کا، پھر بعض لوگ تو ان ستاروں ہی کو کامیابیوں اور ناکامیوں کے معاملہ میں مؤثر حقیقی مانتے ہیں اور بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ مؤثر حقیقی تو اللہ تعالیٰ ہی ہے، مگر اس نے ستاروں کو ایسے خواص عطا کر دیئے ہیں اس لئے دنیا کے دوسرے اسباب کی طرح وہ بھی انسان کی کامیابیوں اور ناکامیوں کا ایک سبب ہوتے ہیں۔

جہاں تک اُن لوگوں کا تعلق ہے جو ستاروں کو مؤثر حقیقی مانتے ہیں، یعنی یہ سمجھتے ہیں کہ دنیا کے انقلابات اور واقعات ستاروں ہی کے رہین منت ہیں، ستارے ہی دنیا کے تمام واقعات کے فیصلے کرتے ہیں، تو بلاشبہ ان کا خیال غلط اور باطل ہے، اور یہ عقیدہ انسان کو شرک کی حد تک پہنچا دیتا ہے، اہل عرب بارش کے بارے میں یہی عقیدہ رکھتے تھے کہ ایک خاص ستارہ (جسے "نوء" کہا جاتا تھا) بارش لے کر آتا ہے، اور وہ بارش کے لئے مؤثر حقیقی کی حیثیت رکھتا ہے، آنحضرت ﷺ نے اس عقیدے کی سخت تردید فرمائی ہے، جس کی تصریح احادیث میں موجود ہے،

besturdubooks.wordpress.com

رہے وہ لوگ جو دنیوی واقعات میں مؤثر حقیقی تو اللہ تعالیٰ ہی کو مانتے ہیں لیکن ساتھ ہی اس بات کے بھی قائل ہیں کہ اللہ نے ستاروں کو ایسے خواص عطا فرمائے ہیں جو سبب کے درجہ میں انسانی زندگی پر اثر انداز ہوتے ہیں، جس طرح بارش برسانے والا تو اللہ تعالیٰ ہی ہے، لیکن اس کا ظاہری سبب بادل ہیں، اسی طرح تمام کامیابیوں اور ناکامیوں کا اصل سرچشمہ تو اللہ تعالیٰ کی مشیت ہی ہے، لیکن ستارے ان کامیابیوں اور ناکامیوں کا سبب بن جاتے ہیں، سو یہ خیال شرک نہیں ہے، اور قرآن و حدیث سے اس خیال کی نہ تصدیق ہوتی ہے نہ تردید، لہٰذا یہ کچھ بعید نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ستاروں کی گردش اور ان کے طلوع و غروب میں کچھ ایسے اثرات رکھے ہوں، لیکن ان اثرات کی جستجو کرنے کیلئے علم نجوم کی تحصیل، اس علم پر اعتماد اور اس کی بناء پر مستقبل کے بارے میں فیصلے کرنا بہر حال ممنوع اور ناجائز ہے، اور احادیث میں اس کی ممانعت آتی ہے، حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا:

اِذَا ذُكِرَ الْقَدَرُ فَاَمْسِكُوْا وَاِذَا ذُكِرَتِ النُّجُوْمُ فَاَمْسِكُوْا وَاِذَا ذُكِرَ اَصْحَابِىْ فَاَمْسِكُوْا (تخریج احیاء العلوم للعراقی بحوالۃ طبرانی وھو حدیث حسنہ العراقی)

"جب تقدیر کا ذکر چھڑے تو رُک جاؤ، (یعنی اس میں زیادہ غور و خوض اور بحث و مباحثہ نہ کرو) اور جب ستاروں کا ذکر چھڑے تو رُک جاؤ اور جب میرے صحابہؓ کا (یعنی اُن کے باہمی اختلافات وغیرہ کا) ذکر چھڑے تو رُک جاؤ۔"

اور حضرت فاروق اعظمؓ کا ارشاد ہے

تَعَلَّمُوْا مِنَ النُّجُوْمِ مَا تَهْتَدُوْنَ بِهٖ فِى الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ ثُمَّ اَمْسِكُوْا (احیاء علوم الدین للغزالیؒ)

"ستاروں کے علم سے اتنا علم حاصل کرو جس کے ذریعہ تم خشکی اور سمندر میں راستے جان سکو اس کے بعد رُک جاؤ۔"

اس ممانعت سے ستاروں کے خواص و آثار کا انکار لازم نہیں آتا، لیکن ان خواص و آثار کے پیچھے پڑنے...... اور ان کی جستجو میں قیمتی اوقات برباد کرنے کو منع کیا گیا ہے، امام غزالیؒ نے احیاء العلوم میں اس پر مفصل بحث کرتے ہوئے اس ممانعت کی متعدد حکمتیں بتائی ہیں۔

علم نجوم کے ممنوع و مذموم ہونے کی پہلی حکمت تو یہ ہے کہ جب اس علم میں انسان کا انہماک بڑھتا ہے تو تجربہ یہ ہے کہ وہ رفتہ رفتہ ستاروں ہی کو سب کچھ سمجھ بیٹھتا ہے، اور یہ چیز اسے کشاں کشاں ستاروں کے مؤثر حقیقی ہونے کے مشرکانہ عقیدے کی طرف لے جاتی ہے،

دوسری حکمت یہ ہے کہ اگر ستاروں میں اللہ تعالیٰ نے کچھ خواص و آثار رکھے بھی ہوں تو ان کے یقینی علم کا ہمارے پاس سوائے وحی کے کوئی راستہ نہیں ہے، حضرت ادریس علیہ السلام کے بارے میں احادیث میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس قسم کا کوئی علم عطا فرمایا تھا لیکن اب وہ علم جس کی بنیاد وحی الٰہی تھی، دنیا سے مٹ چکا ہے، اب علم نجوم کے ماہرین کے پاس جو کچھ ہے وہ محض قیاسات، اندازے اور تخمینے ہیں، جن سے کوئی یقینی علم حاصل نہیں کیا جا سکتا، یہی وجہ ہے کہ نجومیوں کی بے شمار پیشینگوئیاں آئے دن غلط ثابت ہوتی رہتی ہیں، کسی نے اس علم کے بارے میں بہترین تبصرہ کیا ہے:

مفیدۂ غیر معلوم و معلومہ غیر مفید،

"یعنی اس علم کا جتنا حصہ مفید ہو سکتا ہے وہ کسی کو معلوم نہیں اور جتنا لوگوں کو معلوم ہے وہ فائدہ مند نہیں۔"

علامہ آلوسیؒ نے روح المعانی میں تاریخی واقعات کی ایسی متعدد مثالیں پیش کی ہیں جن میں علم نجوم کے مسلمہ قواعد کے تحت ایک واقعہ جس طرح پیش آنا چاہئے تھا حقیقت میں اس کے بالکل برعکس پیش آیا، چنانچہ جن بڑے بڑے لوگوں نے اس علم کی تحصیل میں اپنی عمریں کھپائی ہیں وہ آخر میں یہ کہنے پر مجبور ہوئے کہ اس علم کا انجام قیاس و تخمین سے آگے کچھ نہیں، ایک مشہور منجم کوشیار دیلمی نے علم نجوم پر اپنی کتاب المجمل فی الاحکام میں لکھا ہے:

"علم نجوم ایک غیر مدلل علم ہے اور اس میں انسان کے وسوسوں اور گمانوں کیلئے بڑی گنجائش ہے۔" (روح المعانی ص ۱۱۶ ج ۲۳)

علامہ آلوسیؒ نے اور بھی متعدد علماء نجوم کے اسی قسم کے اقوال نقل فرمائے ہیں، بہر حال یہ بات طے شدہ ہے کہ علم نجوم کوئی یقینی نہیں ہے، اور اس میں غلطیوں کے بے حساب احتمالات ہوتے ہیں، لیکن ہوتا یہ ہے کہ جو لوگ اس علم کی تحصیل میں لگتے ہیں وہ اسے بالکل قطعی اور یقینی علم کا درجہ دے بیٹھتے ہیں، اسی کی بناء پر مستقبل کے فیصلے کرتے ہیں، اسی کی وجہ سے دوسروں کے بارے میں اچھی بُری رائیں قائم کر لیتے ہیں، اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اس علم کا جھوٹا پندار بعض اوقات انسان کو علم غیب کے دعووں تک پہنچا دیتا ہے اور ظاہر ہے کہ ان میں سے ہر چیز بے شمار مفاسد پیدا کرنے والی ہے۔

علم نجوم کی ممانعت کی تیسری وجہ یہ ہے کہ یہ عمر عزیز کو ایک بے فائدہ کام میں صرف کرنے کے مرادف ہے، جب اس سے کوئی نتیجہ یقینی طور پر حاصل نہیں کیا جا سکتا تو ظاہر ہے کہ دنیا کے کاموں میں یہ علم چنداں مددگار نہیں ہو سکتا، اب خواہ مخواہ ایک بے فائدہ چیز کے پیچھے پڑنا اسلامی شریعت کی رُوح اور مزاج کے بالکل خلاف ہے اس لئے اس کو ممنوع کر دیا گیا ہے۔

تَوْرِیَۃ کا شرعی حکم:

انہی آیات سے یہ مسئلہ بھی نکلتا ہے کہ ضرورت کے مواقع پر تَوْرِیَۃ

besturdubooks.wordpress.com

کرنا جائز ہے۔ تَوْرِیَۃ ایک تو قولی ہوتا ہے، یعنی ایسی بات کہنا جس کا ظاہری مفہوم خلاف واقعہ ہو، اور باطنی مراد مطابق واقعہ، اور ایک توریہ عملی ہوتا ہے، یعنی ایسا عمل کرنا جس کا مقصد دیکھنے والا کچھ سمجھے اور درحقیقت اس کا مقصد کچھ اور ہو، اسے اِیْھَام بھی کہا جاتا ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ستاروں کو دیکھنا (اکثر مفسرین کے قول کے مطابق) ایہام تھا، اور اپنے آپ کو بیمار کہنا تَوْرِیَۃ۔

ضرورت کے مواقع پر تَوْرِیَۃ کی یہ دونوں قسمیں خود سرکار دو عالم ﷺ سے ثابت ہیں، جس وقت آپ ﷺ ہجرت کیلئے تشریف لے جا رہے تھے اور مشرکین آپ ﷺ کی تلاش میں لگے ہوئے تھے، تو راستے میں ایک شخص نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے آنحضرت ﷺ کے بارے میں پوچھا، کہ ''یہ کون ہیں؟'' حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: ''ھُوَ ھَادٍ یَھْدِیْنِیْ'' (وہ میرے رہنما ہیں، مجھے راستہ دکھاتے ہیں) سننے والا یہ سمجھا کہ عام راستہ بتانے والے رہنما مراد ہیں، اس لئے چھوڑ کر چل دیا، حالانکہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا مقصد یہ تھا کہ آپ ﷺ دینی اور روحانی رہنما ہیں۔ (روح المعانی)

اسی طرح حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کو جہاد کے لئے جس سمت میں جانا ہوتا مدینہ طیبہ سے نکلتے وقت اس سمت میں روانہ ہونے کے بجائے کسی دوسری سمت میں چلنا شروع فرماتے تھے، تاکہ دیکھنے والوں کو صحیح منزل معلوم نہ ہو سکے (صحیح مسلم وغیرہ) یہ عملی تَوْرِیَۃ اور ایہام تھا۔

مزاح اور خوش طبعی کے مواقع پر بھی آنحضرت ﷺ سے تَوْرِیَۃ ثابت ہے، شمائل ترمذیؒ میں روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ایک بوڑھی عورت سے مزاحاً فرمایا ''کوئی بوڑھی عورت جنت میں نہیں جائے گی۔'' وہ عورت یہ سن کر پریشان ہوئی تو آپ ﷺ نے تشریح فرمائی کہ بوڑھیوں کے جنت میں نہ جانے کا مطلب یہ ہے کہ وہ بڑھاپے کی حالت میں جنت میں نہ جائیں گی ہاں جوان ہو کر جائیں گی۔ (معارف مفتی اعظم)

مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ﴿۹۲﴾
تم کو کیا ہے کہ نہیں بولتے ☆

جب بتوں کی طرف سے کھانے کے متعلق کچھ جواب نہ ملا تو کہنے لگا کہ تم بولتے کیوں نہیں۔ یعنی اعضاء اور صورت تو تمہاری انسانوں کی سی بنا دی لیکن انسانوں کی روح تم میں نہ ڈال سکے۔ پھر تعجب ہے کہ کھانے پینے اور بولنے والے انسان، بے حس و حرکت انسان کے سامنے سربسجود ہوں اور اپنی مہمات میں ان سے مدد طلب کریں؟۔

فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًۢا بِالْيَمِيْنِ ﴿۹۳﴾
پھر گھسا اُن پر مارتا ہوا داہنے ہاتھ سے ☆

یعنی زور سے مار مار کر توڑ ڈالا پہلے غالباً سورۂ انبیاء میں یہ قصہ مفصل گذر چکا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی پوشیدہ طور پر بتوں کے پاس گئے، رَاغَ کے بعد علیٰ کا استعمال ظاہر کر رہا ہے کہ ابراہیم علیہ السلام نے ان پر تسلط پالیا یہ وجہ بھی ہو سکتی ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا بتوں کے پاس جانا بتوں کیلئے ضرر رساں تھا۔

ضَرْبًا یعنی ابراہیم علیہ السلام نے اپنے دائیں ہاتھ سے زور کے ساتھ بتوں پر ضرب لگائی، یہ بھی کہا گیا ہے کہ الیمین سے مراد قسم ہے یعنی اپنی قسم کی وجہ سے بتوں پر ضرب لگائی، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے پہلے قسم کھائی تھی اور کہا تھا تَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِيْنَ جب تم مڑ کر چل دو گے تو میں خدا کی قسم تمہارے بتوں کے ساتھ ایک برا معاملہ کروں گا۔ (تفسیر مظہری)

فَاَقْبَلُوْٓا اِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ ﴿۹۴﴾
پھر لوگ آئے اُس پر دوڑ کر گھبراتے ہوئے ☆

لوگوں کی میلہ سے واپسی:

لوگ جب اپنے میلے ٹھیلے سے واپس آئے، دیکھا بت ٹوٹے پڑے ہیں۔ قرائن سے سمجھا کہ ابراہیم کے سوا کسی کا کام نہیں چنانچہ سب ان کی طرف جھپٹ پڑے۔

قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَا تَنْحِتُوْنَ ﴿۹۵﴾
بولا کیوں پوجتے ہو جو آپ تراشتے ہو
وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾
اور اللہ نے بنایا تم کو اور جو تم بناتے ہو ☆

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا جواب:

یعنی جس کسی نے بھی توڑا۔ مگر تم یہ احمقانہ حرکت کرتے کیوں ہو؟ کیا پتھر کی بے جان مورت جو خود تم نے اپنے ہاتھوں سے تراش کر تیار کی پرستش کے لائق ہو گئی؟ اور جو اللہ تمہارا اور تمہارے ہر ایک عمل و معمول کا نیز ان پتھروں کا پیدا کرنے والا ہے۔ اس سے کوئی سروکار نہ رہا؟ پیدا تو ہر چیز کو وہ کرے اور بندگی دوسروں کی ہونے لگے، پھر دوسرے بھی کیسے جو مخلوق در مخلوق ہیں۔ آخر یہ کیا اندھیر ہے؟ (تفسیر عثمانی)

یعنی اللہ نے تم کو اور تمہارے عمل کو پیدا کیا پھر کس طرح اپنے خالق کی عبادت چھوڑ کر ان بتوں کی پوجا کرتے ہو جو خود تمہارے محتاج ہیں۔

علم کلام کا ایک مسئلہ:

اشاعرہ کہتے ہیں کہ سارے آدمیوں کے اعمال کا خالق اللہ ہی ہے اس آیت سے

besturdubooks.wordpress.com

اسی کی تائید ہو رہی ہے، فرقہ معتزلہ کہتا ہے کہ بندہ اپنے افعال کا خود خالق ہے۔

اصل کلام اس طرح تھا اللہ ہی نے تم کو پیدا کیا اور ان چیزوں کو بھی جن کی تم پوجا کرتے ہو، بت جس چیز کے بنائے جاتے ہیں اس چیز کا خالق یقیناً اللہ ہے، البتہ بتوں کی شکلیں انسان کی ساختہ پرداختہ ہیں (اسی لئے کافروں کے فعل کا نتیجہ ان کو قرار دیا گیا ہے) لیکن اس صنعت پر قدرت دینے والا اللہ ہی ہے اور وہ تمام سروسامان اور اسباب جن پر بتوں کی تخلیق موقوف ہے ان کا خالق بھی اللہ ہی ہے۔ یا ما مصدریہ ہی ہے لیکن عمل مصدر بمعنی معمول ہے اس وقت تعملون تختون کے موافق ہو جائے گا (تراشنے والے بھی کافر تھے اور اسی تراش وصنعت کا نتیجہ یعنی معمول بھی انہی کے ساختہ تھے۔)

اشاعرہ کا تفسیری قول صحیح ہے معتزلہ کی دونوں تشریحیں غلط ہیں کیونکہ ان دونوں تاویلوں پر (ضمیر کا) حذف اور معنی مجازی (کی طرف بلا ضروری رجوع) لازم آتا ہے اور یہ بات ناقابل شک ہے کہ اصنام کا جوہر تخلیقی کافروں کا خلق کردہ نہ تھا صرف اصنام کی شکلیں ان کی ساختہ تھیں پھر معتزلہ کی تفسیر سے اشکال کی تخلیق بھی فعل انسانی ثابت نہیں ہوتی بلکہ انسان کی معمولی یعنی نتیجہ کسب قرار باقی ہے خالق اشکال ہونا بہرحال اللہ کا ہی ثابت ہوتا ہے۔ (تفسیر مظہری) امام بخاری کی کتاب افعال اعباد میں ایک مرفوع حدیث ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر صانع اور اس کی صنعت کو پیدا کرتا ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

قَالُوا ابْنُوا لَهٗ بُنْيَانًا فَاَلْقُوْهُ فِي الْجَحِيْمِ ﴿۹۷﴾

بولے بناؤ اُس کے واسطے ایک عمارت پھر ڈالو اس کو آگ کے ڈھیر میں

فَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِيْنَ ﴿۹۸﴾

پھر چاہنے لگے اُس پر بُرا داؤ کرنا، پھر ہم نے ڈالا انہی کو نیچے ☆

حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جلانے کا منصوبہ:

جب ابراہیم علیہ السلام کی معقول باتوں کا کچھ جواب نہ بن پڑا تو یہ تجویز کی کہ ایک بڑا آتش خانہ بنا کر ابراہیم کو اس میں ڈال دو۔ اس تدبیر سے لوگوں کے دلوں میں بتوں کی عقیدت راسخ ہو جائے گی اور ہیبت بیٹھ جائے گی کہ ان کے مخالف کا انجام ایسا ہوتا ہے آئندہ کوئی ایسی جرأت نہ کرے گا مگر اللہ نے ان ہی کو نیچا دکھلایا۔ ابراہیم پر آگ گلزار کر دی گئی۔ جس سے علی رؤس الاشہاد ثابت ہو گیا کہ تم اور تمہارے جھوٹے معبود سب مل کر خدائے واحد کے ایک مخلص بندے کا بال بیکا نہیں کر سکتے۔ آگ کی مجال نہیں کہ رب ابراہیم کی اجازت کے بدون ایک ناخن بھی جلا سکے۔ (تفسیر عثمانی)

اور یہ کہ ابراہیم علیہ السلام کی عظمت شان کی کھلی دلیل اس واقعہ کو بنا دیا آگ کو ان کے لئے سرد اور سبب سلامتی کر دیا آگ سے صرف بندھن جل گئے، ابراہیم علیہ السلام پر آنچ نہیں آئی۔ (تفسیر مظہری)

یہ واقعہ نمرود کے زمانہ میں علاقہ بابل (عراق) میں ہوا تھا۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالَ اِنِّيْ ذَاهِبٌ اِلٰى رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ﴿۹۹﴾

اور بولا میں جاتا ہوں اپنے رب کی طرف، وہ مجھ کو راہ دیگا ☆

ہجرت: جب قوم کی طرف سے مایوسی ہوئی اور باپ نے بھی سختی شروع کی تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ہجرت کا ارادہ کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو "شام" کا راستہ دکھلایا۔ (تفسیر عثمانی)

روانگی: حضرت ابراہیم علیہ السلام (اپنی بی بی) سارہ کو لے کر نمرود کے ڈر سے سرزمین بابل کو چھوڑ کر بھاگ نکلے حضرت سارہ علیہا السلام اپنے زمانہ کی حسین ترین عورتوں میں سے تھیں، حضرت ابراہیم علیہ السلام بابل سے نکل کر حدود مصر میں پہنچے۔

بادشاہ مصر سے حضرت سارہؓ کی حفاظت:

اس زمانہ میں مصر کا بادشاہ صادف بن صارق تھا، شرح البخاری لابن الملقن میں اس فرعون کا نام سنان بن علوان بتایا گیا ہے جو ضحاک کا بھائی تھا، بعض کا قول ہے کہ اس کا نام عمر بن امراء القیس تھا یہ فرعون حضرت سارہ کو حضرت ابراہیم علیہ السلام سے چھین کر سوار کرا کے اپنے محل میں لے گیا اللہ نے تمام دیواروں اور پردوں کو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لئے انڈے کے چھلکے کی طرح کر دیا تا کہ سارہ کو آپ دیکھتے رہیں اور آپ کا دل مطمئن رہے کیونکہ آپ علیہ السلام بڑے غیرت مند آدمی تھے، غرض فرعون نے جونہی سارہ کا ارادہ کیا فوراً قصر میں زلزلہ آ گیا فرعون اس قصر سے نکل کر دوسرے قصر میں پہنچا، دوسرا قصر بھی ہلنے لگا تو تیسرے قصر میں منتقل ہو گیا یہاں بھی زلزلہ آیا تو سارہ نے کہا یہ زلزلہ ابراہیم علیہ السلام کی وجہ سے ہے فرعون نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ان کی بی بی واپس کر دی ایک اور روایت میں آیا ہے کہ جونہی فرعون نے سارہ کی طرف ہاتھ بڑھایا اس کا ہاتھ شل ہو گیا، فرعون نے سارہ سے فریاد کی اور آپ سے دعاء کا خواستگار ہوا حضرت سارہ نے دعاء کی ہاتھ دوبارہ ٹھیک ہو گیا، فرعون نے دوبارہ ہاتھ بڑھایا تو پھر اس کا ہاتھ شل ہو گیا، اس نے پھر دعاء کی درخواست کی اور وعدہ کیا کہ آئندہ ایسی حرکت نہیں کرے گا حضرت سارہ نے دعاء کی اور ہاتھ ٹھیک ہو گیا لیکن اس نے تیسری بار پھر ہاتھ بڑھایا اور پھر ہاتھ سُن ہو گیا آخر اس نے تعرض نہ کرنے کی قسم کھائی اور عہد کیا کہ اگر اب کی مرتبہ ہاتھ ٹھیک ہو گیا تو کبھی ایسی حرکت نہیں کرے گا حضرت سارہ کی دعاء سے پھر اس کا ہاتھ صحیح ہو گیا۔

حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا:

مواہب لدنیہ میں ایک روایت آئی ہے کہ صادف کا ہاتھ بندھ گیا تو اس نے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے فریاد کی اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعاء سے

besturdubooks.wordpress.com

اللہ نے اس کا ہاتھ کھول دیا اس نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ہاجرہ رضی اللہ عنہا بطور ہدیہ دے دی جو حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی ماں ہوئیں، حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا بڑی امانت دار خازن (اسرار) اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ہم نشین تھیں۔

حضرت سارہ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ہاجرہ قابل رغبت عورت ہے میں آپ کو یہ عورت ہبہ کرتی ہوں تا کہ اس سے آپ کی کوئی اولاد ہو جائے چنانچہ ہاجرہ کے بطن سے حضرت اسماعیل علیہ السلام پیدا ہو گئے۔ (تفسیر مظہری)

رَبِّ هَبْ لِي مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۰﴾

اے رب بخش مجھ کو کوئی نیک بیٹا ☆

اولاد کی دُعاء:

یعنی کنبہ اور وطن چھوٹا تو اچھی اولاد عطا فرما، جو دینی کام میں میری مدد کرے اور اس سلسلہ کو باقی رکھے۔

فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾

پھر خوشخبری دی ہم نے اس کو ایک لڑکے کی جو ہوگا تحمل والا ☆

دُعاء سے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام ہوئے اور انہیں کی قربانی کا حکم ہوا:

یہاں سے معلوم ہوا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اولاد کی دعاء مانگی اور خدا نے قبول کی اور وہ ہی لڑکا قربانی کے لئے پیش کیا گیا۔ موجودہ تورات سے ثابت ہے کہ جو لڑکا حضرت ابراہیم کی دعاء سے پیدا ہوا وہ حضرت اسماعیل ہیں اور اسی لئے ان کا نام اسماعیل رکھا گیا کیونکہ اسماعیل دو لفظوں سے مرکب ہے۔ "سمع" اور "ایل"۔ سمع کے معنی سننے کے اور ایل کے معنی خدا کے ہیں یعنی خدا نے حضرت ابراہیم کی دعا سن لی۔ تورات میں ہے کہ خدا نے حضرت ابراہیم سے کہا اسماعیل کے بارے میں میں نے تیری سن لی اس بناء پر آیت حاضرہ میں جس کا ذکر ہے وہ حضرت اسماعیل ہیں حضرت اسحاق نہیں۔ اور ویسے بھی ذبح وغیرہ کا قصہ ختم کرنے کے بعد حضرت اسحٰق کی بشارت کا جداگانہ ذکر کیا گیا ہے جیسا کہ آگے آتا ہے "وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا" الخ معلوم ہوا کہ "فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ" میں ان کے علاوہ کسی دوسرے لڑکے کی بشارت مذکور ہے۔ نیز اسحٰق کی بشارت دیتے ہوئے ان کے نبی بنائے جانے کی بھی خوشخبری دی گئی اور سورہ "ہود" میں ان کے ساتھ ساتھ حضرت یعقوب کا مژدہ بھی سنایا گیا جو حضرت اسحٰق کے بیٹے ہوں گے "وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ" (ہود۔ رکوع ۷) پھر کیسے گمان کیا جا سکتا ہے کہ حضرت اسحٰق ذبیح ہوں گویا نبی بنائے جانے اور اولاد عطا کئے جانے سے پیشتر ہی ذبح کر دیئے جائیں لامحالہ ماننا پڑے گا کہ ذبیح اللہ حضرت اسمٰعیل ہیں جن کے متعلق بشارت وولادت کے وقت نہ نبوت عطا فرمانے کا وعدہ ہوا نہ اولاد دیے جانے کا۔ یہی وجہ ہے کہ قربانی کی یادگار اور اس کی متعلقہ رسوم بنی اسمٰعیل میں برابر وراثۃً منتقل ہوتی چلی آئی اور آج بھی اسماعیل علیہ السلام کی روحانی اولاد بھی جنہیں مسلمان کہتے ہیں ان مقدس یادگاروں کی حامل ہے۔ موجودہ تورات میں تصریح ہے کہ قربانی کا مقام "موریا" "مریا" تھا۔ یہود ونصاریٰ نے اس مقام کا پتہ بتلانے میں بہت ہی دور از کار احتمالات سے کام لیا ہے۔ حالانکہ نہایت ہی اقرب اور بے تکلف بات یہ ہے کہ یہ مقام مروہ ہو جو کعبہ کے سامنے بالکل نزدیک واقع ہے اور جہاں سعی بین الصفا والمروۃ ختم کر کے معتمرین حلال ہوتے ہیں اور ممکن ہے کہ "بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ" میں اسی سعی کی طرف ایماء ہو موطا امام مالک کی ایک روایت میں نبی کریم ﷺ نے مروہ کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ قربان گاہ یہ ہے۔ غالباً وہ اسی ابراہیم واسمٰعیل کی قربان گاہ کی طرف اشارہ ہوگا۔ ورنہ آپ کے زمانہ میں لوگ عموماً مکہ سے تین میل "منیٰ" میں قربانی کرتے تھے جیسے آج تک کی جاتی ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ ابراہیم کا اصل قربان گاہ "مروہ" تھا۔ پھر حجاج اور ذبائح کی کثرت دیکھ کر "منیٰ" تک وسعت دے دی گئی۔ قرآن کریم میں بھی "هَدْيًا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ" اور "ثُمَّ مَحِلُّهَآ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ" فرمایا ہے جس سے کعبہ کا قرب ظاہر ہوتا ہے۔ واللہ اعلم۔ بہرحال قرآن وآثار یہی بتلاتے ہیں کہ "ذبیح اللہ" وہی اسمٰعیل تھے جو مکہ میں آ کر رہے اور وہیں ان کی نسل پھیلی۔ تورات میں یہ بھی تصریح ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اپنے اکلوتے اور محبوب بیٹے کے ذبح کا حکم دیا گیا تھا اور یہ مسلم ہے کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام حضرت اسحاق علیہ السلام سے عمر میں بڑے تھے پھر حضرت اسحٰق علیہ السلام حضرت اسماعیل علیہ السلام کی موجودگی میں اکلوتے کیسے ہو سکتے ہیں عجیب بات یہ ہے کہ یہاں حضرت ابراہیم کی دعا کے جواب میں جس لڑکے کی بشارت ملی اسے "غلام حلیم" کہا گیا ہے لیکن حضرت اسحاق علیہ السلام کی بشارت جب فرشتوں نے ابتداء خدا کی طرف سے دی تو "غلام علیم" سے تعبیر کیا۔ حق تعالیٰ کی طرف سے "حلیم" کا لفظ ان پر یا کسی اور نبی پر قرآن میں کہیں اطلاق نہیں کیا گیا۔ (۵) صرف اس لڑکے کو جس کی بشارت یہاں دی گئی اور اس کے باپ ابراہیم کو یہ لقب عطا ہوا ہے۔ "اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ اَوَّاهٌ مُّنِيْبٌ" (ھود۔ رکوع ۷) اور "اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ" (توبہ۔ رکوع ۱۴) جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہی دونوں باپ بیٹے اس لقب خاص سے ملقب کرنے کے مستحق ہوئے۔ "حلیم" اور "صابر" کا مفہوم قریب قریب ہے اسی "غلام حلیم" کی زبان سے یہاں نقل کیا "سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ" دوسری جگہ صاف فرمادیا "وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ۭ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ" (انبیاء۔ رکوع ۶) شاید اسی لئے سورہ مریم میں حضرت اسمٰعیل کو "صادق الوعد" فرمایا کہ "سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ" کے وعدہ کو کس طرح سچا کر

besturdubooks.wordpress.com

دکھایا بہر حال "حلیم" "صابر" "صادق الوعد" کے القاب کا مصداق ایک ہی معلوم ہوتا ہے یعنی حضرت اسمٰعیل علیہ السلام۔ "وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِيًّا"۔ سورہ بقرہ میں تعمیر کعبہ کے وقت حضرت ابراہیم و اسمٰعیل علیہما السلام کی زبان سے جو دعا نقل فرمائی ہے اس میں یہ الفاظ بھی ہیں "وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ" بعینہ اسی مسلم کے تثنیہ کو یہاں قربانی کے ذکر میں "فَلَمَّآ اَسْلَمَا" لَمَّا کے لفظ سے ادا کر دیا۔ اور ان ہی دونوں کی ذریت کو خصوصی طور پر مسلم کے لقب سے نامزد کیا بے شک اس سے بڑھ کر اسلام و تفویض اور صبر و تحمل کیا ہوگا جو دونوں باپ بیٹے نے ذبح کرنے اور ذبح ہونے کے متعلق دکھلایا۔ یہ اسی "اَسْلَمَا" کا صلہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کی ذریت کو امت مسلمہ بنا دیا فللہ الحمد علی ذلک۔ (تفسیر عثمانی)

بغوی نے محمد بن کعب قرظی کے حوالے سے لکھا ہے کہ حضرت عمر بن عبد العزیزؒ نے ایک یہودی عالم سے (جو بعد میں مسلمان اور اچھے مسلمان ہو گئے تھے) دریافت کیا ابراہیم علیہ السلام کے کس بیٹے کو ذبح کرنے کا حکم دیا گیا تھا یہودی عالم نے کہا اسمٰعیل علیہ السلام کو پھر کہا امیر المؤمنین! یہودی اس بات کو جانتے ہیں لیکن اے قوم عرب یہودیوں کو اس بات میں حسد ہوتا ہے کہ وہ تمہارے باپ کو ذبیح اللہ مانیں اسی لئے وہ کہتے ہیں کہ جس بیٹے کو ذبح کرنے کا حکم دیا گیا تھا وہ اسحٰق علیہ السلام تھے اسماعیل علیہ السلام کے ذبیح اللہ ہونیکی دلیل یہ ہے کہ وہ مینڈھا جس کی قربانی کی گئی تھی اس کے دونوں سینگ کعبہ کے اندر آویختہ تھے جو اولاد اسماعیل علیہ السلام کے قبضہ میں تھے جب حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ اور حجاج کی لڑائی میں کعبہ کو آگ لگ گئی تو وہ سینگ بھی جل گئے، سعید بن منصور اور بیہقی نے سنن میں بنی سلیم کی ایک عورت کے حوالے سے طلحہ رضی اللہ عنہ بن عثمان کا بیان نقل کیا ہے کہ اس مینڈھے کے دونوں سینگ کعبہ میں لٹکے ہوئے تھے۔

اصمعی کا بیان ہے میں نے ابوعمرو بن علاء سے پوچھا ذبیح اللہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام تھے یا اسحٰق علیہ السلام ابوعمرو نے کہا اصمعی تمہاری عقل کہاں چلی گئی اسحاق علیہ السلام مکہ میں کب تھے، اسماعیل علیہ السلام نے ہی تو اپنے باپ کے ساتھ مل کر کعبہ بنایا تھا۔ (تفسیر مظہری)

حافظ ابن قیم زاد المعاد میں فرماتے ہیں کہ صحیح قول یہی ہے کہ ذبیح اللہ اسمٰعیل علیہ السلام ہیں جمہور صحابہ و تابعین کا یہی قول ہے اور یہ کہنا کہ ذبیح اسحاق علیہ السلام یہ قول بیس وجہ سے باطل ہے۔ واللہ اعلم۔ (معارف کاندھلوی)

حافظ ابن کثیرؒ نے حضرت عامر شعبیؒ کا یہ قول بھی ذکر کیا ہے کہ: "میں نے اس مینڈھے کے سینگ کعبہ میں خود دیکھے ہیں۔" (ابن کثیر ص ۱۸ ج ۴)

اور حضرت سفیانؒ فرماتے ہیں کہ "اس مینڈھے کے سینگ مسلسل کعبہ میں لٹکے رہے، یہاں تک کہ جب (حجاج بن یوسف کے زمانہ میں) کعبۃ اللہ میں آتشزدگی ہوئی تو یہ سینگ بھی جل گئے" (ایضاص ۱۷ ج ۴) اب ظاہر ہے کہ مکہ مکرمہ میں حضرت اسمٰعیل علیہ السلام تشریف فرما رہے نہ کہ حضرت اسحٰق علیہ السلام اس لئے صاف ظاہر ہے کہ ذبح کا حکم حضرت اسمٰعیل علیہ السلام ہی سے متعلق تھا، نہ کہ حضرت اسحٰق علیہ السلام سے۔

ملاحظہ فرمائیے: "اور ابرہام کی بیوی ساری سے کوئی اولاد نہ ہوئی، اس کی ایک مصری لونڈی تھی جس کا نام ہاجرہ تھا اور...... وہ ہاجرہ کے پاس گیا اور وہ حاملہ ہوئی، اور خداوند کے فرشتہ نے اس سے کہا کہ تو حاملہ ہے اور تیرے بیٹا ہوگا، اس کا نام اسمٰعیل رکھنا...... اور جب ابرہام سے ہاجرہ کے اسمٰعیل پیدا ہوا تب ابرہام چھیاسی برس کا تھا۔" (پیدائش باب ۱۶ آیات ۱، ۴، ۱۰، ۱۶)

نیز اگلے باب میں لکھا ہے:

"اور خدا نے ابراہام سے کہا کہ ساری جو تیری بیوی ہے...... اس سے بھی تجھے ایک بیٹا بخشوں گا...... تب ابراہام سرنگوں ہوا اور ہنس کر دل میں کہنے لگا کہ کیا سو برس کے بڈھے سے کوئی بچہ ہوگا اور کیا ساری کے جو نوے برس کی ہے اولاد ہوگی؟ اور ابراہام نے خدا سے کہا کہ کاش! اسمٰعیل ہی تیرے حضور ﷺ سے جیتا رہے، تب خدا نے فرمایا کہ بیشک تیری بیوی ساری کے تجھ سے بیٹا ہوگا، تو اس کا نام اضحاق رکھنا۔" (پیدائش ۱۷: ۱۵ تا ۲۰) اس کے بعد حضرت اسحٰق علیہ السلام کی پیدائش کا تذکرہ اس طرح کیا گیا ہے:

"اور جب اس کا بیٹا اضحاق اس سے پیدا ہوا تو ابراہام سو برس کا تھا۔" (پیدائش ۲۱: ۵)

ان عبارتوں سے صاف واضح ہے کہ حضرت اسحٰق علیہ السلام حضرت اسمٰعیل علیہ السلام سے چودہ سال چھوٹے تھے، اور اس چودہ سال کے عرصہ میں وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اکلوتے بیٹے تھے، اس کے برعکس حضرت اسحٰق علیہ السلام پر ایسا کوئی وقت نہیں گذرا، جس میں وہ اپنے والد کے اکلوتے ہوں، اب اس کے بعد جب کتاب پیدائش کے بائیسویں باب میں بیٹے کی قربانی کا ذکر آتا ہے تو اس میں "اکلوتا" کا لفظ صاف شہادت دے رہا ہے کہ اس سے مراد اسمٰعیل علیہ السلام ہیں، اور کسی یہودی نے اس کے ساتھ "اضحاق" کا لفظ محض اس لئے بڑھا دیا ہے تاکہ یہ فضیلت بنو اسمٰعیل کے بجائے بنو اسحٰق کو حاصل ہو۔ (معارف مفتی اعظم)

غلام حلیم سے مراد ہیں اسماعیل یہی قول صحیح ہے حضرت ابن رضی اللہ عنہ عمر کا یہی قول ہے سعید بن میسب، شعبی، حسن بصری، مجاہد ربیع بن انس، محمد بن کعب، قرظی اور کلبی کے نزدیک یہی قول مختار ہے عطاء اور یوسف بن مالک کی روایت سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا قول آیا ہے کہ جس کی جگہ (غیبی مینڈھے) کی قربانی کی گئی تھی وہ اسماعیل علیہ السلام ہی تھے واقدی ابن عساکر نے بطریق عامر بن سعید از سعید بیان کیا ہے کہ حضرت سارہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بی بی تھیں مدت تک آپ کے بطن سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی کوئی اولاد نہیں ہوئی، حضرت سارہ رضی اللہ عنہا نے دیکھ کر ایک قبطی باندی ہاجرہ

besturdubooks.wordpress.com

حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ہبہ کردی جن کے بطن سے اسمٰعیل علیہ السلام بن ابراہیم علیہ السلام پیدا ہوئے جس سے حضرت سارہ کو رشک پیدا ہوا، ہم نے یہ قصہ سورۂ ابراہیم علیہ السلام میں ذکر کردیا ہے، ابراہیم علیہ السلام اسماعیل علیہ السلام اور ان کی والدہ کو لے کر مکہ پہنچے اس وقت اسمٰعیل علیہ السلام دودھ پیتے تھے کعبہ کے پاس پہنچ کر ماں بیٹے کو ٹھہرایا (کذافی البخاری) (تفسیر مظہری)

فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يٰبُنَيَّ اِنِّيْٓ اَرٰى فِي
پھر جب پہنچا اس کے ساتھ دوڑنے کو کہا اے بیٹے میں دیکھتا ہوں خواب میں
الْمَنَامِ اَنِّيْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ۭ قَالَ
کہ تجھ کو ذبح کرتا ہوں پھر دیکھ تو کیا دیکھتا ہے بولا
يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۡ سَتَجِدُنِيْٓ
اے باپ کر ڈال جو تجھ کو حکم ہوتا ہے تو مجھ کو پائے گا
اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ
اگر اللہ نے چاہا سہارنے والا ☆

خواب اور قربانی:

یعنی جب اسمٰعیل علیہ السلام بڑا ہو کر اس قابل ہو گیا کہ اپنے باپ کے ساتھ دوڑ سکے اور اس کے کام آ سکے۔ اس وقت ابراہیم علیہ السلام نے اپنا خواب بیٹے کو سنایا۔ تا اس کا خیال معلوم کریں کہ خوشی سے آمادہ ہوتا ہے یا زبردستی کرنی پڑے گی۔ کہتے ہیں کہ تین رات مسلسل یہ ہی خواب دیکھتے رہے۔ تیسرے روز بیٹے کو اطلاع کی، بیٹے نے بلا توقف قبول کیا۔ کہنے لگا۔ ابا جان! (دیر کیا ہے) مالک کا جو حکم ہو کر ڈالئے (ایسے کام میں مشورہ کی ضرورت نہیں امر الٰہی کے امتثال میں شفقت پدری مانع نہ ہونی چاہئے) رہا میں! سو آپ انشاء اللہ دیکھ لیں گے کہ کس صبر و تحمل سے اللہ کے حکم کی تعمیل کرتا ہوں۔ ہزاراں ہزار رحمتیں ہوں ایسے بیٹے اور باپ پر۔ (تفسیر عثمانی)

شام اور مکہ میں آمد و رفت:

محمد بن اسحٰق نے بیان کیا جب حضرت ابراہیم علیہ السلام ہاجرہ اور اسماعیل علیہ السلام کے پاس جانا چاہتے تھے تو براق پر سوار ہو کر صبح کو شام سے روانہ ہوتے اور دوپہر کو مکہ میں پہنچ کر قیلولہ کرتے پھر جب مکہ سے واپس آتے تو دوپہر کے بعد چل کر شام کو شام میں پہنچ جاتے اور یہیں رات گذارتے تھے۔

جب اسماعیل علیہ السلام بڑے ہو گئے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی جو آرزو حضرت اسماعیل علیہ السلام سے وابستہ تھی کہ اپنے رب کی عبادت اور حرمات الٰہیہ کی تعظیم کریں گے اس کے پورا ہونے کی امید ہو گئی تو خواب میں آپ کو حکم دیا گیا کہ اسماعیل علیہ السلام کو ذبح کرو اس حکم کی صورت یہ ہوئی کہ ذی الحجہ کی آٹھویں تاریخ کی شب میں آپ نے خواب میں دیکھا کہ اللہ نے اسماعیل علیہ السلام کو ذبح کرنے کا حکم دیا ہے صبح کو اٹھے تو سوچ میں پڑ گئے (کہ کیا یہ حکم خداوندی تھا) صبح سے شام تک اسی سوچ میں رہے کہ یہ خواب رحمانی ہے یا شیطانی اسی لئے ذی الحجہ کی آٹھویں تاریخ کو یوم الترویہ (سوچ کا دن کہا جاتا ہے جب شام ہوگئی اور آپ سو گئے تو دوسری بار بھی آپ نے وہی پہلا خواب دیکھا جب صبح کو اٹھے تو پہچان گئے کہ یہ خواب اللہ کی طرف سے ہے اسی لئے اس (نویں) تاریخ کو عرفہ (پہچاننے کا دن) کہا جاتا ہے۔ کذا اخرج البیہقی فی شعب الایمان من طریق الکلبی عن ابی صالح عن ابن عباس، محمد بن اسحاق وغیرہ کا بیان ہے کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بیٹے کو ذبح کرنے کا حکم دیا گیا تو آپ نے اسماعیل علیہ السلام سے فرمایا رسی اور چھری لے لو ہم اس گھاٹی میں لکڑیاں جمع کرنے جا رہے ہیں جب کوہ شبیر کی گھاٹی میں پہنچے اور تنہائی ہوئی تو آپ نے اسماعیل علیہ السلام کو حکم کی اطلاع دی جو آپ کو ملا تھا۔

بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اسماعیل علیہ السلام سے کہا چلو اللہ کیلئے قربانی کریں گے، اسماعیل علیہ السلام رسی اور چھری لے کر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ چل دیے ابراہیم علیہ السلام ان کو پہاڑوں میں لے گئے، پہاڑوں میں پہنچ کر بیٹے نے پوچھا ابا جان آپ کی قربانی کا جانور کہاں ہے، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا میرے پیارے بیٹے! میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میں تجھے (اللہ کی راہ) میں قربان کر رہا ہوں۔

بیٹے کی رائے:

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بیٹے سے اس کی رائے اس لئے دریافت کی کہ آپ کو بیٹے کی صبر اور اطاعت امر اللہ پر عزیمت کا امتحان لینا تھا۔

یہ آیت دلالت کر رہی ہے کہ انبیاء کا خواب بھی وحی من اللہ ہوتا ہے، جس کی تعمیل واجب ہے۔

اس کم سنی ہی میں اللہ نے انہیں کیسی ذہانت اور کیسا علم عطا فرمایا تھا، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اُن کے سامنے اللہ کے کسی حکم کا حوالہ نہیں دیا تھا، بلکہ محض ایک خواب کا تذکرہ فرمایا تھا، لیکن حضرت اسمٰعیل علیہ السلام سمجھ گئے کہ انبیاء علیہم السلام کا خواب وحی ہوتا ہے، اور یہ خواب بھی درحقیقت حکم الٰہی کی ہی ایک شکل ہے، چنانچہ انہوں نے جواب میں خواب کے بجائے حکم الٰہی کا تذکرہ فرمایا۔

وحی غیر متلو کا ثبوت:

یہیں سے ان منکرین حدیث کی واضح تردید ہو جاتی ہے جو وحی غیر متلو کے وجود کو نہیں مانتے اور کہتے ہیں کہ وحی صرف وہ ہے جو آسمانی کتاب میں نازل ہو گئی، اس کے علاوہ وحی کی کوئی دوسری قسم موجود نہیں ہے، آپ نے ملاحظہ فرمایا

besturdubooks.wordpress.com

کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بیٹے کی قربانی کا حکم خواب کے ذریعے دیا گیا، اور حضرت اسمٰعیل علیہ السلام نے صریح الفاظ میں اسے اللہ کا حکم قرار دیا، اگر وحی غیر متلو کوئی چیز نہیں ہے تو یہ حکم کونسی آسمانی کتاب میں اترا تھا؟ (معارف مفتی اعظم)

عبد بن حمید نے قتادہ کا قول نقل کیا ہے کہ انبیاء کا خواب وحی ہوتا ہے، بخاری نے صحیح میں حضرت ابوسعید خدری کی روایت سے اور مسلم نے حضرت ابن عمر اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے اور امام احمد و ابن ماجہ نے ابو رزین کی روایت سے اور طبرانی نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی مرفوع روایت سے بیان کیا ہے کہ نیک خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ ۝

پھر جب دونوں نے حکم مانا اور پچھاڑا اس کو ماتھے کے بل ☆

قربانی کا منظر:

بیٹے کا چہرہ سامنے نہ ہو مبادا محبت پدری جوش مارنے لگے۔ کہتے ہیں کہ یہ بات بیٹے نے سکھلائی آگے اللہ نے نہیں فرمایا کہ کیا ماجرا گزرا۔ یعنی کہنے میں نہیں آتا جو حال گذرا اس کے دل پر اور فرشتوں پر۔ (تفسیر عثمانی)

یہ واقعہ منیٰ میں صخرہ کے پاس ہوا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی طرف اس قول کی نسبت عبد بن حمید، ابن المنذر، ابن ابی حاتم اور حاکم نے کی ہے، بغوی نے عطاء بن سائب کی روایت سے کسی قریشی کے حوالے سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ واقعہ اسی قربان گاہ میں ہوا جو آج بھی قربان گاہ ہے۔

قربانی سے پہلے بیٹے کی باتیں:

بغوی نے لکھا ہے کہ اہل روایت کا بیان ہے کہ اسمٰعیل علیہ السلام نے باپ سے کہا ابا میرے بندھن کس کر باندھنا تا کہ میں تڑپ نہ سکوں اور اپنے کپڑے میرے طرف سے سمیٹے رکھنا تا کہ میرا خون اچھل کر آپ کے کپڑوں پر نہ پڑ جائے اور میرے اجر میں کمی آ جائے اور اس خون کو دیکھ کر میری ماں رنجیدہ ہو جائے اور چھری کو تیز کر لینا اور میرے حلق پر تیزی سے چلا دینا تا کہ میرے لئے دشواری نہ ہو کیونکہ موت سخت چیز ہے اور آپ جب میری ماں کے پاس جائیں تو اس کو میرا اسلام کہنا اور اگر آپ میرا کرتہ میری ماں کے پاس واپس لے جانا چاہتے ہوں تو لے جائیں اس سے ان کو بڑی تسلی ہوگی۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا جواب:

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کہا میرے پیارے بیٹے اللہ کے حکم کی تعمیل کیلئے تو میرا بہت اچھا مددگار ہے پھر بیٹے نے جو کچھ کہا تھا باپ نے ویسا ہی کیا اول بیٹے کو پیار کیا پھر باندھ دیا اور رونے لگے، پھر اسماعیل علیہ السلام کے حلق پر چھری رکھ دی لیکن چھری سے حلق پر نشان بھی نہ پڑا ایک روایت میں آیا ہے کہ حلق پر چھری تیزی سے چلانے لگے لیکن چھری کچھ نہ کر سکی، آپ نے چھری کو دو تین بار پتھر سے تیز کیا لیکن چھری (کچھ بھی) نہ کاٹ سکی۔

شیطان کی کارروائی اور مایوسی:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کعب احبار کا قول اور محمد بن اسحاق نے اپنے رواۃ کے حوالے سے بیان کیا کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے بیٹے کو ذبح کرنے کا ارادہ کر لیا تو شیطان نے کہا اگر میں اس وقت ابراہیم علیہ السلام کے گھر والوں کو نہ بہکا سکا تو پھر کبھی ان کی اولاد میں سے کسی کو نہ بہکا سکوں گا، یہ ارادہ کر کے وہ مرد کی شکل میں لڑکے کی ماں (حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا) کے پاس پہنچا اور کہنے لگا کیا تم کو معلوم ہے ابراہیم علیہ السلام تمہارے بیٹے کو کہاں لے گئے ہیں ماں نے کہا دونوں اس گھاٹی سے لکڑیاں لینے گئے ہیں شیطان نے کہا نہیں خدا کی قسم ایسا نہیں ہے بلکہ ابراہیم علیہ السلام اسمٰعیل علیہ السلام کو ذبح کرنے لے گئے ہیں ماں نے کہا ایسا نہیں ہو سکتا وہ تو بیٹے سے بہت پیار کرتے ہیں اور ان کے دل میں بیٹے کی بڑی محبت ہے شیطان نے کہا وہ کہتے ہیں کہ اللہ نے ان کو اسمٰعیل علیہ السلام کو ذبح کرنے کا حکم دیا ہے ماں نے کہا کہ اگر ان کے رب نے یہ حکم دیا ہے تو حکم رب کی اطاعت کرنی ہی بہتر ہے شیطان یہاں سے مایوس ہو کر بیٹے کے پاس پہنچا بیٹا اس وقت باپ کے پیچھے پیچھے جا رہا تھا شیطان نے اس سے کہا لڑکے کیا تم جانتے ہو کہ تمہارا باپ تم کو کہاں لے کر جا رہا ہے لڑکے نے کہا ہم گھر کیلئے ایندھن کی لکڑیاں اس گھاٹی سے لینے جا رہے ہیں شیطان نے کہا نہیں خدا کی قسم اس کا مقصد یہ نہیں بلکہ وہ تم کو ذبح کرنا چاہتا ہے لڑکے نے کہا کیوں؟ شیطان نے کہا اس کا خیال ہے کہ اس کے رب نے اس کو اس بات کا حکم دیا ہے لڑکے نے کہا ایسا ہے تو اس کو اپنے رب کے حکم کی اطاعت بسر و چشم کرنی ضروری ہے (میں بھی اس پر راضی ہوں)

جب لڑکے نے شیطان کا مشورہ نہ مانا تو شیطان نے ابراہیم علیہ السلام کی طرف رخ کیا اور کہنے لگا شیخ کہاں کا ارادہ ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کہا میں ایک کام سے اس گھاٹی میں جانا چاہتا ہوں شیطان بولا خدا کی قسم میں جانتا ہوں کہ شیطان نے خواب میں آ کر تم کو اپنے لڑکے کے ذبح کرنے کا حکم دیا ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام اس وقت پہچانے کہ یہ شیطان ہے بولے دشمن خدا میرے پاس سے ہٹ جا میں ضرور ضرور اپنے رب کے حکم پر عمل کروں گا، شیطان غضبناک ہو کر لوٹ گیا اور ابراہیم علیہ السلام اور ان کے گھر والوں کے معاملہ میں کچھ بھی کامیاب نہ ہو سکا اللہ نے ان سب کو شیطان سے محفوظ رکھا۔

کنکریوں کا مارنا:

ابوالطفیل نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا بیان نقل کیا ہے کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بیٹے کے ذبح کر دینے کا حکم دیا گیا (تو) اس مشعر پر شیطان (روکنے کیلئے) آپکے سامنے آ گیا لیکن آپ آگے نکل چلے تھے، پھر آپ جمرۂ عقبہ پر پہنچے

besturdubooks.wordpress.com

وہاں بھی شیطان سامنے آ گیا آپ نے اس کے سات پتھریاں ماریں شیطان چلا گیا، پھر آپ جمرۂ وسطےٰ پر پہنچے وہاں بھی شیطان آگے آ گیا آپ نے اس کے سات کنکریاں ماریں شیطان چلا گیا اور پھر جمرۂ کبریٰ کے پاس ابراہیم علیہ السلام نے شیطان کو پایا یہاں بھی آپ نے اس کے سات سنگ ریزے مارے اور شیطان چلا گیا اس کے بعد آپ اللہ کے حکم کی تعمیل کیلئے چل دیئے۔ (تفسیر مظہری)

آنحضرت ﷺ ابن الذبیحین ہیں:

اور حضرت معاویہ سے روایت ہے کہ ایک شخص آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا، یا ابن الذبیحین۔ اے دو ذبیح کے فرزند، آپ کو اللہ نے جو عطا کیا ہے اس میں سے مجھ کو بھی عطا کیجئے آنحضرت ﷺ یہ سن کر مسکرائے اور ہنسے حضرت معاویہ نے جب یہ روایت اپنی مجلس میں بیان کی تو حاضرین میں سے کسی نے کہا اے امیر المؤمنین وہ دو ذبیح کون ہیں تو فرمایا، ایک ذبیح تو حضرت اسماعیلؑ حضور کے جدّ امجد ہیں اور دوسرے ذبیح آپ کے والد ماجد حضرت عبداللہ ہیں جس کا قصہ یہ ہے کہ عبدالمطلب نے جب چاہ زمزم کے کھودنے کا حکم دیا تو اللہ سے یہ نذر کی کہ اگر اللہ نے یہ کام آسان کر دیا تو ایک بیٹے کو خدا کے نام پر ذبح کروں گا۔

عبدالمطلب کے دس بیٹے تھے قرعہ اندازی میں ذبح کا قرعہ عبداللہ کے نام پر نکلا خاندان اور دیگر احباب نے بیٹے کے ذبح سے ان کو روکا اور یہ مشورہ دیا کہ فدیہ میں سو اونٹ قربان کر ڈالو عبدالمطلب نے اس کو منظور کیا اور عبد اللہ کی طرف سے فدیہ میں سو اونٹ دیئے اس طرح سے حضرت عبداللہ حکماً ذبیح اللہ ہوگئے اس لئے حاضر ہونے والے شخص نے حضور کو یا ابن الذبیحین سے خطاب کیا، اے دو ذبیح کے بیٹے، پہلے ذبیح اللہ حضرت اسمٰعیل ہیں جو حضور پُرنور کے جد امجد ہیں اور دوسرے ذبیح اللہ آپ کے والد ماجد حضرت عبداللہ تھے۔ رواہ الحاکم فی المستدرک وابن جریر فی تفسیرہ وغیرہما، روح المعانی ص ۱۲۲ ج ۲۳ و تفسیر قرطبی ص ۱۱۳ ج ۱۵۔

نیز اسی طرح ایک مرفوع حدیث میں یہ بھی آیا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا، انا ابن الذبیحین میں دو ذبیح کا بیٹا ہوں دیکھو البحر المحیط ص ۳۶۹ ج ۷۔ اور روح المعانی ص ۱۲۴ ج ۲۳۔ حافظ عراقی فرماتے ہیں کہ میں اس حدیث کی سند پر مطلع نہیں ہوا۔ واللہ اعلم۔

گر بندۂ خویش خوانی مرا   بہ از مملکت جاودانی مرا
شہانے کہ باتخت فرخندہ اند   ہمہ بندگان ترا بندہ اند

(معارف کاندھلوی)

وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰۤاِبْرٰهِيْمُ

اور ہم نے اُس کو پکارا یوں کہ اے ابراہیم

قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا

تو نے سچ کر دکھایا خواب ☆

صداقتِ ابراہیمی:

یعنی بس بس! رہنے دے، تو نے خواب سچا کر دکھایا، مقصود بیٹے کا ذبح کرانا نہیں محض تیرا امتحان منظور تھا سو اس میں پوری طرح کامیاب ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰۤاِبْرٰهِيْمُ اس وقت ہم نے ان کو آواز دی اے ابراہیم علیہ السلام

بغوی نے لکھا ہے اس جملہ میں واؤ زائد ہے اور یہ کلام **فَلَمَّاۤ اَسْلَمَا** کا جواب (جزاء) ہے بیضاوی نے لکھا ہے لما اسلما کی جزاء محذوف ہے کلام محذوف اس طرح تھا کہ جو کچھ واقعہ ہونا تھا وہ ہو گیا تو دونوں کی خوشی ناقابل بیان ہوئی کوئی حالت یا مقامی وضاحت اس کا اظہار نہیں کرسکتی، آئی ہوئی مصیبت کو اللہ نے دور کر دیا اور باپ بیٹے کو وہ توفیق عنایت کی جو کسی اور کو عنایت نہیں کی سارے جہان پر ان کو برتری عطا فرمائی اور ثواب آخرت جوان کے لئے مقرر فرمایا اس کا اظہار ہی نہیں ہوسکتا ان تمام نعمتوں پر دونوں نے اپنے رب کا شکر ادا کیا۔

میں کہتا ہوں یہ بھی ممکن ہے کہ واؤ عطف کے لئے ہو اور لما اسلما کے محذوف جواب پر اس کا عطف ہو یعنی جب بیٹے اور باپ نے حکم الٰہی کے سامنے سر جھکا دیا اور ابراہیم علیہ السلام نے اسماعیل علیہ السلام کو زمین پر لٹا دیا اور حلق پر چھری پھیر دی تو ہم نے ذبح سے (چھری کو) روک دیا اور اسماعیل علیہ السلام کو بچا لیا اور ابراہیم علیہ السلام کو ندا دی کہ:

قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا تم نے خواب کو سچ کر دکھایا

یعنی تمہارے اختیار میں جو کچھ تھا وہ تم نے پورا کر دیا کسی کام پر مامور کرنیکا مقصد صرف آزمائش اور اس امر کا امتحان کہ بقدر اختیار بندہ حکم کی تعمیل کرتا ہے یا نہیں امر کی اس کے سوا کوئی غرض نہیں ہوتی۔ ابراہیم نے امر ذبح کی پوری تعمیل کی اور اپنی دانست میں ذبح کر ڈالنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ (تفسیر مظہری)

علامہ انور شاہؒ کی عجیب توجیہ:

حضرت استاذ مولانا سید انور شاہ فرماتے تھے کہ حضرت ابراہیم نے خواب میں یہ نہیں دیکھا تھا کہ انی ذبحتک کہ میں نے اسمٰعیل کو ذبح کر دیا بلکہ یہ دیکھا تھا کہ **اَنِّىْۤ اَذْبَحُكَ** کہ میں ذبح کر رہا ہوں یعنی ذبح کا جو فعل ہے گردن پر چھری چلانا وہ کر رہا ہوں، سو اتنا کرنے سے وہ خواب میں سچے ہوگئے جتنا خواب دیکھا تھا اتنا پورا ہو گیا۔ (معارف کاندھلوی)

اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ۝ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ

ہم یوں دیتے ہیں بدلہ نیکی کرنیوالوں کو بے شک یہی ہے

الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ ۝ وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ ۝

صریح جانچنا اور اس کا بدلہ دیا ہم نے ایک جانور ذبح کرنیکے واسطے بڑا ☆

besturdubooks.wordpress.com

نیکی کا بدلہ:

یعنی ایسے مشکل حکم کر کے آزماتے ہیں، پھر ان کو ثابت قدم رکھتے ہیں۔ تب درجے بلند دیتے ہیں۔ تورات میں ہے کہ جب ابراہیم علیہ السلام نے بیٹے کو قربان کرنا چاہا اور فرشتہ نے ندا دی کہ ہاتھ روک لو، تو فرشتے نے یہ الفاظ کہے "خدا کہتا ہے کہ چونکہ تو نے ایسا کام کیا اور اپنے اکلوتے بیٹے کو بچا نہیں رکھا۔ میں تجھ کو برکت دوں گا اور تیری نسل کو آسمان کے ستاروں اور ساحل بحر کی ریتی کی طرح پھیلا دوں گا" (تورات تکوین اصحاح ۲۲ آیت ۱۵)۔

یعنی بڑے درجہ کا جو بہشت سے آیا، یا بڑا قیمتی، فربہ، تیار۔ پھر یہ ہی رسم قربانی کی اسماعیل علیہ السلام کی عظیم الشان یادگار کے طور پر ہمیشہ کے لئے قائم کر دی۔ (تفسیر عثمانی)

وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ ، اور ہم نے ایک بڑا ذبیحہ اس کے عوض دے دیا، روایت میں آیا ہے کہ جب ابراہیم علیہ السلام نے ایک آواز سنی تو نظر اٹھا کر آسمان کی طرف دیکھا اور پر جبرئیل علیہ السلام نظر آئے جن کے ساتھ ایک سینگوں والا مینڈھا تھا جبرئیل علیہ السلام نے کہا یہ آپ کے بیٹے کا فدیہ ہے اس کی قربانی کر دیجئے اس کے بعد جبرئیل علیہ السلام نے تکبیر کہی اور مینڈھے نے بھی تکبیر کہی اور ابراہیم علیہ السلام اور ان کے بیٹے نے بھی تکبیر کہی پھر منیٰ کی قربان گاہ میں جا کر مینڈھے کو ذبح کر دیا۔ بجائے بیٹے کو فدیہ پیش کرنے والے تو حقیقت میں ابراہیم علیہ السلام تھے لیکن قربانی کا جانور اللہ کا عطا کردہ تھا اور اللہ نے جانور کو بجائے اسمٰعیل علیہ السلام کے ذبح کرنے کا حکم دیا تھا اس لئے فدینٰہ میں فعل فدیہ کی نسبت اللہ نے اپنی طرف کی۔

سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا قول نقل کیا ہے کہ جس مینڈھے کی اسماعیل علیہ السلام کی جگہ ابراہیم علیہ السلام نے قربانی پیش کی تھی وہ وہی مینڈھا تھا جس کی آدم علیہ السلام کے بیٹے ہابیل علیہ السلام نے قربانی پیش کی تھی۔

مسئلہ: اس آیت سے حنفیہ نے استدلال کیا ہے کہ جس شخص نے اپنے بیٹے کے قربان کرنے کی نذر مانی ہو اس پر ایک بکری کی قربانی لازم ہے۔

(حضرت مفسر نے کہا) میں کہتا ہوں کہ سورہ حج کی آیت **وَلْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ** کی تفسیر میں اس مسئلہ کی وضاحت کر دی ہے۔ قیاس کا تقاضا ہے کہ مسئلہ زیر بحث میں کچھ بھی واجب نہ ہو (نہ بیٹے کو قربان کرنا نہ بکری کو) کیونکہ یہ گناہ کی منت ہے امام ابو یوسف کا یہی قول ہے لیکن امام ابو حنیفہؒ نے (خلاف قیاس) استحسان کی روشنی میں بیان کیا ہے کہ بکری کی قربانی لازم ہے کیونکہ جب حقیقت شرعاً واجب الترک ہو تو مجازی معنی متعین ہو جاتا ہے۔ پس جب کسی نے بیٹے کو قربان کرنے کی نذر مانی تو ظاہر ہے بیٹے کی قربانی واجب الترک ہے اس لئے ہم کہیں گے کہ بیٹے کے قائم مقام بکری کی قربانی کرنے کا خود اپنے اوپر التزام کر لیا، بکری کی قربانی کی تعیین اس لئے ہوئی کہ اللہ نے اسمٰعیل علیہ السلام کی جگہ مینڈھے کی قربانی کا حکم دے دیا، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اسی پر فتویٰ دیا تھا۔ (تفسیر مظہری)

مینڈھا: حسن بصری حضرت علیؓ سے راوی ہیں کہ وہ مینڈھا ثبیر پہاڑ سے اترا تھا اور ابن عباس سے مروی ہے کہ یہ وہ مینڈھا تھا جس کو ہابیل نے قربان کیا تھا اور اللہ نے اس کو قبول کر لیا تھا اور اس وقت سے لے کر اس وقت تک وہ جنت میں چرتا رہا یہاں تک کہ وہ جنت میں حضرت اسماعیلؑ کے فدیہ کیلئے اتارا گیا دیکھو تفسیر قرطبی ص۱۰۷ ج۱۵ اس طرح سے فدیہ نے اسمٰعیل کی جان بچائی اور آئندہ کیلئے قربانی کا قانون مقرر کر دیا کہ لوگوں کو چاہئے کہ سنت ابراہیمی کے متعلق قربانی کیا کریں اور جو شخص حیوان کی قربانی کرے گا اس کو ذبح ولد کا ثواب ملے گا۔

مسند احمد میں ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو بلا کر حضور ﷺ نے فرمایا، میں نے بھیڑے کے سینگ بیت اللہ شریف کی داخلی کے وقت اندر دیکھے تھے اور مجھے یاد نہ رہا کہ میں تجھے اُن کے ڈھانک دینے کا حکم دوں، جاؤ اُسے ڈھک دو، بیت اللہ میں کوئی ایسی چیز نہ ہونی چاہئے جو نمازی کو اپنی طرف متوجہ کرے، حضرت سفیانؒ فرماتے ہیں، اس بھیڑے کے سینگ بیت اللہ میں ہی رہے، یہاں تک کہ ایک مرتبہ بیت اللہ میں آگ لگ گئی، اس میں وہ جل گئے، یہ واقعہ بھی اس امر کی دلیل ہے کہ ذبیح اللہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام تھے اسی وجہ سے اُن کی اولاد قریش تک یہ سینگ برابر وراثتاً چلے آئے یہاں تک کہ حضور ﷺ کو خدا تعالیٰ نے مبعوث فرمایا، واللہ اعلم۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْآخِرِيْنَ ﴿۱۰۸﴾

اور باقی رکھا ہم نے اُس پر پچھلے لوگوں میں کہ

سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿۱۰۹﴾

سلام ہے ابراہیم پر ☆

آج تک دنیا ابراہیم علیہ السلام کو بھلائی اور بڑائی سے یاد کرتی ہے، علی نبینا و علیه الف الف سلام و تحية.

كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۱۰﴾

ہم یوں دیتے ہیں بدلہ نیکی کرنے والوں کو

اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۱﴾

وہ ہے ہمارے ایماندار بندوں میں ☆

یعنی ہمارے اعلیٰ درجہ کے ایماندار بندوں میں۔

وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۲﴾

اور خوشخبری دی ہم نے اُس کو اسحٰق کی جو نبی ہوگا نیک بختوں میں ☆

besturdubooks.wordpress.com

دوسری خوشخبری:

معلوم ہوا وہ پہلی خوشخبری اسمٰعیل علیہ السلام کی تھی اور سارا قصہ ذبح کا اُن ہی پر تھا۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو بشارت دی کہ ہم تم کو ایک لڑکا عنایت کرینگے جس کا نام اسحاق علیہ السلام ہوگا اور جس کی نبوت کا فیصلہ پہلے ہی ہو چکا ہے، اور جو صالحین میں سے ہوگا، نبوت کے بعد صالح ہونے کا ذکر کرنا اسحاق علیہ السلام کی عظمت شان اور تعریف کو ظاہر کر رہا ہے اور اس بات کی طرف اشارہ کر رہا ہے کہ اصلاح ہی نبوت کا ہدف اصلی ہے نبوت سے تمام (افکار و اعمال) کی درستگی ہوتی ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ ۭ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا
اور برکت دی ہم نے اُس پر اور اسحٰق پر اور دونوں کی اولاد میں
مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ
نیکی والے ہیں اور بدکار بھی ہیں اپنے حق میں صریح ☆

اولادِ ابراہیم میں برکت:

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "یہ دونوں کہا دونوں بیٹوں کو دونوں سے بہت اولاد پھیلی اسحٰق کی اولاد میں انبیاء بنی اسرائیل ہوئے" اور اسمٰعیل کی اولاد میں عرب ہیں جن میں ہمارے پیغمبر مبعوث ہوئے۔ یعنی اولاد میں سب یکساں نہیں۔ اچھے بھی جو بڑوں کا نام روشن رکھیں اور برے بھی جو اپنی بدکاریوں کی وجہ سے ننگ خاندان کہلانے کے مستحق ہیں (تنبیہ) عموماً مفسرین نے "وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا" کی ضمیر "ابراہیم" و "اسحٰق" کی طرف راجع کی ہے مگر حضرت شاہ صاحبؒ نے "اسمٰعیل و اسحٰق" کی طرف راجع کر کے مضمون میں زیادہ وسعت پیدا کر دی۔

وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰي مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۚ وَنَجَّيْنٰهُمَا
اور ہم نے احسان کیا موسیٰ اور ہارون پر اور بچا دیا
وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ۚ وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا
ہم نے ان کو اور ان کی قوم کو اُس بڑی گھبراہٹ سے اور اُن کی ہم نے مدد کی
هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ۚ وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ
تو رہے وہی غالب اور ہم نے دی ان کو کتاب واضح ☆
وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۚ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا
اور بجھائی اُن کو سیدھی راہ اور باقی رکھا ان پر

فِي الْاٰخِرِيْنَ ۙ سَلٰمٌ عَلٰي مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ اِنَّا كَذٰلِكَ
پچھلے لوگوں میں کہ سلام ہے موسیٰ اور ہارون پر ہم یوں دیتے ہیں
نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۚ اِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ
بدلہ نیکی کرنے والوں کو تحقیق وہ دونوں ہیں ہمارے ایماندار بندوں میں ☆

یعنی فرعون اور اسکی قوم کے ظلم و ستم سے نجات دی۔ اور بحر قلزم سے نہایت آسانی کے ساتھ پار کر دیا۔

یعنی فرعونیوں کا بیڑا غرق کر کے بنی اسرائیل کو غالب و منصور کیا اور ہالکین کے اموال و املاک کا وارث بنایا۔

یعنی تورات شریف جس میں احکام الٰہی بہت تفصیل و ایضاح سے بیان ہوئے ہیں۔

یعنی افعال و اقوال میں استقامت بخشی اور ہر معاملہ میں سیدھی راہ پر چلایا جو عصمت انبیاء کے لوازم میں سے ہے۔

یعنی ہمارے کامل ایماندار بندوں میں سے ہیں۔

وَاِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۭ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَلَا تَتَّقُوْنَ
اور تحقیق الیاس ہے رسولوں میں جب اُس نے کہا اپنی قوم کو کیا تم کو ڈر نہیں
اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّتَذَرُوْنَ اَحْسَنَ الْخٰلِقِيْنَ
کیا تم پکارتے ہو بعل کو اور چھوڑتے ہو بہتر بنانے والے کو ☆

حضرت الیاس علیہ السلام:

حضرت الیاس علیہ السلام بعض کے نزدیک حضرت ہارون علیہ السلام کی نسل سے ہیں اللہ نے ان کو ملک شام کے ایک شہر "بعلبک" کی طرف بھیجا۔ وہ لوگ "بعل" نامی بت کو پوجتے تھے۔ حضرت الیاس علیہ السلام نے ان کو خدا کے عذاب اور بت پرستی کے انجام بد سے ڈرایا۔ (تفسیر عثمانی)

نسب: محمد بن اسحاق نے حضرت الیاس علیہ السلام کا نسب اس طرح بیان کیا ہے الیاس بن بشیر بن فنحاص بن عیزار بن ہارون بن عمران

بنی اسرائیل کی گمراہی:

محمد بن اسحاق کا بیان ہے اصحاب روایت کہتے ہیں کہ جب الیاس علیہ السلام سے پہلے جو پیغمبر تھے ان کی وفات ہوگئی تو بنی اسرائیل میں نئی نئی بدعتیں بڑھ گئیں، شرک پھیل گیا، بت نصب کر دیے گئے، بتوں کی پوجا ہونے لگی، اللہ نے ان کی ہدایت کیلئے الیاس علیہ السلام کو پیغمبر بنا کر بھیجا، حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد انبیاء کی بعثت اس غرض سے ہوتی تھی کہ توریت کے بھولے ہوئے احکام کو از سر نو تازہ کر دیا جائے بنی اسرائیل ملک شام میں پھیلے ہوئے تھے اس کا سبب یہ تھا کہ حضرت یوشع علیہ السلام بن نون نے جو ملک شام فتح کیا تھا تو

besturdubooks.wordpress.com

وہاں بنی اسرائیل کو بسا دیا تھا اور ان میں سے ایک سبط (خاندان) کو بعلبک اور اس کے اطراف میں آباد کر دیا تھا، انہیں میں سے الیاس علیہ السلام پیغمبر ہوئے، اللہ نے ان کی ہدایت کیلئے الیاس علیہ السلام کو نبی بنا کر بھیجا۔

بادشاہ: اس زمانہ میں بعلبک کا بادشاہ اُجب تھا، اُجب نے بنی اسرائیل کو بت پرستی پر مجبور کیا کیونکہ وہ خود بت پرست تھا بعل نامی بت کی پوجا کرتا تھا، یہ بت دس ہاتھ لمبا تھا اور اس کے چار منہ تھے، حضرت الیاس علیہ السلام تنہا اللہ کی عبادت کی ان کو دعوت دیتے تھے لیکن آپ کی بات کوئی نہیں سنتا تھا صرف بادشاہ کے حکم کو مانتے تھے اور بادشاہ بت کو مانتا اور اس کی پوجا کو صحیح قرار دیتا تھا، الیاس علیہ السلام بادشاہ کو بھی راہِ راست دکھاتے اور اس کے احکام کی درستی کرتے رہتے تھے۔

قاتلہ ملکہ: بادشاہ کی ایک بیوی تھی جس کا نام ازبیل تھا، بادشاہ کا قاعدہ تھا کہ جب کسی لڑائی پر یا اور کسی غرض سے ملک سے باہر جاتا تھا تو ازبیل کو اپنا جانشین بنا جاتا تھا عورت باہر نکل کر حکومت کرتی تھی اور انبیاء کی (بڑی دشمن اور) زبردست قتالہ تھی۔

کہا جاتا ہے کہ یحییٰ علیہ السلام بن زکریا علیہ السلام پیغمبر کو بھی اسی نے قتل کرایا تھا، اس کا ایک پیشکار تھا جو دانشمند مردِ مؤمن تھا، اپنے ایمان کو چھپائے ہوئے تھا اس نے تین سو انبیاء کو جن کو قتل کرنے کا ازبیل نے ارادہ کر لیا تھا اس قتالہ کے پنجے سے رہائی دلائی تھی اور جن انبیاء کو یہ قتالہ قتل کر چکی ان کو تو قتل کر چکی تھی (ان کا تو ذکر ہی نہیں) یہ عورت بجائے خود باعصمت بھی نہیں تھی سات اسرائیلی پیغمبروں سے نکاح کر چکی تھی اور ہر ایک کو دھوکے سے اس نے قتل کر دیا تھا، اس کی عمر بہت تھی، روایت میں آیا ہے کہ اس کی ستر اولادیں ہوئیں۔

نیک ہمسایہ ملکہ کے ظلم کا شکار ہوا:

بادشاہ اُجب کا ایک ہمسایہ بڑا مردِ صالح تھا، جس کا نام مزدکی تھا اس کا ایک چھوٹا سا باغیچہ تھا جس پر اس کا گذر بسر تھا اسی کی درستی اور اصلاح میں وہ مشغول رہتا تھا یہ باغیچہ شاہی قصر کے برابر تھا بادشاہ اور اس کی بیگم دونوں اس باغیچہ میں سیر تفریح کرتے وہاں کھاتے پیتے اور غسل کرتے تھے اُجب اپنے ہمسایہ سے اچھا سلوک کرتا تھا لیکن اس کی بیوی ازبیل ہمسایہ سے جلتی تھی اور کسی حیلے بہانے سے اس کو قتل کر دینا چاہتی تھی تاکہ باغیچہ چھین لے کیونکہ لوگوں میں باغیچہ کی بڑی شہرت تھی اور لوگ اس کی خوبصورتی کی بہت تعریف کرتے تھے اُجب اپنی بیوی کو روکتا رہتا تھا اس لئے بی بی کو مقصد برآری کا کوئی راستہ نہیں ملتا تھا ایک بار ایسا اتفاق ہوا کہ بادشاہ دور کے سفر پر چلا گیا اور طویل مدت تک اپنے ملک سے غیر حاضر رہا ازبیل نے اس موقع کو غنیمت سمجھا اور کچھ لوگوں کو حکماً اس امر پر آمادہ کر لیا کہ وہ مزدکی کے خلاف شہادت دیں اور یہ کہیں کہ مزدکی نے بادشاہ کو ہمارے سامنے گالی دی ہے اس زمانہ کا یہ قانون تھا کہ بادشاہ کو گالی دینے والے کی سزا قتل تھی ملکہ نے شہادت مرتب کر لی تو مزدکی کو طلب کیا اور اس سے کہا تو نے بادشاہ کو گالی دی ہے مجھے یہ اطلاع ملی ہے مزدکی نے انکار کیا ملکہ نے گواہوں کو بلوایا گواہوں نے مزدکی کے خلاف جھوٹی شہادت دی ملکہ نے مزدکی کو قتل کرنے کا حکم دے دیا اس کے باغیچے پر خود قبضہ کر لیا اس بندۂ صالح کے (ناحق ظلماً) قتل کئے جانے پر وہ لوگ غضب خداوندی میں مبتلا ہو گئے۔

بادشاہ کا افسوس:

بادشاہ سفر سے واپس آیا تو ملکہ نے اس کو یہ خبر سنائی بادشاہ نے کہا تو نے اچھا نہیں کیا میرا خیال ہے کہ ہم آئندہ فلاح نہیں پائیں گے ایک مدت سے وہ ہمارے پڑوس میں رہتا تھا اور ہم نے بھی اس کا پڑوس اچھی طرح نباہا تھا اور ہر طرح کی ایذا رسانی کو اس سے دور رکھا تھا کیونکہ اس کا حق ہم پر واجب تھا لیکن تو نے بدترین سلوک کے ساتھ اس کا کام تمام کر دیا۔ عورت بولی مجھے تو آپ کی وجہ سے غصہ آیا اور آپ ہی کے فیصلہ کے موافق میں نے فیصلہ کیا بادشاہ نے کہا کیا تیرے لئے برداشت کی گنجائش نہ تھی کہ اس کے حق ہمسائیگی کا لحاظ کرتی عورت نے کہا اب تو جو کچھ ہو گیا سو ہو گیا۔

حضرت الیاس علیہ السلام کی بعثت:

اللہ نے حضرت الیاس علیہ السلام کو شاہ اُجب اور اس کی قوم کے پاس یہ اطلاع دینے کیلئے بھیجا کہ اللہ کے ولی کو جب لوگوں نے ظلم سے قتل کر دیا تو اس حرکت سے اللہ سخت ناراض ہو گیا اور اس نے قسم کھا کر فرمایا ہے کہ اگر بادشاہ اور اس کی ملکہ اپنی حرکت سے توبہ نہیں کرینگے اور باغیچہ مزدکی کے وارثوں کو لوٹا کر نہیں دینگے تو اللہ ان کو تباہ کر دے گا اور باغیچہ کے اندر ہی دونوں کی مردار لاشیں پھینک دے گا کہ ان کی ہڈیاں گوشت سے ننگی ہو جائینگی۔

بادشاہ کا انکار و عداوت:

الیاس علیہ السلام نے بحسب الحکم یہ پیغام پہنچا دیا، بادشاہ یہ بات سن کر سخت غضب ناک ہو گیا اور کہنے لگا الیاس علیہ السلام تو جس بات کی مجھے دعوت دے رہا ہے وہ غلط ہے فلاں فلاں بادشاہوں نے ہماری طرح بتوں کی پوجا کی اس کے باوجود وہ کھاتے رہے مزے اڑاتے رہے، حکومت کرتے رہے اور جس بات کو تو باطل (غلط اور بے حقیقت) قرار دے رہا ہے ان کو اس باطل پرستی سے کوئی دنیوی نقصان نہیں پہنچا اور ہم اپنے خیال میں ان سے برتر نہیں ہیں غرض بادشاہ نے حضرت الیاس علیہ السلام کو قتل کرنے اور دکھ پہنچانے کا ارادہ کر لیا۔

حضرت الیاس علیہ السلام کی ہجرت:

حضرت الیاس علیہ السلام کو جب بادشاہ کی شرارت کا احساس ہو گیا تو آپ اس کو چھوڑ کر چل دیے اور پہاڑوں کی چوٹیوں پر کہیں سکونت پذیر ہو گئے بادشاہ دوبارہ بعل کی پوجا کرنے لگا، الیاس علیہ السلام کسی بڑے اونچے دشوار گذار پہاڑ پر

besturdubooks.wordpress.com

چڑھ گئے اور وہاں ایک غار میں داخل ہوگئے بعض روایات میں آیا ہے کہ سات برس آپ نے آوارگی خوف (اور خانہ بدوشی) کی حالت میں چھپتے چھپاتے زمین کی گھاس اور درختوں کے پھل کھا کھا کر گزارے بادشاہ کے آدمی آپ کی تلاش میں رہے آپ کے پیچھے جاسوس بھی لگا دیے، لیکن اللہ نے آپ کو پوشیدہ رکھا۔

شہزادے کا بیمار ہونا:

سات سال پورے ہوگئے تو اللہ نے آپ کو برآمد ہونے اور قوم سے انتقام لینے کی اجازت عطا فرمائی چنانچہ اُجب کا سب سے پیارا بیٹا جو باپ کا بہت زیادہ ہم شکل تھا بحکم خدا اتنا سخت بیمار ہوگیا کہ باپ کو اس کی طرف سے ناامیدی ہو گئی، اُجب نے اپنے معبود بعل سے دعاء کی (لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا) اُجب اور اس کی رعایا سب بعل کی پرستش میں مبتلا تھے اس کی تعظیم اس حد تک کرتے تھے کہ اس کی نگرانی اور خدمت کیلئے چار سو مجاور مقرر کر رکھے تھے جن کو وہ انبیاء کہتے تھے شیطان بعل کے پیٹ میں گھس کر بولتا تھا اور یہ خدام کان لگا کر اس کا کلام سنتے تھے، شیطان کوئی گمراہ کن قانون مجاوروں کے دلوں میں ڈال دیتا تھا اور مجاور وہ حکم لوگوں کو بتا دیتے تھے اسی لئے ان مجاوروں کو انبیاء کہا جاتا تھا۔

شہزادے کی صحت کے بارے میں بتوں کی ناکامی:

شہزادے کی بیماری جب شدت پکڑ گئی تو اس نے مجاوروں سے درخواست کی کہ بعل سے اس کے بیٹے کی صحت کیلئے سفارش کریں مجاوروں نے بعل سے دعاء کی لیکن بعل نے کوئی جواب نہ دیا، اللہ نے شیطان کو بت کے اندر گھسنے سے روک دیا اس لئے بت بول نہ سکا اور مجاور اس کے سامنے گڑ گڑاتے رہے جب مجاوروں کو زاری کرتے اور گڑگڑاتے زیادہ وقت ہوگیا (اور کوئی نتیجہ نہ نکلا یہاں تک کہ بت نے کوئی بات بھی نہ کی)۔

لوگوں کا مشورہ:

لوگوں نے اُجب سے کہا اطراف شام میں کچھ معبود اور ہیں آپ ان انبیاء کو ان کے پاس بھیجئے تاکہ وہ بعل سے سفارش کردیں بعل آپ سے سخت ناراض معلوم ہوتا ہے اگر ناراض نہ ہوتا تو جواب ضرور دیتا اور آپ کی دُعاء قبول کر لیتا اجب نے کہا بعل مجھ سے ناراض کیوں ہے میں تو اس کی پوجا کرتا اور اس کے حکم کو مانتا ہوں، لوگوں نے کہا بعل کی ناراضگی کی وجہ یہ ہے کہ آپ نے اب تک الیاس کو قتل نہیں کیا اُس کے قتل کرنے میں آپ کی کوتاہی ہوئی کہ وہ صحیح سالم بچ کر چلا گیا اور وہ آپ کے معبود کا منکر ہے اُجب نے کہا میں الیاس علیہ السلام کو کیسے قتل کر سکتا ہوں میں تو اپنے بیٹے کی بیماری میں لگا ہوا ہوں، میری یہی مشغولیت الیاس علیہ السلام کی تلاش سے روک رہی ہے اور الیاس علیہ السلام کا مقام بھی مجھے معلوم نہیں کہ وہاں سے اس کو گرفتار کر لیا جائے میرا بیٹا اچھا ہو جائے تو الیاس علیہ السلام کو ڈھونڈھنے کی مجھے فراغت مل جائے گی، پھر میں اس کو کہیں پا کر قتل کر دوں گا اور اپنے معبود کو راضی کر لوں گا اس کے بعد اُجب نے چار سو انبیاء مجاوروں کو ملک شام کے بتوں کے پاس یہ درخواست کرنے کیلئے بھیجا کہ وہ اُجب کے معبود سے بیٹے کو تندرست کر دینے کی سفارش کردیں حسب الحکم انبیاء روانہ ہوگئے جب یہ لوگ پہاڑ کے سامنے پہنچے جس میں الیاس علیہ السلام سکونت پذیر تھے تو اللہ نے الیاس علیہ السلام پر وحی بھیجی کہ اب تم نیچے اتر کر ان کے سامنے جاؤ اور ان سے گفتگو کرو، ان سے کوئی خوف نہ کرو میں ان کی شرارت کو تمہاری طرف سے پھیر دوں گا یہ تمہارا کچھ بگاڑ نہ سکیں گے اور ان کے دلوں میں تمہارا رعب ڈال دوں گا۔

حضرت الیاس علیہ السلام کی دعوتِ حق:

حسب الحکم الیاس علیہ السلام پہاڑ سے اتر آئے جب ان کے سامنے پہنچے تو ان کو ٹھہر جانے کا حکم دیا سب رک گئے حضرت الیاس علیہ السلام نے فرمایا اللہ نے مجھے تمہارے پاس اور ان لوگوں کے پاس جن کو تم اپنے پیچھے چھوڑ کر آئے ہو ایک پیام دے کر بھیجا ہے لوگو! اپنے رب کا پیام خوب سن لو اور واپس جا کر اپنے آقا کو بھی پہنچا دو اور اس سے کہہ دو کہ اللہ فرماتا ہے۔

اے اُجب کیا تو نہیں جانتا کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں میں ہی بنی اسرائیل کا خدا ہوں جس نے ان کو پیدا کیا اور رزق دیا ہے اور وہی ان کو زندگی عطا کرتا ہے اور موت دیتا ہے کیا وجہ ہے کہ تو دوسروں کو میرا شریک قرار دیتا اور میرے سوا ان سے اپنے بیٹے کی شفاء مانگتا ہے، جن کے قبضے میں اگر میں نہ چاہوں تو کچھ بھی نہیں، میں اپنے نام کی قسم کھاتا ہوں کہ بیٹے کے سلسلے میں تجھے ضرور غضب میں مبتلا کروں گا اور ضرور ضرور اس پر موت کو مسلط کر دوں گا تاکہ تجھے معلوم ہو جائے کہ میرے سوا کوئی بھی اُس کیلئے کچھ نہیں کر سکتا۔

مجاوروں کی واپسی:

حضرت الیاس علیہ السلام کا یہ کلام سن کر مجاور خوف زدہ ہوگئے اور لوٹ پڑے اور بادشاہ کے پاس پہنچ کر اس کو بتایا کہ الیاس علیہ السلام ہمارے پاس اتر کر آیا تھا اور اس نے ہم کو ٹھر جانے کا حکم دیا ہم ٹھہر گئے ہمارے دلوں میں اس کا رعب بیٹھ گیا اور ہیبت چھا گئی ہماری زبانیں بند ہوگئیں ہم اتنی کثیر تعداد میں تھے لیکن اس سے بات بھی نہ کر سکے نہ اس کی بات کا جواب دے سکے وہ ایک دراز قامت دبلا پتلا آدمی تھا سر کے بال جھڑ گئے تھے بدن کی کھال کھردری ہوگئی تھی بالوں کا بنا ہوا ایک کرتہ اور چغہ پہنے ہوئے تھا کانٹوں سے اس نے کرتے کا گریبان سی لیا تھا، آخر ہم آپ کے پاس لوٹ آئے غرض حضرت الیاس علیہ السلام کی بات انہوں نے بادشاہ کو پہنچا دی۔

بادشاہ کا فریب:

اس کے بعد الیاس علیہ السلام کے زندہ رہتے ہوئے اُجب کو اپنی زندگی بے

besturdubooks.wordpress.com

سود معلوم ہونے لگی، لیکن بغیر دھوکے اور فریب کے الیاس علیہ السلام تک اس کی دسترس بھی ممکن نہ تھی اس لئے (اس نے ایک چال چلی) اپنی قوم کے پچاس طاقتور قوی آدمی مقرر کئے اور ان کو ذمہ دار بنا دیا اور حکم دے دیا کہ فریب سے کام لیں اور دھوکے میں ڈال کر الیاس علیہ السلام کو قتل کر دیں اور الیاس علیہ السلام کو جا کر لالچ دیں کہ ہم اور وہ لوگ جن کو ہم اپنے پیچھے چھوڑ کر آئے ہیں سب کے سب آپ پر ایمان لے آئیں ہیں ایسی باتیں سن کر الیاس علیہ السلام کو اطمینان ہو جائے گا اور وہ دھوکا کھا جائیں گیا وراپنے آپ پر تم لوگوں کو قابو دیں گے تم ان کو لے کر بادشاہ کے پاس آ جانا، حسب الحکم یہ لوگ روانہ ہو گئے اور جس پہاڑ میں الیاس علیہ السلام سکونت گزین تھے جب اس پر چڑھے تو منتشر ہو گئے اور انتہائی اونچی آواز سے الیاس علیہ السلام کو پکارنے لگے اور کہنے لگے اے اللہ کے نبی آپ ہم پر کرم کیجئے اور ہمارے سامنے آ جایئے ہم آپ پر ایمان لے آئے ہیں اور آپ کو سچا جانتے ہیں اور ہمارا بادشاہ اجب اور سارے لوگ بھی آپ پر ایمان لا چکے ہیں، تمام نبی اسرائیل آپ کو سلام کہتے ہیں اور انہوں نے کہا ہے کہ آپ کا پیام ہم کو پہنچ گیا اور جو کچھ آپ نے فرمایا ہم نے اس کو جان لیا اور آپ پر ایمان لے آئے اور آپ کی دعوت کو قبول کر لیا اب آپ ہمارے پاس آ جایئے اور ہمارے ساتھ قیام فرمایئے جو کچھ ہم کو آپ حکم دینگے ہم اس کی اطاعت کرینگے اور جس بات سے روکیں گے اس سے باز رہیں گے اب جب کہ ہم آپ پر ایمان لا چکے ہیں اور آپ کے فرمانبردار ہو گئے ہیں تو آپ کے لئے ہم سے الگ رہنے کی کوئی گنجائش نہیں ہے ہمارے پاس واپس آ جایئے۔

دھوکے بازوں پر آگ کا برسنا:

ان لوگوں کی یہ باتیں ایک دھوکہ تھیں، ایک فریب تھا، حضرت الیاس علیہ السلام کے دل میں ان کا کلام بیٹھ گیا آپ کو ان کے مؤمن ہونے کا خیال بھی ہوا اور (ایسی حالت میں) برآمد نہ ہونے سے اللہ (کی ناراضگی) کا اندیشہ بھی ہوا لیکن اللہ کی طرف سے اُن کے دل میں یہ خیال پیدا ہو گیا کہ ابھی توقف کرنا چاہئے اور اللہ سے دُعاء کرنی چاہئے چنانچہ آپ نے (دعا کی اور) کہا اے اللہ اگر یہ لوگ اپنے قول میں سچے ہیں تو مجھے برآمد ہونے کی اجازت عطا فرما دے اور اگر یہ جھوٹے ہیں تو ان کو مجھ سے باز رکھ اور ان پر ایسی آگ برسا جو ان کو سوختہ کر دے، ابھی یہ لفظ پورے نہ ہونے پائے تھے کہ اوپر سے آگ برسنے لگی اور سب جل کر رہ گئے۔

دوسرا دھوکہ اور ہلاکت:

اُجب اور اس کی قوم کو جب یہ اطلاع ملی تب بھی اجب اپنے ارادۂ شر سے باز نہیں آیا اور دوبارہ فریب سے کام لیا اور پہلی جماعت کی برابر ایک اور جماعت مقرر کی، جو پہلی جماعت سے زیادہ طاقتور بڑی حیلہ ساز اور چالاک تھی، حسب ہدایت یہ لوگ چل دیے اور پہاڑیوں کی چوٹیوں پر پھیل گئے اور پکارنے لگے، اے اللہ کے نبی ہم اللہ کے غضب اور گرفت سے آپ کی پناہ چاہتے ہیں وہ لوگ جو آپ کے پاس پہلے آئے تھے ہم ان کی طرح نہیں ہیں وہ تو منافق تھے ہمارے مشورے کے بغیر وہ آپ کو فریب دینے کیلئے آئے تھے اگر ہم کو ان کی حرکت کا علم ہو جاتا تو ہم ان کو قتل کر دیتے اور آپ کو تکلیف نہ اٹھانی پڑتی، اب اللہ نے ان کا کام تمام کر دیا، ان کو ہلاک کر دیا اور ہمارا اور آپ کا ان سے انتقام لے لیا حضرت الیاس علیہ السلام نے ان کی باتیں سن کر سابق کی طرح اللہ سے دعاء کی اللہ نے فوراً ان پر آگ کی بارش کر دی جس سے سب سوختہ ہو گئے۔

تیسری کارروائی:

اس تمام کارروائی کے دوران شہزادہ گی بیماری کی مصیبت شدید ہوتی رہی بادشاہ نے جب دوسرے گروہ کے ہلاک ہو جانے کی خبر سنی تو اس کا غضب بالائے غضب ہو گیا اور خود الیاس علیہ السلام کی تلاش میں جانا چاہا لیکن بیٹے کی بیماری آڑے آئی اور خود نہ جا سکا۔

ایک شخص اجب کی بیوی کا میر منشی یا سیکرٹری تھا اور (در پردہ) مؤمن تھا (لیکن بادشاہ کو اس کا مؤمن ہونا معلوم تھا) بادشاہ نے اس کو بھیجنے کی تجویز اس خیال سے کی کہ الیاس علیہ السلام اس سے مانوس ہے۔ اس کے ساتھ پہاڑ سے اتر کر آ جائے گا اور چونکہ سیکرٹری کا مؤمن ہونا بادشاہ کو معلوم تھا اور یہ جاننے کے باوجود اس نے سیکرٹری کی طرف سے چشم پوشی محض اس کی کارگزاری، امانت داری اور درستی رائے کی وجہ سے کر رکھی تھی اس لئے اس نے سیکرٹری پر یہی ظاہر کیا کہ میں الیاس علیہ السلام سے کوئی بدسلوک کرنا نہیں چاہتا۔ سیکرٹری کے ساتھ اس نے کچھ آدمیوں کی ایک جماعت اور بھی کر دی اور اس بات پر آمادہ کر دیا تھا کہ اگر الیاس علیہ السلام ساتھ آنا نہ چاہے تو گرفتار کر کے باندھ کر لے آئے اور اگر سیکرٹری اعتماد کر کے ساتھ آ جائے تو پھر خوف زدہ کرنے اور ڈرانے کی ضرورت نہیں، سیکرٹری پر اس نے اپنی توبہ کا اظہار بھی کر دیا تھا اور کہہ دیا تھا کہ اب جب کہ میرے آدمی جل چکے اور میرا بیٹا سخت بیمار ہے اور یہ سب مصیبتیں مجھ پر آ پڑی ہیں تو میں سمجھ گیا کہ یہ سب کچھ الیاس علیہ السلام کی بددعاء کا نتیجہ ہے اور مجھے اندیشہ ہے کہ الیاس علیہ السلام ہم سب لوگوں کے لئے جو باقی رہ گئے ہیں بددعا کر دے گا تو ہم سب ہلاک ہو جائیں گے اس لئے تم الیاس علیہ السلام کو پاس چلے جاؤ اور ان سے کہہ دو کہ ہم نے توبہ کر لی ہے اور (اللہ کی طرف) رجوع کر چکے ہیں اور ہماری یہ توبہ اور رضاء رب کی طلب اور ترک اصنام کا عمل اسی وقت صحیح ہو گا جب الیاس علیہ السلام ہمارے پاس موجود ہوں اور امر و نواہی صادر کریں اور رب کی خوشنودی حاصل کرنے کا راستہ بتائیں، بادشاہ نے اپنے ساتھیوں کو بھی ہدایت کر دی تھی اور اس کے حکم کے مطابق علیحدگی میں انہوں نے بھی سیکرٹری کے سامنے

اعتراف کرلیا تھا اور کہہ دیا تھا کہ جن بتوں کی ہم پہلے پوجا کرتے تھے ان کی پوجا ہم نے چھوڑ دی ہے اور الیاس علیہ السلام کے آنے تک ہم نے اس معاملہ کو ملتوی کر رکھا ہے تاکہ وہی آ کر ان کو جلا دیں اور برباد کر دیں ان باتوں میں سے کسی بات میں خلوص نہ تھا بلکہ یہ سب کچھ بادشاہ کا فریب تھا۔

غرض سکریٹری اور اس کے ساتھ ایک جماعت سب روانہ ہو گئے اور حضرت الیاس علیہ السلام والے پہاڑ پر سکرٹری چڑھ گیا اور حضرت الیاس علیہ السلام کو پکارا آپ نے اس کی آواز پہچان لی دل میں اس سے ملنے کا شوق پہلے ہی تھا، آواز سن کر ملاقات کی ایک ہوک اٹھی فوراً اللہ کی طرف سے وحی بھی آ گئی کہ باہر نکل آؤ اور اپنے صالح بھائی سے ملو اور اس سے (دوستی کے) عہد کی تجدید کرو وحی آتے ہی حضرت الیاس علیہ السلام سکرٹری کے سامنے آ گئے سلام علیک اور مصافحہ کیا اور خبر دریافت کی مرد مؤمن نے کہا مجھے اس ظالم اور سرکش قوم نے آپ کے پاس بھیجا ہے اس کے بعد پوری سرگذشت بیان کر دی اور یہ بھی کہا کہ اگر آپ میرے ساتھ نہ ہونگے اور میں تنہا واپس جاؤں گا تو مجھے خوف ہے کہ بادشاہ مجھے قتل کر دے گا اب جیسا چاہیں آپ مجھے حکم دیں میں اس کی تعمیل کروں گا اگر آپ چاہیں تو میں بادشاہ سے کٹ کر آپ کے پاس ہی رہنے لگوں اور اس کو بالکل چھوڑ دوں اور اگر آپ چاہیں تو آپ کے ہم کاب رہ کر میں اس سے مقابلہ کروں اور اگر آپ کا ارادہ کچھ پیام دے کر مجھے اس کے پاس بھیجنے کا ہو تو میں آپ کا پیام بھی پہنچا دوں گا اور اگر آپ چاہیں تو اپنے رب سے دعاء کریں کہ وہ ہمارے اس (الجھے ہوئے) معاملہ میں کشائش کا کوئی راستہ نکال دے۔

حضرت الیاس علیہ السلام کی واپسی:

اللہ نے الیاس علیہ السلام کے پاس وحی بھیجی کہ جتنی حرکتیں کی ہیں سب فریب اور دھوکہ ہیں وہ تمہارے اوپر قابو پانا چاہتے ہیں، بادشاہ اجب کو اگر اس کے بھیجے ہوئے نمائندے واپس جا کر خبر دیں گے کہ اس مرد (مؤمن) کی تم سے ملاقات ہوگئی ہے اور وہ تم کو اپنے ساتھ نہ لے جا سکا ہے تو وہ اس شخص پر (تم سے مل جانے کی) تہمت لگائے گا اور سمجھ لے گا کہ مرد مؤمن نے تمہارے معاملہ میں سستی سے کام لیا اس لئے اس کے قتل ہو جانے کا اندیشہ ہے تم اس کے ساتھ چلے جاؤ، میں تم دونوں کی طرف سے اُجب کو روک دوں گا، اس کے بیٹے کی مصیبت دوگنی کر دوں گا تاکہ بیٹے کے سوا کسی اور چیز کی اہمیت ہی اس کی نظر میں نہ رہے پھر اسی بری حالت میں میں اس کے بیٹے پر موت کو مسلط کر دوں گا جب وہ مر جائے تو اس وقت تو اس کے پاس سے لوٹ آنا۔

شہزادے کی موت:

حضرت الیاس علیہ السلام یہ حکم ملنے کے بعد ان لوگوں کے ساتھ روانہ ہو گئے اور سب لوگ اجب کے پاس پہنچ گئے جونہی یہ لوگ پہنچے اللہ نے اُجب کے بیٹے کی بیماری شدید کر دی یہاں تک کہ موت اس کے گلو گیر ہو گئی اس طرح اللہ نے اجب اور اس کے ساتھیوں کو الیاس علیہ السلام کی طرف توجہ کرنے کا موقع ہی نہیں دیا اور الیاس علیہ السلام بخیریت واپس آ گئے۔

سیکرٹری کی نجات:

جب اجب کا بیٹا مر گیا اور لوگ اس کے مسئلہ سے فارغ ہو گئے اور غم میں بھی کچھ کمی آ گئی تو اس وقت الیاس علیہ السلام کے سلسلے میں ان کی آنکھیں کھلیں اور سیکرٹری جو حضرت الیاس علیہ السلام کو لایا تھا اس سے الیاس علیہ السلام کے متعلق دریافت کیا، سیکرٹری نے کہا مجھے الیاس علیہ السلام کا کوئی علم نہیں، مجھے شہزادے کی موت اور اس کے غم نے فرصت ہی نہیں دی اور میرا خیال تھا کہ آپ نے الیاس علیہ السلام کے متعلق کچھ اعتماد کرایا ہوگا اس جواب پر سیکرٹری کی طرف سے اُجب نے پہلو تہی کر لی کیونکہ (گفتگو سے معلوم ہو گیا کہ سیکرٹری کو شہزادے کے مرنے کا) سخت غم تھا۔

حضرت الیاس کا حضرت یونس علیہ السلام کی ماں کے پاس جانا اور واپس ہونا

جب حضرت الیاس علیہ السلام کو پہاڑوں میں رہتے ہوئے ایک طویل مدت گذر گئی اور ان کو دوسرے آدمیوں کے ساتھ رہنے کا شوق پیدا ہو گیا تو پہاڑ سے اتر کر چل دیے اور ایک اسرائیلی عورت کے گھر جا کر ٹھہرے، یہ عورت مچھلی والے حضرت یونس علیہ السلام بن متی کی ماں تھی اس عورت کے گھر آپ چھ ماہ چھپے رہے یونس علیہ السلام اس وقت شیر خواہ بچہ تھے یونس علیہ السلام کی ماں حضرت الیاس علیہ السلام کی خدمت خوب کیا کرتی تھی اور اپنے مال سے ان کی مدد کرتی تھی حضرت الیاس علیہ السلام تو پہاڑوں کی سکونت کے عادی ہو چکے تھے، یہاں گھروں کی تنگی میں رہنے سے اکتا گئے اور پہاڑ پر ہی چلا جانا آپ نے پسند کیا، آخر گھر سے نکل کر اپنی (کوہستانی) جگہ پر لوٹ آئے۔

یونس علیہ السلام کی موت اور حضرت الیاس علیہ السلام کی تلاش:

حضرت الیاس علیہ السلام کی جدائی سے یونس علیہ السلام کی ماں بے تاب ہو گئی اور آپ کے نہ ہونے سے وحشت زدہ ہو گئی پھر کچھ ہی مدت کے بعد جب اس نے اپنے یونس علیہ السلام کا دودھ چھڑایا تو یونس علیہ السلام کا انتقال ہو گیا اب تو یونس علیہ السلام کی ماں پر مصیبت عظیم آ پڑی اور الیاس علیہ السلام کو تلاش کرنے کیلئے گھر سے نکل کھڑی ہوئی اور برابر پہاڑوں پر چڑھتی اور گھومتی پھری آخر آپ کو اس نے پالیا اور عرض کیا آپ کے آ جانے کے بعد میرے بچہ کے مرنے کی مجھ پر بپتا پڑ گئی جس کی وجہ سے میری مصیبت میں بڑا اضافہ ہو گیا اور اس کے نہ ہونے سے میں بڑی دکھی ہو گئی میرا اس کے سوا کوئی اور بچہ بھی نہیں ہے آپ مجھ پر رحم کیجئے اور اللہ سے دعا کر دیجئے کہ میرا بیٹا زندہ ہو جائے میں نے اس کو دفن نہیں کیا ہے اور یونہی (کپڑے

besturdubooks.wordpress.com

سے) ڈھانک دیا ہے اور اس کی موجودگی کو چھپا رکھا ہے، حضرت الیاس علیہ السلام نے فرمایا مجھے تو اس کا حکم نہیں دیا گیا ہے (یعنی مردے کو زندہ کرنے کی دعاء کا حکم نہیں دیا گیا ہے) اور میں تو بندہ ہوں وہی کرتا ہوں جسکا مجھے حکم دیا جاتا ہے، عورت یہ یہ جواب سن کر بے قرار ہوگئی اور گڑگڑانے لگی۔

یونس علیہ السلام کا زندہ ہونا:

اللہ نے حضرت الیاس علیہ السلام کے دل کو عورت کی درخواست کی جانب مائل کر دیا پوچھا تیرا بیٹا کب مرا ہے، عورت نے کہا سات روز ہوئے حضرت الیاس علیہ السلام اس کے ساتھ چل کھڑے ہوئے اور سات روز چلنے کے بعد اس کے گھر پہنچے اور اسکے بیٹے کو ۱۴ روز کا مردہ پایا آپ نے وضو کیا نماز پڑھی اور دعاء کی اللہ نے یونس علیہ السلام بن متی کو زندہ کر دیا یونس علیہ السلام زندہ ہو کر اٹھ بیٹھے جونہی اٹھ کر بیٹھے فوراً حضرت الیاس علیہ السلام اچھل کر اٹھے اور یونس علیہ السلام کو چھوڑ کر چل دیے اور اپنے مقام پر لوٹ گئے۔

تین سال کیلئے قحط:

جب قوم کی نافرمانی بہت طویل ہوگئی تو حضرت الیاس علیہ السلام ان کی نافرمانی سے بڑے تنگدل ہوگئے اللہ نے سات سال کے بعد ان کے پاس وحی بھیجی آپ نزول وحی سے پہلے بڑے خوف زدہ تھے اللہ نے الیاس کو ندا دی اور فرمایا الیاس علیہ السلام یہ غم اور بے تابی جس میں تو مبتلا ہے کیا ہے کیا تو میری وحی کا امین اور زمین پر میری بُرہان اور (ساری) مخلوق میں میرا انتخاب کردہ نہیں ہے (جو کچھ چاہے) مجھ سے مانگ لے میں تجھے عطا کر دوں گا، میں وسیع رحمت اور بڑے فضل والا ہوں حضرت الیاس علیہ السلام نے عرض کیا تو مجھے موت دے دے اور میرے اسلاف کے ساتھ مجھے ملا دے میں بنی اسرائیل سے تنگ آ گیا ہوں اور بنی اسرائیل مجھ سے تنگ دل ہو گئے ہیں اللہ نے الیاس علیہ السلام کے پاس وحی بھیجی اور فرمایا یہ وہ دن نہیں کہ میں زمین اور اہل زمین کو تجھ سے خالی کر دوں زمین کا قیام اور بہبودی تو تیری اور تجھ جیسے دوسروں لوگوں کی (برکت کی) وجہ سے ہے اگرچہ تم لوگ تھوڑے ہو مجھ سے کچھ اور سوال کر، تیرا سوال پورا کر دوں گا حضرت الیاس علیہ السلام نے عرض کیا اگر تو موت نہیں دیتا تو بنی اسرائیل سے مجھے انتقام لینے کی قدرت عطا فرما دے اللہ نے فرمایا تو کیا چاہتا ہے، الیاس علیہ السلام نے عرض کیا سات سال تک بارش کے خزانے میرے قبضہ میں دے دے کہ میری دعاء کے بغیر کوئی بدلی ان پر نہ پھیلے اور میری سفارش کے بغیر ایک بوند بارش کی ان پر نہ ہو اس کے بغیر یہ فرماں بردار نہ ہونگے اللہ نے فرمایا الیاس علیہ السلام میں اپنی مخلوق پر بڑا رحیم ہوں اگرچہ وہ ظلم کرتے ہیں (مگر میں ان پر مہربانی کرتا ہوں) الیاس علیہ السلام نے عرض کیا تو چھ سال (بارش روک دے) اللہ نے فرمایا میں اپنی مخلوق پر اس سے زیادہ مہربان ہوں اللہ نے عرض کیا اچھا تو پانچ سال اللہ نے فرمایا یہ (مدت) بھی میرے تقاضا رحم سے زائد ہے البتہ تین سال میں (بارش روک کر ان کی نافرمانی کا) بدلہ میں تجھے دے دوں گا بارش کے خزانے تیرے قبضہ میں دے دوں گا۔

قحط کے دوران حضرت الیاس علیہ السلام کی غذا کا انتظام:

حضرت الیاس علیہ السلام نے کہا پھر میں کس طرح زندہ رہوں گا اللہ نے فرمایا میں پرندوں کی ایک جماعت تیری خدمت پر لگا دوں گا سبزہ زار اور شاداب زمین سے وہ تیرا کھانا پینا لا کر تجھے پہنچا دیں گے اس کے بعد اللہ نے بارش روک دی نتیجہ میں جانور چوپائے اور زمین کے کیڑے مکوڑے مر گئے، درخت سوکھ گئے اور انسان سخت ترین مصیبت میں مبتلا ہو گئے، الیاس علیہ السلام اس مدت میں حسب سابق اپنی قوم سے چھپے رہے جہاں بھی ہوتے ان کا رزق وہاں رکھ دیا جاتا تھا قوم والوں کو بھی اس کا احساس ہو گیا اگر کسی گھر کے اندر سے روٹی کی خوشبو محسوس ہوتی تو سمجھ جاتے یہاں الیاس علیہ السلام آیا تھا چنانچہ وہاں الیاس علیہ السلام کو تلاش کرتے (اور الیاس علیہ السلام نہ ملتے تو) گھر والوں کو ان کے ہاتھوں سے بڑا دکھ پہنچتا۔

حضرت الیاس علیہ السلام کی دعاء سے بڑھیا کے گھر میں برکت:

حضرت الیاس علیہ السلام نے فرمایا تین سال تک بنی اسرائیل قحط کی مصیبت میں مبتلا رہیں گے ایک روز کسی بوڑھیا کی طرف سے آپ کا گذر ہوا آپ نے اس سے فرمایا کیا تیرے پاس کچھ کھانا ہے بڑھیا نے کہا ہاں! کچھ آٹا اور تھوڑا سا روغن زیتون ہے راوی کا بیان ہے حضرت الیاس علیہ السلام نے دونوں چیزیں منگوالیں اور موجود چیزوں میں برکت کی دعاء کی اور ان پر ہاتھ پھیر دیا، فوراً بوڑھیا کا بورا آٹے سے اور مٹکے روغن زیتون سے بھر گئے (اور خود چل دیے) لوگوں نے جب بڑھیا کے پاس یہ چیزیں دیکھیں تو پوچھا یہ چیزیں تیرے پاس کہاں سے آئیں بڑھیا نے حضرت الیاس علیہ السلام کا پورا حلیہ بیان کیا اور کہا اس حلیہ کا ایک آدمی یہاں آیا تھا (اس کی دعاء سے ایسا ہوا) لوگ پہچان گئے کہ وہ الیاس علیہ السلام ہی تھے آخر آپ کو تلاش کر کے ایک جگہ پا لیا لیکن آپ بھاگ گئے اور کسی اسرائیلی عورت کے گھر میں جا کر مقیم ہو گئے۔

ایک بیمار لڑکے کا صحیح ہونا اور ایمان لانا:

اس عورت کا ایک لڑکا سخت بیمار تھا جس کا نام الیسع بن اخطوب تھا عورت نے حضرت الیاس علیہ السلام کو مکان میں جگہ دی اور چھپا لیا، آپ نے اس لڑکے کے لئے دعاء کی لڑکا تندرست ہو گیا اور حضرت الیاس علیہ السلام پر ایمان لے آیا اور آپ کے ساتھ ہولیا پیچھے لگ گیا جہاں الیاس علیہ السلام جاتے وہ لڑکا بھی ساتھ جاتا، حضرت الیاس علیہ السلام اس وقت عمر رسیدہ اور کبیر السن ہو چکے تھے الیسع نوجوان تھا۔

وحی: اللہ نے الیاس علیہ السلام کے پاس وحی بھیجی کہ تو نے بہت مخلوق

besturdubooks.wordpress.com

کو بارش کو روک دینے کی وجہ سے ہلاک کر دیا وہ مواشی اور چوپائے اور پرندے اور کیڑے مکوڑے جو بے قصور تھے بارش بند ہو جانیکی وجہ سے مر گئے (بقول اہل روایت) الیاس علیہ السلام نے عرض کیا اے میرے رب! اب مجھے ہی تو اجازت دے دے کہ میں ہی ان کے لئے دعاء کروں اور جس دکھ میں یہ پھنسے ہوئے ہیں اس سے رہائی میری ہی دعاء سے ان کو مل جائے اس طرح شاید یہ باز آ جائیں اور جس شرک میں مبتلا ہیں اس سے نکل آئیں جواب ملا اچھا۔

حضرت الیاس علیہ السلام کی دُعاء سے بارش برسنا اور قوم کی عہد شکنی

یہ جواب پانے کے بعد حضرت الیاس علیہ السلام بنی اسرائیل کے پاس گئے اور فرمایا کوئی شک نہیں کہ تم لوگ بھوک اور دکھ سے ہلاک ہو گئے اور تمہارے گناہوں کی وجہ سے مویشی اور چوپائے اور پرندے اور کیڑے مکوڑے بھی مر گئے اور درخت بھی مردہ ہو گئے تم سب بلاشبہ باطل پرست ہو اگر تم کو اس کا ثبوت درکار ہے تو اپنے بتوں کو میرے سامنے نکال لاؤ اگر وہ تمہاری دُعائیں قبول کر لیں (اور بارش ہو جائے) تو بے شک تمہاری بات سچی ہو گی اور اگر وہ ایسا نہ کر سکے تو خود تم کو معلوم ہو جائے گا کہ تم باطل پرست ہو اس وقت تم اپنے خود ساختہ شرک سے نکل آنا پھر میں اللہ سے دُعاء کروں اور وہ تمہاری یہ مصیبت جس میں تم پھنسے ہوئے ہو دُور کر دیگا قوم والوں نے کہا آپ نے انصاف کی بات کی چنانچہ وہ اپنے بتوں کو باہر نکال کر لے آئے اور ان سے دُعائیں کیں جس مصیبت میں گرفتار تھے وہ دُور نہ ہوئیں۔ پھر حضرت الیاس علیہ السلام نے دُعاء کی الیسع بھی آپ کے ساتھ شریک تھے فوراً سطح سمندر پر ایک ڈھال کے برابر بدلی اٹھی اور دیکھتے ہی دیکھتے ان کی طرف بڑھی اور آفاق پر چھا گئی پھر بحکم خدا اس سے اتنی بارش ہوئی کہ مردہ بستیوں میں جان پڑ گئی اور اللہ نے ان کی فریادرسی کی جب اللہ نے ان کا دکھ دور کر دیا تب بھی انہوں نے وعدہ پورا نہیں کیا اور کفر کو نہ چھوڑا اور اپنی بدترین حالت پر قائم رہے۔

حضرت الیاس کی قوم سے جدائی:

الیاس علیہ السلام نے جب یہ حالت دیکھی تو (مایوس ہو کر) اللہ سے دعاء کی کہ اب مجھے ان لوگوں سے نجات دے (بقول اہل روایت) جواب ملا فلاں تاریخ کا انتظار کرو مقررّ دن آ جائے تو فلاں مقام پر چلے جانا اور جو سواری تمہارے پاس آ جائے بے دھڑک اس پر سوار ہو جانا۔

حسب الحکم الیاس علیہ السلام اور ان کے ساتھ الیسع نکل کر اس مقام پر پہنچے جہاں پہنچنے کا حکم دیا گیا تھا ایک آتشیں گھوڑا (اور بقول بعض) آگ کے رنگ کا گھوڑا پاس آ کر کھڑا ہو گیا الیاس علیہ السلام کود کر اس پر سوار ہو گئے اور گھوڑا آپ کو لے کر روانہ ہو گیا، الیسع علیہ السلام نے پکار کر کہا حضرت میرے متعلق آپ کا کیا حکم ہے، حضرت الیاس علیہ السلام نے فضاء اعلیٰ کی بلندی سے اپنی ایک تحریر پھینک دی، یہ علامت تھی کہ الیسع کو بنی اسرائیل کی ہدایت کے لئے حضرت کا خلیفہ بنا دیا گیا، حضرت الیسع علیہ السلام کی حضرت الیاس علیہ السلام سے یہ آخری ملاقات تھی، اللہ نے الیاس علیہ السلام کو بنی اسرائیل کے اندر سے نکال کر اوپر اٹھا لیا، الیاس علیہ السلام کو کھانے پینے سے بے نیاز کر دیا اور (فرشتوں جیسے) پر دار بازو عنایت کر دیے اور ان کو ملکی انسان بنا دیا جو ارضی (انسان) بھی تھے اور سماوی (فرشتہ) بھی۔

بادشاہ اور ملکہ کی ہلاکت:

شاہ اُجب اور اس کی قوم پر اللہ کے ایک غیبی دشمن کو مسلط کر دیا کہ لوگوں کی بے خبری میں اس نے ان پر حملہ کر دیا اور اُجب اور اُس کی بیوی کو مزدکی کے باغ میں قتل کر دیا اور اسی باغیچہ میں ان کی لاشیں پڑی رہیں کہ گوشت پارہ پارہ ہو گیا اور ہڈیاں بوسیدہ ہو گئیں۔

حضرت الیسع پر وحی اور قوم کا ایمان لانا:

اللہ نے وحی کے ذریعے سے اُس واقعہ کی اطلاع الیسع علیہ السلام کو دے دی اور رسول بنا کر بنی اسرائیل کے پاس بھیجا بنی اسرائیل الیسع علیہ السلام پر ایمان لائے، آپ کی عزت کی اور وفات تک آپ کی حکومت بنی اسرائیل پر قائم رہی۔

حضرت خضر و حضرت الیاس کی رفاقت:

سری بن یحییٰ نے عبدالعزیز بن ابی الدرداء کے حوالے سے بیان کیا ہے کہ حضرت الیاس علیہ السلام اور حضرت خضر علیہ السلام دونوں بیت المقدس میں ماہ رمضان المبارک کے روزے رکھتے ہیں اور حج کے موقع پر ہر سال دونوں ملتے ہیں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ الیاس علیہ السلام بیابانوں اور خضر سمندروں (کی ڈیوٹی) پر مقرر ہیں (الیاس علیہ السلام جنگلوں میں بھولے بھٹکے کی راہنمائی کرتے ہیں اور خضر بحری مسافروں کی مدد کرتے ہیں) **كذا ذكر البغوى فى تفسير قوله تعالىٰ و ان الياس لمن المرسلين.** (تفسیر مظہری)

بعثت کا زمانہ اور مقام:

قرآن و حدیث سے یہ بھی پتہ نہیں چلتا کہ حضرت الیاس علیہ السلام کب اور کہاں مبعوث ہوئے تھے؟ لیکن تاریخی اور اسرائیلی روایات اس بات پر تقریباً متفق ہیں کہ آپ حضرت حزقیل علیہ السلام کے بعد اور حضرت الیسع علیہ السلام سے پہلے بنی اسرائیل کی طرف مبعوث ہوئے تھے، یہ وہ زمانہ تھا جب کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے جانشینوں کی بدکاری کی وجہ سے بنی اسرائیل کی سلطنت دو حصوں میں بٹ گئی تھی، ایک حصہ یہوداہ یا یہود یہ کہلاتا تھا، اور اس کا مرکز بیت المقدس تھا، اور دوسرا حصہ اسرائیل کہلاتا تھا، اور اس کا مرکز بیت المقدس تھا، اور دوسرا حصہ اسرائیل کہلاتا تھا اور اس کا پایہ تخت سامرہ (موجودہ

besturdubooks.wordpress.com

نابلس) تھا، حضرت الیاس علیہ السلام اردن کے علاقہ جلعاد میں پیدا ہوئے تھے، اُس وقت اسرائیل کے ملک میں جو بادشاہ حکمران تھا اسکا نام بائبل میں اخی اب اور عربی تواریخ وتفاسیر میں اجب یا اخب مذکور ہے، اس کی بیوی ایزبل، بعل نامی ایک بُت کی پرستار تھی، اور اسی نے اسرائیل میں بعل کے نام پر ایک بڑی قربان گاہ تعمیر کر کے تمام بنواسرائیل کو بُت پرستی کے راستہ پر لگا دیا تھا، حضرت الیاس علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم ہوا کہ وہ اس خطے میں جا کر توحید کی تعلیم دیں، اور اسرائیلیوں کو بت پرستی سے روکیں (ملاحظہ ہو تفسیر ابن جریر ص ۵۳، ج ۲۳ وابن کثیر ص ۱۹ ج ۴ وتفسیر مظہری ص ۱۳۴ ج ۸ اور بائبل کی کتاب سلاطین اول ۱۶: ۲۹ تا ۳۳ و ۱۷: ۱)

حضرت الیاس علیہ السلام کے بارے میں تمام روایات کا خلاصہ:

تمام روایات سے خلاصہ کے طور پر جو قدر مشترک نکلتی ہے وہ یہ ہے کہ حضرت الیاس علیہ السلام نے اسرائیل کے بادشاہ اخیاب اور اس کی رعایا کو بعل نامی بت کی پرستش سے روک کر توحید کی دعوت دی، مگر دو ایک حق پسند افراد کے سوا کسی نے آپ کی بات نہیں مانی، بلکہ آپ کو طرح طرح سے پریشان کرنے کی کوشش کی، یہاں تک کہ اخی اب اور اس کی بیوی ایزبل نے آپ کو شہید کرنے کے منصوبے بنائے، آپ نے ایک دور افتادہ غار میں پناہ لی، اور عرصہ دراز تک وہیں مقیم رہے، اس کے بعد آپ نے دعا فرمائی، کہ اسرائیل کے لوگ قحط سالی کا شکار ہو جائیں، تا کہ اس قحط سالی کو دور کرنے کیلئے آپ اُن کو معجزات دکھائیں تو شاید وہ ایمان لے آئیں، چنانچہ انہیں شدید قحط میں مبتلا کر دیا گیا۔

اس کے بعد حضرت الیاس علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے حکم سے اخیاب سے ملے، اور اس سے کہا کہ یہ عذاب اللہ کی نافرمانی کی وجہ سے ہے، اور اگر تم اب بھی باز آ جاؤ تو یہ عذاب دور ہو سکتا ہے، میری سچائی کے امتحان کا بھی یہ بہترین موقع ہے، تم کہتے ہو کہ اسرائیل میں تمہارے معبود بعل کے ساڑھے چار سو نبی ہیں، تم ایک دن اُن سب کو میرے سامنے جمع کر لو، وہ بعل کے نام پر قربانی پیش کریں اور میں اللہ کے نام پر قربانی کروں گا جس کی قربانی کو آسمانی آگ آ کر بھسم کر دے گی، اس کا دین سچا ہوگا، سب نے اس تجویز کو خوشی سے مان لیا۔

چنانچہ کوہ کرمل کے مقام پر یہ اجتماع ہوا، بعل کے جھوٹے نبیوں نے اپنی قربانی پیش کی، اور صبح سے دوپہر تک بعل سے التجائیں کرتے رہے، مگر کوئی جواب نہ آیا اس کے بعد حضرت الیاس علیہ السلام نے اپنی قربانی پیش کی، اس پر آسمان سے آگ نازل ہوئی، اور اس نے حضرت الیاس علیہ السلام کی قربانی کو بھسم کر دیا یہ دیکھ کر بہت سے لوگ سجدے میں گر گئے، اور اُن پر حق واضح ہو گیا، لیکن بعل کے جھوٹے نبی اب بھی نہ مانے، اس نے حضرت الیاس علیہ السلام کو وادی قیشون میں قتل کرا دیا۔

اس واقعہ کے بعد موسلا دھار بارش بھی ہوئی، اور پورا خطہ پانی سے نہال ہو گیا لیکن سند ضعیف ہے یا اس لئے کہ جن اشخاص کی طرف سے یہ واقعات منسوب کئے گئے ہیں وہ مجہول ہیں"۔ (البدایہ والنہایہ)

بعل بت: بعل کے لغوی معنی شوہر اور مالک وغیرہ ہیں لیکن یہ اس بت کا نام تھا جسے حضرت الیاس علیہ السلام کی قوم نے اپنا معبود بنایا ہوا تھا، بعل کی پرستش کی تاریخ بہت قدیم ہے، شام کے علاقہ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں اس کی پرستش ہوتی تھی اور یہ اُن کا سب سے زیادہ مقبول دیوتا تھا، شام کا مشہور شہر بعلبک بھی اسی کے نام سے موسوم ہوا، اور بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اہل حجاز کا مشہور بت ہبل بھی یہی بعل ہے۔ (قصص القرآن ص ۲۸ ج ۲) (معارف مفتی اعظم)

اَللّٰهَ رَبَّكُمْ وَرَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ۝
جو اللہ ہے رب تمہارا اور رب تمہارے اگلے باپ دادوں کا ☆

حقیقی خالق کو کیوں چھوڑتے ہو:

یعنی یوں تو دنیا میں آدمی بھی تحلیل وترکیب کر کے بظاہر بہت سی چیزیں بنا لیتے ہیں مگر بہتر بنانے والا وہ ہے کہ جو تمام اصول وفروع، جواہر واعراض اور صفات وموصوفات کا حقیقی خالق ہے۔ جس نے تم کو اور تمہارے باپ دادوں کو پیدا کیا۔ پھر یہ کیسے جائز ہوگا کہ اس احسن الخالقین کو چھوڑ کر "بعل" بت کی پرستش کی جائے اور اس سے مدد مانگی جائے جو ایک ذرہ کو ظاہری طور پر بھی پیدا نہیں کر سکتا۔ بلکہ اسکا وجود خود اپنے پرستاروں کا رہین منت ہے۔ انہوں نے جیسا چاہا بنا کر کھڑا کر دیا۔ (تفسیر عثمانی)

فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ۝
پھر اُس کو جھٹلایا سو وہ آنیوالے ہیں پکڑے ہوئے ☆

یعنی جھٹلانے کی سزا مل کر رہے گی۔ (تفسیر عثمانی)

اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ۝
مگر جو بندے ہیں اللہ کے چنے ہوئے ☆

یعنی سب نے جھٹلایا مگر اللہ کے چنے ہوئے بندوں نے تکذیب نہیں کی، لہٰذا وہ ہی سزا سے بچے رہینگے۔ (تفسیر عثمانی)

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝
اور باقی رکھا ہم نے اُس پر پچھلے لوگوں میں کہ
سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ ۝
سلام ہے الیاس پر ☆
اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝
ہم یوں دیتے ہیں بدلہ نیکی کرنیوالوں کو

besturdubooks.wordpress.com

اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۲﴾
وہ ہے ہمارے ایمان دار بندوں میں

حضرت الیاس علیہ السلام پر سلامتی:

''الیاس'' کو ''الیاسین'' بھی کہتے ہیں کہ جیسے ''طور سینا'' کو ''طور سینین'' کہہ دیا جاتا ہے یا الیاسین سے حضرت الیاس کے متبعین مراد ہوں اور بعض نے ''آل سین'' بھی پڑھا ہے تو ''یاسین'' ان کے باپ کا نام ہوگا یا ان ہی کا نام ''یاسین'' اور لفظ آل مقحم ہو جیسے ''کما صلیت علی ال ابراھیم میں یا اللھم صل علی آل ابی اوفی میں ہے۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

الیاس علیہ السلام کو الیاسین بھی کہا جاتا ہے جیسا کہ سینا کو سینین، اسماعیل کو سمعین اور میکائیل کو میکائین، فراء نے کہا الیاسین الیاس کی جمع ہے اس سے مراد ہی حضرت الیاس علیہ السلام اور حضرت کے مؤمن ساتھی (یعنی الیاس والے)۔ (تفسیر مظہری)

وَاِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۳۳﴾
اور تحقیق لوط ہے رسولوں میں سے
اِذْ نَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۳۴﴾
جب بچادیا ہم نے اس کو اور اس کے سارے گھر والوں کو
اِلَّا عَجُوْزًا فِى الْغٰبِرِيْنَ ﴿۱۳۵﴾
مگر ایک بڑھیا کہ رہ گئی رہ جانیوالوں میں ☆

یعنی اُن کی زوجہ جو معذبین کے ساتھ ساز باز رکھتی تھیں۔ (تفسیر عثمانی)

ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۱۳۶﴾
پھر جڑ سے اُکھاڑ پھینکا ہم نے دوسروں کو ☆

یعنی لوط اور اسکے گھر والوں کے سوا دوسرے سب باشندوں پر بستی الٹ دی گئی۔ یہ قصہ پہلے کئی جگہ مفصل گزر چکا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ مُّصْبِحِيْنَ ﴿۱۳۷﴾
اور تم گذرتے ہو اُن پر صبح کے وقت
وَبِالَّيْلِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۳۸﴾
اور رات کو بھی پھر کیا نہیں سمجھتے ☆

مکہ والوں کیلئے عبرت:

یہ مکہ والوں کو فرمایا۔ کیونکہ ''مکہ'' سے ''شام'' کو جو قافلے آتے جاتے تھے قوم لوط کی الٹی ہوئی بستیاں ان کے راستہ سے نظر آتی تھیں۔ یعنی دن رات ادھر گزرتے ہوئے یہ نشان دیکھتے ہیں پھر بھی عبرت نہیں ہوتی کیا نہیں سمجھتے کہ جو حال ایک نافرمان قوم کا ہوا وہ دوسری نافرمان اقوام کا بھی ہو سکتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

علیھم یعنی ان کے گھروں پر سے گذرتے ہو جب ملک شام کا سفر کرتے ہو تو سدوم سر راہ واقع ہوتا ہے مُّصْبِحِيْنَ وَبِالَّيْلِ یعنی صبح شام مراد ہے دن رات یہ بھی ہوسکتا ہے کہ قوم لوط علیہ السلام کی بستیوں کے کھنڈر مسافروں کی فرودگاہ کے قریب ہوں، فرودگاہ سے صبح کو کوچ کرنیوالا صبح کو ان بستیوں کی طرف سے گذرتا ہوا اور جو فرودگاہ پر شام کو پہنچنے والا ہو وہ ان پر شام کو گزرتا ہو، اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ یعنی کیا اہل عقل نہیں ہو کہ ان کو دیکھ کر عبرت حاصل کرو، یہ جملہ معترضہ ہے۔ (تفسیر مظہری)

اور قاضی ابوالسعود فرماتے ہیں کہ غالباً سدوم کا یہ علاقہ راستے کی ایسی منزل پر واقع تھا کہ یہاں سے کوچ کرنے والے صبح کے وقت روانہ ہوتے تھے اور آنے والے شام کے وقت آتے تھے۔ (تفسیر ابی السعود) (معارف مفتی اعظم)

وَاِنَّ يُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۳۹﴾
اور تحقیق یونس ہے رسولوں میں سے
اِذْ اَبَقَ اِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۱۴۰﴾
جب بھاگ کر پہنچا اُس بھری کشتی پر
فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ ﴿۱۴۱﴾
پھر قرعہ ڈلوایا تو نکلا خطاوار ☆

کشتی دریا میں چکر کھانے لگی، لوگوں نے کہا کہ اس میں کوئی غلام ہے اپنے مالک سے بھاگا ہوا، سب کے ناموں پر کئی مرتبہ قرعہ ڈالا، ہر مرتبہ اُن کا نام نکلا یہ قصہ سورۂ ''یونس'' اور سورۂ ''انبیاء'' میں مفصل گذر چکا ہے وہاں اس کی تحقیق ملاحظہ کی جائے۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت یونس علیہ السلام کی آزمائش:

امام احمد نے زہد میں اور عبدالرزاق، عبد بن حمید اور ابن المنذر نے طاؤس کی روایت سے بیان کیا ہے کہ جب حضرت یونس علیہ السلام نے اپنی قوم کو عذاب آنے کی دھمکی دی (اور نزول کا دن مقرر کر دیا اور اس مقرر وقت پر عذاب نہیں آیا عذاب آنے میں تاخیر ہوگئی) تو آپ اللہ کا حکم ملنے سے پہلے نکل کھڑے ہوئے اور بھاگ کر ایک کشتی پر جا کر سوار ہو گئے لیکن وہ کوشش کے بعد بھی) اڑ کر کھڑی ہوگئی ملاحوں نے کہا کشتی میں کوئی بھاگا ہوا غلام موجود ہے چنانچہ قرعہ اندازی کی گئی اور یونس علیہ السلام کا نام پر قرعہ نکل آیا (اور آپ مفرور غلام قرار پا گئے)

بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ اور وہب بن منبہ کا قول آیا

besturdubooks.wordpress.com

ہے کہ تین بار لوگوں نے قرعہ ڈالا اور ہر مرتبہ یونس علیہ السلام کا نام نکلا، بغوی نے لکھا ہے یہ بھی مروی ہے کہ جب آپ سمندر پر پہنچے تو آپ کے ساتھ بیوی اور آپ کے دولڑ کے تھے کشتی آئی آپ نے پہلے سوار ہونے کے لئے بیوی کو آگے بڑھایا لیکن سوار کرتے کرتے ایک لہر بیچ میں آ گئی (جو بیوی کو بہا کر لے گئی) پھر دوسری ایک لہر آئی جو بڑے بیٹے کو پکڑ کر لے گئی چھوٹا بیٹا (کنارہ پر) اکیلا رہ گیا تھا اس کو بھیڑیا لے گیا اتنے میں ایک اور کشتی آ گئی آپ اس میں تنہا سوار ہو گئے اور لوگوں سے الگ ایک گوشہ میں بیٹھ گئے کشتی روانہ ہو گئی لیکن بیچ سمندر میں پہنچ کر اڑ کر رک گئی اور کشتی والوں نے قرعہ ڈالا۔ ہم نے سورۂ یونس میں پورا قصہ بیان کر دیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

قرعہ اندازی کا حکم:

یہاں یہ یاد رکھنا چاہئے کہ قرعہ اندازی کے ذریعہ نہ کسی کا حق ثابت کیا جا سکتا ہے نہ کسی کو مجرم قرار دیا جا سکتا ہے، مثلاً قرعہ کے ذریعے کسی کو چور ثابت نہیں کیا جا سکتا، اسی طرح اگر دو آدمیوں میں یہ اختلاف ہو کہ فلاں جائیداد کس کی ملکیت ہے تو قرعہ کے ذریعہ اس کا فیصلہ نہیں ہو سکتا، ہاں قرعہ اندازی اس موقع پر جائز بلکہ بہتر ہے جہاں ایک شخص کو شرعاً مکمل اختیار حاصل ہو کہ وہ چند جائز راستوں میں سے کسی بھی راستے کو اختیار کر لے، اب وہ اپنی مرضی سے کوئی راستہ متعین کرنے کے بجائے قرعہ ڈال کر فیصلہ کرے، مثلاً جس شخص کی ایک سے زائد بیویاں ہوں اُسے سفر میں جاتے وقت یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ جس بیوی کو چاہے ساتھ لے جائے اب وہ اپنی مرضی سے ایسا کرنے کے بجائے قرعہ اندازی کر لے تو بہتر ہے، تاکہ کسی کی دل شکنی نہ ہو، آنحضرت ﷺ کا یہی معمول تھا۔

حضرت یونس علیہ السلام کے واقعہ میں بھی قرعہ اندازی سے کسی کو مجرم ثابت کرنا مقصود نہیں تھا، بلکہ پوری کشتی کو بچانے کیلئے کسی کو بھی دریا میں ڈالا جا سکتا تھا قرعہ کے ذریعہ اس کی تعیین کی گئی۔ (معارف مفتی اعظم)

فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿۱۴۲﴾
پھر لقمہ کیا اُس کو مچھلی نے اور وہ الزام کھایا ہوا تھا ☆

الزام: الزام یہ ہی تھا کہ خطائے اجتہادی سے حکم الٰہی کا انتظار کئے بغیر بستی سے نکل پڑے اور عذاب کے دن کی تعیین کر دی۔ (تفسیر عثمانی)

انبیاء علیہم السلام کا مقام: حضرات انبیاء کا درجہ سب سے اعلیٰ اور ارفع ہے اس لئے ان کی خطاء اجتہادی اور سہو و نسیان پر بھی مواخذہ اور ملامت ہوتی ہے حسنات الابرار سیئات المقربین یعنی ابرار کے مرتبہ میں جو امور حسنات ہیں وہ مقربین کے درجہ میں سیئات ہیں۔

اور ایک روایت میں ہے کہ عالم غیب سے مچھلی کو آواز آئی اے مچھلی ہم نے یونس کو تیرے لئے رزق نہیں بنایا بلکہ تجھ کو اسکے لئے مکان حفاظت اور مسجد بنایا۔ تفسیر قرطبی (معارف کاندھلوی)

فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ﴿۱۴۳﴾
پھر اگر نہ ہوتی یہ بات کہ وہ یاد کرتا تھا پاک ذات کو
لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۴۴﴾
تو رہتا اُسی کے پیٹ میں جس دن تک کہ مردے زندہ ہوں ☆

تسبیح کی برکت:

یعنی چونکہ مچھلی کے پیٹ میں بھی اور پیٹ میں جانے سے پہلے بھی اللہ پاک کو بہت یاد کرتا تھا اس لئے ہم نے اس کو جلدی نجات دے دی۔ ورنہ قیامت تک اس کے پیٹ سے نکلنا نصیب نہ ہوتا مچھلی کی غذا بن جاتا (تنبیہ) "لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖٓ الی آخرہ" کنایہ ہے کبھی نہ نکلنے سے اور یہ واقعہ دریائے "فرات" کا ہے۔ علامہ محمود آلوسی بغدادی نے لکھا ہے کہ ہم نے خود اس دریا میں بہت بڑی بڑی مچھلیاں مشاہدہ کی ہیں تعجب نہ کیا جائے۔ پہلے گزر چکا ہے کہ شکم ماہی میں ان کی تسبیح یہ تھی لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ"

فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِيْمٌ ﴿۱۴۵﴾
پھر ڈال دیا ہم نے اس کو چٹیل میدان میں اور وہ بیمار تھا
وَاَنْۢبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ﴿۱۴۶﴾
اور اُگایا ہم نے اُس پر ایک درخت بیل والا ☆

مچھلی کے پیٹ سے باہر آنا:

مچھلی کو حکم ہوا اس نے حضرت یونس کو اپنے پیٹ سے نکال کر ایک کھلے میدان میں ڈال دیا غالباً کافی غذا ہوا وغیرہ نہ پہنچنے کی وجہ سے بیمار اور نحیف ہو گئے۔ کہتے ہیں کہ دھوپ کی شعاع اور مکھی وغیرہ کا بدن پر بیٹھنا بھی ناگوار ہوتا تھا اللہ کی قدرت سے وہاں کدو کی بیل اگ آئی۔ اس کے پتوں نے ان کے جسم پر سایہ کر لیا اور اسی طرح قدرت خداوندی سے غذا وغیرہ کا سامان بھی ہو گیا۔ (تفسیر عثمانی)

مچھلی کے پیٹ میں رہنے کی مدت:

ابن جریج کا قول اور عبد بن حمید و ابن المنذر کی روایت میں عکرمہ کا قول آیا کہ دن کے کچھ حصہ میں یونس علیہ السلام مچھلی کے پیٹ میں رہے، ابن ابی حاتم، حاکم اور بغوی نے شعبی کا قول نقل کیا ہے کہ چاشت کے وقت (دن چڑھے) مچھلی نے نگلا تھا اور شام کو اگل دیا۔

کیا انبیاء کی کسی لغزش کا بیان کرنا جائز ہے:

کسی نبی کی کسی لغزش کا ذکر جائز نہیں کیونکہ انبیاء کی

besturdubooks.wordpress.com

لغزشیں تو اللہ کی طرف مزید رجوع کرنے اور مراتب میں ترقی پانے کی موجب ہوتی ہیں جس نے کسی نبی پر اعتراض کیا وہ کافر ہو گیا اللہ نے (مؤمنوں کو یہ کہنے کا حکم دیا اور) فرمایا ہے لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ

حضرت ابو ہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کسی بندہ کیلئے یہ کہنا جائز نہیں کہ میں یونس علیہ السلام بن متیٰ سے افضل ہوں (متفق علیہ) بخاری کی روایت میں آیا ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا جس نے یہ کہا کہ میں یونس علیہ السلام بن متیٰ سے افضل ہوں اس نے غلط کہا۔

افضلیتِ انبیاء کا مسئلہ:

حضرت ابو ہریرہؓ کا بیان ہے کہ ایک مسلمان اور ایک یہودی میں باہم گالی گلوچ ہوئی مسلمان نے کہا قسم ہے اس کی جس نے محمد ﷺ کو سارے عالم والوں پر برتری عطا فرمائی یہودی بولا قسم ہے اس کی جس نے موسیٰ علیہ السلام کو سارے جہان والوں پر فضیلت عنایت کی، یہ سنتے ہی مسلمان نے ہاتھ اٹھا کر یہودی کے منہ پر ایک طمانچہ مار دیا یہودی نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر کیفیت واقعہ عرض کی اس کے اور مسلمان کے درمیان جو ماجرا ہوا تھا بیان کر دیا، رسول اللہ ﷺ نے اس مسلمان کو طلب فرمایا اور واقعہ دریافت کیا مسلمان نے بتا دیا حضور ﷺ نے فرمایا مجھے موسیٰ علیہ السلام پر فضیلت مت دو کیونکہ قیامت کے دن جب (سب) لوگ بے ہوش جائیں گے تو میں بھی ان کے ساتھ بے ہوش ہو جاؤں گا پھر سب سے پہلے میں ہی ہوش میں آؤں گا اور دیکھوں گا کہ موسیٰ عرش کا ایک کنارہ پکڑے (کھڑے) ہیں مجھے نہیں معلوم کہ وہ بیہوش ہونے والوں میں شامل تھے اور مجھ سے پہلے ہوش میں آ گئے یا اس مخلوق میں شامل تھے جن کو اللہ نے بیہوش ہونے سے مستثنیٰ کر دیا ہوگا۔

ایک دوسری روایت میں آیا ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا مجھے نہیں معلوم کہ موسیٰ علیہ السلام کو طور کے اوپر والی بے ہوشی کی مجرائی دے دی گئی (اور قیامت کے دن صور کی آواز سے وہ بے ہوش نہیں ہوئے) یا مجھ سے پہلے اٹھ کھڑے ہوئے اور میں نہیں کہتا کہ کوئی بھی یونس علیہ السلام بن متی سے افضل ہے۔

حضرت ابو سعیدؓ کی روایت میں آیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا انبیاء کو باہم ایک کو دوسرے پر فضیلت نہ دو۔ (متفق علیہ)

حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا اللہ کے نبیوں کو باہم فضیلت نہ دو۔

حضرت جابر بن عبداللہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قائد المرسلین (پیغمبروں کا لیڈر) ہوں اور کوئی فخر نہیں میں ہی خاتم النبیین ہوں اور کوئی فخر نہیں، میں ہی سب سے پہلے شفاعت کرنے والا ہوں گا اور سب سے پہلے مقبول الشفاعت ہوں گا اور کوئی فخر نہیں۔ (رواہ الدارمی)

میں کہتا ہوں تفضیل بین الانبیاء کی ممانعت کا مطلب یہ ہے کہ جب تک من جانب اللہ (وحی کے ذریعے سے) یقینی علم حاصل نہ ہو جائے اس وقت تک اپنی رائے اور گمان سے ایک کو دوسرے پر فضیلت نہ دو لیکن جب وحی کے ذریعے سے ایک کی دوسرے پر فضیلت ثابت ہو جائے تو بعض کو بعض سے افضل قرار دینے میں کوئی حرج نہیں۔ (تفسیر مظہری)

وَ اَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ ﴿۱۴۷﴾
اور بھیجا اس کو لاکھ آدمیوں پر یا اس سے زیادہ ☆

قوم یونس کی تعداد:

یعنی اگر صرف عاقل بالغ کو گنتے تو لاکھ تھے اور اگر سب چھوٹوں بڑوں کو شامل گنتے تو زیادہ تھے یا یوں کہو کہ ایک لاکھ سے گزر کر دو لاکھ تک نہیں پہنچے تھے۔ ہزار کی کسر نہ لگاؤ تو ایک لاکھ کہہ لو اور کسر لگائی جائے تو لاکھ کے اوپر چند ہزار زائد ہوں گے۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

اور حضرت تھانویؒ نے فرمایا کہ یہاں شک کا اظہار مقصود نہیں ہے، انہیں ایک لاکھ بھی کہا جا سکتا ہے اور اس سے زیادہ بھی، اور وہ اس طرح کہ اگر کسر کا لحاظ نہ کیا جائے تو ان کی تعداد ایک لاکھ تھی، اور اگر کسر کو بھی شمار کیا جائے تو ایک لاکھ سے زیادہ۔ (بیان القرآن) (معارف مفتی اعظم)

فَاٰمَنُوْا فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۱۴۸﴾
پھر وہ یقین لائے، پھر ہم نے فائدہ اٹھانے دیا ان کو ایک وقت تک ☆

ایمان کی وجہ سے نجات:

یعنی ایمان و یقین کی بدولت عذاب الٰہی سے بچ گئے اور اپنی عمر مقدر تک دنیا کا فائدہ اٹھاتے رہے۔ حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں "وہی قوم جس سے بھاگے تھے ان پر ایمان لا رہی تھی۔ ڈھونڈتی تھی کہ یہ جا پہنچے ان کو بڑی خوشی ہوئی" یہ قصہ پہلے گزر چکا ہے۔ سورہ "یونس" اور سورہ "انبیاء" میں دیکھ لیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

قادیانی کی تلبیس کا جواب:

حضرت یونس علیہ السلام کی قوم پر سے جو عذاب ٹلایا گیا وہ اس لئے کہ آپ کی قوم بروقت ایمان لے آئی تھی، اس سے پنجاب کے جھوٹے نبی مرزا غلام احمد قادیانی کی اس تلبیس کا خاتمہ ہو جاتا ہے کہ جب اس نے اپنے مخالفوں کو یہ چیلنج کیا کہ اگر وہ اسی طرح مخالفت کرتے رہے تو خدا کا فیصلہ ہو چکا ہے کہ فلاں وقت تک عذاب الٰہی آ جائے گا، لیکن مخالفین کی جدوجہد اور تیز ہو گئی پھر

besturdubooks.wordpress.com

بھی عذاب نہ آیا، تب ناکامی کی ذلت سے بچنے کیلئے قادیانی نے کہنا شروع کر دیا چونکہ مخالفین دل میں ڈر گئے ہیں اس لئے ان پر سے عذاب ٹل گیا جس طرح یونس علیہ السلام کی قوم پر سے ٹل گیا تھا، لیکن قرآن کریم کی یہ آیت اس تاویل باطل کو مردود قرار دیتی ہے اس لئے کہ قوم یونس علیہ السلام تو ایمان کی وجہ سے عذاب سے بچی تھی، اس کے برعکس مرزا قادیانی کے مخالفین نہ صرف یہ کہ ایمان نہیں لائے بلکہ ان کی مخالفانہ جدوجہد اور تیز ہوگئی۔ (معارف مفتی اعظم)

فَاسْتَفْتِهِمْ اَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ الْبَنُوْنَ ﴿۱۴۹﴾
اب ان سے پوچھ، کیا تیرے رب کے یہاں بیٹیاں ہیں اور ان کے یہاں بیٹے
اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّهُمْ شٰهِدُوْنَ ﴿۱۵۰﴾
یا ہم نے بنایا فرشتوں کو عورت اور وہ دیکھتے تھے
اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۱۵۱﴾
سنتا ہے وہ اپنا جھوٹ بنایا کہتے ہیں کہ
وَلَدَ اللّٰهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۵۲﴾
اللہ کے اولاد ہوئی اور وہ بیشک جھوٹے ہیں ☆

سب اللہ کی مخلوق اور محتاج ہیں:

یعنی انبیاء کا حال تو سن لیا کہ "حضرت نوح، ابراہیم، اسمٰعیل، موسیٰ، ہارون، الیاس، لوط، یونس علیہم السلام" سب کی مشکلات اللہ کی امداد و اعانت سے حل ہوئیں۔ کوئی بڑے سے بڑا مقرب اس کی دستگیری سے بے نیاز نہیں۔ اب آگے تھوڑا سا فرشتوں اور جنوں کا حال سن لو جن کی نسبت خدا جانے کیا کیا واہی تباہی عقیدے تراش کر رکھے ہیں۔ چنانچہ عرب کے بعض قبائل کہتے تھے کہ فرشتے خدا کی بیٹیاں ہیں۔ جب پوچھا جاتا کہ ان کی مائیں کون ہیں تو بڑے بڑے جنوں کی لڑکیوں کو بتلاتے۔ اسطرح (العیاذ باللہ) خدا کا ناطہ جنوں اور فرشتوں دونوں سے جوڑ رکھا تھا۔ آگے دونوں کا حال ذکر کیا جاتا ہے مگر اس سے پہلے بطور توطیہ وتمہید کفار عرب کے اس لچر پوچ عقیدہ کا رد کیا گیا ہے۔ چنانچہ ابتدائے سورۃ سے اپنی عظمت و وحدانیت کے دلائل اور قصص کے ضمن میں اپنی قدرت قاہرہ کے آثار بیان کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ اب ذرا ان احمقوں سے پوچھیئے کیا اتنی بڑی عظمت و قدرت والا خدا (معاذ اللہ) اپنے لئے اولاد بھی تجویز کرتا ہے تو بیٹیاں لیتا اور تم کو بیٹے دیتا۔ ایک تو یہ گستاخی کہ خداوند قدوس کے لئے اولاد تجویز کی، اور پھر اولاد بھی کمزور اور گھٹیا۔ اس پر مستزاد یہ کہ فرشتوں کو مونث (عورت) تجویز کیا۔ کیا جس وقت ہم نے فرشتوں کو پیدا کیا تھا یہ کھڑے دیکھ رہے تھے کہ انہیں عورت بنایا گیا ہے (لاحول ولا قوۃ الا باللہ) اس جہالت کا کیا ٹھکانا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

فاسد خیالات:

مشرکین نے جب یہ بکنا شروع کیا کہ فرشتے اللہ کی بیٹیاں ہیں تو حضرت ابوبکر نے کہا کہ ارے کم بختو بتلاؤ کہ ان کی مائیں کون ہیں تو بولے کہ سرداران جن کی بیٹیاں ان کی مائیں ہیں، بعض قبائل عرب کا یہ خیال تھا کہ اللہ تعالیٰ نے سرداران جن کی عورتوں کو اپنی جورو بنایا اور ان سے یہ فرشتے پیدا ہوئے جیسا کہ ہنود کے بھی دیوی اور دیوتاؤں کے متعلق ایسے ہی خیالات فاسدہ ہیں۔

ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ دشمنان خدا (یعنی مجوس) یہ کہتے ہیں کہ یزدان اور اہرمن یعنی اللہ تعالیٰ اور ابلیس دونوں بھائی بھائی ہیں۔ تعالی اللہ عن ذلک علوا تفسیر ابن کثیر (معارف کاندھلوی)

کفار عرب کا یہ عقیدہ تھا کہ فرشتے اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں ہیں، اور جنات کی سردارزادیاں فرشتوں کی مائیں ہیں، بقول علامہ واحدیؒ یہ عقیدہ قریش کے علاوہ جہینہ، بنوسلمہ، بنوخزاعہ اور بنو ملیح کے یہاں بھی رائج تھا۔ (تفسیر کبیر ص ۱۱۲ ج ۷) (معارف مفتی اعظم)

اَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِيْنَ ﴿۱۵۳﴾
کیا اس نے پسند کیں بیٹیاں بیٹوں سے
مَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۵۵﴾
کیا ہو گیا ہے تم کو کیسا انصاف کرتے ہو کیا تم دھیان نہیں کرتے ہو ☆

بے تکا عقیدہ: یعنی کچھ تو سوچو عیب کرنے کو بھی ہنر چاہئے۔ ایک غلط عقیدہ بنانا تھا تو ایسا بالکل ہی بے تکا نہ ہونا چاہئے تھا۔ یہ کونسا انصاف ہے کہ اپنے لئے تو بیٹے پسند کرو اور خدا سے بیٹیاں پسند کراؤ۔

اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵۶﴾
یا تمہارے پاس کوئی سند ہے کھلی
فَاْتُوْا بِكِتٰبِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۵۷﴾
تو لاؤ اپنی کتاب اگر ہو تم سچے ☆

مشرکین کے پاس دلیل بھی کوئی نہیں:

یعنی آخر یہ مہمل اور بے تکی بات نکالی کہاں سے۔ عقل و فہم اور علمی اصول سے تو اس کو لگاؤ نہیں۔ پھر کیا کوئی نقلی سند اس عقیدہ کی رکھتے ہو۔ ایسا ہے تو بسم اللہ وہ ہی دکھلاؤ۔ (تفسیر عثمانی)

وَجَعَلُوْا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا ؕ
اور ٹھہرایا ہے انہوں نے خدا میں اور جنوں میں ناتا
وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾
اور جنوں کو تو معلوم ہے کہ تحقیق وہ پکڑے ہوئے آئینگے

besturdubooks.wordpress.com

سُبۡحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوۡنَ
اللہ پاک ہے اُن باتوں سے جو یہ بتاتے ہیں ☆

جن اللہ سے ڈرتے ہیں:

یعنی احمقوں نے جنوں کے ساتھ (معاذ اللہ) دامادی کا رشتہ قائم کر دیا۔ سبحان اللہ کیا باتیں کرتے ہیں موقع ملے تو ذرا ان جنوں سے پوچھ آؤ کہ وہ خود اپنی نسبت کیا سمجھتے ہیں۔ ان کو معلوم ہے کہ دوسرے مجرموں کی طرح وہ بھی اللہ کے روبرو پکڑے ہوئے آئیں گے۔ کیا داماد کا سسرال کے ساتھ یہ ہی معاملہ ہوتا ہے۔ بعض سلف نے نسب سے مراد یہ لی ہے کہ وہ لوگ شیاطین الجن کو اللہ تعالیٰ کا حریف و مقابل سمجھتے تھے (۲) جیسے مجوس ''یزدان'' اور ''اہرمن'' کے قائل ہیں یعنی ایک نیکی کا خدا دوسرا بدی کا۔ (تفسیر عثانی)

سبب نزول:

جُو یبر کی روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا یہ آیت قریش کے تین قبائل کے متعلق نازل ہوئی، سلیم، خزاعہ اور جہینہ۔

جن کا معنی:

مجاہد اور قتادہ نے کہا الجنۃ سے مراد ملائکہ ہیں فرشتے (انسان کی) نظروں سے پوشیدہ رہتے ہیں اس لئے ان کو الجنۃ فرمایا (جن کا معنی ہے پوشیدہ ہونا) میں کہتا ہوں ملائکہ کو الجنۃ کے لفظ سے ذکر کرنا یہ بات بتا رہا ہے کہ وہ ابنیت خدا کے سزاوار نہیں۔

مشرکین کے غلط خیالات:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا ملائکہ کا ہی ایک خاص گروہ ہے جن میں سے ابلیس بھی ہے ان کو جن کہا جاتا ہے انہیں کو وہ لوگ اللہ کی بیٹیاں کہتے تھے۔ کلبی نے کہا ان کا قول تھا کہ خدا نے کسی جنی عورت سے اپنا جوڑا لگا لیا اور اس سے ملائکہ پیدا ہو گئے۔ (نعوذ باللہ منہا)

بعض قریشیوں نے جب ملائکہ کو اللہ کی بیٹیاں کہا تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے پوچھا ان کی مائیں کون ہیں بولے جنات کی شریف ترین اعلیٰ عورتیں (یعنی پریاں) ان کی مائیں ہیں۔ کذا اخرج البیہقی فی شعب الایمان مجاہد۔ (تفسیر مظہری)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ، حسن بصریؒ اور ضحاکؒ سے منقول ہے، اور وہ یہ کہ بعض اہل عرب کا عقیدہ یہ تھا کہ معاذ اللہ ابلیس اللہ تعالیٰ کا بھائی ہے، اللہ تعالیٰ خالق خیر ہے اور وہ خالق شر، یہاں اسی باطل عقیدے کی تردید کی گئی ہے۔ (ملاحظہ ہو تفسیر ابن کثیرؒ و قرطبیؒ و تفسیر کبیر)

وَلَقَدۡ عَلِمَتِ الۡجِنَّةُ اِنَّهُمۡ لَمُحۡضَرُوۡنَ (اور جنات کا عقیدہ یہ ہے کہ وہ گرفتار ہوں گے) ''وہ'' سے مراد ایسے مشرکین بھی ہو سکتے ہیں جو جنات اور شیاطین کو خدا کا ہمسر قرار دیتے تھے اور خود جنات بھی، دوسری صورت میں مطلب یہ ہے کہ جن شیاطین اور جنات کو تم نے اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرا رکھا ہے وہ خود اچھی طرح جانتے ہیں کہ آخرت میں ان کا برا حشر ہونے والا ہے، مثلاً ابلیس، کہ وہ اپنے انجام بد سے خوب واقف ہے، اب جو خود یقین رکھتا ہو کہ مجھے مبتلائے عذاب ہونا ہے اُسے خدا کا ہمسر قرار دینا کتنی بڑی حماقت ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الۡمُخۡلَصِيۡنَ
مگر جو بندے ہیں اللہ کے چنے ہوئے ☆

اخلاص و بندگی کام آئے گی:

یعنی جن میں سے ہوں یا آدمیوں میں سے اللہ کے چنے ہوئے بندے ہی اس پکڑ دھکڑ سے آزاد ہیں۔ معلوم ہوا وہاں کسی کا رشتہ ناتا نہیں۔ صرف بندگی اور اخلاص کی پوچھ ہے۔ (تفسیر عثانی)

فَاِنَّكُمۡ وَمَا تَعۡبُدُوۡنَ
سو تم اور جن کو تم پوجتے ہو
مَاۤ اَنۡتُمۡ عَلَيۡهِ بِفٰتِنِيۡنَ
کسی کو اُس کے ہاتھ سے بہکا کر نہیں لے سکتے
اِلَّا مَنۡ هُوَ صَالِ الۡجَحِيۡمِ
مگر اُسی کو جو پہنچنے والا ہے دوزخ میں ☆

سب اللہ کے اختیار میں ہے:

بہت لوگ سمجھتے ہیں کہ جنوں کے ہاتھ میں بدی کی اور فرشتوں کے ہاتھ میں نیکی کی باگ ہے۔ یہ جس کو چاہیں بھلائی پہنچائیں اور خدا کا مقرب بنا دیں اور وہ جسے چاہیں برائی اور تکلیف میں ڈال دیں یا گمراہ کر دیں۔ شاید ان ہی مفروضہ اختیارات کی بناء پر انہیں اولاد یا سسرال بنایا ہوگا۔ اس کا جواب دیا کہ تمہارے اور ان کے ہاتھ میں کوئی مستقل اختیار نہیں۔ تم اور جن شیاطین کو تم پوجتے ہو سب مل کر یہ قدرت نہیں رکھتے کہ بدون مشیت ایزدی ایک متنفس کو بھی زبردستی گمراہ کر سکو۔ گمراہ وہ ہی ہوگا جسے اللہ نے اسکے سوئے استعداد کی بناء پر دوزخی لکھ دیا اور اپنی بدکاری کی وجہ سے از خود دوزخ میں پہنچ گیا۔ (تفسیر عثانی)

وَمَا مِنَّاۤ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعۡلُوۡمٌ
اور ہم میں سے جو ہے اُس کا ایک ٹھکانا ہے مقرر ☆

فرشتوں کا کلام:

یہ کلام اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کی طرف سے گویا ان کی زبان سے فر...

besturdubooks.wordpress.com

جیسے بہت جگہ آدمیوں کی زبان سے دعائیں فرمائی ہیں۔ یعنی ہر فرشتہ کی ایک حد مقرر ہے۔ اس سے آگے نہیں بڑھ سکتا۔ یہ اس پر فرمایا کہ کافر کہتے ہیں کہ فرشتے اللہ کی بیٹیاں ہیں جنوں کی عورتوں سے پیدا ہوئیں۔ سو جنوں کو اپنا حال خوب معلوم ہے اور فرشتے یوں کہتے ہیں کہ ان کو بھی حکم الٰہی سے ذرا تجاوز کرنے کی گنجائش نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

انسان اور ملائکہ کا فرق:

ابوبکر وراق نے کہا مقام عبودیت مراد ہے جیسے خوف، امید، محبت، رضا میں کہتا ہوں (یہ بات تو صرف ملائکہ کیلئے ہے) انسان مراتب قرب میں برابر ترقی کرتا رہتا ہے رسول اللہ ﷺ نے اللہ کا ارشاد نقل کیا میرا بندہ نوافل کے ذریعہ سے میرے قریب ہوتا جاتا ہے یہاں تک کہ مجھے اس سے محبت ہو جاتی ہے، الخ۔ رواہ البخاری عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ۔

ملائکہ اپنے معیّن درجہ سے آگے نہیں بڑھ سکتے، حضرت زرارہ رضی اللہ عنہ بن ابی اوفی راوی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے دریافت کیا کیا آپ نے اپنے رب کو دیکھا ہے جبرئیل علیہ السلام نے یہ سنتے ہی بازو پھڑ پھڑائے (یعنی خوف کی وجہ سے ان پر لرزہ طاری ہو گیا) اور کہا محمد ﷺ میرے اور اس کے درمیان تو ستر ہزار نوری حجاب حائل ہیں ان پردوں میں سے اگر میں کسی کے قریب بھی پہنچ جاؤں تو جل جاؤں، ہکذا فی المصابیح، ابونعیم نے حلیہ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت سے یہ حدیث نقل کی ہے، لیکن اس روایت میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کے بازو پھڑ پھڑانے کا ذکر نہیں ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ نے جب سے اسرافیل علیہ السلام کو پیدا کیا ہے اسی وقت سے وہ برابر اپنے قدموں پر کھڑا ہے نظر اوپر نہیں اٹھاتا اس کے اور رب کے درمیان ستر نور (یعنی نوری پردے) حائل ہیں اگر ایک کے بھی قریب چلا جائے تو جل جائے۔ رواہ الترمذی وصحّحہ۔ (تفسیر مظہری)

وَّاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ ﴿۱۶۵﴾
اور ہم ہی ہیں صف باندھنے والے ☆

نماز میں صف بندی:

یعنی اپنی اپنی حد پر ہر کوئی اللہ کی بندگی اور اُس کا حکم سننے کے لئے کھڑا رہتا ہے، مجال نہیں آگے پیچھے سرک جائے۔ (تفسیر عثمانی)

ابن ابی حاتم نے یزید بن مالک کی روایت سے بیان کیا کہ لوگ منتشر طور پر نماز پڑھا کرتے تھے (یعنی قطار نہیں بناتے تھے) جب یہ آیت نازل ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے صحابہ رضی اللہ عنہم کو صف بندی کا حکم دے دیا۔

مسلم نے حضرت جابر بن سمرہ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم ملائکہ کی صفوں کی طرح صف بندی کیوں نہیں کرتے ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ملائکہ کیسے صف بندی کرتے ہیں فرمایا ملائکہ اپنے رب کے سامنے اس طرح صف بندی کرتے ہیں کہ اگلی صفوں کو پورا (پورا) بھر دیتے ہیں اور باہم مل کر کھڑے ہوتے ہیں۔

آیت کا مطلب یہ ہے کہ ادائے طاعت کے وقت ہم اپنے قدموں کو صف بستہ رکھتے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ ﴿۱۶۶﴾
اور ہم ہی ہیں پاکی بیان کرنیوالے ☆

یہاں تک فرشتوں کا کلام ختم ہوا، آگے اہل مکہ کا حال بیان فرماتے ہیں۔

وَاِنْ كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۱۶۷﴾
اور یہ تو کہا کرتے تھے
لَوْ اَنَّ عِنْدَنَا ذِكْرًا مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۶۸﴾
اگر ہمارے پاس کچھ احوال ہوتا پہلے لوگوں کا
لَكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۶۹﴾
تو ہم ہوتے بندے اللہ کے چنے ہوئے
فَكَفَرُوْا بِهٖ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۷۰﴾
سو اُس سے منکر ہو گئے، اب آگے جان لینگے ☆

بے حقیقت تمنائیں: عرب لوگ انبیاء کے نام سنتے تھے ان کے علم سے خبردار نہ تھے تو یہ کہتے یعنی اگر ہم کو پہلے لوگوں کے علوم حاصل ہوتے یا ہمارے ہاں کوئی کتاب اور نصیحت کی بات اترتی تو ہم خوب عمل کر کے دکھلاتے اور معرفت و عبادت میں ترقی کر کے اللہ کے مخصوص و منتخب بندوں میں شامل ہو جاتے۔ اب جو ان کے اندر نبی آیا تو پھر گئے وہ قول و قرار کچھ یاد نہ رکھا۔ سو اس انکار و انحراف کا جو انجام ہونے والا ہے عنقریب دیکھ لیں گے۔

وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۷۱﴾
اور پہلے ہو چکا ہمارا حکم اپنے بندوں کے حق میں جو کہ رسول ہیں
اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ ﴿۱۷۲﴾
بے شک انہی کو مدد دی جاتی ہے
وَاِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۱۷۳﴾
اور ہمارا لشکر جو ہے بیشک وہی غالب ہے ☆

besturdubooks.wordpress.com

آخر کار فتح حق والوں کی ہوتی ہے:

یعنی یہ بات علم الٰہی میں ٹھہر چکی ہے کہ منکرین کے مقابلہ میں خدا تعالیٰ اپنے پیغمبروں کو مدد پہنچاتا ہے اور آخر کار خدائی لشکر ہی غالب ہو کر رہتا ہے خواہ درمیان میں حالات کتنے ہی پلٹے کھائیں۔ مگر آخری فتح اور کامیابی مخلص بندوں ہی کے لئے ہے۔ باعتبار حجت و برہان کے بھی اور باعتبار ظاہری تسلط و غلبہ کے بھی۔ ہاں شرط یہ ہے کہ جند فی الواقع جند اللہ ہو۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت شاہ ولی اللہ قدس اللہ سرہ ازالۃ الخفاء میں آیت ہذا یعنی وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ وَاِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں یعنی روز اول میں ہمارا وعدہ اپنے برگزیدہ بندوں انبیاء و مرسلین سے متحقق ہو چکا ہے کہ تحقیق دشمن کے مقابلہ میں وہ ضرور مظفر و منصور ہوں گے اور بلاشبہ ہمارا ہی لشکر غالب آنے والا ہے اس آیت میں مرسلین سے وہ رُسل مراد ہیں جو کفار سے جہاد و قتال کے لئے مبعوث اور مامور ہوئے اور لشکر سے ان کے اصحاب اور تابعین مراد ہیں جن کے دل میں داعیہ، نصرت رُسل اور اعلاء کلمۃ اللہ ڈالا گیا خواہ مرسلین کی موجودگی میں ہوا اور خواہ ان کے وصال کے بعد جیسے صحابہ کرام کہ وہ اللہ کا لشکر تھے اور حق تعالیٰ نے جو وعدہ نبی کریم ﷺ سے اور آپ کے متبعین سے مظفر و منصور ہو جانے کا فرمایا تھا وہ دنیا نے بچشم خود دیکھ لیا کہ آنحضرت ﷺ کے اصحاب میں سے ایک خاص گروہ کے دل میں داعیہ اعلاء کلمۃ اللہ ڈالا گیا اور وہ مظفر و منصور بھی ہوئے تو بالبداہت معلوم ہو گیا کہ صحابہ کرام جند اللہ کا مصداق تھے اور اس وعدے سے مشرف اور ممتاز ہوئے اور آپ کے وصال کے بعد خلفاء راشدین کے ہاتھ پر جو فتوحات ظاہر ہوئے وہ اسی سابقہ وعدہ نصرت و غلبہ کی تکمیل تھی۔ (ازالۃ الخفاء) (معارف کاندھلوی)

نفس اور شیطان سے جہاد:

جب انسان اپنے آپ کو "اللہ کے لشکر" کا ایک فرد بنالے، جس کا لازمی مطلب یہ ہے کہ وہ ہر شعبہ زندگی میں اللہ کی اطاعت کو اپنا مقصد حیات بنائے ہوئے ہو، یہاں "جُنْدَنَا" (ہمارا لشکر) کا لفظ بتا رہا ہے کہ جو شخص اسلام قبول کرے اُسے اپنی زندگی نفس اور شیطان کی طاقتوں سے جنگ کرنے میں خرچ کرنے کا معاہدہ ہوگا، اور اس کا غلبہ خواہ مادی ہو یا اخلاقی، دنیا میں ہو یا آخرت میں، اسی شرط پر موقوف ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۱۷۸﴾
سو تو اُن سے پھر آ ایک وقت تک
وَّاَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۹﴾
اور اُن کو دیکھتا رہ کہ وہ آگے دیکھ لیں گے ☆

اہل باطل کی شکست قریب ہے:

یعنی ابھی چند روز انہیں کچھ نہ کہیے صبر کے ساتھ آپ ان کا حال دیکھتے رہئے اور یہ اپنا انجام دیکھ لینگے چنانچہ دیکھ لیا۔ (تفسیر عثمانی)

وَّاَبْصِرْهُمْ یعنی اپنے سامنے ان کو مقتول مغلوب اور عذاب میں ماخوذ دیکھ لیجئے مطلب یہ کہ یہ باتیں عنقریب ہونے والی ہیں گویا آپ کے سامنے موجود ہی ہیں، فسوف یبصرون یعنی ہم نے جو آپ ﷺ کی مدد کرنے اور دنیا میں فتح عطا کرنے اور آخرت میں آپ کو ثواب عنایت کرنے اور ان کو عذاب میں ماخوذ کرنے کا وعدہ کیا ہے وہ عنقریب دیکھ لیں گے۔ (تفسیر مظہری)

اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۱۷۶﴾ فَاِذَا نَزَلَ
کیا ہماری آفت کو جلد مانگتے ہیں پھر جب اُترے گی
بِسَاحَتِهِمْ فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۱۷۷﴾
ان کے میدان میں تو بُری صبح ہوگی ڈرائے ہوؤں کی ☆

جب عذاب آئے گا تو آنکھیں کھلیں گی:

شاید "فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ" سن کر کہا ہوگا کہ پھر دیر کیا ہے ہم کو ہمارا انجام جلدی دکھلا دو، اس کا جواب دیا کہ اپنے اوپر جو آفت لائے جانے کی جلدی مچا رہے ہو جب وہ آئے گی تو بہت برا وقت ہوگا۔ عذاب الٰہی اس طرح آئے گا جیسے کوئی دشمن گھات میں لگا ہو اور صبح کے وقت یکا یک میدان میں اتر کر چھاپہ مار جائے۔ عذاب آنے کا وقت یہی حشر ان لوگوں کا ہوگا جنہیں پہلے سے ڈرسنا کر ہوشیار کر دیا گیا تھا۔ چنانچہ فتح مکہ وغیرہ میں ایسا ہی ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

صباح کا معنی: صباح سے مراد ہے شبخون مارنے والے لشکر کے حملہ کرنے کی صبح عرب کا حملہ کرنے کا زیادہ قاعدہ یہی تھا کہ آخر شب میں صبح کے قریب چھاپہ مارتے تھے اس لئے چھاپہ مارنے اور لوٹنے کو صباح کہنے لگے خواہ غارت گری کسی وقت ہو۔

خیبر پر حملہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ خیبر کی طرف نکل چلے اور رات کو وہاں پہنچے اور آپ کا قاعدہ تھا کہ رات کو اگر (دشمن) قوم پر پہنچ جاتے تھے تو صبح تک حملہ نہیں کرتے تھے جب صبح ہوئی تو خیبر کے یہودی اپنے پھاوڑے اور ٹوکرے لے کر (شہر کے باہر) نکلے اور جونہی رسول اللہ ﷺ کو دیکھا تو کہنے لگے خدا کی قسم محمد ہیں اور (ان کے ساتھ) پورا لشکر بھی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ اکبر خیبر ویران ہو گیا، ہم جب ان کے صحن میں اتر گئے تو ان لوگوں کا دن بہت برا ہو گیا جن کو (پہلے سے) ڈرا دیا گیا تھا۔ (رواہ البغوی)

صحیحین میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کا بیان آیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب ہم کو لے کر کسی قوم پر حملہ (کرنا) چاہتے تھے تو صبح سے پہلے حملہ نہیں کرتے تھے، انتظار کرتے رہتے تھے صبح کو اگر (ان کی آبادی کی طرف سے) اذان کی آواز سن لیتے تھے تو حملہ سے باز رہتے تھے اگر اذان نہیں سنتے تھے تو ان پر حملہ کر دیتے

besturdubooks.wordpress.com

تھے چنانچہ جب ہم خیبر کی طرف چلے تو رات کو وہاں پہنچے (اور حملہ نہیں کیا) صبح ہوئی اور آپ نے (بستی کے اندر سے) اذان کی آواز نہیں سنی تو سوار ہو گئے میں بھی ابوطلحہ کے پیچھے سوار ہو گیا میرا قدم رسول اللہ ﷺ کے قدم سے لگ لگ جاتا تھا جب وہ اپنے ٹوکرے اور پھاوڑے لے کر نکلے اور انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا تو کہنے لگے خدا کی قسم محمد ﷺ ہیں اور پورا لشکر بھی ہے پھر جا کر قلعہ بند ہو گئے، رسول اللہ ﷺ نے ان کو دیکھ کر فرمایا اللہ اکبر اللہ اکبر خیبر کی ویرانی ہو گئی جب ہم کسی قوم کے صحن میں اترتے ہیں تو اُن لوگوں کیلئے وہ دن بہت برا ہوتا ہے جن کو ڈرا دیا جاتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۱۷۸﴾
اور پھر آ اُن سے ایک وقت تک
وَّاَبْصِرْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۹﴾
اور دیکھتا رہ اب آگے دیکھ لیں گے ☆

شاید پہلا وعدہ دنیا کے عذاب کا تھا اور یہ آخرت کے عذاب کا ہو، یعنی آپ دیکھتے جائیے اب آگے چل کر آخرت میں یہ کافر کیا کچھ دیکھتے ہیں۔

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾
پاک ذات ہے تیرے رب کی وہ پروردگار عزت والا پاک ہے اُن باتوں سے جو بیان کرتے ہیں
وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۲﴾
اور سلام ہے رسولوں پر اور سب خوبی ہے اللہ کو جو رب ہے سارے جہان کا ☆

تمام مضامین کا خلاصہ:

خاتمہ سورت پر تمام اصولی مضامین کا خلاصہ کر دیا یعنی اللہ کی ذات تمام عیوب ونقائص سے پاک اور تمام محاسن وکمالات کی جامع ہے۔ سب خوبیاں اسی کی ذات میں مجتمع ہیں اور انبیاء ورسل پر اس کی طرف سے سلام آتا ہے جو ان کی عظمت وعصمت اور سالم ومنصور ہونے کی دلیل ہے (تنبیہ) احادیث سے بعد نماز اور ختم مجلس پر ان آیات کے پڑھنے کی فضیلت ثابت ہوتی ہے اس لئے سورہ ہذا کے فوائد کو ان ہی آیات متبرکہ پر ختم کرتا ہوں "اے اللہ میرا خاتمہ بھی اسی عقیدہ محکم پر کیجیو" سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ" تمت فوائد الصافات۔ (تفسیر عثمانی)

امام ابن ابی حاتم نے اپنی سند سے امام شعبی تابعی کبیر سے مرسلاً روایت کیا ہے کہ جس شخص کو یہ بات پسند ہو اور اچھی معلوم ہوتی ہو کہ قیامت کے دن بھرپور پیمانہ سے ناپ کر اس کو ثواب دیا جائے گا تو اس کو چاہئے کہ اپنی ہر مجلس کے اخیر میں یہ کہہ لیا کرے۔

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

اور یہ ایک حدیث میں آیا ہے کہ مجلس سے اٹھنے سے پہلے یہ پڑھ لیا کرے سبحان اللّٰھم وبحمدک اشھد ان لا الہ الا انت استغفرک واتوب الیک تا کہ مجلس میں جو اس کی زبان سے نکلا ہے اس کا کفارہ ہو جائے، اس حدیث کا نام حدیث کفارہ مجلس ہے۔ تفسیر ابن کثیر ص ۲۶ ج ۴ (معارف القرآن کاندھلوی)

نیز ان آیتوں میں اسلام کے بنیادی عقائد توحید اور رسالت کا صراحۃً اور آخرت کا ضمناً ذکر بھی آ گیا ہے، جن کا اثبات سورت کا اصل مقصد تھا اور اس کے ساتھ ساتھ یہ تعلیم بھی دیدی گئی ہے کہ ایک مؤمن کا کام یہ ہے کہ وہ اپنے ہر مضمون ہر خطبے اور ہر مجلس کا اختتام باری تعالیٰ کی بڑائی بیان کرنے اور اس کی حمد وثناء پر کرے، چنانچہ علامہ قرطبیؒ نے یہاں اپنی سند سے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ "میں نے آنحضرت ﷺ سے کئی بار سنا ہے کہ آپ ﷺ نماز ختم ہونے کے بعد یہ آیات تلاوت فرماتے تھے: سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ الخ" (قرطبی) (معارف مفتی اعظم)

العزت غلبہ (عظمت) قوت، رب کی اضافت عزت کی طرف بتا رہی ہے کہ عزت اسی کی ذات کے ساتھ مخصوص ہے یا ان پیغمبروں اور مؤمنوں کو عزت (واقعی) حاصل ہے جو اللہ سے خصوصی تعلق رکھتے ہیں آیت میں دلالت ہے اس امر پر بھی کہ اللہ کی صفات بذات خود واجب نہیں ذات خداوندی ان صفات کی مقتضی ہے۔

عَمَّا يَصِفُوْنَ یعنی مشرکوں کے اس بیان سے اللہ پاک ہے جو اس سورت میں آیا ہے اور اسی کے ذیل میں اللہ نے اپنی سلبی اور صفات کا ذکر کر دیا ہے اور توحید پر بھی تنبیہ کر دی ہے۔

وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ اور تمام پیغمبروں پر سلام ہو۔

یعنی ان تمام پیغمبروں پر سلام ہے جنہوں نے اللہ کی واقعی صفات بیان کی ہیں اس جملہ میں اللہ کے تمام پیغمبر داخل ہیں سب کیلئے سلامتی ہے۔

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اور ساری خوبیاں اللہ ہی کے لئے ہیں جو رب العلمین ہے یعنی اللہ رب العالمین کیلئے حمد وشکر ہے، جس نے پیغمبر بھیج کر اور کتابیں نازل کر کے اور انبیاء کی مدد کر کے اور کافروں کو تباہ کر کے اپنی ذات وصفات کی سچی معرفت مؤمنوں کو عطا فرمائی۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول مروی ہے آپ نے فرمایا جو شخص چاہتا ہو کہ قیامت کے دن پورے ناپ سے اس کو اجر ناپ کر دیا جائے اس کا مجلس سے اٹھنے کے وقت آخری کلام سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ہونا چاہئے۔ رواہ البغوی فی تفسیرہ وعبد بن رنجویہ فی الترغیب۔ (تفسیر مظہری)

الحمد للہ سورۃ الصافات ختم ہوئی

besturdubooks.wordpress.com

سُوْرَةُ صٓ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانٍ وَثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَخَمْسُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ صٓ مکہ میں نازل ہوئی اور اس میں اٹھاسی آیتیں ہیں اور پانچ رکوع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ ۝ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

صٓ قسم ہے اُس قرآن سمجھانے والے کی بلکہ جو لوگ منکر ہیں

فِيْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ۝

غرور میں ہیں اور مقابلہ میں ☆

قرآن کی شہادت ☆ یعنی یہ عظیم الشان عالی مرتبہ قرآن جو عمدہ نصیحتوں سے پر اور نہایت موثر طرز میں لوگوں کو ہدایت و معرفت کی باتیں سمجھانے والا ہے، باآواز بلند شہادت دے رہا ہے جو لوگ قرآنی صداقت اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کے منکر ہیں، اس کا سبب یہ نہیں کہ قرآن کی تعلیم و تفہیم میں کچھ قصور ہے یا حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم اس کی تبلیغ و تبیین میں معاذ اللہ مقصر ہیں۔ بلکہ انکار وانحراف کا اصلی سبب یہ ہے کہ یہ لوگ جھوٹی شیخی، جاہلانہ غرور و نخوت، اور معاندانہ مخالفت کے جذبات میں پھنسے ہوئے ہیں۔ ذرا اس دلدل سے نکلیں تو حق و صداقت کی صاف سڑک نظر آئے۔ (تفسیر عثمانی)

شان نزول: امام احمد بن حنبل نے اپنی مسند میں اور بعض دیگر محدثین نے یہ مضمون نقل کیا ہے کہ ابو طالب جب بیمار ہوئے تو کفار قریش کی ایک جماعت جن میں ابو جہل بھی تھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شکایت کرنے آئے کہ محمد ہمارے معبودوں کی ہجو اور توہین کرتے ہیں اور ان کو بہت ہی بُرا بھلا کہتے ہیں۔ ابو طالب نے ان لوگوں کی موجودگی میں آپ سے دریافت کیا۔ تو آپ نے جواباً یہ ارشاد فرمایا میں ان لوگوں سے صرف ایک ہی بات کہتا ہوں کہ اگر مان لیں تو عرب ان کا مطیع ہو جائے۔ اور عجم جزیہ دینے لگیں۔ یہ لوگ پوچھنے لگے۔ ایسی کونسی وہ بات ہے۔ ایک تو کیا ہم دس باتیں ماننے کو تیار ہیں۔ بتایئے تو وہ ایک بات کیا ہے آپ نے فرمایا۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ یہ سُننا تھا کہ وہ سب نہایت برافروختہ اور مشتعل ہو کر کپڑے جھاڑتے ہوئے اُٹھ کھڑے ہوئے اور یہ کہتے جاتے تھے عجیب بات ہے کیا سب معبودوں کو ایک معبود بنا دیا اس پر یہ سورت آیۃ بَلْ لَّمَّا يَذُوْقُوْا عَذَابِ تک نازل ہوئی۔ (معارف کاندھلوی)

كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَّلَاتَ

بہت غارت کر دیں ہم نے اُن سے پہلے جماعتیں پھر لگے پکارنے

وَّلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ

اور وقت نہ رہا تھا خلاصی کا ☆

ماضی کے متکبرین کا انجام ☆ یعنی ان کو معلوم رہنا چاہئے کہ اسی غرور و تکبر کی بدولت انبیاء اللہ سے مقابلہ ٹھان کر بہت سی جماعتیں پہلے تباہ و برباد ہو چکی ہیں۔ وہ لوگ بھی مدتوں خدا کے پیغمبروں سے لڑتے رہے، پھر جب برا وقت آ کر پڑا اور عذاب الٰہی نے چاروں طرف سے گھیر لیا تو گھبرا کر شور مچانے اور خدا کو پکارنے لگے مگر اس وقت فریاد کرنے سے کیا بنتا۔ رہائی اور خلاصی کا موقع گزر چکا تھا اور وقت نہیں رہا تھا کہ ان کے شور و بکا کی طرف توجہ کی جائے۔ (تفسیر عثمانی)

ایک شاعر کہتا ہے۔

وَالْعَاطِفُوْنَ تَحِيْنَ مَا مِنْ عَاطِفٍ
وَالْمُطْعِمُوْنَ زَمَانَ مَا مِنْ مُطْعِمٍ

وہ ایسے وقت مہربانی کرتے ہیں جب کوئی مہربان موجود نہیں ہوتا اور ایسے وقت کھانا کھلاتے ہیں جب کوئی شخص کھانا کھلانے والا نہیں ہوتا۔

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کفار مکہ جب جنگ کرتے تھے تو لڑائی میں سرمست ہو جاتے تھے اور ایک دوسرے سے کہتا تھا مناص۔ اس پر اللہ نے فرمایا ولات حین مناص یعنی مناص کہنے کا وہ وقت نہ تھا یعنی نہ کوئی جائے پناہ تھی نہ بھاگ جانے کا مقام۔ (تفسیر مظہری)

وَعَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ

اور تعجب کرنے لگے اس بات پر کہ آیا اُن کے پاس ایک ڈر سنانے والا انہی میں سے

وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ

اور کہنے لگے منکر یہ جادوگر ہے جھوٹا ☆

کافروں کا جھوٹا فلسفہ: ☆ یعنی آسمان سے کوئی فرشتہ آتا تو خیر ایک بات تھی۔ ہم ہی میں سے ایک آدمی کھڑا ہو کر ہم کو ڈرانے دھمکانے لگے اور کہے میں آسمان والے خدا کی طرف سے بھیجا ہوا آیا ہوں، یہ عجیب بات ہے۔ اب بجز اس کے کیا کہا جائے کہ ایک جادوگر نے جھوٹا ڈھونگ بنا کر کھڑا کر دیا ہے۔ جادو کے زور سے کچھ کرشمے دکھا کر انہیں معجزہ کہنے لگے اور چند قصے کہانیاں جمع کر کے جھوٹا دعویٰ کر دیا کہ یہ اللہ کے اتارے ہوئے علوم ہیں اور میں اسکا پیغمبر ہوں۔ (تفسیر عثمانی)

مُنْذِرٌ مِّنْهُمْ یعنی ایک انسان اور وہ بھی انہیں میں سے پیغمبر ہو کر ان کو ڈرانے آیا ہے۔

وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ اظہار غضب اور مذمت کے لئے اور اس بات پر تنبیہ

besturdubooks.wordpress.com

کرنے کے لئے کہ کفر نے ہی ان کو ایسا کہنے کی جرأت دلائی بجائے ضمیر کے الکافرون صراحت کے ساتھ فرمایا۔

هٰذَا سٰحِرٌ یعنی اس کے معجزے اسکے جادو کے کرشمے ہیں۔ كَذَّابٌ یعنی نبوت کے دعوئی میں پکا جھوٹا ہے۔ (تفسیر مظہری)

أَجَعَلَ الْآلِهَةَ إِلَٰهًا وَاحِدًا ۖ إِنَّ هَٰذَا لَشَيْءٌ

کیا اُس نے کر دی اتنوں کی بندگی کے بدلے ایک ہی کی بندگی یہ بھی ہے

عُجَابٌ ۝ وَانْطَلَقَ الْمَلَأُ مِنْهُمْ أَنِ امْشُوا وَاصْبِرُوا

بڑے تعجب کی بات اور چل کھڑے ہوئے کئی پنچ اُن میں سے کہ چلو اور جمے رہو

عَلَىٰ آلِهَتِكُمْ ۖ

اپنے معبودوں پر☆

☆یعنی اور لیجیے! اتنے بے شمار دیوتاؤں کا دربار ختم کر کے صرف ایک خدا رہنے دیا۔ اس سے بڑھ کر تعجب کی بات کیا ہوگی کہ اتنے بڑے جہان کا انتظام اکیلے ایک خدا کے سپرد کر دیا جائے۔ اور مختلف شعبوں اور محکموں کے جن خداؤں کی بندگی قرنوں سے ہوتی چلی آتی تھی وہ سب یک قلم موقوف کر دی جائے۔ گویا ہمارے باپ دادے نرے جاہل اور بے دقوف ہی تھے جو اتنے دیوتاؤں کے سامنے سرعبودیت خم کرتے رہے۔ روایات میں ہے کہ ابوطالب کی بیماری میں ابوجہل وغیرہ چند سرداران قریش نے ابوطالب سے آ کر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شکایت کی کہ یہ ہمارے معبودوں کو برا بھلا کہتے ہیں اور ہمیں طرح طرح سے احمق بناتے ہیں۔ آپ ان کو سمجھائیے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے چچا میں ان سے صرف ایک کلمہ چاہتا ہوں جس کے بعد تمام عرب ان کا مطیع ہو جائے اور عجم ان کی خدمت میں جزیہ پیش کرنے لگے۔ وہ خوش ہو کر بولے کہ بتلایئے وہ کلمہ کیا ہے؟ آپ ایک کلمہ کہتے ہیں، ہم آپ کے دس کلمے ماننے کے لئے تیار ہیں۔ فرمایا ''زیادہ نہیں بس ایک اور صرف ایک ہی کلمہ ہے'' لا الہ الا اللہ''۔ یہ سنتے ہی طیش میں آ کر کھڑے ہو گئے اور کہنے لگے کیا اتنے خداؤں کو ہٹا کر اکیلا ایک خدا چلو جی! یہ اپنے منصوبے سے کبھی باز نہ آئیں گے۔ یہ تو انہی ہمارے معبودوں کے پیچھے ہاتھ دھو کر پڑے ہوئے ہیں تم بھی مضبوطی سے اپنے معبودوں کی عبادت وحمایت پر جمے رہو۔ مبادا ان کا پروپیگنڈہ کسی ضعیف الاعتقاد کا قدم پرانے آبائی طریقہ سے ہٹانے میں کامیاب ہو جائے۔ ان کی ان تھک کوشش کے مقابلہ میں ہم کو بہت زیادہ صبر واستقلال دکھانے کی ضرورت ہے۔

انوکھی بات: أَجَعَلَ یہ سوال بطور تعجب ہے یعنی متعدد اور کثیر معبودوں کی جگہ اس نے ایک خدا کی معبودیت کو دیدی یہ کیسی عجیب بات ہے۔ اِنَّ هٰذَا یہ تو بڑی ہی انوکھی بات ہے ہمارے اسلاف کے اجماعی طریقہ کے خلاف ہے ہم نے کبھی نہیں دیکھا کہ ایک کا علم اور قدرت اس قدر ہمہ گیر ہو جو کثیر تعداد کی جگہ پوری پوری لے لے۔

عجیب اور عُجاب کا فرق: بعض علماء نے یہ بیان کیا ہے کہ وہ انوکھی بات جس کی نظیر ہو عجیب کہلاتی ہے اور بے نظیر ہو تو اس کو عُجاب کہتے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

إِنَّ هَٰذَا لَشَيْءٌ يُرَادُ ۝

بیشک اس بات میں کوئی غرض ہے☆

☆یعنی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) جو اس قدر زور وشور اور عزم واستقلال سے ہمارے معبودوں کے خلاف جہاد کرنے پر تلے ہوئے ہیں ضرور اس میں ان کو کوئی غرض ہے وہ یہ ہی کہ ایک خدا کا نام لے کر ہم کو اپنا محکوم اور مطیع بنا لیں اور دنیا کی حکومت وریاست حاصل کریں۔ سو لازم ہے کہ اس مقصد میں ہم ان کو کامیاب نہ ہونے دیں۔ بعض مفسرین نے ''اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ یُّرَادُ'' کا مطلب یہ لیا ہے کہ بے شک یہ وہ چیز ہے جس کا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ارادہ ہی کر چکے ہیں۔ کسی طرح اس سے ہٹنے والے نہیں۔ یا یوں کہا جائے کہ یہ بات (معلوم ہوتا ہے) ہونے والی ہے۔ اللہ کو یہ ہی منظور ہے کہ دنیا میں انقلاب ہو لہٰذا جہاں تک ہو سکے صبر وتحمل سے اپنے قدیم دین اور آئین کی حفاظت کرتے رہو یا ممکن ہے کہ از راہ تحقیر کہا ہو کہ بے شک محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ارادے سب کچھ ہیں لیکن ضروری نہیں کہ آدمی جو ارادہ اور تمنا کرے وہ پوری ہو جایا کرے ہم ان کے مقابلہ میں قدم پیچھے نہ ہٹائیں۔ (تفسیر عثمانی)

مَا سَمِعْنَا بِهَٰذَا فِي الْمِلَّةِ الْآخِرَةِ

یہ نہیں سنا ہم نے اس پچھلے دین میں

إِنْ هَٰذَا إِلَّا اخْتِلَاقٌ ۝

اور کچھ نہیں یہ بنائی ہوئی بات ہے☆

☆ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ ''پچھلا دین کہتے تھے اپنے باپ دادوں کو یعنی آگے تو سنے ہیں کہ اگلے لوگ ایسی باتیں کہتے تھے پر ہمارے بزرگ تو یوں نہیں کہہ گئے اور ممکن ہے پچھلے دین سے عیسائی مذہب مراد ہو۔ جیسا کہ اکثر سلف کا قول ہے کہ یعنی نصاریٰ جو اہل کتاب ہیں ان کو بھی ہم نے نہیں سنا کہ سب خداؤں کو ہٹا کر ایک ہی خدا رہنے دیا ہو۔ آخر وہ بھی تین خدا تو

besturdubooks.wordpress.com

مانتے ہیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو رسول نہیں مانتے۔ اگر پہلی کتابوں میں کچھ اصل ہوتی تو ضرور قبول کرتے۔ معلوم ہوا ہے کہ محض گھڑھی ہوئی بات ہے۔ (العیاذ باللہ) (تفسیر عثمانی)

بھذا یعنی یہ حقیر دعوت توحید جس کے محمد قائل ہیں۔ الملة الاخرہ۔ حضرت ابن عباسؓ کلبی اور مقاتل نے کہا الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ سے مراد عیسائیت ہے آخری (سماوی) مذہب یہی تھا۔ عیسائی بھی توحید کے قائل نہیں (رہے) تھے بلکہ خدا کو تین (اقانیم) میں کا تیسرا کہتے تھے۔ مجاہد نے کہا الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ سے قریش کا مذہب جس پر وہ چلتے تھے مراد ہے یعنی جس مذہب پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا اس میں بھی یہ بات نہیں سنی۔ یہ مطلب بھی ہوسکتا ہے کہ جس مذہب کا انتظار کیا جارہا تھا اس میں توحید کی تعلیم کا ہونا تو ہم نے نہ اہل کتاب سے سنا نہ کاہنوں سے۔ اختلاق جھوٹی من گھڑت۔ (تفسیر مظہری)

اَؤُنْزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِنْۢ بَيْنِنَا

کیا اُسی پر اُتری نصیحت ہم سب میں سے ☆

☆ یعنی اچھا قرآن کو اللہ کا کلام ہی مان لو اور یہ بھی نہ سہی کہ آسمان سے کوئی فرشتہ نبی بنا کر بھیجا جاتا مگر یہ کیا غضب ہے کہ ہم سب میں سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہی کا انتخاب ہوا۔ کیا سارے ملک میں ایک یہ ہی اس منصب کے لئے رہ گئے تھے اور کوئی بڑا رئیس مالدار خدا کو نہ ملتا تھا جس پر اپنا کلام نازل کرتا۔ (تفسیر عثمانی)

بَلْ هُمْ فِي شَكٍّ مِّنْ ذِكْرِي ۚ بَلْ لَّمَّا يَذُوقُوا

کوئی نہیں اُن کو دھوکا ہے میری نصیحت میں کوئی نہیں ابھی انہوں نے چکھی

عَذَابِ

نہیں میری مار ☆

کافروں کی تردید ☆ یہ حق تعالیٰ کی طرف سے ان کی نامعقول یاوہ گوئی کا جواب ہوا۔ یعنی ان کی یہ خرافات کچھ نہیں، بات صرف اتنی ہے کہ ابھی ہماری نصیحت کے متعلق ان کو دھوکا لگا ہوا ہے۔ وہ یقین نہیں رکھتے کہ جس خوفناک مستقبل سے آگاہ کیا جارہا ہے وہ ضرور پیش آکر رہے گا۔ کیونکہ ابھی تک انہوں نے خدائی مار کا مزا نہیں چکھا جس وقت خدائی مار پڑے گی، تمام شکوک وشبہات دور ہو جائیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِيْزِ الْوَهَّابِ

کیا اُن کے پاس ہیں خزانے تیرے رب کی مہربانی کے جو کہ زبردست ہے بخشنے والا

اَمْ لَهُمْ مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ فَلْيَرْتَقُوْا

یا اُنکی حکومت ہے آسمانوں میں اور زمین میں اور جو کچھ اُنکے بیچ میں ہے تو اُنکو چاہئے

فِي الْاَسْبَابِ

چڑھ جائیں رسیاں تان کر ☆

☆ یعنی رحمت کے خزانے اور آسمان وزمین کی حکومت سب اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ وہ زبردست ہے اور بڑی بخشش والا ہے۔ جس پر جو انعام چاہے کرے کون روک سکتا ہے یا نکتہ چینی کرسکتا ہے اگر وہ اپنی حکمت ودانائی سے کسی بشر کو منصب نبوت ورسالت پر سرفراز فرماتا ہے تو تم دخل دینے والے کون ہو کہ صاحب اس پر مہربانی فرمائی ہم پر نہ فرمائی۔ کیا رحمت کے خزانوں اور زمین وآسمان کی حکومت کے تم مالک ومختار ہو جو اس قسم کے لغو اعتراضات کرتے ہو۔ اگر ہو تو اپنے تمام اسباب ووسائل کو کام میں لے آؤ اور رسیاں تان کر آسمان پر چڑھ جاؤ تاکہ وہاں سے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر وحی کا آنا بند کرسکو اور علویات پر قابض ہو کر اپنی مرضی ومنشاء کے موافق آسمان وزمین کے انتظام وتدبیر کا کام انجام دے سکو۔ اگر اتنا نہیں کرسکتے تو آسمان وزمین کی حکومت اور خزائن رحمت کی مالکیت کا دعویٰ عبث ہے۔ پھر خدائی انتظامات میں دخل دینا بجز بے حیائی یا جنون کے اور کیا ہوگا۔

ع ایاز قدر خود بشناس (تفسیر عثمانی)

جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُوْمٌ مِّنَ الْاَحْزَابِ

ایک لشکر یہ بھی وہاں تباہ ہوا اُن سب لشکروں میں ☆

یہ مشرکین بے طاقت گروہ ہے ☆ یعنی کچھ بھی نہیں۔ زمین وآسمان کی حکومت اور خزانوں کے مالک تو یہ بیچارے کیا ہوتے، چند ہزیمت خوردہ آدمیوں کی ایک بھیڑ ہے جو اگلی تباہ شدہ قوموں کی طرح تباہ وبرباد ہوتی نظر آتی ہے۔ چنانچہ یہ منظر بدر سے لے کر فتح مکہ تک لوگوں نے دیکھ لیا۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "یعنی اگلی قومیں برباد ہوئیں اگر چڑھ جائیں تو ان میں یہ بھی برباد ہوں" گویا اس آیت کا ربط ماقبل سے بتلا دیا۔ واللہ اعلم (تفسیر عثمانی)

اللہ تعالیٰ کے سامنے مشرک کچھ نہیں: ما ھنالک میں ما اظہار قلت کے لئے ہے (ھنالک سے مراد ہے مکہ) مھزوم شکست خوردہ یعنی عنقریب ان کو شکست ہو جائیگی۔ الاحزاب سے مراد ہیں کافروں کی وہ جماعتیں جو اپنے اپنے پیغمبروں کے زمانہ میں ان کے خلاف فرقہ بند ہوگئی تھیں۔ مطلب یہ کہ گذشتہ کافر امتوں کے مقابلہ میں تو مکہ کے کافر ایک کم تعداد شکست پانے والی جماعت ہے پس گذشتہ اقوام کو مغلوب کرکے ہلاک

besturdubooks.wordpress.com

کر دیا گیا تو ان کے پاس ایسی طاقت کہاں سے آسکتی ہے کہ اللہ کے انتظام عالم میں یہ دخل دے سکیں۔ یا یہ مطلب ہے کہ اس حقیر جماعت کی آپ پرواہ نہ کیجئے۔ قتادہ نے کہا اللہ نے پہلے ہی فرما دیا تھا۔ سَیُهْزَمُ الْجَمْعُ وَیُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ عنقریب کافروں کی جماعت کو شکست ہو جائیگی اور یہ پشت موڑ کر بھاگ جائیں گے چنانچہ اس کا ظہور بدر کے دن ہو گیا۔ ھُنَالِکَ سے اشارہ بدر کی لڑائی میں کافروں کی قتل گاہوں کی طرف ہے۔ (تفسیر مظہری)

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَّعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ

جھٹلا چکے ہیں اُن سے پہلے نوح کی قوم اور عاد اور فرعون

ذُو الْأَوْتَادِ ﴿۱۲﴾

میخوں والا ☆

ذوالاوتاد کا مطلب ☆ یعنی بہت زور و قوت اور لاؤ لشکر والا جس نے دنیا میں اپنی سلطنت کے کھونٹے گاڑ دیئے اور بعض کہتے ہیں کہ وہ آدمی کو چومیخا کر کے مارتا تھا اس سے اس کا نام "ذوالاوتاد" (میخوں والا) پڑ گیا واللہ اعلم۔ (تفسیر عثانی)

فرعون جب کسی پر عتاب کرتا تھا تو اس کو چت کر کے زمین سے پکھا اوپر ہر ہاتھ اور ٹانگ ایک ایک ستون میں ٹھونک دیتا تھا اس طرح وہ چت معلق رہتا تھا نہ اوپر جا سکتا نہ نیچے زمین پر گر سکتا تھا اسی طرح مر جاتا تھا۔ مجاہد اور مقاتل کا (یہ بھی) بیان ہے کہ جس شخص کو سزا دینی ہوتی فرعون اس کو زمین پر چت لٹاتا پھر اس کے ہاتھ پاؤں علیحدہ علیحدہ پھیلا کر چومیخا کر دیتا تھا۔ سدی نے کہا چومیخا مضبوط کر کے بچھو اور سانپ اُس پر چھوڑ دیتا تھا۔ (تفسیر مظہری)

وَثَمُودُ وَقَوْمُ لُوطٍ وَّأَصْحَابُ لْئَيْكَةِ

اور ثمود اور لوط کی قوم اور ایکہ کے لوگ ☆

☆ یعنی حضرت شعیب علیہ السلام جس کی طرف مبعوث ہوئے۔ (تفسیر عثانی)

أُولَٰئِكَ الْأَحْزَابُ ﴿۱۳﴾ إِنْ كُلٌّ إِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ

وہ بڑی بڑی فوجیں یہ جتنے تھے سب نے یہی کیا کہ جھٹلایا رسولوں کو

فَحَقَّ عِقَابِ ﴿۱۴﴾

پھر ثابت ہوئی میری طرف سے سزا ☆

☆ یعنی یہ بڑی بڑی طاقتور فوجیں بھی رسولوں کو جھٹلا کر سزا سے نہ بچ سکیں، تمہاری تو حقیقت کیا ہے۔ (تفسیر عثانی)

وَمَا يَنْظُرُ هَٰؤُلَاءِ إِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً

اور راہ نہیں دیکھتے یہ لوگ مگر ایک چنگھاڑ کی

مَّا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ ﴿۱۵﴾

جو بیچ میں دم نہ لے گی ☆

☆ یعنی صور کی آواز کے منتظر ہیں، پوری سزا اس وقت ملے گی اور ممکن ہے "صیحہ" سے یہیں کی ایک ڈانٹ مراد ہو۔ (تفسیر عثانی)

کفار مکہ شقاوت و بدبختی سے یہ کہا کرتے تھے۔ اے اللہ اگر یہ بات حق ہے تیری طرف سے تو پھر ہمارے اوپر آسمان سے پتھروں کی بارش کر دے یا اور کوئی دردناک عذاب ہم پر لے آئیے۔ (معارف کاندھلوی)

وَقَالُوا رَبَّنَا عَجِّلْ لَنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۱۶﴾

اور کہتے ہیں اے رب جلد دے ہم کو چھٹی ہماری پہلے حساب کے دن سے ☆

☆ یعنی جب وعدہ قیامت سنتے مسخراپن سے کہتے کہ ہم کو تو اس وقت کا حصہ ابھی دیدیجئے ابھی ہم اپنا اعمالنامہ دیکھ لیں اور ہاتھ کے ہاتھ سزا جزاء سے فارغ ہو جائیں۔ (تفسیر عثانی)

کافروں کا حصہ: سعید بن جبیر نے کہا کافروں کی مراد یہ تھی کہ محمد جس جنت کا ذکر کرتے ہیں اس کے اندر ہمارا جو نصیب اور حصہ ہو وہ ہم کو یہیں دیدے حسن قتادہ مجاہد اور سدی نے کہا ان کا مطلب یہ تھا کہ جس عذاب آخرت کی محمدؐ ہم کو دھمکی دیتے ہیں اس کا ہمارا مقررہ حصہ یہیں دنیا میں ہم کو دیدے۔ ایک روایت میں آیا ہے کہ مجاہد نے قط کا ترجمہ حساب کیا۔ (تفسیر مظہری)

اصْبِرْ عَلَىٰ مَا يَقُولُونَ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوُودَ

تو تحمل کرتا رہ اُس پر جو وہ کہتے ہیں اور یاد کر ہمارے بندے داؤد

ذَا الْأَيْدِ ۖ إِنَّهُ أَوَّابٌ ﴿۱۷﴾

قوت والے کو وہ تھا رجوع رہنے والا ☆

حضرت داؤد علیہ السلام کا واقعہ یاد کرو

☆ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں اس جگہ ان کو داؤد کا قصہ یاد دلوایا کہ انہوں نے بھی طالوت کے عہد حکومت میں بہت صبر کیا، آخر حکومت ان کو ملی اور جالوت وغیرہ مخالفوں کو جہاد سے زیر کیا۔ یہ ہی نقشہ ہوا ہمارے پیغمبر کا (تنبیہ) "ذاالاید" کا ترجمہ حضرت شاہ صاحبؒ نے ہاتھ کے بل والا کیا ہے یعنی قوت سلطنت، یا ادھر اشارہ ہو کہ ان کے ہاتھ میں لوہا نرم ہو جاتا تھا۔ یا "ہاتھ کا بل" یہ کہ سلطنت کا مال نہ کھاتے اپنے دست و بازو سے کسب کر کے کھاتے اور "اواب" یعنی ہر معاملہ میں اللہ کی طرف رجوع رہتے تھے۔

عبادت کا پسندیدہ طریقہ: چنانچہ صحیحین کی ایک حدیث میں آنحضرت

besturdubooks.wordpress.com

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ "اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ نماز داؤد علیہ السلام کی ہے۔ اور سب سے زیادہ پسندیدہ روزے داؤد (علیہ السلام) کے ہیں وہ آدھی رات سوتے ایک تہائی رات عبادت کرتے اور پھر رات کے چھٹے حصہ میں سو جاتے تھے اور ایک دن روزہ رکھتے اور ایک دن افطار فرماتے تھے اور جب دشمن سے ان کا مقابلہ ہو جاتا تو فرار اختیار نہ فرماتے تھے۔ اور بلاشبہ وہ اللہ کی طرف بہت رجوع کرنے والے تھے۔" (تفسیر ابن کثیر)

عبادت کے اس طریقہ کو سب سے زیادہ پسندیدہ اس لئے قرار دیا گیا کہ ایک تو اس میں مشقت زیادہ ہے ساری عمر روزہ رکھنے سے آدمی روزے کا عادی ہو جاتا ہے اور کچھ عرصہ کے بعد اس میں زیادہ مشقت نہیں رہتی لیکن ایک دن چھوڑ کر روزہ رکھنے میں تکلیف مسلسل رہتی ہے دوسرے اس طریقہ سے انسان عبادت کے ساتھ ساتھ اپنے نفس، اہل وعیال اور متعلقین کے حقوق بھی پوری طرح ادا کر سکتا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

علامہ آلوسیؒ نے تفسیر روح المعانی ج ۲۳ میں امام احمد بن حنبل کا نہایت ہی لطیف مضمون بیان کیا ہے کہ مالک بن دینارؒ اس آیت وحسن ومآب کی تفسیر میں یہ فرمایا کرتے تھے کہ قیامت کے روز حضرت داؤد علیہ السلام کو عرش الٰہی کے سامنے لا کر کھڑا کیا جائے گا پھر حق تعالیٰ کا ارشاد ہوگا۔ اے داؤد آج اس وقت تم میری تسبیح اور کبریائی اسی لحن اور آواز سے بیان کرو جس آواز سے دنیا میں بیان کرتے تھے۔ داؤد علیہ السلام کہیں گے اے پروردگار وہ بات تو دنیا کی زندگی میں تھی جواب نہیں رہی۔ حق تعالیٰ فرمائیں گے میں وہی صورت تم کو واپس کرتا ہوں اور وہی لحن داؤدی جس سے دُنیا میں پہاڑ اور پرند تمہارے ہمنوا ہو جایا کرتے تھے تم کو عطا کرتا ہوں تو حضرت داؤد علیہ السلام ذکر تسبیح شروع کریں گے جس سے تمام جنتی بیخود ہو جائیں گے۔ پھر ان تمام وجوہ فضیلت کے علاوہ ایک عظمت و برتری کی وجہ یہ بھی قرآن کریم کی تعبیر سے ظاہر ہے کہ اس قصہ کو حق تعالیٰ نے اس عنوان سے ذکر فرمایا وَهَلْ أَتَاكَ نَبَأُ الْخَصْمِ تو یہ عنوان بالکل ایسا ہی ہے جیسا هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ مُوسَىٰ ۝ إِذْ نَادَاهُ رَبُّهُ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى کہ اے ہمارے پیغمبر کیا آپ کو موسیٰ کی بات پہنچی ہے کہ موسیٰ کو ان کے پروردگار نے وادی مقدس طوی میں پکارا تو معلوم ہوا کہ یہ واقعہ "نبأ الخصم" جو داؤد علیہ السلام کا بیان کیا گیا وہ عظمت و فضیلت میں اسی طرح کا ہے جیسا کہ حضرت موسیٰ کا واقعہ کوہ طور۔ تو ظاہر ہے کہ جو قصہ اس عظمت و تقدس کے عنوان سے بیان کیا جا رہا ہے ہرگز وہ ایسا فحش اور بیہودہ واقعہ نہیں ہو سکتا۔ جس سے ہر حیا رکھنے والا انسان نفرت کرتا ہو اور کیا قرآنی عظمت اس بات کو گوارا کرتی ہے کہ ایسا قصہ اس اہمیت و خصوصیت سے بیان کیا جائے۔ غرض کسی نوعیت سے بھی اس مشہور کردہ واقعہ کی صحت کی کوئی گنجائش نہیں۔ (معارف کاندھلوی)

إِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهُ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ
ہم نے تابع کئے پہاڑ اُسکے ساتھ پاکی بولتے تھے شام کو
وَالْإِشْرَاقِ ۝
اور صبح کو☆

☆ یعنی صبح و شام جب حضرت داؤد تسبیح پڑھتے، پہاڑ بھی ان کے ساتھ تسبیح کرتے تھے۔ اس کے متعلق کچھ مضمون سورہ "سبا" میں گزر چکا ہے وہاں دیکھ لیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

نماز چاشت کا حکم: بغوی نے اپنی سند سے اس آیت کی تفسیر کے ذیل میں بیان کیا کہ حضرت ابن عباسؓ نے اس آیت کے سلسلہ میں فرمایا اس آیت پر میرا (ایمان تو تھا لیکن میں نہیں جانتا تھا کہ اس کا (مرادی) معنی کیا ہے یہاں تک کہ حضرت ام ہانی بنت ابو طالب نے فرمایا کہ (ایک روز) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور وضوء کا پانی طلب کیا پھر وضو کیا اور چاشت کی نماز (یعنی دن چڑھے) پڑھی اور نماز کے بعد فرمایا ام ہانی یہ اشراق کی نماز ہے۔ الاوسط میں طبرانی نے اور ابن مردویہ اور ابن جریر و حاکم نے عبداللہ بن حارث کے سلسلے سے حضرت ابن عباسؓ کا قول نقل کیا ہے مجھے چاشت کی نماز کا علم اسی آیت سے ہوا اس سے پہلے میں نہیں جانتا تھا کہ چاشت کی نماز کونسی ہوتی ہے۔ سعید بن منصور نے بھی اس اثر کی تخریج کی ہے۔ (تفسیر مظہری)

ایک لطیف توجیہ: حضرت تھانویؒ نے ایک لطیف توجیہ فرمائی ہے کہ پہاڑوں اور پرندوں کی تسبیح سے ذکر و شغل کا ایک خاص کیف پیدا ہو گیا تھا جس سے عبادت میں نشاط اور تازگی و ہمت پیدا ہوتی ہے اجتماعی ذکر کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ ذکر کی برکتوں کا ایک دوسرے پر انعکاس ہوتا رہتا ہے۔ صوفیائے کرام کے یہاں ذکر و شغل کا ایک خاص طریقہ معروف ہے جس میں ذکر کرتے ہوئے یہ تصور کیا جاتا ہے کہ پوری کائنات ذکر کر رہی ہے اصلاح باطن اور شوق عبادت میں اس طریقہ کی عجیب تاثیر ہے۔ اس آیت سے اس طریقۂ ذکر کی بنیاد بھی مستنبط ہوتی ہے (مسائل السلوک)

نماز چاشت کی فضیلت: جامع ترمذی میں حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا۔ جو شخص صلوٰۃ الضحیٰ کی دو رکعتوں کی پابندی کرلے اُس کے گناہ بخشدیئے جاتے ہیں خواہ وہ سمندری جھاگ جتنے ہوں" اور حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ آپؐ نے فرمایا۔ "جو شخص صلوٰۃ الضحیٰ کی بارہ رکعتیں پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں سونے کا محل بنادے گا۔ (قرطبی)

علماء نے فرمایا ہے کہ یوں تو دو سے لیکر بارہ تک جتنی رکعتیں پڑھی جا سکیں وہ ٹھیک ہیں لیکن تعداد کے لئے کوئی خاص معمول بنالیا جائے تو بہتر

besturdubooks.wordpress.com

ہے۔ اور یہ معمول کم از کم چار رکعت ہو تو زیادہ اچھا ہے کیونکہ آپؐ کا عام معمول چار رکعتیں ہی پڑھنے کا تھا۔

وَاٰتَیْنٰهُ الْحِکْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ (اور ہم نے ان کو حکمت اور فیصلہ کر دینے والی تقریر عطا فرمائی) حکمت سے مراد تو دانائی ہے یعنی ہم نے انہیں عقل و فہم کی دولت بخشی تھی اور بعض حضرات نے فرمایا کہ نبوت مراد ہے۔ اور ''وَفَصْلَ الْخِطَابِ'' کی مختلف تفسیریں کی گئی ہیں۔ بعض نے فرمایا کہ اس سے مراد زور بیان اور قوت خطابت ہے۔ چنانچہ حضرت داؤد علیہ السلام اونچے درجے کے خطیب تھے اور خطبوں میں حمد و صلوٰۃ کے بعد لفظ ''اَمّا بعد'' سب سے پہلے انہوں نے ہی کہنا شروع کیا اور بعض حضرات نے فرمایا کہ اس سے بہترین قوت فیصلہ مراد ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَالطَّیْرَ مَحْشُوْرَةً ۭ كُلٌّ لَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿۱۹﴾

اور اُڑتے جانور جمع ہو کر سب تھے اُسکے آگے رجوع رہتے ☆

☆ یا سب اس کے ساتھ مل کر اللہ کی طرف رجوع رہتے کما قال بعض المفسرین۔ (تفسیر عثمانی)

والطیر محشورہ کا ترجمہ جمع ہو کر عام اہل لغت اور مفسرین کی رائے کے مطابق ہے۔ حافظ ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں محشورہ کا ترجمہ محبوست کیا ہے یعنی پرند ہوا میں اڑتے ہوئے حضرت داؤد کی تسبیح سن کر رک جاتے تھے اور ان کے ساتھ تسبیح میں ہمنوا ہو جاتے۔ اسی طرح اونچے اونچے پہاڑ بھی نغمۂ داؤدی کے ساتھ آواز بلند کرتے۔ یہ تمام فضائل داؤد علیہ السلام کے معجزات نبوت تھے۔

ملائکہ کے علاوہ کی قید اس وجہ سے واضح کی گئی کہ اللہ کے فرشتے تو ہر حلقہ ذکر میں موجود ہی ہوتے ہیں تو داؤد علیہ السلام کی خصوصیت اور شرف یہ تھا کہ اس حلقہ ذکر میں فرشتوں کے علاوہ پہاڑ اور پرند بھی شامل ہوتے تھے۔ (معارف کاندھلوی)

وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ

اور قوت دی ہمنے اُسکی سلطنت کو ☆

☆ یعنی دنیا میں اس کی سلطنت کی دھاک بٹھلا دی تھی اور اپنی اعانت و نصرت سے مختلف قسم کی کثیر التعداد فوجیں دے کر خوب اقتدار جما دیا تھا۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت داؤد علیہ السلام کی حکومت: بغوی نے حضرت ابن عباسؓ کا قول نقل کیا ہے کہ اللہ نے تمام بادشاہوں سے بڑھ کر داؤد کو اقتدار عطا فرمایا تھا ان کے قلعہ (اور شاہی محل) کی نگرانی ہر رات ۳۶ ہزار سپاہی کرتے تھے۔

بغوی نے بروایت عکرمہ حضرت ابن عباسؓ کا یہ بیان بھی نقل کیا ہے کہ بنی اسرائیل میں سے کسی آدمی نے کسی بڑے آدمی پر حضرت داؤد کے سامنے دعویٰ کیا کہ اس نے میری گائیں چھین لی ہیں۔ حضرت داؤد نے مدعی علیہ سے پوچھا اس نے انکار کر دیا آپ نے مدعی سے گواہ طلب کئے اس کے پاس گواہ نہ تھے آپ نے فرمایا اب چلے جاؤ میں تمہارے معاملہ پر غور کر کے فیصلہ کروں گا اللہ نے خواب میں حضرت داؤد نے مدعی علیہ سے پوچھا اس نے انکار کر دیا آپ نے مدعی سے گواہ طلب کئے اس کے پاس گواہ نہ تھے آپ نے فرمایا اب چلے جاؤ میں تمہارے معاملہ پر غور کر کے فیصلہ کروں گا اللہ نے خواب میں حضرت داؤد کے پاس وحی بھیجی کہ مدعی علیہ کو قتل کر دیا جائے بیدار ہونے کے بعد آپ نے خیال کیا یہ ایک خواب ہے میں فیصلہ میں جلدی نہیں کروں گا۔ دوسرے روز پھر یہی خواب دیکھا لیکن آپ نے خواب کی تعمیل نہیں کی تیسری بار خواب میں وحی آئی کہ مدعی علیہ کو قتل کر دو یا سخت سزا دو بیدار ہونے کے بعد حضرت داؤد نے مدعی علیہ کو طلب کیا اور فرمایا اللہ نے میرے پاس وحی بھیجی ہے کہ میں تجھے قتل کرا دوں اس نے کہا کیا بغیر ثبوت کے آپ مجھے قتل کرا دیں گے۔ حضرت داؤد نے فرمایا ہاں خدا کی قسم میں تیرے معاملہ میں اللہ کا حکم نافذ کر کے رہوں گا جب اس شخص نے دیکھا کہ داؤد مجھے قتل ہی کرا دیں گے تو بولا آپ عجلت سے کام نہ لیں میں آپ کو اصل واقعہ بتائے دیتا ہوں میرے لئے اس جرم کی یہ سزا تجویز نہیں کی گئی ہے بلکہ میری یہ پکڑ ایک اور جرم میں ہوئی ہے میں نے اس مدعی کے باپ کو دھوکہ دے کر اچانک قتل کر دیا تھا اس کی مجھے یہ سزا دی گئی ہے حضرت داؤد نے اس اقرار کے بعد اس کو قتل کرنے کا حکم دے دیا اور قتل کرا دیا۔ اس واقعہ سے بنی اسرائیل کے دلوں پر حضرت داؤد کی ہیبت چھا گئی اور آپ کی حکومت بڑی مستحکم ہو گئی۔ عبد بن حمید، ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے بھی اس بیان کی حضرت ابن عباسؓ کی طرف نسبت کی ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَاٰتَیْنٰهُ الْحِکْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ ﴿۲۰﴾

اور دی اُسکو تدبیر اور فیصلہ کرنا بات کا ☆

حضرت داؤد علیہ السلام کے اوصاف

☆ یعنی بڑے مدبر و دانا تھے۔ ہر بات کا فیصلہ بڑی خوبی سے کرتے اور بولتے تو نہایت فیصلہ کن تقریر ہوتی تھی۔ بہر حال حق تعالیٰ نے ان کو نبوت ''حسن تدبیر'' قوت فیصلہ اور طرح طرح کے علمی و عملی کمالات عطا فرمائے تھے۔ لیکن امتحان و ابتلاء سے وہ بھی نہیں بچے۔ جس کا قصہ آگے بیان کرتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

دعائے داؤدی: ترمذی میں ہے کہ ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ! میں نے خواب میں دیکھا گویا میں ایک درخت کے پیچھے نماز پڑھ رہا ہوں اور نماز میں میں نے سجدے کی آیت تلاوت کی اور سجدہ کیا تو میرے ساتھ اس درخت نے بھی سجدہ کیا اور میں نے سنا کہ وہ یہ دعا مانگ رہا تھا۔ اَللّٰهُمَّ اكْتُبْ لِیْ بِهَا

besturdubooks.wordpress.com

عِنْدَکَ اَجْرًا وَّاجْعَلْهَا لِیْ عِنْدَکَ ذُخْرًا وَّضَعْ بِهَا عَنِّیْ وِزْرًا وَّاقْبَلْهَا مِنِّیْ کَمَا قَبِلْتَهَا مِنْ عَبْدِکَ دَاوٗدَ یعنی اے اللہ! میرے اس سجدے کو تو میرے لئے اپنے پاس اجر اور خزانے کا سبب بنا اور اس سے تو میرا بوجھ ہلکا کردے اور اسے مجھ سے قبول فرما۔ جیسے کہ تو نے اپنے بندے داؤدؑ کے سجدے کو قبول فرمایا۔ ابن عباسؓ فرماتے ہیں پھر میں نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر نماز ادا کی اور سجدے کی آیت کو پڑھ کر سجدہ کیا اور اس سجدہ میں وہی دُعا پڑھی جو اس شخص نے درخت کی دُعا نقل کی تھی۔

مکحولؒ کہتے ہیں کہ جناب داؤد نبیؑ نے ایک مرتبہ آپؑ سے چند سوالات کئے اور اُن کے معقول جوابات پا کر فرمایا کہ آپؑ نبی اللہ ہیں۔ پوچھا کہ سب سے اچھی چیز کیا ہے؟ جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے سکینت اور ایمان۔ پھر پوچھا کہ سب سے بُری چیز کیا ہے؟ سلیمان نے عرض کیا کہ ایمان کے بعد کفر۔ پھر پوچھا کہ سب سے زیادہ میٹھی چیز کیا ہے؟ عرض کیا کہ خدا تعالیٰ کی رحمت۔ پھر پوچھا کہ سب سے زیادہ ٹھنڈک والی چیز کیا ہے؟ جواب دیا کہ خدا تعالیٰ کا لوگوں سے درگذر کرنا اور لوگوں کا آپس میں ایک دوسرے کو معاف کر دینا۔ (ابن ابی حاتم)

الحکمة حکمت سے مراد ہے نبوت کامل علم اور عمل کا استحکام

فصل الخطاب: بغوی نے حضرت علیؓ کا قول نقل کیا ہے کہ فصل الخطاب اَلْبَیِّنَةُ عَلَی الْمُدَّعِیْ وَالْیَمِیْنُ عَلٰی مَنْ اَنْکَرَ ہے (مدعی پر لازم ہے کہ گواہ پیش کرے اور گواہ نہ ہوں تو مدعی علیہ سے حلف لیا جائے) یہ ضابطہ تمام جھگڑوں کو طے کر دیتا ہے فریقین کی بات ہی ختم ہو جاتی ہے۔ حضرت ابیؓ ابن کعب کا قول بھی یہی روایت میں آیا ہے۔ حضرت اُبیؓ نے فرمایا۔ فصل الخطاب گواہ اور قسم ہے۔ مجاہد۔ اور عطاء بن رباح کا یہی قول ہے۔

شعبی نے کہا حمد وثناء کے بعد جب آدمی مقصد بیان کرنا چاہتا ہے اور بیان مقصد سے پہلے اَمّا بعد کہتا ہے تو یہ فصل الخطاب ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا جامع کلام: توبہ میں ہم نے ہجرت کے واقعہ میں ام معبد کی ایک حدیث نقل کی ہے جس میں ام معبد نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام کے متعلق بیان کیا تھا کہ ان کا کلام نہ اتنا کم تھا کہ مطلب فہمی میں خلل انداز ہو نہ اتنا زیادہ تھا کہ طبیعت کو اکتا دے لا نَزْرٌ ولا ھَذْرٌ نہ ناقص نہ بیکار بکواس۔ (تفسیر مظہری)

وَهَلْ اَتٰکَ نَبَؤُا الْخَصْمِ ۘ اِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ ﴿۲۱﴾

اور پہنچی ہے تجھ کو خبر دعوے والوں کی جب دیوار کود کر آئے عبادت خانہ میں

اِذْ دَخَلُوْا عَلٰی دَاوٗدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ

جب گھس آئے داؤد کے پاس، تو اُن سے گھبرایا ☆

حضرت داؤدؑ کی آزمائش

حضرت داؤدؑ نے تین دن کی باری رکھی تھی، ایک دن دربار اور فصل خصومات کا، ایک دن اپنے اہل وعیال کے پاس رہنے کا، ایک دن خالص اللہ کی عبادت کا اس دن خلوت میں رہتے تھے۔ دربان کسی کو آنے نہ دیتے۔ ایک دن عبادت میں مشغول تھے کہ ناگاہ کئی شخص دیوار پھاند کر ان کے پاس آکھڑے ہوئے۔ داؤد علیہ السلام باوجود اپنی قوت وشوکت کے یہ ناگہانی ماجرا دیکھ کر گھبرا اٹھے کہ یہ آدمی ہیں یا کوئی اور مخلوق ہے آدمی ہیں تو ناوقت آنے کی ہمت کیسے ہوئی؟ دربانوں نے کیوں نہیں روکا؟ اگر دروازے سے نہیں آئے تو اتنی اونچی دیواروں کو پھاندنے کی کیا سبیل کی ہوگی خدا جانے ایسے غیر معمولی طور پر کس نیت اور کس غرض سے آئے ہیں۔ غرض اچانک یہ عجیب ومہیب واقعہ دیکھ کر خیال دوسری طرف ہٹ گیا اور عبادت میں جیسی یکسوئی کے ساتھ مشغول تھے قائم نہ رہ سکی۔ (تفسیر عثمانی)

بغوی نے حسن کا بیان نقل کیا ہے کہ حضرت داؤدؑ نے اپنے وقت کو چار حصوں میں تقسیم کر دیا تھا۔ یہ ہی قول عبد بن حمید کا بھی تھا حسن کے بیان میں اتنا زیادہ ہے ایک روز بنی اسرائیل کو وعظ کہنے کا آپ نے مقرر کر دیا تھا۔ بنی اسرائیل کے ساتھ مل کر آپ ذکر خدا کرتے خود بھی روتے اور اُن کو بھی رلاتے تھے۔ (تفسیر مظہری)

آزمائش کی تشریح: حکیم الامت حضرت تھانویؒ نے اس آزمائش اور لغزش کی تشریح اس طرح فرمائی ہے کہ مقدمہ کے یہ دو فریق دیوار پھاند کر داخل ہوئے اور طرز مخاطبت میں انتہائی گستاخانہ اختیار کیا کہ شروع ہی میں حضرت داؤد علیہ السلام کو انصاف کرنے اور ظلم نہ کرنے کی نصیحتیں شروع کر دیں' اس انداز کی گستاخی کی بنا پر کوئی عام آدمی ہوتا تو انہیں جواب دینے کے بجائے اُلٹی سزا دیتا۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کا یہ امتحان فرمایا کہ وہ بھی غصہ میں آکر انہیں سزا دیتے ہیں یا پیغمبرانہ عفو وتحمل سے کام لے کر ان کی بات سنتے ہیں۔

حضرت داؤد علیہ السلام اس امتحان میں پورے اترے' لیکن اتنی سی فروگذاشت ہوگئی کہ فیصلہ سناتے وقت ظالم کو خطاب کرنے کے بجائے مظلوم کو مخاطب فرمایا۔ جس سے ایک گونہ جانبداری مترشح ہوتی تھی مگر اس پر فوراً تنبہ ہوا اور سجدے میں گر گئے اور اللہ تعالیٰ نے انہیں معاف فرما دیا۔ (بیان القرآن)

ان تمام تشریحات میں یہ بات مشترک طور پر تسلیم کی گئی ہے کہ مقدمہ فرضی نہیں' بلکہ حقیقی تھا' اور صورت مقدمہ کا حضرت داؤد علیہ السلام کی آزمائش یا لغزش سے کوئی تعلق نہیں تھا۔

محراب: مِحْرَابُ دراصل بالا خانے یا کسی مکان کے سامنے کے حصہ کو کہتے ہیں۔ پھر خاص طور سے مسجد یا عبادت خانے کے سامنے کے حصہ

besturdubooks.wordpress.com

کو کہا جانے لگا' قرآن کریم میں یہ لفظ عبادت گاہ کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ علامہ سیوطیؒ نے لکھا ہے کہ مسجد کے دائرہ نما محرابیں جیسی آجکل معروف ہیں۔ یہ عہد نبوی میں موجود نہیں تھیں۔ (روح المعانی)

طبعی خوف: فَفَزِعَ مِنْهُمْ (بس حضرت داوٗدؑ ان سے گھبرا گئے) گھبرانے کی وجہ صاف ظاہر تھی کہ دو آدمیوں کا بے وقت پہرہ توڑ کر اس طرح گھس آنا عموماً کسی بری نیت ہی سے ہوتا ہے۔ طبعی خوف نبوت یا ولایت کے منافی نہیں ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

حضرت داوٗد علیہ السلام کے بارے میں بلا تحقیق قصے

باسناد سعید بن المسیب اور حارث اعور حضرت علی رضی اللہ سے یہ روایت کیا ہے۔

انه قال من حدثكم بحديث داوٗد على مايرويه القصاص جلدته مأة وستين جلده وهو حد الفرية على الانبياء

انہوں نے فرمایا فرمایا جو شخص تم میں سے داوٗد علیہ السلام کے بارے میں وہ قصہ بیان کرے گا جس کو عام طور پر واعظین بیان کرتے ہیں میں اس کو ایک سو ساٹھ کوڑے ماروں گا جو انبیاء علیہم السلام پر بہتان لگانے کی سزا ہے۔

مولانا ابو محمد عبدالحق دہلوی تفسیر حقانی میں فرماتے ہیں کہ اس قصہ کا اصل ماخذ کتاب صموئیل ہے۔ اور آج تک خود اہل کتاب کو بھی اس کتاب کو پورا پتہ نہیں چل سکا کہ اس کا مصنف کون ہے وہ ایک بحیثیت تاریخ کی کتاب یہود میں مروج تھی جس کو یہود ونصاریٰ نے بلا وجہ الہامی کتاب فرض کرلیا۔ (معارف کاندھلوی)

عصمتِ انبیاء: عصمت انبیاء دین کی بنیاد ہے۔ ظاہر ہے کہ اللہ کا دین اس کے احکام انبیاء ہی کے ذریعے تو بندوں تک پہنچتے ہیں۔ حضرات انبیاء خدا کے سفیر اور نمائندے ہوتے ہیں۔ اگر وہ معصوم نہ ہوں تو پھر ان کی سفارت ہی کہاں سے قابل اعتماد ہوسکتی ہے اور ان کے لائے ہوئے احکام اور ان کا اسوۂ ہدایت اور فلاح وسعادت کیونکر ہوسکتا ہے۔ عصمت انبیاء کا مسئلہ تو ایسے اصول مسلمہ میں سے ہے کہ کسی آیت کی تفسیر یا روایت کی تشریح اور واقعہ کی توضیح وتفصیل میں اس کو ایک لمحہ کے لئے بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ (معارف کاندھلوی)

قَالُوْا لَا تَخَفْ خَصْمٰنِ بَغٰى بَعْضُنَا عَلٰى

وہ بولے مت گھبرا ہم دو جھگڑتے ہیں۔ زیادتی کی ہے ایک نے

بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَلَا تُشْطِطْ

دوسرے پر سو فیصلہ کر دے ہم میں انصاف کا اور دور نہ ڈال بات کو

وَاهْدِنَآ اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ ﴿۲۲﴾

اور بتلا دے ہم کو سیدھی راہ ☆

آنے والوں نے کہا آپ گھبرایئے نہیں اور ہم سے خوف نہ کھایئے۔ ہم دو فریق اپنے ایک جھگڑے کا فیصلہ کرانے کے لئے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے ہیں آپ ہم میں منصفانہ فیصلہ کر دیجئے۔ کوئی بے راہی اور ٹالنے کی بات نہ ہو ہم عدل وانصاف کی سیدھی راہ معلوم کرنے کے لئے آئے ہیں۔ (شاید گفتگو کا یہ عنوان دیکھ کر حضرت داوٗدؑ اور زیادہ متعجب ہوئے ہوں) (تفسیر عثمانی)

حاکم کے آداب: قالوا الا تخف (انہوں نے کہا ڈریئے نہیں) آنے والوں نے یہ کہہ کر اپنی بات بیان کرنی شروع کر دی' اور حضرت داوٗد علیہ السلام خاموشی سے ان کی بات سنتے رہے' اس سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی شخص اچانک کسی بے قاعدگی کا مرتکب ہو تو اُسے فوراً ملامت اور زجر وتوبیخ شروع نہیں کردینی چاہئے۔ بلکہ پہلے اس کی بات سن لینی چاہئے۔ تاکہ اس کو یہ معلوم ہو جائے کہ اس کے پاس اس بے قاعدگی کا جواز تھا یا نہیں' کوئی اور ہوتا تو آنے والوں پر فوراً برس پڑتا' لیکن حضرت داوٗد علیہ السلام نے انکشاف حقیقت کا انتظار فرمایا کہ ہوسکتا ہے کہ یہ لوگ معذور ہوں۔

اس سے معلوم ہوا کہ جس شخص کو اللہ نے کوئی بڑا مرتبہ دیا ہو' اور لوگوں کی ضروریات اس سے متعلق ہوں اُسے چاہئے کہ وہ اہل حاجت کی بے قاعدگیوں اور گفتگو کی غلطیوں پر حتی الوسع صبر کرے کہ یہی اسکے مرتبہ کا تقاضا ہے۔ خاص طور سے حاکم' قاضی اور مفتی کو اس کا لحاظ رکھنا چاہئے۔ (روح المعانی از معارف مفتی اعظم)

اِنَّ هٰذَآ اَخِيْ لَهٗ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ نَعْجَةً وَّلِيَ

یہ جو ہے بھائی ہے میرا اُسکے یہاں ہیں ننانوے دُنبیاں اور میرے یہاں

نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ فَقَالَ اَكْفِلْنِيْهَا وَعَزَّنِيْ فِي

ایک دُنبی پھر کہتا ہے حوالہ کر دے میرے وہ بھی اور زبردستی کرتا ہے

الْخِطَابِ ﴿۲۳﴾

مجھ سے بات میں ☆

جھگڑا ☆ یعنی جھگڑا یہ ہے کہ میرے اس بھائی کے پاس ننانوے دنبیاں ہیں اور میرے ہاں صرف ایک دنبی ہے یہ چاہتا ہے کہ وہ ایک بھی کسی طرح مجھ سے چھین کر اپنی سو پوری کرلے۔ اور مشکل یہ آن پڑی ہے کہ جیسے مال میں یہ مجھ سے زیادہ ہے، بات کرنے میں بھی مجھ سے تیز ہے، جب بولتا ہے تو مجھ کو دبا لیتا ہے اور لوگ بھی اسی کی ہاں میں ہاں ملا دیتے ہیں۔ غرض میرا حق چھیننے کے لئے زبردستی کی باتیں کرتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ اِلٰى نِعَاجِهٖ

بولا وہ بے انصافی کرتا ہے تجھ پر کہ مانگتا ہے تیری دُنبی ملانے کو اپنی دنبیوں میں ☆

besturdubooks.wordpress.com

☆ حضرت داؤد نے بقاعدہ شریعت ثبوت وغیرہ طلب کیا ہوگا۔ آخر میں یہ فرمایا کہ بے شک (اگر یہ تیرا بھائی ایسا کرتا ہے تو) اس کی زیادتی اور نا انصافی ہے۔ چاہتا ہے کہ اس طرح اپنے غریب بھائی کا مال ہڑپ کر جائے (مطلب یہ کہ ہم ایسا نہیں ہونے دیں گے)

دباؤ کے ساتھ چندہ یا ہدیہ طلب کرنا

قابل غور ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے ایک شخص کے محض ذہنی مانگنے کو ظلم قرار دیا' حالانکہ بظاہر کسی سے محض کوئی چیز مانگ لینا کوئی جرم نہیں ہے۔ وجہ یہ ہے کہ صورت سوال کی تھی' لیکن جس قولی اور عملی دباؤ کے ساتھ یہ سوال کیا جا رہا تھا اس کی موجودگی میں اس کی حیثیت غصب کی سی ہوگئی تھی۔

اس سے معلوم یہ ہوا کہ اگر کوئی آدمی کسی سے اس طرح کوئی چیز مانگے کہ مخاطب راضی ہو یا ناراض لیکن اس کے پاس دینے کے سوا کوئی چارہ نہ رہے تو اس طرح ہدیہ طلب کرنا بھی غصب میں داخل ہے لہٰذا اگر مانگنے والا کوئی صاحب اقتدار یا ذی وجاہت شخص ہو اور مخاطب اس کی شخصیت کے دباؤ کی وجہ سے انکار نہ کر سکتا ہو تو وہاں صورت چاہے ہدیہ طلب کرنے کی ہو' لیکن حقیقت میں وہ غصب ہی ہوتا ہے اور مانگنے والے کے لئے اس طرح حاصل کی ہوئی چیز کا استعمال جائز نہیں ہوتا۔ یہ مسئلہ خاص طور پر ان لوگوں کے لئے بہت توجہ کرنے کا ہے۔ جو مدارس و مکاتب' مسجد یا انجمنوں اور جماعتوں کے لئے چندے وصول کرتے ہیں۔ صرف وہ چندہ حلال طیب ہے جو دینے والے نے اپنے مکمل اختیار اور خوش دلی کے ساتھ دیا ہو۔ اور اگر چندہ کرنے والوں نے اپنی شخصیت کا دباؤ ڈال کر یا بیک وقت آٹھ دس آدمیوں نے کسی ایک شخص کو زچ کر کے چندہ وصول کر لیا تو یہ صریح ناجائز فعل ہے۔ حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا واضح ارشاد ہے کہ:-

لا یحل مال امرئٍ مسلم اِلّا بطیب نفس منه

کسی مسلمان کا مال اس کی خوش دلی کے بغیر حلال نہیں (مفتی اعظم)

وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْخُلَطَآءِ لَيَبْغِيْ بَعْضُهُمْ عَلٰى
اور اکثر شریک زیادتی کرتے ہیں ایک دوسرے پر
بَعْضٍ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
مگر جو یقین لائے ہیں اور کام کئے نیک
وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ ؕ
اور تھوڑے لوگ ہیں ایسے ☆

شراکت ☆ یعنی شرکاء کی عادت ہے ایک دوسرے پر ظلم کرنے کی۔ قوی حصہ دار چاہتا ہے کہ ضعیف کو کھا جائے۔ صرف اللہ کے ایماندار اور نیک بندے اس سے مستثنیٰ ہیں مگر وہ دنیا میں بہت ہی تھوڑے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ
اور خیال میں آیا داؤد کے کہ ہم نے اُس کو جانچا' پھر گناہ بخشوانے لگا اپنے رب سے
وَخَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَ ۩ فَغَفَرْنَا لَهٗ ذٰلِكَ ؕ
اور گر پڑا جھک کر اور رجوع ہوا' پھر ہم نے معاف کر دیا اُسکو وہ کام ☆

آزمائش کا سبب ☆ یعنی اس قصہ کے بعد داؤد کو تنبہ ہوا کہ میرے حق میں یہ ایک فتنہ اور امتحان تھا اس خیال کے آتے ہی اپنی خطا معاف کرانے کے لئے نہایت عاجزی کے ساتھ خدا کے سامنے جھک پڑے۔ آخر خدا نے ان کی وہ خطا معاف کر دی۔ داؤد علیہ السلام کی وہ خطا کیا تھی جس کی طرف ان آیات میں اشارہ ہے اس کے متعلق مفسرین نے بہت سے لمبے چوڑے قصے بیان کئے ہیں مگر حافظ عماد الدین ابن کثیرؒ ان کی نسبت لکھتے ہیں "قد ذکر المفسرون ھھنا قصة اکثر ھا ما خوذ من الاسرائیلیات ولم یثبت فیھا عن المعصوم حدیث یجب اتباعه" اور حافظ ابو محمد ابن حزم نے کتاب الفصل میں بہت شدت سے ان قصوں کی تردید کی ہے باقی ابوحیان وغیرہ نے ان قصوں سے علیحدہ ہو کر آیات کا جو محمل بیان کیا ہے وہ بھی تکلف سے خالی نہیں۔ ہمارے نزدیک اصل بات وہ ہے کہ جو ابن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔ یعنی داؤد علیہ السلام کو یہ ابتلاء ایک طرح کے اعجاب کی بناء پر پیش آیا صورت یہ ہوئی کہ داؤد علیہ السلام نے بارگاہ ایزدی میں عرض کیا کہ اے پروردگار! رات اور دن میں کوئی ساعت ایسی نہیں جس میں داؤد کے گھرانے کا کوئی نہ کوئی فرد تیری عبادت (یعنی نماز یا تسبیح و تکبیر) میں مشغول نہ رہتا ہو (یہ اسلئے کہا کہ انہوں نے روز و شب کے چوبیں گھنٹے اپنے گھر والوں پر نوبت بہ نوبت تقسیم کر رکھے تھے تاکہ ان کا عبادت خانہ کسی وقت عبادت سے خالی نہ رہنے پائے) اور بھی کچھ اس قسم کی چیزیں عرض کیں (شاید اپنے حسن انتظام وغیرہ کے متعلق ہوں گی) اللہ تعالیٰ کو یہ بات ناپسند ہوئی ارشاد ہوا کہ داؤد یہ سب کچھ ہماری توفیق سے ہے۔ اگر میری مدد نہ ہو تو اس چیز پر قدرت نہیں پا سکتا۔ (ہزار کوشش کرے' نہیں نبھا سکے گا) قسم ہے اپنے جلال کی میں تجھ کو ایک روز تیرے نفس کے سپرد کر دوں گا (یعنی اپنی مدد ہٹا لوں گا دیکھیں اس وقت تو کہاں تک اپنی عبادت میں مشغول رہ سکتا اور اپنا نظام قائم رکھ سکتا ہے) داؤد علیہ السلام نے عرض کیا کہ اے پروردگار! مجھے اس دن کی خبر کر دیجئے۔ بس اسی دن فتنہ میں مبتلا ہو گئے (اخرج ہذا الاثر الحاکم فی المستدرک وقال صحیح الاسناد واقرہ الذہبی فی التلخیص) یہ روایت بتلاتی ہے کہ فتنہ کی

besturdubooks.wordpress.com

نوعیت صرف اسی قدر ہونی چاہئے کہ جس وقت داؤدؑ عبادت میں مشغول ہوں، باوجود پوری کوشش کے مشتغل نہ رہ سکیں اور اپنا انتظام قائم نہ رکھ سکیں۔ چنانچہ آپ پڑھ چکے کہ کس بے قاعدہ اور غیر معمولی طریقہ سے چند اشخاص نے اچانک عبادت خانہ میں داخل ہو کر حضرت داؤدؑ کو گھبرا دیا اور ان کے شغل خاص سے ہٹا کر اپنے جھگڑے کی طرف متوجہ کر لیا، بڑے بڑے پہرے اور انتظامات ان کو داؤدؑ کے پاس پہنچنے سے نہ روک سکے تب داؤدؑ کو خیال ہوا کہ اللہ نے میرے اُس دعوے کی وجہ سے اس فتنہ میں مبتلا کیا۔ لفظ ''فتنہ'' کا اطلاق اس جگہ تقریباً ایسا سمجھو جیسے ایک حدیث میں آیا ہے کہ حضرت حسن و حسین رضی اللہ عنہما بچپن میں قمیص پہن کر لڑکھڑاتے ہوئے آ رہے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر پر سے دیکھا اور خطبہ قطع کر کے ان کو اوپر اٹھا لیا اور فرمایا صدق اللہ ''اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ''۔ بعض آثار میں ہے کہ بندہ اگر کوئی نیکی کر کے کہتا ہے کہ اے پروردگار! میں نے یہ کام کیا، میں نے صدقہ کیا میں نے نماز پڑھی، میں نے کھانا کھلایا، تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ''اور میں نے تیری مدد کی اور میں نے تجھ کو توفیق دی'' اور جب بندہ کہتا ہے کہ اے پروردگار تو نے مدد کی تو نے مجھ کو توفیق بخشی اور تو نے مجھ پر احسان فرمایا تو اللہ کہتا ہے اور تو نے عمل کیا، تو نے ارادہ کیا، تو نے یہ نیکی کمائی (مدارج السالکین ص ۹۹ جلد ۱) اسی سے سمجھ لو کہ حضرت داؤد علیہ السلام جیسے جلیل القدر پیغمبر کا اپنے حسن انتظام کو جتلاتے ہوئے یہ فرمانا کہ اے پروردگار! رات دن میں کوئی گھڑی ایسی نہیں جس میں میں یا میرے متعلقین تیری عبادت میں مشغول نہ رہتے ہوں، کیسے پسند آ سکتا تھا، بڑوں کی چھوٹی چھوٹی بات پر گرفت ہوتی ہے اسی لئے ایک آزمائش میں مبتلا کر دیئے گئے تا متنبہ ہو کر اپنی غلطی کا تدارک کریں۔ چنانچہ تدارک کیا اور خوب کیا۔ میرے نزدیک آیت کی بے تکلف تقریر یہی ہے باقی حضرت شاہ صاحبؒ نے اسی مشہور قصہ کو پیش نظر رکھتے ہوئے جو کچھ لکھا ہے وہ موضح القرآن میں دیکھ لیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت داؤد علیہ السلام کی توبہ: مجاہد کا بیان ہے داؤدؑ چالیس روز تک یونہی سجدہ میں پڑے رہے سر اوپر نہ اٹھایا اور روتے رہے یہاں تک کہ آپ کے آنسوؤں سے گھاس اُگ آئی جس نے آپ کے سر کو چھپا لیا۔ چالیس روز کے بعد ندا آئی داؤدؑ کیا تو بھوکا ہے کہ تجھے کھانا دے دیا جائے یا پیاسا ہے کہ تجھے پانی پلا دیا جائے یا ننگا ہے کہ تجھے لباس دے دیا جائے۔ میں تو بلا مانگے یہ چیزیں تجھے دیتا ہوں۔ داؤدؑ اتنا روئے کہ آپ کا سینہ کی گرمی سے لکڑی بھڑ کنے لگی اور جل گئی اس کے بعد اللہ نے قبول توبہ اور مغفرت کا حکم نازل فرمایا۔

بعض اہل علم نے بیان کیا کہ داؤدؑ راکع ہونے کی حالت میں سجدہ میں گر گئے گویا انہوں نے نماز استغفار کی دو رکعتوں کے لئے احرام کیا تھا (نیت کی تھی اور تکبیر تحریمہ کہی تھی) پھر نماز میں ہی سجدہ میں گر گئے اور اللہ کی طرف رجوع کیا توبہ کی۔

احناف کا استدلال: علماء حنفیہ نے یہیں سے استدلال کیا ہے کہ جس نے آیت سجدہ پڑھی پھر فوراً سجدہ تلاوت کی نیت سے رکوع کر لیا تو ان کے لئے کافی ہے (سجدہ تلاوت ہو گیا) کیونکہ آیت خَرَّ رَاكِعًا میں رکوع کا سجدہ پر اطلاق کیا گیا ہے اس سے معلوم ہوا کہ تلاوت سجدہ میں سجدہ مقصود نہیں ہے بلکہ تعظیم خداوندی مقصود ہے اور تعظیم کا مفہوم سجدے اور رکوع دونوں میں ایک جیسا ہے۔ اللہ کی تعظیم کی ضرورت یا تو اس وجہ سے ہے کہ جن لوگوں نے اللہ کی تعظیم کی ہے ان کی پیروی ہو جائے یا جن لوگوں نے اللہ کے سامنے غرور کیا ہے ان کی مخالفت ہو جائے تقاضائے قیاس یہی ہے۔

امام ابوحنیفہؒ نے اس جگہ قیاس جلی کو استحسان پر ترجیح دی ہے کیونکہ اس جگہ قیاس کی تاثیر قوی ہے کیونکہ قیاس کی تائید اور تقویت ایک صحیح حدیث سے بھی ہوتی ہے۔ روایت میں آیا ہے کہ حضرت ابن مسعودؓ اور حضرت ابن عمرؓ نے نماز کے اندر (آیت سجدہ پڑھنے کے بعد) رکوع کو سجدہ کی جگہ کافی قرار دیا ہے اور کسی دوسرے صحابی کا اس سے اختلاف کسی روایت میں نہیں آیا (اس سے معلوم ہوا کہ یہ اجماعی فیصلہ ہے) (تفسیر مظہری اردو جلد ۱۰)

مسئلہ: سورۃ صٓ کی یہ آیت پڑھنے سے امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک سجدہ تلاوت واجب ہو جاتا ہے امام ہر سجدہ تلاوت کو سنت کہتے ہیں (واجب نہیں مانتے) اس لئے ان کے نزدیک اس جگہ بھی سجدہ تلاوت مسنون ہے امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کے مشہور قول میں یہ سجدہ شکر ہے جو نماز کے اندر نا جائز ہے اور نماز سے باہر مستحب ہے۔

میں کہتا ہوں بخاری نے صحیح میں لکھا ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا صٓ کا سجدہ واجب سجدوں میں سے نہیں ہے (مگر) میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس میں سجدہ کرتے دیکھا ہے۔

بیہقی نے بیان کیا ہے کہ متعدد صحابہؓ نے صٓ میں سجدہ کیا۔ حضرت سائب بن یزید کا بیان ہے میں نے حضرت عمرؓ کے پیچھے فجر کی نماز پڑھی آپ نے سورۃ صٓ پڑھی اور اس میں (تلاوت کا) سجدہ کیا نماز ختم ہونے کے بعد ایک شخص نے دریافت کیا امیر المومنین کیا یہ واجب سجدوں میں سے ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس میں سجدہ کرتے تھے۔ ابو مریم راوی ہیں کہ حضرت عمرؓ جب شام میں آئے تو حضرت داؤدؑ کے عبادت خانہ میں بھی گئے وہاں آپ نے نماز پڑھی (اور سورت صٓ پڑھی جب آیت سجدہ پر پہنچے تو سجدہ کیا۔) (تفسیر مظہری)

وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۲۵﴾

اور اُس کے لئے ہمارے پاس مرتبہ ہے اور اچھا ٹھکانا ☆

حضرت داؤد کی شان

یعنی بدستور مقرب بارگاہ ہیں۔ اس غلطی سے تقرب اور مرتبہ میں فرق

besturdubooks.wordpress.com

نہیں آیا۔ صرف تھوڑی سی تنبیہ کر دی گئی۔ کیونکہ مقربین کی چھوٹی غلطی بھی بڑی سمجھی جاتی ہے۔ ''حسنات الابرار سیئات المقربین ہے۔''

گرچہ یک مو بد گنہ کو جستہ بود　　لیک آں مو در دو دیدہ رستہ بود

بود آدم دیدۂ نور قدیم　　موئے در دیدہ بود کوہ عظیم

(تفسیر عثمانی)

يٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِيْفَةً فِى الْاَرْضِ
اے داؤد ہم نے کیا تجھ کو نائب ملک
فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى
میں سو تو حکومت کر لوگوں میں انصاف سے اور نہ چل جی
فَيُضِلَّكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ
کی خواہش پر پھر وہ تجھ کو بچلا دے اللہ کی راہ سے مقرر جو لوگ
يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ
بچلتے ہیں اللہ کی راہ سے اُن کے لئے سخت عذاب ہے ☆

خلافت کے تقاضے

☆ یعنی خدا نے تم کو زمین میں اپنا نائب بنایا۔ لہٰذا اسی کے حکم پر چلو اور معاملات کے فیصلے عدل و انصاف کے ساتھ شریعت الٰہی کے موافق کرتے رہو۔ کبھی کسی معاملہ میں خواہش نفس کا ادنیٰ شائبہ بھی نہ آنے پائے کیونکہ یہ چیز آدمی کو اللہ کی راہ سے بھٹکا دینے والی ہے۔ اور جب انسان اللہ کی راہ سے بہکا تو پھر ٹھکانا کہاں۔ (تفسیر عثمانی)

خلیفہ اور بادشاہ کا فرق: حضرت عمر بن خطابؓ نے حضرات طلحہؓ، زبیرؓ، کعبؓ اور سلیمان فارسیؓ سے پوچھا خلیفہ اور بادشاہ میں کیا فرق ہے حضرت طلحہؓ اور حضرت زبیرؓ نے فرمایا ہم کو نہیں معلوم۔ حضرت سلیمانؓ نے کہا خلیفہ وہ ہوتا ہے جو رعایا میں انصاف کرے سب کو معاشی تقسیم ایک جیسی کرے۔ اور رعایا پر ایسی شفقت کرے جیسے آدمی اپنے گھر والوں پر کرتا ہے اور اللہ کی کتاب کے موافق فیصلہ کرے۔ حضرت کعبؓ نے کہا میں یہ سمجھتا تھا کہ میرے سوا اس مجلس میں کوئی بھی خلیفہ کا معنی نہیں جانتا۔ حضرت سلیمانؓ راوی ہیں کہ ایک بار حضرت عمرؓ نے فرمایا میں بادشاہ ہوں یا خلیفہ حضرت سلیمانؓ نے کہا اگر آپ مسلمانوں کی سرزمین سے ایک درہم یا اس سے کم بیش کچھ بھی وصول کریں اور غیر مستحق (بیجا) مقام پر اس کو دیدیں تو آپ بادشاہ ہیں خلیفہ نہیں ہیں یہ سن کر حضرت عمرؓ کی آنکھیں اشک آلود ہو گئیں۔

سلیمانؓ ابو العوجاء کی روایت ہے کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا مجھے نہیں معلوم کہ میں بادشاہ ہوں یا خلیفہ۔ ایک شخص نے کہا امیر المؤمنین ان دونوں میں فرق ہے حضرت عمرؓ نے فرمایا۔ کیا فرق ہے اس شخص نے کہا خلیفہ حق لیتا اور حق پر دیتا ہے اور الحمد للہ آپ ایسے ہیں اور بادشاہ ظلم کرتا ہے (ظلماً) اس سے لیتا اور اس کو دیتا ہے حضرت عمرؓ خاموش ہو گئے۔

حضرت معاویہؓ جب ممبر پر بیٹھتے تو کہتے لوگو! خلافت مال کو اکٹھا کرنے اور تقسیم کرنے سے نہیں ہوتی بلکہ خلافت نام عمل بالحق کا انصاف سے حکومت کرنے کا اور لوگوں سے بحکم خدا مواخذہ کرنے کا ہے۔ (تفسیر مظہری)

اسلامی ریاست کا بنیادی کام اقامت حق ہے

اسلام چونکہ ایک ابدی دین ہے اس لئے اُس نے سیاست و حکمرانی کے لئے ایسے انتظامی جزئیات کی تعیین نہیں فرمائی۔ جو حالات اور زمانے کے بدلنے سے قابل تبدیل ہو جائیں۔ بلکہ کچھ ایسی بنیادی ہدایات عطا فرما دی ہیں جن کی روشنی میں ہر زمانے کے مطابق انتظامی جزئیات خود طے کی جا سکتی ہیں۔ اسی لئے یہاں یہ بات تو بتا دی گئی ہے کہ حکومت کا اصل کام اقامت حق ہے لیکن اس کی انتظامی تفصیلات ہر دور کے اہل رائے مسلمانوں پر چھوڑی گئی ہیں۔

عدلیہ اور انتظامیہ کا رشتہ: چنانچہ یہ بات کہ عدلیہ انتظامیہ سے بالکل الگ رہے یا اس کے ساتھ وابستہ؟ اس مسئلہ میں کوئی ایسا متعین حکم نہیں دیا گیا۔ جو ہر دور میں ناقابل تبدیل ہو۔ اگر کسی زمانہ میں حکمرانوں کی امانت و دیانت پر پورا اعتماد کیا جا سکتا ہو تو عدلیہ اور انتظامیہ کی دوئی کو مٹایا جا سکتا ہے۔ اور اگر کسی دور میں حکمرانوں کی امانت و دیانت پر پورا بھروسہ نہ ہو تو عدلیہ کو انتظامیہ سے بالکل آزاد بھی رکھا جا سکتا ہے۔

حضرت داؤد علیہ السلام اللہ کے برگزیدہ پیغمبر تھے۔ ان سے زیادہ امانت و دیانت کا کون دعویٰ کر سکتا تھا؟ اس لئے انہیں بیک وقت انتظامیہ اور عدلیہ دونوں کا سربراہ بنا کر تنازعات کے فیصلے کی ذمہ داری بھی سونپی گئی۔ انبیاء علیہم السلام کے علاوہ خلفاء راشدین میں بھی یہی طرز رہا کہ امیر المؤمنین خود ہی قاضی بھی ہوتا تھا۔ بعد کی اسلامی حکومتوں میں اس طریقے کو بدلا گیا اور امیر المؤمنین کو انتظامیہ کا اور قاضی القضاۃ کو عدلیہ کا سربراہ بنایا گیا۔

ذمہ داری کے عہدے: یہیں سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ کسی شخص کو حاکم، قاضی یا کسی محکمے کا افسر بنانے کے لئے سب سے پہلے دیکھنے کی بات یہ ہے کہ اس میں خدا کا خوف اور آخرت کی فکر ہے یا نہیں اور اس کے اخلاق و کردار کی کیا حالت ہے؟ اگر یہ محسوس ہو کہ اس کے دل پر خوف خدا کے بجائے خواہشات نفسانی کی حکمرانی ہے تو خواہ وہ کیسی اعلیٰ ڈگریاں رکھتا ہو اور اپنے فن میں کتنا ہی ماہر اور پختہ کار ہو۔ اسلام کی نظر میں وہ کسی اونچے منصب کا مستحق نہیں ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

جس حاکم یا قاضی کے دل میں خدا کا خوف اور آخرت کی فکر ہے وہی صحیح معنی میں حق و انصاف قائم کرسکتا ہے۔ اور اگر یہ نہیں ہے تو آپ اچھے سے اچھا قانون بنالیجئے۔ نفس انسانی کی دسیسہ کاریاں ہر جگہ اپنا راستہ خود بنالیتی ہیں' اور ان کی موجودگی میں کوئی بہتر سے بہتر نظام قانون بھی حق و انصاف قائم نہیں کرسکتا۔ دنیا کی تاریخ اور موجودہ زمانے کے حالات اس پر گواہ ہیں۔

خدا کی یاد میں غفلت ہو تو اپنے اُوپر سزا مقرر کرنا دینی غیرت کا تقاضا ہے

کسی نیکی کی عادت ڈالنے کے لئے اپنے نفس پر ایسی سزائیں مقرر کرنا اصلاح نفس کا ایک نسخہ ہے اور اس واقعہ سے اس کا جواز بلکہ استحباب معلوم ہوتا ہے۔ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ابو جہمؓ نے ایک شامی چادر ہدیۃً پیش کی جس پر کچھ نقش و نگار بنے ہوئے تھے آپؐ نے اس چادر میں نماز پڑھی اور واپس آ کر حضرت عائشہؓ سے فرمایا کہ یہ چادر ابوجہمؓ کو واپس کردو' کیونکہ نماز میں میری نگاہ اس کے نقش و نگار پر پڑ گئی' تو قریب تھا کہ یہ نقش و نگار مجھے فتنہ میں ڈالدیں۔ (احکام القرآن بحوالہ موطا مالکؒ)

اسی طرح حضرت ابوطلحہؓ ایک مرتبہ اپنے باغ میں نماز پڑھتے ہوئے ایک پرندے کو دیکھنے میں مشغول ہوگئے۔ جس سے نماز کی طرف دھیان نہ رہا' تو بعد میں آپ نے پورا باغ صدقہ کردیا۔

ایسا کوئی کام درست نہیں جس سے اضاعتِ مال لازم آتی ہو صوفیاء میں سے حضرت شبلی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک مرتبہ اسی سزا کے طور پر اپنے کپڑے جلا دیئے تھے' لیکن محقق صوفیاء مثلاً شیخ عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نے اُن کے اس عمل کو صحیح قرار نہیں دیا۔ (روح المعانی)

امیر کو بذات خود ریاست کے کاموں کی نگرانی کرنی چاہئے

مملکت کے ذمہ دار یا اونچے درجہ کے افسر کو چاہئے کہ وہ اپنے ماتحت شعبوں پر بذاتِ خود نگرانی رکھے' اور انہیں اپنے ماتحتوں پر چھوڑ کر فارغ نہ ہو بیٹھے۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے ماتحتوں کی کثرت کے باوجود بہ نفس نفیس گھوڑوں کا معائنہ فرمایا۔ خلفائے راشدین اور خاص طور سے حضرت فاروق اعظمؓ کے عمل سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے۔

ایک عبادت کے وقت دوسری عبادت میں مشغول ہونا غلطی ہے

ایک موقت عبادت کے وقت کو کسی دوسری عبادت میں بھی صرف نہ کرنا چاہئے۔ ظاہر ہے کہ جہاد کے گھوڑوں کا معائنہ ایک عظیم عبادت تھی۔ لیکن چونکہ وہ وقت اس عبادت کے بجائے نماز کا تھا' اس لئے حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس کو بھی غلطی میں شمار کر کے اس کا تدارک فرمایا۔ اسی لئے ہمارے فقہاء نے لکھا ہے کہ جمعہ کی اذان کے بعد جس طرح خرید و فروخت میں مشغولیت جائز نہیں اسی طرح نماز جمعہ کی تیاری کے علاوہ کسی اور کام میں مشغول ہونا بھی درست نہیں' خواہ وہ تلاوت قرآن یا نفل پڑھنے کی عبادت ہی کیوں نہ ہو۔ (معارف مفتی اعظم)

بِمَا نَسُوْا يَوْمَ الْحِسَابِ ﴿۲۶﴾

اس بات پر کہ بھلا دیا انہوں نے دن حساب کا ☆

خواہشات کی پیروی کا سبب ☆ یعنی عموماً خواہشات نفسانی کی پیروی اسی لئے ہوتی ہے کہ آدمی کو حساب کا دن یاد نہیں رہتا۔ اگر یہ بات مستحضر رہے کہ ایک روز اللہ کے سامنے جانا اور ذرہ ذرہ عمل کا حساب دینا ہے تو آدمی کبھی اللہ کی مرضی پر اپنی خواہش کو مقدم نہ رکھے (تنبیہ) ممکن ہے "یوم الحساب" کا تعلق "لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ" کے ساتھ ہو "نسوا" کے ساتھ نہ ہو یعنی اللہ کے احکام بھلا دینے کے سبب سے ان پر سخت عذاب ہوگا حساب کے دن۔ (تفسیر عثمانی)

عادل حکمران: حدیث میں ہے کہ عادل لوگ نور کے منبروں پر رحمٰن کی داہنی جانب ہوں گے۔ خدا تعالیٰ کے دونوں ہاتھ داہنے ہیں یہ عادل وہ ہیں جو اپنی اہل و عیال میں اور جن کے وہ مالک ہوں عدل و انصاف کرتے ہیں اور حدیث میں یہ ہے کہ سب سے زیادہ خدا تعالیٰ کے دوست اور سب سے زیادہ اُس کے مقرب وہ بادشاہ ہوں گے جو عادل ہوں۔ اور سب سے زیادہ دشمن اور سب سے سخت عذاب میں وہ ہوں گے جو حکمران ظالم ہوں۔ (ترمذی)

خلیفۂ وقت سے حساب: حضرت ابوزرعہؒ سے بادشاہ وقت ولید بن عبدالملک نے ایک مرتبہ دریافت کیا کہ خلیفۂ وقت سے بھی اللہ تعالیٰ کے ہاں حساب لیا جائے گا؟ آپ نے فرمایا کہ سچ بتادوں! خلیفہ نے کہا ضرور سچ ہی بتلاؤ' اور آپ کو ہر طرح اَمن ہے۔ فرمایا اے امیر المؤمنین! خدا تعالیٰ کے نزدیک آپ سے بہت بڑا درجہ حضرت داؤدؑ کا تھا' انہیں خلافت کے ساتھ ہی ساتھ خدا تعالیٰ نے نبوت بھی دے رکھی تھی۔ لیکن باوجود اس کے کتاب خدا تعالیٰ اُن سے کہتی ہے۔ یٰدَاوٗدُ اِنَّا الخ۔ عکرمہؒ فرماتے ہیں مطلب یہ ہے کہ ان کے لئے یوم الحساب کو سخت عذاب ہیں ان کے بھول جانے کے باعث سدیؒ کہتے ہیں ان کے لئے سخت عذاب ہیں اس وجہ سے کہ انہوں نے یوم الحساب کے لئے اعمال جمع نہیں کئے۔ آیت کے لفظوں سے اُسی قول کو زیادہ مناسبت ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ۭ

اور ہم نے نہیں بنایا آسمان اور زمین کو اور جو اُنکے بیچ میں ہے نکما

besturdubooks.wordpress.com

ذٰلِكَ ظَنُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا
یہ خیال ہے اُن کا جو منکر ہیں سو خرابی ہے منکروں کے لئے
مِنَ النَّارِ ﴿۲۷﴾
آگ سے ☆

آخرت کو سامنے رکھو ☆ یعنی جس کا آگے کچھ نتیجہ نہ نکلے۔ بلکہ اس دنیا کا نتیجہ ہے آخرت، لہٰذا یہاں رہ کر وہاں کے لئے کچھ کام کرنا چاہئے اور وہ کام یہی ہے کہ انسان اپنی خواہشات کی پیروی چھوڑ کر حق و عدل کے اصول پر کاربند ہو۔ اور خالق و مخلوق دونوں سے اپنا معاملہ ٹھیک رکھے۔ یہ نہ سمجھے کہ بس دنیا کی زندگی ہے۔ کھا پی کر ختم کر دیں گے، آگے حساب کتاب کچھ نہیں۔ یہ خیالات تو ان کے ہیں جنہیں موت کے بعد دوسری زندگی سے انکار ہے سو ایسے منکروں کے لئے آگ تیار ہے۔ (تفسیر عثمانی)

باطل کا معنی: باطلاً خالی از مصلحت و حکمت۔ یا بے کار محض کھیل کے طور پر۔ یا باطل سے مراد ہے اتباع خواہشات جو حق کے مقابل ہے اس ساری کائنات سے خالق کے وجود پر استدلال اور اس کے احکام کی تعمیل کی صورت میں اس کی عطا کردہ نعمتوں کا شکر ادا کرنا حق ہے اور خواہشات نفس کا اتباع باطل ہے (پس اس کائنات کو اللہ نے اس لئے نہیں پیدا کیا کہ انسان اپنے نفس کے میلان و خواہش کا بندہ بن جائے نہ خالق کے وجود کو مانے نہ اس کے اوامر و نواہی کی پابندی کرے بلکہ خواہش پرست بنا رہے) (تفسیر مظہری)

اَمْ نَجْعَلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
کیا ہم کر دینگے ایمان والوں کو جو کرتے ہیں نیکیاں برابر
كَالْمُفْسِدِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۫ اَمْ نَجْعَلُ
اُنکے جو خرابی ڈالیں ملک میں کیا ہم دینگے ڈرنیوالوں کو
الْمُتَّقِيْنَ كَالْفُجَّارِ ﴿۲۸﴾
برابر ڈھیٹھ لوگوں کے ☆

قیام قیامت کی حکمت ☆ یعنی ہمارے عدل و حکمت کا اقتضاء یہ نہیں کہ نیک ایماندار بندوں کو شریروں اور مفسدوں کے برابر کر دیں یا ڈرنے والوں کے ساتھ بھی وہی معاملہ کرنے لگیں جو ڈھیٹ اور نڈر لوگوں کے ساتھ ہونا چاہئے اس لئے ضرور ہوا کہ کوئی وقت حساب و کتاب اور جزاء سزا کا رکھا جائے۔ لیکن دنیا میں ہم دیکھتے ہیں کہ بہت سے نیک اور ایماندار آدمی قسم قسم کی مصائب و آفات میں مبتلا رہتے ہیں اور کتنے ہی بدمعاش بے حیا مزے سے چین اڑاتے ہیں۔ لامحالہ ماننا پڑے گا کہ موت کے بعد دوسری زندگی کی جو خبر مخبر صادق نے دی ہے عین مقتضائے حکمت ہے۔ وہاں ہی ہر نیک و بد کو اس کے برے بھلے کام کا بدلہ ملے گا پھر "یوم الحساب" کی خبر کا انکار کیسے صحیح ہو سکتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

قیامت کی ایک عقلی دلیل: اس آیت میں وجوب حشر کی ایک عقلی برہان ہے جو دلالت کر رہی ہے کہ اقرار حشر لازم ہے کیونکہ اس زندگی میں دونوں فریقوں کے درمیان برابری نہیں بلکہ تقاضا حکمت کے خلاف اس دنیا میں کافروں کو مومنوں پر (مال دولت اولاد وغیرہ کے لحاظ سے) عموماً برتری حاصل ہے اس لئے ضروری ہے کہ کوئی دوسری زندگی میں ہر فریق کو اس کی (فکری و عملی) حالت کے موافق بدلہ ملے۔ (تفسیر مظہری)

كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ
یہ ایک کتاب ہے جو اتاری ہم نے تیری طرف برکت کی تاکہ دھیان کریں
وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۲۹﴾
لوگ اُسکی باتیں اور تاکہ سمجھیں عقل والے ☆

کتاب کے نزول کی حکمت

☆ یعنی جب نیک اور بد کا انجام ایک نہیں ہو سکتا تو ضروری تھا کہ کوئی کتاب ہدایت مآب حق تعالیٰ کی طرف سے آئے جو لوگوں کو خوب معقول طریقہ سے ان کے انجام پر آگاہ کر دے۔ چنانچہ اس وقت یہ کتاب آئی جس کو قرآن مبین کہتے ہیں جس کے الفاظ، حروف، نقوش اور معانی و مضامین ہر چیز میں برکت ہے اور جو اسی غرض سے اتاری گئی ہے کہ لوگ اس کی آیات پر غور کریں اور عقل رکھنے والے اس کی نصیحتوں سے منتفع ہوں۔ چنانچہ اس آیت سے پہلے ہی آیت میں دیکھ لو، کس قدر صاف، فطری اور معقول طریقہ سے مسئلہ معاد کو حل کیا ہے کہ تھوڑی عقل والا بھی غور کرے تو صحیح نتیجہ پر پہنچ سکتا ہے۔ (تنبیہ) شاید "تدبر" سے قوت علمیہ کی اور "تذکر" سے قوت عملیہ کی تکمیل کی طرف اشارہ ہو، یہ سب باتیں حضرت داؤد علیہ السلام کے تذکرہ کے ذیل میں آ گئی تھیں۔ آگے پھر ان کے قصہ کی تکمیل فرماتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

تدبر آیات: کتاب۔ یعنی یہ قرآن اللہ کی طرف سے بھیجی ہوئی کتاب ہے۔ مبارک یعنی اس کے اندر خیر اور منفعت کثیر ہے۔ لیدبروا تاکہ لوگ غور کریں یعنی آپ اور آپ کی امت کے علماء غور کریں اس کے ظاہر کو پڑھیں اور صحیح تاویلات کو سمجھیں اور صحیح طور پر معانی کا استنباط کریں۔ یا یہ مطلب ہے کہ تمام اہل دانش غور کریں اور سمجھیں کہ اس کتاب کا نزول اللہ کی طرف سے ہے۔ انسان کی ساختہ پرداختہ ہونے کا تو تصور بھی نہیں کیا جا سکتا حسن نے کہا

besturdubooks.wordpress.com

تدبر آیات سے مراد ہے آیات کا اتباع کرنا (اور ان کے احکام پر چلنا) وَلِيَتَذَكَّرَ أُولُو الْأَلْبَابِ یعنی صحیح دانش اور سلیم عقل والے نصیحت اندوز ہوں۔ خارجی دلائل کی روشنی میں معرفت خداوندی کے حصول پر سلیم عقل والوں کو فطری طور پر قدرت حاصل ہے۔ صحیح دانش والوں کی عقلوں میں دلائل سے معرفت کا حصول مرکوز ہے اللہ کی بھیجی ہوئی کتابوں سے ان افکار و احکام کا علم حاصل ہو جاتا ہے جو تنہا عقل کی رسائی اور دائرہ دانش سے خارج ہیں اور بغیر شرع کے صرف عقل اپنی فکری جولانی سے وہاں تک نہیں پہنچ سکتی۔ (تفسیر مظہری)

وَوَهَبْنَا لِدَاوُدَ سُلَيْمَانَ

اور دیا ہم نے داؤد کو سلیمان ☆

☆ یعنی سلیمانؑ بیٹا دیا جو انہی کی طرح نبی اور بادشاہ ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

نِعْمَ الْعَبْدُ إِنَّهُ أَوَّابٌ ۝ إِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ

بہت خوب بندہ وہ ہے رجوع رہنے والا جب دکھانے کو لائے

الصَّافِنَاتُ الْجِيَادُ ۝ فَقَالَ إِنِّي أَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ

اُسکے سامنے شام کو گھوڑے بہت خاصے تو بولا میں نے دوست رکھا مال کی

عَنْ ذِكْرِ رَبِّي حَتَّى تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ۝ رُدُّوهَا

محبت کو اپنے رب کی یاد سے یہاں تک کہ سورج چھپ گیا اوٹ میں پھیر

عَلَيَّ فَطَفِقَ مَسْحًا بِالسُّوقِ وَالْأَعْنَاقِ ۝

لاؤ اُن کو میرے پاس پھر لگا جھاڑنے اُن کی پنڈلیاں اور گردنیں ☆

حضرت سلیمان علیہ السلام اور ان کی آزمائش

☆ یعنی نہایت اصیل، شائستہ اور تیز و سبک رفتار گھوڑے جو جہاد کے لئے پرورش کیے گئے تھے اُن کے سامنے پیش ہوئے۔ اُن کا معائنہ کرتے ہوئے دیر لگ گئی۔ حتیٰ کہ آفتاب غروب ہو گیا شاید اس شغل میں عصر کا وقت کا وظیفہ بھی نہ پڑھ سکے ہوں اس پر کہنے لگے کوئی مضائقہ نہیں۔ اگر ایک طرف ذکر اللہ (یاد خدا) سے بظاہر علیحدگی رہی تو دوسری جانب جہاد کے گھوڑوں کی محبت اور دیکھ بھال بھی اسی کی یاد سے وابستہ ہے۔ جب جہاد کا مقصد اعلائے کلمۃ اللہ ہے تو اس کے معدات و مبادی کا تفقد کیسے ذکر اللہ کے تحت میں داخل نہ ہوگا۔ آخر اللہ تعالیٰ جہاد اور آلات جہاد کے مہیا کرنے کی ترغیب نہ دیتا تو اس مال نیک سے ہم اس قدر محبت کیوں کرتے۔ اسی جذبہ جہاد کے جوش و افراط میں حکم دیا کہ ان گھوڑوں کو پھر واپس لاؤ۔ چنانچہ واپس لائے گئے اور حضرت سلیمان غایت محبت و اکرام سے انکی گردنیں اور پنڈلیاں پونچھنے اور صاف کرنے لگے۔ آیت کی یہ تقریر بعض مفسرین نے کی ہے اور لفظ "حُبَّ الْخَيْرِ" سے اس کی تائید ہوتی ہے۔ گویا خیر کا لفظ اس مضمون کی طرف اشارہ کر رہا ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث میں فرمایا۔ "الخيل معقود في نواصيها الخير الى يوم القيامة" لیکن دوسرے علماء نے اسکا مطلب یہ لیا ہے کہ حضرت سلیمان کو گھوڑوں کے معائنہ میں مشغول ہو کر اس وقت کی نماز یا وظیفہ سے ذہول ہو گیا اور ذہول و نسیان انبیاء کے حق میں محال نہیں۔ فرمایا کہ دیکھو! مال کی محبت نے مجھ کو اللہ کی یاد سے غافل کر دیا حتیٰ کہ غروب آفتاب تک میں اپنا وظیفہ ادا نہ کر سکا۔ یہ مانا کہ اس مال کی محبت میں بھی ایک پہلو عبادت کا اور خدا کی یاد کا تھا۔ مگر خواص مقربین کو یہ فکر بھی رہتی ہے کہ جس عبادت کا جو وقت مقرر ہے اس میں تخلف نہ ہو اور ہوتا ہے تو صدمہ اور قلق سے بے چین ہو جاتے ہیں (گو عذر سے ہو)

گرز باغ دل خلالے کم بود ۔۔۔ بر دل سالک ہزاراں غم بود

"غزوہ خندق" میں دیکھ لو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی کئی نمازیں قضا ہو گئیں باوجودیکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم عین جہاد میں مشغول تھے اور کسی قسم کا ذنب آپ پر نہ تھا لیکن جن کفار کے سبب سے ایسا پیش آیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے حق میں "ملا اللہ بيوتهم وقبورهم نارا" وغیرہ الفاظ سے بددعا فرما رہے تھے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام بھی ایک موقت عبادت کے فوت ہو جانے سے بے تاب ہو گئے۔ حکم دیا کہ ان گھوڑوں کو واپس لاؤ (جو یاد الٰہی کے فوت ہونے کا سبب بنے ہیں) جب لائے گئے تو شدت غیرت اور غلبہ حب الٰہی میں تلوار لے کر ان کی گردنیں اور پنڈلیاں کاٹنا شروع کر دیں تاکہ سبب غفلت کو اپنے سے اسطرح علیحدہ کریں کہ وہ فی الجملہ کفارہ اس غفلت کا ہو جائے۔ شاید ان کی شریعت میں قربانی گھوڑے کی جائز ہوگی۔ اور ان کے پاس گھوڑے وغیرہ اس کثرت سے ہوں گے کہ ان چند گھوڑوں کے قربان کرنے سے مقصد جہاد میں کوئی خلل نہ پڑتا ہوگا اور لفظ فَطَفِقَ مَسْحًا سے یہ بھی لازم نہیں آیا کہ سب گھوڑوں کو قتل ہی کر گذرے ہوں محض اتنا ہے کہ یہ کام شروع کر دیا واللہ اعلم۔ اس تقریر کی تائید ایک حدیث مرفوع سے ہوتی ہے جو طبرانی نے باسناد حسن ابی بن کعب سے روایت کی ہے۔ (راجع روح المعانی وغیرہ) (تفسیر عثمانی)

الصَّافِنَاتُ الْجِيَادُ: الصافنات صافن اس گھوڑے کو کہتے ہیں جو تین ٹانگوں پر کھڑا ہوتا ہے اور چوتھی ٹانگ کے سُم کی فقط ایک نوک (اس پر زور دیئے بغیر) زمین سے لگی ہوئی ہے یہ (گھوڑے کے اصیل ہونے کی علامت ہے اور) اچھی صفت مانی جاتی ہے۔

الجیاد۔ جواد کی یا جود کی جمع ہے تیز رفتار گھوڑے کو کہتے ہیں۔ بعض کے نزدیک جیاد جید کی جمع ہے تیز رفتار گھوڑے کو کہتے ہیں۔ بعض کے نزدیک جیاد

besturdubooks.wordpress.com

جید کی جمع ہے (کھرا گھوڑا) حضرت ابن عباسؓ نے کہا آیت میں گھوڑوں کی دونوں اچھی صفتیں بیان کی گئی ہیں۔ صافن ہونا اور جودت۔ جب گھوڑا کھڑا ہو تو اس کی صفت صافن ہونا ہے کہ سکون واطمینان کے ساتھ تین ٹانگوں پر کھڑا ہو اور جب چل رہا ہو تو سبک رفتار اور تیز رو ہو یہ جودت کی نشانی ہے۔

سلیمان علیہ السلام کے گھوڑے: عبد بن حمید فریابی بن جریر اور ابن ابی حاتم نے ابراہیم تیمی کے حوالہ سے بیان کیا کہ وہ بیس ہزار گھوڑے تھے اور (پرندوں کی طرح) بازوؤں والے تھے ان کو حضرت سلیمانؑ نے ذبح کرا دیا تھا۔

عبد بن حمید اور ابن المنذر نے بروایت عوف بیان کیا کہ حسن نے کہا مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ جن گھوڑوں کو سلیمانؑ نے ذبح کیا تھا وہ (پرندوں کی طرح) پروں والے تھے اور حضرت سلیمان کے لئے سمندر سے برآمد کئے گئے تھے آپ سے پہلے اور نہ آپ کے بعد کسی کو دریائی گھوڑے نہیں ملے بغوی نے بروایت عکرمہ بیان کیا کہ وہ بیس ہزار پردار گھوڑے تھے۔ (تفسیر مظہری)

حضرت عائشہؓ: ابوداؤد میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تبوک یا خیبر کے سفر سے واپس آئے تھے گھر میں تشریف فرما تھے۔ جو تیز ہوا کے جھونکے سے گھر میں ایک کونے کا پردہ ہٹ گیا۔ وہاں حضرت عائشہؓ کے کھیلنے کی گڑیاں رکھی ہوئی تھیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر بھی پڑ گئی۔ دریافت فرمایا کہ یہ کیا ہے؟ حضرت عائشہؓ نے جواب دیا میری گڑیاں ہیں۔ آپؐ نے دیکھا کہ بیچ میں ایک گھوڑا سا بنا ہوا ہے جسکے دو پر ہیں کپڑے کے لگے ہوئے ہیں۔ پوچھا یہ کیا ہے۔ کہا گھوڑا ہے۔ فرمایا اور یہ اس کے اُوپر دونوں طرف چھیڑے کے کیا بنے ہوئے ہیں؟ کہا یہ دونوں اس کے پر ہیں۔ فرمایا گھوڑا بھی اچھا ہے اور اُس کے پر بھی۔ صدیقہؓ نے عرض کیا کہ کیا آپ نے نہیں سُنا کہ حضرت سلیمانؑ کے پردار گھوڑے تھے؟ یہ سُن کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہنس دیئے یہاں تک کہ آپ کے آخری دانت دکھائی دینے لگے۔ (تفسیر ابن کثیر)

حضرت سلیمان علیہ السلام کا استغفار: ابن المنذر نے بطریق ابن جریج بیان کیا کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا سلیمانؑ نے تلوار سے ان کی پنڈلیاں کاٹ دیں طبرانی نے الاوسط میں اور اسماعیل نے معجم میں اور ابن مردویہ نے عمدہ سند کے ساتھ حضرت ابی بن کعب کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تلوار سے ان کی پنڈلیاں اور گردنیں باذن خدا کاٹ دیں۔ اس عمل کا باعث تھا ذکر خدا سے غافل رہ جانے کے گناہ سے توبہ کرنا۔ قرب خدا کے حصول کی طلب اور مرضی رب پالینے کا جذبہ۔

حسن نے کہا جب سلیمانؑ نے گھوڑوں کو قتل کر دیا تو ان کے عوض اللہ نے آپ کو ایسی سواری عنایت کی جو گھوڑوں سے بہتر اور ان سے زیادہ تیز رفتار تھی یعنی ہوا کو آپ کا تابع حکم بنا دیا۔

بعض اہل تفسیر نے لکھا ہے کہ حضرت سلیمانؑ نے گھوڑوں کو ذبح کر کے ان کا گوشت خیرات کر دیا۔ گھوڑے کا گوشت ان کی شریعت میں حلال تھا ہماری شریعت میں بھی بقول جمہور حلال ہے صرف امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک مکروہ ہے۔

بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ حضرت سلیمانؑ نے ان گھوڑوں کو جہاد کے لئے وقف کر دیا تھا اور ان کی گردنوں اور پنڈلیوں پر وقف کی علامت کے طور پر داغ لگا دیا تھا۔

زہری نے حضرت علی کا ایک قول نقل کیا ہے کہ سلیمانؑ نے جو رُدُّوْهَا عَلَيَّ کہا تھا وہ فرشتوں سے کہا تھا یعنی آفتاب پہ جو مؤکل ملائکہ تھے بحکم خدا ان سے کہا تھا کہ سورج کو واپس لوٹا لاؤ کہ میں عصر کی نماز پڑھ لوں چنانچہ فرشتے سورج کو واپس لوٹا لائے اور آپ نے عصر کی نماز بروقت پڑھ لی۔ (تفسیر مظہری)

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا
اور ہم نے جانچا سلیمان کو اور ڈال دیا اُس کے تخت پر ایک دھڑ
ثُمَّ اَنَابَ ﴿۳۴﴾
پھر وہ رجوع ہوا ☆

آزمائش کی ایک اور صورت

☆ حدیث صحیح میں ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے ایک روز قسم کھائی کہ آج رات میں اپنی تمام عورتوں کے پاس جاؤں گا (جو تعداد میں ستر یا نوے یا سو کے قریب تھیں) اور ہر ایک عورت ایک بچہ جنے گی جو اللہ کی راہ میں جہاد کرے گا۔ فرشتہ نے القاء کیا کہ "انشاء اللہ" کہہ لیجئے مگر (باوجود دل میں موجود ہونے کے) زبان سے نہ کہا۔ خدا کا کرنا کہ اس مباشرت کے نتیجے میں ایک عورت نے بھی بچہ نہ جنا۔ صرف ایک عورت سے ادھورا بچہ ہوا۔ بعض مفسرین کہتے ہیں کہ دایہ نے وہ ہی ادھورا بچہ ان کے تخت پر لا کر ڈال دیا۔ کہ لو یہ تمہاری قسم کا نتیجہ ہے۔ (اسی کو یہاں "جسد" (دھڑ) سے تعبیر کیا ہے) یہ دیکھ کر حضرت سلیمان علیہ السلام ندامت کے ساتھ اللہ کی طرف رجوع ہوئے اور "انشاء اللہ" نہ کہنے پر استغفار کیا۔ نزدیکاں را بیش بود حیرانی۔ حدیث میں ہے کہ اگر انشاء اللہ کہہ لیتے تو بے شک اللہ ویسا ہی کر دیتا جو ان کی تمنا تھی (تنبیہ) اکثر مفسرین نے آیت کی تفسیر دوسری طرح کی ہے اور اس موقع پر بہت سے بے سروپا قصے سلیمانؑ کی انگشتری اور جنوں کے نقل کئے ہیں جسے دلچسپی ہو کتب تفاسیر میں دیکھ لے۔ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں "وقد رويت هذه القصة مطولة عن جماعة من السلف رضى الله عنهم و كلها متلقاة من قصص اهل الكتاب" والله سبحانه تعالىٰ اعلم بالصواب۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَهَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ

بولا اے رب میرے معاف کر مجھ کو اور بخش مجھ کو وہ بادشاہی کہ مناسب

لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿۳۵﴾

نہ ہو کسی کو میرے پیچھے بیشک تو ہے سب کچھ بخشنے والا☆

بے مثال حکومت☆ یعنی ایسی عظیم الشان سلطنت عنایت فرما جو میرے سوا کسی کو نہ ملے، نہ کوئی دوسرا اس کا اہل ثابت ہو یا یہ مطلب ہے کہ کسی کو حوصلہ نہ ہو کہ مجھ سے چھین سکے (تنبیہ) احادیث میں ہے کہ ہر نبی کی ایک دعا ہے جس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے اجابت کا وعدہ فرما لیا ہے یعنی وہ دعا ضرور ہی قبول کریں گے۔ شاید حضرت سلیمان علیہ السلام کی یہ وہ ہی دعا ہو آخر نبی زادے اور بادشاہ زادے تھے۔ دعا میں بھی یہ رنگ رہا کہ بادشاہت ملے۔ اور اعجازی رنگ کی ملے وہ زمانہ ملوک اور جبارین کا تھا، اس حیثیت سے بھی یہ دعا مذاق زمانہ کے موافق تھی اور ظاہر ہے کہ انبیاء علیہم السلام کا مقصد ملک حاصل کرنے سے اپنی شوکت وحشمت کا مظاہرہ کرنا نہیں۔ بلکہ اس دین کا ظاہرو غالب کرنا اور قانون سماوی کا پھیلانا ہوتا ہے، جس کے وہ حامل بنا کر بھیجے جاتے ہیں لہٰذا اس کو دنیاداروں کی دعا پر قیاس نہ کیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

انبیاء علیہم السلام کی درخواست کا طریقہ

انبیاء اور صالحین کا طریقہ ہے کہ پہلے استغفار کرتے ہیں پھر اللہ سے کچھ مانگتے ہیں۔ حضرت سلیمانؑ نے بھی ایسا ہی کیا پہلے درخواست مغفرت کی' پھر حکومت کا سوال کیا۔ آیت کی رفتار بتا رہی ہے کہ حضرت سلیمانؑ پر جو یہ مصیبت پڑی وہ محض اللہ کی طرف سے ایک امتحان تھا تاکہ دنیا اور آخرت میں آپ کا مرتبہ اونچا کیا جائے جس طرح کہ حضرت ایوبؑ پر وقوع بلاء ترقی درجات کے لئے ہوا۔ حضرت سلیمانؑ نے نہ کسی گناہ کا ارتکاب کیا تھا نہ آپ سے کوئی لغزش ہوئی تھی ورنہ ندامت و استغفار بہت ہی زاری کے ساتھ گڑگڑا کر کرتے اور درخواست مغفرت وتوبہ کے علاوہ کوئی لفظ زبان پر بھی نہ لاتے (حکومت مانگنے کا تو ذکر ہی کیا ہے) اور جس طرح اللہ نے حضرت داؤدؑ کے متعلق فرمایا تھا ویسے ہی آپ کے متعلق بھی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ فَغَفَرْنَا لَهٗ ذٰلِكَ۔

حضرت ابو ہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک دیو (شریر جن) آج رات تھوک اڑاتا (بدبو پھیلاتا) ہوا میری نماز تڑوانے کے لئے آیا لیکن اللہ نے اس پر مجھے قابو دیدیا اور میں نے اس کو پکڑ کر چاہا کہ مسجد کے کسی ستون سے باندھ دوں تاکہ (صبح کو) تم سب اسکو دیکھ سکو' پھر مجھے اپنے بھائی سلیمانؑ کی دعا یاد آئی کہ انہوں نے درخواست کی تھی رَبِّ هَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ۔ تو میں نے اس کو لوٹا دیا۔ (متفق علیہ)

میں کہتا ہوں اس جملہ کی یہ مراد بھی ہوسکتی ہے کہ جو شخص عرفی میں میرے بعد ہے اس کو وہ حکومت میسر نہ ہو ایسی حکومت مجھے عطا فرما حضرت سلیمانؑ نے یہ درخواست لوگوں کی بھلائی اور انکی ہمدردی کے لئے کی تھی۔ مطلب یہ کہ میری طرح جس کی مشغولیت دنیا سے نہ ہو اور ہر وقت اللہ سے ہی لو لگی ہوئی ہو اسکو تو کوئی چیز ضرر نہیں پہنچا سکتی' نہ اللہ سے کوئی شئے غافل بنا سکتی ہے اس کے لئے دنیا کا حصول نیکیاں حاصل کرنے کا مزید ذریعہ ہوتا ہے لیکن جو ایسا نہ ہو اسکو دنیا خدا سے غافل بنا دیتی ہے اور ایسے آدمی کے لئے دنیا سم قاتل کا حکم رکھتی ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان: بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مرتبہ حضرت سلیمانؑ کے مرتبہ سے اعلیٰ تھا لیکن یہ بات قابل تسلیم نہیں کہ حضرت سلیمانؑ کی دعا کی وجہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حکومت عطا نہیں کی گئی اللہ نے تو آپ کو اختیار دے دیا تھا کہ نبوت کے ساتھ چاہیں تو بادشاہ بھی بن جائیں یا غریب بندہ رہنا چاہیں (تو یونہی چھوڑ دیا جائے) آپؐ نے نبوت کے ساتھ (غریب) بندہ رہنا پسند کیا کیونکہ آپ کے نزدیک بادشاہت سے فقیری افضل تھی۔ رہی دیو کو ستون سے باندھنے والی حدیث تو خود اس میں صراحت ہے کہ دیو کو اللہ نے آپ کے قابو میں کر دیا تھا اور آپ اس کو ستون سے باندھ سکتے تھے لیکن حضرت سلیمانؑ کی دعا کا لحاظ کرتے ہوئے خود ہی نہیں باندھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم تو جن وانس سب پر چلتا تھا۔

تاتی بدعوته الاشجار ساجدة تمشی الیه علی ساق بلا قدم

آپ کو بلانے سے تو درخت سجدہ کرتے ہوئے بغیر قدموں کے صرف تنا کے سہارے سے چلتے ہوئے آپؐ کے پاس آجاتے تھے۔

فقراء کی زندگی اور ان کا لباس آپ کو محبوب تھا خلفاء راشدین کی بھی یہی حالت تھی کہ خلافت کے ساتھ فقر ان کو پسند تھا اور دونوں گروہوں کے فضائل انہوں نے جمع کر لئے تھے۔

حکومت اور اقتدار کی دعا: یہاں یہ بات بھی یاد رکھنی چاہئے کہ انبیاء علیہم السلام کی کوئی دعا اللہ تعالیٰ کی اجازت کے بغیر نہیں ہوتی۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے یہ دعا بھی باری تعالیٰ کی اجازت ہی سے مانگی تھی۔ اور چونکہ اس کا منشاء محض طلب اقتدار نہیں تھا بلکہ اس کے پیچھے اللہ تعالیٰ کے احکام کو نافذ کرنے اور کلمۂ حق کو سربلند کرنے کا جذبہ کارفرما تھا' اور باری تعالیٰ کو معلوم تھا کہ حکومت ملنے کے بعد حضرت سلیمان علیہ السلام انہی مقاصد عالیہ کے لئے کام کریں گے۔ اور حُبّ جاہ کے جذبات ان کے دل میں جگہ نہیں پائیں گے۔ اس لئے انہیں اس دعا کی اجازت بھی دیدی گئی اور اسے قبول بھی کر لیا گیا۔ لیکن عام لوگوں کے لئے از خود اقتدار کے طلب کرنے کو حدیث میں اس لئے منع کیا گیا ہے کہ اس میں حُبّ جاہ و مال کے

besturdubooks.wordpress.com

جذبات شامل ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ جہاں انسان کو اس قسم کے جذبات نفسانی سے خالی ہونے کا یقین ہو اور وہ واقعۃً اعلاء کلمۃ الحق کے سوا کسی اور مقصد سے اقتدار حاصل نہ کرنا چاہتا ہو تو اس کے لئے حکومت کی دعا مانگنا جائز ہے۔ (روح المعانی وغیرہ) (معارف مفتی اعظم)

فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيحَ تَجْرِي بِأَمْرِهِ رُخَاءً حَيْثُ
پھر ہم نے تابع کر دیا اُسکے ہوا کو چلتی تھی اُس کے حکم سے نرم نرم جہاں پہنچنا
أَصَابَ ۝ وَالشَّيَاطِينَ كُلَّ بَنَّاءٍ وَغَوَّاصٍ ۝
چاہتا اور تابع کر دیئے شیطان سارے عمارت کرنیوالے اور غوطے لگانیوالے ☆

☆ یعنی جن ان کے حکم سے بڑی بڑی عمارتیں بنانے اور موتی وغیرہ نکالنے کے لئے دریاؤں میں غوطے لگاتے تھے۔ ہوا اور جنات کے تابع کرنے کے متعلق پہلے سورہ "سبا" وغیرہ میں کچھ تفصیل گزر چکی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت سلیمانؑ کی جنوں پر حکومت

حضرت سلیمانؑ ہی پہلے شخص تھے جنھوں نے سمندروں کے موتی نکلوائے مقرنین زنجیروں میں جکڑے ہوئے۔ حضرت سلیمانؑ نے جنات کے دو گروہ کر دیئے تھے (۱) کچھ جنات کو بھاری دشوار کاموں پر لگا دیا تھا جیسے معمار اور غوطہ زن (۲) کچھ شریر تھے تو ان کو زنجیروں میں جکڑ دیا تھا۔ تا کہ لوگ ان کی شرارت سے محفوظ رہیں۔

میں کہتا ہوں شاید حضرت سلیمانؑ کو ابلیس پر تسلط اس لئے عطا نہیں کیا کہ اس سے آزاد رہنے کا وعدہ کر لیا گیا تھا اور اللہ نے اس سے فرما دیا تھا إِنَّكَ مِنَ الْمُنظَرِينَ ۝ إِلَىٰ يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُومِ (تفسیر مظہری)

وَآخَرِينَ مُقَرَّنِينَ فِي الْأَصْفَادِ ۝
بہت سے اور جو باہم جکڑے ہوئے ہیں بیڑیوں میں ☆

☆ یعنی بہت سے جنات اور تھے جن کو سرکشی اور شرارت و تمرد کی وجہ سے قید کر کے ڈال دیا تھا۔ (تفسیر عثمانی)

جنات کی زنجیریں: یہاں یہ بتایا گیا ہے کہ سرکش جنات کو حضرت سلیمانؑ نے زنجیروں میں جکڑا ہوا تھا' اب ان زنجیروں کے لئے یہ ضروری نہیں کہ وہ یہی نظر آنے والی لوہے کی زنجیریں ہوں' ہو سکتا ہے کہ جنات کو جکڑنے کے لئے کوئی اور طریقہ اختیار کیا گیا ہو۔ جسے آسانی سے سمجھانے کے لئے یہاں زنجیروں سے تعبیر کر دیا گیا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

هَٰذَا عَطَاؤُنَا فَامْنُنْ أَوْ أَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝
یہ ہے بخشش ہماری اب تو احسان کر یا رکھ چھوڑ کچھ حساب نہ ہوگا ☆

عطائے الٰہی ☆ یعنی کسی کو بخشو دو یا نہ دو تم مختار ہو اس قدر بے حساب دیا، اور حساب و کتاب کا مواخذہ بھی نہیں رکھا۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "یہ اور مہربانی کی کہ اتنی دنیا دی اور مختار کر دیا۔ حساب معاف کرکے لیکن وہ کھاتے تھے اپنے ہاتھ کی محنت سے ٹوکرے بنا کر"۔ (تفسیر عثمانی)

بے مثال حکومت: ہم نے سلیمانؑ سے کہا کہ یہ حکومت اور ایسا تسلط جو کسی اور کو نہیں دیا گیا صرف تم کو دیا گیا ہے ہمارا خاص عطیہ ہے فَامْنُنْ سو جسکو چاہو دو اَوْ اَمْسِكْ اور جس سے چاہو روک رکھو نہ دو۔

بغیر حساب تم سے اس کی حساب فہمی نہ ہوگی کہ کیوں دیا اور کیوں نہ دیا کیونکہ تصرف کا پورا اختیار تم کو دیدیا گیا ہے حسن نے کہا اللہ نے جس کسی کو نعمت سے سرفراز کیا آخر کار وہ نعمت اسکے لئے انجام بد بن گئی سواء حضرت سلیمانؑ کے کیونکہ ان کو اختیار دیدیا گیا کہ وہ کسی کو دیں تو انکو ثواب ملیگا نہ دیں تو انجام میں مواخذہ نہ ہوگا۔

بغیر حساب کا تعلق عطاء سے بھی ہو سکتا ہے اس صورت میں عطاء سے مراد عطاء کثیر ہوگی یعنی بے حساب ان گنت نعمت ہم نے تم کو دی ہے۔

مقاتل نے کہا هَٰذَا عَطَاؤُنَا کا یہ مطلب ہے کہ یعنی جنات کی تسخیر ہمارا خاص عطیہ ہے جو ہم نے تم کو دیا ہے فَامْنُنْ سو تم جسکو ان میں سے چاہو چھوڑ دو اور جس کو اپنی بندش میں رکھنا چاہو رکھو چھوڑنے اور بند رکھنے کا تم سے کوئی مواخذہ نہ ہوگا۔ (تفسیر مظہری)

وَإِنَّ لَهُ عِندَنَا لَزُلْفَىٰ وَحُسْنَ مَآبٍ ۝
اس کا ہمارے یہاں مرتبہ ہے اور اچھا ٹھکانہ ☆

☆ یعنی بادشاہت کے باوجود جو روحانی تقرب اور مرتبہ ہمارے ہاں حاصل ہے اور فردوس بریں میں جو اعلیٰ سے اعلیٰ ٹھکانا تیار ہے وہ بجائے خود رہا۔ (تفسیر عثمانی)

وَاذْكُرْ عَبْدَنَا أَيُّوبَ إِذْ نَادَىٰ رَبَّهُ أَنِّي مَسَّنِيَ
اور یاد کر ہمارے بندے ایوب کو جب اُس نے پکارا اپنے رب کو کہ مجھ کو لگا دی
الشَّيْطَانُ بِنُصْبٍ وَعَذَابٍ ۝
شیطان نے ایذا اور تکلیف ☆

حضرت ایوب علیہ السلام کی بیماری

قرآن کریم کے تتبع سے ظاہر ہوتا ہے کہ جن امور میں کوئی پہلو شر یا ایذا کا یا کسی مقصد صحیح کے فوت ہونے کا ہو ان کو شیطان کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔ جیسے موسیٰ علیہ السلام کے قصہ میں آیا "وَمَا أَنسَانِيهُ إِلَّا الشَّيْطَانُ أَنْ أَذْكُرَهُ" (کہف۔ رکوع ۹) کیونکہ اکثر اس قسم کی چیزوں کا سبب قریب یا بعید کسی درجہ

besturdubooks.wordpress.com

میں شیطان ہوتا ہے۔ اسی قاعدے سے حضرت ایوب علیہ السلام نے اپنی بیماری یا تکلیف و آزار کی نسبت شیطان کی طرف کی تو گویا تواضعاً و تادباً یہ ظاہر کیا کہ ضرور مجھ سے کچھ تساہل یا کوئی غلطی اپنے درجہ کے موافق صادر ہوئی ہے جس کے نتیجہ میں یہ آزار پیچھے لگا۔ یا حالت مرض و شدت میں شیطان القاء وساوس کی کوشش کرتا ہوگا اور یہ اس کی مدافعت میں تعب و تکلیف اٹھاتے ہوں گے اس کو نصب و عذاب سے تعبیر فرمایا۔ واللہ اعلم

(تنبیہ) حضرت ایوب علیہ السلام کا قصہ سورہ ''انبیاء'' میں گزر چکا۔ وہاں ملاحظہ کر لیا جائے مگر واضح رہے کہ قصہ گویوں نے حضرت ایوب علیہ السلام کی بیماری کے متعلق جو افسانے بیان کئے ہیں اس میں مبالغہ بہت ہے۔ ایسا مرض جو عام طور پر لوگوں کے حق میں تنفر اور استقذار کا موجب ہو انبیاء علیہم السلام کی وجاہت کے منافی ہے۔ کما قال تعالیٰ ''لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ آذَوْا مُوسَىٰ فَبَرَّأَهُ اللَّهُ مِمَّا قَالُوا وَكَانَ عِندَ اللَّهِ وَجِيهًا'' (احزاب رکوع ۹) لہٰذا اسی قدر بیان قبول کرنا چاہئے جو منصب نبوۃ کے منافی نہ ہو۔ (تفسیر عثمانی)

قتادہ نے کہا نصب سے مراد ہے جسمانی دُکھ اور عذاب سے مراد ہے مالی تباہی حضرت ایوب کے دکھ اور تکلیف کا مفصل ذکر اور ان کا پورا قصہ ہے ہم نے سورۃ انبیاء میں بیان کر دیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

اس طرح کی بیماری کہ بدن سے کیڑے گرنے لگے اور لوگ ان کو گھر سے باہر کسی جگہ لے جا کر ڈال دیں۔ انبیاء علیہم السلام کی اس عظمت و وجاہت کے منافی ہے جو اللہ کی طرف سے خاصۂ نبوت ہے۔ عوارض جسمانیہ اور امراض کا انبیاء پر ورود بے شک درست ہے۔ لیکن ایسے امراض جو گندے اور قابل نفرت ہوں مثلاً جذام و برص عمی (نابینا پن) اور جنون و اپاہج پن سے محفوظ رکھے جاتے ہیں۔ (معارف کاندھلوی)

وہ آثار جن میں حضرت ایوب علیہ السلام کی طرف پھوڑے پھنسیوں کی نسبت کی گئی ہے یا جن میں کہا گیا ہے کہ آپ کو کوڑے پر ڈال دیا گیا تھا' روایۃً و درایۃً قابل اعتماد نہیں ہیں۔ (ملخص از روح المعانی واحکام القرآن)

ارْكُضْ بِرِجْلِكَ ۖ هَٰذَا مُغْتَسَلٌ بَارِدٌ وَشَرَابٌ ﴿۴۲﴾
لات مار اپنے پاؤں سے یہ چشمہ نکلا نہانے کو ٹھنڈا اور پینے کو اور بخشے ہم
وَوَهَبْنَا لَهُ أَهْلَهُ وَمِثْلَهُم مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا
نے اُس کو اُسکے گھر والے اور اُنکے برابر اُنکے ساتھ اپنی طرف کی مہربانی
وَذِكْرَىٰ لِأُولِي الْأَلْبَابِ ﴿۴۳﴾
سے اور یاد رکھنے کو عقل والوں کے ☆

صبر کا پھل ☆ جب اللہ نے چاہا کہ ان کو چنگا کرے حکم دیا کہ زمین پر پاؤں ماریں۔ پاؤں مارنا تھا کہ قدرت نے وہاں سے ٹھنڈے پانی کا چشمہ نکال دیا۔ اسی سے نہایا کرتے اور پانی پیتے وہ ہی ان کی شفاء کا سبب ہوا۔ ان کے گھرانے کے لوگ جو چھت کے نیچے دب کر مر گئے تھے۔ اللہ نے اپنی مہربانی سے ان سے دگنے عطا کئے تاکہ عقلمند لوگ ان واقعات کو دیکھ کر سمجھیں کہ جو بندہ مصائب میں مبتلا ہو کر صبر کرتا اور خدائے واحد کی طرف رجوع ہوتا ہے حق تعالیٰ اس کی کس طرح کفالت و اعانت فرماتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

صبر کے بدلہ میں رحمت: صحیح بخاری میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حضرت ایوب ننگے ہو کر نہا رہے تھے کہ آسمان سے سونے کی ٹڈیاں برسنے لگیں' آپ نے جلدی جلدی ان کو اپنے کپڑے میں سمیٹنا شروع کیا تو اللہ تعالیٰ نے آواز دی کہ اے ایوب! کیا میں نے تمہیں غنی اور بے پرواہ نہیں کر رکھا۔ آپ نے جواب دیا ہاں خدایا بیشک تو نے مجھے بہت کچھ دے رکھا ہے۔ میں سب سے غنی اور بے نیاز ہوں لیکن تیری رحمت سے بے نیاز نہیں ہوں۔ بلکہ اس کا تو پورا محتاج ہوں۔ پس اللہ تعالیٰ نے اپنے اس صابر پیغمبرؑ کو نیک بدلے اور بہتر جزائیں عطا فرمائیں۔ اولاد بھی دی اور اسی کے مثل اور بھی دی۔ بلکہ حضرت حسنؒ اور قتادہؒ سے تو منقول ہے کہ مردہ اولاد خدا تعالیٰ نے زندہ کر دی اور اتنی ہی مزید اولاد عطا کی۔ یہ تھا اللہ تعالیٰ کا رحم جو ان کے صبر و استقلال' رجوع الی اللہ اور تواضع و انکساری کے بدلے اللہ تعالیٰ نے ان کو عطا فرمایا اور عقلمندوں کے لئے نصیحت و عبرت ہے وہ جان لیتے ہیں کہ صبر کا انجام کشادگی ہے اور رحمت و راحت ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِب بِّهِ وَلَا تَحْنَثْ ۗ
اور پکڑ اپنے ہاتھ میں سینکوں کا مٹھا پھر اُس سے مار لے اور قسم میں جھوٹا نہ ہو ☆

قسم پوری کرنے کی مخصوص ترکیب

☆ حضرت ایوب علیہ السلام نے حالت مرض میں کسی بات پر خفا ہو کر قسم کھائی کہ تندرست ہو گئے تو اپنی عورت کو سو لکڑیاں ماریں گے۔ وہ بی بی اس حالت کی رفیق تھی اور چنداں قصور وار بھی نہ تھی۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی مہربانی سے قسم سچا کرنے کا ایک حیلہ ان کو بتلا دیا جو ان ہی کے لئے مخصوص تھا۔ آج اگر کوئی اسطرح کی قسم کھا بیٹھے تو اس کے پورا کرنے کے لئے اتنی بات کافی نہ ہوگی (تنبیہ) جس حیلہ سے کسی حکم شرعی یا مقصد دینی کا ابطال ہوتا ہو وہ جائز نہیں جیسے اسقاط زکوٰۃ وغیرہ کے حیلے لوگوں نے نکالے ہیں۔ ہاں جو حیلہ حکم شرعی کو باطل نہ کرے بلکہ کسی معروف کا ذریعہ بنتا ہو اسکی اجازت ہے۔ والتفصیل یطلب من مظانہ۔

besturdubooks.wordpress.com

اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ۭ نِعْمَ الْعَبْدُ ۭ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ۝ وَاذْكُرْ

ہم نے اُسکو پایا جھیلنے والا بہت خوب بندہ تحقیق وہ ہے رجوع رہنے والا

عِبٰدَنَآ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ اُولِي الْاَيْدِيْ

اور یاد کر ہمارے بندوں کو ابراہیم اور اسحٰق اور یعقوب ہاتھوں والے اور

وَالْاَبْصَارِ ۝

آنکھوں والے ☆

☆ یعنی عمل اور معرفت والے جو ہاتھ پاؤں سے بندگی کرتے اور آنکھوں سے خدا کی قدرتیں دیکھ کر یقین و بصیرت زیادہ کرتے ہیں۔

مقام صبر سے ترقی

(حضرت مرزا مظہر جانِ جاناں کا عجیب کلام)

اس مقام پر ہمارے شیخ شہید کا بہت اونچا کلام ہے آپ نے فرمایا جب حضرت ایوب علیہ السلام دُکھ اور مصیبت پر برسوں صبر کر چکے اور اللہ نے چاہا کہ ان کے دُکھ اور تکلیف کو دور کر دے تو ان کے دل میں یہ بات خود ہی پیدا کر دی کہ اللہ تجھ سے دعا اور زاری کا خواستگار ہے تو بارگاہِ الٰہی میں اپنی عاجزی اور احتیاج کا اظہار کرتا کہ اللہ اس مصیبت کو دور کر دے۔ چنانچہ آپ نے اپنے طبعی تقاضا کے خلاف جو صبر کا خواستگار تھا مرضی رب کو حاصل کرنے کے لئے دعا اور زاری کو ترجیح دی اور طرح مقام صبر سے ترقی کر کے مقام رضا میں پہنچ گئے اور اللہ نے بھی آپ کے صبر کی قدردانی کی اور فرمایا۔ اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا۔

اُولِي الْاَيْدِيْ یعنی اطاعت خداوندی میں اور دین و معرفت الٰہیہ میں بصیرت مند تھے۔ حضرت ابن عباسؓ قتادہ اور مجاہد نے یہی تشریح کی اطاعت اور بدنی اعمال کی تعبیر لفظ ایدی (ہاتھ) سے کی کیونکہ ہاتھوں سے اکثر اعمال کئے جاتے ہیں۔ اور ابصار سے معرفت خداوندی کی تعبیر کی کیونکہ آنکھیں ہی خداشناسی میں قوی ترین ذریعہ ہیں خلاصہ یہ کہ تینوں حضرات عملی اور علمی قوتوں کے مالک تھے عملی قوت کو اللہ کی اطاعت میں صرف کرتے تھے اور علمی قوت سے معرفت خداوندی اور دینی دانش حاصل کرتے تھے۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّآ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ ۝

ہم نے امتیاز دیا اُن کو ایک چُنی ہوئی بات کا وہ یاد اُس گھر کی ☆

☆ انبیاء کا امتیاز یہ ہے کہ ان کے برابر خدا کو اور آخرت کو یاد رکھنے والا کوئی نہیں اسی خصوصیت کی وجہ سے اللہ کے ہاں ان کو سب سے ممتاز مرتبہ حاصل ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ ۝

اور وہ سب ہمارے نزدیک ہیں چنے ہوئے نیک لوگوں

وَاذْكُرْ اِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ ۭ وَكُلٌّ

میں اور یاد کر اسمٰعیل کو اور الیسع کو اور ذوالکفل کو اور ہر ایک تھا

مِّنَ الْاَخْيَارِ ۝

خوبی والا ☆

☆ حضرت اسمٰعیل اور ذوالکفل کا ذکر پہلے گزر چکا اور "الیسع" کہتے ہیں کہ حضرت الیاسؑ کے خلیفہ تھے۔ ان کو بھی اللہ نے نبوت عطا فرمائی۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت الیسع علیہ السلام: تاریخ کی کتابوں میں منقول ہے کہ آپ حضرت الیاس علیہ السلام کے چچازاد بھائی ہیں اور حضرت الیاس علیہ السلام کے نائب اور خلیفہ تھے انہی کی رفاقت میں رہتے تھے ان کے بعد آپ کو نبوت عطا کی گئی بائبل کی کتاب سلاطین اوّل باب نمبر ١٩ اور سلاطین دوم باب نمبر ٢ وغیرہ میں آپ کے تفصیلی حالات بیان کئے گئے ہیں۔ وہاں آپ کے اسم گرامی الیشعؑ بن سافط مذکور ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

هٰذَا ذِكْرٌ ۭ

یہ ایک مذکور ہو چکا ہے

یعنی یہ مذکور تو انبیاء کا تھا۔ آگے عام متقین کا انجام سن لو۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَاٰبٍ ۝ جَنّٰتِ عَدْنٍ

تحقیق ڈر والوں کیلئے ہے اچھا ٹھکانا باغ ہیں سدا بسنے کے کھول

مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ۝

رکھے ہیں اُن کے واسطے دروازے ☆

☆ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "جب بہشت میں داخل ہوں گے، ہر کوئی بدون بتائے اپنے گھر میں چلا جائے گا" آواز دے کر دروازہ کھلوانے کی ضرورت نہ پڑے گی۔ (تفسیر عثمانی)

محل عدن: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جنت میں ایک محل عدن ہے جس کے آس پاس برج ہیں۔ جس کے پانچ ہزار دروازے ہیں اور ہر دروازے پر پانچ ہزار چادریں ہیں۔ اس میں صرف نبیؑ یا صدیق یا شہید یا عادل بادشاہ ہی رہیں گے (ابن ابی حاتم) (تفسیر ابن کثیر)

besturdubooks.wordpress.com

مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ

تکیہ لگائے ہوئے بیٹھے اُن میں منگوائیں گے اُن میں میوے بہت

وَّشَرَابٍ ﴿۵۱﴾

اور شراب ☆

☆ یعنی قسم قسم کے میوے پھل اور پینے کی چیزیں حسب خواہش غلمان حاضر کریں گے۔ (تفسیر عثمانی)

جنت میں کھانے کا مقصد: اہل جنت کا کچھ کھانا محض لذت اندوزی کیلئے ہوگا۔ حصول غزائیت کے لئے نہیں ہوگا غذا کی ضرورت تو اس لئے ہوتی ہے کہ اجزاء جسم کو تحلیل شدہ قوت کا بدل مل جائے (اور جنت کے اندر قوت کے تحلیل ہونے اور کمزور پڑ جانے کا کوئی احتمال ہی نہیں ہے) (تفسیر مظہری)

وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ ﴿۵۲﴾

اور اُن کے پاس عورتیں ہیں نیچی نگاہ والیاں ایک عمر کی ☆

یعنی سب عورتیں نوجوان ایک عمر ہوں گی یا شکل وشمائل خو بو میں اپنے ازواج کی ہم عمر معلوم ہوں گی۔ (تفسیر عثمانی)

قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ یعنی ایسی عورتیں جن کی نگاہیں شوہروں کے سوا دوسروں پر نہ پڑیں گی (یعنی ان کی نگاہ آوارہ نہ ہوگی)

اتراب۔ یہ ترب کی جمع ہے ہم عمر۔ سب کی عمر ۳۳ سال کی ہوگی۔ مجاہد نے کہا سب آپس میں بہنوں بہنوں کی طرح ہونگی۔ یہاں کی سوکنوں کی طرح ان میں جلن نہ ہوگی نہ حسد ہوگی۔

زوجین کے درمیان عمر کا تناسب

اور دوسری صورت میں جبکہ ''ہم عمر'' کا مطلب یہ لیا جائے کہ وہ اپنے شوہروں کی ہم عمر ہوں گی' اس کا فائدہ یہ ہے کہ ہم عمری کی وجہ سے طبیعتوں میں زیادہ مناسبت اور توافق ہوگا۔ اور ایک دوسرے کی راحت و دلچسپی کا خیال زیادہ رکھا جاسکے گا۔ اسی سے یہ بھی معلوم ہوا کہ زوجین کے درمیان عمر میں تناسب کی رعایت رکھنی چاہئے' کیونکہ اس سے باہمی اُنس پیدا ہوتا ہے۔ اور رشتہ نکاح زیادہ خوشگوار اور پائیدار ہو جاتا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۵۳﴾ اِنَّ هٰذَا

یہ وہ ہے جو تم سے وعدہ کیا گیا حساب کے دن پر یہ ہے

لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ﴿۵۴﴾

روزی ہماری دی ہوئی اسکو نہیں نبڑنا ☆

لازوال نعمتیں ☆ یعنی غیر منقطع اور لازوال نعمتیں ہیں جن کا سلسلہ کبھی ختم نہ ہوگا۔ رزقنا الله منها بفضله و كرمه فانه اكرم الاكرمين وارحم الراحمين (تفسیر عثمانی)

هٰذَا ۭ

یہ سن چکے ☆

☆ یعنی پرہیزگاروں کا انجام سن چکے۔ آگے شریروں کا انجام سن لو۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِنَّ لِلطّٰغِيْنَ لَشَرَّ مَاٰبٍ ﴿۵۵﴾ جَهَنَّمَ يَصْلَوْنَهَا

اور تحقیق شریروں کے واسطے ہے بُرا ٹھکانا دوزخ ہے جس میں اُنکو ڈالیں گے

فَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۵۶﴾ هٰذَا فَلْيَذُوْقُوْهُ

سو کیا بُری آرام کرنے کی جگہ ہے یہ ہے اب اُس کو چکھیں

یعنی لو! یہ حاضر ہے۔ اب اس کا مزہ چکھیں۔ (تفسیر عثمانی)

حَمِيْمٌ وَّغَسَّاقٌ ﴿۵۷﴾

گرم پانی اور پیپ

غَسَّاق کے معنی ☆ ''غساق'' سے بعض نے کہا کہ دوزخیوں کے زخموں کی پیپ اور ان کی آلائشیں مراد ہیں جن میں سانپوں بچھوؤں کا زہر ملا ہوگا۔ اور بعض کے نزدیک ''غساق'' حد سے زیادہ ٹھنڈے پانی کو کہتے ہیں جسکے پینے سے سخت اذیت ہو گویا ''حمیم'' کی پوری ضد۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا ایسی برفیلی سخت ٹھنڈک جو اس طرح دوزخیوں کو جلادیگی جس طرح آگ اپنی گرمی سے جلائیگی۔ مجاہد اور مقاتل نے کہا جس چیز کی برودت انتہائی درجہ کی ہو وہ غساق ہے۔

العیاذ، العیاذ: مسند احمد میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں اگر ایک ڈول غساق کا دنیا میں بہایا جائے تو تمام اہل دنیا بدبودار ہو جائے حضرت کعب احبارؒ فرماتے ہیں کہ غساق نامی جہنم میں ایک نہر ہے' جس میں سانپ' بچھو وغیرہ کا زہر جمع ہوتا ہے پھر وہ گرم ہوکر پکنے لگتا ہے' اس میں جہنمیوں کو غوطے دیئے جائیں گے جس سے اُن کا سارا گوشت پوست جھڑ جائے گا اور پنڈلیوں میں لٹک جائے گا۔ جسے وہ اس طرح گھسیٹتے پھریں گے جیسے کوئی شخص اپنا کپڑا گھسیٹ رہا ہو (ابن ابی حاتم) (تفسیر ابن کثیر)

وَّاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖٓ اَزْوَاجٌ ﴿۵۸﴾ هٰذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ

اور کچھ اسی شکل کی طرح طرح کی چیزیں یہ ایک فوج ہے دھستی آرہی ہے

besturdubooks.wordpress.com

مَعَكُمْ لَا مَرْحَبًۢا بِهِمْ اِنَّهُمْ صَالُوا النَّارِ۝ قَالُوْا

تمہارے ساتھ جگہ نہ ملیواُن کو یہ ہیں گھسنے والے آگ میں وہ بولے

بَلْ اَنْتُمْ لَا مَرْحَبًۢا بِكُمْ اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا

بلکہ تم ہی ہو کہ جگہ نہ ملیو تم کو تم ہی پیش لائے ہمارے یہ بلا سو کیا بُری

فَبِئْسَ الْقَرَارُ۝

ٹھہرنے کی جگہ ہے☆

دوزخیوں کی گفتگو☆ یہ گفتگو دوزخیوں کی آپس میں ہوگی، جس وقت فرشتے کو یکے بعد دیگرے لا لا کر دوزخ کے کنارے پر جمع کریں گے پہلا گروہ سرداروں کا ہوگا بعدہٗ انکے مقلدین واتباع کی جماعت آئے گی۔ اس کو دور سے آتے ہوئے دیکھ کر پہلے لوگ کہیں گے کہ لو! یہ ایک اور فوج دھنستی اور کھپتی ہوئی تمہارے ساتھ دوزخ میں گرنے کے لئے چلی آرہی ہے۔ خدا کی مار ان پر۔ یہ بھی یہیں آکر مرنے کو تھے۔ خدا کرے ان کو کہیں کشادہ جگہ نہ ملے۔ اس پر وہ جواب دیں گے کہ کم بختو! تمہی پر خدا کی مار ہو، خدا تم کو ہی کہیں آرام کی جگہ نہ دے، تم ہی تھے جن کے اغواء واضلال کی بدولت آج ہم کو یہ مصیبت پیش آئی اب بتاؤ کہاں جائیں۔ جو کچھ ہے یہی جگہ ٹھہرنے کی ہے جس طرح ہو یہاں ہی سب مرو کھپو۔ (تفسیر عثمانی)

آیات کی لطیف تفسیر: میں کہتا ہوں یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے خلفاء لوگوں کو پیچھے سے کمر پکڑ کر دوزخ میں گرنے سے روکتے ہیں اور ایسے کاموں سے روکتے ہیں جن کا ارتکاب موجب جہنم ہے مگر لوگ نہیں مانتے خود ہی دوزخ میں گھسے پڑتے ہیں اور ایسے کام کرتے ہیں جو جہنم میں لیجانیوالے ہیں۔ حضرت ابوہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری اور تمہاری مثال ایسی ہے جیسے کسی شخص نے آگ جلائی ہو جب آگ روشن ہوگئی تو پروانے اور یہ کیڑے مکوڑے آ آ کر اس میں گرنے لگے۔ وہ ہر چند گرنے سے روکتا تھا مگر آگ میں گرنے والے (پروانے اور کیڑے) اس پر غالب آ کر گھسے ہی چلے جاتے تھے (آخر سوختہ ہو جاتے تھے) میں بھی تم کو دوزخ میں گرنے سے ہر چند روکتا ہوں اور کہتا ہوں دوزخ سے ہٹ آؤ آگ سے بچ آؤ مگر تم مجھ پر غالب آتے اور دوزخ میں گھسے پڑتے ہو (متفق علیہ)

قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ لَا مَرْحَبًۢا بِكُمْ یعنی اتباع کرنے والے اپنے پیشواؤں سے کہیں گے کہ تم نے جو کچھ کہا یا ہمارے متعلق جو کچھ کہا گیا اس کے تم زیادہ مستحق ہو تم خود بھی گمراہ ہوئے اور ہم کو بھی گمراہ کیا۔

اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا اس عذاب کو یا داخلہ جہنم کو تم ہی ہمارے آگے لائے۔ (تفسیر مظہری)

قَالُوْا رَبَّنَا مَنْ قَدَّمَ لَنَا هٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا

وہ بولے اے رب ہمارے جو کوئی لایا ہمارے پیش یہ سو بڑھادے اُس

ضِعْفًا فِي النَّارِ۝

کو دونا عذاب آگ میں☆

ایک حسرت☆ یعنی آپس میں لعن طعن کر کے پھر حق تعالیٰ سے عرض کریں گے کہ اے پروردگار جو اپنی شقاوت سے یہ بلا اور مصیبت ہمارے سر پر لایا اس کو دوزخ میں دوگنا عذاب دیجئے۔ شاید سمجھیں گے کہ اس کا دوگنا عذاب دیکھ کر ذرا دل ٹھنڈا ہو جائے گا حالانکہ وہاں تسلی کا سامان کہاں؟ ایک دوسرے کو کوسنا اور پھٹکارنا یہ بھی ایک مستقل عذاب ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالُوْا مَا لَنَا لَا نَرٰى رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ

اور کہیں گے کیا ہوا کہ ہم نہیں دیکھتے اُن مردوں کو کہ ہم اُنکو شمار کرتے تھے

مِّنَ الْاَشْرَارِ۝ اَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِيًّا اَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ

بُرے لوگوں میں کیا ہم نے اُنکو ٹھٹھے میں پکڑا تھا یا چوک گئیں اُن سے

الْاَبْصَارُ۝

ہماری آنکھیں☆

☆ وہاں دیکھیں گے کہ سب جان پہچان والے لوگ ادنیٰ واعلیٰ دوزخ میں جانے کے واسطے جمع ہوئے ہیں۔ مگر جن مسلمانوں کو پہچانتے تھے اور سب سے زیادہ بُرا جان کر مذاق اڑایا کرتے تھے وہ اس جگہ نظر نہیں آتے تو حیران ہو کر کہیں گے کہ کیا ہم نے غلطی سے ان کے ساتھ ٹھٹھا کیا تھا وہ اس قابل نہ تھے کہ آج دوزخ کے نزدیک رہیں یا اسی جگہ کہیں ہیں پر ہماری آنکھیں چوک گئیں۔ ہمارے دیکھنے میں نہیں آتے۔ (تفسیر عثمانی)

فقراء مومنین کی آخرت قابلِ رشک

اشرار شریر کی جمع ہے شر خیر کی ضد ہے۔ خیر وہ چیز ہے جس کی طرف سب کو رغبت ہوتی ہے اور شر وہ چیز ہوتی ہے جس سے ہر شخص نفرت کرتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ ہم دنیا میں ان کو برا سمجھتے تھے اور ان کی تحقیر کرتے تھے آج وہ یہاں کیوں نظر نہیں آتے ان کی مراد یہ ہوگی کہ فقراء مومنین جیسے حضرت عمارؓ، حضرت صہیبؓ، حضرت بلالؓ، حضرت ابن مسعودؓ وغیرہ یہاں کیوں نہیں دکھائی دیتے۔ دنیا میں وہ کافر ان مخلص غریب مومنوں کو ذلیل جانتے تھے اور ان کا مذاق اڑاتے تھے۔ (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

اِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ ﴿۶۴﴾

یہ بات ٹھیک ہونی ہے جھگڑا کرنا آپس میں دوزخیوں کا ☆

دوزخیوں کا جھگڑا حق ہے

یعنی بظاہر یہ بات خلاف قیاس ہے کہ اس افراتفری میں ایک دوسرے سے جھگڑیں۔ عذاب کا ہولناک منظر کیسے دوسری طرف متوجہ ہونے دے گا۔ لیکن یاد رکھو! ایسا ہو کر رہے گا۔ یہ بالکل یقینی چیز ہے جس میں شک وشبہ کی گنجائش نہیں۔ اور حقیقت میں یہ ان کے عذاب کی تکمیل ہے۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا مُنْذِرٌ ۖ وَّمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ

تو کہہ میں تو یہی ہوں ڈر سنا دینے والا اور حاکم کوئی نہیں مگر اللہ اکیلا

الْقَهَّارُ ﴿۶۵﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا

دباؤ والا رب آسمانوں کا اور زمین کا اور جو اُن کے بیچ میں ہے

الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ﴿۶۶﴾

زبردست گناہ بخشنے والا ☆

پیغمبر کا کام ☆ میرا کام تو اتنا ہی ہے کہ تم کو اس آنے والی خوفناک گھڑی سے ہوشیار کردوں اور جو بھیانک مستقبل آنے والا ہے اس سے بے خبر نہ رہنے دوں۔ باقی سابقہ جس حاکم سے پڑنے والا ہے وہ تو وہی اکیلا خدا ہے جس کے سامنے کوئی چھوٹا بڑا دم مار نہیں سکتا۔ ہر چیز اس کے آگے دبی ہوئی ہے۔ آسمان وزمین اور ان کے درمیان کی کوئی چیز نہیں جو اس کے زیر تصرف نہ ہو جب تک چاہے ان کو قائم رکھے جب چاہے توڑ پھوڑ کر برابر کردے۔ اس عزیز وغالب کا ہاتھ کون پکڑ سکتا ہے اسکے زبردست قبضہ سے کون نکل کر بھاگ سکتا ہے اور ساتھ ہی اس کی لامحدود رحمت وبخشش کو کس کی مجال ہے، محدود کردے۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيْمٌ ﴿۶۷﴾ اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ ﴿۶۸﴾

تو کہہ یہ ایک بڑی خبر ہے کہ تم اُس کو دھیان میں نہیں لاتے ☆

بہت بڑا حادثہ ☆ یعنی قیامت اور اسکے احوال کوئی معمولی چیز نہیں۔ بڑی بھاری اور یقینی خبر ہے جو میں تم کو دے رہا ہوں۔ عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ (نبا۔ رکوع ۱) مگر افسوس ہے کہ اس کی طرف سے بالکل بے فکر ہو۔ جو کچھ تمہاری خیر خواہی کو کہا جاتا ہے دھیان میں نہیں لاتے۔ بلکہ الٹا مذاق اڑاتے ہو کہ کب آئے گی۔ کیونکر آئے گی اور اتنی دیر کیوں ہو رہی ہے، اسے جلد کیوں نہیں بلا لیتے وغیرہ ذلک۔ (تفسیر عثمانی)

مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍ بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰٓى اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۶۹﴾

مجھ کو کچھ خبر نہ تھی اوپر کی مجلس کی جب وہ آپس میں تکرار کرتے ہیں مجھ کو تو

اِنْ يُّوْحٰٓى اِلَيَّ اِلَّآ اَنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷۰﴾

یہی حکم آتا ہے کہ اور کچھ نہیں میں تو ڈر سنا دینے والا ہوں کھول کر ☆

ملأ اعلیٰ: ☆ ''ملأ اعلیٰ'' (اوپر کی مجلس) ملائکہ مقربین وغیرہم کی مجلس ہے جنکے توسط سے تدابیر الٰہیہ اور تصریفات کونیہ ظہور پذیر ہوتی ہیں۔

قیامت کا حتمی علم کسی کو نہیں

یعنی ملأ اعلیٰ میں نظام عالم کے فناء وبقاء کے متعلق جو تدبیریں یا بحثیں اور قیل وقال ہوتی ہے۔ مجھے اس کی کیا خبر تھی جو تم سے بیان کرتا۔ اللہ تعالیٰ نے جن اجزاء پر مطلع فرمادیا وہ بیان کردیے۔ جو کچھ کہتا ہوں اسی کی وحی و اعلام سے کہتا ہوں مجھ کو یہی حکم ملا ہے کہ سب کو اس آنے والے خوفناک مستقبل سے خوب کھول کھول کر آگاہ کردوں۔ رہا یہ کہ وہ وقت کب آئے گا اور قیامت کب قائم ہوگی؟ نہ انذار کے لئے اسکی ضرورت ہے، نہ اسکی اطلاع کسی کو دی گئی ہے۔ ایک حدیث میں ہے کہ چند انبیاء علیہم السلام کے ایک اجتماع میں قیامت کا ذکر چلا کہ کب آئے گی سب نے حضرت ابراہیم پر حوالہ کیا انہوں نے فرمایا کہ مجھے علم نہیں پھر سب نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر حوالہ کیا ان کی طرف سے بھی وہی جواب ملا آخر سب نے حضرت مسیح علیہ السلام کی طرف رجوع کیا فرمایا ''وجبۃ الساعۃ'' (یعنی قیامت کے وقوع کی گھڑی) تو مجھے بھی معلوم نہیں البتہ حق تعالیٰ نے مجھ سے یہ وعدہ کیا ہے الخ اور ایک حدیث میں ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے قیامت کے آنے کا وقت دریافت کیا۔ فرمایا۔ ''ماالمسئول عنھا باعلم من السائل'' یعنی میں تم سے زیادہ نہیں جانتا۔ معلوم ہوا کہ ملأ اعلیٰ میں قیامت کے متعلق اس قسم کی کچھ بحث وتکرار اور قیل وقال ہوتی ہے جیسا کہ ایک حدیث میں اللہ تعالیٰ کا آپ سے کئی مرتبہ سوال کرنا **''فیم یختصم الملأ الاعلیٰ''** اور آپ کا جواب دینا مذکور ہے۔ مگر وہاں کے مباحثات کا علم بجز وحی الٰہی کے اور کس طرح ہوسکتا ہے۔ یہی ذریعہ ہے جس سے اہل نار کے تخاصم پر آپ کو اطلاع ہوئی اسی سے ملأ اعلیٰ کے اختصام کی خبر لگی اور جو تخاصم ابلیس کا آدم کے معاملہ میں ہوا جس کا ذکر آگے آتا ہے وہ بھی اسی ذریعہ سے معلوم ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

عالم بالا کی بحث: حضرت عبدالرحمٰن بن عائش حضرمی کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمارہے تھے میں نے اپنے رب کو نہایت ہی حسین شکل میں دیکھا رب نے مجھ سے فرمایا۔ محمد عالم صلی اللہ علیہ وسلم بالا والے کس

besturdubooks.wordpress.com

بات میں بحث کر رہے ہیں میں نے عرض کیا اے میرے رب تو ہی خوب جانتا ہے یہ بات دو مرتبہ فرمائی میرے رب نے میرے دونوں شانوں کے درمیان اپنی ہتھیلی رکھ دی جس کی خنکی مجھے سینہ کے اگلے حصہ میں بھی محسوس ہوگئی اور آسمان و زمین میں جو کچھ (ہو رہا) تھا مجھے معلوم ہو گیا پھر حضور نے آیت وَكَذٰلِكَ نُرِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ تلاوت کی اور فرمایا اس کے بعد میرے رب نے پوچھا محمد عالم بالا والے کس بات میں بحث کر رہے ہیں۔ میں نے عرض کیا کفارات کے متعلق بحث کر رہے ہیں (یعنی کن کن چیزوں سے گناہوں کا اتارا اور کفارہ ہو جاتا ہے) فرمایا کفارات کیا (کیا) ہیں میں نے عرض کیا پاؤں سے چل کر (نماز کی) جماعتوں کی طرف جانا۔ نماز کے بعد (دوسری نماز کے انتظار میں) مسجدوں میں بیٹھا رہنا اور ناگوار امور (مثلاً برفیلا ٹھنڈا پانی اور سخت سردی) کے باوجود پورا پورا وضو کرنا۔ فرمایا جو ایسا کریگا وہ بخیریت زندہ رہیگا بخیریت مریگا اور اس کے گناہ (معاف کر دیئے جائیں گے اور) ایسے (دور) ہو جائیں گے جیسے اس روز تھے جب کہ وہ ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا تھا اور (کفارات کے بعد) درجات (کے حصول کے ذرائع) میں سے ہے (بھوکوں کو) کھانا کھلانا اور (مسلمانوں کو) سلام کرنا اور رات کو جب سب لوگ سوتے ہوں (نماز کے لئے) کھڑا ہونا۔ رب نے فرمایا (محمد) کہو اے اللہ! میں تجھ سے پاک چیزیں مانگتا ہوں اور بری چیزیں (ممنوع) کو چھوڑ دینے (کی توفیق چاہتا ہوں اور مسکینوں کی محبت کا خواستگار ہوں اور اس بات کا طلبگار ہوں کہ تو مجھے بخشدے اور مجھ پر رحم فرما اور جب تو کسی قوم کو آزمائش میں ڈالنا چاہے تو مجھے آزمائش میں ڈالنے سے پہلے ہی وفات دیدے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے بلاشبہ یہ سب باتیں سچی ہیں۔ رواہ البغوی فی شرح السنۃ وتفسیرہ۔

ملاء اعلیٰ سے کفارات کا مطلب: کفارات کے معاملہ میں ملاء اعلیٰ کی بحث سے شاید یہ مراد ہو کہ فرشتوں کی ایک جماعت ان نیکیوں کو لکھنے میں ایک دوسرے سے پیش دستی کرتے ہیں تا کہ اللہ کے سامنے سب سے پہلے وہی پیش کریں۔ جیسا کہ حضرت رفاعہؓ بن رافع کی روایت میں آیا ہے۔ حضرت رفاعہؓ نے بیان کیا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھ رہے تھے جو نہی آپ نے رکوع سے سر اٹھا کر سمع اللہ لمن حمدہ کہا فوراً پیچھے (مقتدیوں میں سے) ایک شخص نے رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ کہا حضور نے نماز پوری کر لی تو فرمایا ابھی کس نے یہ بات کہی تھی۔ اس شخص نے کہا میں نے کہی تھی فرمایا کچھ اوپر تیس فرشتوں کو دیکھا کہ وہ پیش دستی کر

رہے تھے کہ کون ان کلمات کو پہلے لکھے۔ (رواہ البخاری۔ تفسیر مظہری)

اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا
جب کہا تیرے رب نے فرشتوں کو میں بناتا ہوں ایک انسان
مِّنْ طِيْنٍ ﴿۷۱﴾
مٹی کا ☆

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں ''ایک یہ بھی تکرار تھی فرشتوں کی جو بیان فرمایا۔'' (تفسیر عثمانی)

اِذْ قَالَ. اذ یختصمون کا بدل ہے اور تشریح ہے سورۂ بقرہ میں ملائکہ اور ابلیس کی تخلیق آدمؑ اور ان کے استحقاق خلافت کے متعلق گفتگو اور ان کا مسجود ملائکہ ہونا تفصیل سے بیان کر دیا گیا۔

اپنے آپ کو بڑا سمجھنے کا انجام: حضرت آدم کے مقابلہ میں ابلیس نے غرور کیا اور راندۂ درگاہ ہو گیا مشرک بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلہ میں اپنے کو بڑا سمجھتے تھے ان کا بھی ابلیس کی طرح خوار و ذلیل ہونا ضروری ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ
پھر جب ٹھیک بنا چکوں اور پھونکوں اُس میں ایک اپنی جان ☆

روح ☆ یعنی ڈھانچہ ٹھیک تیار کر کے اپنی طرف سے ایک روح پھونکوں۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ ''روحی'' (اپنی جان) اسلئے فرمایا کہ آب وخاک سے نہیں بنی، عالم غیب سے آئی۔ کچھ مضمون روح کے متعلق سورہ ''بنی اسرائیل'' میں گزرا ہے۔ وہاں روح کی اس اضافت پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ ملاحظہ کر لیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿۷۲﴾ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ
تو تم گر پڑو اُسکے آگے سجدہ میں پھر سجدہ کیا فرشتوں نے سب نے
اَجْمَعُوْنَ ﴿۷۳﴾ اِلَّآ اِبْلِيْسَ
اکٹھے ہو کر مگر ابلیس نے ☆

☆ یہ قصہ سورہ ''بقرہ'' ''اعراف'' وغیرہ کئی سورتوں میں گزر چکا۔ اعراف کے فوائد میں ہم نے مفصل بحث کی ہے۔ اسے ایک مرتبہ دیکھ لیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

اِسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۴﴾
غرور کیا اور تھا وہ منکروں میں ☆

ابلیس ☆ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ ''یہ (ابلیس اصل سے) جن تھا

besturdubooks.wordpress.com

جو اکثر خدا کے حکم سے منکر ہیں لیکن اب (اپنی کثرت عبادات وغیرہ کے سبب سے) رہنے لگا تھا فرشتوں میں۔" (تفسیر عثمانی)

قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَسْجُدَ

فرمایا اے ابلیس کس چیز نے روک دیا تجھ کو کہ سجدہ کرے اُسکو جسکو میں نے

لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ

بنایا اپنے دونوں ہاتھ سے ☆

قدرت ☆ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "یعنی بدن کو ظاہر کے ہاتھ سے اور روح کو غیب (باطن) کے ہاتھ سے اللہ غیب کی چیزیں ایک طرح کی قدرت سے اور ظاہر کی چیزیں دوسری طرح کی قدرت سے بناتا ہے۔ اس انسان میں دونوں طرح کی قدرت خرچ کی۔ (سورہ مائدہ میں پارہ ششم کے ختم کے قریب "بَلْ يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَآءُ" کا فائدہ ملاحظہ کرلیا جائے) ہمارے نزدیک اللہ تعالیٰ کی نعوت وصفات میں سلف کا مسلک ہی اقویٰ واحوط ہے۔ (تفسیر عثمانی)

لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ یہاں حضرت آدم علیہ السلام کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ میں نے اپنے ہاتھوں سے انہیں پیدا کیا' جمہور اُمت کا اس پر اتفاق ہے کہ "ہاتھوں" سے مراد یہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے ایسی ہی ہاتھ ہیں جیسے انسانوں کے ہوتے ہیں' کیونکہ اللہ تعالیٰ اعضاء وجوارح کے احتیاج سے منزہ ہے' لہٰذا اس سے مراد اللہ تعالیٰ کی قدرت ہے' اور عربی زبان میں لفظ "ید" بکثرت قدرت کے معنی میں مستعمل ہے' مثلاً ارشاد ہے۔ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ۔ لہٰذا آیت کا مطلب یہ ہے کہ' میں نے آدم کو اپنی قدرت سے پیدا کیا۔ اور یوں تو کائنات کی ساری چیزیں قدرت خداوندی ہی سے پیدا ہوئی ہیں۔ لیکن جب باری تعالیٰ کسی چیز کا خصوصی شرف ظاہر کرنا چاہتے ہیں تو اُسے خاص طور سے اپنی طرف منسوب فرما دیتے ہیں۔ جیسے کعبہ کو بیت اللہ۔ حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کو ناقۃ اللہ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کلمۃ اللہ یا روح اللہ کہا گیا ہے۔ یہاں بھی یہ نسبت حضرت آدم علیہ السلام کی فضیلت ظاہر کرنے کے لئے کی گئی ہے (قرطبی) (معارف مفتی اعظم)

اَسْتَكْبَرْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْعَالِيْنَ

یہ تو نے غرور کیا یا تو بڑا تھا درجہ میں ☆

☆ یا جان بوجھ کر اپنے کو بڑا بنانا چاہا یا واقع میں تو اپنا مرتبہ ہی اونچا سمجھتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ

بولا میں بہتر ہوں اُس سے مجھ کو بنایا تو نے آگ سے اور اُس کو

مِنْ طِيْنٍ

بنایا مٹی سے ☆

☆ سورہ "اعراف" میں اس کا بیان گزر چکا۔ حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں کہ "آگ ہے گرم پر جوش اور مٹی ہے، سرد خاموش ابلیس نے آگ کو اچھا سمجھا، اللہ نے اس مٹی کو پسند رکھا۔" (تفسیر عثمانی)

قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ

فرمایا تو تو نکل یہاں سے کہ تو مردود ہوا ☆

☆ یعنی بہشت میں فرشتوں کی صحبت میں جاتا تھا اب نکالا گیا۔ (تفسیر عثمانی)

منها یعنی جنت سے یا آسمانوں سے نکل جا۔ حسن اور ابو العالیہ نے کہا اس بناوٹ (اور خوبصورت تخلیق) سے نکل جا جس میں تو بنایا گیا ہے۔ حسن بن فضل نے کہا' یہ تشریح اچھی ہے چنانچہ اس حکم کے بعد ابلیس کا رنگ سیاہ ہو گیا اور خوبصورتی بدصورتی سے بدل گئی۔

فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ رجیم۔ مردود۔ راندۂ درگاہ۔ یعنی تو آدم سے افضل نہیں ہے۔ یہ جملہ حکم خروج کی علت ہے (یعنی تجھے نکل جانے کا حکم اس لئے دیا گیا کہ اب تو راندۂ درگاہ ہو گیا) (تفسیر مظہری)

وَّاِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِيْٓ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ

اور تجھ پر میری پھٹکار ہے اُس جزا کے دن تک ☆

☆ یعنی اس وقت تک تیرے اعمال کی بدولت پھٹکار بڑھتی جائے گی بعدہ کیا ہوگا؟ اس کا تو پوچھنا ہی کیا ہے آگے آتا ہے "لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ" وہاں جو لعنت ہوگی یہاں کی لعنتیں اسکے سامنے گرد ہو جائیں گی۔ (تفسیر عثمانی)

اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ کہنے سے یہ خیال نہ کرنا چاہئے کہ قیامت آنے پر لعنت ختم ہو جائیگی بلکہ مراد یہ ہی کہ قیامت تک تو پھٹکار میں مبتلا رہیگا اور اس کے بعد لعنت کے ساتھ عذاب میں بھی گرفتار ہوگا۔ (تفسیر مظہری)

قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ

بولا اے رب مجھ کو ڈھیل دے جس دن تک کہ مردے جی اُٹھیں ☆

☆ یعنی صور کے دوسرے نفخہ تک۔ (تفسیر عثمانی)

قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ

فرمایا تو تجھ کو ڈھیل ہے اُسی وقت کے دن تک جو

besturdubooks.wordpress.com

الْمَعْلُومِ ﴿۸۱﴾

معلوم ہے ☆

☆ یعنی پہلے نفخہ کے قریب تک اس کے بعد نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَأُغْوِيَنَّهُمْ أَجْمَعِينَ ﴿۸۲﴾ إِلَّا عِبَادَكَ

بولا تو قسم ہے تیری عزت کی میں گمراہ کروں گا اُن سب کو مگر جو بندے ہیں تیرے

مِنْهُمُ الْمُخْلَصِينَ ﴿۸۳﴾ قَالَ فَالْحَقُّ وَالْحَقَّ أَقُولُ ﴿۸۴﴾

اُن میں چنے ہوئے فرمایا تو ٹھیک بات یہ ہے اور میں ٹھیک ہی کہتا ہوں ☆

☆ یعنی میری سب باتیں سچی اور ٹھیک ہی ہوتی ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

فَبِعِزَّتِكَ میں فاء سببی ہے۔ ابلیس کو مہلت مل جانا ہی عزم اغواء کا سبب ہے اگر اللہ کی طرف سے اس کو مہلت نہ ملتی تو وہ اغواء پر قادر نہ ہوتا۔ ابلیس ملعون نے اللہ کی عزت یعنی غلبۂ کامل اور ہمہ گیر قدرت کی قسم کھائی تا کہ اس ذریعہ سے اسکو بنی آدم کے اغواء پر تسلط حاصل ہو جائے۔

المخلصین یعنی وہ لوگ جنکو اللہ نے اپنے طاعت کے لئے منتخب کرلیا ہے اور گمراہی سے محفوظ بنا دیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ أَجْمَعِينَ ﴿۸۵﴾

مجھ کو بھرنا ہے دوزخ تجھ سے اور جو اُن میں تیری راہ چلے اُن سب سے

قُلْ مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ وَمَا أَنَا مِنَ

تو کہہ میں مانگتا نہیں تم سے اُس پر کچھ بدلہ اور میں نہیں اپنے آپ کو

الْمُتَكَلِّفِينَ ﴿۸۶﴾ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِلْعَالَمِينَ ﴿۸۷﴾

بنانے والا یہ تو ایک فہمائش ہے سارے جہان والوں کو

وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَأَهُ بَعْدَ حِينٍ ﴿۸۸﴾

اور معلوم کرلو گے اُس کا احوال تھوڑی دیر کے پیچھے ☆

پیغمبر کی خیر خواہی

☆ یعنی نصیحت سے غرض یہ ہے کہ اپنے دشمن اور دوست میں تمیز کرو۔ شیطان لعین جو ازلی دشمن ہے اس کی راہ مت چلو، نبیوں کا کہنا مانو جو تمہاری بھی خواہی کے لئے آئے ہیں۔ میں تم سے اس نصیحت کا کوئی صلہ یا معاوضہ نہیں مانگتا نہ خواہ مخواہ اپنی طرف سے بنا کر کوئی بات کہتا ہوں۔ اللہ نے ایک فہمائش کی وہ تمہارے تک پہنچا دی۔ تھوڑی مدت کے بعد تم خود معلوم کرلو گے کہ جو خبریں دی گئیں کہاں تک درست ہیں اور جو نصیحت کی گئی کیسی سچی اور مفید تھی۔

تمّ سورہ صٓ بعون اللہ وحسن توفیقہ وللہ الحمد والمنۃ۔

(تفسیر عثمانی)

تکلف اور تصنع کی مذمت

وَمَا أَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِينَ (اور میں بناوٹ کرنے والوں میں سے نہیں ہوں) مطلب یہ ہے کہ میں تکلف اور تصنع کر کے اپنی نبوت و رسالت اور علم و حکمت کا اظہار نہیں کر رہا۔ بلکہ اللہ کے احکام کو ٹھیک ٹھیک پہنچا رہا ہوں۔ اس سے معلوم ہوا کہ تکلف اور تصنع شرعاً مذموم ہے چنانچہ اس کی مذمت میں بعض احادیث وارد ہوئی ہیں۔ صحیحین میں حضرت عبداللہ بن مسعود کا ارشاد منقول ہے کہ ''اے لوگو! تم میں سے جس شخص کو کسی بات کا علم ہو وہ تو لوگوں سے کہہ دے، لیکن جس کا علم نہ ہو تو وہ ''اللہ اعلم'' کہنے پر اکتفا کرلے (کیونکہ) اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں فرمایا ہے۔ قُلْ مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ وَمَا أَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِينَ (روح المعانی)

(معارف مفتی اعظم)

الحمدللہ سورۃ ص ختم ہوئی

besturdubooks.wordpress.com

سورۃ زمر کی فضیلت

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نفل روزے اس طرح پے در پے رکھے چلے جاتے کہ ہم خیال کرتے کہ شاید اب آپ صلی اللہ علیہ وسلم چھوڑیں گے نہیں۔ اور ایسا بھی ہوتا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم روزے نہ رکھتے یہاں تک کہ ہم کو خیال ہوتا کہ اب رکھیں گے ہی نہیں اور ہر رات آپ صلی اللہ علیہ وسلم سورۃ بقرہ اور سورۃ زمر کی تلاوت کرلیا کرتے۔ (تفسیر ابن کثیر)

شانِ نزول: بیہقی نے دلائل میں بروایت نحاس عبداللہ بن عباس رضی اللہ سے روایت کیا ہے کہ سورۂ زمر مکہ میں نازل ہوئی۔ بجز ان تین آیات کے جو وحشی قاتل حمزہؓ کے بارے میں نازل ہوئیں وہ تین آیات قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۔ کہ یہ مدینہ منورہ میں وحشی کے اسلام کے وقت نازل ہوئی اور بعض مفسرین کا قول ہے کہ سات آیات۔ (فتح البیان۔ فتح القدیر۔ تفسیر ابن کثیر)۔ (معارف کاندھلوی)

سُوْرَةُ الزُّمَرِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً وَّثَمَانِيْ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ زمر مکہ میں نازل ہوئی اور اس میں پچھتر آیتیں ہیں اور آٹھ رکوع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے﴾

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ①

اتارنا ہے کتاب کا اللہ نے جو زبردست ہے حکمتوں والا ☆

قرآن کا مقابلہ کوئی نہیں کرسکتا

چونکہ زبردست ہے اس لئے اس کتاب کے احکام پھیل کر اور نافذ ہو کر رہیں گے۔ کوئی مقابل ومزاحم اس کے شیوع ونفاذ کو روک نہیں سکتا۔ اور حکیم ہے اس لئے دنیا کی کوئی کتاب اس کی خوبیوں اور حکمتوں کا مقابلہ نہیں کرسکتی۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ

میں نے اُتاری ہے تیری طرف کتاب ٹھیک سو بندگی کر اللہ کی

مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ② اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ ۔

خالص کر کر اُسکے واسطے بندگی سنتا ہے اللہ ہی کیلئے ہے بندگی خالص ☆

اللہ کی بندگی اور دعوت میں لگے رہو

☆ یعنی حسب معمول اللہ کی بندگی کرتے رہئے جو شوائب شرک وریا وغیرہ سے پاک ہو اسی کی طرف قولاً وفعلاً لوگوں کو دعوت دیجئے اور اعلان کر دیجئے کہ اللہ اسی بندگی کو قبول کرتا ہے جو خالص اسی کے لئے ہو۔ عمل خالی از اخلاص کی اللہ کے ہاں کچھ پوچھ نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

عمل کی مقبولیت اخلاص کے مطابق ہوتی ہے

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ میں بعض اوقات کوئی صدقہ وخیرات کرتا ہوں یا کسی پر احسان کرتا ہوں جس میں میری نیت اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کی بھی ہوتی ہے اور یہ بھی کہ لوگ میری تعریف وثناء کریں گی۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں محمد کی جان ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی ایسی چیز کو قبول نہیں فرماتے جس میں کسی غیر کو شریک کیا گیا ہو۔ پھر آپ نے آیت مذکورہ بطور استدلال کے تلاوت فرمائی۔ اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ ۔ (قرطبی)

متعدد آیات قرآنی اس پر شاہد ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے یہاں اعمال کا حساب گنتی سے نہیں بلکہ وزن سے ہوتا ہے۔ وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ اور آیات مذکورہ نے بتلا دیا کہ اللہ کے نزدیک اعمال کی قدر اور وزن بقدر اخلاص ہوتا ہے اور یہ ظاہر ہے کہ کمال اخلاص بدون کمال ایمان حاصل نہیں ہوتا۔ کیونکہ اخلاص کامل یہ ہے کہ اللہ کے سوا نہ کسی کو نفع وضرر کا مالک سمجھے نہ اپنے کاموں میں کسی غیر اللہ کو متصرف خیال کرے نہ کسی طاعت وعبادت میں غیر اللہ کا اپنے تصور سے دھیان آنے دے۔ غیر اختیاری وساوس کو اللہ تعالیٰ معاف فرما دیتا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۘ مَا

جنہوں نے پکڑ رکھے ہیں اُس سے ورے حمایتی کہ ہم تو اُنکو پوجتے ہیں

نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى ۭ اِنَّ اللّٰهَ

اس واسطے کہ ہم کو پہنچا دیں اللہ کی طرف قریب کے درجہ میں، بیشک اللہ

يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِيْ مَا هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ڛ

فیصلہ کر دیگا اُن میں جس چیز میں وہ جھگڑ رہے ہیں ☆

مشرکین کا فیصلہ ہو جائے گا

☆ عموماً مشرک لوگ یہی کہا کرتے ہیں کہ ان چھوٹے خداؤں اور دیوتاؤں کی پرستش کر کے ہم بڑے خدا سے نزدیک ہو جائیں گے اور وہ ہم پر مہربانی کریگا جس سے ہمارے کام بن جائیں گے۔ اس کا جواب دیا کہ ان لچر پوچ حیلوں سے

besturdubooks.wordpress.com

توحید خالص میں جو جھگڑے ڈال رہے ہو اور اہل حق سے اختلاف کر رہے ہو اس کا عملی فیصلہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے آگے چل کر ہو جائیگا۔ (تفسیر عثمانی)

آیت کا شان نزول: جویبر کی روایت ہے کہ اس آیت کی تشریح میں حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا اس آیت کا نزول تین قبائل کے متعلق ہوا بنی عامر۔ بنی کنانہ اور بنی سلمہ۔ یہ قبائل بتوں کی پوجا کرتے تھے اور فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں قرار دیتے اور کہتے تھے کہ ہم ان کی پوجا صرف اس لئے کرتے ہیں کہ یہ ہم کو خدا کا مقرب بنا دیں (یعنی ان کی پوجا کر کے ہم خدا کے مقرب بن جائیں)

بغوی نے لکھا ہے جب ان لوگوں سے پوچھا جاتا تھا کہ تمہارا رب کون ہے تم کو اور آسمان و زمین کو کس نے پیدا کیا تو وہ جواب دیتے تھے سب کو اللہ نے پیدا کیا اس پر کہا جاتا پھر بتوں کو کیوں پوجتے ہو تو جواب دیتے ہم تو ان کی پوجا محض اس لئے کرتے ہیں کہ ان کے ذریعے سے ہم خدا کے مقرب ہو جائیں۔

مشرکین عرب کا حال

وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مِنْ دُونِهِ أَوْلِيَاءَ مَا نَعْبُدُهُمْ إِلَّا لِيُقَرِّبُونَا إِلَى اللَّهِ زُلْفَى

یہ مشرکین عرب کا حال ہے اور اس زمانے کے عام مشرکین بھی تقریباً یہی عقیدہ رکھتے تھے کہ خالق و مالک اور تمام کاموں میں متصرف تو صرف اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ شیطان نے ان کو بہکایا تو اپنے خیال کے مطابق فرشتوں کی شکلوں پر بت تراشے اور یہ جانتے ہوئے کہ یہ بت ہمارے بنائے ہوئے ہیں انہیں کوئی عقل و شعور اور قدرت وقوت نہیں۔ انہیں عقیدہ یہ تھا کہ ان بتوں کی تعظیم وتکریم سے وہ فرشتے ہم سے خوش ہوں گے جنکی شکلوں پر بت بنائے گئے ہیں اور فرشتے اللہ کے نزدیک مقرب ہیں۔ انہوں نے بارگاہ خداوندی کو دنیا کے بادشاہوں پر قیاس کیا کہ جیسے شاہی مقرب کسی سے خوش ہوں تو وہ بادشاہ کے پاس ان کی سفارش کر کے ان کو بھی بادشاہ کا مقرب بنا دیتے ہیں۔ یہ سمجھتے تھے کہ فرشتے بھی بادشاہی درباریوں کی طرح جس کی چاہیں سفارش کر سکتے ہیں مگر ان کے یہ سارے خیالات شیطانی تلبیس اور باطل ہی باطل تھے۔ اول تو یہ بت فرشتوں کی شکل پر واقع میں ہیں نہیں اور ہوں بھی تو اللہ کے مقرب فرشتے اپنی پرستش سے کب خوش ہونے والے ہیں۔ ان کو تو ہر اس چیز سے طبعی نفرت ہے جو اللہ کے نزدیک ناپسند ہو۔ اس کے علاوہ بارگاہ خداوندی میں وہ از خود کسی کی سفارش نہیں کر سکتے جب تک اُن کو کسی خاص شخص کے بارے میں سفارش کی اجازت نہ مل جائے۔

آج کے مادہ پرست کفار تو خود اللہ تعالیٰ کے وجود ہی کے منکر ہیں اور اللہ تعالیٰ کی شان میں براہ راست گستاخیاں کرتے ہیں۔ یورپ سے درآمد کیا گیا کفر خواہ اُس کے رنگ مختلف ہوں۔ کوئی سرمایہ پرست ہو' کوئی کمیونزم کا قائل۔ یہ بات سب میں قدر مشترک ہے کہ معاذ اللہ خدا کوئی چیز نہیں' ہم اپنی مرضی کے مالک ہیں۔ ہم سے ہمارے اعمال کی باز پرس کرنے والا کوئی نہیں' اسی بدترین کفر اور ناشکری کا نتیجہ ہے کہ پوری دنیا سے امن واطمینان' سکون و راحت مفقود ہو چکا ہے' راحت کے نئے نئے سامان بہت مگر راحت مفقود' علاج معالجے کے جدید آلات اور تحقیقات کی بہتات مگر امراض کی اتنی کثرت جو پہلے کبھی سننے میں نہیں سُنی گئی۔ پہرے چوکیاں پولیس۔ خفیہ پولیس قدم قدم پر' مگر جرائم کی رفتار ہر روز بڑھ رہی ہے۔ یہ نئے آلات اور راحت و آرام کے نئے نئے طریقے جب غور کریں تو یہی خلق خدا کے لئے وبال جان بنے ہوئے نظر آتے ہیں۔ کفر کی سزا تو آخرت میں سب ہی کفار کے لئے دائمی جہنم ہے۔ مگر اس اندھی ناشکری کی سزا کچھ دنیا میں بھگتنی پڑتی ہے۔ کہ جس کی دی ہوئی نعمتوں میں تصرفات کر کے آسمان پر چڑھنے کے حوصلے پیدا ہوئے۔ اسی کا انکار ہے۔

ے درمیان خانہ گم کردیم صاحب خانہ راہ (معارف مفتی اعظم)

إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي مَنْ هُوَ كَاذِبٌ كَفَّارٌ ۝

البتہ اللہ راہ نہیں دیتا اُس کو جو ہو جھوٹا حق نہ ماننے والا☆

سرکش و بدباطن تباہ ہوں گے

یعنی جس نے دل میں یہ ہی ٹھان لی کہ کبھی سچی بات کو نہ مانوں گا جھوٹ اور ناحق ہی پر ہمیشہ اڑا رہوں گا منعم حقیقی کو چھوڑ کر جھوٹے محسنوں ہی کی بندگی کروں گا۔ اللہ کی عادت ہے کہ ایسے بدباطن کو فوز و کامیابی کی راہ نہیں دیتا۔ (تفسیر عثمانی)

لَوْ أَرَادَ اللَّهُ أَنْ يَتَّخِذَ وَلَدًا لَاصْطَفَى مِمَّا

اگر اللہ چاہتا کہ اولاد کرلے تو چُن لیتا اپنی خلق میں سے

يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ سُبْحَانَهُ

جو کچھ چاہتا وہ پاک ہے ☆

اللہ تعالیٰ اولاد سے پاک ہے

☆ یہاں سے ان کا رد ہے جو اللہ تعالیٰ کے لئے اولاد تجویز کرتے ہیں جیسا کہ نصاری حضرت مسیح علیہ السلام کو خدا کا بیٹا کہتے ہیں اور ساتھ ہی تین خداؤں میں کا ایک خدا مانتے ہیں یا عرب کے بعض قبائل فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں کہتے تھے۔ مطلب یہ ہے کہ اگر بفرض محال اللہ یہ ارادہ کرتا کہ اس کی کوئی اولاد ہو تو ظاہر ہے وہ اپنی مخلوق ہی میں سے کسی کو اس کام کے لئے چنتا کیونکہ دلائل سے ثابت ہو چکا ہے کہ ایک خدا کے سوا جو کوئی چیز ہے سب اسی کی مخلوق ہے۔ اب ظاہر ہے کہ مخلوق اور خالق میں کسی درجہ میں بھی نوعی یا جنسی اشتراک نہیں پھر ایک دوسرے کا باپ یا بیٹا کیسے بن سکتا ہے اور جب مخلوق وخالق میں یہ رشتہ محال ہے تو اللہ کی طرف سے ایسا ارادہ کرنا بھی محال ہوگا۔ علاوہ بریں فرض

besturdubooks.wordpress.com

کیجئے یہ چیز محال نہ ہوتی تب بھی فرشتوں کو بیٹیاں بنانا تو کسی طرح سمجھ میں نہیں آ سکتا تھا۔ جب مخلوق میں سے انتخاب کی ٹھہرتی تو اس کا کیا مطلب کہ خدا اپنے لئے گھٹیا چیز انتخاب کرتا اور بڑھیا اولاد چن چن کر تمہیں دے دیتا۔ (تفسیر عثمانی)

فرشتوں کو اللہ کی اولاد

لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ یَّتَّخِذَ وَلَدًا یہ ان لوگوں پر رد ہے جو فرشتوں کو اللہ کی اولاد کہتے تھے ان کے اس خیال باطل اور محال کی بطور فرض محال کے فرمایا کہ اگر اللہ تعالیٰ کے معاذ اللہ کوئی اولاد ہوتی تو وہ بغیر اس کے ارادہ اور مشیت کے ہونا محال ہے کہ زبردستی اولاد اُس پر مسلط نہیں ہو سکتی پھر اگر بالفرض اُس کا ارادہ ہوتا تو اُسکی ذات کے سوا سب اُسکی مخلوقات ہی ہیں انہیں میں سے کسی کو اولاد بناتے۔ اور اولاد کا اپنے والد کی ہم جنس ہونا لازم ہے اور مخلوق خالق کی ہم جنس ہو نہیں سکتی۔ اس لئے مخلوق کو اولاد بنانے کا ارادہ کرنا محال ہو گیا۔ (معارف مفتی اعظم)

هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ④
وہی ہے اللہ اکیلا دباؤ والا ☆

یعنی ہر چیز اس کے سامنے دبی ہوئی ہے۔ اس پر کسی کا دباؤ نہیں نہ کسی چیز کی اسے حاجت، پھر اولاد بنانا آخر کس غرض سے ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ یعنی الوہیت تو وجوب پر مبنی ہے (جب کوئی دوسرا واجب نہیں ہر موجود مخلوق ہے اور ہر مخلوق ممکن ہے) تو الٰہ ہونے کے لئے ضروری ہے کہ وہ الٰہ اپنے ذات وصفات میں واحد ہو۔ اس کا کوئی مثیل ہو نہ شریک اور جب اس کی مثل کوئی دوسرا نہیں ہو سکتا تو اس کی اولاد ہونا کس طرح ممکن ہے اولاد تو باپ کے بعض اجزاء سے بنتی ہے اس لئے اپنے والد کی ہم جنس ہوتی ہے۔ (تفسیر مظہری)

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ بِالْحَقِّ یُکَوِّرُ
بنائے آسمان ور زمین ٹھیک لپیٹتا ہے
الَّیْلَ عَلَى النَّهَارِ وَیُکَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى الَّیْلِ
رات کو دن پر اور لپیٹتا ہے دن کو رات پر ☆

نظام کائنات

مغرب کے وقت مشرق کی طرف دیکھو، معلوم ہوگا کہ افق سے ایک چادر تاریکی کی اٹھتی ہوئی چلی آ رہی ہے اور اپنے آگے سے دن کی روشنی کو مغرب کی طرف صف کی طرح لپیٹی جاتی ہے۔ اسی طرح صبح صادق کے وقت نظر آتا ہے کہ دن کا اجالا رات کی ظلمت کو مشرق سے دھکیلتا ہوا آ رہا ہے۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ "ایک پر دوسرا چلا آتا ہے توڑ نہیں پڑتا"۔ (تفسیر عثمانی)

یُکَوِّرُ کا معنی: یعنی لباس کی طرح ہر ایک کو دوسرے پر لپیٹ دیتا ہے یا ایک کو دوسرے کی وجہ سے چھپا دیتا ہے جیسے لفافہ اپنے اندر رکھی ہوئی چیز کو چھپا لیتا ہے۔ یا عمامہ کے پیچوں کی طرح مسلسل ایک کو دوسرے کے بعد اس کے اوپر لاتا رہتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ كُلٌّ یَّجْرِیْ لِاَجَلٍ
اور کام میں لگا دیا سورج اور چاند کو ہر ایک چلتا ہے ایک ٹھہری ہوئی
مُّسَمًّى اَلَا هُوَ الْعَزِیْزُ الْغَفَّارُ ⑤
مدت پر سنتا ہے وہی ہے زبردست گناہ بخشنے والا ☆

اللہ تعالیٰ درگذر کرنے والا ہے

یعنی اسی زبردست قدرت سے یہ انتظام قائم کیا اور تھام رکھا ہے۔ لوگوں کی گستاخیاں اور شرارتیں تو ایسی ہیں کہ سب نظام درہم برہم کر دیا جائے لیکن وہ بڑا بخشنے والا۔ اور درگذر کرنے والا ہے اپنی شان عفو و مغفرت سے ایک دم ایسا نہیں کرتا۔ (تفسیر عثمانی)

خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ
بنایا تم کو ایک جی سے پھر بنایا اُسی سے
مِنْهَا زَوْجَهَا
اُس کا جوڑا ☆

تخلیق انسانیت

یعنی آدم علیہ السلام اور اُن کا جوڑا حضرت حوا۔ (تفسیر عثمانی)

نَفْسٍ وَّاحِدَةٍ یعنی حضرت آدمؑ جن کو اللہ نے بغیر ماں باپ کے پیدا کیا۔ (تفسیر مظہری)

وَ اَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِیَةَ اَزْوَاجٍ
اور اُتارے تمہارے واسطے چوپاؤں سے آٹھ نر مادہ ☆

دوسری مخلوقات

یعنی تمہارے نفع اٹھانے کے لئے چوپایوں میں آٹھ نر و مادہ پیدا کئے، اونٹ، گائے، بھیڑ، بکری، جن کا ذکر سورہ "انعام" میں گزر چکا۔ (تفسیر عثمانی)

انزل۔ یعنی تمہارے نفع کے لئے چوپائے پیدا کرنے کا حکم دیدیا۔ اللہ کا فیصلہ اور حکم جو لوح محفوظ سے منتقل ہو کر جاری ہوتا ہے اس کو آسمان سے اتارنا کہہ دیا جاتا ہے (کیونکہ لوح محفوظ سے وہ حکم اترتا ہے) یا یہ مطلب ہے کہ

ان اسباب کے ذریعہ سے تمہارے لئے چوپائے پیدا کئے جو آسمان اور عالم بالا سے نیچے آتے ہیں جیسے ستاروں کی شعاعیں بارش۔ یہ مطلب بھی بیان کیا گیا ہے کہ حضرت آدمؑ کے ساتھ اللہ نے جنت کے اندر چوپائے بھی پیدا کر دیئے تھے پھر آپ ہی کے ساتھ انکو نیچے اتارا۔

ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۔ آٹھ نر و مادہ (ملا کر) اونٹ اونٹنی۔ گائے بیل، بھیڑ بھیڑی، بکرا بکری۔ (تفسیر مظہری)

يَخْلُقُكُمْ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ خَلْقًا مِّنْۢ
بناتا ہے تم کو ماں کے پیٹ میں ایک طرح پر
بَعْدِ خَلْقٍ
دوسری طرح کے پیچھے ☆

انسانی پیدائش میں قدرت کے کرشمے

☆ یعنی بتدریج پیدا کیا مثلاً نطفہ سے علقہ بنایا، علقہ سے مضغہ بنایا، پھر ہڈیاں بنائیں اور ان پر گوشت منڈھا، پھر روح پھونکی۔ (تفسیر عثمانی)

اس میں قدرت خداوندی کے اُن رموز و اسرار کی کچھ نشاندہی کی گئی ہے جو انسان کی تخلیق میں کارفرما ہیں اول تو یہ کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت میں تو یہ بھی تھا کہ بچے کو شکم میں بیک وقت مکمل پیدا کر دیتے۔ مگر بہ تقاضائے حکمت و مصلحت ایسا نہیں بلکہ خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ تدریج اختیار کی کہ عورت جس کے پیٹ میں عالم اصغر بن رہا ہے وہ آہستہ آہستہ اس کا بوجھ برداشت کرنے کی عادی ہوتی چلی جائے۔ دوسرے اس بے نظیر حسین ترین مخلوق کو جس میں سینکڑوں نازک مشینیں اور بال کی برابر رگیں خون اور رُوح پہنچانے کے لئے لگائی گئی ہیں۔ یہ عام صنعت کاروں کی طرح کسی کھلی جگہ روشنیوں کی مدد سے نہیں بلکہ تین اندھیروں میں ایسی جگہ پیدا کی گئی ہے جہاں کسی کی نظر تو کیا فکر کی بھی رسائی نہیں۔ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ۔ (معارف مفتی اعظم)

فِيْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ؕ
تین اندھیروں کے بیچ ☆

ایک پیٹ، دوسرا رحم، تیسری جھلی جس کے اندر بچہ ہوتا ہے وہ جھلی بچہ کے ساتھ نکلتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا
وہ اللہ ہے رب تمہارا اُسی کا راج ہے کسی کی بندگی نہیں اُس کے سوائے

هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ۝
پھر کہاں سے پھرے جاتے ہو ☆

جامع دلیل

یعنی جب خالق، رب، مالک اور مَلِک وہ ہی ہے تو معبود اس کے سوا کون ہوسکتا ہے۔ خدائے واحد کے لئے ان صفات کا اقرار کرنے کے بعد دوسرے کی بندگی کیسی؟ مطلب کہ اتنا قریب پہنچ کر کدھر پھرے جاتے ہو۔ (تفسیر عثمانی)

ذلکم یعنی یہ تمام کام کرنے والا اللہ ہے۔ تمہارا رب ہے۔ ذٰلِكُمْ مبتداء ہے اللہ پہلی خبر ہے۔ رَبُّكُمْ دوسری خبر۔ لَهُ الْمُلْكُ تیسری خبر لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ چوتھی خبر لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ یعنی کوئی مخلوق چونکہ ان افعال میں اس کی شریک اور حصہ دار نہیں ہے اس لئے عبادت کے لائق بھی اس کے سوا کوئی اور نہیں ہے۔ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ۝ اس میں ف سببی ہے اور استفہام تعجبی ہے یعنی تعجب ہے کہ اس واضح و مکمل بیان کے بعد تم راہ حق سے پھرے جا رہے ہو اور اللہ کی عبادت کو چھوڑ کر دوسروں کی طرف اپنا رخ کر رہے ہو۔ (تفسیر مظہری)

وہ تمہیں تمہاری ماؤں کے پیٹوں میں پیدا کرتا ہے۔ جہاں تمہاری پیدائش ہوتی رہتی ہیں۔ پہلے نطفہ، پھر خون بستہ، پھر لوتھڑا، پھر گوشت پوست، ہڈی، رگ، پٹھے، پھر رُوح، غور کرو کہ وہ کتنا اچھا خالق ہے۔ تین اندھیریوں میں تمہاری یہ طرح طرح کی تبدیلیوں کی پیدائش کا ہیر پھیر ہوتا رہتا ہے۔ رحم کی اندھیری، اُس کے اُوپر کی جھلی کی اندھیری، اور پیٹ کی اندھیری۔ یہ جس نے آسمان و زمین کو اور خود تم کو اور تمہارے اگلے پچھلوں کو پیدا کیا ہے، وہی رب تعالیٰ ہے۔ اس کا ملک ہے، وہی سب میں متصرف ہے، وہی لائق عبادت ہے، اُس کے سوا کوئی اور نہیں۔ افسوس، نہ جانے تمہاری سمجھ اور عقلیں کہاں گئیں کہ تم اس کے سوا دوسروں کی عبادت و بندگی کرنے لگے۔ (تفسیر ابن کثیر)

اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْكُمْ ۫ وَلَا
اگر تم منکر ہو گے تو اللہ پروا نہیں رکھتا تمہاری اور پسند نہیں کرتا
يَرْضٰى لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ ۚ
اپنے بندوں کا منکر ہونا ☆

اللہ تعالیٰ کی بے نیازی

☆ یعنی کافر بن کر اس کے انعامات و حقوق کا انکار کرو گے تو تمہارا ہی نقصان ہے اس کا کچھ نہیں بگڑتا۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ وہ کفر سے راضی نہیں۔ اپنے بندوں کے کافر و منکر بننے سے ناخوش ہوتا ہے اور اس چیز کو ان کے لئے

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

ناپسند کرتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

غَنِیٌّ عَنْکُمْ یعنی اللہ تم سے اور تمہارے ایمان سے بے نیاز ہے وہ تمہارا اور تمہارے ایمان کا حاجت مند نہیں۔ اِن تکفروا کی جزا محذوف ہے اِنَّ اللّٰہَ غَنِیٌّ عَنْکُمْ محذوف جزاء کے قائم مقام ہے اصل کلام اس طرح تھا اگر تم کفر کرو گے تو کفر کا وبال تم پر ہی پڑیگا اللہ پر نہیں پڑیگا کیونکہ اللہ تو تمہارا حاجتمند نہیں نہ تمہارے ایمان کا تم اس کے محتاج ہو کفر سے تمہارا ہی ضرر ہوگا اور ایمان سے تمہارا ہی نفع ہوگا۔

یعنی اس کو کفر پسند نہیں اگرچہ کفر ایمان سب اسی کے ارادے (اور مشیت) سے ہوتا ہے اللہ نے خود فرمایا ہے۔ مَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ اَنْ یَّھْدِیَہٗ یَشْرَحْ صَدْرَہٗ لِلْاِسْلَامِ وَمَنْ یُّرِدْ اَنْ یُّضِلَّہٗ یَجْعَلْ صَدْرَہٗ ضَیِّقًا حَرَجًا اللہ جس کو ہدایت یاب کرنا چاہتا ہے اس کا سینہ اسلام کے لئے کھول دیتا ہے (کشادہ دلی سے وہ اسلام کو قبول کر لیتا ہے) اور جس کو گمراہ کرنا چاہتا ہے اس کا سینہ تنگ کر دیتا ہے (کہ اسلام اس کے دل میں داخل ہی نہیں ہوتا) علماء اسلاف کا یہی قول تمام اہل سنت و جماعت کا اسی پر اجماع ہے۔

آیت کا ایک دوسرا مطلب

بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت ابن عباسؓ اور سدی نے اس آیت کا یہ معنی بیان کیا کہ اللہ اپنے مومن بندوں کے لئے کفر کو پسند نہیں کرتا۔ یہ بندے وہی ہیں جن کے متعلق اللہ نے (ابلیس سے) فرما دیا تھا اِنَّ عِبَادِیْ لَیْسَ لَکَ عَلَیْھِمْ سُلْطَانٌ۔ اس تفسیر پر رضاء کو بمعنی ارادہ مجازاً اس جگہ قرار دیا جائیگا ورنہ حق بات یہ ہے کہ نہ رضا اور ارادہ ہم معنی لفظ ہیں نہ ارادہ کے لئے رضا ضروری ہے ارادہ کا تعلق تو خیر و شر دونوں سے ہوتا ہے اللہ نے جو چاہا وہ ہوا جو نہ چاہا نہیں ہوا اللہ کا ارادہ جس چیز سے متعلق ہو گیا اس کا ہونا ضروری ہے نہ ہونا محال ہے اللہ نے خود فرمایا ہے اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَیْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰہُ اَنْ نَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ۔ (تفسیر مظہری)

مسئلہ: اہلسنت والجماعت کا عقیدہ یہ ہے کہ دنیا میں کوئی اچھا یا برا کام ایمان یا کفر اللہ تعالیٰ کی مشیت یا ارادہ کے بغیر وجود میں نہیں آ سکتا۔ اس لئے ہر چیز کے وجود میں آنے کے لئے اللہ جل شانہٗ کا ارادہ شرط ہے۔ البتہ رضاء اور پسندیدگی حق تعالیٰ کی صرف ایمان اور اچھے کاموں سے متعلق ہوتی ہے۔ کفر و شرک اور معاصی اس کو پسند نہیں۔ شیخ الاسلام نوی نے اپنی کتاب الاصول وَالضوابط میں لکھا ہے۔ مذھب اھل الحق الایمان بالقدر و اثباته وان جمیع الکائنات خیرھا وشرھا بقضاء اللہ وقدرہ وھو مرید لھا کلھا ویکرہ المعاصی مع انّهٗ تعالیٰ مرید لھا لحکمة یعلمھا جل و علا۔ (روح المعانی)

مذہب اہل حق کا تقدیر پر ایمان لانا ہے اور یہ کہ تمام کائنات اچھی ہوں یا بُری سب اللہ تعالیٰ کے حکم و تقدیر سے وجود میں آتی ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کی تخلیق کا ارادہ بھی کرتا ہے مگر وہ معاصی کو مکروہ و ناپسند سمجھتا ہے۔ اگرچہ ان کی تخلیق کا ارادہ کسی حکمت و مصلحت سے ہوتا ہے جس کو وہ خود ہی جانتا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَاِنْ تَشْكُرُوْا يَرْضَهُ لَكُمْ ؕ
اور اگر اُس کا حق مانو گے تو اُسکو تمہارے لئے پسند کریگا ☆

اللہ کی پسندیدہ بات

یعنی بندے اس کا حق مان کر مطیع و شکر گزار بنیں۔ یہ بات اس کو پسند ہے جس کا نفع ان ہی کو پہنچتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ
اور نہ اُٹھائے گا کوئی اُٹھانے والا بوجھ دوسرے کا ☆

اللہ عادل ہے

یعنی ناشکری کوئی کرے اور پکڑا کوئی جائے ایسا اندھیر اس کے یہاں نہیں جو کرے گا سو بھرے گا۔ (تفسیر عثمانی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی براءت

اس میں اشارہ ہے اس امر کی طرف کہ وبال کفر تم پر ہی پڑے گا کسی اور پر نہیں پڑے گا تمہارے کافر رہنے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی نقصان نہیں وہ تو تمہارے ہی فائدے کے لئے تم کو اسلام کی دعوت دے رہے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ
پھر اپنے رب کی طرف تم کو پھر جانا ہے تو وہ جتلائیگا کہ تم کو
تَعْمَلُوْنَ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝
جو تم کرتے تھے مقرر اُس کو خبر ہے دلوں کی بات کی ☆

سب کے عمل سامنے آئیں گے

یعنی وہاں جا کر سب کے اچھے برے اعمال سامنے رکھ دیئے جائیں گے۔ کوئی چھوٹا بڑا کام گم نہ ہوگا۔ کیونکہ خدا کے علم سے کوئی چیز باہر نہیں۔ دلوں کی تہہ میں جو بات چھپی ہوئی ہو اسے بھی جانتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِيْبًا
اور جب آ لگے انسان کو سختی پکارے اپنے رب کو رجوع ہو کر اُسکی

besturdubooks.wordpress.com

الَیْہِ ثُمَّ اِذَا خَوَّلَہٗ نِعْمَۃً مِّنْہُ نَسِیَ مَا کَانَ
طرف پھر جب بخشے اُسکو نعمت اپنی طرف سے بھول جائے اُس کو
یَدْعُوْٓا اِلَیْہِ مِنْ قَبْلُ وَجَعَلَ لِلّٰہِ اَنْدَادًا
کہ جس کے لئے پکار رہا تھا پہلے سے اور ٹھہرائے اللہ کی برابر
لِّیُضِلَّ عَنْ سَبِیْلِہٖ
اوروں کو تاکہ بہکائے اُس کی راہ سے ☆

انسان کی عجیب طبیعت

یعنی انسان کی حالت عجیب ہے۔ مصیبت پڑنے پر تو ہمیں یاد کرتا ہے کیونکہ دیکھتا ہے کہ کوئی مصیبت کو ہٹانے والا نہیں۔ پھر جہاں اللہ کی مہربانی سے ذرا آرام واطمینان نصیب ہوا معاوہ پہلی حالت بھول جاتا ہے جس کے لئے ابھی ابھی ہم کو پکار رہا تھا۔ عیش و تنعم کے نشہ میں ایسا مست وغافل ہو جاتا ہے گویا کبھی ہم سے واسطہ ہی نہ تھا۔ اللہ کی دی ہوئی نعمتوں کو دوسرے جھوٹے اور من گھڑت خداؤں کی طرف منسوب کرنے لگتا ہے اور ان کے ساتھ وہ معاملہ کرتا ہے جو خدائے واحد کے ساتھ کرنا چاہئے تھا۔ اس طرح خود بھی گمراہ ہوتا ہے اور اپنے قول وفعل سے دوسروں کو بھی گمراہ کرتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ تَمَتَّعْ بِکُفْرِکَ قَلِیْلًا ۖ اِنَّکَ مِنْ اَصْحٰبِ
تو کہہ برت لے ساتھ اپنے کفر کے تھوڑے دنوں تو ہے
النَّارِ ﴿۸﴾
دوزخ والوں میں ☆

مہلت کو نجات نہ سمجھو

یعنی اچھا کافر رہ کر چندروز یہاں اور عیش اڑالے اور خدا نے جب تک مہلت دے رکھی ہے دنیا کی نعمتوں سے تمتع کرتا رہ اس کے بعد تجھے دوزخ میں رہنا ہے جہاں سے کبھی چھٹکارا نصیب نہ ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

اَمَّنْ ھُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ الَّیْلِ سَاجِدًا وَّقَآئِمًا
بھلا ایک جو بندگی میں لگا ہوا ہے رات کی گھڑیوں میں سجدے کرتا ہوا اور کھڑا ہوا
یَحْذَرُ الْاٰخِرَۃَ وَیَرْجُوْا رَحْمَۃَ رَبِّہٖ ۭ قُلْ ھَلْ
خطرہ رکھتا ہے آخرت کا اور امید رکھتا ہے اپنے رب کی مہربانی کی تو کہہ

یَسْتَوِی الَّذِیْنَ یَعْلَمُوْنَ وَالَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ ۭ
کوئی برابر ہوتے ہیں سمجھ والے اور بے سمجھ سوچتے
اِنَّمَا یَتَذَکَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۹﴾
وہی ہیں جن کو عقل ہے ☆

مومن کی شان ☆ یعنی جو بندہ رات کی نینداور آرام چھوڑ کر اللہ کی عبادت میں لگا۔ کبھی اس کے سامنے دست بستہ کھڑا رہا کبھی سجدہ میں گرا۔ ایک طرف آخرت کا خوف اس کے دل میں بے قرار کیے ہوئے ہے اور دوسری طرف اللہ کی رحمت نے ڈھارس بندھا رکھی ہے۔ کیا یہ سعید بندہ اور وہ بدبخت انسان جس کا ذکر اوپر ہوا کہ مصیبت کے وقت خدا کو پکارتا ہے اور جہاں مصیبت کی گھڑی ٹلی خدا کو چھوڑ بیٹھا دونوں برابر ہو سکتے ہیں؟ ہرگز نہیں! ایسا ہو تو یوں کہو کہ ایک عالم اور جاہل یا سمجھدار اور بے وقوف میں کچھ فرق نہ رہا۔ مگر اس بات کو بھی وہ ہی سوچتے سمجھتے ہیں جن کو اللہ نے عقل دی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

یَحْذَرُ الْاٰخِرَۃَ ۔ یعنی اپنے اعمال کی کوتاہی پر نظر کرتا ہے تو عذاب آخرت سے ڈرتا ہے اور (اگر اس کے اعمال اچھے بھی ہیں تب بھی) اعمال ہی پر اعتماد نہیں کر لیتا۔ بلکہ اپنے رب کی رحمت کا امیدوار ہوتا ہے۔ خلاصہ یہ کہ وہ ڈرتا بھی ہے اور امید بھی رکھتا ہے نہ تنہا خوف اس پر اتنا غالب ہوتا ہے کہ اپنے رب سے ناامید ہو جائے کیونکہ لَا یَایْئَسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰہِ اِلَّا الْقَوْمُ الْکٰفِرُوْنَ اللہ کی رحمت سے ناامید تو صرف کافر لوگ ہوتے ہیں۔ نہ صرف امید پر ہی جیتا ہے کہ اللہ کے عذاب سے بے خوف اور مطمئن ہو جائے کیونکہ لَا یَاْمَنُ مَکْرَ اللّٰہِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ۔

آیت کا شان نزول: (۵) بغوی نے لکھا ہے کہ ضحاک نے کہا یہ آیت حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی۔ حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا کہ اس کا نزول حضرت عثمانؓ کے بارے میں ہوا۔ ابن ابی حاتم نے بھی یہی قول نقل کیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

ابن ابی حاتم بیان کرتے ہیں کہ یحییٰ البکاء نے ایک دفعہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کو سنا کر وہ یہ آیت اَمَّنْ ھُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ الَّیْلِ سَاجِدًا وَّقَآئِمًا یَّحْذَرُ الْاٰخِرَۃَ وَیَرْجُوْا رَحْمَۃَ رَبِّہٖ پڑھتے ہوئے سنا تو سن کر فرمایا یہ شخص جس کا ذکر قرآن کریم نے ان کلمات میں کیا وہ تو عثمان بن عفانؓ ہیں کیونکہ ان کی یہی شان تھی کہ پوری رات تہجد اور تلاوت میں گزر جاتی تھی اور کبھی ایسا بھی ہوتا کہ ایک ہی رکعت میں پورا قرآن کریم پڑھ لیتے۔ (کاندھلوی)

علم تقویٰ کی بنیاد ہے: اَلَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ یعنی جو لوگ خدا شناس ہیں اللہ کی صفات جلالی و جمالی کو مانتے ہیں اس لئے عذاب سے ڈرتے ہیں اور رحمت سے آس باندھے رکھتے ہیں۔ حکم کی اطاعت کرتے اور گناہوں

besturdubooks.wordpress.com

سے بچتے رہتے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

رات کی عبادت: آناء اللیل رات کے ٹکڑوں کو کہا جاتا ہے۔ رات کی تاریکی میں عبادت باعث سکون وفرحت بھی اور موجب قرب خداوندی بھی ہے۔ قیام لیل اور تہجد خدا کی بارگاہ میں اس قدر محبوب عمل ہے کہ فرشتے اس عمل کو بارگاہ خداوندی میں پیش کرنے کے لئے باہم خصومت کرتے ہیں۔ ہر ایک فرشتہ کی یہی کوشش ہوتی ہے کہ اس عمل کو لے کر وہی سب سے پہلے بارگاہ رب العزت میں پہنچے جیسے کہ حدیث اختصام ملأاعلیٰ میں ذکر فرمایا گیا۔ (کاندھلوی)

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ جو شخص یہ چاہتا ہے کہ محشر کے موقف حساب میں اللہ تعالیٰ اس پر آسانی فرمادیں اس کو چاہئے کہ اللہ تعالیٰ اس کو رات کی اندھیری میں سجدہ اور قیام کی حالت میں پائے۔ اس طرح کی اس کو آخرت کی فکر بھی ہو اور رحمت کی اُمید بھی۔ بعض حضرات نے مغرب وعشاء کے درمیان کے وقت کو بھی آناء اللیل کہا ہے (قرطبی)۔ (معارف مفتی اعظم)

کامیاب کرنے والی دو صفتیں

عبد بن حمید نے باسناد انس بن مالک رضی اللہ عنہ یہ حدیث روایت کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک شخص کے پاس تشریف لے گئے جبکہ وہ مرض الموت کی حالت میں تھے۔ آپ نے اس شخص سے دریافت فرمایا بتاؤ تم اس وقت اپنے آپ کو کیسی حالت میں پارہے ہو۔ جواب دیا۔ اِنّی اَرْجُوْاللہ وَاخاف ذُنوبی کہ میں اللہ کی رحمت کا امیدوار ہوں اور اپنے گناہوں سے ڈر بھی رہا ہوں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سن کر فرمایا کبھی ایسا نہیں ہو سکتا۔ کہ یہ دو صفتیں کسی مومن بندہ کے قلب میں جمع ہوں مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اس کو وہ چیز عطا نہ فرمائے جس کی اسے امید ہے اور اس چیز سے اس کو مامون ومحفوظ نہ فرمادے جس سے وہ ڈر رہا ہے۔ (جامع ترمذی۔ سنن نسائی) (معارف کاندھلویؒ)

قانت کا معنی: لفظ قانت کے کئی ترجمے کئے گئے ہیں۔ سب کو جامع قول حضرت ابن مسعودؓ کا ہے۔ اس کے معنی ہیں اطاعت گزار اور یہ لفظ جب خاص نماز کے لئے بولا جائے۔ جیسے قُومُوا لِلّٰہِ قٰنِتِیْن۔ تو وہاں مراد وہ شخص ہوتا ہے جو نماز میں اپنی نگاہ کو پست رکھے اِدھر اُدھر نہ دیکھے نہ اپنے بدن یا کپڑوں سے کھیل کرے نہ دنیا کی کسی چیز کو اپنے اختیار سے نماز میں یاد کرے۔ بھول اور غیر اختیاری وسوسہ اس کے منافی نہیں۔ (قرطبی)

نسائی وغیرہ میں حدیث ہے کہ جس نے ایک رات سو آیتیں پڑھ لیں اس کے نامۂ اعمال میں ساری رات کی قنوت لکھی جاتی ہے (مسند وغیرہ) (تفسیر ابن کثیر)

قُلْ يٰعِبَادِ
تو کہہ اے بندہ میرے ☆

☆ یعنی اللہ کی طرف سے یہ پیام پہنچادو۔ (تفسیر عثمانی)

الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۭ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا
جو یقین لائے ہو ڈرو اپنے رب سے جنہوں نے نیکی کی
فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۭ
اس دنیا میں اُن کے لئے ہے بھلائی ☆

نیکی کا بدلہ ضرور ملے گا

یعنی جس نے دنیا میں نیکی کی آخرت میں اسکے لئے بھلائی ہے یا یہ مطلب ہے کہ جس نے نیکی کی اس کو آخرت سے پہلے اسی دنیا میں بھلائی ملے گی ظاہری یا باطنی۔ (تفسیر عثمانی)

احسان کیا ہے: اَحْسَنُوْا یعنی ایمان لائے اور خشوع خضوع کے ساتھ نیک اعمال کئے جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا احسان (عمل اور عبادت کی خوبی) یہ ہے کہ تم اپنے رب کی اس طرح عبادت کرو گویا تم اس کو (اپنے سامنے) دیکھ رہے ہو اگر یہ مشاہدہ تم کو حاصل نہ ہو تو (اتنا ہی سمجھ لو کہ پردہ غیب سے) وہ تم کو دیکھ رہا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَاَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ۭ اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ
اور زمین اللہ کی کشادہ ہے صبر کرنے والوں ہی کو ملتا ہے
اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۱۰﴾
اُن کا ثواب بے شمار ☆

ہجرت کی فضیلت

یعنی اگر ایک ملک میں لوگ نیک راہ چلنے سے مانع ہوں تو خدا کی زمین کشادہ ہے دوسرے ملک میں چلے جاؤ جہاں آزادی سے اس کے احکام بجالا سکو۔ بلاشبہ اس طرح ترک وطن کرنے میں بہت مصائب برداشت کرنا پڑیں گے اور طرح طرح کے خلاف عادت وطبیعت امور پر صبر کرنا پڑے گا لیکن یاد رہے کہ بے شمار ثواب بھی ملے گا۔ تو صرف کرنے والوں ہی کو ملے گا اس کے مقابلہ میں دنیا کی سب سختیاں اور تکلیفیں ہیچ ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

ہجرت اور جہاد: اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ کے ترجمہ میں اضافہ کردہ کلمات سے یہ ظاہر کیا گیا کہ انسان اگر اپنے وطن میں عبادت نہیں کرسکتا تو پھر اس کو چاہئے کہ اس سرزمین سے ہجرت کر کے ایسی جگہ جائے جہاں اپنے رب کی اطاعت کرسکے۔ اس تفسیر پر ماقبل سے ربط بخوبی واضح ہو رہا ہے۔ کہ

besturdubooks.wordpress.com

اس دنیا میں نیکی کرنے والوں کی نیکی کا بدلہ ضرور ان کو ملے گا رہا یہ کہ اگر کسی کو یہ خیال ہو کہ میں تو ایسی جگہ محصور ہوں اور کفار کا غلبہ و تسلط ہے کہ نیکی اور عبادت کر ہی نہیں سکتا تو اس کو فرمایا جا رہا ہے اگر یہ زمین تیرے واسطے تنگ ہے تو کیا ہوا کہیں اور چلا جا۔ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ اللہ کی زمین تو بہت وسیع ہے۔ چنانچہ مجاہد اس کی تفسیر میں فرمایا کرتے تھے۔ منها جروا فیها وجاهدوا واعتزلوا الا وثان مجاہد کے اس کلمہ نے ایک لطیف اشارہ بھی کر دیا۔ مسلمانوں پر اگر کافروں کا غلبہ اور تسلط سے کوئی جگہ نیکی اور عبادت کے لئے تنگ ہے تو ہجرت کے ساتھ جہاد بھی کرو۔ تا کہ جہاد کے ذریعہ اللہ کی وسیع زمین فتح کرو اور وہاں اللہ کا دین قائم کرو۔

گناہوں اور فتنوں سے فرار: عطا کا قول ہے مراد یہ ہے جب تم کو کسی معصیت کی طرف بلایا جائے تو تم اس جگہ سے راہ فرار اختیار کرو۔ اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا اسی معنی اور حکم کو ثابت کرنے کے لئے امام بخاریؒ نے کتاب الایمان میں ایک باب من الدین الفرار من الفتن قائم کیا ہے کہ دین کے شعبوں میں سے ایک شعبہ یہ ہے کہ فتنوں اور فتنوں کی سرزمین سے انسان راہ فرار اختیار کرے۔ (معارف۔ کاندھلوی)

الصابرون۔ یعنی وہ لوگ جو اپنے دین پر قائم رہے اور کافروں کی ایذاء رسانی سے تنگ آ کر دین کو نہ چھوڑ بیٹھے۔ یا وہ لوگ مراد ہیں جنہوں نے احباب' اقارب اور وطن کی جدائی پر صبر کیا۔

آیت کا شان نزول: بعض روایات میں آیا ہے کہ حضرت جعفر بن ابی طالب اور ان کے ساتھیوں کے حق میں اس آیت کا نزول ہوا جو مکہ سے ہجرت کر کے حبش کو چلے گئے تھے۔ دین کو نہ چھوڑا سخت دکھ اٹھائے مگر دین پر قائم رہے اور ہجرت کر کے چلے گئے۔

الفاظ میں عموم ہے مہاجرین حبشہ کو بھی شامل ہے اور تمام وہ لوگ اس میں داخل ہیں جو دکھوں پر صبر کریں۔ دینی مشقتیں برداشت کریں اور گناہوں سے اپنے آپ کو روکتے رہیں۔

صابرین کی فضیلت: بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت علیؓ نے فرمایا کہ ہر اطاعت گذار کو ناپ تول کر (اس کے اعمال کا) ثواب دیا جائے گا سوائے صابرون کے ان پر تو لپ بھر بھر کر ثواب پھینکا جائے گا۔

اصبہانی نے حضرت انسؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ترازو یں نصب کی جائیں گی اور نمازیوں کو لایا جائے گا اور وزن کے مطابق ان کو پورا پورا ثواب دیا جائے گا۔ اور صدقہ (خیرات فرض ونفل) دینے والوں کو لایا جائے گا اُن کو بھی وزن کے موافق پورا پورا ثواب دیا جائے گا۔ حاجیوں کو لایا جائے گا اُن کو بھی وزن کر کے پورا ثواب دیا جائے گا اور جو لوگ اہل بلاء (دکھی اور دین کی خاطر مصائب و شدائد اٹھانے والے) ہوں گے ان کو بلایا جائے گا لیکن ان کے اعمال کے وزن کشی کے لئے نہ کوئی ترازو کھڑی کی جائے گی نہ ان کے اعمال کی رجسٹر کھولا جائے گا' ان پر تو بے گنتی ثواب کی بارش کی جائے گی یہاں تک کہ وہ لوگ بھی جو دنیا میں عافیت سے رہے تھے تمنا کریں گے کہ کاش دنیا میں ان کے اجسام قینچیوں سے کاٹے جاتے یہ تمنا اس ثواب کو دیکھ کر کریں گے جو اہل بلاء کو ملا ہو گا اور یہی (مطلب) ہے اللہ کے قول کا اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۱۰﴾ بغوی کی روایت بھی اسی طرح ہے۔

طبرانی اور ابویعلی نے نا قابل اعتراض سند سے حضرت ابن عباسؓ کا بیان نقل کیا ہے کہ قیامت کے دن شہید کو لایا جائے گا اور حساب کے لئے اس کو کھڑا کیا جائے گا پھر زکوٰۃ دینے والے کو حساب کے لئے کھڑا کیا جائے گا پھر اہل بلاء کو لایا جائے گا اور ان کے حساب کے لئے نہ کوئی ترازو نصب کی جائے گی نہ ان کے اعمال کا رجسٹر کھولا جائے گا بلکہ ان پر ثواب کی خوب بارش کی جائے گی یہاں تک کہ ان کے ثواب کو دیکھ کر لوگ مقام حساب میں تمنا کریں گے کہ کاش (دنیا میں) ان کے اجسام کی قینچیوں سے کاٹا جاتا۔

ترمذی اور ابن ابی الدنیا نے حضرت جابرؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اہل بلاء کو جس وقت ثواب دیا جائے گا تو اس کو دیکھ کر (دنیا میں) عافیت سے رہنے والے خواستگار ہوں گے (یعنی آرزو کریں گے) کہ دنیا میں ان کی کھالیں قینچیوں سے کاٹی گئی ہوتیں (تو ان کو بھی اہل بلاء کا ایسا ثواب مل جاتا)

عاشقانِ الٰہی: میں کہتا ہوں کہ شاید اہل بلاء سے مراد ہیں عاشقان الٰہی کیونکہ حدیث میں شہداء کو اہل بلاء میں سے نہیں شمار کیا گیا باوجودیکہ سب سے بڑا دکھ قتل ہونا ہے اور شہید راہ خدا میں جان پر صبر کرتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

قُلْ اِنِّیْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ

تو کہہ مجھ کو حکم ہے کہ بندگی کروں اللہ کی خالص کر کر

الدِّيْنَ ﴿۱۱﴾ وَاُمِرْتُ لِاَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ

اسکے لئے بندگی اور حکم ہے کہ میں ہوں سب سے پہلے

الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۲﴾

حکم بردار☆

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اولیت ☆ چنانچہ آپ عالم شہادت میں اس امت کے لحاظ سے اور عالم غیب میں تمام اولین و آخرین کے اعتبار سے

besturdubooks.wordpress.com

اللہ کے سب سے پہلے حکم بردار بندے ہیں۔ صلی اللہ علیہ وسلم (تفسیر عثمانی)

مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ یعنی تنہا اسی کی عبادت کروں۔ لِاَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ الْمُسْلِمِيْنَ۔ یعنی مجھے اخلاص کا حکم اس لئے دیا گیا ہے کہ میں دنیا اور آخرت میں سب سے آگے بڑھ جاؤں کیونکہ سبقت کا مدار اخلاص پر ہے۔

اَوَّلَ الْمُسْلِمِيْنَ کا مطلب:

قریش اور اس کے ہم نوا لوگوں میں سے جو مسلمان ہوں ان سب سے پہلے میں مسلم ہوں۔

مطلب یہ ہوگا کہ پہلے خود مسلم ہو جانے اور خدا اپنے نفس کو تبلیغ کرنے کا حکم دیا گیا ہے کیونکہ رسول اللہ کو حکم دیا گیا تھا کہ لوگوں کو اسلام کی دعوت دیں اور یہ اسی وقت ہو سکتا تھا کہ پہلے خود مسلم ہوں' دوسروں کو دعوت دینے کی بنیاد تو خود پہلے اس کو قبول کرنا ہے۔

اس اسلوب عبادت سے دوسروں کو اسلام کی طرف مائل کرنا مقصود ہے' مطلب یہ ہے کہ میں تم کو اس چیز کی دعوت دے رہا ہوں جو تمہارے لئے بہتر ہے اگر یہ بہتر نہ ہوتی تو میں اپنے لئے اس کو اختیار نہ کرتا۔ (تفسیر مظہری)

قُلْ اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ
تو کہہ میں ڈرتا ہوں اگر حکم نہ مانوں اپنے رب کا ایک
يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۳﴾
بڑے دن کے عذاب سے ☆

نافرمانی موجب عذاب ہے

☆ یعنی مجھ جیسا معصوم و مقرب بھی اگر بفرض محال نافرمانی کرے تو اس دن کے عذاب سے مامون نہیں۔ ع تا بدیگراں چہ رسد۔ (تفسیر عثمانی)

آیت کا مطلب: اِنْ عَصَيْتُ یعنی اگر میں اخلاص ترک کر دوں اور تمہاری طرح شرک اور اعمال بد کی طرف مائل ہو جاؤں تو مجھے عذاب کا ڈر ہے۔ سابق آیت کی طرح اس آیت میں مخاطبین کو اسلام کی طرف مائل کرنا اور نافرمانی (کے نتیجہ) سے ڈرانا مقصود ہے۔

شان نزول: بغوی نے لکھا ہے کہ اس آیت کا نزول اس وقت ہوا جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو باپ دادا کا دین اختیار کرنے کی دعوت دی گئی تھی۔ (تفسیر مظہری)

قُلِ اللّٰهَ اَعْبُدُ مُخْلِصًا لَّهٗ دِيْنِيْ ﴿۱۴﴾ فَاعْبُدُوْا
تو کہہ میں تو اللہ کو پوجتا ہوں خالص کر کر اپنی بندگی اُسکے واسطے اب تم

مَا شِئْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ
پوجو جس کو چاہو اُس کے سوائے ☆

توحید پر استقامت

☆ یعنی میں تو خدا کے حکم کے موافق نہایت اخلاص سے اسی اکیلے کی بندگی کرتا ہوں، تم کو اختیار ہے، جس کی چاہو پوجا کرتے پھرو۔ وہاں اتنا سوچ لینا کہ انجام کیا ہوگا۔ آگے اسے کھولتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

کافروں کو دھمکی: پہلے حکم دیا تھا کہ عبادت کرنے اور عبادت کو اللہ ہی کے لئے خالص بنانے پر مامور ہونے کی اطلاع دیدو اب اس آیت میں حکم دیا کہ اپنی عبادت کے خاص اللہ کے لئے ہونے کی (کافروں کو) خبر کردو۔ یہ ترتیب اس لئے رکھی کہ کافروں کو جو اپنے باپ دادا کے دین پر واپس آجانے کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق کچھ امید تھی وہ بالکل منقطع ہو جائے' اس لئے دھمکی کے لئے اور آس توڑ دینے کی غرض سے آخر میں فرمایا تم جس کی چاہو پوجا کرو۔

فَاعْبُدُوْا: محذوف شرط کی جزاء ہے مفصل کلام اس طرح تھا کہ تم اگر میری موافقت نہیں کرتے اور اللہ کی خالص عبادت نہیں کرتے تو پھر اللہ کے علاوہ جس کو چاہو پوجتے پھرو اس کے نتیجہ میں تم پر جو عذاب آئے گا اور نامراد ہو گے اس کو خود دیکھ لو گے۔ (تفسیر مظہری)

قُلْ اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ
تو کہہ بڑے ہارنے والے وہ جو ہار بیٹھے اپنی جان کو
وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اَلَا ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ
اور اپنے گھر والوں کو قیامت کے دن سنتا ہے یہی ہے
الْمُبِيْنُ ﴿۱۵﴾
صریح ٹوٹا ☆

مشرکین خسارے میں ہیں

☆ یعنی مشرکین نہ اپنی جان کو عذاب الٰہی سے بچا سکے نہ اپنے گھر والوں کو۔ سب کو جہنم کے شعلوں کی نذر کر دیا۔ اس سے زیادہ خسارہ کیا ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ یعنی گمراہ ہو کر خود اپنی جانوں کو خسارہ میں ڈالا۔ وَاَهْلِيْهِمْ اور متعلقین کو گمراہ کر کے خود خسارہ پایا۔ اہل سے مراد ہیں متعلقین' بیویاں اولاد اور خدمت گار وغیرہ۔

besturdubooks.wordpress.com

خسران کی دو صورتیں: بعض لوگوں کا قول ہے کہ خسران اہل کی دو صورتیں ہیں اگر اہل وعیال دوزخی ہیں تو اس شخص کے گمراہ کرنے کی وجہ سے دوزخی ہوئے اور اگر جنتی ہیں اور یہ (کافر دوزخی ہے) ان سے جاتا رہا ہمیشہ کے لئے الگ ہو گیا۔

اَلْخُسْرَانُ الْمُبِیْنُ یعنی روز قیامت کا خسران ہی حقیقت میں خسران ہے (جو کبھی دور نہ ہوگا) (تفسیر مظہری)

لَهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِنْ
اُن کے واسطے اُوپر سے بادل ہیں آگ کے اور
تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ
نیچے سے بادل ☆

☆ یعنی ہر طرف سے آگ محیط ہوگی جیسے گھٹا چھا جاتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

ظُلَلٌ آگ اور دھوئیں کے محیط پردے ہوں گے اور نیچے سے بھی انتہائی گہرائی تک آگ کا فرش اور بستر ہوگا۔ فرش کو سائبان (ظلل) اس لئے فرمایا کہ وہ فرش بھی دوسرے نیچے والوں کے لئے سائبان ہوگا۔

ذٰلِکَ یعنی یہ عذاب وہی ہے جس سے اللہ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے کہ وہ ایسے کاموں سے بچتے رہیں جو عذاب میں مبتلا کرنے والے ہیں۔

فَاتَّقُوْنِ یعنی فاتقونی مجھ سے ڈرو کوئی ایسا کام نہ کرو جو میری ناراضگی اور عذاب کا موجب ہو۔ (تفسیر مظہری)

ذٰلِكَ يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهٗ ۭ يٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ ﴿۱۶﴾
اس چیز سے ڈراتا ہے اللہ اپنے بندوں کو اے بندو میرے تم مجھ سے ڈرو ☆

انجام بد سے ڈرو: یعنی سمجھ لو یہ چیز ڈرنے کے قابل ہے یا نہیں اگر ہے تو اللہ کے غضب سے ہمیشہ ڈرتے رہنا چاہئے۔ (تفسیر عثمانی)

وَالَّذِيْنَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوْتَ اَنْ يَّعْبُدُوْهَا
اور جو لوگ بچے شیطانوں سے کہ اُن کو پوجیں
وَاَنَابُوْٓا اِلَى اللّٰهِ لَهُمُ الْبُشْرٰى
اور رجوع ہوئے اللہ کی طرف اُنکے لئے ہے خوشخبری ☆

مومن کے لئے خوشخبری

☆ یعنی جنہوں نے شیطانوں کا کہنا نہ مانا اور سب شرکاء سے منہ موڑ کر اللہ کی طرف رجوع ہوئے ان کے لئے ہے بڑی بھاری خوشخبری۔ (تفسیر عثمانی)

الطاغوت: طغیان (سرکشی) میں حد سے بڑھا ہوا طغیان میں حد سے بڑھا ہوا چونکہ شیطان ہے اس لئے طاغوت کا لفظ شیطان کے لئے مخصوص ہو گیا۔ بغوی نے طاغوت سے مراد لئے ہیں بت کیونکہ ان یعبدوھا میں مؤنث کی ضمیر اس کی طرف راجع کی گئی ہے۔

اَنَابُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ہمہ تن متوجہ ہوئے اور اللہ کے سوا دوسروں سے کٹ گئے۔

آیت کا شان نزول: حضرت جابر بن عبداللہ کا بیان ہے کہ جب آیت لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ اتری تو ایک انصاری نے خدمت گرامی میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے سات غلام ہیں میں نے ایک ایک دروازہ (میں داخلہ) کے لئے ایک ایک غلام کو (علیحدہ علیحدہ) آزاد کر دیا اس پر آیت فَبَشِّرْ عِبَادِ نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

فَبَشِّرْ عِبَادِ ﴿۱۷﴾ الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ
سو تو خوشی سنا دے میرے بندوں کو جو سنتے ہیں بات
فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ
پھر چلتے ہیں اس پر جو اُس میں نیک ہے ☆

اعلیٰ کردار والوں کے لئے بشارت

☆ یعنی سب طرح کی باتیں سنتے ہیں پھر ان میں جو بات اچھی ہو اس پر چلتے ہیں۔ یا یہ مطلب ہے کہ خدا کی بات سنتے ہیں اور اس میں جو ہدایات اعلیٰ سے اعلیٰ ہوں ان پر عمل کرتے ہیں۔ مثلاً ایک چیز رخصت واباحت کی ہے دوسری عزیمت کی تو عزیمت طرف جھپٹتے ہیں رخصتوں کا تتبع نہیں کرتے۔ یا یوں ترجمہ کرو کہ اللہ کا کلام سن کر اس کی بہترین باتوں کا اتباع کرتے ہیں کیونکہ اس کی ساری باتیں بہتر ہی ہیں۔ کذا قال المفسرون۔ حضرت شاہ صاحبؒ نے ایک اور طرح اس کا مطلب بیان کیا ہے "چلتے ہیں اسکے نیک پر یعنی حکم پر چلنا کہ اس کو کرتے ہیں اور منع پر چلنا کہ اس کو نہیں کرتے۔ اس کا کرنا نیک ہے اسکا نہ کرنا نیک ہے"۔ (تفسیر عثمانی)

اَلْقَوْلَ اور اَحْسَنَ کی مراد: یعنی قرآن کو بھی سنتے ہیں اور دوسرے کلام کو بھی پھر قرآن کی ہدایتوں پر چلتے ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام بھی سنتے ہیں اور کافروں کا کلام بھی پھر رسول اللہ کے فرمان پر چلتے ہیں (اس مطلب پر القول سے عام کلام مراد ہوگا۔ کسی کا ہو خدا کا رسول کا یا کسی اور کا اور احسن سے مراد ہوگا قرآن مجید اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام) اس تفسیر پر اَحْسَنُ (اسم تفضیل) حَسَنٌ (صفت مشبہ) کے معنی

besturdubooks.wordpress.com

میں ہوگا (یعنی احسن کا ترجمہ بہت اچھا نہ ہوگا بلکہ اچھا ہوگا) کیونکہ کافروں کے کلام میں تو کوئی اچھائی نہیں ہوتی (کہ اس کے مقابلہ میں اللہ اور اس کے رسول کے کلام کو بہت اچھا کہا جائے)

سدی نے کہا احسن سے مراد یہ ہے کہ جو احکام ان کو دیئے جاتے ہیں ان میں سے سب سے اچھے حکم پر وہ چلتے ہیں اور عمل کرتے ہیں۔ بعض علماء نے کہا کہ قرآن میں ظالم سے انتقام لینے کی اور معاف کر دینے کی ہر ایک کی اجازت ہے لیکن دونوں میں سے معاف کر دینا احسن ہے۔ قرآن میں عزائم کا بھی ذکر ہے اور رخصتوں کا بھی لیکن عزائم احسن ہے۔

آیت کا شان نزول: عطاء نے حضرت ابن عباسؓ کا بیان نقل کیا ہے کہ حضرت ابوبکر جب ایمان لے آئے تو حضرت عثمان حضرت عبدالرحمٰن بن عوف، حضرت طلحہ بن عبید اللہ، حضرت زبیر بن عوام، حضرت سعد بن ابی وقاص اور حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہم آپ کے پاس آئے اور مسلمان ہونے کی خبر معلوم کی۔ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا ہاں میں ایمان لے آیا اس پر یہ حضرات بھی مسلمان ہو گئے اور انہیں کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی۔ ابن زید کا قول ہے کہ ان دونوں آیات کا نزول تین آدمیوں کے متعلق ہوا جو عہد جاہلیت میں بھی لا الہ الا اللہ کے قائل تھے۔ (۱) زید بن عمرو بن نفیل یا سعید بن زید (۲) ابوذر غفاری (۳) سلمان فارسی۔ اور احسن القول سے مراد لا الہ الا اللہ ہے۔ (تفسیر مظہری)

لفظ "اَحْسَن" کا اشارہ:

یہ لفظ احسن کا اضافہ کر کے اس طرف اشارہ فرما دیا کہ ان لوگوں نے قرآن اور تعلیمات رسول کا اتباع بے بصیرتی کے ساتھ نہیں کیا جیسا بے وقوف لوگوں کا طریقہ ہے کہ جس کی بات سنی بغیر کسی تحقیق وبصیرت کے اس کا اتباع کرنے لگے بلکہ ان لوگوں نے اللہ اور اس کے رسول کے کلام کو حق اور احسن دیکھنے کے بعد اس کا اتباع کیا ہے۔ اس کے نتیجہ میں آخر آیت میں ان کو اولوالالباب یعنی عقل والے ہونے کا خطاب دیا گیا ہے۔ اس کی نظیر قرآن ہی میں وہ ارشاد ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تورات کے متعلق ہوا ہے۔ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ وَّأْمُرْ قَوْمَكَ يَأْخُذُوا بِأَحْسَنِهَا ۔ یہاں بھی احسن سے مراد پوری تورات اور اس کے احکام ہیں۔

اور جن دو چیزوں میں ایک حسن ہو دوسری احسن، یہ اُن میں سے احسن ہی کو عمل کے لئے اختیار کرتے ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ هَدَاهُمُ اللَّهُ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمْ

وہی ہیں جن کو رستہ دیا اللہ نے اور وہی ہیں

أُولُو الْأَلْبَابِ ﴿١٨﴾

عقل والے ☆

کامیابی کا راستہ

☆ یعنی کامیابی کا راستہ ان ہی کو ملا ہے کیونکہ انہوں نے عقل سے کام لے کر توحید خالص اور انابت الی اللہ کا راستہ اختیار کیا۔ (تفسیر عثمانی)

یہ لوگ باتیں تو سب کی سنتے ہیں کفار کی بھی مومنین کی بھی۔ حق بھی باطل بھی اچھی بھی اور بری بھی لیکن اتباع صرف اسی بات کا کرتے ہیں جو احسن ہے۔ توحید وشرک میں سے توحید کا حق و باطل میں سے حق کا اور حق کے مختلف درجات ہوں تو اُن میں جو احسن اور راجح ہو اس کا اتباع کرتے ہیں۔ اسی لئے ان کو دو صفتوں کے ساتھ موصوف کیا گیا۔ پہلی هَدَاهُمُ اللَّهُ یعنی یہ لوگ اللہ کی طرف سے ہدایت یافتہ ہیں۔ اس لئے مختلف قسم کی باتیں سن کر بھٹکتے نہیں۔ دوسرے أُولَٰئِكَ هُمْ أُولُو الْأَلْبَابِ یعنی یہ لوگ عقل والے ہیں، عقل کا کام ہی یہ ہے کہ اچھے بُرے اور حق و باطل میں تمیز کرے۔ اور حسن واحسن کو پہچان کر احسن کو اختیار کرے۔ (معارف القرآن۔ مفتی اعظم)

أَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ ۖ أَفَأَنْتَ

بھلا جس پر ٹھیک ہو چکا عذاب کا حکم بھلا تو خلاص کر سکے گا

تُنْقِذُ مَنْ فِي النَّارِ ﴿١٩﴾

اسکو جو آگ میں پڑ چکا ☆

بدبخت آدمی: یعنی جن پر ان کی ضد وعناد اور بداعمالیوں کی بدولت عذاب کا حکم ثابت ہو چکا کیا وہ کامیابی کا راستہ پا سکتے ہیں۔ بھلا ایسے بدبختوں کو جو شقاوت ازلی کے سبب آگ میں گر چکے ہیں کون آدمی راہ پر لا سکتا ہے اور کون آگ سے نکال سکتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

عذاب کے حقدار: حَقَّ عَلَيْهِ یعنی اللہ کے علم قدیم میں عذاب اس لئے مقرر ہو چکا۔ کذا قال ابن عباسؓ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا اس سے مراد ابولہب اور اس کا بیٹا ہے۔ (تفسیر مظہری)

لَٰكِنِ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِنْ

لیکن جو ڈرتے ہیں اپنے رب سے اُنکے واسطے ہیں بالا خانے

فَوْقِهَا غُرَفٌ مَبْنِيَّةٌ ۙ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا

اُنکے اُوپر اور بالا خانے چنے ہوئے اُن کے نیچے بہتی ہیں

besturdubooks.wordpress.com

الْاَنْهٰرُ وَعْدَ اللّٰهِ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ الْمِيْعَادَ ﴿۲۰﴾

ندیاں وعدہ ہو چکا اللہ کا اللہ نہیں خلاف کرتا اپنا وعدہ ☆

جنت تیار ہے

☆ یہ جنت کے درجات کی طرف اشارہ ہوا اور یہ کہ وہ سب تیار ہیں۔ نہ یہ کہ قیامت کے روز تیار کئے جائیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

جنت کے محل اور ان کے حقدار:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ جنت میں ایسے محل ہیں جن کا اندرونی حصہ باہر سے اور بیرونی حصہ اندر سے صاف دکھائی دیتا ہے۔ ایک اعرابی نے پوچھا یا رسول اللہ! یہ کن لوگوں کے لئے ہیں؟ فرمایا ان کے لئے جو نرم کلامی کریں' کھانا کھلائیں اور راتوں کو جب لوگ میٹھی نیند میں ہوں تو یہ اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑے ہو کر گڑ گڑائیں' نمازیں پڑھیں (ترمذی وغیرہ) مسند احمد میں فرمان رسولؐ ہے کہ جنت میں ایسے بالا خانے ہیں جن کا ظاہر باطن سے اور باطن ظاہر سے نظر آتا ہے۔ انہیں اللہ تعالیٰ نے ایسے لوگوں کے لئے بنایا ہے جو کھانا کھلائیں' کلام کو نرم رکھیں' پے در پے نفل روزے بکثرت رکھیں اور پچھلی راتوں کو تہجد پڑھیں۔ مسند کی اور حدیث میں ہے جنتی جنت کے بالا خانوں کو اس طرح دیکھیں گے جیسے تم آسمان کے ستاروں کو دیکھتے ہو۔ اور روایت میں ہے کہ مشرقی اور مغربی کناروں کے ستارے جس طرح تمہیں دکھائی دیتے ہیں۔ اسی طرح جنت کے وہ محلات تمہیں نظر آئیں گے۔ اور حدیث میں ہے کہ ان محلات کی یہ تعریفیں سن کر لوگوں نے کہا۔ حضور! یہ تو نبیوں کے لئے ہوں گے؟ آپ نے فرمایا ہاں' اور ان لوگوں کے لئے جو اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے اور رسولوں کو سچا جانا۔ (ترمذی وغیرہ) مسند احمد میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! جب تک ہم آپ کی خدمت میں حاضر رہتے ہیں اور آپ کے چہرہ انور کو دیکھتے رہتے ہیں' اس وقت تک تو ہمارے دل نرم رہتے ہیں اور ہم آخرت کی طرف ہمہ تن متوجہ ہو جاتے ہیں' لیکن جب آپ کی مجلس سے اٹھ کر دنیوی کاروبار میں مصروف ہو جاتے ہیں اور بال بچوں میں مشغول ہو جاتے ہیں تو اس وقت ہماری حالت وہ نہیں رہتی۔ تو آپ نے فرمایا کہ تم ہر وقت اسی حالت میں رہتے ہو جو حالت تمہاری میرے سامنے ہوتی ہے تو فرشتے اپنے ہاتھوں سے تم سے مصافحہ کرتے اور تمہارے گھروں میں آ کر تم سے ملاقاتیں کرتے۔ سنو! اگر تم گناہ ہی نہ کرتے تو اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو لاتا جو گناہ کریں تا کہ خدا تعالیٰ ان کو بخشے۔ ہم نے کہا حضور! جنت کی بناء کس چیز کی ہے؟ فرمایا کہ ایک اینٹ سونے کی ایک چاندی کی۔ اس کا چونا خالص مشک ہے اس کی کنکریاں لولو یاقوت ہیں۔ اس کی مٹی زعفران ہے۔ اس میں جو داخل ہو گیا وہ مالا مال ہو گیا۔ جس کے بعد بے مال ہونے کا خطرہ ہی نہیں' وہ ہمیشہ اس میں ہی رہے گا وہاں سے نکالے جانے کا امکان ہی نہیں' نہ موت کا کھٹکا ہے۔ ان کے کپڑے گلتے سڑتے نہیں ان کی جوانی ہیشگی والی ہے۔ سنو! تین شخصوں کی دعا مردود نہیں ہوتی' عادل بادشاہ' روزے دار اور مظلوم۔ ان کی دعا ابر پر اٹھائی جاتی ہے اور اس کے لئے آسمان کے دروزے کھل جاتے ہیں اور اللہ رب العزۃ فرماتا ہے' مجھے اپنی عزت کی قسم میں تیری ضرور مدد کروں گا اگرچہ کچھ مدت کے بعد ہو ترمذی' ابن ماجہ وغیرہ۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَعْدَ اللّٰهِ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ الْمِيْعَادَ ﴿﴾ یہ اللہ نے وعدہ کیا ہے اور اللہ وعدہ کے خلاف نہیں کرتا کیونکہ وعدہ کی خلاف ورزی عیب ہے اور اللہ ہر عیب سے پاک ہے۔ حضرت ابو سعید خدری راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت والے اوپر کے بالا خانے والوں کو اس طرح دیکھیں گے جیسے تم لوگ مشرقی اور مغربی افق پر باقی رہ جانے والے چمکدار جگمگاتے ستارے کو (دور سے) دیکھتے ہو' یہ صورت اہل جنت کے باہمی فرق مراتب کی ہوگی۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ وہ مکان تو انبیاء کے ہوں گے جہاں تک دوسروں کی رسائی نہ ہوگی فرمایا کیوں نہیں قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے وہ لوگ جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے اور (تمام) پیغمبروں کو سچا مانا (وہ مکان ان کے بھی ہوں گے) اس موضوع کی جو احادیث آئی ہیں ہم سورۂ فرقان کی آیت اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا کی تفسیر کے ذیل میں بیان کر چکے ہیں۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے اتارا آسمان سے پانی

فَسَلَكَهٗ يَنَابِيْعَ فِي الْاَرْضِ

پھر چلایا وہ پانی چشموں میں زمین کے ☆

نظام آب پاشی

☆ یعنی بارش کا پانی پہاڑوں اور زمینوں کے مسام میں جذب ہو کر چشموں کی صورت میں پھوٹ نکلتا ہے۔ باقی اگر چشموں کے حدوث کا کوئی اور سبب بھی ہو اس کی نفی آیت سے نہیں ہوتی۔ (تفسیر عثمانی)

پانی کا محفوظ کر دینا' پانی سے بڑی نعمت ہے

يَنَابِيْع ينبوع کی جمع ہے جس کے معنی زمین سے پھوٹنے والے چشمے کے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ آسمان سے پانی نازل کر دینا ہی ایک عظیم الشان نعمت ہے مگر اس نعمت کو اگر زمین کے اندر محفوظ کر دینے کا انتظام نہ کیا جاتا تو

besturdubooks.wordpress.com

انسان اُس سے صرف بارش کے وقت یا اس کے متصل چند دن تک فائدہ اٹھا سکتا۔ حالانکہ پانی اس کی زندگی کا مدار اور ایسی ضرورت ہے جس سے وہ ایک دن بھی مستغنی نہیں ہوسکتا۔ اس لئے حق تعالیٰ نے صرف اس نعمت کے نازل کرنے پر اکتفاء نہیں فرمایا بلکہ اُس کے محفوظ کرنے کے عجیب عجیب سامان فرمادیے۔ کچھ تو زمین کے گڑھوں' حوضوں اور تالابوں میں محفوظ ہو جاتا ہے اور بہت بڑا ذخیرہ برف بنا کر پہاڑوں کی چوٹیوں پر لاد دیا جاتا ہے۔ جس سے اس کے سڑنے اور خراب ہونے کا امکان نہیں رہتا۔ پھر وہ برف آہستہ آہستہ پگھل کر پہاڑی رگوں کے ساتھ زمین میں اُتر جاتا ہے اور جا بجا اُبلنے والے چشموں کی صورت میں خود بخود بغیر کسی انسانی عمل کے پھوٹ نکلتا ہے اور ندیوں کی شکل میں زمین میں بہنے لگتا ہے اور باقی پانی پوری زمین کی گہرائی میں چلتا رہتا ہے جس کو کنواں کھود کر ہر جگہ نکالا جا سکتا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

ثُمَّ يُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ

پھر نکالتا ہے اُس سے کھیتی کئی کئی رنگ بدلتے اُس پر ☆

☆ یا مختلف قسم کی کھیتیاں مثلاً گیہوں، چاول وغیرہ۔ (تفسیر عثمانی)

ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَجْعَلُهٗ حُطَامًا ؕ

پھر آئے تیاری پر تو تو دیکھے اُسکا رنگ زرد پھر کر ڈالتا ہے اُسکو چورا چورا

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِاُولِى الْاَلْبَابِ ۝

بیشک اس میں نصیحت ہے عقلمندوں کے واسطے ☆

کھیتیوں میں نصیحت

☆ یعنی عقل مند آدمی کھیتی کا حال دیکھ کر نصیحت حاصل کرتا ہے کہ جس طرح اسکی رونق اور سرسبزی چند روزہ تھی پھر چورا چورا کیا گیا یہی حال دنیا کی چہل پہل کا ہوگا۔ چاہئے کہ آدمی اس کی عارضی بہار پر مفتوں ہو کر انجام سے غافل نہ ہو جائے۔ جیسے کھیتی مختلف اجزاء سے مرکب ہے مثلاً اس میں دانہ ہے جو آدمیوں کی غذا بنتا ہے اور بھوسہ بھی ہے جو جانوروں کا چارہ بنتا ہے اور ہر ایک جز سے منتفع ہونا بدون اس کے ممکن نہیں کہ دوسرے اجزاء سے اس کو الگ کریں اور اپنے اپنے ٹھکانا پر پہنچائیں۔ اسی طرح دنیا کو سمجھ لو کہ اس میں نیکی بدی، راحت تکلیف وغیرہ سب ملی جلی ہیں ایک وقت آئے گا کہ یہ کھیتی کٹے اور خوب چورا چورا کی جائے پھر اس میں سے ہر ایک جز کو اسکے مناسب ٹھکانے پر پہنچا دیا جائے، نیکی اور راحت اپنے مرکز و مستقر پر پہنچ جائے اور بدی یا تکلیف اپنے خزانہ میں جا ملے۔ غرض کھیتی کے مختلف احوال دیکھ کر عقلمند لوگ بہت مفید سبق حاصل کر سکتے ہیں۔ نیز مضمون آیت میں ادھر بھی اشارہ ہوگیا کہ جس خدا نے آسمانی بارش سے زمین میں چشمے جاری کر دیئے وہ ہی جنت کے محلات میں نہایت قرینہ کے ساتھ نہروں کا سلسلہ جاری کر دے گا۔ (تفسیر عثمانی)

عقل والوں کے لئے نصیحت:

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِاُولِى الْاَلْبَابِ یعنی پانی اُتارنے اور اس کو محفوظ کر کے انسان کے کام میں لگانے پھر اس سے قسم قسم کی نباتات اور درخت اُگانے اور ان درختوں پر مختلف رنگ آنے کے بعد آخر میں زرد خشک ہو کر غلہ الگ اور بھوسہ الگ ہو جانے میں بڑی نصیحت ہے عقل والوں کے لئے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی عظیم الشان قدرت وحکمت کے دلائل ہیں۔ جن کو دیکھ کر انسان اپنی تخلیق کے معاملہ کی حقیقت بھی پہچان سکتا ہے جو ذریعہ ہو سکتی ہے۔ اپنے خالق و مالک کے پہچاننے کا۔ (معارف مفتی اعظم)

اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ

بھلا جس کا سینہ کھولدیا اللہ نے دین اسلام کے واسطے سو وہ

عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ

روشنی میں ہے اپنے رب کی طرف سے، سو خرابی ہے اُنکو جن کے دل

مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝

سخت ہیں اللہ کی یاد سے وہ پڑے پھرتے ہیں بھٹکتے صریح

خوش بخت و بد بخت

☆ یعنی دونوں برابر کہاں ہو سکتے ہیں ایک وہ جس کا سینہ اللہ نے قبول اسلام کے لئے کھول دیا نہ اسے اسلام کے حق ہونے میں کچھ شک وشبہ ہے نہ احکام اسلام کی تسلیم سے انقباض۔ حق تعالیٰ نے اس کو توفیق وبصیرت کی ایک عجیب روشنی عطا فرمائی۔ جس کے اجالے میں نہایت سکون واطمینان کے ساتھ اللہ کے راستہ پر اڑا چلا جا رہا ہے۔ دوسرا وہ بد بخت جس کا دل پتھر کی طرح سخت ہو نہ کوئی نصیحت اس پر اثر کرے نہ خیر کا کوئی قطرہ اس کے اندر گھسے، کبھی خدا کی یاد کی توفیق نہ ہو، یوں ہی اوہام واہوا اور رسوم وتقلید آباء کی اندھیریوں میں بھٹکتا پھرے۔ (تفسیر عثمانی)

شرحِ صدر: شرح صدر سے مراد یہ ہے کہ اللہ نے بندہ کے دل میں ایک نور پیدا کیا جس کی چمک میں اس نے حق کو حق اور باطل کو باطل دیکھ لیا اور بغیر کسی تردد اور شک کے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے دین پر ایمان لے آیا اور سب کی تصدیق کی اس حالت کو شرح صدر سے اس

besturdubooks.wordpress.com

لئے تعبیر کیا کہ سینہ دل اور روح کا مقام ہے اور دل ہی اسلام کو قبول کرتا ہے جب دل اسلام کے تمام احکام کو قبول کر لیتا ہے تو ایسا ہو جاتا ہے جیسے کوئی ظرف ہے جو مظروف کو اپنے اندر سمانے کے لئے فراخ ہو گیا ہو۔

حضرت ابن مسعودؓ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت أَفَمَنْ شَرَحَ اللَّهُ صَدْرَهُ لِلْإِسْلَامِ فَهُوَ عَلَىٰ نُورٍ مِّن رَّبِّهِ تلاوت فرمائی۔ ہم نے عرض کیا اے اللہ کے رسول سینہ کشادہ کیسے ہو جاتا ہے فرمایا جب نور دل میں داخل ہو جاتا ہے تو سینہ کشادہ اور فراخ ہو جاتا ہے ہم نے عرض کیا اس کی علامت کیا ہے فرمایا دار الخلد (یعنی آخرت) کی طرف ہمہ تن رجوع اور دار الغرور (مقام فریب یعنی دنیا) سے دوری اختیار کرنی اور موت آنے سے پہلے موت کی تیاری کرنی۔ رواہ البغوی والحاکم والبیہقی فی شعب الایمان۔ (تفسیر مظہری)

قساوتِ قلبی سب سے بڑی سزا ہے:

یعنی جب اللہ کا ذکر ان کے سامنے کیا جاتا ہے یا اللہ کی آیات کی تلاوت کی جاتی ہے تو ان کی قساوت اور بڑھ جاتی ہے اور دلوں کی سختی شدید ہو جاتی ہے (گویا اللہ کا ذکر قساوتِ قلبی بڑھ جانے کی وجہ ہو جاتی ہے)

شرح کے لفظی معنی کھولنے' پھیلانے اور وسیع کرنے کے ہیں۔ شرح صدر کے معنی وسعت قلب کے ہیں۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ قلب میں اسکی استعداد موجود ہو کہ وہ تکوینی آیاتِ الٰہیہ آسمان و زمین اور خود اپنی پیدائش وغیرہ میں غور کر کے عبرت اور فوائد حاصل کرے اسی طرح جو آیات الٰہیہ بصورت کتاب و احکام نازل کی جاتی ہیں اُن میں غور کر کے استفادہ کر سکے۔ اس کا بالمقابل دل تنگی اور قساوت قلب ہے۔ قرآن کریم کی ایک آیت يَجْعَلْ صَدْرَهُ ضَيِّقًا حَرَجًا اور اس جگہ اگلی آیت میں لِّلْقَاسِيَةِ قُلُوبُهُم اسی شرح صدر کے بالمقابل آیا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

مالک بن دینار نے کہا قساوت قلب سے بڑھ کر کوئی سزا (عقوبت) بندہ کے لئے مقرر نہیں کی گئی اور اللہ کا غضب کسی قوم پر اسی وقت نازل ہوتا ہے جب ان کے دلوں سے نرمی ختم ہو جاتی ہے۔ (تفسیر مظہری)

آیت کا مصداق: حضرت عبداللہ بن عباس فرمایا کرتے تھے۔ من شرح اللہ صدرہ للاسلام صدیق اکبرؓ ہیں۔ مراد یہ کہ جس طرح پیغمبر کی تصدیق اور قبول حق میں صدیق اکبرؓ سب سے مقدم ہیں۔ اسی طرح اسلام کے واسطے سینہ کھل جانے میں بھی وہ سب سے مقدم اور سب سے افضل ہیں۔ (معارف۔ کاندھلوی)

اللَّهُ نَزَّلَ أَحْسَنَ الْحَدِيثِ كِتَابًا
اللہ نے اُتاری بہتر بات کتاب ☆

☆ یعنی دنیا میں کوئی بات اس کتاب کی باتوں سے بہتر نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

لفظ "اللہ" کو مقدم کرنے کا فائدہ:

نَزَّلَ سے پہلے "اللہ" کہنے کے تین فائدے ہیں (۱) اللہ کی طرف قرآن نازل کرنے کی نسبت پختہ ہوگئی۔ (۲) نازل شدہ قرآن کی عظمت شان کا اظہار ہوگیا۔ (کہ یہ اللہ ہی کا بھیجا ہوا کلام ہے) (۳) قرآن کے حسن کی شہادت دے دی گئی (کہ اللہ ہی نے اس کلام کو اتارا اور اس کے احسن الحدیث ہونے کی شہادت دی ہے) (تفسیر مظہری)

مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ
آپس میں ملتی دوہرائی ہوئی ☆

قرآن میں صاف مضامین

☆ یعنی صحیح، صادق، مضبوط، نافع معقول اور فصیح و بلیغ ہونے میں کوئی آیت کم نہیں۔ ایک دوسری سے ملتی جلتی ہے۔ مضامین میں کوئی اختلاف و تعارض نہیں بلکہ بہت سی آیات کے مضامین ایسے متشابہ واقع ہوئے ہیں کہ ایک آیت کو دوسری کی طرف لوٹانے سے صحیح تفسیر معلوم ہو جاتی ہے۔ القرآن یفسر بعضہ بعضاً اور مثانی یعنی دہرائی ہوئی کا مطلب یہ ہے کہ بہت سے احکام اور مواعظ و قصص کو مختلف پیرایوں میں دہرایا گیا ہے تا کہ اچھی طرح دلنشین ہو جائیں۔ نیز تلاوت میں بار بار آیتیں دہرائی جاتی ہیں اور بعض علماء نے متشابہ و مثانی کا مطلب یہ لیا ہے کہ بعض آیات میں ایک ہی طرح کے مضمون کا سلسلہ دور تک چلا جاتا ہے وہ متشابہ ہوئیں اور بعض جگہ ایک نوعیت کے مضمون کے ساتھ دوسرے جملہ میں اس کے مقابل کی نوعیت کا مضمون بیان کیا جاتا ہے۔ مثلاً "إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ وَإِنَّ الْفُجَّارَ لَفِي جَحِيمٍ" یا "نَبِّئْ عِبَادِي أَنِّي أَنَا الْغَفُورُ الرَّحِيمُ وَأَنَّ عَذَابِي هُوَ الْعَذَابُ الْأَلِيمُ" یا "وَيُحَذِّرُكُمُ اللَّهُ نَفْسَهُ وَاللَّهُ رَءُوفٌ بِالْعِبَادِ"۔ ایسی آیات کو مثانی کہیں گے کہ ان میں دو مختلف قسم کے مضمون بیان ہوئے۔ (تفسیر عثمانی)

تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُودُ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ
بال کھڑے ہوتے ہیں اُس سے کھال پر اُن لوگوں کے جو ڈرتے
رَبَّهُمْ ثُمَّ تَلِينُ جُلُودُهُمْ وَقُلُوبُهُمْ
ہیں اپنے رب سے پھر نرم ہوتی ہیں اُن کی کھالیں اور اُنکے دل
إِلَىٰ ذِكْرِ اللَّهِ
اللہ کی یاد پر ☆

besturdubooks.wordpress.com

اولیاءاللہ کاملین کی حالت

☆ یعنی کتاب اللہ کو سن کر اللہ کے خوف اور اسکے کلام کی عظمت سے ان کے دل کانپ اٹھتے ہیں اور بدن کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں اور کھالیں نرم پڑ جاتی ہیں۔ مطلب یہ کہ خوف و رعب کی کیفیت طاری ہو کر ان کا قلب و قالب اور ظاہر و باطن اللہ کی یاد کے سامنے جھک جاتا ہے اور اللہ کی یاد ان کے بدن اور روح دونوں پر ایک خاص اثر پیدا کرتی ہے۔ یہ حال اقویائے کاملین کا ہوا اگر کبھی ضعفاء ناقصین پر دوسری قسم کی کیفیات واحوال طاری ہو جائیں مثلاً غشی یا صعقہ وغیرہ تو اس کی نفی آیت سے نہیں ہوتی اور نہ ان کی تفضیل ان پر لازم آتی ہے۔ بلکہ اس طرح از خود رفتہ اور بے قابو ہو جانا عموماً وارد کی قوت اور مورد کے ضعف کی دلیل ہے۔ جامع ترمذی میں ایک حدیث بیان کرتے وقت ابو ہریرہؓ پر اس قسم کے بعض احوال کا طاری ہونا مصرح ہے۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی اللہ کی رحمت اور عموم مغفرت کا جب وہ ذکر کرتے ہیں تو اس ذکر کی وجہ سے ان کے دلوں میں سکون و اطمینان پیدا ہو جاتا ہے۔ ذکر اللہ کے ساتھ رحمت کا ذکر نہیں کیا کیونکہ اصل تو رحمت ہی ہے۔ اللہ کی رحمت غضب پر غالب ہے۔ الیٰ ذکر اللہ میں الیٰ بمعنی لام ہے یعنی اللہ کے ذکر کی وجہ سے لیکن ذکر کے اندر چونکہ سکون و اطمینان کا مفہوم داخل ہے۔ (تفسیر مظہری)

مومنوں کا خوف اور فضیلت: آیات وعید کا ذکر آتا ہے تو مومنوں کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں جلد بدن سکڑ جاتی ہے اس میں انقباض پیدا ہو جاتا ہے اور جب آیات وعدہ کا ذکر آتا ہے تو کھالوں کا انقباض جاتا رہتا ہے کھالیں نرم ہو جاتی ہیں اور دلوں میں سکون پیدا ہو جاتا ہے۔

حضرت عباسؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب اللہ کے خوف سے بندہ کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں تو اس کے گناہ اس طرح جھڑ جاتے ہیں جس طرح درخت سے سوکھے پتے۔ رواہ الطبرانی بسند ضعیف رواہ البغوی۔ بغوی کی دوسری روایت ان الفاظ کے ساتھ ہے جب اللہ کے خوف سے بندہ کے بدن کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں تو اللہ اس کو دوزخ کے لئے حرام کر دیتا ہے۔

صحابہؓ اور غیر صحابہ کا فرق: صحابہؓ کے ظرف وسیع تھے اور صحبت رسولؐ کی برکت سے استعداد قوی تھی اس لئے باوجود برکات کی کثیر بارش کے ان پر بیہوشی طاری نہیں ہوتی صحابیوں کے علاوہ دوسروں کو یہ چیز میسر نہیں اس لئے دو وجہوں سے ان پر بیہوشی طاری ہو جاتی ہے۔ (۱) یا نزول برکات ہی کم ہوتا ہے (۲) یا ان کا ظرف تنگ ہوتا ہے اور حوصلہ میں سمائی نہیں ہوتی۔

جو صوفی افق اعلیٰ پر پہنچ گئے ہوں اور دَنَا فَتَدَلّٰی فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى تک ان کی رسائی ہوگئی ہو ان کی حالت میں تغیر (بیہوشی کی حد تک نہیں بلکہ) صحابہ کی طرح ہو جاتا ہے آنکھوں سے آنسو بہنے لگتے ہیں بدن کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں اور ذکر رب سے دلوں میں سکون و اطمینان پیدا ہو جاتا ہے۔

فرشتوں کا خوف: بخاری نے حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے حدیث نقل کی ہے کہ جب اللہ آسمان پر کسی بات کا فیصلہ کرتا ہے تو اس کے کلام کو سن کر عاجزی کے ساتھ ملائکہ اپنے بازو پھڑ پھڑاتے ہیں (اور ایسی آواز ہوتی ہے) جیسے پتھر کی چٹان پر زنجیر لگنے سے پیدا ہوتی ہے پھر جب ان کے دلوں کی وہ ہیبت دور ہو جاتی ہے تو (بعض ملائکہ بعض) سے کہتے ہیں تمہارے رب نے کیا فرمایا وہ جواب دیتے ہیں (جو کچھ فرمایا) حق ہے۔ الحدیث۔ ایک اور آیت میں حضرت موسیٰ کے بیہوش ہو جانے کا ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے۔ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا۔

انسان کی ہمت فرشتوں سے زیادہ ہے

تنبیہ: ملائکہ سے انسان کی استعداد زیادہ قوی اور حوصلہ زیادہ وسیع ہے اسکے ثبوت کیلئے آیت اِنِّىْ جَاعِلٌ فِى الْاَرْضِ سے اِنِّىْۤ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ تک کافی ہے اسی وسعت حوصلہ اور قوت استعداد کو ظاہر کرنے کے لئے فرمایا: اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ یہی وجہ ہے کہ فرشتوں نے جب بھی وحی (کا کلام) سنا تو ان پر غشی طاری ہوگئی لیکن آدمی کی حالت ایسی نہیں ہے اگر (عروج کے بعد) انسان کا نزول بھی مکمل ہو جائے تو سواء کسی نادر مثال کے عام طور پر ایسے عارفوں کی حالت میں کوئی تغیر نہیں آتا اور اگر نزول حالت کامل نہ ہو ناقص ہو تو اکثر حالات میں تغیر آ جاتا ہے (اور ناقص النزول عارف کلام اللہ سن کر بیہوش ہو جاتا ہے)

اولیاء اللہ کی صفات: عبدالرزاق سے مروی ہے کہ حضرت قتادہؒ فرماتے ہیں اولیاء اللہ کی صفت یہ ہے کہ قرآن سُن کر اُن کے دل موم ہو جائیں اور ذکر اللہ کی طرف وہ جھک جائیں اُن کے دل ڈر جائیں اُن کی آنکھیں آنسو بہائیں اور طبیعت میں سکون پیدا ہو جائے۔ (تفسیر ابن کثیر)

حضرت اسماء بنت ابی بکرؓ فرماتی ہیں کہ صحابہ کرام کا عام حال یہی تھا کہ جب ان کے سامنے قرآن پڑھا جاتا تو ان کی آنکھوں میں آنسو آ جاتے اور بدن پر بال کھڑے ہو جاتے۔ (قرطبی)

حضرت عبداللہ ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس بندے کے بدن پر اللہ کے خوف سے بال کھڑے ہو جاویں تو اللہ تعالیٰ اس کے بدن کو آگ پر حرام کر دیتے ہیں۔ (قرطبی) (معارف مفتی اعظم)

besturdubooks.wordpress.com

ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ

یہ ہے راہ دینا اللہ کا اس طرح راہ دیتا ہے جس کو چاہے

وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۲۳﴾

اور جس کو راہ بھلائے اللہ اُس کو کوئی نہیں سمجھانے والا ☆

ہدایت اللہ ہی سے مانگو

☆ یعنی جس کے لئے حکمت الٰہی مقتضی ہو اس طرح کامیابی کے راستے کھول دیئے جاتے ہیں اور اس شان سے منزل مقصود کی طرف لے چلتے ہیں اور جس کو سوء استعداد کی وجہ سے خدا تعالیٰ ہدایت کی توفیق نہ دے آگے کون ہے جو اس کی دستگیری کر سکے۔ (تفسیر عثمانی)

اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يَوْمَ

بھلا ایک وہ جو روکتا ہے اپنے منہ پر بُرا عذاب دن

الْقِيٰمَةِ ؕ وَقِيْلَ لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ

قیامت کے اور کہے گا بے انصافوں کو چکھو جو تم

تَكْسِبُوْنَ ﴿۲۴﴾

کماتے تھے ☆

محشر میں کافر کی حالت

☆ آدمی کا قاعدہ ہے کہ جب سامنے سے کوئی حملہ ہو تو ہاتھوں پر روکتا ہے لیکن محشر میں ظالموں کے ہاتھ بندھے ہوں گے اس لئے عذاب کی تھپیڑیں سیدھی منہ پر پڑیں گی تو ایسا شخص جو بدترین عذاب کو اپنے منہ پر روکے اور اس سے کہا جائے کہ اب اس کام کا مزہ چکھ جو دنیا میں کئے تھے کیا اس مومن کی طرح ہو سکتا ہے جسے آخرت میں کوئی تکلیف اور گزند پہنچنے کا اندیشہ نہیں، اللہ کے فضل سے مطمئن اور بے فکر ہے۔ ہرگز نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اپنے آپ کو بچانے کے لئے اپنے منہ کو سپر کی طرح آگے بڑھاوے گا۔ قاعدہ ہے کہ ہر حملہ کو آدمی اپنے ہاتھوں پر روکتا ہے سامنے سے ہونے والے حملہ کو روکنے کے لئے اپنے ہاتھ آگے بڑھا دیتا ہے تاکہ چہرہ محفوظ رہے لیکن کافر کو جب دوزخ میں ڈالا جائے گا تو اس کے ہاتھ گردن سے بندھے ہوئے ہوں گے وہ اپنے چہرے کو بچا نہ سکے گا اور چہرہ پر ہی عذاب لگے گا۔ مجاہد نے کہا منہ کے بل سرنگوں کر کے کافر کو آگ میں کھینچا جائے گا اس لئے سب سے پہلے آگ اس کے چہرے ہی کو لگے گی۔ مقاتل نے کہا کافر کے ہاتھ گردن میں باندھ کر دوزخ میں پھینکا جائے گا اور اس کے گلے میں گندھک کی ایک چٹان اس کے گلے میں لٹکی ہوئی ہوگی تو عظیم کے برابر آگ لگ جائے گی اور وہ بھڑک جائے گا۔ پھر اس میں

مطلب یہ ہے کہ کیا ایسا کافر جو اپنے منہ کو ہی عذاب سے بچنے کے لئے سپر بنائے گا اس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جو ہر عذاب سے محفوظ رہے گا۔ (تفسیر مظہری)

كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ

جھٹلا چکے ہیں اُن سے اگلے پھر پہنچا اُن پر عذاب

مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۵﴾ فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ

ایسی جگہ سے کہ اُنکو خیال بھی نہ تھا پھر چکھائی اُن کو اللہ

الْخِزْيَ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَعَذَابُ

نے رسوائی دنیا کی زندگی میں اور عذاب

الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾

آخرت کا تو بہت ہی بڑا ہے اگر ان کو سمجھ ہوتی ☆

ماضی سے سبق حاصل کرو

☆ یعنی بہت قومیں تکذیب انبیاء کی بدولت دنیا میں ہلاک اور رسواء کی جا چکی ہیں اور آخرت کا اشد عذاب جوں کا توں رہا تو کیا موجودہ مکذبین مطمئن ہیں کہ ان کے ساتھ یہ معاملہ نہیں کیا جائے گا ہاں سمجھ ہوتی تو کچھ فکر کرتے۔ (تفسیر عثمانی)

دنیا کی ذلت: جیسے صورتیں بگڑ جانا، زمین میں دھنسایا جانا، مارا جانا، طوفان میں مبتلا ہو جانا، غیبی چیخ سے جگر پھٹ جانا، اس پر اوپر سے پتھر برسنا، غرق کیا جانا وغیرہ۔

لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ یعنی کاش وہ تکذیب انبیاء کے برے نتیجہ کو سمجھ لیتے تو تکذیب نہ کرتے۔ یا یہ مطلب ہے کہ اہل مکہ اگر اہل بصیرت اور ارباب نظر ہوتے تو پہلے لوگوں کے حالات سے عبرت حاصل کرتے۔ (تفسیر مظہری)

وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ

اور ہم نے بیان کی لوگوں کے واسطے اس قرآن

مِنْ كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾ قُرْاٰنًا

میں سب چیز کی مثل تاکہ وہ دھیان کریں قرآن ہے

besturdubooks.wordpress.com

عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِي عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ﴿۲۸﴾

عربی زبان کا جس میں کجی نہیں تا کہ وہ بچ کر چلیں ☆

قرآن کے سمجھانے میں کوئی کمی نہیں

یعنی ان کا نہ سمجھنا اپنی غفلت اور حماقت سے ہے۔ قرآن کے سمجھانے میں کوئی کمی نہیں۔ قرآن تو بات بات کو مثال اور دلیلوں سے سمجھاتا ہے تا کہ لوگ ان میں دھیان کر کے اپنی عاقبت درست کریں، قرآن ایک صاف عربی زبان کی کتاب ہے جو اس کے مخاطبین اولین کی مادری زبان تھی۔ اس میں کوئی ٹیڑھی ترچھی بات نہیں سیدھی اور صاف باتیں ہیں جن کو عقل سلیم قبول کرتی ہے۔ کسی طرح کا اختلال اور کجی اسکے مضامین یا عبارت میں نہیں جن باتوں کو منوانا چاہتا ہے نہ ان کا ماننا مشکل اور جن چیزوں پر عمل کرانا چاہتا ہے نہ ان پر عمل کرنا محال۔ غرض یہ ہے کہ لوگ بسہولت اس سے مستفید ہوں اعتقادی و عملی غلطیوں سے بچ کر چلیں اور صاف صاف نصیحتیں سن کر اللہ سے ڈرتے رہیں۔ (تفسیر عثمانی)

خلق قرآن کا مسئلہ: بغویؒ نے لکھا ہے کہ سفیان بن عیینہ نے ستر تابعین کا (بالاتفاق) قول نقل کیا کہ قرآن نہ خالق ہے نہ مخلوق۔ اس قول کا مطلب یہ ہے کہ قرآن اللہ کی صفت (کلامیہ) ہے عین ذات خداوندی نہیں کہ خالق ہو جائے اور غیر ذات بھی نہیں کہ ذات سے جدا ہو اور حادث و مخلوق ہو جائے۔ یہ قول دلالت کر رہا ہے کہ تابعین کے نزدیک اللہ کا کلام لفظی بھی قدیم ہے اور اللہ کی ایک صفت ہے کیونکہ کلام نفسی (جس پر کلام لفظی دلالت کر رہا ہے) عربی نہیں ہوسکتا عربی اور عجمی ہونا تو الفاظ کی صفت ہے الفاظ کے معانی تو نہ عربی ہوتے ہیں نہ عجمی۔ یہ شبہ نہ کیا جائے کہ کلام لفظی میں ایک حرف کے بعد دوسرا حرف بولا جاتا ہے (اور اس طرح پورا جملہ اور کلام بن جاتا ہے) اور ترتیب حروف حادث ہونیکی علامت ہے کیونکہ یہ ترتیب حروف تو مخلوق کے کلام کے لئے ضروری ہے محل کلام تنگ ہے اس لئے ایک حرف کے بعد دوسرا حرف آتا ہے اور پورا کلام حادث ہو جاتا ہے' اللہ کا کلام تو اس کی ذات کے ساتھ قائم ہے' اس کے کلام میں تعاقب حروف کا تصور بھی غلط ہے۔ یہ تو ایسا ہی ہے جیسے حاضر پر غائب کو قیاس کر لیا جائے' رویت خداوندی کا انکار کرنے والے اسی توہم میں مبتلا ہو گئے کہ انہوں نے دیدار مخلوق پر دیدار خالق کو قیاس کر لیا۔ (تفسیر مظہری)

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيهِ شُرَكَآءُ

اللہ نے بتلائی ایک مثل ایک مرد ہے کہ اس میں شریک

مُتَشٰكِسُونَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ ۭ هَلْ

ہیں کئی ضدی اور ایک مرد ہے پورا ایک شخص کا کیا

يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ۭ

برابر ہوتی ہیں دونوں مثل ☆

مشرک و موحد کی مثال

☆ یعنی کئی حصہ دار ایک غلام یا نوکر میں شریک ہیں اور ہر حصہ دار اتفاق سے کج خلق، بے مروت اور سخت ضدی واقع ہوا ہے چاہتا ہے کہ غلام تنہا اس کے کام میں لگا رہے دوسرے شرکاء سے سروکار نہ رکھے اس کھینچ تان میں ظاہر ہے غلام سخت پریشان اور پراگندہ دل ہو گا برخلاف اس کے جو غلام پورا ایک کا ہو اسے ایک طرح کی یکسوئی اور طمانیت حاصل ہوگی اور ن آقاؤں کو خوش رکھنے کی کشمکش میں گرفتار نہ ہوگا۔ اب ظاہر ہے کہ یہ دونوں غلام برابر نہیں ہو سکتے۔ اسی طرح مشرک اور موحد کو سمجھ لو۔ مشرک کا دل کئی طرف بٹا ہوا ہے اور کتنے ہی جھوٹے معبودوں کو خوش رکھنے کی فکر میں رہتا ہے اس کے برخلاف موحد کی کل توجہات و خیالات اور دوا دوش کا ایک مرکز ہے وہ پوری دل جمعی کے ساتھ اس کے خوش رکھنے کی فکر میں ہے اور سمجھتا ہے کہ اس کی خوشنودی کے بعد کسی کی خوشنودی کی ضرورت نہیں۔ اکثر مفسرین نے اس مثال کی تقریر اسی طرح کی ہے مگر حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "ایک غلام جو کئی کا ہو کوئی اسکو اپنا نہ سمجھے تو اس کی پوری خبر نہ لے اور ایک غلام جو سارا ایک کا ہو وہ اس کو اپنا سمجھے اور پوری خبر لے۔ یہ مثال ہے ان کی جو ایک رب کے بندے ہیں اور جو کئی رب کے بندے ہیں۔" (تفسیر عثمانی)

مشرک' مشترک غلام کی طرح ہے

مشرک بھی متعدد معبودوں کا دعویٰ کرتا اور ان کی پوجا کرتا ہے اور مشترک غلام بھی کشاکش میں مبتلا رہتا ہے کبھی کوئی مالک اس کو کھینچتا ہے کبھی دوسرا مالک' اپنے اپنے مختلف کاموں میں باری باری — اس غلام کو تمام مالک لگائے رکھتے ہیں اور بیچارہ غلام حیران پریشان ہوتا ہے۔ اس کو سکون قلب حاصل نہیں ہوتا (وہ تمام آقاؤں کے مختلف کام کس طرح پورے کرے اور کس طرح سب کو راضی رکھے ہر وقت یہی پریشانی اس کو رہتی ہے)

مومن موحد کی مثال

وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ یہ مثال مومن موحد کی ہے ایک مالک کا غلام پریشان نہیں ہوتا یہی حالت موحد کی ہوتی ہے۔ (تفسیر مظہری)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۚ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿۲۹﴾

سب خوبی اللہ کے لئے ہے پر وہ بہت لوگ سمجھ نہیں رکھتے ☆

besturdubooks.wordpress.com

اکثر لوگ نہیں سمجھتے

☆ یعنی سب خوبی اللہ کے لئے ہے کہ کیسے اعلیٰ مطالب وحقائق کو کیسی صاف اور دلنشین امثال وشواہد سے سمجھا دیتے ہیں مگر اس پر بھی بہت بدنصیب ایسے ہیں جوان واضح مثالوں کے سمجھنے کی توفیق نہیں پاتے۔ (تفسیر عثمانی)

بعض اہل علم کا خیال ہے کہ الحمد سے پہلے لفظ قل محذوف ہے یعنی آپ کہہ دیجئے کہ اللہ نے نعمت توحید عطا فرمائی اور یہ نعمت دینے والا خاص وہی ایک مستحق ستائش مالک کل ہے اس پر اس کے لئے ساری حمد زیبا ہے۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ﴿۳۰﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ
بیشک تو بھی مرتا ہے اور وہ بھی مرتے ہیں پھر مقرر تم
يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ﴿۳۱﴾
قیامت کے دن اپنے رب کے آگے جھگڑو گے ☆

قیامت میں سب کا آمنا سامنا ہوگا

☆ یعنی جیسے مشرک اور موحد میں جو اختلاف ہے اس کا اثر قیامت کے دن علی رؤس الاشہاد ظاہر ہوگا، جس وقت پیغمبر اور امتی سب اکٹھے کئے جائیں گے اور کفار انبیاء اور مومنین کے مقابلہ میں جھگڑے اور حجتیں نکالیں گے۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "کافر منکر ہوں گے کہ ہم کو کسی نے حکم نہیں پہنچایا پھر فرشتوں کی گواہی اور زمین وآسمان کی اور ہاتھ پاؤں کی گواہی سے ثابت ہوگا" کہ اس ادعاء میں جھوٹے ہیں۔ اسی طرح دوسرے تمام جھگڑوں کا فیصلہ بھی اس دن پروردگار کے سامنے ہوگا۔ بہتر یہی ہے کہ لفظ "اختصام" کو عام رکھا جائے تا احادیث وآثار کے خلاف نہ ہو۔ (تفسیر عثمانی)

صفت مشبہ کا صیغہ لانے کی وجہ

اِنَّكَ مَيِّتٌ ہر شخص کی موت یقینی ہے اسی لئے بجائے فعل مضارع (تموت اور یموتون) کے صفت مشبہ کا صیغہ جو دوام وثبوت پر دلالت کرتا ہے استعمال کیا (یعنی میت اور میتون فرمایا) فراء اور کسائی کی تحقیق ہے کہ میت اس شخص کو کہتے ہیں جو آئندہ مرنے والا ہو ابھی مرا نہ ہو اور میت اس کو کہتے ہیں جس کی جان نکل چکی ہو اس لئے میت اور میتون مشدد یدی فرمایا۔

آیت کا شان نزول: محلی نے لکھا ہے کہ کفار مکہ چاہتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جلد وفات پا جائیں' اس پر آیت مذکورہ نازل ہوئی مطلب یہ ہے کہ آپ بھی یقیناً مریں گے اور وہ یعنی کفار مکہ یا سب لوگ بھی مریں گے پھر رسول اللہ کی وفات سے ان کو خوشی نہ ہونا چاہئے۔

عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ کی وضاحت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عرض کریں گے اے میرے رب میری قوم نے اس قرآن کو بکواس' بڑ قرار دے رکھا تھا انہوں نے میری تکذیب کی باوجودیکہ میں حق پر تھا' توحید کو پیش کر رہا تھا اور یہ باطل پر تھے' مشرک تھے میں نے ان کو راستہ دکھانے اور تیرے احکام پہنچانے کی بہت کوشش کی اور یہ اپنی سرکشی اور تکذیب پر اڑے رہے' کفار اپنے عذر میں غلط باتیں کہیں گے کہیں گے ہم اللہ کی جو ہمارا رب ہے قسم کھا کر کہتے ہیں کہ ہم مشرک نہیں تھے۔ یہ بھی کہیں گے کہ ہمارے پاس کوئی بشیر ونذیر (پیغمبر) ہی نہیں آیا۔ یہ بھی کہیں گے ہم اپنے سرداروں کے اور بڑوں کے کہنے پر چلے اور اس چیز کی تقلید کی جس پر اپنے باپ دادا کو پایا۔

لوگ آپس میں بھی اپنے حقوق کی بابت جھگڑیں گے' سب سے پہلے آپس کی خون ریزیوں کا فیصلہ کیا جائے گا۔ شیخین نے صحیحین میں حضرت ابن مسعودؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' قیامت کے دن لوگوں کے باہمی مقدمات میں سب سے پہلے خونوں کا فیصلہ کیا جائے گا۔

ترمذی اور ابن ماجہ اور طبرانی اور مردویہ نے بیان کیا کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا میں نے خود حضور سے سنا کہ مقتول اپنے ایک ہاتھ میں اپنا سر لٹکائے اور دوسرے ہاتھ سے قاتل کو پکڑے ہوئے آئے گا اس وقت اس کی گردن کی رگوں سے خون ابل رہا ہوگا اور عرش الٰہی کے پاس پہنچ کر رب العالمین کی بارگاہ میں عرض کرے گا' اس نے مجھے قتل کیا تھا اللہ قاتل سے فرمائے گا تو ہلاک ہو پھر اس کو دوزخ کو بھیج دیا جائے گا۔ ترمذی نے اس حدیث کو حسن کہا ہے۔

طبرانی نے الاوسط میں حضرت ابن مسعودؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مقتول قاتل کو پکڑ کر لے آئے گا' اس کی گردن کی رگوں سے اس وقت خون اچھل رہا ہوگا۔ عرض کرے گا اے میرے رب اس سے پوچھ کہ اس نے مجھے کیوں قتل کیا۔ قاتل کہے گا میں نے اس کو اس لئے قتل کیا کہ فلاں شخص کو عزت (غلبہ) حاصل ہو' اللہ فرمائے گا عزت تو (ساری) اللہ ہی کے لئے ہے۔ ابن حاتم نے حضرت ابن مسعودؓ کی روایت سے بیان کیا ہے (کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) قاتل اور مقتول دونوں کو لا کر رحمٰن کے سامنے کھڑا کیا جائے گا اور قاتل سے پوچھا جائے گا تو نے اس کو کیوں قتل کیا اگر اس نے اللہ کے لئے قتل کیا ہوگا تو کہہ دے گا میں نے اس کو اس لئے قتل کیا تھا کہ غلبہ اللہ (کے دین) کا ہو جواب دیا جائے گا بیشک عزت (غلبہ) اللہ ہی کے لئے ہے اور اگر قاتل نے کسی مخلوق کے لئے قتل کیا ہوگا تو وہ کہے گا میں نے اس کو اس لئے قتل کیا تھا کہ فلاں شخص کو غلبہ حاصل ہو' ارشاد ہوگا اس کے لئے تو عزت نہیں۔ غرض جس ظالم نے کسی کو قتل

besturdubooks.wordpress.com

کیا ہوگا اس سے انتقام لیا جائے گا اور اتنے دنوں اس کو موت کا مزہ چکھایا جاتا رہے گا جتنے دنوں اس نے دنیا میں مقتول کو زندگی سے محروم کیا تھا۔

امام احمد ترمذی اور حاکم نے حضرت عبداللہ بن زبیرؓ کی روایت سے بیان کیا کہ حضرت زبیرؓ نے فرمایا جب آیت اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ۝ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ۝ نازل ہوئی تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا ہمارے آپس کے خاص خاص جرائم کو دوبارہ ہمارے سامنے لایا جائے گا فرمایا ہاں ضرور دوبارہ ان کو سامنے لایا جائے گا۔ یہاں تک کہ ہر حقدار کو اس کا حق پہنچ جائے گا۔ حضرت زبیرؓ نے کہا واللہ معاملہ بڑا سخت ہوگا۔

مرد وعورت کا جھگڑا: طبرانی نے ناقابل اعتراض سند سے حضرت ابو ایوب انصاریؓ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قیامت کے دن مرد وعورت کا جھگڑا پیش ہوگا' خدا کی قسم مرد زبان سے کچھ نہ کہے گا بلکہ عورت کے ہاتھ پاؤں خود اس کے خلاف شہادت دیں گے کہ یہ اپنے شوہر کی فلاں فلاں عیب چینی کرتی تھی پھر مرد کے ہاتھ پاؤں ان باتوں کی شہادت دیں گے یہ عورت پر وہ زیادتی کرتا تھا۔

ہمسایوں کا مقدمہ: امام احمد نے بسند حسن نے حضرت عقبہ بن عامر کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن سب سے اول دو ہمسائے (اپنا مقدمہ پیش کرنے) آئیں گے۔

دنیا ہی میں حقوق ادا کردو: بخاری نے حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کی طرف اس کے بھائی کا کوئی حق ہو اس کو دنیا ہی میں اس سے خلاصی حاصل کر لینی چاہئے کیونکہ وہاں نہ دینار ہوگا نہ درہم اگر اس کا کوئی نیک عمل ہوگا تو اس سے وہ عمل لے کر حقدار کو اس کے حق کے موافق دے دیا جائے گا اور اگر اس (ظالم) کی نیکیاں نہ ہوں گی تو مظلوم کے گناہ لے کر ظالم پر لاد دیے جائیں گے۔

مفلس کون ہے: مسلم اور ترمذی نے حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم جانتے ہو مفلس کون ہے صحابہؓ نے عرض کیا ہم میں مفلس وہی ہوتا ہے جس کے پاس نہ روپیہ ہو نہ سامان فرمایا میری امت کا مفلس وہ ہوگا جو نماز' روزہ زکوٰۃ (سب کچھ) لے کر آئے گا (لیکن) کسی کو گالی دی ہوگی کسی پر تہمت لگائی ہوگی کسی کا مال کھایا ہوگا کسی کا خون بہایا ہوگا کسی کو مارا ہوگا چنانچہ اس کو پکڑا جائے گا اور اس کی کچھ نیکیاں ایک (حقدار) کو بطور بدلہ دے دی جائیں گی اور کچھ دوسرے کو اگر بدلہ پورا ادا ہوئے بغیر اس کی نیکیاں ختم ہو جائیں گی تو حقداروں کے کچھ گناہ لے کر اس پر ڈال دیے جائیں گے پھر اس کو آگ میں پھینک دیا جائے گا۔

اعمال کے لین دین میں اہلسنت کا مسلک

میں کہتا ہوں مظلوم ظالم کی نیکیاں لے لے گا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ علاوہ ایمان کے دوسری نیکیوں کا ثواب لے لے گا کیونکہ کفر کے علاوہ ہر قسم کے حقوق اور گناہوں کی سزا غیر متناہی نہیں ہے (کبھی ختم ہو جائے گی) یہی قول اہل سنت کے مسلک کے مطابق ہے۔ اہل سنت کے نزدیک مرتکب کبیرہ ہمیشہ دوزخ میں نہیں رہے گا اور ایمان کی جزا دوامی جنت ہے اور جنت کی کوئی حد نہیں لہٰذا جو چیز متناہی بدلہ والی ہے (یعنی اللہ کا گناہ یا بندوں کی حق تلفی) اس کا عوض وہ چیز نہیں ہو سکتی جو غیر متناہی ہے۔ حاصل کلام یہ ہے کہ اگر گناہوں کا بدلہ پورا ادا ہوئے بغیر ظالم کی نیکیاں ختم ہو جائے گی اور صرف ایمان باقی رہ جائے گا تو کفر کے علاوہ مظلوموں کے گناہ ظالم پر لاد دیئے جائیں گے (مظلوم کا کفر ظالم پر نہیں ڈالا جائے گا کیونکہ کفر کی سزا غیر متناہی ہے' اور گناہوں کی سزا متناہی ہے اور متناہی گناہوں کی سزا غیر متناہی سے نہیں بدل سکتی) پھر اگر مظلوم نہ کرے گا تو ظالم کو دوزخ میں پھینک دیا جائے گا اور اتنی مدت تک وہاں رکھا جائے گا جتنی مدت ان گناہوں کی سزا کے لئے مقرر ہوگی جب گناہوں کی سزا پوری ہو جائے گی تو اس ظالم کو دوزخ سے نکال کر جنت میں داخل کر دیا جائے گا جہاں وہ ہمیشہ رہے گا۔ میں نے جو تشریح کی ہے وہی بیہقی نے بھی کی ہے۔

قیامت کے دن حقوق دلائے جائیں گے

مسلم نے حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن حقداروں کو ان کے حقوق واپس دلائے جائیں گے یہاں تک کہ منڈی بکری کو بھی سینگوں والی بکری سے (اگر اس نے منڈی بکری کو مارا ہوگا تو) بدلہ دلوایا جائے گا۔ ایک روایت میں آیا ہے منڈی کو سینگوں والی سے اور (مظلوم) چھوٹی سرخ چیونٹی کو (ظالم) سرخ چیونٹی سے بدلہ دلوایا جائے گا۔ (تفسیر مظہری)

ایک اور حدیث میں ہے کہ دو بکریوں کو آپس میں لڑتے ہوئے دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوذرؓ سے دریافت فرمایا کہ جانتے ہو یہ کیوں لڑ رہی ہیں؟ حضرت ابوذرؓ نے جواب دیا کہ حضور مجھے کیا خبر؟ آپ نے فرمایا ٹھیک ہے' لیکن اللہ تعالیٰ کو اس کا علم ہے' اور وہ قیامت کے دن ان دونوں میں انصاف کریگا۔ (ابن کثیر)

صحابہ کرام کا تعجب: بیہقی نے حضرت زبیرؓ بن عوام کی روایت سے بیان کیا کہ جب آیت ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ نازل ہوئی تھی تو ہم نے کہا تھا ہم آپس میں (قیامت کے دن) کیسے جھگڑیں گے ہمارا رب ایک ہے ہمارا دین ایک ہے اور ہماری کتاب ایک ہے یہاں تک کہ میں نے (اب) دیکھ لیا کہ ہم میں بعض بعض کے چہروں پر تلواریں مار رہے ہیں اب میں نے پہچانا کہ یہ آیت ہمارے حق میں نازل ہوئی۔ حضرت

besturdubooks.wordpress.com

ابن عمرؓ کی روایت بھی اسی طرح آئی ہے۔

حضرت ابوسعید خدریؓ نے اس آیت کے ذیل میں فرمایا ہم کہتے تھے ہمارا رب ایک ہے ہمارا نبی ایک ہے ہماری کتاب ایک ہے پھر (قیامت کے دن) یہ باہمی حق طلبی کیا ہوگی آخر جب جنگ صفین کا دن آیا اور ہم میں سے بعض نے بعض پر تلواروں سے حملے کئے تو ہم نے کہا ہاں یہ وہی ہے۔

ابراہیم کا بیان ہے کہ جب آیت ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ نازل ہوئی تو لوگوں نے کہا کہ ہم تو بھائی بھائی ہیں ہمارا باہم جھگڑا کس طرح ہوگا لیکن جب حضرت عثمان شہیدؓ کر دیئے گئے تو لوگوں نے کہا یہ ہے ہمارا باہمی جھگڑا۔

ان تمام مندرجہ بالا اقوال سے معلوم ہوتا ہے کہ صحابہؓ یہ سمجھتے تھے کہ قتل وخون کے جھگڑے مسلمانوں اور کافروں کے درمیان ہوں گے (مسلمانوں کے آپس میں نہیں ہوں گے) لیکن جب بغاوتیں ہوئیں اور مسلمانوں کے آپس میں فساد ہونے لگے اس وقت ظاہر ہوا کہ خصومت اور جھگڑا مسلمانوں کے آپس میں بھی ہوگا۔ (تفسیر مظہری)

مظلوم کا حق ظالم سے وصول کرنے کی صورت

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ یہاں لفظ اِنَّكُمْ میں مومن وکافر اور مسلمان ظالم ومظلوم سب داخل ہیں یہ سب اپنے اپنے مقدمات اپنے رب کی عدالت میں پیش کریں گے اور اللہ تعالیٰ ظالم سے مظلوم کا حق دلوائیں گے وہ کافر ہو یا مومن۔ اور صورت اس ادائیگی حقوق کی وہ ہوگی جو صحیح بخاری میں حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے آئی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کے ذمہ کسی کا حق ہے اس کو چاہئے کہ دنیا ہی میں اس کو ادا یا معاف کرا کر حلال ہو جائے۔ کیونکہ آخرت میں درہم ودینا تو ہوں گے نہیں۔ اگر ظالم کے پاس کچھ اعمال صالحہ ہیں تو بمقدار ظلم یہ اعمال اُس سے لیکر مظلوم کو دیدیئے جاویں گے۔ اور اگر اس کے پاس حسنات نہیں ہیں تو مظلوم کی سیئات اور گناہوں کو اس سے لیکر ظالم پر ڈال دیا جائے گا۔ (معارف مفتی اعظم)

مسند احمد کی اس حدیث میں یہ بھی ہے کہ آیت ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ یعنی پھر اُس دن تم سے خدائی نعمتوں کا سوال کیا جائے گا' کے نازل ہونے پر آپ ہی نے سوال کیا کہ وہ کونسی نعمتیں ہیں جن کی بابت ہم سے حساب لیا جائے گا۔ ہم تو کھجوریں کھا کر اور پانی پی کر گزارہ کر رہے ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اب نہیں ہیں تو کیا؟ عنقریب بہت سی نعمتیں حاصل ہو جائیں گی۔ یہ حدیث ترمذی اور ابن ماجہ میں بھی ہے اور امام ترمذیؒ اسے حسن بتلاتے ہیں۔ مسند کی اسی حدیث میں یہ بھی ہے کہ حضرت زبیر بن عوامؓ نے آیت اِنَّكَ مَيِّتٌ (الآیۃ) کے نازل ہونے پر پوچھا کہ یارسول اللہ! کیا جو جھگڑے ہمارے دنیا میں تھے وہ دوبارہ وہاں قیامت میں دُہرائے جائیں گے؟ اور ساتھ ہی گناہوں کی بھی پرسش ہوگی؟ آپ نے فرمایا ہاں وہ ضرور دُہرائے جائیں گے اور ہر شخص کو اس کا حق پورا پورا دلوایا جائے گا۔ یہ سن کر آپ نے عرض کیا پھر تو سخت مشکل کام ہے۔ مسند احمد میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے پڑوسیوں کے آپس کے جھگڑے پیش ہوں گے۔ اور حدیث میں ہے کہ ذات پاک کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ سب جھگڑوں کا فیصلہ قیامت کے دن ہوگا۔

جسم اور روح کا جھگڑا: حافظ ابن مندہ نے کتاب الروح میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ نقل کیا ہے کہ یہ جھگڑا صرف انسانوں کے درمیان ہی نہیں ہوگا بلکہ روح اور جسم بھی ایک دوسرے کے ساتھ جھگڑتے ہوں گے۔ روح جسم سے کہے گی کہ یہ سب کچھ تو نے کیا۔ جسم روح سے کہے گا نہیں میں تو بے قصور ہوں اصل حکم اور عمل کرانے والی طاقت تو تو ہی تھی ہر ایک دوسرے کو ملزم ٹھہراتا ہوگا تو اس خصومت کی حالت میں اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ کو بھیجے گا تاکہ ان کے درمیان فیصلہ کر دے۔ یہ فرشتہ ان سے آ کر یہ کہے گا تمہارے واسطے ایک مثال ہے۔ اور تم دونوں کا حال اس کے مانند ہے۔ ایک اپاہج ومعذور شخص آنکھوں والا ہے۔ جس کو نظر تو سب کچھ آتا ہے لیکن چل پھر نہیں سکتا۔ دوسرا شخص نابینا مگر چل پھر سکتا ہے۔ دونوں ایک باغ میں داخل ہوئے اپاہج نے اندھے سے کہا اے میرے ساتھی میں یہاں باغ میں بہت سے پھل اور میوے دیکھ رہا ہوں لیکن معذور ہوں پھلوں تک پہنچ نہیں سکتا اندھے نے اپاہج سے کہا کہ تو مجھ پر سوار ہو جا اور مجھے وہاں تک لے چل جہاں تو پھل دیکھ رہا ہے چنانچہ اپاہج اندھے پر سوار ہو کر پھل تک پہنچا اور پھل کھانے لگا۔ تو بتاؤ ان میں سے کون ظالم ہے۔ جسم اور روح دونوں نے جواب دیا۔ ان دو میں سے کوئی ایک تنہا ظالم نہیں ہے۔ ظالم تو دونوں ہی ہیں۔ فرشتہ یہ فیصلہ سُن کر بولا اے جسم وروح بس تم نے خود ہی فیصلہ کر دیا کہ مجرم اور ظالم تو دونوں ہو مراد یہ کہ جسم سواری ہے اور روح اس پر بمنزلہ سوار کے ہے اور جو اس سواری پر سوار ہو کر اعمال وافعال کا ارتکاب کرتی پھرتی ہے۔ لہٰذا جسم وروح دونوں ہی عذاب اور سزا کے مستحق ہوں گے۔ (تفسیر ابن کثیر ج ۳)

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى

پھر اُس سے ظالم زیادہ کون جس نے جھوٹ بولا

اللّٰهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ

اللہ پر اور جھٹلایا سچی بات کو جب پہنچی اُسکے پاس

اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۲﴾

کیا نہیں دوزخ میں ٹھکانا منکروں کا ☆

besturdubooks.wordpress.com

سب سے بڑا ظالم

☆ اللہ پر جھوٹ بولا یعنی اس کے شریک ٹھہرائے یا اولاد تجویز کی، یا وہ صفات اسکی طرف منسوب کیں جو واقع میں اس کے لائق نہ تھیں اور جھٹلایا سچی بات کو جب پہنچی اس کے پاس یعنی انبیاء علیہم السلام جو سچی باتیں خدا کی طرف سے لائے ان کو سنتے ہی جھٹلانے لگا سوچنے سمجھنے کی تکلیف بھی گوارا نہ کی بلا شبہ جو شخص سچائی کا اتنا دشمن ہو اس سے بڑھ کر ظالم کون ہو سکتا ہے۔ اور ایسے ظالموں کا ٹھکانا دوزخ کے سوا اور کہاں ہوگا۔ عموماً مفسرین نے آیت کی تفسیر اسی طرح کی ہے مگر حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ یعنی اگر نبی نے (معاذ اللہ) جھوٹ خدا کا نام لیا تو اس سے برا کون اور اگر وہ سچا تھا اور تم نے جھٹلایا تو تم سے برا کون گویا مَنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ اور كَذَّبَ بِالصِّدْقِ کا مصداق الگ الگ قرار دیا اور ایسا ہی آگے وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ (الخ) میں آتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

سب سے بڑا بے انصاف:

اس شخص سے زیادہ بے انصاف کون ہو ہے جس نے اللہ پر دروغ بندی کی اور اللہ کی طرف سے رسول خدا کے ذریعہ سے جب سچائی (اللہ کی کتاب) اس کے پاس آگئی تو اس نے سچائی کو جھوٹا بتایا کیا (ایسے) کافروں کا ٹھکانا جہنم میں نہیں ہے۔

فَمَنْ اَظْلَمُ ۔ اس میں فَ سببی ہے' کافروں کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جھگڑا کرنا ان کے بے انصاف ہونے کا سبب ہے سوال انکاری ہے یعنی ایسے شخص سے زیادہ بے انصاف اور کوئی نہیں۔

كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ ۔ اللہ پر دروغ بندی کی اس کے لئے اولاد قرار دی اور دوسروں کو اس کا ساجھی بنایا۔

وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ ۔ اور جب سچ یعنی قرآن اور پیام خدا اس کو پہنچ گیا تو بغیر سوچے سمجھے فوراً اس کی تکذیب کی یہ بھی نہیں دیکھا کہ اس کی سچائی کے دلائل اور اس کے صادق ہونے کے بکثرت شواہد موجود ہیں۔

حضور کیلئے تسلی: اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ۔ مثویٰ اترنے کی جگہ ٹھیرنے کا مقام یہ استفہام تقریری ہے۔ اِنَّكَ مَيِّتٌ سے اس آیت تک پورا کلام اپنے اندر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ایک خاص تسلی و اطمینان کا حامل ہے کہ یہ لوگ جو آپ کی تکذیب کر رہے ہیں آپ کچھ غم نہ کریں' نہ ان سے انتقام کی کوئی فکر کریں' ان کو ان کے اعمال کی سزا دینے کے لئے جہنم کافی ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ
اور جو لے کر آیا سچی بات اور سچ مانا جس نے اُس کو
بِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ۝ لَهُمْ
وہی لوگ ہیں ڈر والے اُن کے
مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ ذٰلِكَ
لئے ہے جو وہ چاہیں اپنے رب کے پاس یہ ہے
جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِيْنَ ۝
بدلہ نیکی والوں کا ☆

ڈرنے والوں کی شان

☆ یعنی خدا سے ڈرنے والوں کی شان یہ ہوتی ہے کہ سچی بات لائیں، ہمیشہ سچ کہیں اور سچ کی تصدیق کریں۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ جو سچی بات لے کر آیا وہ نبی اور جس نے سچ مانا وہ مومن ہے گویا دونوں جملوں کا مصداق علیحدہ ہے۔ (تفسیر عثمانی)

آیت کا مصداق: حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ (صدق یعنی) لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لائے اور آپ نے خود اس کی تصدیق کی یعنی لوگوں تک اس کو پہنچایا اس تفسیر پر **اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ** سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی پیروی کرنے والے اہل ایمان کی طرف یعنی سب کی طرف اشارہ ہوگا۔

کلبی اور ابوالعالیہ نے کہا قرآن لانے والے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے اور اس کی تصدیق کرنے والے حضرت ابوبکر صدیقؓ۔ زجاج نے حضرت علیؓ کی طرف بھی اس قول کی نسبت کی ہے حضرت ابوہریرہؓ کی روایت میں بھی اسی طرح آیا ہے۔

حضرت حسان کا شعر ہے۔

اَمَنْ يَّهْجُوْ رَسُوْلَ اللّٰهِ مِنْهُمْ ۔۔۔ وَيَمْدَحُهٗ وَيَنْصُرُهٗ سَوَآءٌ

کیا ان میں سے وہ شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہجو اور (وہ شخص جو) آپ کی تعریف کرتا ہے اور آپ کی مدد کرتا ہے برابر ہو سکتے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ
تاکہ اُتار دے اللہ اُن پر سے برے کام
عَمِلُوْا وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ
جو انہوں نے کئے تھے اور بدلہ میں دے اُن کو ثواب بہتر کاموں کا

besturdubooks.wordpress.com

الَّذِیْ کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۳۵﴾

جو وہ کرتے تھے ☆

غلطیوں کی معافی

☆یعنی اللہ تعالیٰ متقین ومحسنین کو ان کے بہتر کاموں کا بدلہ دے گا اور غلطی سے جو برا کام ہوگیا معاف کرے گا (تنبیہ) شاید اَسْوَاَ اور اَحْسَن صیغہ تفضیل اس لئے اختیار فرمایا کہ بڑے درجہ والوں کی ادنیٰ بھلائی اوروں کی بھلائیوں اور ادنیٰ برائی اوروں کی برائیوں سے بھاری سمجھی جاتی ہے۔ واللہ اعلم (تفسیر عثمانی)

بڑے گناہ بھی معافی کے قابل ہیں

اَسْوَاَ (بہت برے) بطور مبالغہ (کلام کو پرزور بنانے کے لئے) فرمایا کیونکہ جب سب سے برے اعمال کو اللہ معاف فرمادے گا اور کم درجہ کے برے اعمال کی معافی تو بہرحال ہوہی جائے گی۔ یہ آیت دلالت کررہی ہے کہ کبیرہ گناہ معاف ہوجائیں گے پس معتزلہ کا قول غلط ہے جو عفو کبائر کے قائل نہیں اَسْوَاَ الَّذِیْ عَمِلُوْا کہنے سے اس طرف بھی اشارہ ہے کہ وہ ہر گناہ کو جوان سے صادر ہوجائے (خواہ وہ چھوٹا ہو) سب سے برا سمجھتے ہیں گویا تمام (چھوٹے بڑے) گناہ ان کی نظر میں بڑے ہی ہیں۔

مقاتل نے کہا کہ اللہ ان کے اچھے اعمال کا بدلہ دے گا اور برے اعمال کا بدلہ نہیں دیگا۔ (تفسیر مظہری)

حضرت عبدالرحمٰن بن زید بن اسلمؒ فرماتے ہیں سچائی کو لانے والے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور اسے سچ ماننے والے مسلمان ہیں یہی متقی پارسا اور پرہیزگار ہیں جو خدا سے ڈرتے رہے اور شرک کفر سے بچتے رہے اُن کے لئے جنت میں جو وہ چاہیں سب کچھ ہے۔ جب طلب کریں گے پائیں گے۔ یہی بدلہ ہے ان پاکباز لوگوں کا۔ رب ان کی بُرائیاں تو معاف فرمادیتا ہے اور نیکیاں قبول کرلیتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اُس نے نجات پالی جو اسلام کی ہدایت دیا گیا اور بقدر ضرورت روزی دیا گیا اور قناعت بھی نصیب ہوئی (ترمذی وغیرہ)

حدیث شریف میں ہے اللہ کو یاد رکھ وہ تیری حفاظت کرے گا۔ اللہ کو یاد رکھ تو اُسے ہر وقت اپنے پاس پائے گا۔ آسانی کے وقت رب کی نعمتوں کا شکر گزار رہ سختی کے وقت وہ تجھے کام آئے گا۔ جب کچھ مانگے تو اللہ ہی سے مانگ اور جب مدد طلب کرے تو اسی سے مدد طلب کر۔ یقین رکھ کہ اگر تمام دنیا مل کر تجھے کوئی نقصان پہنچانا چاہے اور خدا کا ارادہ نہ ہو تو وہ سب تجھے ذرا سا بھی نقصان نہیں پہنچاسکتے۔ اور سب جمع ہوکر تجھے کوئی نفع پہنچانا چاہیں جو خدا نے مقدر میں نہ لکھا ہو تو ہرگز نہیں پہنچاسکتے۔ صحیفے خشک ہوچکے قلمیں اٹھالی گئیں۔ یقین اور شکر کے ساتھ نیکیوں میں مشغول رہا کر۔ تکلیفوں میں صبر کرنے پر بڑی نیکیاں ملتی ہیں مدد صبر کے ساتھ ہے۔ غم و رنج کے ساتھ ہی خوشی و فراخی ہے۔ ہر سختی اپنے اندر آسانی کو لئے ہوئے ہے (ابن ابی حاتم) (تفسیر ابن کثیر)

اَلَیْسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبْدَہٗ ؕ وَ یُخَوِّفُوْنَکَ

کیا اللہ بس نہیں اپنے بندہ کو اور تجھ کو ڈراتے ہیں

بِالَّذِیْنَ مِنْ دُوْنِہٖ ؕ وَ مَنْ یُّضْلِلِ

اُن سے جو اُس کے سوائے ہیں اور جس کو راہ بھلائے

اللّٰہُ فَمَا لَہٗ مِنْ ہَادٍ ﴿۳۶﴾ ۚ وَ مَنْ یَّہْدِ اللّٰہُ

اللہ تو کوئی نہیں اُس کو راہ دینے والا اور جس کو راہ سمجھائے اللہ

فَمَا لَہٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ اَلَیْسَ اللّٰہُ بِعَزِیْزٍ

تو کوئی نہیں اُس کو بھلانے والا کیا نہیں ہے اللہ زبردست

ذِی انْتِقَامٍ ﴿۳۷﴾

بدلہ لینے والا ☆

اللہ کا بندہ غیر اللہ سے نہیں ڈرتا

☆ چند آیات پہلے ضَرَبَ اللّٰہُ مَثَلًا رَّجُلًا فِیْہِ شُرَکَآءُ الخ میں شرک کار داور مشرکین کا جہل بیان کیا گیا تھا۔ اس پر مشرکین پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنے بتوں سے ڈراتے تھے کہ دیکھو تم ہمارے دیوتاؤں کی توہین کرکے ان کو غصہ نہ دلاؤ کہیں تم کو معاذ اللہ بالکل خبطی اور پاگل نہ بنادیں۔ اس کا جواب دیا کہ جو شخص ایک زبردست خدا کا بندہ بن چکا، اسے ان عاجز اور بے بس خداؤں سے کیا ڈر ہوسکتا ہے؟ کیا اس عزیز منتقم کی امداد وحمایت اس کو کافی نہیں جو کسی دوسرے سے ڈرے یا لولگائے۔ یہ بھی ان مشرکین کا خبط و ضلال اور مستقل گمراہی ہے کہ خدائے واحد کے پرستار کو اس طرح کی گیدڑ بھبکیوں سے خوف زدہ کرنا چاہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ ٹھیک راستہ پر لگادینا یا نہ لگانا سب اللہ کے قبضہ میں ہے جب کسی شخص کو اسکی بدتمیزی اور کجروی کی بناء پر اللہ تعالیٰ کامیابی کا راستہ نہ دے وہ اسی طرح خبطی اور پاگل ہوجاتا ہے اور موٹی موٹی باتوں کو سمجھنے کی قوت بھی اس میں نہیں رہتی کیا ان احمقوں کو اتنا نہیں سوجھتا کہ جو بندہ خداوند قدوس کی پناہ میں آگیا کونسی طاقت ہے جو اسکا بال بیکا کرسکے جو طاقت مقابل ہوگی پاش پاش کردی جائے گی غیرت خداوندی مخلص وفاداروں کا بدلہ لئے بدون نہ چھوڑے گی۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

وَيُخَوِّفُوْنَكَ بغوی نے لکھا ہے کہ بت پرست لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتوں کی ناراضگی سے ڈراتے تھے اور کہتے تھے ان کو برا کہنے سے زبان روکو ورنہ یہ تمہیں بدحواس اور پاگل بنادیں گے۔ عبدالرزاق نے بھی یہ روایت بیان کی ہے وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ یعنی اللہ جس کو بے مدد چھوڑ دے کہ وہ اللہ کو اپنے بندہ کی حفاظت کے لئے کافی ہونے سے غافل ہو جائے اور ایسی چیزوں سے ڈرانے لگے جو نہ نقصان پہنچا سکتی ہیں نہ فائدہ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ اس کے لئے کوئی ہدایت دینے والا نہیں کہ سیدھے راستہ پر اس کو چلا سکے۔ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ اس کو کوئی گمراہ کرنے والا نہیں کیونکہ اللہ کی عطا کی ہوئی نعمت کو کوئی روک نہیں سکتا۔ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ استفہام انکاری یعنی اللہ غالب ہے (اپنے فرماں برداروں کو) نفع بخشتا ہے اور انتقام لینے والا ہے اپنے دشمنوں سے انتقام لیتا ہے (ان کو سزا دیتا ہے) (تفسیر مظہری)

آیت کا شان نزول: اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ۔ اس آیت کا شان نزول ایک واقعہ ہے کہ کفار نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کو اس سے ڈرایا تھا کہ اگر آپ نے ہمارے بتوں کی بے ادبی کی تو ان بتوں کا اثر بہت سخت ہے اس سے آپ بچ نہ سکیں گے۔ ان کے جواب میں کہا گیا کہ کیا اللہ اپنے بندہ کے لئے کافی نہیں۔

اس لئے بعض مفسرین نے یہاں بندے سے مخصوص بندہ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مراد لیا ہے۔

جو اللہ سے ڈرے اللہ اس کا محافظ ہے

جو شخص بھی کسی مسلمان کو اس لئے ڈرائے کہ تم نے فلاں حرام کام یا گناہ نہ کیا تو تمہارے حاکم اور افسر یا جنکے تم محتاج سمجھے جاتے ہو تم سے خفا ہو جائیں گے اور تکلیف پہنچائیں گے۔ یہ بھی اسی میں داخل ہے اگرچہ ڈرانے والا مسلمان ہی ہو اور جس سے ڈرایا جائے وہ بھی مسلمان ہی ہو۔ اور یہ ایسا عام ابتلاء ہے کہ دنیا کے اکثر ملازمتوں میں لوگوں کو پیش آتا ہے کہ احکام الٰہیہ کی خلاف ورزی پر آمادہ ہو جائیں یا پھر اپنے افسروں کے عتاب وعقاب کے مورد بنیں۔

اس آیت نے ان سب کو یہ ہدایت دی کہ کیا اللہ تعالیٰ تمہاری حفاظت کے لئے کافی نہیں، تم نے خالص اللہ کے لئے گناہوں کے ارتکاب سے بچنے کا عزم کر لیا اور احکام خداوندی کے خلاف کسی حاکم و افسر کی پروانہ کی تو خدا تعالیٰ کی امداد تمہارے ساتھ ہوگی۔ زائد سے زائد یہ ملازمت چھوٹ بھی جائے گی تو اللہ تعالیٰ تمہارے رزق کا دوسرا انتظام کر دیں گے۔ اور مومن کا کام تو یہ ہے کہ ایسی ملازمت کو چھوڑنے کی خود ہی کوشش کرتا رہے کہ کوئی دوسری مناسب جگہ مل جائے تو اس کو فوراً چھوڑ دے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ
اور جو تو اُن سے پوچھے کس نے بنائے آسمان
وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۭ قُلْ اَفَرَءَيْتُمْ
اور زمین تو کہیں اللہ نے تو کہہ بھلا دیکھو تو
مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِيَ
جن کو پوجتے ہو اللہ کے سوائے اگر چاہے اللہ مجھ پر
اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖٓ
کچھ تکلیف تو وہ ایسے ہیں کہ کھول دیں تکلیف اسکی ڈالی ہوئی
اَوْ اَرَادَنِيْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ
یا وہ چاہے مجھ پر مہربانی تو وہ ایسے ہیں کہ روک دیں
رَحْمَتِهٖ ۭ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۭ عَلَيْهِ
اُسکی مہربانی کو تو کہہ مجھ کو بس ہے اللہ اُسی پر
يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۳۸﴾
بھروسہ رکھتے ہیں بھروسہ رکھنے والے☆

جو خالق ہے وہی معبود ہے

☆ یعنی ایک طرف تو خداوند قدوس جو خود تمہارے اقرار کے موافق تمام زمین و آسمان کا پیدا کرنے والا ہے اور دوسری طرف پتھر کی بے جان مورتیں یا عاجز مخلوق جو سب مل کر بھی خدا کی بھیجی ہوئی ادنیٰ سے ادنیٰ تکلیف و راحت کو اسکی جگہ سے نہ ہٹا سکے۔ تم ہی بتاؤ دونوں میں سے کس پر بھروسہ کیا جائے اور کس کو اپنی مدد کے لئے کافی سمجھا جائے۔ حضرت ہود علیہ السلام کی قوم نے بھی کہا تھا اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ جسکا جواب حضرت ہود علیہ السلام نے یہ دیا اِنِّىْٓ اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْٓا اَنِّىْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ فَكِيْدُوْنِيْ جَمِيْعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ اِنِّىْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ مَا مِنْ دَاۗبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (ہود رکوع ۵) اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرمایا تھا وَلَآ اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّشَاۗءَ رَبِّيْ شَيْـــًٔا وَسِعَ رَبِّيْ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ وَكَيْفَ اَخَافُ مَآ اَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُوْنَ اَنَّكُمْ اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا فَاَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ (انعام۔ رکوع ۹) (تفسیر عثمانی)

مشرکین سے سوال: اَفَرَءَيْتُمْ یعنی تم اس بات کا اعتراف کرتے ہو کہ اللہ ہی خالق کائنات ہے اس کے سوا کوئی پیدا کرنے والا نہیں تو مجھے بتاؤ

besturdubooks.wordpress.com

تنہا اللہ کی خلاقیت کا اقرار کرنے کے بعد ان پر اس بات کا اقرار کرنا لازم ہو جاتا ہے کہ بت نہ دکھ کو دور کر سکتے ہیں نہ سکھ دے سکتے ہیں نہ خدا کی بھیجی ہوئی مصیبت کو دفع کر سکتے ہیں نہ اس کی عطا کردہ نعمت کو لوٹا سکتے ہیں۔

شانِ نزول: مقاتل کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (اس آیت کے نزول کے بعد) مشرکوں سے یہ سوال کیا تھا لیکن انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا اس پر آیت ذیل نازل ہوئی۔ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ آپ کہہ دیجئے میرے لئے اللہ کافی ہے بھروسہ کرنے والے اسی پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

قوی اور غنی ہونے کا طریقہ: ابن ابی نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سند سے مرفوعاً حدیث نقل کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ من احب ان یکون اقوی النّاس فلیتو کل علی اللہ وَمن احب ان یکون اغنی النّاس فَلْیَکُنْ بما فی ید اللہ عزّو جلّ. اوثق منه بما فی یدیه و من اَحبّ ان یکون اکرم النّاس فلتیق اللہ عزّو جل.

جس شخص کو یہ بات محبوب ہے کہ وہ دنیا میں سب سے زیادہ قوی ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ اللہ پر توکل کرے اور جو شخص چاہتا ہے کہ سب سے زیادہ غنی ہو اس کو چاہئے کہ جو چیز خدا کے ہاتھ ہے اس پر اس چیز سے زائد بھروسہ کرے جو خود اس کے ہاتھوں میں ہے۔ اور جو شخص چاہتا ہے کہ دنیا میں سب سے زیادہ عزت والا ہو تو اسے چاہئے کہ اللہ کا تقویٰ اختیار کرے۔ (معارف کاندھلوی)

قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ
تو کہہ اے قوم کام کئے جاؤ اپنی جگہ پر
اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ
میں بھی کام کرتا ہوں اب آگے جان لو گے
يَّأْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ
کس پر آتی ہے آفت کہ اُس کو رسوا کرے اور اُترتا ہے اُس پر
عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ۝
عذاب سدا رہنے والا ☆

خدا پرست ہی غالب ہوگا

☆ یعنی عنقریب پتہ لگ جائے گا کہ خدائے واحد کا بندہ غالب آتا ہے یا صد ہا دروازوں کے بھکاری کامیاب ہوتے ہیں۔ واقعات جلد بتا دیں گے کہ جو بندہ اللہ کی حمایت اور پناہ میں آیا اس کا مقابلہ کرنے والے آخر کار سب ذلیل و خوار ہوئے (تنبیہ) عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ سے دنیا کا اور عَذَابٌ مُّقِيْمٌ سے آخرت کا عذاب مراد ہے واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

ہر حال میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو غلبہ ہوگا

اِنِّيْ عَامِلٌ یعنی میں اپنی حالت پر عمل کر رہا ہوں یہاں مکانتی کا لفظ انتصاراً حذف کر دیا گیا اس سے وعید میں زور بھی پیدا ہو گیا (کہ میں کامیاب ہوں گا اور تم دنیا و آخرت میں تباہ ہو گے) مکانتی کے لفظ کو حذف کر دینے سے اس طرف بھی اشارہ نکلتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم موجودہ حالت پر ہی نہیں ٹھہر جائیں گے بلکہ جتنا زمانہ گذرتا جائے گا آپ کو قوت اور نصرت زیادہ حاصل ہوتی جائے گی اسی لئے کافروں کو دھمکایا کہ میں دونوں جہان میں کامیاب رہوں گا۔

عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ دشمنوں کی رسوائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غالب آجانے کی دلیل ہے۔ بدر کی لڑائی میں اللہ نے کفار مکہ کو رسوا کر بھی دیا۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ لِلنَّاسِ
ہم نے اتاری ہے تجھ پر کتاب لوگوں کے
بِالْحَقِّ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ
واسطے سچے دین کے ساتھ پھر جو کوئی راہ پر آیا۔ سو اپنے بھلے کو
وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ
اور جو کوئی بہکا سو یہی بات ہے کہ بہکا اپنے بُرے کو
وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ۝
اور تو اُن کا ذمہ دار نہیں ☆

آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا فرض ادا کر چکے

☆ یعنی تیری زبان پر اس کتاب کے ذریعہ سے سچی بات نصیحت کی کہہ دی گئی اور دین کا راستہ ٹھیک ٹھیک بتلا دیا گیا آگے ہر ایک آدمی اپنا نفع و نقصان سوچ لے نصیحت پر چلے گا تو اسی کا بھلا ہے ورنہ اپنا ہی انجام خراب کرے گا۔ تجھ پر اس کی کوئی ذمہ داری نہیں کہ زبردستی ان کو راہ پر لے آئے صرف پیام حق پہنچا دینا آپ کا فرض تھا وہ آپ نے ادا کر دیا۔ آگے معاملہ خدا کے سپرد کیجئے جس کے ہاتھ میں مارنا جلانا اور سلانا جگانا سب کچھ ہے۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

فَمَنِ اهْتَدٰی یعنی اس کتاب سے جو ہدایت یاب ہوا۔
مَنْ ضَلَّ جس نے اپنے منافع کے راستہ کو کھودیا۔

پیغمبر کی ذمہ داری: مَآ اَنْتَ عَلَیْهِمْ بِوَکِیْلٍ یعنی آپ کو اس امر کا ذمہ دار نہیں بنایا گیا کہ ہدایت یاب ہونے پر ان کو مجبور کریں آپ کو حکم صرف پیام الٰہی کو پہنچانے کا دیا گیا ہے اور آپ ایسا کر چکے پس ان کے گمراہ رہنے سے آپ کا کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ (تفسیر مظہری)

اَللّٰهُ یَتَوَفَّی الْاَنْفُسَ حِیْنَ مَوْتِهَا
اللہ کھینچ لیتا ہے جانیں جب وقت ہو ان کے مرنے
وَالَّتِیْ لَمْ تَمُتْ فِیْ مَنَامِهَا فَیُمْسِکُ
کا، اور جو نہیں مریں اُن کو کھینچ لیتا ہے اُن کی نیند میں پھر رکھ
الَّتِیْ قَضٰی عَلَیْهَا الْمَوْتَ وَیُرْسِلُ
چھوڑتا ہے جن پر مرنا ٹھہرا دیا ہے اور بھیج دیتا ہے
الْاُخْرٰٓی اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّی اِنَّ فِیْ
اوروں کو ایک وعدہ مقرر تک اس بات میں
ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَکَّرُوْنَ ﴿۴۲﴾
پتے ہیں اُن لوگوں کو جو دھیان کریں ☆

نیند اور موت ☆ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں یعنی نیند میں ہر روز جان کھینچتا ہے پھر (واپس) بھیجتا ہے یہ ہی نشان ہے آخرت کا معلوم ہوا نیند میں بھی جان کھنچتی ہے جیسے موت میں اگر نیند میں کھینچ کر رہ گئی۔ وہ ہی موت ہے مگر یہ جان وہ ہے جس کو (ظاہری) ہوش کہتے ہیں۔ اور ایک جان جس سے سانس چلتی ہے اور نبضیں اچھلتی ہیں اور کھانا ہضم ہوتا ہے وہ دوسری ہے وہ موت سے پہلے نہیں کھنچتی (موضح القرآن) حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے بغوی نے نقل کیا ہے کہ نیند میں روح نکل جاتی ہے مگر اس کا مخصوص تعلق بدن سے بذریعہ شعاع کے رہتا ہے۔ جس سے حیات باطل ہونے نہیں پاتی۔ جیسے آفتاب لاکھوں میل سے بذریعہ شعاعوں کے زمین کو گرم رکھتا ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ نیند میں بھی وہ ہی چیز نکلتی ہے جو موت کے وقت نکلتی ہے لیکن تعلق کا انقطاع ویسا نہیں ہوتا جو موت میں ہوتا ہے۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

توفیّ کا معنیٰ: یَتَوَفَّی الْاَنْفُسَ یعنی بدنوں سے لے کر قبضہ میں کر لیتا ہے جس کی دو صورتیں ہوتی ہیں۔ (۱) بدنوں سے جانوں کا تعلق بالکل منقطع کر دیتا ہے، بدن پر جان کا نہ بیرونی تصرف باقی رہتا ہے نہ اندرونی۔ ایسا مرنے اور بدن سے بالکل جان کھچ جانے کے بعد ہوتا ہے۔ (۲) جانوں پر مکمل نہیں بلکہ کسی قدر قبضہ کر لیتا ہے۔ بدن پر جان کا بیرونی تصرف ختم ہو جاتا ہے نہ بدن میں بیرونی حس باقی رہتی ہے نہ حرکت ارادیہ۔ اس عالم ظاہر سے روح کا علاقہ باقی نہیں رہتا، اللہ اس کو عالم مثال (عالم اشباہ) کے مطالعہ کی طرف متوجہ کر دیتا ہے باہر کے تعلق سے روح خالی ہو جاتی ہے اس کا رخ مثال کی طرف ہو جاتا ہے (عالم مثال میں گذشتہ اور آئندہ واقعات واحوال کی صورتیں بالفعل حاضر ہیں، روح ان کا مطالعہ کرتی ہے کبھی اس کو پچھلے واقعات دکھائی دیتے ہیں کبھی آگے آنے والے احوال کی تصویریں سامنے آجاتی ہیں) ایسا سونے کی حالت میں ہوتا ہے۔ توفی کے دونوں معنی ہیں اول معنی (وفات دینا پورا پورا قبضہ کر لینا اور بدن سے بالکل نکال لینا) حقیقی ہے اور دوسرا معنی مجازی ہے۔ یہاں عموم مجاز کے طور پر مطلق قبض مراد ہے خواہ صرف بیرونی قبضہ ہو (یعنی روح کو بیرونی تصرفات سے روک دیا جائے، بدن کی ظاہری حس معطل اور اعضا کی ارادی حرکت ختم ہو جائے) یا بیرونی اور اندرونی دونوں قسم کے تصرف سے روک دیا (روح کا بدن سے تعلق بالکل ہی منقطع کر دیا نہ اندرونی نظام زندگی باقی رہے نہ بیرونی احساس وحرکت یعنی موت آجائے اور بدن سے روح نکل جائے)۔

یا التی لم تمت سے پہلے دوسرا فعل محذوف قرار دیا جائے اور پورا کلام اس طرح مانا جائے کہ اللہ مرنے کے وقت جانوں پر پورا پورا قبضہ کر لیتا ہے (بدن کو بالکل بے جان بنا دیتا ہے) اور جو جانیں مرتی نہیں ان پر صرف خواب میں قبضہ کر لیتا ہے (بیرونی احساس وحرکت سے ان کو محروم کر دیتا ہے)۔

بعض اہل علم کا قول: ہر انسان کا ایک نفس ہے اور ایک روح سونے کی حالت میں نفس بدن سے نکل جاتا ہے اور روح (یعنی جان) باقی رہتی ہے (اور مرنے کے وقت روح بھی نکل جاتی ہے) اس قول میں نفس سے مراد ہے سمجھنے اور تمیز کرنے کی قوت (یعنی بیرونی حواس وقوت شعور) مطلب یہ کہ سونے کے وقت حواس وشعور کی قوت سلب کر لی جاتی ہے اور روح جس سے زندگی اور احساس وشعور کی قوت وابستہ ہے باقی رہتی ہے۔ (تفسیر مظہری)

علامہ آلوسیؒ نے تفسیر روح المعانی میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے اس کی تفسیر میں یہ ذکر فرمایا۔ ابن آدم میں نفس اور روح ہے۔ جن دونوں کے درمیان سورج کی شعاع کی طرح ایک چمک حائل ہے۔ نفس کے ذریعہ فہم تمیز اور احساس کا سلسلہ رہتا ہے اور روح سے حیات وحرکت کا تعلق قائم رہتا ہے تو موت کے وقت روح اور نفس دونوں قبض کر لئے جاتے ہیں۔ جس کے بعد حیات وحرکت کا بھی سلسلہ ختم ہو جاتا ہے۔ لیکن نیند کے وقت صرف نفس قبض کیا جاتا ہے جس سے عقل وادراک اور تمیز کا سلسلہ منقطع ہو جاتا ہے (روح المعانی ج ۲۴ ص ۸)

besturdubooks.wordpress.com

یہی وہ چیز ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لیلۃ التعریس میں فرمائی یعنی جس رات سفر غزوہ میں راستہ میں آرام فرمانے کے لئے لیٹے تو آنکھ نہ کھلی تا آنکہ سورج نکل آیا تو آپ نے ارشاد فرمایا تھا۔ اِنَّ اللہ تعالی قبض ارواحکم حین شاء وردھا الیکم حین شاء (صحیح بخاری۔ سنن نسائی) اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ ویر سلھا اَیُّھا الناس ان ھذہ ارواح عاریۃ فی الا العباد فیقبضھا اللہ اذا شآء ویرسلھا اذا شآء۔ (معارف کاندھلوی)

خواب کے سچا اور جھوٹا ہونے کی وجہ

سلیم بن عامر کی روایت ہے کہ ایک روز حضرت عمرؓ نے فرمایا عجیب بات ہے کہ کچھ لوگ سوتے میں کچھ ایسی چیز دیکھتے ہیں جو ان کے تصور میں بھی نہ ہوتی (پھر بیدار ہوتے ہیں تو وہی بات سامنے آجاتی ہے) ان کا خواب ایسا (صحیح اور واقعی) ہوتا ہے جیسے ہاتھ سے کسی چیز کو پکڑ لیا اور بعض آدمیوں کا خواب کچھ بھی حقیقت نہیں رکھتا حضرت علیؓ نے یہ کلام سن کر فرمایا امیر المومنین میں آپ کو اس کی وجہ بتاتا ہوں اللہ نے فرمایا۔ اَللّٰہُ یَتَوَفَّی الْاَنْفُسَ حِیْنَ مَوْتِھَا وَالَّتِیْ لَمْ تَمُتْ فِیْ مَنَامِھَا فَیُمْسِکُ الَّتِیْ قَضٰی عَلَیْھَا الْمَوْتَ وَیُرْسِلُ الْاُخْرٰٓی اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّی۔ اللہ روحوں کو قبض کر لیتا ہے جب یہ روحیں اللہ کے قرب میں آسمان پر ہوتی ہیں تو جو کچھ دیکھتی ہیں وہ سچا خواب ہوتا ہے اور جب ان کو جسموں کی طرف چھوڑ دیا جاتا اور واپسی میں شیطانوں سے ان کا سامنا ہو جاتا ہے تو شیطان ان سے کچھ جھوٹی باتیں کہہ دیتے ہیں اور بے حقیقت باتیں بتاتے ہیں پس یہ جھوٹا خواب ہوتا ہے حضرت عمرؓ کو حضرت علیؓ کی یہ بات سن کر تعجب ہوا۔

اگر یہ اثر صحیح ہو تو میرے نزدیک اس کا مطلب یہ ہوگا کہ سونے کے وقت بدن سے روح کے نکلنے سے مراد یہ ہے کہ عالم ملکوت میں روح عالم مثال کے مطالعہ کی جانب متوجہ ہو جاتی ہے اور عالم مثال بدن سے بہر حال باہر ہی ہے اور بدن کے اندر روح کی شعاع باقی رہنے سے یہ مراد ہے کہ حسب سابق بدن سے روح کا تعلق باقی رہتا ہے خلاصہ یہ کہ خروج روح (یعنی عالم مثال کی طرف متوجہ ہونے سے) سے آدمی خواب دیکھتا ہے پھر آدمی بیدار ہو جاتا تو روح لوٹ آتی ہے یعنی پل بھر سے بھی پہلے روح کا تعلق بدن سے حسب سابق ہو جاتا ہے۔

یعنی سونے والوں کی جانوں کو ہوش اور احساس (بیرونی) کی طرف لوٹا دیتا ہے اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّی یعنی اس وقت تک کے لئے رہا کر دیتا ہے جو مرنے کا مقرر ہے۔

سونے اور جاگنے کا مسنون طریقہ

صحیحین میں حضرت براءؓ بن عازب کی روایت سے بیان کیا گیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کو خواب گاہ (بستر) پر چلے جاتے تو (دائیں کروٹ پر لیٹ کر دائیں) ہاتھ کو رخسار کے نیچے رکھ فرماتے اَللّٰھُمَّ بِکَ اَمُوْتُ وَاَحْیٰی اے اللہ میری زندگی اور موت تیرے ہی ہاتھ میں ہے (بک میں ب امانت اور قبضہ پر دلالت کر رہی ہے) اور جب بیدار ہوتے تو فرماتے: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْٓ اَحْیَانَا بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا وَاِلَیْہِ النُّشُوْرُ اللہ کا شکر ہے جس نے ہم کو موت دینے کے بعد زندگی عطا فرمادی اور اسی کی طرف (قیامت کے دن) اٹھ کر جانا ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے جب کوئی اپنے بستر کی طرف (لیٹنے کے ارادہ سے) جائے تو (پہلے) اپنی لنگی کے ایک پلو سے بستر کو جھاڑ دے کیونکہ اس کو نہیں معلوم کہ اس کی جگہ (بستر پر) کون آموجود ہوا (یعنی سانپ بچھو کیڑے مکوڑے) پھر کہے اے میرے اللہ میں تیرے ہی نام کی برکت اور مدد سے اپنا پہلو (بستر پر) رکھتا ہوں اور تیرے ہی نام سے اس کو اٹھاتا ہوں اگر تو میری جان کو روک لے تو اس پر رحم فرمانا اور اگر رہا کر دے تو جس چیز کے ساتھ تو اپنے نیک بندوں کی حفاظت کرتا ہے اسی چیز کے ساتھ میری جان کی بھی حفاظت رکھنا۔ دوسری روایت میں آیا ہے کہ دائیں پہلو پر لیٹ کر یہ الفاظ کہے۔ اور بستر کو جھاڑنے کے سلسلہ میں فرمایا تین بار اپنے کپڑے کے پلو سے جھاڑے۔

اہل فکر: یَتَفَکَّرُوْنَ جو غور کرتے اور سوچتے ہیں کہ روحوں کا اجسام سے تعلق کیسے ہوا اور کیسا ہے پھر کس طرح مرنے کے وقت بدنوں سے ان کا تعلق بالکل کٹ جاتا ہے اور کس طرح ان کو روک لیا جاتا ہے (یا واپس کر دیا جاتا ہے) اور بدن کے فنا ہو جانے کے بعد ان کا بقا کیسے رہتا ہے پھر ان کی سعادت و شقاوت کے احوال کیسے مختلف ہیں اور کیوں ہیں اور کیا حکمت ہے کہ ان کو کچھ دیر کے لئے ظاہری طور پر قبض کر لیا جاتا ہے کہ کچھ وقت کیلئے حس و شعور سے یہ معطل ہو جاتی ہیں اور پھر ان کو وقتاً فوقتاً قبض کرنے اور رہا کرنے کا سلسلہ وقت موت تک جاری رہتا ہے جو ان امور پر غور کرتے ہیں وہ جان لیتے ہیں کہ جو ذات ان تمام امور پر قادر ہے وہی قیامت کے دن زندہ کر کے ان کو اٹھانے پر بھی قدرت رکھتی ہے۔ یہ آیت علت ہے آیت وَعَلَیْہِ یَتَوَکَّلُ الْمُتَوَکِّلُوْنَ کی۔ (تفسیر مظہری (اردو) جلد دہم)

اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ شُفَعَآءَ

کیا انہوں نے پکڑے ہیں اللہ کے سوائے کوئی سفارش والے ☆

بتوں کی سفارش کی حقیقت

☆ یعنی بتوں کی نسبت مشرکین دعویٰ رکھتے ہیں کہ وہ اللہ کی بارگاہ میں ان کے سفارشی ہیں۔ ان ہی کی سفارش سے کام بنتے ہیں اسی لئے ان کی عبادت کی

besturdubooks.wordpress.com

جاتی ہے سو اول تو شفیع ہونے سے معبود ہونا لازم نہیں آتا دوسرے شفیع بھی وہ بن سکتا ہے جسے اللہ کی طرف سے شفاعت کی اجازت ہو اور صرف اسکے حق میں شفاعت کرسکتا ہے جس کو خدا پسند کرے۔ خلاصہ یہ کہ شفیع کا ماذون ہونا اور مشفوع کا مرتضی ہونا ضروری ہے۔ یہاں دونوں باتیں نہیں نہ اصنام بتوں کا ماذون ہونا ثابت ہے نہ کفار کا مرتضی ہونا لہٰذا ان کا دعویٰ غلط ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ اَوَلَوْ كَانُوْا لَا يَمْلِكُوْنَ شَيْـًٔا وَّلَا
تو کہہ اگرچہ اُن کو اختیار نہ ہو کسی چیز کا اور نہ
يَعْقِلُوْنَ ﴿۴۳﴾
سمجھ ☆

یعنی بتوں کو نہ اختیار ہے نہ سمجھ پھر انکو شفیع ماننا عجیب ہے۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيْعًا ۭ لَهٗ مُلْكُ
تو کہہ اللہ کے اختیار میں ہے ساری سفارش اُسی کا راج ہے
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ ثُمَّ اِلَيْهِ
آسمان اور زمین میں پھر اُسی کی طرف
تُرْجَعُوْنَ ﴿۴۴﴾
پھیرے جاؤ گے ☆

سب کچھ اللہ کے اختیار میں ہے

☆ یعنی فی الحال بھی زمین و آسمان میں اسی کی سلطنت ہے اور آئندہ بھی اسی کی طرف سب کو لوٹ کر جانا ہے تو اسکی اجازت و خوشنودی کے بغیر کس کی مجال ہے جو زبان ہلا سکے حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ یعنی اللہ کے روبرو سفارش ہے اللہ کے حکم سے نہ تمہارے کہے سے جب موت آئے کسی کے کہے سے عزرائیل نہیں چھوڑتا۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ اشْمَاَزَّتْ قُلُوْبُ
اور جب نام لیجئے خالص اللہ کا رک جاتے ہیں دل
الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ ۚ
اُن کے جو یقین نہیں رکھتے پچھلے گھر کا
وَاِذَا ذُكِرَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِذَا هُمْ
اور جب نام لیجئے اُس کے سوا اوروں کا تب وہ لگیں
يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۴۵﴾
خوشیاں کرنے ☆

غیر اللہ کی محبت والے

☆ مشرک کا خاصہ ہے کہ گو بعض وقت زبان سے اللہ کی عظمت و محبت کا اعتراف کرتا ہے لیکن اس کا دل اکیلے خدا کے ذکر اور حمد و ثناء سے خوش نہیں ہوتا۔ ہاں دوسرے دیوتاؤں یا جھوٹے معبودوں کی تعریف کی جائے تو مارے خوشی کے اچھلنے لگتا ہے جس کے آثار اس کے چہرے پر نمایاں ہوتے ہیں۔ افسوس یہ ہی حال آج بہت سے نام نہاد مسلمانوں کا دیکھا جاتا ہے کہ خدائے واحد کی قدرت و عظمت اور اس کے علم کی لامحدود وسعت کا بیان ہو تو چہروں پر انقباض کے آثار ظاہر ہوتے ہیں مگر کسی پیر فقیر کا ذکر آجائے اور جھوٹی سچی کرامات اناپ شناپ بیان کردی جائے تو چہرے کھل پڑتے ہیں اور دلوں میں جذبات مسرت و انبساط جوش مارنے لگتے ہیں بلکہ بسا اوقات توحید خالص کا بیان کرنے والا ان کے نزدیک منکر اولیا سمجھا جاتا ہے۔ فالی اللہ المشتکی وھو المستعان۔ (تفسیر عثمانی)

اِشْمِئزاز اور اِسْتِبْشَار کا معنی

بیضاوی نے لکھا ہے کہ اشْمَأَزَّتْ اور يَسْتَبْشِرُوْنَ دونوں لفظ انتہائی کیفیت پر دلالت کرتے ہیں استبشار (چہرہ کھل جانا) اس وقت ہوتا ہے جب دل خوشی اور مسرت سے اتنا پر ہو جائے کہ اس کے آثار چہرہ پر نمودار ہو جائیں (اور چہرہ شگفتہ ہو جائے) اور اشمئزاز (بھنچ جانا منقبض ہو جانا) اس وقت ہوتا ہے جب دل غم و غصہ سے اتنا بھر جائے کہ چہرہ کی کھال سکڑ جائے بل پڑ جائیں۔ (تفسیر مظہری)

قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
تو کہہ اے اللہ پیدا کرنے والے آسمانوں کے اور زمین
عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ
کے جاننے والے چھپے اور کھلے کے تو ہی فیصلہ کرے
بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْ مَا كَانُوْا فِيْهِ
اپنے بندوں میں جس چیز میں وہ
يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۴۶﴾
جھگڑ رہے تھے ☆

besturdubooks.wordpress.com

☆ یعنی جب ایسی موٹی باتوں میں بھی جھگڑے ہونے لگے اور اللہ کا اتنا وقار بھی دلوں میں باقی نہ رکھا تو اب تیرے ہی سے فریاد ہے تو ہی ان جھگڑوں کا عملی فیصلہ فرمائے گا۔ (تفسیر عثمانی)

اللہ ہی سے دعا کیجئے: جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مشرکوں اور کافروں کے معاملہ میں سخت حیران ہو گئے اور ان کی دشمنی اور بد خلقی سے عاجز آ گئے تو اللہ نے آپ کو حکم دیا کہ اسی سے دعا اور التجا کریں کیونکہ وہی ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے تمام احوال سے وہی واقف ہے جو چیز ہم سے غائب ہے یا ہمارے مشاہدہ میں ہے وہ سب کا عالم ہے۔

اَنْتَ تَحْكُمُ یعنی اہل حق کو فتح یاب کرے گا اور باطل پرستوں کو بے مدد چھوڑ دے گا۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا

ابوسلمہؓ کا بیان ہے میں نے حضرت عائشہؓ سے دریافت کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کس کلام سے نماز شب کا آغاز کرتے تھے۔ ام المومنین نے فرمایا رسول صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے۔ اَللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرَئِيْلَ وَ مِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْ مَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ اِهْدِنِيْ لِمَا اخْتُلِفَ فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِكَ تَهْدِيْ مَنْ تَشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ. (اے اللہ اے جبرئیل و میکائیل و اسرافیل کے رب اے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کرنے والے اے باطن و ظاہر کو جاننے والے (قیامت کے دن) تو اپنے بندوں کے درمیان ان مسائل کا فیصلہ کرے گا جن میں وہ اختلاف کرتے تھے مجھے اپنے حق سے مختلف فیہ مسائل میں حق کے راستہ پر چلا تو جس کو چاہتا ہے سیدھا راستہ دکھا دیتا ہے) (تفسیر مظہری)

حضرت ربیع بن خثیمؒ کی دربار الٰہی میں فریاد

ربیع بن خثیمؒ کی مجلس میں حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کا ذکر کیا گیا اور بعض حاضرین مجلس نے اس بارہ میں ان سے کچھ دریافت کرنا چاہا تو بڑے ہی رنج و کرب کی کیفیت کے ساتھ انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا اور پھر یہی آیت تلاوت فرمائی۔ اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْ مَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۔ (معارف کاندھلویؒ)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سکھلائی ہوئی دعاء

حضرت عبداللہ بن عمروؓ نے ایک کاغذ نکالا اور فرمایا دکی یہ دعا کہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سکھائی ہے۔ اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلٰهُ كُلِّ شَيْءٍ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَشْهَدُوْنَ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهٖ وَاَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَقْتَرِفَ عَلٰى نَفْسِيْ اِثْمًا اَوْ اَجُرَّهٗ اِلٰى مُسْلِمٍ (یعنی اے اللہ اے آسمان و زمین کو بے نمونہ پیدا کرنے والے چھپی کھلی کے جاننے والے تو ہر چیز کا رب ہے اور ہر چیز کا معبود ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں اور فرشتے بھی یہی گواہی دیتے ہیں۔ میں شیطان سے اور اس کے شرک سے تیری پناہ میں آتا ہوں میں تجھ سے پناہ طلب کرتا ہوں کہ میں اپنی جان پر کوئی گناہ کروں یا کسی اور مسلمان کی طرف کسی گناہ کو لے جاؤں)۔ حضرت ابوعبدالرحمٰنؒ فرماتے ہیں یہ دعا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن عمروؓ کو سکھلائی تھی وہ اسے سونے کے وقت پڑھا کرتے تھے (مسند امام احمد) اور روایت میں ہے کہ ابوراشد حبرانیؒ نے کوئی حدیث سننے کی خواہش حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے کی تو حضرت عبداللہؓ نے ایک کتاب نکال کر ان کے سامنے رکھ دی اور فرمایا یہ ہے جو مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لکھوائی ہے میں نے دیکھا تو اس میں لکھا ہوا تھا کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے کہا یا رسول اللہ! میں صبح و شام کیا پڑھوں؟ آپ نے فرمایا یہ پڑھو۔ اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ وَّمَلِيْكُهٗ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَشَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهٖ اَوْ اَقْتَرِفَ عَلٰى نَفْسِيْ سُوْٓءًا اَوْ اَجُرَّهٗ اِلٰى مُسْلِمٍ (ترمذی وغیرہ) مسند احمد کی حدیث میں ہے کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ فرماتے ہیں مجھے اس دعا کے پڑھنے کا اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح شام اور سوتے وقت حکم دیا ہے۔

جنت میں پہنچانے والی دعا: حضورؐ فرماتے ہیں جو بندہ اس دعا کو پڑھے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اپنے فرشتوں سے فرمائے گا کہ میرے اس بندے نے مجھ سے عہد لیا ہے۔ اس عہد کو پورا کرو چنانچہ اسے جنت میں پہنچا دیا جائے گا وہ دعا یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اِنِّيْٓ اَعْهَدُ اِلَيْكَ فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا اَنِّيْٓ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ فَاِنَّكَ اِنْ تَكِلْنِيْٓ اِلٰى نَفْسِيْ تُقَرِّبْنِيْ مِنَ الشَّرِّ وَتُبَاعِدْنِيْ مِنَ الْخَيْرِ وَاِنِّيْ لَآ اَثِقُ اِلَّا بِرَحْمَتِكَ فَاجْعَلْ لِّيْ عِنْدَكَ عَهْدًا تُوَفِّيْنِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ یعنی اے اللہ اے آسمان و زمین کو بے نمونے کے پیدا کرنے والے اے غائب و حاضر کے جاننے والے میں اس دنیا میں تجھ سے عہد کرتا ہوں کہ میری گواہی

besturdubooks.wordpress.com

ہے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں اور میری یہ بھی شہادت ہے کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں تو اگر مجھے میری ہی طرف سونپ دیگا تو میں بُرائی سے قریب اور بھلائی سے دور جا پڑوں گا۔ خدایا مجھے صرف تیری رحمت ہی کا سہارا اور بھروسہ ہے۔ پس تو بھی مجھ سے عہد کر جسے تو قیامت کے دن پورا کرے یقینا تو عہد شکن نہیں۔ اس حدیث کے راوی سہیلؒ فرماتے ہیں کہ میں نے قاسم بن عبدالرحمٰنؒ سے جب کہا کہ عونؒ اس طرح یہ حدیث بیان کرتے ہیں تو آپ نے فرمایا سبحان اللہ ہماری تو پردہ نشین بچیوں کو بھی یہ حدیث یاد ہے۔ (مسند احمد) (تفسیر ابن کثیر)

وَلَوْ اَنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَا فِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا
اور اگر گنہگاروں کے پاس ہو جتنا کچھ کہ زمین میں ہے سارا
وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ مِنْ سُوْٓءِ
اور اتنا ہی اور اسکے ساتھ تو سب دے ڈالیں اپنے چھڑوانے
الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ
میں بُری طرح کے عذاب سے دن قیامت کے اور نظر آئے اُن کو
اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ۝ وَبَدَا
اللہ کی طرف سے جو خیال بھی نہ رکھتے تھے اور نظر
لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا وَحَاقَ بِهِمْ
آئیں اُن کو بُرے کام اپنے جو کماتے تھے اور اُلٹ پڑے
مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝
اُن پر وہ چیز جس پر ٹھٹھا کرتے تھے ☆

کافر کی نجات نہیں ہوگی

☆ یعنی جب قیامت کے دن ان اختلافات کا فیصلہ سنایا جائے گا اس وقت جو ظالم شرک کر کے خدا تعالیٰ کی شان گھٹاتے تھے ان کا سخت برا حال ہو گا۔ اگر اس روز فرض کیجئے کل روئے زمین کے خزانے بلکہ اس سے بھی زائد ان کے پاس موجود ہوں تو چاہیں گے کہ سب دے دلا کر کسی طرح اپنا پیچھا چھڑا لیں جو بدمعاشیاں دنیا میں کی تھیں سب ایک ایک کر کے ان کے سامنے ہوں گی اور ایسے قسم قسم کے ہولناک عذابوں کا مزہ چکھیں گے جو کبھی ان کے خیال و گمان میں بھی نہ گزرے تھے۔ غرض توحید خالص اور دین حق سے جو ٹھٹھا کرتے تھے اس کا وبال پڑ کر رہے گا اور جس عذاب کا مذاق اڑایا کرتے تھے وہ ان پر الٹ پڑے گا۔ (تفسیر عثمانی)

کافروں کے لئے ناگہانی عذاب:

اہل جنت کے لئے فرمایا تھا فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ اس کے مقابل دوزخیوں کے لئے فرمایا۔ وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ۔ یعنی انتہائی چوٹی کا ایسا سخت عذاب ان کے سامنے جس کا ان کو وہم و گمان بھی نہ تھا۔ مقاتل نے کہا یعنی دنیا میں ان کو گمان بھی نہ تھا کہ ایسے عذاب سے آخرت میں دوچار ہوں گے۔ یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ دنیا میں ان کا خیال تھا کہ بت ہماری سفارش کریں گے۔ یا یہ خیال تھا کہ حشر نشر کچھ بھی نہ ہوگا یہ سمجھ بیٹھے تھے کہ آخرت میں ہم مومنوں کے مقابلہ میں بہتر حالت میں ہوں گے قیامت کے دن ان تمام خیالات کے برعکس عذاب سامنے آئے گا۔ (تفسیر مظہری)

فَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ۡ
سو جب آلگتی ہے آدمی کو کچھ تکلیف ہم کو پکارنے لگتا ہے ☆

انسان کی جفا

☆ یعنی جس کے ذکر سے چڑتا تھا مصیبت کے وقت اسی کو پکارتا ہے اور جن کے ذکر سے خوش ہوتا تھا انہیں بھول جاتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

ثُمَّ اِذَا خَوَّلْنٰهُ نِعْمَةً مِّنَّا ۙ قَالَ اِنَّمَآ
پھر جب ہم بخشیں اُسکو اپنی طرف سے کوئی نعمت، کہتا ہے یہ تو مجھ کو ملی
اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ ۭ
کہ پہلے سے معلوم تھی ☆

☆ یعنی قیاس یہ ہی چاہتا تھا کہ یہ نعمت مجھ کو ملے کیونکہ مجھ میں اسکی لیاقت تھی اور اسکی کمائی کے ذرائع کا علم رکھتا تھا اور خدا کو میری استعداد و اہلیت معلوم تھی پھر مجھے کیوں نہ ملتی۔ غرض اپنی لیاقت اور عقل پر نظر کی اللہ کے فضل و قدرت پر خیال نہ کیا۔ (تفسیر عثمانی)

بَلْ هِيَ فِتْنَةٌ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا
کوئی نہیں یہ جانچ ہے پر وہ بہت سے لوگ نہیں
يَعْلَمُوْنَ ۝
سمجھتے ☆

besturdubooks.wordpress.com

نعمت امتحان ہے

☆ یعنی ایسا نہیں بلکہ یہ نعمت خدا کی طرف سے ایک امتحان ہے کہ بندہ اسے لے کر کہاں تک منعم حقیقی کو پہچانتا اور اس کا شکر ادا کرتا ہے اگر ناشکری کی گئی تو یہ ہی نعمت قمت بن کر وبال جان ہو جائے گی حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں یہ جانچ ہے کہ عقل اس کی دوڑنے لگتی ہے تا اپنی عقل پر بہکے وہ ہی عقل رہتی ہے اور آفت آ پہنچتی ہے پھر کسی کے ٹالے نہیں ٹلتی۔ (تفسیر عثمانی)

کافروں کی لاعلمی اور ضد: یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ بعض کافروں کو خود یقین تھا کہ ہم باطل پر ہیں لیکن محض ضد اور عناد کی وجہ سے وہ ایمان نہیں لاتے تھے۔ پس اکثر کافر بے علمی کی وجہ سے کافر رہے اور بعض کافر باوجود جاننے اور سمجھنے کے محض بغض وضد کی وجہ سے ایمان نہیں لائے۔ (تفسیر مظہری)

قَدْ قَالَهَا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ
کہہ چکے ہیں یہ بات اُن سے اگلے
فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۵۰﴾
پھر کچھ کام نہ آیا اُن کو جو کماتے تھے
فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ؕ
پھر پڑ گئیں اُن پر بُرائیاں جو کمائی تھیں ☆

چنانچہ قارون نے یہ ہی کہا تھا اس کا جو حشر ہوا وہ پہلے گزر چکا۔ (تفسیر عثمانی)

وَالَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ هٰٓؤُلَآءِ سَيُصِيْبُهُمْ
اور جو گنہگار ہیں ان میں سے اُن پر بھی اب پڑتی ہیں
سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ۙ وَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۵۱﴾
بُرائیاں جو کمائی ہیں اور وہ نہیں تھکانے والے ☆

مشرک بھاگ نہیں سکتے

☆ یعنی جیسے پہلے مجرموں پر ان کی شرارتوں کا وبال پڑا، موجود الوقت مشرکین پر بھی پڑنے والا ہے۔ جس وقت اللہ تعالیٰ ان کو سزا دینا چاہے گا یہ روپوش ہو کر یا اور کسی تدبیر سے اس کا تھکا نہیں سکتے۔ (تفسیر عثمانی)

اَوَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ
اور کیا نہیں جان چکے کہ اللہ پھیلاتا ہے روزی
لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ
جس کے واسطے چاہے اور ماپ کر دیتا ہے، البتہ اس میں پتے ہیں
لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾
اُن لوگوں کے واسطے جو مانتے ہیں ☆

روزی اللہ کی مرضی سے ملتی ہے

☆ یعنی دنیا میں محض روزی کا کشادہ یا تنگ ہونا کسی شخص کے مقبول یا مردود ہونے کی دلیل نہیں ہو سکتی۔ نہ روزی کا ملنا کچھ عقل وذہانت اور علم ولیاقت پر منحصر ہے۔ دیکھ لو کتنے بیوقوف یا بد معاش چین اڑا رہے ہیں اور کتنے عقل مند اور نیک آدمی فاقے کھینچتے ہیں۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں" یعنی عقل دوڑانے اور تدبیر کرنے میں کوئی کمی نہیں کرتا پھرا یک کو روزی کشادہ ہے ایک کو تنگ جان لو کہ صرف عقل کا کام نہیں کہ اپنے اوپر روزی کشادہ کر لے بلکہ یہ تقسیم رزاق حقیقی کی حکمت ومصلحت کے تابع اور اسی کے ہاتھ میں ہے۔" (تفسیر عثمانی)

تمام حوادث اللہ کی طرف سے ہیں

لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ۔ یعنی ان لوگوں کے لئے اس میں نشانیاں ہیں جو اس بات پر ایمان رکھتے ہیں کہ تمام حوادث اللہ کی طرف سے ہوتے ہیں اور بظاہر اسباب کا سلسلہ اپنے معمول پر چلتا ہے (یعنی بظاہر نتائج اسباب سے وابستہ ہیں اور اسباب نتائج کو پیدا کرتے ہیں)۔ (تفسیر مظہری)

قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ
کہہ دے اے بندو میرے جنہوں نے کہ زیادتی کی ہے اپنی جان پر
لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
آس مت توڑو اللہ کی مہربانی سے بیشک اللہ
يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ
بخشتا ہے سب گناہ وہ جو ہے وہی ہے گناہ معاف
الرَّحِيْمُ ﴿۵۳﴾
کرنیوالا مہربان ☆

اللہ تعالیٰ کی شان کریمی

یہ آیت ارحم الرحمٰن کی رحمت بے پایاں اور عفو و درگزر کی شان عظیم کا

besturdubooks.wordpress.com

اعلان کرتی ہے اور سخت سے سخت مایوس العلاج مریضوں کے حق میں اکسیر شفا کا حکم رکھتی ہے۔ مشرک، ملحد، زندیق، مرتد، یہودی، نصرانی، مجوسی، بدعتی، بدمعاش، فاسق، فاجر، کوئی ہو آیت ہذا کو سننے کے بعد خدا کی رحمت سے بالکلیہ مایوس ہو جانے اور آس توڑ کر بیٹھ جانے کی اس کے لئے کوئی وجہ نہیں کیونکہ اللہ جس کے چاہے سب گناہ معاف کر سکتا ہے۔ کوئی اسکا ہاتھ نہیں پکڑ سکتا۔ پھر بندہ ناامید کیوں ہو ہاں یہ ضرور ہے کہ اسکے دوسرے اعلانات میں تصریح کر دی گئی کہ کفر و شرک کا جرم بدون توبہ کے معاف نہیں کرے گا۔ لہٰذا اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا کو لِمَنْ يَّشَآءُ کے ساتھ مقید سمجھنا ضروری ہے کما قال تعالیٰ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ (نساء رکوع ١٨) اس تقیید سے یہ لازم نہیں آتا کہ بدون توبہ کے اللہ تعالیٰ کوئی چھوٹا بڑا قصور معاف ہی نہ کر سکے۔ اور نہ یہ مطلب ہوا کہ کسی جرم کے لئے توبہ کی ضرورت ہی نہیں بدون توبہ کے سب گناہ معاف کر دیئے جائیں گے قید صرف مشیت کی ہے اور مشیت کے متعلق دوسری آیات میں بتلا دیا گیا کہ وہ کفر و شرک سے بدون توبہ کے مغفرت نہ ہو گی۔ چنانچہ آیت ہذا کی شان نزول بھی اس پر دلالت کرتی ہے جیسا کہ اگلی آیت کے فائدہ سے معلوم ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

آیت کا شانِ نزول: طبرانی نے ضعیف سند سے حضرت ابن عباسؓ کا بیان نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وحشی کو جو حضرت حمزہؓ کا قاتل تھا اسلام کی دعوت دینے کے لئے ایک شخص کو بھیجا وحشی نے جواب دیا آپ مجھے اپنے مذہب میں داخل ہونے کی دعوت کس طرح دے رہے ہیں۔ آپ کا قول یہ ہے کہ جو شخص قتل کرے گا یا شرک کرے گا یا زنا کرے گا اس کو قیامت کے دن دوہرا عذاب ہوگا اور میں نے یہ سب کچھ کیا ہے اس پر آیت اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا۔ نازل ہوئی۔ وحشی نے کہا یہ شرط تو سخت ہے شاید میں ایسا نہ کر سکوں کیا اس کے علاوہ بھی کوئی صورت ہے اس پر آیت اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ نازل ہوئی وحشی نے کہا اس آیت میں مغفرت کو مشیت پر موقوف رکھا گیا ہے۔ میں اشتباہ میں پڑا ہوا ہوں معلوم نہیں کہ (اگر میں شرک سے توبہ کر لوں تو) میری مغفرت ہوگی یا نہیں ہوگی اس پر آیت قل یا عبادی الخ نازل ہوئی۔

بغوی کی روایت میں اتنا زائد ہے کہ مسلمانوں نے عرض کیا یا رسول اللہؐ یہ بات صرف وحشی کے لئے خاص ہے یا تمام مسلمانوں کے لئے عمومی (حکم) ہے حضور نے فرمایا (نہیں) بلکہ سارے مسلمانوں کیلئے یہ عام ہے۔

حاکم نے حضرت ابن مسعودؓ کا بیان نقل کیا ہے حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا ہم کہتے تھے کہ مسلمان ہونے اور ایمان لانے کے بعد جو لوگ مصائب میں مبتلا ہو کر اپنا دین چھوڑ بیٹھے ان کی توبہ قبول نہ ہوگی لیکن جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں تشریف لے آئے تو ان ہی لوگوں کے متعلق اللہ نے آیت قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ نازل فرمائی۔ بغوی نے حضرت ابن عمرؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ اس آیت کا نزول عیاش بن ربیعہؓ ولید بن ولیدؓ اور مسلمانوں کی ایک ایسی جماعت کے حق میں ہوا کہ (شروع میں) وہ ایمان لے آئے تھے پھر جب ان کو دکھ اور تکلیفیں دی گئیں تو وہ فتنہ میں پڑ گئے یعنی اسلام چھوڑ بیٹھے ہم کہا کرتے تھے کہ اللہ ان کا کوئی عمل بھی قبول نہیں کرے گا نہ نفل نہ فرض یعنی کسی طرح ان کی توبہ قبول نہ ہوگی لوگ اول تو مسلمان ہو گئے پھر دکھ پڑنے پر اپنا دین چھوڑ بیٹھے اس پر اللہ نے یہ آیات نازل فرمائیں حضرت عمرؓ نے اپنے ہاتھ سے یہ آیات لکھ کر عیاش بن ربیعہؓ ولید بن ولید اور دوسرے لوگوں کو بھیج دیں تحریر ملنے کے بعد وہ لوگ مسلمان ہو گئے اور مکہ چھوڑ کر مدینہ میں آ گئے۔

شیخین نے صحیحین میں بیان کیا ہے کہ کچھ مشرک ایسے تھے جنہوں نے بہت آدمیوں کو قتل کیا تھا اور ارتکاب زنا بھی بہت کیا تھا۔ یہ لوگ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا آپ جو کچھ فرماتے ہیں اور جس امر کی دعوت دیتے ہیں وہ ہے تو اچھا۔ کیا آپ بتائیں گے کہ اس سے ہماری بداعمالیوں کا بھی کفارہ ہو جائے گا اس پر سورۂ فرقان کی آیت وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ۔ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا تک اور آیت قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ الخ نازل ہوئی۔ ابن ابی حاتم نے بسند صحیح بیان کیا کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا یہ آیت مشرکین مکہ کے متعلق نازل ہوئی۔ بغوی نے بروایت عطاء بھی اس قول کی نسبت حضرت ابن عباسؓ کی طرف کی ہے۔

مقاتل بن حبان نے بتوسط نافع حضرت ابن عمرؓ کا بیان نقل کیا ہے حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا ہم گروہ صحابہ خیال کرتے تھے اور کہتے تھے کہ ہماری ہر نیکی ضرور قبول ہوگی اس کے بعد جب آیت يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَكُمْ (اے ایمان والو اللہ کی اطاعت کرو اور اللہ کے رسول کے فرمان پر چلو اور اپنے اعمال کو بیکار نہ کر دو) نازل ہوئی تو ہم اپنے اعمال کو سوا اس کے کہ کبیرہ گناہ کریں اور فواحش کا ارتکاب کریں اور کس طرح باطل کر سکتے ہیں۔ یہ خیال کرنے کے بعد جب ہم کسی کو کوئی کبیرہ گناہ کرتے دیکھتے تو کہتے یہ شخص تباہ ہو گیا اس کے بعد یہ آیت (قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا) نازل ہوئی تو ہم اپنے دونوں قولوں سے رک گئے اس کے بعد ہم کسی کو کوئی گناہ کرتے دیکھتے تو ہم کو اس کے متعلق (بربادئ اعمال کا) خوف ہو جاتا اور اگر کسی نے ارتکاب گناہ نہ کیا ہوتا تو ہم کو اس کے متعلق (قبول اعمال کی) امید ہوتی۔

لوگوں کو مایوس نہ کرو: روایت ہے کہ حضرت ابن مسعود مسجد میں تشریف

besturdubooks.wordpress.com

لے گئے وہاں ایک واعظ وعظ کہہ رہا تھا اور دوزخ کا اور دوزخ کے طوق و زنجیر کا ذکر کر رہا تھا آپ جا کر اس کے سر کے پیچھے کھڑے ہوگئے اور کہا اے وعظ کرنے والے لوگوں کو نا امید کیوں کر رہا ہے پھر آپ نے آیت قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا الخ پڑھی۔

حضرت اسماءؓ بنت زید کا بیان ہے کہ میں نے خود سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھا تھا۔ قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا۔ وَّلَا يُبَالِىْ۔ (یعنی اللہ کی رحمت سے نا امید مت ہو اللہ سب گناہ معاف کر دے گا اور (کسی کے) گناہ کی پرواہ نہیں کرے گا۔) ولا یبالی کا لفظ حضورؐ نے آیت کے بعد خود بڑھا دیا' یہ لفظ آیت کا جز نہیں ہے۔

حضرت جندب راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا ایک آدمی نے کہا خدا کی قسم اللہ فلاں شخص کی مغفرت نہیں فرمائے گا اللہ نے فرمایا یہ کون ہے جو میری قسم کھا کر کہہ رہا ہے کہ فلاں شخص کی میں مغفرت نہیں کروں گا میں نے اس شخص کو بخش دیا اور (اے کہنے والے) تیرے اعمال کو اکارت کر دیا۔ او کما قال علیه السلام۔ رواہ مسلم۔ حضرت ابن عباسؓ نے آیت اِلَّا اللَّمَمَ کے متعلق بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یا اللّٰہ لمم (صغیرہ گناہ یا کبیرہ گناہ جن کو کرنے کے بعد ندامت ہوئی ہو) کو معاف کر دے گا سب (گناہوں) کو بخش دے گا (اے اللہ) تیرا کونسا بندہ ہے جس نے ارتکاب گناہ نہیں کیا ہے۔ رواہ الترمذی۔ ترمذی نے اس حدیث کو حسن صحیح غریب کہا ہے۔

بنی اسرائیل کے گنہگار کی مغفرت

حضرت ابو سعید خدریؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بنی اسرائیل میں ایک شخص تھا جو ننانوے آدمیوں کا قتل کر چکا تھا پھر (توبہ کی غرض سے) ایک تارک الدنیا درویش کے پاس گیا اور اس سے (اپنی توبہ کے متعلق) مسئلہ دریافت کیا درویش نے کہا تیرے لئے کوئی توبہ (کی گنجائش) نہیں ہے۔ سائل نے یہ جواب سن کر اس درویش کو بھی قتل کر دیا اس کے بعد لوگوں سے دریافت کرتا پھرا کہ اب میں کس سے مسئلہ پوچھوں ایک شخص نے کہا فلاں بستی میں جاؤں (وہاں ایک بڑا عالم ہے اس سے دریافت کرو حسب ہدایت یہ قاتل اس بستی کی طرف چل دیا لیکن راستہ میں) اس کو موت آ پہنچی لیکن (مرتے مرتے) اس نے اپنا سینہ اس بستی کی طرف اٹھا دیا یعنی بڑھا دیا (اور مر گیا) رحمت اور عذاب کے فرشتوں میں اس شخص کے متعلق اختلاف ہو گیا اللہ نے ایک طرف (یعنی بستی کی طرف) والی زمین کو حکم دیا تو قریب ہو جا اور دوسری طرف والی زمین کو حکم دیا (یعنی جہاں سے وہ شخص چلا تھا اس زمین کا حکم دیا) تو دور (یعنی لمبی) ہو جا فرشتوں نے (حسب الحکم) دونوں طرف کی زمین کو ناپا اور موازنہ کیا تو بستی کی طرف والی زمین کو ایک بالشت کم پایا پس اس شخص کی مغفرت ہوگئی (متفق علیہ)۔

مسلم بن حجاج نے بھی یہ حدیث بیان کی ہے۔ اس روایت کے مطابق حدیث کے یہ الفاظ ہیں۔ اس قاتل کو ایک راہب کا پتہ بتایا گیا قاتل نے اس راہب سے جا کر کہا میں نے ننانوے آدمیوں کا قتل کیا ہے کیا میری توبہ (قبول) ہو سکتی ہے۔ راہب نے کہا نہیں۔ اس شخص نے راہب کو بھی قتل کر دیا اس طرح سو کی تعداد پوری ہوگئی پھر لوگوں سے دریافت کیا (اب) اس زمین پر رہنے والوں میں سب سے بڑا کون ہے کسی نے ایک اور عالم کا پتہ بتا دیا اس قاتل نے اس عالم سے جا کر کہا میں نے سو قتل کئے ہیں کیا میری توبہ (قبول) ہو سکتی ہے۔ عالم نے جواب دیا ہاں توبہ قبول ہونے میں کون رکاوٹ ڈال سکتا ہے تم فلاں مقام پر جاؤ وہاں کچھ لوگ اللہ کی عبادت میں مشغول ملیں گے تم بھی ان کے ساتھ مل کر اللہ کی عبادت میں مشغول ہو جانا اور اب لوٹ کر اپنی بستی کو نہ جانا وہ بری (یعنی گناہوں کی) سرزمین ہے۔ یہ بات سن کر یہ قاتل عالم کی بتائی ہوئی' بستی کی طرف چل دیا آدھا راستہ طے کیا تھا کہ موت آ پہنچی اس کے متعلق رحمت اور زحمت کے فرشتوں میں اختلاف ہو گیا ایک فرشتہ اپنی صورت بدل کر (ان کا اختلاف دور کرنے کے لئے) آ گیا فرشتوں نے اس کو پنچ بنا لیا پنچ نے فیصلہ کیا کہ دونوں طرف کی زمین ناپ لو جس طرف کی زمین کم ہو اسی کے حکم میں اس شخص کو داخل کر لو۔ فرشتوں نے زمین کی پیائش کی تو اس طرف کی زمین کم پائی جہاں (عبادت کے لئے) جانے کا اس نے ارادہ کیا تھا چنانچہ رحمت کے فرشتوں نے اس روح پر قبضہ کر لیا۔

ڈرنے والے گنہگار کی مغفرت: بخاری اور مسلم نے صحیحین میں حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ ایک آدمی تھا جس نے کبھی کوئی نیکی نہیں کی تھی جب مرنے لگا تو اس نے گھر والوں کو وصیت کی کہ مجھے مرنے کے بعد جلا ڈالنا پھر جلی ہوئی خاک کو آدھی سمندر میں اور آدھی خشکی میں اڑا دینا کیونکہ اگر خدا کا مجھ پر قابو چل گیا تو خدا کی قسم وہ مجھے ایسا عذاب دے گا جو سارے جہان میں کسی کو نہیں دے گا جب وہ شخص مر گیا اور گھر والے وصیت کے موافق عمل کر چکے تو اللہ نے سمندر کو حکم دیا سمندر نے وہ خاک یکجا کر دی جو اس میں اڑائی گئی تھی اور خشکی کو حکم دیا تو اس نے اپنے اندر کی ساری خاک جمع کر دی پھر اللہ نے اس شخص سے پوچھا تو نے ایسا کیوں کیا اس نے جواب دیا اے میرے رب تیرے ڈر سے۔ تو خوب واقف ہے۔ اللہ نے اس کو بخش دیا۔

حضرت ابو ہریرہؓ کی نصیحت: بغوی نے لکھا ہے ضمضم بن جوش نے کہا میں مدینہ کی مسجد میں داخل ہوا ایک بوڑھے آدمی نے (جس کو میں پہچانتا

besturdubooks.wordpress.com

نہ تھا) مجھے پکار کر کہا اے شخص کسی آدمی سے تو ہرگز یہ نہ کہنا کہ اللہ تیری مغفرت نہ کرے گا اور تجھے جنت میں داخل نہ کرے گا۔ میں نے کہا آپ پر اللہ کی رحمت ہو آپ کون ہیں ان بزرگ نے کہا میں ابو ہریرہؓ ہوں میں نے کہا یہ لفظ تو ایسا ہے جو نفرت کے وقت ہر شخص کہتا ہے غصہ ہوتا ہے تو اپنے گھر والوں کو بھی کہتا ہے اور بیوی کو بھی خدمتی آدمیوں کو بھی۔ بزرگ نے فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ بنی اسرائیل میں دو آدمی تھے جو باہم دوست تھے ایک عبادت میں بڑی محنت کرتا تھا اور دوسرا گناہ کرتا رہتا تھا عابد اپنے گناہگار دوست سے کہتا تھا اب اپنی حرکتوں سے باز آ جا۔ گناہگار جواب دیتا تھا میں جانوں اور میرا رب تو مجھے یوں ہی رہنے دے ایک روز عابد نے اپنے دوست کو کسی بڑی گناہ میں مبتلا پایا تو (حسب معمول) کہا اب باز آ جا اس نے جواب دیا مجھے یوں ہی رہنے دے کیا تجھے میرا نگراں محتسب بنا کر بھیجا گیا ہے عابد نے کہا خدا کی قسم اللہ تجھے کبھی معاف نہیں کرے گا اور نہ جنت میں کبھی تجھے داخل کرے گا غرض اللہ کی طرف سے جب ملک الموت نے آ کر دونوں کی روحیں قبض کر لیں اور دونوں اللہ کے پاس جمع ہوئے تو اللہ نے اس گناہگار کو حکم دیا تو میری رحمت سے جنت میں چلا جا اور دوسرے سے فرمایا کیا تو میرے بندوں سے میری رحمت کو روک سکتا ہے بندہ نے کہا نہیں پروردگار (ایسا تو ممکن نہیں) اللہ نے فرمایا اس کو دوزخ میں لے جاؤ حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا قسم ہے اس کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے اس نے جو بات کہی تھی اس نے دنیا اور آخرت میں اس کو تباہ کیا۔ امام احمد نے بھی حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے یہ حدیث یوں ہی بیان کی ہے۔

آیت کی فضیلت: حضرت ثوبان راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے نزدیک دنیا اور دنیا کی ساری چیزیں اس آیت کے مقابلہ میں پسند نہیں (سب ہیچ ہیں) یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓی اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ الخ رواہ احمد بسند حسن وابن جریر والطبرانی فی الاوسط والبیہقی فی شعب الایمان۔

مشرک کی بخشش نہیں ہے: بیہقی کی روایت میں اتنا اور بھی ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور جس نے شرک کیا ہو (کیا اللہ اس کو بھی معاف فرما دے گا) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ دیر کے لئے سر جھکا لیا پھر تین بار فرمایا مگر جس نے شرک کیا (اور شرک پر آخر وقت تک قائم رہا اس کی مغفرت نہیں ہوگی)۔

حضرت ابوذرؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ اپنے بندے کو ضرور بخش دے گا بشرطیکہ پردہ نہ پڑ جائے۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پردہ کیا فرمایا کسی شخص کا مشرک ہونے کی حالت پر مر جانا۔ رواہ احمد والبیہقی فی کتاب البعث والنشور۔

یہ بھی حضرت ابوذرؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ سے ایسی حالت میں ملے (یعنی ایسی حالت میں مر جائے) کہ دنیا میں کسی چیز کو اس کے برابر نہ قرار دیتا ہو تو خواہ پہاڑوں کے برابر بھی اس کے گناہ ہوں اللہ معاف فرما دے گا۔ رواہ البیہقی فی کتاب البعث والنشور۔

اپنے فوت شدہ آباء واجداد کے لئے دعا مغفرت کے ہدیے بھیجو

حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت کے اندر اللہ بعض نیک لوگوں کے درجات (ان کے اعمال سے زیادہ) اونچے کر دے گا۔ وہ عرض کریں گے اے رب یہ درجات ہمارے لئے کہاں سے (کیسے) مل گئے اللہ فرمائے گا تیرے لئے تیری اولاد کے دعاء مغفرت کرنے سے۔ رواہ احمد

حضرت ابن عباسؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قبر کے اندر مردہ ایسا ہوتا ہے جیسے کوئی ڈوبنے والا فریادی ہو (جو غرق ہونے سے بچنے کے لئے چلا رہا ہو) وہ انتظار کرتا ہے کہ باپ یا ماں یا بھائی یا کسی دوست کی طرف سے دعاء مغفرت اس کو پہنچ جائے۔ یہ دعا اس کو دنیا اور دنیا کی ہر چیز سے زیادہ پیاری ہوتی ہے اور زمین کے رہنے والوں کی دعا سے اہل قبور کو اللہ پہاڑوں جیسا ثواب عنایت کرتا ہے۔ زندوں کی جانب سے مردوں کو ہدیہ یہ ہے کہ ان کے لئے دعا مغفرت کی جائے۔ رواہ البیہقی فی شعب الایمان۔

اللہ تعالیٰ کی رحمتیں: حضرت ابو ہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کی سو رحمتیں ہیں جن میں اسے ایک رحمت اللہ نے جن انس چوپاؤں اور کیڑوں مکوڑوں کو تقسیم کی ہے اس نازل کردہ رحمت کی وجہ سے یہ آپس میں مہربانیاں اور رحم کرتے ہیں۔ وحشی جانور بھی اسی کی وجہ سے اپنے بچوں کو پیار کرتے ہیں۔ ننانوے رحمتیں اللہ نے اپنے لئے چھوڑ رکھی ہیں وہ رحمتیں قیامت کے دن اپنے بندوں پر مبذول فرمائے گا۔ (متفق علیہ)

اللہ تعالیٰ ماں سے بھی زیادہ مہربان ہے

حضرت عمر بن خطابؓ نے فرمایا کچھ قیدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کئے گئے قیدیوں میں ایک عورت تھی جس کے پستان سے دودھ ٹپک رہا تھا اور وہ (ادھر اُدھر) دوڑتی پھر رہی تھی قیدیوں میں جو شیر خوار بچہ اس کو ملتا وہ اس کو لے کر اپنے پیٹ سے چمٹا لیتی اور دودھ پلاتی تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ یہ عورت اپنے بچہ کو بھی آگ میں پھینک سکتی ہے (جب کہ وہ دوسروں کے بچوں سے اتنا پیار کر رہی ہے) ہم نے عرض کیا جب تک اس میں طاقت ہوگی وہ اپنے بچہ کو آگ میں نہیں پھینکے گی حضورؐ نے ارشاد فرمایا تو اللہ اپنے بندوں پر اس سے زیادہ

besturdubooks.wordpress.com

مہربان ہے جتنی یہ عورت اپنے بچہ پر مہربان ہے۔ متفق علیہ۔

حضرت عامرؓ کا بیان ہے ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے ایک شخص چادر (یا کمبل) اوڑھے آیا کوئی چیز اس کے ہاتھ میں تھی جو چادر (کے کونے) میں لپٹی ہوئی تھی اس نے عرض کیا میں درختوں کی ایک جھاڑی کی طرف سے گذرا اس کے اندر کسی پرندے کے چوزوں کی آوازیں آ رہی تھیں میں نے ان کو پکڑ کر اپنی چادر میں رکھ لیا اتنے میں ان کی ماں آ گئی اور میرے سر کے آس پاس گھومنے لگی۔ میں نے چادر ہٹا کر بچوں کو اس کے سامنے کر دیا فوراً وہ بچوں پر ٹوٹ پڑی میں نے سب کو اپنی چادر میں لپیٹ لیا اب وہ سب میرے پاس یہ موجود ہیں حضور نے حکم دیا ان کو رکھ دو اس نے (چادر کھول کر) سب کو رکھ دیا مگر بچوں کی ماں بچوں سے چمٹی رہی حضور نے فرمایا کیا تم لوگوں کو تعجب ہو رہا ہے کہ ماں ان بچوں پر کیسی مہربان ہے (کہ بچوں کو چھوڑ کر اپنی جان بچا کر اڑ نہیں جاتی) قسم ہے اس کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ جتنی ان بچوں کی ماں اپنے بچوں پر مہربان ہے اس سے زیادہ اللہ اپنے بندوں پر مہربان ہے۔ جا ان کو لے جا اور جہاں سے تو نے ان کو پکڑا ہے وہیں لے جا کر رکھ دے حسب الحکم وہ شخص ان سب کو لے گیا۔ رواہ ابوداؤد۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کا بیان ہے ہم کسی جہاد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم رکاب تھے کچھ لوگوں کی طرف سے آپ کا گذر ہوا اور دریافت فرمایا کون لوگ ہو انہوں نے عرض کیا ہم مسلمان ہیں ان میں ایک عورت بھی تھی جو ہانڈی میں سالن پکا رہی تھی اس کے ساتھ اس کا بچہ بھی تھا جب کوئی شعلہ اٹھتا تھا وہ بچہ کو الگ کر لیتی تھی وہ حضور کی خدمت میں آئی اور عرض کیا کیا آپ اللہ کے رسول ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں کہنے لگی آپ پر میرے ماں باپ قربان کیا اللہ ارحم الرحمین نہیں ہے حضور نے فرمایا کیوں نہیں۔ کہنے لگی کیا ماں جتنی اپنے بچہ پر مہربانی کرتی اس سے زیادہ اللہ اپنے بندوں پر مہربان نہیں ہے۔ فرمایا کیوں نہیں کہنے لگی ماں اپنے بچہ کو آگ میں نہیں ڈالتی یہ سن کر حضور اقدس سرنگوں ہو گئے اور رونے لگے کچھ دیر کے بعد سر اٹھایا اور فرمایا اللہ اپنے بندوں میں سے صرف اسی کو عذاب دے گا جو اس سے سرکشی اور سخت سرکشی کرنے والا ہو اور لا الٰہ الا اللہ کہنے سے انکار کر دے۔ رواہ ابن ماجہ۔

آخر کار مومن جنت میں جائے گا

حضرت ابوذرؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس بندہ نے لا الٰہ الا اللہ (یعنی اقرار توحید کیا) پھر اسی حالت میں مر گیا وہ جنت میں ضرور داخل ہوگا میں نے عرض کیا خواہ اس نے زنا کیا ہو چوری کی ہو فرمایا خواہ اس نے زنا کیا ہو چوری کی ہو میں نے کہا خواہ اس نے زنا کیا ہو چوری کی ہو فرمایا خواہ اس نے زنا کیا ہو چوری کی ہو میں نے پھر کہا خواہ اس نے زنا کیا ہو چوری کی ہو فرمایا خواہ اس نے زنا کیا ہو چوری کی ہو۔ (وہ ضرور جنت میں جائے گا) اگرچہ ابوذر کتنی ہی ناک زمین پر رگڑے۔ متفق علیہ)

حضرت ابودرداءؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر فرما رہے تھے۔ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ یہ میں نے خود سنا تھا۔ میں نے عرض کیا (یا رسول اللہ) خواہ اس نے زنا کی ہو یا چوری کی ہو حضورؐ نے دوبارہ یہی آیت پڑھ دی میں نے دوبارہ کہا خواہ اس نے زنا اور چوری کی ہو حضور نے تیسری بار یہی آیت پڑھ دی جب میں نے تیسری بار کہا یا رسول صلی اللہ علیہ وسلم اس نے زنا کیا ہو چوری کی ہو خواہ اس نے زنا اور چوری کی ہو تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خواہ ابودرداءؓ کی ناک مٹی میں رگڑ جائے۔ (تب بھی زانی اور سارق کا داخلہ جنت میں ہوگا۔ ناک کا مٹی میں رگڑنا ایک محاورہ ہے یعنی چاہے ابودرداءؓ کیسی ہی ناک زمین پر رگڑے اور کیسا ہی اس کی مرضی کے خلاف ہو تب بھی اللہ کا فیصلہ نہیں بدلے گا)۔ رواہ احمد۔

اس موضوع کی بکثرت احادیث آئی ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ مآل کار مومن جنت میں جائے گا۔

ثواب کے لئے ایمان شرط ہے

اہل سنت و جماعت ہی کا مسلک حق ہے کہ کفر کی موجودگی میں کوئی طاعت سودمند نہیں کیونکہ ایسی طاعت طاعت ہی نہیں ہے۔ طاعت تو وہی ہے جو خالص اللہ کے لئے ہو اگر خلوص نہیں تو طاعت معصیت ہے۔ ایمان اسی طرح طاعت کی شرط ہے جس طرح وضو نماز کے لئے۔ البتہ معصیت کا ذاتی تقاضا عذاب ضرور ہے لیکن یہ اللہ کی مشیت پر موقوف ہے وہ چاہے تو معاصی کو معاف کر دے اور معاف کرنا نہ چاہے تو عذاب دے۔

معافی کے ذرائع: معافی توبہ سے ہو یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت سے یا کسی ولی کی سفارش سے یا محض اللہ کی مہربانی اور رحمت سے۔ اگر گناہگار مومن کو اللہ عذاب بھی دے گا تو وہ عذاب دوامی نہ ہوگا کیونکہ اللہ نے ہر نیکی کے ثواب کا وعدہ فرمایا ہے اور ارشاد فرمایا ہے۔ وَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَیْرًا یَّرَهٗ اور ایمان سب سے بڑی نیکی ہے (ہر نیکی کا مدار ایمان پر ہے) اور اللہ کے وعدہ کے خلاف ہونا ناممکن ہے اور مقام ثواب صرف جنت ہے (لامحالہ ہر مومن جنت میں جائے گا عذاب پانے کے بعد یا بغیر عذاب کے)۔

گناہ! مومن اور کافر کے نزدیک: مومن اپنا ایک گناہ بھی ایسا سمجھتا ہے جیسے وہ پہاڑ کے نیچے بیٹھا ہو اور پہاڑ اوپر سے گرنے والا ہو اور کافر اپنے گناہوں کو ایسا سمجھتا ہے جیسے ناک پر مکھی بیٹھی ہو اور ہاتھ کے اشارے سے اس کو اڑا دے۔ (رواہ البخاری) (تفسیر مظہری)

سب سے زیادہ عظمت والی آیت

طبرانی میں حضرت ابن مسعودؓ کا قول ہے کہ کتاب اللہ قرآن کریم میں

besturdubooks.wordpress.com

سب سے زیادہ عظمت والی آیت آیت الکرسی ہے اور خیر و شر کی سب سے زیادہ جامع آیت ہے اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ الخ سے اور سارے قرآن میں سب سے زیادہ ڈھارس دینے والی آیت مَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ہے یعنی اللہ سے ڈرتے رہنے والوں کی مخلصی خود خدا کر دیتا ہے اور اسے ایسی جگہ سے روزی دیتا ہے جہاں کا اسے گمان و خیال بھی نہ ہو۔ حضرت مسروقؒ نے یہ سن کر فرمایا کہ بے شک آپ سچے ہیں۔

حضرت ابوایوبؓ نے انتقال کے وقت

حضرت ابوایوب انصاریؓ اپنے انتقال کے وقت فرماتے ہیں ایک حدیث میں نے تم سے آج تک بیان نہیں کی تھی اب بیان کر دیتا ہوں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ نے فرمایا ہے اگر تم گناہ ہی نہ کرتے تو اللہ عزوجل ایسی قوم کو پیدا کرتا جو گناہ کرتی پھر خدا انہیں بخشتا (صحیح مسلم وغیرہ)۔

حضرت آدم علیہ السلام کی درخواست

حضرت عبداللہ بن عبید بن عمیرؒ فرماتے ہیں کہ ابلیس ملعون نے کہا اے میری رب تو نے مجھے آدم کی وجہ سے جنت سے نکالا ہے اور میں اس پر بغیر اس کے کہ تو مجھے اس پر غلبہ دے غالب نہیں آ سکتا۔ جناب باری نے فرمایا جا تو ان پر مسلط ہے۔ اس نے کہا خدایا کچھ اور بھی مجھے زیادتی عطا فرما۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا جا بنی آدم میں جتنی اولاد پیدا ہوگی اُتنی ہی تیرے ہاں بھی ہوگی۔ اس نے پھر التجا کی کہ باری تعالیٰ کچھ اور بھی مجھے زیادتی دے۔ پروردگار عالم نے فرمایا بنی آدم کے سینے میں تیرے لئے مسکن بنادوں گا اور تم ان کے جسم میں خون کی جگہ پھرو گے اس نے پھر فرمایا کہ کچھ اور بھی مجھے زیادتی عنایت فرما۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا جا تو ان پر اپنے سوار اور پیادے دوڑا۔ اور ان کے مال و اولاد میں اپنا ساجھا کر اور انہیں اُمنگیں دلا گو حقیقتہً تیرا اُمنگیں دلانا اور وعدے کرنا سراسر دھوکے کی ٹٹی ہیں۔ اُس وقت حضرت آدم علیہ السلام نے دعا کی کہ اے میرے پروردگار تو نے اسے مجھ پر مسلط کر دیا اب میں اس سے بغیر تیرے بچائے بچ نہیں سکتا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا سنو تمہارے ہاں جو اولاد ہوگی اس کے ساتھ میں ایک محافظ مقرر کر دوں گا جو شیطانی پنجے سے محفوظ رکھے۔ حضرت آدمؑ نے اور زیادتی طلب کی اللہ تعالیٰ نے فرمایا ایک نیکی کو دس گنی کر کے دوں گا بلکہ دس سے بھی زیادہ اور بُرائی اس کے برابر رہے گی یا معاف کر دوں گا۔ آپ نے پھر بھی اپنی یہی دعا جاری رکھی۔ رب العزت نے فرمایا توبہ کا دروازہ تمہارے لئے اُس وقت تک کھلا ہے جب تک روح جسم میں ہے۔ حضرت آدمؑ نے دعا کی خدایا مجھے اور زیادتی بھی عطا فرما۔ اب اللہ تعالیٰ نے یہی آیت پڑھ سنائی کہ میرے گنہگار بندوں سے کہہ دو وہ میری رحمت سے مایوس نہ ہوں الخ (ابن ابی حاتم) (تفسیر ابن کثیر)

کرم کی انتہاء: اِنَّ الَّذِیْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ کی تفسیر میں فرمایا کرتے دیکھو اس جود و کرم کی کیا انتہا ہے کہ جن لوگوں نے مومنین کو ستایا۔ اولیاء کو قتل کیا۔ انہیں کو رحمت اور مغفرت کی طرف دعوت دی جا رہی ہے۔ گناہ کی زندگی سے تائب ہو کر تڑپ اور بے قراری کے ساتھ در رحمت کی طرف دوڑنے والے کو رحمت خداوندی کس طرح اپنی آغوش میں لے لیتی ہے۔

وَاَنِیْبُوْٓا اِلٰی رَبِّکُمْ وَاَسْلِمُوْا لَہٗ مِنْ
اور رجوع ہو جاؤ اپنے رب کی طرف اور اُس کی حکمبرداری کرو
قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَکُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا
پہلے اس سے کہ آئے تم پر عذاب پھر کوئی تمہاری مدد کو نہ
تُنْصَرُوْنَ ﴿۵۴﴾
آئیگا ☆

توبہ کی ترغیب ☆ مغفرت کی امید دلا کر یہاں سے توبہ کی طرف متوجہ فرمایا یعنی گذشتہ غلطیوں پر نادم ہو کر اور اللہ کے بے پایاں جود و کرم سے شرما کر کفر و عصیان کی راہ چھوڑ دو اور اس رب کریم کی طرف رجوع ہو کر اپنے کو بالکلیہ اسی کے سپرد کر دو، اس کے احکام کے سامنے نہایت عجز و اخلاص کے ساتھ گردن ڈال دو اور خوب سمجھ لو کہ حقیقت میں نجات محض اس کے فضل سے ممکن ہے ہمارا رجوع و انابت بھی بدون اسکے فضل و کرم کے میسر نہیں ہو سکتا۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ نے اسلام کو غالب کیا جو کفار دشمنی میں لگے رہے تھے سمجھے کہ لاریب اس طرف اللہ ہے۔ یہ سمجھ کر اپنی غلطیوں پر پچھتائے لیکن شرمندگی سے مسلمان نہ ہوئے کہ اب ہماری مسلمانی کیا قبول ہو گی، دشمنی کی لڑائیاں لڑے اور کتنے خدا پرستوں کے خون کئے۔ تب اللہ نے یہ فرمایا کہ ایسا گناہ کوئی نہیں جس کی توبہ اللہ قبول نہ کرے۔ ناامید مت ہو، توبہ کرو اور رجوع ہو بخشے جاؤ گے مگر جب سر پر عذاب آیا یا موت نظر آنے لگی، اس وقت کی توبہ قبول نہیں، نہ اس وقت کوئی مدد کو پہنچ سکتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

توبہ کی توفیق: وَاَنِیْبُوْٓا اِلٰی رَبِّکُمْ کے بعد وَاَسْلِمُوْا کا حکم حق تعالیٰ سبحانہٗ کے لئے اخلاص پر متوجہ و آمادہ کر رہا ہے اور انابت کے بعد اخلاص کا حکم اس مقصد کیلئے ہے کہ بندہ یہ بات سمجھ لے کہ اس کی نجات و کامیابی اس کی انابت کی وجہ سے نہیں بلکہ محض اس کے فضل و کرم سے ہے اور اسی کا فضل تھا کہ انابت کی توفیق حاصل ہوئی۔ (تفسیر روح المعانی ج ۲۴) (معارف کاندھلوی)

وَاتَّبِعُوْٓا اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکُمْ مِّنْ
اور چلو بہتر بات پر جو اُتری تمہاری طرف تمہارے

besturdubooks.wordpress.com

رَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ

رب سے پہلے اس سے کہ پہنچے تم پر عذاب

بَغْتَةً وَّاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿۵۵﴾

اچانک اور تم کو خبر نہ ہو ☆

قرآن پر عمل کرو ☆ بہتر بات سے مراد قرآن کریم ہے یعنی قرآنی ہدایات پر چل کر عذاب آنے سے پہلے اپنے مستقبل کی روک تھام کرلو ورنہ معائنہ عذاب کے بعد کچھ تدارک نہ ہوسکے گا نہ کوئی تدبیر بن پڑے گی، عذاب الٰہی اس طرح ایک دم آدبائے گا کہ خبر بھی نہ ہوگی کہاں سے آ گیا۔ (تفسیر عثمانی)

اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا

کہیں کہنے لگے کوئی جی اے افسوس اس بات پر

فَرَّطْتُّ فِىْ جَنْۢبِ اللّٰهِ وَاِنْ كُنْتُ

کہ میں کوتاہی کرتا رہا اللہ کی طرف سے اور میں تو

لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾

ہنستا ہی رہا ☆

کافر کی حسرت ☆ یعنی ہواوہوس رسم تقلید اور دنیا کے مزوں میں پڑ کر خدا کو کچھ سمجھا ہی نہیں۔ اس کے دین کی اور پیغمبروں کی اور جس ہولناک انجام سے پیغمبر ڈرایا کرتے تھے سب کی ہنسی اڑاتا رہا۔ ان چیزوں کی کوئی حقیقت ہی نہ سمجھی۔ افسوس خدا کے پہچاننے اور اس کا حق ماننے میں میں نے کس قدر کوتاہی کی جس کے نتیجہ میں آج یہ براوقت دیکھنا پڑا۔ یہ بات کافر محشر میں کہے گا اور اگر آیت کا مضمون کفار و عصاۃ کو عام رکھا جائے تو وَاِنْ كُنْتُ لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ کے معنی عملت عمل ساخر مستهزیٔ کے ہونگے کما فسرہ ابن کثیرؒ۔ (تفسیر عثمانی)

بے وقت توبہ: اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ سے تین آیتوں میں یہ بتلایا کہ اللہ تعالیٰ ہر گناہ یہاں تک کفر وشرک کو بھی توبہ سے معاف فرمادیتا ہے۔ مگر یہ یاد رکھو کہ توبہ کا وقت مرنے سے پہلے پہلے ہے۔ مرنے کے بعد قیامت کے روز کوئی توبہ کرے یا اپنے کئے پر حسرت کرے تو اس کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ (معارف مفتی اعظم)

اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ هَدٰىنِىْ

یا کہنے لگے اگر اللہ مجھ کو راہ دکھاتا

لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۵۷﴾

تو میں ہوتا ڈرنے والوں میں ☆

عذر لنگ ☆ جب حسرت وافسوس سے کام نہ چلے گا تو اپنا دل بہلانے کے لئے یہ عذر لنگ پیش کرے گا کہ کیوں خدا نے مجھ کو ہدایت نہ کی وہ ہدایت کرنا چاہتا تو میں بھی آج متقین کے درجہ میں پہنچ جاتا۔ اسکا جواب آگے آتا ہے بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِىْ الخ اور ممکن ہے یہ کلام بطریق اعتذار واحتجاج نہ ہو بلکہ محض اظہار یاس کے طور پر ہو یعنی میں اپنی سوء استعداد اور بدتمیزی کی وجہ سے اس لائق نہ تھا کہ اللہ مجھ کو راہ دکھا کر منزل مقصود تک پہنچا دیتا اگر مجھ میں اہلیت واستعداد ہوتی اور اللہ میری دستگیری فرماتا تو میں بھی آج متقین کے زمرہ میں شامل ہوتا۔ (تفسیر عثمانی)

اور اگر ہدایت سے تخلیق ہدایت اور منزل مقصود تک پہنچانا مراد ہو تو اس صورت میں لَوْ اَنَّ اللّٰهَ هَدٰىنِىْ کا یہ مطلب ہوگا کہ میں مجبور تھا اللہ ہی نے مجھے ہدایت نصیب نہیں کی ایمان وطاعت کو اختیار کرنے کی میرے اندر طاقت ہی نہ تھی کیونکہ اللہ نے مجھے اس کی قدرت دی ہی نہ تھی۔ اللہ نے اس آیت بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِىْ الخ میں اس قول کی تردید کردی اور فرمایا کیوں نہیں ہم نے تو تجھے قدرت دی تھی کہ جس راستہ کو اختیار کرنا چاہے اختیار کرلے اسی پر عذاب ثواب کی عمارت کی بناء ہے لیکن جب میری آیات تیرے پاس پہنچیں تو تو نے اپنے اختیار سے ان کی تکذیب کی۔ اہل السنت والجماعت کا مسلک ہے کہ بندوں کے افعال میں قدرت خداوندی دخیل اور اثر انداز ہے۔ (تفسیر مظہری)

اَوْ تَقُوْلَ حِيْنَ تَرَى الْعَذَابَ لَوْ اَنَّ

یا کہنے لگے جب دیکھے عذاب کو کسی طرح مجھ کو

لِىْ كَرَّةً فَاَكُوْنَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۸﴾

پھر جانا ملے تو میں ہو جاؤں نیکی والوں میں ☆

ناکام کوشش ☆ جب حسرت اور اعتذار دونوں بیکار ثابت ہوں گے اور دوزخ کا عذاب آنکھوں کے سامنے آجائے گا، اس وقت شدت اضطراب سے کہے گا کہ کسی طرح مجھ کو ایک مرتبہ پھر دنیا میں جانے کا موقع دیا جائے تو دیکھو میں کیسا نیک بن کر آتا ہوں۔ (تفسیر عثمانی)

بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِىْ فَكَذَّبْتَ بِهَا

کیوں نہیں پہنچ چکے تھے تیرے پاس میرے حکم، پھر تو نے ان کو جھٹلایا

besturdubooks.wordpress.com

وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ۝

اور غرور کیا اور تو تھا منکروں میں ☆

ہدایت کے مکمل اسباب موجود ہیں

☆ یعنی غلط کہتا ہے کہ کیا اللہ نے راہ نہیں دکھلائی تھی اور اپنے پیغمبروں کو نشانات اور احکام دے کر نہیں بھیجا تھا مگر تو نے تو ان کی کوئی بات ہی نہیں سنی۔ جو کچھ کہا گیا غرور اور تکبر سے اسے جھٹلاتا رہا۔ تیری شیخی قبول حق سے مانع رہی۔ اور بات یہ ہے کہ اللہ کو ازل سے معلوم تھا کہ تو اس کی آیات کا انکار کرے گا اور تکبر و سرکشی سے پیش آئے گا۔ تیرے مزاج اور طبیعت کی افتاد ہی ایسی ہے اگر ہزار مرتبہ دنیا کی طرف لوٹایا جائے تب بھی اپنی حرکات سے باز نہیں آ سکتا وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ (انعام۔ رکوع ۳) ایسے لوگوں کی نسبت خدا کی عادت نہیں کہ ان کو عروس کامیابی سے ہمکنار کرے۔ (تفسیر عثمانی)

وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَرَى الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَى

اور قیامت کے دن تو دیکھے اُن کو جو جھوٹ بولتے ہیں

اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ۗ

اللہ پر کہ اُن کے منہ ہوں سیاہ ☆

حق کو جھٹلانے کا انجام ☆ اللہ کی طرف سے جو سچی بات آئے اس کو جھٹلانا یہ ہی اللہ پر جھوٹ بولنا ہے کیونکہ جھٹلانے والا دعویٰ کرتا ہے کہ اللہ نے فلاں بات نہیں کہی حالانکہ واقع میں کہی ہے۔ اس جھوٹ کی سیاہی قیامت کے دن ان کے چہروں پر ظاہر ہوگی۔ (تفسیر عثمانی)

اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝

کیا نہیں دوزخ میں ٹھکانا غرور والوں کا ☆

غرور کا انجام ☆ پہلے فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ میں دو صفتیں کافر کی بیان ہوئی تھیں تکذیب جو مشتمل ہے کذب پر اور استکبار و غرور یہاں بتلا دیا کذب و دروغ سے انکے منہ کالے ہوں گے اور غرور و تکبر کا ٹھکانا دوزخ کے سوا کہیں نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

تکبر کرنے والوں کا حشر: ابن ابی حاتم کی مرفوع حدیث میں ہے کہ تکبر کرنے والوں کا حشر قیامت کے دن چیونٹیوں کی صورت میں ہوگا ہر چھوٹی سے چھوٹی مخلوق بھی انہیں روندتی جائے گی یہاں تک کہ جہنم کے جیل خانے میں بند کر دیے جائیں گے جس کا نام بولس ہے۔ جس کی آگ بہت تیز اور نہایت ہی مصیبت والی ہے جہنمیوں کے لہو پیپ اور گندگی انہیں پلائی جائے گی۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَيُنَجِّي اللّٰهُ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ ۡ

اور بچائیگا اللہ اُن کو جو ڈرتے رہے اُنکے بچاؤ کی جگہ

لَا يَمَسُّهُمُ السُّوْٓءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝

نہ لگے اُن کو برائی اور نہ وہ غمگین ہوں ☆

متقین کا انعام ☆ یعنی اللہ تعالیٰ متقین کو ان کے ازلی فوز و سعادت کی بدولت کامیابی کے اس بلند مقام پر پہنچائے گا جہاں ہر قسم کی برائیوں سے محفوظ اور ہر طرح کے فکر و غم سے آزاد ہوں گے۔ (تفسیر عثمانی)

اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۡ وَّهُوَ عَلٰى كُلِّ

اللہ بنانے والا ہے ہر چیز کا اور وہ ہر

شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ۝ لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ

چیز کا ذمہ لیتا ہے اُسی کے پاس ہیں کنجیاں آسمانوں کی

وَالْاَرْضِ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

اور زمین کی اور جو منکر ہوئے ہیں اللہ کی باتوں سے

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝

وہ لوگ جو ہیں وہی ہیں ٹوٹے میں پڑے ☆

تمام اختیارات اللہ کے پاس ہیں

☆ یعنی ہر چیز کو اس نے پیدا کیا اور پیدا کرنے کے بعد اسکی بقاء و حفاظت کا ذمہ دار بھی وہ ہی ہوا اور زمین و آسمان کی تمام چیزوں میں تصرف و اقتدار بھی اسی کو حاصل ہے کیونکہ سب خزانوں کی کنجیاں اسی کے پاس ہیں۔ پھر ایسے خدا کو چھوڑ کر آدمی کہاں جائے چاہئے کہ اسی کے غضب سے ڈرے اور اسی کی رحمت کا امیدوار رہے کفر و ایمان اور جنت و دوزخ سب اسی کے زیر تصرف ہیں۔ اس کی باتوں سے منکر ہو کر آدمی کا کہیں ٹھکانا نہیں۔ کیا اس سے منحرف ہو کر آدمی کسی فلاح کی امید رکھ سکتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

اَللّٰهُ خَالِقُ یعنی خیر شر ایمان کفر سب کا وہی خالق ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

وَكِيْلٌ یعنی تمام چیزیں اسی کی سپردگی میں ہیں اور وہی سب کا نگراں اور محافظ ہے۔

مقالید کی تفسیر: کلبی نے کہا (مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ سے) مراد ہیں بارش کے خزانے اور (مقالید الارض سے مراد ہیں) سبزے کے خزانے حضرت عثمانؓ کی روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مقالید کی تفسیر پوچھی۔ حضورؐ نے فرمایا اس کی تفسیر ہے۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ يُحْيِىْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے بھی حضرت عثمانؓ کا سوال اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہی جواب منقول ہے یہ حدیث حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے بھی آئی ہے۔ اس روایت میں اتنا زائد ہے کہ جو شخص صبح شام یہ دعاء دس مرتبہ پڑھے گا اللہ اس کو چھ باتیں عطا فرمائے گا۔

(۱) ابلیس اور اس کے لشکر سے اس کی حفاظت فرمائے گا۔

(۲) جنت کے اندر اس کو قنطار (ڈھیر ثواب) عنایت فرمائے گا۔

(۳) فراخ چشم حوروں کو اس کی زوجیت میں دے دیگا۔

(۴) اس کے گناہ بخش دے گا۔

(۵) وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ ہوگا۔

(۶) مرنے کے وقت بارہ فرشتے اس کے پاس آئیں گے اور اس کو حق کی بشارت دیں گے اور قبر سے موقف حساب تک اس کو عزت کے ساتھ لے جائیں گے' قیامت کے دن اگر اس کو کچھ خوف ہوگا تو فرشتے کہیں گے تو کسی چیز کا اندیشہ نہ کر تو بلا شبہ با امن رہے گا پھر اللہ اس سے حساب آسانی کے ساتھ لے لیگا پھر اس کو جنت میں لے جانے کا حکم دے دیا جائے گا فرشتے موقف حساب سے جنت تک اس کو اس طرح عزت سے لے جائیں گے جس طرح دلہن کو لے جایا جاتا ہے آخر اس کو بحکم خدا جنت میں داخل کر دیں گے باقی سارے لوگ شدت میں مبتلا ہوں گے۔

میں کہتا ہوں شاید حدیث کا یہ مطلب ہے کہ جن صفات خداوندی کا مذکورہ الفاظ میں بیان کیا گیا ہے وہ صفات مقالید (کنجیاں) ہیں یعنی جو ذات ان صفات سے موصوف ہے وہی آسمان وزمین کے سارے خزانوں کی مالک ہے۔ اس کے قبضہ میں سب کی حکومت ہے اور وہی ان خزانوں میں تصرف کر سکتا ہے۔ اور جو شخص یہ عقیدہ رکھتا ہے اور اللہ کی ان صفات کا ذکر کرتا ہے وہ اس بات کا مستحق ہے کہ اس کے لئے دنیا میں یا آخرت میں ان خزانوں کے دروازے کھول دیئے جائیں۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ اور جو لوگ اللہ کی آیتوں کو نہیں مانتے وہ بڑے خسارے میں رہیں گے۔ آیات اللہ سے مراد ہیں کلمات تمجید وتوحید یا قرآن مجید یا اللہ کی قدرت مستقلہ کے نشانات وعلامات۔

کافروں کے لئے خسارہ ہی ہے: خسارہ کو کافروں میں ہی محصور کرنے کی وجہ یہ ہے کہ کافروں کے علاوہ دوسروں کو رحمت وثواب کا کچھ حصہ ضرور ملے گا دنیوی آسائش ونعمت سے وہ محروم بھی ہوں تب بھی آخرت میں دنیوی نعمتوں کا عوض ان کو ضرور حاصل ہوگا اور ایسی نعمتیں ملیں گی جو نہ کسی آنکھ نے دیکھی ہونگی نہ کسی کان نے ان کا ذکر سنا ہوگا (اور نہ کسی کے دل میں ان کا خیال آیا ہوگا) رہے کافر تو دنیا میں ان کو رزق اور رحمت کے خزانوں میں سے جب حصہ مل جاتا ہے تو شکر کا کوئی حصہ ان کو نہیں ملتا اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ رحمت کا کوئی حصہ آخرت میں ان کو نصیب نہ ہوگا اور دنیا میں یہ خوش نصیبیاں آخرت میں ان کے لئے وبال بن جائیں گی۔

اہل ایمان کی فلاح

اسلوب ادا کا تغیر اس بات کو ظاہر کر رہا ہے کہ اہل ایمان کی فلاح اللہ کے فضل پر موقوف ہے اور کافروں کی ناکامی ان کے کفر سے وابستہ ہے اس میں وعدۂ ثواب کی صراحت کردی گئی ہے اور وعید عذاب کو در پردہ بیان کر دیا گیا۔ (تفسیر مظہری)

آیت کا مطلب: فارسی میں کنجی کو کلید کہتے ہیں۔ معرب کر کے اس کو اقلید بنایا گیا پھر اس کی جمع مقالید لائی گئی (روح) کنجیوں کا کسی کے ہاتھ ہونا اس کے مالک ومتصرف ہونے کی علامت ہے اس لئے مراد آیت کی یہ ہے کہ آسمانوں اور زمینوں میں جو خزانے نعمتوں کے مستور ہیں ان سب کی کنجیاں اللہ تعالیٰ کے ہاتھوں میں ہیں وہی ان کا محافظ ہے اور وہی متصرف ہے کہ جب چاہے جس کو چاہے جس قدر چاہے دے اور جس کو چاہے نہ دے۔

تیسرے کلمے کی فضیلت: اور بعض روایات حدیث میں کلمہ سوم یعنی سُبْحَانَ اللّٰهِ والحمدللہ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اکبر وَلَا حول وَلَا قوۃ اِلَّا باللہ العلی العظیم ، کو مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فرمایا ہے۔ اس کا حاصل یہ ہے کہ جو شخص صبح وشام یہ کلمہ پڑھتا ہے اس کو اللہ تعالیٰ آسمان و زمین کے خزانوں کی نعمتیں عطا فرماتا ہے ان روایات کو ابن جوزی نے موضوع کہہ دیا ہے' مگر دوسرے محدثین نے احادیث ضعیفہ قرار دیا ہے جن کا فضائل اعمال میں اعتبار کیا جاسکتا ہے۔ (روح المعانی) (معارف مفتی اعظم)

قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا
تو کہہ اب اللہ کے سوائے کسی کو بتلاتے ہو کہ پوجوں اے
الْجٰهِلُوْنَ ۝
نادانو ☆

besturdubooks.wordpress.com

انتہائی حماقت ☆ یعنی انتہائی نادانی وحماقت و جہالت یہ ہے کہ آدمی خدا کو چھوڑ کر دوسروں کی پرستش کرے اور پیغمبر خدا سے معاذ اللہ یہ طمع رکھے کہ وہ اس کے راستہ پر آجائیں گے۔ بعض روایات میں ہے کہ مشرکین نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے دیوتاؤں کی پرستش کی طرف بلایا تھا اس کے جواب میں یہ آیات نازل ہوئیں۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت ابن عباس فرماتے ہیں مشرکین نے آپ سے کہا کہ آؤ تم ہمارے معبودوں کی پوجا کرو اور ہم تمہارے رب کی پرستش کریں گے اس پر آیت قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ سے مِنَ الْخٰسِرِيْنَ تک نازل ہوئی۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَلَقَدْ اُوْحِيَ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ
اور حکم ہو چکا ہے تجھ کو اور تجھ سے
مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ
اگلوں کو کہ اگر تو نے شریک مان لیا تو اکارت
عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٦٥﴾
جائیگے تیرے عمل اور تو ہو گا ٹوٹے میں پڑا
بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿٦٦﴾
نہیں بلکہ اللہ ہی کو پوج اور رہ حق ماننے والوں میں ☆

فقط اللہ کی عبادت کرو

☆ یعنی عقلی حیثیت سے دیکھا جائے کہ تمام چیزوں کا پیدا کرنا باقی رکھنا اور ان میں ہر قسم کے تصرفات کرتے رہنا صرف اللہ کا کام ہے تو عبادت کا مستحق بجز اسکے کوئی نہیں ہو سکتا اور نقلی حیثیت سے لحاظ کرو تو تمام انبیاء اللہ اور ادیان سماویہ توحید کی صحت اور شرک کے بطلان پر متفق ہیں بلکہ ہر نبی کو بذریعہ وحی بتلا دیا گیا ہے کہ (آخرت میں) مشرک کے تمام اعمال اکارت ہیں اور شرک کا انجام خالص حرمان و خسران کے سوا کچھ نہیں۔ لہذا انسان کا فرض ہے کہ وہ ہر طرف سے ہٹ کر ایک خدائے قدوس کو پوجے اور اسکا شکر گزار وفادار بندہ بنے۔ اس کے عظمت وجلال کو سمجھے، عاجز وحقیر مخلوق کو اسکا شریک نہ ٹھہرائے، اس کو اسی طرح بزرگ وبرتر مانے جیسا وہ واقع میں ہے۔ (تفسیر عثمانی)

شرک سے اعمال غارت ہو جاتے ہیں

اور آپ کی طرف بھی اور جو پیغمبر آپ سے پہلے گذرے ہیں ان کی طرف بھی یہ وحی بھیج دی گئی ہے کہ (اے عام مخاطب) اگر تو شرک کرے گا تو تیرا کیا کرایا سب غارت ہو جائے گا' یہ کلام مبنی برفرض ہے اس سے مراد ہے کافروں کو ناامید کرنا اور امت کو در پردہ متنبہ کرنا۔

مرتد ہونا نیکیوں کو اکارت کر دیتا ہے

اسی آیت کی روشنی میں ہم کہتے ہیں کہ مرتد ہو جانے سے تمام گذشتہ نیکیوں کا ثواب ساقط کر دیا جاتا ہے۔ جس طرح اسلام تمام سابق گناہوں کو ڈھا دیتا ہے اسی طرح ارتداد ساری گذشتہ نیکیوں کو اکارت کر دیتا ہے۔

اگر کوئی شخص مرتد ہونے کے بعد مسلمان ہو گیا اور ایسے وقت مسلمان ہوا کہ نماز کا وقت باقی ہے تو ارتداد سے پہلے اگرچہ بحالت اسلام وہ اس وقت کی نماز پڑھ چکا ہو پھر بھی دوبارہ اس کو اس وقت کی نماز پڑھنی لازم ہے (سابق نماز کالعدم ہو گئی) اسی طرح اگر پہلے حج فرض کر چکا ہے پھر مرتد ہو گیا اور دوبارہ پھر مسلمان ہو گیا تو اس کو دوبارہ حج فرض کرنا ہوگا۔ کذا قال الامام ابن الہمام۔ (تفسیر مظہری)

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۖ
اور نہیں سمجھے اللہ کو جتنا کچھ وہ ہے ☆

مشرکین نے اللہ کی قدر نہیں کی

☆ یعنی مشرکین نے اس کی عظمت وجلال اور بزرگی و برتری کو وہاں تک نہ سمجھا اور ملحوظ نہ رکھا جہاں تک ایک بندہ کو سمجھنا اور ملحوظ رکھنا چاہئے تھا، اسکی شان رفیع اور مرتبہ بلند کا اجمالی تصور رکھنے والا کیا عاجز ومحتاج مخلوق حتیٰ کہ پتھر کی بے جان مورتیوں کو اسکا شریک تجویز کر سکتا ہے۔ حاشا وکلا۔ آگے اسکی بعض شئون عظمت وجلال کا بیان ہے۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی ان لوگوں نے عظمت الٰہی کو ویسا نہیں جانا جیسا عظمت کا حق تھا (جیسی عظمت ہونی چاہئے تھی) کہ دوسروں کو اس کا شریک قرار دیا اور ان صفات کا حامل اس کو جو اس کی شان کے لئے نازیبا ہیں نہ اس کی اس طرح عبادت کی جس طرح کرنی چاہئے تھی اور نہ اس کی نعمتوں کا ویسا شکر کیا جیسا کرنا لازم تھا اور مرنے کے بعد دوبارہ جی کر اٹھنے کا انکار کر دیا۔ (تفسیر مظہری)

وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
اور زمین ساری ایک مٹھی ہے اُسکی دن قیامت کے
وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ ۭ سُبْحٰنَهٗ
اور آسمان لپٹے ہوئے ہوں اُسکے داہنے ہاتھ میں، وہ پاک ہے
وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٦٧﴾
اور بہت اُوپر ہے اُس سے کہ شریک بتلاتے ہیں ☆

besturdubooks.wordpress.com

عظمت شانِ الٰہی ☆یعنی جس کی عظمت شان کا یہ حال ہے کہ قیامت کے دن کل زمین اس کی ایک مٹھی میں اور سارے آسمان کاغذ کی طرح لپٹے ہوئے ایک ہاتھ میں ہوں گے۔ اسکی عبادت میں بے جان یا عاجز و محتاج مخلوق کو شریک کرنا کہاں تک روا ہوگا۔ وہ شرکاء تو خود اسکی مٹھی میں پڑے ہیں۔ جس طرح چاہے ان پر تصرف کرے۔ ذرا کان یا زبان نہیں ہلا سکتے (تنبیہ) مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ کے متعلق سورہ انبیاء کی آیت يَوْمَ نَطْوِي السَّمَآءَ الخ کا حاشیہ دیکھنا چاہئے اور یمین وغیرہ الفاظ متشابہات میں سے ہیں جن پر بلا کیف ایمان رکھنا واجب ہے بعض احادیث میں ہے وکلتا یدیہ یمین اس کے دونوں ہاتھ داہنے ہیں اس سے تجسم، تحیز، جہت وغیرہ کی نفی ہوتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

آیت کی مراد: یہ آیت متشابہات میں سے ہے جس کی حقیقی مراد اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا' اس سے مقصود ہے اللہ کی عظمت عالیہ اور قدرت کاملہ پر تنبیہ کرنا اور یہ بتانا کہ وہ عظیم الشان کام جہاں انسانی فہم حیرت میں پڑ جاتی ہے اللہ کے لئے آسان ہیں' اس کی قدرت سے باہر نہیں اور اس سارے جہان کی توڑ پھوڑ اس کے لئے دشوار نہیں۔

آیت کا شان نزول: آیت کے نزول کی وجہ یہ ہے کہ یہودی نے جب آسمانوں کے اور زمینوں اور پہاڑوں وغیرہ کے سلسلہ میں ایک بات کہی تھی تو یقیناً وہ توریت ہی سے نقل کی تھی اس آیت میں اس کی تصدیق کر دی گئی اللہ کی کتابیں باہم تصدیق ہی کرتی ہیں ایک دوسری کی تکذیب نہیں کرتیں۔ صحیحین میں حضرت ابن مسعودؓ کی روایت حدیث مذکور میں ان الفاظ کے ساتھ آئی ہے کہ ایک یہودی عالم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا محمدؐ قیامت کے دن اللہ آسمانوں کو ایک انگلی پر روک لے گا اور زمینوں کو ایک انگلی پر اور پہاڑوں اور درختوں کو ایک انگلی پر اور پانی اور ثری (نمناک مٹی جو زمین کی تہ میں ہے) کو ایک انگلی پر اور باقی مخلوق کو ایک انگلی پر پھر ان کو حرکت دے گا اور فرمائے گا میں ہوں بادشاہ میں ہوں اللہ' اس عالم کے قول پر تعجب کرتے ہوئے اس کی تصدیق کے لئے حضورؐ مسکرا دیئے پھر آپ نے پڑھا وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ الخ۔

صحیحین میں حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن اللہ زمین کو مٹھی میں لے لے گا اور آسمان کو لپیٹ کر اپنے دائیں ہاتھ میں لے کر فرمائے گا (آج) میں بادشاہ ہوں' زمین کے بادشاہ کہاں ہیں۔

مسلم نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن اللہ آسمانوں کو لپیٹ کر اپنے دائیں ہاتھ میں پکڑ کر فرمائے گا کہاں ہیں زبردست طاقتور والے کہاں ہیں غرور کرنے والے پھر زمینوں کو لپیٹ کر اپنے بائیں ہاتھ (دوسری روایت میں بائیں کی جگہ دوسرے کا لفظ آیا ہے) میں لے کر فرمائے گا میں ہوں (آج) بادشاہ کہاں ہیں زبردست طاقت والے کہاں ہیں غرور کرنے والے ابوالشیخ نے حضرت ابن عمرؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ آسمانوں کو اور ساتوں زمینوں کو اپنی مٹھی میں سمیٹ کر فرمائے گا میں ہوں اللہ میں ہوں رحمان میں ہوں بادشاہ میں (تمام عیوب سے) پاک ہوں میں امن دینے والا ہوں میں نگران ہوں میں غالب ہوں میں بہت بڑی طاقت والا ہوں میں بڑائی والا ہوں میں نے ہی دنیا کو ابتدا میں پیدا کیا جب کہ وہ کچھ بھی نہ تھی اور میں ہی اس کا اعادہ کر رہا ہوں (آج) بادشاہ کہاں ہیں (اور) بڑی طاقتوں والے کہاں ہیں۔

قاضی عیاض نے کہا قبض طی اور اخذ تینوں کا معنی اکٹھا کرنا (اس وقت) آسمان پھیلے ہوئے ہیں زمین بھی بچھی ہوئی ہے۔ پھر ان الفاظ کا معنی ہو گیا۔ اٹھانا ہٹانا بدل ڈالنا۔ قرطبی نے کہا طے سے مراد ہے فنا کر دینا ابن ابی حاتم نے حسن بصری کا قول نقل کیا کہ یہودیوں نے (پہلے مخلوق کی) گنتی کی اور آسمان و زمین وملائکہ کی تخلیق پر غور کیا جب اس سے فراغت ہوگئی تو اللہ کا اندازہ کرنے لگے اس پر آیت وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ۔ نازل ہوئی۔ سعید بن جبیر کا بیان ہے کہ یہودیوں نے رب کی صفات میں کلام کیا اور صفات کے متعلق ایسی باتیں کہیں جن کا نہ ان کو علم تھا نہ انہوں نے اللہ کی ان صفات کو دیکھا تھا اس پر آیت وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ الخ نازل ہوئی۔

ابن المنذر نے بروایت ربیع بن انس بیان کیا ہے کہ جب آیت وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ نازل ہوئی تو صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب یہ کرسی ایسی (وسیع) ہے تو عرش کی کیا کیفیت ہوگی اس پر آیت وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ الخ نازل ہوئی۔

سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى یعنی جس ذات کی ایسی (ہمہ گیر) قدرت ہے وہ ان مشرکوں کی شرک آفرینیوں سے بہت دور اور بالا ہے یا یہ مطلب ہے کہ شرک کی جو نسبت اسکی طرف کی جاتی ہے اس سے وہ پاک اور برتر ہے۔ (تفسیر مظہری (اردو) جلد دہم)

زمین وآسمان کو اپنے ہاتھ میں لینے کی کیفیت کا بیان

مسند احمد میں ہے کہ حضورؐ نے ایک دن منبر پر اس آیت کی تلاوت کی اور آپؐ اپنا ہاتھ ہلاتے جاتے تھے آگے پیچھے لا رہے تھے اور فرماتے تھے اللہ تعالیٰ اپنی بزرگی آپ بیان فرمائے گا کہ میں جبار ہوں میں متکبر ہوں میں مالک ہوں میں باعزت ہوں میں کریم ہوں۔ آپؐ اس کے بیان کے وقت اتنا ہل رہے تھے کہ ہمیں ڈر لگنے لگا کہ کہیں منبر آپؐ سمیت گر نہ پڑیں۔

besturdubooks.wordpress.com

ایک روایت میں ہے کہ حضرت ابن عمرؓ نے اس کی پوری کیفیت دکھادی کہ کس طرح حضورؐ نے اسے حکایت کیا تھا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ آسمانوں اور زمینوں کو اپنے ہاتھ میں لے گا اور فرمائے گا میں بادشاہ ہوں۔ اپنی انگلیوں کو کبھی کھولے گا کبھی بند کرے گا اور آپ اس وقت ہل رہے تھے یہاں تک کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہلنے سے سارا منبر ہلنے لگا اور مجھے یہ ڈر لگا کہ کہیں وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو گرا نہ دے۔ بزار کی روایت میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی اور منبر ہلنے لگا پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم تین مرتبہ آئے گئے واللہ اعلم۔

سورۃ کی آخری آیات کی فضیلت: معجم کبیر طبرانی کی ایک غریب حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کی ایک جماعت سے فرمایا میں آج تمہیں سورۂ زمر کی آخری آیتیں سناؤں گا جسے ان سے رونا آ گیا وہ جنتی ہو گیا۔ اب آپ نے اس آیت سے لے کر ختم سورۃ تک کی آیتیں تلاوت فرمائیں بعض روئے اور بعض کو رونا نہ آیا۔ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم نے ہر چند رونا چاہا لیکن رونا نہ آیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اچھا میں پھر پڑھوں گا جسے رونا نہ آئے وہ رونی شکل بنا کر بہ تکلف روئے۔

تین چیزیں: ایک اس سے بڑھ کر غریب حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میں نے تین چیزیں اپنے بندوں سے چھپالی ہیں اگر وہ انہیں دیکھ لیتے تو کوئی شخص کبھی کوئی بدی نہ کرتا۔ (۱) اگر میں پردہ ہٹا دیتا اور وہ مجھے دیکھ کر خوب یقین کر لیتے اور معلوم کر لیتے کہ میں اپنی مخلوق سے کیا کچھ کرتا ہوں جب کہ ان کے پاس آؤں اور آسمانوں کو اپنی مٹھی میں لے لوں پھر زمین کو اپنی مٹھی میں لے لوں پھر کہوں میں بادشاہ ہوں میرے سوا ملک کا مالک کون ہے؟ (۲) پھر میں انہیں جنت دکھاؤں اور اس میں جو بھلائیاں ہیں سب ان کے سامنے کر دوں اور وہ یقین کے ساتھ خوب اچھی طرح دیکھ لیں۔ (۳) اور میں انہیں جہنم دکھادوں اور اس کے عذابوں کا معائنہ کرادوں یہاں تک کہ انہیں یقین آ جائے لیکن میں نے یہ چیزیں قصداً ان سے پوشیدہ کر رکھی ہیں تاکہ میں جان لوں کہ وہ مجھے کس طرح جانتے ہیں کیونکہ میں نے یہ سب باتیں بیان کر دی ہیں۔ اس کی سند متقارب ہے اور اس نسخے سے بہت سی حدیثیں روایت کی جاتی ہیں۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي

اور پھونکا جائے صور میں پھر بیہوش ہو جائے گا جو کوئی ہے

السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ

آسمانوں میں اور زمین میں مگر

شَآءَ اللّٰهُ ۭ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا

جس کو اللہ چاہے پھر پھونکی جائے دوسری بار، تو فوراً

هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ﴿۶۸﴾

وہ کھڑے ہو جائیں ہر طرف دیکھتے ☆

صور اسرافیل ☆ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "ایک بار نفخ صور ہے عالم کے فنا کا دوسرا ہے زندہ ہونے کا یہ تیسرا بعد حشر کے ہوگا بے ہوشی کا، چوتھا خبردار ہونے کا اس کے بعد اللہ کے سامنے سب کی پیشی ہوگی۔" بتفسیر یسیر۔ لیکن علمائے محققین کے نزدیک کل دو مرتبہ نفخ صور ہوگا پہلی مرتبہ میں سب کے ہوش اڑ جائیں گے پھر زندے تو مردہ ہو جائیں گے اور جو مر چکے تھے ان کی ارواح پر بے ہوشی کی کیفیت طاری ہو جائے گی۔ بعدہٗ دوسرا نفخہ ہوگا جس سے مردوں کی ارواح ابدان کی طرف واپس آ جائیں گی اور بے ہوشوں کو افاقہ ہوگا اس وقت محشر کے عجیب وغریب منظر کو حیرت زدہ ہو کر تکتے رہیں گے پھر خداوند قدوس کی پیشی میں تیزی کے ساتھ حاضر کئے جائیں گے (تنبیہ) اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ سے بعض نے جبریل، میکائیل، اسرافیل اور ملک الموت مراد لئے ہیں بعض نے انکے ساتھ حملۃ العرش کو بھی شامل کیا ہے بعض کے نزدیک انبیاء وشہداء مراد ہیں واللہ اعلم۔ بہر حال یہ استثناء اس نفخہ کے وقت ہوگا اس کے بعد ممکن ہے ان پر بھی فنا طاری کر دی جائے لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ۭ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ (المومن۔ رکوع ۲) (تفسیر عثمانی)

اور قیامت کے دن صور میں پھونک ماری جائے گی تو فوراً تمام آسمان والوں اور زمین والوں کے ہوش اڑ جائیں گے مگر جس کو خدا چاہے گا (وہ بے ہوشی سے محفوظ رہے گا) پھر اس (صور) میں دوبارہ پھونک ماری جائے گی تو دفعۃً سب کے سب (قبروں سے نکل کر) کھڑے ہو جائیں گے اور (چاروں طرف) دیکھنے لگیں گے۔

وَنُفِخَ۔ یعنی پہلی بار صور میں پھونک ماری جائے گی۔

فَصَعِقَ۔ تو آسمان وزمین والے سب بے ہوش ہو جائیں گے یعنی مر جائیں گے۔

اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ۔ بیہوشی کی حالت سے کون مستثنیٰ ہوگا اس کی تفصیل ہم نے سورۂ نحل کی آیت وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ۔ کی تفسیر میں کر دی ہے۔ حسن نے کہا من شاء اللہ سے تنہا ذات الٰہی مراد ہے۔

فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ تو یکدم لوگ قبروں سے نکل کر کھڑے ہو جائیں گے اور حیرانی کے ساتھ ہر طرف نظریں گھما کر دیکھیں گے یا۔ ینظرون کا یہ

besturdubooks.wordpress.com

مطلب ہے کہ وہ انتظار کریں گے کہ آئندہ ہمارے متعلق کیا حکم صادر ہوگا اور ہمارے ساتھ کیا کیا جائے گا۔ (تفسیر مظہری)

علاماتِ قیامت: مسند احمد میں ہے کہ ایک شخص نے حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے کہا کہ آپ فرماتے ہیں اتنے اتنے وقت تک قیامت آ جائے گی۔ آپ نے ناراض ہو کر فرمایا جی تو چاہتا ہے کہ تم سے کوئی بات بیان نہ کروں۔ میں نے تو کہا تھا کہ بہت تھوڑی مدت میں تم اہم امر مرد دیکھو گے۔ پھر فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے میری امت میں دجال آئے گا اور وہ چالیس تک رہے گا۔ میں نہیں جانتا کہ چالیس دن یا چالیس مہینے یا چالیس سال یا چالیس راتیں پھر اللہ تعالیٰ حضرت عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کو بھیجے گا۔ وہ بالکل صورت شکل میں حضرت عُروہ بن مسعود ثقفیؓ جیسے ہوں گے اللہ آپ کو غالب کرے گا اور دجال آپ کے ہاتھوں ہلاک ہوگا۔ پھر سات سال تک لوگ اس طرح ملے جلے رہیں گے کہ ساری دنیا میں دو شخصوں کے درمیان بھی آپس میں رنجش و عداوت نہ ہوگی۔ پھر پروردگار عالم شام کی طرف سے ایک ہلکی ٹھنڈی ہوا چلائے گا جس سے تمام ایمان والوں کی روح قبض کر لی جائے گی یہاں تک کہ جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر ایمان ہوگا وہ بھی فوت ہو جائے گا۔ یہ خواہ کہیں بھی ہوں یہاں تک کہ اگر کسی پہاڑ کی کھوہ میں بھی کوئی مسلمان ہوگا تو یہ ہوا وہاں بھی پہنچے گی۔ میں نے اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے پھر تو بدترین لوگ باقی رہ جائیں گے جو اپنے کمینہ پن میں مثل پرندوں کے ہلکے اور اپنی بے وقوفی میں مثل درندوں کے بے وقوف ہوں گے نہ اچھائی کو اچھائی سمجھیں گے نہ برائی کو برائی جانیں گے۔ ان پر شیطان ظاہر ہوگا اور کہے گا شرماتے نہیں کہ تم نے بت پرستی چھوڑ رکھی ہے چنانچہ وہ اس کے بہکائے میں آ کر بت پرستی شروع کر دیں گے اس حالت میں بھی اللہ تعالیٰ ان کی روزی میں اور ان کی معاش میں کشادگی عطا فرمائے ہوئے ہوگا۔

قیامِ قیامت: پھر صور پھونک دیا جائے گا جس کے کان میں اس کی آواز جائے گی وہ ادھر گرے گا ادھر کھڑا ہوگا پھر گرے گا۔ سب سے پہلے کی آواز جس کے کان میں پڑے گی یہ وہ شخص ہوگا جو اپنا حوض ٹھیک کر رہا ہوگا فوراً بے ہوش ہو کر زمین پر گر پڑے گا۔ پھر تو ہر شخص بے ہوش اور خود فراموش ہو جائے گا۔ پھر اللہ تعالیٰ بارش نازل فرمائے گا جو شبنم کی طرح ہوگی اس سے لوگوں کے جسم اُگ نکلیں گے۔ پھر دوسرا صور پھونکا جائے گا تو سب زندہ کھڑے ہو جائیں گے اور دیکھنے لگیں گے۔ پھر کہا جائے گا کہ اے لوگو! اپنے رب کی طرف چلو انہیں ٹھیرالو ان سے سوالات کئے جائیں گے۔ پھر فرمایا جائیگا کہ جہنم کا حصہ نکال لو۔ پوچھا جائے گا کس قدر؟ جواب ملے گا ہر ہزار سے نو سو ننانوے۔ یہ دن ہوگا کہ بچے بوڑھے ہو جائیں گے اور یہی دن ہوگا جس میں پنڈلی کھولی جائے گا (صحیح مسلم) صحیح بخاری میں ہے دونوں نفخوں کے درمیان چالیس ہونگے راوی حدیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سوال ہوا کہ کیا چالیس دن؟ فرمایا میں جواب دینے سے انکاری ہوں۔ پوچھا گیا کیا چالیس سال؟ فرمایا نہ میں اس کا جواب دوں گا۔ کہا گیا چالیس ماہ؟ فرمایا میں اس کا بھی انکار کرتا ہوں انسان کی سب چیز سڑگل جائے گی ریڑھ کی ہڈی اس سے مخلوق کو ترتیب دی جائے گی۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا وَوُضِعَ
اور چمکے زمین اپنے رب کے نور سے اور لا دھریں
الْكِتٰبُ وَجِايْٓءَ بِالنَّبِيّٖنَ وَالشُّهَدَآءِ
دفتر اور حاضر آئیں پیغمبر اور گواہ
وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۶۹﴾
اور فیصلہ ہو اُن میں انصاف سے اور اُن پر ظلم نہ ہوگا ☆

جلوہ افروزی

☆ یعنی اسکے بعد حق تعالیٰ حساب کے لئے اپنی شان کے مناسب نزول اجلال فرمائیں گے کما ورد فی بعض روایات الدر المنثور اس وقت حق تعالیٰ کی تجلی اور نور بے کیف سے محشر کی زمین چمک اٹھے گی، حساب کا دفتر کھلے گا، سب کے اعمال نامے سامنے رکھ دیئے جائیں گے انبیاء علیہم السلام او ردوسرے گواہ دربار میں حاضر ہوں گے اور ہر شخص کے اعمال کا نہایت انصاف سے ٹھیک ٹھیک فیصلہ سنایا جائے گا، کسی پر کسی طرح کی زیادتی نہ ہوگی (تنبیہ) شہداء سے مراد علاوہ انبیاء علیہم السلام کے فرشتے امت محمدیہ کے لوگ اور انسان کے ہاتھ پاؤں وغیرہ سب ہو سکتے ہیں اور حضرت شاہ صاحبؒ نے ہر امت کے نیک آدمی مراد لئے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اللہ تعالیٰ کا نور: اپنے خالق کے نور سے۔ بغوی نے لکھا ہے جب اللہ بندوں کا فیصلہ کرنے کے لئے جلوہ فرما ہوگا تو جس طرح کھلے ہوئے آسمان پر چمکتے سورج کو دیکھنے میں کوئی شبہ نہیں ہوتا اسی طرح نور رب کو دیکھنے میں لوگوں کو کوئی شبہ نہیں ہوگا۔

حسن بصری اور سدی نے کہا نور رب سے مراد ہے عدل و انصاف، عدل سے آبادیوں کی زینت اور اظہار حقوق ہوتا ہے (اور نور سے بھی مقامات کا حسن اور انکشاف اشیاء ہوتا ہے) جیسے ظلم کو تاریکی کہا جاتا ہے اسی طرح عدل کو نور قرار دیا گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن ظلم (تہ بر تہ بہت سی تاریکیاں ہو جائے گا۔ متفق علیہ من حدیث ابن عمر۔)

اعمال نامے: بیہقی نے حضرت انسؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ

besturdubooks.wordpress.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمام اعمال نامے عرش کے نیچے ہیں جب موقف ہوگا یعنی قیامت کے دن حساب فہمی کے لئے لوگوں کو ایک میدان میں کھڑا کیا جائے گا تو اللہ ایک ہوا بھیجے گا جو اعمال ناموں کو اڑا کر لائے گی اور دائیں بائیں ہاتھوں میں ان کو پہنچا دے گی۔ اعمالناموں میں سب سے پہلی تحریر یہ ہوگی اِقْرَاْ كِتٰبَكَ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا اپنا اعمالنامہ پڑھ لے تو ہی آج اپنا محاسبہ کرنے کے لئے کافی ہے۔ ابونعیم نے حضرت ابن مسعودؓ کی موقوف روایت سے اور دیلمی نے حضرت ابوہریرہؓ کی مرفوع روایت سے بیان کیا ہے کہ قیامت کے دن مومن کے اعمال نامہ کا عنوان ہوگا حسن ثناء الناس۔

پیغمبروں کی شہادت: وَجِایْٓءَ بِالنَّبِيّٖنَ سیوطی کا قول ہے کہ علماء نے کہا کہ حساب انبیاء کی موجودگی میں ہوگا (یعنی انبیاء کے سامنے حساب فہمی ہوگی) ابن مبارک نے سعید بن مسیب کا قول نقل کیا ہے کہ کوئی دن ایسا نہیں ہوتا کہ صبح شام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آپ کی امت کو نہ لایا جاتا ہو آپ ان کی صورتوں کو اور ان کے اعمال کو پہچان لیتے ہیں اسی لئے قیامت کے دن ان کے متعلق شہادت دیں گے۔

امت محمدیہ کی گواہی: حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا وہ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت والے پیغمبروں کی طرف سے شہادت دیں گے کہ انہوں نے (اپنی امتوں کو) احکام خداوندی پہنچا دئے تھے۔ عطاء نے الشہداء کہا سے مراد ہیں اعمال نامے لکھنے والے فرشتے' اسی پر دلالت کرتی ہے وَجَآءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَآئِقٌ وَّشَهِيْدٌ ۔ (تفسیر مظہری)

وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ

اور پورا ملے ہر جی کو جو اُس نے کیا ☆

عمل کے مطابق بدلہ ملے گا

☆ یعنی نیکی کے بدلہ میں کمی اور بدی کے' بدلہ میں زیادتی نہ ہوگی جسکا جتنا اچھا یا برا عمل ہے، سب خدا کے علم میں ہے، اسی کے موافق بدلہ ملے گا جس کی کچھ تفصیل آگے آتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿٧٠﴾

اور اُس کو خوب خبر ہے جو کچھ کرتے ہیں ☆

☆ یعنی گواہ آتے ہیں ان کے الزام کو ورنہ اللہ سے کیا چیز پوشیدہ ہے (کذافی الموضح) (تفسیر عثمانی)

وَسِيْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ زُمَرًا ؕ

اور ہانکے جائیں جو منکر تھے دوزخ کی طرف گروہ گروہ ☆

کافروں کی ذلت

☆ یعنی تمام کافروں کو دھکے دے کر نہایت ذلت وخواری کے ساتھ دوزخ کی طرف ہانکا جائے گا اور چونکہ کفر کے اقسام ومراتب بہت ہیں، ہر قسم اور ہر درجہ کے کافروں کا گروہ الگ الگ کر دیا جائے گا۔ (تفسیر عثمانی)

زُمَرًا۔ یعنی متعدد متفرق ٹولیاں۔ ایک کے پیچھے دوسری۔ گمراہ ہونے کے درجات کے لحاظ سے جماعت بندی اور ترتیب ہوگی۔ (تفسیر مظہری)

حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا

یہاں تک کہ جب پہنچ جائیں اُس پر کھولے جائیں اسکے دروازے ☆

☆ جس طرح دنیا میں جیل خانہ کا پھاٹک کھلا نہیں رہتا جب کسی قیدی کو داخل کرنا ہوتا ہے کھول کر داخل کرتے اور پھر بند کر دیتے ہیں ایسے ہی وہاں جس وقت دوزخی دوزخ کے قریب پہنچیں گے دروازے کھول کر اس میں دھکیل دیا جائے گا اس کے بعد دروازے بند کر دیئے جائیں گے کما قال تعالیٰ عَلَيْهِمْ نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ (ہمزہ) (تفسیر عثمانی)

جنت کے دروازے: حضرت ابوہریرہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص راہ خدا میں اپنے مال کا جوڑا دیگا (یعنی ایک قسم کی دو چیزیں) اس کو جنت کے دروازوں سے (اندر آنے کے لئے) پکارا جائے گا اور جنت کے (متعدد) دروازے ہیں جو اہل صلوٰۃ میں سے ہوگا اس کو باب الصلوٰۃ سے پکارا جائے گا اور جو اہل صوم میں سے ہوگا اس کو باب الریان سے پکارا جائے گا اور جو اہل صدقہ میں سے ہوگا اس کو باب الصدقہ سے بلایا جائے گا اور جو اہل جہاد میں سے ہوگا اس کو باب الجہاد میں سے بلایا جائے گا۔ حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا کوئی ایسا بھی ہوگا جس کو تمام دروازں سے پکارا جائے فرمایا ہاں' مجھے امید ہے کہ تم ان لوگوں میں سے ہوگے۔ (تفسیر مظہری)

وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَآ

اور کہنے لگیں اُنکو اُسکے داروغہ ☆

☆ یعنی جو فرشتے دوزخ کے محافظ ہیں وہ کفار سے بطور ملامت یہ کہیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ

کیا نہ پہنچے تھے تمہارے پاس رسول تم میں کے ☆

☆ یعنی جن سے تم کو بسبب ہم جنس ہونے کے فیض لینا آسان تھا۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

يَتْلُوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ رَبِّكُمْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ

پڑھتے تھے تم پر باتیں تمہارے رب کی اور ڈراتے تم کو

لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۭ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنْ حَقَّتْ

اس تمہارے دن کی ملاقات سے بولیں کیوں نہیں پر ثابت ہوا

كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۝

حکم عذاب کا منکروں پر ☆

اقرارِ بدبختی ☆یعنی پیغمبر کیوں نہیں آئے، ضرور آئے، ہم کو اللہ کی باتیں سنائیں اور آج کے دن سے بہت کچھ ڈرایا لیکن ہماری بدبختی اور نالائقی کہ ہم نے ان کا کہنا نہ مانا آخر خدا کی اٹل تقدیر سامنے آئی اور عذاب کا حکم ہم کافروں پر ثابت ہو کر رہا۔ فَاعْتَرَفُوْا بِذَنْۢبِهِمْ فَسُحْقًا لِّاَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ۔ (تفسیر عثمانی)

قِيْلَ ادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ

حکم ہووے کہ داخل ہو جاؤ دروازوں میں دوزخ کے سدا رہنے کو اُس میں

فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝

سو کیا بُری جگہ ہے رہنے کی غرور والوں کو☆

تکبر کا نتیجہ ☆یعنی تم نے شیخی اور غرور میں آکر اللہ کی بات نہ مانی، اب ہمیشہ دوزخ میں پڑے اسکا مزہ چکھتے رہو۔ (تفسیر عثمانی)

کافروں کو ڈانٹ: دوزخ کے کارندے ڈانٹ کر کہیں گے کہ جب تمہارے پاس پیغمبر بھی پہنچ گئے اور اللہ کا کلام انہوں نے تم کو پڑھ کر سنا بھی دیا تھا اور تمام حجتیں پوری ہو گئی تھیں تو پھر تم کیوں ایمان نہیں لائے اور کیوں شرک سے باز نہ آئے بات یہ ہے کہ احکام خداوندی کو جاننے کے لئے اگرچہ تنہا عقل کافی نہیں ہے لیکن اللہ کے ایک ہونے پر دلالت کرنے والے براہین فطرت تو موجود ہیں اور ان دلائل فطرت کی روشنی میں عقل توحید خداوندی کو جاننے کے لئے کافی ہے پھر اس کے ساتھ جب اللہ نے پیغمبروں کو بھی بھیج دیا اور کتابیں بھی نازل کر دیں اور طریق حق بالکل واضح کر دیا تو اب کسی طرح شرک وکفر کی معذرت کی کوئی وجہ باقی نہیں رہی۔

جنتی اور جہنمی آدمی: حضرت عمرؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک طویل حدیث بیان کرتے ہوئے اس میں فرمایا کہ اللہ جس بندہ کو جنت کے لئے پیدا کرتا ہے اس سے اہل جنت کے کام کراتا ہے یہاں تک کہ وہ اسی حالت میں مرجاتا ہے اور جنت میں داخل ہو جاتا ہے اور جس بندہ کو دوزخ کے لئے پیدا کرتا ہے اس سے دوزخیوں کے عمل کراتا ہے یہاں تک کہ وہ دوزخیوں کے عمل پر ہی مرجاتا ہے اور دوزخ میں چلا جاتا ہے۔ رواہ مالک وابوداؤد والترمذی۔ (تفسیر مظہری)

وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ۭ

اور ہانکے جائیں وہ لوگ جو ڈرتے رہے تھے اپنے رب سے جنت کو گروہ گروہ☆

☆یعنی ایمان وتقویٰ کے مدارج چونکہ متفاوت ہیں، ہر درجہ کے مومنین متقین کی جماعت الگ ہو گی اور ان سب جماعتوں کو نہایت شوق دلا کر جلدی جلدی جنت کی طرف روانہ کیا جائے گا۔ (تفسیر عثمانی)

وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا یعنی جنت کی طرف متقیوں کو تیزی کے ساتھ چلایا جائے گا تاکہ مقام عزت تک ان کو جلد پہنچا دیا جائے بعض علماء نے کہا اہل جنت کی سواریوں کو جنت کی طرف جلد ہنکایا جائے گا کیونکہ جنت میں ان کا داخلہ سوار ہونے کی حالت میں ہی ہو گا۔ (تفسیر مظہری)

روزہ داروں کا دروازہ: بخاری ومسلم کی ایک اور حدیث میں ہے جنت میں آٹھ دروازے ہیں جن میں سے ایک کا نام باب الریان ہے اس میں سے صرف روزے دار ہی داخل ہوں گے۔

اچھی طرح وضو کرنے والے: صحیح مسلم میں ہے تم میں سے جو شخص کامل مکمل بہت اچھی طرح مل دل کر وضو کرے پھر اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ پڑھے اس کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھل جاتے ہیں جس سے چاہے چلا جائے۔ اور حدیث میں ہے جنت کی کنجی لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان: صحیح مسلم کی حدیث میں ہے میں پہلا سفارشی ہوں جنت میں۔ اور روایت میں ہے میں وہ پہلا شخص ہوں جو جنت کا دروازہ کھٹ کھٹائے گا۔ مسند احمد میں ہے میں قیامت کے دن جنت کا دروازہ کھلوانا چاہوں گا تو وہاں کا داروغہ مجھ سے پوچھے گا آپ کون ہیں؟ میں کہوں گا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) وہ کہے گا مجھے یہی حکم تھا کہ آپ کی تشریف آوری سے پہلے جنت کا دروازہ کسی کے لئے نہ کھولوں۔

جنت میں داخل ہونے والی پہلی جماعت

مسند احمد میں ہے کہ پہلی جماعت جو جنت میں جائے گی ان کے چہرے چودھویں رات کے چاند جیسے ہوں گے۔ تھوک رینٹ پیشاب پاخانہ وہاں کچھ نہ ہو گا اس کے برتن اور سامان آرائش سونے چاندی کا ہو گا۔ ان کی انگیٹھیوں میں بہترین اگر خوشبو دے رہا ہو گا ان کا پسینہ مشک ہو گا۔ ان میں سے ہر ایک کی دو بیویاں ہوں گی جن کی پنڈلی کا گودا بوجہ حسن ونزاکت صفائی اور نفاست کے گوشت

besturdubooks.wordpress.com

کے پیچھے سے نظر آرہا ہوگا۔ کسی دو میں کوئی اختلاف اور حسد و بغض نہ ہوگا سب کے دل مل کر ایسے ہوں گے جیسے ایک شخص کا دل صبح شام اللہ کی تسبیح میں گزرے گی۔

واقعہ میں صحیحین میں ہے کہ جنت کے ڈیرے خیمے لولو کے ہیں اور اس کی مٹی مشک خالص ہے۔ ابن صائد سے جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جنت کی مٹی کا سوال کیا تو اس نے کہا سفید میدے جیسی مُشک خالص۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ سچا ہے۔ (مسلم)

جنتیوں کا استقبال: حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے جب یہ اپنی قبروں سے نکلیں گے ان کا استقبال کیا جائے گا۔ ان کے لئے پروں والی اونٹنیاں لائی جائیں گی جن پر سونے کے کجاوے ہوں گے۔ ان کی جوتیوں کے تسمے تک نور سے چمک رہے ہوں گے یہ اونٹنیاں ایک ایک قدم اس قدر دور رکھتی ہیں جہاں تک انسان کی نگاہ جا سکتی ہے۔ یہ ایک درخت کے پاس پہنچیں گے جس کے نیچے سے دو نہریں نکلتی ہیں۔ ایک کا پانی یہ پئیں گے جس سے ان کے پیٹ کی تمام فضولیات اور میل کچیل دھل جائے گا۔ دوسری نہر سے یہ غسل کریں گے پھر ہمیشہ تک ان کے بدن میلے نہ ہوں گے ان کے بال پراگندہ نہ ہوں گے اور ان کے جسم اور چہرے بارونق رہیں گے۔

جنت کی حوریں: اب یہ جنت کے دروازوں پر آئیں گے دیکھیں گے کہ ایک کنڈا سرخ یاقوت کا ہے جو سونے کی تختی پر آویزاں ہے یہ اسے ہلائیں گے تو ایک عجیب سُریلی اور موسیقی صدا پیدا ہوگی اسے سنتے ہی ہر حور جان لے گی کہ اس کے خاوند آ گئے یہ داروغہ کو حکم کرے گی کہ جاؤ دروازہ کھولو وہ دروازہ کھول دے گا۔ یہ اندر قدم رکھتے ہی اس داروغہ کی نورانی شکل دیکھ کر سجدے میں گر پڑے گا لیکن وہ اسے روک لے گا اور کہے گا اپنا سر اُٹھا میں تو تیرا ماتحت ہوں اور اسے اپنے ساتھ لے چلے گا جب یہ اُس دُر و یاقوت کے خیمے کے پاس پہنچے گا جہاں اس کی حور ہے وہ بے تابانہ دوڑ کر خیمے سے باہر آ جائے گی اور بغل گیر ہو کر کہے گی تم میرے محبوب ہو اور میں تمہاری چاہنے والی ہوں میں یہاں ہمیشہ رہنے والی ہوں مروں گی نہیں۔ میں نعمتوں والی ہوں فقر و محتاجی سے دور ہوں۔ میں آپ سے ہمیشہ راضی خوشی رہوں گی کبھی ناراض نہیں ہونے کی۔ میں ہمیشہ آپ کی خدمت میں حاضر رہنے والی ہوں کبھی ادھر اُدھر ہٹوں گی نہیں پھر یہ گھر میں جائے گا جس کی چھت فرش سے ایک لاکھ ہاتھ بلند ہوگی۔ اس کی کل دیواریں قسم قسم کے اور رنگ برنگ کے موتیوں کی ہوں گی اس گھر میں ستر تخت ہونگے اور ہر تخت پر ستر ستر چھولداریاں ہوں گی اور ان میں سے ہر بستر پر ستر حوریں ہوں گی اور ہر حور پر ستر جوڑے ہوں گے اور ان سب حُلّوں کے نیچے سے ان کی پنڈلی کا گودا نظر آتا ہوگا۔ ان کے ایک جماع کا اندازا ایک پوری رات کا ہوگا۔

باغ و بہار: ان کے باغوں اور مکانوں کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی جن کا پانی کبھی بد بودار نہیں ہوتا صاف شفاف موتی جیسا پانی ہے۔ اور دودھ کی نہریں ہوں گی جس کا مزہ کبھی نہیں بدلتا۔ جو دودھ کسی جانور کے تھن سے نہیں نکلا۔ اور شراب کی نہریں ہوں گی جو نہایت لذیذ ہوگا۔ اور خالص شہد کی نہریں ہوں گی جو مکھیوں کے پیٹ سے حاصل شدہ نہیں۔ قسم قسم کے میووں سے لدے ہوئے درخت اس کے چوطرف ہوں گے جن کا پھل ان کی طرف جھکا ہوا ہوگا۔ یہ کھڑے کھڑے پھل لینا چاہیں تو لے سکتے ہیں اگر یہ بیٹھے بیٹھے پھل توڑنا چاہیں تو شاخیں اتنی جھک جائیں گی کہ یہ توڑ لیں۔ اگر یہ لیٹے لیٹے پھل لینا چاہیں تو شاخیں اور جھک آئیں گی۔ پھر آپؐ نے آیت وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا الخ پڑھی یعنی اُن جنتی درختوں کے سائے ان پر جھکے ہوئے ہوں گے اور اس کے میوے بہت قریب کر دیئے جائیں گے یہ کھانا کھانے کی خواہش کریں گے تو سفید رنگ یا سبز رنگ پرندان کے پاس آ کر اپنا پر اونچا کر دیں گے۔ یہ جس قسم کا اس کے پہلو کا گوشت چاہیں کھائینگے پھر وہ زندہ کا زندہ جیسا تھا ویسا ہی ہو کر اڑ جائے گا۔ فرشتے ان کے پاس آئیں گے سلام کریں گے اور کہیں گے کہ یہ جنتیں ہیں جن کے تم اپنے اعمال کے باعث وارث بنائے گئے ہو۔ اگر کسی حور کا ایک بال زمین پر آ جائے تو وہ اپنے چمک سے اور اپنی سیاہی سے نور کو روشن کرے اور سیاہی نمایاں رہے۔ اللہ ہمیں بھی جنت نصیب کرے۔ آمین۔ (تفسیر ابن کثیر)

حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا وَ فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا
یہاں تک کہ جب پہنچ جائیں اس پر اور کھولے جائیں اُسکے دروازے
وَ قَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ
اور کہنے لگیں اُن کو داروغہ اُسکے سلام پہنچے تم پر تم لوگ پاکیزہ ہو،
فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ﴿۷۳﴾
سو داخل ہو جاؤ اسمیں سدا رہنے کو☆

جنتیوں کا اعزاز☆ یعنی جس طرح مہمانوں کے لئے ان کی آمد سے پہلے مہمان خانہ کا دروازہ کھلا رکھا جاتا ہے، جنتی وہاں پہنچ کر جنت کے دروازے کھلے پائیں گے۔ کما قال فی موضع آخر مُفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ (ص۔ رکوع ۴) اور خدا کے فرشتے نہایت اعزاز و اکرام کے ساتھ کلمات سلام و ثناء وغیرہ سے ان کا استقبال کریں گے اور جنت میں رہنے کی بشارت سنائیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

اہل جنت کی پاکیزگی: طِبْتُمْ یعنی گناہوں کے میل کچیل سے پاک

besturdubooks.wordpress.com

صاف ہو۔ یہ پاکیزگی یا تو اس وجہ سے ہوگی کہ انہوں نے کبھی کوئی (قابل مواخذہ) گناہ کیا ہی نہ ہوگا یا اس وجہ سے ہوگی کہ اللہ نے بغیر عذاب دیئے ان کے گناہ معاف کردیئے ہوں گے یا سزا دے کر ان کو پاک کر دیا ہوگا۔ قتادہ نے کہا جب اہل جنت دوزخ کے مسافت طے کر کے گذر جائیں گے تو جنت سے پہلے ان کو ایک پل پر روک لیا جائے گا تاکہ وہ آپس کے حقوق کا بدلہ باہم چکا سکیں جب ایک دوسرے سے اپنے حق کا بدلہ لے چکے گا اور سب صاف ستھرے اور پاک ہو جائیں گے تو رضوان اور اس کے ساتھی (بطور استقبال) کہیں گے سَلٰمٌ عَلَیۡکُمۡ طِبۡتُمۡ فَادۡخُلُوۡهَا خٰلِدِیۡنَ۔

حضرت علیؓ نے فرمایا جب ان (اہل جنت) کو جنت کی طرف لے جایا جائے گا اور وہ جنت کے دروازے پر پہنچ جائیں گے تو دروازے کے پاس ان کو ایک درخت ملے گا جس کے نیچے سے دو چشمے رواں ہوں گے ایک چشمہ میں مومن نہائے گا تو بیرونی جسم کی طہارت ہو جائے گی اور دوسرے چشمہ کا پانی پیئے گا تو اندرونی طہارت بھی حاصل ہو جائے گی۔ فرشتے جنت کے دروازے پر اس کا استقبال کریں گے اور کہیں گے۔ سَلٰمٌ عَلَیۡکُمۡ طِبۡتُمۡ فَادۡخُلُوۡهَا خٰلِدِیۡنَ زجاج نے کہا طبتم کا یہ مطلب ہے کہ تم دنیا میں شرک اور معاصی کی گندیوں سے پاک تھے۔ حضرت ابن عباسؓ نے یہ مطلب بیان کیا ہے کہ تمہارا (یہ) مقام پاک ہے۔

فَادۡخُلُوۡهَا اس جملہ میں ف سببی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان لوگوں کا پاک ہونا ہی جنت میں داخل ہونے اور وہاں ہمیشہ رہنے کا سبب ہوگا اس کی توجیہات وہی ہوں گی جو کفر کے سبب کافروں کی دوزخ میں داخل ہونے کی کی گئی تھیں۔ حضرت ابن عباسؓ کے قول پر ہی توجیہ ہوگی کہ جنت چونکہ پاک مقام ہے اس لئے اہل جنت کی قیام گاہ ہونے کی اس میں صلاحیت ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَقَالُوا الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِیۡ صَدَقَنَا وَعۡدَهٗ
اور وہ بولیں شکر اللہ کا جس نے سچا کیا ہم سے اپنا وعدہ ☆

☆ یعنی خدا کا شکر جو وعدے انبیاء کی زبانی دنیا میں کئے گئے تھے آج اپنی آنکھوں سے دیکھ لئے۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالُوا الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ یعنی کارگذاران جنت جب مومنوں سے کہیں گے کہ جنت میں داخل ہو جاؤ تو وہ جنت میں داخل ہو جائیں گے اور جنت کے اندر وہ نعمتیں پائیں گے جو نہ کسی آنکھ نے دیکھی ہوں گی نہ کسی کان نے سنی ہوں گی نہ کسی کے دل میں ان کا تصور آیا ہوگا اور کہیں گے اللہ کا شکر ہے الخ۔ (تفسیر مظہری)

وَاَوۡرَثَنَا الۡاَرۡضَ
اور وارث کیا ہم کو اس زمین کا ☆

☆ یعنی جنت کی زمین کا۔ (تفسیر عثمانی)

وَاَوۡرَثَنَا الۡاَرۡضَ یعنی زمین جنت کا ہم کو مالک بنا دیا۔ میراث بنانے سے مراد ہے مالک بنا دینا۔ (تفسیر مظہری)

نَتَبَوَّاُ مِنَ الۡجَنَّةِ حَیۡثُ نَشَآءُ
گھر لے لیویں بہشت میں سے جہاں چاہیں ☆

☆ حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں کہ "ان کو حکم ہے کہ جہاں چاہیں رہیں لیکن ہر کوئی وہی جگہ چاہے گا جو اسکے واسطے پہلے سے رکھی ہے۔" اور بعض کے نزدیک مراد یہ ہے کہ جنت میں سیر و ملاقات کے لئے کہیں آنے جانے کی روک ٹوک نہ ہوگی۔ (تفسیر عثمانی)

جنت میں اہل جنت کی آپس میں ملاقات اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت

نَتَبَوَّاُ مِنَ الۡجَنَّةِ حَیۡثُ نَشَآءُ مطلب یہ ہے کہ اہل جنت کے لئے اپنے اپنے مکانات محلات اور باغات تو ہونگے ہی ان کو یہ اختیار دیا جائے گا کہ دوسرے اہل جنت کے پاس ملاقات وتفریح کے لئے جایا کریں' طبرانی۔ ابونعیم اور ضیاء نے سند حسن کے ساتھ حضرت عائشہؓ کی یہ روایات نقل کی ہے کہ ایک صاحب نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا یارسول اللہ مجھے آپ سے اتنی محبت ہے کہ اپنے گھر بھی جاتا ہوں تو آپ ہی کو یاد کرتا رہتا ہوں اور جب تک پھر حاضر خدمت نہ ہو جاؤں مجھے صبر نہیں آتا۔ مگر جب میں اپنی موت کو یاد کرتا ہوں اور آپ کی وفات کو یاد کرتا ہوں تو یہ سمجھتا ہوں کہ آپ تو جنت میں انبیاء کے مقامات عالیہ میں ہوں گے اور میں اگرچہ جنت میں پہنچ بھی گیا تو کسی نیچے کے درجے میں ہونگا مجھے فکر یہ ہے کہ میں آپکو کیسے دیکھوں گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی بات سن کر کچھ جواب نہیں دیا' یہاں تک کہ جبرئیل امین یہ آیت لے کر نازل ہوئے۔ وَمَنۡ یُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوۡلَ فَاُولٰٓئِکَ مَعَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمَ اللّٰهُ عَلَیۡهِمۡ مِّنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیۡقِیۡنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِیۡنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِکَ رَفِیۡقًا۔ اس آیت میں بتلا دیا کہ اللہ و رسول کی اطاعت کرتے رہنا کہ مسلمان انبیاء وصدیقین وغیرہ کے ساتھ ہی ہوں گے۔ اور آیت مذکورہ میں اسکی تشریح ہوگئی کہ ان کو مقامات عالیہ میں بھی جانے کی اجازت ہوگی۔

الحقنا اللہ تعالیٰ بہم بمنہ وکرمہ۔ (معارف مفتی اعظم)

فَنِعۡمَ اَجۡرُ الۡعٰمِلِیۡنَ ۝ وَتَرَی الۡمَلٰٓئِکَةَ
سو کیا خوب بدلہ ہے محنت کرنے والوں کا اور تو دیکھے فرشتوں کو

besturdubooks.wordpress.com

حَآفِّیْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ یُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ
گھر رہے ہیں عرش کے گرد پاکی بولتے ہیں اپنے رب کی خوبیاں
رَبِّهِمْ وَقُضِیَ بَیْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِیْلَ الْحَمْدُ
اور فیصلہ ہوتا ہے اُن میں انصاف کا اور یہی بات کہتے ہیں کہ سب خوبی ہے
لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝
اللہ کو جو رب ہے سارے جہان کا

عدالتِ الٰہی کا منظر

☆ یعنی حق تعالیٰ جب حساب کتاب کے لئے نزول اجلال فرمائیں گے۔ اس وقت فرشتے عرش کے گرداگرد حلقہ باندھے اپنے رب کی تسبیح وتحمید کرتے ہوں گے اور تمام بندوں میں ٹھیک ٹھیک انصاف کا فیصلہ کر دیا جائے گا۔ جس پر ہر طرف سے جوش وخروش کے ساتھ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ کا نعرہ بلند ہوگا یعنی ساری خوبیاں اس خدا کو زیبا ہیں جو تمام عالم کا پروردگار ہے (جس نے سارے جہان کا ایسا عمدہ فیصلہ کیا) اسی نعرہ تحسین پر دربار برخاست ہو جائے گا۔ عموماً مفسرین نے آیت کا یہ ہی مطلب بیان کیا ہے لیکن حضرت شاہ صاحبؒ نے آیت کو حالت راہنہ پر حمل کیا اور قُضِیَ بَیْنَهُمْ کی ضمیر ملائکہ کی طرف راجع کی ہے وہ لکھتے ہیں کہ فرشتوں میں فیصلہ یہ کہ ہر ایک فرشتہ (ملأ اعلیٰ میں) اپنے قاعدہ سے ایک تدبیر بولتا ہے (کما یشیر الیہ اختصام الملأ الاعلی وتفصیلہ فی حجۃ اللہ البالغۃ) پھر اللہ تعالیٰ ایک بات جاری کرتا ہے وہ ہی ہوتی ہے۔ حکمت کے موافق یہ ماجرا اب بھی ہے اور قیامت میں بھی واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔ تم سورۃ الزمر بعون اللہ وتوفیقہ۔ وللہ الحمد (تفسیر عثمانی)

تخلیق کائنات اور انتہائے امور میں ربط

قتادہ بیان کرتے ہیں کہ حق تعالیٰ نے کائنات کی تخلیق اپنی حمد سے فرمائی۔ جیسے کہ فرمان ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ تو مناسب ہوا کہ تمام مخلوقات کا انجام اور فیصلہ اور ان کے امور کی انتہا بھی حمد خداوندی ہوگئی۔ (معارف کاندھلوی)

الحمد للہ سورۃ الزمر ختم ہوئی

المومن — جس نے خواب میں اس سورہ کی تلاوت کی اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کے پڑھنے والا ایمان دار اور مخلص ہوگا (علامہ ابن سیرینؒ)

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسٌ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّتِسْعُ رُكُوْعَاتٍ
سورۂ مومن مکہ میں نازل ہوئی اور اس میں پچاسی آیتیں اور نو رکوع ہیں
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
﴿شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے﴾
حٰمٓ ۝ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ
اُتارنا کتاب کا اللہ سے ہے
الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ
جو زبردست ہے خبردار گناہ بخشنے والا اور توبہ قبول
التَّوْبِ
کرنیوالا ☆

توبہ ☆ یعنی توبہ قبول کر کے گناہوں سے ایسا پاک وصاف کر دیتا ہے گویا کبھی گناہ کیا ہی نہ تھا اور مزید برآں توبہ کو مستقل طاعت قرار دے کر اس پر اجر عنایت فرماتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

سورۂ مومن یہی مکی سورت ہے۔ اس سورت کو سورۂ غافر بھی کہتے ہیں۔ قرطبی کہتے ہیں کہ یہ سورت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ یہی قول عطاء جابر اور عکرمہ کا ہے۔ قتادہ کا قول ہے اِنَّ الَّذِیْنَ یُجَادِلُوْنَ فِیْۤ اٰیٰتِ اللّٰهِ دو آیتیں مدینہ میں نازل ہوئی ہیں اس سورت میں پچاسی آیات اور نو رکوع ہیں۔

سورۂ غافر کی فضیلت

بیہقی نے یہ حدیث نقل کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آل حٰمٓ یعنی جو سورتیں حٰمٓ سے شروع ہوتی ہیں وہ سات ہیں اور جہنم کے بھی سات دروازے ہیں۔ ہر دروازے پر سورۂ حٰمٓ اپنے تلاوت کرنے کو عذاب جہنم سے بچانے والی ہوگی۔

ربط: اس سے قبل سورہ زمر کی ابتداء وحی الٰہی اور قرآن کریم کی حقانیت کے بیان سے تھی اور انتہا اس مضمون کی تھی کہ حق تعالیٰ اپنی مخلوقات کے درمیان صحیح صحیح فیصلہ اور عدل وانصاف قائم کرنا حق تعالیٰ کی شان عزت وکبریائی اور علم وحکمت پر مبنی ہے تو یہ سورت حق تعالیٰ کے ایسے ہی اوصاف عظیم کے ذکر سے شروع ہو رہی ہے۔ (معارف کاندھلوی)

besturdubooks.wordpress.com

بغوی نے اپنی سند سے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کا بیان نقل کیا ہے حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا قرآن کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی شخص اپنے اہل وعیال کی غرض سے (ریگستان بیابان میں) آب وگیاہ کی تلاش میں نکلا ہو تلاش کرتے کرتے اس کو کسی جگہ بارش کے نشانات مل گئے وہ برابر چلتا رہا اور تعجب کرتا رہا (کہ یہاں بارش کی علامات کیسی ہیں) اچانک ایک نرم زمین میں اسکو کچھ باغات دکھائی دئے اور وہ نشیب میں اتر کر باغات میں پہنچ گیا اور کہنے لگا مجھے تو بارش کے نشانات دیکھ کر ہی تعجب ہوا تھا ان باغوں کا وجود تو بہت تعجب آفریں ہے۔ حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا بارش کی مثال تو قرآن مجید ہے اور قرآن میں جو حٰمٓ ہیں وہ شاداب زمین کے باغوں کی طرح ہیں حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا جب میں حٰمٓ (پڑھنے) میں مشغول ہوتا ہوں تو (گویا) باغوں میں تفریح کرتا ہوں۔

بغوی نے اپنی سند سے بیان کیا کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا ہر چیز کا ایک مغز ہوتا ہے اور قرآن کا مغز حٰمٓ والی سورتیں ہیں۔

بغوی نے لکھا ہے کہ ابراہیم نے کہا ہر حٰمٓ دلہنوں کی چنبلی (کی طرح) ہے۔ حاکم نے حضرت ابن مسعودؓ کا قول (موقوفاً) نقل کیا ہے کہ حٰمٓ والی سورتیں قرآن کی زینت ہیں۔

حٰمٓ کیا ہے: حٰمٓ بغوی نے سدی کا قول نقل کیا ہے کہ حٰمٓ اللہ کا اسم اعظم ہے عکرمہؓ سے منقول ہے کہ الرحمٰن (مرکب ہے اس) کے حروف مقطعہ الرحم ن ہیں۔ سعید بن جبیر اور عطاء خراسانی نے کہا حٰمٓ (سے اللہ کے اسماء کی طرف اشارہ ہے اس) کی ح آغاز ہے اللہ کے اسماء حکیم حمید حی اور حیان کا اور م آغاز ہے ملک مجید منان کا۔ (تفسیر مظہری)

آیت کی تفسیر: حضرت ابن عباسؓ نے آیت مذکورہ کی تفسیر میں فرمایا جو لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ کا قائل ہے اس کے گناہ بخشنے والا ہے اور جو لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ کا قائل ہے اس کی توبہ قبول کرنے والا ہے یا یوں کہو کہ اللہ کی ان دو صفتوں کا ظہور الگ مواقع پر ہوتا ہے۔ مومن جس نے توبہ نہ کی وہ (اور بغیر توبہ کے مرجائے) اللہ اس کے لئے غافر الذنب ہے یعنی اس کے گناہ پر (قیامت کے دن) پردہ ڈال دینے والا اس کے گناہ کا (مخلوق کی نظروں سے) پوشیدہ رکھنے والا ہے۔ غفر کا لغوی معنی ہے پردہ ڈالنا چھپا دینا۔ اور جس نے توبہ کرلی ہو اس کی توبہ قبول کرنے والا ہے گناہ سے توبہ کرنے والا بے گناہ کی طرح ہوجاتا ہے۔ یہ حدیث مرفوع ہے ابن ماجہ نے حضرت ابن مسعودؓ کی روایت سے اور حکیم نے حضرت ابیؓ کی روایت سے اور ابن ابیؓ کی روایت سے اور ابن البخاری نے حضرت علیؓ کی روایت سے اور ابن عساکر و بیہقی نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے حدیث بیان کی اس تفسیر پر توبہ نہ کرنے والے (مومن) کی مغفرت کا جواز آیت سے ثابت ہوجائے گا۔ شَدِيْدِ الْعِقَابِ یعنی جو لا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ کا قائل نہ ہو اس کو سخت عذاب دینے والا ہے۔

ان آیات کے ذریعہ لوگوں کی اصلاح

یزید بن عاصم کی روایت ہے کہ ایک شامی شخص بڑا بہادر تھا حضرت عمرؓ اس کو اس کی بہادری کی وجہ سے کچھ گنتے تھے (یعنی پاس لحاظ کرتے تھے) کچھ مدت کے بعد وہ غائب ہوگیا حضرت عمرؓ نے لوگوں سے اس کے متعلق استفسار کیا آپ کو بتایا گیا کہ وہ اس مدت میں مسلسل شراب خوری میں منہمک رہا۔ حضرت عمرؓ نے کاتب کو طلب فرمایا اور حکم دیا لکھو۔ عمر بن خطاب کی طرف سے فلاں شخص کے نام۔ میں تمہارے سامنے حمد کرتا ہوں اللہ کی جس کے سوا کوئی اور قابل عبادت نہیں۔ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ إِلَيْهِ الْمَصِيْرُ (گناہوں کو بخشنے والا اور توبہ قبول کرنے والا سخت عذاب دینے والا بڑی قدرت ونعمت والا۔ اس کے سوا کوئی قابل عبادت نہیں اسی کے پاس لوٹ کر جانا ہے) پھر آپ نے دعا کی اور حاضرین کو بھی دعا کرنے کا حکم دیا کہ اللہ اس کو توفیق دے کہ وہ دل سے توبہ کرے اور اللہ اسکی توبہ قبول فرمائے۔ جب یہ خط اس کو پہنچا تو وہ خط پڑھنے لگا۔ غافر الذنب۔ اللہ نے مجھ سے وعدہ فرمایا کہ وہ میرا قصور معاف فرمادے گا وَقَابِلِ التَّوْبِ (اللہ نے مجھ سے میری توبہ قبول کرنے کا وعدہ فرمایا) شَدِيْدِ الْعِقَابِ اللہ نے مجھ کو اپنے عذاب سے ڈرایا ہے ذِي الطَّوْلِ اور طول خیر کثیر کو کہتے ہیں إِلَيْهِ الْمَصِيْرُ وہ شخص بار بار یہ آیت پڑھتا تھا اور مذکورہ الفاظ کہتا تھا اور روتا تھا آخر اس نے گناہ سے توبہ کرلی اور اچھی توبہ کی (پھر وہ گناہ نہیں کیا) حضرت عمرؓ کو جب اس کی اطلاع ملی تو فرمایا تم لوگ بھی ایسا ہی کیا کرو جب دیکھو کہ تمہارے بھائی کے قدم راہ راست سے پھسلنے لگے ہیں تو اس کو سیدھا کردو اور اس کو نرمی سے سمجھاؤ اور اللہ سے دعا کرو کہ اس شخص کو توبہ کی توفیق عطا فرمادے اور اس کے خلاف شیطان کے مددگار نہ بن جاؤ۔ قتادہ کا بیان ہے کہ مدینہ میں ایک جوان بڑا عبادت گذار تھا حضرت عمرؓ کو بھی اس سے محبت تھی اتفاقاً وہ مصر چلا گیا وہاں جاکر بگڑ گیا (اور ہر طرح کی بدی میں پڑ گیا) کسی بدی سے اس کو گریز نہیں رہا۔ حضرت عمرؓ کے پاس اس کا کوئی گھر والا آیا تو آپ نے اس سے جوان کے متعلق دریافت کیا اس شخص نے جواب دیا مجھ سے اس کا حال نہ پوچھئے حضرت عمرؓ نے فرمایا کیوں اس شخص نے کہا وہ نوجوان تو بگڑ گیا اور اوباش ہوگیا حضرت عمرؓ نے اس کو ایک تحریر بھیجی عمرؓ کی طرف سے فلاں شخص کے نام حٰمٓ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ آخر تک۔ اس جوان نے تحریر پڑھی اور بار بار پڑھتا

besturdubooks.wordpress.com

رہا۔ آخر کار اللہ سے توبہ کی اور بخیر آ گیا۔ اسحاق صبیعی راوی ہیں کہ ایک شخص حضرت عمرؓ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا امیر المومنین میں قتل کر چکا ہوں کیا میرے لئے توبہ کی گنجائش ہے آپ نے اس کے سامنے آیت حٰمٓ ۞ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۞ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ۔ تلاوت فرمائی اور فرمایا عمل کرنا امید نہ ہو۔ (تفسیر مظہری)

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا کہ جب میں تلاوت قرآن کرتے ہوئے آل حٰمٓ پر آ جاتا ہوں تو گویا ان میں میری بڑی تفریح ہوتی ہے۔

دشمن سے حفاظت: ابوداؤد و ترمذی میں باسناد صحیح حضرت مہلب بن ابی صفرہؓ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ مجھ سے ایسے شخص نے روایت کی کہ جس نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ (کسی جہاد کے موقع پر رات میں حفاظت کے لئے) فرما رہے تھے کہ اگر رات میں تم پر چھاپہ مارا جائے تو حٰمٓ لَا يُنْصَرُوْنَ پڑھ لینا جس کا حاصل لفظ حٰمٓ کے ساتھ یہ دعا کرنا ہے کہ ہمارا دشمن کامیاب نہ ہو۔ اور بعض روایات میں حٰمٓ لَا يُنْصَرُوْا بغیر نون کے آیا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ جب تم حٰمٓ کہو گے تو دشمن کامیاب نہ ہوگا۔ اس سے معلوم ہوا کہ حٰمٓ دشمن سے حفاظت کا قلعہ ہے۔ (ابن کثیر)

ایک عجیب واقعہ: حضرت ثابت بنانیؒ فرماتے ہیں کہ میں حضرت مصعب بن زبیرؓ کے ساتھ کوفے کے علاقہ میں تھا۔ میں ایک باغ کے اندر چلا گیا کہ دو رکعت پڑھ لوں۔ میں نے نماز سے پہلے حٰمٓ المؤمن کی آیتیں اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ تک پڑھیں اچانک دیکھا کہ ایک شخص میرے پیچھے ایک سفید خچر پر سوار کھڑا ہے۔ جس کے بدن پر یمنی کپڑے ہیں۔ اس شخص نے مجھ سے کہا کہ جب تم غَافِرِ الذَّنْبِ کہو تو اس کے ساتھ یہ دعا کرو یَا غَافِرَ الذَّنْبِ اغْفِرْلِیْ یعنی اے گناہوں کے معافی کرنے والے مجھے معاف کر دے اور جب تم پڑھو قَابِلِ التَّوْبِ تو یہ دعا کرو یَا قَابِلَ التَّوْبِ اقْبَلْ تَوْبَتِیْ یعنی اے توبہ کے قبول کرنے والے میری توبہ قبول فرما۔ پھر جب پڑھیں شَدِيْدِ الْعِقَابِ تو یہ دعا کرو یَا شَدِيْدَ الْعِقَابِ لَا تُعَاقِبْنِیْ یعنی اے سخت عقاب والے مجھے عذاب نہ دیجئے! اور جب ذِی الطَّوْلِ پڑھو تو یہ دعا کرو یَا ذَا الطَّوْلِ طُلْ عَلَیَّ بِخَیْرٍ۔ یعنی انعام و احسان کرنے والے مجھ پر انعام فرما۔

ثابت بنانیؒ کہتے ہیں یہ نصیحت اس سے سننے کے بعد جو ادھر دیکھا تو وہاں کوئی نہ تھا میں اس کی تلاش میں باغ کے دروازے پر آیا۔ لوگوں سے پوچھا کہ ایک ایسا شخص یمنی لباس میں یہاں سے گذرا ہے سب نے کہا کہ ہم نے کوئی ایسا شخص نہیں دیکھا۔ ثابت بنانیؒ کی ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ لوگوں کا خیال ہے کہ یہ الیاس علیہ السلام تھے دوسری روایت میں اس کا ذکر نہیں۔ (ابن کثیر)

شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِی الطَّوْلِ
سخت عذاب دینے والا مقدور والا ☆

☆ یعنی بے حد قدرت و وسعت اور غنا والا جو بندوں پر انعام و احسان کی بارشیں کرتا رہتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۞
کسی کی بندگی نہیں سوائے اُسکے اُسی کی طرف پھر جانا ہے ☆

☆ جہاں پہنچ کر ہر ایک کو اپنے کئے کا بدلہ ملے گا۔ (تفسیر عثمانی)

مَا يُجَادِلُ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ اِلَّا الَّذِيْنَ
وہی جھگڑتے ہیں اللہ کی باتوں میں جو
كَفَرُوْا
منکر ہیں ☆

ناحق جھگڑا ☆ یعنی اللہ کی باتیں اور اسکی عظمت و قدرت کے نشان ایسے نہیں جن میں کوئی جھگڑا کیا جائے مگر جن لوگوں نے یہ ہی ٹھان لی ہے کہ روشن سے روشن دلائل و براہین اور کھلی کھلی باتوں کا بھی انکار کیا جائے، وہ ہی سچی باتوں میں ناحق جھگڑے ڈالتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

خطرناک بحثیں: عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ کی سند سے سنن میں ایک روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ لوگوں کو سنا کہ وہ کسی آیت میں نزاع اور خصومت کر رہے ہیں۔ آپ نے ارشاد فرمائی۔ انما هلک من کان قبلکم بهذا ضربوا کتاب الله بعضه ببعض انما نزل کتاب الله یصدق بعضه بعضاً فلا تکذبوا بعضه ببعض فما علمتم فقولوه وما جهلتم فکلوه الیٰ عالم رواه البغوی۔ (یعنی تم سے پہلے صرف اسی وجہ سے ہلاک ہوئے کہ انہوں نے اللہ کی کتاب کے ایک حصہ کو دوسرے حصہ پر مارا اور مخالفت و تردید کے جذبہ میں تعارض و تناقض ثابت کرنے کی فکر میں لگ گئے) حالانکہ کتاب اللہ کا تو ایک حصہ دوسرے حصہ کی تصدیق کرتا ہے۔ (نہ کہ تردید و تکذیب) اس لئے تم ایک حصہ کی دوسرے کسی حصہ سے تکذیب اور تردید نہ کرو۔ جو جانتے ہو وہ بیان کرو۔ اور جو چیز تم نہیں جانتے وہ اس کے عالم کے حوالہ کر دو۔

صحیح مسلم میں یہ ہے کہ آپ نے دو شخصوں کی آواز سنی کہ وہ کسی آیت میں جھگڑ رہے ہیں تو آپ کو اس قدر ناگوار ہوئی کہ چہرۂ انور سے غصہ کے آثار ظاہر ہو رہے تھے۔ اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم سے پہلی قومیں اپنی کتاب میں اختلاف کرنے ہی کی وجہ سے ہلاک ہوئیں۔

بہر کیف یہ جدال و خصومت جو کافروں کی صفت بیان کی گئی ہے وہ جدال و خصومت ہے جس کا مقصد قرآن کریم پر طعن اور اعتراض ہو یا حق کا

besturdubooks.wordpress.com

مقابلہ مقصود ہو اور اس سے یہ بھی ظاہر ہوا کہ کتاب اللہ کی تفسیر اور بیان معانی میں صرف اس شخص کو بولنے کا حق ہے جو علم رکھتا ہو۔ علوم قرآن اور علوم شریعت کی اس کو معرفت ہو اور جو ان علوم سے نابلد ہو اس کو کوئی حق نہیں کہ وہ اپنے جہل کے باوجود کتاب اللہ میں اپنی رائے ٹھونسنے لگے۔ (معارف کاندھلوی)

صاحب عنایہ نے لکھا ہے کہ یہ جدال آیات جس کی مذمت کی گئی ہے ان آیات سے تعلق رکھتا ہے جس میں تقدیر وغیرہ کا ذکر کیا گیا ہے اہل کلام اہل بدعت اور رائے پرستوں کے درمیان ان آیات میں جدال کیا جاتا ہے۔ آیات احکام اور ابواب حلال وحرام میں اختلاف کی ممانعت نہیں ہے یہ اختلاف تو صحابہؓ میں بھی تھا اور بہت سے آنے والے علماء کے درمیان بھی ہوتا رہا ہے اس کا مقصد صرف حقیقت مسئلہ کا انکشاف اور حق تک رسائی ہوتا ہے اپنے حریف پر غالب آجانے کا جذبہ کارفرما نہیں ہوتا۔ (از مفسر رحمہ اللہ)

حضرت ابوہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن میں جھگڑا کرنا کفر ہے۔ رواہ البغوی بیہقی نے شعب الایمان میں اور طیالسی نے حضرت عبداللہ بن عمروؓ کی روایت سے یہ حدیث بیان کی ہے۔ ابوداؤد اور حاکم نے حضرت ابوہریرہؓ کی مرفوع حدیث نقل کی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن میں جھگڑا کرنا کفر ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَلَا يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ ﴿۴﴾

سو تجھ کو دھوکا نہ دے یہ بات کہ وہ چلتے پھرتے ہیں شہروں میں ☆

منکرین کا انجام ☆ یعنی ایسے منکرین کا انجام تباہی اور ہلاکت ہے گو فی الحال وہ شہروں میں چلتے پھرتے اور کھاتے پیتے نظر آتے ہیں اس سے دھوکہ نہ کھانا چاہیے۔ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے امہال واستدراج ہے کہ چند روز چل پھر کر دنیا کے مزے اڑائیں یا تجارتیں اور سازشیں کرلیں۔ پھر ایک روز غفلت کے نشہ میں پوری طرح مخمور ہو کر پکڑے جائیں گے۔ اگلی قوموں کا حال بھی یہ ہی ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَالْأَحْزَابُ

جھٹلا چکے ہیں اُن سے پہلے قوم نوح کی اور کتنے فرقے

مِنْ بَعْدِهِمْ وَهَمَّتْ كُلُّ أُمَّةٍ

اُن سے پیچھے اور ارادہ کیا ہر اُمت نے

بِرَسُولِهِمْ لِيَأْخُذُوهُ وَجَادَلُوا بِالْبَاطِلِ

اپنے رسول پر کہ اُس کو پکڑ لیں اور لانے لگے جھوٹے جھگڑے

لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ فَأَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ

کہ اُس سے ڈگا دیں سچے دین کو پھر میں نے اُن کو پکڑ لیا، پھر کیسا

كَانَ عِقَابِ ﴿۵﴾

ہوا میرا سزا دینا ☆

حق کے منکر کبھی کامیاب نہیں ہوئے

☆ یعنی ہر ایک امت کے شریروں نے اپنے پیغمبروں کو پکڑ کر قتل کرنے یا ستانے کا ارادہ کیا اور چاہا کہ جھوٹے ڈھکوسلے کھڑے کر کے سچے دین کو شکست دیں اور حق کی آواز کو ابھرنے نہ دیں لیکن ہم نے ان کا داؤ چلنے نہ دیا اور انکے بجائے کہ وہ پیغمبروں کو پکڑتے ہم نے ان کو پکڑ کر سخت سزائیں دیں پھر دیکھ لو ہماری سزا کیسی ہوئی کہ ان کی بیخ وبنیاد باقی نہ چھوڑی۔ آج بھی ان تباہ شدہ قوموں کے کچھ آثار کہیں کہیں موجود ہیں۔ ان ہی کو دیکھ کر انسان ان کی تباہی کا تصور کر سکتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

طبرانی میں فرمان رسول ہے کہ جس نے باطل کی مدد کی تاکہ حق کو کمزور کرے اس سے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم بری الذمہ ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَكَذَٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِينَ

اور اسی طرح ٹھیک ہو چکی بات تیرے رب کی منکروں پر

كَفَرُوا أَنَّهُمْ أَصْحَابُ النَّارِ ﴿۶﴾

کہ یہ ہیں دوزخ والے ☆

ان منکروں پر بھی عذاب آئے گا

یعنی جس طرح اگلی قوموں پر عذاب آنے کی بات پوری اتر چکی موجود الوقت منکروں پر بھی اتری ہوئی سمجھو اور جس طرح پیغمبروں کے اعلان کے موافق کافروں پر دنیوی عذاب آکر رہا تیرے رب کی یہ بات بھی ثابت شدہ حقیقت ہے کہ آخرت میں ان لوگوں کا ٹھکانا دوزخ ہوگا (تنبیہ) بعض نے "أَنَّهُمْ أَصْحَابُ النَّارِ" کو "لِأَنَّهُمْ" کے معنی میں لے کر یہ مطلب بیان کیا ہے کہ گذشتہ منکروں کی طرح موجودہ منکروں پر بھی اللہ کی بات چکی ہے کیونکہ یہ بھی اصحاب النار میں سے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

الَّذِينَ يَحْمِلُونَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهُ

جو لوگ اُٹھا رہے ہیں عرش کو اور جو اُس کے گرد ہیں

besturdubooks.wordpress.com

يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ

پاکی بولتے ہیں اپنے رب کی خوبیاں اور اُس پر یقین رکھتے ہیں

وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اور گناہ بخشواتے ہیں ایمان والوں کے☆

مومنین کا شرف

☆ پہلی آیات میں مجرمین ومنکرین کا حال زبوں بیان ہوا تھا یہاں ان کے مقابل مومنین تائبین کا فضل وشرف بیان کرتے ہیں۔ یعنی عرش عظیم کو اٹھانے والے اور اسکے گرد طواف کرنے والے بے شمار فرشتے جن کی غذا صرف حق تعالیٰ کی تسبیح وتحمید اور مقربین بارگاہ ہونے کی وجہ سے اعلیٰ درجہ کا ایمان ویقین رکھتے ہیں وہ اپنے پروردگار کے آگے مومنین کے لئے استغفار کرتے ہیں سبحان اللہ اس عزت افزائی اور شرف واحترام کا کیا ٹھکانا ہے کہ فرش خاک پر رہنے والے مومنین سے جو خطائیں اور لغزشیں ہو گئیں ملائکہ کروبین بارگاہ احدیت میں ان کے لئے غائبانہ معافی چاہیں اور جن کی شان میں وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ آیا ہے تو حق تعالیٰ کی طرف سے اس کام پر مامور ہوں گے۔ (تفسیر عثمانی)

عرش کے حامل فرشتے: علامہ آلوسیؒ فرماتے ہیں کہ حاملین عرش فرشتوں اور ان کے گرد ملائکہ کو کروبین کہا جاتا ہے بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ عرش کے حاملین چار فرشتے ہیں۔ ایسے فرشتے جن کی عظمت کا ہم تصور بھی نہیں کر سکتے اگر ایک ستارہ زمین کی سطح سے لاکھوں گنا زائد ہو سکتا ہے تو کیا تعجب ہے کہ فرشتوں کی عظمت ایسی ہو کہ وہ عرش خداوندی کے حامل بن جائیں۔ اس روایت سے حاملین عرش کا عدد چار معلوم ہوا لیکن قرآن کریم کی آیتہ وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ بتاتی ہے کہ قیامت کے روز عرش کے اٹھانے والے فرشتے آٹھ ہوں گے تو بظاہر یومئذ کی قید اس پر دلالت کرتی ہے کہ قیامت کے روز ان کی تعداد چار سے بڑھ کر آٹھ ہو جائے گی۔

شہر بن حوشبؒ بیان کرتے ہیں ان آٹھ حاملین عرش میں سے چار کی تسبیح تو یہ ہوتی ہے۔ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وبحمدك لك الحمد عَلٰى حلمك بعد علمك اے اللہ تیری پاکی ہے حمد وثنا کے ساتھ اور تیرے ہی واسطے حمد ہے تیرے اس حلم پر جو تیرے علم کے بعد ہے۔ اور چار کی تسبیح اس طرح ہوتی ہے۔ سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ لك الحمد عَلٰى عفوك بعد قدرتك یعنی تیری حمد وثنا ہے تیرے درگزر پر باوجود تیری قدرت کے۔ (معارف کاندھلوی)

من حولہٗ یعنی عرش کا طواف کرنے والے۔ حاملین عرش اور طوافین عرش تمام ملائکہ کے سردار ہیں انہیں کو کروبی کہا جاتا ہے۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا حاملین عرش کے ٹخنوں سے زیر قدم (یعنی تلوے) تک پانچ سو سال کی مسافت (کے بقدر فاصلہ) ہے۔ یہ بھی روایت میں آیا ہے کہ ان کے قدم زمینوں کی انتہائی حد تک قائم ہیں اور آسمان ان کی کمر تک آتے ہیں۔ (یعنی ان کا نصف اعلیٰ آسمانوں سے پار ہے) اور وہ (ہر وقت) کہتے ہیں۔ سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ سُبْحَانَ الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ میسرہ بن عبدویہ نے کہا ان کے قدم سب سے نچلی زمین میں ہیں اور ان کے سر عرش کو پھاڑ رہے ہیں (یعنی عرش کے اوپر ہیں) اور سب خشوع کی حالت میں ہیں نگاہ اوپر نہیں اٹھاتے اور ساتویں آسمان والوں سے زیادہ (اللہ کی ہیبت و جلال سے) خوف زدہ ہیں اور ساتویں آسمان والے چھٹے آسمان والوں سے زیادہ ترساں ہیں اور چھٹے آسمان والے اپنے (نیچے) متصل آسمان والوں کے مقابلہ میں زیادہ خائف ہیں۔ مجاہد نے کہا ملائکہ اور عرش کے درمیان نور کے ستر پردے ہیں۔ محمد بن منکدر نے حضرت جابرؓ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے اجازت دی گئی ہے کہ حاملین عرش میں سے (کسی) ایک فرشتہ کی (کچھ) حالت بیان کروں اس کے کان کی لو سے کاندھے تک سات سو برس کی راہ کے برابر فاصلہ ہے۔ رواہ ابوداؤد والضیاء بسند صحیح۔

حضرت جعفر بن محمد نے اپنے والد کے حوالہ سے دادا کا قول نقل کیا ہے کہ عرش کے پایوں میں سے ایک پائے کی دوسرے پائے سے مسافت اتنی ہے جتنی تیز اڑان والے پرندے کی تین ہزار برس کی راہ طیران' عرش کے روزانہ ستر ہزار رنگ کے نور کے لباس پہنائے جاتے ہیں وہ نور ایسا ہے کہ کوئی مخلوق اس کی طرف نہیں دیکھ سکتی۔ اللہ نے تمام مخلوق کو عرش کے اندر ایسا پیدا کیا ہے جیسے بیابان میدان کے اندر کوئی چھلا پڑا ہو۔ مجاہد نے کہا ساتویں آسمان اور عرش کے درمیان ستر ہزار حجاب (ترتیب وار) ہیں ایک نور کا حجاب پھر تاریکی کا حجاب پھر نور کا حجاب پھر تاریکی کا حجاب۔ وہب بن منبہ نے کہا عرش کے گرد فرشتوں کی ستر ہزار قطاریں ہیں قطار در قطار۔ قطار کے پیچھے قطار۔ سب عرش کا طواف کر رہے ہیں۔ کبھی یہ سامنے آتے ہیں کبھی وہ آتے ہیں جب ایک دوسرے کے سامنے آتا ہے تو ایک لا الٰه الا الله کہتا ہے اور دوسرا ''الله اكبر'' کہتا ہے۔ ان سے پچھلی صف والوں کو جب اگلی صف والوں کی تہلیل وتکبیر کی آواز سنائی دیتی ہے تو وہ بلند آواز سے کہتے ہیں۔ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ مَا اَعْظَمَكَ وَاَجَلَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ غَيْرُكَ اَنْتَ الْاَكْبَرُ الْخَلْقُ كُلُّهُمْ رَاجِعُوْنَ اِلَيْكَ ملائکہ صف بستہ کھڑے ہیں ان کے ہاتھ گردنوں کی طرف ہیں اور کاندھوں پر رکھے

besturdubooks.wordpress.com

ہوئے ہیں۔ ان کی بھی ستر ہزار قطاریں ہیں ان سے پیچھے ملائکہ کی ایک لاکھ قطاریں ہیں جو دست بستہ ہیں بائیں ہاتھ پر دایاں ہاتھ رکھے ہوئے ہیں اور ہر ایک تسبیح وتحمید میں مشغول ہے ان میں سے ہر فرشتے کے دونوں بازوؤں کے درمیان تین سو برس کی راہ کے بقدر دوری ہے اور کان کی لو سے کاندھے تک چار سو برس کی مسافت کے برابر فاصلہ ہے جو ملائکہ عرش کے گرداگرد ہیں ان کے اور اللہ کے درمیان ستر حجاب آگ کے ستر حجاب تاریکی کے ستر حجاب نور کے ستر حجاب سفید موتی کے ستر حجاب یاقوت سرخ کے ستر حجاب زمرد سبز کے ستر حجاب برف ہی کے ستر حجاب پانی کے اور ستر حجاب اولوں کے حائل ہیں اور کچھ ایسی چیزیں حائل ہیں جن کو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا حاملین عرش اور حوالی عرش والوں کی صورتیں مختلف ہیں۔ کسی کا چہرہ بیل کا کسی کا شیر کا کسی کا گدھ کا اور کسی کا آدمی کے جیسا ہے ہر ایک کے چار بازو ہیں دو پنکھ تو چہرے پر اس ڈر سے رکھے ہوئے ہیں کہ عرش کی طرف نگاہ نہ اٹھ جائے اور وہ بیہوش ہو جائے دو بازو نیچے کی طرف (عاجزی کی وجہ سے) گرائے ہوئے ہیں اور سوا تسبیح وتحمید تکبیر اور تمجید کے ان کا کوئی کلام نہیں۔ (تفسیر مظہری)

عرش کی بناوٹ: بہت سے علماء کے نزدیک عرش رحمٰن ایک یاقوت سُرخ سے بنا ہے جس کا قطر اتنا بڑا ہے کہ وہ پچاس ہزار سال کی مسافت ہے۔ اسی طرح اُس کا ارتفاع ساتویں زمین سے پچاس ہزار سال کی مسافت تک ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَیُؤْمِنُوْنَ بِهٖ یعنی وہ دل سے مانتے ہیں کہ اللہ ہمیشہ سے موجود ہے اور ہمیشہ رہے گا تمام چیزوں کا خالق ہے ایک ہے بے نیاز ہے نہ کسی کا باپ ہے نہ بیٹا اس کا کوئی ہمسر نہیں۔

فرشتوں کی فضیلت: اللہ نے ملائکہ کی فضیلت اور عظمت کے اظہار کے لئے ان کے مومن ہونے کی صراحت کی اور اس طرف اشارہ کیا کہ بندگی عاجزی اور ایمان بالغیب کے لحاظ سے فرشتے بھی دوسری مخلوق کی طرح ہیں وہ یقین رکھتے ہیں کہ اللہ کی کوئی اولاد نہیں اس لئے کافروں کا یہ عقیدہ صحیح نہیں کہ ملائکہ اللہ کی بیٹیاں ہیں اس سے فرقہ مجسمہ کے قول کی بھی تردید ہوگئی جو اللہ کا جسم قرار دیتے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

غائبانہ دعاء: صحیح مسلم شریف میں ہے کہ جب مسلمان اپنے بھائی مسلمان کے لئے اس کی غیر حاضری میں دعا کرتا ہے تو فرشتہ اس کی دعا پر آمین کہتا ہے اور اس کے لئے دعا کرتا ہے کہ خدا تجھے بھی یہی دے جو تو اس مسلمان کے لئے خدا سے مانگ رہا ہے۔

امیہ بن ابی الصلت کے اشعار: مسند احمد میں ہے کہ امیہ بن ابی الصلت کے بعض اشعار کی رسول اللہ نے تصدیق کی جیسے یہ شعر ہے ۔

زُحَلٌ وَثَوْرٌ تَحْتَ رِجْلِ یَمِیْنِهٖ — وَالنَّسْرُ لِلْاُخْرٰی وَلَیْثٌ مُرْصَدٗ

یعنی حاملانِ عرش چار فرشتے ہیں دو ایک طرف دو دوسری طرف۔ آپ نے فرمایا سچ ہے۔ پھر اس نے کہا۔

وَالشَّمْسُ تَطْلُعُ کُلَّ اٰخِرِ لَیْلَةٍ — حَمْرَآءَ یُصْبِحُ لَوْنُهَا یَتَوَرَّدُ

تَاْبٰی فَمَا تَطْلُعُ لَنَا فِیْ رِسْلِهَا — اِلَّا مُعَذَّبَةً وَّاِلَّا تُجْلَدُ

یعنی سورج سرخ رنگ طلوع ہوتا ہے پھر گلابی ہو جاتا ہے اپنی ہیئت میں بھی صاف ظاہر نہیں ہوتا بلکہ روکھا پھیکا ہی رہتا ہے۔ آپ نے فرمایا سچ ہے۔ اس کی سند بہت پختہ ہے۔ اور اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اس وقت حاملانِ عرش چار فرشتے ہیں ہاں قیامت کے دن عرش کو آٹھ فرشتے اٹھائیں گے جیسے قرآن مجید میں ہے وَیَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّکَ فَوْقَهُمْ یَوْمَئِذٍ ثَمٰنِیَةٌ۔

رَبَّنَا وَسِعْتَ کُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا

اے پروردگار ہمارے ہر چیز سمائی ہوئی ہے تیری بخشش اور خبر میں

فَاغْفِرْ لِلَّذِیْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِیْلَکَ

سو معاف کر ان کو جو توبہ کریں اور چلیں تیری راہ پر

وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِیْمِ ﴿۷﴾

اور بچا ان کو آگ کے عذاب سے☆

رحمت وبخشش ☆یہ فرشتوں کے استغفار کی صورت بتلائی یعنی بارگاہ احدیت میں یوں عرض کرتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار آپ کا علم اور رحمت ہر چیز کو محیط ہے۔ پس جو کوئی تیرے علم محیط میں برائیوں کو چھوڑ کر سچے دل سے تیری طرف رجوع ہوا اور تیرے راستہ پر چلنے کی کوشش کرتا ہوا گر اس سے بمقتضائے بشریت کچھ کمزوریاں اور خطائیں سرزد ہو جائیں۔ آپ اپنے فضل ورحمت سے اس کو معاف فرما دیں۔ نہ دنیا میں ان پر داروگیر ہو اور نہ دوزخ کا منہ دیکھنا پڑے۔ باقی جو مسلمان توبہ وانابت کی راہ اختیار نہ کرے اس کا یہاں ذکر نہیں آیت ہذا اس کی طرف سے ساکت ہے۔ بظاہر حاملین عرش ان کے حق میں دعا نہیں کرتے اللہ کا ان کے ساتھ کیا معاملہ ہوگا؟ یہ دوسری نصوص سے طے کرنا چاہئے۔ (تفسیر عثمانی)

رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ نِ الَّتِیْ

اے رب ہمارے اور داخل کر ان کو سدا بسنے کے باغوں میں جن کا

وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ

وعدہ کیا تو نے ان سے اور جو کوئی نیک ہو ان کے باپوں میں

besturdubooks.wordpress.com

وَ اَزْوَاجِهِمْ وَ ذُرِّيّٰتِهِمْ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ

اور عورتوں میں اور اولاد میں بیشک تو ہی ہے

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۙ﴿۸﴾

زبردست حکمت والا☆

عزیز واقارب کی وجہ سے نجات

☆یعنی اگرچہ بہشت ہر کسی کو اپنے عمل سے ملتی ہے (جیسا کہ یہاں بھی ومن صلح کی قید سے ظاہر ہے) بدون اپنے ایمان وصلاح کے بیوی، بیٹا اور ماں باپ کام نہیں آتے لیکن تیری حکمتیں ایسی بھی ہیں کہ ایک کے سبب سے کتنوں کو ان کے عمل سے زیادہ اعلیٰ درجہ پر پہنچادے۔ کما قال تعالیٰ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ (طور۔رکوع ۱) اور گہری نظر سے دیکھا جائے تو حقیقت میں وہ بھی ان ہی کے کسی عمل قلبی کا بدلہ ہو مثلاً وہ آرزو رکھتے ہوں کہ ہم بھی اسی مرد صالح کی چال چلیں۔ یہ نیت اور نیکی کی حرص اللہ کے ہاں مقبول ہو جائے یا اس مرد صالح کے اکرام ومدارات ہی کی ایک صورت یہ ہو کہ اسکے ماں باپ اور بیوی بچے بھی اسکے درجہ میں رکھے جائیں۔ (تفسیر عثمانی)

عزیز واقارب کی وجہ سے نجات

امام بغویؒ نے سعید بن جبیرؒ سے ایک روایت تخریج کی ہے بیان کرتے ہیں جس وقت ان مومنین کو جنت میں داخل کر دیا جائے گا جو اعزاز واکرام سے اپنے باغات ومحلات میں پہنچا دیئے جائیں گے تو ان مومنین میں سے بعض کہیں گے کہاں ہے میرا باپ' کہاں ہے میری ماں' کہاں ہے میرا بیٹا' کہاں ہے میری بیوی یا میرا خاوند تو جواب دیا جائے گا۔ ان کا عمل تو تیرے عمل جیسا نہیں ہے یعنی وہ اپنے اعمال کے لحاظ سے اس رتبہ کے نہیں ہیں تو یہ مومن کہے گا اے پروردگار میں جو عمل کرتا تھا وہ اپنے واسطے اور ان کے واسطے بھی کیا کرتا تھا۔ اس پر اعلان ہوگا کہ اچھا ان لوگوں کو بھی اسی مومن کے ساتھ لاحق کر دو۔ اس مضمون کو بیان کر کے سعید بن جبیرؒ یہ آیت تلاوت فرمایا کرتے۔ رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ الخ یہی وہ مضمون ہے جو آیت مبارکہ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ میں ذکر فرمایا گیا۔ (معارف کاندھلوی)

وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ؕ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ

اور بچا ان کو برائیوں سے اور جس کو تو بچائے برائیوں سے

يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ

اس دن اس پر مہربانی کی تو نے اور یہ جو ہے یہی ہے بڑی

الْعَظِيْمُ ﴿۹﴾

مراد پانی☆

برائی سے حفاظت اللہ کا فضل ہے

یعنی محشر میں ان کو کوئی برائی (مثلاً گھبراہٹ اور پریشانی وغیرہ) لاحق نہ ہو اور یہ عظیم الشان کامیابی صرف تیری خاص مہربانی ہی سے حاصل ہو سکتی ہے۔ بعض مفسرین نے سیئات سے اعمال سیۂ مراد لئے ہیں یعنی آگے کو انہیں برے کاموں سے محفوظ فرمادے اور ان کی خواہش کر دے کہ برائی کی طرف نہ جائیں۔ ظاہر ہے کہ جو آج یہاں برائی سے بچ گیا اس پر تیرا فضل ہو گیا۔ وہ ہی آخرت میں اعلیٰ کامیابی حاصل کرے گا۔ اس تفسیر پر يَوْمَئِذٍ کا ترجمہ بجائے ''اُس دن'' کے ''اِس دن'' ہونا چاہئے۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں ''یعنی تیری مہر ہی ہو کہ برائیوں سے بچے۔ اپنے عمل سے کوئی نہیں بچ سکتا۔ تھوڑی بہت برائی سے کون خالی ہے۔'' یہ الفاظ دونوں تفسیروں پر چسپاں ہو سکتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنَادَوْنَ لَمَقْتُ

جو لوگ منکر ہیں انکو پکار کر کہیں گے اللہ بیزار

اللّٰهِ اَكْبَرُ مِنْ مَّقْتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ اِذْ

ہوتا تھا زیادہ اس سے جو تم بیزار ہوئے ہو اپنے جی سے جس وقت

تُدْعَوْنَ اِلَى الْاِيْمَانِ فَتَكْفُرُوْنَ ﴿۱۰﴾

تم کو بلاتے تھے یقین لانے کو پھر تم منکر ہوتے تھے☆

کفر کی سزا☆ یہ قیامت کے دن کہیں گے۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں ''یعنی آج تم اپنے (نفس سے بیزار ہو اور) اپنے جی کو پھٹکارتے ہو دنیا میں جب کفر کرتے تھے (اسوقت) اللہ اس سے زیادہ تم کو پھٹکارتا تھا (اور تمہاری حرکات سے بیزار تھا) اسی کا بدلہ آج پاؤ گے اور بعض مفسرین نے ''مقتین'' کا زمانہ ایک مراد لے کر یوں معنیٰ کئے ہیں کہ تم کو دنیا میں بار بار ایمان کی

besturdubooks.wordpress.com

طرف بلایا جاتا تھا اور تم بار بار کفر کرتے تھے۔ آج اس کی سزا بھگتنے کے وقت جس قدر تم اپنی جانوں سے بیزار ہو رہے ہو اللہ تعالیٰ اس سے زیادہ تم سے بیزار ہے۔ (تفسیر عثمانی)

قَالُوْا رَبَّنَآ اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَاَحْيَيْتَنَا
بولیں گے اے رب ہمارے تو موت دے چکا ہم کو دوبارہ اور زندگی دے چکا
اثْنَتَيْنِ
دوبار☆

دو موتیں دو حیاتیں:

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ پہلے مٹی تھے یا نطفہ تو مردے ہی تھے پھر جان پڑی تو زندہ ہوئے پھر مرے پھر زندہ کر کے اٹھائے گئے۔ یہ ہیں دو موتیں اور دو حیاتیں۔ کما قال تعالیٰ کَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ (بقرہ۔ رکوع ۳) وقیل غیر ذلک والاظہر ہو ہذا۔ (تفسیر عثمانی)

فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا
اب ہم قائل ہوئے اپنے گناہوں کے☆

اعتراف جرم ☆ یعنی انکار کیا کرتے تھے کہ مرنے کے بعد پھر جینا نہیں نہ حساب کتاب ہے نہ کوئی اور قصہ اسی لئے گناہوں اور شرارتوں پر جری ہوتے تھے۔ اب دیکھ لیا کہ جس طرح پہلی موت کے بعد آپ نے ہم کو زندہ کیا اور عدم سے نکال کر وجود عطا فرمایا دوسری موت کے بعد بھی پیغمبروں کے ارشاد کے موافق دوبارہ زندگی بخشی۔ آج بعث بعد الموت کے وہ سب مناظر جن کا ہم انکار کیا کرتے تھے سامنے ہیں اور بجز اس کے چارہ نہیں کہ ہم اپنی غلطیوں اور خطاؤں کا اعتراف کریں۔ (تفسیر عثمانی)

منکرین کا اقرار: فَاعْتَرَفْنَا۔ اس میں فٓ سببی ہے۔ جب وہ دوسری موت کے بعد دوسری زندگی کو آنکھوں سے دیکھ لیں گے تو اپنے گناہ اور خطا کا اقرار کرلیں گے اس طرح دونوں موتوں اور دونوں زندگیوں کا مجموعہ اعتراف کا سبب ہو جائے گا۔ (تفسیر مظہری)

فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿۱۱﴾
پھر اب بھی ہے نکلنے کو کوئی راہ ☆

حسرت ☆ یعنی افسوس اب تو بظاہر یہاں سے چھوٹ کر نکل بھاگنے کی کوئی راہ نظر نہیں آتی۔ ہاں آپ قادر ہیں کہ جہاں دو مرتبہ موت و حیات دے چکے ہیں، تیسری مرتبہ ہم کو پھر دنیا کی طرف واپس بھیج دیں تاکہ اس مرتبہ وہاں سے ہم خوب نیکیاں سمیٹ کر لائیں۔ (تفسیر عثمانی)

کافروں کی حسرت: خُرُوْجٍ۔ یعنی ایک بار نکلنے یا کسی طرح کی کوئی راہ ہے کہ ہم اس پر چلیں اور تیز یا آہستہ رفتار سے چل کر دنیا میں لوٹ جائیں۔ یہ سوال بمعنی تمنا ہوگا یعنی کاش ایسا ہو جاتا۔ (تفسیر مظہری)

ذٰلِكُمْ بِاَنَّهٗٓ اِذَا دُعِيَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ كَفَرْتُمْ
یہ تم پر اس واسطے ہے کہ جب کسی نے پکارا اللہ کو اکیلا تو تم منکر ہوتے
وَاِنْ يُّشْرَكْ بِهٖ تُؤْمِنُوْا فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ
اور جب اُسکے ساتھ پکارتے شریک کو تو تم یقین لانے لگتے اب حکم وہی جو کرے اللہ
الْعَلِيِّ الْكَبِيْرِ ﴿۱۲﴾
سب سے اُوپر بڑا☆

یعنی بے شک اب دنیا کی طرف واپس کئے جانے کی کوئی صورت نہیں اب تو تم کو اپنے اعمال سابقہ کا خمیازہ بھگتنا ہے۔ تمہارے متعلق ہلاکت ابدی کا یہ فیصلہ اس لئے ہوا ہے کہ تم نے اکیلے سچے خدا کی پکار پر بھی کان نہ دھرا ہمیشہ اس کا یا اس کی وحدانیت کا انکار ہی کرتے رہے۔ ہاں کسی جھوٹے خدا کی طرف بلائے گئے تو فوراً امنا و صدقنا کہہ کر اسکے پیچھے ہو لئے۔ اس سے تمہاری خو و طبیعت کی افتاد کا اندازہ ہو سکتا ہے کہ اگر ہزار مرتبہ بھی واپس کیا جائے پھر وہ ہی کفر و شرک کما کر لاؤ گے۔ بس آج تمہارے جرم کی ٹھیک سزا یہی حبس دوام ہے جو اس بڑے زبردست خدا کی عدالت عالیہ سے جاری کی گئی جس کا کہیں آگے مرافعہ (اپیل) نہیں۔ اس سے چھوٹنے کی تمنا عبث ہے۔ (تفسیر عثمانی)

اِذَا دُعِيَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ یعنی جب لا الٰہ الا اللہ کہا جاتا تھا تو تم نہیں مانتے تھے اور کہتے تھے اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا کیا اس نے سب معبودوں کو ایک معبود بنا دیا۔

تُؤْمِنُوْا یعنی شرک کو مانتے تھے۔

فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ یعنی آج یہ حکم صرف اللہ کا ہے جو تنہا مستحق عبادت ہے اور شرک سے پاک ہے اسی نے تمہارے کفر کی وجہ سے تم کو دوامی شدید عذاب میں ماخوذ کیا ہے اگر تمہارا اور کوئی معبود اللہ کا شریک ہوتا تو آج تم کو اس عذاب سے بچا لیتا اور تم کو آگ سے نکلنے کا موقع مل جاتا ہے۔

الْعَلِيِّ الْكَبِيْرِ۔ یعنی اللہ عالی شان ہے اور ہر شرک سے بالا ہے کسی کو اس کے برابر نہیں قرار دیا جا سکتا۔ (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

هُوَ الَّذِیْ یُرِیْكُمْ اٰیٰتِهٖ وَ یُنَزِّلُ لَكُمْ
وہی ہے تم کو دکھلاتا اپنی نشانیاں اور اُتارتا ہے تمہارے
مِّنَ السَّمَآءِ رِزْقًا ؕ وَ مَا یَتَذَكَّرُ اِلَّا مَنْ
واسطے آسمان سے روزی اور سوچ وہی کرے
یُّنِیْبُ ﴿۱۳﴾
جو رجوع رہتا ہو☆

عظمت ووحدانیت کی نشانی

☆یعنی اس کی عظمت ووحدانیت کی نشانیاں ہر چیز میں ظاہر ہیں۔ایک اپنی روزی ہی کے مسئلہ کو آدمی سمجھ لے جس کا سامان آسمان سے ہوتا رہتا ہے تو سب کچھ سمجھ میں آجائے لیکن جب ادھر رجوع ہی نہ ہو اور غور وفکر سے کام ہی نہ لے تو کیا خاک سمجھ حاصل ہوسکتی ہے۔(تفسیر عثمانی)

فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ وَ لَوْ
سو پکارو اللہ کو خالص کر کر اُسی واسطے بندگی اور پڑے
كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۴﴾
بُرا مانیں منکر☆

کافروں کی پرواہ نہ کرو

یعنی بندوں کو چاہئے کہ سمجھ سے کام لیں اور ایک خدا کی طرف رجوع ہو کر اسی کو پکاریں اس کی بندگی میں کسی کو شریک نہ کریں بے شک مخلص بندوں کے اس مؤحدانہ طرز عمل سے کافر ومشرک ناک بھوں چڑھائیں گے کہ سارے دیوتا اڑا کر صرف ایک ہی خدا رہنے دیا گیا مگر پکا مؤحد وہ ہی ہے جو مشرکین کے مجمع میں توحید کا نعرہ بلند کرے اور ان کے برا ماننے کی اصلاً پرواہ نہ کرے۔(تفسیر عثمانی)

فرض نماز کے بعد کی دعاء

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہر فرض نماز کے سلام کے بعد یہ پڑھتے تھے۔لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّآ اِیَّاهُ لَهُ النِّعْمَةُ وَلَهُ الْفَضْلُ وَلَهُ الثَّنَآءُ الْحَسَنُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ۔اور فرماتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی ہر نماز کے بعد انہیں پڑھا کرتے تھے۔

(مسند احمد) یہ حدیث مسلم ابوداؤد وغیرہ میں بھی ہے۔(تفسیر ابن کثیر)

رَفِیْعُ الدَّرَجٰتِ ذُو الْعَرْشِ ۚ یُلْقِی
وہی ہے اُونچے درجوں والا مالک عرش کا اتارتا ہے
الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰی مَنْ یَّشَآءُ مِنْ
بھید کی بات اپنے حکم سے جس پر چاہے اپنے
عِبَادِهٖ
بندوں میں☆

''بھید کی بات'' سے وحی مراد ہے جو اول انبیاء علیہم السلام پر اترتی ہے اور ان کے ذریعہ سے دوسرے بندوں کو پہنچ جاتی ہے چنانچہ قیامت تک اسی طرح پہنچتی رہے گی۔(تفسیر عثمانی)

ہر ضرورت کا کفیل اللہ تعالیٰ ہی ہے

مخلوق کی احتیاج مادی اور احتیاج روحانی ہر قسم کی احتیاج اسی کی بارگاہ عنایت سے پوری ہوتی ہے۔رزق کے ذریعہ مادی احتیاج پوری فرماتا ہے اور وحی نازل فرما کر روحانی احتیاج کو پورا فرماتا ہے تو اس پہلو کے لحاظ سے یُلْقِی الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰی مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ فرما کر نظام تشریع اور وحی الٰہی کو بیان فرما دیا گیا کہ جس طرح اللہ رب العزت رزق پیدا فرما کر مخلوق کو عام مادی حاجتیں پوری فرماتا ہے اسی طرح وحی نازل فرما کر بندوں کی روحانی حاجتیں بھی پوری کی جاتی ہیں۔تو اس ذات خداوندی کا ایسی بلند و بالا صفات سے متصف ہونا اور شان صمدیت (بے نیازی) اور اس امر کا کہ کل کائنات اس کی محتاج ہے۔مادی احتیاج کے لحاظ سے بھی اور روحانی احتیاج کے لحاظ سے بھی غرض یہ بہ امور اس کے مقتضی ہیں وہ یکتا ہے اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

روح سے مراد: روح سے مراد وحی الٰہی ہے جیسے آیت مبارکہ وَكَذٰلِكَ اَوْحَیْنَآ اِلَیْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا میں وحی کو روح کے عنوان سے تعبیر کیا گیا روح سے مراد بعض نے جبریل امین لیا ہے کیونکہ وہ روح القدس ہیں چنانچہ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِیْنُ عَلٰی قَلْبِكَ باذن اللہ میں حضرت جبرائیل امین کا بھی اترنا بیان کیا گیا۔(معارف کاندھلوی)

رَفِیْعُ الدَّرَجٰتِ کا معنی: درجات سے مراد بعض حضرات نے صفات قرار دیا ہے جس سے رفیع الدرجات کے معنی ہوئے۔رفیع الصفات یعنی اس کے صفات کمال سب سے زیادہ رفیع الشان ہیں۔ابن کثیر نے اسکو

besturdubooks.wordpress.com

اپنے ظاہر پر رکھ کر یہ معنی بیان کئے گئے کہ اس سے مراد رفعت عرش عظیم کا بیان ہے کہ وہ تمام زمینوں اور آسمان پر حاوی اور سب بمنزلہ چھت کے بلند ہے۔

اور بعض حضرات مفسرین نے کہا رَفِیْعُ الدَّرَجٰتِ بمعنی رَافِعُ الدَّرَجَات ہے یعنی اللہ تعالیٰ مومنین متقین کے درجات کو بلند فرمانے والا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

رَفِیْعُ الدَّرَجٰتِ یعنی اس کے درجات کمال بہت بلند ہیں کسی کا کمال اس کے کمال کے سامنے نمودار نہیں ہو سکتا۔ بعض اہل تفسیر نے اس فقرہ کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ وہ اپنے انبیاء اور اولیاء کے درجات قرب جنت کے اندر اونچا کرنے والا ہے سب کے درجات ترتیب کے ساتھ ہوں گے کوئی بہت اونچا کوئی اس کے قریب ذُوالْعَرْشِ یعنی عرش کا خالق اور مالک ہے۔ (تفسیر مظہری)

لِيُنْذِرَ يَوْمَ التَّلَاقِ ۙ

تاکہ وہ ڈرائے ملاقات کے دن سے ☆

یعنی جس دن تمام اولین و آخرین ملکر اللہ تعالیٰ کی پیشی میں حاضر ہوں گے اور ہر ایک شخص اپنے اچھے یا برے عمل سے ملاقات کرے گا۔ (تفسیر عثمانی)

ملاقات کا دن: حاکم ابن جریر ابن ابی حاتم اور ابن ابی الدنیا نے کتاب الاہوال میں حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے بیان کیا حضرت ابن عباسؓ نے آیت یَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ پڑھی پھر فرمایا قیامت کے دن ایک میدان میں اللہ (ساری) مخلوق کو جمع کرے گا۔ جن انسان چوپائے پرندے سب جمع ہوں گے پھر نچلا آسمان شق ہو جائے گا اور اس کے باشندے نیچے اتریں گے اور ان کی تعداد جن وانس سے زائد ہوگی اس طویل حدیث میں ساتوں آسمانوں کا شگافتہ ہونا اور ترتیب وار ہر آسمان کی مخلوق کا یکے بعد دیگرے نازل ہونا اور (پھر) اللہ کا جلوہ افروز ہونا بیان کیا اللہ کا جلوہ فرما ہونا متشابہات میں سے ہے (جس کی کیفیت ناقابل فہم اور خارج از بیان ہے) ہم نے اس کی تشریح سورۂ فرقان کی آیت یَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ اور سورۂ بقرہ کی آیت اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ کی تفسیر میں کر دی گئی ہے۔ (تفسیر مظہری)

يَوْمَ هُمْ بٰرِزُوْنَ ۚ

جس دن وہ لوگ نکل کھڑے ہوں گے ☆

☆ یعنی قبروں سے نکل کر ایک کھلے کف دست میدان میں حاضر ہوں گے جہاں کوئی آڑ پہاڑ حائل نہ ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

لَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْهُمْ شَيْءٌ ۭ

چھپی نہ رہے گی اللہ پر اُن کی کوئی چیز ☆

یعنی خوب سمجھ لو کہ اس حاکم اعلیٰ کے دربار میں حاضر ہونا ہے جس پر تمہاری کوئی حالت پوشیدہ نہیں۔ سب ظاہر و باطن احوال کھول کر رکھ دیئے جائیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ۭ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ۝

کس کا راج ہے اُس دن اللہ کا ہے جو اکیلا ہے دباؤ والا ☆

اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ ۭ

آج بدلہ ملے گا ہر جی کو جیسا اُس نے کمایا

لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝

بالکل ظلم نہیں آج بیشک اللہ جلد لینے والا ہے حساب

یعنی اس دن تمام وسائط و حجب اٹھ جائیں گے ظاہری اور مجازی رنگ میں بھی کسی کی بادشاہت نہ رہے گی۔ اسی اکیلے شہنشاہ مطلق کا راج ہوگا جس کے آگے ہر ایک طاقت دبی ہوئی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

منادی کی پکار: ابن ابوداؤد نے البعث میں حضرت ابوسعید کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک منادی کھلی ہوئی بلند آواز سے پکار کر کہے گا لوگو تم پر وہ گھڑی آ گئی اس ندا میں وہ آواز کو اتنا کھینچے گا کہ زندے مردے سب سن سکیں گے اور اللہ آسمان دنیا کی طرف نزول اجلال فرمائے گا پھر ایک منادی پکارے گا لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ۔

بیہقی نے حضرت انسؓ کی روایت سے ایک مرفوع حدیث آیت وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ کے ذیل میں نقل کی ہے جس میں آیا ہے کہ تین ملائکہ (بیہوش ہونے اور مرنے سے) مستثنیٰ رہیں گے جبرئیلؑ میکائیلؑ اور ملک الموتؑ پھر اللہ فرمائے گا (باوجودیکہ وہ خوب جانتا ہے پھر بھی پوچھے گا) موت کے فرشتے سے کون باقی رہا ملک الموت عرض کرے گا تیری ذات کریم اور تیرے بندے جبرائیلؑ اور میکائیلؑ اور ملک الموتؑ۔ اللہ فرمائے گا میکائیل کی جان قبض کر لے (ملک الموت میکائیل کی جان قبض کرے گا) پھر باوجود جاننے کے فرمائے گا ملک الموت اب کون باقی رہا۔ ملک الموت عرض کرے گا تیری ذات مبارک اور تیرا بندہ جبرئیل اور ملک الموت فرمان ہوگا جبرئیل کی جان بھی قبض کر لے (ملک الموت فوراً حکم کی تعمیل کرے گا) پھر اللہ باوجود جاننے کے پوچھے گا اب کون باقی رہا ملک الموت عرض کرے گا صرف تیری ذات مبارک اور موت کا فرشتہ اور وہ بھی مرنے والا ہے۔ حکم ہوگا مرجا (ملک الموت مرجائے گا) اس کے بعد اللہ ندا دے گا میں نے ہی شروع میں مخلوق کو پیدا کیا اور میں ہی دوبارہ پیدا کروں گا (آج) ظالم مغرور کہاں

besturdubooks.wordpress.com

ہیں پھر ندا دے گا لِمَنِ الْمُلْکُ الْیَوْمَ آج کس کی حکومت ہے جب کوئی جواب دینے والا نہ ہوگا تو خود ہی فرمائے گا لِلّٰہِ الْوَاحِدِ الْقَھَّارِ بس اللہ ہی کی حکومت ہے جو یکتا اور قہار ہے۔ اس کے بعد دوبارہ صور میں پھونک ماری جائے گی تو یکدم سب کھڑے ہو جائیں گے۔ (تفسیر مظہری)

سوال اور جواب: قرطبی نے بحوالہ نحاس ایک حدیث کے پیش کی ہے جو ابو وائل نے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت کی ہے وہ یہ کہ تمام آدمی ایک صاف زمین پر جمع کئے جائیں گے جس پر کسی نے کوئی گناہ نہیں کیا ہوگا۔ اس وقت ایک منادی کو حکم ہوگا جو یہ نداء کرے گا لِمَنِ الْمُلْکُ الْیَوْمَ یعنی آج کے دن ملک کس کا ہے۔ اس پر تمام مخلوقات مؤمنین و کافرین یہ جواب دیں گے کہ لِلّٰہِ الْوَاحِدِ الْقَھَّارِ. مومن تو اپنے اعتقاد کے مطابق خوشی و تلذذ کی صورت میں کہیں گے اور کافر مجبور و عاجز ہونے کی بنا پر رنج و غم کے ساتھ اس کا اقرار کریں گے۔ (معارف مفتی اعظم)

جبار و متکبر کہاں ہیں: عبداللہ بن عمر کی حدیث میں یہ مضمون اس طرح ذکر فرمایا گیا کہ اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمینوں کو اپنے دست قدرت میں لپیٹ لے گا اور پھر فرمائے گا۔ این الجبارون این المتکبرون ابن الملوک کہ کہاں ہیں بادشاہ کہاں ہیں بڑے زور و طاقت والے۔ کہاں ہیں بڑے غرور و نخوت والے۔ ہر طرف سے سکون ہوگا۔ خود ہی ارشاد فرمائیں گے۔ انا الملک انا الجبار بس میں ہی ہوں بادشاہ میں ہی زور و طاقت والا میں ہی ہوں لڑائی والا۔ (معارف کاندھلوی)

اَلْیَوْمَ یعنی اس روز جب کہ مجازی حکومت بھی کسی کی نہ ہوگی اور ظاہری حکومت بھی اللہ ہی کی ہوگی۔ لاظلم الیوم اس روز کسی کی حق تلفی نہ ہوگی یعنی نہ کسی کے ثواب میں کمی کی جائے گی نہ عذاب میں زیادتی جیسا اللہ نے عدہ کیا ہے اس کے مطابق بدلہ دیا جائے گا کیونکہ اس وقت حکومت صرف اللہ کی ہوگی اور اللہ کی حکومت میں ظلم کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ ظلم کا تصور تو وہاں کیا جا سکتا ہے جو مالک کی اذن کے بغیر اس کی مملوک میں کیا جائے اللہ تو سب کا مالک ہے جو تصرف کرتا ہے اپنی ملک میں کرتا ہے۔

آدھے دن میں سب کا حساب:

اِنَّ اللّٰہَ سَرِیْعُ الْحِسَابِ۔ بیشک اللہ بہت جلد حساب لینے والا ہے۔
یعنی اس کی مشیت یہ ہے کہ سب لوگوں کا حساب اس دنیا کے نصف یوم کی برابر مدت میں کر دیگا اگرچہ وہ ایک آن میں بھی سب کا حساب کرنے کی قدرت رکھتا ہے۔ کیونکہ اس کو کسی عمل میں ایسی مشغولیت ہی نہیں ہوتی جو دوسرا کام کرنے میں رکاوٹ پیدا کر دے۔

وَاَنْذِرْھُمْ یَوْمَ الْاٰزِفَۃِ اِذِ الْقُلُوْبُ
اور خبر سنا دے اُنکو اُس نزدیک آنے والے دن کی جس وقت دل

لَدَی الْحَنَاجِرِ کٰظِمِیْنَ ۥ
پہنچیں گے گلوں کو تو وہ دبا رہے ہونگے ☆

قیامت کی دہشت

☆ یعنی خوف اور گھبراہٹ سے دل دھڑک کر گلوں تک پہنچ رہے ہوں گے اور لوگ دونوں ہاتھوں سے ان کو پکڑ کر دبائیں گے کہ کہیں سانس کے ساتھ باہر نہ نکل پڑیں۔ (تفسیر عثمانی)

لَدَی الْحَنَاجِرِ یعنی دل اپنی جگہ چھوڑ دینگے اور اچھل کر گلے میں آ پھنسیں گے نہ نیچے اتریں گے کہ چین آ جائے نہ باہر ہی نکل پائیں گے کہ موت ہی آ جائے۔

کٰظِمِیْنَ بے چین خوف و غم سے بھرے ہوئے کظم کا معنی ہے غصہ خوف اور غم کی دل میں آمد و رفت جو قابل برداشت نہ ہو۔ (تفسیر مظہری)

مَا لِلظّٰلِمِیْنَ مِنْ حَمِیْمٍ وَّلَا شَفِیْعٍ
کوئی نہیں گنہگاروں کا دوست اور نہ سفارشی کہ
یُّطَاعُ ؕ ۱۸
جسکی بات مانی جائے ☆

سفارش ☆ یعنی ایسا کوئی سفارشی نہیں ہوگا جس کی بات ضرور ہی مانی جائے سفارش وہ ہی کر سکے گا جس کو اجازت ہو اور اسی کے حق میں کرے گا جس کے لئے پسند ہو۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی کوئی سفارشی ہی نہیں ہوگا۔ اس صورت میں صفت (یعنی یطاع) کا کوئی مفہوم نہیں ہے یا یہ کہا جائے کہ یطاع کا لفظ کافروں کے مسلمہ کی بنا پر ذکر کیا گیا ہے۔ بت پرستوں کا خیال تھا کہ ہمارے معبود ہماری سفارش کریں گے اس صورت میں یہ مطلب ہوگا کہ بالفرض اگر کافروں کا کوئی سفارشی ہوگا بھی تو اس کی سفارش قبول نہیں کی جائے گی۔ (تفسیر مظہری)

یَعْلَمُ خَآئِنَۃَ الْاَعْیُنِ وَمَا تُخْفِی
وہ جانتا ہے چوری کی نگاہ اور جو کچھ چھپا ہوا ہے
الصُّدُوْرُ ۱۹ وَاللّٰہُ یَقْضِیْ بِالْحَقِّ ؕ
سینوں میں اور اللہ فیصلہ کرتا ہے انصاف سے ☆

آنکھ کی خیانت ☆ یعنی مخلوق سے نظر بچا کر چوری چھپے سے کسی پر نگاہ ڈالی یا کن انکھیوں سے دیکھا یا دل میں کچھ نیت کی یا کسی بات کا ارادہ یا خیال آیا۔

besturdubooks.wordpress.com

ان میں سے ہر چیز کو اللہ جانتا ہے اور فیصلہ انصاف سے کرتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا
اور جن کو پکارتے ہیں اُس کے سوائے نہیں
يَقْضُوْنَ بِشَيْءٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ
فیصلہ کرتے کچھ بھی بیشک اللہ جو ہے
السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ۝
وہی ہے سُننے والا دیکھنے والا ☆

فیصلہ کا اختیار ☆ یعنی فیصلہ کرنا اسی کا کام ہوسکتا ہے جو سننے اور جاننے والا ہو۔ بھلا یہ پتھر کی بے جان مورتیں جنہیں تم خدا کہہ کر پکارتے ہو کیا خاک فیصلہ کریں گی پھر جو فیصلہ بھی نہ کر سکے وہ خدا کس طرح ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ کیونکہ اللہ ہی بلا شبہ سب کچھ سننے والا (اور) سب کچھ دیکھنے والا ہے۔ اس جملہ سے خیانت نگاہ کے علم اور قضا بالحق کی تائید ہو رہی ہے اور کافروں کے لئے ان کے قول وفعل پر عذاب کی (در پردہ) وعید بھی ہے اور جو لوگ اللہ کے سوا دوسروں کو پکارتے ہیں ان پر تعریض بھی ہے کہ وہ ایسی چیزوں کو پکارتے ہیں جو نہ دیکھتی ہیں نہ سنتی ہیں۔ (تفسیر مظہری)

اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا
کیا وہ پھرے نہیں ملک میں کہ دیکھتے
كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ كَانُوْا مِنْ
انجام کیسا ہوا اُن کا جو تھے اُن سے
قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْا هُمْ اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً
پہلے وہ تھے اُن سے سخت زور میں
وَّاٰثَارًا فِي الْاَرْضِ
اور نشانیوں میں جو چھوڑ گئے زمین میں ☆

☆ یعنی بڑے مضبوط قلعے عالی شان عمارتیں اور مختلف قسم کی یادگاریں۔ (تفسیر عثمانی)

فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ۭ وَمَا كَانَ لَهُمْ
پھر اُن کو پکڑا اللہ نے اُنکے گناہوں پر اور نہ ہوا اُن کو

مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ
اللہ سے کوئی بچانے والا ☆

یعنی جب دنیا کے عذاب سے کوئی نہ بچا سکا، آخرت میں کون بچا لے گا۔ (تفسیر عثمانی)

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ
یہ اس لئے کہ ان کے پاس آتے تھے اُن کے رسول
بِالْبَيِّنٰتِ فَكَفَرُوْا فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ
کھلی نشانیاں لے کر پھر منکر ہو گئے تو اُن کو پکڑا اللہ نے
اِنَّهٗ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝
بیشک وہ زور آور ہے سخت عذاب دینے والا ☆

اللہ کا پیغمبر غالب ہوگا

یعنی تم بھی ان کی طرح رسول کی تکذیب کر کے فلاح نہیں پا سکتے آخر رسوا اور ہلاک ہو گے اور خداوند قدوس اپنے زور وقوت سے پیغمبر کو غالب ومنصور فرمائے گا۔ اسی مناسبت سے آگے موسیٰ اور فرعون کا قصہ بیان کرتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ
اور ہم نے بھیجا موسیٰ کو اپنی نشانیاں دیکر اور کھلی
مُّبِيْنٍ
سند ☆

معجزات موسوی ☆ "نشانیوں" سے معجزات اور "کھلی سند" سے شاید ان میں کے مخصوص وممتاز معجزات مراد ہوں یا "کھلی سند" معجزات کے سوا دوسری قسم کے دلائل و براہین کو فرمایا یا "آیات" سے تعلیمات واحکام اور "سلطان مبین" سے معجزات مراد لئے جائیں یا "سلطان مبین" اس قوت قدسیہ اور مخصوص تائید ربانی کا نام ہو جس کے آثار پیغمبروں میں ہر دیکھنے والے کو نمایاں طور پر نظر آیا کرتے ہیں۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

اِلٰى فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَقَارُوْنَ
فرعون اور ہامان اور قارون کے پاس ☆

besturdubooks.wordpress.com

فرعون و قارون ☆ ہامان وزیر تھا فرعون کا اور قارون بنی اسرائیل میں سب سے بڑا مالدار اور تاجر تھا جو موسیٰ علیہ السلام کے خلاف فرعون کی مرضی پر چلتا تھا۔ پہلے اسکا قصہ گزر چکا۔ (تفسیر عثمانی)

فَقَالُوا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ﴿۲۴﴾
پھر کہنے لگے یہ جادوگر ہے جھوٹا ☆

☆ یعنی جادوگر ہے معجزات دکھانے میں اور جھوٹا ہے دعوئے رسالت میں۔ یہ بعض نے کہا ہوگا اور دوسروں نے اسکی تصدیق کی ہوگی۔ (تفسیر عثمانی)

فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِنَا
پھر جب پہنچا اُنکے پاس لیکر سچی بات ہمارے پاس سے
قَالُوا اقْتُلُوٓا اَبْنَآءَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ
بولے مار ڈالو بیٹے اُن کے جو یقین لائے ہیں اُسکے ساتھ
وَاسْتَحْيُوْا نِسَآءَهُمْ ؕ
اور جیتی رکھو اُن کی عورتیں ☆

فرعون کی دہشت گردی

☆ یہ حکم اب دوسری مرتبہ موسیٰ علیہ السلام کی تشریف آوری کے بعد دیا تا کہ بنی اسرائیل کی تذلیل وتوہین کریں، ان کی تعداد گھٹائیں اور ان کے دلوں میں یہ خیال جما دیں کہ یہ سب مصیبت ان پر موسیٰ علیہ السلام کی بدولت آئی ہے۔ یہ خیال کر کے لوگ ان کا ساتھ چھوڑ دیں گے اور دہشت انگیزی کی پالیسی کامیاب ہو جائے گی۔ آگے پتہ نہیں اس حکم پر عمل ہوا یا نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَا كَيْدُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۲۵﴾
اور جو داؤ ہے منکروں کا سو غلطی میں ☆

منکرین کے منصوبے: یعنی ایسے داؤ پیچ اور تدبیروں سے کیا ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے مخلص بندوں کی مدد فرما کر منکرین کے سب منصوبے غلط کر دیتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالَ فِرْعَوْنُ ذَرُوْنِيْٓ اَقْتُلْ
اور بولا فرعون مجھ کو چھوڑو کہ مار ڈالوں
مُوْسٰى وَلْيَدْعُ رَبَّهٗ ۚ
موسیٰ کو اور پڑا پکارے اپنے رب کو ☆

فرعون کی چالبازی

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں فرعون نے کہا کہ مجھ کو چھوڑو شاید اس کے ارکان سلطنت مار ڈالنے کا مشورہ نہ دیتے ہوں گے کیونکہ معجزہ دیکھ گئے تھے کہیں اس کا رب بدلہ نہ لے۔ فرعون خود بھی دل میں ڈرا ہوا اور سہما ہوا تھا لیکن لوگوں پر اپنی قوت و شجاعت کا اظہار کرنے کے لئے انتہا درجہ کی شقاوت اور بے حیائی سے ایسا کہہ رہا تھا تا کہ لوگ سمجھیں کہ اس کو قتل سے کوئی چیز مانع نہیں اور اسکے ارادہ کو کوئی طاقت نہیں روک سکتی۔ (تفسیر عثمانی)

بیضاوی نے لکھا ہے اس کلام سے مترشح ہو رہا ہے کہ فرعون کو موسیٰ کی نبوت کا یقین تھا اس لئے موسیٰ کو قتل کرنے سے ڈرتا تھا۔ یا اسکو یہ خیال تھا کہ موسیٰ کو قتل کرنا اس کے لئے آسان نہیں اگر اس نے ایسا ارادہ کیا تو کامیابی نہ ہوگی اس بات کی تائید وَلْيَدْعُ رَبَّهٗ کے الفاظ سے ہو رہی ہے فرعون نے اس فقرہ میں اپنی جرأت کا اظہار کیا اور یہ بات بتائی کہ مجھے پرواہ نہیں موسیٰ اپنے رب کو پکارے اور وہ اس کی مدد کو آ جائے۔ فرعون نے جو اہل دربار سے کہا ذَرُوْنِيْٓ اَقْتُلْ مُوْسٰى یہ محض اس کا فریب اور ملمع کاری تھی وہ دکھانا چاہتا تھا کہ اس کے ساتھی اور اس کی قوم والے اس کو موسیٰ کے قتل سے روک رہے ہیں حالانکہ موسیٰ کو قتل کر دینے کے حکم سے جو امر مانع تھا وہ موسیٰ کی لاٹھی کا ڈر تھا جو فرعون کے دل میں بیٹھ گیا تھا۔ (تفسیر مظہری)

اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يُّبَدِّلَ دِيْنَكُمْ اَوْ اَنْ
میں ڈرتا ہوں کہ بگاڑ دے تمہارا دین یا
يُّظْهِرَ فِي الْاَرْضِ الْفَسَادَ ﴿۲۶﴾
پھیلائے ملک میں خرابی ☆

خوف اقتدار ☆ یعنی اسے زندہ چھوڑ دیا گیا تو دینی اور دنیوی دونوں طرح کے نقصان کا اندیشہ ہے۔ ممکن ہے کہ یہ اپنے وعظ وتلقین سے تمہارے مذہبی طور وطریق کو جو پہلے سے چلا آتا ہے بگاڑ ڈالے یا سازش وغیرہ کا جال پھیلا کر ملک میں بدامنی پھیلا دے۔ جس کا انجام یہ ہو کہ تمہاری (یعنی قبطیوں) کی حکومت کا خاتمہ ہو کر ملک بنی اسرائیل کے ہاتھ میں چلا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنِّيْ عُذْتُ بِرَبِّيْ
اور کہا موسیٰ نے میں پناہ لے چکا ہوں اپنے
وَرَبِّكُمْ مِّنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ
اور تمہارے رب کی ہر غرور والے سے ☆

besturdubooks.wordpress.com

حضرت موسیٰ کا عزم

☆ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو جب ان کے مشوروں کی خبر پہنچی تو اپنی قوم سے فرمایا کہ مجھے ان دھمکیوں کی مطلق پرواہ نہیں فرعون اکیلا تو کیا ساری دنیا کے متکبرین و جبارین جمع ہو جائیں تب بھی میرا اور تمہارا پروردگار ان کے شر سے بچانے کیلئے کافی ہے۔ میں اپنے کو تنہا اسی کی پناہ میں دے چکا ہوں وہ ہی میرا حامی و مددگار ہے کما قال تعالیٰ لَا تَخَافَآ اِنَّنِیْ مَعَکُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰی (طٰہٰ ۔ رکوع ۲) بھلا اس کی حمایت و امداد کے بعد کسی مغرور انسان کا کیا ڈر۔ (تفسیر عثمانی)

یہ بھی جائز ہے کہ ربکم میں خطاب (مومنوں کو نہ ہو بلکہ) فرعون اور اس کی قوم کو ہو اور اس میں تنبیہ ہو اس بات پر کہ میرا اور تم سب کا رب ایک ہی ہے کوئی دوسرا رب نہیں ہے۔

فرعون کا نام نہ لینے کی حکمت: حضرت موسیٰؑ نے فرعون کا خصوصی نام نہیں لیا بلکہ بطور عموم ہر مغرور منکر آخرت کے شر سے اللہ کی پناہ مانگی اس میں فرعون بھی آ گیا اور تمام مغرور منکروں کے شر سے بھی استعاذہ ہو گیا اور یہ بھی معلوم ہو گیا کہ فرعون کو شر پر آمادہ کرنے والا اس کا غرور اور انکار آخرت ہے۔ (تفسیر مظہری)

لَّا يُؤْمِنُ بِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۲۷﴾
جو یقین نہ کرے حساب کے دن کا ☆

☆ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "جس کو حساب کا یقین ہو وہ ظلم کاہے کو کرے گا"۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ ۖ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ
اور بولا ایک مرد ایماندار فرعون کے لوگوں میں
يَكْتُمُ اِيْمَانَهٗٓ اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ
جو چھپاتا تھا اپنا ایمان کیا مارے ڈالتے ہو ایک مرد کو اس بات پر کہ کہتا
رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْ جَآءَكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ مِنْ
ہے میرا رب اللہ ہے اور لایا تمہارے پاس کھلی نشانیاں تمہارے
رَّبِّكُمْ ۭ وَاِنْ يَّكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهٗ ۚ
رب کی اور اگر وہ جھوٹا ہو گا تو اُس پر پڑیگا اُس کا جھوٹ
وَاِنْ يَّكُ صَادِقًا يُّصِبْكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ
اور اگر وہ سچا ہو گا تو تم پر پڑیگا کوئی نہ کوئی وعدہ جو تم سے

يَعِدُكُمْ ۭ
کرتا ہے ☆

مرد مومن ☆ یعنی ایک مرد مومن جس نے فرعون اور اسکی قوم سے اپنا ایمان ابھی تک مخفی رکھا تھا ذَرُوْنِیْٓ اَقْتُلْ مُوْسٰی کے جواب میں بول اٹھا کیا تم ایک شخص کا ناحق خون کرنا چاہتے ہو اس بات پر کہ وہ صرف ایک اللہ کو اپنا رب کیوں کہتا ہے حالانکہ وہ اپنے دعویٰ کی صداقت کے کھلے کھلے نشان تم کو دکھلا چکا۔ اور اس کے قتل کی تم کو کچھ ضرورت بھی نہیں، بلکہ ممکن ہے کہ تمہارے لئے مضر ہو۔ فرض کر و وہ اپنے دعویٰ میں جھوٹا ثابت ہوا تو اتنے بڑے جھوٹ پر ضرور اللہ اس کو ہلاک یا رسوا کر کے چھوڑے گا خدا کی عادت نہیں کہ وہ ایسے کاذب کو برابر پھولنے پھلنے دے۔ دنیا کو التباس سے بچانے کے لئے یقیناً ایک روز اسکی قلعی کھول دی جائے گی۔ ایسے حالات بروئے کار آئیں گے کہ دنیا اعلانیہ اسکی رسوائی و ناکامی اور کذب و دروغ کا تماشہ دیکھ لے گی اور تم کو خواہی نخواہی اسکے خون میں ہاتھ رنگنے کی ضرورت نہ رہے گی اور اگر واقع میں وہ سچائی پر ہے تو دنیا اور آخرت کے جس عذاب سے وہ اپنے مکذبین کو ڈراتا ہے یقیناً اسکا کچھ نہ کچھ حصہ تم کو ضرور پہنچ کر رہے گا۔ لہٰذا پہلی شق پر اس کے قتل میں جلدی کرنے کی ضرورت نہیں اور دوسری شق پر اسکا قتل کرنا سراسر موجب نقصان و خسران ہے۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "یعنی اگر جھوٹا ہے تو جس پر جھوٹ بولتا ہے وہ ہی سزا دے رہے گا اور شاید سچا ہو تو اپنی فکر کرو" (تنبیہ) یہ تقریر اس صورت میں ہے جب کسی مفتری کا کذب صریحاً ظاہر نہ ہوا ہو اور اگر مدعی نبوت کا کذب و افتراء دلائل و براہین سے روشن ہو جائے تو بلاشبہ واجب القتل ہے اس زمانہ میں جبکہ پیغمبر عربی صلی اللہ علیہ وسلم کا خاتم النبیین ہونا دلائل قطعیہ سے ثابت ہو چکا اگر کوئی شخص مدعی نبوت بن کر کھڑا ہو گا تو چونکہ اس کا یہ دعویٰ ایک قطعی الثبوت عقیدہ کی تکذیب کرتا ہے لہٰذا اسکے متعلق کسی قسم کے تامل و تردد اور امہال و انتظار کی گنجائش نہ ہو گی۔ (تفسیر عثمانی)

صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا جذبہ ایمان

امم سابقہ میں جو فضائل و کمالات حق تعالیٰ نے عطا فرمائے وہ اس امت کے افراد بھی بدرجۂ اتم و اکمل پائے گئے ہیں۔ یہ کلمات اس مرد مومن کے اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ جو قرآن کریم نے ذکر فرمائے وہی الفاظ ہیں جو صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی زبان مبارک سے اس وقت نکلے جبکہ کفار مکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر ظلم و ستم ڈھانے پر تلے ہوئے تھے۔ عروہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے ایک مرتبہ عبداللہ بن عمرو بن العاص سے کہا کہ مشرکین مکہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو سب سے زائد جو سخت تکلیف پہنچائی وہ مجھے بتاؤ تو فرمایا ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ

besturdubooks.wordpress.com

وسلم حطیم کعبہ میں نماز ادا کر رہے تھے کہ عقبہ بن ابی معیط نے آ کر آپ کی گردن میں کپڑا ڈالا اور اس زور سے کھینچا کہ گلا گھٹنے لگا اور تکلیف انتہائی شدت کو پہنچ چکی تھی۔ سامنے سے ابو بکر رضی اللہ عنہ آ گئے اور عقبہ کو زور سے ایک دھکا دیا اور ڈانٹتے ہوئے فرمایا۔ اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْ جَآءَكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ (افسوس تم ایک شخص کو قتل کرنے کے درپے ہو محض اس بات پر کہ وہ یہ کہتا ہے کہ میرا رب اللہ ہے اور حال یہ ہے کہ وہ تو تمہارے پاس نبوت و رسالت کے واضح اور روشن دلائل تمہارے رب کی طرف سے لے کر تمہارے پاس آیا ہے) تو آل فرعون کا مرد مومن تو اپنے ایمان کو چھپانے والا تھا۔ مگر امت محمد یہ کا یہ مرد مومن وہ تھا کہ جس نے روز اول سے اپنے ایمان کا اعلان کیا۔ مسند بزار اور دلائل ابونعیم میں محمد بن علی سے مروی ہے کہ ایک روز حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اثناء خطبہ یہ فرمایا۔ بتاؤ سب سے زیادہ بہادر اور طاقتور کون ہے۔ لوگوں نے جواب دیا ہم میں سب سے زیادہ شجاع اور بہادر تو آپ ہیں۔ حضرت علیؓ نے فرمایا۔ میرا حال تو یہ ہے کہ جس کسی نے میرا مقابلہ کیا۔ میں نے اس سے انتقام لیا۔ سب سے زیادہ شجاع تو ابوبکرؓ تھے۔ میں نے دیکھا کہ قریش کے لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مارتے جاتے ہیں اور یہ کہتے جا رہے ہیں۔ انت جعلت الآلهة الٰها واحدة کیا تو ہی ہے وہ شخص جس نے بہت سے معبودوں کو ایک معبود بنا دیا۔ تو اس وقت ہم میں سے کسی کی ہمت نہ ہوئی کہ آپ کے قریب جا سکے۔ اتفاق یہ کہ سامنے سے ابوبکرؓ آ گئے اور مشرکین کے ہجوم میں گھس پڑے اور بڑی قوت کے ساتھ کسی کے لات ماری کسی کے گھونسہ مارا اور آواز بلند مشرکین کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا۔ ويلكم (ہلاکت ہو تمہاری) اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ۔

حضرت علی کرم اللہ وجہٗ یہ کہہ کر رو پڑے اور فرمایا میں تم کو اللہ کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کہ آل فرعون کا رجل مومن افضل تھا یا ابوبکر رضی اللہ عنہ؟ لوگ خاموش ہو گئے۔ آپ نے فرمایا خدا کی قسم ابوبکر رضی اللہ عنہ کی ایک گھڑی آل فرعون کے مرد مومن کی تمام زندگی سے بدر جہا بہتر ہے۔ اس نے تو اپنے ایمان کو چھپایا تھا مگر ابوبکرؓ نے اپنے ایمان کا اظہار و اعلان کیا۔ پھر یہ کہ اس مرد مومن کی حمایت ناصحانہ خطاب اور باتوں تک محدود رہی گویا کہ یہ بھی بہت بڑا جہاد تھا لیکن ابوبکر رضی اللہ عنہ نے تو زبانی نصیحت و حمایت کے علاوہ اپنے ہاتھ پاؤں اور عمل سے اللہ کے پیغمبر کی حمایت اور مدد کی۔ تو بے شک یہ بہت ہی اونچا اور اعلیٰ مقام تھا جو اللہ تعالیٰ نے صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو عطا فرمایا۔ (معارف کاندھلوی)

رَجُل مؤمن: مقاتل اور سدی کا بیان ہے کہ وہ مومن قبطی تھا اور فرعون کے چچا کا بیٹا تھا یہ وہی شخص تھا جس کے متعلق سورۃ القصص میں اللہ نے فرمایا ہے وَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى روایت میں آیا ہے کہ اسکا نام حبیب تھا۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو سخت ترین ایذاء

عروہ بن زبیر کا بیان ہے میں نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ سے کہا مجھے بتائیے کہ مشرکوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سب سے زیادہ سخت تکلیف دہ برتاؤ کونسا کیا۔ حضرت عبداللہؓ نے فرمایا یک بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ کے صحن میں نماز پڑھ رہے تھے عقبہ بن ابی معیط آ گیا اور حضورؐ کے دونوں مونڈھے پکڑ کر آپ کی گردن میں اپنا کپڑا ڈال کر مروڑنے اور گلا گھونٹنے لگا اتنے میں حضرت ابوبکرؓ آ گئے آپ نے عقبہ کے دونوں مونڈھے پکڑ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کو الگ کیا اور فرمایا تَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْ جَآءَكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ مِنْ رَّبِّكُمْ۔ رواہ البخاری۔ (تفسیر مظہری)

چند صدیقین: ایک حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صدیقین چند ہیں ایک حبیب نجار جس کا قصہ سورۂ یٰس میں ہے۔ دوسرا مومن آل فرعون تیسرے ابوبکر اور وہ ان سب میں افضل ہیں۔ (قرطبی)

مسئلہ: يَكْتُمُ اِيْمَانَهٗ۔ اس سے معلوم ہوا کہ کوئی شخص اگر لوگوں کے سامنے اپنے ایمان کا اظہار نہ کرے دل سے اعتقاد پختہ رکھے تو وہ مومن ہے مگر نفوص صریحہ سے یہ ثابت ہے کہ ایمان کے مقبول ہونے کے لئے صرف دل کا یقین کافی نہیں بلکہ زبان سے اقرار کرنا شرط ہے جب تک زبان سے اقرار نہ کریگا مومن نہ ہوگا۔ البتہ زبان کا اقرار لوگوں کے سامنے اعلان کے ساتھ کرنا ضروری نہیں۔ اس کی ضرورت صرف اسوجہ سے ہے کہ جب تک لوگوں کو اس کے ایمان کا علم نہیں ہوگا وہ اس کے ساتھ معاملہ مسلمانوں جیسا نہ کر سکیں گے۔ (قرطبی) (معارف مفتی اعظم)

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ
بیشک اللہ راہ نہیں دیتا اُس کو جو ہو بے لحاظ
كَذَّابٌ ۝۲۸
جھوٹا ☆

موسیٰ کی سچائی کی دلیل ☆ یعنی موسیٰ (علیہ السلام) اگر بالفرض جھوٹا ہوتو ہرگز اسکا اللہ راہ نہ دیتا کہ وہ برابر ایسے معجزات دکھاتا رہے اور کامیابی میں ترقی کرتا چلا جائے اور اگر تم جھوٹے ہو کہ ایک سچے کو جھوٹا بتلا رہے ہو تو انجام کار اللہ تعالیٰ تم کو ذلیل و ناکام کرے گا۔ (تفسیر عثمانی)

يٰقَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ظٰهِرِيْنَ
اے میری قوم آج تمہارا راج ہے چڑھ رہے

besturdubooks.wordpress.com

فِي الْأَرْضِ فَمَنْ يَنْصُرُنَا مِنْ

ہو ملک میں پھر کون مدد کریگا ہماری اللہ کی

بَأْسِ اللّٰهِ إِنْ جَاءَنَا

آفت سے اگر آگئی ہم پر ☆

طاقت سے دھوکہ نہ کھاؤ

یعنی اپنے سامانوں اور لشکروں پر مغرور مت ہو۔ آج تمہاری یہ شان و شکوہ ہے لیکن کل اگر خدا کے عذاب نے آگھیرا تو کوئی بچانے والا نہ ملے گا۔ یہ سب ساز وسامان یوں ہی رکھے رہ جائیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

قَالَ فِرْعَوْنُ مَا أُرِيكُمْ إِلَّا مَا

بولا فرعون میں تو وہی بات سجھاتا ہوں تم کو

أَرَىٰ وَمَا أَهْدِيكُمْ إِلَّا سَبِيلَ

جو سوجھی مجھ کو اور وہی راہ بتلاتا ہوں جس میں

الرَّشَادِ ۝

بھلائی ہے ☆

فرعون کی رائے ☆ یعنی تمہاری تقریر سے میرے خیالات تبدیل نہیں ہوئے، جو کچھ میرے نزدیک مصلحت ہے وہ ہی تم کو سجھا رہا ہوں۔ میرے خیال میں بہتری کا راستہ یہی ہے کہ اس شخص کا قصہ پہلے ہی قدم پر ختم کر دیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالَ الَّذِي آمَنَ يَا قَوْمِ إِنِّي

اور کہا اُس ایماندار نے اے قوم

أَخَافُ عَلَيْكُمْ مِثْلَ يَوْمِ الْأَحْزَابِ ۝

میری میں ڈرتا ہوں کہ آئے تم پر دن اگلے فرقوں کا سا

مِثْلَ دَأْبِ قَوْمِ نُوحٍ وَعَادٍ وَثَمُودَ

جیسے حال ہوا قوم نوح کا اور عاد اور ثمود کا

وَالَّذِينَ مِنْ بَعْدِهِمْ وَمَا اللّٰهُ يُرِيدُ

اور جو لوگ اُن کے پیچھے ہوئے اور اللہ بے انصافی نہیں

ظُلْمًا لِلْعِبَادِ ۝

چاہتا بندوں پر ☆

تکذیب انبیاء کی سزا

☆ یعنی اگر تم اسی طرح تکذیب وعداوت پر جمے رہے تو سخت اندیشہ ہے کہ تم کو بھی کہیں وہ ہی دن دیکھنا نہ پڑے جو پہلی قومیں اپنے انبیاء کا مقابلہ کر کے دیکھ چکی ہیں۔ یاد رکھو اللہ کے ہاں بے انصافی نہیں اگر ایسے سخت جرائم پر تم کو یا دوسری قوموں کو اس نے تباہ کیا تو وہ عین عدل وانصاف کے تقاضہ سے ہوگا۔ کونسی حکومت ہے جو اپنے سفراء کو قتل اور رسوا ہوتے دیکھتی رہے اور قاتلین ومعاندین سے انتقام نہ لے۔ (تفسیر عثمانی)

اخاف علیکم یعنی موسیٰ کی جو تم تکذیب کر رہے ہو اور اس کو قتل کرنا چاہتے ہو اس سے مجھے تمہارے متعلق اندیشہ ہے کہ تم پر بھی ویسا ہی عذاب نہ آ جائے جیسا ان گذشتہ امتوں پر آیا تھا جنہوں نے پیغمبروں کی تکذیب کی تھی۔ جیسے قوم نوح پر اور عاد پر اور ثمود پر اور ان کے بعد والوں پر (مثلاً قوم لوط اور نمرود وغیرہ پر) عذاب آیا تھا ویسا ہی تم پر عذاب آنے کا مجھے ڈر ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَيَا قَوْمِ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ يَوْمَ التَّنَادِ ۝

اور اے قوم میری میں ڈرتا ہوں کہ تم پر آئے دن ہانک پکار کا ☆

پکار کا دن ☆ عموماً مفسرین یوم التناد (ہانک پکار کے دن) سے قیامت کا دن مراد لیتے ہیں جبکہ محشر میں جمع ہونے اور حساب دینے کے لئے سب کی پکار ہوگی۔ اور اہل جنت اہل نار اور اہل اعراف ایک دوسرے کو پکاریں گے اور آخر میں ندا آئے گی یااھل الجنة خلود لا موت ویا اھل النار خلود لاموت کما ورد فی الحدیث۔ لیکن حضرت شاہ صاحبؒ نے "یوم التناد" سے وہ دن مراد لیا ہے۔ جس میں فرعونیوں پر عذاب آیا۔ چنانچہ لکھتے ہیں "ہانک پکار کا دن ان پر آیا جس دن بحر قلزم میں غرق ہوئے اس وقت ڈوبتے ہوئے ایک دوسرے کو پکارنے لگا (شاید) یہ اس مرد مومن کو کشف سے معلوم ہوا ہوگا یا قیاس سے کہ ہر قوم پر عذاب اسی طرح آتا ہے۔" (تفسیر عثمانی)

خوف دور کرنے کی دعاء: حدیث شریف میں ہے کہ جب جناب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی قوم سے خوف ہوتا تو آپ یہ دعا پڑھتے اللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ وَنَدْرَاُبِکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ یعنی اے اللہ ان کی برائی سے ہم تیری پناہ میں آتے ہیں اور ہم تجھے ان کے مقابلے میں کرتے ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

بعض اہل تفسیر کے نزدیک اس دن سے مراد ہے نفخہ بیہوشی سے پہلے

نفخۂ فزع کا دن (یعنی پہلی بار صور پھونکے جانے کا دن جب صور کی آواز سن کر لوگ گھبرا جائیں گے اس کے بعد نفخۂ صعق ہوگا کہ صور کی آواز سے لوگ بیہوش ہو جائیں گے اور مر جائیں گے) ابن جریر نے المطولات میں اور ابو یعلی نے مسند میں اور بیہقی نے البعث میں اور ابو الشیخ نے کتاب العظمۃ میں اور عبد بن حمید نے حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک طویل حدیث بیان کی ہے جس میں تین بار صور پھونکے جانے کا ذکر آیا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم گرامی نے فرمایا اللہ اسرافیلؑ کو پہلی بار صور پھونکنے کا حکم دے گا اور فرمائے گا گھبراہٹ (پیدا کرنے) والی پھونک مار حسب الحکم اسرافیلؑ صور پھونکے گا جس کی آواز سے آسمانوں والے اور زمین والے گھبرا جائیں گے ہاں جس کو اللہ چاہے گا (گھبراہٹ سے محفوظ رکھے گا) اسرافیل صور کی پھونک کو برابر کھینچتا اور لمبا کرتا جائے گا بیچ میں سلسلہ منقطع نہیں کرے گا یعنی دم نہ لے گا یہاں تک کہ دودھ پلانے والیاں دودھ پیتے بچوں سے غافل ہو جائیں گی اور حاملہ کا حمل ساقط ہو جائے گا اور بچوں کے بال (شدت خوف سے) سفید ہو جائیں گے اور شیطان گھبراہٹ کی وجہ سے اڑے اڑے بھاگتے پھریں گے جب زمین کے کناروں پر پہنچیں گے تو ملائکہ ان کے چہروں پر ضرب رسید کریں گے اور لوٹا دیں گے لوگ پشت پھیر کر بھاگیں گے اور آپس میں پکار مچی ہوگی یہی وہ دن ہوگا جس کے متعلق اللہ نے فرمایا ہے۔

"یَوْمَ التَّنَادِ" بزار اور بیہقی نے حضرت انسؓ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن ابن آدم کو لا کر میزان کے دونوں پلڑوں کے درمیان کھڑا کیا جائے گا اور ایک فرشتہ کو اس پر مامور کر دیا جائے گا (اور اعمال کا وزن کیا جائے گا) سو اگر اس کی نیکیوں کا وزن بھاری نکلا تو وہ فرشتہ اتنی بلند آواز سے ندا دے گا جو تمام مخلوق سنے گی فلاں شخص خوش نصیب ہو گیا اس کے بعد کبھی بدنصیب نہ ہوگا اور اگر (نیکیوں کا) وزن ہلکا نکلا تو ایک فرشتہ ایسی آواز سے جس کو سب مخلوق سن لے گی ندا دے گا فلاں شخص بد بخت نکلا اس کے بعد کبھی خوش بخت نہ ہوگا اور اس وقت ایک پکارنے والا پکارے گا میں نے (تمہارا) ایک رشتہ مقرر کیا تھا اور تم نے (اپنے لئے) دوسرا رشتہ مقرر کیا تھا۔ (یعنی میں نے تقویٰ کو تمہارے لئے پسند کیا تھا اور اس کو تمہارا نسب قرار دیا تھا اور تم نے رشتہ تولید و قرابت کو اختیار کیا)

موت کے مر جانے کا اعلان: طبرانی نے الاوسط میں حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کا دن ہوگا تو اللہ ایک منادی کو یہ حکم دیگا سن لو میں نے ایک رشتہ مقرر کیا تھا اور تم نے دوسرا رشتہ مقرر کیا تھا میں نے سب سے زیادہ معزز اس کو قرار دیا تھا جو تم میں سے سب سے بڑا پرہیزگار ہو مگر تم نے (اس کو ماننے سے انکار کر دیا سو تم نے کہا تھا کہ فلاں بن فلاں فلاں بن فلاں سے بہتر ہے آج میں اپنے (قائم کردہ) نسب کو اونچا کروں گا اور تمہارے (قائم کردہ) نسب کو نیچے گرا دوں گا۔ کہاں ہیں تقویٰ والے۔ اور اس وقت جب کہ موت کو ذبح کر دیا ہوگا ندا دی جائے گی اے اہل جنت (یہاں) ہمیشہ رہنا ہے اور (کبھی) موت نہ ہوگی اور اے دوزخ والو (یہاں) ہمیشہ رہنا ہے اور کبھی موت نہیں ہوگی۔

شیخین نے صحیحین میں حضرت ابن عمرؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب جنت والے جنت کو اور دوزخ والے دوزخ کو چلے جائیں گے تو جنت و دوزخ کے درمیان موت کو لا کر ذبح کر دیا جائے گا پھر ایک منادی ندا دے گا۔ اے اہل جنت آئندہ موت نہیں اور اے دوزخ والو آئندہ موت نہیں۔ یہ ندا سن کر اہل جنت کو فرحت بالائے فرحت حاصل ہوگی اور دوزخ والوں پر غم بالائے غم سوار ہو جائے گا۔ حضرت ابو سعید کی روایت سے بھی یہ حدیث اسی طرح آئی ہے اور حاکم و ابن حبان نے بھی حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے اس کو بیان کیا ہے۔

منتشر ہونے کا دن: حضرت ابن عباسؓ اور ضحاک کی قرأت میں یوم التَّنَادِ کی جگہ یوم التنادّ بتشدید دال (بھاگنے اور منتشر ہونے کا دن) آیا ہے جس طرح اونٹ اپنے مالکوں سے بھاگتے اور بدکتے ہیں اسی طرح قیامت کے دن لوگ بھاگے بھاگے زمین پر پھریں گے۔ ابن جریر اور ابن مبارک نے ضحاک کا بیان نقل کیا ہے کہ جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ اس نچلے آسمان کو حکم دے گا وہ پھٹ جائے گا اور اس کے فرشتے اس کے کناروں پر رہیں گے پھر بحکم الٰہی اتر کر زمین کو اور زمین والوں کو گھیر لیں گے پھر دوسرے پھر تیسرے پھر چوتھے پھر پانچویں پھر چھٹے پھر ساتویں آسمان کی بھی یہی کیفیت ہوگی کہ آسمان پھٹتے جائیں گے اور ہر آسمان کے فرشتے قطار در قطار صف بستہ ہو جائیں گے پھر ملک اعلیٰ (شاہ اعلیٰ جاہ) نزول اجلال فرمائے گا جہنم اس کے بائیں جانب ہوگا (اور جنت دائیں جانب) دوزخ کو دیکھ کر زمین والے منتشر ہو کر بھاگیں گے لیکن زمین کے جس کنارے پر پہنچیں گے وہاں ملائکہ کی سات قطاریں (ایک کے پیچھے ایک) موجود پائیں گے۔ مجبوراً جہاں تھے وہیں لوٹ آئیں گے اسی کا بیان ہے آیات ذیل میں۔ اِنِّیٓ اَخَافُ عَلَیْکُمْ یَوْمَ التَّنَادِ یَوْمَ تُوَلُّوْنَ مُدْبِرِیْنَ مَا لَکُمْ مِّنَ اللّٰہِ مِنْ عَاصِمٍ اور وَّجَآءَ رَبُّکَ وَالْمَلَکُ صَفًّا صَفًّا وَّجِایْٓءَ یَوْمَئِذٍ بِجَهَنَّمَ اور یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا اور وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَهِیَ یَوْمَئِذٍ وَّاهِیَةٌ وَّالْمَلَکُ عَلٰٓی اَرْجَآئِهَا (تفسیر مظہری)

خوش بختی اور بد بختی کا اعلان: حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ کا ایک منادی ندا دے گا کہ اللہ کے مخالف لوگ کھڑے ہو جائیں۔ اس سے

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

مراد وہ لوگ ہوں گے جو تقدیر کا انکار کرتے تھے۔ اور پھر اصحاب جنت دوزخ والوں کو اور دوزخ والے اصحاب جنت کو اور اصحاب اعراف دونوں کو ندا دیکر اپنی اپنی باتیں کریں گے۔ اور اس وقت ہر خوش نصیب اور بدنصیب کا نام مع ولدیت لیکر ان کے نتیجہ کا اعلان کیا جائے گا کہ فلاں ابن فلاں سعید و کامیاب ہو گیا اس کے بعد شقاوت کا کوئی احتمال نہیں رہا اور فلاں بن فلاں شقی و بد بخت ہو گیا۔ اب اس کی نیک بختی کا کوئی احتمال نہیں رہا (رواہ ابن ابی عاصم فی السنۃ مظہری) مسند بزار و بیہقی میں حضرت انسؓ کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ سعادت و شقاوت کا اعلان وزن اعمال کے بعد ہوگا۔

حضرت ابو حازمؒ کی حالت : اور حضرت ابو حازم اعرج رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ اپنے نفس کو مخاطب کر کے فرمایا کرتے تھے کہ اے اعرج قیامت کے روز ندا دیجائے گی کہ فلاں قسم کے گناہ کرنے والے کھڑے ہو جاویں تو ان کے ساتھ کھڑا ہوگا کہ پھر ندا دی جاوے گی کہ فلاں قسم کے گناہ کرنے والے کھڑے ہوں تو اُن کے ساتھ بھی کھڑا ہوگا' پھر ندا دی جاوے گی کہ فلاں قسم کے گناہ کرنے والے کھڑے ہوں تو ان کے ساتھ بھی کھڑا ہوگا۔ اور میں سمجھتا ہوں ہر گناہ کے اعلان کے وقت تجھے ان کے ساتھ کھڑا ہونا پڑے گا (کیونکہ تو نے ہر قسم کے گناہ جمع کرر کھے ہیں) (اخرجہ ابونعیم۔ مظہری) (معارف مفتی اعظم)

يَوْمَ تُوَلُّوْنَ مُدْبِرِيْنَ ۚ

جس دن بھاگو گے پیٹھ پھیر کر ☆

فضول بھاگ دوڑ ☆ یعنی محشر سے پیٹھ پھیر کر دوزخ کی طرف بھگائے جاؤ گے یا نزول عذاب کے وقت اس سے بھاگنے کی ناکام کوشش کرو گے۔ (تفسیر عثمانی)

مَا لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ وَمَنْ

کوئی نہیں تم کو اللہ سے بچانے والا اور جس کو

يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾

غلطی میں ڈالے اللہ تو کوئی نہیں اُس کو سجھانے والا ☆

عناد کی سزا ☆ یعنی میں تم کو سب نشیب و فراز پوری طرح سمجھا چکا، اس پر بھی تم نہ مانو تو سمجھ لو کہ تمہاری عناد و کجروی کی شامت سے اللہ تعالیٰ نے ارادہ ہی کر لیا ہے کہ تم کو تمہاری پسند کردہ غلطی اور گمراہی میں پڑا رہنے دے پھر ایسے شخص کے سمجھنے کی کیا توقع ہو سکتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَقَدْ جَآءَكُمْ يُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنٰتِ

اور تمہارے پاس آ چکا ہے یوسف اس سے پہلے کھلی باتیں لے کر

فَمَا زِلْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّمَّا جَآءَكُمْ بِهٖ ۭ

پھر تم رہے دھوکے ہی میں اُن چیزوں سے جو وہ تمہارے پاس لیکر آیا

حَتّٰٓى اِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ

یہاں تک کہ جب مر گیا لگے کہنے ہرگز نہ بھیجے گا اللہ

مِنْۢ بَعْدِهٖ رَسُوْلًا ۭ

اُس کے بعد کوئی رسول ☆

حضرت یوسف علیہ السلام سے استدلال

☆ یعنی چلو قصہ ختم ہوا نہ یہ رسول تھا نہ اب اس کے بعد کوئی رسول آنے والا ہے گویا سرے سے سلسلہ رسالت ہی کا انکار ہوا لیکن حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں "حضرت یوسف علیہ السلام کی زندگی میں (مصر والے ان کی نبوت کے) قائل نہ ہوئے انکی موت کے بعد جب مصر کی سلطنت کا بندوبست بگڑا تو کہنے لگے یوسف کا قدم اس شہر پر کیا مبارک تھا ایسا نبی (آئندہ) کوئی نہ آئے گا یا وہ انکار یا یہ اقرار۔ یہی اسراف اور زیادہ گوئی ہے"۔ مرد مومن کی غرض یہ تھی کہ نعمت کی قدر زوال کے بعد ہوتی ہے فی الحال تم کو موسیٰ علیہ السلام کی قدر نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ

اسی طرح بھٹکاتا ہے اللہ اُس کو جو ہو بیباک

مُّرْتَابُۨ ﴿۳۴﴾ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ

شک کرنیوالا وہ جو کہ جھگڑتے ہیں اللہ کی باتوں

اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ۭ كَبُرَ مَقْتًا

میں بغیر کسی سند کے جو پہنچی ہو اُن کو بڑی بیزاری

عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۭ

ہے اللہ کے یہاں اور ایمانداروں کے یہاں ☆

سب سے بڑی زیادتی

☆ یعنی بدون حجت عقلیہ و نقلیہ کے اللہ کی باتوں میں جھگڑے ڈالتے ہیں۔ اس سے بڑھ کر زیادتی اور بیبا کی کیا ہوگی۔ اسی لئے اللہ اور اسکے ایماندار بندے ان لوگوں سے سخت بیزار ہیں جو سبب ہے ان کے انتہائی

besturdubooks.wordpress.com

ملعون ہونے کا۔ (تفسیر عثمانی)

كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ قَلْبِ

اسی طرح مہر کر دیتا ہے اللہ ہر دل

مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ﴿۳۵﴾

پُرغرور والے سرکش کے☆

غرور کی سزا☆ جو لوگ حق کے سامنے غرور سے گردن نہ جھکائیں اور پیغمبروں کے ارشادات سن کر سر نیچا نہ کریں آخر کار ان کے دلوں پر اللہ تعالیٰ اسی طرح مہر کر دیتا ہے کہ پھر قبول حق اور نفوذ خیر کی گنجائش ہی نہیں رہتی۔ (تفسیر عثمانی)

ابن جریر نے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ روایت کیا ہے کہ فرعون کے خاندان سے سوائے اس مرد مومن اور اس کی بیوی آسیہ کے اور کوئی ایمان نہیں لایا۔ (ابن کثیر ج ۴) (معارف کاندھلوی)

سرکش: حضرت شعبیؒ فرماتے ہیں جبار وہ شخص ہے جو دو انسانوں کو قتل کر ڈالے۔ ابوعمران جونی اور قتادہ کا فرمان ہے کہ جو بغیر حق کے کسی کو قتل کر دے وہ جبار ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ (تفسیر ابن کثیر)

خیانت کرنے والا حکمران: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جو امام اپنی رعایا سے خیانت کھیل رہا ہو وہ مر کر جنت کی خوشبو بھی نہیں پاتا۔ حالانکہ وہ خوشبو پانچ سو سال کی راہ پر آتی ہے۔ وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى الْمُوَفِّقُ لِلصَّوَابِ۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰهَامٰنُ ابْنِ لِيْ صَرْحًا

اور بولا فرعون کہ اے ہامان بنا میرے واسطے

لَّعَلِّيْ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ ﴿۳۶﴾ اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ

ایک اُونچا محل شاید میں جا پہنچوں رستوں میں رستوں میں آسمانوں کے

فَاَطَّلِعَ اِلٰى اِلٰهِ مُوْسٰى

پھر جھانک کر دیکھوں موسیٰ کے معبود کو☆

فرعون کی بے شرمی☆ یہ اس ملعون کی انتہائی بے شرمی اور بے باکی تھی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے شاید اللہ تعالیٰ کی صفت علو وغیرہ کو سن کر یہ قرار دیا ہوگا کہ موسیٰ کا خدا آسمان پر رہتا ہے اسی پر یہ استہزاء و تمسخر شروع کر دیا۔ سچ ہے چیونٹی کی موت آتی ہے تو پر لگ جاتے ہیں۔ سورہ ''قصص'' میں اس مقام کی تقریر گزر چکی۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ كَاذِبًا

اور میری اٹکل میں تو وہ جھوٹا ہے☆

☆ یعنی دعوئے رسالت میں بھی اور اس دعوے میں بھی کہ سارے جہان کا کوئی اور معبود ہے مجھے تو اپنے سوا دوسرا نظر نہیں آتا۔ کما قال مَا عَلِمْتُ لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِيْ (قصص۔ رکوع ۴) (تفسیر عثمانی)

وَكَذٰلِكَ زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ

اور اسی طرح بھلے دکھلا دیئے فرعون کو اُس کے برے کام

وَصُدَّ عَنِ السَّبِيْلِ

اور روک دیا گیا سیدھی راہ سے☆

مسلسل برائی کا نتیجہ

برے کام کرتے کرتے آدمی کی یوں ہی عقل ماری جاتی ہے اور ایسی ہی مضحکہ خیز حرکتیں کرنے لگتا ہے جس کے بعد راہ پر آنے کی کوئی صورت نہیں رہتی۔ یہی حال فرعون کا ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَا كَيْدُ فِرْعَوْنَ اِلَّا فِيْ تَبَابٍ ﴿۳۷﴾

اور جو داؤ تھا فرعون کا سو تباہ ہونے کے واسطے☆

بیکار منصوبے☆ یعنی فرعون کے جس قدر داؤ پیچ اور منصوبے یا مشورے تھے، سب بے حقیقت تھے۔ خود اپنی ہی تباہی کے لئے موسیٰ علیہ السلام کا کچھ بھی نہ بگاڑ سکا۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالَ الَّذِيْٓ اٰمَنَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوْنِ

اور کہا اُس ایماندار نے اے قوم راہ چلو

اَهْدِكُمْ سَبِيْلَ الرَّشَادِ ﴿۳۸﴾

میری پہنچا دوں تم کو نیکی کی راہ پر☆

☆ چونکہ فرعون نے کہا تھا وَمَآ اَهْدِيْكُمْ اِلَّا سَبِيْلَ الرَّشَادِ اس کے جواب میں مرد مومن نے کہا کہ سَبِيْلَ الرَّشَادِ (بھلائی اور بہتری کا راستہ) وہ نہیں جو فرعون تجویز کرتا ہے۔ بلکہ تم میرے پیچھے چلے آؤ، تا بہتری کے راستہ پر چلنا نصیب ہو۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

سَبِيْلَ الرَّشَادِ ایسا راستہ جس پر چلنے والا منزل مقصود پر پہنچ جائے سبیل الرشاد کہلاتا ہے۔ اس میں فرعون اور اس کے ساتھیوں کے طریقہ پر تعریض ہے کہ وہ طریقہ رشاد کا طریقہ نہیں ہے۔ (تفسیر مظہری)

يٰقَوْمِ اِنَّمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ ؗ

اے میری قوم یہ جو زندگی ہے دنیا کی سو کچھ برت لینا ہے

وَّاِنَّ الْاٰخِرَةَ هِيَ دَارُ الْقَرَارِ ﴿۳۹﴾

اور وہ گھر جو پچھلا ہے وہی ہے جم کر رہنے کا گھر ☆

آخرت کو نہ بھولو ☆ یعنی فانی و زائل زندگی اور چندروزہ عیش و بہار میں پڑ کر آخرت کو نہ بھولو دنیا کی زندگی بہرحال بھلی بری طرح ختم ہونے والی ہے، اسکے بعد وہ زندگی شروع ہوگی جس کا کبھی خاتمہ نہیں عاقل کا کام یہ ہے کہ یہاں رہتے ہوئے اس کی درستی کی فکر کرے ورنہ ہمیشہ کی تکلیف میں مبتلا رہنا پڑے گا۔ ع

اب تو گھبرا کے یہ کہتے ہیں کہ مر جائیں گے
مر کے بھی چین نہ پایا تو کدھر جائیں گے

(تفسیر عثمانی)

مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا

جس نے کی ہے برائی تو وہی بدلہ پایگا

مِثْلَهَا ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ

اُس کے برابر اور جس نے کی ہے

ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ

بھلائی مرد ہو یا عورت اور وہ یقین رکھتا ہو سو وہ لوگ

يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ يُرْزَقُوْنَ فِيْهَا

جائیں گے بہشت میں روزی پائیںگے وہاں

بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۴۰﴾

بے شمار ☆

آخرت کی ایک جھلک

☆ یہ اخروی زندگی کی تھوڑی سی تفصیل بتلادی کہ وہ کس طرح درست ہو سکتی ہے۔ معلوم ہوا کہ وہاں ایمان اور عمل صالح درکار ہیں۔ مال و متاع کو کوئی نہیں پوچھتا اور یہ بھی ظاہر ہوا کہ اللہ کی رحمت غضب پر غالب ہے۔ عقلمند کو چاہئے کہ موقع ہاتھ سے نہ دے۔ (تفسیر عثمانی)

وَيٰقَوْمِ مَا لِيْٓ اَدْعُوْكُمْ اِلَى النَّجٰوةِ

اور اے قوم مجھ کو کیا ہوا ہے بلاتا ہوں تم کو نجات کی طرف

وَتَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَى النَّارِ ﴿۴۱﴾

اور تم بلاتے ہو مجھ کو آگ کی طرف ☆

عجیب معاملہ

☆ یعنی میرا اور تمہارا معاملہ بھی عجیب ہے میں چاہتا ہوں کہ تم کو ایمان کے راستہ پر لگا کر خدا کے عذاب سے نجات دلاؤں اور تمہاری کوشش یہ ہے کہ اپنے ساتھ مجھے بھی دوزخ کی آگ میں دھکیل دو۔ ایک طرف سے ایسی دشمنی اور دوسری جانب سے یہ خیرخواہی۔ (تفسیر عثمانی)

مَالِی - یعنی مجھے بتاؤ عقل و دانش کے خلاف تمہاری یہ عادت کیوں ہے۔ (مظہری)

تَدْعُوْنَنِيْ لِاَكْفُرَ بِاللّٰهِ وَاُشْرِكَ بِهٖ

تم بلاتے ہو مجھ کو کہ منکر ہو جاؤں اللہ سے اور شریک ٹھہراؤں اُس کا

مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ؗ

اُس کو جس کی مجھ کو خبر نہیں ☆

قوم کی دعوت

☆ یعنی تمہاری کوشش کا حاصل تو یہ ہے کہ میں (معاذ اللہ) خدائے واحد کا انکار کردوں اس کے پیغمبروں کو اور ان کی باتوں کو نہ مانوں اور نادان جاہلوں کی طرح ان چیزوں کو خدا ماننے لگوں جن کی الوہیت کسی دلیل اور علمی اصول سے ثابت نہیں، نہ مجھے خبر ہے کہ کیونکر ان چیزوں کو خدا بنا لیا گیا بلکہ میں جانتا ہوں کہ اسکے خلاف پر دلائل قطعیہ قائم ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَّاَنَا اَدْعُوْكُمْ اِلَى الْعَزِيْزِ الْغَفَّارِ ﴿۴۲﴾

اور میں بلاتا ہوں تم کو اُس زبردست گناہ بخشنے والے کی طرف ☆

مرد مومن کی دعوت

☆ یعنی میرا منشاء یہ ہے کہ کسی طرح تمہارا سر اس خدائے واحد کی چوکھٹ پر جھکا دوں جو نہایت زبردست بھی ہے اور بہت زیادہ خطاؤں کو

besturdubooks.wordpress.com

معاف کرنیوالا بھی۔ مجرم کو پکڑے تو کوئی چھڑا نہ سکے اور معاف کرے تو کوئی روک نہ سکے۔ وہ ہی اسکا مستحق ہے کہ آدمی اس کے آگے ڈر کر اور امید باندھ کر سر عبودیت جھکائے۔ یاد رکھو میں اسی خدا کی پناہ میں آ چکا ہوں جس کی طرف تمہیں بلا رہا ہوں۔ (تفسیر عثمانی)

لَا جَرَمَ اَنَّمَا تَدْعُوْنَنِیْۤ اِلَیْهِ لَیْسَ لَهٗ

آپ ہی ظاہر ہے کہ جس کی طرف تم مجھ کو بلاتے ہو اُس کا بلاوا

دَعْوَةٌ فِی الدُّنْیَا وَلَا فِی الْاٰخِرَةِ

کہیں نہیں دنیا میں اور نہ آخرت میں ☆

قوم کی بے عقلی

☆یعنی ماسوا خدا کے کوئی چیز ایسی نہیں جو دنیا یا آخرت میں ادنیٰ ترین نفع وضرر کی مالک ہو پھر اسکی بندگی اور غلامی کا بلاوا دینا جہل وحماقت نہیں تو اور کیا ہے۔ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ یَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا یَسْتَجِیْبُ لَهٗۤ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَآئِهِمْ غٰفِلُوْنَ ۝ وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَآءً وَّكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِیْنَ (احقاف۔ رکوع ۱) آخر ایسی عاجز اور بے بس چیزوں کی طرف آدمی کیا سمجھ کر دعوت دے اور تماشہ یہ ہے کہ ان میں بہت چیزیں وہ ہیں جو خود بھی اپنی طرف دعوت نہیں دیتیں بلکہ دعوت دینے کی قدرت بھی نہیں رکھتیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَاَنَّ مَرَدَّنَاۤ اِلَی اللّٰهِ وَاَنَّ الْمُسْرِفِیْنَ

اور یہ کہ ہم کو پھر جانا ہے اللہ کے پاس اور یہ کہ زیادتی والے

هُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ﴿۴۳﴾

وہی ہیں دوزخ کے لوگ ☆

☆یعنی انجام کار ہر پھر کر اسی خدائے واحد کی طرف جانا ہے وہاں پہنچ کر سب کو اپنی زیادتیوں کا نتیجہ معلوم ہو جائے گا۔ بتلا! اس سے بڑھ کر زیادتی کیا ہوگی کہ عاجز مخلوق کو خالق کا درجہ دیدیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

فَسَتَذْكُرُوْنَ مَاۤ اَقُوْلُ لَكُمْ

سو آگے یاد کرو گے جو میں کہتا ہوں تم کو ☆

بے وقت پشیمانی

☆یعنی آگے چل کر جب اپنی زیادتیوں کا مزہ چکھو گے اس وقت میری نصیحت کو یاد کرو گے۔ کہ ہاں ایک مرد خدا جو ہم کو سمجھایا کرتا تھا وہ ٹھیک تھا۔ لیکن اس وقت یاد کر کے پشیمان ہونے سے کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْۤ اِلَی اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اور میں سونپتا ہوں اپنا کام اللہ کو بیشک اللہ کی

بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۴۴﴾

نگاہ میں ہیں سب بندے ☆

ادائے فرض کے بعد خدا کے سپرد

☆یعنی میں خدا کی حجت تمام کر چکا اور نصیحت کی بات سمجھا چکا، تم نہیں مانتے تو میرا تم سے کچھ مطلب نہیں، اب میں اپنے کو بالکلیہ خدا کے سپرد کرتا ہوں، اسی پر میرا بھروسہ ہے، تم اگر مجھے ستانا چاہو گے تو وہ ہی خدا میرا حامی وناصر ہے سب بندے اس کی نگاہ میں ہیں وہ میرا اور تمہارا دونوں کا معاملہ دیکھ رہا ہے، کسی کی کوئی حرکت اس پر پوشیدہ نہیں۔ ایک مومن قانت کا کام یہ ہے کہ اپنی امکانی سعی کر چکنے کے بعد نتیجہ کو خدا کے سپرد کرے۔ (تفسیر عثمانی)

فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَیِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا وَحَاقَ

پھر بچالیا موسیٰ کو اللہ نے بُرے داؤ سے جو کرتے تھے اور اُلٹ پڑا

بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْٓءُ الْعَذَابِ ﴿۴۵﴾

فرعون والوں پر بُری طرح کا عذاب ☆

آخری نتیجہ

☆یعنی حق وباطل کی اس کشمکش کا آخری نتیجہ یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام (وران کے ہمراہیوں کو جن میں یہ مومن آل فرعون بھی تھا) فرعونیوں کے منصوبوں سے محفوظ رکھا۔ کوئی داؤ ان کا چلنے نہ دیا۔ بلکہ ان کے داؤ پیچ خود ان ہی پر الٹ پڑے۔ جس نے حق پرستوں کا تعاقب کیا مارا گیا اور قوم کی قوم کا بیڑا بحر قلزم میں غرق ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ یعنی فرعون اور فرعونیوں پر بڑا تکلیف دہ عذاب نازل ہوا فرعون کا ذکر کرنا بیکار تھا کیونکہ وہ تو عذاب کا مستحق سب سے زیادہ تھا اس لئے اس کے ذکر کی ضرورت ہی نہیں تھی۔

سُوْٓءُ الْعَذَابِ یعنی دنیا میں پانی میں غرق کر دیا اور مرنے کے بعد دوزخ میں ڈال دیا۔

آل فرعون: بعض اہل تفسیر کا قول ہے کہ آل فرعون سے مراد وہ لوگ ہیں جن کو فرعون نے عبد مومن کو گرفتاری کے لئے بھیجا تھا اس صورت میں سوء

besturdubooks.wordpress.com

العذاب سے مراد ہوگا عذاب قتل۔ عبد مومن بھاگ کر ایک پہاڑ پر چلا گیا لوگوں نے اس کا پیچھا کیا اور پہاڑ پر چڑھ گئے جا کر دیکھا تو اس کو نماز میں مشغول پایا اور چاروں طرف گھیرا ڈالے صف بستہ جنگلی درندے اس کی حفاظت کر رہے تھے مجبور ہو کر لوٹ پڑے اس جرم میں فرعون نے ان کو قتل کرا دیا۔ (تفسیر مظہری)

اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا ۚ

وہ آگ ہے کہ دکھلا دیتے ہیں اُن کو صبح اور شام ☆

عذاب قبر ☆ یعنی دوزخ کا ٹھکانا جس میں وہ قیامت کے دن داخل کئے جائیں گے ہر صبح و شام ان کو دکھلا دیا جاتا ہے تا نمونہ کے طور پر اس آنے والے عذاب کا کچھ مزہ چکھتے رہیں۔ یہ عالم برزخ کا حال ہوا۔ احادیث سے ثابت ہے کہ اسی طرح ہر کافر کے سامنے دوزخ کا اور ہر مومن کے سامنے جنت کا ٹھکانا روزانہ صبح و شام پیش کیا جاتا ہے (تنبیہ) آیت ہذا سے صرف فرعونیوں کا عالم برزخ میں معذب ہونا ثابت ہوا تھا اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو معلوم کرایا گیا کہ جملہ کفار بلکہ عصاۃ مومنین بھی برزخ میں معذب ہیں (اعاذنا اللہ منہ) کما ورد فی الاحادیث الصحیحۃ اور بعض آثار سے ظاہر ہوتا ہے کہ جس طرح جنتیوں میں سے شہداء کی روحیں "طیور خضر" کے "حواصل" میں داخل ہو کر جنت کی سیر کرتی ہیں، اسی طرح دوزخیوں میں سے فرعونیوں کی ارواح کو "طیور سود" کے "حواصل" میں داخل کر کے ہر صبح و شام دوزخ کی طرف بھیجا جاتا ہے (البتہ ارواح کا مع ان کے اجساد کے جنت یا دوزخ میں اقامت پذیر ہونا یہ آخرت میں ہوگا) اگر یہ صحیح ہو تو فرعونیوں کے متعلق اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا اور عام دوزخیوں کے متعلق حدیث عُرض علیہ مقعدہ بالغداۃ والعشی کے الفاظ کا تفاوت شاید اسی بناء پر ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

عالمِ برزخ پر ایمان لانا ضروری ہے: عالم برزخ اور وہاں کا ثواب و عذاب اور راحت و تکلیف امر قطعی ہے اور جس طرح آخرت پر اور آخرت کے ثواب و عقاب پر ایمان ضروری ہے۔ اسی طرح برزخ کے ثواب و عقاب پر بھی ایمان و یقین ضروری ہے اور ایمان بالآخرۃ جو دین کی اصل بنیاد ہے وہ احوال برزخ پر ایمان لائے بغیر ممکن نہیں۔

برزخ و قبر کیا ہے: برزخ دنیا اور آخرت کے درمیان ایک درمیان عالم کا نام ہے۔ جس جگہ بھی اور جس حال میں بھی مردہ مرنے کے بعد سے لے کر یوم البعث تک رہے گا وہی برزخ ہے خواہ مردہ قبر میں دفنا دیا جائے یا سمندر میں ڈبو دیا جائے یا آگ میں جلا دیا جائے یا کوئی جانور یا درندہ اس کو کھا لے۔ غرض اس جملہ احوال کا عنوان برزخ ہے اور اسی کو اصطلاحی طور پر قبر کہا جاتا ہے۔ اگرچہ قبر لفظی طور سے زمین کے گڑھے کو کہتے ہیں مگر شریعت کی نظر میں یہ جملہ احوال عالم قبر ہی شمار کئے جاتے ہیں۔ اس عالم برزخ کا ثبوت کتاب اللہ کی نص صریح ہے وَمِنْ وَّرَآىِٕهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ میں موجود ہے۔ اسی لئے حضرات متکلمین عقائد کے سلسلے میں عذاب قبر کا ایک مستقل باب رکھتے ہیں۔

اس عالم کی وسعت کا ہم کوئی اندازہ نہیں کر سکتے۔ بعض عارفین کا قول ہے کہ عالم دُنیا اس جہاں برزخ کے سامنے ایسا ہے جیسے ایک ماں کا پیٹ تمام دُنیائے عالم کے سامنے۔ جس طرح حالت نوم موت و حیات کے درمیان ایک حالت ہے۔ ایسے ہی اس عالم برزخ دنیا اور آخرت کے مابین عالم سمجھ لیا جائے۔ انسان کے مرجانے کے بعد دنیوی حیات کا خاتمہ ہو جاتا ہے اور روح عالم برزخ میں پہنچ جاتی ہے۔ مگر اپنے بدن کے ساتھ پھر بھی ایک گونہ تعلق باقی رہتا ہے۔ اور محل دفن سے بھی علاقہ رہتا ہے۔

قبر کی حیات: قبر میں میت کو جو حیات حاصل ہوتی ہے وہ دنیا کی حیات معہودہ کی طرح نہیں بلکہ وہ دوسری نوع کی ہوتی ہے۔ جس کا اُن حواس سے ادراک نہیں ہوتا کیونکہ یہ بدنی حواس تو بدن کی موت سے ختم ہو چکے ہیں۔ ان اور ادراکات کو اسی طرح سمجھ لیا جائے جیسے حالت نوم میں انسان جو کچھ دیکھتا سنتا ہے وہ ان آنکھوں اور کانوں سے نہیں دیکھتا سنتا وہ تو حالت نوم میں معطل ہیں بلکہ ان کے علاوہ دوسرے باطنی مدرکات ہیں جن کے ذریعہ یہ ادراک حاصل ہوتا ہے۔ بہرکیف مرنے کے بعد انسان جب اس جہان میں پہنچ جاتا ہے۔

قبر میں مومن و کافر کی حالت: حدیث میں آتا ہے کہ مومن شخص قبر میں جب نکیرین کے سوال و جواب سے فارغ ہو جاتا ہے تو اس کے سامنے ایک نہایت بہترین صورت ظاہر ہوتی ہے تو مومن دریافت کرتا ہے۔ مَنْ اَنْتَ الخ کہ تو کون ہے تیرے چہرے سے خیر نظر آ رہی ہے۔ تو جواب یہ ہوگا۔ انا عملک الصالح کہ میں تیرا نیک عمل ہوں۔ اس کے برعکس کافر اور فاسق و فاجر کے سامنے ڈراؤنی ہیبت ناک شکل آئے گی۔ اور یہ شخص جب پوچھے گا کہ تو کون ہے تیرے چہرے سے تو شر ٹپک رہا ہے اس پر یہ شکل جواب دیگی انا عملک الخبیث میں تیرا خبیث عمل ہوں۔ الغرض یہ عالم برزخ عالم آخرت کا دیباچہ ہے۔ جیسا انجام نجات یا ہلاکت کا ہونا ہے اسی کے مطابق قبر ہی میں معاملہ شروع ہو جائے گا۔

نکیرین کا سوال کس سے ہوگا: شیخ عبدالکریم شہرستانی نہایۃ الاقوام میں فرماتے ہیں کہ نکیرین کا سوال و جواب کے لئے روح کا تمام اجزاء بدن سے تعلق ضروری نہیں ہے۔ بعض اجزاء کا بدن سے تعلق کافی ہے۔ کیونکہ زندگی میں بھی ادراک و شعور اور فہم و مطلق جسم کے بعض اجزاء ہی سے تعلق رکھتے ہیں۔ اسی طرح مرنے کے بعد قبر میں اللہ تعالیٰ ان اجزاء مخصوصہ کے ساتھ روح کا تعلق قائم فرما کر زندہ کر دیں گے اور نکیرین سے

besturdubooks.wordpress.com

سوال وجواب دراصل انہی اجزائے مخصوصہ سے ہوگا اور پھر قیامت کے روز یہی اجزاء اصلیہ حشر ونشر کے وقت اپنی اصلی صورت میں ظاہر ہوں گے۔

ثواب وعذاب قبر کے دلائل

نہایۃ الاقوام للامام شہرستانی بحوالہ عقائد الاسلام حضرت مولانا محمد ادریس رحمہ اللہ بہرکیف یہ آیات اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا۔ برزخ میں عذاب قبر ثابت کررہی ہے اور یہ کہ یہ عذاب قبل از قیامت ہوگا جیسے کہ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ کی تصریح اس پر دلالت کررہی ہے اور حبیب نجار کے قصہ میں جن کو کفار نے شہید کردیا تھا تو اُنکے متعلق ہے۔ قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ کہ شہادت کے بعد ہی حکم ہوگیا کہ جنت میں داخل ہوجا۔ اور جنت میں داخل ہوگیا تو اس کو تمنا ہوئی کاش میری قوم کو بھی اس کی نعمت وکرامت کا علم ہوجائے تاکہ وہ بھی ایمان لائے تو ظاہر ہے کہ یہ ثواب مرنے کے بعد قبل از قیامت ہوا اس طرح سے ثابت ہوا کہ قبل از قیامت عذاب قبر کی طرح ثواب قبر بھی ہے جو مؤمنین ومطیعین کے لئے ہوگا۔ اسی طرح آیت واقعہ فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ اور یہ سلسلہ انعام مرنے کے بعد فوراً ہی ہے اور کفار کے حق میں مرنے کے بعد متصل احوال یہ ہیں فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ مہمانی کھولتے پانی کی اور جہنم کی آگ میں گھسنا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا عذاب قبر سے پناہ مانگنا احادیث متواترہ اور صریحہ سے ثابت ہے۔ (معارف کاندھلوی)

امام احمد بن حنبل کی تخریج کردہ وہ حدیث جس کا یہ مضمون ہے کہ ایک یہودی عورت ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں آیا کرتی۔ اور حضرت عائشہؓ اس کی مدد فرمایا کرتیں۔ تو جب بھی اس کے ساتھ کوئی احسان وغیرہ کرتیں تو وہ یہودیہ یہ دعا دیتی کہ وقاك الله عذاب القبر (اللہ تعالیٰ تمہیں عذاب قبر سے بچائے) حضرت عائشہؓ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا تو آپ نے فرمایا۔ یہ یہودیہ جھوٹ بولتی ہے۔ اور یہ لوگ تو اللہ پر بہت ہی جھوٹے ہیں قیامت سے پہلے کوئی عذاب نہیں۔ پھر آپ کچھ دن گذرنے کے بعد ایک روز نصف النہار کے وقت اپنی چادر اوڑھے باہر نکلے۔ اور گھبراہٹ کی وجہ سے آپؐ کی آنکھیں سرخ تھیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم باآواز بلند فرمارہے تھے القبر كقطع الليل المظلم کہ قبر تو رات کے تاریک ٹکڑوں کی طرح ہے اے لوگو! اگر تم کو وہ باتیں معلوم ہوجائیں جو میں جانتا ہوں تو تم لوگ کثرت سے رویا کرو اور بہت کم ہنسا کرو۔ اے لوگو! پناہ مانگو اللہ کی عذاب قبر سے۔ کیونکہ عذاب قبر حق ہے۔ اس حدیث کو اگرچہ بخاری اور مسلم نے روایت نہیں کیا مگر یہ ان کی شرط پر ہے۔ آپؐ نے لوگوں کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا۔ انكم تفتنون في القبور قريباً من فتنة الدجال۔ امام بخاری ومسلم نے عبداللہ بن عمرؓ کی سند سے یہ حدیث تخریج فرمائی ہے۔ قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان احدكم اذا مات عرض عليه مقعده بالغداة والعشى. ان كان من اهل الجنة فمن اهل الجنة وان كان من اهل النار فمن اهل النار. فيقال هذا مقعدك حتى يبعثك الله عزوجل الى يوم القيمة۔ (صحیح بخاری صحیح مسلم)

(کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی شخص مرجاتا ہے تو اس پر اس کا ٹھکانہ صبح وشام پیش (اور ظاہر) کیا جاتا ہے اگر اہل جنت سے ہوتا ہے تو جنت والوں کا ٹھکانہ اور اگر اہل جہنم میں سے ہوتا ہے تو جہنم والوں کا ٹھکانہ۔ اور ان میں سے ہر ایک کو یہی کہلایا جاتا ہے کہ یہ ہے تیرا ٹھکانہ یہاں تک کہ تجھ کو اللہ عزوجل قیامت کے روز اٹھانہ لے)

صبح وشام آگ

حضرت عبداللہؓ بن مسعود نے فرمایا کہ آل فرعون کی روحیں سیاہ پرندوں کے جوف کے اندر داخل ہوکر روزانہ دو مرتبہ صبح شام دوزخ پر پیش ہوتی ہیں اور ان سے کہا جاتا ہے کہ اے آل فرعون قیامت برپا ہونے تک تمہارا یہی ٹھکانہ ہے' اس کی تائید حضرت عبداللہؓ بن عمر کی اس روایت سے ہوتی ہے جو صحیحین میں مذکورہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی مر جاتا ہے تو اس کی قیام گاہ صبح شام اس کے سامنے لائی جاتی ہے اگر وہ جنتی ہوتا ہے تو جنت والوں کی قیام گاہ اور اگر دوزخی ہوتا ہے تو دوزخ والوں کی قیام گاہ (اس کے سامنے لائی جاتی ہے) اور اس سے کہا جاتا ہے' یہی تیری رہنے کی جگہ اس وقت تک ہے جب تک کہ اللہ قیامت کے دن تجھے اٹھائے گا۔

آیت سے ثابت ہورہا ہے کہ روح باقی رہتی ہے اور قبر (یعنی برزخ) میں عذاب ہوتا ہے (متعدد) احادیث بھی اسی پر دلالت کرتی ہیں اور اسی پر اجماع علماء ہے۔

اُدْخِلُوْا۔ یعنی (عذاب کے) فرشتوں کو حکم دیا جائے گا کہ آل فرعون کو سخت ترین عذاب میں داخل کردو۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا اشد العذاب سے مراد ہے طرح طرح کا عذاب جو عالم برزخ کے عذاب سے بالکل الگ قسم کا ہوگا۔ (تفسیر مظہری)

مسند احمد میں ہے کہ حضور فرماتے ہیں تم میں سے جب کبھی کوئی مرتا ہے ہر صبح شام اس کی جگہ اس کے سامنے پیش کی جاتی ہے اگر وہ جنتی ہے تو جنت اور اگر وہ جہنمی ہے تو جہنم۔ اور کہا جاتا ہے کہ تیری اصلی جگہ یہ ہے جہاں تجھے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن بھیجے گا۔ یہ حدیث صحیح بخاری صحیح مسلم میں بھی ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

ایک طالب علمانہ اشکال اور اس کا حل

بعض حدیثوں میں کچھ ایسے مضامین وارد ہوئے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ عذاب برزخ کا علم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مدینے شریف کی

besturdubooks.wordpress.com

ہجرت کے بعد ہوا اور یہ آیت مکہ شریف میں نازل ہوئی ہے۔ تو جواب اس کا یہ ہے کہ آیت سے صرف اتنا معلوم ہوتا ہے کہ مشرکوں کی روحیں صبح شام جہنم کے سامنے پیش کی جاتی ہیں۔ باقی رہی یہ بات کہ یہ عذاب ہر وقت جاری اور باقی رہتا ہے یا نہیں؟ اور یہ بھی کہ آیا یہ عذاب صرف روح کو ہی ہوتا ہے یا جسم کو بھی؟ اس کا علم خدا کی طرف سے آپ کو مدینے شریف میں کرایا گیا اور آپ نے اسے بیان فرما دیا۔ پس حدیث و قرآن ملا کر مسئلہ یہ ہوا کہ عذاب و ثواب قبر روح اور جسم دونوں کو ہوتا ہے اور یہی حق ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ ۚ أَدْخِلُوا آلَ
اور جس دن قائم ہو گی قیامت حکم ہو گا داخل کرو

فِرْعَوْنَ أَشَدَّ الْعَذَابِ ﴿٤٦﴾ وَإِذْ
فرعون والوں کو سخت سے سخت عذاب میں اور جب

يَتَحَاجُّونَ فِي النَّارِ فَيَقُولُ الضُّعَفَاءُ
آپس میں جھگڑیں گے آگ کے اندر پھر کہیں گے کمزور

لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا كُنَّا لَكُمْ
غرور کرنے والوں کو ہم تھے تمہارے تابع

تَبَعًا فَهَلْ أَنْتُمْ مُغْنُونَ عَنَّا
پھر کچھ تم ہم پر سے اٹھا لو گے

نَصِيبًا مِنَ النَّارِ ﴿٤٧﴾
حصہ آگ کا ☆

جھوٹے لیڈروں کا انجام

☆ یعنی دنیا میں ہم سے اپنی اطاعت اور اتباع کراتے رہے۔ جس کی بدولت آج ہم پکڑے گئے۔ اب یہاں ہمارے کچھ تو کام آؤ۔ آخر بڑوں کو چھوٹوں کی تھوڑی بہت خبر لینی چاہئے۔ دیکھتے نہیں آج ہم کس قدر مصیبت میں ہیں۔ کیا یہ نہیں ہو سکتا کہ اس مصیبت کا کوئی جزو وہ ہم سے ہلکا کر دو۔ (تفسیر عثمانی)

قَالَ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا كُلٌّ فِيهَا
کہیں گے جو غرور کرتے تھے ہم سبھی پڑے ہوئے ہیں آگ میں

إِنَّ اللَّهَ قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ ﴿٤٨﴾
بیشک اللہ فیصلہ کر چکا بندوں میں ☆

☆ یعنی جو دنیا میں بڑے بنتے تھے جواب دیں گے کہ آج تو ہم تم سب اسی مصیبت میں مبتلا ہیں، اللہ تعالیٰ نے ہم میں سے ہر ایک کے جرم کے موافق سزا کا فیصلہ سنا دیا ہے جو بالکل قطعی اور اٹل ہے۔ اب موقع نہیں رہا کہ کوئی کسی کے کام آئے ہم اپنی ہی مصیبت کو ہلکا نہیں کر سکتے پھر تمہارے کیا کام آ سکتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالَ الَّذِينَ فِي النَّارِ لِخَزَنَةِ
اور کہیں گے جو لوگ پڑے ہیں آگ میں دوزخ کے

جَهَنَّمَ ادْعُوا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا
داروغوں کو مانگو اپنے رب سے کہ ہم پر ہلکا کر دے

يَوْمًا مِنَ الْعَذَابِ ﴿٤٩﴾
ایک دن تھوڑا عذاب ☆

داروغوں سے درخواست

☆ یعنی اپنے سرداروں کی طرف سے مایوس ہو کر ان فرشتوں سے درخواست کریں گے جو دوزخ کے انتظام پر مسلط ہیں کہ تم ہی اپنے رب سے کہہ کر کوئی دن تعطیل کا کرا دو جس میں ہم پر سے عذاب کچھ ہلکا ہو جایا کرے۔ (تفسیر عثمانی)

قَالُوا أَوَلَمْ تَكُ تَأْتِيكُمْ رُسُلُكُمْ
وہ بولے کیا نہ آتے تھے تمہارے پاس تمہارے رسول

بِالْبَيِّنَاتِ ۖ قَالُوا بَلَىٰ ۚ قَالُوا فَادْعُوا ۗ
کھلی نشانیاں لے کر کہیں گے کیوں نہیں بولے پھر پکارو

وَمَا دُعَاءُ الْكَافِرِينَ إِلَّا فِي ضَلَالٍ ﴿٥٠﴾
اور کچھ نہیں کافروں کا پکارنا مگر بھٹکنا ☆

اب وقت نکل چکا ہے

یعنی اس وقت ان کی بات نہ مانی اور انجام کی فکر نہ کی جو کچھ کام چلتا، اب موقع ہاتھ سے نکل چکا کوئی سعی سفارش یا خوشامد درآمد کام نہیں دے

besturdubooks.wordpress.com

سکتی۔ پڑے چیختے چلاتے رہو۔ نہ ہم ایسے معاملات میں سفارش کر سکتے ہیں نہ تمہاری چیخ پکار سے کوئی فائدہ ہے۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "دوزخ کے فرشتے کہیں گے سفارش کرنا ہمارا کام نہیں ہم تو عذاب دینے پر مقرر ہیں سفارش کام ہے رسولوں کا سو رسولوں سے تم برخلاف ہی تھے" (تنبیہ) آیت ہذا سے معلوم ہوا کہ آخرت میں کافروں کی دعا کا کوئی اثر نہ ہوگا باقی دنیا میں کافر کے مانگنے پر اللہ تعالیٰ کوئی چیز دیدیں وہ دوسری بات ہے جیسے ابلیس کو قیامت تک مہلت دیدی۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
ہم مدد کرتے ہیں اپنے رسولوں کی اور ایمان والوں
فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا
کی دنیا کی زندگانی میں ☆

دنیا میں مدد ☆ یعنی دنیا میں ان کا بول بالا کرتا ہے جس مقصد کے لئے وہ کھڑے ہوتے ہیں اللہ کی مدد سے اس میں کامیابی ہوتی ہے۔ حق پرستوں کی قربانیاں کبھی ضائع نہیں جاتیں درمیان میں کتنا ہی اتار چڑھاؤ ہو اور کیسے ہی امتحانات پیش آئیں مگر آخر ان کا مشن کامیاب ہو کر رہتا ہے۔ علمی حیثیت سے حجت و برہان میں تو وہ ہمیشہ ہی منصور رہتے ہیں لیکن مادی فتح اور ظاہری عزت و رفعت بھی آخر کار ان ہی کو حاصل ہوتی ہے سچائی کے دشمن کبھی معزز نہیں رہ سکتے۔ ان کا علو اور عروج محض ہنڈیا کا جھاگ اور سوڈے کا ابال ہوتا ہے۔ انجام کار مومنین قانتین کے مقابلہ میں ان کو پست اور ذلیل ہونا پڑتا ہے اور اللہ تعالیٰ ان سے اپنے اولیاء کا انتقام لئے بدون نہیں چھوڑتا لیکن واضح رہے کہ آیت میں جن مومنین کے لئے وعدہ کیا گیا شرط یہ ہے کہ وہ حقیقی مومن اور رسولوں کے متبع ہوں کما قال تعالیٰ وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (آل عمران۔ رکوع ۱۴) مومنین کی خصلتیں قرآن میں جابجا مذکور ہیں چاہئے کہ مسلمان اس کسوٹی پر اپنے کو کس کر دیکھ لیں۔ (تفسیر عثمانی)

ضحاک نے کہا دنیا میں مدد کرنے سے مراد ہے دلیل و برہان سے مدد کرنا حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا غلبہ عطا کرنا مراد ہے۔ بیضاوی نے کہا اگرچہ کبھی کافروں کو بھی غلبہ عطا کیا گیا لیکن اعتبار انجام و مآل اور اکثریت کا ہے (اور اکثر صورتوں میں پیغمبروں کو کافروں پر غلبہ ہی عطا کیا گیا ہے) بعض لوگوں نے کہا نصرت رسل سے مراد ہے دشمنوں سے انتقام (یعنی دنیا میں اللہ نے پیغمبروں کے دشمنوں سے پیغمبروں کا انتقام ضرور لیا) (تفسیر مظہری)

اللہ تعالیٰ کی سنت: الغرض حق تعالیٰ کی یہ سنت قدیم ہمیشہ سے جاری رہی کہ وہ اپنے مومن بندوں کی مدد فرماتا ہے۔ اور ان کے ظالموں سے بدلہ لے کر مومنین کی آنکھیں ٹھنڈی کرتا ہے حق تعالیٰ کی اس سنت قدیم کو ابوہریرہؓ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد مبارک سے نقل فرماتے ہیں۔ فرمایا حق تعالیٰ کا ارشاد ہے جو بھی میرے کسی دوست سے دشمنی کا معاملہ کرے۔ بس اس نے میرے مقابلہ میں اعلان جنگ کر دیا۔ اور میدان میں میرے سامنے نکل آیا۔ تاریخ شاہد ہے کہ خداوند عالم نے قوم نوحؑ عاد و ثمود قوم لوط اور اصحاب مدین اور ایسے اللہ کے رسولوں سے عداوت و مقابلہ کرنے والوں کا کیسا عبرت ناک انجام دنیا کو دکھایا اور سب سے آخیر میں خاتم الانبیاء والمرسلین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کے اصحاب کی اللہ نے کیسی مدد اور کامیابی فرمائی اور دشمنوں کو ذلیل و رسوا کر کے کلمۃ اللہ ہی العلیا اور لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ کا منظر دکھایا۔ گو ایک وقت مغلوبیت کا گذارا مکہ سے ہجرت بھی کرنی پڑی۔ مگر مظلومیت اور بے بسی کے اس دور کے ساتھ ہی ساتھ انصار کا گروہ مہیا فرما دیا جن کی زندگیاں اللہ کے رسولؐ اور ان پر ایمان لانے والوں کے لئے سراپا نصرت ہی نصرت تھیں۔ پھر اللہ نے کفار پر جنگ بدر میں غلبہ دیا۔ ان کے رؤسا اور سردار قتل کئے گئے۔ قید و بند کی ذلت سامنے آ گئی فدیہ دیکر رہائی حاصل کرنا ہی اپنے ہاتھوں اپنی ذلت و پستی کو اختیار کر لینا تھا۔ تا آنکہ مکہ مکرمہ فتح ہوا۔ وہی سردار وہی رؤسا قریش دست بستہ سرنگوں شرمسار آپ کے سامنے معافی مانگتے ہوئے حاضر ہو رہے ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان پر احسان فرماتے ہوئے یہ فرماتے جا رہے ہیں۔ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ۔ اور نوبت یہاں تک پہنچی کہ جزیرہ عرب اور یمن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مطیع ہوا اور اہل کتاب جزیہ گذار ہو گئے۔ اور لوگ اللہ کے دین میں فوج در فوج داخل ہونے لگے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی رحلت کے بعد خلفاء راشدین کے دور فارس و روم۔ افریقہ اندلس اور کابل تک فتوحات کا سلسلہ پھیل گیا۔ اور اسلام کا کلمہ اور دین کا غلبہ مشرق و مغرب میں دنیا نے دیکھ لیا (تفسیر ابن کثیر ج ۴) (معارف کاندھلوی)

وَيَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ ﴿۵۱﴾
اور جب کھڑے ہونگے گواہ ☆

اہل حق کا اعزاز ☆ یعنی میدان حشر میں جبکہ اولین و آخرین جمع ہوں گے حق تعالیٰ اپنے فضل سے علی رؤس الاشہاد ان کی سربلندی اور عزت و رفعت کو ظاہر فرمائے گا۔ دنیا میں تو کچھ شبہ بھی رہ سکتا ہے اور التباس ہو جاتا ہے، وہاں ذرا بھی ابہام و التباس باقی نہ رہے گا۔ (تفسیر عثمانی)

يَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ باجماع مفسرین یہ دن قیامت کا دن ہے۔ اور الاشہاد کی تفسیر ملائکہ سے کی گئی۔ جو بندوں کے نامہ ہائے اعمال لئے

besturdubooks.wordpress.com

میدان حشر میں موجود ہوں گے۔ (معارف کاندھلوی)

يَوْمَ لَا يَنْفَعُ الظّٰلِمِيْنَ مَعْذِرَتُهُمْ
جس دن کام نہ آئیں منکروں کو اُن کے بہانے
وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿۵۲﴾
اور اُن کو پھٹکار ہے اور اُنکے واسطے برا گھر ☆

☆ یعنی ان کی کوئی مدد اور دستگیری نہ ہوگی۔ یہ مقبولین کے بالمقابل مطرودین کا انجام بیان فرمادیا۔ (تفسیر عثمانی)

سوٓء الدار کی تفسیر: بعض مفسرین مثلاً سدی یہ بیان کرتے ہیں۔ بئس المنزل والمقیل۔ یعنی بہت ہی بری اترنے کی جگہ اور بہت ہی بُری آرام گاہ اور جہنم کو آرام گاہ کہنا ایسا ہی ہوگا جیسے فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ میں لفظ بشارت استعمال کیا گیا۔ اس کی تفسیر انجام کی تباہی اور بربادی سے فرمایا کرتے تھے۔ (معارف کاندھلوی)

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْهُدٰى وَاَوْرَثْنَا
اور ہم نے دی موسیٰ کو راہ کی سوجھ اور وارث کیا
بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ ﴿۵۳﴾ هُدًى وَّذِكْرٰى
بنی اسرائیل کو کتاب کا جھانے اور سمجھانے والی
لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۵۴﴾
عقلمندوں کو☆

قابل عبرت ☆ یعنی دنیا ہی میں دیکھ لو کہ فرعون اور اسکی قوم کو باوجود اس قدر طاقت وجبروت کے حق کی دشمنی نے کس طرح ہلاک و برباد کرکے چھوڑا اور موسیٰ علیہ السلام کی برکت ورہنمائی سے بنی اسرائیل کی مظلوم اور کمزور قوم کو کس طرح ابھارا اور اس عظیم الشان کتاب (تورات) کا وارث بنایا جو دنیا میں عقل مندوں کے لئے شمع ہدایت کا کام دیتی تھی۔ (تفسیر عثمانی)

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاسْتَغْفِرْ
سو تو ٹھہرا رہ بیشک وعدہ اللہ کا ٹھیک ہے اور بخشوا
لِذَنْۢبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ
اپنا گناہ اور پاکی بول اپنے رب کی خوبیاں شام کو

وَالْاِبْكَارِ ﴿۵۵﴾
اور صبح کو☆

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ضرور فتح ہوگی

☆ یعنی آپ بھی تسلی رکھئے جو وعدہ آپ کے ساتھ ہے ضرور پورا ہوکر رہے گا۔ خداوند قدوس دارین میں آپ کو اور آپ کے طفیل میں آپ کے متبعین کو سربلند رکھے گا۔ ضرورت اس کی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے ہر قسم کے شدائد ونوائب پر صبر کریں اور جن سے جس درجہ کی تقصیر کا امکان ہو اس کی معافی خدا سے چاہتے رہیں اور ہمیشہ رات دن صبح و شام اپنے پروردگار کی تسبیح وتحمید کا قولاً وفعلاً ورد رکھیں ظاہر وباطن میں اس کی یاد سے غافل نہ ہوں پھر اللہ کی مدد یقینی ہے۔ یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب بنا کر ساری امت کو سنایا۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ " حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دن میں سو سو بار استغفار کرتے ہر بندے کی تقصیر اس کے درجے کے موافق ہے اس لئے ہر کسی کو استغفار ضروری ہے۔" (تفسیر عثمانی)

اِنَّ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ
جو لوگ جھگڑتے ہیں اللہ کی باتوں میں بغیر
سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ۙ اِنْ فِيْ صُدُوْرِهِمْ
کسی سند کے جو پہنچی ہو اُن کو اور کوئی بات نہیں انکے دلوں میں
اِلَّا كِبْرٌ مَّا هُمْ بِبَالِغِيْهِ ۚ
غرور ہے کہ کبھی نہ پہنچیں گے اُس تک ☆

تکبر ☆ یعنی جو لوگ اللہ کی دلائل توحید اور کتب سماویہ اور اس کے پیغمبروں کے معجزات وہدایات میں خواہ مخواہ جھگڑتے اور بے سند باتیں نکال کر حق کی آواز کو دبانا چاہتے ہیں، ان کے ہاتھ میں کچھ حجت ودلیل نہیں۔ نہ فی الواقع ان کھلی ہوئی چیزوں میں شک وشبہ کا موقع ہے۔ صرف شیخی اور غرور مانع ہے کہ حق کے سامنے گردن جھکائیں اور پیغمبر کا اتباع کریں۔ وہ اپنے کو بہت اونچا کھینچتے ہیں۔ چاہتے یہ ہیں کہ پیغمبر سے اوپر ہوکر رہیں یا کم از کم اسکے سامنے جھکنا نہ پڑے لیکن یاد رکھیں کہ وہ اس مقصد کو کبھی نہیں پہنچ سکتے۔ پیغمبر کے سامنے سراطاعت جھکانا پڑے گا ورنہ سخت ذلیل ورسوا ہوں گے۔ (تفسیر عثمانی)

فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ
سو تو پناہ مانگ اللہ کی بیشک وہ سُنتا

besturdubooks.wordpress.com

الْبَصِيْرُ ﴿۵۶﴾

دیکھتا ہے ☆

☆ یعنی اللہ کی پناہ مانگ کہ وہ ان مجادلین کے خیالات سے بچائے اور ان کے شر سے محفوظ رکھے۔ آگے بعض مسائل کی تحقیق ہے جن میں وہ لوگ جھگڑتے تھے مثلاً بعث بعد الموت (موت کے بعد دوبارہ اٹھایا جانا) کہ اس کو وہ محال سمجھتے تھے یا توحید باری جس کا انکار کرتے تھے۔ (تفسیر عثمانی)

لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ

البتہ پیدا کرنا آسمانوں کا اور زمین کا بڑا ہے

خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا

لوگوں کے بنانے سے لیکن بہت لوگ نہیں

يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾

سمجھتے ☆

موت کے بعد زندگی ☆ یعنی بظاہر مادی حیثیت سے آسمان وزمین کی عظمت وجسامت کے سامنے انسان کی کیا حقیقت ہے۔ لیکن مشرکین بھی تسلیم کرتے ہیں کہ زمین وآسمان کا پیدا کرنے والا وہ ہی خداوند قدوس ہے۔ پھر جس نے اتنی بڑی مخلوقات کو پیدا کیا اسے آدمیوں کا پہلی بار یا دوسری بار پیدا کر دینا کیا مشکل ہوگا۔ تعجب ہے کہ ایسی موٹی بات کو بہت لوگ نہیں سمجھتے۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ وَالَّذِيْنَ

اور برابر نہیں اندھا اور آنکھوں والا اور نہ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَلَا الْمُسِيْٓءُ ۭ

ایمان دار جو بھلے کام کرتے ہیں اور نہ بدکار

قَلِيْلًا مَّا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾ اِنَّ السَّاعَةَ

تم بہت کم سوچ کرتے ہو تحقیق قیامت

لَاٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ

آنی ہے اس میں دھوکا نہیں ولیکن بہت

النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۹﴾

لوگ نہیں مانتے ☆

مومن اور بدکار

☆ یعنی ایک اندھا جسے حق کا سیدھا راستہ نہیں سوجھتا اور ایک آنکھوں والا جو نہایت بصیرت کے ساتھ صراط مستقیم کو دیکھتا اور سمجھتا ہے۔ کیا دونوں برابر ہو سکتے ہیں؟ یا ایک نیکوکار مومن اور کافر بدکار کا انجام یکساں ہو سکتا ہے؟ اگر ایسا نہیں تو ضرور ایک دن چاہیے جب ان کا باہمی فرق کھلے اور دونوں کے علم وعمل کے ثمرات اپنی اکمل ترین صورت میں ظاہر ہوں مگر افسوس کہ تم اتنا بھی نہیں سوچتے۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ۭ

اور کہتا ہے تمہارا رب مجھ کو پکارو کہ پہنچوں تمہاری پکار کو ☆

☆ یعنی میری ہی بندگی کرو کہ اسکی جزاء دوں گا اور مجھ ہی سے مانگو کہ تمہارا مانگنا خالی نہ جائے گا۔ (تفسیر عثمانی)

اس امت کے لئے مخصوص تین چیزیں

حضرت کعب احبارؒ فرماتے ہیں اس امت کو تین چیزیں ایسی دی گئی ہیں کہ ان سے پہلے کسی امت کو نہیں دی گئیں' بجز نبی کے۔ دیکھو ہر نبی کو خدا کا فرمان یہ ہوا ہے کہ تو اپنی امت پر گواہ ہے۔ لیکن تمام لوگوں پر گواہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں کیا ہے۔ اگلے نبیوں سے کہا جاتا تھا کہ تجھ پر دین میں حرج نہیں۔ لیکن اس امت سے فرمایا گیا کہ تمہارے دین میں تم پر کوئی حرج نہیں۔ ہر نبی سے کہا جاتا تھا کہ مجھے پکار میں تیری پکار قبول کروں گا لیکن اس امت کو فرمایا گیا کہ تم مجھے پکارو میں تمہاری پکار قبول فرماؤں گا (ابن ابی حاتم) امام ترمذیؒ اسے حسن صحیح کہتے ہیں۔ ابن حبانؒ اور حاکمؒ بھی اسے اپنی صحیح میں لائے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کی شان: اَللّٰهُ يَغْضَبُ اِنْ تَرَكْتَ سُؤَالَهٗ . وَبُنَيُّ اٰدَمَ حِيْنَ يُسْاَلُ يَغْضَبُ یعنی اللہ تعالیٰ کی شان یہ ہے کہ جب تو اس سے نہ مانگے تو وہ ناخوش ہوتا ہے اور انسان کی یہ حالت ہے کہ اس سے مانگو تو وہ روٹھ جاتا ہے۔ مسند میں ہے جو شخص خدا سے دعا نہیں کرتا اللہ اس پر غضب ناک ہوتا ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

چار باتیں: انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے ایک حدیث قدسی کا مضمون آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا ہے۔ فرمایا حق تعالیٰ شانہ کا ارشاد ہے۔ چار باتیں ہیں جن میں سے ایک میرے واسطے اور ایک اے میرے بندے تیرے واسطے ہے۔ اور ایک میرے اور تیرے درمیان ہے اور ایک وہ ہے جو تیرے اور میرے دوسرے تمام بندوں کے درمیان ہے۔

جو چیز میرے واسطے ہے وہ یہ ہے کہ تو میرے ساتھ کسی چیز کو شریک مت کرنا۔ اور جو چیز تیری مجھ پر ہے وہ یہ ہے کہ جو بھی تو عمل خیر کرے گا اس کی

besturdubooks.wordpress.com

جزا میرے ذمہ ہے اور جو چیز میرے اور تیرے درمیان ہے وہ یہ کہ تو دعا کرے اور میں اس کو قبول کروں اور جو تیرے اور مخلوق کے درمیان ہے وہ یہ کہ تو ان کے واسطے وہی چیز پسند کر جو اپنے واسطے پسند کرتا ہے۔ (معارف کاندھلوی)

اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ
بیشک جو لوگ تکبر کرتے ہیں میری بندگی سے
سَیَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِیْنَ ؏
اب داخل ہونگے دوزخ میں ذلیل ہو کر ☆

☆ بندگی کی شرط ہے اپنے رب سے مانگنا نہ مانگنا غرور ہے اور اس آیت سے معلوم ہوا ہے کہ اللہ بندوں کی پکار کو پہنچتا ہے یہ بات تو بے شک برحق ہے مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ ہر بندے کی ہر دعا قبول کیا کرے یعنی جو مانگے وہ ہی چیز دیدے نہیں اس کی اجابت کے بہت سے رنگ ہیں جو احادیث میں بیان کر دیئے گئے ہیں۔ کوئی چیز دینا اسکی مشیت پر موقوف اور حکومت کے تابع ہے۔ کما قال فی موضع آخر فَیَکْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَیْهِ اِنْ شَآءَ (انعام۔ رکوع ۴) بہرحال بندہ کا کام ہے مانگنا اور یہ مانگنا خود ایک عبادت بلکہ مغز عبادت ہے۔ (تفسیر عثمانی)

تکبر کرنے والوں کا حشر

مسند احمد میں ہے کہ قیامت کے دن متکبر لوگ چیونٹیوں کی شکل میں جمع کئے جائیں گے۔ چھوٹی سے چھوٹی چیز بھی ان کے اوپر ہوگی۔ انہیں بولس نامی جہنم کے جیل خانے میں ڈالا جائے گا اور بھڑکتی ہوئی سخت آگ ان کے سروں پر شعلے مارے گی۔ انہیں جہنمیوں کا لہو پیپ اور پاخانہ پیشاب پلایا جائے گا۔

قابل تعجب آدمی: ابن ابی حاتم میں ہے ایک بزرگ فرماتے ہیں میں ملک روم میں کافروں کے ہاتھوں میں گرفتار ہو گیا تھا ایک دن میں نے سنا کہ ہاتف غیب ایک پہاڑ کی چوٹی سے یہ آواز بلند کہہ رہا ہے خدایا! اُس پر تعجب ہے جو تجھے پہنچانتے ہوئے تیرے سوا دوسرے کی ذات سے امیدیں وابستہ رکھتا ہے۔ خدایا! اُس پر بھی تعجب ہے جو تجھے پہنچانتے ہوئے اپنی حاجتیں دوسروں کے پاس لے جاتا ہے۔ پھر ذرا ٹھہر کر ایک پُرزور آواز لگائی اور کہا پورا تعجب اس پر ہے جو تجھے پہچانتے ہوئے دوسرے کی رضا مندی حاصل کرنے کے لئے وہ کام کرتا ہے جن سے تو ناراض ہو جائے۔ یہ سن کر میں نے بلند آواز سے پوچھا کہ تو کوئی جن ہے یا انسان؟ جواب آیا کہ انسان ہوں تو ان کاموں سے اپنا دھیان ہٹالے جو تجھے فائدہ نہ دیں اور ان کاموں میں مشغول ہو جا جو تیرے فائدے کے ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

دعاء کی حقیقت: دُعاء کے لفظی معنے پکارنے کے ہیں اور اکثر استعمال کسی حاجت وضرورت کیلئے پکارنے میں ہوتا ہے۔ کبھی مطلق ذکر اللہ کو بھی دعا کہا جاتا ہے۔ یہ آیت امت محمدیہ کا خاص اعزاز ہے کہ ان کو دعا مانگنے کا حکم دیا گیا اور اسکی قبولیت کا وعدہ کیا گیا۔ اور جو دعا نہ مانگے اس کے لئے عذاب کی وعید آئی ہے۔

حضرت قتادہؒ نے کعب احبارؒ سے نقل کیا ہے کہ پہلے زمانے میں یہ خصوصیت انبیاءؑ کی تھی کہ ان کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم ہوتا تھا کہ آپ دعا کریں میں قبول کروں گا۔ امت محمدیہ کی یہ خصوصیت ہے کہ یہ حکم تمام اُمت کے لئے عام کر دیا گیا۔ (ابن کثیر)

حضرت نعمان بن بشیرؓ نے اس آیت کی تفسیر میں یہ حدیث بیان فرمائی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اِنَّ الدُّعَآءَ هُوَ الْعِبَادَةُ۔ یعنی دعاء عبادت ہی ہے اور پھر آپ نے استدلال میں یہ آیت تلاوت فرمائی۔ اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ۔

(رواہ الامام احمد والترمذی والنسائی وابوداؤد وغیرہ۔ ابن کثیر)

ہر دعاء عبادت ہے اور ہر عبادت دُعاء ہے۔ وجہ یہ ہے کہ عبادت نام ہے کسی کے سامنے انتہائی تذلل اختیار کرنے کا اور ظاہر ہے کہ اپنے آپ کو کسی کا محتاج سمجھ کر اس کے سامنے سوال کے لئے ہاتھ پھیلانا بڑا تذلل ہے جو مفہوم عبادت کا ہے۔ اس طرح ہر عبادت کا حاصل بھی اللہ تعالیٰ سے مغفرت اور جنت اور دنیا اور آخرت کی عافیت مانگنا ہے۔ اسی لئے ایک حدیث قدسی میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جو شخص میری حمد وثنا میں اتنا مشغول ہو کہ اپنی حاجت مانگنے کی بھی اسے فرصت نہ ملے میں اُس کو مانگنے والوں سے زیادہ دوں گا۔ (یعنی اُس کی حاجت پوری کردوں گا)۔ (رواہ الجزری فی النہایہ)

اور ترمذی ومسلم کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ من شغله القران عن ذکری و مسئلتی اعطیته افضل ما اعطی السائلین۔ یعنی جو شخص تلاوت قرآن میں اتنا مشغول ہو کہ مجھ سے اپنی حاجات مانگنے کی بھی اسے فرصت نہ ملے تو میں اس کو اتنا دوں گا کہ مانگنے والوں کو بھی اتنا نہیں ملتا۔ اس سے معلوم ہوا کہ ہر عبادت بھی وہی فائدہ دیتی ہے جو دعا کا فائدہ ہے۔

اور عرفات کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عرفات میں میری دعا اور مجھ سے پہلے انبیا علیہم السلام کی دعا (یہ کلمہ ہے) لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ (رواہ ابن ابی شیبہ۔ مظہری)

اس میں عبادت اور ذکر اللہ کو دعا فرمایا ہے اور اس آیت میں عبادت بمعنے دعاء کے ترک کرنے والوں کو جو جہنم کی وعید سنائی گئی ہے وہ بصورت استکبار ہے یعنی جو شخص بطور استکبار کے اپنے آپ کو دعاء سے مستغنی سمجھ کر دُعاء چھوڑے یہ علامت کفر کی ہے اس لئے وعید جہنم کا استحقاق ہوا۔ ورنہ فی نفسہ عام دُعائیں فرض وواجب نہیں اُن کے ترک سے کوئی گناہ نہیں۔ البتہ باجماع علماء مستحب

besturdubooks.wordpress.com

اور افضل ہے۔ (مظہری) اور حسب تصریح احادیث موجب برکات ہے۔

فضائل دعا

حدیث: - رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک دعاء سے زیادہ کوئی چیز مکرم نہیں۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ حاکم عن ابی ہریرۃ)

حدیث: - رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے الدعاء مخ العبادۃ یعنی دعاء عبادت کا مغز ہے۔ (ترمذی عن انسؓ)

حدیث: - رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سے اس کا فضل مانگا کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ سوال اور حاجت طلبی کو پسند فرماتا ہے اور سب سے بڑی عبادت یہ ہے کہ تنگی کے وقت آدمی فراخی کا انتظار کرے۔ (ترمذی عن ابن مسعودؓ)

حدیث: - رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اللہ سے اپنی حاجت کا سوال نہیں کرتا اللہ تعالیٰ کا اس پر غضب ہوتا ہے۔ (ترمذی۔ ابن حبان۔ حاکم)

ان سب روایات کو تفسیر مظہری میں نقل کر کے فرمایا کہ دعاء نہ مانگنے والے پر غضب الٰہی کی وعید اس صورت میں ہے کہ نہ مانگنا تکبر اور اپنے آپ کو مستغنی سمجھنے کی بنا پر ہو جیسا کہ آیت مذکورہ اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ کے الفاظ سے ثابت ہوتا ہے۔

حدیث: - رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دعا سے عاجز نہ ہو کیونکہ دعا کے ساتھ کوئی ہلاک نہیں ہوتا۔ (ابن حبان۔ حاکم عن انسؓ)

حدیث: - رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دعاء مومن کا ہتھیار ہے اور دین کا ستون اور آسمان وزمین کا نور ہے۔ (حاکم فی المستدرک عن ابی ہریرۃؓ)

حدیث: - رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کیلئے دعاء کے دروازے کھول دیئے گئے اُس کے واسطے رحمت کے دروازے کھل گئے اور اللہ تعالیٰ سے کوئی دعاء اس سے زیادہ محبوب نہیں مانگی گئی کہ انسان اُس سے عافیت کا سوال کرے۔ (ترمذی۔ حاکم عن ابن عمرؓ)۔ لفظ عافیت بڑا جامع لفظ ہے جس میں بلاء سے حفاظت اور ہر ضرورت وحاجت کا پورا ہونا داخل ہے۔

مسئلہ: - کسی گناہ یا قطع رحمی کی دعا مانگنا حرام ہے وہ دعا اللہ کے نزدیک قبول نہیں ہوتی۔ (کمافی الحدیث عن ابی سعید الخدریؓ)

قبولیت دُعا کا وعدہ: آیت مذکورہ میں اس کا وعدہ ہے کہ جو بندہ اللہ سے دعا مانگتا ہے وہ قبول ہوتی مگر بعض اوقات انسان یہ بھی دیکھتا ہے کہ دعا مانگی وہ قبول نہیں ہوئی۔ اس کا جواب ایک حدیث میں ہے جو حضرت ابوسعید خدریؓ سے منقول ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان جو بھی دعا اللہ سے کرتا ہے اللہ اس کو عطا فرماتا ہے۔ بشرطیکہ اُس میں کسی گناہ یا قطع رحمی کی دعاء نہ ہو اور قبول فرمانے کی تین صورتوں میں سے کوئی صورت ہوتی ہے ایک یہ کہ جو مانگا وہی مل گیا دوسرے یہ کہ اس کی مطلوب چیز کے بدلے اس کو آخرت کا کوئی اجر وثواب دیدیا گیا۔ تیسرے یہ کہ مانگی ہوئی چیز تو نہ ملی مگر کوئی آفت ومصیبت اس پر آنے والی تھی وہ ٹل گئی۔ (مسند احمد۔ مظہری)

قبولیت دُعاء کی شرائط: آیت مذکورہ میں تو بظاہر کوئی شرط نہیں یہاں تک مسلمان ہونا بھی قبولیت دعا کی شرط نہیں ہے۔ کافر کی دعا بھی اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے۔ یہاں تک کہ ابلیس کی دُعاء تا قیامت زندہ رہنے کی قبول ہوگئی۔ نہ دعا کے لئے کوئی وقت شرط نہ طہارت اور نہ باوضو ہونا شرط ہے۔ مگر احادیث معتبرہ میں بعض چیزوں کو موانع قبولیت فرمایا ہے۔ ان چیزوں سے اجتناب لازم ہے جیسا کہ حدیث میں حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بعض آدمی بہت سفر کرتے اور آسمان کی طرف دُعا کے لئے ہاتھ اٹھاتے ہیں اور یارب یارب کہہ کر اپنی حاجت مانگتے ہیں مگر ان کا کھانا حرام۔ پینا حرام۔ لباس حرام۔ ان کو حرام ہی سے غذا دی گئی تو ان کی دعا کہاں قبول ہوگی۔ (رواہ مسلم)۔

اسی طرح غفلت و بے پرواہی کے ساتھ بغیر دھیان دیئے دعاء کے کلمات پڑھیں تو حدیث میں اس کے متعلق بھی آیا ہے کہ ایسی دعا بھی قبول نہیں ہوتی۔ (ترمذی عن ابی ہریرہؓ) (معارف مفتی اعظم)

اَللّٰهُ الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ الَّیْلَ لِتَسْکُنُوْا
اللہ ہے جس نے بنایا تمہارے واسطے رات کو کہ اُس میں
فِیْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ
چین پکڑو اور دن بنایا دیکھنے کا ☆

رات اور دن: رات کی ٹھنڈ اور تاریکی میں عموماً لوگ سوتے اور آرام کرتے ہیں جب دن ہوتا ہے تو تازہ دم ہو کر اسکے اجالے میں اپنے کاروبار میں مشغول ہو جاتے ہیں۔ اس وقت دیکھنے بھالنے اور چلنے پھرنے کے لئے مصنوعی روشنیوں کی چنداں ضرورت نہیں پڑتی۔ (تفسیر عثمانی)

رات اور دن کا نظام الاوقات بہت بڑی نعمت ہے

غور کیجئے کہ کتنی بڑی نعمت ہے کہ قدرت نے تمام طبقات انسان بلکہ جانوروں تک کے لئے فطری طور پر نیند کا ایک وقت معین کر دیا۔ اور اس وقت کو اندھیرا کر کے نیند کے لئے مناسب بنا دیا۔ اور سب کی طبیعت وفطرت میں رکھدیا کہ اس وقت یعنی رات کو نیند آتی ہے ورنہ جس طرح انسان اپنے کاروبار کے لئے اپنی طبیعت وسہولت کے لحاظ سے اوقات مقرر کرتا ہے۔ اگر نیند بھی اسی طرح اس کے اختیار میں ہوتی۔ اور ہر انسان اپنی نیند کا پروگرام مختلف اوقات میں بنایا کرتا تو نہ سونے والوں کو نیند کی لذت وراحت ملتی نہ

besturdubooks.wordpress.com

جاگنے والوں کے کام کا نظم درست ہوتا۔ کیونکہ انسانوں کی حاجتیں باہم ایک دوسرے سے متعلق ہوتی ہیں۔ اگر اوقات نیند کے مختلف ہوتے تو جاگنے والوں کے وہ کام مختل ہو جاتے جو سونے والوں سے متعلق ہیں اور سونے والوں کے وہ کام خراب ہو جاتے جن کا تعلق جاگنے والوں سے ہے اور صرف انسانوں کی نیند کا وقت متعین ہوتا۔ بہائم اور حیوانات کی نیند کے اوقات دوسرے ہوتے تو بھی انسانی کاموں کا نظام مختل ہو جاتا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

إِنَّ اللَّهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ

اللہ تو فضل والا ہے لوگوں پر

وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُونَ ﴿٦١﴾

اور لیکن بہت لوگ حق نہیں مانتے ☆

ناشکری: یعنی منعم حقیقی کی حق شناسی یہ تھی کہ قول و فعل اور جان و دل سے اسکا شکر ادا کرتے بہت سے لوگ شکر کے بجائے شرک کرتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

ذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ

وہ اللہ ہے رب تمہارا ہر چیز بنانے والا

لَّا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ فَأَنَّىٰ تُؤْفَكُونَ ﴿٦٢﴾

کسی کی بندگی نہیں اُسکے سوائے، پھر کہاں سے پھرے جاتے ہو☆

معبودیت کی دلیل

☆ یعنی رات دن کی سب نعمتیں اس کی طرف سے مانتے ہو، تو بندگی بھی صرف اسکی ہونی چاہئے۔ اس مقام پر پہنچ کر تم کہاں بھٹک جاتے ہو کہ مالک حقیقی تو کوئی ہو اور بندگی کسی کی کی جائے۔ (تفسیر عثمانی)

كَذَٰلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِينَ كَانُوا بِآيَاتِ

اسی طرح پھرے جاتے ہیں جو لوگ کہ اللہ کی باتوں

اللَّهِ يَجْحَدُونَ ﴿٦٣﴾ اللَّهُ الَّذِي جَعَلَ

سے منکر ہوتے رہتے ہیں اللہ ہے جس نے بنایا

لَكُمُ الْأَرْضَ قَرَارًا وَالسَّمَاءَ بِنَاءً

تمہارے لئے زمین کو ٹھہرنے کی جگہ اور آسمان کو عمارت ☆

☆ یعنی قبہ کی طرح بنایا۔ (تفسیر عثمانی)

وَصَوَّرَكُمْ فَأَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُم

اور صورت بنائی تمہاری، تو اچھی بنائیں صورتیں تمہاری اور روزی

مِّنَ الطَّيِّبَاتِ ۚ ذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ ۖ

دی تم کو ستھری چیزوں سے وہ اللہ ہے رب تمہارا

فَتَبَارَكَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ ﴿٦٤﴾

سو بڑی برکت ہے اللہ کی جو رب ہے، سارے جہان کا☆

☆ سب جانوروں سے انسان کی صورت بہتر اور سب کی روزی سے اسکی روزی ستھری ہے۔ (تفسیر عثمانی)

سب سے بہتر صورت اور سب سے بہتر رزق انسان کا ہے

انسان کی صورت کو اللہ تعالیٰ نے سب جانوروں سے ممتاز اعلیٰ اور بہتر ہیئت میں بنایا ہے۔ اس کو سوچنے سمجھنے کی عقل عطا فرمائی۔ اس کے ہاتھ پاؤں ایسے بنائے کہ ان سے طرح طرح کی اشیاء و مصنوعات بنا کر اپنی راحت کے سامان پیدا کر لیتا ہے۔ اس کا کھانا پینا بھی عام جانوروں سے ممتاز ہے وہ اپنے منہ سے چرتے اور پیتے ہیں یہ ہاتھوں سے کام لیتا ہے۔ عام جانوروں کی غزا مفردات سے ہے' کوئی گوشت کھاتا ہے کوئی گھاس اور پتے اور وہ بھی بالکل مفرد بخلاف انسان کے کہ یہ اپنے کھانے کو مختلف قسم کی چیزوں پھلوں۔ ترکاریوں گوشت اور مصالحہ سے لذیز و مرغوب بنا کر کھاتا ہے۔ ایک ایک پھل سے طرح طرح کے کھانے اور اچار مربے' چٹنی تیار کرتا ہے۔ فَتَبَارَكَ اللَّهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ۔ (معارف مفتی اعظم)

هُوَ الْحَيُّ

وہ ہی زندہ رہنے والا☆

☆ جس پر کسی حیثیت سے کبھی فنا اور موت طاری نہیں ہوئی نہ ہو سکتی ہے اور ظاہر ہے کہ جب اس کی حیات ذاتی ہوئی تو تمام لوازم حیات بھی ذاتی ہوں گے۔ (تفسیر عثمانی)

لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ فَادْعُوهُ مُخْلِصِينَ لَهُ

کسی کی بندگی نہیں اُسکے سوائے سو اُس کو پکارو خالص کر کر اُسکی

الدِّينَ ۗ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٦٥﴾

بندگی سب خوبی اللہ کو جو رب ہے سارے جہان کا ☆

besturdubooks.wordpress.com

☆ کمالات اور خوبیاں سب وجود حیات کے تابع ہیں جو حی علی الاطلاق ہے وہ ہی عبادت کا مستحق اور تمام کمالات اور خوبیوں کا مالک ہوگا اسی لئے هُوَالْحَیُّ کے بعد اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ فرمایا جیسا کہ پہلی آیت میں نعمتوں کا ذکر کر کے فَتَبٰرَکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ فرمایا تھا۔ بعض سلف سے منقول ہے کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کے بعد اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ کہنا چاہئے۔ اسکا ماخذ یہی آیت ہے۔ (تفسیر عثانی)

حضرات سلف کا عمل: لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَادْعُوْہُ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ کی تفسیر میں ابن جریر سے منقول ہے فرمایا حضرات سلف کی ایک جماعت یہ کہا کرتی تھی کہ جو شخص لا الہ الا اللہ کہے اس کو چاہئے کہ اس کے بعد اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ بھی کہہ لیا کرے تاکہ اس آیت مبارکہ پر عمل ہو جائے بروایت اعمش مجاہد حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے بھی یہی نقل فرمایا کرتے تھے۔ عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ کا یہ معمول تھا کہ ہر نماز کا سلام پھیرنے کے بعد یہ کلمات پڑھا کرتے۔ لا اِلٰہَ اِلّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لا شریکَ لَہٗ وَلَہُ المُلکُ وَلَہُ الحمد وَھُوَ عَلیٰ کُلِّ شیءٍ قدیر. لا حول وَلا قوۃ اِلّا باللّٰہِ وَلا نَعبُدُ اِلّا ایّاہُ. لَہُ النِّعمۃُ وَلَہُ الفضل ولہُ الثّناء الحسنُ. لا اِلٰہَ اِلّا اللّٰہُ مخلصین لَہُ الدّین وَلو کَرِہ الکافرون. اور یہ بیان کیا کرتے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی یہ کلمات ہر نماز کے بعد پڑھا کرتے تھے (صحیح مسلم۔ نسائی) تفسیر ابن کثیر جلد ۴ رابع۔ (معارف کاندھلوی)

قُلْ اِنِّیْ نُهِیْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِیْنَ
تو کہہ مجھ کو منع کر دیا کہ پوجوں اُن کو
تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَمَّا جَآءَنِیَ
جن کو تم پکارتے ہو سوائے اللہ کے جب پہنچ چکیں
الْبَیِّنٰتُ مِنْ رَّبِّیْ وَاُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ
میرے پاس کھلی نشانیاں میرے رب سے اور مجھ کو حکم ہوا کہ تابع رہوں
لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۶۶﴾
جہان کے پروردگار کا ☆

☆ یعنی کھلے کھلے نشانات دیکھنے کے بعد کیا حق ہے کہ کوئی آدمی خدائے واحد کے سامنے سر عبودیت نہ جھکائے اور خالص اسی کا تابع فرمان نہ ہو۔ (تفسیر عثانی)

هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ
وہی ہے جس نے بنایا تم کو خاک سے ☆

☆ یعنی تمہارے باپ آدم کو یا تم کو اس طرح کہ نطفہ جس غذا کا خلاصہ ہے وہ خاک سے ہی پیدا ہوتی ہے۔ (تفسیر عثانی)

ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ
پھر پانی کی بوند سے پھر خون جمے ہوئے سے ☆

☆ یعنی بنی آدم کی اصل ایک پانی کی بوند (قطرہ منی) ہے جو آگے چل کر جما ہوا خون بنا دیا گیا۔ (تفسیر عثانی)

ثُمَّ یُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا
پھر تم کو نکالتا ہے بچہ پھر جب تک کہ پہنچو
اَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُیُوْخًا ۚ وَمِنْكُمْ
اپنے پورے زور کو پھر جب تک کہ ہو جاؤ بوڑھے اور کوئی تم میں ایسا ہے
مَّنْ یُّتَوَفّٰى مِنْ قَبْلُ وَلِتَبْلُغُوْٓا
کہ مر جاتا ہے پہلے اس سے اور جب تک کہ پہنچو
اَجَلًا مُّسَمًّى
لکھے وعدے کو ☆

☆ یعنی بچہ سے جوان اور جوان سے بوڑھا ہوتا ہے اور بعض آدمی جوانی یا بڑھاپے سے پہلے ہی گزر جاتے ہیں۔ بہرحال سب کو ایک معین میعاد اور لکھے ہوئے وعدے تک پہنچنا ہے۔ موت اور حشر سے کوئی مستثنیٰ نہیں۔ ؎

ہر آنکہ زاد بنا چار بایدش نوشید
ز جام دہر مئے کُلُّ مَنْ عَلَیْهَا فَانٍ

(تفسیر عثانی)

وَلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾
اور تاکہ تم سوچو ☆

☆ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "یعنی سوچو اتنے احوال (اور دور) تم پر گزرے۔ ممکن ہے ایک حال اور بھی گزرے۔ وہ بھی مر کر جینا ہے آخر اسے کیوں محال سمجھتے ہو۔" (تفسیر عثانی)

هُوَ الَّذِیْ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ ۚ فَاِذَا قَضٰٓى
وہی ہے جو جلاتا ہے اور مارتا ہے پھر جب حکم کرے

besturdubooks.wordpress.com

أَمْرًا فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُ كُن فَيَكُونُ ﴿٦٨﴾

کسی کام کو تو یہی کہے اُس کو کہ ہو جا وہ ہو جاتا ہے ☆

☆ یعنی اس کی قدرت کاملہ اور شان کن فیکون کے سامنے یہ کیا مشکل ہے کہ موت کے بعد تمہیں دوبارہ زندہ کردے۔ (تفسیر عثمانی)

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِ

تو نے نہ دیکھا اُن کو جو جھگڑتے ہیں اللہ کی باتوں میں

اللَّهِ أَنَّىٰ يُصْرَفُونَ ﴿٦٩﴾ الَّذِينَ كَذَّبُوا

کہاں سے پھرے جاتے ہیں وہ لوگ کہ جنھوں نے

بِالْكِتَابِ وَبِمَا أَرْسَلْنَا بِهِ رُسُلَنَا

جھٹلایا اس کتاب کو اور اُس کو کہ بھیجا ہم نے اپنے رسولوں کے ساتھ

فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ﴿٧٠﴾

سو آخر جان لینگے ☆

☆ کہ اس تکذیب کا نتیجہ کیا ہوتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

إِذِ الْأَغْلَالُ فِي أَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلَاسِلُ

جب طوق پڑیں اُن کی گردنوں میں اور زنجیریں بھی ☆

☆ زنجیر کا ایک سرا طوق میں اٹکا ہوا اور دوسرا فرشتوں کے ہاتھ میں ہوگا۔ اس طرح مجرموں اور قیدیوں کی مانند لائے جائیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

يُسْحَبُونَ ﴿٧١﴾ فِي الْحَمِيمِ ثُمَّ فِي النَّارِ

گھسیٹے جائیں جلتے پانی میں پھر آگ میں اُن کو

يُسْجَرُونَ ﴿٧٢﴾

جھونک دیں ☆

☆ یعنی دوزخ میں کبھی جلتے پانی کا اور کبھی آگ کا عذاب دیا جائیگا (اعاذنا اللہ منہما) (تفسیر عثمانی)

حمیم کیا ہے: جہنم ہی کے بہت سے طبقات ہوں گے جن میں قسم قسم کے عذاب ہوں گے۔ انہیں میں ایک طبقہ حمیم کا بھی ہوسکتا ہے۔ جس کو بوجہ ممتاز اور الگ ہونے کے جہنم سے خارج بھی کہا جا سکتا ہے اور چونکہ یہ بھی ایک طبقہ جہنم ہی کا ہے اس لئے اس کو جہنم بھی کہا جا سکتا ہے۔ ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ اہل جہنم زنجیروں میں جکڑے ہوئے کبھی کھینچ کر حمیم میں ڈال دئے جاویں گے کبھی جحیم میں۔ (معارف مفتی اعظم)

ثُمَّ قِيلَ لَهُمْ أَيْنَ مَا كُنتُمْ

پھر اُنکو کہیں کہاں گئے جن کو تم

تُشْرِكُونَ ﴿٧٣﴾ مِن دُونِ اللَّهِ

شریک بتلایا کرتے تھے اللہ کے سوائے ☆

☆ یعنی اس وقت ان میں سے کوئی کام نہیں آتا ہو سکے تو ان کو مدد کے لئے بلاؤ۔ (تفسیر عثمانی)

قَالُوا ضَلُّوا عَنَّا

بولیں وہ ہم سے چوک گئے ☆

☆ یعنی ہم سے گئے گزرے ہوئے۔ شاید اس وقت عابدین اور معبودین الگ الگ کردیئے جائیں گے یا ضَلُّوا عَنَّا کا مطلب یہ ہو کہ گو موجود ہیں مگر جب ان سے کوئی فائدہ نہیں تو ہوئے نہ ہوئے برابر ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

بَل لَّمْ نَكُن نَّدْعُو مِن قَبْلُ شَيْئًا

کوئی نہیں ہم تو پکارتے نہ تھے پہلے کسی چیز کو ☆

غلطی کا اعتراف ☆ اکثر مفسرین نے اس کا مطلب یہ لیا ہے کہ ہم جن کو دنیا میں پکارتے تھے اب کھلا کہ وہ واقع میں کچھ چیز نہ تھے گویا یہ بطور حسرت و افسوس کے اپنی غلطی کا اعتراف ہوگا۔ لیکن حضرت شاہ صاحبؒ کے کلام کا حاصل یہ ہے کہ مشرکین اولین منکر ہو چکے تھے کہ ہم نے شریک ٹھہرائے ہی نہیں اب گھبرا کر منہ سے نکل جائیگا ضَلُّوا عَنَّا جس میں شریک ٹھہرانے کا اعتراف ہوگا پھر کچھ سنبھل کر انکار کر دینگے کہ ہم نے خدا کے سوا کسی کو پکارا ہی نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

كَذَٰلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ الْكَافِرِينَ ﴿٧٤﴾

اسی طرح بچلاتا ہے اللہ منکروں کو ☆

☆ یعنی جس طرح یہاں انکار کرتے کرتے بچل گئے اور گھبرا کر اقرار کر لیا۔ یہ ہی حال ان کافروں کا دنیا میں تھا۔ (تفسیر عثمانی)

ذَٰلِكُم بِمَا كُنتُمْ تَفْرَحُونَ فِي الْأَرْضِ

یہ بدلہ اُس کا جو تم اتراتے پھرتے تھے زمین میں

besturdubooks.wordpress.com

بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ ﴿۷۵﴾

ناحق اور اُس کا جو تم اکڑتے تھے ☆

☆ یعنی دیکھ لیا ناحق کی شیخی اور غرور و تکبر کا انجام یہ ہوتا ہے اب وہ اکڑ فوں کدھر گئی۔ (تفسیر عثمانی)

فَرَح کا معنی: مال و دولت کے نشہ میں خدا کو بھول کر معاصی سے لذت حاصل کرنا اوران پر خوش ہونا یہ تو حرام و ناجائز ہے اور اس آیت میں یہی فَرَح مراد ہے جیسے قارون کے قصہ میں بھی فَرَح اسی معنی میں آیا ہے لَا تَفْرَحْ۔ (معارف مفتی اعظم)

اُدْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ

داخل ہو جاؤ دروازوں میں دوزخ کے ☆

☆ یعنی ہر قسم کے مجرم اس دروازے سے جو ان کے لئے تجویز شدہ ہے۔ (تفسیر عثمانی)

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى

سدا رہنے کو اُس میں سو کیا بُرا ٹھکانا ہے

الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۶﴾ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ

غرور والوں کا سو تو ٹھہرا رہ بیشک وعدہ اللہ کا

اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ

ٹھیک ہے پھر اگر ہم دکھلا دیں تجھ کو کوئی وعدہ

الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا

جو ہم ان سے کرتے ہیں یا قبض کرلیں تجھ کو، ہر حالت میں ہماری ہی طرف

يُرْجَعُوْنَ ﴿۷۷﴾

پھر آئیں گے ☆

وعدۂ الٰہی ☆ یعنی اللہ نے ان کو عذاب دینے کا جو وعدہ فرمایا ہے وہ یقیناً پورا ہو کر رہے گا۔ ممکن ہے کہ کوئی وعدہ آپ کی موجودگی میں پورا ہو (جیسا کہ ''بدر'' اور ''فتح مکہ'' وغیرہ میں ہوا) یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد ہوا بہرحال یہ ہم سے بچ کر کہیں نہیں جاسکتے سب کا انجام ہمارے ہاتھ میں ہے اس زندگی کے بعد عذاب کی تکمیل اس زندگی میں ہوگی۔ چھٹکارہ کسی صورت سے نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ

اور ہم نے بھیجے ہیں بہت رسول تجھ سے پہلے

مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُمْ

بعضے اُن میں وہ ہیں کہ سنایا ہم نے تجھ کو اُن کا احوال

مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ۗ

اور بعضے ہیں کہ نہیں سنایا ☆

یعنی بعض کا تفصیلی حال تجھ سے بیان کیا، بعض کا نہیں کیا (اور ممکن ہے کہ اس آیت کے نزول کے بعد ان کا بھی مفصل حال بیان کردیا ہو) بہرحال جن کے نام معلوم ہیں ان پر تفصیلاً اور جن کے نام وغیرہ معلوم نہیں ان پر اجمالاً ایمان لانا ضروری ہے لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ

اور کسی رسول کو مقدور نہ تھا کہ لے آتا کوئی نشانی

اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ

مگر اللہ کے حکم سے ☆

مختار کل اللہ تعالیٰ ہے ☆ یعنی اللہ کے سامنے سب عاجز ہیں۔ رسولوں کو یہ بھی اختیار نہیں کہ جو معجزہ چاہیں دکھلا دیا کریں، صرف وہ ہی نشانات دکھلا سکتے ہیں جسکی اجازت حق تعالیٰ کی طرف سے ہو۔ (تفسیر عثمانی)

فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ

پھر جب آیا حکم اللہ کا فیصلہ ہو گیا انصاف سے

وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۷۸﴾

اور ٹوٹے میں پڑے اُس جگہ جھوٹے ☆

☆ یعنی جس وقت اللہ کا حکم پہنچتا ہے رسولوں اور انکی قوموں کے درمیان منصفانہ فیصلہ کردیا جاتا ہے۔ اس وقت رسول سرخرو اور کامیاب ہوتے ہیں اور باطل پرستوں کے حصہ میں ذلت و خسران کے سوا کچھ نہیں آتا۔ (تفسیر عثمانی)

اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا

اللہ ہے جس نے بنادیئے تمہارے واسطے چوپائے تا کہ سواری کرو

besturdubooks.wordpress.com

مِنْهَا وَمِنْهَا تَأْكُلُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَلَكُمْ فِيْهَا

بعضوں پر اور بعضوں کو کھاتے ہو اور ان میں تم کو

مَنَافِعُ

بہت فائدے ہیں☆

مثلاً ان کے چمڑے، بال اور اون وغیرہ سے طرح طرح کے فائدے اٹھاتے ہو۔ (تفسیر عثمانی)

وَلِتَبْلُغُوْا عَلَيْهَا حَاجَةً فِيْ صُدُوْرِكُمْ

اور کہ پہنچو اُن پر چڑھ کر کسی کام تک جو تمہارے جی میں ہو☆

سواری کرنا بجائے خود ایک مقصد ہے اور سواری کے ذریعہ سے انسان بہت مقاصد دینی و دنیوی حاصل کرتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿۸۰﴾

اور اُن پر اور کشتیوں پر لدے پھرتے ہو☆

یعنی خشکی میں جانوروں کی پیٹھ پر اور دریا میں کشتیوں پر لدے پھرتے ہو۔ (تفسیر عثمانی)

وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ ۖ فَاَيَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ

اور دکھلاتا ہے تم کو اپنی نشانیاں پھر کون کونسی نشانیوں کو

تُنْكِرُوْنَ ﴿۸۱﴾

اپنے رب کی نہ مانو گے☆

یعنی اس قدر کھلے نشان دیکھنے پر بھی آدمی کہاں تک انکار ہی کرتا چلا جائے گا (اور ابھی کیا معلوم اللہ اور کتنے نشان دکھلائے گا)۔ (تفسیر عثمانی)

اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا

کیا پھرے نہیں وہ ملک میں کہ دیکھ لیتے

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ

کیسا انجام ہوا اُن سے پہلوں کا

كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْهُمْ وَاَشَدَّ قُوَّةً وَّاٰثَارًا

وہ تھے اُن سے زیادہ اور زور میں سخت اور نشانیوں

فِي الْاَرْضِ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا

میں جو چھوڑ گئے ہیں زمین پر، پھر کام نہ آیا اُن کے جو وہ

يَكْسِبُوْنَ ﴿۸۲﴾

کماتے تھے☆

عذاب الٰہی ☆ یعنی پہلے بہت قومیں گزر چکیں جو جتھے میں اور زور و قوت میں ان سے بہت زیادہ تھیں۔ انہوں نے ان سے کہیں بڑھ کر زمین پر اپنی یادگاریں اور نشانیاں چھوڑیں لیکن جب خدا کا عذاب آیا تو وہ زور و طاقت اور ساز و سامان کچھ بھی کام نہ آ سکا۔ یوں ہی تباہ و برباد ہو کر رہ گئے۔ (تفسیر عثمانی)

فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرِحُوْا

پھر جب پہنچے اُنکے پاس رسول اُن کے کھلی نشانیاں لے کر اترانے لگے

بِمَا عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ بِهِمْ

اُس پر جو اُنکے پاس تھی خبر اور اُلٹ پڑی اُن پر وہ چیز

مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۸۳﴾

جس پر ٹھٹھا کرتے تھے☆

پیغمبروں پر استہزاء کا انجام ☆ یعنی وجوہ معاش اور مادی ترقیات کا جو علم ان کے پاس تھا اور جن غلط عقیدوں پر دل جمائے ہوئے تھے اس پر اتراتے رہے اور انبیاء علیہم السلام کے علوم و ہدایات کو حقیر سمجھ کر مذاق اڑاتے رہے۔ آخر ایک وقت آیا جب ان کو اپنی ہنسی مذاق کی حقیقت کھلی اور ان کا استہزاء و تمسخر خود ان ہی پر الٹ پڑا۔ (تفسیر عثمانی)

جہل مرکب: جیسے یونانی فلاسفہ کے بیشتر علوم و تحقیقات جو الٰہیات سے متعلق ہیں اسی نمونہ کی ہیں جن کی کوئی دلیل نہیں۔ ان کو جہل مرکب تو کہہ سکتے ہیں۔ اُن کا نام علم رکھنا علم کی توہین ہے۔ یا پھر ان کے اس علم سے مراد دنیا کی تجارت، صنعت وغیرہ کا علم ہے جسمیں یہ لوگ فی الواقع ماہر تھے۔

یہ لوگ چونکہ قیامت اور آخرت کے منکر اور وہاں کی راحت و کلفت سے جاہل و غافل ہیں۔ اسی لئے اپنے اسی ظاہری ہنر پر خوش اور مگن ہو کر انبیاء کے علوم کی طرف توجہ نہیں دیتے۔ (مظہری) (معارف مفتی اعظم)

فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ

پھر جب انہوں نے دیکھ لیا ہماری آفت کو، بولے ہم یقین لائے اللہ

besturdubooks.wordpress.com

وَحْدَهٗ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ

اکیلے پر اور ہم نے چھوڑ دیں وہ چیزیں جن کو

مُشْرِكِيْنَ ﴿۸۴﴾

شریک بتلاتے تھے ☆

اب پچھتائے کیا ہوت ☆یعنی جس وقت آفت آنکھوں کے سامنے آ گئی اور عذاب الٰہی کا معائنہ ہونے لگا تب ہوش آیا اور ایمان وتوبہ کی سوجھی اب پتہ چلا کہ اکیلے خدائے بزرگ ہی سے کام چلتا ہے۔ جن ہستیوں کو خدائی کا درجہ دے رکھا تھا سب عاجز اور بیکار ہیں ہماری سخت حماقت اور گستاخی تھی کہ ان چیزوں کو تخت خدائی پر بٹھا دیا تھا۔ (تفسیر عثمانی)

فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا

پھر نہ ہوا کہ کام آئے اُن کو یقین لانا اُن کا جس وقت

رَاَوْا بَاْسَنَا

دیکھ چکے ہمارا عذاب ☆

یعنی اب پچھتانے اور تقصیر کا اعتراف کرنے سے کوئی فائدہ نہیں۔ ایمان وتوبہ کا وقت گزر چکا۔ عذاب دیکھ لینے پر تو ہر کسی کو بے اختیار یقین آ جاتا ہے مگر یہ یقین موجب نجات نہیں نہ اس یقین کی بدولت آیا ہوا عذاب ٹل سکتا ہے۔ قال تعالیٰ وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ حَتّٰۤى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّيْ تُبْتُ الْـٰٔنَ وَلَا الَّذِيْنَ يَمُوْتُوْنَ وَهُمْ كُفَّارٌ (نساء رکوع ۳) وقال فی قصۃ فرعون آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ وفی الحدیث ان اللّٰہ تعالیٰ یقبل توبۃ العبد مالم یغرغر۔ (تفسیر عثمانی)

سُنَّتَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ فِيْ

رسم پڑی ہوئی اللہ کی جو چلی آئی ہے اُس

عِبَادِهٖ ۚ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾

کے بندوں میں اور خراب ہوئے اُس جگہ منکر ☆

سُنَّةَ اللّٰہ: یعنی ہمیشہ سے یوں ہی ہوتا رہا ہے کہ لوگ اول انکار واستہزاء سے پیش آتے ہیں پھر جب عذاب میں پکڑے جاتے ہیں اس وقت شور مچاتے اور اپنی غلطیوں کا اعتراف کرتے ہیں۔ اللہ کی عادت یہ ہے کہ اس بے وقت کی توبہ قبول نہیں فرماتا۔ آخر منکرین اپنے جرائم کی پاداش میں خراب و برباد ہو کر رہ جاتے ہیں اللھم احفظنا من الخسران واحفظنا من غضبک وسخطک فی الدنیا و الآخرۃ۔ (تم سورۃ المومن وللہ الحمد والمنۃ) (تفسیر عثمانی)

سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اَرْبَعٌ وَّخَمْسُوْنَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوْعَاتٍ

سورہ حٰمٓ سجدہ مکہ میں نازل ہوئی اور اس میں چون آیتیں ہیں اور چھ رکوع

جو شخص اس کو خواب میں پڑھے اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا ایک ایسی قوم کی ہدایت کا ذریعہ بنے گا جو بحکم الٰہی شریعت کے احکام پر عمل کریں گے۔ (علامہ ابن سیرینؒ)

سورۃ حٰمٓ سجدہ کے مضامین: اس سورت کے مضامین کا حاصل زیادہ تر اثبات رسالت ہے۔ اور ضمناً بعث بعد الموت اور حشر ونشر کو بھی ثابت کیا گیا۔ بالخصوص قریش کے لوگ جو توحید خداوندی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت پر ایمان لانے سے اعراض کرتے تھے ان پر وعید و تہدید بھی ہے۔ (معارف کاندھلوی)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے﴾

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿۲﴾

اُتارا ہوا ہے بڑے مہربان رحم والے کی طرف سے ☆

نعمت کتاب ☆یعنی اللہ تعالیٰ کی بہت ہی بڑی مہربانی اور رحمت بندوں پر ہے جو انکی ہدایت کے لئے ایسی عظیم الشان اور بے مثال کتاب نازل فرمائی۔ (تفسیر عثمانی)

كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ

ایک کتاب ہے کہ جُدی جُدی کی ہیں اُسکی آیتیں ☆

مضامین قرآن ☆لفظی طور پر آیات کا جدا جدا ہونا تو ظاہر ہے مگر معنوی حیثیت سے بھی سینکڑوں قسم کے علوم اور مضامین کی تفصیل الگ الگ آیات میں کی گئی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۳﴾

قرآن عربی زبان کا ایک سمجھ والے لوگوں کیلئے ☆

قرآن کی زبان ☆یعنی قرآن کریم اعلیٰ درجہ کی صاف وشستہ عربی زبان میں نازل کیا گیا ہے جو اسکے مخاطبین اولین کی مادری زبان تھی تا کہ ان لوگوں کو سمجھنے میں دقت نہ ہو۔ خود سمجھ کر دوسروں کو پوری طرح سمجھا سکیں۔ مگر اسکے باوجود بھی ظاہر ہے کہ وہ ہی لوگ اس سے منتفع ہو سکتے ہیں جو سمجھ رکھتے ہیں۔ ناسمجھ جاہل کو اس نعمت عظمیٰ کی کیا قدر ہو سکتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۚ

سُنانے والا خوشخبری اور ڈر ☆

☆ یعنی قرآن اپنے ماننے والوں کو نجات و فلاح کی خوشخبری سناتا اور منکروں کو برے انجام سے ڈراتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۴﴾

پر دھیان میں نہ لائے وہ بہت لوگ سو وہ نہیں سنتے ☆

اکثریت کا اعراض ☆ یعنی ان سب باتوں کے باوجود بھی تعجب ہے کہ ان میں کے بہت لوگ اس کتاب کی بیش قیمت نصائح کی طرف دھیان نہیں کرتے اور جب ادھر دھیان ہی نہیں تو سننا کیوں چاہیں گے۔ اور فرض کیجئے کانوں سے سن بھی لیا لیکن گوش دل سے نہ سنا اور قبول کرنے کی توفیق نہ ہوئی تو سنا ان سنا برابر ہے۔ (تفسیر عثمانی)

قرآن پاک کا عتبہ پر اثر: سیرت ابن اسحاق میں ہے کہ قریشیوں کی مجلس ایک مرتبہ جمع تھی۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ کے ایک گوشے میں بیٹھے ہوئے تھے۔ عتبہ قریش سے کہنے لگا کہ اگر تم سب کا مشورہ ہو تو میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤں انہیں کچھ سمجھاؤں اور کچھ لالچ دوں۔ اگر وہ کسی بات کو قبول کرلیں تو ہم انہیں دیدیں اور انہیں ان کے کام سے روک دیں۔ یہ واقعہ اُس دن کا ہے کہ حضرت حمزہؓ مسلمان ہو چکے تھے اور مسلمانوں کی تعداد معقول ہو گئی تھی اور روز افزوں ہوتی جاتی تھی۔ سب قریشی اس پر رضامند ہوئے یہ حضورؐ کے پاس آیا اور کہنے لگا برادر زادے! تم عالی نسب ہو تم ہم میں سے ہو ہماری آنکھوں کے تارے اور ہمارے کلیجے کے ٹکڑے ہو۔ افسوس کہ تم اپنی قوم کے پاس ایک عجیب وغریب چیز لائے تم نے ان میں پھوٹ ڈلوادی۔ تم نے ان کے عقل مندوں کو بے وقوف قرار دیا۔ تم نے ان کے معبودوں کی عیب جوئی کی تم نے ان کے دین کو برا کہنا شروع کیا تم نے ان کے بڑے بوڑھوں کو کافر بنایا۔ اب سن لو آج میں آپ کے پاس ایک آخری اور انتہائی فیصلے کے لئے آیا ہوں۔ میں بہت سی صورتیں پیش کرتا ہوں ان میں سے جو آپ کو پسند ہو قبول کیجئے اور خدارا اس فتنے کو میٹ دیجئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو تمہیں کہنا ہو کہو میں سن رہا ہوں۔ اس نے کہا سنو اگر تمہارا ارادہ اس چال سے مال کے جمع کرنے کا ہے تو ہم سب مل کر تمہارے لئے اتنا مال جمع کر دیتے ہیں کہ تم سے بڑھ کر مالدار سارے قریش میں کوئی نہ ہو۔ اور اگر آپ کا ارادہ اس سے اپنی سرداری کا ہے تو ہم سب مل کر تم کو اپنا سردار تسلیم کر لیتے ہیں۔ اور اگر آپ بادشاہ بننا چاہتے ہیں تو ہم ملک آپ کو سونپ کر رعایا بننے کیلئے بھی تیار ہیں۔ اور اگر آپ کو کوئی جن وغیرہ کا اثر ہے تو ہم اپنا مال خرچ کر کے بہتر سے بہتر طبیب اور جھاڑ پھونک کرنے والے مہیا کر کے آپ کا علاج کراتے ہیں۔ ایسا ہو جاتا ہے کہ بعض مرتبہ تابع جن اپنے عامل پر غالب آ جاتا ہے تو اسی طرح اس سے چھٹکارا حاصل کیا جاتا ہے۔ اب عتبہ خاموش ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنی سب کہہ چکے؟ کہا ہاں۔ فرمایا اب میری سنو وہ متوجہ ہو گیا۔ آپؐ نے بسم اللہ الخ پڑھ کر اس سورۃ کی تلاوت شروع کی۔ عتبہ باادب سنتا رہا یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدے کی آیت پڑھی اور سجدہ کیا۔ پھر فرمایا ابوالولید میں کہہ چکا اب تجھے اختیار ہے۔ عتبہ یہاں سے اٹھا اور اپنے ساتھیوں کی طرف چلا۔ اس کے چہرے کو دیکھتے ہی ہر ایک کہنے لگا عتبہ کا حال بدل گیا۔ اس سے پوچھا کہو کیا بات رہی؟ اس نے کہا میں نے تو ایسا کلام سنا ہے جو واللہ اس سے پہلے کبھی نہیں سنا۔ بخدا! نہ تو وہ جادو ہے نہ شعر گوئی ہے نہ کاہنوں کا کلام ہے۔ سنو قریشیو میری مان لو اور میری بچی تلی بات کو قبول کرلو کہ اُسے اس کے خیالات پر چھوڑ دو نہ موافقت کرو نہ مخالفت' جو دعویٰ اس کا ہے اس میں اور جو یہ کہتا ہے اس میں تمام عرب اس کا مخالف ہے وہ اپنی تمام طاقت اس کے مقابلے میں صرف کر رہا ہے۔ یا تو وہ اس پر غالب آ جائیں گے تو تم سستے چھوٹے یا یہ ان پر غالب آئے گا تو اس کا ملک تمہارا ملک کہا جائے گا اور اس کی عزت تمہاری عزت ہوگی اور سب سے زیادہ اس کے نزدیک مقبول تم ہی ہو گے۔ یہ سُن کر قریشیوں نے کہا ابوالولید قسم خدا کی محمدؐ نے تجھ پر جادو کر دیا۔ اس نے جواب دیا سنو جو میری رائے تھی میں آزادی سے کہہ چکا' اب تمہیں اپنے فعل کا اختیار ہے۔ (تفسیر ابن کثیر اردو)

وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا فِيْٓ اَكِنَّةٍ مِّمَّا

اور کہتے ہیں ہمارے دل غلاف میں ہیں اُس بات سے جسکی طرف

تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ وَفِيْٓ اٰذَانِنَا وَقْرٌ

تو ہم کو بلاتا ہے اور ہمارے کانوں میں بوجھ ہے

وَّمِنْۢ بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ

اور ہمارے اور تیرے بیچ میں پردہ ہے

فَاعْمَلْ اِنَّنَا عٰمِلُوْنَ ﴿۵﴾

سو تو اپنا کام کر ہم اپنا کام کرتے ہیں ☆

اکثریت کا جواب ☆ یعنی صرف اسی قدر نہیں کہ نصیحت کی طرف دھیان نہیں کرتے یا کان نہیں دھرتے، بلکہ ایسی باتیں کرتے ہیں جن کو سن

besturdubooks.wordpress.com

کرنا صحیح بالکلیہ مایوس ہو جائے۔ اور آئندہ نصیحت سنانے کا ارادہ بھی ترک کر دے۔ مثلاً کہتے ہیں کہ ہمارے دلوں پر تو تمہاری باتوں کی طرف سے غلاف چڑھے ہوئے ہیں۔ اس لئے کوئی بات وہاں تک پہنچتی نہیں۔ اور جب تم بات کرتے ہو ہمارے کان اونچا سننے لگتے ہیں۔ ثقل سماع کی وجہ سے کچھ سنائی نہیں دیتا اور ہمارے تمہارے درمیان ایسا پردہ ہے جو ایک کو دوسرے سے ملنے نہیں دیتا، دشمنی، اور عداوت کی جو دیواریں کھڑی ہیں وہ درمیان سے اٹھ جائیں اور جو خلیج حائل ہے وہ پر ہو، تب ہم میں سے ایک دوسرے تک پہنچ سکے لیکن ایسا ہونا ناممکن ہے پھر تم کیوں اپنا مغز تھکاتے ہو۔ ہم کو ہمارے حال پر چھوڑ دو۔ تم اپنا کام کیے جاؤ، ہم اپنا کام کریں گے اس کی توقع مت رکھو کہ ہم کبھی تمہاری نصیحتوں سے متاثر ہونے والے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

مِمَّا تَدْعُوْنَآ ۔ یعنی جس توحید کی طرف تم ہم کو بلا رہے ہو اس کی طرف سے ہمارے دلوں پر پردے پڑے ہیں اس لئے تمہاری بات ہم نہیں سمجھتے۔

وَ فِیْٓ اٰذَانِنَا وَقْرٌ ۔ وقر، ثقل، گرانی، ڈاٹ، مطلب یہ کہ ہمارے کان بند ہیں اس لئے تمہاری بات نہیں سنتے۔ یعنی تمہاری دعوت ہم قبول نہیں کرتے اس طرح جیسے کوئی بے عقل اور مکمل بہرا ہو جو نہ کچھ سمجھتا ہو نہ سنتا ہو۔

حجاب کا معنی: حجاب۔ یعنی ہمارے اور تمہارے درمیان دین کا اختلاف ہے جو ہم کو تمہارے ساتھ جڑ جانے اور مل جانے سے روکتا ہے اور یہ حجاب بھی ایسا ہے جو ہم دونوں کی درمیانی مسافت کو پر کر دینے والا ہے دونوں کے درمیان کوئی خلا نہیں ہے کہ ایک فریق دوسرے کی طرف بڑھ سکے اور مائل ہو سکے۔ آیات مذکورہ میں ترک قبول اور انقطاع کلی کو تمثیلی رنگ میں بیان کیا گیا ہے۔

فَاعْمَلْ ۔ سو آپ اپنے مذہب کے مطابق کام کریں یا یہ مطلب کہ آپ ہمارے افکار و اعمال کے خلاف کام کئے جائیں۔

آیت کا شان نزول: حضرت عمر بن خطابؓ کی روایت ہے کہ کچھ قریشی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے حضورؐ نے ان سے فرمایا تمہارے مسلمان نہ ہونے کی کیا وجہ ہے اسلام لے آؤ گے تو عرب کے سردار بن جاؤ گے قریشیوں نے کہا ہم آپ کی بات نہیں سمجھتے نہ ہم کو آپ کا کلام سنائی دیتا ہے ہمارے دلوں پر تو غلاف چڑھے ہوئے ہیں۔ ابو جہل نے ایک کپڑا لے کر اپنے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان حائل کر کے کہا محمد وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا فِیْٓ اَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ وَ فِیْٓ اٰذَانِنَا وَقْرٌ وَّمِنْۢ بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تم کو دو باتیں ماننے کی دعوت دیتا ہوں۔ شہادت دو کہ اکیلے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اس کا کوئی ساجھی نہیں (۲) اور میں اللہ کا رسول ہوں۔ کافروں نے جب یہ بات سنی تو پشت پھیر کر چل دیئے اور بولے کیا اس نے (ہمارے) تمام معبودوں کی جگہ ایک معبود کو دے دی یہ بڑی عجیب بات ہے اور ایک دوسرے سے کہنے لگا

چلو (چلو) اپنے معبودوں (کی پوجا) پر جمے رہو مقصود یہی ہے ہم نے یہ بات تو پچھلی قوموں میں نہیں سنی تھی یہ محض من گھڑت ہے کیا نصیحت نامہ ہم میں (سب کو چھوڑ کر) اسی پر نازل کیا گیا۔ اس وقت جبرئیلؑ نازل ہوئے اور انہوں نے کہا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ آپ کو سلام فرماتا ہے اور اس نے فرمایا ہے یہ لوگ کہتے ہیں کہ قرآن کو سمجھنے سے ان کے دل پردوں میں ہیں اور ان کے کانوں میں ڈاٹیں کہ ان کو کچھ سنائی نہیں دیتا اگر ان کی یہ بات صحیح ہوتی تو قرآن سن کر بھاگتے کیوں بلا شبہ یہ جھوٹے ہیں سنتے ہیں لیکن سننے سے فائدہ نہیں اُٹھاتے کیونکہ ان کو قرآن سے نفرت ہے (یہ واقعہ تو پہلے دن ہوا) جب دوسرا دن ہوا تو ان میں سے ستر آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا محمدؐ ہمارے رو برو اسلام پیش کیجئے (ہم مسلمان ہونا چاہتے ہیں حضورؐ نے اسلام پیش کیا) اور وہ سب مسلمان ہو گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ بات دیکھ کر مسکرا دیئے اور فرمایا کل تم کہتے تھے کہ تمہارے دل میری دعوت کی طرف سے پردہ پوش ہیں اور تمہارے کانوں میں ڈاٹیں ہیں اور آج صبح کو ہی تم مسلمان ہو گئے اللہ کا شکر ہے کہنے لگے اے اللہ کے رسول ہم نے کل جھوٹ کہا تھا اگر وہ بات سچ ہوتی تو ہم کو کبھی ہدایت نہ ملتی اللہ سچا ہے اور بندے جھوٹے ہیں اللہ غنی ہے اور ہم اس کے محتاج ہیں۔ (تفسیر مظہری)

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ
تو کہہ میں بھی آدمی ہوں جیسے تم حکم آتا ہے مجھ کو
اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَاسْتَقِيْمُوْٓا اِلَيْهِ
کہ تم پر بندگی ایک حاکم کی ہے سو سیدھے رہو اس کی طرف
وَاسْتَغْفِرُوْهُ ؕ
اور اس سے گناہ بخشواؤ ☆

پیغمبر کا خطاب ☆ یعنی نہ میں خدا ہوں کہ زبردستی تمہارے دلوں کو پھیر سکوں، نہ فرشتہ ہوں جس کے بھیجے جانے کی تم فرمائش کیا کرتے ہو نہ کوئی اور مخلوق ہوں، بلکہ تمہاری جنس و نوع کا ایک آدمی ہوں جس کی بات کا سمجھنا تم کو ہم جنسی کی بناء پر آسان ہونا چاہئے، اور وہ آدمی ہوں، جسے حق تعالیٰ نے اپنی آخری اور کامل ترین وحی کے لئے چن لیا ہے بناء علیہ خواہ تم کتنا ہی اعراض کرو اور کتنی ہی یاس انگیز باتیں کرو میں خدائی پیغام تم کو ضرور پہنچاؤں گا۔ مجھے بذریعہ وحی بتلایا گیا ہے کہ تم سب کا معبود اور حاکم علی الاطلاق ایک ہے جس کے سوا کسی کی بندگی نہیں۔ لہٰذا سب کو لازم ہے کہ تمام شئون و احوال میں سیدھے اسی خدائے واحد کی طرف رخ کر کے چلیں اسکے راستہ سے ذرا

besturdubooks.wordpress.com

ادھر ادھر قدم نہ ہٹائیں اور پہلے اگر ٹیڑھے ترچھے چلے ہیں تو اپنے پروردگار سے اسکی معافی چاہیں۔ اور اگلی پچھلی خطائیں بخشوائیں۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ کا مطلب: (۱) حسن نے کہا اللہ نے آپ کو تواضع کی تعلیم دی یعنی میں تم میں سے ہی ایک شخص ہوں اگر میرے پاس وحی نہ آتی تو مجھے وہ علم حاصل نہ ہوتا جو تم دیکھ رہے ہو میرے پاس وحی ہی تو آئی ہے جس نے بتایا ہے کہ تمہارا سب کا معبود ایک ہی معبود ہے اس لئے تم پر لازم ہے کہ اس کو کان لگا کر سنو اور قبول کرلو (۲) یا اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ کا یہ مطلب ہے کہ میں فرشتہ نہیں ہوں نہ جن ہوں کہ تم اس سے تعلیم حاصل نہ کرسکو نہ خلاف عقل باتوں کی میں تم کو تعلیم دیتا ہوں بلکہ توحید کی طرف بلا رہا ہوں جو بالکل تقاضاء عقل کے بھی مطابق ہے اور نقل کے بھی موافق ہے۔ فَاسْتَقِيْمُوْٓا اِلَيْهِ وَاسْتَغْفِرُوْهُ سو اس (معبود برحق) کی طرف سیدھے باندھ لو اور اس سے معافی مانگو۔ یعنی خالص توجہ کے ساتھ اللہ کی طاعت کرو اور اللہ کی اطاعت سے رخ موڑ کر کسی دوسرے کی طاعت کی طرف نہ جاؤ اور ہر طرح کے شرک و گناہ کی معافی کی درخواست اللہ سے کرو۔ اس سے آگے نافرمانوں کو عذاب کی دھمکی دی اور فرمایا۔ (تفسیر مظہری)

وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ ۙ الَّذِيْنَ لَا
اور خرابی ہے شریک کرنے والوں کو جو نہیں
يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ
دیتے زکوٰۃ اور وہ آخرت سے
هُمْ كٰفِرُوْنَ ۝
منکر ہیں ☆

مشرکوں کا انجام ☆ جن لوگوں کا معاملہ اللہ کے ساتھ یہ ہے کہ عاجز مخلوق کو اس کی بندگی میں شریک کرتے ہیں، اور بندوں کے ساتھ یہ ہے کہ صدقہ اور زکوٰۃ کا پیسہ کسی محتاج مسکین پر خرچ کرنے کے روادار نہیں ساتھ ہی انجام کی طرف سے بالکل غافل اور بے فکر ہیں، کیونکہ انہیں تسلیم ہی نہیں کہ مرنے کے بعد کوئی دوسری زندگی اور اچھے برے کا حساب کتاب بھی ہوگا۔ ایسوں کا مستقبل بجز ہلاکت اور خرابی و بربادی کے اور کیا ہونا ہے۔

زکوٰۃ کا مطلب (تنبیہ) بعض سلف نے یہاں "الزکوٰۃ" سے مراد کلمہ طیبہ لیا ہے۔ اور بعض نے "زکوٰۃ" کے معنی پاکیزگی اور ستھرائی کے لئے ہیں۔ مطلب یہ ہوگا کہ وہ لوگ اپنے نفس کو عقائد فاسدہ اور اخلاق ذمیمہ سے پاک و صاف نہیں کرتے۔ اس میں کلمہ طیبہ کا ترک اور زکوٰۃ وغیرہ کا ادا نہ کرنا بھی آ گیا و ھذا کما قال "قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى" وقال "قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا" وقال "وَّحَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا وَزَكٰوةً" وغیر ذلک شاید یہ معنی اسی لئے یہاں لئے گئے ہوں کہ کفار مخاطب بالفروع نہیں یا اس لئے کہ آیت مکی ہے اور زکوٰۃ وغیرہ کی تشخیص مدینہ میں ہوئی۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

زکوٰۃ کو خصوصیت سے ذکر کرنے میں کیا حکمت ہے

اس کا جواب قرطبی وغیرہ نے یہ دیا ہے کہ قریش عرب مالدار لوگ تھے۔ اور صدقہ وخیرات غریبوں کی امداد ان کا خاص وصف تھا۔ مگر جو لوگ مسلمان ہوجاتے۔ یہ لوگ ان کو اسی طرح کی خاندانی اور معاشرتی امداد سے بھی محروم کر دیتے تھے۔ اس کی مذمت کرنا مقصود ہے اس لئے زکوٰۃ کو خصوصیت سے ذکر کیا گیا۔ واللہ اعلم۔

شرک باللہ اور انکار آخرت کے ساتھ اللہ نے آیت مذکورہ میں زکوٰۃ نہ دینے کا ذکر اس لئے کیا کہ مال سے انسان کو بہت زیادہ محبت ہوتی ہے۔ مال کو اللہ کی راہ میں خرچ کرنا ایمان کی اول ترین علامت ہے۔ آیت میں (در پردہ) مومنوں کو ادا زکوٰۃ کی ترغیب دی گئی ہے اور زکوٰۃ نہ دینے پر سخت تہدید کی گئی ہے۔

زکوٰۃ نہ دینے کا مطلب

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا لَا يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ سے مراد یہ ہے کہ وہ لا الٰہ الا اللہ کا اقرار نہیں کرتے توحید کا اقرار ہی نفس کی (زکوٰۃ یعنی) طہارت ہے مطلب یہ ہے کہ توحید کا اقرار کر کے وہ شرک کی نجاست سے اپنے نفسوں کو پاک نہیں کرتے۔

بیضاوی نے لکھا ہے کہ (زکوٰۃ مالی مراد ہو یا طہارت اعمال دونوں صورتوں میں) آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ کفار (جس طرح ایمان کے مکلف ہیں اسی طرح) فروع ایمان کے بھی مکلف ہیں۔

یعنی زکوٰۃ نہ دینے کی علت یہ ہے کہ وہ آخرت کے منکر ہیں جو شخص آخرت کا منکر ہو اور زکوٰۃ کے اخروی ثواب کا عقیدہ نہ رکھتا ہو وہ غریبوں کی مالی امداد کو تضیع مال کے سوا کچھ نہیں سمجھتا۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
البتہ جو لوگ یقین لائے اور کئے بھلے کام
لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝
اُن کو ثواب ملنا ہے جو موقوف نہ ہو☆

مؤمنین کا اجر ☆ یعنی کبھی منقطع نہ ہوگا ابدالآباد تک جاری رہے گا جنت

besturdubooks.wordpress.com

میں پہنچ کر نہ ان کو فنا نہ ان کے ثواب کو۔ (تفسیر عثمانی)

آیت کا مصداق: سدی نے کہا جو بیمار۔ اپاہج۔ اور بوڑھے لوگ (جوانی کی طرح) عبادت کرنے سے عاجز ہوگئے ہوں ان کے حق میں اس آیت کا نزول ہوا مطلب یہ ہے کہ جوانی اور صحت کی حالت میں وہ نیک عمل کرتے تھے۔ کمزوری اور مجبوری کے زمانہ میں بھی ان کے اعمال ویسے لکھے جاتے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بندہ جب اچھے طریقہ سے عبادت کرتا رہتا ہے پھر بیمار ہو جاتا ہے تو اعمال نویس فرشتے کو حکم دیا جاتا ہے کہ اس کے ویسے ہی اعمال تحریر کر جیسے وہ صحت کی حالت میں کیا کرتا تھا یہ حکم اس وقت تک کے لئے دیا جاتا ہے جب کہ اللہ اس کو بیماری سے آزاد کردے۔ رواہ البغوی فی تفسیرہ وشرح السنۃ۔

حضرت ابوموسیٰؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بندہ جب بیمار ہو جاتا ہے یا سفر کی حالت میں ہوتا ہے تو اس کے لئے ویسے اعمال لکھے جاتے ہیں جیسے وہ وطن میں قیام اور صحت کی حالت میں کیا کرتا تھا۔ رواہ البخاری۔

حضرت انسؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب مسلمان کسی جسمانی دکھ میں مبتلا ہو جاتا ہے تو اللہ فرشتے کو حکم دیتا ہے اس کے وہی نیک اعمال لکھ جو (صحت کی حالت میں) وہ کیا کرتا تھا اب اگر اللہ اس کو تندرستی دیدیتا ہے تو اللہ (اس بیماری کی وجہ سے) اس کے گناہ دھو دیتا اور پاک کر دیتا ہے اور اگر اس کی روح قبض کر لیتا ہے تو اس کی مغفرت کر دیتا ہے اور اس کو رحمت سے نوازتا ہے۔ رواہ البغوی فی شرح السنۃ۔

حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا بیماری کی حالت میں بندہ کے لئے وہ ثواب لکھا جاتا ہے جو بیمار ہونے سے پہلے اس کے اعمال کا لکھا جاتا تھا اور اب بیماری کی وجہ سے ان اعمال کو کرنے سے قاصر ہو گیا ہو رواہ رزین۔ (تفسیر مظہری)

قُلْ اَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ بِالَّذِيْ
تو کہہ کیا تم منکر ہو اُس سے جس نے
خَلَقَ الْاَرْضَ فِيْ يَوْمَيْنِ وَ
بنائی زمین دو دن میں اور
تَجْعَلُوْنَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ؕ ذٰلِكَ رَبُّ
برابر کرتے ہو اُسکے ساتھ اوروں کو وہ ہے رب
الْعٰلَمِيْنَ ۚ﴿۹﴾
جہان کا ☆

مقام تعجب ☆ یعنی کس قدر تعجب کا مقام ہے کہ رب العالمین کی وحدانیت اور صفات کمالیہ کا انکار کرتے اور دوسری چیزوں کو اس کی برابر سمجھتے ہو جو ایک ذرہ کا اختیار نہیں رکھتیں۔ (تفسیر عثمانی)

آسمان و زمین کی تخلیق میں ترتیب: بیان القرآن میں حضرت سیدی حکیم الامت قدس سرہ نے فرمایا کہ یوں تو زمین و آسمان کی پیدائش کا ذکر مختصر و مفصل قرآن کریم میں سینکڑوں جگہ آیا ہے۔ مگر ان میں ترتیب کا بیان کہ پہلے کیا بنا پیچھے کیا بنا۔ یہ غالباً صرف تین ہی آیتوں میں آیا ہے۔

حضرتؒ نے فرمایا کہ سب آیات میں غور کرنے سے میرے خیال میں تو یہ آتا ہے کہ یوں کہا جاوے کہ اول زمین کا مادہ بنا اور ہنوز اس کی موجودہ ہیئت نہ بنی تھی کہ اس حالت میں آسمان کا مادہ بنا جو دخان یعنی دھوئیں کی شکل میں تھا اس کے بعد زمین ہیئت موجودہ پر پھیلا دی گئی۔ پھر اس پر پہاڑ اور درخت وغیرہ پیدا کئے گئے۔ پھر آسمان کے مادہ دخانیہ سیا کہ کے سات آسمان بنا دیئے۔ امید ہے کہ سب آیتیں اس تقریر پر منطبق ہو جاویں گی۔ آگے حقیقت حال سے اللہ تعالیٰ ہی خوب واقف ہیں (بیان القرآن ۔سورہ بقرہ رکوع ۳) (معارف مفتی اعظم)

وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ مِنْ فَوْقِهَا
اور رکھے اس میں بھاری پہاڑ اُوپر سے
وَبٰرَكَ فِيْهَا وَقَدَّرَ فِيْهَآ اَقْوَاتَهَا
اور برکت رکھی اُسکے اندر اور ٹھہرائیں اُس میں خوراکیں اُس کی ☆

زمین کی برکت ☆ "اور برکت رکھی اس کے اندر" یعنی قسم قسم کی کانیں، درخت، میوے، پھل، غلے اور حیوانات زمین سے نکلتے ہیں اور "ٹھہرائیں اس میں خوراکیں اسکی" یعنی زمین پر بسنے والوں کی خوراکیں ایک خاص اندازہ اور حکمت سے زمین کے اندر رکھ دیں چنانچہ ہر اقلیم اور ہر ملک میں وہاں کے باشندوں کی طبائع اور ضروریات کے موافق خوراکیں مہیا کر دی گئی ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَبٰرَكَ فِيْهَا وَقَدَّرَ فِيْهَآ اَقْوَاتَهَا فِيْٓ اَرْبَعَةِ اَيَّامٍ ؕ سَوَآءً لِّلسَّآئِلِيْنَ ﴿۱۰﴾

اقوات قوت کی جمع ہے جس کے معنی ہیں رزق اور روزی جس میں عام ضروریات انسانی داخل ہیں۔ کما قال ابوعبیدؒ (زادالمسیر لابن جوزی رحمہ اللہ)

ہر خطۂ زمین کے الگ الگ خصوصیات کی حکمت

اور حضرت حسن اور سدی نے اس کی تفسیر میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے زمین کے ہر حصہ میں اسکے بسنے رہنے والوں کی مصالح کے مناسب رزق اور روزی مقدر فرما دی۔ مقدر فرمانے کا مطلب یہ ہے کہ یہ حکم جاری کر دیا کہ اس حصہ زمین میں فلاں فلاں چیزیں اتنی اتنی مقدار سے پیدا ہو جائیں۔ اسی تقدیر

besturdubooks.wordpress.com

الٰہی سے ہر حصہ زمین کی کچھ خصوصیات ہوگئیں' ہر جگہ مختلف قسم کی معدنیات اور مختلف اقسام کی نباتات اور درخت اور جانور اس خطہ کی ضروریات ان کے مزاج ومرغوبات کے مطابق پیدا فرمادیئے۔

اسی سے ہر خطہ کی مصنوعات وملبوسات مختلف ہوتی ہیں۔ یمن میں عصب۔ سابور میں سابوری رئے میں طیالسہ۔ کسی خطہ میں گندم' کسی میں چانول اور دوسرے غلاف' کسی جگہ میں روئی' کسی میں جوٹ' کسی میں سیب انگور اور کسی میں آم' اس اختلاف اشیاء میں ہر خطہ کے مزاجوں کی مناسبت بھی ہے اور عکرمہ اور ضحاک کے قول کے مطابق یہ فائدہ بھی ہے کہ دنیا کے سب خطوں اور ملکوں میں باہمی تجارت اور تعاون کی راہیں کھلیں۔ کوئی خطہ دوسرے خطہ سے مستغنی نہ ہو۔ باہمی احتیاج ہی پر باہمی تعاون کی مضبوط تعمیر ہوسکتی ہے۔ عکرمہ نے فرمایا کہ بعض خطوں میں نمک کو سونے کی برابر تول کر فروخت کیا جاتا ہے۔

ضروریات انسانی کا بے مثال گودام

گویا زمین کو حق تعالیٰ نے اس پر بسنے والے انسانوں اور جانوروں کی تمام ضروریات غذا مسکن اور لباس وغیرہ کا ایک ایسا عظیم الشان گودام بنادیا ہے۔ جس میں قیامت تک آنے اور بسنے والے اربوں اور کھربوں انسانوں اور لاتعداد جانوروں کی سب ضروریات رکھ دی ہیں' وہ زمین کے پیٹ میں بڑھتی اور حسب ضرورت قیامت تک نکلتی رہیں گی۔ انسان کا کام صرف یہ رہ گیا کہ اپنی ضروریات کو زمین سے نکال کر اپنی ضرورت کے مطابق استعمال کرے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَقَدَّرَ فِيهَآ أَقْوَٰتَهَا اور زمین کے باشندوں کی روزی زمین میں ہی مقرر فرمادی۔ اقواتھا میں مضاف محذوف ہے یعنی اقوات اھلھا ۔ حسن نے کہا اللہ نے زمین میں انسانوں اور چوپایوں کی روزی الگ الگ مقرر کردی جو چیز جس کے لئے مناسب اور ذریعہ زندگی تھی وہ اس کو دے دی۔ عکرمہ اور ضحاک نے کہا ہر شہر میں وہ چیز پیدا کی جو دوسرے شہر میں نہیں پیدا کی تاکہ ایک شہر والے دوسرے شہر کو لے جائیں اور اس طرح باہم تجارت کر کے زندگی بسر کریں کلبی نے کہا کہ کسی طرف والوں کو روٹی کسی سمت والوں کو (صرف) جوار کسی کو چھوارے اور کسی جانب کے رہنے والوں کو مچھلیاں عطا کیں (یعنی ہر سمت کے رہنے والوں کو خاص خاص قسم کی کھانے کی چیزیں عنایت کی۔ (تفسیر مظہری)

فِىٓ أَرْبَعَةِ أَيَّامٍ سَوَآءً لِّلسَّآئِلِينَ ⑩
چار دن میں پورا ہوا پوچھنے والوں کو ☆

پیدائش زمین کی مدت ☆ یعنی یہ سب کام چار دن میں ہوا۔ دو روز میں زمین پیدا کی گئی اور دو روز میں اس کے متعلقات کا بندوبست ہوا۔ جو پوچھے یا پوچھنے کا ارادہ رکھتا ہے اسے بتلادو کہ یہ سب ملا کر پورے چار دن ہوئے بدون کسر اور کمی بیشی کے۔ حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں "یعنی (پوچھنے والوں کا) جواب پورا ہوا"

دن کا مطلب:

(تنبیہ) یہاں "دنوں" سے مراد ظاہر ہے معروف متبادر دن نہیں ہوسکتے کیونکہ زمین اور سورج وغیرہ کی پیدائش سے قبل ان کا وجود متصور ہی نہیں، لامحالہ ان دنوں کی مقدار مراد ہوگی یا وہ دن مراد ہو جس کی نسبت فرمایا ہے وَإِنَّ يَوْمًا عِندَ رَبِّكَ كَأَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّونَ (حج۔ رکوع ۶) واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

ثُمَّ اسْتَوَىٰٓ إِلَى السَّمَآءِ وَهِىَ دُخَانٌ
پھر چڑھا آسمان کو اور وہ دھواں ہو رہا تھا ☆

☆ یعنی پھر آسمانوں کی طرف متوجہ ہوا جو اس وقت سارا ایک تھا دھوئیں کی طرح۔ اس کو بانٹ کر سات آسمان کئے جیسا کہ آگے آتا ہے (تنبیہ) ممکن ہے "دخان" سے آسمانوں کے مادہ کی طرف اشارہ ہو۔ (تفسیر عثمانی)

ثُمَّ کا معنی: ثم کا اس جگہ استعمال تاخیر زمانہ کے لئے نہیں ہے کیونکہ پہاڑوں کی تخلیق زمین کو بچھانے اور ہموار کرنے کے بعد ہوئی اس لئے تاخیر زمانی تو مراد نہیں ہوسکتی بلکہ دونوں تخلیقوں میں تفاوت کے اظہار کے لئے ثُمَّ کا استعمال کیا۔

دخان کیا ہے: وَهِىَ دُخَانٌ شاید دخان سے مراد مادۂ دخان اور وہ چھوٹے چھوٹے اجزا ہوں جن سے آسمان بنایا گیا ہے۔ آسمان کا مادہ دخان یعنی آبی بخارات ہیں کذا قال البغوی (فلاسفہ یونان اور علماء طبعیات کے نزدیک دخان نام ہے ارضی اور آتشی اجزاء کے مخلوط امتزاجی قوام کا اور بخار نام ہے آبی و ہوائی اجزاء کے مرکب امتزاجی کا لیکن بغوی کے قول پر دخان سے مراد آبی بخارات ہیں)۔ (تفسیر مظہری (اردو) جلد دہم)

فَقَالَ لَهَا وَلِلْأَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا أَوْ
پھر کہا اس کو اور زمین کو آؤ تم دونوں خوشی سے
كَرْهًا قَالَتَآ أَتَيْنَا طَآئِعِينَ ⑪
یا زور سے وہ بولے ہم آئے خوشی سے ☆

نظام کائنات ☆ یعنی ارادہ کیا کہ ان دونوں (آسمانوں اور زمین) کے ملاپ سے دنیا بسائے۔ خواہ اپنی طبیعت سے ملیں یا زور سے ملیں (بہرحال دونوں کو ملا کر ایک نظام بنانا تھا) وہ دونوں آملے اپنی طبیعت سے آسمان سے سورج کی شعاع آئی، گرمی پڑی، ہوائیں اٹھیں، ان سے گرد اور بھاپ اوپر چڑھی پھر پانی ہو کر مینہ برسا جس کی بدولت زمین سے طرح طرح کی چیزیں

besturdubooks.wordpress.com

پیدا ہوئیں اور پہلے جو فرمایا تھا کہ ”زمین میں اس کی خوراکیں رکھیں“، یعنی اس میں قابلیت ان چیزوں کے نکلنے کی رکھ دی تھی۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

زمین وآسمان کو اللہ تعالیٰ کا حکم: جو تاثیر و تاثر میں نے تمہارے اندر پیدا کیا ہے اس کو لے کر آجاؤ اور جو مختلف اوضاع اور طرح طرح کی کائنات تمہارے اندر میں نے ودیعت کر دی ہیں ان کو ظاہر کرو۔ یا یہ مطلب ہے کہ جس چیز کو میں تمہارے اندر سے پیدا کرنے والا ہوں اس چیز کو نمودار کر دو۔

طاؤس نے حضرت ابن عباسؓ کا تفسیری قول اس طرح نقل کیا ہے میں نے بندوں کی مصلحت کے لئے جو منافع تم دونوں کے اندر پیدا کئے ہیں ان کو ظاہر کرو حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا اللہ نے آسمان سے ارشاد فرمایا اے آسمان اپنے سورج چاند اور ستاروں کو نمودار کرا اور اے زمین اپنے اندر دریاؤں کو رواں کرا اور درختوں اور پھلوں کو برآمد کر۔

طَوْعًا اَوْ كَرْهًا۔ چارو ناچار حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ اللہ نے آسمان و زمین سے ارشاد فرمایا میں نے جو حکم تم کو دیا ہے اس کی تعمیل کرو ورنہ میں تم کو مجبور کر کے اپنے حکم کی تعمیل کراؤں گا۔ آسمان و زمین نے اس کے جواب میں کہا۔

قَالَتَآ اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ۔ دونوں نے کہا ہم بخوشی حاضر ہیں۔ طائعین جمع مذکر کا صیغہ استعمال کیا۔ طائعتین بصیغہ تثنیہ مؤنث نہیں فرمایا اس لئے کہ حکم کی اطاعت کا قول کرنے والے آسمان و زمین اور ان کی ساری کائنات تھی اس لئے جمع کا صیغہ استعمال کیا اور جب آسمان و زمین کی طرف قول کی نسبت کی اور قول کی نسبت ذی عقل کی طرف کی جاتی ہے اس لئے آسمان و زمین کو ذی عقل مان کر وہ صیغہ استعمال کیا جو ذی عقل کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ زیادہ ظاہر یہ ہے کہ کلام مبنی بر استعارہ ہے (حقیقی قول مراد نہیں ہے)۔

اَتِيَا سے مراد ہے قدرت کاملہ کا اظہار اور مراد خداوندی کا یقینی قطعی وقوع اور اتينا سے مراد ہے فوراً متاثر ہو جانا جس طرح حاکم و فرماں روا کے حکم کی تعمیل فرماں بردار فوراً کرتا ہے اسی طرح آسمان و زمین نے فرمان پذیری کا مظاہرہ کیا آیت كُنْ فَيَكُوْنُ میں بھی یہی فوری فرمان پذیری ہی مراد ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَقَضٰهُنَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ فِيْ يَوْمَيْنِ
پھر کر دیے وہ سات آسمان دو دن میں ☆

تعیین ایام کی احادیث ☆ یعنی چار دن وہ تھے اور دو دن میں آسمان بنائے کل چھ دن ہو گئے، جیسا کہ دوسری جگہ ”سِتَّةِ اَيَّامٍ“ کی تصریح ہے (تنبیہ) جن احادیث مرفوعہ میں تخلیق کائنات کے متعلق دنوں کی تعیین و ترتیب آئی ہے کہ فلاں فلاں چیز اللہ نے ہفتہ کے فلاں فلاں دن میں پیدا کی ان میں کوئی حدیث صحیح اب تک نظر سے نہیں گزری حتیٰ کہ ابوہریرہؓ کی حدیث کے متعلق جو صحیح مسلم میں ہے ابن کثیر لکھتے ہیں ” وهو من غرائب الصحيح و قد علله البخاري في التاريخ فقال رواه بعضهم عن ابي هريرة عن كعب الاحبار وهو الاصح “ اور روح المعانی میں قفال شافعی سے نقل کیا ہے ”تفرد به مسلم و قد تكلم عليه الحفاظ علي ابن المديني والبخاري وغيره هما و جعلوه من كلام كعب وان اباهريرة انما سمعه منه ولكن اشتبه على بعض الرواة فجعله مرفوعاً

تخلیق زمین وآسمان میں تقدیم وتاخیر کا مسئلہ

باقی قرآن کریم کی اس آیت اور سورہ بقرہ کی آیت ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ سے جو ظاہر ہوتا ہے کہ سات آسمان زمین کی پیدائش کے بعد بنائے گئے اور سورہ ”نازعات“ میں وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا سے ظاہر ہوتا ہے کہ زمین آسمان کے بعد بچھائی گئی۔ اس کے جواب کئی طرح دیے گئے ہیں احقر کو ابوحیان کی تقریر پسند ہے یعنی ضروری نہیں کہ پہلی آیت میں ”ثُمَّ“ اور دوسری میں ”بَعْدَ ذٰلِكَ“ تراخی زمان کیلئے ہو۔ ممکن ہے کہ ان الفاظ سے تراخی فی الاخبار یا تراخی رتبی مراد لیں جیسے ”ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ“ میں۔ یا دوسری جگہ ”عُتُلٍّۢ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ“ میں یہی معنی مراد لئے گئے ہیں۔ بہرحال قرآن کریم میں ترتیب زمانی کی تصریح نہیں۔ ہاں نعمت کے تذکرہ میں زمین کا اور عظمت و قدرت کے تذکرہ میں آسمان کا ذکر مقدم رکھا ہے جس کا نکتہ ادنیٰ تامل وتدبر سے معلوم ہو سکتا ہے۔ تفصیل کا یہاں موقع نہیں یہ چند الفاظ اہل علم کی تنبیہ کیلئے لکھ دیے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

زمین وآسمان کی تخلیق کے دن

صحیح یہ ہے کہ آغاز تخلیق اتوار کے دن سے ہوا لیکن اس حدیث میں سنیچر کے دن ابتداء تخلیق قرار دی گئی ہے آیت خلق الجبال رواسی الخ سے معلوم ہوتا ہے کہ پہاڑوں وغیرہ کی پیدائش تیسرے اور چوتھے دن (منگل اور بدھ) ہوئی لیکن حدیث میں پہاڑوں کی پیدائش اتوار کے دن اور درختوں کی پیدائش پیر کے دن بتائی گئی ہے۔ تخلیق آدم کے قصہ کی رفتار بتا رہی ہے کہ آسمان و زمین کی تخلیق سے بہت مدت کے بعد آدم کی تخلیق ہوئی اللہ نے فرمایا وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ جَاعِلٌ فِي الْاَرْضِ خَلِيْفَةً الخ پھر تخلیق آدم کے بیان میں آیا ہے کہ آدم کی مٹی چالیس روز گوندھی گئی اب حدیث مذکورہ کی رو سے اگر آدم کی پیدائش جمعہ کی آخری ساعت میں قرار دی جائے تو آغاز تخلیق جمعہ کے دن سے ہوگی۔ (تفسیر مظہری)

وَاَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَهَا
اور اُتارا ہر آسمان میں حکم اُس کا ☆

besturdubooks.wordpress.com

☆ یعنی جو حکم جس آسمان کے لئے مناسب تھا حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں۔ "یہ رب کو معلوم ہے کہ وہاں کون مخلوق بستی ہے اور ان کا کیا اسلوب (اور رنگ ڈھنگ) ہے۔ اتنی زمین میں ہزاراں ہزار کارخانے ہیں تو اتنے بڑے آسمان کب خالی پڑے ہوں گے۔ (تفسیر عثمانی)

اللہ تعالیٰ نے آسمان کو کیا حکم دیا: عطاء نے حضرت ابن عباسؓ کا قول اس طرح نقل کیا ہے کہ اللہ نے ہر آسمان کے اندر اس کی مخلوق یعنی ملائکہ دریا پہاڑ زمہریر اور وہ سب چیزیں پیدا کر دیں جن کو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ قتادہ اور سدی نے کہا یعنی آسمان میں سورج چاند اور ستارے پیدا کر دیئے۔ مقاتل نے کہا اللہ نے جو امر و نہی دینی چاہی وہ آسمان کو وحی کر دی۔ (تفسیر مظہری)

وَزَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ ۖ
اور رونق دی ہم نے سب سے ورلے آسمان کو چراغوں سے
وَحِفْظًا ۚ ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ
اور محفوظ کر دیا یہ سادھا ہوا ہے زبردست
الْعَلِيمِ ﴿۱۲﴾
خبردار کا ☆

آسمان کی زینت ☆ یعنی دیکھنے میں معلوم ہوتا ہے کہ گویا سب ستارے اسی آسمان میں جڑے ہوئے ہیں۔ رات کو ان قدرتی چراغوں سے آسمان کیسا پر رونق معلوم ہوتا ہے۔ پھر محفوظ کتنا کر دیا ہے کہ کسی کی وہاں تک دسترس نہیں۔ فرشتوں کے زبردست پہرے لگے ہوئے ہیں کوئی طاقت اس نظام محکم میں رخنہ اندازی نہیں کر سکتی کیونکہ وہ سب سے بڑی زبردست اور باخبر ہستی کا قائم کیا ہوا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

بِمَصَابِيحَ۔ مصابیح سے مراد ہیں ستارے۔

وَحِفْظًا۔ یعنی ہم نے آفات یا چوری کرنے والوں سے اس کو محفوظ کر دیا یا حفظاً مفعول لہٗ ہے یعنی زینت اور حفاظت کے لئے ہم نے آسمان دنیا میں ستارے پیدا کر دیئے۔

الْعَزِيزُ۔ اپنی حکومت میں غالب۔

الْحَكِيمُ۔ اپنی مخلوق سے واقف۔ (تفسیر مظہری)

فَإِنْ أَعْرَضُوا فَقُلْ أَنذَرْتُكُمْ صَاعِقَةً
پھر اگر وہ ٹلائیں تو تو کہہ میں نے خبر سنا دی تم کو ایک سخت عذاب

مِّثْلَ صَاعِقَةِ عَادٍ وَثَمُودَ ﴿۱۳﴾
کی جیسے عذاب آیا عاد اور ثمود پر ☆

کفار مکہ کو تنبیہ ☆ یعنی کفار مکہ اگر ایسے عظیم الشان آیات سننے کے بعد بھی نصیحت قبول کرنے اور توحید و اسلام کی راہ اختیار کرنے سے اعراض کرتے رہیں تو فرما دیجئے کہ میں تم کو آگاہ کرتا ہوں کہ تمہارا انجام بھی "عاد" و "ثمود" وغیرہ اقوام معذبین کی طرح ہو سکتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

إِذْ جَاءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِن بَيْنِ
جب آئے ان کے پاس رسول آگے
أَيْدِيهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ
سے اور پیچھے سے ☆

جاءتہم الرسل کا مطلب ☆ یعنی ہر طرف سے۔ شاید بہت رسول آئے ہونگے مگر مشہور یہ ہی دو رسول ہیں۔ حضرت ہود اور حضرت صالح علی نبینا وعلیہما الصلوٰۃ والسلام اور یا "مِن بَيْنِ أَيْدِيهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ" سے مراد یہ ہو کہ ان کو ماضی اور مستقبل کی باتیں سمجھاتے ہوئے آئے۔ کوئی جہت اور کوئی پہلو نصیحت و فہمائش کا نہیں چھوڑا۔ (تفسیر عثمانی)

إِذْ جَاءَتْهُمُ الرُّسُلُ۔ جب قوم عاد و ثمود کے پاس ان کے پیغمبر آئے۔

آگے اور پیچھے سے کیا مطلب

ہر طرف سے پہنچ اور ان کو ہدایت کرنے کی انتہائی کوشش کی۔ یا آگے پیچھے سے مراد ہے گذرا ہوا اور آنے والا زمانہ۔ گذشتہ کافروں پر کیا گذرا وہ بھی بتایا اور آئندہ آخرت میں ان پر کیسا عذاب ہوگا اس سے بھی ڈرایا۔ یا آگے پیچھے سے مراد ہے پہلا پچھلا پہلے لوگوں کو احوال کی اطلاع ان کو تھی اور حضرت ہود و حضرت صالح نے ان کو پچھلے لوگوں کے احوال سے بھی باخبر کر دیا اور اس طرح ایمان کی دعوت دی۔ مِن بَيْنِ أَيْدِيهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ سے مراد ہے کثرت جیسے دوسری آیت میں آیا ہے۔ يَأْتِيهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّن كُلِّ مَكَانٍ یعنی قوم عاد و ثمود نے جواب دیا۔

فَإِنَّا بِمَا أُرْسِلْتُم یعنی تم جو رسول ہونے کے مدعی ہو اور کہہ رہے ہو کہ تم کو تبلیغ و توحید کے لئے بھیجا گیا۔ ہم اس کو نہیں مانتے۔ تم بھی ہماری طرح آدمی ہی ہو تم کو ہم پر کوئی برتری حاصل نہیں۔

عتبہ والے واقعہ کی تفصیل

بغوی نے حضرت جابرؓ بن عبداللہ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ ابو

besturdubooks.wordpress.com

جہل نے اور قریش کے کچھ سرداروں نے کہا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا معاملہ ہماری سمجھ میں ٹھیک نہیں آتا۔ کسی ایسی آدمی کو تلاش کرو جو شاعری اور کہانت اور جادو سے واقف ہو وہ جا کر محمد سے گفتگو کرے اور پھر آ کر ہم کو صاف صاف بتائے عقبہ بن ربیعہ بولا واللہ میں نے شعر بھی سنے ہیں اور کہانت وسحر کے الفاظ بھی اور مجھے اس سے کچھ واقفیت بھی ہے اگر اس میں سے کوئی بات ہوئی تو مجھ سے چھپی نہیں رہے گی غرض عقبہ وہاں سے اٹھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کہنے لگا محمد صلی اللہ علیہ وسلم تم بہتر ہو یا ہاشم تم بہتر ہو یا عبدالمطلب تم بہتر ہو یا عبداللہ تم ہمارے معبودوں کو کیوں برا کہتے ہو اور کیوں ہمارے اسلاف کو گمراہ قرار دیتے ہو اگر تم سرداری کے خواستگار ہو تو ہم اپنے جھنڈے تم کو دے دیں گے اور اگر عورت کے خواہشمند ہو تو قریش کی دس عورتوں سے جن کو تم پسند کرو تمہارا نکاح کر دیں گے اور اگر تم مال کے طلبگار ہو تو ہم تمہارے لئے اتنا مال جمع کر دیں گے کہ تم بھی دولت مند ہو جاؤ گے اور تمہارے بعد آنے والی نسل بھی۔ عتبہ کہتا رہا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خاموشی سے سنتے رہے جب وہ کہہ چکا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھنا شروع کیا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حٰمٓ ۚ تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۚ كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیات مثل صاعقۃ عاد وثمود تک پڑھیں عتبہ نے (ڈر کر) فوراً حضور کے منہ پر ہاتھ رکھ دیا اور رشتہ داری کی قسم دے کر خاموش ہو جانے کی درخواست کی پھر لوٹ کر سیدھا اپنے گھر پہنچ گیا قریش کے پاس نہیں گیا۔ اپنے گھر بیٹھ رہا یہ بات دیکھ کر ابوجہل نے کہا اے قریش والو خدا کی قسم ہم کو یہ نظر آتا ہے کہ عتبہ محمد کی طرف جھک گیا اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے کھانے پر ریجھ گیا اس کی وجہ صرف یہی ہو سکتی ہے کہ وہ مفلس ہو گیا ہے ذرا اس کے پاس تو چلو۔ قریش والے عتبہ کے پاس گئے اور ابوجہل نے اس سے کہا عتبہ خدا کی قسم ہم کو تو ایسا دکھائی دیتا ہے کہ تم تو ہمارے پاس نہیں آئے اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ تمہارا جھکاؤ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہو گیا اور تم ان کے کھانے پر ریجھ گئے اگر تم ضرورتمند ہو تو ہم تمہارے لئے اتنا مال جمع کر دیں جو محمد کے کھانے سے تم کو بے نیاز کر دے یہ بات سن کر عتبہ کو غصہ آ گیا اور قسم کھا کر کہا آئندہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے وہ بات بھی نہیں کرے گا اور بولا تم لوگ واقف ہو کہ میں قریش کے اندر بڑے مالدار لوگوں میں سے ہوں بات یہ ہوئی کہ میں ان کے پاس گیا تھا اور ان سے پورے حالات بیان کئے تھے لیکن انہوں نے مجھے ایسا جواب دیا کہ خدا کی قسم نہ وہ شعر ہے نہ کہانت اور جادو (کے الفاظ) پھر عتبہ نے یہ سورت پڑھ کر سنائی یہ کلام سن کر میں نے ان کے منہ پر ہاتھ رکھ کر خاموش کر دیا اور رشتہ داری کا واسطہ دے کر کہا کہ وہ چپ ہو جائیں تم جانتے ہو کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی بات کہتا ہے تو جھوٹ نہیں کہتا اس سے مجھے ڈر ہو گیا کہ کہیں تم پر عذاب آ جائے

محمد بن کعب قرظی کا بیان ہے ہم سے کہا گیا ہے کہ عتبہ بڑا دانشمند سردار تھا قریش کی مجلس میں ایک روز بیٹھا ہوا تھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت تنہا مسجد (کعبہ) میں تشریف فرما تھے عتبہ نے کہا اے گروہ قریش کیا میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جا کر ان سے کچھ گفتگو کروں اور چند باتیں ان کے سامنے رکھوں شاید وہ ہماری کوئی بات قبول کر لیں اور ہم ان کی وہ بات پوری کر دیں اور وہ پھر ہم سے کچھ تعرض نہ کریں یہ اس زمانہ کا واقعہ ہے کہ حضرت حمزہؓ مسلمان ہو چکے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھی بڑھتے جا رہے تھے۔ قریش نے کہا ابوالولید ایسا ہی کرو ان کے پاس جاؤ اور بات کرو عتبہ اٹھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچا اور کہنے لگا میرے بھتیجے تم جانتے ہو کہ تمہارا کنبہ وسیع ہے اور نسبی لحاظ سے بھی تمہارا ایک خاص مقام ہے لیکن تم نے ایک بڑی بات کی ہے جس سے قریش کی جماعت میں تم نے پھوٹ ڈال دی اور سب کو بیوقوف قرار دیا اور ان کے معبودوں کی خرابیاں بیان کیں اور ان کے گذشتہ باپ دادا کو کافر بتایا ذرا کان لگا کر میری بات سنو میں چند چیزیں تمہارے سامنے رکھتا ہوں تم ان پر غور کرو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابوالولید کہو کیا باتیں ہیں عتبہ نے کہا بھتیجے اگر تم جو کہتے ہو اس سے تمہارا مقصد مال کا حصول ہے تو ہم تمہارے لئے اتنا مال جمع کر دیں گے کہ تم ہم سب سے زیادہ مالدار ہو جاؤ گے اور اگر سرداری کے طلبگار ہو تو ہم تم کو اپنا سردار بنا لیں گے اور اگر تم کو کچھ دکھائی دیتا ہے (یعنی جنون یا جن کا اثر ہے) تو ہم تمہارا علاج تلاش کریں گے اور ممکن ہے یہ شعر ہوں جو تمہارے سینہ سے ابلتے ہوں (اور تم ان کو روک نہ سکتے ہو) تو اے بنی مطلب تم کو اس (شاعری) پر وہ قدرت حاصل ہے جو دوسروں کو نہیں ہے جب عتبہ بات ختم کر چکا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابوالولید کیا تم اپنی بات پوری کر چکے عتبہ نے کہا جی ہاں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا تو اب میری سنو عتبہ نے کہا سناؤ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھنا شروع کیا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ حٰمٓ ۚ تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۚ كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا حضور صلی اللہ علیہ وسلم پڑھ رہے تھے اور عتبہ اپنے دونوں ہاتھ پشت کے پیچھے ٹکائے ان پر سہارا لگائے خاموشی کے ساتھ کان لگائے سن رہا تھا جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم آیت سجدہ پر پہنچے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کیا اور فرمایا ابوالولید یہ تمہاری بات کا جواب ہے۔ عتبہ فوراً اٹھ گیا اور اپنے ساتھیوں کی طرف چل دیا۔ اہل مجلس میں سے ایک نے دوسرے سے خدا کی قسم کھا کر کہا ابوالولید جو خیال لے کر گیا تھا اس کے خلاف خیال لے کر واپس آ رہا ہے جب عتبہ آ کر بیٹھ گیا تو لوگوں نے پوچھا کیا خبر لائے ابوالولید۔ عتبہ نے کہا خبر یہ ہے کہ میں نے ایسا کلام سنا کہ خدا کی قسم

besturdubooks.wordpress.com

میں نے ویسا کلام کبھی نہیں سنا نہ وہ شعر ہے نہ جادو نہ کہانت برادران قریش میرا کہا مانو اس شخص کو یونہی چھوڑ دو جو کچھ کر رہا ہے کرنے دو تم کچھ تعرض نہ کرو اس سے علیحدہ رہو جو بات میں نے اس سے سنی ہے خدا کی قسم اس کی کچھ حقیقت ہو کر رہے گی اگر عرب اس پر کامیاب ہو جائیں گے تو تمہارا کام ہو جائیگا اور اگر یہ عرب پر غالب آ گیا تو اس کی حکومت تمہاری حکومت اور اس کی عزت تمہاری عزت ہوگی اس کی وجہ سے تم بڑے خوش نصیب ہو جاؤ گے قریش نے کہا ابوالولید واللہ اس نے تیرے اوپر جادو کر دیا ہے عتبہ نے کہا میرا تمہارے لئے یہی مشورہ ہے اب تم جو چاہو کرو۔ (تفسیر مظہری)

اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ قَالُوْا لَوْ شَآءَ
کہ نہ پوجو کسی کو سوائے اللہ کے کہنے لگے اگر
رَبُّنَا لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً فَاِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ
ہمارا رب چاہتا تو بھیجتا فرشتے سو ہم تمہارا لایا ہوا
بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۴﴾
نہیں مانتے ☆

☆ یعنی خدا کا رسول بشر کیسے ہو سکتا ہے اگر اللہ کو واقعی رسول بھیجنا تھا تو آسمان سے کسی فرشتہ کو بھیجتا بہرحال تم اپنے زعم کے موافق جو باتیں خدا کی طرف سے لائے ہو ہم ان کو ماننے کیلئے تیار نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

فَاَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوْا فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ
سو وہ جو عاد تھے وہ تو غرور کرنے لگے ملک میں ناحق
الْحَقِّ وَقَالُوْا مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ؕ
اور کہنے لگے کون ہے ہم سے زیادہ زور میں ☆

قوم عاد ☆ شاید رسولوں نے جو عذاب کی دھمکی دی ہوگی اس کے جواب میں یہ کہا ہو کہ ہم سے زیادہ زور آور کون ہے جس سے ہم خوف کھائیں۔ کیا ہم جیسے طاقتور انسانوں پر تم اپنا رعب جما سکتے ہو؟ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں۔'' ان کے جسم بہت بڑے بڑے ہوتے تھے۔ بدن کی قوت پر غرور آیا۔ غرور کا دم بھرنا اللہ کے ہاں وبال لاتا ہے۔'' (تفسیر عثمانی)

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِىْ خَلَقَهُمْ
کیا دیکھتے نہیں کہ اللہ جس نے ان کو بنایا

هُوَ اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا
وہ زیادہ ہے ان سے زور میں اور تھے ہماری نشانیوں
يَجْحَدُوْنَ ﴿۱۵﴾
سے منکر ☆

☆ یعنی دل میں انکا حق ہونا سمجھتے تھے، مگر ضد اور عناد سے انکار کرتے چلے جاتے تھے۔ (تفسیر عثمانی)

فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِىْٓ
☆ پھر بھیجی ہم نے ان پر ہوا بڑے زور کی کئی دن
اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيْقَهُمْ عَذَابَ
جو مصیبت کے تھے تاکہ چکھائیں انکو رسوائی کا عذاب
الْخِزْىِ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ
دنیا کی زندگانی میں ☆

عذاب ☆ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں'' ان کا غرور توڑنے کو ایک کمزور مخلوق سے انکو تباہ کرا دیا۔ سات رات اور آٹھ دن مسلسل ہوا کا طوفان چلتا رہا۔ درخت، آدمی، مکان، مواشی کوئی چیز نہ چھوڑی۔ (تفسیر عثمانی)

قوم عاد پر عذاب کس وقت اور کتنے وقت میں ہوا

ضحاکؒ نے فرمایا کہ ان لوگوں پر اللہ تعالیٰ نے تین سال تک بارش بالکل بند کر دی اور تیز و تند خشک ہوائیں چلتی رہیں اور آٹھ روز سات راتیں مسلسل ہوا کا شدید طوفان رہا۔ بعض روایات میں ہے کہ یہ واقعہ آخر شوال میں ایک بدھ کے روز سے شروع ہو کر دوسرے بدھ تک رہا۔ اور جس کسی قوم پر عذاب آیا ہے وہ بدھ ہی کے دن آیا ہے۔ (قرطبی ومظہری)

اللہ تعالیٰ کی رضا اور ناراضی کی علامت

حضرت جابر بن عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ کسی قوم کی بھلائی چاہتے ہیں تو ان پر بارش برساتے ہیں اور زیادہ تیز ہواؤں کو ان سے روک لیتے ہیں۔ اور جب کسی قوم کو مصیبت میں مبتلا کرنا ہوتا ہے تو بارش ان سے روک لی جاتی ہے اور ہوائیں زیادہ اور تیز چلنے لگتی ہیں۔

کوئی وقت منحوس نہیں ہے:

اصول اسلام اور احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے

besturdubooks.wordpress.com

کہ کوئی دن یا رات اپنی ذات میں منحوس نہیں ہے۔ قوم عاد پر طوفان باد کے ایام کو نحسات فرمانے کا حاصل یہ ہے کہ یہ دن اس قوم کے حق میں ان کی بد اعمالیوں کے سبب منحوس ہو گئے تھے اس لئے یہ لازم نہیں آتا کہ یہ دن سب کے لئے منحوس ہوں۔ (مظہری و بیان القرآن) اور اس مسئلہ کی پوری تحقیق کہ کوئی چیز اپنی ذات میں منحوس ہو سکتی ہے یا نہیں' احقر کی کتاب احکام القرآن حزب خاس میں دیکھ لیں جو عربی میں طبع ہو چکی ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَخْزٰى

اور آخرت کے عذاب میں تو پوری رسوائی ہے

وَهُمْ لَا يُنْصَرُوْنَ (۱۶)

اور اُن کو کہیں مدد نہیں ☆

عذاب آخرت ☆ یعنی آخرت کی رسوائی تو بہت ہی بڑی ہے جو کسی کے ٹالے نہیں ٹلے گی نہ وہاں کوئی مدد کر سکے گا۔ ہر ایک کو اپنی فکر پڑی ہوگی۔ محبت و ہمدردی کے بڑے بڑے مدعی آنکھیں چرائیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

وَاَمَّا ثَمُوْدُ فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا

اور وہ جو ثمود تھے سو ہم نے اُن کو راہ بتلائی، پھر اُنکو خوش لگا

الْعَمٰى عَلَى الْهُدٰى

اندھا رہنا راہ سُوجھنے سے ☆

قوم ثمود ☆ یعنی نجات کا راستہ جو ہمارے پیغمبر نے بتلایا تھا اس سے آنکھیں بند کر لیں اور اندھا رہنے کو پسند کیا۔ آخر اللہ تعالیٰ نے ان کی پسند کی ہوئی حالت میں انہیں پڑا چھوڑ دیا۔ (تفسیر عثمانی)

فَهَدَيْنٰهُمْ ۔ یعنی خیر و شر دونوں کے راستے بتا دیئے اور پیغمبروں کی وساطت سے ان کو سیدھا راستہ دکھا دیا۔ کذا فسرہ ابن عباسؓ۔

فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰى عَلَى الْهُدٰى ۔ یعنی ایمان کے مقابلہ میں انہوں نے جہالت اور کفر کو پسند کیا۔

فَاَخَذَتْهُمْ صٰعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُوْنِ

پھر پکڑا اُن کو کڑک نے ذلت کے عذاب کی

بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ (۱۷)

بدلہ اُس کا جو کماتے تھے ☆

زلزلہ ☆ یعنی زلزلہ آیا جس کے ساتھ سخت ہولناک آواز تھی اس آواز سے جگر پھٹ گئے۔ (تفسیر عثمانی)

وَنَجَّيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ (۱۸)

اور بچا دیا ہم نے اُن لوگوں کو جو یقین لائے تھے اور بچ کر چلتے تھے ☆

اہل ایمان ☆ یعنی جو لوگ ایمان لائے اور بدی کے راستہ سے بچ کر چلتے تھے انکو اللہ نے صاف بچا لیا۔ نزول عذاب کے وقت ان پر ذرا آنچ بھی نہیں آئی۔ (تفسیر عثمانی)

وَيَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَى النَّارِ فَهُمْ

اور جس دن جمع ہوں گے دشمن اللہ کے دوزخ پر تو اُن کی

يُوْزَعُوْنَ (۱۹)

جماعتیں بنائی جائینگی ☆

قیامت میں مجرموں کے گروہ ☆ یعنی ہر ایک قسم کے مجرموں کی الگ جماعت ہوگی اور یہ سب جماعتیں ایک دوسرے کے انتظار میں جہنم کے قریب روکی جائیں گی۔ (تفسیر عثمانی)

حَتّٰى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ

یہاں تک کہ جب پہنچیں اُس پر بتائیں گے اُن کو

سَمْعُهُمْ وَاَبْصَارُهُمْ وَجُلُوْدُهُمْ

اُن کے کان اور اُن کی آنکھیں اور اُن کے چمڑے

بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (۲۰)

جو کچھ وہ کرتے تھے ☆

اعضاء کی گواہی ☆ دنیا میں کانوں سے آیات تنزیلیہ سنیں اور آنکھوں سے آیات تکوینیہ دیکھیں، مگر کسی کو نہ مانا۔ ہر بن مو سے خدا کی نافرمانی کرتے رہے یہ خبر نہ تھی کہ گناہوں کا یہ سارا ریکارڈ خود انہی کی ذات میں محفوظ ہے جو وقت پر کھول دیا جائے گا۔ روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ محشر میں کفار اپنے جرائم کا زبان سے انکار کریں گے اس وقت حکم ہوگا کہ ان کے اعضا کی شہادت پیش کی جائے جن کے ذریعہ سے گناہ کیے تھے چنانچہ ہر ایک عضو شہادت دے گا اور اس طرح زبان کی تکذیب ہو جائے گی، تب مبہوت و حیران ہو کر اپنے اعضا کو کہے گا (کم بختو!) دور ہو جاؤ! تمہاری ہی طرف سے تو میں جھگڑتا اور مدافعت کر رہا تھا (تم خود ہی اپنے جرموں کا اعتراف کرنے لگے) (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

کیا کیا چیزیں گواہی دیں گی

مقاتل نے کہا ہاتھ پاؤں بولیں گے۔ مسلم نے حضرت انسؓ کی روایت سے لکھا ہے حضرت انسؓ نے فرمایا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے یکا یک حضورؐ مسکرادیئے اور فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ میں کس وجہ سے مسکرا رہا ہوں ہم نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول ہی جانتے فرمایا میں اس لئے مسکرارہا ہوں کہ بندہ اپنے رب سے مخاطب ہو کر عرض کرے گا اے میرے رب کیا تو نے مجھے ظلم سے پناہ نہیں دے دی ہے (یعنی کیا تو نے یہ نہیں فرمادیا ہے کہ کسی پر ظلم نہ ہوگا) اللہ فرمائیگا کیوں نہیں بندہ عرض کرے گا پھر میرے خلاف شہادت دینے والا کوئی میرا ہی جزء ہو کسی اور (باہر والے) کو میں اپنے خلاف شہادت دینے کی اجازت نہیں دوں گا اللہ فرمائے گا بس آج تیرا ہی نفس تیرے خلاف شہادت دے گا یا اعمال لکھنے والے ملائکہ شاہد ہوں گے اس کے بعد اللہ اس کے منہ پر مہر لگادے گا اور اعضاء کو حکم دیگا تم بولو ہاتھ پاؤں اس کے اعمال بول کر بتائیں گے پھر اس کو بات کرنے کی آزادی دے دی جائے گی (یعنی منہ پر سے مہر ہٹالی جائے گی) تو وہ (اعضاء سے) کہے گا دور ہو جاؤ تمہارا ناس جائے تمہاری طرف سے ہی تو میں دفاع کر رہا تھا۔

مسلم نے حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے اس طرح بیان کیا ہے اللہ اس کے منہ پر مہر کردے گا اور اس کی ران کو بولنے کا حکم دے گا فوراً اس کی ران اس کا گوشت اور ہڈی بول پڑے گی اور اس کے اعمال بیان کرے گی۔ (تفسیر مظہری)

دن کی گواہی: اور حضرت معقل بن یسارؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آنیوالا دن انسان کو یہ ندا دیتا ہے کہ میں نیا دن ہوں اور جو کچھ تو میرے اندر عمل کرے گا قیامت میں میں اس پر گواہی دوں گا۔ اس لئے تجھے چاہئے کہ میرے ختم ہونے سے پہلے پہلے کوئی نیکی کرے کہ میں اسکی گواہی دوں اور اگر میں چلا گیا تو پھر تو مجھے کبھی نہ پائے گا۔ اسی طرح ہر رات انسان کو یہ ندا دیتی ہے۔ (ذکرہ ابو نعیم) (معارف جلد ہفتم - مفتی اعظم)

وَقَالُوا لِجُلُودِهِمْ لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا ۖ

اور وہ کہیں گے اپنے چمڑوں کو تم نے کیوں بتلایا ہم کو ☆

اعضاء کو ملامت ☆ یعنی جب میں زبان سے انکار کر رہا تھا تو تم پر ایسی کیا مصیبت پڑی تھی کہ خواہ مخواہ بتلانا شروع کردیا اور آخر یہ بولنا تم کو سکھلایا کس نے۔ (تفسیر عثمانی)

کافر کی ہٹ دھرمی: (ابن ابی حاتم) (ابو یعلی) میں ہے حضورؐ فرماتے ہیں قیامت کے دن کافر کے سامنے اس کی بداعمالیاں لائی جائیں گی تو وہ انکار کرے گا اور جھگڑنے لگے گا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا یہ ہیں تیرے پڑوسی جو شاہد ہیں یہ کہے گا سب جھوٹے ہیں۔ فرمائے گا یہ ہیں تیرے کنبے قبیلے والے جو گواہ ہیں۔ کہے گا یہ بھی سب جھوٹے ہیں۔ اللہ ان سے قسم دلوائے گا وہ قسم کھائیں گے لیکن یہ انکار ہی کریگا۔ خدا سب کو چپ کرادے گا اور خود ان کی زبانیں ان کے خلاف گواہی دیں گی۔ پھر انہیں جہنم واصل کردیا جائیگا۔

تعجب خیز بات: حضرت جابر بن عبداللہؓ فرماتے ہیں جب ہم سمندر کی ہجرت سے واپس آئے تو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن ہم سے پوچھا تم نے حبشے کی سرزمین پر کوئی تعجب خیز بات دیکھی ہو تو سناؤ۔ اس پر ایک نوجوان نے کہا ایک مرتبہ ہم وہاں بیٹھے ہوئے تھے اُن کے علماء کی ایک بڑھیا عورت ایک پانی کا گھڑا سر پر لئے ہوئے آرہی تھی اُنہی میں سے ایک جوان نے اُسے دھکا دیا جس سے وہ گر پڑی اور گھڑا ٹوٹ گیا۔ وہ اٹھی اور اس شخص کی طرف دیکھ کر کہنے لگی مکار! تجھے اس کا حال اُس وقت معلوم ہوگا جب کہ اللہ تعالیٰ اپنی کرسی بچھائے گا اور سب اگلے پچھلوں کو جمع کرے گا اور ہاتھ پاؤں گواہیاں دیں گے اور ایک ایک عمل کھل جائیگا اُس وقت تیرا اور میرا فیصلہ بھی ہو جائے گا۔ یہ سن کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرمانے لگے اُس نے سچ کہا اس نے سچ کہا۔ اُس قوم کو خدائے تعالیٰ کس طرح پاک کرے جس میں زور آور سے کمزور کا بدلہ نہ لیا جائے۔ یہ حدیث اس سند سے غریب ہے۔ ابن ابی الدنیا میں یہی روایت دوسری سند سے بھی مروی ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

قَالُوٓا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِیٓ اَنْطَقَ كُلَّ شَیْءٍ

وہ بولیں گے ہم کو بلوایا اللہ نے جس نے بلوایا ہے ہر چیز کو ☆

☆ یعنی جس کی قدرت نے ہر ناطق چیز کو بولنے کی قوت دی، آج اسی نے ہم کو بھی گویا کردیا۔ نہ بولتے اور بتلاتے تو کیا کرتے۔ جب وہ قادر مطلق بلوانا چاہے تو کس چیز کی مجال ہے کہ نہ بولے۔ جس نے زبان میں قوت گویائی رکھی، کیا ہاتھ پاؤں میں نہیں رکھ سکتا۔ (تفسیر عثمانی)

وَّهُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّاِلَيْهِ

اور اُسی نے بنایا تم کو پہلی بار اور اسی کی طرف

تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۱﴾

پھیرے جاتے ہو ☆

☆ یہ مقولہ یا اللہ تعالیٰ کا ہے کہ یا جلود کا ہے۔ دونوں احتمال ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

تین کم سمجھ آدمی: شیخین نے صحیحین میں نیز بغوی نے حضرت ابن مسعودؓ کا بیان نقل کیا ہے کہ کعبہ کے دو ثقفی اور ایک قریشی یا دو قریشی اور ایک ثقفی شخص جمع ہوئے ان تینوں کے پیٹ تو موٹے تھے جن پر چربی کی تہ جمی

besturdubooks.wordpress.com

ہوئی تھی اور دلوں میں سمجھ کم تھی ایک بولا کیا تم کو معلوم ہے کہ اللہ ہماری باتیں سنتا ہے دوسرا بولا ہم چلا کر بولیں تو سنتا ہے۔ اور چپکے چپکے بات کریں تو نہیں سنتا تیسرے نے کہا اگر وہ چلا کر بات کرنے کو سنتا ہے تو چپکے کی بات بھی ضرور سنے گا۔ بغوی نے لکھا ہے یہ ثقفی شخص عبد یالیل تھا اور دونوں قریشی آدمی ربیعہ اور صفوان بن امیہ تھے۔ (تفسیر مظہری)

وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ
اور تم پردہ نہ کرتے تھے اس بات سے کہ
عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَآ اَبْصَارُكُمْ
تم کو بتلائیں گے تمہارے کان اور نہ تمہاری آنکھیں
وَلَا جُلُوْدُكُمْ
اور نہ تمہارے چمڑے ☆

نادانی ☆ یعنی غیر سے چھپ کر گناہ کرتے تھے۔ یہ خبر نہ تھی کہ ہاتھ پاؤں بتلا دیں گے۔ ان سے بھی پردہ کریں اور کرنا بھی چاہتے تو اس کی قدرت کہاں تھی۔ (تفسیر عثمانی)

تَسْتَتِرُوْنَ کا معنی: بغوی نے لکھا ہے اکثر علماء نے اس کا ترجمہ کیا ہے "تم چھپا نہیں سکتے تھے" مجاہد نے ترجمہ کیا تم ڈرتے نہ تھے۔ قتادہ نے کہا تم خیال بھی نہیں کرتے تھے کہ تمہارے ہاتھ اور پاؤں تمہارے خلاف شہادت دیں گے لیکن تمہارا خیال تھا کہ تمہارے بہت سے اعمال کی اللہ کو خبر نہیں ہے اسی لئے تم اپنے برے اعمال بیباکی سے کرتے تھے۔ (تفسیر مظہری)

وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ
پر تم کو یہ خیال تھا کہ اللہ نہیں جانتا
كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾
بہت چیزیں جو تم کرتے ہو ☆

دل کا چور ☆ یعنی اصل میں تمہارے طرز عمل سے یوں ظاہر ہوتا ہے کہ گویا تم کو خدا تعالیٰ کے علم محیط کا یقین ہی نہ تھا سمجھتے تھے کہ جو چاہو کرتے رہو کون دیکھ بھال کرتا ہوگا۔ اگر پوری طرح یقین ہوتا کہ خدا ہماری تمام حرکات سے باخبر ہے اور اس کے ہاں ہماری پوری مسل محفوظ ہے تو ہرگز ایسی شرارتیں نہ کرتے۔ (تفسیر عثمانی)

وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ
اور یہ وہی تمہارا خیال ہے جو تم رکھتے تھے
بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ مِّنَ
اپنے رب کے حق میں، اُسی نے تمکو غارت کیا پھر آج رہ گئے
الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ فَاِنْ يَّصْبِرُوْا فَالنَّارُ
ٹوٹے میں پھر اگر وہ صبر کریں تو آگ
مَثْوًى لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّسْتَعْتِبُوْا
اُن کا گھر ہے اور اگر وہ منایا چاہیں
فَمَا هُمْ مِّنَ الْمُعْتَبِيْنَ ﴿۲۴﴾
تو اُن کو کوئی نہیں مناتا ☆

عذاب کسی طرح نہ ٹلے گا ☆ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں۔ "یعنی دنیا میں بعض بلا صبر سے آسان ہوتی ہے، وہاں صبر کریں یا نہ کریں دوزخ گھر ہو چکا (جہاں سے کبھی نکلنا نہیں) اور بعض بلا منت خوشامد کرنے سے ٹلتی ہے وہاں بہتیرا چاہیں کہ منت کریں، کوئی قبول نہیں کرتا۔" (تفسیر عثمانی)

وَاِنْ يَّسْتَعْتِبُوْا یعنی اگر وہ رب کو راضی کرنا چاہیں گے اور خواستگار عقبیٰ ہوں گے۔ عقبیٰ کا معنی ہے اپنی پسندیدہ حالت کی طرف لوٹنا۔

فَمَا هُمْ مِّنَ الْمُعْتَبِيْنَ۔ تو ان کی یہ درخواست قبول نہیں کی جائے گی۔ (تفسیر مظہری)

جیسا گمان ویسا عمل: حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جناب باری عز اسمہ کا ارشاد ہے کہ میرے ساتھ میرا بندہ جو گمان کرتا ہے میں اس کے ساتھ وہی معاملہ کرتا ہوں اور جب وہ مجھے پکارتا ہے میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں حضرت حسنؒ اتنا فرما کر کچھ تامل کر کے فرمانے لگے جس کا جیسا گمان خدا کے ساتھ ہوتا ہے ویسا ہی اس کا عمل بھی ہوتا ہے۔ مؤمن چونکہ خدا کے ساتھ نیک ظن ہوتا ہے وہ اعمال بھی اچھے کرتا ہے۔ اور کافر و منافق چونکہ خدا کے ساتھ بدظن ہوتے ہیں وہ اعمال بھی بد کرتے ہیں پھر آپ نے یہی آیت تلاوت فرمائی۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ فَزَيَّنُوْا لَهُمْ
اور لگا دیئے ہم نے اُنکے پیچھے ساتھ رہنے والے، پھر اُنہوں نے خوبصورت
مَّا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ
بنا دیا اُنکی آنکھوں میں اُس کو جو اُنکے آگے ہے اور جو اُنکے پیچھے ہے ☆

besturdubooks.wordpress.com

اعراض کا نتیجہ ☆ یعنی ان پر شیطان تعینات تھے کہ ان کو برے کام جو پہلے کئے یا آگے کرتے بھلے کر کے دکھلائیں اور تباہ کن ماضی و مستقبل کو خوبصورت بنا کر ان کے سامنے پیش کریں۔ اور یہ شیطانوں کا تعینات کیا جانا بھی ان کے اعراض عن الذکر کا نتیجہ تھا کما قال تعالیٰ وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ (زخرف۔ رکوع۴) (تفسیر عثمانی)

وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ
اور ٹھیک پڑ چکی اُن پر عذاب کی بات اُن فرقوں کے
قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ
ساتھ جو گذر چکے اور اُن سے پہلے جنوں
وَالْاِنْسِ ۚ
کے اور آدمیوں کے☆

☆ یعنی وہ ہی بات جو شروع میں کہی گئی تھی لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ (ھود۔ رکوع۱۰)۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿٢٥﴾
بیشک وہ تھے ٹوٹے والے☆

☆ جب آدمی کو خسارہ آتا ہے تو اسی طرح آتا ہے اور ایسے ہی سامان ہو جاتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا
اور کہنے لگے منکر مت کان دھرو
لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَالْغَوْا فِيْهِ
اس قرآن کے سُننے کو اور بک بک کرو اس
لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ ﴿٢٦﴾
کے پڑھنے میں شاید تم غالب ہو☆

آوازِ حق ☆ قرآن کریم کی آواز بجلی کی طرح سننے والوں کے دلوں میں اثر کرتی تھی جو سنتا فریفتہ ہو جاتا اور اس سے روکنے کی تدبیر کفار نے یہ نکالی کہ جب قرآن پڑھا جائے ادھر کان مت دھرو، اور اس قدر شور و غل مچاؤ کہ دوسرے بھی نہ سن سکیں۔ اس طرح ہماری بک بک سے قرآن کی آواز دب جائیگی۔ آج بھی جاہلوں کو ایسی ہی تدبیریں سوجھا کرتی ہیں کہ کام کی بات کو شور مچا کر سننے نہ دیا جائے۔ لیکن صداقت کی کڑک مچھروں اور مکھیوں کی بھنبھناہٹ سے کہاں مغلوب ہو سکتی ہے۔ ان سب تدبیروں کے باوجود حق کی آواز قلوب کی گہرائیوں تک پہنچ کر رہتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

کافروں کی بک بک

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کچھ لوگ دوسروں سے کہتے تھے جب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو تم قرآن پڑھتے دیکھو تو ان کے سامنے رجز اور شعر خوب پڑھو اور بیہودہ باتیں کرو مجاہد نے کہا گڑبڑ کرنے سے مراد ہیں سیٹیاں اور تالیاں بجانا ضحاک نے کہا خوب باتیں کرو کہ جو کچھ وہ کہہ رہے ہوں اس میں گڑبڑ پیدا ہو جائے۔ سدی نے کہا ان کے سامنے جا کر شور مچاؤ چیخو چلاؤ۔ (تفسیر مظہری)

کفار جب قرآن کے مقابلہ سے عاجز ہو گئے اور اس کے خلاف ان کی ساری تدبیریں ناکام ہو گئیں تو اس وقت انہوں نے یہ حرکت شروع کی۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ ابوجہل نے لوگوں کو اس پر آمادہ کیا کہ جب محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) قران پڑھا کریں تو تم اُن کے سامنے جا کر چیخ و پکار اور شور و غل کرنے لگا کرو۔ تاکہ لوگوں کو پتہ ہی نہ چلے کہ وہ کیا کہہ رہے ہیں۔ (قرطبی)

تلاوت قرآن کے وقت خاموش ہو کر سننا واجب ہے خاموش نہ رہنا کفار کی عادت ہے

آیت مذکورہ سے معلوم ہوا کہ تلاوت قرآن میں خلل ڈالنے کی نیت سے شور و غل کرنا تو کفر کی علامت ہے اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ خاموش ہو کر سننا واجب اور ایمان کی علامت ہے۔ آجکل ریڈیو پر تلاوت قرآن نے ایسی صورت اختیار کر لی ہے کہ ہر ہوٹل اور مجمع کے مواقع میں ریڈیو کھولا جاتا ہے۔ جس میں قرآن کی تلاوت ہو رہی ہو اور ہوٹل والے خود اپنے دھندوں میں لگے رہتے ہیں اور کھانے پینے والے اپنے شغل میں۔ اس کی صورت وہ بن جاتی ہے جو کفار کی علامت تھی۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو ہدایت فرما دیں کہ یا تو ایسی مواقع میں تلاوت قرآن کیلئے کھولیں اگر کھولنا ہے اور برکت حاصل کرنا ہے تو چند منٹ سب کام بند کر کے خود بھی اس طرف متوجہ ہو کر سنیں دوسروں کو بھی اس کا موقع دیں۔ (معارف مفتی اعظم)

فَلَنُذِيْقَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَذَابًا
سو ہم کو ضرور چکھانا ہے منکروں کو سخت عذاب
شَدِيْدًا ۙ وَّلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ
اور اُن کو بدلہ دینا ہے بُرے سے بُرے کاموں

besturdubooks.wordpress.com

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۷﴾
کا جو وہ کرتے تھے ☆

☆اس سے زیادہ برا کام کونسا ہوگا کہ خود نصیحت کی بات نہ سنے اور دوسروں کو بھی سننے نہ دے۔ (تفسیر عثمانی)

ذٰلِكَ جَزَآءُ اَعْدَآءِ اللّٰهِ النَّارُ ۚ
یہ سزا ہے اللہ کے دشمنوں کی آگ
لَهُمْ فِيْهَا دَارُ الْخُلْدِ ۭ جَزَآءً
اُن کا اُسی میں گھر ہے سدا کو بدلہ اُس کا
بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿۲۸﴾
جو ہماری باتوں سے انکار کرتے تھے ☆

☆یعنی دل میں سمجھتے تھے لیکن ضد اور تعصب و عناد سے انکار ہی کرتے رہتے تھے۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا رَبَّنَآ اَرِنَا
اور کہیں گے وہ لوگ جو منکر ہیں اے رب ہمارے ہمکو دکھلا دے
الَّذَيْنِ اَضَلّٰنَا مِنَ الْجِنِّ
وہ دونوں جنہوں نے ہم کو بہکایا جو جن ہے
وَالْاِنْسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ اَقْدَامِنَا
اور جو آدمی کہ ڈالیں ہم اُن کو اپنے پاؤں کے نیچے
لِيَكُوْنَا مِنَ الْاَسْفَلِيْنَ ﴿۲۹﴾
کہ وہ رہیں سب سے نیچے ☆

کافروں کی تمنا☆یعنی خیر ہم تو آفت میں پھنسے ہیں لیکن آدمیوں اور جنوں میں سے جن شیطانوں نے ہم کو بہکا بہکا کر اس آفت میں گرفتار کرایا ہے ذرا انہیں ہمارے سامنے کر دیجئے کہ ان کو ہم اپنے پاؤں تلے روند ڈالیں۔ اور نہایت ذلت و خواری کے ساتھ جہنم کے سب سے نیچے کے طبقہ میں دھکیل دیں تا کہ انتقام لے کر ہمارا دل کچھ تو ٹھنڈا ہو۔ (تفسیر عثمانی)

برے کام کی بنیاد ڈالنے والوں کا حشر

اَلَّذَيْنِ اَضَلّٰنَا۔ یعنی جنات اور انسانوں میں سے جس نے ہم کو بہکا دیا اور گناہ پر آمادہ کیا ان کو ہمارے سامنے لے آ۔ [illegible] کے نزدیک دو بہکا والوں سے مراد ہیں ابلیس اور حضرت آدم کا بیٹا قابیل کفر و معصیت کی بنیاد ڈالنے والے یہی دونوں تھے۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ
تحقیق جنہوں نے کہا رب ہمارا اللہ ہے پھر
اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ
اُسی پر قائم رہے اُن پر اُترتے ہیں
الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا
فرشتے کہ تم مت ڈرو اور نہ غم کھاؤ
وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ
اور خوشخبری سنو اُس بہشت کی جس کا تم سے
تُوْعَدُوْنَ ﴿۳۰﴾
وعدہ تھا ☆

اہل ایمان واستقامت کا انعام

یعنی دل سے اقرار کیا اور اس پر قائم رہے اس کی ربوبیت والوہیت میں کسی کو شریک نہیں ٹھہرایا نہ اس یقین و اقرار سے مرتے دم تک ہٹے نہ گرگٹ کی طرح رنگ بدلا جو کچھ زبان سے کہا تھا اس کے مقتضاء پر اعتقاداً اور عملاً جمے رہے۔ اللہ کی ربوبیت کاملہ کا حق پہچانا جو عمل کیا خالص اس کی خوشنودگی اور شکرگزاری کے لئے کیا اپنے رب کے عائد کئے ہوئے حقوق و فرائض کو سمجھا اور ادا کیا۔ غرض ماسوا سے منہ موڑ کر سیدھے اسی کی طرف متوجہ ہوئے اور اسی کے راستہ پر چلے۔ ایسے مستقیم الحال بندوں پر موت کے قریب اور قبر میں پہنچ کر اور اس کے بعد قبروں سے اٹھنے کے وقت اللہ کے فرشتے اترتے ہیں جو تسکین و تسلی دیتے اور جنت کی بشارتیں سناتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ اب تم کو ڈرنے اور گھبرانے کا کوئی موقع نہیں رہا۔ دنیائے فانی کے سب فکر و غم ختم ہوئے اور کسی آنے والی آفت کا اندیشہ بھی نہیں رہا۔ اب ابدی طور پر ہر قسم کی جسمانی و روحانی خوشی اور عیش تمہارے لئے ہے۔ اور جنت کے جو وعدے انبیاء علیہم السلام کی زبانی کئے گئے تھے وہ اب تم سے ایفاء کئے جانے والے ہیں۔ یہ وہ دولت ہے جس کے ملنے کا یقین حاصل ہونے پر کوئی فکر اور غم آدمی کے پاس نہیں پھٹک سکتا۔ (تنبیہ) بہت ممکن ہے کہ متقین و ابرار پر

besturdubooks.wordpress.com

اس دنیوی زندگی میں بھی ایک قسم کا نزول فرشتوں کا ہوتا ہو جو اللہ کے حکم سے ان کے دینی و دنیوی امور میں بہتری کی باتیں الہام کرتے ہوں۔ جو ان کے شرح صدور اور تسکین و اطمینان کا موجب ہو جاتا ہو جیسے ان کے بالمقابل ایک دو آیت پہلے گزر چکا ہے کہ کفار پر شیطان مسلط ہیں جو تزیین قبائح سے ان کے اغوا کا سامان کرتے ہیں چنانچہ دوسری جگہ شیاطین کے حق میں بھی لفظ "تنزّل" استعمال ہوا ہے قال تعالیٰ تَنَزَّلُ عَلٰى كُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ يُّلْقُوْنَ السَّمْعَ وَاَكْثَرُهُمْ كٰذِبُوْنَ (شعراء۔ رکوع ۱۱) بہر حال بعض مفسرین کے نزدیک یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں اور اس تقدیر پر اگلی آیت نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا زیادہ چسپاں ہوتی ہے۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

استقامت کے معنی: پہلے جز کو لفظ استقامت سے تعبیر فرما کر ارشاد ہوا اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا۔ یعنی جن لوگوں نے سچے دل سے اللہ تعالیٰ کو اپنا رب یقین کر لیا اور اس کا اقرار بھی کر لیا یہ تو اصل ایمان ہوا۔ آگے اس پر مستقیم بھی رہے یہ عمل صالح ہوا۔ اس طرح ایمان اور عمل صالح کے جامع ہو گئے۔ لفظ استقامت کا جو مفہوم خلاصہ تفسیر میں بیان ہوا ہے کہ ایمان و توحید پر قائم رہے اس کو چھوڑا نہیں۔ یہ تفسیر حضرت صدیق اکبرؓ سے منقول ہے اور تقریباً یہی مضمون حضرت عثمان غنیؓ سے منقول ہے انہوں نے استقامت کی تفسیر اخلاص عمل سے فرمائی ہے اور حضرت فاروق اعظمؓ نے فرمایا کہ۔ الاستقامة ان تستقيم على الامر والنهى ولا تروغ روغان الثعالب۔ (مظہری) (استقامت یہ ہے کہ تم اللہ کے تمام احکام اور اوامر اور نواہی پر سیدھے جمے رہو اُس سے اِدھر اُدھر راہِ فرار لومڑیوں کی طرح نہ نکالو) اس لئے علماء نے فرمایا کہ استقامت تو ایک لفظ مختصر ہے مگر تمام شرائع اسلامیہ کو جامع ہے جس میں تمام احکام الٰہیہ پر عمل اور تمام محرمات و مکروہات سے اجتناب دائمی طور پر شامل ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

حضرت ابوبکر صدیقؓ نے حاضرین سے فرمایا تم لوگ ان دونوں آیتوں کے متعلق کیا خیال رکھتے ہو (اللہ نے فرمایا ہے) اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا (اس کا کیا مطلب ہے دوسری آیت میں فرمایا) اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ (ظلم سے کیا مراد ہے) حاضرین نے جواب دیا ثم استقاموا کا یہ مطلب ہے کہ اس پر قائم رہے اور اوامر کے پابند رہے اور پھر کوئی گناہ نہیں کیا اور لَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ کا بھی یہی مطلب ہے کہ ایمان کے بعد انہوں نے گناہ نہیں کیا حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا آپ لوگوں نے آیت کی تفسیر میں بڑی شدت اختیار کی لَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ کا یہ مطلب ہے کہ انہوں نے پھر ایمان کو شرک کے ساتھ مخلوط نہیں کیا اور ثم استقاموا کا یہ مطلب ہے کہ وہ اقرار ربوبیت و وحدانیت کے بعد اس پر قائم رہے بت پرستی کی طرف نہیں لوٹے۔ کذا فی ازالۃ الخفاء للشیخ ولی اللہؒ۔ نسائی بزار اور ابو یعلی وغیرہ نے حضرت انسؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت اَلَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ تلاوت فرمائی پھر فرمایا پچھلے لوگوں نے یہ بات دباؤ اور خوف کی وجہ سے کہی پھر اکثر منکر ہو گئے جو مرتے وقت تک قائل رہا وہ صاحب استقامت ہے۔

حضرت عثمان بن عفانؓ نے استقاموا کا ترجمہ کیا انہوں نے خالص اللہ کے لئے عمل کئے۔ حضرت علیؓ نے فرمایا پھر انہوں نے فرائض ادا کئے۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا پھر وہ ادائے فرائض پر قائم رہے۔ حسنؒ نے کہا پھر وہ امر الٰہی پر قائم رہے اللہ کی طاعت کرتے رہے اور نافرمانی سے بچتے رہے مجاہد اور عکرمہ نے کہا اللہ سے ملنے کے وقت یعنی مرتے دم تک لا الٰہ الا اللہ کی شہادت پر قائم رہے مقاتل نے کہا معرفت پر قائم رہے۔ پھر معرفت سے نہیں پھرے۔

یہ تمام اقوال اسی مضمون کی مختلف تعبیریں ہیں جو ہم نے اوپر بیان کیا ہے حضرت عمرؓ حضرت علیؓ حضرت ابن عباسؓ اور حسنؒ کا قول ان تمام امور کو شامل ہے جن کا بجالانا اللہ نے فرض کیا ہے اور ان امور کو بھی حاوی ہے جن سے اجتناب رکھنے کا اللہ نے حکم دیا ہے خواہ ان اوامر و نواہی کا تعلق عقائد سے ہو یا اخلاق سے یا اعمال سے۔

حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عثمانؓ کا بیان کردہ مطلب بتا رہا ہے کہ شہرت کی طلب اور دکھاوا وہ نہیں کرتے مجاہد اور عکرمہ کے قول کا بھی یہی حاصل ہے غرض استقامت بغیر فناء نفس و قلب کے نہیں حاصل ہوتی اور معرفت الٰہیہ کا حصول جو مقاتل کے قول میں آیا ہے اسی طریقہ سے ہوتا ہے جو صوفیہ نے اپنی اصطلاحات میں بیان کیا ہے۔

قتادہ کا بیان ہے حضرت حسنؒ جب یہ آیت پڑھتے تھے تو کہتے تھے اے اللہ تو ہمارا رب ہے ہم کو استقامت نصیب کر۔ حسنؒ صوفیہ کے سر گروہ تھے اکثر سلسلوں کا سرچشمہ وہی تھے۔ (تفسیر مظہری)

مومنین کے لئے اللہ تعالیٰ کی دوستی اور رضاء

نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ یعنی ہم تمہارے ولی سرپرست اور دوست ہیں دنیا اور آخرت میں اور ظاہر ہے کہ حق تعالیٰ کی ولایت اور محبت دنیا میں اور آخرت میں ایک ایسا عظیم انعام ہے کہ دنیا اور مافیہا کی ساری نعمتیں اس کے مقابلہ میں حقیر ہیں۔ بلکہ اُخروی نعمتوں میں بھی یہ بہت ہی بلند پایہ نعمت ہے۔ کیونکہ اللہ رب العزت کی رضا اور خوشنودی جنت کی ہر نعمت اور راحت سے زائد اور بلند ہے جیسے کہ حدیث میں ہے کہ حق تعالیٰ جنت میں اہل جنت کو تمام انعامات سے نوازنے کے بعد فرمائے گا۔ اے میری بندو! کیا تمہیں کچھ اور چیز مطلوب ہے۔ جنتی جواب دیں گے اے ہماری رب اب ہمیں اور کیا چاہئے ہم کو تو وہ نعمتیں دیدی گئیں ہیں جو جہاں والوں میں کسی کو نہیں دی گئیں۔ اس پر اعلان ہوگا۔ رضائی لا اسخط علیکم بعده ابدًا۔ کہ میری رضامندی اور خوشنودی ہے تمہارے لئے۔ اب آئندہ میں تم پر کبھی ناراض نہیں ہوں گا۔

besturdubooks.wordpress.com

وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۔ (معارف کاندھلوی)

سب سے آسان آیت:

حضرت ابن عباسؓ سے سوال کیا گیا کہ قرآن میں حکم اور جزا کے لحاظ سے سب سے زیادہ آسان آیت کون سی ہے؟ آپ نے اس آیت کی تلاوت کی کہ توحید خدا پر تاعمر قائم رہنا۔ حضرت فاروق اعظمؓ نے منبر پر اس آیت کی تلاوت کر کے فرمایا واللہ یہ وہ لوگ ہیں جو خدا کی اطاعت پر جم جاتے ہیں اور لومڑی کی چال نہیں چلتے کہ کبھی ادھر کبھی اُدھر۔

استقامت کی دعا:

ابن عباسؓ فرماتے ہیں فرائض خدا کی ادائیگی کرتے ہیں۔ حضرت قتادہ یہ دعا مانگا کرتے تھے اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبُّنَا فَارْزُقْنَا الْاِسْتِقَامَةَ خدایا! تو ہمارا رب ہے ہمیں استقامت اور پختگی عطا فرما۔ استقامت سے مراد دین اور عمل کا خلوص ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

اسلام کے بعد سب سے اہم بات

حضرت سفیان بن عبداللہؓ ثقفی نے خدمت گرامی میں عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسلام کے سلسلہ میں مجھے کوئی ایسی بات بتا دیجئے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد پھر مجھے کسی اور سے پوچھنے کی ضرورت نہ رہے ارشاد فرمایا کہو آمَنْتُ بِاللّٰه (میں اللہ پر ایمان لایا) پھر استقامت رکھو (یعنی اس پر جمے رہو یا سیدھی چال چلتے رہو) رواہ مسلم۔ (تفسیر مظہری)

نَحْنُ	اَوْلِيٰٓؤُكُمْ	فِي الْحَيٰوةِ			
ہم	ہیں	تمہارے	رفیق	دنیا	میں
الدُّنْيَا	وَفِي الْاٰخِرَةِ				
☆	میں	آخرت	اور		

دنیا و آخرت کی رفاقت ☆ بعض نے اس کو اللہ کا کلام بتلایا ہے یعنی فرشتوں کا کلام اس سے پہلے ختم ہو چکا۔ اور اکثر کے نزدیک یہ بھی فرشتوں کا مقولہ ہے۔ گویا فرشتے یہ قول ان کے دلوں میں الہام کرتے ہیں اور ان کی ہمت بندھاتے ہیں۔ ممکن ہے اس زندگی میں بعض بندوں سے مشافہۃً بھی اتنے الفاظ کہتے ہوں اور ممکن ہے کہ موت کے قریب یا اسکے بعد کہا جاتا ہو اس وقت " نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ " کا مطلب یہ ہوگا کہ ہم دنیا میں بھی تمہارے رفیق رہے ہیں کہ اللہ کے حکم سے باطنی طور پر تمہاری اعانت کرتے تھے اور آخرت میں بھی رفیق رہینگے کہ وہاں تمہاری شفاعت یا اعزاز و اکرام کا انتظام کرینگے۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی دنیا میں ہم تمہارے ساتھی تھے اچھی باتیں تمہارے دل میں ڈالتے تھے اور شیطانوں سے تمہاری حفاظت کرتے تھے اور آخرت میں بھی تمہارے ساتھ اس وقت تک رہیں گے کہ تم جنت میں داخل ہو جاؤ۔ (تفسیر مظہری)

مومنوں کے لئے بشارتیں: حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں مومن کی روح سے فرشتے کہتے ہیں اے پاک روح جو پاک جسم میں تھی چل خدا کی بخشش انعام اور اس کی نعمت کی طرف چل اُس خدا کے پاس جو تجھ پر ناراض نہیں۔ یہ بھی مروی ہے کہ جب مسلمان اپنی قبروں سے اٹھیں گے اُسی وقت فرشتے ان کے پاس آئیں گے اور انہیں بشارتیں سنائیں گے۔ حضرت ثابتؒ جب اس سورت کو پڑھتے ہوئے اس آیت تک پہنچے تو ٹھہر گئے تو فرمایا ہمیں یہ خبر ملی ہے کہ مومن بندہ جب قبر سے اٹھے گا تو وہ دو فرشتے جو دنیا میں اس کے ساتھ تھے اس کے پاس آئیں گے اور اس سے کہیں گے ڈر نہیں' گھبرا نہیں' غمگین نہ ہو تو جنتی ہے خوش ہو جا تجھ سے خدا کے جو وعدے تھے پورے ہوں گے۔ غرض خوف امن سے بدل جائے گا۔ آنکھیں ٹھنڈی ہوں گی دل مطمئن ہو جائیگا۔ قیامت کا تمام خوف دہشت اور وحشت دور ہو جائے گی۔ اعمال صالحہ کا بدلہ اپنی آنکھوں سے دیکھے گا اور خوش ہوگا۔ الحاصل موت کے وقت' قبر میں اور قبر سے اٹھتے ہوئے ہر وقت ملائکہ رحمت اس کے ساتھ رہیں گے اور ہر وقت بشارتیں سناتے رہیں گے' اس سے فرشتے یہ بھی کہیں گے کہ زندگانی دنیا میں بھی ہم تمہارے رفیق و ولی تھے تمہیں نیکی کی راہ سجھاتے تھے' خیر کی رہنمائی کرتے تھے۔ تمہاری حفاظت کرتے تھے۔ ٹھیک اسی طرح آخرت میں بھی ہم تمہارے ساتھ رہیں گے' تمہاری وحشت و دہشت دور کرتے رہیں گے۔ قبر میں حشر میں میدان قیامت میں' پل صراط پر غرض ہر جگہ ہم تمہارے رفیق اور دوست اور ساتھی ہیں۔ نعمتوں والی جنتوں میں پہنچا دینے تک تم سے الگ نہ ہوں گے وہاں جو تم چاہو گے تمہیں ملے گا جو خواہش ہوگی پوری ہوگی۔ یہ مہمانی یہ عطا یہ انعام یہ ضیافت اُس خدا کی طرف سے ہے جو بخشنے والا اور مہربانی کرنے والا ہے اس کا لطف و رحم اس کی بخشش اور کرم بہت وسیع ہے۔

جنت کے بازار: حضرت سعید بن مسیبؒ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ملاقات ہوئی تو حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہم دونوں کو جنت کے بازار میں ملائے۔ اس پر حضرت سعیدؒ نے پوچھا کیا جنت میں بھی بازار ہوں گے؟ فرمایا ہاں مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی ہے کہ جنتی جب جنت میں جائیں گے اور اپنے اپنے مراتب کے مطابق درجے پائیں گے تو دنیا کے اندازے سے جمعہ والے دن انہیں ایک جگہ جمع ہونے کی اجازت ملے گی۔ جب سب جمع ہو جائیں گے تو اللہ تعالیٰ اُن پر تجلی فرمائے گا' اس کا عرش

besturdubooks.wordpress.com

ظاہر ہوگا۔ وہ سب جنت کی باغیچی میں نور کے اور لؤلؤ اور یاقوت کے اور زبرجد اور سونے چاندی کے منبروں پر بیٹھیں گے۔ بعض اور جو نیکیوں کے اعتبار سے کم درجے کے ہیں لیکن جنتی ہونے کے اعتبار سے کوئی کسی سے کم تر نہیں وہ مشک کے اور کافور کے ٹیلوں پر ہوں گے لیکن اپنی جگہ اتنے خوش ہوں گے کہ کرسی والوں کو اپنے سے افضل مجلس میں نہیں جانتے ہوں گے۔

دیدار الٰہی: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ کیا ہم اپنے رب کو دیکھیں گے؟ آپ نے فرمایا ہاں ہاں دیکھو گے۔ آدھے دن کے سورج اور چودھویں رات کے چاند کو جس طرح صاف دیکھتے ہو اسی طرح خدائے تعالیٰ کو دیکھو گے۔ اس مجلس میں ایک ایک سے اللہ تبارک وتعالیٰ باتیں چیتیں کرے گا۔ یہاں تک کہ کسی سے فرمائے گا یاد ہے فلاں دن تم نے میرا فلاں خلاف کیا تھا۔ وہ کہے گا کیوں جناب باری! تو تو وہ خطا معاف فرما چکا تھا پھر اس کا کیا ذکر؟ کہے گا ہاں ٹھیک ہے اسی میری مغفرت کی وسعت کی وجہ سے ہی تو تو اس درجے پر پہنچا۔ یہ اسی حالت میں ہوں گے کہ انہیں ایک ابر ڈھانپ لے گا اور اس سے ایسی خوشبو برسے گی کہ کبھی کسی نے نہیں سونگھی تھی۔ پھر رب العالمین عزوجل فرمائے گا کہ اٹھو اور میں نے جو انعام واکرام تمہارے لئے تیار کر رکھے ہیں انہیں لو۔ پھر یہ سب ایک بازار میں پہنچیں گے جسے چوطرف سے فرشتے گھیرے ہوئے ہونگے وہاں وہ چیزیں دیکھیں گے جو نہ کبھی دیکھی تھیں نہ سنی تھیں۔ نہ کبھی خیال میں گزری تھیں۔ جو شخص جو چیز چاہے گا لے لیگا خرید و فروخت وہاں نہ ہوگی بلکہ انعام ہوگا۔ وہاں تمام اہل جنت ایک دوسرے سے ملاقات کریں گے۔ ایک کم درجے کا جنتی اعلیٰ درجے کے جنتی سے ملاقات کرے گا تو اس کے لباس وغیرہ کو دیکھ کر جی میں خیال کرے گا وہیں اپنے جسم کی طرف دیکھے گا کہ اس سے بھی اچھے کپڑے اس کے ہیں۔ کیونکہ وہاں کسی کو کوئی رنج وغم نہ ہوگا۔ اب ہم سب لوٹ کر اپنی اپنی منزلوں میں جائیں گے۔ وہاں ہماری بیویاں ہمیں مرحبا کہیں گی اور کہیں گی کہ جس وقت آپ یہاں سے گئے تھے تب یہ تروتازگی اور یہ نورانیت آپ میں نہ تھی لیکن اس وقت تو جمال وخوبی اور خوشبو اور تازگی بہت ہی بڑھی ہوئی ہے۔ یہ جواب دیں گے کہ ہاں ٹھیک ہے ہم آج خدائے تعالیٰ کی مجلس میں تھے۔ اور یقیناً ہم بہت ہی بڑھ چڑھ گئے (ترمذی وغیرہ) (تفسیر ابن کثیر)

وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَشْتَهِيٓ أَنفُسُكُمْ

اور تمہارے لئے وہاں ہے جو چاہے جی تمہارا

وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَدَّعُونَ ﴿٣١﴾

اور تمہارے لئے وہاں ہے جو کچھ مانگو

یعنی جس چیز کی خواہش ورغبت دل میں ہوگی یا جو زبان سے طلب کریں گے، سب کچھ ملے گا، اللہ کے خزانوں میں کسی چیز کی کمی نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

جنت میں تفاوت درجات کے باوجود باہمی تحاسد نہ ہوگا

وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَشْتَهِيٓ أَنفُسُكُمْ کا مدلول یہ ہے کہ اہل جنت جس کسی چیز کی خواہش کریں گے وہ ان کو حاصل ہو جائے گی۔ حضرت حکیم الامت مولانا تھانویؒ نے اس پر ایک لطیف نکتہ بیان فرمایا جس سے یہ اشکال دور ہو گیا کہ جنت میں درجات مختلف ہوں گے اور بعض دوسرے بعض پر بلندی اور فضیلت رکھنے والے ہوں گے۔ تو کم تر درجے کے لوگ اگر اپنے سے بلند مرتبہ والوں کو نہ جانیں گے تو جہل لازم آئے گا۔ اور جہالت عیب اور نقصان ہے اور یہ ممکن نہیں کہ اہل جنت ناقص اور عیب دار ہوں۔ اور اگر جانے گا تو طبعی تقاضے کے باعث حسد ہوگا تو یہ بھی بری خصلت ہے تو فرمایا یہی شق اختیار کر لی جائے کہ بعض اہل جنت کو اپنے بلند درجات والوں کا علم ہوگا لیکن حسد ایک انسانی خصائل میں ایک مذموم اور بری خصلت ہے اور جنتی جنت میں جب داخل کئے جائیں گے۔

ان اوصاف وبشارات کے اولین مصداق

حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرہ نے فرمایا ان اوصاف کاملہ اور بشارات فاضلہ کے سب اولین مصداق خلفاء راشدین پھر مہاجرین اولین تھے جن کے ایمان واستقامت کی عظمت وبلندی کا کوئی ٹھکانہ نہ تھا۔ اللہ کی ربوبیت ان کے اعتقاد کامل کی پوری تصویر اور ان کی عملی زندگی تھی۔ پھر اطاعت وفرمانبرداری کا وہ مقام تھا۔ دنیا کی کوئی مشقت ورکاوٹ ان کی راہ اطاعت میں حائل نہ ہو سکتی تھی۔ ربنا اللہ عقیدہ توحید کی ترجمانی ہے اور اس کے بعد استقامت طاعت وبندگی کا کمال ہے کیونکہ استقامت ہر مامور اور حکم کی تعمیل وپیروی اور ہر ممنوع اور خلاف شرع چیز سے پرہیز کرنے کا نام ہے جس میں اعمال قلوب اور افعال حسیہ وظاہر داخل ہیں اور اس عملی کیفیت کا نام ہے جو ایمان اسلام اور احسان کے مقام کو جامع ہو۔ اسی وجہ سے حضرات عارفین کا قول ہے کہ استقامت ہزار ہا کرامتوں سے بڑھ کر ہے۔ ابن عباسؓ فرمایا کرتے تھے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر آیۃ فَاسْتَقِمْ كَمَآ أُمِرْتَ سے زائد کوئی سخت آیت نہیں نازل ہوئی۔ (معارف کاندھلوی)

نُزُلًا مِّنْ غَفُورٍ رَّحِيمٍ ﴿٣٢﴾

مہمانی ہے اس بخشنے والے مہربان کی طرف سے ☆

besturdubooks.wordpress.com

اللہ تعالیٰ کی مہمانی ☆ یعنی سمجھ لو! وہ غفور رحیم اپنے مہمانوں کے ساتھ کیسا برتاؤ کرے گا۔ اور یہ کتنی بڑی عزت و توقیر ہے کہ ایک بندہ ضعیف رب العزت کا مہمان ہو۔ (تفسیر عثمانی)

اللہ تعالیٰ کی مہمانی: بزارؒ ابن ابی الدنیا اور بیہقی نے حضرت ابن مسعودؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم جنت کے اندر پرندوں کو دیکھ کر (ان کا گوشت کھانے کی) جونہی خواہش کرو گے فوراً وہ تمہارے سامنے بھنے بھنائے گر پڑیں گے۔

ابن ابی الدنیا نے حضرت ابوامامہؓ کی روایت سے بیان کیا کہ جنتی آدمی (جونہی) جنت کے اندر پرندہ (کا گوشت کھانے) کی خواہش کرے گا فوراً وہ پرندہ جو بختی اونٹ کی طرح ہوگا جنتی کے خوان پر گر پڑے گا نہ اس کو دھواں لگا نہ آگ نے اس کو چھوا ہوگا جنتی آدمی اس میں سے پیٹ بھر کر کھا لے گا پھر وہ پرندہ صحیح سالم اصلی حالت میں اڑ جائے گا۔

جنت میں اولاد: بیہقی اور ترمذی نے لکھا ہے اور ترمذی نے اس کو حسن کہا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی مومن جنت کے اندر بچہ پیدا ہونے کی خواہش کرے گا فوراً گھڑی بھر میں بچہ اس کی خواہش سے پیدا ہو جائے گا اس کی مدت حمل اور مدت پیدائش اور عمر سب کچھ ایک گھڑی میں ہو جائے گا۔

ہناد نے الزہد میں حضرت ابوسعیدؓ کی روایت سے بیان کیا حضرت ابو سعیدؓ نے فرمایا ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اولاد تو آنکھوں کی ٹھنڈک اور تکملہ مسرت ہوتی ہے کیا جنت کے اندر جنتی کی اولاد ہوگی فرمایا جب جنتی بچے کی خواہش کرے گا۔ الخ

اصبہانی نے الترغیب میں غیر مرفوع حدیث حضرت ابوسعید خدریؓ کی روایت سے بیان کی ہے کہ جنتی آدمی (جب) بچہ پیدا ہونے کی خواہش کرے گا (تو بچہ فوراً پیدا ہو جائے گا) اس کے حمل شیرخوارگی اور دودھ چھڑانے کی مدت بس ایک گھڑی ہوگی۔ (تفسیر مظہری)

وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ

اور اُس سے بہتر کس کی بات جس نے بلایا

اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِیْ

اللہ کی طرف اور کیا نیک کام اور کہا میں

مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۳۳﴾

حکم بردار ہوں ☆

اہل استقامت کا اعلیٰ مقام

پہلے ''اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا'' میں ان مخصوص مقبول بندوں کا ذکر تھا جنہوں نے صرف ایک اللہ کی ربوبیت پر اعتقاد جما کر اپنی استقامت کا ثبوت دیا۔ یہاں انکے ایک اور اعلیٰ مقام کا ذکر کرتے ہیں۔ یعنی بہترین شخص وہ ہے جو خود اللہ کا ہو رہے، اسی کی حکم برداری کا اعلان کرے، اسی کی پسندیدہ روش پر چلے اور دنیا کو اسی کی طرف آنے کی دعوت دے۔ اسکا قول و فعل بندوں کو خدا کی طرف کھینچنے میں موثر ہو۔ جس نیکی کی طرف لوگوں کو بلائے بذات خود اس پر عامل ہو۔ خدا کی نسبت اپنی بندگی اور فرمانبرداری کا اعلان کرنے سے کسی موقع پر اور کسی وقت نہ جھجکے۔ اسکا طغرائے قومیت صرف مذہب اسلام ہو اور ہر قسم کی تنگ نظری اور فرقہ وارانہ نسبتوں سے یکسو ہو کر اپنے مسلم خالص ہونیکی منادی کرے اور اسی اعلیٰ مقام کی طرف لوگوں کو بلائے جس کی دعوت دینے کیلئے سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے تھے اور صحابہ کرام علیہم الرضوان نے اپنی عمریں صرف کی تھیں۔ (تفسیر عثمانی)

داعی کے آداب: حکیم الامۃ مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس اللہ سرہ نے اپنے ایک وعظ دعوت الی اللہ'' میں ان آیات کی تفسیر و تشریح میں عجیب لطائف و نکات بیان فرمائے۔ الحاصل داعی میں دعوت کے ساتھ عمل صالح اور ساتھ تواضع اور انکسار اور اعتراف فرمانبرداری بھی ضروری ہے اپنی دعوت اور خدمت پر فخر نہ کرے اس لئے کہ سب کام خدا کی توفیق سے ہوتا ہے اس لئے اپنے اوپر نظر نہ کرنی چاہئے۔

مطلب یہ کہ دعوت الی اللہ الاسلام کے لئے اس کی بھی ضرورت ہے مخالفین بھڑکیں نہیں، کیونکہ اگر بھڑکے گا تو اس کا شر اور بڑھیگا پہلے چھپی عداوت کرتا تھا تو اب کھلی ہوئی کرے گا۔ تو اس عداوت سے اور شر سے بچنے کی تدبیر یہ ہے کہ ٹال دو اور انتقام لینے کی فکر نہ کرو۔ تو دشمن دوست بن جائے گا۔ اور پھر وہ اگر تمہیں مدد بھی نہ دے گا تو تمہاری کوششوں کو روکے گا بھی نہیں۔ اور دعوت الی اللہ کا کام مکمل ہو جائے گا۔ (معارف کاندھلوی)

حضرت عمرؓ کا فرمان ہے کہ تیرے بارے میں جو شخص خدا کی نافرمانی کرے تو تو اسکے بارے میں خدا کی فرمانبرداری کر۔ اس سے بڑی کوئی چیز نہیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ ایمان والوں کو خدا کا حکم ہے کہ وہ غصے کے وقت صبر کریں اور دوسرے کی جہالت پر اپنی بُردباری کا ثبوت دیں اور دوسرے کی برائی سے درگزر کریں۔ ایسے لوگ شیطانی داؤں سے محفوظ رہتے ہیں اور ان کے دشمن بھی پھر تو اُن کے دوست بن جاتے ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

اذان کی فضیلت

حضرت معاویہؓ کا بیان ہے میں نے خود سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے قیامت کے دن مؤذن سب سے زیادہ دراز گردن ہوں گے۔ رواہ مسلم۔ حضرت ابوسعیدؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

besturdubooks.wordpress.com

مؤذن کی (اذان کی) آواز جتنی مسافت تک جن وانس یا کوئی اور چیز (چوپایہ وغیرہ) سنے گی قیامت کے دن اس کے لئے شہادت دے گی۔ رواہ البخاری

حضرت ابوہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا امام ذمہ دار ہے اور مؤذن امانت دار اے اللہ! اماموں کو ہدایت فرما اور مؤذنوں کی مغفرت فرما۔ رواہ احمد وابوداؤد والترمذی والشافعی۔

حضرت ابن عباسؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے بامید ثواب سات برس اذان دی اس کے لئے دوزخ سے برأت (نجات) لکھ دی گئی رواہ الترمذی وابن ماجہ وابوداؤد حضرت ابن عمرؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین شخص جنت کے ٹیلوں (یعنی بلند مقامات) پر ہوں گے ایک وہ غلام جس نے اللہ کا حق بھی ادا کیا اور اپنے آقا کا بھی دوسرا وہ شخص جس نے کسی قوم کی امامت کی اور لوگ اس (کی امامت) سے راضی رہے تیسرا وہ آدمی جس نے ہر رات دن میں پانچ نمازوں کی اذان دی۔ رواہ الترمذی۔ ترمذی نے اس حدیث کو غریب کہا ہے۔

حضرت ابوہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جہاں تک مؤذن کی آواز جاتی ہے اس کی مغفرت کی جاتی ہے اور ہر تر و خشک اس کی شہادت دیتا ہے اور نماز میں حاضر ہونیوالے کے لئے پچیس نمازوں (کا ثواب) لکھا جاتا ہے (یعنی جماعت سے نماز پڑھنے والے کو پچیس نمازوں کا ثواب ملتا ہے) اور ہر دو نمازوں کے درمیان کئے ہوئے گناہ معاف کر دئے جاتے ہیں۔ راوہ احمد وابوداؤد وابن ماجہ۔

حضرت سہل بن سعدؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو باتیں ہیں جن کو رد نہیں کیا جاتا یا فرمایا کم رد کیا جاتا ہے اذان کے وقت دعا کرنی اور جہاد کے وقت کی دعا جب لوگ باہم گتھے ہوئے (دست و گریباں) ہوتے ہیں۔

حضرت ابن عمرؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے بارہ سال اذان دی اس کے لئے جنت واجب ہوگئی ہر اذان دینے سے روزانہ اس کی ساٹھ نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور ہر اقامت کہنے پر تیس نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔ رواہ ابن ماجہ۔

حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا مغرب کی اذان کے وقت ہم کو دعا کرنے کا حکم دیا جاتا تھا۔ رواہ البیہقی فی الدعوات۔

اذان کا جواب

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم مؤذن کی اذان سنو تو جو وہ کہتا ہے تم بھی کہو پھر مجھ پر درود پڑھو جو میرے لئے دعا کرے گا اللہ اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا پھر میرے لئے اللہ سے وسیلہ طلب کرو وسیلہ جنت کے اندر ایک خاص مقام ہے جس پر اللہ کے بندوں میں سے کسی ایک بندہ کو فائز کیا جائے گا اور میں امید کرتا ہوں کہ میں ہی وہ بندہ ہوں گا پس جو میرے لئے وسیلہ ملنے کی دعا کرے گا اس کے لئے میری شفاعت کھل جائے گی۔ رواہ مسلم۔

حضرت عمرؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب مؤذن اللہ اکبر اللہ اکبر کہے اور تم میں سے بھی کوئی (سننے والا) اللہ اکبر اللہ اکبر کہے (الحدیث) یعنی جو مؤذن کہے وہ (سننے والا بھی) وہی کہے اور جب مؤذن حی علی الصلوٰۃ اور حی علی الفلاح کہے تو وہ (سننے والا) لاحول ولاقوۃ الا باللہ کہے تو وہ جنت میں داخل ہو جائے گا۔ رواہ مسلم۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ راوی ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مؤذن ہم سے بڑھ جائیں گے فرمایا جیسا وہ کہتے ہیں تم بھی ویسے ہی الفاظ کہو پھر جب ختم کر چکو تو اللہ سے مانگو (جو مانگو گے) پاؤ گے۔ (رواہ ابوداؤد) (تفسیر مظہری)

آیت کا شان نزول: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں اس آیت میں بھی مؤذن کی تعریف ہے۔ اُس کا حَیَّ عَلَی الصلوٰۃِ کہنا خدا کی طرف بُلانا ہے۔ ابن عمرؓ اور عکرمہؒ فرماتے ہیں یہ آیت مؤذنوں کے بارے میں اُتری ہے۔ اور یہ جو فرمایا کہ وہ عمل صالح کرتا ہے اس سے مراد اذان وتکبیر کے درمیان دو رکعت پڑھنا ہے۔ جیسے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے دو اذانوں کے درمیان نماز ہے دو اذانوں کے درمیان نماز ہے دو اذانوں کے درمیان نماز ہے جو چاہے۔ ایک حدیث میں ہے کہ اذان واقامت کے درمیان کی دعا رد نہیں ہوتی۔

محمد بن سیرینؒ اور سدی نے کہا مَنْ دعا الیٰ اللہ الخ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مبارک مراد ہے حسنؒ کے نزدیک ہر وہ مومن مراد ہے جس نے اللہ کی دعوت (اسلام) قبول کی اور نیک کام کئے اور اپنے مسلم ہونے کا اظہار کیا۔ (تفسیر مظہری)

اذان واقامت کے درمیان نماز ودعا

حضرت عائشہؓ نے فرمایا میں سمجھتی ہوں کہ اس آیت کا نزول مؤذنوں کے حق میں ہوا تھا۔ حضرت ابوامامہؓ نے فرمایا دعا الی اللہ (اللہ کی طرف بلایا) اس سے مراد ہے اذان دی اور عمل صالحاً (نیک کام کئے) اس سے مراد ہے اذان واقامت کے درمیان دو رکعتیں پڑھیں۔ قیس بن حازم نے کہا نیک کام کرنے سے مراد ہے اذان واقامت کے درمیان نماز ہے۔ حضرت معقل بن یسار راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر دو اذانوں کے درمیان نماز ہے تیسری بار حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر دو اذانوں کے درمیان نماز ہے اس کے لئے جو چاہے (یعنی فرض نہیں ہے جو چاہے پڑھے) متفق علیہ۔ حضرت انس بن مالکؓ نے فرمایا مجھے نہیں معلوم حضرت انسؓ راوی

besturdubooks.wordpress.com

ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اذان اور اقامت کے درمیان (کی ہوئی) دعا رد نہیں کی جاتی رواہ ابوداؤد والترمذی۔ (تفسیر مظہری)

وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ۚ
اور برابر نہیں نیکی اور نہ بدی
اِدْفَعْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ فَإِذَا
جواب میں وہ کہہ جو اُس سے بہتر ہو پھر
الَّذِي بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ عَدَاوَةٌ كَأَنَّهُ
تو دیکھ لے کہ تجھ میں اور جس میں دشمنی تھی گویا
وَلِيٌّ حَمِيمٌ ﴿۳۴﴾
دوست دار ہے قرابت والا ☆

داعی کے اخلاق ☆ان آیات میں ایک سچے داعی الی اللہ کو جس حسن اخلاق کی ضرورت ہے اس کی تعلیم دیتے ہیں۔ یعنی خوب سمجھ لو نیکی، بدی کے اور بدی نیکی کے برابر نہیں ہوسکتی۔ دونوں کی تاثیر جداگانہ ہے۔ بلکہ ایک نیکی دوسری نیکی سے اور ایک بدی دوسری بدی سے اثر میں بڑھ کر ہوتی ہے، لہٰذا ایک مومن قانت اور خصوصاً ایک داعی الی اللہ کا مسلک یہ ہونا چاہئے کہ برائی کا جواب برائی سے نہ دے بلکہ جہاں تک گنجائش ہو برائی کے مقابلہ میں بھلائی سے پیش آئے اگر کوئی اسے سخت بات کہے یا برا معاملہ کرے تو اسکے مقابل وہ طرز اختیار کرنا چاہئے جو اس سے بہتر ہو۔ مثلاً غصہ کے جواب میں بردباری، گالی کے جواب میں تہذیب وشائستگی اور سختی کے جواب میں نرمی اور مہربانی سے پیش آئے۔ اس طرز عمل کے نتیجہ میں تم دیکھ لوگے کہ سخت سے سخت دشمن بھی ڈھیلا پڑ جائیگا اور گو دل سے دوست نہ بنے تاہم ایک وقت آئیگا جب وہ ظاہر میں ایک گہرے اور گرمجوش دوست کی طرح تم سے برتاؤ کرنے لگے گا۔ بلکہ ممکن ہے کہ کچھ دنوں بعد سچے دل سے دوست بن جائے اور دشمنی وعداوت کے خیالات یکسر قلب سے نکل جائیں کما قال عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِينَ عَادَيْتُمْ مِنْهُمْ مَوَدَّةً (سورۃ ممتحنہ رکوع ۲) ہاں کسی شخص کی طبیعت کی افتاد ہی سانپ بچھو کی طرح ہو کہ کوئی نرم خوئی اور خوش اخلاقی اس پر اثر نہ کرے وہ دوسری بات ہے کہ مگر ایسے افراد بہت کم ہوتے ہیں۔ بہر حال دعوۃ الی اللہ کے منصب پر فائز ہونے والوں کو بہت زیادہ صبر واستقلال اور حسن خلق کی ضرورت ہے۔ (تفسیر عثمانی)

برائی کے بدلے اچھائی کرو: بعض علماء نے آیت کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ بدیاں بھی سب ایک درجہ کی نہیں ہوتیں اسی طرح نیکیوں کے مراتب بھی مختلف ہوتے ہیں اب اگر کوئی دشمن کوئی بدی کرے تو اس کے مقابلہ میں بہترین اعلیٰ درجہ کی نیکی سے کام لیا جائے مثلاً کسی نے اگر تمہارے ساتھ بدسلوکی کی ہو تو درگذر کرنا چاہئے (یہ ایک درجہ کی نیکی ہے) لیکن اگر بدی کے عوض دشمن سے بہترین سلوک کیا جائے تو یہ احسن ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَمَا يُلَقَّاهَا إِلَّا الَّذِينَ صَبَرُوا ۚ
اور یہ بات ملتی ہے انہی کو جو سہار رکھتے ہیں
وَمَا يُلَقَّاهَا إِلَّا ذُو حَظٍّ عَظِيمٍ ﴿۳۵﴾
اور یہ بات ملتی ہے اُسی کو جس کی بڑی قسمت ہے ☆

☆یعنی بہت بڑا حوصلہ چاہئے کہ بری بات سہار کر بھلائی سے جواب دے۔ یہ اخلاق اور اعلیٰ خصلت اللہ کے ہاں سے بڑے قسمت والے خوش نصیب اقبال مندوں کو ملتی ہے (ربط) یہاں تک اس حریف اور دشمن کے ساتھ معاملہ کرنا سکھلایا تھا جو حسن معاملہ اور خوش اخلاقی سے متاثر ہوسکتا ہے لیکن ایک دشمن وہ ہے جو کسی حال اور کسی نہج سے دشمنی نہیں چھوڑ سکتا تم کتنی ہی خوشامد یا نرمی برتو اس کا نصب العین یہ ہے کہ تم کو ہر طرح نقصان پہنچائے ایسے پکے شیطانوں سے محفوظ رہنے کی تدبیر آگے تلقین فرمائی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَا يُلَقَّاهَا یعنی بدی کے مقابلہ میں بھلائی کرنے کی خصلت صرف ان لوگوں کو ملتی ہے جو نفسانیت اور خواہشات کی مخالفت پر جمے رہتے ہیں۔

ذُو حَظٍّ عَظِيمٍ بڑا خوش نصیب۔ یعنی جس کو تجلیات ذاتی وصفاتی کا بڑا حصہ ملتا ہے اسی کو یہ اعلیٰ خصلت ملتی ہے نفس پر جب اعلیٰ صفات جلوہ پاش ہوجاتی ہیں تو بری صفات نکل جاتی ہیں۔ (تفسیر مظہری)

وَإِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطَانِ
اور جو کبھی چوک لگے تجھ کو شیطان
نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۖ إِنَّهُ هُوَ
کے چوک لگانے سے تو پناہ پکڑ اللہ کی بیشک وہی
السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿۳۶﴾
ہے سُننے والا جاننے والا ☆

شیطان کا مقابلہ ☆یعنی ایسے شیطانوں کے مقابلہ میں نرمی اور عفو ودرگذر سے کام نہیں چلتا۔ بس اس سے بچنے کی ایک ہی تدبیر ہے کہ خداوند

besturdubooks.wordpress.com

قدوس کی پناہ میں آ جاؤ۔ یہ وہ مضبوط قلعہ ہے جہاں شیطان کی رسائی نہیں۔ اگر تم واقعی اخلاص وتضرع سے اللہ کو پکارو گے وہ ضرور تم کو پناہ دے گا کیونکہ وہ ہر ایک کی پکار سنتا ہے اور خوب جانتا ہے کہ کس نے کتنے اخلاص وتضرع سے اس کو پکارا ہے۔ حضرت شاہ صاحب اس آیت کا پہلی آیت سے ربط ظاہر کرنے کی غرض سے لکھتے ہیں ''یعنی کبھی بے اختیار غصہ چڑھ آئے تو یہ شیطان کا دخل ہے''۔ وہ نہیں چاہتا کہ تم حسن اخلاق پر کاربند ہو کر دعوت الی اللہ کے مقصد میں کامیابی حاصل کرو۔ (تفسیر عثمانی)

شیطان کی کوشش اوراس کا ازالہ

یَنۡزَغَنَّکَ نَزۡغٌ کچوکا دینا چبھونا شیطان کچوکا دیتا ہے یعنی گناہ پر ابھارتا ہے قاموس میں ہے نَزَغَہٗ اس کے نیزہ چبھویا نَزَغَ بَیۡنَھُمۡ ان کے درمیان فساد ڈلوا دیا وسوسہ پیدا کر دیا برانگیختہ کر دیا مطلب یہ ہے کہ اگر شیطان کی طرف سے آپ کے دل میں وسوسہ پیدا ہو اور انتقام لینے پر اور برائی کے عوض برائی کرنے پر شیطان آپ کو ابھارے۔ تو شیطان کے شر سے آپ اللہ کی پناہ کے خواستگار ہوں اور شیطان کے بہکاوے میں نہ آئیں اللہ خود اس بدی کو آپ سے دفع کر دے گا۔ (تفسیر مظہری)

وَمِنۡ اٰیٰتِہِ الَّیۡلُ وَالنَّہَارُ

اور اس کی قدرت کے نمونے ہیں رات اور دن

وَالشَّمۡسُ وَالۡقَمَرُ ؕ

اور سورج اور چاند ☆

عظمت الٰہی کے دلائل ☆ دعوۃ الی اللہ کے ساتھ چند دلائل سماویہ وارضیہ بیان فرماتے ہیں جن سے داعی الی اللہ کو اللہ تعالیٰ کی عظمت و وحدانیت اور بعث بعد الموت وغیرہ اہم مسائل کے سمجھانے میں مدد ملے۔ اس ضمن میں ادھر بھی اشارہ ہو گیا کہ ایک طرف خدا کے مخصوص بندے اپنے قول وعمل سے خدا کی طرف بلا رہے ہیں اور دوسری طرف چاند، سورج اور آسمان و زمین کا عظیم الشان نظم ونسق سوچنے والوں کو اسی خدائے واحد کی طرف آنے کی دعوت دے رہا ہے۔ ؎ وفی کل شیء له آية تدل علی انه واحد انسان کو چاہئے کہ ان تکوینی نشانیوں میں الجھ کر نہ رہ جائے جیسے بہت سی قومیں رہ گئی ہیں بلکہ لازم ہے کہ اس لامحدود قدرت والے مالک کے سامنے سر جھکائے جس کی یہ نشانیاں ہیں اور جس کے حکم سے ان کی ساری نمود ہے اور ممکن ہے کہ اس پر بھی تنبیہ ہو۔ کہ جس طرح رات اور دن اور ان دونوں کی نشانیاں چاند اور سورج ایک دوسرے کے مقابل ہیں اور اللہ تعالیٰ ان میں ردّ و بدل کرتا رہتا ہے۔ اسی طرح اللہ کو قدرت ہے کہ دعوت الی اللہ کی روشنی اور داعی کی علو ہمت اور خوش اخلاقی کی بدولت مخاطبین کی کایا پلٹ کر دے اور تاریک فضا کو ایک روشن ماحول سے بدل دے۔ (تفسیر عثمانی)

لَا تَسۡجُدُوۡا لِلشَّمۡسِ وَلَا لِلۡقَمَرِ

سجدہ نہ کرو سورج کو اور نہ چاند کو

وَاسۡجُدُوۡا لِلّٰہِ الَّذِیۡ خَلَقَہُنَّ

اور سجدہ کرو اللہ کو جس نے ان کو بنایا

اِنۡ کُنۡتُمۡ اِیَّاہُ تَعۡبُدُوۡنَ ﴿۳۷﴾

اگر تم اسی کو پوجتے ہو ☆

☆ سورج اور چاند وغیرہ کو پوجنے والے بھی زبان سے یہی کہتے تھے کہ ہماری غرض ان چیزوں کی پرستش سے اللہ کی پرستش ہے۔ مگر اللہ نے بتلا دیا کہ یہ چیزیں پرستش کے لائق نہیں۔ عبادت کا مستحق صرف ایک خدا ہے۔ کسی غیر اللہ کی عبادت کرنا خدائے واحد سے بغاوت کرنے کا مترادف ہے۔ (تفسیر عثمانی)

اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو سجدہ کرنا جائز نہیں

سجدہ صرف خالق کائنات کا حق ہے۔ اس کے سوا کسی ستارے یا انسان وغیرہ کو سجدہ کرنا حرام ہے۔ خواہ وہ عبادت کی نیت سے ہو یا محض تعظیم و تکریم کی نیت سے دونوں صورتیں باجماع امت حرام ہیں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ جو عبادت کی نیت سے کسی کو سجدہ کرے گا وہ کافر ہو جاویگا اور جس نے محض تعظیم وتکریم کے لئے سجدہ کیا اس کو کافر نہ کہیں گے مگر ارتکاب حرام کا مجرم اور فاسق کہا جائے گا۔

سجدۂ عبادت تو اللہ کے سوا کسی کو کسی امت و شریعت میں حلال نہیں رہا۔ کیونکہ وہ شرک میں داخل ہے اور شرک تمام شرائع انبیاء میں حرام رہا ہے۔ البتہ کسی کو تعظیماً سجدہ کرنا' یہ پچھلی شریعتوں میں جائز تھا۔ دنیا میں آنے سے پہلے حضرت آدم علیہ السلام کے لئے سب فرشتوں کو سجدہ کا حکم ہوا۔ یوسف علیہ السلام کو اُن کے والد اور بھائیوں نے سجدہ کیا جس کا ذکر قرآن میں موجود ہے مگر باتفاق فقہاء امت یہ حکم ان شریعتوں میں تھا۔ اسلام میں منسوخ قرار دیا گیا اور غیر اللہ کو سجدہ مطلقاً حرام قرار دیا گیا۔ اس مسئلہ کی پوری تفصیل احقر کے رسالہ ''المقالة المرضیه فی حکم سجدة التحیه'' میں مذکور ہے جو بزبان عربی ہے اس کا اردو ترجمہ بھی شائع ہو چکا ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

توحیدِ الٰہی کے دلائل چاند، سورج اور پورا نظامِ کائنات

یعنی ان میں سے ہر ایک چیز اپنے بنانے والے کے واجب ہونے پر اور اس کی وحدانیت اور صفاتِ کاملہ پر دلالت کر رہی ہے اس لئے چاند سورج کو سجدہ نہ کرو یہ تو مخلوق ہیں تمہاری طرح محکوم ہیں بلکہ اُس خدا کو سجدہ کرو جس نے ان چاروں کو پیدا کیا ہے۔ ھُنَّ کی ضمیر چاروں کی طرف راجع ہے مگر (دن رات کو تو کوئی سجدہ کرتا ہی نہیں) مراد ہے چاند سورج کو سجدہ کرنے کی ممانعت کرنی۔ رات دن کے ساتھ چاند سورج کو سجدہ کرنے کی ممانعت میں رات دن کو شامل کرنے سے در پردہ اس امر پر تنبیہ ہے کہ بے علم اور غیر مختار ہونے میں چاند سورج بھی رات دن کی طرح ہیں۔ (تفسیر مظہری)

فَاِنِ اسْتَكْبَرُوْا فَالَّذِيْنَ عِنْدَ
پھر اگر غرور کریں تو جو لوگ تیرے
رَبِّكَ يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ
رب کے پاس ہیں پاکی بولتے رہتے ہیں اُسکی رات اور دن
وَهُمْ لَا يَسْئَمُوْنَ ۩ ٣٨ (السجدۃ)
اور وہ نہیں تھکتے ☆

اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے ☆ یعنی اگر غرور تکبر حق کے قبول کرنے سے مانع ہے اور باوجود وضوحِ دلائل توحید کے خدائے واحد کی عبادت کی طرف آنا نہیں چاہتے تو نہ آئیں، اپنا ہی نقصان کریں گے اللہ کو ان کی کیا پروا ہو سکتی ہے۔ بھلا جس کی عظمت و جبروت کا یہ عالم ہو کہ بے شمار ملائکہ مقربین شب و روز اس کی عبادت اور تسبیح و تقدیس میں مشغول رہتے ہیں، نہ کبھی تھکتے ہیں، نہ اکتاتے ہیں، اُس کے سامنے یہ بیچارے کیا چیز ہیں اور ان کا غرور کیا چیز ہے۔ خواہ مخواہ کی جھوٹی شیخی کر کے اپنا ہی نقصان کر رہے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وہ پروردگار عالم تو تمام جہانوں سے مستغنی و بے نیاز ہے جیسا کہ حدیث قدسی میں ہے کہ اگر اولین و آخرین زندہ و مردہ جن و انس جان دار و بے جان چیزیں سب کی سب سراپا تقویٰ ہو جائیں تو خدا کی خدائی میں مچھر کے پر کے برابر اضافہ نہیں کر سکتے اور اگر یہ سب خدا کی نافرمانی اور شقاوت کا پیکر بن جائیں تو خدا کے ملک میں مچھر کے پر کے برابر کمی نہیں کر سکتے۔ (معارف کاندھلوی)

سجدہ کس مقام پر ہے: حضرت ابن عباسؓ دوسری آیت کے آخر یعنی لَا يَسْئَمُوْنَ پر سجدہ کرتے تھے۔ اور حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے بھی یہی فرمایا کہ دوسری آیت کے ختم پر سجدہ کریں۔ مسروق، ابوعبد الرحمٰن سلمی، ابراہیم نخعی، ابن سیرین، قتادہ وغیرہ، جمہور فقہاء لَا يَسْئَمُوْنَ ہی پر سجدہ کرتے تھے۔ امام ابوبکر جصاص نے احکام القرآن میں فرمایا کہ یہی مذہب تمام ائمہ حنفیہ کا ہے اور فرمایا کہ اختلاف کی بنا پر احتیاط بھی اسی میں ہے کہ دوسری آیت کے ختم پر سجدہ کیا جائے کیونکہ اگر سجدہ پہلی آیت سے واجب ہو چکا ہے تو وہ اب ادا ہو جائے گا اور اگر اسی آیت سے واجب ہوا ہے تو اس کا ادا ہونا خود ظاہر ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنَّكَ تَرَى الْاَرْضَ
اور ایک اُس کی نشانی یہ کہ تو دیکھتا ہے زمین کو
خَاشِعَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ
دبی پڑی پھر جب اتارا ہم نے اُس پر پانی
اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ ۭ اِنَّ الَّذِيْٓ اَحْيَاهَا
تازی ہوئی اور اُبھری بیشک جس نے اُس کو زندہ کیا
لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۭ اِنَّهٗ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ
وہ زندہ کریگا مردوں کو وہ سب کچھ
قَدِيْرٌ ٣٩
کر سکتا ہے ☆

زمین کی خاصیات ☆ یعنی زمین کو دیکھو بیچاری چپ چاپ، ذلیل و خوار بوجھ میں دبی ہوئی پڑی رہتی ہے۔ خشکی کے وقت ہر طرف خاک اڑتی ہوئی نظر آتی ہے۔ لیکن جہاں بارش کا ایک چھینٹا پڑا پھر اس کی تر و تازگی رونق اور اُبھار قابل دید ہو جاتا ہے آخر یہ انقلاب کس کے دستِ قدرت کے تصرف کا نتیجہ ہے۔ جس خدا نے اس طرح مردہ زمین کو زندہ کر دیا، کیا وہ مرے ہوئے انسانوں کے بدن میں دوبارہ جان نہیں ڈال سکتا؟ اور کیا وہ قادرِ مطلق مرے ہوئے دلوں کو دعوت الی اللہ کی تاثیر سے از سر نو حیاتِ تازہ عطا نہیں کر سکتا؟ بے شک وہ سب کچھ کر سکتا ہے۔ اُس کی قدرت کے سامنے کوئی مانع و مزاحم نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّ الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا
جو لوگ ٹیڑھے چلتے ہیں ہماری باتوں میں
لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا ۭ اَفَمَنْ يُّلْقٰى فِي
وہ ہم سے چھپے ہوئے نہیں بھلا ایک جو پڑتا ہے

besturdubooks.wordpress.com

النَّارِ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ يَّاْتِيْٓ اٰمِنًا يَّوْمَ
آگ میں وہ بہتر یا ایک جو آئیگا امن سے دن
الْقِيٰمَةِ ۭ اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ ۙ اِنَّهٗ
قیامت کے کیے جاؤ جو چاہو بیشک
بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝
جو تم کرتے ہو وہ دیکھتا ہے ☆

ملحد کا انجام ☆ یعنی اللہ کی طرف دعوت دینے والوں کی زبان سے آیات تنزیلیہ سن کر اور قرطاسِ دہر پر خدا کی آیات کونیہ کو دیکھ کر بھی جو لوگ کجروی سے باز نہیں آتے اور سیدھی سیدھی باتوں کو واہی تباہی شبہات پیدا کر کے ٹیڑھی بناتے ہیں، یا خواہ مخواہ توڑ مروڑ کر اُن کا مطلب غلط لیتے ہیں، یا یوں ہی جھوٹ موٹ کے عذر اور بہانے تراش کر ان آیات کے ماننے میں ہیر پھیر کرتے ہیں ایسے ٹیڑھی چال چلنے والوں کو اللہ خوب جانتا ہے ممکن ہے وہ لوگ اپنی مکاریوں اور چالاکیوں پر مغرور ہوں مگر خدا سے اُن کی کوئی چال پوشیدہ نہیں۔ جس وقت سامنے جائیں گے دیکھ لیں گے فی الحال اس نے ڈھیل دے رکھی ہے مجرم کو ایک دم نہیں پکڑتا۔ اسی لیے آگے فرما دیا۔'' اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ ۙ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ یعنی اچھا جو تمہاری سمجھ میں آئے کیے جاؤ۔ مگر یاد رہے کہ تمہاری سب حرکات اس کی نظر میں ہیں ایک دن ان کا اکٹھا خمیازہ بھگتنا پڑے گا۔ اب خود سوچ لو کہ ایک شخص جو اپنی شرارتوں کی بدولت جلتی آگ میں گرے، اور ایک جو اپنی شرافت و سلامت روی کی بدولت ہمیشہ امن چین سے رہے۔ دونوں میں کون بہتر ہے؟ (تفسیر عثمانی)

الحاد کیا ہے: عام طور سے الحاد ایسے انحراف کو کہتے ہیں کہ ظاہر میں تو قرآن اور اس کی آیات پر ایمان و تصدیق کا دعویٰ کرے مگر ان کے معانی اپنی طرف سے ایسے گھڑے جو قرآن و سنت کی نصوص اور جمہور اُمت کے خلاف ہوں اور جس سے قرآن کا مقصد ہی اُلٹ جائے۔ حضرت ابن عباسؓ سے اس آیت کی تفسیر میں الحاد کے معنی یہی منقول ہیں فرمایا الالحاد ھو وضع الکلام علٰی غیر موضعہ۔ اور آیت مذکورہ میں ارشاد لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا بھی اس کا قرینہ ہے کہ الحاد کوئی ایسا کفر ہے جس کو یہ لوگ چھپانا چاہتے تھے اس لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہ ہم سے اپنا کفر نہیں چھپا سکتے۔

خلاصہ یہ ہے کہ الحاد ایک قسم کا کفر نفاق ہے کہ ظاہر میں قرآن اور آیت قرآن کو ماننے کا دعویٰ اور اقرار کرے لیکن آیات قرآنی کے معانی ایسے گھڑے جو دوسری نصوص قرآن و سنت اور اصول اسلام کے منافی ہوں۔

امام ابو یوسف نے کتاب الخراج میں فرمایا۔

کذالک الزنادقة الذین یلحدون وقد کانوا یظھرون الاسلام۔ (ایسے ہی وہ زندیق لوگ ہیں جو الحاد کرتے ہیں اور بظاہر اسلام کا دعویٰ کرتے ہیں)۔

اس سے معلوم ہوا کہ ملحد اور زندیق دونوں ہم معنی ہیں' ایسے کافر کو کہا جاتا ہے جو ظاہر میں اسلام کا دعویٰ کرے اور حقیقت میں اس کے احکام کی تعمیل سے انحراف کا یہ بہانہ بنائے کہ قرآن کے معانی ہی ایسے گھڑے جو خلاف نصوص و خلاف اجماع اُمت ہوں۔

اسی لئے علماء و فقہاء نے تصریح فرمائی ہے کہ یہ تاویل جو تکفیر سے مانع ہوتی ہے' اُسکی شرط ہے کہ وہ ضروریات دین میں ان کے مفہوم قطعی کے خلاف نہ ہو۔ ضروریات دین سے مراد وہ احکام و مسائل ہیں جو اسلام اور مسلمانوں میں اتنے متواتر اور مشہور ہوں کہ مسلمانوں کے اَن پڑھ جاہلوں تک کو بھی ان سے واقفیت ہو جیسے پانچ نمازوں کا فرض ہونا۔ صبح کی دو ظہر کی چار رکعت کا فرض ہونا۔ رمضان کے روزے فرض ہونا۔ سود' شراب' خنزیر کا حرام ہونا وغیرہ۔ اگر کوئی شخص ان مسائل سے متعلق آیات قرآن میں ایسی تاویل کرے جس سے مسلمانوں کا متواتر اور مشہور مفہوم الٹ جائے۔ وہ بلا شبہ باجماع اُمت کافر ہے' کیونکہ وہ در حقیقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم سے انکار ہے اور ایمان کی تعریف جمہور اُمت کے نزدیک یہی ہے کہ تصدیق النبی صلی اللہ علیہ وسلم فیما علم مجیئہ بہ ضرورۃ۔ یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کرنا ان تمام امور میں جن کا بیان کرنا اور حکم کرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ضرورۃً ثابت ہو یعنی ایسا یقینی ثابت ہو کہ علماء کے سوا عوام بھی اس کو جانتے ہوں۔

اس لئے کفر کی تعریف اس کے بالمقابل یہ ہوگی کہ جن چیزوں کا لانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ضروری اور قطعی طور پر ثابت ہو اُن میں سے کسی کا انکار کفر ہے۔

تو جو شخص ایسی ضروریات دین میں تاویل کر کے اُس حکم کو بدلے وہ آپ کی لائی ہوئی تعلیم کا انکار کرتا ہے۔

اس زمانہ میں کفر و الحاد کی گرم بازاری

اس زمانے میں ایک طرف تو دین اور احکام دین سے جہالت اور غفلت انتہا کو پہنچ گئی کہ نئے لکھے پڑھے لوگ بہت سی ضروریات دین سے بھی ناواقف رہتے ہیں۔ دوسری طرف جدید بے خدا تعلیم جس کی بنیاد ہی مادہ پرستی پر ہے۔ کچھ اس کے اثر سے' اس پر مزید یورپ کے مستشرقین کے پھیلائے ہوئے اسلام کے خلاف شبہات و اوہام سے متاثر ہو کر بہت سے ایسے لوگوں نے اسلام اور اصول اسلام پر بحث و گفتگو شروع کر دی ہے' جن کو اسلام کے اصول و فروع' قرآن و حدیث کے علوم سے کوئی واسطہ نہیں۔ انہوں نے اسلام کے

besturdubooks.wordpress.com

متعلق اگر کچھ معلومات بھی حاصل کی ہیں تو اہل یورپ دشمنان اسلام سے حاصل کی ہیں۔ ایسے لوگوں نے قرآن وحدیث کی نصوص قطعیہ ضروریہ میں طرح طرح کی باطل تاویلیں کرکے شریعت اسلام کے متفق علیہ اور نصوص قطعیہ سے ثابت شدہ احکام کی تحریف کو اسلام کی خدمت سمجھ لیا۔ جب ان سے کہا جاتا ہے کہ یہ کھلا کفر ہے تو وہ مشہور ضابطہ کا سہارا لیتے ہیں کہ ہم اس حکم کے منکر تو نہیں بلکہ ایک تاویل کررہے ہیں اس لئے ہم پر یہ کفر عائد نہیں ہوتا۔

اس لئے وقت کی اہم ضروریات سمجھ کر ہمارے استاد حجۃ الاسلام حضرت مولانا سید محمد انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ نے اس مسئلہ کی تحقیق کے لئے ایک مستقل کتاب تصنیف فرمائی جس کا نام ہے اکفار الملحدین و المتاولین فی شیء من ضروریات الدین۔ اس میں ہر طبقہ ہر مسلک کے علماء وفقہاء کی تصریحات سے ثابت کیا ہے کہ ضروریات دین میں کسی کی تاویل مسموع نہیں۔ اور یہ تاویل ان کی تکفیر سے مانع نہیں۔ یہ کتاب بزبان عربی شائع ہوئی ہے احقر نے اس کا خلاصہ اردو زبان میں بنام "کفر واسلام قرآن کی روشنی میں" شائع کردیا ہے۔ اور احکام القرآن حزب خامس میں اسکا خلاصہ بزبان عربی بیان کردیا ہے۔ اس کو دیکھا جا سکتا ہے۔ یہاں اس کا خلاصہ حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ کی ایک تحریر سے نقل کرنے پر اکتفا کیا جاتا ہے۔

الحاد کی دو قسمیں: حضرت شاہ عبدالعزیزؒ نے فرمایا کہ آیات قرآن میں تاویل باطل جس کو قرآن کی آیت مذکورہ میں الحاد فرمایا ہے اس کی دو قسمیں ہیں اول وہ تاویل باطل جو نصوص قطعیہ متواترہ یا اجماع قطعی کے خلاف ہو وہ بلاشبہ کفر ہے۔ دوسری یہ کہ وہ ایسی نصوص کے خلاف ہو جو اگرچہ ظنی ہیں مگر قریب بہ یقین ہیں یا اجماع عرفی کے خلاف ہو ایسی تاویل گمراہی اور فسق ہے۔ کفر نہیں ان دو قسم کی تاویلوں کے علاوہ باقی تاویلات جو قرآن وحدیث کے الفاظ میں مختلف احتمالات ہونے کی بنا پر ہوں وہ تاویل عام فقہاء امت کا میدان اجتہاد ہے جو بتصریح حدیث ہر حال میں باعث اجر وثواب ہے۔

آیات مذکورہ کا خلاصہ: خلاصہ آیات مذکورہ کے مضمون کا یہ ہوگیا کہ جو لوگ بظاہر مسلمان ہیں اس لئے کھل کر قرآن کا انکار تو نہیں کرتے مگر آیات قرآنی میں تاویلات باطلہ سے کام لیکر ان کو ایسے مطلب پر محمول کرتے ہیں جو قرآن اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قطعی تصریحات کے خلاف ہے۔ ان کی تحریف سے بھی اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب کو ایسا محفوظ کردیا ہے کہ یہ گھڑے ہوئے معانی کسی کے چل نہیں سکتے۔ قرآن وحدیث کی دوسری نصوص اور علماء امت اس کی قلعی کھول دیتے ہیں۔

قیامت تک اہل حق کی جماعت موجود رہے گی

احادیث صحیحہ کی تصریح کے مطابق قیامت تک مسلمانوں میں ایسی جماعت قائم رہے گی جو تحریف کرنے والوں کی تحریف کا پردہ چاک کرکے قرآن کے صحیح مفہوم کو واضح کردیں۔ اور دنیا سے وہ اپنے کفر کو کیسا ہی چھپائیں۔ اللہ تعالیٰ سے نہیں چھپا سکتے۔ اور جب اللہ تعالیٰ ان کی اس سازش سے باخبر ہے تو ان کو اس کی سزا ملنا بھی ضروری ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

مجاہد نے کہا یلحدون فی ایتنا سے مراد ہے سیٹیاں اور تالیاں بجانا شور وغل کرنا اور لغویات بکنا۔ قتادہ نے کہا یُلْحِدُوْنَ فِیْٓ اٰیٰتِنَا یعنی ہماری آیات کو جھٹلاتے اور ان کی تکذیب کرتے ہیں۔ سدی نے کہا عناد اور مخالفت کرتے ہیں۔ مقاتل نے کہا یہ آیت ابوجہل کے حق میں نازل ہوئی۔ یلحدون کا لفظ عام ہے تکذیب کرنے والے لغویات بکنے والے اور قرآن کی قرأت کے وقت سیٹیاں بجانے والے اور تفسیر سلف کے خلاف قرآن کے معانی میں تحریف کرنے والے اور باطل تاویلات کرنے والے سب ہی یلحدون کے ذیل میں آ گئے ہیں۔

بظاہر ترتیب عبارت یوں ہونی چاہئے تھی کیا جو دوزخ میں ڈالا جائے گا وہ بہتر ہے یا وہ بہتر ہے جو جنت میں داخل ہوگا (اس ترتیب سے جہنم کا جنت سے تقابل ہوجائے گا) لیکن کلام میں زور نہیں پیدا ہوگا کلام میں زور اسی طریقہ سے ہوتا ہے جس طرح بیان کیا گیا ہے کیونکہ دوزخ میں ڈالا جانے والا جب اس شخص کی طرح نہیں ہوسکتا جو قیامت کے دن بے خوف اور مامون ہو کر آئے گا تو جنت میں داخل ہونیوالے کے برابر نہ ہونے کا تو ذکر ہی کیا ہے جنت میں داخل ہونے والے کے برابر ہونے کا احتمال ہی نہیں ہوتا۔ (تفسیر مظہری)

اللہ تعالیٰ کی بخشش وسزا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں اگر خدائے تعالیٰ کی بخشش اور معافی نہ ہوتی تو دنیا میں ایک متنفس جی نہیں سکتا تھا۔ اور اگر اس کی پکڑ دھکڑ عذاب سزا نہ ہوتی تو ہر شخص مطمئن ہو کر ٹیک لگا کر بے خوف ہو جاتا۔ (تفسیر ابن کثیر)

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ لَمَّا
جو لوگ منکر ہوئے نصیحت سے
جَآءَهُمْ
جب آئی اُن کے پاس☆

☆یعنی وہ خواہ مخواہ اپنی کجروی سے نصیحت کی بات میں شبہات پیدا کرتے ہیں حالانکہ اس میں جھوٹ کی گنجائش کسی طرف سے نہیں۔ وہ نصیحت کیا ہے؟ ایک صاف واضح اور مضبوط و محکم کتاب۔ جس کا انکار ایک احمق یا شریر آدمی کے سوا کوئی نہیں کرسکتا۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ ﴿٤١﴾ لَّا يَاْتِيْهِ
اور وہ کتاب ہے نادر اُس پر

besturdubooks.wordpress.com

الْبَاطِلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ
جھوٹ کا دخل نہیں آگے سے
وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ۭ تَنْزِيْلٌ مِّنْ
اور نہ پیچھے سے اتاری ہوئی ہے
حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ ﴿۴۲﴾
حکمتوں والے سب تعریفوں والے کی☆

☆یعنی اُس کی اتاری ہوئی کتاب میں جھوٹ آئے تو کدھر سے آئے اور جس کتاب کی حفاظت کا وہ ذمہ دار ہو، باطل کی کیا مجال ہے کہ اُس کے پاس پھٹک سکے۔ (تفسیر عثمانی)

قرآن پاک کی تحریف میں کوئی کامیاب نہیں ہوسکتا

قتادہ اور سدی نے کہا باطل سے مراد شیطان ہے شیطان قرآن میں کوئی کمی بیشی یا تبدیلی تغیر نہیں کر سکتا۔ شیطان انس ہو یا جن سب ہی کو لفظ باطل حاوی ہے۔ فرقہ شیعہ نے قرآن میں دس پاروں کا اضافہ کیا تھا لیکن کامیاب نہیں ہوئے قرآن ان کے پاس بھی تیس ہی پاروں کا رہا پھر بعض آیات میں الفاظ کی کمی بیشی کی جیسے لِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ کے آخر میں لفظ علی بڑھا دیا اور سیعلمون الذین ظلموا کے آخر میں آل محمد کا لفظ زیادہ کیا لیکن اللہ نے ان کی اس کوشش کو بار آور نہیں ہونے دیا اور بڑھائے ہوئے الفاظ جزو قرآن نہ بن سکے۔

زجاج نے کہا کہ آگے سے باطل نہ آسکنے کا معنی ہے کمی نہ ہو اور پیچھے سے باطل نہ آنے کا معنی ہے زیادتی نہ ہونا۔ اس تفسیر پر باطل سے مراد ہوگی کمی بیشی۔ مقاتل نے یہ مطلب بیان کیا کہ کتب سابقہ سے اس قرآن کی تکذیب نہیں ہوتی نہ اس کے بعد کوئی ایسی کتاب آئے گی جو قرآن کو باطل اور منسوخ کر دے۔ (تفسیر مظہری)

مَا يُقَالُ لَكَ إِلَّا مَا قَدْ قِيْلَ
تجھے وہی کہتے ہیں جو کہہ چکے ہیں
لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِكَ ۭ إِنَّ رَبَّكَ
سب رسولوں سے تجھ سے پہلے تیرے رب کے
لَذُوْ مَغْفِرَةٍ وَّذُوْ عِقَابٍ
یہاں معافی بھی ہے اور سزا بھی ہے

اَلِيْمٍ ﴿۴۳﴾
دردناک☆

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی: یعنی منکرین کا جو معاملہ آپ کے ساتھ ہے، یہ ہی ہر زمانہ کے منکرین کا پیغمبروں کے ساتھ رہا ہے پیغمبروں نے ہمیشہ خیر خواہی کی ہے۔ انہوں نے اس کے جواب میں ہر طرح کی تکلیفیں پہنچائیں پھر جس طرح پیغمبروں نے سختیوں سے صبر کیا، آپ بھی صبر کرتے رہئے نتیجہ یہ ہوگا کہ کچھ لوگ توبہ کر کے راہ راست پر آجائیں گے جن کے لئے خدا کے ہاں معافی ہے اور کچھ اپنی کجروی اور ضد پر قائم رہیں گے جو آخر کار دردناک سزا کے مستوجب ہوں گے۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا
اور اگر ہم اُسکو کرتے قرآن اوپری زبان کا تو کہتے
لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ۭ ءَاَعْجَمِيٌّ
اُس کی باتیں کیوں نہ کھولی گئیں کیا اوپری زبان کی کتاب
وَّعَرَبِيٌّ ۭ
اور عربی لوگ☆

خوئے بد را بہانہ بسیار ☆یعنی ایک بات کو نہ ماننا ہو تو آدمی ہزار حیلے بہانے نکال سکتا ہے۔ کفار مکہ نے اور کچھ نہیں تو یہ ہی کہنا شروع کر دیا کہ صاحب! عربی پیغمبر کا معجزہ تو ہم اُس وقت سمجھتے جب قرآن عربی کے سوا کسی اور زبان میں آتا لیکن فرض کیجئے اگر ایسا ہوتا تو جھٹلانے کے لئے یوں کہنے لگتے کہ بھلا صاحب! کہیں ایسی بے جوڑ بات بھی دیکھی ہے، کہ رسول عربی، اور اس کی قوم بھی جو اولین مخاطب ہے عرب، مگر کتاب بھیجی جائے ایسی زبان میں جس کا ایک حرف بھی عرب لوگ نہ سمجھ سکیں۔ (تفسیر عثمانی)

آیت کا شانِ نزول: مقاتل نے کہا عامر حضرمی کا ایک یہودی عجمی غلام تھا جس کا نام ایسار اور کنیت ابوفکیہہ تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس آتے جاتے تھے یہ دیکھ کر مشرکوں نے کہنا شروع کیا کہ یسار محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو تعلیم دیتا ہے یسار کے آقا نے اس کو مارا اور کہا تو محمد کو سکھلاتا ہے یسار نے کہا وہ تو مجھے تعلیم دیتے ہیں اس پر اللہ نے آیت مذکورہ نازل فرمائی۔ (تفسیر مظہری)

قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى
تو کہہ یہ ایمان والوں کے لئے سوجھ ہے اور روگ

besturdubooks.wordpress.com

وَّ شِفَآءٌ ؕ
کا دور کرنیوالا☆

کتاب عمل ☆یعنی لغو اور بیہودہ شبہات تو کبھی ختم نہیں ہونگے ہاں اس قدر تجربہ ایک آدمی کرسکتا ہے کہ یہ کتاب مقدس اپنے اوپر ایمان لانے اور عمل کرنے والوں کو کیسی عجیب ہدایت وبصیرت اور سوجھ بوجھ عطا کرتی اور اُن کے قرنوں اور صدیوں کے روگ مٹا کر کسی طرح بھلا چنگا کردیتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَالَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ فِیْٓ اٰذَانِهِمْ
اور جو یقین نہیں لاتے اُن کے کانوں میں
وَقْرٌ وَّهُوَ عَلَیْهِمْ عَمًی ؕ
بوجھ ہے اور یہ قرآن اُن کے حق میں اندھاپا ہے☆

مسخ شدہ فطرت والے ☆یعنی جس طرح خفاش (شپرک) کی آنکھیں سورج کی روشنی میں چندھیا جاتی ہیں، ان منکروں کو بھی قرآن کی روشنی میں کچھ نظر نہیں آتا۔ اس میں قرآن کا کیا قصور ہے منکروں کو چاہئے کہ اپنی نگاہ کا ضعف وقصور محسوس کر کے علاج کی طرف متوجہ ہوں۔ (تفسیر عثمانی)

اُولٰٓئِكَ یُنَادَوْنَ مِنْ مَّكَانٍ
اُن کو پکارتے ہیں دور کی
بَعِیْدٍ ﴿۴۴﴾ ع
جگہ سے☆

☆یعنی کسی کو دور سے آواز دو تو نہیں سنتا اور سنے تو اچھی طرح سمجھتا نہیں۔ اسی طرح منکرین قرآن بھی صداقت اور منبع صداقت سے اس قدر دور پڑے ہوئے ہیں کہ حق کی آواز ان کے دل کے کانوں تک نہیں پہنچتی اور کبھی پہنچتی ہے تو اس کا ٹھیک مطلب نہیں سمجھتے۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَقَدْ اٰتَیْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ
اور ہم نے دی تھی موسیٰ کو کتاب
فَاخْتُلِفَ فِیْهِ ؕ
پھر اس میں اختلاف پڑا ☆

☆یعنی جیسے آج قرآن کے ماننے اور نہ ماننے والوں میں اختلاف پڑ رہا ہے پہلے تورات کے متعلق بھی ایسا ہی اختلاف پڑ چکا ہے پھر دیکھ لو وہاں کیا انجام ہوا تھا۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ
اور اگر نہ ہوتی ایک بات جو پہلے نکل چکی تیرے
رَّبِّكَ لَقُضِیَ بَیْنَهُمْ ؕ
رب کی طرف سے تو اُن میں فیصلہ ہوجاتا☆

☆بات وہ ہی نکل چکی کہ فیصلہ آخرت میں ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِنَّهُمْ لَفِیْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِیْبٍ ﴿۴۵﴾
اور وہ ایسے دھوکے میں ہیں اس قرآن سے جو چین نہیں لینے دیتا☆

☆یعنی مہمل شکوک وشبہات ان کو چین سے نہیں بیٹھنے دیتے ہر وقت دل میں کھٹکتے رہتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَمَنْ
جس نے کی بھلائی سو اپنے واسطے اور جس نے
اَسَآءَ فَعَلَیْهَا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ
کی برائی سو وہ بھی اُسی پر اور تیرا رب ایسا نہیں کہ ظلم کرے
لِّلْعَبِیْدِ ﴿۴۶﴾
بندوں پر☆

عمل کی اہمیت ☆یعنی خدا کے ہاں ظلم نہیں، ہر آدمی اپنے عمل کو دیکھ لے۔ جیسا کرے گا وہ ہی سامنے آئے گا۔ نہ کسی کی نیکی اس کے ہاں ضائع ہوگی نہ ایک کی بدی دوسرے پر ڈالی جائے گی (ربط) چونکہ نیکی بدی کا پورا پورا بدلہ قیامت کے دن ملے گا اور کفار اکثر سوال کرتے تھے کہ قیامت کب آئے گی، اس لئے آگے اس کے متعلق ارشاد ہوتا ہے۔ "اِلَیْهِ یُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ" الخ۔ (تفسیر عثمانی)

اِلَیْهِ یُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ؕ
اُسی کی طرف حوالہ ہے قیامت کی خبر کا☆

قیامت کا علم ☆یعنی اُسی کو خبر ہے کہ قیامت کب آئے گی بڑے سے بڑا نبی اور فرشتہ بھی اسکے وقت کی تعیین نہیں کرسکتا جس سے دریافت کرو گے یہی کہے گا "ما المسئول عنها باعلم من السائل"۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

وَمَا تَخْرُجُ مِنْ ثَمَرٰتٍ مِّنْ اَكْمَامِهَا وَ

اور نہیں نکلتے کوئی میوے اپنے غلاف سے

مَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ

اور نہیں رہتا حمل کسی مادہ کو اور نہ وہ جنے کہ جس کی اُس کو خبر نہیں ☆

علم الٰہی ☆ یعنی علم الٰہی ہر چیز کو محیط ہے کوئی کھجور اپنے گابھے سے اور کوئی دانہ اپنے خوشہ سے اور کوئی میوہ یا پھل اپنے غلاف سے باہر نہیں آتا جس کی خبر خدا کو نہ ہو نیز کسی عورت یا کسی مادہ (جانور) کے پیٹ میں جو بچہ موجود ہے اور جو چیز وہ جن رہی ہے سب کچھ اللہ کے علم میں ہے اسی طرح سمجھ لو کہ موجودہ دنیا کے نتیجہ کے طور پر جو آخرت کا ظہور اور قیامت کا وقوع ہونے والا ہے اس کا وقت بھی خدا ہی کو معلوم ہے کہ کب آئے گا کوئی انسان یا فرشتہ اس کی خبر نہیں رکھتا اور نہ اس کو خبر رکھنے کی ضرورت ضرورت اس کی ہے کہ آدمی قیامت کی خبر پر اللہ کے فرمانے کے موافق یقین رکھے اور اس دن کی فکر کرے جب کوئی شریک کام نہ آئے گا اور کہیں مخلص نہ ملے گا۔ (تفسیر عثمانی)

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ اَيْنَ شُرَكَآءِيْ

اور جس دن انکو پکارے گا کہاں ہیں میرے شریک ☆

☆ یعنی جن کو میری خدائی میں شریک ٹھہراتے تھے اب بلاؤ وہ کہاں ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

قَالُوْٓا اٰذَنّٰكَ مَا مِنَّا مِنْ شَهِيْدٍ ۝

بولیں گے ہم نے تجھ کو کہہ سنایا ہم میں کوئی اس کا اقرار نہیں کرتا ☆

کافروں کی دیدہ دلیری ☆ یعنی ہم تو آپ سے صاف عرض کر چکے کہ ہم میں کوئی اقبالی مجرم نہیں جو اس جرم (شرک) کا اعتراف کرنے کو تیار ہو (گویا اس وقت نہایت دیدہ دلیری سے جھوٹ بول کر واقعہ کا انکار کرنے لگیں گے) اور بعض نے شہید کو بمعنی شاہد لے کر یہ مطلب لیا ہے کہ اس وقت ہم سے کوئی ان شرکاء کو یہاں نہیں دیکھتا۔ (تفسیر عثمانی)

مَا مِنَّا مِنْ شَهِيْدٍ۔ کہ ہم میں سے کوئی شرک کی شہادت دینے والا نہیں مطلب یہ کہ جب عذاب آنکھوں کے سامنے دیکھیں گے تو شرک سے بیزاری کا اظہار کریں گے یا یہ مطلب ہے کہ آج ہم میں سے کوئی بھی ان شریکوں کا مشاہدہ نہیں کرتا سب غائب ہو گئے کوئی سامنے نظر نہیں آتا۔ (تفسیر مظہری)

وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَدْعُوْنَ مِنْ

اور چوک گیا اُن سے جو پکارتے تھے پہلے

قَبْلُ وَظَنُّوْا مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ۝

اور سمجھ گئے کہ اُن کو کہیں نہیں خلاصی ☆

جھوٹے عابد و معبود ☆ یعنی دنیا میں جنھیں خدا کا شریک بنا کر پکارتے تھے آج ان کا کہیں پتہ نہیں وہ اپنے پرستاروں کی مدد کو نہیں آتے اور پرستاروں کے دلوں سے بھی وہ پکارنے کے خیالات اب غائب ہو گئے۔ انہوں نے بھی سمجھ لیا کہ خدائی سزا سے بچنے کی اب کوئی سبیل نہیں اور گلو خلاصی کا کوئی ذریعہ نہیں آخر آس توڑ کر بیٹھ رہے ہیں اور جن کی حمایت میں پیغمبروں سے لڑتے تھے آج ان سے قطعاً بے تعلقی اور بیزاری کا اظہار کرنے لگے۔ (تفسیر عثمانی)

لَا يَسْئَمُ الْاِنْسَانُ مِنْ دُعَآءِ الْخَيْرِ ۡ وَاِنْ

نہیں تھکتا آدمی مانگنے سے بھلائی اور اگر لگ

مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَئُوْسٌ قَنُوْطٌ ۝ وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ

جائے اس کو برائی تو آس توڑ بیٹھے ناامید ہو کر اور اگر ہم چکھائیں

رَحْمَةً مِّنَّا مِنْ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ

اس کو کچھ اپنی مہربانی پیچھے ایک تکلیف کے جو اس کو پہنچی تھی

لَيَقُوْلَنَّ هٰذَا لِيْ ۙ وَمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ

تو کہنے لگے یہ ہے میرے لائق اور میں نہیں سمجھتا کہ قیامت آنے والی ہے

وَّلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ

اور اگر میں پھر بھی گیا اپنے رب کی طرف بے شک میرے لئے ہے

لَلْحُسْنٰى ۚ

اس کے پاس خوبی ☆

انسانی طبیعت کی نیرنگیاں ☆ یعنی انسان کی طبیعت عجیب طرح کی ہے جب دنیا کی ذرا سی بھلائی پہنچے اور کچھ عیش و آرام و تندرستی نصیب ہو تو مارے حرص کے چاہتا ہے کہ اور زیادہ مزے اڑائے کسی حد پر پہنچ کر اس کی حرص کا پیٹ نہیں بھرتا اگر بس چلے تو ساری دنیا کی دولت لے کر اپنے گھر میں ڈال لے لیکن جہاں ذرا کوئی افتاد پڑنا شروع ہوئی اور اسباب ظاہری کا سلسلہ اپنے خلاف دیکھا تو پھر مایوس اور ناامید ہوتے بھی دیر نہیں لگتی۔ اس وقت اس کا دل فوراً آس توڑ کر بیٹھ جاتا ہے۔ کیونکہ اسکی نظر صرف پیش آمدہ اسباب پر محدود ہوتی ہے اس قادر مطلق مسبب الاسباب پر اعتماد نہیں رکھتا جو چاہے تو ایک آن میں سلسلہ اسباب کو الٹ پلٹ کر رکھدے اس

besturdubooks.wordpress.com

مایوسی کے بعد اگر فرض کیجئے اللہ نے تکلیف و مصیبت دور کر کے اپنی مہربانی سے پھر عیش و راحت کا سامان کر دیا تو کہنے لگتا ہے "ھٰذَا لِیْ" یعنی میں نے فلاں تدبیر کی تھی میری تدبیر اور لیاقت و فضیلت سے یوں ہی ہونا چاہئے تھا اب نہ خدا کی مہربانی یاد رہی نہ اپنی وہ مایوسی کی کیفیت جو چند منٹ پہلے قلب پر طاری تھی اب عیش و آرام کے نشہ میں ایسا مخمور ہو جاتا ہے کہ آئندہ بھی کسی مصیبت اور تکلیف کے پیش آنے کا خطرہ نہیں رہتا سمجھتا ہے کہ ہمیشہ اسی حالت میں رہوں گا اور اگر کبھی ان تاثرات کے دوران میں قیامت کا نام سن لیتا ہے تو کہتا ہے کہ میں تو خیال نہیں کرتا کہ یہ چیز کبھی ہونے والی ہے اور فرض کرو ایسی نوبت آ ہی گئی اور مجھ کو لوٹ کر اپنے رب کی طرف جانا ہی پڑا تب بھی مجھے یقین ہے کہ وہاں میرا انجام بہتر ہوگا اگر میں خدا کے نزدیک برا اور نالائق ہوتا تو دنیا میں مجھ کو یہ عیش و بہار کے مزے کیونکر ملتے لہٰذا وہاں بھی توقع ہے کہ یہی معاملہ میرے ساتھ ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

لَا یَسْئَمُ الْاِنْسَانُ۔ یعنی کافر آدمی نہیں اکتاتا اس کا جی نہیں بھرتا۔ مِنْ دُعَآءِ الْخَیْرِ۔ خیر کی طلب سے یعنی برابر مال و دولت صحت وغیرہ کی اللہ سے درخواست کرتا رہتا ہے۔ وَاِنْ مَّسَّهُ الشَّرُّ۔ اور اگر اس کو کوئی تکلیف یعنی افلاس و بیماری (وغیرہ) پہنچ جائے۔ فَیَئُوْسٌ قَنُوْطٌ۔ تو اللہ کی رحمت اور راحت ملنے سے ناامید ہو جاتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِمَا عَمِلُوْا ۡ
سو ہم جتلا دیں گے منکروں کو جو انہوں نے کیا ہے
وَلَنُذِیْقَنَّهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِیْظٍ ﴿۵۰﴾
اور چکھائیں گے ان کو ایک گاڑھا عذاب ☆

☆ یعنی خوش ہولو کہ اس کفر و غرور کے باوجود وہاں بھی مزے لوٹو گے وہاں پہنچ کر پتہ لگ جائے گا کہ منکروں کو کیسی سخت سزا بھگتنا پڑتی ہے اور کس طرح عمر بھر کے کرتوت سامنے آتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ
اور جب ہم نعمتیں بھیجیں انسان پر تو ٹلا جائے اور موڑ لے
بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوْ دُعَآءٍ
اپنی کروٹ اور جب لگے اس کو برائی تو دعائیں کرے
عَرِیْضٍ ﴿۵۱﴾
چوڑی ☆

☆ یعنی اللہ کی نعمتوں سے متمتع ہونے کے وقت تو منعم کی حق شناسی اور شکر گزاری سے اعراض کرتا اور بالکل بے پرواہ ہو کر ادھر سے کروٹ بدل لیتا ہے پھر جب کوئی تکلیف اور مصیبت پیش آتی ہے تو اسی خدا کے سامنے ہاتھ پھیلا کر لمبی چوڑی دعائیں مانگنے لگتا ہے شرم نہیں آتی کہ اب اسے کس منہ سے پکارے اور تماشہ یہ ہے بعض اوقات اسباب پر نظر کر کے دل اندر سے مایوس ہوتا ہے اس حالت میں بھی بد حواس اور پریشان ہو کر دعا کے ہاتھ بے اختیار خدا کی طرف اٹھ جاتے ہیں قلب میں ناامیدی بھی ہے اور زبان پر یا اللہ بھی حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں "یہ سب بیان ہے انسان کے نقصان (قصور) کا نہ سختی میں صبر ہے نہ نرمی میں شکر"۔ (تفسیر عثمانی)

کافر اور مومن کی حالت: کافر پر جب کوئی دکھ آتا ہے تو وہ خلوص کے ساتھ اللہ کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے اور سچے دل سے دعائیں کرتا ہے لیکن کسی مصلحت کی وجہ سے اگر قبول دعا میں تاخیر ہو جاتی ہے تو وہ نراش ہو جاتا ہے۔ مؤمن صالح کی حالت اس سے بالکل جدا ہوتی ہے وہ کبھی ناامید نہیں ہوتا قبولِ دعا میں تاخیر کو وہ مصلحت خداوندی سمجھتا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے دعا کرنے والوں کو یا تو اللہ جلد (یعنی اس دنیا میں) عطا فرما دیتا ہے یا ان کے لئے آخرت میں جمع رکھتا ہے۔

یا یوں کہا جائے کہ دل سے تو نراش اور ناامید ہوتا ہے مگر زبان سے لمبی چوڑی دعائیں کرتا ہے۔ یا یوں کہا جائے کہ بتوں کی طرف سے ناامید ہو جاتا ہے اور خدا سے دعائیں کرتا ہے۔

مسئلہ: جو چاہتا ہے کہ مصیبت اور سختی کے وقت اس کی دعا قبول کی جائے اس کو چاہئے کہ سکھ اور راحت کے وقت دعا زیادہ کرے ایک حدیث میں اسی طرح آیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ
تو کہہ بھلا دیکھو تو اگر یہ ہو اللہ کے پاس سے
ثُمَّ كَفَرْتُمْ بِهٖ مَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ هُوَ فِیْ
پھر تم نے اس کو نہ مانا پھر اس سے گمراہ زیادہ کون جو دور چلا
شِقَاقٍ بَعِیْدٍ ﴿۵۲﴾
جائے مخالف ہو کر ☆

انسانی امراض کا علاج ☆ اوپر انسان کی طبیعت کا عجیب و غریب نقشہ کھینچ کر اس کی کمزوریوں اور بیماریوں پر نہایت موثر انداز میں توجہ دلائی تھی اب تنبیہ کرتے ہیں کہ یہ کتاب جو تمہاری کمزوریوں پر آگاہ کرنے والی اور انجام کی طرف توجہ دلانے والی ہے اگر خدا کے پاس سے آئی ہو (جیسا کہ واقع میں ہے) پھر تم نے اس کو نہ مانا اور ایسی اعلیٰ اور بیش قیمت نصائح سے

besturdubooks.wordpress.com

منکر رہ کر اپنی عاقبت کی فکر نہ کی بلکہ حق کی مخالفت میں دور ہوتے چلے گئے تو کیا اس سے بڑھ کر گمراہی اور نقصان خسارہ کچھ اور ہوسکتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِي الْاٰفَاقِ وَفِيْٓ اَنْفُسِهِمْ
اب ہم دکھلائینگے ان کو اپنے نمونے دنیا میں اور خود انکی جانوں میں
حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ ؕ
یہاں تک کہ کھل جائے ان پر کہ یہ ٹھیک ہے ☆

قدرت کے نمونے ☆یعنی قرآن کی حقانیت کے دوسرے دلائل و براہین تو بجائے خود رہے اب ہم ان منکروں کو خود ان کی جانوں میں اور ان کے چاروں طرف سارے عرب بلکہ ساری دنیا میں اپنی قدرت کے وہ نمونے دکھلائیں گے جن سے قرآن اور حامل قرآن کی صداقت بالکل روز روشن کی طرح آنکھوں سے نظر آنے لگے وہ نمونے کیا ہیں؟ وہ ہی اسلام کی عظیم الشان اور محیر العقول فتوحات جو سلسلہ اسباب ظاہری کے بالکل برخلاف قرآن کی پیشینگوئیوں کے عین مطابق وقوع پذیر ہوئیں چنانچہ معرکہ "بدر" میں کفار مکہ نے خود اپنی جانوں کے اندر اور "فتح مکہ" میں مرکز عرب کے اندر اور خلفائے راشدین کے عہد میں تمام جہان کے اندر یہ نمونے اپنی آنکھوں سے دیکھ لئے اور یہ بھی ممکن ہے کہ آیات سے عام نشانہائے قدرت مراد ہوں جو غور کرنے والوں کو اپنے وجود میں اور اپنے وجود سے باہر تمام دنیا کی چیزوں میں نظر آتے ہیں جن سے حق تعالیٰ کی وحدانیت و عظمت کا ثبوت ملتا ہے اور قرآن کے بیانات کی تصدیق ہوتی ہے جبکہ وہ ان سنن الٰہیہ اور نوامیس فطری کے موافق ثابت ہوتے ہیں جو اس عالم تکوین میں کارفرما ہیں اس قسم کے تمام حقائق کونیہ اور آیات آفاقیہ و انفسیہ کا انکشاف چونکہ لوگوں کو دفعۃً نہیں ہوتا بلکہ وقتاً فوقتاً بتدریج ان کے چہرے سے پردہ اٹھتا رہتا ہے اس لئے "سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا" سے تعبیر فرمایا۔ (تفسیر عثمانی)

آیاتِ آفاقی: بیضاوی نے لکھا ہے کہ ایات فی الآفاق یہ ہیں (۱) آئندہ واقعات کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشین گوئیاں (۲) گذشتہ حوادث و مصائب کے نشانات (۳) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے خلفاء کا بلا د شرق و غرب پر معجزانہ تسلط اور آیات فی انفسہم سے مراد ہیں۔ (۱) وہ واقعات جو اہل مکہ کو خود پیش آئے (مثلاً بدر کی شکست اور مکہ کی فتح) (۲) انسان کی جسمانی ساخت صنعت الٰہیہ کی عجیب کارفرمائیاں اور کمال قدرت کی ندرت آگیں اعجوبہ زائیاں۔ (تفسیر مظہری)

اَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ اَنَّهُ عَلٰى كُلِّ
کیا تیرا رب تھوڑا ہے ہر

شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۵۳﴾
چیز پر گواہ ہونے کیلئے ☆

☆یعنی قرآن کی حقانیت کو فرض کرو کوئی نہ مانے تو اکیلے خدا کی گواہی کیا تھوڑی ہے جو ہر چیز پر گواہ ہے اور ہر چیز میں غور کرنے سے اس کی گواہی کا ثبوت ملتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

آیت کے مختلف معانی:

اَوَلَمْ يَكْفِ اصل عبارت اس طرح تھی کیا اپنے کام کے انجام میں آپ کو کچھ شک ہے اور آپ کے لئے یہ بات کافی نہیں ہے کہ آپ کا رب ہر چیز پر شاہد ہے۔ جن نشانات کا اس نے وعدہ کیا ہے ان کو آپ کے معاملہ میں ضرور پورا کرے گا۔ یا شہید ہونے سے مراد ہے۔ عالم ہونا یعنی اللہ ان کے حال اور آپ کے حال کو جانتا ہے۔ یا یہ مطلب ہے کہ انسان کو گناہوں سے روکنے کے لئے کیا یہ بات کافی نہیں ہے کہ اللہ ہر چیز سے واقف ہے کوئی بات اس سے چھپی نہیں ہے یعنی وہ ضرور ہر بات کا بدلہ دے گا۔ (تفسیر مظہری)

اَلَآ اِنَّهُمْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَاۗءِ رَبِّهِمْ ؕ
سنتا ہے وہ دھوکے میں ہیں اپنے رب کی ملاقات سے
اَلَآ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطٌ ﴿۵۴﴾
سنتا ہے وہ گھیر رہا ہے ہر چیز کو ☆

فریب نفسی ☆یعنی یہ اس دھوکہ میں ہیں کہ کبھی خدا سے ملنا اور اس کے سامنے جانا نہیں حالانکہ خدا تعالیٰ ہر وقت ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہیں کسی وقت بھی اس کے قبضہ اور احاطہ سے نکل کر نہیں جا سکتے اگر مرنے کے بعد ان کے بدن کے ذرات مٹی میں مل جائیں یا پانی میں بہہ جائیں یا ہوا میں منتشر ہو جائیں تب بھی ایک ایک ذرہ پر اللہ کا علم اور قدرت محیط ہے ان کو جمع کر کے از سر نو زندہ کر دینا کچھ مشکل نہیں تمت سورۃ حم السجدہ فللہ الحمد والمنۃ۔ (تفسیر عثمانی)

مِّنْ لِّقَاۗءِ رَبِّهِمْ ۔لقاء رب سے مراد ہے قیامت برپا ہونا اعمال کا بدلہ ملنا۔

بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطٌ ۔یعنی ہر چیز اس کے علم اور قدرت کے احاطہ میں ہے ہر چیز کا اجمالی اور تفصیلی علم اس کو ہے۔ اور ہر چیز پر وہ قدرت رکھتا ہے کوئی چیز اس کی قدرت سے باہر نہیں ہے۔ یا یہ مطلب ہے کہ ہر چیز پر اس کا فراتی احاطہ ہے اور ذاتی احاطہ بے کیف ہے اس کی کیفیت بیان نہیں کی جا سکتی۔ (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

جو شخص اس کو خواب میں پڑھے تو اس کا پڑھنے والا علم و عمل سے فائدہ اٹھائے گا۔

سُوْرَۃُ الشُّوْرٰی مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ ثَلٰثٌ وَّخَمْسُوْنَ اٰیَۃً وَّخَمْسُ رُکُوْعَاتٍ
سورہ شوریٰ مکہ میں نازل ہوئی اور اس میں ترپن آیتیں ہیں اور پانچ رکوع ہیں
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
﴿شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے﴾
حٰمٓ ﴿۱﴾ عٓسٓقٓ ﴿۲﴾ کَذٰلِکَ یُوْحِیْٓ اِلَیْکَ
اسی طرح وحی بھیجتا ہے تیری طرف
وَاِلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکَ اللّٰہُ الْعَزِیْزُ
اور تجھ سے پہلوں کی طرف اللہ زبردست
الْحَکِیْمُ ﴿۳﴾ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی
حکمتوں والا اُسی کا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور
الْاَرْضِ ط وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ﴿۴﴾
زمین میں اور وہی ہے سب سے اوپر بڑا ☆

شانِ حکمت ☆ یعنی جس طرح یہ سورۃ (جو نہایت اعلیٰ و اکمل مضامین پر مشتمل ہے) آپ کی طرف وحی کی جا رہی ہے ایسے ہی اللہ تعالیٰ کی عادت آپ کی طرف اور دوسرے انبیاء کی طرف وحی بھیجنے کی رہی ہے۔ جس سے اس کی شان حکمت و حکومت کا اظہار ہوتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

جابر اور عکرمہ سے منقول ہے فرمایا یہ سورت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ اس سورۃ کو سورۃ حٰمٓ عٓسٓقٓ بھی کہا جاتا ہے۔ (معارف کاندھلوی)

حٰمٓ ﴿۱﴾ عٓسٓقٓ ﴿۲﴾ کو الگ کرنے کی وجہ

حٰمٓ ﴿۱﴾ عٓسٓقٓ ﴿۲﴾ بغوی نے لکھا ہے کہ حسن بن فضل سے دریافت کیا گیا حٰمٓ۔ عٓسٓقٓ۔ کے دو ٹکڑے کیوں کئے (یعنی حم کو عسق سے جدا کیوں کیا گیا) اور کٓھٰیٰعٓصٓ کے دو ٹکڑے نہیں کئے گئے۔ حسن نے جواب دیا جن سورتوں کو حم سے شروع کیا گیا ان میں سے یہ بھی ایک سورت ہے اس جیسی دوسری سورتوں کی طرح اس کا آغاز بھی (مستقل طور پر) حم سے کیا گیا (اور کہٰ سے کسی سورت کا آغاز نہیں کیا گیا اس لئے کہٰ کو یعص) سے ملا کر کھیعص کر دیا گیا۔

حٰمٓ ﴿۱﴾ عٓسٓقٓ ﴿۲﴾ کا معنی: عکرمہؒ راوی ہیں کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا ح اللہ کا حکم اور م اللہ کی مجد اور ع اللہ کا علم اور س اللہ کی سناء (بزرگی یا نور) اور ق اللہ کی قدرت۔ اللہ نے ان کی قسم کھائی ہے۔ یہ بھی حضرت ابن عباسؓ کا قول کہا جاتا ہے کہ ہر صاحب کتاب کے پاس حم عسق وحی کے ذریعہ سے بھیجا گیا۔ (تفسیر مظہری)

تَکَادُ السَّمٰوٰتُ یَتَفَطَّرْنَ مِنْ فَوْقِھِنَّ
قریب ہے کہ پھٹ پڑیں آسمان اوپر سے ☆

پھٹ پڑنے کی وجہ ☆ یعنی آسمان پھٹ پڑیں اللہ تعالیٰ کی عظمت و جلال کے زور سے یا بے شمار فرشتوں کے بوجھ سے یا ان کے ذکر کی کثرت سے خاص تاثیر ہو اور پھٹ پڑے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آسمانوں میں چار انگشت جگہ نہیں جہاں کوئی فرشتہ سربسجود نہ ہو اور بعض نے آیت کا مطلب یہ لیا ہے کہ جب مشرکین خدا تعالیٰ کے لئے شریک اور بیٹے بیٹیاں ٹھہراتے ہیں تو خداوند قدوس کی جناب میں ایسی سخت گستاخی ہے۔ جس سے کچھ بعید نہیں کہ آسمان کی اوپر والی سطح تک پھٹ کر ٹکڑے ہو جائے کما قال تعالیٰ فی سورۃ مریم "تَکَادُ السَّمٰوٰتُ یَتَفَطَّرْنَ مِنْہُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ ھَدًّا اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا" مگر اللہ کی شان مغفرت و رحمت اور ملائکہ کی تسبیح و استغفار کی برکت سے یہ نظام تھما ہوا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَالْمَلٰٓئِکَۃُ یُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّھِمْ
اور فرشتے پاکی بولتے ہیں خوبیاں اپنے رب کی
وَیَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ فِی الْاَرْضِ ط
اور گناہ بخشواتے ہیں زمین والوں کے ☆

فرشتوں کی دعاء ☆ یعنی اللہ تعالیٰ مومنین کی خطا و لغزش کو معاف فرمائے اور کفار کو دنیا میں ایک دم پکڑ کر بالکلیہ تباہ و برباد نہ کر دے۔ (تفسیر عثمانی)

فرشتوں کی تسبیح و تحمید: یعنی کافر جو اللہ کی طرف صاحب اولاد ہونے کی نسبت کرتے ہیں اور ایسی باتیں اس کی ذات میں مانتے ہیں جو کسی طرح اس کی شان کے مناسب نہیں ان سب سے فرشتے اللہ کے پاک ہونے کا اظہار کرتے ہیں خصوصاً ایسی حالت میں جبکہ عظمت الٰہیہ کا مشاہدہ کرتے ہیں تو اور بھی تسبیح و تحمید میں مشغول رہتے ہیں۔

وَیَسْتَغْفِرُوْنَ ۔ یعنی مومنوں کے لئے معافی کے طلبگار ہوتے ہیں کیونکہ مومنوں کے ساتھ ان کو ایمان میں شرکت حاصل ہے اور اس شرکت ایمانی کا تقاضا ہے کہ وہ اہل ایمان کے لئے دعاء مغفرت کریں۔ (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

اَلَآ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝

سنتا ہے وہی (اللہ) معاف کرنے والا مہربان ☆

اللہ تعالیٰ کی مہربانی ☆ یعنی اپنی مہربانی سے فرشتوں کی دعا قبول کر کے مومنین کی خطاؤں کو معاف کرتا ہے اور کافروں کو ایک عرصہ کے لئے مہلت دیتا ہے ورنہ دنیا کا سارا کارخانہ چشم زدن میں درہم برہم ہو جائے۔ (تفسیر عثمانی)

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ اللّٰهُ

اور جنہوں نے پکڑے ہیں اُس کے سوائے رفیق اللہ

حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ ۖ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ

کو وہ سب یاد ہیں اور تجھ پر نہیں اُن کا

بِوَكِيْلٍ ۝

ذمہ ☆

اللہ تعالیٰ حفیظ ہیں ☆ یعنی دنیا میں مشرکین کو مہلت تو دیتا ہے لیکن یہ نہ سمجھو کہ وہ ہمیشہ کے لئے بچ گئے ان کے سب اعمال و احوال اللہ کے ہاں محفوظ ہیں جو وقت پر کھول دیئے جائیں گے آپ اس فکر میں نہ پڑیں کہ یہ مانتے کیوں نہیں اور نہ ماننے کی صورت میں فوراً تباہ کیوں نہیں کر دیئے جاتے آپ ان باتوں کے ذمہ دار نہیں صرف پیغام حق پہنچا دینے کے ذمہ دار ہیں آگے ہمارا کام ہے وقت آنے پر ہم ان کا سب حساب چکا دیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا

اور اسی طرح اتارا ہم نے تجھ پر قرآن عربی زبان کا

لِّتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا

کہ تو ڈر سنا دے بڑے گاؤں کو اور اُس کے آس پاس والوں کو ☆

اُمُّ الْقُرٰى ☆ "ام القریٰ" (بڑا گاؤں) فرمایا مکہ معظمہ کو کہ سارے عرب کا مجمع وہاں ہوتا ہے اور ساری دنیا میں اللہ کا گھر وہیں ہے اور وہی گھر روئے زمین پر سب سے پہلی عبادت گاہ قرار پائی۔ بلکہ روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ ابتدائے آفرینش میں اللہ تعالیٰ نے زمین کو اسی جگہ سے پھیلانا شروع کیا جہاں خانہ کعبہ واقع ہے اور مکہ کے آس پاس سے اول ملک عرب اس کے بعد ساری دنیا مراد ہے۔ (تفسیر عثمانی)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا "مکہ" کو خطاب

امام احمد نے مسند میں حضرت عدی بن حمراء زہری سے روایت کی ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے اسوقت سنا جبکہ آپ (مکہ مکرمہ سے ہجرت کر رہے تھے اور) بازار مکہ کے مقام حزورہ پر تھے کہ آپ ﷺ نے مکہ مکرمہ کو خطاب کر کے فرمایا۔

انک لخیر ارض اللہ واحبّ ارض اللہ الیَّ ولولا انی اُخرجت منک لما خرجت (وروی مثلہ الترمذی والنسائی وابن ماجہ وقال الترمذی حدیث حسن صحیح) (تو میرے نزدیک اللہ کی ساری زمین سے بہتر ہے اور ساری زمین سے زیادہ محبوب ہے اگر مجھے اس زمین سے نکالا نہ جاتا تو میں اپنی مرضی سے کبھی اس زمین کو نہ چھوڑتا)۔ (معارف مفتی اعظم)

"مکہ" علمائے محققین کی نظر میں:

امام راغبؒ فرماتے ہیں مکہ مکرمہ کو ام القریٰ اس وجہ سے کہا جاتا ہے کہ کرۂ ارض اور تمام روئے زمین کے واسطے یہ حصہ زمین اصل نقطہ مرکز یہ ہے جیسا کہ بعض روایات ہیں کہ پانی کی سطح پر اللہ رب العزت نے پہلے بلبلے کی طرح یہ ٹکڑا جامد ظاہر فرمایا اور پھر اسی سے ساری زمین بچھائی اور پھیلائی گئی تو تمام آبادی عالم اور خطہ زمین کے لئے یہی جگہ اصل ہوئی اور اصل کو اُمّ یعنی ماں کہا جاتا ہے۔ امام بغوی اور شیخ قشیری نے بھی اسی کو اختیار فرمایا اور یہ کہ کعبہ سُرّۃ الارض یعنی زمین کی ناف ہے اور تمام دنیا اس کے اردگرد پھیلائی گئی۔ اگرچہ جانب شمال میں آبادی زائد ہے۔ بہ نسبت جنوب کی جانب کے۔

آیۃ مبارکہ اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ کی تفسیر میں حافظ ابن کثیرؒ اور ابن جریر طبری نے یہی بیان کیا کہ روئے زمین دنیا کی آبادی کی اصل یہی سرزمین مکہ ہے جہاں کعبۃ اللہ سے پہلے اللہ کا عرش پانی پر تھا۔ اللہ نے ایک ہوا چلائی جس نے پانی کی لہروں کو شق کیا اور پانی کی سطح پر ایک بلبلہ نمودار ہوا جو قبہ کی سی شکل کا تھا۔ پھر اسی سے اللہ نے تمام زمین کو مرکب فرمایا اور بنایا اور سطح زمین کو پانی پر بچھا دیا متعدد روایات سے ثابت ہے زمین کا جو ٹکڑا سب سے پہلے اللہ نے پیدا فرمایا وہ جگہ کعبۃ اللہ کی ہے تو یہ جگہ روئے زمین کے واسطے نقطۂ مرکز یہ ہوا۔ اس تکوینی مرکزیت کے ساتھ اللہ نے اس کو شرعی مرکزیت بھی عطا کر دی۔ کہ روئے زمین کے انسانوں کو اسی کی طرف عبادت کا حکم دیا۔ حضرت آدم علیہ السلام کے لئے اسی جگہ جنت سے موتیوں کا خیمہ اتارا گیا تھا جس کا انہوں نے طواف کیا۔ پھر اسی جگہ بیت اللہ کی عمارت قائم ہوئی۔ تفصیل کے لئے ناچیز کی کتاب تاریخ الحرمین کا ملاحظہ فرمائیں۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سرزمین مکہ میں آمد اور اسکی آبادی

تاریخی روایات سے ثابت ہے کہ طوفان نوح علیہ السلام کے بعد جب

besturdubooks.wordpress.com

حضرت نوح کی اولاد زمین پر پھیلی تو حضرت مسیح علیہ السلام سے تقریباً دو ہزار دوسو سینتالیس برس قبل شہر بابل اور اس کے برج کی بنیاد رکھی گئی۔ یہ شہر ملک عراق میں دریائے دجلہ اور فرات کے درمیان دوآب میں واقع تھا اور بقول بعض فرات کے کنارے پر تھا تو حضرت ابراہیمؑ جو تارخ کے بیٹے جن کو آزر بھی کہا جاتا ہے۔ قصبہ اہواز میں پیدا ہوئے جو شہر بابل کے کنارے واقع تھا اور بعض کا خیال ہے خاص شہر بابل میں پیدا ہوئے۔ وہاں کلدانی قوم آباد تھی جو بت پرست تھے۔ اور بت بنابنا کر بیچا کرتے تھے۔ (معارف کاندھلوی)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیات:

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا مجھے پانچ چیزوں میں دوسرے انبیاء پر فضیلت عطا کی گئی نمبرا۔ سب لوگوں کے لئے مجھے بھیجا گیا (یعنی تمام لوگوں کو میری امت دعوت بنایا گیا) (٢) میری امت کے لئے میری شفاعت جمع رکھی گئی۔ (یعنی قیامت کے دن امت کی شفاعت کا مجھے اختیار دیا گیا) (٣) ایک ماہ کی راہ تک آگے کی طرف اور ایک ماہ کی راہ تک پیچھے کی طرف میرا رعب (دشمنوں کے دلوں میں) ڈال دیا گیا اور اس طرح میری مدد کی گئی (٤) زمین کو میرے لئے مسجد اور پاک بنا دیا گیا (یعنی سوائے نجس مقامات کے ہر جگہ مجھے نماز پڑھنے کی اجازت دے دی گئی) (٥) میرے لئے مال غنیمت حلال کر دیا گیا مجھ سے پہلے کسی کے لئے حلال نہیں کیا گیا۔ رواہ الطبرانی بسند صحیح عن السائب بن یزید۔

مسلم اور ترمذی نے حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چھ چیزوں کی وجہ سے مجھے انبیاء پر فضیلت عطا کی گئی (١) مجھے کلام جامع عطا کیا گیا (یعنی ایسے مختصر الفاظ جو کثیر مضامین کو حاوی ہوں بولنے کا مجھے ملکہ عطا کیا گیا) (٢) دشمنوں پر رعب ڈال کر میری مدد کی گئی (یعنی مجھے فتح یاب کیا گیا) (٣) میرے لئے مال غنیمت حلال کیا گیا (٤) میرے لئے (ساری) زمین کو مسجد اور پاک بنا دیا گیا (٥) مجھے تمام مخلوق (یعنی انسانوں) کی ہدایت کے لئے بھیجا گیا (٦) مجھ پر (سلسلۂ) انبیاء کو ختم کر دیا گیا۔ (تفسیر مظہری)

وَتُنْذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَيْبَ فِيهِ فَرِيقٌ
اور خبر سنا دے جمع ہونیکے دن کی اُس میں دھوکا نہیں ایک فرقہ
فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيقٌ فِي السَّعِيرِ ⑦
بہشت میں اور ایک فرقہ آگ میں ☆

قیامت یقینی ہے

یعنی آگاہ کر دیں کہ ایک دن آنے والا ہے جب تمام اگلے پچھلے خدا کی پیشی میں حساب کے لئے جمع ہوں گے یہ ایک یقینی اور طے شدہ بات ہے۔ جس میں کوئی دھوکا فریب اور شک وشبہ کی گنجائش نہیں چاہئے کہ اس دن کے لئے آدمی تیار ہو جائے اس وقت کل آدمی دو فرقوں میں تقسیم ہوں گے ایک فرقہ جنتی اور ایک دوزخی سوچ لو کہ تم کو کس فرقہ میں شامل ہونا چاہئے اور اس میں شامل ہونے کے لئے کیا سامان کرنا چاہئے۔ (تفسیر عثمانی)

اثبات تقدیر:

مسند احمد کی حدیث میں ہے کہ حضرت ابوعبداللہؓ نامی صحابی بیمار تھے ہم لوگ ان کی بیمار پرسی کیلئے گئے دیکھا کہ رو رہے ہیں۔ تو کہا کہ آپ کیوں روتے ہیں؟ آپ سے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ اپنی مونچھیں کم رکھا کرو یہاں تک کہ مجھ سے ملو۔ اس پر صحابیؓ نے فرمایا یہ تو ٹھیک ہے لیکن مجھے تو حدیث رُلا رہی ہے کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے اللہ تعالیٰ نے اپنی دائیں مٹھی میں مخلوق لی اور اسی طرح دوسرے ہاتھ کی مٹھی میں بھی اور فرمایا یہ لوگ اس کیلئے ہیں یعنی جنت کے لئے اور یہ اس کیلئے ہیں یعنی جہنم کے لئے اور مجھے کچھ پرواہ نہیں۔ پس مجھے خبر نہیں کہ خدا کی کس مٹھی میں میں تھا۔ اس طرح کی اثبات تقدیر کی اور بھی بہت سی حدیثیں ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

يَوْمَ الْجَمْعِ۔ تاکہ آپ ان کو قیامت کے دن سے ڈرائیں جب کہ اگلے پچھلے سب لوگ جمع ہوں گے۔

فَرِيقٌ فِي الْجَنَّةِ الخ۔ یعنی جمع ہونے والوں میں سے ایک فریق جنتی اور دوسرا دوزخی ہوگا۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ کا بیان ہے کہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی مٹھیوں میں دو تحریریں دبائے برآمد ہوئے اور فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ یہ دونوں تحریریں کیا ہیں۔ ہم نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ہم نہیں واقف حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دائیں ہاتھ والی تحریر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا یہ رب العالمین کی (طرف سے) تحریر ہے۔ اس میں تمام اہل جنت کے ان کے باپوں کے ان کے قبائل کے نام ہیں اور ان کی گنتی ہے (رب العالمین کی یہ تحریر) اس وقت سے بھی پہلے کی ہے جب نطفے باپوں کی پشتوں اور ماؤں کے رحموں میں ٹھیرے تھے۔ جب لوگ (یعنی ان کے خمیر) کیچڑ میں پڑے ہوئے تھے ان میں نہ زیادتی ہو سکتی ہے نہ کمی قیامت تک ہونے والے (جنتی) لوگوں کی اللہ کی طرف سے یہ مجمل تحریر ہے پھر بائیں ہاتھ والی تحریر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا یہ رب العالمین کی طرف سے دوزخیوں کے ان کے باپوں کے اور ان کے قبائل کے ناموں کی تحریر ہے ان کی گنتی ہے یہ اس وقت سے بھی پہلے کی ہے جب نطفے باپوں کی

besturdubooks.wordpress.com

پشتوں میں اور ماؤں کے رحموں میں ٹھہرے تھے جب لوگ (یعنی ان کے خمیر) کیچڑ میں پڑے ہوئے تھے ان میں نہ زیادتی ہوسکتی ہے نہ کمی۔ قیامت تک ہونے والے (دوزخی) لوگوں کی اللہ کی طرف سے یہ مجمل تحریر ہے۔
حضرت عبداللہ ابن عمرؓ نے عرض کیا تو ایسی حالت میں عمل کی کیا ضرورت۔ فرمایا کئے جاؤ سیدھی چال رکھو اور لگے لگے چلو جو جنتی ہے اس کا خاتمہ اہل جنت کے عمل پر ہوگا خواہ (زندگی بھر) اس نے کیسے ہی عمل کئے ہوں اور دوزخی کا خاتمہ دوزخیوں کے عمل پر ہوگا خواہ (عمر بھر) اس نے کچھ بھی کیا ہو پھر فرمایا فَرِيقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيقٌ فِي السَّعِيرِ۔ اللہ کی طرف سے انصاف ہوگا۔ رواہ البغوی والترمذی۔ (تفسیر مظہری)

وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَجَعَلَهُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً
اور اگر چاہتا اللہ تو سب لوگوں کو کرتا ایک ہی فرقہ
وَلَٰكِنْ يُدْخِلُ مَنْ يَشَاءُ فِي رَحْمَتِهِ
ولیکن وہ داخل کرتا ہے جس کو چاہے اپنی رحمت میں
وَالظَّالِمُونَ مَا لَهُمْ مِنْ وَلِيٍّ
اور گنہگار جو ہیں ان کا کوئی نہیں رفیق
وَلَا نَصِيرٍ ﴿٨﴾
اور نہ مددگار ☆

قدرت اور حکمت ☆ یعنی بے شک اس کو قدرت تھی اگر چاہتا تو سب کو ایک طرح کا بنا دیتا اور ایک ہی راستہ پر ڈال دیتا لیکن اس کی حکمت اسی کو مقتضی ہوئی کہ اپنی رحمت وغضب دونوں قسم کی صفات کا اظہار فرمائے اس لئے بندوں کے احوال میں اختلاف وتفاوت رکھا کسی کو اس کی فرمانبرداری کی وجہ سے اپنی رحمت کا مورد بنایا اور کسی کو اس کے ظلم وعصیان کی بناء پر رحمت سے دور پھینک دیا جو لوگ رحمت سے دور ہو کر غضب کے مستحق ہوئے اور حکمت الٰہیہ ان پر سزا جاری کرنے کو مقتضی ہوئی ان کا ٹھکانا کہیں نہیں نہ کوئی رفیق اور مددگار ان کو مل سکتا ہے جو اللہ کی سزا سے بچا دے۔ (تفسیر عثمانی)
وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَجَعَلَكُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً ۔ اور اگر اللہ چاہتا تو سب کو ایک ہی طریقہ کا بنا دیتا۔ أُمَّةً وَاحِدَةً کی تفسیر میں حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا سب کو ایک دین پر کر دیتا۔ مقاتل نے کہا سب کو دین اسلام پر کر دیتا۔ اللہ نے دوسری آیت میں فرمایا ہے وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدَىٰ (اگر اللہ چاہتا تو سب کو ہدایت پر جمع کر دیتا۔ اس سے مقاتل کے قول کی تائید ہوتی ہے)۔

کافروں کا عذاب کوئی دفع نہ کر سکے گا

الظّٰلِمُوْنَ۔ یعنی کافر۔ مطلب یہ کہ اللہ ان کو اپنی رحمت میں داخل نہیں کرے گا اس لئے ان کا کوئی حامی نہ ہوگا کہ عذاب کو دفع کر سکے نہ مددگار ہوگا کہ دوزخ سے بچا سکے۔ وعید میں زور پیدا کرنے کے لئے طرز کلام کو بدلا گیا۔ تقابل کا تقاضا تھا کہ یوں کہا جاتا کہ اللہ ان کو اپنی رحمت میں داخل نہیں کرے گا لیکن مبالغہ کے طور پر فرمایا ان کا کوئی حامی ہوگا نہ مددگار۔ (تفسیر مظہری)

أَمِ اتَّخَذُوا مِنْ دُونِهِ أَوْلِيَاءَ ۖ فَاللَّهُ
کیا انہوں نے پکڑے ہیں اس سے ورے کام بنانیوالے سو اللہ
هُوَ الْوَلِيُّ وَهُوَ يُحْيِي الْمَوْتَىٰ وَهُوَ عَلَىٰ
جو ہے وہی ہے کام بنانیوالا اور وہی جلاتا ہے مُردوں کو اور وہ
كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٩﴾
ہر چیز کر سکتا ہے ☆

اللہ کو مددگار بناؤ ☆ یعنی رفیق ومددگار بنانا ہے تو اللہ کو بناؤ جو سارے کام بنا سکتا ہے حتیٰ کہ مردوں کو زندہ کر سکتا ہے اور ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے یہ بیچارے عاجز ومجبور رفیق تمہارا کیا ہاتھ بٹائیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ مِنْ شَيْءٍ
اور جس بات میں جھگڑا کرتے ہو تم لوگ کوئی چیز ہو
فَحُكْمُهُ إِلَى اللَّهِ ۚ ذَٰلِكُمُ اللَّهُ
اُس کا فیصلہ ہی اللہ کے حوالے وہ اللہ ☆

☆ یعنی سب جھگڑوں کے فیصلے اسی کے سپرد ہونے چاہئیں۔ عقائد ہوں یا احکام، عبادات ہوں یا معاملات جس چیز میں بھی اختلاف پڑ جائے اس کا بہترین فیصلہ اللہ کے حوالہ ہے وہ دلائل کونیہ کے ذریعہ سے یا اپنی کتاب میں یا اپنے رسولوں کی زبان پر صراحۃً یا اشارۃً جس مسئلہ کا جو فیصلہ فرما دے بندہ کو حق نہیں کہ اس میں چون وچرا کرے توحید جو اصل اصول ہے اللہ تعالیٰ جب قولاً وفعلاً برابر اس کا حکم دیتا رہا ہے پھر کیونکر جائز ہوگا کہ بندہ ایسے قطعی اور محکم فیصلہ میں جھگڑے ڈالے اور بے ہودہ شبہات نکال کر اس کے فیصلہ سے سرتابی کرے۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

حکم صرف اللہ کا ہے رسول، اولوالامر اور مفتی کا حکم بھی اسی کے تابع ہے

یعنی جس معاملہ جس کام میں بھی تمہارے آپس میں کوئی اختلاف ہو اس کا فیصلہ اللہ ہی کے سپرد ہے۔ کیونکہ اصل حکم صرف اللہ ہی کا ہے جیسا کہ دوسری آیت میں ارشاد ہے۔ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ۔ اور دوسری اکثر ایات میں جو اطاعت کے حکم میں رسول کو اور بعض آیات میں اولوالامر کو بھی شامل کیا گیا ہے وہ اس کے معارض نہیں کیونکہ رسول یا اولوالامر جو کچھ فیصلہ یا حکم کرتے ہیں وہ ایک حیثیت سے اللہ تعالیٰ کا ہی حکم ہوتا ہے۔ اگر بذریعہ وحی یا نصوص کتاب وسُنت ہے تو اس کا حکم الٰہی ہونا ظاہر ہے۔ اور اگر اپنے اجتہاد سے ہے تو چونکہ اجتہاد کا مدار بھی نصوص قرآن وسنت پر ہوتا ہے اس لئے وہ بھی ایک حیثیت سے اللہ ہی کا حکم ہے۔ مجتہدین اُمت کے اجتہادات بھی اس حیثیت سے احکام الٰہیہ ہی میں داخل ہیں۔ اسی لئے علماء نے فرمایا کہ عام آدمی جو قرآن وسنت کو سمجھنے کی صلاحیت نہیں رکھتے اُن کے حق میں مفتی کا فتویٰ ہی حکم شرعی کہلاتا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

رَبِّيْ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۖ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ﴿۱۰﴾
رب میرا اُسی پر ہے مجھ کو بھروسہ اور اُسی کی طرف میری رجوع ہے ☆

☆ یعنی میں اسی پر ہمیشہ سے بھروسہ رکھتا ہوں اور ہر معاملہ میں اسی کی طرف رجوع ہوتا رہتا ہوں۔ (تفسیر عثمانی)

فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ جَعَلَ
بنا نکالنے والا آسمانوں کا اور زمین کا بنا دیے تمہارے
لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّمِنَ
واسطے تمہی میں سے جوڑے اور چوپایوں
الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا ۚ
میں سے جوڑے ☆

☆ یعنی چوپایوں میں سے ان کے جوڑے نر اور مادہ بنا دیئے کہ وہ بھی تمہارے کام آتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

يَذْرَؤُكُمْ فِيْهِ ۭ
بکھیرتا ہے تم کو اسی طرح ☆

☆ یعنی آدمیوں کے الگ اور جانوروں کے الگ جوڑے بنا کر ان کی کتنی نسلیں پھیلا دیں جو تمام روئے زمین پر اپنی روزی اور معیشت کی فکر میں جدوجہد کرتی ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ۚ
نہیں ہے اُسکی طرح کا سا کوئی ☆

اس کی مثل کوئی نہیں

یعنی نہ ذات میں اس کا کوئی مماثل ہے نہ صفات میں نہ اس کے احکام اور فیصلوں کی طرح کسی کا حکم اور فیصلہ ہے نہ اس کے دین کی طرح کوئی دین ہے نہ اسکا کوئی جوڑا ہے نہ ہمسر نہ ہم جنس۔ (تفسیر عثمانی)

مثل کا لفظ زائد ہے مطلب یہ ہے کہ وہ کسی چیز کی طرح نہیں ہے مثل کے لفظ کی زیادتی مفید تاکید ہے جس طرح ایک اور آیت میں آیا ہے فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ بعض کے نزدیک کمثلہ میں کاف زائد ہے یعنی اس کی مثل کوئی شے نہیں جو اس کی ہم پلہ اور اس سے جوڑ کھانے والی ہو۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا اس کی کوئی نظیر نہیں ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿۱۱﴾
اور وہی ہے سننے والا دیکھنے والا ☆

اللہ کا دیکھنا، سننا مخلوق کی طرح نہیں ہے

☆ یعنی بے شک ہر چیز کو دیکھتا سنتا ہے مگر اسکا دیکھنا سننا بھی مخلوق کی طرح نہیں کمالات اس کی ذات میں سب ہیں پر کوئی کمال ایسا نہیں جس کی کیفیت بیان کی جاسکے کیونکہ اس کی نظیر کہیں موجود نہیں وہ مخلوق کی مشابہت و مماثلت سے بالکلیہ پاک اور مقدس ومنزہ ہے پھر اس کی صفات کی کیفیت کس طرح سمجھ میں آئے۔ (تفسیر عثمانی)

لیس کمثلہ سے ہونے والے ایک وہم کا ازالہ

جو چیز سننے کے قابل ہے اس کو سنتا ہے اور جو چیز دیکھنے کے قابل ہے اس کو دیکھتا ہے یعنی حقیقت میں سننے اور دیکھنے والا وہی ہے۔ دوسرے سننے اور دیکھنے والے تو سماعت وبصارت اسی سے مانگتے ہیں۔ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ میں نفی مثل کی صراحت ہے اس سے یہ شبہ یا تو ہم ہوسکتا تھا کہ جب اس کا مثل نہیں تو اس کے اندر کوئی بھی صفت نہیں ہوگی اس شبہ کو آیت مذکورہ میں زائل کردیا۔ (تفسیر مظہری)

لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ
اُسی کے پاس ہیں کنجیاں آسمانوں کی اور زمین کی

besturdubooks.wordpress.com

يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ

پھیلا دیتا ہے روزی جس کے واسطے چاہے اور ماپ کر دیتا ہے

اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿۱۲﴾

اور ہر چیز کی خبر رکھتا ہے ☆

تمام خزانوں کا مالک اللہ ہے

☆ تمام خزانوں کی کنجیاں اس کے ہاتھ میں ہیں اسی کو قبضہ اور اختیار حاصل ہے کہ جس خزانہ میں سے جس کو جتنا چاہے مرحمت فرمائے تمام جانداروں کو وہ ہی روزی دیتا ہے لیکن کم وبیش کی تعیین اپنی حکمت کے موافق کرتا ہے اسی کو معلوم ہے کہ کون سی چیز کتنی عطا کی مستحق ہے اور اس کے حق میں کس قدر دینا مصلحت ہوگا جو حال روزی کا ہے وہ ہی دوسری عطایا میں سمجھو۔ (تفسیر عثمانی)

لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۔ اسی کے ہیں آسمانوں کے اور زمین کے خزانے ۔ یعنی آسمانوں اور زمین میں رزق کے خزانے کلبی نے کہا (آسمان میں) بارش اور (زمین میں) سبزہ کے خزانے۔

يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ۔ جس کو چاہے زیادہ روزی دیتا ہے اور جس کو چاہے کم دیتا ہے۔ (ترجمہ تھانوی) یعنی اپنی مشیت کے موافق رزق کی وسعت بھی وہی کرتا ہے اور تنگی بھی وہی کرتا ہے اور یہ سب کچھ امتحان وآزمائش کے لئے کرتا ہے۔

اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۔ بلاشبہ وہ ہر چیز سے بخوبی واقف ہے یعنی جیسا مناسب ہوتا ہے ویسا کرتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ

راہ ڈالدی تمہارے لئے دین میں وہی جس کا حکم کیا تھا

نُوْحًا وَّالَّذِیْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَمَا

نوح کو اور جس کا حکم بھیجا ہم نے تیری طرف اور جس کا

وَصَّيْنَا بِهٖٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى

حکم کیا ہم نے ابراہیم کو اور موسیٰ کو

وَعِيْسٰٓى

اور عیسیٰ کو ☆

اولوالعزم انبیاء

آدم علیہ السلام کے بعد سب سے پہلے رسول حضرت نوح علیہ السلام ہیں بلکہ کہنا چاہئے کہ فی الحقیقت تشریع احکام کا سلسلہ ان ہی سے شروع ہوا اور آخری نبی حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جن پر سلسلہ رسالت ونبوت منتہی ہوا درمیان میں جو انبیاء ورسل آئے ان میں حضرت ابراہیم، حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ علیہم السلام یہ تین زیادہ مشہور ہوئے جن کے نام لیوا ہر زمانہ میں بکثرت موجود رہے ہیں ان پانچوں کو اولوالعزم پیغمبر کہتے ہیں۔ بہر حال اس جگہ حق تعالیٰ نے صاف طور پر بتلا دیا کہ اصل دین ہمیشہ سے ایک ہی رہا ہے کیونکہ عقائد، اخلاق اور اصول دیانات میں تمام متفق رہے ہیں البتہ بعض فروع میں حسب مصلحت زمانہ کچھ تفاوت ہوا اور دین کے قائم کرنے کے طور وطریق ہر وقت میں اللہ نے جدا ٹھہرادیے ہیں جس کو دوسری جگہ فرمادیا "لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا" (تفسیر عثمانی)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اولیت

حضرت خاتم الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام اگرچہ زمانِ ولادت وبعثت کے اعتبار سے سب سے آخر میں ہیں مگر ازلی تقسیم نبوت ورسالت میں سب سے مقدم ہیں جیسا کہ ایک حدیث میں فرمایا ہے کہ میں سب انبیاء میں باعتبار تخلیق (ازلی) کے پہلے ہوں اور بعثت کے اعتبار سے سب سے آخر میں ہوں۔

(ابن ماجہ، دارمی عن بہز بن حکیم وقال ہذا حدیث حسن کذا فی المشکوٰۃ ص ۵۸۴)

نوح علیہ السلام کو ذکر میں مقدم کرنے کی وجہ

رہا یہ سوال کہ سب سے پہلے پیغمبر تو حضرت آدم علیہ السلام ہیں ذکر انبیاء کو ان سے کیوں شروع نہ کیا گیا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام سب سے پہلے پیغمبر ہیں جو دنیا میں تشریف لائے۔ اصولِ عقائد اور مہماتِ دین میں اگرچہ وہ بھی مشترک تھے مگر ان کے زمانہ میں شرک وکفر انسانوں میں نہیں تھا۔ کفر وشرک کا مقابلہ حضرت نوح علیہ السلام سے شروع ہوا ہے اس لحاظ سے نوح علیہ السلام پہلے پیغمبر ہیں جن کو اس طرح کے معاملات پیش آئے جو بعد کے انبیاء کو پیش آنے والے تھے اس لئے سلسلہ کو نوح علیہ اسلام سے شروع کیا گیا۔ واللہ اعلم۔

دین اسلام ہی تمام انبیاء کا دین ہے

یعنی دین اسلام جو امت محمدیہ کے لئے مقرر کیا ہے وہ کوئی نیا دین نہیں ہے تمام انبیاء کا دین یہی رہا ہے حق (ہر زمانہ میں) ایک ہی ہوتا ہے اور حق کے بعد سواء گمراہی کے اور کیا رہ جاتا ہے (پس دین اسلام کے علاوہ ہر مذہب گمراہی ہے) اہل کتاب نے جو اسلام کا انکار کیا وہ محض دشمنی اور ضد کے زیر اثر کیا۔

besturdubooks.wordpress.com

یہ دین اسلام نام ہے ایک اللہ کی ذات اور صفات کو اور اس کے انبیاء کو اور اس کی کتابوں کو اور اس کے ملائکہ کو اور مرنے کے بعد (دوبارہ زندہ کر کے) اٹھائے جانے کو اور جو کچھ انبیاء لے کر آئے سب کو ماننے کا اور اللہ کے حکم پر چلنے اور ممنوع باتوں سے باز رہنے کا۔ یہ ایمان و عمل تمام شریعتوں میں مشترک ہے سب شریعتیں اس پر متفق ہیں۔ بعض عملی احکام کا منسوخ ہو جانا دین میں اختلاف پر دلالت نہیں کرتا (یعنی بعض شرائع کے بعض عملی احکام اگر شریعت اسلامیہ یا شریعت عیسویہ میں منسوخ کر دیئے گئے تو اس سے دینی وحدت میں کوئی فرق نہیں آتا) ایسا نسخ تو ایک ہی نبی کے احکام میں (مختلف اوقات میں) ہوا ہے خود رسول اللہ ﷺ نے سولہ مہینے بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھی پھر یہ حکم منسوخ ہو گیا اور کعبہ کی طرف رخ کر کے آپ نماز پڑھنے لگے اس اختلاف حکم سے دین اسلام کی وحدت پر کوئی اثر نہیں پڑا۔ اسی طرح مختلف انبیاء کی شریعتوں میں اگر بعض فروع احکام میں اختلاف ہے تو اس سے ادیان کا اختلاف لازم نہیں آتا سب کا مآل ایک ہی ہے یعنی اللہ کے اوامر کا امتثال اور ممنوعات سے اجتناب۔ (تفسیر مظہری)

اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ ؕ
یہ کہ قائم رکھو دین کو اور اختلاف نہ ڈالو اُس میں ☆

☆ یعنی سب انبیاء اور ان کی امتوں کو حکم ہوا کہ دین الٰہی کو اپنے قول و عمل سے قائم رکھیں اور اصل دین میں کسی طرح کی تفریق و اختلاف کو روا نہ رکھیں۔ (تفسیر عثمانی)

اقامت دین فرض اور اس میں تفرق حرام ہے

یہ بھی ظاہر ہے کہ وہ دین مشترک بین الانبیاء اصول عقائد یعنی توحید۔ رسالت۔ آخرت پر ایمان اور اصول عبادات۔ نماز روزہ حج زکوٰۃ کی پابندی ہے۔ نیز چوری ڈاکہ زنا جھوٹ فریب دوسروں کو بلا وجہ شرعی ایذا دینے وغیرہ اور عہد شکنی کی حرمت ہے جو سب ادیان سماویہ میں مشترک اور متفق علیہ چلے آئے ہیں۔ اور یہ بھی نص قرآن سے ثابت ہے کہ فروع احکام میں سے انبیاء کی شریعتوں میں جزوی اختلاف بھی ہیں جیسا کہ ارشاد ہے۔ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا۔ اس مجموعہ سے ثابت ہوا کہ آیت کے اس جملہ میں جس دین کی اقامت کا حکم اور اس میں تفرق کی ممانعت مذکور ہے وہ وہی احکام الٰہیہ ہیں جو سب انبیاء علیہم السلام کی شرائع میں مشترک اور متفق علیہ چلے آئے ہیں۔ انہیں میں تفرق و اختلاف حرام اور موجب ہلاکت اُمم ہے۔

حدیث: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ ایک روز رسول اللہ ﷺ نے ہمارے سامنے ایک سیدھا خط کھینچا پھر اس خط کے داہنے بائیں دوسرے چھوٹے خط کھینچے اور فرمایا کہ یہ داہنے بائیں کے خطوط وہ طریقے ہیں جو شیاطین نے ایجاد کئے ہیں اور اس کے ہر راستہ پر ایک شیطان مسلط ہے جو لوگوں کو اس طرف چلنے کی تلقین کرتا ہے اور پھر سیدھے خط کی طرف اشارہ کر کے فرمایا وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا فَاتَّبِعُوْهُ۔ یعنی یہ میرا سیدھا راستہ ہے تم اسی کا اتباع کرو۔ (رواہ احمد والنسائی والدارمی۔ مظہری)

اس تمثیل میں صراط مستقیم سے وہی دین قیم کا راستہ ہے جو سب انبیاء علیہم السلام میں مشترک چلا آیا ہے۔ اس کے اندر شاخیں نکالنا یہ تفرق حرام اور شیاطین کا عمل ہے۔ اور انہیں اجماعی اور متفق علیہ احکام میں تفرقہ ڈالنے کی شدید ممانعت احادیث صحیحہ میں آئی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ من فارق الجماعة شبرا فقد خلع ربقة الا سلام من عنقه۔ رواہ احمد وابوداؤد۔ یعنی جس شخص نے جماعت مسلمین سے ایک بالشت بھی جدائی اختیار کی اس نے اسلام کا حلقہ عقیدت اپنے گلے سے نکال دیا۔ اور ابن عباسؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے يَدُاللّٰهِ علي الجماعة (رواہ الترمذی بسند حسن) یعنی اللہ کا ہاتھ ہے جماعت پر۔ اور حضرت معاذ بن جبلؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شیطان انسانوں کے لئے بھیڑیا ہے جیسے بکریوں کے گلے کے پیچھے بھیڑیا لگتا ہے تو وہ اسی بکری کو پکڑتا ہے جو اپنی ڈار اور گلے سے پیچھے یا ادھر ادھر رہ جائے۔ اس لئے تمہیں چاہئے کہ جماعت کے ساتھ رہو علیحدہ نہ ہو۔

آئمہ مجتہدین کے فروعی اختلافات تفرق ممنوع میں داخل نہیں

اس سے واضح ہو گیا کہ فروعی مسائل میں جہاں قرآن و حدیث میں کوئی واضح حکم موجود نہیں یا نصوص قرآن و سنت میں کوئی ظاہری تعارض ہے۔ وہاں آئمہ مجتہدین کا اپنے اپنے اجتہاد سے کوئی حکم متعین کر لینا جس میں باہم اختلاف ہونا۔ اختلاف رائے و نظر کی بنا پر لازمی ہے اس تفرق ممنوع سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔ ایسا اختلاف صحابہ کرامؓ میں خود عہد رسالت سے چلا آتا ہے اور وہ باتفاق فقہاء رحمت ہے۔

اور اقامت دین سے مراد اس پر قائم دائم رہنا اس میں کسی شک و شبہ کو راہ نہ دینا۔ اور کسی حال اس کو نہ چھوڑنا ہے۔ (قرطبی) (معارف مفتی اعظم)

كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ
بھاری ہے شرک کرنیوالوں کو وہ چیز جس کی طرف
اِلَيْهِ ؕ اَللّٰهُ يَجْتَبِيْۤ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ
تو انکو بلاتا ہے اللہ چن لیتا ہے اپنی طرف سے جس کو چاہے

besturdubooks.wordpress.com

وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ ﴿۱۳﴾

اور راہ دیتا ہے اپنی طرف اُس کو جو رجوع لائے ☆

جہالت اور بدبختی کی انتہا

یعنی آپ جس دین توحید کی طرف لوگوں کو دعوت دیتے ہیں مشرکین پر وہ بہت بھاری ہے گویا آپ کوئی نئی اور انوکھی چیز پیش کر رہے ہیں جو کسی نے پہلے پیش نہیں کی تھی بھلا توحید جیسی صاف معقول اور متفق علیہ چیز بھی جب بھاری معلوم ہونے لگے اور اس میں بھی لوگ اختلاف ڈالے بدون نہ رہے تو جہالت اور بدبختی کی حد ہوگئی۔ سچ تو یہ ہے کہ ہدایت وغیرہ سب اللہ کے ہاتھ میں ہے جسے وہ چاہے بندوں میں سے چن کر اپنی طرف کھینچ لے اور اپنی رحمت وموہبت سے مقام قرب واصطفا پر فائز فرمادے اور جو لوگ اپنی حسن استعداد سے اس کی طرف رجوع ہوتے اور محنتیں کرتے ہیں ان کی محنت کو ٹھکانے لگانا اور دستگیری کر کے کامیاب فرمانا بھی اسی کا کام ہے قال اللہ تعالیٰ "وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَيَخْتَارُ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ" (القصص رکوع ۷) وقال اللہ تعالیٰ "اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ" (حج رکوع ۱۰) وقال "وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا" (عنکبوت رکوع ۷) بہرحال حکمت الٰہی جس کی ہدایت کو مقتضی ہو وہ ہی ہدایت پاسکتا اور فائز المرام ہوسکتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

ارشاد ہوا: انبیاء علیہم السلام کی مثال ان بچوں جیسی ہے جن کا جوہر خود ہی صالح ہو اور ان کے متعلق کوئی بادشاہ یہ طے کرلے کہ ان کو وزیر بنایا جائے گا ایسے بچوں کو ابتدا ہی سے خاص تربیت دی جاتی ہے اور خاص خاص آداب کی ان کو تعلیم ہوتی ہے اور مخالف اور حقیر چیزوں سے ان کو پوری احتیاط کے ساتھ روکا جاتا ہے۔ ان کے برخلاف کچھ بچے ایسے ہوتے ہیں کہ ان کی تربیت اگرچہ خاص توجہ سے نہیں ہوتی مگر وہ رفتہ رفتہ ترقی کرتے کرتے کسی خاص منصب پر پہنچ جاتے ہیں۔ یہ انبیاء علیہم السلام کے علاوہ دوسرے حضرات ہیں۔ جن کو علی فرق مراتب۔ صدیقین شہداء اور صالحین کے خطاب سے نوازا جاتا ہے۔ والیہ اشار بقولہ تعالیٰ. اللہ یجتبی الیہ من یشاء ویھدی الیہ من ینیب (سورہ شوریٰ - از افادات مدنی رحمہ اللہ)

مُراد اور مرید: صوفیہ کہتے ہیں جس کو اللہ اپنی طرف کھینچ لیتا ہے اور آدمی بے اختیار اس کی طرف کھنچ جاتا ہے تو ایسا آدمی مراد خداوندی ہوتا ہے۔ یہ گروہ انبیاء اور صدیقین کا ہوتا ہے اور یہ جو شخص اپنے ارادہ سے اللہ کی طرف متوجہ ہوتا ہے پھر اللہ اس کو اپنی ذات تک رسائی کی توفیق دیتا ہے تو ایسا شخص مرید ہوتا ہے یہ گروہ اولیاء اور اللہ کے نیک بندوں کا ہوتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَمَا تَفَرَّقُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ

اور جنہوں نے اختلاف ڈالا سو سمجھ آچکنے کے بعد

الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۭ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ

آپس کی ضد سے اور اگر نہ ہوتی ایک بات جو نکل ہے

مِنْ رَّبِّكَ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى لَّقُضِيَ

تیرے رب سے ایک مقررہ وعدہ تک تو فیصلہ

بَيْنَهُمْ ۭ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْرِثُوا الْكِتٰبَ مِنْۢ

ہو جاتا اُن میں اور جن کو ملی ہے کتاب اُن کے

بَعْدِهِمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۱۴﴾

پیچھے وہ البتہ اس کے دھوکے میں ہیں جو چین نہیں آنے دیتا ☆

نفسانیت کے کرشمے ☆ یعنی توحید اور اصول دین میں جنہوں نے اختلاف ڈالا اور کتب سماویہ میں تحریف کی وہ کچھ غلط فہمی یا اشتباہ کی وجہ سے نہ تھی ایسی صاف وصریح اور مجمع علیہ تعلیمات میں اشتباہ والتباس کیا ہوسکتا تھا۔ محض نفسانیت، ضد، عداوت، اور طلب مال وجاہ وغیرہ اسباب ہیں جو فی الحقیقت اس تفریق واختلاف مذموم کا باعث ہوئے ہیں بعدہ جب اختلاف قائم ہوگئے اور مختلف مذاہب نے الگ الگ مورچے بنالئے تو پیچھے آنے والی نسلیں عجیب خبط اور دھوکہ میں پڑ گئیں اور ایسے شکوک و شبہات پیدا کرلئے گئے جو کسی حال ان کو چین سے بیٹھنے نہیں دیتے مگر یہ سب کچھ اس لئے ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت سے بندوں کو ڈھیل دی اگر وہ چاہتا تو سارے اختلافات کو ایک دم میں ختم کردیتا لیکن ایسا کرنا تکوین کی غرض اصلی کے منافی تھا اس کی حکمت بالغہ اسی کو مقتضی تھی کہ ان اختلافات کا عملی اور دوٹوک فیصلہ ایک وقت معین پر زندگی کے دوسرے دور میں کیا جائے اگر یہ بات پہلے سے نہ نکل چکی ہوتی تو سب جھگڑے قصے فوراً ہاتھوں ہاتھ ختم کردیئے جاتے۔ (تفسیر عثمانی)

بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ کا معنی: آپس کی ضد اضدی سے۔ عطاء نے کہا یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف وہ مغرور ہوگئے اور تکبر کی وجہ سے انہوں نے ایسا کیا۔ قاموس میں ہے بَغٰی علیہ بغیًا اونچا ہوگیا۔ ظلم کیا' انصاف کیا' بڑھ چڑھ گیا۔ (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

فَلِذٰلِكَ فَادْعُ ۚ وَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ ۚ
سو اُسی طرف بلا اور قائم رہ جیسا کہ فرما دیا ہے تجھ کو
وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ ۚ وَقُلْ اٰمَنْتُ بِمَآ اَنْزَلَ
اور مت چل اُن کی خواہشوں پر اور کہہ میں یقین لایا ہر کتاب پر جو اتاری
اللّٰهُ مِنْ كِتٰبٍ ۚ وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ ۭ
اللہ نے اور مجھ کو حکم ہے کہ انصاف کروں تمہارے بیچ میں
اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۭ لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ
اللہ رب ہے ہمارا اور تمہارا ہم کو ملیں گے ہمارے کام اور تم کو
اَعْمَالُكُمْ ۭ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ ۭ اَللّٰهُ
تمہارے کام کچھ جھگڑا نہیں ہم میں اور تم میں اللہ
يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۚ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝۱۵
اکٹھا کریگا ہم سب کو اور اُسی کی طرف پھر جانا ہے ☆

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرض

یعنی جب دین حق کے متعلق تفریق و اختلاف کے طوفان چاروں طرف سے اٹھ رہے ہیں تو آپ کا فرض یہ ہے کہ غیر متزلزل عزم کے ساتھ اسی دین و آئین کی طرف لوگوں کو بلاتے رہیں جس کی دعوت آدم و نوح اور ان کے بعد تمام انبیاء علیہم السلام دیتے چلے آئے ہیں آپ اپنے پروردگار کے حکم سے ذرا ادھر ادھر نہ ہوں قولاً و فعلاً اور عملاً و حالاً برابر اسی راستہ پر گامزن رہیں جس پر اب تک رہے ہیں مکذبین اور معاندین کی خواہشات کی ذرا پروانہ کریں اور صاف اعلان کر دیں کہ میں اللہ کی نازل کی ہوئی ہر کتاب پر خواہ وہ تورات ہو یا انجیل یا قرآن یا کوئی صحیفہ جو کسی زمانہ میں کسی پیغمبر پر نازل ہوا ہو سچے دل سے یقین رکھتا ہوں میرا کام پہلی صداقتوں کو جھٹلانا نہیں بلکہ سب کو تسلیم کرنا اور باقی رکھنا ہے اور مجھ کو حکم ہے کہ تمہارے درمیان انصاف کروں جو اختلاف تم نے ڈالے ہیں ان کا منصفانہ فیصلہ دوں اور تبلیغ احکام و شرائع یا فصل خصومات میں عدل و مساوات کا اصول قائم رکھوں ہر وہ سچائی جو کسی جگہ یا کسی مذہب میں ملے اسے بے تکلف تسلیم کروں جس طرح تم کو خدا کی بندگی اور فرمانبرداری کی طرف بلاؤں تم سے پہلے میں خود احکام الٰہی کی پوری تعمیل کر کے اس کا کامل فرمانبردار بندہ ہونا ثابت کروں۔ کیونکہ میں جانتا ہوں کہ تمہارا اور ہمارا رب ایک ہی ہے اس لئے ہم سب کو اسی کی خوشنودی کے لئے کام کرنا چاہئے۔ اگر تم ایسا نہ کرو گے تو ہمارا تم سے کچھ تعلق نہیں۔ ہم دعوت و تبلیغ کا فرض ادا کر کے سبکدوش ہو چکے۔ ہم میں سے کوئی دوسرے کے عمل کا ذمہ دار نہیں۔ ہر ایک کا عمل اسکے ساتھ ہے وہ ہی اس کے آگے آئے گا۔ چاہئے کہ اس کے نتائج برداشت کرنے کے لئے تیار رہیں آگے ہم کو تم سے جھگڑنے اور بحث و تکرار کی ضرورت نہیں سب کو خدا کی عدالت میں حاضر ہونا ہے وہاں جا کر ہر ایک کو پورا پتہ لگ جائے گا کہ وہ دنیا سے کیا کچھ کما کر لایا ہے۔ (تنبیہ) یہ آیات مکی ہیں قتال کی آیتیں مدینہ میں نازل ہوئیں۔ (تفسیر عثمانی)

آیت کا شان نزول:

ابن المنذر نے عکرمہؒ کا قول نقل کیا ہے کہ جب سورۃ اذا جاء نصر اللہ والفتح ورأیت الناس یدخلون فی دین اللہ افواجا نازل ہوئی تو مشرکوں نے مکہ میں ان مومنوں سے جو ان کے پاس موجود تھے کہا لوگ خدا کے دین میں گروہ گروہ داخل ہو گئے تم بھی یہاں سے چلے جاؤ کب تک ہمارے ہاں رہو گے۔ اس پر آیت ذیل نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

وَالَّذِيْنَ يُحَآجُّوْنَ فِي اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ
اور جو لوگ جھگڑا ڈالتے ہیں اللہ کی بات میں جب لوگ اُس کو
مَا اسْتُجِيْبَ لَهٗ حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ عِنْدَ
مان چکے اُن کا جھگڑا باطل ہے اُن کے
رَبِّهِمْ وَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ
رب کے یہاں اور اُن پر غصہ ہے اور اُن کو سخت
شَدِيْدٌ ۝۱۶
عذاب ہے ☆

اہل کتاب کے جھگڑے

یعنی اللہ کے دین، اس کی کتاب اور اسکی باتوں کی سچائی جب علانیہ ظاہر ہو چکی حتیٰ کہ بہت سے سمجھدار لوگ اس کو قبول کر چکے اور بہتیرے قبول نہ کرنے کے باوجود ان کی سچائی کا اقرار کرنے لگے۔ اس قدر ظہور و وضوح حق کے بعد جو لوگ خواہ مخواہ جھگڑے ڈالتے یا ماننے والوں سے الجھتے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کے غضب اور سخت عذاب کے مستوجب ہیں اور ان کے سب جھگڑے جھوٹے اور سب بحثیں پادر ہوا اور باطل ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

عبدالرزاق نے قتادہ کا قول نقل کیا ہے کہ جھگڑا نکالنے والوں سے مراد ہیں یہودی اور عیسائی (یعنی اہل کتاب) انہوں نے کہا تھا ہماری کتاب تمہاری کتاب سے پہلے اور ہمارے پیغمبر تمہارے پیغمبر سے پہلے ہے اس لئے ہم تم سے بہتر ہیں یہی اہل کتاب کا جھگڑا تھا۔

مِنْۢ بَعْدِ مَا اسْتُجِيْبَ لَهٗ۔ بعد اس کے کہ لوگوں نے اس کی دعوت قبول کر لی اور مسلمان ہو گئے اور معجزات نیز حسن دعوت کی وجہ سے دین خداوندی میں داخل ہو گئے۔

حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ۔ ان کا جھگڑا اور بحث کرنا باطل ہے یا یہ مطلب ہے کہ جس بات کو وہ دلیل و حجت خیال کرتے ہیں حقیقت میں وہ ایک لغو بے بنیاد شبہ ہے (وہ وہم کو فہم سمجھ بیٹھے ہیں)

وَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ۔ اور چونکہ وہ خواہ مخواہ عناد رکھتے ہیں اس لئے ان پر اللہ کا غضب آنے والا ہے۔

وَلَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ۔ اور کفر کی وجہ سے ان پر سخت عذاب ہوگا۔ (تفسیر مظہری)

اَللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ وَالْمِيْزَانَ

اللہ وہی ہے جس نے اُتاری کتاب سچے دین پر اور ترازو بھی ☆

ترازو ☆ اللہ نے مادی ترازو بھی اتاری جس میں اجسام تلتے ہیں اور علمی ترازو بھی جسے عقل سلیم کہتے ہیں اور اخلاقی ترازو بھی جسے صفت عدل و انصاف کہا جاتا ہے اور سب سے بڑی ترازو دین حق ہے جو خالق و مخلوق کے حقوق کا ٹھیک ٹھیک تصفیہ کرتا ہے اور جس میں بات پوری تلتی ہے نہ کم نہ زیادہ۔ (تفسیر عثمانی)

میزان کا معنی: حضرت ابن عباسؓ نے میزان کی تفسیر عدل و انصاف سے کی ہے۔ مجاہدؒ امام تفسیر نے فرمایا کہ یہاں میزان سے مراد وہ عام ترازو ہے جس کو لوگ استعمال کرتے ہیں اور مراد اس سے سب کے حقوق کی پوری ادائیگی اور انصاف ہے۔ تو لفظ حق میں سب حقوق اللہ اور لفظ میزان میں سب حقوق العباد کی طرف اشارہ ہو گیا۔ (معارف مفتی اعظم)

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا اللہ نے پورا پورا تولنے کا حکم دیا اور تول میں کمی کرنے کی ممانعت فرمائی۔

بعض علماء کے نزدیک میزان سے مراد شریعت ہے شریعت سے حقوق کا صحیح توازن ہوتا اور انسانوں کے باہمی معاملات میں انصاف ہوتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ ﴿۱۷﴾

اور تجھ کو کیا خبر ہے شاید وہ گھڑی پاس ہو ☆

☆ یعنی اپنے اعمال و احوال کو کتاب اللہ کی کسوٹی پر کس کر اور دین حق کی ترازو میں تول کر دیکھ لو کہاں تک کھرے اور پورے اترتے ہیں کیا معلوم ہے کہ قیامت کی گھڑی بالکل قریب ہی آ لگی ہو پھر کچھ نہ ہو سکے گا جو کچھ کرنا ہے اس کے آنے سے پہلے کر لو۔ (تفسیر عثمانی)

ایک نحوی پیچیدگی کا حل: الساعۃ مؤنث ہے اور قریب مذکر ہے دونوں میں توافق نہیں ہے اس لئے کسائی نے قریب کا فاعل محذوف قرار دیا یعنی قیامت کا آنا قریب ہے بعض نے کہا قریب کا لفظ اگرچہ مذکر ہے لیکن قرب والی (یعنی مؤنث) مراد ہے گویا اس قائل کے نزدیک وزن فعیل مؤنث کے لئے بھی استعمال کر لیا جاتا ہے بعض نے کہا ساعت بمعنی بعث ہے (اور بعث مذکر ہے) اس لئے قریب بصیغہ مذکر ذکر کیا۔

آیت کا شان نزول: مقاتل کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قیامت کا تذکرہ کیا اس وقت آپ کے پاس کچھ مشرک بیٹھے ہوئے تھے انہوں نے بطور تکذیب کہا بتاؤ قیامت کب آئے گی۔ اس پر آیت ذیل نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

يَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

جلدی کرتے ہیں اُس گھڑی کی وہ لوگ کہ یقین نہیں رکھتے

بِهَا ۚ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مُشْفِقُوْنَ مِنْهَا

اُس پر اور جو یقین رکھتے ہیں اُن کو اُس کا ڈر ہے

وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهَا الْحَقُّ ۗ اَلَآ اِنَّ الَّذِيْنَ

اور جانتے ہیں کہ وہ ٹھیک ہے سنتا ہے جو لوگ

يُمَارُوْنَ فِي السَّاعَةِ لَفِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۱۸﴾

جھگڑتے ہیں اُس گھڑی کے آنے میں وہ بہک کر دور جا پڑے ☆

مومن اور منکر ☆ یعنی جن کو قیامت پر یقین نہیں وہ ہنسی مذاق کے طور پر نہایت بے فکری سے کہتے ہیں کہ ہاں صاحب وہ قیامت کب آئے گی؟ آخر دیر کیا ہے؟ جلدی کیوں نہیں آ جاتی؟ لیکن جن کو اللہ تعالیٰ نے ایمان و یقین سے بہرہ ور کیا ہے وہ اس ہولناک گھڑی کے تصور سے لرزتے اور کانپتے ہیں اور خوب سمجھتے ہیں کہ یہ چیز ہونے والی ہے کسی کے ٹلائے ٹل نہیں سکتی۔ اسی لئے اس کی تیاری میں لگے رہتے ہیں۔ اسی سے سمجھ لو کہ ان جھگڑنے والے منکرین کا حشر کیا ہونا ہے۔ جب ایک شخص کو قیامت کے آنے کا یقین ہی نہیں وہ تیاری کیا خاک کرے گا۔ ہاں جتنا اس حقیقت کا

besturdubooks.wordpress.com

مذاق اڑائے گا گمراہی میں اور زیادہ دور ہوتا چلا جائے گا۔ (تفسیر عثمانی)

اور یہ جو فرمایا کہ مومنین قیامت سے ڈرتے ہیں۔ مراد اس سے اعتقادی خوف ہے جو قیامت کے اہوال سے ہے۔ نیز اپنی عملی کوتاہیوں پر نظر کرنے سے لازمی ہوتا ہے۔ مگر بعض اوقات کسی مومن پر اللہ تعالیٰ کی ملاقات کا شوق غالب ہو کر اس خوف پر غالب آ جاتا ہے وہ اس کے منافی نہیں۔ جیسا کہ قبر میں بعض مردوں کا یہ کہنا ثابت ہے کہ قیامت جلد آ جائے' وجہ یہ ہے کہ قبر میں جب فرشتوں کی طرف سے انسان کو بشارت رحمت و مغفرت کی مل جائے گی تو قیامت کا خوف مغلوب ہو جائے گا۔ (معارف مفتی اعظم)

خدا اور رسول کی محبت قیامت کی تیاری ہے

ایک شخص نے بلند آواز سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ! قیامت کب ہوگی؟ یہ واقعہ سفر کا ہے وہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ دور تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں ہاں وہ یقیناً آنے والی ہے تو بتا کہ تو نے اس کے لئے کیا تیاری کر رکھی ہے؟ اس نے کہا خدا تعالیٰ اور اس کے رسول کی محبت۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو ان کے ساتھ ہوگا جن سے تو محبت رکھتا ہے۔ اور حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ ہر شخص اُس کے ساتھ ہوگا جس سے وہ محبت رکھتا تھا۔ یہ حدیث یقیناً متواتر ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

یُمَارُوْنَ۔ جھگڑتے ہیں اور وقوع قیامت میں شک کرتے ہیں۔ قاموس میں ہے مِرْیَۃ اور مُرْیَۃ شک جھگڑا کرنا۔ ماراہ مماراۃ اس میں شک کیا اس کا اصل لغوی معنی ہے اونٹنی کے تھن کو دودھ دوہنے کے لئے سختی کے ساتھ دبانا جھگڑا کرنے والے دونوں فریق میں سخت کلامی کے ساتھ باہم جواب کے خواستگار ہوتے ہیں اس لئے اس جھگڑے کو مِرْیَۃ کہا جاتا ہے۔

لَفِیْ ضَلٰلٍ۔ یعنی حق سے بہت ہی بھٹکے ہوئے ہیں۔ قیامت اگرچہ بالفعل محسوس نہیں ہے لیکن قرآن حدیث اور صحیح عقل کی شہادت ہے کہ دار الجزاء کا ہونا ضروری ہے۔ اس لئے کہا جا سکتا ہے کہ قیامت اس وقت ہمارا نظروں سے غائب ہے اور محسوس نہیں ہے مگر محسوس کی بہت زیادہ مشابہ ہے (گویا نظروں کے سامنے ہی ہے) اب جو شخص قیامت کو نہیں جانتا اور اللہ کی ہمہ گیر قدرت کے باوجود وقوع قیامت کو قدرت کے احاطہ سے خارج سمجھتا ہے وہ بہت ہی گمراہ ہے اور مابعد زندگی کی راہ سے بھٹکا ہوا ہے۔ (تفسیر مظہری)

اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ
اللہ نرمی رکھتا ہے اپنے بندوں پر☆

اللہ تعالیٰ کی نرمی ☆یعنی باوجود تکذیب وانکار کے روزی کسی کی بند نہیں کرتا بلکہ بندوں کے باریک سے باریک احوال کی رعایت کرتا اور نہایت نرمی اور تدبیر لطیف سے ان کی تربیت فرماتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

لَطِیْفٌ کا مطلب: مقاتل نے کہا نیکوں اور بدوں پر سب پر مہربانی کرنے والا کہ بدکاروں کی خطا کاریوں کی وجہ سے کسی کو ہلاک نہیں کرتا۔ بعض نے یہ مطلب بیان کیا کہ نفع پہنچانے اور مصائب کا رخ پھیر دینے کی تدبیر وہ اپنے مخفی علم سے کرنے والا ہے۔ بعض نے کہا اس کا علم دقیقہ رس ہے اس کا حلم عظیم ہے وہ بندے کی اچھائیاں پھیلاتا اور عیوب پر پردہ ڈالتا ہے۔ بندے کی ضرورت سے زیادہ عطا کرتا اور بقدر برداشت طاعت کا حکم دیتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ
روزی دیتا ہے جس کو چاہے اور وہی ہے زور آور
الْعَزِيْزُ ﴿١٩﴾
زبردست☆

☆جس کو چاہے جتنی چاہے دے۔ (تفسیر عثمانی)

رزق میں دو طرح کی مہربانی: حضرت جعفر بن محمدؒ نے فرمایا کہ رزق کے معاملہ میں اللہ تعالیٰ کی رحمت ومہربانی بندوں پر دو طرح کی ہے اول تو یہ کہ ہر ایک ذی روح کو اس کے مناسب حال غذاء اور ضروریات عطا فرماتا ہے۔ دوسرے یہ کہ وہ کسی کو اس کا پورا رزق عمر بھر کا یک وقت نہیں دے دیتا' ورنہ اول تو اس کو حفاظت کرنا مشکل ہو جاتا۔ اور کتنی بھی حفاظت کرتا وہ پھر بھی سڑنے اور خراب ہونے سے نہ بچتا۔ (مظہری ومثلہٗ فی القرطبی)

ایک مجرب عمل: مولانا شاہ عبدالغنی پھولپوریؒ نے فرمایا کہ حضرت حاجی امداد اللہؒ سے منقول ہے کہ جو شخص صبح کو ستر مرتبہ پابندی سے یہ آیت پڑھا کرے وہ رزق کی تنگی سے محفوظ رہے گا۔ اور فرمایا کہ بہت مجرب عمل ہے آیت یہی ہے جو اوپر مذکور ہوئی۔ اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ۔ (معارف مفتی اعظم)

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ
جو کوئی چاہتا ہو آخرت کی کھیتی
نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ ۚ
زیادہ کریں ہم اُسکے واسطے اُس کی کھیتی☆

besturdubooks.wordpress.com

ثواب میں زیادتی ☆ ایک نیکی کا دس گنا ثواب دیں بلکہ سات سو گنا اور اس سے بھی زیادہ اور دنیا میں ایمان و عمل صالح کی برکت سے جو فراخی اور برکت ملے وہ الگ رہی۔ (تفسیر عثمانی)

حرث کا معنی: حرث اصل میں زمین میں دانہ بکھیرنے کو کہتے ہیں لیکن جو کھیتی تخم پاشی سے پیدا ہوتی ہے اس کو بھی حرث کہہ لیا جاتا ہے۔ قاموس میں ہے حرث کمائی۔ مال جمع کرنا کھیتی۔ اس جگہ ثواب آخرت مراد ہے۔ ثواب آخرت کو زرع سے تشبیہ دی کیونکہ آخرت میں ملنے والا ثواب دنیوی اعمال کا پھل ہے اسی لئے دنیا کو آخرت کا کھیت کہا گیا ہے۔ یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ دنیا میں جو کام کیا جاتا ہے اس کا حاصل آخرت میں ملے گا تو گویا ثواب آخرت کمائی ہے۔ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ۔ یعنی اس کی کمائی یا کھیتی میں ہم ترقی دیں گے۔ ایک کے بدلے دس اور دس سے بھی زیادہ سات سو گنا تک عطا کریں گے۔ جیسے ایک دانہ سے ایک پودا پیدا ہوا اور پودے میں سات بالیاں ہوں اور ہر بالی میں سو دانے ہوں۔ (تفسیر مظہری)

وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ
اور جو کوئی چاہتا ہو دنیا کی کھیتی اس کو دیویں
مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ ﴿۲۰﴾
ہم کچھ اس میں سے اور اس کے لئے نہیں آخرت میں کچھ حصہ ☆

دنیا کے لئے محنت ☆ دنیا کے واسطے جو محنت کرے موافق قسمت کے ملے پھر اس محنت کا فائدہ آخرت میں کچھ نہیں کما قال تعالیٰ "عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ" (بنی اسرائیل رکوع ۲) (تفسیر عثمانی)

اعمال کا مدار نیتوں پر ہے

حضرت عمر بن خطابؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اعمال صرف نیتوں کے ساتھ ہیں ہر شخص کے لئے وہی ہے جس کی اس نے نیت کی پس جس کا ترک وطن اللہ اور رسول کی طرف آنے کے لئے ہو اس کی ہجرت اللہ اور رسول کی طرف ہوگی۔ اور جس کا ترک وطن دنیا حاصل کرنے یا کسی عورت سے نکاح کرنے کے لئے ہو اس کی ہجرت اسی کے لئے ہوگی جس کے لئے اس نے ہجرت کی ہوگی۔ متفق علیہ۔

اس امت کیلئے خوشخبری:

حضرت اُبی بن کعبؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس امت کو خوشخبری دے دو (نام) روشن ہونے کی اونچائی ہونے کی فتح یابی کی اور زمین پر اقتدار حاصل ہونگی۔ امت میں سے جو شخص آخرت کا کام دنیا کیلئے کرے گا اس کیلئے آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہوگا۔ رواہ البغوی۔ (تفسیر مظہری)

اَمْ لَهُمْ شُرَكٰٓؤُا شَرَعُوْا لَهُمْ مِّنَ
کیا اُن کے لئے اور شریک ہیں کہ راہ ڈالی ہے اُنہوں نے اُن
الدِّيْنِ مَا لَمْ يَاْذَنْ بِهِ اللّٰهُ
کے واسطے دین کی کہ جس کا حکم نہیں دیا اللہ نے ☆

ہدایت فقط اللہ کی طرف سے ہے ☆ یعنی اللہ تعالیٰ نے نبیوں کی زبانی آخرت اور دین حق کا راستہ بتلا دیا۔ کیا اس کے سوا کوئی اور ہستی ایسی ہے جسے کوئی دوسرا راستہ مقرر کرنے کا حق اور اختیار حاصل ہو کہ وہ اللہ کی حرام کی ہوئی چیزوں کو حلال اور حلال کی ہوئی چیزوں کو حرام ٹھہرا دے پھر آخر ان مشرکین نے اللہ کی وہ راہ چھوڑ کر جو انبیاء علیہم السلام نے بتلائی تھی دوسری راہیں کہاں سے نکال لیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَوْلَا كَلِمَةُ الْفَصْلِ لَقُضِيَ
اور اگر نہ مقرر ہو چکی ہوتی ایک بات فیصلہ کی تو فیصلہ
بَيْنَهُمْ ۗ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ
ہو جاتا اُن میں اور بیشک جو گنہگار ہیں
عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۱﴾
اُن کو عذاب ہے دردناک ☆

☆ یعنی فیصلہ کا وعدہ ہے اپنے وقت پر۔ (تفسیر عثمانی)

تَرَى الظّٰلِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا
تو دیکھے گا گنہگاروں کو کہ ڈرتے ہونگے اپنی
كَسَبُوْا وَهُوَ وَاقِعٌۢ بِهِمْ
کمائی سے اور وہ پڑ کر رہیگا اُن پر ☆

☆ یعنی اپنی کرتوت کے نتائج سے خواہ آج نہ ڈریں مگر اس دن ڈرتے ہوں گے اور یہ ڈر ان پر ضرور پڑ کر رہے گا کوئی سبیل رہائی اور فرار کی نہ ہوگی۔ (تفسیر عثمانی)

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
اور جو لوگ یقین لائے اور بھلے کام کئے

besturdubooks.wordpress.com

فِیْ رَوْضٰتِ الْجَنّٰتِ لَهُمْ مَّا یَشَآءُوْنَ

باغوں میں ہیں جنت کے انکے لئے ہے جو وہ چاہیں

عِنْدَ رَبِّهِمْ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِیْرُ

اپنے رب کے پاس یہی ہے بڑی بزرگی ☆

☆یعنی جنت میں ہر قسم کی جسمانی و روحانی راحتیں اور اپنے رب کا قرب یہ ہی بڑا فضل ہے دنیا کے عیش اس کے سامنے کیا حقیقت رکھتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

دوشیزاؤں کی بارش: حضرت ابوطیبہ فرماتے ہیں جنتیوں کے سروں پر اَبر آئے گا اور انہیں ندا ہوگی کہ بتلاؤ کس چیز کا برسنا چاہتے ہو؟ پس جو لوگ جس چیز کا برسنا چاہیں گے وہی چیز ان پر اس بادل سے برسے گی۔ یہاں تک کہ کہیں گے ہم پر ابھرے ہوئے سینے والی ہم عمر عورتیں برسائی جائیں۔ چنانچہ وہی برسیں گی۔ اسی لئے فرمایا کہ فضل کبیر یعنی زبردست کامیابی کامل نعمت یہی ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

ذٰلِكَ الَّذِیْ یُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ الَّذِیْنَ

یہ ہے جو خوشخبری دیتا ہے اللہ اپنے ایماندار بندوں کو

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

جو کرتے ہیں بھلے کام ☆

☆یعنی اللہ جو خوشخبری دے وہ لامحالہ واقع ہو کر رہے گی۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا اِلَّا

تو کہہ میں مانگتا نہیں تم سے اُس پر کچھ بدلہ مگر

الْمَوَدَّةَ فِی الْقُرْبٰى

دوستی چاہیے قرابت میں☆

دعوت کا عجیب انداز ☆یعنی قرآن جیسی دولت تم کو دے رہا ہوں اور ابدی نجات وفلاح کا راستہ بتلاتا اور جنت کی خوشخبری سناتا ہوں یہ سب محض لوجہ اللہ ہے۔ اس خیر خواہی اور احسان کا تم سے کچھ بدلہ نہیں مانگتا صرف ایک بات چاہتا ہوں کہ تم سے جو میرے نسبی و خاندانی تعلقات ہیں کم از کم ان کو نظر انداز نہ کرو آخر تمہارا معاملہ اقارب اور رشتہ داروں کے ساتھ کیا ہوتا ہے بسا اوقات ان کی بے موقع بھی حمایت کرتے ہو میرا کہنا یہ ہے کہ اگر تم میری بات نہیں مانتے نہ مانو میرا دین قبول نہیں کرتے یا میری تائید وحمایت میں کھڑے نہیں ہوتے نہ سہی لیکن کم از کم قرابت ورحم کا خیال کر کے ظلم و اذیت رسانی سے باز رہو اور مجھ کو اتنی آزادی دو کہ میں اپنے پروردگار کا پیغام دنیا میں پہنچاتا رہوں کیا اتنی دوستی اور فطری محبت کا بھی میں مستحق نہیں ہوں۔ (تفسیر عثمانی)

مودۃ فی القربیٰ کا معنی

(تنبیہ) آیت کے یہ معنی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے صحیحین میں منقول ہیں بعض سلف نے ''اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِی الْقُرْبٰى'' کا مطلب یہ لیا ہے کہ تم آپس میں ایک دوسرے سے محبت کرو اور حق وقرابت کو پہچانو اور بعض نے ''قربیٰ'' سے اللہ کا قرب اور نزدیکی مراد لی ہے یعنی ان کاموں کی محبت جو خدا سے قریب کرنے والے ہوں مگر صحیح اور راجح تفسیر وہی ہے جو ہم نے اول نقل کی ہے بعض علماء نے ''مودۃ فی القربیٰ'' سے اہل بیت نبوی کی محبت مراد لے کر یوں معنی کئے ہیں کہ میں تم سے تبلیغ پر کوئی بدلہ نہیں مانگتا بس اتنا چاہتا ہوں کہ میرے اقارب کے ساتھ محبت کرو کوئی شبہ نہیں کہ اہل بیت اور اقارب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اور تعظیم اور حقوق شناسی امت پر لازم وواجب اور جزو ایمان ہے اور ان سے درجہ بدرجہ محبت رکھنا حقیقت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت پر متفرع ہے لیکن آیت ہٰذا کی تفسیر اس طرح کرنا شان نزول اور روایات صحیحہ کے خلاف ہونے کے علاوہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان رفیع کے مناسب نہیں معلوم ہوتا واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

اہل بیت کی فضیلت: ہم اہل بیت کے ساتھ خیر خواہی کرنے کے منکر نہیں۔ ہم مانتے ہیں کہ ان کے ساتھ احسان وسلوک اور ان کا اکرام واحترام ضروری چیز ہے۔ روئے زمین پر ان سے زیادہ پاک اور صاف ستھرا گھرانا اور نہیں۔ حسب ونسب میں اور فخر اور مباہات میں بلاشک یہ سب سے اعلیٰ ہیں۔ بالخصوص ان میں سے وہ جو متبع سنت نبی ہوں جیسے کہ اسلاف کی روش تھی یعنی حضرت عباسؓ اور آل عباسؓ اور حضرت علیؓ اور آل علیؓ کی رضی اللہ عنہم اجمعین۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے خطبے میں فرمایا ہے میں تم میں دو چیزیں چھوڑے جارہا ہوں' کتاب اللہ اور میری عترت اور یہ دونوں جدا نہ ہوں گے جب تک کہ حوض پر میرے پاس نہ آجائیں۔ مسند احمد میں ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے شکایت کی کہ قریش جب آپس میں ملتے ہیں تو بڑی خندہ پیشانی سے ملتے ہیں لیکن ہم سے ہنسی خوشی کے ساتھ نہیں ملتے۔ یہ سن کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم بہت رنجیدہ ہوئے اور فرمانے لگے خدا کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے کسی کے دل میں ایمان داخل نہیں ہو سکتا جب تک وہ خدا تعالیٰ کے لئے اور اس کے رسولؐ کی وجہ سے تم سے محبت نہ رکھے۔ اور روایت میں ہے کہ حضرت عباسؓ نے صحیح بخاری میں ہے کہ حضرت صدیق اکبرؓ نے فرمایا لوگو! حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا

besturdubooks.wordpress.com

لحاظ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت میں رکھو۔ ایک اور صحیح روایت میں ہے کہ آپؓ نے حضرت علیؓ سے فرمایا خدا کی قسم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابت داروں سے سلوک کرنا مجھے اپنے قرابت داروں کے سلوک سے بھی پیارا ہے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا واللہ تمہارا اسلام لانا مجھے اپنے والد خطاب کے اسلام لانے سے بھی زیادہ اچھا لگا۔ اس لئے کہ تمہارا اسلام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کے اسلام سے زیادہ محبوب تھا۔ صحیح مسلم وغیرہ میں حدیث ہے کہ یزید بن حیان اور حصین بن میسرہ اور عمر بن مسلم حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس گئے۔ حضرت حصینؒ نے کہا اے حضرت! آپ کو تو بڑی بڑی خیر و برکت مل گئی۔ آپ نے اللہ تعالیٰ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ آپ نے اللہ تعالیٰ کے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی باتیں اپنے کانوں سے سُنیں' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جہاد کئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نمازیں پڑھیں۔ حق تو یہ ہے کہ بڑی بڑی فضیلتیں آپ نے سمیٹ لیں۔ اچھا اب کوئی حدیث ہمیں بھی تو سُنایئے۔ اس پر حضرت زیدؓ نے فرمایا میرے بھتیجے سنو میری عمر اب بڑی ہوگئی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رحلت کو عرصہ گزر چکا بعض چیزیں ذہن میں محفوظ بھی نہیں رہیں۔ اب تو یہی رکھو جو از خود سُنا دوں اسے مان لیا کرو ورنہ مجھے تکلیف نہ دو کہ تکلف سے بیان کرنا پڑے پھر آپ نے فرمایا (رضی اللہ عنہ) کہ مکے اور مدینے کے درمیان پانی کی جگہ کے پاس جسے خم کہا جاتا تھا' کھڑے ہو کر اللہ تعالیٰ کے رسول نے ہمیں یہ خطبہ سُنایا۔ اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کی وعظ و پند کیا۔ پھر فرمایا لوگو! میں ایک انسان ہوں' کیا عجب کہ ابھی ابھی میرے پاس قاصد خدا تعالیٰ پہنچ جائے اور میں اس کی مان لوں۔ سنو! میں تم میں دو چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں۔ ایک تو کتاب اللہ جس میں نور و ہدایت ہے۔ تم خدا تعالیٰ کی کتاب کو مضبوط تھام لو اور اس پر چنگل مارے رہو۔ پس اس کی بڑی رغبت دلائی اور بہت کچھ تاکیدیں کیں۔ پھر فرمایا میری اہل بیت۔ میں تمہیں اپنی اہل بیت کے بارے میں خدا تعالیٰ کو یاد دلاتا ہوں۔ یہ سُن کر حصینؒ نے حضرت زیدؓ سے پوچھا۔ اے زید! آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت کون ہیں کیا آپؐ کی بیویاں اصل بیت میں داخل نہیں فرمایا بے شک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویاں بھی اپ کے اصل بیت میں ہیں لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت وہ ہیں جن پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد صدقہ حرام ہے' پوچھا وہ کون ہیں؟ فرمایا آل علی' آل عقیل' آل جعفر' آل عباس (رضی اللہ عنہم) پوچھا کیا ان سب پر صدقہ حرام ہے؟ فرمایا ہاں۔ حضرت جابر ابن عبداللہ کی روایت سے ترمذی میں ہے کہ عرفے والے دن رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی اونٹنی پر سوار ہو کر جسے قصواء کہا جاتا تھا' خطبہ دیا۔ جس میں فرمایا' لوگو! میں تم میں ایسی چیز چھوڑے جا رہا ہوں کہ اگر تم اسے لئے رہے تو ہرگز گمراہ نہیں ہوؤ گے۔ کتاب اللہ اور میری عترت اہل بیت۔ ترمذی کی اور روایت میں ہے کہ خدا کی نعمتوں کو مدنظر رکھ کر تم لوگ اللہ تعالیٰ سے محبت رکھو۔ اور اللہ تعالیٰ کی محبت کی وجہ سے مجھ سے محبت رکھو۔ اور میری محبت کی وجہ سے میری اہل بیت سے محبت رکھو۔ یہ حدیث اوراوپر کی حدیث حسن غریب ہے۔

اس مضمون کی اور احادیث ہم نے اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ الخ۔ کی تفسیر میں وارد کر دی ہیں۔ یہاں ان کے دُہرانے کی ضرورت نہیں' فَالْحَمْدُ لِلّٰہِ۔ ایک ضعیف حدیث مسند ابویعلیٰ میں ہے کہ حضرت ابوذرؓ نے بیت اللہ کے دروازے کا کنڈا تھامے ہوئے فرمایا' لوگو! جو مجھے جانتے ہیں وہ تو جانتے ہی ہیں' جو نہیں پہچانتے وہ اب پہچان لیں کہ میرا نام ابوذرؓ ہے۔ سنو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ تم میں میرے اہل بیت کی مثال مثل نوح علیہ السلام کی کشتی کے ہے۔ اس میں جو چلا گیا اس نے نجات پالی اور جو اس میں داخل نہ ہوا ہلاک ہوا۔ (تفسیر ابن کثیر)

قرابت کا تقاضا تو یہ تھا کہ تم میری اطاعت کرتے۔ اگر اطاعت نہیں کی تو ایذا رسانی سے تو باز آ جاؤ۔ آخر میں تمہارا عزیز و قریب ہوں کوئی دشمن تو نہیں۔ اس لئے میری بات سنو۔ اور اس پر توجہ کرو۔

قوت نیکی نہ داری بد مکن | بر وجود خود ستم بیجد مکن

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں اَلَّا الْمَوَدَّۃَ فِی الْقُرْبٰی یہی معنی منقول ہیں۔

سعید بن جُبیر نے فرمایا۔ میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے سُنا وہ فرماتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ نے قریش مکہ کو فرمایا۔

لَا اَسْئَلُکُمْ عَلَیْہِ اَجْرًا اِلَّا اِنْ لَا تُؤْذُوْنِیْ فِیْ نَفْسِیْ الْمَوَدَّۃَ فِی الْقُرْبٰی لِقَرَابَتِیْ مِنْکُمْ وَتَحْفَظُوْا لِلْقَرَابَۃِ الَّتِیْ بَیْنِیْ وَبَیْنَکُمْ۔

یعنی میں تم سے کسی قسم کا کوئی معاوضہ نہیں چاہتا بجز اس کے کہ تم مجھے ایذا نہ پہنچاؤ میری اس قرابت کی وجہ سے جو تم سے ہے اور تم اس قرابت کا لحاظ کرو جو میرے اور تمہارے درمیان ہے۔ (تفسیر ابن کثیر جلد رابع)

امام بیہقی نے دلائل میں شعبی سے روایت کیا ہے کہ (ایک زمانہ تھا کہ) لوگ کثرت سے اس آیت کے بارے میں ہم سے دریافت کرتے اور حجت بازی کرتے۔ ہم نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی خدمت میں لکھ کر بھیجا کہ یہ صورت حال ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس آیت کی مراد بیان فرمائیں تو ابن عباسؓ نے اس کی مراد میں یہ فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نسب قریش کی تمام شاخوں سے ملتا تھا کوئی شاخ ایسی نہ تھی کہ جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نسب نہ ملتا ہو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کی دعوت وتبلیغ پر جو قریش مکہ نے انکار کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو جھٹلایا عداوت اور ستانے پر تل گئے۔ تو اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے لوگو! میں تم

besturdubooks.wordpress.com

سے کچھ نہیں طلب کرتا بجز (مودۃ فی القربیٰ) اس لئے کہ تم میری قرابت کا لحاظ کرو۔ اور مجھے ایذا نہ پہنچاؤ اور قدرت دو کہ میں اپنے رب کا پیغام لوگوں تک پہنچا دوں (تفسیر روح المعانی جلد ۲۵)

فرقہ شیعہ کی غلط تفسیر: فرقہ شیعہ اس آیت کی یہ مشہور و معروف اور جملہ ائمہ مفسرین کی اختیار کردہ تفسیر کو جو الفاظ کی دلالت سے پوری پوری مطابقت رکھتی ہے۔ چھوڑ کر جداگانہ تفسیر کرتے ہیں کہتے ہیں کہ الا المودۃ فی القربیٰ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابت والوں سے محبت کرنا مراد ہے اور آیت کا مطلب یہ ہے کہ خدا تعالیٰ اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیتا ہے کہ تم لوگوں سے یہ کہہ دو کہ تم سے اپنی تعلیم و دعوت اور تبلیغ پر کوئی اجرت و معاوضہ نہیں مانگتا البتہ صرف یہ مانگتا ہوں کہ میرے قرابت والوں سے محبت کرو اور میری قرابت والے صرف چار ہیں۔ فاطمہؓ، علیؓ، حسنؓ، حسینؓ۔

جواب: یہ عجیب فلسفہ ہے کہ قرابت کے تمام رشتوں کو خارج قرار دیدیا جائے حتی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تین دیگر صاحبزادیاں بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حضرت عباس اور ان کی اولاد بھی قرابت داروں کی فہرست سے خارج ہوں بہر کیف شیعہ فرقہ کی تفسیر کی رو سے اجرت رسالت قرابت داروں کی اور ان میں سے بھی صرف چار کی محبت ہے۔ پھر یہ کہ قرابت داروں کی محبت بھی محض محبت کے معنی کے لحاظ سے نہیں بلکہ یہ کہ میرے بعد ان کو اور ان کی اولاد کو خلیفہ اور بادشاہ بناؤ۔ جس کا حاصل دنیا یہ سمجھ سکتی ہے کہ آپ یہ فرمانا چاہتے ہیں۔ میری محنت و جانفشانی سے جو غلبہ اقتدار حاصل ہو یعنی جو حکومت اس طرح مجھ کو مل جائے۔ وہ نسلاً بعد نسل میری اولاد ہی میں رہے باہر جانے نہ پائے۔ اہل حق کے قول اور شیعہ فرقہ کی تفسیر میں فرق ظاہر ہے۔

سورۃ شوریٰ بالاتفاق مکی سورت ہے۔ اور یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا نکاح حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مدینہ منورہ میں ہجرت کے بعد ہوا۔ اور حضرت حسن بن علیؓ غزوہ بدر کے بعد ۳ھ میں پیدا ہوئے۔ اور حضرت حسینؓ ۴ھ میں پیدا ہوئے اور جب یہ سورت مکی ہے تو لامحالہ یہ آیت حسنؓ و حسینؓ کی پیدائش سے کئی سال قبل نازل ہو چکی تھی۔ تو یہ کیونکر ممکن ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس آیت کی تفسیر ایسی قرابت سے فرمائیں جس کا اس وقت کہیں وجود ہی نہیں۔ بالخصوص اس سورت میں کہ القربیٰ معرف باللام ہے اور معرفہ وہاں لایا جاتا ہے جہاں مخاطبین کو معلوم اور ان کے نزدیک معروف ہو اور جو پیدا بھی نہیں وہ مخاطبین کو معروف و معلوم کیسے ہو سکتا ہے۔ زائد سے زائد یہ ممکن ہے کہ آیت سے حضرت فاطمہؓ و حضرت علیؓ کی محبت کا وجوب ثابت کیا جائے۔ تو اس سے اہل سنت کب منکر ہیں۔ اہل سنت کے نزدیک تو اہل بیت کی محبت جزو ایمان ہے۔

ذوی القربیٰ کی محبت اہل سنت کے نزدیک ایمان کی بنیاد ہے

اہل سنت کا مسلک یہ ہے کہ آل بیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت ایمان کی اساس اور روح ہے۔ حضرت علیؓ بن ابی طالب حضرت سیدہؓ حضرت حسین اور جملہ اہل بیت کی محبت فرض و لازم ہے۔ اور اہل بیت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے عم محترم حضرت عباس بن عبدالمطلب اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچازاد بھائی حضرت عبداللہ بن عباس اور دیگر اقارب نبوی جو مشرف با سلام ہوئے سب داخل ہیں۔ ہر شخص کی محبت و عظمت اس کے مرتبے کے بقدر لازم ہے تو سوال طلب امر یہ ہے کہ اگر اس آیت کے باعث شیعوں کے نزدیک محبت کے لئے اطاعت لازم ہے تو بلا تخصیص تمام اقارب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت فرض ہونی چاہئے۔ اور حضرت فاطمہؓ کے علاوہ جو دیگر تین صاحبزادیاں حضرت زینبؓ، حضرت رقیہؓ اور حضرت ام کلثومؓ کی اطاعت فرض ہونی چاہئے۔ اور ان کے اصول سے حضرت فاطمہؓ کو امام بھی ہونا چاہئے۔ اور جب فاطمہؓ کی امامت ضروری ہوئی تو دیگر صاحبزاریوں کی بھی امامت کا درجہ فرض ہونا چاہئے اور ظاہر ہے کہ وہ اس کے قائل نہیں۔ بہر حال یہ آیت اگر اہل بیت کی محبت کو لازم کرتی ہے تو اہل سنت خود اس کے قائل ہیں لہٰذا اہل تشیع کو اہل سنت پر اعتراض کا کوئی حق نہیں اگر پھر بھی اعتراض کریں تو یہ اعتراض کا کوئی حق نہ ہوگا بلکہ بہتان ہوگا اور اگر محبت سے اطاعت کے لزوم کا دعویٰ کرتے ہیں تو ہم ان سے یہ پوچھیں گے کہ پھر جملہ اہل بیت کی اطاعت کی فرضیت کے کیوں قائل نہیں۔ اور اس کا جواب دو کہ بعض اہل بیت کی محبت کو فرض کہتے ہو اور بعض کی محبت سے گریز بلکہ نفرت کرتے ہو۔ اور اس کا جواب دو کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ تو ایک صاحبزادی سے شرف زوجیت کے باعث امام معصوم اور خلیفہ بلافصل ہوئے لیکن حضرت عثمان ذوالنورین دو صاحبزادیوں سے شرف زوجیت رکھتے باوجود نہ امام ہوئے نہ معصوم اور نہ مستحق محبت ہوئے بلکہ ان کا بغض و نفرت و تشیع کی حقیقت اور روح بنا؟ ظاہر ہے کہ اس کا کوئی جواب قیامت تک نہیں دیا جا سکتا۔ اور اس وجہ تفریق پر بجا طور پر یہ مطالبہ کیا جا سکتا ہے۔ فَأْتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صَادِقِيْنَ اہل بیت کے بارے میں وہ تمام احادیث ملاحظہ فرمائی جائیں جو محدثین نے باب فضائل اہل بیت میں بیان فرمائیں۔ (معارف کاندھلوی)

امام حدیث سعید بن منصور اور ابن سعد اور عبد بن حمید اور حاکم اور بیہقی نے امام شعبی سے یہ واقعہ نقل کیا ہے اور حاکم نے اس کی سند کو صحیح کہا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ امام شعبی کہتے ہیں کہ لوگوں نے ہم سے اس آیت کی تفسیر کے متعلق سوالات کئے تو ہم نے حضرت ابن عباسؓ کو خط لکھ کر اسکی صحیح تفسیر

besturdubooks.wordpress.com

دریافت کی آپ نے جواب میں لکھا کہ

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان وسط النسب فی قریش لیس بطن من بطونھم الا وقد ولدوہ فقال اللہ تعالیٰ قل لا اسئلکم اجرا علی ما ادعوکم علیہ الا المودۃ فی القربیٰ تودّونی لقرابتی منکم و تحفظونی بھا۔ (روح) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم قریش کے ایسے نسب سے تعلق رکھتے تھے کہ اس کے ہر ذیلی خاندان سے آپ کا رشتہ ولادت قائم تھا۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا کہ "آپ مشرکین سے یہ کہئے کہ اپنی دعوت پر میں تم سے کوئی معاوضہ بجز اس کے نہیں مانگتا کہ تم مجھ سے قرابت داری کی مروّت و مودت کا معاملہ کر کے بغیر کسی تکلیف کے اپنے درمیان رہنے دو اور میری حفاظت کرو۔

اور ابن جریر وغیرہ نے یہ الفاظ بھی نقل کئے ہیں۔

یا قوم اذا ابیتم ان تتابعونی فاحفظوا قرابتی منکم ولا تکون غیرکم من العرب اولی بحفظی ونصرتی منکم۔ (روح) اے قوم! اگر تم میری اتباع سے انکار کرتے ہو تو تم سے جو میرا قرابت کا رشتہ ہے اس کی پاسداری تو کرو اور ایسا نہ ہو کہ عرب کے دوسرے لوگ (جن کے ساتھ میری قرابت نہیں) میری حفاظت اور نصرت میں تم پر بازی لے جائیں۔

حقیقت مسئلہ کی یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و محبت کا ساری کائنات سے زائد ہونا جزوِ ایمان بلکہ مدارِ ایمان ہے۔ اور اس کے لئے لازم ہے کہ جس کو جس قدر نسبت قریبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے اسکی تعظیم و محبت بھی اسی پیمانے سے واجب و لازم ہونے میں کوئی شبہ نہیں۔ کہ انسان کی صلبی اولاد کو سب سے زیادہ نسبت قربت حاصل ہے اسلئے اُنکی محبت بلا شبہ جزوِ ایمان ہے۔ مگر اس کے یہ معنی نہیں کہ ازواج مطہرات اور دوسرے صحابۂ کرام جن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ متعدد قسم کی نسبتیں قربت اور قرابت کی حاصل ہیں ان کو فراموش کر دیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ حُبّ اہل بیت و آلِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا مسئلہ امت میں کبھی زیر اختلاف نہیں رہا۔ باجماع و اتفاق ان کی محبت و عظمت لازم ہے۔ اختلافات وہاں پیدا ہوتے ہیں۔ جہاں دوسروں کی عظمتوں پر حملہ کیا جاتا ہے۔ ورنہ آلِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہونے کی حیثیت سے عام سادات خواہ ان کا سلسلہ نسبت کتنا ہی بعید بھی ہو ان کی محبت و عظمت عین سعادت و اجر اور جن کو اللہ تعالیٰ نبوت و رسالت عطا فرماتے ہیں۔ ان کو معجزات بھی عطا فرماتے ہیں۔ اور ان کے معجزات کا صدور روشن کرتے ہیں۔ اس طرح تکوینی اور تقدیری طور پر ان کی نبوت کو ثابت کر دیتے ہیں۔

دوسرے اپنے کلام کی آیات میں اُن کی تصدیق نازل فرماتے ہیں۔

جب یہ ضابطہ معلوم ہو گیا تو اب یہ سمجھو کہ قرآن کریم ایک معجزہ ہے کہ تمام دنیا کے جن و بشر اس کی ایک آیت کی مثال بنانے سے عاجز ہیں جن کا عجز زمانہ نبوت میں ثابت ہو چکا اور آج تک ثابت ہے۔ ایسا کھلا ہوا معجزہ کسی جھوٹے مدعی نبوت سے حسب ضابطہ مذکورہ صادر نہیں ہو سکتا۔ اس لئے آپ کا دعویٰ وحی رسالت صحیح اور حق ہے اس کو غلط اور افتراء کہنے والے گمراہ مفتری ہیں۔

دوسری آیت میں منکرین و معاندین کو نصیحت کی گئی ہے کہ اب بھی کفر و انکار سے باز آ جائیں اور توبہ کر لیں۔ اللہ تعالیٰ بڑا رحیم و کریم ہے۔ توبہ کرنے والوں کی توبہ قبول فرما لیتا ہے اور ان کی خطاؤں کو بخش دیتا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

شیعوں کا غلط استدلال: ابن ابی حاتم طبرانی اور ابن مردویہ نے حضرت ابن عباسؓ کا بیان نقل کیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے قرابت داروں سے کون لوگ مراد ہیں۔ فرمایا علیؓ اور فاطمہؓ اور ان کے دونوں بیٹے۔

فرقۂ شیعہ نے اس حدیث کی روشنی میں اس آیت سے استدلال کیا ہے کہ تینوں سابق خلفاء کی خلافت صحیح نہ تھی۔ خلیفہ صرف حضرت علیؓ تھے کیونکہ اللہ نے اس آیت میں اور اللہ کے رسول نے اس مذکورہ تشریح میں حضرت علی کی محبت فرض قرار دی ہے اور علیؓ کے سوا دوسروں کی محبت واجب نہیں ہے اور محبت کا لازمی تقاضا ہے کہ محبوب کی طاعت واجب ہو۔ اس لئے حضرت علیؓ کے سوا کسی کی خلافت صحیح نہیں ہوئی۔

ان کے استدلال کے جوابات:

فرقۂ شیعہ کا یہ استدلال بوجہ ذیل غلط ہے۔

(۱) حدیث مذکورہ کی سند میں ایک راوی حسین اشعری ہے جو سخت شیعی ہے۔ اس لئے یہ حدیث ہی صحیح نہیں ہے پھر آیت مکی ہے اور مکہ میں حضرت سیدہ کا کوئی لڑکا ہوا ہی نہ تھا۔

(۲) یہ تسلیم ہے کہ حضرت علیؓ حضرت فاطمہؓ اور دونوں صاحبزادوں کی محبت واجب ہے لیکن اس سے یہ تو لازم نہیں آتا کہ دوسروں کی محبت واجب نہ ہو۔ دیکھو ابن عدی نے حضرت انسؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابوبکرؓ و عمرؓ سے محبت رکھنی ایمان ہے اور ان دونوں سے بغض رکھنا کفر ہے۔ یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا کہ ابوبکرؓ و عمرؓ کی محبت ایمانی کی علامت ہے اور ان سے بغض کفر ہے۔ اور انصار کی محبت ایمان کی علامت ہے اور ان سے بغض کفر ہے۔ اور عرب کی محبت ایمان کی علامت ہے اور ان سے دشمنی کفر ہے اور جس نے میرے صحابہ کو گالی دی اس پر اللہ کی لعنت۔ اور جو ان کے معاملہ میں میرا لحاظ رکھے گا میں قیامت

besturdubooks.wordpress.com

کے دن اس کا لحاظ رکھوں گا۔ رواہ ابن عساکر عن جابرؓ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا انصار سے محبت ایمان کی نشانی اور انصار سے عداوت نفاق کی علامت ہے۔ رواہ النسائی عن انس۔ یہ بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قریش سے محبت کرنی ایمان ہے اور ان سے دشمنی کرنا کفر ہے۔ عرب کی محبت ایمان ہے اور ان کی عداوت کفر ہے، جس نے عرب سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی اور جس نے عرب سے عداوت کی اس نے مجھ سے عداوت کی۔ رواہ الطبرانی فی الاوسط عن انس۔

پھر فرقہ شیعہ کا یہ قول کہ جس کی محبت واجب ہے وہی امام (خلیفہ) ہو گا۔ اور اس کی طاعت واجب ہو گی غلط ہے۔ بعض علماء کے نزدیک القربیٰ سے مراد ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ قرابتدار جن کے لئے زکوٰۃ لینی ناجائز تھی یعنی بنی ہاشم اور بنی مطلب۔ بنی مطلب بنی ہاشم سے جاہلیت کے دور میں بھی الگ نہ تھے اور اسلام کے بعد بھی علیحدہ نہیں ہوئے۔

بعض نے کہا حضرت علیؓ، حضرت عقیلؓ، حضرت جعفرؓ، حضرت عباسؓ کی نسل مراد ہے۔ انہیں کے بارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا میں تمہارے اندر دو بھاری چیزیں چھوڑ کر جاؤں گا۔ اول اللہ کی کتاب جس کے اندر ہدایت اور نور ہے اس کو لو اور مضبوطی سے پکڑے رہو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان الفاظ سے مسلمانوں کو کتاب اللہ کے موافق عمل کرنے پر برانگیختہ کیا اور ترغیب دی پھر فرمایا (دوئم) میرے اہل بیت ہیں اپنے اہل بیت کے معاملہ میں تم کو خدا کی یاد دلاتا ہوں میں اپنے اہل بیت کے معاملہ میں تم کو خدا کی یاد دہانی کراتا ہوں۔

بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت زید بن ارقمؓ سے دریافت کیا گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت کون تھے فرمایا علیؓ، اور عقیلؓ، اور عباسؓ کی اولاد۔

حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ کی تحقیق

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو اپنی اور اپنے اقرباء کی مودت طلب کی اور اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مودت طلب کرنے کا حکم دیا وہ صرف مودت کرنے والوں کے لئے فائدہ رساں ہے (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے کوئی فائدہ نہیں پہنچتا) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت رکھنے کا محبت کرنے والے کو فائدہ پہنچتا ہے وہ اللہ کا محبوب مقرب اور دوست ہو جاتا ہے اور اس محبت سے اس کو کمال ایمان کا درجہ حاصل ہو جاتا ہے۔ اسی لئے میرے نزدیک آیت مذکورہ میں مودت فی القربیٰ کی یہی تفسیر زیادہ صحیح ہے کہ میں تم سے بس یہ چاہتا ہوں کہ میرے اقرباء میرے اہل بیت اور میری اولاد سے محبت کرو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو آخری نبی تھے آپ کے بعد اور کوئی نبی ہونے والا نہ تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد فرض تبلیغ کو ادا کرنے والے علماء امت ہی ہیں۔ علماء ظاہر ہوں یا علماء باطن (یعنی فقہاء اور محدثین ہوں یا آئمہ تصوف) اللہ نے اپنے نبی کو اسی لئے حکم دیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم امت کو اپنے اہل بیت سے محبت رکھنے کی تبلیغ کریں کیونکہ علماء المسلمین حضرت علیؓ اور آئمہ اہل بیت جو آپ کی نسل میں سے ہوئے کمالات ولایت کے قطب تھے۔ اسی وجہ سے رسول اللہ نے ارشاد فرمایا تھا میں علم کا شہر ہوں ابوبکرؓ اسکی بنیاد اور عمرؓ انکی دیواریں اور عثمانؓ اسکی چھت اور علی اس شہر (میں داخل ہونے) کا دروازہ ہیں۔ رواہ البزار والطبرانی عن جابر۔ اس روایت کی تائیدی شواہد وہ حدیثیں بھی ہیں جن کے راوی حضرت ابن عمرؓ حضرت ابن عباسؓ اور حضرت علیؓ ہیں۔ حاکم نے بھی اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔ یہی باعث ہے کہ اکثر مشائخ کے سلسلے آئمہ اہل بیت تک پہنچ کر ختم ہو جاتے ہیں۔ سادات عظام میں بہت کثرت سے اولیاء ہوئے ہیں جیسے غوث الثقلین محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانی حسنی حسینی۔ اور شیخ بہاء الدین نقشبند اور سید مودود چشتی اور سید معین الدین چشتی اور سید ابوالحسن شاذلی وغیرہ۔ یہی مراد ہے حدیث مبارک انی تارک فیکم الثقلین کتاب اللہ وعترتی کی۔ اکثر علماء تفسیر نے لکھا ہے کہ اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبىٰ میں استثناء منقطع ہے (اور الّا کا معنی ہے لکنّ) اور اجر اپنے حقیقی معنی پر ہے۔ مطلب یہ ہے کہ میں تم سے کسی معاوضہ کا بالکل طلبگار نہیں لیکن میری قرابت جو تم سے ہے اس کی یاد دہانی کرتا ہوں اور مودتِ قرابت چاہتا ہوں۔ حضرت زید بن ارقم کی روایت کردہ حدیث اذکرکم اللہ فی اھل بیتی میں اسی مطلب کا اظہار کیا گیا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو اپنی اور اپنے اہل بیت کی محبت رکھنے کا حکم امت کو دیا تا کہ امت کو فائدہ پہنچے اس کی تائید آئندہ آیت سے ہو رہی ہے فرمایا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَمَنْ يَّقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِيْهَا

اور جو کوئی کمائے گا نیکی ہم اُس کو بڑھا دیں گے اُس کی

حُسْنًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ۝۲۳

خوبی بیشک اللہ معاف کرنیوالا حق ماننے والا ہے ☆

نیکی میں برکت ☆ یعنی انسان بھلائی اور نیکی کا راستہ اختیار کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی بھلائی کو بڑھاتا ہے آخرت میں تو اجر و ثواب کے اعتبار سے اور دنیا میں نیک خوئی عطا فرما کر اور ایسے آدمی کی لغزشوں کو بھی معاف فرماتا ہے شاید یہاں اس مضمون کا ذکر اسلئے فرمایا کہ کم از کم قرابت کی محبت مطلوب ہے جسکا حاصل ایذا و ظلم سے روکنا تھا لیکن جو اس سے زائد نیکی دکھلائے وہ خوب سمجھ لے کہ خدا کے ہاں کسی کی نیکی ضائع نہیں جاتی بلکہ بڑھتی رہتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

ہر تکلیف پر نیکی ملتی ہے: صحیح حدیث میں ہے کہ مؤمن کو جو تکلیف

سخت غم اور پریشانی ہوتی ہے اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس کی خطائیں معاف فرماتا ہے یہاں تک کہ ایک کانٹا لگنے کے عوض بھی جب آیت فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا الخ اُتری اس وقت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کھانا کھا رہے تھے آپ نے اسے سُن کر کھانے سے ہاتھ ہٹا لیا اور کہا یا رسول اللہ! کیا ہر ہر بُرائی بھلائی کا بدلہ دیا جائے گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سنو! طبیعت کے خلاف جو چیزیں ہوتی ہیں یہ سب بُرائیوں کے بدلے ہیں اور ساری نیکیاں خدا تعالیٰ کے پاس جمع شدہ ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

ماقبل سے ربط: حسنۃ سے مراد ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل اور نائبوں کی محبت ورنہ سابق عبارت اور اس جملہ میں کوئی ربط نہ ہوگا البتہ لفظ حسنہ عام ہے ہر نیکی کو شامل ہے۔

صوفیاء کے ہاں نیکی کے بڑھنے کی صورت

اللہ حَسَنَۃ میں اور خوبی بڑھا دیتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ آل رسول یعنی مشائخ طریقت کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت بڑھ جاتی ہے اور محبت رسول کی ترقی سے محبت خدا میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے اس لئے مشائخ صوفیہ کہتے ہیں کہ صوفی کو پہلے فنا فی الشیخ کا درجہ حاصل ہوتا ہے پھر فنا فی الرسول کا اور آخر میں فنا فی اللہ کا۔ فنا سے مراد ہے ایسی شدت محبت کہ محبوب کی یاد کے وقت نہ اپنا پتہ رہے نہ کسی دوسرے کا سوا محبوب کے ہر نشان مٹ جائے۔

آیت کا مصداق: بعض علماء کا قول ہے کہ اس آیت کا نزول حضرت ابوبکر صدیقؓ کے حق میں ہوا۔ بخاری نے صحیح میں لکھا ہے کہ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا کہ اہل بیت رسول کے معاملہ میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا لحاظ کرو۔ (تفسیر مظہری)

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۚ
کیا وہ کہتے ہیں کہ اس نے باندھا اللہ پر جھوٹ
فَاِنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يَخْتِمْ عَلٰى قَلْبِكَ ؕ
سو اگر اللہ چاہے مُہر کر دے تیرے دل پر
وَيَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ
اور مٹاتا ہے اللہ جھوٹ کو اور ثابت کرتا ہے سچ کو
بِكَلِمٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۲۴﴾
اپنی باتوں سے اُس کو معلوم ہے جو دلوں میں ہے ☆

تصدیق رسالت ☆ یعنی بفرض محال اگر کوئی بات بھی خدا کی نسبت جھوٹ بنا کر کہہ دے تو اللہ کو قدرت ہے کہ تیرے دل پر مہر کر دے پھر قرآن جیسا کلام معجزہ لے کر تیرے قلب پر نہ اتر سکے اور سلسلہ وحی کا بند ہو جائے بلکہ پہلا دیا ہوا بھی سلب کر لیا جائے کما قال "وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَيْنَا وَكِيْلًا اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا" (بنی اسرائیل رکوع ۱۰) مگر چونکہ واقع میں قطعاً کذب وافتراء کا شائبہ نہیں اس لئے محض بدبختوں کی قدر ناشناسی اور طعن اور تشنیع کی بناء پر یہ فیض منقطع نہیں کیا جا سکتا بے شک اللہ اس کو جاری رکھے گا اور اپنی باتوں سے عملی طور پر جھوٹ کو جھوٹ اور سچ کو سچ ثابت کر کے رہے گا اس وقت سب کو صاف کھل جائے گا کہ فریقین میں جھوٹا اور مفتری کون ہے اور کس کے دل پر اللہ نے فی الواقع مہر لگا دی ہے کہ خیر کے اترنے اور حق کے قبول کرنے کی اس میں مطلقاً گنجائش نہیں رہی رہا یہ سوال کہ اللہ کی وہ باتیں کیا ہیں جن سے جھوٹ ملیا میٹ ہو اور حق ثابت ہو جائے تو میرے نزدیک وہ ہی دلائل و براہین ہیں جو قرآن اور پیغمبر کی صداقت پر اس نے قائم کی ہیں بالخصوص وہ آیات "انفسیہ و آفاقیہ" جن کا ذکر سورہ "حم السجدہ" کے آخر پر "سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِي الْاٰفَاقِ وَفِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ" کے حاشیہ میں کیا گیا ہے۔ ان آیات کے ظاہر ہونے پر سب کھرے اور کھوٹے دلوں کا حال علانیہ واضح ہو جائے گا (تنبیہ) آیت ہذا کی تفسیر میں بہت اقوال ہیں بندہ کے نزدیک بے تکلف یہ ہی مطلب ہے جو اوپر عرض کیا اس تفسیر پر "وَيَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ" جملہ مستانفہ ہوا جیسا کہ ترجمہ سے ظاہر ہے اور اکثر محققین نے اسی کو اختیار کیا ہے البتہ مضارع کے معنی مترجم رحمہ اللہ نے حال کے لئے ہیں جو بالکل صحیح ہیں مگر بندہ کے خیال میں یہاں استقبال لینا زیادہ چسپاں ہے واللہ اعلم۔ حضرت شاہ صاحبؒ قدس سرہ "وَيَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ" کا عطف "يَخْتِمْ عَلٰى قَلْبِكَ" پر کر رہے ہیں چنانچہ فرماتے ہیں کہ "یعنی اللہ اپنے اوپر کیوں جھوٹ بولنے دے دل کو بند کر دے کہ مضمون ہی نہ آئے جس کو باندھ سکے اور چاہے تو کفر کو مٹا دے بے پیغام بھیجے مگر وہ اپنی باتوں سے دین کو ثابت کرتا ہے اس واسطے نبی پر اپنا کلام بھیجتا ہے"۔ (تفسیر عثمانی)

باطل کو مٹانے اور حق کو ثابت کرنے کا مطلب

مطلب یہ ہے کہ اگر رسول افترا پرداز ہوتے تو ان کے افترا کو اللہ مٹا دیتا' کیونکہ اللہ کا دستور ہی یہی ہے کہ وہ باطل کو مٹا دیتا ہے اور حق کو وحی کے یا فیصلے کے ذریعہ سے ثابت کرتا ہے۔ یا یہ مطلب ہے کہ اس نے وعدہ کر رکھا ہے کہ باطل کو مٹائے گا اور حق کو قرآن یا فیصلے کے ذریعہ سے ثابت کرے گا۔ اس کے فیصلہ کو کوئی رد نہیں کر سکتا۔ اللہ نے اپنا وعدہ پورا کیا۔ باطل کو مٹا دیا اور کافروں کے مقابلہ میں اپنے احکام بھیج کر اسلام کا بول بالا کر دیا۔

شیطانی خیال کا ازالہ: بغوی نے اور طبرانی نے کمزور سند سے بیان کیا

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا جب آیت قُلْ لَّآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى نازل ہوئی تو کچھ لوگوں کے دلوں میں ایک شیطانی خیال پیدا ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بعد اپنے اقرباء کے اتباع پر ہم کو اس طرح سے آمادہ کرنا چاہتے ہیں۔ اس وقت جبرئیلؑ آئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا کچھ لوگوں کے دلوں میں آپ کے متعلق اس طرح کے جھوٹے خیال پیدا ہوئے ہیں اور اللہ نے آیت اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ نازل فرمائی جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت لوگوں کو سنائی تو غلط خیال رکھنے والوں نے توبہ کی اور کہا یا رسول اللہ ہم شہادت دیتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ اور سچے ہیں اس پر آیت ذیل نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

وَهُوَ الَّذِيْ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ
اور وہی ہے جو قبول کرتا ہے توبہ اپنے

عِبَادِهٖ وَيَعْفُوْا عَنِ السَّيِّاٰتِ
بندوں کی اور معاف کرتا ہے بُرائیاں

وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿٢٥﴾ وَيَسْتَجِيْبُ
اور جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو اور دعا سنتا ہے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
ایمان والوں کی جو بھلے کام کرتے ہیں

وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۭ وَالْكٰفِرُوْنَ
اور زیادہ دیتا ہے اُنکو اپنے فضل سے اور جو منکر ہیں

لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ﴿٢٦﴾
اُن کے لئے سخت عذاب ہے ☆

اللہ کا معاملہ ☆یعنی نبی خدا کا پیغام پہنچاتا ہے تم جھوٹ سمجھو یا سچ اس کے بعد بندوں کا سارا معاملہ خدا سے ہے ہر ایک بندہ سے دنیا اور آخرت میں اسکے حال و استعداد کے موافق معاملہ ہوتا ہے توبہ کرنے والوں کی توبہ قبول فرماتا ہے اور باوجود سب کچھ جاننے کے کتنی برائیوں سے درگزر کرتا ہے جو ایماندار اور نیک بندے اس کی بات سنتے ہیں وہ ان کی دعائیں سنتا اور ان کی طاعات کو شرف قبول بخشتا ہے اور جس قدر اجر و ثواب کے وہ عام ضابطہ سے مستحق ہوں اپنے فضل سے اس سے کہیں زائد مرحمت فرماتا ہے رہ گئے منکر اور پکے کافر جن کو مرتے دم تک رجوع و توبہ کی توفیق نہیں ہوئی ان کا انجام اگلے جملہ میں مذکور ہے۔ (تفسیر عثمانی)

توبہ کی حقیقت: توبہ کے لفظی معنی لوٹنے اور رجوع کرنے کے ہیں اور شرعی اصطلاح میں کسی گناہ سے باز آنے کو توبہ کہتے ہیں۔ اور اس کے صحیح و معتبر ہونے کے لئے تین شرائط ہیں۔

ایک یہ کہ جس گناہ میں فی الحال مبتلا ہے اس کو فوراً ترک کر دے دوسرے یہ کہ ماضی میں جو گناہ ہوا اُس پر نادم ہو اور تیسرے یہ کہ آئندہ اُسے ترک کرنے کا پختہ عزم کرلے اور کوئی شرعی فریضہ چھوڑا ہوا ہے تو اسے ادا یا قضا کرنے میں لگ جائے اور اگر گناہ حقوق العباد سے متعلق ہے تو اس میں ایک شرط یہ بھی ہے کہ اگر کسی کا مال اپنے اوپر واجب ہے اور وہ شخص زندہ ہے تو یا اسے وہ مال لوٹائے یا اس سے معاف کرائے اور اگر وہ زندہ نہیں اور اس کے ورثاء موجود ہیں تو ان کو لوٹائے اگر ورثاء بھی نہیں ہیں تو بیت المال میں داخل کرائے بیت المال بھی نہیں ہے یا اس کا انتظام صحیح نہیں ہے تو اس کی طرف سے صدقہ کر دے اور اگر کوئی غیر مالی حق کسی کا اپنے ذمہ واجب ہے مثلاً کسی کو ناحق ستایا ہے بُرا بھلا کہا ہے یا اس کی غیبت کی ہے تو اسے جس طرح ممکن ہو راضی کر کے اس سے معافی حاصل کرے۔

اور یہ توبہ ہر قسم کی توبہ کے لئے ضروری ہے کہ گناہ کا ترک کرنا اللہ کیلئے ہو اپنے کسی جسمانی ضعف یا مجبوری کی بنا پر نہ ہو۔ اور شریعت میں اصل مطلوب تو یہ ہے کہ توبہ سارے ہی گناہوں سے کی جائے لیکن اگر صرف کسی خاص گناہ سے توبہ کی گئی تو اہل سنت کے مسلک کے مطابق اس گناہ کی حد تک تو معافی ہو جائیگی۔ دوسرے گناہوں کا وبال سر پر رہے گا۔ (معارف مفتی اعظم)

توبہ کے چھ معانی: بیضاوی نے لکھا ہے کہ حضرت علیؓ نے فرمایا گذشتہ گناہوں سے توبہ کرنے کے چھ معانی ہیں۔ (١) فرائض کے ضائع کر دینے پر پشیمانی (٢) فرائض کو دوبارہ ادا کرنا (٣) حقوق لوٹا کر دے دینا (٤) جس طرح نفس کو گناہوں میں گھلایا ہو اسی طرح نفس کو طاعت میں پگھلانا (٥) جیسے پہلے نفس کو گناہوں کی لذت چکھائی ہو اسی طرح نفس کو طاعت کی تلخی چکھانا (٦) جیسے پہلے ہنستا رہا تھا اسی طرح اب رونا۔

بغوی نے شرح السنۃ میں حضرت ابن مسعودؓ کا قول نقل کیا ہے۔ ندامت توبہ ہے اور گناہ سے توبہ کرنے والا بے گناہ کی طرح ہو جاتا ہے۔

اللہ اپنے بندہ کی توبہ سے کتنا خوش ہوتا ہے

حارث بن سویدؒ کا بیان ہے میں حضرت عبداللہؓ کی عیادت کرنے گیا۔ حضرت عبداللہ نے فرمایا اگر کوئی شخص ہلاکت آفرین صحرا میں ہو اور اس کی اونٹنی بھی اس کے ساتھ ہو جس پھر یہ شخص اک جگہ اتر کر سو جائے اور اونٹنی

besturdubooks.wordpress.com

کسی طرف کو چلی جائے جب یہ شخص بیدار ہو تو اونٹنی موجود نہ ہو۔ یہ شخص اونٹنی کی تلاش میں (دور دور) گھومتا پھرے۔ یہاں تک کہ سخت پیاس لگنے لگے (مگر پانی نہ ملے) آخر وہ فیصلہ کرلے کہ اب مجھے اسی مقام پر جا کر مرجانا ہے جہاں اونٹنی تھی۔ یہ سوچ کر وہ واپس آ جائے اور (مرنے کے لئے) آنکھیں بند کرلے کچھ دیر کے بعد جو آنکھیں کھلیں تو اس کو اپنے پاس ہی اونٹنی کھانے پانی سے لدی ہوئی مل جائے ایسے آدمی کو جتنی خوشی ہوتی ہے اللہ کو اپنے بندہ کی توبہ سے اس سے زیادہ خوشی ہوتی ہے۔ رواہ البغوی

اللہ تعالیٰ توبہ قبول فرماتے ہیں:

مسلم نے حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بندہ جب (گناہ کا) اقرار کرتا ہے پھر توبہ کرلیتا ہے تو اللہ اس کی توبہ قبول فرمالیتا ہے۔

یہ بھی مسلم نے حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مغرب کیجانب سے سورج برآمد ہونے سے پہلے جو توبہ کرے گا اللہ اس کی توبہ قبول فرمالے گا۔

توبہ کرنے والا: ابن ماجہ اور بیہقی نے حضرت ابن مسعودؓ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک آدمی تھا جس نے کبھی کوئی اچھا کام نہیں کیا تھا جب وہ مرنے لگا تو اس نے گھر والوں کو وصیت کر دی کہ جب میں مرجاؤں تو مجھے جلا (کر خاکستر کر) دینا پھر آدھی خاک خشکی میں اور آدھی دریا میں اڑا دینا کیونکہ خدا کی قسم اگر اللہ نے (مجھ پر) قابو پالیا تو وہ عذاب دے گا کہ کسی آدمی کو ایسا عذاب نہیں دے گا۔ غرض جب وہ مرگیا تو گھر والوں نے وہی کیا جیسا اس نے کہا تھا۔ اس کے بعد اللہ نے سمندر کو حکم دیا سمندر نے وہ خاک جمع کر دی جو اس کے اندر تھی اور خشکی نے بھی حسب الحکم جو راکھ اس میں تھی وہ سمیٹ کر یکجا کر دی پھر اللہ نے اس سے فرمایا تو نے ایسا کیوں کیا تھا اس شخص نے عرض کیا اے میرے رب تیرے خوف سے ایسا کیا تھا تو خوب واقف ہے اللہ نے اسے بخش دیا۔

ڈرنے والے کے لئے دو جنتیں ہیں

حضرت ابو درداءؓ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تشریف فرما تھے اور میں نے خود سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے **ولمن خاف مقام ربہ جنتان** (جو شخص اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرتا ہے اس کے لئے دو جنتیں ہوں گی) میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خواہ اس نے زنا کیا ہو خواہ اس نے چوری کی ہو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسری بار بھی یہی فرمایا **ولمن خاف مقام ربہ جنتان** میں نے دوبارہ یہی عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خواہ اس نے زنا کیا ہو خواہ اس نے چوری کی ہو۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر تیسری بار بھی **ولمن خاف مقام ربہ جنتان** فرمایا۔ میں نے بھی تیسری بار یہی کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خواہ اس نے زنا کیا ہو خواہ اس نے چوری کی ہو فرمایا ابو درداءؓ ناک مٹی میں رگڑے (تب بھی اللہ کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرنے والے کے لئے دو جنتیں ہوں گی) رواہ احمد۔

ویعلم ما تفعلون۔ اس میں خطاب مشرکوں کو ہے۔

اعلیٰ ترین دعا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث مبارک ہے اعلیٰ ترین دعا اَلْحَمْدُ لِلّٰہ ہے۔ اخرجہ الترمذی والنسائی وابن ماجۃ۔ وابن حبان من حدیث جابر۔

دعا قبول نہ ہونے کی وجہ: روایت میں آیا ہے کہ ابراہیم بن ادہم سے کسی نے پوچھا کیا وجہ کہ ہم خدا سے دعا کرتے ہیں مگر ہماری دعا قبول نہیں ہوتی۔ ابراہیم نے جواب دیا' اس لئے قبول نہیں ہوتی کہ اللہ نے تم کو (طاعت کی) دعوت دی اور تم نے اس کی دعوت قبول نہیں کی۔

وَیَزِیْدُھُمْ۔ یعنی ان کی دعا یا استحقاق سے زائد دیتا ہے۔ ابو صالح کی روایت میں حضرت ابن عباس کا قول آیا ہے۔ یعنی ان کے بھائیوں (دوستوں) کے لئے ان کی سفارش قبول فرمائے گا اور زیادہ دینے کا مطلب ہے کہ ان کے بھائیوں کے دوستوں کے حق میں بھی ان کی شفاعت قبول کرے گا۔

لَھُمْ عَذَابٌ شَدِیْدٌ۔ یعنی مومنوں کو جتنا ثواب ملے گا کافروں کو اس کے مقابلہ میں اتنا ہی سخت عذاب ہوگا۔ (تفسیر مظہری)

وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا
اور اگر پھیلا دے اللہ روزی اپنے بندوں کو تو دھوم
فِی الْاَرْضِ وَلٰكِنْ یُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ
اُٹھا دیں ملک میں ولیکن اُتارتا ہے ماپ کر جتنی
مَّا یَشَآءُ ۭ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِیْرٌۢ بَصِیْرٌ ﴿۲۷﴾
چاہتا ہے بیشک وہ اپنے بندوں کی خبر رکھتا ہے دیکھتا ہے ☆

حکمت کا تقاضا ☆ خدا کے خزانوں میں کسی چیز کی کمی نہیں اگر چاہے تو اپنے تمام بندوں کو غنی اور تونگر بنا دے لیکن اس کی حکمت مقتضی نہیں کہ سب کو بے اندازہ روزی دے کر خوش عیش رکھا جائے ایسا کیا جاتا تو عموماً لوگ طغیان وتمرد اختیار کرکے دنیا میں اودھم مچا دیتے نہ خدا کے سامنے جھکتے نہ اس کی مخلوق کو خاطر میں لاتے جو سامان دیا جاتا کوئی اس پر قناعت نہ کرتا حرص اور زیادہ بڑھ جاتی

besturdubooks.wordpress.com

جیسا کہ ہم بحالت موجودہ بھی عموماً مرفہ الحال لوگوں میں مشاہدہ کرتے ہیں جتنا آ جائے اس سے زیادہ کے طالب رہتے ہیں کوشش اور تمنا یہ ہوتی ہے کہ سب کے گھر خالی کر کے اپنا گھر بھر لیں ظاہر ہے کہ ان جذبات کے ماتحت عام غنا اور خوشحالی کی صورت میں کیسا عام اور زبردست تصادم ہوتا اور کسی کو کسی سے دبنے کی کوئی وجہ نہ رہتی ہاں دنیا کے عام مذاق ورجحان کے خلاف فرض کیجئے کسی وقت غیر معمولی طور پر کسی مصلح اعظم اور مامور من اللہ کی نگرانی میں عام خوشحالی اور فارغ البالی کے باوجود باہمی آویزش اور طغیان و سرکشی کی نوبت نہ آئے اور زمانہ کے انقلاب عظیم سے دنیا کے طبائع ہی میں انقلاب پیدا کر دیا جائے وہ اس عادی اور اکثری قاعدہ سے مستثنیٰ ہو گا بہر حال دنیا کو بحالت موجودہ جس نظام پر چلانا ہے اس کا مقتضیٰ یہی ہے کہ غناء عام نہ کیا جائے بلکہ ہر ایک کو اس کی استعداد اور احوال کی رعایت سے جتنا مناسب ہو جانچ تول کر دیا جائے اور یہ خدا ہی کو خبر ہے کہ کس کے حق میں کیا صورت اصلح ہے کیونکہ سب کے اگلے اور پچھلے حالات اسی کے سامنے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

آیت کا شان نزول: امام بغویؒ نے حضرت خباب بن ارتؓ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ ہم نے بنوقریظہ، بنونضیر اور بنوقینقاع کے مال و دولت کو دیکھا تو ہمارے دلوں میں بھی مالداری کی تمنا پیدا ہوئی، اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور حضرت عمرو بن حریثؓ فرماتے ہیں کہ اصحاب صفہ میں سے بعض حضرات نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس خواہش کا اظہار کیا تھا کہ اللہ تعالیٰ ہمیں مالدار بنا دے اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ (روح المعانی وغیرہ)۔

حکیمانہ نظام: مقصد یہ ہے کہ گو نظام عالم کی مصلحت سے اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کو مال و دولت میں وسعت عطا نہیں کی، بلکہ ایک حکیمانہ انداز سے رزق کی تقسیم فرمائی ہے، لیکن کائنات کی جو نعمتیں عمومی فائدے کی ہیں، اُن سے ہر شخص کو بہرہ اندوز کیا ہے، بارش، بادل، زمین، آسمان اور ان کی مخلوقات سب انسانوں کے فائدے کے لئے پیدا کی گئی ہیں اور یہ سب چیزیں اللہ کی وحدانیت پر دلالت کرتی ہیں۔

تکلیفیں گناہوں کی وجہ سے آتی ہیں

اس کے بعد کسی شخص کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ اس کے اپنے اعمال کی وجہ سے پہنچتی ہے۔ لہٰذا اُسے اس پر اللہ تعالیٰ کا شکوہ کرنے کے بجائے اپنے گریبان میں منہ ڈالنا چاہئے۔ وَمَآ اَصَابَکُمْ مِّنْ مُّصِیْبَةٍ فَبِمَا کَسَبَتْ اَیْدِیْکُمْ وَیَعْفُوْا عَنْ کَثِیْرٍ ۔ کا یہی مطلب ہے۔ حضرت حسنؓ سے روایت ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے۔ جس شخص کو کسی لکڑی سے کوئی خراش لگتی ہے، یا کوئی رگ دھڑکتی ہے یا قدم کو لغزش ہوتی ہے۔ یہ سب اس کے گناہوں کے سبب سے ہوتا ہے اور ہر گناہ کی سزا اللہ تعالیٰ نہیں دیتے بلکہ جو گناہ اللہ تعالیٰ معاف کر دیتے ہیں وہ ان سے بہت زیادہ ہیں، جن پر کوئی سزا دی جاتی ہے۔

عارفانہ نکتہ: حضرت اشرف المشائخ نے فرمایا کہ جس طرح جسمانی اذیتیں اور تکلیفیں گناہوں کے سبب آتی ہیں اسی طرح باطنی امراض بھی کسی گناہ کا نتیجہ ہوتے ہیں، آدمی سے کوئی ایک گناہ سرزد ہو گیا تو وہ سبب بن جاتا ہے دوسرے گناہوں میں مبتلا ہونے کا، جیسا کہ حافظ ابن قیم نے الدواء الشافی میں لکھا ہے کہ گناہ کی ایک نقد سزا یہ ہوتی ہے کہ اس کے ساتھ دوسرے گناہوں میں مبتلا ہو جاتا ہے، اسی طرح نیکی کی ایک نقد جزاء یہ ہے کہ ایک نیکی دوسری نیکی کو کھینچ لاتی ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

ایک حدیث میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنھا سے مروی ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب کسی بندے کے گناہ زائد ہو جائیں اور اس کے پاس کوئی چیز ان گناہوں کے کفارہ کے واسطے نہ ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو کسی غم اور فکر میں مبتلا کر دیتا ہے تا کہ اس کے گناہوں کا کفارہ ہو جائے۔ بحوالہ تفسیر ابن کثیر ج ۴۔

تقسیم رزق میں حکمت الٰہی معیار ہے

حق تعالیٰ نے اپنے بندوں کے واسطے تقسیم الرزق میں معیار اپنی حکمت و مشیت کو بیان فرمایا۔ کہ وہ اپنی حکمت سے جس کو جتنا چاہتا ہے رزق عطا فرماتا ہے، جس میں یہ صورت ہوتی ہے کہ کسی کو زائد عطا فرماتا ہے اور غنی کرتا ہے تو اس کا غنا بھی حکمت کے مطابق ہوتا ہے۔ اور جس پر رزق کی تنگی فرماتا ہے اس پر فقر بھی حکمت خداوندی ہی سے ہوتا ہے۔ اور یہ بھی اس کی حکمت ہے کہ ایک زمانہ ایک شخص پر تنگی کا گذرتا ہے تو پھر اس کو فراخی اور غنا عطا کر دیا جاتا ہے۔ کبھی اس کا عکس ہوتا ہے اور ایک زمانہ فراخی و وسعت کا گذرا۔ پھر اس کو فقیر و تنگدست کر دیا گیا۔

حضرت آدم کی تمنا: احادیث میں ہے کہ جب حق تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کی پشت سے ان کی ذریت کو نکالا تو آدم علیہ السلام نے ان میں دیکھا کہ کچھ غنی ہیں اور کچھ فقیر تو عرض کیا۔ **لولا سوّیت بین عبادک** کہ اے پروردگار تو نے اپنے بندوں کے درمیان مساوات و برابری (رزق میں) کیوں نہ کر دی جواب دیا گیا۔ اَحْبَبْتُ اَنْ اُشْکَرَ یعنی میں نے یہ چاہا کہ میرا شکر ادا کیا جایا کرے۔ اور یہ بات اسی پر موقوف ہے تفاوت مراتب ہو۔

علامہ طیبی کی رائے: علامہ طیبی کی رائے یہ ہے کہ عباد سے کل بندے مراد ہیں بلکہ اللہ کے وہ خاص بندے ہیں جن کو اللہ نے اپنی ولایت وقرب کی کرامت سے نوازا تھا کہ اللہ نے ان پر رزق کو نہیں پھیلایا اگر ان پر رزق

besturdubooks.wordpress.com

پھیلا دیا جاتا تو وہ بغاوت و سرکشی کا رنگ اختیار کر لیتے اور یہ بات اللہ رب العزت کی سنت ہے کہ وہ اپنے اولیاء مقربین کو غنا و تونگری کی بجائے فقر و تنگدستی میں ڈال دیتا ہے۔ چنانچہ ایک حدیث کا مضمون ہے۔ اِذَا اَحَبَّ اللّٰہُ عَبْدًا احماہُ الدُّنْیَا کَمَا یَظَلُّ اَحَدُکُمْ لَحُمِیُّ سقیمہ الْمَآءَ۔ کہ اللہ تعالیٰ جب کسی بندے کو محبوب بنالیتا ہے تو اس کو دنیا اور دنیا کی لذتوں سے اس طرح بچاتا ہے جس طرح کوئی شخص اپنے اس بیمار کو پانی سے بچاتا ہو جس کو پانی نقصان دیتا ہو۔ (معارف کاندھلوی)

نعمتوں کی تقسیم میں حکمت قدسی کے بارے میں مفصل حدیث

بغوی نے حضرت انسؓ بن مالک کی روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بحوالۂ جبرئیل باری تعالیٰ کا یہ قول بیان فرمایا کہ جو میرے کسی ولی کی توہین کرتا ہے وہ مجھ سے جنگ کرنے کے لئے میرا مقابلہ کرتا ہے۔ میں اپنے اولیاء کی حمایت کے لئے ایسا غضبناک ہوں جیسا غضبناک شیر غضب میں آ جاتا ہے۔ میرا مومن بندہ میرا مقرب (اور کسی طریقہ سے) اتنا نہیں ہوتا جتنا میرا مقرر کردہ فریضہ ادا کرنے سے ہوتا ہے اور نوافل کے ذریعہ سے میرا مومن بندہ برابر میرا مقرب ہوتا چلا جاتا ہے' یہاں تک کہ میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں اور جب میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں تو پھر میں اس کے کان اور آنکھیں اور ہاتھ ہو جاتا ہوں اور اس کا مددگار بن جاتا ہوں اگر وہ مجھ سے دعا کرتا ہے تو میں اس کی دعا قبول کرتا ہوں اور مجھ سے مانگتا ہے تو میں اس کو دیتا ہوں جس کام کو میں کرنے والا ہوتا ہوں اس کے کرنے میں مجھے ایسا تردد نہیں ہوتا جتنا اپنے مومن بندہ کی روح قبض کرنے میں ہوتا ہے اگر وہ مرنے کو ناگوار جانتا ہو تو مجھے اس کو دکھ دینا پسند نہیں ہوتا مگر مرنے کے بغیر اس کے لئے کوئی چارہ نہیں ہوتا (اس لئے قبض روح کی تکلیف اس کو دیتا ہوں) میرے کچھ مومن بندے ایسے ہیں جو مجھ سے باب عبادت (کھولنے) کی درخواست کرتے ہیں لیکن میں ان کو اس سے روک دیتا ہوں کہیں ایسا نہ ہو کہ ان کے اندر غرور پیدا ہو جائے اور اس سے ان کی حالت بگڑ جائے میرے کچھ مومن بندے ایسے ہیں جن کے ایمان کو صرف مال ہی درست رکھ سکتا ہے اگر میں ان کو محتاج بنادوں تو ان کا ایمان بگڑ جائے اور کچھ مومن بندے ایسے ہیں کہ افلاس ہی ان کے ایمان کو درست رکھ سکتا ہے اگر میں ان کو غنی کر دوں تو مال ان کے ایمان کو خراب کر دے۔ میرے کچھ مومن بندے ایسے ہیں کہ ان کے ایمان کو صرف جسمانی تندرستی ہی صحیح رکھ سکتی ہے اگر میں ان کو بیمار کر دوں تو بیماری ان کے ایمان کو بگاڑ دے اور کچھ مومن بندے ایسے ہیں کہ بیماری ہی ان کے ایمان کو صحیح رکھ سکتی ہے اگر میں ان کو تندرست کر دوں تو صحت ان کے ایمان کو خراب کر دے میں اپنے بندوں کے کاموں کا اپنے علم کے مطابق انتظام کرتا ہوں مجھے ان کے دلوں کی حالت معلوم ہے میں بخوبی جاننے والا اور خبر رکھنے والا ہوں۔ (تفسیر مظہری)

وَهُوَ الَّذِي يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْ بَعْدِ

اور وہی ہے جو اُتارتا ہے مینہ بعد اس کے کہ

مَا قَنَطُوا وَيَنْشُرُ رَحْمَتَهُ ۚ وَهُوَ الْوَلِيُّ

آس توڑ چکے اور پھیلاتا ہے اپنی رحمت اور وہی ہے کام بنانے والا

الْحَمِيدُ ﴿٢٨﴾

سب تعریفوں کے لائق ☆

باران رحمت ☆ یعنی بہت مرتبہ ظاہری اسباب و حالات پر نظر کر کے جب لوگ بارش سے مایوس ہو جاتے ہیں اس وقت حق تعالیٰ باران رحمت نازل فرماتا اور اپنی مہربانی کے آثار و برکات چاروں طرف پھیلا دیتا ہے تا بندوں پر ثابت ہو جائے کہ رزق کی طرح اسباب رزق بھی اسی کے قبضہ قدرت میں ہیں جیسے وہ روزی ایک خاص اندازہ سے عطا کرتا ہے بارش بھی خاص اوقات اور خاص مقدار میں مرحمت فرماتا ہے بات یہ ہے کہ سب کام اسی کے اختیار میں ہیں اور جو کچھ وہ کرے عین حکمت وصواب ہے کیونکہ تمام خوبیاں اور کمالات اس کی ذات میں جمع ہیں اور ہر قسم کی کارسازی اور اعانت و امداد وہیں سے ہو سکتی ہے۔ (تنبیہ) اللہ کی رحمت و قدرت کی طرف سے مایوس ہو جانا کافروں کا شیوہ ہے لیکن ایک مومن کی نظر میں اسباب کا سلسلہ یاس انگیز ہو سکتا ہے جیسے فرمایا "فَلَمَّا اسْتَيْأَسُوا مِنْهُ خَلَصُوا نَجِيًّا" (یوسف رکوع ۱۰) اور "حَتّٰى إِذَا اسْتَيْأَسَ الرُّسُلُ" (یوسف رکوع ۱۲) (تفسیر عثمانی)

وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ

اور ایک اُس کی نشانی ہے بنانا آسمانوں کا

وَالْاَرْضِ

اور زمین کا ☆

مخلوق، خالق کے کمال کی دلیل ہے

☆ یعنی جس طرح رزق پہنچانا اور اس کے اسباب (بارش وغیرہ کا) مہیا کرنا اسکے قبضہ میں ہے ان اسباب کے اسباب سماویہ وارضیہ اور ان کے آثار و نتائج بھی اسی کی مخلوق ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَمِنْ اٰيٰتِهٖ۔ اور اللہ کے وجود وحدانیت قدرت اور صفات کاملہ کی نشانیوں میں سے آسمان وزمین کو پیدا کرنا بھی ہے آسمان وزمین کی ذات

besturdubooks.wordpress.com

کیفیات اور حالات اللہ کے وجود پر اور خالق وصانع اور قادر ودانا ہونے پر دلالت کر رہی ہیں۔ (تفسیر مظہری)

وَمَا بَثَّ فِيهِمَا مِنْ دَآبَّةٍ ۚ

اور جس قدر بکھیرے ہیں اُن میں جانور ☆

☆ آیت سے ظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ زمین کی طرح آسمانوں پر بھی جانوروں کی قسم سے کوئی مخلوق پائی جاتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

دابّہ کا معنی: لفظ دابہ تمام جانداروں کو شامل ہوگا ملائکہ ہو یا جن وانس یا جانور یا دابّۃ سے مراد ہیں زمین پر چلنے والے جانور اس صورت میں فِيهِمَا کی ضمیر تثنیہ اگرچہ آسمان وزمین کی طرف راجع ہے لیکن مراد زمین ہے کیونکہ زمین میں جو چیز موجود ہوگی وہ زمین وآسمان کے مجموعہ میں ضرور موجود ہوگی۔ (تفسیر مظہری)

وَهُوَ عَلَىٰ جَمْعِهِمْ إِذَا يَشَآءُ قَدِيرٌ ﴿٢٩﴾

اور وہ جب چاہے اُن سب کو اکٹھا کر سکتا ہے ☆

☆ یعنی جس نے بکھیرے وہ ہی سب کو اکٹھا کر سکتا ہے اور یہ قیامت کے دن ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَآ أَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيبَةٍ فَبِمَا

اور جو پڑے تم پر کوئی سختی سو وہ

كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ وَيَعْفُوا عَنْ كَثِيرٍ ﴿٣٠﴾

بدلہ ہے اُس کا جو کمایا تمہارے ہاتھوں نے اور معاف کرتا ہے بہت سے گناہ ☆

مصائب کی علت ☆ یعنی جیسی نعمتیں ایک خاص اندازہ اور خاص اوقات و احوال کی رعایت سے دی جاتی ہیں مصائب کا نزول بھی خاص اسباب اور ضوابط کے ماتحت ہوتا ہے مثلاً بندوں کو جو کوئی سختی اور مصیبت پیش آئے اس کا سبب قریب یا بعید بندوں ہی کے بعض اعمال وافعال ہوتے ہیں ٹھیک اسی طرح جیسے ایک آدمی غذا وغیرہ میں احتیاط نہ کرنے سے خود بیمار پڑ جاتا بلکہ بعض اوقات ہلاک ہو جاتا ہے یا بعض اوقات والدہ کی بد پرہیزی بچہ کو مبتلائے مصیبت کر دیتی ہے یا کبھی کبھی ایک محلّہ والے یا شہر والے کی بے تدبیری اور حماقت سے پورے محلے اور شہر کو نقصان اٹھانا پڑتا ہے یہ ہی حال روحانی اور باطنی بد پرہیزی اور بے تدبیری کا سمجھ لو۔ گویا دنیا کی ہر مصیبت بندوں کے بعض اعمال ماضیہ کا نتیجہ ہے اور مستقبل میں ان کے لئے تنبیہ اور امتحان کا موقع بہم پہنچاتی ہے اور اس پر ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت بندوں کے بہت گناہوں سے درگزر کرتی ہے اگر ہر ایک جرم پر گرفت ہوتی تو زمین پر کوئی متنفس بھی باقی نہ رہتا حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "یہ خطاب عاقل بالغ لوگوں کو ہے گنہگار ہوں یا نیک مگر نبی اس میں داخل نہیں اور چھوٹے بچے بھی شامل نہیں۔ ان کے واسطے اور کچھ ہوگا اور سختی دنیا کی بھی آ گئی۔ اور قبر کی اور آخرت کی"۔ (تفسیر عثمانی)

بہت بڑھیا آیت: بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت علیؓ نے فرمایا کیا میں تم کو کتاب اللہ کی بہت بڑھیا آیت بتاؤں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے بیان فرمائی تھی وہ آیت ہے وَمَآ أَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ وَيَعْفُوا عَنْ كَثِيرٍ۔ میں اس کی تفسیر بیان کرتا ہوں۔ مَآ أَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيبَةٍ یعنی کوئی بیماری یا عذاب یا کوئی دنیوی بلاء۔ فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ (دنیا میں پاداش عمل کے بعد) اللہ آخرت میں دوہری سزا نہیں دے گا اس کی شان اس سے برتر ہے۔ اور جس جرم سے دنیا میں در گزر فرما دی تو معافی کے بعد پھر لوٹ کر اس کی آخرت میں سزا نہیں دے گا وہ احکم الحاکمین ہے۔ رواہ احمد وغیرہ۔

آیت کے مخاطب: بیضاوی نے لکھا ہے آیت میں خطاب مجرموں کو ہے اور مجرموں ہی کے لئے آیت کا حکم خاص ہے کیونکہ جو گنہگار نہ ہوں ان پر مصیبت دوسری وجوہ سے آتی ہے مثلاً یہ مقصد ہوتا ہے کہ مومن صبر کرے تا کہ اجر عظیم کا مستحق ہو جائے۔

تکلیف آنے کی حکمت:

بغوی نے عکرمہؒ کا قول نقل کیا ہے بندہ کے جو ذرا سی کھرونچ لگ جاتی ہے وہ یا تو اس وجہ سے ہوتی ہے کہ اللہ اس کے بغیر اس کا گناہ معاف کرنے والا نہیں ہوتا یا کسی مرتبہ پر پہنچانے کے لئے ہوتی ہے کہ بغیر اس دکھ کے اللہ اس مرتبہ پر اس کو پہنچانے والا نہیں ہوتا۔ (تفسیر مظہری)

وَمَآ أَنْتُمْ بِمُعْجِزِينَ فِي الْأَرْضِ ۚ

اور تم تھکا دینے والے نہیں بھاگ کر زمین میں

وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُونِ اللَّهِ مِنْ وَّلِيٍّ

اور کوئی نہیں تمہارا اللہ کے سوائے کام بنانے والا

وَّلَا نَصِيرٍ ﴿٣١﴾

اور نہ مددگار ☆

☆ یعنی محض اپنی مہربانی سے معاف کرتا ہے ورنہ جس جرم پر سزا دینا چاہے مجرم بھاگ کر کہیں روپوش نہیں ہو سکتا اور نہ اس کے سوا کوئی دوسرا حمایت و

besturdubooks.wordpress.com

امداد کے لیے لڑا ہوسکتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَمِنْ اٰيٰتِهِ الْجَوَارِ فِي الْبَحْرِ

اور ایک اُس کی نشانی ہے کہ جہاز چلتے ہیں

كَالْاَعْلَامِ ۝۳۲

دریا میں جیسے پہاڑ ☆

☆ یعنی جیسے زمین کی سطح پر پہاڑ ابھرے ہوئے ہیں سمندر کی سطح پر بڑے بڑے جہاز ابھرے ہوئے نظر آتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اِنْ يَّشَاْ يُسْكِنِ الرِّيْحَ فَيَظْلَلْنَ

اگر چاہے تھام دے ہوا کو پھر رہیں

رَوَاكِدَ عَلٰى ظَهْرِهٖ

سارے دن ٹھہرے ہوئے اُس کی پیٹھ پر ☆

ہوا بھی اللہ کے تابع ہے ☆ یعنی ہوا بھی اللہ کے قبضہ میں ہے اگر ہوا کو ٹھہرا رکھے چلنے نہ دے تو تمام بادبانی جہاز دریا کی پیٹھ پر جہاں کے تہاں کھڑے رہ جائیں غرض پانی اور ہوا سب اسی کے زیر فرمان ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ

بیشک مقرر اس بات میں پتے ہیں ہر قائم رہنے والے کو

شَكُوْرٍ ۝۳۳

جو احسان مانے ☆

☆ دریائی سفر میں موافق اور ناموافق دونوں قسم کے حالات سے سابقہ پڑتا ہے۔ اس لئے بہت ضرورت ہے کہ انسان موافق حالات پر شکر اور ناموافق حالات پر صبر کرتا ہوا اللہ تعالیٰ کی قدرت اور نعمت کو پہچانے۔ (تفسیر عثمانی)

اَوْ يُوْبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوْا وَيَعْفُ

یا تباہ کر دے اُنکو بسبب اُن کی کمائی کے اور معاف بھی

عَنْ كَثِيْرٍ ۝۳۴

کرے بہتوں کو ☆

☆ یعنی چاہے تو مسافروں کے بعض اعمال کی پاداش میں جہازوں کو تباہ کر ڈالے اور اس تباہی کے وقت بھی بعض کو معاف فرما دے۔ (تفسیر عثمانی)

وَّيَعْلَمَ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا

اور تا۔ جان لیں وہ لوگ جو جھگڑتے ہیں ہماری قدرتوں

مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ۝۳۵

میں کہ نہیں اُن کے لئے بھاگنے کی جگہ ☆

☆ یعنی تباہ اس لئے کئے جائیں کہ ان کے بعض اعمال کا بدلہ ہو اور بڑے بڑے جھگڑالو بھی دیکھ لیں کہ ہاں خدائی گرفت سے نکل بھاگنے کی کوئی جگہ نہیں حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں "جو لوگ ہر چیز اپنی تدبیر سے سمجھتے ہیں اس وقت عاجز رہ جائیں گے" کوئی تدبیر بن نہ پڑے گی۔ (تفسیر عثمانی)

یہ مطلب بھی ہوسکتا ہے کہ جو لوگ قرآن کی تکذیب کرتے اور آیات خداوندی سے سبق اندوز نہیں ہوتے قیامت کے دن جب اللہ کے سامنے جائیں تو ان کو معلوم ہو جائے کہ عذاب سے بھاگنے کا اب کوئی راستہ نہیں۔ (تفسیر مظہری)

فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ

سو جو کچھ ملا ہے تم کو کوئی چیز ہو سو وہ برت لینا ہے دنیا کی

الدُّنْيَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى

زندگانی میں اور جو کچھ اللہ کے یہاں ہے بہتر ہے اور باقی رہنے والا

لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝۳۶

واسطے ایمان والوں کے جو اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں ☆

دنیا کے سامان سے دھوکہ میں نہ پڑو

☆ یعنی یہ تمام باتیں سننے کے بعد انسان کو چاہئے کہ اللہ کو راضی رکھنے کی فکر کرے اس چند روزہ زندگانی اور عیش فانی پر مغرور نہ ہو اور خوب سمجھ لے کہ ایمانداروں کو جو عیش و آرام اللہ کے ہاں ملے گا وہ اس دنیا کے عیش و آرام سے بہتر بھی ہے اور پائیدار بھی نہ اس میں کسی طرح کی کدورت ہوگی نہ فناء و زوال کا کھٹکا ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

فَمَآ اُوْتِيْتُمْ۔ یعنی دنیا میں جو کچھ تم کو دیا گیا ہے۔

فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ۔ سو وہ دنیوی زندگی میں برتنے کا سامان ہے اس

besturdubooks.wordpress.com

زندگی میں اس سے فائدہ اندوز ہو سکتے ہو لیکن دنیوی زندگی فنا پذیر ہے یہ سامان آخرت کے لئے تو شہ نہیں ہے اسلئے بقدر ضرورت اس میں سے لے لو جو چیز آخرت سے غافل بنائے اس کو چھوڑ دو۔

وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ۔ یعنی آخرت میں جو ثواب اللہ کے پاس ہے۔

خَیْرٌ۔ بہتر ہے مقدار کیفیت فائدہ ہر لحاظ سے بہتر ہے وہ سراسر فائدہ ہی فائدہ ہے۔ (تفسیر مظہری)

آیت کا شانِ نزول: لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰی رَبِّهِمْ یَتَوَكَّلُوْنَ حضرت علیؓ کا بیان ہے کہ حضرت ابوبکرؓ نے اپنا سارا مال خیرات کر دیا کچھ لوگوں نے اس فعل پر آپ کو ملامت کی اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

وَالَّذِیْنَ یَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ
اور جو لوگ کہ بچتے ہیں بڑے گناہوں سے
وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ
اور بے حیائی سے اور جب غصہ آوے تو وہ
یَغْفِرُوْنَ ﴿۳۷﴾
معاف کر دیتے ہیں ☆

☆اس کا بیان سورہ نساء کی آیت "اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبٰٓئِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَیِّاٰتِكُمْ" کے فوائد میں گزر چکا۔ وہاں ملاحظہ کر لیا جائے شاید یہاں "کبائر الاثم" سے وہ بڑے گناہ مراد ہوں جو قوت نظریہ کی غلط کاری سے پیدا ہوتے ہیں مثلاً عقائد بدعیہ اور "فواحش" وہ گناہ جن میں قوت شہوانیہ کی بے اعتدالی کو دخل ہو آگے "وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ یَغْفِرُوْنَ" میں تو ظاہر ہے کہ قوت غضبیہ کی روک تھام کی گئی ہے واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

حسن اخلاق کا اعلیٰ نمونہ: یہ حسن اخلاق کا اعلیٰ نمونہ ہے۔ کیونکہ کسی کی محبت یا کسی پر غصہ یہ دونوں چیزیں جب غالب آتی ہیں تو اچھے بھلے عاقل فاضل آدمی کو اندھا بہرا کر دیتی ہیں۔ وہ جائز ناجائز حق و باطل اور اپنے کئے کے نتائج پر غور کرنے کی صلاحیت کھو بیٹھتا ہے۔ جس پر غصہ آتا ہے اس کی کوشش یہ ہونے لگتی ہے کہ مقدور بھر اس پر غصہ اتارا جائے۔ مومنین و صالحین کی اللہ تعالیٰ نے یہ صفت بیان فرمائی کہ وہ صرف اسی پر اکتفا نہیں کرتے کہ غصے کے وقت حق و ناحق کی حدود پر قائم رہیں بلکہ اپنا حق ہوتے ہوئے بھی معاف کر دیتے ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

وَالَّذِیْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا
اور جنہوں نے کہ حکم مانا اپنے رب کا اور قائم کیا

الصَّلٰوةَ ۪ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰی بَیْنَهُمْ
نماز کو اور کام کرتے ہیں مشورہ سے آپ کے ☆

مشورہ☆مشورہ سے کام کرنا اللہ کو پسند ہے دین کا ہو یا دنیا کا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مہمات امور میں برابر صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین سے مشورہ فرماتے تھے۔ اور صحابہ کرام علیہم الرضوان آپس میں مشورہ کرتے تھے حروب وغیرہ کے متعلق بھی اور بعض مسائل و احکام کی نسبت بھی۔ بلکہ خلافت راشدہ کی بنیاد ہی شوریٰ پر قائم تھی یہ ظاہر ہے کہ مشورہ کی ضرورت ان کاموں میں ہے جو مہتم بالشان ہوں اور جو قرآن و سنت میں منصوص نہ ہوں جو چیز منصوص ہو اس میں رائے و مشورہ کے کوئی معنی نہیں اور ہر چھوٹے بڑے کام میں اگر مشورہ ہوا کرے تو کوئی کام نہ ہو سکے احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مشورہ ایسے شخص سے لیا جائے جو عاقل و عابد ہو۔ ورنہ اسکی بے وقوفی یا بددیانتی سے کام خراب ہو جانے کا اندیشہ رہے گا۔ (تفسیر عثمانی)

استجابت سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو حکم ملے اسکو فوراً بے چون و چرا اور بے تامل قبول کرنے اور اس پر عمل کرنے کے لئے تیار ہو جائے وہ اپنی طبیعت کے مطابق ہو یا مخالف' ہر حال میں اس کی تعمیل کرے۔ اس میں اسلام کے تمام فرائض کی ادائیگی اور تمام محرمات و مکروہات سے بچنے کی پابندی شامل ہے مگر فرائض میں چونکہ نماز سب سے اہم فرض ہے۔ اور اس میں یہ خاصہ بھی ہے کہ اس پر عمل کرنے سے دوسرے فرائض کی پابندی اور ممنوع چیزوں سے بچنے کی توفیق بھی ہو جاتی ہے اس لئے اس کو ممتاز کر کے فرما دیا' وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ یعنی یہ لوگ نماز کو اس کے تمام واجبات اور آداب کے ساتھ صحیح صحیح ادا کرتے ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

مومن کا مشورہ اور مشورہ کا ادب:

یہ حقیقت ہے کہ جب کوئی مومن دوسرے مومن سے کسی معاملہ میں مشورہ کرتا ہے تو وہ وہی مشورہ دیتا ہے جس سے مشورہ لینے والے کو دونوں جہان میں بہبودی حاصل ہو اچھے کام کا حکم دیتا ہے اور برے کام سے روکتا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس سے مشورہ طلب کیا جائے وہ امانت دار (یعنی خیر خواہ) ہو (خیانت کار یعنی بدخواہ نہ ہو) رواہ مسلم عن ابی ہریرہؓ والترمذی عن ام سلمہؓ وابن ماجہ عن ابن مسعودؓ۔

طبرانی نے الاوسط میں حضرت علیؓ کی روایت نقل کی ہے کہ جس سے مشورہ طلب کیا جائے وہ امین ہو وہی مشورہ دے جو اپنے لئے اختیار کرنے والا ہو یعنی جو بات اپنے لئے پسند کرتا ہو ویسا ہی مشورہ وہ مشورہ طلب کرنے والے کو دے۔ (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریفہ تھی کہ جہاد وغیرہ کے موقعہ پر لوگوں سے مشورہ کرلیا کرتے تا کہ ان کے جی خوش ہو جائیں اور اسی بنا پر امیر المؤمنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب کہ آپ کو زخمی کر دیا گیا اور وفات کا وقت آ گیا چھ آدمی مقرر کر دیئے کہ یہ اپنے مشورے سے کسی کو میرا جانشین مقرر کریں۔ ان چھ بزرگوں کے نام یہ ہیں۔ عثمان، علی، طلحہ، زبیر، سعد اور عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔ پس سب نے باتفاق رائے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنا امیر مقرر کیا۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَالَّذِیْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ۔ خصوصیت کے ساتھ صدیق اکبرؓ کی طرف اشارہ ہے کیونکہ اپنے رب کی دعوت پر لبیک کہنے والوں میں وہ سب سے مقدم اور سب کے پیشوا ثابت ہوئے۔ اجابت حق تسلیم و انقیاد اور اقامت صلوٰۃ آپ کا معروف اور نمایاں وصف تھا اور اقامت صلوٰۃ کا یہ نمایاں وصف اس امر کا باعث بنا کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مرض الوفات میں انہی کو اپنی جگہ امامت کے لئے مامور فرمایا۔ اگر چہ حضرت عائشہؓ بار بار اس کو ٹلاتی رہیں۔ لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہر بار یہی فرماتے مُرُوْا اَبَابَکْرٍ لیصلِّ بالنَّاسِ یعنی کہو ابوبکرؓ کو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔

اور لفظ اَمْرُهُمْ شُوْرٰی بَیْنَهُمْ میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی طرف اشارہ ہے کیونکہ آپؓ معروف وصف شوریٰ تھا آپؓ اپنے زمانہ خلافت میں کوئی امر بدون فقہاء صحابہؓ کے مشورہ کے نافذ نہیں کیا کرتے تھے۔ اسی وجہ سے ملّت اسلامیہ کا عظیم ترین سرمایہ وہ ذخیرہ اجماعیات یعنی وہ امور ہیں جن پر فاروق اعظمؓ کے زمانہ میں اجماع ہو چکا تھا وَاعْلَمُوا اَنَّمَا غنمتم من شیٍٔ فان اللّٰہ خمسهٗ وَالرَّسول وَلذی القربیٰ ساتھ ہی یہ بھی ظاہر ہو رہا ہے کہ فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے اجماعیات اللہ کے نزدیک صحیح اور پسندیدہ بلکہ قابل مدح و تحسین ہیں اور یہ ایسا وصف ہے جس کو حق تعالیٰ نے بطور مدح ذکر فرمایا۔ (معارف کاندھلوی)

اسلام حقیقی جمہوریت کا بانی ہے:

ابن کثیر نے فرمایا کہ مہمات مملکت میں مشورہ لینا واجب ہے۔ اسلام میں امیر کا انتخاب بھی مشورہ پر موقوف کر کے زمانہ جاہلیت کی شخصی بادشاہتوں کو ختم کیا ہے۔ جنہیں ریاست بطور وراثت کے ملتی تھی۔ اسلام نے سب سے پہلے اس کو ختم کر کے حقیقی جمہوریت کی بنیاد ڈالی مگر مغربی جمہوریت کی طرح عوام کو ہر طرح کے اختیارات نہیں رہتے اہل شوریٰ پر کچھ پابندیاں عائد فرمائی ہیں۔ اس طرح اسلام کا نظام حکومت شخصی بادشاہت اور مغربی جمہوریت دونوں سے الگ ایک نہایت معتدل دستور ہے' اس کی تفصیل معارف القرآن جلد دوم ص ٢١٥ سے ص ٢٢٢ تک میں وہ جس طرح چاہیں کریں۔ اس وقت تمہارے لئے زمین کی پیٹھ کی بجائے زمین کا پیٹ

بہتر ہوگا یعنی زندگی سے موت بہتر ہوگی۔ (روح المعانی) (معارف مفتی اعظم)

وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ یُنْفِقُوْنَ ۚ
اور ہمارا دیا کچھ خرچ کرتے ہیں
وَالَّذِیْنَ اِذَآ اَصَابَهُمُ
اور وہ لوگ کہ جب اُن پر ہووے
الْبَغْیُ هُمْ یَنْتَصِرُوْنَ ﴿٣٩﴾
چڑھائی تو وہ بدلہ لیتے ہیں ☆

مومن کی شان ☆ یعنی جہاں معاف کرنا مناسب ہو معاف کرے مثلاً ایک شخص کی حرکت پر غصہ آیا اور اس نے ندامت کے ساتھ اپنے عجز و قصور کا اعتراف کرلیا انہوں نے معاف کر دیا یہ محمود ہے اور جہاں بدلہ لینا مصلحت ہو مثلاً کوئی شخص خواہ مخواہ چڑھتا ہی چلا آئے اور ظلم و زور سے دبانے کی کوشش کرے، یا جواب نہ دینے سے اس کا حوصلہ بڑھتا ہے یا ہماری شخصی حیثیت سے قطع نظر کر کے دین کی اہانت یا جماعت مسلمین کی تذلیل ہوتی ہے، ایسی حالت میں بدلہ لیتے ہیں وہ بھی بقدر اس کی زیادتی کے جرم سے زائد سزا نہیں دیتے۔ (تفسیر عثمانی)

عفو و انتقام میں معتدل فیصلہ: حضرت ابراہیم نخعیؒ نے فرمایا کہ سلف صالحین یہ پسند نہ کرتے تھے کہ مؤمنین اپنے آپ کو فساق فجار کے سامنے ذلیل کریں اور ان کی جرأت بڑھ جائے۔ اس لئے جہاں یہ خطرہ ہو کہ معاف کرنے سے فساق فجار کی جراءت بڑھے گی وہ اور نیک لوگوں کو ستائیں گے وہاں انتقام لے لینا بہتر ہوگا اور معافی کا افضل ہونا اس صورت میں ہے جبکہ ظلم کرنے والا اپنے فعل پر نادم ہو اور ظلم پر اس کی جرأت بڑھ جانے کا خطرہ نہ ہو۔ قاضی ابوبکر ابن عربی نے احکام القرآن میں اور قرطبی نے اپنی تفسیر میں اسی کو اختیار کیا ہے کہ عفو و انتقام کے دونوں حکم مختلف حالات کے اعتبار سے ہیں۔ جو ظلم کرنے کے بعد شرمندہ ہو جائے اس سے عضو افضل ہے اور جو اپنی ضد اور ظلم پر اقرار کر رہا ہو اُس سے انتقام لینا افضل ہے۔

اور حضرت اشرف المشائخ نے بیان القرآن میں اس کو اختیار فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ان دونوں آیتوں میں مؤمنین مخلصین اور صالحین کی دو خصوصیتیں ذکر فرمائی ہیں۔ هُمْ یَغْفِرُوْنَ۔ میں تو یہ بتلایا کہ یہ غصہ میں مغلوب نہیں ہوتے۔ بلکہ رحم و کرم ان کے مزاج میں غالب رہتا ہے معاف کر دیتے ہیں۔ اور هُمْ یَنْتَصِرُوْنَ میں یہ بتلایا کہ یہ بھی انہیں صالحین کی خصوصیت ہے کہ اگر کبھی ظلم کا بدلہ لینے کا داعیہ ان کے دل میں پیدا بھی ہوا اور بدلہ لینے لگیں تو اس میں حق سے تجاوز نہیں کرتے۔ اگرچہ معاف کر دینا

اُن کے لئے افضل ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی طرف اشارہ ہے یہی ان کا امتیازی وصف تھا اور اسی انفاق فی سبیل اللہ کے باعث بشارت عظیم سے فائز ہوئے۔

اور والذين اذا اصابهم البغي۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ پر منطبق ہے۔ کیونکہ آپؓ اپنے عہد خلافت میں باغیوں سے بغاوت پر جہاد و قتال کیا۔ (معارف کاندھلوی)

وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا

اور بُرائی کا بدلہ ہے بُرائی ویسی ہی ☆

بدلہ ☆ بدلہ کے طور پر جو برائی کی جائے وہ حقیقۃً نہیں محض صورۃ برائی ہوتی ہے "سیئہ" کا اطلاق اس پر مشاکلۃ کیا گیا۔ (تفسیر عثمانی)

آیت کی وضاحت: سفیان بن عینیہ کا بیان ہے کہ میں نے سفیان ثوری سے کہا آیت وجزاء سيئة سيئة مثلها کا کیا یہ مطلب ہے کہ اگر کوئی تم کو گالی دے تو تم بھی اس کو گالی دو یا جو عمل کوئی تمہارے ساتھ کرے تم بھی ویسا ہی عمل اس کے ساتھ کرو ثوری نے اس کا کوئی جواب نہیں دیا میں نے ہشام بن حجیرہ سے اس آیت کا مطلب پوچھا تو انہوں نے کہا (مراد یہ ہے کہ) اگر زخمی کرنے والا زخمی کر دے تو اس سے بدلہ لیا جائے یہ مطلب نہیں ہے کہ اگر وہ تم کو گالی دے تو تم بھی اس کو گالی دو ہشام کے اس قول کی تائید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث سے ہوتی ہے کہ دو شخص جو باہم گالی گلوچ کرتے ہیں دو شیطان ہیں جو بیہودہ جھوٹی بکواس کرتے اور جھوٹ کہتے ہیں۔ رواہ احمد والبخاری بسند صحیح عن عیاض بن حمار۔

یہ بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بکثرت لعنت کرنے والے قیامت کے دن نہ (گزشتہ امتوں پر) شہادت دینے والے ہوں گے نہ (کسی کی) سفارش کرنے والے (یعنی نہ ان کی شہادت قابل ہوگی نہ شفاعت) رواہ مسلم وابوداؤد عن ابی الدرداء۔

گالی گلوچ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو باہم گالی گلوچ کرنے والوں کے متعلق فرمایا (اس سے دونوں کی برائی برابر ظاہر کرنا مقصود نہیں ہے) دونوں میں جو ابتدا کرنے والا ہے وہ بڑا مجرم ہے البتہ مظلوم اگر اس (برابری کی حدود سے) تجاوز کر جائے تو وہ بھی ویسا ہی ہو جائے گا۔ رواہ احمد ومسلم وابوداؤد عن ابی ہریرۃ۔ یہ حدیث دلالت کر رہی ہے کہ ابتدا کرنے والا بڑا مجرم ہے اور جواب دینے والے کو (برابر کا) جواب دینے کی ایک طرح کی اجازت ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى

پھر جو کوئی معاف کرے اور صلح کرے سو اُس کا ثواب ہے

اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۝

اللہ کے ذمہ بیشک اس کو پسند نہیں آتے گنہگار ☆

معاف کرنا ☆ یعنی ظلم اور زیادتی تو اللہ کے ہاں کسی حالت میں پسند نہیں بہترین خصلت یہ ہے کہ آدمی جتنا بدلہ لے سکتا ہے اس سے بھی درگزر کرے بشرطیکہ درگزر کرنے میں بات سنورتی ہو۔ (تفسیر عثمانی)

حدیث میں ہے درگزر کرنے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ بندے کی عزت اور بڑھا دیتا ہے لیکن جو بدلے میں اصل جُرم سے بڑھ جائے وہ خدا کا دشمن ہے۔ پھر بُرائی کی ابتدا اسی کی طرف سے سمجھی جائے گی۔ (تفسیر ابن کثیر)

معاف کرنے کی فضیلت: بغوی نے حسن بصری کا قول نقل کیا ہے کہ جب قیامت کا دن ہوگا تو ایک منادی ندا دے گا جس کا کوئی ثواب اللہ کے ذمہ ہو تو وہ کھڑا ہو جائے اس ندا کو سن کر صرف وہی شخص کھڑا ہوگا جس نے (اپنے حق تلفی کرنے والے سے) درگزر کی ہوگی یہ بیان کر کے حسن نے یہی آیت پڑھی۔

اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ یعنی اللہ ان لوگوں کو پسند نہیں کرتا جو دوسروں کو گالی دینے کی ابتداء کرتے ہیں یا انتقام لینے میں برابری کی حد سے آگے بڑھ جاتے ہیں۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا یعنی ظلم کرنے کی ابتداء کرتے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

وَلَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ

اور جو کوئی بدلہ لے اپنی مظلوم ہونے کے بعد سو اُن

مَا عَلَيْهِمْ مِّنْ سَبِيْلٍ ؕ ۝

پر بھی نہیں کچھ الزام ☆

☆ یعنی مظلوم ظالم سے بدلہ لینا چاہے تو اس میں الزام اور گناہ کچھ نہیں ہاں معاف کر دینا افضل و احسن ہے۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت ابو ہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما تھے ایک شخص نے آپ کے سامنے حضرت ابوبکرؓ کو گالی دی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اچنبے میں آ گئے اور مسکرانے لگے جب اس شخص نے حضرت ابوبکرؓ کو زیادہ برا کہا تو حضرت ابوبکر نے بھی اس کی بعض باتیں لوٹا دیں یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو غصہ آ گیا اور آپ اٹھ کھڑے ہوئے پیچھے سے حضرت ابوبکر بھی جا پہنچے اور عرض کیا یا رسول اللہ جب تک وہ مجھے گالیاں دیتا رہا تو آپ بیٹھے رہے جب میں نے اس کی بعض گالیاں لوٹا دیں تو آپ ناراض ہو کر اٹھ کھڑے ہوئے (اس کی کیا وجہ ہے) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارے ساتھ (یعنی تمہاری حمایت کے لئے) ایک فرشتہ تھا وہ تمہاری طرف

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

سے جواب دے رہا تھا جب تم نے اس کی بعض باتیں لوٹا دیں (یعنی جو اس نے تم کو کہا وہی تم نے اس کو کہا) تو شیطان آ پڑا اور میں شیطان کے پاس بیٹھ نہیں سکتا تھا۔ پھر فرمایا ابوبکرؓ تین باتیں ہیں اور تینوں سچی ہیں۔ نمبر ۱ اگر کسی بندہ پر کوئی کسی طرح کا ظلم کرے اور وہ اللہ کے واسطے اس کو معاف کر دے تو اللہ اس کو عزت فرماتا ہے اور اپنی نصرت عطا کرتا ہے۔ نمبر ۲۔ اور جو شخص خیرات کا دروازہ کھول دے اور اس سے اس کا مقصد ہو امداد تو اللہ اس کے مال میں ترقی دیتا ہے۔ نمبر ۳۔ اور جو شخص سوال کا دروازہ اس غرض سے کھولے کہ مانگ مانگ کر مال کو بڑھائے تو اللہ اس کی وجہ سے مال میں کمی کر دیتا ہے۔ (رواہ احمد) (تفسیر مظہری)

مَا عَلَيْهِم۔ یعنی انتقام لینے والوں کے خلاف کوئی راہ نہیں مطلب یہ ہے کہ نہ ان کو برا کہا جائے گا نہ ان سے مواخذہ ہوگا۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ
الزام تو اُن پر ہے جو ظلم کرتے ہیں
النَّاسَ
لوگوں پر☆

☆یعنی ابتداءً ظلم کرتے ہیں یا انتقام لینے میں حد استحقاق سے بڑھ جاتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اور اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ سے اشارہ امراء بنی اُمیہ کی جانب ہے جن کے بارے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد ہے کہ میری اُمت کی ہلاکت چند لڑکوں کے ہاتھ سے ہوگی۔ (معارف کاندھلوی)

وَيَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ
اور دھوم اُٹھاتے ہیں ملک میں نا حق
اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۴۲﴾ وَلَمَنْ
اُن لوگوں کے لئے ہے عذاب دردناک اور البتہ
صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ
جس نے سہا اور معاف کیا بیشک یہ کام ہمت
الْاُمُوْرِ ﴿۴۳﴾
کے ہیں☆

☆یعنی غصہ کو پی جانا اور ایذائیں برداشت کر کے ظالم کو معاف کر دینا بڑی ہمت اور حوصلہ کا کام ہے۔ حدیث میں ہے کہ جس بندہ پر ظلم ہو اور وہ محض اللہ کے واسطے اس سے درگزر کرے تو ضرور ہے کہ اللہ اس کی عزت بڑھائے گا اور مدد کرے گا۔ (تفسیر عثمانی)

صبر کرنیوالا شخص افضل ہے:

اور جو شخص صبر کرے اور معاف کر دے (تو وہ افضل ہے) یہ البتہ بڑی ہمت کے کاموں میں سے ہے یعنی جس نے ظالم کے ظلم پر صبر کیا انتقام نہیں لیا معاف کر دیا تو یہ صبر و عفو ان امور میں سے ہے جو شرعاً مطلوب ہیں۔ عزم بمعنی معزوم ہے۔ اور معزوم کا مطلب ہے مطلوب۔ مراد مطلوب شرعی۔ ایسا آدمی افضل الناس ہے۔

زجاج نے کہا صابر کو صبر کا ثواب دیا جائے گا اور ثواب کی طلب مکمل طلب ہے۔ مقاتل نے کہا یعنی ان امور میں سے ہے جن کا حکم اللہ نے دیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

فضیل بن عیاض کی اپنے خادم کو نصیحت

حافظ ابن کثیرؒ نے فضیل بن عیاضؒ کے ایک خادم عبدالصمد بن یزید سے نقل کیا کہ میں نے فضیل بن عیاض سے سُنا وہ فرمایا کرتے تھے کہ جب تمہارے پاس کوئی شخص کسی کی شکایت لیکر آئے تو تم یہ کہہ دیا کرو اے میرے بھائی اس کو معاف کر دو۔ اگر وہ یہ کہے کہ میرا دل گوارہ نہیں کرتا کہ میں اس کو معاف کروں تو پھر اس کو یہ کہو کہ اگر بدلہ ہی لینا ہے تو اس طرح لو جیسے اللہ نے اس کی اجازت دی۔

اور آیہ سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا سے انتقام کی اجازت دی گئی مگر عفو اور اصلاح چشم پوشی اور درگذر کو افضل اور بہتر فرمایا گیا عجب نہیں کہ اس لفظ وَاَصْلَح سے حضرت حسنؓ کی طرف اشارہ ہو۔ کیونکہ انہوں نے امیر معاویہؓ کے ساتھ فرمائی۔ اور حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حسنؓ کے متعلق ارشاد فرمایا تھا۔ یعنی اِنَّ ابنی ھذا سیّد ویصلح اللہ به بَيْنَ فئتين عظيمتين۔ یعنی یہ میرا فرزند سردار ہے اور عنقریب اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے مسلمانوں کے دو عظیم گروہوں کے درمیان صلح کرائے گا۔ اور چونکہ لفظ واَصْلَح مسلمانوں کے درمیان اتفاق واقع ہونے اور باہمی نزاع و تفرقہ اُٹھ جانے پر دلالت کرتا ہے اس لئے اس میں ایک لطیف اشارہ حضرت معاویہؓ کی امارت و حکومت کی طرف بھی ہے۔ کیونکہ واَصلح کا مقام مدح میں ذکر کرنا اسکی دلیل ہے کہ وہ صلح عنداللہ صحیح اور معتبر ہوگی تو اس طرح اس مصالحت کے نص قرآنی کے اشارہ سے حق ہونا معلوم ہوا۔

اور آخر میں وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْر" سے ایسے ثابت قدم علماء ربانیین کی طرف اشارہ ہے جنہوں نے امراء و

besturdubooks.wordpress.com

سلاطین کے جور وظلم پر صبر کیا۔ اور اس اندیشہ سے کہ امت انتشار وافتراق کا شکار نہ ہو جائے۔ مسلمانوں کو امیر وقت کے مقابلہ میں تلوار اٹھانے سے منع کیا اور باوجود کراہت کے اطاعت قبول کی۔ اور اس گروہ کے سرخیل اور امام علی بن الحسین تھے رضی اللہ عنہ وعن آبائہ الکرام (حضرات قارئین تفصیل کے لئے ازالۃ الخفاء از ص ۵۹۲ مراجعت فرمائیں)۔ (معارف کاندھلوی)

علامہ بن زیاد کی گورنر کو نصیحت:

حضرت محمد بن واسع رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں مکہ میں جانے لگا تو دیکھا کہ خندق پر پل بنا ہوا ہے۔ میں ابھی وہیں تھا جو گرفتار کر لیا گیا اور امیر بصرہ مروان بن مہلب کے پاس پہنچا دیا گیا۔ اس نے مجھ سے کہا ابو عبداللہ! تم کیا چاہتے ہو؟ میں نے کہا یہی کہ اگر تم سے ہو سکے تو بنو عدی کے بھائی جیسے بن جاؤ۔ پوچھا وہ کون ہے؟ کیا علاء بن زیاد کہ اپنے ایک دوست کو ایک مرتبہ کسی صیغہ پر عامل بنایا تو انہوں نے اسے لکھا کہ حمد وصلوٰۃ کے بعد اگر تجھ سے ہو سکے تو یہ کرنا کہ تیری کمر بوجھ سے خالی رہے تیرا پیٹ حرام سے بچ جائے تیرے ہاتھ مسلمانوں کے خون ومال سے آلودہ نہ ہوں۔ تو جب یہ کرے گا تو تجھ پر کوئی گناہ کی راہ باقی نہ رہے گی۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ
اور جس کو راہ نہ سجھائے اللہ تو کوئی نہیں اُس کا کام
وَّلِيٍّ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ
بنانے والا اُس کے سوا ☆

توفیق اللہ کی طرف سے ہے ☆یعنی اللہ کی توفیق ودستگیری ہی سے آدمی کو عدل وانصاف اور صبر وغفر کی اعلیٰ خصلتیں حاصل ہو سکتی ہیں وہ ان بہترین اخلاق کی طرف راہ نہ دے تو کون ہے جو ہاتھ پکڑ کر اخلاقی پستی اور رسوائی کے گڑھے سے ہم کو نکال سکے۔ (تفسیر عثمانی)

وَتَرَى الظّٰلِمِيْنَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ
اور تو دیکھے گنہگاروں کو جس وقت دیکھیں گے عذاب
يَقُوْلُوْنَ هَلْ اِلٰى مَرَدٍّ مِّنْ سَبِيْلٍ ۚ﴿۴۴﴾
کہیں گے کسی طرح پھر جانے کی بھی ہو گی کوئی راہ ☆

کافروں کی حسرت ☆یعنی کوئی ایسی سبیل بھی ہے کہ ہم دنیا کی طرف پھر واپس کر دیئے جائیں اور اس مرتبہ وہاں سے خوب نیک بن کر حاضر ہوں۔ (تفسیر عثمانی)

وَتَرٰىهُمْ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا خٰشِعِيْنَ مِنَ
اور تو دیکھے اُن کو کہ سامنے لائے جائیں آگ کے آنکھیں جھکائے ہوئے
الذُّلِّ يَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ ؕ
ذلت سے دیکھتے ہوں گے چھپی نگاہ سے ☆

☆یعنی ایک سہمے ہوئے مجرم کی طرح خوف اور ذلت وندامت کے مارے نیچی نظر سے دیکھتے ہوں گے۔ کسی سے پوری طرح آنکھ نہیں ملا سکیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

گنہگاروں کی حالت: مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ۔ پوشیدہ چوری کی نظر سے دیکھیں گے جیسے وہ شخص جو رسیوں سے بندھا اور جکڑا ہوا ہو خوف زدہ ہو کر عاجزی کے ساتھ چوری کی نظر سے جلاد کی تلوار کو دیکھتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَقَالَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ
کہیں وہ لوگ جو ایماندار تھے مقرر ٹوٹے والے وہی ہیں جنہوں نے
خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ
گنوایا اپنی جان کو اور اپنے گھر والوں کو قیامت کے دن ☆

☆یعنی بد بخت اپنے ساتھ اپنے متعلقین اور گھر والوں کو بھی لے ڈوبے۔ سبھی کو تباہ وبرباد کر کے چھوڑا۔ (تفسیر عثمانی)

کافروں نے ایمان نہ لا کر اپنی حوریں کھو دیں

بعض اہل تفسیر کے نزدیک اہل سے مراد حوریں ہیں اگر کافر ایمان لے آتے تو ان کو وہ حوریں مل جاتیں جو جنت میں ان کے لئے مقرر کر دی گئی ہیں لیکن کفر کی وجہ سے وہ ان حوروں تک نہیں پہنچ سکے اور اس طرح خسارے میں رہے۔ (تفسیر مظہری)

اَلَاۤ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ مُّقِيْمٍ ﴿۴۵﴾
سنتا ہے گنہگار پڑے ہیں سدا کے عذاب میں
وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ اَوْلِيَآءَ يَنْصُرُوْنَهُمْ
اور کوئی نہ ہوئے اُن کے حمایتی جو مدد کرتے اُن کی
مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا
اللہ کے سوائے اور جس کو بھٹکائے اللہ اُس کے

besturdubooks.wordpress.com

لَهٗ مِنْ سَبِيْلٍ ﴿٤٦﴾

لئے کہیں نہیں راہ ☆

☆یعنی نہ دنیا میں ہدایت کی نہ آخرت میں نجات کی۔ (تفسیر عثمانی)

اِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ

مانو اپنے رب کا حکم اُس سے پہلے کہ آئے

يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ۭ مَا لَكُمْ

وہ دن جس کو پھرنا نہیں اللہ کے یہاں سے ☆

☆یعنی جیسے دنیا میں عذاب موخر ہوتا اور ٹلتا چلا جاتا ہے اس دن نہیں ٹلے گا۔ (تفسیر عثمانی)

اِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ۔ یعنی محمد جو اللہ کی طرف بلانے والے ہیں تم ان کی نافرمانی نہ کرو۔

لَا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ۔ یعنی اللہ جب اس روز کے آنے کا حکم دے چکے گا تو پھر اس حکم کو واپس نہیں لے گا۔ (تفسیر مظہری)

مِّنْ مَّلْجَاٍ يَّوْمَئِذٍ وَّمَا لَكُمْ مِّنْ نَّكِيْرٍ ﴿٤٧﴾

نہیں ملے گا تم کو بچاؤ اُس دن اور نہ ملے گا الوپ ہو جانا ☆

☆یعنی مکر جانے سے کچھ فائدہ نہ ہوگا اور ابن کثیرؒ نے یوں معنی کئے ہیں کہ کوئی موقع ایسا نہ ملے گا جو تم پہچانے نہ جاؤ۔ (تفسیر عثمانی)

يَوْمٌ۔ سے مراد ہے مرنے کا دن یا روز قیامت۔

مَلْجَاٍ۔ مفر (بھاگنے کی جگہ) جہاں پناہ پکڑ سکو۔

مَا لَكُمْ مِّنْ نَّكِيْرٍ۔ یعنی تم نے جو کچھ کیا ہے اس کا انکار نہ ہو سکے گا۔ (تفسیر مظہری)

فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ

پھر اگر وہ منہ پھیریں تو تجھ کو نہیں بھیجا ہم نے اُن پر

حَفِيْظًا ۭ اِنْ عَلَيْكَ اِلَّا الْبَلٰغُ ۭ

نگہبان تیرا ذمہ تو بس یہی ہے پہنچا دینا ☆

☆یعنی آپ ذمہ دار نہیں کہ زبردستی منوا کر چھوڑیں آپ کا فرض پیغام الٰہی پہنچا دینا ہے۔ وہ آپ ادا کر رہے ہیں یہ نہیں مانتے تو جائیں جہنم میں۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِنَّآ اِذَآ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً

اور ہم جب چکھاتے ہیں آدمی کو اپنی طرف سے رحمت

فَرِحَ بِهَا ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌۢ بِمَا

اُس پر پھولا نہیں سماتا اور اگر پہنچتی ہے اُن کو کچھ بُرائی

قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَاِنَّ الْاِنْسَانَ كَفُوْرٌ ﴿٤٨﴾

بدلے میں اپنی کمائی کے تو انسان بڑا ناشکر ہے ☆

انسانی طبیعت ☆یعنی ان کے اعراض سے آپ غمگین نہ ہوں انسان کی طبیعت ہی ایسی واقع ہوئی ہے (اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ) اللہ انعام و احسان فرمائے تو اکڑنے اور اترانے لگتا ہے پھر جہاں اپنی کرتوت کی بدولت کوئی افتاد پڑ گئی بس سب نعمتیں بھول جاتا ہے اور ایسا ناشکر بن جاتا ہے گویا کبھی اس پر اچھا وقت آیا ہی نہ تھا خلاصہ یہ کہ فراخی اور عیش کی حالت ہو یا تنگی اور تکلیف کی اپنی حد پر قائم نہیں رہتا البتہ مومنین قانتین کا شیوہ یہ ہے کہ سختی پر صبر اور فراخی کی حالت میں منعم حقیقی کا شکر ادا کرتے ہیں اور کسی حال اس کے انعامات و احسانات کو فراموش نہیں کرتے۔ (تفسیر عثمانی)

مصیبت ٔرحمت کا تقاضا نہیں ہے:

اذقنا کے ساتھ لفظ اِذَا استعمال کیا۔ لیکن مصیبت کا آنا بتقاضاء رحمت نہیں۔ نہ اللہ کا یہ دستور ہی ہے کہ (بے وجہ بغیر جرم کے) مصیبت میں مبتلا کر دے اس لئے تُصِبْهُمْ کے ساتھ لفظ اِنْ (اگر جو شک کے لئے آتا ہے) استعمال کیا۔ (تفسیر مظہری)

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يَخْلُقُ مَا

اللہ کا راج ہے آسمانوں میں اور زمین میں پیدا کرتا ہے جو

يَشَاۗءُ ۭ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ

چاہے بخشتا ہے جس کو چاہے بیٹیاں اور بخشتا ہے

لِمَنْ يَّشَاۗءُ الذُّكُوْرَ ﴿٤٩﴾ اَوْ يُزَوِّجُهُمْ

جس کو چاہے بیٹے یا اُن کو دیتا ہے جوڑے

ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَاۗءُ عَقِيْمًا ۭ

بیٹے اور بیٹیاں اور کر دیتا ہے جس کو چاہے بانجھ

besturdubooks.wordpress.com

اِنَّهٗ عَلِیْمٌ قَدِیْرٌ ۝

وہ ہے سب کچھ جانتا کر سکتا ☆

اللہ ہی مالک ومختیار ہے ☆یعنی سختی ہو یا نرمی سب احوال خدا کے بھیجے ہوئے ہیں آسمان وزمین میں سب جگہ اسی کی سلطنت اور اسی کا حکم چلتا ہے جو چیز چاہے پیدا کرے اور جو چیز جسکو چاہے دے جسکو چاہے نہ دے دنیا کے رنگارنگ حالات کو دیکھو لوکسی کو سرے سے اولاد نہیں ملتی کسی کو ملتی ہے تو صرف بیٹیاں کسی کو بیٹے کسی کو دونوں جڑواں یا الگ الگ اس میں کسی کا کچھ دعویٰ نہیں وہ مالک حقیقی ہی جانتا ہے کہ کس شخص کو کس حالت میں رکھنا مناسب ہے اور وہی اپنے علم وحکمت کے موافق تدبیر کرتا ہے کسی کی مجال نہیں کہ اس کے ارادہ کو روک دے یا اس کی تخلیق وتقسیم پر حرف گیری کر سکے عاقل کا کام یہ ہے کہ ہر قسم کے نرم وگرم حالات میں اسی کی طرف رجوع کرے اور ہمیشہ اپنی ناچیز حقیقت کو پیش نظر رکھ کر تکبر یا کفران نعمت سے باز رہے۔ (تفسیر عثمانی)

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ۔ جب ساری کائنات پر اس کی حکومت ہے تو اسی کو اس میں جیسا چاہے تصرف کرنے کا حق ہے نعمت دے یا جرم کا انتقام لے۔

يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ یہ کلام سابق کی علت ہے۔

يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ اِنَاثًا بعض اہل علم نے کہا یہ آیت خلق ما یشاء کا بیان ہے مطلب یہ ہے کہ بعض لوگوں کو لڑکیاں عطا فرماتا ہے ان کے کوئی لڑکا نہیں ہوتا۔ اور بعض کو لڑکے دیتا ہے۔ ان کے کوئی لڑکی نہیں ہوتی۔ (تفسیر مظہری)

وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا

اور کسی آدمی کی طاقت نہیں کہ اُس سے باتیں کرے اللہ مگر اشارہ سے

اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا

یا پردہ کے پیچھے سے یا بھیجے کوئی پیغام لانیوالا

فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ

پھر پہنچادے اُسکے حکم سے جو وہ چاہے ☆

اللہ تعالیٰ سے ہم کلامی کی صورتیں

☆کوئی بشر اپنی عنصری ساخت اور موجودہ قویٰ کے اعتبار سے یہ طاقت نہیں رکھتا کہ خداوند قدوس اس دنیا میں اس کے سامنے ہو کر مشافہۃً کلام فرمائے اور وہ تحمل کر سکے اسی لئے کسی بشر سے اس کے ہم کلام ہونے کی تین صورتیں ہیں (الف) بلاواسطہ پردہ کے پیچھے سے کلام فرمائے یعنی نبی کی قوت سامعہ استماع کلام سے لذت اندوز ہو مگر اس حالت میں آنکھیں دولت دیدار سے متمتع نہ ہو سکیں جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو طور پر اور خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کو لیلۃ الاسراء میں پیش آیا (ب) بواسطہ فرشتہ کے حق تعالیٰ کلام فرمائے مگر فرشتہ متجسد ہو کر آنکھوں کے سامنے نہ آئے بلکہ براہ راست نبی کے قلب پر نزول کرے اور قلب ہی سے ادراک فرشتہ کا اور صوت کا ہوتا ہو۔ حواس ظاہرہ کو چنداں دخل نہ رہے میرے خیال میں یہ صورت ہے کہ جس کو عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں "یاتینی فی مثل صلصلة الجرس" سے تعبیر فرمایا ہے اور صحیح بخاری کے ابواب بدء الخلق میں وحی کی اس صورت میں بھی اتیان ملک کی تصریح موجود ہے اسی کو حدیث میں "وهو اشده علی" فرمایا اور شاید وحی قرآن بکثرت اسی صورت میں آتی ہو جیسا کہ "نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ عَلٰى قَلْبِكَ" اور "فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ" میں لفظ "قلبک" سے اشارہ ہوتا ہے اور چونکہ یہ معاملہ بالکل پوشیدہ طور پر اندر ہی اندر ہوتا تھا۔ پیغمبر کے وجود سے باہر کوئی علیحدہ ہستی نظر نہ آتی تھی اور نہ اس طرح کلام ہوتا تھا جیسے ایک آدمی دوسرے سے بات کرتا ہو کہ پاس بیٹھنے والے سامعین بھی سمجھ لیں اس لئے اس قسم کو خصوصیت کے ساتھ آیت ہذا میں لفظ "وحیا" سے تعبیر کیا کیونکہ لغت میں "وحی" کا لفظ اخفاء اور اشارہ سریعہ پر دلالت کرتا ہے (ج) تیسری صورت یہ ہے کہ فرشتہ متجسد ہو کر نبی کے سامنے آجائے اور اس طرح خدا کا کلام وپیام پہنچا دے جیسے ایک آدمی دوسرے سے خطاب کرتا ہے چنانچہ حضرت جبرئیل علیہ السلام ایک دو مرتبہ اپنی اصلی صورت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور اکثر مرتبہ حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ کی صورت میں آتے تھے اور کبھی کسی غیر معروف آدمی کی شکل میں بھی تشریف لائے ہیں اس وقت آنکھیں فرشتہ کو دیکھتیں اور کان ان کی آواز سنتے تھے اور پاس بیٹھنے والے بھی بعض اوقات گفتگو سنتے اور سمجھتے تھے عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں جو دو قسمیں بیان ہوئی ہیں ان میں سے یہ دوسری صورت ہے اور میرے خیال میں اسی کو آیت ہذا میں "اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ" سے تعبیر فرمایا گیا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔ باقی حجاب والی صورت چونکہ بالکل نادر بلکہ اندر تھی اس لئے عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں اس سے تعرض نہیں کیا گیا۔ (تفسیر عثمانی)

آیات کا شانِ نزول:

یہودیوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ سے براہ راست کلام نہیں کرتے اور کیوں نہیں بالمشافہ اللہ کو دیکھتے ہو۔ اگر آپ نبی ہیں تو موسیٰ علیہ السلام کی طرح براہ راست کلام کریں اور موسیٰ کی طرح اللہ کو دیکھیں جب تک آپ ایسا نہیں کریں گے ہم آپ کی بات پر یقین نہیں کریں گے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا۔

موسیٰ علیہ السلام نے تو خدا کو نہیں دیکھا (تم غلط کہتے ہو اور اسی طرح

besturdubooks.wordpress.com

انہوں نے اللہ سے براہ راست بلا واسطہ تو کلام نہیں کیا بلکہ از پس پردہ کلام ہوا تھا) اور یہ آیات نازل ہوئیں وما کان لبشر الخ (تفسیر قرطبی ص ۵۳ ج ۱۶)

وحی کا مفہوم: امام راغبؒ نے مفردات میں لفظ وحی کا مفہوم بیان کرتے ہوئے فرمایا اشارۃ سریعۃ فی خفیۃ یعنی پوشیدہ اور مخفی طور سے ایک سریع اشارہ اور رمز۔ لفظ خفیۃ سے تو یہ ظاہر کیا کہ وحی الٰہی کا تعلق ظاہری حواس کے ادراک اور احساس سے نہیں یہ باطنی مدرکات اور شعور سے تعلق رکھنے والا امر ہے۔ اور لفظ سریعۃ کی دلالت یہ بتا رہی ہے۔ کہ وہ ایک آن کی آن میں عرش الٰہی سے قلب پیغمبر پر وارد ہو جاتی ہے۔ اور فی خفیۃ کا ہی یہ نتیجہ تھا کہ مجلس میں حضرات صحابہ موجود ہوتے اور نزول وحی ہو جاتا اس طرح کہ کسی کو کوئی خبر بھی نہ لگتی۔ اکثر ایسا ہی ہوتا تھا۔ اگرچہ بعض اوقات اللہ کا فرشتہ نظروں کے سامنے محسوس ہوتا اور وہ کوئی کلام کرتا تو دوسرے بھی اس کو سنتے جیسے کہ حدیث ایمان میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں جبرئیل امین کا نو وارد شخص کی شکل میں آنا اور ان کے سوالات کا قصہ مذکور ہے۔

نزول وحی کی کیفیت میں شدۃ کی وجہ: امام راغب نے اشارۃ سریعۃ کی قید ذکر کی۔ اور یہی وجہ صعوبت کے پیش آنے کی ہوتی تھی جیسے کہ ارشاد ہے اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَیْکَ قَوْلًا ثَقِیْلًا حتیٰ کہ سردیوں کے زمانہ میں بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشانی سے پسینہ ٹپکتا ہے۔

کیونکہ عالم خواب باطنی قویٰ اور مدرکات سے متعلق ہے تو اس لحاظ سے وحی کے ذریعہ کسی چیز کے سننے اور جاننے کے اعتبار سے ورنہ ظاہر ہے کہ خواب ایک ظنی چیز ہے۔ اور وحی الٰہی امر قطعی ہے۔ یہی سبب ہے کہ وحی کی ابتدا خوابوں سے ہوئی۔ جیسے کہ آفتاب کے طلوع سے قبل آسمان پر صبح کی سپیدی طلوع آفتاب کی تمہید ہوتی ہے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت اور وحی سے قبل چھ ماہ تک سچے خوابوں کا سلسلہ آفتاب رسالت سے قبل تمہید نبوت تھی۔

انبیاء علیہم السلام چونکہ معصوم ہوتے ہیں اس بنا پر ان کا خواب بھی وحی کی طرح قطعی اور امر خداوندی ہوتا ہے جیسے کہ ابراہیم علیہ السلام کے قصہ میں ہے۔

وحی کی حقیقت: بہر کیف عالم روحانیت اور ملاء اعلیٰ کے امور کا القاء اللہ کی طرف سے وحی کی حقیقت ہے یعنی جو چیز انسان نہ آنکھ سے دیکھ سکتا ہو اور نہ کان سے سن سکتا ہو اور نہ عقل سے اس کا ادراک کر سکتا ہو اس کا علم بذریعہ وحی الٰہی ہوتا ہے۔

غرض وحی الٰہی اور نبوت ایک موہبہ اور عطیہ خداوندی ہے کہ کوئی کسبی و اکتسابی یا فطری صلاحیت یا آثار و کیفیات کا نام نہیں جیسے کہ فلاسفہ اور ملحدین کا گمان ہے۔ فلاسفہ وحی کی حقیقت میں یہ کہتے ہیں کہ وہ ایک فطری ملکہ ہے۔ یعنی انسانی فطرت کی ایک اعلیٰ حالت کا نام ہے اور نبی کے قوائے طبیعہ کا ایک عمل ہے۔

آیت میں مذکور تین صورتوں کی وضاحت

اللہ کا کلام پیغمبر سے یا بہ شکل وحی یعنی اشارہ خفیہ کی صورت میں ہوگا۔ یا از پس پردہ ہوگا۔ یا کسی قاصد کے ذریعے ہوگا کہ وہ آ کر اللہ کا پیغام اور کلام پہنچا دے۔ ان ہی تین صورتوں کو اس آیت میں بیان فرمایا گیا ہے۔ اِلَّا وَحْیًا کی شکل تو وہ ہوگی کہ اندر ہی اندر نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِیْنُ عَلٰی قَلْبِكَ میں بیان فرمایا گیا کہ ظاہری طور پر نہ آنکھ کسی متکلم کو دیکھتی ہو اور نہ ظاہری کان کوئی آواز سنتے ہوں اور قلب پر اللہ کی وحی اور کلام نازل ہو جائے کہ حواس ظاہرہ کے دخل کے بغیر ہی قلب اپنے کانوں سے کلام الٰہی سن لے۔ عارفین کہتے ہیں حواس اصل میں تو اندر ہیں۔ جب عالم ظاہر سے تجرد ہوتا ہے تو حواس باطنہ اپنا عمل شروع کرتے ہیں۔ جیسے عالم خواب میں مدرکات اپنا عمل اس وقت شروع کرتے ہیں جب انسان پر نوم (نیند) طاری ہو جائے۔

اور حواس عالم ظاہر کے احساس و ادراک معطل اور غافل ہو جاتے ہیں۔ اسی حقیقت کو قرآن کریم کی یہ آیت ظاہر کر رہی ہے فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ دوسری صورت کا حاصل یہ ہے کہ قوت سامعہ کا تو دخل اور توسط ہو مگر قوت باصرہ اور آنکھوں کا درمیان میں دخل و توسط نہ ہو اور از پس پردہ نزول وحی کی ہے۔ جیسا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کوہ طور پر اللہ کا کلام سنا۔ آنکھوں سے نہ کوئی متکلم نظر آ رہا تھا اور نہ خداوند قدوس کا دیدار تھا۔ تیسری شکل کا حاصل یہ ہے کہ کسی قاصد اور فرشتہ کے ذریعہ وحی الٰہی آئے۔ اور خدا کا پیغمبر اس فرشتہ اور قاصد کو آنکھوں سے دیکھتا بھی ہو اور کانوں سے اس کے کلام کو سنتا ہو جیسے کہ بسا اوقات جبریل امین حضرت دحیۃ الکلبی کی شکل میں اترتے اور اللہ کی وحی پہنچا دیتے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا حارث بن ہشام کے سوال کے جواب میں جو چیز ذکر فرما رہی ہیں وہ وحی کی ان تین شکلوں میں سے دو کو مشتمل ہے جس میں یہ ارشاد فرمایا ہے کہ احیانا یاتینی مثل صلصلة الجرس وهوا شده علی واحیاناً یتمثل لی الملک بشرًا فیکلمنی فاعی ما یقول یعنی بسا اوقات وحی مجھ پر نازل ہوتی ہے گھنٹہ یا تالی کی جھنکار اور گونج کی طرح اور یہ مجھ پر زائد شدید ہوتی ہے اور بسا اوقات میرے سامنے فرشتہ بشر کی شکل میں متشکل ہو کر رونما ہوتا ہے اور وہ مجھ سے کلام کرتا ہے اور میں یاد کر لیتا ہوں جو کچھ وہ کہتا ہے تو مثل صلصلة الجرس کی شکل اِلَّا وَحْیًا کی ہوتی تھی اور تمثیل لی الملک بشرا کی صورت وہ ہوتی تھی جس کو قرآن کریم نے اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ میں بیان فرمایا۔ یہی دو صورتیں غالب تھیں اور مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ نادر اور قلیل تھی اس وجہ سے حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا میں اس کو صراحۃً نہیں فرمایا گیا اور اِلَّا وَحْیًا کی صورت

besturdubooks.wordpress.com

شدید اس وجہ سے ہوتی تھی کہ اس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی صفت بشریت سے منسلخ ہو کر ملکیت کی طرف صعود کرنا پڑتا تھا بخلاف اس صورت کے کہ فرشتہ ہی بصورت بشر نزول کر کے پیغام خداوندی پہنچا دے تو اس میں اپنے قویٰ میں تصرت کی مشقت نہیں ہوتی تھی۔ اس وجہ سے یہ دوسری صورت سہل ہوتی تھی بہ نسبت پہلی صورت کے یہ صورتیں تو وحی الٰہی کی وہ تھیں کہ ملاء اعلیٰ سے عالم دنیا کی طرف پیغمبر پر اللہ کا کلام اتارا جائے گویا یہ نزول وحی کا درجہ ہوا۔ ایک درجہ ایحاء کا یہ ہوا موحیٰ الیہ کو اوپر بلایا جائے۔ جیسے کہ معراج میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ساتوں آسمانوں کی بلندیوں کے بعد سدرۃ المُنتھیٰ اور بیت المعمور تک اور پھر وہاں سے مزید بلندیوں تک پہنچایا گیا کہ قاب قوسین کی صورت ہوگئی اور اس کے بعد پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی کی گئی جیسے کہ فرمایا گیا۔ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى فَاَوْحٰٓى اِلٰى عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰى یعنی جانبین سے مکالمہ ہوا۔ اگرچہ رؤیت میں اختلاف ہے لیکن بر تقدیر ثبوت یہ کہا جا سکتا ہے کہ دیدار اور کلام جدا جدا ہوگا۔ رؤیت مع الکلام کا جمع ہونا اس آیت کی رو سے بظاہر مشکل ہے کیونکہ بیان کردہ تین شکلوں کو انفصال کے عنوان سے بیان فرمایا گیا ہے کہ کلام خداوندی ان صورتوں میں سے کسی ایک ہی صورت میں ہو سکتا ہے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے۔ کلام من وراء حجاب یعنی از پس پردہ تو ہو سکتا ہے لیکن یہ کہ عیاناً اور بالمشافہ دیدار خداوندی کے ساتھ کلام بھی جمع ہو جائے؟ تو یہ نہیں ہوگا۔

الہام اور اس کی صورتیں:

الہام بھی ملاء غیب سے علوم وہدایات کے القاء کا نام ہے جو انبیاء کے سوا دیگر اللہ کے برگزیدہ بندوں کے قلب پر ہو۔ امام غزالیؒ فرماتے ہیں۔ الہام۔ جو علم کے قلب میں بغیر کسی اکتساب اور استدلال کے حق تعالیٰ شانہٗ یا ملاء اعلیٰ کی جانب سے القاء ہو اس کو الہام کہتے ہیں۔

قال تعالیٰ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا پھر اللہ نے اس کو فجور اور تقویٰ کا اس کا الہام فرمایا شیخ عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ تقویٰ کا الہام اس لئے فرمایا تا کہ نفس اس پر عمل کرے اور فجور کا الہام اس لئے فرمایا تا کہ اس سے پرہیز کرے۔

حصین بن منذر خزاعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب مشرف باسلام ہوئے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو یہ تعلیم فرمائی۔

اَللّٰهُمَّ اَلْهِمْنِىْ رُشْدِىْ وَاَعِذْنِىْ مِنْ شَرِّ نَفْسِىْ. (اے اللہ مجھ کو رشد وہدایت کا الہام فرما اور شر نفس سے مجھ کو پناہ دے)

وقال تعالیٰ شانہٗ

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ (سورۂ قصص) (اور موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کو الہام کیا کہ ان کو دودھ پلاؤ)

وقال تعالیٰ شانہٗ

وَاِذْ اَوْحَيْتُ اِلَى الْحَوَارِيّٖنَ اَنْ اٰمِنُوْا بِيْ وَبِرَسُوْلِيْ حواریین کو یہ الہام کیا کہ مجھ پر اور میرے رسول پر ایمان لاؤ۔

وقال اللہ جل جلالہٗ

قُلْنَا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِمَّآ اَنْ تُعَذِّبَ وَاِمَّآ اَنْ تَتَّخِذَ فِيْهِمْ حُسْنًا (اور ذوالقرنین کو یہ الہام کیا کہ خواہ انکو عذاب دو یا اُنکے ساتھ احسان کرو) (سورۂ کہف)

الہام کی مختلف صورتیں ہیں کبھی ایسا ہوتا ہے کہ من جانب اللہ براہ راست سب پر القاء ہوتا ہے اس کو علم لدنی کہتے ہیں کما قال تعالیٰ شانہٗ۔ وعلمناه من لدنا علما چنانچہ حجۃ الاسلام امام غزالی قدس اللہ سرہٗ فرماتے ہیں۔

ولعلم اللَّدُنّیِ هو الذی لا واسطة فی حصوله بین النفس و بین الباری وانما هو كالضوء من سراج الغیب یقع علیٰ قلب صاف فارغ لطیف (کذا فی الرسالۃ اللدنیہ ص ۲۸)

علم لدنی وہ ہے کہ جس کے حصول میں نفس اور حق تعالیٰ کے درمیان کوئی واسطہ نہ ہو۔ علم لدنی بمنزلہ روشنی کے ہے کہ جو سراج غیب سے قلب صاف وشفاف پر واقع ہوتی ہے (رسالۂ لدنیہ ص ۲۸)

حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ منکرین علم لدنی سے یہ فرمایا کرتے تھے۔

قد اخذتم علمكم میتا عن میت ونحن اخذنا علمنا عن الحی الذی لا یموت (کذا فی الیواقیت والجواہر (ص ۹۱ ج ۲) تم نے (خطاب بہ علماء ظاہر) علم میتا عن میت حاصل کیا ہے اور ہم نے علم حی لا یموت سے لیا ہے۔

اور کبھی ملاء اعلیٰ اور ملکِ الہام کے توسط سے کوئی چیز قلب میں القا کی جاتی ہے اس کو القاء فی القلب اور نفث فی الروع کہتے ہیں۔ ملک الہام قلب میں القاء کرتا ہے مگر نظر نہیں آتا۔

كَمَا قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیه وسلم اَنَّ رُوْحَ الْقُدُسِ نَفَثَ فِیْ رُوْعِیْ لَنْ تَمُوْتَ نَفْسٌ حَتّٰی تَسْتَكْمِلَ رِزْقَهَا الْحَدِیْثُ وَقَالَ تَعَالٰی اِذْ یُوْحِیْ رَبُّكَ اِلَی الْمَلٰٓئِكَةِ اَنِّیْ مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِیْنَ آمَنُوْا (سورہ انفال) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یا روح القدس یعنی جبرئیل نے میرے قلب میں یہ ڈالا ہے کہ کوئی نفس اُس وقت تک ہرگز نہ مریگا جب تک کہ وہ اپنا رزق پورا نہ لے لے۔ جب اللہ تعالیٰ فرشتوں کی طرف وحی بھیجتے تھے کہ میں تمہارے ساتھ ہوں سو تم مسلمانوں کے دلوں کو ثابت اور قائم رکھو۔

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد واعظ الله فی قلب كل مومن جیسا کہ امام احمد بن حنبل اور امام ترمذی نے نواس بن سمعان سے روایت کیا ہے اس واعظ اللہ سے یہی الہام الٰہی بواسطۂ الملائکہ مراد ہے جیسا

besturdubooks.wordpress.com

کہ حافظ ابن قیم نے مدارج السالکین میں ذکر کیا ہے۔

فرشتے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سلام کیا کرتے تھے مگر جب وہ داغ لگوانے لگے تو فرشتوں نے سلام چھوڑ دیا پس جب انہوں نے داغ لینا چھوڑ دیا تو فرشتے پھر مخاطبت اور سلام کرنے لگے۔

اور عمر بن عبدالبر فرماتے ہیں کہ عمران بن حصین بڑے جلیل القدر تھے اور فقہاء صحابہ میں سے تھے اہل بصرہ خود حضرت عمران سے ناقل ہیں کہ وہ کراماً کاتبین کو دیکھا کرتے تھے۔ اور ان سے باتیں کرتے تھے یہاں تک کہ داغ لیا۔ (کذافی الاصاح ۲۶ ج ۳)

حجۃ الاسلام قدس اللہ سرہ احیاء العلوم میں فرماتے ہیں کہ قلب کے دو دروازے ہیں ایک عالم ملکوت اور ملاء اعلیٰ کی طرف ہے اور دوسرا عالم شہادت کی طرف۔ ظاہری علوم اور معارف ظاہری باب یعنی حواس خمسہ ظاہرہ سے قلب میں داخل ہوتے ہیں۔ اور عالم ملکوت اور ملاءاعلیٰ کے علوم باطنی دروازہ سے قلب میں آتے ہیں۔

حسن بصری۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں کہ آنحضرت نے یہ ارشاد فرمایا کہ علم دو ہیں ایک ظاہری اور ایک باطنی اور آخرت میں علم باطن ہی نفع دیتا ہے۔ بعض علماء سے علم باطن کے متعلق دریافت کیا گیا تو یہ فرمایا کہ وہ ایک سرِّ الٰہی ہے جس کو حق تعالیٰ اپنے محبوبین کے دلوں میں ڈالتے ہیں اور اس پر کسی فرشتہ اور بشر کو بھی مطلع نہیں فرماتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میری اُمت میں سے محدث اور معلَّم اور مکلَّم ہوں گے۔ اور عمرؓ ان میں سے ہیں۔ اور ابن عباسؓ کی قراءت میں ہے وَمَآ اَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ مِن رَّسُولٍ وَلَا نَبِيٍّ ولا محدث اور محدث وہ ملهم من الله ہے کہ جسکے باطن قلب میں ان حواس ظاہرہ کے علاوہ علوم و معارف کیلئے کوئی دوسرا راستہ کھل گیا ہو ابایزید رحمۃ اللہ علیہ یہ فرمایا کرتے تھے کہ وہ شخص عالم نہیں کہ جو کسی کتاب کو یاد کرلے اس لئے کہ اکثر وہ اسکو بھول جائے تو جاہل رہ جائے گا۔ عالم حقیقۃً وہ ہے کہ جو اپنے رب سے جسوقت چاہے علم حاصل کرتا ہو بغیر حفظ اور تدریس کے اور یہی علم ربانی ہے اور عَلَّمْنٰهُ مِن لَّدُنَّا عِلْمًا میں اسی طرف اشارہ ہے۔ اگرچہ ہر علم اللہ ہی کے پاس سے ہے مگر بعض علم تعلیم خلق کے واسطہ سے حاصل ہوتا ہے اس کو علم لدنی نہیں کہتے۔ علم لدنی وہ ہے کہ جو بغیر کسی خارجی سبب کے خود بخود قلب میں من جانب اللہ آتا ہو۔

حجۃ الاسلام قدس سرہٗ ایک اور مقام پر فرماتے ہیں کہ حوض میں پانی لانیکی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ نہر وغیرہ سے پانی لایا جاوے۔ دوم یہ کہ اُسی حوض کو کھود کر اور اسکو آلات سے صاف کر کے اس میں کوئی چشمہ جاری کر دیا جائے اور یہ پانی بہ نسبت نہر کے پانی کے نہایت صاف اور شیریں اور لذیذ ہوگا۔ اسی طرح قلب بھی بمنزلہ حوض کے ہے تو کبھی علم اس میں حواس کی نہر سے لایا جاتا ہے اور کبھی بذریعہ خلوت وعزلت مجاہدہ وریاضت قلب کو کھود کر صاف کر دیا جاتا ہے۔

اس وقت خود اندرون قلب ہی سے علم کے چشمے جاری ہوجاتے ہیں اور تحصیل علوم میں حواس ظاہرہ کی ضرورت بالکل باقی نہیں رہتی حجۃ الاسلام رسالہ لدنیہ میں فرماتے ہیں مگر اس باطنی باب کا انفتاح تحصیل علوم اور صلاح وتقویٰ اور ریاضت صادقہ اور مجاہدہ کبیرہ اور مراقبہ صحیحہ اور تفکر پر موقوف ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو علم پر عمل کرے اللہ تعالیٰ اس کو ان چیزوں کا علم عطا فرماتے ہیں جن کو وہ نہیں جانتا۔ اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو چالیس روز اخلاص کے ساتھ عبادت کرے اللہ تعالیٰ علم و حکمت کے چشمے اسکے قلب سے اسکی زبان پر جاری فرما دیتے ہیں۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ایک گھڑی تفکر اور مراقبہ ساٹھ سال کی عبادت سے بہتر ہے پس متفکر جب صحیح راستہ پر چلے تو وہ عنداللہ اولوالالباب میں سے ہوتا ہے اور عالم غیب سے ایک روزن اُس کے قلب میں کھل جاتا ہے اس وقت یہ شخص پورا عالم اور عاقل اور ملہم اور مویدمن اللہ ہوتا ہے۔ (رسالہ لدنیہ ص ۳۷)

الہام انبیاء اور الہام اولیاء میں فرق

حافظ تور بشتی رحمہ اللہ تعالیٰ المعتمد فرماتے ہیں کہ الہام انبیاء اور الہام اولیاء میں فرق ظاہر ہے انبیاء کا الہام قطعی ہوتا ہے جس طرح انبیاء کرام معصوم عن الخطاء ہوتے ہیں۔ اسی طرح ان کا الہام بھی معصوم عن الخطاء ہوتا ہے بخلاف الہام اولیاء کے کہ وہ ظنی ہوتا ہے اور خطاء سے معصوم نہیں ہوتا اور یہ فرق ایسا ہی ہے جیسا کہ انبیاء اور اولیاء کے رؤیاء صالحہ میں۔ انبیاء کا رؤیا صالحہ وحی ہوتا ہے۔ اولیاء کا نہیں۔

امام ربانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنے ایک مکتوب میں فرماتے ہیں۔

والہام کہ اولیاء راہست مقتبس از انوار نبوت است واز برکات و فیوض متابعت انبیاء است علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات

(مکتوب ۲۳ جلد ۳ ص ۴۱)

اور اولیاء کا الہام انوار نبوت سے ماخوذ ہوتا ہے اور انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام ہی کی متابعت کے فیض اور برکت سے ہوتا ہے۔ فافہم واستقم۔

یعنی جس طرح مؤمنین کا ایمان اور ان کی دیگر صفات مثلاً زہد و ورع قناعت وتوکل۔ رضا وتسلیم وغیرہ وغیرہ انبیاء کرام ہی کے ایمان اور صفات کا ایک عکس ہوتا ہے مؤمنین کے ایمان اور ان کے زہد اور ورع کو انبیاءؑ کے ایمان اور زہد و ورع سے کوئی نسبت نہیں ہوتی۔

اسی طرح الہام مؤمنین کو الہام انبیاء سے کوئی نسبت نہیں ہوتی۔

الہام مؤمنین تو الہام انبیاء کا ایک ادنیٰ سا پرتو اور عکس ہوتا ہے۔ یہ کہاں اُس

besturdubooks.wordpress.com

کے ہمسر ہو سکتا ہے این الثریٰ من الثریا۔

نیز الہام اولیاء فقط کسی بشارت یا تفہیم پر مشتمل ہوتا ہے۔ اور الہام انبیاء میں امرونہی اور احکام آلہیہ جو بندوں کے متعلق ہوں وہ ہوتے ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ انبیاء پر اپنے الہام کی تبلیغ واجب ہے اور اولیاء پر نہیں بلکہ اُس کا اخفاء اولیٰ ہے جب تک کوئی ضرورت شرعیہ ودینیہ داعی نہ ہو۔

وحی والہام کی تحقیق وتفصیل میں حضرت والد محترم کا یہ کلام نہایت جامع اور اسرار وحکمت پر مشتمل تھا جو ہدیہ ناظرین کیا گیا۔ بحمد اللہ قدتم تفسیر سورۃ الشوریٰ۔ (معارف کاندھلوی)

إِنَّهُ عَلِيٌّ حَكِيمٌ ﴿٥١﴾
تحقیق وہ سب سے اُوپر ہے حکمتوں والا ☆

☆ یعنی اسکا علو مانع ہے کہ بے حجاب کلام کرے اور حکمت مقتضی ہے کہ بعض صورتیں ہم کلامی کی اختیار کی جائیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَكَذَٰلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ رُوحًا
اور اسی طرح بھیجا ہم نے تیری طرف ایک فرشتہ
مِّنْ أَمْرِنَا
اپنے حکم سے ☆

روح سے مراد ☆ مترجم محقق قدس اللہ روحہ نے اس جگہ روح سے مراد فرشتہ لیا ہے یعنی جبریل امین اور یہ بعض مفسرین کی رائے ہے لیکن ظاہر یہ ہے کہ یہاں خود قرآن کریم کو روح سے تعبیر فرمایا کیونکہ اسکی تاثیر سے مردہ قلوب زندہ ہوتے ہیں اور انسان کو ابدی حیات نصیب ہوتی ہے دیکھ لو جو قومیں کفر وظلم اور بداخلاقی کی موت مر چکی تھیں کس طرح قرآن نے ان میں جان تازہ ڈال دی۔ (تفسیر عثمانی)

رُوحًا روح سے مراد ہے کتاب یعنی قرآن مجید کذلک قال الکلبی ومالک بن دینار۔ سدی نے کہا جس طرح روح سے بدن کی زندگی ہوتی ہے اسی طرح قرآن دلوں کو زندہ کرتا ہے اس لئے قرآن کو روح فرمایا۔ ربیع نے کہا روح سے مراد ہیں جبرئیل اور اَوْحَیْنَا کا معنی ہے اَرْسَلْنَا یعنی ہم نے جبرئیل کو بھیجا۔ حضرت ابن عباس ؓ نے فرمایا روح (سے مراد) نبوت ہے۔ حسن نے کہا رحمت مراد ہے ان دونوں سے مراد بھی قرآن ہی ہے نبوت اور رحمت کا نشان قرآن ہی ہے۔

مِنْ اَمْرِنَا اپنے حکم سے۔ یعنی اپنے حکم سے ہم نے وحی بھیجی یا یہ مطلب کہ یہ روح ہمارے امر سے ہے (ہمارے امر کا نتیجہ ہے)۔ (تفسیر مظہری)

روح القدس کی بات: صحیح ابن حبان کی حدیث میں ہے کہ روح القدس نے میرے دل میں یہ بات پھونکی ہے کہ کوئی شخص بھی جب تک اپنی روزی اور اپنا وقت پورا نہ کرے ہرگز نہیں مرتا۔ پس اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور روزی کی طلب میں اچھائی اختیار کرو یا پردے کی اوٹ سے جیسے حضرت موسیٰ سے کلام ہوا۔ کیونکہ انہوں نے کلام سن کر جمال دیکھنا چاہا لیکن وہ پردے میں تھا۔ (تفسیر ابن کثیر)

مَا كُنتَ تَدْرِي مَا الْكِتَابُ وَلَا الْإِيمَانُ
تو نہ جانتا تھا کہ کیا ہے کتاب اور نہ ایمان ☆

تفاصیل وحی کے ذریعہ معلوم ہوئیں

☆ یعنی ایمان اور اعمال ایمانیہ کی یہ تفاصیل جو بذریعہ وحی اب معلوم ہوئیں پہلے سے کہاں معلوم تھیں گو نفس ایمان کے ساتھ ہمیشہ سے متصف تھے۔ (تفسیر عثمانی)

مَا كُنْتَ تَدْرِیْ۔ یعنی وحی سے پہلے آپ نہیں جانتے تھے۔

ایمان سے کیا مراد ہے:

یعنی ان احکام وشرائع سے واقف نہ تھے جن کو جاننے کا طریقہ (عقلی نہیں بلکہ) محض نقلی ہے۔ محمد بن اسحاق نے کہا اس جگہ ایمان سے نماز مراد ہے دوسری آیت میں آیا ہے مَا کَانَ اللّٰهُ لِیُضِیْعَ اِیْمَانَکُمْ اللہ ایسا نہیں کہ تمہاری (گذشتہ) نمازوں کو اکارت کردے۔ اس تفسیر کی بناء اہل علم کے اس متفق علیہ خیال پر ہے کہ انبیاء کا اللہ پر ایمان (فطری) الہامی ہوتا ہے وہ فطری طور پر بالہام خداوندی اس عالم کا ایک صانع جو تمام نقائص سے پاک اور تمام صفات کمالیہ سے موصوف ہے مانتے ہیں۔

یہ بات ضرور ہے کہ وحی سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خلوت پسند تھے تنہائی کی طرف راغب تھے۔ میں کہتا ہوں یہ کہا جا سکتا ہے کہ وحی سے پہلے ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مومن کامل تھے حقیقت ایمان کا یقین رکھتے تھے لیکن یہ نہیں جانتے تھے کہ اسی حالت کا نام ایمان ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَلَٰكِن جَعَلْنَاهُ نُورًا نَّهْدِي بِهِ مَنْ
ولیکن ہم نے رکھی ہے یہ روشنی اُس سے راہ سجھا دیتے ہیں
نَّشَاءُ مِنْ عِبَادِنَا
جس کو چاہیں اپنے بندوں میں ☆

نور ہدایت ☆ یعنی قرآن کی روشنی میں جن بندوں کو ہم چاہیں سعادت و فلاح کے راستہ پر لے چلتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا۔ حضرت ابن عباس ؓ نے فرمایا لیکن اس ایمان کو نور بنا دیا سدی نے کہا۔ قرآن کی طرف ضمیر راجع ہے یعنی اس قرآن کو نور بنا

دیا۔ نور سے مراد ہے جہالت کی تاریکی کو دور کرنے والی روشنی۔

نَهْدِیْ بِهٖ۔ یعنی دنیا میں قرآن کے ذریعہ سے صحیح عقیدہ تک اور آخرت میں جنت اور مقام قرب تک ہم جس بندہ کو چاہتے ہیں پہنچا دیتے ہیں۔

وَاِنَّكَ لَتَهْدِیْ۔ یعنی اے محمد آپ تمام لوگوں کو سیدھے راستہ پر چلنے کی ہدایت کرتے ہیں سیدھے راستہ سے مراد ہے اسلام جو جنت میں پہنچانے والا ہے۔ اس جملہ میں ہدایت سے مراد ہے راستہ دکھانا۔ راہنمائی۔ (تفسیر مظہری)

وَاِنَّكَ لَتَهْدِیْۤ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۵۲﴾
اور بیشک تو سمجھاتا ہے سیدھی راہ ☆

☆ یعنی آپ تو سب بندوں کو قرآن کریم کے ذریعہ سے اللہ تک پہنچنے کی سیدھی راہ بتلاتے رہتے ہیں کوئی اس پر چلے یا نہ چلے۔ (تفسیر عثمانی)

صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ
راہ اللہ کی اُس کا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں
وَمَا فِی الْاَرْضِ
اور زمین میں ☆

☆ یعنی سیدھی راہ وہ ہے جس پر چل کر آدمی خدائے واحد تک پہنچتا ہے۔ جو اس راہ سے بھٹکا خدا سے الگ ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یعنی کائنات کی ہر چیز اللہ ہی کی مملوک اور اسی کی مخلوق ہے۔ الْاُمُوْرُ یعنی مخلوق کے تمام امور براہ راست بلا واسطہ قیامت کے دن اللہ ہی کے پاس منتقل ہوں گے تمام درمیانی تعلقات اور وسائط ختم ہو جائیں گے۔

اس آیت میں اطاعت گزاروں کے لئے (اچھے انجام کا) وعدہ اور مجرموں کے لئے (عذاب کی) وعید ہے۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر مظہری)

اَلَاۤ اِلَى اللّٰهِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ ﴿۵۳﴾
سُنتا ہے اللہ ہی تک پہنچتے ہیں سب کام ☆

انجام کو سوچو ☆ یعنی جب سب کاموں کا انجام اسی کی طرف ہے تو چاہئے کہ آدمی شروع سے اس انجام کو سوچ لے اور اپنے اختیار سے ایسے راستہ پر چلے جو سیدھا اسی کی بارگاہ تک پہنچنے والا ہو" اللهم اهدنا الصراط المستقيم وثبتنا عليه تم سورة الشورى۔ (تفسیر عثمانی)

تمت سورۃ شوریٰ

جو شخص خواب میں اس کی تلاوت کرے اس کی [illegible] یہ ہے کہ ممکن ہے کہ اس کے رزق میں تنگی پیش آئے اور آخری عمر میں [illegible] حال تنگ ہو اور اس کے حظ دنیوی میں کمی آ جائے۔ (ابن سیرینؒ)

سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّسَبْعُ رُكُوْعَاتٍ
سورۂ زخرف مکہ میں نازل ہوئی اور اس کی نواسی آیتیں ہیں اور سات رکوع
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
﴿شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے﴾
حٰمٓ ﴿۱﴾ وَالْكِتٰبِ الْمُبِیْنِ ﴿۲﴾ اِنَّا جَعَلْنٰهُ
قسم ہے اس کتاب واضح کی ہم نے رکھا اُس کو
قُرْءٰنًا عَرَبِیًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۳﴾
قرآن عربی زبان کا تاکہ تم سمجھو ☆

☆ کیونکہ عربی تمہاری مادری زبان ہے اور تمہارے ذریعہ سے دنیا کی قومیں اس کتاب کو سیکھیں گی۔ (تفسیر عثمانی)

آیت کا لطیف معنی: اِنَّا جَعَلْنٰهُ۔ ہم نے اس کتاب کو عربی زبان کا قرآن بنایا ہے تاکہ تم سمجھو۔ قرآن حقیقت میں اللہ کی صفت کلامیہ ہے جو مخلوق (یعنی مجعول) نہیں ہے (بنائی ہوئی نہیں ہے) اس لئے آیت کا مطلب یہ ہے کہ ہم نے اس کتاب کو عربی الفاظ کا جامہ پہنایا ہے تاکہ تم پڑھ سکو اور اس کے معانی کو سمجھو۔ (تفسیر مظہری)

یہ سورت مکی ہے البتہ حضرت مقاتلؒ کا قول ہے کہ آیت وَسْئَلْ مَنْ اَرْسَلْنَا الخ مدنی ہے اور ایک قول یہ بھی ہے کہ یہ سورت معراج کے وقت آسمان پر نازل ہوئی (روح المعانی) واللہ اعلم۔

قسم کھانے کا مطلب: وَالْكِتٰبِ الْمُبِیْنِ۔ (قسم ہے کتاب واضح کی) اس سے مراد قرآن کریم ہے اللہ تعالیٰ جب کسی چیز کی قسم کھاتے ہیں تو عموماً وہ چیز بعد کے دعوے کی دلیل ہوا کرتی ہے یہاں قرآن کریم کی قسم کھا کر اس طرف اشارہ فرما دیا گیا ہے قرآن بذاتِ خود اپنے اعجاز کی وجہ سے اپنی حقانیت کی دلیل ہے۔

قرآن کو واضح کہنے کا مطلب: قرآن کو واضح کہنے کا مطلب یہ ہے کہ اسکے وعظ و نصیحت پر مشتمل مضامین بآسانی سمجھ میں آ جاتے ہیں لیکن جہاں تک اس سے احکام شرعیہ کے استنباط کا تعلق ہے وہ بلاشبہ ایک مشکل کام ہے اجتہاد کی پوری صلاحیت کے بغیر انجام نہیں دیا جا سکتا چنانچہ دوسری

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

جگہ یہ بات واضح کر دی گئی ہے۔ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ (اور بلاشبہ ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لئے آسان بنایا ہے' پس کیا ہے کوئی نصیحت حاصل کرنے والا؟) اسمیں فرمایا دیا گیا ہے کہ قرآن نصیحت اندوزی کیلئے آسان ہے لہٰذا اس سے اجتہاد و استنباط کا آسان ہونا لازم نہیں آتا بلکہ دوسرے دلائل سے ثابت ہے کہ اس کام کے لئے متعلقہ علوم میں پوری مہارت شرط ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَإِنَّهُ فِي أُمِّ الْكِتَابِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيمٌ ﴿۴﴾
اور تحقیق یہ قرآن لوح محفوظ میں ہمارے پاس ہے برتر مستحکم ☆

برتر و محکم کتاب ☆ یعنی وجوہ اعجاز اور اسرار عظیمہ پر مشتمل ہونے کی وجہ سے نہایت بلند مرتبہ اور تبدیل و تحریف سے محفوظ رہنے کی وجہ سے نہایت مستحکم ہے اس کے دلائل و براہین نہایت مضبوط اور اسکے احکام غیر منسوخ ہیں کوئی حکم حکمت سے خالی نہیں اور تمام مضامین اصلاح معاش و معاد کی اعلیٰ ترین ہدایات پر مشتمل اور حکیمانہ خوبیوں سے مملوء ہیں اور قرآن کے ان تمام محاسن پر خود قرآن ہی شاہد ہے "آفتاب آمد دلیل آفتاب"۔ (تنبیہ) قرآن اور تمام کتب سماویہ نزول سے پہلے لوح محفوظ میں لکھی گئی ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اُمِّ الْكِتَابِ۔ (تمام کتابوں کی اصل) یعنی لوح محفوظ دوسری آیت سے اس کی تائید ہوتی ہے فرمایا ہے **بل هو قرآن مجيد في لوح محفوظ۔**

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا اللہ نے سب سے پہلے قلم کو پیدا کیا اور جس مخلوق کو آئندہ پیدا کرنا چاہتا تھا اس کو لکھ دینے کا قلم کو حکم دیا اس کے بعد آپ نے پڑھا۔ وَإِنَّهُ فِي أُمِّ الْكِتَابِ۔

لَدَيْنَا۔ ہمارے پاس۔ اللہ کے پاس ہونا بے کیف اور تصور مکاتیب سے پاک ہے (قرب الٰہی نہ مکانی ہے نہ کسی جسمانی کیفیت کا حامل) بعض علماء نے لَدَيْنَا سے پہلے محفوظًا کا لفظ محذوف فرمایا ہے یعنی قرآن ہمارے پاس ہر تغیر سے محفوظ ہے۔

لَعَلِيٌّ۔ بڑے رتبہ والا کسی کا ادراک وہاں تک نہیں پہنچ سکتا۔ یا یہ مطلب ہے کہ تمام آسمانی کتابوں میں اس کی شان بلند ہے کیونکہ تمام کتب سماویہ میں یہ ہی معجز ہے۔ حضرت مجدد الف ثانیؒ نے فرمایا نظر کشف سے دکھائی دیتا ہے کہ تمام آسمانی کتابوں کے دائرہ میں قرآن مرکزی حیثیت رکھتا ہے جس طرح مرکز اصل اور دائرہ کا سمٹا ہوا نقطہ ہوتا ہے، بلکہ پورے دائرہ سے مرکز افضل اور وسیع تر ہوتا ہے اسی طرح نگاہ کشف سے دکھتا ہے کہ قرآن بہت ہی اجمالی مرکز ہے مگر شان سب سے اونچی رکھتا ہے یوں سمجھو کہ جس طرح چاند ہالہ کے اندر دیکھنے والے کو ہالہ سے چھوٹا نظر آتا ہے لیکن واقع میں ہالہ کے دائرے سے کہیں زیادہ وسیع ہوتا ہے قرآن کی بھی یہی حیثیت ہے۔

حَكِيمٌ۔ حکمت کاملہ سے بھرا ہوا یا محکم جس کو کوئی کتاب منسوخ نہیں کر سکتی۔ (تفسیر مظہری)

قرآن کے اُمّ الکتاب ہونے کا تقاضا

ایک حدیث میں بھی آیا ہے' بشرطیکہ وہ صحیح ثابت ہو جائے۔ اس لئے کہ عالم بالا میں فرشتے اس کتاب کی عزت و تعظیم کرتے ہیں جس میں یہ قرآن لکھا ہوا ہے۔ پس اس عالم میں ہمیں بطور اولیٰ اس کی بہت زیادہ تعظیم و تکریم کرنی چاہئے۔ کیونکہ یہ زمین والوں کی طرف ہی بھیجا گیا ہے اور اس کا خطاب ان ہی سے ہے تو انہیں اس کی بہت زیادہ تعظیم اور ادب کرنا چاہئے اور ساتھ ہی اس کے احکام کو تسلیم کر کے ان پر عامل بن جانا چاہئے کیونکہ رب تعالیٰ کا فرمان ہے کہ یہ ہمارے ہاں امّ الکتاب میں ہے اور بلند پایہ اور با حکمت ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

أَفَنَضْرِبُ عَنكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا أَن
کیا پھیر دیں گے ہم تمہاری طرف سے یہ کتاب موڑ کر اس
كُنتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِينَ ﴿۵﴾
سبب سے کہ تم ہو ایسے لوگ کہ حد پر نہیں رہتے ☆

کسی کی شرارت کے سبب نزول ہدایت بند نہیں ہوسکتی

☆ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "اس سبب سے کہ تم نہیں مانتے کیا حکم کا بھیجنا موقوف کریں گے" یعنی ایسی توقع مت رکھو اللہ کی حکمت و رحمت اسی کو مقتضی ہے کہ باوجود تمہاری زیادتیوں اور شرارتوں کے کتاب الٰہی کا نزول اور دعوت و نصیحت کا سلسلہ بند نہ کیا جائے کیونکہ بہت سی سعید روحیں اس سے مستفید ہوتی ہیں اور منکرین پر کامل طور سے اتمام حجت ہوتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

آیت کا ایک اور مطلب: بغوی نے قتادہ کا تفسیری بیان نقل کیا ہے کہ ابتداء وحی کے زمانہ کے کافروں نے جب قرآن کو ماننے سے انکار کر دیا تھا اگر اسی زمانہ میں قرآن اٹھا لیا جاتا تو سب لوگ ہلاک ہو جاتے لیکن اللہ نے اپنی رحمت و مہربانی سے بیس سال تک یا جب تک اس نے چاہا قرآن کو نازل کیا اور ارسال وحی کو قائم رکھا۔

مجاہد اور سدی نے آیت کا یہ مطلب بیان کیا ہے' کیا ہم تم سے رخ گرداں جائیں گے اور تم کو بغیر سزائے کفر کے یونہی چھوڑ دیں گے۔ (تفسیر مظہری)

وَكَمْ أَرْسَلْنَا مِن نَّبِيٍّ فِي الْأَوَّلِينَ ﴿۶﴾
اور بہت بھیجے ہیں ہم نے نبی پہلوں میں

besturdubooks.wordpress.com

وَمَا يَأْتِيهِمْ مِّنْ نَّبِيٍّ إِلَّا كَانُوا بِهِ

اور نہیں آتا لوگوں کے پاس کوئی پیغام لانیوالا جس سے

يَسْتَهْزِءُونَ ﴿٧﴾

ٹھٹھا نہیں کرتے ☆

☆یعنی پہلے رسولوں کے ساتھ بھی استہزاء کیا گیا اوران کی تعلیمات کو جھٹلایا گیا مگر اس کی وجہ سے پیغامبری کا سلسلہ مسدود نہیں ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَا يَأْتِيهِمْ ۔گزشتہ حال کا بیان ہے یعنی ان کے پاس کوئی نبی ایسا نہ آتا تھا جس کا انہوں نے مذاق نہ اڑایا ہو۔

مِنْ نَبِيٍّ ۔من زائد ہے یعنی کوئی نبی۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے پیغام تسکین

إِلَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِءُونَ ۔اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے پیغام تسکین ہے (یعنی صرف آپ ہی کے ساتھ کافر یہ معاملہ نہیں کررہے ہیں بلکہ تمام انبیاء کے ساتھ ان کا سلوک یہی ہوتا رہا ہے) (تفسیر مظہری)

فَأَهْلَكْنَا أَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَمَضَىٰ

پھر برباد کرڈالے ہم نے اُن سے سخت زور والے اور چلی آئی ہے

مَثَلُ الْأَوَّلِينَ ﴿٨﴾

مثال پہلوں کی ☆

سامان عبرت ☆یعنی عبرت کے لئے ان مکذبین کی تباہی کی مثالیں پیش آچکیں اور پہلے مذکور ہوچکیں جو زور وقوت میں تم سے کہیں زیادہ تھے جب وہ اللہ کی پکڑ سے نہ بچ سکے تو تم کاہے پر مغرور ہوتے ہو آگے اللہ تعالیٰ کی عظمت وقدرت اور کمال کا ذکر کرتے ہیں جو ایک حد تک ان کے نزدیک بھی مسلم تھا۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ

اور اگر تو اُن سے پوچھے کس نے بنائے آسمان

وَالْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ خَلَقَهُنَّ الْعَزِيزُ

اور زمین تو کہیں بنائے اُس زبردست

الْعَلِيمُ ﴿٩﴾ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ

خبردار نے وہی ہے جس نے بنا دیا تمہارے لئے زمین

مَهْدًا وَجَعَلَ لَكُمْ فِيهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ

کو بچھونا اور رکھ دیں تمہارے واسطے اُس میں راہیں تاکہ تم

تَهْتَدُونَ ﴿١٠﴾

راہ پاؤ ☆

زمین کی نافعیت ☆یعنی جہاں تک انسان بستے ہیں آپس میں مل سکیں ایک دوسرے تک راہ پائیں اور چل پھر کر دنیوی واخروی مقاصد میں کامیابی کا راستہ معلوم کرلیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ ۔یعنی کفار مکہ سے اگر آپ دریافت کریں۔

مَهْدًا ۔یعنی فرش جیسے بچہ کا بستر ہوتا ہے۔

سُبُلًا ۔یعنی چلنے کے لئے اس نے زمین میں راستے بنادئے۔

لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ۔تاکہ ان راستوں پر چل کر تم اپنے مقصد تک پہنچ جاؤ۔ یا یہ مطلب ہے کہ زمین میں پیدا کی ہوئی راہوں پر غور کرکے حکمت صانع کو سمجھنے کی تمہاری ذہنی رسائی ہوجائے۔ (تفسیر مظہری)

زمین کا گول ہونا: جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ مَهْدًا ۔(تمہارے لئے زمین کو فرش بنایا) مطلب یہ ہے کہ زمین کو ظاہری صورت اوراسکا آرام فرش کا سا ہے۔ لہٰذا یہ زمین کے گول ہونے کے منافی نہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

وَالَّذِي نَزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً بِقَدَرٍ

اور جس نے اُتارا آسمان سے پانی ماپ کر ☆

☆یعنی ایک خاص مقدار میں جو اس کی حکمت کے مناسب اور اس کے علم میں مقدر تھی۔ (تفسیر عثمانی)

بِقَدَرٍ ۔ایک اندازہ کے ساتھ یعنی اتنی مقدار میں جو مفید ہو ضرر رساں نہ ہو۔ (تفسیر مظہری)

فَأَنْشَرْنَا بِهِ بَلْدَةً مَّيْتًا كَذَٰلِكَ

پھر اُبھار کھڑا کیا ہم نے اُس سے ایک دیس مُردہ کو اسی طرح تم کو

تُخْرَجُونَ ﴿١١﴾

بھی نکال لینگے ☆

بعث بعد الموت ☆یعنی جس طرح مردہ زمین کو بذریعہ بارش کے زندہ اور آباد کردیتا ہے۔ ایسے ہی تمہارے جسموں میں جان ڈال کر قبروں سے نکال کھڑا کرے گا۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

فَاَنْشَرْنَا۔ پھر ہم نے زندہ کیا۔ یعنی جسطرح ہم نے پانی سے زمین کو زندہ کیا اسی طرح تم کو بھی قبروں سے نکالا جائے گا یعنی تم کو زندہ کیا جائے گا۔

دو نفخوں کے درمیان مدت: شیخین نے صحیحین میں حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پہلے مرتبہ صور پھونکنے اور دوسری بار صور پھونکنے کے درمیان چالیس کی مدت ہوگی لوگوں نے حضرت ابو ہریرہؓ سے دریافت کیا کیا چالیس دن کی مدت ہوگی حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا میں اس کا اقرار نہیں کر سکتا لوگوں نے کہا پھر کیا چالیس ماہ مراد ہیں حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا مجھے اس سے بھی انکار ہے لوگوں نے کہا تو کیا چالیس سال کی مدت ہوگی حضرت ابو ہریرہؓ نے اس کا بھی اقرار نہیں کیا۔

آبِ حیات کی بارش: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پھر اللہ آسمان سے پانی برسائے گا جس سے مردے (زمین سے) ایسے اگیں گے جیسے سبزہ اگتا ہے آدمی کی ہر چیز سوا ایک ہڈی کے فنا ہو جاتی ہے اور وہ ہڈی دم گزے کی ہڈی ہے اسی سے جسمانی بناوٹ جوڑی جائے گی۔

ابن ابی حاتم نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے اور ابن جریر نے سعید بن جبیر کے حوالے سے بیان کیا کہ اصل عرش سے ایک وادی بہہ نکلے گی جس سے روئے زمین پر رینگنے والا ہر جاندار (سبزے کی طرح) اگے گا پھر روحوں کو حکم ہوگا کہ اڑ کر (اپنے اپنے) جسموں میں داخل ہو جائیں اسی کے متعلق اللہ نے فرمایا ہے یٰۤاَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَىٕنَّةُ ارْجِعِیْۤ اِلٰى رَبِّكِ۔

امام احمد اور ابو یعلی نے حضرت انسؓ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن لوگوں کو (قبروں سے) اٹھایا جائے گا اور آسمان سے ان پر ہلکی بارش ہوگی۔ (تفسیر مظہری)

وَالَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا
اور جس نے بنائے سب چیز کے جوڑے ☆

سب کا خالق ☆ یعنی دنیا میں جتنی چیزوں کے جوڑے ہیں اور مخلوق کی جتنی قسمیں اور متماثل یا متقابل انواع ہیں سب کو خدا ہی نے پیدا کیا۔ (تفسیر عثمانی)

وَجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْفُلْكِ وَالْاَنْعَامِ
اور بنا دیا تمہارے واسطے کشتیوں اور چوپایوں کو
مَا تَرْكَبُوْنَ ۙ﴿۱۲﴾ لِتَسْتَوٗا عَلٰى ظُهُوْرِهٖ
جس پر تم سوار ہوتے ہو تاکہ چڑھ بیٹھو تم اُس کی پیٹھ پر ☆

☆ یعنی خشکی میں بعض چوپایوں کی پیٹھ پر اور دریا میں کشتی پر سوار ہو۔ (تفسیر عثمانی)

جانوروں اور سواریوں کی نعمت:

چوپایوں کا نعمت ہونا تو بالکل ظاہر ہے کہ وہ انسان سے کئی گنا زیادہ طاقتور ہوتے ہیں لیکن اللہ نے اُنہیں انسان کے آگے ایسا رام کر دیا ہے کہ ایک بچہ بھی ان کے منہ سے لگام یا ناک میں نکیل ڈال کر جہاں چاہتا ہے اُنہیں لے جاتا ہے۔ اسی طرح وہ سواریاں بھی اللہ کی بڑی نعمت ہیں جن کی تیاری میں انسانی صنعت کو دخل ہے، ہوائی جہاز سے لیکر معمولی سائیکل تک یہ ساری سواریاں اگرچہ بظاہر انسان نے خود بنائی ہیں لیکن اُن کی صنعت کے طریقے بجھانے والا اللہ تعالیٰ کے سوا کون ہے؟ یہ وہ قادر مطلق ہی تو ہے جس نے انسانی دماغ کو وہ طاقت عطا کی ہے جو لوہے کو موم بنا کر رکھدیتی ہے۔ اسکے علاوہ ان کی صنعت میں جو خام مواد استعمال ہوتا ہے وہ اس کے خواص و آثار تو براہ راست اللہ تعالیٰ ہی کی تخلیق ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

ثُمَّ تَذْكُرُوْا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ اِذَا
پھر یاد کرو اپنے رب کا احسان جب
اسْتَوَیْتُمْ عَلَیْهِ وَتَقُوْلُوْا
بیٹھ چکو اُس پر اور کہو
سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا
پاک ذات ہے وہ جس نے بس میں کر دیا ہمارے
وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ ۙ﴿۱۳﴾
اسکو اور ہم نہ تھے اُسکو قابو میں لا سکتے ☆

انسانی صلاحیت کی نعمت ☆ یعنی چوپایوں یا کشتی پر سوار ہوتے وقت اللہ کا احسان دل سے یاد کرو کہ ہم کو اس نے اس قدر قوی اور ہنر مند بنا دیا کہ اپنی عقل و تدبیر وغیرہ سے ان چیزوں کو قابو میں لے آئے یہ محض خدا کا فضل ہے ورنہ ہم میں اتنی طاقت اور قدرت کہاں تھی کہ ایسی ایسی چیزوں کو مسخر کر لیتے نیز دلی یاد کے ساتھ زبان سے سواری کے وقت یہ الفاظ کہنے چاہئیں۔ "سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّاۤ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ" اور بھی اذکار و ادعیہ احادیث میں آئی ہیں جو کتب حدیث و تفسیر میں مذکور ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

سوار ہونے کے اذکار و دعائیں

چنانچہ کتاب الاذکار والادعیہ میں یہ حدیث ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر شروع کرتے وقت سواری پر سوار ہونے کے بعد یہ

besturdubooks.wordpress.com

کلمات دعائیہ پڑھنے کی ہدایت فرمائی۔ عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب سواری پر سوار ہوتے تو تین بار تکبیر فرماتے اور تین بار سُبحان اللّٰہ فرماتے ایک بار لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ اور ایک روایت میں ہے کہ لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ بھی تین بار فرماتے اور پھر یہ آیت مبارکہ سُبحانَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا پڑھتے۔ اس کے بعد یہ کلمات فرماتے اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ فِیْ سَفَرِیْ ھٰذَا مِنَ البِرِّ وَالتَّقْویٰ وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی اَللّٰھم ھَوِّنْ عَلَیْنَا السَّفَرَ وَاطْوِلَنَا الْبُعْدَ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَۃُ فِی الْاَھْلِ اَللّٰھُمَّ اَصْحِبْنَا فِیْ سَفَرِنَا ھٰذَا وَاخْلُفْنَا فِیْ اَھْلِنَا۔ (معارف کاندھلوی)

سفر سے واپسی کی دعاء: جب سفر سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم گھر کی طرف لوٹتے تو فرماتے اٰیِبُوْنَ تَآئِبُوْنَ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ عٰبِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ یعنی واپس لوٹنے والے توبہ کرنیوالے ان شاء اللہ عبادتیں کرنیوالے اپنے رب تعالیٰ کی تعریفیں کرنے والے۔ (مسلم ابوداؤد نسائی وغیرہ)۔

سواری کے وقت دعا پڑھنے کی حکمت

ابولاس خزاعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ صدقہ کے اونٹوں میں سے ایک اُونٹ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہماری سواری کے لئے ہمیں عطا فرمایا کہ ہم اس پر سوار ہو کر حج کو جائیں۔ ہم نے کہا یارسول اللہ! ہم نہیں دیکھتے کہ آپ ہمیں اس پر سوار کرائیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر اُونٹ کی کوہان میں شیطان ہوتا ہے تم جب اس پر سوار ہو تو جس طرح میں تمہیں حکم دیتا ہوں اللہ تعالیٰ کا نام یاد کرو پھر اسے اپنے لئے خادم بنالو۔ یاد رکھو اللہ تعالیٰ ہی سوار کراتا ہے۔ (مسند احمد)۔ حضرت ابولاس کا نام محمد بن اسود بن خلف ہے رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ مسند کی ایک اور حدیث میں ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں ہر اونٹ کی پیٹھ شیطان ہے تو تم جب اس پر سواری کرو تو اللہ تعالیٰ کا نام لیا کرو پھر اپنی حاجتوں میں کمی نہ کرو۔ (تفسیر ابن کثیر)

اللہ تعالیٰ کا پسندیدہ فعل:

ابوداؤد ترمذی نسائی اور بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت علیؓ نے جب اپنا قدم رکاب میں رکھا تو فوراً بسم اللہ کہا پھر جب ٹھیک ہو کر بیٹھ گئے تو الحمدللہ کہا پھر فرمایا۔ سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ اس کے بعد تین بار الحمدللہ اور تین بار اللہ اکبر کہا پھر کہا لا الہ الا انت ظلمت نفسی فاغفرلی ذنوبی فانہ لا یغفر الذ نوب الا انت اس کے بعد مسکرا دیئے عرض کیا گیا امیر المومنین آپ کس وجہ سے مسکرائے فرمایا بندہ جب لا الہ الا انت ظلمت نفسی فاغفرلی ذنوبی فانہ لا یغفر الذ نوب الاھو کہتا ہے تو اللہ اس کے اس فعل کو پسند کرتا ہے (اوکما قال) اس موقعہ پر حضور مسکرائے تھے تو حضرت علیؓ بھی مسکرائے۔ (تفسیر مظہری)

صاحب عقل کا کام: ثُمَّ تَذْکُرُوْا نِعْمَۃَ رَبِّکُمْ (اور تاکہ تم یاد کرو اپنے پروردگار کی نعمت کو) اس سے اشارہ فرمادیا گیا کہ ایک صاحب عقل و ہوش انسان کا کام یہ ہے کہ وہ منعم حقیقی کی نعمتوں کو استعمال کرتے ہوئے غفلت، بے پروائی اور استغنا کا مظاہرہ کرنے کے بجائے اس بات پر دھیان دے کہ یہ مجھ پر اللہ تعالیٰ کا انعام ہے لہٰذا مجھ پر اسکے شکر کی ادائیگی اور عجز و نیاز کا اظہار واجب ہے۔

کافر و مؤمن کا فرق: ایک کافر اور مؤمن میں درحقیقت یہی فرق ہے کہ کائنات کی نعمتوں کو دونوں استعمال کرتے ہیں لیکن کافر انہیں غفلت اور بے پروائی سے استعمال کرتا ہے اور مؤمن اللہ کے انعامات کو مستحضر کر کے اپنا سرنیاز اس کے حضور جھکا دیتا ہے اسی مقصد سے قرآن و حدیث میں مختلف کاموں کی انجام دہی کے وقت صبر و شکر کے مضامین پر مشتمل دعائیں تلقین کی گئی ہیں۔ اور اگر انسان اپنی روزمرہ زندگی میں اُٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے ان دعاؤں کو اپنا معمول بنائے تو اسکا ہر مباح کام بھی عبادت بن جاتا ہے۔ یہ دعائیں علامہ جزریؒ کی کتاب "حصن حصین" اور حکیم الامت حضرت تھانویؒ کی "مناجات مقبول" میں دیکھی جاسکتی ہیں۔

وَاِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۴﴾
اور ہم کو اپنے رب کی طرف پھر جانا ہے ☆

سفر آخرت کی یاد ☆ یعنی اس سفر سے آخرت کا سفر یاد کرو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سوار ہوتے تو یہی تسبیح کہتے تھے۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ۔ (اور بلاشبہ ہم اپنے پروردگار ہی کی طرف لوٹنے والے ہیں) ان الفاظ کے ذریعہ تعلیم یہ دی گئی ہے کہ انسان کو اپنے ہر دُنیوی سفر کے وقت آخرت کا وہ کٹھن سفر یاد کرنا چاہئے جو ہر حال میں پیش آکر رہے گا اور اسے سہولت کے ساتھ طے کرنے کے لئے اعمال صالحہ کے سوا کوئی سواری کام نہیں ہوگی۔ (معارف مفتی اعظم)

وَجَعَلُوْا لَہٗ مِنْ عِبَادِہٖ جُزْءًا ؕ اِنَّ
اور ٹھہرائی ہے انہوں نے حق تعالیٰ کے واسطے اولاد اسکے
الْاِنْسَانَ لَکَفُوْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۱۵﴾ؕ اَمِ اتَّخَذَ
بندوں میں سے، تحقیق انسان بڑا ناشکر ہے صریح کیا اس نے
مِمَّا یَخْلُقُ بَنٰتٍ وَّ اَصْفٰکُمْ بِالْبَنِیْنَ ﴿۱۶﴾
رکھ لیں اپنی مخلوقات میں سے بیٹیاں اور تم کو دے دیے چن کر بیٹے ☆

besturdubooks.wordpress.com

ناشکری ☆یعنی چاہیے تھا اللہ کی نعمتوں کو پہچان کر شکر ادا کرے یہ صریح ناشکری پر اتر آیا اور اسکی جناب میں گستاخیاں کرنے لگا اس سے بڑی گستاخی اور ناشکری کیا ہوگی کہ اس کیلئے اولاد تجویز کی جائے وہ بھی بندوں میں سے اور وہ بھی بیٹیاں اول تو اولاد باپ کے وجود کا ایک جز ہوتا ہے تو خداوند قدوس کے لئے اولاد تجویز کرنے کے یہ معنی ہوئے کہ وہ اجزاء سے مرکب ہے اور مرکب کا حادث ہونا ضروری دوسرے ولد اور والد میں مجانست ہونی چاہئے دونوں ایک جنس نہ ہوں تو ولد یا والد کے حق میں عیب ہے یہاں مخلوق و خالق میں مجانست کا تصور بھی نہیں ہوسکتا تیسرے لڑکی باعتبار قوائے جسمیہ وعقلیہ کے عموماً لڑکے سے ناقص اور کمزور ہوتی ہے گویا معاذ اللہ خدا نے اپنے لئے اولاد بھی رکھی تو گھٹیا اور ناقص کیا تم کو شرم نہیں آتی کہ اپنے حصہ میں عمدہ اور بڑھیا اور خدا کے حصہ میں ناقص اور گھٹیا چیز لگاتے ہو۔ (تفسیر عثمانی)

مشرکین کے دعویٰ کی عقلی تردید: وَجَعَلُوْا لَهٗ مِنْ عِبَادِهٖ جُزْءًا (اور انہوں نے خدا کے بندوں میں سے خدا کا جزو ٹھہرایا) یہاں جزوٗ سے مراد اولاد ہے کہ مشرکین فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں کہا کرتے تھے اور "اولاد" کے بجائے "جزو" کا لفظ اختیار کر کے مشرکین کے اس دعوائے باطل کی عقلی تردید کی طرف اشارہ کر دیا گیا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ
اور جب اُن میں کسی کو خوشخبری ملے اُس چیز کی جس کو
لِلرَّحْمٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا
رحمٰن کے نام لگایا تو سارے دن رہے منہ اُس کا سیاہ
وَّهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۱۷﴾
اور وہ دل میں گھٹ رہا ہے☆

مشرکین کی بے عقلی ☆یعنی جو اولاد نا خدا کے لئے تجویز کر رہے ہیں وہ ان کے زعم میں ایسی عیب دار اور ذلیل و حقیر ہے کہ اگر خود انہیں اس کے ملنے کی خوشخبری سنائی جائے تو مارے رنج اور غصہ کے تیور بدل جائیں اور دل ہی دل میں پیچ و تاب کھاتے رہیں اس کی پوری تقریر سورۂ 'صافات' کے اخیر رکوع میں گزر چکی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

مَثَلًا کا ایک اور مفہوم: مثل سے مراد ہے صفت۔ یعنی جب اس کو اس وصف کی بشارت دی جاتی ہے جس کو اس نے رحمٰن کا وصف قرار دیا ہے تو انتہائی غم سے اس کا چہرہ سخت کالا ہو جاتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

اَوَمَنْ يُّنَشَّؤُا فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي
کیا ایسا شخص کہ پرورش پاتا ہے زیور میں اور وہ
الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِيْنٍ ﴿۱۸﴾
جھگڑے میں بات نہ کہہ سکے ☆

ضعیف الرائے ☆یعنی کیا خدا نے اولاد بنانے کے لئے لڑکی کو پسند کیا ہے جو عادۃً آرائش وزیبائش میں نشو ونما پائے اور زیورات وغیرہ کے شوق میں مستغرق رہے جو دلیل ہے ضعف رائے وعقل کی اور وہ بوجہ ضعف قوت فکریہ کے مباحثہ کے وقت قوت بیانیہ بھی نہ رکھے چنانچہ عورتوں کی تقریروں میں ذرا غور کرنے سے مشاہدہ ہوتا ہے کہ نہ اپنے دعوے کو کافی بیان سے ثابت کر سکیں نہ دوسرے کے دعوے کو گرا سکیں ہمیشہ ادھوری بات کہیں گی یا فضول باتیں اس میں ملا دیں گی جن کو مطلوب میں کچھ دخل نہ ہو کہ اس سے بھی تبیین مقصود میں خلل پڑ جاتا ہے اور مباحثہ کی تخصیص اس حیثیت سے ہے کہ اس میں بوجہ بیان کی احتیاج زیادہ ہونے کے ان کا عجز زیادہ ظاہر ہو جاتا ہے پس ہر کلام طویل اسی کے حکم میں ہے اور معمولی جملوں کا ادا ہو جانا مثلاً میں آ گئی تھی وہ گئی تھی قوت بیانیہ کی دلیل نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

عورتوں کیلئے زیور کی اجازت اور مردوں کیلئے ممانعت کی حکمت

يُنَشَّؤُا (باب تفعیل) یعنی پرورش پاتا ہے۔ اس سے عورتیں مراد ہیں حسن صورت عورت کا طرۂ امتیاز ہے اسی لئے عورت زیور کی ضرورت مند ہے تاکہ اس کے حسن ظاہری میں اضافہ ہو مردوں کا امتیاز اوصاف باطنی اور کمالات ذاتی پر موقوف ہے اور یہ زیور سے حاصل نہیں ہوتا اس لئے مردوں کو زیور کی ضرورت نہیں۔ آیت میں در پردہ ایماء ہے اس طرف کہ ظاہری ٹیپ ٹاپ اور زیور سے آراستگی عیب ہے مردوں کو اس سے پرہیز رکھنا اور لباس تقویٰ سے آراستہ ہونا چاہئے۔ (تفسیر مظہری)

وَجَعَلُوا الْمَلٰٓئِكَةَ الَّذِيْنَ هُمْ عِبٰدُ
اور ٹھہرایا انہوں نے فرشتوں کو جو بندے ہیں
الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا
رحمٰن کے عورتیں☆

مشرکوں کا جھوٹ ☆یعنی یہ ان کا ایک اور جھوٹ ہے کہ فرشتوں کو عورتوں کی صف میں داخل کرتے ہیں حالانکہ وہ نہ عورت نہ مرد جنس ہی علیحدہ ہے۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

مشرکین کی طرف سے فرشتوں کی توہین

اورانہوں نے فرشتوں کو جو خدا کے بندے ہیں عورتیں قرار دے رکھا ہے۔ یعنی مشرکوں نے نازیبا اوصاف ہی خدا کے لئے ثابت نہیں کئے اور خدا کو صرف صاحب اولاد ہی نہیں قرار دیا اور محض خدا ہی کی توہین نہیں کی بلکہ فرشتوں کی بھی تحقیر کی وہ فرشتے جو اللہ کے برگزیدہ بندے اور مقرب بارگاہ خداوندی ہیں اور ان کا قرب ناقابل بیان ہے ان کو عورتیں قرار دے رکھا ہے۔

آیت کا شانِ نزول: ابن المنذر نے قتادہ کا قول نقل کیا کہ کچھ منافق اللہ کا رشتۂ زوجیت جنات سے جوڑتے تھے اور ملائکہ کو ان سے مانتے تھے ان کی تردید میں نازل ہوا وَجَعَلُوا الْمَلٰٓئِكَةَ الَّذِيْنَ هُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا۔ بغوی نے بحوالۂ کلبی ومقاتل بیان کیا ہے کہ جب مکہ والوں نے یہ بات کہی (یعنی فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں قرار دیا) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تم کو کیسے معلوم کہ فرشتے خدا کی بیٹیاں ہیں انہوں نے کہا ہم نے اپنے بزرگوں سے ایسا ہی سنا ہے اور ہم کو یقین ہے کہ انہوں نے غلط نہیں کہا اس پر آیت سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ وَيُسْئَلُوْنَ۔ نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ سَتُكْتَبُ
کیا دیکھتے تھے اُن کا بننا اب لکھ رکھیں گے
شَهَادَتُهُمْ وَيُسْئَلُوْنَ ﴿۱۹﴾
اُن کی گواہی اوراُن سے پوچھ ہوگی ☆

مشرکین کے دعوے بلا دلیل ہیں

یعنی کوئی دلیل عقلی ونقلی تو ان کے پاس اس دعوے پر نہیں پھر کیا اللہ نے جب فرشتوں کو بنایا تو یہ کھڑے دیکھ رہے تھے کہ مرد نہیں عورت بنایا ہے بہت اچھا ان کی یہ گواہی دفتر اعمال میں لکھ لی جاتی ہے خدائی عدالت میں جس وقت پیش ہوں گے تب اسکے متعلق ان سے پوچھا جائے گا کہ تم نے ایسا کیوں کہا تھا اور کہاں سے کہا تھا۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالُوْا لَوْ شَآءَ الرَّحْمٰنُ مَا عَبَدْنٰهُمْ
اور کہتے ہیں اگر چاہتا رحمٰن تو ہم نہ پوجتے اُن کو ☆

بے وقوفانہ دلیل ☆ اور لیجئے اپنی ان مشرکانہ گستاخیوں کے جواز واستحسان پر ایک دلیل عقلی بھی پیش کرتے ہیں کہ اگر اللہ چاہتا تو ہم کو اپنے سوا دوسری چیزوں کی پرستش سے روک دیتا جب ہم برابر کرتے رہے اور نہ روکا تو ثابت ہوا کہ یہ کام بہتر ہیں اور اسکو پسند ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ
کچھ خبر نہیں اُن کو اس کی یہ سب
اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿۲۰﴾
اٹکلیں دوڑاتے ہیں ☆

جواب ☆ یعنی یہ تو سچ ہے کہ بدون خدا کے چاہے کوئی چیز نہیں ہو سکتی لیکن اس چیز کا ہمارے حق میں بہتر ہونا اس سے نہیں نکلتا۔ ایسا ہو تو دنیا میں کوئی کام اور کوئی چیز بری ہی نہ رہے سارا عالم خیر محض ہو جائے شر کا بیج ہی دستیاب نہ ہو ہر ایک جھوٹا اور ظالم وخون خوار یہی کہہ دے گا کہ خدا چاہتا تو مجھے ایسا ظلم وستم نہ کرنے دیتا جب کرنے دیا تو معلوم ہوا کہ وہ اس کام سے خوش اور راضی ہے۔ بہرحال مشیت اور رضا میں لزوم ثابت کرنا کوئی علمی اصول نہیں محض اٹکل کے تیر ہیں جس کا بیان آٹھویں پارہ کے نصف سے پہلے آیت "سَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكْنَا" کے حواشی میں گزر چکا۔ (تفسیر عثمانی)

ان لوگوں کو اس کا (یعنی ملائکہ کے بنات اللہ ہونے کا یا اس بات کا کہ ملائکہ اپنے معبود ہونے پر راضی ہیں کوئی حسی یا عقلی) علم نہیں۔ یہ محض من گھڑت باتیں کرتے ہیں۔

يَخْرُصُوْنَ۔ یعنی بے بنیاد غلط بات محض اپنے تخیل اور گمان کی بنا پر کرتے ہیں۔

ربط آیات: اللہ نے پہلے مشرکوں کے فاسد خیالات کی وجوہ بیان کیں اور ان کے غلط شبہات کو نقل کیا پھر فرمایا کہ ان کے پاس کوئی (حسی یا عقلی) علم نہیں ہے پھر نقلی علم کی نفی کے لئے آئندہ آیت ام آتیناھم الخ نازل فرمائی۔ (تفسیر مظہری)

اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا مِّنْ قَبْلِهٖ فَهُمْ بِهٖ
کیا ہم نے کوئی کتاب دی ہے اُن کو اس سے پہلے سو انہوں نے
مُسْتَمْسِكُوْنَ ﴿۲۱﴾ بَلْ قَالُوْٓا اِنَّا وَجَدْنَآ
اُسکو مضبوط پکڑ کر رکھا ہے بلکہ کہتے ہیں ہم نے پایا
اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ
اپنے باپ دادوں کو ایک راہ پر اور ہم اُنہی کے قدموں پر ہیں

besturdubooks.wordpress.com

مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۲﴾

راہ پائے ہوئے ☆

مشرک نقلی دلیل سے بھی خالی ☆ عقلی دلیل کا حال تو سن چکے اسے چھوڑ کر کیا کوئی نقلی دلیل اپنے دعوے پر رکھتے ہیں؟ یعنی خدا کی اتاری ہوئی کوئی کتاب ان کے ہاتھ میں ہے؟ جس میں شرک کا پسندیدہ ہونا لکھا ہو ظاہر ہے کہ ایسی کوئی سند ان کے پاس نہیں پھر آگے باپ دادا کی اندھی تقلید کے سوا کیا باقی رہ گیا وہ ہی ان کی سب سے زیادہ زبردست دلیل ہے جس کو ہر زمانہ کے مشرک پیش کرتے آئے ہیں آگے اسی کا بیان ہے۔ (تفسیر عثمانی)

امت کا معنی: عَلٰٓى اُمَّةٍ۔ یعنی ایک دین اور طریقہ پر پایا ملت کو امت کہنے کی وجہ یہ ہے کہ ملت کی طرف قصد کیا جاتا ہے جیسے رحلۃ اس شخص کو کہتے ہیں جن کی طرف لوگ سفر کر کے جاتے ہیں۔ مجاہد نے امت کا ترجمہ امام کیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَكَذٰلِكَ مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِىْ

اور اسی طرح جس کسی کو بھیجا ہم نے تجھ سے پہلے

قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ

ڈر سنانے والا کسی گاؤں میں سو کہنے لگے وہاں کے خوشحال

اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا

لوگ ہم نے تو پایا اپنے باپ دادوں کو ایک راہ پر اور ہم

عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ ﴿۲۳﴾ قٰلَ اَوَلَوْ

اُنہی کے قدموں پر چلتے ہیں وہ بولا اور جو میں

جِئْتُكُمْ بِاَهْدٰى مِمَّا وَجَدْتُّمْ

لا دوں تم کو اس سے زیادہ سوجھ کی راہ جس پر تم نے پایا

عَلَيْهِ اٰبَآءَكُمْ ۭ

اپنے باپ دادوں کو ☆

پیغمبر کی دعوت ☆ یعنی پیغمبر نے فرمایا کہ تمہارے باپ دادوں کی راہ سے اچھی راہ تم کو بتلا دوں تو کیا پھر بھی تم اسی پرانی لکیر کے فقیر بنے رہو گے۔ (تفسیر عثمانی)

قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۲۴﴾

تو یہی کہنے لگے ہم تمہارا لایا ہوا نہیں مانیں گے ☆

کافروں کی ہٹ دھرمی ☆ یعنی کچھ بھی ہو ہم تمہاری بات نہیں مان سکتے اور پرانا آبائی طریقہ ترک نہیں کر سکتے۔ (تفسیر عثمانی)

فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

پھر ہم نے اُن سے بدلہ لیا سو دیکھ لے کیسا ہوا انجام

الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۲۵﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ وَ

جھٹلانے والوں کا اور جب کہا ابراہیم نے اپنے باپ کو اور

قَوْمِهٖٓ اِنَّنِىْ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ ﴿۲۶﴾ اِلَّا الَّذِىْ

اُس کی قوم کو میں الگ ہوں اُن چیزوں سے جن کو تم پوجتے ہو مگر جس نے

فَطَرَنِىْ فَاِنَّهٗ سَيَهْدِيْنِ ﴿۲۷﴾

مجھ کو بنایا سو وہ مجھ کو راہ سجھائے گا ☆

حضرت ابراہیمؑ کی عزیمت

یعنی صرف ایک خدا سے مجھے علاقہ ہے جس نے مجھے پیدا کیا اور وہ ہی مجھے منزل مقصود کے راستہ پر آخر تک لے چلے گا۔

قصہ کا مقصد:

(تنبیہ) یہاں یہ قصہ اس پر بیان کیا کہ دیکھو تمہارے مسلم پیشوا نے باپ کی راہ غلط دیکھ کر چھوڑ دی تھی تم بھی وہ ہی کرو اور اگر آباء واجداد کی تقلید ہی پر مرتے ہو تو اس باپ کی راہ پر چلو جس نے دنیا میں حق و صداقت کا جھنڈا اگاڑ دیا تھا اور اپنی اولاد کو وصیت کر گیا تھا کہ میرے بعد ایک خدا کے سوا کسی کو نہ پوجنا کما قال تعالیٰ " وَوَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ " (بقرہ رکوع ۱۶) (تفسیر عثمانی)

کلمہ "ما" کی توجیہات:

مَا۔ مصدری ہے یعنی تمہاری اس پوجا سے میں بیزار ہوں یا موصولہ ہے یعنی تمہارے معبودوں سے بیزار ہوں۔ مطلب یہ ہے کہ اس زمانہ کا ذکر کرو جب ابراہیم نے اپنے باپ اور قوم سے یہ بات کہی تھی تا کہ ان کو معلوم ہو جائے کہ ابراہیم نے باپ دادا کی تقلید سے کیسا اظہار بیزاری کیا تھا اور تقلید سے بیزاری کو کس طرح دلیل سے ثابت کیا تھا۔

besturdubooks.wordpress.com

تقلید کرنی ہے تو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی کرو

اگر اپنے آباء و اجداد ہی کے راستے پر چلنا چاہتے ہو تو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے راستے پر کیوں نہیں چلتے جو تمہارے اشرف ترین جد اعلیٰ ہیں اور جن کیساتھ نسبی وابستگی کو تم خود اپنے لئے سرمایۂ فخر سمجھتے ہو۔ وہ نہ صرف توحید کے قائل تھے اور اپنی اولاد کو بھی اسکی وصیت کر کے گئے بلکہ خود اُن کا طرزِ عمل یہ بتاتا ہے کہ کھلے ہوئے عقلی اور نقلی دلائل کی موجودگی میں محض باپ دادوں کی تقلید کرنا جائز نہیں۔ جب وہ دنیا میں مبعوث ہوئے تو اُن کی ساری قوم اپنے آباؤ اجداد کی اتباع میں شرک میں مبتلا تھی' لیکن انہوں نے اپنے آباؤ اجداد کی اندھی تقلید کے بجائے دلائل واضحہ کا اتباع کرتے ہوئے اپنی قوم سے بیزاری کا اظہار کیا اور فرمایا اِنَّنِیْ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ۔ (جن چیزوں کی عبادت تم کرتے ہو میں اُن سے بَری ہوں)۔

بدعمل و بدعقیدہ لوگوں سے برأت کا اظہار ضروری ہے

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اگر کوئی شخص کسی بدعمل یا بدعقیدہ گروہ یا جماعت کے درمیان رہتا ہے اور خاموش رہنے کی صورت میں یہ اندیشہ ہے کہ اس کو بھی اس گروہ کا ہم خیال سمجھا جائے گا تو محض اپنے عقیدے اور عمل کا درست کر لینا ہی کافی نہیں' بلکہ اس گروہ کے عقائد و اعمال سے اپنی براءت کا اظہار بھی ضروری ہے' چنانچہ یہاں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے صرف اتنا ہی نہیں کیا کہ اپنے عقائد و اعمال کو مشرکین سے عملاً ممتاز کر لیا بلکہ زبان سے بھی براءت کا برملا اظہار فرمایا۔ (معارف مفتی اعظم)

وَجَعَلَهَا كَلِمَةًۢ بَاقِيَةً فِیْ عَقِبِهٖ
اور یہی بات پیچھے چھوڑ گیا اپنی اولاد میں
لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۸﴾
تا کہ وہ رجوع رہیں ☆

☆ یعنی ایک دوسرے سے توحید کا بیان اور دلائل سن کر راہِ حق کی طرف رجوع ہوتا رہے۔ (تفسیر عثمانی)

کلمۃً باقیۃً کا مطلب: مطلب یہ ہے کہ اپنے عقیدہ توحید کو انہوں نے اپنی ذات ہی تک محدود نہیں رکھا' بلکہ اپنی اولاد کو بھی اسی عقیدے پر قائم رہنے کی وصیت فرمائی' چنانچہ آپ کی اولاد میں ایک بڑی تعداد موحدین کی ہوئی اور خود مکہ مکرمہ اور اسکے گرد و نواح میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے وقت تک ایسے سلیم الفطرت حضرات موجود تھے جو صدیاں گزرنے کے بعد بھی حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اصلی دین ہی پر قائم رہے۔

اولاد کی اصلاح کی فکر ضروری ہے:

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اپنی ذات کے علاوہ اپنی اولاد کو دین صحیح پر کاربند کرنے اور رکھنے کی فکر بھی انسان کے فرائض میں داخل ہے۔ انبیاء علیہم السلام میں سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے علاوہ حضرت یعقوب علیہ السلام کے بارے میں بھی قرآن کریم نے بتایا ہے کہ انہوں نے وفات کے وقت اپنے بیٹوں کو دین صحیح پر قائم رہنے کی وصیت کی تھی لہٰذا جس صورت سے ممکن ہو اولاد کے اعمال و اخلاق کی اصلاح میں اپنی پوری کوشش صرف کر دینا ضروری بھی ہے اور انبیاء کی سنت بھی۔ اور یوں تو اولاد کی اصلاح کے بہت سے طریقے ہیں جنہیں حسب موقع اختیار کیا جا سکتا ہے۔

اولاد کی اصلاح کا کارگر عمل:

حضرت شیخ عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نے لطائف المنن والاخلاق میں لکھا ہے کہ اولاد کی اصلاح کے لئے سب سے زیادہ کارگر عمل یہ ہے کہ والدین ان کی دینی اصلاح کے لئے دُعا کا اہتمام کریں۔ افسوس ہے کہ اس آسان تدبیر سے آجکل غفلت عام ہوتی جا رہی ہے اور اس کے انجام بد کا مشاہدہ خود والدین کرتے رہتے ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

بَلْ مَتَّعْتُ هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى
کوئی نہیں پر میں نے برتنے دیا اُن کو اور اُن کے باپ دادوں کو یہاں تک کہ
جَآءَهُمُ الْحَقُّ وَرَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲۹﴾
پہنچا اُنکے پاس دین سچا اور رسول کھول کر سنا دینے والا ☆

مشرکین پر افسوس ☆ یعنی افسوس ابراہیم علیہ السلام کی ارث حاصل نہ کی اور اسکی وصیت پر نہ چلے بلکہ اللہ نے جو دنیا کا سامان دیا تھا اس کے مزوں میں پڑ کر خداوند قدوس کی طرف سے بالکل غافل ہو گئے یہاں تک کہ ان کو خواب غفلت سے بیدار کرنے کے لئے حق تعالیٰ نے اپنا وہ پیغمبر بھیجا جس کی پیغمبری بالکل روشن اور واضح ہے اس نے سچا دین پہنچایا' قرآن پڑھ کر سنایا اور اللہ کے احکام پر نہایت صفائی کے ساتھ مطلع کیا۔ (تفسیر عثمانی)

مبین کا معنی: رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ۔ معجزات کے ذریعہ سے رسالت کو ظاہر کرنے والا یا ایات و براهین کی روشنی میں توحید کو ظاہر کرنیوالا یا اللہ کے احکام کو ظاہر کرنے والا۔

شانِ نزول: ابن جریر نے ضحاک کے حوالہ سے حضرت ابن عباسؓ کا بیان نقل کیا ہے کہ جب اللہ نے اپنے رسول کو مبعوث فرمایا تو عرب نے ماننے سے انکار کر دیا اور کہنے لگے کسی انسان کو اپنا پیغمبر بنا کر بھیجنے سے اللہ کی

besturdubooks.wordpress.com

شان بلند و بالا ہے (یعنی وہ کسی انسان کو اپنا رسول نہیں بنا سکتا) اس پر اللہ نے آیات ذیل نازل فرمائیں۔ اَکَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَیْنَآ اِلٰی رَجُلٍ مِّنْهُمْ اور وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا جب بار بار آیات کا (بکثرت) نزول ہونے لگا تو کہنے لگے اگر آدمی کا ہی پیغمبر ہونا ضروری تھا تو محمد کے علاوہ دوسرے لوگ رسالت کے لئے زیادہ اہل تھے ان کو پیغمبر ہونا چاہئے تھا۔ (تفسیر مظہری)

وَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ
اور جب پہنچا اُن کے پاس سچا دین کہنے لگے یہ جادو ہے
وَّاِنَّا بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۰﴾
اور ہم اُس کو نہ مانیں گے ☆

☆ یعنی قرآن کو جادو بتلانے لگے اور پیغمبر کی بات کو ماننے سے انکار کر دیا۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰی
اور کہتے ہیں کیوں نہ اُترا یہ قرآن کسی
رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ﴿۳۱﴾
بڑے مرد پر ان دونوں بستیوں میں کے ☆

مشرکین کا اعتراض ☆ یعنی اگر قرآن کو اترنا ہی تھا تو مکہ یا طائف کے کسی بڑے سردار پر اترا ہوتا یہ کیسے باور کر لیا جائے کہ بڑے بڑے دولت مند سرداروں کو چھوڑ کر خدا نے منصب رسالت کے لئے ایک شخص کو چن لیا ہو جو ریاست و دولت کے اعتبار سے کوئی امتیاز نہیں رکھتا۔ (تفسیر عثمانی)

نبوت روحانی مرتبہ ہے اسکا دولت سے کوئی واسطہ نہیں

رجل عظیم سے مراد ہے بڑی عزت والا دنیوی آبرودار اور بڑا مالدار کافروں نے یہ سمجھا کہ رسالت بہت بڑا منصب ہے اور بڑا منصب بڑے آدمی کو ہی ملنا چاہئے انہوں نے یہ نہ سمجھا کہ نبوت ایک روحانی مرتبہ ہے جس کا دنیوی وجاہت و دولت سے کوئی تعلق نہیں یہ مرتبہ چاہتا ہے کہ جس کو اس درجہ پر فائز کیا جائے وہ فضائل اور کمالات قدسیہ کا حامل ہو ذاتی اور صفاتی تجلیات کا جلوہ گاہ بننے کی اس میں صلاحیت ہو۔

کافروں کے نامزد عظیم آدمی

بغوی نے لکھا ہے کہ مجاہد نے کہا کافروں کی مراد یہ تھی کہ مکہ میں عتبہ بن ربیعہ پر اور طائف میں عبد یا لیل پر نازل ہوتا۔ (تفسیر مظہری)

روایات میں ہے کہ اس سلسلہ میں انہوں نے مکہ مکرمہ سے ولید بن مغیرہ اور عتبہ بن ربیعہ کے اور طائف سے عروہ بن مسعود ثقفی حبیب بن عمرو ثقفی یا کنانہ بن عبد یالیل کے نام پیش کئے تھے۔ (معارف مفتی اعظم)

کافروں کا اعتراض

ان آیات باری تعالیٰ نے مشرکین عرب کے ایک اعتراض کا جواب دیا ہے جو وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت پر کیا کرتے تھے' دراصل شروع میں تو وہ یہ باور کرنے پر ہی تیار نہ تھے کہ اللہ کا کوئی رسول انسان ہو سکتا ہے' چنانچہ اُن کا یہ اعتراض قرآن کریم نے جابجا ذکر فرمایا ہے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ہم رسول کیسے مان لیں جبکہ وہ عام انسانوں کی طرح کھاتے پیتے اور بازاروں میں چلتے ہیں' لیکن جب متعدد آیات قرآنی کے ذریعہ یہ واضح کر دیا گیا کہ یہ صرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہی کی خصوصیت نہیں' بلکہ دنیا میں جس قدر انبیاء آئے ہیں وہ سب انسان ہی تھے' تو اب انہوں نے پینترا بدل کر یہ اعتراض کیا کہ اگر کسی انسان ہی کو نبوت سونپنی تھی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم مالی اعتبار سے کوئی بڑے صاحب حیثیت نہیں ہیں' یہ منصب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بجائے مکہ اور طائف کے کسی بڑے دولتمند اور صاحب جاہ و منصب انسان کو کیوں نہیں دیا گیا؟۔ (معارف مفتی اعظم)

مال و دولت کی زیادتی فضیلت کا سبب نہیں ہے

کفار نے جو یہ کہا تھا کہ مکہ اور طائف کے کسی بڑے مالدار کو نبی کیوں نہ بنا دیا گیا۔ ان آیات میں اسکا دوسرا جواب دیا گیا ہے اور اسکا خلاصہ یہ ہے کہ بیشک نبوت کے لئے کچھ شرائط صلاحیت کا پایا جانا ضروری ہے لیکن مال و دولت کی زیادتی کی بناء پر کسی کو نبوت نہیں دی جا سکتی' کیونکہ مال و دولت ہماری نگاہ میں اتنی حقیر چیز ہے کہ اگر تمام لوگوں کے کافر بن جانے کا اندیشہ نہ ہوتا تو ہم سب کافروں پر سونے چاندی کی بارش کر دیتے اور صحیح ترمذی کی ایک حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے لو كانت الدنيا تعدل عند الله جناح بعوضة ما سقى كافرًا منها شربة ماء (یعنی اگر دُنیا اللہ کے نزدیک مچھر کے ایک پر کے برابر بھی درجہ رکھتی تو اللہ تعالیٰ کسی کافر کو اس سے پانی کا ایک گھونٹ بھی نہ دیتا) اس سے معلوم ہوا کہ نہ مال و دولت کی زیادتی کوئی فضیلت کی چیز ہے نہ اس کی کمی انسان کے کم رتبہ ہونے کی علامت ہے۔ البتہ نبوت کے لئے کچھ اعلیٰ درجہ کے اوصاف ضروری ہیں وہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم میں بدرجہ اتم پائے جاتے ہیں' اسلئے یہ اعتراض بالکل لغو اور باطل ہے۔

اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ
کیا وہ بانٹتے ہیں تیرے رب کی رحمت کو ☆

besturdubooks.wordpress.com

مالک اللہ ہے تم نہیں ☆ یعنی نبوت ورسالت کے مناصب کی تقسیم کیا تمہارے ہاتھ میں دی گئی ہے جو انتخاب پر بحث کررہے ہو۔ (تفسیر عثمانی)

اعتراض کا الٰہی جواب:

نبوت کی تقسیم تمہارے ہاتھ میں نہیں ہے کہ کسی کو نبی بنانے سے پہلے تم سے رائے لیجائے' یہ کام کلیۃً اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے اور وہی اپنی عظیم مصلحتوں کے مطابق اسے انجام دیتا ہے۔ تمہارا وجود اور عقل وشعور اس عظیم کام کی صلاحیت ہی نہیں رکھتا کہ تقسیم نبوت کا کام تمہارے سپرد کردیا جاتا اور نبوت کی تقسیم تو بہت اونچے درجہ کی چیز ہے تمہاری حیثیت وجود وشعور تو اسکی بھی متحمل نہیں کہ خود تمہاری معیشت اور سامانِ معیشت کی تقسیم کا کام تمہارے سپرد کیا جا سکے کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ ایسا کیا گیا تو تم ایک دن بھی نظام عالم کو نہ چلاسکو گے اور سارا نظام درہم برہم ہوکر رہ جائیگا اسلئے اللہ تعالیٰ نے دُنیوی زندگی میں تمہاری روزی کی تقسیم بھی تمہارے ذمہ نہیں رکھی بلکہ تقسیم معیشت کا کام خود اپنے ہاتھ میں رکھا ہے۔ جب یہ ادنیٰ درجہ کا کام تمہارے حوالہ نہیں کیا جاسکتا تو نبوت کی تقسیم جیسا عظیم کام تمہارے حوالہ کیسے کردیا جائے۔ آیات کا مقصود کلام تو اتنا ہی ہے لیکن مشرکین کو جواب دینے کے ضمن میں باری تعالیٰ نے دُنیا کے نظام معیشت سے متعلق جو اشارے کردیئے ہیں اُن سے متعدد معاشی اصول مستنبط ہوتے ہیں یہاں انکی مختصر توضیح ضروری ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيشَتَهُمْ فِي
ہم نے بانٹ دی ہے اُن میں روزی اُن کی
الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ
دنیا کی زندگانی میں اور بلند کردیے درجے بعض کے بعض
دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا ۗ
پر کہ ٹھہراتا ہے ایک دوسرے کو خدمت گار ☆

☆ یعنی کسی کوغنی کسی کو فقیر کردیا' ایک کو بے شمار دولت دیدی ایک کو اس سے کم کوئی تابع ہے کوئی متبوع۔ (تفسیر عثمانی)

معاشی مساوات کی حقیقت: وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ (اور ہم نے ایک کو دوسرے پر رفعت دے رکھی ہے) اس سے معلوم ہوا کہ معاشی مساوات (اس معنی میں کہ دُنیا کے تمام افراد کی آمدنی بالکل برابر ہو) نہ مطلوب ہے نہ ممکن العمل' اسکی تفصیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کائنات کے ہر رکن پر کچھ فرائض عائد کئے ہیں اور کچھ حقوق دیئے ہیں اور دونوں میں اپنی حکمت سے یہ تناسب رکھا ہے جسکے ذمہ جتنے فرائض ہیں اسکے اتنے ہی حقوق ہیں' انسان کے علاوہ جتنی مخلوقات ہیں ان کے ذمہ چونکہ فرائض سب سے کم ہیں کہ وہ شرعاً حلال وحرام اور جائز وناجائز کے مکلف نہیں ہیں اسلئے اُن کے حقوق بھی سب سے کم ہیں چنانچہ انسان کو ان کے معاملہ میں وسیع آزادی عطا کی گئی ہے کہ وہ ان سے چند معمولی سی پابندیوں کیساتھ جس طرح چاہے نفع اُٹھا سکتا ہے' چنانچہ بعض حیوانات کو وہ کاٹ کر کھاتا ہے بعض پر سواری کرتا ہے' بعض مخلوقات کو پامال کرتا ہے مگر اسے ان مخلوقات کی حق تلفی نہیں سمجھا جاتا اسلئے کہ ان مخلوقات پر چونکہ فرائض کم ہیں اسلئے اُن کے حقوق بھی بہت کم ہیں۔

فرائض وحقوق کا تعین انتہائی نازک مشکل کام ہے

البتہ یہ طے کرنا کہ کس کے فرائض زیادہ اور کس کے کم ہیں' اور ان کی مناسبت سے اسے کتنے حقوق ملنے چاہئیں ایک انتہائی نازک اور مشکل کام ہے اور انسان کے پاس کوئی ایسا پیمانہ نہیں ہے جس سے وہ اسباب کا ٹھیک ٹھیک تعین کرسکے۔ بعض اوقات یہ محسوس ہوتا ہے کہ ایک ماہر اور تجربہ کار انجینئر نے ایک گھنٹہ میں اتنی آمدنی حاصل کرلی ہے جو ایک غیر ہنر مند مزدور نے دن بھر منوں مٹی ڈھوکر بھی حاصل نہیں کی' لیکن اگر انصاف سے دیکھا جائے تو قطع نظر اس سے کہ مزدور کی دن بھر کی آزاد محنت ذمہ داری کے اُس بوجھ کے برابر نہیں ہوسکتی جو انجینئر نے اُٹھا رکھا ہے۔ انجینئر کی یہ آمدنی صرف اُس ایک گھنٹے کی محنت کا صلہ نہیں بلکہ اسمیں سالہا سال کی اس دماغ سوزی عرق ریزی اور جانفشانی کے صلے کا ایک حصہ بھی شامل ہے جو اُسنے انجینئرنگ کی تعلیم وتربیت اور پھر اسمیں تجربہ ومہارت حاصل کرنے میں برداشت کی ہے۔

اشتراکیت کا نقص: اشتراکیت نے اپنے ابتدائی دور میں آمدنی کے اس تفاوت کو تسلیم تو کرلیا ہے چنانچہ تمام اشتراکی ممالک میں آبادی کے مختلف طبقات کے درمیان تنخواہوں کا زبردست تفاوت پایا جاتا ہے لیکن ٹھوکر یہاں کھائی ہے کہ تمام وسائل پیداوار کو حکومت کی تحویل میں دیکر وسائل کے لئے فرائض کا تعین اور پھر ان کی مناسبت سے ان پر آمدنی کی تقسیم بھی تمام تر حکومت ہی کے حوالہ کردی ہے۔

تقسیم معیشت کا قدرتی نظام: نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيشَتَهُمْ۔ (ہم نے تقسیم کیا ہے انکے درمیان انکی معیشت کو) مقصد یہ ہے کہ ہم نے اپنی حکمت بالغہ سے دُنیا کا نظام ایسا بنایا ہے کہ یہاں ہر شخص اپنی ضروریات پوری کرنے کے لئے دوسرے کی امداد کا محتاج ہے اور تمام لوگ اسی باہمی احتیاج کے رشتے میں بندھے ہوئے پورے معاشرے کی ضروریات کی تکمیل کررہے ہیں۔

تقسیم معیشت کا کام کسی ادارے کا نہیں ہے

اس آیت نے کھول کر یہ بات بتلا دی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تقسیم

besturdubooks.wordpress.com

معیشت کا کام (اشتراکیت کی طرح) کسی بااختیار انسانی ادارے کے سپرد نہیں کیا جو منصوبہ بندی کے ذریعہ یہ طے کرے کہ معاشرے کی ضروریات کیا ہیں؟ انہیں کس طرح پورا کیا جائے وسائل پیداوار کو کس تناسب کیساتھ کن کاموں میں لگایا جائے اور ان کے درمیان آمدنی کی تقسیم کس بنیاد پر کی جائے' اسکے بجائے یہ تمام کام اللہ نے اپنے ہاتھ میں رکھے ہیں اور اپنے ہاتھ میں رکھنے کا مطلب یہی ہے کہ ہر شخص کو دوسرے کا محتاج بنا کر دُنیا کا نظام ہی ایسا بنا دیا ہے جس میں اگر (اجارہ داریوں وغیرہ کے ذریعہ) غیر فطری رکاوٹیں پیدا نہ کی جائیں تو وہ نظام خود بخود یہ تمام مسائل حل کر دیتا ہے۔

تقسیم حقوق وفرائض اللہ کے ذمہ ہے:

اسی طرح یہ مسئلہ کہ کون شخص کس سے شادی کرے طبعی مناسبتوں کے فطری نظام کے تحت خود بخود انجام پاتا ہے اور اُسے منصوبہ بندی کے ذریعہ حل کرنے کا کسی کو خیال نہیں آیا۔ یا مثلاً یہ بات کہ کون شخص علم وفن کے کس شعبہ کو اپنا میدان بنائے' اسی طبعی ذوق اور مناسبت کے بجائے حکومت کی منصوبہ بندی کے حوالہ کر دینا ایک خواہ مخواہ کی زبردستی ہے اور اس سے نظامِ فطرت درہم برہم ہوسکتا ہے' اسی طرح نظامِ معیشت کو بھی قدرت نے اپنے ہاتھ میں رکھا ہے اور ہر شخص کے دل میں وہی کام ڈال دیا ہے جو اسکے لئے زیادہ مناسب ہے اور جسے وہ بہتر طریقے سے انجام دے سکتا ہے چنانچہ ہر شخص خواہ وہ ایک خاکروب ہی کیوں نہ ہو اپنے کام پر خوش ہے اور اسی کو اپنے لئے سرمایۂ فخر سمجھتا ہے۔ كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُونَ ' البتہ سرمایہ دارانہ نظام کی طرح اسلام نے افراد کو اتنی آزادی نہیں دی کہ وہ ہر جائز و ناجائز طریقے سے دولت سمیٹ کر دوسروں کے لئے رزق کے دروازے بند کر دیں' بلکہ ذرائع آمدنی میں حلال و حرام کی تفریق کر کے سُود' سٹہ' قمار اور ذخیرہ اندوزی کو ممنوع قرار دیدیا ہے۔

اسلامی مساوات کا مطلب: مذکورہ بالا اشارات سے یہ بات اچھی طرح واضح ہو جاتی ہے کہ آمدنی میں مکمل مساوات نہ عدل وانصاف کا تقاضا ہے نہ عملاً کہیں قائم ہوئی ہے نہ ہو سکتی ہے' اور نہ یہ اسلام کو مطلوب ہے البتہ اسلام نے جس مُساوات کو قائم کیا ہے وہ قانون' معاشرت اور ادائے حقوق کی مساوات ہے اسکا مطلب یہ ہے کہ مذکورہ بالا قدرتی طریق کار کے تحت جس شخص کے جتنے حقوق متعین ہو جائیں انہیں حاصل کرنے کے قانونی' تمدنی اور معاشرتی حقوق میں سب برابر ہیں اس بات کے کوئی معنی نہیں ہیں کہ ایک امیر یا صاحب جاہ منصب انسان اپنا حق عزت کیساتھ بآسانی حاصل کر لے اور غریب کو اپنے حقوق حاصل کرنے کے لئے در بدر کی ٹھوکریں کھانی پڑیں اور ذلیل وحقیر ہونا پڑے۔ قانون امیر کے حقوق کی حفاظت کرے اور غریب کو بے یار و مددگار چھوڑ دے' اسی کو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنے ایک خطبہ میں ارشاد فرمایا تھا۔

واللہ ما عندی اقوی من الضعیف حتی اٰخذ الحق له ولا عندی اضعف من القوی حتی اٰخذ الحق منه "خدا کی قسم میرے نزدیک ایک کمزور آدمی سے زیادہ قوی کوئی نہیں تاوقتیکہ میں اسکا حق اسے نہ دلوادوں اور میرے نزدیک ایک قوی آدمی زیادہ کمزور کوئی نہیں' جبتک کہ میں اس سے (کمزور کا) حق وصول نہ کراوں"۔

اسلام کے معاشی نظام میں مساوات کا مطلب

اسی طرح ٹھیٹھ معاشی نقطۂ نظر سے اسلامی مساوات کا مطلب یہ ہے کہ اسلام کی نظر میں ہر شخص کو کمائی کے یکساں مواقع حاصل ہیں اور اسلام اس بات کو گوارا نہیں کرتا کہ چند بڑے بڑے دولتمند مال ودولت کے دہانوں پر قابض ہو کر اپنی اجارہ داریاں قائم کر لیں اور چھوٹے تاجروں کے لئے بازاروں میں بیٹھنا دُوبھر بنا دیں' چنانچہ سود' سٹہ' قمار' ذخیرہ اندوزی اور اجارہ دارانہ تجارتی معاہدوں کو ممنوع قرار دیکر' نیز زکوٰۃ' عشر' خراج' نقصانات' صدقات اور دوسرے واجبات عائد کر کے ایسا ماحول پیدا کر دیا گیا ہے' جس میں ہر انسان اپنی ذاتی صلاحیت' محنت اور سرمایہ کے تناسب سے کمائی کے مناسب مواقع حاصل کر سکتا ہے اور اس سے ایک خوشحال معاشرے کی تعمیر ہو سکتی ہے' اسکے باوجود آمدنی کا جو تفاوت باقی رہے وہ درحقیقت ناگزیر ہے اور جس طرح انسانوں کے درمیان حسن وجمال' قوت وصحت' عقل وذہانت اور آل واولاد کے تفاوت کو مٹانا ممکن نہیں' اسی طرح اس تفاوت کو بھی مٹایا نہیں جا سکتا۔ (معارف مفتی اعظم)

وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُونَ ﴿۳۲﴾

اور تیرے رب کی رحمت بہتر ہے اُن چیزوں سے جو سمیٹتے ہیں ☆

☆ یعنی نبوت ورسالت کا شرف تو ظاہری مال وجاہ اور دنیوی ساز وسامان سے کہیں اعلیٰ ہے جب اللہ نے دنیا کی روزی ان کی تجویز پر نہیں بانٹی پیغمبری ان کی تجویز پر کیونکر دے۔ آگے دنیا کے مال ودولت اور مادی سامان کا اللہ کے ہاں بے وقعت اور حقیر ہونا بیان کرتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

نبوت میں کسی کی مرضی کو دخل نہیں

خلاصۂ بیان یہ کہ دنیا میں جب کوئی بزرگی و برتری خود حاصل کرنے کی قدرت نہیں رکھتا اور کسی کو اس انتخاب میں دخل نہیں ہے تو نبوت میں جو انسانیت کا اعلیٰ مقام ہے کیسے ان کی مرضی اور مشیت کو دخل ہو سکتا ہے۔ اللہ کی بارگاہ میں۔ بڑا آدمی اسباب دُنیوی کی کثرت سے نہیں بنتا بلکہ نبوت عظمت انسانی کا اعلیٰ مرتبہ ہے۔ دنیوی متاع تو اللہ کی نظر میں بے قدر حقیر اور قابل نفرت ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَلَوْلَآ اَنْ يَّكُوْنَ النَّاسُ اُمَّةً

اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ سب لوگ ہو جائیں

وَّاحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَنْ يَّكْفُرُ

ایک دین پر تو ہم دیتے اُن لوگوں کو جو منکر ہیں

بِالرَّحْمٰنِ لِبُيُوْتِهِمْ سُقُفًا مِّنْ

رحمٰن سے اُن کے گھروں کے واسطے چھت

فِضَّةٍ وَّمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ ﴿۳۳﴾

چاندی کی اور سیڑھیاں جن پر چڑھیں

وَلِبُيُوْتِهِمْ اَبْوَابًا وَّسُرُرًا عَلَيْهَا

اور اُن کے گھروں کے واسطے دروازے اور تخت جن پر

يَتَّكِـُٔوْنَ ﴿۳۴﴾ وَزُخْرُفًا

تکیہ لگا کر بیٹھیں اور سونے کے☆

اللہ کے ہاں دنیا کی بے وقعتی

یعنی اللہ کے ہاں اس دنیوی مال و دولت کی کوئی قدر نہیں نہ اس کا دیا جانا کچھ قرب و جاہت عند اللہ کی دلیل ہے یہ تو ایسی بے قدر اور حقیر چیز ہے کہ اگر ایک خاص مصلحت مانع نہ ہوتی تو اللہ تعالیٰ کافروں کے مکانوں کی چھتیں، زینے، دروازے چوکھٹ قفل اور تخت چوکیاں سب چاندی اور سونے کی بنا دیتا مگر اس صورت میں لوگ یہ دیکھ کر کہ کافروں ہی کو ایسا سامان ملتا ہے عموماً کفر کا راستہ اختیار کر لیتے (الا ماشاء اللہ) اور یہ چیز مصلحت خداوندی کے خلاف ہوتی اس لئے ایسا نہیں کیا گیا حدیث میں ہے کہ اگر اللہ کے نزدیک دنیا کی قدر ایک مچھر کے بازو برابر ہوتی تو کافر کو ایک گھونٹ پانی کا نہ دیتا بھلا جو چیز خدا کے نزدیک اس قدر حقیر ہو اسے سیادت و وجاہت عند اللہ اور نبوت و رسالت کا معیار قرار دینا کہاں تک صحیح ہوگا حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "یعنی کافر کو اللہ نے پیدا کیا کہیں تو اس کو آرام دے آخرت میں دائمی عذاب ہے کہیں تو آرام ملتا مگر ایسا ہو تو سب وہ ہی کفر کا راستہ پکڑ لیں۔" (تفسیر عثمانی)

اور مذکورہ آیات میں یہ جو کہا گیا ہے کہ اگر کافروں پر مال و دولت کی اتنی فراوانی کر دی جاتی تو سب لوگ کافر ہو جاتے" اس میں مراد لوگوں کی بھاری اکثریت ہے ورنہ اللہ کے کچھ نیک بندے آج بھی ایسے موجود ہیں جو یہ یقین رکھتے ہیں کہ کفر اختیار کر کے وہ مال و دولت سے نہال ہو سکتے ہیں لیکن وہ مال و دولت کی خاطر کفر کو اختیار نہیں کرتے ایسے کچھ لوگ شاید اُس وقت بھی ایمان پر قائم رہ جاتے لیکن اُن کی تعداد آٹے میں نمک کے برابر ہوتی۔ (معارف مفتی اعظم)

وَاِنْ كُلُّ ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ

اور یہ سب کچھ نہیں ہے مگر برتنا

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ

دنیا کی زندگانی کا اور آخرت تیرے رب کے

رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۵﴾

یہاں اُنہی کے لئے ہے جو ڈرتے ہیں☆

☆یعنی دنیا کی بہار میں تو سب شریک ہیں مگر آخرت مع اپنی ابدی نعماء و آلاء کے متقین کے لئے مخصوص ہے۔ (تفسیر عثمانی)

مومنین کے لئے آخرت ہے:

صحیحین میں ہے کہ ازواج مطہراتؓ نے جس زمانہ میں نفقہ کی زیادتی کا مطالبہ کیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مطالبہ سے ناراض ہو کر ایک ماہ تک کے لئے ازواج مطہراتؓ سے ملنے جلنے بات چیت سے پرہیز کرنے کی قسم کھائی تھی۔ اور بالاخانہ پر مقیم تھے تو عمر فاروقؓ جب وہاں حاضر ہوئے۔ اور یہ دیکھا کہ آپ کھر دری چٹائی پر لیٹے ہوئے ہیں۔ جسکی پتیوں نے آپ کے پہلوئے مبارک پر نشان ڈال رکھا ہے تو اس منظر کو دیکھ کر آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ اور عرض کیا یا رسول اللہ یہ قیصر و کسریٰ جس حال میں ہیں ظاہر ہے کہ جن کے پاس دنیا کی نعمتوں کی کوئی حد و انتہا نہیں اور آپ اللہ کے برگزیدہ پیغمبر ہیں (جو اس حالت میں ہے) تو آپ اپنی امت کے لئے دعا کر دیجئے کہ اللہ ان کو فراخی عطا کر دے۔ روایات میں ہے کہ آپ عمر فاروقؓ کی یہ بات سنتے ہی چونک کر آگے کو ہو بیٹھے۔ اور دوبار آپؐ نے یہ فرمایا افی شک انت یا ابن الخطاب کہ اے ابن خطاب تو ابھی شک ہی میں پڑا ہوا ہے۔ یہ لوگ تو وہ ہیں دنیا کی لذتیں انہیں دنیا میں جلدی ہی دیدی گئیں۔ جن کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں اور ایک حدیث میں ہے کہ کیا تم راضی نہیں ہو کہ ان کے واسطے دنیا ہو۔ اور ہمارے واسطے آخرت ہو۔ (معارف کاندھلوی)

دنیا کی قیمت: حضرت مستورد بن شداد فہری کا بیان ہے میں ان سواروں میں شامل تھا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمرکاب ایک مردہ بکری کے بچہ پر جمع تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم لوگ دیکھ

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

رہے ہو کہ اس کو بے قدر سمجھ کر گھر والوں نے یہاں پھینک دیا ہے۔ حاضرین نے عرض کیا جی ہاں بے قدر سمجھ کر اس کو پھینکا گیا ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا یا جتنا یہ گھر والوں کی نظر میں بے قدر ہے اس سے زیادہ اللہ کے نزدیک دنیا بے قدر ہے۔ رواہ البغوی۔

ابو نعیم نے لکھا ہے کہ داؤد بن ہلال اجمی نے کہا حضرت ابراہیم کے صحیفوں میں لکھا ہوا ہے کہ دنیا تو نیکوں کے سامنے آراستہ ہو کر آتی ہے لیکن تو ان کی نظر میں بہت حقیر ہے میں نے ان کے دلوں میں تیری نفرت اور تیری طرف سے بے رخی ڈال دی تجھ سے زیادہ ذلیل میں نے اور کوئی مخلوق نہیں پیدا کی تو ہر حالت میں حقیر ہے (تیرا انجام فنا ہے) فنا کی طرف تو جا رہی ہے جس روز میں نے تجھے پیدا کیا تھا اسی روز فیصلہ کر دیا تھا کہ نہ تو کسی کے لئے ہمیشہ رہے گا نہ کوئی تیرے لئے ہمیشہ رہے گا خواہ تیرا حامل کتنا ہی تیرا حریص ہو اور کتنا ہی تیرے سلسلہ میں کنجوس ہو خوشی ہو ان نیکوں کاروں کے لئے جو (میری) خوشنودی پر قائم رہ کر اندرون قلب سے مجھے دیکھتے اور صدق واستقامت پر قائم رہ کر اپنے ضمیر سے میری طرف جھانکتے ہیں خوب ہے کہ ان کے لئے وہ ثواب جو میرے پاس ہے جب وہ قبروں سے اٹھ کر میری طرف آئیں گے تو ان کا نور ان کے آگے آگے (اور دائیں طرف) دوڑتا ہوا آئے گا اور ملائکہ ان کو گھیرے ہوئے ہوں گے اس وقت میں ان کو اپنی اس رحمت تک پہنچا دوں گا جس کے وہ امیدوار تھے۔

حضرت جابرؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دنیا ملعون ہے اور جو کچھ اس میں ہے وہ ملعون ہے سوا اس چیز کے جو اللہ کی طرف سے ہے (یعنی ہدایت ایمان اسلام کتب الٰہیہ ملائکہ وغیرہ) رواہ الضیاء

دنیا کو بے عقل جمع کرتا ہے

حضرت عائشہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دنیا اس کا گھر ہے جس کا آخرت میں (بہشت کے اندر) کوئی گھر نہیں اور یہ اس کے لئے مال ہے جس کا (آخرت میں) کوئی مال نہیں اس کو وہی جمع کرتا ہے جس کے اندر عقل نہیں۔

حدیث کی مراد یہ ہے کہ مومن خواہ کتنے ہی عیش دنیوی میں ہو لیکن آخرت میں ثواب اس کے لئے مقرر کیا گیا ہے اس کے مقابلہ میں یہ عیش دنیا ایک قید خانہ ہے اور کافر اس زندگی میں خواہ کتنے ہی دکھ اور مصیبت میں ہوں لیکن آخرت میں جو عذاب اس کے لئے مقرر کیا گیا ہے اس کے مقابلہ میں یہ دنیوی دکھ اس کے لئے جنت ہے۔ واللہ اعلم۔

اہل اللہ کا بلند مقام:

مؤلف مسند الفردوس نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دنیا اہل آخرت کے لئے حرام ہے اور آخرت اہل دنیا کے لئے حرام ہے اور دنیا و آخرت (دونوں) اہل اللہ کے لئے حرام ہیں اس کا کیا مطلب۔

میرے نزدیک حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اہل آخرت یعنی مومنوں کے لئے دنیا کی محبت حرام ہے یہ معنی نہیں کہ دنیا سے بہرہ اندوز ہونا حرام ہے کیونکہ اللہ نے فرمایا۔ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِينَةَ اللَّهِ الَّتِي أَخْرَجَ لِعِبَادِهِ وَالطَّيِّبَاتِ مِنَ الرِّزْقِ قُلْ هِيَ لِلَّذِينَ آمَنُوا فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ (اللہ نے اپنے بندوں کے لئے دنیوی زیبائش اور پاکیزہ رزق حرام نہیں کیا ہاں قیامت کے دن یہ عیش ولذت مومنوں کے لئے مخصوص ہے) اب جو دنیا کی محبت میں مبتلا ہوتا ہے وہ اپنی آخرت خراب کرتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے جس نے اپنی دنیا سے محبت کی اس نے اپنی آخرت کو نقصان پہنچایا اور جس نے اپنی آخرت سے پیار کیا اس نے اپنی دنیا کو نقصان پہنچایا تم غیر فانی (آخرت) کو فانی (دنیا) پر ترجیح دو۔ (یعنی آخرت کو اختیار کرو) رواہ احمد والحاکم فی المستدرک عن ابی موسیٰؓ۔

آخرت سے مراد ہیں آخرت کی خوش نصیبیاں 'لذتیں' اہل دنیا یعنی کفار جن کا مقصد صرف دنیا کا حصول ہے آخرت کی لذتیں ان کے لئے حرام ہیں آیت مِنْهُمْ مَنْ يَقُولُ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا وَمَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ میں یہی لوگ مراد ہیں۔

باقی دنیا و آخرت یعنی دونوں کی محبت اہل اللہ کے لئے حرام ہے۔ اہل اللہ کے دلوں میں اللہ کی محبت ایسی رچی بسی ہوتی ہے کہ دوسری طرف وہ گوشۂ چشم سے بھی نہیں دیکھتے ان کے دلوں کی توجہ کسی اور طرف ہوتی ہی نہیں روایت میں آیا ہے کہ رابعہ بصریہ ایک ہاتھ میں پانی سے بھرا کوئی برتن اور دوسرے ہاتھ میں آگ کا ٹکڑا پکڑے جا رہی تھیں کسی نے پوچھا آپ کہاں جا رہی ہیں فرمایا میں چاہتی ہوں کہ اس پانی سے دوزخ کی آگ کو بجھا دوں اور اس آگ سے جنت کو جلا دوں تا کہ جنت کے لالچ اور دوزخ کے خوف سے کوئی شخص اللہ کی عبادت نہ کرے بلکہ محض لوجہ اللہ عبادت کرے۔

حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ کا ارشاد:

مجددؒ الف ثانی نے فرمایا رابعہ کا یہ قول سکر پر مبنی تھا سلوک کی دنیا میں تو مومن کا فرض ہے کہ جنت کا خواہش مند ہو صرف اس وجہ سے کہ وہ رحمت خداوندی کا مقام ہے اور دوزخ سے اللہ کی پناہ کا طلب گار ہو کیونکہ دوزخ اللہ کی ناراضگی اور غضب کا محل ہے مؤمن کو فی نفسہ نہ جنت کی تمنا ہوتی ہے نہ دوزخ کا ڈر اس کی خواہش وبیم کی بناء اس بات پر ہوتی ہے کہ ایک مرکز رحمت اور دوسرا مقام غضب ہے۔

طلب معیشت: سامان دنیا سے بہرہ اندوز ہونا جائز ہے بشرطیکہ اللہ اور اس کے بندوں کی حق تلفی نہ ہو اور طلب معاش جائز بلکہ فرض ہے رسول اللہ

besturdubooks.wordpress.com

صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے حلال (روزی) کی طلب فرض (الٰہی) ادا کرنے کے بعد فرض ہے رواہ الطبرانی والبیہقی عن ابن مسعودؓ

اگر تحصیل مالی سے مقصد اپنی اور اپنے اہل وعیال کی پرورش اور ان کے حقوق کی ادائیگی ہو یا عبادت کے لئے جسمانی قوت حاصل کرنا یا اللہ کی راہ میں مستحقوں کو دینا مقصود ہو تو کسب معاش مکروہ نہیں ہے بلکہ بعض صورتوں میں واجب اور بعض صورتوں میں مستحب اور بعض صورتوں میں مباح ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو آدمی حلال مال کمائے پھر اس میں سے خود کھائے یا پہنے اور اس کے بعد اللہ کی اس مخلوق کو کھلائے پہنائے جو اس سے قریبی تعلق رکھتی ہے تو یہ عمل اس کے لئے (گناہ سے) پاکی کا ذریعہ ہو جائے گا۔ رواہ ابن حبان فی صحیحہ من حدیث ابی سعیدؓ۔

لیکن طلب دنیا میں اعتدال مسنون ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا طلب دُنیا میں اعتدال رکھو کیونکہ ہر شخص کو وہ چیز آسانی سے مل جائے گی جو اس کے لئے پیدا کی گئی ہو۔ رواہ احمد وابن ماجہ والحاکم۔

دنیا کی محبت کا مطلب: دنیا کی محبت کا یہ مطلب ہے کہ آخرت پر دنیا کو ترجیح دینے لگے دنیا کمانے اور دنیوی عیش حاصل کرنے میں اتنا انہماک ہو جائے کہ حصول ثواب اور خوف عذاب سے غفلت ہو جائے مال جمع کرنے کی اتنی حرص پیدا ہو جائے کہ لمبی لمبی آرزوؤں میں گرفتار ہو جائے دولت مندوں کو ناداروں سے بہتر سمجھنے لگے اہل ثروت کی تعظیم محض اس وجہ سے کرنے لگے کہ وہ سرمایہ دار ہیں کسی مضرت کو دفع کرنے یا احسان کا بدلہ دینے یا کسی اور جائز شرعی مقصد کے زیر اثر امیروں کی تعظیم نہ ہو محض ان کی دولت کی وجہ سے ہو یا امراء کی تعظیم تکریم کر کے (ان کا قرب حاصل کرنے کے بعد) اپنا عروج اور بالادستی چاہتا ہو یا تعمیر کو تخریب سے بدلنے کا خواستگار رہو اور ملک میں تباہی پھیلانا چاہتا ہو۔ تو یہ سب صورتیں ناجائز ہیں لیکن جو لوگ تجارت اور خرید وفروخت میں پھنس کر اللہ کی یاد اور ادائے صلوٰۃ وزکوٰۃ سے غافل نہ رہتے ہوں اور روز حشر سے ہر وقت خوف زدہ ہوں ان کے لئے کسب معاش حرام نہیں ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ

جو کوئی آنکھیں چرائے رحمٰن کی یاد سے

نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ﴿٣٦﴾

ہم اس پر مقرر کر دیں ایک شیطان پھر وہ رہے اُس کا ساتھی ☆

حق سے منہ موڑنے کا عذاب ☆ یعنی جو شخص سچی نصیحت اور یاد الٰہی سے اعراض کرتا رہتا ہے اس پر ایک شیطان خصوصی طور سے مسلط کر دیا جاتا ہے جو ہر وقت اغوا کرتا اور اس کے دل میں طرح طرح کے وسوسے ڈالتا ہے یہ شیطان دوزخ تک اسکا ساتھ نہیں چھوڑتا۔ (تفسیر عثمانی)

پس شیطان اس کا ساتھی ہو جاتا ہے اس سے الگ نہیں ہوتا گناہوں اور بدکاریوں کو آراستہ کر کے اس کی نظر کے سامنے لاتا ہے اور یہ خیال اس کے ذہن میں پیوست کر دیتا ہے کہ یہی ہدایت کا راستہ ہے۔

آیت کا شان نزول: محمد بن عثمان مخزومی کا بیان ہے کہ قریش نے باہم مشورہ کر کے طے کیا کہ محمد کے ہر ساتھی پر اپنا ایک آدمی مقرر کر دو تا کہ وہ جا کر محمد کے رفیق کو دھر پکڑے حسب مشورہ حضرت ابوبکرؓ کے لئے طلحہ بن عبیداللہ کو مقرر کیا گیا طلحہ حضرت ابوبکرؓ کے پاس اس وقت پہنچے جب آپ کچھ لوگوں کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے حضرت ابوبکرؓ نے پوچھا تم مجھے کس بات کو ماننے کی دعوت دے رہے ہو۔ طلحہ نے کہا ہم تم کو لات اور عزیٰ کی پوجا کی طرف بلا رہے ہیں حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا لات کیا ہے طلحہ نے کہا ہمارا رب پوچھا عزیٰ کیا ہے۔ طلحہ نے کہا لڑکیاں حضرت ابوبکر نے پوچھا ان کی ماں کون تھی۔

طلحہ لاجواب ہو گئے اور اپنے ساتھیوں سے کہا جواب دو۔ سب خاموش رہے اس پر طلحہ نے کہا ابوبکرؓ اٹھ کھڑے ہو اشهد ان لا اله الا الله و ان محمدا رسول الله۔ اس پر آیت وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

معلوم ہوا کہ اللہ کی یاد سے اعراض کی اتنی سزا دُنیا ہی میں مل جاتی ہے کہ انسان کی صحبت خراب ہو جاتی ہے اور شیاطین' خواہ انسانوں میں سے ہو یا جنات میں سے اُس کو بھلائیوں سے دُور اور برائیوں کے قریب کرتے رہتے ہیں وہ کام سارے گمراہی کے کرتا ہے مگر سمجھتا یہ ہے کہ بہت اچھا کر رہا ہے (قرطبی)۔

اور یہاں جس شیطان کو مسلّط کرنے کا ذکر ہے وہ اس شیطان کے علاوہ ہے جو ہر مؤمن وکافر کے ساتھ لگایا گیا ہے کیونکہ وہ مؤمن سے خاص اوقات میں ہٹ بھی جاتا ہے اور یہ ہمیشہ ساتھ لگا رہے گا۔ (بیان القرآن) (معارف مفتی اعظم)

وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ

اور وہ اُن کو روکتے رہتے ہیں راہ سے

وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿٣٧﴾

اور یہ سمجھتے ہیں کہ ہم راہ پر ہیں ☆

عقل کے دشمن ☆ یعنی شیاطین ان کو نیکی کی راہ سے روکتے رہتے ہیں مگر ان کی عقلیں ایسی مسخ ہو جاتی ہیں کہ اسی کو ٹھیک راستہ سمجھتے ہیں بدی

besturdubooks.wordpress.com

اور نیکی کی تمیز بھی باقی نہیں رہتی۔ (تفسیر عثمانی)

حَتّٰٓى اِذَا جَآءَنَا قَالَ يٰلَيْتَ
یہاں تک کہ جب آئے ہمارے پاس کہے کسی طرح

بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ
مجھ میں اور تجھ میں فرق ہو مشرق مغرب کا سا

فَبِئْسَ الْقَرِيْنُ ﴿۳۸﴾
کہ کیا برا ساتھی ہے ☆

بے وقت حسرت ☆یعنی خدا کے ہاں پہنچ کر کھلے گا کہ کیسے برے ساتھی تھے۔ اس وقت حسرت اور غصہ سے کہے گا کہ کاش میرے اور تیرے درمیان مشرق اور مغرب کا فاصلہ ہوتا، اور ایک لحہ تیری صحبت میں نہ گزرتا کم بخت! اب تو مجھ سے دور ہو حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں ''یعنی دنیا میں شیطان کے مشورہ پر چلتا ہے اور وہاں اس کی صحبت سے پچتائے گا۔ اس طرح کا ساتھی شیطان کسی کو جن ملتا ہے کسی کو آدمی''۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت ابوسعید خدری کا بیان ہے کہ جب کافر کو قبر سے اُٹھایا جائے گا تو اس کے ساتھ اس کے شیطان کو ملا کر جوڑ دیا جائے گا شیطان اس سے الگ نہ ہوگا یہاں تک کہ دونوں دوزخ میں داخل ہوں گے۔ (تفسیر مظہری)

وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ
اور کچھ فائدہ نہیں تم کو آج کے دن جب کہ تم ظالم ٹھہر چکے

اَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۹﴾
اس بات سے کہ تم عذاب میں شامل ہو ☆

کسی صورت عذاب میں تخفیف نہ ہوگی

☆دنیا کا قاعدہ ہے کہ جس مصیبت میں عام طور پر چھوٹے بڑے سب شریک ہوں تو کچھ ہلکی معلوم ہونے لگتی ہے مشہور ہے کہ ''مرگ انبوہ جشنے دارد'' مگر دوزخ میں تمام شیاطین الانس والجن اور تابعین و متبوعین کا عذاب میں شریک ہونا کسی کو کچھ فائدہ نہ دے گا عذاب کی شدت ایسی ہوگی کہ اس طرح کی سطحی باتوں سے تسلی اور تخفیف نہیں ہوسکتی حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں ''یعنی کافر کہیں گے کہ انہوں نے ہم کو عذاب میں ڈلوایا، خوب ہوا یہ بھی نہ بچے لیکن اگر دوسرا بھی پکڑا گیا تو اس کو کیا فائدہ''۔ (تفسیر عثمانی)

اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ اَوْ تَهْدِي
سو کیا تو سنائیگا بہروں کو یا سمجھائے گا

الْعُمْيَ وَمَنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍ
اندھوں کو اور صریح غلطی میں بھٹکوں

مُّبِيْنٍ ﴿۴۰﴾ فَاِمَّا نَذْهَبَنَّ بِكَ فَاِنَّا
کو پھر اگر کبھی ہم تجھ کو یہاں سے لے جائیں

مِنْهُمْ مُّنْتَقِمُوْنَ ﴿۴۱﴾ اَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِيْ
تو ہم کو اُن سے بدلہ لینا ہے یا تجھ کو دکھادیں جو اُن سے وعدہ

وَعَدْنٰهُمْ فَاِنَّا عَلَيْهِمْ مُّقْتَدِرُوْنَ ﴿۴۲﴾
ٹھہرایا ہے تو یہ ہمارے بس میں ہیں

فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِيْٓ اُوْحِيَ اِلَيْكَ
سو تو مضبوط پکڑے رہ اُسی کو جو تجھ کو حکم پہنچا

اِنَّكَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴۳﴾
تو ہے بیشک سیدھی راہ پر ☆

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی

یعنی اندھوں کو راہ حق دکھلا دینا یا بہروں کو حق کی آواز سنا دینا اور جو صریح غلطی اور گمراہی میں پڑے بھٹک رہے ہوں ان کو تاریکی سے نکال کر سچائی کی صاف سڑک پر چلا دینا آپ کے اختیار میں نہیں ہاں خدا تعالیٰ کے اختیار میں ہے وہ جو چاہے آپ کی آواز میں تاثیر پیدا کردے۔ بہرحال آپ اس غم میں نہ رہئے کہ یہ سب لوگ حق کو کیوں قبول نہیں کرتے اور کیوں اپنا انجام خراب کر رہے ہیں ان کا معاملہ خدا کے سپرد کیجئے وہ ہی ان کے اعمال کی سزا دے گا اگر آپ کی وفات کے بعد دی تب، اور آپ کو دکھلا کر دی تب بہرصورت نہ ہمارے قابو سے نکل کر جاسکتے ہیں اور نہ ہم ان کو سزا دیئے بدون چھوڑیں گے آپ کا کام یہ ہے کہ جو وحی آئے اور جو حکم ملے اس پر مضبوطی کے ساتھ جمے رہیں اور برابر اپنا فرض ادا کئے جائیں کیونکہ دنیا کہیں اور کسی راستہ پر جائے، آپ اللہ کے فضل سے سیدھی راہ پر ہیں جس سے ایک قدم ادھر ادھر ہٹنے کی ضرورت نہیں نہ کسی ہوا پرست کی خواہش و آرزو کی طرف التفات کرنے کی حاجت ہے۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

آیت مندرجہ میں مشرکین مکہ مراد ہیں بدر کی لڑائی میں اللہ نے ان سے انتقام لے لیا۔ اکثر اہل تفسیر کا یہی قول ہے۔

حسن اور قتادہ کا قول ہے کہ امت اسلامیہ مراد ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں تو امت مسلمہ کے درمیان آپس میں کوئی ایسی بات نہیں ہوئی جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے تکلیف رساں اور رنجدہ ہوتی لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کی امت محمد یہ شدید عذاب (باہمی جدال وقتال اور نفاق وشقاق) میں مبتلا ہوگئی۔

روایت میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں جو حوادث دکھادئے گئے جو امت کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد پیش آنے والے تھے اس خواب کے بعد وقت وفات تک آپ کو کبھی خندان وفرحان نہیں دیکھا گیا۔

عبدالرحمٰن بن مسعود عبدی کا بیان ہے کہ حضرت علیؓ نے اس آیت کی تلاوت کے بعد فرمایا اللہ کے نبی تو چلے گئے اور اللہ کا عذاب اس کے دشمنوں کے لئے باقی رہ گیا۔ (تفسیر مظہری)

آیت کا حاصل مقصود: مقصود یہ ہے کہ پیغمبر بعضے وعدے تو ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں دکھلا دیں گے اور بعض وعدے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ظہور پذیر ہوں۔ خدا نے جو وعدے کئے ہیں وہ ضرور بالضرور پورے ہوں گے۔ کوئی دیر سے کوئی سویرے سے چنانچہ ایسا ہی واقع ہوا کہ بعضے وعدے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں پورے ہو گئے جیسے فتح خیبر اور مکہ کا اور بعضے وعدے جیسے فارس اور روم کی فتح کا وعدہ سو یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ حیات میں واقع نہیں ہوا بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد خلفاء راشداین کے زمانے میں پورا ہوا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ابتداء بعثت سے تاحین وفات فارس اور روم کی فتح کا وعدہ دیتے۔ اور فرماتے رہے کہ اللہ تعالیٰ اس دین کو کیا اھل قری و امصار اور کیا اہل بادیہ وصحراء غرض سب کے گھروں میں پہنچا دے گا۔ خواہ بعزت اور خواہ بذلت بعزت تو یہ کہ مشرف باسلام ہوں گے اور بذلت یہ کہ جزیہ اور خراج دیتے ہوئے اسلام کا باج گذار بنیں گے اور ظاہر ہے کہ فتح فارس اور روم کی فتح کا وعدہ زمانہ نبوت سراپا سعادت میں ظہور پذیر نہیں ہوا بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد خلفاء راشدین کے زمانہ میں پورا ہوا اور جس کے ہاتھ پر اللہ کے وہ وعدے پورے ہوں جن کا اللہ نے اپنے نبی سے وعدہ کیا تھا۔ وہی اس کے نبی کا خلیفہ خاص ہے۔ (معارف کاندھلوی)

وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ

اور یہ مذکور رہیگا تیرا اور تیری قوم کا ☆

اعزاز وترقی کا سامان ☆ یعنی قرآن کریم تیرے اور تیری قوم کے لئے خاص فضل وشرف کا سبب ہے۔ اس سے بڑی عزت اور خوش نصیبی کیا ہوگی کہ اللہ کا کلام اور ساری دنیا کی نجات وفلاح کا ابدی دستورالعمل ان کی زبان میں اترا اور وہ اس کے اولین مخاطب قرار پائے، اگر عقل ہو تو یہ لوگ اس نعمت عظمیٰ کی قدر کریں۔ اور قرآن جوان سب کے لئے بیش بہا نصیحت نامہ ہے اس کی ہدایات پر چل کر سب سے پہلے دنیوی واخروی سعادتوں کے مستحق ہوں۔ (تفسیر عثمانی)

مستقبل کیلئے بشارت: اور جملہ وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ کے معنی یہ ہیں کہ اے پیغمبر۔ جماعت قریش میں سے چند وہ لوگ ہونگے جو ظاہر وباطن کی شرافت سے مشرف وممتاز ہوکر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کے مددگار ہوں گے۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آپ کے خلیفہ ہوں گے۔ اور اعلاء کلمۃ اللہ کریں گے۔ (ازالۃ الخفاء ص ۵۹۵) (معارف کاندھلوی)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قوم کا شرف: حضرت عدی بن حاتم نے فرمایا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھا ہوا تھا حضورؐ نے ارشاد فرمایا میرے دل میں جو اپنی قوم کی محبت ہے وہ اللہ کو معلوم تھی اس لئے اس نے مجھے مع قوم کے شرف عطا فرمایا اور ارشاد فرمایا وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ وَسَوْفَ تُسْـَٔلُوْنَ۔ اللہ نے اپنی کتاب میں (اس آیت میں) میری قوم کو ذکر اور شرف عنایت فرمایا اس کے بعد فرمایا وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ۔ پس اللہ کا شکر ہے کہ اس نے صدیق کو میری قوم سے بنایا شہید کو میری قوم سے کیا اور اماموں کو میری قوم سے کیا۔ بیشک اللہ بندوں کو الٹ پلٹ کردیتا ہے اس نے قریش کو تمام عرب سے بہتر کر دیا قریش ہی وہ بابرکت درخت ہے جس کے متعلق اللہ نے اپنی کتاب میں فرمایا ہے مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ۔ سماء سے مراد ہے شرف اسلام جسکی ہدایت اللہ نے قریش کو کی اور انکو اور انکو اس شرف کا اہل بنایا۔ اسکے بعد قریش کے حق میں اللہ نے سورۃ لایلاف نازل فرمائی۔

حضرت عدی بن حاتم کا بیان ہے میں نے نہیں دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کبھی ذکر خیر آیا ہو اور آپ خوش نہ ہوئے ہوں اتنے خوش کہ چہرۂ مبارک پر مسرت کے آثار سب لوگوں کو دکھ جاتے تھے اور آپ اکثر آیت وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ وَسَوْفَ تُسْـَٔلُوْنَ پڑھا کرتے تھے۔

قریش اور عرب کی فضیلت: حضرت معاویہؓ کا بیان ہے میں نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ یہ امر قریش میں رہے گا جو کوئی ان سے دشمنی کرے گا اللہ اس کو منہ کے بل گرادے گا جب تک وہ دین کو سیدھا رکھیں گے (یعنی دین پر قائم رہیں گے)۔

besturdubooks.wordpress.com

مجاہد نے کہا قوم سے مراد ہیں عرب قرآن عرب کی زبان میں نازل ہوا عام عرب کو یہ شرف حاصل ہے پھر درجہ بدرجہ جس جس عرب میں خصوصیت بڑھتی گئی اس کے لئے شرف بھی خاص ہوتا گیا یہاں تک کہ یہ (خصوصی) شرف سب سے زیادہ قریش کو اور قریش میں بنی ہاشم کو حاصل ہوا۔ (تفسیر مظہری)

وَسَوْفَ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿۴۴﴾
اور آگے تم سے پوچھ ہو گی ☆

قرآن کے بارے میں پوچھ ہوگی

☆ یعنی آگے چل کر پوچھ ہوگی کہ اس نعمت عظمیٰ کی کیا قدر کی تھی؟ اور اس فضل وشرف کا کیا شکرادا کیا تھا؟۔ (تفسیر عثانی)

یعنی قیامت کے دن تم سب سے قرآن کے متعلق باز پرس ہوگی اور دریافت کیا جائے گا کہ قرآن کی پابندی جو تم پر لازم تھی تم نے کس قدر کی۔ (تفسیر مظہری)

وَسْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ
اور پوچھ دیکھ جو رسول بھیجے ہم نے تجھ سے پہلے
مِنْ رُّسُلِنَآ اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ
کبھی ہم نے رکھے ہیں رحمٰن کے
الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ ﴿۴۵﴾
سوائے اور حاکم کہ پوجے جائیں ☆

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کوئی انوکھی نہیں

☆ یعنی آپ کا راستہ وہی ہے جو پہلے انبیاء علیہم السلام کا تھا شرک کی تعلیم کسی نبی نے نہیں دی نہ اللہ تعالیٰ نے کسی دین میں اس بات کو جائز رکھا کہ اس کے سوا دوسرے کی پرستش کی جائے اور یہ ارشاد کہ "پوچھ دیکھو" یعنی جس وقت ان سے ملاقات ہو (جیسے شب معراج میں ہوئی) یا ان کے احوال کتابوں سے تحقیق کرو بہر حال جو ذرائع تحقیق وتفتیش کے ہوں ان کو استعمال میں لانے سے صاف ثابت ہو جائے گا کہ کسی دین سماوی میں کبھی شرک کی اجازت نہیں ہوئی۔ (تفسیر عثانی)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے تمام انبیاء کا اجتماع

عطا کی روایت ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا جب معراج میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو لے جایا گیا تو حضرت آدم اور آپ کی نسل میں جو انبیاء ہوئے سب کو رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے ملنے کے لئے بھیجا گیا حضرت جبرئیل نے اذان اور اقامت کہی اور کہا محمد صلی اللہ علیہ وسلم آگے بڑھ کر نماز پڑھاؤ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی نماز سے فراغت کے بعد جبرئیل نے کہا محمد وَسْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَآ (محمد آپ سے پہلے جو انبیاء ہم نے بھیجے تھے ان سے دریافت کرو) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے پوچھنے کی ضرورت نہیں میرے لئے اتنا ہی کافی ہے۔

زہری سعید بن جبیر اور ابن زید کا قول بھی یہی ہے کہ شب معراج میں تمام انبیاء کو اللہ نے جمع کیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان سے دریافت کرنے کا حکم دیا۔ لیکن حضور کو کوئی شک نہ تھا اس لئے آپؐ نے کسی سے کچھ سوال نہیں کیا۔

سوال کا مطلب: (اپنے شک کا ازالہ نہیں بلکہ) مشرکین قریش کو یہ بتانا اور یقین دلانا مقصود ہے کہ ہر پیغمبر جو اللہ کی طرف سے بندوں کے لئے بھیجا گیا اس نے اللہ کے سوا دوسروں کو معبود قرار دینے کی ممانعت کی۔ (تفسیر مظہری)

سوال کرنے کا ایک اور مطلب

خود انبیاء علیہم السلام سے پوچھنا مراد نہیں بلکہ اُن پر نازل ہونیوالے صحیفوں سے تحقیق کرنا اور اُن کی اُمتوں کے علماء سے پوچھنا مراد ہے چنانچہ انبیاء بنی اسرائیل کے جو صحیفے اب موجود ہیں ان میں بہت سی تحریفات کے باوجود توحید کی تعلیم اور شرک سے بیزاری کی تعلیم آج تک شامل ہے۔

انبیاء کے صحیفوں میں توحید کی تعلیم

موجودہ تورات میں ہے۔ "تا کہ تو جانے کہ خداوند ہی خدا ہے اور اس کے سوا کوئی ہے ہی نہیں" (استثناء ۴: ۳۵)

اور "سن اے اسرائیل! خداوند ہمارا خدا ایک ہی خدا ہے" (استثناء ۶: ۴)

اور حضرت اشعیا علیہ السلام کے صحیفہ میں ہے۔

"میں ہی خداوند ہوں اور کوئی نہیں' میرے سوا کوئی خدا نہیں' تا کہ مشرق سے مغرب تک لوگ جان لیں کہ میرے سوا کوئی نہیں' میں ہی خداوند ہوں' میرے سوا کوئی دوسرا نہیں" (یسعیاہ ۴۵: ۵، ۶)

اور حضرت مسیح علیہ السلام کا یہ قول موجود انجیلوں میں مذکور ہے۔

"اے اسرائیل' سن! خداوند ہمارا خدا ایک ہی خداوند ہے' اور تو خداوند اپنے خدا سے اپنے سارے دل اور اپنی ساری جان اور اپنی پیاری عقل اور اپنی ساری طاقت سے محبت رکھ" (مرقس ۱۲: ۲۹ ومتی ۲۲: ۳۶)

منقول ہے کہ آپ نے ایک مرتبہ مناجات کرتے ہوئے فرمایا۔

"اور ہمیشہ کی زندگی یہ ہے کہ وہ تجھ خدائے واحد اور برحق کو اور یسوع مسیح کو جسے تو نے بھیجا ہے جانیں" (یوحنا ۱۷: ۳) (معارف مفتی اعظم)

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى
اور ہم نے بھیجا موسیٰ کو اپنی نشانیاں دیکر

besturdubooks.wordpress.com

فِرْعَوْنَ وَمَلَاۡئِهٖ فَقَالَ اِنِّیْ رَسُوْلُ

فرعون اور اسکے سرداروں کے پاس تو کہا میں بھیجا ہوا ہوں

رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۴۶﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِاٰیٰتِنَآ

جہان کے رب کا پھر جب لایا اُن کے پاس ہماری نشانیاں

اِذَا هُمْ مِّنْهَا یَضْحَكُوْنَ ﴿۴۷﴾

وہ تو لگے اُن پر ہنسنے ☆

☆یعنی معجزات کا مذاق اڑانے لگے۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَا نُرِیْهِمْ مِّنْ اٰیَةٍ اِلَّا هِیَ اَكْبَرُ

اور جو دکھلاتے گئے ہم اُن کو نشانی سو پہلی سے

مِنْ اُخْتِهَا

بڑی ☆

☆یعنی ایک سے ایک بڑھ کر نشان اپنی قدرت کا اور موسیٰ علیہ السلام کی صداقت کا دکھلایا۔ (تفسیر عثمانی)

اَكْبَرُ کا مطلب:

ہر معجزہ اعجاز کی چوٹی پر پہنچا ہوا تھا ہر معجزہ کو دیکھنے والا یہی سمجھتا تھا کہ یہ معجزہ سب سے بڑا ہے کیونکہ ہر معجزہ انتہائی بڑا تھا جیسے ایک شاعر کا شعر ہے۔

مَنْ تَلْقَ مِنْهُمْ فَقَدْ لَاقَیْتَ سَیِّدَهُمْ
مِثْلَ النُّجُوْمِ الَّتِیْ یَسْرِیْ بِهَا السَّارِیْ

ان میں سے جس سے تمہاری ملاقات ہو تم یہی سمجھو گے کہ ان کے سردار سے ملاقات ہوئی (یعنی ہر ایک کے اندر سرداری کے اوصاف کامل طور پر موجود ہیں)۔ (تفسیر مظہری)

وَاَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ

اور پکڑا ہم نے اُن کو تکلیف میں تاکہ وہ

یَرْجِعُوْنَ ﴿۴۸﴾

باز آئیں ☆

☆یعنی آخر وہ نشان بھیجے جو ایک طرح کے عذاب کا رنگ اپنے اندر رکھتے تھے جیسا کہ سورہ "اعراف" میں گزرا "فَاَرْسَلْنَا عَلَیْهِمُ الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ اٰیٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ" (اعراف رکوع ۱۶) غرض یہ تھی کہ ڈر کر اپنی حرکتوں سے باز آجائیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَقَالُوْا یٰۤاَیُّهَ السّٰحِرُ

اور کہنے لگے اے جادوگر☆

ساحر☆"ساحر" ان کے محاورات میں عالم کو کہتے تھے۔ کیونکہ بڑا علم ان کے نزدیک یہی سحر تھا۔ شاید اس خوشامد اور لجاجت کے وقت حضرت موسیٰ علیہ السلام کو بظاہر تعظیمی لقب سے پکارا ہو اور خبث باطن سے اشارہ اس طرف بھی کیا ہو کہ ہم تجھ کو نبی اب بھی نہیں سمجھتے۔ صرف ایک ماہر جادوگر سمجھتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ اِنَّنَا لَمُهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾

پکار ہمارے واسطے اپنے رب کو جیسا سکھلا رکھا ہے تجھ کو ہم ضرور راہ پر آجائیں گے☆

قوم کی فرمائش☆یعنی تیرے رب نے جو طریقہ دعا کا بتلایا ہے اور جو کچھ تجھ سے عہد کر رکھا ہے اس کے موافق ہمارے حق میں دعا کر کہ یہ عذاب ہم سے دفع ہو۔ اگر تیری دعا سے ایسا ہو گیا تو ہم ضرور راہ پر آجائیں گے۔ اور تیری بات مان لیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

فرعونیوں کی دھوکہ بازی: فرعونیوں نے حضرت موسیٰؑ سے درخواست کی کہ دعا کر کے عذاب کو ان سے دور کرادیں اور لالچ یہ دیا کہ ہم آپ کی ہدایت پر چلیں گے اور آپ پر ایمان لے آئیں گے لیکن اس (مجبوری کی) درخواست کے بعد بھی نبی نہیں کہا بلکہ حسب سابق جادوگر ہی کہا کیونکہ ان کے دلوں میں کفر بھرا ہوا تھا اور انتہائی حماقت ان پر مسلط تھی۔ پہلے انہوں نے معجزات کو سحر قرار دیا تھا اور حضرت موسیٰؑ نے ان کے جواب میں کہا تھا اَتَقُوْلُوْنَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَكُمْ اَسِحْرٌ هٰذَا وَلَا یُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ۔

بعض نے کہا کہ یٰۤاَیُّهَ السّٰحِرُ کہنے کا مطلب یہ تھا کہ اے وہ شخص جو جادو کے زور سے ہم پر غالب آ گیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِذَا هُمْ

پھر جب اُٹھالی ہم نے اُن پر سے تکلیف تبھی

یَنْكُثُوْنَ ﴿۵۰﴾

وہ وعدہ توڑ ڈالتے☆

بنی اسرائیل کی بدعہدی

یعنی جہاں تکلیف رفع ہوئی اور مصیبت کی گھڑی ختم ہوئی ایک دم

besturdubooks.wordpress.com

اپنے قول وقرار سے پھر گئے گویا کچھ وعدہ کیا ہی نہ تھا۔ (تفسیر عثانی)

وَنَادٰى فِرْعَوْنُ فِيْ قَوْمِهٖ قَالَ

اور پکارا فرعون نے اپنی قوم میں بولا

يٰقَوْمِ اَلَيْسَ لِيْ مُلْكُ مِصْرَ وَهٰذِهِ

اے میری قوم بھلا میرے ہاتھ میں نہیں حکومت مصر کی اور یہ

الْاَنْهٰرُ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِيْ ۚ اَفَلَا

نہریں چل رہی ہیں میرے محل کے نیچے کیا تم

تُبْصِرُوْنَ ﴿٥١﴾ ط

نہیں دیکھتے ☆

حاکم مصر ☆ اس گردوپیش کے ملکوں میں مصر کا حاکم بہت بڑا سمجھا جاتا تھا اور نہریں اسی نے بنائی تھیں دریائے نیل کا پانی کاٹ کر اپنے باغ میں لایا تھا۔ مطلب یہ ہے کہ ان سامانوں کی موجودگی میں کیا ہماری حیثیت ایسی ہے کہ موسیٰ علیہ السلام جیسے معمولی حیثیت والے آدمی کے سامنے گردن جھکا دیں۔ (تفسیر عثانی)

یعنی عذاب دور ہونے کے بعد فرعون نے قوم کے مجمع میں پکار کر کہا کیونکہ اس کو اندیشہ پیدا ہوا کہ کوئی شخص کہیں ایمان نہ لے آئے۔

نیل کی نہریں: نیل سے متعدد نہریں نکلی تھیں جن میں چار بڑی تھیں۔ نہر شاہی۔ نہر طولون' نہر دمیاط۔ نہر تینس۔

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِيْ۔ یعنی میرے محلات کے نیچے جاری ہیں یا میرے زیر حکم بہہ رہی ہیں یا میرے سامنے باغوں میں جاری ہیں۔ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ کیا تم یہ چیزیں نہیں دیکھ رہے ہو۔ (تفسیر مظہری)

اَمْ اَنَا خَيْرٌ مِّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ مَهِيْنٌ ۙ ۵

بھلا میں ہوں بھی بہتر اس شخص سے جس کو کچھ عزت نہیں

وَّلَا يَكَادُ يُبِيْنُ ﴿٥٢﴾

اور صاف نہیں بول سکتا ☆

فرعون کا تجزیہ ☆ یعنی موسیٰ علیہ السلام کے پاس نہ روپیہ نہ پیسہ، نہ حکومت، نہ عزت، نہ کوئی ظاہری کمال، حتیٰ کہ بات کرتے ہوئے بھی زبان پوری طرح صاف نہیں چلتی۔ (تفسیر عثانی)

فَلَوْلَآ اُلْقِيَ عَلَيْهِ اَسْوِرَةٌ مِّنْ ذَهَبٍ

پھر کیوں نہ آپڑے اُس پر کنگن سونے کے

اَوْ جَآءَ مَعَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ مُقْتَرِنِيْنَ ﴿٥٣﴾

یا آتے اُسکے ساتھ فرشتے پرا باندھ کر ☆

اہل مصر کا دستور ☆ کہتے ہیں کہ وہ خود جواہرات کے کنگن پہنتا تھا اور جس امیر ووزیر پر مہربان ہوتا سونے کے کنگن پہناتا تھا اور اس کے سامنے فوج پرا باندھ کر کھڑی ہوتی تھی۔ مطلب یہ تھا کہ ہم کسی کو عزت دیتے ہیں تو ایسا کرتے ہیں۔ کیا خدا کسی کو اپنا نائب بنا کر بھیجے تو اسکے ہاتھ میں سونے کے کنگن اور جلو میں فرشتوں کی فوج بھی نہ ہو۔ (تفسیر عثانی)

مجاہد نے کہا اہل مصر کا دستور تھا کہ جب کسی شخص کو اپنا سردار بناتے تھے تو اس کو سونے کے کنگن اور طوق پہناتے تھے سردار ہونے کی یہ علامت تھی اسی لئے فرعون نے کہا کہ موسیٰ کے رب نے جب موسیٰ کو واجب الاطاعت سردار بنایا ہے تو اس کو سونے کے کنگن کیوں نہیں پہنائے۔ (تفسیر مظہری)

فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ فَاَطَاعُوْهُ ۚ اِنَّهُمْ

پھر عقل کھودی اپنی قوم کی' پھر اُسیکا کہنا مانا مقرر

كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿٥٤﴾

وہ تھے لوگ نافرمان ☆

فرعون کی عیاری ☆ یعنی اپنی ابلہ فریب باتوں سے قوم کو الو بنالیا وہ سب احمق اسی کی بات ماننے لگے حقیقت یہ ہے کہ ان لوگوں کی طبائع میں خدا کی نافرمانی پہلے سے رچی ہوئی تھی او نگھتے کو ٹھیلتے کا بہانہ ہوگیا۔ (تفسیر عثانی)

فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ کا معنی: اپنی قوم یعنی قبطیوں کو جاہل پایا یا ان کو سبک سر اور جاہل ہونے پر آمادہ کیا۔ استخفاف رائے کسی کی رائے کو بے وقوف بنانا اور صحیح راستہ سے ہٹا دینا۔ بعض علماء نے کہا فرعون نے قوم سے اپنی اطاعت میں خفت (اور تیزی) کی خواہش کی چنانچہ موسیٰ سے جو لوگوں نے ایمان کا وعدہ کیا تھا فرعون کے حکم کو مان کر اس وعدہ کو توڑ دیا۔ (تفسیر مظہری)

فَلَمَّآ اٰسَفُوْنَا

پھر جب ہم کو غصہ دلایا ☆

☆ یعنی وہ کام کئے جن پر عادۃً خدا کا غضب نازل ہوتا ہے۔ (تفسیر عثانی)

besturdubooks.wordpress.com

اٰسَفُوْنَا یعنی جب عناد اور نافرمانی میں وہ حد سے بڑھ گئے تو ان کی اس نافرمانی نے ہم کو غضبناک کر دیا۔ اَسِفَ فُلَانٌ فلاں شخص سخت غضبناک ہو گیا۔ پھر جب انہوں نے ہم کو سخت غضبناک کر دیا تو ہم نے ان سے انتقام لیا اور سب کو (نیل میں) ڈبو دیا۔ (تفسیر مظہری)

اِنْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ
تو ہم نے اُن سے بدلہ لیا پھر ڈبو دیا
اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۵﴾ فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا
اُن سب کو پھر کر ڈالا اُن کو گئے گذرے
وَّمَثَلًا لِّلْاٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾
اور ایک نظیر پچھلوں کے واسطے☆

عبرت ☆ یعنی پیچھے آنے والی نسلوں کے لئے ان کا قصہ ایک عبرتناک نظیر کے طور پر بیان ہوتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

انتقام کی صورتیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جب کسی انسان کو خدا دنیا دیتا چلا جائے اور وہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانیوں پر جما ہوا ہو تو سمجھ لو کہ خدا تعالیٰ نے اسے ڈھیل دے رکھی ہے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی آیت تلاوت فرمائی (ابن ابی حاتم)۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے سامنے جب اچانک موت کا ذکر آیا تو آپ نے فرمایا ایماندار پر یہ تخفیف ہے اور کافر پر حسرت ہے۔ پھر آپ نے اسی آیت کو پڑھ سنایا۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ فرماتے ہیں انتقام غفلت کے ساتھ ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا اِذَا
اور جب مثال لائے مریم کے بیٹے کی تبھی
قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّوْنَ ﴿۵۷﴾ وَقَالُوْٓا
قوم تیری اُس سے چلانے لگتے ہیں اور کہتے ہیں
ءَاٰلِهَتُنَا خَيْرٌ اَمْ هُوَ
ہمارے معبود بہتر ہیں یا وہ☆

مشرکین کا واویلا ☆ حضرت مسیح علیہ السلام کا جب ذکر آتا تو عرب کے مشرکین خوب شور مچاتے اور قسم قسم کی آوازیں اٹھاتے تھے بعض روایات میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کی یہ آیت پڑھی "اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ" (انبیاء رکوع ۷) کہنے لگے نصاریٰ حضرت مسیح علیہ السلام کی عبادت کرتے ہیں۔ بتلاؤ! تمہارے خیال میں ہمارے معبود اچھے ہیں یا مسیح علیہ السلام ظاہر ہے تم مسیح کو اچھا کہو گے۔ جب وہ ہی (معاذ اللہ) آیت کے عموم میں داخل ہوئے تو ہمارے معبود بھی سہی۔ بعض روایات میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ فرمایا "لیس احد یعبد من دون الله فیه خیر" کہنے لگے کیا مسیح میں بھی کوئی خیر اور بھلائی نہیں؟ ظاہر ہے کہ آیت کا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ان الفاظ کا مطلب ان چیزوں سے متعلق تھا جن کی پرستش لوگ کرتے ہیں اور وہ ان کو اس سے نہیں روکتے۔ اور اپنی بیزاری کا اظہار نہیں کرتے۔ مگر ان معترضین کا منشا تو محض جھگڑے نکالنا اور کٹ حجتی کر کے حق کو رلانا تھا۔ اس لئے جان بوجھ کر ایسے معنی پیدا کرتے تھے جو مراد متکلم کے مخالف ہوں۔ کبھی کہتے تھے کہ بس معلوم ہو گیا کہ آپ بھی اسی طرح ہم سے اپنی پرستش کرانا چاہتے ہیں جیسے نصاریٰ حضرت مسیح علیہ السلام کی کرتے ہیں شاید کبھی یہ بھی کہتے ہوں گے کہ خود قرآن نے حضرت مسیح علیہ السلام کی مثل یہ بیان کی ہے "اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ" (آل عمران رکوع ۶) اب دیکھ لو ہمارے معبود اچھے ہیں یا مسیح؟ انہیں کیوں بھلائی سے یاد کرتے ہو؟ اور ہمارے معبودوں کو برا کہتے ہو اور خدا جانے کیا کیا کچھ کہتے ہوں گے ان سب باتوں کا جواب آگے دیا گیا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

مَا ضَرَبُوْهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًا ۭ بَلْ
یہ مثال جو ڈالتے ہیں تجھ پر سو جھگڑنے کو بلکہ
هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ ﴿۵۸﴾ اِنْ هُوَ
یہ لوگ ہیں جھگڑالو وہ کیا ہے
اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنٰهُ
ایک بندہ ہے کہ ہم نے اس پر فضل کیا اور کھڑا کر
مَثَلًا لِّبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ﴿۵۹﴾
دیا اس کو بنی اسرائیل کے واسطے☆

مشرکین کی عادت بد ☆ یعنی کچھ اسی ایک مسئلہ میں نہیں ان کی طبیعت ہی جھگڑالو واقع ہوئی ہے۔ سیدھی اور صاف بات کبھی ان کے دماغوں میں نہیں اترتی۔ یوں ہی مہمل بحثیں اور دور از کار جھگڑے نکالتے رہتے ہیں۔ بھلا کہاں وہ شیاطین جو لوگوں سے اپنی عبادت کراتے اور اس پر خوش ہوتے یا وہ پتھر کی

besturdubooks.wordpress.com

بے جان مورتیں جو کسی کو کفر و شرک سے روکنے پر اصلاً قدرت نہیں رکھتیں اور کہاں وہ خدا کا مقبول بندہ جس پر اللہ نے خاص فضل فرمایا اور بنی اسرائیل کی ہدایت کے واسطے کھڑا کیا جس کو اپنے بندہ ہونے کا اقرار تھا اور جو اپنی امت کو اسی چیز کی طرف بلاتا تھا کہ "اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ رَبِّیْ وَ رَبُّکُمْ فَاعْبُدُوْہُ ھٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ" "کیا اس مقبول بندہ کو العیاذ باللہ" حَصَبُ جَھَنَّمَ "یا" لَیْسَ فِیْہِ خَیْرٌ" کہا جا سکتا ہے؟ یا یہ پتھر کی مورتیاں اسکی ہمسری کر سکتی ہیں۔ یاد رکھو! قرآن کریم کسی بندہ کو بھی خدائی کا درجہ نہیں دیتا اسکا تو سارا جہاد ہی اس مضمون کے خلاف ہے ہاں یہ بھی نہیں کر سکتا کہ محض احمقوں کے خدا بنا لینے سے ایک مقرب و مقبول بندہ کو پتھروں اور شریروں کے برابر کر دے۔ (تفسیر عثمانی)

اِلَّا جَدَلًا کا مطلب:

یہ لوگ جانتے ہیں کہ آیت مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ حَصَبُ جَھَنَّمَ میں مراد بت اور بے جان معبود ہیں۔ عیسیٰ عزیر اور ملائکہ مراد ہی نہیں ہیں آیت میں مَا تَعْبُدُوْنَ کا لفظ اگرچہ عام ہے لیکن یہ عام مخصوص البعض ہے۔

جھگڑے کی نحوست:

حضرت ابو امامہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہدایت پر ہونے کے بعد کوئی قوم گمراہ نہیں ہوئی مگر (اس وجہ سے کہ) ان کو جدل (جھگڑا یا جھگڑے کرنے کی طاقت) دے گئی (یعنی جن ہدایت یافتہ لوگوں نے باہم جھگڑے کرنے شروع کئے وہ گمراہ ہو گئے) پھر آپ نے آیت مَا ضَرَبُوْہُ لَکَ اِلَّا جَدَلًا بَلْ ھُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ تلاوت فرمائی رواہ البغوی واحمد والترمذی وابن ماجۃ والحاکم فی المستدرک۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام عبرت آفرین شخصیت

وَجَعَلْنٰہُ مَثَلًا۔ یعنی ہم نے ان کو عجیب انسان بنایا کہ دوسری کہاوتوں کی طرح ان کا قصہ بھی عجیب ہوا اور بنی اسرائیل کے لئے ان کے واقعہ کو عبرت آفرین کر دیا جس سے اللہ کی قدرت ظاہر ہوتی تھی کہ اللہ بغیر باپ کے پیدا کرنے پر قادر ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَلَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنَا مِنْکُمْ مَّلٰٓئِکَۃً فِی

اور اگر ہم چاہیں نکالیں تم میں سے فرشتے رہیں

الْاَرْضِ یَخْلُفُوْنَ ﴿۶۰﴾

زمین میں تمہاری جگہ ☆

کسی چھوٹی سی بات سے کوئی معبود نہیں بن جاتا

☆ یعنی عیسیٰ علیہ السلام میں آثار فرشتوں کے سے تھے (جیسا کہ سورہ مائدہ، آل عمران، اور کہف کے فوائد میں اشارہ کیا جا چکا ہے) اتنی بات سے کوئی شخص معبود نہیں بن جاتا۔ اگر ہم چاہیں تو تمہاری نسل سے ایسے لوگ پیدا کریں یا تمہاری جگہ آسمان سے فرشتوں ہی کو لا کر زمین پر آباد کر دیں ہم کو سب قدرت حاصل ہے۔ (تفسیر عثمانی)

حاصل کلام یہ ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کا واقعہ اگرچہ تعجب آگیں ہے لیکن اس سے بڑھ کر اچنبھا پیدا کرنے والے واقعات پیدا کرنے پر قادر ہیں اور فرشتے تم جیسی مخلوق ہیں ان کی پیدائش بسلسلۂ تولید و تناسل بھی ہو سکتی ہے (ایسا ممکن ہے) اور بطور ایجاد بھی (جیسا کہ اب ہے) ان کو استحقاق الوہیت کس طرح ہو سکتا ہے اور ان کی نسبی نسب اللہ کی طرف کیسے ہونا ممکن ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَاِنَّہٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَۃِ

اور وہ نشان ہے قیامت کا ☆

حضرت عیسیٰ علیہ السلام ..... نشان ہدایت

یعنی حضرت مسیح علیہ السلام کا اول مرتبہ آنا تو خاص بنی اسرائیل کے لئے ایک نشان تھا کہ بدون باپ کے پیدا ہوئے اور عجیب و غریب معجزات دکھلائے اور دوبارہ آنا قیامت کا نشان ہوگا ان کے نزول سے لوگ معلوم کر لیں گے کہ قیامت بالکل نزدیک آ لگی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

مسئلہ نزول عیسیٰ بن مریم علیہ السلام: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول میں ایک بڑی حکمت یہ ہے۔ کہ جب انقراض عالم کی مدت قریب ہوگی تو عیسیٰ علیہ السلام چونکہ بنی آدم میں سے ہیں اور بعض اعتبارات سے اپنے باپ آدم کا نمونہ ہیں۔ اس لئے اول انکو خدا تعالیٰ کفار کے شر سے بچا کر ایک مدت معینہ کیلئے آسمان پر اٹھا لیا۔ اور چونکہ کوئی انسان آسمان پر فوت نہ ہوگا۔ بلکہ زمین ہی پر مریگا۔ لہٰذا جب عیسیٰ علیہ السلام کی اجل مقررہ اور مدت حیات اختتام کو پہنچے گی تو اللہ تعالیٰ ان کو آسمان سے زمین پر نازل کرے گا۔ تاکہ ان کی موت زمین پر آئے اور جس نبی آخر الزمان کی بشارت دینے کے لئے وہ مبعوث ہوئے تھے۔ جیسا کہ ارشاد ہے۔ وَمُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ یَّاْتِیْ مِنْ بَعْدِی اسْمُہٗ اَحْمَدُ ان ہی کے قدموں میں دفن ہونے کی سعادت نصیب ہو چنانچہ قیامت کے قریب دجال کے قتل کے لئے آسمان سے نازل ہوں گے اور پھر کچھ عرصہ بعد مدینہ منورہ میں جا کر وفات پائیں گے۔ اور روضۂ اقدس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب مدفون ہوں گے۔ اور بعض مؤرخین کی نقول سے مثلاً علامہ سمہودی معلوم ہوتا ہے۔ کہ حجرۂ شریفہ میں جو ایک قبر کی جگہ باقی ہے۔ وہ آنحضرت کی قبر مبارک سے آگے یعنی آپؐ کے قدمین شریفین سے سمت مشرق میں واقع ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

دیکھو تفسیر قرطبی ص ۱۰۵ ج ۱۶ وزادالمسیر ص ۳۲۵ جلد ۷ وتفسیر ابن جریر و تفسیر ابن کثیر جلد رابع ودر منثور ان تمام تفاسیر میں صحابہ وتابعین سے اس آیت کی یہی تفسیر منقول ہے اور اس کے خلاف کسی سے منقول نہیں۔

علاوہ ازیں نزول عیسیٰ علیہ السلام احادیث متواترہ سے ثابت ہے جن کی تعداد ایک سو سے متجاوز ہے۔ ائمہ محدثین نے تو ان احادیث کو بھی متواتر فرمایا ہے۔ جو تیس سے پچاس تک شمار کی گئی ہیں۔

حافظ ابن کثیرؒ اور شیخ جلال الدین سیوطی نے احادیث نزول کو اخبار متواترہ سے تعبیر کرتے ہوئے یہ واضح فرمایا کہ یہ تمام احادیث قطعی الثبوت اور قطعی الدلالت ہیں۔ اس لحاظ سے مسئلہ نزول مسیح دین کے لوازم اور ضروریات میں سے ہوا جس پر ایمان کے بغیر قانون شریعت سے کوئی شخص مسلمان نہیں سمجھا جاسکتا۔

فقہ اکبر صفحہ ۱۳ میں امام ابوحنیفہؒ کا ارشاد ہے۔

وخروج الدّجال ويَاجوج وَماجوج وَطلوع الشمس من مغربها ونزول عيسىٰ عليه السلام من السّماء وسائر علامات القيامة علىٰ ماوردت بهِ الاخبار الصّحيحة حق كائن والله تعالىٰ يهدى من يّشآء الىٰ صراط مُستقيم.

خروج دجال اور خروج یاجوج وماجوج اور آفتاب کا مغرب سے طلوع اور حضرت عیسیٰ کا آسمان سے نزول اور باقی علامات قیامت جن کا احادیث صحیحہ میں ذکر آیا ہے یہ اور وہ سب حق ہیں اور ضرور ہوکر رہیں گی اور اللہ جس کو چاہتا ہے سیدھا راستہ دکھاتا ہے۔

امام بیہقی سند صحیح کے ساتھ روایت کرتے ہیں کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہاری خوشی کا کیا حال ہوگا جبکہ عیسیٰ بن مریم تمہارے درمیان آسمان سے اتریں گے اور تمہارا امام خود تم میں سے ہوگا۔

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سب سے پہلے جو لوگ دجال کا اتباع کریں گے وہ ستر ہزار یہودی ہونگے اُن کے سروں پر طیلسان ہوں گے۔ ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اسوقت جبکہ دجال خروج کرے گا۔ تو اس وقت عیسیٰ بن مریم کوہ افیق پر آسمان سے نازل ہوں گے اور وہ اس امت کے حق میں امام اور ہادی اور حاکم منصف ہونگے۔ (کنز العمال ص ۲۶۸ ج ۷)

نیز حدیث نزول میں یہ بھی وارد ہوا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام دو رنگین کپڑے پہنے دو فرشتوں کے کاندھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے دمشق کی جامع مسجد کے منارۂ شرقیہ پر اتریں گے۔ (معارف کاندھلوی)

قیامت کی دس نشانیاں: حضرت حذیفہؓ بن اسید غفاری کا بیان ہے کہ ہم لوگ کچھ باہم گفتگو کر رہے تھے اتنے میں حضورؐ والا برآمد ہوئے اور فرمایا تم لوگ کیا تذکرہ کر رہے تھے صحابہ نے عرض کیا ہم قیامت کا ذکر کر رہے تھے فرمایا قیامت سے پہلے جب تک دس نشانیاں دکھائی نہ دی جائیں گی قیامت نہیں آئے گی اس کے بعد آپ نے (دس چیزوں کا) ذکر کیا۔ (۱) دھواں (۲) دجال (۳) دابۃ الارض (۴) مغرب سے آفتاب کا طلوع (۵) عیسیٰ ابن مریم کا نزول (۶) یاجوج ماجوج کا خروج (۷) زمین کا تین جگہ دھنسنا مشرق میں (۸) مغرب میں (۹) جزیرۃ العرب میں (۱۰) ایک آگ کا یمن سے نکلنا جو لوگوں کو ہنکا کر میدان حشر کی طرف لے جائے گی۔ بعض روایات میں آیا ہے کہ دسویں علامت ایک ہوا ہوگی جو لوگوں کو سمندر میں جا پھینکے گی۔ رواہ مسلم۔

نزول عیسیٰ علیہ السلام کی احادیث: حضرت ابوہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس وقت تمہاری کیا کیفیت ہوگی جب ابن مریم تم میں اتریں گے اور تمہارا امام تم ہی میں سے ہوگا۔ رواه الشيخان فى الصحيحين۔

حضرت نواس بن سمعان کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کا ایک طویل بیان میں ذکر فرمایا دجال کا قصہ میں یہ بھی فرمایا کہ اللہ مسیح ابن مریم کو بھیجے گا آپ دمشق کے شرقی جانب منارۂ بیضاء کے قریب دو زرد کپڑے پہنے دو فرشتوں کے بازوؤں کا سہارا لئے اتریں گے جب سر نیچے جھکائیں گے تو پسینے کے قطرے چاندی کے موتیوں کی طرح ٹپکیں گے اور جب سر اوپر اٹھائیں گے تو (بھی) چاندی کے موتی لڑھک کر گریں گے۔ رواہ مسلم۔

حضرت ابوہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اس کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے عنقریب تمہارے اندر عیسیٰ ابن مریم حاکم عادل ہوکر اتریں گے صلیب کو توڑ دیں گے خنزیر کو قتل کریں گے جزیہ کو ساقط کردیں گے مال بہائیں گے یہاں تک کہ کوئی مال قبول نہیں کرے گا اس وقت ایک سجدہ دنیا اور تمام سامان دنیا سے بہتر ہوگا۔ (صحیحین)

مسلم نے حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) ابن مریم حاکم عادل بن کر ضرور اتریں گے صلیب کو بلا شبہ توڑیں گے اور خنزیر کو قتل کریں گے اور جزیہ کو ساقط کریں گے اور اونٹنیوں کو (یونہی ناکارہ بناکر) چھوڑ دیں گے ان سے کام نہیں لیا جائے گا۔ آپس کا بغض دور کردیں گے اور مال لینے کے لئے لوگوں کو بلائیں گے لیکن کوئی مال قبول نہیں کرے گا۔ مسلم نے حضرت جابرؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ (حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) تمہارا امیر (عیسیٰ علیہ السلام سے) کہے گا آیئے آپ ہم کو نماز پڑھایئے عیسیٰ علیہ السلام اس امت کی عزت وعظمت کے پیش نظر کہیں گے (آج) تم میں سے ہی بعض بعض کے امیر ہیں۔

بغوی نے لکھا ہے حضرت عیسیٰ علیہ السلام بیت المقدس جائیں گے اس وقت لوگ عصر کی نماز میں ہوں گے امام حضرت عیسیٰ کی آہٹ پاکر پیچھے ہٹے گا لیکن حضرت عیسیٰ علیہ السلام اسی کو آگے بڑھائیں گے اور شریعت محمدی کے مطابق

besturdubooks.wordpress.com

(خود بھی) نماز پڑھیں گے خنزیر کو قتل کریں گے صلیب کو توڑیں گے یہودیوں اور عیسائیوں کے عبادت خانوں کو منہدم کر دیں گے اور سوا ان لوگوں کے جو آپ پر ایمان لے آئیں گے باقی عیسائیوں کو قتل کریں گے۔ (تفسیر مظہری)

فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُوْنِ هٰذَا
سو اُس میں شک مت کرو اور میرا کہا مانو
صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝ وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ
یہ ایک سیدھی راہ ہے اور نہ روک دے تم کو
الشَّيْطٰنُ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝
شیطان وہ تو تمہارا دشمن ہے صریح ☆

☆ یعنی قیامت کے آنے میں شک نہ کرو۔ اور جو سیدھی راہ ایمان و توحید کی میں بتلا رہا ہوں اس پر چلے آؤ مبادا تمہارا ازلی دشمن شیطان تم کو اس راستہ سے روک دے۔ (تفسیر عثمانی)

فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا۔ یعنی جب عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش قیامت سے برپا ہونے پر دلالت کر رہی ہے تو اب تم کو وجود قیامت میں شک نہ ہونا چاہئے۔ کھلا دشمن ہے تم کو جنت سے نکلوانے کا سبب بنا اور مصائب کے گھر میں تمہارے آنے کا موجب ہوا اور اب بھی اتباع حق سے تم کو روک رہا ہے اور جنت میں داخل ہونے سے رکاوٹ بنا ہوا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَلَمَّا جَآءَ عِيْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ قَالَ قَدْ
اور جب آیا عیسیٰ نشانیاں لے کر بولا میں
جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ
لایا ہوں تمہارے پاس پکی باتیں ☆

☆ یعنی پکی باتیں دانائی اور حکمت کی۔ (تفسیر عثمانی)

اَلْبَيِّنٰتِ۔ یعنی معجزات یا انجیل کی آیات یا واضح احکام۔ (تفسیر مظہری)

وَلِاُبَيِّنَ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ
اور بتلانے کو بعضی وہ چیز
تَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ
جس میں تم جھگڑتے تھے ☆

☆ یعنی دینی باتیں یا بعض وہ چیزیں جن کو شریعت موسوی نے حرام ٹھہرایا تھا ان کا حلال ہونا بیان کرتا ہوں کما قال "وَلِاُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ حُرِّمَ عَلَيْكُمْ" (آل عمران رکوع ۵) (تفسیر عثمانی)

اَلَّذِيْ تَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد میل نفسانی کے زیر اثر یہودیوں کے اکہتر فرقے بن گئے جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام تشریف لائے تو آپ نے یہودیوں کو غلط عقائد سے روکا اور راہ حق پر چلنے کی ہدایت کی۔

امتوں کے فرقے: حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہودی اکہتر فرقوں میں بٹ گئے اور نصاریٰ کے بہتر فرقے ہو گئے اور میری امت تہتر فرقوں میں بٹ جائے گی رواہ ابو داؤد والترمذی والنسائی وابن ماجہ۔ (تفسیر مظہری)

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ اِنَّ اللّٰهَ
سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو بیشک اللہ
هُوَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ هٰذَا
جو ہے وہی ہے رب میرا اور رب تمہارا سو اسی کی بندگی کرو
صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝
یہ ایک سیدھی راہ ہے ☆

عیسیٰ کی تعلیم ☆ یہ تعلیم تھی حضرت مسیح علیہ السلام کی۔ دیکھو کیسی صفائی سے خدائے واحد کی ربوبیت اور معبودیت کو بیان فرمایا ہے اور اسی توحید اور اتقاء و اطاعت رسول کو صراط مستقیم قرار دیا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

فَاتَّقُوا اللّٰهَ۔ ف سببیہ ہے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا پُر حکمت تعلیم کا لانا حصول تقویٰ کا سبب ہے۔

وَاَطِيْعُوْنِ۔ یعنی اللہ کی طرف سے جو کچھ میں تم کو پہنچا رہا ہوں اس میں میری اطاعت کرو۔

فَاعْبُدُوْهُ۔ اسی کی پوجا کرو کسی اور کی پرستش نہ کرو۔

هٰذَا۔ یعنی توحید اور شرعی احکام کی پابندی۔ یہ حضرت عیسیٰ کے کلام کا تتمہ ہے یا اللہ کا فرمان ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْ بَيْنِهِمْ
پھر پھٹ گئے کتنے فرقے اُن کے بیچ سے ☆

فرقہ بندی ☆ یعنی اختلاف پڑ گیا۔ یہود ان کے منکر ہوئے اور نصاریٰ

besturdubooks.wordpress.com

قائل ہوئے۔ پھر نصاریٰ آگے چل کر کئی فرقے بن گئے، کوئی حضرت مسیح علیہ السلام کو خدا کا بیٹا بتلاتا ہے، کوئی ان کو تین خداؤں میں ایک کہتا ہے کوئی کچھ اور کہتا ہے، حضرت مسیح علیہ السلام کی اصلی تعلیم پر ایک بھی نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

امت عیسیٰ بہتر فرقوں میں بٹ گئی یا من بینھم سے یہودیوں اور عیسائیوں کا مجموعہ مراد ہے۔ فویل پس بڑی ہلاکت (اور خرابی) ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ

سو خرابی ہے گنہگاروں کو آفت سے دکھ

يَوْمٍ اَلِيْمٍ ۞ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا

والے دن کی اب یہی ہے کہ راہ دیکھتے ہیں

السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ

قیامت کی کہ آ کھڑی ہو اُن پر اچانک اور اُن کو

لَا يَشْعُرُوْنَ ۞

خبر بھی نہ ہو ☆

منکرین کی ہلاکت کا اعلان ☆ایسے ایسے کھلے بیانات اور واضح ہدایات کے باوجود بھی جو لوگ نہیں مانتے آخر وہ کاہے کے منتظر ہیں۔ ان کے احوال کو دیکھ کر یہی کہا جاسکتا ہے، بس قیامت ایک دم ان کے سر پر آ کھڑی ہو تب مانیں گے حالانکہ اس وقت کا ماننا کچھ کام نہ دے گا۔ (تفسیر عثمانی)

لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا۔ ان لوگوں کے لئے جنہوں نے خواہشات کی پیروی کر کے اور کتاب وسنت کو ترک کر کے خود اپنے اوپر ظلم کیا۔

مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ اَلِيْمٍ۔ یعنی آتش جہنم۔

ناجی فرقہ اہل سنت والجماعت ہے

حضرت عبداللہ بن عمر راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قدم بقدم میری امت پر وہی بات آئے گی جو بنی اسرائیل پر آئی اگر بنی اسرائیل میں سے کسی نے علی الاعلان اپنی ماں سے زنا کیا تو میری امت میں سے بھی کوئی ایسا کرے گا بنی اسرائیل بہتر فرقوں میں بٹ گئے میری امت تہتر فرقوں میں بٹ جائے گی کہ سواء ایک فرقہ کے سب فرقے دوزخ میں جائیں گے۔ صحابہؓ نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہ (برحق نجات یافتہ) کونسا گروہ ہوگا فرمایا جو اس راستہ پر چلتا ہوگا جس پر میں اور میرے صحابی ہیں۔ رواہ الترمذی۔ (تفسیر مظہری)

اَلْاَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍۢ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ

جتنے دوست ہیں اُس دن ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے

عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ ۞

مگر جو لوگ ہیں ڈر والے ☆

قیامت کی ہیبت ☆اُس دن دوست سے دوست بھاگے گا کہ اس کے سبب سے کہیں میں نہ پکڑا جاؤں۔ دنیا کی سب دوستیاں اور محبتیں منقطع ہوجائیں گی۔ آدمی پچھتائے گا کہ فلاں شریر آدمی سے دوستی کیوں کی تھی جو اس کے اکسانے سے آج گرفتار مصیبت ہونا پڑا اسوقت بڑا گرمجوش محب محبوب کی صورت دیکھنے سے بیزار ہوگا۔ البتہ جن کی محبت اور دوستی اللہ کے واسطے تھی اور اللہ کے خوف پر مبنی تھی وہ کام آئے گی۔ (تفسیر عثمانی)

اچھے اور برے دوست: بغوی نے اس آیت کے ذیل میں حضرت علی کا ارشاد نقل کیا ہے آپ نے فرمایا دو دوست مؤمن اور دو دوست کافر ہوتے ہیں ایک مؤمن مرجاتا ہے وہ عرض کرتا ہے اے میرے رب فلاں شخص مجھے تیری اور تیرے رسول کی اطاعت کرنے کا مشورہ دیتا تھا مجھے نیک کام کرنے کا حکم دیتا تھا اور برے کام سے روکتا تھا وہ مجھ سے کہتا تھا کہ ایک دن مجھے تیرے سامنے آنا پڑے گا اے میرے رب میرے بعد تو اس کو گمراہ نہ کر دینا اور جیسے تو نے مجھے راہ راست پر چلنے کی توفیق دی ایسے ہی اس کو بھی ہدایت پر قائم رکھنا اور جس طرح تو نے میری عزت افزائی کی اسی طرح اس کی بھی عزت افزائی کرنا جب اس کا دوست مرجاتا ہے تو اللہ دونوں کو یکجا کر کے فرماتا ہے تم دونوں ایک دوسرے کی تعریف کرو چنانچہ ہر ایک دوسرے کے متعلق کہتا ہے یہ اچھا بھائی ہے اچھا دوست ہے اچھا ساتھی ہے۔

اور جب دونوں کافر دوستوں میں سے ایک مرجاتا ہے تو وہ عرض کرتا ہے اے میرے رب فلاں شخص مجھے تیری اور تیرے رسول کی طاعت سے منع کرتا تھا برے کام کرنے کا مشورہ دیتا تھا۔ اور اچھے کام سے روکتا تھا اور مجھ سے کہتا تھا کہ مجھے تیرے پاس آنا نہیں ہے۔ وہ برا بھائی برا دوست اور برا ساتھی ہے۔ حضرت ابوہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن اللہ فرمائے گا میری عظمت وبزرگی کے ساتھ باہم دوستی کرنے والے کہاں ہیں آج میں ان کو اپنے سایہ میں لوں گا آج میرے سایہ کے علاوہ اور کوئی سایہ نہیں۔ رواہ مسلم۔

اللہ کیلئے محبت کرنیوالے: حضرت ابوہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر اللہ کے واسطے دو بندے باہم محبت کرنے والے ہوں ایک مشرق میں ہو اور دوسرا مغرب میں۔ اللہ قیامت کے دن دونوں کو یکجا کر دیگا اور فرمائے گا یہی وہ شخص ہے جس سے تو

besturdubooks.wordpress.com

میرے لئے محبت کرتا تھا۔ (رواہ البیہقی شعب الایمان) (تفسیر مظہری)

دوستی درحقیقت وہی ہے جو اللہ کے لئے ہو

اس آیت نے یہ بات کھول کر بتا دی کہ یہ دوستانہ تعلقات جن پر انسان دُنیا میں ناز کرتا ہے اور جن کی خاطر حلال وحرام ایک کر ڈالتا ہے قیامت کے روز نہ صرف یہ کہ کچھ کام نہ آئیں گی بلکہ عداوت میں تبدیل ہو جائیں گی چنانچہ حافظ ابن کثیرؒ نے اس آیت کے تحت حضرت علیؓ کا یہ ارشاد مصنف عبدالرزاقؒ اور ابن ابی حاتمؒ کی روایت سے نقل کیا ہے کہ دو دوست مؤمن تھے اور دو کافر؛ مؤمن دوستوں میں سے ایک کا انتقال ہوا اور اُسے جنت کی خوشخبری سُنائی گئی تو اُسے اپنا دوست یاد آیا' اُس نے دُعا کی کہ یا اللہ! میرا فلاں دوست مجھے آپکی آپ کے رسولؐ کی اطاعت کی تاکید کرتا' بھلائی کا حکم دیتا اور بُرائی سے روکتا تھا اور یہ یاد دلاتا رہتا تھا کہ مجھے ایک دن آپ کے پاس حاضر ہونا ہے' لہٰذا یا اللہ! اسکو میرے بعد گمراہ نہ کیجئے گا تاکہ وہ بھی (جنت کے) وہ مناظر دیکھ سکے جو آپ نے مجھے دکھائے ہیں' اور آپ جس طرح مجھ سے راضی ہوئے ہیں اُسی طرح اُس سے بھی راضی ہوجائیں۔ اس دُعاء کے جواب میں اس سے کہا جائیگا کہ جاؤ' اگر تمہیں معلوم ہوجائے کہ میں نے تمہارے اُس دوست کے لئے کیا اجر وثواب رکھا ہے تو تم روؤ کم اور ہنسو زیادہ۔ اسکے بعد جب دوسرے دوست کی وفات ہو چکے گی تو دونوں کی ارواح جمع ہونگی' باری تعالیٰ اُن سے فرمائیگا کہ تم میں سے ہر شخص دوسرے کی تعریف کرے' تو اُن میں سے ہر ایک دوسرے کے بارے میں یہ کہیگا کہ وہ بہترین بھائی' بہترین ساتھی اور بہترین دوست ہے۔

اس کے برخلاف جب دو کافر دوستوں میں سے ایک کا انتقال ہوگا اور اسے بتایا جائیگا کہ اسکو جہنم میں ڈالا جائے گا تو اُسے بھی اپنا دوست یاد آئے گا اُس وقت وہ یہ دُعا کرے گا کہ یا اللہ! میرا فلاں دوست مجھے آپ کی اور آپ کے رسولؐ کی نافرمانی کرنیکا حکم دیتا تھا' بُرائی کی تاکید کرتا اور بھلائی سے روکتا تھا' اور مجھ سے کہا کرتا تھا کہ میں کبھی آپ کے حضور حاضر نہ ہونگا۔ لہٰذا یا اللہ! اس کو میرے بعد ہدایت نہ دیجئے گا' تاکہ وہ بھی (دوزخ کے) وہ مناظر دیکھے جو آپ نے مجھے دکھائے ہیں' اور آپ جس طرح مجھ سے ناراض ہوئے ہیں اُسی طرح اُس سے بھی ناراض ہوں۔ اسکے بعد دوسرے دوست کا بھی انتقال ہوجائیگا تو دونوں کی رُوحیں جمع کی جائیں گی اور ان سے کہا جائیگا کہ تم میں سے ہر شخص اپنے ساتھی کی تعریف کرے' تو اُن میں سے ہر ایک دوسرے کے بارے میں کہے گا یہ بدترین بھائی بدترین ساتھی اور بدترین دوست ہے۔ (ابن کثیر ۱۳۴ ج ۴) اسی لئے دُنیا و آخرت دونوں کے لحاظ سے بہترین دوستی وہ ہے جو اللہ کے لئے ہو۔ جن دو مسلمانوں میں صرف اللہ کے لئے محبت ہو اُن کے بڑے فضائل احادیث میں وارد ہوئے ہیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ میدان حشر میں یہ لوگ اللہ کے عرش کے سایہ میں ہونگے اور اللہ کے لئے محبت کا مطلب یہ ہے کہ دوسرے سے اس بنا پر تعلق ہو کہ وہ اللہ کے دین کا سچا پیرو ہے'

چنانچہ علوم دین کے استاذ' شیخ و مُرشد' علماء اور اہل اللہ سے بلکہ اسلام کے تمام مسلمانوں سے بے لوث محبت اس میں داخل ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَآ
اے بندو میرے نہ ڈر ہے تم پر آج کے دن اور نہ تم
اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿۶۸﴾
غمگین ہوگے ☆

☆ یعنی نہ آگے کا ڈر نہ پیچھے کا غم۔ (تفسیر عثمانی)

نحوی ترکیب: يَا عِبَادِ یہ جملہ مستانفہ ہے يَقُوْلُ فعل محذوف ہے یعنی اللہ ان تقویٰ رکھنے والے دوستوں سے فرمائے گا اے میرے بندو آج نہ تم کو کوئی خوف ہے نہ غمگین ہوگے۔

مومنوں کیلئے اعلان: معتمر بن سلیمان نے اپنے باپ کی روایت سے بیان کیا۔ معتمر کے باپ نے کہا میں نے سنا ہے کہ جب لوگوں کو قبروں سے اٹھایا جائے گا تو ہر ایک گھبرایا ہوا ہوگا' اس وقت (اللہ کی طرف سے) ایک منادی ندا دیگا۔ يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ یہ سن کر لوگوں کو کچھ امید بندھے گی لیکن فوراً ہی منادی اس کے بعد کہے گا۔ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا مُسْلِمِيْنَ یہ سن کر سوا اطاعت گزار مومنوں کے سب مایوس ہوجائیں گے۔ (تفسیر مظہری)

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ﴿۶۹﴾
جو یقین لائے ہماری باتوں پر اور رہے حکمبردار ☆

ایمان و اسلام ☆ یعنی دل سے یقین کیا اور جوارح سے اس کے حکمبردار رہے۔ یہاں سے ایمان اور اسلام کا فرق ظاہر ہوتا ہے جیسا کہ حدیث جبریل میں اس کا مفصل بیان ہوا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ اَنْتُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ
چلے جاؤ بہشت میں تم اور تمہاری عورتیں
تُحْبَرُوْنَ ﴿۷۰﴾ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ
کہ تمہاری عزت کریں لئے پھریں گے اُنکے پاس رکابیاں
مِّنْ ذَهَبٍ وَّاَكْوَابٍ
سونے کی اور آبخورے ☆

☆ یعنی غلمان لئے پھریں گے۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

تَحْبَرُوْنَ۔ یعنی اتنی خوشی پاؤ گے کہ اس کا اثر چہروں سے نمودار ہوگا اس مطلب پر تحبرون حبار سے مشتق ہوگا اور حبار کا معنی ہے اثر نشان یا تحبرون کا ترجمہ ہے تم آراستہ کئے جاؤ گے سجائے جاؤ گے اس وقت تحبرون کا مادہ حبر ہوگا اور حبر کا معنی ہے زینت۔ خوبصورتی۔ یا اس کا ترجمہ ہے تمہاری پوری پوری عزت افزائی کی جائے گی۔

يُطَافُ عَلَيْهِمْ۔ یعنی غلمان جو ہمیشہ ہی امرد رہیں گے۔ اہل جنت کے لئے بڑے بڑے پیالوں اور کوزوں کا دور کریں گے صحاف صحفۃ کی جمع ہے صحفۃ بڑے پیالے کو کہتے ہیں۔ اکواب' کوب کی جمع ہے۔ کوب کوزہ یعنی ایسا گول برتن جس کا گلا بھی مدور ہو اور قبضہ نہ ہو۔ (تفسیر مظہری)

وَفِيهَا مَا تَشْتَهِيهِ الْأَنْفُسُ وَتَلَذُّ

اور وہاں ہے جو دل چاہے اور جس سے

الْأَعْيُنُ

آنکھیں آرام پائیں ☆

دیدار الٰہی ☆ سب سے اعلیٰ چیز جس سے آنکھیں آرام پائیں گی وہ دیدار ہے حق سبحانہ وتعالیٰ کا (رزقنا اللہ بفضلہ ومنہ) (تفسیر عثمانی)

صوفی کی طلب: یعنی ہر شخص کو جنت میں وہ چیز ملے گی جس کا وہ خواستگار ہوگا۔ صوفی طلبگار ہے' ایسے وصل کا جس کی کوئی کیفیت بیان نہیں کی جاسکتی اور ایسے دیدار کا جو کبھی غائب نہ ہو چنانچہ یہ نعمت حاصل ہوگی صوفیہ کے علاوہ دوسرے لوگ جو جنت کی نعمتوں کے خواستگار ہوں گے ان کو وہ نعمتیں ملیں گی۔

جنت میں گھوڑے اور اونٹ: بغوی نے حضرت عبدالرحمن بن ثابت کی روایت سے بیان کیا کہ ایک شخص نے عرض کیا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے گھوڑے بہت پسند ہیں۔ کیا جنت میں گھوڑے ملیں گے۔ فرمایا اگر اللہ تم کو جنت میں داخل کردے پھر تم چاہو کہ سُرخ یاقوت کے گھوڑے پر سوار ہو کر اُڑ کر جنت کے اندر جہاں جانا چاہو پہنچ جاؤ تو ایسا کرسکو گے۔ ایک شخص نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اونٹ کو پسند کرتا ہوں کیا جنت میں اونٹ ملیں گے فرمایا اے اعرابی اگر اللہ تجھے جنت میں داخل کردے گا تو تجھے وہاں ہر وہ چیز ملے گی جس کو تیرا دل چاہے گا اور آنکھوں کو جس سے فرحت حاصل ہوگی۔ (تفسیر مظہری)

وَأَنْتُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿۷۱﴾ وَتِلْكَ

اور تم اُن میں ہمیشہ رہو گے اور یہ وہی

الْجَنَّةُ الَّتِي أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنْتُمْ

بہشت ہے جو میراث پائی تم نے بدلے میں اُن کاموں

تَعْمَلُونَ ﴿۷۲﴾

کے جو کرتے تھے ☆

☆ یعنی تمہارے باپ آدم کی میراث واپس مل گئی تمہارے اعمال کے سبب سے اور اللہ کے فضل سے۔ (تفسیر عثمانی)

وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِي أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ابن ابی حاتم نے حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر دوزخی کو اس کا جنت والا مقام (یعنی وہ مقام اگر وہ مومن ہوتا تو اس کو وہ مقام ملتا) دکھایا جائے گا تاکہ اس کو حسرت ہو اس وقت وہ کہے گا۔ لَوْ أَنَّ اللَّهَ هَدَانِي لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِينَ اگر اللہ مجھے ہدایت یاب بناتا تو میں متقیوں میں ہو جاتا۔ اور ہر جنتی کو اس کا دوزخ والا مقام (یعنی وہ مقام کہ اگر وہ مومن نہ ہوتا تو اس مقام پر رہتا) دکھایا جائے گا تاکہ وہ شکر کرے۔ جنتی بطور شکر کہے گا۔

وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَا أَنْ هَدَانَا اللَّهُ۔ یہ بھی حضرت ابوہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر شخص کا ایک گھر جنت میں اور ایک گھر دوزخ میں ہے کافر کے جنت والے مکان کا مومن وارث ہوگا۔ یہی مطلب ہے۔ (آیت) تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِي أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ کا۔ (تفسیر مظہری)

لَكُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ كَثِيرَةٌ مِنْهَا تَأْكُلُونَ ﴿۷۳﴾

تمہارے واسطے اُن میں بہت میوے ہیں اُن میں سے کھاتے رہو ☆

☆ یعنی چن چن کر۔ (تفسیر عثمانی)

جنت کے پھل: بزار اور طبرانی نے بیان کیا کہ حضرت ثوبان نے فرمایا میں نے خود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کہ جنتی جس پھل کو توڑے گا اس کی جگہ ویسا ہی دوسرا پھل دوبارہ پیدا کردیا جائے گا۔

بزار نے حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' اللہ نے جب آدمؑ کو جنت سے نکالا تو ان کو بطور توشہ کچھ جنت کے پھل بھی دے دیے اور ہر ایک کے اوصاف بھی بتادیئے تو یہ تمہارے پھل جنت کے پھلوں سے ہیں۔ فرق یہ ہے کہ یہ خراب ہوجاتے ہیں اور وہ تغیر پذیر نہیں ہیں۔

ابن ابی الدنیا کا بیان ہے کہ حضرت ابن مسعود شام میں تھے لوگوں نے جنت کا تذکرہ کیا۔ حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا جنت کا ایک خوشہ (اتنا بڑا ہوگا جتنی مسافت) یہاں سے صنعاء (یمن) تک ہے۔

ابن ابی الدنیا نے کہا حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا جنت کے پھلوں میں سے ایک ایک پھل کی لمبائی بارہ ہاتھ ہوگی اور ان کے اندر گٹھلی نہیں ہوگی۔ (تفسیر مظہری)

إِنَّ الْمُجْرِمِينَ فِي عَذَابِ جَهَنَّمَ

البتہ جو لوگ کہ گنہگار ہیں وہ دوزخ کے عذاب میں

besturdubooks.wordpress.com

خٰلِدُوْنَ ﴿۷۴﴾ لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَهُمْ فِيْهِ

ہمیشہ رہنے والے ہیں نہ ہلکا ہوتا ہے اُن پر سے اور وہ اُسی میں

مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۵﴾

پڑے ہیں آس ٹوٹے ☆

دوزخیوں کی ناامیدی

یعنی عذاب نہ کسی وقت ملتوی ہوگا نہ ہلکا کیا جائے گا دوزخی ناامید ہوجائیں گے کہ اب یہاں سے نکلنے کی کوئی سبیل نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اَلْمُجْرِمِيْنَ۔ یعنی پکے مجرم۔ مراد ہیں کافر کیونکہ مومنوں کے مقابل مجرموں کا ذکر کیا گیا ہے اس لئے مجرموں سے کافر مراد ہیں۔ (تفسیر مظہری)

وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا هُمُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۷۶﴾

اور ہم نے اُن پر ظلم نہیں کیا لیکن تھے وہی بے انصاف ☆

اپنے اوپر خود ظلم کیا ☆ یعنی ہم نے دنیا میں بھلائی برائی کے سب پہلو سمجھا دیے تھے اور پیغمبروں کو بھیج کر حجت تمام کردی تھی۔ کوئی معقول عذر ان کے لئے باقی نہیں چھوڑا تھا۔ اس پر بھی نہ مانے اور اپنی زیادتیوں سے باز نہ آئے۔ ایسوں کو سزا دی جائے تو ظلم کون کہہ سکتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَنَادَوْا يٰمٰلِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ ؕ

اور پکاریں گے اے مالک کہیں ہم پر فیصل کر چکے تیرا رب ☆

داروغہ جہنم ☆ ''مالک'' نام ہے فرشتہ کا جو دوزخ کا داروغہ ہے دوزخی اس کو پکاریں گے ہم نہ مرتے ہی ہیں نہ چھوٹتے ہیں اپنے رب سے کہہ کہ ایک دفعہ عذاب دے کر ہمارا کام ہی تمام کردے گویا نجات سے مایوس ہوکر موت کی تمنا کریں گے۔ (تفسیر عثمانی)

دوزخیوں کی بدحالی: ہناد طبرانی، ابن ابی حاتم حاکم، بیہقی اور عبداللہ بن احمد نے زوائد الزہد میں حضرت عبداللہؓ بن عمرو بن عاص کا قول نقل کیا ہے کہ دوزخی مالک کو پکاریں گے اور کہیں گے۔ يٰمٰلِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ ۔ مالک چالیس برس تک ان کو کوئی جواب نہیں دے گا۔ یونہی چھوڑے رکھے گا پھر جواب دے گا تو کہے گا اِنَّكُمْ مّٰكِثُوْنَ ۔ (تفسیر مظہری)

قَالَ اِنَّكُمْ مّٰكِثُوْنَ ﴿۷۷﴾

وہ کہے گا تم کو ہمیشہ رہنا ہے ☆

☆ یعنی چلانے سے کچھ فائدہ نہیں تم کو اسی حالت میں ہمیشہ رہنا ہے کہتے ہیں۔ دوزخی ہزار برس چلائیں گے تب وہ یہ جواب دے گا۔ (تفسیر عثمانی)

ابن جریر، ابن ابی حاتم، ابن ابی الدنیا اور بیہقی نے اس آیت کی تشریح میں حضرت ابن عباسؓ کا قول نقل کیا ہے کہ ایک ہزار برس تک مالک ان کو جواب نہیں دے گا۔ ہزار برس کے بعد کہے گا۔ اِنَّكُمْ مّٰكِثُوْنَ ۔

دوزخیوں کی پانچ دعائیں

سعید بن منصور اور بیہقی نے محمد بن کعب کی روایت سے بیان کیا کہ دوزخی پانچ بار دعائیں کریں گے۔ چار دعاؤں کا تو اللہ جواب دیدے گا اور پانچویں دعا کے بعد پھر وہ کبھی کوئی کلام نہیں کریں گے۔ دوزخی کہیں گے۔ رَبَّنَآ اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَاَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِيْلٍ اس جواب میں اللہ فرمائے گا۔ ذٰلِكُمْ بِاَنَّهٗٓ اِذَا دُعِيَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ كَفَرْتُمْ وَاِنْ يُّشْرَكْ بِهٖ تُؤْمِنُوْا فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيْرِ پھر اہل جہنم کہیں گے۔ رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ۔ اللہ جواب میں فرمائے گا۔ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ پھر دوزخی کہیں گے رَبَّنَآ اَخِّرْنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ اللہ جواب میں فرمائے گا۔ اَوَلَمْ تَكُوْنُوْٓا اَقْسَمْتُمْ مِّنْ قَبْلُ مَا لَكُمْ مِّنْ زَوَالٍ پھر دوزخی کہیں گے رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ اللہ جواب میں فرمائے گا اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ النَّذِيْرُ فَذُوْقُوْا فَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ پھر وہی دوزخی کہیں گے رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ اللہ جواب میں فرمائے گا۔ اخْسَـُٔوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ۔ اس کے بعد وہ کوئی بات نہیں کریں گے۔ (تفسیر مظہری)

لَقَدْ جِئْنٰكُمْ بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ

ہم لائے ہیں تمہارے پاس سچا دین پر تم

اَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿۷۸﴾

بہت لوگ سچی بات سے بُرا مانتے ہو ☆

☆ یعنی وہ سزا اس جرم پر ملی کہ تم میں کے اکثر سچائی سے چڑتے تھے (اور بہت سے اندھوں کی طرح ان کے پیچھے ہولئے)۔ (تفسیر عثمانی)

اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ﴿۷۹﴾

کیا انہوں نے ٹھہرائی ہے ایک بات تو ہم بھی کچھ ٹھہرائیں گے ☆

besturdubooks.wordpress.com

کفار کی تدبیریں ☆ کفار عرب پیغمبر کے مقابلہ میں طرح طرح کے منصوبے گانٹھتے اور تدبیریں کرتے تھے مگر اللہ کی خفیہ تدبیر ان کے سب منصوبوں پر پانی پھیر دیتی تھی حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ ”کافروں نے مل کر مشورہ کیا کہ تمہارے تغافل سے اس نبی کی بات بڑھی آئندہ جو اس دین میں آئے اسی کے رشتہ دار اسکو مار کر الٹا پھیریں اور جو اجنبی شخص شہر میں آئے اسکو پہلے سنا دو کہ اس شخص کے پاس نہ بیٹھے یہ بات انہوں نے ٹھہرائی اور اللہ نے ٹھہرایا ان کو ذلیل و رسوا کرنا اور اپنے دین اور پیغمبر کو عروج دینا آخر اللہ کا ارادہ غالب رہا۔ (تفسیر عثمانی)

اَبْرَمُوْٓا۔ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف کوئی مضبوط خفیہ تدبیر کی ہے یا یہ مطلب ہے کہ حق کی تکذیب و تردید کی کوئی پوشیدہ اسکیم بنا رکھی ہے اور صرف حق سے نفرت پر بس نہیں کیا ہے۔

فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ۔ یعنی ہم نے بھی ان کو سزا دینے کی تدبیر درست کر لی ہے۔ (تفسیر مظہری)

اَمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ

کیا خیال رکھتے ہیں کہ ہم نہیں جانتے اُن کا بھید

وَنَجْوٰىهُمْ ۭ بَلٰى وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ

اور اُن کا مشورہ کیوں نہیں اور ہمارے بھیجے ہوئے

يَكْتُبُوْنَ ۝۸۰

اُنکے پاس لکھتے رہتے ہیں ☆

ہم سب جانتے ہیں ☆ یعنی ان کے دلوں کے بھید ہم جانتے اور ان کے خفیہ مشورے ہم سنتے ہیں اور حکومت کے انتظامی ضابطہ کے موافق ہمارے فرشتے (کراماً کاتبین) ان کے سب اعمال و افعال لکھتے جاتے ہیں یہ ساری مسل قیامت میں پیش ہوگی۔ (تفسیر عثمانی)

شان نزول: ابن جریر نے محمد بن کعب قرظی کی روایت سے لکھا ہے کہ کعبہ اور اس کے پردوں کے درمیان تین آدمی جمع ہوئے دو قریشی تھے اور ایک ثقفی یا دو ثقفی تھے اور ایک قریشی۔ ایک بولا تم لوگوں کے خیال میں کیا خدا ہمارا کلام سنتا ہے؟ دوسرے نے کہا جب تم چلا کر بات کرو تو سنتا ہے اور چپکے چپکے بات کرو تو نہیں سنتا' اس پر آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

قُلْ اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ڰ فَاَنَا

تو کہہ اگر ہو رحمٰن کے واسطے اولاد تو میں

اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ ۝۸۱

سب سے پہلے پوجوں ☆

عقیدۂ اولاد کی تردید ☆ یعنی اس سے بڑا ظلم کیا ہوگا کہ اللہ کے لئے بیٹے اور بیٹیاں تجویز کی جائیں۔ آپ کہہ دیجئے اگر بفرض محال خدا کے اولاد ہو تو پہلا شخص میں ہوں جو اسکی اولاد کی پرستش کرے کیونکہ میں دنیا میں سب سے زیادہ خدا کی عبادت کرنے والا ہوں۔ اور جس کو جس قدر علاقہ خدا کے ساتھ ہوگا اسی نسبت سے اس کی اولاد کے ساتھ ہونا چاہئے پھر جب میں باوجود اول العابدین ہونے کے کسی ہستی کو اس کی اولاد نہیں مانتا تو تم کون سے اللہ کا حق ماننے والے ہو جو اس کی فرضی اولاد تک کے حقوق پہچانو گے (تنبیہ) بعض مفسرین نے آیت کا یہ مطلب لیا ہے کہ اگر تمہارے اعتقاد میں اللہ کی کوئی اولاد ہے تو یاد رکھو! کہ میں تمہارے مقابلہ میں اس اکیلے خدا کی عبادت کرنے والا ہوں جو اولاد و احفاد سے منزہ مقدس ہے بعض نے ”عابد“ کے معنی لغۃً جاحد (منکر) کے بتلائے ہیں یعنی اس فاسد عقیدہ کا سب سے پہلا انکار کرنے اور رد کرنے والا میں ہوں۔ بعض کے نزدیک ”اِنْ“ نافیہ ہے یعنی رحمان کے کوئی اولاد نہیں مگر یہ کچھ زیادہ قوی نہیں اور بھی احتمالات ہیں جن کے استیعاب کا یہاں موقع نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ۔ یعنی تم سے پہلے میں اس کی عبادت کرنے والا ہوں نبی خوب واقف ہے کہ اللہ کے لئے کونسا وصف زیبا ہے اور کونسی صفت نامناسب ہے اور کس کی تعظیم واجب ہے اس کا علم پیغمبر سے زیادہ کسی کو نہیں ہوسکتا پس اگر خدا کا کوئی بیٹا ہوتا تو سب سے پہلے پیغمبر اس کی تعظیم کرتا جو شخص والد کی تعظیم کرتا ہے وہ والد کی اولاد کی بھی تعظیم ضرور ہی کرتا ہے۔

آیت کا مقصد: یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو خدا کے صاحب اولاد ہونے کا انکار کر رہے ہیں تو اس انکار کی بنیاد کوئی ذاتی مخالفت نہیں (کہ خدا کے بیٹے سے آپ کو عناد ہو اس لئے آپ انکار کر رہے ہوں) بلکہ حقیقت یہ ہے کہ اگر کوئی خدازادہ ہوتا تو آپ اس کا اعتراف سب سے پہلے کرتے۔

بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے آیت کا مطلب یہ بیان کیا کہ رحمٰن کی کوئی اولاد نہیں ہے میں سب سے پہلے اس کی شہادت دیتا ہوں۔ یعنی اِن شرطیہ نہیں ہے بلکہ نافیہ ہے اور عابدین کا معنی ہے گواہی دینے والے۔ (تفسیر مظہری)

سُبْحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ

پاک ذات ہے وہ رب آسمانوں کا اور زمین کا صاحب

besturdubooks.wordpress.com

الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۸۲﴾

عرش کا اُن باتوں سے جو یہ بیان کرتے ہیں ☆

پاک ذات ☆یعنی جن باتوں کی نسبت یہ لوگ اس کی طرف کرتے ہیں مثلاً اولاد وغیرہ اس سے خدا تعالیٰ کی ذات برتر اور منزہ ہے اس کی ذات میں یہ امکان ہی نہیں کہ معاذ اللہ کسی کا باپ یا بیٹا بنے۔ (تفسیر عثمانی)

فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا

اب چھوڑ دے اُن کو بک بک کریں اور کھیلیں یہاں تک کہ ملیں

يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۸۳﴾

اپنے اُس دن سے جس کا اُن کو وعدہ دیا ہے ☆

عنقریب گرفت ہوگی ☆یعنی غفلت وحماقت کے نشہ میں جو کچھ بکتے ہیں بکنے دیجئے یہ لوگ چند روز اور دنیا کے کھیل تماشے میں گزار لیں، آخر وہ موعود دن آنا ہے جس میں ایک ایک کر کے ان کی گستاخیوں اور شرارتوں کا مزہ چکھایا جائے گا۔ (تفسیر عثمانی)

وَهُوَ الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ اِلٰهٌ وَّفِي

اور وہی ہے جس کی بندگی ہے آسمان میں اور اُس کی

الْاَرْضِ اِلٰهٌ ۭ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ﴿۸۴﴾

بندگی ہے زمین میں اور وہی ہے حکمت والا سب سے خبردار ☆

معبود فقط اللہ ہے ☆نہ آسمان میں فرشتے اور شمس وقمر معبود بن سکتے ہیں نہ زمین میں اصنام واوثان وغیرہ سب زمین وآسمان والوں کا معبود اکیلا وہ ہی خدا ہے جو فرش سے عرش تک کا مالک اور تمام عالم کون میں اپنے علم و اختیار سے متصرف ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَتَبٰرَكَ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اور بڑی برکت ہے اُس کی جس کا راج ہے آسمانوں میں اور زمین میں

وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ

اور جو کچھ اُن کے بیچ میں ہے اور اُسی کے پاس ہے خبر قیامت کی ☆

☆یعنی قیامت کب آئے گی؟ اس کا علم صرف اسی مالک کو ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۵﴾

اور اُسی تک پھر کر پہنچ جاؤ گے ☆

☆یعنی وہاں پہنچ کر سب کی نیکی بدی کا حساب ہو جائے گا۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَا يَمْلِكُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ

اور اختیار نہیں رکھتے وہ لوگ جن کو یہ پکارتے ہیں

الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنْ شَهِدَ بِالْحَقِّ وَهُمْ

سفارش کا مگر جس نے گواہی دی سچی اور اُن

يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾

کو خبر تھی ☆

سفارش ☆یعنی اتنی سفارش کر سکتے ہیں کہ جس نے ان کے علم کے موافق کلمہ اسلام کہا اس کی گواہی دیں بغیر کلمہ اسلام کسی کے حق میں ایک حرف سفارش کا نہیں کہہ سکتے اور اتنی سفارش بھی صالحین کریں گے جو سچائی کو جانتے اور اس کو زبان ودل سے مانتے ہیں۔ دوسروں کو اجازت نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ

اور اگر تو اُن سے پوچھے کہ اُن کو کس نے بنایا تو کہیں گے

اللّٰهُ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۸۷﴾

اللہ نے پھر کہاں سے اُلٹ جاتے ہیں ☆

توحید کی دلیل ☆یعنی جب بنانے والا ایک اللہ ہے تو بندگی کا مستحق کوئی دوسرا کیونکر ہو گیا ہے عبادت نام ہے انتہائی تذلل کا وہ اسی کا حق ہونا چاہئے جو انتہائی عظمت رکھتا ہے عجیب بات ہے مقدمات کو تسلیم کرتے ہیں اور نتیجہ سے انکار۔ (تفسیر عثمانی)

وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾

قسم ہے رسول کے اس کہنے کی کہ اے رب یہ لوگ ہیں کہ یقین نہیں لاتے ☆

نبی کی مخلصانہ التجا ☆یعنی نبی کا یہ کہنا بھی اللہ کو معلوم ہے اور اسکی اس مخلصانہ التجا اور دردبھری آواز کی اللہ قسم کھاتا ہے کہ وہ اس کی ضرور مدد کرے گا۔ اور اپنی رحمت سے اس کو غالب ومنصور کرے گا۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

کافروں پر غضب کے متعدد اسباب: یہ جملہ اس بات کو واضح کرنے کے لئے لایا گیا ہے کہ ان کافروں پر غضب خداوندی نازل ہونے کے کتنے شدید اسباب موجود ہیں۔ ایک طرف تو ان کے جرائم فی نفسہ سخت ہیں دوسری طرف وہ رسول جو رحمۃ للعالمین اور شفیع المذنبین بنا کر بھیجے گئے ہیں (صلی اللہ علیہ وسلم) جب خود ان لوگوں کی شکایت کریں اور یہ فرمائیں کہ یہ لوگ بار بار فہمائش کے باوجود ایمان نہیں لاتے تو اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کس قدر اذیت پہنچائی ہوگی۔ ورنہ معمولی تکلیف پر رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ سے ایسی پُر درد شکایت نہ فرماتے۔ (معارف مفتی اعظم)

فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلٰمٌ ؕ
سوتو منہ پھیر لے اُنکی طرف سے اور کہہ سلام ہے ☆

☆ یعنی غم نہ کھا، اور زیادہ ان کے پیچھے نہ پڑ۔ فرض تبلیغ ادا کر کے ادھر سے منہ پھیر لے اور کہہ دے کہ اچھا نہیں مانتے تو ہمارا سلام لو۔ (تفسیر عثمانی)

داعی حق کا وطیرہ: آخر میں وہی تلقین کی گئی ہے جو ہر داعی حق کو ہمیشہ کی گئی کہ مخالفین کے دلائل و شبہات کا جواب تو دیدو، لیکن وہ جو جہالت و حماقت یا دشنام طرازی کی بات کریں، اسکا جواب انہی کی زبان سے دینے کے بجائے سکوت اختیار کرو۔

سلام کہنے کا مطلب: یہ جو فرمایا کہ کہہ دو تم کو سلام کرتا ہوں اس سے مقصد یہ نہیں ہے کہ اُنہیں السّلام علیکم کہا جائے، کیونکہ کسی غیر مسلم کو ان الفاظ سے سلام کرنا جائز نہیں، بلکہ یہ ایک محاورہ ہے کہ جس کسی شخص سے قطع تعلق کرنا ہوتا ہے تو کہتے ہیں کہ "میری طرف سے سلام" یا "تمہیں سلام کرتا ہوں"۔ اس سے حقیقی طور پر سلام کرنا مقصد نہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿٨٩﴾
اب آخر کو معلوم کرلیں گے ☆

☆ یعنی آخر کار ان کو پتہ لگ جائے گا کہ کس غلطی میں پڑے ہوئے تھے۔ چنانچہ کچھ تو دنیا ہی میں لگ گیا اور پوری تکمیل آخرت میں ہونے والی ہے۔

تم سورۃ الزخرف بعون اللہ وتوفیقہ فللہ الحمد والمنۃ۔ (تفسیر عثمانی)

جو شخص خواب میں اس کی تلاوت کرے اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ ظالموں کے ظلم اور عذاب قبر و عذاب جہنم اور ضعف یقین سے محفوظ رہے گا۔ (ابن سیرین)

فضیلت سورت:

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص جمعہ کی رات میں سورۂ دُخان پڑھ لے تو صبح کو اسکے گناہ معاف ہو چکے ہونگے۔ اور حضرت امامہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے جمعہ کی رات یا دن میں سورۂ دُخان پڑھ لی اللہ تعالیٰ اسکے لئے جنت میں گھر بنائیں گے۔ (قرطبی بروایت ثعلبی)

ترمذی نے ضعیف سند سے حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص رات کو حٰمٓ الدخان پڑھتا ہے صبح ہوتی ہے تو ستر ہزار فرشتے اس کے لئے دعائے مغفرت کرتے ہیں۔

ضعیف سند سے یہ بھی ترمذی کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شب جمعہ میں جو شخص حٰمٓ الدخان پڑھے گا، اس کو بخش دیا جائے گا۔ ابن ضریر نے مرسلا حسن کا بیان نقل کیا ہے کہ شب جمعہ میں جو شخص سورۃ دُخان پڑھے گا اس کے پچھلے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔ طبرانی نے ضعیف سند سے حضرت ابو امامہؓ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص جمعہ کی رات یا دن میں حم الدخان پڑھے گا اللہ اس کے لئے جنت کے اندر ایک گھر بنا دے گا۔ (تفسیر مظہری)

سُوْرَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّخَمْسُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ
سورۂ دخان مکہ میں نازل ہوئی اور اس میں اُنسٹھ آیتیں اور تین رکوع ہیں
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
﴿شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے﴾
حٰمٓ ﴿١﴾ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿٢﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ
قسم ہے اس کتاب واضح کی ہم نے اُس کو اُتارا
فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ
ایک برکت کی رات میں ☆

شب براءت ☆ "برکت کی رات" شب قدر ہے۔ کما قال تعالیٰ "اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ" (قدر رکوع ۱) جو رمضان میں واقع ہے

besturdubooks.wordpress.com

لقولہ تعالیٰ "شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْٓ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ" (بقرہ رکوع ۲۳) اس رات میں قران کریم "لوح محفوظ" سے سمائے دنیا پر اتارا گیا پھر بتدریج تئیس سال میں پیغمبر علیہ السلام پر اترا نیز اسی شب پیغمبر پر اس کے نزول کی ابتداء ہوئی۔ (تفسیر عثمانی)

ابن صیاد کاہن کے جھوٹ کا ظاہر ہونا

صحیحین میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن صیاد کیلئے دل میں فَارْتَقِبْ یَوْمَ تَاْتِی السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِیْنٍ چھپا کر اس سے پوچھا کہ بتا میں نے اپنے دل میں کیا چھپا رکھا ہے؟ اس نے کہا دُخ۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بس برباد ہو اس سے آگے تیری نہیں چلنے کی۔ اس میں بھی ایک قسم کا ارشاد ہے کہ ابھی اس کا انتظار باقی ہے اور یہ کوئی آنے والی چیز ہے۔ چونکہ ابن صیاد بطور کاہنوں کے بعض باتیں دل کی زبان سے بتانے کا مدعی تھا اس کے جھوٹ کو ظاہر کرنے کے لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کیا اور جب وہ پورا نہ بتا سکا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو اس کی حالت سے واقف کر دیا کہ اس کے ساتھ شیطان ہے۔ کلام صرف چرا لیتا ہے اور یہ اس سے زیادہ پر قدرت نہیں پانے کا۔

دُخان علامت قیامت ہے جو آنے والی ہے

حضرت علیؓ فرماتے ہیں دُخان گزر نہیں گیا بلکہ اب آئے گا۔ ابن ابی ملیکہؒ فرماتے ہیں کہ ایک دن صبح کے وقت میں (حضرت) ابن عباسؓ کے پاس گیا تو آپ فرمانے لگے رات کو میں بالکل نہیں سویا۔ میں نے پوچھا کیوں؟ فرمایا اس لئے کہ لوگوں سے سنا کہ دُم دار ستارہ نکلا ہے تو مجھے اندیشہ ہوا کہ کہیں یہی دُخان نہ ہو پس صبح تک میں نے آنکھ سے آنکھ نہیں ملائی۔ اس کی سند صحیح ہے اور حبر الامۃ ترجمان القرآن حضرت ابن عباسؓ کے ساتھ صحابہؓ اور تابعینؒ بھی ہیں؛ اور مرفوع حدیثیں بھی ہیں؛ جن میں صحیح حسن اور ہر طرح کی ہیں اور ان سے ثابت ہوتا ہے کہ دُخان ایک علامتِ قیامت ہے جو آنے والی ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

رات میں برکت کی وجہ

برکت (خیر کثیر) رات میں اس وجہ سے پیدا ہوئی کہ اسی رات میں وہ قرآن نازل ہوا جو تمام دینی اور دنیوی منافع کا ضامن ہے اسی رات میں ملائکہ رحمت کا نزول ہوتا ہے اور دعائیں قبول ہوتی ہیں۔

مبارک رات کونسی ہے

مبارک رات سے مراد ہے شب قدر۔ قتادہ اور ابن زید کا یہی قول ہے۔ دونوں بزرگوں کا بیان ہے کہ شب قدر میں قرآن مجید لوح محفوظ سے آسمانِ دنیا پر نازل ہوا پھر بیس سال میں حضرت جبرئیل کی وساطت سے تھوڑا تھوڑا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اتارا گیا۔

بعض لوگوں کا خیال ہے کہ نصف شعبان کی رات مراد ہے مگر یہ خیال غلط ہے اللہ نے خود فرمایا ہے۔ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْٓ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ۔ اور دوسری آیت میں آیا ہے اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ (اس سے معلوم ہوا کہ شب قدر رمضان میں ہے)۔

قاسم بن محمد نے بوساطت اب عن جد بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نصف شعبان کی رات کو اللہ آسمان دنیا پر نزول اجلال فرماتا ہے اور ہر شخص کو بخش دیتا ہے سواء اس شخص کے جس کے دل میں کینہ ہو یا وہ مشرک ہو۔ رواہ البغوی۔ اس حدیث سے یہ بات ثابت نہیں ہوتی کہ قرآن کا نزول نصف شعبان کی رات میں ہوا۔ (تفسیر مظہری)

لَیْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ سے مراد جمہور مفسرین کے نزدیک شب قدر ہے جو رمضان مبارک کے آخری قرآن کی سورۂ قدر میں تصریح کے ساتھ آیا ہے اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ اس سے ظاہر ہوا کہ یہاں بھی لیلۂ مبارکہ سے مراد شب قدر ہی ہے۔ اور ایک حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی منقول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جتنی کتابیں ابتداء دُنیا سے آخر تک اپنے انبیاء علیہم السلام پر نازل فرمائی ہیں وہ سب کی سب ماہ رمضان المبارک ہی کی مختلف تاریخوں میں نازل ہوئی ہیں۔ حضرت قتادہ نے بروایت واثلہؓ نقل کیا ہے کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صحف ابراہیم علیہ السلام رمضان کی پہلی تاریخ میں اور تورات رمضان کی چھٹی تاریخ میں' زبور بارھویں میں' انجیل اٹھارویں میں' اور قرآن چوبیس تاریخ گزرنے کے بعد یعنی پچیسویں شب میں نازل ہوا (قرطبی)

قرآن کے شب قدر میں نازل ہونے کا مطلب یہ ہے کہ لوح محفوظ سے پُورا قرآن سماء دُنیا پر اسی رات میں نازل کر دیا گیا تھا پھر تئیس سال کی مدت میں تھوڑا تھوڑا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوتا رہا۔ اور بعض حضرات نے فرمایا کہ ہر سال میں جتنا قرآن نازل ہونا مقدر ہوتا تھا اتنا ہی شب قدر میں لوح محفوظ سے سماء دُنیا میں نازل کر دیا جاتا تھا۔ (قرطبی) (معارف مفتی اعظم)

جمہور مفسرین کے نزدیک یہی متعین ہے کہ شب قدر میں قرآن کریم لوح محفوظ سے آسمان دنیا پر اتارا گیا اور پھر تئیس سال کی مدت میں بتدریج آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر اترتا گیا۔ تو اس وجہ سے اس موقعہ پر لیلۃ مبارکہ سے لیلۃ برأت مراد لیا جانا مشکل ہے۔ (معارف کاندھلویؒ)

قسم کا مقصود: اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے قرآن کی قسم کھا کر ارشاد فرمایا ہے کہ اسکو ہم نے ایک مبارک رات میں نازل فرمایا جس کا مقصد غافل انسانوں کو بیدار کرنا ہے اسی طرح کی قسم انہی الفاظ کے ساتھ سُورۂ زخرف کے شروع میں بھی گزر چکی ہے وہاں اسکا بیان آ چکا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

نزول قرآن کے مختلف مراحل

نزول قرآن پاک کے بارے میں تین کلمے قرآن حکیم میں وارد

besturdubooks.wordpress.com

ہوئے ہیں فِیْ لَیْلَةٍ مُّبٰرَکَةٍ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْٓ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ. اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ۔

لیلۃ القدر اس سال شہر رمضان میں ہوئی اس لئے ان دونوں میں اختلاف نہیں ہے لیلہ مبارکہ سے مراد لیلۃ البراءت ہے۔ نزول قرآن کے بھی تین دفعات ہیں۔ دفعہ اول وہ ہے کہ امر الٰہی ملائکہ کو ہوا کہ ام الکتاب اور لوح محفوظ سے اتنا حصہ اخذ کریں۔

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ دفعہ ثانیہ ملائکہ نے بیت العزت میں اس کلام کو ودیعت کیا اور دفعہ ثالثہ بیت العزت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نزول ہوا لیلۃ مبارکہ یعنی لیلۃ البراءت یعنی جس میں ملائکہ عالم اسفل کو خدمات سپرد ہوتی ہیں۔

فِیْهَا یُفْرَقُ کُلُّ اَمْرٍ حَکِیْمٍ. پس فِیْ لَیْلَةٍ مُّبٰرَکَةٍ میں نزول اول مراد ہے کہ ملائکہ کو ام الکتاب سے نقل کرنے کا حکم ہوا اور "لَیْلَةُ الْقَدْرِ" میں نزول ثانی مراد ہے کہ بیت العزت کی جانب نزول ہوا۔

حضرت مولانا شاہ عبدالقادر صاحب رحمہ اللہ اور بہت سے مفسرین کا رجحان یہی ہے کہ معنون ایک ہی ہے صرف تعبیریں مختلف اختیار کی گئی ہیں۔ ان حضرات کی رائے یہ ہے کہ نزول قرآن کا آغاز شب قدر میں ہوا۔ اس سال شب قدر رمضان شریف میں تھی۔ اسی شب کو لیلۃ مبارکۃ فرمایا گیا ہے۔ حضرت شاہ صاحب لیلۃ مبارکۃ (سورۂ دخان) کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں "رات برکت کی شب قدر ہے"

جس شب کو سورۂ دخان میں "لیلہ مبارکہ" فرمایا گیا ہے اس کی خصوصیت یہ ارشاد ہوئی ہے۔ "اس میں جانچ تولے اور خاص خاص اندازوں (تقدیروں) سے مقرر کئے ہوئے کام امر الٰہی اور حکم خداوندی کی حیثیت میں جدا جدا کئے جاتے ہیں اور ہر کام کے لئے فرشتے بھیجے جاتے ہیں اور "لیلۃ القدر" کی خصوصیت سورۂ انا انزلنا میں یہ بتائی گئی ہے کہ اس شب کو فرشتے اور روح (روح القدس) کا نزول ہوتا ہے امن وسلامتی کے پیغام پہنچائے جاتے ہیں۔ جمعیت خاطر اور عبادت میں خاص قسم کی حلاوت محسوس ہوتی ہے۔

حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

"نصف شب (شعبان کی پندرھویں شب) میں سال بھر کے امور طے کر کے کارگذاری کے لئے فرشتوں کے حوالے کر دیئے جاتے ہیں وفات پانے والوں کے نام الگ درج کر دیئے جاتے ہیں پھر ان میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی"۔

یہی مضمون حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

(تفسیر مظہری جلد ۸ بحوالہ بغوی - از افادات مدنی)

اِنَّا کُنَّا مُنْذِرِیْنَ ﴿۳﴾
ہم ہیں کہہ سنانے والے ☆

دستور الٰہی ☆ یعنی کہہ سنانا ہمیشہ ہمارا دستور رہا ہے۔ اسی کے موافق یہ قرآن اتارا۔ (تفسیر عثمانی)

فِیْهَا یُفْرَقُ کُلُّ اَمْرٍ حَکِیْمٍ ﴿۴﴾ اَمْرًا
اُسی میں جدا ہوتا ہے ہر کام جانچا ہوا حکم ہو کر
مِّنْ عِنْدِنَا ؕ
ہمارے پاس سے ☆

شب قدر اور شب براءت میں کیا ہوتا ہے

☆ یعنی سال بھر کے متعلق قضا و قدر کے حکیمانہ اور اٹل فیصلے اسی عظیم الشان رات میں لوح محفوظ سے نقل کر کے ان فرشتوں کے حوالہ کیے جاتے ہیں جو شعبہ ہائے تکوینیات میں کام کرنے والے ہیں بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ شعبان کی پندرھویں رات ہے جسے شب براۃ کہتے ہیں ممکن ہے وہاں سے اس کام کی ابتداء اور شب قدر پر انتہا ہوتی ہو واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

آیت بتا رہی ہے کہ قرآن شب قدر کی برکات میں بہت بڑی برکت ہے اور شب قدر میں پُر حکمت محکم امور کا فیصلہ ہوتا ہے' اس لئے قرآن کا نزول بھی اسی رات میں ہوا۔

حضرت ابن عباسؓ کا بیان ہے کہ شب قدر میں آئندہ سال میں ہونے والے تمام واقعات لوح محفوظ سے نقل کر لئے جاتے ہیں۔ خیر و شر' رزق اور میعادِ زندگی یعنی موت یہاں تک کہ یہ بھی لکھ لیا جاتا ہے کہ فلاں شخص اس سال حج کرے گا۔ (تفسیر مظہری)

فِیْهَا یُفْرَقُ کُلُّ اَمْرٍ حَکِیْمٍ ﴿۴﴾ اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا ؕ یعنی اس رات میں ہر حکمت والے معاملہ کا فیصلہ ہماری طرف سے کیا جاتا ہے جس کے معنی حضرت ابن عباسؓ نے یہ بیان فرمائے ہیں کہ یہ رات جس میں نزول قرآن ہوا' یعنی شب قدر' اسی میں مخلوقات کے متعلق تمام اہم اُمور جن کے فیصلے اس سال میں اگلی شب قدر تک واقع ہونے والے ہیں طے کئے جاتے ہیں کہ کون کون اس سال میں پیدا ہونگے' کون کون آدمی اس میں مریں گے' کس کو کس قدر رزق اس سال میں دیا جائے گا' یہی تفسیر دوسرے آئمہ تفسیر حضرت قتادہ' مجاہد' حسن وغیرہم سے بھی منقول ہے اور مہدوی نے فرمایا کہ معنی اسکے یہ ہیں کہ یہ تمام فیصلے جو تقدیر الٰہی میں پہلے ہی سے طے شدہ تھے اس رات میں متعلقہ فرشتوں کے سپرد کر دیئے جاتے ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

اِنَّا کُنَّا مُرْسِلِیْنَ ﴿۵﴾ ۚ
ہم ہیں بھیجنے والے ☆

besturdubooks.wordpress.com

فرشتوں کے کام

☆یعنی فرشتوں کو ہر کام پر جو ان کے مناسب ہو چنانچہ جبریل کو قرآن دے کر محمد رسول اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجا۔ (تفسیر عثمانی)

ہم ہی (پیغمبروں کو) بھیجنے والے ہیں، یعنی ہمارا ضابطہ یہی ہے کہ ہم بندوں کو عذاب سے ڈراتے ہیں اور پیغمبروں کو کتابیں دے کر بھیجتے ہیں۔ اسی لئے جب آسمان کی طرف نظر آنے والا دھواں پیدا ہوگا' سب لوگوں پر چھا جائے گا۔ یہ دردناک عذاب ہوگا۔ (تفسیر مظہری)

رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ
رحمت سے تیرے رب کی وہی ہے سننے
الْعَلِيمُ ⑥
جاننے والا☆

رحمت وحکمت الٰہی ☆یعنی تمام عالم کے حالات سے باخبر ہے اور ان کی پکار سنتا ہے۔ اسی لئے عین ضرورت کے وقت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کو قرآن دے کر عالم کے لئے رحمت کبریٰ بنا کر بھیج دیا۔ (تفسیر عثمانی)

رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا
رب آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان کے
إِنْ كُنْتُمْ مُّوقِنِيْنَ ⑦
بیچ ہے اگر تم کو یقین ہے ☆

ربوبیت الٰہی ☆یعنی اگر تم میں کسی چیز پر یقین رکھنے کی صلاحیت ہے تو سب سے پہلی چیز یقین رکھنے کے قابل اللہ کی ربوبیت عامہ ہے۔ جس کے آثار ذرہ ذرہ میں روز روشن سے زیادہ ہویدا ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ يُحْيِ وَيُمِيتُ ۖ رَبُّكُمْ وَرَبُّ
کسی کی بندگی نہیں سوائے اُسکے جلاتا ہے اور مارتا ہے رب تمہارا اور رب
اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ⑧
تمہارے اگلے باپ دادوں کا☆

بے شبہ حقیقت ☆یعنی جس کے قبضہ میں مارنا جلانا اور وجود وعدم کی باگ ہو اور سب اولین وآخرین جس کے زیر تربیت ہوں۔ کیا اس کے سوا دوسرے کی بندگی جائز ہوسکتی ہے؟ یہ ایک ایسی صاف حقیقت ہے جس میں شک وشبہ کی قطعاً گنجائش نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ يَّلْعَبُوْنَ ⑨
کوئی نہیں وہ دھوکے میں ہیں کھیلتے ☆

مشرکین کی بے توجہی ☆یعنی ان واضح نشانات اور دلائل کا اقتضا تو یہ تھا کہ یہ لوگ مان لیتے، مگر پھر بھی نہیں مانتے، بلکہ وہ توحید وغیرہ عقائد حقہ کی طرف سے شک میں پڑے ہیں اور دنیا کے کھیل کود میں مصروف ہیں۔ آخرت کی فکر نہیں جو حق کو طلب کریں اور اس میں غور وفکر سے کام لیں۔ یہ اس دھوکے میں ہیں کہ ہمیشہ یوں ہی رہنا ہے خدا کے سامنے کبھی پیشی نہیں ہوگی اسی لئے نصیحت کی باتوں کو ہنسی کھیل میں اڑا دیتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ
سو تو انتظار کر اُس دن کا کہ لائے آسمان دھواں
مُّبِيْنٍ ⑩ يَّغْشَى النَّاسَ ۖ هٰذَا عَذَابٌ
صریح جو گھیر لیوے لوگوں کو یہ ہے عذاب
اَلِيْمٌ ⑪
دردناک☆

واضح دھواں ☆"دھویں" سے یہاں کیا مراد ہے؟ اس میں سلف کے دو قول ہیں ابن عباس رضی اللہ عنہ وغیرہ کہتے ہیں کہ قیامت کے قریب ایک دھواں اٹھے گا جو تمام لوگوں کو گھیر لے گا نیک آدمی کو اس کا اثر خفیف پہنچے گا، جس سے زکام سا ہو جائے گا۔ اور کافر ومنافق کے دماغ میں گھس کر بے ہوش کردے گا۔ وہ ہی یہاں مراد ہے شاید یہ دھواں وہ ہی سماوات کا مادہ ہو جس کا ذکر " ثُمَّ اسْتَوٰى اِلَى السَّمَآءِ وَهِيَ دُخَانٌ " میں ہوا ہے گویا آسمان تحلیل ہو کر اپنی پہلی حالت کی طرف عود کرنے لگیں گے اور یہ اس کی ابتداء ہوگی واللہ تعالیٰ اعلم۔ اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ زور شور کے ساتھ دعویٰ کرتے ہیں کہ اس آیت سے مراد وہ دھواں نہیں جو علامات قیامت میں سے ہے بلکہ قریش کے تمرد وطغیان سے تنگ آ کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی تھی کہ ان پر بھی سات سال کا قحط مسلط کر دے جیسے یوسف علیہ السلام کے زمانہ میں مصریوں پر مسلط ہوا تھا چنانچہ قحط پڑا جس میں مکہ والوں کو مردار اور چمڑے ہڈیاں کھانے کی نوبت آ گئی غالباً اسی دوران میں "یمامہ" کے رئیس

besturdubooks.wordpress.com

ثمامہ ابن آثال رضی اللہ عنہ مشرف با سلام ہوئے اور وہاں سے غلہ کی جو بھرتی مکہ کو جاتی تھی بند کردی غرض اہل مکہ بھوکوں مرنے لگے اور قاعدہ ہے کہ شدت کی بھوک اور مسلسل خشک سالی کے زمانہ میں جو یعنی زمین و آسمان کے درمیان دھواں سا آنکھوں کے سامنے نظر آیا کرتا ہے اور ویسے بھی مدت دراز تک بارش بند رہنے سے گرد و غبار وغیرہ چڑھ کر آسمان پر دھواں سا معلوم ہونے لگتا ہے۔ اس کو یہاں دخان سے تعبیر فرمایا۔ اس تقریر پر "یَغْشَی النَّاسَ" میں لوگوں سے مراد مکہ والے ہوں گے گویا یہ ایک پیشین گوئی تھی (کما یدل علیہ قولہ "فَارْتَقِبْ") جو پوری ہوئی۔ (تفسیر عثمانی)

قیامت کی سب سے اول علامات: ابن جریرؒ ثعلبی اور بغوی نے حضرت حذیفہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' سب سے اول (قیامت کی) نشانی دھواں اور عیسیٰ ابن مریم کا نزول اور ایک آگ ہوگی جو عدن کے کسی غار سے نکلے گی اور لوگوں کو میدان حشر کی طرف ہنکا کر لے جائے گی' دوپہر کو لوگ جہاں ٹھہریں گے آگ بھی ٹھہر جائے گی۔ (تفسیر مظہری)

تین چیزیں جن سے ڈرایا گیا: ابن جریر نے ابو مالک اشعریؓ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں تمہیں تین چیزوں سے ڈراتا ہوں۔ ایک دُخان (یعنی دھواں) جو مؤمن کے لئے صرف ایک طرح کا زکام پیدا کردیگا اور کافر کے تمام بدن میں بھر جائے گا یہاں تک کہ اسکے ہر مسمع اور مسام سے نکلنے لگے گا اور دوسری چیز دابہ' (یعنی دابۃ الارض کوئی عجیب قسم کا جانور زمین سے نکلے گا) اور تیسرے دجال' اس روایت کو ابن کثیر نے نقل کر کے فرمایا (ہذا اسناد جید) (معارف مفتی اعظم)

رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا

اے رب کھول دے ہم پر سے یہ آفت ہم

مُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲﴾

یقین لاتے ہیں☆

بے موقع پچھتاوا☆ یعنی اس عذاب میں مبتلا ہو کر یوں کہیں گے کہ اب تو اس آفت سے نجات دیجئے آگے کو ہماری توبہ! ہم کو اب یقین آ گیا۔ پھر شرارت نہ کریں گے۔ پکے مسلمان بن کر رہیں گے آگے اسکا جواب دیا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْ جَآءَهُمْ

کہاں ملے اُن کو سمجھنا اور آ چکا اُن کے پاس

رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۳﴾ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا

رسول کھول کر سنانے والا' پھر اُس سے پیٹھ پھیری اور کہنے لگے

مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ﴿۱۴﴾

سکھایا ہوا ہے باؤلا☆

اب پچھتائے کیا ہوت☆ یعنی اب موقع سمجھنے اور نصیحت سے فائدہ اٹھانے کا کہاں رہا۔ اس وقت تو مانا نہیں جب ہمارا پیغمبر کھلے کھلے نشان اور کھلی کھلی ہدایات لے کر آیا تھا۔ اس وقت کہتے تھے کہ یہ باؤلا ہے۔ کبھی کہتے کہ کسی دوسرے سے سیکھ کر اس نے یہ کتاب تیار کر لی ہے (ابن عباس رضی اللہ عنہ کی تفسیر پر یہ مطلب ہوا) اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی تفسیر کے موافق یہ معنی ہوں گے کہ اہل مکہ نے قحط وغیرہ سے تنگ آ کر خود درخواست کی کہ یہ آفت ہم سے دور کیجئے بعض روایات میں ہے کہ ابوسفیان وغیرہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں فریاد کی کہ آپ تو کہتے ہیں کہ میں رحمت ہوں اور یہ آپ کی قوم قحط و خشک سالی سے تباہ ہو رہی ہے ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو رحم اور قرابت کا واسطہ دیتے ہیں کہ اس مصیبت کے دور ہونے کی دعا کیجئے اگر ایسا ہو گیا تو ہم ایمان لے آئیں گے۔ چنانچہ آپ کی دعا سے بارش ہوئی اور ثمامہ نے جو غلہ روک دیا تھا وہ بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھلوا دیا پھر بھی وہ ایمان نہ لائے۔ اسی کو فرماتے ہیں "اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى" یعنی یہ لوگ ان باتوں سے ماننے والے کہاں ہیں' اس قسم کی چیزوں میں ہزار تاویلیں گھڑ لیں جو چیز بالکل کھلی ہوئی آفتاب سے زیادہ روشن تھی یعنی آپ کی پیغمبری اسی کو نہ مانا۔ کوئی مجنون بتلانے لگا کسی نے کہا کہ صاحب فلاں! رومی غلام سے کچھ مضامین سیکھ آئے ہیں ان کو اپنی عبارت میں ادا کر دیتے ہیں ایسے متعصب معاندین سے سمجھنے کی کیا توقع ہو سکتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا اِنَّكُمْ

ہم کھولے دیتے ہیں یہ عذاب تھوڑی مدت تک تم پھر

عَآئِدُوْنَ ﴿۱۵﴾

وہی کرو گے☆

مشرکین کی بدکرداری

یعنی اگر ہم تھوڑی دیر کے لئے عذاب ہٹا لیں' پھر وہی حرکتیں کریں گے جو پہلے کرتے تھے اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی تفسیر پر یہ مطلب ہوگا کہ

besturdubooks.wordpress.com

لو! اچھا ہم تھوڑی مدت کے لئے یہ عذاب ہٹا لیتے ہیں۔ پھر دیکھ لینا وہ ہی کریں گے جو پہلے کرتے تھے۔ (تفسیر عثمانی)

يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى ۚ اِنَّا

جس دن پکڑیں گے ہم بڑی پکڑ تحقیق ہم

مُنْتَقِمُوْنَ ﴿١٦﴾

بدلہ لینے والے ہیں ☆

بڑی پکڑ ☆ ابن عباس رضی اللہ عنہ کے نزدیک بڑی پکڑ قیامت میں ہوگی۔ غرض یہ ہے کہ آخرت کا عذاب نہیں ٹلتا اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے نزدیک ''بڑی پکڑ'' سے معرکہ ''بدر'' کا واقعہ مراد ہے۔ ''بدر'' میں ان لوگوں سے بدلہ لے لیا گیا۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ

اور جانچ چکے ہیں ہم اُن سے پہلے فرعون کی قوم کو

وَجَآءَهُمْ رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ ﴿١٧﴾

اور آیا اُن کے پاس رسول عزت والا ☆

قوم فرعون کی آزمائش

☆ یعنی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ذریعہ سے ان کا امتحان کیا گیا کہ اللہ کے پیغام کو قبول کرتے ہیں یا نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اَنْ اَدُّوْٓا اِلَيَّ عِبَادَ اللّٰهِ ؕ

کہ حوالے کرو میرے بندے خدا کے ☆

دعوت موسوی

☆ یعنی خدا کے بندوں کو اپنا بندہ مت بناؤ۔ بنی اسرائیل کو غلامی سے آزادی دو اور میرے حوالہ کرو۔ میں جہاں چاہوں لیجاؤں۔ (تفسیر عثمانی)

اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿١٨﴾ وَّاَنْ لَّا

میں تمہارے پاس آیا ہوں بھیجا ہوا معتبر اور یہ کہ چڑھے

تَعْلُوْا عَلَى اللّٰهِ ۚ اِنِّيْٓ اٰتِيْكُمْ بِسُلْطٰنٍ

نہ جاؤ اللہ کے مقابل میں لاتا ہوں تمہارے پاس سند

مُّبِيْنٍ ﴿١٩﴾ ۚ

کھلی ہوئی ☆

کھلی سند ☆ ''کھلی سند'' وہ معجزات تھے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دکھلائے 'عصا' اور 'ید بیضا' وغیرہ۔ (تفسیر عثمانی)

اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ۔ یعنی اللہ کی طرف سے میں تمہارے پاس بھیجا گیا ہوں۔

اَمِيْنٌ۔ اللہ کی وحی کا امین ہوں۔ معجزات میری سچائی پر دلالت کر رہے ہیں' جھوٹا ہونے کی تہمت مجھ پر نہیں لگائی جاسکتی۔ (تفسیر مظہری)

وَاِنِّيْ عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ اَنْ

اور میں پناہ لے چکا ہوں اپنے رب اور تمہارے رب کی اس بات سے

تَرْجُمُوْنِ ﴿٢٠﴾ ۚ

کہ تم مجھ کو سنگسار کرو ☆

فرعونی دھمکیوں کا جواب ☆ یہ ان کی دھمکیوں کا جواب دیا یعنی میں تمہارے ظلم وایذا سے خدا کی پناہ حاصل کر چکا ہوں وہ میری حمایت پر ہے اور اسی کی حفاظت پر مجھے بھروسہ ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِيْ فَاعْتَزِلُوْنِ ﴿٢١﴾

اور اگر تم نہیں یقین کرتے مجھ پر تو مجھ سے پرے ہو جاؤ ☆

☆ یعنی اگر میری بات نہیں مانتے تو کم از کم مجھے ایذا دے کر اپنے جرم کو سنگین مت کرو' مرا بخیر تو امید نیست بد مرساں'' اور حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں ''یعنی اپنی قوم کو لے جاؤں تم راہ نہ روکو''۔ (تفسیر عثمانی)

فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ﴿٢٢﴾

پھر دعا کی اپنے رب سے کہ یہ لوگ گنہگار ہیں

فَاَسْرِ بِعِبَادِيْ لَيْلًا اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿٢٣﴾ ۙ

پھر لے نکل رات سے میرے بندوں کو البتہ تمہارا پیچھا کریں گے ☆

حضرت موسیٰ کی دعاء اور حکم الٰہی

☆ یعنی آخر مجبور ہو کر اللہ سے فریاد کی کہ یہ لوگ اپنے جرائم سے باز آنے والے نہیں اب آپ میرے اور ان کے درمیان فیصلہ کر دیجئے۔ وہاں کیا

besturdubooks.wordpress.com

دیر تھی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو حکم ہوا کہ فرعونیوں کو اطلاع کیے بدون بنی اسرائیل کو لے کر راتوں رات مصر سے چلے جاؤ۔ کیونکہ دن ہونے پر جب انہیں اطلاع ہوگی اس وقت تمہارا پیچھا کریں گے لیکن یاد رہے راستہ میں سمندر پڑے گا اس پر عصا مارنے سے پانی ادھر ادھر ہٹ جائے گا اور درمیان میں خشک و صاف راستہ نکل آئے گا اسی راستہ سے اپنی قوم کو لے کر گزر جاؤ۔ (تفسیر عثمانی)

وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ۭ اِنَّهُمْ جُنْدٌ
اور چھوڑ جا دریا کو تھما ہوا البتہ وہ لشکر
مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۴﴾
ڈوبنے والے ہیں ☆

فرعون کی ہلاکت کا سامان: یعنی اس کی فکر مت کرو کہ دریا میں خدا کی قدرت سے جو راستہ بن گیا وہ باقی نہ رہے اس کو اسی حالت میں چھوڑ دے یہ راستہ دیکھ کر ہی تو فرعون کے لشکر اس میں گھسنے کی ہمت کریں گے چنانچہ وہ سب خشک راستہ دیکھ کر اندر گھسے اسکے بعد خدا کے حکم سے سمندر کا پانی چاروں طرف سے آ کر مل گیا سارا لشکر اس طرح غرقاب ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

تمام دریاؤں کا سردار

حضرت عبداللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں مصر کا دریائے نیل مشرق، مغرب کے دریاؤں کا سردار ہے اور سب نہریں اس کے ماتحت ہیں جب اس کی روانی خدا تعالیٰ کی منظور ہوتی ہے تو تمام نہروں کو اس میں پانی پہنچانے کا حکم ہوتا ہے۔ جہاں تک رب تعالیٰ کو منظور ہو اس میں پانی آ جاتا ہے پھر اللہ تبارک وتعالیٰ اور نہروں کو روک دیتا ہے اور حکم دے دیتا ہے کہ اب اپنی اپنی جگہ چلی جاؤ۔ (تفسیر ابن کثیر)

كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۲۵﴾
بہت سے چھوڑ گئے باغ اور چشمے
وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿۲۶﴾ وَّنَعْمَةٍ
اور کھیتیاں اور گھر خاصے اور آرام کا سامان
كَانُوْا فِيْهَا فٰكِهِيْنَ ﴿۲۷﴾ كَذٰلِكَ ۣ وَاَوْرَثْنٰهَا
جس میں باتیں بنایا کرتے تھے یونہی ہوا اور وہ سب ہاتھ لگا دیا
قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ﴿۲۸﴾
ہم نے ایک دوسری قوم کے ☆

بنی اسرائیل کے لئے غنیمت

☆ یعنی بنی اسرائیل کے ہاتھوں میں دے دیا جیسا کہ سورۂ شعراء میں ہے اس سے معلوم ہوا کہ فرعون کے غرق ہوئے بعد مصر میں بنی اسرائیل کا دخل ہوا اور اگر یہ ثابت نہ ہو تو مطلب یہ ہوگا کہ جس قسم کے سامان فرعونیوں نے چھوڑے تھے اسی طرح کے ہم نے بنی اسرائیل کو دیدیے واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

فرعونیوں کے باغات:

ان فرعونیوں کے یہ باغات دریائے نیل کے دونوں کناروں پر مسلسل چلے گئے تھے اسوان سے لے کر رشید تک اس کا سلسلہ تھا اور اس کی نو خلیجیں تھیں۔ خلیج اسکندریہ، خلیج۔ دمیاط، خلیج سردوس، خلیج منف، خلیج فیوم، خلیج منتہیٰ، اور ان سب میں اتصال تھا ایک دوسرے سے متصل تھی۔ (تفسیر ابن کثیر)

فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ
پھر نہ رویا اُن پر آسمان اور زمین ☆

مومن اور کافر کی موت

☆ روایات میں ہے کہ مومن کے مرنے پر آسمان کا وہ دروازہ روتا ہے جس سے اس کی روزی اترتی تھی یا جس سے اسکا عمل صالح اوپر چڑھتا تھا اور زمین روتی ہے جہاں وہ نماز پڑھتا تھا یعنی افسوس وہ سعادت ہم سے چھن گئی۔ کافر کے پاس عمل صالح کا بیج ہی نہیں پھر اس پر آسمان یا زمین کیوں روئے۔ بلکہ شاید خوش ہوتے ہوں گے کہ چلو پاپ کٹا "خس کم جہاں پاک"۔ (تفسیر عثمانی)

کافر پر آسمان زمین نہیں روتے:

ابن جریر نے حضرت شریح بن عبیدہ حضرمی کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو مؤمن سفر کی حالت میں مر جاتا ہے کہ اس کے متعلقین اس کے پاس نہیں ہوتے تو آسمان وزمین اس پر نوحہ کرتے ہیں۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ تلاوت فرمائی اور ارشاد فرمایا کافر پر آسمان زمین نہیں روتے۔ (تفسیر مظہری)

آسمان میں ہر بندہ کے لئے دو دروازے ہیں

مسند ابویعلیٰ موصلی میں ہے ہر بندے کے لئے آسمان میں دو دروازے ہیں ایک سے اس کی روزی اُترتی ہے۔ دوسرے سے اس کے اعمال اور اس کے کلام چڑھتے ہیں۔ جب یہ مر جاتا ہے اور وہ عمل ورزق کو گمشدہ پاتے ہیں تو روتے ہیں۔ پھر اسی آیت کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تلاوت کی۔

کسی کی موت پر آسمان کے رونے یا نہ رونے کی وجہ

حضرت علیؓ سے کسی نے پوچھا کہ آسمان وزمین کبھی کسی پر روئے بھی ہیں؟ آپ نے فرمایا آج تو نے وہ بات دریافت کی کہ تجھ سے پہلے مجھ سے

besturdubooks.wordpress.com

اس کا سوال کسی نے نہیں کیا۔ سنو ہر بندے کے لئے زمین میں ایک نماز کی جگہ ہوتی ہے اور ایک جگہ آسمان میں اس کے عمل کے چڑھنے کی ہوتی ہے' اور آل فرعون کے نیک اعمال ہی نہ تھے' اس وجہ سے نہ زمین ان پر روئی نہ آسمان کو ان پر رونا آیا' اور نہ انہیں ڈھیل دی گئی کہ کوئی نیکی بجالا سکیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَمَا كَانُوا مُنظَرِينَ ﴿٢٩﴾ وَلَقَدْ نَجَّيْنَا
اور نہ ملی اُن کو ڈھیل اور ہم نے بچا نکالا
بَنِي إِسْرَآءِيلَ مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِينِ ﴿٣٠﴾
بنی اسرائیل کو ذلت کی مصیبت سے
مِن فِرْعَوْنَ ۚ
جو فرعون کی طرف سے تھی ☆

☆ بلکہ فرعون کا وجود ایک مجسم مصیبت تھا۔ (تفسیر عثمانی)

إِنَّهُ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِينَ ﴿٣١﴾
بیشک وہ تھا چڑھ رہا حد سے بڑھ جانے والا ☆

☆ یعنی بڑا متکبر اور سرکش تھا۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَقَدِ اخْتَرْنَاهُمْ عَلَىٰ عِلْمٍ عَلَى
اور اُن کو ہم نے پسند کیا جان بوجھ کر
الْعَالَمِينَ ﴿٣٢﴾
جہان کے لوگوں سے ☆

بنی اسرائیل کی فضیلت ☆ یعنی اگرچہ بنی اسرائیل کی کمزوریاں بھی ہم کو معلوم تھیں تاہم ان کو ہم نے اس زمانہ کے تمام لوگوں سے فضیلت دی۔ اور بعض فضائل جزئیہ تو وہ ہیں جو آج تک کسی قوم کو میسر نہیں ہوئے مثلاً اتنے بے شمار انبیاء کا ان میں اٹھایا جانا۔ (تفسیر عثمانی)

وَآتَيْنَاهُم مِّنَ الْآيَاتِ مَا فِيهِ بَلَاءٌ
اور دیں ہم نے اُن کو نشانیاں جن میں تھی
مُّبِينٌ ﴿٣٣﴾
مدد صریح ☆

نشانیاں ☆ یعنی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ذریعہ سے مثلاً من و سلویٰ کا اتارنا' بادل کا سایہ کرنا وغیر ذٰلک۔ (تفسیر عثمانی)

إِنَّ هَٰؤُلَاءِ لَيَقُولُونَ ﴿٣٤﴾ إِنْ هِيَ
یہ لوگ کہتے ہیں اور کچھ نہیں
إِلَّا مَوْتَتُنَا الْأُولَىٰ وَمَا نَحْنُ
ہمارا یہی مرنا ہے پہلا اور ہم کو پھر
بِمُنشَرِينَ ﴿٣٥﴾
اٹھنا نہیں ☆

انکار بعث ☆ درمیان میں حضرت موسیٰ کی قوم کا ذکر استطراداً آ گیا تھا یہاں سے پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قوم کا تذکرہ ہوتا ہے۔ یعنی یہ کہتے ہیں کہ ہماری آخری حالت بس یہ ہی ہے کہ موت آ جائے موت کے بعد سب قصہ ختم۔ موجودہ زندگی کے سوا دوسری زندگی کوئی نہیں۔ کہاں کا حشر اور کیسا حساب کتاب۔ (تفسیر عثمانی)

فَأْتُوا بِآبَائِنَا إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٣٦﴾
بھلا لے تو آؤ ہمارے باپ دادوں کو اگر تم سچے ہو ☆

اہل مکہ کی دلیل ☆ یعنی پیغمبر اور مومنین سے کہتے ہیں کہ اگر تم اپنے عقیدہ میں سچے ہو کہ مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کئے جائیں گے تو اچھا ہمارے مرے ہوئے باپ دادوں کو ذرا زندہ کر کے دکھا دو تب ہم جانیں۔ (تفسیر عثمانی)

أَهُمْ خَيْرٌ أَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ
بھلا یہ بہتر ہیں یا تُبّع کی قوم ☆

تُبَّع ☆ "تبع" لقب تھا یمن کے بادشاہ کا' جس کی حکومت "سبا اور حضر موت وغیرہ سب پر تھی" "تبع" بہت گزرے ہیں۔ اللہ جانے یہاں کونسا مراد ہے۔ بہر حال اتنا ظاہر ہوا کہ اس کی قوم بہت قوت و جبروت والی تھی جو اپنی سرکشی کی بدولت تباہ کی گئی۔ ابن کثیرؒ نے اس سے قوم سبا مراد لی ہے' جس کا ذکر سورہ سبا میں گزر چکا واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

بادشاہوں کے القاب: یہ قوم تبع عرب قحطان تھے جب کہ قریش عرب عدنان تھے تبع یمن کے بادشاہ کا لقب ہوتا تھا جیسا کہ کسریٰ شاہ فارس کو اور قیصر شاہ روم کو اور فرعون بادشاہ مصر کو اور نجاشی شاہ حبشہ کو کہتے تھے۔

besturdubooks.wordpress.com

تبع کا ایمان لانا: یمن میں اس لقب سے بہت سے بادشاہ گزرے جس تبع کا یہاں ذکر ہے اس کا نام بعض روایات میں اسعد بیان کیا جاتا ہے اور بعض احادیث سے اس کا ایمان لانا بھی ثابت ہے۔ واللہ اعلم۔

قوم تبع اگرچہ بالعموم اپنے تاریخی ادوار میں کافر گزری اور ان کا بادشاہ فرعون اور قیصر و کسریٰ کی طرح کافر ہوتا تھا لیکن اہل یمن کے بعض فرمانبروا اور تبع کا یمن سے نکل کر بلاد سمرقند میں جانے کا بعض تواریخ میں ذکر ملتا ہے اور یہ کہ یہ تبع شاہ یمن جب یمن سے نکلا اور سمرقند وغیرہ پہنچا تو اس زمانہ میں اس کا ملک نہایت ہی وسیع اور مضبوط ہو چکا تھا اور رعایا بھی بڑی تعداد میں تھی اس نے حیرہ شہر آباد کیا تھا۔

اہل مدینہ کی عجیب شرافت:

ایام جاہلیت میں جب اس کا گزر مدینہ منورہ سے ہوا۔ تو اس نے اہل مدینہ سے قتال کا ارادہ کیا اہل مدینہ نے مقابلہ کیا اور اس کے باوجود کہ دن کے وقت اس کے ساتھ قتال کرتے اور جب رات ہوتی تو مہمان نوازی کرتے اس طرز عمل پر یہ بادشاہ شرمایا اور قتال کے ارادہ سے باز آیا اور مدینہ منورہ میں بسنے والے یہودیوں میں سے دو علماء کو اپنا مصاحب بنالیا جنہوں نے اس کو نصیحت کی تھی کہ اے تبع تیرا یہ طرز صحیح نہیں اور تو ہرگز اس شہر کے باشندوں پر غالب نہیں آسکتا کیوں کہ شہر اس نبی آخر الزماں کی ہجرت گاہ ہے جو اخیر زمانہ میں مبعوث ہوں گے۔ تو شاہ تبع اس ارادہ سے باز آگیا تھا اور ان دونوں کو اپنا مصاحب بنا کر اپنے ساتھ لے کر روانہ ہو گیا۔ پھر یہ بادشاہ جب مکہ کی طرف پہنچا تو وہاں بھی حملہ کرنے کا ارادہ کیا تو ان دونوں نے اس کو اس سے بھی منع کیا اور کہا کہ یہ اللہ کا گھر ہے جسے ابراہیم خلیل نے بنایا تھا اور اس کعبہ کی بہت ہی بڑی شان ہوگی ان ہی نبی آخر الزماں کی وجہ سے تو بادشاہ یہ سن کر بیت اللہ کی عزت و تکریم و تعظیم کرنے لگا۔ طواف کیا اور قیمتی غلاف چڑھایا اور جب یمن کی طرف لوٹنے کا ارادہ کیا تو اہل مکہ کو یہودی مذہب قبول کرنے کی دعوت دی اس وقت حضرت موسیٰ علیہ السلام کا دین ہی آسمانی ہدایت اور دین تھا اور حضرت مسیح بن مریم علیہما السلام کی بعثت نہیں ہوئی تھی۔ تو اس وقت اہل یمن بالعموم اس بادشاہ تبع کے ساتھ یہودی ہو گئے تھے محمد بن اسحاق نے اس قصہ کو تفصیل سے بیان کیا ہے ابن عساکر نے اپنی تاریخ میں بعض مزید چیزیں ذکر کیں۔ تبع کے بارہ میں بعض روایات ابن عباس اور کعب احبار سے مروی ہیں کہ اس نے دین حق قبول کر لیا تھا۔

کعبۃ اللہ پر غلاف کی ابتداء

حضرت سعید بن جبیر سے منقول ہے کہ تبع نے خانہ کعبہ پر غلاف چڑھایا جس سے قبل بیت اللہ پر غلاف کا دستور نہیں تھا۔

بعض تاریخی نقول سے ثابت ہے کہ اس نے اپنی قوم پر تین سو چھبیس (۳۲۶) برس حکومت کی اور قوم حمیر میں اس سے زیادہ کوئی طویل العمر نہیں ہوا اور یہ بھی منقول ہے کہ بادشاہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات سے تقریباً سات سو سال قبل مرا ہے اور یہ بھی ذکر کیا گیا کہ جب ان دو علماء یہود نے مدینہ منورہ کے بارہ میں یہ بتایا کہ یہ شہر رسول آخر الزماں کی ہجرت گاہ ہے اور وہ اس شہر میں آکر بسیں گے جن کا نام احمد محمد ہوگا تو اس نے آپ کی شان میں چند اشعار کہے۔

شَهِدتُ علیٰ احمد اَنَّهٗ رَسُول الله بارِی النَّسم
فلَوْ مدَّ عمری الیٰ عمرہٖ لکنت و زیرا وَابنَ عم
وَجاهدتُ بالسیف اعدائهٗ وفرجت عن صدرهٖ کل غم

یعنی میں گواہی دیتا ہوں احمدؐ کے بارہ میں کہ وہ اس پروردگار کے رسول ہیں جو کائنات کا خالق ہے اور اگر میری عمر ان کے وقت تک دراز کر دی جائے تو میں ان کا وزیر اور چچازاد بھائی ہوتا اور میں تلوار اٹھا کر ان کے دشمنوں کے ساتھ جہاد کرتا اور ان کے دل سے ہر غم و پریشانی کو دور کرتا۔

بعض تاریخی نقول سے یہ بھی ثابت ہے کہ مدینہ کے بعض علماء یہود نے اس علم و معرفت کی بناء پر یہ سرزمین حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت گاہ ہے مدینہ میں قیام کی اجازت طلب کی تو شاہ تبع نے سب کو اجازت دی ان کو بہت سا مال و دولت بھی دیا اور ایک خاص مکان تیار کرایا کہ نبی آخر الزماںؐ جب ہجرت کر کے آئیں تو وہ اس مکان میں قیام پذیر ہوں اور ایک خط بھی لکھا جس میں آپ سے ملاقات کی تمنا کا اظہار تھا اور مذکورہ اشعار بھی اس میں تھے۔ حضرت ابوایوب انصاریؓ اسی عالم کی اولاد میں تھے اور یہ مکان وہی ہے جو تبع نے اسی غرض سے بنوایا تھا چنانچہ خدا کے حکم سے وہ اونٹنی اسی مقام پر آکر ٹھہری اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوایوب انصاریؓ کے یہاں مقیم رہے۔

(روض الانف، بحوالہ سیرت المصطفیٰ جلد اول حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ)

شیخ زین الدین مراغی بیان کیا کرتے تھے کہ اگر یہ کہہ دیا جائے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں ابوایوب انصاری کے مکان پر نہیں اترے تھے بلکہ اپنے مکان پر اترے تھے تو بے جا نہ ہوگا۔ گویا ابوایوب انصاری کا قیام تو اس مکان میں آپ کے انتظار میں تھا۔ (معارف کاندھلوی)

تبع کی دو بہنیں: ابن ابی الدنیا میں ہے کہ دور اسلام میں صنعاء شہر میں اتفاق سے قبر کھد گئی تو دیکھا گیا کہ دو عورتیں مدفون ہیں جن کے جسم بالکل صحیح سالم ہیں اور سرہانے پر چاندی کی ایک تختی لگی ہوئی ہے۔ جس میں سونے کے حروف سے یہ لکھا ہوا ہے کہ یہ قبر حی اور تمیس کی ہے۔ اور ایک روایت میں ان کے نام حی اور تماضر ہیں۔ یہ دونوں تبع کی بہنیں ہیں یہ دونوں مرتے وقت تک اس بات کی شہادت پر رہیں کہ لائق عبادت صرف اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ یہ دونوں خدا تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتی تھیں۔ ان سے پہلے کے تمام نیک صالح لوگ بھی اسی شہادت کے ادا کرتے ہوئے انتقال فرماتے رہے ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

تبع کو برا بھلا مت کہو: ابن ابی حاتم، امام احمدؒ اور طبرانیؒ وغیرہ نے روایت کیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا" لا تسبّوا تبعا فانّهٗ قد کان اسلم" تبع کو برا بھلا مت کہو اس لئے کہ وہ اسلام لے آیا تھا۔ (معارف مفتی اعظم)

besturdubooks.wordpress.com

وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ اَهْلَكْنٰهُمْ اِنَّهُمْ

اُن سے پہلے تھے ہم نے اُن کو غارت کر دیا بیشک وہ

كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۳۷﴾

تھے گنہگار ☆

عاد و ثمود کا حشر ☆ مثلاً عاد و ثمود وغیرہ۔ ان سب کو اللہ نے ان کے گناہوں کی پاداش میں ہلاک کر کے چھوڑا۔ کیا تم ان سے بہتر یا ان سے زیادہ طاقتور ہو کہ تم کو ہلاک نہ کرے گا یا نہ کر سکے گا؟ (تفسیر عثانی)

وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا

اور ہم نے جو بنایا آسمان اور زمین اور جو

بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿۳۸﴾ مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ

انکے بیچ ہے کھیل نہیں بنایا اُن کو تو بنایا ہم نے ٹھیک کام

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾

پر بہت لوگ نہیں سمجھتے ☆

کارخانہ کائنات ☆ یعنی اتنا بڑا کارخانہ کوئی کھیل تماشہ نہیں۔ بلکہ بڑی حکمت سے بنایا گیا ہے جس کا نتیجہ ایک دن نکل کر رہے گا وہی نتیجہ آخرت ہے۔ (تفسیر عثانی)

اکثر لوگ آسمان وزمین میں غور نہیں کرتے

اکثر لوگ چونکہ طلب دنیا میں غرق ہیں اور غور نہیں کرتے اس لئے ان کو معلوم نہیں کہ اس آسمان وزمین اور درمیانی کائنات کی تخلیق اللہ کی ہستی اور توحید کو ثابت کرنے اور انسان کی جانچ کرنے کے لئے کی گئی ہے۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۰﴾

تحقیق فیصلہ کا دن وعدہ ہے اُن سب کا ☆

☆ یعنی اس دن سب کا حساب بیک وقت ہو جائے گا۔ (تفسیر عثانی)

يَوْمَ لَا يُغْنِيْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى شَيْئًا

جس دن کام نہ آئے کوئی رفیق کسی رفیق کے کچھ بھی

وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾

اور نہ اُن کو مدد پہنچے ☆

☆ یعنی نہ کسی اور طرف سے مدد پہنچ سکے گی۔ (تفسیر عثانی)

اِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ

مگر جس پر رحمت کرے اللہ بیشک وہی ہے زبردست

الرَّحِيْمُ ﴿۴۲﴾

رحم والا ☆

رحمت الٰہی ☆ یعنی بس جس پر اللہ کی رحمت ہو جائے وہ ہی بچے گا۔ کما ورد فی الحدیث "الا ان یتغمدنی اللہ برحمته" (تفسیر عثانی)

اِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ۔ ہاں وہ لوگ جن پر اللہ رحم فرما دے اور خود معاف کر دے یا شفاعت کی وجہ سے گناہوں سے درگذر کر دے۔ مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ۔ سے مراد مؤمن ہیں' مومنوں کو شفاعت کرنے کی اجازت دی جائے گی اور بعض مؤمن دوسرے مومنوں کی شفاعت کریں گے۔

الْعَزِيْزُ۔ یعنی اللہ ایسا غالب ہے کہ جب وہ کسی کو عذاب دینا چاہے گا تو کوئی عذاب سے بچا نہیں سکے گا۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ﴿۴۳﴾ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ﴿۴۴﴾

مقرر درخت سینڈ کا کھانا ہے گنہگار کا ☆

زقوم ☆ کسی ادنیٰ مشابہت کی وجہ سے اس کو "زقوم" (سیہنڈ) کہا گیا ہے ورنہ دوزخ کے سیہنڈ کی کیفیت اللہ ہی کو معلوم ہے جیسے بعض نعمائے جنت اور نعمائے دنیوی میں اشتراک اسمی ہے اسی طرح جہنم کے متعلق سمجھ لو۔ (تفسیر عثانی)

آگ میں درخت اُگنا ممکن ہے

درخت زقوم کا آگ میں اُگنا کوئی قابل تعجب امر نہیں ممکن ہے اس کا مزاج ناری ہو جیسے بعض کیڑے آگ میں پلتے ہیں اور رہتے ہیں۔

سہارن پور یوپی کے کمپنی باغ میں ایک درخت تھا جس سے آگ کے شعلے نظر آتے تھے اور کچھ درخت ایسے تھے جن کی نشوونما آگ کے ذریعے ہوتی تھی۔ (معارف کاندھلوی)

كَالْمُهْلِ ۚ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ﴿۴۵﴾ كَغَلْيِ

جیسے پگھلا ہوا تانبا کھولتا ہے پیٹوں میں جیسے

الْحَمِيْمِ ﴿۴۶﴾ خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ

کھولتا پانی پکڑو اُس کو اور دھکیل کر لے جاؤ بیچوں بیچ

الْجَحِيْمِ ﴿۴۷﴾

دوزخ کے ☆

☆ یہ حکم فرشتوں کو ہوگا جو تعذیب مجرمین پر مامور ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

شان نزول: سعید بن منصورؒ نے بحوالہ ابو مالک بیان کیا کہ ابو جہل چھوارے اور مکھن لے کر آتا اور (حاضرین سے) کہتا تھا زقوم کھاؤ (زقوم عربی میں چھواروں کے ساتھ مکھن کو ملا کر مرکب کو کہتے تھے) یہی وہ زقوم ہے جس سے محمد تم کو ڈراتے ہیں اس پر آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

اَلْمُهْلِ۔ پگھلی ہوئی دھات یا تیل کی کالی تلچھٹ (قاموس)

فِي الْبُطُوْنِ۔ یعنی کافروں کے پیٹوں میں۔

زقوم کی تلخی:

بغوی نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لوگو! اللہ سے ڈرو جتنا ڈرنے کا حق ہے۔ اگر زقوم کی ایک بوند زمین پر ٹپکا دی جائے تو دنیا والوں کی زندگی تلخ کر دے۔ پھر کیا حال ہوگا اُن لوگوں کا جن کا کھانا ہی زقوم میں ہوگا۔ زقوم کے سوا ان کا کوئی کھانا نہ ہوگا۔

ترمذی۔ نسائی۔ ابن ماجہ۔ ابن ابی حاتم۔ ابن حبان۔ حاکم اور بیہقی وغیرہ نے ایسی ہی حدیث بیان کی اور ترمذی نے اس کو صحیح کہا ہے۔

خُذُوْهُ۔ یعنی دوزخ کے کارندوں سے (جن کو زبانیہ کہا جاتا ہے) کہا جائے گا اس کافر کو پکڑو۔

فَاعْتِلُوْهُ۔ اور زبردستی دھکے دیتے ہوئے اس کو وسط جحیم تک لے جاؤ۔ عَتْلٌ کا معنی ہے کہ کسی چیز کو بھرپور طور پر مضبوطی کے ساتھ پکڑنا اور زبردستی کھینچ کر لے جانا۔ (تفسیر مظہری)

ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ
پھر ڈالو اُس کے سر پر جلتے پانی کا
الْحَمِيْمِ ﴿۴۸﴾
عذاب ☆

حمیم ☆ وہ پانی دماغ سے اتر کر آنتوں کو کاٹتا ہوا باہر نکل آئے گا۔ (اعاذنا اللہ منہ) (تفسیر عثمانی)

نحوی نکتہ: صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ۔ عذاب کی اضافت حمیم کی طرف کلام کو پرزور بنانے کے لئے کہ اصل کلام اس طرح تھا۔ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ عَذَابًا هُوَ الْحَمِيْمُ۔

ذُقْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ﴿۴۹﴾
یہ چکھ تو ہی ہے بڑا عزت والا سردار ☆

کافروں کی ذلت ☆ یعنی تو وہ ہی ہے جو دنیا میں بڑا معزز و مکرم سمجھا جاتا اور اپنے کو سردار ثابت کیا کرتا تھا۔ اب وہ عزت اور سرداری کہاں گئی۔ (تفسیر عثمانی)

ذُقْ۔ یعنی عذاب دینے والے کہیں گے اس عذاب کا مزہ چکھ تو تو اپنے خیال میں بڑی عزت اور بزرگی والا تھا بغوی نے مقاتل کا قول نقل کیا ہے کہ دوزخ کا گماشتہ کافر کے سر پر ایسی ضرب لگائے گا کہ سر پھٹ کر بھیجا دکھنے لگے گا۔ پھر اس کے اندر انتہائی گرم کھولتا ہوا پانی ڈالے گا اور کہے گا۔ ذُقْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ابو جہل کہا کرتا تھا میں اس وادی (مکہ) کا سب سے عزت والا اور بزرگ شخص ہوں اور توہین و توبیخ کے طور پر کہتا تھا یہ ہیں دوزخ کے کارندے۔ (تفسیر مظہری)

ابو جہل کا دعویٰ اور اس کی تذلیل:

اموی نے معازی میں عکرمہ کی روایت سے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابو جہل سے ملے اور فرمایا اللہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تجھ سے کہوں۔ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى (تیرے لئے ہلاکت در ہلاکت ہو) ابو جہل نے اپنے ہاتھ سے کپڑا اتارا اور کہا تو اور تیرا ساتھی (یعنی خدا) میرا کچھ بھی نہیں کر سکتا تو جانتا ہے کہ میں اس بطحاء کے تمام باشندوں سے زیادہ طاقتور ہوں اور میں ہی سب سے بزرگ اور عزت والا ہوں' آخر بدر میں یہ مارا گیا اور اللہ نے اس کو ذلیل کیا اور اس کے زبانی دعویٰ پر عار دلائی اور فرمایا۔ ذُقْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ۔ ابن جریر نے قتادہ کی روایت سے بھی یہ قصہ اسی طرح نقل کیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾
یہ وہی ہے جس میں تم دھوکے میں پڑے تھے ☆

کافروں کی ذلت ☆ یعنی تم کو کہاں یقین تھا کہ یہ دن بھی دیکھنا پڑے گا۔ اسی دھوکہ میں تھے کہ بس یونہی کھیلتے کودتے گزر جائے گی۔ آخر مٹی میں مل کر مٹی ہو جائیں گے آگے کچھ بھی نہیں۔ اب دیکھ لیا کہ وہ باتیں سچی تھیں جو پیغمبروں نے بیان کی تھیں۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ اَمِيْنٍ ﴿۵۱﴾
بیشک ڈرنے والے گھر میں ہیں چین کے ☆

اللہ سے ڈرنے والے ☆ یعنی جو یہاں اللہ سے ڈرتے ہیں وہاں امن چین سے ہوں گے کسی طرح کا خوف اور غم پاس نہ آئے گا۔ (تفسیر عثمانی)

جنت میں ابدی نعمتوں کا اعلان: ابو اسحاق نے بروایت ابو مسلم الاغر۔ ابو

besturdubooks.wordpress.com

سعید خدریؓ اور ابو ہریرہؓ سے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جنتی جب جنت میں داخل ہو جائیں گے تو اعلان کیا جائے گا۔ یا اهل الجنة ان لكم ان تصحوا فلا تسقموا ابدا وان لكم ان تعيشوا فلا تموتوا ابدا وانّ لكم ان تنعموا فلا تبئسوا ابدا وان لكم ان تشبوا فلا تهرموا ابدا۔ کہ اہل جنت (آگاہ ہو جاؤ) بے شک تمہارے واسطے (اب) یہ ہے کہ تم تندرست رہو گے کبھی بیمار نہ ہو گے اور تم ہمیشہ زندہ رہو گے کبھی نہیں مرو گے اور یہ کہ تم ہمیشہ خوش رہو گے کبھی سختی اور تنگی میں نہیں پڑو گے اور تمہارے واسطے یہ بھی ہے کہ تم ہمیشہ نوجوان اور مضبوط رہو گے کبھی بوڑھے اور کمزور نہ ہو گے۔ (معارف کاندھلوی)

فِیْ جَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ ﴿۵۲﴾ یَّلْبَسُوْنَ مِنْ
باغوں میں اور چشموں میں پہنتے ہیں پوشاک
سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَقٰبِلِیْنَ ﴿۵۳﴾
ریشمی پتلی اور گاڑھی ایک دوسرے کے سامنے ☆

جنت کا لباس ☆ یعنی ان کی پوشاک باریک اور دبیز ریشم کی ہوگی اور ایک جنتی دوسرے سے اعراض نہ کرے گا بے تکلف دوستوں کی طرح آمنے سامنے بیٹھیں گے۔ (تفسیر حقانی)

ابن ابی حاتم اور ابن ابی الدنیا نے کعب کی طرف اسی بیان کی نسبت کی ہے کہ جنت کے کپڑوں میں سے کوئی کپڑا آج دنیا میں کوئی پہنے تو اس کو دیکھنے والے بے ہوش ہو جائیں ان کی آنکھوں کو برداشت نہ ہو سکے۔

صابونی نے مأتین میں عکرمہ کا قول نقل کیا ہے کہ جنتی آدمی جنت کے اندر جو لباس پہنے گا۔ وہ لباس فوراً ستر رنگ بدلے گا۔ (تفسیر مظہری)

كَذٰلِكَ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿۵۴﴾
اسی طرح ہوگا اور بیاہ دیں ہم اُن کو حوریں بڑی آنکھوں والیاں ☆

☆ یعنی ان سے جوڑے ملا دیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

زَوَّجْنٰهُمْ ۔ سے نکاح کرانا مراد نہیں ہے بلکہ جوڑا لگا دینا مراد ہے۔

حُوْرٌ ۔ حوراء کی جمع ہے یعنی صاف گوری عورتیں جن کے رنگ کی صفائی اور گورے پن کو دیکھ کر آنکھیں خیرہ ہو جائیں۔

عِیْنٌ ۔ عیناء کی جمع ہے فراخ چشم عورتیں۔

حُور کی بناوٹ اور حسن: طبرانی نے حضرت ابوامامہؓ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' حور عین کو زعفران سے بنایا گیا ہے۔ بیہقی نے حضرت انسؓ کی مرفوع اور حضرت ابن عباسؓ کی موقوف حدیث بھی اسی طرح نقل کی ہے اور مجاہد سے بھی یہ روایت آئی ہے۔

ابن مبارک نے زید بن اسلم کا بیان نقل کیا ہے کہ اللہ نے حوروں کو مٹی سے نہیں بنایا بلکہ ان کا تخلیقی قوام مشک کافور اور زعفران کا ہے۔

ابن ابی الدنیا نے حضرت انسؓ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' اگر حور سمندر میں تھوک دے تو اس کے لعاب دہن کی شیرینی سے سمندر میٹھا ہو جائے۔

ابن ابی الدنیا نے حضرت ابن عباسؓ کا بیان نقل کیا ہے اگر حور اپنی ہتھیلی زمین آسمان کے درمیان برآمد کر دے تو اس کے حسن کی وجہ سے دنیا دیوانی ہو جائے اور اگر حور اپنی اوڑھنی نکال دے تو سورج اس کے سامنے ایسا معلوم ہو جیسے سورج کے سامنے ایک بے نور بتی اور اگر حور اپنا چہرہ نمودار کر دے تو اس کے حسن سے زمین و آسمان کے درمیان کی ساری فضا ، جھلک جائے۔

دنیا کی عورتوں کا حسن: ہناد نے حبان بن ابحیلہ کا قول نقل کیا ہے کہ دنیا والی عورتیں جب جنت میں جائیں گی تو (حسن میں) حور عین سے بڑھ کر ہوں گی۔ (تفسیر مظہری)

يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ اٰمِنِيْنَ ﴿۵۵﴾
منگوائیں گے وہاں ہر میوہ دلجمعی سے ☆

☆ یعنی جیسے میوے کو جی چاہے گا فوراً حاضر کرا دیا جائے گا کوئی فکر نہ ہوگی۔ پوری دلجمعی سے کھائیں پئیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

جنت میں ہر قسم کا پھل ہوگا:

ابن ابی حاتم اور ابن المنذر نے اپنی تفسیروں میں حضرت ابن عباسؓ کے حوالے سے لکھا ہے کہ دنیا میں کوئی پھل میٹھا ہو یا کڑوا ایسا نہیں جو جنت میں نہ ہو یہاں تک کہ حنظل بھی (جنت میں ہوگا)۔

ابن ابی حاتم ابن جریر اور بیہقی نے حضرت ابن عباسؓ کا قول نقل کیا ہے کہ جنت میں جو چیزیں ہیں دنیا میں بس ان کے نام ہی نام ہیں۔ (تفسیر مظہری)

لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا الْمَوْتَ اِلَّا الْمَوْتَةَ
نہ چکھیں گے وہاں موت مگر جو
الْاُوْلٰى ج
پہلے آچکی ☆

دائمی زندگی ☆ یعنی جو موت پہلے آچکی وہ آچکی اب آگے کبھی موت نہیں دائماً اسی عیش و نشاط میں رہنا ہے نہ اس کو فنا نہ ان کے سامانوں کو۔ (تفسیر عثمانی)

وَوَقٰهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿۵۶﴾ فَضْلًا
اور بچایا اُن کو دوزخ کے عذاب سے فضل سے

besturdubooks.wordpress.com

مِّنْ رَّبِّكَ ۚ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۵۷﴾

تیرے رب کے یہی ہے بڑی مُراد ملنی ☆

بڑی کامیابی ☆ اس سے بڑی کامیابی کیا ہوسکتی ہے کہ عذاب الٰہی سے محفوظ و مامون رہے اور ابدالآباد کے لئے مورد الطاف وافضال بنے۔ (تفسیر عثمانی)

اللہ پر کسی کا حق نہیں جنت کا ملنا اللہ کی رحمت ہے

فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكَ ۔ یعنی اہل تقویٰ کو جو کچھ ملے گا اللہ کی مہربانی سے ملے گا۔ اللہ اپنے فضل ورحمت سے ان کو عطا کرے گا حق کسی کا خدا پر نہیں ہوگا۔

حضرت جابرؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' کسی کو اس کا عمل جنت میں نہیں لے جائے گا' اور نہ دوزخ سے پناہ دے گا' اور نہ میں (اپنے اعمال کی وجہ سے جنت میں جاؤں گا) بغیر اللہ کی رحمت کے۔ رواہ مسلم۔

ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۵۷﴾ ۔ یعنی بڑی کامیابی ہے۔ کیونکہ تمام مکروہات سے نجات اور مقصد تک رسائی یہی ہے۔ (تفسیر مظہری)

صحیح حدیث میں ہے کہ تم ٹھیک ٹھاک رہو قریب قریب رہو اور یقین مانو کہ کسی کے اعمال اسے جنت میں نہیں لے جاسکتے۔ لوگوں نے کہا کیا آپ کے اعمال بھی؟ فرمایا ہاں میرے اعمال بھی مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی رحمت میرے شامل حال ہو۔ (تفسیر ابن کثیر)

فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ

سو یہ قرآن آسان کیا ہم نے اُس کو تیری بولی میں تاکہ

يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾

وہ یاد رکھیں ☆

تیسیر قرآن ☆ یعنی اپنی مادری زبان میں آسانی سے سمجھ لیں اور یاد رکھیں۔ (تفسیر عثمانی)

فَارْتَقِبْ اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ﴿۵۹﴾

اب تو راہ دیکھ وہ بھی راہ تکتے ہیں ☆

وقت بتادے گا ☆ یعنی اگر نہ سمجھیں تو آپ چندے انتظار کیجئے۔ ان کا بدانجام سامنے آجائے گا یہ تو منتظر ہیں کہ آپ پر کوئی افتاد پڑے لیکن آپ دیکھتے جائیے کہ ان کا کیا حال بنتا ہے۔

تم سورۃ الدخان بفضل اللہ ورحمتہ فللّٰہ الحمد والمنۃ۔ (تفسیر عثمانی)

سورۃ الجاثیہ

جو شخص اس کو خواب میں پڑھے اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ زاہدوں میں سے ہوگا۔

سُوْرَۃُ الْجَاثِیَۃِ مَکِّیَّۃٌ وَّهِيَ سَبْعٌ وَّثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّاَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ جاثیہ مکہ میں نازل ہوئی اس میں سینتیس آیتیں اور چار رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے﴾

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ

اتارنا کتاب کا ہے اللہ کی طرف سے

الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾ اِنَّ فِي السَّمٰوٰتِ

جو زبردست ہے حکمتوں والا بیشک آسمانوں میں

وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳﴾

اور زمین میں بہت نشانیاں ہیں ماننے والوں کے واسطے

ایمان کی دلیل ☆ یعنی آدمی ماننا چاہے تو اسی آسمان وزمین کی پیدائش اور ان کے محکم نظام میں غور کرکے مان سکتا ہے کہ ضرور کوئی ان کا پیدا کرنے والا اور تھامنے والا ہے جس نے کمال حکمت وخوبی سے ان کو بنایا اور لامحدود قدرت سے ان کی حفاظت کی۔

البعرة تدل على البعير والاقدام تدل على المسير فكيف لا يدل هذا النظام العجيب الغريب على الصانع اللطيف الخبير (تفسیر عثمانی)

اَلْعَزِيْزُ ۔ انتقام لینے (یعنی عذاب دینے) میں غالب اور تدبیر وانتظام خلائق حکمت سے کرنیوالا۔ (تفسیر مظہری)

حدیث شریف میں ہے کہ قرآن لے کر دشمنوں کے ملک میں نہ جاؤ ایسا نہ ہو کہ وہ اس کی اہانت و بے قدری کریں۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَفِيْ خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِنْ دَآبَّةٍ

اور تمہارے بنانے میں اور جس قدر پھیلا رکھے ہیں جانور

besturdubooks.wordpress.com

اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿٤﴾

نشانیاں ہیں اُن لوگوں کے واسطے جو یقین رکھتے ہیں☆

☆یعنی انسان خود اپنی بناوٹ اور دوسرے حیوانات کی ساخت میں غور کرے تو درجہ عرفان وایقان تک پہنچانے والی ہزار ہا نشانیاں اس کو ملیں گی۔ (تفسیر عثمانی)

انسان کی تدریجی بناوٹ: وَفِيْ خَلْقِكُمْ یعنی تم میں سے ہر ایک کے پیدا کرنے میں قدرت و وحدانیت کی نشانیاں ہیں ہر انسان کی تخلیق نطفہ سے ہوئی۔ نطفہ جم کر لوتھڑا بنا پھر لوتھڑا بوٹی بنا' یہاں تک کہ (تدریجی مراتب طے کر کے) انسان بن گیا۔ (تفسیر مظہری)

وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا

اور بدلنے میں رات دن کے اور وہ

اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ رِّزْقٍ

جو اتاری اللہ نے آسمان سے روزی ☆

رزق کا جوہر☆یعنی پانی آسمان کی طرف سے اتارا جو مادہ ہے روزی کا۔ (تفسیر عثمانی)

فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا

پھر زندہ کر دیا اُس سے زمین کو اُس کے مرجانے کے بعد

وَتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ

اور بدلنے میں ہواؤں کے نشانیاں ہیں اُن لوگوں کے

يَّعْقِلُوْنَ ﴿٥﴾

واسطے جو سمجھ سے کام لیتے ہیں

غور کی ضرورت☆یعنی ذرا بھی سمجھ سے کام لیں تو معلوم ہو جائے گا کہ یہ امور بجز اس زبردست قادر حکیم کے اور کسی کے بس میں نہیں جیسا کہ پہلے متعدد مواضع میں اس کی تقریر گزر چکی۔ (تفسیر عثمانی)

تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ

یہ باتیں ہیں اللہ کی ہم سناتے ہیں

بِالْحَقِّ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۭ بَعْدَ

تجھ کو ٹھیک ٹھیک پھر کونسی بات کو

اللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ﴿٦﴾

اللہ اور اُس کی باتوں کو چھوڑ کر مانیں گے☆

اللہ کی بات سے بڑھ کر کوئی نہیں: ☆یعنی اللہ کو چھوڑ کر دوسرا کون ہے اور اسکی باتیں چھوڑ کر کس کی بات ماننے کے قابل ہے جب اس بڑے مالک کی ایسی سچی اور صاف باتیں بھی کوئی بد بخت قبول نہ کرے تو آخر کس چیز کا منتظر ہے جسے قبول کرے گا۔ (تفسیر عثمانی)

وَيْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ﴿٧﴾ يَّسْمَعُ اٰيٰتِ

خرابی ہے ہر جھوٹے گنہگار کے لئے' کہ سُنتا ہے باتیں

اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا

اللہ کی کہ اُسکے پاس پڑھی جاتی ہیں پھر ضد کرتا ہے غرور سے

كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا ۚ

گویا سُنا ہی نہیں ☆

ضد اور غرور☆یعنی ضد اور غرور کی وجہ سے اللہ کی بات نہیں سنتا اس کی شیخی اجازت نہیں دیتی کہ اپنی جہالت سے ہٹے۔ حق کو سن کر اس طرح منہ پھر لیتا ہے گویا سنا ہی نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

ثُمَّ کے رموز: لفظ ثم' عربی میں تراخی کے لئے آتا ہے) سماع آیات کے بعد کفر پر جمار ہنا بہت ہی بعید ہے۔ اسی بُعد کو ظاہر کرنے کے لئے اس جگہ لفظ ثم استعمال کیا گیا ہے (یعنی بُعد زمانی کے قائم مقام بُعدِ مرتبہ کو قرار دیا اور لفظ ثم سے اس کا اظہار کیا) مُسْتَكْبِرًا۔ ایمان کو (ذلیل حرکت سمجھ کر اس سے) تکبر کرنیوالا۔ (تفسیر مظہری)

فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿٨﴾ وَاِذَا

سو خوشخبری سُنادے اُسکو ایک عذاب دردناک کی اور جب

عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْئًا ۨ اتَّخَذَهَا

خبر پائے ہماری باتوں میں سے کسی کی اُس کو ٹھہرائے

besturdubooks.wordpress.com

هُزُوًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ
ٹھٹھا ایسوں کو ذلت کا عذاب
مُّهِيْنٌ ۝۹
ہے☆

غرور کی سزا☆یعنی جس طرح وہ آیات اللہ کے ساتھ اہانت واستخفاف کا معاملہ کرتا ہے سزا بھی سخت اہانت وذلت کی ملے گی جو آگے آرہی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

مِنْ وَّرَاۗىِٕهِمْ جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ
پرے اُن کے دوزخ ہے اور کام نہ آئیگا اُن کے
مَّا كَسَبُوْا شَيْـــًٔا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا مِنْ
جو کمایا تھا ذرا بھی اور نہ وہ کہ جن کو پکڑا تھا
دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَاۗءَ ۚ
اللہ کے سوائے رفیق☆

کوئی چیز کام نہ آئے گی☆یعنی اموال اولاد وغیرہ کوئی چیز اس وقت کام نہ آئے گی نہ وہ کام آئیں گے جن کو اللہ کے سوا معبود یا رفیق و مددگار بنا رکھا تھا اور جن سے بہت کچھ اعانت وامداد کی توقعات تھیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝۱۰ هٰذَا هُدًى ۚ
اور اُن کے واسطے بڑا عذاب ہے یہ سجھا دیا
وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ
اور جو منکر ہیں اپنے رب کی باتوں سے اُن کے لئے
عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝۱۱
عذاب ہے ایک بلا کا دردناک☆

عظیم ہدایت☆یعنی یہ قرآن عظیم الشان ہدایت ہے جو سب طرح کی برائی بھلائی انسان کو سمجھانے کے لئے آئی ہے جو اس کو نہ مانیں وہ سخت غلیظ اور دردناک عذاب بھگتنے کے لئے تیار رہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اَللّٰهُ الَّذِيْ سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ
اللہ وہ ہے جس نے بس میں کر دیا تمہارے دریا کو
لِتَجْرِيَ الْفُلْكُ فِيْهِ بِاَمْرِهٖ
کہ چلیں اُس میں جہاز اُس کے حکم سے☆

تسخیر کائنات☆یعنی سمندر جیسی مخلوق کو ایسا مسخر کر دیا کہ تم بے تکلف اپنی کشتیاں اور جہاز اس میں لئے پھرتے ہو میلوں کی گہرائیوں کو پایاب کر رکھا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ
اور تاکہ تلاش کرو اُس کے فضل سے اور تاکہ
تَشْكُرُوْنَ ۝۱۲
تم حق مانو☆

☆یعنی بحری تجارت کرو، یا شکار کھیلو یا اس کی تہ میں سے موتی نکالو اور سب منافع وفوائد حاصل کرتے وقت منعم حقیقی کو نہ بھولو اس کا حق پہچانو، زبان و دل اور قلب وقالب سے شکر ادا کرو۔ (تفسیر عثمانی)

وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي
اور کام میں لگا دیا تمہارے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور
الْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ ۭ
زمین میں سب کو اپنی طرف سے☆

☆یعنی اپنے حکم اور قدرت سے سب کو تمہارے کام میں لگا دیا یہ اسی کی مہربانی ہے کہ ایسی ایسی عظیم الشان مخلوقات انسان کی خدمت گذاری میں لگی ہوئی ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

سَخَّرَ۔ یعنی سمندر کی سطح چکنی ہموار بنائی۔ تختہ۔ لکڑی وغیرہ اس کے اندر گھس جائے تو پھر ابھر کر تیرنے لگتی ہے اور اس کے اندر غوطہ لگایا جا سکتا ہے۔

بِاَمْرِهٖ۔ اپنے حکم سے یعنی اپنے تسخیری حکم سے۔

مِنْ فَضْلِهٖ۔ یعنی تجارت۔ غوطہ زنی اور شکار کے ذریعہ سے خداداد رزق تم طلب کرو۔

مَا فِي السَّمٰوٰتِ۔ یعنی چاند سورج ستارے پانی برف وغیرہ۔

besturdubooks.wordpress.com

مَا فِی الْاَرْضِ۔ یعنی حیوانات' نباتات' معدنیات' چشمے' نہریں دریا وغیرہ۔

مِنْہُ۔ اپنی طرف سے یعنی ان سب چیزوں کو اپنی طرف سے مسخر بنا لیا ہے' یا یہ مطلب ہے کہ یہ سب چیزیں اس کی طرف سے ہیں۔

حضرت ابن عباسؓ نے جَمِیْعًا مِّنْہُ کی تشریح میں فرمایا' یہ سب چیزیں اللہ کی طرف سے رحمت ہیں زجاج نے کہا یہ سب چیزیں اللہ کی طرف سے مہربانی ہیں۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَکَّرُوْنَ ﴿۱۳﴾
اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کے واسطے جو دھیان کرتے ہیں ☆

غور کرو ☆ آدمی دھیان کرے تو سمجھ سکتا ہے کہ یہ چیز اس کے بس کی نہ تھی محض اللہ کے فضل اور اس کی قدرت کاملہ سے یہ اشیاء ہمارے کام میں لگی ہوئی ہیں تو لامحالہ ہم کو بھی کسی کے کام میں لگنا چاہئے وہ کام یہی ہے کہ اس منعم حقیقی اور محسن علی الاطلاق کی فرمانبرداری اور اطاعت گزاری میں اپنی حیات مستعار کے لمحات صرف کر دیں تاکہ آئندہ چل کر ہمارا انجام درست ہو۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یَغْفِرُوْا لِلَّذِیْنَ لَا
کہہ دے ایمان والوں کو درگذر کریں اُن سے جو اُمید نہیں
یَرْجُوْنَ اَیَّامَ اللّٰہِ
رکھتے اللہ کے دنوں کی ☆

اَیَّامَ اللّٰہِ ☆ "اَیَّامَ اللّٰہِ" (اللہ کے دنوں) سے مراد وہ دن ہیں جن میں اللہ اپنے دشمنوں کو کوئی خاص سزا دے یا اپنے فرمانبرداروں کو کسی خصوصی انعام واکرام سے سرفراز فرمائے۔ لہٰذا "لِلَّذِیْنَ لَا یَرْجُوْنَ اَیَّامَ اللّٰہِ" سے وہ کفار مراد ہوئے جو اس کی رحمت سے ناامید اور اسکے عذاب سے بے فکر ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

شانِ نزول: (۱) بغوی نے حضرت ابن عباسؓ اور قتادہ کا بیان نقل کیا ہے کہ مکہ میں ایک غفاری شخص نے حضرت عمرؓ کو گالی دی' حضرت عمرؓ نے اس کی پکڑ (یعنی اس پر حملہ) کرنے کا ارادہ کیا۔ اس پر آیت نازل ہوئی۔

(۲) بغوی نے قرظی اور سدی کا قول نقل کیا ہے کہ حکم جہاد سے پہلے مکہ میں مسلمانوں کو مشرک سخت اذیتیں دیتے تھے۔ صحابہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا شکوہ کیا' اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ پھر آیت جہاد سے اس آیت کا حکم منسوخ کر دیا گیا۔

یَغْفِرُوْا۔ یعنی آپ مسلمانوں سے کہہ دیجئے معاف کر دو' اگر آپ ان کو معافی کا حکم دیدیں گے تو وہ معاف کر دیں گے۔

لَا یَرْجُوْنَ۔ جو امید نہیں کرتے اور خوف نہیں کرتے۔

اَیَّامَ اللّٰہِ۔ یعنی ان واقعات سے جو اللہ نے اپنے دشمنوں کے ساتھ کئے۔ مطلب یہ کہ ان اوقات کے آنے کی ان کو امید بھی نہیں جو اللہ نے مومنوں کی نصرت و کامیابی کے لئے مقرر کر رکھے ہیں۔

(۳) غزوۂ بنو المصطلق کے موقعہ پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہؓ نے مُریسیع نامی ایک کنویں کے قریب پڑاؤ ڈالا۔ منافقین کا سردار عبداللہ بن اُبی بھی مسلمانوں کے لشکر میں شامل تھا۔ اُس نے اپنے غلام کو کنویں سے پانی بھرنے کیلئے بھیجا' اُسے واپسی میں دیر ہو گئی' عبداللہ بن اُبی نے وجہ پوچھی تو اس نے کہا کہ حضرت عمرؓ کا ایک غلام کنویں کے ایک کنارے پر بیٹھا ہوا تھا' اُس نے کسی کو اس وقت تک پانی بھرنے کی اجازت نہیں دی جب تک کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکرؓ کے مشکیزے نہیں بھر گئے۔ اس پر عبداللہ بن اُبی نے کہا "ہم پر اور ان لوگوں پر تو وہی مثل صادق آتی ہے سمّن کلبک یاکلک (اپنے کتے کو موٹا کرو تو وہ تم کو کھا جائے گا) حضرت عمرؓ کو اسکی اطلاع ہوئی تو وہ تلوار سنبھال کر عبداللہ بن اُبی کی طرف چلے' اس پر یہ آیت نازل ہوئی' اس روایت کے مطابق یہ آیت مدنی ہے (قرطبی وروح المعانی) (معارف مفتی اعظم)

درگذر کا یہ حکم ابتداءِ اسلام میں تھا

حافظ عمادالدین ابن کثیرؒ اپنی تفسیر میں اسی کو اختیار کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ یہ حکم ابتداء اسلام میں سے تھا کہ مسلمان کافروں کی ایذاؤں اور تکالیف پر صبر کریں اور درگزر سے کام لیں اور اہل کتاب سے بھی ایسا ہی معاملہ رکھیں تاکہ تالیف قلبی ہو اور وہ اسلام سے قریب ہو سکیں۔ لیکن جب کافروں پر اس مروت اور حسن خلق کا کوئی اثر نہ ہوا بلکہ وہ پہلے سے زائد عناد و دشمنی برتنے لگے تو جہاد کا حکم نازل ہوا۔ قتادہ مجاہد اور حضرت عبداللہ بن عباس سے یہی منقول ہے۔ (تفسیر ابن کثیر) (معارف کاندھلوی)

لِیَجْزِیَ قَوْمًا بِمَا کَانُوْا یَکْسِبُوْنَ ﴿۱۴﴾
تاکہ وہ سزا دے ایک قوم کو بدلہ اُس کا جو کماتے تھے ☆

صبر و تحمل کا صلہ ☆ یعنی مسلمان آپ ان سے بدلہ لینے کی فکر نہ کریں اللہ پر چھوڑ دیں، وہ ان کی شرارتوں پر کافی سزا، اور مومنین کے صبر و تحمل اور عفو و درگزر کا مناسب صلہ دے گا۔ (تفسیر عثمانی)

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِہٖ ۚ وَمَنْ
جس نے بھلا کام کیا تو اپنے واسطے اور جس نے

besturdubooks.wordpress.com

اَسَآءَ فَعَلَيْهَا

بُرا کیا سو اپنے حق میں ☆

بھلائی اور برائی ☆ یعنی بھلے کام کا فائدہ کام کرنے والے کو پہنچتا ہے اللہ کو اس کی کیا ضرورت؟ اور بدی کرنے والا خود اپنے حق میں برا بیج بو رہا ہے۔ ایک کی برائی دوسرے پر نہیں پڑتی غرض ہر شخص اپنے نفع ونقصان کی فکر کر لے اور جو عمل کرے یہ سمجھ کر کرے کہ اس کا سود وزیاں اسی کی ذات کو پہنچے گا۔ (تفسیر عثمانی)

ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۵﴾

پھر اپنے رب کی طرف پھیرے جاؤ گے ☆

☆ یعنی وہاں پہنچ کر سب برائی بھلائی سامنے آ جائے گی اور ہر ایک اپنی کرتوت کا پھل چکھے گا۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ

اور ہم نے دی بنی اسرائیل کو کتاب

وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ

اور حکومت اور پیغمبری اور کھانے کو دیں ستھری

الطَّيِّبٰتِ

چیزیں ☆

بنی اسرائیل پر روحانی وجسمانی انعامات

☆ یعنی تورات دی اور سلطنت یا قوت فیصلہ یا دانائی کی باتیں یا دین کی سمجھ عطا کی، اور کس قدر کثرت سے پیغمبران میں سے اٹھائے یہ تو روحانی غذا ہوئی، جسمانی غذا دیکھو تو وہ بھی بہت افراط سے دی گئی حتیٰ کہ من وسلویٰ اتارا گیا۔ (تفسیر عثمانی)

وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶﴾

اور بزرگی دی اُن کو جہان پر ☆

☆ یعنی اس زمانہ میں سارے جہان پر ان کو فضیلت کلی حاصل تھی اور بعض فضائل جزئیہ کے اعتبار سے اس زمانہ کی قید لگانے کی بھی ضرورت نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَفَضَّلْنٰهُمْ۔ اور مراتب قرب عطا کر کے ہم نے ان میں سے بعض لوگوں کو یعنی انبیاء کو ان کے زمانے کے لوگوں پر فوقیت عطا کی۔

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا ان کے زمانے میں اللہ کا محبوب اور اللہ کے نزدیک معزز کوئی بھی ان سے زیادہ نہ تھا۔ (تفسیر مظہری)

وَاٰتَيْنٰهُمْ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْاَمْرِ

اور دیں اُن کو کھلی باتیں دین کی ☆

☆ یعنی نہایت واضح اور مفصل احکام یا کھلے کھلے معجزات جو دین کے باب میں بطور حجت و برہان کے پیش کیے جاتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْاَمْرِ۔ امر دین کی کھلی دلیلیں۔ اللہ نے بنی اسرائیل کو ان تمام امور کا علم عطا فرما دیا تھا جن کو جاننا اور ان پر عقیدہ رکھنا ضروری تھا یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت اور بعثت کی نشانیاں بھی بتا دی تھیں وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اتنا ہی یقینی طور پر جانتے پہنچانتے تھے جتنا اپنی اولاد کو پہچانتے تھے۔ (تفسیر مظہری)

فَمَا اخْتَلَفُوْٓا اِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ

پھر انہوں نے پھوٹ جو ڈالی تو سمجھ آ چکنے کے بعد

الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ

آپس کی ضد سے بیشک تیرا رب فیصلہ کریگا

بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ

اُن میں قیامت کے دن جس بات میں وہ

يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۷﴾

جھگڑتے تھے ☆

امتوں میں فرقہ بندی کی علت

☆ یعنی آپس کی ضد اور نفسانیت سے اصل کتاب کو چھوڑ کر بے شمار فرقے بن گئے۔ جن کا عملی فیصلہ قیامت کے دن کیا جائے گا اس وقت پتہ لگے گا کہ ان کا منشاء نفس پروری اور ہوا پرستی کے سوا کچھ نہ تھا۔ (تفسیر عثمانی)

فَمَا اخْتَلَفُوْٓا۔ یعنی امور دین میں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سلسلے میں ان کا باہمی اختلاف اسی وقت ہوا جب ان کو حقیقت کا علم ہو گیا اور یہ اختلاف محض آپس کی عداوت، حسد اور نفسانی خواہشات کی وجہ سے ہوا کسی محکم دلیل کی روشنی میں یہ اختلاف نہیں تھا۔ آیت مذکورہ سے ثابت ہو رہا ہے

besturdubooks.wordpress.com

کہ یہودیوں اور عیسائیوں کے اکثر بہتر فرقے کسی دلیل کی روشنی میں نہیں بن گئے تھے بلکہ محض آپس کی ضدا ضدی سے بنے تھے۔ امت اسلامیہ کے تہتر فرقے بھی کسی محکم دلیل کی بناء پر نہیں ہوگئے بلکہ نصوص قطعیہ کے مقابلہ میں صرف اتباع وہم کی وجہ سے ہوگئے۔ (اسی وہم کو ہر فرقہ والا فہم و دانش قرار دیتا ہے) جیسے فرقہ معتزلہ نے فلاسفہ کے اتباع میں بہت سے مسائل (دینی) کا فیصلہ کرنے اور حق کو باطل سے ممتاز بنانے کے لئے عقل کو کافی قرار دیا (اور ظاہر نصوص کی مخالفت کی۔ مترجم) یا مجسمہ نے خیال کرلیا کہ ہر موجود کا جسم ہونا ضروری ہے (اس لئے خدا کا بھی جسم ہے) یا محض حسد وعناد سے کچھ فرقے (اجماع امت سے الگ ہوکر) بن گئے۔ جیسے خارجی اور شیعہ۔ (تفسیر مظہری)

ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ
پھر تجھ کو رکھا ہم نے ایک رستہ پر دین کے کام کے
فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ لَا
سو تو اسی پر چل اور مت چل خواہشوں پر
يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸﴾
نادانوں کی ☆

صراط مستقیم ☆ یعنی ان اختلاف اور فرقہ وارانہ کشمکش کی موجودگی میں ہم نے آپ کو دین کے صحیح راستہ پر قائم کردیا تو آپ کو اور آپ کی امت کو چاہئے کہ اس راستہ پر برابر مستقیم رہے کبھی بھول کر بھی جاہلوں اور نادانوں کی خواہشات پر نہ چلے مثلاً ان کی خواہش یہ ہے کہ آپ ان کے طعن و تشنیع اور ظلم وتعدی سے تنگ آ کر دعوت و تبلیغ ترک کردیں یا مسلمانوں میں بھی ویسا ہی اختلاف و تفریق پڑ جائے جس میں وہ لوگ خود مبتلا ہیں اندریں صورت واجب ہے کہ ان کی خواہشات کو بالکل پامال کردیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

شَرِيْعَةٍ۔ حق راستہ صراطِ مستقیم جس پر چلنے کا انبیاء کو حکم دیا گیا تھا۔

مِّنَ الْاَمْرِ۔ الامر سے مراد ہے امرِ دین۔

فَاتَّبِعْهَا۔ یعنی اے محمد! آپ شریعت حق پر چلئے۔

وَلَا تَتَّبِعْ۔ بظاہر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب ہے۔ لیکن خطاب کا اصل رُخ امت کی طرف ہے۔

لَا يَعْلَمُوْنَ کا مطلب: علم تو ان کو تھا وہ جانتے تھے لیکن قصداً انہوں نے اللہ کی کتاب پر عمل ترک کردیا تھا اور آیات کتاب کی غلط تاویلیں کرتے تھے تو گویا وہ علم ہی سے محروم تھے جیسے علماء یہود تھے اسی طرح مسلمانوں میں سے وہ فرقے بھی جو راہ حق سے بھٹکے ہوئے تھے اور اپنی خواہشات کے تابع تھے۔ (تفسیر مظہری)

قانونِ شریعت کے اجزاء: قانون شریعت تین چیزوں کا مجموعہ ہے۔ بصیرت ہدایت اور رحمت ترتیب طبعی بھی ایسی ہی ہے انسان کی پہلے آنکھیں کھلتی ہیں تو صحیح راستہ نظر آتا ہے اور منزل مقصود پہچان کر اس کی طرف چلنا شروع کردیتا ہے تو بصیرت راستہ نظر آنا ہوا اور ہدایت منزل تک پہنچانے والے راستہ پر چل پڑتا ہے اور رحمت حصول مقصد اور وصول منزل پر مرتب ہونے والے ثمرہ کا نام ہے۔ (معارف کاندھلوی)

اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا ؕ
وہ ہرگز کام نہ آئیں گے تیرے اللہ کے سامنے ذرا بھی ☆

☆ یعنی ان کی طرف جھکنا تم کو خدا کے ہاں کچھ کام نہ دے گا۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ
اور بے انصاف ایک دوسرے کے رفیق ہیں
وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹﴾
اور اللہ رفیق ہے ڈرنیوالوں کا ☆

سچے مسلمان ☆ یعنی منصف اور راستی پسند مسلمان ظالم اور بے راہ رو کافروں کے رفیق نہیں ہوسکتے۔ وہ تو اللہ کے مطیع بندے ہیں اور اللہ ہی ان کا رفیق و مددگار ہے۔ لازم ہے کہ اسی کی راہ چلیں اور اسی پر بھروسہ رکھیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹﴾۔ اور اللہ تقویٰ والوں کا دوست ہے پس آپ تقویٰ اختیار کیجئے اور شریعت پر چلیے۔ دونوں جملوں سے درپردہ اس طرف اشارہ ہے کہ یہ کافر آپ کو ضرر نہیں پہنچا سکتے کیونکہ یہ ظالم آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں اور اللہ تقویٰ والوں کا دوست ہے اور دونوں کی دوستی میں عظیم الشان فرق ہے۔ (تفسیر مظہری)

هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى
یہ سوجھ کی باتیں ہیں لوگوں کے واسطے اور راہ کی
وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۲۰﴾
اور رحمت ہے اُن لوگوں کے لئے جو یقین لاتے ہیں ☆

بصیرت افروز حقائق ☆ یعنی یہ قرآن بڑی بڑی بصیرت افروز حقائق پر مشتمل ہے لوگوں کو کام کی باتیں اور کامیابی کی راہ سمجھاتا ہے اور جو خوش قسمت اس کی ہدایت و نصائح پر یقین کر کے عمل پیرا ہوتے ہیں ان کے حق

besturdubooks.wordpress.com

میں خصوصی طور پر قرآن رحمت و برکت ہے۔ (تفسیر عثمانی)

بَصَآئِرُ۔ یعنی بصیرت حاصل کرنے کے ذرائع۔ لِلنَّاسِ۔ سب لوگوں کے لئے۔ اس سے دونوں جہاں میں کامیاب ہونے کے طریقے ظاہر ہو جاتے ہیں۔ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ۔ اللہ کی طرف سے راہنمائی اور رحمت ہے۔ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ۔ ان لوگوں کے لئے جو اس کے اللہ کی طرف سے ہونے کا یقین رکھتے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ
کیا خیال رکھتے ہیں جنہوں نے کمائی ہیں بُرائیاں کہ ہم
نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
کر دیں گے ان کو برابر ان لوگوں کے جو کہ یقین لائے اور کئے بھلے کام
سَوَآءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ سَآءَ مَا
ایک سا ہے اُن کا جینا اور مرنا بڑے دعوے ہیں
يَحْكُمُوْنَ ﴿۲۱﴾
جو کرتے ہیں ☆

مومن و کافر ☆ یعنی اللہ تعالیٰ کے شئون حکمت پر نظر کرتے ہوئے کیا کوئی عقلمند یہ گمان کر سکتا ہے کہ ایک بدمعاش آدمی، اور ایک مرد صالح کے ساتھ خداوند تعالیٰ یکساں معاملہ کرے گا۔ اور دونوں کا انجام برابر کر دے گا؟ ہرگز نہیں نہ اس زندگی میں دونوں برابر ہو سکتے ہیں نہ مرنے کے بعد جو حیات طیبہ مومن صالح کو یہاں نصیب ہوتی ہے اور جس نصرت اور علو و رفعت کے وعدے دنیا میں اس سے کئے گئے وہ ایک کافر بدکار کو کہاں میسر ہیں اس کے لئے دنیا میں معیشت ضنک اور آخرت میں لعنت و خسران کے سوا کچھ نہیں الغرض یہ دعویٰ بالکل غلط اور یہ خیال بالکل مہمل ہے کہ اللہ تعالیٰ نیکوں اور بدوں کا مرنا اور جینا برابر کر دے گا۔ اس کی حکمت اس کو مقتضی نہیں بلکہ ضرور ہے کہ دونوں کے اعمال کا ٹھیک ٹھیک نتیجہ ظاہر ہو کر رہے گا اور ہر ایک نیکی یا بدی کے آثار فی الجملہ یہاں بھی مشاہد ہوں اور ان کا پوری طرح مکمل معائنہ موت کے بعد ہو۔ (تفسیر عثمانی)

شان نزول: اس آیت کا نزول مکہ کے ان مشرکوں کے حق میں ہوا جنہوں نے مسلمانوں سے کہا تھا کہ تم جو کچھ کہہ رہے ہو یعنی قیامت اگر واقع میں ہوئی بھی تب بھی ہم تم سے آخرت میں برتر رہیں گے جس طرح دنیا میں ہم کو برتری حاصل ہے۔

كَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا۔ یعنی نیکوکار ایمان والوں کی مثل ہم ان کو کر دیں گے۔

سَوَآءً۔ کالذی سے بدل ہے۔ یعنی جس طرح دنیوی زندگی کے اندر رزق اور صحت میں کافر و مومن برابر ہیں کیا ان کا یہ خیال ہے کہ مرنے کے بعد بھی عزت اور نجات میں یہ لوگ مومنوں کی طرح ہوں گے یا یہ مطلب ہے کہ دنیا اور آخرت میں مومن اللہ کا محبّ ہے اور کافر سے دونوں جہان میں اللہ کی نفرت ہے دونوں فریق برابر نہیں ہو سکتے۔ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ۔ یعنی دونوں فریق کے مساوی ہونے کا ان کا یہ فیصلہ بُرا ہے (غلط ہے)۔

حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ کا قیام اللیل: مسروق کا بیان ہے کہ ایک مکی شخص نے مجھ سے کہا یہ آپ کے بھائی تمیم داری کی قیام گاہ ہے ایک رات صبح تک یا جب صبح ہونے والی ہی تھی اس وقت تک وہ آیت اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ الخ پڑھتے رہے اور رکوع اور سجدے کرتے رہے اور روتے رہے۔ (تفسیر مظہری)

نیک لوگ بروں کے برابر کیسے ہو سکتے ہیں

حضرت ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ جس طرح ببول کے درخت سے انگور پیدا نہیں ہو سکتے اسی طرح بدکار لوگ نیک کاروں کا درجہ حاصل نہیں کر سکتے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ سیرت محمد بن اسحٰق میں ہے کہ کعبۃ اللہ کی نیو میں سے ایک پتھر نکلا تھا جس پر لکھا ہوا تھا کہ تم برائیاں کرتے ہوئے نیکیوں کی اُمید رکھتے ہو یہ بالکل ایسا ہی ہے جیسے کوئی خاردار درخت میں سے انگور چننا چاہتا ہو۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ
اور بنائے اللہ نے آسمان اور زمین جیسے چاہئیں
وَلِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ
اور تاکہ بدلہ پائے ہر کوئی اپنی کمائی کا اور اُن پر
لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾
ظلم نہ ہوگا ☆

زمین و آسمان کا پیغام ☆ یعنی زمین و آسمان کو یونہی بیکار پیدا نہیں کیا بلکہ نہایت حکمت سے کسی خاص مقصد کے لئے بنایا ہے۔ تا ان کے احوال میں غور کر کے لوگ معلوم کر سکیں کہ بے شک جو چیز بنائی گئی ٹھیک موقع سے بنائی اور تا اندازہ کر لیا جائے کہ ضرور ایک دن اس کارخانۂ ہستی کا کوئی عظیم الشان نتیجہ نکلنے والا ہے۔ اسی کو آخرت کہتے ہیں۔ جہاں ہر ایک کو اسکی کمائی کا پھل ملے گا اور جو بویا تھا وہی کاٹنا پڑے گا۔

؎ گندم از گندم بروید جو ز جو — از مکافات عمل غافل مشو (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

چار چیزیں دین کی اصل ہیں: سند ابویعلیٰ میں ہے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' چار چیزوں پر اللہ تعالیٰ نے اپنے دین کی بنا رکھی ہے' جو ان سے ہٹ جائے اور ان پر عامل نہ بنے وہ خدا سے فاسق ہو کر ملاقات کرے گا۔ پوچھا گیا کہ وہ چاروں کیا ہیں؟ فرمایا یہ کہ کامل عقیدہ رکھے کہ حلال وحرام' حکم وممانعت یہ چاروں صرف خدا کی اختیار میں ہیں۔ اس کے حلال کو حلال اور اس کے حرام بتائے ہوئے کو حرام ماننا اس کے حکموں کو قابل تعمیل اور لائق تسلیم جاننا' اس کے منع کئے ہوئے کاموں سے باز آ جانا اور حلال وحرام امر ونہی کا مالک صرف اسی کو جاننا بس یہ دین کی اصل ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

ولتجزی۔ اللہ کی ہستی اس کی قدرت تامہ انصاف اور صفات کاملہ پر استدلال اس کائنات کا مقصد ہے اور یہ بھی غرض ہے کہ ہر شخص کو اس کے کئے کا بدلہ مل جائے۔ کسی پر ظلم نہ ہوگا' یعنی ناکردہ گناہ کو عذاب یا جرم سے زیادہ عذاب نہ دیا جائے گا نہ کسی کے ثواب میں کمی کی جائے گی۔ (تفسیر مظہری)

اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ

بھلا دیکھ تو جس نے ٹھہرا لیا اپنا حاکم اپنی خواہش کو

وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ

اور راہ سے بچلا دیا اُسکو اللہ نے جانتا بوجھتا ☆

بد بخت ☆ یعنی اللہ جانتا تھا کہ اس کی استعداد خراب ہے اور اسی قابل ہے کہ سیدھی راہ سے ادھر ادھر بھٹکتا پھرے۔ یا یہ مطلب ہے کہ وہ بد بخت علم رکھنے کے باوجود اور سمجھنے بوجھنے کے بعد گمراہ ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

شان نزول: ابن جریر اور ابن المنذر کا بیان ہے اور بغوی نے سعید بن جبیر کی طرف بھی اس بیان کی نسبت کی ہے کہ عرب پتھروں کی اور سونے چاندی کی پوجا کرتے تھے' جب کوئی پتھر پہلے سے اچھا مل جاتا تو پہلے پتھر کو پھینک دیتے توڑ ڈالتے اور دوسرے کو پوجنے لگتے' اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

سب سے بُرا بُت: حضرت ابوامامہؓ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ زیر آسمان دُنیا میں جتنے معبودوں کی عبادت کی گئی ہے اُن میں سب سے زیادہ مبغوض اللہ کے نزدیک ہوائی ہے یعنی خواہش نفسانی۔

عقل مند کون ہے: حضرت شداد ابن اوسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دانشمند وہ شخص ہے جو اپنے نفس کو قابو میں رکھے اور مابعد الموت کے واسطے عمل کرے اور فاجر وہ ہے جو اپنے نفس کو اسکی خواہش کے پیچھے چھوڑ دے اور اسکے باوجود اللہ سے آخرت کی بھلائی کی تمنا کرتا ہے۔

ایک بیماری جو خود اپنی دوا بھی ہے

حضرت سہل بن عبداللہ تستریؒ نے فرمایا کہ تمہاری بیماری تمہاری نفسانی خواہشات ہیں۔ ہاں اگر تم ان کی مخالفت کرو تو یہ بیماری ہی تمہاری دوا بھی ہے (یہ سب روایات قرطبی سے لی گئی ہیں) (معارف مفتی اعظم)

اَفَرَءَيْتَ۔ فرأیت سے پہلے ایک جملہ محذوف ہے پورا کلام اس طرح تھا کیا آپ اس کو ہدایت کرنا چاہتے ہیں اور آپ نے دیکھ بھی لیا ہے کہ اس نے اپنی خواہشات کو اپنا معبود بنا رکھا ہے ایسے آدمی کو کون ہدایت کر سکتا ہے۔ یہ اللہ کے اوامر ونواہی کو ترک کر کے اپنی نفسانی خواہشات کے پیچھے پڑا ہوا ہے گویا اس نے خواہشات کو اپنا معبود بنا لیا ہے۔

حضرت ابن عباسؓ، حسن اور قتادہ نے آیت کے مطلب کی توضیح اس طرح کی ہے اس کافر نے اپنا دین نفسانی ہوا وہوس کو بنا رکھا ہے' پس جس بات کی خواہش ہوتی ہے اس کو اختیار کرتا ہے کیونکہ اللہ پر اس کا ایمان نہیں وہ خدا سے ڈرتا نہیں اور جس کام سے اللہ نے روکا ہے اُس سے رُکتا نہیں۔

بعض لوگوں نے یہ مطلب بیان کیا ہے اس نے اپنا معبود ہوا اور ہوس کو بنا رکھا ہے' اپنی نفسانی خواہشات کی پوجا کرتا ہے۔

شعبی نے کہا ہویٰ کو ہوا اس لئے کہا جاتا ہے (کہ ہوٰی کا معنی ہے لڑھکانا' نیچے گرانا اور) خواہشات اپنے پرستار کو دوزخ میں گرا دیتی ہیں۔

علیٰ علم۔ یعنی اللہ اس کی گمراہی اور (فطری) استعداد کی خرابی کو جانتا تھا اس بناء پر اس کو گمراہ کیا یا یہ مطلب ہے کہ اس کو پیدا کرنے سے اللہ کو علم تھا کہ یہ گمراہ ہوگا۔

علم کی وجہ سے صحابی رضی اللہ عنہ کا خوف

حضرت ابوعبداللہ صحابیؓ کی عیادت کے لئے لوگ گئے تو آپ کو روتا پایا۔ دریافت کیا آپ کیوں روتے ہیں کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نہیں فرمایا تھا کہ اپنی لبیں لے لو پھر اس پر قائم رہو یہاں تک کہ (مرنے کے بعد) مجھ سے آ کر ملو۔ حضرت ابوعبداللہ نے فرمایا' ہاں یہ تو ہے لیکن یہ بھی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے کہ اللہ نے اپنی داہنی مٹھی میں کچھ (روحوں کو) لیا اور کچھ (روحوں) کو بائیں ہاتھ کی مٹھی میں لیا اور فرمایا یہ اس کے لئے (یعنی جنت کے لئے) ہیں اور یہ اس کے لئے (یعنی جہنم کے لئے) ہیں اور میں (سب سے) بے پرواہ ہوں' اب مجھے معلوم نہیں کہ میں کس مٹھی میں تھا۔ (تفسیر مظہری)

وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ

اور مہر لگا دی اُسکے کان پر اور دل پر اور ڈال دی

عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ۭ فَمَنْ يَّهْدِيْهِ

اُس کی آنکھ پر اندھیری پھر کون راہ پر لائے اُس کو

مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۳﴾

اللہ کے سوائے سو کیا تم غور نہیں کرتے ☆

besturdubooks.wordpress.com

خواہش پرستی ☆ جو شخص محض خواہش نفس کو اپنا حاکم اور معبود ٹھہرا لے، جدھر اس کی خواہش لے چلے ادھر ہی چل پڑے اور حق و ناحق کے جانچنے کا معیار اسکے پاس یہ ہی خواہش نفس رہ جائے، اللہ تعالیٰ بھی اسے اس کی اختیار کردہ گمراہی میں چھوڑ دیتا ہے پھر اس کی حالت یہ ہو جاتی ہے کہ نہ کان نصیحت کی بات سنتے ہیں نہ دل بچی بات کو سمجھتا ہے نہ آنکھ سے بصیرت کی روشنی نظر آتی ہے ظاہر ہے کہ اللہ جس کو اس کی کرتوت کی بدولت ایسی حالت پر پہنچا دے کونسی طاقت ہے جو اس کے بعد اسے راہ پر لے آئے۔ (تفسیر عثانی)

عالم آخرت اور اس میں جزا و سزا: یہ بات تو ہر شخص کے مشاہدہ میں ہے کسی کو اس سے انکار کی گنجائش نہیں کہ دنیا میں اچھے بُرے اعمال کا بدلہ پورا نہیں ملتا' بلکہ عام طور سے کفار فجار دولت دنیا اور عیش و عشرت میں زندگی گزارتے ہیں اور اللہ کے اطاعت شعار بندے فقر و فاقہ اور مصائب و آفات میں مبتلا رہتے ہیں۔ اول تو دنیا میں بدکردار مجرموں کے جرم کا علم ہی اکثر نہیں ہوتا۔ علم بھی ہو گیا تو اکثر پکڑے نہیں جاتے' کبھی پکڑے بھی گئے تو حلال حرام جھوٹ سچ کی پروا کئے بغیر سزا سے بچنے کے راستے ڈھونڈ لیتے ہیں اور سینکڑوں میں کسی ایک کو سزا ہو بھی گئی تو وہ بھی اسکے عمل کی پوری سزا نہیں ہوتی۔ اس طرح خدا تعالیٰ کے باغی اپنی خواہشات کے پیرو اس دنیا کی زندگی میں دندناتے پھرتے رہتے ہیں اور بیچارے مومن پابند شریعت بہت سی دولت اور لذتوں کو تو حرام سمجھ کر چھوڑ دیتے ہیں اور مصائب و آفات سے بچنے کے لئے بھی صرف جائز طریقے اختیار کرتے ہیں اس لئے دنیا میں اُن کا بڑی راحتوں اور لذتوں سے محروم رہنا ظاہر ہے۔ اور جب یہ معلوم ہو گیا کہ اس دنیا میں اعمال کی پوری جزا نہیں ملتی تو اب اگر اس دنیا کے بعد دوسرا عالم آخرت اور اسمیں دوبارہ زندگی اور جزا و سزا کا نفاذ نہ ہو تو پھر دنیا میں کسی چوری' ڈاکے' زنا' قتل وغیرہ کو جرم کہنا حماقت کے سوا کیا ہے۔ یہ لوگ تو اکثر دنیا میں بڑی کامیاب زندگی گزارتے ہیں۔ ایک چور ڈاکو رات بھر میں اتنی دولت حاصل کر لیتا ہے جو ایک گریجویٹ سالوں کی ملازمت اور محنت سے حاصل نہیں کر سکتا' تو اگر آخرت اور اسکا حساب کتاب کچھ نہ ہو تو اس چور ڈاکو کو اس شریف گریجویٹ سے بہتر اور افضل کہنا پڑے گا جو کوئی ذی عقل گوارا نہیں کر سکتا۔ رہا یہ کہنا کہ ان لوگوں پر دنیا میں سخت سزائیں ہر حکومت میں مقرر ہیں مگر آجکل کا تجربہ یہ بتلا رہا ہے کہ مجرم صرف وہ پکڑا جاتا ہے جو بے وقوف ہو' ہوشیار عادی مجرم کے لئے سزا سے بچنے کے راستے کھلے ہوئے ہیں' ایک رشوت ہی کا چور دروازہ انکے فرار کیلئے کافی ہے۔ (معارف کاندھلوی)

وَقَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ

اور کہتے ہیں اور کچھ نہیں بس یہی ہے ہمارا جینا دنیا کا ہم مرتے ہیں

وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ

اور جیتے ہیں اور ہم جو مرتے ہیں سو زمانہ سے ☆

بے وقوفانہ استدلال ☆ یعنی اس دنیا کی زندگی کے سوا کوئی دوسری زندگی نہیں بس یہ ہی ایک جہان ہے جس میں ہمارا مرنا اور جینا ہے۔ جیسے بارش ہونے پر سبزہ زمین سے اگا، خشکی ہوئی تو سوکھ کر ختم ہو گیا، یہ ہی حال آدمی کا سمجھو، ایک وقت آتا ہے پیدا ہوتا ہے۔ پھر معین وقت تک زندہ رہتا ہے، آخر زمانہ کا چکر اسے ختم کر دیتا ہے۔ یہ ہی سلسلہ موت و حیات کا دنیا میں چلتا رہتا ہے۔ آگے کچھ نہیں۔ (تفسیر عثانی)

مشرکین اور فلاسفہ کی نادانی: فلاسفہ کے نزدیک زمانہ حرکت فلکیہ کا نام ہے تو اس نوع کے لوگ فلک کو بُرا بھلا کہہ کر اپنا دل ٹھنڈا کرتے ہیں۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی مخالفت کرتے ہوئے ارشاد فرمایا لا تسبوا الدھر فان اللہ ھو الدھر کہ زمانہ کو گالیاں نہ دیا کرو اللہ ہی کی قدرت و ارادہ زمانہ اور زمانہ کے تغیرات ہیں ایک حدیث میں آپ نے اس کی ممانعت فرمائی کہ کوئی شخص یہ کہے افسوس زمانہ کی بدنصیبی و ناکامی یا نحوست' اور ایک حدیث قدسی کا مضمون ہے حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ابن آدم مجھے تکلیف پہنچاتا ہے زمانہ کو برا کہتا ہے حالانکہ زمانہ تو میں ہی ہوں میرے ہی قبضہ میں رات دن ہے جس طرح چاہوں زمانہ کو لوٹاتا پلٹاتا رہتا ہوں۔ واللہ اعلم بالصواب۔ روح المعانی جلد ۲۵۔ تفسیر ابن کثیر جلد ۴۔ (معارف کاندھلوی)

دہر کا معنی اور مشرکین کا استدلال: لفظ دہر دراصل اس تمام مدت کے مجموعہ کا نام ہے جو اس عالم کی ابتداء سے انتہا تک ہے۔ اور کبھی بہت بڑی مدت کو بھی دہر کہہ دیا جاتا ہے۔ کفار نے یہ قول بطور دلیل کے پیش کیا ہے کہ ہماری موت و حیات کا خدا کے حکم و مشیت سے کوئی تعلق نہیں بلکہ اسباب طبعیہ کے تابع ہے جسکا مشاہدہ موت کے متعلق تو سب کرتے ہیں کہ اعضاء انسانی اور اسکی قوتیں استعمال کے سبب گھٹتی رہتی ہیں اور ایک زمانہ دراز گزر جانے کے بعد وہ بالکل معطل ہو جاتی ہیں اسی کا نام موت ہے اسی پر حیات کو بھی قیاس کر لو کہ وہ بھی کسی خدائی حکم سے نہیں بلکہ مادہ کی طبعی حرکتوں سے حاصل ہوتی ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَمَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ اِنْ

اور اُن کو کچھ خبر نہیں اُس کی محض

هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ﴿۲۴﴾

اٹکلیں دوڑاتے ہیں ☆

besturdubooks.wordpress.com

زمانہ کو برا کہنے کا نتیجہ ☆یعنی زمانہ نام ہے دہر کا۔ وہ کچھ کام کرنے والا نہیں کیونکہ نہ اس میں حس ہے نہ شعور نہ ارادہ، لامحالہ وہ کسی اور چیز کو کہتے ہوں گے جو معلوم نہیں ہوتی لیکن دنیا میں اس کا تصرف چلتا ہے پھر اللہ ہی کو کیوں نہ کہیں جسکا وجود اور متصرف علی الاطلاق ہونا دلائل فطریہ اور براہین عقلیہ ونقلیہ سے ثابت ہو چکا ہے، اور زمانہ کا الٹ پھیر اور رات دن کا ادل بدل کرنا اسی کے ہاتھ میں ہے، اسی معنی سے حدیث میں بتلایا گیا کہ دہر اللہ ہے اس کو برا نہ کہنا چاہئے کیونکہ جب آدمی دہر کو برا کہتا ہے اسی نیت سے کہتا ہے کہ حوادث دہر اسکی طرف منسوب ہیں حالانکہ تمام حوادث دہر اللہ کے ارادے اور مشیت سے ہیں تو دہر کی برائی کرنے سے حقیقت میں اللہ تعالیٰ کی جناب میں گستاخی ہوتی ہے۔ اعاذنا اللہ منہ۔ (تفسیر عثمانی)

علم کے حصول کے دو طریقے: (۱) بغیر غور وفکر اور بلا سوچ وبچار کے (اس علم کو بدیہی کہتے ہیں)۔ (۲) اور غور وفکر کے بعد (اس علم کو برہانی اور استدلالی کہتے ہیں)۔ اور زمانہ کا مؤثر حقیقی ہونا نہ بداہۃً معلوم ہے نہ کوئی دلیل ایسی ہے جس سے اس کا ثبوت ہو سکتا ہو اس لئے کافروں کو اس کا علم ہی نہیں ہے بلکہ ایک صانع حکیم کی ہستی کا ثبوت مختلف دلائل سے ملتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ مَّا
اور جب سنائی جائیں انکو ہماری آیتیں کھلی کھلی
كَانَ حُجَّتَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ
اور کچھ دلیل نہیں اُن کی مگر یہی کہ کہتے ہیں لے آؤ ہمارے باپ
اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۵﴾
دادوں کو اگر تم سچے ہو ☆

مشرکین کا مطالبہ ☆یعنی جب قرآن کی آیات یا بعث بعد الموت کی دلائل اس کو سنائی جاتی ہیں تو کہتا ہے کہ میں کسی دلیل کو نہیں مانوں گا۔ بس اگر تم اپنے دعوے میں سچے ہو تو ہمارے مرے ہوئے باپ دادوں کو زندہ کر کے دکھلا دو تب ہم تسلیم کریں گے، بے شک موت کے بعد دوبارہ زندہ ہونا حق ہے۔ (تفسیر عثمانی)

بَيِّنٰتٍ۔ یعنی واضح آیات جو مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونے پر کھلے طور پر دلالت کر رہی ہیں اور منکرین کے عقیدے کے خلاف کھلا ثبوت پیش کر رہی ہیں۔ یا بینات سے مراد ہیں کھول کر بیان کرنے والی آیات۔

حُجَّتَهُمْ۔ یعنی کوئی ایسی بات جس سے استدلال کر سکیں۔ مشرکوں اور منکروں کے قول کو حجت صرف اس کے خیال کے اعتبار سے فرمایا۔ (تفسیر مظہری)

قُلِ اللّٰهُ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ
تو کہہ کہ اللہ ہی جلاتا ہے تم کو پھر مارے گا تم کو پھر
يَجْمَعُكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا
اکٹھا کریگا تم کو قیامت کے دن اُس میں
رَيْبَ فِيْهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ
کچھ شک نہیں پر بہت لوگ
لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾
نہیں سمجھتے ☆

جواب ☆یعنی جس نے ایک مرتبہ زندہ کیا پھر مارا، اسے کیا مشکل ہے کہ دوبارہ زندہ کر کے سب کو ایک جگہ اکٹھا کر دے۔ (تفسیر عثمانی)

يُحْيِيْكُمْ۔ یعنی جس وقت چاہتا ہے تم کو زندہ رکھتا ہے۔ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ۔ پھر جب چاہتا ہے تم کو موت دیتا ہے۔ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ۔ پھر سزا جزا کے لئے تم کو جمع کرے گا۔ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔ اس میں الیٰ زائد ہے یا بمعنی لام ہے یعنی لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔ قیامت کے دن۔ لَا رَيْبَ فِيْهِ۔ یعنی وقوع قیامت میں ذرا شک نہیں کیونکہ اللہ کا وعدہ حق ہے جھوٹا نہیں ہو سکتا جو ایجاد (آغاز آفرینش) پر قادر۔ وہ دوبارہ زندہ کرنے کی بھی قدرت رکھتا ہے اور سزا جزا حکمت کا تقاضا ہے (عقل چاہتی ہے کہ اعمال کا بدلہ ضرور ہو)۔ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ۔ لیکن اکثر لوگ چونکہ کوتاہ نظر ہیں قلیل التفکر ہیں اس لئے اللہ کی قدرت کو نہیں جانتے۔ (تفسیر مظہری)

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ
اور اللہ ہی کا راج ہے آسمانوں میں اور زمین میں
وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّخْسَرُ
اور جس دن قائم ہو گی قیامت اُس دن خراب
الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۲۷﴾
ہوں گے جھوٹے ☆

قیامت میں حقیقت کھلے گی ☆اس دن ذلیل وخوار ہو کر پتہ لگے گا کہ کس دھوکہ میں پڑے ہوئے تھے۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

وَتَرٰی کُلَّ اُمَّۃٍ جَاثِیَۃً

اورتو دیکھے ہر فرقہ کو کہ بیٹھے ہیں گھٹنوں کے بل☆

☆یعنی خوف وہیبت سے۔ (تفسیر عثمانی)

جَاثِیَۃً کا معنی: جُثو سے مشتق ہے جس کے معنی گھٹنوں کے بل بیٹھنے کے ہیں اور حضرت سُفیان نے فرمایا۔ جُثو اس طرح بیٹھنے کو کہتے ہیں جس طرح زمین پر صرف گھٹنے اور پاؤں کے پنجے تک جائیں' اس طرح کی نشست ہول اور خوف کی وجہ سے ہوگی۔

تمام اہل محشر پر خوف طاری ہوگا: اور ظاہر کُلَّ اُمَّۃٍ کے لفظ سے یہ ہے کہ یہ صورت خوف تمام اہل محشر مومن کافر نیک و بد سب کو پیش آئے گی اور بعض دوسری آیات اور روایات میں جو محشر کے خوف وفزع سے انبیاء وصلحاء کو مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے یہ اسکے منافی نہیں' کیونکہ ممکن ہے کہ یہ دہشت وخوف تھوڑی مدت کے لئے انبیاء وصلحاء پر بھی طاری ہو مگر تھوڑی دیر قلیل ہونے کی بناء پر اسکو نہ ہونے کے حکم میں رکھا گیا اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ کُلَّ اُمَّۃٍ سے مراد عام اہل محشر نہ ہوں بلکہ اکثر مراد ہوں جیسا کہ لفظ کُل بعض اوقات اکثر کے لئے بولا جاتا ہے' اور بعض حضرات مفسرین نے جاثیہ کے معنی ایسی نشست کے کئے ہیں جیسے نماز میں ہوتی ہے تو پھر وہ اشکال خود ہی ختم ہوجاتا ہے کیونکہ یہ نشست خوف کی نہیں ادب کی نشست ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

جاثیہ کا ایک اور مفہوم: بغوی نے لکھا ہے جاثیہ دوزانوں بیٹھنے والی فریق معاملہ جب حاکم کے سامنے اپنا معاملہ پیش کرتا ہے تو دوزانوں بیٹھ کر پیش کرتا ہے اور فیصلہ کا انتظار کرتا ہے۔ حضرت علیؓ نے فرمایا' میں ہی سب سے پہلا شخص ہوں گا جو دوزانوں ہوکر اللہ کے روبرو اپنا جھگڑا پیش کرے گا۔ ہم نے سورۃ حج کی آیت هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِیْ رَبِّهِمْ کی تفسیر میں اس کی وضاحت کردی ہے۔

حضرت سلمان فارسیؓ نے فرمایا قیامت کے دن ایک ساعت ایسی ہوگی جو دس سال کی ہوگی سب لوگ اس مدت کے دوران دوزانوں پڑے ہوں گے۔ یہاں تک کہ حضرت ابراہیمؑ بھی پکار اٹھیں گے نفسی نفسی۔ میں صرف اپنے نفس کے بچاؤ کی تجھ سے درخواست کرتا ہوں۔ (تفسیر مظہری)

كُلُّ اُمَّۃٍ تُدْعٰٓی اِلٰی كِتٰبِهَا ؕ اَلْیَوْمَ

ہر فرقہ بلایا جائے اپنے اپنے دفتر کے پاس آج

تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٢٨﴾

بدلہ پاؤ گے جیسا تم کرتے تھے☆

سب کو اعمال نامے دیئے جائیں گے

☆یعنی اعمالنامہ کی طرف بلایا جائے گا کہ آؤ اسکے موافق حساب دو آج ہر ایک کو اسی کا بدلہ ملے گا جو اس نے دنیا میں کمایا تھا۔ (تفسیر عثمانی)

کتاب سے مراد اس جگہ اکثر مفسرین کے نزدیک وہ نامۂ اعمال ہے جو فرشتے دنیا میں لکھتے رہے تھے اور اب محشر میں یہ صحائف اعمال اُڑا دیئے جائیں گے ہر ایک آدمی کا نامۂ اعمال اسکے ہاتھ میں پہنچ جائیگا اور اس سے کہا جائے گا اِقْرَاْ كِتٰبَكَ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْیَوْمَ عَلَیْكَ حَسِیْبًا یعنی اپنا نامۂ اعمال پڑھ لو اور خود ہی حساب لگالو کہ تمہیں ان اعمال کا کیا بدلہ ملنا چاہئے۔ اور اس اعمال نامہ کی طرف بُلانے کا مطلب انکے حساب کی طرف بُلانا ہے جیسا کہ خلاصۂ تفسیر میں آچکا ہے۔ واللہ اعلم۔ (معارف مفتی اعظم)

هٰذَا كِتٰبُنَا یَنْطِقُ عَلَیْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ

یہ ہمارا دفتر ہے بولتا ہے تمہارے کام ٹھیک☆

☆یعنی جو کام کئے تھے یہ اعمالنامہ ٹھیک ٹھیک وہی بتلاتا ہے۔ ذرہ بھر کمی بیشی نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت سفیان ثوریؒ کی معافری کو نصیحت

حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ جب مدینہ میں تشریف لائے تو آپ نے سنا کہ معافری ایک ظریف شخص ہیں لوگوں کو اپنے کلام سے ہنسایا کرتے ہیں' تو آپ نے انہیں نصیحت کی اور فرمایا کیوں جناب کیا آپ کو معلوم نہیں کہ ایک دن آئے گا جس میں باطل والے خسارے میں پڑیں گے۔ اس کا بہت اچھا اثر ہوا اور حضرت معافریؒ مرتے دم تک اس نصیحت کو نہ بھولے (ابن ابی حاتم)۔

نامۂ اعمال اور لوح محفوظ کا تقابل

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما وغیرہ فرماتے ہیں کہ فرشتے بندوں کے اعمال لکھتے ہیں پھر انہیں لے کر آسمان پر چڑھتے ہیں۔ آسمان کے دیوان عمل کے فرشتے اس نامۂ اعمال کو لوح محفوظ میں لکھے ہوئے اعمال سے ملاتے ہیں جو ہر رات اس کی مقدار کے مطابق ان پر ظاہر ہوتا ہے جسے خدا نے اپنی مخلوق کی پیدائش سے پہلے ہی لکھا ہے تو ایک حرف کی کمی زیادتی نہیں پاتے' پھر آپ نے اسی آخری جملہ کی تلاوت فرمائی۔ (تفسیر ابن کثیر)

اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ

ہم لکھواتے جاتے تھے جو کچھ تم

تَعْمَلُوْنَ ﴿٢٩﴾

کرتے تھے☆

besturdubooks.wordpress.com

اعمال کی رپورٹ: یعنی ہمارے علم میں تو ہر چیز ازل سے ہے۔ مگر ضابطہ میں ہمارے فرشتے لکھنے پر مامور تھے ان کی لکھی ہوئی مکمل رپورٹ آج تمہارے سامنے ہے۔ (تفسیر عثمانی)

بعض علماء نے نستنسخ کا ترجمہ کیا ہم اعمالناموں کی نقل کرا لیتے تھے۔ اعمال لکھنے والے دونوں فرشتے آدمی کے اعمال اوپر لے جاتے ہیں اللہ ان میں سے ایسے اعمال کو قائم رکھتا ہے جن پر ثواب یا عذاب مرتب ہوتا ہے اور جو اعمال بیکار ہوتے ہیں ان کو ساقط کر دیتا ہے جیسے کوئی کسی سے کہتا ہے آ۔ جا وغیرہ۔ (تفسیر مظہری)

فاما الذين امنوا وعملوا

سو جو لوگ یقین لائے ہیں اور بھلے

الصلحت فيدخلهم ربهم

کام کئے سو اُن کو داخل کرے گا اُن کا رب

في رحمته ذلك هو الفوز

اپنی رحمت میں یہ جو ہے یہی ہے صریح

المبين ﴿۳۰﴾

مراد ملنی ☆

مؤمنین کا انعام ☆یعنی جنت میں جہاں اعلیٰ درجہ کی رحمت اور ہر قسم کی مہربانیاں ہوں گی۔ (تفسیر عثمانی)

واما الذين كفروا افلم تكن

اور جو منکر ہوئے کیا تم کو سنائی

ايتي تتلى عليكم فاستكبرتم

نہ جاتی تھیں باتیں میری پھر تم نے غرور کیا

وكنتم قوما مجرمين ﴿۳۱﴾

اور ہو گئے تم لوگ گنہگار ☆

کافروں کا حال ☆یعنی ہماری طرف سے نصیحت فہمائش اور اتمام حجت کا کوئی دقیقہ اٹھا کر نہ رکھا گیا۔ اس پر بھی تمہارے غرور کی گردن نیچی نہ ہوئی۔ آخر پکے مجرم بن کر رہے یا "وَكُنْتُمْ قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ" کا مطلب یہ لیا جائے کہ تم پہلے ہی سے جرائم پیشہ تھے۔ (تفسیر عثمانی)

واذا قيل ان وعد الله حق

اور جب کہئے کہ وعدہ اللہ کا ٹھیک ہے

والساعة لا ريب فيها قلتم ما

اور قیامت میں کچھ شبہ نہیں تم کہتے تھے

ندري ما الساعة ان نظن الا

ہم نہیں سمجھتے کیا ہے قیامت ہم کو آتا تو ہے

ظنا وما نحن بمستيقنين ﴿۳۲﴾

ایک خیال سا اور ہم کو یقین نہیں ہوتا ☆

مشرکین پر اتمام حجت

☆یعنی ہم نہیں جانتے قیامت کیسی ہوتی ہے۔ تم جو کچھ قیامت کے عجیب و غریب احوال بیان کرتے ہو ہم کو کسی طرح ان کا یقین نہیں ہوتا۔ یوں سنی سنائی باتوں سے کچھ ضعیف سا امکان اور دھندلا سا خیال کبھی آ جائے وہ دوسری بات ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وبدا لهم سيات ما عملوا وحاق

اور کھل جائیں اُن پر برائیاں اُن کاموں کی جو کیے تھے اور اُلٹ

بهم ما كانوا به يستهزءون ﴿۳۳﴾

پڑے اُن پر وہ چیز جس پر ٹھٹھا کرتے تھے ☆

☆یعنی جب قیامت آئے گی ان کی تمام بدکاریاں اور ان کے نتائج سامنے آ جائیں گے اور عذاب وغیرہ کی دھمکیوں کا جو مذاق اڑایا کرتے تھے وہ خود ان ہی پر الٹ پڑے گا۔ (تفسیر عثمانی)

وقيل اليوم ننسكم كما نسيتم

اور حکم ہو گا کہ آج ہم تم کو بھلا دیں گے جیسے تم نے بھلا دیا تھا

لقاء يومكم هذا

اپنے اس دن کی ملاقات کو ☆

بھولنے کی سزا ☆یعنی دنیا میں تم نے آج کے دن کو یاد نہ رکھا تھا آج ہم تم

besturdubooks.wordpress.com

کومہربانی سے یاد نہ کریں گے ہمیشہ کے لئے اسی طرح عذاب میں پڑا چھوڑ دیں گے جیسے تم نے اپنے کو دنیا کے مزوں میں پھنسا کر چھوڑ دیا تھا۔ (تفسیر عثمانی)

بھولنے کا مطلب: جس طرح تم نے آج کی ملاقات کی تیاری ترک کر دی تھی اور اس کی پرواہ بھی نہیں کی تھی۔ لِقَآءَ یَوْمِکُمْ میں مصدر کی اضافت ظرف کی طرف ہے۔ یعنی اپنے رب سے ملنے کے دن کی تیاری یا اعمال کا بدلہ پانے کے دن کی تیاری تم نے ترک کر دی تھی۔ (تفسیر مظہری)

وَمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ
اور گھر تمہارا دوزخ ہے اور کوئی نہیں تمہارا
نّٰصِرِيْنَ ۞ ذٰلِكُمْ بِاَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ
مددگار یہ تم پر اس واسطے کہ تم نے پکڑا اللہ کی
اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا
باتوں کو ٹھٹھا اور بہکے رہے دنیا کی زندگانی پر ☆

غلط خیال ☆ یعنی دنیا کے مزوں میں پڑ کر خیال ہی نہ کیا کہ یہاں سے کبھی جانا اور خدا کے سامنے پیش ہونا بھی ہے اور اگر کبھی کچھ خیال آیا بھی تو یوں سمجھ کر دل کی تسلی کر لی کہ جس طرح دنیا میں ہم مسلمانوں سے مقابل ہیں وہاں بھی ہمارا یہی زور رہے گا۔ (تفسیر عثمانی)

فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُوْنَ مِنْهَا وَلَا
سو آج نہ اُن کو نکالنا منظور ہے وہاں سے اور نہ
هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ۞
ان سے مطلوب ہے توبہ ☆

قیامت آنے پر کافروں کے لئے تمام مواقع ختم ہو جائیں گے

☆ یعنی نہ ان کو دوزخ سے نکالا جائے گا نہ یہ موقع دیا جائے گا کہ وہ اب خدا کو راضی کرنے کی کوشش کریں۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی ان سے اس بات کی طلب نہیں کی جائے گی کہ توبہ کر کے اللہ کو راضی کرلو۔ کیونکہ توبہ کا وقت گذر چکا ہوگا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا موت کے بعد طلب رضامندی (کی گنجائش) نہ ہوگی۔ کیونکہ رضامندی کا حصول اعمال پر موقوف ہے۔ اور اعمال کا وقت (مرنے کے بعد) گذر چکا ہے۔ صاحب نہایہ نے لکھا ہے عُتبیٰ گناہ اور بدکاری سے لوٹ جانا (توبہ کرنا) بغوی نے (اسی معنی کے لحاظ سے) لکھا ہے ان سے طلب نہیں کی جائے گی کہ اللہ کی طاعت کی طرف لوٹ آئیں۔ (تفسیر مظہری)

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ
سو اللہ ہی کے واسطے ہے سب خوبی جو رب ہے آسمانوں کا اور رب
الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۞ وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ
ہے زمین کا رب سارے جہان کا اور اُسی کے لئے بڑائی ہے
فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۖ وَهُوَ
آسمانوں میں اور زمین میں اور وہی ہے
الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۞
زبردست حکمت والا ☆

اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرو ☆ چاہئے کہ آدمی اسی کی طرف متوجہ ہو اس کے احسانات وانعامات کی قدر کرے اس کی ہدایات پر چلے سب کو چھوڑ کر اسی کی خوشنودی حاصل کرنے کی فکر رکھے اور اس کی بزرگی وعظمت کے سامنے ہمیشہ بااختیار خود مطیع ومنقاد رہے۔ کبھی سرکشی وتمرد کا خیال دل میں نہ لائے۔ حدیث قدسی میں ہے "الکبر یاء ردائی و العظمة ازاری فمن نازعنی واحداً منهما قذفته فی النار" (کبریائی میری چادر اور عظمت میرا تہ بند ہے لہٰذا جو کوئی ان دونوں میں سے کسی میں مجھ سے منازعت اور کشمکش کرے گا، میں اسے اٹھا کر آگ میں پھینک دوں گا اللهم اجعلنا مطیعین لامرک وجنبنا غضبک وقنا عذاب النار انک سمیع قریب مجیب الدعوات۔ تم سورة الجاثیہ بعونہ وصونہ فللہ الحمد والمنة وبہ التوفیق والعصمة۔ (تفسیر عثمانی)

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ۔ اللہ ہی کے لئے تعریف ہے کہ اس نے مومنوں اور کافروں سے جو وعدہ کیا تھا اس کو پورا کیا۔ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ۔ اللہ کی ربوبیت اس کی ایک مستقل نعمت ہے جو اس کے کمال قدرت پر دلالت کر رہی ہے اسی لئے لفظ کو مکرر ذکر کیا۔ وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔ یعنی اللہ کی عظمت و بزرگی کے آثار آسمان و زمین میں ظاہر ہیں۔ الْعَزِيْزُ۔ ایسا زبردست جس پر کوئی غالب نہ آسکے۔ اس کے مقابلہ میں بڑا ہونے کا دعویٰ کسی کے لئے جائز نہیں۔ الْحَكِيْمُ۔ اس کا اندازہ اور فیصلہ پُر حکمت ہے۔

الحمدللہ سورۂ جاثیہ کی تفسیر ختم ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

جو شخص اس کی خواب میں تلاوت کرے اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ اپنے والدین کا نافرمان ہوگا لیکن آخری عمر میں اس کو اچھی توبہ نصیب ہوگی۔

سُوْرَةُ الْاَحْقَافِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسٌ وَّ ثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّ اَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ احقاف مکہ میں نازل ہوئی اور اس میں پینتیس آیتیں ہیں اور چار رکوع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

﴿شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے﴾

حٰمٓ ○ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ

اُتارنا کتاب کا ہے اللہ زبردست

الْحَكِيْمِ ○ مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

حکمت والے کی طرف سے ہم نے جو بنائے آسمان اور زمین

وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ط

اور جو اُن کے بیچ میں ہے سو ٹھیک کام پر اور ایک ٹھہرے وعدہ پر ☆

کارخانۂ کائنات بے مقصد نہیں

☆ یعنی آسمان و زمین، اور یہ سب کارخانہ اللہ تعالیٰ نے بیکار نہیں بنایا بلکہ کسی خاص غرض و مقصد کے لئے پیدا کیا ہے جو ایک معین میعاد اور ٹھہرنے ہوئے وعدہ تک یوں ہی چلتا رہے گا تا آنکہ اس کا نتیجہ ظاہر ہو اسی کو آخرت کہتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

کائنات کا پیغام حال: یہ ساری کائنات بتا رہی ہے کہ ان کا ایک بنانے والا ہے جو قدیم ہے اور حکمت والا ہے۔ یہ سارا جہان یہ بات بھی بتا رہا ہے کہ حسب تقاضائے حکمت و انصاف سزا جزا دینے کے لئے انسانوں کو دوبارہ زندہ کر کے اٹھایا جائے گا۔ (تفسیر مظہری)

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا

اور جو لوگ منکر ہیں وہ ڈر کو سن کر

مُعْرِضُوْنَ ○

منہ پھیر لیتے ہیں ☆

کافروں کی بے فکری ☆ یعنی برے انجام سے ڈرتے نہیں، اور آخرت کی تیاری نہیں کرتے۔ جب آخرت کی بات سنی ایک کان سے سنی دوسرے کان سے نکال دی۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

تو کہہ بھلا دیکھو تو جن کو تم پکارتے ہو اللہ کے سوائے

اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ

دکھلاؤ تو مجھ کو انہوں نے کیا بنایا زمین میں

اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ط

یا اُن کا کچھ ساجھا ہے آسمانوں میں ☆

زمین و آسمان کس نے بنائے: ☆ یعنی خداوند قدوس نے تو آسمان و زمین اور کل مخلوقات بنائی کیا سچے دل سے کہہ سکتے ہو کہ زمین کا کوئی ٹکڑا یا آسمان کا کوئی حصہ کسی اور نے بھی بنایا ہے یا بنا سکتا ہے۔ پھر ان کو خدا کیساتھ بلکہ اس سے بھی بڑھ کر کیوں پکارا جاتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

مشرکین کے سب دلائل بے کار ہیں: ان آیات میں مشرکین کے دعوائے شرک کو باطل کرنے کے لئے اُن سے انکے دعوے پر دلیل کا مطالبہ کیا گیا ہے کیونکہ کوئی دعویٰ بغیر شہادت و دلیل کے عقلاً یا شرعاً قابل عمل نہیں ہوتا' پھر اسمیں جتنی قسمیں دلائل کی ہو سکتی ہیں سب کو جمع کر دیا ہے اور ثابت کیا ہے کہ تمہارے دعوے پر کسی قسم کی بھی دلیل و شہادت موجود نہیں اس لئے اس بے دلیل دعوے پر قائم رہنا گمراہی ہے۔

دلائل کی قسمیں: دلائل کی اس آیت میں تین قسمیں کی گئی ہیں۔ ایک عقلی دلیل جس کی نفی کے لئے فرمایا اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ دوسری قسم دلیل نقلی ہے اور یہ ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ کے معاملے میں دلیل نقلی وہ ہی معتبر ہو سکتی ہے جو خود حق تعالیٰ کی طرف سے آئی ہو جیسے آسمانی کتابیں تورات انجیل اور قرآن وغیرہ یا اُن حضرات کے اقوال جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنا رسول و نبی منتخب کیا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

قُلْ۔ یعنی اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ کہہ دیجئے۔

اَرَءَيْتُمْ۔ یہ استفہام تقریری ہے یعنی مخاطب کو اقرار پر آمادہ کرنا مقصود ہے۔

مَا تَدْعُوْنَ۔ یعنی جن چیزوں کی تم عبادت کرتے ہو اس سے بت مراد ہیں۔

مِنَ الْاَرْضِ۔ یہ مَا کا بیان ہے یعنی کیا زمین کو انہوں نے پیدا کیا ہے۔

فِي السَّمٰوٰتِ۔ یعنی آسمانوں کو پیدا کرنے میں کیا ان کی شرکت اور دخل ہے۔

ایک باطل گمان کی تردید: ایک گمان کیا جا سکتا تھا کہ عالم سفلی یعنی

besturdubooks.wordpress.com

کائنات عنصری میں جو حوادث و واقعات ہوتے ہیں ان کی تخلیق میں عالم علوی یعنی کائنات سماوی کی شرکت ہے۔ اس گمان کو زائل کرنے کے لئے فرمایا کہ تخلیق سماوات میں کیا تمہارے معبودوں کا کوئی دخل ہے یا ان کی شرکت کا تصور بھی کیا جا سکتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

اِیْتُوْنِیْ بِکِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ
لاؤ میرے پاس کوئی کتاب اس سے پہلے کی یا
اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ④
کوئی علم جو چلا آتا ہو اگر ہو تم سچے ☆

اپنے دعویٰ کی دلیل لاؤ ☆ یعنی اگر اپنے دعوے شرک میں سچے ہو تو کسی آسمانی کتاب کی سند لاؤ یا کسی ایسے علمی اصول سے ثابت کرو جو عقلاء کے نزدیک مسلم چلا آتا ہو۔ جس چیز پر کوئی نقلی یا عقلی دلیل نہ ہو آخر اسے کیونکر تسلیم کیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

دلیل نقلی کی دونوں قسموں سے مشرک خالی ہیں

دونوں قسموں میں سے پہلی قسم کی نفی تو اس سے فرمائی اِیْتُوْنِیْ بِکِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ۔ یعنی اگر تمہارے پاس بت پرستی کی کوئی دلیل نقلی موجود ہے تو کسی آسمانی کتاب کو پیش کرو جس میں بت پرستی اور شرک کی اجازت دی گئی ہو اور دوسری قسم یعنی اقوال انبیاء کی نفی کیلئے فرمایا۔ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ۔ یعنی اگر اللہ کی کسی کتاب میں تم شرک و بت پرستی کی کوئی دلیل وشہادت نہیں دکھا سکتے تو کم از کم انبیاء میں سے کسی کا قول دکھلاؤ جو سند معتمد کیساتھ ان سے ثابت ہو، اور جب تم یہ بھی پیش نہیں کر سکتے تو تمہارا قول و عمل بجز گمراہی کے اور کیا ہو سکتا ہے۔ لفظ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ میں اثرہ مصدر ہے بروزن شجاعت سماحت وغیرہ جس کے معنی نقل و روایت کے ہیں اسی لئے حضرت عکرمہ اور مقاتل نے اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ کی تفسیر میں روایت عن الانبیاء فرمایا اور قرطبی نے اس کی تفسیر اسناد حسن کے ساتھ فرمائی ہے۔ خلاصہ یہ ہوا کہ دلیل نقلی کی دو قسمیں معتبر ہیں، ایک آسمانی کتاب جو اللہ تعالیٰ نے کسی پیغمبر پر نازل فرمائی، دوسرے پیغمبر کا قول جو اسناد معتبر کے ساتھ پیغمبر ثابت ہو اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ کا یہی مفہوم ہے یہ سب مضمون تفسیر قرطبی سے لیا گیا ہے اور یہی تفسیر مختار اور بے غبار ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ
اور اُس سے زیادہ گمراہ کون جو پکارے اللہ کے

دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ
سوائے ایسے کو کہ نہ پہنچے اُس کو پکار کو
اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَآئِهِمْ
دن قیامت تک اور اُن کو خبر نہیں اُن کے
غٰفِلُوْنَ ⑤
پکارنے کی ☆

سب سے بڑی گمراہی ☆ یعنی اس سے بڑی حماقت اور گمراہی کیا ہو گی کہ خدا کو چھوڑ کر ایک ایسی بے جان یا بے اختیار مخلوق کو اپنی حاجت برآری کے لئے پکارا جائے جو اپنے مستقبل اختیار سے کسی کی پکار کو نہیں پہنچ سکتی بلکہ یہ بھی ضروری نہیں کہ ان کو پکارنے کی خبر بھی ہو۔ پتھر کی مورتوں کا تو کہنا ہی کیا، فرشتے اور پیغمبر بھی وہ ہی بات سن سکتے اور وہی کام کر سکتے ہیں جس کی اجازت اور قدرت حق تعالیٰ کی طرف سے عطا ہو۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَنْ اَضَلُّ۔ (سوال انکاری ہے) یعنی اُس شخص سے بڑھ کر گمراہ کوئی نہیں۔ جو مِمَّنْ يَّدْعُوْا۔ اللہ کو چھوڑ کر ایسوں کی عبادت کرتا اور ان سے مرادیں مانگتا ہے۔ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗ۔ جو بالفرض اگر پکارنے والوں کو پکار سن بھی لیں تو ان کا مطلب نہ سمجھیں اور نہ مرادیں پوری کرنے کا طریقہ ان کو معلوم ہو۔ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔ روز قیامت تک یعنی جب تک دنیا قائم ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ
اور جب لوگ جمع ہونگے وہ ہونگے اُن کے
اَعْدَآءً وَّكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ ⑥
دشمن اور ہونگے اُن کے پوجنے سے منکر ☆

کافروں کے معبود کے نہ دنیا کے کام کے نہ آخرت کے

☆ یعنی محشر میں جبکہ امداد و اعانت کی زیادہ حاجت ہو گی یہ بیچارے معبود اپنے عابدین کی مدد تو کیا کر سکتے ہاں دشمن بن کر ان کے مقابل کھڑے ہوں گے اور سخت بیزاری کا اظہار کریں گے بلکہ یہاں تک کہہ دیں گے کہ " ما کانوا ایانا یعبدون " (قصص رکوع ۷) یہ لوگ ہماری پرستش کرتے ہی نہ تھے اس وقت سوچو کیسی حسرت و ندامت کا سامنا ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

وہ معبودان پجاریوں کے دشمن ہو جائیں گے۔ فائدہ پہنچانے کی جگہ ضرر پانے کا ذریعہ بن جائیں گے اور ان پجاریوں کی پوجا کی تکذیب کریں گے۔ اور کہیں گے اے اللہ! ہم ان سے بیزار ہیں یہ ہمیں نہیں پوجتے تھے (بلکہ اپنی خواہش کی پرستش کرتے تھے) مطلب یہ کہ ان کے معبود نہ دنیا میں ان کے کام آ سکتے ہیں اور نہ آخرت میں بلکہ آخرت میں تو ضرر رساں (ضرر پہنچنے کا ذریعہ) ہو جائیں گے لہٰذا ایسے معبودوں کی پوجا کرنے والوں اور اللہ سمیع و بصیر، خبیر، قادر، مجیب کی عبادت کو ترک کرنے والوں سے زیادہ اور کون گمراہ ہو سکتا ہے۔

بعض اہل تفسیر نے آیت وَكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ معبودان باطل کے یہ پجاری قیامت کے دن باطل معبودوں کی پوجا کرنے سے منکر ہو جائیں گے اور کہیں گے، قسم ہے معبود برحق کی جو ہمارا رب ہے، ہم مشرک نہیں تھے۔ (تفسیر مظہری)

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ

اور جب سُنائی جائیں اُن کو ہماری باتیں کُھلی کُھلی

قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا

کہتے ہیں منکر سچی بات کو جب

جَآءَهُمْ ۙ هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۗ ۷

اُن تک پہنچی یہ جادو ہے صریح ☆

کافروں کی بے پرواہی ☆ یعنی ان لوگوں کو فی الحال انجام کی کچھ فکر نہیں کہ کسی نصیحت و فہمائش پر کان نہیں دھرتے بلکہ جب قرآن کی آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو اسے جادو کہہ کر ٹال دیتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

لِلْحَقِّ۔ یعنی حق کی بابت حق کو حق سے مراد ہیں آیات۔ کفروا کے ساتھ صراحۃً للحق کہنے سے یہ ظاہر کرنا مقصود ہے کہ آیات حق اور سچی ہیں اور یہ لوگ بلاشبہ کافر، گمراہ اور حق کے منکر ہیں۔ لَمَّا جَآءَهُمْ۔ یعنی جونہی آیات ان کو پہنچیں انہوں نے بغیر سوچے اور غور کئے فوراً کہہ دیا کہ یہ قرآن صریح جادو ہے اس کا جادو ہونا کھلا ہوا ہے۔ (تفسیر مظہری)

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ

کیا کہتے ہیں یہ بنا لایا ہے ☆

بہتان طرازی ☆ یعنی جادو کہنے سے زیادہ قبیح و شنیع ان کا یہ دعویٰ ہے کہ قرآن مجید آپ خود بنا لائے ہیں اور جھوٹ طوفان خدا کی طرف منسوب کر رہے ہیں۔ العیاذ باللہ۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَلَا تَمْلِكُوْنَ

تو کہہ اگر میں یہ بنا لایا ہوں تو تم میرا بھلا نہیں

لِيْ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ

کر سکتے اللہ کے سامنے ذرا بھی ☆

بہتان کا جواب ☆ یعنی خدا پر جھوٹ لگانا انتہائی جرم ہے۔ اگر بفرض محال میں ایسی جسارت کروں تو گویا جان بوجھ کر اپنے کو اللہ کے غضب اور اس کی سخت ترین سزا کیلئے پیش کر رہا ہوں۔ بھلا خیال کرو جو شخص ساری عمر بندوں پر جھوٹ نہ لگائے اور ذرا ذرا سے معاملہ میں اللہ کے خوف سے کانپتا ہو، کیا وہ ایک دم بیٹھے بٹھائے اللہ پر جھوٹ طوفان باندھ کر اپنے کو ایسی عظیم ترین آفت و مصیبت میں پھنسائے گا جس سے بچانے والی اور پناہ دینے والی کوئی طاقت دنیا میں موجود نہیں۔ اگر میں جھوٹ سچ بنا کر فرض کرو تمہیں اپنا تابع کر لوں تو کیا تم خدا کے غضب و قہر سے جو جھوٹے مدعیان نبوت پر ہوتا ہے مجھ کو نجات دے سکو گے؟ اور جب اللہ مجھ کو برائی پہنچانا چاہے گا، تم میرا کچھ بھلا کر سکو گے؟ آخر میرے چہل سالہ حالات و سوانح سے اتنا تو تم بھی جانتے ہو کہ میں اس قدر بے خوف اور بے باک نہیں ہوں اور نہ ایسا بے عقل ہوں کہ بعض انسانوں کو خوش کر کے خداوند قدوس کا غصہ مول لوں۔ بہرحال اگر میں معاذ اللہ کاذب و مفتری ہوں تو اس کا وبال مجھ پر پڑے گا۔ (تفسیر عثمانی)

هُوَ اَعْلَمُ بِمَا تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ كَفٰى

اُس کو خوب خبر ہے جن باتوں میں تم لگ رہے ہو وہ کافی ہے

بِهٖ شَهِيْدًا ۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ

حق بتانے والا میرے اور تمہارے بیچ ☆

اللہ سب کو خوب جانتا ہے ☆ یعنی جو باتیں تم نے شروع کر رکھی ہیں اللہ ان کو بھی خوب جانتا ہے لہٰذا لغو اور دور از کار خیالات چھوڑ کر اپنے انجام کی فکر کرو اگر خدا کے سچے رسول کو جھوٹا اور مفتری کہا تو سمجھ لو اس کا حشر کیا ہو گا خدا پر میری اور تمہاری کوئی بات پوشیدہ نہیں۔ وہ اپنے علم صحیح و محیط کے موافق ہر ایک کے ساتھ معاملہ کرے گا میں اسی کو اپنے اور تمہارے درمیان گواہ ٹھہراتا ہوں وہ اپنے قول و فعل سے بتلا رہا ہے اور آئندہ بتلا دے گا کہ کون حق پر ہے اور کون جھوٹ بول رہا، افتراء کر رہا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

هُوَ اَعْلَمُ بِمَا تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ۔ یعنی اللہ کی آیات کی تکذیب۔ اور اس کے کلام کو جادو اور من گھڑت کہنے میں تم گھس رہے ہو اللہ اس کو خوب جانتا ہے۔

كَفٰى بِهٖ ۔ یہ فاعل کا قائم مقام ہے یعنی اللہ کافی ہے۔

شَهِيْدًا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۔ میرے اور تمہارے درمیان شہادت دینے کے لئے۔ یعنی معجزات عطا فرما کر اس نے میری سچائی اور تبلیغ کی شہادت دی اور تمہارے جھوٹے ہونے کی۔ اور اسی کی شہادت کافی ہے' یہ کافروں کے لئے وعید ہے کہ تم کو اس تکذیب کی سزا ملے گی۔ (تفسیر مظہری)

وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝۸
اور وہی ہے بخشنے والا مہربان ☆

تباہی سے بچنے کا موقع ☆ یعنی اب بھی باز آؤ تو بخشے جاؤ۔ اور یہ بھی اس کی مہربانی اور بردباری سمجھو کہ باوجود جرائم پر مطلع ہونے اور کامل قدرت رکھنے کے تم کو فوراً ہلاک نہیں کر دیتا۔ (تفسیر عثمانی)

وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۔ یہ ان لوگوں کے لئے مغفرت اور رحمت کا وعدہ ہے جو توبہ کر لیں اور ایمان لے آئیں۔

آیت میں در پردہ اشارہ ہے کہ اللہ بڑا حلیم ہے کہ باوجود بڑے مجرم ہونے کے کافروں کو فوراً عذاب نہیں دیتا۔ (تفسیر مظہری)

قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ
تو کہہ میں کچھ نیا رسول نہیں آیا ☆

میں کوئی انوکھی چیز نہیں لایا ☆ یعنی میری باتوں سے اس قدر بدکتے کیوں ہو؟ میں کوئی انوکھی چیز لے کر تو نہیں آیا۔ مجھ سے پہلے بھی دنیا میں سلسلہ نبوت و رسالت کا جاری رہا ہے وہ ہی میں کہتا ہوں کہ ان سب رسولوں کے بعد مجھ کو اللہ نے رسول بنا کر بھیجا ہے۔ جس کی خبر پہلے رسول دیتے چلے آئے ہیں اس حیثیت سے بھی یہ کوئی نئی بات نہ رہی بلکہ بہت پرانی بشارات کا مصداق آج سامنے آ گیا پھر اس کے ماننے میں اشکال کیا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

آنحضرت کی نبوت کے بے شمار دلائل موجود ہیں

بدع اور بدیع دونوں ہم معنی ہیں جیسے نصف اور نصیف۔ یعنی میں پہلا پیغمبر نہیں ہوں کہ جو دعویٰ مجھ سے پہلے کسی پیغمبر نے نہیں کیا وہ میں کر رہا ہوں۔ مجھ سے پہلے بہت پیغمبر ہو چکے ہیں پھر تم لوگ میری نبوت کا انکار کیوں کرتے ہو جب کہ معجزات بھی میری نبوت کی تصدیق کر رہے ہیں۔ یا یہ مطلب ہے کہ میں انوکھا پیغمبر نہیں ہوں کہ تمہارے مطالبات اور مطلوبہ فرمائشیں پوری کر دوں' جو پہلے پیغمبر نہیں کرتے تھے اور نہ کر سکتے تھے۔ (تفسیر مظہری)

وَمَا اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ
اور مجھ کو معلوم نہیں کیا ہونا ہے مجھ سے اور تم سے
اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ وَمَآ اَنَا
میں اُسی پر چلتا ہوں جو حکم آتا ہے مجھ کو اور میرا کام
اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۹
تو یہی ہے ڈر سنا دینا کھول کر ☆

پیغمبر کا کام ☆ یعنی مجھے اس سے کچھ سروکار نہیں کہ میرے کام کا آخری نتیجہ کیا ہونا ہے۔ میرے ساتھ اللہ کیا معاملہ کرے گا۔ اور تمہارے ساتھ کیا کرے گا نہ میں اس وقت پوری پوری تفاصیل اپنے اور تمہارے انجام کے متعلق بتلا سکتا ہوں کہ دنیا اور آخرت میں کیا کیا صورتیں پیش آئیں گی۔ ہاں ایک بات کہتا ہوں کہ میرا کام صرف وحی الٰہی کا اتباع اور حکم خداوندی کا امتثال کرنا اور کفر و عصیان کے سخت خطرناک نتائج سے خوب کھول کر آگاہ کر دینا ہے۔ آگے چل کر دنیا یا آخرت میں میرے تمہارے ساتھ کیا کچھ پیش آئے گا اس کی تمام تفصیلات فی الحال میں نہیں جانتا نہ اس بحث میں پڑنے سے مجھے کچھ مطلب' بندہ کا کام نتیجہ سے قطع نظر کر کے مالک کے احکام کی تعمیل کرنا ہے اور بس۔ (تفسیر عثمانی)

شان نزول: علماء کی ایک جماعت نے کہا کہ آیت مذکورہ کا مطلب یہ ہے میں نہیں جانتا کہ دنیا میں میرے ساتھ کیا کیا جائے گا اور تمہارے ساتھ کیا کیا جائے گا۔ رہا آخرت کا معاملہ تو ظاہر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنت میں اور کافر دوزخ میں ہوں گے۔ حضرت ابن عباس کا بیان ہے جب صحابہؓ پر تکلیفیں حد سے بڑھ گئیں تو ایک روز مکہ میں ہی خواب دیکھا جیسے سوتا آدمی خواب دیکھتا ہے کہ ایک ہموار (غیر مزروعہ) زمین ہے جس میں کھجور کے درخت ہیں اور آپ ترکِ وطن کر کے اس کی طرف گئے ہیں۔ جو خواب سُن کر صحابہؓ نے عرض کیا آپ ہجرت کر کے وہاں کب جائیں گے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے اس پر آیت مَآ اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ نازل ہوئی۔ یعنی میں نہیں جانتا کہ میں اسی جگہ رہوں گا یا میں اور تم یہاں سے نکل کر اس سرزمین میں چلے جائیں گے جو میرے سامنے (خواب میں) لائی گئی تھی۔ (تفسیر مظہری)

آیت کا حاصل: امور غیبیہ کا علم مجھے صرف وحی کے ذریعہ ہو سکتا ہے۔ جس معاملے کے متعلق وحی سے مجھے علم نہ ہو خواہ وہ میری ذات سے متعلق ہو یا امت

besturdubooks.wordpress.com

کے مؤمن و کافر لوگوں سے اور خواہ وہ معاملہ دنیا کا ہو یا آخرت کا اسکی مجھے کچھ خبر نہیں۔ امور غیبیہ کے متعلق میں جو کچھ کہتا ہوں وہ سب وحی الٰہی سے کہتا ہوں چنانچہ قرآن کریم میں خود مذکور ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بے شمار علوم امور غیبیہ کے متعلق عطا فرمائے ہیں تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ نُوْحِیْهَاۤ اِلَیْكَ کا یہی مطلب ہے۔ اُمور آخرت' دوزخ' جنت' حساب کتاب' سزا جزاء سے متعلق تو تفصیلات احادیث صحیحہ متواترہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں جس سے ثابت ہوا کہ آیت مذکورہ کا حاصل صرف اتنا ہے کہ میں اُمور غیبیہ کے علم محیط میں خدا تعالیٰ کی طرح نہیں اور اُن کے علم میں خود مختار نہیں بلکہ مجھے بواسطہ وحی خداوندی جو کچھ بتلا دیا جاتا ہے وہ میں ذکر کر دیتا ہوں۔

تفسیر روح المعانی میں اس قول کو نقل کر کے لکھا ہے کہ میرا اعتقاد یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس دُنیا سے اُس وقت تک رخصت نہیں ہوئے جب تک کہ اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات اور آخرت اور دنیا میں پیش آنیوالے اہم معاملات سے آپکو بذریعہ وحی باخبر نہیں کر دیا گیا۔ رہا اشخاص وافراد کے جزوی شخصی حالات ومعاملات کا علم کہ زید کل کو کیا کام کریگا اور اسکا انجام کیا ہو گا' عمر بکر اپنے گھروں میں کیا کیا کام کر رہے ہیں یا کریں گے ان اُمور غیبیہ کا علم نہ کوئی کمال ہے نہ اُنکے نہ ہونے سے کمال نبوت میں کوئی فرق آتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علم غیب کے متعلق تقاضائے ادب

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علم غیب کے متعلق تقاضائے ادب یہ ہے کہ یوں نہ کہا جائے کہ آپ غیب نہیں جانتے تھے بلکہ یوں کہا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اُمور غیب کا بہت بڑا علم دیا تھا جو انبیاء میں سے کسی دوسرے کو نہیں ملا۔ اور بعض حضرات مفسرین نے جو یہ فرمایا کہ اس آیت میں نفی علم صرف اُمور دُنیویہ سے متعلق ہے آخرت کے متعلق علم غیب کی نفی اس میں شامل نہیں (کما ذکرہ القرطبی) اُنہوں نے غالباً جملہ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا یُوْحٰۤی کو بمعنے استثناء قرار نہیں دیا اس لئے نفی علم غیب کو اُمور دنیا کیساتھ مخصوص فرمایا کیونکہ آخرت کے متعلق تو کھلے طور پر آپؐ نے بتلا دیا کہ کافر دوزخ میں اور مؤمن جنت میں جائے گا۔ (تفسیر مظہری)

قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ
تو کہہ بھلا دیکھو تو اگر یہ آیا ہو
عِنْدِ اللّٰهِ وَ كَفَرْتُمْ بِهٖ
اللہ کے یہاں سے اور تم نے اُس کو نہیں مانا

وَ شَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْۢ بَنِیْۤ
اور گواہی دے چکا ایک گواہ بنی
اِسْرَآءِیْلَ عَلٰى مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ
اسرائیل کا ایک ایسی کتاب کی پھر وہ یقین لایا
وَ اسْتَكْبَرْتُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِی
اور تم نے غرور کیا بیشک اللہ راہ نہیں دیتا
الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ۠
گنہگاروں کو ☆

علمائے یہود کی گواہی ☆ اس زمانہ میں عرب کے جاہل مشرک بنی اسرائیل کے علم وفضل سے مرعوب تھے جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا چرچا ہوا تو مشرکین نے اس باب میں علمائے بنی اسرائیل کا عندیہ لینا چاہا غرض یہ تھی کہ وہ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب کر دیں تو کہنے کو ایک بات ہاتھ آ جائے کہ دیکھو اہل علم اور اہل کتاب بھی ان کی باتوں کو جھوٹا کہتے ہیں مگر اس مقصد میں مشرکین ہمیشہ ناکام رہے، خدا تعالیٰ نے انہی بنی اسرائیل کی زبانوں سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق وتائید کرائی، نہ صرف اتنی بات سے کہ وہ لوگ بھی قرآن کی طرح تورات کو آسمانی کتاب اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرح حضرت موسیٰ کو پیغمبر کہتے تھے اور اس طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا دعوائے رسالت اور قرآن کی وحی کوئی انوکھی چیز نہیں رہتی بلکہ اس طرح کہ بعض علمائے یہود نے صریحاً اقرار کیا اور گواہی دی کہ بے شک ہمارے ہاں اس ملک (عرب) سے ایک عظیم الشان رسول اور کتاب کے آنے کی خبر دی گئی ہے اور یہ رسول وہ ہی معلوم ہوتا ہے اور یہ کتاب اسی طرح کی ہے جس کی خبر دی گئی تھی۔ علمائے یہود کی شہادتیں فی الحقیقت ان پیشین گوئیوں پر مبنی تھیں جو باوجود ہزار ہا تحریف وتبدل کے آج بھی تورات وغیرہ میں موجود چلی آتی ہیں جن سے ہویدا ہوتا ہے کہ بنی اسرائیل کا سب سے بڑا گواہ (حضرت موسیٰ علیہ السلام) ہزاروں برس پہلے خود گواہی دے چکا ہے کہ بنی اسرائیل کے اقارب اور بھائیوں (بنی اسمٰعیلؑ) میں سے اسی کی مثل ایک رسول آنے والا ہے اِنَّاۤ اَرْسَلْنَاۤ اِلَیْكُمْ رَسُوْلًا شَاهِدًا عَلَیْكُمْ كَمَاۤ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا (المزمل رکوع ۱) یہ ہی سبب تھا کہ بعض منصف وحق پرست احبار یہود مثلاً عبداللہ بن سلام وغیرہ

besturdubooks.wordpress.com

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ دیکھتے ہی اسلام لے آئے اور بول اٹھے کہ " ان هذا الوجه ليس بوجه كاذب " (یہ چہرہ جھوٹے کا چہرہ نہیں) انہوں نے قرآن جیسی واضح الاعجاز کتاب کے حق ہونے کی گواہی دی پھر جب موسیٰ علیہ السلام ایک چیز پر وقوع سے ہزاروں برس پہلے ایمان رکھیں، علمائے یہود اسکے صدق کی گواہی دیں۔ بعض احبار یہود زبانی وقلبی شہادت دے کر مشرف باسلام ہو جائیں اور ان سب شہادتوں کے باوجود تم اپنی شیخی اور غرور سے اس کو قبول نہ کرو تو سمجھ لو اس سے بڑھ کر ظلم اور گناہ کیا ہوگا اور ایسے ظالم اور گنہگار کی نجات وفلاح کی کیا توقع ہوسکتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

شان نزول: ابو الیعلیٰ طبرانی اور حاکم نے سند صحیح کے ساتھ عوف بن مالک الاشجعی سے روایت کیا ہے کہ ایک دفعہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم (مسجد سے نکل کر) باہر جانے لگے اور میں آپ کے ساتھ تھا۔ یہاں تک کہ یہودیوں کے کنیسہ میں داخل ہوئے۔ یہ ان کی عید کا دن تھا ان لوگوں کو اس روز ہمارا وہاں پہنچنا کچھ پسند نہیں آیا آپ نے اندر جانے کے بعد فرمایا اے یہودیو! مجھے وہ بارہ آدمی دکھاؤ جو گواہی دیتے ہوں کہ لا اله الا الله محمد رسول الله تو آسمان کے نیچے جو بھی یہودی ہے اس سے اللہ تعالیٰ اپنا غضب دور فرما دے گا یہ سن کر وہ سب خاموش ہو گئے کسی نے کوئی جواب نہ دیا اس کے بعد آپؐ نے فرمایا تو بھی کسی نے جواب نہ دیا آپؐ نے پھر تیسری مرتبہ فرمایا تب بھی کسی نے کوئی جواب نہ دیا اس کے بعد آپ نے فرمایا اچھا اگر تم جواب نہیں دیتے تو سن لو میں البتہ حاشر ہوں میں ہی عاقب ہوں اور میں ہی مقفی ہوں اگر اب خواہ تم ایمان لاؤ یا انکار کرو یہ فرما کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کنیسہ سے لوٹنے لگے اور میں آپ کے ساتھ تھا ہم باہر نکلنے ہی والے تھے کہ ایک شخص آپ کے پیچھے سے یہ کہتے ہوئے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ذرا آپ اسی جگہ ٹھہریں آپؐ نے اس شخص کی طرف رخ کیا تو اس نے کہا اے گروہ یہود تم لوگ مجھے کیسا سمجھتے ہو۔ سب نے جواب دیا خدا کی قسم ہم میں سے کوئی شخص تم سے زیادہ کتاب اللہ کا نہ عالم ہے نہ تم سے زیادہ کوئی سمجھنے والا ہے اور نہ تمہارے باپ سے اور نہ تمہارے دادا سے۔

جب یہودی یہ کہہ چکے تو اس شخص نے کہا تو پھر میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد اللہ کے برحق رسول ہیں میں خدا کی قسم کھا کر گواہی دیتا ہوں کہ یہ وہی پیغمبر ہیں جن کو تم تورات وانجیل میں پاتے ہو یہ سن کر سب یہودی غیظ وغضب سے مشتعل ہو گئے اور کہنے لگے کہ تم جھوٹے ہو تم ہمارے میں سب سے برے اور سب سے برے آدمی کے بیٹے ہو راوی بیان کرتے ہیں کہ یہ عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے تو میں اور عبداللہ بن سلام اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہاں سے باہر چلے گئے اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الخ۔

علامہ آلوسیؒ نے اس روایت کو بیان کرتے ہوئے لکھا ہے اس سے یہی معلوم ہوا کہ یہ آیت مدینہ منورہ میں نازل ہوئی۔ (معارف کاندھلوی)

اَرَءَيْتُمْ ۔ مجھے بتاؤ تمہارا کیا حال ہے۔

وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۔ قتادہ اور ضحاک نے کہا شاہد سے مراد ہیں حضرت ابو یوسف عبداللہ بن سلام بن حارث۔ آپ حضرت یوسفؑ بن حضرت یعقوبؑ بن حضرت اسحاقؑ بن حضرت ابراہیمؑ کی نسل میں سے تھے۔

حضرت عبداللہ بن سلام اور ان کے گھر والوں کے اسلام لانے کے تفصیلی واقعات

بخاری اور بیہقی نے حضرت انسؓ کی روایت سے اور محمد بن اسحاق نے عبداللہ بن سلام کی اولاد میں سے کسی شخص کی روایت سے نیز بیہقی نے حضرت موسیٰ بن عقبہ اور زہری کی روایت سے اور امام احمد نے حضرت عبداللہ بن سلام کے حوالہ سے بیان کیا۔ حضرت عبداللہ نے فرمایا جب میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کا تذکرہ سنا اور آپ کے اوصاف نام اور شکل اور ان باتوں کو جن کی (آنے والے نبی کی بابت) ہم کو توقع تھی پہچان لیا تو میں خاموش رہا اور دل میں اس بات کو چھپائے رہا۔ پھر جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ تشریف لے آئے اور بنی عمرو بن عوف کے محلہ میں فروکش ہوئے تو ایک شخص نے آپ کی تشریف آوری کی خبر دی۔ میں اس وقت کھجور کے درخت پر چڑھا ہوا تھا اور میری پھوپھی خالدہ بنت حارث نیچے بیٹھی ہوئی تھیں۔ جونہی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد کی خبر سنی (زور سے) اللہ اکبر کہا' پھوپھی نے آواز تکبیر سن کر کہا۔ اگر حضرت موسیٰؑ بن عمران کی آمد کی خبر سنتا تو اس سے بڑھ کر اظہار مسرت نہ کرتا۔ میں نے پھوپھی سے کہا خدا کی قسم یہ موسیٰ بن عمران کے بھائی ہیں اور انہی کے دین کے پیرو ہیں اور جو دین دیکر اُن کو بھیجا گیا تھا وہی دین دے کر ان کو بھیجا گیا ہے۔ پھوپھی نے کہا یہ تو سنی ہوئی بات ہے۔ پھر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف روانہ ہو گیا اور چہرۂ مبارک کو دیکھتے ہی پہچان گیا کہ یہ چہرہ جھوٹے کا نہیں ہوسکتا۔

سب سے پہلی بات جو عبداللہ بن سلام نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی

حضرت عبداللہ نے جو بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سب سے پہلے سنی وہ یہ تھی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگو! (غریبوں محتاجوں وغیرہ) کو کھانا کھلاؤ' سلام (کا رواج) پھیلاؤ قرابتداروں کی قرابت کو جوڑے رکھو اور رات میں جب اور لوگ سوتے ہوں تو تم نماز پڑھو (یہ عمل کر کے) جنت میں داخل ہو جاؤ۔

besturdubooks.wordpress.com

تین باتیں جن کا علم نبی کے علاوہ کسی کو نہیں ہو سکتا

حضرت عبداللہ نے عرض کیا۔ میں آپ سے تین باتیں دریافت کرتا ہوں جن کا علم نبی کے علاوہ کسی کو نہیں ہو سکتا۔ قیامت کی سب سے پہلی نشانی کیا ہو گی؟ اہل جنت کو سب سے پہلے کون سا کھانا دیا جائے گا؟ اولاد باپ یا ماں کی طرف کیوں کھنچتی ہے (یعنی باپ یا ماں کے ہم شکل کیوں ہوتی ہے) اور (چوتھی بات ایک یہ ہے کہ) چاند میں یہ سیاہی کیسی ہے؟۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مجھے ابھی جبرئیلؑ نے بتایا ہے' حضرت عبداللہ نے کہا جبرائیلؑ نے بتایا ہے؟ فرمایا' ہاں! عبداللہ نے کہا وہ تو یہودیوں کا دشمن فرشتہ ہے' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کی اول ترین نشانی ایک آگ ہو گی جو مشرق سے برآمد ہو گی اور لوگوں کو مغرب کی طرف لائے گی۔ اور اہل جنت سب سے پہلے جو کھانا کھائیں گے وہ مچھلی کے جگر کی نوک ابھار ہو گی۔ اور مرد کا پانی غالب آتا ہے تو بچے کو اپنی شکل کی طرف کھینچ لیتا ہے اور عورت کا پانی غالب آتا ہے تو بچے کو اپنی جانب کھینچ لیتا ہے۔ اور وہ سیاہی جو چاند میں ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ دونوں سورج (یعنی چمکدار) تھے اللہ نے فرمایا ہے۔ وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ الَّيْلِ۔ پس یہ سیاہی وہی محو ہے (یعنی اللہ نے اتنی جگہ کی چمک مٹادی ہے) حضرت عبداللہ یہ سن کر فوراً بول اٹھے اشھدان لا الٰہ الا اللہ وانک محمد رسول اللہ پھر لوٹ کر گھر جا کر سب کو مسلمان ہو جانے کا مشورہ دیا۔ سب گھر والے بھی مسلمان ہو گئے۔ لیکن اس وقت آپ نے اپنا اسلام چھپائے رکھا۔

پھر کچھ وقت کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ یہودی جانتے ہیں کہ میں ان کا سردار ہوں اور ان کے سردار کا بیٹا ہوں اور ان کا سب سے بڑا عالم ہوں' اور سب سے بڑے عالم کا بیٹا ہوں مگر یہ لوگ ہیں بڑے جھوٹے' آپ پہلے ان سے میرے متعلق دریافت کریں اگر آپ کی دریافت کرنے سے پہلے ان کو میرے مسلمان ہو جانے کا علم ہو جائے گا تو یہ مجھ پر دروغ بافی کریں گے اور میرے اندر وہ عیوب نکالیں گے جو مجھ میں نہیں ہیں اس لئے میں چاہتا ہوں کہ مجھے آپ اپنے گھر کے اندر کسی کوٹھری میں چلے جانے کی اجازت دیجئے پھر ان کو بلوا کر میرے متعلق دریافت کیجئے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ کو اپنے گھر کے اندر ایک کوٹھری میں چھپ جانے کی اجازت دیدی پھر یہودیوں کو طلب فرمایا' یہودی آ گئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: ''اے گروہ یہود! اللہ سے ڈرو قسم ہے اس خدا کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں' تم لوگ بلاشبہ جانتے ہو کہ میں اللہ کا رسول ہوں حق دین اور شریعت لے کر آیا ہوں' تم مسلمان ہو جاؤ (مان لو)

یہودیوں نے کہا ہم آپ کے دین کو حق نہیں جانتے۔ حضور نے فرمایا' عبداللہ تمہارے اندر کیسا آدمی ہے؟ یہودیوں نے کہا وہ ہم سے بہتر ہے اور سب سے افضل آدمی کا بیٹا ہے۔ ہمارا سردار ہے اور ہمارا سردارزادہ ہے ہم میں سب سے بڑا عالم ہے اور سب سے بڑے عالم کا بیٹا ہے' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' اچھا اگر وہ اسلام لے آیا (تو تم مسلمان ہو جاؤ گے) کہنے لگے اللہ اس کو بچائے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے (آواز دے کر) حضرت عبداللہ سے فرمایا۔ باہر آ جاؤ۔ فوراً عبداللہ باہر آ گئے اور بولے میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اللہ کے رسول ہیں' اے گروہ یہود! اللہ سے ڈرو اور جو دین تمہارے پاس آ گیا ہے اس کو قبول کرو بخدا تم بلاشبہ جانتے ہو کہ یہ اللہ کے سچے رسول ہیں' تمہارے پاس جو توریت ہے اس میں تم ان کا نام اور ان کے اوصاف لکھے ہوئے پاتے ہو اس لئے میں شہادت دیتا ہوں کہ یہ اللہ کے رسول ہیں میں ان پر ایمان رکھتا ہوں' ان کی تصدیق کرتا ہوں اور ان کو پہنچانتا ہوں' یہودی بولے: تو جھوٹا ہے تو ہم میں سب سے زیادہ برا اور سب زیادہ برے باپ کا بیٹا ہے' غرض یہودیوں نے حضرت عبداللہ کے نقائص بیان کئے (یعنی تہمت تراشی کی) حضرت عبداللہ نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا میں آپ کو پہلے ہی سے بتا نہیں دیا تھا کہ یہ لوگ بڑے جھوٹے' عہد شکن' دروغ گو اور بدکار ہیں۔

اس کے بعد حضرت عبداللہ نے اپنے اور اپنے گھر والوں کے مسلمان ہونے کا اعلان کر دیا۔ آپ کی پھوپھی بنت حارث بھی مسلمان ہو گئیں اور اچھی مسلمان ثابت ہوئیں۔

حضرت عبداللہ بن سلام کی فضیلت:

شیخین نے لکھا ہے کہ حضرت سعید بن ابی وقاص نے فرمایا' میں نے نہیں سنا کہ سوا عبداللہ بن سلام کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روئے زمین پر چلنے والے کسی (زندہ) شخص کے متعلق فرمایا ہو کہ وہ اہل جنت میں سے ہے۔ عبداللہ ہی کے متعلق آیت وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اور کہنے لگے منکر ایمان والوں کو

لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا سَبَقُوْنَآ اِلَيْهِ

اگر یہ دین بہتر ہوتا تو یہ نہ دوڑتے اُس پر ہم سے پہلے ☆

کافروں کی خود رائی ☆ یعنی کمزور ذلیل اور لونڈی غلام مسلمان

besturdubooks.wordpress.com

ہوتے ہیں اگر یہ دین بہتر ہوتا تو بہتر لوگ اس کی طرف جھپٹتے کیا یہ اچھی ہوتی تو اسکے حاصل کرنے میں ہم جیسے عقل مند اور عزت و دولت والے ان لونڈی غلاموں سے پیچھے رہ جاتے۔ (تفسیر عثمانی)

لِلَّذِينَ آمَنُوا ۔ یعنی اہل ایمان کی بابت کافروں نے کہا۔

لَوْ كَانَ ۔ یعنی اگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا دین اچھا ہوتا۔

شان نزول: (۱) ابن جریر نے قتادہ کا بیان نقل کیا ہے کہ کچھ مشرکوں نے کہا تھا ہم بڑی عزت والے ہیں ہم (ان مسلمانوں سے) افضل ہیں اگر یہ مذہب بہتر ہوتا تو فلاں فلاں شخص ہم سے سبقت نہ لے جاتے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

(۲) ابن المنذر نے بروایت عون بن ابی شداد بیان کیا ہے کہ حضرت عمرؓ کی ایک باندی جس کو زنین کہا جاتا تھا آپ سے پہلے ایمان لے آئی تھی۔ حضرت عمرؓ مسلمان ہونے کی وجہ سے اس کو اتنا مارتے تھے کہ اس کے اوسان خطا ہو جاتے تھے اور کفار قریش کہا کرتے تھے کہ اگر اسلام کوئی اچھی چیز ہوتا تو زنین ہم سے سبقت نہیں لے جاسکتی اس پر زنین کے متعلق اس آیت کا نزول ہوا۔ ابن سعد نے ضحاک اور حسن کی روایت سے بھی اس طرح نقل کیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

آیت کا مطلب: بغوی نے لکھا ہے اگر آیت سابقہ کا نزول حضرت عبداللہ بن سلام کے متعلق جانا جائے تو آیت موجود کا مطلب یہ ہوگا کہ کفار یہود نے مؤمن یہودیوں کی بابت کہا کہ اگر محمدؐ کا دین بہتر ہوگا۔ تو یہ (عبداللہ بن سلام وغیرہ) ہم سے آگے نہیں بڑھ سکتے تھے۔

وَإِذْ لَمْ يَهْتَدُوا بِهِ فَسَيَقُولُونَ

اور جب راہ پر نہیں آئے اُس کے بتلانے سے تو یہ اب کہیں گے

هَٰذَا إِفْكٌ قَدِيمٌ ﴿١١﴾

یہ جھوٹ ہے بہت پرانا ☆

☆ یعنی ہمیشہ کچھ لوگ ایسی باتیں بناتے چلے آئے ہیں۔ شاید یہ جواب ہوگا "وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ" اور "مَا كُنْتُ بِدْعًا مِنَ الرُّسُلِ" کا۔ (تفسیر عثمانی)

هَٰذَا إِفْكٌ قَدِيمٌ ۔ یہ پرانا جھوٹ ہے۔ گذشتہ زمانہ والوں نے اس کو از خود گڑھ لیا تھا، پھر محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے لے لیا۔ (اور جو بات سابق لوگوں نے کہی تھی وہی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کہنے لگے)۔ (تفسیر مظہری)

وَمِنْ قَبْلِهِ كِتَابُ مُوسَىٰ إِمَامًا

اور اس سے پہلے کتاب موسیٰ کی تھی راہ ڈالنے والی

وَرَحْمَةً ۚ وَهَٰذَا كِتَابٌ مُصَدِّقٌ

اور رحمت اور یہ کتاب ہے اُس کی تصدیق کرتی ☆

لِسَانًا عَرَبِيًّا لِيُنْذِرَ الَّذِينَ

عربی زبان میں تاکہ ڈر سنائے

ظَلَمُوا وَبُشْرَىٰ لِلْمُحْسِنِينَ ﴿١٢﴾

گنہگاروں کو اور خوشخبری نیکی والوں کو ☆

قدیم سچائی ☆ یعنی یہ پرانا جھوٹ نہیں بلکہ بہت پرانا سچ ہے۔ نزول قرآن سے سینکڑوں برس پہلے تورات نے بھی اصولی تعلیم یہ ہی دی تھی جس کی انبیاء و اولیاء اقتداء کرتے رہے اور اس نے پیچھے آنے والی نسلوں کے لئے اپنی تعلیمات وبشارات سے راستے وہدایت کی راہ ڈال دی اور رحمت کے دروازے کھول دیئے اب قرآن اترا تو اس کو سچا ثابت کرتا ہو غرض دونوں کتابیں ایک دوسرے کی تصدیق کرتی ہیں اور یہ ہی حال دوسری کتب سماویہ کا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَمِنْ قَبْلِهِ ۔ اور قرآن سے پہلے۔ كِتَابُ مُوسَىٰ ۔ یعنی توریت۔ إِمَامًا ۔ رہنما، پیشوا۔ وَرَحْمَةً ۔ اور اللہ کی طرف سے لوگوں پر رحمت تاکہ لوگ دونوں جہان میں فلاح حاصل کرلیں۔ وَهَٰذَا كِتَابٌ ۔ اور یہ بھی اللہ کی طرف سے ایک کتاب ہے۔ مُصَدِّقٌ ۔ یعنی موسیٰ کی کتاب کو سچا بتاتی ہے یا معجزہ ہونے کی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سچائی کو ثابت کررہی ہے۔ (تفسیر مظہری)

إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ

مقرر جنہوں نے کہا رب ہمارا اللہ ہے پھر

اسْتَقَامُوا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا

ثابت قدم رہے تو نہ ڈر ہے اُن پر اور نہ

هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿١٣﴾

وہ غمگین ہوں گے ☆

☆ اس طرح کی آیت "حٰم سجدہ" چوبیس پارہ میں گزر چکی ہے۔ وہاں کے فوائد دیکھ لئے جائیں۔ (تفسیر عثمانی)

اس آیت میں بڑی بلاغت کے ساتھ پورے اسلام و ایمان اور اعمال صالحہ سب کو جمع کر دیا گیا' رَبُّنَا اللَّهُ کا اقرار پورا ایمان ہے اور اس پر استقامت میں ایمان پر تادم مرگ قائم رہنا بھی شامل ہے اور اسکے مقتضیات پر پورا پورا

besturdubooks.wordpress.com

عمل بھی' لفظ استقامت اور اس کی اہمیت کی تشریح و تفصیل سورۂ حٰمٓ سجدہ میں بیان ہو چکی ہے۔

ایمان واستقامت پر بشارت: آیت مذکورہ میں ایمان واستقامت پر یہ وعدہ کیا گیا ہے کہ ایسے لوگوں کو نہ آئندہ کسی تکلیف و پریشانی کا خوف ہو گا نہ ماضی کی تکلیف پر رنج وافسوس رہے گا۔ بعد کی آیت میں اس بے نظیر راحت کی دائمی اور غیر منقطع ہونے کی بشارت دی گئی ہے اسکے بعد کی چار آیتوں میں انسان کو اسکے والدین کے ساتھ حُسنِ سلوک کی ہدایت اور اس کے خلاف کرنے کی مذمت اور ضمن میں انسان پر اس کے ماں باپ کے احسانات کا اور اولاد کے لئے سخت محنت ومشقت برداشت کرنے کا تذکرہ' اور بڑی عمر کو پہنچنے کے ساتھ انسان کو اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع وانابت کی خاص تلقین فرمائی گئی ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ خَالِدِينَ
وہ لوگ ہیں بہشت والے سدا رہیں گے
فِيهَا جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٤﴾
اُس میں بدلہ ہے اُن کاموں کا جو کرتے تھے ☆

مومنوں کا انعام ☆ یعنی اپنے نیک کاموں کے سبب حق تعالیٰ کی رحمت سے ہمیشہ بہشت میں رہیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ
اور ہم نے حکم کر دیا انسان کو اپنے ماں باپ سے
إِحْسَانًا ۖ
بھلائی کا ☆

والدین کے حقوق ☆ قرآن میں کئی جگہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حق کے ساتھ ماں باپ کا حق بیان فرمایا ہے۔ کیونکہ موجد حقیقی تو اللہ ہے لیکن عالم اسباب میں والدین اولاد کے وجود کا سبب ظاہری اور حق تعالیٰ کی شان ربوبیت کا مظہر خاص بنتے ہیں۔ یہاں بھی پہلے "ان قالوا الذین قالو ربنا اللہ ثم استقاموا" میں اللہ تعالیٰ کے حقوق کا ذکر تھا۔ اب والدین کا حق بتلا دیا یعنی انسان کو حکم دیا گیا ہے کہ اپنے والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرے ان کی تعظیم ومحبت اور خدمت گزاری کو اپنی سعادت سمجھے دوسری جگہ بتلایا ہے کہ اگر والدین مشرک ہوں تب بھی ان کے ساتھ دنیا میں معاملہ اچھا رکھنا چاہئے۔ خصوصاً ماں کی خدمت گذاری کہ بعض وجوہ سے اسکا حق باپ سے بھی فائق ہے جیسا کہ احادیث صحیحہ اس پر دال ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

ماں کا حق باپ سے زیادہ ہے: شروع آیت میں حسن سلوک کا حکم ماں اور باپ دونوں کے لئے ہے مگر اس جگہ صرف ماں کے محنت ومشقت کا ذکر کرنے میں حکمت یہ ہے کہ ماں کی محنت ومشقت لازمی اور ضروری ہے۔ حمل کے زمانے کی تکلیفیں' پھر وضع حمل اور دردِ زہ کی تکلیف ہر حال ہر بچہ کے لئے لازمی ہے جو صرف ماں ہی کی محنت ہے' باپ کے لئے پرورش پر محنت اُٹھانا اتنا لازمی وضروری نہیں ہو سکتا ہے کہ کسی باپ کو اولاد کی تربیت میں کوئی بھی محنت مشقت اُٹھانی پڑے جبکہ وہ مالدار صاحب حشم وخدم ہو' دوسروں سے اولاد کی خدمت لے یا وہ کسی دوسرے ملک میں چلا گیا اور خرچ بھیجتا رہا' یہی وجہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اولاد پر ماں کے حق کو سب سے زیادہ رکھا ہے۔ ایک حدیث میں ارشاد ہے صِلْ اُمَّکَ ثُمَّ اُمَّکَ ثُمَّ اُمَّکَ ثُمَّ اَبَاکَ ثُمَّ اَدْنَاکَ فَاَدْنَاکَ (مظہری) یعنی صلہ رحمی اور خدمت کرو اپنی ماں کی پھر اپنی ماں کی پھر اپنی ماں کی' اسکے بعد اپنے باپ کی اور اس کے بعد قریب تر رشتہ دار ہو اسکی' پھر جو اس کے بعد ہو۔ (معارف مفتی اعظم)

حَمَلَتْهُ أُمُّهُ كُرْهًا وَوَضَعَتْهُ كُرْهًا ۖ
پیٹ میں رکھا اُس کو اُس کی ماں نے تکلیف سے اور جنا اُس کو تکلیف سے ☆

ماں کی مشقت ☆ یعنی حمل جب کئی مہینہ کا ہو جاتا ہے اس کا ثقل محسوس ہونے لگتا ہے اس حالت میں اور تولد کے وقت ماں کیسی کیسی صعوبتیں برداشت کرتی ہے۔ پھر دودھ پلاتی ہے اور برسوں تک اس کی ہر طرح نگہداشت رکھتی ہے اپنی آسائش وراحت کو اس کی آسائش وراحت پر قربان کر دیتی ہے۔ باپ بھی بڑی حد تک ان تکلیفوں میں شریک رہتا ہے اور سامان تربیت فراہم کرتا ہے۔ بے شک یہ سب کام فطرت کے تقاضے سے ہوتے ہیں مگر اسی فطرت کا تقاضا یہ ہے کہ اولاد ماں باپ کی شفقت ومحبت کو محسوس اور ان کی محنت وایثار کی قدر کرے۔ (تنبیہ) حدیث میں ماں کی خدمت گذاری کا تین مرتبہ حکم فرما کر باپ کی خدمتگاری کا ایک مرتبہ حکم فرمایا ہے۔ لطف یہ ہے کہ آیہ ہذا میں والد کا ذکر صرف ایک مرتبہ لفظ "والدیہ" میں ہوا۔ اور والدہ کا تین مرتبہ ذکر آیا لفظ "والدیہ" میں پھر "حملتہ امہ" میں پھر "وضعتہ" میں۔ (تفسیر عثمانی)

ماں سے حسن سلوک کی وجہ: کُرْهًا۔ یہ اچھا سلوک کرنے کی وجہ بتائی ہے۔ کُرہ کا معنی ہے مشقت یعنی مشقت والا بوجھ کرہ اور کرہ دونوں ہم معنی ہیں اور لغت میں دونوں لفظ آئے ہیں' بعض نے کہا بضم کاف اسم مصدر ہے اور بفتح کاف مصدر ہے۔

آیت میں اشارہ ہے اس امر کی طرف کہ ماں حسن سلوک کی زیادہ مستحق ہے۔ (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ؕ

اور حمل میں رہنا اُس کا اور دودھ چھوڑنا تیس مہینے میں ہے ☆

دودھ پلانے کی مدت ☆ شاید یہ بطور عادت اکثریہ کے فرمایا حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ "لڑکا اگر قوی ہو تو اکیس مہینہ میں دودھ چھوڑتا ہے اور نو مہینے ہیں حمل کے" یا یوں کہو کہ کم از کم مدت حمل چھ مہینے ہے اور دو برس میں عموماً بچوں کا دودھ چھڑا دیا جاتا ہے اس طرح کل مدت تیس مہینے ہوئے مدت رضاع کا اس سے زائد ہونا نہایت قلیل و نادر ہے۔ (تفسیر عثمانی)

فصال بمعنی فطام دودھ چھڑانا مراد دودھ پلانا ملزوم کو لازم کی نام سے موسوم کیا گیا۔ اس آیت سے استدلال کیا گیا ہے کہ کم سے کم حمل کی مدت چھ ماہ ہے کیونکہ دوسری آیت میں آیا ہے وَفِصَالُهٗ فِیْ عَامَیْنِ اس کا دودھ چھڑانا دو سال میں ہے اور اس جگہ حمل و فصال کی مجموعی مدت ۳۰ ماہ بیان کی گئی جب دو سال فصال کے مجرا کر دیئے گئے تو حمل کی مدت چھ ماہ رہ گئی۔

عکرمہؒ نے حضرت ابن عباسؓ کا قول نقل کیا ہے کہ جب مدت حمل پوری نو مہینے ہو جائے تو عورت بچہ کو دودھ ۲۱ مہینے پلائے گی (یعنی مدت رضاعت نو ماہ ہو گی) اور اگر چھ ماہ میں بچہ پیدا ہو جائے تو ۲۴ مہینے دودھ پلائے گی (مدت رضاعت دو سال ہو گی)۔

ایک عورت کا واقعہ:

قتادہ نے بروایت ابوالحرب بن اسود دئلی بیان کیا کہ حضرت عمرؓ کی خدمت میں ایک عورت کو پیش کیا گیا جس کے ششماہہ بچہ ہوا تھا۔ حضرت عمرؓ نے صحابۂ کرامؓ سے اس کے متعلق دریافت کیا۔ حضرت علیؓ نے فرمایا اس پر رجم نہ ہو گا دیکھئے اللہ نے فرمایا ہے وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا اور دوسری آیت میں آیا ہے وَفِصَالُهٗ فِیْ عَامَیْنِ (حمل اور فصال کی مجموعی مدت تیس ماہ فرمائی۔ اور صرف دودھ چھڑانے کی مدت دو سال۔ دو سال مجرا کرنے کے بعد) حمل کی مدت چھ ماہ باقی رہی حضرت عمرؓ نے یہ استدلال سننے کے بعد عورت کو چھوڑ دیا۔ اس کے بعد ہمیں اطلاع ملی کہ چھ ماہ کے بعد اس عورت کے ایک بچہ اور ہوا۔ نافع بن جبیر نے کہا حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا۔ میں اس عورت کے ساتھ تھا جس کے ششماہہ بچہ پیدا ہوا تھا اور حضرت عمرؓ کی خدمت میں پیش کیا گیا تھا لوگوں پر اس ششماہی ولادت کا برا اثر ہوا (یعنی انہوں نے عورت کو زنا کا مجرم سمجھا) میں نے حضرت عمرؓ سے کہا آپ ظلم کیسے کر سکتے ہیں۔ فرمایا ظلم کیسا' میں نے کہا پڑھئے وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ۔ وَالْوَالِدٰتُ یُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَیْنِ كَامِلَیْنِ ۔ فرمایئے سال کے کتنے مہینے ہوتے ہیں فرمایا' بارہ۔ میں نے کہا' چوبیس مہینے کے دو سال پورے ہو گئے (اب چھ ماہ باقی رہے) اور اللہ حمل کو جتنا چاہتا ہے مؤخر مقدم کر دیتا ہے یہ سُن کر حضرت عمرؓ کا رنگ کھلتا رہا۔ (تفسیر مظہری)

حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ

یہاں تک کہ جب پہنچا اپنی قوت کو اور پہنچ گیا

اَرْبَعِیْنَ سَنَةً ۙ

چالیس برس کو ☆

عقلی اور اخلاقی تکمیل کی مدت: ☆ چالیس برس کی عمر میں عموماً انسان کی عقلی اور اخلاقی قوتیں پختہ ہو جاتی ہیں اسی لئے انبیاء علیہم السلام کی بعثت چالیس برس سے پہلے نہ ہوتی تھی۔ (تفسیر عثمانی)

چالیس سال کی زندگی: وَبَلَغَ اَرْبَعِیْنَ سَنَةً ۔ میں انسان کی جوانی اور قویٰ کی مضبوطی بیان کرتے ہوئے یہ فرمایا اور پہنچ گیا چالیس سال کی عمر کو جو قوائے عقلیہ اور فکریہ کا کمال اور اس کا بلوغ ہے انسان کا فہم اور فکر جس حالت پر چالیس برس کی عمر میں پہنچ جاتا ہے اس کے بعد بالعموم اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی کیونکہ اس کی نشو نما کا دور مکمل ہو چکا ہوتا ہے یہی وجہ ہے حضرات انبیاءؑ کو خلعت نبوت و رسالت چالیس برس عمر پر عطاء فرمایا گیا۔

حافظ موصلی نے حضرت عثمان غنیؓ کی روایت بیان کی فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے مسلمان بندہ جب چالیس برس کی عمر کو پہنچ جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کا حساب ہلکا فرما دیتا ہے اور جب ساٹھ برس کا ہو جاتا ہے تو اس کی رجوع الی اللہ کی صلاحیت و توفیق نصیب ہوتی ہے اور جب ستر برس کا ہو جائے تو آسمانوں میں ملائکہ اس سے محبت کرنے لگتے ہیں اور جب اسی برس کا ہو جائے تو اس کی خطاؤں کا کفارہ ہونے لگتا ہے اور اس کی نیکیاں اللہ تعالیٰ ثابت فرما دیتا ہے اور اگر نوے برس کا ہو گیا تو اس کے گناہوں کی مغفرت کے ساتھ اس کی شفاعت بھی اس کے گھر والوں کے لئے قبول کر لی جاتی ہے اور آسمان والے اس کو کہتے ہیں۔ اسیر اللہ فی ارضہ (تفسیر ابن کثیر) وقد طعن المحدثون علیٰ اسنادہ۔ ۱۲ (معارف کاندھلوی)

حضرت ابوبکرؓ کی زندگی: یہ سب حالات حضرت ابوبکر صدیقؓ کے ہیں انہیں کا بیان بلفظ عام اس حکمت سے کیا گیا ہے کہ دوسرے مسلمانوں کو بھی اسکی ترغیب ہو کہ وہ بھی ایسا ہی کیا کریں اور اسکی دلیل وہ روایت ہے جو قرطبی نے بروایت عطاء حضرت ابن عباسؓ سے نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اپنی بیس سال کی عمر میں حضرت خدیجہ کے مال سے تجارت کا قصد فرمایا اور ملک شام کا سفر کیا تو اس سفر میں ابوبکر صدیق آپ کے ساتھ تھے اس وقت اُن کی عمر اٹھارہ سال کی تھی جو مصداق ہے بَلَغَ اَشُدَّهٗ کا۔ پھر اس سفر میں انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے

besturdubooks.wordpress.com

ایسے حالات دیکھے کہ وہ اتنے گرویدہ ہوگئے کہ سفر سے واپسی کے بعد ہر وقت آپ کے ساتھ رہنے لگے' یہاں تک کہ جب آپ کی عمر شریف چالیس سال کی ہوگئی اور آپ کو اللہ تعالیٰ نے نبوت و رسالت کا شرف عطا فرمایا اس وقت ابوبکرؓ کی عمر اڑتیس سال تھی۔ مردوں میں سب سے پہلے انہوں نے اسلام قبول کیا پھر جب اُن کی عمر چالیس سال کی ہوگئی اس وقت یہ دُعا مانگی جو اوپر آیت میں مذکور ہے رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اور یہی مصداق ہے بَلَغَ اَرْبَعِیْنَ سَنَةً ' کا اور جب یہ دُعا مانگی اَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ تو اللہ نے یہ دُعا قبول فرمائی' اُن کو نو ایسے غلاموں کو خرید کر آزاد کرنے کی توفیق بخشی جو مسلمان ہوگئے تھے اور اُن کے مالک اُن کو اسلام لانے پر طرح طرح کی ایذائیں دیتے تھے' اسی طرح اُن کی دُعا وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ' بھی قبول ہوئی' اُن کی اولاد میں کوئی ایسا نہ رہا جو ایمان نہ لایا ہو۔ اسی طرح صحابۂ کرام میں یہ خصوصیت حق تعالیٰ نے صدیق اکبر ہی کو عطا فرمائی کہ وہ خود بھی مسلمان ہوئے' والدین بھی' اولاد بھی اور سب کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت کا شرف بھی حاصل ہوا۔ (معارف مفتی اعظم)

قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْكُرَ
کہنے لگا اے رب میرے میری قسمت میں کر کہ شکر کروں
نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰى
تیرے احسان کا جو تو نے مجھ پر کیا اور میرے
وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا
ماں باپ پر اور یہ کہ کروں نیک کام
تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ۚ
جس سے تو راضی ہو اور مجھ کو دے نیک اولاد میری
اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ
میں نے توبہ کی کہ تیری طرف اور میں ہوں
الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۱۵﴾
حکمبر دار☆

سعادت مندی ☆یعنی سعادت مند آدمی ایسا ہوتا ہے کہ جو احسانات اللہ تعالیٰ کے اس پر اور اسکے ماں باپ پر ہو چکے ہیں انکا شکر ادا کرنے اور آئندہ نیک عمل کرنے کی توفیق خدا سے چاہے اور اپنی اولاد کے حق میں بھی نیکی کی دعا مانگے جو کوتاہی حقوق اللہ یا حقوق العباد میں رہ گئی ہو اس سے توبہ کرے اور ازراہ تواضع و بندگی اپنی مخلصانہ عبودیت و فرمانبرداری کا اعتراف کرے (تنبیہ) صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بڑے ہی خوش قسمت تھے کہ خود ان کو' ان کے ماں باپ کو اور اولاد کو ایمان کے ساتھ صحبت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا شرف میسر ہوا صحابہ میں یہ خصوصیت کسی کو حاصل نہیں ہوئی۔ (تفسیر عثانی)

حضرت ابوبکرؓ کی خصوصیت: حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا' اللہ نے ابو بکرؓ کی دعا قبول فرمائی' اللہ نے ایسی توفیق دی کہ آپ نے نو مسلمان (باندی غلاموں) کو جو اللہ کی راہ میں طرح طرح سے ستائے جا رہے تھے (خرید کر) آزاد کیا اور جس کار خیر کو کرنے کا آپ نے ارادہ کیا اللہ نے اس کو پورا کرنے میں مدد فرمائی۔ دوسری دعاء اولاد کے صالح ہونے کی آپ کی سب اولاد اسلام کی حلقہ بگوش ہوئی اس طرح ماں باپ اولاد سب کے سب مسلمان ہوگئے حضرت ابو قحافہ حضرت ابوبکر حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر صدیقؓ اور ابوعتیق بن عبدالرحمٰن سب صحابی ہوئے۔ یہ شرف آپ کے سوا کسی صحابی کو حاصل نہ ہوا۔ (تفسیر مظہری)

اُولٰٓىِٕكَ الَّذِیْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ
یہ وہ لوگ ہیں جن سے ہم قبول کرتے ہیں
اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَنَتَجَاوَزُ عَنْ
بہتر سے بہتر کام جو کئے ہیں اور معاف کرتے ہیں ہم
سَیِّاٰتِهِمْ فِیْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ؕ وَعْدَ
برائیاں اُن کی رہنے والے جنت کے لوگوں میں
الصِّدْقِ الَّذِیْ كَانُوْا یُوْعَدُوْنَ ﴿۱۶﴾
سچا وعدہ جو اُن سے کیا جاتا تھا ☆

☆یعنی ایسے بندوں کی نیکیاں قبول اور کوتاہیاں معاف ہوتی ہیں۔ اور ان کا مقام اللہ کے سچے وعدہ کے موافق جنت میں ہے۔ (تفسیر عثانی)

حضرت عثمانؓ کی فضیلت: حضرت یوسف بن سعدؒ فرماتے ہیں کہ جب حضرت علیؓ اہل بصرہ پر غالب آگئے اُس وقت میرے پاس (حضرت)

besturdubooks.wordpress.com

محمد بن حاطب آئے ایک دن مجھ سے فرمانے لگے میں حضرت علیؓ کے پاس تھا اور اس وقت حضرت عمارؓ حضرت صعصعہ‘ حضرت اشترؒ حضرت محمد بن ابوبکر بھی تھے۔ بعض لوگوں نے حضرت عثمانؓ کا ذکر نکالا اور کچھ گستاخی کی‘ حضرت علیؓ اس وقت تخت پر بیٹھے ہوئے تھے ہاتھ میں چھڑی تھی۔ حاضرین مجلس میں سے کسی نے کہا کہ آپ کے سامنے تو آپ کی اس بحث کا صحیح محاکمہ کرنے والے موجود ہی ہیں‘ چنانچہ سب لوگوں نے حضرت علیؓ سے سوال کیا۔ اس پر آپ نے فرمایا حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان لوگوں میں سے تھے جن کے بارے میں اللہ عزوجل فرماتا ہے۔ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ الخ قسم خدا کی یہ لوگ جن کا ذکر اس آیت میں ہے حضرت عثمانؓ ہیں اور ان کے ساتھی۔ تین مرتبہ یہی فرمایا۔ راوی یوسف کہتے ہیں میں نے محمد بن حاطب سے پوچھا سچ کہو تمہیں خدا کی قسم تم نے خود حضرت علیؓ کی زبانی یہ سنا ہے؟ فرمایا ہاں قسم خدا کی میں نے خود حضرت علیؓ سے یہ سنا ہے۔

اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَنَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ۔ ہم ان کی بُرائیوں سے درگزر کرتے ہیں یعنی ان کو کسی بُرائی کی سزا نہیں دیں گے (سب معاف کردیں گے)۔

فِيْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ۔ یعنی اہل جنت میں ان کا شمار ہوگا یا جنتیوں کے ساتھ ان کو بھی ثواب دیا جائے گا۔ وَعْدَ الصِّدْقِ۔ یہ مفعول مطلق ہے تاکید کے لئے یعنی اللہ نے سچا وعدہ کیا ہے۔ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ۔ یعنی دنیا میں جو ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَالَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ
اور جس شخص نے کہا اپنے ماں باپ کو میں بیزار ہوں تم سے ☆

نافران اولاد ☆ سعادت منداولاد کے مقابلہ میں یہ بے ادب، نافرمان اور نالائق اولاد کا ذکر فرمایا کہ ماں باپ اس کو ایمان کی بات سمجھاتے ہیں وہ نہیں سمجھتا اور نہایت گستاخانہ خطاب کرکے ایذاء پہنچاتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

آیت کا مصداق: ابن ابی حاتم نے عبداللہ المدینی سے روایت کیا ہے کہ مروان جس وقت خطبہ دے رہا تھا تو میں مسجد میں تھا وہ کہنے لگا کہ میں امیر المومنین یزید کے متعلق بہتر رائے رکھتا ہوں اگر امیر معاویہ نے اپنے بیٹے یزید کو خلیفہ نامزد کیا تھا تو ابوبکر وعمر نے بھی تو اپنا خلیفہ نامزد کیا تھا یعنی ابوبکر نے عمر فاروق کو متعین کیا تھا اور عمر فاروق نے چھ حضرات کی مجلس شوریٰ مقرر کرکے ان ہی میں سے کسی ایک کو خلافت کے واسطے طے فرمادیا تھا۔ لہٰذا یہ تو ابوبکر وعمر کو طریقہ اور انکی سنت ہوئی۔ عبدالرحمٰن بن ابی بکر کہنے لگے کیا یہ طریقہ اور میراث ہرقل کی نہیں ہے؟ خدا کی قسم ابوبکر وعمر نے نہ تو اپنی اولاد میں سے کسی کو خلیفہ بنایا اور نہ ہی اپنے خاندان کے کسی فرد کو اور فرمایا کیا تو وہ ابن المعین نہیں ہے کہ تیرے باپ پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت لعنت فرمائی تھی تو اس کی پشت میں تھا یہ بات حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے سن لی اور فرمایا اے مروان کیا تو عبدالرحمٰن بن ابی بکر کے بارہ میں یہ کہتا ہے تو جھوٹ بول رہا ہے۔ خدا کی قسم یہ آیت ان کے بارے میں نازل نہیں ہوئی۔ یہ تو فلاں ابن فلاں کے متعلق اتری ہے اور اگر میں چاہوں تو ان کے نام بھی بتاسکتی ہوں۔ (روح المعانی ج ۲۶۔ تفسیر ابن کثیر ج ۴) (معارف کاندھلوی)

بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت عائشہؓ نے مروان کے قول کی تردید کردی اور ایک شخص کا نام لے کر فرمایا یہ آیت فلاں شخص کے حق میں اُتری تھی۔ حافظ بن جبیر نے کہا حضرت عائشہؓ نے جو مروان کے قول کی تردید اور حضرت عبدالرحمٰن کے حق میں نزول آیت سے انکار کیا یہ روایت زیادہ صحیح الاسناد اور قابل قبول ہے۔ (تفسیر مظہری)

اَتَعِدٰنِنِيْٓ اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ
کیا مجھ کو وعدہ دیتے ہو کہ میں نکالا جاؤں گا
خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِيْ
قبر سے‘ اور گذر چکی ہیں بہت جماعتیں مجھ سے پہلے ☆

نافرمان کی گستاخ کلامی ☆ یعنی مرنے کے بعد دوبارہ اٹھائے جانے کی دھمکیوں سے میں نہیں ڈرتا۔ بھلا کتنی قومیں اور جماعتیں مجھ سے پہلے گذر چکی ہیں کوئی شخص بھی ان میں سے اب تک دوبارہ زندہ ہوکر واپس آیا؟ لوگ ہمیشہ سے یونہی سنتے چلے آتے ہیں مگر آج تک تو اس خبر کا تحقق ہوا نہیں پھر میں کیونکر اعتبار کرلوں۔ (تفسیر عثمانی)

وَهُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ اللّٰهَ وَيْلَكَ
اور وہ دونوں فریاد کرتے ہیں اللہ سے کہ اے خرابی
اٰمِنْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ
تیری تو ایمان لے آ بیشک وعدہ اللہ کا ٹھیک ہے ☆

والدین کی کاوش ☆ یعنی اس کی گستاخیوں پر ایک طرف اللہ سے فریاد کرتے اور دعا مانگتے ہیں کہ اسے قبول حق کی توفیق ملے اور دوسری طرف اس کو سمجھاتے ہیں کہ کم بخت تیرا ستیاناس! اب بھی باز آجا! دیکھ اللہ کا وعدہ بالکل سچا ہے بعث بعد الموت کی جو خبر اس نے دی ہے ضرور اپنے وقت پر پوری ہوکر رہے گی اس وقت تیرا یہ انکار رنگ لائے گا۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

فَيَقُولُ مَا هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ

پھر کہتا ہے یہ سب نقلیں ہیں

الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٧﴾

پہلوں کی ☆

☆ یعنی ایسی کہانیاں بہت سنی ہیں پرانے وقتوں کے قصے اسی طرح مشہور ہو جاتے ہیں اور واقع میں انکا مصداق کچھ نہیں ہوتا۔ (تفسیر عثمانی)

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ

یہ وہ لوگ ہیں کہ جن پر ثابت ہوئی بات عذاب کی شامل

فِىْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ

اور فرقوں میں جو گذر چکے ہیں ان سے

مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ

پہلے جنوں کے اور آدمیوں کے ☆

بد بختوں کا انجام ☆ عذاب کی بات وہ ہی ہے " لاملان جهنم من الجنة والناس اجمعين " (السجدہ رکوع ٢) یعنی جس طرح بہت سی جماعتیں جنوں اور آدمیوں کی ان سے پہلے جہنم کی مستحق ہو چکی ہیں یہ بد بخت بھی ان ہی میں شامل ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

حَقَّ۔ واجب ہو گیا ثابت ہو کر رہا۔

فِىْٓ اُمَمٍ۔ گزشتہ کافر امتوں کے بارے میں۔

مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ۔ یہ امم کا بیان ہے۔ اس آیت میں ان لوگوں کو جن کا ذکر اوپر کی آیت میں آیا ہے اللہ نے دوزخی ہونا ظاہر فرمایا اور ظاہر ہے کہ حضرت عبدالرحمٰنؓ اکابر اہل اسلام میں تھے اس لئے آپ کے متعلق آیت کا نزول نہیں ہو سکتا۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿١٨﴾

بیشک وہ تھے ٹوٹے میں پڑے ☆

بد بختوں کا نقصان ☆ اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت سے ہر آدمی کے دل میں فطری طور پر جو بیج ایمان و سعادت کا بکھیرا تھا وہ بھی ان بد بختوں نے ضائع کر دیا اس سے زیادہ ٹوٹا اور خسارہ کیا ہوگا کہ کوئی شخص تجارت میں بجائے منافع حاصل کرنے کے راس المال کو بھی اپنی غفلت و حماقت سے ضائع کر بیٹھے (تفسیر عثمانی)

وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا

اور ہر فرقہ کے کئی درجے ہیں اپنے کئے کاموں کے موافق ☆

اہل جنت واہل دوزخ کے درجات ☆ یعنی اعمال کے تفاوت کی وجہ سے اہل جنت کے کئی درجے ہیں اور اسی طرح اہل دوزخ کے بھی۔ (تفسیر عثمانی)

مسلمان ہونے میں تقدیم و تاخیر کا اعتبار

بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا مراد یہ ہے کہ جو پہلے اسلام لایا وہ بعد کو مسلمان ہونے والے سے افضل ہے۔ خواہ یہ تقدیم تاخیر ایک ساعت کی ہو۔

ابن زید نے اس آیت کی تشریح میں کہا' دوزخیوں کے لئے درجات (زینے۔ سیڑھیاں) ان کو نیچے کی طرف لے جائیں گے اور اہل جنت کے درجات ان کو اوپر چڑھائیں گے۔ (تفسیر مظہری)

وَلِيُوَفِّيَهُمْ اَعْمَالَهُمْ وَهُمْ

اور تاکہ پورے دے اُن کو کام اُن کے اور اُن پر

لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿١٩﴾

ظلم نہ ہوگا ☆

☆ نہ کسی نیکی کا ثواب کم کیا جائے گا نہ کسی جرم کی سزا حد مناسب سے زائد کی جائے گی۔ (تفسیر عثمانی)

وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى

اور جس دن لائے جائیں گے منکر آگ کے کنارہ پر

النَّارِ ؕ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِىْ حَيَاتِكُمُ

ضائع کئے تم نے اپنے مزے دنیا کی زندگانی میں

الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۚ

اور اُن کی برت چکے ☆

کافر کی نیکیوں کا اجر ☆ کافر کے کسی نیک کام میں ایمان کی روح نہیں ہوتی۔ محض صورت اور ڈھانچہ نیکی کا ہوتا ہے۔ ایسی فانی نیکیوں کا اجر بھی فانی

besturdubooks.wordpress.com

ہے جو اسی زندگی میں مال، اولاد، حکومت، تندرستی، عزت وشہرت وغیرہ کی شکل میں مل جاتا ہے۔ اس کو فرمایا کہ تم اپنی صوری نیکیوں کے مزے دنیا میں لے چکے اور وہاں کی لذتوں سے تمتع کر چکے۔ جو عیش و آرام ایمان لانے کی تقدیر پر آخرت میں ملتا، گویا اسکی جگہ بھی دنیا میں مزے اڑا لئے اب یہاں کے عیش میں تمہارا کوئی حصہ نہیں حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں کہ ''جن لوگوں نے آخرت نہ چاہی فقط دنیا ہی چاہی ان کی نیکیوں کا بدلہ اسی دنیا میں مل چکا''۔ (تفسیر عثمانی)

وَيَوْمَ يُعْرَضُ ۔ یعنی جس دن کافروں کو آگ کا عذاب دیا جائے گا۔ بطور مبالغہ جملہ کی ساخت الٹ دی گئی۔ کافروں کی آگ پر پیشی ہوگی یعنی کافروں کے سامنے آگ لائی جائے گی۔ طَيِّبٰتِكُمْ ۔ یعنی تم نے اپنی لذت کی چیزیں دنیوی زندگی میں لے لیں مطلب یہ کہ عیش ولذت کا حصہ تمہارے لئے اللہ نے لکھ دیا تھا وہ تم نے دنیا میں حاصل کرلیا۔ وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۔ اور دنیاوی زندگی میں ان سے بہرہ اندوز ہوگئے مزے اڑا لئے اور تمہارا کوئی حصہ عیش باقی نہیں رہا۔ (تفسیر مظہری)

فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ
اب آج سزا پاؤ گے ذلت کا عذاب
بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِى الْأَرْضِ
بدلہ اُس کا جو تم غرور کرتے تھے ملک میں
بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ۝
ناحق اور اُس کا جو تم نافرمانی کرتے تھے ☆

☆ یعنی آج تمہاری جھوٹی شیخی اور نافرمانیوں کی سزا میں ذلیل ورسوا کرنے والا عذاب دیا جائے گا۔ یہ ہی ایک چیز تمہارے لئے یہاں باقی ہے آگے بعض زور آور اور متکبر قوموں کا حال بیان فرماتے ہیں کہ آخرت سے پہلے دنیا ہی میں ان کا انجام کیا ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

بِمَا كُنْتُمْ ۔ مَا مصدری ہے یعنی باطل طور پر بڑا بننے اور اللہ کی اطاعت سے خارج ہونے کی وجہ سے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرامؓ کا حال

بغوی نے لکھا ہے اللہ نے دنیوی لذت اندوزی اور عیش کوشی پر تنبیہ و زجر کی اس لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرامؓ نے دنیوی لذتوں سے اجتناب کیا اور ثواب آخرت کے امیدوار رہے۔

صحیحین میں حضرت عائشہؓ کی روایت ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات تک کبھی دو روز متواتر جو کی روٹی (بھی) پیٹ بھر کر نہیں کھائی۔

بخاری نے بروایت ابو سعید مقبری بیان کیا کہ کچھ لوگوں کے سامنے بھونا ہوا بکری کا گوشت رکھا تھا۔ ادھر سے حضرت ابو ہریرہؓ گزرے اُن لوگوں نے آپ کو بھی کھانے کے لئے بلایا۔ آپ نے کھانے سے انکار کردیا اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دنیا سے تشریف لے گئے اور جو کی روٹی بھی (کبھی) پیٹ بھر کر نہیں کھائی۔

حضرت عائشہؓ کا بیان ہے' ہم پر ایک ایک مہینہ گھر جاتا تھا کہ (ہمارے گھر میں) آگ نہیں جلتی تھی صرف پانی اور چھوارے ہوتے تھے (جس پر بسر اوقات ہوتی تھی) ہاں۔ اللہ جزاء خیر دے انصار کی عورتوں کو وہ کبھی بطور ہدیہ ہم کو دودھ بھیج دیا کرتی تھیں۔

امام احمدؒ ترمذی اور ابن ماجہ نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے بیان کیا کہ مسلسل راتیں ایسی گزر جاتی تھیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھوکے رہتے تھے (کچھ کھانے نہیں ہوتا تھا) گھر والوں کے بھی شام کا کھانا نہیں ملتا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والوں کو روٹی اکثر جو کی ہوتی تھی۔

ترمذی نے حضرت انسؓ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے اللہ کی راہ میں ڈرایا گیا جب کہ (اور) کسی کو نہیں ڈرایا جاتا تھا اور مجھے ایذائیں دی گئیں جب کہ اور کسی کو نہیں ستایا جاتا تھا۔ مجھ پر تین دن رات ایسے گزرے کہ نہ میرے پاس نہ بلالؓ کے پاس ایسا کھانا تھا جو کوئی زندہ شخص کھاتا ہے ہاں بلالؓ نے اپنی بغل میں کچھ چھپا لیا تھا (وہی ہم کھا لیا کرتے تھے) ترمذی نے کہا یہ واقعہ اس وقت کا ہے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بلالؓ کو ساتھ لے کر مکہ سے بھاگ کر چلے گئے تھے بلال کے پاس بس اتنا کھانا تھا کہ انہوں نے بغل کے اندر چھپا لیا تھا۔

بخاری نے لکھا ہے کہ حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا میں نے ستر اصحاب صفہ کو دیکھا جن میں کسی ایک کے بدن پر بھی چادر نہ تھی یا لنگی (تہبند) تھی یا کمل ہے جس کو گلے میں انہوں باندھ رکھا تھا۔ کسی کے آدھی پنڈلیوں تک تھی' کسی کے ٹخنوں تک۔ اپنے ہاتھ سے وہ اس کو سمیٹے رہتا تھا تاکہ ستر عورت نہ کھل جائے۔

بخاری نے بیان کیا کہ حضرت انسؓ جو کی روٹی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لائے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ میں ایک یہودی کے پاس زرہ رہن رکھوا کر گھر والوں کے لئے جو لئے تھے اور میں نے خود یہ فرماتے سنا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والوں کے پاس ایک صاع گیہوں رات کو (کبھی) نہ رہے اور نہ ایک صاع دانے (یعنی اناج) اور (اس زمانے میں) آپ کی نو عورتیں (یعنی بیبیاں) تھیں۔

ترمذی کی روایت ہے کہ حضرت ابو طلحہؓ نے فرمایا کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بھوک کی شکایت کی اور اپنے پیٹ کھول کر دکھائے کہ ہر ایک کے پیٹ پر ایک ایک پتھر بندھا ہوا تھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا پیٹ کھول

besturdubooks.wordpress.com

کر دکھایا جس پر دو پتھر بندھے تھے۔ ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے۔

مسلم نے بروایت عبدالرحمٰن بیان کیا۔ عبدالرحمٰن نے کہا میں حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ تین آدمی آپ کے پاس آئے اور عرض کیا ابومحمد! واللہ ہم بالکل بے طاقت ہیں نہ ہمارے پاس کھانے پینے کو ہے نہ سواری ہے نہ کوئی سامان ہے۔ حضرت عبداللہؓ نے فرمایا تم کیا چاہتے ہو اگر تم چاہتے ہو تو ہمارے پاس آؤ اللہ نے جس چیز کی آپ لوگوں کے لئے ہم کو توفیق دی وہ دے دیں گے۔ اور اگر تم چاہو تو ہم تمہارے واقعہ کا سلطان سے ذکر کر دیں اور اگر چاہو تو صبر کرو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ قیامت کے دن فقراء مہاجرین دولت مندوں سے چالیس سال پہلے جنت میں جائیں گے۔ ان لوگوں نے کہا تو اب ہم صبر کریں گے کوئی چیز نہیں مانگتے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت معاذ کو نصیحت

امام احمد نے حضرت معاذؓ بن جبل کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب حضرت معاذؓ کو یمن کا حاکم بنا کر بھیجا تو فرمایا عیش پرستی سے بچنا اللہ کے بندے عیش پرست نہیں ہوتے۔ بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت علیؓ کی روایت میں بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص تھوڑے سے رزق پر اللہ سے راضی ہوگا اللہ (اس کے) تھوڑے عمل سے راضی ہوگا۔

بغوی کا بیان ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کا روزہ تھا شام کو آپ کے سامنے کھانا لایا گیا فرمایا مصعبؓ بن عمیر شہید ہوئے اور وہ مجھ سے بہتر تھے تو ان کو ایک چادر کا کفن دیا گیا (چادر اتنی چھوٹی تھی کہ) سر ڈھانکا جاتا تھا تو پاؤں کھل جاتے تھے اور پاؤں چھپائے جاتے تھے تو سر کھل جاتا تھا۔

راوی نے کہا میرا خیال ہے (کہ حضرت عبدالرحمٰن نے یہ بھی فرمایا) اور حضرت حمزہؓ شہید ہو گئے اور وہ مجھ سے بہتر تھے پھر ہمارے لئے دنیا پھیلا دی گئی جتنی بھی پھیلائی گئی یا یہ فرمایا پھر ہم کو دنیا دے دی گئی ہم کو ڈر ہے کہ کہیں ہماری (ساری) نیکیوں کا بدلہ (یہیں) جلد ہم کو نہ دے دیا گیا ہو یہ کہہ کر رونے لگے اور کھانا موقوف کر دیا۔

حضرت جابر بن عبداللہ راوی ہیں کہ حضرت عمرؓ نے میرے ہاتھوں میں گوشت لٹکا ہوا دیکھا تو فرمایا جابرؓ یہ کیا ہے میں نے عرض کیا گوشت ہے۔ گوشت کو میرا دل چاہا تھا اس لئے خرید کر لایا ہوں، فرمایا جو بھی تمہارا دل چاہے گا خرید لو گے کیا تم کو آیت اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا کا کوئی خوف نہیں۔ ایک روایت میں حضرت جابرؓ کی حدیث میں یہ بھی آیا ہے کہ (حضرت عمرؓ نے فرمایا) کیا تم میں کوئی شخص اس بات کی کوشش نہیں کرتا کہ اپنے ہمسائے اور اپنے چچا کے بیٹے کے لئے خود بھوکا رہے۔ پورا قصہ حضرت ابن عمرؓ کی روایت کردہ حدیث میں آیا ہے۔

رزین نے زید بن اسلم کی روایت سے بیان کیا ہے کہ ایک روز حضرت عمرؓ نے پینے کے لئے پانی طلب کیا۔ پانی پیش کیا گیا مگر اس میں شہد ملا ہوا تھا (یعنی شہد کا شربت تھا) فرمایا بیشک یہ پاکیزہ ہے لیکن میں سن رہا ہوں کہ اللہ نے ان لوگوں سے (جنہوں نے اپنی خواہشات کو پورا کیا) طیبات کی نفی کر دی اور فرمایا اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا مجھے ڈر ہے کہ ہماری نیکیوں کا بدلہ فوراً (نہ) دے دیا گیا ہو۔ یہ بیان فرمانے کے بعد حضرت عمر نے وہ شربت نہیں پیا۔

حضرت عمرؓ کی حالت: سالم بن عبداللہ بن عمرؓ راوی ہیں کہ حضرت عمرؓ فرماتے تھے لذاتِ زندگی سے ہماری مراد (صرف) یہ ہی نہیں ہے کہ ہم اپنے حکم سے بکری کے چھوٹے بچوں کا گوشت بریان کرائیں، میدے کی روٹیاں پکوائیں کٹھلوں میں خشک انگور (کشمش منقی) اتنی دیر بھگوئیں کہ چاند چکور کی آنکھ کی طرح ہو جائے پھر ہم ان چیزوں کو کھائیں پئیں بلکہ ہم چاہتے ہیں کہ اپنی لذتوں کو (آخرت کے لئے) باقی رکھیں کیوں کہ ہم نے سن لیا ہے کہ اللہ فرماتا ہے: اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا۔

قتادہ نے کہا ہم سے بیان کیا گیا ہے کہ حضرت عمرؓ فرماتے تھے اگر میں چاہتا تو تم سب سے زیادہ لذیذ کھانے کھاتا اور سب سے اعلیٰ نرم لباس پہنتا لیکن میں اپنی لذتیں آخرت کے لئے باقی رکھنا چاہتا ہوں۔

بیان کیا گیا ہے کہ حضرت عمرؓ جب شام میں تشریف لائے تو آپ کے لئے ایسا کھانا تیار کیا گیا جیسا آپ نے کبھی نہیں دیکھا تھا آپ نے فرمایا یہ (لذیذ کھانے ہمارے لئے تیار کئے گئے ہیں) ان محتاج مسلمانوں کے لئے کیا ہے جن کو مرتے دم تک پیٹ بھر کر جو کی روٹی بھی نہیں ملی حضرت خالدؓ بن ولید نے عرض کیا (ان کے لئے) جنت ہے۔ حضرت عمرؓ کی آنکھیں ڈبڈبا گئیں اور فرمایا اگر ہمارا حصہ یہ حقیر بے قدر چیز ہے اور وہ جنت کے مالک ہیں تو وہ ہم سے بہت دور (بہت آگے) ہو گئے۔ حمید بن ہلال کا بیان ہے کہ حفصؓ اکثر شام کو حضرت عمرؓ کے پاس رہتے تھے لیکن جب کھانا سامنے لایا جاتا تو آپ کھانے سے انکار کر دیتے حضرت عمرؓ نے فرمایا۔ کیا بات ہے کہ تم ہمارا کھانا نہیں کھاتے۔ حفصؓ نے جواب دیا امیر المومنین میرے گھر والے جو کھانا تیار کرتے ہیں وہ آپ کے کھانے سے زیادہ نرم (زیادہ لذیذ) ہوتا ہے میں آپ کے کھانے کے مقابلے میں اس کو پسند کرتا ہوں فرمایا تیری ماں تجھے روئے۔ کیا تجھے معلوم نہیں کہ اگر میں چاہوں تو ایک موٹا تازہ بکری کا بچہ (ذبح کرا کے اسکی) کھال بالوں سے صاف کرا کے بریان کرا لوں پھر کپڑے میں چھنے ہوئے آٹے کی چپاتیاں بنا لوں اور ایک صاع کشمش (یا منقیٰ) لے کر کشتی (کٹھلا) میں بھگونے کا حکم دوں اور اتنی دیر بھگا رکھوں کہ

besturdubooks.wordpress.com

اس کا پانی ہرن کے خون کی طرح (سرخ) ہو جائے۔ حفص نے کہا میں جانتا ہوں کہ آپ لذیذ کھانے سے واقف ہیں حضرت عمرؓ نے فرمایا تجھے تیری ماں روئے قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر قیامت کے دن مجھے اپنی نیکیاں کم ہو جانا پسند نہ ہوتا تو میں تم لوگوں کو لذیذ کھانے میں شریک کر لیا کرتا یعنی خود بھی لذیذ کھانا کھاتا اور تم کو بھی کھلاتا۔

حسن کی روایت ہے کہ اہل بصرہ کا وفد حضرت ابوموسیٰؓ کے ساتھ حضرت عمرؓ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ حضرت عمرؓ کی روٹی روزانہ کسی چیز سے آلودہ ہوتی تھی۔ کبھی ہم دودھ کے سالن سے اس کو آلودہ پاتے کبھی خشک گوشت کا ابلا ہوا قیمہ ہوتا کبھی تازہ گوشت کا سالن ہوتا لیکن ایسا کم ہوتا تھا۔ حضرت عمرؓ نے ہم سے فرمایا خدا کی قسم میں دیکھ رہا ہوں کہ تم کو میرا کھانا ناپسند ہے اور تم اس سے نفرت کرتے ہو لیکن بخدا اگر میں چاہتا تو تم سب سے زیادہ لذیذ کھانا کھاتا اور بڑے مزے کی زندگی گزارتا خدا کی قسم میں مرغ آبیوں پر بٹیروں سے ناواقف نہیں ہوں لیکن اللہ نے عار دلائی ہے (لذت کوش) لوگوں کو اور فرمایا ہے۔ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۔ (منه برد الله مضجعه)

(تفسیر مظہری)

وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ

اور یاد کر عاد کے بھائی کو☆

☆یعنی ہود علیہ السلام جو ''عاد'' کے قومی بھائی تھے۔ (تفسیر عثمانی)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سابقہ اقوام سے عبرت حاصل کرنے کا سبق دینا

مسند احمد میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مری ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی کھلکھلا کر اس طرح ہنستے ہوئے نہیں دیکھا کہ آپ کے مسوڑھے نظر آئیں۔ آپ تبسم فرمایا کرتے تھے۔ اور جب ابر اٹھتا اور آندھی چلتی تو آپ کے چہرے سے فکر کے آثار نمودار ہو جاتے۔ چنانچہ ایک روز میں نے آپ سے کہا یا سول اللہ لوگ تو ابر و باد کو دیکھ کر خوش ہوتے ہیں کہ اب بارش برسے گی لیکن آپ کی اس کے بالکل برعکس حالت ہو جاتی ہے۔ آپ نے فرمایا عائشہ میں اس بات سے کہ کہیں اس میں عذاب ہو کیسے مطمئن ہو جاؤں؟ ایک قوم ہوا ہی سے ہلاک کی گئی ایک قوم نے عذاب کے بادل کو دیکھ کر کہا تھا کہ یہ ابر ہے جو ہم پر بارش برسائے گا۔

ہوا کے وقت کی دعاء: مسند احمد میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کبھی آسمان کے کنارے سے ابر اٹھتا ہوا دیکھتے تو اپنے تمام کام چھوڑ دیتے اگرچہ نماز میں ہوں اور یہ دعا پڑھتے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْهِ خدایا میں تجھ سے اس برائی سے پناہ چاہتا ہوں جو اس میں ہے پس اگر کھل جاتا تو اللہ عزوجل کی حمد کرتے اور اگر برس جاتا تو یہ دعا پڑھتے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَخَيْرَ مَآ اُرْسِلَتْ بِهٖ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا وَشَرِّ مَآ اُرْسِلَتْ بِهٖ یا اللہ میں تجھ سے اس کی اور اس میں جو ہے اس کی اور جس کو یہ ساتھ لے کر آئی ہے اس کی بھلائی طلب کرتا ہوں اور تجھ سے اس کی اور اس میں جو ہے اس کی اور جس چیز کے ساتھ یہ بھیجی گئی ہے اس کی برائی سے پناہ چاہتا ہوں۔ اور جب ابر اٹھتا تو اپ کے رنگ متغیر ہو جاتا کبھی اندر کبھی باہر کبھی آتے کبھی جاتے جب بارش ہو جاتی تو آپ کی یہ فکرمندی دور ہو جاتی۔ حضرت عائشہؓ نے اسے سمجھ لیا اور آپ سے ایک بار سوال کیا تو آپ نے جواب دیا کہ عائشہ خوف اس بات کا ہوتا ہے کہ کہیں یہ اسی طرح نہ ہو جس طرح قوم ہود نے اپنی طرف بادل بڑھتا ہوا دیکھ کر خوشی سے کہا تھا کہ یہ ابر ہمیں سیراب کریگا۔ (تفسیر ابن کثیر)

اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ

جب ڈرایا اپنی قوم کو احقاف میں ☆

احقاف ☆موءلف ''ارض القرآن'' ''بلاد الاحقاف'' کے تحت میں لکھتا ہے ''یمامہ، عمان، بحرین، حضرموت اور مغربی یمن کے بیچ میں جو صحرائے اعظم ''الدہنا'' یا ''ربع خالی'' کے نام سے واقع ہے گو وہ آبادی کے قابل نہیں لیکن اس کے اطراف میں کہیں کہیں آبادی کے لائق تھوڑی تھوڑی زمین ہے خصوصاً اس حصہ میں جو حضرموت سے نجران تک پھیلا ہوا ہے۔ گو اس وقت وہ بھی آباد نہیں۔ تاہم عہد قدیم میں اسی حضرموت اور نجران کے درمیان حصہ میں ''عاد ارم'' کا مشہور قبیلہ آباد تھا جس کو خدا نے اس کی نافرمانی کی پاداش میں نیست و نابود کر دیا''۔ (تفسیر عثمانی)

احقاف جمع ہے حقف کی اور حقف کہتے ہیں ریت کے پہاڑ کو مطلق پہاڑ اور غار اور حضرموت کی وادی جس کا نام برہوت ہے جہاں کفار کی روحیں ڈالی جاتی ہیں۔ یہ مطلب بھی احقاف کا بیان کیا گیا ہے۔ قتادہ کا قول ہے کہ یمن میں سمندر کے کنارے ریت کے ٹیلوں میں ایک جگہ تھی جس کا نام شجر تھا یہاں یہ لوگ آباد تھے۔

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرموت میں ایک وادی کا نام احقاف ہے قتادہ کہا کرتے تھے کہ یہ بات مشہور ہے کہ عاد یمن میں رہنے والی ایک قوم تھی جو ریگیستانی علاقہ میں ساحل سمندر پر آباد ہوئی اور اسی کے قرب و جوار میں ان کی بستیاں بھی آباد ہو گئیں۔ (معارف کاندھلوی)

وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِنْ بَيْنِ

اور گذر چکے تھے ڈرانے والے اُس کے آگے سے

besturdubooks.wordpress.com

يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖٓ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا

اور پیچھے سے کہ بندگی نہ کرو کسی کی

اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَیْکُمْ

اللہ کے سوائے میں ڈرتا ہوں تم پر

عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿۲۱﴾

آفت سے ایک بڑے دن کے ☆

یہود کی دعوت ☆یعنی ہود علیہ السلام سے پہلے اور پیچھے، بہت ڈرانے والے آئے سب نے وہی کہا جو حضرت ہود علیہ السلام نے کہا تھا یعنی ایک خدا کی بندگی کرو اور کفر و معصیت کے برے انجام سے ڈرو۔ ممکن ہے قوم عاد میں بھی حضرت ہود علیہ السلام کے علاوہ اور نذیر آئے ہوں۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

طبرانی کی مرفوع حدیث میں ہے کہ عادیوں پر اتنی ہی ہوا کھولی گئی تھی جتنا انگوٹھی کا حلقہ ہوتا ہے۔ یہ ہوا پہلے دیہات والوں اور بادیہ نشینوں پر آئی وہاں سے شہری لوگوں پر آئی جسے دیکھ کر یہ کہنے لگے کہ یہ ابر جو ہماری طرف بڑھا چلا آ رہا ہے یہ ضرور ہم پر بارش برسائے گا لیکن اس میں جنگلی لوگ تھے جو ان شہریوں پر گرا دیئے گئے تھے اور سب ہلاک ہو گئے۔ ہوا کے خزانچیوں پر ہوا کی سرکشی اس وقت اتنی تھی کہ دروازیوں کے سوراخوں سے وہ نکلی جا رہی تھی۔ واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔ (تفسیر ابن کثیر)

قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَاْفِکَنَا عَنْ

بولے کیا تو آیا ہے ہمارے پاس کہ پھیر دے

اٰلِهَتِنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ

ہم کو ہمارے معبودوں سے سو لے آ ہم پر جو وعدہ کرتا ہے

کُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۲۲﴾

اگر ہے تو سچا ☆

کافروں کا مطالبہ ☆یعنی ہم اپنے آبائی طریقہ سے ہٹنے والے نہیں اگر تو اپنی دھمکیوں میں سچا ہے تو دیر کیا ہے۔ جو زبان سے کہتا ہے، کر کے دکھلا دے۔ (تفسیر عثمانی)

قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۫

کہا یہ خبر تو اللہ ہی کو ہے

وَاُبَلِّغُکُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖ

اور میں تو پہنچا دیتا ہوں جو کچھ بھیج دیا میرے ہاتھ

وَلٰکِنِّیْٓ اَرٰىکُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿۲۳﴾

لیکن میں دیکھتا ہوں تم لوگ نادانی کرتے ہو ☆

مطالبہ کا جواب ☆یعنی اس قسم کا مطالبہ کرنا تمہاری نادانی اور جہالت ہے۔ میں خدا کا پیغمبر ہوں جو پیام میرے ہاتھ بھیجا گیا وہ پہنچا رہا ہوں اس سے زائد کا نہ مجھے علم نہ اختیار۔ یہ علم خدا ہی کو ہے کہ منکر قوم کس وقت دنیوی سزا کی مستوجب ہوتی ہے اور کس وقت تک اسے مہلت ملنی چاہئے۔ (تفسیر عثمانی)

اَلْعِلْمُ ۔ یعنی وقت عذاب کا علم۔

عِنْدَ اللّٰهِ ۔ یعنی عذاب مقرر وقت پر آئے گا۔ اگر اس وقت تک نہیں آیا تو اس سے یہ لازم نہیں کہ میں جھوٹا ہوں ہاں مجھے عذاب لانے میں کوئی دخل نہیں کہ جلد لانے کا طلب گار بنوں۔

وَاُبَلِّغُکُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖ ۔ یعنی پیام توحید، احکام اور تمہارے ایمان نہ لانے کی صورت میں نزول عذاب کی اطلاع دے کر جو مجھے تمہارے پاس بھیجا گیا ہے میں وہ تم کو پہنچا رہا ہوں۔

قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ۔ یعنی تم نہیں جانتے کہ علیم وقدیر اللہ ہے پیغمبروں کو صرف تبلیغ توحید و احکام اور ڈرانے کے لئے بھیجا گیا ہے پیغمبر نہ خود عذاب دینے والے ہوتے ہیں نہ نزول عذاب کی (بغیر وحی کے) تلاش وطلب کرنے والے۔ (تفسیر مظہری)

فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ

پھر جب دیکھا اس کو ابر سامنے آیا

اَوْدِیَتِهِمْ ۙ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ

ان کے نالوں کے بولے یہ ابر ہے

مُّمْطِرُنَا ؕ

ہم پر برسے گا ☆

قوم عاد پر عذاب کے آنے کی کیفیت ☆یعنی سامنے سے

besturdubooks.wordpress.com

بادل اٹھتا ہوا دکھائی دیا۔ سمجھے کہ سب ندی نالے بھر جائیں گے کہنے لگے۔ کہ بہت برساؤ گھنا اٹھی ہے اب کام بن جائے گا۔ اس وقت طویل خشک سالی کی وجہ سے پانی کی بہت ضرورت تھی۔ (تفسیر عثمانی)

قوم عاد پر دو سال سے بارش نہیں ہوئی تھی۔ جب بادل کو سامنے سے آتے دیکھا تو بڑے خوش ہوئے اور کہنے لگے' یہ جو ہم کو نظر آ رہا ہے بادل ہے جو برسے گا' پانی برسائے گا۔ اللہ نے یا حضرت ہودؑ نے فرمایا' یہ ابر باراں نہیں ہے بلکہ یہ وہ عذاب ہے جس کی تم جلدی مچاتے تھے۔ یہ ایک آندھی ہے جس کے اندر عذاب الیم ہے۔

سب سے پہلے عذاب ہونے کی شناخت ان کو اس وقت ہوئی جب بستی کے باہر کی چیزیں انہوں نے ہوا میں اڑتی ہوئی دیکھیں' یہ سماں دیکھ کر وہ اپنے گھروں میں گھس گئے اور دروازے بند کر لئے لیکن طوفان نے ان کے دروازے توڑ دیئے اور سب لوگوں کو زمین پر دے پٹکا پھر بحکم خدا طوفانی ریت ان پر آ پڑی اور سب ریت کے نیچے دب گئے یہ آندھی ساری رات اور آٹھ دن چلتی رہی' ایک ہفتہ کے بعد طوفانی ریت اڑ گئی اور ان کی لاشوں کو اڑا کر سمندر میں پھینک دیا۔ روایت میں آیا ہے کہ حضرت ہودؑ کو جب طوفان کا احساس ہوا تو فوراً مؤمنوں کو لے کر ایک حصار میں داخل ہو گئے۔

حافظ عماد الدین ابن کثیر نے سند غریب سے ایک روایت امام احمد بن حنبل کی مسند سے ذکر کی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ قوم عاد ایک دفعہ قحط میں مبتلا ہوئی تو انہوں نے ایک وفد روانہ کیا جس کو قیل کہا جاتا تھا وہ وفد معاویۃ بن بکر پر سے گزرا تو ایک ماہ اس کے یہاں ٹھہرا جو اس کو شراب پلاتا اور دو گانے والی لونڈیاں اس کو اپنے نغمہ و سرود میں مست کرتی رہیں۔ یہاں تک کہ ایک ماہ گزر گیا تو وہ مہرہ پہاڑ کی طرف روانہ ہوا اور کہا اے پروردگار تو جانتا ہے کہ نہ تو میں کسی مریض کی جانب آیا ہوں کہ اس کا علاج کروں اور نہ کسی قیدی کی طرف کہ اس کا فدیہ ادا کروں۔

اے اللہ (بس یہی طلب ہے) تو عاد کو سیراب کر دے جس چیز سے بھی تو سیراب کرنے والا ہو تو اچانک چند بادل سیاہ رنگ کے سامنے سے گذرنے لگے تو ان میں سے ایک آواز آئی ان میں جو بادل چاہے اختیار کرے اس نے ان بادلوں میں سے سیاہ ترین بادل اختیار کر لیا فوراً اس میں سے آواز آئی خذھار ماذار مذذا الخ یعنی لے لے یہ بادل اس طرح کہ جلا کر را کھ کر دینے والے شعلے اور ریزہ ریزہ کر دینے والا کہ قوم عاد میں سے کسی ایک کو بھی باقی نہ چھوڑے تو ایک آندھی چلی جس نے پوری بستی ہلاک کر دی اور کوئی مکان باقی نہ بچا کہ وہ منہدم نہ ہو گیا ہو اور درخت جڑوں سے اکھڑ گئے اور یہ تن آور اور طاقت ور ڈیل ڈول والے زمین پر پچھڑے ہوئے پڑے تھے جیسے کہ کھجور کے درخت اکھاڑ کر پھینک دیئے گئے ہوں گے

كَاَنَّهُمْ اَعجاز نخل خاويه۔ یہ آندھی مسلسل سات راتیں اور آٹھ تک چلتی رہی۔ سَبْعَ لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ حُسُوْمًا۔

علامہ آلوسیؒ نے ایک روایت کے مضمون میں یہ بیان کیا کہ سب سے پہلے اس عذاب کو ایک عورت نے دیکھا کہ ایک ہوا کا جھونکا ان کی بستی کی طرف اٹھا جس میں دہکتی ہوئی آگ کے شعلے تھے۔

ایک روایت میں آتا ہے کہ حضرت ہود علیہ السلام نے جب یہ محسوس کیا کہ یہ آندھی عذاب خداوندی لے کر آ رہی ہے تو ایک خط اپنے پر کھینچ لیا اور ایک خط اس جگہ پر جہاں مؤمنین تھے تو ان پر یہ ہوا نہایت لطیف و خوشگوار ہو کر لگ رہی تھی حالانکہ یہی ہوا قوم عاد کو ان کی بستی درختوں اور مکانات کو اکھاڑ پھینک رہی تھی اور یہ نظر آ رہا تھا کہ ان پر پتھروں کی بارش ہو رہی ہے

(ابن ابی شیبہ بحوالہ تفسیر روح المعانی) (معارف کاندھلوی)

بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ ؕ رِيْحٌ
کوئی نہیں یہ تو وہ چیز ہے جس کی تم جلدی کرتے تھے'
فِيْهَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٢٤﴾
ہوا ہے جس میں عذاب ہے دردناک ☆

☆ یعنی یہ برساؤ بادل نہیں۔ بلکہ عذاب الٰہی کی آندھی ہے وہ ہی جس کے لئے تم جلدی مچا رہے تھے۔ (تفسیر عثمانی)

تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍۢ بِاَمْرِ رَبِّهَا فَاَصْبَحُوْا
اکھاڑ پھینکے ہر چیز کو اپنے رب کے حکم سے پھر کل کو رہ گئے
لَا يُرٰٓى اِلَّا مَسٰكِنُهُمْ ؕ كَذٰلِكَ
کہ کوئی نظر نہیں آتا تھا سوائے اُنکے گھروں کے یوں ہم
نَجْزِى الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٢٥﴾
سزا دیتے ہیں گنہگار لوگوں کو ☆

عذاب ☆ سات رات اور آٹھ دن مسلسل ہوا کا وہ غضبناک طوفان چلا جس کے سامنے درخت، آدمی اور جانوروں کی حقیقت تنکوں سے زیادہ نہ تھی۔ ہر چیز ہوا نے اکھاڑ پھینکی اور چاروں طرف تباہی نازل ہو گئی۔ آخر مکانوں کے کھنڈرات کے سوا کوئی چیز نظر نہ آتی تھی۔ دیکھ لیا! اللہ کے مجرموں کا حال یہ ہوتا ہے۔ چاہیے کہ ان

besturdubooks.wordpress.com

واقعات کو سن کر ہوش میں آؤ۔ ورنہ تمہارا بھی یہی حال ہوسکتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ فِيْمَآ
اور ہم نے مقدور دیا تھا اُن کو اُن
اِنْ مَّكَّنّٰكُمْ فِيْهِ
چیزوں کا جن کا تم کو مقدور نہیں دیا ☆

کفار مکہ کو نصیحت ☆ یعنی مال، اولاد، جتھے اور جسمانی طاقت جو ان کو دی گئی تھی تم کو نہیں دی گئی، مگر جب عذاب آیا، کوئی چیز کام نہ آئی، پھر تم کس بات پر مغرور ہو۔ (تفسیر عثمانی)

وَّجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَّاَبْصَارًا وَّ
اور ہم نے اُن کو دیے تھے کان اور آنکھیں اور
اَفْـِٕدَةً ۖ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ
دل پھر کام نہ آئے اُن کے کان اُن کے
وَلَآ اَبْصَارُهُمْ وَلَآ اَفْـِٕدَتُهُمْ مِّنْ
اور نہ آنکھیں اُن کی اور نہ دل اُن کے
شَيْءٍ
کسی چیز میں ☆

بدنصیبی ☆ یعنی نصیحت سننے کے لئے کان اور قدرت کی نشانیاں دیکھنے کے لئے آنکھیں اور سمجھنے بوجھنے کے لئے دل دیئے گئے تھے پر وہ کسی قوت کو کام میں نہ لائے۔ اندھے، بہرے اور پاگل بن کر پیغمبروں کے مقابل ہو گئے۔ آخر انجام یہ ہوا کہ یہ قوتیں سب موجود رہیں اور عذاب الٰہی نے آ گھیرا، کوئی اندرونی یا بیرونی قوت اس کو دفع نہ کر سکی۔ (تفسیر عثمانی)

اِذْ كَانُوْا يَجْحَدُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَحَاقَ
اس لئے کہ منکر ہوتے تھے اللہ کی باتوں سے اور اُلٹ پڑی
بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۲۶﴾
اُن پر جس بات سے کہ وہ ٹھٹھا کرتے تھے ☆

استہزاء کا نتیجہ ☆ یعنی جس عذاب کی ہنسی اڑایا کرتے تھے وہ ان پر واقع ہوا حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں کہ "ان کو دل اور کان اور آنکھ دی تھی، یعنی دنیا کے کام میں عقل مند تھے، وہ عقل نہ آئی جس سے آخرت بھی درست ہو"۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُمْ مِّنَ الْقُرٰى
اور ہم غارت کر چکے ہیں جتنی تمہارے آس پاس ہیں بستیاں ☆

قوم ثمود اور قوم لوط ☆ یعنی "عاد" کے سوا "قوم ثمود" اور "قوم لوط" وغیرہ کی بستیاں بھی اسی طرح تباہ کی جا چکی ہیں جو تمہارے آس پاس واقع تھیں، یہ مکہ والوں کو فرمایا کیونکہ سفروں میں ان کا گذر ان مقامات کی طرف ہوتا تھا۔ (تفسیر عثمانی)

وَصَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ
اور طرح طرح سے پھیر کر سنائیں اُن کو باتیں
يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۷﴾
تا کہ وہ لوٹ آئیں ☆

☆ مگر اتنا سمجھانے پر بھی وہ باز نہ آئے۔ (تفسیر عثمانی)

مشرکین کو عبرت کی دعوت: اور ہم نے دوسرے آس پاس کے اور بستیاں بھی تباہ کر دیں اور ہم نے بار بار اپنی نشانیاں بتا دی تھیں تا کہ وہ باز آجائیں سو خدا کے سوا جن جن چیزوں کو انہوں نے خدا تعالیٰ کا تقرب حاصل کرنے کے لئے اپنا معبود بنا رکھا تھا انہوں نے ان کی مدد کیوں نہیں کی بلکہ وہ ان سے غائب ہو گئے وہ محض ان کی من گھڑت اور تراشی ہوئی بات تھی۔

مَا حَوْلَكُمْ۔ یعنی اے اہل مکہ تمہارے آس پاس کی بستیاں جیسے قوم ثمود کی بستی حجر اور قوم لوط کی بستی سدوم وغیرہ۔ بستیوں کو ہلاک کرنے سے مراد ہے اہل بستی کو ہلاک کرنا۔ (تفسیر مظہری)

فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا
پھر کیوں نہ مدد پہنچی اُن کو اُن لوگوں کی طرف سے جن کو پکڑا تھا
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا اٰلِهَةً ۭ
اللہ سے ورے معبود بڑے درجے پانے کو ☆

اب بتوں کو بلاؤ ☆ یعنی جن بتوں کی نسبت کہا کرتے تھے کہ ہم ان کی عبادت اس لئے کرتے ہیں کہ یہ ہم کو اللہ سے نزدیک کر دیں اور بڑے درجے دلائیں وہ

besturdubooks.wordpress.com

اس آڑے وقت میں کیوں کام نہ آئے۔ اب ذران کو بلایا ہوتا۔ (تفسیر عثمانی)

قُرْبَانًا اٰلِهَةً یعنی اللہ کے سوا دوسروں کو انہوں نے معبود بنا رکھا تا کہ ان کے ذریعہ سے اللہ کا قرب حاصل کر لیں کیوں کہ انہوں نے کہا تھا هٰؤُلَآءِ شُفَعَآءُنَا عِنْدَ اللہِ۔ (تفسیر مظہری)

بَلْ ضَلُّوْا عَنْهُمْ ۚ

کوئی نہیں گم ہو گئے اُن سے ☆

اب بت کہاں گئے ☆ یعنی آج ان کا کہیں پتہ نہیں، نہ عذاب کے وقت ان کو پکارا جاتا ہے آخر وہ گئے کہاں جو ایسی مصیبت میں بھی کام نہیں آتے۔ (تفسیر عثمانی)

بَلْ ضَلُّوْا عَنْهُمْ۔ یعنی غائب ہو گئے (کھو گئے) مطلب یہ کہ عذاب نازل ہونے کے وقت غائب ہو گئے اور جس طرح کسی غائب سے طلب مدد ناممکن ہے اسی طرح ان معبودوں سے مدد طلب کرنی بھی محال تھی۔ (تفسیر مظہری)

وَذٰلِكَ اِفْكُهُمْ وَمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٢٨﴾

اور یہ جھوٹ تھا اُن کا اور جو اپنی جی سے باندھتے تھے ☆

جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے ☆ یعنی ظاہر ہوا کہ بتوں کو خدا بنانا اور ان سے امیدیں قائم کرنا محض جھوٹی اور من گھڑت باتیں تھیں، جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے پھر وہ چلے کیسے (ربط) اوپر کی آیات میں انسانوں کے تمرد و سرکشی کی داستان تھی۔ آگے اسکے مقابل جنوں کے اطاعت و فرمانبرداری کا حال سناتے ہیں۔ تا معلوم ہو کہ جو قوم طبعی طور پر سخت متمرد اور سرکش واقع ہوئی ہے اس کے بعض افراد کس طرح اللہ کا کلام سن کر موم ہو جاتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

بعض اہل تفسیر نے لکھا ہے کہ ذلک سے اشارہ عدم امداد کی طرف ہے یعنی امداد نہ ہونا ان کے جھوٹ یعنی افتراء کا نتیجہ ہے۔

وَمَا كَانُوْا۔ ما مصدری ہے یعنی ان کا افتراء۔ (تفسیر مظہری)

وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ

اور جس وقت متوجہ کر دیئے ہم نے تیری طرف کتنے اک لوگ جنوں میں

يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ

سے سُننے لگے قرآن پھر جب وہاں پہنچ گئے

قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى

بولے چپ رہو پھر جب ختم ہوا اُلٹے پھرے

قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿٢٩﴾

اپنی قوم کو ڈرساتے ہوئے ☆

جنات کا مسلمان ہونا ☆ بعثت محمدی سے قبل جنوں کو کچھ آسمانی خبریں معلوم ہو جاتی تھیں۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی آنا شروع ہوئی تو وہ سلسلہ تقریباً بند ہو گیا اور بہت کثرت سے شہب کی مار پڑنے لگی، جنوں کو خیال ہوا کہ ضرور کوئی نیا واقعہ ہوا ہے جسکی وجہ سے آسمانی خبروں پر بہت سخت پہرے بٹھلائے گئے ہیں۔ اسی کی جستجو کے لئے جنوں کے مختلف گروہ مشرق و مغرب میں پھیل پڑے۔ ان میں سے ایک جماعت "بطن نخلہ" کی طرف گذری۔ وہاں اتفاق سے اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے چند اصحاب کے ساتھ نماز فجر ادا کر رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے جنوں کی اس ٹکڑی کا رخ قرآن سننے کے لئے ادھر پھیر دیا قرآن کی آواز انہیں بہت عجیب اور موثر و دلکش معلوم ہوئی اور اسکی عظمت و ہیبت دلوں پر چھا گئی۔ آپس میں کہنے لگے کہ چپ رہو اور خاموشی کے ساتھ یہ کلام پاک سنو آخر قرآن نے ان کے دلوں میں گھر کر لیا۔۔ وہ سمجھ گئے کہ یہی نئی چیز ہے جس نے جنوں کو آسمانی خبروں سے روکا ہے۔ بہر حال جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم قرآن پڑھ کر فارغ ہوئے۔ یہ لوگ اپنے دلوں میں ایمان و ایقان لے کر واپس گئے اور اپنی قوم کو نصیحت کی۔ ان کی مفصل باتیں سورہ "جن" میں آئیں گی۔ احادیث میں معلوم ہوتا ہے کہ اس مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کے آنے جانے اور سننے سنانے کا پتہ نہیں لگا۔ ایک درخت نے باذن اللہ کچھ اجمالی اطلاع آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دی اور مفصل حال اس کے بعد وحی کے ذریعہ سے معلوم کرایا گیا۔ کما قال تعالیٰ "قل اوحی الی انہ استمع نفر من الجن الخ" (جن رکوع ۱) بعدہ بہت بڑی تعداد میں جن مسلمان ہوئے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کرنے اور دین سیکھنے کے لئے ان کے وفود حاظر خدمت ہوئے۔ خفاجی نے روایات کی بناء پر دعویٰ کیا ہے کہ چھ مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنوں سے ملاقات کی۔ اس لئے روایات میں جو اختلاف ان کے عدد یا دوسرے امور کے متعلق معلوم ہوتا ہے اس کو تعدد وقائع پر حمل کرنا چاہئے۔ (تفسیر عثمانی)

اہل مکہ جنوں سے بھی بڑھ کر سرکش ہیں

کفار مکہ باوجودیکہ از قسم بنی آدم اشرف المخلوق ہیں اور خدا نے نوع بشر میں حلم و بردباری اور تاثر انفعال کی صلاحیت بہت زائد رکھی ہے اس کے بالمقابل نوع جن میں اس وجہ سے کہ وہ مخلوق ناری ہیں شدت و تمرد اور سرکشی اور خارجی

besturdubooks.wordpress.com

تاثرات سے متاثر نہ ہونے کا وصف ان میں زائد ہے لیکن اس جماعت نے جب قرآن کریم کی توجہ کی اور غور وفکر کے ساتھ سنا تو فوراً ہی حق کی طرف قلوب مائل ہو گئے اور قرآن کریم کی عظمت سے اس قدر متاثر ہوئے کہ اطاعت وفرمانبرداری کا سر جھکا دیا اور نہ صرف یہ کہ خود ہدایت قبول کی بلکہ اپنی قوم کی طرف ہادی وراہنما اور داعی بن کو لوٹے تو اس قصہ سے اہل مکہ کے عناد اور تمرد وسرکشی کا اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ وہ قرآن کریم اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کس قدر متنفر وبرگشتہ تھے۔ (معارف کاندھلوی)

جنات کے قرآن سننے کا واقعہ: مسند احمد میں حضرت زبیرؓ سے اس آیت کی تفسیر میں مروی ہے کہ یہ واقعہ نخلہ کا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت نماز عشاء ادا کر رہے تھے۔ یہ سب جنات سمٹ آپ کے اردگرد بھیڑ کی شکل میں کھڑے ہو گئے۔ ابن عباسؓ کی روایت میں ہے کہ یہ جنات نصیبین کے تھے تعداد میں سات تھے۔ کتاب دلائل النبوۃ میں بروایت ابن عباسؓ مروی ہے کہ نہ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جنات کو سنانے کی غرض سے قرآن پڑھا تھا نہ آپ نے انہیں دیکھا آپ تو اپنے صحابہؓ کے ساتھ عکاظ کے بازار جا رہے تھے۔ ادھر یہ ہوا تھا کہ شیاطین کے اور آسمان کی خبروں کے درمیان روک ہو گئی تھی اور ان پر شعلے برسنے شروع ہو گئے تھے۔ شیاطین نے آکر اپنی قوم کو یہ خبر دی تو انہوں نے کہا کوئی نہ کوئی نئی بات پیدا ہوئی ہے۔ جاؤ تلاش کرو پس یہ نکل کھڑے ہوئے۔ ان میں کی جو جماعت عرب کی طرف متوجہ ہوئی تھی وہ جب یہاں پہنچی تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوق عکاظ کی طرف جاتے ہوئے نخلہ میں اپنے اصحاب کو صبح کی نماز پڑھا رہے تھے۔ ان کی کانوں میں جب آپ کی تلاوت کی آواز پہنچی تو یہ ٹھہر گئے اور کان لگا کر بغور سننے لگے اس کے بعد انہوں نے فیصلہ کر لیا کہ بس یہی وہ چیز ہے جس کی وجہ سے تمہارا آسمانوں تک پہنچنا موقوف کر دیا گیا ہے۔ یہاں سے یہ فوراً ہی واپس لوٹ کر اپنی قوم کے پاس پہنچے اور ان سے کہنے لگے ہم نے عجیب قرآن سنا جو نیکی کا رہبر ہے۔ ہم تو اس پر ایمان لا چکے اور اقرار کرتے ہیں کہ اب ناممکن ہے کہ خدا کے ساتھ ہم کسی اور کو شریک کریں۔ اس واقعہ کی خبر اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو سورۂ جن میں دی۔ یہ حدیث بخاری ومسلم وغیرہ میں بھی ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاء: سیرت ابن اسحٰق میں محمد بن کعب کا ایک لمبا بیان منقول ہے جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا طائف جانا' انہیں اسلام کی دعوت دینا ان کا انکار کرنا وغیرہ پورا واقعہ بیان ہے۔ حضرت حسنؓ نے اس دعاء کا بھی ذکر کیا ہے جو آپ نے اس تنگی کے وقت کی تھی جو یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِلَیْکَ اَشْکُوْ ضُعْفَ قُوَّتِیْ وَقِلَّةَ حِیْلَتِیْ وَھَوَانِیْ عَلَی النَّاسِ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ وَاَنْتَ رَبُّ الْمُسْتَضْعَفِیْنَ وَاَنْتَ رَبِّیْ اِلٰی مَنْ تَکِلُنِیْ اِلٰی عَدُوٍّ بَعِیْدٍ یَتَجَهَّمُنِیْ دَامَ اِلٰی صَدِیْقٍ قَرِیْبٍ مَلَّکْتَهٗ اَمْرِیْ اِنْ لَّمْ یَکُنْ بِکَ غَضَبٌ عَلَیَّ فَلَا اُبَالِیْ غَیْرَ اَنَّ عَافِیَتَکَ اَوْسَعُ لِیْ اَعُوْذُ بِنُوْرِ وَجْهِکَ الَّذِیْ اَشْرَقَتْ لَهُ الظُّلُمَاتُ وَصَلَحَ عَلَیْهِ اَمْرُ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اَنْ یَّنْزِلَ بِیْ غَضَبُکَ اَوْ یَحُلَّ بِیْ سَخَطُکَ وَلَکَ الْعُتْبٰی حَتّٰی تَرْضٰی وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِکَ یعنی اپنی کمزوری اور بے سروسامانی اور کس مپرسی کی شکایت صرف تیرے سامنے کرتا ہوں۔ اے ارحم الراحمین تو دراصل سب سے زیادہ رحم وکرم کرنے والا ہے اور کمزوروں کا رب تو ہی ہے۔ میرا پالنہار بھی تو ہی ہے۔ تو مجھے کس کو سونپ رہا ہے۔ کسی دوری والے دشمن کو جو مجھے عاجز کر دے یا کسی قریب والے دوست کو جسے تو نے میرے بارے کا اختیار دے رکھا ہو' اگر تیری کوئی خفگی مجھ پر نہ ہو تو مجھے اس درددکھ کی کوئی پرواہ نہیں لیکن تاہم اگر تو مجھے عافیت کے ساتھ ہی رکھے تو وہ میرے لئے بہت ہی راحت رساں ہے۔ میں تیرے چہرے کے اس نور کے باعث جس کی وجہ سے تمام اندھیریاں جگمگا اٹھی ہیں اور دین ودنیا کے تمام امور کی صلاح کا مدار اسی پر ہے۔ تجھ سے اس بات کی پناہ طلب کرتا ہوں کہ مجھ پر تیرا عتاب اور تیرا غصہ نازل ہو یا تیری ناراضگی مجھ پر آ جائے۔ مجھے تیرے ہی رضامندی اور خوشنودی درکار ہے اور نیکی کرنے اور بدی سے بچنے کی طاقت تیری ہی مدد سے ہے۔

رات کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا جنوں کے پاس تشریف لے جانا

حضرت علقمہ حضرت ابن مسعودؓ سے پوچھتے ہیں کہ کیا تم میں سے کوئی اس رات حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ موجود تھا؟ تو آپ نے جواب دیا کہ کوئی نہ تھا۔ آپ رات بھر ہم سے غائب رہے اور ہمیں رہ رہ کر بار بار یہی خیال گذرا کرتا تھا کہ شاید کسی دشمن نے آپ کو دھوکا دیدیا' خدانخواستہ آپ کے ساتھ کوئی ایسا ہی ناخوشگوار واقعہ پیش آیا' وہ رات ہماری بڑی بری طرح کٹی۔ صبح صادق سے کچھ ہی پہلے ہم نے دیکھا کہ آپ غار حرا سے واپس آ رہے ہیں پس ہم نے رات کی اپنی ساری کیفیت بیان کر دی تو آپ نے فرمایا میرے پاس جنات کا قاصد آیا تھا جس کے ساتھ جا کر میں نے انہیں قرآن سنایا۔ چنانچہ آپ ہمیں لیکر گئے اور ان کے نشانات اور ان کی آگ کے نشانات ہمیں دکھائے۔ روایت کی دوسری سند میں ہے کہ حضور نے فرمایا پندرہ جنات جو آپس میں چچازاد اور پھوپھی زاد بھائی ہیں آج رات مجھ سے قران سننے کے لئے آنے والے ہیں اس میں ہڈی اور لید کے ساتھ کوئلے کا لفظ بھی ہے۔ ابن مسعودؓ فرماتے ہیں' دن نکلے میں اسی جگہ گیا تو دیکھا کہ وہ کوئی ساٹھ اونٹ بیٹھنے

besturdubooks.wordpress.com

کی جگہ ہے اور روایت میں ہے کہ جب جنات کا اژدحام ہو گیا تو ان کے سردار وردان نے کہا یا رسول اللہ میں انہیں ادھر اُدھر کر کے آپ کو اس تکلیف سے بچالیتا ہوں تو آپ نے فرمایا اللہ سے زیادہ مجھے کوئی بچانے والا نہیں۔

دوسری روایت میں ہے کہ اس رات حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ پا کر ہم بہت ہی گھبرائے تھے اور تمام وادیوں اور گھاٹیوں میں تلاش کر آئے تھے۔ اور حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آج رات میں جنات کو قرآن سناتا رہا اور جنوں میں ہی اسی شغل میں رات گذاری۔ ابن جریر میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت ہے کہ آپ نے فرمایا تم میں سے جو چاہے آج کی رات جنات کے امر میں میرے ساتھ رہے۔ پس میں موجود ہو گیا۔ آپ مجھے لیکر چلے جب مکہ شریف کے اونچے والے حصہ میں پہنچے تو آپ نے اپنے پاؤں سے ایک خط کھینچ دیا اور مجھ سے فرمایا بس یہیں بیٹھے رہو۔ پھر اپ چلے اور ایک جگہ کھڑے ہو کر آپ نے قرأت شروع کی پھر تو اس قدر جماعت آپ کے اردگرد ٹھٹ لگا کر کھڑی ہو گئی کہ میں تو آپ کے قرأت سننے سے بھی رہ گیا۔ پھر میں نے دیکھا کہ جس طرح ابر کے ٹکڑے پھٹتے ہیں اس طرح وہ ادھر ادھر جانے لگے اور یہاں تک کہ اب بہت تھوڑے رہ گئے۔ پس حضور صلی اللہ علیہ وسلم صبح کے وقت فارغ ہوئے اور آپ وہاں سے دور نکل گئے اور حاجت سے فارغ ہو کر میرے پاس تشریف لائے اور پوچھنے لگے وہ باقی کے کہاں ہیں؟ میں نے کہا وہ یہ ہیں پس آپ نے انہیں ہڈی اور لید دی۔ پھر آپ نے مسلمانوں کو ان دونوں چیزوں سے استنجا کرنے سے منع فرمادیا۔

نصیبین کے جن: مجاہدؒ کہتے ہیں یہ جنات تعداد میں سات تھے۔ نصیبین کے تھے۔ انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین کو اہل حران سے کہا اور چار کو اہل نصیبین سے' ان کے نام یہ ہیں حسی' حسا' منسی' ساصر' ناصر' الاردو بیان' الاحتم' ابوحمزہ ثمالیؒ فرماتے ہیں انہیں بنوشیصبان کہتے ہیں' یہ قبیلہ جنات کے اور قبیلوں سے تعداد میں بہت زیادہ تھا اور یہ ان میں نسب کے بھی شریف مانے جاتے تھے اور عموماً یہ ابلیس کے لشکروں میں سے تھے۔

ایک کاہن کی گواہی: صحیح بخاری شریف کی یہ روایت بھی ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ جس چیز کی نسبت جب کبھی کہتے کہ میرے خیال میں یہ اس طرح ہوگی تو وہ عموماً اسی طرح نکلتی۔ ایک مرتبہ آپ بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک حسین شخص گذرا۔ آپ نے اسے دیکھ کر فرمایا آپ نے اسے دیکھ کر فرمایا اگر میرا گمان غلط نہ ہو تو یہ شخص اپنے جاہلیت کے زمانے میں ان لوگوں کا کاہن تھا جانا ذرا اسے لے آنا' جب وہ آ گیا تو آپ نے اپنا یہ خیال اس پر ظاہر فرمایا۔ وہ کہنے لگا مسلمانوں میں اس ذہانت و فطانت کا کوئی شخص آج تک میری نظر سے نہیں گذرا۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا اب میں تجھ سے کہتا ہوں کہ تو اپنی کوئی صحیح اور سچی خبر سنا۔ اس نے کہا بہت اچھا سنئے میں جاہلیت کے زمانے میں ان کا کاہن تھا میرے پاس میرا جن جو سب سے زیادہ تعجب خیز خبر لایا وہ سنئے۔ میں ایک مرتبہ بازار میں جارہا تھا کہ وہ آ گیا اور سخت گھبراہٹ میں تھا اور کہنے لگا کیا تو نے جنوں کی بربادی' مایوسی اور ان کا پھیلنے کے بعد سمٹ جانا اور ان کی دُرگت نہیں دیکھی؟

حضرت عمرؓ کی گواہی: حضرت عمرؓ فرمانے لگے یہ سچا ہے' ایک مرتبہ میں ان کے بتوں کے پاس سویا ہوا تھا ایک شخص نے وہاں ایک بچھڑا چڑھایا کہ ناگہاں ایک سخت پر زور آواز آئی' ایسی کہ اتنی بڑی بلند اور کرخت آواز میں نے کبھی نہیں سنی۔ اس نے کہا اے جلیح نجات دینے والا امر آ چکا ایک شخص نے جو فصیح زبان سے لا الٰہ الا اللہ کی منادی کر رہا ہے۔ سب لوگ تو مارے ڈر کے بھاگ گئے لیکن میں وہیں بیٹھا رہا کہ دیکھوں آخر یہ ہے کیا کہ دوبارہ پھر اسی طرح وہی آواز سنائی دی اور اس نے وہی کہا پس کچھ ہی دن گذرے تھے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی آوازیں ہمارے کانوں میں پڑنے لگیں۔ اس روایت کے ظاہر الفاظ سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ خود حضرت فاروقؓ نے یہ آواز اس ذبح شدہ بچھڑے سے سنی اور ایک ضعیف روایت میں صریح طور پر یہ بھی آ گیا ہے لیکن باقی اور روایتیں یہ بتلا رہی ہیں کہ اسی کاہن نے اپنے دیکھنے سننے کا ایک واقعہ یہ بھی بیان کیا' واللہ اعلم۔ امام بیہقیؒ نے یہی کہا ہے اور یہی کچھ اچھا معلوم ہوتا ہے' اس شخص کا نام سواد بن قارب تھا۔ جو شخص اس واقعہ کی پوری تفصیل دیکھنا چاہتا ہو وہ میری کتاب سیرۃ عمرؓ دیکھ لے والله الحمد والمنۃ۔ امام بیہقیؒ فرماتے ہیں ممکن ہے یہی وہ کاہن ہو جس کا ذکر بغیر نام کے صحیح حدیث میں ہے۔

سواد بن قارب کے اسلام لانے کا واقعہ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ منبر نبوی پر ایک مرتبہ خطبہ سنا رہے تھے' اسی میں پوچھا کیا سواد ابن قارب یہاں موجود ہیں لیکن اس پورے سال تک کسی نے ہاں نہیں کہی اگلے سال اپ نے پھر پوچھا تو حضرت براءؓ نے کہا سواد بن قارب کون ہے؟ اس سے کیا مطلب ہے؟ آپ نے فرمایا اس کے اسلام لانے کا قصہ عجیب وغریب ہے' ابھی یہ باتیں ہو ہی رہی تھیں جو حضرت سواد بن قاربؓ آ گئے۔ حضرت عمرؓ نے ان سے کہا سواد اپنے اسلام کا ابتدائی قصہ کہہ سناؤ۔ آپ نے فرمایا ہاں سنئے میں ہند گیا ہوا تھا میرا ساتھی جن ایک رات میرے پاس آیا۔ میں اس وقت سویا ہوا تھا۔ مجھے اس نے جگا دیا اور کہنے لگا اُٹھ اور اگر کچھ عقل و ہوش ہیں تو سن لے اور سمجھ لے اور سوچ لے۔ قبیلۂ لوئی بن غالب میں سے خدا کے رسول مبعوث ہو چکے ہیں۔ میں جنات کی حس اور ان کے بوریہ بستر باندھنے پر تعجب کر رہا ہوں' اگر تو طالب ہدایت ہے تو فوراً مکے کی طرف کوچ کر۔ سمجھ لے کہ بہتر اور بدتر جن یکساں نہیں' جا جلدی جا اور بنو ہاشم کے اس دلارے کے منور مکھڑے

besturdubooks.wordpress.com

پر نظریں تو ڈال لے مجھے پھر غنودگی سی آ گئی تو اس نے دوبارہ جگایا اور کہنے لگا اے سواد بن قارب اللہ عزوجل نے اپنا رسول بھیج دیا ہے۔ تم ان کی خدمت میں پہنچو اور ہدایت اور بھلائی سمیٹ لو دوسری رات پھر آیا اور مجھے جگا کر کہنے لگا مجھے جنات کے جستجو کرنے اور جلد جلد پالان اور جھولیں کسنے پر تعجب معلوم ہوتا ہے۔ اگر تو بھی ہدایت کا طالب ہے تو مکے کا قصد کر۔

تو اٹھ اور جلدی جلدی بنو ہاشم کے اس پسندیدہ شخص کی خدمت میں پہنچ اور اپنی آنکھیں اس کے دیدار سے منور کر۔ تیسری رات پھر آیا اور کہنے لگا مجھے جنات کے باخبر ہو جانے اور ان کے قافلوں کے فوراً تیار ہو جانے پر تعجب ہو رہا ہے۔ وہ سب طلب ہدایت کے لئے مکہ کی طرف دوڑے جا رہے ہیں۔ ان میں کے بُرے بھلوں کی برابری نہیں کر سکتے۔ تو بھی اٹھ اور اس بنو ہاشم کے چیدہ شخص کی طرف چل کھڑا ہو مؤمن جنات کافروں کی طرح نہیں۔ تین راتوں تک برابر یہی سنتے رہنے کے بعد میرے دل میں بھی دفعۃً اسلام کا ولولہ اٹھا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وقعت اور محبت سے دل پُر ہو گیا۔ میں نے اپنی سانڈنی پر کجاوہ کسا اور بغیر کسی اور جگہ قیام کئے سیدھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ اس وقت شہر مکہ میں تھے اور لوگ آپ کے آس پاس ایسے تھے جیسے گھوڑے پر ایال مجھے دیکھتے ہی یک بارگی اللہ کے پیغمبر نے فرمایا سواد بن قارب کو مرحبا ہو' آؤ' ہمیں معلوم ہے کہ کیسے اور کس لئے اور کس کے کہنے سننے سے آ رہے ہو؟ میں نے کہا حضور! میں نے کچھ اشعار کہے ہیں اگر اجازت ہو تو پیش کروں؟ آپ نے فرمایا سواد شوق سے کہو تو حضرت سواد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وہ اشعار پڑھے جن کا مضمون یہ ہے میرے پاس میرا جن میرے سو جانے کے بعد رات کو آیا اور اس نے مجھے ایک سچی خبر پہنچائی تین راتیں برابر وہ میرے پاس آتا رہا اور ہر رات کہتا رہا کہ لوئی بن غالب میں اللہ کے رسول مبعوث ہو چکے ہیں۔ میں نے بھی سفر کی تیاری کر لی اور جلد جلد راہ طے کرتا یہاں پہنچ ہی گیا اب میری گواہی ہے کہ بجز اللہ کے اور کوئی رب نہیں اور آپ خدا کے امانت دار رسول ہیں۔ آپ سے شفاعت کا آسرا سب سے زیادہ ہے' اے بہترین بزرگوں اور پاک لوگوں کی اولاد اے تمام رسولوں سے بہتر رسول جو حکم آسمانی آپ ہمیں پہنچائیں گے وہ کتنا ہی مشکل اور طبیعت کے خلاف کیوں نہ ہو' ناممکن ہے کہ ہم اسے ٹال دیں۔ آپ قیامت کے دن ضرور میری سفارشی بننا کیوں کہ وہاں بجز آپ کے سواد بن قارب کا سفارشی اور کون ہو گا؟ اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم بہت ہنسے اور فرمانے لگے سواد تم نے فلاح پالی۔ حضرت عمرؓ نے یہ واقعہ سن کر پوچھا کیا وہ جن اب بھی تیرے پاس آتا ہے؟ اس نے کہا جب سے میں نے قرآن پڑھا وہ نہیں آتا اور اللہ کا بڑا شکر ہے کہ اس کے عوض میں نے رب کی پاک کتاب پائی۔

حضرت ابن مسعودؓ کی زبانی لیلۃ الجن کا قصہ

اب جس حدیث کو ہم حافظ ابونعیم کی کتاب دلائل النبوۃ سے نقل کرتے ہیں اس میں بھی اس کا بیان ہے کہ مدینہ شریف میں بھی جنات کا وفد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں باریاب ہوا تھا۔ حضرت عمرو بن غیلان ثقفیؓ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس جا کر اس سے دریافت کرتے ہیں کہ مجھے یہ معلوم ہوا ہے کہ جس رات جنات کا وفد حاضر حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہوا تھا اس رات حضور کے ساتھ آپ بھی تھے جواب دیا کہ ہاں ٹھیک ہے۔ میں نے کہا ذرا واقعہ تو سنایئے فرمایا صفہ والے مساکین صحابہ کو لوگ اپنے اپنے ساتھ شام کو کھانا کھلانے کے لئے لے گئے اور میں یونہی رہ گیا۔ میرے پاس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا گذر ہوا پوچھا کون ہے؟ میں نے کہا ابن مسعود فرمایا تمہیں کوئی لے نہیں گیا کہ تم بھی کھا لیتے؟ میں نے جواب دیا نہیں' کوئی نہیں لے گیا۔ فرمایا اچھا میرے ساتھ چلو شاید کچھ مل جائے تو دے دوں گا۔ میں ساتھ ہو لیا' آپ حضرت ام سلمہؓ کے حجرے میں گئے۔ میں باہر ہی ٹھہر گیا۔ تھوڑی دیر میں اندر سے ایک لونڈی آئی اور کہنے لگی حضور فرماتے ہیں ہم نے اپنے گھر میں کوئی چیز نہیں پائی تم اپنی خوابگاہ چلے جاؤ میں واپس مسجد میں آ گیا اور مسجد میں کنکریوں کا ایک چھوٹا سا ڈھیر کر کے اس پر سر رکھ کر اپنا کپڑا پیٹ پر لپیٹ کر سو گیا۔ تھوڑی ہی دیر گذری ہو گی جو وہی لونڈی پھر آئیں اور کہا رسول خدا آپ کو یاد فرما رہے ہیں۔ میں ساتھ ہو لیا اور مجھے امید پیدا ہو گئی کہ اب تو کھانا ضرور ملے گا۔ جب میں اپنی جگہ پہنچا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم گھر سے باہر تشریف لائے۔ آپ کے ہاتھ میں کھجور کے درخت کی ایک تر چھڑی تھی جسے میرے سینے پر رکھ کر فرمانے لگے جہاں میں جا رہا ہوں کیا تم بھی میرے ساتھ چلو گے؟ میں نے کہا جو اللہ نے چاہا ہو تین مرتبہ یہی سوال جواب ہوئے پھر آپ چلے اور میں بھی آپ کے ساتھ چلنے لگا' تھوڑی دیر میں بقیع غرقد جا پہنچے پھر قریب قریب وہی بیان ہے جو اوپر کی روایتوں میں گذر چکا ہے۔ اس کی اسناد غریب ہے اور اس کی سند میں ایک مبہم راوی ہے جن کا نام ذکر نہیں۔

ایک شہید جن صحابی:

ابونعیم میں ایک روایت ہے کہ ایک شخص حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں آئے اور کہنے لگے امیر المؤمنین میں ایک جنگل میں تھا' میں نے دیکھا کہ دو سانپ آپس میں خوب لڑ رہے ہیں۔ یہاں تک کہ ایک نے دوسرے کو مار ڈالا۔ اب میں انہیں چھوڑ کر جہاں معرکہ ہوا تھا وہاں گیا۔ دیکھا تو بہت سے سانپ قتل کئے ہوئے پڑے ہیں اور بعضوں سے اسلام کی خوشبو آ رہی ہے پس میں نے ایک ایک کو سونگھنا شروع کیا۔

besturdubooks.wordpress.com

یہاں تک کہ ایک زرد رنگ کا دبلے پتلے سانپ میں سے مجھے اسلام کی خوشبو آنے لگی۔ میں نے اپنے عمامے میں لپیٹ کر اسے دفنا دیا۔ اب میں چلا جا رہا تھا جو میں نے ایک آواز سنی کہ اے اللہ کے بندے تجھے خدا کی طرف سے ہدایت دی گئی۔ یہ دونوں سانپ جنات کے قبیلہ بنوشعبان اور بنوقیس میں سے تھے ان دونوں میں جن ہوئی اور پھر جس قدر قتل ہوئے وہ تم نے خود دیکھ لئے۔ انہیں میں ایک شہید جنہیں تم نے دفن کیا وہ تھے جنہوں نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی وحی الٰہی سنی تھی۔ حضرت عثمانؓ اس قصے کو سن کر فرمانے لگے اے شخص اگر تو سچا ہے تو اس میں شک نہیں کہ تو نے عجیب واقعہ دیکھا اور اگر تو جھوٹا ہے تو جھوٹ کا بوجھ تجھ پر ہے۔

مؤمن جنوں کے جنت میں جانے کا مسئلہ

جب کافر جنات کو جہنم میں ڈالا جائے گا جو مقام عدل ہے تو مؤمن جنات کو جنت میں کیوں نہ لے جایا جائے؟ جو مقام فضل ہے بلکہ یہ بہت زیادہ لائق اور بطور اولی ہونے کے قابل ہے اور اس پر وہ آیتیں بھی دلیل ہیں جن میں عام طور پر ایمانداروں کو جنت کی خوشخبری دی گئی ہے مثلاً اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا وغیرہ وغیرہ یعنی ایمانداروں کا مہمان خانہ یقیناً جنت فردوس ہے۔

حضرت عمر ابن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بیچ جنت میں تو یہ پہنچیں گے نہیں البتہ کناروں پر اور ادھر ادھر رہیں گے۔ بعض لوگ کہتے ہیں جنت میں تو وہ ہوں گے لیکن دنیا کے بالکل برعکس انسان انہیں دیکھیں گے اور یہ انسانوں کو دیکھ نہیں سکیں گے۔ بعض لوگوں کا قول ہے کہ وہ جنت میں کھائیں گے پئیں گے نہیں صرف تسبیح وتحمید وتقدیس ان کا طعام ہوگا جیسے فرشتے اس لئے کہ یہ بھی نہیں کی جنس سے ہیں۔ لیکن ان تمام اقوال میں نظر ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

چھ مرتبہ جنات حاضر ہوئے:

طبرانی نے اوسط میں اور ابن مردویہ نے حضرت ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے کہ جنات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بار بار حاضر ہوئے۔ خفاجی نے فرمایا کہ احادیث کی روایات جمع کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جنات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر استفادہ کرنے کے واقعات چھ مرتبہ پیش آئے ہیں (کذافی الروح واخذ تہ عن بیان القرآن)۔ (معارف مفتی اعظم)

قَالُوْا يٰقَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا
بولے اے قوم ہماری ہم نے سنی ایک کتاب

اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى
جو اتری ہے موسیٰ کے بعد ☆

توراۃ کی گواہی

کتب سابقہ میں حضرت موسیٰ کی کتاب (تورات) کی برابر کوئی کتاب احکام وشرائع کو حاوی نہیں تھی۔ اسی پر انبیائے بنی اسرائیل کا عمل رہا۔ حضرت مسیح علیہ السلام نے بھی یہی فرمایا کہ میں تورات کو بدلنے کے لئے نہیں آیا بلکہ اسکی تکمیل کے لئے آیا ہوں۔ اور حضرت سلیمان علیہ السلام کے وقت سے جنوں میں تورات ہی مشہور چلی آتی تھی۔ اس لئے اس موقع پر انہوں نے اسی کی طرف اشارہ کیا خود تورات میں بھی جو پیشین گوئی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی آئی ہے اس کے لفظ یہ ہیں کہ (اے موسیٰ علیہ السلام) "تیری مانند ایک نبی اٹھاؤں گا"۔ (تفسیر عثمانی)

مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ
سچا کرنے والی سب اگلی کتابوں کو ☆

☆ شاید اس وقت قرآن کا جو حصہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تلاوت فرمایا تھا اس میں ایسا مضمون آیا ہوگا۔ یا قرائن سے سمجھے ہوں۔ (تفسیر عثمانی)

يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ
سجھاتی ہے سچا دین اور ایک راہ
مُّسْتَقِيْمٍ ۝
سیدھی ☆

قرآن کی رہنمائی

یعنی سچے عقیدے اور عمل کا سیدھا راستہ۔ (تفسیر عثمانی)

يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ۔ الحق سے مراد ہیں صحیح عقائد۔ اور طریق مستقیم سے مراد ہیں عملی احکام۔ (تفسیر مظہری)

يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ
اے قوم ہماری مانو اللہ کے بلانیوالے کو اور اُس پر یقین لاؤ ☆

جنوں کی اپنی قوم کو دعوت ☆ یعنی اس کی بات مانو جو اللہ کی طرف بلا رہا ہے اور اسکی رسالت پر یقین کرو۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ
کہ بخشے تم کو کچھ تمہارے گناہ ☆

اسلام سے گناہ معاف ہو جاتے

☆ یعنی جو گناہ حالت کفر میں کر چکے ہو۔ اسلام کی برکت سے سب معاف ہو جائیں گے۔ آئندہ سے نیا کھاتہ شروع ہوگا لیکن یاد رہے کہ یہاں ذنوب کا ذکر ہے۔ حقوق العباد کا معاف ہونا اس سے نہیں نکلتا۔ (تفسیر عثمانی)

يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ ۔ اللہ تمہارے گناہ معاف کر دے گا یعنی وہ گناہ معاف کر دے گا جن کا تعلق حق اللہ سے ہوگا۔ حقوق العباد ایمان لانے سے معاف نہیں ہوتے۔ جنات کی اس تبلیغ سے ستر جن مسلمان ہو گئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت بطحاء میں تھے آپ نے ان کو قرآن پڑھ کر سنایا۔ فرائض ادا کرنے کا حکم دیا اور ممنوعات سے باز داشت کی اس واقعہ میں اس بات کا ثبوت ملتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جن وانس دونوں کے لئے بھیجا گیا تھا۔ سورۂ جن میں ہم نے مؤمن جن کے متعلق علماء کے اختلاف پر روشنی ڈالی ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿٣١﴾ وَمَنْ
اور بچا دے تم کو ایک عذاب دردناک سے اور جو کوئی
لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ
نہ مانے گا اللہ کے بلانیوالے کو تو وہ نہ تھکا سکے گا
فِى الْاَرْضِ وَلَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖٓ
بھاگ کر زمین میں اور کوئی نہیں اُس کا اُسکے سوائے
اَوْلِيَآءُ ؕ
مددگار☆

خدا کے باغی کا کہیں ٹھکانہ نہیں

یعنی نہ خود بھاگ کر خدا کی مار سے بچ سکے نہ کوئی دوسرا بچا سکے۔ حضرت شاہ صاحبؒ ''فی الارض'' کی قید پر لکھتے ہیں کہ ''شیاطین کو'' اوپر سے فرشتے مارتے ہیں تو زمین ہی کو بھاگتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِى الْاَرْضِ ۔ یعنی زمین پر اللہ کو مغلوب نہیں کر سکتا اگر اللہ اس کو عذاب دینا چاہے تو وہ اللہ کی دسترس سے چھوٹ نہیں سکتا۔ (تفسیر مظہری)

اُولٰٓئِكَ فِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٣٢﴾ اَوَلَمْ
وہ لوگ بھٹکتے ہیں صریح کیا نہیں
يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ
دیکھتے کہ وہ اللہ جس نے بنائے آسمان
وَالْاَرْضَ وَلَمْ يَعْىَ بِخَلْقِهِنَّ
اور زمین اور نہ تھکا اُن کے بنانے میں ☆

یہود کے عقیدہ کی تردید

اس لفظ میں ''یہود'' کے عقیدے کا رد ہے جو کہتے تھے کہ چھ دن میں اللہ نے زمین وآسمان پیدا کئے ''ثم استراح'' (پھر ساتویں دن آرام کرنے لگا) العیاذ باللہ۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَمْ يَعْىَ بِخَلْقِهِنَّ ۔ اور ان کو پیدا کرنے سے نہیں تھکا اور نہ عاجز ہو گیا کیوں کہ اس کی قدرت ذاتی ہے پیدا کرنے اور ایجاد کرنے سے اس میں نقص نہیں آ سکتا۔ (تفسیر مظہری)

بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْـِۧىَ الْمَوْتٰى ؕ بَلٰٓى
وہ قدرت رکھتا ہے کہ زندہ کرے مُردوں کو
اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٣٣﴾
کیوں نہیں وہ ہر چیز کر سکتا ہے ☆

موت کے بعد زندگی

یعنی بڑا عذاب مرنے کے بعد ہوگا اور اس دھوکا میں نہ رہیں کہ مر کر کہاں زندہ ہوتے ہیں۔ اللہ کو یہ کچھ مشکل نہیں۔ جو آسمان وزمین کے پیدا کرنے سے نہ تھکا، اسکو تمہارا دوبارہ پیدا کر دینا کیا مشکل ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى
اور جس دن سامنے لائیں منکروں کو آگ کے
النَّارِ ؕ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰى
کیا یہ ٹھیک نہیں کہیں گے کیوں نہیں

besturdubooks.wordpress.com

وَرَبِّنَا ؕ

قسم ہے ہمارے رب کی ☆

کافروں کا اقرار ☆ یعنی اس وقت کہا جائے گا کہ دوزخ کا وجود اور اسکا عذاب کیا واقعی چیز نہیں؟ آخر سب ذلیل ہوکر اقرار کریں گے کہ بے شک واقعی ہے (ہم غلطی پر تھے جو اس کا انکار کیا کرتے تھے) (تفسیر عثمانی)

قَالَ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا

کہا تو چکھو عذاب بدلہ اُس کا

كُنْتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿٣٤﴾

جو تم منکر ہوتے تھے ☆

☆ یعنی اس وقت کہا جائے گا کہ اچھا اب اس انکار و تکذیب کا مزہ چکھتے رہو۔ (تفسیر عثمانی)

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ أُولُوا الْعَزْمِ مِنَ

سو تو ٹھہرا رہ جیسے ٹھہرے رہے ہیں ہمت والے

الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَهُمْ ؕ

رسول اور جلدی نہ کر اُنکے معاملہ میں ☆

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تسلی

یعنی جب معلوم ہو چکا کہ منکرین کو سزا ملنی ضرور ہے۔ آخرت میں ملے یا دنیا میں بھی۔ تو آپ ان کے معاملہ میں جلدی نہ کریں۔ بلکہ ایک میعاد معین تک صبر کرتے رہیں جیسے اولوالعزم پیغمبروں نے صبر کیا ہے (تنبیہ) بعض سلف نے کہا کہ سب رسول اولوالعزم (ہمت والے) ہیں اور عرف میں پانچ پیغمبر خصوصی طور پر اولوالعزم کہلاتے ہیں۔ حضرت نوح علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت عیسیٰ علیہ السلام، اور حضرت محمد رسول صلی اللہ علیہ وسلم۔ (تفسیر عثمانی)

اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اولوالعزم رسول سے مراد سب پیغمبر ہوں تو مِنَ الرُّسُلِ کا مِن بیانِ جنس کے لئے ہوگا' واللہ اعلم۔

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ أُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ پس آپ صبر کیجئے جیسے ہمت والے پیغمبروں نے صبر کیا تھا۔

فَاصْبِرْ۔ یعنی اے محمد آپ کافروں کی طرف سے پہنچنے والی تکلیفوں پر صبر کیجئے۔ مطلب یہ کہ جب آپ کو معلوم ہو گیا کہ کافروں کو دوزخ کے عذاب کا مزہ چکھنا ہوگا تو آپ صبر کیجئے۔ انتقام کا ارادہ نہ کیجئے۔

حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ کا ارشاد:

شیخ احمد مجدد الف ثانی نے فرمایا' عزم والے چھ تھے آدم، نوح، ابراہیم، موسیٰ، عیسیٰ، اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم مؤخر الذکر پانچ کا ذکر تو خصوصیت کے ساتھ آیت میثاق (مذکورہ بالا) میں کر دیا گیا ہے یہ حضرات (الگ الگ) شریعتوں کے حامل بھی تھے ان کے بعد جو پیغمبر ہوئے وہ انہیں کی شریعتوں کے پابند تھے رہے حضرت آدم تو ظاہر ہے کہ وہ سب سے پہلے تھے ان کی شریعت سب سے اول تھی (جس پر وہ عامل تھے)۔

اہل عزم کا مقام:

بغوی نے لکھا ہے کہ مسروق نے کہا مجھ سے حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا' عائشہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آل محمد کے لئے دنیا مناسب نہیں عائشہ! اللہ نے اہل عزم کے لئے دنیا کے مکروہات پر صبر رکھنے اور مرغوبات سے صبر (اعراض۔ گریز) کرنے ہی کو پسند فرمایا اور مجھے بھی اسی امر کا مکلف کیا جس کا مکلف دوسرے اولوالعزم کو کیا تھا میرے لئے اسی بات کو اس نے پسند کیا۔ اور فرمایا فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ أُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ اور واللہ میرے لئے بھی طاعت خداوندی کے سوا کوئی چارہ نہیں' جیسے انہوں نے صبر کیا میں بھی صبر کروں گا اور جیسے انہوں نے محنتیں برداشت کیں میں بھی ویسی ہی محنت کروں گا۔ ولا قوۃ الا باللہ۔

ایک نبیؑ کا صبر:

حضرت ابن مسعود نے فرمایا' گویا وہ منظر میری آنکھوں کے سامنے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک نبی کا واقعہ بیان فرما رہے تھے جن کو ان کی قوم نے مار مار کر لہولہان کر دیا لیکن وہ اپنے چہرے سے خون پونچھتے جاتے تھے اور کہتے جاتے تھے اے اللہ میری قوم کو معاف کر دے یہ لوگ نادان ہیں متفق علیہ (غالباً نبی سے مراد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اپنی ذات مبارک تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ذات کو مبہم الفاظ میں بیان فرمایا)۔ (تفسیر مظہری)

كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوعَدُونَ

یہ لوگ جس دن دیکھ لیں گے اُس چیز کو جس کا اُن سے وعدہ ہے

لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ ؕ

جیسے ڈھیل نہ پائی تھی مگر ایک گھڑی دن کی ☆

besturdubooks.wordpress.com

جب عذاب آئے گا تو پتہ چلے گا

"ڈھیل نہ پائی تھی دنیا میں" یعنی اب تو دیر سمجھتے ہیں کہ عذاب جلد کیوں نہیں آتا اس دن جانیں گے کہ بہت شتاب آیا دنیا میں ہم ایک ہی گھڑی رہے یا عالم قبر کا رہنا ایک گھڑی معلوم ہوگا۔ قاعدہ ہے کہ گذری ہوئی مدت تھوڑی معلوم ہوا کرتی ہے۔ خصوصاً سختی اور مصیبت کے وقت عیش و آرام کا زمانہ بہت کم نظر آنے لگتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

لَمْ يَلْبَثُوْٓا۔ یعنی دنیا میں نہیں ٹھہرے مگر گھڑی بھر۔ روز قیامت اور عذاب کی ہولناکی کی وجہ سے دنیوی زندگی ان کو بہت ہی تھوڑی محسوس ہوگی کیوں کہ جو مدت گزر گئی وہ کتنی ہی طویل ہو لیکن جب گذر چکی تو گویا تھی ہی نہیں۔ (تفسیر مظہری)

بَلٰغٌ ۚ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ
یہ پہنچا دینا ہے' اب وہی غارت ہونگے جو لوگ
الْفٰسِقُوْنَ ۝
نافرمان ہیں ☆

حجت پوری ہو چکی ☆ یعنی ہم نے نصیحت کی بات پہنچا دی اور سب نیک و بد سمجھا دیا۔ اب جو نہ مانیں گے وہ ہی تباہ و برباد ہوں گے ہماری طرف سے حجت تمام ہو چکی اور کسی کو بے قصور ہم نہیں پکڑتے اسی کو غارت کرتے جو غارت ہونے ہی پر کمر باندھ لے تم سورة الاحقاف بفضل الله وحسن توفيقه فلله الحمد والمنة۔ (تفسیر عثمانی)

بَلٰغٌ ۔ یعنی یہ نصیحت جو کی گئی یا یہ سورت یا یہ قرآن اور جو بیان اس کے اندر ہے اللہ کی طرف سے تم کو پہچایا ہے یعنی بس اس کا پہنچا دینا ہی کافی ہے یا ہذا سے تبلیغ رسول کی طرف اشارہ ہے۔ بلاغ کی تنوین اظہار عظمت کے لئے یعنی یہ بلاغ عظیم ہے۔

فَهَلْ يُهْلَكُ ۔ سوال انکاری ہے یعنی سوا نافرمان لوگوں کے عذاب سے کوئی ہلاک نہیں کیا جائے گا۔

الْفٰسِقُوْنَ ۔ یعنی نصیحت پذیری یا طاعت سے خارج ہو جانے والے۔ زجاج نے اس کی تشریح میں کہا کہ اللہ کی رحمت اور کرم کی موجودگی میں عذاب سے ہلاک ہونے والے صرف نافرمان لوگ ہوں گے (باقی لوگوں پر اللہ کی رحمت ہوگی) اسی لئے کچھ لوگوں نے کہا کہ رحمت خداوندی سے امید رکھنے کے سلسلہ میں جو کچھ آیا ہے وہ اس آیت سے زیادہ قوی ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَصَلَّى اللهُ تعالىٰ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ واصحابه اجمعين. (تفسیر مظہری)

جو شخص اس کو خواب میں پڑھے اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کے پاس فرشتہ اچھی صورت میں آئے گا۔

اس سورۃ کا نام "قتال" ہونے کی وجہ

سورۂ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا دوسرا نام قتال بھی ہے کیونکہ جہاد و قتال کے احکام اس میں بیان ہوئے ہیں۔ ہجرت مدینہ کے فوراً بعد ہی یہ سورت نازل ہوئی یہاں تک کہ اس کی ایک آیت وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ کے متعلق حضرت ابن عباسؓ سے یہ منقول ہے کہ وہ مکی آیت ہے کیونکہ اسکا نزول اس وقت ہوا ہے جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت کی نیت سے مکہ معظمہ سے نکلے اور مکہ مکرمہ کی بستی اور بیت اللہ پر نظر کر کے آپ نے فرمایا کہ ساری دُنیا کے شہروں میں مجھے تو ہی محبوب ہے اگر اہل مکہ مجھے یہاں سے نہ نکالتے تو میں خود اپنے اختیار سے مکہ مکرمہ نہ چھوڑتا۔ (معارف مفتی اعظمؒ)

سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ مَّدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٌ وَّثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّاَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ
سورۂ محمد مدینہ میں نازل ہوئی اور اس میں اڑتیس آیتیں ہیں اور چار رکوع
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
﴿شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے﴾
اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ
جو لوگ کہ منکر ہوئے اور روکا اوروں کو
سَبِيْلِ اللّٰهِ
اللہ کی راہ سے ☆

راہ حق سے روکنا ☆ جیسا کہ رؤسائے کفار کی عادت تھی کہ جان، مال اور ہر طرح سے اس میں کوشش کرتے تھے۔ (تفسیر عثمانی)

اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝
کھو دیے اللہ نے اُنکے کام ☆

خود فریبی ☆ یعنی جن اعمال کو وہ نیک سمجھ رہے ہیں بوجہ عدم ایمان کے وہ مقبول نہیں بلکہ ان میں سے بعض کام اور الٹے موجب عتاب ہوتے ہیں جیسے لوگوں کو اسلام سے روکنے میں پیسہ خرچ کرنا۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

اعمال بغیر ایمان کے مقبول نہیں

اللہ نے ان کے اعمال کو اکارت اور نابود کر دیا۔ اعمال سے مراد ہیں وہ اعمال جو بظاہر بہت اچھے دکھائی دیتے ہیں جیسے غریبوں کو کھانا کھلانا۔ قرابت داروں کے رشتہ قرابت کو جوڑے رکھنا اور ان سے حسن سلوک کرنا اور قیدیوں کو رہا کرانا اور ہمسایہ کے حقوق کی نگہداشت کرنا۔ چونکہ کافروں کے اچھے اعمال کا مقصود خوشنودیٔ خدا کا حصول نہیں ہوتا اس لئے آخرت میں اللہ ان کا کوئی ثواب نہیں دے گا۔ اللہ کی مہربانی سے دنیا میں ان کا اچھا بدلہ مل سکتا ہے۔

دوسرا ترجمہ: ضحاک نے اضل اعمالھم کا ترجمہ کیا اللہ نے ان کی خفیہ تدبیروں کو اکارت کر دیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف ان کی سیہ کاریوں کو نابود کر دیا اور ان کی مکاریوں کا چکر انہیں پر الٹ دیا۔ (تفسیر مظہری)

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
اور جو یقین لائے اور کئے بھلے کام
وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ
اور مانا اُس کو جو اُترا محمد پر اور وہی ہے سچا دین
مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ
اُن کے رب کی طرف سے اُن پر سے اتاریں اُن کی برائیاں
وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ ۝۲
اور سنوارا اُن کا حال ☆

سچا دین ☆ یعنی برائیوں کی عادت چھڑا کر اللہ تعالیٰ ان کا حال سنوار دیتا ہے کہ ''یوماً فیوماً'' نیکی میں ترقی کرتے رہتے ہیں اور آخرت میں ان کی کوتاہیوں سے درگزر فرما کر اچھے حال میں رکھتا ہے۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ ''پہلے زمانہ میں ساری مخلوق ایک شریعت کی مکلف نہ تھی۔ اس وقت سب جہان کو ایک حکم ہے اب سچا دین یہی ہے اور برے بھلے کام مسلمان بھی کرتے ہیں اور کافر بھی، لیکن سچا دین ماننے کو یہ قبولیت ہے کہ نیکی ثابت اور برائی معاف، اور نہ ماننے کی یہ سزا ہے کہ نیکی برباد گناہ لازم''۔ (تفسیر عثمانی)

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا۔ میں تو تمام وہ امور داخل ہیں جن پر ایمان لانا ضروری ہے ان میں سے خاص طور پر اس شریعت پر جو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کی گئی ایمان لانا لازم قرار دیا اس سے شریعت محمدیہ پر ایمان لانے کی عظمت کا اظہار اور اس امر کی صراحت کرنی مقصود ہے کہ اس شریعت پر ایمان لائے بغیر ایمان کی تکمیل نہیں ہوتی اور اصل ایمان یہی ہے تمام ایمانیات اس میں داخل ہیں۔

ایک لطیف مفہوم: بعض اہل علم نے کہا اس کی حقانیت یہ ہے کہ سب کا ناسخ ہے منسوخ نہیں ہے۔

نحوی نکتہ: وَهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ۔ یہ جملہ معترضہ ہے اور کلام مفید حصر ہے۔

كَفَّرَ۔ ایمان اور اچھے اعمال کی وجہ سے اللہ ان کے گناہوں کو چھپا دے گا ان کے گناہوں پر پردہ ڈال دے گا۔

اصلاح حال: وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ۔ اور دنیا میں ان کے حالات درست رکھے گا دشمنوں پر فتح عنایت کرے گا گناہوں سے بچنے اور شیطان کے تسلط سے محفوظ رہنے کی اور طاعت الٰہیہ کی توفیق عطا فرمائے گا پھر آخرت میں دوامی راحت اور خوشنودی خدا مرحمت کرے گا۔ حضرت ابن عباسؓ سے فرمایا یعنی زندگی بھر ان کی حفاظت رکھے گا۔

ابن ابی حاتم نے حضرت ابن عباس کا بیان نقل کیا اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ سے مراد مکہ کے مشرک ہیں۔ اور اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سے مراد انصار ہیں۔ میں کہتا ہوں لفظ عام ہے (اس میں ہر کافر اور ہر مؤمن صالح داخل ہے) (تفسیر مظہری)

ذٰلِكَ بِاَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا
یہ اس لئے کہ جو منکر ہیں وہ چلے
الْبَاطِلَ وَاَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا
جھوٹی بات پر اور جو یقین لائے
اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۭ كَذٰلِكَ
انہوں نے مانی سچی بات اپنے رب کی طرف سے یوں
يَضْرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ۝۳
بتلاتا ہے اللہ لوگوں کو اُن کے احوال ☆

واضح بیان ☆ یعنی اسطرح کھول کھول کر اللہ تعالیٰ لوگوں کو ان کے بھلے برے احوال پر متنبہ کرتا ہے تا باطل پرستی کی نحوست و شامت اور حق پرستی کی برکت ان کو پوری طرح ذہن نشین ہو جائے۔ (تفسیر عثمانی)

فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ
سو جب تم مقابل ہو منکروں کے تو مارو

besturdubooks.wordpress.com

الرِّقَابِ ؕ حَتّٰۤی اِذَاۤ اَثۡخَنۡتُمُوۡهُمۡ

گردنیں یہاں تک کہ جب خوب قتل کر چکو اُن کو

فَشُدُّوا الۡوَثَاقَ ٭ۙ فَاِمَّا مَنًّۢا بَعۡدُ

تو مضبوط باندھ لو قید پھر یا احسان کیجیو

وَ اِمَّا فِدَآءً

اور یا معاوضہ کیجیو☆

باطل سے مقابلہ کی ہدایات

یعنی حق اور باطل کا مقابلہ تو رہتا ہی ہے جس وقت مسلمان اور کافروں میں جنگ ہو جائے تو مسلمانوں کو پوری طرح مضبوطی اور بہادری سے کام لینا چاہئے۔ باطل کا زور جب ہی ٹوٹے گا کہ بڑے بڑے شریر مارے جائیں اور ان کے جتھے توڑ دیئے جائیں۔ اس لئے ہنگامہ کارزار میں کسل سستی، بزدلی، اور توقف و تردد کو راہ نہ دو اور دشمنان خدا کی گردنیں مارنے میں کچھ باک نہ کرو کافی خونریزی کے بعد جب تمہاری دھاک بیٹھ جائے اور ان کا زور ٹوٹ جائے اس وقت قید کرنا بھی کفایت کرتا ہے قال تعالیٰ "مَا كَانَ لِنَبِیٍّ اَنۡ یَّكُوۡنَ لَهٗۤ اَسۡرٰی حَتّٰی یُثۡخِنَ فِی الۡاَرۡضِ" (انفال رکوع ۹) یہ قید و بند ممکن ہے ان کے لئے تازیانہ عبرت کا کام دے۔ اور مسلمانوں کے پاس رہ کر ان کو اپنی اور تمہاری حالت کے جانچنے اور اسلامی تعلیمات میں غور کرنے کا موقع بہم پہنچائے۔ شدہ شدہ وہ لوگ حق و صداقت کا راستہ اختیار کر لیں یا مصلحت سمجھو تو بدون کسی معاوضہ کے ان پر احسان کر کے قید سے رہا کر دو۔ اس صورت میں بہت سے افراد ممکن ہے تمہارے احسان اور خوبی اخلاق سے متاثر ہو کر تمہاری طرف راغب ہوں اور تمہارے دین سے محبت کرنے لگیں۔ اور یہ بھی کر سکتے ہو کہ زر فدیہ لے کر یا مسلمان قیدیوں کے مبادلہ میں ان قیدیوں کو چھوڑ دو۔ اس میں کئی طرح فائدے ہیں بہرحال اگر ان اسیران جنگ کو ان کے وطن کی طرف واپس کرو تو دو ہی صورتیں ہیں معاوضہ میں چھوڑنا یا بلا معاوضہ رہا کرنا۔ ان میں جو صورت امام کے نزدیک اصلح ہو اختیار کر سکتا ہے۔ حنفیہ کے ہاں بھی فتح القدیر اور شامی وغیرہ میں اسی طرح کی روایات موجود ہیں ہاں اگر قیدیوں کو ان کے وطن کی طرف واپس کرنا مصلحت نہ ہو تو پھر تین صورتیں ہیں ذمی بنا کر بطور رعیت کے رکھنا یا غلام بنا لینا یا قتل کر دینا احادیث سے قیدی کو قتل کرنے کا ثبوت صرف خاص خاص حالات میں ملتا ہے جبکہ وہ کسی ایسے سنگین جرم کا مرتکب ہوا ہو جس کی سزا قتل سے کم نہیں ہو سکتی تھی البتہ غلام یا رعیت بنا کر رکھنے میں کوئی رکاوٹ نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

فَاِذَا لَقِیۡتُمُ۔ لقیتم لقاء سے مشتق ہے اور لقاء (کا معنی ہے مقابلہ۔ اس) سے مراد ہے لڑائی۔ فَضَرۡبَ الرِّقَابِ۔ اصل جملہ تھا فَاضۡرِبُوا الرِّقَابَ ضَرۡبًا۔ خوب گردنیں مارو۔ گردن مارنے سے مراد ہے قتل کر دینا دوسرے اعضاء کو زخمی کر دینے سے کبھی ہلاکت ہو جاتی ہے کبھی نہیں ہوتی اور گردن کاٹنے سے عام طور پر موت ہو ہی جاتی ہے اس لئے گردنیں کاٹنے کا حکم دیا یعنی قتل کر دو۔ حَتّٰۤی اِذَاۤ اَثۡخَنۡتُمُوۡهُمۡ۔ یہاں تک کہ جب تم خوب قتل کر چکو۔ اَثۡخَنۡتُمۡ۔ ثخین سے ماخوذ ہے ثخین کا معنی ہے دبیز، موٹا، قتل کر چکو یعنی کثرت سے خون ریزی کر چکو۔ فَشُدُّوا الۡوَثَاقَ۔ یعنی قتل سے رک جاؤ اور گرفتار کر لو اور مضبوطی کے ساتھ باندھ لو تا کہ بھاگ نہ جائیں وثاق اور وَثاق، بندھن جس سے کسی چیز کو باندھا جاتا ہے۔ فَاِمَّا مَنًّۢا بَعۡدُ۔ یعنی گرفتار کرنے کے بعد ان پر احسان رکھ کے بغیر معاوضہ لئے چھوڑ دو۔ وَ اِمَّا فِدَآءً اور یا وہ فدیہ جو رہائی کے لئے معاوضہ ادا کریں۔ (تفسیر مظہری)

جنگی قیدیوں کا مسئلہ: خلاصہ یہ ہے کہ آیت انفال نے بدر کے قیدیوں کو فدیہ لیکر چھوڑ نا بھی ممنوع کر دیا تو بلا معاوضہ چھوڑنا بدرجۂ اولیٰ ممنوع ہوگا۔ اور سورۂ محمد کی آیتِ مذکورہ نے ان دونوں چیزوں کو جائز قرار دیا ہے اسلئے اکثر صحابہ اور ائمہ فقہاء نے فرمایا کہ سورۂ محمد کی اس آیت نے سورۂ انفال کی ایت کو منسوخ کر دیا تفسیر مظہری میں ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ اور حسن اور عطاء اور اکثر صحابہ و جمہور فقہاء کا یہی قول ہے اور ائمہ فقہاء میں سے ثوری، شافعی، احمد، اسحاق رحمہم اللہ کا بھی یہی مذہب ہے اور ابن عباسؓ نے فرمایا کہ غزوۂ بدر کے موقع پر مسلمانوں کی قلت تھی اس وقت منّ و فداء کی ممانعت آئی اور پھر جب مسلمانوں کی شوکت و تعداد بڑھ گئی تو سورۂ محمد میں منّ و فداء کی اجازت دیدی گئی۔ تفسیر مظہری میں حضرت قاضی ثناء اللہؒ نے اس کو نقل کر کے فرمایا کہ یہی قول صحیح اور مختار ہے کیونکہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر عمل فرمایا اور آپ کے بعد خلفائے راشدین نے اس پر عمل فرمایا اس لئے یہ آیت سورۂ انفال کی آیت کے لئے ناسخ ہے۔ وجہ یہ ہے کہ سورۂ انفال کی آیت غزوہ بدر کے وقت نازل ہوئی جو ہجرت کے دوسرے سال میں ہوا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ۶ھ غزوۂ حدیبیہ میں جن قیدیوں کو بلا معاوضہ آزاد فرمایا ہے وہ سورۂ محمد کی اس آیت مذکورہ کے مطابق ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

جنگی قیدیوں کے متعلق امام المسلمین کو چار اختیار

مذکورہ الصدر تقریر سے واضح ہو گیا کہ جنگی قیدیوں کے قتل اور استرقاق یعنی غلام بنا لینے کا جو امام المسلمین کو اختیار ہے اس پر تو تمام اُمت کا اجماع ہے اور فدیہ لے کر یا بلا معاوضہ آزاد کرنے میں اگرچہ کچھ اختلاف ہیں مگر جمہور کے نزدیک یہ دونوں صورتیں بھی جائز ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

قرطبی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین کے عمل سے یہ ثابت کیا ہے کہ جنگی قیدیوں کو کبھی قتل کیا گیا ہے اور کبھی غلام بنایا گیا اور کبھی فدیہ لے کر چھوڑا گیا اور کبھی بغیر فدیہ کے آزاد کر دیا گیا۔ فدیہ لینے میں یہ بھی داخل ہے کہ انکے بدلے میں مسلمان قیدی آزاد کرا لئے جائیں اور یہ بھی کہ اُن سے کچھ مال لیکر چھوڑا جائے' دونوں قسم کی صورتیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین کے عمل سے ثابت ہیں۔

مسئلہ غلامی کے بارے میں اسلام پر اعتراض اور اس کا جواب

رہا یہ اشکال کہ اسلام' جو حقوق انسانیت کا سب سے بڑا محافظ ہے' اُس نے غلامی کی اجازت کیوں دی؟ سو در حقیقت یہ اشکال اس وجہ سے پیدا ہوتا ہے کہ اسلام کی جائز سی صورتوں میں جنگی قیدیوں کے ساتھ اس سے بہتر سلوک ممکن نہیں' مشہور مستشرق موسیو گستاؤلیبان اپنی کتاب تمدن عرب میں لکھتا ہے۔

غلام کا لفظ جب کسی ایسے یوروپین شخص کے سامنے بولا جاتا ہے جو تیس سال کے دوران لکھی ہوئی امریکی روایتوں کو پڑھنے کا عادی ہے تو اس کے دل میں اُن مسکینوں کا تصور آ جاتا ہے جو زنجیروں میں جکڑے ہوئے ہیں' ان کے گلوں میں طوق پڑے ہیں اور اُنہیں کوڑے مار مار کر ہنکایا جا رہا ہے' ان کی غذا انکی سدرمق کے لئے بھی کافی نہیں اور انہیں رہنے کے لئے تاریک کوٹھڑیوں کے سوا کچھ میسر نہیں' مجھے یہاں اس سے بحث نہیں کہ یہ تصویر کس حد تک درست ہے اور انگریزوں نے چند سالوں سے امریکہ میں جو کچھ کیا ہے یہ باتیں اس پر صادق آتی ہیں یا نہیں؟ لیکن یہ بالکل یقینی بات ہے کہ اہل اسلام کے یہاں غلام کا تصور نصاریٰ کے یہاں غلام کے تصور سے بالکلیہ مختلف ہے۔ (منقول از دائرۃ معارف لفرید وجدی' ص ۲۷۹ ج ۴ مادۃ استرقاق)

حقیقت یہ ہے کہ بہت سی صورتیں ایسی ہوتی ہیں جن میں قیدیوں کو غلام بنانے سے بہتر کوئی دوسرا راستہ نہیں ہوتا۔ کیونکہ اگر غلام نہ بنایا جائے تو تین ہی صورتیں عقلاً ممکن ہیں۔ یا قتل کر دیا جائے یا آزاد چھوڑ دیا جائے یا دائمی قیدی بنا کر رکھا جائے اور بسا اوقات یہ تینوں صورتیں مصلحت کے خلاف ہوتی ہیں' قتل کرنا اس لئے مناسب نہیں ہوتا کہ قیدی اچھی صلاحیتوں کا مالک ہوتا ہے۔ آزاد چھوڑ دینے میں بعض مرتبہ یہ خطرہ ہوتا ہے کہ دارالحرب میں پہنچ کر وہ مسلمانوں کے لئے دوبارہ عظیم خطرہ بن جائے اب دو ہی صورتیں رہ جاتی ہیں' یا تو اسے دائمی قیدی بنا کر آجکل کی طرح کسی الگ تھلگ جزیرے میں ڈالدیا جائے یا پھر غلام بنا کر اس کی صلاحیتوں سے کام لیا جائے اور اس کے حقوق انسانی کی پوری نگہداشت کی جائے' ہر شخص سوچ سکتا ہے کہ ان میں سے بہتر صورت کونسی ہے؟۔

غلاموں کے بارے میں اسلام نقطۂ نظر

غلاموں کے بارے میں اسلام کا نقطۂ نظر وہ ہے جو ایک معروف حدیث میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بالفاظ ذیل بیان فرمایا ہے۔

اخوانكم جعلهم الله تحت ايديكم فمن كان اخوه تحتيديه فليطعمه مما يا كل وليلبسه مما يلبس ولا يكلّفهٗ ما يغلبه فان كلّفهٗ ما يغلبه فليعنهٗ. (بخاری' مسلم' ابوداؤد وغیرہ)

تمہارے غلام تمہارے بھائی ہیں جنہیں اللہ نے تمہارے زیر دست کر دیا ہے' پس جسکا بھائی اسکے زیر دست ہوا سے چاہئے کہ اسکو بھی اسی میں سے کھلائے جو وہ خود کھاتا ہے اور اسی میں سے پہنائے جسے وہ خود پہنتا ہے اور اسکو ایسے کام کی زحمت نہ دے جو اس کے لئے ناقابل برداشت ہو اور اگر اسے ایسے کام کی تکلیف دے تو خود بھی اس کی مدد کرے۔

اسلام نے غلاموں کو تمام معاشرتی حقوق دیئے

معاشرتی اور تمدنی حقوق کے اعتبار سے اسلام نے غلاموں کو جو مرتبہ عطا کیا وہ آزاد افراد کے قریب قریب مساوی ہے' چنانچہ دوسری اقوام کے برخلاف اسلام نے غلاموں کو نکاح کی نہ صرف اجازت دی بلکہ آقاؤں کو وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ والی آیت کے ذریعہ اسکی تاکید کی گئی ہے یہاں تک کہ وہ آزاد عورتوں سے بھی نکاح کر سکتا ہے' مال غنیمت میں اسکا حصہ آزاد مجاہدین کے برابر ہے اور دشمن کو امان دینے میں اسکا قول اسی طرح معتبر ہے جس طرح آزاد افراد کا' قرآن و حدیث میں اس کیساتھ حُسن سلوک کے کتنے احکام آئے ہیں کہ ان کو جمع کرنے سے ایک مستقل کتاب بن سکتی ہے۔ یہاں تک کہ حضرت علیؓ کا ارشاد ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے جو الفاظ آخری وقت تک زبان مبارک پر جاری تھے اور جس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم خالق حقیقی سے جا ملے' وہ یہ الفاظ تھے۔ الصّلٰوۃ الصّلٰوۃ اتقوا اللہ فیما مَلَكت ايمانكم (ترجمہ) نماز کا خیال رکھو' نماز کا خیال رکھو' اپنے زیر دست غلاموں کے بارے میں اللہ سے ڈرو (ابوداؤد۔ باب فی حق المملوک)

اسلام میں غلاموں کی تعلیم و تربیت کے مواقع

غلاموں کے لئے تعلیم و تربیت کے جو مواقع اسلام نے فراہم کئے ہیں ان کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ عبدالملک بن مروان کے زمانہ میں اسلامی سلطنت کے تقریباً تمام صوبوں میں علم و فضل کے مرجع اعلیٰ سب کے سب غلاموں میں سے تھے جسکا واقعہ متعدد کتب تاریخ میں مذکور ہے۔

غلاموں کی آزادی کے فضائل و مواقع

مختلف فقہی احکام میں غلاموں کو آزاد کرنے کے لئے بہانے ڈھونڈے گئے

besturdubooks.wordpress.com

ہیں۔ کفارہ صوم' کفارۂ قتل' کفارۂ ظہار' کفارۂ یمین ان تمام صورتوں میں سب سے پہلا حکم یہ مذکور ہے کہ کوئی غلام آزاد کیا جائے' یہاں تک کہ حدیث میں یہ بھی فرمایا گیا ہے کہ اگر کسی نے غلام کو ناحق تھپڑ مار دیا تو اسکا کفارہ یہ ہے کہ اسے آزاد کر دیا جائے۔ (صحیح مسلم۔ باب صحبۃ الممالیک)

بعض صحابہ کے آزاد کردہ غلاموں کی تعداد

صاحب النجم الوھاج نے بعض صحابہ کے آزاد کردہ غلاموں کی یہ تعداد نقل کی ہے۔

حضرت عائشہؓ	۶۹	حضرت عباسؓ	۷۰
حضرت حکیم بن حزامؓ	۱۰۰	حضرت عبداللہ بن عمرؓ	۱۰۰۰
حضرت عثمان غنیؓ	۲۰	حضرت ذوالکلاع حمیریؓ	۸۰۰۰
حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ	۳۰۰۰۰	(صرف ایک دن میں)	

(فتح العلام شرح بلوغ المرام ازنواب صدیق حسن خان صاحب ص ۲۳۲ ج ۲ کتاب العتق)

جس سے معلوم ہوتا ہے کہ صرف سات صحابہؓ نے ۳۹۲۵۹ غلام آزاد کئے اور ظاہر ہے کہ دوسرے ہزاروں صحابہ کے آزاد کردہ غلاموں کی تعداد اس سے کہیں زائد ہوگی۔

غرض اسلام نے غلامی کے نظام میں جو ہمہ گیر اصلاحات کیں جو شخص بھی انہیں بنظر انصاف دیکھے گا وہ اس نتیجہ پر پہنچے بغیر نہیں رہ سکتا کہ اسے دوسری اقوام کے احکام غلامی پر قیاس کرنا بالکل غلط ہے' اور ان اصلاحات کے بعد جنگی قیدیوں کو غلام بنانے کی اجازت ان پر ایک عظیم احسان بن گئی ہے۔

اسلام نے جنگی قیدیوں کو غلام بنانا فرض نہیں کیا صرف جواز ہے

یہاں یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ جنگی قیدیوں کو غلام بنانے کا حکم صرف اباحت اور جواز کی حد تک ہے یعنی اگر اسلامی حکومت مصالح کے مطابق سمجھے تو انہیں غلام بنا سکتی ہے ایسا کرنا مستحب یا واجب فعل نہیں ہے بلکہ قرآن و حدیث کے مجموعی ارشادات سے آزاد کرنے کا افضل ہونا سمجھ میں آتا ہے اور یہ اجازت بھی اس وقت تک کے لئے ہے جب تک اس کے خلاف دشمن سے کوئی معاہدہ نہ ہو اور اگر دشمن سے یہ معاہدہ ہو جائے کہ نہ وہ ہمارے قیدیوں کو غلام بنائیں گے نہ ہم اُن کے قیدیوں کو' تو پھر اس معاہدہ کی پابندی لازم ہوگی۔ ہمارے زمانے میں دُنیا کے بہت سے ملکوں نے ایسا معاہدہ کیا ہوا ہے' لہٰذا جو اسلامی ممالک اس معاہدے میں شریک ہیں ان کے لئے غلام بنانا اس وقت تک جائز نہیں جب تک یہ معاہدہ قائم ہے۔ (معارف مفتی اعظمؒ)

حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا

جب تک کہ رکھ دے لڑائی اپنے ہتھیار ☆

☆ یعنی یہ حرب و ضرب اور قید و بند کا برابر جاری رہے گا تا آنکہ لڑائی اپنے ہتھیار اتار کر رکھ دے اور جنگ موقوف ہو جائے۔ (تفسیر عثمانی)

حرب اور آوازار کا مطلب:

اپنے بوجھ یعنی اسلحہ مراد یہ ہے کہ لڑائی ختم ہو جائے اور سوائے مسلم کے یا صلح کرنے والوں کے اور کوئی باقی نہ رہے بعض نے کہا اوزار سے مراد ہیں گناہ یعنی جنگی مشرک اپنے گناہوں کا بار اپنے اوپر سے اتار دیں مطلب یہ کہ کفر سے توبہ کر لیں مسلمان ہو جائیں۔ بعض اہل علم نے کہا (حرب سے مراد ہے تمہاری حرب اور اوزار سے مراد ہیں مشرکوں کے گناہ اور اعمال بد) مطلب یہ ہے کہ تمہاری لڑائی اور تمہارا جہاد مشرکوں کے گناہوں اور بد کرداریوں کا بار اتار دیں' وہ مسلمان ہو جائیں یعنی مشرکوں کو خوب قتل اور قید کرو تا کہ تمام ملتوں والے ملت اسلام میں داخل ہو جائیں۔

احکام اسلام کا مقصد:

اللہ نے ضرب یا قید یا بلا معاوضہ رہائی اور معاوضہ لے کر آزادی یا ان تمام احکام کے مجموعہ کا نتیجہ انقطاع جنگ کو قرار دیا یعنی یہ احکام اس لئے جاری کئے گئے کہ لڑائی کا سلسلہ ہی ختم ہو جائے اور مشرکوں کا زور ٹوٹ جائے تو جنگ ہی کا خاتمہ ہو جائے اور ایسا حضرت عیسیٰؑ کے نزول کے وقت ہو جائیگا۔

ظلم کے خلاف جہاد جاری رہے گا

حضرت عمران بن حصین راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت کا ایک گروہ ہمیشہ حق پر جنگ کرتا رہے گا اپنے مقابلوں پر غالب رہے گا یہاں تک کہ ان کا آخری شخص دجال مسیح سے جنگ کرے گا۔ رواہ ابوداؤد و بغوی کی روایت ان الفاظ کے ساتھ ہے جب سے اللہ نے مجھے بھیجا ہے جہاد جاری ہے یہاں تک کہ میری امت کا آخری شخص دجال سے لڑے گا۔ (تفسیر مظہری)

ذٰلِكَ ۛ وَلَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ

یہ سن چکے اور چاہے اللہ تو بدلہ لے اُن سے

وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَاْ بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ

پر جانچنا چاہتا ہے تمہارے ایک سے دوسرے کو ☆

قتال و جہاد کی حکمت ☆ یعنی خدا کو قدرت ہے کہ ان کافروں کو کوئی آسمانی عذاب بھیج کر "عاد و ثمود" وغیرہ کی طرح ہلاک کر ڈالے۔ لیکن جہاد و قتال مشروع کر کے اسے بندوں کا امتحان کرنا تھا۔ وہ دیکھتا ہے کہ کتنے مسلمان اللہ کے نام پر جان و مال نثار کرنے کے لئے تیار ہیں اور کفار میں

besturdubooks.wordpress.com

سے کتنے لوگ ان تنبیہی کارروائیوں سے بیدار ہوتے اور اس مہلت سے فائدہ اٹھاتے ہیں جو اللہ نے دے رکھی ہے کہ پہلی قوموں کی طرح ایک دم پکڑ کر استیصال نہیں کر دیتا۔ (تفسیر عثمانی)

جہاد کی ایک حکمت: تا کہ کافروں سے جہاد کرا کے مومنوں کی جانچ کر لے اور جہاد کر کے وہ ثواب کے مستحق ہو جائیں اور مؤمنوں سے جنگ کرا کے کافروں کی جانچ کر لے اور مسلمانوں کے ہاتھوں کافروں کو سزا دے دے تا کہ کچھ لوگ کفر سے باز آ جائیں اور بعض لوگ کفر پر قائم رہ کر دوزخ کے مستحق قرار پائیں۔

حاصل یہ ہے کہ اللہ اگرچہ کافروں کے بیخ بن سے اکھاڑ پھینکنے کی قدرت رکھتا ہے لیکن اس نے جو جہاد کا حکم دیا ہے یہ حکم برحکمت اور مبنی بر مصلحت ہے اور مصلحت یہ ہے کہ مؤمنوں اور کافروں کی جانچ ہو جائے۔ (تفسیر مظہری)

مشروعیت جہاد کی دوسری حکمت

وَلَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ "اس آیت میں حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ اس اُمت میں کفار سے جہاد و قتال کی مشروعیت درحقیقت ایک رحمت ہے۔ کیونکہ وہ آسمانی عذابوں کے قائم مقام ہے کیونکہ کفر و شرک اور اللہ سے بغاوت کی سزا پچھلی قوموں کو آسمانی اور زمینی عذابوں کے ذریعہ دی گئی ہے اُمت محمدیہ میں ایسا ہو سکتا تھا مگر رحمۃ للعالمین کی برکت سے اس اُمت کو ایسے عام عذابوں سے بچا لیا گیا' اسکے قائم مقام جہاد شرعی کو کر دیا گیا جس میں بہ نسبت عذاب عام کے بڑی سہولتیں اور مصلحتیں ہیں۔ اول تو یہ کہ عذاب عام میں پوری قوم میں مرد' عورت' بچے سبھی تباہ ہوتے ہیں اور جہاد میں عورتیں بچے تو مامون ہیں ہی' مرد بھی صرف وہی اسکی زد میں آتے ہیں جو اللہ کے دین کی حفاظت کرنیوالوں کے مقابلہ پر قتال کے لئے آ کھڑے ہوں' پھر اُس میں بھی سب مقتول نہیں ہوتے' اُن میں بہت سے لوگوں کو اسلام و ایمان کی توفیق نصیب ہو جاتی ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

اور جو لوگ مارے گئے اللہ کی راہ میں

فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝ سَيَهْدِيْهِمْ

تو نہ ضائع کریگا وہ اُنکے کئے کام اُن کو راہ دیگا

وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ۝

اور سنواریگا اُن کا حال ☆

شہید کامیاب ہیں ☆یعنی جو لوگ اللہ کے راستہ میں شہید ہوئے خواہ بظاہر یہاں کامیاب نظر نہ آتے ہوں' لیکن حقیقۃً وہ کامیاب ہیں اللہ ان کے کام کو ضائع نہ کرے گا۔ بلکہ انجام کار ان کی محنت ٹھکانے لگائے گا ان کو جنت کی طرف راہ دے گا۔ اور آخرت کے تمام منازل و مواقف میں انکا حال درست رکھے گا۔ (تفسیر عثمانی)

تین شہید: اصفہانی نے ترغیب میں اور بزار و بیہقی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شہید تین ہیں۔ نمبر ا۔ ایک شخص وہ ہے جو اللہ کی راہ میں اپنی جان و مال کے ساتھ بامید ثواب لڑنے کے لئے اور مسلمانوں کے گروہ کی تعداد بڑھانے کے لئے نکلتا ہے اور چاہتا ہے کہ راہ خدا میں مارا جائے' یہ شخص اگر مر جائے گا یا مارا جائے گا تو اس کے سارے گناہ معاف کر دئے جائیں گے اور اس کو عذاب قبر سے محفوظ رکھا جائے گا اور (قیامت کے دن) بڑی گھبراہٹ سے مامون رہے گا بڑی آنکھوں والی حوروں سے اس کا جوڑ الگایا جائے گا عزت کا لباس اس کو پہنچایا جائے گا اور اس کے سر پر وقار کا تاج رکھا جائے گا۔ دوسرا وہ شخص (شہید) ہے جو بامید ثواب اپنی جان و مال کے ساتھ (راہ خدا میں) نکلتا ہے اور قتل کرنا چاہتا ہے لیکن مارا جانا نہیں چاہتا یہ شخص اگر مر جائے گا یا مارا جائے گا تو وہ ابراہیم خلیل اللہ کے ساتھ اللہ کے سامنے ایک بااقتدار بادشاہ کی مجلس صدق میں ہوگا تیسرا وہ شخص ہے جو اپنی جان و مال کے ساتھ بامید ثواب نکلا وہ چاہتا ہے کہ (دشمنوں کو) قتل کرے اور خود بھی مارا جائے یہ شخص اگر مر جائے گا یا مارا جائے گا تو قیامت کے دن تلوار سونتے ہوئے کندھے پر رکھے ہوئے آئے گا سب لوگ دو زانوں بیٹھے ہوں گے اور یہ شہدا کہیں گے ہم نے راہ خدا میں اپنے خون اور مال خرچ کئے ہیں ہمارے لئے جگہ کشادہ چوڑ دو چنانچہ یہ سب عرش کے نیچے پہنچ کر نور کے ممبروں پر بیٹھ جائیں گے اور لوگوں کے فیصلے ہوتے ہوئے دیکھیں گے اور نہ ان کو مرنے کا غم ہوگا نہ برزخی فتنہ میں مبتلا ہوں گے نہ (صور اسرافیل سے) ان کو گھبراہٹ ہوگی نہ میزان حساب اور پل صراط کی فکر ہوگی جو کچھ مانگیں گے ان کو دیا جائے گا جس معاملہ میں سفارش کریں مانی جائے گی جنت کا جو حصہ پسند کریں گے ان کو دیا جائے گا جنت میں جہاں چاہیں گے رہیں گے۔ واللہ اعلم۔

اُحد کے دن کی صورتحال:

ابن ابی حاتم نے لکھا ہے کہ قتادہ نے کہا ہم سے ذکر کیا گیا ہے کہ آیت الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ احد کے دن نازل ہوئی مسلمانوں میں زخمی اور شہدا پھیلے ہوئے تھے اور مشرکوں نے پکار کر کہا تھا اُعْلُ هُبَل (ہبل سربلند یا جبل کی جے) اس کے جواب میں مسلمانوں نے نعرہ بلند کیا اللہ اعلیٰ و اجل (اللہ سب سے اونچا اور سب سے زیادہ بزرگی والا ہے) مشرکوں نے کہا اِنَّ لَنَا الْعُزّٰى وَلَا عُزّٰى لَكُمْ (عزیٰ دیوی ہماری ہے تمہاری کوئی عزیٰ نہیں) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم کہو اَللّٰهُ مَوْلٰنَا وَلَا مَوْلٰى لَكُمْ (اللہ ہمارا مولیٰ ہے اور تمہارا کوئی کارساز نہیں)۔ (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

شہید کے لئے دو نعمتیں:

ایک یہ کہ اللہ ان کو ہدایت کر دیگا۔ دوسرے اُن کے سب حالات درست کر دیگا۔ حالات سے مُراد دُنیا و آخرت دونوں جہان کے حالات ہیں۔ دنیا میں تو یہ کہ جو شخص جہاد میں شریک ہوا اگر چہ وہ شہید نہ ہوا سلامت رہا وہ بھی شہید کے ثواب کا مستحق ہو گیا۔ اور آخرت میں یہ کہ وہ قبر کے عذاب سے محشر کی پریشانی سے نجات پائے گا اور اگر کچھ لوگوں کے حقوق اسکے ذمہ رہ گئے ہیں تو اللہ تعالیٰ اصحاب حقوق کو اس سے راضی کر کے اسکی خلاصی کرا دیں گے۔ (کما ورد فی حدیث ابی نعیم والبزار والبیہقی۔ مظہری) (معارف مفتی اعظم)

تین قسم کے آدمی جن کا قرض اللہ تعالیٰ ادا کریں گے

ابو نعیم نے حلیہ میں حضرت سہل بن سعد کی روایت سے اور بیہقی نے شعب الایمان میں نیز بزار نے حضرت ابن عمرؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین (قسم کے) آدمیوں کی طرف سے قیامت کے دن اللہ (ان کا قرضہ) ادا کر دے گا۔

نمبرا۔ وہ شخص جس کو اندیشہ ہو کہ دشمن مسلمانوں کے ممالک عروسہ پر حملہ کر دے گا اور اس کے پاس قوت نہ ہو اس لئے قرض لے کر ہتھیار خرید کر قوت حاصل کرے اور قرض ادا کرنے سے پہلے مرجائے تو اللہ اس کی طرف سے اس کا قرض ادا کر دے گا۔

نمبر۲۔ وہ شخص جس کا مسلمان بھائی مرجائے اور اس کے پاس کفن دینے کو نہ ہو اس لئے قرض لے کر کفن خرید لے اور اداء قرض کی قدرت حاصل نہ ہو پائے اور اسی حالت میں مرجائے اس کا قرض بھی اللہ ادا کر دے گا۔

نمبر۳۔ وہ شخص جس کو (نفسانی خواہش سے مغلوب ہو کر) ارتکاب زنا کا اندیشہ ہو اس لئے (کچھ قرض لے کر) کسی عورت سے نکاح کر لے اور اس طرح پاک دامن رہے اور ادائیگی قرض (پر قدرت حاصل ہونے) سے پہلے مرجائے تو اس کا قرض بھی اللہ ادا کر دے گا۔ (تفسیر مظہری)

وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ۝
اور داخل کریگا اُنکو بہشت میں جو معلوم کرادی ہے اُن کو ☆

☆ یعنی جس جنت کا حال ان کو انبیاء علیہم السلام کی زبان اور اپنے وجدان صحیح سے معلوم ہو چکا تھا اس میں داخل کئے جائیں گے اور وہاں پہنچ کر ہر جنتی اپنے ٹھکانے کو خود بخود پہچان لے گا اس کے دل کی کشش ادھر ہی ہو گی جہاں اس کو رہنا ہے (تنبیہ) ابن عباس رضی اللہ عنہ نے "عرفها لهم" کے معنی "طیبها لهم" کے لئے ہیں یعنی جنت ان کے لئے خوشبوؤں سے مہکا دی گئی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

جنتیوں کو اپنی بیویوں اور گھروں کی صحیح شناخت ہوگی

حضرت ابو ہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے قسم ہے اس کی جس نے مجھے (دین) حق دے کر بھیجا ہے تم لوگ دنیا میں اپنی بیبیوں اور اپنے گھروں کو اس سے زیادہ شناخت نہیں کرتے جتنی شناخت اہل جنت اپنی بیبیوں اور اپنے گھروں کی رکھتے ہوں گے۔ ابن جریر نے اپنی تفسیر میں ایک طویل حدیث کے ضمن میں اس کو بیان کیا ہے بیہقی نے البعث میں اور طبرانی نیز ابو یعلی وغیرہ نے بھی یہ حدیث بیان کی ہے۔ (تفسیر مظہری)

خوشبو سے مہکائے ہوئے مکان

حضرت عبداللہ بن عباسؓ **عرفها لهم** کی تفسیر میں یہ بھی فرمایا کرتے تھے **طیبا لهم**۔ طیب کے معنی خوشبو کے ہیں یعنی وہ مکانات جنتیوں کے واسطے خوشبوؤں سے مہکائے ہوئے ہوں گے۔ (معارف کاندھلوی)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ
اے ایمان والو اگر تم مدد کرو گے اللہ کی ☆

☆ یعنی اللہ کے دین کی اور اس کے پیغمبر کی۔ (تفسیر عثمانی)

يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ۝
تو وہ تمہاری مدد کریگا اور جمادے گا تمہارے پاؤں ☆

مومنوں کی ہمت افزائی ☆ یعنی جہاد میں اللہ کی مدد سے تمہارے قدم نہیں ڈگمگائیں گے اور اسلام و طاعت پر ثابت قدم رہو گے جسکے نتیجہ میں "صراط" پر ثابت قدمی نصیب ہوگی حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ اللہ چاہے تو خود ہی کافروں کو مسلمان کر ڈالے پر یہ بھی منظور نہیں، جانچنا منظور ہے۔ سو بندہ کی طرف سے کمر باندھنا اور اللہ کی طرف سے کام بنانا۔ (تفسیر عثمانی)

وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ۔ یعنی کافروں سے جہاد کرنے اور حقوق اسلام ادا کرنے میں تم کو ثابت قدم رکھے گا۔ (تفسیر مظہری)

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّهُمْ
اور جو لوگ کہ منکر ہوئے وہ گرے منہ کے بل
وَاَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝
اور کھودیے اُن کے کئے کام ☆

کافروں کی بربادی ☆ یعنی جس طرح مومنین کے قدم جما دیئے

besturdubooks.wordpress.com

جاتے ہیں، اس کے برعکس منکروں کو منہ کے بل گرا دیا جاتا ہے۔ اور جیسے خدا کی طرف سے مومنین کی مدد کی جاتی ہے اس کے خلاف کافروں کے کام برباد کر دیئے جاتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَاَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ۔ اور اللہ نے ان کے اعمال کالعدم کر دیئے کیونکہ وہ شیطان کی اطاعت کے زیر اثر تھے۔ (تفسیر مظہری)

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَرِهُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ
یہ اس لئے کہ اُن کو پسند نہ ہوا جو اتارا اللہ نے
فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿٩﴾
پھر اکارت کر دیئے اُنکے کئے کام ☆

ہلاکت کا سبب

یعنی جب انہوں نے اللہ کی باتوں کو ناپسند کیا تو اللہ ان کے کام کیوں پسند کرے گا۔ اور جو چیز خدا کو ناپسند ہو وہ محض اکارت ہے۔ (تفسیر عثمانی)

ذٰلِكَ۔ یہ ہلاکت اور تباہی۔ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ۔ یعنی قرآن کو انہوں نے پسند نہیں کیا تھا کیونکہ قرآن کے اندر جو توحید کی تعلیم اور ان کی مرغوبات ونفسانی خواہشات کے مخالف اور امر و نواہی میں وہ ان کو ناپسند ہیں۔

فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ۔ اس کو دوبارہ ذکر کرنے سے اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ حبط عمل کفر کے لئے لازم ہے۔ (تفسیر مظہری)

اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا
کیا وہ پھرے نہیں ملک میں کہ دیکھیں
كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ
کیسا ہوا انجام اُن کا جو اُن سے
قَبْلِهِمْ دَمَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلِلْكٰفِرِيْنَ
پہلے تھے ہلاکی ڈالی اللہ نے اُن پر اور منکروں کو ملتی رہتی ہیں
اَمْثَالُهَا ﴿١٠﴾
ایسی چیزیں ☆

اہل مکہ کے لئے عبرت ☆ یعنی دنیا میں ہی دیکھ لو منکروں کی کیسی گت بنی اور کس طرح ان کے منصوبے خاک میں ملا دیئے گئے۔ کیا آج کل کے منکروں کو ایسی سزائیں نہیں مل سکتیں۔ (تفسیر عثمانی)

اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا۔ یعنی اہل مکہ کیا ملک میں چلے پھرے نہیں۔ استفہام انکاری اور اس کا عطف ایک محذوف جملہ پر ہے۔ پورا کلام اس طرح تھا کیا یہ (گھروں) سے باہر نہیں گئے اور ملک میں چلے پھرے نہیں۔

اَلَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ۔ یعنی گزشتہ پیغمبروں کی کافر امتیں۔

دَمَّرَ اللّٰهُ۔ اللہ نے ان کو جڑ بنیاد سے اکھاڑ پھینکا۔

عَلَيْهِمْ۔ یعنی ان کو اور ان کے اہل وعیال و مال کو۔

وَلِلْكٰفِرِيْنَ۔ یعنی مکہ کے کافروں کے لئے۔

اَمْثَالُهَا۔ اس سابق انجام سے یا اس عذاب سے یا اس ہلاکت سے چند گونہ بدانجامی یا عذاب یا ہلاکت ہونے والی ہے۔ (تفسیر مظہری)

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
یہ اس لئے کہ اللہ رفیق ہے اُن کا جو یقین لائے
وَاَنَّ الْكٰفِرِيْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ ﴿١١﴾
اور یہ کہ جو منکر ہیں اُن کا رفیق نہیں کوئی ☆
اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
مقرر اللہ داخل کریگا اُن کو جو یقین لائے
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ
اور کئے بھلے کام باغوں میں جن کے
مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ
نیچے بہتی ہیں نہریں ☆

اللہ مومنین کا مددگار ہے

یعنی اللہ مومنین صالحین کا رفیق ہے جو وقت پر ان کی مدد کرتا ہے۔ کافروں کا ایسا رفیق کون ہے جو اللہ کے مقابلہ میں کام آ سکے۔ غزوہ احد میں ابوسفیان نے پکارا تھا ''لنا العزیٰ ولا عزیٰ لکم'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پکارو ''اللہ مولانا ولا مولیٰ لکم'' (تفسیر عثمانی)

ذٰلِكَ۔ یہ یعنی مومنوں کی مدد اور کافروں پر قہر۔

بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا۔ یعنی اللہ مومنین کا کارساز ہے مددگار ہے ان کی مدد کرے گا۔ ان کو توفیق دے گا ان کے کاموں کو درست کر دے گا

besturdubooks.wordpress.com

شیطانی خطرات کو ان سے دفع کر دیگا دوسری آیت میں فرمایا ہے۔

اِنَّ عِبَادِیْ لَیْسَ لَكَ عَلَیْهِمْ سُلْطٰنٌ ۔ (تیرا تسلط میرے بندوں پر نہ ہوگا)۔

وَاَنَّ الْكٰفِرِیْنَ ۔ یعنی جن لوگوں کے لئے کفر اور شیطان کا تسلط مقرر کر دیا گیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

اُحد کے دن رجز یہ نعروں کا تبادلہ:

احد والے دن مشرکین کے سردار ابوسفیان صخر بن حرب نے فخر کے ساتھ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے دونوں خلیفوں کی نسبت سوال کیا اور کوئی جواب نہ پایا تو کہنے لگا کہ یہ سب ہلاک ہو گئے۔ پھر اسے فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے جواب دیا اور فرمایا جن کی زندگی تجھے خار کی طرح کھٹکتی ہے اللہ نے ان سب کو اپنے فضل سے زندہ ہی رکھا ہے ابوسفیان کہنے لگا سنو یہ دن بدلے کا دن ہے اور لڑائی تو مثل ڈولوں کے ہے کبھی کوئی اوپر کبھی کسی کا اوپر۔ تم اپنے مقتولین میں بعض ایسے بھی پاؤ گے جن کے ناک کان وغیرہ ان کے مرنے کے بعد کاٹ لئے گئے ہیں۔ میں نے ایسا حکم نہیں دیا تھا لیکن مجھے کچھ برا بھی نہیں لگا۔ پھر اس نے رجز کے اشعار فخریہ پڑھنے شروع کئے کہنے لگا اُعْلُ هُبَل اُعْلُ هُبَل۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم اسے جواب کیوں نہیں دیتے؟ صحابہؓ نے پوچھا حضور! کیا جواب دیں؟ فرمایا کہو اَللّٰهُ اَعْلٰى وَاَجَلُّ یعنی وہ کہتا تھا ہبل ہبل بت کا بول بالا ہو جس کے جواب میں کہا گیا سب سے زیادہ بلندی والا اور سب سے زیادہ عزت وکرم والا اللہ ہی ہے۔ ابوسفیان نے پھر کہا لَنَا الْعُزّٰى وَلَا عُزّٰى لَكُمْ ہمارا عزیٰ (بت) ہے اور تمہارا نہیں۔ اس کے جواب میں بفرمان حضور کہا گیا اَللّٰهُ مَوْلَانَا وَلَا مَوْلٰى لَكُمْ اللہ ہمارا مولیٰ ہے اور تمہارا مولیٰ کوئی نہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا یَتَمَتَّعُوْنَ وَیَاْكُلُوْنَ
اور جو لوگ منکر ہیں برت رہے ہیں اور کھاتے ہیں
كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ﴿۱۲﴾
جیسے کہ کھائیں چوپائے اور آگ ہے گھر اُن کا ☆

حیوانوں جیسی زندگی ☆

یعنی دنیا کا سامان برت رہے ہیں اور مارے حرص کے بہائم کی طرح اناپ شناپ کھاتے چلے جاتے ہیں۔ نتیجہ کی خبر نہیں کہ کل یہ کھایا پیا کس طرح نکلے گا۔ اچھا چند روز مزے اڑالیں آگے ان کے لئے آگ کا گھر تیار ہے۔ (تفسیر عثمانی)

یَتَمَتَّعُوْنَ ۔ یعنی کچھ دنوں دنیا کے مزے اڑاتے ہیں۔

كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ ۔ یعنی جانوروں کی طرح کھانے کی حرص کرتے ہیں منعم سے غافل ہیں اس کا شکر نہیں کرتے اور انجام بد سے غافل ہیں۔

مَثْوًى ۔ فرودگاہ جائے قیام (ٹھکانہ) (تفسیر مظہری)

وَكَاَیِّنْ مِّنْ قَرْیَةٍ هِیَ اَشَدُّ قُوَّةً
اور کتنی تھیں بستیاں جو زیادہ تھیں زور میں
مِّنْ قَرْیَتِكَ الَّتِیْٓ اَخْرَجَتْكَ ۚ
اس تیری بستی سے جس نے تجھ کو نکالا
اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ﴿۱۳﴾
ہم نے اُن کو غارت کر دیا پھر کوئی نہیں اُن کا مددگار ☆

یہ کافر کس پر اتراتے ہیں ☆ یعنی دوسری قوموں کو جو زور وطاقت میں مکہ والوں سے کہیں بڑھ کر تھیں ہم نے تباہ کر چھوڑا اور کوئی ان کی مدد کو نہ پہنچا۔ پھر یہ کس بات پر اتراتے ہیں (تنبیہ) "قَرْیَتِكَ الَّتِیْٓ اَخْرَجَتْكَ" سے مراد مکہ معظمہ ہے وہاں کے لوگوں نے ایسی حرکات کیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو وطن مالوف ومحبوب چھوڑنا پڑا۔ حدیث میں آیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رخصت کے وقت مکہ معظمہ کو خطاب کر کے فرمایا خدا کی قسم تو تمام شہروں میں اللہ کے نزدیک اور میرے نزدیک محبوب ترین شہر ہے۔ اور اگر میری قوم مجھ کو تیرے اندر سے نہ نکالتی میں تجھ کو نہ چھوڑتا۔ (تفسیر عثمانی)

اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَیِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ
بھلا ایک جو چلتا ہے واضح راستہ پر اپنے رب کے
كَمَنْ زُیِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَاتَّبَعُوْٓا
برابر ہے اُسکے جس کو بھلا دکھلایا اُس کا برا کام اور چلتے ہیں
اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۴﴾
اپنی خواہشوں پر ☆

☆ یعنی ایک شخص نہایت شرح صدر اور فہم وبصیرت کے ساتھ سچائی کی صاف اور کشادہ سڑک پر بے کھٹکے چلا جا رہا ہے اور دوسرا اندھیرے میں پڑا ٹھوکریں کھاتا ہے۔ جس کو سیاہ وسفید یا نیک وبد کی کچھ تمیز نہیں حتیٰ کہ اپنی بے تمیزی سے برائی کو بھلائی سمجھتا ہے، اور خواہشات کی پیروی میں اندھا ہو رہا ہے کیا ان دونوں کا مرتبہ اور انجام برابر ہو جائے گا؟ ایسا ہرگز نہیں ہوسکتا

besturdubooks.wordpress.com

کیونکہ یہ حق تعالیٰ کی شان حکمت وعدل کے منافی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

مومن وکافر برابر نہیں ہو سکتے

اَفَمَنْ كَانَ ۔ استفہام انکاری ہے یعنی دونوں فریق ایک جیسے نہیں ہو سکتے مؤمن کا کارساز اللہ ہے اور کافر کا کوئی کارساز نہیں مؤمن کا یقین (یعنی ایمان) دلیل یعنی قرآن پر مبنی ہے جو اس کے رب کی طرف سے آیا ہے بیّنہ سے ہر دلیل بھی مراد ہو سکتی ہے خواہ وہ عقلی ہو یا نقلی اور کافر کی نظر کے سامنے شرک اور بداعمالی خوبصورت شکل میں شیطان لے آتا ہے اور وہ اپنی نفسانی خواہشات پر چلتا اور بتوں کی پوجا کرتا ہے یہ دونوں فریق برابر نہیں ہو سکتے۔ اول فریق کو دوسرے فریق پر بلاشبہ عقلاً برتری حاصل ہے۔ (تفسیر مظہری)

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِىْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ط

احوال اس بہشت کا جس کا وعدہ ہوا ہے ڈرنے والوں سے

فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ج

اُس میں نہریں ہیں پانی کی جو بو نہیں کر گیا ☆

جنت کا پانی ☆ یعنی طول مکث یا کسی چیز کے اختلاط سے اس کی بو نہیں بدلی۔ شہد سے زیادہ شیریں اور دودھ سے زیادہ سفید۔ کسی طرح کے تغیر کو اس کی طرف راہ نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اعلیٰ ترین جنت کی دعا مانگو

ایک حدیث میں ہے آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا اے لوگو جب تم اللہ سے جنت کے لئے دعا مانگو تو فردوس کا سوال کیا کرو کیونکہ فردوس جنت کا درمیانی اور اعلیٰ ترین مقام ہے جس سے تمام نہریں جنت کی بہہ رہی ہیں اور اس کے اوپر عرش رحمٰن ہے۔ (معارف کاندھلوی)

جنت کا پانی، دودھ اور شراب

جنت کے پانی اور دودھ اور شراب کے بارے میں بتلا دیا گیا کہ وہ سب تغیرات اور بدمزگی کی آفات سے خالی ہیں اور جنت کا دوسری مضرتوں اور مفاسد سے خالی ہونا سورۂ صافات کی آیت میں آیا ہے۔ لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ۔ اسی طرح دنیا کے شہد میں موم اور میل کچیل ملا ہوتا ہے جنت کی نہر میں شہد کا پاک صاف ہونا بتلایا گیا۔ صحیح بات یہ ہے کہ انہار جنت کی چاروں قسمیں، پانی، دودھ، شراب، شہد اپنے حقیقی معنی میں ہیں بلا وجہ مجازی معنے لینے کی ضرورت نہیں، البتہ یہ بات کھلی ہوئی ہے کہ جنت کی چیزوں کو دنیا کی چیزوں پر قیاس نہیں کیا جا سکتا وہاں کی ہر چیز کی لذت و کیف کچھ اور ہی ہوگا جس کی دنیا میں کوئی نظیر نہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

جنت میں دریا: حضرت معاویہ بن حیدہ نے بیان کیا میں نے خود سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے جنت کے اندر پانی کا دریا ہے اور شہد کا دریا ہے اور دودھ کا دریا ہے اور شراب کا دریا ہے پھر (ہر ایک سے) نہریں نکالی گئی ہیں۔ رواہ البیہقی والترمذی۔ ترمذی نے اس کو صحیح کہا ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت کی نہریں مشک کے پہاڑ سے پھوٹ کر نکلتی ہیں۔ رواہ ابن حبان والحاکم والبیہقی والطبرانی وابن ابی حاتم

جنت کی نہریں سطح زمین کے اوپر ہیں

مسروق کا بیان ہے کہ جنت کی نہریں بغیر گڑھے کے (ہموار سطح پر) بہتی ہیں۔ رواہ ابن المبارک والبیہقی۔

حضرت انس راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شاید تم خیال کرتے ہو کہ جنت کی نہریں زمین کے گڑھے (میں بہتی) ہوں گی۔ نہیں خدا کی قسم۔ وہ روئے زمین پر رواں ہوں گی اس کے دونوں کنارے موتیوں کے خیمے ہوں گے اور اس کی مٹی خالص مشک ہوگی۔

سیحون، جیحون، فرات اور نیل

حضرت ابوہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سیحون اور جیحون اور فرات اور نیل سب جنت کی نہروں سے ہیں۔ رواہ مسلم۔

حضرت عمروؓ بن عوف راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چار (دریا) جنت کی نہریں (دریا) ہیں نیل، فرات، سیحون اور جیحون اور چار پہاڑ جنت کے پہاڑ ہیں احد، طور، لبنان، اور ورقان کعب احبار نے کہا جنت کے اندر دریائے نیل شہد کا دریا ہے اور دریاء دجلہ دودھ کا دریا ہے فرات شراب کا دریا ہے اور دریائے سیحون پانی کا دریا ہے (یعنی جنت کے اندر جن دریاؤں کے یہ دنیوی نام ہیں ان کی حقیقت شہد دودھ شراب اور پانی ہے) رواہ البیہقی۔

بغوی نے کعب احبار کا قول اس طرح بیان کیا ہے دریاء دجلہ (جو جنت میں ہے) جنتیوں کے پانی کا دریا ہے اور فرات (نام) کا دریا ہے ان کے دودھ کا دریا ہے اور مصر کا دریا (یعنی نیل مراد جنتی نیل) جنتیوں کی شراب کا دریا ہے اور دریائے سیحون ان کے شہد کا دریا ہے اور یہ چاروں (جنتی) دریا دریاء کوثر سے نکلتے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ج

اور نہریں ہیں دودھ کی جس کا مزہ نہیں پھرا ☆

☆ یعنی دنیا کے دودھ پر قیاس نہ کرو۔ اتنی مدت گزرنے پر بھی اس کے مزے میں فرق نہیں آیا۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ

اور نہریں ہیں شراب کی جس میں مزہ ہے پینے والوں کے واسطے ☆

☆ یعنی وہاں کی شراب میں خالص لذت اور مزہ ہی ہے۔ نہ نشہ ہے نہ شکستگی نہ تلخی نہ سرگرانی نہ کوئی اور عیب ونقصان۔ (تفسیر عثانی)

جنت کا دودھ شراب شہد

ایک مرفوع حدیث میں ہے کہ یہ دودھ جانوروں کے تھن سے نکلا ہوا نہیں بلکہ قدرتی ہے اور نہریں ہوں گی شراب صاف کی جو پینے والے کا دل خوش کردیں دماغ کشادہ کریں۔ جو شراب نہ تو بدبودار ہے نہ تلخی والی نہ بدمنظر ہے بلکہ دیکھنے میں بہت اچھی پینے میں بہت لذیذ نہایت خوشبودار جس سے نہ عقل میں فتور آئے نہ دماغ میں چکر آئیں نہ بہکیں نہ بھٹکیں نہ نشہ چڑھے نہ عقل جائے۔ حدیث میں ہے کہ یہ شراب بھی کسی کے ہاتھوں کی کشید کی ہوئی نہیں بلکہ خدا کے حکم سے تیار ہوئی ہے۔ خوش ذائقہ اور خوش رنگ ہے۔ جنت میں شہد کی نہریں بھی ہیں جو بہت صاف ہے اور خوشبودار اور ذائقہ کا تو کہنا ہی کیا ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ یہ شہد بھی مکھیوں کے پیٹ سے نہیں۔ مسند احمد کی ایک مرفوع حدیث میں ہے کہ جنت میں دودھ پانی شہد اور شراب کے سمندر ہیں جن میں سے ان کی نہریں اور چشمے جاری ہوتے ہیں۔ یہ حدیث ترمذی میں بھی ہے اور امام ترمذیؒ سے حسن صحیح فرماتے ہیں۔

جنت کا نہری نظام: ابن مردویہ کی حدیث میں ہے یہ نہریں جنت عدن سے نکلتی ہیں پھر ایک حوض میں آتی ہیں وہاں سے بذریعہ اور نہروں کے تمام جنتوں میں جاتی ہیں۔ طبرانی میں حضرت لقیط بن عامر جب وفد میں آئے تھے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ جنت میں کیا کچھ ہے؟ آپ نے فرمایا صاف شہد کی نہریں اور بغیر نشے کے سردرد نہ کرنے والی شراب کی نہریں اور نہ بگڑنے والی دودھ کی نہریں اور خراب نہ ہونے والے شفاف پانی کی نہریں اور طرح طرح کے میوے جات عجیب وغریب بے مثل و بالکل تازہ اور پاک صاف بیویاں جو صالحین کو ملیں گی اور خود بھی صالحات ہوں گی دنیا کی لذتوں کی طرح ان سے لذتیں اٹھائیں گے ہاں وہاں بال بچے نہ ہوں گے۔ حضرت انسؓ فرماتے ہیں یہ خیال کرنا کہ جنت کی نہریں بھی دنیا کی نہروں کی طرح کھدی ہوئی زمین میں اور گڑھوں میں بہتی ہیں نہیں نہیں قسم خدا کی وہ صاف زمین پر یکساں جاری ہیں ان کے کنارے کنارے لؤلؤ اور موتیوں کے خیمے ہیں ان کی مٹی مشک خالص ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۭ

اور نہریں ہیں شہد کی جھاگ اتارا ہوا ☆

جو ہر حیات غذائے لطیف سامان سرور اور شفاء

☆ یعنی صاف وشفاف شہد جسمیں تکدر تو کہاں ہوتا جھاگ بھی نہیں (تنبیہ) یہاں چار قسم کی نہروں کا ذکر ہوا جن میں پانی تو ایسی چیز ہے کہ انسان کی زندگی اس سے ہے اور دودھ غذائے لطیف کا کام دیتا ہے اور شراب سرور و نشاط کی چیز ہے اور شہد کو "شفاء للناس" فرمایا گیا ہے۔ (تفسیر عثانی)

وَلَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ

اور اُن کے لئے وہاں سب طرح کے میوے ہیں ☆

☆ مشروبات کے بعد یہ ماکولات کا ذکر فرمادیا۔ (تفسیر عثانی)

وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ۭ

اور معافی ہے اُن کے رب سے ☆

☆ یعنی سب خطائیں معاف کر کے جنت میں داخل کریں گے وہاں پہنچ کر کبھی خطاؤں کا ذکر بھی نہ آئے گا جو ان کی کلفت کا سبب بنے۔ اور نہ آئندہ کسی بات پر گرفت ہوگی۔ (تفسیر عثانی)

كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ وَسُقُوْا مَاۗءً

یہ برابر ہے اُس کے جو سدا رہے آگ میں اور پلایا جائے اُنکو کھولتا

حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَاۗءَهُمْ ۝۱۵

پانی تو کاٹ نکالے اُن کی آنتیں ☆

☆ یعنی کھولتا ہوا پانی جب دوزخیوں کو پلائیں گے تو آنتیں کٹ کر باہر آپڑیں گی (اعاذنا اللہ منہ) (تفسیر عثانی)

كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ ۔ یہ جملہ مبتدا محذوف کی خبر ہے پورا کلام اس طرح تھا کیا وہ شخص جو اس جنت میں ہمیشہ رہے گا اس شخص کی طرح ہوسکتا ہے۔ جو ہمیشہ دوزخ میں رہے گا۔

كَمَنْ هُوَ ۔ میں لفظ کے لحاظ سے مَنْ مفرد ہے اس لئے هُوَ ضمیر مفرد راجع کردی گئی لیکن معنی کے اعتبار سے مَنْ جمع ہے اس لئے سُقُوْا کی ضمیر جمع لوٹائی گئی۔ (تفسیر مظہری)

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ حَتّٰٓى

اور بعض اُن میں ہیں کہ کان رکھتے ہیں تیری طرف یہاں تک کہ

besturdubooks.wordpress.com

اِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ

جب نکلیں تیرے پاس سے کہتے ہیں اُن کو جن کو

اُوْتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ اٰنِفًا

علم ملا ہے کیا کہا تھا اس شخص نے ابھی ☆

منافق ☆ اوپر مومنوں اور کافروں کا حال مذکور تھا۔ ایک قسم کافروں کی وہ ہے جسے منافق کہتے ہیں یعنی ظاہر میں اسلام کا دعویٰ اور باطن میں اس سے انحراف اس آیت میں اسکا ذکر ہے یعنی یہ لوگ بظاہر پیغمبر کی بات سننے کے لئے کان رکھتے ہیں مگر نہ دلی توجہ ہے نہ سمجھ نہ یاد جب مجلس سے اٹھ کر جاتے ہیں تو اہل علم سے کہتے ہیں کہ اس شخص (یعنی پیغمبر علیہ السلام) نے ابھی ابھی کیا بیان کیا تھا۔ شاید اس دریافت کرنے سے مقصود ادھر تعریض کرنا ہوگا ہم تو ان کی بات کو لائق اعتنا نہیں سمجھتے نہ توجہ سے سنتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

مومن کا سننا اور منافق کا سننا

ابن المنذر نے بحوالہ ابن جریج بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مومن اور منافق سب ہی جمع ہوتے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جو کچھ فرماتے مومن تو اس کو (کان لگا کر) سنتے اور یاد رکھتے تھے اور منافق سنتے تھے مگر یاد نہیں رکھتے تھے (دل میں جگہ نہیں دیتے تھے) پھر جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے منافق نکل کر آتے تو مومنوں سے پوچھتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابھی کیا فرمایا تھا۔ (تفسیر مظہری)

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى

یہ وہی ہیں جن کے دلوں پر مہر لگا دی ہے اللہ

قُلُوْبِهِمْ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ۝۱۶

نے اور چلے ہیں اپنی خواہشوں پر ☆

منافقت کی سزا ☆ یعنی ایسی نالائق حرکتوں کا اثر یہ ہوتا ہے کہ اللہ ان کے دلوں پر مہر کر دیتا ہے۔ پھر نیکی کی توفیق قطعاً نہیں ہوتی محض خواہشات کی پیروی رہ جاتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى

اور جو لوگ راہ پر آئے ہیں اُن کو اور بڑھ گئی اُس سے سوجھ

وَّاٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ۝۱۷

اور انکو اس سے ملا بچ کر چلنا ☆

سچائی کی برکت

یعنی سچائی کے راستہ پر چلنے کا اثر یہ ہوتا ہے کہ آدمی روز بروز ہدایت میں ترقی کرتا چلا جاتا ہے اور اسکی سوجھ بوجھ اور پرہیزگاری بڑھتی جاتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

اور جو لوگ راہ پر ہیں اللہ ان کو اور زیادہ ہدایت دیتا ہے اور ان کو ان کے تقویٰ کی توفیق دیتا ہے۔

زَادَهُمْ هُدًى ۔ یعنی اللہ اپنے رسول کے ہر کلام کی وجہ سے ان کے اندر علم بصیرت اور شرح صدر بڑھاتا ہے۔

وَاٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ۔ یعنی حکم کے موافق عمل کرنے کی ان کو توفیق عطا کرتا ہے یا یہ مطلب ہے کہ دوزخ سے محفوظ رہنے کے طریقے ان پر واضح کر دیتا ہے۔ سعید بن جبیر نے یہ مطلب بیان کیا کہ اللہ ان کو ان کی پرہیزگاری کا ثواب عنایت فرمائے گا۔ (تفسیر مظہری)

فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ

اب یہی انتظار کرتے ہیں قیامت کا کہ آ کھڑی ہو

تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا

اُن پر اچانک سو آ چکی ہیں اُس کی نشانیاں

فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ۝۱۸

پھر کہاں نصیب ہوگا انکو جب وہ آ پہنچے اُن پر سمجھ پکڑنا ☆

قرآن کے وعظِ بلیغ کے بعد کس چیز کا انتظار ہے؟ قیامت آنے کو ہے

☆ یعنی قرآن کی نصیحتیں، گذشتہ اقوام کی عبرتناک مثالیں اور جنت اور دوزخ کے وعدہ وعید سب سن چکے اب ماننے کے لئے کس وقت کا انتظار ہے۔ یہی کہ قیامت کی گھڑی ان کے سر پر اچانک آ کھڑی ہو سو قیامت کی کئی نشانیاں تو آ چکیں اور جب خود قیامت آ کھڑی ہوگی، اس وقت ان کے لئے سمجھ حاصل کرنے اور ماننے کا موقع کہاں باقی رہے گا۔ یعنی وہ سمجھنا اور ماننا بے کار ہے کیونکہ اس پر نجات نہیں ہو سکتی۔ حضرت شاہ صاحب ؒ لکھتے ہیں ''بڑی نشانی قیامت کی ہمارے نبی کا پیدا ہونا ہے سب نبی خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم

besturdubooks.wordpress.com

کی راہ دیکھتے تھے جب وہ آ چکے (مقصود تخلیق عالم کا حاصل ہو چکا) اب قیامت ہی باقی ہے' حدیث میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے شہادت کی انگلی اور بیچ کی انگلی کی طرف اشارہ کر کے فرمایا " انا و الساعۃ کھاتین " (میں اور قیامت اس طرح ہیں) گویا میں قیامت سے اتنا آگے نکل آیا ہوں جتنا بیچ کی انگلی شہادت کی انگلی سے آگے نکلی ہوئی ہے شرح صحیح مسلم میں ہم نے اسکی مفصل تقریر کی ہے یہاں گنجائش نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

توبہ میں تاخیر نہ کرو:

حضرت ابو ہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کچھ لوگ (توبہ کرنے کے لئے) بس انتظار کرتے رہتے ہیں ایسے دولت مند ہو جانے کا جو سرکش بنادے یا ایسی ناداری کا جو (تمام فرائض کو) فراموش کرادے یا ایسی بیماری کا (جو ساری صحت کو) تباہ کردے یا ایسے بوڑھاپے کا جو خبطی بنادے یا ایسی موت کا جو (ہر ایک کے لئے) تیار کردی گئی ہے یا دجال (کے سامنے آ جانے) کا اور دجال ایک ایسی شر ہے جو غائب ہے (اور جب تک وہ غائب رہے بہتر ہی ہے) یا قیامت کا اور قیامت بہت سخت مصیبت اور بڑی تلخ (حقیقت) ہے۔

قیامت قریب ہے: فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۔ یعنی قیامت کی نشانیاں اور علامات آ چکی ہیں۔ (۱) چاند پھٹ چکا اللہ نے فرمایا ہے اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ۔ قیامت قریب آ گئی اور چاند پھٹ گیا۔ (۲) دھواں (۳) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک بعثت ہوگئی مسلم اور ابن ماجہ نے حضرت سہل ابن سعد کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے درمیانی انگلی اور اس کے برابر کی انگلی کو جو انگوٹھے اور متصل ہے جوڑ کر اشارہ کرتے ہوئے فرمایا میں قیامت کے ساتھ ان دونوں (انگلیوں) کی طرح (متصل) بھیجا گیا ہوں۔ احمدؒ ابن ماجہ اور ترمذی نے حضرت انسؓ کی روایت سے بھی اسی طرح کی حدیث نقل کی ہے۔

قیامت کی نشانیاں: حضرت انسؓ نے فرمایا میں تم سے ایک ایسی حدیث بیان کرتا ہوں جو میرے سوا کوئی اور تم سے نہیں بیان کرے گا۔ میں نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرما رہے تھے قیامت کی علامات یہ ہیں کہ علم اٹھا لیا جائے گا' جہالت کی کثرت ہو جائے گی زنا بڑھ جائے گی' شراب خوری کثیر ہو جائے گی' مرد کم ہو جائیں گے' عورتیں اتنی زیادہ ہو جائیں گی کہ پچاس (پچاس) عورتوں کا سردھرا ہو گا دوسری روایت میں ایا ہے علم کم ہو جائے گا اور جہالت کا غلبہ ہو جائے گا (متفق علیہ)

حضرت ابو ہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دوران گفتگو میں ایک بدوی آیا اور عرض کیا قیامت کب ہوگی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب امانت ضائع کردی جائے تو اس وقت قیامت کا انتظار رکھ۔ اس نے عرض کیا امانت کے ضائع کرنے کا کیا مطلب ہے فرمایا جب معاملات (حکومت) ایسے لوگوں کے سپرد کردیئے جائیں جو اہل نہیں ہیں تو قیامت ہونے کا منتظر رہ۔ بخاری۔

حضرت ابو ہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب مال فئے کو دولت اور امانت کو مال غنیمت اور زکوٰۃ کو تاوان قرار دے لیا جائے اور تحصیل علم کی غرض دین کے علاوہ (کچھ اور) ہو اور مرد اپنی بی بی کے کہے پر چلے اور ماں کی نافرمانی کرے' دوست کو اپنا مقرب بنا لے اور باپ کو دور کردے اور مسجدوں میں آوازیں اٹھنے لگیں (یعنی جھگڑے ہونے لگیں) اور فاسق قوم کے سردار ہو جائیں اور قوم کا کرتا دھرتا وہ ہو جو سب سے زیادہ رذیل ہو اور آدمی کی عزت اس غرض سے کی جائے کہ دوسرے لوگ اس کے شر سے محفوظ رہیں اور گانے والی عورتیں اور باجے کثیر ہو جائیں اور شرابیں (بکثرت) پی جائیں اور اس امت کے پچھلے لوگ پہلے لوگوں پر لعنت کرنے لگیں تو ایسے وقت انتظار کرو سرخ آندھیوں کا زلزلوں کا زمین کے اندر (بستیوں کے) دھنس جانے کا' صورتیں مسخ ہو جانے کا اور پتھر برسنے کا' بہ کثرت پے در پے نشانیوں کا جو اس طرح آئیں گے جیسے کسی ہار کا دھاگا کاٹ دیا جائے (اور اس کے دانے بکھر جائیں) رواہ الترمذی۔

وہ کام جن کی وجہ سے مصیبت آئے گی

حضرت علیؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب میری امت پندرہ کام کرنے لگے گی تو ان پر مصیبت کا نزول ہوگا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی گنتی بتائی اور فرمایا دین کے علاوہ کسی اور غرض سے علم حاصل کیا جائے گا اور دوست سے حسن سلوک کیا جائے گا اور باپ پر ظلم کیا جائے گا اور شراب پی جائے گی اور ریشمی لباس پہنا جائے گا۔ (ترمذی)

(تفسیر مظہری)

فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
سوتو جان لے کہ کسی کی بندگی نہیں سوائے اللہ
وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ
کے اور معافی مانگ اپنے گناہ کے واسطے اور ایماندار مردوں
وَالْمُؤْمِنٰتِ
اور عورتوں کے لئے ☆

ہر ایک کا گناہ اس کے مرتبہ کے موافق ہے

☆ ہر ایک کا ذنب (گناہ) اسکے مرتبہ کے موافق ہوتا ہے۔ کسی کام کا بہت اچھا

besturdubooks.wordpress.com

پہلو چھوڑ کر کم اچھا پہلو اختیار کرنا گو وہ حدود جواز و استحسان میں ہو بعض اوقات مقربین کے حق میں ذنب (گناہ) سمجھا جاتا ہے۔ "حسنات الابرار سیئات المقربین" کے یہی معنی ہیں حدیث میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دن میں سو بار استغفار فرماتے تھے۔ (تنبیہ) "فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ" کا خطاب ہر ایک مخاطب کو ہے اور اگر خاص نبی کریم صلی اللہ وسلم مخاطب ہوں تو مطلب یہ ہے کہ اس علم پر برابر جمے رہیئے اور استغفار کرتے رہیئے اور "فاعلم" کی تفریع ماقبل پر اس طرح ہے کہ قیامت آنے کے بعد کسی کو ایمان و توبہ وغیرہ نافع نہیں، تو آدمی کو چاہئے کہ اسکے آنے سے قبل صحیح معرفت حاصل کرے۔ اور ایمان واستغفار کے طریق پر مستقیم رہے۔ (تفسیر عثانی)

فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ تو آپ یقین رکھیے کہ بجز اللہ کے اور کوئی قابل عبادت نہیں ہے۔ فَاعْلَمْ۔ میں ف سببیہ ہے یعنی جب آپ کا مؤمنوں کا خوش نصیب ہونا اور کافروں کا بدنصیب ہونا معلوم ہو گیا تو آپ کو اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کی وحدانیت اور نفس کے اصلاح احوال و اعمال کا جو علم حاصل ہو گیا ہے اس پر جمے رہیے قیامت کے دن یہی علم آپ کے لئے مفید ہوگا۔

آنحضرت کو استغفار کا حکم دینے کا مطلب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگرچہ ہر گناہ سے معصوم تھے کسی گناہ کا ارتکاب آپ سے ممکن ہی نہ تھا لیکن بندہ کی عبادت اللہ کی عظمت وجلال کے مقابلے میں بہر حال قاصر ہے (عبادت کا حق کون ادا کر سکتا ہے) اسی لئے حکم دیا کہ اپنے کو حق عبادت ادا کرنے سے قاصر سمجھتے ہوئے استغفار کیجئے اور آپ کی امت کو بھی آپ کی پیروی کرنی چاہئے۔

ابلیس کا مقولہ: حضرت ابو بکر صدیق کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لا الٰہ الا اللہ اور استغفار کی کثرت تم لوگوں پر لازم ہے کیوں کہ ابلیس کا مقولہ ہے میں نے گناہوں (کا ارتکاب) کرا کے لوگوں کو تباہ کر دیا لیکن انہوں نے لا الٰہ الا اللہ اور استغفار (کی کثرت) سے مجھے تباہ کر دیا جب میں نے یہ دیکھا تو (ان کے دلوں میں) نفسانی خواہشات (پیدا کر کے اس ذریعہ) سے ان کو ہلاک کر دیا اور وہ اپنے آپ کو ہدایت یافتہ ہی سمجھتے رہے۔

کلمہ لا الٰہ الا اللہ پر مرنے والا

حضرت طلحہ بن عبید اللہ کے بیٹے یحییٰ کا بیان ہے کہ حضرت عمرؓ نے حضرت طلحہؓ کو غمگین دیکھ کر دریافت کیا کیوں کیا بات ہے حضرت طلحہؓ نے فرمایا میں نے اللہ کے رسول سے سنا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے کہ مجھے ایک ایسی بات معلوم ہے کہ اگر مرتے وقت (کوئی) اس کو کہے گا تو اللہ موت کی سختی اس سے دور کر دے گا اس کا رنگ چمک جائے گا (یعنی چہرہ نورانی ہو جائے گا) اور وہ (کیفیات) اس پر وارد ہوں گی جو اس کے لئے مسرت بخش ہوں گی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے وہ بات میں نے صرف اس لئے (دریافت نہیں کی کہ مجھے (دریافت کرنے پر) قدرت حاصل تھی لیکن اسی حالت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہو گئی حضرت عمرؓ نے فرمایا مجھے وہ بات معلوم ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کوئی بات اس جملہ سے بڑھ کر نہیں ہے جو چچا (ابو طالب) کے مرنے سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے کہی تھی یعنی لا الٰہ الا اللہ (کا اقرار) حضرت طلحہؓ نے فرمایا واللہ یہی بات تھی یہی تھی حضرت عثمان راوی ہیں کہ رسول اللہ نے فرمایا جو شخص ایسی حالت میں مرے کہ لا الٰہ الا اللہ پر اس کو یقین ہو وہ جنت میں (ابتداءً یا انتہاءً) جائے گا (از مفسرؒ)

ایک حدیث اور اس کی صوفیانہ تشریح

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے دل پر (بعض اوقات) کچھ زنگ آ جاتا ہے اور روزانہ سو مرتبہ میں اللہ سے معافی کا طلب گار ہوتا ہوں۔ رواہ مسلم واحمد وابوداؤد والنسائی من حدیث الاغر المازنی۔

میں کہتا ہوں دل پر زنگ (میل) آنے سے شاید وہ کیفیت مراد ہے جو امکان کی تاریکیوں کی وجہ سے پیدا ہو جاتی ہے اور پھر صوفی اپنے تمام (وجود اور اس کے تابع) کمالات کو حق تعالیٰ کی طرف منسوب کر دیتا ہے۔ (اور اس طرح امکان کی تاریکی مغلوب ہو کر دل سے دور ہو جاتی ہے)۔

مجدد الف ثانی نے ایک بار فرمایا جو شخص اپنے نفس کی فرنگی کافر سے بھی برا نہیں جانتا اللہ کی معرفت اس کے لئے حرام ہے سوال کیا گیا یہ کیسے ممکن ہے صوفی تو اپنے آپ کو کم سے کم پکا سچا مؤمن جانتا اور کافر کو لا محالہ کافر سمجھتا ہے اور کفر پر ایمان کی فضیلت دین کی ضرورت میں سے ہے۔ حضرت مجدد نے جواب دیا ہر ممکن موجود ہے ظلمت مکان سے کوئی ممکن خالی نہیں۔ وجود اور اس کے تابع کمالات کا نور تو بارگاہ منان سے بطور مستعار ملا ہوا ہے وجود اور دوسرے وجودی کمالات کی نسبت حق تعالیٰ کی جانب صوفی جو کرتا ہے وہ آیت اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا کے حکم کی تعمیل میں کرتا ہے صوفی جانتا ہے کہ جو وجود مستفاد من الرحمٰن ہے اس کا پہلو غالب ہے اور وہ اس کا نفس (ممکن بالذات ہونے کی وجہ سے) ہر ماسوا سے زیادہ برا ہے چونکہ حیثیت اور لحاظ کا اختلاف ہے اور علم و ادراک کے درجات کا تفاوت ہے اس لئے اپنے نفس کو فرنگی کافر سے بھی بدتر جاننا فضیلت ایمان علی الکفر کے عقیدہ سے نہیں ٹکراتا ہاں جو لوگ غافل ہیں وہ اپنے وجود و کمالات کو اپنے نفس کی جانب منسوب کرتے ہیں اور پکارتے ہیں اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ (میں کافر سے بہتر ہوں)۔ (تفسیر مظہری)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے لفظ "ذنب" کی توجیہ

اصل حقیقت یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہر لحظہ مدارج کی ترقی اور

besturdubooks.wordpress.com

بلندی کا ہوتا ہے اور ہر آنیوالی گھڑی گزشتہ گھڑی کی نسبت عظمت و بلندی کے مقام پر پہنچانے والی ہوئی تھی۔ اور آپ کے قلب و ذہن میں جن مدارج و مقامات کی آرزو ہوتی تھی ان تک آپ کا اپنے تخیل کے لحاظ سے یہ محسوس کرنا کہ نہیں عروج ہوا تقصیر کا درجہ ہے۔ جس کو ذنب کے لفظ سے تعبیر کیا گیا اور اس پر گویا یہ حکم ہے اور اسی کی تعمیل میں آپ کا یہ دستور العمل تھا جسکو ارشاد فرماتے ہیں۔ انی لا ستغفر اللہ کل یوم ماۃ مرۃ کہ ہر روز میں اللہ سے استغفار کرتا ہوں۔ سو مرتبہ (مسند احمد بن حنبل۔ جامع ترمذی) امام مسلم ابوداؤد و نسائی نے اغر مزنی سے روایت کیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

انہ لیغان قلبی و انی لا ستغفر واللہ کل یوم ماۃ مرۃ۔ کہ میرے قلب پر ایک قسم کی رکاوٹ یا تکدر محسوس ہوتا ہے اور البتہ میں اللہ رب العزت سے استغفار کرتا ہوں ہر روز ایک سو مرتبہ۔ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان نقل کرتے تھے آپ نے فرمایا جب بھی میں صبح کرتا ہوں تو کبھی ایسا نہیں ہوتا کہ میں سو مرتبہ استغفار نہ کرلوں۔ معلوم ہوا کہ کل یوم سے ہر دن کی صبح کے وقت اس کی پابندی مراد ہے ورنہ آپ کی تو ایک ایک مجلس ہی میں ایک ہی دن میں متعدد بار ایکسو مرتبہ سے زائد استغفار کی تعداد ہو جاتی تھی جیسا کہ حضرت عبداللہ بن عمر فرماتے ہیں کہ ہم ایک ہی نشست میں آپ کے استغفار شمار کرتے تو سو مرتبہ سے زائد ہو جاتا تھا۔

دل پر رکاوٹ آنے کی وضاحت

اور یہ جو رکاوٹ یا مراتب عالیہ کی عروج و بلندی میں کمی کا ذکر حدیث میں وارد ہوا۔ اس کی حقیقت یہ معلوم ہوتا ہے کہ پیغمبر خدا کی ظاہر اشتغال کے لحاظ دو جانبیں ہیں ایک اشتغال الی الحق اور دوسری جانب اشتغال مع الخلق ہے اگرچہ آپ کے اشتغال مع الخلق بھی جو کہ امت کی تعلیم و تربیت کی صورۃ اشتغال الی الحق سے بظاہر تعطل نظر آتا ہے تو اسی کو آپ تقصیر و کوتاہی فرما رہے ہیں اور اسی پر سلسلہ استغفار ہے اور یہی وہ ہے جسکو وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ میں فرمایا گیا۔ (معارف کاندھلوی)

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ﴿۱۹﴾
اور اللہ کو معلوم ہے بازگشت تمہاری اور گھر تمہارا ☆

اصلی گھر ☆ یعنی جتنے پردوں میں پھرو گے پھر بہشت یا دوزخ میں پہنچو گے جو تمہارا اصلی گھر ہے۔ (تفسیر عثمانی)

مُتقلَّب اور مَثویٰ کا معنی: حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا متقلَّب یعنی مشاغل دنیوی میں گھومنا پھرنا اور چلنا اور مثوی سے مراد ہے آخرت میں جنت یا دوزخ کی طرف جانا۔ مقاتل اور ابن جریر نے کہا متقلبکم سے مراد ہے دن میں کاروبار میں مصروف رہنا اور مثواکم سے مراد ہے رات کو خواب گاہوں میں بستروں پر چلا جانا۔ عکرمہ نے کہا متقلبکم یعنی پشت پدر سے رحم مادر میں آنا اور مثواکم سے مراد ہے زمین پر ٹھہرنا۔ قیام کرنا۔ ابن کیسان نے کہا متقلبکم یعنی پشت سے شکم میں آنا اور مثواکم یعنی قبروں میں قیام کرنا۔ بہرحال مطلب یہ ہے کہ اللہ تمہارے تمام احوال کو جانتا ہے اس سے تمہاری کوئی حالت پوشیدہ نہیں اس لئے اس سے ڈرتے رہو۔ خطاب تمام انسانوں کو ہے مؤمن ہوں یا کافر۔ (تفسیر مظہری)

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْلَا
اور کہتے ہیں ایمان والے کیوں نہ
نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ۚ
اُتری ایک سورت ☆

☆ یعنی ایسی سورت جس میں جہاد کی اجازت ہو۔ (تفسیر عثمانی)

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا۔ یعنی جہاد کی انتہائی خواہش کی وجہ سے مسلمان کہتے ہیں۔ لَوْلَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ۔ یعنی کوئی ایسی سورت کیوں نہیں نازل کی گئی جس میں جہاد کا حکم ہوتا۔ (تفسیر مظہری)

فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ
پھر جب اُتری ایک سورت جانچی ہوئی ☆

سورۃ محکمہ ☆ یعنی جچے تلے احکام پر مشتمل ہے جو غیر منسوخ ہیں اور ٹھیک اپنے وقت پر اترتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

مُّحْكَمَةٌ کا معنی: محکمہ کے لفظی معنی مضبوط و مستحکم کے ہیں اس لغوی معنی کے اعتبار سے تو قرآن کی ہر سورت محکمہ ہے لیکن اصطلاح شرع میں محکم بمقابلہ منسوخ استعمال ہوتا ہے یہاں سورۃ کے ساتھ محکمہ کی قید کا اضافہ اس لئے ہے کہ عمل کا شوق تو جبھی پورا ہوسکتا ہے جبکہ وہ سورت منسوخ نہ ہو۔ اور قتادہؒ نے فرمایا کہ جتنی سورتوں میں قتال و جہاد کے احکام آئے ہیں وہ سب محکمہ ہیں۔ یہاں چونکہ اصل مقصود حکم جہاد اور اُس پر عمل ہے اسلئے سورت کے ساتھ محکمہ کا لفظ بڑھا کر ذکر جہاد کی طرف اشارہ کردیا جس کی آگے تصریح آرہی ہے۔ (قرطبی) (معارف مفتی اعظم)

وَّذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ ۙ رَاَيْتَ الَّذِيْنَ
اور ذکر ہوا اس میں لڑائی کا تو تو دیکھتا ہے
فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ
انکو جن کے دل میں روگ ہے تکتے ہیں

besturdubooks.wordpress.com

اِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ
تیری طرف جیسے تکتا ہے کوئی بے ہوش پڑا ہوا مرنے کے وقت
فَاَوْلٰى لَهُمْ ﴿۲۰﴾
سو خرابی ہے اُن کی ☆

منافقوں پر حکم جہاد کا اثر ☆ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ "مسلمان سورت مانگتے تھے یعنی کافروں کی ایذا سے عاجز ہو کر آرزو کرتے کہ اللہ جہاد کا حکم دے تو جو ہم سے ہو سکے کر گزریں۔ جب جہاد کا حکم آیا تو منافق اور کچے لوگوں پر بھاری ہوا، خوفزدہ اور بے رونق آنکھوں سے پیغمبر کی طرف دیکھنے لگے کہ کاش ہم کو اس حکم سے معاف رکھیں بے حد خوف میں بھی آنکھ کی رونق نہیں رہتی۔ جیسے مرتے وقت آنکھوں کا نور جاتا رہتا ہے"۔ (تفسیر عثمانی)

جہاد کا حکم: قتادہ نے کہا جس صورت میں جہاد کا حکم دیا گیا ہے وہ محکم ہے ناقابل منسوخی ہے بلکہ اس کے نزول سے پہلے جو صلح اور ملاپ رکھنے کا حکم دیا گیا ہو سب کو حکم جہاد منسوخ کرنے والا ہے۔ حکم جہاد قیامت تک جاری رہے گا جہاد کا حکم جس صورت میں نازل ہوا منافقوں پر اس سورت کا نزول سارے قرآن سے زیادہ شاق اور دشوار ہوا۔

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۔ مرض سے مراد بزدلی اور ضعف۔ ایسے ڈرپوک لوگ۔ (تفسیر مظہری)

طَاعَةٌ وَّقَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ فَاِذَا عَزَمَ
حکم ماننا ہے اور بھلی بات کہنی پھر جب تاکید ہو
الْاَمْرُ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا
کام کی تو اگر سچے رہیں اللہ سے تو اُن کا بھلا
لَّهُمْ ﴿۲۱﴾
ہے ☆

مخلص ہونے کا تقاضا ☆ یعنی ظاہر میں یہ لوگ فرمانبرداری کا اظہار اور زبان سے اسلام واحکام اسلام کا اقرار کرتے ہیں۔ مگر کام کی بات یہ ہے کہ عملاً خدا ورسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کا حکم مانیں اور بات اچھی اور معقول کہیں پھر جب جہاد وغیرہ میں کام کی تاکید اور زور آ پڑے اس وقت اللہ کے سامنے سچے ثابت ہوں تو یہ صورت ان کی بہتری اور بھلائی کی ہوگی۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ "یعنی حکم شرع کو نہ ماننے سے کافر ہو جاتا ہے اللہ کا حکم ہر طرح ماننا ہی چاہئے پھر رسول بھی جانتا ہے کہ نامردوں کو کیوں لڑوائے۔ ہاں جب جہاد کی ہی تاکید آ پڑے اسی وقت لڑنا ضروری ہوگا نہیں تو لڑنے والے بہت ہیں"۔ (تفسیر عثمانی)

ترکیب نحوی: الامر سے پہلے مضاف محذوف ہے یعنی اصحاب الامر یعنی جن کو قتال کا حکم دیا وہ لوگ جب جہاد پر سنجیدگی سے مستعد ہو گئے۔

لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۔ یہ لو صدقوا کی جزا ہے بعض اہل تفسیر کے نزدیک شرط کی جزا محذوف اور یہ جملہ علیحدہ ہے پورا کلام اس طرح تھا جب جہاد لازم ہو گیا تو انہوں نے اپنے قول کو سچ نہ کر دکھایا اور حکم جہاد کو ناگوار سمجھا اور اگر وہ اپنی رغبت جہاد کو سچ کر دکھاتے تو ان کے لئے بہتر ہوتا۔ (تفسیر مظہری)

فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ
پھر تم سے یہ بھی توقع ہے کہ اگر تم کو حکومت مل جائے
تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْا
تو خرابی ڈالو ملک میں اور قطع کرو
اَرْحَامَكُمْ ﴿۲۲﴾
اپنی قرابتیں ☆

اگر اقتدار ملے تو فساد نہ پھیلاؤ ☆ یعنی حکومت واقتدار کے نشہ میں لوگ عموماً اعتدال وانصاف پر قائم نہیں رہا کرتے۔ دنیا کی حرص اور زیادہ بڑھ جاتی ہے پھر جاہ ومال کی کشمکش اور غرض پرستی میں جھگڑے کھڑے ہوتے ہیں جن کا آخری نتیجہ یہ ہوتا ہے عام فتنہ وفساد اور ایک دوسرے سے قطع تعلق۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "یعنی جان سے تنگ ہو کر جہاد کی آرزو کرتے ہو اور اگر اللہ تم ہی کو غالب کر دے تو فساد نہ کرنا" (تنبیہ) مترجم محقق قدس اللہ روحہ نے "تولیتم" کا ترجمہ حکومت مل جانے سے کیا ہے جیسا کہ بہت سے مفسرین کی رائے ہے۔ دوسرے علماء "تولی" کو بمعنے اعراض لے کر یوں مطلب لیتے ہیں کہ اگر تم اللہ کی راہ میں جہاد کرنے سے اعراض کرو گے تو ظاہر ہے کہ دنیا میں امن وانصاف قائم نہیں ہو سکتا۔ اور جب دنیا میں امن وانصاف نہ رہے گا تو ظاہر ہے کہ فساد، بدامنی اور حق ناشناسی کا دور دورہ ہوگا اور بعض نے اس طرح تفسیر کی ہے کہ اگر تم ایمان لانے سے اعراض کرو گے تو زمانہ جاہلیت کی کیفیت عود کر آئے گی جو خرابیاں اور فساد اس وقت تھے اور ادنیٰ ادنیٰ بات پر رشتے ناتے قطع ہو جاتے تھے وہ ہی سب نقشہ پھر قائم ہو جائے گا اور اگر آیت میں خاص منافقین سے خطاب مانا جائے تو ایک مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اگر جہاد سے اعراض کرو گے تو

besturdubooks.wordpress.com

تم سے یہ ہی توقع کی جاسکتی ہے کہ اپنی منافقانہ شرارتوں سے ملک میں خرابی مچاؤ گے اور جن مسلمانوں سے تمہاری قرابتیں ہیں ان کی مطلق پروانہ کرتے ہوئے کھلے کافروں کے مددگار ہوگے۔ (تفسیر عثمانی)

تَوَلَّيۡتُمۡ کا معنی: اگر تم لوگوں کے حاکم بن جاؤ اور ان کے امور کے متولی بنادیئے جاؤ تو تم سے بعید نہیں کہ ظلم کر کے ملک میں تباہی پیدا کر دو گے (اس مطلب پر تولیتم کا معنی ہوگا تم متولی ہو جاؤ حاکم ہو جاؤ) یہ آیت بنی امیہ اور بنی ہاشم کے حق میں نازل ہوئی۔ اس بات کی تاکید اس امر سے بھی ہوتی ہے کہ حضرت علی کی قراءت میں تُوُلِّيۡتُمۡ بصیغہ مجہول آیا ہے۔ (گویا اس جگہ باب تفعل بمعنی تفعیل ہے اور تَوَلَّيۡتُمۡ بمعنی وُلِّيۡتُمۡ ہے) مطلب اس طرح ہوگا کہ اگر تم ظالم حاکم مقرر کر دو گے تو ملک میں تباہی پھیلاؤ گے اور فتنہ انگیزی میں ان کے ساتھ ہو جاؤ گے۔

حضرت عمرؓ کا واقعہ: حضرت بریدہؓ کا بیان ہے میں حضرت عمرؓ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ آپ نے کسی کی چیخ کی آواز سنی فرمایا یرفا دیکھو تو یہ آواز کیسی ہے یرفا نے کہا ایک لڑکی ہے جس کی ماں کو فروخت کیا جا رہا ہے فرمایا مہاجرین اور انصار کو بلا کر لا۔ تھوڑی ہی دیر میں (سب آگئے اور) حجرہ بھر گیا حضرت عمرؓ نے اول اللہ کی حمد وثنا کی پھر فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ جو (شریعت) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لائے تھے اس میں رشتہ داریاں منقطع کرنے کا حکم ہے حاضرین نے کہا نہیں (ہے) فرمایا تو تمہارے اندر یہ قطع قرابت پیدا ہو گیا ہے پھر آپ نے آیت: فَهَلۡ عَسَيۡتُمۡ اِنۡ تَوَلَّيۡتُمۡ اَنۡ تُفۡسِدُوۡا فِى الۡاَرۡضِ وَتُقَطِّعُوۡۤا اَرۡحَامَكُمۡ ۝ تلاوت فرمائی قطع قرابت اس سے زیادہ اور کیا ہوگا کہ تمہارے اندر کسی شخص کی ماں فروخت کی جائے حالانکہ اللہ نے تمہارے لئے (اس فروخت کے علاوہ دوسری) گنجائش عطا فرمادی ہے حاضرین نے کہا پھر آپ کی جو رائے ہو کیجئے اس کے بعد حضرت عمرؓ نے اطراف ملک میں لکھ بھیجا کہ کسی آزاد شخص کی ماں نہ فروخت کی جائے یہ قطع رحم ہے جائز نہیں ہے۔ (تفسیر مظہری)

کفر فسادِ عالم کا ذریعہ: آج کی دنیا میں یہ بات مشاہدہ اور تجربہ میں بخوبی آچکی ہے دنیا کے امن وسکون کو تباہ کرنے والی ایٹمی طاقتیں سرزمین کفر ہی سے تمام عالم میں پھیل رہی ہیں اور اس امر کا اعتراف ہر صاحب عقل کرنے پر مجبور ہے کہ کفر ہی درحقیقت تمام فتنوں کا سرچشمہ اور امن عالم کو تباہ کرنے والا ہے ایک طرف کفر فساد عالم کا ذریعہ ہے تو دوسری طرف حق تلفی اور ظلم واستبداد کا بھی باعث ہے بعض ائمہ مفسرین نے "ان تولیتم" کا ترجمہ ولایت سے مشتق قرار دیتے ہوئے حکومت وولایت کے حاصل کرنے کا کیا ہے یعنی اگر تم کو حکومت مل جائے۔

صلہ رحمی کی فضیلت: یہ بھی ارشاد ہے کہ میں رحمٰن ورحیم ہوں رحم (قرابت) کو میں نے اپنے نام میں سے نکالا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے کہ آپ نے فرمایا قطع رحمی اور ظلم کے علاوہ کوئی گناہ ایسا نہیں ہے کہ اس کی آخرت کی سزا کے علاوہ دنیا میں بھی اس کی سزا جلد از جلد دیتا ہوں۔

حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے تھے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کے رزق اور اس کی عمر میں برکت ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ صلہ رحمی کرے۔ اور صلہ رحمی یہ نہیں ہے کہ اگر کوئی عزیز وقریب قرابت کا لحاظ کرتا ہے تو اس کے ساتھ ایسا ہی حق قرابت کی ادائیگی کا معاملہ کیا جائے گا بلکہ صلہ رحمی کی حقیقت وہ ہے جس کو فرمایا گیا **ليس الواصل بالمكافى ولكن الواصل الذى اذا قطعت رحمة وصلها**۔ یعنی صلہ رحمی کرنے والا وہ شخص نہیں جو مکافات اور بدلہ کا معاملہ کر رہا ہو۔ (معارف کاندھلوی)

صحیح بخاری شریف میں ہے کہ جب اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کو پیدا کر چکا تو رحم کھڑا ہوا اور رحمٰن سے چمٹ گیا اس سے پوچھا گیا کیا بات ہے؟ اس نے کہا یہ مقام ہے ٹوٹنے سے تیرے پناہ میں آنے کا اس پر اللہ عزوجل نے فرمایا کیا تو اس سے راضی نہیں؟ کہ تیرے ملانے والے کو میں ملاؤں اور تیرے کاٹنے والے کو میں کاٹ دوں؟ اس نے کہا ہاں اس پر میں بہت خوش ہوں۔ اس حدیث کو بیان فرما کر پھر راوی حدیث حضرت ابوہریرہؓ نے فرمایا اگر تم چاہو تو یہ آیت پڑھ لو فَهَلۡ عَسَيۡتُمۡ الخ اور سند سے ہے کہ خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ وغیرہ میں ہے کوئی گناہ اتنا بڑا اور اتنا تر انہیں جس کی بہت جلدی سزا دنیا میں اور پھر اس کی برائی آخرت میں بہت بری پہنچتی ہو بہ نسبت سرکشی بغاوت اور قطع رحمی کے۔ اور حدیث میں ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا میرے نزدیکی قرابت دار مجھ سے توڑتے رہتے ہیں اور میں انہیں معاف کرتا رہتا ہوں وہ مجھ پر ظلم کرتے ہیں اور میں ان کے ساتھ احسان کرتا ہوں اور وہ میرے ساتھ برائیاں کرتے رہتے ہیں تو کیا میں ان سے بدلہ نہ لوں؟ آپ نے فرمایا نہیں اگر ایسا کرو گے تو تم سب کے سب چھوڑ دیئے جاؤ گے تو صلہ رحمی پر ہی رہ اور یاد رکھ کہ جب تک تو اس پر باقی رہے گا اللہ کی طرف سے تیرے ساتھ ہر وقت معاونت کرنے والا رہے گا۔ حقیقتاً صلہ رحمی کرنے والا وہ نہیں جو کسی احسان کے بدلے احسان کرے بلکہ صحیح معنی میں رشتے ناتے ملانے والا وہ ہے کہ گو تو اسے کاٹا جائے وہ تجھ سے ملاتا جائے۔ مسند احمد میں ہے صلۂ رحمی قیامت کے دن رکھی جائے گی اس کی رانیں ہوں گی مثل ہرن کی رانوں کی وہ بہت صاف اور تیز زبان سے بولے گی پس وہ کاٹ دیا جائیگا جو اسے کاٹتا تھا اور وہ ملایا جائے گا جو اسے ملاتا تھا۔ مسند کی ایک اور حدیث میں ہے رحم کرنے والوں پر خدا بھی رحم کرتا ہے تم زمین والوں پر رحم کرو آسمانوں والا تم پر رحم کرے گا۔ رحم رحمٰن کی طرف سے ہے۔ اس کے ملانے والوں کو خدا ملاتا ہے اور اس کے توڑنے والے کو خود خدا توڑ دیتا ہے۔

یہ حدیث ترمذی میں بھی ہے اور امام ترمذیؒ اسے حسن صحیح کہتے ہیں۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیمار پرسی کے لئے لوگ گئے تو آپ فرمانے لگے تم نے صلۂ رحمی کی ہے۔ اور حدیث میں ہے آپ فرماتے ہیں رُوحیں ملی جلی ہیں جو روز ازل میں میل کر چکی ہیں وہ یہاں یگانگت برتتی ہیں اور جن میں وہاں نفرت رہی ہے یہاں بھی دُوری رہتی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جب زبانی دعوے بڑھ جائیں عمل گھٹ جائیں زبانی میل جول ہو دلی بغض وعداوت ہو رشتہ دار سے بدسلوکی کرے اور اس وقت ایسے لوگوں پر لعنت خدا نازل ہوتی ہے اور ان کے کان بہرے اور آنکھیں اندھی کر دی جاتی ہیں۔ اس بارے میں اور بھی بہت سی حدیثیں ہیں' واللہ اعلم۔ (تفسیر ابن کثیر)

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ
ایسے لوگ ہیں جن پر لعنت کی اللہ نے
فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ ﴿۲۳﴾
پھر کر دیا اُن کو بہرا اور اندھی کر دیں اُن کی آنکھیں ☆

فسادیوں اور ظالموں پر لعنت

یعنی حکومت کے غرور میں اندھے بہرے ہو کر ظلم کرنے لگے۔ پھر کسی کا سمجھایا نہ سمجھے خدا کی پھٹکار نے بالکل ہی سنگدل بنا دیا اور یہ سب کچھ ان ہی کے قصور استعداد سے ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

اُولٰٓئِكَ۔ یعنی یہی زمین میں تباہی پھیلانے والے اور قرابت داریاں منقطع کرنے والے۔

الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ۔ وہ لوگ ہیں جن کو اللہ نے اپنی رحمت سے دور کر دیا ہے۔ خارج کر دیا ہے۔

فَاَصَمَّهُمْ۔ اور کلام حق سننے سے بہرا کر دیا ہے اور تصویر حق دیکھنے سے اندھا بنا دیا ہے (اس لئے گوش حق نیوش سے وہ بہرے ہیں اور چشم حقیقت بیں سے محروم ہیں)۔ (تفسیر مظہری)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا استنباط:

حضرت فاروق اعظمؓ نے اسی آیت سے ام الولد کی بیع کو حرام قرار دیا' یعنی وہ مملوکہ کنیز جس سے کوئی اولاد پیدا ہو چکی ہو اس کی فروخت کرنا اس اولاد سے قطع رحمی کا ذریعہ ہے جو موجب لعنت ہے اس لئے امِ ولد کی فروخت کو حرام قرار دیا (رواہ الحاکم وصححہ وابن المنذر عن بریدہ)۔

کسی معین شخص پر لعنت کا حکم اور لعن یزید کی بحث

اور حضرت امام احمد کے صاحبزادے عبداللہ نے اُن سے یزید پر لعنت کی جائے جس پر اللہ نے اپنی کتاب میں لعنت کی ہے صاحبزادے نے عرض کیا کہ میں نے تو قرآن کو پورا پڑھا اُس میں کہیں یزید پر لعنت نہیں آئی آپ نے یہ آیت پڑھی اور فرمایا کہ یزید سے زیادہ کون قطع ارحام کا مرتکب ہوگا جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتہ وقرابت کی بھی رعایت نہیں کی' مگر جمہور اُمت کے نزدیک کسی معین شخص پر لعنت کرنا جائز نہیں جب تک کہ اسکا کفر پر مرنا یقینی طور پر ثابت نہ ہو۔ ہاں عام وصف کے ساتھ لعنت کرنا جائز ہے جیسے لعنت اللّٰہ علی الکاذبین' لعنت اللّٰہ علی المفسدین و لعنت اللّٰہ علی قاطع الرحم وغیرہ' روح المعانی میں اس جگہ اس مسئلہ پر مفصل بحث کی ہے (روح ص ۲۷ ج ۲۶) (معارف مفتی اعظم)

اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى
کیا دھیان نہیں کرتے قرآن میں یا
قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ﴿۲۴﴾
دلوں پر لگ رہے ہیں اُنکے قفل ☆

☆ یعنی منافق قرآن میں غور نہیں کرتے یا ان کی شرارتوں کی بدولت دلوں پر قفل پڑ گئے ہیں کہ نصیحت کے اندر جانے کا راستہ ہی نہیں رہا۔ اگر قرآن کے سمجھنے کی توفیق ملتی تو باآسانی سمجھ لیتے کہ جہاد میں کس قدر دنیوی واخروی فوائد ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

آیت کی وضاحت علم معانی کی روشنی میں

یہ استعارہ بالکنایہ ہے۔ قلوب کو خزانہ سے تشبیہ دی اور ہر خزانہ کا مقفل ہونا لازم نہیں تو مناسب ضرور ہے مشبہ بہ کی مناسبات کو مشبہ کے لئے ثابت کیا ہے پھر اقفال کی قلوب کی طرف وضاحت کی گئی ہے تاکہ یہ معلوم ہو جائے کہ دلوں پر جو قفل پڑے ہیں وہ یہ مستعمل معمولی قفل نہیں ہیں بلکہ غیر معمولی تالے ہیں جو قلوب کے مناسب ہیں (یعنی غفلت کے تالے ہیں لوہے پیتل وغیرہ کے نہیں ہیں) گویا بصورت کنایہ یہ بات بتائی کہ ان کے اندر استعداد ہی نہیں ہے ان کے دل نصیحت پذیری کی قابلیت ہی نہیں رکھتے اگر بالفرض یہ قرآن پر غور بھی کریں تب بھی نہیں سمجھ پائیں گے۔

ایک نوجوان کا واقعہ:

بغوی نے بروایت ہشام بن عروہ کا بیان نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا۔ تلاوت فرمائی ایک یمنی جوان نے یہ آیت سن کر کہا کیوں نہیں بلاشبہ دلوں پر تالے پڑے ہیں اللہ ہی ان کو دور نہ کر دے یہ تالے دلوں پر پڑے رہیں گے

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو جوان کی یہ بات کھب گئی اور آپ کے دل میں جم گئی جب آپ خلیفہ ہوئے تو اس کو اپنا مددگار مقرر کیا۔ حضرت سہیل بن سعد راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰی قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا تلاوت فرمائی۔ ایک جوان بولا کیوں نہیں بلا شبہ دلوں پر تالے پڑے ہیں اللہ ہی ان کو دور کرنے والا ہے حضرت عمرؓ جب خلیفہ ہوئے تو کوئی ملازمت دینے کے لئے اس جوان کی بابت دریافت کیا لیکن اطلاع ملی کہ اس کا انتقال ہو چکا۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ
بیشک جو لوگ اُلٹے پھر گئے اپنی پیٹھ پر
مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى
بعد اس کے کہ ظاہر ہو چکی اُن پر سیدھی راہ
الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ وَاَمْلٰى لَهُمْ ﴿۲۵﴾
شیطان نے بات بنائی ان کے دل میں اور دیر کے وعدے کئے

منافقین شیطان کے چکر میں ہیں

یعنی منافقین اسلام کا اقرار کرنے اور اسکی سچائی ظاہر ہو چکنے کے بعد وقت آنے پر اپنے قول وقرار سے پھرے جاتے ہیں۔ اور جہاد میں شرکت نہیں کرتے۔ شیطان نے ان کو یہ بات سمجھا دی ہے کہ لڑائی میں نہ جائیں گے تو دیر تک زندہ رہیں گے خواہ مخواہ جا کر مرنے سے کیا فائدہ۔ اور نہ معلوم کیا کچھ کچھ سجھاتا اور دور دراز کے لمبے چوڑے وعدے دیتا ہے "وَمَا یَعِدُهُمُ الشَّیْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا" (تفسیر عثمانی)

ارْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ۔ یعنی سابق کفر کی طرف لوٹ گئے۔ حضرت عروہؓ نے کہا ان لوگوں سے مراد ہیں کفار اہل کتاب۔ توریت میں انہوں نے رسول اللہ کے اوصاف پڑھے تھے اس لئے بعثت سے پہلے ہی وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جانتے تھے لیکن جب آپ مبعوث ہوئے تو انہوں نے ماننے سے انکار کر دیا۔ حضرت ابن عباسؓ ضحاک اور سدی کے نزدیک منافق مراد ہیں۔

الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ۔ سوّل سول سے مشتق ہے اور سول کا معنی ہے استرخاء یعنی شیطان نے کبیرہ گناہوں کا ارتکاب کر کے ان کے لئے آسان بنادیا بعض کے نزدیک سوّل سُوْل سے مشتق ہے یعنی ان کو خواہشات پر آمادہ کیا سُول کا معنی ہے آرزو۔

اَمْلٰى لَهُمْ۔ یعنی شیطان نے ان کی اُمیدیں اور آرزوئیں بہت لمبی بڑھا دیں۔ (تفسیر مظہری)

شیطان کے دو کام: شیطان کی طرف دو کاموں کی نسبت کی گئی۔ ایک تسویل جس کے معنی تزئین کے ہیں کہ بُری چیز یا بُرے عمل کو کسی کی نظروں میں اچھا اور مزین کر دے۔ دوسرا املاء جس کے معنی امہال اور مہلت دینے کے ہیں مراد یہ ہے کہ شیطان نے اول تو انکے بُرے اعمال کو اُن کی نظروں میں اچھا اور مزین کر کے دکھلایا پھر ان کو ایسی طویل آرزوؤں اور اُمیدوں میں اُلجھا دیا جو پوری ہونے والی نہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا
یہ اس واسطے کہ انہوں نے کہا اُن لوگوں سے جو بیزار ہیں
مَا نَزَّلَ اللّٰهُ سَنُطِيْعُكُمْ فِيْ بَعْضِ
اللہ کی اتاری کتاب سے ہم تمہاری بات بھی مانیں گے بعضے
الْاَمْرِ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ ﴿۲۶﴾
کاموں میں اور اللہ جانتا ہے ان کا مشورہ کرنا ☆

منافقوں کا یہودیوں سے گٹھ جوڑ

☆ منافقوں نے یہود وغیرہ سے کہا کہ گو ہم ظاہر میں مسلمان ہو گئے ہیں۔ لیکن مسلمانوں کے ساتھ ہو کر تم سے نہ لڑیں گے۔ بلکہ موقع ملا تو تم کو مدد دیں گے اور اس قسم کے کاموں میں تمہاری بات مانیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

ذٰلِكَ۔ یعنی شیطان کی طرف سے یہ فریب وہی طویل ترین ہوا وہوس کی ترغیب اس سبب سے ہے۔

کہ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا۔ یعنی یہودی کافروں نے منافقوں سے یا منافقوں نے یہودی کافروں سے یا ایک فریق نے مشرکوں سے کہا۔

سَنُطِيْعُكُمْ فِيْ بَعْضِ الْاَمْرِ۔ یعنی بعض امور میں ہم تمہارے کہے پر چلیں گے یا تمہارے بعض مشوروں پر عمل کریں گے جیسے تمہارے کہنے کے مطابق ہم جہاد میں (مسلمانوں کے ساتھ) شریک نہیں ہوں گے یا تمہارے کہنے سے تمہارے ساتھ مل کر ہم بھی نکلیں گے یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی دشمنی میں ہم تمہارے ساتھ شریک ہوں گے۔

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ۔ یہودیوں یا منافقوں کی پوشیدہ باتوں میں سے ایک بات یہ بھی تھی جو اللہ نے ظاہر کر دی۔ (تفسیر مظہری)

فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ
پھر کیسا ہوگا حال جبکہ فرشتے جان نکالیں گے ان کے مارتے جاتے ہوں

besturdubooks.wordpress.com

وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ ﴿۲۷﴾

اُن کے منہ پر اور پیٹھ پر ☆

نفاق کا مزہ

☆یعنی اس وقت موت سے کیونکر بچیں گے۔ بیشک اس وقت نفاق کا مزہ چکھیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

فَكَيْفَ۔ استفہام تعجبی ہے (پس تعجب ہے بچنے کی یہ کیا تدبیر کریں گے جب کہ) ملائکہ ان کی روحیں قبض کریں گے (لوہے کے ہتھوڑوں اور گرزوں سے) ان کے چہروں اور پیٹھوں پر چوٹیں لگاتے ہوئے۔ (تفسیر مظہری)

ذٰلِكَ بِأَنَّهُمُ اتَّبَعُوا مَا أَسْخَطَ

یہ اس لئے کہ وہ چلے اُس راہ جس سے

اللّٰهَ وَكَرِهُوا رِضْوَانَهُ فَأَحْبَطَ

اللہ بیزار ہے اور ناپسند کی اُس کی خوشی پھر اُس نے اکارت

أَعْمَالَهُمْ ﴿۲۸﴾

کر دیئے انکے کئے کام ☆

اعمال غارت کرنے والا راستہ

☆یعنی اللہ کی خوشنودی پسند نہ کیا اسی راہ پر چلے جس سے وہ ناراض ہوتا تھا اس لئے موت کے وقت یہ بھیانک سماں دیکھنا پڑا، اور اللہ نے انکے کفرو طغیان کی بدولت سب عمل بے کار کر دیئے۔ کسی عمل نے ان کو دوسری زندگی میں فائدہ نہ پہنچایا۔ (تفسیر عثمانی)

ذٰلِكَ۔ ایسا اس وجہ سے ہوگا کہ یہ اس بات پر چلے جو اللہ کی ناراضگی اور غضبنا کی کی موجب تھی۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا یعنی توریت کی صراحتوں کو انہوں نے چھپایا اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا انکار کیا۔

وَكَرِهُوا۔ اور ایسے کاموں سے نفرت کی جو اللہ کی خوشنودی کے موجب ہیں یعنی ایمان جہاد اور دوسری طاعتوں سے نفرت کی۔ اسی وجہ سے اللہ نے ان کے اعمال کو اکارت کر دیا۔　(تفسیر مظہری)

امام اعظم ابو حنیفہؒ کا یہی مذہب ہے کہ جو اعمال صالحہ ابتداءً فرض یا واجب نہیں تھے مگر کسی نے ان کو شروع کر دیا تو اب انکی تکمیل اس آیت کی رو سے واجب ہوگئی تاکہ ابطال عمل کا مرتکب نہ ہو اگر کسی نے ایسا عمل شروع کر کے بلا عذر کے چھوڑ دیا یا قصداً فاسد کر دیا تو وہ گنہگار بھی ہوا اور اسکے ذمہ قضا بھی لازم ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ

کیا خیال رکھتے ہیں وہ لوگ جن کے دلوں میں روگ ہے

أَنْ لَنْ يُخْرِجَ اللّٰهُ أَضْغَانَهُمْ ﴿۲۹﴾

کہ اللہ ظاہر نہ کر دے گا اُن کے کینے ☆

منافقوں کا خبث باطن ظاہر ہو کر رہے گا

☆یعنی منافقین اپنے دلوں میں اسلام اور مسلمانوں کی طرف سے جو حاسدانہ عداوتیں اور کینے رکھتے ہیں کیا یہ خیال ہے کہ وہ دلوں میں پنہاں ہی رہیں گے؟ اللہ ان کو طشت از بام نہ کریگا؟ اور مسلمان ان کے مکروفریب پر مطلع نہ ہوں گے؟ ہرگز نہیں۔ ان کا خبث باطن ضرور ظاہر ہو کر رہے گا اور ایسے امتحان کی بھٹی میں ڈالے جائیں گے جہاں کھوٹا کھرا بالکل الگ ہو جائے گا۔ (تفسیر عثمانی)

أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ۔ ام منقطعہ ہے کلام سابق سے اعراض پر دلالت کر رہا ہے اور استفہام انکاری ہے۔ مرض سے مراد ہے نفاق یعنی منافق خیال کرتے ہیں۔

أَنْ لَنْ يُخْرِجَ اللّٰهُ أَضْغَانَهُمْ۔ کہ اللہ اپنے رسول اور مسلمانوں پر ان (منافقوں) کے دلوں کے اندر چھپے ہوئے کینے ظاہر نہیں کر دے گا۔ (تفسیر مظہری)

وَلَوْ نَشَاءُ لَأَرَيْنَاكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ

اور اگر ہم چاہیں تجھ کو دکھلا دیں وہ لوگ سو تو پہچان تو چکا ہے

بِسِيمَاهُمْ ۚ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِي لَحْنِ

اُن کو اُنکے چہرہ سے اور آگے پہچان لیگا بات کے

الْقَوْلِ ۚ

ڈھب سے ☆

اللہ تعالیٰ کے علم اور پیغمبر کے نور فراست سے منافق چھپ نہیں سکتے

☆یعنی اللہ چاہے تو تمام منافقین کو باشخاصھم معین کر کے آپ کو دکھلا دے اور نام بنام مطلع کر دے کہ مجمع میں فلاں فلاں آدمی منافق ہیں مگر اسکی حکمت بالفعل اس دوٹوک اظہار کو مقتضی نہیں۔ ویسے اللہ نے آپ کو اعلیٰ درجہ کا نور فراست دیا ہے کہ ان کے چہرے بشرے سے آپ پہچان لیتے ہیں۔ اور آگے چل کر ان لوگوں کے طرز گفتگو سے آپ کو مزید شناخت ہو جائے گی۔

besturdubooks.wordpress.com

کیونکہ منافق اور مخلص کی بات کا ڈھنگ الگ الگ ہوتا ہے جو زور شوکت چھتگی اور خلوص کا رنگ مخلص کی باتوں میں جھلکتا ہے۔ منافق کتنی ہی کوشش کرے اپنے کلام میں پیدا نہیں کرسکتا۔ (تنبیہ) مترجم محقق قدس اللہ روحہ نے "فلعر فتهم" کو"لو نشاء" کے نیچے رکھا عامہ مفسرین اس کو"لو نشاء" کے تحت میں رکھ کر"لا رینا کهم" پر متفرع کرتے ہیں یعنی اگر ہم چاہیں تو تجھ کو دکھلا دیں وہ لوگ پھر تو ان کو پہچان جائے صورت دیکھ کر احقر کے خیال میں مترجم رحمہ اللہ کی تفسیر زیادہ لطیف ہے۔ واللہ اعلم۔ بعض احادیث سے ثابت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت سے منافقین کو نام بنام پکارا اور اپنی مجلس سے اٹھا دیا ممکن ہے وہ شناخت "لحن القول" اور "سیما" وغیرہ سے حاصل ہوئی ہو یا آیت ہذا کے بعد حق تعالیٰ نے آپ کو بعض منافقین کے اسماء پر تفصیل وتعیین کے ساتھ مطلع فرما دیا ہو واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

لَاَرَيْنٰكَهُمْ۔ یعنی اگر ہم چاہیں تو آپ کو آگاہ کر دیں واقف بنا دیں۔

لَاَرَيْنٰكَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ۔ پھر علامات اور نشانات سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو پہچان لیں۔ بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت انسؓ نے فرمایا اس آیت کے اترنے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منافقوں کی کوئی حرکت پوشیدہ نہیں رہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم منافقوں کو ان کی خصوصی علامات دیکھ کر پہچان لیتے تھے۔

لَحْنِ الْقَوْلِ۔ کلام کو اس کے اصلی رخ سے ہٹا کر تعریض اور توریہ کی طرف موڑ دینے کو لَحْنِ الْقَوْلِ کہتے ہیں۔ منافق ایسا ہی کرتے تھے بصورت تعریض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کی عیب چینی کرتے تھے ان کا مذاق اڑاتے تھے اور مذمت بہ لباس مدح کرتے تھے۔

بغوی نے لکھا ہے اس کے بعد جو منافق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بات کرتا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم (اس کی اصلی غرض کو) پہچان جاتے تھے۔ (تفسیر مظہری)

مختلف روایتوں میں تطبیق: اور تفسیر روح المعانی میں حضرت انسؓ سے بیان کیا كَانَ عليه السلام يعرفهم بسيماهم یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان کی نشانی سے ان کو پہنچان لیتے تھے۔ یہاں اس آیت میں ایک پہچان تو سابق بتائی فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ اور ایک معرفت و پہچان مستقبل کے بارہ میں فرمائی گئی۔ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ کی لب و لہجہ سے پہنچان لیں گے ان دونوں لَحْنِ الْقَوْلِ ایک حسی مشاہدہ ہے۔

اور رہا حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نام بنام منافقین کا بتا دینا تو وہ اشخاص معینہ کی حیثیت سے تھا جن کو گویا بارگاہ رب العالمین سے طے کر دیا گیا تھا کہ یہ منافق ہیں ان کے علاوہ باقی منافقین کے بارہ میں یہ فرمایا دیا گیا کہ آپ ان کو ان کے لب ولہجہ سے پہچان لیں گے۔ (معارف کاندھلویؒ)

حدیث میں ہے جو شخص کسی راز کو پردہ میں رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اسے اس پر عیاں کر دیتا ہے وہ بہتر ہے تو اور بدتر ہے تو۔

چھتیس منافقوں کے نام:

مسند احمد میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ایک خطبے میں اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کے بعد فرمایا تم میں بعض لوگ منافق ہیں پس جس کا میں نام میں لوں وہ کھڑا ہو جائے۔ پھر فرمایا اے فلاں کھڑا ہو جا اے فلا کھڑا ہو جا' یہاں تک کہ چھتیس اشخاص کے نام لئے پھر فرمایا تم میں یا "تم میں سے" منافق ہیں پس اللہ سے ڈرو۔ اس کے بعد ان لوگوں میں سے ایک کے سامنے سے حضرت عمرؓ گزرے وہ اس وقت کپڑے سے اپنا منہ لپیٹے ہوا تھا۔ آپ اسے خوب جانتے تھے پوچھا کہ کیا ہے؟ اس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اوپر والی حدیث بیان کی تو آپ نے فرمایا خدا تجھے غارت کرے۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۰﴾
اور اللہ کو معلوم ہیں تمہارے سب کام ☆

☆ یعنی بندوں سے کوئی بات چھپی رہے، ممکن ہے۔ مگر اللہ کے علم میں تمہارے سب کام ہیں خواہ کھل کر کرو یا چھپا کر۔ (تفسیر عثمانی)

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ۔ اور اللہ تمہارے اعمال کو جانتا ہے یعنی اللہ تمہارے اچھے برے اعمال سے واقف ہے کیونکہ کفر اور زنا اور ان ہی کی طرح کے دوسرے اعمال جن کی برائی فی نفسہ اور ذاتی ہے ان کی خرابی کو تو سب ہی پہچانتے لیکن اس کے علاوہ دوسرے اعمال کی خرابی نیت سے وابستہ ہے اور نیت سے سوا خدا کے کوئی واقف نہیں' وہی ارادے اور نیت کے مطابق بدلہ دے گا۔ (تفسیر مظہری)

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجٰهِدِيْنَ
اور البتہ ہم تم کو جانچیں گے تا معلوم کر لیں جو تم میں لڑائی کرنیوالے
مِنْكُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ
ہیں اور قائم رہنے والے ☆

امتحان ☆ یعنی جہاد وغیرہ کے احکام سے آزمائش مقصود ہے اسی سخت آزمائش میں کھلتا ہے کہ کون لوگ اللہ کے راستہ میں لڑنے والے اور شدید ترین امتحانات میں ثابت قدم رہنے والے ہیں اور کون ایسے نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَنَبْلُوَا اَخْبَارَكُمْ ﴿۳۱﴾
اور تحقیق کر لیں تمہاری خبریں ☆

besturdubooks.wordpress.com

یعنی ہر ایک کے ایمان اور اطاعت و انقیاد کا وزن معلوم ہو جائے اور سب کے اندرونی احوال کی خبریں عملاً محقق ہو جائیں (تنبیہ) ''حتی نعلم'' الخ سے جو شبہ حدوث علم کا ہوتا ہے اس کا مفصل جواب ''پارہ سیقول'' کے شروع ''اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ'' الخ کے حواشی میں ملاحظہ کیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

ایک اشکال اور اس کا دفعیہ:

امتحان اور جانچ وہ شخص کرتا ہے جس کو امتحان لینے سے پہلے علم نہ ہو لیکن اللہ کو تو پہلے ہی تمام آئندہ واقعات کا علم ہے اس کو امتحان لینے کی کیا ضرورت ہے اس کے جواب کے لئے مفسر نے علماء بعد الوجود کی مرادی قید کا اضافہ کیا۔ اللہ کو ہر چیز کا علم قبل از وجود ویسا ہی ہے جیسے وجود کے بعد لیکن جو علم قبل الوجود ہے اس پر احکام مرتب نہیں ہوتے اور امتحان کے بعد جو علم ہوتا ہے وہ حادث بھی ہے اور اس پر احکام کا ترتب بھی ہوتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ
جو لوگ منکر ہوئے اور روکا انہوں نے اللہ کی راہ
اللّٰهِ وَشَآقُّوا الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ
سے اور مخالف ہو گئے رسول سے بعد اس کے کہ ظاہر ہو چکی ان پر
الْهُدٰى لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ۭ وَسَيُحْبِطُ
سیدھی راہ نہ بگاڑ سکیں گے اللہ کا کچھ اور وہ اکارت کر دیگا
اَعْمَالَهُمْ ۝
انکے سب کام ☆

کافر و منافق اپنا ہی نقصان کرتے ہیں

☆ یعنی اپنا ہی نقصان کرتے ہیں، اللہ کا کیا نقصان ہے۔ نہ اس کے دین اور پیغمبر کا کچھ بگاڑ سکتے ہیں وہ قدرت والا ان کے سارے منصوبے غلط اور تمام کام اکارت کرے گا اور سب کوششیں خاک میں ملا دے گا۔ (تفسیر عثمانی)

صَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ یعنی ایمان لانے سے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرنے سے روکا۔

وَشَآقُّوا اللّٰهَ۔ اور اللہ کے رسول کی مخالفت کی۔ اس جگہ الذین کفروا الخ سے بنی قریظہ اور بنی نضیر کے یہودی اور وہ (مکی) کافر مراد ہیں جنہوں نے بدر کی لڑائی میں کافروں کے لشکر کو باری باری سے کھانا کھلایا تھا۔ یہ بارہ سردار تھے ہر سردار نے اپنے باری کے دن پورے لشکر کو کھانا دیا تھا۔

لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ۔ یعنی اپنے کفر سے وہ اپنے آپ کو ہی ضرور پہنچائیں گے اللہ کو کچھ نقصان نہیں پہنچا سکتے۔

وَسَيُحْبِطُ اَعْمَالَهُمْ۔ اور یقیناً اللہ ان کے اعمال کو اکارت کر دے گا ان کو آخرت میں ثواب نہیں دے گا نہ دنیا میں ان کو کوئی فائدہ حاصل ہو گا۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا آیت میں وہ لوگ مراد ہیں جنہوں نے بدر کے زمانے میں (کافروں کے لشکر کو) کھانا دیا تھا۔ (تفسیر مظہری)

کفار قریش کی مدد کرنے والے منافق

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ یہ اُن منافقین کے متعلق ہے جنہوں نے غزوۂ بدر کے موقع پر کفار قریش کی امداد اس طرح کی کہ ان میں سے بارہ آدمیوں نے اُن کے پورے لشکر کا کھانا اپنے ذمہ لے لیا تھا' ہر روز اُن میں سے ایک آدمی لشکر کفار کے کھانے کا انتظام کرتا تھا۔ (معارف مفتی اعظم)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ
اے ایمان والو حکم پر چلو اللہ کے
وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْٓا
اور حکم پر چلو رسول کے اور ضائع مت کرو اپنے کئے ہوئے
اَعْمَالَكُمْ ۝
کام ☆

اعمال کی مقبولیت کی شرط ☆ یعنی جہاد، یا اللہ کی راہ میں اور کوئی محنت و ریاضت کرنا اس وقت مقبول ہے جب اللہ و رسول کے حکم کے موافق ہو محض۔ اپنی طبیعت کے شوق یا نفس کی خواہش پر کام نہ کرو۔ ورنہ ایسا عمل یوں ہی بیکار ضائع جائے گا۔ مسلمان کا کام نہیں کہ جو نیک کام کر چکا یا کر رہا ہے اس کو کسی صورت سے ضائع ہونے دے نیک کام کو نہ بیچ میں چھوڑ و نہ ریا و نمود اور اعجاب و غرور وغیرہ سے اسکو برباد کرو بھلا ارتداد کا تو ذکر کیا ہے جو ایک دم تمام اعمال کو حبط کر دیتا ہے العیاذ باللہ۔ (تفسیر عثمانی)

شان نزول: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی خیال کرتے تھے کہ جس طرح شرک کی موجودگی میں کوئی اچھا عمل مفید نہیں۔ اسی طرح لا الٰہ الا اللہ کے قائل کو کوئی گناہ ضرر نہیں پہنچائے گا۔ اس خیال کی تردید میں یہ آیت نازل ہوئی۔ آیت کا سبب نزول ابن ابی حاتم اور محمد بن نصر مروزی نے کتاب الصلوٰۃ میں بحوالہٗ ابو العالیہ بیان کیا ہے۔ اس آیت کے نزول کے بعد صحابہ کو اندیشہ ہوا۔ (اور وہ جان گئے) کہ گناہ سے نیک عمل باطل ہو جاتا

besturdubooks.wordpress.com

ہے۔ بغوی نے بھی ابوالعالیہ کی یہ روایت نقل کی ہے۔

کام ضائع نہ کرو کا مطلب: حضرت ابن عباسؓ اور عطا نے کہا یعنی شک اور نفاق یا غرور سے اپنے اعمال کو رائیگاں نہ کرو۔ کلبی نے کہا ریا اور دکھاوٹ سے اپنے اعمال کو برباد نہ کرو۔ حسن نے کہا کبیرہ گناہوں کا ارتکاب کر کے اپنی نیکیاں برباد مت کرو۔

مقاتل نے آیت کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ (اپنے ایمان اور خدمت اسلام کا) رسول پر احسان نہ رکھو ورنہ تمہارے اعمال اکارت ہو جائیں گے۔

مسئلہ: ظاہر روایت میں امام ابوحنیفہؒ کا قول آیا ہے کہ نماز روزہ حج عمرہ یا کوئی دوسری عبادت اگر شروع کر لی گئی ہو تو اس کو پورا کرنا واجب ہے بلا عذر شرعی بیچ میں سے منقطع کر دینا جائز نہیں۔ **کذا ذکر صاحب الھدایۃ والقدوری وغیرھما۔**

ضیافت کے لئے نفلی روزہ توڑنا: کیا ضیافت بھی ایسا عذر ہے جس میں شریک ہونے کے لئے نفلی روزہ توڑا جا سکتا ہے کسی نے اس کو عذر تسلیم کیا ہے کسی نے نہیں تسلیم کیا بعض کا قول ہے کہ زوال سے پہلے اس کو (روزہ توڑنے کا) عذر مانا جائے گا زوال کے بعد نہیں مانا جائے گا ہاں اگر زوال کے بعد نفلی روزہ نہ توڑنے میں والدین کی نافرمانی ہو رہی ہو تو اس کو عذر تسلیم کیا جائے گا۔ اگر نفل روزہ یا نفل نماز شروع کرنے کے بعد توڑ دی تو امام ابوحنیفہؒ کے اور امام مالک کے نزدیک قضا واجب ہے منتقی کی روایت میں آیا ہے کہ نفل روزہ بغیر عذر کے توڑ دینا امام ابوحنیفہ کے نزدیک جائز ہے مگر اس کا بدل بطور قضا ادا کرنا (یعنی روزہ رکھنا) ہوگا۔

احناف کے دلائل: حضرت عائشہ کا بیان ہے۔ عروہ نے اس کو نقل کیا ہے کہ حفصہؓ کے پاس بطور ہدیہ بکری کا کچھ گوشت آیا ہم دونوں کا روزہ تھا ہم نے روزہ توڑ دیا اور جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اندر تشریف لائے تو ہم نے اس بات کا تذکرہ آپ سے کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم دونوں (اس) روزہ کے عوض دوسرا روزہ رکھنا۔ رواہ احمد من طریق سفیان بن حسین عن عروہ۔ ورواہ الترمذی من طریق جعفر بن برقان عن عروۃ۔ ترمذی کی روایت ان الفاظ کے ساتھ ہے میں اور حفصہ دونوں روزہ دار تھیں کچھ کھانا ہمارے سامنے لایا گیا ہم کو خواہش ہوئی ہم نے اس میں سے کچھ کھا لیا پھر (جب) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو مجھ سے پہلے حفصہ نے آگے بڑھ کر کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم (دونوں) روزہ دار تھیں کھانا سامنے آیا ہم کو اشتہا تھی ہم نے اس میں سے کچھ کھا لیا فرمایا اس کی جگہ کسی اور دن قضا رکھ لینا۔

ابوداؤد اور نسائی نے یہ حدیث زمیل بن عروہ کی روایت سے نقل کی ہے لیکن بخاری نے اس روایت کو معلل قرار دیا ہے کیوں کہ نہ زمیل کا عروہ سے سماع ثابت ہے نہ یزید کا زمیل سے۔

طبرانی نے سب طریقوں سے جدا الاوسط میں اس طرح بیان کیا ہے۔ موسیٰ بن ہارون از محمد بن مہران جمال از محمد بن ابی سلمہ مکی از محمد بن عمرو یہ ابو سلمہ از ابو ہریرہ۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا حضرت عائشہؓ اور حضرت حفصہؓ کے پاس کوئی ہدیہ آیا دونوں روزے دار تھیں لیکن دونوں نے اس میں سے کچھ کھا لیا اور پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا تذکرہ کر دیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کی بجائے اور ایک دن روزہ رکھ لینا اور دوبارہ ایسا نہ کرنا۔

ابن ہمام نے کہا اس حدیث کا ثبوت ناقابل تردید ہے خواہ ہر طریق روایت ضعیف ہو لیکن طرق روایت کی کثرت اس کو ناقابل تردید بنا رہی ہے پھر ہر طریق ضعیف بھی نہیں ہے۔

حضرت ابوجحیفہ کا بیان ہے کہ حضرت سلیمانؓ کا حضرت ابودرداءؓ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھائی چارا کرا دیا (ایک روز) حضرت سلیمانؓ حضرت ابودرداءؓ کی ملاقات کو گئے (اندر جا کر) حضرت ابودرداءؓ کی بیوی کو میلی کچیلی حالت میں دیکھا پوچھا کیا بات ہے ام درداءؓ نے کہا آپ کے بھائی ابودرداءؓ کو دنیا کی کوئی رغبت نہیں (پھر میں کس کے لئے سنگھار کروں) اتنے میں حضرت ابودرداءؓ بھی آ گئے اور حضرت سلمانؓ کے لئے کھانا بنایا (کھانا آ گیا تو) حضرت ابودرداءؓ نے حضرت سلمانؓ سے کہا میرا تو روزہ ہے آپ کھائیے حضرت سلمانؓ نے کہا جب تک آپ نہیں کھائیں گے میں بھی نہیں کھاؤں گا۔ چنانچہ حضرت ابودرداءؓ نے بھی کھایا جب رات ہوئی وابودرداء نماز کے لئے کھڑے ہونے لگے حضرت سلمانؓ نے کہا اب سو جائیے حضرت ابودرداء سو گئے پھر (رات میں کسی وقت) نماز پڑھنے اٹھ بیٹھے حضرت سلمانؓ نے کہا سو جائیے جب آخر رات ہوئی تو حضرت سلمانؓ نے کہا اب اٹھ جائیے۔ چنانچہ دونوں اٹھ کر نماز پڑھنے لگے حضرت سلمانؓ نے حضرت ابو درداء سے کہا تم پر اپنے رب کا بھی حق ہے اور اپنی جان کا بھی حق ہے اور تم پر تمہاری بیوی کا بھی حق ہے ہر حق دار کو اس کا حق ادا کرو حضرت ابودرداءؓ نے (صبح کو) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اس بات کا تذکرہ کیا حضور نے فرمایا سلمانؓ نے سچ کہا۔

میں کہتا ہوں ان احادیث سے صرف اتنا ثابت ہوتا ہے کہ (نفل) روزہ توڑ دینا جائز ہے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ توڑے ہوئے روزے کی قضا واجب نہیں ہے۔

ابوداؤد اور دارمی وغیرہ نے بروایت جریر از یزید بن زیادہ از عبداللہ بن حارث بیان کیا کہ حضرت ام ہانی نے فرمایا جب فتح مکہ کا دن ہوا تو فاطمہؓ آ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بائیں طرف بیٹھ گئیں میں دائیں طرف بیٹھی تھی ایک خادمہ ایک برتن میں کچھ شربت لائی میں نے لے کر کچھ اس میں سے پیا پھر (روزہ دار ہونے کا خیال آیا تو) میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

besturdubooks.wordpress.com

وسلم میرا تو روزہ تھا میں نے روزہ توڑ دیا فرمایا کیا تم نے قضا کا روزہ رکھا تھا میں نے عرض کیا نہیں فرمایا اگر نفلی تھا تو (توڑنے میں) کوئی حرج نہیں۔

میں کہتا ہوں لا تبطلوا کا مصدر ابطال ہے (اور لا تبطلوا کسی خاص ابطال پر دلالت نہیں کر رہا ہے بلکہ اس سے عام ابطال سمجھا جاتا ہے) اور یہ ابطال نکرہ ہے جو نفی (لا) کے بعد آیا ہے اس لئے ہر ابطال کی ممانعت اس سے معلوم ہوتی ہے اب جو شخص شروع کرنے کے بعد نفل نماز کو توڑ دے یا نفل روزے کو بہر حال وہ عمل (خیر) کا ناقص ہوگا رہا قضا کا مسئلہ تو یہ الگ عمل ہے جس سے پہلے عمل (یعنی نقض عمل) کا تدارک کیا جاتا ہے لہٰذا بلا عذر (نفل نماز روزہ وغیرہ کو توڑنا) اس آیت سے ہی ممنوع قرار پاتا ہے۔ ہاں احادیث سے ضرور ابطال کا جواز ثابت ہوتا ہے لیکن تعارض کے وقت احادیث آحاد پر آیت کی تقدیم لازم ہے۔ خصوصاً ایسی صورت میں کہ آیت نقض عمل کی حرمت پر دلالت کر رہی ہے اور احادیث حلت پر اور تحریم کو احتیاطاً تحلیل پر مقدم رکھنا واجب ہے۔ اس لئے قیاس بھی تحریم ہی کو چاہتا ہے کیوں کہ نفل حج اور عمرہ کو توڑنا (کسی کے نزدیک) جائز نہیں اگر توڑ دیا تو قضا واجب ہے (پس نفل نماز روزہ کا توڑنا بھی جائز نہیں ہوگا اگر توڑ دیا تو قضا واجب ہوگی)۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ
جو لوگ منکر ہوئے اور روکا لوگوں کو
سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ
اللہ کی راہ سے پھر مر گئے اور وہ منکر ہی رہے
فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ۝
تو ہرگز نہ بخشے گا اُن کو اللہ ☆

محارب کافر ☆ یعنی کسی کافر کی اللہ کے ہاں بخشش نہیں خصوصاً ان کافروں کی جو دوسروں کو خدا کے راستہ سے روکنے میں لگے ہوئے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

فَلَا تَهِنُوْا وَتَدْعُوْٓا اِلَى السَّلْمِ ۖ
سو تم بودے نہ ہوئے جاؤ اور لگو پکارنے صلح ☆

مسلمانو! کم ہمت نہ بنو ☆ یعنی مسلمانوں کو چاہیے کہ کفار کے مقابلہ میں سست اور کم ہمت نہ بنیں اور جنگ کی سختیوں سے گھبرا کر صلح کی طرف نہ دوڑیں، ورنہ دشمن شیر ہو کر دباتے چلے جائیں گے اور جماعت اسلام کو مغلوب و رسوا ہونا پڑے گا ہاں کسی وقت اسلام کی مصلحت اور اہل اسلام کی بھلائی صلح میں نظر آئے تو اس وقت صلح کر لینے میں مضائقہ نہیں جیسا کہ آگے سورہ "فتح" میں آتا ہے بہر حال صلح کی بنا اپنی کم ہمتی اور نامردی پر نہ ہونی چاہئے۔ (تفسیر عثمانی)

فَلَا تَهِنُوْا۔ یعنی جہاد میں کمزوری نہ کرو۔

وَتَدْعُوْٓا اِلَى السَّلْمِ۔ یعنی اول کافروں کو صلح کی طرف نہ بلاؤ۔ اس مطلب پر تدعوا کا عطف تهنوا پر ہوگا اور دونوں فعل نہی کے ذیل میں آجائیں گے۔ آیت میں کافروں سے صلح کی درخواست کرنے کی ممانعت فرمادی کیوں کہ اس سے اپنی کمزوری اور بزدلی کا اظہار ہوتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

صلح اور اس کی شرط: صحیح یہ ہے کہ مسلمانوں کے لئے ابتداءً صلح کر لینا بھی جائز ہے جبکہ مصلحت مسلمانوں کی اسمیں دیکھی جائے۔ محض بزدلی اور عیش کوشی اسکا سبب نہ ہو اور اس آیت کے شروع میں فلا تهنوا کہہ کر اس طرف اشارہ کر دیا کہ ممنوع وہ صلح ہے جسکا منشاء بزدلی اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنے سے فرار ہو اسلئے اسمیں بھی کوئی تعارض نہیں کہ وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ کی آیت کے حکم کو اُس صورت کیساتھ مقید کیا جائے جس میں صلح جوئی کا سبب دہشت اور سستی بزدلی نہ ہو بلکہ خود مسلمانوں کی مصلحت کا تقاضا ہو واللہ اعلم۔ (معارف مفتی اعظم)

وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ۖ وَاللّٰهُ مَعَكُمْ وَلَنْ
اور تم ہی رہو گے غالب اور اللہ تمہارے ساتھ اور
يَّتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ ۝
نقصان نہ دیگا تم کو تمہارے کاموں میں ☆

گھبراؤ نہیں ☆ یعنی گھبرانے کی کچھ بات نہیں، اگر صبر و استقلال دکھاؤ گے اور خدا کے احکام پر ثابت قدم رہو گے تو خدا تمہارے ساتھ ہے وہ تم کو آخر کار غالب کرے گا اور کسی حالت میں بھی تم کو نقصان اور گھاٹے میں نہ رہنے دے گا۔ (تفسیر عثمانی)

وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ۔ یعنی اللہ کی مدد سے تم غالب ہو گے اللہ نے نیک مؤمنوں کی مدد کا وعدہ فرمالیا ہے۔

وَلَنْ يَّتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ۔ یعنی اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال کی جزاء میں کوئی کمی نہیں کریگا اشارہ اس طرف ہے کہ دنیا میں کوئی تکلیف بھی پہنچ گئی تو اسکا اجر عظیم آخرت میں ملنے والا ہے اسلئے مؤمن تکلیف کی حالت میں بھی ناکام نہیں۔

اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا۔ چونکہ جہاد سے روکنے والی چیز انسان کے لئے دُنیا کی

besturdubooks.wordpress.com

محبت ہی ہوسکتی ہے جس میں اپنی جان کی محبت' اہل وعیال کی محبت مال و دولت کی محبت سب داخل ہیں اس آیت میں یہ بتلا دیا گیا ہے کہ یہ سب چیزیں بہر حال ختم اور فنا ہونیوالی ہیں اس وقت ان کو بچا بھی لیا تو پھر کیا' دوسرے وقت یہ چیزیں ہاتھ سے نکلیں گی اسلئے ان فانی اور ناپائیدار چیزوں کی محبت کو آخرت کی دائمی پائیدار نعمتوں کی محبت پر غالب نہ آنے دو۔ (معارف مفتی اعظم)

اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ۭ وَاِنْ
یہ دنیا کا جینا تو کھیل ہے اور تماشا اور اگر تم
تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ اُجُوْرَكُمْ
یقین لاؤ گے اور بچ کر چلو گے دیگا تم کو تمہارا بدلہ
وَلَا يَسْـَٔــلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ ۝
اور نہ مانگے گا تم سے مال تمہارے ☆

دنیا پرست نہ بنو تقویٰ اختیار کرو

☆ یعنی آخرت کے مقابلہ میں دنیا کی حقیقت ایک کھیل تماشا جیسی ہے۔ اگر تم ایمان وتقویٰ اختیار کرو گے اور اس کھیل تماشہ سے ذرا بچ کر چلو گے تو اللہ تم کو اسکا پورا بدلہ دے گا اور تمہارا مال بھی تم سے طلب نہیں کرے گا اسے کیا حاجت ہے۔ وہ تو خود دینے والا ہے کما قال "مَآ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَآ اُرِيْدُ اَنْ يُّطْعِمُوْنِ ۝ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ" (ذاریات رکوع ۳) اگر طلب بھی کرے تو مالک حقیقی وہ ہی ہے تمام مال اسی کا ہے مگر اسکے باوجود دین کے معاملہ میں جب خرچ کرنے کو کہتا ہے تو سارے مال کا مطالبہ نہیں کرتا۔ بلکہ ایک تھوڑا سا حصہ طلب کیا جاتا ہے۔ وہ بھی اپنے لئے نہیں بلکہ تمہارے فائدہ۔ حضرت کو شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "حق تعالیٰ نے ملک فتح کرا دیئے مسلمانوں کو تھوڑے ہی دن (اپنی گرہ) سے پیسہ خرچ کرنا پڑا۔ پھر جتنا خرچ کیا تھا اس سے سو سو گنا ہاتھ لگا اس مطلب سے (قرآن کریم میں کئی جگہ) فرمایا ہے کہ اللہ کو قرض دو"۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَا يَسْـَٔــلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ ۔ اور تمہارے مال تم سے طلب نہیں کرے گا یعنی وہ تمہارے مال کا محتاج نہیں ہے تم کو ایمان وطاعت کا حکم اس لئے دے رہا ہے کہ اس کے بدلہ میں تم کو جنت عطا فرما دے۔ یہ مضمون دوسری آیت میں آیا ہے فرمایا ہے۔ مَآ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ۔

آیت کا ایک اور مطلب: بعض اہل تفسیر نے آیت کا یہ مطلب بیان کیا کہ اللہ صدقات وخیرات کی شکل میں تم سے تمہارا سارا مال نہیں طلب کرے گا بلکہ ایک حقیر قلیل حصہ یعنی چالیسواں حصہ بلکہ اس سے بھی کم طلب کرے گا۔ جیسے ۱۲۰ بکریوں میں ایک بکری لہٰذا تم کو غم نہ کرنا چاہئے۔ ابن عیینہ نے یہی تفسیر کی ہے۔ رفتار آیت بھی اسی مطلب کی مؤید ہے کیوں کہ ایمان وتقویٰ کی ترغیب اور دنیوی زندگی کی مذمت سے (بے وقوفوں کے دماغ میں) یہ وہم پیدا ہوسکتا تھا کہ شاید اللہ اپنے راستہ میں ہمارا سارا مال صرف کرانا چاہتا ہے اس خیال کو دور کرنے کے لئے فرمایا اللہ تمہارا سارا مال طلب نہیں فرمائے گا۔ (تفسیر مظہری)

اِنْ يَّسْـَٔــلْكُمُوْهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوْا
اگر مانگے تم سے وہ مال پھر تم کو تنگ کرے تو بخل کرنے لگو
وَيُخْرِجْ اَضْغَانَكُمْ ۝
اور ظاہر کردے تمہارے دل کی خفگیاں ☆

اللہ تم سے مال طلب نہیں کرتا

یعنی اگر اللہ تعالیٰ سختی کے ساتھ کل مال طلب کرنے لگے جو تم کو دے رکھا ہے تو کتنے مردان خدا ہیں جو کشادہ دلی اور خندہ پیشانی سے اس حکم پر لبیک کہیں گے اکثر تو وہی ہوں گے جو بخل اور تنگدلی کا ثبوت دیں گے اور مال خرچ کرنے کے وقت ان کے دل کی خفگی باہر ظاہر ہو جائے گی۔ (تفسیر عثمانی)

اِنْ يَّسْـَٔــلْكُمُوْهَا فَيُحْفِكُمْ ۔ یعنی اگر وہ تم سے تمہارا سارا مال طلب کرتا اور تم کو دشواری میں ڈال دیتا۔ احفاء کسی کام کو آخری حد تک پہنچانا مبالغہ کرنا' حدیث میں آیا ہے اَحْفُوا الشَّوَارِبَ یعنی لبوں کو جڑ سے کاٹو۔

تَبْخَلُوْا ۔ اور تم بخل کردیتے اور مال نہ دیتے۔

وَيُخْرِجْ اَضْغَانَكُمْ ۔ اللہ تمہارے سینوں میں چھپے ہوئے کینوں کو برآمد کردیتا یا تمہارا بخل تمہارے کینوں کو ظاہر کردیتا۔ قتادہ نے کہا اللہ کو معلوم تھا کہ مال طلب کرنے سے کینہ سامنے آجائے گا۔ (تفسیر مظہری)

هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَاۗءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا
سنتے ہو تم لوگ تم کو بلاتے ہیں کہ خرچ کرو
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ
اللہ کی راہ میں ☆

اللہ کے دیئے میں مخصوص حصہ خرچ کرو

☆ یعنی ایک حصہ خدا کے دیئے ہوئے مال کا اس کے راستہ میں اپنے نفع کی خاطر۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَمِنْكُمْ مَّنْ یَّبْخَلُ یعنی تم کو تمہارے اموال کا کچھ حصہ فی سبیل اللہ خرچ کرنے کی طرف دعوت دی جاتی ہے تو تم میں سے بعض اس میں بھی بخل کرنے لگتے ہیں اسکے بعد فرمایا کہ وَمَنْ یَّبْخَلْ فَاِنَّمَا یَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ یعنی جو شخص اس میں بھی بخل کرتا ہے وہ کچھ اللہ کا نقصان نہیں کرتا بلکہ خود اپنی جان کا نقصان اس بخل کے ذریعہ کرتا ہے کہ آخرت کے ثواب سے محرومی اور ترک فرض کا وبال ہے۔ پھر اسی بات کو زیادہ وضاحت سے فرمادیا وَاللّٰهُ الْغَنِیُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ یعنی اللہ تو غنی ہے تم ہی حاجتمند ہو اللہ کی راہ میں خرچ کرنا خود تمہاری حاجت کا پورا کرنا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

فَمِنْكُمْ مَّنْ یَّبْخَلُ وَمَنْ یَّبْخَلْ
پھر تم میں کوئی ایسا ہے کہ نہیں دیتا اور جو کوئی نہ دیگا
فَاِنَّمَا یَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ
سو نہ دے گا آپ کو ☆

دینے کا نفع تمہیں ہے ☆ یعنی تمہارا دینا خود اپنے فائدہ کے لئے ہے نہ دو گے تو اپنا ہی نقصان کرو گے اللہ کو تمہارے دینے نہ دینے کی کیا پرواہ۔ (تفسیر عثمانی)

اپنا مال اور وارثوں کا مال: حضرت ابن مسعودؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کون شخص ایسا ہے جس کو اپنے (مملوکہ) مقبوضہ مال سے زیادہ وارثوں (کی ملک اور قبضہ میں پہنچے ہوئے) مال سے زیادہ محبت ہو صحابہؓ نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ہم میں سے تو ہر ایک کو اپنے (کام میں آنے والے) مال سے زیادہ محبت ہوتی ہے فرمایا تو اپنا مال وہی ہے جو اس نے پہلے بھیج دیا اور وارثوں کا مال وہ ہے جو (مرنے کے بعد) پیچھے چھوڑ گیا۔ رواہ البخاری والنسائی۔

دو فرشتوں کی دعاء: حضرت ابو ہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر روز صبح کو دو فرشتے اترتے ہیں اور ایک کہتا ہے اے اللہ راہ حق میں خرچ کرنے والے کو بدل عنایت فرما دوسرا کہتا ہے اے اللہ روک کر رکھنے والے (بخیل) کے مال کو تلف کر دے متفق علیہ۔

خرچ کرتے رہو: حضرت اسماء راوی ہیں کہ (مجھ سے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خرچ کرو اور گنتی نہ کرو ورنہ اللہ بھی گن گن کر دے گا اور بھر کر (یعنی جمع کر کے) نہ رکھو ورنہ اللہ بھی تجھ سے بند کر لے گا۔ اور تھوڑا تھوڑا دیتی رہ جہاں تک ہو سکے متفق علیہ۔ حضرت ابو ہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ فرماتا ہے اے آدم زاد خرچ کر میں تجھ پر خرچ کروں گا (یعنی تجھے دوں گا) متفق علیہ۔ (تفسیر مظہری)

وَاللّٰهُ الْغَنِیُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ
اور اللہ بے نیاز ہے اور تم محتاج ہو ☆

اللہ محتاج نہیں تم ہو ☆ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "یعنی مال خرچ کرنے کی جو تاکید سنتے ہو یہ نہ سمجھو کہ اللہ یا اس کا رسول مانگتا ہے نہیں۔ یہ تمہارے بھلے کو فرماتا ہے۔ پھر ایک کے ہزار ہزار پاؤ گے۔ ورنہ اللہ کو اور اسکے رسول کو کیا پرواہ ہے"۔ (تفسیر عثمانی)

وَاللّٰهُ الْغَنِیُّ۔ یعنی اللہ کو تمہاری عبادت وصدقات کی ضرورت نہیں۔

وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ۔ اور تم دنیا وآخرت میں اس کے محتاج ہو اس لئے اس نے جو چاہا تم کو حکم دیا۔ (تفسیر مظہری)

وَاِنْ تَتَوَلَّوْا یَسْتَبْدِلْ قَوْمًا
اور اگر تم پھر جاؤ گے تو بدل لے گا اور لوگ
غَیْرَكُمْ ثُمَّ لَا یَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ ﴿۳۸﴾
تمہارے سوائے پھر وہ نہ ہونگے تمہاری طرح کے ☆

اللہ تمہارا محتاج نہیں ☆ یعنی اللہ تعالیٰ جس حکمت ومصلحت سے بندوں کو خرچ کرنے کا حکم دیتا ہے اس کا حاصل ہونا کچھ تم پر منحصر نہیں۔ فرض کیجئے کہ تم اگر بخل کرو اور اس کے حکم سے روگردانی کرو گے وہ تمہاری جگہ کوئی دوسری قوم کھڑی کر دے گا جو تمہاری طرح بخیل نہ ہوگی بلکہ نہایت فراخ دلی سے اللہ کے حکم کی تعمیل اور اسکی راہ میں خرچ کرے گی۔ بہر کیف اللہ کی حکمت و مصلحت تو پوری ہو کر رہے گی ہاں تم اس سعادت سے محروم ہو جاؤ گے حدیث میں ہے کہ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہ دوسری قوم کون ہے جس کی طرف اشارہ ہوا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ پر ہاتھ رکھ کر فرمایا اس کی قوم اور فرمایا "خدا کی قسم اگر ایمان ثریا پر جا پہنچے تو فارس کے لوگ وہاں سے بھی اس کو اتار لائیں گے۔" الحمدللہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے اس بے نظیر ایثار وجوش ایمان کا ثبوت دیا کہ ان کی جگہ دوسری قوم کو لانے کی نوبت نہ آئی۔ تاہم فارس والوں نے اسلام میں داخل ہو کر علم اور ایمان کا وہ شاندار مظاہرہ کیا اور ایسی زبردست دینی خدمات انجام دیں جنہیں دیکھ کر ہر شخص کو ناچار اقرار کرنا پڑتا ہے کہ بے شک حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشین گوئی کے موافق یہی قوم تھی جو بوقت ضرورت عرب کی جگہ پر کر سکتی تھی ہزار ہا علماء وائمہ سے قطع نظر کر کے تنہا امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا وجود ہی اس پیشین گوئی کے صدق پر کافی شہادت ہے۔ بلکہ اس بشارت عظمیٰ کے کامل اور

besturdubooks.wordpress.com

اولین مصداق امام صاحب ہی ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہ وارضاہ۔ (تفسیر عثمانی)

امام اعظم رحمۃ اللہ کی فضیلت:

شیخ محمد بن یوسف صالحی شافعی نے کہا کہ شیخ شافعی یعنی جلال الدین سیوطی کے قول کے بموجب اس حدیث میں ابوحنیفہؒ اور آپ کے ساتھی مراد ہیں۔ کوئی شک نہیں کہ علم کی جس چوٹی پر امام ابوحنیفہؒ اور ان کے ساتھی پہنچ گئے کوئی فارسی اس چوٹی تک نہیں پہنچا امام ابوحنیفہؒ کے دادا اہل فارس میں سے ہی تھے۔ ابوحنیفہؒ کی اولاد دین کی بڑی اونچی سطح پر فائز ہوئی آپ ہی کی اولاد میں ابوعلی شرف الدین قلندر پانی پتی اور قطب جمال اور قطب برہان ہانسوی اور قطب عبدالقدوس گنگوہی تھے۔ (از مفسر قدس سرہ)

اللہ سے دعاء کرتا ہوں کہ میرا خاتمہ اس خیر پر ہو جس پر حضور ختم المرسلین کے برگزیدہ لوگوں کا ہوا۔ اے اللہ اس تفسیر کے ختم ہونے کا ثواب اپنے حبیب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہؓ اور اولاد اور ازواج مطہرات کی پاک روحوں کو اور اولیاء امت محمدیہ خصوصاً شیخ شمس الدین حبیب اللہ مظہر اور آپ کے تمام مشائخ کو پہنچا دے۔ آمین! (تفسیر مظہری)

دین کا قیام کسی خاص قوم پر موقوف نہیں ہے

خدا کا دین کسی جماعت پر موقوف نہیں کہ بس وہی دین خدا کی حفاظت و اعانت کر سکتے ہیں ان کے سوا اور کوئی یہ کام انجام نہیں دے سکتا یہ خیال باطل ہے وہ اپنی حکمت سے جس قوم اور طبقہ کو چاہے اقامۃ دین اور اعلاء کلمۃ اللہ کے لئے منتخب کر لے اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ۔

ے منت منہ کی خدمت سلطان ہمی کنی
منت شناس ازو کہ بخدمت بداشتت

(معارف کاندھلوی)

اللہ تعالیٰ غنی الاغنیاء ہے

اس آیت میں حق تعالیٰ کے غنی الاغنیاء ہونے کو اس طرح واضح کیا ہے کہ اللہ کو تمہارے اموال کی تو کیا خود تمہارے وجود کی بھی کوئی ضرورت نہیں، اگر تم سب کے سب ہمارے احکام کی تعمیل چھوڑ دو تو جب تک ہمیں دنیا کو اور اس میں اسلام کو باقی رکھنا ہے ہم اپنے دین حق کی حفاظت اور اپنے احکام کی تعمیل کیلئے دوسری ایسی قوم پیدا کر دیں گے جو تمہاری طرح احکام شرعیہ سے گریز اور اعراض نہ کریگی بلکہ ہماری مکمل اطاعت کریں گی۔ (معارف مفتی اعظم)

تم سورۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم بتوفیقہ واعانتہ فلہ الحمد والمنۃ

جو شخص اس کو خواب میں پڑھے اس کی تعبیر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اسکو محبوب رکھے گا۔ (ابن سیرینؒ)

سورۃ کا شان نزول اور فضیلت

امام احمدؒ، بخاریؒ، ترمذیؒ، نسائیؒ، ابن حبانؒ اور ابن مردویہؒ نے بیان کیا کہ حضرت عمرؓ بن خطاب نے فرمایا، ہم ایک سفر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم رکاب تھے۔ میں نے ایک بات کے متعلق تین بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا لیکن حضور نے کوئی جواب نہیں دیا میں نے (اپنے دل میں) کہا عمر! تیری ماں تجھے روئے تو نے تین بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی بار جواب نہیں دیا۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا، پھر میں نے اپنے اونٹ کو بڑھایا اور دوسرے لوگوں سے آگے بڑھ گیا مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ میرے بارے میں قرآن کی کوئی آیت نازل ہو گی۔ (جس میں شاید مجھ پر عتاب ہو) کچھ دیر گذری تھی کہ میں ایک پکارنے والے کی آواز سنی جو مجھے پکار رہا تھا۔ میں فوراً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آج رات مجھ پر ایک ایسی سورت نازل ہوئی ہے جو ہر اس شے سے مجھے پیاری ہے جس پر سورج نکلتا ہے پھر آپ نے اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا کی تلاوت فرمائی۔

حاکم وغیرہ نے حضرت مسور بن مخرمہ اور مروان بن حکم کی روایت سے بیان کیا کہ سورۃ فتح اول سے آخر تک مکہ اور مدینہ منورہ کے درمیان حدیبیہ کے واقعہ کے متعلق نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حدیبیہ سے لوٹتے ہوئے لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ نازل ہوئی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ پر ایک آیت اتاری گئی ہے جو مجھے روئے زمین سے زیادہ محبوب ہے پھر آپ نے یہ آیت پڑھ کر سنائی صحابہؓ آپ کو مبارکباد دینے لگے اور کہا حضور! یہ تو ہوئی آپ کے لئے ہمارے لئے کیا ہے؟ اس پر یہ آیت لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ سے عَظِيْمًا تک نازل ہوئی (بخاری و مسلم) حضرت مجمع بن حارثہ انصاری رضی اللہ عنہ جو قاریٔ قرآن تھے فرماتے ہیں حدیبیہ سے ہم واپس آ رہے تھے جو میں نے دیکھا کہ لوگ اونٹوں کو بھگائے لئے جا رہے ہیں پوچھا کیا بات ہے؟ معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر کوئی وحی نازل ہوئی ہے تو ہم لوگ بھی اپنے اونٹوں کو دوڑاتے ہوئے سب کے ساتھ پہنچے آپ اس وقت کراع الغمیم میں تھے جب سب جمع ہو گئے تو آپ نے یہ سورت تلاوت کر کے سنائی تو ایک صحابی نے کہا یا رسول اللہ کیا یہ فتح ہے؟ آپ نے فرمایا ہاں قسم اس کی جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے یہ فتح ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں، حدیبیہ سے

besturdubooks.wordpress.com

آتے ہوئے ایک جگہ رات گذارنے کے لئے ہم اترے سو گئے تو ایسے سوئے کہ سورج نکلنے کے بعد جاگے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی سوئے ہوئے ہیں ہم نے کہا آپ کو جگانا چاہئے جو آپ خود جاگ گئے اور فرمانے لگے جو کچھ کیا کرتے تھے کرو اور اسی طرح کرے جو سو جائے یا بھول جائے اسی سفر میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی کہیں گم ہوگئی ہم ڈھونڈنے کو نکلے تو دیکھا کہ ایک درخت میں نکیل اٹک گئی ہے اور وہ رکی کھڑی ہے۔ اسے پکڑ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لائے آپ سوار ہوئے اور ہم نے کوچ کیا۔ ناگہاں راستے میں ہی آپ پر وحی آنے لگی۔ وحی کے وقت آپ پر بہت دشواری ہوتی تھی' جب وحی ہٹ گئی تو آپ نے ہمیں بتلایا کہ آپ پر سورۂ انا فتحنا الخ اتری ہے (ابوداؤد' نسائی' مسند وغیرہ) (تفسیر ابن کثیر)

سورۃ الفتح مدنیۃ وھی تسع وعشرون آیۃ وأربع رکوعات

سورۂ فتح مدینہ میں نازل ہوئی اس کی اُنتیس آیتیں اور چار رکوع ہیں

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

﴿شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے﴾

إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا ①

ہم نے فیصلہ کر دیا تیرے واسطے صریح فیصلہ

سورۃ کے مضامین کا خلاصہ:

اس سورۃ کی مختلف آیات میں متعدد واقعات کی طرف اشارہ ہے۔ بغرض سہولت فہم ان کو مختصراً یہاں لکھ دینا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ (الف) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ میں خواب دیکھا کہ ہم مکہ میں امن وامان کے ساتھ داخل ہوئے اور عمرہ کر کے حلق وقصر کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ خواب صحابہ سے بیان فرمایا۔ گو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدت کی تعیین نہیں فرمائی تھی مگر شدت اشتیاق سے اکثروں کا خیال اس طرف گیا کہ امسال عمرہ میسر ہوگا۔ اور اتفاقاً آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا قصد بھی عمرہ کا ہوگیا (ب) آپ صلی اللہ علیہ وسلم تقریباً ڈیڑھ ہزار آدمیوں کو ہمراہ لے کر بغرض عمرہ مکہ کی طرف روانہ ہوئے اور "ھدی" بھی آپ کے ساتھ تھی یہ خبر مکہ پہنچی تو قریش نے بہت سا مجمع کر کے اتفاق کر لیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مکہ میں نہ آنے دیں گے حالانکہ ان کے ہاں حج وعمرہ سے دشمن کو بھی روکا نہیں جاتا تھا بہر حال حدیبیہ پہنچ کر جو مکہ سے قریب ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی بیٹھ گئی اور کسی طرح اٹھنے کا نام نہ لیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حبسها حابس الفيل اور فرمایا کہ خدا کی قسم اہل مکہ مجھ سے جس بات کا مطالبہ کریں گے جس میں حرمات اللہ کی تعظیم قائم رہے میں منظور کروں گا آخر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہیں قیام فرمایا (اس مقام کو آج کل "شمسیہ" کہتے ہیں (ج) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ والوں کے پاس قاصد بھیجا کہ ہم لڑنے نہیں آئے ہم کو آنے دو عمرہ کر کے چلے جائیں گے جب اس کا کچھ جواب نہ ملا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو وہ ہی پیام دے کر بھیجا اور بعض مسلمان مرد وعورت جو مکہ میں مغلوب ومظلوم تھے ان کو بشارت پہنچائی کہ اب عنقریب مکہ میں اسلام غالب ہو جائے گا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو قریش نے روک لیا ان کی واپسی میں جو دیر لگی یہاں یہ خبر مشہور ہوگئی کہ حضرت عثمان قتل کر دیئے گئے اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خیال سے کہ شاید لڑائی کا موقع ہو جائے سب صحابہ سے ایک درخت کے نیچے بیٹھ کر جہاد کی بیعت لی۔ جب قریش نے بیعت کی خبر سنی ڈر گئے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو واپس بھیج دیا (د) پھر مکہ کے چند رؤسا بغرض صلح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور صلح نامہ لکھنا قرار پایا اس سلسلہ میں بعض امور پر بحث وتکرار بھی ہوئی اور مسلمانوں کو غصہ اور جوش آیا کہ تلوار سے معاملہ ایک طرف کر دیا جائے لیکن آخر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ والوں کے اصرار کے موافق سب باتیں منظور فرمالیں اور مسلمانوں نے بھی بے انتہا ضبط وتحمل سے کام لیا اور صلح نامہ تیار ہو گیا جس میں ایک شرط کفار کی طرف سے یہ تھی کہ آپ اس سال واپس چلے جائیے اور سال آئندہ غیر مسلح آ کر عمرہ کر لیجئے اور یہ کہ فریقین میں دس سال تک لڑائی نہ ہوگی۔ اس مدت میں جو مرد ہمارے ہاں سے تمہارے پاس جائے اسے آپ اپنے پاس نہ رکھیں اور جو تمہارا آدمی ہمارے ہاں آئے گا ہم واپس نہ کریں گے صلح کا تمام معاملہ طے ہو جانے پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے "حدیبیہ" ہی میں ھدی کا جانور ذبح کیا اور حلق وقصر کر کے احرام کھول دیا اور مدینہ کی طرف روانہ ہوگئے (ہ) راستہ ہی میں یہ سورۃ "الفتح" نازل ہوئی اور یہ سب واقعہ اواخر ۶ھ میں پیش آیا۔ (و) حدیبیہ سے واپس تشریف لا کر اوائل ۷ھ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر فتح کیا جو مدینہ سے شمالی جانب چار منزل پر شام کی سمت یہود کا ایک شہر تھا۔ اس حملہ میں کوئی شخص ان صحابہ کے علاوہ شریک نہ تھا۔ جو حدیبیہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھے (ز) سال آئندہ یعنی ذیقعدہ ۷ھ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم حسب معاہدہ عمرۃ القضا کے لئے تشریف لے گئے اور امن وامان کے ساتھ مکہ پہنچ کر عمرہ ادا فرمایا۔ (ح) عہد نامہ میں جو دس سال تک لڑائی بند رکھنے کی شرط تھی قریش نے نقض عہد کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ پر چڑھائی کر دی اور رمضان ۸ھ میں اس کو فتح کر لیا۔ (تفسیر عثمانی)

لِّيَغْفِرَ لَكَ اللَّهُ مَا تَقَدَّمَ مِن

تا معاف کرے تجھ کو اللہ جو آگے ہو چکے

besturdubooks.wordpress.com

ذَنۡبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ

تیرے گناہ اور جو پیچھے رہے☆

صلح حدیبیہ، فتوحات کا دیباچہ

☆ ''حدیبیہ'' کی صلح بظاہر ذلت و مغلوبیت کی صلح نظر آتی ہے اور شرائط صلح پڑھ کر بادی النظر میں یہی محسوس ہوتا ہے کہ تمام جھگڑوں کا فیصلہ کفار قریش کے حق میں ہوا۔ چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور دوسرے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین بھی صلح کی ظاہری سطح دیکھ کر سخت محزون و مضطرب تھے وہ خیال کرتے تھے کہ اسلام کے چودہ پندرہ سو سرفروش سپاہیوں کے سامنے قریش اور ان کے طرف داروں کی جمعیت کیا چیز ہے کیوں تمام نزاعات کا فیصلہ تلوار سے نہیں کر دیا جاتا مگر رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آنکھیں ان احوال و نتائج کو دیکھ رہی تھیں جو دوسروں کی نگاہوں سے اوجھل تھے اور اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سینہ سخت سے سخت ناخوشگوار واقعات پر تحمل کرنے کے لئے کھول دیا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بے مثال استغناء اور توکل و تحمل کے ساتھ ان کی ہر شرط قبول فرماتے رہے اور اپنے اصحاب کو الله ورسوله اعلم کہہ کر تسلی دیتے رہے یعنی اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتا ہے تا آنکہ یہ سورۃ نازل ہوئی اور خداوند قدوس نے اس صلح اور فیصلہ کا نام فتح مبین رکھا۔ لوگ اس پر بھی تعجب کرتے کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا یہ فتح ہے فرمایا ہاں بہت بڑی فتح۔ حقیقت یہ ہے کہ صحابہؓ کی بیعت جہاد اور معمولی چھیڑ چھاڑ کے بعد کفار معاندین کا مرعوب ہو کر صلح کی طرف جھکنا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا باوجود جنگ اور انتقام پر کافی قدرت رکھنے کے ہر موقع پر اغماض اور عفو و درگزر سے کام لینا اور محض تعظیم بیت اللہ کی خاطر ان کے بے ہودہ مطالبات پر قطعاً برافروختہ نہ ہونا۔ یہ واقعات ایک طرف اللہ کی خصوصی مدد و رحمت کے استجلاب کا ذریعہ بنتے تھے اور دوسری جانب دشمنوں کے قلوب پر اسلام کی اخلاقی اور روحانی طاقت اور پیغمبر اسلام کی شان پیغمبری کا سکہ بٹھلا رہے تھے گو عہد نامہ لکھتے وقت ظاہر بینوں کو کفار کی جیت نظر آتی تھی لیکن ٹھنڈے دل سے فرصت میں بیٹھ کر غور کرنے والے خوب سمجھتے تھے کہ فی الحقیقت تمام تر فیصلہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں ہو رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کا نام فتح مبین رکھ کر متنبہ کر دیا ہے کہ یہ صلح اس وقت بھی فتح ہے اور آئندہ کے لئے بھی آپ کے حق میں بے شمار فتوحات ظاہری و باطنی کا دروازہ کھولتی ہے۔ اس صلح کے بعد کافروں اور مسلمانوں کے باہم اختلاط اور بے تکلف ملنے جلنے کا موقع ہاتھ آیا کفار مسلمانوں کی زبان سے اسلام کی باتیں سنتے اور ان مقدس مسلمانوں کے احوال و اطوار کو دیکھتے تو خود بخود ایک کشش اسلام کی طرف ہوتی تھی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ صلح ''حدیبیہ'' سے فتح مکہ تک یعنی تقریباً دو سال کی مدت میں اتنی کثرت سے لوگ مشرف باسلام ہوئے کہ کبھی اس قدر نہ ہوئے تھے۔ خالد بن الولید اور عمرو بن العاص جیسے نامور صحابہؓ اسی دوران میں اسلام کے حلقہ بگوش بنے۔ یہ جسموں کو نہیں دلوں کو فتح کر لینا اس صلح حدیبیہ کی عظیم ترین برکت تھی۔ اب جماعت اسلام چاروں طرف اس قدر پھیل گئی اور اتنی بڑھ گئی تھی کہ مکہ معظمہ کو فتح کر کے ہمیشہ کے لئے شرک کی گندگی سے پاک کر دینا بالکل سہل ہو گیا۔ ''حدیبیہ'' میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ صرف ڈیڑھ ہزار جانباز تھے لیکن دو برس کے بعد مکہ معظمہ کی فتح عظیم کے وقت دس ہزار کا لشکر جرار آپ کے ہم رکاب تھا۔ سچ تو یہ ہے کہ نہ صرف فتح مکہ اور فتح خیبر، بلکہ آئندہ کی کل فتوحات اسلامیہ کے لئے صلح حدیبیہ بطور اساس و بنیاد اور زریں دیباچہ کے تھی۔ اور اس تحمل و توکل اور تعظیم حرمات اللہ کی بدولت جو صلح کے سلسلہ میں ظاہر ہوئی۔ جن علوم و معارف قدسیہ اور باطنی مقامات اور مراتب کا فتح باب ہوا ہو گا اس کا اندازہ کون کر سکتا ہے۔ ہاں تھوڑا سا اجمالی اشارہ حق تعالیٰ نے ان آیتوں میں فرمایا ہے۔ یعنی جیسے سلاطین دنیا کسی بہت بڑے فاتح جنرل کو خصوصی اعزاز و اکرام سے نوازتے ہیں خدا وند قدوس نے اس فتح مبین کے صلہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو چار چیزوں سے سرفراز فرمایا جن میں پہلی چیز ''غفران ذنوب'' ہے (ہمیشہ سے ہمیشہ تک کی سب کوتاہیاں جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مرتبہ رفیع کے اعتبار سے کوتاہی سمجھی جائیں بالکلیہ معاف ہیں) یہ بات اللہ تعالیٰ نے اور کسی بندہ کے لئے نہیں فرمائی مگر حدیث میں آیا ہے کہ اس آیت کے نزول کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس قدر عبادت اور محنت کرتے تھے کہ راتوں کو کھڑے کھڑے پاؤں سوج جاتے تھے اور لوگوں کو دیکھ کر رحم آتا تھا صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین عرض کرتے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس قدر محنت کیوں کرتے ہیں اللہ تعالیٰ تو آپ کی سب اگلی پچھلی خطائیں معاف فرما چکا فرماتے ''افلا اکون عبداً شکورا'' (تو کیا میں اس کا شکر گزار بندہ نہ بنوں) ظاہر ہے اللہ تعالیٰ بھی ایسی بشارت اسی بندہ کو سنائیں گے جو سن کر نڈر نہ ہو جائے بلکہ اور زیادہ خدا تعالیٰ سے ڈرنے لگے۔ شفاعت کی طویل حدیث میں ہے کہ جب مخلوق جمع ہو کر حضرت مسیح علیہ السلام کے پاس جائے گی تو وہ فرمائیں گے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤ جو خاتم النبیین ہیں اور جن کی اگلی پچھلی سب خطائیں اللہ تعالیٰ معاف کر چکا ہے (یعنی اس مقام شفاعت میں اگر بالفرض کوئی تقصیر بھی ہو جائے تو وہ بھی عفو عام کے تحت پہلے ہی آ چکی بجز ان کے اور کسی کا یہ کام نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اگلے اور پچھلے گناہوں کا مطلب: عطاء خراسانی نے کہا ماتقدم

besturdubooks.wordpress.com

سے مراد ہیں حضرت آدمؑ اور حضرت حواؑ کی غلطیاں ما تاخر سے مراد ہیں امت کے گناہ یعنی آپ کی برکت سے اللہ آدم وحوا کی غلطیاں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاء سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے گناہ معاف کر دے۔ (تفسیر مظہری)

وَيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ
اور پورا کر دے تجھ پر اپنا احسان ☆

اتمام انعامات ☆ یعنی صرف تقصیرات سے درگزر نہیں بلکہ جو کچھ ظاہری و باطنی اور مادی و روحی انعام و احسان اب تک ہو چکے ہیں ان کی پوری تکمیل و تتمیم کی جائے گی۔ (تفسیر عثمانی)

وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا ۝
اور چلائے تجھ کو سیدھی راہ ☆

راہ ہدایت میں ترقی ☆ یعنی تجھ کو ہدایت اور استقامت کی سیدھی راہ پر ہمیشہ قائم رکھے گا معرفت وشہود کے غیر محدود مراتب پر فائز ہونے اور ابدان وقلوب پر اسلام کی حکومت قائم کرنیکی راہ میں تیرے لئے کوئی رکاوٹ حائل نہ ہو سکے گی ۔لوگ جوق در جوق تیری ہدایت سے اسلام کے سیدھے راستہ پر آئیں گے۔اور اسطرح تیرے اجور وحسنات کے ذخیرہ میں بے شمار اضافہ ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

وَيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيزًا ۝
اور مدد کرے تیری اللہ زبردست مدد ☆

بے مثال مدد ☆ یعنی اللہ کی ایسی مدد آئے گی جسے کوئی نہ روک سکے گا نہ دبا سکے گا۔ اور اسی کی مدد سے فتح وظفر تیرے قدموں کے ساتھ ساتھ ہوگی۔ سورہ 'نصر' میں فرمایا کہ جب خدا کی طرف سے مدد اور فتح آ جائے اور لوگ دین الٰہی میں فوج در فوج داخل ہونے لگیں تو اللہ کی تسبیح وتحمید اور اس سے استغفار کیجئے۔ ظاہر ہے کہ اس فتح مبین پر بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے استغفار کیا ہوگا تو اس کے جواب میں " لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ " الخ کا مضمون اور بھی زیادہ صاف ہو جاتا ہے۔نبہ علیہ ابن جریر رحمہ اللہ تعالیٰ۔ (تفسیر عثمانی)

نَصْرًا عَزِيزًا ۔جس میں عزت ہی عزت ہے۔ یعنی جس کی وجہ سے وہ شخص عزت یاب ہو جائے جس کی نصرت کی گئی ہو۔اصل میں عزت پانے والا وہ شخص ہوتا ہے جس کی مدد کی جائے نصرت کو عزت والا قرار دینا بطور مبالغہ ہے یا عزیز اسے مراد ہے ایسی نصرت جس میں غلبہ اور قوت ہو۔ (تفسیر مظہری)

هُوَ الَّذِي أَنْزَلَ السَّكِينَةَ فِي قُلُوبِ
وہی ہے جس نے اتارا اطمینان دل میں

الْمُؤْمِنِينَ لِيَزْدَادُوا إِيمَانًا مَّعَ إِيمَانِهِمْ
ایمان والوں کے تا کہ اور بڑھ جائے اُنکو ایمان اپنے ایمان کے ساتھ ☆

نزول اطمینان ☆ اطمینان اتارا یعنی باوجود خلاف طبع ہونے کے رسول کے حکم پر جمے رہے ضدی کافروں کیساتھ ضد نہیں کرنے لگے اس کی برکت سے ان کے ایمان کا درجہ بڑھا اور مراتب عرفان و ایقان میں ترقی ہوئی انہوں نے اول بیعت جہاد کر کے ثابت کر دیا تھا کہ ہم اللہ کی راہ میں لڑنے مرنے کے لئے تیار ہیں یہ ایمان کا ایک رنگ تھا اسکے بعد جب پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مسلمانوں کے جذبات کے خلاف اللہ کے حکم سے صلح منظور کر لی تو ان کے ایمان کا دوسرا رنگ یہ تھا کہ اپنے پر جوش جذبات و عواطف کو زور سے دبا کر اللہ و رسول کے فیصلہ کے آگے گردن انقیاد خم کر دی۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم ورضوا عنہ۔ (تفسیر عثمانی)

ایمان بڑھنے کا مطلب: ضحاک نے کہا (پہلے) یقین کے ساتھ (تازہ) یقین یعنی عقیدہ کا جماؤ اور دل کا اطمینان کلبی نے کہا' ایسا حدیبیہ میں ہوا تھا جب کہ اللہ نے اپنے رسول کے خواب کو سچ کر دکھایا۔

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا اللہ نے اپنے رسول کو لا الہ الا اللہ کی شہادت دینے (اور لوگوں کو اس کی تعلیم دینے) کے لئے بھیجا جب لوگوں نے اس کی تصدیق کر دی اور ایمان لے آئے تو پھر نماز کی فرضیت کا اضافہ کر دیا پھر زکوٰۃ پھر روزہ پھر حج پھر جہاد کا مزید حکم دیا پھر ان کے دین کو (پورے احکام دے کر) مکمل کر دیا اس طرح جو حکم مزید آتا تھا اور لوگ اس کی تصدیق کرتے تھے تو ان کے ایمان میں اضافہ ہوتا جاتا تھا۔ (تفسیر مظہری)

وَلِلّٰهِ جُنُودُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ
اور اللہ کے ہیں سب لشکر آسمانوں کے اور زمین کے
وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ۝
اور اللہ ہے خبردار حکمت والا ☆

حالات واحکام کی حکمت اللہ ہی جانتا ہے

☆ یعنی وہ ہی جانتا ہے کہ کس وقت قتال کا حکم دینا تمہارے لئے مصلحت ہے اور کس موقع پر قتال سے باز رکھنا اور صلح کرنا حکمت ہے تم کو اگر قتال کا حکم ہو تو کبھی کفار کی کثرت کا خیال کر کے پس وپیش نہ کرنا کیونکہ آسمان وزمین کے لشکروں کا مالک وہ ہی ہے جو تمہاری قلت کے باوجود اپنے غیبی لشکروں سے

besturdubooks.wordpress.com

مدد کر سکتا ہے جیسے "بدر" "احزاب" اور "حنین" وغیرہ میں کی۔ اور اگر صلح کرنے اور قتال سے رکنے کا حکم دے تو اسی کی تعمیل کرو۔ یہ خیال نہ کرنا کہ افسوس صلح ہوگئی اور کفار بچ نکلے ان کو سزا نہ ملی اگر قتال کا حکم ہوجاتا تو ہم ان کو ہلاک کرڈالتے۔ کیونکہ ان کا ہلاک ہونا کچھ تم پر موقوف نہیں ہم چاہیں تو اپنے دوسرے لشکروں سے ہلاک کرسکتے ہیں۔ بہرحال زمین و آسمان کے لشکروں کا مالک اگر صلح کا حکم دے گا تو ضرور اسی میں بہتری اور حکمت ہوگی۔ (تفسیر عثمانی)

لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ

تا کہ پہنچادے ایمان والے مردوں کو اور ایمان والی عورتوں کو باغوں میں

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

نیچے بہتی ہیں اُن کے نہریں ہمیشہ رہیں

فِيْهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ۭ

اُن میں اور اتار دی اُن پر سے اُن کی بُرائیاں ☆

صحابہ کیلئے انعام ☆ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم "انا فتحنا لک فتحاً مبیناً" الخ پڑھ کر صحابہ کو سنائی تو انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں مبارک باد عرض کی اور کہا "یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہوا ہمارے لئے کیا ہے" اس پر یہ آیتیں نازل ہوئیں یعنی اللہ نے اطمینان و سکینہ اتار کر مومنین کا ایمان بڑھایا تا انہیں نہایت اعزاز و اکرام کے ساتھ جنت میں داخل کرے اور انکی برائیوں اور کمزوریوں کو معاف فرمادے۔ حدیث میں ہے کہ جن اصحاب نے حدیبیہ میں بیعت کی ان میں سے ایک بھی دوزخ میں داخل نہ ہوگا۔ (تنبیہ) مومنات کا ذکر تعمیم کے لئے ہے یعنی مرد ہو یا عورت کسی کی محنت اور ایمانداری ضائع نہیں جاتی احادیث سے ثابت ہے کہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا اس سفر میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝

اور یہ ہے اللہ کے یہاں بڑی مراد ملنی ☆

نقال صوفیوں کی تردید ☆ بعض نقال صوفی یا کوئی مغلوب الحال بزرگ کہہ دیا کرتے ہیں کہ جنت طلب کرنا ناقصوں کا کام ہے یہاں سے معلوم ہوا کہ اللہ کے ہاں یہ ہی بڑا کمال ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَّيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ

اور تا کہ عذاب کرے دغاباز مردوں کو اور دغاباز عورتوں کو

وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ

اور شرک والے مردوں اور شرک والی عورتوں کو ☆

منافقوں اور مشرکوں کے لئے سزا ☆ یعنی مومنین کے دلوں پر صلح کی طرف سے اطمینان پیدا کر کے اسلام کی جڑ مضبوط کردی اور اسلامی فتوحات و ترقیات کا دروازہ کھول دیا جو انجام کار سبب ہے، کافروں اور منافقوں پر مصیبت ٹوٹنے اور ان کو پوری طرح سزا ملنے کا۔ (تفسیر عثمانی)

الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ۭ

جو اٹکلیں کرتے ہیں اللہ پر بُری اٹکلیں ☆

منافقوں کی اٹکلیں ☆ "بری اٹکلیں" یہ کہ مدینہ سے چلتے وقت منافق (بجز ایک جد بن قیس کے) مسلمانوں کے ساتھ نہیں آئے، بہانے کرکے بیٹھ رہے۔ دل میں سوچا کہ مڈبھیڑ ضرور ہوکر رہے گی یہ مسلمان لڑائی میں تباہ ہوں گے ایک بھی زندہ واپس نہ آئے گا کیونکہ وطن سے دور، فوج کم، اور دشمن کا دیس ہوگا ہم کیوں ان کے ساتھ اپنے کو ہلاکت میں ڈالیں اور کفار مکہ نے یہ خیال کیا کہ مسلمان بظاہر "عمرے" کے نام سے آرہے ہیں اور فریب ودغا سے چاہتے ہیں کہ مکہ معظمہ ہم سے چھین لیں۔ (تفسیر عثمانی)

عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ

اُنہی پر پڑے پھیر مصیبت کا ☆

ان کی پیش بندیاں بیکار ہیں ☆ یعنی زمانہ کی گردش اور مصیبت کے چکر میں آکر رہیں گے کہاں تک احتیاطیں اور پیش بندیاں کریں گے۔ (تفسیر عثمانی)

دوسرا مطلب: مسلمانوں کے متعلق جو ان کا گمان ہے اور مسلمانوں کی تباہی کے وہ منتظر ہیں اس بدگمانی اور امید ہلاکت کا چکر انہیں پر پڑے گا۔

وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ

اور غصہ ہوا اللہ اُن پر اور لعنت کی اُن کو

وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ۭ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝

اور تیار کی اُن کے واسطے دوزخ اور بُری جگہ پہنچے

وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ

اور اللہ کے ہیں سب لشکر آسمانوں کے اور زمین کے اور ہے

besturdubooks.wordpress.com

اللّٰهُ عَزِيزًا حَكِيمًا ﴿٧﴾

اللہ زبردست حکمت والا ☆

حکمت خداوندی کو کمزوری نہ سمجھو ☆یعنی وہ سزا دینا چاہے تو کون بچا سکتا ہے۔ خدائی لشکر ایک لمحہ میں پیس کر رکھ دے مگر وہ زبردست ہونے کے ساتھ حکمت والا بھی ہے حکمت الٰہی مقتضی نہیں کہ فوراً ہاتھوں ہاتھ ان کا استیصال کیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

وَلِلّٰهِ جُنُودُ السَّمٰوٰتِ الخ یعنی اللہ ہی کے قبضہ میں ہیں سارے جہان کے لشکر پس وہ اپنے نبی اور مؤمنوں کے دشمنوں کے سازشوں کو جس طرح چاہے گا دفع کر دے گا اور وہی سب پر غالب ہے اس لئے اس کے عذاب کو کافروں سے کوئی دور نہیں کر سکتا۔ اور وہی حکمت والا ہے جس طرح چاہتا ہے انتظام وتدبیر کرتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

إِنَّا أَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا

ہم نے تجھ کو بھیجا احوال بتانے والا اور خوشی

وَّنَذِيرًا ﴿٨﴾

اور ڈر سنانیوالا ☆

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا کام

یعنی آپ اللہ کے فرمانبرداروں کو خوشی اور نافرمانوں کو ڈر سناتے ہیں اور خود اپنے احوال بتلاتے ہیں جیسے "اِنَّا فَتَحْنَا" سے یہاں تک تینوں قسم کے مضامین آچکے اور آخرت میں بھی اپنی امت پر نیز انبیاء علیہم السلام کے حق میں گواہی دیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

تمام امت کے تمام اعمال پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم گواہی دیں گے

یہ گواہی تمام اُمت کے اعمال طاعات وسیئات پر ہوگی کیونکہ بعض روایات کے مطابق اُمت کے اعمال صبح شام رسول اللہ کے سامنے فرشتے پیش کرتے ہیں اسلئے آپ تمام اُمت کے اعمال سے باخبر ہونگے (ذکرہ القرطبی عن سعید بن المسیبؒ) (معارف مفتی اعظم)

لِّتُؤْمِنُوا بِاللّٰهِ وَرَسُولِهِ وَتُعَزِّرُوهُ

تاکہ تم لوگ یقین لاؤ اللہ پر اور اُس کے رسول پر اور اسکی مدد کرو

وَتُوَقِّرُوهُ ط

اور اسکی عظمت رکھو ☆

اللہ اور رسول اللہ کی مدد کرو

"تُعَزِّرُوْهُ" اور "تُوَقِّرُوْهُ" کی ضمیریں اگر اللہ کی طرف راجع ہوں تو اللہ کی مدد کرنے سے مراد اس کے دین اور پیغمبر کی مدد کرنا ہے اور اگر رسول کی طرف سے راجع ہوں تو پھر کوئی اشکال نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَتُسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَّأَصِيلًا ﴿٩﴾

اور اُس کی پاکی بولتے رہو صبح اور شام ☆

☆یعنی اللہ کی پاکی بیان کرتے رہو۔ خواہ نمازوں کے ضمن میں یا نمازوں سے باہر۔ (تفسیر عثمانی)

إِنَّ الَّذِينَ يُبَايِعُونَكَ إِنَّمَا

تحقیق جو لوگ بیعت کرتے ہیں تجھ سے وہ

يُبَايِعُونَ اللّٰهَ ط يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ أَيْدِيهِمْ ج

بیعت کرتے ہیں اللہ سے اللہ کا ہاتھ ہے اُوپر اُن کے ہاتھ کے ☆

حضور کے ہاتھ میں بیعت گویا اللہ سے بیعت ہے

☆لوگ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر بیعت کرتے تھے اس کو فرمایا کہ نبی کے ہاتھ پر بیعت کرنا گویا خدا سے بیعت کرنا ہے کیونکہ حقیقت میں نبی خدا ہی کی طرف سے بیعت لیتا ہے اور اسی کے احکام کی تعمیل وتاکید بیعت کے ذریعہ سے کراتا ہے فہذا کما قال مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ (نساء رکوع ۱۱) وکما قال "وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى" (انفال رکوع ۲) جب بیعت نبوی کی حقیقت یہ ہوئی تو یقیناً خدا تعالیٰ کا دست شفقت وحمایت ان کے ہاتھوں کے اوپر ہوگا۔

مشائخ طریقت کی بیعت

(تنبیہ) حضور صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ سے کبھی اسلام پر کبھی جہاد پر کبھی کسی دوسرے امر خیر پر بیعت لیتے تھے۔ صحیح مسلم میں "وعلی الخیر" کا لفظ آیا ہے مشائخ طریقت کی بیعت اگر بطریق مشروع ہو تو اسی لفظ کے تحت میں مندرج ہوگی "حدیبیہ" میں اس بات پر بیعت لی گئی کہ مرتے دم تک میدان جہاد سے نہیں بھاگیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَکَ ۔ یعنی اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم حدیبیہ میں جو آپ کے ہاتھ پر یہ بیعت (معاہدہ) کر رہے ہیں کہ میدان جنگ سے فرار نہیں کریں گے اور اس وقت تک لڑتے رہیں گے کہ فتح یاب ہوں یا مارے جائیں۔

یَدُاللّٰہ کے اوپر ہونے کا مطلب:

اوپر کی آیت میں جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کو اللہ کی بیعت قرار دیا اور بیعت کا مشہور معنی ہاتھ پر ہاتھ رکھنے کا ہی تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی لوگوں سے اسی طرح بیعت لی تھی تو گویا اللہ کے ہاتھ کا (بوقت بیعت) ان کے ہاتھ پر ہونے کا تخیل پیدا ہو گیا۔

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا' اللہ نے جو اُن سے خیر کا وعدہ کیا تھا اس کو پورا کرنے والا اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھوں پر تھا۔ میں کہتا ہوں' جب ید اللہ سے (بقول حضرت ابن عباسؓ) ایفائے وعدہ کا ہاتھ مراد ہوگا تو اس وقت ید اللہ' اللہ کی ایک خاص صفت قرار پائے گی جس کی کیفیت نا قابل تصور ہے۔

کلبی نے کہا ید اللہ یعنی اللہ کی طرف سے ہدایت کی نعمت فوق ایدیھم یعنی انہوں نے جو بیعت کی تھی مطلب یہ کہ انہوں نے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی اس سے بالاتر اللہ نے ہدایت کی نعمت ان کو عطا کی۔

واقعہ حدیبیہ کی تفصیلات

عبد بن حمید اور ابن جریر نے بروایت مجاہد و قتادہ اور بیہقی نے صرف مجاہد کی روایت سے اور ابن جریر نے ابن یزید اور محمد بن عمرو کے حوالہ سے بیان کیا کہ حدیبیہ کو روانگی سے پہلے مدینہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ امن کے ساتھ مکہ میں داخل ہوئے ہیں۔ کچھ لوگوں کے سر منڈے ہوئے ہیں اور کچھ نے بال کتروالئے ہیں اسی حالت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کعبہ کی کنجی لے لی اور بیت اللہ میں داخل ہوگئے۔ **کذا قال البغوی و محمد بن یوسف الصُّنا لَجِیْ فِی سبیل الرشاد۔**

جنگ کی تیاری اور روانگی: ابن سعید اور محمد بن عمر وغیرہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آس پاس کے صحرا نشین لوگوں کو اور (دوسرے) عربوں کو اپنے ساتھ نکل چلنے کی ترغیب دی لیکن آپ کو اندیشہ لگا ہوا تھا کہ قریش ضرور تعرض کریں گے اور کعبہ تک پہنچنے میں رکاوٹ ڈالیں گے۔ (آپ کی طلب کے باوجود) بکثرت بادیہ نشین لوگ نہیں آئے۔

امام احمدؒ' بخاری' عبد بن حمید' ابوداؤد اور نسائی وغیرہ نے بروایت زہری بیان کیا اور محمد بن اسحاق نے بروایت زہری از عروہ از مسعور بن مخرمہ اور مروان بن حکم بیان کیا کہ (حدیبیہ کو روانہ ہونے سے پہلے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے گھر کے اندر جا کر غسل کیا' پھر صحابہؓ کے بنے ہوئے دو کپڑے (چادر اور لنگی) پہنے پھر دروازے کے پاس سے ہی قصوی اونٹنی پر سوار ہوئے۔ حضرت ام سلمیٰ کو ساتھ لیا ام منیع' اسماء بنت عمرو اور ام عمارہ اشہلیہ بھی آپ کے ساتھ تھیں۔ مہاجرین' انصار اور دوسرے عرب بھی آپ کے ساتھ آ کر مل گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خواب کی وجہ سے کسی کو فتح میں شک بھی نہیں تھا۔ ان حضرات کے پاس تلواروں کے علاوہ اور اسلحہ بھی نہیں تھے اور تلواریں بھی نیاموں کے اندر تھیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کے جانور پہلے سے بھجوا دیئے تھے یکم ذوالقعدہ ۶ھ بروز دوشنبہ مدینہ سے روانہ ہوئے دوپہر کو ذوالحلیفہ میں پہنچ کر ظہر کی نماز پڑھی قربانی کے لئے ستر اونٹ تھے سب کو جھولیں پہنائی گئیں اور ان میں سے چند کو قبلہ رخ کھڑا کر کے دائیں پہلوں پر خود زخم لگائے (اشعار کیا) اور باقی اونٹوں کو اشعار کرنے کا حکم ناجیہ بن جندب کو دیا اور ایک ایک جوتہ (قربانی کے) ہر اونٹ کی گردن میں ڈال دیا۔ مسلمانوں نے اپنی اپنی قربانی کے اونٹوں کو اشعار کیا اور ان کی گردنوں میں ایک ایک جوتہ لٹکا دیا۔ مسلمانوں کے ساتھ دو سو گھوڑے بھی تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بشر بن سفیان کو (قریش کی خبریں معلوم کرنے کے لئے) بطور جاسوس پہلے بھیج دیا اور عباد بن بشر کو بیس سواروں کے ساتھ بطور ہراول آگے روانہ کر دیا۔ کہا جاتا ہے ہراول دستہ کا کمانڈر سعد بن زید اشہلی کو مقرر کیا تھا۔

عمرہ کا احرام باندھنا: پھر آپ نے دو رکعت نماز پڑھی اور ذوالحلیفہ کی مسجد کے دروازہ سے اونٹنی پر سوار ہوگئے اونٹنی قبلہ رخ تھی جب اونٹنی اٹھی تو آپ نے عمرہ کا احرام باندھ لیا تا کہ لوگوں کو یہ خطرہ نہ ہو کہ آپ لڑائی کے ارادہ سے روانہ ہوئے ہیں بلکہ سب کو یہ معلوم ہو جائے کہ آپ کا ارادہ کعبہ کی زیارت کا ہے۔

حضور نے لبیک کہی آپ کے احرام کے ساتھ ام المومنین حضرت ام سلمہؓ اور اکثر صحابہؓ نے بھی احرام باندھ لیا بعض صحابہؓ نے جحفہ پہنچ کر احرام باندھا آپ بیدار کے راستے سے چلے مکہ اور مدینہ کے درمیان قبائل بنی بکر' مزینہ اور جہینہ کی آبادیاں تھیں آپ کا گذر ان کی طرف سے ہوا تو آپ نے ان کو بھی چلنے کی ترغیب دی لیکن وہ اپنے مالی مشاغل میں مشغول رہے اور آپس میں ایک نے دوسرے سے کہا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو ایسے لوگوں سے لڑنے کے لئے لے جا رہے ہیں جو گھوڑوں اور ہتھیاروں کے لحاظ سے بالکل تیار ہیں۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے ساتھی سب لقمہ بن جائیں گے نہ کبھی محمد صلی اللہ علیہ وسلم لوٹ کر آئیں گے نہ ان کے ساتھی۔ یہ نہتے لوگ ہیں نہ ان کے پاس اسلحہ ہیں نہ ان کی کوئی (معقول) تعداد ہے نہ سروسامان۔ اسی سفر میں ایک واقعہ یہ ہوا کہ حضرت قتادہؓ نے جو احرام میں نہ تھے ایک گورخر شکار کیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اس کا کچھ حصہ پیش کیا۔ یہ واقعہ مقام ابواء کا ہے۔ سورۂ مائدہ کی تفسیر میں اس کی تفصیل گذر چکی ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

مقام جحفہ پر آنحضرت کا خطاب: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب جحفہ میں پہنچے تو ایک درخت کے نیچے پڑاؤ کا حکم دیا اور فروکش ہونے کے بعد لوگوں کو خطاب کیا اور فرمایا میں تمہارا پیش خیمہ (ہراول) بننے والا ہوں اور تمہارے لئے دو چیزیں چھوڑ جاؤں گا اللہ کی کتاب اور اللہ کے نبی کی سنت اگر تم ان کو پکڑے رہو گے تو ہرگز گمراہ نہ ہوگے۔

اہل مکہ مشورہ اور لڑائی کی تیاری: (مکہ کے) مشرکوں کو جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روانگی کی اطلاع پہنچی تو انہوں نے جمع ہوکر باہم مشورہ کیا اور کہا محمد صلی اللہ علیہ وسلم زبردستی عمرہ کرنے کے لئے اپنے لشکر کو لے کر ہم پر آنا چاہتے ہیں عرب سنیں گے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم زبردستی ہم پر چڑھ آئے جب کہ ہمارے اور ان کے درمیان جو لڑائی ہے وہ سب کو معلوم ہے (تو ہماری کمزوری ظاہر ہوگی) ایسا ہرگز نہیں ہوگا۔ اس کے بعد دو سو سواروں کا کمانڈر بنا کر خالد بن ولید کو انہوں نے کراع الغمیم کو بھیجا خالد بن ولید مختلف قبائل کی ٹولیوں کو بھی ساتھ لے کر روانہ ہوگئے اور بنی ثقیف بھی ان کے ساتھ کھنچ کر آ گئے اس طرح سب لوگ بلدح کے مقام پر پہنچ گئے اور وہاں ڈیرے خیمے نصب کر دیئے عورتیں اور بچے بھی ان کے ساتھ تھے بلدح میں فوجی اجتماع ہوگیا سب نے اتفاق کر لیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جنگ کریں گے اور مکہ میں ان کو گھسنے نہیں دیں گے دس آدمیوں کو جاسوسی کے لئے پہاڑیوں پر مقرر کر دیا پہلا جاسوس دوسرے کو بطور اشارہ آواز سے کہتا تھا کہ محمد اب یہ کر رہے ہیں دوسرا تیسرے سے اور تیسرا چوتھے سے یہی کہتا تھا اس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہر نقل و حرکت کی قریش تک اطلاع پہنچ جاتی تھی۔

بشر بن سفیان کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع دینا

بشر بن سفیان جن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جاسوس مقرر کر کے بھیجا تھا مکہ سے لوٹ آئے اور عسفان کی عقب میں غدیر الاشطاط کے مقام پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملے اور عرض کیا قریش کو آپ کی روانگی کی اطلاع مل گئی وہ (مکہ) سے نکل آئے ہیں ان کے ساتھ نوزائیدہ بچے بھی ہیں۔ (اس وقت) وہ مقام ذی طویٰ میں فروکش ہیں اور سب نے خدا کی قسمیں کھا کر معاہدہ کر لیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی اندر گھسنے نہیں دیں گے خالد بن ولید کو انہوں نے کراع الغمیم کو پہلے بھیج دیا ہے یہ خبر سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا افسوس قریش کے حال پر۔ ان کو لڑائیاں کھا گئیں مجھے اگر عرب کے لئے یہ لوگ آزاد چھوڑ دیتے (اور میرے اور عرب کے معاملے میں دخل نہ دیتے) تو ان کا کیا نقصان ہو جاتا اگر عرب مجھ پر غالب آ جاتے تو ان کی مراد پوری ہو جاتی اور اگر اللہ مجھے عرب پر غالب کر دیتا تو یہ بھی (ہماری جماعت میں) داخل ہو جاتے اور تعداد کو بڑھا دیتے اور اگر وہ ایسا نہ بھی کرتے (مسلمانوں کی جماعت میں داخل ہوتے) تب بھی ان میں طاقت ہوتی اور وہ (دشمنوں سے) لڑ سکتے۔ قریش کا کیا خیال ہے خدا کی قسم میں ان سے اس دین کی بنیاد پر برابر جہاد کرتا رہوں گا جو مجھے اللہ نے عطا فرما کا بھیجا ہے یہاں تک کہ اللہ اس کو غالب کر دے یا یہ گردن تنہا رہ جائے۔

مسلمانوں کا باہم مشورہ: اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں (کے حلقہ) میں کھڑے ہوکر اول خدا کی حمد و ثنا کی پھر فرمایا امابعد اے گروہ اہل اسلام! مجھے مشورہ دو تمہاری کیا رائے ہے کیا میں ان لوگوں کے بال بچوں کی طرف اپنا رخ موڑ دوں اور ہم ان کو پکڑ لیں اس پر اگر (چپ ہوکر) یہ لوگ بیٹھ رہے تو بغیر انتقام لئے بیٹھ رہیں گے اور اگر ہمارے مقابلہ پر آئیں گے تو اللہ ان میں سے کچھ لوگوں کی گردن کاٹ دے گا یعنی ان میں کی ایک جماعت ماری جائے گی اور یا تمہاری یہ رائے ہے کہ ہم کعبہ (کی زیارت) کے ارادے سے چلیں پھر جو لوگ ہم کو کعبہ سے روکیں ہم اُن سے لڑیں۔ حضرت ابوبکرؓ نے کہا یا رسول اللہ آپ کعبہ کے ارادہ سے چلے ہیں آپ کا ارادہ نہ کسی سے قتال کرنے کا تھا نہ لڑنے کا لہٰذا آپ کعبہ کا رخ کیجئے اگر کسی نے ہم کو راستہ میں روکا تو ہم اس سے جنگ کریں گے۔ حضرت اسیدؓ بن حضیر نے حضرت ابوبکرؓ کے قول کی تائید کی۔ ابن ابی شیبہ کی روایت ہے کہ حضرت ابوبکرؓ کے کلام کے بعد حضرت مقداد بن اسود نے کہا یا رسول اللہ ہم آپ سے وہ بات نہیں کہیں گے جو بنی اسرائیل نے اپنے پیغمبر سے کہی تھی کہ تم جاؤ اور تمہارا رب جائے' دونوں جا کر لڑو ہم تو یہیں بیٹھے رہیں گے بلکہ ہم آپ سے یہ کہیں گے کہ آپ (بھی) جائیں آپ کا رب بھی جائے اور دونوں جا کر (مشرکوں سے) لڑیں ہم بھی آپ کی معیت میں لڑیں گے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو پھر بسم اللہ کہہ کر چل پڑو۔

صف بندیاں: خالد بن ولید اپنے سواروں کے ساتھ اتنے قریب آ گئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ ان کو دکھائی دینے لگے چنانچہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور قبلہ کے درمیان صف بندی کر دی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی عباد بن بشر کو آگے بڑھ کر صف بندی کرنے کا حکم دے دیا عباد نے بھی آگے بڑھ کر خالد کے مقابل اپنے سواروں کو صف بند کر دیا اتنے میں ظہر کی نماز کا وقت ہوگیا بلال نے آذان دی اور اقامت کہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کو نماز پڑھائی خالد نے کہا یہ لوگ غفلت کی حالت میں تھے اگر نماز میں ہم ان پر حملہ کر دیتے تو کامیاب ہو جاتے خیر ابھی ان کی دوسری نماز کا وقت آئے گا جو ان کو جان و اولاد سے زیادہ پیاری ہے (اس وقت حملہ کریں گے)۔

نمازِ خوف کا حکم: حضرت جبرائیلؑ ظہر اور عصر کے درمیان آیت وَاِذَا كُنْتَ فِيْهِمْ فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ فَلْتَقُمْ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ الخ لے کر آ گئے عصر کی نماز کا وقت ہوگیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (حسب مضمون آیت

besturdubooks.wordpress.com

صلوٰۃ خوف پڑھی اس کی تفصیل سورت نساء میں گزر چکی ہے۔

لڑائی سے احتراز: محمد بن عمر اور بزار نے معتبر قابل اعتماد راویوں کی سند سے حضرت ابوسعیدؓ خدری کا بیان نقل کیا ہے کہ شام ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دائیں طرف حمص کے سامنے کے راستے پر چلو کیونکہ خالد بن ولید دو اروں سمیت قریش کے ہراول کے طور پر کراع الغمیم میں موجود ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ پر بڑے مہربان تھے آپ خالد سے تصادم نہیں چاہتے تھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے حنظل والی گھاٹی سے کون واقف ہے بریدہ بن حصیب نے جواب دیا میں واقف ہوں۔

مسلم نے حضرت جابرؓ کی روایت سے اور ابونعیم نے حضرت ابوسعیدؓ کے حوالہ سے بیان کیا ہے کہ حدیبیہ کے سال ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے جب عسفان میں پہنچے تو پچھلی رات میں چل کر حنظل والی گھاٹی کے سامنے پہنچ گئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آج رات اس گھاٹی کی مثال اس دروازہ کی سی ہے جس میں داخل ہونے کا حکم اللہ نے بنی اسرائیل کو دیا تھا اور فرمایا تھا اُدْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُوْلُوْا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطٰيٰكُمْ الخ۔ آج رات اس گھاٹی کو جو شخص عبور کرے گا اللہ اس کی مغفرت فرما دے گا۔ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم کو اندیشہ ہے کہ قریش ہماری جلائی ہوئی آگ دیکھ لیں گے (یعنی جب گھاٹی میں ہم آگ جلائیں گے تو قریش ہم کو دیکھ لیں گے) فرمایا وہ تم کو ہرگز نہیں دیکھ سکیں گے۔

سب کی مغفرت: پھر فرمایا قسم ہے اس کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے تمام سواروں کو (یا سارے قافلے کو) سوا اس ایک شخص کے جو سرخ اونٹ پر سوار ہے بخش دیا گیا۔

ایک بدقسمت شخص: (لوگوں نے جستجو کی کہ وہ بدقسمت کون ہے جس کی مغفرت نہیں ہوئی تو معلوم ہوا کہ) وہ بنی ضمرہ کا ایک شخص ہے۔ حضرت جابرؓ کا بیان ہے کہ ہم نے اس شخص سے کہا چل ہم رسول اللہ سے درخواست کریں کہ تیرے لئے حضور دعاء مغفرت کر دیں کہنے لگا اگر میری گمشدہ اونٹنی مجھے مل جائے تو آپ لوگوں کے ساتھی کی دعاء سے مجھے زیادہ پسند ہے اسی اثناء میں جب ہم سرادع کے سامنے پہنچ گئے تو اس کی اونٹنی کا پاؤں پھسلا اور وہ گر کر مر گیا اور کسی کو معلوم بھی نہ ہوا جب تک درندوں نے اس کو کھا نہ لیا۔

حدیبیہ میں قیام: حضرت مسور بن مخرمہ اور مروان کی روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حدیبیہ کے قریب پہنچے تو آپ کی اونٹنی کا اگلا پاؤں زمین میں پڑ گیا (یعنی بیٹھ گئی) لوگوں نے کہا حل حل لیکن اونٹنی نے اٹھنے سے انکار کر دیا اور جمی بیٹھی رہی مسلمانوں نے کہا قصویٰ اڑ گئی حضور نے کہا قصویٰ اڑی نہیں ہے اور نہ یہ (اڑ کر بیٹھنا) اس کی عادت ہے بلکہ اس کو اسی نے روک رکھا ہے جس نے مکہ سے ہاتھیوں کو روکا تھا قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے آج قریش جس بات کا مجھ سے مطالبہ کریں گے بشرطیکہ اس میں حرامات خداوندی کی تعظیم ہو میں منظور کر لوں گا پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اونٹنی کو ڈانٹا اونٹنی فوراً اچھل کر کھڑی ہو گئی اس کے بعد حضور رخ موڑ کر چلے اور حدیبیہ کے آخری کنارہ پر جہاں تھوڑا سا پانی تھا پہنچ کر اتر پڑے۔

آنحضرت کا معجزہ: صحابہ کو خیال ہوا کہ پانی تھوڑا ہے لوگ اس کو (جلد) ختم کریں گے چنانچہ ایسا ہی ہوا لوگوں نے تھوڑی ہی دیر میں سارا پانی (اس تالاب یا کنویں) کا کھینچ کر ختم کر دیا کچھ لوگوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پانی کی قلت کی شکایت کی آپ نے فوراً اپنی ترکش میں سے ایک تیر نکال کر حکم دیا کہ اس تیر کو اس جگہ گاڑ دو جہاں گڑھے میں پانی جمع ہو۔ (حکم کی تعمیل کی گئی) پھر تو سیراب ہو ہو کر لوگ اس سے باہر نکلنے لگے حضرت مسعود کا بیان ہے کہ (پانی اتنا ہوا کہ) لوگ کنارے پر بیٹھے بیٹھے اپنے برتن بھرنے لگے اور تیر لے کر پانی کے اندر اترنے والے ناجیہ بن جندب تھے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اونٹوں کو ہنکانے والے تھے۔ محمد بن عمر کی روایت ہے کہ ابومروان نے کہا مجھ سے چودہ صحابیوں نے بیان کیا کہ تیر لے کر پانی میں اترنے والے ناجیہ بن عجم تھے ناجیہ کا بیان ہے کہ لوگوں نے جب پانی کی کمی کی شکایت کی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے طلب فرما کر ترکش میں سے ایک تیر کھینچ کر مجھے دیا اور (کم پانی والے اس) کنویں سے ایک ڈول پانی لانے کا حکم دیا میں ڈول بھر کر لایا حضور نے وضو کیا اور منہ میں کلی لے کر ڈول میں تھوک دیا سخت گرمی پڑ رہی تھی اور وہ کنواں ایک ہی تھا مشرک پہلے ہی بلدح میں پہنچ گئے تھے اور وہاں کے تمام پانیوں پر انہوں نے قبضہ کر لیا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ڈول کو لے کر نیچے اتر جانا اور کنویں میں اس کو الٹ دینا اور تیر کو اس میں گاڑ دینا میں نے حکم کی تعمیل کی قسم ہے اس کی جس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو نبی برحق بنا کر بھیجا میں نکلنے بھی نہ پایا تھا کہ پانی میرے اوپر آ گیا اور ہانڈی کے ابال کی طرح ابلنے لگا یہاں تک کہ اچھل اچھل کر کناروں کے برابر آ گیا لوگ اس کے کنارے ہی سے چلو بھر بھر کر لینے لگے۔

بخاری نے حضرت جابرؓ کی روایت سے اور مسلم نے حضرت سلمہ بن اکوع کی روایت سے بیان کیا کہ حدیبیہ کے دن لوگوں کو پیاس لگی اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک چھوٹی سی چھاگل (یا پانی پینے کا چمڑے کا پیالہ) رکھی ہوئی تھی لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس پانی نہیں کہ وضو کریں نہ پینے کے لئے پانی ہے بس اتنا ہی پانی ہے جو آپ کے کٹورے میں ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک بڑا پیالہ رکھا ہوا تھا (حسب الحکم) ہم نے وہ پانی اس پیالے میں الٹ دیا اور حضور نے اپنے دونوں ہاتھ اس میں ڈال دیئے فوراً آپ کی انگلیوں کے بیچ میں سے پانی جوش

besturdubooks.wordpress.com

مار کر چشموں کی طرح ابلنے لگا ہم نے وہ پانی (خوب) پیا اور وضو بھی کیا حضرت جابرؓ سے دریافت کیا گیا آپ لوگ اس روز کتنے تھے حضرت جابرؓ نے فرمایا ہم تھے تو پندرہ سو لیکن اگر ایک لاکھ ہوتے تب بھی سب کے لئے کافی ہو جاتا۔

بدیل بن ورقاء کی آمد: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب حدیبیہ میں مطمئن ہو گئے تو بدیل بن ورقاء خزاعہ قبیلہ کے کچھ لوگوں کو ساتھ لے کر آیا (بعد کو بدیل مسلمان ہو گیا) اس کے ساتھیوں میں عمرو بن سالم خراس بن امیہ خارجہ بن کرز اور یزید بن امیہ بھی تھے سب لوگوں نے آ کر سلام کیا پھر بدیل نے کہا ہم آپ کے پاس آپ کی قوم کعب بن لوی اور عامر بن لوی (یعنی قریش) کی طرف سے آئے ہیں وہ آپ کے مقابلہ کے لئے تمام قبائل کے لوگوں کو اور ان سب لوگوں کو نکال کر لے آئے ہیں جو ان کی بات مانتے ہیں اور حدیبیہ کے پانیوں پر یہ تمام لوگ اترے ہوئے ہیں ان کے ساتھ نوزائیدہ بچوں کی مائیں بھی ہیں اور چھوٹے بچے بھی ہیں سب لوگوں نے اللہ کی قسمیں کھائی ہیں کہ وہ آپ کو کعبہ تک پہنچنے کا راستہ نہیں دیں گے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا جواب: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم کسی سے لڑنے نہیں آئے صرف اس کعبہ کا طواف کرنے آئے ہیں جو کوئی ہم کو اس سے روکے گا ہم اس سے لڑیں گے قریش کو لڑائی ہی نے انتہائی کمزور کر دیا اگر وہ قریش چاہتے ہوں تو ہم ان سے ایک مقرر مدت کے لئے امن کا معاہدہ کرنے کو تیار ہیں (شرط یہ ہے کہ) وہ ہمارے اور دوسرے لوگوں کے معاملہ میں دخل نہ دیں دوسرے لوگوں کی تعداد قریش سے زائد ہے (ان کو ان کی مدد کرنے کی ضرورت نہیں) اگر وہ لوگ مجھ پر غالب آ جائیں گے تو قریش کی مراد پوری ہو جائے گی اور اگر میری بات غالب آئی تو قریش کو پھر بھی اختیار ہوگا کہ چاہیں تو اسی دین میں داخل ہو جائیں جس میں دوسرے لوگ داخل ہوں اور چاہیں تو (ہم سے) سب اکٹھے ہو کر لڑیں۔ لیکن اگر یہ لوگ اس پر بھی نہیں مانیں گے تو خدا کی قسم میں اپنے کام کی کوشش میں اس حد تک لگا رہوں گا کہ میری گردن اکیلی رہ جائے یا اللہ اپنا حکم نافذ کر دے (یعنی میں کامیاب ہو جاؤں) بدیل نے کہا آپ کی یہ باتیں میں قریش کو پہنچا دوں گا۔

بدیل کی قریش کے پاس واپسی: چنانچہ بدیل نے قریش سے آ کر کہا ہم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے آ رہے ہیں اور آپ لوگوں کو ان کی گفتگو کے متعلق اطلاع دینا چاہتے ہیں عکرمہؓ بن ابوجہل اور حکمؓ بن عاص (یہ دونوں آئندہ مسلمان ہو گئے تھے) نے کہا ہم کو ان کی گفتگو کی اطلاع دینے کی کوئی ضرورت نہیں بلکہ ان سے جا کر ہماری بات کہہ دو کہ اس سال جب تک ایک آدمی بھی باقی ہے وہ مکہ میں ہرگز داخل نہیں ہو سکتے عروہ بن مسعود ثقفی نے مشورہ دیا کہ بات سنو پھر چاہو ماننا پسند نہ ہو نہ ماننا صفوانؓ بن امیہ اور حارثؓ بن ہشام (یہ دونوں بھی آئندہ مسلمان ہو گئے تھے) نے کہا اچھا تم نے جو کچھ سنا ہے بیان کرو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کچھ فرمایا تھا بدیل نے وہ بیان کر دیا اس کے بعد عروہ نے کہا اے میری قوم کیا تم (میرے) بچے نہیں ہو لوگوں نے کہا کیوں نہیں عروہ نے کہا کیا میں تمہارا باپ نہیں لوگوں نے کہا کیوں نہیں (عروہ بن مسعود خاندان عبد شمس کی سات قریشی شاخوں سے رشتہ رکھتا تھا) عروہ نے کہا کیا تم نہیں جانتے کہ میں اہل عکاظ کو تمہاری مدد (کے لئے) نکال کر لایا تھا لیکن جب ان کے پاس میں نے کچھ نہیں پایا تو اپنے اہل و اولاد کو اور ان لوگوں کو تمہارے پاس لے آیا جنہوں نے میرا کہنا مانا۔ لوگوں نے کہا بیشک عروہ نے کہا تو اس شخص نے ایک اچھی بات تمہارے سامنے رکھی ہے تم یہ بات قبول کر لو اور مجھے اجازت دو کہ میں اس کے پاس جاؤں (اور بات کروں)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور عروہ بن مسعود کے مابین گفتگو اور صحابہ کی جاں نثاری کے مظاہرے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عروہ سے بھی وہی بات کہی جو بدیل سے کہی تھی عروہ نے کہا محمد صلی اللہ علیہ وسلم دیکھو اگر تم نے اپنی قوم کی جڑ اکھاڑ پھینکی (تو کیا یہ کوئی اچھی بات ہوگی) کیا تم نے سنا ہے کہ کسی عرب نے تم سے پہلے خود اپنی بیخ کنی کی ہو اور اگر کوئی دوسری بات ہوئی (یعنی تم مغلوب ہوئے تو بعید نہیں کیوں کہ) خدا کی قسم میں (تمہارے گرداگرد) کچھ رذیل لوگوں کے چہرے دیکھ رہا ہوں جو تمہیں چھوڑ کر بھاگ جائیں گے یہ بات سن کر حضرت ابوبکرؓ صدیق نے فرمایا تو لات کی شرمگاہ کو چوستا رہ کیا ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کو چھوڑ کر بھاگ جائیں گے عروہ نے کہا یہ کون شخص ہے لوگوں نے کہا ابوبکر ہیں عروہ نے کہا قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر تیرا سابق احسان مجھ پر نہ ہوتا جس کی اطلاع میں نے تجھے بھی نہیں دی ہے تو میں تیری بات کا جواب دیتا۔ عروہ نے ایک بار کسی قتل کی دیت (خون بہا) ادا کرنے کا بار اپنے اوپر اٹھایا تھا اس کی امداد میں کسی نے ایک حصہ کسی نے دو حصے کسی نے تین سہام دیئے تھے اور حضرت ابوبکرؓ نے دس سہام دیئے تھے عروہ پر حضرت ابوبکرؓ کا یہی احسان تھا (جو عروہ کو یاد تھا اور اسی کی طرف عروہ نے اشارہ کیا تھا) اس کے بعد عروہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بات کرنے لگا اور بات کرنے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ریش مبارک (ہاتھ بڑھا کر) پکڑنے لگا۔ حضرت مغیرہؓ بن شعبہ تلوار لئے خود اوڑھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر کے پیچھے کھڑے تھے جب عروہ رسول اللہ کی داڑھی کی طرف ہاتھ بڑھاتا آپ تلوار کا پھل اس کے ہاتھ پر مارتے تھے اور فرماتے تھے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ریش مبارک سے اپنا ہاتھ الگ رکھ کسی مشرک کے لئے ریش مبارک کو چھونا مناسب نہیں عروہ نے سر اوپر

besturdubooks.wordpress.com

اٹھا کر پوچھا یہ کون ہے لوگوں نے کہا مغیرہ بن شعبہ عروہ نے کہا او غدار کل ہی تو تو نے اپنے سرینوں کی نجاست عکاظ میں دھوئی ہے اور ہمیشہ کے لئے تو نے ہی بنی ثقیف کی عداوت ہمارے اندر پیدا کر دی ہے۔ واقعہ یہ ہوا تھا کہ حضرت مغیرہ دور جاہلیت میں کچھ لوگوں کے ساتھ تھے موقع پا کر آپ نے ان کو قتل کر دیا اور ان کا مال لوٹ لیا پھر آ کر مسلمان ہو گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسلام کو تو میں قبول کرتا ہوں لیکن اس مال سے میرا کوئی تعلق نہیں (میں اس کا ذمہ دار نہیں) اس کے بعد عروہ اپنی آنکھوں سے صحابہ کرامؓ کی حالت کا مشاہدہ کرنے لگا اس نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ناک کی ریزش جو پھینکتے ہیں اس کو زمین پر گرنے سے پہلے کوئی صحابی اپنے ہاتھ پر لے کر منہ اور جلد پر مل لیتا ہے جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کسی کام کا حکم دیتے ہیں تو صحابی باہم اس کام کو کرنے کی طرف پیش قدمی کرتے ہیں اور جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم وضو کرتے ہیں تو وضو کا استعمال پانی لینے کے لئے صحابی ایسی چھینا چھپٹی کرتے ہیں جیسے باہم لڑ پڑیں گے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کوئی بات کرتے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بولنے کے وقت سب لوگ اپنی آوازیں پست کر لیتے ہیں اور تعظیم وادب کی وجہ سے نظر اٹھا کر آپ کی طرف نہیں دیکھتے۔

عروہ کی اپنے رفقاء کی طرف واپسی اور تاثرات

یہ دیکھ کر عروہ اپنے رفقاء کے پاس لوٹ کر آیا اور کہا میری قوم والو خدا کی قسم میں بادشاہوں کے پاس گیا۔ قیصر اور کسریٰ اور نجاشی کے درباروں میں بھی حاضر ہوا لیکن بخدا کسی کے ساتھیوں کو بادشاہ کی ایسی تعظیم کرتے نہیں دیکھا جیسے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی کرتے ہیں جب محمد صلی اللہ علیہ وسلم ناک کی ریزش پھینکتے ہیں تو وہ (زمین پر پہنچنے سے پہلے) کسی صحابی کے ہاتھ پر پڑتی ہے اور وہ اس کو اپنے چہرے اور جلد پر مل لیتا ہے اور جب وہ کسی کام کا حکم دیتے ہیں تو ان کے ساتھی اس کام کے کرنے کی طرف پیش قدمی کرتے ہیں اور جب وہ وضو کرتے ہیں تو وضوء کا استعمال پانی لینے کے لئے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لوگ لڑ پڑیں گے اور جب وہ بات کرتے ہیں تو ان کے ساتھی اپنی آوازیں نیچی کر لیتے ہیں اور تعظیم کی وجہ سے ان کی طرف نظر اٹھا کر نہیں دیکھتے انہوں نے اب ایک اچھی بات پیش کی ہے تم اس کو قبول کر لو قریش نے جواب دیا نہیں۔ ہاں اس سال تم ان کو واپس کر دو آئندہ سال وہ لوٹ کر آ جائیں (اور عمرہ کر لیں) عروہ نے کہا تو مجھے ایسا نظر آتا ہے کہ تم پر مصیبت آ پڑنے ہی والی ہے یہ کہہ کر عروہ اپنے ساتھیوں کو لے کر طائف کو واپس چلا گیا۔

جلیس بن علقمہ کی طرف حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آمد اور واپسی

مختلف قبائل کے متعدد افراد جو قریش کی حمایت کے لئے آئے تھے ان کی جماعت کا کمانڈر اس روز جلیس بن علقمہ تھا عروہ کے جانے کے بعد وہ اٹھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف چل پڑا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو اس کو آتا دیکھا تو فرمایا یہ ایسے لوگوں میں سے ہے جو قربانی کے اونٹوں کی بڑی تعظیم کرتے ہیں اور خدا پرست ہیں تم لوگ اس کے سامنے سے قربانی کے اونٹوں کو لے کر گزرو کہ وہ دیکھ لے جب جلیس نے قربانی کے جانوروں کا سیلاب وادی کے عرض سے آتا ہوا دیکھا اور یہ بھی دیکھا کہ ان کی گردنوں میں قلادے پڑے ہوئے ہیں اور طول حبس کی وجہ سے اس کے بال اڑ گئے ہیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک نہیں پہنچا فوراً لوٹ کر قریش کے پاس چلا گیا اور ان سے کہا اے گروہ قریش میں دیکھ آیا قربانی کے جانوروں کی گردنوں میں قلادے لٹک رہے تھے۔ طول حبس کی وجہ سے ان کے بال اڑ گئے تھے ان کو روکنا جائز نہیں۔

جلیس اور قریشیوں کا باہمی تکرار: قریش نے کہا بیٹھ جا۔ تو بدو ہے تجھے کچھ علم نہیں اس بات پر جلیس کو غصہ آ گیا اور بولا اے گروہ قریش اس بات پر ہم نے تم سے معاہدہ نہیں کیا تھا اور نہ یہ وعدہ کیا تھا کہ جو خانہ کعبہ کی تعظیم کے لئے آئے گا تم اس کو روک دو گے قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں جلیس کی جان ہے یا تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور اس کے مقصد آمد کے درمیان تم حائل نہ ہو گے یا یہ مختلف قبائل کی پوری جماعت یک نفس ہو کر بھاگ جائیگی (یعنی میں اس ساری جماعت کو لے کر چلا جاؤں گا) قریش نے کہا جلیس خاموش ہو جا ہمارے معاملہ میں دخل نہ دے ہم اپنے لئے جو بات پسند کریں گے اسی کو اختیار کریں گے۔

مکرز کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آ جانا

ایک شخص جس کا نام مکرز بن حفص تھا کھڑا ہوا اور بولا مجھے ان کے پاس جانے کی اجازت دو (لوگوں نے اجازت دے دی مکرز روانہ ہو گیا) جب صحابہؓ کے سامنے پہنچا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ مکرز ہے یہ غدار آدمی ہے یا فرمایا یہ بدکار آدمی ہے جب مکرز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچا تو حضور نے اس سے وہی فرمایا جو بدیل اور عروہ سے فرمایا تھا مکرز لوٹ کر اپنے ساتھیوں کے پاس چلا گیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کچھ جواب دیا تھا اس کی اطلاع دے دی۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قریشیوں کے پاس اپنا قاصد بھیجنا

محمد بن اسحاق اور محمد بن عمرو غیرہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اونٹ پر جس کو ثعلب کہا جاتا تھا خراش بن امیہ کو سوار کر کے سرداران قریش کے پاس بھیجا تا کہ ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آنے کی غرض معلوم ہو جائے عکرمہ بن ابی جہل نے اونٹ کی کونچیں کاٹ دیں اور خراش کو قتل کر دینے کا ارادہ کیا

besturdubooks.wordpress.com

لیکن مختلف قبائل کے گروہ نے خراش کو بچالیا اور راستہ کی رکاوٹ ختم کردی خراش نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچ کر سرگشت بیان کردی۔

بیہقی نے حضرت عروہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب حدیبیہ میں فروکش ہوگئے تو قریش خوف سے گھبرا گئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ میں سے کسی کو بطور قاصد بھیجنے کا ارادہ کیا چنانچہ حضرت عمرؓ بن خطاب کو بھیجنے کے لئے طلب فرمایا عمرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! مجھے قریش نے اپنی جان کا اندیشہ ہے قریش جانتے ہیں کہ میں ان کا (کتنا سخت) دشمن ہوں بنی عدی میں سے کوئی وہاں میری حفاظت کرنے والا بھی نہیں ہے میں ایک ایسا شخص حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بتاتا ہوں جو مکہ میں مجھ سے زیادہ معزز اور محفوظ ہے یعنی عثمان بن عفان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمانؓ کو طلب فرمایا اور حکم دیا کہ قریش کے پاس جاؤ اور ان کو اطلاع دے دو کہ ہم لڑنے نہیں آئے ہیں بلکہ عمرہ کرنے آئے ہیں اور ان کو اسلام کی دعوت بھی دینا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی حکم دیا کہ مکہ میں جو مؤمن مرد اور عورتیں ہیں ان کے پاس جا کر ان کو فتح کی بشارت دینا اور خبر پہنچا دینا کہ اللہ مکہ میں اپنے دین کو غلبہ عطا فرمائے گا یہاں تک کہ کوئی شخص مکہ میں اپنے ایمان کو پوشیدہ نہ رکھے گا۔

حضرت عثمانؓ قریش کے پاس جانے کے لئے بلدح کی طرف سے گزرے بلدح والوں نے پوچھا کہاں کا ارادہ ہے حضرت عثمانؓ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اس لئے بھیجا ہے کہ میں تم کو اسلام کی دعوت دوں اور اللہ کی طرف بلاؤں اور تم سب اللہ کے دین میں داخل ہو جاؤ کیوں کہ اللہ اپنے دین کو ضرور غالب کرے گا اور اپنے نبی کو عزت عطا فرمائے گا۔

اور دوسری بات یہ ہے کہ تم کو (مخالفت کرنے کی) ضرورت ہی نہیں ہے وہ یہ کہ دوسرے لوگ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر غالب آ گئے تو تمہارا یہی مقصد ہے جو پورا ہو جائے گا اور اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غالب آ گئے تو تم کو اختیار ہوگا اور لوگوں کی طرح دین میں داخل ہو جانا یا جنگ کرنا تمہاری تعداد تو (بہر حال) بہت ہے لڑائی نے تم کو انتہائی کمزور کر دیا اور تمہارے بزرگوں کو فنا کر دیا۔ ایک بات یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی سے لڑنے نہیں آئے عمرہ کرنے آئے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ قربانی کرنے کے اونٹ ہیں جن کی گردنوں میں قلادے ہیں قربانی کے بعد وہ واپس چلے جائیں گے مشرکوں نے کہا جو کچھ آپ نے کہا ہم نے سن لیا لیکن ایسا کبھی نہیں ہوگا آپ واپس جا کر اپنے ساتھی سے کہہ دیں کہ وہ ہم تک نہیں پہنچ سکتے حضرت عثمانؓ سے ابان بن سعید کی ملاقات ہوئی۔ ابان آئندہ مسلمان ہو گئے تھے۔ ابان نے آپ کو مرحبا کہا اور اپنی حفاظت میں لے لیا اور کہا آپ اپنے کام میں کوتاہی نہ کریں پھر ابان گھوڑے سے جس پر سوار تھے اتر آئے حضرت عثمانؓ کو آگے زین پر سوار کیا اور خود پیچھے بیٹھ گئے اور حضرت عثمان سے کہا آپ آئیں جائیں کسی سے خوف نہ کریں۔ سعید کے بیٹے حرم میں بڑی عزت والے تھے ابان حضرت عثمانؓ کو مکہ لے گئے۔

حضرت عثمان کی سرداران قریش سے ملاقات اور ان کا جواب

آپ سرداران قریش کے ایک ایک فرد کے پاس گئے (اور گفتگو کی) لیکن سب نے آپ کی بات پلٹ دی اور یہی کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کبھی مکے میں داخل نہیں ہو سکتے۔ حضرت عثمانؓ کمزور مسلمان مردوں اور عورتوں کے پاس گئے جو کمزوری کی وجہ سے مکہ میں رہ گئے تھے اور ان سے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں عنقریب مکہ میں (فتح یاب ہو کر) آنے والا ہوں مکہ کے اندر کوئی بھی اپنے ایمان کو چھپا کر نہیں رکھے گا (یعنی کسی مؤمن کو خوف نہیں ہوگا) مسلمان یہ پیغام سن کر خوش ہوئے اور حضرت عثمانؓ سے کہا ہماری طرف سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کہہ دینا۔

حضرت عثمان کی وفا شعاری:

حضرت عثمانؓ جب پیام رسانی سے فارغ ہو گئے تو قریش نے کہا اگر آپ چاہیں تو بیت اللہ کا طواف کرلیں آپ نے فرمایا جب تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طواف نہ کرلیں میں ایسا نہیں کر سکتا حضرت عثمانؓ تین روز مکہ میں رہے اور قریش کو اسلام کی دعوت دیتے رہے ادھر حدیبیہ میں مسلمان کہنے لگے کہ عثمانؓ تو ہمارے پاس سے نکل کر بیت اللہ پہنچ گئے اور طواف کرنے لگے اور حضورؐ نے فرمایا اگر اتنے اتنے سال بھی وہاں رکے رہیں تب بھی جب تک میں طواف نہیں کروں گا وہ بھی نہیں کریں گے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہؓ کو مامور کر دیا تھا کہ رات کو پہرا دیں چنانچہ پہرے دار تین شخص بنائے گئے جو باری باری سے چوکیداری کرتے تھے اوس بن ابی عباد بن بشر، محمد بن مسلمہ۔

قریش کے خفیہ لشکر کے سردار کی مسلمانوں کے ہاتھوں گرفتاری

ایک رات جب کہ حضرت عثمانؓ مکہ میں تھے حضرت محمد بن مسلمہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چوکیداری کر رہے تھے قریش نے پچاس آدمی مکرز بن حفص کی زیر قیادت مسلمانوں کے پڑاؤ کی طرف بھیجے اور ان کو حکم دیا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گرداگرد چکر لگائیں شاید مسلمانوں کی طرف سے غفلت کا موقع مل جائے (اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر حملہ کرنے میں کامیاب ہو جائیں) محمد بن مسلمہ نے ان کو پکڑ لیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کر دیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو مکرز کو غدار کہا تھا وہ بات پوری ہوگئی۔

besturdubooks.wordpress.com

چند مسلمانوں کے چند آدمیوں کی مکہ میں گرفتاری

کچھ مسلمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اجازت سے حضرت عثمانؓ کی امان کے ذیل میں یا پوشیدہ طور پر مکہ میں داخل ہو گئے تھے۔ کرز بن جابر فہری' عبداللہ بن سہیل بن عمرو بن عبدالشمس' عبداللہ بن حذافہ سہمی' ابوالروم بن عمیر بن عمرو عمیر بن وہب جمحی۔ حاطب بن ابی بلتعہ اور عبداللہ بن امیہ کے مکہ میں داخل ہونے کی قریش کو اطلاع مل گئی اور ان کو گرفتار کر لیا گیا قریش کو یہ بھی اطلاع مل گئی تھی کہ محمد بن مسلمہ نے ان کے آدمیوں کو پکڑ لیا ہے اس لئے قریش کی ایک جماعت (خفیہ طور پر) مسلمانوں کی طرف آئی (مسلمانوں کو بھی اطلاع مل گئی) اور دونوں جماعتوں میں سنگ باری اور تیراندازی ہونے لگی مسلمانوں نے بارہ سواروں کو گرفتار کر لیا حضرت ابن زنیم ایک پہاڑی پر چڑھ گئے تھے مشرکوں نے تیر مار کر ان کو شہید کر دیا۔

بیعت رضوان: اسی اثناء میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر ملی کہ حضرت عثمانؓ اور ان کے ساتھیوں کو شہید کر دیا گیا یہ خبر سن کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو بیعت کے لئے طلب فرمایا۔

ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے حضرت سلمہ بن اکوع کی روایت سے اور بیہقی نے حضرت عروہ کی روایت سے اور ابن اسحاق نے زہری کی روایت سے اور محمد بن عمر نے اپنے شیوخ کی سند سے بیان کیا۔ حضرت سلمہؓ نے کہا ہم دوپہر کو لیٹے ہوئے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منادی نے ندا دی لوگو! روح القدس نازل ہو گیا۔ بیعت کرو بیعت کرو اللہ کا نام لے کر نکل کھڑے ہو صحیح مسلم میں حضرت سلمہ کا قول نقل کیا سب لوگوں سے پہلے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی پھر دوسرے نے پھر تیسرے نے یہاں تک کہ جب آدھے آدمی بیعت کر چکے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سلمہ! بیعت کر میں نے کہا (یارسول اللہ) میں تو بیعت کر چکا فرمایا اور بھی میں نے دوبارہ بیعت کر لی اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اور لوگوں سے بیعت لی جب آخر آدمی بھی بیعت کر چکا تو فرمایا کیا تو بیعت نہیں کرے گا میں نے عرض کیا یارسول اللہ میں تو سب سے پہلے اور درمیان میں بیعت کر چکا فرمایا اور سہی چنانچہ میں نے تیسری بار بھی بیعت کر لی۔ صحیح بخاری میں ہے کہ دریافت کیا گیا تم لوگ کس بات پر بیعت کرتے تھے حضرت سلمہؓ نے کہا موت پر۔

صحیح مسلم میں آیا ہے کہ حضرت جابرؓ نے فرمایا یک پھل دار درخت کے نیچے جب کہ حضرت عمرؓ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا دست مبارک پکڑے ہوئے تھے ہم نے حضور کی بیعت سوا جد بن قیس کے اور سب نے کی جد اپنے اونٹ کے پیچھے جا کر چھپ گیا۔

طبرانی نے حضرت ابن عمرؓ کی روایت سے اور بیہقی نے شعبی کی روایت سے اور ابن مندہ نے دیدہ بن حبیش کی روایت سے بیان کیا کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو بیعت کے لئے طلب فرمایا تو سب سے پہلا شخص جو (بیعت کرنے کے لئے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچا ابوسنان اسدی تھا ابوسنان نے عرض کیا ہاتھ پھیلائیے میں آپ کی بیعت کرنا چاہتا ہوں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم اس بات پر بیعت کرو جو تمہارے دل میں ہے حضرت ابن عمرؓ کی روایت میں آیا ہے کہ ابوسنان نے کہا میرے دل میں کیا ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (تمہارے دل میں یہ ہے کہ) تلوار سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اتنا لڑوں گا کہ یا اللہ غالب کر دے یا میں مارا جاؤں ابوسنان نے بیعت کر لی اور ابوسنان کی بیعت کے موافق دوسرے لوگوں نے بھی بیعت کر لی۔

بیہقی نے حضرت انسؓ کی روایت سے اور ابن اسحاق نے حضرت ابن عمرؓ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیعت رضوان کا اس وقت حکم دیا جب حضرت عثمانؓ قاصد رسول اللہ کی حیثیت سے مکہ والوں کے پاس گئے ہوئے تھے لوگوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے اللہ عثمانؓ تیرے اور تیرے رسول کے کام سے گیا ہے یہ فرما کر اپنا ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ پر مارا اور فرمایا یہ عثمانؓ کا ہاتھ ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا دست مبارک عثمانؓ کے لئے اور لوگوں کے لئے اپنے ہاتھوں سے بہتر تھا۔

قریش کی معذرت اور گرفتار شدگان کا تبادلہ

قریش نے سہیل بن عمر اور حویطب بن عزیٰ اور مکرز بن حفص کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجا (اول الذکر دونوں شخص آئندہ مسلمان ہو گئے تھے) سہیل نے کہا آپ کے آدمیوں کو جو روک لیا گیا تھا اور کچھ لوگوں نے آپ سے قتال بھی کیا تھا وہ ہمارے اصحاب الرائے کے مشورہ سے نہیں ہوا تھا نہ ہم کو یہ بات پسند تھی ہم کو تو اس کا علم بھی اس وقت تک نہیں ہوا جب تک ہم کو خبر نہیں پہنچی یہ فعل ہمارے کچھ بیوقوفوں کا تھا اس لئے ہمارے جن ساتھیوں کو آپ نے پہلی بار اور دوسری بار گرفتار کیا ہے ان کو چھوڑ دیجئے عثمانؓ اور ان کے ساتھیوں کے قتل کا معاملہ تو ظاہر ہو چکا ہے کہ یہ خبر غلط تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تک تم لوگ میرے ساتھیوں کو نہیں چھوڑو گے میں تمہارے آدمیوں کو نہیں چھوڑوں گا سہیل اور اس کے ساتھیوں نے کہا آپ نے یہ بات انصاف کی کہی اس کے بعد سہیل اور اس کے ساتھیوں نے قریش کے پاس شتیم بن عبدمناف تیمی کو بھیجا اور قریش نے جو قیدی ان کے پاس تھے ان کو بھیج دیا یہ گیارہ اشخاص تھے ایک حضرت عثمانؓ اور دس ان کے ساتھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی قریش کے آدمیوں کو جو مسلمانوں کے پاس قیدی تھے چھوڑ دیا۔

سہ رکنی وفد کی مکہ واپسی اور قریش کی صلح پر آمادگی

صحیحین میں سہیل بن حنیف کی روایت سے آیا ہے اور بخاری و اصحاب السنن

besturdubooks.wordpress.com

نے مروان بن حکم کے حوالہ سے بیان کیا ہے کہ جب عثمانؓ اور ان کے ساتھی مکہ سے آ گئے تو سہیل بن عمرو اور جویطب اور مکرز لوٹ کر قریش کے پاس چلے گئے اور مسلمانوں نے جس تیزی سے جہاد پر بیعت کی تھی اور لڑائی کے لئے تیار ہو گئے تھے اس کی اطلاع قریش کو دی یہ خبر قریش پر بڑی شاق گذری اور ان میں سے جو اہل الرائے تھے انہوں نے کہا سب سے بہتر بات یہ ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے اس شرط پر صلح کر لی جائے کہ اس سال وہ واپس چلے جائیں بیت اللہ تک نہ پہنچیں تا کہ جن عربوں نے ان کے آنے کی خبر سنی ہے وہ یہ بھی سن لیں کہ ہم نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو روک دیا آئندہ سال وہ آ کر تین روز قیام کریں اور قربانی کریں اور لوٹ جائیں۔ سب کا اتفاق اس پر ہو گیا۔

صلح کی شرائط اور صلح نامہ: سہیل کو مامور کیا گیا کہ وہ جا کر اسی شرط پر محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے صلح کر لے صلح میں یہ شرط ضرور ہو کہ وہ اس سال مکہ میں داخل نہ ہوں گے تا کہ عرب یہ نہ کہہ سکیں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم زبردستی مکہ میں داخل ہو گئے سہیل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف چل دیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے (صحابہ سے) فرمایا وہ لوگ صلح کے خواستگار ہیں اسی لئے انہوں نے سہیل کو بھیجا ہے ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں حضورؐ نے فرمایا تمہارا کام آسان ہو گیا اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم چارزانو بیٹھے ہوئے تھے سر کے پیچھے عباد بن بشر اور سلمہ اور اسلم کھڑے ہوئے تھے۔ (اول الذکر) دونوں حضرات لوہے سے ڈھکے ہوئے تھے سہیل آ کر دوزانو بیٹھ گیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بات شروع کی اور لمبی بات کی دونوں کی گفتگو کا ردو بدل ہوتا رہا آوازیں اونچی نیچی ہوتی رہیں عباد بن بشر نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آواز نیچی رکھو بات ہوتی رہی آخر صلح ہو گئی سہیل نے کہا لایئے آپس میں (صلح نامہ) تحریر کر لیں حضورؐ نے حضرت علی کو طلب فرمایا بخاری نے حضرت براؓ کی روایت سے اور حاکم نے حضرت عبداللہ بن مغفر کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ سے فرمایا لکھو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سہیل نے کہا رحمٰن رحیم کو تو میں جانتا نہیں کہ یہ کیا ہے بِاسْمِكَ اللّٰهُمَّ لکھو جیسے آپ لکھا کرتے تھے مسلمانوں نے کہا خدا کی قسم ہم یہ نہیں لکھیں گے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بِاسْمِكَ اللّٰهُمَّ ہی لکھ دو پھر فرمایا لکھو یہ (معاہدہ) وہ ہے جس پر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ کیا ہے۔ سہیل بولا اگر ہم جانتے کہ آپ اللہ کے رسول ہیں تو آپ کو کعبہ سے نہ روکتے نہ آپ سے لڑتے محمد بن عبداللہ لکھو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ سے فرمایا رسول اللہ (کے لفظ) کو مٹا دو حضرت علیؓ نے جواب دیا میں تو مٹانے والا نہیں۔ محمد بن عمر کا بیان ہے کہ اسید بن حضیر اور سعد بن عبادہ نے حضرت علی کا ہاتھ پکڑ لیا اور کہا محمد رسول اللہ کے علاوہ اور کچھ نہ لکھیں ورنہ تلوار ہمارا اور ان (مشرکوں) کا فیصلہ کرے گی آوازیں اونچی ہو گئیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (رسول اللہ کا لفظ) مجھے دکھاؤ حضرت علیؓ نے دکھا دیا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے اس کو مٹا دیا اور فرمایا محمد بن عبداللہ لکھ دو بعض روایات میں آیا ہے کہ حضرت براؓ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ خط اپنے ہاتھ میں لیا اور آپ اچھی طرح نہیں لکھ سکتے تھے پس اس خط میں لکھا یہ (معاہدہ) وہ ہے جس پر محمد بن عبداللہ اور سہیل بن عمرو نے اتفاق کیا اور دس سال تک لوگوں کے با امن رہنے اور لڑائی نہ کرنے کا فیصلہ کیا اس مدت میں جنگ بندی رہے گی لوگ پر امن رہیں گے ہر شخص دوسرے سے باز رہے گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سہیل سے فرمایا یہ (مصالحت) اس شرط پر ہے کہ تم ہمارے اور کعبہ کے درمیان حائل نہ ہو گے ہم طواف کریں گے سہیل نے کہا نہیں خدا کی قسم (اس سال آپ طواف نہیں کر سکتے) آئندہ سال آپ کو اس کا اختیار ہو گا یہ بات لکھ دی گئی سہیل نے کہا ایک شرط یہ بھی ہے کہ ہمارا جو آدمی اپنے سرپرست کی اجازت بغیر تمہارے پاس جائے گا اس کو واپس کرنا ہو گا خواہ وہ مسلمان ہی ہو مسلمانوں نے کہا سبحان اللہ یہ کیسے لکھا جا سکتا ہے مشرکوں کے پاس اس کو کیسے واپس کیا جائے گا وہ مسلمان ہو کر آئے گا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں ہم میں سے جو شخص مشرکوں کے پاس چلا جائے گا اللہ نے اس کو دور کر دیا (یعنی وہ مسلمان ہی نہ تھا چلا گیا تو اچھا ہوا) اور ان میں سے جو کوئی ہمارے پاس آ جائے گا (اور ہم اس کو واپس کر دیں گے) تو اللہ اس کے لئے کوئی کشائش پیدا کر ہی دے گا۔

حضرت براءؓ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین شرطوں پر صلح کی تھی مشرکوں میں سے جو شخص کٹ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آ کر مل جائے گا آپ اس کو واپس مشرکوں کو دے دیں گے اور مسلمانوں میں سے جو شخص مشرکوں کے پاس چلا جائے گا وہ مسلمانوں کو واپس نہیں دیں گے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں آئندہ سال داخل ہو سکیں گے اور تین روز قیام کریں گے اور مکہ میں داخل ہوں گے تو اسلحہ تلوار کمان وغیرہ غلاف پوش لے کر داخل ہوں گے۔ فریقین میں مصالحت ہو گئی اور یہ شرط ہو گئی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور قریش کے درمیان یہ معاہدہ سر بند صندوق ہو گا نہ اس میں چوری چھپے کوئی حرکت ہو گی نہ خیانت۔

قبائل کی حمایت: جو شخص (اس معاہدہ کی رو سے) محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دائرہ میں جانا پسند کرے وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہو جائے اور جو قریش سے ملنا چاہے وہ ان کے ساتھ شامل ہو جائے فوراً! بنی خزاعہ کود کر سامنے آئے اور کہا ہم محمد کے معاہدوں اور ذمہ داری میں شامل ہیں اور بنی بکر نے کہا ہم قریش کے عہد اور ذمہ داری میں ہیں جب صلح پختہ ہو گئی اور سوائے تحریر کے اور کوئی کام باقی نہیں رہا۔

حضرت عمرؓ کی گفتگو: حضرت عمرؓ تیزی سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

besturdubooks.wordpress.com

کے پاس آئے اور کہا یا رسول اللہ کیا آپ اللہ کے نبی نہیں ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیوں نہیں حضرت عمرؓ نے کہا کیا ہم حق پر اور وہ لوگ باطل پر نہیں ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیوں نہیں حضرت عمرؓ نے کہا کیا ہمارے مقتولین جنت میں اور ان کے مقتول دوزخ میں نہیں جائیں گے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیوں نہیں۔ حضرت عمرؓ نے کہا تو پھر آپ ہم کو ہمارے دین میں یہ ذلت کیوں دے رہے ہیں ابھی تک اللہ نے ہمارا اور ان کا فیصلہ نہیں کیا (یعنی لڑائی نہیں ہوئی) اور ہم واپس چلے جائیں (یہ بڑی ذلت کی بات ہے) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں میں اللہ کے حکم کے خلاف نہیں کر سکتا اللہ مجھے تباہ نہیں کرے گا وہی میرا مددگار ہے حضرت عمرؓ نے کہا کیا آپ ہم سے یہ نہیں فرماتے تھے کہ ہم کعبہ پہنچیں گے اور یقیناً طواف کریں گے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیوں نہیں مگر کیا میں نے تم سے یہ کہا تھا کہ اسی سال ہم بیت اللہ میں پہنچیں گے حضرت عمرؓ نے کہا یہ تو نہیں فرمایا تھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو یقیناً تم بیت اللہ پر پہنچو گے اور اس کا طواف کرو گے اس کے بعد حضرت عمرؓ غصہ کی حالت میں حضرت ابوبکرؓ کے پاس پہنچے اور صبر نہ کر سکے اور بولے ابوبکرؓ کیا یہ اللہ کے سچے نبی نہیں ہیں حضرت ابوبکرؓ نے کہا کیوں نہیں حضرت عمرؓ نے کہا کیا ہم لوگ سچائی پر اور وہ لوگ باطل پر نہیں ہیں حضرت ابوبکرؓ نے کہا کیوں نہیں حضرت عمرؓ نے کہا کیا ہمارے مقتول جنت میں اور ان کے مقتول دوزخ میں نہیں جائیں گے۔ حضرت ابوبکرؓ نے کہا کیوں نہیں حضرت عمرؓ نے کہا تو پھر کیوں یہ ذلت آپ ہم کو ہمارے دین میں دے رہے ہیں (یہ مصالحت تو ہمارے دین کی ذلت ہے) اللہ نے ہمارا ان کا فیصلہ نہیں کیا اور ہم لوٹ جائیں (یہ تو بڑی ذلت ہے) حضرت ابوبکرؓ نے کہا اے شخص وہ اللہ کے رسول ہیں اپنے رب کے حکم کے خلاف نہیں کرتے وہی ان کا مددگار ہے تم مرتے دم تک ان کی کمر (یعنی دامن) کو پکڑے رہو بلاشبہ وہ سچائی پر ہیں۔ ایک روایت میں آیا ہے کہ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا بلاشبہ وہ اللہ کے رسول ہیں حضرت عمرؓ نے کہا میں بھی شہادت دیتا ہوں کہ وہ اللہ کے رسول ہیں۔ حضرت عمرؓ نے یہ بھی کہا کیا وہ ہم سے یہ نہیں کہتے تھے کہ وہ بیت اللہ پر پہنچیں گے اور طواف کریں گے حضرت ابوبکرؓ نے کہا کیوں نہیں لیکن کیا انہوں نے تم کو یہ بھی بتایا تھا کہ اسی سال تم بیت اللہ پر پہنچو گے حضرت عمرؓ نے کہا نہیں حضرت ابوبکرؓ نے کہا تو پھر یقیناً تم کعبہ کو پہنچو گے اور طواف کرو گے۔

مذکورہ بالا شرائط صلح حضرت عمرؓ پر بڑی شاق تھیں چنانچہ صحیح روایت میں آیا ہے کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا جب سے میں مسلمان ہوا مجھے اس روز کے علاوہ کبھی (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی بات میں) شک نہیں ہوا۔ حضرت عمرؓ اس روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جواب دہی کر رہے تھے

(یہاں تک کہ) ابوعبیدہؓ بن جراح نے کہا اے خطاب کے بیٹے کیا تم نہیں سنو گے۔ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ پڑھو حضرت عمرؓ کا بیان ہے میں نے اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ کہا ابن اسحاق اور ابن عمر و اسلمی کی روایت ہے کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا اس روز جو مجھ سے حرکت ہوئی اس کی معافی کے لئے میں (بطور کفارہ) خیرات کرتا رہا روزے رکھتا اور غلام آزاد کرتا رہا۔

معجزہ: احمد نسائی اور حاکم نے حضرت عبداللہ بن مغفل کی مذکورۂ بالا حدیث میں یہ بھی بیان کیا کہ حضرت عبداللہ بن مغفل نے فرمایا ہم اسی حالت میں تھے کہ تیس مسلح جوان (پہاڑی گھاٹی سے) نکلے اور سیدھے ہماری طرف انہوں نے چڑھائی کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لئے بددعا کی اللہ نے ان کو بہرا کر دیا دوسری روایت میں آیا ہے اللہ نے ان کو اندھا کر دیا اور ہم نے اٹھ کر ان کو پکڑ لیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم کسی کی ذمہ داری میں آئے ہو کیا تم کو کسی نے امان دی ہے انہوں نے کہا نہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو چھوڑ دیا اس پر آیت وَهُوَ الَّذِیْ كَفَّ اَیْدِیَهُمْ عَنْكُمْ نازل ہوئی۔

امام احمد مسلم اور ابن ابی شیبہ نے حضرت انسؓ کی روایت سے بیان کیا کہ اہل مکہ کے اسی (۸۰) مسلم آدمی کوہِ تنعیم کی جانب سے اتر کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف آئے ان کا مقصد یہ تھا کہ اچانک موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر حملہ کر دیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو بددعا دی وہ اندھے بہرے ہو گئے ان کو گرفتار کر لیا گیا لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو معاف کر دیا۔ (چھوڑ دیا)

زہری کی حدیث میں مروان و مسور کی روایت سے اور مسلم و احمد و عبد بن حمید کے بیان میں خود حضرت سلمہؓ بن اکوع کی روایت سے آیا ہے حضرت سلمہؓ نے فرمایا جب میں نے ابن زنیم کے شہید ہونے کی خبر سنی تو تلوار سونت کر چار مشرکوں کی طرف گیا وہ سو رہے تھے میں نے ان کے ہتھیار لئے اور پکڑ کر ہنکاتا ہوا رسول اللہ کی خدمت میں لے آیا (یہی ہے آیت) وَهُوَ الَّذِیْ كَفَّ اَیْدِیَهُمْ عَنْكُمْ (کی مراد)۔

حضرت ابوجندلؓ کا واقعہ: اسی اثناء میں ابوجندل بن سہیل بن عمرو بیڑیاں پہنے قیدیوں کی چال سے (وادی کے) نشیب سے نکل کر آ پہنچے اور آتے ہی مسلمانوں کے سامنے گر پڑے ان کے باپ سہیل نے ان کو بیڑیوں میں جکڑ کر قید کر دیا تھا مسلمان فوراً ان کے خیر مقدم کے لئے اٹھ کھڑے ہوئے اور (بھاگ کر رہائی پانے کی) مبارکباد دی۔ سہیل نے یہ حالت دیکھی تو اٹھ کر بیٹے کی طرف گیا اور اس کے منہ پر خاردار لکڑی ماری اور گریبان پکڑ لیا اور کہا محمد صلی اللہ علیہ وسلم! یہ پہلا واقعہ ہے جس پر میں نے اور آپ نے معاہدہ کیا تھا کہ (جو شخص ہم میں سے آپ کے پاس آ جائے گا) آپ اس کو واپس

besturdubooks.wordpress.com

کریں گے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' ابھی تک تو تحریر پوری نہیں ہوئی کہنے لگا تو پھر خدا کی قسم میں کبھی مصالحت نہیں کروں گا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو اس کو میری ضمانت میں دیدو' کہنے لگا' میں آپ کی ضمانت میں نہیں دے سکتا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' کیوں نہیں ایسا کر دو۔ کہنے لگا میں نہیں کروں گا اس پر مکرز اور حویطب نے (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے) کہا ہم اس کو آپ کی وجہ سے اپنی ذمہ داری میں لیتے ہیں یہ کہہ کر دونوں نے اس کو اپنی ذمہ داری میں لے لیا اور خیمے میں چلے گئے اور باپ بے تعلق ہو گیا ابو جندل نے کہا اے گروہ ہائے اہل اسلام کیا مجھے مشرکوں کے ہاتھ میں واپس دیا جارہا ہے میں تو مسلمان ہو کر آیا تھا دیکھو میں نے کیسے دکھ جھیلے ہیں سہیل نے ابو جندل کو سخت ترین تکلیفیں دی تھیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلند آواز سے فرمایا ابو جندل صبر کر ثواب کی امید رکھ اللہ تیرے لئے مع ان کمزور لوگوں کے جو تیرے ساتھ ہیں کوئی کشائش اور رہائی کا راستہ ضرور پیدا کر دے گا ہم نے ان لوگوں سے صلح کا معاہدہ کر لیا ہے ہم نے ان کو اور انہوں نے ہم کو وعدہ دے دیا ہے اس لئے ہم کچھ کر نہیں سکتے۔ حضرت عمرؓ بن خطاب (یہ حالت دیکھ کر) ابو جندل کے برابر گئے اور کہا صبر کر اور ثواب کی امید رکھ یہ مشرک ہیں ان کا خون کتے کے خون کے برابر ہے (یعنی ان کو قتل کرنا نہ گناہ ہے نہ قابل مواخذہ) حضرت عمرؓ اس بات کے کہنے کے درمیان تلوار کا قبضہ ابو جندل کے قریب کرتے جارہے تھے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا۔ مجھے خیال تھا کہ ابو جندل تلوار لے کر اس سے باپ کو مار ڈالے گا اس لئے میں نے تلوار کا قبضہ اس کی طرف بڑھا دیا تھا آخر ابو جندل کو باپ کے سپرد کر دیا گیا۔

صحابہؓ کی اداسی: صحابہ خوش تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خواب کی وجہ سے ان کو فتح میں کوئی شبہ نہ تھا لیکن جب انہوں نے دیکھا کہ صلح ہو گئی اور واپس جانا پڑے گا تو اس سے ان کو بڑا رنج ہوا قریب تھا کہ موت سے ہمکنار ہو جائیں پھر ابو جندل کے واقعہ نے ان کا رنج اور بڑھا دیا۔ جب صلح کی بات طے ہوگئی (اور صلح نامہ لکھ دیا گیا) تو کچھ مسلمانوں اور کچھ مشرکوں نے اس پر اپنی شہادت ثبت کی۔ مسلمانوں میں سے حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف، حضرت عبداللہؓ بن سہیل بن عمرو' حضرت سعد بن ابی وقاص، حضرت محمودؓ بن سلمہ، حضرت علیؓ ابن ابی طالب اور مشرکوں میں سے مکرز بن حفص نے شہادت دی۔ تحریر سے فراغت کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اٹھو قربانی کر و سر منڈ اؤ (یہ حکم سن کر بھی) خدا کی قسم کوئی نہیں اٹھا یہاں تک کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تین بار حکم دیا (لیکن کسی نے جنبش نہیں کی)۔

حضرت ام سلمہؓ کی دانائی: اس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بڑا صدمہ ہوا اور اندر حضرت ام سلمہؓ کے پاس تشریف لے گئے اور ام المؤمنین سے فرمایا مسلمان ہلاک ہو گئے میں نے ان کو قربانی کرنے اور سر منڈوانے کا حکم دیا لیکن انہوں نے تعمیل نہیں کی ام المؤمنین نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ مسلمانوں کو برا نہ کہیں ان پر بڑا صدمہ پڑا ہے آپ نے صلح کرنے اور بغیر فتح کرنے کے واپس ہو جانے کی جس دشواری میں خود اپنے کو ڈالا ہے اس کا مسلمانوں کو بڑا رنج ہوا ہے یا نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ تشریف لے جایئے اور کسی سے ایک بات بھی نہ کیجئے جا کر اپنے قربانی کے اونٹوں کو نحر کیجئے اور کسی کو طلب فرما کر اپنا سر منڈوا دیجئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لے آئے اور کسی سے کوئی بات کہے بغیر بلند آواز سے بسم اللہ اللہ اکبر کہہ کر قربانی کی اونٹوں کو نحر کیا اور ایک شخص کو بلوا کر سر منڈوا دیا۔ صحابہؓ نے جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا کرتے دیکھا تو خود بھی اٹھ کر اپنی اپنی قربانی کے اونٹوں کو نحر کیا اور باہم ایک دوسرے کا سر مونڈنے لگے قریب تھا کہ ایک دوسرے سے لڑ پڑیں۔ حضرت ابن عمرؓ اور حضرت ابن عباسؓ کا بیان ہے کہ حدیبیہ کے دن کچھ لوگوں نے سر منڈوائے اور کچھ لوگوں نے بال کتروائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا منڈوانے والوں پر اللہ کی رحمت ہو صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ اور بال کتروانے والوں پر بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا منڈوانے والوں پر اللہ کی رحمت ہو صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ اور کتروانے والوں پر بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور کتروانے والوں پر بھی۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا وجہ کہ آپ نے منڈوانے والوں کے لئے دو بار دعاء رحمت فرمائی فرمایا اس لئے کہ وہ شبہ میں نہیں پڑے (یعنی ان کو یقین ہو گیا کہ حالت احرام ختم ہو گئی اور اب آگے بڑھنا نہیں ہے) حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کی وجہ یہ تھی کہ کچھ لوگوں کا خیال تھا کہ شاید ہم کو طواف کرنے کا موقع مل جائے اس لئے وہ سر منڈوانے سے رکے رہے (اور کچھ بال کتروا دیئے)۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیبیہ میں ۱۹ یا ۲۰ رات قیام کیا' محمد بن عمرو کا یہی بیان ہے۔

حضرت کعب بن عجرہ کا احرام

حدیبیہ کے قیام کے زمانہ میں (احرام کھولنے اور قربانی کرنے کے حکم سے پہلے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت کعب بن عجرہ سے فرمایا تھا تم کو کیا سر کے کیڑوں (جوؤں) سے تکلیف ہو رہی ہے حضرت کعب کے سر سے جوئیں گرتی ہوئی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھ لی تھیں کعب نے عرض کیا جی ہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو سر منڈوانے اور فدیہ دینے کا حکم دیا فدیہ کی تین صورتیں تھیں روزے رکھنے یا خیرات یا قربانی۔ اس وقت آیت وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ الخ ہم نے سورۃ

besturdubooks.wordpress.com

بقرہ کی اس آیت کی تفسیر کے ذیل میں احصار (راستہ کی رکاوٹ) اور کسی عذر کی وجہ سے سر منڈوا دینے اور اس سے تعلق رکھنے والے مسائل بیان کر دیئے ہیں۔

معجزہ: مسلم نے حضرت سلمہؓ بن اکوع کی روایت سے اور بیہقی نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے اور بزار و طبرانی و بیہقی نے حضرت ابوحیش کی روایت سے اور محمد بن عمرو نے اپنے شیوخ کی سند سے بیان کیا کہ حدیبیہ سے واپسی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (پہلی) مَرُّ الظّہران میں اور اس کے بعد (دوسری منزل) عسفان میں کی یہاں پہنچ کر لوگوں کے پاس کھانے کو کچھ نہیں رہا۔ صحابہؓ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ شکایت کی اور عرض کیا کیا ہم گدھوں کو ذبح کر لیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اجازت دے دی حضرت عمرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ایسا نہ کیجئے لوگوں کے پاس سواریاں رہنا زیادہ مناسب ہیں اگر کل کو دشمن سے مقابلہ ہو گیا اور ہم بھوکے بھی ہوئے اور پیدل بھی تو کیا ہوگا میری رائے یہ ہے کہ جو کچھ صحابہؓ کے پاس کھانے کی چیز رہ گئی ہو آپ وہ طلب فرمائیں پھر برکت کی دعاء کریں امید ہے کہ اللہ آپ کی دعاء سے ہم کو (منزل مقصود تک) پہنچا دے گا اس مشورہ کے موافق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو سامان کھانے کا (کسی کے پاس) باقی رہ گیا تھا طلب فرمایا اور چمڑے کا ایک دسترخوان بچھا دیا سب سے زیادہ لانے والا وہ شخص تھا جو ایک صاع (تقریباً چار سیر) چھوارے لایا غرض لوگوں کے پاس کھانے کی جو چیز تھی وہ چرمی دسترخوان پر جمع کر دی گئی پھر حضور نے کھڑے ہو کر جو کچھ اللہ نے چاہا (پڑھ کر) دعا کی نتیجہ یہ ہوا کہ سب نے پیٹ بھر کر کھایا اور اپنے برتن بھی بھر لئے اور چیزیں جتنی تھیں اتنی ہی رہیں۔ حضور والا یہ دیکھ کر ہنس دیئے اتنے کہ کچلیاں دکھ گئیں حضرت سلمہؓ کا بیان ہے میں نے اندازہ کیا کہ ہم اس روز تقریباً ۱۴ سو آدمی تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں جو بندہ ان دونوں (توحید و رسالت) پر ایمان رکھے گا وہ دوزخ سے محفوظ رہے گا۔

ابوبصیر کا واقعہ: امام احمد بخاری ابوداؤد اور نسائی نے حضرت مسور بن مخرمہ کی روایت سے اور بیہقی نے زہری کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب حدیبیہ سے مدینہ میں آ گئے تو ابوبصیر عتبہ بن اسد ثقفی (مکہ سے بھاگ کر) مسلمان ہو کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچ گئے۔ خاندان بنی ثقیف قبیلۂ بنی زہرہ کا حلیف تھا اخنس بن شریف ثقفی اور ازہر بن عبدعوف زہرہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک خط خنیس بن جابر عامری کے ہاتھ بھیجا جس میں گذشتہ مصالحت کا تذکرہ کیا اور درخواست کی کہ ابوبصیر کو واپس بھیج دیا جائے۔ ابوبصیر کے پہنچنے سے تین دن بعد عامری اپنے غلام کے ساتھ جس کا نام کوثر تھا خط لیکر پہنچا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبصیر کو حکم دیا کہ ان دونوں کے ساتھ واپس چلے جاؤ۔ تم واقف ہو کہ ہم نے ان لوگوں سے معاہدہ کر لیا ہے اور ہمارے مذہب میں عہد شکنی جائز نہیں اللہ تمہارے لئے اور تمہارے ساتھی دوسرے مسلمانوں کے لئے کوئی کشائش اور رہائی کا راستہ پیدا کر دے گا غرض دونوں شخص ابوبصیر کو لے کر ذوالحلیفہ پہنچ گئے یہاں پہنچ کر ابوبصیر نے مسجد میں دو رکعت نماز قصر پڑھی اور نماز کے بعد جو کچھ کھانے کا سامان ساتھ لائے تھے کھانے لگے اور عامری کو اور اس کے ساتھی کو بھی کھانے میں شریک ہونے کی دعوت دی وہ دونوں بھی اتر آئے اور چھوارے کھانے لگے عامری کے پاس اس وقت تلوار تھی دونوں باتیں کرتے رہے۔ بقول عروہؒ عامری نے تلوار نیام سے نکال لی اور کہا میں اپنی اس تلوار سے کسی دن رات تک اوس اور خزرج کو ماروں گا ابو بصیر نے کہا کیا تمہاری تلوار برّان بھی ہے عامری نے کہا ہاں ابوبصیر نے کہا مجھے تو دکھاؤ' عامری نے ابوبصیر کے ہاتھ میں تلوار دے دی ابوبصیر نے جب تلوار کا قبضہ پکڑ لیا تو اسی سے عامری کے ایسی ضرب رسید کی کہ وہ ٹھنڈا پڑ گیا' کوثر بھاگ کر مدینے پہنچا اور مسجد میں گھس گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا بات ہے کوثر نے کہا میرا ساتھی ختم ہو گیا اور میں چھوٹ کر بھاگ آیا ورنہ میں بھی مارا جاتا غرض کوثر نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فریاد کی اور اس کو پناہ دیدی' ابوبصیر عامری کے اونٹ پر سوار ہو کر آ گیا۔ اونٹ کو مسجد سے باہر بٹھایا اور خود وحشت زدہ حالت میں تلوار سمیت مسجد میں آ گیا اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے تو اپنی ذمہ داری پوری کر دی اور اللہ نے آپ سے یہ ذمہ داری پوری کرا دی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے دشمن کے ہاتھ میں دے دیا لیکن میں اپنے دین کی وجہ سے مصیبت میں پڑنے سے محفوظ رہا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ افسوس یہ لڑائی کی آگ بھڑکائے گا۔ کاش کوئی اس (کو مکہ پہنچانے) کے لئے ہوتا ابوبصیر نے عامری کا مال جس پر اس نے قتل کرنے کے بعد قبضہ کیا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا تا کہ آپ اس میں سے پانچواں حصہ لے لیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میں اس میں سے خمس لے لوں گا تو وہ لوگ خیال کریں گے کہ میں نے ان سے کیا ہوا معاہدہ پورا نہیں کیا تم جانو اور یہ چھینا ہوا مال اور جہاں چاہو چلے جاؤ۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاء کا اثر قریشیوں کا خود اپنی شرط سے دستبردار ہونا

صحیح روایت میں آیا ہے کہ ابوبصیر نے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سنا کہ تو لڑائی کی آگ بھڑکائے گا الخ تو اس نے سمجھ لیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مجھے ضرور واپس کریں گے اس لئے ابوبصیر اور اس کے ساتھ وہ پانچ آدمی جو مکہ سے بھاگ کر اس کے ساتھ مدینہ میں آئے تھے اور کسی نے ان کی تلاش بھی نہیں کی تھی نکل کر چل دیئے اور ساحل سمندر میں پہنچ کر عیص اور ذی

besturdubooks.wordpress.com

المروۃ کے درمیان قریش کے قافلہ کے راستہ پر مقیم ہو گئے مکہ میں جو مسلمان بند تھے ان کو جب ابوبصیر کے واقعہ کی اطلاع ملی تو وہ بھی چپکے سے چوری چھپے نکل کر ابوبصیر کے پاس پہنچ گئے۔

محمد بن عمرو کا بیان ہے کہ حضرت عمرؓ بن خطاب نے مکہ کے مسلمانوں کو لکھا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبصیر کے متعلق فرمایا تھا افسوس یہ لڑائی کی آگ بھڑکانے والا ہے کاش اس کے لئے کچھ لوگ ہوتے (یعنی کچھ لوگ اس کو پکڑ کر واپس کر دیتے) حضرت عمرؓ نے یہ بھی اطلاع دے دی تھی کہ وہ اب سمندر کے ساحل پر مقیم ہے۔ ادھر ابوجندل بن سہیل جس کو حدیبیہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے واپس مشرکوں کو دے دیا تھا چھوٹ گیا اور ستر سوار جو مسلمان ہو گئے تھے ابوجندل کے ساتھ ہو گئے اور سب آ کر ابوبصیر سے مل گئے جوں ہی ابوجندل ابوبصیر سے ملے ابوبصیر نے جماعت کی سرداری ابوجندل کے سپرد کر دی کیوں کہ ابوجندل قریشی تھے یہ ہی نماز کی امامت کرتے تھے ابو جندل کی خبر سن کر قبائل غفار و اسلم و جہینہ اور متفرق قبائل کے کچھ لوگ فرار ہو کر ابوجندل سے جا ملے یہاں تک کہ ان کی تعداد تین سو تک پہنچ گئی بیہقی نے بروایت زہری یہی بیان کیا ہے قریش کا جو قافلہ ادھر سے گذرتا تھا یہ لوگ اس کا مال چھین لیتے تھے اور قافلہ والوں کو قتل کر دیتے تھے قریش کو انہوں نے تنگ کر دیا قریش کا جو آدمی ان کے ہاتھ لگتا اس کو قتل کر دیتے آخر قریش نے ابوسفیان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجا اور یہ پیام دیا کہ ابوبصیر اور اس کے ساتھیوں کو آپ (اپنے پاس) بلوا لیں آئندہ ہمارا جو آدمی آپ سے جا کر مل جائے آپ اس کو روک لیں آپ کے لئے روک لینا جائز ہوگا۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا خط ابوبصیر و ابوجندل کے نام

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبصیر اور ابوجندل کو لکھ بھیجا کہ تم دونوں میرے پاس آ جاؤ اور دوسرے مسلمان جو تمہارے ساتھ ہیں ان کو حکم دے دو کہ وہ اپنی اپنی بستیوں کو اور اپنے اپنے گھروں کو لوٹ جائیں آئندہ یہ قریش یا قافلہ ان کی طرف سے گذرے اس سے کوئی تعرض نہ کریں ابوبصیر کے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نامۂ گرامی اس وقت پہنچا جب ان کا آخری وقت تھا نامۂ گرامی انکے ہاتھ میں تھا اس کو پڑھ رہے تھے اسی حالت میں وفات ہو گئی ابوجندل نے ان کو اسی جگہ دفن کر دیا اور ان کی قبر کے قریب مسجد بنادی۔ اس کے بعد ابوجندل اپنے کچھ رفقاء کو ساتھ لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچ گئے اور باقی لوگ اپنے اپنے گھروں کو چلے گئے صلح حدیبیہ کا قضیہ طے ہونے کے بعد جب ابوجندل بھاگ کر مسلمانوں کے پاس آ گئے تو کچھ لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مشورہ دیا تھا کہ ابو جندل کو باپ کے حوالے نہ کیا جائے لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے واپس کر دیا تھا اب جب کہ قریش کی درخواست پر ابوجندل ساحل سمندر سے مدینہ میں آ گئے تو ان مشورہ دینے والوں پر یہ امر واضح ہو گیا کہ اللہ اور رسول کی فرمانبرداری ہر معاملہ میں ان کے لئے بہتر ہے خواہ ان کو پسند ہو یا ناگوار۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وعدہ کا پورا ہونا:

جب یہ واقعہ ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے جو تم لوگوں سے وعدہ کیا تھا وہ یہی ہے اور جب فتح مکہ کے دن کعبہ کی کنجی حاصل کر لی تو حضرت عمرؓ بن خطاب نے فرمایا یہ وہی ہے جو میں نے تم لوگوں سے کہا تھا۔ اور حجۃ الوداع کے زمانہ میں عرفات میں قیام کے وقت بھی حضرت عمرؓ سے فرمایا یہ وہی ہے جو میں نے تم لوگوں سے کہا تھا۔

صلح حدیبیہ سے بڑھ کر کوئی فتح نہیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ صلح حدیبیہ سے بڑی کوئی فتح نہیں ہوئی حضرت ابوبکرؓ فرماتے تھے اسلام میں صلح حدیبیہ سے بڑھ کر کوئی فتح نہیں ہوئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے رب کے درمیان جو خصوصی علاقہ تھا لوگوں کی سمجھ اس سے قاصر تھی بندے جلدی کرتے ہیں لیکن اللہ ان کی عجلت (پسندی) کی وجہ سے جلدی نہیں کرتا جب تمام امور اللہ کی مشیت کے مطابق ہو جاتے ہیں تو وہ کرتا ہے میں نے حجۃ الوداع میں قربان گاہ کے قریب سہیل بن عمرو کو دیکھا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قربانی کے اونٹ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب لاتے تھے اور آپ اپنے ہاتھ سے ان کو نحر کرتے تھے اور حجام کو طلب فرما کر آپ نے سر منڈوایا تھا میں نے یہ بھی دیکھا کہ سہیل بن عمرو ان بالوں کو چن چن کر اپنی آنکھوں پر رکھ رہے تھے اور مجھے یاد ہے کہ حدیبیہ کے دن بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ لکھنے سے انہوں نے انکار کیا تھا لیکن انہوں نے اللہ کا شکر کیا کہ اللہ نے ان کو مسلمان ہونے کی توفیق عطا فرمائی۔ (تفسیر مظہری)

فَمَنۡ نَّکَثَ فَاِنَّمَا یَنۡکُثُ عَلٰی نَفۡسِہٖ ۚ

پھر جو کوئی قول توڑ دے سو توڑتا ہے اپنے نقصان کو

وَ مَنۡ اَوۡفٰی بِمَا عٰہَدَ عَلَیۡہُ اللّٰہَ

اور جو کوئی پورا کرے اس چیز کو جس پر اقرار کیا اللہ

فَسَیُؤۡتِیۡہِ اَجۡرًا عَظِیۡمًا ﴿۱۰﴾

سے تو وہ اُس کو دیگا بدلہ بہت بڑا ☆

☆ یعنی بیعت کے وقت جو قول و قرار کیا ہے اگر کوئی اس کو توڑے گا تو اپنا ہی نقصان کرے گا اللہ و رسول کو کچھ ضرر نہیں پہنچتا۔ اسی کو عہد شکنی کی سزا

besturdubooks.wordpress.com

ملے گی اور جس نے استقامت دکھلائی اور اپنے عہد و پیماں کو مضبوطی کے ساتھ پورا کیا تو اسکا بدلہ بھی بہت پورا ملے گا۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَنْ اَوْفٰی ۔یعنی جو بیعت پر قائم رہے گا۔

اَجْرًا عَظِیْمًا ۔یعنی جنت اور اللہ کی خوشنودی اور اس کا دیدار۔ (تفسیر مظہری)

سَیَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ
اب کہیں گے تجھ سے پیچھے رہ جانیوالے
الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا
گنوار ہم کام میں لگے رہ گئے اپنے مالوں کے
وَاَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ
اور گھر والوں کے، سو ہمارا گناہ بخشوا ☆

منافقوں کے اندیشے اور بہانے

☆ مدینہ سے روانہ ہوتے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی روانگی کا اعلان کر دیا اور مسلمانوں کو ساتھ چلنے کے لئے ابھارا تھا شاید قرائن سے آپ کو بھی لڑائی کا احتمال ہو۔اس پر دیہاتی گنوار جن کے دلوں میں ایمان راسخ نہ ہوا تھا جان چرا کر بیٹھ رہے۔ اور آپس میں کہنے لگے کہ بھلا ہم ایسی قوم کی طرف جائیں جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر مدینہ میں آکر ان کے کتنے ساتھیوں کو قتل کر گئی اب ہم اسکے گھر جا کر اس سے لڑیں گے؟ تم دیکھ لینا اب یہ اور ان کے ساتھی اس سفر سے واپس آنے والے نہیں سب وہیں کھیت رہیں گے ان آیات میں حق تعالیٰ نے ان کے نفاق کا پردہ فاش کیا ہے۔ آپ کو مدینہ پہنچنے سے قبل راستہ میں بتلا دیا گیا کہ تمہارے صحیح و سالم جانے پر وہ لوگ اپنی غیر حاضری کے جھوٹے عذر اور حیلے بہانے کرتے ہوئے آئیں گے اور کہیں گے کہ کیا کہئے ہم کو گھر بار کے دھندوں سے فرصت نہ ملی، کوئی ہمارے پیچھے مال اور اہل و عیال کی خبر لینے والا نہ تھا بہر حال ہم سے کوتاہی ضرور ہوئی۔ اب اللہ سے ہمارا قصور معاف کرا دیجئے۔ (تفسیر عثمانی)

یَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَیْسَ فِیْ
وہ کہتے ہیں اپنی زبان سے جو اُن کے
قُلُوْبِهِمْ ؕ
دل میں نہیں ☆

جھوٹی ظاہر داری ☆ یعنی دل میں جانتے ہیں کہ یہ عذر بالکل غلط ہے اور استغفار کی درخواست کرنا بھی محض ظاہر داری کے لئے ہے سچے دل سے نہیں وہ دل میں نہ اس کو گناہ سمجھتے ہیں نہ آپ پر اعتقاد رکھتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ فَمَنْ یَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ
تو کہہ کس کا کچھ بس چلتا ہے اللہ سے تمہارے
شَیْـًٔا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ
واسطے اگر وہ چاہے تمہارا نقصان یا چاہے
بِكُمْ نَفْعًا ؕ بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا
تمہارا فائدہ بلکہ اللہ ہے تمہارے
تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرًا ﴿۱۱﴾
سب کاموں سے خبردار ☆

حیلہ تراشی کا جواب ☆ یعنی ہر طرح کا نفع و نقصان اللہ کے قبضہ میں ہے۔جس کی مشیت و ارادہ کے سامنے کسی کا کچھ بس نہیں چلتا اسکو منظور نہیں تھا کہ تم کو اس سفر مبارک کی شرکت کے فوائد نصیب ہوں۔ نہ اب یہ منظور ہے کہ میں تمہارے لئے استغفار کروں اس نے تمہاری حیلہ تراشی سے قبل ہی ہم کو ان جھوٹے اعذار پر مطلع کر دیا تھا۔ بہر حال اس نے ارادہ کر لیا ہے کہ تمہارے اعمال و حرکات کی بدولت غزوہ "حدیبیہ" کی گونا گوں برکات فوائد کی طرف سے تم کو نقصان اور گھاٹے میں رکھے اور ہاں تم کہتے ہو کہ اپنے مال اور گھر والوں کی حفاظت کی وجہ سے سفر میں نہ جا سکے تو کیا خدا اگر تمہارے مال و اولاد وغیرہ میں نقصان پہنچانے کا ارادہ کرے تم گھر میں رہ کر اسے روک دو گے۔ یا فرض کرو اللہ تم کو کچھ فائدہ مال و عیال میں پہنچانا چاہے اور تم سفر میں ہو، تو کیا اسے کوئی روک سکتا ہے۔ جب نفع و نقصان کو کوئی روک نہیں سکتا تو اللہ اور اسکے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی خوشنودی کے مقابلہ میں ان چیزوں کی پرواہ کرنا محض حماقت و ضلالت ہے، ان حیلوں بہانوں سے مت سمجھو کہ ہم اللہ کو خوش کر لیں گے بلکہ یاد رکھو اللہ تمہارے سب کھلے چھپے اعمال و احوال کی پوری خبر رکھتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ یَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ
کوئی نہیں تم نے تو خیال کیا تھا کہ پھر کر نہ آئے گا رسول

besturdubooks.wordpress.com

وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰٓى اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا وَّزُيِّنَ

اور مسلمان اپنے گھر کبھی اور کھب

ذٰلِكَ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ

گیا تمہارے دل میں یہ خیال اور انکل کی تم نے بری انکلیں

وَكُنْتُمْ قَوْمًا بُوْرًا ﴿۱۲﴾

اور تم لوگ تھے تباہ ہونیوالے☆

منافقوں کے دل کا چور ☆یعنی واقع میں تمہارے نہ جانے کا سبب یہ نہیں جو بیان کر رہے ہو بلکہ تمہارا خیال یہ تھا کہ اب پیغمبر اور مسلمان اس سفر سے بچ کر واپس نہ آئیں گے۔ یہ ہی تمہاری دلی آرزو تھی اور یہ غلط انکل اور تخمینہ تمہارے دلوں میں خوب جم گیا تھا اسی لئے اپنی حفاظت اور نفع کی صورت تم نے علیحدہ رہنے میں سمجھی۔ حالانکہ یہ صورت تمہارے خسران اور تباہی کی تھی اور اللہ جانتا تھا کہ یہ تباہ و برباد ہونے والے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَزُيِّنَ ذٰلِكَ فِيْ قُلُوْبِكُمْ۔ یعنی مسلمانوں کو اور رسول کی تباہی کی پسندیدگی تمہارے دلوں میں پیدا تو اللہ نے کی تھی مگر شیطان نے تمہارے دلوں میں یہ خیال دل پسند بنا دیا تھا۔ وَظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ۔ یعنی تم نے خیال کیا تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے ساتھی مشرکوں کا لقمہ بن جائیں گے اسی طرح کے اللہ اور اس کے رسول کے متعلق برے برے گمان تم رکھتے تھے۔ قَوْمًا بُوْرًا۔ عند اللہ ہلاک ہونے والے تباہ بداعتقاد اور برے گمان رکھنے کی وجہ سے۔ (تفسیر مظہری)

وَمَنْ لَّمْ يُؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

اور جو کوئی یقین نہ لائے اللہ پر اور اُس کے رسول پر

فَاِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَعِيْرًا ﴿۱۳﴾ وَلِلّٰهِ

تو ہم نے تیار کر رکھی ہے منکروں کے واسطے دہکتی آگ اور اللہ کیلئے ہے

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يَغْفِرُ لِمَنْ

راج آسمانوں کا اور زمین کا بخشے جس کو

يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ

چاہے اور عذاب میں ڈالے جس کو چاہے اور ہے اللہ

غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۴﴾

بخشنے والا مہربان☆

☆یعنی جس کو وہ بخشنا چاہے، میں کیسے بخشواؤں ہاں اسکی مہربانی ہو تو تم کو توبہ کی توفیق مل جائے اور بخشش ہو جائے اور اسکی رحمت بہرحال غضب پر سابق ہے۔ (تفسیر عثمانی)

لِمَنْ يَّشَآءُ۔ یعنی اس پر نہ مغفرت واجب ہے نہ سزا دینا لازم۔

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا۔ یعنی اللہ کی ذاتی صفات تو مغفرت اور رحمت ہیں اور عذاب دینے کا فیصلہ عارضی ہے۔ (تفسیر مظہری)

سَيَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ اِذَا انْطَلَقْتُمْ اِلٰى

اب کہیں گے پیچھے رہ گئے ہوئے جب تم چلو گے غنیمتیں

مَغَانِمَ لِتَاْخُذُوْهَا ذَرُوْنَا نَتَّبِعْكُمْ ۚ

لینے کو چھوڑو ہم بھی چلیں تمہارے ساتھ

يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ ۭ قُلْ

چاہتے ہیں کہ بدل دیں اللہ کا کہا تو کہہ دے

لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا كَذٰلِكُمْ قَالَ اللّٰهُ مِنْ

تم ہمارے ساتھ ہرگز نہ چلو گے یونہی کہہ دیا اللہ نے

قَبْلُ ۚ

پہلے سے☆

غزوۂ خیبر سے متعلق منافقوں کا رویہ

☆''حدیبیہ'' سے واپس ہو کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ''خیبر'' پر چڑھائی کرنے کا حکم ہوا جہاں غدار یہود آباد تھے جو بدعہدی کر کے جنگ ''احزاب'' میں کافر قوموں کو مدینہ پر چڑھا لائے تھے۔ حق تعالیٰ نے حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کو خبر دی کہ وہ گنوار جو حدیبیہ نہیں گئے اب ''خیبر'' کے معرکہ میں تمہارے ساتھ چلنے کو کہیں گے کیونکہ وہاں خطرہ کم اور غنیمت کی امید زیادہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان سے فرما دیں کہ تمہاری استدعا سے پیشتر اللہ ہم کو کہہ چکا ہے کہ تم (اس سفر میں) ہمارے ساتھ ہرگز نہیں جاؤ گے اندریں صورت کیا تم ہمارے ساتھ جا سکتے ہو۔ اگر جاؤ گے تو یہ معنی ہوں گے

besturdubooks.wordpress.com

کہ گویا اللہ کا کہا بدل دیا گیا جو کسی طرح ممکن نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

ایک اشکال اوراس کا جواب:

رہی یہ بات کہ جب مسلمان اتنے بہادر تھے تو مکہ میں زبردستی کیوں داخل نہ ہوسکے تو اس کی وجہ یہ تھی کہ قریش پر اللہ نے رحم فرمایا کہ اپنے رسول کو اور مسلمانوں کو داخل ہونے سے روک دیا جیسے قریش پر رحم کرنے کے سبب ہاتھی والے حبشیوں کو مکہ میں داخل ہونے سے روک دیا تھا پھر اللہ کو یہ بھی علم تھا کہ قریش کے اکثر آدمی مسلمان ہو جائیں گے اوران کی نسل سے بہت سی مؤمن روحیں پیدا ہوں گی ایک بات یہ بھی تھی کہ مسلمان مکہ میں زبردستی گھستے اور جنگ ہوتی تو وہاں کچھ مسلمان مرد اور عورتیں بھی پوشیدہ تھے اور حملہ کرنے والوں کو معلوم نہیں تھا اس لئے نادانستگی میں ممکن تھا وہ روندے جاتے یہی وجوہ تھیں کہ مسلمانوں نے زبردستی داخل ہونے کی کوشش نہیں کی اور اللہ نے انکو حدیبیہ میں ہی روک دیا۔

قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا۔ اللہ کی طرف سے بطور معجزہ یہ ایک پیشین گوئی ہے کہ باوجودیکہ وہ اعراب مال غنیمت کی لالچ میں مخلص مؤمنوں کے ساتھ جانے کا پختہ ارادہ کر چکے تھے مگر اللہ نے پہلے سے خبر دے دی کہ یہ ساتھ نہیں جائیں گے۔ گویا دو مرتبہ پیشین گوئی فرمائی ایک بار یہ کہ وہ تمہارے ساتھ جانے کو کہیں گے اور دوسری بار یہ کہ وہ تمہارے ساتھ ہرگز نہیں نکلیں گے۔ (تفسیر مظہری)

فَسَيَقُوْلُوْنَ بَلْ تَحْسُدُوْنَنَا ؕ
پھر اب کہیں گے نہیں تم تو جلتے ہو ہمارے فائدہ سے ☆

منافقوں کی چرب زبانی ☆ یعنی اللہ نے کچھ بھی نہیں فرمایا محض یہ چاہتے ہو کہ ہمارا فائدہ نہ ہو۔ سب مال غنیمت بلاشرکت غیرے تمہارے ہی ہاتھ آجائے۔ (تفسیر عثمانی)

بَلْ كَانُوْا لَا يَفْقَهُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۵﴾
کوئی نہیں پر وہ نہیں سمجھتے ہیں مگر تھوڑا سا ☆

منافق احمق ہیں ☆ یعنی بہت تھوڑی سمجھ ہے احمق یہ نہیں سمجھتے کہ مسلمانوں کے زہد و قناعت کا کیا حال ہے کیا وہ مال کے حریص ہیں؟ جو تم پر حسد کریں گے؟ اور پیغمبر از راہ حسد خدا پر جھوٹ بول دے گا؟ العیاذ باللہ۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ
کہہ دے پیچھے رہ جانے والے گنواروں سے

سَتُدْعَوْنَ اِلٰى قَوْمٍ اُولِىْ بَاْسٍ
آئندہ تم کو بلائیں گے ایک قوم پر بڑے سخت لڑنے والے
شَدِيْدٍ تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ ۚ
یا وہ مسلمان ہونگے تم اُن سے لڑو گے یا وہ مسلمان ہونگے
فَاِنْ تُطِيْعُوْا يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا حَسَنًا ۚ
پھر اگر حکم مانو گے دیگا تم کو اللہ بدلہ اچھا ☆

منافقوں کے جھوٹے شوق کی تسکین ☆

یعنی ذرا صبر کرو، اس لڑائی میں تو نہیں جا سکتے لیکن آگے بہت معرکے پیش آنے ہیں بڑی سخت جنگجو قوموں سے مسلمانوں کے مقابلے ہوں گے جن کا سلسلہ اس وقت تک جاری رہے گا جب تک کہ وہ قومیں مسلمان ہوکر یا جزیہ وغیرہ دے کر اسلام کی مطیع ہو جائیں۔ اگر واقعی تم کو شوق جہاد ہے تو اس وقت میدان میں آکر داد شجاعت دینا۔ اس موقع پر خدا کا حکم مانو گے تو اللہ بہترین بدلہ دے گا (تنبیہ) ان جنگجو قوموں سے "بنو حنیفہ" وغیرہ مراد ہیں جو "مسیلمہ کذاب" کی قوم تھی یا "ھوازن وثقیف" وغیرہ جن سے "حنین" میں مقابلہ ہوا یا وہ مرتدین جن پر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فوج کشی کی۔ یا فارس و روم اور کرد وغیرہ جن سے خلفائے راشدین کے زمانہ میں لڑائیاں ہوئیں۔ ان میں سے بہت سے بے لڑے بھڑے مسلمان ہوئے اور مال غنیمت بھی بہت آیا۔ (تفسیر عثمانی)

اسلام کی تین شرطیں (۱) اسلام (۲) لڑائی (۳) جزیہ

تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ۔ یعنی دونوں باتوں میں سے ایک ہوگی۔ قتال یا اسلام۔ مراد یہ ہے کہ دونوں میں سے ایک بات ہونی ضرور ہے یا تو ان سے جنگ کرتے رہو یا وہ اسلام لے آئیں تیسری بات نہیں ہو سکتی ان سے جزیہ نہیں لیا جا سکتا۔ یہ حکم صرف عرب کے مشرکوں اور مرتد ہو جانے والے مسلمانوں کے لئے خاص تھا۔ اہل روم اور دوسری عجمیوں کے لئے تین صورتیں تھیں جنگ یا اسلام یا جزیہ۔

شیخینؓ کی خلافت کی طرف اشارہ

اس تفسیر پر حضرت ابوبکرؓ کی خلافت کا برحق ہونا اس آیت سے ثابت ہو جائے گا۔ کیونکہ مرتدوں سے جہاد کرنے کی آپ ہی نے مسلمانوں کو دعوت دی لیکن حضرت ابن عباسؓ مجاہد عطاء اور ابن جریج کے نزدیک قوم سے مراد

besturdubooks.wordpress.com

اہل فارس ہیں اس صورت میں حضرت عمرؓ کی خلافت (حضرت ابو بکرؓ کی خلافت پر مبنی تھی) کی طرف اشارہ ہوگا کیونکہ آپ نے ہی اہل فارس سے جہاد کیا مگر اس تفسیر پر یسلمون کا معنی ہوگا ینقادون یعنی فم ان سے لڑو یہاں تک کہ وہ تمہارے مطیع ہو جائیں اور جزیہ ادا کرنا قبول کر لیں۔

اَجْرًا حَسَنًا۔ یعنی جنت۔ (تفسیر مظہری)

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا دور خلافت:

حضرت شاہ ولی اللہ قدس اللہ سرہ ایک اور موقعہ پر فرماتے ہیں۔

حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا زمانہ مبارک اس پیشین گوئی کا مصداق نہیں ہوسکتا۔ بچند وجوہ اول یہ کہ حضرت علیؓ کے زمانے میں تین لڑائیاں ہوئیں۔ جمل، صفین، نہروان یہ تینوں لڑائیاں کلمہ گویان واسلام سے تھیں اور یسلمون اس پر صادق نہیں آتا یہ لڑائیاں تو محض مسلمان باغیوں کو شکست دینے کے لئے تھیں دوم یہ کہ تینوں لڑائیاں عربوں ہی سے تھیں۔ سوم یہ کہ کسی روایت میں یہ مضمون نہیں ہے کہ ان بدووں کو حضرت علی المرتضیٰؓ نے دعوت جہاد دی ہو۔

واقدی نے لکھا ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوئی تو ابو بکرؓ خلیفہ بنا لئے گئے ان کے عہد میں مسلیمہ بن قیس مارا گیا جس نے دعوائے نبوت کیا تھا اور انہیں نے بنو حنفیہ سے قتال کیا۔ نیز انہیں کے زمانے میں سجاح اور اسود عنسی مارے گئے اور طلیحہ شام کی طرف بھاگ گیا اور انہیں نے یمامہ کو فتح کیا اور تمام عرب ان کا مطیع ہو گیا اس وقت انہوں نے ارادہ کیا کہ ملک شام پر لشکر کشی کریں اور ان کی توجہ غزوہ روم کی طرف مائل ہوئی۔ چنانچہ انہوں نے صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) کو مسجد نبوی میں جمع کیا اور منبر پر کھڑے ہو کر اللہ کی حمد وثنا بیان کی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یاد کیا اس کے بعد فرمایا کہ اے لوگو تم کو واضح ہو کہ اللہ تعالیٰ نے تم کو اسلام کے سبب سے فضیلت دی ہے اور تم کو محمد علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی امت میں کیا ہے اور تمہارے ایمان و یقین کو ترقی دی ہے اور کھلم کھلا تمہاری مدد کی ہے اور تمہارے ہی حق میں فرمایا ہے کہ الیوم اکملت لکم الخ یعنی آج میں نے کامل کر دیا تمہارے لئے دین تمہارا اور پوری کر دی میں نے تم پر نعمت اپنی اور پسند کیا میں نے اسلام کو تمہارے لئے دین اور یہ بھی واضح رہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی توجہ اور ہمت ملک شام کی طرف تھی مگر اللہ نے ان کو اٹھا لیا اور ان کے لئے اپنا قرب پسند کیا (صلی اللہ علیہ وسلم) لہٰذا اب میں ارادہ رکھتا ہوں کہ تمام مسلمانوں کو جمع کر کے شام کی طرف بھیجوں کیونکہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی وفات سے پہلے (اشارۃً) مجھے اس کا حکم دیا تھا اور فرمایا تھا کہ زمین کی مشرق و مغرب سب میرے لئے لپیٹ دی گئی ہے اور جس قدر حصہ زمین کا میرے لئے لپیٹا گیا وہاں تک میری امت کی سلطنت پہنچے گی

پس اب تم لوگ (اس بارے میں) کیا کہتے ہو اللہ تم پر رحم کرے۔ ان لوگوں نے کہا کہ یا خلیفہ رسول اللہ (ہمارا بولنا آپ کے سامنے کیا مطلب ہے) آپؓ اپنے حکم سے ہمیں اطلاع دیں اور جہاں چاہیں بھیج دیں کیونکہ اللہ عزوجل نے آپ کی اطاعت ہم پر فرض کر دی ہے چنانچہ فرمایا۔ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِى الْاَمْرِ مِنْكُمْ یہ سن کر حضرت ابو بکرؓ بہت مسرور ہوئے اور خوش ہوئے اس کے بعد منبر سے اتر آئے اور بادشاہان یمن اور سرداران عرب اور اہل مکہ کے نام خطوط لکھے ان تمام خطوط کا مضمون یہ تھا۔

مسلمانوں کے نام حضرت ابو بکر صدیقؓ کا خط

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

عبداللہ (ملقب بہ) ابن ابی قحافہ کی طرف سے تمام مسلمانوں کے نام۔ سلام ہو تم پر۔ میں اللہ کی تعریف کرتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں اور درود پڑھتا ہوں اس کے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر۔ میں نے ارادہ کیا ہے کہ تم کو ملک شام کی طرف بھیجوں تاکہ تم لوگ اس کو فتح کرو پس جو شخص تم میں سے جہاد کا ارادہ کرے اس کو چاہئے کہ سبقت کرے اطاعت خدا اور اطاعت رسول پر خط کے آخر میں یہ آیت لکھی تھی۔ اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا الخ اس کے بعد یہ خط سب کے پاس بھیج دیئے اور اس کے جواب کا انتظار کیا۔ سب سے پہلے جو شخص یمن بھیجا گیا وہ حضرت انسؓ بن مالکؓ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے خادم تھے۔ واقدی کا کلام ختم ہوا۔

آپؓ کے خط کا اثر: حضرت صدیق اکبرؓ کا اس بلانے میں مثل جارح کے ہونا اور ان کا اس واقعہ میں اس حدیث قدسی کا مظہر ہونا جو اللہ تعالیٰ نے بخطاب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمائی کہ تم ایک لشکر بھیجو تو ہم ویسے پانچ لشکر بھیج دیں گے بالکل کھلا ہوا ہے۔ چنانچہ (ان کے) اس خط نے لوگوں کے دلوں میں ایسا اثر کیا جو دنیاوی عقل سے بالاتر ہے۔ یہاں تک کہ غزوۂ یرموک میں چالیس ہزار آدمی جمع ہو گئے اور ان کے ہاتھ سے عجیب کوشش ظاہر ہوئی اور ایسی فتح حاصل ہوئی جو حضرت آدم علیہ السلام کے زمانے سے آج تک کسی کو نصیب نہ ہوئی تھی۔ بمقابلہ کوشش اور اہتمام کے دوگنا اور چوگنا نتیجہ حاصل ہوا حضرت صدیقؓ کا یہی کام حضرت فاروق اعظمؓ کے لئے دستور العمل بن گیا انہوں نے اس طریقہ سے غزوۂ قادسیہ میں اعراب کی دعوت دی۔ روضۃ الاحباب میں ذکر غزوۂ قادسیہ میں لکھا ہے کہ جب یہ خبر ملی کہ اہل عجم نے یزدجرد کو بادشاہ بنایا ہے تو انہوں نے اپنے عمال کو اس مضمون کا خط بھیجا کہ ان اطراف میں جس کو تم جانتے ہو کہ اس کے پاس گھوڑا اور ہتھیار ہے اور ہمت و شجاعت بھی رکھتا ہے اور فن حرب سے واقف ہے اس کو فوراً سامان درست کر

besturdubooks.wordpress.com

کے مدینہ روانہ کرو۔ اسی طرح حضرت عثمان غنیؓ نے عبداللہ بن ابی سرح کی کمک کے لئے جبکہ انہوں نے وہاں کے بادشاہ سے جنگ چھیڑی اعراب کو بلایا۔ اور یہ واقعہ بھی مشہور ہے تو یہ تمام تفصیلات اسی امر کو ثابت کر رہی ہیں کہ وہ بلانا جس کا ذکر قرآن مجید میں ہے وہ انہی خلفائے ثلٰثہ کا ہے اور ان میں سے ہر ایک خلیفہ راشد تھے ان کی طرف سے جہاد کی دعوت حکم شرعی تھا اور ان کا حکم ماننا قرآنی فیصلہ تھا جس پر اجر کا وعدہ فرمایا گیا اور ان کے حکم کی خلاف ورزی عذاب خداوندی کا سبب تھا۔ (معارف کاندھلوی)

جنگجو قوم سے مراد: حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں اس سے مراد کرد لوگ ہیں۔ ایک مرفوع حدیث میں ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں قیامت قائم نہ ہوگی جب تک کہ تم ایک ایسی قوم سے نہ لڑو جن کی آنکھیں چھوٹی چھوٹی ہوں گی اور ناک بیٹھی ہوئی ہوگی' ان کے منہ مثل تہہ بہ تہہ ڈھالوں کے ہوں گے۔ حضرت سفیانؒ فرماتے ہیں اس سے مراد ترک ہیں۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ تمہیں ایک قوم سے جہاد کرنا پڑے گا جن کی جوتیاں بالوں دار ہوں گی۔ حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں اس سے مراد کرد لوگ ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

جنگجو قوموں سے مقابلے دورِ خلافت میں ہوئے

ارشاد فرمایا سَتُدْعَوْنَ اِلٰى قَوْمٍ اُولِىْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ' یعنی ایک ایسا وقت آنے والا ہے جبکہ تمہیں جہاد کی دعوت دی جائے گی اور یہ جہاد ایک بڑی سخت جنگجو قوم کے ساتھ ہوگا۔ اور تاریخ اسلام شاہد ہے کہ یہ واقعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں پیش نہیں آیا' کیونکہ اوّلاً تو آپ کا اس کے بعد اعراب کو کسی غزوہ میں دعوت شرکت دینا ثابت نہیں ثانیاً اسکے بعد کسی ایسی قوم سے مقابلہ بھی نہیں ہوا جسکے بہادر اور سخت ہونیکا قرآن نے ذکر فرمایا ہے کیونکہ غزوہ تبوک میں اگرچہ مقابلہ ایسی قوم سے تھا مگر نہ اُس غزوہ میں اعراب کو دعوت دینا ثابت ہے اور نہ اسمیں قتال کی نوبت آئی کیونکہ مقابل آدمیوں پر اللہ نے رعب ڈالدیا وہ مقابلہ پر نہیں آئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ بغیر قتال کے واپس آئے اور غزوۂ حنین میں بھی نہ انکو دعوت دینا ثابت ہے اور نہ اُس وقت مقابل کوئی ایسی قوم تھی جو سخت اور ساز و سامان والی ہو۔ (معارف مفتی اعظم)

وَاِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ
اور اگر پلٹ جاؤ گے جیسے پلٹ گئے تھے
قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۶﴾
پہلی بار دیگا تم کو ایک عذاب دردناک ☆

دھمکی ☆ یعنی جیسے پہلے "حدیبیہ" جانے سے پیچھے ہٹ گئے تھے اگر آئندہ ان معرکوں سے پیچھے ہٹے تو اللہ سخت دردناک سزا دے گا شاید آخرت سے پہلے دنیا ہی میں مل جائے۔ (تفسیر عثمانی)

لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى
اندھے پر تکلیف نہیں اور نہ لنگڑے پر
الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ
تکلیف اور نہ بیمار پر تکلیف ☆

☆ یعنی جہاد ان معذور لوگوں پر فرض نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ
اور جو کوئی حکم مانے اللہ کا اور اُس کے رسول کا اُس کو
جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ
داخل کریگا باغوں میں جن کے نیچے بہتی ہیں نہریں
وَمَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۷﴾
اور جو کوئی پلٹ جائے اُس کو عذاب دیگا دردناک ☆

☆ یعنی تمام امور اور معاملات میں عام ضابطہ یہ ہے۔ (تفسیر عثمانی)

لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ
تحقیق اللہ خوش ہوا ایمان والوں سے
اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ
جب بیعت کرنے لگے تجھ سے اُس درخت کے نیچے ☆

بیعت رضوان ☆ وہ کیکر کا درخت تھا حدیبیہ میں غالباً۔

"لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ" الخ فرمانے کی وجہ سے ہی سے اس بیعت کو بیعت الرضوان کہتے ہیں شروع سورت میں اسکا مفصل قصہ گزر چکا۔ (تفسیر عثمانی)

صحابہ کی تعریف: اس آیت سے مقصود مؤمنوں کی تعریف اور مدح ہے اور گذشتہ کلام سے ایفاء بیعت پر برانگیختہ کرنا مقصود تھا۔

صحیحین میں آیا ہے کہ حضرت جابرؓ بن عبداللہ نے فرمایا ہم حدیبیہ کے دن ایک

besturdubooks.wordpress.com

ہزار چار سو تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم زمین والوں میں سب سے بہتر ہو۔
مسلم نے حضرت امّ بشرؓ کی مرفوع روایت سے بیان کیا ہے کہ جو کوئی اس درخت کے نیچے بیعت کر چکا وہ دوزخ میں نہیں جائے گا۔ (تفسیر مظہری)

اہل عراق کا جھوٹ اور حضرت عثمانؓ کی فضیلت

عراقی لوگوں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شان عظمت پر جب جرح وتنقید اور طعن وتشنیع کا سلسلہ شروع کیا تو انہوں نے حضرت عثمان پر الزامات اور تہمتوں کی ایک فہرست تیار کی ہوئی تھی اور طے شدہ منصوبہ کے مطابق ہر مجمع میں ایک یہ بات بھی کہتے کہ عثمان وہ ہیں جو بیعت الرضوان میں غیر حاضر رہے تو ایک عراقی نے عبداللہ بن عمرؓ کے سامنے بھی ان الزامات کو دہراتے ہوئے پوچھا۔ بتاؤ کیا عثمان وہ شخص نہیں ہیں۔ جنہوں نے بیعت الرضوان میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت نہیں کی۔ فرمایا میں تجھے اس کی حقیقت بتاتا ہوں اور یہ واقعہ بیان کرتے ہوئے فرمانے لگے۔ اس بیعت میں جو لوگ حاضر تھے تو انہوں نے اپنے ہاتھوں سے بیعت کی تھی مگر جب عثمانؓ کی بیعت کی نوبت آئی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خود اپنے ہاتھ کو عثمانؓ کے ہاتھ قائم مقام بنایا۔ خدا کی قسم ہم سب کی بیعت سے افضل اور بڑھ کر عثمانؓ کی بیعت تھی۔ صحیح بخاری جلد۲۔ کتاب التفسیر ۱۲۔ (معارف کاندھلوی)

صحابہ کرام پر طعن وتشنیع اور انکی لغزشوں میں غور و بحث اس آیت کیخلاف ہے

تفسیر مظہری میں فرمایا کہ جن خیار امت کے متعلق اللہ تعالیٰ نے غفران ومغفرت کا یہ اعلان فرما دیا ہے اگر اُن سے کوئی لغزش یا گناہ ہوا بھی ہے تو یہ آیت اُس کے معافی کا اعلان ہے۔ پھر انکے ایسے معاملات کو جو مستحسن نہیں ہیں غور و فکر اور بحث و مباحثہ کا میدان بنانا بدبختی اور بظاہر اس آیت کی مخالفت ہے۔ یہ آیت روافض کے قول کی واضح تردید ہے جو ابوبکر و عمرؓ اور دوسرے صحابہؓ پر کفر و نفاق کے الزام لگاتے ہیں۔

شجرۂ رضوان: شجرۂ جسکا ذکر اس آیت میں آیا ہے ایک ببول کا درخت تھا اور مشہور یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد کچھ لوگ وہاں چل کر جاتے اور اس درخت کے نیچے نمازیں پڑھتے تھے۔ حضرت فاروق اعظمؓ کو خطرہ ہوا کہ کہیں آئندہ آنے والے جہلاء اسی درخت کی پرستش نہ شروع کر دیں جیسے پچھلی اُمتوں میں اس طرح کے واقعات ہوئے ہیں اس لئے اس درخت کو کٹوا دیا مگر صحیحین میں ہے کہ حضرت طارق بن عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ حج کے لئے گیا تو راستے میں میرا گذر ایسے لوگوں میں ہوا جو ایک مقام پر جمع تھے اور نماز پڑھ رہے تھے میں نے اُن سے پوچھا کہ یہ کونسی مسجد ہے انہوں نے کہا کہ یہ وہ درخت ہے۔ جس کے نیچے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیعت رضوان لی تھی' میں اسکے بعد حضرت سعید بن مسیبؒ کے پاس حاضر ہوا اور اس واقعہ کی خبر اُن کو دی اُنہوں نے فرمایا کہ میرے والدین ان لوگوں میں سے تھے جو اس بیعت رضوان میں شریک ہوئے انہوں نے مجھ سے فرمایا کہ ہم جب اگلے سال مکہ مکرمہ حاضر ہوئے تو ہم نے وہ درخت تلاش کیا ہمیں بھول ہوگئی اسکا پتہ نہیں لگا۔ پھر سعید بن مسیبؒ نے فرمایا کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ جو خود اس بیعت میں شریک تھے اُن کو تو پتہ نہیں لگا تمہیں وہ معلوم ہو گیا عجیب بات ہے کیا تم اُن سے زیادہ واقف ہو (روح المعانی) اس سے معلوم ہوا کہ بعد میں لوگوں نے محض اپنے تخمینہ اور اندازہ سے کسی درخت کو متعین کر لیا اور اس کے نیچے حاضر ہونا اور نمازیں پڑھنا شروع کر دیا۔ فاروق اعظم کو یہ بھی معلوم تھا کہ یہ وہ درخت نہیں پھر خطرہ ابتلائے شرک کا لاحق ہو گیا اس لئے اس کو قطع کر دیا ہو کیا بعید ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

فَعَلِمَ مَا فِىْ قُلُوْبِهِمْ
پھر معلوم کیا جو اُن کے جی میں تھا ☆

صحابہ کی دلی کیفیت ☆ یعنی ظاہر کا اندیشہ اور دل کا توکل، حسن نیت، صدق واخلاص اور حب اسلام وغیرہ (تنبیہ) عموماً مفسرین نے "ما فی قلوبھم" سے یہی مراد لیا ہے مگر ابوحیان کہتے ہیں کہ صلح اور شرائط صلح کی طرف سے دلوں میں جو رنج وغم اور اضطراب تھا وہ مراد ہے اور آگے "فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ" اس پر زیادہ چسپاں ہوتا ہے واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ
پھر اُتارا اُن پر اطمینان
وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۱۸﴾
اور انعام دیا اُن کو ایک فتح نزدیک
وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا
اور بہت غنیمتیں جن کو وہ لیں گے ☆

☆ یعنی فتح خیبر جو حدیبیہ سے واپسی کے بعد فوراً مل گئی اور مال غنیمت بہت آیا جس سے صحابہ آسودہ ہو گئے۔ (تفسیر عثمانی)

فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ۔ یعنی ان کے دلوں میں اطمینان پیدا کر دیا کہ حضور قلب

besturdubooks.wordpress.com

کے ساتھ وہ ذکر خدا میں مشغول ہو گئے اور نفسانی پسندیدگی کو چھوڑ کر اللہ کے حکم پر راضی ہو گئے۔

فتح خیبر کتنے عرصہ بعد ہوئی: ابن عائذ نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے بیان کیا کہ حدیبیہ سے واپس آ کر دس روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینے میں قیام فرمایا سلیمان تیمی نے پندرہ روز قیام بتایا ہے ابن عقبہ نے زہری کا قول نقل کیا ہے کہ بیس روز قیام فرمایا۔ ابن اسحاق نے بحوالۂ مسور و مروان بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ماہ ذی الحجہ میں مدینہ میں تشریف فرما ہوئے اور محرم تک قیام پذیر رہے محرم میں خیبر کی طرف روانہ ہو گئے اور فتح خیبر صفر ۷ھ میں ہوئی۔ كَذَافِي الْمَغَازِي لِلْوَاقِدِيْ۔ حافظ نے کہا یہی روایت راجح ہے۔ حاکم نے بھی واقدی سے یہی نقل کیا ہے۔

خیبر کی غنیمتیں: بخاری نے لکھا ہے کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا خیبر فتح ہو گیا تو ہم نے کہا اب ہم پیٹ بھر کر چھوارے کھائیں گے۔ حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا جب تک خیبر کی فتح نہ ہوگی ہم نے پیٹ بھر کر چھوارے نہیں کھائے۔

حافظ محمد بن یوسف صالحی نے کہا خیبر زمین کا ایک قطعہ تھا جس میں قلعے تھے کھیت تھے بکثرت نخلستان تھے حدیبیہ سے تین روز کی مسافت پر شامی حاجیوں کے بائیں ہاتھ کو واقع تھا۔

مَغَانِمَ كَثِيرَةً کی وضاحت کی وجہ: صلح حدیبیہ کے بعد مسلمان مکہ سے واپس آ گئے اور (بظاہر) فتح حاصل نہیں ہوئی (اس سے کچھ دل شکستگی پیدا ہوگئی اس کو دور کرنے اور) مؤمنوں کو تسلی دینے کے لئے مغانم کثیرہ حاصل ہونے کی صراحت فرمائی۔ (تفسیر مظہری)

وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۱۹﴾
اور ہے اللہ زبردست حکمت والا ☆

☆ یعنی اپنے زور و حکمت سے حدیبیہ کی کسر یہاں نکال دی اور اسی طرح کا قصہ فتح مکہ اور حنین میں ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً
وعدہ کیا ہے تم سے اللہ نے بہت غنیمتوں کا
تَأْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ
کہ تم اُن کو لو گے سو جلدی پہنچادی تم کو یہ غنیمت ☆

مستقبل کے نقشے ☆ یعنی آگے چل کر بے شمار غنیمتیں ملنے والی ہیں ان میں کا یہ ایک حصہ غزوہ خیبر میں دلوا دیا۔ (تفسیر عثمانی)

وحی الٰہی صرف قرآن میں منحصر نہیں' قرآن کے علاوہ بھی بذریعہ وحی احکام آئے ہیں اور احادیث رسول بھی کلام اللہ کے حکم میں ہیں علماء نے فرمایا کہ یہ تخصیص اہل حدیبیہ کا وعدہ جو اللہ تعالیٰ نے ذکر فرمایا ہے اسکا قرآن میں کہیں صراحۃً ذکر نہیں' بلکہ یہ تخصیص اہل حدیبیہ کا وعدہ اللہ تعالیٰ نے وحی غیر متلو کے ذریعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سفر حدیبیہ میں فرمایا تھا' اسی کو اس جگہ کلام اللہ اور قال اللہ کے الفاظ سے تعبیر فرمایا ہے اس سے معلوم ہوا کہ علاوہ احکام قرآن کے جو احکام احادیث صحیحہ میں مذکور ہیں وہ بھی حسب تصریح اس آیت کے کلام اللہ اور قول اللہ میں داخل ہیں۔

جو ملحدین احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حجت دین نہیں مانتے یہ آیتیں ان کے الحاد کو کھولنے کے لئے کافی ہیں' رہا یہ معاملہ کہ اسی سورت میں جو سفر حدیبیہ کے شروع میں نازل ہوئی ہے یہ الفاظ قرآن میں موجود ہیں وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا' اور باتفاق مفسرین یہاں فتح قریب سے فتح خیبر مراد ہے تو اس طرح قرآن میں فتح خیبر کا اور اُس کے غنائم اہل حدیبیہ کے ملنے کا وعدہ آ گیا وہی اس لفظ کلام اللہ اور قال اللہ کی مراد ہو سکتی ہے' تو حقیقت یہ ہے کہ اس آیت میں غنیمت کا وعدہ تو ہے مگر اسکا کہیں ذکر نہیں کہ یہ غنیمت اہل حدیبیہ کے ساتھ مخصوص ہوگی دوسرے اس میں شریک نہ ہو سکیں گے یہ تخصیص تو بلاشبہ حدیث رسول ہی سے معلوم ہوئی ہے وہی کلام اللہ اور قال اللہ کا مصداق ہے۔ (معارف مفتی اعظمؒ)

وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ
اور روک دیا لوگوں کے ہاتھوں کو تم سے ☆

غیبی مدد ☆ یعنی عام لڑائی نہ ہونے دی اور حدیبیہ یا خیبر میں کفار کے ہاتھوں سے تم کو کچھ ضرر نہ پہنچنے دیا اور تمہاری غنیمت میں تمہارے اہل وعیال وغیرہ پر کوئی دست درازی نہ کر سکا۔ (تفسیر عثمانی)

ابن اسحاق نے لکھا ہے کہ بنی غطفان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف یہودیوں کے مددگار تھے جب انہوں نے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیبر کے قریب فروکش ہیں تو یہودیوں کی مدد کرنے کے لئے نکل کھڑے ہوئے اور روانہ ہو گئے لیکن اثناء راہ میں انہوں نے (اپنی بستی کے اندر) اپنے اہل وعیال میں کچھ آہٹ سی محسوس کی تو خیال کیا کہ مسلمان وہاں جا پہنچے فوراً پچھلے قدم لوٹ پڑے اور بال بچوں کی حفاظت میں لگے رہے اور

besturdubooks.wordpress.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے خیبر تک پہنچنے کا راستہ خالی کر دیا۔

ابن قانع بغوی اور ابونعیم نے بروایت سعید بن شتیم بیان کیا کہ سعید کے باپ عیینہ بن حصن کے لشکر میں جو غطفان کے سواروں کے ساتھ تھے ایک آواز سنی لوگو! اپنے گھر والوں کی خبر لو ان پر حملہ کر دیا گیا ہے یہ آواز سنتے ہی لوگ ٹوٹ پڑے کسی نے کسی کی طرف نظر لوٹا کر بھی نہیں دیکھا۔ ہمارا خیال ہے کہ وہ آواز آسمان کی طرف سے آئی تھی۔

بعض اہل تفسیر نے کَفَّ اَیْدِیَھُمْ کا یہ مطلب بیان کیا کہ صلح کی وجہ سے اہل مکہ کے ہاتھوں کو روک دیا۔ (تفسیر مظہری)

وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

اور تا کہ ایک نمونہ ہو قدرت کا مسلمانوں کے واسطے ☆

مسلمانوں کے لئے قدرت الٰہی کی نشانی

☆ یعنی مسلمان سمجھیں کہ اللہ کی قدرت کیسی ہے اور ان کا درجہ اس کے ہاں کیا ہے اور یہ کہ اسی طرح آئندہ کے وعدے بھی پورے ہو کر رہیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿٢٠﴾

اور چلائے تم کو سیدھی راہ ☆

یعنی اللہ کے وعدوں پر وثوق اور اسکی لامحدود قدرت پر بھروسہ ہوگا تو اور زیادہ طاعت وفرمانبرداری کی ترغیب ہوگی۔ یہی سیدھی راہ ہے۔ (تفسیر عثمانی)

غزوۂ خیبر کے واقعہ کی تفصیلات

امام احمد ابن خزیمہ اور حاکم نے حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ میں سباع بن عرفطہ کو اپنا جانشین مقرر فرمایا۔

یہود مدینہ کی پریشانی: جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور مسلمانوں نے (خیبر کو روانہ ہونے کی) تیاری کر لی تو مدینے کے یہودیوں کو یہ تیاری بڑی شاق گذری اور مدینہ کے جس یہودی کا جس مسلمان پر کچھ حق (قرض) تھا وہ یہودی اس مسلمان سے چمٹ گیا (کہ میرا قرض دے کر جانا)۔

امام احمد اور طبرانی نے حضرت ابوؓ جدر کا بیان نقل کیا ہے۔ ابوجدرؓ نے فرمایا کہ ابوشحم یہودی کے مجھ پر پانچ درہم تھے وہ مجھ سے چمٹ گیا میں نے کہا مجھے مہلت دے دے امید ہے کہ واپس آ کر میں تیرا قرض ادا کر دوں گا کیوں کہ اللہ نے اپنے نبی سے خیبر کے مال غنیمت کا وعدہ فرما لیا ہے کہنے لگا کیا تیرا یہ گمان ہے کہ خیبر کی لڑائی بھی ایسی ہی ہوگی جیسی تم کو دیہاتیوں بدویوں کی طرف سے پیش آتی ہے (اور تم اس کے عادی ہو) توریت کی قسم خیبر میں دس ہزار جنگ جو بہادر رہتے ہیں غرض دونوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اپنا معاملہ پیش کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کا حق ادا کر دو چنانچہ میں نے ایک کپڑا اپنا تین درہم کو فروخت کر دیا۔ الحدیث۔

مقام اصہباء میں قیام: جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیبر کے قریب مقام اصہباء میں پہنچے تو ہم (سب) سے کھانے کی چیزیں (جتنی جس کسی کے پاس تھیں) طلب فرمائیں لیکن حضور کی خدمت میں صرف ستو پیش کئے گئے (کسی کے پاس اور کچھ تھا ہی نہیں) آپ نے ستوں کو پانی سے تر کیا خود بھی کھائے اور ہم نے بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ستو کھائے پھر آپ نے نماز پڑھی (جدر) وضو نہیں کیا۔ رواہ البخاری والبیہقی۔ محمد بن عمرو کا بیان ہے پھر حضور یہاں سے چل کر اس پڑاؤ پر پہنچے جہاں خیبر کا بازار تھا یہ جگہ (فتح کے بعد) حضرت زید بن ثابت کے حصہ میں آئی تھی پچھلی رات کو اس جگہ پہنچ کر فروکش ہوئے اور (پچھلی) شب کے کچھ حصہ میں یہاں ٹھہرے رہے۔

یہودیوں کی خام خیالی: یہودیوں کا پہلے یہ خیال نہ تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان سے جنگ کریں گے کیوں کہ یہودیوں میں قوت تھی، اسلحہ بھی تھے اور تعداد بھی (بہت) تھی جب ان کو معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روانہ ہو گئے ہیں تو روزانہ دس ہزار جنگجو بہادر (خیبر سے) نکل کر قطار در قطار ہو کر باہر آتے تھے اور جب مسلمانوں کے نہ پاتے تو واپس ہو کر کہتے تھے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا خیال بدل گیا وہ کہاں آئیں گے ان کا آنا بہت دور کی بات ہے روزانہ ان کا یہی معمول تھا۔

جس رات کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے میدان میں اترے اس رات کو انہوں نے کوئی حرکت ہی نہیں کی (سب غافل بے غم پڑے سوتے رہے) مرغ نے بھی بانگ نہیں دی یہاں تک کہ صبح ہو گئی تو ان کے دل خوف سے دھڑکنے لگے اور قلعوں کے دروازے کھول کر وہ باہر آ گئے۔

حملہ: صحیحین کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیبر کو روانہ ہو کر رات کو پہنچے اور آپ کا دستور تھا کہ اگر کسی قوم پر (حملہ کرنے کے لئے) رات کو پہنچتے تھے تو دھوکہ سے اچانک حملہ نہیں کرتے تھے جب صبح ہو جاتی اور بستی سے اذان کی آواز سن لیتے تو حملہ نہیں کرتے تھے اور اذان کی آواز نہ آتی تو حملہ کرتے تھے۔ ہم نے فجر کی نماز تڑکے سے پڑھ لی اذان کی آواز سنائی نہ دی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوار ہو گئے مسلمان بھی سوار ہو گئے بستی والے اپنے ٹوکرے اور کسیاں لے کر کھیتوں پر جانے کے لئے باہر نکلے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو پشت پھیر کر بھاگ پڑے اور بولے محمد آ گئے اور پورا لشکر بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھ اٹھا کر فرمایا، اللہ اکبر خیبر تباہ ہو گیا ہم جب (کسی قوم کے) میدان میں اترتے ہیں (اور ان کو

besturdubooks.wordpress.com

تباہی سے ڈراتے ہیں لیکن وہ نہیں مانتے) تو جن لوگوں کو ڈرایا جاتا ہے ان کی صبح بری ہوتی ہے (یعنی وہ غارت کردیئے جاتے ہیں) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آغاز جہاد نطاۃ کے باشندوں سے کیا۔ مسلمانوں کی صف بندی کی اوران کو نصیحت کردی کہ میری اجازت سے پہلے لڑائی شروع نہ کرنا۔

نافرمان کے لئے جنت نہیں ہے: حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت لئے بغیر بنی اشجع کے ایک آدمی نے ایک یہودی پر حملہ کردیا اس یہودی نے حملہ کیا اور مسلمان کو قتل کردیا لوگوں نے کہا فلاں شخص شہید ہوگیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنگ کی میں نے ممانعت کردی تھی اس کے بعد اس شخص نے یہودی پر حملہ کردیا مسلمانوں نے کہا جی ہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک منادی کو حکم دیا کہ وہ ندا کردے کسی نافرمان کے لئے جنت حلال نہیں۔

عافیت کی دعا مانگو: طبرانی نے حضرت جابرؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ اس روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا 'دشمن سے جنگ کی تمنا نہ کرو اور اللہ سے عافیت کی دعا کرو کیوں کہ تم کو معلوم نہیں کہ (جنگ میں) تم کو کیا صورت پیش آئے گی ہاں جب مڈبھیڑ ہو ہی جائے گی تو دعاء کرو اے اللہ ہمارے اوران کے مالک ہماری اوران کی پیشانیاں تیرے قبضہ میں ہیں تو ہی ان کو قتل کرے گا پھر زمین سے چمٹ کر بیٹھ جاؤ اور جب وہ تم پر حملہ کردیں تو اٹھ کھڑے ہو اور اللہ اکبر کہو۔ الحدیث۔

سب سے پہلا محاصرہ: ابن اسحاق اور محمد بن عمرو بن سعید کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جھنڈے تقسیم کردیئے (ہر دستہ کا ایک جھنڈا مقرر کردیا) اور لوگوں کو لڑنے کی اجازت دے دی اور جمے رہنے کی ترغیب دی۔ سب سے اول جس قلعہ کا محاصرہ کیا وہ ناعم علاقہ نطاۃ کا قلعہ تھا یہاں سخت جنگ ہوئی اہل نطاۃ نے شدید ترین جنگ کی شام کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رجیع کو لوٹ آئے اسی طرح صبح کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جھنڈے لے کر نکلتے تھے (اور شام کو واپس آجاتے تھے) آخر اللہ نے وہ قلعہ فتح کرادیا۔

بخار اور اس کا علاج: بیہقی ابونعیم اور محمد بن عمر کی روایت ہے کہ جب مسلمان خیبر میں پہنچے تو ان ایام میں کھجوریں کچی تھیں مسلمانوں کو ان کے کھانے سے بخار آگیا لوگوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی شکایت کی تو فرمایا پانی مشکیزوں میں بھرلو اور صبح کو دونوں اذانوں کے درمیان بسم اللہ کر کے پانی (اپنے اوپر) بہاؤ مسلمانوں نے حکم کی تعمیل کی فوراً (ایسے) چست ہوگئے جیسے ایک بندش تھی اور وہ کھل گئی (گویا اونٹ کا زانو بند کھل گیا اور وہ چستی کے ساتھ کھڑا ہوگیا)۔

دوسرا محاصرہ: ناعم کی فتح کے بعد مسلمانوں نے صعب بن معاذ کے قلعہ کا محاصرہ کیا۔ محمد بن عمر نے ابوالیسر کعب بن عمر کی روایت سے بیان کیا ہے کہ یہ قلعہ بڑا مضبوط قلعہ تھا مسلمانوں نے تین روز تک اس کا محاصرہ کیا۔

غذائی سامان کی قلت اور دعا کی قبولیت

ابن اسحٰق نے قبیلۂ اسلم کے ایک آدمی کے حوالہ سے اور محمد بن عمر نے معتب اسلمی کے بیان سے نقل کیا ہے اسلمی شخص نے کہا ہمارے قبیلۂ اسلم والوں کو سخت بھوک نے ستایا تھا یہاں تک کہ ہم خیبر میں پہنچے اور دس روز تک حصن نطاۃ (کے محاصرہ) پر جمے رہے لیکن کوئی ایسا مقام جہاں کھانے کی کوئی چیز ہوتی فتح نہیں ہوا لوگوں نے اسماء بن حارثہ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا اسماء نے جا کر عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبیلہ والوں نے آپ کو سلام کہا ہے اور عرض کیا ہے کہ ہم سخت بھوک کی تکلیف میں مبتلا ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے قبضہ میں کوئی ایسی چیز نہیں کہ میں ان کو کھانے کے لئے دے سکوں پھر فرمایا اے اللہ سب سے بڑا قلعہ جس میں سب سے زیادہ چربی ہو فتح کرادے یہ دعا کرنے کے بعد جھنڈا حباب بن منذر کو عطا فرمایا اور لوگوں کو حباب کے جھنڈے کے نیچے جمع ہونے کی دعوت دی راوی کا بیان ہے کہ ہم (حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت سے) لوٹے بھی نہ تھے کہ اللہ نے صعب بن معاذ کے قلعہ کی فتح عنایت کردی خیبر میں اس سے بڑھ کر (غذائی رسد یعنی) غلہ اور چربی والا کوئی قلعہ نہیں تھا۔

دو بدو مقابلہ: حباب کا مقابلہ کرنے کے لئے یوشع یہودی باہر نکلا تھا حباب نے اس کو قتل کردیا پھر زیال نکل کر آیا اس کو عمارہ بن عقبہ غفاری نے جالیا اس پر لوگوں نے کہا اس کا جہاد بیکار گیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس پر کوئی گناہ عائد نہیں ہوتا (کہ اس نے حباب کے حریف کو حباب سے پہلے ہی قتل کردیا) بلکہ اس کو اجر ملے گا اور اس کا فعل قابل ستائش ہے۔

صعب قلعہ سے غذائی اشیاء کا ملنا: محمد بن عمر نے حضرت جابرؓ کی روایت سے بیان کیا کہ صعب کے قلعہ کے اندر مسلمانوں کو اتنی کثرت سے کھانے کی چیزیں ملیں جن کا ان کو گمان بھی نہیں تھا جو' چھوارے' گھی' شہد' زیتون کا تیل اور چربی (ہر چیز بافراط ہاتھ آئی) پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منادی نے ندا دی کھاؤ اور لے لو لیکن اپنے ساتھ لادنا مت یعنی یہاں سے اُٹھا کر اپنی بستیوں میں نہ لے جانا۔

تیسرا محاصرہ اور یہودی کا فتح کے لئے راستہ بتانا

بیہقی نے محمد بن عمر کی روایت سے بیان کیا ہے کہ یہودی حصن ناعم اور حصن صعب سے منتقل ہوکر قلعہ زبیر کو چلے گئے (پہاڑ کی وہ چوٹی جو حضرت زبیرؓ کے حصہ میں آئی تھی قلعہ زبیر سے وہی چوٹی مراد ہے) اس چوٹی پر ایک قلعہ تھا مسلمانوں نے اس قلعہ کا محاصرہ کرلیا اور تین روز محاصرہ قائم رکھا۔ ایک یہودی

besturdubooks.wordpress.com

جس کا نام غزال تھا (پوشیدہ طور پر) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا ابو القاسم میں آپ کو ایک تدبیر بتاتا ہوں جس سے اہل حصن کے جھگڑے سے آپ کو فراغت مل جائے گی بشرطیکہ مجھے مع اہل وعیال یہیں سے امن کے ساتھ شق کو چلے جانے کی آپ اجازت دے دیں کیوں کہ شق میں رہنے والے آپ کے رعب سے مرے جا رہے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو مع اہل وعیال امن دینے کا وعدہ فرما لیا یہودی نے کہا اگر آپ ایک مہینہ تک یہاں پڑے رہیں گے تب بھی اہل حصن کو کچھ پرواہ نہ ہوگی کیوں کہ زمین کے اندر ان کے پاس پانی جمع ہے رات کو نکل کر وہاں جا کر وہ اپنے لئے پانی لے آتے ہیں اگر آپ پانی تک پہنچنے کا ان کا راستہ کاٹ دیں تو وہ (بیتاب ہو کر) باہر نکل پڑیں گے (حسب مشورہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جا کر ان کے پانی کا سلسلہ منقطع کر دیا پانی کا سلسلہ کٹ گیا تو وہ لوگ فوراً باہر نکل آئے اور سخت ترین مقابلہ کیا اس روز کی لڑائی میں چند مسلمان شہید ہو گئے دس یہودی مارے گئے اور قلعہ فتح ہو گیا۔ نطاۃ کا یہ آخری قلعہ تھا۔

سموان چھاؤنی پر حملہ: نطاۃ سے فارغ ہونے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شق کی طرف متوجہ ہوئے شق میں قلعہ کے اوپر ایک چھاؤنی تھی جس کو سموان کہا جاتا تھا سب سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی کا رخ کیا چھاؤنی والوں نے سخت ترین مقابلہ کیا۔ ایک یہودی جس کو غزول کہا جاتا تھا مقابلہ کے لئے باہر آیا حباب بن منذر نے اس کو قتل کر دیا ایک اور یہودی نکل کر آیا اس کو ابو دجانہ نے قتل کر دیا اور اس کی زرہ اور تلوار لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ زرہ اور تلوار ابو دجانہ کو ہی عنایت فرما دی۔ اس کے بعد یہودی میدان میں نکل کر مقابلہ کرنے سے رک گئے۔ مسلمانوں نے نعرۂ تکبیر بلند کیا اور چھاؤنی پر حملہ کر دیا اور اندر گھس گئے۔ حضرت ابو دجانہ آگے آگے تھے۔ وہاں مسلمانوں کو بڑا مال اسباب بکریاں بھیڑیں اور غلہ ملا وہاں جو جنگ جو لوگ تھے سب بھاگ کر بزال (قلعہ کا نام) میں چلے گئے۔ نطاۃ میں جو لوگ باقی رہ گئے تھے وہ بھی بزال میں آ گئے اور انتہائی مضبوطی کے ساتھ قلعہ بند ہو گئے۔

قلعہ بزال پر حملہ اور معجزۂ نبوی: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ساتھیوں کو لے کر (بزال کی طرف) حرکت کی اور سخت ترین جنگ کی اہل شق نے مسلمانوں پر تیروں اور پتھروں کی بارش کر دی کچھ تیر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بھی آئے جو آپ کے کپڑوں میں الجھ کر رہ گئے آپ نے ان کو جمع کر لیا پھر ایک مٹھی کنکریاں لے کر قلعہ پر پھینک ماریں جس سے قلعہ میں لرزہ پیدا ہو گیا اور دیواریں زمین پر آ گئیں مسلمان اندر داخل ہو گئے اور قلعہ والوں کو گرفتار کر لیا نطاۃ اور شق کے قلعہ فتح ہو گئے تو جو لوگ باقی رہ گئے تھے وہ کثیبہ کی چھاؤنیوں کی طرف بھاگ گئے۔

قموص پر حملہ: کثیبہ کی چھاؤنیوں میں سب سے بڑی چھاؤنی قموص تھی یہ بڑی مضبوط اور محفوظ تھی ابن ابی عقبہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا محاصرہ بیس روز جاری رکھا یہ سرزمین صحت کے لئے مضر تھی۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تکلیف:

شیخین نے حضرت سہل بن سعد کی روایت سے اور بخاری و ابو نعیم نے حضرت سلمہ بن اکوع کی روایت سے اور ابو نعیم نے حضرت عمرؓ حضرت ابن عباسؓ حضرت سعدؓ بن ابی وقاص حضرت عمرانؓ بن حصین اور حضرت جابرؓ بن عبداللہ کی روایت سے اور مسلم و بیہقی نے حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے اور امام احمد و ابو یعلی و بیہقی نے حضرت علیؓ کی روایت سے اور نعیم و بیہقی نے حضرت بریدہ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو (درد) شقیقہ (آدھے سر کا درد) اٹھا کرتا تھا جس کی وجہ سے ایک دو روز آپ باہر تشریف نہیں لاتے تھے جب خیبر میں فروکش ہوئے تو (حسب عادت) درد شقیقہ شروع ہو گیا۔

لڑائی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو بکر کو بلوا کر اپنا جھنڈا ان کے سپرد کیا۔ حضرت ابو بکرؓ نے جھنڈا لے کر سخت ترین جنگ کی پھر دوبارہ چڑھائی کی اور پہلی جنگ سے زیادہ شدید حملہ کیا لیکن کامیابی کے بغیر واپس آ گئے فتح نہ ہو سکی حضرت علیؓ کی روایت میں آیا ہے کہ (شروع) دو دن کی لڑائی میں یہودیوں کا پلڑا بھاری رہا۔

فاتح کے ہاتھ میں جھنڈا: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی اطلاع دی گئی تو فرمایا کل میں ایسے شخص کو جھنڈا دوں گا جس کے ہاتھ پر اللہ فتح عنایت فرمائے گا وہ میدان سے بھاگنے والا نہ ہوگا اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرنے والا ہوگا اور زبردستی فتح حاصل کرلے گا۔ حضرت بریدہ کا بیان ہے اس فرمان نبوی کے بعد ہمارے دلوں کو یقین ہو گیا کہ کل کو فتح حاصل ہو جائے گی لیکن لوگوں کو رات بھر یہی سوچ رہا کہ کل جھنڈا کس کو دیا جائے گا صبح ہوئی تو لوگ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ہر ایک کی خواہش تھی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کو جھنڈا عطا فرمائیں حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا اس روز کے علاوہ مجھے کبھی خواہش نہ ہوئی کہ مجھے امیر بنایا جائے صبح کو فجر کی نماز کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جھنڈا طلب فرمایا اور سیدھے کھڑے ہو کر (حسب روایت زہری) لوگوں کو نصیحت فرمائی پھر فرمایا علیؓ کہاں ہیں لوگوں نے کہا ان کی آنکھیں آ گئی ہیں لوگوں کو بلانے کے لئے بھیجا گیا حضرت سلمہؓ کا بیان ہے میں حضرت علیؓ کا ہاتھ پکڑ کر لے آیا۔

معجزہ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم کو کیا ہو گیا حضرت علیؓ نے جواب

besturdubooks.wordpress.com

دیا میری آنکھیں دکھنے لگی ہیں اتنی کہ سامنے کی چیز بھی نہیں دیکھ سکتا حاکم کی روایت میں حضرت علیؓ کا بیان آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا سر اپنی گود میں لیا پھر اپنا لعاب دہن دست مبارک میں لے کر میری آنکھوں میں مل دیا صحابہ کا بیان ہے ملتے ہی آنکھیں ایسی ہوگئیں گویا کبھی یہ دکھی ہی نہ تھیں اس کے بعد وقت وفات تک حضرت علیؓ کی آنکھیں کبھی نہیں دکھیں۔

حضرت علیؓ کو نصیحتیں: اس واقعہ کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جھنڈا ان کو عنایت فرمایا۔ حضرت علیؓ نے عرض کیا یارسول اللہ میں ان یہودیوں سے اس وقت تک لڑتا رہوں گا جب تک وہ ہماری طرح (مسلمان) نہ ہو جائیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آہستہ چال سے چل کر جاؤ جب ان کے علاقہ میں پہنچ جاؤ تو ان کو اسلام کی دعوت دو اور ان کو بتاؤ کہ اللہ کا حق ان پر کیا ہے اور اللہ کے رسول کا حق کیا ہے اگر تمہارے ذریعہ سے اللہ ایک کو بھی ہدایت کردے تو خدا کی قسم سرخ اونٹوں سے بھی تمہارے لئے زیادہ بہتر (مفید) ہوگا حضرت علی جھنڈا لے کر نکل کر چلے اور قلعہ کے نیچے پہنچ کر جھنڈا زمین میں گاڑ دیا ایک یہودی نے قلعہ کے اوپر سر باہر نکال کر دیکھا اور پوچھا تو کون ہے حضرت علیؓ نے فرمایا میں علیؓ ہوں یہودی یہ سنتے ہی بول اٹھا قسم ہے اس کی جس نے عیسیٰ علیہ السلام پر توریت نازل کی تم غالب آگئے آخر حضرت علیؓ فتح کر کے ہی لوٹے۔

دوبدو مقابلہ، حضرت علیؓ کی شجاعت: محمد بن عمرو نے حضرت جابرؓ کی روایت سے بیان کیا کہ خیبر کے قلعہ سے جو سب سے پہلے باہر نکل کر آیا حضرت علیؓ سے مقابلہ کرنے وہ مرحب کا بھائی حارث تھا حضرت علیؓ نے اس کو قتل کر دیا اس کے ساتھی قلعہ کے اندر لوٹ کر چلے گئے پھر عامر قلعہ سے برآمد ہوا یہ بڑا دراز قامت جسیم آدمی تھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عامر باہر نکلا ہے تم دیکھ رہے ہو یہ پانچ ہاتھ کا آدمی ہے اور دعوت مقابلہ دے رہا ہے حضرت علیؓ اس کے مقابلہ پر گئے اور اس کو قتل کر دیا اس کے بعد یاسر نکل کر آیا حضرت علی اس کے مقابلہ کے لئے بھی جانے لگے تو حضرت زبیرؓ بن عوان نے کہا میں آپ کو قسم دے کر کہتا ہوں کہ مجھے اس سے تنہا نبٹ لینے دیجئے حضرت علیؓ نے حضرت زبیرؓ کی بات مان لی جب حضرت زبیرؓ مقابلہ کے لئے برآمد ہوئے تو حضرت صفیہؓ نے کہا اے اللہ کے رسول میرا بیٹا مارا جائے گا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں بلکہ تمہارا بیٹا ان شاء اللہ اس کو قتل کردے گا چنانچہ حضرت زبیرؓ نے یاسر کو قتل کر دیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے (حضرت زبیرؓ سے فرمایا) تجھ پر میرا چچا قربان۔ ہر نبی کا حواری (مخلص قلبی دوست) ہوتا ہے میرا حواری زبیر ہے۔ حضرت سلمہؓ بن اکوع راوی ہیں کہ مرحب رجز (رزمیہ اشعار) پڑھتا ہوا باہر آیا حضرت علیؓ نے اس کو بھی قتل کر دیا۔ امام احمد نے حضرت علی کا قول نقل کیا ہے کہ جب میں نے مرحب کو قتل کر دیا تو اس کا سر لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا بیہقی اور محمد بن عمرو نے حضرت جابرؓ بن عبداللہ کے حوالے سے بیان کیا کہ حضرت محمد بن مسلمہ نے مرحب کو قتل کیا تھا لیکن صحیح روایت مسلم کی ہے کہ حضرت علیؓ نے مرحب کو قتل کیا تھا ابن اسحاق کی روایت ہے کہ حضرت ابورافع نے بیان کیا جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (جھنڈا دے کر) حضرت علیؓ کو بھیجا تو میں بھی حضرت علیؓ کے ساتھ تھا آپ قلعہ کے قریب پہنچے تو اہل قلعہ باہر نکل آئے حضرت علیؓ ان سے لڑنے لگے ایک یہودی نے حضرت علیؓ کی تلوار پر ضرب لگائی جس سے ڈھال آپ کے ہاتھ سے گر گئی ایک کواڑ قلعہ کے پاس پڑا ہوا تھا آپ نے فوراً اس کو اٹھا لیا اور اس کو ڈھال بنا لیا اور برابر لڑتے رہے آخر اللہ نے فتح عنایت فرما دی لڑائی سے فارغ ہو کر وہ کواڑ اپنے ہاتھ سے پھینک دیا وہ منظر میرے سامنے ہے کہ سات آدمی اور تھے میں آٹھواں تھا ہم سب نے کوشش کر کے اس کواڑ کو پلٹنا چاہا لیکن پلٹ نہ سکے۔

بیہقی نے دو طریقوں سے حضرت محمد بن علی (محمد حنیفہ) کی روایت سے بیان کیا کہ حضرت جابرؓ بن عبداللہ نے فرمایا کہ حضرت علیؓ نے خیبر کے دن وہ دروازہ اٹھا کر (قلعہ سے) لگا دیا کہ مسلمان اس پر چڑھ کر قلعہ پر پہنچ گئے اور قلعہ کھول دیا ہم نے بطور آزمائش اس کو اٹھانا چاہا مگر چالیس آدمی اس کو اٹھا نہ سکے۔ اس روایت کے سب راوی ثقہ ہیں صرف لیث بن سلیم غیر معتبر ہے۔

حضرت جابرؓ کی ایک روایت میں آیا ہے کہ ستر آدمیوں نے جمع ہو کر کوشش کی کہ اُس دروازے کو اس کی جگہ پر لوٹا دیں۔ صالحی نے کہا کہ حاکم نے بھی یہ روایت بیان کی ہے۔

قیدی عورتیں اور حضرت صفیہؓ:

قموص میں ابوالحقیق کے قلعہ کے اندر سے کچھ عورتیں گرفتار ہو کر آئیں جن میں سے حیی بن اخطب کی بیٹی حضرت صفیہ بھی تھیں۔ حضرت بلالؓ ان کو اور ان کے ساتھ ایک اور عورت کو اس راستہ سے لے کر آئے جہاں یہودیوں کی لاشیں پڑی ہوئی تھیں۔ حضرت صفیہؓ کے ساتھ والی عورت ان کو دیکھ کر چیخ پڑی اور منہ پیٹ لیا اور اپنے سر پر خاک ڈالنے لگی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو دیکھ کر فرمایا' اس شیطانہ کو الگ لے جاؤ پھر حضرت صفیہ کو اپنے پیچھے آنے کا حکم دیا اور اپنی چادر ان پر ڈال دی چادر ڈالنے سے مسلمان سمجھ گئے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ کو اپنے لئے منتخب فرما لیا۔ حضرت صفیہؓ کے ساتھ والی یہودن کی بے قراری دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلالؓ سے فرمایا کیا تمہارے (دل کے) اندر سے رحم بالکل نکال لیا گیا (یعنی کیا تمہارے دل میں رحم بالکل نہیں رہا) کہ تم ان دونوں عورتوں کو ادھر سے لے کر آئے جہاں ان کے مرد مقتول پڑے ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

حضرت صفیہؓ کا خواب: حضرت صفیہؓ کی شادی جب کنانہ بن ربیع بن ابی الحقیق سے ہوئی اسی زمانہ میں آپ نے خواب دیکھا تھا کہ چاند میری گودی میں آ گرا ہے۔ یہ خواب آپ نے اپنے شوہر سے بیان کیا "تو شاہ حجاز محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی خواہش مند ہے" یہ کہہ کر ایک طمانچہ اس نے آپ کے منہ پر ایسا مارا کہ آنکھ پر نیل پڑ گیا جب حضرت صفیہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچیں ہیں تو طمانچہ کا نشان آپ کی آنکھ پر تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سبب دریافت کیا تو آپ نے واقعہ بیان کر دیا۔

شادی: ایک روایت میں آیا ہے کہ دحیہ (کلبی) نے خدمت گرامی میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان قیدیوں میں سے ایک باندی مجھے عنایت فرما دیجئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا جاؤ کوئی لونڈی لے لو حضرت دحیہ نے حضرت صفیہ بنت حیی کا انتخاب کر لیا۔ یہ دیکھ کر ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے حیی کی بیٹی صفیہ جو (سارے) بنی قریظہ اور بنی نضیر کی سردار ہے دحیہ کو عطا فرما دی وہ تو صرف آپ کے لئے زیبا تھی رسول نے حکم دیا دحیہ کو مع صفیہ کے بلاؤ' دحیہ مع صفیہ کے آ گئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صفیہ کو دیکھ کر حضرت دحیہ سے فرمایا اس کی بجائے قیدیوں میں کوئی اور لونڈی لے لو اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ کو آزاد کر کے خود ان سے نکاح کرایا واپس میں راستہ میں ہی تھے کہ ام سلمہؓ نے حضرت صفیہ کو سروسامان سے تیار کر کے رات ہی کو خدمت گرامی میں بھیج دیا۔

دعوت ولیمہ اور مہر: صبح ہوئی تو فرمایا جس کسی کے پاس کچھ (کھانے کی) چیز ہو وہ لے آئے یہ حکم دیکھ کر چمڑے کا دسترخوان آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بچھوا دیا چنانچہ کوئی چھوارے لایا کوئی گھی لایا کوئی ستو لایا اور سب کو ملا کر لوگوں نے حلوا بنا لیا' یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے طعام ولیمہ تھا۔ ثابت نے ابوحمزہ سے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ کو مہر کیا دیا ابوحمزہ نے کہا ان کو آزاد کر دیا اور نکاح کر لیا۔ (آزادی ہی مہر قرار پائی)۔

بعض چیزوں کی ممانعت: صحیحین میں آیا ہے کہ حضرت عبداللہ بنؓ ابی اوفیٰ نے فرمایا خیبر کے (قیام کے) زمانہ میں ہم سخت بھوک میں مبتلا ہو گئے (کھانے کی بڑی قلت تھی) خیبر کی جنگ کے دن کچھ پالتو گدھے ہمارے ہاتھ لگ گئے ہم نے انہیں کو ذبح کر کے ہانڈیاں چڑھا دیں ہانڈیوں میں ابال آیا ہی تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منادی نے ندا دی "ہانڈیاں الٹ دو گدھوں کا گوشت بالکل نہ کھاؤ"۔

حضرت ابن عباسؓ راوی ہیں کہ تقسیم سے پہلے مال غنیمت کو فروخت کرنے کی ایک وضع حمل سے پہلے حاملہ (لونڈی) سے صحبت کرنے کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ممانعت فرما دی اور فرمایا کیا دوسرے کی کھیتی کو تم اپنے پانی سے سیراب کرو گے اور پالتو گدھے کے گوشت اور ہر نوک دار دانت والے (یعنی کیلوں) والے جانور کا گوشت سے بھی منع فرما دیا ہے رواہ الدار قطنی محمد بن عمرو کا بیان ہے میں یا تیس گدھے ذبح کئے تھے۔

آخری دو قلعے صلح غنیمت: ابن اسحاق کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مال پر مال لیتے اور قلعہ پر قلعہ فتح کرتے جا رہے تھے یہاں تک کہ دو قلعے وطیح اور سلالم رہ گئے یہ دونوں آخری قلعہ تھے جو فتح نہیں ہوئے تھے یہودی باہر نہیں آتے تھے قلعہ بند ہو گئے تھے آخر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منجنیق نصب کرانے کا ارادہ کر لیا (تاکہ سنگ باری کر کے دیوار توڑ دی جائے) جب یہودیوں کو ہلاکت کا یقین ہو گیا ۱۴ روز کا محاصرہ ہو گیا تھا تو انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے صلح کی درخواست کی کنانہ بن ابی الحقیق نے ایک یہودی کو جس کا نام شماخ تھا پیام صلح دے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان شرطوں پر مصالحت تسلیم کر لی کہ جتنے لوگ قلعہ بند ہیں ان کی اور ان کے اہل وعیال کی جانیں محفوظ رہیں گی وہ خیبر کی سرزمین سے نکل جائیں سارا مال متاع سونا چاندی کپڑے زمین گھوڑے اور اسلحہ وغیرہ سب چھوڑ جائیں اور جو کپڑے پہنے ہوئے ہوں بس وہی پہنے ہوئے جا سکتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم کچھ چھپا کر رکھو گے تو اللہ کی اور میری ذمہ داری ختم ہو جائے گی ان شرائط پر یہودیوں نے صلح کر لی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ترتیب وار ہر چیز پر قبضہ کر لیا ان دونوں قلعوں میں سوزرہیں چار سو تلواریں اور پانچ سو عربی کمانیں مع تیردانوں کے دستیاب ہوئیں اور کتیبہ میں پانچ سو کمانیں تیردانوں سمیت پہلے مل چکی تھی۔

کنانہ اور ربیع کا معاملہ: ابن سعد اور بیہقی نے حضرت ابن عمرؓ کی روایت سے نیز ابن سعد نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے مصالحت کی یہی تفصیل بیان کی ہے جو ہم نے ذکر کر دی کہ یہودیوں نے وعدہ کیا تھا کہ کوئی چیز چھپائیں گے نہیں اگر چھپائیں گے تو ان کی حفاظت کی ذمہ داری ختم۔

حضرت ابن عباسؓ راوی ہیں کہ حضرت صفیہ کے سابق شوہر کنانہ بن ابی الحقیق کو اور اس کے بھائی ربیع کو اور اس کے چچا کے بیٹے کو لایا گیا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا حیی کا چمڑے کا (سونے سے بھرا ہوا) تھیلا کیا ہوا جو بنی نضیر لے کر آئے تھے دونوں بھائیوں نے کہا (امدادی) مصارف اور لڑائیوں نے ان کو ختم کر دیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا زمانہ تو تھوڑا ہی گذرا ہے اور مال بہت تھا (اتنی قلیل مدت میں سب سونا کیسے خرچ ہو گیا) تم دونوں نے یقیناً اس کو چھپا رکھا ہے اگر تم مجھ سے کچھ بھی چھپائے رکھو گے

besturdubooks.wordpress.com

اور پھر مجھے اس کی اطلاع مل جائے گی تو تم دونوں کا قتل اور تمہارے بیوی بچوں کو باندی غلام بنانا میرے لئے جائز ہو جائے گا کنانہ نے کہا ہاں۔ بیہقی نے عروہ اور محمد بن عمرو کی روایت سے بیان کیا ہے کہ اللہ نے اپنے نبی کو اس خزانہ کا مقام بتا دیا اور حضور نے کنانہ سے فرمایا بحکم آسمانی تو جھوٹا ہے پھر ایک انصاری کو طلب فرما کر حکم دیا فلاں میدان میں جاؤ ایک درخت خرما دائیں طرف اور دوسرا بائیں طرف ملے گا (دونوں کے بیچ میں زمین کے اندر ایک خزانہ ملے گا) جو کچھ وہاں ملے میرے پاس لے آؤ انصاری جا کر ایک برتن اور کچھ مال لے آئے جس کی قیمت دس ہزار دینار جانچی گئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں کی گردنیں مارنے اور دونوں کے بیوی بچوں کو باندی غلام بنانے کا حکم دے دیا کیوں کہ ان دونوں نے عہد شکنی کی تھی۔

خیبر کی زمینیں: بخاری نے حضرت ابن عمرؓ کی روایت سے اور بیہقی نے حضرت ابن عمر اور موسیٰ بن عقبہ اور عروہ کے حوالہ سے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب خیبر فتح کر لیا تو یہودیوں نے کہا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو یہیں رہنے دیجئے ہم یہیں رہیں گے اور اس زمین کی خدمت انجام دیں گے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ کے پاس کاشت کاری سے واقف غلام نہ تھے اور خود اتنی فراغت نہ تھی کہ زمین کی (کھیتی باڑی) کا کام انجام دے سکتے اس لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شرط پر ان کی درخواست منظور فرمائی کہ اناج اور کھجوروں کی پیداوار میں سے ان کو نصف دیا جائے گا اور باقی حصہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہوگا۔

ایک روایت میں یہ الفاظ بھی آئے ہیں کہ رسول اللہ نے فرمایا ہم جب تک چاہیں گے تم کو (اسطور پر) برقرار رکھیں گے۔ دوسری روایت ان الفاظ کے ساتھ ہے جب اللہ تم کو برقرار رکھے گا ہم بھی برقرار رکھیں گے۔

پیداوار کی منصفانہ تقسیم: ہر سال حضرت عبداللہؓ بن رواحہ جا کر وہاں کی پیداوار نکلوا کر ایک جگہ جمع کر کے نصف نصف تقسیم کر دیتے تھے یہودیوں نے حضرت عبداللہ بنؓ رواحہ کی شکایت رسول صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچائی اور حضرت عبداللہ کو رشوت دینی چاہی حضرت عبداللہؓ نے فرمایا اے دشمنان خدا کیا تم مجھے حرام کھلانا چاہتے ہو میں تمہارے پاس ایک ایسے شخص کی طرف سے آیا ہوں جو مجھے سب لوگوں سے زیادہ محبوب ہے اور تم میری نظر میں بندروں اور سوروں سے بھی زیادہ قابل نفرت ہو لیکن تم سے یہ نفرت اور ان سے یہ محبت مجھے تمہارے ساتھ ناانصافی کرنے پر آمادہ نہیں کر سکتی یہودیوں نے کہا اسی عدل پر تو آسمان وزمین قائم ہیں غرض یہودی اپنی زمینوں پر بدستور قائم رہے۔

یہودیوں کی غداری اور خیبر سے جلاوطنی

جب حضرت عمرؓ کا دور خلافت آیا تو یہودیوں نے مسلمانوں سے غداری کی اور جب حضرت عبداللہ بن عمرؓ کو مکان کے اوپر سے نیچے پھینک دیا پھر دونوں ہاتھوں (کے پھونچوں) کو موڑ دیا گویا اکھاڑ دیا بعض روایت میں آیا ہے کہ رات کو جب حضرت عبداللہؓ سو رہے تھے تو یہودیوں نے آپ پر جادو کیا صبح کو اٹھے تو ایسا معلوم ہوا کہ پہنونچے انگوٹھوں کی طرف مڑ گئے ہیں گویا بندھے ہوئے ہیں جب آپ کے ساتھی آئے تو انہوں نے آپ کے ہاتھوں کو ٹھیک کیا یہ حالات دیکھ کر حضرت عمرؓ نے برسر عام ایک تقریر کی اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے سلسلہ میں یہودیوں سے مالی پیداوار کا ایک معاملہ کیا تھا اور فرمایا تھا جب تک اللہ تم کو برقرار رکھے گا ہم بھی برقرار رکھیں گے عبداللہ بن عمرؓ اپنے مال کے سلسلہ میں وہاں گئے تھے ان پر رات کو حملہ کیا گیا اور ان کے ہاتھوں کو موڑ دیا گیا یا اکھاڑ دیا گیا وہاں سوا ان یہودیوں کے اور کوئی ہمارا دشمن نہیں ہے (اس جرم میں) انہیں لوگوں کی اہمیت ہماری نظر میں ہے اس لئے میں ان کو جلاوطن کرنا چاہتا ہوں جس جس کا حصہ خیبر میں ہو وہ آ جائے اور (ارض خیبر کو) تقسیم کرا لے جب حضرت عمرؓ نے یہودیوں کو جلاوطن کرنے کا پختہ ارادہ کر لیا تو قبیلہ بنی الحقیق کا ایک سردار آیا اور اس نے کہا آپ ہم کو جلاوطن نہ کیجئے ہم کو یہیں رہنے دیجئے جیسے ابوالقاسم (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) اور ابوبکرؓ نے ہم کو رکھا تھا۔ حضرت عمرؓ نے اس سے فرمایا کیا تو بھول گیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تجھ سے فرمایا تھا تیرا اس وقت کیا حال ہوگا جب تیز رفتار اونٹنی شاشب تجھے لئے اڑ رہی ہوگی کہنے لگا یہ تو ابوالقاسم کا ایک مذاق تھا حضرت عمرؓ نے فرمایا تو جھوٹا ہے غرض آپ نے یہودیوں کو خیبر سے نکال دیا۔

یہودیہ عورت کی چالبازی: شیخین نے حضرت انسؓ کی روایت سے اور ابن سعد و ابونعیم نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت اور بعض دوسرے علماء نے حضرت جابرؓ حضرت ابوسعیدؓ اور حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے میز زہری نے بیان کیا کہ مرحب کی بھتیجی سلام بن مسکم کی بیوی زینب نے لوگوں سے دریافت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بکری کے کس عضو کا گوشت پسند ہے لوگوں نے کہا دست کا زینب نے پوری بکری کا گوشت زہر آلود کر کے بھون کر حضرت صفیہؓ کے پاس بطور ہدیہ بھیجا اور دست میں زیادہ زہر ملا دیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب حضرت صفیہؓ کے پاس تشریف لائے حضرت بشر بن براء بن معرور اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے حضرت صفیہؓ نے بھونی ہوئی (پوری) بکری خدمت میں پیش کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بکری کا دست لے کر کچھ گوشت اس میں سے نوچا (اور منہ میں رکھ کر) گھمایا اور بشر نے ہڈی لے کر اس میں سے گوشت نوچ کر منہ میں لیا ابن اسحاق کا بیان ہے کہ بشر نے تو اس کو نگل لیا مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تھوک دیا۔ زہری کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں سے ایک ٹکڑا لیا اور حضرت بشر نے بھی ایک لقمہ لیا حضور نے فرمایا ہاتھ کھینچ لو یہ بکری مجھے اطلاع دے رہی

besturdubooks.wordpress.com

ہے کہ وہ زہر آلود ہے حضرت بشر نے کہا قسم ہے اس کی جس نے آپ کو عزت بخشی ہے، میں نے بھی اپنے نوالہ میں یہ بات محسوس کی تھی لیکن آپ کے سامنے میں نے کھانے کو منہ سے پھینک دینا پسند نہیں کیا جب آپ نے اپنے منہ کے اندر نوالہ کو ناگوار محسوس نہیں کیا تو میں آپ کی جان سے اپنی جان کو عزیز رکھتا ایسا نہیں کر سکتا تھا مجھے یہی خیال تھا کہ نوالہ میں خرابی ہونے کے باوجود آپ نے توڑا ہوا ایسا ہو نہیں سکتا حضرت بشر اپنی جگہ سے اٹھنے بھی نہ پائے کہ طیلسان (چادر سبز یا زرد) کی طرح آپ کا رنگ ہو گیا اور وفات ہو گئی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شہادت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو ہند کو بلوا کر اپنے کندھے پر پچھنے (خون بھری سینگھی) لگوائے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بچ تو گئے لیکن یہ دکھ وفات تک رہا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا زہریلی بکری کا جو لقمہ خیبر کے دن میں نے کھایا تھا اس کا اثر میں برابر محسوس کرتا رہا (اس سے ثابت ہوتا ہے کہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شہید ہوئے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا درگذر: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس یہودن کو طلب فرمایا اور ارشاد فرمایا کیا تو نے بکری (کے گوشت) کو زہر آلود کیا تھا یہودن نے کہا جی ہاں فرمایا تو نے یہ حرکت کیوں کی کہنے لگی میری قوم کی جو درگت آپ نے بنائی آپ سے پوشیدہ نہیں ہے میں نے خیال کیا کہ اگر یہ شخص بادشاہ ہے تو میں اس سے نجات پا جاؤں گی اور اگر نبی ہے تو اس کو اطلاع مل جائے گی (اس اقرار کے بعد) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے درگذر فرمائی۔

عبدالرزاق نے مصنف میں بوساطت معمر زہری کا قول نقل کیا ہے کہ وہ عورت مسلمان ہو گئی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو چھوڑ دیا' سلیمان تیمی نے اسی پر جزم کیا ہے اور روایت میں یہ الفاظ بھی نقل کئے ہیں کہ اس عورت نے کہا اور اگر آپ جھوٹے ہیں تو میرے ذریعہ سے لوگوں کو آپ (کی اس فتنہ انگیزی) سے سکھ مل جائے گا اب مجھ پر ظاہر ہو گیا کہ آپ سچے ہیں میں آپ کو اور آپ کے پاس جو لوگ موجود ہیں ان کو گواہ بناتی ہوں کہ میں آپ کے دین پر ہوں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں۔ راوی کا بیان ہے جب وہ مسلمان ہو گئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے تعرض نہیں کیا۔

مختلف روایات میں تطبیق: محمد بن عمر نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے وہ (سارا) گوشت جلا دیا گیا حضرت جابرؓ کی روایت ہے کہ جب حضرت بشر بن براء کا انتقال ہو گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے اس یہودن کو قتل کرا دیا گیا رواہ ابوداؤد عن محمد بن عامر باسانیدلہ۔ اس روایت میں ہے کہ اس یہودن کو بشر کے اولیاء کے سپرد کر دیا گیا اور انہوں نے اسے قتل کر دیا۔ بیہقی نے کہا احتمال ہے کہ پہلے چھوڑ دیا ہو (پھر قتل کرا دیا ہو) سہیلی نے کہا آپ اپنی ذات کا انتقام لینا نہیں چاہتے تھے اس لئے (پہلے) چھوڑ دیا پھر حضرت بشر کے قصاص میں قتل کرا دیا حافظ نے کہا چونکہ وہ مسلمان ہو گئی تھی اس لئے چھوڑ دیا پھر جب حضرت بشر کا انتقال ہو گیا تو قصاص واجب ہو گیا اس لئے قتل کرا دیا۔

حضرت جعفرؓ بن ابی طالب کی حبشہ سے واپسی

حضرت ابوموسیٰؓ اشعری نے فرمایا ہم یمن میں تھے وہاں ہم کو اطلاع ملی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ سے (مدینہ کو) روانہ ہو گئے ہم بھی وطن سے ہجرت کر کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچنے کے ارادہ سے چل پڑے (لیکن) کشتی نے ہم کو حبشہ میں جا پھینکا وہاں حضرت جعفر بنؓ ابی طالب سے ہماری ملاقات ہو گئی حضرت جعفرؓ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو یہاں بھیجا تھا اور یہیں قیام کرنے کا حکم دیا تھا تم بھی ہمارے ساتھ یہیں ٹھہر جاؤ۔ ہم بھی حضرت جعفرؓ کے ساتھ یہیں قیام پذیر ہو گئے (پھر کچھ مدت کے بعد) جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیبر فتح کر چکے تھے تو ہم بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جا پہنچے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (مال غنیمت میں) ہمارا بھی حصہ لگا دیا سواء اصحاب سفینہ (یعنی حضرت جعفرؓ حضرت موسیٰؓ اور دوسرے مہاجرین حبشہ) کے اور کسی ایسے شخص کو خیبر کے مال میں حصہ دار نہیں بنایا جو فتح خیبر کے وقت وہاں موجود نہ تھا حضرت جعفرؓ بن ابی طالب کے پہنچنے پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بخدا میں نہیں جانتا کہ دونوں باتوں میں سے کس سے مجھے زیادہ خوشی ہوئی خیبر کی فتح یا جعفرؓ کے واپس آنے سے۔ حضرت جعفرؓ نے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف نظر اٹھائی تو (آپ پر) کچھ خجالت طاری ہو گئی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جعفرؓ کے ساتھیوں سے فرمایا تمہارے لئے دو ہجرتیں ہیں (مکہ سے حبشہ کو جانا اور ترک وطن کرنا پھر حبشہ سے مدینہ میں آنا) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جعفرؓ کی دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا (یعنی پیشانی چوم لی) رواہ البیہقی۔

حضرت ابوہریرہؓ اور قبیلہ دوس والوں کا آنا

حضرت ابوہریرہؓ کا بیان ہے میں اور قبیلہ دوس کے اسی گھر مدینہ میں آئے پھر خیبر میں اس وقت پہنچے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نطاۃ کو فتح کر چکے تھے اور کتیبہ کا محاصرہ کئے ہوئے تھے ہم سب وہیں ٹھہر گئے یہاں تک کہ اللہ نے فتح عنایت فرما دی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسرے مسلمان کے ساتھ مال غنیمت میں ہمارے حصے بھی لگا دیئے۔ رواہ احمد البخاری فی التاریخ والحاکم والبیہقی وابن خزیمۃ والطحاوی۔

besturdubooks.wordpress.com

فدک کا قصہ

خیبر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو (خیبر والوں کے ساتھ) معاملہ کیا تھا فدک والوں کو جب اسی کی اطلاع ملی تو انہوں نے درخواست صلح کے لئے ایک وفد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا اور گذارش کی کہ ہماری جانوں کی حفاظت کی ذمہ داری آپ لے لیں اور ہم کو چلا جانے دیں ہم سارا مال یہیں آپ کے لئے چھوڑ جائیں گے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ عرض داشت قبول فرمالی لیکن شرط یہ لگادی کہ (اب تو تم یہیں ٹھہرو اور کام کرو) آئندہ ہم جب چاہیں گے تم کو نکال دیں گے اہل فدک اس پر راضی ہوگئے۔ (چونکہ خیبر پر قبضہ جنگ کے بعد ہوا تھا اس لئے) خیبر (کے مال) میں سب مسلمان مجاہد شریک ہوئے اور فدک (پر قبضہ بغیر جنگ کے ہوا تھا اس لئے) خالص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ملکیت رہا مسلمانوں کو فدک پر گھوڑے اور اونٹ دوڑانے (یعنی لشکر کرنے) کی ضرورت نہیں پڑی۔ حضرت عمرؓ نے اہل خیبر کی طرح ان کو بھی جلاوطن کردیا۔ (تفسیر مظہری)

وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ
اور ایک فتح اور جو تمہارے بس میں نہ آئی وہ
اللّٰهُ بِهَا ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ
اللہ کے قابو میں ہے اور اللہ ہر
شَيْءٍ قَدِيْرًا ﴿۲۱﴾
چیز کرسکتا ہے☆

فتح مکہ کی بشارت ☆ یعنی اس بیعت کے انعام میں فتح خیبر دی۔ اور مکہ کی فتح جو اس وقت ہاتھ نہ لگی وہ بھی مل ہی چکی ہے۔ کیونکہ اللہ نے اس کا وعدہ کرلیا اور فی الحقیقت عالم اسباب میں وہ نتیجہ اسی صلح حدیبیہ کا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

یا اَحَاطَ سے مراد ہے علمی احاطہ یعنی اللہ کا علم ان کو محیط ہے اللہ ان کو تمہارے لئے فتح کرانا جانتا ہے۔

وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا۔ یعنی اگرچہ تم ان پر قدرت نہیں رکھتے مگر اللہ ہر چیز پر قابو رکھتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَلَوْ قٰتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا
اور اگر لڑتے تم سے کافر تو پھیرتے

الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّ
پیٹھ پھر نہ پاتے کوئی حمایتی اور
لَا نَصِيْرًا ﴿۲۲﴾
نہ مددگار☆

اس وقت صلح ہی قرین حکمت تھی ☆ یعنی لڑائی ہوتی تو تم ہی غالب رہتے اور کفار پیٹھ پھیر کر بھاگتے کوئی مددگار کے ان کو آفت سے نہ بچا سکتا مگر اللہ کی حکمت اسی کو مقتضی ہوئی کہ فی الحال صلح ہوجائے اور اسکی عظیم الشان برکات سے مسلمان مستفید ہوں۔ (تفسیر عثمانی)

سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ مِنْ
رسم پڑی ہوئی اللہ کی جو چلی آتی ہے
قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿۲۳﴾
پہلے سے اور تو ہرگز نہ دیکھے گا اللہ کی رسم کو بدلتے☆

سنت اللہ ☆ یعنی جب اہل حق اور اہل باطل کا کسی فیصلہ کن موقع پر مقابلہ ہوجائے تو آخر کار اہل حق غالب اور اہل باطل مغلوب و مقہور کئے جاتے ہیں یہی عادت اللہ کی ہمیشہ سے چلی آتی ہے جس میں کوئی تبدیل و تغییر نہیں ہاں یہ شرط ہے کہ اہل حق بہیات مجموعی پوری طرح حق پرستی پر قائم رہیں اور بعض نے "وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا" کے معنی یوں کئے ہیں کہ اللہ کی عادت کوئی دوسرا نہیں بدل سکتا یعنی کسی اور کو قدرت نہیں کہ وہ کام نہ ہونے دے جو سنت اللہ کے موافق ہونا چاہئے تھا۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی اللہ نے یہ طریقہ ہمیشہ سے جاری کردیا ہے کہ اللہ کے اولیاء و انبیاء، اللہ کے دشمنوں پر غالب رہیں گے۔ دوسری آیت میں آیا ہے لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِيْ میں اور میرے رسول بلا شبہ غالب آئیں گے۔ دوسری آیت میں آیا ہے اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ اللہ کا گروہ ہی فلاح یاب ہوگا۔ تیسری جگہ ہے اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ اللہ کا گروہ ہی غالب رہے گا۔ (تفسیر مظہری)

وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ
اور وہی ہے جس نے روک رکھا اُن کے ہاتھوں کو تم سے
وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ
اور تمہارے ہاتھوں کو اُن سے بیچ شہر مکہ کے

besturdubooks.wordpress.com

مِنْۢ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ ؕ

بعد اس کے کہ تمہارے ہاتھ لگا دیا اُن کو ☆

مشرکین کی فتنہ انگیزی ☆ مشرکین کی کچھ ٹولیاں "حدیبیہ" پہنچتی تھیں کہ موقع پا کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو شہید کردیں اور یا اکیلے اکیلے مسلمانوں کو ستائیں چنانچہ کچھ چھیڑ چھاڑ بھی کی بلکہ ایک مسلمان کو قتل بھی کر ڈالا اور اشتعال انگیز کلمات بکتے پھرے آخر صحابہ رضی اللہ عنہم نے ان کو زندہ گرفتار کر کے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں پیش کر دیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو معاف فرما دیا اور کچھ انتقام نہیں لیا آیت ہذا میں اس قسم کے واقعات کی طرف اشارہ ہے اور "بِبَطْنِ مَكَّةَ" (بیچ شہر مکہ کے) یعنی شہر کے قریب گویا شہر کا بیچ ہی سمجھو۔ (تفسیر عثمانی)

شان نزول: وَهُوَ الَّذِي الخ۔ سابق میں حضرت انسؓ کی روایت گزر چکی ہے کہ اسی یا ستر کفار مکہ کوہ تنعیم سے اتر کر (مسلمانوں پر غفلت کی حالت میں حملہ کرنے کے لئے) آئے تھے لیکن پکڑے گئے (اور حملہ نہ کر سکے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو معاف فرما دیا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

حضرت عبداللہ بن مغفل کی روایات میں آیا ہے کہ تیس جوان ہم پر (حملہ کرنے کے لئے کوہ تنعیم) سے نکل کر آئے تھے۔ حضرت سلمہ بن اکوع کی روایت ہے کہ میں نے چار آدمیوں پر اپنی تلوار سونت لی تھی۔ الحدیث۔ (تفسیر مظہری)

وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

اور ہے اللہ جو کچھ تم کرتے ہو

بَصِيْرًا ﴿۲۴﴾

دیکھتا ☆

☆ یعنی ان کی شرارتیں اور تمہارا عفو وتحمل سب کچھ اللہ دیکھ رہا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

هُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْكُمْ

یہ وہی لوگ ہیں جو منکر ہوئے اور روکا تم کو

عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْهَدْيَ

مسجد حرام سے اور نیاز کی قربانی

مَعْكُوْفًا اَنْ يَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ ؕ

کو بھی بند پڑی ہوئی اس بات سے کہ پہنچے اپنے جگہ تک ☆

مشرکین کی زیادتیاں ☆ یعنی حرم کے اس حصہ تک قربانی کے جانور پہنچنے نہ دیئے جہاں لے جا کر ذبح کرنے کا عام دستور اور معمول ہے بلکہ یہیں ہی رکے پڑے رہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَنِسَآءٌ

اور اگر نہ ہوتے کتنے ایک مرد ایمان والے اور کتنی عورتیں

مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَئُوْهُمْ

ایمان والیاں جو تم کو معلوم نہیں خطرہ کی تم اُن کو پیس ڈالتے

فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌ ۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ

پھر تم پر اُن کی وجہ سے خرابی پڑ جاتی بےخبری سے

لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۚ

کہ اللہ کو داخل کرتا ہے اپنی رحمت میں جس کو چاہے ☆

مکہ میں موجود مومنین کے تحفظ کی حکمت عملی

☆ یعنی کچھ مسلمان مرد وعورت جو کہ مکہ میں مظلوم ومقہور تھے اور مسلمان ان کو پوری طرح جانتے نہ تھے وہ لڑائی میں بےخبری سے پیس دیئے جائیں گے اگر یہ خطرہ نہ ہوتا تو فی الحال لڑائی کا حکم دے دیا جاتا لیکن ایسا ہوتا تو تم خود اس قومی نقصان پر متاسف ہوتے اور کافروں کو یہ کہنے کا موقع ملتا کہ دیکھو! مسلمان مسلمانوں کو بھی نہیں چھوڑتے اس خرابی کے باعث لڑائی موقوف رکھی گئی تا وہ مسلمان محفوظ رہیں اور تم پر اس بے مثال صبر وتحمل کی بدولت خدا اپنی رحمت نازل فرمائے۔ نیز کافروں میں سے جن لوگوں کا اسلام لانا مقدر ہے ان کو بھی لڑائی کی خطرناک گڑبڑ سے بچا کر اپنی رحمت میں داخل کر لے۔ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "اس تمام قصے میں ساری ضد اور کعبہ کی بےادبی ان ہی (مشرکین) سے ہوئی۔ تم باادب رہے انہوں نے عمرہ والوں کو منع کیا اور قربانی اپنے ٹھکانے پر نہ پہنچنے دی۔ بے شک وہ جگہ اس قابل تھی کہ اسی وقت تمہارے ہاتھ سے فتح کرائی جاتی مگر بعض مسلمان مرد وزن مکہ میں چھپے ہوئے تھے اور بعض لوگ جن کا مسلمان ہونا اب مقدر تھا اس وقت کی فتح مکہ میں وہ پیسے جاتے آخر دو برس کی صلح میں جتنے مسلمان ہونے کو تھے ہو چکے اور نکلنے والے نکل آئے تب اللہ نے مکہ فتح کرا دیا"۔ (تفسیر عثمانی)

مَعَرَّةٌ۔ ابن زید نے معرہ کا ترجمہ کیا گناہ کیونکہ قتل خطا بھی گناہ سے خالی نہیں ہوتا اسی لئے قتل خطا کا کفارہ واجب ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

شانِ نزول: طبرانی اور ابویعلیٰ راوی ہیں کہ حضرت ابو جمعہ جنید بن سبع نے بیان کیا' دن کے ابتدائی (نصف) حصہ میں جب میں کافر تھا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے (کافروں کی طرف سے) لڑا اور پچھلے دن میں جب میں مسلمان ہو گیا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم رکاب ہو کر (کافروں سے) لڑا۔ ہم تین مرد اور سات عورتیں تھے ہمارے ہی متعلق آیت وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَنِسَآءٌ مُّؤْمِنٰتٌ نازل ہوئی۔

نحوی نکتہ: لِيُدْخِلَ اللّٰهُ ۔ رفتارِ کلام بتا رہی ہے کہ اس فقرہ کا تعلق محذوف فعل سے ہے یعنی زبردستی مکہ میں داخل ہونے کی ممانعت اس وجہ سے ہوئی کہ اللہ جس کو چاہے اپنی رحمت یعنی اپنے دین یا جنت میں داخل کر دے۔

مَنْ يَّشَآءُ ۔ یعنی کفارِ مکہ میں سے جس کو چاہے اپنی رحمت میں داخل فرما دے چنانچہ فتح مکہ کے دن بہت سے مشرک مسلمان ہو گئے۔ یا یہ مطلب ہے کہ اللہ کمزور بے بس مسلمانوں کو اپنی دنیوی رحمت یعنی عافیت میں طویل مدت تک زندہ رکھے۔ (تفسیر مظہری)

لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
اگر وہ لوگ ایک طرف ہو جاتے تو آفت ڈالتے ہم منکروں پر
مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿٢٥﴾
عذاب دردناک کی ☆

☆ یعنی اگر کفار مسلمانوں سے الگ ہوتے اور مسلمان ان میں لے ملے نہ ہوتے تو دیکھ لیتے کہ ہم مسلمانوں کے ہاتھوں سے کافروں کو کیسی دردناک سزا دلواتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ
جب رکھی منکروں نے اپنے دلوں میں
الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ
کد نادانی کی ضد پھر اُتارا اللہ نے
سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ
اپنی طرف اطمینان اپنے رسول پر اور مسلمانوں پر ☆

جاہلیت کا تعصب ☆ نادانی کی ضد یہی کہ امسال عمرہ نہ کرنے دیا اور یہ کہ جو مسلمان مکہ سے ہجرت کر جائے اسے پھر واپس بھیج دو اگلے سال عمرہ کو آؤ تو تین دن سے زیادہ مکہ میں نہ ٹھہرو اور ہتھیار کھلے نہ لاؤ۔ صلح نامہ میں بسم اللہ الرحمن الرحیم نہ لکھو اور بجائے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صرف محمد بن عبداللہ تحریر کرو۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سب باتیں قبول کیں اور مسلمانوں نے سخت انقباض واضطراب کے باوجود پیغمبر کے ارشاد کے آگے سرِ تسلیم جھکا دیا اور بالآخر اسی فیصلہ پر ان کے قلوب مطمئن ہو گئے۔ (تفسیر عثمانی)

اِذْ جَعَلَ ۔ اِذْ ظرف (زمان) ہے اس کا تعلق عَذَّبْنَا سے ہے یا صَدُّوْا سے۔ یا محذوف فعل کا یہ مفعول ہے کافروں نے اپنے دلوں میں جاہلیت کی حمیت کو جما لیا تھا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو طواف سے روک دیا تھا اور معاہدہ کے کاغذ پر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکھنے سے انکار کر دیا تھا۔ مقاتل کا بیان ہے کہ اہل مکہ نے کہا تھا' انہوں نے ہمارے بیٹوں اور بھائیوں کو قتل کیا۔ اب ہم پر چڑھ آنا چاہتے ہیں۔ عرب کہیں گے کہ یہ ہم کو ذلیل کر کے اندر گھس پڑے ہیں' لات اور عزیٰ کی قسم یہ لوگ (اس سال) مکہ میں نہیں داخل ہو سکتے حمیت جاہلیت سے یہی مراد ہے۔

فَاَنْزَلَ اللّٰهُ ۔ اللہ نے اپنے رسول کو اور مومنوں کو اطمینانِ خاطر عطا فرمایا انہوں نے اللہ کے حکم کی تعمیل کی اور جنگ پر قدرت رکھنے کے باوجود لڑائی سے باز رہے۔ (تفسیر مظہری)

وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوْا
اور قائم رکھا اُن کو ادب کی بات پر اور وہی تھے
اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ
اسکے لائق اور اُس کام کے اور ہے اللہ ہر
شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿٢٦﴾
چیز سے خبردار ☆

صحابہ کرامؓ کی عظمت ☆ یعنی اللہ سے ڈر کر نافرمانی کی راہ سے بچے اور کعبہ کے ادب پر مضبوطی سے قائم رہے اور کیوں نہ رہتے۔ وہ دنیا میں خدائے واحد کے سچے پرستار اور کلمہ "لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ" کے زبردست حامل تھے ایک پکا موحد اور پیغمبر کا مطیع ووفادار ہی اپنے جذبات ورجحانات کو عین جوش وخروش کے وقت اللہ کی خوشنودی اور اسکے شعائر کی تعظیم پر قربان کر سکتا ہے۔ حقیقی توحید یہی ہے کہ آدمی اس اکیلے مالک کا حکم سن کر اپنی ذلت وعزت کے سب خیالات بالائے طاق رکھ دے شاید اسی لئے

besturdubooks.wordpress.com

حدیث میں ''کلمۃ التقوی'' کی تفسیر لا الہ الا اللہ سے کی گئی ہے کیونکہ تمام تر تقویٰ وطہارت کی بنیاد یہی کلمہ ہے جس کے اٹھانے اور حق ادا کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چن لیا تھا اور بلا شبہ اللہ کے علم میں وہ ہی اس کے مستحق اور اہل تھے۔ (تفسیر عثمانی)

كَلِمَةَ التَّقْوٰى ۔ حضرت ابن عباسؓ، مجاہدؒ، قتادہؒ، ضحاکؒ، عکرمہؒ، سدیؒ، ابن زیدؒ اور اکثر اہل تفسیر کا قول ہے کہ کلمۃ التقویٰ سے مراد ہے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ عطاء بن ابی رباح نے کہا کلمۃ التقویٰ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۔ ہے۔ عطاء خراسانی کے نزدیک لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ مراد ہے۔ زہری نے کہا کلمۃ التقوی بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہے مآل سب کا ایک ہی ہے (یعنی کلمہ توحید مراد ہے)۔

کلمہ توحید ہر تقویٰ کی بنیاد اور سبب ہے۔ کلمۃ التقویٰ سے مراد ہے اہل تقویٰ کا کلمہ۔

اَلْزَمَ سے مراد یہ ہے کہ ان کو کلمہ تقویٰ پر جمائے رکھا اور حمیت جاہلیت کو اُن سے دُور کر دیا۔

اَحَقَّ بِهَا ۔ یعنی کفار مکہ سے کلمہ تقویٰ کے زیادہ مستحق تھے۔

روافض کی تردید: وَاَهْلَهَا ۔ یعنی اللہ کے علم میں وہ کلمہ تقویٰ کے اہل تھے۔ اس لئے اللہ نے اپنے دین کی مدد کرنے اور اپنے رسول کا صحابی بنانے کے لئے ان کا انتخاب کر لیا۔ روافض کہتے ہیں کہ صحابہؓ کرام کافر اور منافق تھے (نعوذ باللہ منہا)۔ اس آیت سے نیز آیت لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ سے روافض کے قول کی لغویت ثابت ہوتی ہے۔

وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۔ یعنی صحابہؓ کے دلوں میں جو ایمان اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت مخفی ہے اللہ اس کو جانتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا

اللہ نے سچ دکھلایا اپنے رسول کو خواب

بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ

تحقیق کہ تم داخل ہو رہو گے مسجد حرام میں

اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ۙ مُحَلِّقِيْنَ

اگر اللہ نے چاہا آرام سے بال مونڈتے ہوئے

رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ؕ

اپنے سروں کو اور کترتے ہوئے بے کھٹکے ☆

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خواب ☆ ابتدائے سورت میں ذکر ہو چکا ہے کہ مدینہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب دیکھا تھا کہ ہم مکہ میں داخل ہوئے اور سر منڈا کر اور بال کتروا کر حلال ہو رہے ہیں۔ ادھر اتفاق سے آپ کا قصد اسی سال عمرہ کا ہو گیا صحابہ نے عموماً یہ خیال جما لیا کہ اسی سال ہم مکہ پہنچیں گے اور عمرہ ادا کریں گے۔ جس وقت صلح مکمل ہو کر حدیبیہ سے واپسی ہوئی اور بعض صحابہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا آپ نے نہیں فرمایا تھا کہ ہم امن وامان سے مکہ میں داخل ہوں گے اور عمرہ کریں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے یہ بھی کہا تھا کہ امسال ایسا ہو گا عرض کیا نہیں۔ فرمایا تو بے شک یوں ہی ہو کر رہے گا تم امن وامان سے مکہ پہنچ کر بیت اللہ کا طواف کرو گے اور تم میں سے کوئی سر منڈوا کر کوئی بال کتروا کر احرام کھولے گا اور وہاں جانے کے بعد کسی طرح کا کھٹکا نہ ہو گا۔ چنانچہ حدیبیہ سے اگلے سال یوں ہی ہوا آیت ہذا میں اسی کو فرمایا ہے کہ بالتحقیق اللہ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو سچا خواب دکھلایا باقی ''ان شاء اللہ'' فرمانا ابن کثیرؒ کے نزدیک تحقیق وتوکید کے لئے ہے اور سیبویہ کے نزدیک اس قسم کے مواقع میں قطعی طور پر ایک چیز کا بتلانا کسی مصلحت سے مقصود نہیں ہوتا اور کرنا منظور ہوتا ہے وہاں یہ عنوان اختیار کرتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ

پھر جانا وہ جو تم نہیں جانتے پھر مقرر کر دی

دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۲۷﴾

اُس سے ورے ایک فتح نزدیک ☆

تعبیر خواب میں تاخیر کی مصالح ☆ یعنی پھر اللہ نے اپنے علم محیط کے موافق واقعات کا سلسلہ قائم کیا وہ جانتا تھا کہ خواب کی تعبیر ایک سال بعد ظاہر کرنے میں کس قدر مصالح ہیں جنکی تمہیں خبر نہیں اسلئے خواب کا وقوع امسال نہ ہونے دیا اور اس کے وقوع سے قبل تم کو لگتے ہاتھ ایک اور فتح عنایت کر دی۔ یعنی فتح خیبر یا صلح حدیبیہ جسے صحابہ فتح مبین کہتے تھے جیسا کہ سورہ ہذا کے پہلے فائدہ میں ہم مفصل لکھ چکے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى

وہی ہے جس نے بھیجا اپنا رسول سیدھی راہ پر

besturdubooks.wordpress.com

وَدِيْنِ الْحَقِّ

اور سچے دین پر☆

اسلام ہر لحاظ سے سچا ہے ☆یعنی اصول وفروع اور عقائد واحکام کے اعتبار سے یہی دین سچا اور یہی راہ سیدھی ہے جو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیکر آئے۔ (تفسیر عثانی)

لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ

تا کہ اُوپر رکھے اُس کو ہر دین سے☆

غلبہ کامیابی اسلام ہی کا مقدر ہے ☆اس دین کو اللہ نے ظاہر میں بھی سینکڑوں برس تک سب مذاہب پر غالب کیا اور مسلمانوں نے تمام مذاہب والوں پر صدیوں تک بڑی شان وشوکت سے حکومت کی اور آئندہ بھی دنیا کے خاتمہ کے قریب ایک وقت آنے والا ہے جب ہر چہار طرف دین برحق کی حکومت ہوگی۔ باقی حجت ودلیل کے اعتبار سے تو دین اسلام ہمیشہ ہی غالب رہا کیا اور رہے گا۔ (تفسیر عثانی)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب مرظہران میں پہنچے جہاں سے کعبہ کے بُت دکھائی دیتے تھے تو آپ نے تمام نیزے بھالے تیر کمان بطن یاجج میں بھیج دیئے مطابق شرط صرف تلواریں پاس رکھ لیں اور وہ بھی میان میں تھیں۔ ابھی آپ راستے میں ہی تھے جو قریش کا بھیجا ہوا آدمی مکرز بن حفص آیا اور کہنے لگا حضور! آپ کی عادت تو عہد توڑنے کی نہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کیا بات ہے؟ وہ کہنے لگا کہ آپ تیر اور نیزے لے کر آ رہے ہیں۔ آپ نے فرمایا نہیں ہم نے تو وہ سب یاجج بھیج دیئے۔ اس نے کہا یہی ہمیں آپ کی ذات سے امید تھی آپ ہمیشہ سے بھلائی نیکی اور وفاداری کرنے والے ہیں۔ سردارانِ کفار تو بوجہ غیظ وغضب اور رنج وغم کے شہر سے باہر چلے گئے کیونکہ وہ تو آپ کو اور آپ کے اصحاب کو دیکھنا بھی نہیں چاہتے تھے اور جو لوگ مکہ میں رہ گئے تھے وہ سب مرد عورت بچے تمام راستوں پر اور کوٹھوں پر اور چھتوں پر کھڑے ہو گئے اور ایک استعجاب کی نظر سے اس مخلص گروہ کو اس پاک لشکر کو اس خدائی فوج کو دیکھ رہے تھے۔ آپ نے قربانی کے جانور ذی طویٰ میں بھیج دیئے تھے خود آپ اپنی مشہور اونٹنی قصواء پر سوار تھے آگے آگے آپ کے اصحاب تھے جو برابر لبیک پکار رہے تھے۔ حضرت عبداللہ ابن رواحہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ کی اونٹنی کی نکیل تھامے ہوئے تھے اور یہ اشعار پڑھے۔ ؎

بِاسْمِ الَّذِیْ لَا دِیْنَ اِلَّا دِیْنُهٗ بِسْمِ الَّذِیْ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُهٗ
خَلُّوْا بَنِی الْكُفَّارِ عَنْ سَبِیْلِهٖ اَلْیَوْمَ نَضْرِبُكُمْ عَلٰی تَاْوِیْلِهٖ
كَمَا ضَرَبْنَاكُمْ عَلٰی تَنْزِیْلِهٖ ضَرْبًا یُزِیْلُ الْهَامَ عَنْ مَقِیْلِهٖ
وَیُذْهِلُ الْخَلِیْلَ عَنْ خَلِیْلِهٖ قَدْ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ فِیْ تَنْزِیْلِهٖ
فِیْ صُحُفٍ تُتْلٰی عَلٰی رَسُوْلِهٖ بِاَنَّ خَیْرَ الْقَتْلِ فِیْ سَبِیْلِهٖ
یَارَبِّ اِنِّیْ مُؤْمِنٌ بِقِیْلِهٖ

یعنی اس خدا کے نام سے جس کے دین کے سوا اور کوئی دین قابل قبول نہیں اس اللہ کے نام سے جس کے رسول حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہیں اے کافروں کے بچو! حضور کے راستے سے ہٹ جاؤ آج ہم تمہیں آپ کے لوٹنے پر بھی ویسا ہی ماریں گے جیسا کہ آپ کے آنے پر مارا تھا وہ مار جو دماغ کو اس کے ٹھکانے سے ہٹا دے اور دوست کو دوست سے بھلا دے۔ اللہ تعالیٰ رحم والے نے اپنی وحی میں نازل فرمایا ہے جو اُن صحیفوں میں محفوظ ہے جو اس کے رسول کے سامنے تلاوت کئے جاتے ہیں کہ سب سے بہتر موت شہادت کی موت ہے جو اس کی راہ میں ہو۔ اے میرے پروردگار میں اس بات پر ایمان لا چکا ہوں۔ بعض روایتوں میں الفاظ میں کچھ ہیر پھیر بھی ہے۔ مسند احمد میں ہے کہ اس عمرے کے سفر میں جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم مرّ الظہران میں پہنچے تو صحابہؓ نے سنا کہ اہل مکہ کہتے ہیں یہ لوگ بوجہ لاغری اور کمزوری کے اُٹھ بیٹھ نہیں سکتے یہ سن کر صحابہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور کہا اگر آپ اجازت دیں تو ہم اپنی سواریوں کے چند جانور ذبح کر لیں ان کا گوشت کھائیں اور شوربا پئیں اور تازہ دم ہو کر مکہ میں جائیں۔ آپ نے فرمایا نہیں ایسا نہ کرو تمہارے پاس جو کھانا ہو اُسے جمع کرو چنانچہ جمع کیا دستر خوان بچھایا اور کھانے بیٹھے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاء کی وجہ سے کھانے میں اتنی برکت ہوئی کہ سب نے کھا پی لیا اور توشے دان بھر لئے۔ آپ مکہ شریف میں آئے سیدھے بیت اللہ گئے قریش حطیم کی طرف بیٹھے ہوئے تھے آپ نے چادر کے پلے دائیں بغل کے نیچے سے نکال کر بائیں کندھے پر ڈال لئے اور اصحابؓ سے فرمایا یہ لوگ تم میں سستی اور لاغری محسوس نہ کریں۔ اب آپ نے رکن کو بوسہ دے کر دوڑنے کی سی چال سے طواف شروع کیا جب رکن یمانی کے پاس پہنچے جہاں قریش کی نظریں نہیں پڑتی تھیں تو وہاں سے آہستہ آہستہ چل کر حجر اسود تک پہنچے۔ قریش کہنے لگے تم لوگ تو ہرنوں کی طرح چوکڑیاں بھر رہے ہو گویا چلنا تمہیں پسند ہی نہیں۔ تین مرتبہ تو آپ اسی طرح ہلکی دوڑ کی سی چال حجر اسود سے رکن یمانی تک چلتے رہے تین پھیرے اسی طرح کئے چنانچہ یہی مسنون طریقہ ہے۔ امیر المؤمنین حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا فرمان ہے کہ جو شخص اپنے اندرونی پوشیدہ حالات کی اصلاح کرے اور بھلائیاں پوشیدگی سے کرے اللہ تعالیٰ اسکے چہرے کی سلوٹوں پر اور اس کے زبان کے کناروں پر ان نیکیوں کو ظاہر کر دیتا ہے۔ الغرض دل کا آئنہ چہرہ ہے جو اس

besturdubooks.wordpress.com

میں ہوتا ہے اس کا اثر چہرے پر ہوتا ہے پس مؤمن جب اپنے دل کو درست کر لیتا ہے اپنا باطن سنوار لیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے ظاہر کو بھی لوگوں کی نگاہوں میں سنوار دیتا ہے۔ امیر المؤمنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جو شخص اپنے باطن کی اصلاح کر لیتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے ظاہر کو بھی آراستہ و پیراستہ کر دیتا ہے طبرانی میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جو شخص جیسی بات پوشیدہ رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اسے اسی کی چادر اُڑھا دیتا ہے اگر وہ پوشیدہ بھلی ہے تو بھلائی کی اور اگر بُری ہے تو بُرائی کی۔ لیکن اس کا ایک راوی عراقی متروک ہے۔ مسند احمد میں آپ کا فرمان ہے کہ اگر تم میں سے کوئی شخص کسی ٹھوس چٹان میں گھس کر جس کا نہ کوئی دروازہ ہو نہ اس میں کوئی سوراخ ہو کوئی عمل کرے گا اللہ اسے بھی لوگوں کے سامنے رکھ دیگا۔ بُرائی ہو تو اور بھلائی ہو تو۔ مسند کی اور حدیث میں ہے نیک طریقہ اچھا خلق اور میانہ روی نبوۃ کے پچیسویں حصہ میں سے ایک حصہ ہے۔

حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے اس آیت سے رافضیوں کے کفر پر استدلال کیا ہے کیونکہ وہ صحابہ سے چڑتے ہیں اور ان سے بغض رکھنے والا کافر ہے۔ علماء کی ایک جماعت بھی اس مسئلہ میں امام صاحب کے ساتھ ہے۔ صحابہ کرام کے فضائل میں اور ان کے لغزشوں سے چشم پوشی کرنے میں بہت سی احادیث آئی ہیں۔ خود خدائے تعالیٰ نے ان کی تعریفیں بیان کیں اور اس سے اپنی رضامندی کا اظہار کیا ہے۔ کیا ان کی بزرگی میں یہ کافی نہیں؟ صحیح مسلم شریف میں ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں میرے صحابہ کو بُرا نہ کہو ان کی بے ادبی اور گستاخی نہ کرو اس کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ اگر تم میں سے کوئی اُحد پہاڑ کے برابر سونا خرچ کرے تو ان کے تین پاؤ اناج بلکہ ڈیڑھ پاؤ اناج کے اجر کو بھی نہیں پا سکتا۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿۲۸﴾
اور کافی ہے اللہ حق ثابت کرنیوالا ☆

☆ یعنی اللہ اس دین کی حقانیت کا گواہ ہے اور وہی اپنے فعل سے اسکو حق ثابت کرنے والا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗۤ
محمد رسول اللہ کا اور جو لوگ اُس کے ساتھ ہیں
اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ
زور اور ہیں کافروں پر ☆

معاندین اسلام کے لئے صحابہ کی سختی

☆ یعنی کافروں کے مقابلہ میں سخت مضبوط اور قوی، جس کا کافروں پر رعب پڑتا اور کفر سے نفرت و بیزاری کا اظہار ہوتا ہے۔ قال تعالیٰ "وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ غِلْظَةً" (توبہ رکوع ۱۶) وقال تعالیٰ "وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ" (توبہ رکوع ۱۰) وقال تعالیٰ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ (مائدہ رکوع ۸) حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں "وہ تندی اور نرمی اپنی خو ہو وہ سب جگہ برابر چلے اور جو ایمان سے سنور کر آئے وہ تندی اپنی جگہ اور نرمی اپنی جگہ" علماء نے لکھا ہے کہ کسی کافر کے ساتھ احسان اور حسن سلوک سے پیش آنا اگر مصلحت شرعی ہو کچھ مضائقہ نہیں مگر دین کے معاملہ میں وہ تم کو ڈھیلا نہ سمجھے۔ (تفسیر عثمانی)

شیعوں کی تردید: اسی مضمون کی ایک اور آیت میں فرمایا ہے: اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ شیعہ کہتے ہیں کہ صحابہ کرامؓ باہم عداوت و بغض رکھتے ہیں ان کو ذلت نصیب ہو۔ ان کے مفروضہ کے خلاف یہ آیت نص قطعی ہے۔ (تفسیر مظہری)

چار جگہ نام مبارک کا ذکر: پورے قرآن میں خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک لینے کے بجائے عموماً آپ کا ذکر اوصاف والقاب کیساتھ کیا گیا خصوصاً ندا کے موقع پر يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ، يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ، يٰۤاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ وغیرہ بخلاف دوسرے انبیاء کے کہ انکے نام کیساتھ ندا کی گئی یا ابراہیم یا موسیٰ یا عیسیٰ۔ پورے قرآن میں صرف چار جگہ آپ کا نام مبارک محمد صلی اللہ علیہ وسلم ذکر فرمایا ہے جہاں اس کا نام کے ذکر ہی میں کوئی مصلحت تھی۔ اس مقام پر مصلحت یہ تھی کہ حدیبیہ کے صلح نامہ میں آپکے نام کے ساتھ جب حضرت علیؓ نے محمد رسول اللہ لکھا تو کفار قریش نے اس کو مٹا کر محمد بن عبداللہ لکھنے پر اصرار کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بحکم ربانی اس کو منظور کر لینا قبول کیا۔ حق تعالیٰ نے اس مقام پر خصوصیت سے آپ کے نام مبارک کیساتھ رسول اللہ کا لفظ قرآن میں لا کر اس کو دائمی بنا دیا جو قیامت تک اسی طرح پڑھا لکھا جائے گا۔

کافروں پر سخت ہونے کا مطلب: صحیح بخاری وغیرہ کی حدیث میں ہے کہ **من احبّ للّٰہ و ابغض للّٰہ فقد استکمل ایمانہ** یعنی جو شخص اپنی محبت اور بغض و عداوت دونوں کو اللہ کی مرضی کے تابع کر دے اُس نے اپنا ایمان مکمل کر لیا۔ اسی سے یہ بھی ثابت ہو گیا کہ صحابہ کرام کے کفار کے مقابلہ پر سخت ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ وہ کبھی کسی کافر پر رحم نہیں کرتے' بلکہ مطلب یہ ہے کہ جس موقع پر اللہ و رسول کا حکم کفار پر سختی کرنے کا ہوتا ہے وہاں اُن کو اپنے رشتے ناتے یا دوستی وغیرہ کے علاقے اس کام میں مانع نہیں اور جہاں تک اُن کے ساتھ رحم و کرم کے معاملہ کا تعلق ہے وہ تو خود قرآن نے اس کا فیصلہ کر دیا ہے کہ لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ (الیٰ) اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْۤا اِلَيْهِمْ' یعنی جو کفار

besturdubooks.wordpress.com

مسلمانوں کے درپئے آزار اور مقاتلہ پر نہیں اُن کے ساتھ احسان کا سلوک کرنے سے اللہ تعالیٰ منع نہیں کرتا' چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام کے بیشمار واقعات ہیں جن میں ضعیف و مجبور یا ضرور تمند کفار کے ساتھ احسان و کرم کے معاملات کئے گئے ہیں اور انکے معاملہ میں عدل و انصاف کو برقرار رکھنا تو اسلام کا عام حکم ہے۔ عین میدان کارزار میں بھی عدل و انصاف کیخلاف کوئی کارروائی جائز نہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ
نرم دل ہیں آپس میں ☆

آپس میں نرمی و محبت ☆یعنی اپنے بھائیوں کے ہمدرد مہربان ان کے سامنے نرمی سے جھکنے والے اور تواضع و انکسار سے پیش آنے والے "حدیبیہ" میں صحابہ کی یہ دونوں شانیں چمک رہی تھیں "اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ "۔ (تفسیر عثانی)

آپس میں محبت کی وجہ: رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ ۔یعنی اللہ اور اللہ کے رسول کی محبت کے زیر اثر وہ آپس میں نرمی اور دوستی کا سلوک کرتے ہیں محبوب کا دوست بھی محبوب ہوتا ہے۔

حدیث قدسی میں آیا ہے میری عظمت کے زیر اثر آپس میں محبت کرنے والے کہاں ہیں آج میں ان کو اپنے سایۂ (عاطفت) میں داخل کروں گا جبکہ میرے سایہ کے علاوہ اور کوئی سایہ نہیں ہے۔ (رواہ مسلم عن ابی ہریرۃ مرفوعاً)

آگے ایک حدیث آئے گی جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' جو ان سے محبت کرے گا وہ میری ہی محبت کے زیر اثر کرے گا۔ (تفسیر مظہری)

تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ
تو دیکھے اُن کو رکوع میں اور سجدہ میں ڈھونڈ ھتے ہیں
فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا
اللہ کا فضل اور اُسکی خوشی ☆

خدا پرستی ☆یعنی نمازیں کثرت سے پڑھتے ہیں۔ جب دیکھو رکوع و سجود میں پڑے ہوئے اللہ کے سامنے نہایت اخلاص کے ساتھ وظیفہ عبودیت ادا کر رہے ہیں۔ ریا و نمود کا شائبہ نہیں۔ بس اللہ کے فضل اور اسکی خوشنودی کی تلاش ہے۔ (تفسیر عثانی)

تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا۔ یعنی اکثر اوقات نماز میں مشغول رہتے ہیں۔ اس لئے کبھی رکوع میں ہوتے ہیں کبھی سجدہ میں۔ نماز اہل ایمان کی معراج ہے۔

فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ۔ یعنی اللہ کی طرف سے جنت اور دیدار الٰہی۔ (تفسیر مظہری)

سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ
نشانی اُن کی اُن کے منہ پر ہے
اَثَرِ السُّجُوْدِ
سجدہ کے اثر سے ☆

چہروں کا نور ☆یعنی نمازوں کی پابندی خصوصاً تہجد کی نماز سے ان کے چہروں پر خاص قسم کا نور اور رونق ہے۔ گویا خشیت و خشوع اور حسن نیت اور اخلاص کی شعاعیں باطن سے پھوٹ پھوٹ کر ظاہر کو روشن کر رہی ہیں۔ حضرت کے اصحاب اپنے چہروں کے نور اور متقیانہ چال ڈھال سے لوگوں میں الگ پہچانے جاتے تھے۔ (تفسیر عثانی)

سجدوں کی نشانی: عکرمہؒ نے اور سعید بن جبیر نے کہا' پیشانیوں پر مٹی کے نشان مراد ہیں۔ ابو العالیہ نے کہا' اس کی وجہ سے تھی کہ وہ فروتنی کے طور پر مٹی پر سجدہ کرتے تھے' کپڑے پر نہیں کرتے تھے۔ (تفسیر مظہری)

یعنی نماز اُن کا ایسا وظیفہ زندگی بن گیا ہے کہ نماز اور سجدہ کے مخصوص آثار اُن کے چہروں سے نمایاں ہوتے ہیں۔ مراد ان آثار سے وہ انوار ہیں جو عبدیت اور خشوع و خضوع سے ہر متقی عبادت گذار کے چہرہ پر مشاہدہ کئے جاتے ہیں۔ پیشانی میں جو نشان سجدہ کا پڑ جاتا ہے وہ مراد نہیں۔ خصوصاً نماز تہجد کا یہ اثر بہت زیادہ واضح ہوتا ہے جیسا کہ ابن ماجہ میں بروایت جابرؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد میں ہے۔ من كثر صلوته بالليل حسن وجهه بالنهار یعنی جو شخص رات میں نماز کی کثرت کرتا ہے دن میں اسکا چہرہ حسین پُر نور نظر آتا ہے اور حضرت حسن بصریؒ نے فرمایا کہ اس سے مراد نمازیوں کے چہروں کا وہ نور ہے جو قیامت میں نمایاں ہوگا۔ (معارف مفتی اعظم)

مجاہد نے اس کی تفسیر میں حضرات صحابہ کا خشوع اور تقویٰ بیان کیا ہے۔ اور بعض عارفین کا یہ قول نقل کیا ہے ان للحسنة نورًا فى القلب وضياءً فِى الوجه وسعة فى الرق کہ نیکی کا نور قلب میں ہوتا ہے اور اس کی رونق چہرہ پر ہوتی ہے اور وہ رزق میں فراخی کا باعث ہوتا ہے۔

امام مالک سے یہ منقول ہے فرمایا حضرات صحابہ کی خلوص نیت اور ان کے محاسن اعمال کا یہ اثر تھا۔ کہ جو بھی انکو دیکھتا اس کا دل گواہی دیتا کہ یہ اللہ کے برگزیدہ بندے ہیں اور نصاریٰ نے تو صحابہ کو دیکھ کر ہی شام کے راستے ان کے لئے کھول دیئے تھے اور کہنے لگے خدا کی قسم یہ لوگ تو عیسیٰ کے حواریوں سے بھی اچھے ہیں۔ ۲ا تفسیر ابن کثیر۔ (معارف کاندھلوی)

ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِى التَّوْرٰىةِ ۛ وَمَثَلُهُمْ
یہ شان ہے اُن کی تورات میں اور مثال اُن کی

besturdubooks.wordpress.com

فِي الْاِنْجِيْلِ

انجیل میں ☆

☆یعنی پہلی کتابوں میں خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھیوں کی ایسی ہی شان بیان کی گئی تھی۔ چنانچہ بہت سے غیر متعصب اہل کتاب ان کے چہرے اور طور وطریق دیکھ کر بول اٹھتے تھے کہ واللہ یہ تو مسیح کے حواری معلوم ہوتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

تورات وانجیل میں صحابہؓ کی مثال:

امام بغویؒ نے فرمایا کہ صحابہؓ کرام کی یہ مثال انجیل میں ہے کہ شروع میں قلیل ہونگے پھر بڑھیں گے اور قوی ہونگے جیسا کہ حضرت قتادہؒ نے فرمایا کہ صحابہ کرام کی یہ مثال انجیل میں لکھی ہوئی ہے کہ "ایک قوم ایسی نکلے گی جو کھیتی کی طرح بڑھے گی اور وہ نیک کاموں کا حکم اور بُرے کاموں سے منع کیا کرے گی (مظہری) موجودہ زمانہ کی تورات وانجیل میں بھی بیشمار تحریفات کے باوجود اسکی پیشین گوئی کے حسب ذیل الفاظ موجود ہیں۔

تورات باب استثنا ۳۳ ۔ ا تا ۳ کے یہ الفاظ ہیں۔

"خداوند سینا سے آیا اور شعیر سے ان پر آشکارا ہوا وہ کوہ فاران سے جلوہ گر ہوا دس ہزار مقدسوں کے ساتھ آیا اور اسکے داہنے ہاتھ میں ایک آتشیں شریعت انکے لئے تھی وہ اپنے لوگوں سے بڑی محبت رکھتا ہے اسکے سارے مقدس تیرے ہاتھ میں اور وہ تیرے قدموں کے پاس بیٹھے ہیں تیری بات مانیں گے"۔

پوری تفصیل مع دوسرے حوالوں کے اظہار الحق جلد سوم باب ششم ص ۲۵۶ میں ہے یہ کتاب عیسائیت کی حقیقت کو واضح کرنے کے لئے مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ نے پادری فنڈ کے مقابلہ پر تحریر فرمائی تھی اس کتاب میں انجیل کی تمثیل کا اسطرح ذکر ہے۔ انجیل متی باب ۱۳ آیت ۳۱ میں یہ الفاظ ہیں۔ اس نے ایک اور تمثیل انکے سامنے پیش کر کے کہا کہ آسمان کی بادشاہی اس رائی کے دانہ کی مانند ہے جسے کسی آدمی نے لیکر اپنے کھیت میں بودیا وہ سب بیجوں سے چھوٹا تو ہے مگر جب بڑھتا ہے تو سب ترکاریوں سے بڑا اور ایسا درخت ہو جاتا ہے کہ ہوا کے پرندے آکر اسکی ڈالیوں پر بسیرا کرتے ہیں۔ اور انجیل مرقس ۲۶:۴ کے یہ الفاظ ہیں جو الفاظ قرآنی کے زیادہ قریب ہیں۔ اس نے کہا کہ خدا کی بادشاہی ایسی ہے جیسے کوئی آدمی زمین میں بیج ڈالے اور رات کو سوئے دن کو جاگے اور وہ بیج اس طرح اُگے اور بڑھے کہ وہ نہ جانے زمین آپ سے آپ پھل لاتی ہے پہلے پتی پھر بالیں پھر بالوں میں تیار دانے پھر جب اناج پک چکا تو وہ فی الفور درانتی لگاتا ہے کیونکہ کاٹنے کا وقت آپہنچا (اظہار الحق جلد۳ باب ششم ص۳۱۰ آسمان کی بادشاہی سے مراد نبی آخر الزماں کا ہونا انجیل کے

متعدد مقامات سے ظاہر ہوتا ہے۔ واللہ اعلم۔ (معارف مفتی اعظم)

كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ

جیسے کھیتی نے نکالا اپنا پٹھا پھر اُس کی کمر

فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ

مضبوط کی پھر موٹا ہوا پھر کھڑا ہو گیا اپنی نال پر ☆

چند افراد سے لاکھوں تک

☆حضرت شاہ صاحبؒ کھیتی کی مثال کی تقریر کرتے ہوئے لکھتے ہیں "یعنی اول اس دین پر ایک آدمی تھا۔ پھر دو ہوئے پھر آہستہ آہستہ قوت بڑھتی گئی۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں پھر خلفاء کے عہد میں بعض علماء کہتے ہیں کہ "اخرج شطاہ" میں عہد صدیقی "فازرہ" میں عہد فاروقی "فاستغلظ" میں عہد عثمانی اور "فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ" میں عہد مرتضوی کی طرف اشارہ ہے جیسا کہ بعض دوسرے بزرگوں نے "وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّاۗءُ عَلَي الْكُفَّارِ رُحَمَاۗءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا" کو علی الترتیب خلفائے اربعہ پر تقسیم کر دیا ہے مگر صحیح یہ ہے کہ یہ آیت تمام جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم کی بہ ہیئت مجموعی مدح ومنقبت پر مشتمل ہے خصوصاً اصحاب بیعت الرضوان کی جن کا ذکر آغاز سورت سے برابر چلا آ رہا ہے۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

ایک وقت ایسا تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا صرف تین مسلمان تھے مردوں میں صدیق اکبرؓ عورتوں میں حضرت خدیجہؓ، بچوں میں حضرت علیؓ پھر رفتہ رفتہ اُن کی قوت بڑھتی رہی یہاں تک کہ حجۃ الوداع کے موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حج میں شریک ہونے والوں کی تعداد ڈیڑھ لاکھ کے قریب بتلائی گئی ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ

خوش لگتا ہے کھیتی والوں کو ☆

☆کھیتی کرنے والے چونکہ اس کام کے مبصر ہوتے ہیں اسلئے ان کا ذکر خصوصیت سے کیا۔ جب ایک چیز کا مبصر اسکو پسند کرے دوسرے کیوں نہ کریں گے۔ (تفسیر عثمانی)

يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ۔ یعنی موٹی اور قوی اور خوبصورت ہو جانے کی وجہ سے وہ کاشتکاروں کو بھلی معلوم ہوتی ہے۔

اللہ نے دونوں بیانوں میں صحابہؓ کرامؓ کی حالت بیان کی ہے پہلی تمثیل میں صلحاء امت اور تمام اولیاء ملت بھی شریک ہیں لیکن دوسری تمثیل صرف

besturdubooks.wordpress.com

صحابہ کرامؓ کے اوصاف خصوصی کے ساتھ مختص ہے۔

مرحلہ بہ مرحلہ ترقی:

اللہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تنہا مبعوث فرمایا جیسے کاشتکار بیج زمین میں بوتا ہے اس کے بعد حضرت ابوبکرؓ حضرت علیؓ، حضرت بلالؓ ایمان لائے۔ ان حضرات کے بعد حضرت عثمانؓ حضرت طلحہؓ، حضرت زبیرؓ، حضرت سعد، حضرت سعید، حضرت حمزہ حضرت جعفر رضی اللہ عنہم اور دوسرے حضرات مسلمان ہوئے یہاں تک کہ حضرت عمرؓ چالیسویں نمبر پر ایمان لائے شروع میں اسلام بے وطن (بے مددگار) تھا اسلام کو مٹانے کے لئے ہر طرف سے ٹھٹ کے ٹھٹ چڑھ آئے اگر اللہ کی حمایت نہ ہوتی تو ابتدائی پودے کی بالیدگی ہی نہ ہوتی، لیکن مہاجرین اور انصار کی کوششوں سے اللہ نے اس پودے کو قوی کر دیا صحابہؓ نے اس نونہال کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی ہی میں اپنے خون سے سینچا اور یہ سینچائی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد بھی جاری رہی خصوصاً حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کے دور خلافت میں سینچائی برابر مسلسل چلتی رہی یہاں تک کہ اسلام پورا قوی مستحکم اور اپنے تنہ پر سیدھا کھڑا ہو گیا اور تمام مذاہب پر غالب آ گیا اور کسی کی حمایت کا محتاج نہیں رہا آخر اللہ نے آیت اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِينًا۔ نازل فرما دی۔

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "میری امت (کبھی) گمراہی پر اتفاق نہیں کرے گی"۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی فضیلت:

حضور نے یہ بھی فرمایا، میری امت کا ایک گروہ ہمیشہ اللہ کے حکم کو قائم رکھے گا کسی کی مدد نہ کرنا اور کسی کی مخالفت کرنا اس کو ضرر نہ پہنچا سکے گا۔ اسی خصوصیت کی وجہ سے صحابہ کرام میدان فضیلت میں سب سے آگے بڑھ گئے۔ کسی بڑے سے بڑے آدمی کو ان کے کسی مرتبہ تک رسائی حاصل نہ ہو سکی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، میرے ساتھیوں کو برا نہ کہو کیونکہ تم میں سے اگر کوئی شخص (بالفرض کوہ) احد کے برابر سونا راہ خدا میں صرف کرے گا تو صحابی کا ایک سیر بلکہ آدھا سیر سونا راہ خدا میں صرف کرنے کے برابر نہ ہوگا۔ (صحیح بخاری و مسلم) امام احمد نے یہ حدیث اسی طرح حضرت انس کی روایت سے بیان کی ہے۔

یہ بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم گرامی نے ارشاد فرمایا، اگر میرا کوئی صحابی کسی سرزمین میں مر جائے گا تو قیامت کے دن اس زمین کے رہنے والوں (کو جنت کی طرف لے جانے والا) قائد اور نور بنا کر اس کو اٹھایا جائے گا۔ رواہ الترمذی عن بریدہؓ یہی مادۂ صحابیت اکثر صحابہؓ کے درمیان تفاوت مرتبہ کا ذریعہ تھا۔ جو لوگ سب سے پہلے ایمان لائے جیسے حضرت ابوبکرؓ یا دین کے ضعف کے زمانہ میں اسلام کو قوی کرنے اور مستحکم بنانے میں زیادہ حصہ لیا جیسے حضرت عمرؓ وہ دوسری صحابیوں سے افضل قرار پائے۔

ہم نے اپنی کتاب السیف المسلول میں عام صحابہؓ کے اور ان میں سے خاص حضرات کے فضائل کامل طور پر بیان کر دیے ہیں۔ تمام روایات اور شہادت عقل کو واضح طور پر ذکر کر دیا ہے۔

انجیل میں صحابہ کی مثال

بغوی نے لکھا ہے کہ اللہ نے انجیل میں صحابہؓ کی ایک مثال بیان کی ہے کہ شروع میں وہ تھوڑے (اور کمزور) ہوں گے، پھر بڑھتے جائیں گے۔

قتادہ نے کہا، اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تمثیل انجیل میں اس طرح دی گئی ہے۔ ان لوگوں کی روئیدگی کھیتی (کے پودے) کی طرح ہوگی وہ بھلائی کا حکم دیں گے اور بری باتوں سے باز داشت کریں گے۔

بعض لوگوں کے نزدیک کھیتی (کے پودے) سے مراد ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مبارک اور اس پودے کی سوئیاں ہیں صحابہ کرامؓ اور دوسرے مؤمن۔

تمثیل کی تطبیق:

مبارک بن فضالہ راوی ہیں کہ حسن نے فرمایا، محمد اللہ کے رسول ہیں اور اَلَّذِينَ مَعَهٗ ابوبکرؓ ہیں اور اَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ عمر بن خطاب ہیں اور رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ عثمان بن عفان ہیں تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا علی بن ابی طالبؓ ہیں اور يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا باقی عشرۂ مبشرہ (سعد، سعید، ابوعبیدہ، طلحہ، زبیر، عبدالرحمٰن) ہیں یعنی جن اوصاف کا ذکر آیت کے مذکورہ فقروں میں کیا گیا ہے ان کے حاملین کے امام عشرہ مبشرہ ہیں۔

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بیج کی کاشت کی، ابوبکرؓ نے اس کی ابتدائی کونپل نکالی، عمر بن خطابؓ نے اس کو قوت پہنچائی، عثمان کے اسلام کی وجہ سے اس میں موٹائی آ گئی اور علی بن ابی طالب کی وجہ سے وہ پودا سیدھا اپنے تنہ پر کھڑا ہو گیا، حضرت علیؓ کی تلوار سے اسلام میں استقامت آ گئی۔

مدارک میں عکرمہؒ کا قول منقول ہے کہ ابوبکرؓ کی وجہ سے (اسلام کے بیج نے) اپنی سوئی بر آمد کی۔

بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت عمرؓ نے مسلمان ہونے کے بعد فرمایا، آئندہ (کافروں کے ڈر سے) اللہ کی عبادت چھپ کر نہیں کی جائے گی۔ (تفسیر مظہری)

لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ط
تاکہ جلائے اُن سے جی کافروں کا ☆

besturdubooks.wordpress.com

کافروں کا بغض

یعنی اسلامی کھیتی کی یہ تازگی اور رونق و بہار دیکھ کر کافروں کے دل غیظ و حسد سے جلتے ہیں۔اس آیت سے بعض علماء نے یہ نکالا کہ صحابہ سے جلنے والا کافر ہے۔(تفسیر عثمانی)

صحابۂ کرامؓ سے بغض کافروں کا کام ہے

لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ۔ بھم کی ضمیر الَّذِيْنَ مَعَهٗ کی طرف راجع ہے یا معنوی طور پر شَطْأَ کی طرف راجع ہے کیونکہ پہلی سوئی جو دانہ سے برآمد ہوئی ہے اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو (آغاز اسلام کے زمانہ میں ہی) مسلمان ہو گئے۔یعنی کافروں کو جلانے کے لئے اللہ نے اہل ایمان کو کافروں کے لئے سخت اور آپس میں مہربان اور نرم دل بنا دیا۔

حضرت انسؓ بن مالک نے فرمایا' صحابہؓ کے خلاف جس کے دل میں کوئی جلن اور ہو وہ اس آیت کا مصداق ہے۔

حضرت عبداللہ بن مغفل مزنی راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' میرے صحابہ کے بارے میں اللہ سے ڈرو' اللہ سے ڈرو' خدا کا خوف کرو' خدا کا خوف کرو' میرے بعد ان کو ہدف (مذمت) نہ بنانا' جو ان سے محبت کرے گا وہ مجھ سے محبت رکھنے کی وجہ سے ان سے محبت کرے گا اور جو ان سے بغض رکھے گا وہ حقیقت میں مجھ سے بغض رکھنے کی وجہ سے ان سے بغض رکھے گا جس نے ان کو دکھ پہنچایا' اس نے حقیقت میں مجھے دکھ پہنچایا اور جس نے مجھے اذیت دی اس نے اللہ کو اذیت دی۔اور جس نے اللہ کو اذیت دی تو عنقریب اللہ اس کو پکڑے گا۔ترمذی نے اس حدیث کو غریب کہا ہے۔

حضرت ابو عروہ زبیریؒ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت امام مالکؒ کی مجلس میں حاضر تھے ایک شخص نے بعض صحابہ کرام کی تنقیص کے کچھ کلمات کہے تو امام مالکؒ یہ آیت پوری تلاوت کر کے جب لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ پر پہنچے تو فرمایا کہ جس شخص کے دل میں صحابہ کرام میں سے کسی کے ساتھ غیظ ہو تو اس آیت کی وعید اس کو ملے گی (قرطبی) حضرت امام مالکؒ نے یہ تو نہیں فرمایا کہ وہ کافر ہو جاوے گا مگر یہ فرمایا کہ یہ وعید اس کو بھی پہنچے گی۔مطلب یہ ہے کہ وہ کافروں جیسا کام کرنے والا ہو جائے گا۔(معارف مفتی اعظم)

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
وعدہ کیا ہے اللہ نے اُن سے جو یقین لائے ہیں اور کئے ہیں
الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّ اَجْرًا
بھلے کام معافی کا اور بڑے
عَظِيْمًا ﴿٢٩﴾ ع
ثواب کا☆

صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے لئے وعدہ

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ" یہ وعدہ دیا ان کو جو ایمان والے ہیں اور بھلے کام کرتے ہیں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سب اصحاب ایسے ہی تھے۔مگر خاتمہ کا اندیشہ رکھا حق تعالیٰ بندوں کو ایسی صاف خوشخبری نہیں دیتا کہ نڈر ہو جائیں۔اس مالک سے اتنی شاباشی بھی غنیمت ہے" تم سورة الفتح بفضل الله ورحمته فلله الحمد والمنة۔ (تفسیر عثمانی)

روافض کا کفر:

مواہب لدنیہ میں ہے کہ امام مالکؒ نے اس آیت سے روافض کا تکفیر پر استدلال کیا ہے۔کیونکہ وہ صحابہ سے بغض رکھتے ہیں اور ان سے بغض نص قرآنی سے کفر ہے۔امام مالکؒ کے اس قول اور فتویٰ کی تائید بہت سے اکابر۔فقہاء اور ائمہ سے منقول ہے۔امام مالکؒ کے سامنے ایک شخص کا ذکر کیا گیا کہ وہ صحابہ کی شان میں تنقیص و توہین کرتا ہے تو اس پر یہ آیت تلاوت کی اور فرمایا جو شخص بھی صبح کو اس حالت میں اٹھے کہ اس کے دل میں صحابہ سے بغض ہے تو یقیناً یہ آیت اسی پر منطبق ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے منقول ہے فرمایا کرتے تھے رسول خدا کے اصحاب اس امت کے سب سے زیادہ برگزیدہ اور متقی افراد تھے جن کا علم نہایت عمیق تھا اور ان میں تکلیف کا نام و نشان نہ تھا۔اللہ نے ان کو اپنے پیغمبر کی مرافقت کے لئے اور اپنا دین قائم کرنے کے واسطے چنا تو ان کی فضیلت و عظمت کو پہچانو اور ان کے نقش قدم پر چلو جہاں تک بھی تم سے ہو سکے۔روح المعانی۔سنن نسائی۔جامع ترمذی۔١٢ (معارف کاندھلوی)

تمام صحابہ عدول ہیں

اہل السنت کا اجماع ہے کہ تمام صحابی عدول تھے (کوئی فاسق اور غیر صالح نہ تھا) اور سب مغفور تھے (اللہ نے ان کی مغفرت فرما دی)۔(تفسیر مظہری)

ابن عبدالبر نے مقدمہ استیعاب میں اسی آیت کو نقل کر کے لکھا ہے کہ ومن رضى الله عنه لم يسخط عليه ابدا یعنی اللہ جس سے راضی ہو جائے پھر اس پر کبھی ناراض نہیں ہوتا۔اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی آیت کی بناء پر ارشاد فرمایا کہ بیعت رضوان میں شریک ہونے والوں میں سے کوئی آگ میں نہ جائیگا تو یہ وعدہ جو اصالۃً انہی کے لئے کیا گیا ہے ان میں سے بعض کا مستثنیٰ ہونا قطعاً باطل ہے اسی لئے اُمت کا اس پر اجماع ہے کہ صحابۂ کرام سب کے سب عادل وثقہ ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

صحابہؓ کرام سب کے سب اہل جنت ہیں اُن کی خطائیں مغفور ہیں اُن کی تنقیص گناہِ عظیم ہے

قرآن مجید کی بہت سی آیتوں میں اس کی تصریحات ہے، جن میں چند آیات تو اسی سورت میں آ چکی ہیں سورۂ انبیاء میں فرمایا اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰىٓ اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ یعنی جن لوگوں کے لئے ہماری طرف سے حُسنیٰ کا فیصلہ پہلے ہو چکا ہے وہ جہنم کی آگ سے دور رکھے جائیں گے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

خیر القرون قرنی ثم الذی یلونھم ثم الذین یلونھم (بخاری)

یعنی تمام زمانوں میں میرا زمانہ بہتر ہے اسکے بعد اُس زمانے کے لوگ بہتر ہیں جو میرے زمانے کے متصل ہیں پھر وہ جو انکے متصل ہیں۔ اور ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ میرے صحابہ کو بُرا نہ کہو کیونکہ (اُن کی قوتِ ایمان کی وجہ سے ان کے حال یہ ہے کہ) اگر تم میں سے کوئی شخص اللہ کی راہ میں احد پہاڑ کی برابر سونا خرچ کر دے تو وہ اُنکے خرچ کئے ہوئے کے ایک مد کی برابر بھی نہیں ہو سکتا اور نہ نصف مُد کی برابر۔ مُد عرب کا ایک پیمانہ ہے جو تقریباً ہمارے آدھے سیر کے برابر ہوتا ہے (بخاری) اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے میرے صحابہ کو سارے جہان میں سے پسند فرمایا ہے پھر میرے صحابہ میں میرے لئے چار کو پسند فرمایا ہے۔ ابوبکر عمر عثمان علی رضی اللہ عنہم (رواہ البزار بسند صحیح) اور ایک حدیث میں ارشاد ہے۔

> اللہ سے ڈرو اللہ سے ڈرو میرے صحابہ کے معاملے میں میرے بعد ان کو طعن تشنیع کا نشانہ مت بناؤ کیونکہ جس شخص نے ان سے محبت کی تو میری محبت کے ساتھ ان سے محبت کی اور جس نے ان سے بغض رکھا تو میرے بغض کے ساتھ ان سے بغض رکھا اور جس نے ان کو ایذاء پہنچائی اُس نے مجھے ایذاء پہنچائی اور جس نے مجھے ایذاء دی اُس نے اللہ کو ایذاء پہنچائی اور جو اللہ کو ایذاء پہنچانے کا قصد کرے تو قریب ہے کہ اللہ اسکو عذاب میں پکڑ لے گا۔ (رواہ الترمذی عن عبداللہ بن المغفل از جمع الفوائد) (معارف مفتی اعظم)

الحمدللہ سورۃ الفتح ختم ہوئی

سورۃ الحجرات

جو شخص خواب میں اس کی تلاوت کرے اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا اللہ کے بندوں کے دلوں میں صلح آشتی پیدا کرے گا۔ (ابن سیرینؒ)

سُوْرَةُ الْحُجُرٰتِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانِيَ عَشْرَةَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

سورۂ حجرات مدینہ میں نازل ہوئی اور اس کی اٹھارہ آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ

اے ایمان والو آگے نہ بڑھو

يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

اللہ سے اور اُسکے رسول سے ☆

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے آداب وحقوق

یعنی جس معاملہ میں اللہ ورسول کی طرف سے حکم ملنے کی توقع ہو اس کا فیصلہ پہلے ہی آگے بڑھ کر اپنی رائے سے نہ کر بیٹھو بلکہ حکم الٰہی کا انتظار کرو جس وقت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کچھ ارشاد فرمائیں خاموشی سے کان لگا کر سنو ان کے بولنے سے پہلے خود بولنے کی جرات نہ کرو۔ جو حکم ادھر سے ملے اس پر بے چون و چرا اور بلا پس وپیش عامل بن جاؤ اپنی اغراض اور اہواء و آراء کو ان کے احکام پر مقدم رکھو۔ بلکہ اپنی خواہشات وجذبات کو احکام سماوی کے تابع بناؤ (تنبیہ) اس سورت میں مسلمانوں کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے آداب و حقوق اور اپنے بھائی مسلمانوں کے ساتھ برادرانہ تعلقات قائم رکھنے کے طریقے سکھلائے ہیں اور یہ کہ مسلمانوں کا جماعتی نظام کن اصول پر کاربند ہونے سے مضبوط و مستحکم رہ سکتا ہے اور اگر کبھی اس میں خرابی اور اختلال پیدا ہو تو اس کا علاج کیا ہے۔ تجربہ شاہد ہے کہ بیشتر نزاعات ومناقشات خودرائی اور غرض پرستی کے ماتحت وقوع پذیر ہوتے ہیں جسکا واحد علاج یہ ہے کہ مسلمان اپنی شخصی رایوں اور غرضوں کو کسی ایک بلند معیار کے تابع کر دیں۔ ظاہر ہے کہ اللہ ورسول کے ارشادات سے بلند کوئی معیار نہیں ہو سکتا۔ ایسا کرنے میں خواہ وقتی اور عارضی طور پر کتنی ہی تکلیف اٹھانا پڑے لیکن اس کا آخری انجام یقینی طور پر دارین کی سرخروئی اور کامیابی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

اگر آپ چل رہے ہیں تو کوئی آپ سے آگے نہ بڑھے' کھانے کی مجلس ہے تو آپ سے پہلے کھانا شروع نہ کرے مگر یہ کہ آپ کی تصریح یا قرائن قویہ سے یہ ثابت ہو جائے کہ آپ خود ہی کسی کو آگے بھیجنا چاہتے ہیں جیسے سفر اور جنت میں کچھ لوگوں کو آگے چلنے پر مامور کیا جاتا تھا۔

علمائے دین اور دینی مقتداؤں کے ساتھ ہی یہی ادب ملحوظ رکھنا چاہئے

بعض علماء نے فرمایا ہے کہ علماء و مشائخ دین کا بھی یہی حکم ہے کیونکہ وہ وارث انبیاء ہیں اور دلیل اسکی یہ واقعہ ہے کہ ایک دن حضرت ابوالدرداءؓ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ حضرت ابوبکرؓ کے آگے چل رہے ہیں تو آپ نے تنبیہ فرمائی اور فرمایا کہ کیا تم ایسے شخص کے آگے چلتے ہو جو دنیا و آخرت میں تم سے بہتر ہے اور فرمایا کہ دنیا میں آفتاب کا طلوع وغروب کسی ایسے شخص پر نہیں ہوا جو انبیاء کے بعد ابوبکر سے بہتر و افضل ہو (روح البیان از کشف الاسرار) اسلئے علماء نے فرمایا کہ اپنے اُستاد اور مرشد کیساتھ بھی یہی ادب ملحوظ رکھنا چاہئے۔ (معارف مفتی اعظم)

لَا تُقَدِّمُوْا۔ یعنی اللہ اور اس کے رسول کے سامنے پیش دستی نہ کرو نہ قول میں نہ فعل میں۔

بَیْنَ یَدَیِ۔ دونوں ہاتھوں کے درمیان یعنی اللہ اور اللہ کے رسول کے فرمان سے پہلے اپنا فیصلہ نہ کرو نہ قولی نہ فعلی۔

ضحاک نے کہا یعنی جہاد اور قوانین دین کے معاملے میں اللہ اور اس کے رسول کے حکم سے پہلے فیصلہ نہ کرو۔

ابوعبیدۃ نے کہا' عرب کہتے ہیں لَا تُقَدِّمْ بَیْنَ یَدَیِ الْاِمَامِ. لَا تُقَدِّمْ بَیْنَ یَدَیِ الْاَبِ یعنی حکم دینے ممانعت کرنے اور جھڑکنے میں حاکم اور باپ سے عجلت نہ کرو۔

آنحضرت کی تعظیم اللہ تعالیٰ کی تعظیم ہے

بعض اہل علم نے کہا کہ اصل مقصد ہے اللہ کے رسول کے سامنے پیش دستی کرنے کی ممانعت اللہ کا ذکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت کے اظہار کے لئے کیا گیا ہے اور اس بات کی طرف ایماء کرنا مقصود ہے کہ اللہ کے رسول پر تقدیم گویا اللہ پر تقدیم ہے۔ کیوں کہ اللہ کے نزدیک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مرتبہ اتنا بلند ہے کہ آپ کی تعظیم اللہ کی تعظیم اور آپ سے بے ادبی کرنی اللہ سے بے ادبی کرنی ہے۔

عید نماز سے پہلے قربانی نہ کرو:

حضرت براءؓ بن عازب کا بیان ہے کہ قربانی کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو خطاب کیا اور فرمایا آج سب سے پہلے ہم نماز ادا کریں پھر واپس آکر قربانی کریں۔ جس نے ایسا کیا اس نے ہمارے طریقہ کو پالیا اور جس نے نماز پڑھنے سے پہلے قربانی کی تو یہ (قربانی نہیں بلکہ) معمولی گوشت ہے جو گھر والوں کے لئے اس نے پہلے سے تیار کرلیا ہے قربانی سے اس کا کوئی تعلق نہیں (متفق علیہ) حضرت جندبؓ بن عبداللہ کی روایت کے یہ الفاظ ہیں کہ قربانی کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی پھر خطبہ دیا پھر قربانی کی۔ پھر فرمایا جس نے نماز پڑھنے سے پہلے قربانی کی وہ اس کی جگہ اور قربانی کرے (متفق علیہ)

احادیث مذکورہ کی روشنی میں امام ابوحنیفہؒ امام مالکؒ اور امام محمد نے فرمایا کہ امام کی نماز سے پہلے قربانی کرنی جائز نہیں۔

مسئلہ: امام ابوحنیفہؒ نے فرمایا' دیہات میں چوں کہ عید کی نماز نہیں پڑھی جاتی اس لئے فجر صادق کے طلوع کے بعد قربانی کرنی جائز ہے باقی تینوں اماموں کا قول اس کے خلاف ہے۔

امام ابوحنیفہؒ کے قول کی دلیل:

یہ ہے کہ نماز سے قربانی کو مؤخر کرنے کے حکم کی وجہ یہ ہے کہ اگر نماز سے پہلے قربانی کی جائے گی تو ممکن ہے کہ قربانی میں مشغول ہونے کی وجہ سے نماز سے کچھ غفلت ہو جائے لیکن دیہات میں چوں کہ عید کی نماز ہی نہیں ہے۔ اس لئے قربانی کی تاخیر کی کوئی مصلحت ہی نہیں۔

شان نزول: طبرانی نے الاوسط میں حضرت عائشہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ کچھ لوگ ماہ رمضان شروع ہونے سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روزے رکھنے سے بھی اول روزے رکھ لیا کرتے تھے۔ اس پر اللہ نے آیت لَا تُقَدِّمُوْا بَیْنَ یَدَیِ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ نازل فرمائی۔

رمضان سے پہلے روزے رکھنا:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا رمضان شروع ہونے سے دو ایک روز پہلے روزے رکھنے نہ شروع کر دیا کرو۔ ہاں وہ شخص رمضان سے دو ایک روزے پہلے روز رکھ سکتا ہے جو برابر روزے رکھتا چلا آیا ہے۔ رواہ اصحاب الصحاح والسنن الستۃ۔ (تفسیر مظہری)

وَاتَّقُوا اللّٰہَ ؕ اِنَّ اللّٰہَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ①

اور ڈرتے رہو اللہ سے اللہ سنتا ہے جانتا ہے ☆

سچی فرمانبرداری کی شرط

یعنی اللہ و رسول کی سچی فرمانبرداری اور تعظیم اسی وقت میسر ہو سکتی ہے

besturdubooks.wordpress.com

جب خدا کا خوف دل میں ہو۔ اگر دل میں ڈر نہیں تو بظاہر دعوی اسلام کو نباہنے کے لئے اللہ و رسول کا نام بار بار زبان پر لائے گا اور بظاہر ان کے احکام کو آگے رکھے گا لیکن فی الحقیقت ان کو اپنی اندرونی خواہشات و اغراض کی تحصیل کے لئے ایک حیلہ اور آلہ کار بنائے گا۔ سو یاد رہے کہ جو زبان پر ہے اللہ اسے سنتا اور جو دل میں ہے اسے جانتا ہے پھر اسکے سامنے یہ فریب کیسے چلے گا چاہئے کہ آدمی اس سے ڈر کر کام کرے۔ (تفسیر عثمانی)

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ
اے ایمان والو بلند نہ کرو اپنی آوازیں
فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ
نبی کی آواز سے اُوپر اور اُس سے نہ بولو تڑخ کر
بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ
جیسے تڑختے ہو ایک دوسرے پر کہیں اکارت نہ ہو جائیں
اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝
تمہارے کام اور تم کو خبر بھی نہ ہو ☆

مجلس نبوی کے آداب

یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں شور نہ کرو اور جیسے آپس میں ایک دوسرے سے بے تکلف چہک کر یا تڑخ کر بات کرتے ہو، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ یہ طریقہ اختیار کرنا خلاف ادب ہے آپ سے خطاب کرو تو نرم آواز سے تعظیم و احترام کے لہجہ میں ادب و شائستگی کے ساتھ۔ دیکھو ایک مہذب بیٹا اپنے باپ سے، لائق شاگرد استاد سے، مخلص مرید پیر و مرشد سے، اور ایک سپاہی اپنے افسر سے کس طرح بات کرتا ہے پیغمبر کا مرتبہ تو ان سب سے کہیں بڑھ کر ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے گفتگو کرتے وقت پوری احتیاط رکھنی چاہئے مبادا بے ادبی ہو جائے اور آپ کو تکدر پیش آئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ناخوشی کے بعد مسلمان کا ٹھکانا کہاں ہے۔ ایسی صورت میں تمام اعمال ضائع ہونے اور ساری محنت اکارت جانے کا اندیشہ ہے۔

احادیث کی مجلس اور روضۂ نبوی کے آداب

(تنبیہ) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث سننے اور پڑھنے کے وقت بھی یہی ادب چاہئے اور جو قبر شریف کے پاس حاضر ہوں وہاں بھی ان آداب کو ملحوظ رکھے نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلفاء، علمائے ربانیین اور اولوا الامر کے ساتھ بھی بدرجہ اسی ادب سے پیش آنا چاہئے تا جماعتی نظام قائم رہے، فرق مراتب نہ کرنے سے بہت مفاسد اور فتنوں کا دروازہ کھلتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا احترام جس طرح حیات مبارکہ میں تھا اب بھی ضروری ہے

احادیث میں ہے کہ ایک مرتبہ عمر فاروق رضی اللہ تعالی عنہ نے مسجد میں دو شخصوں کی آواز سنی تو ان کو تنبیہ فرمائی اور پوچھا کہ تم لوگ کہاں کے ہو معلوم ہوا کہ یہ اہل طائف ہیں تو فرمایا اگر یہاں مدینے کے باشندے ہوتے تو میں تم کو سزا دیتا (افسوس کی بات ہے کہ) تم اپنی آوازیں بلند کر رہے ہو مسجد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں۔ اس حدیث سے علماء امت نے یہ حکم اخذ فرمایا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا احترام آپ کی حیات مبارکہ میں تھا اسی طرح کا احترام وتوقیر اب بھی لازم ہے کیوں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر مبارک میں حَیّ (زندہ) ہیں اور جس طرح کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دنیوی حیات مبارکہ میں لَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ کی حرمت و ممانعت تھی اسی طرح اب بھی ہے۔ اس لئے قبر مبارک کے پاس بلند آواز سے بات کرنا اور سخت لب ولہجہ اختیار کرنا ممنوع ہے وقار و سکون اور تعظیم و تکریم ملحوظ رکھتے ہوئے بات کرے۔ (تفسیر ابن کثیر) (معارف کاندھلوی)

مجلس نبوی کا ادب: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آپ کی آواز سے زیادہ آواز بلند کرنا یا بلند آواز سے اس طرح گفتگو کرنا جیسے آپس میں ایک دوسرے سے بے محابا کیا کرتے ہیں ایک قسم کی بے ادبی گستاخی ہے چنانچہ اس آیت کے نزول سے صحابہ کرام کا یہ حال ہو گیا کہ حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ قسم ہے کہ اب مرتے دم تک آپ سے اس طرح بولوں گا جیسے کوئی کسی سے سرگوشی کرتا ہو (دُرِ منثور عن البیہقی) اور حضرت عمرؓ اسقدر آہستہ بولنے لگے کہ بعض اوقات دوبارہ پوچھنا پڑتا تھا (کذا فی الصحاح) اور حضرت ثابت بن قیس طبعی طور پر بہت بلند آواز تھے یہ آیت سن کر وہ بہت ڈرے اور روئے اور اپنی آواز کو گھٹایا (بیان القرآن از دُرِ منثور)

روضۂ اقدس کے سامنے بھی بہت بلند آواز سے سلام و کلام کرنا ممنوع ہے

قاضی ابوبکر ابن عربی نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم اور ادب آپ کی وفات کے بعد بھی ایسا ہی واجب ہے جیسا حیات میں تھا اسی لئے بعض علماء نے فرمایا کہ آپ کی قبر شریف کے سامنے بھی زیادہ بلند آواز سے سلام و کلام کرنا ادب کے خلاف ہے۔ اسی طرح جس مجلس میں رسول اللہ

besturdubooks.wordpress.com

صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث پڑھی یا بیان کی جا رہی ہوں اُس میں بھی شور و شغب کرنا بے ادبی ہے کیونکہ آپ کا کلام جس وقت آپ کی زبان مبارک سے ادا ہو رہا ہو اس وقت سب کے لئے خاموش ہو کر اسکا سننا واجب و ضروری تھا اسی طرح بعد وفات جس مجلس میں آپ کا کلام سنایا جاتا ہو وہاں شور وشغب کرنا بے ادبی ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

پیغمبر کی گستاخی کفر ہے: اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ۔ اس ڈر سے کہ کہیں تمہارے سارے اعمال برباد نہ ہو جائیں۔ یہ ممانعت کی علت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ادب کو ملحوظ نہ رکھتے ہوئے آپ کی آواز سے اپنی آواز کو اونچا کرنا توہین نبی پر دلالت کرتا ہے اور توہین نبی کفر ہے اور کفر حبط اعمال کا موجب ہے پس نبی کے آواز سے اپنی آواز اونچی کرنی اگر اہانت نبی کی ارادہ سے ہو تو کفر ہے اور اگر لاپرواہی اور نگہداشت ادب کے فقدان کے زیر اثر ہو تو برکات صحبت سے محرومی کی موجب ہے۔ صحابیت کے فائدہ سے محرومی ہو جائے تو ایسی صحابیت بیکار ہے۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ
جو لوگ دبی آواز سے بولتے ہیں
عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ
رسول اللہ کے پاس وہی ہیں جن کے
امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰى ط
دلوں کو جانچ لیا ہے اللہ نے ادب کے واسطے ☆

ادب کی بنیاد ☆یعنی جو لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں تواضع اور ادب وتعظیم سے بولتے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز کے سامنے اپنی آوازوں کو پست کرتے ہیں یہ وہ ہیں جن کے دلوں کو اللہ نے ادب کی تخم ریزی کے لئے پرکھ لیا ہے اور مانجھ کر خالص تقویٰ وطہارت کے واسطے تیار کر دیا ہے حضرت شاہ ولی اللہؒ حجۃ اللہ البالغہ میں لکھتے ہیں کہ چار چیزیں اعظم شعائر اللہ سے ہیں قرآن، پیغمبر، کعبہ، نماز۔ ان کی تعظیم وہی کرے گا جس کا دل تقویٰ سے مالا مال ہو" وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ " (الحج رکوع ۴) یہاں سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز سے زیادہ آواز بلند کرنا خلاف ادب ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام وارشادات سننے کے بعد ان کے خلاف آواز اٹھانا کس درجہ کا گناہ ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یمن کی طرف بھیجا تو فرمایا کہ کس چیز کے ساتھ حکم کرو گے؟ جواب دیا کتاب اللہ کے ساتھ۔ فرمایا اگر نہ پاؤ؟ جواب دیا سنت رسول اللہ کے ساتھ فرمایا اگر نہ پاؤ۔ جواب دیا اجتہاد کروں گا۔ تو آپ نے ان کے سینے پر ہاتھ رکھ کر فرمایا خدا کا شکر ہے جس نے رسول اللہ کے قاصد کو یہ توفیق دی جس سے خدا کا رسول خوش ہو (ابوداؤد)

حضرت سفیان ثوریؒ کا ارشاد ہے کسی قول وفعل میں اللہ اور اس کے رسول پر سبقت نہ کرو۔

حضرت ثابت بن قیس کا حال: ابن جریر میں ہے جب یہ آیت اتری تو حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ راستے میں بیٹھ گئے اور رونے لگے حضرت عاصم ابن عدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب وہاں سے گزرے اور انہیں روتے دیکھا تو سبب دریافت کیا۔ جواب ملا کہ مجھے خوف ہے کہ کہیں یہ آیت میرے ہی بارے میں نازل نہ ہوئی ہو میری آواز بلند ہے۔ حضرت عاصمؓ یہ سن کر چلے گئے ادھر حضرت ثابتؓ کی ہچکی بندھ گئی دھاڑیں مار مار کر رونے لگے گھر گئے اور اپنی بیوی صاحبہ حضرت جمیلہؓ بنت عبداللہ بن ابی بن سلول سے کہا میں اپنے گھوڑے کے طویلے میں جا رہا ہوں تم اس کا دروازہ باہر سے بند کر کے لوہے کی کیل سے اسے جڑ دو خدا کی قسم میں اس میں سے نہ نکلوں گا یہاں تک کہ یا تو مر جاؤں یا اللہ تعالیٰ اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو مجھ سے رضامند کر دے۔ یہاں تو یہ ہوا وہاں جب حضرت عاصمؓ نے دربار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ تم جاؤ اور ثابتؓ کو میرے پاس بلا لاؤ۔ لیکن جب عاصم رضی اللہ عنہ اس جگہ آئے تو دیکھا کہ حضرت ثابتؓ وہاں نہیں' مکان پر گئے تو معلوم ہوا کہ وہ تو گھوڑے کے طویلے میں ہیں یہاں آ کر کہا کہ ثابت چلو تم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یاد فرما رہے ہیں۔ حضرت ثابتؓ نے کہا بہت خوب کیل نکال ڈالو اور دروازہ کھول دو پھر باہر نکل کر سرکار میں حاضر ہوئے تو آپ نے رونے کی وجہ پوچھی جس کا سچا جواب حضرت ثابتؓ سے سن کر آپ نے فرمایا کیا تم اس بات سے خوش نہیں ہو کہ تم قابل تعریف زندگی جیو اور شہید ہو کر مرو اور جنت میں جاؤ۔ اس پر حضرت ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سارا رنج کافور ہو گیا باچھیں کھل گئیں اور فرمانے لگے یا رسول اللہ میں اللہ تعالیٰ کی اور آپ کی اس بشارت پر بہت خوش ہوں اور اب آئندہ کبھی بھی اپنی آواز کو آپ کی آواز سے اونچی نہ کروں گا۔ اس پر اس کے بعد کی آیت اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ الخ نازل ہوئی۔ یہ قصہ اس طرح کئی ایک تابعین سے بھی مروی ہے۔

نافرمانیوں سے بچنے والے: امام احمدؒ نے کتاب الزہد میں ایک روایت نقل کی ہے کہ حضرت عمرؓ سے ایک تحریری استفتار لیا گیا کہ اے امیر المومنین ایک وہ شخص جسے نافرمانی کی خواہش ہی نہ ہو اور نہ کوئی نافرمانی اس نے کی ہو اور وہ شخص جسے خواہش معصیت ہے لیکن وہ برا کام نہیں کرتا ان میں

besturdubooks.wordpress.com

افضل کون ہے؟ آپ نے جواب میں لکھا کہ جنہیں معصیت کی خواہش ہوتی ہے پھر نافرمانیوں سے بچتے ہیں یہی لوگ ہیں جن کے دلوں کو اللہ تعالیٰ نے پرہیزگاری کے لئے آزمالیا ہے ان کے لئے مغفرت ہے اور بہت بڑا اجر و ثواب ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

اُولٰٓئِکَ - یہ جملہ دلالت کر رہا ہے کہ رسول اللہ کی تعظیم کی وجہ سے پست آواز سے کلام کرنا اللہ کو بہت ہی پسند ہے اور ایسے لوگ کمال کے انتہائی درجہ پر فائز ہیں۔ ان کے برخلاف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اونچی آواز سے کلام کرنا (اور شور غل مچانا) اللہ کے نزدیک بہت ہی برا ہے۔

بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت انسؓ نے فرمایا۔ ہم اپنے سامنے جنتی یعنی ثابتؓ بن قیس کو جن کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی چلتے پھرتے دیکھتے تھے (اور جانتے تھے کہ یہ زندہ جنتی ہیں) اور ان ہی سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا۔ تم قابل ستائش زندگی گزارو گے اور شہادت کی موت مارے جاؤ گے اور جنت میں چلے جاؤ گے۔

حضرت ثابت رضی اللہ عنہ کی شہادت:

جب جنگ یمامہ میں مسیلمہ کذاب سے مقابلہ ہوا تو ثابتؓ کو (شروع میں) مسلمانوں میں کچھ شکست کی حالت نظر آئی بلکہ ایک جماعت تو شکست کھا کر بھاگ بھی پڑی۔ یہ منظر دیکھ کر حضرت ثابتؓ نے کہا۔ ان لوگوں پر افسوس ہے۔ پھر حضرت سالمؓ سے فرمایا اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمرکابی میں تو ہم اللہ کے دشمنوں سے اس طرح نہیں لڑتے تھے اس قول کے بعد دونوں حضرات نے توبہ کی۔ پھر اتنا سخت قتال کیا کہ حضرت ثابتؓ شہید ہو گئے۔ اس وقت آپ زرہ پہنے ہوئے تھے مرنے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابیوں میں سے کسی نے آپ کو خواب میں دیکھا۔ خواب میں آپ نے اس صحابی کو بتایا کہ میری زرہ ایک مسلمان اتار کر لشکر کے کنارہ پر ایک جگہ لے گیا۔ وہاں گھوڑا رسی سے بندھا ہوا ہے اور زرہ پر پتھر کی ایک ہانڈی رکھ دی ہے۔ تم خالدؓ بن ولید سے جا کر کہہ دو کہ وہ میری زرہ اس شخص سے واپس لے لیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفہ حضرت ابوبکرؓ سے جا کر یہ بات کہہ دو کہ مجھ پر کچھ قرض ہے وہ ادا کر دیا جائے۔ اور میرا فلاں غلام آزاد ہے (یعنی میں آزاد کرتا ہوں) اس صحابی نے حضرت خالدؓ سے جا کر یہ بات کہہ دی۔ حضرت خالدؓ نے جا کر دیکھا تو زرہ اور گھوڑا ویسے ہی پایا جیسا بیان کیا تھا آپ نے زرہ واپس لے لی حضرت خالدؓ نے یہ خواب حضرت ابوبکرؓ سے جا کر بیان کر دیا تو آپ نے حضرت ثابتؓ کی وصیت پوری کر دی حضرت مالکؒ بن انس نے فرمایا اس وصیت کے علاوہ مجھے کوئی ایسی دمنامی وصیت معلوم نہیں جس کو پورا کیا گیا ہو۔ (تفسیر مظہری)

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝
اُنکے لئے معافی ہے اور ثواب بڑا ☆

☆ یعنی اس اخلاص وحق شناسی کی برکت سے پچھلی کوتاہیاں معاف ہوں گی اور بڑا بھاری ثواب ملے گا۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ
بے شک جو لوگ پکارتے ہیں تجھ کو
الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝
دیوار کے پیچھے سے وہ اکثر عقل نہیں رکھتے
وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ
اور اگر وہ صبر کرتے جب تک تو نکلتا
اِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۭ وَاللّٰهُ
اُن کی طرف تو اُن کے حق میں بہتر ہوتا اور اللہ
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝
بخشنے والا مہربان ہے ☆

واقعہ بنو تمیم ☆ بنی تمیم ملنے کو آئے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم حجرہ مبارک میں تشریف رکھتے تھے، وہ لوگ باہر سے آوازیں دینے لگے "یا محمد اخرج الینا" (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم باہر آیئے) یہ بے عقلی اور بے تہذیبی کی بات تھی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مرتبہ کو نہیں سمجھتے تھے کیا معلوم ہے اس وقت آپ پر وحی نازل ہو رہی ہو۔ یا کسی اور مہم کام میں مشغول ہوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات منبع البرکات تو مسلمانوں کے تمام دینی و دنیوی امور کا مرکز و ملجا تھی کسی معمولی ذمہ دار آدمی کے لئے بھی کام کرنا سخت مشکل ہو جائے اگر اس کا کوئی نظام الاوقات نہ ہو۔ اور آخر پیغمبر کا ادب و احترام بھی کوئی چیز ہے چاہئے تھا کہ کسی کی زبانی اندر اطلاع کراتے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے باہر تشریف لانے تک صبر کرتے۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لا کر ان کی طرف متوجہ ہوتے اس وقت خطاب کرنا چاہئے تھا۔ ایسا کیا جاتا تو ان کے حق میں بہتر اور قابل ستائش ہوتا۔ تاہم بے عقلی اور نادانستگی سے جو بات اتفاقاً سرزد ہو جائے اللہ اس کو اپنی مہربانی سے بخشنے والا

besturdubooks.wordpress.com

ہے۔ چاہئے کہ اپنی تقصیر پر نادم ہو کر آئندہ ایسا رویہ اختیار نہ کریں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و محبت ہی وہ نقطہ ہے جس پر قوم مسلم کی تمام پراگندہ قوتیں اور منتشر جذبات جمع ہوتے ہیں اور یہی وہ ایمانی رشتہ ہے جس پر اسلامی اخوۃ کا نظام قائم ہے۔ (تفسیر عثمانی)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات مدینہ طیبہ میں نو تھیں اُن میں سے ہر ایک کے لئے ایک حجرہ الگ الگ تھا جن میں آپ باری باری تشریف فرما ہوتے تھے۔

حجرات امہات المؤمنین: ابن سعد نے بروایت عطاء خراسانی لکھا ہے کہ یہ حجرات کھجور کی شاخوں سے بنے ہوئے تھے اور اُن کے دروازوں پر موٹے سیاہ اُون کے پردے پڑے ہوئے تھے۔ امام بخاری نے ادب المفرد میں اور بیہقی نے دلاؤد بن قیس سے روایت کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے ان حجرات کی زیارت کی ہے میرا گمان یہ ہے کہ حجرہ کے دروازہ سے مسقف بیت تک چھ سات ہاتھ ہوگا اور بیت (کمرہ) دس ہاتھ اور چھت کی اونچائی ساتھ آٹھ ہاتھ ہوگی۔ یہ حجرات امہات المؤمنین ولید بن عبدالملک کی حکومت میں اُن کے حکم سے مسجد نبوی میں شامل کر دیئے گئے۔ مدینہ میں اُس روز لوگوں پر گریہ وبکا طاری تھی۔

تنبیہ: صحابہ و تابعین نے اپنے علماء و مشائخ کے ساتھ بھی اسی ادب کا استعمال کیا ہے۔ صحیح بخاری وغیرہ میں حضرت ابن عباسؓ سے منقول ہے کہ جب میں کسی عالم صحابیؓ سے کوئی حدیث دریافت کرنا چاہتا تھا تو انکے مکان پر پہنچ کر ان کو آواز یا دروازہ پر دستک دینے سے پرہیز کرتا اور دروازہ کے باہر بیٹھ جاتا تھا کہ جب وہ خود ہی باہر تشریف لاویں گے اس وقت اُن سے دریافت کروں گا۔ وہ مجھے دیکھ کر فرماتے کہ اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچازاد بھائی آپ نے دروازہ پر دستک دیکر کیوں نہ اطلاع کر دی تو ابن عباس نے فرمایا کہ عالم اپنی قوم میں مثل نبی کے ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے نبی کی شان میں یہ ہدایت فرمائی ہے کہ اُن کے باہر آنیکا انتظار کیا جائے۔ حضرت ابو عبیدہؓ نے فرمایا کہ میں نے کبھی کسی عالم کے دروازہ پر جا کر دستک نہیں دی بلکہ اسکا انتظار کیا کہ وہ خود ہی جب باہر تشریف لاویں گے اس وقت ملاقات کروں گا (روح المعانی)

مسئلہ: آیت مذکورہ میں حَتّٰی تَخْرُجَ اِلَیْھِمْ میں اِلَیْھِمْ کی قید بڑھانے سے یہ ثابت ہوا کہ صبر و انتظار اسوقت تک کرنا ہے جب تک کہ آپ لوگوں سے ملاقات وگفتگو کے لئے باہر تشریف لائیں اس سے معلوم ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا باہر تشریف لانا کسی دوسری ضرورت سے ہو اس وقت بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے مطلب کی بات کرنا مناسب نہیں بلکہ اسکا انتظار کریں کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اُن کی طرف متوجہ ہوں اس وقت بات کریں۔ اگر واقعات متعدد مانے جائیں تو یہ مطلب ہوگا کہ کبھی ایک حجرہ کے باہر سے اور کبھی دوسرے حجرہ کے باہر سے پکارتے ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

اَکْثَرُھُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ۔ اکثر بے سمجھ ہیں۔

سبب نزول: ثعلبی نے حضرت جابرؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ حجروں کے باہر سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو عُیینہ بن حصین اور اقرع بن حابس نے پکارا تھا۔ یہی دونوں ستر آدمیوں کو ساتھ لے کر دوپہر کے وقت مدینہ میں پہنچے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی بی بی کے حجرہ میں سو رہے تھے۔ انہیں دونوں نے پکار کر کہا تھا۔ محمد! باہر آؤ۔ ابن جریر نے حضرت جابرؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ اقرعؓ بن حابس نے کہا تھا۔ محمد ہمارے پاس باہر آؤ۔ اس پر آیت مذکورہ نازل ہوئی۔

عبدالرزاق نے بوساطت معمرؒ قتادہ کا بیان نقل کیا ہے کہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہنے لگا۔ محمد میں جس کی تعریف کر دوں تو اس کے لئے میری تعریف جمال آفریں ہو جاتی ہے اور کسی کو بُرا کہہ دوں تو میرا بُرا کہنا اس کے لئے موجب عیب ہو جاتا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ایسا تو صرف اللہ ہے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ یہ روایت اگرچہ مرسل ہے (کسی صحابی کا نام اس روایت میں نہیں ہے) لیکن اس کی شاہد وہ حدیث ہے جو نزول آیت کے متعلق حضرت براءؓ بن عازب کی روایت سے مرفوعاً آئی ہے ابن جریج نے حسن کی روایت سے بھی ایسی ہی حدیث نقل کی ہے۔

بغوی نے قتادہ اور جابرؓ کی روایت ان الفاظ کے ساتھ بیان کی ہے کہ یہ آیت (یعنی یہ آیت اور اس کے بعد کی عبارت) بنی تمیم کے کچھ خانہ بدوش بدویوں کے متعلق نازل ہوئی۔ جنہوں نے دروازہ پر (پہنچ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو) آوازیں دی تھیں۔ حضرت جابرؓ کی روایت میں ہے کہ دروازہ پر پہنچ کر انہوں نے پکار مچائی۔ محمد! باہر نکل کر آؤ۔ ہماری طرف سے (کسی کی) تعریف (اس کے لئے) باعث زینت ہے اور ہماری طرف سے (کسی کی) مذمت موجب عیب ہے آواز سن کر حضور یہ کہتے ہوئے باہر تشریف لائے کہ ایسا تو بس اللہ ہے۔ جس کی طرف سے کسی کی ستائش موجب زینت اور مذمت موجب عیب ہے۔ دیہاتی بولے ہم اپنے شاعر اور خطیب کو ساتھ لے کر آئے ہیں۔

خطیب اور شاعر آمنے سامنے: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ثابتؓ بن قیس سے فرمایا۔ آٹھوان کو جواب دو۔ حضرت ثابت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خطیب تھے۔ حسب الحکم آپ نے بنی تمیم کے خطیب کو جواب دیا۔ پھر ان کا شاعر کھڑا ہوا اور اس نے کچھ اشعار پڑھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حسانؓ بن ثابت کو حکم دیا۔ اٹھوان کو جواب دو۔ حضرت حسانؓ نے اُٹھ کر جواب دیا۔ یہ بات دیکھ کر اقرعؓ بن حابس (تمیمی) نے کہا۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تو ہر خیر جمع ہے۔ ہمارا خطیب بولا (تو ان کا

besturdubooks.wordpress.com

خطیب بھی بولا اور ہمارے خطیب پر غالب آیا۔ پھر ہمارے شاعر نے کچھ اشعار پڑھے تو ان کے شاعر نے جواب دیا) پس (ہمارے شاعر سے) تمہارا شاعر احسن ثابت ہوا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب پہنچا اور بول پڑا۔ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّکَ رَسُوْلُهٗ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اس سے پہلے (تجھ سے) جو جرائم ہو گئے ہیں (وہ سب معاف ہو گئے) ان کا کوئی ضرر تجھے نہیں پہنچے گا۔ (یعنی کوئی مواخذہ نہیں کیا جائے گا) اس کے بعد ان سب کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (کچھ نقد اور) لباس عطا فرمایا۔ قافلہ میں ایک (بچہ) کم سنی کی وجہ سے رہ گیا تھا۔ جس کا نام عمرو بن اہتم تھا۔ قافلہ کے مال اور جانوروں کی نگرانی کے لئے یہ لوگ اس کو چھوڑ آئے تھے) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو بھی اتنا ہی (حصہ) دیا۔ جتنا ان لوگوں میں سے ایک ایک کو دیا تھا۔ بعض لوگوں نے اس لڑکے کو (اپنے مقابلہ میں) حقیر قرار دیا (اور پورا حصہ دینے پر اعتراض کیا)۔

بغوی نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (قبیلہ) بنی العنبر کی طرف ایک جہادی دستہ عیینہؓ بن حصین فزاری کے زیر کمانڈ روانہ کیا۔ جب ان لوگوں کو معلوم ہوا کہ عیینہ کا رخ ہماری طرف ہے تو وہ اپنے اہل وعیال کو چھوڑ کر بھاگ کھڑے ہوئے۔ عیینہ نے ان کے اہل وعیال کو قید کر لیا اور لا کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کر دیا۔ کچھ وقفہ کے بعد ان کے مرد اپنے بچوں کو زر فدیہ ادا کر کے رہا کرانے کے لئے آ گئے۔ جس وقت وہ آئے تھے۔ دوپہر کا وقت تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی بی بی کے حجرہ میں قیلولہ کر رہے تھے۔ ان کے بچوں نے جب اپنے باپوں کو دیکھا تو بیتاب ہو کر رونے لگے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہر بی بی کا ایک مخصوص حجرہ تھا۔ یہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے برآمد ہونے سے پہلے ہی جلدی میں پکارنے لگے۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم! باہر آیئے۔ غرض (شور مچا کر) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بیدار کر دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لے آئے۔ ان لوگوں نے کہا۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم فدیہ لے کر ہمارے اہل وعیال کو رہا کر دو۔ اس وقت جبرئیلؑ نازل ہوئے اور کہا۔ اللہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیتا ہے کہ اپنے اور ان لوگوں کے درمیان کسی تیسرے شخص کو (بطور پنچ) مقرر کر دو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وحی پانے کے بعد فرمایا۔ سبرہ بن عمرو تمہارا ہم مذہب ہے۔ کیا تم لوگ اس کو میرے اور اپنے درمیان ثالث بنانا پسند کرو گے؟ ان لوگوں نے جواب دیا جی ہاں سبرہ نے کہا۔ جب تک میرا چچا اعور بن بشامہ یہاں موجود نہ ہوگا۔ میں کوئی فیصلہ نہیں کروں گا یعنی اعور سے فیصلہ کراؤں گا۔ خود کوئی فیصلہ نہیں کروں گا۔ لوگ راضی ہو گئے۔ اعور نے فیصلہ ان کے آدھے اہل وعیال کو بغیر معاوضہ کے آزاد کیا جائے اور باقی نصف کو فدیہ لے کر رہا کیا جائے

حضور نے فرمایا۔ میں اس پر راضی ہوں۔ چنانچہ نصف کو بلا معاوضہ اور نصف کو فدیہ لے کر رہا کر دیا۔ اور اللہ نے آیت اِنَّ الَّذِیْنَ یُنَادُوْنَکَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَکْثَرُهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ نازل فرما دی۔

عقلمندی کا تقاضا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کو ملنے کی ضرورت اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنا مقصد حاصل کرنے کی حاجت تھی۔ اس لئے عقل کا تقاضا تھا کہ ایسی شخصیت جن کی عظمت مرتبہ اللہ کی طرف سے بے مثال تھی۔ اس کی وہ لوگ تعظیم کرتے اور نفسانی اغراض کے زیر اثر جو کاربراری میں عجلت پسندی کی تھی۔ اس سے اپنے آپ کو روکے رکھتے اور اس وقت تک اپنے مقصد کو پیش کرنے سے رُکے رہتے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم (مقررہ وقت پر قیلولہ کے بعد اُٹھ کر) باہر تشریف لے آتے اور خود ہی کلام کا آغاز فرماتے تو یہ فعل ان کے لئے بہتر ہوتا۔ بے ادبی نہ ہوتی اور اللہ کے رسول کی تعظیم بھی ہوتی۔ اور پھر اس کا ثواب بھی ملتا اور ان کے عمل کو قابل ستائش قرار دیا جاتا اور کام بھی پورا ہو جاتا۔ مقاتل نے بہتر ہونے کا یہ مطلب بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب کو بلا معاوضہ رہا کر دیتے۔ (تفسیر مظہری)

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌ
اے ایمان والو اگر آئے تمہارے پاس کوئی گنہگار
بِنَبَاٍ فَتَبَیَّنُوْۤا اَنْ تُصِیْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ
خبر لے کر تو تحقیق کر لو کہیں جا نہ پڑو کسی قوم پر نادانی سے
فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِیْنَ ۝
پھر کل کو اپنے کئے پر لگو پچتانے ☆

نزاعات کا انسداد ☆☆ اکثر نزاعات ومناقشات کی ابتدا جھوٹی خبروں سے ہوتی ہے اس لئے اول اختلاف وتفریق کے اسی سرچشمہ کو بند کرنے کی تعلیم دی یعنی کسی خبر کو یوں ہی بے تحقیق قبول نہ کرو فرض کیجئے ایک بے راہرو اور تکلیف دہ آدمی اپنے کسی خیال اور جذبے سے بے قابو ہو کر کسی قوم کی شکایت کی تم محض اس کے بیان پر اعتماد کر کے اس قوم پر چڑھ دوڑے بعدہ ظاہر ہوا کہ اس شخص نے غلط کہا تھا۔ تو خیال کرو اس وقت کس قدر پچھتانا پڑے گا اور اپنی جلد بازی پر کیا کچھ ندامت ہوگی اور اسکا نتیجہ جماعت اسلام کے حق میں کیسا خراب ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

اس آیت سے یہ ثابت ہوا کہ کوئی شریر فاسق آدمی اگر کسی شخص یا قوم کی شکایت کرے اُن پر کوئی الزام لگائے تو اسکی خبر یا شہادت پر بغیر مکمل تحقیق کے عمل کرنا جائز نہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

آیت سے متعلقہ احکام ومسائل

امام جصاصؒ نے احکام القرآن میں فرمایا کہ اس آیت سے ثابت ہوا کہ کسی فاسق کی خبر کو قبول کرنا اور اس پر عمل کرنا اس وقت تک جائز نہیں جب تک دوسرے ذرائع سے تحقیق کر کے اسکا صدق ثابت نہ ہو جائے۔ کیونکہ اس آیت میں ایک قراءت تو فَتَثَبَّتُوْا کی ہے۔ جس کے معنی ہیں کہ اس پر عمل کرنے اور اقدام میں جلدی نہ کرو بلکہ ثابت قدم رہو جب تک دوسرے ذرائع سے اسکا صدق ثابت نہ ہو جائے۔ اور جب فاسق کی خبر کو قبول کرنا جائز نہ ہوا تو شہادت کو قبول کرنا بدرجۂ اولیٰ ناجائز ہوگا کیونکہ ہر شہادت ایک خبر ہوتی ہے جو حلف وقسم کے ساتھ موکد کی جاتی ہے اس لئے جمہور علماء کے نزدیک فاسق کی خبر یا شہادت شرعاً مقبول نہیں۔ البتہ بعض معاملات اور حالات میں فاسق کی خبر اور شہادت کو بھی قبول کر لیا جاتا ہے۔

مسئلہ: یہ کہ کوئی فاسق بلکہ کافر بھی کوئی چیز لائے اور یہ کہے کہ فلاں شخص نے یہ آپ کو ہدیہ بھیجا ہے تو اس کی خبر پر عمل جائز ہے اس کی مزید تفصیل کتب فقہ معین الحکام وغیرہ میں ہے۔

صحابہؓ کے متعلق اہل سنت کا عقیدہ: عقیدہ اہل سنت والجماعت کا نصوص قرآن وسنت کی بناء پر یہ ہے کہ صحابی سے گناہ تو ہو سکتا ہے مگر کوئی صحابی ایسا نہیں جو گناہ سے توبہ کر کے پاک نہ ہو گیا ہو۔ قرآن کریم نے علی الاطلاق اُن کے بارے میں اللہ تعالیٰ کی رضا کا فیصلہ صادر فرما دیا ہے۔ رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ الآیۃ (معارف مفتی اعظم)

سبب نزول: احمد وغیرہ نے عمدہ سند کے ساتھ بیان کیا کہ حارثؓ بن ضرار خزاعی نے فرمایا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اسلام کی دعوت دی میں نے اقرار کر لیا اور اسلام میں داخل ہو گیا۔ حضور نے مجھے زکوٰۃ ادا کرنے کی دعوت دی میں نے اس کا بھی اقرار کر لیا۔ اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اپنی قوم کے پاس واپس جاؤں گا اور ان کو اسلام اور اداء زکوٰۃ کی دعوت دوں گا جو شخص میری دعوت قبول کرے گا میں اسکی زکوٰۃ جمع کر لوں گا۔ آپ میرے پاس فلاں فلاں اوقات میں کسی کو بھیج دیں کہ وہ زکوٰۃ کا مال لا کر آپ کی خدمت میں پیش کر دے۔ (یہ کہہ کر حارث چلے گئے اور) زکوٰۃ جمع کر لی۔ جب مقرر وقت آ گیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قاصد نہیں پہنچ پایا تو حارث نے خیال کیا کہ میرے معاملہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کچھ ناراضگی ہو گئی۔ اس لئے انہوں نے سردارانِ قوم کو طلب کیا اور ان سے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زکوٰۃ کے مال پر قبضہ کرنے کے لئے قاصد بھیجنے کا ایک وقت مقرر فرما دیا تھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وعدہ کی خلاف ورزی نہیں کر سکتے معلوم ہوتا ہے کہ قاصد کو روک لیئے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ناراضگی کو کچھ دخل ہے (حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ناراضگی کی وجہ سے ہی قاصد کو نہیں بھیجا ہے) اس لئے تم سب چلو ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں خود (مال لے کر) حاضر ہو جائیں ادھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولیدؓ بن عقبہ کو حارثؓ کے پاس بھیج چکے تھے۔ تاکہ زکوٰۃ کا جو مال حارثؓ نے جمع کیا ہوا اس کو وصول کر لیں۔ ولیدؓ روانہ تو ہو گئے لیکن ڈر کر (راستہ ہی سے) لوٹ آئے۔ اور آ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کر دیا کہ حارثؓ نے زکوٰۃ دینے سے انکار کر دیا اور مجھے قتل کر دینا چاہا (اس لئے میں بھاگ آیا) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ لوگوں کا ایک دستہ حارث کے پاس بھیجا۔ حارثؓ اپنے ساتھیوں کو لے کر سامنے سے آتے ہوئے مل گئے۔ اس دستہ کے استقبال کے لئے وہ پہلے سے نکل کھڑے ہوئے تھے۔ حارثؓ نے دریافت کیا تم لوگوں کو کس طرف بھیجا گیا ہے۔ ان لوگوں نے جواب دیا۔ تمہارے پاس۔ حارثؓ نے کہا۔ کیوں؟ ان لوگوں نے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہارے پاس ولیدؓ بن عقبہ کو بھیجا تھا۔ انہوں نے جا کر کہا کہ حارثؓ نے زکوٰۃ دینے سے انکار کر دیا اور ولیدؓ کو قتل کر دینے کا ارادہ کیا۔ حارث نے کہا۔ نہیں قسم ہے اس کی جس نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو نبی برحق بنا کر بھیجا ہے میں نے تو ولیدؓ کو دیکھا بھی نہیں نہ وہ میرے پاس آیا۔ غرض حارثؓ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو سور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم نے زکوٰۃ دینے سے انکار کیا تھا اور میرے قاصد کو قتل کر دینا چاہا تھا۔ حارثؓ نے کہا۔ قسم ہے اس کی جس نے آپ کو نبی برحق بنایا ہے ایسا تو (بالکل) نہیں ہوا۔ اس پر آیت نازل ہوئی۔ اے ایمان والو اگر کوئی شریف آدمی تمہارے پاس کوئی خبر لائے تو خوب تحقیق کر لیا کرو۔ (کہیں) کسی قوم کو انجانے میں ضرر نہ پہنچا دو پھر اپنے کئے پر پچھتانا پڑے۔ طبرانی نے بھی ایسی ہی حدیث حضرت جابرؓ بن عبداللہ کی روایات سے اور علقمہ بن ناجیہ اور حضرت ام سلمہؓ کے حوالہ سے نقل کی ہے ابن جریر نے بھی بوساطت عوفی حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے یہ حدیث بیان کی ہے۔ طبرانی نے حضرت ام سلمہؓ کی روایت سے نیز بغوی نے ذکر کیا ہے کہ یہ آیت ولید بن عقبہ بن ابی معیط کے حق میں نازل ہوئی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ولید کو بنی مصطلق کے پاس زکوٰۃ وصول کرنے کے لئے بھیجا تھا۔ جاہلیت کے زمانہ میں بنی مصطلق اور ولید کے درمیان عداوت تھی۔ بنی مصطلق کے لوگوں نے جب ولید کے آنے کی خبر سنی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے احترام میں ولید کے استقبال میں نکل آئے۔ ولید کے دل میں شیطان نے یہ وسوسہ پیدا کر دیا کہ وہ لوگ ولید کو قتل کرنا چاہتے ہیں۔ اس لئے راستہ سے ہی لوٹ آیا اور آ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ

besturdubooks.wordpress.com

وسلم سے کہہ دیا کہ ان لوگوں نے زکوۃ دینے سے انکار کر دیا اور مجھے قتل کرنے کے درپے ہو گئے۔ یہ بات سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو غصہ آ گیا اور ان سے لڑنے کا ارادہ کر لیا۔ بنی مصطلق کو جب ولید کے لوٹ جانے کی اطلاع ملی تو وہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو گئے اور عرض کیا۔ یارسول اللہ جب ہم نے آپ کے قاصد (کے روانہ ہو جانے) کی خبر سنی تو ہم اس کے استقبال واحترام کے لئے اور اللہ کا جو حق ہم نے قبول کیا تھا اس کو ادا کرنے کے واسطے نکل آئے۔ لیکن واپس لوٹ پڑنا ہی اس کو مناسب معلوم ہوا۔ اس سے ہم کو اندیشہ ہوا کہ شاید راستہ سے لوٹ پڑنے کی یہ وجہ ہو کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ناراضگی کا کوئی خط راستہ میں اس کو پہنچ گیا۔ جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے ناراضگی کا اظہار کیا ہو۔ ہم اللہ کے اور اس کے رسول کے غضب سے اللہ کی پناہ کے خواستگار ہیں۔ بغوی نے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بنی المصطلق کی صداقت کا یقین نہیں آیا اور آپ نے خالدؓ بن ولید کو کچھ فوج کی معیت میں پوشیدہ طور پر تحقیق کے لئے بھیج دیا اور یہ حکم دے دیا کہ تم جا کر دیکھنا اگر تم کو ان کے مسلمان ہونے کی کوئی علامت معلوم ہو تو ان کے مال کی زکوۃ لے لینا۔ ورنہ ان کے ساتھ وہی معاملہ کرنا جو کافروں کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ حضرت خالدؓ نے حکم کی تعمیل کی۔ جب وہاں پہنچے تو مغرب وعشاء کی اذان کی آواز سنی اور (حسب الحکم) ان سے زکوۃ وصول کر لی اور سوا اطاعت اور بھلائی کے ان کی طرف سے کوئی بات بھی نہیں دیکھی۔ پھر واپس آ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اصل خبر بتا دی اس وقت آیت یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَآءَکُمْ فَاسِقٌ الخ نازل ہوئی۔

فَتَبَیَّنُوْٓا۔ یعنی تحقیق حال کر لو۔ فاسق کی خبر کی تحقیق کرنے کا حکم دیا۔ یہ حکم چاہتا ہے کہ اگر ایک عادل (صالح) شخص کوئی خبر دے تو اس کی اطلاع کو قبول کر لیا جائے کیوں کہ قبول خبر سے کوئی مانع نہیں ہے۔

لغت میں فسق کے معنی ہے نکلنا۔ عرب کہتے ہیں۔ **فسقت الرطبة عن قشرها** کھجور اپنے چھلکے سے نکل آئی۔ اصطلاح شرع میں کبھی کافر پر اطلاق ہوتا ہے کیوں کہ وہ ایمان سے خارج ہوتا ہے۔ قرآنی استعمال میں فاسق اس شخص کو بھی کہتے ہیں جو صغیرہ گناہوں پر جما رہے اور توبہ نہ کی ہو۔ آیت میں باجماع اہل تفسیر مرتکب کبیرہ ہی مراد ہے۔

حضرت ولید بن عقبہؓ کا معاملہ: میں کہتا ہوں۔ ولید بن عقبہ صحابی تھے اور اس دروغ گوئی سے پہلے ان کا فسق ظاہر بھی نہیں ہوا تھا اور اس دروغ بیانی کا سبب بھی ان کی بدگمانی اور ان لوگوں کے متعلق غلط خیال بندی تھی جو اسلام سے پہلے ان کے دشمن تھے۔ اس لئے آیت میں فاسق سے مراد شاید ایسا شخص ہو جس کی سچائی اور عدالت ظاہر نہ ہوئی ہو۔ اس تفسیر پر وہ شخص جس کی حالت ظاہر نہ ہو مستور الحال ہو۔ اس میں داخل ہو جائے گا۔ یا فاسق سے مراد ایسا شخص ہے جس نے کوئی ایسی خبر دی ہو۔ جس کے غلط ہونے پر قرینہ دلالت کر رہا ہو۔ خواہ مخبر بظاہر صالح ہو۔ بنی مصطلق اپنی خوشی سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر ایمان لائے اور اسلام کے احکام قبول کئے تھے۔ ان کا مرتد ہو جانا بہت زیادہ بعید از عقل تھا۔ ولید کا قصداً آیا سوء ظن کی بنا پر دروغ بیانی کرنا اتنا بعید از قیاس نہیں تھا۔ (تفسیر مظہری)

ابوداؤد ترمذی نے حضرت سعید بن زید سے نقل کیا ہے کہ **واللہ لمشهد رجل منهم مع النبی صلی اللہ علیه وسلم یغبر فیه وجهه خیر من عمل احدکم ولو عمر عمر نوح** یعنی خدا کی قسم ان میں سے کسی شخص کا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کسی جہاد میں شریک ہونا جس میں اُن کے چہرہ پر غبار پڑ گیا ہو تمہاری عمر بھر کی طاعت وعبادت سے افضل ہے اگر چہ اس کو عمر نوح علیہ السلام دیدی گئی ہو۔ اسلئے ان سے صدور گناہ کے وقت اگر یہ سزا وغیرہ میں معاملہ وہی کیا گیا جو اس جرم کے لئے مقرر تھا مگر اسکے باوجود بعد میں کسی کے لئے جائز نہیں کہ ان میں سے کسی کو فاسق قرار دے اسلئے اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں کسی صحابی سے کوئی گناہ موجب فسق سرزد بھی ہوا اور اسوقت ان کو فاسق کہا بھی گیا تو اس سے یہ جائز نہیں ہو جاتا کہ اس فسق کو انکے لئے مستمر سمجھ کر معاذ اللہ فاسق کہا جائے۔ (کذا فی الروح)

اور یہ آیت مذکورہ میں تو قطعاً یہ ضروری نہیں کہ ولید بن عقبہ کو فاسق کہا گیا ہو سبب نزول خواہ اُن کا معاملہ ہی ہی مگر لفظ فاسق اُن کے لئے استعمال کیا گیا یہ ضروری نہیں۔

خبر کی تحقیق: آیت کی رفتار بتا رہی ہے کہ کچھ مسلمانوں نے ولید کو سچا جان کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بنی مصطلق پر حملہ کرنے کا مشورہ دیا تھا لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا مشورہ نہیں مانا اور خالدؓ بن ولید کو تحقیق واقعہ کے لئے بھیجا۔ حق سبحانہ وتعالیٰ نے انہیں لوگوں کو خطاب کر کے تحقیق حال کرنے کا حکم دیا ہے۔ جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا۔ اس لئے حکم دیا کہ آخرت میں ندامت اُٹھانی نہ پڑے۔ (تفسیر مظہری)

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِیْکُمْ رَسُوْلَ اللّٰہِ
اور جان لو کہ تم میں رسول ہے اللہ کا
لَوْ یُطِیْعُکُمْ فِیْ کَثِیْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ
اگر وہ تمہاری بات مان لیا کرے بہت کاموں میں
لَعَنِتُّمْ
تو تم پر مشکل پڑے ☆

besturdubooks.wordpress.com

حق کو اپنی رائے کے تابع نہ بناؤ

یعنی اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمہاری کسی خبر یا رائے پر عمل نہ کریں تو برا نہ مانو حق لوگوں کی خواہشوں یا رایوں کے تابع نہیں ہو سکتا۔ ایسا ہو تو زمین و آسمان کا سارا کارخانہ ہی درہم برہم ہو جائے۔ کما قال تعالیٰ ''وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ'' (المومنون رکوع ۴) الغرض خبروں کی تحقیق کیا کرو اور حق کو اپنی خواہش اور رائے کے تابع نہ بناؤ بلکہ اپنی خواہشات کو حق کے تابع رکھو۔ اس طرح تمام جھگڑوں کی جڑ کٹ جائے گی۔

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں ''یعنی تمہارا مشورہ قبول نہ ہو تو برا نہ مانو رسول عمل کرتا ہے اللہ کے حکم پر، اسی میں تمہارا بھلا ہے، اگر تمہاری بات مانا کرے تو ہر کوئی اپنے بھلے کی کہے، پھر کس کس کی بات پر چلے''۔ (تفسیر عثمانی)

اللہ کے رسول ہی کی اطاعت ضروری ہے

پچھلی آیت میں قرآن کریم نے اسکو قانون بنا دیا کہ جس شخص کی خبر میں قرائن قویہ سے کوئی شبہ ہو جاوے تو قبل از تحقیق اُس پر عمل جائز نہیں۔ اس آیت میں صحابۂ کرام کو ایک اور ہدایت کی گئی ہے کہ اگرچہ بنی المصطلق کے متعلق خبر ارتداد سن کر تمہارا جوش غیرت دینی کے سبب تھا مگر تمہاری رائے صحیح نہ تھی۔ اللہ کے رسول نے جو صورت اختیار کی وہ ہی بہتر تھی (مظہری) مقصد یہ ہے کہ مشورہ طلب امور میں کوئی رائے دیدینا تو درست ہے لیکن یہ کوشش کرنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمہاری رائے کے مطابق ہی عمل کریں یہ درست نہیں کیونکہ اُمور دُنیویہ میں اگرچہ شاذ و نادر رسول کی رائے خلاف مصلحت ہونیکا امکان ضروری ہے جو شان نبوت کیخلاف نہیں لیکن حق تعالیٰ نے جو فراست اور دانش اپنے رسول کو عنایت فرمائی ہے وہ تمہیں حاصل نہیں ہے اسلئے اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمہاری رائے پر چلا کریں تو بہت سے معاملات میں نقصان و مصیبت میں پڑ جاؤ گے۔

لَعَنِتُّمْ ۔ یعنی تم گناہ اور ہلاکت میں پڑ جاتے۔

صحابہؓ نے چوں کہ ولید بن عقبہ سے بنی مصطلق کے مرتد ہو جانے کی خبر سنی تھی (اور ان کو یقین آ گیا تھا) اس لئے بنی مصطلق پر ان کو غصہ تھا اور یہ غصہ صرف اللہ کے دین کی حمایت کے لئے تھا۔ (معارف مفتی اعظم)

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ
پر اللہ نے محبت ڈال دی تمہارے دل میں ایمان کی
وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ
اور کھبا دیا اُس کو تمہارے دلوں میں اور نفرت ڈالدی

الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ ۭ
تمہارے دل میں کفر اور گناہ اور نافرمانی کی
اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۝ فَضْلًا
وہ لوگ وہی ہیں نیک راہ پر اللہ کے فضل
مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ۭ
سے اور احسان سے ☆

ایمان کی محبت ☆ یعنی اگر تم یہ چاہتے ہو کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم تمہاری ہر بات مانا کریں تو بڑی مشکل ہوتی لیکن اللہ کا شکر کرو کہ اس نے اپنے فضل و احسان سے مومنین قانتین کے دلوں میں ایمان کو محبوب بنا دیا۔ اور کفر و معصیت کی نفرت ڈالدی جس سے وہ ایسی بے ہودگی کے پاس بھی نہیں جا سکتے۔ جس مجمع میں اللہ کا رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) جلوہ افروز ہو وہاں کسی کی رائے و خواہش کی پیروی کہاں ہو سکتی ہے۔ آج گو حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان میں نہیں مگر حضور کی تعلیم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وارث و نائب یقیناً موجود ہیں اور رہیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

کفر، فسوق اور عصیان کا معنی اور آیت کا مطلب

بظاہر رفتار کلام سے معلوم ہو رہا ہے کہ فسوق کا درجہ عصیان سے اونچا اور کفر سے نیچا ہے کفر بہت ہی قبیح ہے۔ اس سے کم بُرا فسق سے کم عصیان ہے۔ اس صورت میں فسوق سے مراد ہوگا۔ جماعت سے نکل جانا اور بدعتی عقیدہ اختیار کرنا لیکن اعتقادی بدعت کے باوجود کفر کی حد تک نہ پہنچ جانا اور عصیان سے مراد ہے۔ عملی گناہ اور اعضاء جسم کی نافرمانی جب کہ عقیدہ جمہور اہل سنت کے موافق ہو عقیدہ میں بدعت نہ ہو اس تشریح کی روشنی میں آیت کا معنی یہ ہوگا کہ تم نے جو تامل اور تحقیق خبر سے کام نہیں لیا۔ یہ قابل ملامت نہیں۔ کیوں کہ تم کو کفر سے نفرت اور ایمان سے محبت ہے۔ اللہ نے تمہارے دلوں میں ایمان کا پیار اور کفر سے بغض پیدا کر دیا ہے۔

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝
اور اللہ سب کچھ جانتا ہے حکمتوں والا ☆

☆ یعنی وہ سب کی استعداد کو جانتا ہے اور ہر ایک کو اپنی حکمت سے وہ احوال و مقامات مرحمت فرماتا ہے جو اسکی استعداد کے مناسب ہوں۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

وَاِنْ طَآىِٕفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

اور اگر دو فریق مسلمانوں کے

اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ

آپس میں لڑ پڑیں تو اُن میں ملاپ کرا دو پھر اگر

بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى

چڑھا چلا جائے ایک اُن میں سے دوسرے پر

فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰٓى

تو تم سب لڑو اُس چڑھائی والے سے یہاں تک کہ پھر آئے

اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا

اللہ کے حکم پر پھر اگر پھر آیا تو ملاپ کرا دو

بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ؕ اِنَّ

اُن میں برابر اور انصاف کرو بیشک

اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝

اللہ کو خوش آتے ہیں انصاف والے☆

باہمی اختلاف ختم کرنے کالائحہ عمل

☆یعنی ان تمام پیش بندیوں کے باوجود اگر اتفاق سے مسلمانوں کی دو جماعتیں آپس میں لڑ پڑیں تو پوری کوشش کرو کہ اختلاف رفع ہو جائے۔ اس میں اگر کامیابی نہ ہو اور کوئی فریق دوسرے پر چڑھا چلا جائے اور ظلم و زیادتی ہی پر کمر باندھ لے تو یکسو ہو کر نہ بیٹھ رہو بلکہ جس کی زیادتی ہو سب مسلمان مل کر اس سے لڑائی کریں۔ یہاں تک کہ وہ فریق مجبور ہو کر اپنی زیادتیوں سے باز آئے اور خدا کے حکم کی طرف سے رجوع ہو کر صلح کے لئے اپنے کو پیش کر دے اس وقت چاہئے کہ مسلمان دونوں فریق کے درمیان مساوات و انصاف کے ساتھ صلح اور میل ملاپ کرا دیں کسی ایک کی طرفداری میں جادہ حق سے ادھر ادھر نہ جھکیں۔ (تنبیہ) آیت کا نزول صحیحین کی روایت کے موافق ''انصار'' کے دو گروہ اوس و خزرج کے ایک وقتی ہنگامے کے متعلق ہوا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے درمیان اسی آیت کے ماتحت صلح کرا دی۔ جو لوگ خلیفہ کے مقابلہ میں بغاوت کریں وہ بھی عموم آیت میں داخل ہیں چنانچہ قدیم سے علماء سلف بغاۃ کے مسئلہ میں اسی سے استدلال کرتے آئے ہیں لیکن جیسا کہ شان نزول سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ حکم مسلمانوں کے تمام جماعتی مناقشات ومشاجرات کو شامل ہے۔ باقی باغیوں کے متعلق احکام شرعیہ کی تفصیل فقہ میں دیکھنا چاہئے۔ (تفسیر عثمانی)

عام مسلمان کیا کرے؟ جہاں کوئی امام و امیر یا بادشاہ و رئیس نہیں وہاں حکم یہ ہے کہ جہاں تک ممکن ہو دونوں کو فہمائش کر کے ترک قتال پر آمادہ کیا جائے' اور دونوں نہ مانیں تو دونوں لڑنے والے فرقوں سے الگ رہے نہ کسی کے خلاف کرے نہ موافقت' کذافی بیان القرآن۔

مسائل متعلقہ: مسلمانوں کے دو گروہوں کی باہمی لڑائی کی چند صورتیں ہوتی ہیں' ایک یہ کہ دونوں جماعتیں امام المسلمین کے تحت ولایت ہیں یا دونوں نہیں' یا ایک ہے ایک نہیں۔ پہلی صورت میں عام مسلمانوں پر لازم ہے کہ فہمائش کر کے ان کو باہمی جنت سے روکیں۔ اگر فہمائش سے باز نہ آئیں تو امام المسلمین پر اصلاح کرنا واجب ہے اگر حکومت اسلامیہ کی مداخلت سے دونوں فریق جنگ سے باز آ گئے تو قصاص و دیت کے احکام جاری ہونگے۔ اور باز نہ آئیں تو دونوں فریق کے ساتھ باغیوں کا سا معاملہ کیا جائے اور ایک باز آ گیا دوسرا ظلم و تعدی پر جما رہا تو دوسرا فریق باغی ہے اسکے ساتھ باغیوں کے احکام کی تفصیل کتب فقہ میں دیکھی جاسکتی ہے اور مختصر جامع حکم یہ ہے کہ قبل قتال انکے ہتھیار چھین لئے جاویں گے اور اُن کو گرفتار کر کے توبہ کرنے کے وقت تک قید رکھیں گے اور عین قتال کی حالت میں اور قتال کے بعد اُن کی ذریت کو غلام یا لونڈی نہ بنا دیں گے اور ان کا مال مال غنیمت نہیں ہوگا البتہ توبہ کرنے تک اموال کو محبوس رکھا جائیگا توبہ کے بعد واپس دیدیا جائے گا۔ آیات مذکورہ میں جو یہ ارشاد ہوا ہے فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا یعنی اگر بغاوت کرنے والا فرقہ بغاوت اور قتال سے باز آ جائے تو صرف جنگ بند کر دینے پر اکتفا نہ کرو بلکہ اسباب جنگ اور باہمی شکایات کے ازالہ کی فکر کرو تا کہ دلوں سے بغض و عداوت نکل جاوے اور ہمیشہ کے لئے بھائی چارے کی فضا قائم ہو جائے۔ اور چونکہ یہ لوگ امام المسلمین کے خلاف بھی جنگ کر چکے ہیں اس لئے ہوسکتا تھا کہ ان کے بارے میں پورا انصاف نہ ہو اسلئے قرآن نے تاکید فرمائی کہ دونوں فریق کے حقوق میں عدل و انصاف کی پابندی کی جائے (یہ سب تفصیل بیان القرآن سے لی گئی ہے اور اسمیں ہدایہ کے حوالہ سے ہے)۔

مسئلہ: اگر مسلمانوں کی کوئی بڑی طاقتور جماعت امام المسلمین کی اطاعت سے نکل جائے تو امام المسلمین پر لازم ہے کہ اول اُن کی شکایات سنے ان کو

besturdubooks.wordpress.com

کوئی شبہ یا غلط فہمی پیش آئی ہے تو اسکو دور کرے۔

مشاجرات صحابہ کے بارے میں ہمارا رویہ

یہ جائز نہیں ہے کہ کسی بھی صحابی کی طرف قطعی اور یقینی طور پر غلطی منسوب کی جائے اسلئے کہ ان سب حضرات نے اپنے اپنے طرزِ عمل میں اجتہاد سے کام لیا تھا اور سب کا مقصد اللہ کی خوشنودی تھی' یہ سب حضرات ہمارے پیشوا ہیں اور ہمیں حکم ہے کہ ان کے باہمی اختلافات سے کفِ لسان کریں اور ہمیشہ ان کا ذکر بہترین طریقے پر کریں کیونکہ صحابیت بڑی حرمت کی چیز ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو برا کہنے سے منع فرمایا ہے' اور یہ خبر دی کہ اللہ نے انہیں معاف کر رکھا ہے اور ان سے راضی ہے۔'' اس کے علاوہ متعدد سندوں سے یہ حدیث ثابت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت طلحہؓ کے بارے میں فرمایا۔

انّ طلحة شهيد يمشي على وجه الارض' یعنی طلحہ روئے زمین پر چلنے والے شہید ہیں'

اب اگر حضرت علیؓ کے خلاف حضرت طلحہؓ کا جنگ کے لئے نکلنا کھلا گناہ اور عصیان تھا تو اس جنگ میں مقتول ہو کر وہ ہرگز شہادت کا رتبہ حاصل نہ کرتے' اسی طرح حضرت طلحہؓ کا یہ عمل تاویل کی غلطی اور ادائے واجب میں کوتاہی قرار دیا جاسکتا تو بھی آپ کو شہادت کا مقام حاصل نہ ہوتا' کیونکہ شہادت تو صرف اس وقت حاصل ہوتی ہے جب کوئی شخص اطاعت ربانی میں قتل ہوا ہو۔ لہٰذا ان حضرات کے معاملہ کو اسی عقیدہ پر محمول کرنا ضروری ہے جسکا اوپر ذکر کیا گیا۔

اس بات کی دوسری دلیل وہ صحیح اور معروف و مشہور احادیث ہیں جو خود حضرت علیؓ سے مروی ہیں اور جن میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ''زبیر کا قاتل جہنم میں ہے''۔

نیز حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ''صفیہؓ کے بیٹے کے قاتل کو جہنم کی خبر دیدو''۔ جب یہ بات ہے تو ثابت ہو گیا کہ حضرت طلحہؓ اور حضرت زبیرؓ اس لڑائی کی وجہ سے عاصی اور گنہگار نہیں ہوئے' اگر ایسا نہ ہوتا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم حضرت طلحہؓ کو شہید نہ فرماتے اور حضرت زبیر کے قاتل کے بارے میں جہنم کی پیشین گوئی نہ کرتے۔ نیز ان کا شمار عشرہ مبشرہ میں ہے' جن کے جنتی ہونے کی شہادت تقریباً متواتر ہے۔

اسی طرح جو حضرات صحابہؓ ان جنگوں میں کنارہ کش رہے انہیں بھی تاویل میں خطا کار نہیں کہا جاسکتا' بلکہ ان کا طرزِ عمل بھی اس لحاظ سے درست تھا کہ اللہ نے ان کو اجتہاد میں اسی رائے پر قائم رکھا جب یہ بات ہے تو اس وجہ سے ان حضرات پر لعن طعن کرنا اس سے براءت کا اظہار کرنا اور انہیں فاسق قرار دینا' ان کے فضائل و مجاہدات اور ان عظیم دینی مقامات کو کالعدم کر دینا کسی طرح درست نہیں۔ بعض علماء سے پوچھا گیا کہ اس خون کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے جو صحابہ کرامؓ کے باہمی مشاجرات میں بہایا گیا تو انہوں نے جواب میں یہ آیت پڑھ دی کہ تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ وَلَا تُسْأَلُونَ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ ' یہ ایک امت تھی جو گزر گئی اسکے اعمال اسکے لئے ہیں اور تمہارے اعمال تمہارے لئے ہیں' اور تم سے ان کے اعمال کے بارے میں سوال نہیں کیا جائے گا۔

کسی اور بزرگ سے یہی سوال کیا گیا تو انہوں نے کہا۔ ''ایسے خون ہیں کہ اللہ نے میرے ہاتھوں کو ان میں (رنگنے سے) بچایا' اب میں اپنی زبان کو ان سے آلودہ نہیں کروں گا''۔ مطلب یہی تھا کہ میں کسی ایک فریق کو کسی ایک معاملے میں یقینی طور پر خطا کار ٹھہرانے کی غلطی میں مبتلا نہیں ہونا چاہتا۔

علامہ ابن فورکؒ فرماتے ہیں۔ ''ہمارے بعض اصحاب نے کہا ہے کہ صحابہ کرامؓ کے درمیان جو مشاجرات ہوئے انکی مثال ایسی ہے جیسے حضرت یوسف علیہ السلام اور ان کے بھائیوں کے درمیان پیش آنیوالے واقعات کی' وہ حضرات آپس کے ان اختلافات کے باوجود ولایت اور نبوت کی حدود سے خارج نہیں ہوئے۔ بالکل یہی معاملہ صحابہؓ کے درمیان پیش آنیوالے واقعات کا بھی ہے''۔

اور حضرت محاسبیؒ فرماتے ہیں کہ۔ ''ایسی لڑائی تھی جس میں صحابہؓ موجود تھے اور ہم غائب' وہ پورے حالات کو جانتے تھے اور ہم نہیں جانتے' جس معاملہ پر تمام صحابہ کا اتفاق ہے ہم اس میں ان کی پیروی کرتے ہیں' اور جس معاملہ میں اُن کے درمیان اختلاف ہے اس میں سکوت اختیار کرتے ہیں''۔

حضرت محاسبی فرماتے ہیں کہ ہم بھی وہی بات کہتے ہیں جو حسن بصریؒ نے فرمائی' ہم جانتے ہیں کہ صحابہ کرامؓ نے جن چیزوں میں دخل دیا ان سے وہ ہم سے کہیں بہتر طریقے پر واقف تھے۔ لہٰذا ہمارا کام یہی ہے کہ جس پر وہ سب حضرات متفق ہوں اس کی پیروی کریں' اور جسمیں انکا اختلاف ہو اس میں خاموشی اختیار کریں اور اپنی طرف سے کوئی نئی رائے پیدا نہ کریں' ہمیں یقین ہے کہ ان سب نے اجتہاد سے کام لیا تھا اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی چاہی تھی اس لئے کہ دین کے معاملہ میں وہ سب حضرات شک و شبہ سے بالاتر ہیں۔ (معارف القرآن)

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ إِخْوَةٌ فَأَصْلِحُوا
مسلمان جو ہیں سو بھائی ہیں سو ملاپ کرا دو
بَيْنَ أَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ
اپنے دو بھائیوں میں اور ڈرتے رہو اللہ سے تاکہ تم پر
تُرْحَمُونَ ۝
رحم ہو ☆☆

besturdubooks.wordpress.com

اصلاح کی پوری کوشش کرو☆ یعنی صلح اور جنگ کی ہر ایک حالت میں یہ ملحوظ رہے کہ دو بھائیوں کی لڑائی یا دو بھائیوں کی مصالحت ہے' دشمنوں اور کافروں کی طرح برتاؤ نہ کیا جائے جب دو بھائی آپس میں ٹکرا جائیں تو یوں ہی ان کے حال پر نہ چھوڑ دو بلکہ اصلاح ذات البین کی پوری کوشش کرو اور ایسی کوشش کرتے وقت خدا سے ڈرتے رہو کہ کسی کی بے جا طرفداری یا انتقامی جذبہ سے کام لینے کی نوبت نہ آئے۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ۔ یعنی تمام مومنوں کی اصل ایک ہے یعنی سب کو (مشترک) اصل ایمان ہے اور ایمان ہی حیات ابدی کا موجب ہے۔ اس لئے تمام اہل ایمان بھائی بھائی ہیں۔ اور چونکہ اس اصل کی پیدائش گاہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی ہے۔ اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم تمام مومنوں کے باپ اور آپ کی گھر والیاں تمام مسلمانوں کی مائیں قرار پائیں۔

لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۔ یعنی اس امید پر تقویٰ پر قائم رہو کہ تم پر رحم کیا جائے گا کیونکہ باہم اتحاد' الفت' محبت اور آپس میں رحم کرنے کا سبب تقویٰ ہے اور آپس کی محبت وتراحم اللہ کی رحمت کا موجب ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ اللہ اپنے رحم کرنے والے بندوں پر ہی رحم کرتا ہے (رواہ احمد) صحیحین میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا' اللہ اس پر رحم نہیں کرتا۔ یہ روایت حضرت جریر بن عبداللہ کی ہے۔

سبب نزول: بغوی نے لکھا ہے۔ جب یہ آیت نازل ہوئی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھ کر سنائی تو سب مسلمانوں نے باہم صلح کر لی اور ہر شخص دوسرے کے ساتھ لڑنے سے رک گیا۔

سعید بن منصور اور ابن جریر نے حضرت ابو مالک کی روایت سے بیان کیا ہے کہ دو مسلمانوں میں باہم گالی گلوچ ہوگئی۔ جس کی وجہ سے ہر ایک کا قبیلہ دوسرے پر بھڑک اٹھا اور ہاتھوں اور جوتوں سے مار پیٹ شروع ہوگئی۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی شاید یہ قصہ بعینہ اسی واقعہ کا بیان ہے جو اوپر ذکر کیا جا چکا ہے۔

ابن جریر ابن ابی حاتم نیز بغوی نے سدی کا بیان نقل کیا ہے۔ ایک انصاری تھے۔ جن کو عمران کہا جاتا تھا ان کی بیوی ام زید نے اپنے مائکے جانے کا ارادہ کیا۔ شوہر نے روک دیا اور ایک بالا خانہ پر عورت کو رکھ دیا۔ عورت نے اپنے مائکے کو خبر کردی وہاں سے اس کا قبیلہ والے آگئے اور عورت کو بالا خانہ سے نیچے اتار کر لیجانے لگے۔ شوہر باہر گیا ہوا تھا اس نے اپنے کنبے والوں سے مدد طلب کی۔ اس کے چچا کے بیٹے آگئے اور عورت کو لے جانے میں مزاحمت کی آخر دونوں فریقوں میں دھکم دھکا ہونے لگی اور جوتوں سے لڑائی شروع ہوگئی۔ انہیں کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کو بھیج کر ان میں صلح کرادی اور سب اللہ کے حکم کی طرف لوٹ آئے۔

بغوی وغیرہ نے بوساطت سالم بیان کیا کہ سالم کے والد یعنی حضرت عبداللہ نے بیان کیا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمان مسلمان کا بھائی ہے۔ اس کی حق تلفی نہ کرے نہ گالی دے جو شخص اپنے بھائی کی حاجت (پوری کرنے) میں لگا رہتا ہے' اللہ اس کی حاجت پوری کرنے میں لگا رہتا ہے اور جو شخص کسی مسلمان کی سختی دور کرتا ہے۔ اللہ روز قیامت کی سختیوں میں سے کوئی سختی دور کر دے گا۔ جو شخص مسلمان کی پردہ پوشی کرے گا۔ اللہ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی کرے گا۔

مسلمؒ نے حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مسلمان مسلمان کا بھائی ہے۔ اس پر ظلم نہ کرے اس کو بے مدد نہ چھوڑے اور اس کی تحقیر نہ کرے' سینہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ فرمایا۔ تقویٰ یہاں ہوتا ہے۔ آدمی کا یہ شر کافی ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کی تحقیر کرے۔ مسلمان کی ہر چیز مسلمان پر حرام ہے۔ اس کا خون بھی اس کا مال بھی اور اس کی آبرو بھی۔

باغی گروہ ایمان سے خارج نہیں ہوتا

دونوں آیتیں دلالت کر رہی ہیں کہ باغی گروہ (دائرہ ایمان سے خارج نہیں ہوتا اس) پر مومن کا اطلاق کیا جا سکتا ہے۔

بغوی نے لکھا ہے اسی پر دلالت کرتا ہے۔ وہ اثر جو حارث اعور نے بیان کیا ہے کہ حضرت علیؓ سے دریافت کیا گیا کہ جنگ جمل اور صفین میں جو لوگ آپ کے مقابل تھے۔ کیا وہ مشرک تھے؟ فرمایا نہیں۔ شرک سے تو وہ بھاگ کر اسلام میں داخل ہوئے تھے۔ سوال کیا گیا۔ تو کیا وہ منافق تھے؟ فرمایا نہیں۔ منافق تو اللہ کی یاد نہیں کرتے۔ عرض کیا گیا تو پھر وہ کون تھے فرمایا۔ وہ ہمارے بھائی تھے۔ جنہوں نے ہمارے خلاف بغاوت کی تھی۔

باغی گروہ کے قلع قمع کے مسائل

مسئلہ: اگر مسلمانوں کا کوئی گروہ امام (خلیفہ) کے خلاف جمع ہو جائے اور اس کے پاس اجتماعی قوت اور لڑنے والی طاقت بھی ہو تو خلیفہ کو چاہئے کہ اول اس کو اطاعت کی دعوت دے اور اس کے اعتراضات کو دور کر دے پھر اگر وہ کوئی ایسی وجہ ظاہر کریں جس کی وجہ سے انہوں نے امام کے خلاف صف آرائی کی ہے۔ مثلاً امام نے ان پر یا ان کے علاوہ دوسروں پر کچھ ظلم کیا ہو تو ایسے لوگوں سے جنگ کرنی امام کے لئے جائز نہیں۔ بلکہ مسلمانوں پر لازم ہے کہ ان مظلوم برادران بغاوت کی مدد کریں۔ تاکہ امام ان کے ساتھ انصاف کرے اور ظلم سے باز آ جائے (کذا قال ابن الہمام) لیکن بغاوت کو جائز قرار دینے والی کوئی معقول وجہ ظاہر نہ کر سکیں اور لڑنے کے لئے جتھے بند ہو جائیں تو امام کے لئے ان کو قتل کرنا اور ان سے لڑنا جائز ہے۔ (ھذا قول ابی حنیفہ)

امام شافعیؒ کہتے ہیں کہ جب تک وہ خود جنگ شروع نہ کریں۔ ان کو قتل

besturdubooks.wordpress.com

کرنا جائز نہیں۔ مسلمانوں کو قتل کرنا صرف دفاعی صورت میں جائز ہے اور وہ مسلمان ہیں اللہ نے فرمایا ہے فَإِنْ بَغَتْ إِحْدَاهُمَا عَلَى الْأُخْرَىٰ فَقَاتِلُوا امام احمدؒ امام مالک اور اکثر اہل علم کا یہی قول ہے۔

ہم کہتے ہیں کہ لغت میں بغی کا معنی ہے طلب کرنا۔ اللہ نے فرمایا ہے۔ ذَٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ۔ (یہی وہ ہے جس کے ہم طلب گار تھے) اس جگہ بغی سے مراد ہے ان چیزوں کی طلب جو انتظام (اور امن وانصاف) میں مخل ہو۔ جیسے جور، ظلم، احکام شروع کو قبول کرنے سے انکار۔ اس طرح دوسری آیات میں آیا ہے۔ فَإِنْ أَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوا عَلَيْهِنَّ سَبِيلًا۔ اگر وہ عورتیں تمہاری اطاعت کریں تو پھر ان کے خلاف کسی طرح کی راہ ظلم تلاش نہ کرو۔

اس لئے مذکورۂ بالا باغیوں سے قتال کرنے کے لئے یہ شرط ضروری نہیں کہ ابتداء قتال باغیوں کی طرف سے ہو۔ رہی یہ بات کہ باغیوں کے پاس فوج اور قوت جنگ ہونا ضروری ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر ان کے پاس عسکری طاقت نہ ہو تو پھر ان سے جنگ کرنی غیر ضروری ہے ہم ان کو قید کر سکتے ہیں اور ان کو مار سکتے ہیں۔ اگر ہم جواز قتال کے لئے یہ شرط لازم قرار دیں کہ ابتداء جنگ باغیوں کی طرف سے ہو تو ممکن ہے کہ آئندہ ان کی قوت اتنی بڑھ جائے کہ ہم ان کا دفاع بھی نہ کر سکیں۔

مسئلہ: اگر باغیوں کا ایک گروہ ہو تو زخمی باغی پر حملہ کیا جائے (کہ وہ مر جائے) اور جو باغی منہ پھیر کر بھاگ رہا ہو۔ اس کا پیچھا کیا جائے تاکہ وہ اپنی جماعت سے جا کر مل نہ جائے۔ امام شافعیؒ امام مالکؒ اور امام احمدؒ کا قول ہے کہ زخمی باغی پر حملہ نہ کیا جائے نہ بھاگتے ہوئے کا تعاقب کیا جائے۔ کیونکہ جب ان دونوں نے مسلمانوں سے لڑنا چھوڑ دیا تو اب ان کا قتل دفاعی نہیں رہا اور دفاع شر کے لئے ہی ان کے قتل کا جواز تھا۔ ابن ابی شیبہ نے عبد خیر کی روایت سے بیان کیا ہے کہ حضرت علیؓ نے جنگ جمل کے دن فرمایا۔ پشت پھیر کر بھاگتے ہوئے کا تعاقب نہ کرنا اور جو ہتھیار ڈال دے اس پر حملہ نہ کرنا وہ امن یافتہ ہے۔ یہ جملہ بھی روایت میں آیا ہے کہ قیدی کو قتل نہ کیا جائے۔

ہم کہتے ہیں یہ (زخمی باغی اور پشت پھیر کر بھاگنے والے) جب اپنے گروہ سے جا کر مل جائیں گے تو شر کا اندیشہ بہر حال باقی رہے گا۔ رہا اہل جمل کے متعلق حضرت علیؓ کا حکم تو اس کی وجہ یہ ہے کہ جمل والوں کا کوئی (مرکزی) گروہ (کہیں جمع) نہیں تھا۔

حاکم نے مستدرک میں اور بزار نے مسند میں بتوسط کوثر بن حکیم بروایت نافع از ابن عمرؓ بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے ابن ام عبد! کیا تم کو معلوم ہے کہ اس امت میں سے اگر کوئی بغاوت کرے تو اللہ نے اس کے متعلق کیا حکم دیا ہے؟ ابن عمرؓ نے جواب دیا۔ اللہ اور اس کا رسول ہی زیادہ جانتا ہے۔ فرمایا۔ زخمی پر حملہ نہ کرو۔ قیدی کو قتل نہ کیا جائے۔ اس کے مال کو غنیمت سمجھ کر تقسیم نہ کیا جائے۔ کوثر بن حکیم کی وجہ سے اس روایت کو بزار نے معلل قرار دیا ہے اور ذہبی نے حاکم پر (اس روایت کی وجہ سے) گرفت کی ہے۔

مسئلہ: علماء کا بالاجماع فیصلہ ہے کہ باغی کے بیوی، بچوں کو باندی غلام نہ بنایا جائے۔ نہ اس کے مال ومتاع کو تقسیم کیا جائے بلکہ مال کو قرق کر لیا جائے اور جب تک وہ توبہ نہ کرے مال کو روکے رکھا جائے۔ ابن ابی شیبہ کا بیان ہے کہ جب حضرت علیؓ نے حضرت طلحہؓ اور ان کے ساتھیوں کو شکست دے دی تو ایک ندا دینے والے کو حکم دیا۔ اس نے ندا کر دی کہ اب نہ سامنے سے آنے والے کو قتل کیا جائے نہ پشت پھیرنے والے کو۔ یعنی شکست دینے کے بعد یہ منادی کرا دی۔ کسی کا دروازہ نہ کھلوایا جائے اور کسی کی شرم گاہ کو حلال نہ سمجھا جائے نہ کسی کے مال کو (مال غنیمت سمجھ کر حلال سمجھا جائے) عبدالرزاق نے اس روایت میں اتنا زائد بیان کیا ہے کہ حضرت علیؓ مقتول (باغی) کا مال نہیں لیتے تھے اور فرماتے تھے جو شخص (مقتول کے مال میں سے) کوئی چیز اپنی شناخت کر لے وہ لے لے۔

تاریخ واسط میں آیا ہے کہ حضرت علیؓ نے جنگ جمل کے دن فرمایا پشت پھیرنے والے کا پیچھا نہ کرو اور کسی زخمی پر (اس کو قتل کر دینے کے ارادہ سے) سخت حملہ نہ کرو اور کسی قیدی کو قتل نہ کرو اور (باغیوں کی) عورتوں سے الگ ہو خواہ وہ تم کو سخت سست کہیں اور تمہارے حاکموں کو گالیاں ہی دیں۔

مسئلہ: اگر باغیوں سے چھینے ہوئے ہتھیاروں کے ذریعہ سے باغیوں سے لڑنے کی ضرورت ہو تو امام کی طرف داروں کو ان ہتھیاروں سے کام لینا جائز ہے۔ اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اسی طرح باغیوں کی سواریوں پر سوار ہو کر بھی باغیوں سے جنگ کی جا سکتی ہے۔ امام شافعیؒ امام مالکؒ اور امام احمدؒ کا مسلک اس کے خلاف ہے۔ ان بزرگوں کے نزدیک باغیوں کے ہتھیاروں اور سواریوں کا استعمال ناجائز ہے۔ ہمارے قول کی دلیل وہ روایت ہے جو ابن ابی شیبہ نے مصنف کے آخر میں بیان کی ہے کہ جمل میں جن اونٹوں اور گھوڑوں پر سوار ہو کر باغی آئے تھے اور جو ہتھیار انہوں نے استعمال کئے۔ حضرت علیؓ نے (باغیوں کی شکست کے بعد) وہ اپنے لشکر کو تقسیم کر دیئے۔ صاحب ہدایہ نے لکھا ہے۔ یہ تقسیم استعمال کرنے کے لئے تھی، مال بنانے کے لئے نہیں تھی کیونکہ باتفاق علماء باغیوں کے مال کا (فاتح لشکر یا خلیفہ) مالک نہیں ہو سکتا۔

مسئلہ: باغیوں نے دوران جنگ وفاداران امام کا جو جانی مالی نقصان کر دیا ہو اور اس کی کوئی وجہ شرعی (باغیوں کے خیال میں) ہو اور ان کے پاس (فوجی و انتظامی) طاقت بھی ہو تو امام مالکؒ امام ابوحنیفہؒ اور امام شافعیؒ کا (آخری راجح) قول نیز امام احمدؒ کا ایک قول یہ ہے کہ اس کا کوئی معاوضہ نہیں ہوگا۔ شافعیؒ اور احمدؒ کا دوسرا قول اس کے خلاف ہے۔

ابن شہاب زہری نے لکھا ہے کہ اس فتنہ میں بڑی خوں ریزی ہوئی جس

besturdubooks.wordpress.com

میں بعض موقعوں پر قاتل اور مقتول کی شناخت بھی ہوگئی اور بکثرت مال بھی ضایع ہوا لیکن جب لڑائی ختم ہوگئی اور فتنہ ٹھنڈا پڑ گیا اور باغیوں پر خلیفہ کا اقتدار ہوگیا تو میں نہیں جانتا کہ کسی سے قصاص لیا گیا ہو یا کسی سے تلف شدہ مال کا تاوان وصول کیا گیا ہو۔

مسئلہ: اگر کسی باغی نے امام کے کسی وفادار کو قتل کر دیا اور وہ مدعی ہے کہ میں نے یہ قتل ٹھیک کیا اور میرا یہ فعل برحق ہے تو قاتل مقتول کا وارث ہوگا اور اگر وہ اپنی غلطی کا اقرار کر رہا ہے تو وارث نہ ہوگا اور اگر امام کا کوئی وفادار کسی باغی کو قتل کر دے تو باجماع علماء قاتل مقتول کا وارث ہوسکتا ہے۔

مسئلہ: اطاعت امام سے خارج ہونے والوں کے پاس (ان کے خیال میں بھی) لوگوں کو قتل کرنے رہزنی کرنے اور مال لوٹنے کی کوئی شرعی وجہ نہ ہو تو ان کے پاس خواہ فوجی طاقت ہو مگر رہزن اور ڈاکو قرار دیا جائے گا۔ ان کا حکم سورۂ مائدہ میں ذکر کیا جا چکا ہے کہ ان کو قتل کیا جائے اور صلیب پر لٹکایا جائے یا ہاتھ پاؤں کاٹ دیئے جائیں اور بستی سے نکال دیا جائے۔

مسئلہ: اطاعت امام سے سرکشی کرنے والے کے پاس اگر فوجی اور انتظامی طاقت نہ ہو تو مطابق حکم خدا اس کو قید کر دیا جائے۔ جسمانی مار لگائی جائے اور اس طرح کی دوسری سزا دی جائے مگر قتل کرنا جائز نہیں ہے۔

بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت علیؓ نے سنا کوئی شخص مسجد کے گوشہ میں کہہ رہا تھا لَا حُکْمَ اِلَّا لِلّٰهِ (اللہ کے سوا کسی کا حکم جائز نہیں۔ فرمایا۔ بات تو سچی ہے لیکن اس کا مطلب غلط نکالا گیا ہے۔

تمہارے ہم پر تین حق ہیں۔ مسجدوں میں اللہ کا ذکر کرنے (یعنی نماز پڑھنے) سے ہم تم کو نہیں روکیں گے۔ جب تک تمہارے ہاتھ ہمارے ہاتھوں کے ساتھ ہوں گے۔ (یعنی جب تک تم ہمارے وفادار رہو گے) ہم مال غنیمت میں حصہ دار ہونے سے تم کو نہیں روکیں گے ہم تم سے لڑنے (اور تم کو قتل کرنے) کی ابتداء نہیں کریں گے امام محمدؒ نے کہا ہم کو بھی حضرت علیؓ کا یہ اثر اسی طرح پہنچا ہے۔ (تفسیر مظہری)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ
اے ایمان والو ٹھٹھا نہ کریں ایک لوگ
مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا
دوسروں سے شاید وہ بہتر ہوں
مِّنْهُمْ وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓى
اُن سے اور نہ عورتیں دوسری عورتوں سے شاید
اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ وَلَا تَلْمِزُوْٓا
وہ بہتر ہوں ان سے اور عیب نہ لگاؤ
اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ۭ
ایک دوسرے کو اور نام نہ ڈالو چڑانے کو ایک دوسرے کے☆

آداب معاشرت ☆ اول مسلمانوں میں نزاع و اختلاف کو روکنے کی تدابیر بتلائی تھیں پھر بتلا دیا کہ اگر اتفاقاً اختلاف رونما ہو جائے تو پرزور اور موثر طریقہ سے اس کو مٹایا جائے لیکن جب تک نزاع کا خاتمہ نہ ہو کوشش ہونی چاہئے کہ کم از کم جذبات منافرت ومخالفت زیادہ تیز اور مشتعل نہ ہونے پائیں۔ عموماً دیکھا جاتا ہے کہ جہاں دو شخصوں یا دو جماعتوں میں اختلاف رونما ہوا بس ایک دوسرے کا تمسخر اور استہزاء کرنے لگتا ہے ذرا سی بات ہاتھ لگ گئی اور ہنسی مذاق اڑانا شروع کر دیا حالانکہ اسے معلوم نہیں کہ شاید جس کا مذاق اڑا رہا ہے وہ اللہ کے نزدیک اس سے بہتر ہو بلکہ بسا اوقات یہ خود بھی اختلاف سے پہلے اسکو بہتر سمجھتا ہوتا ہے مگر ضد ونفسانیت میں دوسرے کی آنکھ کا تنکا نظر آتا ہے اپنی آنکھ کا شہتیر نظر نہیں آتا اس طریقہ سے نفرت و عداوت کی خلیج روز بروز وسیع ہوتی رہتی ہے اور قلوب میں اس قدر بعد ہو جاتا ہے کہ صلح وائتلاف کی کوئی امید باقی نہیں رہتی آیت ہذا میں خداوند قدوس نے اسی قسم کی باتوں سے منع فرمایا ہے یعنی ایک جماعت دوسری جماعت کے ساتھ نہ مسخرا پن کرے نہ ایک دوسرے پر آوازے کسے جائیں نہ کھوج لگا کر عیب نکالے جائیں اور نہ برے ناموں اور برے القاب سے فریق مقابل کو یاد کیا جائے کیونکہ ان باتوں سے دشمنی اور نفرت میں ترقی ہوتی اور فتنہ فساد کی آگ زیادہ تیزی سے پھیلتی ہے سبحان اللہ! کیسی بیش بہا ہدایات ہیں آج اگر مسلمان سمجھیں تو ان کے سب سے بڑے مرض کا مکمل علاج اسی ایک سورہ حجرات میں موجود ہے۔ (تفسیر عثمانی)

سبب نزول: مسند احمد میں ہے کہ یہ حکم بنو سلمہ کے بارے میں نازل ہوا ہے۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم مدینے میں آئے تو یہاں ہر شخص کے دو دو تین تین نام تھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان میں سے کسی کو کسی نام سے پکارتے تو لوگ کہتے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ اس سے چڑتا ہے۔ اس پر یہ آیت اُتری (ابوداؤد) پھر فرمایا یہ کہ ایمان کی حالت میں فاسقانہ القاب سے آپس میں ایک دوسرے کو نامزد کرنا نہایت بُری بات ہے۔ اب تمہیں اس سے توبہ کرنی چاہئے ورنہ ظالم گنے جاؤ گے۔

مومن کی عزت: ابن ماجہ میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے طواف کعبہ کرتے ہوئے فرمایا تو کتنا پاک گھر ہے۔ تو کیسی اچھی خوشبو والا ہے۔ تو

besturdubooks.wordpress.com

کس قدر عظمت والا ہے اور کیسی بڑی حرمت والا ہے۔ اس کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان ہے کہ مومن کی حرمت اس کے مال اور اس کی جان کی حرمت اور اس کے ساتھ نیک گمان کرنے کی اللہ تعالیٰ کے نزدیک تیری حرمت سے بہت بڑی ہے۔

بول چال اور میل جول نہ چھوڑو:

مسلم وغیرہ میں ہے ایک دوسرے سے روٹھ کر نہ بیٹھ جایا کرو' ایک دوسرے سے میل جول ترک نہ کر لیا کرو' ایک دوسرے سے حسد بغض نہ کیا کرو بلکہ سب مل کر خدا کے بندے آپس میں ایک دوسرے کے بھائی بند ہو کر زندگی گذارو۔ کسی مسلمان کو حلال نہیں کہ اپنے دوسرے مسلمان بھائی سے تین دن سے زیادہ بول چال اور میل جول چھوڑ دے۔

شگون' حسد اور بدگمانی کا علاج:

طبرانی میں ہے کہ تین خصلتیں میری امت میں رہ جائیں گی فال لینا۔ حسد کرنا اور بدگمانی کرنا۔ ایک شخص نے پوچھا حضور پھر ان کا تدارک کیا ہے؟ فرمایا جب حسد کر تو استغفار کر لے۔ جب گمان پیدا ہو تو اسے چھوڑ دے اور یقین نہ کر۔ اور جب شگون لے خواہ نیک نکلے خواہ بد اپنے کام سے نہ رُک اسے پورا کر۔ ابوداؤد میں ہے کہ ایک شخص کو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس لایا گیا اور کہا گیا کہ اس کی ڈاڑھی سے شراب کے قطرے گر رہے ہیں۔ آپ نے فرمایا ہمیں بھید ٹٹولنے سے منع فرمایا گیا ہے اگر ہمارے سامنے کوئی چیز ظاہر ہوگئی تو ہم اس پر پکڑ کر سکتے ہیں۔

مسلمان کی پردہ داری کا ثواب:

مسند احمد میں ہے کہ عقبہ کے کاتب دجین حضرت عقبہ کے پاس گئے اور اُن سے کہا کہ میرے پڑوس میں کچھ لوگ شرابی ہیں' میرا ارادہ ہے کہ میں داروغہ کو بلا کر انہیں گرفتار کرادوں۔ آپ نے فرمایا ایسا نہ کرنا بلکہ انہیں سمجھاؤ بجھاؤ' ڈانٹ ڈپٹ کر دو۔ پھر کچھ دنوں بعد آئے اور کہا وہ باز نہیں رہتے اب تو میں ضرور داروغہ کو بلاؤں گا۔ آپ نے فرمایا افسوس افسوس تم ہرگز ہرگز ایسا نہ کرو۔ سنو میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے کہ آپ نے فرمایا جو شخص کسی مسلمان کی پردہ داری کرے اسے اتنا ثواب ملے گا جیسے کسی نے زندہ درگور کردہ لڑکی کو جلا لیا۔

پوشیدگیاں نہ ٹٹولو:

ابوداؤد میں ہے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اگر تو لوگوں کی پوشیدگیاں اور اُن کے راز ٹٹولنے کے درپے ہوگا تو انہیں بگاڑ دیگا یا فرمایا ممکن ہے تو انہیں خراب کر دے۔

حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں اس حدیث سے اللہ تعالیٰ نے حضرت معاویہؓ کو بہت فائدہ پہنچایا۔ ابوداؤد کی ایک اور حدیث میں ہے کہ امیر اور بادشاہ جب اپنے ماتحتوں اور رعایا کی برائیاں ٹٹولنے لگ جاتا ہے اور گہرا اترنا شروع کر دیتا ہے تو انہیں بگاڑ دیتا۔

حدیث میں ہے اے وہ لوگو جن کی زبانیں تو ایمان لاچکی ہیں لیکن دل ایماندار نہیں ہوئے تو مسلمانوں کی غیبتیں کرنی چھوڑ دو اور ان کے عیبوں کی کرید نہ کیا کرو یاد رکھو اگر تم نے ان کے عیب ٹٹولے تو اللہ تعالیٰ تمہاری پوشیدگیوں کو ظاہر کر دے گا۔ یہاں تک کہ تم اپنے گھرانے والوں میں بھی بدنام اور رُسوا ہو جاؤ گے۔

تجسس' تحسس اور تدابر:

حدیث شریف میں ہے نہ تجسس کرو نہ تحسس کرو نہ حسد و بغض کرو نہ منہ موڑو بلکہ سب مل کر اللہ کے بندے بھائی بھائی بن جاؤ' امام اوزاعی فرماتے ہیں تجسس کہتے ہیں کسی چیز میں کرید کرنے کو اور تحسس کہتے ہیں ان لوگوں کی سرگوشی پر کان لگانے کو جو کسی کو اپنی باتیں سنانا چاہتے ہوں اور تدابر کہتے ہیں ایک دوسرے سے رُک کر آزردہ ہو کر قطع تعلقات کرنے کو۔ (تفسیر ابن کثیر)

سورۃ حجرات کے مضامین: سورۃ حجرات کے شروع میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حقوق اور آداب کا بیان آیا پھر عام مسلمانوں کے باہمی حقوق و آداب معاشرت کا بیان شروع ہوا' سابقہ دو آیتوں میں انکی اجتماعی و جماعتی اصلاح کے احکام بیان ہوئے' مذکور الصدر آیتوں میں اشخاص و افراد کے باہمی حقوق و آداب معاشرت کا ذکر ہے۔ ان میں تین چیزوں کی ممانعت فرمائی گئی ہے۔ اول کسی مسلمان کے ساتھ تمسخر و استہزاء کرنا' دوسرے کسی پر طعنہ زنی کرنا' تیسرے کسی کو ایسے لقب سے ذکر کرنا جس سے اسکی توہین ہوتی ہو یا وہ اُس سے بُرا مانتا ہو۔

تمسخر: پہلی چیز سخریہ یا تمسخر ہے۔ قرطبی نے فرمایا کہ کسی شخص کی تحقیر و توہین کے لئے اُس کے کسی عیب کو اس طرح ذکر کرنا جس سے لوگ ہنسنے لگیں اس کو سخریہ۔ تمسخر۔ استہزاء کہا جاتا ہے اور یہ جیسے زبان سے ہوتا ہے ایسے ہی ہاتھ پاؤں وغیرہ سے اسکی نقل اُتارنے یا اشارہ کرنے سے بھی ہوتا ہے اور اس طرح بھی کہ اسکا کلام سن کر بطور تحقیر کے ہنسی اُڑائی جائے اور بعض حضرات نے فرمایا کہ سخریہ و تمسخر کسی شخص کے سامنے اسکا ایسی طرح ذکر کرنا ہے کہ اُس سے لوگ ہنس پڑیں اور یہ سب چیزیں بنص قرآن حرام ہیں۔

سخریہ کی ممانعت کا قرآن کریم نے اتنا اہتمام فرمایا کہ اس میں مردوں کو الگ مخاطب فرمایا عورتوں کو الگ' مردوں کو لفظ قوم سے تعبیر فرمایا' کیونکہ اصل میں یہ لفظ مردوں ہی کے لئے وضع کیا گیا ہے۔ اگرچہ مجازاً و توسعاً عورتوں کو اکثر شامل ہو جاتا ہے اور قرآن کریم نے عموماً لفظ قوم مردوں عورتوں دونوں ہی کے لئے استعمال کیا ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

کتے کے ساتھ بھی استہزاء نہ کرو: اگر کسی شخص کے بدن یا صورت یا قد و قامت وغیرہ میں کوئی عیب نظر آوے تو کسی کو اس پر ہنسنے یا استہزاء کرنے کی جرأت نہ کرنا چاہئے کیونکہ اسے معلوم نہیں کہ شاید وہ اپنے صدق و اخلاص وغیرہ کے سبب اللہ کے نزدیک اس سے بہتر اور افضل ہو۔ اس آیت کو سن کر سلف صالحین کا حال یہ ہوگیا تھا کہ عمرو بن شرجیل نے فرمایا کہ میں اگر کسی شخص کو بکری کے تھنوں سے منہ لگا کر دودھ پیتے دیکھوں اور اُس پر مجھے ہنسی آ جائے تو میں ڈرتا ہوں کہ کہیں میں بھی ایسا ہی نہ ہو جاؤں۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا کہ میں اگر کسی کتے کے ساتھ بھی استہزاء کروں تو مجھے ڈر ہوتا ہے کہ میں خود کتا نہ بنا دیا جاؤں۔ (قرطبی)

ظاہر پر حکم نہ لگاؤ: صحیح مسلم میں حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کی صورتوں اور انکے مال و دولت پر نظر نہیں فرماتا بلکہ اُن کے قلوب اور اعمال کو دیکھتا ہے قرطبی نے فرمایا کہ اس حدیث سے ایک ضابطہ اور اصل یہ معلوم ہوئی کہ کسی شخص کے معاملہ میں اسکے ظاہری حال کو دیکھ کر کوئی قطعی حکم لگا دینا درست نہیں' کیونکہ ہوسکتا ہے کہ جس شخص کے ظاہری اعمال وافعال کو ہم بہت اچھا سمجھ رہے ہیں اللہ تعالیٰ جو اسکے باطنی حالات اور قلبی کیفیات کو جانتا ہے وہ اسکے نزدیک مذموم ہو اور جس شخص کے ظاہری حال اور اعمال بُرے ہیں ہو سکتا ہے کہ اسکے باطنی حالات اور قلبی کیفیات اسکے اعمال بد کا کفارہ بن جائیں اسلئے جس شخص کو بُری حالت یا بُرے اعمال میں مبتلا دیکھو تو اُس کی اس حالت کو تو بُرا سمجھو مگر اس شخص کو حقیر و ذلیل سمجھنے کی اجازت نہیں۔

لمز: لمز کے معنی ہیں کسی میں عیب نکالنے اور عیب ظاہر کرنے یا عیب پر طعنہ زنی کرنے کے ہیں آیت میں ارشاد فرمایا لَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ، یعنی تم اپنے عیب نہ نکالو۔ یہ ارشاد ایسا ہی ہے جیسے قرآن کریم میں ہے لَا تَقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ' جس کے معنی یہ ہیں کہ تم اپنے آپ کو قتل نہ کرو' دونوں جگہ اپنے آپ کو قتل کرنے یا اپنے عیب نکالنے سے مراد یہ ہے کہ تم آپس میں ایک دوسرے کو قتل نہ کرو ایک دوسرے کو طعنہ نہ دو۔ اور اس عنوان سے تعبیر کرنے میں حکمت یہ بتلانا ہے کہ کسی دوسرے کو قتل کرنا ایک حیثیت سے اپنے آپ ہی کو قتل کرنا ہے کیونکہ اکثر تو ایسا واقع ہو ہی جاتا ہے کہ ایک نے دوسرے کو قتل کیا دوسرے کے حمایتی لوگوں نے اس کو قتل کر دیا' اور اگر یہ بھی نہ ہو تو اصل بات یہ ہے کہ مسلمان سب بھائی بھائی ہیں اپنے بھائی کو قتل کرنا گویا خود اپنے آپ کو قتل کرنا اور بے دست و پا بنانا ہے یہی معنی یہاں لَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ میں ہیں کہ تم جو دوسروں کے عیب نکالو اور طعنہ دو تو یاد رکھو کہ عیب سے تو کوئی انسان عادۃً خالی نہیں ہوتا' تم اسکے عیب نکالو گے تو وہ تمہارے عیب نکالے گا جیسا کہ بعض علماء نے فرمایا کہ **وفیک عیوب و** للناس اعین' یعنی تم میں بھی کچھ عیوب ہیں اور لوگوں کی آنکھیں ہیں جو اُن کو دیکھتی ہیں تم کسی کے عیب نکالو گے اور طعنہ زنی کرو گے تو وہ تم پر بھی عمل کریں گے اور بالفرض اگر اس نے صبر بھی کیا تو بات وہی ہے کہ اپنے ایک بھائی کی بدنامی اور تذلیل پر غور کریں تو اپنی ہی تذلیل و تحقیر ہے۔

انسان کی خوش نصیبی: علماء نے فرمایا ہے کہ انسان کی سعادت اور خوش نصیبی اس میں ہے کہ اپنے عیوب پر نظر رکھے اُن کی اصلاح کی فکر میں لگا رہے اور جو ایسا کریگا اس کو دوسروں کے عیب نکالنے اور بیان کرنے کی فرصت ہی نہ ملے گی۔ ہندوستان کے آخری مسلمان بادشاہ ظفر نے خوب فرمایا ہے۔

نہ تھی حال کی جب ہمیں اپنی خبر
رہے دیکھتے لوگوں کے عیب و ہنر
پڑی اپنی برائیوں پر جو نظر
تو جہان میں کوئی بُرا نہ رہا

بُرے لقب سے پکارنا: کسی کو لنگڑا لولا یا اندھا کانا کہہ کر پکارنا یا اس لفظ سے اسکا ذکر کرنا اسی طرح جو نام کسی شخص کی تحقیر کے لئے استعمال کیا جاتا ہو اُس نام سے اُس کو پکارنا۔ حضرت ابو جبیرہ انصاریؓ نے فرمایا کہ یہ آیت ہمارے بارے میں نازل ہوئی ہے کیونکہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں تشریف لائے تو ہم میں اکثر آدمی ایسے تھے جن کے دو یا تین نام مشہور تھے اور ان میں سے بعض نام ایسے تھے جو لوگوں نے اس کو عار دلانے اور تحقیر و توہین کے لئے مشہور کر دیئے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ معلوم نہ تھا بعض اوقات وہی بُرا نام لیکر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو خطاب کرتے تو صحابہ عرض کرتے کہ یا رسول اللہ وہ اس نام سے ناراض ہوتا ہے اُس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

اور حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ آیت میں تنابز بالالقاب سے مراد یہ ہے کہ کسی شخص نے کوئی گناہ یا بُرا عمل کیا ہو اور پھر اُس سے تائب ہو گیا ہو اس کے بعد اس کو اُس بُرے عمل کے نام سے پکارنا' مثلاً چور یا زانی یا شرابی وغیرہ۔ جس نے چوری' زنا' شراب سے توبہ کر لی ہو اس کو اس پچھلے عمل سے عار دلانا اور تحقیر کرنا حرام ہے۔ حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص کسی مسلمان کو ایسے گناہ پر عار دلائے جس سے اُس نے توبہ کر لی ہے تو اللہ نے اپنے ذمہ لے لیا ہے کہ اسکو اسی گناہ میں مبتلا کر کے دُنیا و آخرت میں رُسوا کرے گا۔ (قرطبی)

بعض القاب کا استثناء: بعض لوگوں کے ایسے نام مشہور ہو جاتے ہیں جو فی نفسہ بُرے ہیں مگر وہ بغیر اس لفظ کے پہچانا ہی نہیں جاتا تو اس کو اس نام سے ذکر کرنے کی اجازت پر علماء کا اتفاق ہے بشرطیکہ ذکر کرنے والے کا قصد اس سے تحقیر و تذلیل کا نہ ہو جیسے بعض محدثین کے نام کے ساتھ اعرج یا

besturdubooks.wordpress.com

احدب مشہور ہے اور خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صحابی کو جس کے ہاتھ نسبتاً زیادہ طویل تھے ذوالیدین کے نام سے تعبیر فرمایا ہے۔ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ سے دریافت کیا گیا کہ اسانید حدیث میں بعض ناموں کیساتھ کچھ ایسے القاب آتے ہیں مثلاً حمید الطویل۔ سلیمان الاعمش۔ مروان الاصفر وغیرہ تو کیا ان القاب کے ساتھ ذکر کرنا جائز ہے۔ آپ نے فرمایا کہ جب تمہارا قصد اس کا عیب بیان کرنے کا نہ ہو بلکہ اس کی پہچان پوری کرنے کا ہو تو جائز ہے۔ (قرطبی) (معارف مفتی اعظم)

سنت یہ ہے کہ لوگوں کو اچھے القاب سے یاد کیا جائے

حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن کا حق دوسرے مؤمن پر یہ ہے کہ اسکا ایسے نام ولقب سے ذکر کرے جو اُس کو زیادہ پسند ہو اسی لئے عرب میں کنیت کا رواج عام تھا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اسی کو پسند فرمایا۔ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خاص خاص صحابہ کو کچھ لقب دیئے ہیں۔ صدیق اکبرؓ کو عتیق اور حضرت عمرؓ کو فاروق اور حضرت حمزہ کو اسد اللہ اور خالد بن ولید کو سیف اللہ فرمایا ہے۔

سبب نزول کا دوسرا واقعہ: حضرت ابن عباسؓ راوی ہیں کہ حضرت ثابت بن قیس کے کانوں میں کچھ گرانی تھی (یعنی گراں گوش اور بہرے تھے) جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں حاضر ہوتے اور پہلے سے لوگ وہاں بیٹھے ہوئے ہوتے اور جگہ تنگ ہوتی تو لوگ آپ کو (آگے) جگہ دے دیتے تھے تاکہ آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات سن سکیں۔ ایک روز آپ فجر کی نماز میں اس وقت آئے۔ جب ایک رکعت ہو چکی تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ختم کی تو صحابہ کرام جگہ کی تنگی کی وجہ سے اپنے اپنے مقام پر جم کر بیٹھے رہے۔ مجلس اتنی تنگ تھی کہ کوئی (خود سمٹ کر) دوسرے کے لئے گنجائش نکال نہیں سکتا تھا۔ آنے والے کو جب بیٹھنے کی جگہ نہیں ملتی تو وہ کھڑا رہتا تھا۔ حضرت ثابتؓ جب نماز سے فارغ ہوئے تو لوگوں کی گردنیں پھلانگتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کو بڑھے اور لوگوں سے فرمایا۔ جگہ دو گنجائش کرو۔ لوگ آپ کو دیکھ کر سمٹنے اور گنجائش دینے لگے۔ اس طرح آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب تک پہنچ گئے۔ آپ کے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان صرف ایک آدمی رہ گیا۔ حضرت ثابتؓ نے اس سے بھی فرمایا مجھے جگہ دے اس شخص نے کہا۔ آپ کو جگہ تو مل گئی۔ یہیں بیٹھ جائیے۔ حضرت ثابتؓ اس آدمی کے پیچھے غصہ کے ساتھ بیٹھ گئے۔ یہ بات آپ کو کھلی بہت جب تاریکی چھٹ گئی اور روشنی ہوگئی تو ثابتؓ نے اس شخص کو دبایا اور پوچھا۔ یہ کون شخص ہے۔ اس نے کہا۔ میں فلاں شخص ہوں۔ ثابتؓ نے کہا فلاں عورت کا بیٹا۔ حضرت ثابتؓ نے اس شخص کے وہ اماوری عیوب بیان کئے جو جاہلیت کے زمانہ میں طنزیہ طور پر اس کے لئے کہے جاتے تھے۔ اس شخص نے شرمندہ ہو کر سر جھکا لیا۔ اس پر آیت ذیل نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ
بُرا نام ہے گنہگاری پیچھے ایمان کے ☆

کسی کو برا نام دینا گناہ ہے ☆ یعنی کسی کا برا نام ڈالنے سے آدمی خود گنہگار ہوتا ہے اسے تو واقع میں عیب لگایا نہ لگا لیکن اسکا نام بدتہذیب فاسق گنہگار مردم آزار پڑ گیا خیال کرو "مومن" کے بہترین لقب کے بعد یہ نام کیا اچھے معلوم ہوتے ہیں یا یہ مطلب ہے کہ جب ایک شخص ایمان لا چکا اور مسلمان ہو گیا اس کو مسلمان ہونے سے پہلے کی باتوں پر طعن دینا یا اس وقت کے بدترین القاب سے یاد کرنا مثلاً یہودی یا نصرانی وغیرہ کہہ کر پکارنا نہایت مذموم حرکت ہے اسی طرح جو شخص کسی عیب میں مبتلا ہوا اور وہ اسکا اختیاری نہ ہو یا ایک گناہ سے فرض کیجئے توبہ کر چکا ہے چڑانے کے لئے اس کا ذکر کرنا بھی جائز نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ
اور جو کوئی توبہ نہ کرے تو وہی ہیں
الظّٰلِمُوْنَ ﴿۱۱﴾
بے انصاف ☆

پچھلے گناہ پر توبہ کرلو ☆ یعنی جو پہلے ہو چکا اب توبہ کرلو اگر یہ احکام و ہدایات سننے کے بعد بھی ان جرائم سے توبہ نہ کی تو اللہ کے نزدیک اصلی ظالم یہ ہی ہوں گے۔ (تفسیر عثمانی)

دوسرے کو کفر اور فسق سے منسوب کرنا

حضرت ابوذرؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی کسی کو فسق یا کفر کی طرف منسوب کرے گا (یعنی فاسق یا کافر کہے گا) اگر وہ ایسا نہ ہوا تو وہ قول کہنے والے پر لوٹ پڑے گا (یعنی کہنے والا فاسق یا کافر ہو جائے گا) رواہ البخاری۔ حضرت ابن عمرؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے اپنے بھائی کو کافر کہا تو دونوں میں سے ایک پر یہ کلمہ لوٹے گا۔ (یعنی یا کہنے والا کافر ہو جائے گا یا جس کو کافر کہا ہے وہ واقع میں کافر ہوگا۔ متفق علیہ)۔

حضرت ابوذرؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے کسی کو کفر کی طرف منسوب کیا یا دشمن خدا کہا اور واقع میں ایسا نہ ہوا تو وہ قول کہنے والے پر پڑ جائے گا۔ متفق علیہ۔

حضرت ابن مسعودؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مسلمان کو گالی دینا فسق (گناہ کبیرہ) ہے اور مسلمان کو قتل کرنا کفر ہے۔ متفق علیہ۔

besturdubooks.wordpress.com

تہمت لگانے کی سزا: کسی محصن (پاک دامن) آزاد مسلمان کو زنا کی طرف منسوب کرنا (اور پھر ثابت نہ کر سکنا) حد قذف اسی کوڑے کا موجب ہے اور اگر غیر محصن مثلاً غلام یا کافر ہو اور اس کو متہم بالزنا کیا جائے تو حدِ قذف جاری نہ ہوگی۔ تعزیر کی جائے گی۔ کیوں کہ غیر محصن کا درجہ محصن سے کم ہے اور تہمت زنا سے آبرو ریزی ہوتی ہے اور بُری بات پھیلتی ہے۔

اگر محصن کو زنا کے علاوہ کسی اور حرام فعل کی طرف منسوب کیا جائے تو تعزیر واجب ہے۔

کسی کو برا بھلا کہنے کی سزا: کسی نے مسلمان (صالح) کو فاسق یا کافر یا خبیث یا چور یا فاجر یا مخنث کہا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر تعزیر جاری کی یکلخت روی۔

اگر کسی کو اے گدھے یا سور یا کتا یا مینڈھا یا بھینے لگانے والا کہا تو تعزیر جاری ہوگی۔

بعض اہل علم کی رائے ہے کہ صورت مذکورہ میں تعزیر نہ ہوگی۔ ہاں اگر کسی عالم یا علوی یا نیک صالح آدمی کو ایسا کہا تو تعزیر ہوگی۔ اگر کسی کو گوٹے باز (شطرنج باز۔ چوسر باز وغیرہ) یا محصل ٹیکس کہا تو تعزیر نہ ہوگی۔ اگر چہ یہ فعل شرعاً ممنوع ہیں لیکن عرف عام میں ان کو عیب نہیں شمار کیا جاتا۔

تعزیر کیا ہے؟ تعزیری سزا کتنی ہونی چاہئے۔ امام ابوحنیفہ اور امام شافعیؒ نے کہا۔ تعزیری سزا ادنیٰ حد سے بھی کم ہوگی۔ امام صاحب کے نزدیک شراب پینے کی ادنیٰ حد غلام کے لئے چالیس تازیانہ ہے (اس سے تعزیری سزا کم ہونی چاہئے) امام ابو یوسفؒ کے نزدیک شراب کی حد آزاد مسلمان کے لئے اسی تازیانے ہے (لہٰذا اسی تازیانوں سے تعزیر کم ہونی چاہیے) امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک ادنیٰ حد بیس تازیانے ہے (تعزیر اس سے کم ہونا چاہئے) امام مالکؒ نے فرمایا۔ حاکم وقت کو اختیار ہے۔ تعزیر میں جتنے تازیانے مناسب سمجھے لگوائے کوئی تعداد مقرر نہیں۔ اگر شرم گاہ کے علاوہ جماع کیا تو امام احمدؒ کے نزدیک اعلیٰ حد اور ادنیٰ حد کے درمیان تعزیری سزا دی جائے۔ ادنیٰ حد سے زائد اور اعلیٰ سے کم۔

اجنبی عورت کا بوسہ لینے۔ کسی کو گالی دینے یا نصاب سرقہ سے کم چوری کرنے پر تعزیر کی جائے گی لیکن اتنی کہ ادنیٰ حد تک نہ پہنچے۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر مظہری)

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِیْرًا
اے ایمان والو بچتے رہو بہت تہمتیں
مِّنَ الظَّنِّ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ
کرنے سے مقرر بعضی تہمت گناہ ہے
وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا یَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ
اور بھید نہ ٹٹولو کسی کا اور برا نہ کہو پیٹھ پیچھے ایک

بَعْضًا ؕ
دوسرے کو ☆

بدگمانی اور اس کے نتائج ☆ اختلاف وتفریق باہمی کو بڑھانے میں ان امور کو خصوصیت سے دخل ہے۔ ایک فریق دوسرے فریق سے ایسا بدگمان ہو جاتا ہے کہ حسن ظن کی کوئی گنجائش نہیں چھوڑتا مخالف کی کوئی بات ہو اس کا محل اپنے خلاف نکال لیتا ہے۔ اس کی بات میں ہزار احتمال بھلائی کے ہوں اور صرف ایک پہلو برائی کا نکلتا ہو ہمیشہ اس کی طبیعت برے پہلو کی طرف چلے گی اور اسی برے اور کمزور پہلو کو قطعی اور یقینی قرار دے کر فریق مقابل پر تہمتیں اور الزام لگانا شروع کر دے گا پھر نہ صرف یہ ہی کہ ایک بات حسب اتفاق پہنچ گئی بدگمانی سے اسکو غلط معنی پہنا دیئے گئے' نہیں! اس جستجو میں رہتا ہے کہ دوسری طرف کے اندرونی بھید معلوم ہوں جس پر ہم خوب حاشیے چڑھائیں اور اسکی غیبت سے اپنی مجلس گرم کریں ان تمام خرافات سے قرآن کریم منع کرتا ہے۔ اگر مسلمان اس پر عمل کریں۔ تو جو اختلافات بدقسمتی سے پیش آ جاتے ہیں وہ اپنی حد سے آگے نہ بڑھیں اور ان کا ضرر بہت محدود ہو جائے بلکہ چند روز میں نفسانی اختلافات کا نام ونشان باقی نہ رہے۔

حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ ''الزام لگانا اور بھید ٹٹولنا اور پیٹھ پیچھے برا کہنا کسی جگہ بہتر نہیں مگر جہاں اس میں کچھ دین کا فائدہ ہو اور نفسانیت کی غرض نہ ہو'' وہاں اجازت ہے جیسے رجال حدیث کی نسبت ائمہ جرح وتعدیل کا معمول رہا ہے کیونکہ اسکے بدون دین کا محفوظ رکھنا محال تھا۔ (تفسیر عثمانی)

ظن ممنوع اور ظن مشروع: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایاکم والظنّ فانّ الظنّ اکذب الحدیث، یعنی گمان سے بچو کیونکہ گمان جھوٹی بات ہے۔ یہاں ظن سے مراد باتفاق کسی مسلمان کے ساتھ بلا کسی قوی دلیل کے بدگمانی کرنا ہے اور جو کام ایسے ہیں کہ اُن میں کسی جانب پر عمل کرنا شرعاً ضروری ہے اور اسکے متعلق قرآن وسنت میں کوئی دلیل واضح موجود نہیں' وہاں پر ظن غالب پر عمل کرنا واجب ہے۔ جیسے باہمی منازعات ومقدمات کے فیصلہ میں ثقہ گواہوں کی گواہی کے مطابق فیصلہ دینا کیونکہ حاکم اور قاضی جسکی عدالت میں مقدمہ دائر ہے اُس پر اسکا فیصلہ دینا واجب وضروری ہے اور اس خاص معاملے کے لئے کوئی نص قرآن وحدیث میں موجود نہیں تو ثقہ آدمیوں کی گواہی پر عمل کرنا اسکے لئے واجب ہے اگر چہ یہ امکان واحتمال وہاں بھی ہے کہ شاید کسی ثقہ آدمی نے اس وقت جھوٹ بولا ہو اس لئے اس کا سچا ہونا صرف ظن غالب ہے اور اسی پر عمل واجب ہے۔ اسی طرح جہاں سمت قبلہ معلوم نہ ہو اور کوئی ایسا آدمی بھی نہ ہو جس سے معلوم کی جا سکے وہاں اپنے ظن غالب پر عمل ضروری ہے اسی طرح کسی شخص پر کسی چیز کا ضمان دینا

besturdubooks.wordpress.com

واجب ہوا تو اس ضائع شدہ چیز کو قیمت میں ظن غالب ہی پر عمل کرنا واجب ہے۔ اسی طرح جہاں سمت قبلہ معلوم نہ ہو اور کوئی ایسا آدمی بھی نہ ہو جس سے معلوم کی جا سکے وہاں اپنے ظن غالب پر عمل ضروری ہے اسی طرح کسی شخص پر کسی چیز کا ضمان دینا واجب ہوا تو اس ضائع شدہ چیز کی قیمت میں ظن غالب ہی پر عمل کرنا واجب ہے اور ظن مباح ایسا ہے جیسے نماز کی رکعتوں میں شک ہو جاوے کہ تین پڑھی ہیں یا چار تو اپنے ظن غالب پر عمل کرنا جائز ہے۔ اور اگر وہ ظن غالب کو چھوڑ کر امر یقینی پر عمل کرے یعنی تین رکعت قرار دیکر چوتھی پڑھ لے تو یہ بھی جائز ہے اور ظن مستحب و مندوب یہ ہے کہ ہر مسلمان کے ساتھ نیک گمان رکھے کہ اس پر ثواب ملتا ہے۔ (جصاص ملخصا)

قرطبی نے فرمایا کہ قران کریم کا ارشاد ہے لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ،اس میں حسن ظن بالمومنین کی تاکید آئی ہے۔

ایک مشہور مقولہ کا مطلب: اور یہ جو مشہور ہے کہ انّ من الحزم سوء الظنّ یعنی احتیاط کی بات یہ ہے کہ ہر شخص سے بدگمانی رکھے اسکا مطلب یہ ہے کہ معاملہ ایسا کرے جیسے بدگمانی کی صورت میں کیا جاتا ہے کہ بدون قوی اعتماد کے اپنی چیز کسی کے حوالہ نہ کرے نہ یہ کہ اس کو چور سمجھے اور اس کی تحقیر کرے۔ خلاصہ یہ ہے کہ کسی شخص کو چور یا غدار سمجھے بغیر اپنے معاملے میں احتیاط برتے۔ شیخ سعدی علیہ الرحمۃ کے اس قول کا بھی یہی مطلب ہے۔

ے نگہ داروآں شوخ در کیسہ دُر
کہ داند ہمہ خلق را کیسہ بُر

تجسس اور تحسس: تجسس یعنی کسی کے عیب کی تلاش اور سُراغ لگانا ہے۔ اس میں قرائتیں دو ہیں ایک لَا تَجَسَّسُوْا بالجیم دوسرے لَا تَحَسَّسُوْا بالحاء اور حدیث صحیحین میں جو حضرت ابو ہریرہؓ سے منقول ہے یہ دونوں لفظ آئے ہیں ارشاد ہے لَا تَجَسَّسُوْا - وَلَا تَحَسَّسُوْا اور ان دونوں لفظوں کے معنی متقارب ہیں۔ اخفش نے دونوں میں یہ فرق بیان کیا ہے کہ تجسس بالجیم کسی ایسے امر کی جستجو اور تلاش کو کہا جاتا ہے جس کو لوگوں نے آپ سے چھپایا ہو اور تحسس بالحاء مطلق تلاش اور جستجو کے معنی میں آتا ہے۔ سورۂ یوسف میں فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ اس معنی کے لئے آیا ہے اور معنی آیت کے یہ ہیں کہ جو چیز تمہارے سامنے آ جائے اسکو پکڑ سکتے ہو اور کسی مسلمان کا جو عیب ظاہر نہ ہو اس کی جستجو اور تلاش کرنا جائز نہیں۔ ایک حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ لا تغتابوا المسلمین ولا تتبعوا عوراتھم فان من اتبع عوراتھم یتبع اللہ عورتہ ومن یتبع اللہ عورتہ یفضحہ فی بیتہ (قرطبی) (مسلمانوں کی غیبت نہ کرو اور اُن کے عیوب کی جستجو نہ کرو کیونکہ جو شخص مسلمانوں کے عیوب کی تلاش کرتا ہے اور جس کے عیب کی

تلاش اللہ تعالیٰ کرے اُس کو اس کے گھر کے اندر بھی رُسوا کر دیتا ہے)۔

بیان القرآن میں ہے کہ چھپ کر کسی کی باتیں سننا یا اپنے کو سوتا ہوا بنا کر باتیں سننا بھی تجسس میں داخل ہے البتہ اگر کسی سے مضرت پہنچنے کا احتمال ہو اور اپنی یا دوسرے کسی مسلمان کی حفاظت کی غرض سے مضرت پہنچانے والے کی خفیہ تدبیروں اور ارادوں کا تجسس کرے تو جائز ہے۔ تیسری چیز جس سے اس آیت میں منع فرمایا گیا ہے وہ کسی کی غیبت کرنا ہے یعنی اس کی غیر موجودگی میں اسکے متعلق کوئی ایسی بات کہنا جس کو وہ سُنتا تو اس کو ایذا ہوتی اگر چہ وہ سچی بات ہی ہو کیوں کہ جو غلط الزام لگائے وہ تہمت ہے جس کی حرمت الگ قرآن کریم سے ثابت ہے اور غیبت کی تعریف میں اس شخص کی غیر موجودگی کی قید سے یہ نہ سمجھا جائے کہ موجودگی کی حالت میں ایسی رنج دہ بات کہنا جائز ہے۔ کیونکہ غیبت تو نہیں مگر لمز میں داخل ہے جس کی حرمت اس سے پہلی آیت میں آ چکی ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

غیبت کیا ہے؟ حضرت ابو ہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کیا تم جانتے ہو کہ غیبت کیا (ہوتی) ہے حضرت ابو ہریرہؓ نے جواب دیا۔ اللہ اور اس کا رسول ہی بخوبی واقف ہیں! فرمایا۔ (اگر) تم اپنے بھائی کا (غائبانہ) اس طرح ذکر کرو جو اس کو نا گوار ہو (تو غیبت ہے) عرض کیا گیا (حضور صلی اللہ علیہ وسلم) دیکھئے اگر میرے بھائی میں وہ (عیب) ہو جو میں کہہ رہا ہوں تو کیا یہ بھی غیبت ہوگی فرمایا۔ اگر اس کے اندر وہ (بری) باتیں ہیں جو تم کہہ رہے ہو تو یہ غیبت ہوئی اور اگر جو باتیں تم کہہ رہے ہو اسمیں نہیں ہیں تو تم نے اس پر تہمت لگائی (یہ تہمت ہے) متفق علیہ۔

حضرت عمرو بن شعیب کے دادا کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے لوگوں نے ایک شخص کا ذکر کیا اور کہا جب تک اس کو کھلایا نہ جائے وہ کھاتا نہیں اور جب تک اس کو سوار نہ کیا جائے وہ سوار نہیں ہوتا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم نے اس کی غیبت کی۔ صحابہؓ نے عرض کیا۔ ہم نے وہی بات کہی جو اس میں ہے۔ فرمایا۔ غیبت ہونے کے لئے یہی بات کافی ہے کہ تم ان باتوں کا ذکر کرو جو اس کے اندر ہیں۔ رواہ البغوی۔ (تفسیر مظہری)

اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ
بھلا خوش لگتا ہے تم میں کسی کو کہ کھائے گوشت
اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ؕ
اپنے بھائی کا جو مردہ ہو سو گھن آتا ہے تم کو اس سے ☆

غیبت کی گندگی ☆ یعنی مسلمان بھائی کی غیبت کرنا ایسا گندہ اور گھناؤنا کام ہے جیسے کوئی اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت نوچ نوچ کر کھائے۔ کیا اس کو کوئی

besturdubooks.wordpress.com

انسان پسند کریگا؟ بس سمجھ لو غیبت اس سے بھی زیادہ شنیع حرکت ہے۔ (تفسیر عثمانی)

غیبت کی تمثیل: اَیُحِبُّ اَحَدُکُمْ اَنْ یَّاْکُلَ لَحْمَ اَخِیْہِ مَیْتًا۔ یہ غیبت کرنے کی قباحت کی پُر زور تصویر کھینچی گئی ہے اور غیبت کرنے والا جو دوسرے کی آبرو اور عزت برباد کرتا ہے اس کو قبیح ترین شکل میں پیش کیا گیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

غیبت کی سزا: حدیث میں حضرت انس بن مالک کی روایت ہے کہ شب معراج کی حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے لیجایا گیا تو میرا گزر ایک ایسی قوم پر ہوا جن کے ناخن تانبے کے تھے اور وہ اپنے چہروں اور بدن کا گوشت نوچ رہے ہیں میں نے جبرئیل امین سے پوچھا یہ کون لوگ ہیں؟ آپ نے فرمایا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے بھائی کی غیبت کرتے اور اُن کی آبروریزی کرتے تھے (رواہ البغوی۔مظہری) اور حضرت ابوسعید اور جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' الغیبۃ اشد من الزنا' یعنی غیبت زنا سے بھی زیادہ سخت گناہ ہے صحابہ کرام نے عرض کیا کہ یہ کیسے' تو آپ نے فرمایا کہ ایک شخص زنا کرتا ہے پھر توبہ کر لیتا ہے تو اسکا گناہ معاف ہو جاتا ہے اور غیبت کرنے والے کا گناہ اس وقت تک معاف نہیں ہوتا جب تک وہ شخص معاف نہ کرے جس کی غیبت کی گئی ہے۔ (رواہ الترمذی وابوداؤد۔ از مظہری)

حضرت میمون کا واقعہ: میمون کا بیان ہے (ایک روز) میں سو رہا تھا۔ خواب میں ایک حبشی کی سڑی ہوئی لاش میرے سامنے لائی گئی اور کسی نے مجھ سے کہا' اس کو کھا۔ میں نے کہا کیوں کھاؤں کہنے والے نے کہا' تو نے فلاں شخص کے غلام کی غیبت کیوں کی تھی۔ میں نے کہا' خدا کی قسم میں نے تو اس کی اچھائی کا ذکر کیا نہ برائی کا کہنے والے نے کہا۔ مگر تو نے اس کی بُرائی کا ذکر سنا تو تھا اور (دل سے) اس کو پسند کیا تھا۔ (اس کے بعد) میمون کسی کی غیبت نہ خود کرتے تھے نہ کسی کو کسی کی غیبت اپنے سامنے کرنے دیتے تھے۔ (تفسیر مظہری)

غیبت کی تلافی: اس حدیث سے ثابت ہوا کہ غیبت ایک ایسا گناہ ہے جس میں حق اللہ کی بھی مخالفت ہے اور حق العبد بھی ضائع ہوتا ہے اسلئے جس کی غیبت کی گئی ہے اس سے معاف کرانا ضروری ہے اور بعض علماء نے فرمایا کہ غیبت کی خبر جب تک صاحب غیبت کو نہ پہنچے اس وقت تک وہ حق العبد نہیں ہوتی اس لئے اُس سے معافی کی ضرورت نہیں (نقلہ فی الروح عن الحسن والخیاطی وابن الصباغ والنووی و ابن الصلاح والزرکشی و ابن عبدالبر عن ابن المبارک) مگر بیان القرآن میں اسکو نقل کر کے فرمایا ہے کہ اس صورت میں گو اس شخص سے معافی مانگنا ضروری نہیں مگر جس شخص کے سامنے یہ غیبت کی تھی اسکے سامنے اپنی تکذیب کرنا یا اپنے گناہوں کا اقرار کرنا ضروری ہے اور اگر وہ شخص مرگیا ہے یا اسکا پتہ نہیں تو اسکا کفارہ حضرت انسؓ کی حدیث میں یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان من کفارۃ الغیبۃ ان یستغفر لمن اغتابہ تقول اللّٰھم اغفرلنا ولہ (رواہ البیہقی۔مظہری) یعنی کفارہ غیبت کا یہ ہے کہ جس کی غیبت کی گئی ہے اس کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعائے مغفرت کرے اور یوں کہے کہ یا اللہ ہمارے اور اس کے گناہوں کو معاف فرما۔

مسئلہ: بچے اور مجنون اور کافر ذمی کی غیبت بھی حرام ہے کیونکہ ان کی ایذاء بھی حرام ہے اور جو کافر حربی ہیں اگرچہ انکی ایذاء حرام نہیں مگر اپنا وقت ضائع کرنے کیوجہ سے پھر بھی غیبت مکروہ ہے۔

مسئلہ: غیبت جیسے قول اور کلام سے ہوتی ہے ایسے ہی فعل یا اشارہ سے بھی ہوتی ہے جیسے کسی لنگڑے کی چال بنا کر چلنا جس سے اُس کی تحقیر ہو۔ (معارف مفتی اعظم)

بعض مخصوص صورتیں: بعض روایات سے ثابت ہے کہ آیت میں جو غیبت کی عام حرمت کا حکم ہے یہ مخصوص البعض ہے یعنی بعض صورتوں میں اس کی اجازت ہوئی ہے مثلاً کسی شخص کی بُرائی کسی ضرورت یا مصلحت سے کرنا پڑے تو وہ غیبت میں داخل نہیں بشرطیکہ وہ ضرورت و مصلحت شرعاً معتبر ہو جیسے کسی ظالم کی شکایت کسی ایسے شخص کے سامنے کرنا جو ظلم کو دفع کر سکے' یا کسی کی اولاد بیوی کی شکایت اُس کے باپ اور شوہر سے کرنا جو اُن کی اصلاح کر سکے' یا کسی واقعہ کے متعلق فتویٰ حاصل کرنے کے لئے صورت واقعہ کا اظہار یا مسلمانوں کو کسی شخص کے دینی یا دُنیوی شر سے بچانے کے لئے کسی کا حال بتلانا' یا کسی معاملے کے متعلق مشورہ لینے کے لئے اسکا حال ذکر کرنا۔ یا جو شخص سب کے سامنے کھلم کھلا گناہ کرتا ہے اور اپنے فسق کو خود ظاہر کرتا پھرتا ہے اس کے اعمال بد کا ذکر بھی غیبت میں داخل نہیں مگر بلا ضرورت اپنے اوقات ضائع کرنے کی بناء پر مکروہ ہے (یہ سب مسائل بیان القرآن میں بحوالہ رُوح المعانی بیان کئے گئے ہیں) اور ان سب میں قدر مشترک یہ ہے کہ کسی کی بُرائی اور عیب ذکر کرنے سے مقصود اسکی تحقیر نہ ہو بلکہ کسی ضرورت و مجبوری سے ذکر کیا گیا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَاتَّقُوا اللّٰہَ ۭ اِنَّ اللّٰہَ تَوَّابٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۲﴾

اور ڈرتے رہو اللہ سے' بیشک اللہ معاف کرنیوالا ہے مہربان ☆

تقویٰ فرمانبرداری کی بنیاد ہے ☆ یعنی ان نصیحتوں پر کاربند وہ ہی ہوگا جس کے دل میں خدا کا ڈر ہو یہ نہیں تو کچھ نہیں چاہیے کہ ایمان واسلام کا دعویٰ رکھنے والے واقعی طور پر اس خداوند قہار کے غضب سے ڈریں اور ایسی ناشائستہ حرکتوں کے قریب نہ جائیں۔ اگر پہلے کچھ غلطیاں اور کمزوریاں سرزد ہوئی ہیں اللہ کے سامنے صدق دل سے توبہ کریں وہ اپنی مہربانی سے معاف فرما دے گا۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

يٰاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ

اے آدمیو! ہم نے تم کو بنایا ایک مرد

ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّ

اور ایک عورت سے اور رکھیں تمہاری ذاتیں اور

قَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ

قبیلے تاکہ آپس کی پہچان ہو تحقیق عزت

عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ ؕ

اللہ کے یہاں اُسی کو بڑی جس کو ادب بڑا ☆

بہتری اور برتری کا معیار ☆ اکثر غیبت طعن و تشنیع اور عیب جوئی کا منشا کبر ہوتا ہے کہ آدمی اپنے کو بڑا اور دوسروں کو حقیر سمجھتا ہے۔ اسکو بتلاتے ہیں کہ اصل میں انسان کا بڑا چھوٹا یا معزز و حقیر ہونا ذات پات اور خاندان و نسب سے تعلق نہیں رکھتا بلکہ جو شخص جس قدر نیک خصلت' مودب اور پرہیزگار ہو اسی قدر اللہ کے ہاں معزز و مکرم ہے۔ نسب کی حقیقت تو یہ ہے کہ سارے آدمی ایک مرد اور ایک عورت یعنی آدم وحوا کی اولاد ہیں، شیخ، سید، مغل، پٹھان، اور صدیقی، فاروقی، عثمانی، انصاری سب کا سلسلہ آدم وحوا پر منتہی ہوتا ہے۔ یہ ذاتیں اور خاندان اللہ تعالیٰ نے محض تعارف اور شناخت کے لئے مقرر کئے ہیں۔ بلاشبہ جس کو حق تعالیٰ کسی شریف اور بزرگ و معزز گھرانے میں پیدا کردے وہ ایک موہوب شرف ہے جیسے کسی کو خوبصورت بنادیا جائے۔ لیکن یہ چیز ناز اور فخر کرنے کے لائق نہیں کہ اسی کو معیار کمال اور فضیلت کا ٹھہرا لیا جائے اور دوسروں کو حقیر سمجھا جائے ہاں شکر کرنا چاہئے کہ اس نے بلا اختیار و کسب ہم کو یہ نعمت مرحمت فرمائی۔ شکر میں یہ بھی داخل ہے کہ غرور و تفاخر سے باز رہے اور اس نعمت کو کمینہ اخلاق اور بری خصلتوں سے خراب نہ ہونے دے۔ بہرحال مجد و شرف اور فضیلت وعزت کا اصلی معیار نسب نہیں تقویٰ وطہارت ہے اور متقی آدمی دوسروں کو حقیر کب سمجھے گا؟ (تفسیر عثمانی)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا خطاب: ابن ابی حاتم میں ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم مکہ والے دن اپنی اونٹنی قصواء پر سوار ہو کر طواف کیا اور ارکان کو آپ اپنی چھڑی سے چھو لیتے تھے۔ پھر چونکہ مسجد میں اس کے بٹھانے کی جگہ نہ ملی تو لوگوں نے آپ کو ہاتھوں ہاتھ اتارا اور اونٹنی کو بطن مسیل میں لے جا کر بٹھایا۔ اس کے بعد آپ نے اپنی اونٹنی پر سوار ہو کر لوگوں کو خطبہ سنایا جس میں اللہ تعالیٰ کی پوری حمد وثنا بیان کر کے فرمایا لوگو! اللہ تعالیٰ نے تم سے جاہلیت کے اسباب اور جاہلیت کی باپ دادوں پر فخر کرنے کی رسم اب دور کر دی ہے۔ پس انسان دو ہی قسم کے ہیں یا تو نیک کار پرہیزگار جو خدا کے نزدیک بلند مرتبہ ہیں یا بدکار غیر متقی جو خدا کی نگاہوں میں ذلیل وخوار ہیں۔ پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔ پھر فرمایا میں اپنی یہ بات کہتا ہوں اور اللہ تعالیٰ سے اپنے لئے اور تمہارے لئے استغفار کرتا ہوں۔ (تفسیر ابن کثیر)

شانِ نزول: یہ آیت فتح مکہ کے موقع پر اس وقت نازل ہوئی جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ کو اذان کا حکم دیا تو قریش مکہ جو ابھی تک مسلمان نہیں ہوئے تھے اُن میں سے ایک نے کہا کہ اللہ کا شکر ہے کہ میرے والد پہلے ہی وفات پا گئے اُن کو یہ روز بد دیکھنا نہیں پڑا' اور حارث بن ہشام نے کہا کہ کیا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کالے کوے کے سوا کوئی آدمی نہیں ملا کہ جو مسجد حرام میں اذان دے۔ ابوسفیان بولے کہ میں کچھ نہیں کہتا کیونکہ مجھے خطرہ ہے کہ میں کچھ کہوں گا تو آسمانوں کا مالک ان کو خبر کر دیگا' چنانچہ جبرئیل امین تشریف لائے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس تمام گفتگو کی اطلاع دی۔ آپ نے ان لوگوں کو بلا کر پوچھا کہ تم نے کیا کہا تھا انہوں نے اقرار کر لیا۔

بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا یہ آیت حضرت ثابت بن قیس اور ان کی قوم والوں کے متعلق نازل ہوئی۔ حضرت ثابت بن قیس کو آگے بڑھنے کا موقع ایک شخص نے نہیں دیا تو حضرت ثابتؓ نے اس سے فرمایا۔ تو فلاں عورت کا بیٹا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ یہ فلاں عورت کا نام کس نے لیا (اور کس نے اس شخص کو اس کی ماں کا نام لے کر عار دلائی) ثابتؓ بن قیس نے کہا۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے عورت کا ذکر کیا تھا۔ فرمایا۔ قوم کے چہروں پر غور سے دیکھو۔ ثابتؓ نے حکم کی تعمیل کی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم نے کیا دیکھا۔ ثابتؓ نے عرض کیا کسی کو گورا دیکھا' کسی کو لال' کسی کو کالا۔ فرمایا۔ تم صرف دین اور تقویٰ کی وجہ سے ان پر فضیلت رکھتے ہو۔ (نسبی برتری نیچ ہے یہ معیار فضیلت نہیں) اس پر ثابتؓ کے حق میں یہ آیت نازل ہوئی۔ اور جس شخص نے حضرت ثابتؓ کو جگہ نہیں دی تھی اس کے حق میں آیت يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِي الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا نازل ہوئی۔

نسب پر اترانے والوں کا انجام: طبرانی نے الاوسط میں حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ قیامت کا دن ہو گا تو اللہ کے حکم سے ایک ندا دینے والا ندا دے گا خوب سن لو میں نے ایک نسب مقرر کیا تھا اور تم نے بھی ایک نسب مقرر کیا تھا۔ میں نے تو سب سے بڑے متقی کو سب سے زیادہ عزت والا قرار دیا تھا' پر تم نے اس کو نہیں مانا۔ بلکہ تم کہتے رہے' فلاں بن فلاں' فلاں بن فلاں سے بہتر ہے۔ سو آج میں اپنے قائم کئے ہوئے نسب کو سر بلند کرتا ہوں اور تمہارے قائم

besturdubooks.wordpress.com

کردہ نسب کو نیچے گراتا ہوں کہاں ہیں اہل تقویٰ۔ (تفسیر مظہری)

اسلام چھوت چھات سے بیزار ہے:

مسلمان جانتے ہیں کہ اسلام چھوت چھات سے بیزار ہے وہ تمام انسانوں کو ایک ماں باپ کی اولاد قرار دیتا ہے۔ فرق ہے تو صرف اسلام اور کفر کا۔ پھر جس طرح مسلمانوں میں ذات پات کی بنا پر اونچ نیچ نہیں ہے حتیٰ کہ سب سے زیادہ باعزت وہ ہے جو تقویٰ میں سب سے زیادہ بڑھا ہوا ہے۔ اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ۔

اسی طرح غیر مسلموں میں بھی شودر اور برہمن وغیرہ کا کوئی فرق نہیں ہے اگر ایک برہمن ہمارے پاس بیٹھ سکتا ہے۔ ہمارے پاندان سے پان لگا کر کھا سکتا ہے ہمارے کنویں سے پانی بھر سکتا ہے تو انسانیت کے یہ سب حقوق ایک بھنگی اور چمار کو بھی حاصل ہیں۔ مگر ہماری صد ہا سالہ معاشرت جو برہمنوں اور اونچ ذات کے ہندوؤں کے ساتھ رہی اس نے ہمیں کم از کم عملی طور پر چھوت چھات کا عادی بنا دیا ہے۔ (از افادات مدنی)

اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ﴿۱۳﴾
اللہ سب کچھ جانتا ہے خبردار ☆

اللہ دلوں کے حال سے باخبر ہے ☆ یعنی تقویٰ اور ادب اصل میں دل سے ہے اللہ ہی کو خبر ہے کہ جو شخص ظاہر میں متقی اور مودب نظر آتا ہے وہ واقع میں کیسا ہے اور آئندہ کیسا رہے گا " انما العبرة للخواتیم " (تفسیر عثمانی)

قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ۭ قُلْ لَّمْ
کہتے ہیں گنوار کہ ہم ایمان لائے تو کہہ تم
تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْٓا اَسْلَمْنَا
ایمان نہیں لائے پر تم کہو ہم مسلمان ہوئے
وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ
اور ابھی نہیں گھسا ایمان تمہارے دلوں میں ☆

ایمان کی کمزوری کی علامت

یہاں یہ بتلاتے ہیں کہ ایمان و یقین جب پوری طرح دل میں راسخ ہو جائے اور جڑ پکڑ لے اس وقت غیبت اور عیب جوئی وغیرہ کی خصلتیں آدمی سے دور ہو جاتی ہیں جو شخص دوسروں کے عیب ڈھونڈنے اور آزار پہنچانے میں مبتلا ہو سمجھ لو کہ ابھی تک ایمان اسکے دل میں پوری طرح پیوست نہیں ہوا۔

ایک حدیث میں ہے " یا معشر من امن بلسانہ ولم یفض الایمان الی قلبہ لا تغتابو المسلمین ولا تتبعوا عوراتھم " الخ (ابن کثیر ص ۸/۲۴) حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں " ایک کہتا ہے کہ ہم مسلمان ہیں یعنی دین مسلمانی ہم نے قبول کیا اس کا مضائقہ نہیں اور ایک کہتا ہے کہ ہم کو پورا یقین ہے جو یقین پورا ہے تو اسکے آثار کہاں؟ جس کو واقعی پورا یقین حاصل ہو وہ تو ایسے دعوے کرنے سے ڈرتا اور شرماتا ہے " (تنبیہ) اس آیت سے ایمان و اسلام کا فرق ظاہر ہوتا ہے اور یہی بات حدیث جبریل وغیرہ سے ثابت ہوئی۔ ہم نے شرح صحیح مسلم میں اس موضوع پر کافی بحث کی ہے یہاں تفصیل کا موقع نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

بغوی نے لکھا ہے کہ بنی اسد کے چند آدمی قحط کے سال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بظاہر مسلمان ہو گئے لیکن باطن میں وہ مومن نہیں تھے۔ ان لوگوں نے مدینہ کے راستے (قضائے حاجت کی) گندگیوں سے بھر دیئے اور مدینہ میں چیزوں کے نرخ گراں کر دیے۔ صبح شام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آتے اور کہتے تھے۔ دوسرے عرب آپ کے پاس اونٹنیوں پر سوار ہو کر تنہا آئے ہیں اور ہم سارا سامان اور اہل و عیال کو لے کر آئے ہیں۔ فلاں فلاں قبائل نے آپ سے جنگ کی (پھر مسلمان ہوئے) لیکن ہم آپ سے کبھی نہیں لڑے اس کلام سے وہ رسول اللہ پر (اپنے اسلام کا) احسان رکھنا چاہتے تھے اور مال صدقات کے طلب گار تھے۔ (تفسیر مظہری)

ایمان کیا ہے:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ایمان یہ ہے کہ تم اللہ کو اس کے فرشتوں اس کی کتابوں اور اس کے پیغمبروں کو اور روز قیامت کو مانو اور اچھی بری تقدیر کی تصدیق کرو (یعنی اس بات کی دل سے تصدیق کرو کہ دنیا میں ہر خیر و شر اللہ کے مقرر و اندازے کے مطابق ہوتی ہے۔ ہر اچھی بری چیز کا اللہ نے پہلے ہی اندازہ مقرر کر دیا ہے) سوال جبرئیلؑ کے جواب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی فرمایا تھا۔ کذافی الصحیحین من حدیث عمرؓ بن الخطاب مرفوعاً۔ (تفسیر مظہری)

وَاِنْ تُطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَا
اور اگر حکم پر چلو گے اللہ کے اور اُس کے رسول کے
يَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَيْـــًٔا ۭ
کاٹ نہ لے گا تمہارے کاموں میں سے کچھ

besturdubooks.wordpress.com

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴﴾
اللہ بخشتا ہے مہربان ہے ☆

مہلت عمل ☆ یعنی اب بھی اگر فرمانبرداری کا راستہ اختیار کرو گے تو پچھلی کمزوریوں کی وجہ سے تمہارے کسی عمل کے ثواب میں کمی نہ کرے گا۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ
ایمان والے وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اللہ پر
وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا وَجٰهَدُوْا
اور اُس کے رسول پر پھر شبہ نہ لائے اور لڑے
بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ
اللہ کی راہ میں اپنے مال اور اپنی جان سے
اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ﴿۱۵﴾
وہ لوگ جو ہیں وہی ہیں سچے ☆

سچے مومن کی شان ☆ یعنی سچے مومن کی شان یہ ہوتی ہے کہ اللہ و رسول پر پختہ اعتقاد رکھتا ہو اور ان کی راہ میں ہر طرح جان و مال سے حاضر رہے۔ (تفسیر عثمانی)

مومن کی تین قسمیں: مسند احمد میں ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں دنیا میں مومن کی تین قسمیں ہیں (۱) وہ جو اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لایا شک وشبہ نہ کیا اور اپنی جان اور اپنے مال سے راہ خدا میں جہاد کیا (۲) وہ جن سے لوگوں نے امن پالیا نہ یہ کسی کا مال ماریں نہ کسی کی جان لیں (۳) وہ جو طمع کی طرف جب جھانکتے ہیں اللہ عزوجل کی یاد کرتے ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الخ یعنی خلوص قلب سے ایمان لائے اور احکام کی تعمیل کی۔

ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے دین میں ان کو کبھی شک واقع نہیں ہوا۔ لفظ ثُمَّ دلالت کر رہا ہے کہ شروع ایمان کے وقت جس طرح شرک نہ کرنا لازم تھا اسی طرح آئندہ پوری زندگی مرتے دم تک کبھی شک میں نہ پڑنا ضروری ہے۔ آیت ثُمَّ اسْتَقَامُوْا سے بھی یہی مراد ہے۔

ترکیب نحوی: فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ یعنی اللہ کی طاعت میں۔ جَاهَدُوْا کا مفعول محذوف ہے۔ یعنی جنگجو دشمن سے یا شیطان سے یا ناجائز خواہشات نفس سے انہوں نے جہاد کیا۔

مجاہد کی شان: جو شخص اصلاح عالم کے لئے اور تباہی و بربادی دور کرنے کے لئے اور اللہ کا بول بالا کرنے اور دین کو پھیلانے کے لئے اپنی جان و مال کی قربانی دیتا ہے وہ بدرجۂ اولی اپنے نفس کی قربانی کرے گا اور تمام احکام شریعت کا پابند ہوگا۔ (تفسیر مظہری)

قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِيْنِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ
تو کہہ کیا تم جتلاتے ہو اللہ کو اپنی دینداری اور اللہ
يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ
کو تو خبر ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں
وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۶﴾
اور اللہ ہر چیز کو جانتا ہے ☆

اللہ کو دھوکہ نہیں دیا جاسکتا

یعنی اگر واقعی سچا دین اور پورا یقین تم کو حاصل ہے تو کہنے سے کیا ہوگا جس سے معاملہ ہے وہ آپ خبردار ہے۔ (تفسیر عثمانی)

طبرانی نے عمدہ سند سے حضرت عبداللہؓ بن ابی اوفی کی روایت سے اور برار نے بطریق سعید بن جبیر حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے اور ابن ابی حاتم نے حسن کے حوالہ سے بیان کیا ہے۔ کہ کچھ بدویوں نے خدمت گرامی میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم (خود) مسلمان ہو گئے اور آپ سے (کبھی) نہیں لڑے لیکن فلاں قبیلہ والوں نے آپ سے جنگ کی (اور پھر مسلمان ہوئے) بقول حسن یہ بات فتح مکہ ہو جانے کے بعد کی ہے۔ (تفسیر مظہری)

يَمُنُّوْنَ عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ۭ
تجھ پر احسان رکھتے ہیں کہ مسلمان ہوئے ☆

بعض نادانوں کی نافرمانی

بعض گنوار آ کر کہتے تھے کہ دیکھئے ہم تو بدون لڑے بھڑے مسلمان ہو گئے گویا احسان جتلاتے تھے اسکا جواب آگے دیتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اسلام اور ایمان ایک ہیں یا کچھ فرق ہے؟

ایمان اصطلاح شرح میں تصدیق قلبی کا نام ہے یعنی اپنے دل سے اللہ

besturdubooks.wordpress.com

تعالیٰ کی توحید اور رسول کی رسالت کو سچا ماننا۔ اور اسلام نام ہے اعمال ظاہرہ میں اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول کی اطاعت کرنے کا لیکن شریعت میں تصدیق قلبی اسوقت تک قابل اعتبار نہیں جب تک اسکا اثر جوارح کے اعمال و افعال تک نہ پہنچ جائے جس کا ادنیٰ درجہ یہ ہے کہ زبان سے کلمہ اسلام کا اقرار کرے۔ اسی طرح اسلام اگرچہ اعمال ظاہرہ کا نام ہے لیکن شریعت میں وہ اسوقت تک معتبر نہیں جب تک کہ دل میں تصدیق نہ آ جائے ورنہ وہ نفاق ہے۔ اس طرح اسلام و ایمان مبدأ اور منتہیٰ کے اعتبار سے تو الگ الگ ہیں کہ ایمان باطن اور قلب سے شروع ہو کر ظاہر اعمال تک پہنچتا ہے اور اسلام افعال ظاہرہ سے شروع کر باطن کی تصدیق تک پہنچتا ہے مگر مصداق کے اعتبار سے ان دونوں میں تلازم ہے کہ ایمان اسلام کے بغیر معتبر نہیں اور اسلام ایمان کے بغیر شرعاً معتبر نہیں، شریعت میں یہ نہیں ہوسکتا کہ ایک شخص مسلم تو ہو مؤمن نہ ہو یا مؤمن ہو مسلم نہ ہو مگر یہ کلام اصطلاحی ایمان و اسلام میں ہے۔ لغوی معنی کے اعتبار سے ہوسکتا ہے کہ ایک شخص مسلم ہو مؤمن نہ ہو جیسے تمام منافقین کا یہی حال تھا کہ ظاہری اطاعت احکام کی بنا پر مسلم کہلاتے تھے مگر دل میں ایمان نہ ہونے کے سبب مؤمن نہ تھے واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔ (معارف مفتی اعظم)

قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَیَّ اِسْلَامَكُمْ ج
تو کہہ مجھ پر احسان نہ رکھو اپنے اسلام لانے کا
بَلِ اللّٰهُ یَمُنُّ عَلَیْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ
بلکہ اللہ تم پر احسان رکھتا ہے کہ اُس نے تم کو
لِلْاِیْمَانِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۱۷﴾
راہ دی ایمان کی اگر سچ کہو ☆

نادانوں کو جواب

یعنی اگر واقعی تم دعوائے اسلام و ایمان میں سچے ہو تو یہ تمہارا احسان نہیں اللہ کا احسان ہے کہ اس نے ایمان کی طرف آنے کا راستہ دیا اور دولت اسلام سے سرفراز کیا اگر سچی بات کہو تو واقعہ اس طرح ہے حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ "نیکی اپنے ہاتھ سے ہوا پنی تعریف نہیں رب کی تعریف ہے جس نے وہ نیکی کروائی" گویا خاتمہ سورت پر متنبہ کر دیا کہ اگر تم کو قرآنی ہدایات اور اسلامی تعلیمات پر کار بند ہونے کی توفیق ہو تو احسان نہ جتلاؤ بلکہ اللہ کے احسان و انعام کا شکر ادا کرو جس نے ایسی توفیق ارزانی فرمائی۔ (تفسیر عثمانی)

منت منہ کہ خدمت سلطان ہمی کنی منت شناس ازو کہ بخدمت بداشتت

(معارف کاندھلوی)

اِنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ غَیْبَ السَّمٰوٰتِ
اللہ جانتا ہے چھپے بھید آسمانوں کے
وَالْاَرْضِ ط وَاللّٰهُ بَصِیْرٌ بِمَا
اور زمین کے اور اللہ دیکھتا ہے جو تم
تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾ ع
کرتے ہو☆

خدا کے سامنے باتیں نہ بناؤ

یعنی دلوں کے بھید اور ظاہر کا عمل سب کو خدا جانتا ہے اسکے سامنے باتیں نہ بناؤ۔ (تفسیر عثمانی)

سبب نزول

ابن سعد نے بروایت محمد بن کعب قرظی اور سعید بن منصور نے بروایت سعید بن جبیر بیان کیا کہ ۹ھ میں قبیلہ بنی اسد کے دس آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ان میں طلحہ بن خویلد بھی تھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت صحابہ کے ساتھ تشریف فرما تھے ان لوگوں نے آ کر سلام کیا پھر ان میں سے ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، وہ وحدہ لاشریک لہ ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں یا رسول اللہ ہم خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ہیں۔ اپ نے اپنا کوئی نمائندہ ہمارے پاس نہیں بھیجا تھا ہم اپنے ان لوگوں کے لئے جو ہمارے پیچھے رہ گئے ہیں پیام مصالحت لے کر آئے ہیں اس پر اللہ نے آیت مذکورہ نازل فرمائی۔ (تفسیر مظہری)

الحمد للہ سورۃ الحجرات کی تفسیر ختم ہوئی

besturdubooks.wordpress.com

جو شخص خواب میں اس کی تلاوت کرے اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کا علم اچھا ہوگا اور اس کے شہر والے اس کے محتاج رہیں گے اور اس کی عمر کا آخری حصہ اول سے بہتر رہے گا اور نہایت قوی ہوگا۔

سورۂ قٓ کی خصوصیات:

سورۂ قٓ میں بیشتر مضامین آخرت اور قیامت اور مردوں کے زندہ ہونے اور حساب و کتاب سے متعلق ہیں اور یہی مناسبت ہے اس کو اس سے پہلی سورۂ حجرات سے کہ اس کے آخر میں انہی مضامین کا ذکر تھا۔

سورۂ قٓ کی ایک خاص اہمیت اس حدیث سے معلوم ہوتی ہے کہ اُم ہشام بنت حارثہ بن النعمانؓ کہتی ہیں کہ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بہت قریب میرا مکان تھا) دو سال کے قریب ہمارا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تنور (جس میں روٹی پکتی تھی) ایک ہی تھا مجھے سورۂ قٓ پوری اس طرح حفظ ہوئی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ سورت ہر جمعہ کو منبر پر خطبہ میں تلاوت فرماتے تھے (رواہ مسلم از قرطبی)۔

اور حضرت عمر بن خطابؓ نے ابو واقد لیثیؓ سے دریافت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عیدین کی نمازوں میں کونسی سورت پڑھا کرتے تھے؟ تو انہوں نے فرمایا۔ قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ اور اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ اور حضرت جابرؓ سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز میں بکثرت سورۂ قٓ تلاوت فرماتے تھے۔ (یہ سورت خاصی بڑی ہے) مگر اس کے باوجود نماز ہلکی رہتی تھی (قرطبی) یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی تلاوت کا خاص اثر تھا کہ بڑی سے بڑی سورت اور طویل سے طویل نماز بھی پڑھنے والوں پر ہلکی رہتی تھی۔ (معارف مفتی اعظم)

حضرت اوسؓ فرماتے ہیں میں نے صحابہ سے پوچھا کہ تم قرآن کے حصے کس طرح کرتے تھے؟ تو انہوں نے کہا پہلی تین سورتوں کی ایک منزل پھر پانچ سورتوں کی ایک منزل پھر سات سورتوں کی ایک منزل پھر نو سورتوں کی ایک منزل اور مفصل کی سورتوں کی ایک منزل۔ یہ حدیث ابن ماجہ میں بھی ہے۔ پس پہلی چھ منزلوں کی کل اڑتالیس سورتیں ہوئیں۔ پھر اس کے بعد مفصل کی تمام سورتوں کی ایک منزل تو انچاسویں سورت یہی سورۂ قاف پڑتی ہے۔ باقاعدہ گنتی سنیے۔ پہلی منزل کی تین سورتیں سورۂ بقرہ سورۂ آل عمران سورۂ نساء ہوئیں۔ دوسری منزل کی پانچ سورتیں مائدہ انعام اعراف انفال اور برأت ہوئیں۔ تیسری منزل کی سات سورتیں یونس ہود یوسف رعد ابراہیم حجر اور نحل ہوئیں۔ چوتھی منزل کی نو سورتیں سبحان کہف مریم طٰہٰ انبیاء حج مؤمنون نور اور فرقان ہوئیں۔ پانچویں منزل کی گیارہ سورتیں شعراء نمل قصص عنکبوت روم لقمان الم سجدہ احزاب سبا فاطر اور یٰسین ہوئیں۔ چھٹی منزل کی تیرہ سورتیں باقی رہیں جو حجرات کے بعد کی سورت سے شروع ہوں گی اور سورۂ قٓ ہے اور یہی ہم نے کہا تھا فالحمد للہ۔

مسلم شریف میں ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ابو واقد لیثی رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ عید کی نماز میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا پڑھتے تھے؟ آپ نے فرمایا سورۂ قٓ اور سورۂ اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ۔ مسلم میں ہے حضرت ام ہشام بنت حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ ہمارا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دو سال تک یا ایک سال کچھ ماہ تک ایک ہی تنور رہا میں نے سورۂ قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ رسول اللہؐ کی زبانی سُن کر یاد کر لی اس لئے کہ ہر جمعہ کے دن جب آپ لوگوں کو خطبہ سنانے کیلئے منبر پر آتے تو اس سورت کی تلاوت کرتے۔ الغرض بڑے بڑے مجمع کے موقع پر جیسے عید ہے۔ جمعہ ہے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اس سورت کی تلاوت کرتے کیونکہ اس میں ابتداء خلق کا مرنے کے بعد جینے کا خدا کے سامنے کھڑے ہونے کا حساب و کتاب کا جنت و دوزخ کا ثواب و عذاب کا اور رغبت و ڈراوے کا ذکر ہے واللہ اعلم۔ (تفسیر ابن کثیر)

سُوْرَةُ قٓ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسٌ وَّاَرْبَعُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ قٓ مکہ میں نازل ہوئی اور اس میں پینتالیس آیتیں اور تین رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے﴾

قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۝ بَلْ عَجِبُوْٓا

قسم ہے اُس قرآن بڑی شان والے کی بلکہ اُن کو تعجب ہوا

اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ

کہ آیا اُن کے پاس ڈر سنانیوالا اُنہی میں کا تو کہنے

الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ ۝

لگے منکر یہ تعجب کی چیز ہے

ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ۚ ذٰلِكَ رَجْعٌۢ

کیا جب ہم مر چکیں اور ہو جائیں مٹی یہ پھر آنا

بَعِيْدٌ ۝

بہت دُور ہے☆

besturdubooks.wordpress.com

قرآن کی عظمت و اعجاز ☆یعنی قرآن کی بزرگی اور عظمت شان کا کیا کہنا جس نے آ کر سب کتابوں کو منسوخ کر دیا اور اپنی اعجازی قوت اور لامحدود اسرار و معارف سے دنیا کو محو حیرت بنا دیا۔ یہ ہی بزرگی والا قرآن بذات خود شاہد ہے کہ اس کے اندر کوئی نقص و عیب نہیں نہ کہیں انگلی رکھنے کی جگہ ہے لیکن منکرین پھر بھی اسکو قبول نہیں کرتے اسلئے نہیں کہ ان کے پاس اسکے خلاف کوئی حجت و برہان ہے بلکہ محض اپنے جہل و حماقت سے اس پر تعجب کرتے ہیں کہ ان ہی کے خاندان اور نسل کا ایک آدمی ان کی طرف رسول ہو کر آیا اور بڑا بن کر سب کو نصیحتیں کرنے لگا اور بات بھی ایسی عجیب کہی جسے کوئی باور نہ کر سکے بھلا جب ہم مر کر مٹی ہو گئے کیا پھر زندگی کی طرف واپس کئے جائیں گے؟ یہ واپسی تو عقل سے بہت دور اور امکان و عادت سے بالکل بعید ہے۔ (تفسیر عثانی)

قٓ کیا ہے: بعض نے کہا قٓ سے اشارہ ہے جملہ قُضِيَ الْاَمْرُ یا قُضِيَ مَا هُوَ كَائِنٌ کی طرف۔ حق بات یہ ہے کہ (دوسرے مقطعات و متشابہات کی طرح) اس کی اصلی مراد سواء اللہ اور اس کے رسول اور رسوخ علمی رکھنے والوں کے اور کوئی نہیں جانتا۔ یہ اللہ اور اس کے رسول کے درمیان ایک رمز ہے۔ فرمایا عکرمہؓ نے قاف زمرد سبز کا ایک پہاڑ ہے جو زمین کو محیط ہے اور اس پر آسمان قبہ کی طرح ڈھا نکا ہوا ہے۔ ترجمہ یوں ہوا، قسم ہے قٓ کی اور قرآن کی۔

یعنی کفار مکہ نے بلا شبہ تعجب کیا اس بات پر کہ انہیں میں سے ایک ڈرانے والا ان کے پاس ایسی بات لے کر آیا جو تعجب انگیز نہیں تھی یہ امر تعجب آفرین نہ ہونا چاہئے کہ انہیں میں کا ایک شخص جس کو وہ سچا جانتے تھے اور اس کی سچائی کا اقرار کرتے تھے ان کی خیر خواہی کرتا ہے اس کو اندیشہ ہے کہ کہیں ان لوگوں کو دکھ پہنچ جائے، ایسے بھی خواہ قوم، سچے مخلص آدمی کو تو کسی خوفناک امر سے قوم کو ڈرانا ہی چاہئے۔ (تفسیر مظہری)

قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ
ہم کو معلوم ہے جتنا گھٹاتی ہے زمین
مِنْهُمْ ۚ
اُن میں سے ☆

موت فنائے محض نہیں

یعنی ساری مٹی نہیں ہو جاتی جان سلامت رہتی ہے اور بدن کے اجزاء تحلیل ہو کر جہاں کہیں منتشر ہو گئے ہیں وہ سب اللہ کے علم میں ہیں اس کو قدرت ہے کہ ہر جگہ سے اجزائے اصلیہ کو جمع کر کے ڈھانچہ کھڑا کر دے اور دوبارہ اس میں جان ڈال دے۔ (تفسیر عثانی)

وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيْظٌ ۝۴
اور ہمارے پاس کتاب ہے جس میں سب کچھ محفوظ ہے ☆

اللہ کا قدیم علم ☆یعنی یہ نہیں کہ آج سے معلوم ہے بلکہ ہمارا علم قدیم ہے حتی کہ ان میں قبل وقوع ہی سب اشیاء کے سب حالات ایک کتاب میں جو لوح محفوظ کہلاتی ہے لکھ دیئے تھے اور اب تک ہمارے پاس وہ کتاب موجود چلی آتی ہے پس اگر علم قدیم کسی کی سمجھ میں نہ آئے تو یوں ہی سمجھ لے وہ دفتر جس میں سب کچھ لکھا ہے حق تعالیٰ کے سامنے حاضر ہے یا اس کو پہلے جملہ کی تاکید سمجھو کیونکہ جو چیز کسی کے علم میں ہو اور قلم بند بھی کر لی جائے وہ لوگوں کے نزدیک بہت زیادہ موکد سمجھی جاتی ہے اسی طرح یہاں مخاطبین کے محسوسات کے اعتبار سے متنبہ کر دیا کہ ہر چیز خدا کے علم میں ہے اور اس کے ہاں لکھی ہوئی ہے جس میں ذرا کمی بیشی نہیں ہو سکتی۔ (تفسیر عثانی)

بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ
کوئی نہیں پر جھٹلاتے ہیں سچے دین کو جب اُن تک پہنچا
فَهُمْ فِيْٓ اَمْرٍ مَّرِيْجٍ ۝۵
سو وہ پڑ رہے ہیں اُلجھی ہوئی بات میں ☆

سچ تکذیب ☆یعنی صرف تعجب نہیں بلکہ کھلی ہوئی تکذیب ہے۔ حضرت کی نبوت قرآن اور بعث بعد الموت ہر چیز کو جھٹلاتے ہیں اور عجب الجھی ہوئی باتیں کرتے ہیں بے شک جو شخص سچی باتوں کو جھٹلاتا ہے اسی طرح شک و اضطراب اور تردد و تحیر کی الجھنوں میں پڑ جایا کرتا ہے۔ (تفسیر عثانی)

مَّرِيْجٍ۔ امر مشتبہ۔ مضطرب۔ بے یقینی۔ ان کے قول میں اضطراب اور بے یقینی تکذیب نبوت کی وجہ سے ہی تھی۔ قتادہ اور حسن نے کہا جو حق کو چھوڑ دیتا ہے اس کو اپنے معاملہ میں اور دین میں اشتباہ پیدا ہو جاتا ہے، زجاج نے کہا ایک قول پر ان کو قرار نہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی شاعر کہتے ہیں کبھی جادوگر، کبھی دوسروں کو سکھایا پڑھایا ہوا، کبھی دیوانہ، کبھی دروغ تراشی کرنے والا اور یہ سارے اقوال باہم مختلف اور متضاد ہیں۔ (تفسیر مظہری)

کافروں کا بعث بعد الموت کو محال سمجھنے کی وجہ

پروردگار عالم ان کے اس محال سمجھنے کی اصل وجہ بیان فرما رہا ہے کہ دراصل یہ حق کو جھٹلانے والے لوگ ہیں اور جو لوگ اپنے پاس حق کے آ جانے کے بعد اس کا انکار کر دیں ان سے بھلی سمجھ چھن جاتی ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

besturdubooks.wordpress.com

اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ

کیا نہیں دیکھتے آسمان کو اپنے اُوپر

كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَزَيَّنّٰهَا وَمَا لَهَا

کیسا ہم نے اُس کو بنایا اور رونق دی اور اُس میں نہیں

مِنْ فُرُوْجٍ ۝٦

کوئی سوراخ ☆

آسمان کی بناوٹ ☆یعنی آسمان کو دیکھو نہ بظاہر کوئی کھمبا نظر آتا ہے نہ ستون اتنا بڑا عظیم الشان جسم کیسا مضبوط و مستحکم کھڑا ہے اور رات کو جب اس پر ستاروں کی قندیل اور جھاڑ فانوس روشن ہوتے ہیں تو کس قدر پر رونق اور خوبصورت نظر آتا ہے پھر لطف یہ ہے کہ ہزاروں لاکھوں برس گزر گئے نہ اس چھت میں کہیں سوراخ ہوا نہ کوئی کنگرہ گرا نہ پلاسٹر ٹوٹا نہ رنگ خراب ہوا۔ آخر کونسا ہاتھ ہے جس نے یہ مخلوق بنائی اور بنا کر اسکی ایسی حفاظت کی۔ (تفسیر عثمانی)

کیا آسمان نظر آتا ہے؟

اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَآءِ سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ آسمان نظر آتا ہے' اور مشہور یہ ہے کہ یہ نیلگوں رنگ جو نظر آتا ہے یہ ہوا کا رنگ ہے' مگر اس کی نفی کی بھی کوئی دلیل نہیں' کہ یہی رنگ آسمان کا بھی ہو۔ (معارف مفتی اعظم)

وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا

اور زمین کو پھیلایا اور ڈالے اس میں

رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ

بوجھ اور اُگائی اس میں ہر ہر قسم کی

زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ۝٧ تَبْصِرَةً وَّذِكْرٰى

رونق کی چیز سجھانے کو اور یاد دلانے کو

لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ۝٨

اُس بندہ کے لئے جو رجوع کرے ☆

دانائی کا سامان ☆یعنی جو آدمی خدا کی طرف رجوع ہو محض ان ہی محسوسات کے دائرہ میں الجھ کر نہ رہ جائے اس کے لئے آسمان وزمین کی تخلیق و تنظیم میں دانائی و بینائی کے کتنے سامان ہیں جن میں ادنیٰ غور کرنے سے صحیح حقیقت تک پہنچ سکتا ہے اور بھولے ہوئے سبق اس کو یاد آسکتے ہیں پھر خدا جانے ایسی روشن نشانیوں کی موجودگی میں بھی یہ لوگ کیونکر حق کو جھٹلانے کی جرات کرتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ۔ مخلوق پر غور کر کے اپنے رب کی طرف لوٹنے والے بندے کے لئے چونکہ "عبدمنیب" کے لئے ہی یہ تخلیق تشیب وفراز بصیرت آفرین ہے' اس لئے منیب کا لفظ خاص طور پر ذکر کیا۔ (تفسیر مظہری)

وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا

اور اتارا ہم نے آسمان سے پانی برکت کا

فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الْحَصِيْدِ ۝٩

پھر اگائے ہم نے اُس سے باغ اور اناج جس کا کھیت کاٹا جاتا ہے ☆

☆اناج وہ ہے جس کے ساتھ اسکا کھیت بھی کٹ جائے اور باغ پھل ٹوٹ کر قائم رہتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيْدٌ ۝١٠

اور کھجوریں لمبی اُن کا خوشہ ہے تہ پر تہ ☆

☆یعنی بڑی کثرت و افراط سے جن کا خوشہ دیکھنے میں بھی بھلا معلوم ہوتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

بَاسِقَات کا معنی:

لمبے لمبے کھجور کے درخت یا باسقات کا معنی بوجھ اُٹھانے' بکری گابھن ہو جائے تو کہتے ہیں' بَسَقَتِ الشَّاةُ۔ کھجور کا درخت بہت اونچا بھی ہوتا ہے اور اس کے منافع بہت ہیں' اس لئے خصوصیت کے ساتھ اس کا ذکر کیا۔

کھجور کی فضیلت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا' درختوں میں ایک درخت ایسا ہے کہ اس کے پتے نہیں گرتے اس کی مثال ایسی ہے جیسے مسلمان۔ بتاؤ وہ کونسا درخت ہے؟ لوگوں کا خیال صحرائی درختوں کی طرف گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' وہ کھجور کا درخت ہے۔ رواہ البخاری' من حدیث ابن عمر۔

یہ بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا' اپنی پھوپھی یعنی کھجور کے درخت کی عزت کرو تمہارے باپ آدم کی جسمانی ساخت سے جو مٹی بچ رہی

besturdubooks.wordpress.com

تھی اس سے اس (درخت) کو بنایا گیا اور جس درخت کے نیچے مریم بنت عمران کے بطن سے (عیسیٰ کی) پیدائش ہوئی اس سے زیادہ معزز اللہ کے نزدیک اور کوئی درخت نہیں پس تم اپنے اہل وعیال کو کھجوریں کھلاؤ اور اگر کھجوریں نہ ہوں تو چھوارے کھلاؤ۔ رواہ ابن حاتم وابویعلیٰ فی المسند وابن عدی فی الکامل وابن السنی وابونعیم فی الطب وابن مردویہ عن علی رضی اللہ عنہ۔ (تفسیر مظہری)

رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ ۙ وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً
روزی دینے کو بندوں کے اور زندہ کیا ہم نے اُس سے ایک
مَّيْتًا ۭ كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ ۞
مردہ دیس کو یونہی ہوگا نکل کھڑے ہونا ☆

سبزہ کی طرح انسانی جسم اُگے گا

یعنی بارش برسا کر مردہ زمین کو زندہ کر دیا اسی طرح قیامت کے دن مردے زندہ کر دیئے جائیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

صحیحین نے حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' دونوں صور پھونکنے کے درمیان فاصلہ چالیس کا ہوگا۔ حاضرین نے پوچھا' ابوہریرہؓ! کیا چالیس دن (کا فاصلہ ہوگا) حضرت ابوہریرہؓ نے فرمایا' مجھے اس لفظ کے کہنے سے انکار ہے۔ لوگوں نے کہا تو کیا پھر چالیس مہینوں کی (مدت ہوگی) حضرت ابوہریرہؓ نے فرمایا' میں یہ بھی نہیں کہتا۔ لوگوں نے کہا تو کیا چالیس سال کی (مدت ہوگی) حضرت ابوہریرہؓ نے فرمایا' میں یہ بھی نہیں کہتا۔ لوگوں نے کہا تو کیا چالیس سال کی (مدت آپ کہنا چاہتے ہیں) فرمایا' مجھے کہنے سے بھی انکار ہے۔ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) پھر اللہ آسمان سے (پانی) نازل فرمائے گا' جس سے لوگ ایسے اگیں گے جیسے سبزہ اُگتا ہے۔ آدمی (کے بدن) کا ہر حصہ سوائے ایک ہڈی کے یعنی سوائے دم گزے کی ہڈی کے فنا ہو جاتا ہے قیامت کے دن اسی دم گزے (عُصعُص) کی ہڈی سے جوڑ کر انسانی جسم بنایا جائے گا۔ ابن ابی داؤد سے بھی اسی طرح کی حدیث بروایت حضرت ابوہریرہؓ آئی ہے۔ اس روایت میں یہ الفاظ (بھی) آئے ہیں کہ دونوں مرتبہ صور پھونکنے کے درمیان چالیس سال کا فصل ہوگا۔

ابن ابی حاتم نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ عرش کے نیچے سے پانی کا ایک نالہ دونوں مرتبہ صور پھونکنے کی درمیانی مدت میں بہکر آئے گا اور یہ درمیانی مدت چالیس سال کی ہوگی۔ اس پانی سے وہ تمام انسان چوپائے اور پرندے جو بوسیدہ فرسودہ ہو کر گل گئے ہوں گے (دوبارہ سبزہ کی طرح) اُگیں گے جو شخص ان کو پہلے (دنیا میں) پہچانتا ہوگا جب دوبارہ پیدا ہونے کے بعد ان کی طرف سے گذرے گا تو پہچان نہ سکے گا۔ اس کے بعد روحوں کو بھیجا جائے گا اور جسموں کے ساتھ ان کا جوڑ لگا دیا جائے گا۔ یہی مطلب ہے آیت وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ کا۔ (تفسیر مظہری)

اسرافیل کی نداء: احادیث میں ہے کہ جب قیامت قائم کرنے کے لئے اسرافیل علیہ السلام کو صور پھونکنے کا حکم ہوگا تو وہ یہ ندا کریں گے۔ ایھا العظام البالیہ والا وصال المتقطعہ والشعور المتفرقۃ ان اللہ یا مُرکن ان تجتمعن۔ کہ اے بوسیدہ ہڈیوں اور ٹکڑے ٹکڑے ہوئے جوڑو اور منتشر بالوں تم سب کو اللہ کا حکم ہے کہ جمع ہو جاؤ چنانچہ اس نداء ہی کے ساتھ انسانی اجزاء جہاں بھی اور جس حالت میں ہوں گے ایک جا جمع ہو جائیں گے اور اس طرح دوبارہ زندہ ہو کر میدان حشر میں جمع ہوں گے۔

ایک آدمی کا واقعہ: صحاح ستہ کی روایت میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ایک شخص نے پہلی امتوں میں سے جب مرنے لگا تو اس نے اپنے بیٹوں کو وصیت کی جب میں مرجاؤں تو میری لاش کو جلانا اور جلا کر راکھ کر دینا اور جب میں جل کر راکھ ہو جاؤں تو اس میں سے نصف راکھ سمندر میں بہا دینا اور نصف ہواؤں میں اڑا دینا اور ایک روایت میں یہ لفظ ہے کہ جس روز تیز ہوائیں چل رہی ہوں اس روز راکھ ہوا میں اڑا دینا اور ایک روایت میں ہے کہ خدا کی قسم اگر اللہ تعالیٰ کو مجھ پر دوبارہ اٹھانے کی قدرت ہوگی تو وہ مجھ کو ایسا عذاب دے گا کہ جہاں والوں میں سے کسی کو ایسا عذاب نہ ہوگا (گویا اس کے نزدیک یہ شکل عدم محض کے درجہ میں ہو جانے کی تھی اور اس حالت کے بعد اس کو تصور نہ تھا کہ پھر دوبارہ زندگی کا امکان ہوگا وہ قدرت خداوندی پر یقین تو رکھتا تھا مگر اس کے احاطۂ فکر میں قدرت خداوندی کی یہی حد تھی کہ کوئی مردہ اپنے جسم کے ساتھ زمین میں موجود ہو تو بس اس کو دوبارہ اٹھا لیا جائے گا) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اس شخص کے مرنے کے بعد ایسا ہی کیا گیا۔ حق تعالیٰ نے سمندر کو حکم دیا۔ اس میں جو اجزاء تھے وہ اس نے جمع کر لئے۔ ہواؤں کو حکم ہوا' ہوا نے جو ریزے اس میں منتشر تھے انکو جمع کر لیا اور حق تعالیٰ نے اس کو زندہ کر کے سوال فرمایا۔ اے میرے بندے یہ بات تو نے کس وجہ سے کی عرض کرے گا اے پروردگار تیرے ڈر سے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بارگاہ خداوندی سے اس کے اس تقویٰ اور خشیت پر مغفرت فرما دی جائے گی۔ ۱۲۔

عبرت ونصیحت: بارش برسنے سے زمین بنجر کے شاداب ہونے اور زمین کی تہوں سے سبزے' غلے' پھل اور پھول کی پیدائش کے مناظر کو دیکھ کر اقرار کر لینا چاہئے كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى کہ اللہ تعالیٰ مردوں کو بھی بس اسی طرح زمین سے یا جہاں بھی ہوں قیامت کے روز میدان حشر میں اٹھائے گا اور جمع کرے گا۔ (معارف کاندھلوی)

besturdubooks.wordpress.com

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَّأَصْحٰبُ
جھٹلا چکے ہیں اُن سے پہلے نوح کی قوم اور کنویں
الرَّسِّ وَثَمُودُ ﴿۱۲﴾ وَعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ
والے اور ثمود اور عاد اور فرعون
وَإِخْوَانُ لُوطٍ ﴿۱۳﴾ وَّأَصْحٰبُ الْأَيْكَةِ
اور لوط کے بھائی اور بن کے رہنے والے اور
وَقَوْمُ تُبَّعٍ
تبع کی قوم☆

☆ان اقوام کے قصے سورہ حجر، فرقان، دخان وغیرہ میں گزر چکے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اصحاب الرّس کون لوگ ہیں؟

اصحاب الرّس' لفظ رس عربی زبان میں مختلف معنی کے لئے آتا ہے مشہور معنی یہ ہیں کہ کچے کنویں کو رس کہا جاتا ہے۔ جو اینٹ پتھر وغیرہ سے پختہ نہ کیا گیا ہو' اصحابُ الرس سے مراد قوم ثمود کے باقی ماندہ لوگ ہیں جو عذاب کے بعد باقی رہے' ضحاک وغیرہ مفسرین نے ان کا قصہ یہ لکھا ہے کہ جب حضرت صالح علیہ اسلام کی قوم (ثمود) پر عذاب آیا تو ان میں سے چار ہزار آدمی جو حضرت صالح علیہ السلام پر ایمان لا چکے تھے وہ عذاب سے محفوظ رہے' یہ لوگ اپنے مقام سے منتقل ہو کر حضر موت میں جا کر مقیم ہو گئے' حضرت صالح علیہ اسلام بھی لن کے ساتھ تھے' ایک کنویں پر جا کر یہ لوگ ٹھہر گئے' اور حضرت صالح علیہ السلام کی وفات ہو گئی' اس لئے اس جگہ کا نام حَضَرَ مَوْتٌ (یعنی موت حاضر ہو گئی) ہے۔ یہ لوگ یہیں رہ پڑے' پھر ان کی نسل میں بُت پرستی شروع ہو گئی' ان کی اصلاح کے لئے حق تعالیٰ نے ایک نبی کو بھیجا' جس کو انہوں نے قتل کر ڈالا' اُن پر خدا تعالیٰ کا عذاب آیا' ان کا کنواں جس پر ان کی زندگی کا انحصار تھا وہ بیکار ہو گیا۔ اور عمارتیں ویران ہو گئیں' قرآن کریم نے اسی کا ذکر اس آیت میں فرمایا ہے وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيدٍ یعنی چشم عبرت والوں کے لئے ان کا بیکار پڑا ہوا کنواں اور پختہ بنے ہوئے محلات ویران پڑے ہوئے عبرت کے لئے کافی ہیں۔

أَصْحٰبُ الْأَيْكَةِ۔ ایکہ گھنے جنگل اور بن کو کہتے ہیں' یہ لوگ ایسے ہی مقام پر آباد تھے' حضرت شعیب علیہ السلام اُن کی طرف نبی بنا کر بھیجے گئے' انہوں نے نافرمانی کی' بالآخر عذاب الٰہی سے تباہ و برباد ہوئے۔ (معارف مفتی اعظم)

بعض مقاتل اور سدی نے کہا رس انطاکیہ میں ایک کنواں تھا جس میں حبیب نجار کو (لوگوں نے پھینک کر) شہید کر دیا تھا انہیں لوگوں کا ذکر سورۂ یٰسین میں کیا ہے۔

بعض علماء نے کہا' اصحاب الاخدود ہی اصحاب الرس تھے' انہوں نے ہی وہ کنواں کھودا تھا۔ عکرمہ نے کہا' ان لوگوں نے کنویں میں اپنے نبی کو پاٹ دیا تھا۔

قوم ثمود: اس قوم نے پیغمبروں کی تکذیب کی ان کے بھائی صالح (پیغمبر) نے ان سے کہا تم اللہ سے کیوں نہیں ڈرتے۔ میں تمہاری ہدایت کے لئے امانتدار پیغمبر (بنا کر بھیجا گیا) ہوں۔ میرا کہا مانو اللہ سے ڈرو کہنے لگے تیرے اوپر تو جادو کر دیا گیا ہے تو ہم جیسا آدمی ہے (پیغمبر نہیں ہے) اگر تو سچا ہے تو کوئی نشانی پیش کر حضرت صالحؑ کی دعا سے ایک دس ماہ کا گابھن اونٹنی ایک پتھر سے برامد ہوگئی اور اس کا بچہ بھی اسی جیسا پیدا ہو گیا۔

یہ اونٹنی ایک دن سارا پانی پی جاتی تھی اور دوسرے دن دوسرے جانوروں کے لئے چھوڑ دیتی تھی (اس طرح ایک دن کا پانی اونٹنی کا اور ایک دن کا پانی قوم کے جانوروں کا مقرر کر دیا گیا تھا) حضرت صالحؑ نے کہہ دیا پانی کا ایک مقرر حصہ (یعنی ایک دن کا پانی) اونٹنی کا ہے اور ایک دن کا تم لوگوں کا۔ اس کو تکلیف دینے کے لئے ہاتھ بھی نہ لگانا' ورنہ سخت عذاب تم کو آ پکڑے گا' لیکن ان لوگوں نے اونٹنی کی کونچیں کاٹ دیں پھر پشیمان بھی ہوئے (مگر بیکار) حضرت صالحؑ نے کہہ دیا تین روز تک اپنے گھروں میں مزے اُڑاؤ (اس کے بعد عذاب نازل ہو جائے گا) یہ دھمکی جھوٹی نہیں ہے غرض عذاب آ گیا صالحؑ اور ان کے ساتھ وہ لوگ جو ایمان لے آئے تھے عذاب سے محفوظ رہے اور ظالموں کو ایک چیخ نے پکڑ لیا اور سب کے گھروں میں زمین سے چمٹے ہوئے مردہ ہو گئے۔

قوم عاد: اور قوم عاد نے پیغمبروں کو جھٹلایا اُن کے بھائی ہودؑ (پیغمبر) نے کہا کیا تم اللہ کے عذاب سے نہیں ڈرتے' میں رسول امین ہوں' تمہاری ہدایت کے لئے آیا ہوں' اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو غرض اللہ نے ایک تیز طوفان بھیج کر ان کو ہلاک کر دیا طوفان ان پر سات رات اور آٹھ دن مسلّط رہا جس نے ان کو بیخ و بن سے اکھاڑ کر پھینک دیا لمبے لمبے زمین پر ایسے پڑے تھے جیسے درخت کھجور کے کھوکھلے تنے۔

فرعون اور اس کی قوم: اور فرعون اور اس کی قوم عمالقہ نے (تکذیب کی) اللہ نے موسیٰؑ اور ہارون کو اس کے پاس بھیجا اور فرمایا' فرعون کے پاس جاؤ وہ سرکش ہو گیا ہے اس سے کہو کیا تو پاک ہونے کا خواہشمند ہے اور کیا تو چاہتا ہے کہ میں تجھے تیرے رب تک پہنچنے کا راستہ بتاؤں اور تیرے اندر خشیت پیدا ہو جائے موسیٰؑ نے اس کو بڑا معجزہ دکھایا زمین پر اپنی لاٹھی کو پھینک دیا وہ فوراً سانپ بن کر دوڑنے لگی اور ایک اور نشانِ نبوت بھی دکھایا اپنے گریبان میں اپنا ہاتھ ڈال کر باہر نکالا تو بغیر کسی بیماری وہ گورا (آفتاب کی

besturdubooks.wordpress.com

طرح چمکیلا) ہوکر برآمد ہوا۔ لیکن فرعون نے موسیٰؑ کی تکذیب کی اور منہ پھیر کر (اپنے درباریوں سے) کہنے لگا میں تم سب کا رب اعلیٰ ہوں اللہ نے موسیٰؑ کے پاس وحی بھیجی کہ میرے بندوں کو رات کو باہر نکال کر (مصر سے) لے جاؤ (موسیٰؑ نے حکم کی تعمیل کی' جب دریا پر پہنچے تو متحیر ہو گئے کہ دریا کو عبور کیسے کریں اللہ نے فرمایا) اپنی لاٹھی دریا پر مارو۔ موسیٰؑ نے پانی میں لاٹھی ماری پانی پھٹکر ادھر اُدھر بڑے پہاڑ کی طرح ہو گیا اور راستہ پایاب نکل آیا' موسیٰؑ بنی اسرائیل کو لے کر دریا میں گھس پڑے' اس طرح اللہ نے موسیٰؑ اور بنی اسرائیل کو فرعون کے پنجہ سے نجات دیدی۔

فرعون اور اس کے لشکر نے بنی اسرائیل کا پیچھا کیا اور موسیٰؑ کے پیچھے وہ بھی دریا میں گھس گئے۔ فوراً دریا کی ایک عظیم الشان موج آئی اور ان پر چھا گئی۔ جب فرعون ڈوبنے لگا تو بول اُٹھا میں نے مان لیا کہ سوائے اس کے جس پر بنی اسرائیل ایمان رکھتے ہیں اور کوئی معبود نہیں اور میں اس کے فرماں برداریوں میں سے ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا' اب ایمان لایا اور اس سے پہلے نافرمانی کرتا رہا اور تباہی پھیلانے والوں میں سے تھا' آج تیرا رب تیری لاش کو بچالے گا تا کہ آنے والے لوگوں کے لئے تو عبرت بن جائے۔ الخ

اخوان لوط: اور لوطؑ کے بھائی بندوں' یعنی قوم والوں نے پیغمبروں کو جھٹلایا' ان کے بھائی لوطؑ نے کہا' کیا تم اللہ سے نہیں ڈرتے میں امانت دار قاصد ہوں' تمہارے پاس مجھے بھیجا گیا ہے۔ اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو' سارے جہان میں کیا (تم ہی ایسے بے حیا ہو کہ) مردوں پر چڑھ بیٹھتے ہو اور تمہارے رب نے جو (عورتیں) تمہارے لئے پیدا کی ہیں ان سے ترک تعلق کرتے ہو' بلا شبہ تم حد سے آگے بڑھ جانے والے لوگ ہو کہنے لگے۔ لوط! اگر تو اپنی اس نصیحت سے باز نہیں آیا تو بستی سے نکال دیا جائے گا لوطؑ نے کہا' مجھے تمہارے عمل سے سخت نفرت ہے آخر اللہ نے لوطؑ کو اور سواء بیوی کے باقی اہل وعیال کو عذاب سے محفوظ رکھا۔ بیوی پیچھے رہنے والوں (یعنی کافروں) میں سے تھی (اس لئے ہلاک کر دی گئی) اللہ نے ان پر کنکر یلے پتھر جو (ہر ایک کے لئے الگ الگ) نشان زدہ تھے' برسائے۔

وَقَوْمُ تُبَّعٍ ۔ بغوی نے لکھا ہے قتادہ نے بیان کیا تبع یمن کے بادشاہوں میں سے ایک حمیری بادشاہ تھا' یہ اپنی فوجیں لے کر حیرہ اور سمرقند تک گیا تھا' اس کے تابع بہت زیادہ لوگ تھے' اسی لئے اس کو تبع کہا جاتا تھا۔ تبع بھی بہت تھے اور چونکہ ایک دوسرے کے پیچھے (بغیر فصل) کے بادشاہ ہوتا تھا۔ اس لئے ان میں سے ہر ایک کو تبع کہا جاتا ہے۔ تبع پہلے آتش پرست تھا پھر اسلام لے آیا اور اپنی قوم کو بھی اسلام کی دعوت دی۔

محمد بن اسحاق وغیرہ نے بوساطت عکرمہ حضرت ابن عباسؓ وغیرہ کا بیان نقل کیا ہے کہ آخری تبع اسعد بن ابو کرب بن ملیک بن یکرب تھا اسعد مشرق سے آتے ہوئے مدینہ پر سے گذرا اور مدینے میں اپنا ایک بیٹے کو اپنا قائم مقام بنا کر خود چلا گیا بیٹے کو کسی نے قتل کر دیا یہ خبر پا کر اسعد مدینہ کو اس بات کا پختہ ارادہ کر کے آیا کہ مدینہ کو بیخ دبن سے اُکھاڑ دے گا۔ انصار کے اس قبیلہ (یعنی اوس اور خزرج) کو جب اسعد کے اس ارادے کی اطلاع ملی تو اسعد سے لڑنے اور مقابلہ کرنے کے لئے مدینہ کے باہر جمع ہو گئے۔

قبائل انصار اسعد کے لشکر سے دن میں تو لڑتے تھے اور رات کو ان کی مہمانی کرتے (یعنی کھانا کھلاتے) تھے۔ اسعد کو اس پر بڑا تعجب ہوا کہنے لگا یہ بڑے شریف لوگ ہیں۔

انہی ایام میں بنی قریظہ کے دو یہودی عالم کعب اور اسدٗ اسعد کے پاس آئے اور عرض کیا بادشاہ سلامت آپ کو اپنے ارادے سے باز آ جانا چاہئے اگر آپ اپنی ضد پر قائم رہے تب بھی آپ کو مراد حاصل نہ ہوگی۔ کوئی (غیبی) رکاوٹ پڑ جائے گی۔ اس صورت میں آپ کی (غیبی) فوری مصیبت سے مامون نہیں رہیں گے۔ یہ ایک نبی کی ہجرت گاہ ہے' جو اس قبیلہ قریش میں پیدا ہوگا' اس کا نام محمد ہوگا' مکہ اس کی جائے پیدائش اور مدینہ مقام ہجرت ہے۔ یہاں جس جگہ آپ اُترے ہیں اسی جگہ اس نبی کے ساتھیوں کی اور اس کے دشمنوں کی لڑائی ہوگی' جس میں کچھ لوگ مجروح و مقتول ہوں گے' اسعد نے کہا' جب وہ نبی ہوگا تو اس سے لڑے گا کون؟ کعب اور اسد نے کہا اس کی قوم والے یہاں آ کر اس سے لڑیں گے۔

یہودیوں کی یہ باتیں سن کر اسعد اپنے خیال سے باز آ گیا۔ دونوں عالموں نے اس کو اپنے دین یعنی اصل یہودی مذہب کی طرف بُلایا تو اس نے یہ دعوت قبول کر لی اور یہودی دین اختیار کر لیا۔ اور دونوں عالموں کی بڑی عزت کی اور مدینہ سے واپس چلا گیا۔ واپسی میں ان دونوں کو اور کچھ اور یہودیوں کو ساتھ لے کر یمن جانے کے ارادے سے روانہ ہو گیا۔ واپسی میں ان دونوں کو اور کچھ اور یہودیوں کو ساتھ لے کر یمن جانے کے ارادے سے روانہ ہو گیا۔ راستہ میں قبیلہ ہُذیل کے کچھ آدمی اس سے ملے اور کہنے لگے ہم آپ کو ایک ایسا گھر بتاتے ہیں جس کے اندر موتیوں اور زبرجد اور چاندی کا خزانہ (مدفون) ہے اسعد نے کہا مکہ میں ایسا کونسا گھر ہو سکتا ہے؟ حقیقت میں بنی ہذیل نے اسعد کو ہلاک کرنا چاہا تھا۔ کیونکہ ان کو معلوم تھا کہ بیت اللہ کے متعلق بُرا ارادہ رکھنے والا ہلاکت سے بچ نہیں سکتا۔

یہودی علماء سے جب اس کا ذکر کیا گیا تو انہوں نے کہا اس (کعبہ) کے علاوہ کوئی اور ایسا گھر ہمارے علم میں نہیں ہے (جس کے متعلق بُرا ارادہ کرنے والا ہلاک نہ کر دیا گیا ہو) آپ اسی گھر کو عبادت خانہ بنالیں۔ اس کا حج کریں' قربانی کریں اور اس کے پاس سر منڈوائیں۔

یہودی عالموں سے جب اسعد نے یہ بات سنی تو ہذیل کے ان آدمیوں کو جنہوں نے اسعد کو اغوا کرنا چاہا تھا' پکڑ کر ہاتھ پاؤں کٹوا کر' آنکھوں میں سلائی پھیر کر صلیب پر لٹکوا دیا' پھر مکہ میں جا کر شعب مصالح میں اُترا اور کعبہ

besturdubooks.wordpress.com

کو غلاف پہنایا۔ اسعد ہی پہلا شخص تھا جس نے کعبہ کو غلاف پوش کیا۔ شعب میں چھ ہزار اونٹوں کی قربانی کی چھ دن یہاں قیام کیا' طواف کیا اور سر منڈوایا' پھر واپس چلا گیا۔ جب یمن کے قریب پہنچا اور حدود یمن میں داخل ہونا چاہا تو قبیلہ حمیر والوں نے یمن میں داخلہ سے روکا اور کہا' تم نے ہمارا مذہب چھوڑ دیا۔ اس لئے یمن کے اندر تم داخل نہیں ہو سکتے' اسعد نے حمیر والوں کو مذہب یہودیت کی دعوت دی اور کہا یہ دین تمہارے دین سے بہتر ہے۔ حمیر والوں نے کہا' چلو آگ کے پاس یہ معاملہ رکھو آگ سے فیصلہ کرواؤ۔

یمن کے اندر ایک پہاڑ کے نشیب میں ایک آگ تھی لوگ نزاعی معاملات اس کے پاس لے جاتے تھے۔ آگ (غار کے اندر سے) نکل کر ظالم کو کھا جاتی تھی اور مظلوم کو کچھ بھی ضرر نہیں پہنچاتی تھی۔ تبع نے کہا' تم نے یہ بات انصاف کی کہی۔ چنانچہ حمیر والے اپنے بتوں کو اور ان کے دین پر جو بھینٹ کی چیزیں ہوئی تھیں ان سب کو لے کر نکلے اور دونوں یہودی عالم اپنی مذہبی کتابیں گلے میں ڈال کر برآمد ہوئے اور یہ سب لوگ اس جگہ جا کر بیٹھ گئے جہاں سے آگ نکلتی تھی کچھ دیر کے بعد آگ نکلی اور سب کو ڈھانک لیا۔ بتوں کو اور بھینٹ کے سامان کو تو کھا لیا اور یہودی عالم جن کی گردنوں میں مذہبی صحیفے آویزاں تھے برابر ان کو پڑھتے رہے۔ پیشانی سے پسینہ تو بہنے لگا اور کوئی ضرر نہیں پہنچا آگ جہاں سے نکلی تھی وہیں واپس چلی گئی اس کے بعد حمیر والوں نے بھی بالاتفاق اصل دین یہودیت اختیار کر لیا۔

ابو حاتم نے رقاشی کا قول نقل کیا ہے کہ ابو کرب اسعد حمیری تبابعہ میں سے تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے سات سو برس پہلے ہی آپ پر ایمان لے آیا تھا۔

ہم سے بیان کیا گیا ہے کہ کعب نے کہا اللہ نے تبع کی قوم کی تو مذمت کی تبع کی مذمت نہیں کی۔

حضرت عائشہؓ فرماتی تھیں تبع کو بُرا مت کہو وہ اسلام لے آیا تھا' حضرت ابو ہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' مجھے نہیں معلوم کہ تبع نبی تھے یا نہ تھے۔

کُلٌّ۔ یعنی ہر ایک شخص نے یا ہر امت نے یا سب نے پیغمبروں کی تکذیب کی تمام پیغمبروں کی تکذیب ہے اس لئے کَذَّبَ الرُّسُلَ (بصیغہ جمع) فرمایا' یا یوں کہا جائے کہ ان میں سے کوئی بھی اللہ کی توحید پر ایمان نہیں رکھتا تھا' سب کے سب توحید ہی کے منکر تھے اس لئے پیغمبروں کے آنے کے منکر بدرجہ اولیٰ تھے۔ (تفسیر مظہری)

كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيْدِ ﴿١٤﴾
ان سب نے جھٹلایا رسولوں کو پر ٹھیک پڑا میرا ڈرانا ☆

تکذیب انبیاء کا انجام ☆ یعنی تکذیب انبیاء پر جس انجام سے ڈرایا گیا تھا وہ ہی سامنے آ کر رہا۔ (تفسیر عثمانی)

اَفَعَيِيْنَا بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ ۭ بَلْ هُمْ
اب کیا ہم تھک گئے پہلی بار بنا کر کوئی نہیں
فِيْ لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿١٥﴾ ع
اُن کو دھوکا ہے ایک نئے بنانے میں ☆

غلط گمان ☆ یعنی دوبارہ نئے سرے سے پیدا کرنے میں انہیں فضول دھوکا لگ رہا ہے۔ جس نے پہلی بار پیدا کیا دوسری مرتبہ پیدا کر دینا کیا مشکل ہے؟ کیا یہ گمان کرتے ہو کہ (معاذ اللہ) وہ پہلی دفعہ دنیا کو بنا کر تھک گیا ہوگا؟ اس قادر مطلق کی نسبت ایسے توہمات قائم کرنا سخت جہالت اور گستاخی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

ترکیب نحوی: اَفَعَيِيْنَا۔ میں ہمزہ انکاری ہے اور ف عاطفہ تعقیبیہ ہے' آیت اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَآءِ الخ پر اس کا عطف ہے اور كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ سے آخر تک معترضہ جملے ہیں۔

خلاصہ آیت: ہم نے آسمان کو بغیر کسی شگاف اور رخنہ کے بنایا۔ زمین کو پھیلایا' پہاڑوں کو جمایا' آسمان سے پانی برسایا۔ پانی سے کھیتوں کو اگایا اور تمہارا مشاہدہ اور اعتراف ہے کہ ہم پہلی مرتبہ ان سب چیزوں کو پیدا کرنے سے عاجز نہیں ہوئے تو دوبارہ تخلیق سے کس طرح عاجز ہو سکتے ہیں۔ تخلیق اول' تخلیق دوئم سے آسان نہیں تھی' پھر کیا وجہ کہ تخلیق اول کا اعتراف کرنے والے تخلیق ثانی کے منکر ہیں۔

فِيْ لَبْسٍ۔ لبس کا معنی ہے مخلوط ہو جانا' مشتبہ ہو جانا' اس جگہ مراد ہے شک۔ لبس کا لغوی ترجمہ ہے چھپانا۔ شک کی حالت میں بھی باطل حق کے ساتھ مخلوط ہو جاتا ہے اور حق کو چھپا لیتا ہے۔

ابن آدم کی نالائقی: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' اللہ فرماتا ہے۔ آدم کے بیٹے نے میری تکذیب کی۔ اور یہ تکذیب اس کو سزاوار نہ تھی۔ اس نے مجھے گالی دی اور یہ اس کے لئے جائز نہیں تھا۔ تکذیب تو یہ کی کہ اس نے کہا' خدا نے پہلی مرتبہ جو مجھے پیدا کر دیا اب دوبارہ مجھے پیدا نہیں کر سکے گا۔ حالانکہ تخلیق اول میرے لئے تخلیق ثانی سے آسان نہیں تھی اور مجھے گالی اس نے اس طرح دی (کہ اس نے میرے لئے اولاد قرار دی) اور اس نے کہا کہ اللہ نے اپنے لئے صاحب اولاد ہونا اختیار کیا۔ حالانکہ میں اکیلا ہوں' بے نیاز ہوں' نہ کسی کا والد ہوں نہ مولود نہ کوئی میرا ہمسر ہے۔ رواہ البخاری عن ابی ہریرہ وابن عباسؓ۔ (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ وَنَعْلَمُ

اور البتہ ہم نے بنایا انسان کو اور ہم جانتے ہیں

مَا تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ ۚۖ

جو باتیں آتی رہتی ہیں اُسکے جی میں ☆

وسوسہ کا معنی و مراد ☆ یعنی اس کے ہر قول و فعل سے ہم خبردار ہیں حتیٰ کہ جو وساوس و خطرات اس کے دل میں گزرتے ہیں انکا بھی ہم کو علم ہے" اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَهُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ "۔ (تفسیر عثمانی)

مَا تُوَسْوِسُ ۔ وسوسہ کا لغوی معنی ہے پوشیدہ (چپکے کی) آواز۔ اس جگہ مراد ہے دل میں پیدا ہونے والا خیال۔ یعنی ہم نے انسان کو اور ہر چیز کو خواہ جوہر ہو یا عرض اپنے ارادہ اور اختیار سے پیدا کیا اور تخلیق بالارادہ اُسی وقت ہو سکتی ہے جب اس سے پہلے اس کا علم ہو (علم کے بغیر ارادے کا کوئی معنی نہیں) (تفسیر مظہری)

وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ

اور ہم اُس سے نزدیک ہیں دھڑکتی

الْوَرِيْدِ ﴿۱۶﴾

رگ سے زیادہ ☆

قرب علمی ☆ گردن کی رگ مراد ہے جسے "شہ رگ" کہتے ہیں اور جس کے کٹنے سے انسان مرجاتا ہے شاید یہ کنایہ ہو جان اور روح سے۔ مطلب یہ ہوا کہ ہم باعتبار علم کے اسکی روح اور نفس سے بھی نزدیک تر ہیں یعنی جیسا علم انسان کو اپنے احوال کا ہے ہم کو اس کا علم خود اس سے بھی زیادہ ہے نیز علت اور منشاء کو معلول اور ناشئی کے ساتھ وہ قرب حاصل ہوتا ہے جو معلول اور ناشئی کو خود اپنے نفس سے بھی نہیں ہوتا اس کا کچھ مختصر بیان " اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ " کے حواشی میں ہو چکا ہے حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں کہ "اللہ اندر سے نزدیک ہے اور رگ آخر باہر ہے جان سے" ونعم ما قیل۔

ے جان نہاں در جسم و او در جاں نہاں
اے نہاں اندر نہاں اے جان جاں

(تفسیر عثمانی)

عام و خاص قرب: آیت میں انسان سے خدا کا قرب جو مستفاد ہو رہا ہے اس میں کوئی خصوصیت نہیں نہ کافر کو نہ مؤمن کی نہ کسی اور مخلوق کی۔ ساری کائنات سے اللہ قریب تر ہے یہاں تک کہ کافروں سے بھی۔ اس قرب عام کے علاوہ اللہ کا ایک اور قرب خاص بھی ہے مذکورہ قرب عمومی اور اس قرب خصوصی میں صرف نام کا اشتراک ہے (دونوں کو قرب ہی کہا جاتا ہے) لیکن حقیقت دونوں کی جدا جدا ہے۔ اس قرب کا ادراک بھی نور فراست اور کتاب و سنت سے ہوتا ہے اللہ نے فرمایا ہے۔ لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ دوسری جگہ فرمایا: اللہ مَعَنَا۔ تیسری آیت میں فرمایا۔ اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ۔ ایک اور آیت میں آیا ہے عِنْدَ ذِی الْعَرْشِ مَکِیْنٍ اور اور جگہ آیا ہے عِنْدَ مَلِیْکٍ مُّقْتَدِرٍ ایک دوسرے مقام پر فرمایا فَتَدَلّٰی فَکَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ قول نقل فرمایا ہے۔ نوافل کے ذریعہ سے بندہ برابر میرے قریب ہوتا جاتا ہے اسی مقام قرب کو ولایت کہتے ہیں اس کے مدارج و مراتب بے شمار ہیں اس کے برعکس وہ بُعد (دور) ہے جو کافروں کے لئے مخصوص ہے۔ اللہ نے فرمایا ہے اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ ۔ اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ۔ الا بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ۔

ترکیب نحوی: حبل (رسی) یعنی رگ۔ ورید حبل کا بیان ہے جیسے شجرۃ الاراک اور یوم الجمعہ میں اضافت بیانیہ ہے۔

ورید: گلے کے دائیں بائیں دو رگیں ہیں جن کا تعلق اور اتصال دل کی رگ سے ہے ان دونوں کو ورید کہا جاتا ہے۔ ورید کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ یہ دونوں سر سے اُتر کر گردن کی طرف آتی ہیں۔ بعض نے کہا روح اس رگ کی طرف اترتی ہے (معلوم نہیں روح سے کونسی روح مراد ہے طبعی یا نفسانی یا حیوانی یا شرعی روح)۔

قرب سے کیا مراد ہے: قریب ہونے سے کیا مراد ہے۔ بعض علماء کے نزدیک قرب علمی مراد ہے (کیونکہ ذات خداوندی تو ہر مکان سے بالا اور منزہ ہے۔ وہ نہ جسم ہے نہ جسمانی ہر قرب و بعد مکانی سے پاک ہے)۔

بیضاوی نے اسی قول کو پسند کیا ہے مطلب یہ ہے کہ حبل اور ورید سے قریب ترین شخص سے بھی زیادہ قریب ہمارا علم ہے۔ ہم انسان کو اس شخص سے بھی زیادہ جانتے ہیں جو انسان کی شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہو۔ قرب ذات سے مراد مجازاً قرب علمی ہے کیونکہ قرب شخصیت سے قرب علمی حاصل ہوتا ہے (مسبب بول کر سبب مراد لینا مجاز کی ایک قسم ہے) حبل الورید کو قرب کامل ظاہر کرنے کے لئے بطور مثال بیان کیا جاتا ہے۔ عرب کہتے ہیں۔ موت ورید سے بھی زیادہ میرے قریب ہے۔

بغوی نے یہ مطلب بیان کیا ہے کہ ہم انسان کو اتنا زیادہ جانتے ہیں کہ وہ اپنے آپ کو بھی اتنا نہیں جانتا کیونکہ انسان کے بعض اجزاء دوسرے اجزاء کے علم کے لئے حاجب اور مانع ہو جاتے ہیں لیکن اللہ کے علم کے لئے کوئی چیز حاجب نہیں ہو سکتی۔ اس مطلب پر یہ کہنا صحیح ہوگا کہ طبیب حبل الورید سے بھی زیادہ مریض کے قریب ہوتا ہے۔ کیونکہ طبیب مریض کی صحت و بیماری کی جو

besturdubooks.wordpress.com

حالت جانتا ہے وہ مریض خود اپنی نہیں جانتا اگرچہ طبیب کا علم استدلالی ہوتا ہے۔ (اور مریض کا علم وجدانی) خصوصاً اگر کوئی چیز بالکل معدوم العلم اور مفقود العقل ہو تو وہ اپنے متعلق کچھ بھی نہیں جانتا دوسرا شخص اس کے کچھ حالات جانتا ہے' مثلاً آسمان مفقود العلم محروم الفہم ہے اپنے آپ کو کچھ نہیں جانتا تو وہ کہنا صحیح ہوگا کہ میں آسمان سے اتنا قریب ہوں کہ آسمان خود اپنے آپ سے اتنا قریب نہیں ہے۔ پس اگر اللہ کے اقرب ہونے کے یہی معنی ہیں کہ مخلوق اپنے نفس کو اتنا نہیں جانتی جتنا اس کو اللہ جانتا ہے تو یہ خدا کے علم پر محدود نہیں ہے (ہر علم والا معدوم العلم کے احوال اتنے جانتا ہے جتنا وہ خود نہیں جانتا اس لئے کہنا پڑے گا کہ ہر علم رکھنے والا مفقود العلم سے اتنا قریب ہے کہ وہ اپنے آپ سے اتنا قریب نہیں ہے) اللہ کی اقربیت بایں معنی میرے نزدیک صحیح نہیں ہے۔

صوفیاء کا قول: صوفیہ کہتے ہیں مخلوق سے اللہ کی اقربت ذاتی ہے نہ زمانی ہے نہ مکانی نہ کیفی (نہ مقداری) اللہ کی اس اقربت کا ادراک نور فراست سے حاصل ہوتا ہے۔ حواس یا عقلی استدلال سے حاصل نہیں ہوتا۔

زیادہ سے زیادہ اقربیت خداوندی کو قابل فہم بنانے کے لئے یوں کہا جا سکتا ہے کہ سارا جہان اپنے وجود اور بقائے وجود کے لئے واجب کا کا ایسا ہی محتاج ہے جیسے سایہ اصل کا محتاج ہوتا ہے۔

میر باقر نے افق المبین میں صراحت کر دی ہے کہ ثبوت وجود للماہیۃ تقرر ماہیت کی فرع ہے۔

صوفیہ تمام عالم کی نسبت دائرہ ظلال کی جانب اور ظلال کی نسبت صفات کی جانب اور صفات کی نسبت ذات کی جانب کرتے ہیں۔ اور ظلال کے مدراج بہت ہیں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ ان للہ سبعین الف الخ اللہ کے لئے نور وظلمت کے ستر ہزار حجاب ہیں اگر وہ کھول دے تو اس کے چہرے کے چکارے (جلوے) حد نظر تک ساری خلوق کو جلا ڈالیں۔ اسی طرح صفات کے مدراج غیر متناہی ہیں۔ اللہ نے خود فرمایا ہے۔ اگر زمین میں جتنے درخت ہیں وہ سب قلم بن جائیں اور سمندر روشنائی ہو جائیں اور سات سمندر اور (روشنائی بننے میں) ان کی مدد کریں (اور صفات الٰہیہ کو لکھیں) تو کلمات اللہ (یعنی صفات خداوندی ختم نہیں ہوں گی) ایک اور آیت میں فرمایا ہے' جو کچھ تمہارے پاس ہے وہ ختم ہونے والا ہے اور اللہ کے پاس جو کچھ ہے وہ باقی رہنے والا (یعنی غیر فانی اور غیر مختتم) ہے۔

حضرت مجدد قدس سرہٗ نے فرمایا: اللہ سبحانہٗ وراء الوراء ہے' پھر وراء لوراء ہے' پھر وراء الوراء ہے' اس کے جہت میں قرب ہے دوری نہیں ہے۔ یعنی ظلال صفات کا ممکن سے قرب اتنا زیادہ ہے کہ ممکن کا اپنی ذات سے بھی اتنا قرب نہیں ہے اور صفاتِ خداوندی کا ممکن سے قرب اتنا زیادہ ہے کہ ممکن کا اپنی ذات سے بھی اتنا قرب نہیں ہے اور صفات خداوندی کا ممکن سے قرب اتنا زائد ہے کہ نہ اتنا قرب ممکن کا اپنی ذات سے ہے نہ ظلال کا ممکن کی ذات سے اور اللہ کا قرب ممکن سے اتنا زیادہ ہے کہ اتنا قرب نہ ممکن کا اپنی ذات سے ہے' نہ ظلال صفات کا نہ صفات کا۔ (تفسیر مظہری)

یہ قرب وتقرب جو عبادات کے ذریعہ حاصل کیا جاتا ہے اور انسان کے اپنے کسب وعمل کا نتیجہ ہوتا ہے یہ صرف مؤمن کے لئے مخصوص ہے' اور ایسے مؤمنین اولیاء اللہ کہلاتے ہیں' جن کو حق تعالیٰ کے ساتھ یہ تقرب حاصل ہو یہ اتصال وقرب اس قرب کے علاوہ ہے جو حق تعالیٰ کو ہر انسان مؤمن وکافر کی جان کے ساتھ یکساں ہے' غرض مذکورہ آیات وروایات اس پر شاہد ہیں کہ انسان کو اپنے خالق ومالک کے ساتھ ایک خاص قسم کا اتصال حاصل ہے گو ہم اس کی حقیقت اور کیفیت کا ادراک نہ کر سکیں' مولانا رومی نے اسی کو فرمایا ہے۔

اتصالے بے مثال و بے قیاس
ہست رب الناس را با جانِ ناس

یہ قرب واتصال آنکھ سے نہیں دیکھا جا سکتا بلکہ فراستِ ایمانی سے معلوم کیا جا سکتا ہے۔ تفسیر مظہری میں اسی قرب واتصال کو اس آیت کا مفہوم قرار دیا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

اِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيٰنِ عَنِ الْيَمِيْنِ
جب لیتے جاتے ہیں دو لینے والے داہنے بیٹھا
وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيْدٌ ﴿۱۷﴾
اور بائیں بیٹھا ☆

کراماً کاتبین ☆ یعنی دو فرشتے خدا کے حکم سے ہر وقت اسکی تاک میں لگے رہتے ہیں جو لفظ اسکے منہ سے نکلے وہ لکھ لیتے ہیں نیکی داہنے والا اور بدی بائیں والا۔ (تفسیر عثمانی)

اعمال نامہ لکھنے والے فرشتے: حضرت حسن بصریؒ نے آیت مذکورہ عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيْدٌ تلاوت فرما کر کہا۔

''اے ابن آدم! تیرے لئے نامۂ اعمال بچھا دیا گیا ہے' اور تجھ پر دو معزز فرشتے مقرر کر دیئے گئے ہیں' ایک تیری داہنی جانب دوسرا بائیں جانب' داہنی جانب والا تیری حسنات کو لکھتا ہے اور بائیں جانب والا تیری سیئات اور گناہوں کو اب اس حقیقت کو سامنے رکھ کر جو تیرا جی چاہے عمل کر اور کم کر یا زیادہ' یہاں تک کہ جب تو مرے گا تو یہ صحیفہ یعنی نامۂ اعمال لپیٹ دیا جائے گا' اور تیری گردن میں ڈال دیا جائے گا۔ جو تیرے ساتھ قبر میں جائے گا' اور رہے گا' یہاں تک کہ جب تو

besturdubooks.wordpress.com

قیامت کے روز قبر سے نکلے گا تو اس وقت حق تعالیٰ فرمائے گا وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰٓئِرَهٗ فِیْ عُنُقِهٖ وَنُخْرِجُ لَهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ كِتٰبًا یَّلْقٰهُ مَنْشُوْرًا اِقْرَاْ كِتٰبَكَ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْیَوْمَ عَلَیْكَ حَسِیْبًا ۔ یعنی ہم نے ہر انسان کا اعمالنامہ اس کی گردن میں لگا دیا ہے اور قیامت کے روز وہ اس کو کھلا ہوا پائے گا' اب اپنا اعمالنامہ خود پڑھ لے تو خود ہی اپنا حساب لگانے کے لئے کافی ہے۔

روایت میں ہے کہ پہلے تو ہر کلمہ لکھا جاتا ہے' خواہ گناہ وثواب اس میں ہو یا نہ ہو' مگر ہفتہ میں جمعرات کے روز اس پر فرشتے نظر ثانی کر کے صرف وہ رکھ لیتے ہیں جن میں ثواب یا عتاب ہو یعنی خیر یا شر ہو' باقی کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ
نہیں بولتا کچھ بات جو نہیں ہوتا اُسکے پاس
رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ﴿۱۸﴾
ایک راہ دیکھنے والا تیار☆

☆یعنی لکھنے کو تیار ہے (تنبیہ) دونوں فرشتے کہاں رہتے ہیں؟ اور علاوہ اقوال کے کیا کیا کچھ لکھتے ہیں؟ اسکی تفصیل احادیث وآثار سے ملے گی۔ (تفسیر عثمانی)

مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ ۔ انسان اپنے منہ سے کوئی لفظ نکالتا بھی نہیں ہے کہ۔ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ۔ رقیب سے مراد نگران فرشتہ جو آدمی کے عمل کی چوکسائی کرتا رہتا ہے۔ عَتِيْدٌ ۔ حاضر (موجود) حسن نے کہا فرشتے دو حالتوں میں انسان سے الگ ہو جاتے ہیں رفع حاجت کے وقت اور جماع کے وقت۔

امام احمد بن حنبل کا فرمان: بلال بن حارث مزنیؓ سے روایت کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا بندہ کبھی ایک کلمہ اللہ کی خوشنودی کا بول دیتا ہے۔ جسکو گمان بھی نہیں ہوتا کہ یہ ایک کلمہ اس درجہ تک پہنچ جائے گا تو اسی ایک کلمہ کی بدولت اس کے واسطے قیامت تک کے لئے اللہ کی رضامندی کا پروانہ لکھ دیا جاتا ہے اور بسا اوقات ایک کلمہ اللہ کی ناراضگی کا بول دیتا ہے حالانکہ اس کا اندازہ نہیں ہوتا کہ یہ اس درجہ تک پہنچا دے گا تو اسی ایک کلمہ کی وجہ سے اللہ کی ناراضگی قیامت تک کے واسطے لکھ دی جاتی ہے۔

علقمہ اس روایت کو نقل کر کے کہا کرتے تھے کہ بہت سی باتیں ہیں جنکو میں اسی وجہ سے کہنے سے باز رہتا ہوں یعنی اس فرمان کا تصور مجھ کو ایک ایک لفظ زبان سے ادا کرنے کی جانچ پڑتال پر آمادہ کرتا ہے اور میں انتہائی احتیاط اختیار کرتا ہوں۔

دونوں فرشتے ایک دوسرے کے نگران ہیں

احنف بن قیس کہا کرتے تھے دائیں ہاتھ والا فرشتہ جو خیر لکھتا ہے دوسرے فرشتے پر نگران رہتا ہے کہ اگر بندہ نے کوئی خطا کر لی تو دائیں ہاتھ والا فرشتہ بائیں جانب والے کو کہتا ہے کہ ذرا ٹھہر جا ابھی اس کی یہ برائی نہ لکھ تا کہ اس مہلت میں بندہ استغفار کر لے لیکن بندہ نے اگر استغفار نہ کیا تو پھر لکھ لیتا ہے۔ حسن بصریؒ یہ آیت عَنِ الْیَمِیْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ پڑھ کر فرمایا کرتے اے ابن آدم تیرا نامہ اعمال میں نے کھول رکھا ہے اور تجھ پر دو معزز فرشتے مقرر کر دیئے ہیں ایک تیری دائیں جانب ہے اور دوسرا میں بائیں جانب۔ دائیں جانب والا تیری نیکیاں لکھ رہا ہے اور بائیں جانب والا تیری برائیاں لکھ رہا ہے اب تیری مرضی جو عمل چاہے کر۔ کم کر یا زیادہ کر۔ یہاں تک کہ جب تو مر جائے گا تو تیرے یہ صحیفے لپیٹ کر تیری گردن میں ڈال دیئے جائیں گے یہاں تک کہ جب قیامت کے روز تو اپنی قبر سے اٹھے گا تو اس وقت کہا جائے گا۔ اِقْرَاْ كِتٰبَكَ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْیَوْمَ عَلَیْكَ حَسِیْبًا ۔ اس کے بعد فرمایا کرتے خدا کی قسم تیرے بارہ میں اس ذات نے عدل وانصاف کیا جس نے خود تیرے نفس کو تیرا محاسب بنایا۔ اسی کو حق تعالیٰ شانہٗ نے فرمایا ہے۔ وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰٓئِرَهٗ فِیْ عُنُقِهٖ وَنُخْرِجُ لَهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ كِتٰبًا یَّلْقٰهُ مَنْشُوْرًا ۔ (معارف کاندھلوی)

وَجَآءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ
اور وہ آئی بے ہوشی موت کی تحقیق ☆

انتہائی مربوط نظام

یعنی لو! ادھر مسل تیار ہوئی ادھر موت کی گھڑی آ پہنچی اور مرنے والا نزع کی بے ہوشیوں اور جاں کنی کی سختیوں میں ڈبکیاں کھانے لگا اس وقت وہ سب سچی باتیں نظر آنا شروع ہو گئیں جن کی خبر اللہ کے رسول نے دی تھی اور میت کی سعادت وشقاوت سے پردہ اٹھنے لگا اور ایسا پیش آنا قطعی اور یقینی تھا کیونکہ حکیم مطلق کی بہت سی حکمتیں اس سے متعلق تھیں۔ (تفسیر عثمانی)

ربط: کافروں کو دوبارہ جی اٹھنا بعید از عقل معلوم ہوتا ہے' اللہ نے ان کے اس خیال کا ازالہ اس طور پر کر دیا کہ اپنی قدرت اور علم کی ہمہ گیری کو اول بیان کیا تخلیق عالم اور انسان کی ہستی ومعاش کی تخلیق کا ذکر کیا اس کے بعد آئندہ آیت میں تہدید وتخویف کے لئے موت کے قریب ہونے اور قیامت برپا ہونے کا بیان کیا اور فرمایا۔ (تفسیر مظہری)

اسرار ورموز: ان آیات میں جآءت اور نفخ اور کشفنا تمام صیغے ماضی کے ذکر کئے گئے حالانکہ یہ واقعات مستقبل میں پیش آئیں گے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ واقعات یقینی ہیں ضروری پیش آئیں گے اور ایسے موقع پر ماضی کا صیغہ استعمال کرنے سے اس طرف اشارہ ہوتا ہے کہ یہ واقعات اتنے یقینی الوقوع ہیں کہ گویا ان کا وقوع ہو ہی گیا۔

besturdubooks.wordpress.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کیفیت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب یہ حالت پیش آئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پانی میں ہاتھ ڈال کر چہرۂ مبارک پر ملتے اور فرماتے تھے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِنَّ لِلْمَوْتِ سَكَرَاتٍ' یعنی کلمہ طیبہ پڑھتے ہوئے فرمایا کہ موت کی بڑی شدتیں ہوتی ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

سکرۃ الموت موت کی بے چینی کا نام ہے جو جسمانی طور پر نزع روح کے وقت پیش آتی ہے یہ سکرۃ الموت ہر ایک کے حق میں ہے حدیث صحیح میں ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر جب موت کی کیفیت واقع ہونے لگی تو آپ کی پیشانی پسینہ آلود ہوگئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم پیشانی کا پسینہ پونچھتے جاتے اور فرماتے سبحان الله ان للموت سکرات۔

موت ہر انسان کی قیامت ہے

اس آیت میں ہر انسان کی موت کا ذکر ہے اور ہر انسان کی موت اس کے حق میں قیامت ہے جیسا کہ ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے اِنَّ مَنْ مَاتَ فقد قامت قیامته کہ جو شخص مر گیا بس اس کی تو قیامت شروع ہوگئی۔ (معارف کاندھلوی)

امام احمد کا حال:

حضرت امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کی بابت مروی ہے کہ آپ اپنے مرض الموت میں کراہ رہے تھے تو آپ کو معلوم ہوا کہ حضرت طاؤسؒ فرماتے ہیں کہ فرشتے اسے بھی لکھتے ہیں چنانچہ آپ نے کراہنا بھی چھوڑ دیا' اللہ آپ پر اپنی رحمت نازل فرمائے' اپنی موت کے وقت اُف بھی نہ کی۔

حضرت ابوبکرؓ کی حالت

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں میں اپنے والد رضی اللہ عنہ کے آخری وقت میں آپ کے سرہانے بیٹھی تھی۔ آپ پر غشی طاری ہوئی تو میں نے یہ بیت پڑھا ؎

مَنْ لَا يَزَالُ دَمْعُهُ مُقْنِعًا ۔۔۔ فَاِنَّهُ لَا بُدَّ مَرَّةً مَدْ فُوْق

مطلب یہ ہے کہ جس کے آنسو ٹھہرے ہوئے ہیں وہ بھی ایک مرتبہ ٹپک پڑیں گے۔ تو آپ نے اپنا سر اُٹھا کر کہا پیاری بچی یوں نہیں بلکہ جس طرح خدا نے فرمایا وَجَآءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ الخ۔ اور روایت میں بیت کا پڑھنا اور صدیق اکبرؓ کا یہ فرمانا مروی ہے کہ یوں نہیں بلکہ یہ آیت پڑھو۔ اس اثر کے اور بھی بہت سے طریق ہیں جنہیں میں نے سیرۃ الصدیق میں آپ کی وفات کے بیان میں جمع کر دیا ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدُ ﴿۱۹﴾
یہ وہ ہے جس سے تو ٹلتا رہتا تھا ☆

موت ٹلنے والی نہیں

یعنی آدمی نے موت کو بہت کچھ ٹلانا چاہا اور اس ناخوشگوار وقت سے بہت کچھ بھاگتا اور کتراتا رہا پر یہ گھڑی ٹلنے والی کہاں تھی آخر سر پر آ کھڑی ہوئی کوئی تدبیر اور حیلہ دفع الوقتی کا نہ چل سکا۔ (تفسیر عثمانی)

موت سے بھاگنے والے کی مثال

معجم کبیر طبرانی میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں اس شخص کی مثال جو موت سے بھاگتا ہے اُس لومڑی جیسی ہے جس سے زمین اپنا قرضہ طلب کرنے لگی اور یہ اس سے بھاگنے لگی' بھاگتے بھاگتے جب تھک گئی اور بالکل چکنا چور ہوگئی تو اپنے بھٹ میں جا گھسی' زمین چونکہ وہاں بھی موجود تھی اس نے لومڑی سے کہا لا میرا قرض تو یہ وہاں سے پھر بھاگی سانس پھولا ہوا تھا حال بُرا ہو رہا تھا آخر یونہی بھاگتے بھاگتے بے دم ہو کر مر گئی الغرض جس طرح اس لومڑی کو زمین سے بھاگنے کی راہیں بند تھیں اسی طرح انسان کو موت سے بچنے کے راستے بند ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ ۗ ذٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيْدِ ﴿۲۰﴾
اور پھونکا گیا صور یہ ہے دن ڈرانے کا ☆

بڑی قیامت ☆ چھوٹی قیامت تو موت کے وقت ہی آ چکی تھی اس کے بعد بڑی قیامت حاضر ہے بس صور پھونکا گیا اور وہ ہولناک دن آ موجود ہوا جس سے انبیاء و رسل برابر ڈراتے چلے آتے تھے۔ (تفسیر عثمانی)

فرشتہ تیار کھڑا ہے: حدیث میں ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں میں کس طرح راحت و آرام حاصل کر سکتا ہوں حالانکہ صور پھونکنے والے فرشتے نے صور منہ میں لے لیا ہے اور گردن جھکائے حکم خداوندی کا انتظار کر رہا ہے کہ کب حکم ملے اور کب وہ پھونک دے۔ صحابہؓ نے کہا پھر یا رسول اللہ ہم کیا کہیں۔ آپ نے فرمایا کہو حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔

جب صور پھونکا جائے گا تو سب کھڑے ہو جائیں گے

ابونعیم نے حلیہ میں لکھا ہے کہ عکرمہ نے کہا جو لوگ سمندر میں ڈوب جاتے ہیں۔ لاشوں کا گوشت' مچھلیاں بانٹ لیتی ہیں۔ صرف ہڈیاں رہ جاتی ہیں سمندر کی لہریں ہڈیوں کو خشکی پر لا ڈالتی ہیں۔ پھر ہڈیاں خشک ہو کر اتنی بوسیدہ ہو جاتی ہیں کہ ان کو اونٹ چبا جاتے ہیں اور اونٹ کے پیٹ کے اندر پہنچ کر انکی مینگنیاں بن جاتی ہیں اونٹ مینگنیاں کر دیتا ہے مینگنیوں کے مقام پر کوئی مسافر آ کر اترتا ہے وہ مسافر مینگنیاں لے کر ان کو بطور ایندھن استعمال کرتا ہے۔ مینگنیاں دہکنے لگتی ہیں' پھر آگ بجھ جاتی ہے اور مینگنیاں راکھ بن جاتی

besturdubooks.wordpress.com

ہیں۔ پھر اس خاک کو ہوا زمین پر پھیلا دیتی ہے اور منتشر کر دیتی ہے' جب صور پھونکی جائے گی تو وہ لوگ (جو اتنے مراحل طے کرنے کے بعد منتشر خاک بن گئے ہوں گے) پھر زندہ ہو کر نکل کھڑے ہوں گے۔ (تفسیر مظہری)

وَجَآءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَآئِقٌ

اور آیا ہر ایک جی اس کے ساتھ ہے ایک ہانکنے والا

وَّشَهِيدٌ ﴿۲۱﴾

اور ایک احوال بتلانیوالا ☆

محشر کی پیشی ☆ یعنی محشر میں اس طرح حاضر کئے جائیں گے کہ ایک فرشتہ پیشی کے میدان کی طرف دھکیلتا ہوگا اور دوسرا اعمالنامہ لئے ہوگا جس میں اس کی زندگی کے سب احوال درج ہوں گے شاید یہ وہی دو فرشتے ہوں جو "کراماً کاتبین" کہلاتے ہیں اور جن کی نسبت فرمایا تھا "اِذْ یَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيٰنِ" الخ اور ممکن ہے کہ کوئی اور ہوں واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

ہانکنے والا اور گواہ: سعید بن منصور' عبدالرزاق' ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے اپنی تفسیروں میں اس آیت کی تشریح کے سلسلے میں حضرت عثمان کا قول نقل کیا ہے کہ ایک ہنکانے والا ہر شخص کو اللہ کے حکم کی طرف ہنکا کر لے جائے گا اور ایک شاہد اس کے اعمال کی شہادت دے گا ابن ابی حاتم اور بیہقی نے حضرت ابو ہریرہؓ کا قول بیان کیا ہے کہ ہنکانے والا فرشتہ ہو۔ اور شہید آدمی کا عمل۔

سیوطی نے کتاب البرزخ میں حضرت جابرؓ کی مرفوع روایت بیان کی ہے' جب قیامت برپا ہوگی کہ نیکیاں لکھنے والا فرشتہ اور گناہ لکھنے والا فرشتہ آدمی پر ٹوٹ پڑیں گے اور چستی کے ساتھ اس تحریر پر قبضہ کر لیں گے جو آدمی کے گلے میں بندھی ہوگی۔ پھر دونوں اس کے ساتھ (میدان حساب میں) آئیں گے' ایک ہنکانے والا ہوگا اور دوسرا گواہ۔

ابونعیم اور ابن ابی حاتم اور ابن ابی الدنیا نے یہ حدیث بیان کی ہے۔ بغوی نے ضحاک کا قول بیان کیا ہے کہ ہنکانے والا فرشتہ ہوگا اور گواہ آدمی کے ہاتھ پاؤں۔ عوفی کی روایت میں حضرت ابن عباسؓ کا بھی یہی قول آیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

لَقَدْ كُنْتَ فِي غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا

تو بے خبر رہا اس دن سے

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ

اب کھولدی ہم نے تجھ پر سے تیری اندھیری سو تیری نگاہ

الْيَوْمَ حَدِيدٌ ﴿۲۲﴾

آج تیز ہے ☆

محشر کی ڈانٹ ☆ یعنی اس وقت کہا جائے گا کہ تو دنیا کے مزوں میں پڑ کر تو آج کے دن سے بے خبر تھا اور تیری آنکھوں کے سامنے شہوات و خواہشات کا اندھیرا چھایا ہوا تھا۔ پیغمبر جو سمجھاتے تھے تجھے کچھ دکھائی نہ دیتا تھا۔ آج ہم نے تیری آنکھ سے وہ پردے ہٹا دیئے اور نگاہ خوب تیز کر دی۔ اب دیکھ لے جو باتیں کہی گئی تھیں صحیح ہیں یا غلط۔ (تفسیر عثمانی)

غطاء کا معنیٰ: امور معاد کو مخفی رکھنے والا پردہ! اس سے مراد ہے غفلت۔ محسوسات میں ڈوب جانا اور ان سے محبت کرنا اور غور کرنے سے نظر کو کوتاہ رکھنا اور دل کی سیاہی اور زنگ۔ اللہ نے اسی غطاء کو غشاوہ اور رین (زنگ) فرمایا ہے۔ ایک آیت میں آیا ہے خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ وَعَلٰى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ۔ دوسری آیت ہے كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ۔

اَلْحَدِیْدُ۔ آج تیری نظر خوب تیز ہے کہ دنیا میں جس چیز کا تجھے انکار تھا اور دکھتی نہ تھی آج اس کو دیکھ رہا ہے۔ بغوی نے لکھا ہے کہ مجاہد نے کہا (نظر تیز ہونے کا یہ مطلب ہے) کہ جب تیری نیکیاں اور بدیاں تولی جا رہی ہیں تو ترازو کی زبان (جس کو ہاتھ میں پکڑ کر تولا جاتا ہے) کہ تیزی سے دیکھ رہا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَقَالَ قَرِينُهُ هٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيدٌ ﴿۲۳﴾

اور بولا فرشتہ اسکے ساتھ والا یہ ہے جو میرے پاس تھا حاضر ☆

یعنی فرشتہ اعمالنامہ حاضر کرے گا اور بعض نے قرین سے مراد شیطان لیا ہے یعنی شیطان کہے گا کہ یہ مجرم حاضر ہے جس کو میں نے اغوا کیا اور دوزخ کے لئے تیار کر کے لایا ہوں مطلب یہ کہ اغوا تو میں نے کیا مگر میرا ایسا زور و تسلط نہ تھا کہ زبردستی اس کو شرارت میں ڈال دیتا یہ اپنے ارادہ و اختیار سے گمراہ ہوا۔ (تفسیر عثمانی)

أَلْقِيَا فِي جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيدٍ ﴿۲۴﴾

ڈال دو تم دونوں دوزخ میں ہر ناشکر مخالف کو

مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيبٍ ﴿۲۵﴾

نیکی سے روکنے والا حد سے بڑھنے والا شبہ ڈالنے والا ☆

جہنم میں ڈالنے کا حکم ☆ بارگاہ ایزدی سے یہ حکم دو فرشتوں کو ہوگا کہ ایسے لوگوں کو جہنم میں جھونک دو (اعاذنا اللہ منہا) (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

اَلْقِیَا ۔تم دونوں ڈال دو۔ دونوں سے مراد ہیں سائق اور شہید' یا دوزخ پر مامور فرشتوں میں سے دو فرشتے یا مخاطب حقیقت میں کوئی ایک ہے' لیکن بصیغہ تثنیہ' ذکر کرنے سے تثنیہ فعل مراد ہے۔ عَنِیْدٍ۔ حق سے عناد رکھنے والا۔ لِلْخَیْرِ ۔ خیر سے مراد ہے فرض زکوٰۃ اور ہر وہ مالی حق جس کا ادا کرنا واجب ہے۔ مُعْتَدٍ ۔ ظالم جو اللہ کی توحید کا اقرار نہیں کرتا۔ مُّرِیْبٍ۔ اللہ کی ذات صفات اور اس کے دین میں شک کرنے والا۔ (تفسیر مظہری)

اِلَّذِیْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا
جس نے ٹھہرایا اللہ کے ساتھ اور کو پوجنا
اٰخَرَ فَاَلْقِيٰهُ فِي الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ ۝۲۶
سو ڈال دو اُس کو سخت عذاب میں ☆

سخت ترین عذاب کے مستحق

یعنی ایسے لوگ جہنم میں سخت ترین عذاب کے مستحق ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

قَالَ قَرِیْنُهٗ رَبَّنَا مَاۤ اَطْغَیْتُهٗ
بولا شیطان اُن کا ساتھی' اے رب ہمارے میں نے
وَلٰكِنْ كَانَ فِیْ ضَلٰلٍۭ بَعِیْدٍ ۝۲۷
اُسکو شرارت میں نہیں ڈالا پر یہ تھا راہ کو بھولا دور پڑا ہوا ☆

اعمال لکھنے والے فرشتے اور شیطان

☆ یعنی میری کچھ زبردستی اس پر نہ چلتی تھی ذرا شہہ دی تھی کہ یہ کم بخت خود گمراہ ہو کر نجات وفلاح کے راستہ سے دور جا پڑا۔ شیطان یہ کہہ کر اپنا جرم ہلکا کرنا چاہتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت ابن عباسؓ مقاتل اور سعید بن جبیر کے نزدیک اس جگہ قرین سے مراد ہے وہ فرشتہ جو انسان پر مقرر ہے' سعید بن جبیر نے کہا فرشتہ یہ بات اس وقت کہے گا۔ جب کافر کہے گا' فرشتہ نے لکھنے میں مجھ پر زیادتی کردی ہے۔ (اپنی طرف سے) میں نے اس کی طرف کفر اور طغیان کی نسبت نہیں کی (یعنی اپنی طرف سے غلط طور پر اس کو کافر اور طاغی نہیں لکھا) اور نہ لکھنے میں اس پر کوئی زیادتی کی ہے۔ بعض اہل تفسیر کا قول ہے کہ قرین سے اس جگہ وہ شیطان مراد ہے جو اس کافر پر مسلط کیا گیا تھا' یعنی کافر کہے گا' میرے شیطان نے مجھے کج راہ بنا دیا تھا' شیطان کہے گا' میں نے اس کو نہ گمراہ کیا نہ کج راہ بنایا بلکہ یہ خود پرلے درجہ کی گمراہی میں پڑا ہوا تھا تو میں نے اس کی مدد کردی'

(یعنی گمراہی میں اس کو اور بڑھاوا دیا)۔

حقیقت بھی یہی ہے کہ شیطانی اغواء اُسی وقت آدمی پر اثر انداز ہوتا ہے' جب آدمی کا عقیدہ خود ہی غلط ہو اور گناہ کی طرف اس کا طبعی میلان ہو' یہی وجہ ہے کہ شیطان کہے گا کہ میری تیرے اوپر کوئی زبردستی نہیں تھی۔ میں نے تو (گناہ کی طرف) تم لوگوں کو بلایا تھا تم نے میری دعوت کو قبول کر لیا' اس لئے مجھے بُرا مت کہو اپنی جانوں کو ملامت کرو۔

صوفیاء کی مستعدی

یہی وجہ ہے کہ اونچے درجہ والے صوفیا اپنے نفسوں سے جہاد کرنے کے لئے کمر بستہ رہتے ہیں اور اپنی پوری طاقت نفسوں کا مقابلہ کرنے کے لئے صرف کردیتے ہیں تاکہ شیطان کا راستہ بند ہو جائے۔ (شیطان نفس کے راستہ سے ہی آتا ہے)

بعض متاخرین کے نزدیک دونوں جگہ قرین سے مراد شیطان ہے جو کافر پر مسلّط ہوتا ہے شیطان کافر کا ساتھی ہوتا ہے اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ شیطان کہے گا یہ شخص جو میرے پاس ہے اور میرے زیر تسلّط (رہا) ہے دوزخ کے لئے حاضر ہے۔ میں نے اغواء کر کے دوزخ کے لئے تیار کیا ہے' لیکن میں نے اس کو زبردستی طاغی نہیں بنایا۔ خود ہی پرلے درجے کی گمراہی میں تھا اپنے اختیار سے میری پیروی کی اور میری دعوت کو قبول کیا اور فرشتے کی دعوت کو قبول نہیں کیا۔ (تفسیر مظہری)

قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا لَدَیَّ وَقَدْ
فرمایا جھگڑا نہ کرو میرے پاس اور میں پہلے ہی
قَدَّمْتُ اِلَیْكُمْ بِالْوَعِیْدِ ۝۲۸
ڈرا چکا تھا تم کو عذاب سے ☆

گمراہ کرنے اور گمراہ ہونے کی سزا ملے گی

☆ یعنی بک بک مت کرو دنیا میں سب کو نیک و بد سے آگاہ کر دیا گیا تھا اب ہر ایک کو اس کے جرم کے موافق سزا ملے گی جو گمراہ ہوا اور جس نے اغوا کیا سب اپنی حرکتوں کا خمیازہ بھگتیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

مَا یُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَیَّ وَمَاۤ اَنَا
بدلتی نہیں بات میرے پاس اور میں
بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْدِ ۝۲۹
ظلم نہیں کرتا بندوں پر ☆

besturdubooks.wordpress.com

اللہ کے ہاں ظلم نہیں ہے ☆یعنی ہمارے یہاں ظلم نہیں جو کچھ فیصلہ ہوگا عین حکمت اور انصاف سے ہوگا اور بات نہیں بدلتی یعنی کافر بخشا نہیں جاتا بھلا شیطان اکفر کی بخشش تو کہاں۔ (تفسیر عثمانی)

مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ ۔ یعنی میرے قول کے خلاف نہیں ہو سکتا۔ میں کہہ چکا ہوں اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ اس لئے اب میری طرف سے مغفرت کی امید نہ رکھو۔

کلبی نے کہا اور فراء نے اس کو پسند کیا کہ مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ کا یہ مطلب ہے کہ میرے سامنے جھوٹ نہیں بولا جا سکتا' کلام کو بدلا نہیں جا سکتا۔ میں غیب کو جانتا ہوں (مجھ سے کوئی بات پوشیدہ نہیں)۔ (تفسیر مظہری)

يَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ
جس دن ہم کہیں دوزخ کو تو بھر بھی چکی
وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ ﴿۳۰﴾
اور وہ بولے کچھ اور بھی ہے ☆

جہنم کی طلب ☆یعنی دوزخ کا پھیلاؤ اس قدر لوگوں سے نہ بھرے گا اور شدت غیظ سے زیادہ کافروں اور نافرمانوں کو طلب کرے گی۔ (تفسیر عثمانی)

صحیح بات یہ ہے کہ یہ استفہام زیادتی کی طلب کو ظاہر کر رہا ہے' کیونکہ شیخین نے صحیحین میں حضرت انسؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' جہنم کے اندر برابر مسلسل مخلوق ڈالی جاتی رہے گی اور وہ کہتی رہے گی هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ آخر رب العزت اپنا قدم اس میں رکھ دے گا۔ رب العزت کے قدم رکھتے ہی' دوزخ سمٹنے لگے گی۔ اس کے اجزاء باہم سکڑنے لگیں گے اور وہ کہے گی بس' بس تیری عزت اور کرم کی قسم (میں بھر گئی) اور جنت کے اندر ایک حصہ برابر خالی رہے گا (اس کے اندر کوئی رہنے والا نہیں ہوگا) آخر اللہ ایک اور مخلوق کو پیدا کرے گا جس کو اس خالی حصہ میں آباد کرے گا۔

بغوی نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے بیان کیا ہے' اللہ کا فیصلہ پہلے ہو چکا ہے کہ میں دوزخ کو جنات اور انسانوں سے سب سے بھر دوں گا۔ جب قیامت کے دن اللہ کے دشمنوں کو دوزخ کی طرف ہنکا کر لے جایا جائے گا اور گروہ در گروہ ان کو دوزخ میں ڈالا جائے گا تو سب اندر چلے جائیں گے اور دوزخ کسی چیز سے پُر نہ ہوگی۔ دوزخ عرض کرے گی کیا مجھے بھر دینے کی تو نے قسم نہیں کھائی تھی؟ اللہ اپنا قدم دوزخ پر رکھ دے گا اور فرمائے گا' اب کیا تو بھر گئی۔ دوزخ کہے گی' بس' بس اب زیادتی (کی گنجائش) نہیں۔ (تفسیر مظہری)

وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ﴿۳۱﴾
اور نزدیک لائی جائے بہشت ڈرنیوالوں کے واسطے دور نہیں ☆

جنت کا نظارہ ☆یعنی جنت ان سے دور نہ ہوگی' بہت قریب سے اس کی تروتازگی اور بناؤ سنگار دیکھیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ
یہ ہے جس کا وعدہ ہوا تھا تم سے ہر ایک رجوع
حَفِيْظٍ ﴿۳۲﴾ مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ
رہنے والے یاد رکھنے والے کے واسطے جو ڈرا رحمٰن
بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبٍ ﴿۳۳﴾
سے بن دیکھے اور لایا دل رجوع ہونیوالا
اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ
چلے جاؤ اس میں سلامت ☆

جنت کے مستحقین ☆ یعنی جنہوں نے دنیا میں خدا کو یاد رکھا اور گناہوں سے محفوظ ہو کر اس کی طرف رجوع ہوئے اور بے دیکھے اس کے قہر و جلال سے ڈرے اور ایک پاک وصاف رجوع ہونے والا دل لے کر حاضر ہوئے۔ اس جنت کا وعدہ ایسے لوگوں سے کیا گیا تھا۔ وقت آ گیا ہے کہ سلامت و عافیت کے ساتھ اس میں داخل ہوں' فرشتے ان کو سلام کریں اور ان کے پروردگار کا سلام پہنچائیں۔ (تفسیر عثمانی)

بن دیکھے کا مطلب: یعنی اللہ کے عذاب سے ڈرتا تھا جب کہ وہ اللہ سے غائب تھا۔ یعنی دنیا میں تھا' اللہ کو نہیں دیکھا تھا' یا اللہ کے عذاب سے غائب تھا' اللہ کے عذاب کو نہیں دیکھا تھا' یا وہ خود غائب تھا کسی کی نظر کے سامنے نہیں تھا۔

ضحاک' سدی اور حسن نے کہا' یعنی وہ تنہائی میں اللہ سے ڈرتا تھا' جب کہ کوئی بھی اس کو نہیں دیکھتا تھا۔ (القہار یا المنتقم کی جگہ) الرحمٰن کا لفظ ذکر کرنے سے اس طرف اشارہ ہے کہ جہاں وہ اللہ سے ڈرتے ہیں اس کی رحمت کے امیدوار بھی ہیں یا اس طرف اشارہ ہے کہ جہاں وہ اللہ سے ڈرتے ہیں اس کی رحمت کے امیدوار بھی ہیں یا اس طرف اشارہ ہے کہ وہ اللہ کی رحمت کو وسیع دیکھتے ہوئے بھی عذاب سے ڈرتے رہتے ہیں۔ نہ اللہ

besturdubooks.wordpress.com

کی رحمت کو دیکھ کر فریب خوردہ ہوتے ہیں اور نہ گناہوں پر جرأت کرتے ہیں (کہ بلاخوف وخطر گناہ کرتے رہیں)۔

بِسَلٰمٍ ۔یعنی عذاب افکار اور زوال نعمت سے مامون رہ کر، یا یہ مطلب ہے کہ اللہ اور ملائکہ کی طرف سے ان کو پیام سلامتی ملے گا۔ (تفسیر مظہری)

اواب، حفیظ اور منیب: حضرت عبداللہ کہ بن مسعودؓ اور شعبیؒ اور مجاہدؒ نے فرمایا کہ اواب وہ شخص ہے جو خلوت میں اپنے گناہوں کو یاد کرے اور ان سے استغفار کرے اور حضرت عبید بن عمیر نے فرمایا کہ اواب وہ شخص ہے جو ہر مجلس اور ہر نشست میں اللہ سے اپنے گناہوں کی مغفرت مانگے اور فرمایا کہ ہمیں یہ بتلایا گیا ہے کہ اواب اور حفیظ وہ شخص ہے جو اپنی ہر مجلس سے اُٹھنے کے وقت یہ دعاء پڑھے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَغْفِرُکَ مِمَّا اَصَبْتُ فِیْ مَجْلِسِیْ هٰذَا (پاک ہے اللہ اور اسی کی حمد ہے، یا اللہ میں مغفرت مانگتا ہوں اُس بُرائی سے جو میں نے اس مجلس میں کی ہو)

اور حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اپنی مجلس سے اُٹھنے کے وقت یہ دعاء پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے وہ سب گناہ معاف فرما دیں گے جو اس مجلس میں سرزد ہوئے، دعاء یہ ہے۔ سُبْحَانَکَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِکَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ (یعنی یا اللہ تو پاک ہے اور تیری حمد وثناء ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں، میں تجھ سے مغفرت مانگتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں)

اور حَفِیْظٍ کے معنی حضرت ابن عباسؓ نے یہ بتلائے کہ جو شخص اپنے گناہوں کو یاد رکھے تاکہ ان سے رجوع کر کے تلافی کرے، اور ان سے ایک روایت میں حَفِیْظٍ کے معنی هُوَ الْحَافِظُ لِاَمْرِ اللّٰهِ کے بھی منقول ہیں، یعنی جو شخص اللہ تعالیٰ کے احکام کو یاد رکھے۔ اور حضرت ابو ہریرہؓ کی ایک حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص شروع دن میں چار رکعتیں (اشراق کی) پڑھ لے وہ اواب اور حفیظ ہے (قرطبی)

وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِیْبٍ ۔ابوبکر وراقؒ فرماتے ہیں کہ منیب کی علامت یہ ہے کہ وہ حق تعالیٰ جل شانہٗ کے ادب کو ہر وقت مستحضر رکھے اور اس کے سامنے تواضع اور عاجزی سے رہے، اور اپنے نفس کی خواہشات کو چھوڑ دے۔ (معارف مفتی اعظم)

ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ ۞
یہ دن ہے ہمیشہ رہنے کا ☆

☆ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "اس دن جس کو جو کچھ ملا سو ہمیشہ کے لئے ہے اس سے پہلے ایک بات پر ٹھہراؤ نہ تھا"۔ (تفسیر عثمانی)

خلود کا اعلان: شیخین نے حضرت ابن عمرؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اہل جنت جنت میں داخل ہو جائیں گے اور دوزخی دوزخ میں، پھر دونوں کے درمیان ایک اعلانچی اعلان کرے گا۔ اے دوزخ والو! (آئندہ) موت نہیں اور اے اہل جنت (آئندہ) موت نہیں ہر شخص اسی میں ہمیشہ رہے گا جس میں وہ ہے۔

بخاری نے حضرت ابو ہریرہؓ کی مرفوع روایت سے بیان کیا ہے کہ کہا جائے گا۔ اے اہل جنت (یہاں) ہمیشہ رہنا ہے۔ موت نہیں (آئے گی) اور اے دوزخ والو! (یہاں) ہمیشہ رہنا ہے موت (آئندہ) نہیں (آئے گی)۔ (تفسیر مظہری)

لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ فِيْهَا وَلَدَيْنَا مَزِيْدٌ ۞
اُنکے واسطے ہے وہاں جو وہ چاہیں اور ہمارے پاس ہے کچھ زیادہ بھی ☆

بے گمان و بے قیاس انعام ☆ یعنی جو چاہیں گے وہ ملے گا اور اسکے علاوہ وہ نعمتیں ملیں گی جو ان کے خیال میں بھی نہیں مثلاً دیدار الٰہی کی لذت بے قیاس اور ممکن ہے کہ "وَلَدَیْنَا مَزِیْدٌ" سے یہ غرض ہو کہ ہمارے پاس بہت ہے جنتی کتنا ہی مانگیں سب دیا جائے گا۔ اللہ کے ہاں اتنا دینے پر بھی کوئی کمی نہیں آتی، نہ اسکے لئے کوئی رکاوٹ ہے پس اتنی بے حساب و بے شمار عطایا کو مستبعد نہ سمجھو۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

"مزید" کا مطلب: ایسی نعمتیں ہیں جن کا تصور نہ کسی کے دل میں آیا نہ کسی آنکھ نے ان کو دیکھا نہ کسی کان سے (ان کا بیان) سنا، حضرت ابو ہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جنت کے اندر تمہارا کم سے کم یہ مرتبہ ہوگا کہ (اللہ کی طرف سے) حکم ہوگا اپنی (اپنی) تمنا کرو، مخاطب اپنی تمنا (اپنے دل میں) کرے گا ارشاد ہوگا کیا تم نے اپنی تمنا کر لی بندہ کہے گا جی ہاں اللہ فرمائے گا تمہارے لئے وہ سب کچھ (دیا جاتا) ہے جس کی تم نے تمنا کی اور اتنا ہی اور بھی (تم کو دیا جاتا) ہے۔ رواہ مسلم۔ حضرت ابوسعید راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک طویل حدیث بیان فرمائی، جس میں یہ بھی بتایا کہ اللہ فرمائے گا۔ میں نے اپنے بندوں سے یہ وعدہ کر لیا ہے کہ جس آدمی کو میں جنت میں داخل کروں گا اس کے لئے وہ تمام چیزیں مہیا کر دوں گا جن کو اس کا دل چاہے گا اور اتنی ہی اور بھی۔

حضرت جابرؓ اور حضرت انسؓ نے فرمایا، مزید سے مراد ہے اللہ کا دیدار۔ مسلم اور ابن ماجہ نے حضرت صہیب کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جب جنت والے جنت میں چلے جائیں گے تو اللہ ان سے فرمائے گا کیا تم چاہتے ہو کہ میں تم کو اور کچھ عطا کروں، اہل جنت عرض کریں گے (پروردگار!) کیا تو نے ہمارے چہروں کو روشن نہیں کر دیا کہ تو نے ہم کو جنت میں داخل نہیں کر دیا کیا تو نے دوزخ سے ہم کو محفوظ نہیں رکھا۔ (اس سے زیادہ اور کونسی

bestudubooks.wordpress.com

نعمت ہو سکتی ہے)۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' پھر اللہ حجاب کھول دے گا (اور چودھویں کے چاند کی طرح جلوۂ بے حجاب سامنے آ جائے گا) تو دیدار رب سے بڑھ کر کوئی نعمت اہل جنت کو محبوب نہیں ہوگی اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت ذیل تلاوت فرمائی لِلَّذِیْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰی وَزِیَادَۃٌ ۔

ابن خزیمہ اور ابن مردویہ نے حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ اور حضرت کعب بن عجرہ اور حضرت ابی بن کعبؓ کی روایت سے اور ابن مردویہ اور ابوالشیخ نے حضرت انسؓ کی روایت سے اور ابوالشیخ نے حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا اور یہ حدیث حضرت ابوبکر صدیق حضرت ابن عباسؓ حضرت حذیفہؓ اور حضرت ابن مسعودؓ وغیرہ سے بھی مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' قیامت کے دن اللہ ایک ندا کرنے والے کو یہ ندا کرنے کا حکم دے گا اس کی ندا کو اول سے آخر تک سب لوگ سنیں گے اے اہل جنت! اللہ نے تم سے اچھی جزاء اور زیادتی کا وعدہ کیا تھا تو اچھی جزا جنت ہے اور رحمٰن کا دیدار مزید (نعمت) ہے۔ (تفسیر مظہری)

ابن مُرّہؒ فرماتے ہیں مزید میں یہ بھی ہے کہ اہل جنت کے پاس سے ایک بادل گذرے گا جس میں سے ندا آئے گی کہ تم کیا چاہتے ہو؟ جو تم چاہو میں برساؤں' پس یہ جس چیز کی خواہش کریں گے اس سے برسے گی۔ حضرت کثیرؒ فرماتے ہیں اگر میں اس مرتبہ میں پہنچا اور مجھ سے سوال ہوا تو میں کہوں گا کہ خوبصورت خوش لباس نوجوان کنواریاں برسائی جائیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں تمہارا جی جس پرند کے کھانے کو چاہے گا وہ اس وقت بھنا بھنایا موجود ہو جائے گا۔ مسند احمد کی ایک مرفوع حدیث میں ہے کہ اگر جنتی اولاد چاہے گا تو ایک ہی ساعت میں حمل اور بچہ اور بچے کی جوانی ہو جائے گی۔ امام ترمذیؒ اسے غریب حسن بتلاتے ہیں' اور ترمذی میں یہ بھی ہے کہ جس طرح یہ چاہے گا ہو جائے گا۔ اور آیت میں ہے لِلَّذِیْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰی وَزِیَادَۃٌ ۔ صہیب بن سنان رومیؒ فرماتے ہیں اس زیادتی سے مراد اللہ کریم کے چہرے کی زیارت ہے۔ حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں ہر جمعہ کے دن انہیں دیدار باری تعالیٰ ہوگا' یہی مطلب مزید کا ہے۔ مسند شافعی میں ہے حضرت جبرائیل علیہ السلام ایک سفید آئینہ لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے جس کے بیچوں بیچ ایک نقطہ تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا یہ کیا ہے؟ فرمایا یہ جمعہ کا دن ہے جو خاص آپ کو اور آپ کی امت کو بطور فضیلت کے عطا فرمایا گیا ہے۔ سب لوگ اس میں تمہارے پیچھے ہیں یہود بھی اور نصاریٰ بھی۔ تمہارے لئے اس میں بہت کچھ خیر و برکت ہے۔ اس میں ایک ایسی ساعت ہے کہ اس وقت اللہ تعالیٰ سے جو مانگا جائے مل جاتا ہے۔ ہمارے ہاں اس کا نام یَوْمُ الْمَزِیْد ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا یہ کیا ہے؟ فرمایا تیرے رب نے جنت الفردوس میں ایک کشادہ مکان بنایا ہے جس میں مشکی ٹیلے ہیں' جمعہ کے دن اللہ تعالیٰ جن جن فرشتوں کو چاہے' اتارتا ہے۔ اس کے اردگرد نوری منبر ہوتے ہیں جن پر انبیاء علیہم السلام رونق افروز ہوتے ہیں۔ شہداء اور صدیق لوگ ان کے پیچھے ان مشکی ٹیلوں پر ہوں گے۔ اللہ عزوجل فرمائے گا میں نے اپنا وعدہ تم سے سچا کیا ہے اب مجھ سے جو چاہو مانگو پاؤ گے۔ یہ سب کہیں گے ہمیں تیری خوشی اور رضامندی مطلوب ہے' اللہ فرمائے گا یہ تو میں تمہیں دے چکا میں تم سے راضی ہو گیا اس کے سوا بھی تم جو چاہو گے پاؤ گے اور میرے پاس اور زیادہ ہے۔ پس یہ لوگ جمعہ کے خواہشمند رہیں گے کیونکہ انہیں بہت سی نعمتیں اسی دن ملتی ہیں' یہی دن ہے جس دن تمہارا رب عرش پر مستوی ہوا اسی دن حضرت آدم علیہ السلام پیدا کئے گئے اور اسی دن قیامت آئے گی۔ اسی طرح اسے حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب الام کی کتاب الجمعہ میں بھی وارد کیا ہے۔ امام ابن جریرؒ نے اس آیت کی تفسیر کے موقعہ پر ایک بہت بڑا اثر وارد کیا ہے جس میں بہت سی باتیں غریب ہیں۔ مسند احمد میں ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جنتی ستر سال تک ایک ہی طرف متوجہ بیٹھا رہے گا پھر ایک حور آئے گی جو اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر اسے اپنی طرف متوجہ کرے گی وہ اتنی خوبصورت ہوگی کہ اس کے رخسار میں اسے اپنی شکل اس طرح نظر آئے گی جیسے آبدار آئینے میں' وہ جو زیورات پہنے ہوئے ہوگی ان میں کا ایک ایک ادنیٰ موتی ایسا ہوگا کہ اس کی جوت سے ساری دنیا منور ہو جائے۔ وہ سلام کرے گی یہ جواب دیکر پوچھے گا تم کون ہو؟ وہ کہے گی میں ہوں جسے قرآن میں مزید کہا گیا تھا۔ اس پر ستر حلّے ہوں گے' لیکن تاہم اس کو خوبصورتی اور چمک دمک اور صفائی کیوجہ سے باہر ہی سے اس کی پنڈلی کا گودا نظر آئے گا' اس کے سر پر جڑاؤ تاج ہوگا جس کا ادنیٰ موتی مشرق و مغرب کو روشن کر دینے کے لئے کافی ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ
اور کتنی تباہ کر چکے ہم ان سے پہلے جماعتیں
هُمْ اَشَدُّ مِنْهُمْ بَطْشًا فَنَقَّبُوْا
کہ اُن کی قوت زبردست تھی اُن سے پھر لگے کریدنے
فِى الْبِلَادِ ؕ هَلْ مِنْ مَّحِيْصٍ ﴿۳۶﴾
شہروں میں' کہیں ہے بھاگ جانے کو ٹھکانہ ☆

کفار اقوام کی بربادی ☆ پہلے کفار کی تعذیب اخروی کا بیان تھا درمیان میں ان کے مقابلہ پر اہل جنت کے تنعم کا ذکر آ گیا۔ اب پھر کفار کی سزا ہی کا ذکر کرتے ہیں یعنی آخرت سے پہلے دنیا ہی میں ہم کتنی شریر و سرکش قوموں کو تباہ کر چکے ہیں جو زور و قوت میں موجودہ اقوام کفار سے بڑھ چڑھ کر تھیں اور جنہوں نے بڑے بڑے شہر چھان مارے تھے پھر جب عذاب الٰہی آیا تو بھاگ جانے کو روئے زمین پر کہیں ٹھکانا نہ ملا یا یہ مطلب ہے کہ

besturdubooks.wordpress.com

عذاب کے وقت اپنی بستیوں میں کھوج لگانے لگے کہ کہیں پناہ ملے مگر کوئی ٹھکانہ نہ پایا'' وھذا ھو الظاھر من الترجمة والاول ما اختارہ جمھور المفسرین''۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰی لِمَنْ
اس میں سوچنے کی جگہ ہے اُس کو
كَانَ لَهٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ
جس کے اندر دل ہے یا لگائے کان
وَهُوَ شَهِيْدٌ ﴿۳۷﴾
دل لگا کر ☆

نصیحت پانے والے ☆یعنی ان عبرتناک واقعات میں غور وفکر کر کے وہی لوگ نصیحت حاصل کر سکتے ہیں جن کے سینہ میں سمجھنے والا دل ہو کہ از خود ایک بات کو سمجھ لیں یا کم از کم کسی سمجھانے والے کے کہنے پر دل کو حاضر کر کے کان دھریں کیونکہ یہ بھی ایک درجہ ہے کہ آدمی خود متنبہ نہ ہو تو دوسرے کے متنبہ کرنے پر ہشیار ہو جائے۔ جو شخص نہ خود سمجھے نہ کس کے کہنے پر توجہ کے ساتھ کان لگائے اس کا درجہ اینٹ پتھر سے زیادہ نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

یہاں کون سا دل مراد ہے: یعنی اس شخص کے لئے جس کا دل تمام کثافتوں سے پاک صاف ہو تجلیات صفات کو قبول کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ اللہ کی یاد میں ڈوبا رہتا ہو اور غیر اللہ کی طرف متوجہ نہ ہو۔ اس مضمون کی تائید ایک حدیث قدسی سے ہوتی ہے۔ (اللہ نے فرمایا) نہ میری زمین مجھے سما سکتی ہے نہ میرا آسمان مجھے سما سکتا ہے ہاں مومن بندے کے دل کے اندر میری سمائی ہو سکتی ہے۔

صوفیہ کی اصطلاح میں ایسا دل فنا کے بعد ہی ہوتا ہے۔

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا' قلب سے مراد عقل ہے۔ بعض اہل علم کے نزدیک یاد رکھنے والا (عبرت پذیر) دل مراد ہے جو حقائق پر غور کرتا ہے (سطحی نظر سے نہیں دیکھتا)

شہید کا معنی: یعنی یہ سورۃ اس شخص کے لئے عبرت و موعظت ہے جس کے قلب سلیم ہو یا قران کو بحضور قلب سُنے خواہ حضور قلب بناوٹی ہو (یعنی صورت حضور قلب والے کی ایسی بنالے) غافل نہ ہو۔

یا شہید بمعنی شاہد ہے یعنی کانوں سے سن کر دل اس کی گواہی دے اور تصدیق کرے۔ ظاہر قرآن سے نصیحت اندوز ہو اور تنبیہات فرقانیہ سے اثر پذیر ہو۔

قاضی ثناء اللہ پانی پتی کا ارشاد: اول (قلم سلیم ہونا) کاملوں کا بیان اور دوسرا (کانوں کو متوجہ ہونا) مخلص مردوں کا درجہ ہے۔ اسی مضمون کی طرح دوسری حدیث کا مضمون ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عبادت کی کوشش یہ ہے کہ تم اپنے رب کی اس طرح عبادت کرو گویا (عبادت کے وقت) تم اس کو دیکھ رہے ہو اگر تم اس کو نہیں دیکھ رہے ہو تو (اتنا خیال رکھو کہ) وہ تم کو دیکھ رہا ہے۔ یعنی اللہ کے سامنے حاضر ہونے کا تصور رکھا جائے خواہ خود آ وردہی ہو۔

بعض مفسرین نے فرمایا کہ یہاں قلب سے مراد حیات ہے' وہ بھی اسی لئے کہ حیات کا مدار قلب ہے' معنی آیت کے یہ ہوئے کہ اس سورت قرآن میں جو کچھ بیان کیا گیا ہے اس سے نصیحت وعبرت کا فائدہ اسی شخص کو پہنچ سکتا ہے جس میں عقل ہو یا زندگی ہو' بے عقل یا مردے کو کیا فائدہ پہنچے گا۔ (معارف مفتی اعظم)

وَلَقَدْ خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
اور ہم نے بنائے آسمان اور زمین
وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۖ
اور جو کچھ اُن کے بیچ میں ہے چھ دن میں ☆

☆اس کا بیان پہلے کئی جگہ گزر چکا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ﴿۳۸﴾
اور ہم کو نہ ہوا کچھ تکان ☆

دوبارہ پیدائش ☆جب پہلی مرتبہ بنانے سے نہ تھکے تو دوسری مرتبہ کیوں تھکیں گے اور تباہ و برباد کر دینا تو بنانے سے کہیں آسان ہے۔ (تفسیر عثمانی)

سبب نزول: حاکم نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے بیان کیا اور اس کو صحیح کہا ہے کہ کچھ یہودیوں نے خدمت گرامی میں حاضر ہو کر آسمان وزمین کی تخلیق کے متعلق سوال کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ نے زمین کو اتوار کے دن اور سمندروں کو سوموار کے دن اور پہاڑوں کو اور جو کچھ ان کے اندر فائدہ بخش چیزیں ہیں سب کو منگل کے دن اور درختوں کو اور پانی کو اور شہروں کو اور آبادیوں کو اور ویرانوں کو بدھ کے دن اور آسمان کو جمعرات کے دن اور ستاروں کو اور چاند سورج کو اور ملائکہ کو جمعہ کے دن اس وقت تک پیدا کیا جبکہ یوم جمعہ کی تین ساعتیں باقی تھیں۔ (بقیہ) پہلی ساعت میں اوقاتِ موت کو پیدا کیا جن میں مرنے والے مرتے ہیں اور دوسری ساعت میں ان مصائب کو پیدا کیا جن کا نزول انسان کو فائدہ پہنچانے والی ہر چیز پر ہوتا ہے اور تیسری ساعت میں آدمی کو پیدا کیا اور انکو جنت کا ساکن بنایا اور ابلیس کو حکم دیا کہ آدم کو سجدہ کرے اور تیسری ساعت کے آخر میں آدم کو دیا ابلیس کو جنت سے نکال دیا۔

besturdubooks.wordpress.com

یہودیوں نے دریافت کیا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پھر کیا ہوا؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' پھر اللہ عرش پر مستوی ہوگیا۔ یہودیوں نے کہا (آپ نے پورا بیان نہیں کیا' بیان میں نقص ہے) اگر آپ بیان مکمل کر دیتے تو صحیح ہوجاتا۔ اس کے بعد اللہ نے آرام لیا۔ یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سخت غصہ آ گیا اور آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ
سو تو سہتا رہ جو کچھ وہ کہتے ہیں اور پاکی بولتا رہ
بِحَمْدِ رَبِّكَ
خوبیاں اپنے رب کی

آپ صبر کرتے رہیں ☆ یعنی ایسی موٹی باتوں کو یہ لوگ نہ سمجھیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم غمگین نہ ہوں بلکہ ان کی بے ہودہ بکواس پر صبر کرتے رہیں اور اپنے پروردگار کی یاد میں دل لگائے رکھیں جو تمام زمین و آسمان کا پیدا کرنے والا اور ہر چیز کے بنانے اور بگاڑنے پر قدرت رکھتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ۔ یعنی یہودیوں کے اس قول پر کہ اللہ تھک گیا' پھر اس نے آرام لیا۔ صبر کیجئے۔ یا مشرک جو انکارِ قیامت کرتے ہیں اس پر صبر کیجئے۔ کیونکہ جو خدا ابتدائی تخلیق عالم پر قادر ہے' وہ ان کو دوبارہ زندہ کرنے اور ان سے انتقام لینے پر بھی قدرت رکھتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ
پہلے سورج کے نکلنے سے اور پہلے
الْغُرُوْبِ ۝ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ
ڈوبنے سے اور کچھ رات میں بول اُس کی پاکی ☆

عبادت وقبولیت کے اوقات ☆ یہ وقت اللہ کی یاد کے ہیں ان میں دعا اور عبادت بہت قبول ہوتی ہے اور بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ ابتداء میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر تین ہی نمازیں فرض تھیں فجر اور عصر اور تہجد بہرحال اب بھی ان تینوں وقتوں کو خصوصی فضل وشرف حاصل ہے۔ نماز یا ذکر ودعا وغیرہ سے ان اوقات کو معمور رکھنا چاہئے حدیث میں ہے "عليكم بالغدوة والروحة و شئى من الدلجة" بعض نے کہا "قبل الطلوع" سے نماز فجر "قبل الغروب" سے ظہر وعصر اور "من الليل" سے مغرب وعشاء مراد ہیں واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

نماز فجر اور عصر کی تاکید: مسند احمد میں ہے ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیٹھے ہوئے تھے آپ نے چودھویں رات کے چاند کو دیکھا اور فرمایا تم اپنے رب کے سامنے پیش کئے جاؤ گے اور اسے اس طرح دیکھو گے جیسے اس چاند کو دیکھ رہے ہو جس کے دیکھنے میں کوئی دھکا پیلی نہیں پس اگر تم سے ہوسکے تو خبردار سورج نکلنے سے پہلے کی اور سورج ڈوبنے سے پہلے کی نماز میں مغلوب نہ ہو جایا کرو' پھر آیت وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ پڑھی۔ یہ حدیث بخاری ومسلم میں بھی ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

نماز تہجد: اور تہجد (قیام لیل) بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور امت پر واجب کیا گیا تھا جو ایک سال تک رہا جس کے بعد قیام دلیل کا وجوب امت کے حق میں منسوخ کر دیا گیا اور جب معراج میں پنجگانہ نمازیں فرض ہوگئیں تو اکثر مفسرین کی رائے کے مطابق ہر ایک سے اس کا وجوب منسوخ کر دیا گیا۔ گو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس پر پابندی ایسی ہی کرتے تھے جیسے کہ امر واجب کی کی جائے حتیٰ کہ کسی رات اگر ضعف یا بیماری کے باعث قیام لیل نہ فرما سکے تو اس کی قضا کے طور پر طلوع شمس اور زوال کے درمیانی وقت بارہ رکعت ادا فرما لیتے۔ (معارف کاندھلوی)

وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ ۝۴۰
اور پیچھے سجدہ کے ☆

☆ یعنی نماز کے بعد کچھ تسبیح وتہلیل کرنا چاہئے یا نوافل مراد ہوں جو فرائض کے بعد پڑھے جاتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ۔ حضرت مجاہدؒ نے اس کی تفسیر میں فرمایا کہ سجود سے مراد فرض نمازیں ہیں' اور 'اَدْبَارَ السُّجُوْدِ' سے مراد وہ تسبیحات پڑھنا ہے جس کی فضیلت ہر نماز کے بعد حدیث مرفوع میں آئی ہے۔

فرض نماز کے بعد تسبیحات کی فضیلت

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص ہر فرض نماز کے بعد ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ' ۳۳ مرتبہ الحمدللہ' ۳۳ مرتبہ اللہ اکبر اور ایک مرتبہ لا اله الا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد وهو على كل شئ قدير' پڑھ لیا کرے تو اس کی خطائیں معاف کر دی جائیں گی' اگرچہ وہ دریا کی موجوں کے برابر ہوں (رواہ البخاری ومسلم) اور ادبار السجود سے مراد وہ سنتیں بھی ہوسکتی ہیں جو فرض نمازوں کے بعد احادیث صحیحہ میں آئی ہیں (مظہری) (معارف مفتی اعظم)

وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ
اور کان رکھ جس دن پکارے پکارنے والا نزدیک کی

besturdubooks.wordpress.com

قَرِيبٍ ﴿٤١﴾

جگہ سے ☆

نداءِ قریب ☆ کہتے ہیں صور پھونکا جائے گا بیت المقدس کے پتھر پر اس لئے نزدیک کہا یا یہ مطلب ہے کہ اس کی آواز ہر جگہ نزدیک لگے گی اور سب کو یکساں سنائی دے گی باقی صور پھونکنے کے سوا اور بھی ندائیں حق تعالیٰ کی طرف سے اس روز ہوں گی بعض نے آیت سے وہ مراد لی ہے مگر ظاہر نفخ صور ہے واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

پکارنے والے کی پکار: ابن عساکر نے بروایت زید بن جابر شافعی اس آیت کی تفسیر میں بیان کیا ہے کہ (قیامت کے دن) اسرافیل صخرۂ بیت المقدس پر کھڑے ہو کر کہیں گے اے بوسیدہ ہڈیو! اے پارہ پارہ کھالو! ٹوتے ہوئے بالو! اللہ تم کو حکم دیتا ہے کہ فیصلہ خطاب کے لئے جمع ہو جاؤ۔

کلبی نے کہا' زمین کے دوسرے حصے آسمان سے جتنے فاصلہ پر ہیں ان سب سے اٹھارہ میل زائد صخرہ آسمان کے قریب ہے۔

يَوْمَ يَسْمَعُونَ ۔ یعنی اس روز بحکم خدا مردے سنیں گے' مردے ہوں یا جمادات (پتھر وغیرہ) بحکم خدا سننے کے معاملے میں زندوں کی طرح ہیں۔ تمام موجودات کو (خواہ بے حس' بے شعور اور غیر نامی ہوں یا نامی' باحس یا با شعور) کسی نے کسی طرح کی زندگی تو حاصل ہی ہے۔

عذابِ قبر روح اور جسم دونوں کو ہوتا ہے

علمائے (اہل سنت) کا اس مسئلہ پر اجماع ہے کہ عذاب قبر روح اور جسم دونوں پر ہوتا ہے شیخین نے حضرت انسؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقتولین بدر کے پاس کھڑے ہو کر فرمایا' جو وعدہ (یعنی وعدۂ عذاب) تم سے تمہارے رب نے کیا تھا' کیا تم نے اس کو صحیح پالیا' ہم سے ہمارے رب نے جو وعدہ (یعنی فتح و نصرت کا وعدہ) کیا تھا ہم نے تو اس کو صحیح پالیا۔

حضرت عمرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ بے جان جسموں کو کس طرح خطاب کر رہے ہیں؟ فرمایا: میں جو کچھ کہہ رہا ہوں تم اس کو اُن سے زیادہ نہیں سنتے لیکن وہ مجھے جواب نہیں دے سکتے۔

قرطبی نے کہا' صور کی آواز جس سے مُردے زندہ ہو جائیں گے' پھیلتی اور بڑھتی جائے گی ابتدائی آواز تو زندہ کرنے کے لئے ہوگی' اور اس کے بعد کی آواز قبروں سے باہر نکالنے کے لئے زندہ کرنے والی آواز تو وہ (مردے) نہیں سنیں گے۔ لیکن قبروں سے نکالنے کی آواز کو سنیں گے۔ سیوطی نے کہا' احتمال ہے کہ جو روحیں صورِ اسرافیل میں ہوں وہ شروع سے ہی سُن لیں۔

میں کہتا ہوں اوپر ذکر کیا جا چکا ہے کہ اسرافیل ہڈیوں اور کھالوں کو خطاب کریں گے' روحوں کو خطاب نہیں کریں گے۔ ارواح کو سننے کا کوئی فائدہ نہیں۔ (تفسیر مظہری)

يَوْمَ يَسْمَعُونَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ۚ ذَٰلِكَ

جس دن سُنیں گے چنگھاڑ محقق وہ ہے

يَوْمُ الْخُرُوجِ ﴿٤٢﴾

دن نکل پڑنے کا ☆

نفخۂ ثانیہ ☆ یعنی دوسری مرتبہ صور پھونکا جائے گا تو سب زمین سے نکل کھڑے ہوں گے۔ (تفسیر عثمانی)

إِنَّا نَحْنُ نُحْيِي وَنُمِيتُ وَإِلَيْنَا الْمَصِيرُ ﴿٤٣﴾

ہم ہیں جلاتے اور مارتے اور ہم تک ہے سب کو پہنچنا ☆

موت وحیات اللہ کے ہاتھ میں ہے

☆ یعنی بہر حال موت وحیات سب خدا کے ہاتھ میں ہے اور ہر پھر کر آخر کار اسی کی طرف سب کو جانا ہے۔ بچ کر کوئی نہیں نکل سکتا۔ (تفسیر عثمانی)

يَوْمَ تَشَقَّقُ الْأَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ۚ

جس دن زمین پھٹ کر نکل پڑیں وہ سب دوڑتے ہوئے

ذَٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيرٌ ﴿٤٤﴾

یہ اکٹھا کرنا ہم کو آسان ہے ☆

یوم حشر ☆ یعنی زمین پھٹے گی اور مردے اس سے نکل کر میدان حشر کی طرف جھپٹیں گے خدا تعالیٰ سب اگلوں پچھلوں کو ایک میدان میں اکٹھا کر دے گا اور ایسا کرنا اس کو کچھ مشکل نہیں۔

يَوْمَ تَشَقَّقُ ۔ یعنی مردوں کو زندہ کر کے اس روز اُٹھایا جائے گا' جب حساب فہمی کے لئے ان کو پکارا جائے گا اور زمین پھٹ کر وہ تیزی کے ساتھ باہر نکل آئیں گے۔

ذَٰلِكَ ۔ یہ یکدم سب کا نکل آنا۔ ہمارے لئے آسان ہے۔ يَسِيرٌ سے پہلے عَلَيْنَا کا ذکر اظہار خصوصیت کے لئے ہے' حشر اموات اسی کے لئے آسان ہو سکتا ہے جو بذات خود عالم اور قادر ہو۔ اور کسی کام میں مشغولیت دوسرے کاموں سے اس کو غافل نہ بنا سکے۔ اور ایسی ذات صرف اللہ ہی کی

besturdubooks.wordpress.com

ہے اس لئے حشر اموات اس کے لئے دشوار نہیں۔ اللہ نے ایک اور آیت میں فرمایا ہے مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ۔ (تفسیر مظہری)

دوڑنا کس طرف ہوگا: حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ دوڑنا ملک شام کی طرف ہوگا جہاں صخرۂ بیت المقدس پر اسرافیل علیہ السلام ندا کرتے ہوں گے۔

جامع ترمذی میں حضرت معاویہ بن حیدہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دستِ مبارک سے ملک شام کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا۔

یہاں سے اُس طرف (یعنی شام کی طرف) تم سب اٹھائے جاؤ گے کچھ لوگ سوار کچھ پیدل اور بعض کو چہروں کے بل گھسیٹ کر قیامت کے روز اس میدان میں لایا جائے گا۔ (از قرطبی)

حضرت قتادہؒ کی دعاء: حضرت قتادہؒ اس آیت کو پڑھ کر یہ دعاء مانگتے تھے اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِمَّنْ يَّخَافُ وَعِيْدَكَ وَيَرْجُوْا مَوْعُوْدَكَ يَابَارُّ يَارَحِيْمُ۔ "یعنی یا اللہ ہمیں ان لوگوں میں داخل فرما دیجئے جو آپ کی وعدیِ عذاب سے ڈرتے ہیں اور آپ کے وعدے کے امیدوار ہیں اے وعدہ پورے کرنے والے اے رحمت والے۔ (معارف مفتی اعظم)

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ وَمَآ اَنْتَ
ہم خوب جانتے ہیں جو کچھ وہ کہتے ہیں اور تو نہیں
عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ
ہے اُن پر زور کرنیوالا سو تو سمجھا قرآن سے
مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ ﴿۴۵﴾
اُس کو جو ڈرے میرے ڈرانے سے ☆

آپ قرآن سناتے رہیں ☆ یعنی جو لوگ حشر کا انکار کرتے اور وہی تباہی کلمات بکتے ہیں بکنے دو، ان کا معاملہ ہمارے سپرد کرو ہم کو سب معلوم ہے جو کچھ وہ کہتے ہیں آپ کا یہ منصب نہیں کہ زور زبردستی سے ہر ایک کو یہ باتیں منوا کر چھوڑیں ہاں قرآن سنا سنا کر بالخصوص ان کو نصیحت اور فہمائش کرتے رہیے جو اللہ کے ڈرانے سے ڈرتے ہیں ان معاندین کے پیچھے زیادہ نہ پڑیے۔ (تفسیر عثمانی)

سببِ نزول: عمرو بن قیس ملائی کی وساطت سے ابن جریر نے حضرت ابن عباسؓ کا بیان نقل کیا ہے کہ کچھ لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی کہ اگر آپ ہم کو (عذاب سے) ڈراتے رہیں تو بہتر ہوگا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ حضرت عمرؓ سے مرسل روایت بھی اس طرح آئی ہے۔

تم سورۃ قٓ والحمد للہ۔ (تفسیر مظہری)

جو شخص اس کو خواب میں پڑھے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا زمین کی نباتات میں سے جس قدر چاہے حاصل کرے گا اور ہر مذہب کی طرف وہ مائل رہے گا۔ (ابن سیرینؒ)

سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سِتُّوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ
سورۃ ذاریات مکہ میں نازل ہوئی اور اسکی ساٹھ آیتیں اور تین رکوع ہیں
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
﴿شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے﴾
وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ﴿۱﴾ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ﴿۲﴾
قسم ہے اُن ہواؤں کی جو بکھیرتی ہیں اُڑا کر پھر اٹھانے والیاں بوجھ
فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا ﴿۳﴾ فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ﴿۴﴾
کو پھر چلنے والیاں نرمی سے پھر بانٹنے والیاں حکم سے ☆

قیامِ قیامت کی شہادتیں ☆ اول زور کی ہوائیں اور آندھیاں چلتی ہیں جن سے غبار وغیرہ اڑتا ہے اور بادل بنتے ہیں پھر ان میں پانی بنتا ہے اس بوجھ کو اٹھائے پھرتی ہیں پھر برسنے کے قریب نرم ہوا چلتی ہے پھر اللہ کے حکم کے موافق بارش میں جس جگہ کا جتنا حصہ ہوتا ہے وہ تقسیم کرتی ہیں ان ہواؤں کی اللہ قسم کھاتا ہے۔ بعض علماء نے "ذاریات" سے ہوائیں "حاملات" سے بادل "جاریات" سے ستارے اور "مقسمات" سے فرشتے مراد لئے ہیں گویا مقسم بہ کی ترتیب نیچے سے اوپر کو ہوئی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ وغیرہ سے منقول ہے کہ "ذاریات" ہوائیں "حاملات" بادل "جاریات" کشتیاں اور "مقسمات" فرشتے ہیں جو اللہ کے حکم سے رزق وغیرہ تقسیم کرتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

صبیغ کا قصہ: بزار میں ہے صبیغ تمیمی امیر المؤمنین حضرت عمرؓ کے پاس آیا اور کہا بتلاؤ ذاریات سے کیا مراد ہے؟ فرمایا ہوا اور اسے میں نے اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہوا نہ ہوتا تو میں کبھی نہ کہتا۔ پوچھا مقسمات؟ فرمایا فرشتے اور اسے بھی میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سن رکھا ہے پوچھا جاریات سے کیا مطلب ہے؟ فرمایا کشتیاں یہ بھی اگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نہ سنا ہوتا تو تجھ سے نہ کہتا پھر حکم دیا کہ اسے سو کوڑے لگائے جائیں۔ چنانچہ اُسے دُرّے مارے گئے اور ایک مکان میں رکھا گیا جب زخم اچھے ہو گئے تو بلوا کر پھر سو کوڑے پٹوائے اور سوار کرا کر حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو لکھ بھیجا کہ یہ کسی مجلس میں نہ بیٹھنے

besturdubooks.wordpress.com

پائے۔ کچھ دنوں بعد یہ حضرت ابوموسیٰؓ کے پاس آئے اور بڑی سخت تاکیدی قسمیں کھا کرانہیں یقین دلایا کہ اب میرے خیالات کی پوری اصلاح ہوچکی ہے اب میرے دل میں وہ بدعقیدگی نہیں رہی جو پہلے تھی۔ چنانچہ حضرت ابو موسیٰؓ نے جناب امیر المؤمنین کی خدمت میں اس کی اطلاع دی اور ساتھ ہی یہ بھی لکھا کہ میرا خیال ہے کہ اب وہ واقعی ٹھیک ہوگیا ہے۔ اس کے جواب میں دربار خلافت سے فرمان پہنچا کر پھر انہیں مجلس میں بیٹھنے کی اجازت دیدی جائے۔ امام ابوبکر بزارؒ فرماتے ہیں اس کے دوراویوں میں کلام ہے پس یہ حدیث ضعیف ہے۔ ٹھیک بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ یہ حدیث بھی موقوف ہے یعنی حضرت عمرؓ کا اپنا فرمان ہے مرفوع حدیث نہیں امیر المؤمنینؓ نے جو اسے پٹوایا تھا اس کی وجہ یہ تھی کہ اس کی بدعقیدگی آپ پر ظاہر ہوچکی تھی اور اس کے یہ سوالات ازروئے انکار اور مخالفت کے تھے واللہ اعلم۔ صبیغ کے باپ کا نام عسل تھا اور اس کا یہ قصہ مشہور ہے جسے پورا پورا حافظ ابن عساکرؒ لائے ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ۝۵
بیشک جو وعدہ کیا ہے تم سے سو سچ ہے
وَّاِنَّ الدِّيْنَ لَوَاقِعٌ ۝۶
اور بیشک انصاف ہونا ضرور ہے ☆

انجام کائنات ☆ یعنی یہ ہواؤں اور بارش وغیرہ کا نظام شاہد ہے کہ آخرت کا وعدہ سچا اور انصاف ہونا ضروری ہے۔ جب اس دنیا میں ہوا تک بے نتیجہ نہیں چلتی تو کیا اتنا بڑا کارخانہ یوں ہی بے نتیجہ چل رہا ہے؟ یقیناً اسکا کوئی عظیم الشان انجام ہوگا اسی کو آخرت کہتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَالسَّمَاۗءِ ذَاتِ الْحُبُكِ ۝۷
قسم ہے آسمان جال دار کی ☆

آسمان کا نظم ونسق ☆ یعنی صاف وشفاف، خوبصورت، مضبوط، اور پررونق آسمان کی قسم جس پر ستاروں کا جال بچھا ہوا معلوم ہوتا ہے اور جس پر ستاروں کی اور فرشتوں کی راہیں پڑی ہوئی ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

حبک کا معنی: صاحب قاموس نے لکھا ہے حبک مضبوط بناوٹ والے حُبک الثوب کپڑے کی ساخت میں خوبصورت آثار صنعت۔ حبک الرمل ریت کی دھاریاں حبک کا واحد حباک ہے جیسے کتب کا واحد کتاب۔ حبک الماء پانی کی شکنہ لہریں حبک الشعر گھونگریالے بال حُبک السماء ستاروں کی گزرگاہیں۔ (تفسیر مظہری)

ابن جریرؒ کی ایک حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں تمہارے پیچھے کذاب بہکانے والا ہے اس کے سر کے بال پیچھے کی طرف سے حبک حبک ہیں یعنی گھونگروالے ہیں ابوصالح فرماتے ہیں حبک سے مراد شکست والا۔ خصیف کہتے ہیں مراد خوش منظر ہے۔ حسن بصریؒ فرماتے ہیں اس کی خوبصورتی اس کے ستارے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں اس سے مراد ساتواں آسمان ہے۔ ممکن ہے آپ کا مطلب یہ ہو کہ قائم رہنے والے ستارے اس آسمان میں ہیں۔ اکثر علمائے ہیئت کا بیان ہے کہ یہ آٹھویں آسمان میں ہیں جو ساتویں کے اوپر ہے واللہ اعلم۔ (تفسیر ابن کثیر)

اِنَّكُمْ لَفِيْ قَوْلٍ مُّخْتَلِفٍ ۝۸
تم پڑ رہے ہو ایک جھگڑے کی بات میں
يُّؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ اُفِكَ ۝۹
اس سے باز رہے وہی جو پھیرا گیا ☆

قیامت میں جھگڑنا حماقت ہے ☆ یعنی قیامت اور آخرت کی بات میں خواہ مخواہ جھگڑے ڈال رکھے ہیں اسکو وہ ہی تسلیم کرے گا جسے بارگاہ ربوبیت سے کچھ تعلق ہو جو شخص راندہ درگاہ ہے اور خیر وسعادت کے راستوں سے پھیر دیا گیا ہے وہ اس چیز کے تسلیم اور قبول کرنے سے ہمیشہ باز رہے گا حالانکہ اگر صرف آسمان کے نظم ونسق میں غور کرے تو یقین ہوجائے کہ اس مسئلہ میں جھگڑنا محض حماقت ہے۔ (تفسیر عثمانی)

قُتِلَ الْخَرّٰصُوْنَ ۝۱۰
مارے پڑے اٹکل دوڑانے والے ☆

اٹکل دوڑانے والے ☆ یعنی دین کی باتوں میں اٹکلیں دوڑاتے ہیں اور محض اپنے ظن وتخمین سے قطعیات کو رد کرتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ غَمْرَةٍ سَاهُوْنَ ۝۱۱
وہ جو غفلت میں ہیں بھول رہے ☆

غفلت کے اسباب ☆ یعنی دنیا کے مزوں نے آخرت سے اور خدا سے غافل کر رکھا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

يَسْـَٔلُوْنَ اَيَّانَ يَوْمُ الدِّيْنِ ۝۱۲
پوچھتے ہیں کب ہے دن انصاف کا ☆

besturdubooks.wordpress.com

کافروں کی ہنسی ☆ یعنی انکار اور ہنسی کے طور پر پوچھتے ہیں کہ ہاں صاحب! وہ انصاف کا دن کب آئے گا؟ آخر اتنی دیر کیوں ہو رہی ہے؟ (تفسیر عثمانی)

يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُونَ ﴿۱۳﴾
جس دن وہ آگ پر اُلٹے سیدھے پڑیں گے
ذُوقُوا فِتْنَتَكُمْ هٰذَا الَّذِي
چکھو مزا اپنی شرارت کا یہ ہے جس کی
كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُونَ ﴿۱۴﴾
تم جلدی کرتے تھے ☆

کافروں کو تنبیہ ☆ یہ حق تعالیٰ کی طرف سے ان کو جواب دیا گیا یعنی ذرا صبر کرو وہ دن آیا چاہتا ہے جب تم آگ میں اُلٹے سیدھے کئے جاؤ گے اور خوب جلا تپا کر کہا جائے گا کہ لو اب اپنی شرارت اور استہزاء کا مزہ چکھو جس دن کی جلدی مچا رہے تھے وہ آ گیا۔ (تفسیر عثمانی)

حکیم الامت: یہ کہ جس قیامت کی دھمکی دی جا رہی ہے وہ کہاں آئے گی تو اس طبعی شقاوت کے باعث جواب میں تنبیہ اور سختی کا رنگ اختیار کرتے ہوئے فرمایا يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُونَ ۔ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی قدس اللہ سرہٗ العزیز فرماتے ہیں، یہ جواب اسی طرز کا ہے جیسے کسی مجرم کے واسطے پھانسی کا حکم ہو جائے مگر وہ احمق باوجود قیام براہین کے محض اس وجہ سے کہ تاریخ نہیں بتلائی گئی تکذیب ہی کئے جائے اور یہی کہتا رہے اچھا وہ دن کب آئے گا چونکہ یہ سوال از راہ تعنت ہے اس لئے جواب میں بجائے تاریخ بتلائے کے یہ کہنا بھی نہایت ہی مناسب ہو گا وہ دن اس وقت آئے گا جب تم پھانسی پر لٹکائے جاؤ گے تو اسی طرح یہاں اَيَّانَ يَوْمُ الدِّيْنِ کے جواب میں بھی مناسب ہوا کہ فرمایا جائے يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُونَ ۔ (معارف کاندھلوی)

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۱۵﴾
البتہ ڈرنے والے باغوں میں ہیں اور چشموں میں
اٰخِذِيْنَ مَآ اٰتٰهُمْ رَبُّهُمْ
لیتے ہیں جو دیا اُن کو اُن کے رب نے ☆

متقیوں کو خوشخبری ☆ یعنی خوشی خوشی ان نعمتوں کو قبول کرتے ہیں جو ان کے پروردگار نے ارزانی فرمائی ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ ﴿۱۶﴾
وہ تھے اس سے پہلے نیکی والے ☆

محسنین ☆ یعنی دنیا سے نیکیاں سمیٹ کر لائے تھے آج ان کا نیک پھل مل رہا ہے آگے ان نیکیوں کی قدرے تفصیل ہے۔ (تفسیر عثمانی)

مُحْسِنِيْنَ ۔ حضور خاطر اور خلوص قلب کے ساتھ اللہ کی عبادت کرتے تھے اور اس کی خوشنودی کے طلب گار تھے۔ (تفسیر مظہری)

كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا
وہ تھے رات کو تھوڑا
يَهْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ
سوتے اور صبح کے وقتوں میں
يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۱۸﴾
معافی مانگتے ☆

متقیوں کی نیکیاں ☆ یعنی رات کا اکثر حصہ عبادت الٰہی میں گزارتے اور سحر کے وقت جب رات ختم ہونے کو آتی اللہ سے اپنی تقصیرات کی معافی مانگتے کہ الٰہی حق عبودیت ادا نہ ہو سکا جو کوتاہی رہی اپنی رحمت سے معاف فرما دیجئے۔ کثرت عبادت ان کو مغرور نہ کرتی تھی بلکہ جس قدر بندگی میں ترقی کرتے جاتے خشیت و خوف بڑھتا جاتا تھا۔ (تفسیر عثمانی)

يَهْجَعُوْنَ ۔ میں ما زائدہ ہے۔ ہجوع کا معنی ہے رات کو سونا۔

قَلِيْلًا ۔ مفعول فیہ ہے یا مفعول مطلق یعنی رات کو تھوڑے وقت وہ سوتے ہیں یا رات کے کچھ حصہ میں وہ تھوڑی سی نیند لے لیتے ہیں یعنی رات کے زیادہ حصہ میں نماز پڑھتے رہتے ہیں۔

پوری رات عبادت کرنے والے: سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباسؓ کے حوالہ سے آیت کی تشریح اس طرح کی ہے کمتر رات ایسی گزرتی ہے کہ وہ اس کے کسی حصہ میں نماز نہ پڑھتے ہوں شروع رات میں پڑھتے ہیں یا درمیان شب میں پڑھتے ہیں یا آخر رات میں یعنی پوری رات کم ہی سوتے ہیں۔ مراد یہ کہ پوری رات نہیں سوتے۔

وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ اور اخیر شب میں استغفار کیا کرتے تھے۔

اللہ تعالیٰ کی عنایتیں: حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی

besturdubooks.wordpress.com

اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر رات کو جب رات کا ایک تہائی حصہ باقی رہ جاتا ہے اللہ آسمان دنیا کی طرف نزول اجلال فرماتا ہے اور ارشاد فرماتا ہے میں ہی بادشاہ ہوں کون ہے جو مجھ سے دعا کرے اور میں اس کی دعا قبول کروں کون ہے جو مجھ سے مانگے اور میں اس کو عطا کروں کون ہے جو مجھ سے گناہوں کی معافی کا طلب گار ہو اور میں اس کے گناہ معاف کردوں۔ (متفق علیہ)۔

مسلم کی روایت میں ہے پھر اللہ اپنے دونوں ہاتھ پھیلاتا ہے اور فرماتا ہے کون ہے جو روک سکتا ہو ایسی ذات کو جو نہ نادار ہے نہ ظالم یہاں تک کہ فجر نکل آتی ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز تہجد اور استغفار

حضرت ابن عباسؓ کی صحیح روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات سے اٹھ کر تہجد پڑھتے استغفار کرتے اور کہتے تھے اے اللہ! تیرے ہی لئے ستائش (زیبا) ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور ان کی کائنات کا تو ہی مدبر ہے تیرے ہی لئے حمد ہے۔ آسمانوں کا زمین کا اور ان کی موجودات کا تو ہی حاکم ہے تیری ہی تعریف (زیبا) ہے تو ہی حق ہے تیرا ہی وعدہ حق ہے تیرا (ہمیشہ) باقی رہنا حق ہے تیرا کلام حق ہے دوزخ حق ہے انبیاء حق ہیں محمد حق ہیں قیامت حق ہے اے اللہ میں تیرا ہی فرمانبردار ہوں تجھی پر ایمان رکھتا ہوں تجھی پر میرا بھروسہ ہے تیری ہی طرف میں رجوع کرتا ہوں تیری مدد سے میں دشمنوں کا مقابلہ کرتا ہوں تیری ہی جانب میں اپنا معاملہ (فیصلہ کے لئے) لے جاتا ہوں تو ہمارا رب ہے تیری ہی طرف منتقل ہونا ہے۔ میرے اگلے پچھلے اور پوشیدہ ظاہر گناہ اور وہ قصور جن کو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے معاف فرما دے تو ہی آگے بڑھانے والا اور پیچھے ہٹانیوالا ہے (یا سب سے پہلے اور سب کے بعد تو ہی ہے) تیرے سوا کوئی معبود نہیں اور تیرے علاوہ کوئی قابل پرستش نہیں (متفق علیہ)۔

قبولیت دعاء کا عمل: حضرت عبادہ بن صامتؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص رات سے اٹھ کر کہے۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ. اس کے بعد کہے رَبِّ اغْفِرْلِي یا فرمایا پھر دعا کرے تو اس کی دعا قبول ہوگی اس کے بعد وضو کر کے نماز پڑھے گا تو نماز قبول کی جائے گی (رواہ البخاری) ترجمہ۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کی حکومت ہے اس کے لئے ہر تعریف (زیبا) ہے اور وہ ہر شئے پر قابو رکھتا ہے۔ اللہ پاک ہے اللہ کے لئے ہر تعریف زیبا ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اللہ سب سے بڑا ہے سواء اللہ کی مدد کے جو بزرگ اور عظمت والا ہے نہ طاقت ہے نہ قوت پھر کہے اے میرے رب مجھے معاف کردے یا فرمایا پھر دعا کرے الخ۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاءِ شبانہ:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رات سے بیدار ہوتے تو کہتے۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِيْ وَاَسْئَلُكَ رَحْمَتَكَ اَللّٰهُمَّ زِدْنِيْ عِلْمًا وَّلَا تُزِغْ قَلْبِيْ بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنِيْ وَهَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ. (رواہ ابوداؤد) (تفسیر مظہری)

حضرت ابن عباسؓ، قتادہ، مجاہد وغیرہ ائمہ تفسیر نے اس جملے کا مطلب حرف مَا کو اس میں نفی کے لئے قرار دے کر یہ بتلایا گیا ہے کہ رات کو تھوڑا سا حصہ ان پر ایسا بھی آتا ہے جس میں وہ سوتے نہیں بلکہ عبادت نماز وغیرہ میں مشغول رہتے ہیں اس مفہوم کے اعتبار سے وہ سب لوگ اس کا مصداق ہو جاتے ہیں جو رات کے کسی بھی حصہ میں عبادت کرلیں خواہ شروع میں یا آخر میں یا درمیان میں۔

اس آیت کا مصداق

حضرت انسؓ اور ابوالعالیہؒ نے اس کا مصداق ان لوگوں کو قرار دیا جو مغرب وعشاء کے درمیان نماز پڑھتے ہیں اور امام ابوجعفر باقرؒ نے فرمایا کہ جو لوگ عشاء کی نماز سے پہلے نہ سوویں وہ بھی اس میں داخل ہیں۔ (ابن کثیر)

اپنے عمل کا اہل جنت وجہنم کے اعمال سے موازنہ

حضرت حسن بصریؒ نے احنف بن قیس سے نقل کیا ہے کہ وہ فرماتے تھے کہ میں نے اپنے عمل کا اہل جنت کے اعمال سے موازنہ کیا تو یہ دیکھا کہ وہ ایک ایسی قوم ہے جو ہم سے بہت بلند و بالا اور ممتاز ہے۔ وہ ایک ایسی قوم ہے کہ ہمارے اعمال ان کے درجہ تک نہیں پہنچتے" کیونکہ وہ لوگ راتوں میں سوتے کم ہیں عبادت زیادہ کرتے ہیں پھر میں نے اپنے اعمال کا اہل جہنم کے اعمال سے موازنہ کیا تو دیکھا کہ وہ اللہ ورسول کی تکذیب کرنے والے قیامت کا انکار کرنے والے ہیں (جن چیزوں سے اللہ تعالیٰ نے ہمیں محفوظ رکھا) اس لئے ہمارے اعمال موازنہ کے وقت نہ اصل اہل جنت کے درجہ کو پہنچتے ہیں اور نہ (بحمد اللہ) اہل جہنم کے ساتھ ملتے ہیں۔ تو معلوم ہوا کہ ہمارا درجہ عمل کے اعتبار سے وہ ہے جن کا قرآن کریم نے ان الفاظ سے ذکر فرمایا ہے۔ اَلَّذِيْنَ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا۔ یعنی وہ لوگ جنہوں نے اچھے برے اعمال خلط ملط کر رکھے ہیں تو ہم میں بہتر آدمی وہ ہے جو کم از کم اس طبقے کی حدود میں رہے۔

حضرت زیدؒ کا فرمان: عبدالرحمٰن بن زید بن اسلمؒ فرماتے ہیں کہ بنی تمیم کے ایک شخص نے میرے والد سے کہا کہ اے ابو اسامہؒ ہم اپنے اندر وہ صفت نہیں پاتے جو اللہ تعالیٰ نے متقین کے لئے ذکر فرمائی ہے۔ یعنی (كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ) کیونکہ ہمارا حال تو یہ ہے کہ قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا نَقُوْمُ" "یعنی رات میں بہت کم جاگتے اور عبادت کرتے ہیں میرے

besturdubooks.wordpress.com

والد نے اس کے جواب میں فرمایا: ''بشارت ہے اس شخص کے لئے جس کو نیند آوے تو سوجاوے مگر جب بیدار ہو تو تقویٰ اختیار کرے۔ (معارف مفتی اعظم)

سلامتی کے ساتھ جنت میں داخل ہونے کا عمل

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جب شروع شروع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ شریف تشریف لائے تو لوگ آپ کی زیارت کے لئے ٹوٹ پڑے میں اس مجمع میں، تھا واللہ آپ کے مبارک چہرے پر نگاہ پڑتے ہی اتنا تو میں نے یقین کرلیا کہ یہ نورانی چہرہ کسی جھوٹے انسان کا نہیں ہوسکتا۔ سب سے پہلی بات جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی میرے کان میں پڑی یہ تھی کہ آپ نے فرمایا اے لوگو کھانا کھلاتے رہو اور صلہ رحمی کرتے رہو اور سلام کیا کرو اور راتوں کو جب لوگ سوئے ہوئے ہوں نماز ادا کرو تو تم سلامتی کے ساتھ جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔

جنت کے محلات کس کے لئے ہیں:

مسند احمد میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جنت میں ایسے بالاخانے ہیں جن کے اندر کا حصہ باہر سے اور باہر کا حصہ اندر سے نظر آتا ہے یہ سن کر حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا یارسول اللہ یہ کن کے لئے ہیں؟ فرمایا ان کے لئے جو نرم کلام کریں اور دوسروں کو کھلاتے پلاتے رہیں اور جب لوگ سوتے ہوئے ہوں یہ نمازیں پڑھتے رہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَفِيٓ أَمۡوَٰلِهِمۡ حَقّٞ لِّلسَّآئِلِ وَٱلۡمَحۡرُومِ ﴿١٩﴾

اور اُن کے مال میں حصہ تھا مانگنے والوں کا اور ہارے ہوئے کا ☆

متقیوں کی انسان دوستی

''ہارا ہوا'' وہ جو محتاج ہے اور مانگتا نہیں پھرتا مطلب یہ ہے کہ انہوں نے زکوٰۃ کے علاوہ اپنے مال میں اپنی خوشی سے سائلوں اور محتاجوں کا حصہ مقرر کر رکھا تھا جو التزام کی وجہ سے گویا ایک حق لازم سمجھا گیا۔ (تفسیر عثمانی)

سبب نزول: ابن جریر اور ابن ابی حاتم کا بیان ہے کہ حسن بن محمد بن حنفیہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجاہدین کا ایک دستہ روانہ کیا۔ ان مجاہدوں کے ہاتھ (کافروں کی) کچھ بکریاں لگ گئیں جب یہ لوگ بکریوں کے حصے بخرے کرکے فارغ ہوگئے تو کچھ (غریب) لوگ آپہنچے ان مجاہدوں نے ان کو بھی کچھ حصہ دے دیا اس پر آیت مذکورہ نازل ہوئی۔

محروم کون ہے؟ ابوداؤد وغیرہ میں ہے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں سائل کا حق ہے گو وہ گھوڑے سوار ہو محروم وہ ہے جس کا کوئی حصہ بیت المال میں نہ ہو خود اس کے پاس کوئی کام کاج نہ ہو صنعت و حرفت یاد نہ ہو۔ جس سے روزی کما سکے۔ ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں اس سے مراد وہ لوگ ہیں کہ کچھ سلسلہ کمانے کا کررکھا ہے لیکن اتنا نہیں پاتے کہ انہیں کافی ہوجائے۔ حضرت ضحاکؒ فرماتے ہیں وہ شخص جو مالدار تھا لیکن مال اس کا تباہ ہوگیا۔ چنانچہ یمامہ میں جب پانی کی طغیانی آئی اور ایک شخص کا تمام مال اسباب بہا لے گئی تو ایک صحابی نے فرمایا یہ محروم ہے اور بزرگ مفسرین فرماتے ہیں محروم سے مراد وہ شخص ہے جو باوجود حاجت کے کسی سے سوال نہیں کرتا۔ ایک حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں مسکین وہ نہیں جو چکر لگاتے رہتے ہیں اور جنہیں ایک دو لقمے یا ایک دو کھجوریں تم دے دیا کرتے ہو بلکہ حقیقتاً وہ لوگ مسکین ہیں جو اتنا نہیں پاتے کہ انہیں حاجت نہ رہے نہ اپنا حال و قال ایسا رکھتے ہیں کہ کسی پر ان کی حاجت و افلاس ظاہر ہو اور کوئی انہیں صدقہ دے (بخاری و مسلم) حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ مکہ شریف جارہے تھے کہ راستے میں ایک کتا پاس آکر کھڑا ہوگیا آپ نے ذبح کردہ بکری کا ایک شانہ کاٹ کر اس کی طرف ڈال دیا اور فرمایا لوگ کہتے ہیں یہ بھی محروم میں سے ہے۔ حضرت شعبیؒ فرماتے ہیں میں تو عاجز آگیا لیکن محروم کے معنی معلوم نہ کرسکا۔ امام ابن جریر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں محروم وہ ہے جس کے پاس مال نہ رہا ہو خواہ وجہ کچھ بھی ہو۔ یعنی حاصل نہ کرسکا ہو کمانے کجانے کا سلیقہ ہی نہ ہو یا کام ہی نہ چلتا ہو یا کسی آفت کے باعث جمع شدہ مال ضائع ہوگیا ہو۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَفِي ٱلۡأَرۡضِ ءَايَٰتٞ لِّلۡمُوقِنِينَ ﴿٢٠﴾

اور زمین میں نشانیاں ہیں یقین لانے والوں کے واسطے

وَفِيٓ أَنفُسِكُمۡۚ أَفَلَا تُبۡصِرُونَ ﴿٢١﴾

اور خود تمہارے اندر سو کیا تم کو سوجھتا نہیں ☆

غور و فکر☆ یعنی یہ شب بیداری استغفار اور محتاجوں پر خرچ کرنا اس یقین کی بناء پر ہونا چاہئے کہ خدا موجود ہے اور اسکے ہاں کسی کی نیکی ضائع نہیں کی جاتی اور یہ یقین وہ ہے جو آفاقی و انفسی آیات میں غور کرنے سے بسہولت حاصل ہوسکتا ہے انسان اگر خود اپنے اندر یا روئے زمین کے حالات میں غور و فکر کرے تو بہت جلد اس نتیجہ پر پہنچ سکتا ہے کہ ہر نیک و بد کی جزا کسی نہ کسی رنگ میں ضرور مل کررہے گی جلد یا بدیر۔ (تفسیر عثمانی)

آیات آفاقی: مطلب یہ ہے کہ زمین میں ان محسنین کے لئے (اللہ کی قدرت تامہ علم محیط اور ربوبیت والوہیت کی) نشانیاں ہیں وہ ان نشانہائے قدرت کو اندھوں بہروں کی طرح دیکھ کر گزر نہیں جاتے بلکہ بینا آنکھوں سے دیکھ کر غور کرتے اور سوچتے ہیں کہ زمین کیسے پیدا ہوئی کیسے بچھائی گئی آدمیوں کے رہنے کے لئے اس کا کچھ خشک حصہ کیسے ابھار دیا گیا ہے۔ زمین کے مختلف

besturdubooks.wordpress.com

اجزاء کی مختلف کیفیات حالات اور متضاد خاصیات کیسے اور کیوں ہیں چشمے پھوٹ کر نہریں بن کر دریا کس طرح اور کس حکمت کے زیر اثر بہتے ہیں۔ زمین کے اندر قیمتی جواہر کی کانیں کیسے بن جاتی ہیں۔ زمین کے اوپر غیر محدود ان گنت نباتات اور حیوانات کا پھیلاؤ کتنا ناقابل فہم ہے یہ سب انواع اجناس، کیفیات، خاصیات، اشکال اور الوان کا تعدد دلالت کر رہا ہے کہ ان کا کوئی بنانے والا واجب الوجود خالق کل ہمہ گیر علم اور قدرت کاملہ کا مالک ہے۔ اسی نے اپنی رحمت اور حکمت سے ان چیزوں کو بنایا ہے۔ وہ دیکھتے ہیں کہ زمین پر اور زمین کی موجودات پر اللہ کی رحمت کی کیسی بارش ہو رہی ہے۔ وجود اور بقائے وجود کی اللہ کی طرف سے کس قدر برکتیں نازل ہو رہی ہیں اور موجودات ارضی کی ہر چیز اپنی ساری ضرورتوں اور حاجتوں کے لئے اللہ کی رحمت کے سامنے دست سوال پھیلا رہی ہے۔ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَانٍ۔

آیاتِ انفسی: انسان عالم صغیر (چھوٹی دنیا) ہے اللہ کی قدرت، حکمت، صنعت اور ربوبیت کی جو نشانیاں عالم کبیر میں ہیں ابتداء تخلیق سے لے کر آخری انجام تک وہ ساری آیات انسان کے اندر ہیں۔ آغاز میں تخلیق انسانی بصورت نطفہ تھی۔ پھر نطفہ بستہ خون بنا۔ پھر ایک گوشت کا لوتھڑا ہوا۔ پھر ہڈیاں بنائی گئیں۔ پھر ہڈیوں کے ڈھانچے کو گوشت کا لباس پہنایا گیا۔ پھر اس میں روح ڈالی گئی پھر بسہولت باہر آنے کا راستہ بنایا گیا۔ باہر آنے کے بعد فراہمی غذا کا انتظام کیا گیا۔ پستان مادر سے دودھ پینا سکھایا گیا اور رفتہ رفتہ دوسری غذاؤں کی طرف آنے اور کھانے کی رہنمائی کی گئی بول وبراز اور دوسرے فضلے کو اس کے راستوں سے باہر پھینکا گیا۔

یہ تمام تدبیریں بقاء جسمانی کے لئے کی گئیں۔ اس سے آگے بقاء نسل بھی ضروری تھی تو قوت تولید کو پیدا کیا گیا اور ایک جوڑے کے اختلاط سے سابق کی طرح تیسرے انسان کو بنایا اور پیدا کیا گیا۔ پھر پیغمبروں کو بھیج کر اور آسمان سے کتابیں اتار کر معاد کی طرف جانے کا صحیح راستہ دکھایا گیا۔

انسانوں کی زبانوں یا صورتوں کا رنگوں کا طبقوں اور مزاجوں کا عقل و دانش کا۔ قبول حق کی صلاحیتوں کا راہ حق پر چلنے کی استعدادوں کا۔ پھر درجات قرب اور مراتب معرفت پر فائز ہونے کا عظیم الشان تفاوت اور تعدد۔ صانع کی نادر صنعت اور بدیع نقوش ہیں جو اہل بصیرت اور معرفت کوش قلوب نظارہ کرتے اور بے ساختہ پکار اٹھتے ہیں تبارک اللہ احسن الخالقین۔

آیات میں غور کرنے کا نتیجہ: پھر ان اہل عرفان کے سامنے سے تجلیات ذاتیہ وصفاتیہ اور انوار ظلالیہ کے چہروں سے اسرار کے پردے ہٹ جاتے ہیں۔ اسی کی تعبیر حدیث قدسی میں اس طرح فرمائی ہے بندہ نوافل کے ذریعے سے میرا قرب حاصل کرتا ہے آخر میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں جب میں اس سے محبت کرتا ہوں تو میں اس کے کان بن جاتا ہوں جن سے وہ سنتا ہے اور اس کی آنکھیں بن جاتا ہوں جن سے وہ دیکھتا ہے۔ الحدیث

اس مرتبہ پر پہنچ کر عارف کہتا ہے شکر ہے اللہ کا جس نے ہم کو اس کی راہ بتائی اگر اللہ ہماری رہنمائی نہ کرتا تو ہم ہدایت یاب نہ ہوتے۔ ہمارے رب کے رسول حق لے کر آئے تھے۔ (تفسیر مظہری)

وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوعَدُونَ ﴿۲۲﴾

اور آسمان میں ہے روزی تمہاری اور جو تم سے وعدہ کیا گیا

رزق اور جنت آسمان میں ☆ یعنی سائلوں اور محتاجوں پر خرچ کرنے سے اس لئے نہیں ڈرنا چاہئے کہ خرچ کر کے ہم کہاں سے کھائیں گے اور نہ خرچ کر کے ان مساکین پر احسان جتلائے کیونکہ تمہاری سب کی روزی اور اجر وثواب کے جو وعدے کئے گئے ہیں آسمان والے کے ہاتھ میں ہیں ہر ایک کی روزی پہنچ کر رہے گی کسی کے روکنے سے نہیں رک سکتی۔ اور خرچ کرنیوالوں کو ثواب بھی مل کر رہے گا حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں کہ "آنے والی جو بات ہے اس کا حکم آسمان ہی سے اترتا ہے"۔ (تفسیر عثمانی)

آیت کا دوسرا معنی: حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا اور مقاتل کا بھی یہی قول ہے کہ رزق سے مراد ہے رزق کے پیدا ہونے کا سبب یعنی بارش۔ اس تفسیر کی بنا اس مسلمہ پر ہے جو (ظاہر) شریعت میں آیا ہے کہ بارش آسمان سے نازل ہوتی ہے۔

تیسرا معنی: رزق کا اگر یہ معنی لیا جائے تو آیت وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ میں یا تو اللہ کی قدرت کی آفاقی اور انفسی نشانیاں مراد ہوں گی جیسے چاند سورج ستارے اور ان کی رفتار طلوع وغروب اور پھر ان سے پیدا ہونے والے مفید ومضر آثار اور موسموں کے اختلافات وغیرہ ان ارضی وسماوی آیات میں غور کرنا اور ان سے اللہ کی قدرت پر استدلال کرنا در حقیقت نیکوکار اہل ایمان ہی کا حصہ ہے۔ پھر اس استدلال اور فہم ودانش پر جس رحمت اور برکات کا اللہ کی طرف سے فیضان ہوتا ہے اور اہل عرفان پر جو تجلیات کی بارش ہوتی ہے وہ بھی انہیں محسنین مؤقنین کا نصیب ہے اور جن کے دلوں پر اور گوش ہوش پر اللہ نے مہر کر دی ہے اور جن کی آنکھوں پر غفلت وجہالت کے پردے پڑے ہیں وہ بے نصیب ہیں اور فیضان وعرفان سے محروم ہیں۔ عارف رومی نے کہا ہے۔

گر نخواہد بے بدن جانِ تو زیست
فی السماء رزقکم روزی کیست

قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتیؒ کا ارشاد

ان علماء کے یہ تینوں اقوال اس امر پر مبنی ہیں کہ خطاب کا رخ مومنوں

besturdubooks.wordpress.com

کی طرف بھی ہو اور کافروں کی طرف بھی اور دونوں گروہوں کو مخاطب مانا جائے اس صورت میں آیت کا مطلب اس طرح ہوگا۔ کہ تمہارا رزق اور وعدہ ثواب عذاب یا وعدہ خیر وشر یا وعدہ جنت ودوزخ آسمان میں لکھا موجود ہے۔ یہ مطلب نہ ہوگا کہ خیر وشر اور ثواب وعذاب اور جنت ودوزخ آسمان میں ہیں کیونکہ یہ غلط ہے جنت آسمان پر ہے اور دوزخ زمین کے نیچے اس کی صراحت احادیث میں آچکی ہے لیکن اگر مخاطب صرف محسنین کو قرار دیا جائے تو اس تاویل کی ضرورت نہیں ہوگی کیونکہ نیکوکاروں سے جنت اور ثواب کا وعدہ کیا گیا ہے اور جنت آسمان میں ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ
سو قسم ہے رب آسمان اور زمین کی کہ یہ بات تحقیق ہے
مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ﴿۲۳﴾
جیسے کہ تم بولتے ہو ☆

یقینی چیزیں ☆یعنی جیسے اپنے بولنے میں شبہ نہیں ویسا ہی اس کلام میں شبہ نہیں۔ یقیناً روزی پہنچ کر رہے گی قیامت قائم ہوگی آخرت آکر رہے گی اور خدا کے وعدے ضرور پورے ہوں گے آگے "وَفِیْ لِقَوْلِہِمْ حَقٌّ لِلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ" کی مناسبت سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی مہمان نوازی کا قصہ سناتے ہیں جو تمہید ہے لوط علیہ السلام کے قصہ کی۔ دونوں قصوں سے یہ بھی ظاہر ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کا معاملہ دنیا میں محسنین کے ساتھ کیا ہے اور مکذبین کے ساتھ اس نے کیسا برتاؤ کیا۔ (تفسیر عثمانی)

دیہاتی کا قصہ: اصمعی کا بیان ہے میں بصرہ کی جامع مسجد سے آرہا تھا سامنے سے ایک اعرابی آیا اور مجھ سے پوچھا تم کس قبیلے سے ہو میں نے کہا بنی اصمع سے بولا کہاں سے آرہے ہو میں نے کہا وہاں سے جہاں اللہ کا کلام پڑھا جاتا ہے۔ کہنے لگا مجھے بھی کچھ سناؤ میں نے سورت والذاریات تلاوت کی جب آیت فِی السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ پر پہنچا تو اعرابی نے کہا بس کرو پھر خود اٹھ کر اپنی اونٹنی کے پاس گیا اس کو نحر کیا اور گوشت آنے جانے والوں کو بانٹ دیا اور پھر اپنے کمان اور تلوار توڑ دی اور منہ موڑ کر چلا گیا۔

اس کے بعد جب میں ہارون رشید کے ساتھ حج کو گیا اور (مکہ مکرمہ میں) گھومنے نکلا تو اچانک ایک آواز سنی کہ کوئی کمزور آواز سے مجھے پکار رہا تھا۔ میں نے منہ موڑ کر دیکھا تو وہی اعرابی تھا۔ میں قریب گیا تو اس نے سلام کیا اور وہی سورت (الذاریات) سنانے کی فرمائش کی جب میں نے پڑھ کر سنائی اور اسی آیت پر پہنچا تو اس نے ایک چیخ ماری اور بولا ہمارے رب نے ہم سے جو وعدہ کیا تھا ہم نے اس کو حق پایا پھر کہنے لگا کیا اور کچھ (آپ پڑھیں گے)۔

میں نے اس سے آگے پڑھا فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ اعرابی نے یہ سنتے ہی ایک چیخ ماری اور کہا سبحان اللہ رب جلیل کو کس نے غضب ناک کر دیا کہ اس نے قسم کھائی لوگوں نے اس کی بات کو سچ نہ جانا اور اس کو قسم کھانے پر مجبور کر دیا یہ الفاظ اس نے تین بار کہے اور یہی کہتے کہتے اس کی جان نکل گئی۔ (مدارک)

نکتہ: بلاغت کا تقاضا ہے کہ مخاطب کا انکار جس درجہ کا ہوتا ہے خبر دینے والا کلام کو اسی قدر تاکید کے ساتھ بیان کرتا ہے۔ اللہ نے اس جگہ کلام کو انتہائی تاکید کے ساتھ بیان کیا قسم کھائی۔ ان (تحقیقیہ) کا استعمال کیا۔ لام تاکید بھی ذکر کیا اور یہ بھی فرمایا کہ یہ بات حق ہے اور آخر میں حقانیت کلام کو نطق انسانی سے تشبیہ دی جو کھلی ہوئی محسوس حقیقت ہے۔ گویا اللہ کی طرف سے رزق کا جو وعدہ کیا گیا ہے انسان اس کا شدید منکر ہے اور روزی کمانے کے لئے انتہائی مشقتیں جھیلتا ہے حالانکہ اللہ نے فرمایا ہے۔ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَی اللّٰهِ رِزْقُهَا اللہ نے انسان کو جس چیز کا مکلف کیا ہے اور ابدی ثواب وعذاب کو جس سے وابستہ کیا ہے آدمی اس کی طرف سے غافل ہے۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ۔ یعنی جس طرح تمہیں اپنے اپنے کلام کرنے میں کوئی شبہ نہیں ہوتا اسی طرح قیامت کا آنا بھی ایسا ہی واضح ہے اور کھلا ہوا ہے' اس میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں' انسان کے محسوسات جو دیکھنے' سننے' چکھنے' چھونے اور سونگھنے سے متعلق ہیں' ان سب میں سے اس جگہ نطق یعنی بولنے کو خاص طور سے انتخاب شاید اس لئے کیا کہ مذکورہ سب محسوسات میں کبھی کبھی کسی مرض وغیرہ کے سبب سے التباس ہو جاتا ہے' دیکھنے سننے میں فرق ہو جانا معروف ہے' بیماری میں ذائقہ بعض اوقات خراب ہو کر میٹھے کو کڑوا بتلانے لگتا ہے' مگر نطق وگویائی ایسی چیز ہے کہ اس میں کسی دھوکہ اور تلبیس کا شائبہ نہیں ہو سکتا۔ (قرطبی) (معارف مفتی اعظم)

هَلْ اَتٰىكَ حَدِیْثُ ضَیْفِ اِبْرٰهِیْمَ
کیا پہنچی ہے تجھ کو بات ابراہیم کے مہمانوں کی
الْمُكْرَمِیْنَ ﴿۲۴﴾
جو عزت والے تھے ☆

حضرت ابراہیمؑ کے مہمان ☆یعنی فرشتے تھے جن کو ابراہیم علیہ السلام اول انسان سمجھے ان کی بڑی عزت کی اور اللہ کے ہاں تو فرشتے معزز و مکرم ہیں ہی۔ کما قال "بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ"۔ (تفسیر عثمانی)

مہمانوں کی تعداد: بغوی نے لکھا ہے ان مہمانوں کی تعداد میں اختلاف ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

حضرت ابن عباسؓ اور عطاء نے فرمایا تین فرشتے تھے جبرئیل، میکائیل، اسرافیل۔

محمد بن کعب نے کہا جبرئیل اور ان کے ساتھ سات اور تھے (کل آٹھ)۔

ضحاک نو ہونے کے قائل ہیں مقاتل نے کہا بارہ فرشتے تھے سدی نے کہا گیارہ ملائکہ تھے امردلڑکوں کی شکل میں جن کے چہرے چمکیلے (نورانی) تھے۔

مہمان کا اکرام:

یعنی پہچاننے سے پہلے حضرت ابراہیمؑ نے ان کی عزت کی تھی حضرت نے خود بنفس نفیس اور آپ کی بی بی نے ان کی خدمت کی تھی اور طعام مہمانی پیش کیا تھا پیغمبروں کا طریقہ ہی یہی ہے اور ہدایت یافتہ لوگوں کا یہی معمول ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتا ہے اُس کو چاہیے کہ اپنے ہمسائے سے اچھا سلوک کرے۔

دوسری روایت میں آیا ہے اس کو چاہیے کہ اپنے ہمسایہ کو دکھ نہ دے، اور جو شخص اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتا ہو اس کو اپنے مہمان کی خاطر کرنی چاہئے اور جو شخص اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتا ہو اس کو چاہئے کہ بھلائی کی بات کرے یا خاموش رہے۔ رواہ الشیخان فی الصحیحین واحمد والترمذی وابن ماجہ عن ابی ہریرۃ۔

حضرت ابوشریح کعبی کی روایت سے صحیحین میں حدیث مذکور اس طرح آئی ہے' جو شخص اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتا ہو اس کو چاہئے کہ اپنے مہمان کی خاطر تواضع کرے۔ ایک دن رات کی میزبانی کرے اور (انتہائی) مہمانی تین روز تک ہے۔ اس کے بعد خیرات ہے اور مہمان کے لئے جائز نہیں کہ میزبان کے پاس اتنا ٹھہرے کہ وہ نکال باہر کردے۔ (تفسیر مظہری)

اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ؕ
جب اندر پہنچے اُس کے پاس تو بولے سلام
قَالَ سَلٰمٌ ۚ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ۚ
وہ بولا سلام ہے یہ لوگ ہیں اوپرے ☆

☆ یعنی سلام کا جواب سلام سے دیا اور دل میں یا آپس میں کہا کہ یہ لوگ کچھ اوپرے سے معلوم ہوتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

ابوالعالیہ نے کہا اس شہر میں سلام کا دستور نہ تھا اس لئے حضرت ابراہیم نے سلام میں غیرت محسوس کی۔ سلام تو اسلام کی علامت ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَرَاغَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ فَجَآءَ بِعِجْلٍ
پھر دوڑا اپنے گھر کو تو لے آیا ایک بچھڑا

سَمِيْنٍ ۙ فَقَرَّبَهٗٓ اِلَيْهِمْ قَالَ اَلَا
گھی میں تلا ہوا پھر اُنکے سامنے رکھا کہا کیوں
تَاْكُلُوْنَ ۡ
تم کھاتے نہیں ☆

☆ یعنی نہایت اہتمام سے مہمانی شروع کردی اور نہایت مہذب وشائستہ پیرایہ میں کہا کہ کیوں حضرات! تم کھانا نہیں کھاتے؟ وہ فرشتے تھے کھاتے کس طرح آخر ابراہیم علیہ السلام سمجھے کہ یہ آدمی نہیں ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

آداب مہمانی: ابن کثیر نے فرمایا کہ اس آیت میں مہمان کے لئے چند آداب میزبانی کی تعلیم ہے' پہلی بات تو یہ ہے کہ پہلے مہمانوں سے پوچھا نہیں کہ میں آپ کے لئے کھانا لاتا ہوں' بلکہ چپکے چپکے سے کھسک گئے' اور ان کی مہمانی کے لئے اپنے پاس جو سب سے اچھی چیز کھانے کی تھی یعنی بچھڑا ذبح کیا۔ اس کو بھونا اور لے آئے اور دوسرے یہ کہ لانے کے بعد مہمانوں کو اس کی تکلیف نہیں دی کہ ان کو کھانے کی طرف بُلاتے' بلکہ جہاں وہ بیٹھے تھے وہیں لاکر ان کے سامنے پیش کردیا فَقَرَّبَهٗٓ اِلَيْهِمْ تیسرے یہ کہ مہمانی پیش کرنے کے وقت انداز گفتگو میں کھانے پر اصرار نہ تھا بلکہ فرمایا اَلَا تَاْكُلُوْنَ (کیا آپ کھائیں گے نہیں) اشارہ اس طرف ہوا کہ اگرچہ آپ کو حاجت کھانے کی نہ ہو' مگر ہماری خاطر سے کچھ کھایئے۔ (معارف مفتی اعظم)

فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ۭ قَالُوْا
پھر جی میں گھبرایا اُن کے ڈر سے بولے
لَا تَخَفْ ۭ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ۚ
تو مت ڈر اور خوشخبری دی اُسکو ایک لڑکے ہشیار کی ☆

☆ یہ قصہ سورہ "ہود اور حجر" میں گزر چکا ہے وہاں تفصیل ملاحظہ کرلی جائے۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت ابراہیمؑ کا اندیشہ

جب حضرت ابراہیمؑ نے دیکھا کہ مہمان کھانے کی طرف مائل نہیں ہیں اور اعراض کررہے ہیں تو دل میں اندیشہ پیدا ہوا (کہ شاید یہ لوگ دشمن ہیں)

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا حضرت ابراہیمؑ کے دل میں یہ خیال پیدا ہوا کہ یہ ملائکہ ہیں ان کو عذاب کے لئے بھیجا گیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ

پھر سامنے سے آئی اسکی عورت بولتی ہوئی پھر پیٹا

وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ (۲۹)

اپنا ماتھا اور کہنے لگی کہیں بڑھیا بانجھ ☆

حضرت سارہ کا تعجب ☆حضرت سارہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بیوی ایک طرف گوشہ میں کھڑی سن رہی تھیں لڑکے کی بشارت سن کر چلاتی ہوئی دوسری طرف متوجہ ہوئیں اور تعجب سے پیشانی پر ہاتھ مار کر کہنے لگیں کہ (کیا خوب) ایک بڑھیا بانجھ جس کے جوانی میں اولاد نہ ہوئی اب بڑھاپے میں بچہ جنے گی؟ (تفسیر عثمانی)

فَصَكَّتْ ۔ حضرت ابن عباسؓ نے ترجمہ کیا اس سے اپنے ہاتھ سے اپنا منہ لپیٹ لیا۔ عورتوں کی عادت ہوتی ہے کہ کوئی غیر معمولی عجیب بات سن کر یا دیکھ کر منہ پیٹ لیتی ہیں۔ بعض اہل روایت نے لکھا ہے' اس نے حیض کے خون کی حرارت محسوس کی اور شرم سے منہ لپیٹ لیا۔

عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ ۔ کہ اول تو میں بڑھیا' پھر بانجھ یعنی جوانی میں بھی اولاد کے قابل نہیں تھی' اب بڑھاپے میں یہ کیسے ہوگا۔ جس کے جواب میں فرشتوں نے فرمایا كَذٰلِكِ یعنی اللہ تعالیٰ کو سب قدرت ہے' یہ کام یونہی ہوگا۔ چنانچہ جس وقت اس بشارت کے مطابق حضرت اسحٰق علیہ السلام پیدا ہوئے تو حضرت سارہؓ کی عمر ننانوے سال اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عمر سو سال کی تھی۔ (قرطبی) (معارف مفتی اعظم)

قَالُوْا كَذٰلِكِ ۙ قَالَ رَبُّكِ ۭ اِنَّهٗ

وہ بولے یوں ہی کہا تیرے رب نے

هُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ (۳۰)

وہ جو ہے وہی ہے حکمت والا خبردار ☆

فرشتوں کا جواب ☆یعنی ہم اپنی طرف سے نہیں کہہ رہے بلکہ تیرے رب نے ایسا ہی فرمایا ہے وہ ہی جانتا ہے کہ کس کو کس وقت کیا چیز دینا چاہیے (پھر تم بیت نبوت سے ہو کر اس بشارت پر تعجب کیا کرتی ہو) (تنبیہ) مجموعہ آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ لڑکا حضرت اسحٰق علیہ السلام ہیں جن کی بشارت ماں اور باپ دونوں کو دی گئی۔ (تفسیر عثمانی)

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ (۳۱)

بولا پھر کیا مطلب ہے تمہارا اے بھیجے ہوؤ ☆

حضرت ابراہیم کا سوال ☆یعنی ابراہیمؑ نے فرشتوں سے پوچھا کہ تم کس مہم کے لیے آئے ہو۔ اندازہ سے سمجھے ہونگے کہ ضرور کسی اور اہم مقصد کے لیے ان کا نزول ہوا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ (۳۲)

وہ بولے ہم کو بھیجا ہے ایک گنہگار قوم پر

لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ طِيْنٍ (۳۳)

کہ چھوڑیں ہم اُن پر پتھر مٹی کے ☆

فرشتوں کا مقصد ☆یعنی قوم لوط کی سزادہی کے لیے بھیجے گئے ہیں۔ تا کنکر کے پتھر برسا کر ان کو ہلاک کریں۔ "مِنْ طِيْنٍ" کی قید سے معلوم ہوگیا کہ یہ اولوں کی بارش نہ تھی جس کو توسعاً پتھر کہہ دیا جاتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

قوم لوط: یہ لوگ لواطت کے بانی تھے۔ رہزن تھے لٹیرے تھے اور عام جلسوں میں سب کے سامنے بے حیائی کے کام کرتے تھے۔ اللہ نے ان کی ہدایت کے لئے ان ہی کے ایک برادر وطن حضرت لوطؑ کو بھیجا لیکن قوم نے لوطؑ کی نبوت ماننے سے انکار کر دیا اور بولے اگر تو سچا ہے تو ہم پر اللہ کا عذاب لے آ۔ لوطؑ نے دعا کی اے میرے رب مجھے اس ظالم قوم سے محفوظ رکھ اور ان مفسدوں کے مقابلہ میں میری مدد کر اور فتح عنایت فرما۔ اللہ نے دعا قبول فرمائی اور ملائکہ کو ان بدکاروں کی حالت کے لئے بھیج دیا۔

حِجَارَةً مِّنْ طِيْنٍ ۔ یعنی کنکر۔ وہ مٹی جو منجمد ہو کر پتھر بن جاتی ہے۔ (تفسیر مظہری)

مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ (۳۴)

نشان پڑے ہوئے تیرے رب کے یہاں سے حد سے نکل چلنے والوں کے لئے ☆

عذاب ☆یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان پتھروں پر نشان کر دیئے گئے ہیں۔ یہ عذاب کے پتھر خاص ان ہی کو لگیں گے جو عقل' دین اور فطرت کی حد سے نکل چکے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

مُّسَوَّمَةً ۔ نشان دار۔ جس پتھر سے جس شخص کو ہلاک کرنے کا حکم تھا اس شخص کا نام اس پتھر پر مقرر تھا۔

لِلْمُسْرِفِيْنَ ۔ بدکاری میں حد سے بڑھے ہوئے لوگوں کے لئے حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا یعنی مشرکوں کے لئے کیوں کہ شرک سب سے بڑا اور حد سے زیادہ گناہ ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَاَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيْهَا مِنَ
پھر بچا نکالا ہم نے جو تھا وہاں
الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۵﴾ فَمَا وَجَدْنَا فِيْهَا
ایمان والا پھر نہ پایا ہم نے اُس جگہ
غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۳۶﴾
سوائے ایک گھر کے مسلمانوں سے ☆

نجات والا گھرانا ☆ یعنی اس بستی میں صرف ایک حضرت لوطؑ کا گھرانہ مسلمانی کا گھرانا تھا۔ اس کو ہم نے عذاب سے محفوظ رکھا اور صاف بچا نکالا۔ باقی سب تباہ کردیئے گئے۔ (تفسیر عثمانی)

الْمُؤْمِنِيْنَ ۔ یعنی لوطؑ پر ایمان لانے والوں میں سے۔ یعنی ملائکہ نے کہا لوطؑ ہم تمہارے رب کے بھیجے ہوئے ہیں ان کی دست رس تم تک نہ ہو سکے گی تم کچھ رات رہے اپنے گھر والوں کو لے کر بستی سے نکل جاؤ تم میں سے کوئی منہ پھیر کر نہ دیکھے ہاں تمہاری بیوی منہ پھیر کر دیکھے گی اس لئے جو پتھر اوروں پر گریں گے اس پر بھی ویسا ہی پتھر آ پڑے گا۔

غَيْرَ بَيْتٍ ۔ یعنی ایک گھر والوں کے سوا۔ اس سے مراد ہیں حضرت لوطؑ اور آپ کی بیٹیاں اللہ نے پہلے ان کو مومن فرمایا پھر مسلم کیوں کہ ہر مومن مسلم ہوتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَتَرَكْنَا فِيْهَا اٰيَةً لِّلَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ
اور باقی رکھا ہم نے اسمیں نشان اُن لوگوں کے لئے جو ڈرتے ہیں
الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۳۷﴾
عذاب دردناک سے ☆

سامانِ عبرت ☆ یعنی اب تک وہاں تباہی کے نشان موجود ہیں اور انکی غیر معمولی ہلاکت کے قصہ میں ڈرنے والوں کے لیے عبرت کا سامان ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَفِيْ مُوْسٰٓى اِذْ اَرْسَلْنٰهُ اِلٰى فِرْعَوْنَ
اور نشانی ہے موسیٰ کے حال میں جب بھیجا ہم نے اسکو فرعون کے
بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۸﴾
پاس دے کر کھلی سند ☆

☆ یعنی معجزات و براہین۔ (تفسیر عثمانی)

فَتَوَلّٰى بِرُكْنِهٖ وَقَالَ سٰحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿۳۹﴾
پھر اُس نے منہ موڑ لیا اپنے زور پر اور بولا یہ جادوگر ہے یا دیوانہ ☆

فرعون کا پاگل پن ☆ یعنی زور و قوت پر مغرور ہو کر حق کی طرف سے منہ پھیر لیا اور اپنی قوم اور ارکان سلطنت کو بھی ساتھ لے ڈوبا۔ کہنے لگا کہ موسیٰ یا تو چالاک جادوگر ہے اور یا دیوانہ ہے دو حال سے خالی نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

ظاہر یہ ہے کہ فرعون نے حضرت موسیٰ ؑ کے ہاتھ سے معجزات صادر ہوتے ہوئے دیکھ کر آپ کو جادوگر کہا اور چونکہ اس کی بیمار کور بصیرت والی عقل میں موسیٰ ؑ کی دعوت تو حید نہیں آتی تھی۔ اس لئے آپ کو پاگل کہنے لگا۔

بیضاوی نے لکھا ہے کہ حضرت موسیٰ کے معجزات کو دیکھ کر فرعون نے آپ کو آسیب زدہ سمجھا پھر سوچنے لگا کہ ان افعال کے اظہار میں موسیٰ ؑ کے اپنے اختیار اور کوشش کو دخل ہے یا نہیں اگر ہے تو یہ جادوگر ہے اور بے اختیار ہے تو پاگل ہے وہ فیصلہ نہ کرسکا کہ اظہار معجزات میں موسیٰ کے ارادے اور اختیار کو دخل ہے یا نہیں۔ (تفسیر مظہری)

فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ
پھر پکڑا ہم نے اُس کو اور اُسکے لشکروں کو پھر پھینک دیا اُنکو
فِى الْيَمِّ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿۴۰﴾
دریا میں اور اُس پر لگا الزام ☆

فرعون کو کئے کی سزا ملی

یعنی ہم نے زیادتی نہیں کی۔ الزام اسی پر ہے کہ اس نے کفر اور سرکشی اختیار کی سمجھانے پر بھی باز نہ آیا۔ آخر جو بویا تھا وہی کاٹا۔ (تفسیر عثمانی)

وَفِيْ عَادٍ اِذْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ
اور نشانی ہے عاد میں جب بھیجی ہم نے اُن پر ہوا

besturdubooks.wordpress.com

الْعَقِيْمَ ﴿٤١﴾ مَا تَذَرُ مِنْ شَيْءٍ اَتَتْ

خیر سے خالی نہیں چھوڑتی کسی چیز کو جس پر

عَلَيْهِ اِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيْمِ ﴿٤٢﴾

گذرے کہ نہ کر ڈالے اُس کو جیسے چورا ☆

عذاب کی آندھی

☆یعنی عذاب کی آندھی آئی جو خیر وبرکت سے یکسر خالی تھی اس نے مجرموں کی جڑ کاٹ ڈالی اور جس چیز پر گزری اس کا چورا کر کے رکھ دیا۔ (تفسیر عثمانی)

الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ۔ یہ ہوا پچھوا تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا پروا ہوا بھیج کر میری مدد کی گئی اور پچھوا ہوا سے قومِ عاد کو ہلاک کیا گیا۔

كَالرَّمِيْمِ۔ رَمّ کے معنی بوسیدہ فرسودہ اور ریزہ ریزہ ہو جانا۔ یعنی پچھوا ہوا جس چیز پر لگی اس کو راکھ بنا دیا۔ (سب کو جلا ڈالا تباہ کر دیا) (تفسیر مظہری)

وَفِيْ ثَمُوْدَ اِذْ قِيْلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا

اور نشانی ہے ثمود میں جب کہا اُن کو برت لو

حَتّٰى حِيْنٍ ﴿٤٣﴾

ایک وقت تک ☆

حضرت صالح کی تنبیہ

یعنی حضرت صالحؑ نے فرمایا کہ اچھا کچھ دن اور دنیا کے مزے اڑا لو اور یہاں کا سامان برت لو آخر عذاب الٰہی میں پکڑے جاؤ گے۔ (تفسیر عثمانی)

وَفِيْ ثَمُوْدَ۔ یعنی قوم ثمود کو ہلاک کرنے میں بھی ہم نے (اپنی قدرت کی) نشانی چھوڑی۔ اِذْ قِيْلَ لَهُمْ۔ یعنی جب انہوں نے اونٹنی کو قتل کر دیا تو حضرت صالحؑ نے ان سے کہا۔ تَمَتَّعُوْا حَتّٰى حِيْنٍ۔ یعنی اپنے گھروں میں صرف تین روز تک مزے اڑاتے رہو۔ (تفسیر مظہری)

فَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ فَاَخَذَتْهُمُ

پھر شرارت کرنے لگے اپنے رب کے حکم سے پھر پکڑا اُن کو

الصّٰعِقَةُ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿٤٤﴾ فَمَا

کڑک نے اور وہ دیکھتے تھے۔ پھر نہ

اسْتَطَاعُوْا مِنْ قِيَامٍ وَّمَا كَانُوْا

ہو سکا اُن سے کہ اُٹھیں اور نہ ہوئے کہ

مُنْتَصِرِيْنَ ﴿٤٥﴾

بدلہ لیں ☆

قوم ثمود کی تباہی ☆یعنی ان کی شرارت روز بروز بڑھتی گئی آخر عذاب الٰہی نے آلیا ایک کڑک ہوئی اور دیکھتے ہی دیکھتے سب ٹھنڈے ہو گئے۔ وہ سب زور و طاقت اور متکبرانہ دعوے اور طنطنے خاک میں مل گئے۔ کسی ایک سے اتنا بھی نہ ہوا کہ پچھاڑ کھانے کے بعد ذرا اٹھ کھڑا ہوتا۔ بھلا بدلہ تو کیا لے سکتے تھے۔ اور اپنی مدد پر کسے بلاتے۔ (تفسیر عثمانی)

فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ۔ یعنی تین دن گزرنے کے بعد صاعقہ نے انکو آ پکڑا۔ صاحب قاموس نے لکھا ہے صاعقہ' موت' ہر مہلت عذاب اور عذاب کی چیخ اور صعق کا معنی ہے آواز کی کڑک۔

وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ۔ یعنی اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے تھے۔ اپنے گھروں کے اندر زمین سے چمٹ کر بیٹھ گئے۔ (تفسیر مظہری)

وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ اِنَّهُمْ

اور ہلاک کیا نوح کی قوم کو اس سے پہلے تحقیق

كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿٤٦﴾

وہ تھے لوگ نافرمان ☆

قوم نوح ☆یعنی ان اقوام سے پہلے نوحؑ کی قوم اپنی بغاوت اور سرکشی کی بدولت تباہ کی جا چکی ہے۔ وہ لوگ بھی نافرمانی میں حد سے نکل گئے تھے۔ (تفسیر عثمانی)

وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّاِنَّا

اور بنایا ہم نے آسمان ہاتھ کے بل سے اور ہم کو

لَمُوْسِعُوْنَ ﴿٤٧﴾

سب مقدور ہے ☆

دلیل قدرت ☆ یعنی آسمان جیسی وسیع چیز اپنی قدرت سے پیدا کی اور اس سے بھی بڑی چیزیں پیدا کرے تو کیا مشکل ہے۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

لفظ 'اَیْد' قوت وقدرت کے معنی میں آتا ہے' اس جگہ حضرت ابن عباسؓ نے اَید کی یہی تفسیر فرمائی ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ﴿۴۸﴾

اور زمین کو بچھایا ہم نے سو کیا خوب بچھانا جانتے ہیں ہم ☆

خدا کا مجرم کہاں بھاگے گا ☆ یعنی زمین وآسمان سب خدا کے پیدا کیے ہوئے اور اسی کے قبضہ میں ہیں پھر اس کا مجرم بھاگ کر کہاں پناہ لے سکتا ہے۔ نیز خالق کائنات کی عجیب وغریب کاریگری میں آدمی غور کرے تو اسی کا ہو رہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَمِنْ كُلِّ شَیْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ

اور ہر چیز کے بنائے ہم نے جوڑے

لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۹﴾

تاکہ تم دھیان کرو☆

ہر چیز کے جوڑے ☆ یعنی نر و مادہ جیسا کہ ابن زید نے کہا اور آج جدید حکماء اس کا اعتراف کر رہے ہیں کہ ہر ایک نوع میں نر اور مادہ کی تقسیم پائی جاتی ہے اور یا ''زوجین'' سے متقابل ومتضاد چیزیں مراد ہیں۔ مثلاً رات دن' زمین آسمان' اندھیرا اُجالا' سیاہی سفیدی صحت ومرض' کفر وایمان' وغیر ذٰلک۔ (تفسیر عثمانی)

زَوْجَيْنِ یعنی دو صنفیں میں کہتا ہوں دو صنفوں سے مراد ہیں متعدد (دو عدد مراد نہیں ہیں) اللہ نے ہر مخلوق کی ایک سے زیادہ قسمیں پیدا کی ہیں بلکہ ہر اکائی میں بھی دو رخ رکھے ہیں۔ اجا براء معدوم بالذات واجب بالغیر' عاجز بالذات' قادر بالغیر ہر ممکن اپنی ذات کے اعتبار سے معدوم ہے لیکن واجب بالغیر بھی ہے۔ الشیءُ متی لم یجب لم یُوجَد۔ مسلمہ مسئلہ ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنِّیْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۵۰﴾

سو بھاگو اللہ کی طرف میں تم کو اس کی طرف سے ڈر سناتا ہوں کھول کر'

وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰـهًا اٰخَرَ ۭ اِنِّیْ لَكُمْ

اور مت ٹھہراؤ اللہ کے ساتھ اور کسی کو معبود میں تم کو

مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۵۱﴾

اس کی طرف سے ڈر سناتا ہوں کھول کر☆

اللہ کی طرف دوڑو ☆ یعنی جب زمین وآسمان اور تمام کائنات ایک اللہ کی پیدا کی ہوئی اور اسی کے زیر حکومت ہے تو بندہ کو چاہیے ہر جانب سے ہٹ کر اسی کی طرف بھاگے۔ اگر اسی کی طرف نہ بھاگا اور رجوع نہ ہوا تو بہت ڈر کی چیز ہے یا کسی اور ہستی کی طرف رجوع ہو گیا تو یہ بھی ڈر کی بات ہے۔ ان دونوں صورتوں کے خوفناک انجام سے میں تم کو صاف صاف ڈراتا ہوں۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی ممکنات کے احوال اور واجب کی خصوصیت کو سمجھنے اور جاننے کا تقاضا ہے کہ تم ہر چیز سے منہ موڑ لو اور بھاگو اور اللہ ہی کی طرف اپنا رخ کر لو۔ اسی کی محبت میں ڈوب جاؤ اسی کے احکام کی تعمیل میں غرق ہو جاؤ تا کہ ہر نقص اور شر سے آزاد ہو جاؤ اور ہر خیر وسعادت کے حامل بن کر قرب وکمال کے زینہ پر چڑھتے چلے جاؤ۔

اِنِّیْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ ۔ یعنی میں اللہ کے عذاب سے تم کو ڈرا رہا ہوں' اللہ کی نافرمانی اور اس کے حکم سے سرکشی سے اللہ سے دوری ہوتی ہے اور اس کا غضب آتا ہے اور اس کے غضب کا نتیجہ عذاب کی شکل میں نازل ہوتا ہے۔

مُّبِيْنٌ ۔ یعنی اللہ کی طرف سے معجزات کی روشنی میں واضح طور پر ڈرانے والا ہوں یا مبین کا معنی ہے کھول کر ڈرانے والا۔

واجب الوجود ہونے میں یا استحقاق معبودیت میں یا مقصود اصلی اور محبوب ذاتی ہونے میں کسی کو اس کا شریک مت بناؤ۔

اِنِّیْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۔ اس جملہ کی تکرار تاکید کے لئے ہے یا پہلے جملہ میں خواص کو حکم دیا گیا تھا کہ اللہ کے سوا نہ کسی دوسرے سے محبت کریں نہ اپنا رخ کسی اور کی طرف کریں۔ (تفسیر مظہری)

اللہ کی طرف دوڑنے کا مطلب: حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: مراد یہ ہے کہ اپنے گناہوں سے بھاگو اللہ کی طرف توبہ کے ذریعہ' ابوبکر وراق اور جنید بغدادیؒ نے فرمایا کہ نفس وشیطان معاصی کی طرف دعوت دینے والے ہیں' اور بہکانے والے ہیں' تم اُن سے بھاگ کر اللہ کی طرف پناہ لو تو وہ تمہیں ان کے شر سے بچالیں گے (قرطبی) (معارف مفتی اعظم)

كَذٰلِكَ مَآ اَتَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

اسی طرح ان سے پہلے لوگوں کے پاس

مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ

جو رسول آیا اُس کو یہی کہا کہ جادوگر ہے یا

مَجْنُوْنٌ ﴿۵۲﴾

دیوانہ☆

besturdubooks.wordpress.com

ایک تاریخی حقیقت ☆ یعنی ایسی صاف تنبیہ وانذار پر اگر یہ منکرین کان نہ دھریں تو غم نہ کیجئے۔ ان سے پہلے جن کافر قوموں کی طرف کوئی پیغمبر آیا اسی طرح جادوگر یا دیوانہ کہہ کر اس کی نصیحتوں کو ہنسی میں اڑا دیا۔ (تفسیر عثانی)

اَتَوَاصَوْا بِهٖ ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿۵۳﴾

کیا یہی وصیت کر مرے ہیں ایک دوسرے کو کوئی نہیں پر یہ لوگ شریر ہیں ☆

☆ یعنی ہر زمانہ کے کافر اس بات میں ایسے متفق اللفظ رہے کہ گویا ایک دوسرے کو وصیت کر مرے ہیں کہ جو رسول آئے اسے ساحر یا مجنون کہہ کر چھوڑ دینا۔ اور واقع میں وصیت تو کہاں کرتے البتہ شرارت کے عنصر میں سب شریک ہیں اور یہ ہی اشتراک پچھلے شریروں سے وہ الفاظ کہلواتا ہے جو اگلے شریروں نے کہے تھے۔ (تفسیر عثانی)

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَآ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ ﴿۵۴﴾ وَّذَكِّرْ

سو تو لوٹ آ اُن کی طرف سے اب تجھ پر نہیں ہے الزام اور سمجھاتا

فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۵﴾

رہ کہ سمجھانا کام آتا ہے ایمان والوں کو ☆

آپ کام جاری رکھیں ☆ یعنی آپ فرض دعوت وتبلیغ کما حقہ ادا کر چکے ہیں۔ اب زیادہ پیچھے پڑنے اور غم کرنے کی ضرورت نہیں۔ نہ ماننے کا جو کچھ الزام رہے گا ان ہی معاندین پر رہیگا ہاں سمجھانا آپ کا کام ہے سو یہ سلسلہ جاری رکھیے۔ جس کی قسمت میں ایمان لانا ہوگا اس کو یہ سمجھانا کام دیگا۔ جو ایمان لا چکے ہیں ان کو مزید نفع پہنچے گا اور منکروں پر خدا کی حجت تمام ہوگی۔ (تفسیر عثانی)

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول:

ابن جریر۔ ابن ابی حاتم۔ ابن منیع۔ ابن راہویہ۔ ابن ہیثم بن کلیب نے بروایت مجاہد حضرت علیؓ کا قول نقل کیا ہے کہ جب آیت فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَآ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ نازل ہوئی تو ہم میں سے ہر شخص کو ہلاک ہونے کا یقین ہوگیا کیونکہ اللہ نے اپنے پیغمبروں کو لوگوں کی طرف سے بے رخی اختیار کرنے کا حکم دے دیا اس کے بعد جب وَّذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ نازل ہوئی تو ہم سب خوش اور مطمئن ہوگئے۔ (تفسیر مظہری)

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ﴿۵۶﴾

اور میں نے جو بنائے جن اور آدمی سو اپنی بندگی کو ☆

تخلیق جن وانس کا مقصد

یعنی ان کے پیدا کرنے سے شرعاً بندگی مطلوب ہے۔ اسی لیے ان کی خلقت ایسی استعداد رکھی ہے کہ چاہیں تو اپنے اختیار سے بندگی کی راہ پر چل سکیں۔ یوں ارادہ کونیہ قدریہ کے اعتبار سے تو ہر چیز اس کے حکم تکوینی کے سامنے عاجز اور بے بس ہے۔ لیکن ایک وقت آئے گا جب سب بندے اپنے ارادہ سے تخلیق عالم کی اس غرض شرعی کو پورا کرینگے بہر حال آپ سمجھاتے رہیے کہ سمجھانے ہی سے یہ مطلوب شرعی حاصل ہو سکتا ہے۔ (تفسیر عثانی)

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ترجمہ:

حضرت علیؓ نے آیت کا تفسیری ترجمہ اس طرح کیا 'میں نے جن وانس کو نہیں پیدا کیا مگر صرف اس لئے کہ ان کو اپنی عبادت کا حکم دوں یعنی اپنے احکام کا مکلف بناؤں' اسی مفہوم کو دوسری آیت میں بیان کیا ہے اور فرمایا ہے۔ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا یعنی ان کو صرف ایک معبود کی عبادت کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ کذا ذکر البغوی قول علی رضی اللہ عنہ۔

حضرت مجاہد رحمہ اللہ کا قول:

مجاہد نے لیعبدون کا ترجمہ کیا لیعرفنِ مجھے پہچانیں اور کافر بھی اللہ کے وجود کو تو پہچانتے ہی ہیں اللہ نے فرمایا ہے وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ اگر آپ ان (مشرکوں) سے دریافت کریں کہ تم کو کس نے پیدا کیا تو کہیں گے اللہ نے۔

بعض حضرات کی رائے

بعض اہل تفسیر نے کہا عبادت سے مراد ہے اقرار توحید یعنی اپنی توحید کے لئے تمام جن وانس کو پیدا کیا۔ مومنین تو ہر دکھ سکھ اور تکلیف وراحت میں تنہا اللہ کو پکارتا ہی ہے لیکن کافر بھی جب ناقابل تدبیر دکھ آتا ہے تو وہ خدا ہی کو پکارتا ہے اللہ نے فرمایا ہے۔ فَاِذَا رَكِبُوْا فِى الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ۔ صاحب مدارک نے کہا ہے سارے کافر بھی آخرت میں توحید کا اقرار سب ہی کرلیں گے۔

اللہ نے فرمایا ہے ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ اگر کفار دنیا میں توحید کے منکر ہوں تب بھی یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ توحید کے لئے ان کو پیدا کیا گیا ہے (کیوں کہ قیامت کے دن تو توحید کا اقرار سب ہی کرلیں گے)

میں کہتا ہوں صحیح قول حضرت علیؓ کا ہے باقی دوسرے اقوال کمزور ہیں۔ (تفسیر مظہری)

زیادہ بہتر توجیہ: زیادہ بہتر اور بے غبار توجیہ وہ ہے جو تفسیر مظہری میں کی گئی ہے کہ مراد آیت کی یہ ہے کہ ہم نے ان کی تخلیق اس انداز پر کی ہے کہ انمیں استعداد اور صلاحیت عبادت کرنے کی ہو چنانچہ ہر جن وانس کی فطرت

besturdubooks.wordpress.com

میں یہ استعداد قدرتی موجود ہے' پھر کوئی اس استعداد کو صحیح مصرف میں خرچ کر کے کامیاب ہوتا ہے' کوئی اس استعداد کو اپنے معاصی اور شہوات میں ضائع کر دیتا ہے' اور اس مضمون کی مثال وہ حدیث ہے جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ كُلُّ مَوْلُوْدٍ يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ فَاَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهٖ اَوْ يُمَجِّسَانِهٖ (یعنی ہر پیدا ہونے والا بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے پھر اس کے ماں باپ اس کو (اس فطرت سے ہٹا کر کوئی) یہودی بنا دیتا ہے کوئی مجوسی' فطرت پر پیدا ہونے سے مراد اکثر علماء کے نزدیک دین اسلام پر پیدا ہونا ہے) تو جس طرح اس حدیث میں یہ بتلایا گیا ہے کہ ہر انسان میں فطری اور خلقی طور پر اسلام و ایمان کی استعداد و صلاحیت رکھی جاتی ہے' پھر کبھی اس کے ماں باپ اس صلاحیت کو ضائع کر کے کفر کے طریقوں پر ڈالتے ہیں' اسی طرح اس آیت میں (اِلَّا لِيَعْبُدُوْا) کا یہ مفہوم ہوسکتا ہے کہ جن و انس کی ہر فرد میں اللہ تعالیٰ نے استعداد اور صلاحیت عبادت کی رکھی ہے۔ واللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اعلم۔ (معارف مفتی اعظم)

مَآ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَآ اُرِيْدُ
میں نہیں چاہتا اُن سے روزینہ اور نہیں چاہتا
اَنْ يُّطْعِمُوْنِ ﴿۵۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ
کہ مجھ کو کھلائیں اللہ جو ہے وہی ہے روزی دینے والا
ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ﴿۵۸﴾
زور آور مضبوط ☆

اللہ روزی رساں ہے

یعنی انکی بندگی سے میرا کچھ فائدہ نہیں' انہی کا نفع ہے' میں وہ مالک نہیں جو غلاموں سے کہے میرے لیے کما کر لاؤ یا میرے سامنے کھانا لا کر رکھو میری ذات ان تخیلات سے پاک اور برتر ہے میں ان سے اپنے لیے روزی کیا طلب کرتا' خود ان کو اپنے پاس سے روزی پہنچاتا ہوں بھلا مجھ جیسے زور آور قادر توانا کو تمہاری خدمات کی کیا حاجت ہوسکتی ہے بندگی کا حکم صرف اس لیے دیا گیا ہے کہ تم میری شہنشاہی اور عظمت و کبریائی کا قولاً و فعلاً اعتراف کر کے میرے خصوصی الطاف و مراحم کے مورد و مستحق بنو۔

؎ من نہ کردم خلق تا سودے کنم　　بلکہ تا بر بندگاں جودے کنم

(تفسیر عثمانی)

اللہ تعالیٰ کی برتر شان

اللہ کا اپنے بندوں سے تعلق ایسا نہیں ہے جیسے دوسرے آقاؤں کا اپنے غلاموں کے ساتھ ہوتا ہے۔ آقا چاہتے ہیں کہ ان کے غلام ان کو کما کر کھلائیں۔ ان کے مالک ہونے کی یہی غرض ہوتی ہے کہ اس کے ذریعہ سے کمائی کرائیں اور خود لے لیں۔ اللہ کی شان اس سے بہت بلند ہے۔

اللہ تعالیٰ کو کھلانا پلانا:

ایک حدیث مبارک میں ایا ہے۔ اللہ فرمائے گا اے آدم کے بیٹے! میں نے تجھ سے کھانا مانگا پر تو نے مجھے کھانا نہیں دیا۔ بندہ کہے گا اے میرے رب میں تجھے کھانا کیسے دیتا تو تو رب العالمین ہے۔ اللہ فرمائے گا کیا تجھے معلوم نہیں کہ میرے فلاں بندے نے تجھ سے کھانا مانگا تھا پر تو نے اس کو نہیں کھلایا اگر تو اس کو کھانا دے دیتا تو مجھے اس کے پاس (موجود) پاتا۔ رواہ مسلم من حدیث ابی ہریرۃ۔

اس حدیث کی دوسری روایت میں اتنا اور بھی آیا ہے میں بیمار ہوا تو نے میری عیادت نہیں کی میں نے تجھ سے پانی مانگا تو نے مجھے پانی نہیں پلایا۔

عبادت میں سستی نہ کرو:

مسند احمد میں حدیث قدسی ہے کہ اے ابن آدم! میری عبادت کے لئے فارغ ہو جا' میں تیرا سینہ تونگری اور بے نیازی سے پُر کردوں گا اور تیری فقیری روک دونگا اور اگر تو نے ایسا نہ کیا تو میں تیرے سینے کو اشغال سے بھر دونگا اور تیری فقیری کو ہرگز بند نہ کروں گا۔ ترمذی اور ابن ماجہ میں بھی یہ حدیث شریف ہے۔ امام ترمذیؒ اسے حسن غریب کہتے ہیں۔

بعض آسمانی کتابوں میں ہے اے ابن آدم! میں نے تجھے اپنی عبادت کے لئے پیدا کیا ہے پس تو اس سے غفلت نہ کر' تیرے رزق کا میں ضامن ہوں تو اس میں بے جا تکلیف نہ کر' مجھے ڈھونڈ تاکہ مجھے پالے۔ جب تو نے مجھے پالیا تو یقین مان کر تو نے سب کچھ پالیا۔ اور اگر میں تجھے نہ ملا تو سمجھ لے کہ تمام بھلائیاں تو کھو چکا۔ سُن تمام چیزوں سے زیادہ محبت تیرے دل میں میری ہونی چاہیے۔

رزق کے لئے کوشش:

خالد کے دونوں لڑکے حضرت حبہؓ اور حضرت سواؓ فرماتے ہیں ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اُس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی کام میں مشغول تھے یا کوئی دیوار بنا رہے تھے یا کسی چیز کو درست کر رہے تھے ہم بھی اُسی کام میں لگ گئے۔ جب کام ختم ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں دعا دی اور فرمایا سر ہل جانے تک روزی سے مایوس نہ ہونا دیکھو انسان

besturdubooks.wordpress.com

جب پیدا ہوتا ہے ایک سرخ بوٹی ہوتا ہے بدن پر ایک چھلکا بھی نہیں ہوتا پھر اللہ تعالیٰ اُسے سب کچھ دیتا ہے۔ (مسند احمد) (تفسیر ابن کثیر)

فَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا مِّثْلَ
سو ان گنہگاروں کا بھی ڈول بھر چکا ہے جیسے
ذَنُوْبِ اَصْحٰبِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿۵۹﴾
ڈول بھرا اُنکے ساتھیوں کا اب مجھ سے جلدی نہ کریں ☆

ان کو بھی سزا ملے گی

یعنی اگر یہ ظالم بندگی کی طرف نہیں آتے تو سمجھ لو کہ دوسرے ظالموں کی طرح ان کا ڈول بھی بھر چکا ہے۔ بس اب ڈوبا چاہتا ہے خواہ مخواہ سزا میں جلدی نہ مچائیں۔ جیسے دوسرے کافروں کو خدائی سزا کا حصہ پہنچا' ان کو بھی پہنچ کر رہیگا۔ (تفسیر عثمانی)

ظَلَمُوْا۔ یعنی شرک و معاصی کا ارتکاب کر کے اور فطرتِ سلیمہ کو ضایع کر کے اور بجائے عبادت کے جس کا ان کو مکلف کیا گیا تھا اور جس کی تخلیقی صلاحیت ان کو دی گئی تھی کفران نعمت کر کے انہوں نے خود اپنے اوپر ظلم کیا۔

فَلَا يَسْتَعْجِلُوْنِ۔ یعنی جب کافروں کے متعلق آپ نے میری وعید سن لی تو وہ آپ کی تسلی کے لئے کافی ہے اس لئے کافروں کو عذاب جلد دینے کی مجھ سے مسلمان درخواست ان نہ کریں۔ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ کافروں نے جو کہا تھا' مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۔ اللہ نے اس کا یہ جواب دے دیا۔ اس صورت میں یہ خطاب کافروں کو ہوگا۔ (تفسیر مظہری)

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ يَّوْمِهِمُ
سو خرابی ہے منکروں کو اُن کے اُس دن سے
الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۶۰﴾
جس کا اُن سے وعدہ ہو چکا ہے ☆

سزا کا دن

یعنی قیامت کا دن۔ یا اس سے پہلے ہی کوئی دن سزا کا آجائے۔ چنانچہ مشرکین مکہ کو "بدر" میں خاصی سزا مل گئی۔ (تفسیر عثمانی)

تم سورۃ الذاریات وللہ الحمد۔

تفسیر سورۂ طور مکیہ

سورۂ طور کی فضیلت: حضرت جبیر بن معطمؓ فرماتے ہیں میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مغرب کی نماز میں سورۂ وَالطُّوْرِ پڑھتے ہوئے سنا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ خوش آواز اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ اچھی قرأت والا میں نے تو کسی کو نہیں سنا (مؤطا امام مالک)۔ حضرت اُم سلمہؓ فرماتی ہیں زمانۂ حج میں میں بیمار تھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے میں نے اپنا حال کہا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم سواری پر سوار ہو کر لوگوں کے پیچھے پیچھے طواف کرلو۔ چنانچہ میں نے سواری پر بیٹھ کر طواف کیا اُس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بیت اللہ کے ایک کونے میں نماز پڑھ رہے تھے اور وَالطُّوْرِ وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ کی تلاوت فرما رہے تھے۔ (بخاری) (تفسیر ابن کثیر)

سُوْرَةُ الطُّوْرِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّاَرْبَعُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ
سورۂ طور مکہ میں نازل ہوئی اور اس کی انچاس آیتیں ہیں اور اس میں دو رکوع ہیں
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
﴿شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے﴾
وَالطُّوْرِ ﴿۱﴾
قسم ہے طور کی ☆

کوہ طور ☆ یعنی کوہ "طور" جس پر حضرت موسیٰ علیہ السلام سے اللہ نے کلام کیا۔ (تفسیر عثمانی)

کوہ طور کی فضیلت: یہاں طور سے مراد وہ طور سینین ہے جو ارض مدین میں واقع ہے' جس پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو حق تعالیٰ سے شرف ہم کلامی نصیب ہوا' بعض روایات حدیث میں ہے کہ دنیا میں چار پہاڑ جنت کے ہیں ان میں سے ایک طور ہے (قرطبی) طور کی قسم کھانے میں اس کی خاص تعظیم و تشریف کی طرف بھی اشارہ ہے اور اس کی طرف بھی کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بندوں کے لئے کچھ کلام اور احکام آئے ہیں جن کی پابندی اُن پر فرض ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ﴿۲﴾ فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ﴿۳﴾
اور لکھی ہوئی کتاب کی کشادہ ورق میں ☆

لکھی ہوئی کتاب ☆ اس کتاب سے شاید لوح محفوظ مراد ہو یا لوگوں کا

besturdubooks.wordpress.com

اعمالنامہ یا قرآن کریم یا طور کی مناسبت سے تورات یا عام کتب سماویہ۔ سب احتمالات ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَالْبَيْتِ الْمَعْمُورِ ۝٤

اور آباد گھر کی ☆

بیت معمور ☆ شاید کعبہ کو کہا یا ساتویں آسمان پر خانہ کعبہ کی ٹھیک محاذات میں فرشتوں کا کعبہ ہے۔ اس کو "بیت معمور" کہتے ہیں جیسا کہ احادیث سے ثابت ہے۔ (تفسیر عثمانی)

الْبَيْتِ الْمَعْمُورِ۔ کعبہ کی بالکل سیدھ میں ساتویں آسمان پر ایک عبادت خانہ ہے جس کو صراح کہا جاتا ہے آسمان پر اس کی ایسی ہی تعظیم کی جاتی ہے۔ جیسی زمین پر کعبہ کی۔

مسلم نے حضرت انسؓ کی روایت سے حدیث معراج میں بیان کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا' ساتویں آسمان پر میں نے ابراہیم کو دیکھا جو بیت معمور سے اپنی پشت لگائے ہوئے تھے بیت معمور میں روزانہ ستر ہزار فرشتے (عبادت کے لئے) داخل ہوتے ہیں جو دوبارہ (کبھی) نہیں آتے۔ بغوی کی روایت ہے وہ بیت معمور کا طواف کرتے ہیں اور اس کے اندر نماز پڑھتے ہیں پھر لوٹ کر دوبارہ کبھی نہیں آتے (ہر وقت) ملائکہ اس پر چھائے رہتے ہیں (یعنی نئے نئے ملائکہ آتے رہتے ہیں) بیضاوی نے لکھا ہے' بیت معمور سے کعبہ مراد ہے حج و اعتکاف کرنے والوں سے کعبہ معمور (آباد) ہے یا مومن کا دل مراد ہے جس کی آبادی معرفت اور اخلاص سے ہوتی ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوعِ ۝٥

اور اُونچی چھت کی ☆

اونچی چھت ☆ یعنی آسمان کی قسم جو زمین کے اوپر ایک چھت کی طرح ہے اور "سقف مرفوع" عرش عظیم کو کہا جو تمام آسمانوں کے اوپر ہے اور روایات سے ثابت ہوا ہے کہ وہ جنت کی چھت ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَالْبَحْرِ الْمَسْجُورِ ۝٦

اور اُبلتے ہوئے دریا کی ☆

ابلتے ہوئے دریاء ☆ دنیا کے ابلتے ہوئے دریا مراد ہوں' یا وہ عظیم الشان دریا مراد ہو جس کا وجود عرش عظیم کے نیچے اور آسمانوں کے اوپر روایات سے ثابت ہوا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَالْبَحْرِ الْمَسْجُورِ کیا ہے: محمد بن کعب اور ضحاک نے کہا "البحر المسجور" وہ سمندر جس کو آگ کی طرح بھڑکایا اور گرم کیا جائے گا جیسے گرم کیا ہوا تنور۔ حضرت ابن عباسؓ کا بھی یہی قول ہے' حضرت ابن عباسؓ کی روایت میں کہا ہے کہ قیامت کے دن اللہ تمام سمندروں کو آگ بنا دے گا جس سے دوزخ کی آگ میں مزید اضافہ ہو جائے گا۔

بیہقی نے حضرت ابن عمر کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سوائے مجاہد اور حج کرنے والے اور عمرہ کرنے والے کے اور کوئی شخص سمندر میں سفر نہ کرے کیونکہ سمندر کے نیچے آگ ہے یا (فرمایا) آگ کے نیچے سمندر ہے۔

حضرت یعلی بن امیہ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سمندر جہنم ہے۔

ابوالشیخ نے العظمۃ میں اور بیہقی نے بطریق سعید بن مسیب بیان کیا کہ حضرت علیؓ بن ابی طالب نے فرمایا' میں نے فلاں شخص سے زیادہ سچا کسی یہودی کو نہیں دیکھا اُس نے (مجھ سے) کہا تھا کہ اللہ کی عظیم ترین آگ سمندر ہے (یعنی سمندر عظیم ترین آگ بن جائے گا) جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ اس میں سورج اور چاند اور ستاروں کو جمع کر دے گا (یعنی سب کو سمندر میں پھینک دے گا) پھر پچھوا ہوا بھیج کر اس کو بھڑکائے گا اس طرح سارا سمندر جہنم کی آگ بن جائے گا۔

ربیع بن انس نے کہا شیریں اور شور کا مخلوط (یعنی میٹھا اور نمکین سمندر سب مخلوط ہو جائیں گے اسی مجموعے کو **بحر مسجور** کہا گیا ہے) ضحاک نے بحوالہ نزال بن سبرہ بیان کیا کہ حضرت علیؓ نے فرمایا **بحر مسجور** عرش کے نیچے ایک سمندر ہے اس کی گہرائی اتنی ہے جتنا سات آسمانوں کا سات زمینوں سے فاصلہ۔ اس میں گاڑھا پانی بھرا ہوا ہے اس سمندر کو بحر حیوان (بحر حیات) کہا جاتا ہے۔ پہلا صور پھونکا جانے کے بعد چالیس صبح اس سے مخلوق پر بارش ہوگی جس سے لوگ اپنی اپنی قبروں میں (غلہ کے دانوں کی طرح) اُگیں گے۔ مقاتل کا بھی یہی قول ہے۔ (تفسیر مظہری)

حضرت علیؓ سے کسی یہودی نے پوچھا کہ جہنم کہاں ہے؟ تو آپ نے فرمایا سمندر ہے' یہودی نے بھی جو کتب سابقہ کا عالم تھا اس کی تصدیق کی (قرطبی) اور حضرت قتادہؒ وغیرہ نے مسجور کے معنی مَمْلُوْ کے کئے ہیں۔ یعنی پانی سے بھرا ہوا ابن جریر نے اسی معنی کو اختیار کیا ہے (ابن کثیر) (معارف مفتی اعظم)

امام احمد بن حنبل نے نقل کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کوئی رات ایسی نہیں ہوتی کہ سمندر تین مرتبہ اپنی گردن بلند کر کے اللہ رب العزت سے پھیل جانے کی اجازت نہ طلب کرتا ہو لیکن اللہ تعالیٰ اس کو روکتا ہے اور اپنی حد سے تجاوز کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔ رواہ احمد بن حنبل فی المسند بحوالہ ابن کثیر۔ (معارف کاندھلوی)

حضرت عمرؓ پر اللہ کے کلام کا اثر: ابن ابی الدنیا میں ہے کہ ایک

besturdubooks.wordpress.com

رات حضرت عمر فاروقؓ شہر کی دیکھ بھال کے لئے نکلے تو ایک مکان سے کسی مسلمان کی قرآن خوانی کی آواز کان میں پڑی وہ سورۂ والطور پڑھ رہے تھے۔ آپ نے سواری روک لی اور کھڑے ہو کر قرآن سننے لگے۔ جب وہ اس آیت پر پہنچے تو زبان سے نکل گیا کہ رب کعبہ کی قسم سچی ہے پھر اپنے گدھے سے اُتر پڑے۔ اور دیوار سے تکیہ لگا کر بیٹھ گئے چلنے پھرنے کی طاقت نہ رہی دیر تک بیٹھ رہنے کے بعد جب ہوش و حواس ٹھکانے آئے تو اپنے گھر پہنچے لیکن خدا کے کلام کی اس ڈراونی آیت کے اثر سے دل کی کمزوری کی یہ حالت تھی کہ مہینہ بھر تک بیمار پڑے رہے اور ایسے کہ لوگ بیمار پرسی کو آتے تھے گو کسی کو معلوم نہ تھا کہ بیماری کیا ہے؟ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔　(تفسیر ابن کثیر)

اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ⑦
بیشک عذاب تیرے رب کا ہو کر رہے گا
مَّا لَهٗ مِنْ دَافِعٍ ⑧
اُس کو کوئی نہیں ہٹانے والا ☆

قدرت وعظمت الٰہی ☆ یعنی یہ تمام چیزیں جن کی قسم کھائی شہادت دیتی ہیں کہ وہ خدا بہت بڑی قدرت وعظمت والا ہے پھر اس کی نافرمانی کرنیوالوں پر عذاب کیوں نہیں آئیگا اور کس کی طاقت ہے جو اسکے بھیجے ہوئے عذاب کو الٹا واپس کر دیگا۔　(تفسیر عثمانی)

جبیر بن مطعمؓ پر اس آیت کا اثر

حضرت جبیر بن مطعمؓ فرماتے ہیں کہ میں مسلمان ہونے سے پہلے ایک مرتبہ مدینہ طیبہ اس لئے آیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بدر کے قیدیوں کے متعلق گفتگو کروں، میں پہنچا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مغرب کی نماز میں سورۂ طور پڑھ رہے تھے اور آواز مسجد سے باہر تک پہنچ رہی تھی، جب یہ آیت پڑھی اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ مَّا لَهٗ مِنْ دَافِعٍ۔ اچانک میری یہ حالت ہوئی کہ گویا میرا دل خوف سے پھٹ جائے گا، میں نے فوراً اسلام قبول کیا، مجھے اُس وقت یہ محسوس ہو رہا تھا کہ میں اس جگہ سے ہٹ نہیں سکوں گا، کہ مجھ پر عذاب آ جائے گا (قرطبی)۔　(معارف مفتی اعظم)

عذاب کی تاکید: یعنی اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ کہ اے مخاطب تیرے رب کا عذاب یقیناً واقع ہونے والا ہے اور قیامت ضرور آئیگی حساب اور جزاء وسزا کا مرحلہ انسان سے ٹل نہیں سکتا تو اس مضمون کی اہمیت کے پیش نظر اس خبر اور بیان کے لئے پانچ عظیم الشان چیزوں یعنی کوہ طور، کتاب مسطور، بیت معمور، سقف مرفوع اور بحر مسجور کی قسم کھائی کہ ان عظیم الشان مخلوقات کی عظمت کا مخاطب اپنے ذہن میں استحضار کرتے ہوئے آئندہ بیان کی جانے والی خبر پر نہ حیرت کرے نہ اس میں تردد کرے بلکہ بلا کسی جھجک اور تامل اس پر ایمان لائے۔　(معارف کاندھلوی)

يَّوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ⑨
جس دن لرزے آسمان کپکپا کر ☆

قیامت کی دہشت ناکیاں

یعنی آسمان لرز کر اور کپکپا کر پھٹ پڑیگا۔　(تفسیر عثمانی)

وَّتَسِيْرُ الْجِبَالُ سَيْرًا ⑩
اور پھریں پہاڑ چل کر ☆

☆ یعنی پہاڑ اپنی جگہ چھوڑ دینگے اور روئی کے گالوں کی طرح اڑتے پھریں گے۔　(تفسیر عثمانی)

فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ⑪ الَّذِيْنَ
سو خرابی ہے اس دن جھٹلانے والوں کو جو
هُمْ فِيْ خَوْضٍ يَّلْعَبُوْنَ ⑫
باتیں بناتے ہیں کھیلتے ہوئے ☆

غافلوں کی ہلاکت

یعنی جو آج کھیل کود میں مشغول ہو کر طرح طرح کی باتیں بناتے اور آخرت کی تکذیب کرتے ہیں۔ ان کیلئے اس روز سخت خرابی اور تباہی ہے۔　(تفسیر عثمانی)

يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ⑬
جس دن کہ دھکیلے جائیں دوزخ کی طرف دھکیل کر
هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ⑭
یہ ہے وہ آگ جس کو تم جھوٹ جانتے تھے ☆

ذلت کے ساتھ جہنم میں داخلہ

یعنی فرشتے ان کو سخت ذلت کے ساتھ دھکیلتے ہوئے دوزخ کی طرف لے جائیں گے اور وہاں پہنچا کر کہا جائیگا یہ وہ آگ حاضر ہے جس کو تم جھوٹ جانتے تھے۔　(تفسیر عثمانی)

اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ ⑮
اب بھلا یہ جادو ہے یا تم کو نہیں سوجھتا ☆

besturdubooks.wordpress.com

اب بتلاؤ ☆ یعنی تم دنیا میں انبیاء کو جادوگر اور ان کی وحی کو جادو کہا کرتے تھے۔ ذرا اب بتلاؤ کہ یہ دوزخ جس کی خبر انبیاء نے دی تھی کیا واقعی جادو یا نظر بندی ہے یا جیسے دنیا میں تم کو کچھ سوجھتا نہ تھا اب بھی نہیں سوجھتا۔ (تفسیر عثمانی)

اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ۔ یعنی کیا تم کو یہ آگ دکھائی نہیں دیتی جس طرح تم کو دنیا میں معجزات دکھائی نہیں دیتے تھے اور تم کہتے تھے ہماری نظر بندی کر دی گئی ہے۔

سَوَآءٌ۔ مصدر بمعنی اسم فاعل ہے یعنی دونوں چیزیں تمہارے لئے برابر ہیں، تمہارے اعمال کی سزا تو ضرور ملنی ہے کفر کی سزا کی وعید اللہ کی طرف سے تم کو مل چکی تھی اور کفر کی سزا بھی اللہ کی واجب کردہ ہے (اس لئے نہ وعید کی خلاف ورزی ہو سکتی ہے نہ اللہ کی مقرر کردہ سزا بدل سکتی ہے) (تفسیر مظہری)

اِصْلَوْهَا فَاصْبِرُوْٓا اَوْ لَا تَصْبِرُوْا ۚ
چلے جاؤ اُس کے اندر پھر تم صبر کرو یا نہ صبر کرو
سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ ۭ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا
وہی بدلہ پاؤ گے جو کچھ تم
كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ⑯
کرتے تھے ☆

اب کسی صورت چھٹکارا نہیں ہے ☆ یعنی دوزخ میں پڑ کر اگر گھبراؤ اور چلاؤ گے، تب کوئی فریاد کو پہنچنے والا نہیں۔ اور بفرض محال صبر کر کے چپ ہو رہو تب تم پر کوئی رحم کھانے والا نہیں غرض دونوں حالتیں برابر ہیں۔ اس جیل خانہ سے نکلنے کی تمہارے لیے کوئی سبیل نہیں جو کرتوت دنیا میں کئے تھے ان کی سزا یہی حبس دوام اور ابدی عذاب ہے۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَعِيْمٍ ⑰ لا
جو ڈرنے والے ہیں وہ باغوں میں ہیں اور نعمت میں
فٰكِهِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۚ وَ
میوے کھاتے ہوئے جو اُن کو دیئے اُن کے رب نے اور
وَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ⑱
بچایا اُنکے رب نے دوزخ کے عذاب سے ☆

مومنین کا انعام ☆ یعنی جو دنیا میں اللہ سے ڈرتے تھے۔ وہاں بالکل مامون اور بے فکر ہونگے۔ ہر قسم کے عیش و آرام کے سامان ان کے لیے حاضر رہیں گے۔ اور یہ ہی انعام کیا کم ہے کہ دوزخ کے عذاب سے اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے گا۔ (تفسیر عثمانی)

كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔۢا بِمَا كُنْتُمْ
کھاؤ اور پیو رچتا ہوا بدلہ اُن کاموں کا
تَعْمَلُوْنَ ⑲ لا مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى سُرُرٍ
جو تم کرتے تھے تکیہ لگائے بیٹھے تختوں پر برابر بچھے ہوئے
مَّصْفُوْفَةٍ ۚ
قطار باندھ کر ☆

جنتیوں کی مجلس ☆ یعنی جنتیوں کی مجلس اس طرح ہوگی کہ سب جنتی بادشاہوں کی طرح اپنے اپنے تخت پر ایک دوسرے کے سامنے بیٹھے ہونگے اور ان کی ترتیب نہایت قرینہ سے ہوگی۔ (تفسیر عثمانی)

هَنِيْٓـًٔا۔ خوشگواری کے ساتھ کھاؤ پیو یا خوشگوار کھانا کھاؤ اور خوشگوار مشروب پیو۔ (تفسیر مظہری)

وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ⑳ وَالَّذِيْنَ
اور بیاہ دیں ہم نے اُنکو حوریں بڑی آنکھوں والیاں اور جو لوگ
اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ
یقین لائے اور اُن کی راہ پر چلے اُن کی اولاد ایمان سے
اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ اَلَتْنٰهُمْ
پہنچا دیا ہم نے اُن تک اُن کی
مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ
اُن سے اُن کا کیا ذرا بھی ☆

صالحین کی صالح اولاد ☆ یعنی کاملوں کی اولاد اور متعلقین اگر ایمان پر قائم ہوں گے اور ان ہی کاملوں کی راہ پر چلیں۔ جو خدمات ان کے بزرگوں نے انجام دی تھیں یہ بھی ان کی تکمیل میں ساعی ہوں تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ان کو جنت میں ان ہی کے ساتھ ملحق کر دیگا۔ گو ان کے اعمال و احوال ان کے اعمال

besturdubooks.wordpress.com

واحوال سے کماً وکیفاً فروتر ہوں۔ تاہم ان بزرگوں کے اکرام اور عزت افزائی کے لیے ان تابعین کو ان متبوعین کے جوار میں رکھا جائیگا اور ممکن ہے بعض کو بالکل ان ہی کے مقام اور درجہ پر پہنچا دیا جائے جیسا کہ روایات سے ظاہر ہوتا ہے اور اس صورت میں یہ گمان نہ کیا جائے کہ ان کاملین کی بعض نیکیوں کا ثواب کاٹ کر ذریت کو دیدیا جائیگا۔ نہیں، یہ محض اللہ کا فضل واحسان ہوگا کہ قاصرین کو ذرا ابھار کر اوپر کاملین کے مقام تک پہنچا دیا جائے۔ (تنبیہ) احقر نے "وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ" کا جو مطلب لیا ہے صحیح بخاری کی یہ حدیث اس کے مناسب معلوم ہوتی ہے۔ "قالت الانصار (یا رسول الله!) ان لکل قوم اتباعا وانا قد اتبعناک فادع الله ان یجعل اتباعنا منا قال النبی صلی الله علیه وسلم اللهم اجعل اتباعهم منهم"۔ (تفسیر عثمانی)

بچوں کا کیا ہوگا: ابن ابی شیبہ نے حضرت انسؓ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، میں نے اپنے رب سے نسل انسانی کے ان (بچوں) کے متعلق مانگ کی جو کھیلنے والے ہوں اللہ نے مجھے وہ عطا فرما دیئے (یعنی ان کو جنتی بنا دیا) ابن عبدالبر نے کہا کھیلنے والوں سے مراد ہیں بچے کیونکہ ان کے کام بے عقلی کے کھیل کود کی طرح ہوتے ہیں عزم کے ساتھ نہیں ہوتے۔ ابن جریر نے لکھا ہے کہ حضرت سمرہؓ نے فرمایا، ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرکوں کے بچوں کے متعلق دریافت کیا، فرمایا وہ جنت والوں کے خادم ہوں گے۔ ابن جریر نے ایسی ہی حدیث حضرت ابن مسعودؓ سے موقوفاً بھی بیان کی ہے، طیالسی نے حضرت انسؓ کی روایت سے اسی کی ہم معنی حدیث نقل کی ہے، بعض علماء کا خیال ہے کہ مشرکوں کے بچوں کی جانچ کی جائے گی کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا اللہ ہی کو علم ہے کہ وہ (جوان ہو کر کیا کرنے والے ہوتے) متفق علیہ من حدیث ابی ہریرہؓ۔

مَا أَلَتْنٰهُمْ۔ یعنی ان کے باپوں کے اعمال کے ثواب میں ہم کوئی کمی نہیں کریں گے۔ مطلب یہ کہ مومن اولاد کو ان کے باپوں کے ساتھ شامل کر دینے اور درجہ میں ان کے ساتھ ملا دینے سے ان کے آباء کے اعمال کے ثواب میں کمی نہیں ہوگی۔ (تفسیر مظہری)

بزرگوں کے ساتھ نسبی تعلق آخرت میں بھی نفع دے گا، بشرطیکہ ایمان۔ حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ مؤمنین صالحین کی ذریت واولاد کو بھی ان کے بزرگ آباء کے درجہ میں پہنچا دیں گے۔ اگرچہ وہ عمل کے اعتبار سے اس درجہ کے مستحق نہ ہوں تاکہ ان بزرگوں کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں۔ (رواہ الحاکم والبیہقی فی سننہ والبزار وابونعیم فی الحلیۃ وابن المنذر وابن جریر وابن ابی حاتم)۔ (تفسیر مظہری)

اور طبرانی نے حضرت سعید بن جبیرؒ سے روایت کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ ابن عباسؓ نے فرمایا اور میرا گمان یہ ہے کہ انہوں نے اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے کہ جب کوئی شخص جنت میں داخل ہوگا تو اپنے ماں باپ اور بیوی اور اولاد کے متعلق پوچھے گا (وہ کہاں ہیں) اس سے کہا جائیگا کہ وہ تمہارے درجہ کو نہیں پہنچے (اس لئے ان کا جنت میں الگ مقام ہے) یہ شخص عرض کرے گا اے میرے پروردگار! میں نے جو کچھ عمل کیا وہ اپنے لئے اور ان سب کے لئے کیا تھا تو حق تعالیٰ شانہٗ کی طرف سے حکم ہوگا کہ ان کو بھی اسی درجۂ جنت میں اُن کے ساتھ رکھا جائے گا۔ (ابن کثیر) (معارف مفتی اعظم)

اولاد کے استغفار و دعا کا اثر: مسند احمد میں حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اپنے بعض نیک بندوں کا درجہ جنت میں اس کے عمل کی مناسبت سے بہت اونچا کر دیں گے۔ تو یہ دریافت کرے گا کہ میرے پروردگار مجھے یہ مقام اور درجہ کہاں سے مل گیا (میرا عمل تو اس قابل نہ تھا) تو جواب یہ دیا جائے گا کہ تمہاری اولاد نے تمہارے لئے استغفار و دعا کی اس کا یہ اثر ہے۔ (رواہ الامام احمد وقال ابن کثیر اسنادہ صحیح و لم یخرجوہ ولکن لہ شاہد فی صحیح مسلم عن ابی ہریرہؓ) (معارف مفتی اعظم)

تین عمل جو مرنے کے بعد بھی ثواب پہنچاتے ہیں

ایک روایت صحیح مسلم میں اس طرح مروی ہے کہ ابن آدم کے مرتے ہی اُس کے اعمال موقوف ہو جاتے ہیں لیکن تین عمل کہ وہ مرنے کے بعد بھی ثواب پہنچاتے رہتے ہیں۔ صدقۂ جاریہ، علم دین، جس سے نفع پہنچتا رہے نیک اولاد جو مرنے والے کے لئے دعاء خیر کرتی رہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

كُلُّ امْرِئٍ بِمَا كَسَبَ رَهِينٌ ﴿٢١﴾
ہر آدمی اپنی کمائی میں پھنسا ہے ☆

عدل کا ضابطہ

اوپر فضل کا بیان تھا یہاں عدل کا ضابطہ بتلا دیا۔ یعنی عدل کا مقتضاء یہ ہے کہ جس آدمی نے جو کچھ اچھا یا برا عمل کیا اسی کے موافق بدلہ پائے۔ آگے اللہ کا فضل ہے کہ وہ کسی کی تقصیر معاف فرما دے یا کسی کا درجہ بلند کر دے۔ (تفسیر عثمانی)

كُلُّ امْرِئٍ بِمَا كَسَبَ رَهِينٌ۔ یعنی ہر انسان اپنے عمل میں محبوس ہوگا ایسا نہیں ہوگا کہ کسی دوسرے کا گناہ اس کے سر ڈال دیا جائے یعنی جس طرح آیت سابقہ میں اولاد صالحین کو صالحین کی خاطر سے درجہ بڑھا دیا گیا یہ عمل حسنات میں تو ہوگا۔ سیئات میں ایک کے گناہ کا کوئی اثر دوسرے پر نہ پڑیگا۔ (ابن کثیر) (معارف مفتی اعظم)

وَأَمْدَدْنٰهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَّلَحْمٍ
اور تار لگا دیا ہم نے اُن پر میووں کا اور گوشت کا

besturdubooks.wordpress.com

مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿٢٢﴾

جس چیز کو جی چاہے☆

دلخواہ میوے ☆ یعنی جس قسم کا گوشت مرغوب ہو اور جس جس میوے کو دل چاہے بلا توقف لگا تار حاضر کیے جائینگے۔ (تفسیر عثمانی)

يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَاْسًا لَّا لَغْوٌ فِيْهَا

جھپٹتے ہیں وہاں پیالہ نہ بکنا ہے اُس شراب میں

وَلَا تَاْثِيْمٌ ﴿٢٣﴾

اور نہ گناہ میں ڈالنا☆

شراب طہور ☆ یعنی شراب طہور کا دور جب چلے گا تو جنتی بطور خوش طبعی کے ایک دوسرے سے چھینا جھپٹی کرینگے لیکن اس شراب میں محض نشاط اور لذت ہوگی۔ نشہ، بکواس اور فتور عقل وغیرہ کچھ نہ ہوگا۔ نہ کوئی گناہ کی بات ہوگی۔ (تفسیر عثمانی)

وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ

اور پھرتے ہیں اُن کے پاس چھوکرے اُن کے

كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿٢٤﴾

گویا وہ موتی ہیں اپنے غلاف کے اندر☆

غلمان ☆ یعنی جیسے موتی اپنے غلاف کے اندر بالکل صاف وشفاف رہتا ہے گرد و غبار کچھ نہیں پہنچتا۔ یہی حال ان کی صفائی اور پاکیزگی کا ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

کم ترین درجہ کا جنتی: ابن ابی الدنیا نے حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا کہ اہل جنت میں کم ترین درجہ کا وہ شخص ہوگا جس کی خدمت کے لئے صبح شام پانچ ہزار خادم ایسے کم بستہ ہوں گے جن میں سے کسی ایک کے پاس بھی (کھانے پینے کا) وہ برتن نہ ہوگا جو کسی دوسرے کے پاس ہوگا (یعنی ہزاروں قسم کے کھانے کے برتن جدا جدا ہوں گے)۔

خادم مخدوم کا حسن: بغوی نے حسن کی روایت سے لکھا ہے کہ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! جب خادم (حسن و چمک میں) موتی کی طرح ہوں گے تو ان کے مخدوم کی کیا حالت ہوگی۔ فرمایا مخدوم کی خادم پر آب وتاب چمک اور خوبصورتی میں برتری ایسی ہوگی جیسے چودھویں رات کے چاند کی باقی ستاروں پر۔ (تفسیر مظہری)

وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ

اور منہ کیا بعضوں نے دوسروں کی طرف

يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿٢٥﴾ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيْٓ

آپس میں پوچھتے ہوئے بولے ہم بھی تھے اس سے پہلے

اَهْلِنَا مُشْفِقِيْنَ ﴿٢٦﴾ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا

اپنے گھروں میں ڈرتے رہتے پھر احسان کیا اللہ نے ہم پر

وَوَقٰنَا عَذَابَ السَّمُوْمِ ﴿٢٧﴾ اِنَّا كُنَّا مِنْ

اور بچا دیا ہم کو لو کے عذاب سے ہم پہلے سے

قَبْلُ نَدْعُوْهُ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ ﴿٢٨﴾

پکارتے تھے اُس کو بیشک وہی ہے نیک سلوک والا مہربان☆

جنتیوں کی شاہانہ ملاقاتیں ☆ یعنی جنتی اس وقت ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر باتیں کرینگے اور غایت مسرت و امتنان سے کہیں گے کہ بھائی ہم دنیا میں ڈرتے رہتے تھے کہ دیکھیے مرنے کے بعد کیا انجام ہو۔ یہ کھٹکا برابر لگا رہتا تھا۔ اللہ کا احسان دیکھو کہ آج اس نے کیسا مامون و مطمئن کر دیا کہ دوزخ کی بھاپ بھی ہم کو نہیں لگی۔ ہم اپنے رب کو ڈر کر اور امید باندھ کر پکارا کرتے تھے۔ آج دیکھ لیا کہ اس نے اپنی مہربانی سے ہماری پکار سنی اور ہمارے ساتھ کیسا اچھا سلوک کیا۔ (تفسیر عثمانی)

مسند بزار میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنتی اپنے دوستوں سے ملنا چاہے گا تو اُدھر اُس دوست کے دل میں بھی یہی خواہش پیدا ہوگی اُس کا تخت اُڑے گا اور راستے میں دونوں مل جائیں گے اپنے اپنے تختوں پر آرام سے بیٹھے ہوئے باتیں کرنے لگیں گے دنیا کے ذکر چھڑیں گے اور کہیں گے کہ فلاں دن فلاں جگہ ہم نے اپنی بخشش کی دعاء مانگی تھی اللہ نے اسے قبول فرمایا۔ اس حدیث کی سند کمزور ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی دعاء

مسروق سے منقول ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ایک روز یہ آیت فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَوَقٰنَا عَذَابَ السَّمُوْمِ الخ تلاوت کی اور پھر اسی طرح دعائیہ کلمات فرمانے لگیں۔ اے اللہ تو ہم پر احسان فرما اور ہم کو دھکتی ہوئی دوزخ کے عذاب سے بچالے۔ (معارف کاندھلوی)

besturdubooks.wordpress.com

فَذَكِّرْ فَمَآ اَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ

اب تو سمجھادے کہ تو اپنے رب کے فضل سے نہ جنوں سے خبر لینے والا ہے

وَّلَا مَجْنُوْنٍ ﴿۲۹﴾

اور نہ دیوانہ ☆

کافروں کی بے وقوفی ☆ کفار حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی دیوانہ کہتے، کبھی کاہن یعنی جنوں اور شیطانوں سے کچھ جھوٹی سچی خبریں لیکر چلتی کر دیتے ہیں۔ اتنا نہیں سمجھتے تھے کہ آج تک کسی کاہن اور دیوانے نے ایسی اعلیٰ درجہ کی نصیحتیں اور حکیمانہ اصول اس طرح کے صاف، شستہ اور شائستہ طرز میں بیان کیے ہیں۔ اسی لیے فرمایا کہ آپ ان کو بھلا برا سمجھاتے رہیے اور پیغمبرانہ نصیحتیں کرتے رہیے ان کی بکواس سے دلگیر نہ ہوں جب اللہ کے فضل ورحمت سے نہ آپ کاہن ہیں نہ مجنون، بلکہ اس کے مقدس رسول ہیں تو نصیحت کرتے رہنا آپ کا فرض منصبی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

اَمْ يَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ

کیا کہتے ہیں یہ شاعر ہے ہم منتظر ہیں

بِهٖ رَيْبَ الْمَنُوْنِ ﴿۳۰﴾

اُس پر گردش زمانہ کے ☆

☆ یعنی پیغمبر جو اللہ کی باتیں سناتا اور نصیحت کرتا ہے کیا یہ لوگ اس لیے قبول نہیں کرتے کہ آپ کو محض ایک شاعر سمجھتے ہیں اور اس بات کے منتظر ہیں کہ جس طرح قدیم زمانہ کے بہت سے شعراء گردش زمانہ سے یونہی مرمرا کر ختم ہوگئے۔ یہ بھی ٹھنڈے ہو جائینگے۔ کوئی کامیاب مستقبل ان کے ہاتھ میں نہیں۔ محض چند روز کی وقتی واہ واہ ہے اور بس۔ (تفسیر عثمانی)

سبب نزول: آیت کا نزول ان لوگوں کے حق میں ہوا جو مکہ کے پہاڑیوں کی گھاٹیوں میں الگ الگ بٹ کر بیٹھ گئے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کاہن اور ساحر اور شاعر کہتے تھے۔ ابن جریر نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے معاملہ میں مشورہ کرنے کے لئے قریش دار الندوہ (چوپال) میں جمع ہوئے بعض لوگوں نے کہا یہ بھی زہیر اور نابغہ کی طرح ایک شاعر ہے اس کو قید کردو یہاں تک کہ خود اپنے وقت پر مرجائے جیسے دوسرے شاعر مر گئے اس پر آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر مظہری)

قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ

تو کہہ تم منتظر رہو کہ میں بھی تمہارے ساتھ

الْمُتَرَبِّصِيْنَ ﴿۳۱﴾

منتظر ہوں ☆

☆ یعنی اچھا تم میرا انجام دیکھتے رہو۔ میں تمہارا دیکھتا ہوں۔ عنقریب کھل جائیگا۔ کہ کون کامیاب ہے، کون خائب وخاسر۔ (تفسیر عثمانی)

اَمْ تَاْمُرُهُمْ اَحْلَامُهُمْ بِهٰذَآ اَمْ هُمْ

کیا اُن کی عقلیں یہی سکھلاتی ہیں اُن کو یا یہ لوگ

قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿۳۲﴾

شرارت پر ہیں ☆

مشرکین کی بے عقلی ☆ یعنی پیغمبر کو مجنون کہہ کر گویا اپنے کو بڑا عقلمند ثابت کرتے ہیں کیا انکی عقل و دانش نے یہ ہی سکھلایا ہے کہ ایک انتہائی صادق، امین، عاقل وفرزانہ اور سچے پیغمبر کو شاعر یا کاہن یا دیوانہ قرار دیکر نظر انداز کر دیا جائے۔ اگر شاعروں اور پیغمبروں کے کلام میں تمیز بھی نہیں کر سکتے تو کیسے عقلمند ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ دل میں سمجھتے سب کچھ ہیں مگر محض شرارت اور کجروی سے باتیں بناتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

کیا ان کی عقلیں ان متضاد اقوال کا حکم دے رہی ہیں۔ کاہن تو بڑا زیرک اور دقیق النظر ہوتا ہے اور مجنون بے عقل خبط الحواس اور شاعر وہ ہوتا ہے جس کا کلام بلیغ، موزوں اور تخیل کا حامی ہوتا ہے اور مجنون کے کلام میں نہ وزن ہوتا ہے نہ بلاغت نہ خیال کی پرواز۔ قریش کے بڑے لوگ بہت دانشمند مانے جاتے تھے اللہ نے فرمایا ان کو تو زیرک دانا اور پاگل میں بھی امتیاز نہیں ہے حق و باطل میں بھی تمیز نہیں کر سکتے پھر کیسے عقلمند ہیں کیا اس تضاد بیانی کا حکم ان کی عقلیں دے رہی ہیں۔ ایسا نہیں ہے۔ (تفسیر مظہری)

اَمْ يَقُوْلُوْنَ تَقَوَّلَهٗ ۚ بَلْ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۳﴾

یا کہتے ہیں یہ قرآن خود بنا لایا، کوئی نہیں پر وہ یقین نہیں کرتے

فَلْيَاْتُوْا بِحَدِيْثٍ مِّثْلِهٖٓ اِنْ كَانُوْا

پھر چاہئے کہ لے آئیں کوئی بات اسی طرح کی اگر وہ

besturdubooks.wordpress.com

صٰدِقِيْنَ ؕ ﴿۳۴﴾
سچے ہیں ☆

نہ ماننے کے ہزار بہانے

یعنی کیا یہ خیال ہے کہ پیغمبر کو جو کچھ سنا رہا ہے وہ اللہ کا کلام نہیں؟ بلکہ اپنے دل سے گھڑ لایا؟ اور جھوٹ موٹ خدا کی طرف منسوب کر دیا؟ سو نہ ماننے کے ہزار بہانے۔ جو شخص ایک بات پر یقین نہ رکھے اور اسے تسلیم نہ کرنا چاہے وہ اسی طرح کے بے سروپا احتمالات نکالا کرتا ہے ورنہ آدمی ماننا چاہے تو اتنی بات سمجھنے کے لیے کافی ہے کہ وہ دنیا کی تمام طاقتوں کو اکٹھا کر کے بھی اس قرآن کا مثل نہیں لا سکتے اور جیسے خدا کی زمین جیسی زمین اور اس کے آسمان جیسا آسمان بنانا کسی سے ممکن نہیں، اس کے قرآن جیسا قرآن بنا لانا بھی محال ہے۔ (تفسیر عثمانی)

اَمْ خُلِقُوْا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ اَمْ هُمُ
کیا وہ بن گئے ہیں آپ ہی آپ یا وہی ہیں
الْخٰلِقُوْنَ ؕ ﴿۳۵﴾ اَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ
بنانے والے یا انہوں نے بنایا آسمانوں کو
وَالْاَرْضَ ۚ بَلْ لَّا يُوْقِنُوْنَ ؕ ﴿۳۶﴾
اور زمین کو کوئی نہیں پر وہ یقین نہیں کرتے ☆

پیغمبر خدا کی بات کیوں نہیں مانتے

یعنی پیغمبر خدا کی بات کیوں نہیں مانتے، کیا ان کے اوپر کوئی خدا نہیں جس کی بات ماننا ان کے ذمہ لازم ہو کیا بغیر کسی پیدا کرنیوالے کے خود بخود پیدا ہو گئے ہیں؟ یا خود اپنے آپ کو خدا سمجھتے ہیں؟ یا یہ خیال ہے کہ آسمان و زمین ان کے بنائے ہوئے ہیں لہٰذا اس قلمرو میں جو چاہیں کرتے پھریں کوئی ان کو روکنے ٹوکنے کا اختیار نہیں رکھتا۔ یہ سب خیالات باطل اور مہمل ہیں۔ وہ بھی دلوں میں جانتے ہیں کہ ضرور خدا موجود ہے جس نے ان کو اور تمام زمین و آسمان کو نیست سے ہست کیا۔ مگر اس علم کے باوجود جو ایمان و یقین شرعاً مطلوب ہے اس سے محروم اور بے بہرہ ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَبِّكَ اَمْ هُمُ
کیا اُن کے پاس ہیں خزانے تیرے رب کے یا وہی
الْمُصَيْطِرُوْنَ ؕ ﴿۳۷﴾
داروغہ ہیں ☆

کیا یہی منکر خزانوں کے مالک ہیں

یعنی کیا یہ خیال ہے کہ زمین و آسمان گو خدا کے بنائے ہوئے ہیں مگر اس نے اپنے خزانوں کا مالک ان کو بنا دیا ہے؟ یا اس کے ملک اور خزانوں پر انہوں نے زور سے تسلط اور قبضہ حاصل کر لیا ہے پھر ایسے صاحب تصرف و اقتدار ہو کر وہ کسی کے مطیع و منقاد کیوں بنیں۔ (تفسیر عثمانی)

اَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَّسْتَمِعُوْنَ فِيْهِ ۚ
کیا انکے پاس کوئی سیڑھی ہے جس پر سن آتے ہیں
فَلْيَاْتِ مُسْتَمِعُهُمْ بِسُلْطٰنٍ
تو چاہئے لے آئے جو سنتا ہے اُن میں ایک
مُّبِيْنٍ ؕ ﴿۳۸﴾
سند کھلی ہوئی ☆

کیا یہ منکر کوئی سند رکھتے ہیں

یعنی کیا یہ دعویٰ ہے کہ وہ زینہ لگا کر آسمان پر چڑھ جاتے اور وہاں سے ملاء اعلیٰ کی باتیں سن آتے ہیں پھر جب ان کی رسائی براہ راست اس بارگاہ تک ہو تو کسی بشر کا اتباع کرنے کی کیا ضرورت رہی۔ جس کا یہ دعویٰ ہو تو بسم اللہ اپنی سند اور حجت پیش کرے۔ (تفسیر عثمانی)

اَمْ لَهُ الْبَنٰتُ وَلَكُمُ الْبَنُوْنَ ؕ ﴿۳۹﴾
کیا اُسکے یہاں بیٹیاں ہیں اور تمہارے یہاں بیٹے ☆

☆ یعنی کیا (معاذ اللہ) خدا کو اپنے سے گھٹیا سمجھتے ہیں جیسا کہ بیٹے اور بیٹیوں کی اس تقسیم سے مترشح ہوتا ہے اور اس لیے اس کے احکام و ہدایات کے سامنے سر تسلیم جھکانا اپنی کسر شان سمجھتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ
کیا تو مانگتا ہے اُن سے کچھ بدلہ سو اُن پر تاوان کا
مُّثْقَلُوْنَ ؕ ﴿۴۰﴾
بوجھ ہے ☆

کیا آپ ان سے کوئی معاوضہ مانگتے ہیں

☆ یعنی کیا یہ لوگ آپ کی بات اس لیے نہیں مانتے کہ خدانکردہ آپ ان سے

besturdubooks.wordpress.com

اس ارشاد و تبلیغ پر کوئی بھاری معاوضہ طلب کر رہے ہیں۔ جس کے بوجھ سے وہ دبے جاتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿٤١﴾
کیا اُن کو خبر ہے بھید کی سو وہ لکھ رکھتے ہیں ☆

کیا ان پر وحی آتی ہے ☆یعنی کیا خود ان پر اللہ اپنی وحی بھیجتا اور پیغمبروں کی طرح اپنے بھید پر مطلع کرتا ہے جسے یہ لوگ لکھ لیتے ہیں جیسے انبیاء کی وحی لکھی جاتی ہے اس لیے ان کو آپ کی پیروی کی ضرورت نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

قتادہ نے کہا' یہ جواب ہے کافروں کے قول کا۔ کافروں نے کہا تھا نَتَرَبَّصُ بِهٖ رَيْبَ الْمَنُوْنِ. اللہ نے اس کا جواب دیا کیا ان کو علم غیب ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان سے پہلے مرجائیں گے اور ان کا کوئی نشان بھی باقی نہیں رہے گا۔ (تفسیر مظہری)

اَمْ يُرِيْدُوْنَ كَيْدًا ۭ فَالَّذِيْنَ
کیا چاہتے ہیں کچھ داؤ کرنا سو جو
كَفَرُوْا هُمُ الْمَكِيْدُوْنَ ﴿٤٢﴾
منکر ہیں وہی آتے ہیں داؤ میں ☆

ان کے داؤ پیچ الٹا انہیں پر پڑیں گے

☆یعنی ان میں سے کوئی بات نہیں تو کیا پھر یہ ہی ارادہ ہے کہ پیغمبر کے ساتھ داؤ پیچ کھیلیں اور مکر و فریب اور خفیہ تدبیریں گانٹھ کر حق کو مغلوب یا نیست و نابود کر دیں۔ ایسا ہے تو یاد رہے کہ یہ داؤ پیچ سب ان ہی پر الٹنے والے ہیں عنقریب پتہ لگ جائے گا کہ حق مغلوب ہوتا ہے یا وہ نابود ہوتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اَمْ لَهُمْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ ۭ سُبْحٰنَ
کیا اُن کا کوئی حاکم ہے اللہ کے سوائے وہ اللہ پاک ہے
اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٤٣﴾
اُنکے شریک بنانے سے ☆

کیا کوئی اور حاکم و معبود ہے؟ ☆یعنی کیا خدا کے سواء کوئی اور حاکم اور معبود تجویز کر رکھے ہیں جو مصیبت پڑے پر ان کی مدد کرینگے؟ اور جن کی پرستش نے خدا کی طرف سے ان کو بے نیاز کر رکھا ہے؟ سو یاد رہے کہ یہ سب اوہام و وساوس ہیں۔ اللہ کی ذات اس سے پاک ہے کہ کوئی اس کا شریک و مثیل یا مقابل و مزاحم ہو۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِنْ يَّرَوْا كِسْفًا مِّنَ السَّمَاۗءِ
اور اگر دیکھیں ایک تختہ آسمان سے
سَاقِطًا يَّقُوْلُوْا سَحَابٌ مَّرْكُوْمٌ ﴿٤٤﴾
گرتا ہوا کہیں یہ بادل ہے گاڑھا ☆

یہ صرف ضدی اور عنادی ہیں ☆یعنی حقیقت میں ان میں سے کوئی بات نہیں۔ صرف ایک چیز ہے "ضد اور عناد" جس کی وجہ سے یہ لوگ ہر سچی بات کے جھٹلانے پر تلے ہوئے ہیں۔ ان کی کیفیت تو یہ ہے کہ اگر انکی فرمائش کے موافق فرض کیجئے آسمان سے ایک تختہ ان پر گرا دیا جائے تو دیکھتی آنکھوں اس کی بھی کوئی تاویل کر دینگے مثلاً کہیں گے کہ یہ آسمان سے نہیں آیا۔ بادل کا ایک حصہ گاڑھا اور منجمد ہو کر گر پڑا ہے جیسے بڑے بڑے اولے کبھی گرتے ہیں بھلا ایسے متعصب معاندوں سے ماننے کی کیا توقع ہو سکتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

فَذَرْهُمْ حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ فِيْهِ
سو تو چھوڑ دے اُن کو یہاں تک کہ دیکھ لیں اپنے اُس دن کو جس میں اُن پر
يُصْعَقُوْنَ ﴿٤٥﴾ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ
پڑیگی بجلی کی کڑک جس دن کام نہ آئیگا اُن کو اُن کا داؤ
شَيْـــًٔا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿٤٦﴾
ذرا بھی اور نہ اُن کو مدد پہنچے گی ☆

ان معاندوں پر قہر برسے گا ☆یعنی ایسے معاندوں کے پیچھے پڑنے کی زیادہ ضرورت نہیں چھوڑ دیجئے کہ چند روز اور کھیل لیں اور باتیں بنا لیں۔ آخر وہ دن آنا ہے جب قہر الٰہی کی کڑک بجلی سے ان کے ہوش و حواس جاتے رہینگے اور بچاؤ کی کوئی تدبیر کام نہ دیگی' نہ کسی طرف سے مدد پہنچے گی (غالباً اس سے آخرت کا دن مراد ہے)۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا عَذَابًا دُوْنَ
اور ان گنہگاروں کے لئے ایک عذاب ہے اُس سے
ذٰلِكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٤٧﴾
ورے پر بہت اُن میں کے نہیں جانتے ☆

besturdubooks.wordpress.com

ان بے خبروں کو پتہ چل جائے گا

یعنی ان میں سے اکثروں کو خبر نہیں کہ آخرت کے عذاب سے ورے دنیا میں بھی ان کیلئے ایک سزا ہے جو ٹل کر رہے گی۔ شاید یہ معرکہ "بدر" وغیرہ کی سزا ہو۔ (تفسیر عثانی)

وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَإِنَّكَ بِأَعْيُنِنَا
اور تو ٹھہرا رہ منتظر اپنے رب کے حکم کا تو تو ہماری آنکھوں کے سامنے ہے☆

آپ انتظار کریں ☆ یعنی صبر و استقامت کے ساتھ اپنے رب کے حکم تکوینی و تشریعی کا انتظار کیجئے جو عنقریب آپکے اور ان کے درمیان فیصلہ کر دے گا۔ اور آپ کو مخالفین کی طرف سے کچھ بھی نقصان نہ پہنچے گا کیونکہ آپ ہماری آنکھوں کے سامنے اور ہمارے زیر حفاظت ہیں۔ (تفسیر عثانی)

وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِينَ تَقُومُ ﴿۴۸﴾
اور پاکی بیان کر اپنے رب کی خوبیاں جس وقت تو اٹھتا ہے☆

آپ تسبیح و تحمید میں لگے رہیں ☆ یعنی صبر و تحمل اور سکون و اطمینان کے ساتھ ہمہ وقت اللہ کی تسبیح و تحمید اور عبادت گزاری میں لگے رہیے۔ خصوصاً جس وقت آپ سو کر اٹھیں یا نماز کے لئے کھڑے ہوں یا مجلس سے اٹھ کر تشریف لے جائیں۔ ان حالات میں تسبیح وغیرہ کی مزید ترغیب و تاکید آئی ہے۔ (تفسیر عثانی)

آیت کا مطلب اور کفارۂ مجلس:

سعید بن جبیر اور عطاء نے کہا (مجلس سے اٹھنے کا وقت مراد ہے یعنی) جب اپنی مجلس سے تم اٹھا کرو تو اس وقت پڑھا کرو سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ پس اگر وہ مجلس خیر کی مجلس تھی تو اس کی خیر میں اضافہ ہو جائے گا اور اگر اس مجلس میں کوئی بری بات ہوگی تو یہ تسبیح و تحمید اس کا کفارہ ہو جائے گی۔

حضرت ابو ہریرہؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص کسی شور و شر کی جگہ بیٹھا ہو پھر اٹھنے سے پہلے کہے۔ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ۔ (اے اللہ! میں تیری پاکی کا اقرار کرتا ہوں اور تیری ثناء کرتا ہوں میں شہادت دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں میں تجھ سے گناہ کی معافی چاہتا ہوں اور تیری بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں) تو جو کچھ مجلس میں ہوا ہوگا یہ دعاء اس کا کفارہ ہو جائے گی۔ رواہ البغوی۔ بیہقی نے دعوات کبیر میں اور ترمذی نے كَانَ كَفَّارَةً کی بجائے غُفِرَ لَهٗ مَا كَانَ فِيْ مَجْلِسِهٖ کے الفاظ نقل کئے ہیں۔

حضرت رافعؓ بن خدیج راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر کے آخر دور میں جب صحابہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جمع ہوتے اور آپ مجلس سے اٹھنے کا ارادہ کرتے تو کہتے تھے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ عَمِلْتُ سُوْٓءًا (یا فرماتے) ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْلِيْ اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ. ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ الفاظ تو آپؐ نئے فرماتے ہیں پہلے تو مجلس سے اٹھتے وقت یہ الفاظ نہیں کہتے تھے) فرمایا ہاں میرے پاس جبرائیل آئے تھے اور کہا تھا محمد صلی اللہ علیہ وسلم یہ (الفاظ) مجلس (کی بری باتوں) کا کفارہ ہیں۔ رواہ النسائی۔ حاکم نے اس کو صحیح کہا ہے۔ طبرانی نے تینوں معاجم میں اس کو مختصر نقل کیا ہے۔ (بعض اہل تفسیر کے نزدیک مجلس خیر کے آخر میں پڑھنا مراد ہے) حضرت عبداللہؓ بن عمرو بن العاص نے فرمایا چند الفاظ ہیں جو کوئی مجلس خیر اور مجلس ذکر (کے آخر) میں ان کو پڑھے گا اس کے لئے یہ (مجلس کی) مہر بن جائیں گے جیسے کسی تحریر پر مہر لگا دی جاتی ہے۔ الفاظ یہ ہیں: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ. رواہ ابوداؤد وابن حبان فی صحیحہ۔

گناہ والی مجلس: حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو لوگ کسی ایسی مجلس میں بیٹھیں جس میں نہ اللہ کا ذکر کریں نہ نبی پر درود پڑھیں تو یہ بیٹھنا ان کے لئے گناہ ہوگا۔ اللہ چاہے گا عذاب دے گا اور چاہے گا معاف کر دے گا۔ (رواہ ابوداؤد والترمذی وحسنہ۔ وابن ابی الدنیا والبیہقی)

ابوداؤد کی روایت میں آیا ہے جو شخص کسی جگہ بیٹھے اور اس میں اللہ کا ذکر نہ کرے تو اللہ کی طرف سے یہ بیٹھک موجب انتقام ہوگی۔ اور جو کسی جگہ لیٹے اور اللہ کی یاد نہ کرے تو یہ لیٹنا اللہ کی طرف سے باعث انتقام ہوگا اور جو شخص ایسے راستہ میں چلے جن میں اللہ کی یاد نہ کرے تو یہ چلنا اللہ کی طرف سے موجب انتقام ہوگا۔ (یعنی اللہ ایسے بیٹھنے اور لیٹنے اور چلنے سے نفرت کرتا ہے اور پسند نہیں کرتا)۔

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا آیت میں سو کر اٹھنے کے بعد نماز پڑھنا مراد ہے ضحاک اور ربیع نے کہا مطلب یہ ہے کہ جب تم نماز کے لئے کھڑے ہو تو کہو: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ۔ رواہ ابوداؤد والترمذی۔ رواہ ابن ماجۃ عن ابی سعید۔ ترمذی نے کہا یہ حدیث ہم کو صرف حارثہ کی روایت سے معلوم ہوئی اور حارثہ کی قوت حافظہ میں کلام کیا گیا ہے۔

کلبی نے کہا بستر سے اٹھ کر نماز شروع کرنے کے وقت تک زبان سے ذکر خدا کرنا مراد ہے۔ حامد بن حمید کا بیان ہے میں نے ام المومنین حضرت عائشہؓ سے دریافت کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کو (بستر سے) اٹھتے تھے تو سب سے پہلے کیا کام کرتے تھے۔ فرمایا جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم اٹھتے

besturdubooks.wordpress.com

تھے تو دس مرتبہ اللہ اکبر' دس بار الحمدللہ اور دس بار استغفر اللہ کہتے تھے' اور کہتے تھے اللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَاھْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ۔ اور قیامت کے دن جائے قیام کی تنگی سے (اللہ کی) پناہ چاہتے تھے۔ ابوداؤد نے شریق ہوزنی کی وساطت سے حضرت عائشہؓ کا بیان نقل کیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم رات سے اُٹھتے تو دس بار تکبیر کہتے اور دس بار اللہ کی حمد کرتے اور دس بار سبحان اللہ وبحمدہ کہتے اور دس بار سُبْحَان الملک القدوس کہتے۔ اور دس بار استغفار کرتے اور دس بار تہلیل کرتے (یعنی لآ الٰہ الا اللہ کہتے) پھر دس بار کہتے۔ اللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ ضَیْقِ الدنیا وضیق یَوْم القیامۃ (اے اللہ! میں تیری پناہ پکڑتا ہوں' دُنیا کی تنگی سے اور روز قیامت کی تنگی سے)۔

وَمِنَ الَّیْلِ فَسَبِّحْہُ ۔ یعنی نماز پڑھو۔ مقاتل نے کہا مغرب اور عشاء کی نماز مراد ہے۔ میں کہتا ہوں بظاہر تہجد۔ مراد لینا زیادہ اچھا ہے۔ میں کہتا ہوں بظاہر تہجد مراد لینا زیادہ اچھا ہے۔ آیت میں نماز شب کا خصوصی ذکر اس لئے کیا کہ رات کی عبادت نفس پر بڑی شاق ہوتی ہے اور دکھاوٹ کا شبہ نہیں ہوتا۔ (تفسیر مظہری)

وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ ﴿٤٩﴾
اور کچھ رات میں بول اس کی پاکی اور پیٹھ پھیرتے وقت تاروں کے☆

☆ ''رات کے حصہ'' سے مراد شاید تہجد کا وقت ہو اور تاروں کے پیٹھ پھیرنے کا وقت صبح کا وقت ہے کیونکہ صبح کا اجالا ہوتے ہی ستارے غائب ہونے شروع ہو جاتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

فجر کی دو سنتیں

اکثر اہل تفسیر کے نزدیک صلوٰۃ فجر سے پہلے کی دو رکعتیں (یعنی دو سنتیں) دنیا و مافیہا سے بہتر ہیں۔ رواہ مسلم

یہ بھی حضرت عائشہؓ ہی کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جتنی پابندی فجر کی دو رکعتوں کی کرتے تھے اور کسی (سنت) نماز کی نہیں کرتے تھے۔ متفق علیہ۔ (تفسیر مظہری)

تم سورۃ الطور وللہ الحمد والمنۃ

جو شخص خواب میں اس کی تلاوت کرے اس کی اولاد نیک ہو گی اور وہ اللہ تعالیٰ کی مرضی میں مریں گے اور وہ شخص صاحب علم و تقویٰ ہوگا۔ (ابن سیرینؒ)

سورۂ نجم کی خصوصیات

سورۂ نجم پہلی سورت ہے جس کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ میں اعلان فرمایا (رواہ عبداللہ بن مسعودؓ قرطبی) اور یہی سب سے پہلی سورت ہے جس میں آیت سجدہ نازل ہوئی' اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدۂ تلاوت کیا۔ اور اس سجدہ میں ایک عجیب صورت یہ پیش آئی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سورت مجمع عام میں تلاوت فرمائی' جس میں مسلمان اور کفار سب شریک تھے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت سجدہ پر سجدہ ادا کیا تو مسلمان تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اتباع میں سجدہ کرتے ہیں' سب نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سجدہ کیا' تعجب کی چیز یہ پیش آئی کہ جتنے کفار و مشرکین موجود تھے وہ بھی سب سجدہ میں گر گئے' صرف ایک متکبر شخص جس کے نام میں اختلاف ہے' ایسا رہا جس نے سجدہ نہیں کیا' مگر زمین سے ایک مٹھی مٹی کی اٹھا کر پیشانی سے لگائی اور کہنے لگا کہ بس یہی کافی ہے' حضرت عبداللہ بن مسعود راوی حدیث فرماتے ہیں کہ میں نے اس شخص کو کفر کی حالت میں مرا ہوا دیکھا ہے (رواہ البخاری و مسلم واصحاب السنن' ابن کثیر ملخصاً)۔ (معارف مفتی اعظم)

سُوْرَةُ النَّجْمِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ اِثْنَتَانِ وَسِتُّوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ
سورۂ نجم مکہ میں نازل ہوئی اس کی باسٹھ آیتیں ہیں اور تین رکوع
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
﴿شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے﴾
وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ﴿١﴾
قسم ہے تارے کی جب گرے☆

☆ یعنی غروب ہو۔ (تفسیر عثمانی)

ثریا ستارہ: والبی اور عوفی کی روایت ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا۔ جب ثریا گر جائے (غائب ہو جائے) ھوی کا معنی ہے غائب ہو جانا۔ عرب ثریا کو النجم کہتے ہیں۔ حضرت ابو ہریرہؓ کی مرفوع روایت ہے (کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) زمین پر جو آفت ارضی (کیڑے مکوڑے

besturdubooks.wordpress.com

وغیرہ) ہوتی ہے۔ نجم یعنی ثریا کے نکلتے ہی وہ جاتی رہتی ہے۔ رواہ البغوی۔

امام احمد کی روایت میں ہے۔ ایسا کبھی نہیں ہوتا کہ کوئی (ارضی) آفت برپا ہو اور نجم صبح کو نکلے اور وہ آفت دور نہ کردی گئی ہو یا ہلکی نہ کردی گئی ہو۔ اس کی سند ضعیف ہے۔

نجم کے معنی مختلف اقوال:

امام جعفر صادق نے فرمایا: آیت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہیں۔ جب شب معراج میں آسمان سے نیچے اُترے تھے۔ ھَوٰی کا معنی ہے اترانا۔

بعض علماء نے کہا۔ النّجم سے مراد ہے مسلمان اور ھَوٰی سے مراد ہے اس کا قبر میں دفن ہونا۔ نجم کے وقت ہوئی کو قسم کے لئے اس وجہ سے مخصوص کیا کہ یہ وقت نجم کے اوقات میں سب سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔ جس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

(۱) اگر نجم سے مراد ثریا یا عام ستارے ہوں اور ہوی سے مراد ہو ستاروں سے شعلہ نکلنا اور شیطانوں پر انگارے پڑنا تو ظاہر ہے کہ نجوم کی پیدائش کی اصل غرض رجم الشیطان ہی ہو گی اور اگر ہوئی سے مراد قیامت کے دن ستاروں کا بکھرنا اور جھڑنا مراد ہو تو تکمیل مقصد یعنی ستاروں کے گرنے کا وہی وقت ہوگا۔ اور اگر ہوئی سے غروب نجم مُراد ہو تو ظاہر ہے کہ ستاروں کا چھپنا اور غروب ہونا وجود صانع کا واضح ثبوت ہے اسی وجہ سے حضرت ابراہیمؑ سے ستاروں کے ڈوبنے اور چاند سورج کے غروب ہونے سے صانع برتر کی ہستی پر استدلال کیا تھا اور کہا تھا لَآ اُحِبُّ الْاٰفِلِیْنَ۔

(۲) اور اگر نجم سے نجم القرآن اور ہووی سے نزول قرآن مراد ہو تو یقینی امر ہے کہ نزول قرآن لوگوں کی ہدایت کے لئے ہوا۔

(۳) اور اگر نجم سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک شخصیت اور ہوٰی سے مراد شب معراج میں آپ کا آسمان سے نیچے اُترنا ہو تو ناقابل شک ہے یہ حقیقت کو عروج کے بعد آپ کا ہدایت خلق کے لئے نیچے اترنا اللہ کا اتنا بڑا احسان اور انعام ہے۔ جس کی کوئی مثال نہیں۔

(۴) اور اگر نجم سے مسلمان اور ہوٰی سے مراد قبر میں (دفن کیا جانا) ہو تو بلا شبہ ایمان اور اعمال صالحہ کے ساتھ شیطانی اغواء اور نفسانی وسوسہ سے محفوظ رہ کر مسلمان کا مرنا اور دفن ہونا عظیم الشان نعمت خداوندی ہے۔ (تفسیر مظہری)

قسم کھانے کا مقصد: یہاں حق تعالیٰ نے ستاروں کی قسم کھائی جس میں ایک حکمت یہ بھی ہے کہ ستارے اندھیری رات میں سمتیں اور راستے بتانے کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں اور ان سے سمت مقصود کی طرف ہدایت ہوتی ہے' ایسے ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اللہ کے راستے کی طرف ہدایت ہوتی ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ۚ
بہکا نہیں تمہارا رفیق اور نہ بے راہ چلا ☆

آفتاب اللہ کے راستہ ہی پر ہے

''رفیق'' سے مراد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ یعنی نہ آپ غلط فہمی کی بناء پر راستہ سے بہکے' نہ اپنے قصد و اختیار سے جان بوجھ کر بے راہ چلے' بلکہ جس طرح آسمان کے ستارے طلوع سے لیکر غروب تک ایک مقرر رفتار سے معین راستہ پر چلے جاتے ہیں کبھی ادھر ادھر ہٹنے کا نام نہیں لیتے، آفتاب نبوت بھی اللہ کے مقرر کئے ہوئے راستہ پر برابر چلا جاتا ہے۔ ممکن نہیں کہ ایک قدم ادھر یا ادھر پڑ جائے۔ ایسا ہو تو ان کی بعثت سے جو غرض متعلق ہے وہ حاصل نہ ہو۔ انبیاء علیہم السلام آسمان نبوت کے ستارے ہیں جن کی روشنی اور رفتار سے دنیا کی رہنمائی ہوتی ہے اور جس طرح تمام ستاروں کے غائب ہونے کے بعد آفتاب درخشاں طلوع ہوتا ہے ایسے ہی تمام انبیاء کی تشریف بری کے بعد آفتاب محمدی مطلع عرب سے طلوع ہوا۔ پس اگر قدرت نے ان ظاہری ستاروں کا نظام اس قدر محکم بنایا ہے کہ اس میں کسی طرح کے تزلزل اور اختلال کی گنجائش نہیں تو ظاہر ہے کہ ان باطنی ستاروں اور روحانی آفتاب و ماہتاب کا انتظام کس قدر مضبوط و محکم ہونا چاہئے۔ جن سے ایک عالم کی ہدایت و سعادت وابستہ ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۗ اِنْ هُوَ
اور نہیں بولتا اپنے نفس کی خواہش سے' یہ تو
اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ۙ
حکم ہے بھیجا ہوا ☆

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک حرف بھی اللہ کی مرضی کے خلاف نہیں

☆ یعنی کوئی کام تو کیا۔ ایک حرف بھی آپ کے دہن مبارک سے ایسا نہیں نکلتا جو خواہش نفس پر مبنی ہو۔ بلکہ آپ جو کچھ دین کے باب میں ارشاد فرماتے ہیں وہ اللہ کی بھیجی ہوئی وحی اور اس کے حکم کے مطابق ہوتا ہے۔ اس میں وحی متلو کو ''قرآن'' اور غیر متلو کو ''حدیث'' کہا جاتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وحی کی قسمیں: وحی کی بہت سی اقسام احادیث بخاری سے ثابت ہیں ان میں ایک قسم وہ ہے جس کے معنی اور الفاظ سب حق تعالیٰ کی طرف سے

besturdubooks.wordpress.com

نازل ہوتے ہیں، جس کا نام قرآن ہے، دوسری وہ کہ صرف معنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوتے ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس معنی کو اپنے الفاظ میں ادا فرماتے ہیں اس کا نام حدیث اور سنت ہے، پھر حدیث میں جو مضمون حق تعالیٰ کی طرف سے آتا ہے کبھی وہ کسی معاملہ کا صاف اور واضح فیصلہ اور حکم ہوتا ہے، کبھی کوئی قاعدہ کلیہ بتلایا جاتا ہے، جس سے احکام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اجتہاد سے نکالتے اور بیان کرتے ہیں، اس اجتہاد میں اس کا امکان رہتا ہے کہ کوئی غلطی ہو جائے، مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام انبیاء کی یہ خصوصیت ہے کہ جو احکام وہ اپنے اجتہاد سے بیان فرماتے ہیں ان میں اگر کوئی غلطی ہو جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے بذریعہ وحی اس کی اصلاح کر دی جاتی ہے وہ اپنے غلط اجتہاد پر قائم نہیں رہ سکتے۔ بخلاف دوسرے علماء مجتہدین کے کہ ان سے اجتہاد میں خطا ہو جائے تو وہ اس پر قائم رہ سکتے ہیں اور ان کی یہ خطاء بھی عنداللہ صرف معاف ہی نہیں بلکہ دین کے سمجھنے میں جو اپنی پوری توانائی وہ خرچ کرتے ہیں اس پر بھی ان کو ایک ثواب ملتا ہے (كما في الاحاديث الصحيحة المعروفة)

بعض اوقات وحی کسی قاعدہ کلیہ کی شکل میں آتی ہے، جس سے احکام کا استخراج کرنے میں پیغمبر کو اپنی رائے سے اجتہاد کرنا پڑتا ہے، چونکہ یہ قاعدہ کلیہ اللہ کی طرف سے آیا ہے اس لئے ان سب احکام کو بھی وحی من اللہ کہا گیا ہے، واللہ اعلم۔ (معارف مفتی اعظم)

عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰىۙ ذُوْ مِرَّةٍ ؕ
اُس کو سکھلایا ہے سخت قوتوں والے نے، زورآور نے ☆

وحی لانے والا فرشتہ ☆ یعنی وحی بھیجنے والا تو اصل میں اللہ تعالیٰ ہے لیکن جس کے ذریعہ سے وہ وحی آپ تک پہنچتی ہے اور جو بظاہر آپ کو سکھلاتا ہے وہ بہت سخت قوتوں والا، بڑا زورآور اور حسین و وجیہہ فرشتہ ہے جسے ''جبریل امین'' کہتے ہیں۔ چنانچہ ''سورۃ التکویر'' میں جبریل کی نسبت فرمایا۔ اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ذِيْ قُوَّةٍ ''الخ (تفسیر عثمانی)

سورۂ نجم کے دو واقعات: قرآن کریم نے اپنے عام اسلوب کے مطابق سورۂ نجم کی ابتدائی آیتوں میں دو واقعات کا ذکر فرمایا ہے ایک واقعہ جبرئیل علیہ السلام کو ان کی اصلی صورت میں اس وقت دیکھنے کا ہے جب کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فترت وحی کے زمانے میں مکہ مکرمہ میں کسی جگہ جا رہے تھے اور یہ واقعہ اسراء و معراج سے پہلے کا ہے۔

دوسرا واقعہ شب معراج کا ہے۔ جس میں جبرئیل امین کو ان کی اصلی صورت میں دوبارہ دیکھنے سے کہیں زیادہ دوسرے عجائب اور اللہ تعالیٰ کی آیاتِ کبریٰ کا دیکھنا مذکور ہے، ان آیات کبریٰ میں خود حق تعالیٰ سبحانہ کی رویت کا شامل ہونا بھی محتمل ہے۔

فَاسْتَوٰىۙ وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ؕ
پھر سیدھا بیٹھا اور وہ تھا اونچے کنارہ پر آسمان کے ☆

حضرت جبرئیلؑ ☆ ''اونچے کنارے'' سے اکثروں نے افق شرقی مراد لیا ہے۔ جدھر سے صبح صادق نمودار ہوتی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ابتدائے نبوت میں ایک مرتبہ حضرت جبریل اپنی اصلی صورت میں ایک کرسی پر بیٹھے ہوئے نظر آئے۔ اس وقت آسمان ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک ان کے وجود سے بھرا ہوا معلوم ہوتا تھا۔ یہ غیر معمولی اور مہیب منظر پہلی مرتبہ آپ نے دیکھا۔ دیکھ کر گھبرائے تو سورۃ ''مدثر'' اتری۔ (تفسیر عثمانی)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دو مرتبہ جبرئیلؑ کو دیکھا

ایک بار حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبرئیلؑ سے فرمایا۔ آپ مجھے اپنے اصل شکل دکھا دیجئے۔ حضرت جبرئیلؑ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی اصل شکال دو مرتبہ دکھائی۔ ایک بار زمین پر اور ایک بار آسمان پر۔ زمین پر تو مشرق کی طرف سے نمودار ہوئے۔ اس وقت حضور حراء میں تھے۔ جس وقت جبرئیلؑ مشرقی افق سے برآمد ہوئے تو مشرق سے مغرب تک پورے افق پر چھا گئے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم یہ منظر دیکھتے ہی بے ہوش ہو کر گر پڑے۔ جبرئیلؑ فوراً آدمی کی شکل میں اتر کر آ گئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چمٹا لیا اور چہرۂ مبارک سے غبار صاف کرنے لگے۔ دوسری بار آسمان میں سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى کے پاس شب معراج میں آپ نے جبرئیلؑ کی اصل شکل دیکھی۔ سواء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کسی نبی نے حضرت جبرئیل کو اس شکل میں نہیں دیکھا۔ (تفسیر مظہری)

ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰىۙ فَكَانَ قَابَ
پھر نزدیک ہوا اور لٹک آیا پھر رہ گیا فرق
قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ؕ فَاَوْحٰۤى اِلٰى
دو کمان کی برابر یا اس سے بھی نزدیک، پھر حکم بھیجا اللہ نے
عَبْدِهٖ مَاۤ اَوْحٰى ؕ
اپنے بندہ پر جو بھیجا ☆

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا جبریل سے قرب

☆ یعنی جبریل اپنے اصل مستقر سے تعلق رکھنے کے باوجود نیچے اترے اور

besturdubooks.wordpress.com

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اس قدر نزدیک ہو گئے کہ دونوں کے درمیان دو ہاتھ یا دو کمانوں سے زیادہ فاصلہ نہ تھا۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص بندہ (محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) پر وحی بھیجی۔ غالباً اس سے مراد سورۃ "مدثر" کی یہ آیات ہیں۔ "یٰٓاَیُّھَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَاَنْذِرْ الخ" یا اور کچھ احکام ہونگے۔

(تنبیہ) "فَکَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی" میں محققین کے نزدیک "او" شک کے لئے نہیں۔ بلکہ اس قسم کی ترکیب پوری تاکید اور مبالغہ کے ساتھ زیادہ کی نفی کے لئے ہوتی ہے یعنی تعیین کر کے یہ بتلانا مقصود نہیں کہ "قوسین" کا فاصلہ تھا یا اس سے بھی کم' ہاں اتنا ظاہر کر دینا ہے کہ کسی حال اور کسی طرح اس سے زائد نہ تھا۔ وفیہ اقوال آخر ذکرہا المفسرون۔ (تفسیر عثمانی)

کس کا قریب ہونا مراد ہے: بغوی نے لکھا ہے قصہ معراج میں شریک بن عبداللہ بن انس کی روایت سے ہم سے بیان کیا گیا کہ رب العزت قریب ہوا۔ پھر نیچے آیا یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اتنا قریب ہو گیا جیسے دو کمانوں کا فاصلہ بلکہ اس سے بھی قریب۔

شیخ محمد حیات سندی نے اپنے رسالہ میں لکھا ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ اسی طرح حضرت ابن عباسؓ نے بھی بیان کیا جس کو ابو سلمہ نے نقل کیا ہے۔

صوفیہ کا قول: صوفیہ نے کہا کہ دو کمانوں سے مراد ہے قوسِ امکان اور قوسِ وجوب۔ صوفی مرتبہ قرب میں قَابَ قَوْسَیْنِ کے مقام پر پہنچتا ہے تو اس کی نظر دونوں قوسوں (دائرۂ امکان اور دائرہ وجوب) کی طرف ہوتی ہے۔ لیکن مرتبہ ادنیٰ (اقرب) پر پہنچتا ہے تو اس کی نظر سے قوس امکان پوشیدہ ہو جاتی ہے۔ اس کو اپنی ہستی کا نام و نشان نظر نہیں آتا۔

عرب کا رواج تھا کہ جب دو شخص آپس میں دوستی کا معاہدہ کرتے تھے اور خلوص و مودت کا اظہار کرنا چاہتے تھے تو ہر ایک اپنی کمان لاتا اور دوسرے کی کمان سے چمٹا کر رکھ دیتا تھا۔ اس سے اس امر کا اظہار مقصود ہوتا تھا کہ ہم آپس میں ایک دوسرے کے حمایتی اور ہر طرح مددگار ہیں اور اتنے ہی قریب ہیں جیسے یہ دونوں کمانیں۔ یہاں قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی۔ سے مراد باری تعالیٰ کے قرب کا مرتبہ ہے۔ جس کا ادراک ایک عارف ہی کر سکتا ہے۔ جس نے مرتبہ قرب کا مزانہ چکھا ہو وہ کیا جانے۔ کتب تصوف میں ان درجات کا ذکر ان گنت الفاظ میں کیا گیا ہے۔

حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا۔ قَابَ قَوْسَیْنِ یعنی دو ہاتھ (شرعی دو گز) کی مقدار۔ سعید بن جبیرؓ اور شفیق بن سلمہ کا بھی یہی قول ہے۔ قوس ایک ذراع ہوتی ہے' جس سے ہر چیز ناپی جاتی ہے۔ بخاری نے اس آیت کی تشریح میں حضرت عائشہؓ کا یہی قول نقل کیا ہے۔

جبرئیل علیہ السلام کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب آنا اور نازل ہونا اور اتنا پاس آ جانا جتنا قوسین کا فاصلہ ہوتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے باعث کمال نہیں ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مرتبہ تو حضرت جبرئیلؑ سے افضل تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا' آسمانوں میں میرے دو وزیر ہیں۔ جبرئیلؑ اور میکائیلؑ۔

یہ آیت متشابہات سے ہو سکتی ہے: قرآن میں تو کچھ آیات متشابہات بھی ہیں۔ جن کی مراد سوا اللہ کے کوئی نہیں جانتا پھر اس آیت کو بھی اگر متشابہات میں سے قرار دیا جائے تو کیا حرج ہے۔ اللہ کا استواء' قرب' نزول سب کے معانی تو معلوم ہیں لیکن کیفیت معلوم نہیں۔ صرف اَرْبَابُ الْقُلُوْب ان صفات کا اس طرح مشاہدہ کرتے ہیں جس طرح چودھویں کے چاند کو دیکھا جاتا ہے۔ اس لئے زیادہ مناسب قول اول ہی ہے۔ (تفسیر مظہری)

مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰی ⑪

جھوٹ نہیں کہا رسول کے دل نے جو دیکھا ☆

فرشتہ کی معرفت ☆ یعنی جبریل کو آپ نے آنکھ سے دیکھا اور اندر سے دل نے کہا کہ اس وقت آنکھ ٹھیک ٹھیک جبریل کو دیکھ رہی ہے۔ کوئی غلطی نہیں کر رہی کہ کچھ کا کچھ نظر آتا ہو۔ ایسا کہنے میں آپ کا دل سچا تھا حق تعالیٰ اسی طرح پیغمبروں کے دلوں میں فرشتہ کی معرفت ڈال دیتے ہیں ورنہ رسول کو خود اطمینان نہ ہو تو دوسروں کو اطمینان کہاں سے دستیاب ہو سکتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

رؤیت اللہ تعالیٰ کی ہوئی یا جبریلؑ کی

حضرت انسؓ' حسنؒ' اور عکرمہ کا قول ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا یعنی اپنی آنکھ سے بغوی نے بروایت عکرمہ حضرت ابن عباسؓ کا قول نقل کیا ہے کہ اللہ نے ابراہیم کو خُلّت کے لئے چُن لیا (اور خلیل اللہ فرما دیا) اور موسیٰؑ کو کلام کے لئے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو (اپنی) رویت کے لئے۔ ابن جریرؒ نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے بیان کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا۔ کیا آپ نے اپنے رب کو دیکھا۔ فرمایا میں نے اپنے دل سے اس کو دیکھا۔ ترمذی نے بروایت شعبی بیان کیا کہ کعب احبار نے حضرت ابن عباسؓ سے عرض کیا' اللہ نے اپنے کلام اور دیدار کو موسیٰ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان تقسیم کر دیا۔ موسیٰؑ سے دو بار کلام کیا اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے دو بار (اس کو) دیکھا۔

کون سا دیکھنا مراد ہے

میں کہتا ہوں جس روایت میں اختلاف علماء ہے وہ قلبی رویت نہیں' چشم سر کی رویت میں اختلاف ہے۔ کیوں کہ رویت قلبی جس کو مشاہدہ بھی کہا جائے (انبیاء تو درکنار) بعض اولیاء امت کو بھی حاصل ہو جاتی ہے۔ بعض اولیاء

besturdubooks.wordpress.com

نے تو رویت چشم کے حصول کا بھی دعویٰ کیا ہے مگر یہ خلاف اجماع ہے۔ اتفاق علماء ہے کہ رویت چشم سواء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی امتی کو حاصل نہیں ہو سکتی۔ حقیقت یہ ہے کہ بعض صوفیہ کو اشتباہ ہو جاتا ہے وہ بیداری کی حالت میں مشاہدۂ قلبی میں ایسے غرق ہو جاتے ہیں کہ باوجود آنکھیں کھلی ہونے کی قوت بصر معطل ہو جاتی ہے۔ وہ غلبۂ حال کی وجہ سے خیال کرتے ہیں کہ ہم آنکھوں سے رب کو دیکھ رہے ہیں' حالانکہ ان کی بینائی چشم معطل ہوتی ہے' دل سے مشاہدہ میں غرق ہوتے ہیں۔

میں کہتا ہوں اگر رویت چشم ثابت بھی ہو جائے جیسا کہ حضرت ابن عباسؓ اور کعب احبار کا مکالمہ میں ہے۔ تب بھی آیت میں رویت قلبی ہی مراد ہوگی۔ کیونکہ بروحی کے وقت قلبی رویت کا ہی تصور کیا جا سکتا ہے۔ رویت چشم مراد نہ ہوگی کیوں کہ (اگر اس کا وقوع ہوا ہے تو) اس کی خصوصیت شب معراج کے ساتھ ہے۔

ابو جعفر اور ہشام کی قرأت میں بحوالۂ ابو عباس کَذَّبَ (باب تفعیل سے) آیا ہے۔ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کچھ اپنی آنکھ یا اپنے دل سے دیکھا۔ دل نے اس کی تصدیق کی تکذیب نہیں کی' بلکہ یقین کر لیا' محقق مان لیا۔ بات یہ ہے کہ امور قدسیہ کا ادراک سب سے پہلے قلب سے ہوتا ہے۔ پھر یہ ادراک چشم بصیرت کی طرف منتقل ہوتا ہے (یعنی بصر و بصیرت اس کا ادراک کرتے ہیں) پس اگر ادراک قلبی کے موافق ادراک چشم و بصیرت ہو تو دل اس کی تصدیق کرتا ہے لیکن بصر و بصیرت کی رسائی ادراک قلبی تک نہ ہو۔ بلکہ اس کے خلاف ہو تو قلب اس کی تکذیب کرتا ہے۔ سچے علوم رحمانی اور جھوٹے خیالات اور اشتباہات شیطانی میں یہی فرق ہے۔

کیا تصدیق قلبی' رویت قلبی سے کوئی الگ چیز ہے؟

بے شک دونوں الگ الگ چیزیں ہیں۔ تنقیح مسئلہ اس طرح کی جا سکتی ہے کہ جب اللہ کو مومن بندے سے بے کیف ذاتی محبت ہو جاتی ہے تو مومن کو اللہ کی بے کیف ذاتی معیت حاصل ہو جاتی ہے اور اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ بندہ کو اللہ کی ذات وصفات کا ادراک میسر ہو جاتا ہے لیکن رویت حاصل نہیں ہوتی۔ رویت کا تعلق صرف مرتبۂ ظلیت سے ہے (یعنی رویت ظلال کی ہوتی ہے ذات وصفات کی نہیں ہوتی) قلب تو ممکناتِ ذات کو بھی نہیں دیکھتا بلکہ اس کے ظل اور شبیہ کو دیکھتا ہے۔ کیونکہ ذہن میں کسی چیز کی ذات حاصل نہیں ہوتی بلکہ اس کی صورت اس شبیہ حاصل ہوتی ہے۔ ہاں نفسی شئ اور ذات شئ کی رویت قوت باصرہ کی وساطت سے حاصل ہوتی ہے۔ اس لئے ذاتِ خداوندی کی رویت تو دنیا میں ممکن نہیں (معراج میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا یا نہیں دیکھا اس اختلاف کا ذکر سطور بالا میں کر دیا گیا ہے) کیونکہ دنیا میں حاسۂ بصری اس کی طاقت نہیں رکھتا' البتہ آخرت میں (قوت باصرہ میں) اس کی صلاحیت واستعداد پیدا ہو جائے گی' اس لئے عام مومنوں کو دیدار الٰہی ہو سکے گا اور ادراک کا تعلق چونکہ صرف دل سے ہے' بصارت چشم سے نہیں ہے۔ اس لئے نہ دنیا میں ادراک ذات باری کا ہو سکتا ہے۔ نہ آخرت میں ممکن ہے۔ (تفسیر مظہری)

اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ﴿١٢﴾
اب کیا تم اُس سے جھگڑتے ہو اُس پر جو اُس نے دیکھا☆

اب انکار کی کوئی گنجائش نہیں ہے☆ یعنی وحی بھیجنے والا اللہ' لانے والا فرشتہ جس کی صورت وسیرت نہایت پاکیزہ اور فہم وحفظ وغیرہ کی تمام قوتیں کامل' پھر اتنا قریب ہو کر وحی پہنچائے پیغمبر اس کو اپنی آنکھ سے دیکھے۔ اس کا صاف اور روشن دل اس کی تصدیق کرے۔ تو کیا ایسی دیکھی بھالی چیز میں تم کو حق ہے کہ اس سے فضول بحث وتکرار کرو اور جھگڑے نکالو۔

؎ اذا لم تر الهلال فسلم لناس رأوه بالابصار

(تفسیر عثمانی)

یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم جس چیز کے دیکھنے کا دعویٰ کر رہے ہیں۔ تمہیں اس کا انکار اور جھگڑا نہ کرنا چاہئے۔ (تفسیر مظہری)

وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ﴿١٣﴾ عِنْدَ
اور اُس کو اُس نے دیکھا ہے اُترتے ہوئے ایک بار اور بھی
سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ﴿١٤﴾ عِنْدَهَا جَنَّةُ
سدرۃ المنتہیٰ کے پاس اُس کے پاس ہے بہشت
الْمَاْوٰى ﴿١٥﴾
آرام سے رہنے کی☆

دوسری مرتبہ دیکھنا☆ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "دوسری بار جبریل کو اپنی اصلی صورت پر دیکھا۔ معراج کی رات' میں سات آسمان سے اوپر' جہاں درخت ہے بیری کا' وہ حد ہے نیچے اور اوپر کی' نیچے کے لوگ اوپر نہیں پہنچتے اور اوپر کے نیچے نہیں اترتے۔ اس کے پاس بہشت کو دیکھا" (تنبیہ) جس طرح جنت کے انگور انار وغیرہ کو دنیا کے پھلوں اور میووں پر قیاس نہیں کر سکتے محض اشتراک اسمی ہے۔ اس بیری کے درخت کو بھی یہاں کی بیریوں پر قیاس نہ کیا جائے اللہ ہی جانتا ہے کہ وہ بیری کس طرح کی ہو گی۔ بہر حال وہ درخت ادھر اور ادھر کی سرحد پر واقع ہے جو اعمال وغیرہ ادھر

besturdubooks.wordpress.com

سے چڑھتے ہیں اور جو احکام وغیرہ ادھر سے اترتے ہیں سب کا منتہیٰ وہ ہی ہے۔ مجموعہ روایات سے یوں سمجھ میں آتا ہے کہ اس کی جڑ چھٹے آسمان میں اور پھیلاؤ ساتویں آسمان میں ہوگا۔ واللہ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَقَدْ رَاٰهُ ۔ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو یا جبرائیلؑ کو ان کی اصل شکل میں دیکھا۔

نَزْلَةً اُخْرٰى ۔ یعنی ایک اور نزول کے وقت۔ نَزْلَةً سے اس طرف اشارہ ملتا ہے کہ اس بار رویت نزول اور قرب کی حالت میں ہوئی۔ کیونکہ ممکن واجب کو اسی وقت دیکھ سکتا ہے جب دیکھنے والا انسان امکان کے مرتبہ انس اور افق اعلیٰ میں ہو اور واجب مرتبہ تنزیہ سے کچھ اتر کر درجہ تشبیہ کی طرف آ جائے اور حجاب صفات یا پردۂ ضلال کی آڑ سے اس کو دیکھا جا سکے۔ اس قول سے یہ نہ سمجھنا چاہئے کہ واجب کی ذات میں کوئی نئی حالت پیدا ہو جاتی ہے۔ اللہ تغیرات سے پاک ہے۔ بلکہ آئینہ قلب میں جب صفائی پیدا ہو جاتی ہے تو مرتبہ علم میں نزول وعروج ہوتا ہے۔ یہ تفصیلی بحث سورۂ بقرہ کی آیت هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ کی تفسیر میں ہم نے ذکر کر دی ہے۔

ضروری نہیں کہ رؤیت صرف دو ہی دفعہ ہوئی ہو

اُخْرٰى کے لفظ سے یہ نہ سمجھنا چاہئے کہ رویت صرف دو مرتبہ ہوئی بلکہ اس سے مُراد ہے تعداد اور تعداد کا ادنیٰ درجہ چونکہ دو کا عدد ہے۔ اس لئے حضرت ابن عباسؓ اور کعب الاحبار کے مکالمہ میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دو مرتبہ دیکھا۔

اس آیت میں اس رؤیت کا ذکر ہے جو شب معراج میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہوئی تھی۔ (تفسیر مظہری)

عتبہ کی بدبختی: ابن عساکر میں ہے کہ ابولہب اور اس کا بیٹا عتبہ شام کے سفر کی تیاریاں کرنے لگے اس کے بیٹے نے کہا سفر میں جانے سے پہلے ایک مرتبہ ذرا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے خدا کو اُن کے سامنے گالیاں تو دے آؤں۔ چنانچہ یہ آیا اور کہا اے محمد! جو قریب ہوا اور اُترا اور دو کمانوں کے برابر بلکہ اس سے بھی زیادہ نزدیک آ گیا میں تو اس کا منکر ہوں۔ (چونکہ یہ نا ہنجار سخت بے ادب تھا اور بار بار گستاخی سے پیش آتا تھا) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے اس کے لئے بددعا نکل گئی کہ باری تعالیٰ اپنے کتوں میں سے ایک کتا اس پر مقرر کر دے۔ یہ جب لوٹ کر اپنے باپ کے پاس آیا اور ساری باتیں کہہ سنائیں تو اس نے کہا بیٹا! اب مجھے تو تیری جان کا اندیشہ ہو گیا اُس کی دعا رد نہ جائے گی۔ اس کے بعد یہ قافلہ یہاں سے روانہ ہوا۔ شام کی سرزمین میں ایک راہب کے عبادت خانہ کے پاس پڑاؤ کیا۔ راہب نے ان سے کہا یہاں تو بھیڑیے اس طرح پھرتے ہیں جیسے بکریوں کے ریوڑ تم یہاں کیوں آ گئے؟ ابو لہب یہ سن کر کھٹک گیا اور تمام قافلے والوں کو جمع کر کے کہا دیکھو میرے بڑھاپے کا حال تمہیں معلوم ہے اور تم جانتے ہو کہ میرے کیسے کچھ حقوق تم پر ہیں اب آج میں تم سے ایک عرض کرتا ہوں امید ہے کہ تم سب اُسے قبول کرو گے بات یہ ہے کہ مدعی نبوت نے میرے جگر گوشے کے لئے بددعا کی ہے اور مجھے اس کی جان کا خطرہ ہے۔ تم اپنا سب اسباب اس عبادت خانے کے پاس جمع کرو اور اس پر میرے پیارے بچے کو سُلاؤ اور تم سب اس کے ارد گرد پہرا دو۔ لوگوں نے اسے منظور کر لیا۔ یہ سب اپنے جتن کر کے ہوشیار رہے کہ اچانک شیر آیا اور سب کے منہ سونگھنے لگا۔ جب سب کے منہ سونگھ چکا اور گویا جسے تلاش کر رہا تھا اُسے نہ پایا تو پچھلے پیروں ہٹ کر بہت زور سے جست کی اور ایک چھلانگ میں اُس مچان پر پہنچ گیا وہاں جا کر اُس کا منہ بھی سونگھا اور گویا کہ وہی اس کا مطلوب تھا۔ پھر تو اس نے اس کے پرخچے اُڑا دیئے چیر پھاڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا۔ اس وقت ابولہب کہنے لگا اس کا تو مجھے پہلے ہی سے یقین تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بددعا سے یہ بچ نہیں سکتا۔ (تفسیر ابن کثیر)

معراج کا قصہ

شق صدر: صحیحین میں حضرت انسؓ کی روایت سے بحوالۂ حضرت مالک بن صعصعہ بیان کیا گیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میں حطیم میں سو رہا تھا کہ ایک آنے والا آیا۔ اس نے اس جگہ سے اس جگہ تک یعنی ہنسلی کے گڑھے سے ناف تک (میرا سینہ) شق کیا پھر ایک سنہری طشت ایمان سے بھرا ہوا لایا گیا اور (اس سے) میرے دل کو دھویا گیا۔ پھر (ایمان کو) دل میں بھر کر اس کی جگہ دوبارہ رکھ دیا گیا۔ ایک روایت میں آیا ہے۔ پھر آب زمزم سے اس کو دھویا گیا۔ اس کے بعد ایمان اور حکمت سے اس کو بھر دیا۔

بُراق: پھر ایک چوپایہ لایا گیا جو خچر سے چھوٹا اور گدھے سے بڑا تھا جس کو براق کہا جاتا تھا۔ حد نظر تک اس کا ایک قدم پڑتا تھا۔ پھر مجھے اس پر سوار کیا گیا۔ اس کے بعد جبرئیلؑ مجھے لے کر روانہ ہوئے۔

آسمان تک پہنچنا اور انبیاء سے ملاقات

یہاں تک کہ آسمان دنیا تک اور (دروازہ) کھلوانا چاہا۔ دریافت کیا گیا۔ کون ہے؟ جبرئیلؑ نے کہا۔ جبرئیلؑ۔ پوچھا گیا۔ تمہارے ساتھ کون ہے؟ جبرئیلؑ نے کہا: محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ دریافت کیا گیا۔ کیا ان کے پاس تم کو بھیجا گیا تھا۔ جبرئیلؑ نے کہا: ہاں۔ (دروازہ) فوراً کھول دیا گیا اور کہا گیا: مرحبا خوش آمدید!۔ جب میں ادھر پہنچا تو وہاں آدمؑ کو موجود پایا۔ جبرئیلؑ نے کہا: یہ تمہارے باپ آدمؑ ہیں ان کو سلام کرو! میں نے سلام کیا۔ آدمؑ نے سلام کا جواب دیا۔ اور کہا۔ صالح بیٹے کے لئے مرحبا! اس کے بعد جبرئیلؑ مجھے

besturdubooks.wordpress.com

دوسرے آسمان تک چڑھا کر لے گئے اور (دروازہ) کھلوانا چاہا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آسمان دنیا کے تذکرہ میں جس (سوال جواب) کا ذکر کیا وہی دوسرے آسمان تک بلکہ ہر آسمان تک پہنچنے کا سلسلہ میں بیان فرمایا۔ چنانچہ فرمایا۔ جب میں اوپر پہنچا تو وہاں یحییٰؑ اور عیسیٰؑ کو پایا جو آپس میں خالہ کے بیٹے تھے۔ جبرئیلؑ نے کہا: یہ یحییٰؑ ہیں اور یہ عیسیٰؑ ہیں۔ ان کو سلام کرو میں نے دونوں کو سلام کیا۔ دونوں نے سلام کا جواب دیا۔ اور کہا صالح بھائی اور صالح نبی کے کے لئے مرحبا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تیسرے آسمان پر یوسفؑ (کے ہونے) کا اور چوتھے پر ادریسؑ کا اور پانچویں پر ہارونؑ کا اور چھٹے پر موسیٰؑ (کے موجود ہونے) کا ذکر کیا۔ ہر ایک نے صالح بھائی اور صالح نبی کے لئے مرحبا کہا۔ جب میں آگے بڑھا یعنی موسیٰؑ سے تو موسیٰؑ رو دیے پوچھا گیا۔ آپؑ کے رونے کی کیا وجہ۔ موسیٰؑ نے کہا: میں اس لئے رویا کہ ایک لڑکے کو میرے بعد (نبی بنا کر) بھیجا گیا۔ جس کی امت میری امت سے زیادہ جنت میں جائے گی۔ پھر مجھے چڑھا کر ساتویں آسمان تک لے جایا گیا۔ اس جگہ بھی حضور نے دروازہ کھلوانے وغیرہ کا حسب مذکورۂ بالا ذکر فرمایا۔ اور وہاں ابراہیمؑ کے موجود ہونے کا بھی بیان فرمایا: جبرئیلؑ نے کہا: یہ آپ کے باپ ابراہیمؑ ہیں۔ ان کو سلام کرو۔ میں نے سلام کیا۔ انہوں نے سلام کا جواب دیا اور فرمایا۔ صالح بیٹے کے لئے مرحبا۔

اس کے بعد سِدْرَۃُ الْمُنْتَھٰی اٹھا کر میرے سامنے لایا گیا اس کے بیر ایسے تھے جیسے ہجر کے مٹکے اور پتے ایسے تھے۔ جیسے ہاتھی کے کان۔ جبرائیل نے کہا۔ یہ سِدْرَۃُ الْمُنْتَھٰی ہے۔ وہاں سے چار دریا نکل رہے تھے۔ دو اندرونی و بیرونی میرے دریافت کرنے پر جبرائیلؑ نے کہا۔ دو اندرونی دریا تو وہ ہیں جو جنت کے اندر ہیں اور دو بیرونی دریا نیل وفرات ہیں۔

اس کے بعد بَیْتِ الْمَعْمُوْرِ میرے سامنے لایا گیا پھر ایک برتن شراب کا بھرا ہوا ایک برتن دودھ سے بھرا ہوا اور ایک برتن شہد سے بھرا ہوا میرے سامنے لایا گیا۔ میں نے دودھ لے لیا۔ جبرائیلؑ نے کہا۔ یہی وہ (دین) فطرت ہے جس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت ہوگی۔

نمازوں کا فرض ہونا: اس کے بعد مجھ پر ہر روز پچاس نمازیں فرض کی گئیں۔ میں لوٹ کر آیا اور موسیٰؑ کی طرف سے گزرا تو انہوں نے پوچھا آپ کو کیا حکم دیا گیا۔ میں نے کہا ہر روز پچاس نمازوں کا مجھے حکم دیا گیا ہے۔ موسیٰؑ نے کہا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت ہر روز پچاس نمازیں نہیں پڑھ سکے گی۔ میں واللہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے لوگوں کا تجربہ کر چکا ہوں میں بنی اسرائیل کی درستی کی بھی سخت کوشش کر چکا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم واپس جا کر اپنی امت کے لئے اپنے رب سے درخواست کیجئے۔ میں واپس گیا (اور تخفیف کی درخواست کی) اللہ نے دس نمازیں ساقط کر دیں۔ میں لوٹ کر موسیٰؑ کی طرف آیا۔ موسیٰؑ نے وہی پہلے کی طرح بات کی۔ میں پھر لوٹ کر گیا اور اللہ نے دس نمازیں (اور) ساقط کر دیں۔ میں موسیٰؑ کے پاس لوٹ کر آیا۔ موسیٰؑ نے وہی بات کہی آخر مجھے دس نمازوں کا حکم دیا گیا اور میں موسیٰؑ کے پاس لوٹ کر آیا۔ موسیٰ نے وہی پہلی بات کہی میں لوٹ کر پھر گیا تو مجھے روز پانچ نمازوں کا حکم دیا گیا۔ میں موسیٰؑ کے پاس آیا تو انہوں نے پوچھا کیا حکم ملا۔ میں نے کہا۔ مجھے ہر روز پانچ نمازوں کا حکم دیا گیا ہے۔ موسیٰؑ نے کہا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت روزانہ پانچ نمازوں کی بھی طاقت نہیں رکھتی۔ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے لوگوں کا تجربہ کر چکا ہوں اور بنی اسرائیل سے میرا سخت واسطہ پڑ چکا ہے۔ آپ واپس جا کر اپنی امت کے لئے تخفیف کی اپنے رب سے درخواست کیجئے۔ میں نے کہا: میں اتنی مرتبہ درخواست کر چکا کہ اب (مزید درخواست کرنے سے) مجھے شرم آتی ہے لیکن میں خوشی و رضا سے حکم کو تسلیم کرتا ہوں۔ جب میں (موسیٰ کے پاس سے) آگے بڑھا تو ایک ندا کرنے والے نے پکار کر کہا۔ میں نے اپنا فرض جاری کر دیا اور اپنے بندوں کے لئے تخفیف کر دی۔

بیت المقدس پہنچنا: مسلم نے بوساطت ثابت بنانی حضرت انسؓ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میرے پاس براق لایا گیا وہ ایک چوپایہ تھا۔ سفید دراز قامت گدھے سے بڑا اور خچر سے چھوٹا۔ اس کی (ایک) ٹاپ وہاں پڑتی تھی جہاں تک اس کی نظر پہنچتی تھی۔ میں اس پر سوار ہو گیا۔ یہاں تک کہ بیت المقدس پہنچ گیا۔ جس حلقہ سے دوسرے انبیاء (اپنے جانوروں کو) باندھ دیتے تھے۔ اس سے میں نے براق کو باندھ دیا۔ ابن جریرؒ کی روایت میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب ہم بیت المقدس پہنچ گئے تو جبرئیلؑ نے اشارہ کر کے پتھر میں شگاف کر دیا اور اس سے براق کو باندھ دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پھر میں مسجد میں داخل ہوا اور اس میں دو رکعت نماز پڑھی باہر نکلا تو جبرئیلؑ ایک برتن شراب سے بھرا ہوا اور ایک برتن دودھ سے بھرا ہوا میرے پاس لائے۔ میں نے دودھ کو پسند کر لیا۔ جبرئیل نے کہا آپ نے فطرت کو پسند کر لیا۔ اس کے بعد ہم کو چڑھا کر آسمان کی طرف لے گئے۔ باقی حدیث روایت اول کے موافق ہے۔

گھر کی چھت میں شگاف:

صحیحین میں حضرت ابن عباسؓ کی وساطت سے حضرت ابوذرؓ کی روایت میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میرے گھر کی چھت میں شگاف کر دیا گیا۔ اس وقت میں مکہ میں تھا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے شق صدر کا حسب روایت سابق ذکر کیا لیکن براق کا ذکر نہیں کیا۔

براق کی شوخی: معمر نے بوساطت قتادہ حضرت انسؓ کی روایت سے بیان کیا

besturdubooks.wordpress.com

کہ شب معراج میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے براق لایا گیا جو زین پوش اور لگام بردوش تھا۔ براق نے کچھ شوخی کی۔ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا۔ کیا محمد کے ساتھ تو ایسی حرکت کر رہا ہے۔ حالانکہ کوئی بھی اللہ کے نزدیک محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ عزت والا تجھ پر سوار نہیں ہوا۔ براق یہ بات سن کر پسینے پسینے ہو گیا۔

سدرۃ المنتہیٰ: مسلم کا بیان ہے کہ حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا۔ شب معراج میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى تک پہنچایا گیا۔ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى چھٹے آسمان میں ہے۔ زمین سے جو اعمال اوپر چڑھتے ہیں وہ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى تک پہنچتے ہیں اور وہاں سے (اللہ کی طرف سے) ان کو لے لیا جاتا ہے اور جو کچھ (حکم) اوپر سے اترتا ہے وہ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى تک آتا ہے اور یہاں سے ملائکہ کے قبضہ میں اس کو دے دیا جاتا ہے۔

بغوی نے لکھا ہے کہ ہلال بن یسار نے کہا۔ میں موجود تھا کہ حضرت ابن عباسؓ نے کعب (احبار) سے سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى کے متعلق دریافت کیا۔ کعب نے کہا۔ سدرہ عرش کی جڑ میں ہے مخلوقات کے علم کی رسائی بس وہیں تک ہے۔ اس کے پرے غیب ہے۔ جس سے اللہ کے سوا کوئی واقف نہیں۔

میں کہتا ہوں۔ اس قول میں مخلوقات سے مراد ملائکہ ہیں۔ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى تک ملائکہ کی رسائی ہے۔ اس سے آگے کوئی فرشتہ نہیں بڑھ سکتا۔ اس سے پرے مکمل غیب ہے۔ خود سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى اگرچہ بعض آدمیوں کے لئے غیب ہے مگر بعض ملائکہ کے لئے غیب نہیں ہے۔

بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت اسماء بنت صدیق اکبرؓ نے فرمایا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خود سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى کا ذکر سنا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے۔ اس کی شاخ کا سایہ ایسا ہے کہ ایک سوار سو برس اس کے نیچے چلتا رہے اور ایک لاکھ سوار اس کے سایہ میں آ سکتے ہیں۔ اس کا فرش سونے کا ہے اور اس کا پھل مٹکوں کی طرح (مقدار میں) ہیں۔

مقاتل نے کہا۔ وہ ایک درخت جو زیور اور لباس اور پھلوں سے اور تمام رنگوں سے آراستہ ہے۔ اگر اس کا پتہ زمین پر گر جائے تو زمین کے سارے رہنے والوں کو روشن کر دے۔ یہی طوبیٰ ہے۔

جنت الماویٰ: عطاء کی روایت ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا۔ وہ ایسی جنت ہے جو جبرائیل اور ملائکہ کی قرارگاہ (جائے رجوع) ہے۔ مقاتل اور کلبی نے کہا۔ شہداء کی روحیں یہیں اقامت گزیں ہوتی ہیں۔ (تفسیر مظہری)

اِذْ یَغْشَی السِّدْرَةَ مَا یَغْشٰی ﴿۱۶﴾

جب چھا رہا تھا اُس بیری پر جو کچھ چھا رہا تھا ☆

دیدار الٰہی ☆ یعنی حق تعالیٰ کے انوار و تجلیات اس درخت پر چھا رہے تھے۔

اور فرشتوں کی کثرت و ہجوم کا یہ عالم تھا کہ ہر پتے کے ساتھ ایک فرشتہ نظر آتا تھا۔ بعض روایات میں ہے کہ "مَا يَغْشٰى" سنہری پروانے تھے۔ یعنی نہایت خوش رنگ جن کے دیکھنے سے دل کھنچا جائے۔ اس وقت درخت کی بہار اور رونق اور اس کا حسن و جمال ایسا تھا کہ کسی مخلوق کی طاقت نہیں کہ لفظوں میں بیان کر سکے۔ شاید ابن عباسؓ وغیرہ کے قول کے موافق معراج میں جو اللہ کا دیدار حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ہوا اس کا بیان اسی آیت کے ابہام میں منطوی و مندرج ہو۔ کیونکہ پہلی آیتوں کے متعلق تو عائشہ صدیقہؓ کی احادیث میں تصریح ہو کر ان سے رویت رب مراد نہیں۔ محض رؤیت جبریل مراد ہے۔ ابن کثیرؒ نے مجاہدؒ سے جو ابن عباسؓ کے اخص اصحاب میں سے ہیں اسی آیت کے تحت میں یہ الفاظ نقل کئے ہیں۔" كان اغصان السدرة لؤلؤا وياقوتا و زبرجدافراها محمد صلى الله عليه وسلم وراى ربه بقلبه" اور یہ روایت چونکہ صرف قلب سے نہ بھی بلکہ قلب اور بصر دونوں کو دیدار سے حصہ مل رہا تھا جیسا کہ "مَازَاغَ الْبَصَرُ" سے ظاہر ہوتا ہے۔ شاید اسی لئے ابن عباسؓ نے طبرانی کی بعض روایات میں فرمایا۔ "راه مرتين مرة بقلبه و مرة ببصره" یہاں دو مرتبہ دیکھنے کا مطلب یہ ہو کہ ایک ہی وقت میں دو طرح دیکھا (كما قالوا فی حديث انشق القمر بمكة مرتين) ظاہری آنکھ سے بھی اور دل کی آنکھوں سے بھی لیکن یاد رہے کہ یہ روایت وہ نہیں جس کی نفی "لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ" میں کی گئی ہے کیونکہ اس سے غرض احاطہ کی نفی کرنا ہے یعنی نگاہیں اس کا احاطہ نہیں کر سکتیں۔ علاوہ بریں ابن عباسؓ سے جب سوال کیا گیا کہ دعویٰ رویت آیت "لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ" کے مخالف ہے تو فرمایا "ويحك ذاك اذا تجلى بنوره الذى هو نوره" (رواه الترمذی) معلوم ہوا کہ خداوند قدوس کی تجلیات و انوار متفاوت ہیں۔ بعض انوار قاہرہ للبصر ہیں بعض نہیں اور رویت رب فی الجملہ دونوں درجوں پر صادق آتی ہے۔ اور اسی لئے کہا جا سکتا ہے کہ جس درجہ کی رویت مومنین کو آخرت میں نصیب ہوگی جبکہ نگاہیں تیز کر دی جائیں گی جو اس تجلی کو برداشت کر سکیں۔ وہ دنیا میں کسی کو حاصل نہیں۔ ہاں ایک خاص درجہ کی رویت سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو شب معراج میں ابن عباسؓ کی روایت کے موافق میسر ہوئی۔ اور اس خصوصیت میں کوئی بشر آپ کا شریک و سہیم نہیں۔ نیز ان ہی انوار و تجلیات کے تفاوت و تنوع پر نظر کرتے ہوئے کہا جا سکتا ہے کہ عائشہؓ اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کے اقوال میں کوئی تعارض نہیں۔ شاید وہ نفی ایک درجہ میں کرتی ہوں اور یہ اثبات دوسرے درجہ میں کر رہے ہوں۔ اور اسی طرح ابو ذرؓ کی روایات "رأيت نوراً" اور "نور انّى اراه" میں تطبیق ممکن ہے۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔ (تفسیر عثمانی)

مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی ﴿۱۷﴾

بہکی نہیں نگاہ اور نہ حد سے بڑھی ☆

besturdubooks.wordpress.com

جو دیکھا پورے یقین سے دیکھا ☆یعنی آنکھ نے جو کچھ دیکھا پورے تمکن واتقان سے دیکھا، نہ نگاہ ٹیڑھی ترچھی ہو کر داہنے بائیں ہٹی نہ مبصر سے تجاوز کر کے آگے بڑھی، بس اسی چیز پر جمی رہی جس کا دکھلانا منظور تھا۔ بادشاہوں کے دربار میں جو چیز دکھلائی جائے اس کو نہ دیکھنا اور جو نہ دکھلائی جائے اس کو تاکنا دونوں عیب ہیں۔ آپ ان دونوں سے پاک تھے۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَا طَغٰی کا ایک صوفیانہ مفہوم:

اور نہ نظر محبوب سے ہٹی۔ ایک شاعر نے کیا خوب کہا ہے ۔

آہ مِنَ الْعِشْقِ وَحَالَاتِہَا اَحْرَقَ قَلْبِیْ بِحَرَارَاتِہٖ

مَا نَظَرَ الْعَیْنُ اِلٰی غَیْرِکُمْ اُقْسِمُ بِاللہِ وَاٰیَاتِہٖ

آہ عشق اور کیفیات عشق کی گوناگوں تپش نے میرے دل کو سوختہ کر دیا۔ اللہ اور کلام اللہ کی قسم میری آنکھ نے تو تمہارے سوا (کسی چیز کو) دیکھا بھی نہیں"۔ بعض علماء نے مَا طَغٰی کا یہ مطلب بیان کیا کہ جن عجائبات قدرت کو دیکھنے کا حکم دیا گیا تھا۔ ان سے نگاہ دوسری طرف نہیں مڑی۔ (تفسیر مظہری)

ترمذی میں حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا۔ حضرت عکرمہؒ فرماتے ہیں میں نے یہ سن کر کہا پھر یہ آیت کہاں جائے گی جس میں فرمان ہے لَا تُدْرِکُہُ الْاَبْصَارُ وَھُوَ یُدْرِکُ الْاَبْصَارَ اُسے کوئی نگاہ نہیں پاسکتی اور وہ سب نگاہوں کو پالیتا ہے۔ آپ نے جواب دیا کہ یہ اُس وقت ہے جب کہ وہ اپنے نور کی پوری تجلی کرے ورنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو دفعہ اپنے رب کو دیکھا ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

رویت باری کا مسئلہ: تمام صحابہ وتابعین اور جمہور امت اس پر متفق ہیں کہ آخرت میں اہل جنت و عام مؤمنین حق تعالیٰ کی زیارت کریں گے، جیسا کہ احادیث صحیحہ اس پر شاہد ہیں، اس سے اتنا معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی رویت وزیارت کوئی امر محال یا ناممکن نہیں، البتہ عالم دنیا میں انسانی نگاہ میں اتنی قوت نہیں جو اس کو برداشت کر سکے اس لئے دنیا میں کسی کو رویت و زیارت حق تعالیٰ کی نہیں ہو سکتی، آخرت کے معاملہ میں خود قرآن کریم کا ارشاد ہے۔ فَکَشَفْنَا عَنْکَ غِطَآءَکَ فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ یعنی آخرت میں انسان کی نگاہ تیز اور قوی کر دی جائیگی در پردے ہٹا دیئے جائیں گے، حضرت امام مالکؒ نے فرمایا کہ دنیا میں کوئی انسان اللہ تعالیٰ کو نہیں دیکھ سکتا کیونکہ اس کی نگاہ فانی ہے، اور اللہ تعالیٰ باقی، پھر جب آخرت میں انسان کو غیر فانی نگاہ عطا کر دی جائے گی تو حق تعالیٰ کی رویت میں کوئی مانع نہ رہے گا، تقریباً یہی مضمون قاضی عیاضؒ سے بھی منقول ہے، اور صحیح مسلم کی ایک حدیث میں اس کی تقریباً تصریح ہے جس کے الفاظ یہ ہیں۔ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّکُمْ لَنْ تَرَوْا رَبَّکُمْ حَتّٰی تَمُوْتُوْا (فتح الباری ص ۴۹۳ ج ۸) اس سے امکان تو اس کا بھی نکل آیا کہ عالم دنیا میں بھی کسی وقت خصوصی طور پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نگاہ میں وہ قوت بخش دی جائے جس سے وہ حق تعالیٰ کی زیارت کر سکیں، لیکن اس عالم سے باہر نکل کر جبکہ شب معراج میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو آسمانوں اور جنت و دوزخ اور اللہ تعالیٰ کی خاص آیات قدرت کا مشاہدہ کرانے ہی کے لئے امتیازی حیثیت سے بُلایا گیا، اُس وقت تو حق تعالیٰ کی زیارت اس عام ضابطہ سے بھی مستثنیٰ ہے کہ اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس عالم دنیا میں نہیں ہیں۔ (معارف مفتی اعظم)

> لَقَدْ رَاٰی مِنْ اٰیٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰی ⑱
>
> بیشک دیکھے اُس نے اپنے رب کے بڑے نمونے ☆

☆"اِذْ یَغْشَی السِّدْرَةَ" کے فائدہ میں جو بیان ہو چکا ہے اس کے علاوہ جو اور نمونے دیکھے ہونگے وہ اللہ ہی جانتا ہے۔

اکنوں کرا دماغ کہ پرسد ز باغباں بلبل چہ گفت وگل چہ شنید وصبا چہ کرد

(تفسیر عثمانی)

عجائب ملکوتی: آیات کبریٰ سے مراد ہیں۔ عجائب ملکوتی جنکی سیر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شب معراج میں دوران آمد ورفت کی تھی۔ براق، آسمان، انبیاء، ملائکہ، سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى سب کا شمار عجائب ملکوت میں ہے۔

آیات کبریٰ کہنے کی وجہ: عجائب ملکوت کو آیات کبریٰ کہنے کی خصوصیت اس بنا پر ہے کہ مذکورہ آیات قدرت برکت و رحمت کی مرود گاہ تھیں اور انوار وتجلیات کی خصوصی بارش ان پر ہو رہی تھی۔ ورنہ ہر ممکن وجود صانع کی روشن برہان اور واضح دلیل ہے۔

معراج کے بارے میں اہل سنت کا عقیدہ

اہل سنت والجماعۃ کا اجماع ہے کہ سیر معراج بیداری میں ہوئی (لیکن کہاں سے کہاں تک اور کیسے ہوئی اس میں اقوال مختلف ہیں) اہل علم نے صراحت کی ہے کہ مسجد حرام (کعبہ) سے مسجد اقصیٰ (بیت المقدس) تک جانا تو قطعی ہے۔ قرآنی صراحت سے ثابت ہے۔ اللہ نے سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا تصریح کے ساتھ فرما دیا ہے۔ اس لئے اس کا منکر تو کافر ہے۔ لیکن ساتویں آسمان تک اور اس سے اوپر جانا قرآن سے ثابت نہیں ہے۔ صحیح احادیث سے اس کا ثبوت ملتا ہے۔ (اور احادیث آحاد قطعی نہیں ظنی ہوتی ہیں) اس لئے اس کا منکر فاسق (بحجب العقیدہ) ہے کافر نہیں ہے صحیح بات یہ ہے کہ سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى تک پہنچنا تو

besturdubooks.wordpress.com

اسی آیت سے ثابت ہے اور قطعی ہے اس لئے معراج سماوی کا منکر بھی کافر ہے۔

تمام اہل علم کا اتفاق ہے کہ سیر معراج نبوت سے تقریباً بارہ سال بعد ہجرت سے ایک سال پہلے ہوئی۔

محدثین کا قول:

بعض علماء حدیث کا قول ہے کہ (معراج دوبار ہوئی ایک بار) نبوت سے پہلے خواب میں جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد حرام میں سور ہے تھے اور (دوسری بار) بیداری کی حالت میں ہجرت سے پہلے نبوت کے بارہ سال بعد آپ کو سیر معراج کرائی گئی تاکہ نبوت سے پہلے خواب کی عملی تصدیق ہو جائے جیسا کہ ۶ ھ میں حدیبیہ کے سال خواب میں فتح مکہ دکھائی گئی۔ پھر اس کی عملی تصدیق ۸ ھ میں ہوگئی اور اللہ نے فرما دیا۔ لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ الخ رویت رب و آیات رب کو ذکر کرنے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب کی تصدیق کی صراحت کے بعد اللہ نے آئندہ آیت میں بطور مذمت کافروں کا ذکر فرمایا جو کوتاہ نظر تھے ان کی نظر مجاز سے آگے حقیقت تک رسائی نہیں رکھتی تھی۔ (تفسیر مظہری)

اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ﴿۱۹﴾ وَمَنٰوةَ
بھلا تم دیکھو تو لات اور عُزّیٰ کو اور منات
الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰى ﴿۲۰﴾
تیسرے پچھلے کو ☆

لات، عزّیٰ اور مناۃ کفار کے بت

یعنی اس لامحدود عظمت وجلال والے خدا کے مقابلہ میں ان حقیر وذلیل چیزوں کا نام لینے سے شرم آنی چاہئے۔ (تنبیہ) "لات" "عزیٰ" "مناۃ" ان کے بتوں اور دیویوں کے نام ہیں۔ ان میں "لات" طائف والوں کے ہاں بہت معظم تھا۔ "مناۃ" اوس وخزرج اور خزاعہ کے ہاں۔ اور "عزیٰ" کو قریش اور بنی کنانہ وغیرہ ان دونوں سے بڑا سمجھتے تھے۔ ان کے نزدیک اول عزیٰ" جو مکہ کے قریب نخلہ میں تھا۔ پھر "لات" جو طائف میں تھا۔ پھر سب سے پیچھے تیسرے درجہ میں "مناۃ" جو مکہ سے بہت دور مدینہ کے نزدیک واقع تھا۔ علامہ یاقوت نے معجم البلدان میں یہ ترتیب نقل کی ہے اور لکھا ہے کہ قریش کعبہ کا طواف کرتے ہوئے یہ الفاظ کہتے تھے۔ "اللّٰتَ وَالْعُزّٰى وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰى ھؤلاء الغرانیق العلی و ان شفاعتھن لترتجی" کتب تفسیر میں اس موقع پر ایک قصہ نقل کیا ہے جو جمہور محدثین کے اصول پر درجہ صحت کو نہیں پہنچتا۔ اگر فی الواقع اس کی کوئی اصل ہے تو شاید یہ ہی ہوگی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں اور کافروں کے مخلوط مجمع میں) یہ سورۃ پڑھی۔ کفار کی عادت تھی کہ لوگوں کو قرآن سننے نہ دیں اور بیچ میں گڑبڑ مچا دیں کما قال تعالیٰ "وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَالْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ" (حم السجدہ۔ رکوع ۴) جب یہ آیت پڑھی تو کسی کافر شیطان نے آپ کی آواز میں آواز ملا کر آپ ہی کے لب ولہجہ سے وہ الفاظ کہہ دیئے ہونگے جو ان کی زبان پر چڑھے ہوئے تھے۔ "تلک الغرانیق العلی" الخ آگے تعبیر وادا میں تصرف ہوتے ہوتے کچھ کا کچھ بن گیا۔ ورنہ ظاہر ہے نبی کی زبان پر شیطان کو ایسا تسلط کب حاصل ہوسکتا ہے اور جس چیز کا ابطال آگے کیا جارہا ہے اس کی مدح سرائی کے کیا معنی۔ (تفسیر عثمانی)

عُزّیٰ کا قیام: ضحاک کا بیان ہے کہ عزیٰ بنی غطفان کی آبادی میں ایک بت تھا۔ جس کو سعید بن ظالم غطفانی نے قائم کیا تھا۔ اس کا واقعہ یہ ہوا کہ سعید بن ظالم مکہ کو گیا۔ وہاں اس نے صفا اور مروہ کی پہاڑیاں دیکھیں۔ جن کے درمیان لوگ چکر لگاتے تھے۔ جب مکہ سے وادیٔ نخلہ میں واپس آیا تو اس نے اپنی قوم والوں سے کہا۔ مکہ والوں کا صفا اور مروہ ہے اور تمہارے پاس کوئی صفا اور مروہ نہیں ہے اور ان کا ایک معبود ہے جس کی وہ پوجا کرتے ہیں اور تمہارا کوئی معبود نہیں۔ لوگوں نے کہا پھر آپ کا کیا حکم ہے۔ سعید نے کہا۔ میں بھی تمہارے لئے ایسا ہی بنادوں گا۔ چنانچہ وہ ایک پتھر صفا کا اور ایک پتھر مروہ کا لایا۔ صفا کے پتھر کو ایک جگہ رکھ دیا اور کہا یہ تمہارے لئے صفا ہے اور مروہ والے پتھر کو کچھ فاصلہ سے رکھ کر کہا۔ یہ تمہارا مروہ ہے پھر ایک درخت کے سہارے سے تین پتھر کھڑے کئے اور کہا یہ تمہارا رب ہے۔ اس طرح لوگ دونوں پتھروں کے درمیان چکر لگانے اور پتھروں کی پوجا کرنے لگے۔

حضرت خالدؓ کے ہاتھ "عُزّیٰ کا مارا جانا

بیہقی نے حضرت ابوالطفیل کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے حضرت خالد بن ولیدؓ وہاں گئے اور کیکر کے درختوں (یعنی جھاڑیوں) کو کاٹ دیا اور عزیٰ کو ڈھا دیا پھر واپس آ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع دے دی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کیا تم کو وہاں کچھ نظر آیا۔ حضرت خالدؓ نے جواب دیا۔ کچھ بھی نہیں فرمایا۔ تو تم نے اس کو نہیں ڈھایا۔ حضرت خالدؓ دوبارہ گئے اور برابر چوکنے رہے۔ جب مجاوروں نے خالدؓ کو دیکھا تو پہاڑوں پر پھیل گئے اور کہنے لگے عزیٰ اس کو لے اس کو ہلاک کردے ورنہ ذلت کے ساتھ مرجا۔ فوراً ایک کالی بھجنگ ننگی سر بکھیرے ہوئے سر اور منہ پر خاک اُڑاتی ہوئی عورت برآمد ہوئی۔ خالدؓ نے تلوار

besturdubooks.wordpress.com

سونت لی اور فرمایا۔ میں تجھے نہیں مانتا۔ میں تجھے پاک نہیں جانتا۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ اللہ نے تجھے ذلیل کیا ہے۔ پھر تلوار سے اس کے دو ٹکڑے کر دیئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو واپس آ کر اطلاع دیدی۔ فرمایا' ہاں وہ عزیٰ تھی۔ اب وہ تمہارے شہر میں پوجی جانے سے ہمیشہ کے لئے نا امید ہوگئی۔

مناۃ کا قتل: محمد بن یوسف صالحی نے سبیل الرشاد میں لکھا ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ فتح کر لیا تو فتح کے درمیان ہی سعد بن زید اشہلی کو مناۃ کی طرف جو کوہ مشلل پر تھا بھیجا۔ مشلل وہ پہاڑ تھا۔ جس سے اتر کر وادی قدید میں آتے ہیں۔ مناۃ اوس' خزرج اور غسان کا (بت) تھا' ایک مجاور اس پر مقرر تھا' سعد بن زید بیس سواروں کو ساتھ لے کر وہاں پہنچے مجاور نے پوچھا تم کیا چاہتے ہو' سعد نے کہا مناۃ کو ڈھا دینا' مجاور نے کہا تم جانو اور وہ جانے سعد پیدل چل کر مناۃ کی طرف بڑھے' ایک عورت برہنہ بدن سیاہ فام' پراگندہ سر سینہ پیٹتی اور موت کو پکارتی برآمد ہوئی' حضرت سعدؓ اس کو تلوار سے مارنے لگے' یہاں تک کہ قتل کر دیا اور پھر اپنے ساتھیوں کو لے کر بت کی طرف متوجہ ہو گئے اور اس کو ڈھا دیا۔ (تفسیر مظہری)

لات وعزیٰ کا قسم کھانا کفر ہے: صحیح بخاری میں ہے جو شخص لات و عزیٰ کی قسم کھا بیٹھے اُسے چاہیے فوراً لا الٰہ الا اللہ کہہ لے اور جو اپنے ساتھی سے کہہ دے کہ آ جوا کھیلیں اُسے صدقہ کرنا چاہیے۔ مطلب یہ ہے کہ جاہلیت کے زمانہ میں چونکہ اسی کی قسم کھائی جاتی تھی تو اب اسلام کے بعد بھی اگر کسی کی زبان سے اگلی عادت کے موافق یہ الفاظ نکل جائیں تو اسے کلمہ پڑھ لینا چاہیے۔ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ ایک مرتبہ اسی طرح لات عزیٰ کی قسم کھا بیٹھے جس پر لوگوں نے انھیں متنبہ کیا' یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ پڑھ لو اور تین مرتبہ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ پڑھ کر اپنی بائیں جانب تھوک دو اور آئندہ سے ایسا نہ کرنا۔ (تفسیر ابن کثیر)

اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰى ﴿۲۱﴾
کیا تم کو تو ملے بیٹے اور اُس کو بیٹیاں
تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى ﴿۲۲﴾
یہ بانٹا تو بہت بھونڈا ☆

نظریۂ ولدیت کی تردید ☆ یاقوت نے معجم البلدان میں لکھا ہے کہ کفار ان بتوں کو خدا کی بیٹیاں کہتے تھے۔ سو اول تو خدا لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ہے اور بالفرض اولاد کا نظریہ تسلیم کیا جائے تب بھی یہ تقسیم کس قدر بھونڈی اور مہمل ہے کہ تم خود تو بیٹے لے جاؤ اور خدا کے حصہ میں بیٹیاں لگا دو؟ العیاذ باللہ۔ (تفسیر عثمانی)

اِنْ هِيَ اِلَّآ اَسْمَآءٌ سَمَّيْتُمُوْهَآ
یہ سب نام ہیں جو رکھ لئے ہیں
اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا
تم نے اور تمہارے باپ دادوں نے اللہ نے نہیں اتاری
مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ
اُن کی کوئی سند ☆

محض نام ہیں حقیقت کچھ نہیں

یعنی پتھروں اور درختوں کے کچھ نام رکھ چھوڑے ہیں جن کی خدائی کی کوئی سند نہیں۔ بلکہ اس کے خلاف پر دلائل قائم ہیں۔ ان کو اپنے خیال میں خواہ بیٹیاں کہہ لو یا بیٹے یا اور کچھ محض کہنے کی بات ہے۔ جس کے نیچے حقیقت کچھ نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى
محض اٹکل پر چلتے ہیں اور جو جیوں کی
الْاَنْفُسُ ۚ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنْ رَّبِّهِمُ
اُمنگ ہے اور پہنچی ہے اُن کو اُن کے رب سے
الْهُدٰى ؕ﴿۲۳﴾
راہ کی سوجھ ☆

عقل کے اندھے ☆ یعنی باوجودیکہ اللہ کے پاس سے ہدایت کی روشنی آ چکی اور وہ سیدھی راہ دکھا چکا مگر یہ احمق ان ہی اوہام واہوا کی تاریکیوں میں پھنسے ہوئے ہیں۔ جو کچھ اٹکل پچو ذہن میں آ گیا اور وہ دل میں امنگ پیدا ہوئی کر گذرے۔ تحقیق وبصیرت کی راہ سے کچھ سروکار نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اَمْ لِلْاِنْسَانِ مَا تَمَنّٰى ﴿۲۴﴾
کہیں آدمی کو ملتا ہے جو کچھ چاہے'
فَلِلّٰهِ الْاٰخِرَةُ وَالْاُوْلٰى ﴿۲۵﴾
سو اللہ کے ہاتھ ہے سب بھلائی پچھلی اور پہلی ☆

آرزوؤں کے پجاری ☆یعنی سمجھتے ہیں کہ یہ بت ہمارے سفارشی بنیں گے۔ یہ خالی خیالات اور آرزوئیں ہیں۔ کیا انسان جو تمنا کرے وہ ہی مل جائے گا۔ یاد رہے دنیا اور آخرت کی سب بھلائی اللہ کے ہاتھ ہے۔ حضرت شاہ صاحب ؒ لکھتے ہیں "یعنی بت پوجے سے کیا ملتا ہے؟ ملے وہ ہی جو اللہ دے"۔ (تفسیر عثمانی)

وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِي السَّمٰوٰتِ لَا تُغْنِيْ

اور بہت فرشتے ہیں آسمانوں میں کچھ کام نہیں آتی

شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اَنْ يَّاْذَنَ

اُن کی سفارش مگر جب حکم دے

اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَرْضٰى ﴿۲۶﴾

اللہ جس کے واسطے چاہے اور پسند کرے☆

اللہ کے سامنے ان کی سفارش کام نہ دے گی

☆یعنی ان بتوں کی حقیقت کیا ہے، آسمان کے رہنے والے مقرب فرشتوں کی سفارش بھی کچھ کام نہیں دے سکتی۔ ہاں اللہ ہی جس کے حق میں سفارش کرنے کا حکم دے اور اس سے راضی ہو تو وہاں سفارش بیشک کام دیگی۔ ظاہر ہے کہ اس نے نہ بتوں کو سفارش کا حکم دیا اور نہ وہ کفار سے راضی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

جو لوگ یقین نہیں رکھتے آخرت کا

لَيُسَمُّوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى ﴿۲۷﴾ وَمَا

وہ نام رکھتے ہیں فرشتوں کے زنانے نام اور

لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا

اُن کو اُس کی کچھ خبر نہیں محض اٹکل پر

الظَّنَّ ۚ وَاِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ

چلتے ہیں اور اٹکل کچھ کام نہ آئے ٹھیک

شَيْـًٔا ﴿۲۸﴾

بات میں☆

بے یقینی کا نتیجہ ☆یعنی جن کو آخرت کا یقین نہیں وہ سزا کی طرف سے بے فکر ہو کر ایسی گستاخیاں کرتے ہیں۔ مثلاً فرشتوں کو زنانہ قرار دے کر خدا کی بیٹیاں کہہ دیا۔ یہ ان کی محض جہالت ہے۔ بھلا فرشتوں کو مرد اور عورت ہونے سے کیا واسطہ اور خدا کے لئے اولاد کیسی۔ کیا سچی اور ٹھیک بات پہنچنا ہو تو ایسی اٹکلوں اور پا در ہوا اوہام سے کام چل سکتا ہے۔ اور کیا تخمینے اور اٹکلیں حقائق ثابتہ کے قائم مقام ہو سکتی ہیں؟۔ (تفسیر عثمانی)

دلائل کی قسمیں اور ترتیب:

جہاں تک ممکن ہو قطعی دلائل سے علم حاصل کرنا واجب ہے لیکن اگر قطعی دلیل نہ مل سکے تو عقل فیصلہ کن ہوگی اور دلیل ظنی سے جو حکم مستفاد ہو (یا خبر معلوم ہو) اس پر احتیاطاً عمل کرنا واجب ہوگا۔ دلیل ظنی سے مراد ہے ایسی دلیل جو صحیح طریق سے غلبۂ ظن پیدا کر دے۔ مثلاً دلیل ظنی سے ثابت ہو گیا ہے کہ وتر واجب ہیں اور چاشت کی نماز سنت ہے اور بھنگ حرام ہے اور بیع کو اگر فاسد شرط کے ساتھ مشروط کر دیا جائے تو ایسی بیع ممنوع ہے اور اس کے خلاف حکم دینے والی کوئی قطعی دلیل موجود نہیں ہے لہٰذا بنظر احتیاط عقل کا بالجزم فیصلہ ہے کہ وتر کو نہ چھوڑا جائے بھنگ نہ پی جائے۔ بشرط فاسد بیع نہ کی جائے اور بامید ثواب چاشت کی نماز پڑھی جائے کیونکہ جب تعمیل حکم میں ضرر نہ ہونے کا یقین ہو تو حصول نفع کا احتمال بھی اس حکم کی تعمیل کے لئے کافی ہے اور اگر مضرت کا احتمال بھی ہو تو اس عمل سے پرہیز رکھنے کے لئے یہ احتمال بھی کافی ہے کسی سوراخ میں سانپ کے موجود ہونے کا احتمال اس میں انگلیاں نہ ڈالنے کا موجب ہے۔

اگر کوئی قطعی دلیل معارض نہ ہو یعنی احادیث آحاد اور قیاس سے ٹکرانے والی کوئی بھی قطعی دلیل موجود نہ ہو تو جو حکم احادیث آحاد اور قیاس سے ٹکرانے والی کوئی بھی قطعی دلیل موجود نہ ہو تو جو حکم احادیث آحاد یا قیاس سے مستفاد ہو رہا ہے اس پر عمل کرنا اور تفقہ سے کام لینا ان احادیث سے بھی ثابت ہے جو باجماع امت متواتر المعنی ہیں اور قرآنی آیات سے بھی اس کا ثبوت ملتا ہے۔ اللہ نے فرمایا ہے۔ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ۔ دوسری آیت ہے فَاعْتَبِرُوْا يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ ۔ (تفقہ اور اعتبار کا معنی ہی قیاس کرنے کے ہیں)۔

مسائل فقہیہ میں دراصل ظن طریق (استنباط) میں ہوتا ہے لیکن جب ظن کا صحیح ہونا ثابت ہو جائے تو پھر بدلیل قطعی اس پر عمل واجب ہے اسی طرح مبدا اور معاد کے متعلق جو خبریں اخبار آحاد میں آئی ہیں وہ اگرچہ ظنی ہیں لیکن تمام آحاد میں یہ قدر مشترک ہے اتنی حد تک تو وہ قطعی اور موجب عمل ہیں رہی ان کی تفصیل تو اگر زیادہ قوی دلیل یعنی نص قطعی سے اس کا تصادم نہ ہوتا ہو تو اس سے ترغیب و ترہیب کا استفادہ جائز ہے (کیونکہ اس صورت میں موعظت و نصیحت سے فائدہ حاصل ہونے کی امید ہے اور کسی نص کی مخالفت نہیں ہے) واللہ اعلم۔ (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

besturdubooks.wordpress.com

ظن کے مختلف اقسام اور ان کے احکام

لفظ ظن عربی زبان میں مختلف معانی کے لئے بولا جاتا ہے' ایک معنی یہ بھی ہیں کہ بے بنیاد خیالات کو ظن کہا جاتا ہے' آیت میں یہی مراد ہے' اور یہی مشرکین مکہ کی بت پرستی کا سبب تھا' اسی کے ازالہ کے لئے یہ فرمایا گیا ہے' دوسرے معنی ظن کے وہ ہیں جو یقین کے بالمقابل آتے ہیں' یقین کہا جاتا ہے اس علم قطعی مطابق للواقع کو جس میں کسی شک وشبہ کی راہ نہ ہو' جیسے قرآن کریم یا احادیث متواترہ سے حاصل شدہ علم' اس کے مقابل ظن اس علم کو کہا جاتا ہے جو بے بنیاد خیالات تو نہیں دلیل کی بنیاد پر قائم ہے' مگر یہ دلیل اس درجہ قطعی نہیں جس میں کوئی دوسرا احتمال ہی نہ رہے' جیسے عام روایات حدیث سے ثابت ہونے والے احکام' اسی لئے قسم اول کے مسائل کو قطعیات اور یقینیات کہا جاتا ہے' اور دوسری قسم کو ظنیات' اور یہ ظن شریعت میں معتبر ہے' قرآن وحدیث میں اس کے معتبر ہونے کے شواہد موجود ہیں' اور تمام امت کے نزدیک واجب العمل ہے' آیت مذکورہ میں ظن کو جو ناقابل اعتبار قرار دیا ہے اس سے مراد ظن بمعنی بے بنیاد و بے دلیل خیالات ہیں' اس لئے کوئی اشکال نہیں' (معارف مفتی اعظم)

فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى ۙ عَنْ ذِكْرِنَا

سو تو دھیان نہ کر اُس پر جو منہ موڑے ہماری یاد سے

وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ؕ ﴿۲۹﴾ ذٰلِكَ

اور کچھ نہ چاہے مگر دنیا کا جینا بس یہیں

مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ ؕ

تک پہنچی اُن کی سمجھ ☆

مادہ پرستی ☆ یعنی جس کا اوڑھنا بچھونا یہی دنیا کی چندروزہ زندگی ہو کہ اس میں منہمک ہو کر کبھی خدا کو اور آخرت کو دھیان میں نہ لائے۔ آپ اس کی بکواس کو دھیان میں نہ لائیں۔ وہ خدا سے منہ موڑتا ہے۔ آپ اس کی شرارت اور کجروی کی طرف سے منہ پھیر لیں۔ سمجھانا تھا سو سمجھا دیا۔ ایسے بدطینت اشخاص سے قبول حق کی توقع رکھنا اور ان کے غم میں اپنے کو گھلانا بیکار ہے۔ ان کی سمجھ تو بس اسی دنیا کے فوری نفع نقصان تک پہنچتی ہے اس سے آگے ان کی رسائی نہیں۔ وہ کیا سمجھیں کہ مرنے کے بعد مالک حقیقی کی عدالت میں حاضر ہو کر ذرہ ذرہ کا حساب دینا ہے۔ ان کی تمام تر علمی جدوجہد صرف بہائم کی طرح پیٹ بھرنے اور شہوت فرو کرنے کے لئے ہے۔ (تفسیر عثمانی)

قرآن کریم نے یہ اُن کفار کا حال بیان کیا ہے جو آخرت وقیامت کے منکر ہیں' افسوس ہے کہ انگریزوں کی تعلیم اور دنیا کی ہوا و ہوس نے آجکل ہم مسلمانوں کا یہی حال بنا دیا ہے کہ ہمارے سارے علوم وفنون اور علمی ترقی کی ساری کوششیں صرف معاشیات کے گرد گھومنے لگیں' معادیات (معاملات آخرت) کا بھول کر بھی دھیان نہیں آتا۔ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام لیتے ہیں' اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کی امید لگائے ہوئے ہیں' مگر حالت یہ ہوگئی کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسی حالت والوں سے رُخ پھیر لینے کی ہدایت کرتا ہے' نعوذ باللہ منہ' (معارف مفتی اعظم)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں دنیا اس کا گھر ہے جس کا (آخرت میں) گھر نہ ہو اور دنیا اس کا مال ہے جو (آخرت میں) کنگال ہو اسے جمع کرنے کی دُھن میں وہ رہتا ہے جو عقل سے خالی ہو۔ ایک منقول دعا میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ الفاظ بھی آئے ہیں۔ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا اَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا پروردگارا! تو ہماری اہم کوشش کو منتہائے نظر اور مقصد معلومات صرف دنیا ہی کو نہ کر۔ (تفسیر ابن کثیر)

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ

تحقیق تیرا رب ہی خوب جانے اُس کو جو بہکا اُس کی

سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدٰى ﴿۳۰﴾

راہ سے اور وہی خوب جانے اُس کو جو راہ پر آیا ☆

اللہ خوب جانتا ہے ☆ یعنی جو گمراہی میں پڑا رہا اور جو راہ پر آیا۔ ان سب کو اور ان کی مخفی استعدادوں کو اللہ تعالیٰ ازل سے جانتا ہے۔ اسی کے موافق ہو کر رہیگا۔ ہزار جتن کرو اس کے علم کے خلاف ہرگز واقع نہیں ہوسکتا۔ نیز وہ اپنے علم محیط کے موافق ہر ایک سے ٹھیک ٹھیک اس کے احوال کے مناسب معاملہ کرے گا۔ لہٰذا آپ یکسو ہو کر ان معاندین کا معاملہ خدا کے سپرد کر دیں۔ (تفسیر عثمانی)

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۙ

اور اللہ کا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں

لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَيَجْزِيَ

تاکہ وہ بدلہ دے برائی والوں کو اُن کے کئے کا اور بدلہ دے

الَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا بِالْحُسْنٰى ﴿۳۱﴾

بھلائی والوں کو بھلائی سے ☆

besturdubooks.wordpress.com

ہر چیز کا مالک وہی ہے ☆ یعنی ہر شخص کا حال اس کو معلوم اور زمین و آسمان کی ہر چیز پر اس کا قبضہ۔ پھر نیک و بد کا بدلہ دینے سے کیا چیز مانع ہو سکتی ہے۔ بلکہ غور سے دیکھو تو زمین و آسمان کا یہ سارا کارخانہ پیدا ہی اس لئے کیا ہے کہ اس کے نتیجہ میں زندگی کا ایک دوسرا غیر فانی سلسلہ قائم کیا جائے جہاں بروں کو ان کی برائی کا بدلہ ملے اور نیکوں کے ساتھ ان کی بھلائی کے صلہ میں بھلائی کی جائے۔ (تفسیر عثمانی)

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ۔ یعنی سارے جہان کا خالق اور مالک اللہ ہی ہے وہ معبود برحق ہے۔ جو چاہتا اور جیسا اس کی حکمت کا تقاضا ہوتا ہے ویسا کرتا ہے۔

لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ۔ اس نے ساری کائنات کو پیدا کیا اور گمراہوں سے ہدایت یافتہ لوگوں کو الگ کر دیا اور ان کے اچھے برے احوال کو محفوظ رکھا تا کہ مشرکوں اور گنہگاروں کو ان کے کئے کی سزا دے اور مخلص نیکوکاروں کو اچھا ثواب یعنی جنت عطا کرے۔ یا بِالْحُسْنٰى کا یہ مطلب ہے کہ ان کے سب سے اچھے عمل یعنی اخلاص کی جزا دے۔ (تفسیر عثمانی)

اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ
جو کہ بچتے ہیں بڑے گناہوں سے
وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ
اور بے حیائی کے کاموں سے مگر کچھ آلودگی ☆

لَمَم کا معنی ☆ گناہ کبیرہ اور صغیرہ کا فرق سورۃ ''نساء'' کے فوائد میں مفصل گذر چکا ''لمم'' کی تفسیر میں کئی قول ہیں۔ بعض نے کہا کہ جو خیالات وغیرہ گناہ کے دل میں آئیں مگر ان کو عمل میں نہ لائے وہ ''لمم'' ہیں۔ بعض نے صغیرہ گناہ مراد لئے ہیں۔ بعض نے کہا کہ جس گناہ پر اصرار نہ کرے یا اس کی عادت نہ ٹھہرائے یا جس گناہ سے توبہ کر لے وہ مراد ہے۔ ہمارے نزدیک بہترین تفسیر وہ ہی ہے جو مترجم محقق قدس اللہ روحہٗ نے سورۃ ''نساء'' کے فوائد میں اختیار کی ہے لیکن یہاں ترجمہ میں دوسرے معانی کی بھی گنجائش رکھی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

لمم سے وہ گناہ مراد ہیں جو کبھی آدمی سے صادر ہو جائیں پھر وہ ان پر جما نہ رہے بلکہ توبہ کر لے گناہ اس کا معمول نہ بن جائے۔ عادت نہ ہو جائے۔ کبھی کبھی صدور ہو جائے۔ کذا قال الجوہری بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت ابو ہریرہؓ مجاہدؒ اور حسن کا یہی قول ہے بروایت عطاء حضرت ابن عباسؓ کا بھی یہی مقولہ منقول ہے۔

سدی کا بیان ہے کہ ابو صالح نے کہا مجھ سے اِلَّا اللَّمَمَ کی تفسیر پوچھی گئی۔ میں نے کہا اس سے مراد یہ ہے کہ آدمی گناہ کے قریب تو ہو جائے بار بار نہ کرے (عادی نہ ہو جائے) پھر میں نے اپنے اس قول کا حضرت ابن عباسؓ سے تذکرہ کیا۔ فرمایا معزز فرشتے نے آیت کا مطلب بیان کرنے میں تمہاری مدد کی۔ بغوی نے لکھا ہے کہ بروایت عطاء حضرت ابن عباسؓ کا قول نقل کیا گیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ شعر پڑھا تھا۔

اِنْ تَغْفِرِ اللّٰهُمَّ تَغْفِرْ جَمًّا وَاَیُّ عَبْدٍ لَّكَ لَا اَلَمَّا

اے اللہ! اگر تو معاف کرے گا تو بہت گناہ معاف کر دے گا۔ تیرا کونسا بندہ گناہ پر نہیں اترا (یعنی گناہ کا مرتکب نہیں ہوا)۔

صاحب قاموس نے لکھا ہے لمم چھوٹے گناہ۔ صغیرہ گناہ کی مثال بیان کی گئی ہے جیسے نامحرم پر ایک نظر آنکھ کا اشارہ، بوسہ یعنی زنا سے کم درجہ گناہ۔ بغوی نے لکھا ہے حضرت ابن مسعودؓ، حضرت ابو ہریرہؓ، مسروقؒ اور شعبیؒ کی طرف اس قول کی نسبت کی گئی ہے۔ طاؤس نے حضرت ابن عباسؓ کا بھی یہی قول قرار دیا ہے۔ بخاریؒ کا بیان ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا لمم کی تشریح میں ابو ہریرہؓ کے اس قول سے زیادہ صحیح قول میں نے نہیں پایا۔

کلبی نے کہا لمم کی دو صورتیں ہیں۔

(۱) وہ گناہ جس کی دنیوی سزا اللہ نے نہیں بیان کی نہ آخرت میں اس کا عذاب کی کوئی صراحت کی۔ ایسا گناہ اگر کبیرہ اور فاحش کی حد تک نہ پہنچے تو نماز سے اس کا کفارہ ہو جاتا ہے۔

(۲) وہ بڑا گناہ جس میں ایک بار مسلمان مبتلا ہو جاتا ہے پھر اس سے توبہ کر لیتا ہے یہ بھی لمم میں داخل ہے۔

کبیرہ اور صغیرہ گناہوں کی معافی کا قانون

حافظ ابن کثیر نے بروایت ابن جریر مجاہد سے متعدد اقوال نقل کئے ہیں۔ قانون مغفرت میں سورۂ نساء کی اس آیت مبارکہ کو اصولیین نے بنیاد سمجھا ہے۔

وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۪ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۪۟ وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ جَزَاۗؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ الخ

جس سے معلوم ہوتا ہے کہ کبائر وہ گناہ ہیں فواحش اور ظلم کی حد میں شمار کئے جائیں اور اُن کی مغفرت کا قانون یہ ہے کہ انسان نادم و شرمندہ ہو کر معافی مانگے اور ندامت و شرمندگی یہ ہے کہ آئندہ پھر اس گناہ کا اعادہ نہ کرے۔

کبائر کی معافی توبہ پر موقوف ہے اور صغائر جن کو سیئات کہا جاتا ہے ان کی معافی حسنات کے ذریعہ فرمائی گئی اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ علماء متکلمین کے یہاں یہ بات بھی زیر بحث آئی ہے کہ سیئات کی معافی آیا بذریعہ حسنات اجتناب عن الکبائر کی شرط کے ساتھ مشروط ہے یا مطلقاً نیکیاں انسان کے صغائر کو معاف کر دیتی ہیں دونوں قول منقول ہیں۔ امام غزالی کی تحقیق کا حاصل یہ ہے کہ معمولی گناہ بمنزلہ امراض ہیں اور طاعات و عبادات بمنزلہ علاج اور دوائیں۔ اور اجتناب عن الکبائر بمنزلہ پرہیز کے ہیں۔ دوا اور

besturdubooks.wordpress.com

علاج کی تاثیر پرہیز کے ساتھ پوری طرح باقی رہتی ہے اور بد پرہیزی کی صورت میں دوا کی تاثیر یا ختم ہو جاتی ہے یا ضعیف ہو جاتی ہے۔ (تفصیل کے لئے مراجعت فرمائیں احیاء العلوم) (معارف کاندھلوی)

اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ؕ
بیشک تیرے رب کی بخشش میں بڑی سمائی ہے ☆

اللہ کی مغفرت وسیع ہے ☆اسی لئے بہت سے چھوٹے موٹے گناہوں سے درگذر فرماتا ہے اور توبہ قبول کرتا ہے۔ گنہگار کو مایوس نہیں ہونے دیتا۔ اگر ہر چھوٹی بڑی خطا پر پکڑنے لگے تو بندہ کا ٹھکانا کہاں۔ (تفسیر عثمانی)

هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ
وہ تم کو خوب جانتا ہے، جب بنا نکالا تم کو زمین سے
وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِىْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ
اور جب تم بچے تھے ماں کے پیٹ میں
فَلَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ
سو مت بیان کرو اپنی خوبیاں وہ خوب جانتا ہے اُس کو
اتَّقٰى ﴿۳۲﴾ ؏
جو بچ کر چلا ☆

شیخی نہ مارو ☆یعنی اگر تقویٰ کی کچھ توفیق اللہ نے دی تو شیخی نہ مارو۔ اور اپنے کو بہت بزرگ نہ بناؤ۔ وہ سب کی بزرگی اور پاکبازی کو خوب جانتا ہے اور اس وقت سے جانتا ہے جب تم نے ہستی کے اس دائرہ میں قدم بھی نہ رکھا تھا۔ آدمی کو چاہئے کہ اپنی اصل کو نہ بھولے۔ جس کی ابتداء مٹی سے تھی پھر بطن مادر کی تاریکیوں میں ناپاک خون سے پرورش پاتا رہا۔ اس کے بعد کتنی جسمانی اور روحانی کمزوریوں سے دوچار ہوا۔ آخر میں اگر اللہ نے اپنے فضل سے ایک بلند مقام پر پہنچا دیا تو اس کو اس قدر بڑھ چڑھ کر دعویٰ کرنے کا استحقاق نہیں۔ جو واقعی متقی ہوتے ہیں وہ دعویٰ کرتے ہوئے شرماتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ اب بھی پوری طرح کمزوریوں سے پاک ہو جانا بشریت کی حد سے باہر ہے۔ کچھ نہ کچھ آلودگی سب کو ہو جاتی ہے۔ الامن عصمہ اللہ (تفسیر عثمانی)

سبب نزول: کلبیؒ اور مقاتلؒ نے کہا، لوگ اچھے عمل کرتے تھے پھر (بطور غرور) کہتے تھے ہماری نماز، ہمارا روزہ، ہمارا حج، اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

واحدی، طبرانی، ابن المنذر اور ابن ابی حاتم نے حضرت ثابتؓ بن حارث انصاری کی روایت سے بیان کیا ہے کہ جب یہودیوں کا کوئی چھوٹا بچہ مر جاتا تھا تو وہ اس کی صدیق کہتے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ اطلاع ملی تو فرمایا۔ یہودی جھوٹے ہیں۔ ماں کے پیٹ کے اندر ہی اللہ جس جان کو پیدا کرتا ہے اس کو اسی وقت خوش نصیب یا بدبخت لکھ دیا جاتا ہے اس پر اللہ نے آیت هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ اِذْ اَنْشَاَكُمْ الخ نازل فرمائی۔

هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى۔ پشت آدم سے باہر لانے سے پہلے ہی اللہ جانتا تھا کہ کس کا خاتمہ تقویٰ اور خلوص عمل پر ہوگا۔

جنتیوں اور دوزخیوں کی پیدائش:

امام مالکؒ، ترمذی اور ابوداؤد نے حضرت عمرؓ کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ نے آدمؑ کو پیدا کرنے کے بعد ان کی پشت پر اپنا دایاں ہاتھ پھیر کر کچھ نسل (یعنی روحوں) کو برآمد کیا اور فرمایا، میں نے ان کو جنت کے لئے پیدا کیا ہے اور یہ اہل جنت کے عمل کریں گے پھر آدمؑ کی پشت پر اپنا بایاں ہاتھ پھیر کر کچھ نسل کو برامد کیا اور فرمایا ان کو میں نے دوزخ کے لئے پیدا کیا اور یہ دوزخیوں کے عمل کریں گے۔ ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر عمل کس کام کے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ جس بندہ کو جنت کے لئے پیدا کرتا ہے اس سے کام بھی جنت والوں کے کراتا ہے یہاں تک کہ وہ اہل جنت کے عمل پر ہی مر جاتا ہے اور اللہ اس کو جنت میں داخل کر دیتا ہے اور جس بندہ کو دوزخ کے لئے پیدا کرتا ہے اس سے عمل بھی دوزخیوں کے کراتا ہے یہاں تک کہ وہ مرتے وقت تک دوزخیوں کا کوئی عمل کرتا ہے اور اللہ اس کو دوزخ میں داخل کر دیتا ہے۔

تقدیر: مسلم نے حضرت عبداللہؓ بن عمرو کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، آسمانوں کی اور زمین کی پیدائش سے بچاس ہزار سال پہلے اللہ نے مخلوق کی تقدیریں لکھدی تھیں اور اس کا تخت پانی پر تھا۔

ترمذی نے حضرت عبادہؓ بن صامت کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، سب سے پہلے اللہ نے قلم کو پیدا کیا اور حکم دیا کہ لکھ قلم نے عرض کیا کیا لکھوں فرمایا تقدیر کو لکھ حسب الحکم قلم نے ان تمام چیزوں کو جو ہو چکیں اور جو آخر تک ہونے والی ہیں لکھدیا۔ ترمذی نے اس حدیث کو غریب کہا ہے۔

حضرت ابن مسعودؓ راوی ہیں کہ اللہ کے سچے رسول نے ہم سے بیان فرمایا کہ تم میں سے (ہر) ایک کا مادہ تخلیق بصورت نطفہ ماں کے پیٹ میں چالیس روز تک جمع ہوتا ہے پھر اتنی ہی مدت بستہ خون کی صورت میں رہتا ہے پھر اتنی ہی مدت تک بوٹی کی شکل میں رہتا ہے، پھر چار باتیں لکھنے کے لئے اللہ فرشتے کو بھیج دیتا ہے، فرشتہ اس کے (ہونے والے) عمل کو، اس کی مدت زندگی کو، اس کے رزق کو اور اس بات کو لکھ دیتا ہے کہ وہ خوش نصیب ہے

besturdubooks.wordpress.com

یا بد بخت۔ پھر اس کے اندر روح پھونک دی جاتی ہے۔ پس قسم ہے اس کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں کہ تم میں سے بعض لوگ اہل جنت کے کام (ساری عمر) کرتے رہتے ہیں یہاں تک کہ ان کے اور جنت کے درمیان ایک ذرائع کا فاصلہ رہ جاتا ہے کہ تقدیر کا لکھنا غالب آتا ہے۔ اور وہ دوزخیوں کا عمل کرتے ہیں اور دوزخ میں چلے جاتے ہیں اور تم میں کچھ لوگ ساری عمر دوزخیوں کے کام کرتے ہیں۔ اور دوزخ کے اتنے قریب پہنچ جاتے کہ ان کے اور دوزخ کے درمیان صرف ایک ہاتھ کا فاصلہ رہ جاتا ہے۔ آخر تقدیر کا لکھا غالب آتا ہے اور وہ اہل جنت کا عمل کرتے ہیں اور جنت میں چلے جاتے ہیں۔ متفق علیہ۔ (تفسیر مظہری)

نیک ہونے کا دعویٰ نہ کرو:

حضرت زینب بنت ابی سلمہؓ کا نام اُن کے والدین نے برّہ رکھا تھا' جس کے معنی ہیں نیکو کار' آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت مذکورہ فَلَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ تلاوت فرما کر اس نام سے منع کیا' کیونکہ اس میں اپنے نیک ہونے کا دعویٰ ہے' اور نام بدل کر زینب رکھ دیا۔ (رواہ مسلم فی صحیحہ' ابن کثیر)

امام احمدؒ نے عبدالرحمن بن ابی بکرہؓ سے روایت کیا ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک دوسرے آدمی کی مدح وتعریف کی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا اور فرمایا کہ تمہیں کسی کی مدح وثناء کرنا ہی ہو تو ان الفاظ سے کرو کہ میرے علم میں یہ شخص نیک متقی ہے' وَلَا اُزَكِّي عَلَى اللهِ اَحَدًا یعنی میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ اللہ کے نزدیک بھی وہ ایسا ہی پاک صاف ہے جیسا میں سمجھ رہا ہوں۔ (معارف مفتی اعظم)

اَفَرَءَيْتَ الَّذِيْ تَوَلّٰى ﴿۳۳﴾
بھلا تو نے دیکھا اُس کو جس نے منہ پھیر لیا ☆

☆ یعنی اپنی اصل کو بھول کر خالق ومالک حقیقی کی طرف سے منہ پھیر لیا۔ (تفسیر عثمانی)

شانِ نزول: درمنثور میں بروایت ابن جریر یہ نقل کیا ہے کہ کوئی شخص اسلام لے آیا تھا' اس کے کسی ساتھی نے اس کو ملامت کی کہ تو نے اپنے باپ دادا کے دین کو کیوں چھوڑ دیا؟ اس نے کہا کہ میں اللہ کے عذاب سے ڈرتا ہوں وہ بولا کہ تو مجھے کچھ دیدے تو میں آخرت کا تیرا عذاب اپنے سر پر رکھ لوں گا۔ تو عذاب سے بچ جائے گا' چنانچہ اس نے کچھ دیدیا' اس نے اور مانگا تو کچھ کشاکشی کے بعد کچھ اور بھی دیدیا۔ اور بقیہ کی دستاویز مع گواہوں کے لکھ دی' روح المعانی میں اس شخص کا نام ولید بن مغیرہ لکھا ہے' جس کا اسلام کی طرف میلان ہو گیا تھا' اس کے دوست نے ملامت کی' اور عذاب کی ذمہ داری اپنے سر لے لی' (معارف مفتی اعظم)

وَاَعْطٰى قَلِيْلًا وَّاَكْدٰى ﴿۳۴﴾
اور لایا تھوڑا سا اور سخت نکلا ☆

ولید بن مغیرہ ☆ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "یعنی تھوڑا سا ایمان لانے لگا پھر اس کا دل سخت ہو گیا"۔ مجاہدؒ وغیرہ کہتے ہیں کہ یہ آیات ولید بن مغیرہ کے بارہ میں نازل ہوئیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی باتیں سن کر اس کو اسلام کی طرف تھوڑی سی رغبت ہو چلی تھی۔ اور کفر کی سزا سے ڈر کر قریب تھا کہ مشرف باسلام ہو جائے' ایک کافر نے کہا کہ ایسا مت کر میں تیرے سب جرائم اپنے اوپر لئے لیتا ہوں۔ تیری طرف سے میں سزا بھگت لوں گا۔ بشرطیکہ اس قدر مال مجھ کو دیا جائے۔ اس نے وعدہ کر لیا اور مقررہ رقم کی کچھ قسط ادا کر کے باقی سے انکار کر دیا۔ اس صورت میں "وَاَعْطٰى قَلِيْلًا وَّاَكْدٰى" کے معنی یہ ہونگے کہ کچھ مال دیا' پھر ہاتھ کھینچ لیا۔ (تفسیر عثمانی)

محمد بن کعب قرظی کا قول ہے کہ اس آیت کا نزول ابوجہل کے بارے میں ہوا۔ ابوجہل نے کہا تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو اچھے اخلاق کی تعلیم دیتے ہیں لیکن اس قول کے باوجود وہ ایمان نہیں لایا تھوڑا دینے کا یہی مطلب ہے کہ کسی قدر حق کا اس نے اقرار کیا اور اکدیٰ سے مراد ہے ایمان نہ لانا۔ (تفسیر مظہری)

خرچ کرنے سے مال بڑھتا ہے: انسان غور کرے تو قرآن کا یہاں ارشاد صرف مال اور پیسہ کے معاملہ میں نہیں' بلکہ ہر قوت وتوانائی جو وہ دنیا میں خرچ کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے بدن میں اس کا بدل مابتحلل پیدا کرتے رہتے ہیں' ورنہ انسان کے بدن کا ایک ایک عضو اگر فولاد کا بھی بنا ہوتا تو ساٹھ ستر سال کام لینے سے کبھی کا گھس گھسا کر برابر ہو جاتا' جس طرح اللہ تعالیٰ انسان کے تمام اعضاء میں جو کچھ محنت سے تحلیل ہو جاتا ہے خودکار مشین کی طرح اس کا بدل اندر سے پیدا کر دیتے ہیں۔ اسی طرح مال کا بھی معاملہ یہی ہے کہ انسان خرچ کرتا رہتا ہے اس کا بدل آتا رہتا ہے۔

حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلالؓ کو فرمایا: اَنْفِقْ يَا بَلَالُ وَلَا تَخْشَ مِنْ ذِي الْعَرْشِ اِقْلَالًا "یعنی بلال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے رہو اور عرش والے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کا خطرہ نہ رکھو کہ وہ تمہیں مفلس کر دے گا" (ابن کثیر) (معارف مفتی اعظم)

اَعِنْدَهٗ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرٰى ﴿۳۵﴾
کیا اُس کے پاس خبر ہے غیب کی سو وہ دیکھتا ہے ☆

کیا یہ عالم الغیب ہے ☆ یعنی کیا یہ غیب کی بات دیکھ آیا ہے کہ آئندہ اس کو کفر کی سزا نہ ملے گی اور دوسرے کو اپنی جگہ پیش کر کے چھوٹ جائے گا۔ (تفسیر عثمانی)

اَمْ لَمْ يُنَبَّاْ بِمَا فِيْ صُحُفِ
کیا اُس کو خبر نہیں پہنچی اُسکی جو ہے ورقوں میں

besturdubooks.wordpress.com

مُوْسٰى ۙ﴿۳۶﴾ وَاِبْرٰهِیْمَ الَّذِیْ وَفّٰۤى ۙ﴿۳۷﴾

موسیٰ کے اور ابراہیم کے جس نے کہ اپنا قول پورا اُتارا☆

حضرت ابراہیمؑ کی وفاداری ☆ یعنی ابراہیم اپنے قول وقرار اور عہد و پیمان کی پابندی میں پورا اترا اور اللہ کے حقوق پوری طرح ادا کئے اور اس کے احکام کی تعمیل میں ذرہ بھر تقصیر نہ کی۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی اللہ کے احکام کی پوری پوری تعمیل کی تھی۔ بیٹے کو ذبح کرنے کے لئے اُٹھ کھڑے ہوئے۔ رب کے پیام مخلوق تک پہنچائے طرح طرح کی تکلیفیں لوگوں کے ہاتھوں سے اٹھائیں اور صبر کیا یہاں تک کہ غرور کی آگ میں بھی صبر کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا۔ اللہ نے متعدد احکام دے کر آزمائش کی اور تمام احکام کو آپ نے پورا پورا ادا کیا۔ توفیہ (باب تفعیل) کا معنی ہے کسی کام کو پورا پورا کرنا۔

حضرت ابراہیمؑ کے لئے "وفّٰی" کہنے کی وجہ

بغوی نے اپنی سند سے حضرت ابوامامہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت وَاِبْرٰهِیْمَ الَّذِیْ وَفّٰی کے سلسلے میں فرمایا کہ دن کے اول حصہ میں ابراہیم نے چار رکعتیں پڑھیں۔

ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے حضرت معاذؓ بن انس کی روایت سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' کیا میں تم کو نہ بتاؤں کہ اللہ نے ابراہیم خلیل اللہ کے متعلق الَّذِیْ وَفّٰی کیوں فرمایا' اس کی وجہ یہ تھی کہ ابراہیم ہر صبح اور شام کو فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ وَحِیْنَ تُصْبِحُوْنَ (الی آخر الآیات) پڑھا کرتے تھے۔

ترمذی نے حضرت ابو دردا اور حضرت ابوذرؓ کی روایت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بیان نقل کیا ہے۔ اللہ فرماتا ہے' اے ابن آدم دن کے ابتدائی حصہ میں تو میرے لئے چار رکعتیں پڑھ' میں پچھلے دن کے تیرے کام پورے کر دوں گا۔ ابوداؤد اور دارمی نے یہ حدیث نعیم غطفانی کی وساطت سے نیز امام احمد نے بھی بحوالہ سابقہ نقل کی ہے۔ (تفسیر مظہری)

اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۙ﴿۳۸﴾

کہ اُٹھاتا نہیں کوئی اٹھانیوالا بوجھ کسی دوسرے کا☆

صحف ابراہیم وموسیٰ کا ایک مضمون ☆ یعنی موسیٰ اور ابراہیم کے صحیفوں میں یہ مضمون تھا کہ خدا کے ہاں کوئی مجرم دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھا سکتا۔ ہر ایک کو اپنی اپنی جوابدہی بذات خود کرنا ہوگی۔ (تفسیر عثمانی)

دور جہالت کے غلط رواج: بغوی نے بوساطت عکرمہ حضرت ابن عباسؓ کا بیان نقل کیا ہے کہ حضرت ابراہیمؑ سے پہلے لوگ مجرم کے جرم کی پاداش میں غیر مجرم کو پکڑ لیتے تھے اور اگر کسی کے باپ یا بیٹے یا بھائی یا بیوی یا غلام نے قتل کیا ہوتا تو اس کے عوض اس شخص کو قتل کر دیا جاتا تھا۔ حضرت ابراہیم نے لوگوں کو اس حرکت سے روکا اور اللہ کا حکم پہنچایا کہ کسی کے جرم کا بار دوسرے پر نہ ڈالا جائے۔

میں کہتا ہوں' حضرت ابراہیمؑ سے پہلے کا رواج کوئی شرعی قانون نہیں تھا۔ بلکہ ایک جاہلی رواج تھا۔ جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے قبائل اوس وخزرج کا رواج تھا' ایک قبیلہ جب دوسرے قبیلہ سے زیادہ باعزت اور مالدار ہوتا تھا اور اس کی کسی عورت کو حریف قبیلہ مار ڈالتا تھا تو شریف قبیلہ والے کمزور قبیلہ کے کسی مرد کو مقتول عورت کے عوض قتل کرتے تھے اور غلام مارا جاتا تھا تو دوسرے قبیلے کے کسی آزاد مرد کو قتل کرتے تھے۔ اور ایک مرد مارا جاتا تھا تو انتقام میں دو آدمیوں کو قتل کرتے تھے۔ اس رواج کو منسوخ کرنے کے لئے آیت اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى نازل ہوئی۔ سورۂ بقرہ میں ہم نے اس آیت کی تشریح کر دی ہے۔

جس نے برائی ایجاد کی تو سب کرنیوالوں کا گناہ اسکو بھی ہوگا

امام احمد اور امام مسلم نے حضرت جریر بن عبداللہ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' مَنْ سَنَّ سُنَّةً سَیِّئَةً فَلَهٗ وِزْرُهَا وَوِزْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ جس نے کوئی بُرا طریقہ ایجاد کیا اس پر خود اس طریقہ پر عمل کرنے کا بھی گناہ ہوگا اور قیامت تک جو لوگ اس پر عمل کریں گے ان کا گناہ بھی اس پر ہوگا۔

آیت مَنْ قَتَلَ نَفْسًا الخ اور حدیث مَنْ سَنَّ سُنَّةً الخ کا مقصد یہ ہے کہ مرتکب قتل اور سنت سیئہ کا موجد خود تو گناہگار ہوتا ہی ہے لیکن اس کا فعل چونکہ دوسروں کے مجرم اور گناہگار بننے کا سبب ہوتا ہے' اس لئے اس کا جرم دو گونہ ہو جاتا ہے (یہ مطلب نہیں کہ آنے والے مجرموں کا جرم اس پر ڈال دیا جائے گا اور ان کو گناہ سے آزاد کر دیا جائے گا) اسی لئے حدیث کے آخر میں فرمایا ہے: من غیر ان ینقص من اوزارھم شیئًا (بغیر اس کے کہ آئندہ اس طریقہ قبیحہ پر چلنے والوں کے بارے میں کوئی تخفیف کی جائے)۔

آیت ہے وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِیْبَنَّ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَآصَّةً (اُس عذاب سے ڈرو جو صرف ظالموں پر ہی نہیں آئے گا۔ بلکہ عمومی ہوگا ظالم اور غیر ظالم سب پر آئے گا)۔ اسی طرح ایک حدیث مبارک میں آیا ہے جب اللہ کسی قوم پر عذاب نازل کرتا ہے تو (اچھے بُرے) جو لوگ بھی ان کے اندر ہوتے ہیں سب پر وہ عذاب آتا ہے۔ پھر قیامت کے دن ان کے اعمال کے موافق (الگ الگ) ان کو اٹھایا جائے گا۔ رواہ البخاری ومسلم من حدیث ابن

besturdubooks.wordpress.com

عمرحضرت ابوبکرؓصدیق کی روایت سے اصحاب السنن الاربعہ نے ایک حدیث نقل کی ہے' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' ظالم کوظلم کرتے دیکھ کر جب لوگ اس کا ہاتھ نہیں پکڑیں گے تو ہوسکتا ہے کہ اللہ کا عذاب سب پر عموماً آ جائے۔

ان دونوں حدیثوں کا اور آیت وَاتَّقُوا فِتْنَۃً الخ کا مطلب یہ ہے کہ جن لوگوں نے خودتو گناہوں کا ارتکاب نہیں کیا لیکن امر بالمعروف کوترک کر دیا اور مجرموں کوگناہ سے نہیں روکا وہ بھی عذاب کے دائرے میں آ جائیں گے۔

مسئلہ:- کیا میت کے گھر والوں کے رونے سے میت پر عذاب ہوتا ہے؟

علماء سلف کا اس میں اختلاف ہے' صحیحین میں حضرت عبداللہؓ بن ملیکہ کی روایت سے آیا ہے کہ حضرت عثمانؓ بن عفان کی ایک لڑکی کا مکہ میں انتقال ہو گیا ہم جنازہ کی شرکت کے لئے گئے وہاں حضرت ابن عمرؓ اور حضرت ابن عباسؓ بھی موجود تھے' حضرت ابن عمرؓ نے عمر بن عثمانؓ سے کہا کیا تم رونے سے باز نہیں آ ؤ گے' حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ گھر والوں کے رونے سے میت پر عذاب ہوتا ہے۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا' حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایسا فرماتے تو تھے' پھر حضرت ابن عباسؓ نے ایک حدیث بیان کی اور فرمایا۔ جب حضرت عمرؓ زخمی ہو گئے تو صہیبؓ رونے لگے اور کہنے لگے ہائے بھائی ہائے ساتھی حضرت عمرؓ نے فرمایا صہیب! کیا تم مجھ پر رو رہے ہو باوجودیکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ گھر والوں کے بعض گریہ کرنے سے میت پر عذاب ہوتا ہے۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا' جب حضرت عمرؓ کی وفات ہو گئی تو میں نے اس حدیث کا ذکر حضرت عائشہؓ سے کیا ام المومنین نے فرمایا' عمرؓ پر اللہ کی رحمت ہو خدا کی قسم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نہیں فرمایا کہ گھر والوں کے رونے سے میت پر عذاب ہوتا ہے بلکہ یہ فرمایا کہ کافر کے گھر والوں کے رونے سے اللہ کافر کا عذاب بڑھا دیتا ہے۔ پھر حضرت عائشہؓ نے فرمایا۔ تمہارے لئے قرآن کی یہ آیت کافی ہے لَا تَزِرُ وَازِرَۃٌ وِّزْرَ اُخْرٰی ۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا' اللہ ہی ہنساتا اور رُلاتا ہے۔ ابن ابی ملیکہ کا بیان ہے اس پر حضرت ابن عمرؓ نے کچھ نہیں کہا (یعنی تردید نہیں کی)۔

میں کہتا ہوں حضرت عائشہؓ نے جو حضرت عمرؓ کے بیان کی تغلیط کی وہ کمزور ہے کیونکہ حضرت عمرؓ حضرت عائشہؓ سے زیادہ فقیہ (واقف شریعت) تھے اور حضرت عمرؓ کی شہادت شہادت اثبات ہے (جو شہادت نفی کے مقابلہ میں قابل ترجیح ہے) اس کے علاوہ حضرت عمرؓ کی روایت کی تائید دوسری احادیث سے بھی ہوتی ہے۔

حضرت مغیرہؓ بن شعبہ کا بیان ہے میں نے خود سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے' جس پر نوحہ کیا جاتا ہے اس نوحہ کی بقدر اس پر عذاب ہوتا ہے۔

ابویعلی نے حضرت ابوبکرؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (مردہ کے) کنبہ والوں کے رونے کی وجہ سے میت پر گرم پانی ڈالا جاتا ہے اسی قسم کی احادیث ابن حبان کی صحیح میں حضرت انسؓ اور حضرت عمران بن حصین کی روایت سے اور طبرانی نے حضرت سمرہ بن جندب کی روایت سے اور ابویعلی نے حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے بیان کی ہیں۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت عمرؓ والی حدیث صحیح ہے۔

بعض علماء کا قول ہے کہ عذاب دینے سے مراد ہے ملائکہ کا میت کو زجر وتنبیہ کرنا۔ ترمذی' حاکم اور ابن ماجہ نے فرموعاً بیان کیا ہے کہ جس میت پر نوحہ کرنے والی عورت نوحہ کرتی اور کہتی ہے واجبلاہُ واسیداہ اور اس قسم کے دوسرے الفاظ تو اللہ کی طرف سے دو فرشتے اس پر مقرر کئے جاتے ہیں جو میت کو جھڑکتے ہیں اور کہتے ہیں کیا تو ایسا تھا۔

میں کہتا ہوں اس تاویل پر بھی تعارض دفع نہیں ہوتا کیونکہ دوسرے کے فعل پر میت کو جھڑکنا بھی لَا تَزِرُ وَازِرَۃٌ وِّزْرَ اُخْرٰی کے خلاف ہے۔ بعض علماء کا خیال ہے کہ عذاب دینے سے مراد یہ ہے کہ متعلقین کے فعل سے میت کو رنج اور دکھ ہوتا ہے۔ طبرانی اور ابن ابی شیبہ نے قیلہ بنت محترمہ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ قیلہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اپنے مرے ہوئے لڑکے کا ذکر کیا اور رونے لگی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی ہے جو اس چیخنے والی کو زبردستی چپ کرا دے اللہ کے بندو! اپنے مردوں کو تکلیف نہ دو۔ ابن جریر نے اسی قول کو پسند کیا ہے اور تمام ائمہ نے جن میں ابن تیمیہ بھی ہیں اسی تاویل کو اختیار کیا ہے۔

سعید بن منصور راوی ہیں کہ حضرت ابن مسعودؓ نے کچھ عورتوں کو ایک جنازہ کے ساتھ دیکھا' فرمایا: لوٹ جاؤ' بار گناہ اٹھانے والیو' ثواب نہ پانے والیو' زندوں سے آگے بڑھ کر مردوں کو دُکھ نہ پہنچاؤ۔

دفع تعارض کو صحیح صورت یہ ہے کہ حدیث میں میت پر عذاب ہونے سے اُس میت پر عذاب ہونا مراد ہو جو (اپنی زندگی میں) مُردے پر رونے کا عادی تھا' یا جس نے اپنے مرنے کے بعد گھر والوں کو نوحہ کرنے کی وصیت کی ہو یا وصیت نہ بھی کی ہو لیکن اس کو معلوم ہو کہ میرے مرنے کے بعد گھر والے نوحہ کریں گے اور باوجود اس علم کے ان کو پس مرگ نوحہ کرنے سے منع نہ کیا ہو اس توجیہ پر میت پر جو عذاب ہوگا وہ میت کے اپنے جرم کی وجہ سے ہوگا۔ دوسرے کے گناہ کا بار اس پر نہ ہوگا۔ امام بخاری نے اسی قول کو پسند کیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ۝۳۹

اور یہ کہ آدمی کو وہی ملتا ہے جو اُس نے کمایا ☆

ہرکوئی اپنے کئے کا مالک ہے

☆ یعنی آدمی جو کچھ کوشش کر کے کماتا ہے

besturdubooks.wordpress.com

وہ ہی اس کا ہے۔ کسی دوسرے کی نیکیاں لے اڑے یہ نہیں ہوسکتا۔ باقی کوئی خود اپنی خوشی سے اپنے بعض حقوق دوسرے کو ادا کردے اور اللہ اس کو منظور کرلے وہ الگ بات ہے، جس کی تفصیل حدیث وفقہ سے معلوم ہوسکتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

ایصال ثواب کا مسئلہ: آیت مذکورہ کا مفہوم یہ ہے کہ ایک شخص دوسرے کے فرائض ایمان ونماز وروزہ کو ادا کرکے دوسرے کو سبکدوش نہیں کرسکتا' تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ ایک شخص کے نفلی عمل کا کوئی فائدہ اور ثواب دوسرے شخص کو نہ پہنچ سکے' ایک شخص کی دعاء اور صدقہ کا ثواب دوسرے شخص کو پہنچنا نصوص شرعیہ سے ثابت اور تمام اُمت کے نزدیک اجماعی مسئلہ ہے۔ (ابن کثیر)

صرف اس مسئلہ میں امام شافعیؒ کا اختلاف ہے کہ تلاوت قرآن کا ثواب کسی دوسرے کو بخشا اور پہنچایا جاسکتا ہے یا نہیں' امام شافعیؒ اس کا انکار کرتے ہیں اور آیت مذکورہ کا مفہوم عام لے کر اس سے استدلال فرماتے ہیں' جمہور ائمہ اور امام اعظم ابو حنیفہؒ کے نزدیک جس طرح دعاء اور صدقہ کا ثواب دوسرے کو پہنچایا جاسکتا ہے اسی طرح تلاوت قران اور ہر نفلی عبادت کا ثواب دوسرے شخص کو بخشا جاسکتا ہے اور وہ اس کو ملے گا' قرطبی نے اپنی تفسیر میں فرمایا کہ احادیث کثیرہ اس پر شاہد ہیں کہ مؤمن کو دوسرے شخص کی طرف سے عمل صالح کا ثواب پہنچتا ہے' تفسیر مظہری میں اس جگہ ان احادیث کو جمع کردیا ہے جس سے ایصال ثواب کا فائدہ دوسرے کو پہنچنا ثابت ہوتا ہے۔

صُحفِ موسیٰ وابراہیم کے دو حکم: اوپر صحف موسیٰ وابراہیم علیہما السلام کے حوالے سے جو دو مسئلے بیان کئے گئے ہیں۔ ایک یہ کہ ایک شخص کے گناہ کا عذاب کسی دوسرے کو نہیں پہنچے گا' اور ایک کے گناہ میں دوسرا کوئی نہ پکڑا جائیگا۔ دوسرا یہ کہ ہر شخص پر جن اعمال کی شرعی ذمہ داری ہے اس سے سبکدوشی خود اس کے اپنے عمل سے ہوگی' دوسرے کا عمل اس کو سبکدوش نہ کرے گا۔ (معارف مفتی اعظم)

اس آیت کا منسوخ ہونا: حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا' آیت وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ۔ دوسری آیت اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ الخ سے منسوخ ہے۔ عکرمہ کا قول ہے کہ آیت مذکورہ کا حکم حضرت ابراہیمؑ اور حضرت موسیٰؑ کی امتوں کے لئے مخصوص تھا۔ امت اسلامیہ کو تو اپنے کئے ہوئے نیک اعمال کا بھی ثواب ملے گا۔ اور ان نیکیوں کا بھی جو ان کے دوسرے کریں۔

ایصال ثواب کی احادیث

(۱) ابونعیم نے لکھا ہے کہ حضرت ابوسعید خدریؓ نے فرمایا' میں نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ اللہ جب اپنے مؤمن بندے کی روح قبض کرلیتا ہے تو دو فرشتے اس کو آسمان تک چڑھا کر لے جاتے ہیں اور عرض کرتے ہیں' اے ہمارے رب! تو نے ہم کو اس مؤمن کے اعمال لکھنے کا ذمہ دار بنایا تھا' اب تو نے اس کو اپنے پاس بلا لیا۔ ہم کو اجازت عطا فرما کہ ہم زمین میں جا کر رہیں' اللہ فرماتا ہے۔ میری زمین تو میری مخلوق سے بھری پڑی ہے جو میری پاکی بیان کرتی ہے۔ اب تم دونوں جا کر میرے (اس) بندے کی قبر پر قیام کرو اور میری تسبیح وتہلیل اور تکبیر میں قیامت تک مشغول رہو اور اس کا ثواب میرے (اس) بندے کے لئے لکھ دو۔

(۲) مسلم نے حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب انسان مرجاتا ہے تو اس کا عمل منقطع ہوجاتا ہے' مگر تین چیزوں کا (سلسلہ جاری رہتا ہے) صدقۂ جاریہ۔ وہ علم جس سے نفع حاصل کیا جائے (مثلاً دینیات کا درس تصنیفات وغیرہ) یا صالح اولاد جو اس (میت) کے لئے دعا کرے۔

(۳) طبرانی نے حضرت ابوہریرہؓ اور حضرت ابوسعیدؓ کی مرفوع روایت بیان کی ہے کہ اللہ جنت کے اندر نیک بندے کے درجے کو اونچا کردے گا' بندہ عرض کرے گا اے میرے رب! میرے یہ درجہ کی بلندی کیسے ہوئی اللہ فرمائے گا' تیرے بیٹے نے تیرے لئے مغفرت کی دعا کی تھی (اس کی وجہ سے) تیرا درجہ بلند کردیا گیا۔

(۴) حضرت ابن عباسؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' قبر کے اندر مردہ ایسا ہوتا ہے جیسا کوئی ڈوبتا آدمی ہوتا ہے باپ یا ماں یا اولاد یا کسی معتمد دوست کی دُعا کا انتظار کرتا رہتا ہے کہ کسی کی دعا اس کو پہنچ جائے' جب دعا اس کو پہنچ جاتی ہے تو وہ دعا دنیا اور مافیہا سے اس کو زیادہ پیاری ہوتی ہے اور زمین کے باشندوں کی دعا سے اللہ قبروں والوں کے لئے پہاڑوں جیسا (ثواب) قبروں کے اندر پہنچا دیتا ہے' مردوں کے لئے زندوں کا ہدیہ استغفار ہے۔ رواہ البیہقی والدیلمی۔

(۵) طبرانی نے الاوسط میں مرفوع حدیث بیان کی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' میری امت مرحومہ امت ہے گناہ اپنے ساتھ لے کر قبروں میں جائے گی اور قبروں سے بے گناہ ہوکر نکلے گی مؤمن اس کے لئے دعائے مغفرت کریں گے۔ جس کی وجہ سے وہ گناہوں سے خالص (پاک) ہوجائے گی۔

(۶) حضرت عائشہؓ راوی ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا' یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میری ماں بغیر کچھ وصیت کئے اچانک مرگئی اور میرا غالب خیال ہے کہ اگر وہ بات کرسکتی تو کچھ خیرات کرتی' اب اگر میں اس کیطرف سے کچھ خیرات کروں تو کیا اس کو ثواب پہنچے گا۔ فرمایا۔ ہاں۔ متفق علیہ۔

(۷) حضرت ابن عباسؓ کی روایت ہے کہ حضرت سعد بن عبادہ کی غیر حاضری میں ان کی ماں کا انتقال ہوگیا۔ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میری ماں کا انتقال ہوگیا۔ میں موجود نہ تھا اگر اس کی طرف سے میں کچھ خیرات کروں تو کیا اس کو کچھ فائدہ پہنچے گا؟ فرمایا ہاں۔ سعدؓ نے عرض کیا تو میں آپ کو گواہ

besturdubooks.wordpress.com

بتاتا ہوں کہ میرا باغ میری ماں کی طرف سے خیرات ہے۔ رواہ البخاری۔

(۸) امام احمد اور چاروں اصحاب السنن نے لکھا ہے کہ حضرت سعد بن عبادہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، میری والدہ کا انتقال ہو گیا اب اس کے لئے کونسی خیرات سب سے بہتر ہوگی فرمایا، پانی یہ فرمان سن کر حضرت سعدؓ نے ایک کنواں کھدوا دیا اور کہا یہ سعد کی ماں کے لئے ہے۔

(۹) حضرت ابن عمرؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم میں سے کوئی شخص کوئی نفلی خیرات کرے تو ماں باپ کی طرف سے کرے اس خیرات کا ثواب اس کے ماں باپ کو ملے گا۔ اور خود اس کے ثواب میں بھی کوئی کمی نہیں ہوگی۔

(۱۰) حضرت انسؓ کا بیان ہے، میں نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کہ جس گھر میں کوئی مرجائے۔ پھر گھر والے اس کے لئے کچھ خیرات کریں تو جبرئیلؑ نور کے ایک طباق میں اس کو لے کر میت کے قبر کے کنارے کھڑے ہو کر کہتے ہیں۔ اے گہری قبر والے یہ تحفہ ہے جو تیرے گھر والوں نے تجھے بھیجا ہے۔ اس کو لے لے اس طرح وہ مردہ وہ تحفہ لے کر قبر میں جاتا ہے اور خوش ہوتا ہے، لیکن اس کے برابر قبروں والے جن کو کچھ نہیں بھیجا جاتا وہ غمگین ہوتے ہیں۔ رواہ الطبرانی فی الاوسط۔

(۱۱) حضرت ابن عمرؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنے ماں باپ کی طرف سے حج کرتا ہے، اللہ دوزخ سے آزادی اس کے والدین کے لئے لکھ دیتا ہے اور ان کے لئے حج کامل ہو جاتا ہے لیکن حج کرنے والے کے ثواب میں بھی کوئی کمی نہیں آتی۔

(۱۲) ابو عبد اللہ ثقفی نے حضرت زیدؓ بن ارقم کی روایت سے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ جس کے ماں باپ نے حج نہ کر پایا ہو اور وہ ماں باپ کے لئے حج کر لے تو کیا حکم ہے۔ فرمایا اس کے ماں باپ آزاد ہو جائیں گے۔ اور آسمان میں ان کی روحوں کو بشارت دی جائے گی اور اللہ کے ہاں اس کو (ماں باپ کے ساتھ) نیکی لکھا جائے گا۔

(۱۳) حضرت عقبہ بن عامر راوی ہیں کہ ایک عورت نے حاضر خدمت ہو کر عرض کیا، میری ماں مرچکی ہے کیا میں اس کی طرف سے حج کر سکتی ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، یہ بتا کہ اگر تیری ماں پر کچھ قرض ہو اور تو (اس کی طرف سے) ادا کر دے (تو کیا ادا ہو جائے گا عورت نے عرض کیا کیوں نہیں، حضور نے اس کو ماں کے لئے حج کرنے کا حکم دیدیا۔ (رواہ الطبرانی)

(۱۴) حضرت انسؓ کی روایت ہے ایک شخص نے خدمت گرامی میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ میرا باپ مرگیا اور حج اسلام (یعنی فرض حج نہ کر پایا (کیا میں اس کی طرف سے حج کر سکتا ہوں) فرمایا یہ بتا کہ اگر تیرے باپ پر قرض ہو (اور وہ ادا نہ کر سکا ہو تو) کیا تو اس کی طرف سے ادا کر دے گا؟ اُس نے کہا، جی ہاں۔ فرمایا، تو یہ بھی اس پر قرض تھا تو ادا کر دے۔ رواہ البزار والطبرانی بسند حسن۔

(۱۵) حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی میت کی طرف سے حج کرے گا اس کو بھی اتنا ہی ثواب ملے گا۔ جتنا میت کو ملے گا (یا میت کو بھی اتنا ہی ثواب پہنچ جائے گا جتنا حج کرنے والے کو ملے گا) رواہ الطبرانی فی الاوسط۔

(۱۶) عطاء اور زید بن اسلم کی مرسل روایت ہے کہ ایک شخص نے خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرا باپ مرچکا ہے، میں (اس کو ثواب پہنچانے کے لئے) اس کی طرف سے غلام آزاد کردوں؟ فرمایا ہاں۔ ابن ابی شیبہ نے یہ دونوں حدیثیں بیان کی ہیں۔

(۱۷) حضرت ابن عباسؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سنا ایک شخص کہہ رہا تھا لَبَّیْکَ عَنْ شبرمة۔ (یعنی اس نے احرام حج شبرمہ کے لئے یا شبرمہ کی طرف سے باندھا تھا) فرمایا شبرمہ کون؟ اس شخص نے جواب دیا، میرا بھائی یا میرا عزیز، فرمایا کیا تو اپنا حج کر چکا ہے اس نے عرض کیا نہیں، فرمایا تو پہلے اپنا حج کر پھر شبرمہ کے لئے۔ رواہ ابو داؤد وابن ماجۃ والدار قطنی والبیہقی۔ بیہقی نے اس کی سند کو صحیح کہا ہے۔

(۱۸) ابو الشیخ کا بیان ہے کہ حضرت عمرؓ بن عاص نے خدمت گرامی میں عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! عاص نے وصیت کی تھی کہ اس کی طرف سے کوئی بردے آزاد کئے جاتے ہیں (یعنی کافر کو نہ خیرات کا ثواب پہنچتا ہے نہ حج کا نہ غلام آزاد کرنے کا)۔

(۱۹) حضرت حجاج بن دینار کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، نیکی بالائے نیکی (یعنی دوہری نیکی) یہ ہے کہ تو اپنی نماز کے ساتھ ماں باپ کے لئے بھی نماز پڑھے اور اپنے روزے کے ساتھ ان کے لئے بھی روزہ رکھے اور اپنے لئے خیرات کرنے کے ساتھ ان کے لئے بھی خیرات کرے۔ رواہ ابن ابی شیبۃ۔

(۲۰) حضرت بریدہؓ کی حدیث ہے کہ ایک عورت نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر میری ماں پر دو ماہ کے روزے ہوں (اور مرجائے) اور میں اس کی طرف سے رکھ لوں تو کیا کافی ہو جائے گا۔ فرمایا، ہاں اس عورت نے عرض کیا، میری ماں نے کبھی حج نہیں کیا، کیا میں اس کی طرف سے حج کر سکتی ہوں۔ فرمایا، ہاں۔ رواہ مسلم۔

(۲۱) حضرت عائشہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جو شخص مرجائے اور اس پر روزے ہوں تو اس کا ولی اس کی طرف سے روزے رکھ لے۔ متفق علیہ۔

(۲۲) حضرت علیؓ کی مرفوع حدیث ہے کہ جو شخص قبرستان سے گذرے اور قل ہو اللہ احد گیارہ بار پڑھ کر اس کا ثواب مردوں کو بخشدے اللہ اس قبرستان کے (تمام) مردوں کی تعداد کے موافق اس کو ثواب عطا فرمائے گا۔ رواہ ابو محمد السمرقندیؒ۔

(۲۳) حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص قبرستان میں داخل ہو پھر سورۂ فاتحہ اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اور

besturdubooks.wordpress.com

اَلْھٰکُمُ التَّکَاثُرُ پڑھ کر کہے۔ میں نے جو تیرا کلام پڑھا اس کا ثواب اس قبرستان کے مومن مردوں اور مومن عورتوں کو بخش دیا تو اللہ کی بارگاہ میں وہ مُردے اس کی شفاعت کریں گے۔ رواہ ابوالقاسم۔ سعد بن علی۔

(٢٤) حضرت انسؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' جو شخص قبرستان میں جائے پھر سورۂ یٰسین پڑھے تو اللہ ان مردوں سے عذاب ہلکا کر دے گا اور اس قبرستان کے مردوں کی تعداد کے موافق اس شخص کے لئے نیکیاں (لکھ دی جائیں گی) اخرجہ عبدالعزیز صاحب الخلال بسندہ۔

(٢٥) ابن سعد نے قاسم بن محمد کی روایت سے بیان کیا ہے کہ حضرت عائشہؓ نے اپنے بھائی عبدالرحمٰن کے لئے ان کے موروثی غلاموں میں سے ایک غلام کو آزاد کیا آپ کو امید تھی کہ اس کا فائدہ حضرت عبدالرحمٰن کو مرنے کے بعد پہنچے گا۔

امت کا اجماع: حافظ شمس الدین بن عبدالواحد نے کہا لوگ ہمیشہ سے ہر شہر میں جمع ہو کر اپنے مردوں کے لئے قرآن پڑھتے رہے ہیں اور کسی نے اس کو ناجائز نہیں قرار دیا تو گویا اس پر اجماع ہو گیا خلالی نے شعبی کی روایت سے بیان کیا ہے کہ انصار میں جب کوئی شخص مر جاتا تھا تو لوگ اس کی قبر پر آتے جاتے' قرآن پڑھا کرتے تھے۔ احیاء العلوم میں امام احمد بن حنبل کی روایت سے آیا ہے کہ جب تم قبرستان میں داخل ہو تو سورۂ فاتحہ اور معوذتین اور قل ہو اللہ احد پڑھا کرو اور اس کا ثواب اس قبرستان کے مُردوں کو بخش دیا کرو' تمہارا پڑھنا (یعنی پڑھنے کا ثواب) ان کو پہنچ جائے گا۔

زندوں کی دعاء سے مردوں کو فائدہ: سیوطی کا قول ہے کہ متعدد لوگوں نے اس بات پر اجماع کا ہونا بیان کیا ہے کہ (زندوں کی) دعا سے مردوں کو فائدہ ہوتا ہے اس کی دلیل قرآن کی یہ آیت ہے اللہ نے فرمایا ہے۔

وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ ۔

میں کہتا ہوں یہ امر ظاہر ہے کہ زندوں کی دعا سے مردوں اور زندوں' دونوں کو فائدہ پہنچتا ہے اور یہ بات صرف اسی امت کے لئے مخصوص نہیں ہے۔ حضرت نوح علیہ السلام نے دعا کی تھی رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۔ حضرت ابراہیمؑ نے آزر سے فرمایا تھا۔ سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّيْ اِنَّهٗ كَانَ بِيْ حَفِيًّا ۔ حضرت یوسفؑ نے اپنے بھائیوں سے فرمایا تھا۔ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ۔ حضرت یوسفؑ کے بھائیوں نے اپنے باپ سے درخواست کی تھی يٰٓاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَآ اِنَّا كُنَّا خٰطِئِيْنَ قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّيْ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۔

آیت کی توجیہ میں بیضاوی نے لکھا ہے کہ جو شخص حج اور خیرات کرنے کی نیت رکھتا ہو (اور بغیر کئے مر جائے تو وہ توبہ کرنے والے کی طرح ہو جاتا ہے (متعلقین کا اس کے لئے حج اور خیرات کرنا گویا ایسا ہی ہو جاتا ہے جیسے اس نے خود کیا ہو) بعض علماء نے آیت کی تاویل اس طرح کی ہے کہ مومن کا دوسرے کی سعی سے فائدہ اندوز ہونا اس کے ایمان پر مبنی ہے اور ایمان اس کا اپنا فعل ہے' لہٰذا اس کے لئے دوسروں کا کوئی عمل خیر کرنا خود اس کی اپنی سعی کے تابع ہوا۔ (تفسیر مظہری)

دفن کے وقت آیات کا پڑھنا:

سیوطی نے لکھا ہے دفن کے وقت میت کے سرہانے سورۃ فاتحہ اور پاؤں کی طرف سورۂ بقرہ کی آخری آیات پڑھنا وارد ہوا ہے۔ حضرت ابن عمرؓ کی مرفوع روایت میں آیا ہے۔ لیکن حضرت علا بن الجلاج کی مرفوع روایت میں پاؤں کی طرف سورۂ بقرہ کی ابتدائی اور آخری آیات کا پڑھنا آیا ہے۔ ایک حدیث ہے اپنے مردوں پر سورۂ یٰسین پڑھو' قرطبی نے کہا جمہور کے نزدیک اس کا مطلب ہے مرنے کے وقت سورۂ یٰسین کا پڑھنا۔ عبدالواحد مقدسی نے کہا اس کا مطلب ہے قبرستان میں داخل ہونے کے وقت یٰسین پڑھنا۔ محب طبری نے کہا دونوں حالتوں میں پڑھنا مراد ہے۔

ابن ابی شیبہ نے عطاء کا قول نقل کیا ہے آدمی کے مرنے کے بعد (اس کے متعلقین کی طرف سے اس کے لئے) غلاموں کو آزاد کرنا اور حج کرنا اور خیرات کرنا اس کے پیچھے پہنچ جاتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

علامہ زبیدیؒ کا قول: علامہ زبیدی شرح احیاء میں فرماتے ہیں کہ علماء اہلسنت ایصال ثواب پر متفق ہیں اور یہ خیال غلط ہے کہ اموات کو زندوں کی طرف سے کسی عمل صالح اور خیر کا ثواب نہیں پہنچتا۔

یعنی انسان اپنی ہی سعی کا مالک ہوتا ہے نہ کہ دوسرے کی سعی کا ہاں اگر اپنی سعی اور عمل کسی اور کو ہدیہ اور ہبہ کر دے تو بے شک دوسرا بھی اس سے منتفع ہو سکتا ہے جیسے کہ مال و دولت جس کا انسان مالک ہو تو دوسرے کو ہبہ کر دینے سے دوسرا اس سے مستفید و منتفع ہو جاتا ہے۔

زُعم باطل کی تردید: انسان کو اپنے آباؤ اجداد کے عمل پر بھروسہ نہ کرنا چاہئے کہ ان کے صلاح و تقویٰ سے میری نجات ہو جائے گی بلکہ اس کو چاہئے کہ خود بھی عمل کرے ورنہ اگر ترک عمل کر کے آباؤ اجداد پر امید لگائے بیٹھا رہے گا تو قرآن کریم نے اس زعم فاسد کا رد کر دیا ہے فرمایا تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ وَلَا تُسْئَلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۔ یا یہ مطلب ہے کہ کوئی شخص دوسرے کے جرم میں ماخوذ نہیں ہو گا جیسے کہ ارشاد ہے۔ فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۔

قرآن کریم سے مردوں کے لئے دعا و استغفار ثابت ہے جیسے کہ ارشاد ہے۔

وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ ۔ (معارف کاندھلوی)

besturdubooks.wordpress.com

وَاَنَّ سَعْيَهٗ سَوْفَ يُرٰى ۝٤٠ ثُمَّ

اور یہ کہ اُس کی کمائی اُس کو دکھلانی ضرور ہے پھر

يُجْزٰىهُ الْجَزَآءَ الْاَوْفٰى ۝٤١

اُس کو بدلہ ملنا ہے اُس کا پورا بدلہ ☆

☆یعنی ہر ایک کی سعی وکوشش اس کے سامنے رکھ دی جائیگی اور اس کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا۔ (تفسیر عثمانی)

آیت کا مطلب: یعنی انسان اگر مومن ہے تو قیامت کے دن وزن اعمال کے وقت اس کی سعی سامنے آ جائے گی اور دیکھ لی جائے گی۔ لیکن کافر کے اعمال اکارت جائیں گے۔ کیونکہ اعمال کے بارآور ہونے کی اولین شرط خلوص نیت ہے اور اس کا عمل خیر لوجہ اللہ ہونا نہیں ہے یا اعمال کے اکارت جانے کی یہ وجہ ہوگی کہ دنیا میں ہی وہ اپنی بھلائیوں کا بدلہ پا چکتا ہے (کوئی نیکی باقی ہی نہیں رہتی)۔

میں کہتا ہوں اولیٰ یہ ہے کہ اس جگہ سعی کا ترجمہ ارادہ کرنا' کیا جائے۔

(۲) بعض محققین نے کہا کہ سعی کا (لغوی) معنی ہے تیز چلنا اور کسی کام کی کوشش کرنے کیلئے اس کا استعمال ہوتا ہے۔ اس صورت میں آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ انسان کو وہی ملے گا جس کے لئے اس نے اپنے عمل سے ارادہ کیا ہو (یعنی عمل کی نیت کے موافق عمل کا نتیجہ ہوگا) ایک صحیح حدیث ہے انما الاعمال بالنیات وان لکل امرء مانوی فمن کانت هجرته الی الله ورسوله فهجرته الی الله ورسوله ومن کانت هجرته الی الدنیا یصیبها او المرءة نکحها فهجرته الی ماهاجر الیه. (متفق علیہ) اعمال (کا نتیجہ) نیتوں کے مطابق ہوگا۔ ہر شخص کو وہی ملے گا جس کی اس نے نیت کی ہوگی' سو جس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کی طرف ہوگی تو اس کی ہجرت بے شک اللہ اور اس کے رسول ہی کی طرف ہوگی اور جس کی ہجرت دنیا حاصل کرنے یا کسی عورت سے نکاح کی غرض سے ہوگی تو اس کی ہجرت اسی مقصد کی طرف ہوگی جس کے لئے اس نے ہجرت کی ہوگی۔ (بخاری ومسلم) بصورت مذکورہ آیت کا مطلب بھی اسی حدیث کے موافق ہوگا۔ اس مطلب پر یہ لازم نہیں آتا کہ ایک کا عمل دوسرے کے لئے فائدہ بخش نہ ہو' دیکھو جنازہ کی نماز اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے درود پڑھنا واجب ہے اور دوسروں کو فائدہ پہنچانے کے لئے ہی ان کو واجب کیا گیا ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَاَنَّ اِلٰى رَبِّكَ الْمُنْتَهٰى ۝٤٢

اور یہ کہ تیرے رب تک سب کو پہنچنا ہے ☆

نیکیوں کا پھل اللہ ہی سے ملتا ہے

☆یعنی تمام علوم وافکار اور سلسلہ وجود کی انتہا اسی پر ہوتی ہے اور سب کو آخر کار اسی کے پاس پہنچنا ہے۔ وہیں سے ہر ایک کو نیکی بدی کا پھل ملے گا۔ (تفسیر عثمانی)

اللہ تعالیٰ کی ذات میں غور کرنا: بغوی نے حضرت ابی بن کعب کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت وَاَنَّ اِلٰى رَبِّكَ الْمُنْتَهٰى کی تشریح میں فرمایا رب (کی ذات وصفات) میں کوئی غور نہیں' یعنی ہر سوچ اور غور کی انتہاء رب پر ہے' وہاں تک پہنچ کر ہر غور وفکر کی رفتار ختم ہو جاتی ہے بغوی کی اس حدیث کا مضمون اس حدیث کے مفہوم کی طرح ہے جو حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے آئی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' مخلوق میں غور کرو خالق (کی ذات و صفات) میں غور مت کرو کیونکہ خالق کا احاطہ کوئی عقل نہیں کر سکتی۔

ابو الشیخ نے العظمة میں اور بغوی نے بروایت حضرت ابن عباسؓ بیان کیا ہے ہر چیز میں غور کرو مگر اللہ کی ذات میں غور نہ کرو' کیونکہ ساتویں آسمان سے اوپر اللہ کی کرسی تک سات ہزار نور (کے طبقات) ہیں اور اللہ سب سے بالا ہے۔

میں کہتا ہوں اس کا مطلب یہ ہے کہ انسانی فکر اللہ کی کرسی تک نہیں پہنچ سکتی۔ اللہ کی ذات تک رسائی پانے کا ذکر ہی کیا ہے وہ تو سب سے اعلیٰ وبالا ہے۔

ابو نعیم نے الحلیہ میں حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے بیان کیا ہے' اللہ کی مخلوق میں غور کرو اللہ (کی ذات وصفات) میں غور مت کرو۔

ابو الشیخ نے حضرت ابو ذرؓ کی روایت سے لکھا ہے' اللہ کی مخلوق پر غور کرو اللہ پر غور نہ کرو۔

غور نہ کرنے کی وجہ: میں کہتا ہوں فکر وغور کے معنی ہیں کسی نا معلوم نتیجہ کو معلوم کرنے کے لئے مقدمات (اور مبادی) کو مرتب کرنا اور ظاہر ہے کہ صرف اللہ کی آیات' نشانات اور آثار صنعت وحکمت میں ترتیب کا تصور ممکن ہے اور مطلوب اللہ کی ذات ہے' یہاں پہنچ کر ہر غور وفکر ختم ہو جاتا ہے (آثار وآیات کی ترتیب سے فکر آگے نہیں بڑھتی) کیونکہ اللہ وہ حقیقت صمدیہ ہے جس کی گہرائی تک غور وخوض کی رسائی نہیں۔

ذات الٰہی تک بے کیف رسائی ممکن ہے

خوض فی ذات اللہ کی ممانعت سے یہ نہ سمجھ لینا چاہئے کہ ذات الٰہیہ تک بے کیف رسائی بھی ناممکن ہے۔ اِلٰى رَبِّكَ الْمُنْتَهٰى کے الفاظ تو دلالت کر رہے ہیں کہ انتہاء سیر ذات تک ہے۔ صوفیہ کی اصطلاح میں سیر فی اللہ کا معنی ہے صفات شیون اور اعتبارات کی سیر۔ ذات محض جس کو لاتعین سے تعبیر کیا جاتا ہے مراد نہیں ہوتی۔ (تفسیر مظہری)

شیطان کی حرکت: صحیح حدیث میں بھی یہ مضمون موجود ہے اُس میں

besturdubooks.wordpress.com

ہے کہ شیطان کسی کے پاس آتا ہے اور کہتا ہے اسے کس نے پیدا کیا؟ اور اُسے کس نے پیدا کیا؟ یہاں تک کہ کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو کس نے پیدا کیا؟ اور جب تم میں سے کسی کے دل میں یہ وسوسہ پیدا ہو تو اعوذ پڑھ لے اور اس خیال کو دل سے دور کر دے۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَاَنَّهٗ هُوَ اَضْحَكَ وَاَبْكٰى ﴿۴۳﴾ وَاَنَّهٗ
اور یہ کہ وہی ہے ہنساتا اور رُلاتا اور یہ کہ
هُوَ اَمَاتَ وَاَحْيَا ﴿۴۴﴾ وَاَنَّهٗ خَلَقَ
وہی ہے مارتا اور جلاتا اور یہ کہ اُس نے بنایا
الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ﴿۴۵﴾
جوڑا نر اور مادہ ☆

متضاد کیفیات کا خالق ☆ یعنی اس عالم میں تمام متضاد و متقابل احوال اسی نے پیدا کئے ہیں۔ خیر و شر کا خالق وہ ہی ہے خوشی یا غم کی کیفیات بھیجنا' ہنسانا' رلانا' مارنا' جلانا اور کسی کو نر کسی کو مادہ بنانا اُسی کا کام ہے۔ (تفسیر عثمانی)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہؓ کی خوش دلی

بغوی نے حضرت جابرؓ بن سمرہ کی روایت سے لکھا ہے کہ صحابہؓ کرام (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس) بیٹھ کر باہم شعر خوانی کرتے اور جاہلیت کی باتوں کا تذکرہ کرتے اور ہنستے تھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم بھی اس کے ساتھ مسکرا دیتے تھے۔

مسلم کی روایت کے یہ الفاظ ہیں لوگ باتیں کرتے تھے۔ جاہلیت کی کسی بات کا ذکر شروع کر دیتے تھے پھر ہنستے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی مسکرا دیتے تھے۔

بغوی نے شرح السنۃ میں قتادہ کی روایت سے لکھا ہے کہ حضرت ابن عمرؓ سے دریافت کیا گیا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہنستے تھے۔ حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا' ہاں باوجودیکہ ایمان ان کے دلوں میں پہاڑ سے بھی بڑا (اور مضبوط) تھا۔

بلال بن سعد کا بیان ہے (دن میں) صحابہؓ کرام مختلف اغراض میں خوب مشغول رہتے تھے لیکن جب رات ہوتی تو وہ راہب (تارک الدنیا عابد) ہو جاتے تھے۔

بخاری کی روایت ہے کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا منہ بھر کر ہنستے نہیں دیکھا کہ آپ کے حلق کا کوا مجھے نظر آ جاتا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم صرف مسکرا دیتے تھے۔ صحیحین میں مذکور ہے کہ حضرت جریرؓ نے فرمایا' جب سے میں مسلمان ہوا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے کوئی پردہ داری نہیں کی اور جب بھی آپ نے مجھے دیکھا مسکرا دیئے۔

ترمذی کی روایت ہے کہ حضرت عبداللہؓ بن الحارث بن الجزء نے فرمایا' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ مسکرانے والا کسی کو نہیں دیکھا۔ (تفسیر مظہری)

مِنْ نُّطْفَةٍ اِذَا تُمْنٰى ﴿۴۶﴾ وَاَنَّ عَلَيْهِ
ایک بوند سے جب ٹپکائی جائے اور یہ کہ اُس کے ذمہ ہے
النَّشْاَةَ الْاُخْرٰى ﴿۴۷﴾
دوسری دفعہ اٹھانا ☆

دوبارہ پیدا ہونا ☆ یعنی جس نے ایک قطرہ آب سے نر و مادہ پیدا کر دیئے' دوبارہ پیدا کرنا کیا مشکل ہے (یہ درمیان میں ایک پیدائش سے دوسری پیدائش پر متنبہ کر دیا) (تفسیر عثمانی)

وَاَنَّهٗ هُوَ اَغْنٰى وَاَقْنٰى ﴿۴۸﴾
اور یہ کہ اُس نے دولت دی اور خزانہ ☆

غنی و فقیر ☆ یعنی مال' خزانہ' جائیدادیں سب اسی کی دی ہوئی ہیں اور بعض نے "اقنٰی" کے معنی "افقر" کئے ہیں۔ یعنی اسی نے کسی کو غنی اور کسی کو فقیر بنا دیا۔ یہ معنے پہلے سیاق کے مناسب معلوم ہوتے ہیں۔ کیونکہ متقابل چیزوں کا ذکر چلا آ رہا ہے۔ اور اگر پہلا مطلب لیا جائے تو اس کے مقابل اہلاک کو رکھا جائے جس کا ذکر آگے آتا ہے۔ یعنی خزانے اور مال و دولت دے کر وہ ہی بڑھاتا ہے اور وہ ہی بڑی بڑی دولت مند اور طاقتور قوموں کو تباہ و برباد کرتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَاَنَّهٗ هُوَ رَبُّ الشِّعْرٰى ﴿۴۹﴾
اور یہ کہ وہی ہے رب شعریٰ کا ☆

شِعریٰ کیا ہے ☆ "شعریٰ" ایک بہت بڑا ستارہ ہے جس کو بعض عرب پوجتے تھے اور سمجھتے تھے کہ عالم کے احوال میں اس کی بہت بڑی تاثیر ہے۔ یہاں بتلا دیا کہ "شعریٰ کا رب بھی اللہ ہے۔ دنیا کے تمام الٹ پھیر اسی کے دست قدرت میں ہیں۔ "شعریٰ" غریب بھی ایک ادنیٰ مزدور کی طرح اس کا حکم بجا لاتا ہے۔ اس میں مستقل تاثیر کچھ بھی نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

شعریٰ ایک ستارے کا نام ہے جو جوزاء کے پیچھے واقع ہوا ہے۔ شعریٰ دو ستارے ہیں ایک کو عبور کہتے ہیں اور دوسرے کو غمیص۔ اس جگہ عبور مراد

besturdubooks.wordpress.com

ہے۔ بنی خزاعہ عبور کی پوجا کرتے تھے۔

شعریٰ کی پوجا کا موجد

کوئی شخص تھا کبشہ۔ یہ بنی خزاعہ کا ایک سردار تھا۔ اسی نے اس رسم بد کی ایجاد کی اور قریش کے بت پرستی کے رواج کی مخالفت کی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بھی عرب اسی مناسبت سے ابن ابی کبشہ کہتے تھے کیونکہ آپ نے بھی عرب کی بُت پرستی کی مخالفت کی تھی۔ شعریٰ کے رب ہونے کا خصوصی ذکر اس وجہ سے کیا کہ وہ لوگ شعریٰ کو پوجتے تھے۔ (تفسیر مظہری)

وَاَنَّهٗٓ اَهْلَكَ عَادَا ۨ الْاُوْلٰى ﴿۵۰﴾
اور یہ کہ اُس نے غارت کیا عاد پہلے کو ☆

☆ یعنی حضرت ہود علیہ السلام کی قوم۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی قوم ہود کو جسے عاد بن ارم بن سام بن نوح کہا جاتا ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

وَثَمُوْدَا۟ فَمَآ اَبْقٰى ﴿۵۱﴾ وَقَوْمَ نُوْحٍ
اور ثمود کو پھر کسی کو باقی نہ چھوڑا اور نوح کی قوم کو
مِّنْ قَبْلُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا هُمْ اَظْلَمَ
پہلے ان سے وہ تو تھے اور بھی ظالم
وَاَطْغٰى ﴿۵۲﴾
اور شریر ☆

قوم نوح ☆ کہ سینکڑوں برس تک خدا کے پیغبر نوح علیہ السلام کو سخت ترین ایذائیں پہنچاتے رہے جن کو پڑھ کر کلیجہ پھٹتا ہے اور آنے والوں کے لئے بری راہ ڈال گئے۔ (تفسیر عثمانی)

وَالْمُؤْتَفِكَةَ اَهْوٰى ﴿۵۳﴾ فَغَشّٰىهَا
اور اُلٹی بستی کو پٹک دیا پھر آ پڑا
مَا غَشّٰى ﴿۵۴﴾
اُس پر جو کچھ کہ آ پڑا ☆

☆ یعنی پتھروں کا مینہ (یہ قوم لوط کی بستیوں کا ذکر ہے) (تفسیر عثمانی)

مَا غَشّٰى۔ یعنی اوپر سے نامزد کنکر برسائے۔ لفظ **ما** کا **ابہام عظمت**

عذاب اور تباہی کو ہولناکی پر دلالت کر رہا ہے۔ (تفسیر مظہری)

فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰى ﴿۵۵﴾
اب تو کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلائے گا ☆

ظالموں کی تباہی ☆ یعنی ایسے مفسد ظالموں اور باغیوں کا تباہ کر ڈالنا بھی اللہ کا بڑا بھاری انعام ہے۔ کیا ایسی نعمتوں کو دیکھ کر بھی انسان اپنے رب کو جھٹلاتا ہی رہے گا۔ (تفسیر عثمانی)

خطاب عام: حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ یہ خطاب ہر انسان کو ہے کہ سابقہ آیات اور صحف موسیٰ و ابراہیم علیہما السلام میں آئی ہوئی آیات ربانی میں کوئی ذرا بھی غور فکر کرے تو اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وحی اور تعلیمات کے حق ہونے میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں رہتی اور اقوام سابقہ کی ہلاکت وعذاب کے واقعات سنکر مخالفت سے باز آ جانے کا اچھا موقع ملتا ہے جو حق تعالیٰ کی ایک نعمت ہے اس کے باوجود تم اللہ تعالیٰ کی کس کس نعمت میں جھگڑا اور خلاف کرتے رہو گے۔ (معارف مفتی اعظم)

هٰذَا نَذِيْرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰى ﴿۵۶﴾
یہ ایک ڈر سنانیوالا ہے پہلے سنانیوالوں میں کا ☆

نذیر انسانیت صلی اللہ علیہ وسلم ☆

یعنی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم مجرموں کو اسی طرح برے انجام سے ڈرانے والے ہیں جیسے ان سے پیشتر دوسرے نبی ڈرا چکے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

حدیث میں ہے تمہیں کھلم کھلا ڈرانے والا ہوں۔ یعنی جس طرح کوئی شخص کسی بُرائی کو دیکھ لے کہ وہ قوم کے قریب پہنچ چکی ہے اور پھر جس حالت میں ہو اُسی میں دوڑا بھاگا آ جائے اور قوم کو دفعۃً متنبہ کر دے کہ دیکھو وہ بلا آ رہی ہے فوراً تدارک کر لو اسی طرح قیامت کے ہولناک عذاب بھی لوگوں کی غفلت کی حالت میں ان سے بالکل قریب ہو گئے ہیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اُن عذابوں سے ہوشیار کر رہے ہیں جیسے اس کے بعد کی سورت میں ہے اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ قیامت قریب آ چکی ہے۔ مسند احمد کی حدیث میں ہے لوگو! گناہوں کو چھوٹا اور حقیر جاننے سے بچو۔ سنو! چھوٹے چھوٹے گناہوں کی مثال ایسی ہے جیسے ایک قافلہ کسی جگہ اُترا سب ادھر اُدھر چلے گئے اور لکڑیاں سمیٹ کر تھوڑی تھوڑی لے آئے۔ تو گو ہر ایک کے پاس لکڑیاں کم کم ہیں لیکن جب وہ سب جمع کر لی جائیں تو ایک انبار لگ جاتا ہے جس سے دیگیں کی دیگیں پک جائیں۔ اسی طرح چھوٹے چھوٹے گناہ جمع ہو کر ڈھیر لگ جاتا ہے اور اچانک اس گنہگار کو پکڑ لیا جاتا ہے اور یہ ہلاک ہو جاتا ہے۔ اور حدیث میں

besturdubooks.wordpress.com

ہے میری اور قیامت کی مثال ایسی ہے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی شہادت کی اور درمیان کی انگلی اٹھا کر ان کا فاصلہ دکھایا۔ میری اور قیامت کی مثال دو گھوڑوں کی سی ہے۔ میری اور آخرت کے دن کی مثال ٹھیک اس طرح ہے جس طرح ایک قوم نے کسی شخص کو طلائے پر بھیجا' اس نے دشمن کے لشکر کو بالکل نزدیک کی کمین گاہ میں چھاپہ مارنے کے لئے تیار دیکھا یہاں تک کہ اُسے ڈر لگا کہ میرے پہنچنے سے پہلے ہی کہیں یہ نہ پہنچ جائیں تو وہ ایک ٹیلے پر چڑھ گیا اور وہیں کپڑا ہلا ہلا کر انہیں اشارے سے بتلا دیا کہ خبردار ہو جاؤ دشمن سر پر موجود ہے۔ پس میں ایسا ہی ڈرانے والا ہوں۔ اس حدیث کی شہادت میں اور بھی بہت سی حسن اور صحیح حدیثیں موجود ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا خطاب:

صحیحین کی روایات میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو صلوٰۃ الکسوف یعنی سورج گہن کی نماز میں جنت وجہنم کے مناظر پیش کئے گئے اور آپ نے اپنے خطبہ میں ارشاد فرمایا اے لوگو! خداوند عالم بڑا ہی غیور ہے اور اسی وجہ سے اس نے فواحش اور بے حیائیوں کو حرام فرمایا ہے۔ مراد یہ تھی کہ بے حیائی کا ارتکاب کرنے والے شخص کو اس بات سے غافل نہ ہونا چاہئے کہ وہ خداوند عالم کی غیرت کو پامال کر کے خدا کے قہر وغضب کو دعوت دے رہا ہے اور اس صورت میں اسے اپنے انجام سے بےفکر نہ ہونا چاہئے۔

اور ایک حدیث میں ہے آپ نے ارشاد فرمایا اے لوگو! اگر تم وہ بات جان لو جو مجھے معلوم ہے تو تم لوگ ہنسنا بھول جاؤ گے اور کثرت سے رویا کرو گے اور حتیٰ کہ تمہیں اپنے بستروں پر چین نہ آئے گا اور تم جنگلوں میں نکل جاؤ گے۔ (معارف کاندھلوی)

اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ ﴿۵۷﴾ لَيْسَ لَهَا مِنْ
آ پہنچی آنے والی کوئی نہیں اُس کو
دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ﴿۵۸﴾
اللہ کے سوائے کھول کر دکھانیوالا ☆

قیامت قریب ہے ☆ یعنی قیامت قریب ہی آ لگی ہے۔ جس کا ٹھیک وقت اللہ کے سوا کوئی کھول کر نہیں بتا سکتا اور جب وقت معین آ جائے تو کوئی طاقت اس کو دفع نہیں کر سکتی۔ اللہ ہی چاہے تو ٹلے' مگر وہ چاہے گا نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ ﴿۵۹﴾
کیا تم کو اس بات سے تعجب ہوتا ہے

وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَاَنْتُمْ
اور ہنستے ہو اور روتے نہیں
سٰمِدُوْنَ ﴿۶۱﴾
اور تم کھلاڑیاں کرتے ہو ☆

قرب قیامت کا تقاضا ☆ یعنی قیامت اور اس کے قرب کا ذکر سن کر چاہئے تھا خوف خدا سے رونے لگتے اور گھبرا کر اپنے بچاؤ کی تیاری کرتے۔ مگر تم اس کے برخلاف تعجب کرتے اور ہنستے ہو اور غافل و بےفکر ہو کر کھلاڑیاں کرتے ہو۔ (تفسیر عثمانی)

فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ﴿۶۲﴾
سو سجدہ کرو اللہ کے آگے اور بندگی ☆

عقل مند کا فرض ☆ یعنی عاقل کو زیبا نہیں کہ انجام سے غافل ہو کر نصیحت وفہمائش کی باتوں پر ہنسے اور مذاق اڑائے بلکہ لازم ہے کہ بندگی کی راہ اختیار کرے۔ اور مطیع ومنقاد ہو کر جبین نیاز خداوند قہار کے سامنے جھکا دے (تنبیہ) روایات میں ہے کہ سورۃ نجم پڑھ کر آپ نے سجدہ کیا اور تمام مسلمان اور مشرک جو حاضر تھے سجدہ میں گر پڑے۔ حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرہ لکھتے ہیں کہ "اس وقت سب کو ایک غاشیۂ الٰہیہ نے گھیر لیا تھا۔ گویا ایک غیبی اور قہری تصرف سے طوعاً و کرھاً سب کو سربسجود ہونا پڑا۔ صرف ایک بدبخت جس کے دل پر سخت مہر تھی اس نے سجدہ نہ کیا مگر زمین سے تھوڑی سی مٹی اٹھا کر اس نے بھی پیشانی کو لگالی اور کہا کہ مجھے اسی قدر کافی ہے۔ (تم سورۃ النجم وللہ الحمد والمنۃ) (تفسیر عثمانی)

ایک بدبخت بوڑھا: حضرت ابن مسعودؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے والنجم پڑھی اور اس میں سجدہ کیا اور لوگ آپ کے ساتھ تھے انہوں نے سجدہ کیا۔ مگر قریش کے ایک بوڑھے شخص نے (سجدہ نہیں کیا بلکہ) ایک ہاتھ میں پتھریاں یا مٹی اٹھا کر پیشانی تک لے گیا اور بولا' میرے لئے یہی کافی ہے' حضرت عبداللہؓ نے فرمایا' میں نے دیکھا کہ اس واقعہ کے بعد وہ کفر کی حالت میں مارا گیا۔ متفق علیہ۔ (تفسیر مظہری)

الحمدللہ سورۃ نجم ختم ہوئی

besturdubooks.wordpress.com

جو شخص خواب میں اس کی تلاوت کرے اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس پر جادو کیا جاوے گا اور وہ اس سے نجات پائے گا اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس کو کوئی نقصان پہنچائے گا۔ (ابن سیرینؒ)

سُوْرَةُ الْقَمَرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمْسٌ وَخَمْسُوْنَ اٰيَةً وَثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ قمر مکہ میں نازل ہوئی اس کی پچپن آیتیں اور تین رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے﴾

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ۝

پاس آ لگی قیامت اور پھٹ گیا چاند ☆

معجزہ شق القمر ☆ ہجرت سے پیشتر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم "منیٰ" میں تشریف فرما تھے کفار کا مجمع تھا۔ انہوں نے آپ سے کوئی نشانی طلب کی۔ آپ نے فرمایا آسمان کی طرف دیکھو۔ ناگاہ چاند پھٹ کر دو ٹکڑے ہو گیا۔ ایک ٹکڑا ان میں سے مغرب کی اور دوسرا مشرق کی طرف چلا گیا۔ بیچ میں پہاڑ حائل تھا۔ جب سب نے خوب اچھی طرح یہ معجزہ دیکھ لیا دونوں ٹکڑے آپس میں مل گئے۔ کفار کہنے لگے کہ محمد نے چاند پر یا ہم پر جادو کر دیا ہے اس معجزہ کو "شق القمر" کہتے ہیں۔ اور یہ ایک نمونہ اور نشانی تھی قیامت کی کہ آگے سب کچھ یوں ہی پھٹے گا۔ طحاویؒ اور ابن کثیرؒ وغیرہ نے اس واقعہ کے تواتر کا دعویٰ کیا ہے اور کسی دلیل عقلی سے آج تک اس طرح کے واقعات کا محال ہونا ثابت نہیں کیا جا سکا اور محض استبعاد کی بنا پر ایسی قطعی الثبوت چیزوں کو رد نہیں کیا جا سکتا بلکہ استبعاد تو اعجاز کے لئے لازم ہے۔ روزمرہ کے معمولی واقعات کو معجزہ کون کہے گا۔ (ملاحظہ ہو ہمارا مستقل مضمون جو معجزات و خوارق عادات کے متعلق "الحمود" میں شائع ہوا ہے) باقی یہ کہنا کہ "شق القمر" اگر واقع ہوا ہوتا تو تاریخوں میں اس کا وجود کیوں نہیں۔ تو یاد رہے کہ یہ قصہ رات کا ہے بعض ملکوں میں تو اختلاف مطالع کی وجہ سے اس وقت دن ہو گا اور بعض جگہ آدھی رات ہوگی لوگ عموماً سوتے ہونگے اور جہاں بیدار ہونگے اور کھلے آسمان کے نیچے بیٹھے ہونگے تو عادۃً یہ ضروری نہیں کہ سب آسمان کی طرف تک رہے ہوں زمین پر جو چاندنی پھیلی ہوگی۔ بشرطیکہ مطلع صاف ہو اس میں دو ٹکڑے ہو جانے سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ پھر تھوڑی دیر کا قصہ تھا ہم دیکھتے ہیں کہ بارہا چاند گہن ہوتا ہے اور خاصہ ممتد رہتا ہے لیکن لاکھوں انسانوں کو خبر بھی نہیں ہوتی اور اس زمانہ میں آجکل کی طرح رصد وغیرہ کے اتنے وسیع و مکمل انتظامات اور تقاویم (جنتریوں) کی اس قدر اشاعت بھی نہ تھی بہر حال تاریخوں میں مذکور نہ ہونے سے اس کی تکذیب نہیں ہو سکتی۔ بایں ہمہ "تاریخ فرشتہ" وغیرہ میں اس کا ذکر موجود ہے۔ ہندوستان میں مہاراجہ "مالیبار" کے اسلام کا سبب اسی واقعہ کو لکھتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

سبب نزول: بغوی نے بوساطت شیبان قتادہ کا بیان نقل کیا ہے کہ چاند کے شگافتہ ہو جانے کا معجزہ حضور نے دو مرتبہ دکھایا۔ ترمذی میں بھی لکھا ہے کہ مکہ میں چاند دو مرتبہ پھٹا اس پر آیت اقتربت الساعة وانشق القمر۔ الی قولہ۔ سحر مستمر۔ نازل ہوئی۔ شیخین اور حاکم نے بیان کیا کہ حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا میں نے مکہ میں دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت سے پہلے چاند پھٹ کر دو ٹکڑے ہو گیا یہ دیکھ کر کافروں نے کہا چاند پر جادو کر دیا گیا اس پر آیت اقتربت الساعة وانشق القمر نازل ہوئی۔ ابوالضحیٰ نے بوساطت مسروق حضرت عبداللہ کا بیان نقل کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں چاند پھٹ گیا لوگوں نے کہا ابن ابی کبشہ نے تم پر جادو کر دیا ہے مسافروں سے دریافت کرنا مسافروں سے دریافت کرنے کے بعد معلوم ہوا کہ انہوں نے بھی چاند کو پھٹتا دیکھا تھا۔ اس پر آیت وافترابت الساعة الخ نازل ہوئی۔

ابو کبشہ: ابو کبشہ عرب کے قبیلۂ خزاعہ کا ایک سردار تھا جس نے بت پرستی کو ترک کر کے ستارہ پرستی شروع کی تھی یعنی عام مشرکوں کا مذہب چھوڑ دیا تھا اور چونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی بت پرستی کی مخالفت کی اور عام عرب کے مسلک سے بیزاری کا اظہار کیا تھا اس لئے اہل مکہ آپ کو ابن ابی کبشہ کہتے تھے۔ (تفسیر مظہری)

معجزہ شق القمر کے وقوع میں کسی شک کی گنجائش نہیں ہے

معجزہ شق القمر کا وقوع قرآن کریم احادیث متواترہ اور اجماع امت سے ثابت ہے اور علاوہ ازیں تاریخی نقول سے اس کا مشاہدہ بھی ثابت ہے۔ ظاہر ہے کہ جس چیز کا ثبوت کلام خداوندی احادیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور مشاہدہ سے ہو چکا ہو اس کا انکار یا اس کی تاویل خلاف عقل ہے اس پر بلا تردد ایمان لانا لازم ہے۔ جس طرح قرآن کریم کی تصریحات کی وجہ سے جنت و جہنم پر ایمان لائے بغیر کوئی شخص مؤمن نہیں ہو سکتا۔ اسی طرح قرآن کریم کی ہر بیان کردہ چیز پر ایمان لائے بغیر ایمان کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔ اگر قرآنی تصریحات اور قطعیات میں تاویل کا دروازہ کھول دیا جائے تو پھر نہ تو ایمان بالآخرہ رہے گا اور نہ جنت و جہنم کی حقیقت کا کوئی مسئلہ باقی رہ سکتا ہے تو جس قرآن حکیم نے ہم کو قیامت جیسے عظیم الشان واقعہ کی خبر دی اور

besturdubooks.wordpress.com

ہمارا اس پر ایمان ہے تو اسی قرآن نے ہمیں شق القمر کے واقعہ کی بھی خبر دی تو جب قیامت پر ایمان ہے تو پھر شق القمر جو قیامت سے زیادہ کوئی عجیب یا عظیم شئے نہیں اس پر ایمان لانے میں کیا تامل کیا جا سکتا ہے امام طحاوی اور حافظ ابن کثیر نے اس واقعہ کے متعلق تواتر کا دعویٰ کیا ہے اور یہ دعویٰ دلائل قویہ سے ثابت ہے۔

فلاسفہ وملحدین کی بے عقلی:

فلاسفہ اور ملحدین نے شق القمر کو محال قرار دیتے ہوئے انکار کیا اور بعض لوگوں نے اس کی تاویل کی کہ یہ قیامت کے روز پیش آنے والے شق قمر کا ذکر ہے کہ جب قیامت آئے گی تو اس وقت چاند پھٹ جائے گا۔ فلاسفہ اور ملحدین کا شق قمر کو محال قرار دینا خود خلاف عقل ہے۔

معجزہ ردِ شمس

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مشہور معجزات میں سے معجزہ ردِ شمس بھی ہے یعنی آفتاب کا غروب ہو کر پھر نکل آنا اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم خیبر کے قریب مقام صہباء میں تھے اور سر مبارک حضرت علیؓ کرم اللہ وجہہ کی گود میں تھا اور ہنوز حضرت علیؓ نے عصر کی نماز نہیں پڑھی تھی کہ اسی حالت میں وحی کا نزول شروع ہو گیا یہاں تک کہ آفتاب غروب ہو گیا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کہ تم نے عصر کی نماز پڑھی۔ عرض کیا نہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اسی وقت دست بدعا ہوئے اور عرض کیا کہ اے اللہ علی تیرے رسول کی اطاعت میں تھا آفتاب کو واپس بھیج دیں تاکہ نماز عصر اپنے وقت پر ادا کر سکے۔ اسماء بنت عمیسؓ کہتی ہیں کہ آفتاب غروب کے بعد لوٹ آیا اور اس کی شعاعیں زمین اور پہاڑوں پر پڑیں امام طحاوی فرماتے ہیں کہ یہ حدیث صحیح ہے اور اس کے تمام راوی ثقہ ہیں۔ ابن جوزی اور ابن تیمیہ نے اس حدیث کو موضوع اور بے اصل بتلایا ہے اور شیخ جلال الدین سیوطیؒ نے اس حدیث کے بارے میں ایک مستقل رسالہ لکھا اور اس حدیث کا صحیح ہونا ثابت کیا اور علامہ زرقانی نے بھی شرح مواہب میں اس حدیث کا صحیح اور مستند ہونا ثابت کیا ہے۔ (معارف کاندھلوی)

وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ
اور اگر وہ دیکھیں کوئی نشانی تو ٹلا جائیں اور کہیں یہ جادو ہے
مُّسْتَمِرٌّ ۝۲
پہلے سے چلا آتا ☆

☆ یعنی اس طرح کے جادو مدعیان نبوت نے پہلے بھی کئے ہیں پھر جس طرح وہ جاتے رہے یہ بھی جاتا رہے گا۔ (تفسیر عثمانی)

وَكَذَّبُوْا وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ وَكُلُّ
اور جھٹلایا اور چلے اپنی خوشی پر اور ہر
اَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ۝۳
کام ٹھہرا رکھا ہے وقت پر ☆

☆ یعنی ان کا عذاب بھی اپنے وقت پر آئے گا۔ اور اللہ کے علم میں ان کی جو گمراہی اور ہلاکت ٹھہر چکی ہے وہ کسی صورت سے ٹلنے والی نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ کے بارے میں علماء کے اقوال

بعض علماء نے اس جملہ کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ ہر مقدر امر ہونے والا ہے ہو کر رہے گا۔ جس بات کا اللہ نے وعدہ کر لیا ہے وہ ضرور واقع ہوگی۔ کلبی نے کہا ہر امر ایک حقیقت ہے دنیا میں لوگوں کی طرف سے جو بات ہوگی اس کا ظہور ہو جائے گا۔ اور آخرت میں اللہ کی طرف سے جو کچھ ہوگا وہ معلوم ہو جائے گا۔ قتادہ نے کہا جس امر کا استقرار خیر میں ہے وہ اہل خیر کے ساتھ رہے گا۔ اور جس امر کا استقرار شر میں ہے وہ اہل شر کے ساتھ رہے گا۔ (تفسیر مظہری)

وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنَ الْاَنْۢبَآءِ
اور پہنچ چکے ہیں اُن کے پاس احوال
مَا فِيْهِ مُزْدَجَرٌ ۝۴
جن میں ڈانٹ ہو سکتی ہے ☆

☆ یعنی قرآن کے ذریعہ سے ہر قسم کے احوال اور تباہ شدہ قوموں کے واقعات معلوم کرائے جا چکے ہیں جن میں اگر غور کریں تو خداوند قہار کی طرف سے بڑی ڈانٹ ہے۔ (تفسیر عثمانی)

قیامت کی آمد آمد ہے: ولید بن عبد الملک کے پاس جب حضرت ابو ہریرہ پہنچے تو اس نے قیامت کے بارے کی حدیث کا سوال کیا جس پر آپ نے فرمایا میں نے حضور سے سنا ہے کہ تم اور قیامت ان دو انگلیوں کی طرح ہو۔ اس کی شہادت اُس حدیث سے ہو سکتی ہے جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک ناموں میں سے ایک نام حاشر آیا ہے اور حاشر وہ ہے جس کے قدموں پر لوگوں کا حشر ہو۔ حضرت بہزؒ کی روایت سے مروی ہے کہ حضرت عتبہ بن غزوانؓ نے اپنے خطبہ میں فرمایا اور کبھی کہتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ سُناتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کے بعد فرمایا۔

besturdubooks.wordpress.com

دنیا کے خاتمہ کا اعلان ہو چکا یہ پیٹھ پھیرے بھاگی جا رہی ہے اور جس طرح برتن کا کھانا کھا لیا جائے اور کناروں میں کچھ باقی لگا لپٹا رہ جائے اسی طرح دنیا کی عمر کا کل حصہ نکل چکا صرف برائے نام باقی رہ گیا ہے۔ تم یہاں سے ایسے جہان کی طرف جانے والے ہو جسے فنا نہیں پس تم سے جو ہو سکے بھلائیاں اپنے ساتھ لے کر جاؤ۔ سنو ہم سے ذکر کیا گیا ہے کہ جہنم کے کنارے سے ایک پتھر پھینکا جائے گا جو برابر ستر سال تک نیچے کی طرف جاتا رہے گا لیکن تلے تک نہ پہنچے گا۔ خدا کی قسم جہنم کا یہ گہرا گڑھا انسانوں سے پر ہونے والا ہے۔ تم اس پر تعجب نہ کرو۔ ہم نے یہ ذکر بھی سنا ہے کہ جنت کی چوکھٹ کی دو لکڑیوں کے درمیان چالیس سال کا راستہ ہے اور وہ بھی ایک دن اس قدر پُر ہوگی کہ بھیڑ بھاڑ نظر آئے گی الخ (مسلم)

حضرت حذیفہؓ کا خطبۂ جمعہ: ابوعبدالرحمٰن سلمیؒ فرماتے ہیں کہ میں اپنے والد کے ہمراہ مدائن گیا اور بستی میں تین میل کے فاصلے پر ہم ٹھہرے۔ جمعہ کے لئے میں بھی اپنے والد کے ہمراہ گیا۔ حضرت حذیفہؓ خطیب تھے۔ آپ نے اپنے خطبے میں فرمایا لوگو سنو اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ قیامت قریب آ گئی اور چاند دو ٹکڑے ہو گیا بے شک قیامت قریب آ چکی ہے' بے شک چاند پھٹ گیا ہے۔ بے شک دنیا جدائی کا الارم بجا چکی ہے آج کا دن کوشش اور تیاری کا ہے کل تو دوڑ بھاگ کر کے آگے بڑھ جانے کا دن ہوگا۔ میں نے اپنے باپ سے دریافت کیا کہ کیا کل دوڑ ہوگی؟ جس میں آگے نکلنا ہوگا؟ میرے باپ نے مجھ سے فرمایا تم نادان ہو یہاں مراد نیک اعمال میں ایک دوسرے پر سبقت لے جانا ہے۔ دوسرے جمعہ کو جب ہم آئے تو بھی حضرت حذیفہؓ کو اسی کے قریب فرماتے ہوئے سنا' اس کے آخر میں یہ بھی فرمایا کہ غایت آگ ہے اور سابق وہ ہے جو جنت میں پہلے پہنچ گیا۔ چاند کا دو ٹکڑے ہو جانا یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے کا ذکر ہے جیسے کہ متواتر حدیثوں میں صحت کے ساتھ مروی ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

حِكْمَةٌ بَالِغَةٌ فَمَا تُغْنِ النُّذُرُ ۝
پوری عقل کی بات ہے پھر اُن میں کام نہیں کرتے ڈرسنانیوالے
فَتَوَلَّ عَنْهُمْ
سوتو ہٹ آ اُنکی طرف سے ☆

☆ یعنی قرآن کریم پوری حکمت اور عقل کی باتوں کا مجموعہ ہے۔ کوئی ذرا نیک نیتی سے توجہ کرے تو دل میں اترتی چلی جائیں مگر افسوس اتنے سامان ہدایت کی موجودگی میں ان پر کچھ اثر نہیں۔ کوئی نصیحت وفہمائش وہاں کام نہیں دیتی۔ کتنا ہی سمجھاؤ پتھر پر جونک نہیں لگتی۔ لہٰذا ایسے سنگدل بدبختوں کو آپ بھی منہ نہ لگائیے۔

آپ فرض تبلیغ و دعوت باحسن اسلوب ادا کر چکے۔ اب زیادہ تعاقب کرنے کی ضرورت نہیں۔ ان کو ان کے ٹھکانے کی طرف چلنے دیں۔ (تفسیر عثمانی)

يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ إِلَىٰ شَيْءٍ نُّكُرٍ ۝
جس دن پکارے پکارنے والا ایک ناگوار چیز کی طرف ☆

☆ یعنی میدان حشر کی طرف حساب دینے کو۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت اسرافیل علیہ السلام کی پکار: پکارنے والے اسرافیل ہوں گے جو صخرہ بیت المقدس پر کھڑے ہو کر پکاریں گے۔ اے کھوکھلی بوسیدہ ہڈیوں! اے پارہ پارہ کھالو! اور اے ٹوٹے ہوئے بالو! اللہ تم کو حکم دیتا ہے کہ آخری فیصلے کے لئے جمع (اکٹھی) ہو جاؤ رواہ ابن عساکر عن زید بن جابر الشافعی۔

خُشَّعًا أَبْصَارُهُمْ
آنکھیں جھکائے ☆

☆ یعنی اس وقت خوف و ہیبت کے مارے ذلت وندامت کے ساتھ آنکھیں جھکائے ہوں گے۔ (تفسیر عثمانی)

يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ		
نکل پڑیں	قبروں	سے
كَأَنَّهُمْ جَرَادٌ مُّنتَشِرٌ ۝		
جیسے	ٹڈی	پھیلی ہوئی
مُّهْطِعِينَ إِلَى الدَّاعِ		
دوڑتے جائیں اُس پکارنیوالے کے پاس ☆		

☆ یعنی تمام اگلے پچھلے قبروں سے نکل کر ٹڈی دل کی طرح پھیل پڑیں گے اور خداوند قدوس کی عدالت میں حاضری دینے کے لئے تیزی کے ساتھ دوڑتے ہوں گے۔ (تفسیر عثمانی)

يَقُولُ الْكَافِرُونَ هَٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ ۝
کہتے جائیں منکر یہ دن مشکل آیا ☆

☆ یعنی اس دن کے ہولناک احوال وشدائد اور اپنے جرائم کا تصور کر کے کہیں گے کہ یہ دن بڑا سخت آیا ہے۔ دیکھئے آج کیا گذرے گی۔ آگے بتلاتے ہیں کہ قیامت اور آخرت کا عذاب تو اپنے وقت پر آئے گا بہت سے مکذبین کے لئے اس سے پہلے دنیا ہی میں ایک سخت دن آ چکا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ فَكَذَّبُوا

جھٹلا چکی ہے اُن سے پہلے نوح کی قوم پھر جھوٹا کہا

عَبْدَنَا وَقَالُوا مَجْنُونٌ وَازْدُجِرَ ﴿٩﴾

ہمارے بندہ کو اور بولے دیوانہ ہے اور جھڑک لیا اسکو ☆

☆ کہنے لگے اے نوح! اگر تم اپنی باتوں سے باز نہ آئے تو تم کو سنگسار کر دیا جائیگا۔ گویا دھمکیوں ہی میں اس کی بات رلا دی۔ اور بعض نے "وازدجر" کے معنی یوں کئے ہیں کہ یہ دیوانہ ہے آسیب زدہ۔ جن اسی کی عقل لے اُڑے ہیں۔ صلی اللہ علیہ وسلم (العیاذ باللہ) (تفسیر عثانی)

ساڑھے نوسو سال حضرت نوح علیہ السلام کی تکذیب ہوتی رہی

فَكَذَّبُوا عَبْدَنَا۔ یعنی انہوں نے نوحؑ کی متواتر تکذیب کی تکذیب کرنے والوں کی ایک نسل جب مر جاتی تھی تو آنے والی دوسری نسل تکذیب کرتی تھی اور دوسری کے بعد تیسری نسل مکذبین کی پیدا ہو کر حضرت نوحؑ کو جھوٹا کہتی تھی اور یہ تکذیب کا سلسلہ نوسو پچاس برس جاری رہا۔ (تفسیر مظہری)

فَدَعَا رَبَّهُ أَنِّي مَغْلُوبٌ فَانْتَصِرْ ﴿١٠﴾

پھر پکارا اپنے رب کو کہ میں عاجز ہو گیا ہوں تو بدلہ لے ☆

☆ یعنی سینکڑوں برس سمجھانے پر بھی جب کوئی نہ پسیجا تو بددعا کی اور کہا اے پروردگار میں ان سے عاجز آ چکا ہوں۔ ہدایت و فہمائش کی کوئی تدبیر کارگر نہیں ہوتی۔ اب آپ اپنے دین اور پیغمبر کا بدلہ لیجئے اور زمین پر کسی کافر کو زندہ نہ چھوڑیے۔ (تفسیر عثانی)

فَفَتَحْنَا أَبْوَابَ السَّمَاءِ بِمَاءٍ مُنْهَمِرٍ ﴿١١﴾

پھر ہم نے کھول دیئے دہانے آسمان کے پانی ٹوٹ کر برسنے والے سے

وَفَجَّرْنَا الْأَرْضَ عُيُونًا فَالْتَقَى الْمَاءُ

اور بہا دیئے زمین سے چشمے پھر مل گیا سب پانی

عَلَىٰ أَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ﴿١٢﴾

ایک کام پر جو ٹھہر چکا تھا ☆

☆ یعنی پانی اس قدر ٹوٹ کر برسا گویا آسمان کے دہانے کھل گئے اور نیچے سے زمین کے پردے پھٹ پڑے۔ اتنا پانی ابلا گویا ساری زمین چشموں کا مجموعہ بن کر رہ گئی پھر اوپر اور نیچے کا یہ سب پانی مل کر اس کام کے لئے اکٹھا ہو گیا جو پہلے سے اللہ کے ہاں ٹھہر چکا تھا یعنی قوم نوح کی ہلاکت اور غرقابی۔ (تفسیر عثانی)

مُنْهَمِرٍ۔ سخت برسنے والا چالیس روز تک مسلسل بارش ہوتی رہی کسی وقت منقطع نہیں ہوئی۔ بعض اہل تفسیر نے یہ مطلب بیان کیا کہ آسمان و زمین کے درمیان کی خلاء پانی سے بھر گئی۔

وَفَجَّرْنَا الْأَرْضَ عُيُونًا ۔ یعنی ہم نے زمین کو چشمے ہی چشمے بنا دیا۔ (اتنے چشمے زمین سے برآمد کر دیئے کہ پوری زمین چشمہ ہی ہو گئی)

فَالْتَقَى الْمَاءُ۔ یعنی آسمان اور زمین کا پانی آپس میں مل گیا۔ الماء کا اطلاق ایک پانی پر بھی ہوتا ہے اور ایک ہی زیادہ پر بھی۔ اس جگہ یہی مؤخر معنی مراد ہے۔

قَدْ قُدِرَ کے دو مطلب:

اس امر کے مطابق جو اللہ نے ازل میں مقدر کر دیا تھا اور لوح محفوظ میں لکھ دیا تھا یا قُدِرَ سے مراد یہ ہے کہ دونوں پانی مقدار میں برابر کر دیئے گئے۔ آسمان سے برسنے اور زمین سے نکلنے والے پانی کی مقدار برابر کر دی گئی۔ یا یہ مراد ہے کہ اللہ نے جو امر مقرر کر دیا تھا یعنی طوفان سے قوم نوح کا ہلاک ہونا اس کے مطابق پانی مل گیا (اور قوم نوح غرق ہو گئی) (تفسیر مظہری)

اس آیت سے تقدیر پر استدلال

حضرات متکلمین اور ائمہ اہلسنت اس آیت سے مسئلہ تقدیر کے ثبوت پر استدلال کرتے ہیں کہ ہر امر اللہ کی تقدیر سے ہے اور ہر چیز کا علم اللہ کو اس کے وجود سے قبل ہے تابعین کے دور میں کچھ لوگ تقدیر خداوندی پر جب انکار کرنے لگے تو حضرات صحابہ اس آیت اور اس قسم کی دیگر آیات سے فرقہ قدریہ اور منکرین قدر کا رد کیا کرتے تھے۔ عطاء بن ابی رباح سے منقول ہے کہ میں حضرت عبداللہ بن عباس کے پاس پہنچا جبکہ وہ زمزم سے پانی نکال رہے تھے اور کپڑے نیچے کی طرف سے بھیگے ہوئے تھے میں نے عرض کیا اے ابن عباس مسئلہ تقدیر میں لوگ کچھ حجت بازی اور قیل وقال کرنے لگے ہیں۔ فرمایا خدا کی قسم یہ آیت "ذُوقُوا مَسَّ سَقَرَ ۔ إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ" سوائے ان لوگوں کے اور کسی کے بارہ میں نہیں نازل ہوئی اور اس کے بعد فرمایا اولٰئک شرار الخلق یہ اللہ کی مخلوق میں بدترین مخلوق ہے۔ (معارف کاندھلوی)

وَحَمَلْنَاهُ عَلَىٰ ذَاتِ أَلْوَاحٍ وَدُسُرٍ ﴿١٣﴾

اور ہم نے اُسکو سوار کر دیا ایک تختوں اور کیلوں والی پر

تَجْرِي بِأَعْيُنِنَا

بہتی تھی ہماری آنکھوں کے سامنے ☆

besturdubooks.wordpress.com

☆ یعنی اس ہولناک طوفان کے وقت نوح کی کشتی ہماری حفاظت اور نگرانی میں نہایت امن چین سے چلی جارہی تھی۔ (تفسیر عثمانی)

جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ ﴿۱۴﴾

بدلہ لینے کو اسکی طرف سے جسکی قدر نہ جانی تھی ☆

☆ یعنی حضرت نوح علیہ السلام کی بے قدری کی اور اللہ کی باتوں کا انکار کیا یہ اس کی سزا ملی۔ (تفسیر عثمانی)

ہر نبی اپنی امت کے لئے رحمت اور نعمت ہوتا ہے

جزآءً۔ ہر نبی اپنی امت کے لئے اللہ کی رحمت اور نعمت ہوتا ہے۔ نوح بھی اپنی قوم کے لئے اللہ کی نعمت تھے لیکن اس نعمت کا قوم کی طرف سے کفران کیا گیا پس اس نعمت کی (جو بصورت نوح اللہ نے عطا کی تھی) ناشکری کی وجہ سے اللہ نے قوم کو طوفان میں غرق کردیا اور نوح کو کشتی پر سوار کر کے بچالیا۔ (تفسیر مظہری)

وَلَقَدْ تَّرَكْنٰهَآ اٰيَةً فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۱۵﴾

اور اُس کو ہم نے رہنے دیا نشانی کیلئے، پھر کوئی ہے سوچنے والا ☆

☆ یعنی سوچنے والوں کے لئے اس واقعہ میں عبرت کی نشانیاں ہیں۔ یا یہ مطلب ہے کہ آج کشتی کا وجود دنیا میں اس کشتی کے قصہ کو یاد دلانے والا اور اللہ تعالیٰ کی عظیم قدرت کا نشان ہے اور بعض نے کہا کہ بعینہ وہ ہی کشتی نوح کے بعد مدت تک رہی۔ "جودی" پہاڑ پر نظر آتی تھی اس امت کے لوگوں نے بھی دیکھی۔ واللہ اعلم (تفسیر عثمانی)

فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِىْ وَنُذُرِ ﴿۱۶﴾

پھر کیسا تھا میرا عذاب اور میرا کھڑکھڑانا ☆

☆ یعنی دیکھ لیا۔ میرا عذاب کیسا ہولناک اور میرا ڈرانا کس قدر سچا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ

اور ہم نے آسان کر دیا قرآن سمجھنے کو

فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۱۷﴾

پھر ہے کوئی سوچنے والا ☆

☆ یعنی قرآن سے نصیحت حاصل کرنا بالکل آسان ہے کیونکہ جو مضامین ترغیب و ترہیب اور انذار و تبشیر سے متعلق ہیں وہ بالکل صاف، سہل اور مؤثر ہیں پر کوئی سوچنے سمجھنے کا ارادہ کرے تو سمجھے (کذا فی نبیہ) آیت کا یہ مطلب نہیں کہ قرآن محض ایک سطحی کتاب ہے جس کے اندر کوئی دقائق و غوامض نہیں۔ اس علیم و خبیر کے کلام کی نسبت ایسا گمان کیونکر کیا جا سکتا ہے۔ کیا یہ فرض کر لیا جائے کہ جب اللہ بندوں سے کلام کرتا ہے تو معاذ اللہ اپنے غیر متناہی علوم سے کورا ہو جاتا ہے؟ یقیناً اس کے کلام میں وہ گہری حقائق اور باریکیاں ہوں گی جن کا کسی دوسرے کلام میں تلاش کرنا بیکار ہے اسی لئے حدیث میں آیا "لاتنقضی عجائبه" (قرآن کے عجائب و اسرار کبھی ختم ہونے والے نہیں) علمائے امت اور حکمائے ملت نے اس کتاب کے دقائق و اسرار کا پتہ لگانے اور ہزار ہا احکام مستنبط کرنے میں عمریں صرف کردیں تب بھی اس کی آخری تہہ تک نہیں پہنچ سکے۔ (تفسیر عثمانی)

حفظ کرنے اور نصیحت حاصل کرنے کے لئے قرآن کو آسان کیا گیا ہے نہ کہ اجتہاد اور استنباط احکام کے لئے

اس آیت میں یَسَّرْنَا کے ساتھ لِلذِّكْرِ کی قید لگا کر یہ بھی بتلا دیا گیا ہے کہ قرآن کو حفظ کرنے اور اس کے مضامین سے عبرت و نصیحت حاصل کرنے کی حد تک اس کو آسان کردیا گیا ہے۔ جس سے ہر عالم و جاہل، چھوٹا اور بڑا یکساں فائدہ اٹھا سکتا ہے، اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ قرآن کریم سے مسائل اور احکام کا استنباط بھی ایسا ہی آسان ہو، وہ اپنی جگہ ایک مستقل اور مشکل فن ہے۔ جس میں عمریں صرف کرنے والے علماء راسخین کو ہی حصہ ملتا ہے ہر ایک کا وہ میدان نہیں۔

اس سے ان لوگوں کی غلطی واضح ہوگئی جو قرآن کریم کے اس جملہ کے سہارا لے کر قرآن کی مکمل تعلیم، اس کے اصول و قواعد سے حاصل کئے بغیر مجتہد بننا اور اپنی رائے سے احکام و مسائل کا استخراج کرنا چاہتے ہیں کہ وہ کھلی گمراہی کا راستہ ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِىْ

جھٹلایا عاد نے پھر کیسا ہوا میرا عذاب

وَنُذُرِ ﴿۱۸﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ

اور میرا کھڑکھڑانا، ہم نے بھیجی اُن پر

رِيْحًا صَرْصَرًا فِىْ يَوْمِ نَحْسٍ

ہوا تند ایک نحوست کے دن

مُّسْتَمِرٍّ ﴿۱۹﴾

جو چلے گئے ☆

besturdubooks.wordpress.com

☆ حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں "یعنی نحوست نہ اٹھی جب تک تمام نہ ہو چکے اور یہ نحوست کا دن ان ہی کے حق میں تھا یہ نہیں کہ ہمیشہ کو" وہ دن منحوس سمجھ لئے جائیں۔ جیسا کہ جاہلوں میں مشہور ہے اور اگر وہ دن عذاب آنے کی وجہ سے ہمیشہ کے لئے منحوس بن گیا ہے تو مبارک دن کونسا رہے گا۔ قرآن کریم میں تصریح ہے کہ وہ عذاب سات رات اور آٹھ دن برابر رہا۔ بتلایئے اب ہفتہ کے دنوں میں کونسا دن نحوست سے خالی رہے گا۔ (تفسیر عثمانی)

صَرْصَرًا۔ بہت تیز برفیلا گرج دار طوفان یا نحس دشمنوں کیلئے منحوس۔

مُّسْتَمِرٍّ مسلسل نحوست والا یا یہ مطلب کہ وہ دن اتنی مدت تک قائم رہا جب تک ان کو ہلاک نہیں کر دیا گیا۔ یا وہ چھوٹوں بڑوں بوڑھوں بچوں سب کے لئے منحوس تھا کسی کو باقی نہیں چھوڑا یا مُّسْتَمِرٍّ کا معنی ہے انتہائی تلخ بدمزہ بغوی نے لکھا ہے کہ مہینہ کی آخری تاریخ تھی بدھ کا دن تھا۔ (تفسیر مظہری)

تَنْزِعُ النَّاسَ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ
اکھاڑ مارا لوگوں کو گویا وہ جڑیں ہیں کھجور کی
مُّنْقَعِرٍ ﴿۲۰﴾
اکھڑی پڑی ☆

☆ "قوم عاد" کے لوگ بڑے تومند اور قد آور تھے لیکن ہوا کا جھکڑ ان کو اٹھا کر اس طرح زمین پر پٹکتا تھا جیسے کھجور کا تنا جڑ سے اکھاڑ کر زمین پر پھینک دیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

طوفان کی شدت: طوفان ان لوگوں کو ان کے گھروں سے اکھاڑ کر (باہر لا کر) سر کے بل پٹک دیتا تھا کہ گردنیں ٹوٹ جاتی تھی۔ بیضاوی نے لکھا ہے لوگ پہاڑیوں کی گھاٹیوں میں اور غاروں میں گھس گئے اور باہم چمٹ گئے لیکن طوفان ان کو وہاں سے بھی اکھاڑ لایا۔ اور باہر لا کر زمین پر پٹک دیا کہ سب مر گئے۔ بغوی نے لکھا ہے روایت میں آیا ہے کہ طوفان مُردوں کو قبروں سے اکھاڑ لایا تھا۔ (تفسیر مظہری)

فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿۲۱﴾ وَ
پھر کیسا رہا میرا عذاب اور میرا کھڑکھڑانا اور
لَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ
ہم نے آسان کر دیا قرآن سمجھنے کو پھر ہے کوئی
مُّدَّكِرٍ ﴿۲۲﴾ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِالنُّذُرِ ﴿۲۳﴾
سوچنے والا جھٹلایا ثمود نے ڈر سنانے والوں کو ☆

☆ یعنی حضرت صالح علیہ السلام کو جھٹلایا اور ایک نبی کا جھٹلانا سب کا جھٹلانا ہے کیونکہ اصول دین میں سب ایک دوسرے کی تصدیق کرتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ۔ عذاب کی عظیم ہولناکی بتانے کے لئے یہ آیت مکرر ذکر کی عذاب دنیا نے ان کو گھیر لیا تھا اور آخرت میں بھی وہ عذاب میں مبتلا ہوں گے۔ (تفسیر مظہری)

قرآن کی آسانی اللہ کی ایک نعمت ہے

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں اگر اللہ تعالیٰ اس میں آسانی نہ رکھ دیتا تو مخلوق کی طاقت نہ تھی کہ اللہ عزوجل کے کلام کو پڑھ سکے۔ میں کہتا ہوں انہی آسانیوں میں سے ایک آسانی وہ ہے جو پہلے حدیث میں گزر چکی کہ یہ قرآن سات قراءتوں پر نازل کیا گیا ہے۔ اس حدیث کے تمام طرق والفاظ ہم نے پہلے جمع کر دیئے ہیں۔ اب دوبارہ یہاں وارد کرنے کی ضرورت نہیں۔ پس اس قرآن کو بہت ہی آسان کر دیا ہے۔ ہے کوئی طالب علم جو اس خدائی علم کو حاصل کرے جو بالکل آسان ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

فَقَالُوْٓا اَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهٗٓ
پھر کہنے لگے کیا ایک آدمی ہم میں کا اکیلا ہم اُس کے کہے پر چلیں گے
اِنَّآ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ﴿۲۴﴾
تو تو ہم غلطی میں پڑے اور سودا میں ☆

☆ یعنی کوئی آسمان کا فرشتہ نہیں بلکہ ہم ہی جیسا ایک آدمی اور وہ بھی اکیلا جس کے ساتھ کوئی قوت اور جتھا نہیں، چاہتا ہے کہ ہمیں دبا لے اور سب کو اپنا تابع بنالے۔ یہ کبھی نہ ہوگا۔ اگر ہم اس پھندے میں پھنس جائیں تو ہماری بڑی غلطی اور حماقت بلکہ جنون ہوگا وہ تو ہم کو ڈراتا ہے کہ مجھے نہ مانو گے تو آگ میں گرو گے اور واقعہ یہ ہے کہ ہم اس کے تابع ہو جائیں تو گویا خود اپنے کو آگ میں گرا رہے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

فَقَالُوْٓا اَبَشَرًا مِّنَّا۔ یعنی ہم اپنی ہی جنس کے ایک آدمی کا (جو فرشتہ نہیں ہے) یا اپنی جماعت ہی کے ایک معمولی آدمی کا جس کو نہ مال میں ہم پر برتری حاصل ہے نہ مرتبہ میں۔

نَتَّبِعُهٗ۔ ہم اتباع کریں۔ یہ استفہام انکاری ہے اور انکار اتباع سے نہیں ہے اگر کوئی فرشتہ یا بادشاہ متبوع ہوتا تو وہ اتباع کر لیتے۔

وَاحِدًا۔ یعنی اکیلا تنہا جس کا کوئی تابع نہیں یا ہم میں سے ایک معمولی فرد جس کا شمار سرداروں میں نہیں ہے۔

اِنَّآ اِذًا۔ یعنی اگر ہم نے اس کا اتباع کیا تو اس صورت میں ہم بڑی غلطی

besturdubooks.wordpress.com

اور دیوانہ پن میں جا پڑیں گے۔ (تفسیر مظہری)

ءَاُلْقِیَ الذِّکْرُ عَلَیْهِ مِنْۢ بَیْنِنَا بَلْ

کیا اُتری اُسی پر نصیحت ہم سب میں سے کوئی نہیں

هُوَ کَذَّابٌ اَشِرٌ ﴿۲۵﴾

یہ جھوٹا ہے بڑائی مارتا ہے ☆

☆ یعنی پیغمبری کے لئے بس یہی رہ گیا تھا؟ سب جھوٹ ہے خوامخواہ بڑائی مارتا ہے کہ خدا نے مجھے اپنا رسول بنا دیا اور ساری قوم کو میری اطاعت کا حکم دیا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

بَلْ هُوَ کَذَّابٌ۔ بلکہ یہ بڑا جھوٹا ہے اللہ پر اس نے دروغ بافی کی ہے۔
اَشِرٌ۔ شیخی باز (اترانے والا) ہے۔ نبوت کا دعویٰ کر کے ہم سے اونچا بننا چاہتا ہے گویا ان لوگوں نے حضرت صالح علیہ السلام کے اخلاق پر عیب لگایا اور ایک قبیح خصلت کو آپ کی طرف منسوب کیا۔ پہلے حضرت صالح علیہ السلام کی برتری کا انکار کیا پھر ایک بری خصلت کا حامل قرار دیا۔ (تفسیر مظہری)

سَیَعْلَمُوْنَ غَدًا مَّنِ الْکَذَّابُ

اب جان لینگے کل کو کون ہے جھوٹا

الْاَشِرُ ﴿۲۶﴾

بڑائی مارنے والا ☆

☆ یعنی بہت جلد معلوم ہوا چاہتا ہے کہ دونوں فریق میں جھوٹا اور بڑائی مارنے والا کون ہے۔ (تفسیر عثمانی)

سَیَعْلَمُوْنَ غَدًا۔ کل کو جان لیں گے یعنی جس وقت ان پر عذاب نازل ہوگا۔ (غدا سے مراد ہے یوم عذاب) کلبی نے کہا روز قیامت مراد ہے۔
جب ثبوت نبوت کے لئے قوم والوں نے حضرت صالح علیہ السلام سے معجزہ طلب کیا اور خود ہی اس کی صورت تجویز بھی کر دی کہ پتھر کو چٹان کے اندر ایک دس ماہ گابھن سرخ رنگ کی اونٹنی برآمد کر دو تو اللہ نے حضرت صالح علیہ السلام سے فرمایا۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّا مُرْسِلُوا النَّاقَةِ فِتْنَةً لَّهُمْ

ہم بھیجتے ہیں اونٹنی اُن کے جانچنے کے واسطے ☆

☆ یعنی ان کی فرمائش کے موافق ہم پتھر سے اونٹنی نکال کر بھیجتے ہیں اس کے ذریعے سے جانچا جائے گا کہ کون اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی بات مانتا ہے اور کون نفس کی خواہش پر چلتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ ﴿۲۷﴾

سو انتظار کر اُن کا اور سہتا رہ ☆

☆ یعنی دیکھتا رہ کیا نتیجہ نکلتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَنَبِّئْهُمْ اَنَّ الْمَآءَ قِسْمَةٌۢ بَیْنَهُمْ

اور سنا دے اُنکو کہ پانی کا بانٹا ہے اُن میں

کُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ﴿۲۸﴾

ہر باری پر پہنچنا چاہیے ☆

☆ حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں "وہ اونٹنی جس پانی پر جاتی 'سب جانور بھاگتے' تو اللہ نے باری ٹھہرا دی۔ ایک دن وہ جائے اور ایک دن سب جانور"۔ (تفسیر عثمانی)

فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطٰی فَعَقَرَ ﴿۲۹﴾

پھر پکارا انہوں نے اپنے رفیق کو پھر ہاتھ چلایا اور کاٹ ڈالا ☆

☆ حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں "ایک بدکار عورت تھی اس کے مواشی بہت تھے اپنے ایک آشنا کو اکسا دیا۔ اس نے اونٹنی کی کونچیں کاٹ دیں۔ (تفسیر عثمانی)

فَکَیْفَ کَانَ عَذَابِیْ وَنُذُرِ ﴿۳۰﴾ اِنَّآ

پھر کیسا ہوا میرا عذاب اور میرا کھڑکھڑانا ہم نے

اَرْسَلْنَا عَلَیْهِمْ صَیْحَةً وَّاحِدَةً

بھیجی اُن پر ایک چنگھاڑ

فَکَانُوْا کَهَشِیْمِ الْمُحْتَظِرِ ﴿۳۱﴾

پھر رہ گئے جیسے روندی ہوئی باڑ کانٹوں کی ☆

☆ فرشتے نے ایک چیخ ماری کلیجے پھٹ گئے اور سب چورا ہو کر رہ گئے۔ جیسے کھیت کے گرد کانٹوں کی باڑ لگا دیتے ہیں اور چند روز کے بعد پامال ہو کر اس کا چورا ہو جاتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

besturdubooks.wordpress.com

صَیْحَةً وَّاحِدَةً ایک چیخ جو حضرت جبرئیلؑ نے نکالی تھی۔

فَکَانُوْا۔ پس وہ ہوگئے۔

کَھَشِیْمِ الْمُحْتَظِرِ۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا محتظر اس شخص کو کہتے ہیں جو اپنی بکریوں کے لئے درختوں اور کانٹوں کا باڑہ بنالیتا ہے تا کہ درندوں سے بکریوں کی حفاظت ہو جائے اگر کوئی حصہ اس کا گر جاتا ہے اور بکریاں اس کو پامال کر دیتی اور روند ڈالتی ہیں (اور اس کا چورا ہو جاتا ہے) تو اس کو ھشیم کہتے ہیں۔ (تفسیر مظہری)

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ
اور ہم نے آسان کر دیا قرآن سمجھنے کو پھر ہے
مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۳۲﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطٍ
کوئی سوچنے والا جھٹلایا لوط کی قوم نے
بِالنُّذُرِ ﴿۳۳﴾
ڈر سنانے والوں کو☆

☆ یعنی حضرت لوط علیہ السلام کو جھٹلایا اور ایک نبی کی تکذیب سب انبیاء کی تکذیب ہے۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِبًا اِلَّآ
ہم نے بھیجی ان پر آندھی پتھر برسانے والی
اٰلَ لُوْطٍ ؕ نَجَّيْنٰهُمْ بِسَحَرٍ ﴿۳۴﴾ نِّعْمَةً
سوائے لوط کے گھر کے ان کو ہم نے بچادیا پچھلی رات سے فضل سے
مِّنْ عِنْدِنَا ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ
اپنی طرف کے ہم یوں بدلہ دیتے ہیں اس کو
شَكَرَ ﴿۳۵﴾
جو حق مانے☆

☆ یعنی وہ پچھلی رات میں اپنے گھر والوں کو لے کر صاف نکل گئے ان کو ہم نے عذاب کی ذرا بھی آنچ نہ لگنے دی اور یہ ہی ہماری عادت ہے۔ حق شناس اور شکر گذار بندوں کو ہم اسی طرح بدلہ دیتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

حاصب وہ تند ہوا جو چھوٹے سنگریزوں کو اڑا کر لے جاتی اور برساتی ہے۔ حصباء چھوٹے سنگریزوں کو کہتے ہیں۔ بعض نے کہا اتنے (چھوٹے) پتھر جو مٹھی بھر سے کم ہوں حصباء کہلاتے ہیں حاصب کبھی (پتھر) پھینکنے والے کو کہتے ہیں اس صورت میں آیت کا معنی ہوگا پتھر برسانے والا۔

سَحَرٍ۔ رات کے آخری حصہ کو کہتے ہیں۔

نعمۃً۔ یعنی انعام دینے کے لئے۔

مَنْ شَکَرَ۔ جو اللہ کی نعمت کا شکر کرتا ہے یعنی اللہ کی توحید کا قائل اور اطاعت گذار ہے اس کو ہم ایسی جزا دیتے ہیں جیسی لوط کے گھر والوں کو دی اور اس کو مشرکوں کے ساتھ عذاب نہیں دیتے۔ کذا قال مقاتل۔ (تفسیر مظہری)

وَلَقَدْ اَنْذَرَهُمْ بَطْشَتَنَا فَتَمَا
اور وہ ڈرا چکا تھا ان کو ہماری پکڑ سے پھر لگے
رَوْا بِالنُّذُرِ ﴿۳۶﴾
مکرانے ڈرانے کو☆

☆ یعنی اس کی باتوں میں واہی تباہی شبہے اور جھگڑے کھڑے کر کے جھٹلانے لگے۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَقَدْ رَاوَدُوْهُ عَنْ ضَيْفِهٖ فَطَمَسْنَآ
اور اس سے لینے لگے اس کے مہمانوں کو پس ہم نے مٹادیں
اَعْيُنَهُمْ فَذُوْقُوْا عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿۳۷﴾
ان کی آنکھیں اب چکھو میرا عذاب اور میرا ڈرانا☆

☆ یعنی فرشتے جو حسین لڑکوں کی شکل میں آئے تھے ان کو آدمی سمجھ کر اپنی خوئے بد کی وجہ سے تھبانا چاہا۔ ہم نے ان کو اندھا کر دیا کہ ادھر ادھر دھکے کھاتے پھرتے تھے۔ کچھ نظر نہ آتا تھا۔ اور کہا لو پہلے اس عذاب کا مزہ چکھو۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت لوط علیہ السلام کے مہمان
قوم کی بدتمیزی اور عذاب الٰہی

قوم والوں نے ان مہمانوں سے جو واقع میں فرشتے تھے اور جبرئیلؑ بھی ان میں شامل تھے لیکن لڑکوں کی شکل میں ہو کر آئے تھے بدکاری کرنے کا ارادہ کیا تو حضرت لوط علیہ السلام سے کہا تم ان مہمانوں کے معاملہ میں کوئی تعرض نہ کرو ان کو ہمارے سپرد کر دو۔ اللہ نے ان فرشتوں کو قوم لوط علیہ السلام پر کنکریلے پتھر برسانے کے لئے بھیجا اور ہر پتھر کو ایک کافر کے لئے نامزد کر دیا۔ جب قوم

besturdubooks.wordpress.com

والوں نے نہ مانا اور لوط علیہ السلام کے گھر میں دروازہ توڑ کر گھس جانا چاہا (اور حضرت لوط علیہ السلام بہت پریشان ہوئے) تو فرشتوں نے حضرت لوط علیہ السلام سے کہا ان کو اندر آنے دیجئے ہم آپ کے رب کے بھیجے ہوئے فرشتے ہیں' یہ لوگ ہم تک نہیں پہنچ پائیں گے۔ چنانچہ وہ لوگ گھر کے اندر گھس آئے۔

بغوی نے ابن اسحٰق اور ابن عساکر کا بیان بطریق جریر و مقاتل حسب روایت ضحاک نقل کیا۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا' لوط علیہ السلام نے مہمانوں سے آگے بڑھ کر دروازہ بند کر لیا اور دروازہ کے اندر سے قوم والوں سے جھگڑنے لگے۔ وہ لوگ پھلانگ کر اندر آ گئے۔ ملائکہ نے جب لوط علیہ السلام کی یہ حالت دیکھی تو کہا (آپ پریشان نہ ہوں) ہم آپ کے رب کے فرستادہ ہیں۔ آپ تک ان کی رسائی نہیں ہو پائے گی۔ چنانچہ اللہ کے حکم سے حضرت جبرئیل نے اپنے ایک پر کی جھپٹ ماری جس سے وہ اندھے ہو گئے۔ ہر چند ادھر اُدھر چکر کاٹتے اور گھومتے تھے لیکن دروازے کا راستہ نہیں ملتا تھا۔ آخر حضرت لوط علیہ السلام نے خود ان کو اسی نابینائی کی حالت میں نکال باہر کر دیا آیت فَطَمَسْنَآ اَعْيُنَهُمْ سے یہی مراد ہے۔ (تفسیر مظہری)

وَلَقَدْ صَبَّحَهُمْ بُكْرَةً عَذَابٌ
اور پڑا اُن پر صبح کو سویرے عذاب
مُّسْتَقِرٌّ ﴿٣٨﴾ فَذُوقُوا عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿٣٩﴾
جو ٹھہر چکا تھا اب چکھو میرا عذاب اور میرا ڈرانا ☆

☆ یعنی اندھا کرنے کے بعد ان کی بستیاں الٹ دی گئیں اور اوپر سے پتھر برسائے گئے۔ اس چھوٹے عذاب کے بعد یہ بڑا عذاب تھا۔ (تفسیر عثمانی)

مُسْتَقِرٌّ۔ یعنی وہ عذاب جو مرنے کے بعد بھی قائم رہا۔ دُنیوی عذاب سنگ باری' اس کے بعد عذاب قبر اور پھر دوامی دوزخ۔ (تفسیر مظہری)

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ
اور ہم نے آسان کر دیا قرآن سمجھنے کو
فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿٤٠﴾ وَلَقَدْ جَآءَ اٰلَ
پھر ہے کوئی سوچنے والا اور پہنچے فرعون والوں
فِرْعَوْنَ النُّذُرُ ﴿٤١﴾
کے پاس ڈرانے والے ☆

☆ حضرت موسیٰؑ اور ہارونؑ اور ان کے ڈرانے والے نشان۔ (تفسیر عثمانی)

آیت کے تکرار کا مقصد: ہر قصہ کے بعد اس آیت کا تکرار حقیقت میں از سرِ نو تنبیہ ہے۔ نصیحت پذیری پر اور ترغیب ہے عبرت اندوزی کی۔

النذر۔ بعض علماء کے نزدیک وہ معجزات مراد ہیں جو فرعون اور فرعونیوں کو ڈرانے کے لئے حضرت موسیٰؑ نے پیش کئے تھے۔ صرف آل فرعون کا ذکر کیا فرعون کا ذکر نہیں کیا۔ کیوں کہ یہ تو معلوم ہی ہے کہ اصل فرعون ہی تھا اس لئے اس کے ذکر کی ضرورت نہیں تھی۔ (تفسیر مظہری)

ماضی کی سپر طاقتیں اور ان کا حشر: یہ پانچوں اقوام دنیا کی قوی ترین اور قابو یافتہ قومیں تھیں' جن کو کسی طاقت سے رام کرنا کسی کے لئے آسان نہ تھا' آیات مذکورہ میں اُن پر اللہ کا عذاب آنا دکھلایا گیا' اور ہر ایک قوم کے انجام پر قرآن کریم نے ایک جملہ ارشاد فرمایا (فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ) یعنی اتنی بڑی قوی اور بھاری تعداد والی قوم پر جب اللہ کا عذاب آیا تو دیکھو کہ وہ کس طرح اس عذاب کے سامنے مکھیوں' مچھروں کی طرح مارے گئے۔ (معارف مفتی اعظم)

كَذَّبُوا بِاٰيٰتِنَا كُلِّهَا فَاَخَذْنٰهُمْ
جھٹلایا انہوں نے ہماری نشانیوں کو سب کو پھر پکڑا ہم نے انکو
اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿٤٢﴾
پکڑنا زبردست کا قابو میں لے کر ☆

☆ یعنی خدا کی پکڑ بڑے زبردست کی پکڑ تھی جس کے قابو سے نکل کر کوئی بھاگ نہیں سکتا۔ دیکھ لو تمام فرعونیوں کا بیڑہ کس طرح بحر قلزم میں غرق کیا کہ ایک بچ کر نہ نکل سکا۔ (تفسیر عثمانی)

ایات سے مراد ہیں حضرت موسیٰؑ پر نازل شدہ نو احکام۔

دو یہودیوں کا قصہ:

حضرت صفوان بن عسال راوی ہیں کہ ایک یہودی نے اپنے ساتھی سے کہا چلو اس نبی کے پاس چلیں۔ ساتھی نے کہا ارے نبی نہ کہو اگر وہ سن پائے گا (کہ تم نے بھی اس کو نبی کہا ہے) تو اس کی چار آنکھیں ہو جائیں گی۔ غرض دونوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور تِسْعَ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ (نو واضح احکام) کے متعلق سوال کیا کہ وہ نو احکام کون سے تھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (نو احکام یہ تھے) کسی چیز کو

besturdubooks.wordpress.com

اللہ کا شریک نہ قرار دو۔ چوری نہ کرو۔ زنا نہ کرو۔ جس کو قتل کرنا اللہ نے حرام کر دیا ہے اس کو ناحق قتل نہ کرو۔ کسی بے قصور کو حاکم کے پاس قتل کرانے کے لئے نہ لے جاؤ۔ جادو نہ کرو۔ سود نہ کھاؤ۔ کسی پاکدامن عورت پر زنا کی تہمت نہ لگاؤ۔ جہاد کے معرکہ سے بھاگنے کے لئے پشت نہ پھیرو۔ اور اے یہودیو (ایک حکم) تمہارے لئے خاص طور پر یہ تھا کہ ہفتہ کے دن (کی حرمت) میں حد سے تجاوز نہ کرو (یعنی ہفتہ کے دن کی حرمت قائم رکھو۔ اس روز دینوی کاروبار نہ کرو) یہ سنتے ہی دونوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پاؤں چوم لئے اور بولے ہم شہادت دیتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے (سچے) نبی ہیں۔ حضور نے فرمایا پھر میرا اتباع کرنے سے تمہارے لئے کیا مانع ہے کہنے لگے حضرت داؤد نے اپنے رب سے دعاء کی تھی کہ (اے میرے رب) میری ہی نسل میں سے ہمیشہ نبی ہوتا رہے (اور حضرت داؤد کی دعاء کا قبول ہونا یقینی ہے) اور ہم کو یہ ڈر ہے کہ اگر ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع کریں گے تو یہودی ہم کو مار ڈالیں گے۔ رواہ ابوداؤد والترمذی۔ والنسائی۔ (تفسیر مظہری)

اَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِّنْ اُولٰٓئِكُمْ اَمْ لَكُمْ
اب تم میں جو منکر ہیں کیا یہ بہتر ہیں اُن سب سے یا تمہارے لئے فارغ
بَرَآءَةٌ فِي الزُّبُرِ ﴿٤٣﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ
خطی لکھدی گئی ورقوں میں کیا کہتے ہیں
نَحْنُ جَمِيْعٌ مُّنْتَصِرٌ ﴿٤٤﴾
ہم سب کا مجمع بدلہ لینے والا ☆

☆ گذشتہ اقوام کے واقعات سنا کر موجودہ لوگوں کو خطاب ہے یعنی تم میں کے کافر کیا ان پہلے کافروں سے کچھ اچھے ہیں جو کفر وطغیان کی سزا میں تباہ نہیں کئے جائیں گے؟ یا اللہ کے ہاں سے کوئی پروانہ لکھ دیا گیا ہے کہ تم جو چاہو شرارت کرتے رہو سزا نہیں ملے گی؟ یہ سمجھے ہوئے ہیں کہ ہمارا مجمع اور جتھا بہت بڑا ہے اور سب مل کر جب ایک دوسرے کی مدد پر آ جائیں گے تو سب سے بدلہ لے کر چھوڑیں گے اور کسی کو اپنے مقابلہ میں کامیاب نہ ہونے دیں گے۔ (تفسیر عثمانی)

اَمْ لَكُمْ بَرَآءَةٌ فِي الزُّبُرِ۔ یعنی اے اہل مکہ کیا آسمانی کتابوں میں تمہارے لئے عذاب سے امان لکھی ہوئی ہے کہ تم میں اگر کفر اور پیغمبروں کی تکذیب بھی کرے گا تب بھی اس کو عذاب نہیں دیا جائے گا۔

بخاری نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے بیان کیا کہ بدر (کی لڑائی) کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیمہ میں تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (دعاء کی) اور کہا اے اللہ میں تجھے تیرے عہد اور وعدے کا واسطہ دیتا ہوں اگر تیری مشیت یہی ہے (کہ تیری عبادت نہ کی جائے تو) آج کے بعد تیری عبادت نہیں کی جائے گی (یعنی مسلمانوں کو شکست ہوگئی تو تیری عبادت کرنے والا باقی ہی نہیں رہے گا) حضرت ابوبکرؓ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ پکڑ لیا اور کہا اے اللہ کے رسول! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب (سے مانگنے) پر بہت اصرار کر لیا اب بس کیجئے (اتنا ہی کافی ہے) اس کے بعد حضور زرہ پہنے اچھلتے ہوئے سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ کہتے ہوئے (خیمہ سے) برآمد ہوئے۔ مجھے اس وقت معلوم نہ ہوا کہ اس سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کیا مراد کون سی جماعت تھی (مسلمان کی یا کافروں کی)۔ (تفسیر مظہری)

سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ﴿٤٥﴾
اب شکست کھائیگا یہ مجمع اور بھاگیں پیٹھ پھیر کر ☆

☆ یعنی عنقریب ان کو اپنے مجمع کی حقیقت کھل جائے گی جب مسلمانوں کے سامنے سے شکست کھا کر اور پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے۔ چنانچہ "بدر" اور "احزاب" میں یہ پیشین گوئی پوری ہوئی۔ اس وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان پر یہ آیت جاری تھی "سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ"۔ (تفسیر عثمانی)

بدر کے دن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاء

صحیح بخاری شریف میں ہے کہ بدر والے دن اپنے ڈیرے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی دعا میں فرما رہے تھے اے اللہ! میں تجھے تیرا عہد و پیمان یاد دلاتا ہوں۔ اے اللہ! اگر تیری چاہت یہی ہے کہ آج کے دن کے بعد سے تیری عبادت واحدانیت کے ساتھ زمین پر کی ہی نہ جائے۔ بس اتنا ہی کہا تھا کہ حضرت ابوبکرؓ نے آپ کا ہاتھ پکڑ لیا اور کہا یا رسول اللہ! بس کیجئے آپ نے بہت الحاح کر لی۔ اب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے خیمہ سے باہر آئے اور زبان پر یہ دونوں آیتیں سَيُهْزَمُ الخ دونوں جاری تھیں۔

کون سی جماعت مراد ہے: حضرت عمرؓ فرماتے ہیں اس آیت کے اُترنے کے وقت میں سوچ رہا تھا کہ اس سے مراد کون سی جماعت ہوگی؟ جب بدر والے دن میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ زرہ پہنے ہوئے اپنے کیمپ سے باہر تشریف لائے اور یہ آیت پڑھ رہے تھے اُس دن میری سمجھ میں اس کی تفسیر آ گئی۔ (تفسیر ابن کثیر)

besturdubooks.wordpress.com

بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ
بلکہ قیامت ہے اُنکے وعدہ کا وقت اور وہ گھڑی بڑی

اَدْهٰى وَاَمَرُّ ﴿٤٦﴾
آفت ہے اور بہت کڑوی ☆

☆یعنی یہاں کیا شکست کھائیں گے ان کی شکست کا اصلی وقت تو وہ ہوگا جب قیامت سر پر آ کھڑی ہوگی وہ بہت سخت مصیبت کا وقت ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

بخاری میں ہے حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں میری چھوٹی سی عمر تھی اپنی ہجولیوں میں کھیلتی پھرتی تھی اس وقت یہ آیت بَلِ السَّاعَةُ الخ اتری ہے۔ یہ روایت بخاری میں فضائل القرآن کے موقعہ پر مطول مروی ہے۔ مسلم میں یہ حدیث نہیں ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

اَدْهٰى۔ بہت سخت مصیبت جس کو کسی طرح دفع کرنا ممکن نہ ہو۔
اَمَرُّ۔ یعنی عذاب دیتا ہے زیادہ بدمزہ اور تلخ۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِىْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ﴿٤٧﴾
جو لوگ گنہگار ہیں غلطی میں پڑے ہیں اور سودا میں

يَوْمَ يُسْحَبُوْنَ فِى النَّارِ عَلٰى
جس دن گھسیٹے جائیں گے آگ میں

وُجُوْهِهِمْ ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ ﴿٤٨﴾
اوندھے منہ چکھو مزا آگ کا ☆

☆یعنی اس وقت غفلت کے نشہ میں پاگل بن رہے ہیں۔ یہ سودا دماغ میں سے اس وقت نکلے گا جب اوندھے منہ دوزخ کی آگ میں گھسیٹے جائیں گے اور کہا جائے گا کہ لو اب ذرا اس کا مزہ چکھو۔ (تفسیر عثمانی)

فِىْ ضَلٰلٍ۔ یعنی دنیا میں حق سے بھٹکے ہوئے۔
وَّسُعُرٍ۔ یعنی آخرت میں (بھڑکتی) آگ کے اندر بعض اہل تفسیر میں فی ضلال کی تشریح میں کہا آخرت میں جنت کے راستہ سے گمے ہوئے۔ (تفسیر مظہری)

اِنَّا كُلَّ شَىْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ ﴿٤٩﴾
ہم نے ہر چیز بنائی پہلے ٹھہرا کر ☆

☆یعنی ہر چیز جو پیش آنے والی ہے اللہ کے علم میں پہلے سے ٹھہر چکی ہے دنیا کی عمر اور قیامت کا وقت بھی اس کے علم میں ٹھہرا ہوا ہے اس سے آگے پیچھے نہیں ہوسکتا۔ (تفسیر عثمانی)

سبب نزول: مسلم اور ترمذی نے حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ کچھ قریش مشرک تقدیر کے مسئلہ میں جھگڑا کرنے کے لئے رسول اللہ کی خدمت میں آئے تھے اس وقت آیت اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِىْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ، اِنَّا كُلَّ شَىْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ، تک نازل ہوئی۔

تقدیر کا ماننا ضروری ہے: حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ کا بیان ہے کہ میں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے کہ آسمان وزمین کی تخلیق سے پچاس ہزار برس پہلے اللہ نے تمام مخلوق کے اندازے لکھ دیئے تھے اس وقت اس کا عرش پانی پر تھا۔ رواہ مسلم۔

بغوی نے اپنی سند سے طاؤس بن مسلم کا بیان نقل کیا ہے۔ طاؤس بن مسلم یمنی نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ صحابی ایسے پائے جو کہہ رہے تھے کہ ہر چیز اندازہ کے مطابق ہے یہاں تک کہ نادانی اور دانائی بھی۔ حسب تقدیر خداوندی ہے۔

منکرین تقدیر: حضرت ابن عمرؓ کا بیان ہے میں نے خود سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے میری امت کے جو لوگ تقدیر کے منکر ہوں گے ان پر خسف (زمین میں دھنسا دینے) اور مسخ (صورتیں اور شکلیں بگاڑ دینے کا عذاب) ہوگا رواہ ابوداؤد وروی الترمذی نحوہ۔

حضرت ابن عمرؓ سے یہ بھی مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (فرقۂ) قدریہ (جو تقدیر خداوندی کا منکر ہے اور انسان کے اچھے برے اعمال کا خالق انسان ہی کو جانتا ہے) اس امت کے مجوسی ہیں (مجوسی دو خالق مانتے ہیں ایک شر کا خالق جس کو اہرمن کہتے ہیں دوسرا خیر کا خالق جس کو یزدان کہتے ہیں) اگر وہ بیمار ہوں تو ان کی عیادت مت کرو اور مرجائیں تو ان کے جنازوں میں شرکت مت کرو۔ رواہ احمد وابوداؤد۔

حضرت ابوخزامہ کے باپ نے بیان کیا کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم (بیماری وغیرہ کے لئے) کچھ افسوں پڑھتے ہیں دواء کے ذریعہ سے علاج بھی کرتے ہیں اور بچاؤ کی تدبیر (یعنی پرہیز) بھی کرتے ہیں کیا یہ چیزیں تقدیر خداوندی کو پلٹ سکتی ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ بھی تقدیر (کا جزء) ہی ہیں رواہ احمد والترمذی وابن ماجہ۔

اس موضوع کی احادیث بکثرت آئی ہیں صحابہ کرامؓ اور ان کے بعد آنے والے علماء اہل سنت کا اس پر اتفاق بھی ہے۔ (تفسیر مظہری)

besturdubooks.wordpress.com

ایک روایت میں ہے کہ حضرت ابن عباسؓ کے سامنے ذکر آیا کہ آج ایک شخص آیا ہے جو منکر تقدیر ہے۔ فرمایا اچھا مجھے اس کے پاس لے چلو۔ لوگوں نے کہا آپ نابینا ہیں آپ اُس کے پاس چل کر کیا کریں گے۔ فرمایا اللہ کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے اگر میرا بس چلا تو میں اس کی ناک توڑ دوں گا اور اگر اس کی گردن میرے ہاتھ میں آ گئی تو میں مروڑ دوں گا۔ میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ بنوفہر کی عورتیں خزرج کے اردگرد طواف کرتی پھرتی ہیں ان کے جسم حرکت کرتے ہیں وہ مشرکہ عورتیں ہیں۔ اس امت کا پہلا شرک یہی ہے۔ اُس رب کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اُن کی بے سمجھی یہاں تک بڑھے گی کہ اللہ تعالیٰ کو بھلائی کا مقدر کرنے والا بھی نہ مانیں گے جس طرح برائی کا مقدر کرنے والا نہ مانا (مسند احمد) حضرت عبداللہ بن عمرؓ کا ایک دوست شامی تھا' جس سے آپ کی خط وکتابت تھی حضرت عبداللہ نے کہیں سن پایا کہ وہ تقدیر کے بارے میں کچھ موشگافیاں کرتا ہے۔ آپ نے جھٹ سے اُسے خط لکھا کہ میں نے سنا ہے تو تقدیر کے مسئلہ میں کچھ کلام کرتا ہے اگر یہ سچ ہے تو بس مجھ سے خط وکتابت کی امید نہ رکھنا۔ آج سے بند سمجھنا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ میری امت میں تقدیر کو جھٹلانے والے لوگ ہوں گے (ابوداؤد) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں ہر امت میں مجوس ہوتے ہیں میری امت کے مجوسی وہ لوگ ہیں جو تقدیر کے منکر ہوں۔ اگر وہ بیمار پڑیں تو تم ان کی عیادت نہ کرو اور اگر وہ مرجائیں تو تم اُن کے جنازے نہ پڑھو (مسند احمد) (تفسیر ابن کثیر)

وَمَآ اَمْرُنَآ اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍ
اور ہمارا کام تو یہی ایک دم کی بات ہے جیسے لپک
بِالْبَصَرِ ۝
نگاہ کی ☆

☆ یعنی ہم چشم زدن میں جو چاہیں کرڈالیں کسی چیز کے بنانے یا بگاڑنے میں ہم کو دیر نہیں لگتی نہ کچھ مشقت ہوتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

وَمَآ اَمْرُنَآ۔ یعنی کسی چیز کو پیدا کرنے اور معدوم کرنے اور دوبارہ موجود کرنے کا حکم۔

اِلَّا وَاحِدَةٌ۔ یعنی بغیر دشواری کے یکدم ایک فعل ہے خواہ موجود کرنا ہو یا معدوم کرنا یا یہ مطلب ہے کہ ہمارا حکم بس ایک کلمہ ہے پیدا کرنے کے لئے لفظ کُنْ (ہو جا) اور معدوم کرنے کے لئے ایک سخت آواز۔

كَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ۔ یعنی تیزی اور جلدی کے اعتبار سے بس پلک جھپکنے کی طرح ہے۔ حضرت ابن عباس نے آیت کی تفسیر اس طرح کی قیامت آجانے کا ہمارا حکم سرعت میں ایسا ہوگا جیسے پلک جھپکنا (رواہ الکلبی) اس مضمون کو دوسری آیت میں اس طرح بیان کیا ہے 'وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْهُوَ اَقْرَبُ' (حکم قیامت اتنا تیز ہوگا جیسے پلک جھپکنا یا اس سے بھی تیز) (تفسیر مظہری)

وَلَقَدْ اَهْلَكْنَآ اَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ
اور ہم برباد کر چکے ہیں تمہارے ساتھ والوں کو پھر ہے
مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝۵۱
کوئی سوچنے والا ☆

☆ یعنی تمہاری قماش کے بہت سے کافروں کو پہلے تباہ کرچکے ہیں پھر تم میں کوئی اتنا سوچنے والا نہیں کہ ان کے حال سے عبرت حاصل کرسکے۔ (تفسیر عثمانی)

وَكُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوْهُ فِي الزُّبُرِ ۝۵۲
اور جو چیز انہوں نے کی ہے لکھی گئی ورقوں میں ☆

☆ یعنی ہر ایک نیکی بدی عمل کے بعد ان کے اعمال ناموں میں لکھی گئی ہے۔ وقت پر ساری مسل سامنے کردی جائیگی۔ (تفسیر عثمانی)

وَكُلُّ صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ مُّسْتَطَرٌ ۝۵۳
اور ہر چھوٹا اور بڑا لکھا جا چکا ☆

☆ یعنی اس سے قبل ہر چھوٹی بڑی چیز کی تفصیل ''لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ'' میں لکھی جاچکی۔ تمام دفاتر باقاعدہ مرتب ہیں کوئی چھوٹی موٹی چیز بھی ادھر ادھر نہیں ہوسکتی۔ (تفسیر عثمانی)

چھوٹے گناہ کو بھی حقیر نہ سمجھو:

حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں صغیرہ گناہ کو بھی ہلکا نہ سمجھو خدا کی طرف سے اس کا بھی مطالبہ ہونے والا ہے (نسائی اور ابن ماجہ وغیرہ)۔ حضرت سلیمان بن مغیرہؒ فرماتے ہیں ایک مرتبہ مجھ سے ایک گناہ سرزد ہوگیا جسے میں نے حقیر سمجھا' رات کو خواب میں دیکھتا ہوں کہ ایک آنے والا آیا ہے اور مجھ سے کہہ رہا ہے اے سلیمان!

besturdubooks.wordpress.com

لَا تَحْقِرَنَّ مِنَ الذُّنُوْبِ صَغِيْرًا
اِنَّ الصَّغِيْرَ غَدًا يَّعُوْدُ كَبِيْرًا
اِنَّ الصَّغِيْرَ وَلَوْ تَقَادَمَ عَهْدُهٗ
عِنْدَ اللّٰهِ مُسَطَّرٌ تَسْطِيْرًا
فَازْجُرْ هَوَاكَ عِنْدَ الْبَطَالَةِ لَا تَكُنْ
صَعْبَ الْقِيَادِ وَشَمِّرَنْ تَشْمِيْرًا
اِنَّ لُلْحِبَّ اِذَآ اَحَبَّ اِلٰهَهٗ
طَارَ الْفُؤَادُ وَاُلْهِمَ التَّفْكِيْرًا
فَاسْاَلْ هِدَايَتَكَ الْاِلٰهَ فَتَتَّئِدْ
فَكَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّنَصِيْرًا

یعنی صغیرہ گناہوں کو بھی حقیر اور ناچیز نہ سمجھ۔ یہ صغیرہ کل کبیرہ ہو جائیں گے۔ گو گناہ چھوٹے چھوٹے ہوں اور انہیں کئے ہوئے بھی عرصہ گزر چکا ہو اللہ کے پاس وہ صاف صاف لکھے ہوئے موجود ہیں۔ بدی سے اپنے نفس کو روکے رکھ اور ایسا ہو نہ جا کہ مشکل سے نیکی کی طرف آئے بلکہ اونچا دامن کر کے بھلائی کی طرف لپک، جب کوئی شخص سچے دل سے اللہ کی محبت کرتا ہے تو اس کا دل اُڑنے لگتا ہے اور اُسے خدا کی جانب سے غور وفکر کی عادت الہام کی جاتی ہے۔ اپنے رب سے ہدایت طلب کر اور نرمی اور ملائمت کر۔ ہدایت اور نصرت کرنے والا رب تجھے کافی ہوگا۔ (تفسیر ابن کثیر)

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ ﴿۵۴﴾ فِيْ

جو لوگ ڈرنے والے ہیں باغوں میں ہیں اور نہروں میں

مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿۵۵﴾

بیٹھے سچی بیٹھک میں نزدیک بادشاہ کے جس کا سب پر قبضہ ہے☆

☆ مجرمین کے بعد یہ متقین کا انجام بیان فرما دیا کہ وہ اپنی سچائی کی بدولت اللہ ورسول کے سچے وعدوں کے موافق ایک پسندیدہ مقام میں ہوں گے جہاں اس شہنشاہ مطلق کا قرب حاصل ہوگا۔ "اللّهم انك مليك مقتدر. ماتشاء من امر يكون فاسعدني في الدارين و كن لي ولاتكن علي و اتني في الدنيا حسنة و في الاخرة حسنةً و قني عذاب النار" تم سورۃ القمر وللہ الحمد والمنہ۔ (تفسیر عثمانی)

بغوی نے لکھا ہے امام جعفر صادق نے فرمایا آیت میں اللہ نے مقام کی صفت صدق کے لفظ سے کی ہے پس اس مقام پر اہل صدق ہی بیٹھیں گے۔

قرب خداوندی بے کیف اور فہم سے ماوراء ہے

قرب خداوندی بے کیف ہے دانش وفہم کی رسائی سے باہر ہے۔ ہاں اگر اللہ کسی کا پردہ بصیرت ہٹا دے تو اس کے قرب خداوندی کا وجدان ہو جاتا ہے۔ (واللہ اعلم) (تفسیر مظہری)

تمت سورۃ القمر

الحمدللہ چھٹی جلد ختم ہوئی